مصباح اللغات

مکمل عربی اردو ڈکشنری

ایچ ایم سعید کمپنی
ادب منزل
پاکستان چوک کراچی

مصباح اللغات

مکمل عربی اردو ڈکشنری

پچاس ہزار سے زیادہ عربی الفاظ کا بہترین مجموعہ

مرتبہ

ابوالفضل مولانا عبدالحفیظ بلیاوی

استاذِ ادب ندوۃ العلماء لکھنؤ

ایچ - ایم سعید کمپنی

ادب منزل پاکستان چوک کراچی

اکتوبر ۱۹۷۹ء

قیمت = /۱۲ روپیے

الحمدُ للهِ وکفیٰ وسلامٌ علیٰ عبادِہِ الذین اصطفیٰ

اما بعد تقریباً دس سال ہوئے میں مدرسہ مصباح العلوم بریلی میں طلبہ کی خدمت پر مامور تھا کہ بعض بزرگوں اور عزیز طلبہ نے اصرار کے ساتھ خواہش کی کہ المنجد کے طرز پر ایک لغت کی کتاب ترتیب دی جائے جس میں ترجمہ اُردو میں ہو ایک مدت سے ایسی کتاب کی ضرورت میں خود محسوس کرتا تھا، لیکن اپنی کم مائگی اور بے بضاعتی کی وجہ سے اس اہم کام کی ہمت اپنے اندر نہیں پاتا تھا اور ہمیشہ اپنے آپ کو بچانے کی کوشش کرتا رہا اسی اثنار میں ایک مکتبہ نے تمنا ظاہر کی، پھر کیا تھا بزرگوں اور عزیزوں کو موقع مل گیا اور انھوں نے پھر اصرار شروع کیا اُن کے اصرار کے سامنے مجبور ہونا پڑا۔ کسی ایک زبان کو دوسری زبان میں منتقل کرنا جتنا دشوار کام ہے اُس سے کچھ وہی حضرات واقف ہیں جن کو اس قسم کے کام سے سابقہ پڑا ہو۔ اس کو وہی شخص کرسکتا ہے جو دونوں زبانوں کا ماہر اور دونوں کے ادب پر پوری طرح حاوی ہو اور اپنی حالت یہ ہے کہ عربی زبان تو بہر حال مادری زبان نہیں ہے جو مادری زبان ہے اسی سے پوری طرح واقفیت نہیں۔ بہر کیف اس احساس کیساتھ کام شروع کیا اور کام کرتے ہوئے تاج العروس، جمہرۃ اللغۃ، اقرب الموارد، قاموس کتاب الافعال لابن قوطیہ، تاج اللغات، مفردات امام راغب، مجمع البحار، نہایہ ابن اثیر، منتہی الارب المنجد، صراح یہ سب کتابیں پیش نظر رہیں۔ ہر لفظ کے معنی و مراد کی نہایت تحقیق کے ساتھ تعیین کی گئی پھر بھی ناظرین سے التماس ہے کہ اگر کہیں غلطی نظر آئے تو دامنِ عفو سے چھپائیں اور ہوسکے تو مجھے اطلاع کردیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں تصحیح کردی جائے۔ چونکہ یہ کام مدرسہ مصباح العلوم میں شروع ہوا تھا اس لئے اس کتاب کا نام بعض بزرگوں نے **مصباح اللغات** تجویز کیا ہے۔

سالہا سال کی عرق ریزی کے بعد تالیف سے فارغ ہوا تو طباعت کا دشوار گزار مرحلہ درپیش تھا۔ وہ مکتبہ جس کے اظہارِ تمنا کی بنیاد پر میں نے کام شروع کیا تھا اب اس کے انتظام و انصرام سے انکار کرچکا تھا۔ اسی پریشانی میں تھا کہ عین وقت پر ندوۃ المصنفین اور مکتبہ برہان کے بانی جناب مولانا مفتی عتیق الرحمٰن صاحب عثمانی مدظلہ نے دستگیری فرمائی اور اسے مکتبہ برہان سے شائع کرنے کا وعدہ کرلیا، ایسے نازک اور انتہائی مشکل وقت میں جناب مفتی صاحب موصوف اس خدمت کا بار اپنے ذمے نہ لیتے تو ظاہری اسباب کے تحت میں اسکی تکمیل واشاعت سے قاصر رہتا، اس لئے میں موصوف کا جتنا بھی شکریہ ادا کروں کم ہے، دہلی کے ۱۹۴۷ء کے ہنگاموں میں ندوۃ المصنفین اور مکتبہ برہان کا دفتر جو اُن دنوں قرولباغ میں تھا وحشت و بربریت کے نذر ہوگیا یہاں تک کہ اس عظیم الشان ادارے کی زندگی کا نقشہ ہی بدل گیا، تاہم مفتی صاحب مدظلہ اپنے وعدہ پر قائم رہے اور اتنے بڑے کام کو پایۂ تکمیل تک پہونچایا۔

نیز بڑی ناشکری ہوگی اگر صدیقِ مکرم جناب مولانا مولوی حکیم صدیق احمد صاحب امروہی واردِ حال بریلی اور جناب مولانا عبدالقدیم صاحب صدر مدرس مدرسہ مصباح العلوم بریلی اور فاضل جلیل جناب مولانا مولوی جلیل احسن صاحب ندوی کے احسانات سے اپنے آپ کو سبکدوش سمجھوں کہ اوّل الذکر دو حضرات نے اپنی کتابوں سے موخر الذکر نے اپنے علمی فیوض سے فائدہ پہونچایا خدا تعالیٰ ان حضرات کو ہمیشہ اپنے حفظ و امان میں رکھے۔

دار العلوم ندوۃ العلمار۔ بادشاہ باغ لکھنؤ
۱۰ شعبان المعظم ۱۳۶۹ھ مطابق ۲۰ مئی ۱۹۵۰ء

ابو الفضل عبد الحفیظ بلیاوی غفرلہٗ

مطبوعہ ایجوکیشنل پریس پاکستان چوک، کراچی
بہ استفادہ نسخہ مکتبہ برہان اردو بازار، جامع مسجد، دہلی

حسبِ اجازت نمبری DPR/PB/73/1421 حکومتِ پاکستان، سندھ کراچی

تہدیہ

مادرِ علمی دارالعلوم دیوبند کی خدمت میں

جس کے فیضِ صحبت سے میں

اِس خدمتِ گرامی کے

لائق ہوا

مِصباح اللغات کے رموز و اشارات

رمز	مراد	رمز	مراد	رمز	مراد
فا سے مراد	اسم فاعل	مص سے مراد	مصدر	(س) سے مراد	باب سمع یسمع
مفع " "	اسم مفعول	(ض) " "	باب ضرب یضرب	(ک) " "	باب کرم یکرم
ج " "	جمع	(ن) " "	باب نصر ینصر	(ح) " "	باب حسب یحسب
جج " "	جمع الجمع	(ف) " "	باب فتح یفتح		

اگر کسی کلمہ کی تلاش ہو اور وہ مجرد ہو یا اگر مزید ہو تو مجرد بنا کر یا پہلا حرف بدلا ہوا ہو تو اصل کی طرف لوٹا کر پہلے حرف کے باب میں تلاش کرو۔

بعض قیاسی احکام

لغتِ عربی کے متعلّم کو فنِ صَرف کے قواعد سے اچھی طرح واقف ہونا چاہئے تاکہ جن قیاسی چیزوں کے ذکر کو چھوڑنے کی عام عادت ہے ان کے استعمال میں غلطی نہ ہونے پائے۔ لیکن پھر بھی بعض قواعد فائدہ کے لئے یہاں لکھ دیئے جاتے ہیں۔

مجرد کو مزید بنا دینے سے حسب ذیل فوائد حاصل ہوتے ہیں

(۱) تعدیہ: لازم سے متعدی ہونا۔ یا اگر فعل متعدی ہو تو ایک اور مفعول کا اضافہ ہونا۔

(۲) تصییر: صاحب ماخذ بنا دینا۔

(۳) تعریض: مفعول کو ماخذ کے محل اور موقع میں لے جانا۔

(۴) وجدان: کسی چیز میں ماخذ کی صفت کا پایا جانا۔

(۵) ابتدا: کسی فعل کی ابتدا ر اسی باب سے ہونا بغیر اسکے کہ وہ فعل ثلاثی مجرد سے آیا ہو اور اگر وہ مادہ مجرد سے آیا ہو تو وہاں وہ معنی نہ ہوں جو ثلاثی مزید میں ہیں۔

(۶) اتخاذ: کسی چیز کو ماخذ بنانا یا ماخذ میں لینا۔

(۷) اشتراک: دو شخصوں کا کسی کام میں شریک ہونا اس طرح کہ ہر ایک فاعل اور مفعول دونوں کی حیثیت رکھتا ہو۔

(۸) اقتضاب: کسی فعل کی ابتدا ر اسی باب سے ہونا اور ثلاثی مجرد مطلقاً کسی باب سے نہ آنا۔

(۹) البا س ماخذ: کسی چیز کو ماخذ پہنانا۔

(۱۰) بلوغ: ماخذ میں آنا یا ماخذ میں پہنچنا۔

(۱۱) تجنب: ماخذ سے بچنا۔

(۱۲) تحوّل: کسی چیز کا عین ماخذ ہونا یا مثلِ ماخذ ہونا۔

(۱۳) تحویل: کسی چیز کو ماخذ یا مثل ماخذ بنا دینا۔

(۱۴) تخلیط: کسی چیز کو ماخذ سے آراستہ کرنا۔

(۱۵) تخییر: فاعل کا کسی فعل کو اپنی ذات کے لئے کرنا۔

(۱۶) تخییل: فاعل کا اپنی ذات میں ماخذ کا حصول دکھانا یا جتانا جس سے صرف دکھاوا یا بناوٹ مقصود ہو۔

(۱۷) تدریج: کسی فعل کو آہستہ آہستہ کرنا۔

(۱۸) تصرف: ماخذ کے حصول میں کوشش کرنا۔

(۱۹) تعمل: ماخذ کو کام میں لانا یا ماخذ سے کام لینا۔

(۲۰) تکلف: یا ماخذ میں تصنع یا بناوٹ ظاہر کرنا۔

فائدہ۔ تکلف اور تخییل میں فرق یہ ہے کہ تکلف میں جو تصنع ہے وہ مرغوب فعل ہوتا ہے مگر تخییل میں جس فعل کا ارتکاب ہوتا ہے وہ محض دکھاوا اور جعل ہوتا ہے۔

(۲۱) حسبان: کسی چیز کے متعلق یہ گمان کرنا کہ وہ ماخذ کے معنی سے موصوف ہے۔

فائدہ۔ حسبان اور وجدان میں فرق یہ ہے کہ وجدان میں یقین پایا جاتا ہے اور حسبان میں شک و گمان۔

(۲۲) حینونت۔ کسی امر کا ماخذ کے وقت میں واقع ہونا یا اس وقت میں پہونچنا۔

(۲۳) سلب: کسی چیز سے ماخذ کو دور کرنا۔

(۲۴) صیرورت: صاحب ماخذ ہونا۔

(۲۵) طلب: ماخذ کو طلب کرنا۔ چاہنا۔

(۲۶) قصر: اختصار کیلئے کسی کلمہ کا مرکب سے اشتقاق کے طور پر بنانا۔

(۲۷) لزوم و علاج: فعل میں جوارح یعنی اعضا کے کام کا

اثر پایا جانا۔

(۲۸) لیاقت: کسی چیز کا ماخذ کے لائق ہونا۔

(۲۹) مبالغہ: کسی امر کی کیفیت یا اُس کی مقدار کی زیادتی کو بیان کرنا۔

(۳۰) مطاوعت: ایک فعل کے دوسرے فعل، کو لانا۔ جس سے ظاہر ہو کہ مفعول نے فاعل کے اثر کو قبول کر لیا۔

(۳۱) موافقت: کسی فعل کا ہم معنی ہونا۔

(۳۲) نسبت بماخذ: کسی چیز کا ماخذ سے منسوب ہونا۔

(۳۳) اعطاء ماخذ: ماخذ دینا۔

(۳۴) تشارک: دو چیزوں کا فعل کے صدور میں شریک ہونا۔

باب افعال

(تعریف کے لئے سامنے لکھے ہوئے نمبر کو دیکھو)

(۱) ابتداء: جیسے اَشْفَقَ وہ ڈر گیا (مجرد شفق = مہربانی کرنا) (۵)

(۲) بلوغ: جیسے اَعْرَقَ = عراق میں پہونچا (۱۰)

(۳) تصییر: جیسے اَشْرَکَ النَّعْلَ = اُس نے تسمہ دار جوتا بنایا۔ (ماخذ شراک بمعنی تسمہ) (۲)

(۴) تعدیہ: جیسے اَخْرَجَ = نکالا۔ (۱)

(۵) تعریض: جیسے اَبَعْتُ الحمار = میں گدھے کو بیچنے کی جگہ لے گیا۔ (۳)

(۶) حینونت: جیسے اَحْصَدَ الزرعُ = کھیتی کے کٹنے کا وقت آگیا۔ (۲۲)

(۷) لیاقت: جیسے اَلَامَ الفرعُ = سردار قابل ملامت ہوا (۲۸)

(۸) سلب: جیسے اَشْکَیْتُہٗ = میں نے اس کی شکایت دُور کی (۲۳)

(۹) صیرورت: جیسے اَلْبَنَ البقرُ = گائے دودھ والی ہوگئی (۲۴)

(۱۰) مبالغہ: جیسے اَثْمَرَ النخلُ = کھجور کے درخت میں بہت سی کھجوریں لگیں۔ (۲۹)

(۱۱) نسبت بماخذ: جیسے اَکْفَرْتُہٗ = میں نے اُسے کفر سے نسبت دی۔ (۳۲)

(۱۲) وجدان: جیسے اَبْخَلْتُہٗ = میں نے اُسے بخیل پایا (۴)

(۱۳) موافقت: مجرد جیسے اَقَلْتُ البیعَ بمعنی قلتہ یعنی فسخت (۳۱)

باب تفعیل

(۱) ابتداء: جیسے کَلَّمَ = اُس نے کلام کیا (مجرد کلم = زخمی کرنا) (۵)

(۲) الباس ماخذ: جیسے جلل الفرس: اُس نے گھوڑے کو جھول پہنائی۔ (۹)

۳) بلوغ: جیسے خَیَّمَ = وہ خیمہ میں آیا۔ (۱۰)

(۴) تحویل: جیسے نَصَّرَ = اُس نے نصرانی بنایا۔ (۱۳)

(۵) تخلیط: جیسے ذَہَّبَ = اُس نے سنہرا بنایا۔ (۱۴)

(۶) تصییر: جیسے وَتَّرَ القوسَ = اُس نے کمان کو زہ دار بنایا (۲)

(۷) تعدیہ: جیسے فَرَّحَنِیْ = اُس نے مجھے خوش کیا۔ (۱)

(۸) سلب: جیسے قَرَّدَ الاِبِلَ = اُس نے اونٹ سے چیچڑی کو دور کیا۔ (۲۳)

(۹) صیرورت: جیسے نَوَّرَ الشجرُ = درخت شگوفہ دار ہوگیا۔ (۲۴)

(۱۰) قصر: جیسے ھَلَّلَ = اُس نے لا الٰہ الا اللہ کہا۔ (۲۶)

(۱۱) مبالغہ: جیسے جَوَّلَ = وہ بہت گھوما (۲۹)

(۱۲) نسبت بماخذ: جیسے فَسَّقَنِیْ = اُس نے مجھے بدکار کہا (۳۲)

باب مفاعلۃ

(۱) اشتراک: جیسے قَاتَلَ زَیْدٌ عَمْرًوا = زید نے عمرو سے مقاتلہ کیا اور عمرو نے زید سے (۷)

(۲) موافقت مجرد: جیسے سَافَرَ بمعنی سفر۔
موافقت اَفْعَلَ: جیسے بَاعَدْتُہٗ بمعنی اَبْعَدْتُہٗ، (۳۱)
موافقت فَعَّلَ: جیسے ضَاعَفَ بمعنی ضَعَّفَ

باب تفعل

(۱) ابتدا: جیسے تَکَلَّمَ = اُس نے کلام کیا۔ (۵)

(۲) اتخاذ: جیسے تَوَسَّدَ الحَجَرَ = اُس نے پتھر کو تکیہ بنایا (۶)

(۳) تجنب: جیسے تَاَثَّمَ = اُس نے گناہ سے پرہیز کیا (۱۱)

(۴) تحول: جیسے تَنَصَّرَ = وہ نصرانی ہوگیا (۱۲)

(۵) تعمل: جیسے تَخَتَّمَ = اُس نے انگوٹھی پہنی (۱۹)

(۶) تدریج: جیسے تَجَرَّعَ = اُس نے گھونٹ کر کے پیا (۱۷)

(۷) تکلف: جیسے تَشَجَّعَ = وہ بہادر بنا۔ (۲۰)

(۸) صیرورت: جیسے تَمَوَّلَ = وہ مالدار ہوگیا (۲۴)

(۹) مطاوعت فَعَّلَ جیسے عَلَّمْتُہٗ فَتَعَلَّمَ = میں نے اُسے سکھایا اور وہ سیکھ گیا۔ (۳۰)

باب تفاعل

(۱) ابتدا: جیسے تَبَارَکَ اللّٰہُ = اللہ بڑی برکت والا ہے (مجرد برک = اونٹ کا بیٹھنا) (۵)

(۲) تشارک: جیسے تَشَاتَمَا = دونوں نے ایک دوسرے کو گالی دی۔ (۳۴)

(۳) تخییل: جیسے تَمَارَضَ = اُس نے اپنے آپ کو مریض ظاہر کیا (۱۶)

(۴) مطاوعت فَاعَلَ: جیسے بَاعَدْتُہٗ فَتَبَاعَدَ = میں نے اُسے دور کیا وہ دُور ہوگیا (۳۰)

بابِ انفعال

(۱) ابتداء: جیسے اِنْطَلَقَ = وہ گیا (مجرد طَلَقَ) (۵)
(۲) لزوم وعلاج: جیسے اِنْکَسَرَ = وہ ٹوٹ گیا۔
(۳) مطاوعت فَعَلَ: جیسے کَسَرْتُہٗ فَانْکَسَرَ = میں نے اسے توڑا وہ ٹوٹ گیا۔
مطاوعت اَفْعَلَ: جیسے اَغْلَقَ الباب فَانْغَلَقَ = اس نے دروازہ بند کیا اور وہ بند ہو گیا۔ (۳۰)

فائدہ - باب انفعال ہمیشہ لازم ہوتا ہے متعدی نہیں اور ہمیشہ ایسے معانی کے لئے آتا ہے جن کا تعلق اعضاء ظاہری سے ہو۔

بابِ افتعال

(۱) اتخاذ: جیسے اِجْتَحَرَ الفارُ = چوہے نے بل بنایا (۶)
(۲) تخییر: جیسے اِکْتَالَ الشَّعِیْرَ = اُس نے اپنے لئے جو ناپے (۱۵)
(۳) تصرف: جیسے اکتسب الفضل = اس نے کوشش کر کے فضیلت حاصل کی۔ (۱۸)
(۴) مطاوعت فعل: جیسے غممتہ فاغتم = میں نے اُسے غمگین کیا اور وہ غمگین ہوا۔ (۳۰)
(۵) طلب: جیسے اِکْتَدَّ فلاناً = اس نے فلاں سے مشقت طلب کی۔ (۲۵)
(۶) موافقت فَعَلَ: جیسے اجتذب بمعنی جذب
موافقت تفاعل: جیسے اِخْتَصَمَ بمعنی تخاصَمَ (۳۱)

بابِ استفعال

(۱) طلب: جیسے استطعمتہ = میں نے اس سے کھانا طلب کیا (۲۵)
(۲) لیاقت: جیسے استرقع الثوب = کپڑا قابل پیوند ہوا۔ (۲۸)
(۳) وجدان: جیسے استکرمتہ = میں نے اس کو کرم سے متصف پایا۔ (۴)
(۴) حسبان: جیسے اِسْتَحْسَنْتُہٗ = میں نے اسکو اچھا گمان کیا (۲۱)
(۵) تحول: جیسے اِسْتَحْجَرَ الطین = مٹی پتھر بن گئی (۱۲)
(۶) اتخاذ: جیسے استوطن القریٰ = اُس نے دیہاتوں کو وطن بنالیا (۶)
(۷) تکلف: جیسے اِسْتَجْرَأَ = اُس نے جرأت دکھلائی۔ (۲۰)
(۸) قصر: جیسے اِسْتَرْجَعَ = اُس نے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن کہا۔ (۲۶)
(۹) مطاوعت اَفْعَلَ: جیسے اَقَمْتُہٗ فَاسْتَقَامَ = میں نے اُسے سیدھا کیا وہ سیدھا ہو گیا (۳۰)
(۱۰) موافقت مجرد: جیسے قَرَّ و اِسْتَقَرَّ۔ (۳۱)
موافقت افعل: جیسے اَجَابَ و اِسْتَجَابَ۔ (۳۱)
(۱۱) ابتداء: جیسے اِسْتَعَانَ = زیرناف کے بال کاٹے (۵)

بابِ اِفْعِلال

(۱) مبالغہ: جیسے اِسْوَدَّ اللیلُ = رات بہت تاریک ہو گئی (۲۹)

فائدہ - اکثر یہ باب الوان وعیوب کے لئے آتا ہے جیسے اِحْمَرَّ، ابیضّ، اِحْوَلَّ - اور ہمیشہ لازم ہوتا ہے۔

بابِ اِفْعِیْعَال

(۱) مبالغہ: جیسے اِحْدَوْدَبَ = بہت کبڑا ہو گیا۔ (۲۹)
(۲) موافقت مجرد: جیسے اِحْلَوْلَی التمر بمعنی حَلَا (۳۱)

بابِ اِفْعِوّال

(۱) مبالغہ: جیسے اِجْلَوَّذَ = وہ بہت تیز دوڑا (۲۹)

بابِ افعیلال

(۱) مبالغہ: جیسے اِحْمَارَّ = بہت سرخ ہوا۔ (۲۹)
یہ باب الوان وعیوب کے لئے مخصوص ہے۔

بابِ تفعلل

(۱) مطاوعت: جیسے دَحْرَجْتُہٗ، فَتَدَحْرَجَ = میں نے اُسے لڑھکایا وہ لڑھک گیا (۳۰)

علماء صرف کے نزدیک ان کے علاوہ اور بھی فوائد ہیں جن کو تطویل کے خوف سے نظر انداز کر دیا گیا۔
اور ان ابواب مزید فیہ کے لئے یہ ضروری نہیں کہ ہر مجرد سے بنالیا جائے، بلکہ اس کا مدار سماع اور کتب لغت پر ہے۔

مشتقات

فعل سے جو اسماء مشتق ہوتے ہیں وہ دس ہیں۔ مصدر، اسم مرۃ، اسم نوع، ظرف مکان وظرف زمان، اسم آلہ، اسم فاعل، اسم مفعول، صفت مشبہ، اسم تفضیل، مبالغہ۔
ثلاثی مجرد کے مصادر قیاسی نہیں ان کے بہت سے اوزان ہیں۔ اور ان کا مدار سماع پر ہے۔ لیکن یوں ضبط میں لایا جا سکتا ہے کہ عموماً:

(۱) جو پیشہ کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فِعَالۃ ہے جیسے زِراعۃ، تجارۃ، حیاکۃ۔
(۲) جو امتناع کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فِعَال ہے۔ جیسے اِبَاء، شِراد، جماع۔
(۳) جو اضطراب کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فَعَلان ہے جیسے غَلَیَان، جَوَلان، خفقان۔

(۴) جن کی دلالت امراض پر ہو ان کا وزن فُعَال ہے جیسے صُدَاع زکام۔ دوار۔

(۵) جن کی دلالت سیر پر ہو ان کا وزن فَعِیل ہے جیسے رَحِیل وذمیل۔

(۶) جن کی دلالت آواز پر ہو ان کا وزن فُعَال اور فَعِیل ہے جیسے صُراخ، خُوار، زئیر، نہیم۔

(۷) جن کا مدلول رنگ ہو ان کا وزن فُعْلَۃ ہے جیسے حُمرَۃ، زرقۃ، خُضرَۃ۔

اور اگر ان معانی پر دلالت نہ ہو تو عموماً:

(۱) فَعُلَ کا مصدر فُعُولَۃ اور فعالۃ کے وزن پر آتا ہے۔ جیسے سُہُولَۃ، نَبَاہَۃ، فصاحۃ۔

(۲) فَعِلَ لازمی کا مصدر فَعَلٌ کے وزن پر جیسے فَرَحٌ، عَطَشٌ، بَلَجٌ۔

(۳) فَعَلَ لازمی کا مصدر فُعُولٌ کے وزن پر جیسے قُعُودٌ، خُرُوجٌ، نُہُوضٌ۔

(۴) فَعِلَ اور فَعَلَ متعدی کا فَعْل کے وزن پر جیسے فَہم۔ نَصر۔

غیر ثلاثی کے مصادر

ثلاثی کے علاوہ سارے مصادر قیاسی ہیں۔ فَعَّلَ کا مصدر تفعیل ہے جیسے قَبَّلَ تقبیلا اور تَفعِلَۃ کے وزن پر بھی آتا ہے مگر کم جیسے وَسَّعَ توسعۃ، قَدَّمَ تقدمۃ۔ اگر مہموز اللام ہو تو تفعلہ کا وزن زیادہ اور تفعیل کا کم آتا ہے جیسے نَبَّأَ تَنبِئَۃ وطّأ توطئۃ۔ ہنّأ تہنئۃ۔ اور اگر ناقص ہو تو صرف تفعلہ ہی کا وزن آتا ہے۔ جیسے حلّی تحلیہ، زکّی تزکیۃ اور اگر اجوف ہو تو صرف تفعیل کا وزن آتا ہے جیسے قوّم تقویماً، سوّد تسویدا۔

فَاعَلَ کا مصدر فِعَال ومفاعلۃ ہے جیسے قَاتَلَ قِتَالاً و مُقَاتَلَۃً لیکن جن مواد میں فاء کلمہ یاء ہو وہاں مفاعلۃ کا وزن متعین ہے جیسے یَاسَرَ مُیَاسَرَۃً، یَامَنَ مُیَامَنَۃً اور یَاوَمَ مُیَاوَمَۃ و یِوَاماً شاذ ہے۔

اَفعَلَ کا مصدر اِفعَالٌ ہے جیسے اَکرَمَ اِکرَاماً۔ اور اگر عین کلمہ میں حرف علت ہو تو اس کی حرکت ماقبل کو نقل کرکے الف سے بدل دیتے ہیں، دو الف کے جمع ہونے کی وجہ سے ایک کو حذف کر دیتے ہیں اور اس کے عوض میں آخر میں تا بڑھا دیتے ہیں جیسے امات اماتۃ، اغاث اغاثۃ، اشار اشارۃ۔

تَفَعَّلَ کا مصدر تَفَعُّلٌ اور تَفَاعَلَ کا تَفَاعُلٌ ہے لیکن ان دونوں میں جب لام کلمہ حرف علت ہو تو یا سے بدل کر ما قبل کو کسرہ دیتے ہیں جیسے تَأَنَّی تَأَنِّیاً، تَقَاضَی تَقَاضِیاً۔

اِفتَعَلَ کا مصدر اِفتِعَال، اِنفَعَلَ کا اِنفِعَال، اِفعَوعَلَ کا افعیعال اور اِفعَلَّ کا اِفعِلَال ہے جیسے اِشتَرَکَ اِشتِرَاکاً۔ اِنطَلَقَ اِنطِلَاقاً۔ اِحدَودَبَ اِحدِیدَاباً اور اِسوَدَّ اِسوِدَاداً۔

اِستَفعَلَ کا مصدر اِستِفعَال ہے لیکن عین کلمہ حرف علت ہو تو الف سے بدل کر حذف کر دیتے ہیں اور آخر میں تا بڑھا دیتے ہیں جیسے اِستَقَامَ اِستِقَامَۃً۔

فَعلَلَ کا مصدر فَعلَلَۃ اور فِعلَال ہے جیسے دَحرَجَ دَحرَجَۃً ودِحرَاجاً۔ دوسرا وزن صرف مضاعف ہونے کی صورت میں قیاسی ہے ورنہ سماعی جیسے وَسوَسَ وسوسۃ اور وِسوَاساً۔

تَفَعلَلَ کا تَفَعلُلٌ۔ اِفعَنلَلَ کا اِفعِنلَال اِفعَلَلَّ کا اِفعِلّال ہے جیسے تَدَحرَجَ تَدَحرُجاً۔ احرَنجَمَ احرِنجَاماً۔ اِقشَعَرَّ اِقشِعرَاراً۔

فعل مجہول کے لئے مصدر کا کوئی خاص وزن مقرر نہیں۔ فعل معروف کا مصدر ہی اس کا کام بھی دیتا ہے جیسے ضُرِبَ ضَرباً جیسا کہ کہا جاتا ہے۔ ضَرَبَ ضَرباً۔

مصدر میمی

ثلاثی مجرد سے مصدر میمی مَفعَل کے وزن پر آتا ہے جیسے مَنظَر، مَضرَب۔ مَرمیٰ۔ اس قاعدہ سے سات الفاظ مَجِیٔ، مَرجِعٌ، مَسِیرٌ، مَصِیرٌ، مَشِیبٌ، مَرفِق، مَقِیلٌ مستثنیٰ ہیں۔

مثال واوی سے مَفعِل کے وزن پر خواہ مضارع کا عین کلمہ مکسور ہو یا مفتوح جیسے مَورِدٌ۔ مَوعِدٌ۔ مَوجِلٌ۔ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر بجائے علامت مضارع کے میم مضموم لگا کر جیسے مُنحَدَر۔ مُضطَرَب۔ مُزدَحَمٌ۔

اسم مرۃ واسم نوع

اسم مرۃ وہ مصدر ہے جو ایک مرتبہ فعل کے واقع ہونے کو ظاہر کرے اور اسم نوع وہ ہے جو فعل کی ہیئت اور نوع کو بتلائے۔

ثلاثی مجرد سے اسم مرۃ کا وزن فَعلَۃ کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَرَبتُ ضَربَۃً، جَلَستُ جَلسَۃً۔

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے جس باب کا اسم مرۃ بنانا مقصود ہو اسی باب کے مصدر کے وزن پر تاء کی زیادتی کے ساتھ لاتے ہیں جیسے اِلتَفَتُّ اِلتِفَاتَۃً اِنطَلَقتُ اِنطِلَاقَۃً

اور اگر ثلاثی وغیرہ کے مصادر کے آخر میں تار ہو تو اسم مرۃ لانے

کی صورت میں کسی ایسی چیز کالانا ضروری ہے جس سے وحدت ظاہر ہو جیسے ضربۃ، ضربۃً واحدۃً۔ قاتلۃٌ، مقاتلۃً لاغیر وما التفت الیہ الا التفاتۃً واجبتہ اجابۃً فقط۔

اسم نوع کا وزن ثلاثی مجرد سے فِعْلَۃٌ کے وزن پر جیسے وقف وقفۃ الاسد ومشی مِشْیَۃَ المُخْتَالِ۔

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم مرۃ کے وزن پر جیسے حَسَنُ الانطلاقۃ، قبیح المعاشرۃ۔

ظرفِ مکان وظرفِ زمان

ظرفِ مکان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کی جگہ کو بتلائے اور ظرفِ زمان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کے زمانہ کو ظاہر کرے۔

ثلاثی مجرد سے ظرف خواہ زمانی ہو یا مکانی مَفْعَل کے وزن پر آتا ہے جبکہ مضارع کا عین مضموم ہو یا مفتوح جیسے مَنْصَر۔ مَفْتَح۔ مَسْمَع۔ اور اگر مضارع کا عین مکسور ہو تو مَفْعِل کے وزن پر جیسے مَجْلِس، مَنْزِل۔

اس قاعدہ سے الفاظِ مندرجہ ذیل مستثنیٰ ہیں، ان سب کا وزن مَفْعِل ہے باوجودیکہ ان کے مضارع کا عین مضموم ہے۔ مَسْجِدٌ۔ مَشْرِقٌ۔ مَغْرِبٌ۔ مَطْلِعٌ۔ مَجْزِرٌ۔ مَرْفِقٌ۔ مَفْرِقٌ۔ مَسْکِنٌ مَنْسِکٌ۔ مَنْبِتٌ۔ مَسْقِطٌ۔

مثال سے ظرفِ زمان ومکان ہمیشہ مَفْعِل کے وزن پر اور ناقص سے ہمیشہ مَفْعَل کے وزن پر جیسے مَوْعِد۔ مَوْجِل۔ مَطْوٰی۔ مَرْمیٰ۔

اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مصدر میمی کی مانند جیسے اَدْخَلَ سے مُدْخَل۔ اَخْرَجَ سے مُخْرَجٌ۔ اَخْدَعَ سے مُخْدَعٌ۔

کسی جگہ میں کسی چیز کی کثرت کو ظاہر کرنے کے لئے مفعلۃ کا وزن مقرر ہے، جیسے مقبرہ = جہاں قبریں زیادہ ہوں۔ مابلہ = جہاں اونٹ زیادہ ہوں۔ مفعاۃ = جہاں سانپ زیادہ ہوں۔ مسبعۃ = جہاں درندے زیادہ ہوں۔ کہا گیا ہے کہ یہ وزن ثلاثی مجرد و مزید سے قیاسی ہے اور بعض کا قول ہے کہ کثرت سے آتا ہے مگر قیاسی نہیں۔

اسمِ آلہ

کام کرنے کے آلے اور اوزار کا نام اسمِ آلہ ہے یہ صرف ثلاثی مجرد متعدی سے بنتا ہے اس کے تین وزن ہیں۔
مِفْعَلٌ جیسے مِبْرد۔ مِفْعَالٌ جیسے مِفْتَاحٌ۔ مِفْعَلَۃ جیسے مِکْنَسَۃ اور یہ اوزان بھی قیاسی نہیں۔

مُنْخُل۔ مُدْہُن۔ مُکْحُلَۃ۔ مُدق۔ مُسْعُط۔ مَنَارَۃ۔ مُشط وغیرہ الفاظ اسماءِ جامدہ کے مانند ہیں۔ ان کا فعل سے اشتقاق نہیں۔ اور اسم آلہ جو فعل سے مشتق نہ ہو اس کے لئے کوئی ضابطہ نہیں۔ بہت سے مختلف اوزان پر آتے ہیں جیسے قَدُوم۔ سکین۔ فاس وغیرہ۔

اسم فاعل واسم مفعول

اسم فاعل وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس سے فعل واقع ہو ثلاثی مجرد سے فَاعِلٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَارِبٌ قَاتِلٌ۔ نَاصِرٌ۔

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع معروف کے وزن پر علامتِ مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے سے بنتا ہے اور ماقبل آخر مکسور ہوتا ہے جیسے مُجْتَنِبٌ۔ مُسْتَخْرِجٌ۔ مُصَرِّفٌ۔

اسم مفعول وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس پر فعل واقع ہو ثلاثی مجرد سے مفعولٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے منصورٌ۔ مَضْرُوبٌ۔ مَفْتُوحٌ۔ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے اور ماقبل آخر کو مفتوح کردینے سے بنتا ہے جیسے مُقْبَلٌ۔ مُکْرَمٌ۔ مُدَحْرَجٌ۔

تنبیہ (۱) قیاس کا تقاضا ہے کہ اسم فاعل اور اسم مفعول کا اشتقاق اپنے ہی فعل سے ہو خواہ مجرد ہو خواہ مزید۔ لیکن کچھ الفاظ بطور شذوذ کے دوسرے سے مشتق ہیں۔ مثلاً اَمْحَلَ سے مَاحِلٌ اَمْلَحَ سے مَالِحٌ۔ اَیْفَعَ سے یَافِعٌ۔ اَعْشَبَ سے عَاشِبٌ۔ اَحَبَّہٗ سے مَحْبُوبٌ۔ اَجَنَّہٗ سے مَجْنُونٌ۔ حَمَّہٗ سے مَحْمُومٌ۔ اَزْکَمَہٗ سے مَزْکُومٌ۔ اَسَلَّہٗ سے مَسْلُولٌ۔

(۲) اسم مفعول مصدر میمی ظرف زمان ومکان ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے سب ایک ہی وزن پر آتے ہیں۔ امتیاز قرائن کی بناء پر ہوتی ہے۔

صفتِ مشبہ

صفت مشبہ وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس میں صفت بطور ثبوت کے ہو۔ ثلاثی سے اس کے اوزان سماعی ہیں مثلاً حَسَنٌ۔ کَرِیْمٌ۔ لین۔ سہل۔ صَعْبٌ۔ لقیان۔ غضبان۔ کسول۔ عطشیٰ۔ رؤف۔

اگر مادہ کی دلالت لون یا عیب یا حلیہ پر ہو تو اس کے لئے وزن اَفعل کا ہے جیسے اَسْوَدُ - اَعْرَجُ - اَبْلَجُ - اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم فاعل کے وزن پر آتا ہے اور صفت مشبہ صرف ابواب لازمہ سے آتا ہے جیسے مطمئن - مستقیم -

اسمِ تفضیل

اسم تفضیل وہ ہے جو بہ نسبت دوسرے کے موصوف کی صفت کی زیادتی پر دلالت کرے اس کو اَفعل التفضیل بھی کہتے ہیں - مذکر کا وزن افعل کا اور مؤنث کا وزن - فعلیٰ کا مقرر ہے - اور صرف ثلاثی مجرد کے ابواب سے بنتا ہے اور وہ مادے جو رنگ، عیب یا حلیہ پر دلالت کرتے ہوں ان سے اسم تفضیل کا صیغہ نہیں آتا بلکہ اسی وزن پر صفت کا صیغہ آتا ہے - وہ ابواب یا وہ مادے جن سے اسم تفضیل کا صیغہ اَفعلُ کے وزن پر نہیں آسکتا ان سے اسم تفضیل کے معنی کو ظاہر کرنا ہو تو اس کے لئے قاعدہ یہ ہے کہ لفظ اشد یا اکثر یا انہی جیسے الفاظ کے بعد اس باب کا مصدر منصوب استعمال کرتے ہیں جیسے اشد سواداً اشد استخراجاً -

اسم تفضیل کا صیغہ معروف سے اور ثلاثی مجرد سے بنا کرتا ہے لیکن بعض الفاظ بطور شذوذ کے مجہول اور ابواب غیر ثلاثی سے آتے ہیں مثلاً "العود احمد" میں احمد حُمِدَ سے اور "حاتم اعطی من عمرو" میں اعطی سے اور "ہذا اسفر اختصر منْ ذاک" میں اَختصر، اِختَصَرَ سے ماخوذ ہے - اور کبھی اسم تفضیل اسم جامد سے بھی آتا ہے جیسے "مابالبادیۃ انوأمنہ" میں انوأ، نوءٌ سے ماخوذ ہے جس کے معنی نچھتر کے ہیں -

خیر و شر اصل میں اَخیر اور اشر تھے کثرت استعمال کی بنا پر دونوں سے ہمزے ساقط ہو گئے - کبھی اصل کے لحاظ سے مع ہمزہ کے بھی آتے ہیں -

اوزانِ مبالغہ

مبالغہ وہ ہے جو موصوف کی زیادتی صفت پر دلالت کرے اس کے مشہور وزن یہ ہیں -

[1] فَعَّال جیسے علّام - نصّار - [2] فعّالۃ جیسے علّامۃ و فہّامۃ [3] فِعِّیل جیسے صِدّیق و سِکّیر - [4] مِفعِیل جیسے مِسکین و معطیر - [5] مِفعال جیسے مِکسال و مِقدام - [6] فُعَلَۃ جیسے ضُحَکَۃ و ضُجَعَۃ - [7] فَعِلٌ جیسے شَرِہٌ - وَحَذِرٌ - [8] فَعِیلٌ جیسے رحیمٌ و عظیمٌ - [9] فَعُولٌ جیسے کَذُوبٌ - وَدُودٌ - [10] فَاعِلَۃ جیسے رَاوِیَۃ [11] فُعُلٌ جیسے غُفُل [12] فَعُولَۃٌ جیسے فَرُوقَۃٌ [13] مِفْعَلٌ جیسے مِحْرَبٌ - [14] فَاعُولٌ جیسے فَارُوقٌ - [15] فُعَّال جیسے کُبَّار

مبالغہ کے اوزان سماعی ہیں اور صرف ثلاثی مجرد سے آتے ہیں لیکن دَرّاک، اَدرَکَ سے - مِعطَاء، اَعطیٰ سے - مِہوان اَہان سے مِحسَان اَحسن سے - مِتلاف اَتلَفَ سے مِملاق اَملَقَ سے مِخلاف اَخلَفَ سے اور سَمِیع اَسمَعَ سے - نذیر اَنذَرَ سے - زہوق اَزہَقَ سے شاذ ہیں -

تنبیہ

(۱) بعض الفاظ مبالغہ میں تا تانیث کے لئے نہیں بلکہ تاکید مبالغہ کے لئے ہے جیسے علّامۃ فہّامۃ -

(۲) فعیل اگر فاعل کے معنی میں ہو تو مذکر و مونث میں فرق کیا جائے گا - خواہ موصوف کا ذکر ہو یا نہ ہو جیسے "رجل نصیر" "امرأۃ نصیرۃ" "جاء نصیر و نصیرہ"

(۳) فعیل اگر مفعول کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مونث میں ایک ہی حالت ہو گی جیسے "زید قتیل" "داتت المرأۃ جریحًا" اور بغیر موصوف کے فرق کیا جائیگا جیسے جاء حبیب و حبیبۃ

(۴) فعول اگر فاعل کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مونث دونوں میں ایک ہی جیسے یحیی البتول - مریم البتول - اور موصوف نہ ہو تو فرق کیا جائے گا - جیسے جاء بتول و بتولۃ - اور اگر مفعول کے معنی میں ہو تو مذکر و مونث میں فرق کیا جائے گا خواہ موصوف ہو یا نہ ہو جیسے "ہذا رسول وتلک رسولۃ - وجاء رسول و رسولۃ -

مذکر و مؤنث

اسم مذکر میں کسی علامت کی ضرورت نہیں - مونث کی تین علامتیں ہیں - تاء جیسے ظلمۃ، قوۃ، نعمۃ، قدرۃ - الف مقصورہ جیسے عذریٰ - فضلیٰ، کبریٰ، عظمیٰ - الف ممدودہ جیسے حمراء، سوداء، بیضاء - زرقاء -

یہ تینوں علامتیں اسم کے آخر میں زائد ہوتی ہیں ہر وہ اسم جس کے آخر میں ان تینوں علامتوں میں سے کوئی ایک ہو وہ مونث ہے لیکن وہ اسماء جو مردوں کے نام ہوں مذکر ہی رہتے ہیں اگرچہ اُن کے آخر میں ان علامات میں سے کوئی علامت ہو جیسے طلحۃ - نخلۃ ارطیٰ وغیرہ -

مونث کی دو قسمیں ہیں مونث لفظی - مونث معنوی - مونث لفظی وہ ہے جس میں علامت تانیث پائی جائے جیسا کہ اوپر کی مثالوں سے ظاہر ہے -

مؤنث معنوی وہ ہے کہ جس میں کوئی علامت تانیث نہ ہو اور اسے اہلِ زبان مؤنث مانتے ہوں۔

وہ سارے اسماء جو مؤنث کے اعلام ہوں جیسے مریم زینب وغیرہ یا وہ اسماء جو طبقہ اُناث کے ساتھ مختص ہوں جیسے اخت، اُم وغیرہ یا وہ سارے اسماء جو شہر اور قبیلہ کے نام ہوں جیسے شام، مصر، قریش وغیرہ۔ یا اعضاءِ انسانی میں سے تمام وہ اعضاء جو دو دو ہوں سب مؤنث معنوی ہیں لیکن اخیر کا حکم اکثری ہے، اس لئے کہ صدغ، مرفق، حاجب، خد۔ مؤنث نہیں۔

ان کے علاوہ کچھ اور بھی الفاظ مؤنث ہیں جن کو ائمہ لغت نے جمع کیا ہے[1]۔ یہاں پر سارے کا استقصاء تو بہت دشوار ہے مشہور اسماء درج ذیل ہیں۔

اٰان۔ اذن۔ ارض۔ ارنب۔ اروی۔ است۔ اصبع۔ افعیٰ۔ افق، بئر۔ باع۔ بنصر۔ ثعلب۔ جحیم۔ جہنم۔ حرب۔ خنصر۔ دار۔ دبر ذراع۔ رجل۔ رحم۔ رحیٰ۔ ریح۔ سعیر۔ سقر۔ سن۔ ساق۔ شمس۔ شمال۔ ضبع۔ عروض۔ عصا۔ عقب۔ عین۔ غول۔ فاس۔ فخذ۔ فلک۔ قدم۔ قدوم۔ قوس۔ کاس۔ کتف۔ کرش کف۔ نار۔ نعل۔ ناب۔ ورک۔ ید۔ یمین۔ ینبوع۔

ہوا کے لئے جو اسماء ہیں (مثلاً صبا، قبول، جنوب، دبور، شمال ہیف، حرور، سموم، صرصر، نکباء) وہ بھی مؤنث سماعی ہیں، ابن الانباری فرماتے ہیں۔ الریح مؤنثة لاعلامة فیها وکذلک سائر اسمائها الا الاعصار فانه مذکر۔

ان کے علاوہ کچھ اسماء ہیں جن میں تذکیر و تانیث دونوں جائز ہیں ان میں سے مشہور یہ ہیں۔

ابط، ابہام، ازار، بلد، جراد، حال، حانوت، خمر، درع۔ دلو، ردج، زقاق، سبیل، سُریٰ، سراویل، سلاح، سکین، سلم سُلّم، سماء، سُوق، صاع، ضحیٰ، طرس، طریق، عجز، عضد، عقاب عقرب، عنق، عنکبوت، فردوس، فرس، فہر، قدر، قفا، قمیص کبد، لسان، مسک، ملح، منجنیق، موسیٰ، نفس، ورار،

انہی کے ساتھ حروف تہجی کے اسماء بھی لاحق ہیں۔

مثنیٰ

مثنیٰ وہ اسم ہے جو دو پر دلالت کرے۔

کسی اسم کو مثنیٰ بنانا ہو تو اس کے آخر میں حالتِ رفعی میں الف اور حالتِ نصبی و جری میں یاء ماقبل مفتوح اور دونوں حالتوں میں نون مکسور لائیں گے۔ جیسے "جاء الرجلان"۔ رایت الرجلین و مررتُ بالرجلین۔

اگر کوئی علم مرکب اضافی ہو تو جزء اول یعنی مضاف کو مثنیٰ لائیں گے جیسے "عبدا الاحد، عبدا الرحمان۔

اور اگر مرکب بنائی یا مرکب اسنادی ہو تو اپنی حالت پر رہینگے اور ان سے پہلے مذکر میں ذوا اور مونث میں ذواتا لائیں گے۔ جیسے ذوا معدی کرب، ذواتا بعلبک۔

اسم منقوص (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں یاء ماقبل مکسور ہو جیسے القاضی) میں اگر یاء حذف ہو گئی ہو تو تثنیہ کی حالت میں پھر لوٹ آئے گی جیسے رامٍ رامیان۔ داعٍ داعیان۔

اسم مقصور (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں الف ہو اور اسکے بعد ہمزہ نہ ہو جیسے عصا۔ رحیٰ) میں اگر الف تیسری جگہ ہو اور کسی سے بدل کر آیا ہو تو تثنیہ بنانے کی حالت میں تو اصل کی طرف لوٹ جائے گا۔ جیسے عصاء سے عصوان۔ فتیٰ سے فتیان۔

اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو یاء سے بدل جائے گا جیسے ذکریان۔ قہقہران، خوزلان شاذ ہیں، قیاس کا تقاضا تھا کہ قہقہریان خوزلیان ہوتے۔

اسم ممدود (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں ہمزہ ہو اور اس سے پہلے الف زائدہ ہو جیسے صفراء خضراء) میں الف اگر تانیث کیلئے ہو تو ہمزہ کو واؤ سے بدل لیں گے جیسے خضراء سے خضراوان۔ بشرطیکہ الف سے پہلے واؤ نہ ہو، اور اگر ہو تو ہمزہ کا باقی رکھنا ضروری ہے تاکہ دو واؤ جمع نہ ہو جائیں۔ جیسے عشواء سے عشواءان۔

اور اگر ہمزہ اصلی ہو تو اس وقت بھی باقی رکھنا ضروری ہے۔ جیسے لألاء سے لألاءان۔ قرّاء سے قرّاءان۔

اور اگر ہمزہ نہ تو اصلی ہو اور نہ تانیث کے لئے تو دونوں صورتیں جائز ہیں، ہمزہ کو واؤ سے بدلنا بھی اور باقی رکھنا بھی جیسے سماء سے سماءان اور سماوان۔

ایسے اسماء جن کا لام کلمہ محذوف ہو اور اس کے عوض میں کچھ نہ ہو تو تثنیہ بنانے میں لام کلمہ واپس آئے گا جیسے "اب" کہ اصل میں ابو تھا تثنیہ کی حالت میں ابوان ہو گا ایسے ہی اخوان، حموان، غدوان لیکن فم اور ید میں واؤ واپس نہیں آئے گا۔ فمان اور یدان ہی کہا جائے گا۔

اور ایسے اسماء جن کے محذوف کے عوض میں کچھ ہو تو تثنیہ اپنی حالت پر بنایا جائیگا مثلاً سنة، ابن، اسم ہیں سنتان، ابنان، اسمان کہیں گے

[1] مولانا ذوالفقار احمد صاحب بھوپالی مرحوم مغفور کی کتاب البلغة کرنی ما یتعلق بالمؤنث والمذکر اس سلسلہ میں بہت جامع کتاب ہے۔

کچھ ایسے اسماء ہیں جن کا تثنیہ نہیں آتا۔ مثلاً: بعض، اجمع، جمعاء، کل، اور عریب، دیّار۔ اور اسماءِ عدد اور اسم تفضیل جس کا استعمال مِن سے ہو جیسے الیدان افضل من الرجلین۔

جمع

جمع کی دو قسمیں ہیں جمع سالم اور جمع مکسر۔ جمع سالم وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی رہے زیادتی جو کچھ ہو وہ آخر میں اور جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے جمع سالم کی دو قسمیں ہیں جمع مذکر سالم، جمع مؤنث سالم۔

جمع مذکر سالم

جمع مذکر سالم وہ ہے جس میں کلمہ کے آخر میں حالتِ رفعی میں واو ماقبل مضموم اور حالتِ نصبی و جری میں یاء ماقبل مکسور اور ان دونوں کے بعد نون ہو جیسے "جاء مسلمون رأیت مسلمین و مررت بمسلمین"۔

اس وزن پر جمع بنانے کے لئے شرط یہ ہے کہ اگر اسم محض ہو صفت کے معنی ملحوظ نہ ہوں تو تاءِ تانیث سے خالی ہو اور مرکب نہ ہو۔ اسی لئے طلحۃ باوجودیکہ مذکر کا علم ہے مگر واو نون سے جمع نہیں آئیگا اسی طرح معدیکرب اور بعلبک وغیرہ میں یہ وزن نہیں آئیگا، بلکہ جمع بنانا ہو تو لفظ ذو کی جمع بنا کر اس کلمہ کی طرف اضافت کریں گے مثلاً ذو و معدیکرب، ذو و بعلبک۔

اور اگر صفت ہو تو شرط یہ ہے کہ مذکر ہو، ذوی العقول میں سے ہو۔ اور افعل فعلاء یا فعلان فعلی کے وزن پر نہ ہو اور ایسا اسم بھی نہ ہو جس میں مذکر و مؤنث دونوں برابر ہوں۔ جیسے جریح و صبور۔ اور ایسا بھی نہ ہو کہ تاءِ تانیث سے التباس کا خوف ہو جیسے علّامۃ

کچھ ایسے اسماء ہیں کہ اُن میں شرطیں نہیں پائی جاتیں مگر جمع مذکر سالم کے وزن پر ان کی جمع آتی ہے۔ مثلاً ارضون۔ عالَمون۔ عِلّیون۔ اُهلون۔ بنون۔ سنون۔ اور اسی طرح ہر وہ کلمہ ثلاثی جس کا لام کلمہ حذف کر دیا گیا ہو اور اس کے عوض میں تاء لایا گیا ہو اس کی جمع بھی واؤ نون سے آتی ہے جیسے عضون، سبون، مئون۔

جمع مؤنث سالم

جمع مؤنث سالم وہ ہے کہ جس کے آخر میں الف و تاء کی زیادتی ہو جیسے ثمرات و شجرات۔ اگر مفرد کے آخر میں پہلے ہی سے تاء ہو تو جمع بناتے ہوئے اس کو حذف کر دیتے ہیں جیسے طالبۃ سے طالبات مسلمۃ سے مسلمات۔

اس وزن پر مندرجہ ذیل اسماء کی جمع آتی ہے۔

(۱) ہر وہ اسم جس کے آخر میں تاء ہو جیسے ثمرۃ سے ثمرات۔ شجرۃ سے شجرات امرأۃ، شاۃ، قلۃ، اَمۃ، ملّۃ، شفۃ اس سے مستثنیٰ ہیں۔

(۲) ہر وہ اسم جو مؤنث کا علم ہو جیسے زینب سے زینبات، مریم سے مریمات۔

(۳) ہر وہ اسم جو مصدر ہو اور تین حرف سے زائد ہو جیسے تعریفات اختیارات۔ امتیازات۔

(۴) ہر وہ اسم جس کے آخر میں الفِ تانیث مقصورہ یا ممدودہ ہو۔ جیسے صحراء سے صحراوات، حمّٰی سے حمیات۔

اور ان اسماءِ مقصورہ یا ممدودہ میں الف کی تبدیلی یا بقا کے متعلق وہی صورتیں اختیار کی جائیں گی جن کا ذکر مثنّٰی میں ہو چکا اسماءِ مذکورہ بالا کے علاوہ میں اس وزن پر جمع کا آنا سماعی ہے۔ جیسے سماوات، ارضات، سجلّات، حمّامات۔ سُرادقات، شمالات، امہات، سرادیلات وغیرہ۔

الفاظِ اعجمیہ میں سے بعض کی جمع اسی وزن پر آتی ہے جیسے تلغرافات اور بعض کی جمع جمع مکسر آتی ہے جیسے اساکل، فواصل، بطارکۃ کرادلۃ۔

تنبیہ: اگر کلمہ ثلاثی ہو اور اس کا عین کلمہ صحیح ہو اور فَعْل اور فُعْلۃ کے وزن پر ہو تو جمع بناتے ہوئے عین کلمہ کو فتحہ دینا ضروری ہے۔ جیسے تَمْرَۃ تَمَرَات۔ رُحْمۃ رُحَمات۔

اور اگر فِعْل یا فُعْل کے وزن پر ہو تو فتحہ دینا ساکن رکھنا اور فا کلمہ کی حرکت جیسی حرکت دینا بھی جائز ہے جیسے کِسْرَۃ سے کِسَرات کِسْرات، کِسِرات۔ حُجْرَۃ سے حُجَرات، حُجْرات، حُجُرات۔

اور اگر کلمہ اجوف ہو تو عین کلمہ جمع میں ہمیشہ ساکن رہے گا خواہ فا کی حرکت کیسی ہی ہو جیسے جَوْزَۃ سے جَوْزات۔ بیعۃ سے بیعات۔

اور اگر ناقص ہو تو اس کا حکم وہی ہے جو صحیح کا ہے جیسے رَمْیَۃ سے رَمَیات اور رُقْوَۃ سے رُقَوات، رُقْوات۔ لیکن اگر فا کلمہ مکسور اور لام کلمہ واوی ہو تو صرف فتحہ دینا اور ساکن رکھنا جائز ہے اور ہمشکل فا بنانا جائز نہیں۔ جِرِوات شاذ ہے۔ اسی طرح اگر فا مضموم ہو اور لام یائی ہو تو بھی دونوں صورتیں ہوں گی اتباع جائز نہیں۔

اور اگر کلمہ مدغم ہو تو جمع بناتے ہوئے فکِ ادغام نہیں ہوگا۔ جیسے ضَمّۃ سے ضمّات۔ عِزّۃ سے عِزّات۔

جمع مُکسر

اوپر بتلایا جا چکا ہے کہ جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن اپنی حالت پر باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے۔ اس تغیر کی تین صورتیں ہیں

کبھی تو زیادتی سے جیسے رَجُل سے رجال - کبھی حذف سے جیسے رَسُوْل سے رُسُل - کتاب سے کُتُب اور کبھی محض حرکت کی تبدیلی سے جیسے اَسَد سے اُسُد - بَنْث سے بُنُث -

جمع مکسر کی دو قسمیں ہیں - جمع قلت - جمع کثرت -

جمع قلۃ وہ ہے جس سے تین سے دس تک کی تعداد معلوم ہوتی ہے اس کے چار وزن ہیں:

اَفْعَال جیسے طِفْل سے اَطْفَال - اَفْعُل جیسے نَہر سے اَنْہُر - اَفْعِلَۃ جیسے رَغِیف سے اَرْغِفَۃ - فِعْلَۃ جیسے فتیٰ سے فِتْیَۃ -

افعال کی دوبارہ جمع افاعیل کے وزن پر ہے جیسے انعام کی جمع اناعیم اور افعُل کی اَفَاعِل کے وزن پر جیسے اکلب کی جمع اکالب آتی ہے اس کو جمع منتہی الجموع کہتے ہیں - اور اس سے مراد تمام وہ اوزان ہیں جن میں الف جمع کے بعد دو حرف متحرک یا تین حرف ہوں اور درمیان میں یا ساکن ہو جیسے مساجد، منابر، اناعیم - قنادیل -

(تنبیہ) جمع قلت پر الف لام استغراقی داخل ہو اور یا ایسی چیز کی طرف اضافت ہو جس کی دلالت کثرت پر ہو تو کثرت کا فائدہ دیتی ہے جیسے اَیُّھَا الشُّیُوْخُ لَا تَکُوْنُوْا کَالْفِتْیَۃِ - اِحْفَظُوْا اَنْفُسَکُمْ -

جمع کثرت وہ ہے جو تین سے زیادہ الی غیر النہایۃ کیلئے استعمال ہوتی ہے - اس کے اوزان بہت ہیں، صرف چند قیاسی ہیں جنکا ذکر آگے آئیگا - جمع سالم کی دونوں قسمیں بعض کے نزدیک جمع قلۃ کا فائدہ دیتی ہیں - اور بعض کے نزدیک مطلق جمع کا بغیر قلت و کثرت کا لحاظ کئے ہوئے، جس کا مآل یہ ہے کہ قلت و کثرت دونوں کا فائدہ دیتی ہیں -

جمع کثرت کے قیاسی اوزان

(۱) فُعَل فُعْلَۃ کی جمع جیسے عُلْبَۃ کی جمع عُلَب - صورت کی جمع صُوَر صُرَّۃ کی جمع صُرَر -

(۲) فِعَل فِعْلَۃ کی جمع جیسے قِطْعَۃ کی جمع قِطَع - لیکن فِعلَۃ کی جمع کبھی فُعَل بھی آتی ہے جیسے حِلْیَۃ کی جمع حُلی - لحیۃ کی جمع لُحی -

(۳) فعالل ہر رباعی مجرد کی جمع جیسے بلبل کی جمع بلابل - جندس کی جمع جنادس - اور خماسی مجرد و مزید کی جمع بھی جیسے سفرجل کی جمع سفارج - اور خندریس کی جمع خدارس -

(۴) فواعل - ہر ثلاثی کی جمع جس کے فا کلمہ کے بعد واؤ یا الف کی زیادتی ہو جیسے جوہر کی جمع جواہر - خاتم کی جمع خَوَاتم -

(۵) فعائل مونث کی جمع جس کا تیسرا حرف مدہ ہو جیسے صحیفہ کی جمع صحائف، رسالہ کی جمع رسائل -

(۶) افاعل افعل (بتثلیث الہمزہ) کی جمع جیسے اِصْبَع کی جمع اصابع اُنْمُلَۃ کی جمع اَنَامِل، اَجْدَل کی جمع اَجَادِل -

(۷) افاعیل افعول اور افعولۃ کی جمع جیسے اسلوب کی جمع اسالیب اجوزۃ کی جمع اراجیز -

(۸) فعالیل ہر اُس رُباعی کی جمع جس کے حرف آخر سے پہلے مدّہ ہو جیسے قرطاس کی جمع قراطیس - عصفور کی جمع عصافیر -

(۹) مَفَاعِل مَفْعَل اور مَفْعَلَۃ کی جمع جیسے مبضع کی مَبَاضِع - مَکْنَسَۃ کی جمع مکانس -

(۱۰) مفاعیل - مِفْعَال مفعیل مفعول کی جمع جیسے مفتاح کی جمع مفاتیح - مسکین کی جمع مساکین - مقدور کی جمع مقادیر -

اسم جمع و شبہ جمع

اسم جمع وہ ہے جس سے جمع کے معنی ظاہر ہوں اور اس کیلئے اسی مادہ سے مفرد نہ ہو جیسے خیل - قوم - رہط - جیش -

شبہ جمع وہ ہے جو جمع کے معنی کو ظاہر کرے اور واحد جمع میں تار کی وجہ سے امتیاز ہو مثلاً ورق کہ اس کا مفرد ورقۃ ہے، ثمر کہ اس کا واحد ثمرۃ ہے - اور اسی قبیل سے ہے وہ کہ واحد اور جمع میں یار نسبتی کی وجہ سے فرق ہو جیسے الرُّوْمِیّ - رومیوں میں کا ایک - المجوسی - مجوسیوں میں سے ایک - لیکن اس کا لحاظ رہے کہ پہلا غیر ذوی العقول کے لئے اور دوسرا ذوی العقول کے لئے -

ہر اسم جمع اور شبہ جمع کی جمع مفردات کے طرز پر آتی ہے جیسے قوم کی جمع اقوام، رُفقۃ کی جمع رُفق، نجم کی جمع انجم اور روم کی جمع اروام -

صفت

صفت ہر وہ اسم ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس کے ساتھ کوئی وصف ہو - اس کی پانچ قسمیں ہیں - ۱ - اسم فاعل - ۲ - اسم مفعول - ۳ - صفت مشبہ - ۴ - اسم تفضیل - ۵ - اوزان مبالغہ -

صفت کی تانیث

صیغۂ صفت کو اگر مؤنث بنانا ہو تو آخر میں تا لگادو جیسے صادق صادقۃ - عالم، عالمۃ، لیکن وہ صفت جو فعلان یا افعل کے وزن پر یا اسم تفضیل ہو اس کے احکام جداگانہ ہیں -

(۱) جو صیغہ صفت کا فعلان کے وزن پر ہو اس کے لئے مؤنث فعلیٰ کے وزن پر آتی ہے جیسے عطشان سے عطشیٰ - سکران سے سکریٰ ظمآن سے ظمآی - لیکن بعض کلمات ایسے ہیں کہ ان کی تانیث تا کے

ساتھ آتی ہے اور وہ یہ ہیں۔
البان، حبلان، خمصان، سخنان، صوجان، ضوجان،
قشوان، مصّان، موتان، ندمان، نصران،
اور بعض کلمات کی تانیث فعلی کے وزن پر بھی اور تاء کے ساتھ بھی آتی ہے جیسے عطشان سے عطشیٰ اور عطشانۃ، غضبان سے غضبیٰ اور غضبانۃ۔

(۲) صفت کا صیغہ جو افعل کے وزن پر ہو اسکی تانیث فعلاء کے وزن پر جیسے ابیض سے بیضاء۔ اسمر سے سمراء

(۳) اسم تفضیل کے لئے مؤنث کا صیغہ فُعلیٰ ہے جیسے اکرم سے کُرمیٰ۔ اصغر سے صغریٰ لیکن اگر کلمہ ناقص واوی ہو تو واؤ کو یاء سے بدل دیتے ہیں جیسے احلیٰ سے حُلیا۔ ادنیٰ سے دنیا۔

کچھ صفات کے صیغے ایسے ہیں جن میں تذکیر و تانیث برابر ہے اور وہ یہ ہیں:-

(۱) فَعَّالَۃٌ جیسے رَجُلٌ فَہَّامَۃٌ اِمْرَأَۃٌ فَہَّامَۃٌ

(۲) مِفْعَالٌ جیسے رَجُلٌ مِفْضَالٌ، اِمْرَأَۃٌ مِفْضَالٌ اور میقانۃ شاذ ہے۔

(۳) مِفْعِیْلٌ جیسے رَجُلٌ مِعْطِیْرٌ، اِمْرَأَۃٌ مِعْطِیْرٌ اور مسکینۃ شاذ ہے۔

(۴) مِفْعَلٌ جیسے رَجُلٌ مِغْشَمٌ، اِمْرَأَۃٌ مِغْشَمٌ۔

(۵) فُعْلَۃٌ اور فُعَلَۃٌ جیسے رَجُلٌ ضُحْکَۃٌ اِمْرَأَۃٌ ضُحْکَۃٌ اور اگر عین کو فتحہ دے دیا جائے تو فاعلیت کے معنی ہونگے جیسے ضُحَکَۃ = بہت ہنسنے والا۔ ہُمَزَۃ = بہت عیب لگانے والا ہُزَأَۃ = بہت ٹھٹھا کرنے والا۔

(۶) فعول جو فاعل کے معنی میں اور فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو جیسے رَجُلٌ صَبُوْرٌ، غلامٌ قَتِیْلٌ۔ اِمْرَأَۃٌ قتیلٌ۔ لیکن یہ اُس وقت ہے جبکہ موصوف معروف ہو ورنہ تاء کے ساتھ فرق کرنا ضروری ہے ہاں عدوّۃ شاذ ہے۔

کبھی فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو باوجود معروف ہونیکے مؤنث کو تاء کے ساتھ لاتے ہیں خاتمۃ سعیدۃ، عاقبۃ حمیدۃ اور کبھی فعیل فاعل کے معنی میں مؤنث بغیر تاء کے جیسے امراۃ عقیم۔ یُحْیِی الْعِظَامَ وَہِیَ رَمِیْمٌ۔

جو صفات کہ طبقہ اناث ہی کے ساتھ مخصوص ہیں ان میں جب معنی حدوث کا لحاظ نہ ہو تو عموماً آخر میں تاء نہیں آتی جیسے طالق مرضع حامل۔ اور حدوث کے معنی کا لحاظ ہو تو تاء آتی ہے جیسے اَرْضَعَتْ فَہِیَ مُرْضِعَۃ۔

صِفت کی جمع

اگر صفت کا صیغہ ذوی العقول کے لئے ہو خواہ مذکر خواہ مونث اس کی جمع جمع سالم لاتے ہیں جیسے رجال صادقون، نساء صادقات جو صفت افعل فعلاء یا فعلان فعلی کے وزن پر یا اسم فاعل ناقص کا یا فعیل بمعنی مفعول ہو ان کے احکام جداگانہ ہیں۔

(۱) جو صیغہ صفت کا افعل فعلاء کے وزن پر ہو اس کی جمع فُعْل کے وزن پر آتی ہے جیسے احمر کی حُمْر۔ اَزْرَق کی زُرْق، اَعْرَج کی عُرْج اَعْمیٰ کی عُمْی لیکن اگر کلمہ اجوف یائی ہو تو فاء کو کسرہ دیدیتے ہیں۔ غِید۔ بِیض۔ ہِیف۔ اغید۔ ابیض۔ اہیف کی جمع۔

(۲) جب صفت فعلان فعلی کے وزن پر ہو تو اس کی جمع فُعَالیٰ یا فِعَال کے وزن پر آتی ہے جیسے سکاری و حیاری سکران و حیران کی جمع اور جِیَاع و غِضاب جوعان اور غضبان کی جمع۔

(۳) اسم فاعل ناقص کی جمع فُعَلَۃٌ کے وزن پر آتی ہے۔ جیسے دُعَاۃ، رُمَاۃ، غُزَاۃ کہ اصل ان کی دُعَوَۃٌ رُمَیَۃٌ غُزَیَۃ ہے۔

(۴) ایسے مادہ سے جو ہلاکت یا درد یا تشتت کے معنی پر دلالت کرے اس سے فعیل بمعنی مفعول کی جمع فَعْلیٰ کے وزن پر آتی ہے جیسے جریح کی جمع جرحیٰ، صریع کی جمع صرعیٰ۔ شتیت کی جمع شتّیٰ۔ اور اسی پر حمل کیا گیا ہے اس کو بھی جو معنی میں اس سے مشابہت رکھتا ہو، اور فعیل بمعنی فاعل ہو جیسے مریض کی جمع مرضیٰ ــــ یا فَعِل کے وزن پر ہو جیسے زمِن کی جمع زمنی۔ یا فاعل کے وزن پر ہو جیسے ہالک کی جمع ہلکیٰ۔

صفات کی جمع کے بقیہ قیاسی اوزان چھ ہیں۔ فُعَّال۔ فَعَلَۃ۔ فُعَّل۔ فَوَاعِل۔ فُعَلَاء۔ اور اَفْعِلَاء

(۱) فُعَّال اور فَعَلَۃ ہر اس اسم کی جمع ہے جو فاعل کے وزن پر ہو اور اس کا لام کلمہ صحیح ہو جیسے زائر کی جمع زُوّار۔ صائم کی جمع صوّام اور کاتب کی جمع کتبۃ ظالم کی جمع ظَلَمَۃ
فَعَلَۃ کا وزن عموماً اس فاعل کی جمع کیلئے ہے جو اجوف ہو اور کسی پیشے پر دلالت کرتا ہو جیسے ساقۃ، باعۃ، حاکۃ، صاغۃ کہ اصل میں سَوَقَۃ، بیعۃ، حیکۃ، صَوَغَۃ تھے۔

(۲) فُعَّل بھی فاعل کی جمع جیسے سُجَّد ساجد کی جمع نُوَّم نائم کی جمع جُوَّع جائع کی جمع۔

(۳) فواعل فاعِلۃ کی جمع جیسے صواحب صاحبۃ کی جمع عواذل عاذلۃ کی جمع اور فواعل کے وزن پر اس فاعل کی جمع بھی آتی ہے۔ جو طبقۂ اناث کے صفات کے لئے ہو جیسے عواقر عاقر کی جمع حوامل حامل کی جمع طوالق طالق کی جمع۔

(۴) فعلاء فعیل کی جمع جو معنی میں فاعل کے ہو جیسے کرماء کریم کی جمع۔ عُلماء علیم کی جمع۔

(۵) افعلاء فعیل کی جمع جو مضاعف یا معتل اللام ہو جیسے اغنیاء غنی کی جمع اقویا قوی کی جمع۔

مذکر اسم تفضیل کی جمع جمع سالم افعلون کے وزن پر آتی ہے جیسے اعظمون اکرمون اور جمع مکسر افاعل کے وزن پر جیسے اصاغر۔ اکابر

مؤنث اسم تفضیل کی جمع سالم فعلیات کے وزن پر جیسے عظمیات، کرمیات اور جمع مکسر فُعَل کے وزن پر جیسے صُغَر، کُبَر،

صیغہ منتہی الجموع کی جمع مکسر تو نہیں آتی لیکن جمع سالم آتی ہے جیسے ضوارب کی جمع ضواربات۔ افاضل کی جمع افاضلون۔

نسبۃ

کسی چیز کی طرف نسبت ظاہر کرنے کیلئے اسم کے آخر میں یاء مشدد لاحق کرنیکا نام نسبت ہے۔ اس کا حکم یہ ہے کہ ماقبل یاء کو مناسبت کی وجہ سے کسرہ دیا جائے جیسے رجلٌ مِصریٌّ

اگر اسم ثلاثی مکسور العین ہو تو نسبت کرتے وقت عین کو فتحہ دیا جائیگا۔ مثلاً فخذ میں فخذیّ اور مَلِک میں مَلَکیّ کہا جائیگا۔ اور اگر رباعی ہو تو افصح یہ ہے کہ عین پر کسرہ باقی رہے گا۔ جیسے مَشرِق میں مَشرِقی مغرب میں مغربی یثرب میں یثربی۔

اگر کسی ایسے اسم کی طرف نسبت ہو جس کے آخر میں تاء ہو تو اسکا حذف کرنا ضروری ہے جیسے قاہرۃ سے قاہری۔

اگر اسم کے آخر میں تیسرا حرف الف مقصورہ ہو تو واو سے بدل دیا جائے گا۔ جیسے عصا سے عصَوِیّ۔ فتیً سے فتوِیّ۔

اور اگر چوتھا حرف ہو اور اصلی ہو تو واؤ سے تبدیلی زیادہ ہے جیسا کہ مرمیٰ سے مرموی اور حذف کرنا بھی جائز ہے جیسے مرمِیّ

اور اگر اصلی نہ ہو بلکہ زائد ہو خواہ تانیث کے لئے خواہ الحاق کے لئے تو وہاں پر حذف مختار ہے حبلی اور ذِفریّ کہا جائے گا اور واو سے بدلدیں تو یہ بھی جائز ہے اس صورت میں حبلوی، ذِفروی کہا جائیگا۔ لیکن الف تانیث کو جب واؤ سے بدلتے ہیں تو اکثر اس سے پہلے ایک الف بڑھا دیتے ہیں جیسے طوباویّ۔ دنیاوِیّ۔

اور اگر الف مقصورہ ایسے اسم میں واقع ہو جس کا دوسرا حرف متحرک ہو تو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے مصطفیٰ سے مُصطَفِیّ اور بعض واؤ سے بدلنا بھی جائز کہتے ہیں اس صورت میں کہا جائیگا مُصطفوِیّ

اگر اسم کے آخر میں الف ممدودہ تانیث کیلئے ہو تو واؤ سے بدل دیا جائیگا جیسے صفراء سے صفراوِیّ۔ بیضاء سے بیضاوِیّ اور اگر اصلی ہو تو اس کا باقی رکھنا ضروری ہے جیسے قراء سے قرائیّ۔ ابتداء سے ابتدائیّ۔ انتہاء سے انتہائیّ۔

اور اگر اصلی نہ ہو تو باقی رکھنا اور واو سے بدلنا دونوں جائز ہے جیسے رداء سے ردائیّ یا رداویّ، سماء سے سمائیّ یا سماویّ۔

اور اگر اسم منقوص ہو اور یاء تیسری جگہ میں ہو تو اسکو واو سے بدل دیتے ہیں اور اس کے ماقبل کو فتحہ دیتے ہیں جیسے عمی سے عموی۔

اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو حذف کرنا جائز ہے جیسے قاضٍ سے قاضِیّ۔ ماضٍ سے ماضِیّ اور واو سے بدلنا بھی جائز ہے اور اس صورت میں ماقبل کو فتحہ دیا جائیگا۔ کہا جائیگا۔ قاضَوِیّ، ماضَوِیّ

اور اگر یاء پانچویں جگہ یا اس سے زائد ہو تو حذف کرنا ضروری ہے جیسے مستعلی سے مستعلِیّ۔ معتدی سے معتدِیّ۔

اگر کلمہ فعیل کے وزن پر ہو اور آخر میں حرف صحیح ہو تو وزن اپنی حالت پر باقی رہے گا جیسے حنیف سے حنیفی خلیل سے خلیلی اور اگر ناقص ہو تو ایک یاء کو حذف کر دیا جائیگا۔ اور دوسرے کو واو سے بدل دیا جائیگا اور ماقبل کو فتحہ دیا جائے گا۔ جیسے غنیّ سے غنَوِیّ علِیّ سے علَوِیّ۔

اور اگر فعِیلہ کے وزن پر ہو مضاعف اور معتل نہ ہونے کی صورت میں یاء کو حذف کر دیا جائیگا اور ماقبل مفتوح ہوگا جیسے مدینہ سے مدنی، فریضہ سے فرضی۔ بعض الفاظ میں یاء کا باقی رہنا شاذ ہے جیسے طبیعی، سلیقی،

اور اگر مضاعف یا معتل عین ہو تو کچھ حذف نہیں ہوگا طویلہ کی نسبت میں کہا جائیگا طویلی اور عزیزہ میں عزیزی۔

جو حکم فعیل و فعیلۃ کا بیان کیا گیا ہے یہی فُعَیل و فُعَیلۃ میں بھی جاری ہوگا جیسے عُقَیل سے عُقَیلِیّ۔ قصی سے قُصَوِیّ، قُلَیلۃ سے قُلَیلِیّ اُمَیمۃ سے اُمَیمِیّ۔

اگر اسم کے آخر میں واو چوتھی جگہ یا اس سے زائد پر ہو اور اسکے ماقبل ضمہ ہو تو نسبت کرتے ہوئے واو کو حذف کر دیا جائے گا۔ قلنسوۃ سے قلنسیّ اور ترقوۃ سے ترقی کہا جائیگا۔ اور نہیں تو واو باقی رہے گا جیسے عدو سے عدوِیّ دلو سے دلوِیّ۔

اگر اسم کے آخر میں یاء مشدد ہو اور اس سے پہلے دو حرف ہوں تو یاء کا حذف کرنا ضروری ہے جیسے شافعی کی طرف نسبت کرتے ہوئے شافعی ہی کہا جائے گا اور اسکندریہ کی طرف نسبت کرتے ہوئے اسکندری۔

اور اگر یاء سے پہلے ایک ہی حرف ہو جیسے حَیّ تو دوسرے حرف کو فتحہ دینا اور تیسرے کو واو سے بدل دینا واجب ہے جیسے کہ حی سے حیَوِیّ۔

اور اگر دوسری یا، واو سے بدل کر آئی ہو تو نسبت کرتے ہوئے پھر واو ہو جاوےگی جیسے طی سے طَوَوِیّ۔

اگر کسی کلمہ سے آخر کا حرف حذف ہو گیا ہو اور محذوف منہ میں دو حرف باقی ہوں تو نسبت کرتے ہوئے اس محذوف حرف کو واپس لایا جائیگا۔ جیسے اب سے ابویّ۔ اخ سے اخویّ۔

لفظ اخت اور بنت کی طرف نسبت تاء کے ساتھ ہوتے ہوئے کہا جاتا ہے اختی و بنتی اور بعض حذف کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں۔ اخوی بنوی اور لفظ ابنۃ کی نسبت میں ابنیّ اور بنوی کہا جاتا ہے

ید اور دم جیسے الفاظ میں محذوف کو لوٹا دینا افصح ہے کہا جائیگا یدویّ دمویّ۔ اور بغیر واؤ کے لائے ہوئے بھی نسبت کرنا جائز ہے جیسے یدیّ۔ دمیّ۔

اور اگر کسی کلمہ میں محذوف کے عوض میں ہمزہ وصل لایا گیا ہو جیسا کہ ابن اور اسم میں تو عوض کو حذف کر دینا اور محذوف کو لوٹانا جائز ہے۔ اسم اور ابن کی نسبت میں سمویّ اور بنویّ کہنا جائز ہے اور ابنیّ و اسمیّ بھی کہنا جائز ہے۔

اور اگر محذوف کے بدلے میں تاء تانیث ہو تو تاء کو حذف کر دیا جائیگا اور محذوف کو دوبارہ لایا جائے گا جیسے سنۃ سے سنویّ۔ لغۃ سے لغوی۔ اور زِنَۃ سے وَزْنی۔ اور صِلَۃ سے وَصْلی۔

تثنیہ اور جمع کی طرف نسبت کرنا ہو تو مفرد کی طرف لوٹا دیا جائیگا جیسے عراقین سے عراقی۔ مسلمین سے مسلمی۔

یہی حکم ہے اُن کا جو تثنیہ اور جمع کے ساتھ لاحق ہیں جیسے اثنین سے اثنیّ اور ثنوی۔ عشرین سے عشری، اربعین سے اربعی۔

ایسے جمع جن کے لئے مفرد نہیں جیسے ابابیل و عبادید اور یا مفرد تو ہیں لیکن اسی لفظ سے نہیں جیسے مخاطر، مناجذ۔ نساء۔ نسبت کرتے ہوئے اپنے حال پر باقی رہیں گے جیسے مخاطری، مناجذی نسائی۔

بعض علماء صرف کے نزدیک جمع مکسر نسبت کی حالت میں اپنی وضع پر رہے گا جیسے ملائکۃ سے ملائکی۔ ملوک سے ملوکی۔

اور جو جمع مکسر علم ہو گیا ہو وہ بھی نسبت کی حالت میں مفرد کی طرف لوٹایا نہیں جائے گا۔ جیسے انبار سے انباری، انصار سے انصاری۔ اہواز سے اہوازی۔

اور مرکب بنائی میں نسبت کرتے ہوئے آخر کا جزء حذف کر دیا جائیگا۔ اور اول جزء کیطرف نسبت کریں گے جیسے بعلی و معدی جبکہ بعلبک اور معدیکرب کی طرف نسبت کرنا ہو اور کبھی مجموعہ کی طرف نسبت کرتے ہیں جیسے بعلبکی و معدی کربی۔

اور مرکب اضافی کی صورت میں کسی میں جزء اول کی طرف نسبت کرتے ہیں اور کسی میں جزء ثانی میں جیسے امرأ القیس سے امرئی دیر القمر سے دیرانی۔ عبد الاشہل سے اشہلی۔ ابوبکر سے بکری۔ عبد مناف سے منافی۔ کبھی مرکباتِ اضافیہ میں پورے کی طرف نسبت کرتے ہیں۔ جیسے عین ابل سے عین ابلی و وادی آش سے وادی آشی۔ عین حور سے عین حوری۔

اور مرکب اسنادی میں صدر یعنی جزء اول کی طرف نسبت ہوتی ہے اور عجز یعنی جزء ثانی کو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے تابط شرا سے تابطی۔ ذرحبا سے ذری۔

حروفِ تہجی کے لحاظ سے ان اسماء کی تفصیل جو قواعد نسبت کے خلاف مستعمل ہیں

انف کبیر	سے	اُنافی	حروراء	سے	حَرُورِیّ	رَوحاء	سے	رَوحانی
اُمیّۃ	"	اُمَوِیّ	حرمین	"	حِرمیّ	رے	"	رازیّ
بادیۃ	"	بَدَوِیّ	حضرموت	"	حَضرمیّ	رباب	"	رُبّی
بحرین	"	بحرانی	خُزینۃ	"	خُزنیّ	سہل	"	سہلیّ
بہراء	"	بہرانی	دَہر	"	دُہریّ	سلیقۃ	"	سَلِیقی
تہامۃ	"	تہامیّ یا تَہام	دَیر	"	دیرانیّ	سلیمۃ الازد	"	سُلَیمیّ
تیم اللات	"	تیملی	دارِیا	"	دارانیّ	سُلَیم	"	سُلَمیّ
ثقیف	"	ثقفیّ	رب	"	ربانیّ	شام	"	شآمِ
جمۃ عظیمۃ	"	جمانی	رقبۃ عظیمۃ	"	رقبانی	شعر کثۃ	"	شعرانی
جذیمۃ	"	جُذمیّ	رامہرمز	"	رامیّ	صدر کبیر	"	صدرانی
جلولاء	"	جلولی	ردینۃ	"	رُدَینی	صنعاء	"	صنعانی
بنی الحبلی	"	حُبلیّ	روح		روحانی	طبیعۃ	"	طبیعیّ

طیئ	سے	طائیّ	فقیم کنانہ	سے	فقمیّ	مروالشاہجہانی	سے	مَروَزِیّ
عمیرۃ کلب	〃	عُمیرِیّ	فراہید	〃	فرہودیّ	امرؤالقیس	〃	مرقسیّ
بنی عبیدہ	〃	عبدیّ	قویم	〃	قُومیّ	ہجر	〃	ہاجریّ
عبدشمس	〃	عبشمیّ	قریش	〃	قُرشیّ	ہذیل	〃	ہُذلیّ
عبدالدار	〃	عَبدَریّ	کنت	〃	کُنتیّ	انباط	〃	نباطیّ یانباطٍ
عبدقیس	〃	عَبقَسیّ	لحیۃ عظیمۃ	〃	لحیانیّ	ناصرہ	〃	نصرانیّ
عبداللہ	〃	عَبدَلیّ	مُلیح خزاعۃ	〃	مُلحیّ	یمن	〃	یمانٍ

تصغیر

قلت یا حقارت ظاہر کرنے کے لئے اسم میں کچھ تغیر کرنے کا نام تصغیر ہے۔ ثلاثی مجرد سے فُعَیل کے وزن پر آتا ہے جیسے کلب سے کُلَیب۔ عبد سے عُبَید۔ رجل سے رُجَیل۔ ثلاثی مزید رباعی اور خماسی سے اگر چوتھا حرف مدہ نہ ہو تو فُعَیعِل کے وزن پر جیسے جعفر سے جُعَیفِر۔ سفرجل سے سُفَیرِج۔ اور اگر مدہ ہو تو فُعَیعِیل کے وزن پر جیسے قرطاس سے قُرَیطِیس مِضراب سے مُضَیرِیب۔

اگر اسم کے آخر میں علامتِ تانیث یا الف نون زائدتان ہو تو علامتِ تانیث یا الف نون سے متصل جو حرف ہوگا وہ اسی حالت پر رہے گا۔ جس پر تصغیر سے پہلے تھا۔ جیسے ثمرۃ کی تصغیر ثُمیرۃ۔ بشریٰ کی بشیریٰ سمراء کی سمیراء۔ سکران کی سکیران۔ غضبان کی غضیبان۔

اگر کلمہ مونث معنوی کا ہو تو تصغیر بنانے میں تاء مقدرہ کا ظاہر ہونا ضروری ہے جیسے ارض سے اُرَیضۃ۔ شمس سے شُمَیسَۃ لیکن شرط یہ ہے کہ التباس سے امن ہو ورنہ جہاں التباس کا خوف ہوگا ظاہر نہیں کرینگے مثلاً خمس جبکہ معدود مونث ہو تو تصغیر میں خمیس کہیں گے خمیسۃ نہیں تاکہ معدود مذکر کے لفظ خمسۃ کی تصغیر سے التباس نہ ہو۔

اگر کلمہ میں حرف علت ہو اور تعلیل ہو چکی ہو تو تصغیر بنانے میں اصل کی طرف لوٹ جائے گا۔ مثلاً باب کی تصغیر بُوَیب اور ناب کی تصغیر نییب ہوگی۔ اس لئے کہ باب کا الف واو اور ناب کا الف یاء تھا اس وجہ سے کہ ان کی جمع ابواب اور انیاب آتی ہے اور قاعدہ ہے کہ جمع تکسیر اسماء کو اصل کی جانب لوٹا دیتی ہے۔

اور اگر کلمہ ایسا ہو کہ یہ معلوم نہ ہو کہ اس کا الف واو سے بدلا ہوا ہے یا یاء سے تو وہاں پر ماقبل کے ضمہ کا لحاظ کرتے ہوئے تصغیر میں واو لایا جائے گا۔ جیسے عاج سے عُوَیج کہا جائے گا۔

لفظ عید کی تصغیر عُیَید شاذ ہے۔ قیاس کے لحاظ سے عوید ہونا چاہئے تھا اور اگر واو یاء بدلے ہوئے نہ ہوں تو اپنی حالت پر رہیں گے مثلاً سور سے سُوَیر۔ بیت سے بییت۔

اگر اسم کا دوسرا حرف الف زائدہ ہو تو واو سے بدل دیا جائیگا۔ جیسے خالد سے خُوَیلد۔ ضارب سے ضُوَیرِب۔

اور اگر تیسرا حرف الف یا واو ہو تو یاء سے بدل کر یاء تصغیر میں مدغم ہو جائے گا جیسے عصا سے عُصَیّ، دلو سے دُلَیّ۔ عجوز سے عُجَیِّز کتاب کُتَیِّب۔

اور اگر واو متحرک ہو اور لام کلمہ نہ ہو تو یاء سے بدلنا اور باقی رہنا دونوں جائز ہے جیسے جدوَل سے جُدَیِّل یا جُدَیول، اسود سے اُسَیِّد یا اُسَیود۔

اگر تیسرا حرف یاء ہو تو یاء تصغیر میں ادغام کر دیا جائے گا جیسے نصیر سے نُصَیِّر۔ جُبَیل سے جُبَیِّل۔

اور اگر چوتھا حرف واو یا الف ہو تو یاء سے بدل دیا جائے گا۔ جیسے عُصفُور سے عُصَیفِیر اور سُلطان سے سُلَیطِین۔

اسم تفضیل اگر ناقص ہو تو تصغیر میں تو یاء تصغیر کا مابعد فعل تعجب کی مانند مفتوح رہے گا جیسے ہُوَ اُحَیلَی مِنَ العَسل۔

اسماء محذوفۃ الاعجاز کی تصغیر اس طرح پر ہوگی۔ اُبَیّ اُخَیّ دُمَیّ اور اگر ایسا اسم ہو کہ اخیر کا حرف حذف کر کے شروع میں ہمزہ وصل لگایا گیا ہو تو تصغیر بنانے میں ہمزہ وصل حذف کر دیا جائے گا۔ اور محذوف حرف واپس آجائے گا جیسے ابن کہ اس کی تصغیر بُنَیّ ہوگی۔

اور اگر محذوف کے عوض میں تاء ہو تو صرف محذوف کو واپس لائیں گے اور عوض کو حذف نہیں کریں گے جیسے زنۃ عدۃ کی تصغیر وُزَینۃ وُعَیدۃ ہوگی اور اخت اور بنت کی تصغیر اُخَیّۃ بُنَیّۃ آئے گی۔

مثنیٰ اور جمع سالم کی تصغیر اس طرح پر آئے گی مومنان کی مُوَیمنان، مومنون کی مُوَیمنون، مومنات کی مُوَیمنات۔

اسی طرح جمع قلت کی تصغیر اَرغِفۃ کی اُرَیغفۃ ہوگی۔

اور جمع کثرت کی تصغیر بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ مفرد کی تصغیر بنا کر واو نون لگا دیا جائے گا جیسے غلام کی جمع غلمان کی تصغیر کی

صورت یہ ہوگی کہ غلام کی تصغیر غُلَیِّم بنا کر واو نون لگا کر غلیمون کہا جائے گا۔ اسی طرح شاعر کی جمع شعراء کی تصغیر شویعرون ہوگی اور اگر مذکر لایعقل یا مؤنث ہو تو آخر میں اسی طرح الف تاء لگائیں گے جیسے جاریۃ کی جمع جوار کی تصغیر جُوَیْرِیَات درہم کی جمع دراہم کی دُرَیْہِمَات

اور مرکب اضافی کی تصغیر اس طرح پر ہوگی کہ پہلے جزء کی تصغیر بنا کر دوسرے جزء کو اپنی حالت پر چھوڑ دیں گے مثلاً عبد اللہ کی تصغیر عُبَیْدُ اللّٰہ ہوگی۔ اور یہی حالت مرکب بنائی کی ہوگی جیسے معدیکرب کی تصغیر مُعَیْدِیکرب حضرموت کی تصغیر حُضَیْرمَوْت، نفطویہ کی تصغیر نفیطویہ، خمسۃ عشر کی خمیسۃ عشر، بعلبک کی بُعَیْلبک۔

اور مرکب اسنادی مثلاً تابط شرا کی تصغیر نہیں آتی۔

تنبیہ

کچھ الفاظ ایسے ہیں جن کی تصغیر خلافِ قیاس آتی ہے۔

اُبَیْجِر، بحر کی۔ اُنَیْسِیَان، انسان کی۔ رُوَیْجِل، رجل کی، اُصَیْلال اصیل کی۔ عُشَیْشِیَۃ، عَشِیّۃ کی۔ اُصَیْبِیَۃ، صِبْیَۃ۔ اُغَیْلِمَۃ غِلْمَۃ کی۔

اسی طرح نُوَیْس۔ دُرَیْع۔ حُرَیْب۔ نُعَیْل۔ عُرَیْس۔ ذوید کہ ان سب میں قیاس کے مطابق آخر میں تاء ہونی چاہیے تھی۔

ہمزہ کی کتابت کے قواعد

ہمزہ اگر ابتدا میں واقع ہو تو ہمیشہ الف کی صورت میں لکھا جائیگا جیسے اسماء، ابناء، اکرام، اسی طرح اگر ابتداء میں ہو مگر اس کے ساتھ کوئی دوسرا حرف متصل ہو جیسے باجمل، لافضل۔ لیکن لئلا اور لئن اور یومئذ اور حینئذ میں تخفیف کے لئے کثرتِ استعمال کی بناپر اپنی حرکت کے موافق لکھا جائیگا۔

اور اگر ہمزہ وصل ہو اور فاء یا واو کے بعد واقع ہو تو حذف کر دیا جائیگا بشرطیکہ اس کے بعد ہمزہ ہو جیسے فأتنی، واذن لی۔

اور اگر ہمزہ درمیان میں واقع ہو اور ساکن ہو تو اپنے ماقبل کی حرکت کے موافق حرف علت کی صورت میں لکھا جائیگا۔ جیسے بأس بُؤس بِئس لیکن ہمزہ وصل کے بعد ہو اور بدلا ہوا ہو تو اثناء کلام میں اصل کی طرف لوٹا دیا جائیگا اور اسی حرف کی صورت میں لکھا جائیگا جس سے تبدیلی ہوئی تھی جیسے "یا رجل ائذن" اور "ہذا الذی اؤتمنت علیہ۔ اور ہمزہ متوسط متحرک اپنی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائیگا خواہ اس سے پہلے ساکن ہو یا متحرک۔ جیسے لَؤُم رَؤُف سَأَل۔

اور اگر مفتوح ہو اور بعد ضمہ و کسرہ کے ہو تو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائیگا جیسے سُؤال، رِئال، مؤنث

اور اگر ہمزہ الف اور یاء کے درمیان واقع ہو تو ہمزہ اور یاء دونوں کی صورت میں لکھنا جائز ہے جیسے بقاری یا بقائی۔

اور اگر ہمزہ الف اور ضمائر میں سے یاء کے علاوہ کسی اور کے درمیان واقع ہو اور مکسور یا مضموم ہو تو اپنی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں اور مفتوح ہو تو ہمزہ کی صورت میں لکھا جائیگا جیسے بقاؤہ بقائہ بقاءہ۔

ہمزہ اگر کلمہ کے آخر میں واقع ہو اور اس کے ماقبل ساکن ہو تو ہمزہ کی صورت میں لکھا جائیگا جیسے جُزْءٌ، شَیْءٌ، فَیْءٌ۔

اور اگر ماقبل متحرک ہو تو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائیگا جیسے تَبَوَّأَ، لَکَأَ، ظَمِئَ۔

اگر ہمزہ طرف میں واقع ہو اور تاء تانیث لاحق ہو اور ہمزہ سے پہلے حرف صحیح ساکن ہو تو ہمزہ کو الف کی صورت میں لکھا جائے گا۔ مثلاً نشأۃ۔ اور اگر متحرک ہو تو ماقبل کی حرکت کے مشابہ حرف سے لکھا جائے گا جیسے فِئَۃ، لُؤْلُؤَۃ۔

اور اگر ماقبل معتل ہو تو یاء کے بعد یاء کی صورت میں اور الف اور واو کے بعد ہمزہ کی صورت میں لکھا جائیگا جیسے خطیئۃ بریئۃ قراءۃ، صلاءۃ، مروءۃ، سوءۃ۔

ابدال کے قواعد

ایک حرف کی جگہ میں دوسرے حرف کے رکھنے کا نام ابدال ہے کثیر الوقوع قواعد حسب ذیل ہیں۔

اگر الف ضمہ کے بعد واقع ہو تو واو سے بدل جائیگا۔ جیسے ضَارَبَ سے ماضی مجہول کا صیغہ ضُوْرِبَ اور قَاتَلَ سے قُوْتِلَ۔

اگر یاء ساکن ضمہ کے بعد واقع ہو تو واو سے بدل جائیگی جیسے اَیْقَنَ سے مُوْقِنٌ۔ اَیْسَرَ۔ مُوْسِرٌ۔

اِسْتَبْصَرَ - الاَمْرُ: ظاہر ہونا ـــــ الاَمْرَ: ظاہر کرنا - اچھی طرح دیکھنا ـــــ فِیْہِ: سوچنا غور کرنا۔

البَصَرُ: دیکھنے کی قوت - آنکھ علم - ج ابصارٌ کہا جاتا ہے "اٰتَیْتُہٗ بَیْنَ سَمْعِ الاَرْضِ وبَصَرِہَا" میں اس کے پاس اسوقت پہنچا جبکہ کوئی نہیں تھا صرف زمین ہی دیکھنے والی سننے والی تھی۔

البَصْرَۃُ: ایک شہر کا نام جو باہم ملے جلے دریائے دجلہ وفرات کے مغربی کنارہ پر واقع ہے البَصْرَتَانِ: بصرہ وکوفہ - والبَصْرَۃُ: سخت زمین لیسدار مٹی جس میں کنکریاں بھی ہوں - ج بِصَار

البَصِیْرُ: دانا - بینا - ج بُصَرَاءُ۔

البَصِیْرَۃُ - عقل - زیرکی - دانائی - عبرت شاہد - حجت - کہا جاتا ہے "جَوَارِحُہٗ بَصِیْرَۃٌ عَلَیْہِ" اس کے اعضاء اس کے اوپر گواہ ہیں - و "فِرَاسَۃٌ ذَاتَ بَصِیْرَۃٍ" سچی فراست۔

البَاصِرَۃُ: آنکھ - ج بَوَاصِرُ - کہتے ہیں "خَیْرُ العَشَاءِ بَوَاصِرُہٗ" بہترین کھانا وہ ہے جو تاریکی سے پہلے کھالیا جائے۔

البَاصِرُ: چھوٹا گول پالان - ج بَوَاصِرُ۔

البُصْرُ: کنارہ - روئی - چھال - بُصْرُ کُلِّ شَیْئٍ: موٹائی - حدیث میں ہے "بُصْرُ کُلِّ سَمَاءٍ مَسِیْرَۃُ خَمْسِمِائَۃِ عَامٍ" ہر آسمان کی موٹائی پانچ سو برس کی مسافت کے برابر ہے۔

البِصْرُ - نرم سفید پتھر۔

المَبْصَرُ والمَبْصَرَۃُ: واضح روشن دلیل۔

المُبْصِرُ: نگہبان - کہا جاتا ہے "رَتَّبْتُ عَلٰی بُسْتَانِیْ مُبْصِرًا" میں نے اپنے باغ کیلئے ایک نگہبان مقرر کیا۔

بَصَعَ (ف) بَصْعًا - جمع کرنا ـــــ المَاءُ: پانی بہنا یا رسنا۔

البِصْعُ: رات کا کچھ حصہ۔

البَصْعُ - بے وقوف - انگشت شہادت اور بیچ والی انگلی کے درمیان کا فاصلہ۔

البَصِیْعُ: پسینہ جو جسم سے ٹپک رہا ہو۔

ج - بُصْعٌ۔

الاَبْصَعُ: بیوقوف - اسکو تاکید کے موقعہ پر بھی استعمال کرتے ہیں کہتے ہیں "اَخَذْتُ حَقِّیْ اَجْمَعَ اَبْصَعَ" مونث (بَصْعَاءُ) ج اَبْصَعُوْنَ و بُصَعُ" - اور اس کو اجمع پر مقدم نہیں کرتے۔

بَصَقَ (ن) بَصْقًا - تھوکنا ـــــ الشَّاۃَ: حاملہ بکری کو دوہنا۔

البُصَاقُ: تھوک - اور جب تک منہ میں ہو اس کو ریق کہتے ہیں۔

البَصْقَۃُ - بلند سنگلاخ زمین - ج بِصَاقٌ۔

بَصَّلَ وتَبَصَّلَ - مِنْ ثِیَابِہٖ: ننگا کرنا۔

تَبَصَّلَ - القِشْرُ: چھلکے کا موٹا ہونا۔

البَصَلُ: پیاز - واحد بَصَلَۃٌ - البَصَلَۃُ: لوہے کا خود، اور اسی سے ہے "خَرَجُوْا کَاَنَّہُمُ الاَصَلُ وعَلٰی رُءُوْسِہِمُ البَصَلُ" وہ لوگ نکلے گویا کہ ڈسنے والے سانپ ہیں اور ان کے سروں پر خود ہیں - اس قول میں اصل جمع اَصَلَۃٌ کی ہے جو ایک قسم کا زہریلا سانپ ہے۔

بَصَلُ الفَارِ: جنگلی پیاز - عوام اس کو بُصَیْلَۃ کہتے ہیں۔

بَصَمَ (ن) بَصْمًا - القُمَاشَ: سامان پر علامت لگانا۔

البُصْمُ - خنصر اور بنصر کے درمیان کا فاصلہ - ثَوْبٌ ذُوْ بُصْمٍ: موٹا غف کپڑا۔

رَجُلٌ ذُوْ بُصْمٍ: موٹا مرد۔

البُصْمَۃُ: علامت۔

البُصَانُ والبُصَّانُ - ماہ ربیع الآخر ج بُصَانَاتٌ واَبْصِنَۃٌ۔

بَصَا (ن) بَصْوًا - غَرِیْمَہٗ: قرضدار سے سب کچھ لے لینا۔

البَصْوَۃُ - چنگاری - انگارہ۔

بَضَّ (ض، س) بَضَاضَۃً وبُضُوْضَۃً: موٹاپے کے ساتھ پتلے اور نرم چمڑے والا ہونا۔ صفت (بَضٌّ وبَاضٌّ وبَضِیْضٌ) مونث بَضَّۃٌ وبَاضَّۃٌ وبَضِیْضَۃٌ۔

بَضَّ (ض) بَضًّا وبُضُوْضًا وبَضِیْضًا - المَاءُ: تھوڑا تھوڑا بہنا ـــــ الحَجَرُ: پانی رسنا بخیل کیلئے کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَا یَبِضُّ حَجَرُہٗ" یعنی فلاں کے خیر کو حاصل نہیں کیا جا سکتا۔ ـــــ العَیْنُ: آنسو نکلنا کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَا تَبِضُّ عَیْنُہٗ" فلاں کی آنکھوں سے آنسو نہیں نکلتا - یعنی وہ مصیبتوں پر صبر کرنیوالا ہے ـــــ اَوْتَارَ العُوْدِ: بجانے کے لئے چھیڑنا۔ ـــــ لہٗ: دینا۔

بَضْضًا وبُضَاضَۃً - تھوڑا دینا یا تھوڑا پانی دینا۔

اَبَضَّ - لہٗ: تھوڑی سی چیز دینا۔

بَضْبَضَ تَبْضِیْضًا: ناز و نعمت کی زندگی بسر کرنا۔

اِبْتَضَّ - القَوْمَ: ساری قوم کو تباہ کردینا

تَبَضَّضَ - فُلَانًا: سب کچھ لے لینا۔ حَقَّہٗ مِنْ فُلَانٍ: تھوڑا تھوڑا کرکے وصول کرنا۔

بِئْرٌ (بَضُوْضٌ) کم پانی والا کنواں - ج بِضَاضٌ

البَضَضُ والبُضَاضَۃُ: تھوڑا پانی۔

البَضُّ: موٹائی کے ساتھ نرم جسم اور پتلی کھال والا - مونث بَضَّۃٌ - البَضُّ والبَضَّۃُ: کھٹا دودھ۔

البَضِیْضَۃُ - جو کچھ کسی کے قبضہ میں ہو - کہا جاتا ہے "اَخْرَجْتُ لَہٗ بَضِیْضَتِیْ" میں نے اپنی تمام مملوکہ چیزیں اسے دیدیں۔

البَضْرَۃُ: رائگاں - اور اسی سے ہے - "ذَہَبَ دَمُہٗ بِضْرًا مِضْرًا" اس کا خون رائگاں گیا۔

بَضَعَ (ف) بَضْعًا وبَضَّعَ - الشَّیْئَ: کاٹنا - چیرنا - نشتر لگانا۔

بَضَعَ (ف) بُضُوْعًا - الکَلَامَ: سمجھنا۔ ـــــ الکَلَامُ: واضح ہونا ـــــ مِنْ فُلَانٍ: اُکتا جانا - تنگ دل ہونا۔

اَبْضَعَ - الکَلَامَ: واضح طور سے بیان کرنا

اَبْضَعَ الشَّيْءَ: سرمایہ بنانا — المرأۃَ: نکاح کرنا — الماءُ فلانًا: سیراب کرنا۔
تَبَضَّعَ و اِسْتَبْضَعَ: سرمایہ لینا۔ الشَّيْءَ: سرمایہ بنانا۔ تَبَضَّعَ العَرَقُ: پسینہ کا تھوڑا تھوڑا بہنا۔ اِسْتَبْضَعَ الرجلُ الشَّيْءَ: کسی کے لئے سرمایہ بنانا۔
اِنْبَضَعَ۔ کٹنا۔ چیرا جانا۔ شگاف دیا جانا۔
بَاضَعَ مُبَاضَعَةً و بِضَاعًا۔ المرأۃَ: جماع کرنا۔
اَلْبَاضِعُ: لوگوں کے سامان کو اٹھانیوالا شمشیر بُرّاں۔
اَلْمِبْضَعُ۔ نشتر۔ ج مَبَاضِع۔
اَلْاَبْضَعُ۔ مِنَ الرِّجَالِ: لاغر۔
اَلْبِضْعَةُ و البَضْعَةُ۔ گوشت کا ٹکڑا۔ ج بِضَع و بَضْع و بِضَاع و بَضَعَات۔
اَلْبِضْعُ و البَضْعُ۔ رات کا کچھ حصہ۔ تین سے نو تک کی تعداد۔ کہا جاتا ہے۔ بِضْعُ سِنِيْنَ و بِضْعَ عَشْرَةَ مِنَ النِّسَاءِ و بِضْعٌ و عِشْرُوْنَ امْرَأَۃً اور مذکر کیلئے بِضْعَةَ عشر من الرِّجَالِ و بِضْعَةٌ و عِشْرُوْنَ اور بضع کی تقدیم واجب ہے اس لئے عِشْرُوْنَ و بِضْعٌ کہنا جائز نہیں۔
اَلْبَضِيْعُ۔ گوشت۔ جزیرہ۔
اَلْبِضَاعَةُ۔ سرمایہ۔ پونجی۔ ج بَضَائِع۔
بَضَمَ (ن) بَضْمًا۔ الزرعُ: موٹے دانہ والا ہونا۔
اَلْبُضْمُ: خوشہ۔ نفس۔ کہا جاتا ہے۔ "هُوَ كَرِيمُ البُضْمِ" وہ کریم النفس ہے۔
بَطَّ (ن) بَطًّا۔ الجرحَ: زخم کو چیرنا۔ شگاف کرنا۔
بَطِطَ: عاجز ہونا۔ تھکنا۔
اَلْبَطُّ: واحد (البَطَّة) بطخ (نر و مادہ دونوں کے لئے) ج بُطُوط و بِطَاط۔
اَلْبَطَّة: بطخ کے شکل کی شیشی۔
اَلْمِبَطُّ: ج مَبَاطّ و (المِبَطَّة) نشتر۔ شگاف دینے کا اوزار۔

اَلْبَطَاطَا۔ آلو (جدید)
بُطْبُط۔ البَطُّ: آواز کرنا۔ پانی میں غوطہ لگانا — الرَّجُلُ: کمزور رائے والا ہونا۔
بَطُؤَ (ک) بُطْأً و بِطَاءً و بُطُوْءً او اَبْطَأَ۔ دیر کرنا۔ صفت (بَطِيْءٌ) مونث بَطِيْئَة۔ ج بِطَاء
أَبْطَأَ و بَطَّأَ: عليه بالأمرِ: دیر کرنا۔ موخر کرنا۔
بَاطَأَهُ۔ ٹال مٹول کرنا۔
تَبَطَّأَ و تَبَاطَأَ۔ في سيره: پیچھے رہنا۔
اِسْتَبْطَأَهُ۔ دیر کرنے والا پانا۔ یا سمجھنا
اَلْمَبْطَأَةُ: باعث دیری۔
بَطَحَهُ (ف) بَطْحًا۔ بچھانا۔ منہ کے بل گرانا۔
بَطَّحَ۔ البيتَ: سنگریزے بچھا کر ہموار کرنا۔
تَبَطَّحَ و انْبَطَحَ و اسْتَبْطَحَ۔ الوادي: پھیلنا۔ کشادہ ہونا۔ اِنْبَطَحَ الرجلُ: منہ کے بل گرنا
اَلْبَاطِحُ: فا۔ منہ کے بل گرنے والا۔
اَلْبَطْحَاء: ج بِطَاح و بَطَائِح و بَطْحَاوَات و (الأَبْطَح) ج أَبَاطِح۔ و (البَطِيْحَة) ج بَطَائِح و (البِطْح) کشادہ نالہ جس میں ریت اور چھوٹی کنکریاں ہوں۔
اَلْبَطْحَة: قد و قامت۔ مسافت۔
اَلْبُطْحَة: خصلت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "هذه بُطْحَة صِدْقٍ"
اَلْبُطَاحُ: ایک بیماری جو بخار سے پیدا ہوتی ہے اور برسام کے مشابہ ہوتی ہے۔ اور اسی سے ہے (البُطَاحِيّ)
بَطَخَ۔ (ف) بَطْخًا: چاٹنا۔
أَبْطَخَ: بہت خربوزے والا ہونا۔
اَلْبِطِّيْخ: خربوزہ۔ خربوزہ کی بیل۔ واحد بِطِّيْخَة۔
اَلْمَبْطَخَة: خربوزوں کی فالیز۔ ج مَبَاطِخ
بَطَرَهُ (ن ض) بَطْرًا: چیرنا۔ شگاف دینا۔ صفت مفعولی (مَبْطُوْر و بَطِيْر)
بَطِرَ (س) بَطَرًا۔ زیادتی نعمت کی وجہ سے حیران ہونا۔ اترانا — الحقَّ: تکبر سے قبول نہ کرنا — الشَّيْءَ: ناپسند کرنا حالانکہ وہ چیز ناپسندیدگی کے قابل نہ ہو — النِّعْمَةَ: جہالت یا تجبر سے حقیر سمجھنا اور ناشکری کرنا۔ صفت (بَطِر)
أَبْطَرَهُ۔ دہشت میں ڈالنا۔ ناشکر گزار بنانا کہتے ہیں "أَبْطَرَهُ ذَرْعَهُ" اس پر اس کی طاقت سے زیادہ لاد دیا ذَرْعَهُ أَبْطَرَهُ کی ضمیر مفعولی سے بدل اشتمال ہے۔
بِطْرًا۔ رائگاں۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهُ بِطْرًا" اس کا خون رائگاں گیا۔
بَيْطَرَ۔ الدابّةَ: جانور کا علاج کرنا۔ نعلبندی کرنا۔ صفت (مُبَيْطِر و بَيْطَر و بيطار) ج بَيَاطِرَة۔
اَلْبَيْطَرَة: سالوتری کا پیشہ۔
اَلْبِطْرِيْر: زباں دراز۔ بہت چیخنے والا۔ مونث بِطْرِيرَة۔
اَلْبَطْرَشِيل و البَطْرَشِين: ایک قسم کا لمبا کپڑا جس کو کاہن ڈیوٹی کے وقت استعمال کرتا ہے۔
اَلْبِطْرِيْق۔ رومیوں کا جرنیل۔ ج بَطَارِق و بطاریق و بَطَارِقَة۔
اَلْبُطَارِق۔ لمبا۔
اَلْبَطْرَك و البَطْرِيَرْك و البَطْرِيك: پادریوں کا سردار۔ عیسائیوں کے کسی گروہ کا مذہبی سردار۔ ج بَطَارِكَة و بَطَارِيك۔
بَطَشَ (ن ض) بَطْشًا۔ بہ: سختی سے پکڑنا — عليه: حملہ کرنا۔ لوٹ پڑنا۔ صفت (بَاطِش و بَطَّاش و بَطِيش) کہا جاتا ہے "فلانٌ يَبْطِشُ في العلم بباعٍ بسيطٍ" یعنی فلاں علم کو بہت جلدی حاصل کر لیتا ہے۔
بَاطَشَهُ: ایک دوسرے کو سختی سے پکڑنا یا حملہ کرنا۔
اَلْأَبْطَع۔ وہ شخص جس کے نیچے کے سامنے والے دانت گر گئے ہوں۔
اَلْبِطَاقَة: خط۔ پرچہ۔ پرزہ۔ بِطَاقَةُ الثَّوبِ

کاغذ کی وہ چٹ جس میں کپڑے کی قیمت لکھی ہوئی ہوتی ہے۔ ج بَطَائِق۔

بَطَلَ (ن) بُطْلاً و بُطُولاً و بُطْلَاناً۔ فاسد ہونا۔ بیکار ہونا۔ باطل ہونا۔ صفت (بَاطِل) (— بَطَالَةً) فی کلامہ: تمسخر کرنا۔ — الفاعلُ من العمل: بیکار رہونا۔ صفت (بَطَّال)

بَطُلَ (ک) بَطَالَةً و بُطُولَةً: دلیر ہونا بہادر ہونا۔ صفت (بَطَلٌ) ج اَبْطَال۔ مونث بَطَلَة۔ ج بَطَلَات۔

بَطَّلَ: باطل کرنا۔ بیکار کرنا۔

اَبْطَلَ: لغو کام کرنا۔ صفت (مُبْطِل) — الشیَٔ: ضائع کر دینا۔ باطل کرنا — الرجلُ: تمسخر کرنا۔

تَبَطَّلَ: بہادر بننا۔ بیکار رہنا۔ کہا جاتا ہے "تَبَطَّلُوا بَیْنَهُمْ" انھوں نے اپنے درمیان لغو اور باطل امور کیے۔

البَطَالَة: بیکاری۔ کام سے فراغت

البَطَالَة۔ بہادری۔

البَاطِل۔ فا۔ ناحق۔ ج اَبَاطِیل شیطان جادوگر۔ ج بَطَلَة۔

البُطْل: باطل۔ جھوٹ۔ اور کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهُ بُطْلاً" اس کا خون رائگاں گیا۔

البُطْلَات: لغویات۔ فضولیات۔

الاَبْطَالَة والاُبْطُولَة: باطل۔

البُطْم والبُطُم۔ بن۔ بن کا پھل۔

بَطَنَ (ف) بُطُوناً و بَطْناً۔ پوشیدہ ہونا صفت (بَاطِن)

بَطَنَ (ن) بَطْناً: الوادیَ: داخل ہونا — ہ دلہ: پیٹ پر مارنا۔ بَطَنَ الامرَ: کسی معاملہ کی تہ کو پہنچنا۔ (— بُطُوناً و بَطَانَةً) بفلان و منہ: کسی کے خواص میں سے ہونا۔

بَطِنَ (س) بَطَناً و بَطُنَ (ک) بَطَانَةً بڑے پیٹ والا ہونا۔ صفت (بَطِنٌ و بَطِینٌ و مِبْطَانٌ۔)

بُطِنَ بَطَناً: مبتلائے دردِ شکم ہونا۔ صفت مَبْطُون۔

بَطَّنَ و اَبْطَنَ۔ الثوبَ: استر لگانا۔ الدابّةَ: تنگ کسنا۔ اَبْطَنَ الشیَٔ: پوشیدہ کرنا

بَاطَنَهٗ۔ سرگوشی کرنا۔ دوستی کرنا۔

تَبَاطَنَ: المکانُ: دور ہونا۔

تَبَطَّنَ و اِسْتَبْطَنَ: الشیَٔ: اندر داخل ہونا — الامرَ: معاملہ کی تہ معلوم کرنا۔

البَطْن: پیٹ۔ ہر چیز کا اندرونی حصّہ۔ بَطْنُ الاَرْض: زمین کا پست حصّہ — من القوم: گروہ جو قبیلہ سے کم اور عمارۃ سے زائد ہو۔ ج بُطُون و اَبْطُن و بُطْنَان۔ کہا جاتا ہے "اَلْقَتِ الدَّجَاجَةُ ذَا بَطْنِهَا" یعنی مرغی نے انڈے دیئے۔ وصَاحَتْ عَصَافِیرُ بَطْنِهٖ" یعنی وہ بھوکا ہوا۔

البَطَن: پیٹ کی بیماری۔

البَطِن: حریص جس کا نصب العین صرف پیٹ ہو۔

البِطْنَة: دبر۔

البِطْنَة: زیادتی خوراک کی وجہ سے بہت زیادہ شکم پُری۔

البِطَان: ج اَبْطِنَة و بُطُن: تنگ جس کو جانور کے پیٹ کے نیچے سے باندھتے ہیں۔ کپڑے کا ایک ٹکڑا جس کو گھوڑے پر مکھیوں سے بچانیکے لیے ڈالتے ہیں۔ کہا جاتا ہے۔ فُلَانٌ عَرِیضُ البِطَانِ" فلاں غنی یا آسودہ حال ہے "وَالْتَقَتْ حَلْقَتَا البِطَانِ" معاملہ سنگین ہو گیا اور مصیبت سخت ہو گئی۔

بِطَانَةُ۔ الثوبِ: کپڑے کا استر۔ الرجلِ: اہل و عیال خاص لوگ۔ بھید۔ ج بَطَائِن: رازدار۔

البَاطِن: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ ہر چیز کا اندرونی حصّہ۔ پوشیدہ مِنَ الاَرْض: پست حصّہ — مِنَ القَدَم: تلوا۔ ج اَبْطِنَة و بُطْنَان۔

البَاطِنَة: بھید۔

البَطِین: دُور۔ کہا جاتا ہے "شَاوٌ بَطِین" مسافت بعیدہ کِیسٌ بَطِینٌ: بھری ہوئی تھیلی۔ البَطِین: بڑے پیٹ والا۔

البُطَیْن: چاند کی منازل میں سے ایک منزل کا نام۔

المُبَطَّن: پتلے پیٹ والا۔

المُبَطَّنَة: ایک قسم کی کشتی۔

البَاطِیَة: بڑا پیالہ۔ شراب کیلئے شیشہ کا برتن۔ ج بَوَاطِ۔

بَظَّ (ن) بَظّاً: العودَ: بجانے کیلئے چھیڑنا۔ درست کرنا۔

اَبَظَّ: الرجلُ: موٹا ہونا۔ صفت (بَظِیظ)

البَظّ۔ فَظٌّ کا تابع ہے۔ کہا جاتا ہے "ہو فَظٌّ بَظٌّ" وہ سخت مزاج ہے۔

بَظِرَ (س) بَظَراً۔ الرجلُ: غیر مختون ہونا صفت اَبْظَر۔ مونث بَظْرَاء۔ ج بُظْر۔

البَظْر: انگوٹھی۔

البِظْر۔ رائگاں۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهُ بُظْراً" اس کا خون رائگاں گیا۔

المُبَظِّر۔ ختنہ کرنیوالا۔ مونث مُبَظِّرَة۔

بَعَّ (ن ض) بَعّاً۔ الماءَ: کثرت سے بہانا۔

البَعَاع۔ سامان۔ بادل کا پانی جو ابھی نہ برسا ہو۔ کہا جاتا ہے "اَلْقَی السَّحَابُ بَعَاعَهٗ" بادل نے سارا پانی برسا دیا "اَلْقَی بَعَاعَهٗ عَلَیْهِ" اس نے اپنا بوجھ اس پر ڈال دیا۔

البَعْبَعَة۔ جلدی جلدی بولے جانا۔

البَعَابِعَة: فقراء جن کے پاس کچھ بھی مال و جائداد نہ ہو۔

بَعَثَهٗ (ف) بَعْثاً و تَبْعَاثاً۔ تنہا بھیجنا۔ — بہ دوسرے کیساتھ بھیجنا — ہ: برانگیختہ کرنا۔ جوش دلانا۔ کہا جاتا ہے "بعثہ من نومہ" اس نے اسکو نیند سے بیدار کیا۔ "وبَعَثَہٗ عَلَی الشیَٔ" اس نے اس کو فلاں کام کرنے پر اکسایا — المیتَ: دوبارہ زندہ کرنا۔ اور اسی سے

یَوْمُ البَعْثِ ہے بمعنی روزِ قیامت۔
بَعِثَ (س) بَعَثًا۔ نیند سے بیدار ہونا۔
تَبَعَّثَ۔ الشَّیئُ: کسی چیز کا تیزی سے ظاہر ہونا ـــــ الشِعرُ منہ: شعر کی آمد ہونا۔
تَبَاعَثُوا۔ علی الشَّیئِ: ایک دوسرے کو کرنے پر برانگیختہ کرنا۔
اِنْبَعَثَ۔ بھیجا جانا۔ کسی چیز کا تیزی سے ظاہر ہونا ـــــ فی السیر: جلدی کرنا۔
اِبْتَعَثَہٗ۔ بھیجنا۔
البَعْثُ والبَعَثُ: فوج: ہر وہ جماعت جو کہیں بھیجی جائے۔ ج بُعُث و بُعُوث۔
البَعِثُ والبَعِیثُ۔ جس کو غم بیدار رکھے اور نیند سے اُٹھا اٹھا دے۔
البَاعُوثُ: عیسائیوں کی اصطلاح میں استسقاء کی نماز (کلمہ سریانیہ ہے)
البَاعِثُ والبَاعِثَۃُ: سبب۔ ج بواعث۔
البَعِیثُ والمَبْعُوثُ: بھیجا ہوا۔ اٹھایا ہُوا۔
یَوْمُ بُعَاث۔ ایک جنگ کا نام جو اوس و خزرج کے درمیان زمانۂ جاہلیت میں ہوئی تھی۔
بَعْثَرَہٗ بَعْثَرَۃً۔ بکھیرنا ـــــ المتاعَ: اُلٹنا پلٹنا۔
تَبَعْثَرَ۔ الٹا پلٹا جانا۔ کہا جاتا ہے۔ "تَبَعْثَرَتْ نفسی" یعنی میرا نفس مضطرب ہو گیا اور متلی ہونے لگی۔
بَعَجَ (ف) بَعْجًا۔ البطنَ: پھاڑنا۔ صفت (باعِج) صفت مفعولی (مَبْعُوج و بَعِیج) بعیج مذکر و مونث دونوں کیلئے مستعمل ہے۔ ج بَعْجیٰ ـــــ الاَرضَ آبارًا: بہت کنوئیں کھودنا ـــــ المطرُ الارضَ بَعَجَ فیہا: شدت وقوع کی وجہ سے پتھروں کو ظاہر کر دینا ـــــ بطنہ لہ: خیر خواہی میں مبالغہ کرنا۔
تَبَعَّجَ وانْبَعَجَ۔ السحابُ: برس کر کھل جانا ـــــ السیلُ: سیلاب کا تیزی کیساتھ بڑھنا ـــــ علی بالکلام: بہت زیادہ باتیں کرنا
البَاعِجَۃُ: وادی کا کشادہ حصہ۔ ج بَوَاعِج۔
بَعُدَ (ک) بُعْدًا و بَعِدَ (س) بَعَدًا۔ دور ہونا۔ ہلاک ہونا۔ مرنا۔ صفت (بَاعِد) ج بُعَّد و (بَعَد) مفرد و جمع دونوں کے لئے، و (بعید) ج بُعَدَاء و بُعُد و بُعْدان۔
اَبْعَدَ۔ دور ہونا۔ (اَبْعَدَہٗ و بَعَّدَہٗ و بَاعَدَہٗ) دور کرنا۔
تَبَاعَدُوا۔ ایک دوسرے سے دور ہونا۔
تَبَعَّدَ: دور ہونا۔
تَبَاعَدَ وابْتَعَدَ واسْتَبْعَدَ۔ عنہ: دور ہونا۔ اِسْتَبْعَدَ الشَّیئَ: دور پانا یا سمجھنا۔
البُعْدُ والبَعَدُ والبُعْدَۃُ۔ دوری۔ رائے و دُور اندیشی۔ بُعْدًا لہٗ: بد دعا ہے۔ یعنی اللہ اس کو ہلاک کرے یا خیر سے محروم کرے۔
البُعَادُ: بعید کی مانند صفت ہے۔ دور
بَعْدُ: ظرف زماں ہے بمعنی پیچھے۔ اور اس کے لئے اضافت لازم ہے اور اگر اضافت نہ ہو تو ارادۂ اضافت کی صورت میں مبنی بر ضمہ ہوتا ہے۔ اور اگر اضافت نیت میں بھی نہ ہو تو منصوب ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے۔ بَعْدُ و بَعْدًا و مِنْ بَعْدُ۔
الاَبْعَدُ۔ بہت دور۔ خیانت کرنیوالا۔ ج اَبَاعِد۔
رجل (مِبْعَدٌ) بہت دور دور کا سفر کرنیوالا۔
بَعِرَ (س) بَعَرًا۔ الجملُ: نہ سالہ یا چہار سالہ اونٹ ہونا۔
بَعَرَ (ف) بَعْرًا۔ مینگنی کرنا۔
بَعَّرَ المِعْزیٰ و اَبْعَرَہٗ و تَبَعَّرَہٗ: ساری مینگنی نکال دینا۔
البَعْرُ والبَعَرُ۔ ج اَبْعَار: مینگنی۔ واحد (بَعْرَۃ) ج بَعَرَات۔
البَعِیرُ: نہ سالہ یا چہار سالہ اونٹ یا اونٹنی۔ ج بُعْرَان و اَبْعِرَۃ و جج اَبَاعِر و اَبَاعِیر۔
المَبْعَرُ والمِبْعَرُ: مینگنی نکلنے کا عضو۔ آنت کی چربی۔
بَعْرَقَہٗ بَعْرَقَۃً: پراگندہ کرنا۔ بکھیرنا۔
بُعِضَ۔ الرجلُ: مچھروں سے تکلیف اٹھانا۔ صفت (مَبْعُوض)
بَعَّضَہٗ۔ حصے بنانا۔ جزء جزء کرنا۔
تَبَعَّضَ۔ جزء جزء ہونا۔
اَبْعَضَ۔ المکانُ: مچھر والی ہونا۔ بہت مچھروں والی ہونا۔ صفت (بَعِض و مَبْعُوض)
بَعْضُ۔ الشَّیئِ: کسی چیز کا ایک جزء۔ اور کبھی ایک فرد کیلئے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے "بَعْضُ اللَّیَالِی" یعنی راتوں میں سے ایک رات۔ ج اَبْعَاض۔
البَعُوضُ۔ مچھر۔ واحد (بَعُوضَۃ)
بَعَطَ (ف) بَعْطًا۔ فی الجہل والشوم: مبالغہ کرنا۔ زیادتی کرنا ـــــ الحیوانَ: ذبح کرنا۔
اَبْعَطَ۔ فلانٌ: حد سے بڑھ جانا ـــــ الرجلَ: طاقت سے زیادہ کی تکلیف دینا ـــــ فی الجہل: زیادتی کرنا۔
بَعَقَ (ف ن) بُعَاقًا۔ المطرُ الارضَ: تڑتڑے سے پڑکر دراڑ ڈال دینا۔
(ـــــ بَعْقًا) الجملَ: اونٹ ذبح کرنا ـــــ البئرَ: کنواں کھودنا۔
بَعَّقَ۔ الزِّقَّ: مشک پھاڑ دینا۔
تَبَعَّقَ وانْبَعَقَ وابْتَعَقَ۔ فی الکلام: تیزی کے ساتھ بہت گفتگو کرنا ـــــ السحابُ: زور سے برسنا۔
البَاعِقُ: مؤذن۔
البُعَاقُ: زور سے برسنے والا بادل۔ چیخ۔
مَبْعَقُ: المفازۃِ: بیابان میں کشادہ جگہ۔
البُعْقُطُ والبُعْقُوطُ: پست قد۔

البُعقُوطَۃ : گبریلا کی گولی۔
بَعِكَ (س) بَعَكًا۔ الجِسمُ : بدن کا خشک اور کھردرا ہونا۔
البَاعِكَ : بیوقوف۔
بُعكُوكَۃُ۔ النَّاسِ : لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ ـــــ الصیف : گرمی ـــــ البعکوکۃ : کسی چیز کا درمیانی حصہ۔
بَعَلَ (ن) بَعَالَۃً وبُعُولَۃً۔ الرَّجُلُ للمرأۃ : شوہر ہونا۔ بَعَلَتِ المرأۃ : شوہر والی ہونا۔
بَعِلَ (س) بَعَلًا۔ بِأَمرِہِ : متحیر ہونا صفت (بَعِل) مونث بَعِلَۃ۔
تَبَعَّلَتِ۔ المَرأَۃُ : شوہر کی اطاعت کرنا۔
بَاعَلَ۔ القومُ قوماً : آپس میں شادی بیاہ کرنا۔
إِستَبعَلَ : المکانُ : بارانی ہونا۔ الرجلُ لِلمرأۃ : شوہر ہونا۔
البَعلُ۔ ج بُعُول وبِعال وبُعُولۃ : شوہر۔ بیوی کو بَعل اور بَعلۃ بھی کہتے ہیں۔ البَعلُ : مالک۔ سردار کہتے ہیں "من بَعلُ ہذہ الناقۃ" اس اونٹنی کا مالک کون ہے۔ اسی کے لحاظ سے کنعانی وغیرہ بت پرست اپنے معبودوں پر لفظ بعل کا استعمال کرتے تھے۔
البَعلُ من الارض : بارانی زمین۔
بَعلَبَكّ : ملک شام کے ایک شہر کا نام۔ نسبت کے لئے بعلبکی وبعلی۔
البَعِيمُ : ایک بُت کا نام۔ لکڑی کی بنی ہوئی مورت۔ موم کی گڑیا۔ رَجُلٌ بعیم : شعر نہ کہہ سکنے والا مرد۔
بَغَا يَبغِي ويَبغُو بَغوًا وبَغي يَبغِي بَغيًا گناہ کرنا۔ خطا کرنا ـــــ ہ بالعین : نظر بد لگانا ـــــ علیہم الشرَّ : کسی کے ساتھ برائی کرنا ـــــ الشيءَ : منگنی لینا۔
بَغَّ (ن) بَغًّا۔ الدمُ : خون کا جوش میں
بَغبَغَ بَغبَغَۃً۔ البِساطَ : بچھونا روندنا۔

المُبَغبِغ : گفتگو میں گڑبڑی کرنے والا۔ بہت جلد باز۔
بَغَتَ (ف) بَغتًا وبَاغتَۃً۔ اچانک آنا کہا جاتا ہے "لستُ آمَنُ مِن بَغَتَاتِ العَدُوِّ" میں دشمن کے اچانک آجانے سے مامون نہیں ہوں۔
بَغِثَ (س) بَغَثًا۔ سبزی مائل سفید ہونا گرد آلود ہونا۔ صفت (اَبغَث) مونث بغثاء۔
الأَبغَثُ : ایک آبی پرندہ۔ ج بُغث و اَبَاغِث۔ الأبغث : شیر۔
البُغثَۃ۔ سبزی مائل سفیدی۔
البَغثَاءُ۔ مِنَ النَّاسِ : لوگوں کا مخلوط گروہ۔ کہا جاتا ہے۔ "دَخَلنَا فی البَغثَاء" ہم لوگوں کی جماعت میں داخل ہو گئے۔
البُغَاث : تثلیث الباء : سبزی مائل سفید رنگ کا ایک پرندہ۔ جو گدھ سے چھوٹا اور اڑنے میں سست ہوتا ہے۔ ج بِغثان، عرب کے قول "اِنَّ البُغَاثَ بِاَرضِنَا یَستَنسِر" کا مطلب یہ ہے کہ جو ہمارے پڑوس میں رہتا ہے وہ ہماری وجہ سے معزز بن جاتا ہے۔
البَغِيث : گیہوں۔
بَغثَرَ۔ القومُ : جوش میں آنا۔ آپس میں مخلوط ہونا۔ بَغثَرَہٗ : جدا جدا کرنا۔ متفرق کرنا۔ بُغثِرَت نفسہ وتَبَغثَرَت : جی متلانا۔
البَغثَر : بیوقوف۔ بڑے ڈیل ڈول کا اونٹ۔
بَغدَاد : عراق کے ایک شہر کا نام جس کو مدینۃ السلام اور زوراء اور دار السلام بھی کہتے تھے۔
تَبَغدَدَ۔ بغداد کی جانب منسوب ہونا۔ بغداد والوں کی مشابہت اختیار کرنا۔
بَغِرَ (س) بَغَرًا وبَغرًا : پانی پینا اور سیراب نہ ہونا۔ صفت (بَغِر وبُغِر) ج بَغَارَی وبُغَارَی
بَغَرَت (ن) بُغُورًا۔ السَّمَاءُ : برسانا۔ ـــــ النجم : ستارہ گرنا۔

بُغِرَت۔ الارضُ : بارش ہونا۔
البَغَرُ۔ پیاس جس میں سیرابی نہ ہو۔ (ـــــ والبَغرُ) سخت بوچھار۔ کہا جاتا ہے۔ "تَفَرَّقُوا شَغَرَ بَغَرَ" وہ لوگ ہر طرف متفرق ہو گئے
البَغرَۃ۔ پانی کی قوت۔
بَغَزَہٗ (ف) بَغزًا۔ لاٹھی سے مارنا۔
البَغز : سرعت حرکت۔ چستی۔
البَاغِز : چست۔ فسق وفجور میں منہمک۔
البَاغِزِيَّۃُ۔ حریر کی مانند ایک قسم کا کپڑا۔
البُوغَاز۔ آبنائے۔ ج بَوَاغِز۔
بَغَشَت (ف) بَغشًا۔ السماءُ : ہلکی بارش برسانا ـــــ الصبيُّ الی اُمِّہِ : روانسا ہو کر متوجہ ہونا۔
بُغِشَت۔ الارضُ : ہلکی بارش پڑنا۔
البَغشَۃُ۔ ہلکی بارش۔
بَغَضَ وبَغُضَ (ن ک) وبَغِضَ (س) بَغَاضَۃً۔ دشمنی کرنا۔ نفرت کرنا (ما اَبغَضَنِي لَہٗ، وما اَبغَضَہٗ اِلَيَّ) سیبویہ نے کہا کہ جب تم ما اَبغَضَنِي لَہٗ کہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ میں اسکے نزدیک بہت زیادہ مبغوض ہوں اور جب ما اَبغَضَہٗ اِلَيَّ کہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ میرے نزدیک بہت زیادہ مبغوض ہے۔
بَغَّضَہٗ۔ اِلَيہِ : نفرت دلانا۔ دشمنی دلانا۔
اَبغَضَہٗ : دشمنی کرنا۔ نفرت کرنا۔
تَبَغَّضَ۔ الیہ : دشمنی کرنا۔
تَبَاغَضُوا۔ ایک دوسرے سے دشمنی کرنا
البُغضُ۔ نفرت۔ دشمنی۔
البِغضَۃُ والبَغضَاءُ والبَغَاضَۃ : سخت دشمنی۔ البِغضَۃ۔ دشمنی کرنے والے لوگ۔
البَغِيض۔ سخت دشمنی رکھنے والا۔
بَغلَہُم (ف) بَغلًا۔ باپ کی طرف سے کسی کی اولاد کو دوغلا قرار دینا۔
بَغَّلَ۔ بمعنی بَغَلَ ـــــ فی المشی : تھک جانا عاجز ہونا۔

البَغْل: خچر-ج بِغال وابغال-مونث بَغلة-ج بَغَلات وبِغال-
البَغّال: خچر والا-یا خچر ہانکنے والا-
بَغَمَتْ (ف ن ض) بُغُومًا وبُغَامًا و تَبَغَّمَتْ-الظَبيةُ: بہت نرم آواز نکالنا صفت (بَاغِمة وبَغُوم) بَغَمَ الرجلُ صاحبَہ: مبہم گفتگو کرنا-
بَاغَمَہٗ- نرم آواز سے گفتگو کرنا-
البُغَام-ہرن کی آواز-
البُغْمَة-عورتوں کا ہار (کلمہ ترکی ہے) ج بُغَم-
بَغَا (ن) بَغْوًا-الشئَ: غور سے دیکھنا- —علیہ: تعدی کرنا-زیادتی کرنا صفت (بَغُوّ) البَغْوة-کچا پھل—من النبات: شگوفہ جو سفید نکلا ہو-
بَغیٰ (ض) بُغَاءً وبَغْیًا وبُغًی وبُغْیَةً وبِغْیَةً-الشئَ: طلب کرنا—الرجلُ: حق سے ہٹ جانا-نافرمانی کرنا—علیہ: دراز دستی کرنا ظلم کرنا-صفت (باغ) ج بُغاة و بغیان—السماءُ: سخت برسنا—الامۃ: زنا کرنا—الجرح: سوجنا، خراب ہونا-پیپ سے بھرنا-
اِبْتَغیٰ وتَبَغّیٰ-الشئَ: طلب کرنا-
اَبْغَاہُ الشئَ: طالب بنانا-طلب کرنے میں مدد دینا-کہا جاتا ہے "اَبْغِنِی ضَالَّتِی" میری گم شدہ چیز کی تلاش میں مدد کرو-
بَاغَت الاَمَۃُ بِغَاءً ومُبَاغَاۃً-زنا کرنا
تَبَاغیٰ: القومُ: بعض کا بعض پر ظلم کرنا-
اِنْبَغیٰ-سہل ہونا-آسان ہونا-کہا جاتا ہے "لاینبغی لک اَنْ تفعل ذلک" تمہارے لئے مناسب نہیں-ایسا کرو-(اس فعل کا ماضی مستعمل نہیں)
اِسْتَبْغیٰ: الشئَ: طلب کرنا—القومَ: طلب کرنے میں مدد چاہنا-
البَغْی: ظلم-جنایت-گناہ-بہت بارش فساد-کہا جاتا ہے "بَرِئَ جُرْحُہ عَلیٰ بَغْیٍ" یعنی اس کا زخم مندمل تو ہوا لیکن اندر فاسد مادہ باقی رہ گیا ہے-
البُغْیَۃ والبِغْیَۃ والبَغِیَّۃ والبُغَاء- مرغوب ومطلوب-البُغْیَۃ: حاجت-
البَغِیّ-بدکار وزناکار عورت-ج بَغَایَا-
بَغَایَا الجیش: فوج کے ہراول دستے-
المَبْغیٰ والمَبْغَاۃ-طلب کرنے کی نوعیت یا جگہ-کہا جاتا ہے "بَغَیْتُ المالَ مِنْ مَبْغَاتِہ" میں نے مال کو اس کے موقع سے تلاش کیا- جیسے کہتے ہیں "اَتَیْتُ الاَمْرَ مِنْ مَاتَاتِہ" میں نے کام کو اس طرح انجام دیا جیسا دینا چاہئے
المُبْتَغِی: شیر-
فِئَةٌ (باغیۃٌ) امام عادل کی اطاعت سے نکلنے والی جماعت-
بَقَّ (ن) بَقًّا-الماءَ مِنْ فِیْہِ: پانی کو منہ میں سے زور سے پھینکنا—لنا العطاءَ: بخشش وسیع کرنا—مالَہٗ: بکھیرنا-متفرق کرنا—الجرابَ: پھاڑنا—(بَقًّا وبُقُوقًا) النبتُ: اُگنا—السماءُ: لگاتار کثرت سے بارش ہونا—المرأۃُ: بہت اولاد والی ہونا-—البیتُ: بہت کھٹمل والا ہونا-(— بَقَاقًا وبَقًّا واَبَقَّ) علی القوم: بہت بک بک کرنا-
بَقَّقَ-مالَہٗ: متفرق کرنا-(—واَبَقَّ) البیتُ: بہت کھٹمل ہونا-واَبَقَّ ولدُ فلانٍ: بہت ہونا-اَبَقَّتِ المرأۃُ: بہت اولاد والی ہونا—السماءُ: لگاتار بہت بارش ہونا-
البَقّ-کھٹمل-پسّو-
البَقَاق-گھر کا ردی سامان-رَجُلٌ بَقَاقٌ وبقاقۃ: بہت بولنے والا الامرد-
بَقْبَقَ بَقْبَقَةً-الکوزُ فی الماءِ: بق بق کی آواز نکلنا—القدرُ: اُبلنا—الرجلُ: بہت بک بک کرنا-
البَقْبَاق: بہت بولنے والا-کہا جاتا ہے "رَجُلٌ بَقْلاقٌ بَقْبَاقٌ" بہت بکواس کرنیوالا-
البُقْجَة: کپڑے وغیرہ کی گٹھڑی-(جدید)
البَقْدُونِس: ایک قسم کی نباتات-
بَقَرَہٗ (ف) بَقْرًا: پھاڑنا-کھولنا-وسیع کرنا-
بَقِرَ (س) بَقَرًا: نگاہ کا پتھرا جانا-
اَبْقَرَ-المرأۃُ عَنْ جَنِیْنِہا: پیٹ چیر کر بچہ نکالنا
اِنْبَقَرَ: پھٹنا-کھل جانا-وسیع ہونا-
تَبَقَّرَ-الرجلُ: علم یا مال میں زیادتی والا ہونا
البَقَر: گائے-بیل (اسم جنس) واحد (بَقَرةٌ) ج بَقَرات وبُقُر وبُقَّر واَبْقُر واَبْقَار و اَبَاقِر واَبَاقِیر-بَقَرُ الوَحْش اَو البَقَرُ الوحشی: نیل گائے-جُوْعُ البَقَر: سخت بھوک-عُیُونُ البَقَر: ایک قسم کا انگور-بقر الماء: گائے کے مشابہ ایک قسم کی مچھلی-
البُقَر والبُقَارِیٰ-جھوٹ-مصیبت- کہا جاتا ہے "جَاءَ فلانٌ بالصُقَرِ والبُقَر او الصُقَارِیٰ والبُقَارِیٰ" فلاں شخص جھوٹ اور مصیبت لایا-یعنی مصیبت کا سبب بنا-
البُقَیْرَیٰ: بچوں کا ایک کھیل-
البَقَّار-گائے والا-گائے کا چرواہا-
البَاقِر والبَاقُور والبَیْقُور: گایوں کا ریوڑ-یہ اسماء جمع ہیں-
فتنۃ (باقرۃ) محبت کو ختم کر دینے والا بڑا فتنہ-
البَقِیْرَۃ والبَقِیْر: بغیر آستینوں والی عورتوں کی قمیص-ناقۃ "بقیرۃ": اونٹنی جس کا پیٹ چاک کرکے بچہ نکالا گیا ہو-
البَقْس: ایک درخت کا نام جس کی لکڑی سخت ہوتی ہے اور اس سے چمچے بنائے جاتے ہیں-واحد (بقسہ)
بَقَطَ (ن) بَقْطًا-متاعَہٗ: سفر کیلئے جمع کرنا-متفرق کرنا—فلانًا بُستانَہٗ: تہائی یا چوتھائی پیداوار کی شرط پر دینا
بَقَّطَ-فی الجبلِ: چڑھنا-

—— الشیءَ : متفرق کرنا۔
تَبَقَّطَ : الشیءَ : تھوڑا تھوڑا لینا —— الخبرَ: تھوڑا تھوڑا حاصل کرنا۔
البَقَط : توڑنے کے وقت کی گری ہوئی کھجوریں۔ متفرق جماعت۔
البُقَاط : پنیر کا ٹکڑا۔
البُقْطَة : زمین کا ایک حصہ۔
بَقِعَ (س) بَقَعًا۔ الطیرُ: مختلف رنگ والا ہونا۔ صفت (اَبْقَع) مونث بقعاء۔ ج بُقْع —— فُلَانٌ بِاشَیءٍ : اکتفا کرنا —— الارض منه : خالی ہونا۔
بَقَعَ (ف) بَقْعًا وبَقَعَ۔ جانا۔ تم کہتے ہو "ما ادری این بَقَعَ" میں نہیں جانتا وہ کہاں گیا۔
بَقَّعَ الثَّوبَ : رنگتے ہوئے سفید داغ چھوڑنا۔
تَبَقَّعَ : داغدار ہونا۔ تَبَقَّعَت الثیابُ : کپڑوں پر پانی کے چھینٹے اس طرح ڈالے گئے کہ باقی رہے ہوئے بے رنگ خشک حصے بھی تر ہو گئے۔
اِبْتَقَعَ ۔ تیز جانا۔
اُبْتُقِعَ ۔ لَونُہ: خوف یا غم سے بدلے ہوئے رنگ والا ہونا (اُمتقع میم سے زیادہ فصیح ہے)
البُقْعَة والبَقْعَة : زمین کا ٹکڑا۔ ج بِقَاع وبُقَع۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ حَسَنُ البُقْعَةِ عندَ الامیر" فلاں امیر کے پاس اچھے رتبہ والا ہے۔ والبُقْعَۃُ: پانی جمع ہونے کی جگہ۔
البَقِیع : وہ جگہ جہاں مختلف قسم کے درختوں کی جڑیں ہوں۔ ابنُ بَقِیع : کتا۔
البَاقِعَة : الباقع کا مونث۔ ہوشیار و زیرک مرد جس کو فریب دیا جا سکے۔ ج بَوَاقِع کہا جاتا ہے "ما فلانٌ الّا باقعةٌ من البواقع" یعنی فلاں بڑا چالاک ہے۔
الاَبْقَع : سیاہ سفید داغوں والا۔ مونث بقعاء۔ ج بُقْع۔ کوا جس میں سیاہی سفیدی ہو۔ ج بُقْعَان۔ سَنَةٌ بَقْعَاء : سال جس میں سرسبزی و خشک سالی دونوں ہوں۔
الاُبَیْقِع ۔ کم بارش والا سال۔
بَقَلَ (ن) بَقْلًا وبُقُولًا وابقلَ : ظاہر ہونا —— نابُ البعیرِ: نکلنا —— المکانُ: سبزی اُگنا۔ صفت (باقِل وبَقِل وبَقِیل)۔ وجہُ الغلامِ: سبزہ آغاز ہونا۔ بَقَلَ بِبَعِیرِہ بَقْلًا : ساگ پات جمع کرنا۔ وابقلَ القومُ: سبزی پانا، قوم کے مویشی کا سبزی کو چرنا۔
بَقَّلَ : وجہُ الغلامِ: سبزہ آغاز ہونا۔
تَبَقَّلَ وابْتَقَلَ: سبزے کی تلاش میں جانا —— الماشیۃُ : سبزہ چرنا۔
البَقْل: سبزی۔ ترکاری۔ ج بُقُول و اَبْقَال
البَقْلَة : البقل کا واحد۔ (بَقْلَۃُ الحمقاء و بَقْلَۃُ الزَّہراء، وبَقْلَۃُ اللیّنۃ) خرفہ کا ساگ۔
البَقْلَةُ البَارِدَة : عشق پیچہ۔
بَقْلَةُ الانصار: کرم کلا۔
البَاقِلاء والبَاقِلّی والبَاقِلی : لوبیا۔ ارض (بَقِلَۃ وبَقِیلَۃ وبَقَّالَۃ ومَبْقَلَۃ) سبزی والی زمین۔
البَقَّال : سبزی فروش۔
المَبْقَلَة : سبزی کی جگہ۔
البُوقَال والبَاقُول : بویام۔ مٹی کی دوات۔ ج بَوَاقِیل۔
بَقَمَ ۔ الثوبَ: کپڑے کو بقم سے رنگنا۔
البَقَّم : ایک قسم کی لکڑی جو کپڑے رنگنے میں کام آتی ہے۔
البُقَّم : دھتورا۔
البُقَامَة : من الصوف : اون جو دھنے میں گر جائے اور کاتنے کے قابل نہ ہو۔ کمزور بے عقل مرد۔
بَقَا (ن) بَقَاوَةً وبَقْیًا (ض) بُقْیًا۔ فلانًا بِعَینِہ : دیکھنا۔ نظر ڈالنا —— ہ : انتظار کرنا۔
بَقِیَ (س) بَقَاءً وبَقْیًا (ض) بُقْیًا : ہمیشہ رہنا۔ ثابت رہنا۔
اَبْقَی ۔ علیہ : رحم کرنا۔ مہربانی کرنا۔ (ــــ وبَقَّی واسْتَبْقَی) ہ : ثابت کرنا۔ باقی رکھنا۔
اِسْتَبْقَی منہ : کچھ باقی رکھنا۔ تَبَقَّی : باقی رہنا۔
البَاقِی : فا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔
البَاقِیَة : الباقی کا مونث۔ ج الباقیات والبواقی۔
البَقْوَی والبُقْوَی والبُقْیَا والبَقِیَّة : باقی ماندہ۔ ج بَقَایَا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ بَقِیَّةُ قومِہ" فلاں اپنی قوم کے بہتر لوگوں میں سے ہے۔
المَبْقَی ۔ بقا۔ زندگانی۔ ج المَبَاقِی۔
بَکَّ (ن) بَکًّا۔ مزاحمت کرنا —— الشیءَ: پھاڑنا۔ فسخ کرنا —— الدابۃَ: چلا کر تھکانا۔
بَکَّ الرجلُ : محتاج ہونا۔
تَبَاکَّ ۔ القومُ : ہجوم کرنا —— الشیءُ : توبرتو ہونا۔
البَاکّ : فا۔ بیوقوف۔
بَکَّة : مکہ معظمہ۔
بَکْبَکَ وتَبَکْبَکَ ۔ القومُ علیہ: ہجوم کرنا جمع (بَکْبَاک) بہت بڑی جماعت۔ رجل بکباک : سخت مزاج مرد۔
بَکَأَت (ف) وبَکُؤَت (ک) بُکُوءًا وبَکَاءَةً وبَکْأً وبُکَاءً ۔ الناقۃُ: کم دودھ والی ہونا۔ —— البئرُ: کم پانی والا ہونا —— العینُ: کم آنسو والی ہونا۔ صفت (بَکِیءٌ وبَکِیئَۃٌ وبَکِیٌّ وبَکِیَّۃ) ج بِکَاء وبَکَایَا۔ ایدٍ بِکَاء۔ کم داد و دہش والے ہاتھ۔
بَکِئَ (س) بَکَأً : اپنی حاجت سے محروم رہنا
اَبْکَأَ ۔ الدرّ : کم پانا۔
البَکْءُ والبَکَا : ایک قسم کی نباتات۔ واحد بَکْأَۃ۔
بَکَتَہ (ن) بَکْتًا ۔ تلوار یا لاٹھی سے مارنا۔ حجت میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "بَکَتَہ حتی اَسْکَتَہ" وہ اس پر حجت میں غالب رہا یہاں تک کہ اس کو خاموش کر دیا۔
بَکَّتَہ : بمعنی بَکَتَہ۔ زجر کرنا۔ سرزنش کرنا۔

جھڑکنا۔ اور اسی سے ہے ۔ تَبْکِیْتُ الضَّمِیْرِ ۔
بَکَرَ (س) بَکَرًا ۔ الی الشئی : جلدی کرنا ۔
بَکَرَ (ن) بُکُوْرًا ۔ آگے بڑھنا ۔ علیہ والیہ : صبح کے وقت آنا ۔ فی الشئی : صبح سویرے کرنا ۔
اَبْکَرَ و بَکَّرَ : آگے بڑھنا ۔ جلدی کرنا ۔ — فلانا : صبح کے وقت آنا ۔ بَکَّرَہٗ عَلَیْھِمْ : کسی کو صبح سویرے بھیجنا ۔ بَکَّرَ المُصَلِّیْ : اوّل وقت میں نماز کے لئے آنا ۔
بَاکَرَہٗ : صبح کے وقت آنا ۔
تَبَکَّرَ : آگے بڑھنا ۔
اِبْتَکَرَ : کسی چیز کے ابتدائی حصہ پر قابض ہونا ۔ — فلانا : صبح کے وقت آنا ۔
البَاکِر : فا ۔ اَتَاہُ بَاکِرًا : وہ اس کے پاس صبح کے وقت آیا ۔
البِکْرُ : والدین کا پہلا بچہ ۔ (مذکر و مونث دونوں کیلئے ہے) جوان گائے : کنواری ۔ ہر چیز کا اوّل ۔ ج اَبْکَار ۔ البِکْرُ : ہر فعل کہ اس جیسا اس سے پہلے نہ ہوا ہو ۔ الضَّرْبَۃُ البِکْرُ : تلوار کا وار جو قاتل ہو ۔ کَرْمٌ بِکْرٌ : پہلا دانہ انگور کا ۔ نَارٌ بِکْرٌ : آگ جس میں سے ابھی کچھ لیا نہ گیا ہو ۔ خَلٌّ بِکْرٌ : تیز سرکہ ۔ الدُّرَّۃُ البِکْرُ : دُرِّ ناسفتہ ۔
البَکْرُ ۔ جوان اونٹ ۔ ج اَبْکُرٌ و بُکْرَان و بِکَارٌ و بِکَارَۃ ۔ مونث بَکْرَۃ ج بِکَار ۔
البُکْرَۃ ۔ صبح ۔ تم کہتے ہو "اَتَیْتُہٗ بُکْرَۃً" میں اس کے پاس صبح کے وقت آیا ۔
البَکْرَۃ والبَکَرَۃ : وزنی سامان اتارنے چڑھانے کی چرخی ۔ ج بَکْرٌ و بَکَرَات ۔ کہا جاتا ہے "وَالبَکَرَاتُ شَرُّھُنَّ الصَّائِمَۃُ" چرخیوں میں سے بُری وہ ہے جو گھومے نہیں ۔ البَکْرَۃ : جماعت اور اسی سے ہے "جَاءُوْا عَلٰی بَکْرَۃِ اَبِیْھِمْ" وہ سب کے سب آئے کوئی بھی باقی نہیں رہا ۔
البَکَارَۃ : دوشیزگی ۔ کنوارا پن ۔
البِکْرِیَّۃ والبَکُوْرِیَّۃ ۔ البکر کا اسم ۔

البَاکُوْرَۃ : پہلا میوہ ۔ ہر چیز کا پہلا ۔ ج بَوَاکِیْر و بَاکُوْرَات ۔
البَکِیْرُ والبَاکُوْرُ والبَکُوْرُ ۔ ہر چیز میں سے پہلے تیار ہونے والا ۔ موسم بہار کی ابتدائی بارش ۔
البَکِیْرَۃ : پھل یا درخت خرما جو پہلے تیار ہو جائے ۔ ج بَکَائِر ۔
المُبْکِر : فا ۔ موسم بہار کی پہلی بارش ۔
المِبْکَار ۔ پھل یا درخت خرما جو پہلے تیار ہو جائے ۔ اَرْضٌ مِبْکَارٌ : جلدی اُگانے والی زمین ۔ ج مَبَاکِیْر ۔
بَکَسَہٗ (ن) بَکْسًا ۔ مغلوب کرنا ۔
بَکَعَہٗ (ف) بَکْعًا ۔ بدن کے مختلف حصوں پر سخت مارنا ۔ حجت سے مغلوب کرنا بدسلوکی سے پیش آنا ۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِی اَیْنَ بُکِعَ" میں نہیں جانتا کہ کہاں گیا ۔ وبَکَعَ الشئیَ : بخش دینا ۔
بَکَّعَہٗ ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔ حجت سے مغلوب کرنا ۔ رَجُلٌ (اَبْکَعُ) ہاتھ کٹا مرد
بَکَلَ (ن) بَکْلًا و بَکَّلَ ۔ الشئیَ : ملانا ۔ — الرَّجُلُ : آٹا ، ستو گھی ملا کر کھانا تیار کرنا ۔
تَبَکَّلَ ۔ فی الکلام : گڑبڑ گفتگو کرنا — و علیہ : گالی گلوچ مار پیٹ سے غالب آنا ۔ — الشئیَ : غنیمت سمجھ کر لینا — الرجل : خوش عیشی کی زندگی بسر کرنا — فی مشیتہ : ناز سے چلنا ۔
اِبْتَکَلَ ۔ الشئیَ : غنیمت سمجھ کر لینا ۔
اَلبِکْلَۃ : حال ۔ ہیئت ۔ شکل و صورت طبیعت ۔ ج بِکَل ۔
البَکَالَۃ والبَکِیْلَۃ ۔ ایک قسم کا کھانا جو آٹا ، ستو گھی یا روغن زیتون ملا کر تیار کیا جاتا ہے ۔ البَکِیْلَۃ : غنیمت ۔
بَکِمَ (س) بَکَمًا و بَکَامَۃً : گونگا ہونا ۔ صفت (اَبْکَم) ج بُکْم و (بَکِیْم) ج بُکْمَان ۔
بَکُمَ (ک) بَکَامَۃً ۔ جان بوجھ کر خاموش ہونا

تَبَکَّمَ ۔ الکلامُ علیہ : گفتگو کا بند ہو جانا ۔
بَکٰی (ض) بُکَاءً بُکًی ۔ رونا صفت (بَاکٍ) ج بُکَاۃ ۔ مونث بَاکِیَۃ ج بَاکِیَاتٌ و بَوَاکٍ ۔
بَکٰی و بَکّٰی ۔ المَیِّتَ : میت پر رونا ۔
بَکّٰی و اَبْکٰی و اِسْتَبْکٰی ۔ الرَّجُلَ : رُلانا
تَبَاکٰی : رونے کی صورت بنانا ۔ بہ تکلف رونا
البَکَّاءُ والبَکِیُّ : بہت رونے والا ۔
التَّبْکَاء والتِّبْکَاء : گریہ یا کثرتِ گریہ ۔
المَبْکٰی : رونے کی جگہ ج مَبَاکٍ ۔
بَلْ ۔ حرفِ عطف ہے ۔ سابق سے اضراب کیلئے آتا ہے جیسے "مَا ذَھَبَ زَیْدٌ بَلْ عَمْرٌو" میں حکم عمرو کے لئے ہے اور زید مسکوت عنہ کے حکم میں ہے ۔
بَلَّہٗ (ن) بَلًّا و بِلَّۃً و بَلَالًا ۔ بالماء : ترکرنا
بَلَّ یَدَہٗ : دینا ۔
بَلَّ (س) بَلَلًا و بَلَالًا ۔ بَلَدًا ، فتحمند ہونا ۔ کامیاب ہونا ۔ پالینا ۔ جیسے "اِذَا بَلَّتْ بِقَائِمِہٖ یَدِیْ" یعنی جبکہ اس کے قبضہ پر میرا ہاتھ پہونچے ۔
بَلَّ (ض) بَلًّا و بَلَلًا و بُلُوْلًا ۔ من مرضہ : صحتیاب ہونا ۔ چنگا ہونا — بَلًّا فی الارض : جانا — (بُلُوْلًا) الرِّیْحُ : سرد ہوا کا چلنا ۔
اَبَلَّ ۔ الشجر : پھلدار ہونا — العُوْدُ : لکڑی میں تری کا ہونا ۔ — من مرضہ : صحتیاب ہونا ۔
اَبَلَّہٗ فی الارض : لیجانا ۔
بَلَّلَ ۔ الثوب : ترکرنا ۔
تَبَلَّلَ و اِبْتَلَّ ۔ ترہونا — واسْتَبَلَّ من مرضہ : صحتیاب ہونا ۔
البِلُّ : صحت و شفا ۔ مباح ۔ اور اسی سے حضرت عباس کا قول ہے "لا اُحِلُّھَا لِمُغْتَسِلٍ وَھِیَ لِشَارِبٍ حِلٌّ وَبِلٌّ" میں اس کو نہانے والے کے لئے حلال قرار نہیں دیتا اور وہ پینے والے کیلئے حلال و مباح ہے ۔ چالاک کہا جاتا ہے "ھُوَ بِلٌّ اَبْلَالٌ" وہ بڑا چالاک ہے ۔
البَلَّۃ : جوانی کی تروتازگی ۔
البِلَّۃ : تری ۔ رزق ۔ خیر ۔
البَلَال والبِلَال والبُلَال : تری پانی

دودھ یا پانی کا اتنا حصہ جو حلق کو تر کردے۔
البُلالَۃ: اتنی مقدار جس سے کوئی چیز تر کی جا سکے۔تھوڑی سی چیز۔تری۔
البُلَل: بیج۔
البَلِیلُ والبَلِیلَۃُ۔نمی کیساتھ ٹھنڈی ہوا۔البَلِیلَۃ: صحت۔
ذُو بِلّیٍ و بِلِیٍّ و بِلِیّان: دور کی غیر معلوم جگہ۔کہا جاتا ہے "ہو بذی بلّی" وہ دُور کی غیر معلوم جگہ میں ہے۔
الاَبَلّ: بدکار۔بڑا جھگڑالو۔سخت بخیل۔مونث بَلّاء۔ج بُلّ۔اور کہا جاتا ہے "لا شیءَ اَبَلُّ للجسم من کذا" جسم کے لئے اس سے زیادہ کوئی چیز موافق نہیں۔صَفَاۃ بَلّاء: چکنا پتھر۔
البَلّان: حمام میں نہلانے والا۔مونث بَلّانَۃ۔والبَلّان ج بَلّانات: حمام۔
البُلّۃ: ہیئت و حال۔کہا جاتا ہے "طویتُ السقاءَ علی بُلّتِہٖ و بَلّتِہٖ" مشک کو باوجود اس کی تری کے میں نے لپیٹ لیا۔وطویت فلانا علی بَلّتِہٖ و بُلّتِہٖ و بَلَّتِہٖ و بِلّتِہٖ و بُلالتِہٖ" باوجود عیب کے میں نے فلاں کو برداشت کیا۔
المِبَلّ۔بروزن مِفعَل: مستقل کہا جاتا ہے "خصمٌ مِبَلٌّ" یعنی مستقل جھگڑالو۔
البَالُول۔تھوڑا پانی۔
البَلبَال والمُبَلبِل۔بہت شور کرنیوالا مور۔مُتَبَلبِل: شیر۔
بَلبَلَ بَلبَلَۃً و بَلبالاً۔القومَ: بھڑکا دینا۔جوش دلانا۔غم میں مبتلا کر دینا ۔۔۔ الالسنۃَ: مخلوط کرنا ۔۔۔ الامتعۃَ: متفرق کرنا۔بکھیرنا ۔۔۔ الاراءَ: خراب کرنا، بگاڑنا۔
تَبَلبَل۔بھڑکنا۔غم میں مبتلا ہونا۔
البُلبُل۔بلبل۔ج بلابل۔بُلبُل الابریق: لوٹے کی ٹونٹی۔عوام کے نزدیک ببل بچوں کا ایک کھیل بھی ہے جس کے لئے فصیح لفظ دُوّامَۃٌ (لٹو) ہے۔
البَلبَال: شدت غم۔بھیڑیا۔

بَلَتَ (ض) بَلتاً۔الشیءَ: کاٹنا۔
بَلَتَ (ن) بَلتاً و بَلِتَ (س) بَلَتاً وانبَلَتَ۔کٹنا۔
بَلُتَ (ک) بَلاتَۃً۔فصیح ہونا۔
اَبلَتَہٗ: یمیناً: قسم دلانا۔اَبلَتَ الرجلُ گفتگو سے رُک جانا۔
البَلِیتُ والبِلِّیتُ۔مختصر کلام کرنیوالا فصیح۔خوش بیان۔عقلمند۔
المُبَلَّت: آراستہ کلام۔
البَلتَع: ماہر۔ہر چیز کا جاننے والا۔
البَلتَعِیّ: زبان آور۔فصیح۔
البَلِیث: دو سالہ پرانا چارہ جو سیاہ ہو گیا ہو۔
بَلَجَ (ن) بُلُوجاً و اَبلَجَ و تَبَلَّجَ و انبَلَجَ وابتَلَجَ۔الصُّبحُ: روشن ہونا۔
بَلِجَ (س) بَلَجاً۔صدرُہٗ: مطمئن ہونا۔
۔۔۔ الحقُّ: واضح ہونا۔ظاہر ہونا۔صفت (ابلج) مونث بَلجاء۔والاَبلَج: علیحدہ علیحدہ ابروؤں والا
تَبَلَّجَ۔الیہ: ہنسنا۔خوش ہونا۔
اِبلَاجَّ وابلاجَّجَ ابلیجاجاً: ظاہر ہونا واضح ہونا۔
البُلجَۃ والبَلجَۃ: سپیدۂ صبح (۔۔۔ والبَلَج) ابروؤں کے درمیان کشادگی۔
البُلجَۃ: دبر۔اور بُلحۃ بالحاء افصح ہے
البَلَج والبَلِج۔کشادہ رو۔
بَلَحَ (ف) بَلحاً۔الثَّریٰ: خشک ہونا۔
۔۔۔ البِئرُ: پانی ختم ہونا۔صفت (بَلُوح)
۔۔۔ الرجلُ بالامر: انکار کرنا ۔۔۔ الغریمُ: مفلس ہونا ۔۔۔ الرجلُ بشہادتہ۔چھپانا۔
(۔۔۔ بُلُوحاً و بَلَّحَ و تَبَلَّحَ) تھکنا۔عاجز ہونا۔
کہا جاتا ہے "بَلَحَ و بَلَّحَ علیّ" یعنی میں نے اس کے پاس کچھ نہیں پایا۔
اَبلَحَ۔النخلُ: کچی کھجوروں والا ہونا۔
بَالَحَ۔القومَ: حق نہ ہوتے ہوئے جھگڑنا اور غالب ہو جانا۔

تَبَالَحَا: باہم انکار کرنا۔
البَالِح: زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔ج بَوَالِح
البَلَح: کچی کھجور۔کھجور کی ابتدائی حالت کو طلع کہتے ہیں، پھر اس کے بعد خَلال پھر بَلَح پھر بُسر، پھر رُطب، پھر تمر۔
البُلَح: ایک پرندہ جو گدھ سے بڑا ہوتا ہے ج۔بِلحان۔
البَلُّوح: اندھا گنواں۔قطع رحمی کرنیوالا
بَلِخَ (س) بَلَخاً و تَبَلَّخَ۔تکبر کرنا۔بیوقوف ہونا۔صفت (اَبلَخ) مونث بَلخاء و (بَلِخ و بَلخ)
البَلَخ والبَلاخ۔ایک قسم کا درخت جس کو شاہ بلوط کہتے ہیں۔
البَلَخش۔ایک قسم کا قیمتی جوہر۔
بَلَدَ (ن) بُلُوداً۔بالمکانِ: اقامت کرنا شہر بنانا۔صفت (بالِد) ج بَلَدۃ۔
بَلِدَ (س) بَلَداً: کشادہ ابرو ہونا۔صفت (اَبلَد)
بَلُدَ (ک) بَلادۃً۔سست و کند خاطر ہونا۔صفت (بَلِید و اَبلَد)
بَلَّدَ: کمزور رائے والا ہونا۔کم ہمت ہونا۔
۔۔۔ الفرسُ: آگے نہ بڑھنا ۔۔۔ السحابۃُ: نہ برسنا ۔۔۔ الرجلُ: بخل کرنا ۔۔۔ ہٗ فی اصطلاح البعض: مسکونہ جگہ کی آب و ہوا کا عادی بنانا اور اسی سے ہے "حدیقۃ التبلید" وہ باغ جس میں غیر جگہ کے حیوان یا نباتات کو آب و ہوا کا عادی بنایا جائے۔
اَبلَدَ: القومُ: شہر میں ہمیشہ رہنا۔اَبلَدَہٗ البَلَدَ: شہر میں ہمیشہ رکھنا۔
بَالَدَ: تلوار یا ڈنڈوں سے جنگ کرنا۔
تَبَلَّدَ: سست و کند خاطر ہونا۔کند ذہنی ظاہر کرنا۔افسوس کرنا ۔۔۔ الرجلُ: دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا ۔۔۔ الصبحُ: روشن ہونا۔
۔۔۔ القومُ: غیر آباد شہر میں آباد ہونا۔

المَبْلُود : متحیر۔

البَلْدَۃ والبَلَد۔ ج بِلَاد وبُلْدَان : ہر ایک جگہ آباد یا غیر آباد۔ البَلَد : قبر۔ والبَلْدَۃ : سینہ کہا جاتا ہے "ھُوَ وَاسِعُ البَلْدَۃ" وہ کشادہ سینہ والا ہے۔ شہر ہتھیلی۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ بَلْدَتَہٗ عَلٰی بَلْدَتِہٖ" یعنی اپنی ہتھیلی کو اپنے سینہ پر مارا۔

البَلْدَان۔ بصرہ وکوفہ۔

البَلُّوْر والبِلَّوْر۔ ایک قسم کا شیشہ۔ ایک قسم کا سفید وشفاف جوہر۔

تَبَلَّرَ وتَبَلْوَرَ۔ بلور کے مشابہ ہونا۔

اِلْاِبْلِیْز وطِیْنُ الْاِبْلِیْز : مصر کی وہ مٹی جو دریائے نیل زمین سے بہا لا کر چھوڑ جاتا ہے۔

اَبْلَسَ : بے خیر ہونا۔ شکستہ دل ہونا۔ غمگین ہونا — من رحمۃ اللّٰہ : مایوس ہونا — فی امرہ : متحیر ہونا۔ صفت (مُبْلِسٌ ومُبْلِسٌ) — فلانٌ : غم کی وجہ سے خاموش ہونا۔

اَبْلَسَہٗ : متحیر کر دینا۔

البَلَس : بے خیر آدمی۔

البَلَاس : ٹاٹ۔ بالوں سے بنا ہوا فرش ج بُلُس۔

البَلَّاس : ٹاٹ بیچنے والا۔

مَا ذُقْتُ عَلُوْسًا ولَا بَلُوْسًا۔ یعنی میں نے کچھ نہیں چکھا۔

اِبْلِیْس : شیطان کا علم جنس۔ ج اَبَالِیْس واَبَالِسَۃ۔

بُلْسِمَ : مکروہ چہرہ والا ہونا۔ مبتلائے برسام ہونا۔

بَلْسَمَ وتَبَلْسَمَ۔ گھبراہٹ کی وجہ سے خاموش ہونا۔ وبُلْسِمَ : مکروہ چہرہ والا بنا دینا

البَلَسَم : گوند کی قسم کا ایک مادہ ہے۔ جس کا زخم پر لیپ لگایا جاتا ہے۔

البَلْسَام : برسام (ایک بیماری کا نام)

البُلْسُن : مسور۔ مسور کے مشابہ ایک قسم کا دانہ۔

البَلَسَان : ایک درخت ہے جس کے پھول چھوٹے سفید رنگ کے ہوتے ہیں اور پتے تتلی کی مانند اور اس سے خوشبودار تیل نکلتا ہے۔

البَلَشُوْن۔ بگلا۔

بَلَّصَ۔ فلانًا من مالہٖ : لے لینا۔

بَالَصَہٗ۔ کسی پر کود پڑنا۔ حملہ کر بیٹھنا۔

تَبَلَّصَ۔ الشیَ : پوشیدہ طور سے طلب کرنا۔ تَبَلَّصَتِ الغَنَمُ : کم دودھ والی ہونا۔

البَلَصُوْص : ایک قسم کا پرندہ۔ — ج۔ بَلَنْصٰی۔

بَلَطَ (ن) بَلْطًا وبَلَّطَ واَبْلَطَ۔ الدارَ : پتھروں کا فرش لگانا۔ وبَلُطَ الرجلُ "چلنے میں تھکنا۔ بَلَطَ اُذُنَہٗ : گوشمالی کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "اذا ہفا صبیک فبلط لہٗ" جب تمہارا بچہ بکے تو اس کی گوشمالی کرو۔

اَبْلَطَ۔ اللصُّ الرجلَ : سب کچھ چرا لینا۔ (— واُبْلِطَ) محتاج و فقیر ہونا۔

بَالَطَ وتَبَالَطَ۔ القومُ : تلوار سے لڑنا۔ وبَالَطَہٗ : چھوڑ کر بھاگ جانا۔ بَالَطَ فی اُمُوْرِہٖ : مبالغہ کرنا — السَّابِحُ : تیراکی میں کوشش کرنا۔

البَلَاط : ہموار زمین۔ پتھر کے چوکے جو فرش میں لگانے کے کام میں آتے ہیں۔ اور اسی سے بَلَاطُ المَلِک ہے۔ بمعنی محل شاہی اور مجازاً بمعنی مجلس شاہی۔

البُلُطُ۔ لشکر سے بھاگنے والے۔

البَلُّوْط : ایک بڑا درخت ہے جس کا تنہ موٹا اور لکڑی مضبوط ہوتی ہے اور اس کی چھال سے دباغت دیتے ہیں اور اس کا پھل کھایا جاتا ہے۔ بلوط کا پھل۔

بَلُّوْطُ الاَرْض : ایک قسم کی گھاس ہے جس کے پتے کاسنی کے مانند ہوتے ہیں۔

بَلُّوْطُ المَلِک : اخروٹ، وشاہ بلوط : ایک قسم کا جنگلی درخت جس کی لکڑی سخت اور مضبوط، پھل گول اور پتیوں کے کنارے کٹاؤ دار ہوتے ہیں۔

البُلْطِیّ : ایک قسم کی مچھلی۔

بَلْطَحَ : اپنے آپ کو زمین پر پھینکنا — الشیَ : چوڑا کرنا۔

تَبَلْطَحَ : چوڑا ہونا۔

بَلَعَ (ف) بَلْعًا وابْتَلَعَ۔ الشیَ : نگلنا۔

بَلَّعَہٗ واَبْلَعَہٗ : نگلوانا۔ اور کہا جاتا ہے "بَلِّعْہُ رِیْقَہٗ" اس نے اس کو تھوک نگلنے کی مدت کی مہلت دی۔ (بَلَّعَ وتَبَلَّعَ) : الشیب فی راسہٖ : بڑھاپا ظاہر ہونا۔ وتَبَلَّعَہٗ : گھونٹ لینا۔

البُلْعَۃ : چکی کا سوراخ۔ ج بُلَع

البُلَعَۃ : بہت کھانے والا مرد۔

البَلُوْع : بہت نگلنے والا۔

المَبْلَع : حلق۔

المِبْلَع : بہت کھانے والا۔

البَالُوْعَۃ والبَلَّاعَۃ والبَلُّوْعَۃ ج بَوَالِیْع وبَلَالِیْع : موری۔ بدرو۔

بَلْعَمَ : اللقمۃ : نگلنا۔

البُلْعُم والبُلْعُوْم : حلق۔ ج بَلَاعِم۔

البَلْعَم : بہت کھانے والا۔ تیز نگلنے والا۔

بَلَغَ (ن) بُلُوْغًا : پہونچنا — الثمرُ : پکنا — الغلام : بالغ ہونا۔ صفت (بالغ) مونث (بَالِغَۃ وبَالِغ) — العِلّۃ : تیز ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "بلغ منی کلامک" تمہاری گفتگو سے میں بہت متاثر ہوا۔

بُلِغَ۔ الرجلُ : مبتلائے مشقت ہونا۔

بَلُغَ (ک) بَلَاغَۃً : بلیغ ہونا۔ صفت (بَلِیْغ) ج بُلَغَاء۔

بَلَّغَہٗ واَبْلَغَہٗ۔ الیہ : پہنچانا۔ بَلَّغَ عنہ الرسالۃ الی القوم : پیغام رسانی کرنا۔ بَلَّغَ الفارسُ : تیز دوڑانے کے لئے لگام کو بڑھانا۔

بَالَغَ۔ فی الامر : مبالغہ کرنا۔

تَبَلَّغَ۔ بالشیَ : اکتفا کرنا۔ قناعت کرنا

— بہ العلۃ: تیز ہونا۔
تَبَالَغَ - فیہ المرضُ: سخت ہونا اور انتہا کو پہونچنا — الرجلُ فی الکلام: بتکلف بلاغت سے کام لینا — الدباغُ فی الجلد: دباغت کا کھال میں اچھی طرح سے ہونا۔
البِلغُ والبَلْغُ: بلیغ - خوش بیان - انتہا کو پہونچنے والا - کہا جاتا ہے "ہو احمقُ بِلغٌ" وہ انتہائی بیوقوف ہے - ایسا ہی "ہی حمقاءُ بِلغۃٌ" اور کہا جاتا ہے "امرُ اللہِ بَلغٌ" اللہ تعالی کا حکم نافذ ہے - وجَیشٌ "بَلغٌ" ہر جگہ کو پہنچنے والا لشکر۔
رَجُلٌ (بِلغٌ مِلغٌ) خبیث مرد۔
البُلْغَۃ - انتہائی بیوقوفی۔
البُلْغَۃ والبلاغُ والتبلّغ: گزارہ کی مقدار۔
البلاغُ: پیغام — کسی چیز تک پہنچنا - کفایت - کتاب جس میں کسی مسئلہ کا حکم بیان کیا جائے - ج بلاغات - البلاغات: چغلخوریاں
البالغ - سن بلوغ کو پہنچنے والا - کہا جاتا ہے "غلامٌ بالغٌ وجاریۃٌ بالغٌ وبالغۃٌ" - وامرٌ بالغٌ: نافذ حکم۔
البالغاء: جانور کے پائے۔
البلاغی والبلاغی - مافی الضمیر کو فصیح و بلیغ عبارت میں ادا کرنے والا۔
الابلغ: ہر وہ چیز جس کو انتہا درجہ تک پہونچا دیا گیا ہو۔
المَبلغ: روپے پیسے کی مقدار - کسی چیز کی حد و انتہا - ج مبالغ
التبلیغ والتبلیغۃ: چھوٹی رسی جسکو بڑی رسی میں باندھیں تاکہ پانی تک پہونچ جائے۔
البلغم - قدماء اطباء کی اصطلاح میں اخلاط اربعہ میں سے ایک خلط کا نام۔
بَلَقَ (ن) بُلُوقًا: جلدی کرنا — و اَبلقَ الباب: چوپٹ کھول دینا یا جلدی سے بند کر دینا - بَلَقَ الجاریۃ: بکارت زائل کرنا۔

بَلِقَ (س) وبَلُقَ (ک) بَلَقًا وابلَقَ و ابلَقَّ وابلاقَّ وابلولقَ - سیاہ اور سفید داغوں والا ہونا صفت (اَبلق) مؤنث بلقاء - ج بُلقٌ۔
بَلِقَ (س) بَلَقًا - متحیر ہونا - ششدر رہنا۔
اِنبَلَقَ: الباب: بالکل کھلنا۔
اِبتَلَقَ: چمکنا۔
البَلَقُ: سنگ مرمر - بڑا خیمہ - بالوں کا خیمہ (— والبُلقۃ) سیاہی و سفیدی۔
الاَبلقُ الفرد: سموال بن عادیا کا قلعہ جو سفید سیاہ پتھروں سے بنا ہوا تھا۔ کہا جاتا ہے "طلب الابلق العقوقَ" یعنی اس نے غیر ممکن چیز کو طلب کیا - اس لئے کہ ابلق نر کو اور عقوق حاملہ کو کہتے ہیں۔
البَلُوق والبَلُوقۃ: جنگل - زمین کا وہ حصہ جہاں کچھ نہ اگے - ج بَلَائِق۔
البالوقۃ: موری - بدرو (بالوعہ میں ایک لغت ہے)
المُبلّق: سیاہ سفید داغوں والا۔
بَلقعَ: المکانُ: خالی ہونا - صفت (بَلقع) کہا جاتا ہے "دارٌ بلقعٌ" خالی مکان۔
البَلقع والبلقعۃ - خالی زمین - ج بلاقع (البلقع والمرأۃ البلقعۃ) ہر خیر سے خالی عورت۔
البَلقعیّ: صاف - کہا جاتا ہے "سہم او سنان بلقعی" یعنی صاف پھل والا تیر یا نیزہ۔
بَلَّمَ: الرجلُ: برائی بیان کرنا۔
اُبلِمَّت: شفتۃُ: سوجے ہوئے ہونٹ والا ہونا - صفت (اَبلَم) البلمۃ: ہونٹ کی سوجن
البَلَم: ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔
البلماء: پورے چاند کی رات۔
بَلِہَ (س) بَلَہًا وبَلَاھۃً ضعیف العقل ہونا - کمزور رائے والا ہونا - صفت (اَبلہ) مونث بلہاء ج بُلہ۔
اَبلَہَ - الرجلَ: بیوقوف پانا۔

تَبَلَّہَ: بیوقوف ہونا - حجت میں عاجز ہونا۔ — الطریقَ: بغیر رہنمائی اور پوچھ پاچھ کے چلنا - گم شدہ چیز کو ڈھونڈھنا۔
بَالَہَ: فریب دینا۔
تَبَالَہَ: بتکلف بیوقوف بننا۔
بَلہَ: چھوڑ دے (اسم فعل ہے)
بُلَہْنِیۃ: العیش: زندگی کی فراخی و آسودگی۔
بَلہَسَ - تیز چلنا۔
بَلہَصَ - خوف سے بھاگنا۔
بَلَا (ن) بَلْوًا وبَلَاءً - الرجلَ: آزمانا - تجربہ کرنا - امتحان لینا۔
بَلِیَ (س) بِلًی وبَلَاءً - الثوبُ: بوسیدہ ہونا - صفت (بالٍ وبَلِیٌّ)
بَلّی تبلیۃ - واَبلی اِبلاءً - الثوبَ: بوسیدہ کرنا۔
بَالی مُبالاۃً وبلاءً وبَالۃً وبالاً - الامرَ وبالامر: پروا کرنا۔
بَالاہ: مقابلہ پر فخر کرنا - ایک دوسرے کو گھٹانا۔
اَبلی - فلانًا عذرہ: کسی کے سامنے عذر پیش کرنا اور اس کا قبول کرنا - ملامت زائل کرنے کیلئے عذر بیان کرنا — فی الحرب بلاءً حسنًا: میدان جنگ میں شجاعت ظاہر کرنا۔
— ہ یمینًا: قابل اطمینان قسم کھانا۔
تَبَالاہ: آزمائش کرنا۔
اِبتلی - قسم کھلانا — ہ: آزمائش کرنا۔ — الشئَ: پہچاننا۔
اِستبلی - ہ: آزمائش کرنا۔
اِبلولی - العُشبُ: دراز ہونا۔
البَلوی والبلوۃ والبِلیۃ والبلیّۃ مصیبت - آزمائش - ج بلایا۔
البلاء - غم جو جسم کو گھلا دے - آزمائش خواہ خیر سے ہو یا شر سے۔
البِلو والبِلی و: پرانا، بوسیدہ - کہا جاتا ہے

هُوَ بِلْوُ اَسْفَارٍ وَبِلِيُّهَا" وہ سفر اور تجربہ میں پرانا
ہوا ہے۔ یعنی بڑا تجربہ کار ہے" وَہُوَ بِلْوُ شَرٍّ وَبِلِيُّهُ"
وہ شر میں مبتلا ہے اور اس پر غالب ہے۔ ج اَبْلَاء۔
اَلْبَلِيَّةُ۔ وہ اونٹنی جس کو اس کے مالک
کی قبر پر زمانۂ جاہلیت میں باندھ دیا کرتے تھے
اور چارہ پانی کچھ نہیں دیتے تھے یہاں تک
کہ وہ مرجاتی تھی۔
اَلْمُبَلِّيَات: میت کے تابوت کے ارد
گرد نوحہ کرنے والی عورتیں۔
بَلٰی: حرف تصدیق ہے بمعنی ہاں۔ اکثر
استفہام کے جواب میں واقع ہوتا ہے۔ اور
ایجاب کیلئے مختص ہے خواہ اس سے پہلے
مثبت ہو یا منفی۔ جیسے "اَقَامَ زَیْدٌ" کیا زید کھڑا
ہوا۔ اس کے جواب میں "بَلٰی" کا مطلب ہے کہ
ہاں کھڑا ہوا۔ "اَمَا قَامَ زَیْدٌ" کیا زید نہیں کھڑا ہوا
اس کے جواب میں "بَلٰی" کا مطلب یہ ہے کہ
ہاں کھڑا ہوا۔
اَلْبَمُّ۔ مِنَ الْعُوْدِ: بربط کا موٹا تار بربط کی
موٹی آواز۔ ج بُمُوْم (جدید)
بَمَّ (ض) بَمًّا وَاَبَمَّ۔ بِالْمَكَانِ: اقامت
کرنا۔ اَبَمَّتِ السَّحَابَةُ: کئی روز تک برسنا۔
بَنَّنَ: الشَّاةَ: بکری کو موٹا کرنے کیلئے
باندھنا۔
تَبَنَّنَ: جلدی نہ کرنا۔
اَلْبَنَان: پورے۔ انگلیوں کے اطراف
انگلیاں۔
اَلْبَنَانَة۔ البنان کا واحد۔ انگلی۔ اوپر
کا پورا۔ ج بَنَانَات۔
اَلْبُنَانَة: سرسبز باغ۔
اَلْبُنّ۔ ایک درخت کا دانہ ہے جس
سے قہوہ بنایا جاتا ہے۔
مَكَانٌ (بَنٌّ) بدبودار جگہ۔ اَلْبِنُّ: چربی فربہی
اَلْبِنَّة: خواہ اچھی ہو یا بری۔
اَلْبَنِيْن: موٹا۔ دور اندیش، عاقل۔
بَنَّتَ۔ عَنْهُ: خبر دریافت کرنا ۔۔ هٗ بِكَذَا:

خاموش کردینا۔
بَنَجَ (ن) بُنُوْجًا۔ اصل کی طرف لوٹنا۔
بَنَّجَهٗ: بھنگ پلا کر سلا دینا۔
اَلْبَنْج: بھنگ۔
اَلْبِنْج: اصل۔ جڑ۔
اَلْبَنْجَكُشْت: لونگ۔ (جدید)
اَلْبَنْجَرَة۔ توپ کا دہانہ ج بَنَاجِر (جدید)
اَلْبَنْد: بڑا جھنڈا۔ جھیل۔ کتاب کی فصل
یا فقرہ۔ قید۔ حیلہ۔ ج بُنُوْد۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ
كَثِيْرُ الْبُنُوْدِ" فلاں بہت حیلوں والا ہے۔ (جدید)
اَلْبَنْدَر۔ بندرگاہ۔ سمندر کے کنارے کا شہر
شہر میں تاجروں کے قیام کی جگہ ج بَنَادِر (جدید)
(اَلشَّاهْ بَنْدَر) سوداگروں کا رئیس۔
بَنْدَقَ۔ اِلَيْهِ: تیز نظر ڈالنا۔
اَلْبُنْدُق۔ بندوق کی گولی۔ ایک درخت
کا نام۔ واحد بُنْدُقَة۔ بندق درخت کا پھل
اَلْبُنْدُقِيَّة۔ بارود۔ اٹلی کے ایک شہر
کا نام۔
بَنِسَ (س) بَنْسًا وَاَبْنَسَ۔ برائی سے
گریز کرنا۔
بَنَّسَ: عَنْهُ: پیچھے ہٹنا۔
اَلْبِنْصِر۔ چھنگلیا اور بیچ کی انگلی کے
درمیان کی انگلی۔ ج بَنَاصِر (مؤنث) خِنْصِر۔
اَلْبَنَفْسَج: بنفشہ (اَلْبَنَفْش)
بَنَقَ (ن) بَنْقًا وَاَبْنَقَ وَبَنَّقَ۔ اِلَيْهِ:
پہنچنا۔ بَنَّقَ الْكَلَامَ: جمع کرنا۔ درست کرنا۔
۔۔ الْكَذِبَ: گھڑنا ۔۔ بِالْمَكَان: اقامت
کرنا ۔۔ الشَّيْءَ: کسی چیز کا قلادہ ڈالنا ۔۔
ظهره بالسوط: زخمی کرنا ۔۔ الْقَمِيْصَ:
گریبان لگانا۔
اَلْبَنِيْقَة وَالْبَنِقَة: گریبان۔
طَرِيْقٌ (مُبَنَّقٌ) کشادہ راستہ۔
اَلْبُنْقُوْس۔ خربوزہ کا شگوفہ ج بَنَاقِيْر
بَنَكَتِ الْجَارِيَتَانِ: قبیلہ سے باہر ہو کر
دونوں کا ایک دوسرے کو اپنے اپنے قبیلہ کی

خبر بتانا۔
تَبَنَّكَ۔ بِالْمَكَانِ وغیرہ: اقامت کرنا۔
۔۔ فِي عِزِّهٖ: جاگزیں ہونا۔
اَلْبُنْك: جڑ۔ رات کا حصہ۔ کہا جاتا ہے۔
"مَضٰى بُنْكٌ مِنَ اللَّيْلِ" رات کا حصہ گزر گیا۔
اَلْبَنْك: بینک۔ ج بُنُوْك (اس کی
عربی مصرف ہے۔
اَلْبَنَام: پورا (بنان کے نون کو میم سے
بدل لیا گیا ہے)
بَنٰى (ض) بَنْيًا وَبِنَاءً وَبُنْيَانًا وَ
بِنْيَةً وَبِنَايَةً۔ اَلْبَيْتَ: تعمیر کرنا ۔۔
الْاَرْضَ: آباد کرنا۔ مکانات بنانا ۔۔ عَلٰى
اَهْلِهٖ وبها: پہلی رات میں بیوی کے پاس جانا
۔۔ الرَّجُلَ: بہتر سلوک کرنا ۔۔ الطَّعَامُ
بَدَنَهٗ: موٹا کرنا ۔۔ الْكَلِمَةَ: مبنی بنانا ۔۔
عَلٰى كَلَامِهٖ: کسی کے کلام کی نقل کرنا۔
بَنَّاهُ تَبْنِيَةً۔ بنانا۔ تشدید کثرت کیلئے ہے۔
اَبْنَاهُ۔ عمارت بخشنا۔ یا سامان تعمیر دینا۔
مکان بنوانا۔
بَانَاهُ۔ تعمیر میں مقابلہ کرنا۔
تَبَنّٰى۔ هٗ: بیٹا بنانا ۔۔ الرَّجُلُ: بنے
ہوئے گھر کی مانند ہونا۔ اسی سے ہے "اِذَا جَلَسَتْ
تَبَنَّتْ" یعنی جب بیٹھتی ہے تو گھر کے مانند
معلوم ہوتی ہے۔
اِبْتَنٰى۔ بَيْتًا: بنانا ۔۔ الرَّجُلُ: بیٹوں
والا ہونا ۔۔ الرَّجُلَ: احسان و سلوک کرنا۔
۔۔ عَلٰى اَهْلِهٖ وبها: پہلی رات میں بیوی کے
پاس جانا۔
اِسْتَبْنٰى۔ الْمَنْزِلَ: گرا کر بنانا ۔۔
الرَّجُلُ: دلہن لانا۔
اَلْبِنَاء: عمارت۔ ج اَبْنِيَة جمع الجمع اَبْنِيَات۔
اور کہا جاتا ہے "مَبْنَاءٌ عَلَيْهِ" نصب کے ساتھ
اس وجہ سے کہ مفعول لہٗ ہے۔
اَلْبِنَايَة: مع۔ شرف۔
اَلْبُنْيَة وَالْبِنْيَة۔ عمارت۔ ج بُنًى وَبِنًى

والبِنیۃ: ڈھانچہ۔ شکل۔ فطرت۔ کہا جاتا ہے "فلان صحیح البنیۃ" فلاں صحیح الفطرت ہے
بِنیۃ الکلمہ: صیغہ اور مادہ۔
البُنیان۔ مص۔ عمارت۔ کہا جاتا ہے۔ "کانہم البنیان المرصوص" گویا وہ لوگ مضبوط عمارت کی مانند ہیں۔
البانی: فا۔ ج بُناۃ۔ مونث بانیۃ ج بوانی
البوانی۔ سینہ کی پسلیاں۔ اونٹنی کی ٹانگیں اور اسی سے ہے "بنی البیت علی بوانیہ" اسنے گھر کو اس کی بنیاد پر بنایا۔
البنّا۔ معمار ج بنّاؤون۔
الابن۔ بیٹا۔ ج بنون وابناء۔ تصغیر بُنیّ اور نسبت کیلئے ابنی اور بنوی (اصل کے لحاظ سے اور ہمزہ وصل کو ساقط کرکے) مونث ابنۃ۔
ابن السبیل: مسافر۔ ابن جلا: مشہور آدمی۔
ابن لیلہا: بڑے کام والا۔ ابن ذکاء: صبح
ابن الطود: آواز بازگشت۔ "ہو ابن یومہ" وہ ایسا شخص ہے جو کل آئندہ کی فکر نہیں کرتا۔ "ہو ابن بطنہ" وہ ایسا شخص ہے جس کو ہمیشہ اپنے پیٹ ہی کی فکر رہتی ہے۔
الابنم۔ بیٹا۔ میم زائد ہے اور اعراب میں نون میم کے تابع رہتا ہے۔
البنت: ج بنات: بیٹی۔ اور نسبت کیلئے بنتی و بنوی۔ بنت الشفۃ: کلمہ ۔۔۔ الارض: کنکری ۔۔۔ الیمن: قہوہ ۔۔۔ العین: آنسو ۔۔۔ العنقود والکرم: شراب۔ بنات الدہر و بنات طبق: سختیاں۔ بنات اللیل و بنات الصدر: افکار۔ بنات اخدر: جنگلی گدھے۔
بنات المثال: عورتیں۔ بنات الارض چھوٹی چھوٹی ندیاں۔
بنات نعش الکبرٰی: سات ستارے جو قطب شمالی کی جانب دکھائی دیتے ہیں۔ اور اسی کے مانند بنات نعش الصغرٰی ہیں۔
البنیّۃ: عمارت۔ خانہ کعبہ۔ (البنیۃ الخضراء) آسمان۔

بُنیّات الطریق: چھوٹے چھوٹے راستے جو بڑے راستے سے نکلے ہوں۔ اور اسی سے ہے "دع بنیات الطریق" یعنی اپنے اوپر بڑے بڑے امور کو لازم سمجھو اور مکر و فریب کو چھوڑ دو۔
المبانی۔ شرافتیں۔ حروف المبانی: حروف تہجی۔
البُنوّۃ۔ فرزندی۔
بہأ (ف) وبہِیءَ (س) وبہُؤ (ک) بہأ وبہاءً وبُہوءًا۔ بہ: مانوس ہونا ۔۔۔ لہ: سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "ما بہات لہ" "وما بأہت لہ" میں نے اس کو نہیں سمجھا۔
بہأ (ف) بہأً وابہأ۔ البیت: سامان سے خالی کرنا۔
ابتہأ۔ بہ: مانوس ہونا۔
بہِت (س) وبہُت (ک) وبُہِت بَہتًا وبُہتًا۔ ہکا بکا رہنا۔ متحیر ہو کر خاموش ہونا (مجہول افصح اور مشہور ہے۔
بہَتَ (ف) بہتًا۔ اچانک پکڑنا۔ (۔۔۔ ہ بُہتًا وبُہتانًا) تہمت لگانا۔ صفت (بہّات) و (بہوت) ج بُہُت۔
بہّت وباہت۔ جھوٹی تہمت لگا کر ہکا بکا کر دینا۔ باہت الرجل: بہتان لگانا۔
البہیتۃ: حیرانی (۔۔۔ والبہت والبہتان) جھوٹ تہمت۔
البہوت: جھوٹی تہمت لگا کر ہکا بکا کر دینے والا۔ ج بُہُت۔
البہت والبہتان: جھوٹ۔
البُہتُر: پست قد۔ ج بہاتِر۔
البہترۃ: جھوٹ۔
البُہتۃ: جنگلی گائے۔
بہَثَ (ف) بہثًا۔ الیہ: کشادہ روئی سے پیش آنا۔
بہجَ (ف) بہجًا وابہج۔ خوش کرنا
بہِجَ (س) بہجًا۔ بہ: خوش ہونا۔ صفت (بہج و بہیج)

بہُجَ (ک) بہاجۃً وبہجانًا: خوبصورت ہونا۔ صفت مذکر (بہیج) وصفت مونث (مبہاج)
بہّج۔ خوبصورت بنانا۔
باہج۔ خوبصورتی میں مقابلہ کرنا اور فخر کرنا
ابہج وتباہج۔ المکانُ: سرسبز ہونا۔
ابتہج وتبہّج وتباہج واستبہج۔ بہ: خوش ہونا۔ تبہّج: خوبصورت ہونا۔
البہجۃ: خوبصورتی۔ تروتازگی۔ خوشی یا ظہور خوشی۔
البہج۔ خوش۔
البواہل: بلائیں۔ سختیاں۔
البہدل: بجو کا بچہ۔ البہدلۃ: پستان کی جڑ۔
بہَرَہ (ف) بہرًا: غالب ہونا۔ فضیلت میں بڑھ جانا ۔۔۔ فلانًا: بہتان لگانا ۔۔۔ الحمل فلانًا: بوجھ کی وجہ سے ہانپنے لگنا۔
۔۔۔ الرجل: ہمسروں سے فائق ہونا (۔۔۔ القمر: ستاروں کی روشنی پر غالب ہونا (۔۔۔ بہرًا وبہورًا) الشمس: روشن ہونا۔
بُہِرَ وانبہر۔ سخت دوڑنے سے ہانپنا۔ صفت (بہیر و مبہور) وابتہر: پوری کوشش کرنا۔
باہرہ مباہرۃ وبہارًا۔ فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
ابہر۔ عجیب کام کرنا۔ فقیری کے بعد مالدار ہونا۔ دوپہر کی گرمی میں داخل ہونا۔ متلون الاخلاق ہونا۔
ابتہر۔ پوری پوری کوشش کرنا۔ جھوٹا دعوی کرنا ۔۔۔ ہ: واقعی عیب لگانا ۔۔۔ السیفُ: تلوار کے دو ٹکڑے ہونا۔
ابہارّ۔ اللیلُ او النہارُ: آدھا ہونا ۔۔۔ علینا اللیلُ: رات کا دراز ہونا (۔۔۔ واستبہر) اللیلُ: رات کا بہت تاریک ہونا۔
تبہّر۔ الاناءُ: برتن کا بھر جانا ۔۔۔ السحابۃُ: بادل کا چمکنا۔

البُہْرُ: تھکن سے ہانپنا۔ کہا جاتا ہے "بُہْرًا لہ: اس کیلئے ہلاکت ہو۔ لیلۃ البُہْر: مہینے کی ساتویں آٹھویں نویں رات۔

البُہْرَۃ: من المکان والزمان: وسط۔ درمیان۔

البَہَار: خوبصورتی۔ ایک قسم کا خوشبودار پھول جس کو "عین البقر" (گاو چشم) بھی کہتے ہیں

البُہَار۔ بُت۔ ابابیل۔ دھنی ہوئی رُوئی۔ ایک قسم کی سفید مچھلی۔

البَہِیْرَۃ۔ موٹے سرینوں والی شریف عورت۔ ج بَہَائِر۔

الاَبْہَر: پیٹھ۔ کہا جاتا ہے "فلان شدید الابہر" فلاں مضبوط پیٹھ والا ہے۔ گردن کی شہ رگ۔ و (الابہران) دو رگیں ہیں جو قلب سے نکلتی ہیں اور انہی سے ساری شریان جسم میں پھیلی ہوئی ہیں اور اسی سے ہے "مازال یراجعہ الالم حتی قطع اَبْہَرَہٗ" اسکو تکلیف بار بار ہوتی رہی یہانتک کہ اُسے ہلاک کر دیا۔

البَہْوَر: شیر

الاَبَاہِر: پرندوں کے پر جو خوافی اور کُلی کے درمیان ہوتے ہیں۔ پہلے پروں کو قوادِم کہتے ہیں پھر اس کے بعد والوں کو مناکب اس کے بعد والوں کو اَبَاہر اور بالکل اخیر والوں کو کُلی کہتے ہیں

الحقین - روکا ہوا۔ کہا جاتا ہے "سقاہ اللبن الحقین" اس نے اس کو مشکیزہ میں جمع کیا ہوا دودھ پلایا۔ ج حقنیٰ۔
المحقن والمحقنة - حقنہ کی پچکاری
المُحقن: وہ مشکیزہ جس میں دودھ جمع کیا جائے
المحقان - پیشاب روکنے والا۔ عوام المُحقن اور المحقان کو پانی کی ٹنکی کے لئے استعمال کرتے ہیں۔
حَقاہ (ن) حقوا - کوکھ پر مارنا۔
حُقِی - درد کمر والا ہونا۔ گوشت کھانے سے درد شکم والا ہونا۔ صفت (محقو و محقی)
تحقّی - درد کمر والا ہونا۔
الحقو - کوکھ - ازار - پہاڑ کا کنارہ - ج حِقاء واحقٍ واَحقاء وحُقِیّ - کہا جاتا ہے - "لاذ بحقوہ" اس نے اس سے فریاد رسی کی۔
الحقاء والحقوة - ازار یا ازار باندھنے کی جگہ - گوشت کھانے سے پیٹ کا درد۔
حکّ (ن) حکّا - الشیءَ بالشیءِ او علیہ: رگڑنا۔ گھسنا — الشیءَ: چھلکا اتارنا۔
(— واحکّ واحتکّ) الکلام فی صدرہ: دل میں اثر کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "ماحکّ فی صدری کذا" میرے دل میں یہ بات نہیں اُتری۔
حکّکہ واحکّہ احکاکا واحتکّہ واستحکّہ - راسہ: کھجلانا - واحتک بالشیءِ: کسی چیز کے ساتھ لازم ہونا۔
حاکّہ محاکّة وحکاکا - الرجلَ: برابری کرنا۔ مقابلہ کرنا۔
تحکّک - بہ: درپے برائی ہونا۔ امثلہ عرب میں سے ہے "تحککت العقرب بالحیۃ" اس کے حق میں بولتے ہیں جو اپنے قوی سے جھگڑا کرے۔
تحاکّا - ایک دوسرے کو کھجلانا۔ باہم مقابلہ کرنا۔
الحِکّ - شک۔ (— والحِکاک) خارشتی اونٹ کے کھجلانیکے لئے درخت کا تنہ۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ حِکُّ او حِکاکُ شرٍّ" فلاں شر کے اوپر غالب ہے وہ بہت اس سے مقابلہ کرتا ہے۔
الحُکّ - جہاز رانوں کا قطب نما (مولدة)
الحکاکات - وسوسے - واحد (حکاکة)
الحکّک - رخام کی مانند سفید پتھر - مونڈھے ہلاتے ہوئے چلنے والی عورت کی مانند رفتار۔
الحکّکة - نرم پتھروں والی زمین۔
الحُکُک - برائی والے۔ حاجات کے طلب کرنے میں اصرار کرنے والے۔ واحد (حاکّ)
الحِکّة - حک کا اسم - خارش کھجلی - حکة الانف: ایک قسم سوزش جو ناک میں ٹھنڈی ہوا کے پہونچنے سے ہوتی ہے اور اسکا اثر دماغ تک ہوتا ہے۔ اور آنکھوں میں آنسو آجاتے ہیں
شک۔
الحاکّة - دانت - کہا جاتا ہے "ما بقی فی فمہ حاکّة" اس کے منہ میں دانت نہیں۔
الحُکاک - سودا - ایک قسم کا مرض جس میں کھجلی ہوتی ہے۔
الحُکاکة - وہ جو کسی چیز کے رگڑنے سے گرے۔
الحکیکة: پہیلی - ج حکیکات۔
الاحکاک - ہم کفو لوگ - کہا جاتا ہے۔ "لست من احکاکہ" یعنی تو اس کے مردوں میں سے نہیں۔
الاحکّ - دانتوں سے خالی منہ والا۔
ترشا ہوا کھر۔
الحکّاک - بہت رگڑنیوالا۔ امتحان کے لئے سونے کو رگڑنے والا۔
المحکّ - کسوٹی۔
المُحکّک - مفع - الجذل المحکک: خارشتی اونٹ کے کھجلانیکے لئے درخت کا تنہ۔ کہا جاتا ہے "انا جذیلُھا المحکک وعذیقھا المرجّب" یعنی میری رائے سے شفا حاصل کی جاتی ہے جیسے اونٹ تنہ سے شفا حاصل کرتا ہے۔
حکَأ (ف) حکأ واحکأ واحتکأ - العقدةَ: باندھنا - احتکأت العقدةُ: سخت ہونا۔ کہا جاتا ہے "احتکأ الشیءُ فی صدری" میرے دل میں جاگزیں ہوگیا۔ پس مجھے شک نہیں۔
الحُکأة والحُکاة - ٹڑا گرگٹ۔
حکَدَ (ض) حکدا - الی اصلہ: رجوع کرنا۔
احکَدَ وحاکَدَ - الیہ: واپس ہونا اور بھروسہ کرنا۔
حکَرہ (ض) حکرا - گھٹانا۔ ظلم کرنا۔ بری معاشرت اختیار کرنا۔ زندگی بسر کرنے میں تنگی ومشقت ڈالنا۔
حکِر (س) حکرا - اصرار کرنا۔ صفت (حکِر) — بالامر: خودسر ہونا۔
حاکرہ محاکرة - جھگڑا کرنا۔
تحکّر واحتکر - الشیءَ: مہنگا بیچنے کے لئے روک رکھنا و تحکر علیہ: افسوس کرنا۔
الحکَر - مص - (— والحُکر) تھوڑا پانی یا کھانا چھوٹا پیالہ۔
الحکر والحُکر - گراں بیچنے کیلئے روکی ہوئی چیز۔ تھوڑا کھانا یا دودھ۔
الحُکرة - غلہ کی بندش۔
الحاکورة - پائیں باغ۔ (عامیہ)
حکَشَ (ض) حکشا - الرجلُ: سمٹنا۔

—— الشیٔ: جمع کرنا —— الرجلَ: ظلم کرنا۔

الحَکِیص۔ وہ شخص جس سے لوگ بدگمان ہوں۔

حَکَفَ (ض) حُکُوفاً۔ الرجلُ: کام میں سست ہونا۔

حَکَلَ (ن) حَکْلاً و اَحْکَلَ و اِحْتَکَلَ۔ الامرُ علیہ: دشوار و مشتبہ ہونا۔

تَحَکَّلَ۔ جہالت سے اصرار کرنا۔

الحُکْل۔ وہ جس کی آواز سنائی نہ دے کہا جاتا ہے "تکلّمَ کلامَ الحُکْل" اُس نے غیر مفہوم گفتگو کی۔

الحَکَل۔ فی الفرس: گھوڑے کے ٹخنوں کا ڈھیلا پن۔

الحُکْلَۃ۔ کلام میں لکنت۔ کہا جاتا ہے "فی لِسانِہٖ حُکْلَۃ" اُس کی زبان میں لکنت ہے۔ جہالت کی وجہ سے اصرار۔

حَکَمَ (ن) حَکْماً۔ لوٹنا۔ واپس ہونا۔ کہا جاتا ہے "احکمہ فحکم" اس نے اسکو واپس کیا اور وہ واپس ہو گیا —— الفرسَ: گھوڑے کے منہ میں حکمہ لگانا (دیکھئے لفظ حکمہ) —— ہ عن کذا: منع کرنا۔ باز رکھنا۔

حَکُمَ (ک) حِکْمَۃً۔ دانا ہونا۔

حَکَّمَہٗ۔ حاکم بنانا۔ حکمہ فی الامر: فیصلہ کرنے کیلئے سپرد کرنا —— عن کذا: لوٹانا اور منع کرنا۔

حَاکَمَہٗ۔ جھگڑا کرنا۔ حاکمہ الی الحاکم: جھگڑے کو حاکم کے سامنے لیجانا۔

اَحْکَمَ۔ الشیٔ: مضبوطی سے کرنا۔ اَحْکَمَتْہُ التجاربُ: دانا و عقلمند بنا دینا۔ اَحْکَمَ السَفِیْہَ: کسی بُرے کام کے کرنے سے ہاتھ پکڑ لینا یا بُرے انجام کو جتا دینا —— ہ عن الامر: رد کرنا منع کرنا —— الفرسَ: گھوڑے کے مُنہ میں حکمہ لگانا۔ (دیکھیے الحکمہ)

تَحَکَّمَ۔ فی الامر: بغیر وجہ ظاہر ہوئے اپنی رائے سے فیصلہ کرنا۔ حکم جاری کرنا۔ خواہش کے مطابق تصرف کرنا۔

اِحْتَکَمَ۔ فی الامر: پیچ منظور کرنا —— النّاسُ الی الحاکم: مقدمہ لیجانا —— علی فلان: ارادہ کے موافق طلب کرنا —— فی الشیٔ: خواہش کے مطابق تصرف کرنا —— الامرُ: مضبوط ہونا۔

تَحَاکَمُوا۔ الی الحاکم: مقدمہ لیجانا۔

اِسْتَحْکَمَ۔ الامرُ: مضبوط ہونا —— علیہ الکلامُ: مشتبہ ہونا۔

الحُکْم۔ مص۔ فیصلہ۔ اَحْکام۔

الحَکَم۔ حکم جاری کرنے والا۔ حاکم۔ فیصلہ کرنیوالا۔ سرپنچ (مفرد و جمع دونوں کیلئے مستعمل ہے) رجلٌ "حَکَمٌ"۔ عمر رسیدہ مرد۔

الحِکْمَۃ۔ انصاف۔ علم۔ برد باری۔ فلسفہ۔ حق کے موافق گفتگو۔ کام کی درستی ج حِکَم۔

الحَکَمَۃ۔ لگام کا وہ حصہ جو گھوڑے کے دونوں جبڑوں کی جانب ہو —— من الانسان: چہرے کا سامنے کا حصہ۔ قدر و منزلت۔

الحُکُومَۃ۔ مص۔ گورنمنٹ۔

الحَاکِم۔ قاضی۔ حکم نافذ کرنے والا۔ ج حُکّام و حَاکِمُون۔

الحَکِیم۔ دانا۔ عالم۔ ج حُکَمَاء۔ مؤنث حَکِیمَۃ۔ قصیدۃ حکیمۃ: دانائی آمیز قصیدہ الحکیم: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

الاُحْکُومَۃ۔ تحکم فی الامر کا اسم۔

المَحْکَمَۃ۔ کچہری۔ ج مَحَاکِم۔

المُحْکَم۔ مفع۔ آزمودہ (—— والمُحَکَّم) اپنے نفس کے ساتھ انصاف کرنیوالا۔

حَکَیٰ (ض) حِکَایَۃً۔ عنہ الکلامَ: نقل کرنا —— الخبرَ: بیان کرنا —— فلاناً: مشابہ ہونا —— الشیٔ: مشابہ بنانا۔ حکی علیہ: چغل خوری کرنا —— العقیدۃَ: باندھنا۔

اَحْکَیٰ اِحْکَاءً۔ العقدۃَ: باندھنا۔

حَاکَیٰ مُحَاکَاۃً۔ ہ: مشابہ ہونا۔

اِحْتَکَیٰ اِحْتِکَاءً۔ الامرُ: مضبوط ہونا۔

الحَکِیّ۔ چغلخور۔ (مذکر و مؤنث)

حَلَّ (ن) حَلّاً۔ العقدۃَ: کھولنا۔

اِنْحَلَّتِ۔ العقدۃُ: کھل جانا۔

حَلَّ (ن ض) حُلُولاً۔ علیہ امرُ اللہ: واجب ہونا۔

حَلَّ (ن ض) حَلّاً و حَلَلاً و حُلُولاً المکان و بالمکان: نازل ہونا —— بہٖ فی المکان: اتارنا۔

حَلَّ (ض) حِلّاً۔ الشیٔ: حلال ہونا۔ —— الدینُ: ادائگی کا وقت پہنچنا۔ الیمینُ: قسم پوری ہونا —— الرجلُ: احرام سے نکلنا۔

حُلَّ۔ الجامدُ: پگھلایا جانا —— المکانُ: آباد ہونا۔

حَلَّ (س) حَلَلاً۔ پاؤں یا ٹخنے میں ڈھیلا پن ہونا۔ صفت (اَحَلّ) ج حُلٌّ۔

حَلَّلَ تَحْلِیلاً و تَحِلَّۃً و تَحِلّاً۔ الشیٔ: حلال ٹھہرانا —— الیمینَ: کفارہ ادا کرنا۔ حَلَّلَہٗ بالمکان: اُتارنا۔

اَحَلَّ اِحْلَالاً۔ عہد و میثاق سے آزاد ہونا —— المُحْرِمُ: احرام سے نکل جانا۔ اشہر حرم کے علاوہ مہینوں میں داخل ہونا —— بنفسہٖ: مستحق سزا ہونا۔ اَحَلَّہٗ بالمکان او المکانَ اتارنا —— الشیٔ: حلال کرنا —— علیہ الامرَ: واجب کرنا —— النّاقۃُ علی ولدہا: دودھ جاری ہونا۔

اِنْحَلَّ۔ کھل جانا۔

تَحَلَّلَ۔ فی یمینہٖ: شرطیہ قسم کھانا۔ جیسے وَاللہ لافعلن ذلک ان شاء اللہ۔ یا۔ الا ان یکون کذا —— من یمینہٖ: کفارہ ادا کرکے آزاد ہو جانا۔ تَحَلَّلَہٗ: حلال کر دینے کو چاہنا۔

اِحْتَلَّ۔ المکان —— بالمکان: اترنا۔ اور ایسا ہی کہا جاتا ہے۔ اِحْتَلَّ القومَ و بالقومِ، وہ قوم کے پاس اترا۔

اِسْتَحَلَّ۔ الشیٔ: حلال سمجھنا۔ یا حلال

کرلینا۔ اِسْتَحَلَّ الشَّیْءَ: حلال ٹھہرانے کی اجازت چاہنا۔

الحَالّ۔ فا۔ ج حُلَّل وحُلُول وحُلَّال۔ و (الحَلَّال) حَالّ کا اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے۔ "فُلَانٌ حَلَّالٌ لِلْعُقَدِ کافٍ لِلْمُهِمَّات" فلان گرہوں کا بڑا کھولنے والا اور مشکلات کیلئے کافی ہے۔

الحَلّ۔ تِل کا تیل۔

الحِلّ۔ مص۔ حلال۔ مکہ معظمہ کے اردگرد حرم محترم کے علاوہ جگہ۔ کسی جگہ میں اُترنے والا۔ جیسے "مَا نَزَلْتُ حِلًّا بِهٰذَا البلد" میں ہمیشہ اس شہر میں اُترنے والا ہوں۔ والاشهر الحِلّ: اشہر حرم کے علاوہ مہینے۔ الحِلّ: نشانہ۔ جس پر تیر اندازی کی جائے۔ قسم سے بری ہونا۔

الحِلّ والحُلّ۔ احرام سے نکلنے کا وقت کہا جاتا ہے "فعله فی حِلّه وحُرْمه" اس نے اُس کو احرام میں اور احرام سے نکلنے کے وقت کیا۔

الحَلَّة۔ حلول کا اسم مرۃ۔ نرکل کا بنا ہوا بڑا ٹوکرا۔ (ہ ــــ والمَحِلَّة) اُترنے کی جگہ مجلس جمع ہونے کی جگہ ــــ من الشیءِ: جہت وجانب ج حِلَل وحِلَال۔ اور کہا جاتا ہے "فیه حَلَّة اَوْ حِلَّة" اس میں کمزوری ہے۔ الحِلَّة: اترنے کی ہیئت۔ نازل ہونے والی قوم جو بہت زیادہ ہو۔ کہا جاتا ہے "حَیٌّ حِلَال" اترنے والا قبیلہ جن کے اندر بہت کثرت ہے۔

الحُلَّة۔ نیا کپڑا۔ کپڑوں کا جوڑا۔ ہتھیار۔ کہا جاتا ہے "لَبِسَ الحَارِبُ حُلَّتَه وبِزَّتَه" جنگ کرنے والے نے اپنا لباس اور ہتھیار استعمال کیا۔ ج حُلَل وحِلَال۔

الحَلَّالَة۔ چرخہ (مولدة)

الحَلَال۔ ضد حرام۔ احرام سے نکلنے والا والسحر الحلال: تعجب انگیز امور جن سے عقل حیران ہو جائے۔ الحلو الحلال: کلام جس میں شک نہ ہو۔

الحِلَال۔ ضد حرام۔ کجاوہ کا سامان۔ عورتوں کی ایک سواری۔

الحَلِیْل۔ حلال۔ شوہر (ــــ والحَلِیْلَة) بیوی۔ الحلیل: گھر میں ایک ساتھ رہنے والا ج اَحِلَّاء مؤنث حَلِیْل وحَلِیْلَة ج حَلَائِل۔

الاَحَلّ۔ ٹانگوں میں کمزوری والا۔ مؤنث حَلَّاء ج حُلّ۔

الإحْلَال۔ افعال حج سے فراغت۔

الإحْلِیْل۔ پیشاب نکلنے کا سوراخ۔ پستان میں دودھ نکلنے کا سوراخ۔ ج اَحَالِیْل

التَّحِلَّة۔ قسم کا کفارہ۔ یا قسم میں استثناء۔

التَّحْلِیْل۔ بمعنی الاحلیل۔

المَحَلّ۔ اترنا۔ اترنے کی جگہ۔ ج مَحَالّ۔

مَحِلّ۔ الدَّیْن: ادائیگی قرض کا وقت۔

المُحِلّ۔ فا۔ رجل مُحِلّ: حرم کی پردہ دری کرنے والا۔

المَحَلَّة۔ اُترنے کی جگہ (المَحِلَّتان) ہانڈی چکی (المحِلّات) ہانڈی چکی ڈول۔ مشک پیالہ چھری۔ کلہاڑی۔ اس لئے کہ جس کے پاس یہ سب چیزیں ہوں گی وہ ہر جگہ اتر سکتا ہے۔

المُحَلَّل۔ مفع۔ ماء مُحَلَّل: اونٹوں کے اُترنے سے گدلا پانی۔ مکان مُحَلَّل: وہ جگہ جہاں کثرت سے لوگ اُتریں، روضة او مکان مِحْلال: باغ یا مکان جہاں کثرت سے لوگ اتریں۔

حَلَأَه (ف) حَلْأً۔ بالسیف: تلوار سے مارنا ــــ ہ بالسوط: کوڑے سے مارنا ــــ بہ الارضَ: پچھاڑ دینا۔ حَلَأَه الشیءَ: دینا۔ حَلَأَ الجلدَ: کھال اُتارنا (حَلَأَه وأحْلَأَه) کسی کو سرمہ یا انجن لگانا۔ حَلَأَ لَه حَلُوْءًا: کسی کے لئے سرمہ یا انجن رگڑنا۔

حَلِئَ (س) حَلَأً۔ الادیم: کھال اُتارتے ہوئے چھری لگ کر خراب ہونا۔ حَلِئَتِ الشَّفَة: ہونٹ پر چھالا پڑ جانا۔

حَلَّأَه تَحْلِیْئًا وتَحْلِئَةً۔ عن الماء: دھتکارنا۔ پانی پر اُترنے سے روکنا ــــ ہ الشیءَ: دینا۔

الحُلُوْء والحُلَاءَة۔ سرمہ۔ چمڑے پر کی جھلی جس کو دباغ اتارتا ہے۔ ہر وہ چیز جس کو رگڑ کر آنکھ میں لگایا جائے۔

الحَلَأ والتِّحْلِئ والتِّحْلِئَة۔ چمڑے پر کے بال۔ یا چمڑے کا میل وسیاہی۔ التِّحْلِئ: ــــ چھری لگا ہوا چمڑہ۔ الحَلَاء: بخار کے بعد ہونٹوں پر کا چھالہ۔

الحَالِئَة۔ بہت زہریلا سانپ۔

التِّحْلِئَة۔ مص۔ بوجھل۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ تِحْلِئَة" بوجھل مرد۔

المِحْلَأ والمِحْلَأَة۔ چمڑا صاف کرنے کی چھری۔

حَلَبَ (ن ض) حَلْبًا وحَلَبًا وحِلَابًا۔ الشاةَ: دوہنا۔ کہا جاتا ہے "حَلَبَ الدَّهْرَ اَشْطُرَه" اس نے زمانے کے امور خیر وشر کو آزمایا (اشطر اونٹنی کے تھن کے باکھ کو کہتے ہیں) "وحَلَبْتُ بالساعد الاشد" جبکہ تم ایسے آدمی سے مدد لو جو تمہارے کام کو اچھی طرح انجام دے۔ "مَا لَه حَلُوبٌ ولا جَلُوبٌ" اس کیلئے نہ اونٹنیاں ہیں نہ اونٹ۔ حَلَبَ الرجلُ: زانو کے بل بیٹھنا۔

حَلَبْتُ واَحْلَبْتُ۔ الرجلَ: دوسرے کے لئے دوہنا۔ حَلَبْتُه واَحْلَبْتُه ناقتی: دوہنے کے لئے دینا۔ حَلَبَ القومُ حَلْبًا وحُلُوْبًا واَحْلَبُوا: ہر طرف سے مدد کیلئے جمع ہونا۔

حَلِبَ (س) حَلَبًا۔ الشعرُ: کالا ہونا۔

حَالَبَه۔ ساتھ مل کر دوہنا (ــــ واَحْلَبَه) مدد کرنا۔

تَحَلَّبَ وانْحَلَبَ۔ العرق او الدمع: بہنا ــــ عینُه: آنسو بہانا ــــ فمہ: تھوک ٹپکانا۔

اِحْتَلَبَ واسْتَحْلَبَ۔ دودھ نکالنا۔ اِحْتَلَبَ الناقةَ: دوہنا۔ اِسْتَحْلَبَ القومُ: مدد کے لئے جمع ہونا۔

الحَلَب۔ مص (ــــ والحَلِیْب) دوہا ہوا دودھ کہا جاتا ہے "شَرِبْتُ حَلَبًا" میں نے تازہ دودھ پیا۔

کھجور کی شراب۔ حَلَبُ الکَرمِ وحَلَبُ العَصِیرِ:
شراب۔ کہا جاتا ہے "ذاقوا حَلَبَ امرِہم" یعنی
انھوں نے اپنے کام کے وبال کا مزہ چکھا۔
"دَمٌ حَلِیبٌ" تازہ خون۔ کہا جاتا ہے "ناقۃٌ
(حَلبیٰ) رَکبیٰ او (حَلُبانۃٌ) رَکُبانۃٌ" دودھ
دینے والی اور سواری کے قابل اونٹنی۔
الحَلْبَۃ۔ ایک بار دوہنا۔ ایک دفعہ کی
گھوڑوں کی دوڑ۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ یَرکُضُ فی کلِّ
حَلْبَۃٍ من حَلَبَاتِ المَجدِ" وہ مجد و بزرگی کی ہر دوڑ
میں دوڑتا ہے۔ الحَلْبَۃ: گھوڑے جو دوڑانے
کے لئے جمع کئے جائیں۔ ج حَلَبات وحَلائِب
الحَلَبَتَان۔ صبح شام۔ (چونکہ یہ دونوں
اوقات دودھ دوہنے کے ہیں)
الحُلُبَۃ۔ میتھی۔ زچّہ کی خوراک۔
الحُلُبَۃ۔ زچّہ کی خوراک۔ بکریوں کا ایک
حصّہ جو ریوڑ سے علیحدہ ہو جائے۔
الحَالِب۔ فا۔ ج حَلَبَۃ۔
الحَالِبَۃ۔ تھن کے اردگرد کی رگیں۔ ج
حَوالِب حَوالِبُ البِئرِ: کنوئیں کا سوت۔ حَوالِبُ
العَینِ: آنکھ کی وہ رگیں جن سے آنسو نکلتا ہے
الحَالِبَان۔ دو رگوں کا نام جن سے پیشاب
گُردے سے مثانہ کی طرف آتا ہے۔
الحِلَاب۔ دُودھ دوہنے کا برتن۔
الحَلّاب۔ بہت دوہنے والا۔ یَومٌ حَلّابٌ
نمناک دن۔
الحَلُوب والحَلُوبَۃ۔ من الابل او الغنم:
دودھ دینے والی اونٹنی یا بکری۔ دوہی ہوئی
ج حُلُب وحَلائِب۔
الحَلائِب۔ جماعتیں۔ کسی شخص کے مددگار
لوگ جو چچا کی اولاد سے ہوں۔
الحُلبُوب۔ کالا رنگ۔ کہا جاتا ہے۔
"اسودُ حلبوب" بہت کالا۔
الحِلبَاب۔ عشق پیچہ کی بیل۔
الحُلَّب والحُلَّبان والحِلبَاب و
الحُلبُوب۔ مختلف نباتات کے نام۔

شاۃ (تحلابۃ وتحلُبۃ وتِحِلبۃ وتُحلِبۃ
وتحَلُبۃ۔ حاملہ ہونے سے پہلے دودھ دینے
والی بکری۔
المِحلَب۔ دودھ دوہنے کا برتن۔ ج مَحالِب
المَحلَب۔ دودھ دوہنے کی جگہ۔ ج مَحالِب
ایک قسم کا درخت جس کے بیج سے خوشبو حاصل
کی جاتی ہے۔
المُحلِب۔ فا۔ کہا جاتا ہے "فلان مُحلِبٌ
مُحلَبٌ" یعنی فلاں شخص کے اونٹ بچے ہوئے
جن میں سے وہ مادہ سے دودھ دوہتا ہے۔
اور نر کو بیچنے کے لئے لیجاتا ہے۔ الحَلِب: مددگار
اور بقول بعض مددگار جو اپنی قوم کا نہ ہو۔
الحِلبِیل۔ چھوٹا اونٹ۔ مؤنث حلیدۃ۔
الحَلبَس۔ بہادر۔
الحَبَلبَس۔ بہادر۔ کسی شے کو لازم ہو کر
رہنے والا۔ شیر۔
الحِلبِیس۔ شیر۔
حَلَتَ (ض) حَلْتًا۔ الرأسَ: مونڈنا
—— الصوفَ: نمک لگائے ہوئے چمڑے
سے بال اُکھیڑنا —— الدَّینَ: ادا کرنا۔
—— ظہرالخیل: چمٹ کے رہنا
بسلحہ: پاخانہ کرنا۔
الحُلاتَۃ۔ اُون کا اُکھیڑتے وقت گرا ہوا
الاَحْلَت۔ وہ جس کا بال یا اون اکھیڑ دیا
گیا ہو۔
الحَلِیت۔ یخ۔ اولہ۔ پالا۔
الحَلِیت والحِلتِیت۔ ہینگ۔
الحِلتِیت۔ ہینگ۔
حَلَجَ (ن ض) حَلجًا۔ العجزۃ: بیلن سے
بڑھانا اور گول کرنا فی المشی: آہستہ آہستہ
چلنا، دوڑنے میں قدم کشادہ رکھنا —— القومُ
لیلتہم: چلنا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ القوم یَحلِجُونَ
لیلتہم" قوم ساری رات چلتی رہی۔ حَلَجَ القطنَ:
دھن کر بنولے نکالنا۔ صفت (حلّاج) اور
صفت مفعولی (حَلِیج و مَحلُوج) —— الخبزَ:

بٹنا —— الرجلَ بالعصا: لاٹھی سے مارنا۔
تَحَلَّجَ۔ الحُلُوجُ: بادل کا چمکنا —— فی
صدرہ: کھٹکنا۔
اِحتَلَجَ۔ حقّہ: لینا۔
الحَلَجَۃ والحَلَجۃ۔ مسافت۔
الحِلاجَۃ۔ دُھنے کا پیشہ۔
الحَلُوج۔ چمکنے والا بادل۔
الحَلُج۔ بہت کھانے والے۔
الحَلِیجَۃ۔ دودھ جس میں کھجور تر کی گئی ہو۔
ج حُلُج۔
المِحلَج والمِحلاج۔ روئی دھننے کا آلہ۔
بیلن۔ ج مَحالِج ومَحالیج۔ المَحلَج: لکڑی جس پر
چرخی گھومتی ہے۔
المِحلَج والمِحلَجۃ: وہ چیز جس پر
روئی دھنی جائے۔
حَلحَلَ۔ الشئَ: حرکت دینا۔ ہٹانا ——
القومَ: قوم کو ان کی جگہ سے علیحدہ کر دینا۔
تَحَلحَلَ۔ عن مکانہ: حرکت کرنا۔ دور ہونا۔
ہٹ جانا۔
الحُلاحِل۔ سردار۔ بہادر۔ کامل۔ ج حَلاحِل
(انہی معانی میں مُحَلحَل و مُتَلَحلِج بھی ہیں۔
حَلَزَ (ن) حَلزًا۔ الجلدَ او العُودَ: چھیلنا
تَحَلَّزَ۔ الشئُ: باقی رہنا —— القلبُ: دردمند
ہونا —— للامر: تیار ہونا —— بالمکان: اقامت
کرنا۔
اِحتَلَزَ۔ منہ حقہ: لینا۔
الحِلِزّ۔ بخیل۔ بدخلق۔ پست قد۔ اُلو۔ ایک
قسم کا غلّہ۔ واحد (حلزۃ)
الحَلَزُون۔ ایک قسم کا آبی جانور جو سیپی میں
ہوتا ہے۔ سنکھ۔
الحَلَزُونَۃ۔ فی عرف الحدادین والنجارین:
لوہاروں اور بڑھیوں کے عرف میں پیچدار کیل
کو کہتے ہیں۔ شکل او خط (حلزونی) گھونگھے کی
ہیئت کی شکل۔
حَلَسَ (ض) حَلسًا۔ البعیرَ: ٹاٹ سے

ڈھانپنا — الرجلُ بالشئِ: بہت حریص ہونا — السماءُ: لگاتار نرم برسنا۔

حَلِسَ (س) حَلَسًا و تَحَلَّسَ۔ بالمکان: کسی جگہ میں جم کے رہنا — للأمرِ: کسی کام کے لیئے چکر لگانا۔ کہا جاتا ہے "ماتَحَلَّسَ منہ بشئٍ وما تَحَلَّسَ شیئًا" اس نے اُس میں سے کچھ نہیں پایا۔

أَحْلَسَ۔ الرجلُ: مفلس ہونا — فلانًا فی البیع نقصان پہونچانا — ہ: عہد و میثاق کرنا۔ أَحْلَسَتِ السماءُ: لگاتار ہلکی بارش ہونا — الارضُ: سرسبز ہونا۔ أَحْلَسَہ الخوفَ: خوف لازم کرنا۔

حَالَسَہٗ۔ لازم ہونا۔ حَالَسَ البعیرَ: ٹاٹ سے ڈھانپنا۔

اِحْلَسَّ۔ سُرخ مائل بسیاہی ہونا۔ صفت (أَحْلَس) مؤنث (حَلْسَاء)

اِسْتَحْلَسَت۔ الارضُ: سرسبز ہونا۔ — النبتُ: زمین کو ڈھانپ لینا — اللیلُ: سخت تاریک ہونا — الخوفُ فلانًا: خوف کا لازم رہنا۔

الحِلْس والحَلَس۔ ٹاٹ۔ زین یا کجاوہ کے نیچے بچھانے کا کپڑا۔ قیمتی فرش کے نیچے بچھانے کا کپڑا۔ ج أَحْلَاس وحُلُوس وحِلَسَۃ۔ أَحْلَاسُ الخیلِ: گھوڑوں پر ہی سوار رہنیوالے۔ اور کہا جاتا ہے "فلان حِلْس بیتہ" فلاں ہمیشہ اپنے گھر ہی میں رہتا ہے۔ اور یہ عربوں کے نزدیک قابلِ مذمت ہے۔ "ہو حِلْسٌ من أَحْلَاسِ البلادِ" یعنی وہ صاحب عزت و قوت ہے (اور یہ قابلِ مدح ہے) "کونوا أَحْلَاسَ بیوتِکُم" تم ہمیشہ خانہ نشین رہو "ہذا لیس من أَحْلَاسِ فلان" یہ فلاں کا کفو نہیں ہے۔ "رفضتُ کذا ونقضتُ أَحْلَاسَہ" یعنی میں نے اُسے چھوڑ دیا۔ الحِلْس: عہد و پیمان جوئے کا چوتھا تیر۔ سردار۔ بہادر۔ أُمّ حِلْس: گدھی

الحَلْس۔ مص۔ عہد و پیمان۔

الحَلِس۔ بہادر۔ حریص جو اپنی جگہ سے جدا نہ ہو۔ سُرخ سیاہی مائل۔

الحُلُوس۔ حریص۔ لالچی۔

ارض (مُحْلِسَۃ) وہ زمین جس میں گھاس بہت اُگی ہوئی ہو۔

الحِلْسِمّ۔ لالچی حریص۔

حَلَطَ (ن) حَلْطًا۔ قسم کھانا — فی الامرِ: اصرار کرنا اور جلدی کرنا۔ غضبناک ہونا۔

حَلِطَ (س) حَلَطًا و اِحْتَلَطَ۔ علیہ: غضبناک ہونا — منہ: زچ ہونا۔

أَحْلَطَ۔ بمعنی حَلَط — ہ: غضبناک کرنا — بالمکان: اقامت — ب — فی الیمین: کوشش کرنا۔

حَلَفَ (ض) حَلْفًا و حِلْفًا و حَلِفًا و مَحْلُوفًا و مَحْلُوفَۃً و مَحْلُوفَاءَ۔ باللّٰہ: قسم کھانا۔

أَحْلَفَہٗ و حَلَّفَہٗ و اسْتَحْلَفَہٗ۔ قسم کھلانا۔

حَالَفَہٗ مُحَالَفَۃً۔ معاہدہ کرنا۔ حالف فلانًا حزنُہٗ: غم کا لازم ہونا۔

تَحَالَفُوا۔ باہم عہد و پیمان کرنا۔

الحَلْف والحَلِف والأُحْلُوفَۃ۔ قسم

الحِلْف۔ مص۔ عہد و پیمان۔ دوستی۔ دوست جو بیوفائی نہ کرنے کی قسم کھائے۔ ج أَحْلَاف۔ کہا جاتا ہے "فلان حِلْفُ کذا" یعنی فلاں اس سے جدا نہیں ہوتا۔

الحَلْفَاء۔ ایک بوٹی نوکیل جیسے کھجور کی شاخ پانی بہنے کی جگہ اُگتی ہے۔ واحد حَلْفَۃ و حَلَفَاء۔

الحَلْفَاء۔ بہت چیخنے والی لونڈی۔ ج حُلُف و حُلُف۔

ارض (حَلِفَۃ و مُحْلِفَۃ) حلفاء گھاس والی زمین

الحُلَافِیّ۔ وہ جگہ جس میں حلفاء گھاس بہت اُگے۔

الحَلَّاف والحَلَّافَۃ۔ بہت قسمیں کھانیوالا

الحَلِیف۔ عہد و پیمان کرنے والا۔ لازم۔ ساتھی۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ حَلِیفُ الجُوْدِ" فلاں جود و بخشش کا حلیف ہے یعنی بڑا فیاض۔ "فلانٌ حَلِیفُ اللِسَانِ" فلاں چرب زبان فصیح ہے۔ ج حُلَفَاء۔

المُحْلِف۔ شک کی چیز جس کے ثابت کرنیکے لئے قسم کی ضرورت ہو۔ کہا جاتا ہے "ہذا غلامٌ مُحْلِف" یہ ایسا لڑکا ہے جسکے احتلام میں شک ہے۔

الحِلْفِس۔ بہت گوشت والی بکری۔

الحُلْفُق۔ جنگلہ۔

حَلَقَ (ض) حَلْقًا و تَحْلَاقًا۔ الرأسَ: مونڈنا۔

حَلَقَ (ن) حَلْقًا۔ الرجلَ: حلق پر مارنا — الحوضُ: بھرنا — الشئَ: چھیلنا — السنۃُ القومَ: مصیبت میں ڈالنا۔ صفت (حَلُوقٌ) — القومُ بعضُہم بعضًا: ایک دوسرے کو قتل کرنا۔

حَلِقَ (س) حَلَقًا۔ حلق کے درد والا ہونا۔

حَلَّقَ۔ الرأسَ: مونڈنا (تشدید کثرت کے لئے ہے) — الطائرُ: اُڑنے میں چکر لگانا — القمرُ: ہالہ پڑنا — الشئَ: حلقہ کی مانند بنانا۔ — الاناءُ من الشراب: بھرنا۔ الحوضُ: خشک ہونا — عینُ الحیوان: دھنس جانا — النجمُ: بلند ہونا — ضرعُ الناقۃِ: دودھ کا خشک ہو جانا۔

أَحْلَقَ۔ الاناءُ او الحوضُ: بھرنا۔

تَحَلَّقَ۔ القومُ: حلقہ بنا کر بیٹھنا — القمرُ: ہالہ پڑنا۔

اِحْتَلَقَ۔ الرأسَ: مونڈنا۔

الحَلْق۔ مص گلا۔ ج۔ أَحْلَاق و حُلُوق و حُلُق۔ حُلُوق۔ الارض: نالیاں۔ وادیاں۔ کہا جاتا ہے "أَخَذُوا فی حُلُوقِ الطریقِ" اُنھوں نے تنگ راستے اختیار کیے۔ الحُلُق۔ بدبختی۔

الحَلْقَۃ۔ ہر گول چیز۔ زرہ۔ رسی۔ ج حَلَق و حَلَقَات۔ و حلقۃ القوم: قوم کا دائرہ — کہا جاتا ہے "سَأَلَہٗ فی حَلْقَۃ" اُس نے اُس سے مانگا

رجبکہ وہ مانگنے والوں کے حلقہ میں تھا۔
حلقۃ الحوض: حوض کا بھرنا۔
حَلِقَۃُ۔ الباب اوالقوم: دروازہ کا حلقہ یا قوم کا دائرہ۔
اِلحِلُق۔ بادشاہ کی انگوٹھی۔ بغیر نگینہ کی انگوٹھی۔ بہت مویشی۔
الحَلِق۔ بے بال کا۔ راسٌ حَلِقٌ: بے بال کا سر۔
الحَلاَق وحَلاَقِ۔ بروزن قطامِ مبنی علی الکسر معدول از حَالِقَۃ: موت۔
اِلحِلاَق۔ گلا۔
الحُلاَق والحُوْلَق۔ گلے کا درد۔
الحَلاَّق۔ نائی۔ حجام۔
الحُلاَقَۃ۔ مونڈے ہوئے بال۔
الحِلاَقَۃ۔ نائی کا پیشہ۔
الحَالِق۔ فا۔ ج حُلَّق۔ — من الجبال: بلند پہاڑ جس میں پیداوار نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "جاء من حَالِق" وہ بلند جگہ سے آیا "وَ ہوَیٰ مِن حَالِق" وہ اونچی جگہ سے گرا یعنی ہلاک ہوگیا ضرعٌ حَالِق" بھرا ہوا تھن۔ پیٹ سے سمٹا ہوا تھن (ضد) ج حُلَّق وحَوَالِق۔
الحَالِقَۃ۔ الحالق کا مؤنث۔ موت۔ بُرا قول۔ سخت سال۔ ج حَوَالِق۔
الحَالُوق۔ موت۔
الحَالُوقَۃ۔ من السیوف اوالرجال: تیز
الحَوْلَق والحَیْلَق۔ بلا ومصیبت۔
الحَوْلَقَۃ۔ "لاحول ولا قوۃ اِلاّ باللہ" کہنا۔
الحَلِیق۔ مونڈا ہوا۔ کہا جاتا ہے "شعر حَلِیق ولحیۃ حَلِیق" مونڈا ہوا بال مونڈی ہوئی داڑھی ج حَلقیٰ۔
المِحلَق۔ استرہ۔ سخت کمبل۔
اِلحِلُقِد۔ بدخو۔
حَلقَمَہ۔ گلا کاٹنا۔
الحُلقُوم۔ گلا۔ ج حَلاَقِیم۔
حَلِکَ (س) حُلُوکَۃً وحَلکًا وحُلُوکًا واِحلَوْلَکَ واِسْتَحلَکَ۔ سخت سیاہ ہونا صفت (حَالِک وحَلِک)
الحَلَک والحُلکَۃ۔ سخت سیاہی۔
الحَلَکۃُ والحَلکَاءُ والحُلکَاءُ والحَلَکَاء والحُلَکَاءُ والحُلکیٰ۔
الحُلکُوک والحُلَکِک۔ سخت سیاہ
الحُلکُم۔ سیاہ۔
الحَلکَمَۃ۔ سیاہی۔
حَلَمَ (ن) حُلُمًا وحُلْمًا۔ فی نومہ: خواب دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "حَلَمَہ، وحَلَمَ بِہٖ" اس نے اسکو خواب میں دیکھا۔ حَلَمَ الصبیّ (واِحتَلَمَ) بالغ ہونا (— حَلَمًا) الجلدَ: کیڑے نکالنا۔
حَلُمَ (ک) حِلمًا۔ درگزر کرنا۔ بردبار ہونا۔ صفت (حلیم) ج حُلَمَاء واَحلاَم۔ مؤنث حَلِیمَۃ۔
حَلِمَ (س) حَلَمًا۔ الجلدُ: خراب ہونا۔ اور کیڑے پڑنا۔ صفت (حَلِم وحَلِیم)
اَحلَمَت۔ المرأۃُ: حلیم و بردبار بچے جننا
حَلَّمَہٗ تَحلِیمًا وحِلاَّمًا۔ بردبار بنانا۔
حَلَّمَ الجلدَ: کیڑے نکالنا — القِربَۃ: بھرنا۔
تَحَلَّمَ۔ بردبار بننا — الحُلُمَ: بردباری سے کام لینا — الرجلُ: موٹا ہونا۔ تحلّمت القربۃُ: پانی سے بھر جانا۔
تَحَالَمَ۔ تکلف سے بردباری ظاہر کرنا۔
اِنحَلَمَ واِحتَلَمَ۔ فی نومہ: خواب دیکھنا
اِلحِلْم۔ صبروآہستگی۔ بردباری۔ اور کبھی جہل و بیوقوفی کے مقابلہ میں آتا ہے جیسے "وَ اِنّ سَفَاہَ الشّیخ لاحِلمَ بَعدَہٗ" عقل۔ ج اَحلاَم وحُلُوم۔ کہا جاتا ہے "تَامُرُہُم اَحلاَمُہُم بِہٰذا" انکی عقلیں اس کا حکم دیتی ہیں۔
الحُلُم۔ مص۔ خواب۔ ج اَحلاَم۔ اور کہا جاتا ہے "ہٰذہٖ اَحلاَمُ نَائِمٍ" یہ جھوٹی آرزوئیں ہیں۔
الحَلَمَۃ۔ سرپستان۔ ایکقسم کا کیڑا جو چمڑے میں لگ جاتا ہے اور اُس کو خراب کر دیتا ہے ج حَلَم۔
الحَلِیم۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ موٹائی کی چربی۔
الحُلاَّم۔ بکری کا بچہ۔
الحَالُوم۔ ایک قسم کا پنیر۔ یا گاڑھا دودھ جو تازہ پنیر کے مشابہ ہوجائے۔
الحَیلَمُ۔ چھوٹے جانور۔
المَحلِمَۃُ۔ بہت کیڑے والا۔ ج مَحَالِم۔
الاَحلاَم۔ اجسام (جمع ہے بغیر مفرد کے)
حَلاَ (ن) وحَلُوَ (ک) وحَلِیَ (س) حَلاَوَۃً وحُلوَانًا۔ میٹھا ہونا — الفاکہۃُ: پختہ ہونا حَلاَ لَہٗ الشیءُ: لذیذ ہونا۔ صفت (حُلو) اور کہا جاتا ہے۔ حَلِیَ فی عینی وبعینی" وہ میری آنکھوں میں بھلا معلوم ہوا۔ حَلاَ منہ بخیر: خیر و منفعت حاصل کرنا۔
حَلاَہٗ (ن) وحَلوًا وحُلوَانًا۔ تھوڑا یا پورا مہر وصول کرنے کی شرط پر لڑکی یا بہن کی شادی کرنا وحلاہ کذا او بکذا: دینا۔ کہا جاتا ہے "حلاہ حلوانہ" اس نے اُسے بدلہ دیا (— وحَلّیٰ) الشیءَ (تَحلِیَۃ) میٹھا بنانا۔ (حالیٰ مُحَالاَۃً) الرجلَ: خوش طبعی کرنا۔
اَحلاَہُ اِحلاَءً۔ میٹھا پانا یا میٹھا بنانا۔ کہا جاتا ہے "ما یُمِرُّ ولا یُحلِی" یعنی وہ نہ کڑوی باتیں کرتا ہے نہ میٹھی یا نہ اچھا کام کرتا ہے نہ بُرا۔
تَحَلَّت۔ المرأۃُ: زیور پہننا۔ کہا جاتا ہے "تحلّی فلانٌ بِمَا لیسَ فِیہ" فلاں نے اپنے آپکو ایسی چیزوں سے آراستہ کیا جو اس کے اندر نہیں ہیں۔
تَحَلّیٰ واِحلَولیٰ واستَحلیٰ۔ الشیءَ: میٹھا پانا۔ واِحلَولیٰ الشیءُ: میٹھا ہونا۔
تَحَالیٰ۔ حلاوت ظاہر کرنا۔
الحُلو۔ میٹھا۔ لذیذ۔ خوشگوار۔ خوبصورت
الحُلوَان۔ دلال و کاہن کی اُجرت۔ مہر بدلہ۔
الحَلاَءَۃ والحَلاَوَۃ والحَلاَوَاء والحُلاَوِی۔ من القفاء۔ گدی کا درمیانی حصہ

ج حَلَاوِی۔

اَلحَلوَاءُ والحَلوَیٰ۔ حلوا۔ میٹھا میوہ۔ ج حَلَاوِیٰ۔

اَلحَلوَانِی۔ حلوا فروش۔ حلوا بنانے والا۔

اَلحَلوٌ۔ من الرجال: دیکھنے میں اچھا معلوم ہونے والا۔

اَلحَلِیّ۔ لذیذ اور میٹھا۔ ناقۃٌ حُلیَۃ:

حَلَیَ (ض) حَلیًا۔ المرأۃَ: عورت کیلئے زیور بنانا۔ آراستہ کرنا۔

حَلِیَتْ (س) حَلْیًا۔ المرأۃُ: زیور پہننا صفت (حالٍ وحَالِیَۃ) ج حَوَالٍ۔ کہا جاتا ہے "شجرۃ حالیۃٌ" پتے والا پھل دار درخت۔ حِلی منہ بخیر: خیر و منفعت پہونچنا۔

حَلّیٰ تحلِیَۃ۔ المرأۃَ: زیور پہنانا یا زیور بنانا۔ وحَلّی الشیَٔ: آراستہ کرنا۔

تَحَلّیٰ۔ آراستہ ہونا یا زیور پہننا۔

الحَلِی۔ پھنسیاں جو بچوں کے منہ میں نکلتی ہیں

الحَلیُ۔ ج حُلِیّ وحِلِیّ و (الحِلیَۃ) ج حِلی وحُلیٌ (خلافِ قیاس) زیور۔ حِلیۃ الانسان: انسان سے جو رنگ اور ہیئت دکھلائی دے۔

الحَلِیّ۔ خشک۔

حَمَّ (ن) حَمًّا۔ التنورَ: گرم کرنا الشحمۃَ: پگھلانا — الماءَ: گرم کرنا — الارتحالَ: جلدی کرانا۔ حَمَّ اللّٰہ لہ کذا: مقدر کرنا — الامرُ فلانًا: غم میں ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "حَمَّ حَمَّہ" اس نے اس کے ساتھ جیسا قصد کیا۔

حُمَّ۔ الامرُ: فیصلہ کیا جانا — الشیَٔ: قریب ہونا — الرجلُ: بخار زدہ ہونا — لہ کذا: مقدر کیا جانا۔

حَمَّ (س) حَمَمًا۔ کالا ہونا — الماءُ: گرم ہونا۔

حَمَّمَ۔ الغلامُ: سبزہ آغاز ہونا — الرأسُ: مونڈنے کے بعد بال نکلنا — المکانُ: روئیدگی ظاہر ہونا — الشیَٔ: کالا کرنا — الماءَ: گرم کرنا — الرجلَ: کوئلے سے منہ کالا کرنا۔

— المرأۃَ: طلاق کے بعد متعہ کے کپڑے دینا

اَحَمَّہُ۔ اللّٰہ: بخار میں مبتلا کرنا۔ اَحَمَّ الشیُٔ: قریب ہونا — المکانُ: بہت بخار والی جگہ ہونا — الماءَ: گرم کرنا — اللّٰہ لہ کذا: مقدر کرنا — الشیَٔ: کالا کرنا — الامرُ فلانًا: غم میں ڈالنا۔

تَحَمَّمَ۔ کالا ہونا۔

اِحتَمَّ۔ غمگین ہونا۔ غم کی وجہ سے نہ سونا — العینُ: بغیر درد کے بیدار رہنا۔

اِستَحَمَّ۔ پانی سے غسل کرنا۔ حمام میں داخل ہونا۔ پسینہ والا۔

الحَمّ۔ مص۔ حَمُّ الظَّہیرۃِ: دوپہر کی سخت گرمی۔ کہا جاتا ہے "مالہُ حَمٌّ عن ذٰلک او منہ" اس کے لئے اس سے کوئی چارہ نہیں۔ حَمُّ الشیِٔ و (حُمّہُ) چیز کا بڑا حصہ۔

الحُمّیٰ۔ بخار۔ ج حُمَّیات۔

الحَمّۃ۔ گرم پانی کا چشمہ۔

الحُمَّۃ۔ سیاہی۔ سبزی اور سیاہی کے درمیان رنگ۔ بخار۔ ہر مقدر و فیصل شدہ چیز۔ اور اسی سے ہے "حُمَّۃ الفراق" کہا جاتا ہے "عجلت بنا و بکم حُمَّۃُ الفراقِ" مقدر شدہ فراق نے تمہاری مجلس کیساتھ جلدی کی۔ ج حُمَم و حِمام۔

الحُمَم۔ حُمَّۃ کی جمع۔ کوئلہ۔ راکھ۔ ہر وہ چیز جو آگ میں جل جائے۔ واحد (حُمَمَۃ)

الحِمّۃ۔ موت۔ پسینہ۔

الحَمام۔ کبوتر۔ واحد (حَمامۃ) اور کہا گیا ہے کہ حمامۃ کا اطلاق نر و مادہ دونوں پر ہوتا ہے۔ اس لئے کہ اس میں "تا" تانیث کیلئے نہیں بلکہ تائے وحدت ہے اور بسا اوقات حمام مفرد کے لئے بھی بولتے ہیں۔ ج حَمائِم وحَمَامات

حَمامُ الزاجل او الزجّال: پیغام و خطوط لے جانے والے کبوتر۔

ساقُ الحمام و رعیُ الحمام: دو قسم کی گھاس کے نام۔ بَیضُ الحَمامَ: انگور کی ایک قسم جسکے دانے بڑے ہوتے ہیں۔ عنقُ الحمام: ایک قسم کا رنگ جو سرخ اور نیلے کے درمیان ہوتا ہے۔

الحِمام۔ موت۔

الحُمام۔ جانوروں خصوصًا گھوڑوں کا بخار۔ سردار شریف۔

الحُمَامی۔ ایک قسم کی گھاس۔ کھال کی سرخی

الحَمّام۔ غسل کرنے کی جگہ۔ یہ بکثرت مؤنث مستعمل ہوتا ہے اور کبھی مذکر بھی۔ ج حَمّامات۔

الحَمّامی۔ حمام والا۔ حمام کا نگہبان۔

الحامّۃ۔ اپنے خاص لوگ۔ عمدہ اونٹ

الحَمِیم۔ قریبی رشتہ دار۔ دوست۔ ج اَحِمّاء۔ گرم پانی۔ ٹھنڈا پانی۔ چنگاری جس سے دھونی دی جائے۔ ج حَمائِم۔ الحَمِیم: گرمی۔ پسینہ سخت گرمی کے بعد بارش۔ کہا جاتا ہے "ہو حَمِیمٌ بالحاجۃ" وہ حاجت پر فریفتہ۔

الحَمِیمۃ۔ حمیم کا مؤنث۔ گرم پانی۔ گرم کیا ہوا دودھ۔ عمدہ نسل کا اونٹ۔ ج حَمائِم۔

الاَحَمّ۔ بہت خاص و بہت قریب۔ کالا۔ سفید (ضد) بے پھل کا تیر۔ ج۔ حُمّ۔

المِحَمّ۔ پانی گرم کرنے کا برتن۔

المُحِمّ۔ قریب۔

المُحَامّ۔ ثابت۔

المَحمُوم۔ بخار والا۔ مقدر۔ کہا جاتا ہے "نزل بہ القضاءُ المحموم" اس پر قضا مقدر کا نزول ہوا

المُستَحَمّ۔ غسل کرنے کی جگہ۔

الیَحمُوم۔ کالا۔ دھواں۔

حَمَأَ (ف) حَمأً۔ البئرَ: کنوئیں سے کیچڑ نکالنا

حَمِئَ (س) حَمأً وحَمَأً۔ الماءُ: پانی میں کیچڑ ملی ہوئی ہونا۔ صفت۔ حَمِیٌٔ۔

اَحمَأَ۔ البئرَ: کنوئیں میں کیچڑ ڈالنا۔

الحَمءُ والحَمَاءُ۔ والحمو والحما بلاہمز: عورت کا خسر۔ شوہر کی جانب سے عورت کا رشتہ دار جیسے دیور۔ جیٹھ۔ خسر۔

الحَمَأُ والحَمأۃ۔ کیچڑ۔

حَمَتَ (ض) حَمتًا۔ اللّٰہ علیہ:

حَمِتَ (س) حَمَتًا۔ الجوزُ وغیرہ: اخروٹ وغیرہ۔

کا خراب ہونا۔

حَمُتَ (ک) حُمُوتَۃً ۔ الیومُ : دن کا سخت گرم ہونا۔

تَحَمَّتَ ۔ اللونُ او الطعمُ : رنگ یا مزہ صاف اور خالص ہونا۔

الحَمْتُ ۔ مم ۔ یومٌ حَمْتٌ : سخت گرم دن تمر (حَمْت وحامِتٌ) بہت میٹھی کھجور۔

الحَمِیتُ ۔ من اللون او الطعم : خالص صاف رنگ یا مزہ۔ کہا جاتا ہے " تمر حمیت وعسلٌ حَمِیتٌ " اچھے رنگ والی کھجور ۔ خالص شہد۔ غضبٌ حَمِیتٌ : سخت غصہ۔

الحَمِیتُ : بال دار مشک جس میں گھی شہد یا زیتون کا تیل رکھتے ہیں۔ بعضوں نے کہا کہ حمیت وہ مشک ہے جس میں بال نہ ہوں۔

حَمْحَمَتْ ۔ العینُ : آنکھ کا اندر کو دھنس جانا۔ حَمَّجَ الوجهُ : چہرہ کا غصہ وغیرہ سے بدلنا حَمَّجَ الیہ : تیز نظر سے دیکھنا ۔۔۔ عینہ : گھور کر دیکھنا۔

الحَمُوجُ ۔ ہرن وغیرہ کا چھوٹا بچہ۔

حَمْحَمَ وتَحَمْحَمَ ۔ البرذونُ او الفرسُ : ہنہنانا۔ تَحَمْحَمَ : کالا ہونا۔

الحَمَاحِمُ ۔ چوڑے پتے کا پودینہ ۔ واحد (حَمَاحِمَۃ)

الحِمْحِمُ والحُمْحُمُ ۔ ایک قسم کا پرندہ گاؤزبان ۔ واحد (حِمْحِمَۃ وحُمْحُمَۃ)

حَمِدَہٗ (س) حَمْدًا ومَحْمَدًا ومَحْمِدًا ومَحْمَدَۃً ومَحْمِدَۃً ۔ فضیلت کی بنا پر تعریف کرنا ۔۔۔ ہ علی امر : بدلہ دینا ۔۔۔ الشیٔ : قابل تعریف پانا اور کہا جاتا ہے " حَمِدْتُ اِلَیْکَ اللّٰہَ " یعنی تیرے ساتھ اللہ کی تعریف کرتا ہوں ۔ یا تیرا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اس کے ساتھ اللہ کی نعمتوں کا بھی

حَمَّدَ ۔ اللّٰہَ : بار بار تعریف کرنا اور الحمد للہ کہنا۔

اَحْمَدَ ۔ قابل تعریف کام کرنا ۔۔۔ الشیٔ : قابل تعریف ہونا ۔۔۔ الشیٔ : قابلِ تعریف پانا ۔۔۔ ہ : فعل پر راضی ہونا ۔ تعریف کا حقدار ظاہر ہونا۔

تَحَمَّدَ ۔ بالشیٔ علی فلان : احسان جتانا اور کہا جاتا ہے " یَتَحَمَّدُ النَّاسَ بِفَضْلِہٖ " یعنی ان کے سامنے ظاہر کرتا ہے کہ وہ محمود ہے۔

اِسْتَحْمَدَ ۔ اللّٰہ الی خلقہ : مخلوق کو انعام و احسان کر کے اپنی حمد کی جانب بلانا۔

الحَمْدُ ۔ مم ۔ تعریف ۔ تعریف کیا ہوا ۔ کہا جاتا ہے " رجل حَمْدٌ وامرأۃ حَمْدَۃ " تعریف کیا ہوا مرد ، تعریف کی ہوئی عورت۔

حَمَادِ ۔ ل : بمعنی حَمْدًا لَہٗ ۔

الحَمَادُ ۔ غایت ۔ انتہائی کوشش ۔ کہا جاتا ہے " حُمَادُکَ اَوْ حَمَادَاکَ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا " تمہاری انتہائی کوشش یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔

الحَمَّادُ والحَمَّادَۃُ ۔ بہت تعریف کرنے والا۔

المَحْمَدَۃُ ۔ قابل تعریف کام ۔ ج مَحَامِد

المُحَمَّدُ ۔ بہت عمدہ خصلتوں والا ۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی۔

الحَمِیدُ والحَمُودُ ۔ تعریف کرنے والا ۔ تعریف کیا ہوا ۔ مؤنث حَمِیدَۃ ۔

الحُمَدَۃُ ۔ بہت تعریف کرنے والا ۔

حَمَدَۃُ ۔ النار : آگ کے شعلہ کی آواز۔

حَمْدَلَ ۔ الحمد للہ کہنا۔

الحَمَاذِیُّ ۔ گرمی کی سختی۔

حَمِرَ (س) حَمَرًا ۔ الفرسُ : بدہضمی والا ہونا یا بدبودار منہ والا ہونا ۔ صفت (حَمِرٌ) ۔۔۔ الرجلُ : غصہ سے بھڑک اٹھنا۔

حَمَّرَ ۔ الجلدَ : بری دباغت دینا ۔ الشیٔ : سرخ رنگنا ۔۔۔ ہ : کسی کو اے گدھے کہنا۔

اَحْمَرَ ۔ سرخ بچہ والا ہونا ۔۔۔ الدابۃَ : چارہ دینا یہاں تک کہ منہ بدبودار ہو جائے۔

اِحْمَرَّ اِحْمِرَارًا ۔ سرخ ہونا۔

اِحْمَارَّ اِحْمِیرَارًا ۔ بتدریج بہت سرخ ہونا

اِنْحَمَرَ ۔ ما علی الجلد : کھرچا جانا۔

الحُمَرُ ۔ ایک قسم کی رال جس کو عوام الحُمَّر کہتے ہیں (۔۔۔ والحُمَّرُ ۔ ایک سرخ رنگ کا پرندہ واحد (حُمَرَۃ وحُمَّرَۃ)

الحُمْرَۃُ ۔ سرخ رنگ ۔ ایک قسم کی وبائی بیماری جس کی وجہ سے بخار آتا ہے اور بدن پر سرخ رنگ کے دانے پڑ جاتے ہیں ۔ حَشِیشَۃُ الحُمْرَۃ : ایک قسم کا زہریلا پودہ ۔

الحِمَارُ ۔ گدھا ۔ اس کی دو قسمیں ہیں ۔ اہلی اور جنگلی ۔ اسی وجہ سے جنگلی کو حمار وحش وحمار الوحش والحمار الوحشی کہتے ہیں ۔ ج حَمِیرٌ واَحْمِرَۃ وحُمُرٌ وحُمُورٌ وحُمُرَات ۔ مؤنث حِمَارَۃ ج حَمَائِر ۔ حِمَارَۃ القدم پشت قدم ۔ اُذُنُ الحِمار وقِثّاء الحِمار : دو بوٹیوں کے نام ۔ حِمَارُ الزَّرَدِ : ایک قسم کا جنگلی سفید گدھا جس پر سیاہ دھاریاں ہوتی ہیں۔

الحَمَارَّۃُ ۔ گرمی کی شدت ۔ ج حَمَارّ ۔

الحَمَّارَۃُ ۔ گدھے والے ۔ واحد حَمَّار ۔ جیسے جَمَّال و بَغَّال ۔ دوغلا گھوڑا۔

الاَحْمَرُ ۔ جس کا رنگ سرخ ہو ۔ ج اَحَامِر ۔ سرخ رنگ سے رنگا ہوا ۔ ج حُمْرٌ وحُمْرَان ۔ سونا ۔ زعفران ۔ گوشت ۔ شراب ۔ کہتے ہیں " نحن من اہل الاسودین لا من اہل الاحمرین " ہم کھجور اور پانی والے ہیں ، گوشت اور شراب والے نہیں ۔ الموت الاحمر : قتل ۔ کنایہ ہے خون بہنے یا سخت موت سے

الحَمْرَاءُ ۔ الاحمر کا مؤنث ۔ سخت سال ۔ گرمی کی شدت ۔ الحمراء او القلعۃ الحمراء : غرناطہ کا ایک مشہور قلعہ جو مسلمانوں کے دور حکومت کی یادگار ہے اور جس کے اندر ایک عجیب نادرۂ روزگار محل ہے ۔ الحمار : تین لکڑیاں جنکو آپس میں باندھ کر دودھ کا مشکیزہ یا پانی کی صراحی وغیرہ رکھ دیتے ہیں اور اس کو الحمارۃ بھی کہتے ہیں۔

الاَحْمَرِیُّ ۔ سخت سرخ۔

الحِمِرُّ ۔ گرمی کی سخت شدت ۔ برا آدمی ۔ غَیْثٌ حِمِرٌّ : تیز بارش۔

الحُمَّرَۃُ ۔ ایک قسم کا پرندہ۔

المِحْمَرُ ۔ کھال صاف کرنے کا آلہ ۔ کنجوس ۔ ج مَحَامِر ۔ المُحْمِرُ : دوغلا گھوڑا۔

اليَحْمُوْر - سُرخ - ایک قسم کا پرندہ اور بقول بعض گورخر۔

الحَمْرَدَة - حوض کی تہ کی کیچڑ۔

الحُمَارِس - سخت - شیر - دلاور۔

الحِمْرَفَة - اُوْن۔

حَمَزَ (ض) حَمْزًا - الخردلُ اللسانَ :- چرپراہٹ ڈالنا ــــ الشفرة : تیز کرنا۔

حَمُزَ (ک) حَمَازَةً - سخت ہونا الشرابُ : چرپراہٹ ڈالنے والی ہونا۔

الحَامِز - فا - حامز الفواد : تیز فہم عقلمند۔

الحَمِيز - سخت - ذکی - تیز فہم۔

اَلحَمْزَة - شیر۔

حَمَسَ (ض ن) حَمْسًا - غضبناک کرنا۔ ــــ اللحمَ : بھوننا۔

حَمِسَ (س) حَمَسًا - دین یا جنگ میں سخت ہونا - دلیر ہونا - صفت (حَمِسٌ) حَمِسَ الوغیٰ : گھمسان کی جنگ ہونا ــــ الامرُ : سخت ہونا۔

حَمُسَ (ن) حَمَاسَةً و حَمَسَ (ض) حَمْسًا دلیر ہونا۔

حَمَّسَ و اَحْمَسَ - جوش دلانا غضبناک کرنا ــــ الدوائر ونحوہ : نیم گرم ہونا۔

تَحَمَّسَ - جوش میں آنا - غضبناک ہونا - سخت ہونا - نافرمانی کرنا۔

اِحْتَمَسَ - جوش میں آنا - اِحْتَمَسَ القرنانِ : باہم جنگ کرنا۔

تَحَامَسَ - القومُ : ایک دوسرے پر حملہ کرنا اور جنگ کرنا۔

الحَمَاس - سختی - منع - جنگ کرنا۔

الحَمَاسَة - معاملہ میں سختی - دلیری۔

الاَحْمَس - دین یا جنگ میں سخت دلیر مؤنث حَمْسَا - ج حُمْس و اَحَامِس - سَنَةٌ حَمْسَاء : سخت سال - سِنُوْن اَحَامِسُ حُمُسٌ : بہت سے سخت سال - الحُمْس : سخت جگہیں۔

الحَمِيْس - دلیر - سخت - تنور۔

الحَمِيْسَة - بھونا ہوا۔

الحُمْس - آواز - کجاوہ کا گھنٹہ۔

الحُمْسَة - عزت۔

الحَمْسَة - ایک قسم کا دریائی جانور - کچھوا ج حَمْس

حَمَشَ (ن) حَمْشًا - غضبناک کرنا - جوش دلانا - حَمَشَ الشیئَ : جمع کرنا ــــ القومَ : غصہ سے چلانا۔

حَمِشَتْ (ض) و حَمُشَتْ (ک) حُمُوْشَةً - الساقُ : باریک ہونا۔

حَمِشَ (ض) حَمْشًا و حَمْشَةً و تَحَمَّشَ و اِحْتَمَشَ و اِسْتَحْمَشَ - غضبناک ہونا

حَمِشَ (س) حَمَشًا و حُمُشًا - الرجلُ : باریک پنڈلیوں والا ہونا - صفت (حَمْشٌ و حَمِشٌ و اَحْمَش) ج حِمَاش و حُمْش - کہا جاتا ہے " رِجَالٌ حِمَاشُ السُّوْق " باریک پنڈلیوں والے مرد - و سُوْقٌ حِمَاس " باریک پنڈلیاں۔

حَمَّشَ - غضبناک کرنا - جوش دلانا - حَمَّشَ الشیئَ : جمع کرنا ــــ الشحمَ : پگھلاتے ہوئے جلانے کے قریب کرنا۔

اَحْمَشَ - غضبناک کرنا - اَحْمَشَ النارَ : ایندھن ڈال کر بھڑکانا ــــ القدرَ : ہانڈی کے نیچے بہت ایندھن لگانا ــــ الحربَ : تیز کرنا۔

الحَمِيْش - پگھلائی ہوئی چربی۔

حَمَصَ (ن) حَمْصًا و حُمُوْصًا - الجرحُ : زخم سے سوجن ختم ہونا - صفت (حَمِيص) الورمُ : ورم کا ختم ہونا ــــ الارجوحة : جھولے کا ٹھہر جانا ــــ الدابة : پسینہ خشک ہو جانا۔

حَمَّصَ - الحبَّ : بھوننا۔

تَحَمَّصَ - الرجلُ : سمٹنا ــــ اللحمُ : خشک ہونا

اِنْحَمَصَ - الورمُ : کم ہونا ــــ منہ : سکڑنا لاغر ہونا۔

الحِمَّص و الحِمِّص - چنا - واحد (حِمَّصَة و حِمِّصَة)

الحَمِيْص - بھونا ہوا۔

الحَمِيْصَة و المَحْمُوْصَة - چوری کی ہوئی بکری - حمیصة کی جمع حمائص۔

المِحْمَصَة - غلہ بھوننے کا آلہ - (لغت عوام)

حَمَضَ (ن) حَمْضًا و حَمِضَ (س) حَمَضًا و حَمُضَ (ک) حُمُوْضَةً - کھٹا ہونا۔

حَمَضَ (ن) حَمْضًا - عنہ : ناپسند کرنا ــــ بہ : خواہش کرنا - د ــــ و اَحْمَضَ و حَمَّضَ) الجملُ : نمکین و کڑوے پودے چرنا - حَمَّضَ و اَحْمَضَ الابلَ : نمکین و کڑوے پودے چرانا اور کہا جاتا ہے " حَمَّضَ لنا فی القِریٰ " اس نے ہماری مہمانی میں کمی کی - حَمَّضَ و اَحْمَضَ الشیئَ : کھٹا کرنا ــــ الشیئَ عنہ : پھیر دینا - اَحْمَضَ المکانُ : بہت نمکین و کڑوے پودے والی جگہ ہونا - صفت (مُحْمِض)

تَحَمَّضَ - الرجلُ : ایک چیز سے دوسری چیز کی طرف منتقل ہونا۔

الحَامِض - فا - کہا جاتا ہے " ہو حامض الفواد " وہ بگڑے دل کا ہے - و " حامض الرئتین " کڑوے سانس والا۔

الحَامِضَة - الحامض کا مؤنث - کسی چیز کی خواہش - کسی چیز کا معدہ میں فساد کی جانب منتقل ہونا۔

الحَمْض - کڑوا و نمکین پودہ - واحد (حَمْضَة) ج حُمُوْض۔

الحَمْضَة - کھانے کی خواہش - کہا جاتا ہے " فواد حمض و نفس حَمْضَة " کسی چیز کو سنتے ہی بدکنے والا نفس۔

الحُمَّاض - ایک قسم کی گھاس جس کے پتے کاسنی کے پتے کے مانند ہوتے ہیں - اس کی دو قسمیں ہیں - ترش اور کڑوی اور اس کو حُمَّیضہ بھی کہتے ہیں - واحد (حُمَّاضَة) ترنج - حُمَّاض الکباد : ترنج کا اندرونی حصہ۔

الاِحْمَاض - مص - دلچسپ گفتگو میں مشغول ہونا - سنجیدگی سے مخول کی طرف منتقل ہونا۔

الحَمِيْضَة - ج حُمُض و (المَحْمَض و المُحْمَض) کثرت سے نمکین اور کڑوے پودوں والی زمین۔

المُسْتَحْمِض - من اللبن : دیر میں جمنے والا دودھ۔

حَمَطَ (ض) حَمْطًا - چھلکا اتارنا۔
حَمَّطَ - الکرمَ: انگور پر درخت کا سایہ کرنا۔
— الشیَٔ: چھوٹا کرنا — الرجلَ: ہلکا مارنا۔
اور اسی سے مثل ہے "اِذا ضربتَ فلا تُحَمِّط"
جب مارو تو ہلکا مت مارو۔
الحَمَاطَة - گلے کی سوزش۔ انجیر کے مشابہ
ایک درخت۔ اور بقول بعض گولر۔ دل کا نقطہ
دل کا خون۔ ج حَمَاط و حَمَائِط۔
حَمْطَرَ - القربةَ: بھرنا — القوسَ:
چلہ کھینچنا۔
حَمَظَ (ن) حَمْظًا - نچوڑنا۔
حَمْظَلَ - اندرائن چننا۔
الحَمْظَل - اندرائن۔
حَمِقَ (س) وحَمُقَ (ک) حُمْقًا وحُمُقًا و
حَمَاقَةً - بے وقوف ہونا۔ صفت (اَحْمَق)
مؤنث حَمْقَاء۔ ج حُمْق وحُمُق وحَمْقَى وحِمَاق و
حَمَاقَى وحُمَاقَى۔ (ک حماقۃ) السوقُ: مندا پڑنا
حَمَّقَهُ - بیوقوف کہنا۔
اَحْمَقَ - بیوقوف پانا۔ اَحْمَقَتِ المرأةُ:
بے وقوف بچے جننا۔ صفت (مُحْمِق و مُحْمِقَة)
حَامَقَهُ - بیوقوفی میں مدد دینا۔
تَحَامَقَ وتَحَمَّقَ - بتکلف بیوقوف بننا
اِنْحَمَقَ - بیوقوف ہونا — السوقُ: مندا
پڑنا — الثوبُ: بوسیدہ ہونا۔
اِسْتَحْمَقَ - بیوقوف ہونا — ہ: بیوقوف
سمجھنا۔
الحُمْق - مع - کم عقلی۔ بے وقوفی۔ شراب
نَوْمَةُ الحُمْق - ظہر کے بعد کی نیند۔
الحَمِيق - بیوقوف۔ کم داڑھی والا۔
الحُمَاق والحَمَاق والحَمِيق والحُمَيْقَى
والحُمَيْقَاء - ایک بیماری جو چیچک کے مشابہ
ہوتی ہے۔
البَقْلَةُ الحَمْقَاء وبَقْلَةُ الحَمْقَاء - خرفہ
کا ساگ۔
الحَمُوقَة والحُمَيْقَة والاُحْمُوقَة
بہت بے وقوفی والا۔
المُحْمِقَات - وہ راتیں جن میں اول
سے آخر تک چاندنی رہے۔
المِحْمَاق - وہ عورت جسکو بیوقوف
بچے جننے کی عادت ہو۔
المَحْمُوق - حماق بیماری والا۔
تَحَمْقَسَ - خبیث وپلید ہونا۔
الحَمَاقِيس - سختیاں - بلائیں۔
حَمِكَ (س) حَمَكًا - فی الدلالة:
رہنمائی میں چلتے رہنا۔
الحَمَك - چھوٹی وردی چیزیں۔ معمولی
لوگ۔ بچے۔ واحد (حَمَكَة)
حَمَلَ (ض) حَمْلًا وحُمْلَانًا - الشیَٔ علی
ظہرہ: اُٹھانا — الغضبَ: غصہ ظاہر کرنا —
علی نفسہ فی السیر: چلنے میں مشقت اُٹھانا۔ حَمَلَهُ
علی الامر: اکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔ حمل عنہ: بردبار
ہونا — الشیَٔ علی الآخر: ایک کا حکم دوسرے پر
لگانا — المرأةُ: حاملہ ہونا — الشجرةُ: پھلدار
ہونا — القرآنَ: یاد کرنا — العلمَ: روایت
کرنا۔ نقل کرنا۔ (— حملةً) فی الحرب علیہم:
حملہ کرنا (— حَمَالَةً) بہ: ضامن ہونا۔
حَمَّلَهُ واَحْمَلَهُ - الحِمْلَ: بوجھ اُٹھانے میں
مدد کرنا۔
حَمَّلَ تَحْمِيلًا وحِمَّالًا - الشیَٔ: اٹھوانا
تَحَمَّلَ تَحَمُّلًا وتِحِمَّالًا - اُٹھانا —
الامرَ: برداشت کرنا — القومُ: کوچ کرنا۔
— الرجلُ: بہادر بننا۔
تَحَامَلَ - فی الامر وبالامر: باوجود مشقت
کے اپنے ذمہ لینا — علی فلان: ظلم کرنا۔ طاقت
سے زیادہ کام کو کہنا — عنہ: اعراض کرنا
الیہ: متوجہ ہونا — الشیخ فی مشیہ: چلنے میں
گرانبار ہونا — علی نفسہ: باوجود مشقت کے
برداشت کرنا۔
اِنْحَمَلَ - علیہ: اُکسایا جانا۔
اِحْتَمَلَ - الشیَٔ: اُٹھانا — الامرَ: کسی امر
کی طاقت رکھنا اور اس پر صبر کرنا — ما کان
منہ: چشم پوشی کرنا۔ معاف کرنا — الصنیعةَ:
شکر ادا کرنا۔
اُحْتُمِلَ - غضبناک ہونا — لونُہ: رنگ بدلنا
اِسْتَحْمَلَ - اُٹھانے کی طاقت رکھنا۔
— فلانًا: اُٹھانے کو کہنا۔
الحَمْل - مع - پیٹ کا بچہ۔ پھل۔ ج حِمَال و
اَحْمَال وحُمُول۔
الحِمْل - بوجھ۔ ج اَحْمَال وحُمُولَة۔ الحِمْل:
ہودج یا ہودہ والے اونٹ۔ ج حُمُول۔
الحَمَل - بکری کا بچہ۔ ج حُمْلَان واَحْمَال۔
بہت پانی والا بادل۔ آسمان کے برجوں میں سے
ایک برج۔ لسان الحَمَل: بارتنگ (ایک دوا کا نام)
الحَمْلَة - مع - ایک مرتبہ کا بوجھ۔ لڑائی کا حملہ
الحُمْلَة والحِمْلَة - ایک جگہ سے دوسری جگہ
منتقل ہونا۔
الحَامِل - فا - ج حَمَلَة - حَمَلَةُ القرآن: قرآن
کے یاد کرنیوالے۔ قرآن کی روایت کرنے والے۔
مؤنث حَامِلَة: اِمرأةٌ حَامِلٌ وحَامِلَةٌ: پیٹ والی
عورت۔ ج حَوَامِل۔ الحَامِلَة: انگور وغیرہ اٹھانے
کی ٹوکری۔ الحَوَامِل: قدم۔ ہاتھ اور قدم کے پٹھے
الحَمَال - دیت۔ تاوان۔ ج حُمُل۔
الحَمَالَة - ضمانت۔ دیت۔ تاوان۔
الحِمَالَة والحَمِيلَة - ج حَمَائِل و(الحُمُل)
ج مَحَامِل: تلوار کا پرتلہ۔ کہا جاتا ہے "ہو حمیلۃ علینا"
وہ ہمارے ذمہ بار ہے۔ الحِمَالَة: مزدور کا پیشہ۔
الحَمَّال - قلی مزدور۔ بوجھ اٹھانیوالا۔ عوام
اس کو عتال کہتے ہیں۔ الحَمَّال: جزدان۔
فصیح لفظ القمطر ہے۔
الحَمُول - صابر۔ بردبار۔ حَمُولُ البحر:
دریائی نباتات۔
الحَمُولَة - بار برداری کا جانور۔ ج حَمُولات
الحُمْلَان - بار برداری کا جانور جو کسی کو
ہبہ کیا جائے۔ مزدور کی اُجرت۔
الحَمِيل - اُٹھایا ہوا۔ اجنبی۔ ضامن۔ پیٹ کا

بچہ - تسمہ - سیلاب کا کوڑا کرکٹ - اُٹھایا ہوا بچہ
جس کی کوئی پرورش کرے - مُنہ بولا بیٹا -
الحَامُولَة - تیز بارش کے وقت نالے میں
اچھلنے والا پانی (مولد) ج حَوَامِیل -
المَحمِل - وہ چیز جس میں کوئی چیز اُٹھائی
جائے - ہودہ - ج مَحَامِل -
المَحمُول - مفع - المحمُول والموضوع عند
المنطقیین: اصطلاح علم منطق میں قضیہ حملیہ
کے دونوں اجزاء جو نحویوں کے نزدیک بمنزلہ
مسند و مسندالیہ کے ہیں - جیسے زیدٌ کریمٌ میں
زید موضوع ہے اور کریم محمول -
حَملَجَ - الحبلَ - مضبوط بٹنا -
الحِملاج والحُملُوج - سُناروں کی
دھونکنی - گائے کا سینگ - ج حَمَالِیج -
حَملَقَ - آنکھیں پھاڑ کر تیز نظر سے دیکھنا -
حُملاقُ العَین وحِملاقُهَا وحُملُوقُهَا -
پپوٹوں کا اندرونی حصہ - ج حَمَالِیق -
الحِمنُ والحِمنَان - چھوٹی چیچڑیاں -
واحد - حِمنَة وحِمنَانَة - اصمعی نے کہا کہ چیچڑی
جب بہت ہی چھوٹی ہو تو اُس کو قمقامہ کہتے ہیں -
پھر حمنان پھر قُراد پھر حَلَمَة پھر عَلّ وطلح -
ارض (مَحمَنَة ومُحمِنَة) کثرت سے چھوٹی چیچڑیوں
والی زمین -
الحَمُو والحَمَاء والحَمو والحَمءُ - خسر
خاوند کی جانب سے عورت کا قریبی رشتہ دار
یہ اسماء ستہ مکبرہ میں سے ہے اس کا اعراب
حالت رفعی میں واو اور حالت نصبی میں الف
اور حالت جری میں یا سے آتا ہے اور یہ ہمیشہ
مضاف مستعمل ہوتا ہے - تثنیہ حموان وحمآن
ج احماء -
حَمَاة - الرجل: خوش دامن - حماة المرأة:
ساس - ج حَمَوَات - الحَمَاة: پنڈلی کا عضلہ
حَمُوُ - الشمس: آفتاب کی گرمی -
حُمُوَّة - الالم: درد کی شدت و تیزی -
حَمَی (ض) حَمیًا وحِمیَة وحِمَایَة ومَحمِیَة
الشیءَ من الناس: روکنا - بچانا - (۔۔۔ حِمیَة)
المریضَ مایضرُّہ وعمایضرُّہ: پرہیز کرانا -
حَمِیَ (س) حَمِیَّة ومَحمِیَة - من الشیء:
کسی کام کے کرنے سے ناک چڑھانا -
حَمِیَ (س) حَمیًا وحُمِیًّا وحُمُوًّا - النارُ: تیز
گرم ہونا - ۔۔۔ علیہ: غضبناک ہونا -
حَامَی مُحَامَاةً وحِمَاءً - عنہ: حمایت
کرنا - مدافعت کرنا - ۔۔۔ علی الضیف: اچھی طرح
میزبانی کرنا -
اَحمَی اِحمَاءً - المکانَ: حمی بنانا - ۔۔۔
الحدیدَ: بہت گرم کرنا -
تَحَمَّی واحتَمَی - المریضُ: رکنا - پرہیز کرنا
احتمی منہ: بچنا -
تَحَامَی - ہ: بچنا - پرہیز کرنا -
اِحمَومَی اِحمِیمَاءً - کالا ہونا -
الحِمَی - چراگاہ کہ جس میں دوسروں کے
جانور کو چرانے کی ممانعت ہو - ہر وہ چیز جس کی
حفاظت کی جائے -
حَمیُ - الشمس: آفتاب کی گرمی -
الحِمَاء - بچائی ہوئی چیز - کہا جاتا ہے "ہو حِمَاءٌ
لک" وہ تمہاری طرف سے فدیہ ہے -
الحِمیَة - بچائی ہوئی چیز - پرہیز - کہا جاتا ہے
"المعدة بیت الداء والحِمیَة رأس الدواء" معدہ
بیماریوں کا گھر ہے اور پرہیز دوا کی اصل ہے -
الحَمِیَّة - نفرت - مروّت - نخوت -
الحُمَّی - بخار - ج حُمَّیَات -
الحُمَیَّا - غصہ کا ابتدائی جوش - کہا جاتا ہے
"لاتکلمہ فی حُمَیَّا غضبہ" اُس سے غصہ کے
ابتدائی جوش کی حالت میں گفتگو مت کرو -
شراب کی تیزی - شراب ۔۔۔ من کل شیء: شدت و
تیزی - کہا جاتا ہے "ہو شدید الحُمَیَّا" وہ بہت خوددار ہے
الحُمَة - زہر - ڈنک - ج حُمَات وحُمًی -
حُمَةُ البرد: سردی کی شدت -
الحَامِی - فا - شیر - کتا - ج حُمَاة وحَامِیَة - نر
اونٹ کہ جس کے بہت سے بچے ہو گئے ہوں، تو
اُسکو آزاد چھوڑ دیتے تھے کہ جہاں چاہے چرے
اور اُس کے اوپر سوار نہیں ہوتے تھے اور نہ
اُس کے بال کترتے تھے -
الحَمِیُّ - وہ شخص جو ظلم برداشت نہ کر سکے -
ہر محفوظ کی ہوئی چیز - مریض جو مضر چیزوں سے
روک دیا گیا ہو -
الحَامِیَة - الحامی کا مؤنث - حمایت کرنے
والا (اس صورت میں تا مبالغہ کے لئے ہے)
جماعت جو حمایت کرنے والی ہو - ج الحَوَامِی -
الحَامِیَة: پایۂ دیگدان - پتھر جس سے کنوئیں کا
من بنایا جائے -
حَنَّ (ض) حَنِینًا - خوشی یا غم سے آواز نکلنا
۔۔۔ القوسُ: کمان سے آواز نکلنا ۔۔۔ الیہ:
مشتاق ہونا (۔۔۔ حَنَّة وحَنَانًا) علیہ: مہربان
ہونا - صفت (حَنُون)
حَنَّ (ن) حَنًّا - پھیرنا - باز رکھنا تم کہتے
ہو "حُنَّ عنی شرّک" مجھ سے اپنے شر کو روک لو -
حَنَّنَ - الشجرُ: شگوفہ دار ہونا -
اَحَنَّ - القوسَ: کمان سے آواز نکالنا ۔۔۔
الرجلُ: غلطی کرنا -
تَحَنَّنَ - علیہ: رحم کرنا -
تَحَانَّ واستَحَنَّ - الیہ: مشتاق ہونا
اِستَحَنَّ الشوقُ فلانًا: طرب کو بڑھا دینا
الحَانَّة - فا - بہت خوش ہونے والا - کہا جاتا
ہے "مالہ حانّة ولا آنّة" اس کے پاس نہ اونٹنی
ہے نہ بکری -
التَحَنَان - رحمت و مہربانی -
الحِنّ - جنوں کا ایک گروہ -
الحَنَان - روزی - برکت - دل کی نرمی -
کہا جاتا ہے "حنانیک وحنانک یارب" یعنی اے
پروردگار تیرے رحم کی التجا کرتا ہوں - "وحنان
اللّٰہ" اللہ کی پناہ -
الحَنَّان - مہربان - رحیم - اللہ تعالیٰ کے اسمائے
حسنیٰ میں سے ایک - کسی چیز کا مشتاق - سہم
حَنَّان: آواز نکالنے والی کمان - طریق حَنَّان:

واضح راستہ۔
الحِنَّان۔ مہندی۔
حَنَأَ (ن) حَنْأً۔ المکانُ: سرسبز ہونا۔
صفت (حَانِئٌ) اور حانئٌ کا کلمہ اَخضر کے لئے
بطور تاکید کے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے۔ اَخضر
حَانِئٌ۔ جیسے اَسْوَد حالِک۔ اَصفر فاقِع۔
اَبیض ناصِع۔ اَحمر قانِئٌ۔
حَنَّاہ تَحْنِئَۃً و تَحْنِئًا۔ مہندی سے رنگنا
تَحَنَّأَ۔ بالحناء: مہندی سے رنگا جانا۔
الحِنَّاء۔ مہندی۔ واحد حِنَّاءۃ۔ ج حُنَّان
ابو الحِنَّاء۔ ایک سُرخ سینے والا چھوٹا پرندہ
حَنِبَ (س) حَنَبًا و حَنَبٌ و تَحَنَّبَ۔
الشیخ: کُبڑا ہونا۔ حَنِبَہ الکِبَرُ: جُھکا دینا۔ تَحَنَّبَ
علیہ: مہربان ہونا۔
حَنْبَرَ حَنْبَرَۃً۔ البردُ: سخت ہونا۔
الحَنْبَرُ۔ پست قد۔
حَنْبَلَ۔ لوبیا کھانا۔ موزہ یا پرانی پوستین پہننا
تَحَنْبَلَ۔ سر جھکانا۔
الحُنْبُلُ۔ لوبیا۔
الحُنَابِل۔ من الاوتار: مضبوط اور موٹی تانت
الحَنْبَل۔ موزہ یا پرانی پوستین۔ بڑے
پیٹ والا پست قد۔
الحِنْبَال۔ فربہ پُر گوشت۔ بہت بولنے والا
الحِنْبَالَۃ۔ سمندر۔ بہت بولنے والا۔
الحَانُوت۔ دوکان۔ شراب بیچنے والے
کی دوکان۔ (مذکر و مؤنث) ج حَوَانِیت۔
نسبت کے لئے (حَانِیّ و حَانُوِیّ)
الحَنْتَم۔ سبز رنگ کی ٹھلیا کہ جس میں نبیذ
بنایا کرتے تھے۔
حَنِثَ (س) حِنْثًا۔ باطل کی طرف مائل
ہونا۔ فی یمینہ: قسم توڑنا۔
اَحْنَثَہ۔ قسم تڑوانا۔
تَحَنَّثَ۔ گناہ سے نفرت کرنا۔ عبادت کرنا
بتوں سے علیحدہ ہونا اور ان کی پرستش چھوڑنا
من کذا: توبہ کرنا۔

الحِنْث۔ مص۔ گناہ۔ ج اَحْنَاث۔ کہا جاتا ہے
"بَلَغَ الغلامُ الحِنْثَ" لڑکا بالغ ہوگیا۔
المَحَانِث۔ گناہ کے مواقع۔
حَنَجَہ (ض) حَنْجًا۔ جُھکانا ۔۔۔ الحَبْلَ:
مضبوط بٹنا۔ حَنَجَتْ حَاجَۃٌ: پیش آنا۔
اَحْنَجَ۔ الشیئَ: جُھکانا ۔۔۔ الخبرَ: پوشیدہ
کرنا ۔۔۔ الکلامَ: رُخ پھیر دینا ۔۔۔ الشیئُ:
جُھکنا ۔۔۔ الرجلُ: تیز چلتے ہوئے پیچھے کی طرف
نظر ڈالنا۔
اِحْتَنَجَ۔ الشیئُ: جھکنا۔
حَنْجَرَتِ۔ العینُ: اندر کو دھنسنا۔ حَنْجَرَہ:
ذبح کرنا۔
الحَنْجَرَۃ و الحُنْجُور۔ نرخرہ۔
حَنْحَنَ۔ علیہ: خوف کھانا۔ عوام بولتے ہیں
حَنْحَنَ البُنْدُقُ او الجَوزُ و نحوہما: جبکہ گری خراب
ہو جائے۔ فصیح لفظ حَمِتَ ہے۔
حَنْدَسَ و تَحَنْدَسَ۔ اللیلُ: تاریک ہونا
الحِنْدِس۔ سخت تاریک رات۔ تاریکی
ج حَنَادِس۔ الحَنَادِس: مہینے کی بائیسوں۔
تیئیسویں، چوبیسویں راتیں۔
الحِنْدَقُوق و الحَنْدَقُوق و الحِنْدَقُوقَى
و الحِنْدِقُوقِی۔ ایک قسم کی نباتات کا نام۔
لمبا تڑنگا مرد جو دیوانہ کے مشابہ ہو۔
الحَنْدَل۔ پست قد۔
حَنَذَ (ض) حَنْذًا و تَحْنَاذًا۔ اللحمَ:
بھوننا۔ صفت مفعولی (حَنِیذ)
(۔۔۔ حَنْذًا و حِنَاذًا) الفرسَ: پسینہ لانے کے
لئے دوڑانا۔ صفت مفعولی (مَحْنُوذ و حَنِیذ)
حَنَذَتہ الشمسُ: جھلس دینا۔
اَحْنَذَ۔ شراب میں زیادہ پانی ملانا یا کم
ملانا ۔۔۔ اللحمَ: پکانا۔
اِسْتَحْنَذَ۔ دھوپ میں لیٹ کر پسینہ
لانا۔
الحَنْذَۃ۔ سخت گرمی۔
حَنَاذِ۔ بروزن قطام: آفتاب۔

الحَنِیذ۔ بھونا ہوا گوشت۔ گرم پانی سر
دھونے کی خوشبودار چیز۔
الحِنْذِیذ۔ بہت پسینہ والا۔
المُحْنَذِی۔ بہت گالی دینے والا۔
حَنَرَ (ض) حَنْرًا۔ الحَنِیرَۃ۔ محراب بنانا
طاق میں خمدار جگہ بنانا۔
الحَنِیرَۃ۔ طاق میں خمدار جگہ۔ کمان دُھنے
کی کمان۔ ہر وہ چیز جو خمدار ہو۔ ج حَنِیر و حَنَائِر۔
حَنِسَ (س) حَنَسًا۔ دلیری سے وسط
معرکہ میں ڈٹے رہنا۔
الحُنُس۔ پرہیزگار لوگ۔
حَنَشَہ (ض) حَنْشًا۔ ہٹانا۔ علیحدہ کرنا
غضبناک کرنا ۔۔۔ الصیدَ: شکار کرنا۔
حَنَشَتِ الحَیَّۃُ فلانًا: ڈسنا۔
اَحْنَشَہ۔ شکار کرنا ۔۔۔ عن الامر: جلدی کرانا۔
الحَنَش۔ سانپ کی ایک قسم۔ ہر وہ جانور
جس کا سر سانپ کی مانند ہو جیسے گرٹ۔
چھپکلی وغیرہ ج اَحْنَاش و حُنْشَان۔
حَنَصَ (ن) حَنْصًا۔ الرجلُ: کمزور ہونا
الحِنْصَاء۔ باریک ہڈیوں اور بڑے پیٹ
والا۔
الحِنْصَال و الحِنْصَالَۃ۔ بڑے پیٹ والا
الحِنْضِج۔ سُست آدمی کہ جس سے کسی
کو فائدہ نہ پہونچے۔
الحَنْضَل۔ چھوٹا تالاب۔
الحَنْضَلَۃ۔ بڑی چٹان میں جمع شدہ پانی
بڑی چٹان میں گڑھا۔
حَنَطَ (ن) حُنُوطًا و اَحْنَطَ۔ الزرعُ:
کٹائی کے قابل ہونا ۔۔۔ الشجرُ: پھل پکنا۔
حَنِطَ (س) حَنَطًا۔ الجلدُ: سُرخ ہونا۔
صفت (حَانِط)
حَنَّطَ و اَحْنَطَ۔ المیتَ: مُردہ پر حنوط ملنا۔
تَحَنَّطَ۔ حنوط استعمال کرنا۔
اِسْتَحْنَطَ۔ جان دینے کے لئے دلیری کرنا۔
الحَانِط۔ فا۔ بہت گیہوں والا۔ گیہوں والا

پکے ہوئے پھلوں والا درخت اَحْمَرُ حَانِظٌ: بہت سُرخ۔

اَلحِنْطَۃُ - گیہوں - ج حِنَط -

اَلحِنْطِیُّ - بہت گیہوں کھانے والا - پھولا ہوا۔

اَلاَحْنَط - بڑی اور گھنی داڑھی والا۔

الحِنَاطَۃُ - گندم فروشی - مُردوں پر حنوط لگانے کا پیشہ۔

الحَنَّاط - مُردوں پر حنوط لگانے والا - — والحَناطِیّ) گیہوں بیچنے والا۔

الحِنَاط والحَنُوط - ایک قسم کی مرکب خوشبو جو مُردوں کے جسم اور کفن پر لگاتے تھے۔

الحِنْطِیءُ - وہ شخص جسکی خوراک گیہوں ہو۔

الحِنْطِیءُ - پست قد۔

الحِنْطَأُ والحِنْطَأْوَۃُ - بڑے پیٹ والا پست قد۔

الحَنْظَرَبَۃُ - بادل۔

الحُنْظُبَاءُ والحُنْظَبَاءُ - نڑیّ نر گبریلا

الحُنْظُوبُ - بڑے ڈیل ڈول کی ناکارہ عورت۔

الحِنْظَابُ - پست قد بدخو۔

الحَنْظَلُ - اندرائن جو کڑوا ہونے میں ضرب المثل ہے۔

حَنْظَلَتِ - الشجرۃُ: کڑوے پھل والا ہونا

حَنَفَ - (ض) حَنْفًا - جھکنا — رجلہ: پاؤں ٹیڑھا کر دینا۔

حَنِفَ (س) حَنَفًا وحَنُفَ (ک) حَنَافَۃً ٹیڑھے پاؤں والا ہونا - صفت (اَحْنَف)

حَنَّفَ - ٹیڑھے پاؤں والا کر دینا۔

تَحَنَّفَ - حنیفی ہونا - حنفی ہونا - کہا جاتا ہے شافعی تَحَنَّفَ "شافعی حنفی ہو گیا — الیہ: مائل ہونا۔

الحَنفَاءُ - ٹیڑھا پاؤں - کمان - اُسترا گرگٹ - کچھوا۔

الحَنِیفُ - سیدھا - اسلام کے احکام پر چلنے والا - سیدنا ابراہیم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسّلام کے دین کا متبع - موحد - کلیات میں ہے کہ قرآن پاک میں جہاں کہیں لفظ حنیف کے ساتھ مسلم ہے وہاں حاجی مراد ہے جیسے ولکن کان حَنِیفًا مسلمًا اور جہاں بغیر لفظ مسلم کے تنہا حنیف ہو وہاں مسلم مراد ہو جیسے حَنِیفًا لِلّٰہِ " ج حُنَفَاء - ادیان باطلہ کو چھوڑ کر دین حق کو اختیار کرنے والا۔

الحَنِیفِی - امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے مذہب کا تابع - ج اَحْنَاف وحَنَفِیَّۃ۔

الحَنِیفِیَّۃُ - فی الاسلام او الدین: اسلام کی طرف میلان اور دین کے ساتھ تمسک۔

الحِنْفِس - بے حیا بدزبان عورت۔

الحِنْفِش والحِنْفِیش - ایک قسم کا زہریلا سانپ جس کا سر بڑا اور گردن باریک ہوتی ہے اور جب غضبناک ہوتا ہے تو اس کی گردن کی رگیں پھول جاتی ہیں - ج حَنَافِش وحَنَافِیش

الحِنْفِص - دبلا پتلا۔

حَنِقَ (س) حَنَقًا - منہ وعلیہ: سخت غضبناک ہونا - صفت (حَنِق وحَنِیق) ج حُنُق بل حُنُق ومَحَانِیق: موٹے اونٹ -

اَحْنَقَ - غضبناک بنانا - اَحْنَقَ الدابۃَ: دُبلا کرنا - اَحْنَقَ الرجلُ: سخت کینہ رکھنا۔

اِحْتَنَقَ - موٹا ہونا۔

الحَنَق والحَنِق - سخت غصہ۔

الحُنْقُط - ایک قسم کا پرندیا تیتر۔

حَنَکَ (ن ض) حَنْکًا - الشیءَ: سمجھنا۔

(— واِحْتَنَکَ - الفرسَ - گھوڑے کے منہ میں رسی لگانا۔

حَنَکَ وحَنَّکَ - چبا کر نرم بنانا۔

حَنَکَ (ن،ض) حَنْکًا وحَنَّکَ واَحْنَکَ واحْتَنَکَ - الدھرُ الرجلَ: تجربہ کار بنا دینا - صفت (حَنِیک) ج حُنُک - حَنَّکَ الصبیَّ: مہذب بنانا۔

تَحَنَّکَ - پگڑی کو تھوڑی کے نیچے سے لا کر باندھنا۔

اِحْتَنَکَ - الجرادُ الارضَ: کھا کر صاف کر دینا

اِحْتَنَکَہٗ: غالب ہونا۔

اِسْتَحْنَکَ - کم خوراک کے بعد زیادہ خوراک والا ہونا۔

الحَانِکُ - فا - اَسْوَدُ حَانِکٌ: سخت سیاہ

الحُنْکُ والحُنْکَۃُ - تجربہ۔

الحَنَکُ - تالو - ٹھوڑی - حَنَکُ الغُرَاب: کوے کی چونچ یا اس کی سیاہی - کہا جاتا ہے - "اَسْوَدُ مِنْ حَنَکِ الغُرَابِ" کوے کی چونچ سے کالا - ج اَحْنَاک - الحَنَک: وہ لوگ جو کسی دوسری جگہ چارہ کی تلاش میں جائیں - چھوٹے ٹیلے جہاں کے پتھر سفید اور نرم ہوں - واحد (حَنَکَۃ)

الحُنُکُ - عقل مند تجربہ کار مرد - مؤنث حُنُکَۃ۔

الحِنَاکُ - ج حُنُک و (المُحْنَک)

المُحْنَکُ - تجربہ کار۔

حَنْکَلَ - فی الشیءِ: گرانباری سے چلنا - آہستہ چلنا۔

الحَنْکَلِیس - ایک قسم کی مچھلی - فصیح عربی الجِرِّیّ ہے۔

حَنَا (ن) حَنْوًا وحَنَی (ض) حِنَایَۃً - الشیءَ: موڑنا - حَنَا الحِنْیَۃَ ای القوسَ: کمان بنانا۔

حَنَا (ن) حُنُوًّا واَحْنٰی - علیہ: مائل ہونا

حَنَّی تَحْنِیَۃً - الشیءَ: موڑنا۔

تَحَنّٰی - ٹیڑھا ہونا — علیہ: مہربانی کرنا

اِنْحَنٰی - ٹیڑھا ہونا - مڑنا۔

الحَانِیَۃُ - ج الحَوَانِی (الحَانَاۃ والحَانُوت) دوکان - مالک دوکان - الحَانِیَۃ: بکری جس کی گردن بغیر کسی سخت [illegible] موئی ہو۔

الحَانُوِیُّ واعی - سب سے لمبی پسلی۔

الحَانِیَۃ - شراب - الحانی کا مؤنث - شراب بیچنے والے۔

الحِنْو والحَنْو - بدن کا ہر وہ حصہ جس میں کجی ہو جیسے پسلی - ہر ٹیڑھی لکڑی - حِنْوُ الشیءِ: جز

کا پہلو۔ وحِنوُ السرج : زین کا اگلا اور پچھلا حصہ ج أحناء، حُنِيٌّ وحِنيّ واَحناءُ الاُمُور : متشابہات امور
الحَنِيَّة ۔ کمان ۔۔۔ من البناء : کمان کی مانند خمدار ۔ ج حَنایا وحِنِيّ ۔
الاَحنیٰ ۔ کبڑا ۔ مؤنث حَنواء کہا جاتا ہے فلان احنی الناس ضلوعاً علیک" فلاں تمہارے اوپر لوگوں میں بہت مہربان ہے ۔
المَحنِيَة والمَحنُوَة والمَحناة ۔ ج محانٍ : وادی کا موڑ ۔
المُنحَنیٰ ۔ وادی کا موڑ ۔
حَابَ (ن) حَوبًا وحُوبًا وحُوبَةً و حَابًا وحِيَابَةً ۔ بکذا : گنہگار ہونا ۔
اَحوَبَ اِحوَابًا ۔ گناہ کی طرف مائل ہونا ۔
تَحَوَّب ۔ گناہ سے بچنا ۔۔۔ منہ : دردمند ہونا ۔۔۔ فی دعائہ ۔ گڑگڑا کر دعا کرنا ۔
اِستَحوَبَ ۔ دردمند ہونا ۔
الحَوب والحُوب ۔ غم وحشت (الحَوب والحُوب والحُوبَة والحاب والحَابَة) گناہ ۔
الحَوبَة : ماں باپ ۔ بہن بیٹی ۔
الحَوبَة والحِيبَة والتَحُوبَة ۔ ماں کی جانب سے قرابت ۔ کہا جاتا ہے" لی فیہم حَوبَة "میری ان سے ننہالی رشتہ داری ہے ۔ حاجت ۔ حالت کہا جاتا ہے" باتَ بحَوبَةِ سُوءٍ" اس نے بری حالت میں رات گزاری ۔ الحَوبَة : ماں کی مامتا ۔ بیوی ۔ باندی ۔
الحُوبَة ۔ کمزور مرد ۔ کہا جاتا ہے" اِنَّما فلانٌ حُوبَةٌ" فلاں شخص کمزور ہے نہ اس سے خیر کی امید ہے نہ شر کا خوف ۔ واِنَّ لی حُوبَةً اَعُولُہا" میرے عیال ہیں جن کی میں کفالت کرتا ہوں ۔
الاَحوَب ۔ گنہگار ۔ مؤنث حَوبَاء ۔
الحَوبَاء ۔ نفس ۔ ج حَوبَاوات ۔
المُتَحَوِّب والمُحَوِّب ۔ وہ شخص جس کا مال ضائع ہو جائے پھر مل جائے ۔
حَاتَ (ن) حَوتًا حَوتَانًا ۔ الطیر او الوحش علی الشیئ : منڈلانا ۔

حَاوَتَ ۔ مکر و فریب کے کام لینا ۔ دھوکا دینا ۔۔۔ ہ عن کذا : مدافعت کرنا ۔
الحُوت ۔ مچھلی ۔ عموماً بڑی مچھلی پر اطلاق ہوتا ہے ۔ ج حِیتَان واَحوَات وحِوَتَة ۔۔۔ آسمان کے ایک برج کا نام ۔
الحَوتَاء ۔ موٹی کمر والی عورت ۔
اَحَاثَ اِحَاثَةً ۔ الارضَ : زمین کھود کر الٹنا پلٹنا ۔۔۔ الشیئَ : نکالنا ۔ کہا جاتا ہے "ترکہم حَوثَ بَوثَ اوحِیثَ بِیثَ اوحَاثِ بَاثِ او حَوثًا بَوثًا ۔ یعنی اس نے ان کو متفرق چھوڑا ۔
الحَوثَاء ۔ جگر اور اس کے آس پاس کے حصے ۔ موٹی عورت ۔
الحَوثُ ۔ جگر کی رگ ۔
حَاجَ (ن) حَوجًا ۔ محتاج ہونا ۔
حَوَّجَ ۔ بہ عن الشیئ : کسی چیز کی وجہ سے کسی سے ہٹ جانا ۔
اَحوَجَ ۔ اِلیہِ : محتاج ہونا ۔۔۔ ہ : محتاج بنانا ۔
تَحَوَّجَ ۔ حاجت طلب کرنا ۔ کہا جاتا ہے "خرج فلانٌ یتحوّج" فلاں حاجت طلب کرنے کے لئے نکلا ۔
اِحتَاجَ ۔ الیہ : محتاج ہونا ۔
الحَاج ۔ ایک قسم کا کانٹا ۔ ایک قسم کا ترش پودہ ۔
الحَوج ۔ مص سلامتی ۔ کہا جاتا ہے "حَوجًا لک" یعنی تمہارے لئے سلامتی ہو ۔
الحُوج ۔ فقر و فاقہ ۔
الحَوجَاء ۔ حاجت ضرورت ۔ اور اسی کی ہے ۔ ماکان فی نفسِہ حَوجَاء، ولا لَوجَاء، و بالتصغیر حُوَیجَاء، ولا لُوَیجَاء" یعنی اسے کوئی حاجت نہیں ۔ وکلمتُہ، فمارَدَّ حَوجَاءَ ولا لَوجَاءَ" میں نے اس سے گفتگو کی اس نے اچھا یا برا کوئی جواب نہیں دیا ۔
الحَاجَة ۔ ضرورت ۔ سوال ۔ ج حَاج وحِوَج

وحَاجَات وحَوَائج ۔ اخیری جمع حَائِجَة کی تقدیر پر ہے ۔ مبالغہ کی غرض سے حاجةٌ حَائِجَةٌ " کہا جاتا ہے ۔
المَحَاوِیج ۔ محتاج لوگ ۔
حَادَ (ن) حَودًا ۔ عنہ : ہٹ جانا ۔
حَاوَدَتِ ۔ الحُمّیٰ : بخار کا بار بار آنا ۔ کہا جاتا ہے" ہُوَ یُحَاوِدُنَا بالزِیَارَۃِ " وہ ہم لوگوں کے پاس ملاقات کے لئے بار بار آتا ہے ۔
حَاذَہٗ (ن) حَوذًا ۔ حفاظت کرنا ۔ علی الشیئ : نگہبانی کرنا (۔۔۔ واَحوَذَ) الدابّةَ : تیز ہانکنا ۔ اَحوَذَ ثوبَہ : کپڑے سمیٹنا ۔ اَحوَذَ السیرَ : تیز چلنا ۔ اَحوَذَ الشاعرُ قصیدةً : عمدہ قصیدہ کہنا
اِستَحوَذَ ۔ علیہ : غالب ہونا ۔
الحَاذ ۔ ایک قسم کا درخت ۔ واحد (الحاذة) ج آحاذ ۔ پیٹھ ۔ کہا جاتا ہے" ہو خفیفُ الحَاذ" وہ تھوڑے مال والا ہے ۔
الحِوَاذُ ۔ دوری ۔ جدائی ۔
الحُوذَان ۔ ایک خوش مزہ نباتات کا نام جس کا پھول سرخ رنگ کا اور اس کی جڑ میں زردی ہوتی ہے ۔
الاَحوَذِیّ ۔ ماہر ۔ ہر کام میں چست و پھرتیلا ۔
الحُوذِیّ ۔ کوچوان گاڑیبان ۔ عوام العرب کہتے ہیں ۔
حَارَ (ن) حَورًا وحُؤُورًا ومَحَارًا ومَحَارَةً ۔ لوٹنا ۔ متحیر ہونا (۔۔۔ حَورًا) الثوب دھونا ۔ سفید کرنا ۔ حَارَ الشیئُ : مندا پڑنا ۔ کہا جاتا ہے ۔" حَارَ بَعدَ ماکَارَ" زیادہ ہونے کے بعد گھٹ گیا ۔" نعوذ باللہ من الحَورِ بعدَ الکَورِ" ہم زیادتی کے بعد نقصان سے اللہ کی پناہ لیتے ہیں ۔
حَوِرَت (س) حَوَرًا ۔ العینُ : سفیدی اور سیاہی کا بہت سفید سیاہ ہونا صفت (حَوراء)
حَوَّرَ ۔ القرصَ : بیلن سے بیلنا ۔۔۔ الثوبَ : سفید کرنا ۔۔۔ ہ اللہ : محروم کرنا ۔

حَاوَرَہٗ مُحَاوَرَۃً وحِوَارًا وحَوارًا - گفتگو کرنا جواب دینا - **اَحَارَ اِحَارَۃً** - الجوابَ جواب دینا - اور اسی سے ہے "لم یُحِرْ جَوَابًا" اس نے جواب نہیں دیا - اور کہا جاتا ہے "طَحَنَتِ الطَّاحِنَۃُ فَمَا اَحَارَتْ شَیْئًا" چکی پیسنے والی نے چکی پیسا اور آٹا کچھ بھی نہیں دیا - اَحَارَتِ النَّاقَۃُ: بچہ والی ہونا اَحَارَ البعیرَ: ذبح کرنا -

تَحَاوَرَ - القومُ: ایک دوسرے سے گفتگو کرنا - ایک دوسرے کو جواب دینا -

اِحْوَرَّ اِحْوِرَارًا - سفید ہونا - اِحْوَرَّتِ العَیْنُ: بہت سیاہی اور سفیدی والی ہونا -

اِسْتَحَارَہٗ - گفتگو کرنا -

الحُوْرُ - ہلاکت - کمی - کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ فِی حُورٍ وبُورٍ" یعنی وہ نہ تو کسی صنعت میں ہے اور نہ کسی قسم کی آمدنی میں -

الحَوْرُ - گہرائی - کہا جاتا ہے "بَعِیْدُ الحَوْرِ" یعنی عقلمند - وَمَا اَصَبْتُ حَوْرًا" میں نے کچھ نہیں پایا

الحَوَرُ - مص - سفید پتلے چمڑے - سرخ رنگا ہوا چمڑہ - گائے - ایک مشہور درخت جس کے گوند سے کہربا تیار ہوتا ہے - ج اَحْوَار -

الحُوَارُ والحِوَارُ - اونٹنی کا بچہ جس کا دودھ ابھی نہ چھڑایا گیا ہو - ج اَحْوِرَۃ وحِیْرَان -

الحَارَۃُ - گول چوک - محلہ - کہا جاتا ہے - "نَزَلْنَا فِی حَارَۃِ بَنِی فُلَانٍ" ہم لوگ بنو فلان کے محلہ میں اُترے -

الحَائِرُ - فا - لاغر - دُبلا پتلا -

الحَائِرَۃُ - الحائر کا مؤنث - کہا جاتا ہے "مَا ہُوَ اِلَّا حَائِرَۃٌ مِنَ الحَوَائِرِ" یعنی اس کے اندر کوئی خیر و برکت نہیں -

الاَحْوَرِیُّ - سپید - نازک -

الحُوَّارِیُّ - میدہ - کھریا مٹی - ہر وہ چیز جس سے سفیدی کی جائے -

الحَوَارِیُّ - نصیحت کرنیوالا - خیر خواہ - دھوبی - رشتہ دار - مددگار - اور بقول بعض انبیاء کے مددگار - اور اسی سے ہے (الحَوَارِیُّوْنَ) حضرت سیدنا عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے انصار و اعوان -

الحَوَارِیَّۃُ - الحَوَارِیُّ کا مؤنث - شہری عورت ج حَوَارِیَّات -

المِحْوَرُ - وہ لکڑی یا لوہا جس پر چرخی گھومتی ہے، المحور فی الہندسۃ: علم ہندسہ کی اصطلاح میں وہ سیدھا خط جو کرہ کے دونوں قطبین کے درمیان ہوتا ہے -

المِحْوَرُ - روٹی پکانے والے کا بیلن - وہ ٹکڑا جس پر کوئی چیز گھومے - ج مَحَاوِر - کہا جاتا ہے "قَلِقَتْ مَحَاوِرُہٗ" یعنی اس کا معاملہ بگڑ گیا

المَحَارَۃُ - واپسی - کمی - لوٹنے کی جگہ - اونٹ کا کھر - تالو - ہر وہ ہڈی جو سیپی کی مانند ہو - محارۃ الاذن: کان کا گڑھا -

المَحْوَرَۃُ والمَحْوُرَۃُ - جواب - خُف - (مُحَوَّر) موزہ جس کا استر سُرخ چمڑے کا ہو -

حَازَ (ن) حَوْزًا وحِیَازَۃً واِحْتَازَ اِحْتِیَازًا - الشَّیْئَ: اکٹھا کرنا - جمع کرنا - الابلَ: نرمی سے ہانکنا (حَازَ حَوْزًا) الرجلُ: نرم چلنا -

تَحَوَّزَ تَحَوُّزًا - الابلَ: پانی کی طرف لیلۃ الحوز میں اونٹوں کو ہانکنا (دیکھیے لیلۃ الحوز)

حَاوَزَہٗ مُحَاوَزَۃً - باہم زندگی بسر کرنا - میل ملاپ کرنا - روندنا - ایک دوسرے کو دھتکارنا -

تَحَوَّزَ - علیحدہ ہونا — الحیۃُ: کنڈلی مارنا کہا جاتا ہے "دَخَلَ عَلَیْہِ فَمَا تَحَوَّزَ لَہٗ" وہ اس کے پاس آیا اور اس کے لئے علیحدہ نہیں ہوا -

تَحَاوَزَ - الفریقانِ: ایک دوسرے سے علیحدہ ہونا -

اِنْحَازَ اِنْحِیَازًا - عنہ: ہٹ جانا — الیہ: مائل ہونا — القومُ: مرکز کو چھوڑ دینا شکست کھانا -

الحَوْزَۃُ - گوشہ - کنارہ - طبیعت - حَوْزَۃُ المملکۃِ: ایک مملکت کی سرحدوں کا درمیانی حصہ

الحَوْزُ - وہ جگہ جسکے ارد گرد دیوار وغیرہ کھڑی ہو - حَوْزُ الدار: مکان کے منافع جو اسکے ساتھ وابستہ ہوں - لیلۃُ الحوز: پانی کی طرف اونٹوں کے جانے کی پہلی رات -

الحَوْزِیُّ - اونٹ کا ہانکنے والا - قوم سے علیحدہ ہو کر تنہا اُترنے والا - کالا -

الحَیِّزُ والحَیْزُ - جگہ - کہا جاتا ہے "ہٰذا فی حیز التَّوَاتُرِ" یعنی یہ چیز تواتر سے ثابت ہے -

الحَوْزَاءُ - لڑائی -

الحُوَیْزَاءُ - ساتھیوں سے پوشیدہ رکھا ہوا ذخیرہ -

الاَحْوَزِیُّ - ماہر - ہر کام میں پھرتیلا - بہتر کارگزار -

الحَوَّازُ - الحائز کا مبالغہ - اور اسی سے ہے "الاثم حَوَّازُ القلوبِ" گناہ دلوں پر غالب آنے والا ہے یہاں تک کہ آدمی غیر پسندیدہ کام کر بیٹھتا ہے -

الحُوَّازُ - بڑے بڑے گبریلے -

حَاسَ (ن) حَوْسًا - القومَ: میل ملاپ کرنا - روندنا - ذلیل کرنا — الذئبُ الغنمَ: درمیان میں آکر پراگندہ کرنا - حَاسَتِ المرأۃُ ذَیْلَہَا: دامن کھینچتے ہوئے چلنا — الجزارُ الاِہَابَ: قصائی کا کھال کو اتارنا -

حَوِسَ (ن) حَوَسًا - دلیر و بہادر ہونا - صفت (اَحْوَسُ)

تَحَوَّسَ - دلیری دکھلانا — فی الکلام: گفتگو کیلئے تیار ہونا — للشیئ: دردمند ہونا

اِسْتَحْوَسَ اِسْتِحْوَاسًا - رُکنا - دیر کرنا -

الاَحْوَسُ - دلیر و بہادر - وہ شخص جو اپنی جگہ سے جُدا نہ ہو جب تک کہ اپنی حاجت پوری نہ کر لے - بھیڑیا - ج حُوْس -

الحَوُوْسُ - لوگوں کو بہت قتل کرنے والا بہادر -

الحُوَاسَۃُ - غنیمت - حاجت (— و الحُوَیْسَار) قرابت - رشتہ داری -

حَاشَ (ن) حَوْشاً۔ الابلَ: جمع کرکے ہانکنا (واَحَاشَ اِحَاشۃً واَحْوَشَ اِحْوَاشاً و اِسْتَحْوَشَ اِسْتِحْوَاشاً) الصیدَ: گھیر کر پھندے کی طرف لانا۔ حَاشَ واَحْوَشَ واَحَاشَ علیہ الصَّیْدَ و اَحْوَشَہٗ اِیَاہٗ: شکار کرنے میں مدد کرنا۔

حَوَّشَہٗ۔ بہت جمع کرنا۔ حَوَّشَ الرجل: دلیری دکھانا۔ تیاری کرنا۔

حَاوَشَہٗ۔ علی الامر: اکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔

تَحَوَّشَ۔ عنہ: علٰحدہ ہونا ــــ منہ: شرم کرنا ــــ المرأۃُ من زوجہا: بیوہ ہونا۔

اِنْحَاشَ۔ اکٹھا ہونا ــــ عنہ: بھاگنا۔ بدکنا ــــ لہ الصیدُ: شکار کا خود آنا۔

تَحَاوَشُوْا۔ عَلَیْہِ: اپنے درمیان میں کرلینا

اِحْتَوَشَ۔ القومُ الصیدَ: قوم کا شکار کو ایک دوسرے کی طرف بدکانا۔ اِحْتَوَشَ القومُ الرجلَ وعلیہ: گھیر لینا اور اپنے درمیان میں کرلینا۔

الحَوْشُ۔ باڑہ کے مشابہ گھر کے اردگرد۔

الحُوَاشَۃُ۔ باعثِ شرم۔ رشتہ داری۔ ایسا کام جس میں گناہ و قطع رحمی ہو۔

الحَائِشُ۔ فا۔ حَائِشُ الشجر: درخت کا گنجان حصہ۔ رجل (حُوْشُ) الفؤاد: ذکی و تیز فہم مرد۔

الحُوْشِیُّ۔ من الکلام: نادر و غریب کلام رجلٌ حُوْشِیٌّ: لوگوں سے نہ ملنے والا۔ لیلٌ حُوْشِیٌّ: تاریک رات۔

حَاصَ (ن) حَوْصاً وحِیَاصَۃً۔ الثوبَ: دور دور سینا ــــ حَوْلَہٗ: منڈلانا ــــ بینہما: تنگ کرنا۔

حَوِصَ (س) حَوَصاً۔ تنگ گوشۂ چشم والا ہونا۔ صفت (اَحْوَص) مؤنث حَوْصَاء ج حُوْص و اَحَاوِص۔

حَاوَصَہٗ۔ چپکے سے گوشۂ چشم سے دیکھنا

اِحْتَاصَ اِحْتِیَاصاً۔ فی امرہ: ــــ احتیاط کرنا۔

الحَوْصُ۔ مص۔ پیٹ کا مروڑ۔ کہا جاتا ہے "لَاَطْعَنَنَّ فِی حَوْصِکَ" جو تم نے سیا ہے اسکو میں ادھیڑ دوں گا اور جسکو تم نے درست کیا ہے اس کو بگاڑ دوں گا۔ "ما طَعَنْتُ فی حَوْصِہٖ" تو اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہوا۔ "دَخَلَ فِی حَوْصِ النَّاسِ" وہ لوگوں کے باطن امور میں داخل ہوا۔

الحِیَاصَۃُ۔ جانور کا تنگ۔

الحِوَاصُ۔ لکڑی کی سوئی۔

الحَوَصُ۔ چھوٹی آنکھیں۔

حَوْصَلَ۔ الطائرُ: پوٹا بھرنا ــــ الحِنْطَۃَ: اکٹھا کرنا۔

الحَوْصَلُ والحَوْصَلَۃُ والحَوْصَلَّۃُ و الحَوْصَلَاءُ۔ پرندہ کا پوٹا۔

حَاضَ (ن) حَوْضاً۔ حوض بنانا ــــ الماءَ: جمع کرنا۔

حَوَّضَ۔ حوض بنانا ــــ حولَ الامر: گھومنا چکر لگانا۔

اِحْتَاضَ وتَحَوَّضَ۔ حوض بنانا۔

اِسْتَحْوَضَ۔ الماءُ: حوض کے مشابہ گڑھے میں جمع ہونا۔

الحَوْضُ۔ پانی جمع ہونے کی جگہ ج اَحْوَاض وحِیَاض وحِیْضَان۔ حَوْضُ الاُذُن: کان کا گڑھا۔

المُحَوَّضُ۔ درخت کے اردگرد پانی کا گڑھا۔ تھالا۔

حَاطَہٗ (ن) حَوْطاً وحِیْطَۃً وحِیَاطَۃً حفاظت کرنا۔ نگہبانی کرنا ــــ بہ: گھیر لینا۔ احاطہ کرنا۔

حَوَّطَہٗ۔ حفاظت کرنا۔ نگہبانی کرنا السَّاحَۃَ: گرداگرد دیوار بنانا ــــ الحائطَ: دیوار بنانا ــــ حَوْلَ الامرِ: گھومنا۔ چکر لگانا۔

حَاوَطَہٗ۔ کسی سے کوئی چیز حاصل کرنے کے لئے کہ جس کے دینے سے وہ انکار کر رہا ہو پیچھے پڑنا اور اس کے گرد چکر لگانا۔

اَحَاطَ واِحْتَاطَ۔ بہ: گھیرنا۔ احاطہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَحَاطَ بہٖ عِلْماً" اس نے پوری طریقے سے علم حاصل کیا۔ اِحْتَاطَ الرجلُ: ہوش و حواس سے کام کرنا۔ اِحْتَاطَ علی الشیءِ: محافظت کرنا۔ اِحْتَاطَ بِنَفْسِہٖ: بھروسہ کے ساتھ لینا۔

تَحَوَّطَہٗ۔ حفاظت کرنا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ یَتَحَوَّطُ اَخَاہُ حِیْطَۃً حَسَنَۃً" فلاں اپنے بھائی کی بہت اچھے طریقے سے حفاظت کرتا ہے۔

اِسْتَحَاطَ۔ فِی اَمْرِہٖ او تجارتِہٖ: احتیاط کرنے میں مبالغہ کرنا۔

الحَوْطَۃُ والحِیْطَۃُ والحَیْطَۃُ۔ احتاط کا اسم۔ الحِیْطَۃُ: پاکدامن شریف عورت۔

الحَوْطُ۔ مص۔ چاندی وغیرہ کا بنا ہوا چاند ہلالی شکل کا۔ سیاہ و سفید۔ دو رنگوں کا دھاگا کہ جس میں مہرے یا کوڑی وغیرہ پرو کر نظرِ بد سے بچنے کے لئے عورتیں کمر پر باندھتی ہیں۔

الحِوَطُ۔ وہ چیز جس سے دراہم کے نقصان کو پورا کریں۔

الاَحْوَطُ۔ بہت احتیاط کرنے والا۔ قابلِ اعتماد۔ (اور یہ شاذ ہے اس لئے کہ احتاط سے ماخوذ ہے۔)

الحَائِطُ۔ فا۔ دیوار۔ باغ۔ ج حِیْطَان و حِیَاط۔

الحَوَّاطُ۔ حائط اسم فاعل کا مبالغہ۔

حُوَاطُ۔ الاَمْرِ: کسی کام کا مدار۔

الحُوَاطَۃُ۔ غلہ کی حفاظت کے لئے بنی ہوئی جگہ۔

المَحَاطُ۔ وہ جگہ جو قوم کے یا جانوروں کے پیچھے ہو اور جہاں ان کی حفاظت ہو۔

المُحِیْطُ۔ فا۔ وہ خط جو دائرہ کا احاطہ کئے ہوئے ہو۔ البحرُ المحیطُ: بحر اوقیانوس جو ہر طرف سے خشکی سے گھرا ہوا ہے۔

حَافَ (ن) حَوْفاً وحَوَّفَ۔ الشیءَ: کنارہ پر کرنا۔ حَوَّفَ المکانَ:

تَحَوَّفَ۔ الشیءَ: کناروں سے کم کرنا۔

کنارہ کو پکڑنا۔

الحُوف۔مم۔ازار کی مانند چمڑے کی ایک چیز جسکو بچے پہنتے ہیں۔جانب۔کنارہ۔گوشہ۔

الحَافَان۔زبان کے نیچے سبز رنگ کی دو رگیں۔

الحَافَۃ۔جانب۔کنارہ۔شدت۔حاجت ج حَافَات وحِیف۔حافتا الوادی ونحوہ: وادی کے دونوں کنارے۔

حَاقَ (ن) **حَوْقًا**۔البیتَ: جھاڑو دینا ——— الشیءَ: رگڑ کر چکنا کرنا ——— بہ: احاطہ کرنا۔

حَوَّقَ۔علیہ: گڑ بڑ گفتگو کرنا۔

الحُوق والحَوَقۃ۔بڑی جماعت۔

الحُوق۔گھیرا۔چوکھٹا۔

الحُوَاقۃ۔کوڑا کرکٹ۔سامان۔

المِحْوَقۃ۔جھاڑو۔ج مَحَاوِق۔

حَوْقَلَ حَوْقَلَۃً وحِیقَالًا۔ چلنے سے تھکنا۔کمزور بڈھا ہونا ——— الشیخ: چلنے میں کمر پر ٹیک لگانا۔لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم کہنا۔

الحَوْقَل۔عمر رسیدہ بڈھا۔

الحَوْقَلَۃُ۔مم۔لمبی گردن کی شیشی۔

حَاکَ (ن) **حَوْکًا وحِیَاکًا وحِیَاکَۃً** الثوبَ: بننا۔صفت (حَائِک) ج حَاکَۃ و حَوَکَۃ۔مؤنث حَائِکَۃ وحَائِک۔ج حَائِکَات وحَوَائِک۔کہا جاتا ہے "حَاکَ الشاعرُ القصیدۃَ" شاعر نے قصیدہ بنایا۔"حَاکَ الشیءُ فی صَدرِی" فلاں چیز میرے دل میں جم گئی۔

مَا (اَحَاکَ) سیفُہٗ: نہ کاٹنا۔کہا جاتا ہے "ضَرَبَہٗ فَمَا اَحَاکَ فِیہِ سَیفُہٗ" اس نے اُسے مارا تلوار نے کوئی اثر نہیں کیا۔(یہ ہمیشہ نفی ہی کے ساتھ استعمال ہوتا ہے)

الحَوْک۔جنگلی تلسی۔کہا جاتا ہے "ہٰذا علیٰ حوک ہٰذا" یہ ہیئت وشکل وعمر میں اس کی مانند ہے

المِحَاکَۃ۔کارگہ۔کھڈی۔

المَحُوکۃ۔لڑائی۔جنگ۔

حَالَ (ن) **حَوْلًا وحُؤُولًا**۔الشیءُ: ایک حالت سے دوسری حالت میں بدلنا ——— الحولُ: گزرنا اور پورا ہونا۔کہا جاتا ہے "حالت الدارُ وحِیلَ بہا" گھر پر بہت سے سال گزرے ——— علیہ الحولُ: پورا سال گزرنا ——— القوسُ: کج ہونا ——— العہدُ: پلٹ جانا ——— الی مکان آخر: منتقل ہونا ——— فی ظہرِ الدابۃ: جانور کی پیٹھ پر کود کر چڑھنا ——— الشخصُ: متحرک ہونا۔(——— حِیلۃً ومَحَالًا) حیلہ کرنا۔

(——— حُؤُولًا وحِیَالًا) الانثیٰ: حاملہ نہ ہونا۔

——— النخلۃُ: ناغہ سے پھلدار ہونا۔(——— حَوْلًا وحُؤُولًا وحَیلُولَۃً) درمیان میں حائل ہونا۔

حَوِلَتْ (س) **حَوَلًا**) عینہٗ۔بھینگی ہونا۔

حَوَّلَ تَحْوِیلًا۔ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا۔زائل کرنا۔حَوَّلَہٗ اِلیہ: پلٹ دینا۔حَوَّلَ الرجلُ: منتقل ہونا۔حَوَّلَ الارضَ: ایک سال کے ناغہ سے کاشت کرنا ——— الشیءَ: محال بنانا۔(——— واَحَالَ) العینَ: بھینگا کرنا۔

حَاوَلَ مُحَاوَلَۃً وحِوَالًا حیلہ سے طلب کرنا ——— لہ البصرَ: تیز کرنا ——— الشیءَ: ارادہ کرنا اور حیلہ سے طلب کرنا۔

اَحَالَ۔اللہ الحولَ: پورا کرنا ——— بالمکان: ایک سال قیام کرنا ——— الرجلُ: محال بات کہنا ——— الشیءُ: چند سال گزرنا۔اَحَالَ الغریمَ بِدَینِہٖ علیٰ آخر: قرض کو دوسرے کے حوالہ کرنا۔صفت فاعلی (مُحِیل) صفت مفعولی (مُحَال) اور دوسرے غریم کو (مُحَال علیہ) مال کو (مُحَالٌ بہٖ) اور اس فعل کو (الحوالۃ) کہتے ہیں۔اَحَالَ عینَہٗ: بھینگی کر دینا۔اَحَالَ علیہ الماءَ من الدلوِ: انڈیلنا۔کہا جاتا ہے "اَحَالَ علیہ بالسَّوطِ یضربُہٗ" وہ اس کو کوڑے سے مارنے پر متوجہ ہوا۔اَحَالَ فی ظہرِ الدابۃ: کود کر سوار ہونا۔
اَحَالَ الامرَ علیٰ فلانٍ "کسی پر کسی کام کو منحصر کر دینا۔

اَحْوَلَ۔الصبیُّ: یکسالہ ہونا۔اور کہا جاتا ہے "ما اَحْوَلَہٗ وما اَحْیَلَہٗ" وہ کتنا بڑا حیلہ ساز ہے۔"وہُوَ اَحْوَلُ مِنکَ واَحْیَلُ مِنکَ" وہ تم سے زیادہ حیلہ گر ہے۔

تَحَوَّلَ۔عنہ: پھر جانا ——— الرجلُ: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا ——— فی الامر: حیلہ ومکر سے کام کرنا۔

اِحْتَالَ اِحْتِیَالًا۔حیلہ کرنا ——— الشیءُ: ایک سال کا ہونا ——— علیہ بالدَّینِ: دوسرے کے ذمہ ڈالنا۔

اِحْتَوَلَ۔القومُ: گھیر لینا۔

اِحْوَلَّتْ۔عینہٗ: بھینگی ہونا۔

اِحْوَالَّتِ۔الارضُ: سرسبز ہونا اور ہموار لگنا

اِسْتَحَالَ اِسْتِحَالَۃً۔ایک حال سے دوسری حالت کی طرف بدلنا۔محال ہونا ——— القوسُ: درستی کے بعد کج ہونا ——— فلانٌ الشیءَ: کسی چیز کی طرف دیکھنا کہ آیا اس میں حرکت ہے یا نہیں۔

الحَال۔کیفیت۔ہیئت۔صفت (مذکر ومؤنث) گرم راکھ۔کالی مٹی۔حالُ مَتنِ الفرسِ: گھوڑے کے پشت کا درمیان ج اَحْوَال واَحْوِلَۃ

حَالَۃُ۔الشیءِ: کیفیت۔حالت۔ج حالات
حَالاتُ الدہرِ: زمانہ کی گردشیں۔

الحَوْل۔مم۔قدرت۔کہا جاتا ہے "لَاحَوْلَ ولَاقُوَّۃَ اِلَّا باللہِ" یعنی نہ تو حرکت ہے نہ قوت ہے مگر اللہ تعالیٰ کی مشیئت سے۔ہوشیاری دور بینی۔سال۔ج حُؤُول واَحْوَال۔

الحَوْلِیّ۔یکسالہ بچہ۔ج حَوْلِیَّات۔اور اسی سے ہے "حَوْلِیَّاتُ زُہَیر" یعنی زہیر کے وہ قصائد جن کی نظم وترتیب وتہذیب اور لوگوں کے سامنے پیش کرنے میں ایک سال کی مدت لگتی تھی۔

الحِوَل۔ہوشیاری۔دور بینی۔قدرت تصرف زوال۔انتقال۔کہا جاتا ہے "لاحِوَلَ عَنہُ"

الحَوَل - بھینگا پن -

حَوْلُ وحَوْلَی وحَوَال وحَوَالَی - الشئَ او الشخص: گرداگرد - کہاجاتا ہے "قعدَ حَوْلَہ وحَوْلَیہ وحَوَالَہ وحَوَالَیہ"

الحَوَال والحَوَلان والحُوَلان - تغیر وانقلاب -

الحَوَالِیّ والحُوَّل والحُوَّلِیّ - حیلہ ساز بہت سخت حیلہ گر -

الحِوَال - ہر وہ چیز جو دو چیزوں کے درمیان حائل ہو -

حِیَالُ - الشئَ: مقابل - سامنے - اور کہاجاتا ہے "قعدَ کل علیٰ حِیَالِہ" ہر ایک علیحدہ علیحدہ بیٹھا -

الحِیْلَۃ والحَوْلَۃ - ہوشیاری - دوربینی - تصرف کی قوت - جـ حِیَل وحِوَل -

الحُوْلَۃ - تعجب - امر منکر - مصیبت - کہا جاتا ہے "رجلٌ حُوْلَۃ" یعنی بہت حیلہ گر مرد - "ہذا من حُوْلَۃ الدہر" یہ عجائبات زمانہ سے ہے -

الحِوَل - بھینگا - بہت حیلہ گر -

الحَوِیْل - گواہ - ضامن -

الاَحْوَل - بھینگا - مؤنث حَوْلَاء - جـ حُوْلٌ

الحَائِل - فا - رنگ بدلا ہوا - یکسالہ - ہر وہ مادہ جو حاملہ نہ ہوتی ہو - کہاجاتا ہے "اِمْرَاَۃٌ حَائِلٌ ونخلۃٌ حَائِل" جـ حُوْل وحُوَّل وحِیَال وحَوَائِل -

الحَائِلَۃ - الحائل کا مؤنث - حیلہ - کہاجاتا ہے "ما فیہِ حَائِلَۃ" اس میں کوئی حیلہ نہیں -

المُحَال - مشکل - باطل - ٹیڑھا - غیر ممکن،

المُحْوِل - یکسالہ بچہ -

المُحِیْل - من النساء: لڑکی کے بعد لڑکا یا لڑکے کے بعد لڑکی جننے والی عورت -

المَحَالَۃ - ہوشیاری - تصرف کی قدرت رہٹ - پیٹھ کا درمیان - جـ مَحَال ومَحَاوِل - کہاجاتا ہے "لامُحَالَۃَ مِنَ الاَمْر" ضروری - اس میں کوئی شک نہیں - المَحَالَۃ: رہٹ - بڑی چرخی -

المِحْوَال - بہت محال باتیں کہنے والا -

المُسْتَحِیْل: - بے ہودہ ولغویات - بھرا ہوا - المُسْتَحِیْلَۃ والمُسْتَحَالَۃ من القِسِیّ: ٹیڑھی کمان — من الارض: ایک سال یا چند سال چھوڑی ہوئی زمین -

حَامَ (ن) حَوْمًا وحَوَمَانًا - علی الشئَ وحولہ: منڈلانا — الرجلُ: پیاسا ہونا - صفت (حَائِم) جـ حُوَّم - مؤنث حَائِمَۃ - جـ حَوَائِم وحُوُوْم (— حَوْمًا وحِیَامًا وحُؤُوْمًا) حَولَ غرضِہ وعلیہ: طلب کرنا -

حَوَّمَ - فی الامر: کام میں لگا رہا -

الحَوْم - اونٹوں کا بڑا گلہ -

الحُوْم - شراب جو سر کو چکرا دے -

حَوْمَۃ - القتالِ او البحر او الرملِ وغیر ذلک: بڑا حصہ - حَوْمَۃُ الموت: موت کا ہجوم -

الحُوْمَۃ - بلور -

حَوْمَلَ حَوْمَلَۃً - پانی اٹھانا -

الحَوْمَل - صاف سیلاب - کالا بادل -

تَحَوَّنَ - الرجلُ: ذلیل ہونا - ہلاک ہونا -

حَوِیَ (س) حَوًی واَحْوَوٰی اِحْوِوَاءً واحْوَاوٰی اِحْوِیْوَاءً - سبزی مائل یا سرخی مائل سیاہ ہونا - صفت (اَحْوٰی) مؤنث حَوَّاء جـ حُوّ -

حَوٰی (ض) حَوَایَۃً وحَیًّا - الشئَ: جمع کرنا حَوَّاہُ تَحْوِیَۃً - قبضہ کرنا -

تَحَوّٰی - سمٹنا - گول ہونا — الحیۃُ: کنڈلی مارنا — الشئَ: قبضہ کرنا -

اِحْتَوٰی اِحْتِوَاءً - الشئَ وعلیہ: جمع کرنا -

الحَاوِی - فا - سانپ کا منتر کرنے والا - مؤنث حَاوِیَۃ جـ حَاوِیَات وحَوَاوٍ -

الحَاوِیَاء - سمٹی ہوئی آنتیں - جـ حَاوِیَاءَات وحَوَاوٍ -

الحَوَاء والحَوَاۃ - آواز -

الحَوِیّ - استحقاق کے بعد مالک ہونیوالا چھوٹا حوض -

الحِوَاء - قریب قریب گھروں کا مجموعہ - جـ اَحْوِیَۃ

الحَوِیَّۃ - الحوی کا مؤنث - سمٹی ہوئی آنتیں - چھوٹا حوض - کمبل کہ جس میں گھاس بھوسہ وغیرہ بھر کر اونٹوں کے کوہان کے اردگرد رکھتے ہیں - جـ حَوَایَا - اور اسی سے مثل ہے "المنایا علیٰ الحَوَایَا" اس شخص کیلئے جو موت کو خود ہی تلاش کرے -

الحَوَّاء - سانپوں کا جمع کرنے والا -

حَیْثُ - ظرف مکان - مبنی بر ضمہ - اور کہاجاتا ہے - من ہذہ (الحَیْثِیَّۃ) یعنی اس اعتبار سے - اور کبھی حیثُ زمان کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے -

حَابَجَ (ض) حَیْجًا - محتاج ہونا -

اَحَابَجَ واَحْیَجَ - المکانُ: کانٹے اگانا -

الحَاج - کانٹا - ایک قسم کا ترش پودہ -

حَادَ (ض) حَیْدًا وحَیَدَانًا وحِیْدًا وحَیْدَۃً وحُیُوْدًا وحَیْدُوْدَۃً - عن الطریقِ: الگ ہونا - ہٹ جانا -

حَیَّدَہٗ - گرہ پر کر دینا - حَیَّدَ السَّیْرَ: تسمہ میں گرہ لگانا -

حَایَدَ مُحَایَدَۃً وحِیَادًا - علیحدہ ہونا -

الحَیْد - چیز کا ابھرا ہوا حصہ - پہاڑ کا نکلا ہوا کنارہ - پہاڑی بکرے کے سینگ کی گرہ - جـ حُیُوْد وحِیَد واَحْیَاد (— والحِیَد) مثل ونظیر -

الحَیْدَۃ - پہاڑی بکرے کے سینگ کی گرہ -

الحَیَدَیٰ - متکبر کی چال -

الحَیَدَان - کنکری جو جانور کے چلنے سے اڑے

المَحِیْد - حاد کا اسم ظرف -

حَارَ (س) حَیْرًا وحَیْرَۃً وحَیْرَانًا وحَیَرًا - الماءُ: پانی کا اس طرح آنا جانا کہ یہ نہ معلوم ہو کہ کیسے جاری ہے — الرجلُ: چکاچوند ہونا - راستہ گم کرنا - فی امرہ: حیران ہونا - صفت (حَیْرَان) مؤنث حَیْرٰی جـ حَیَارٰی وحُیَارٰی -

حَیَّرَہٗ - حیرانی میں ڈالنا -

تَحَیَّرَ - الماءُ: بمعنی حَارَ الماءُ -

— المکانُ بالماء: بھر جانا (— واسْتَحَارَ) حیرانی میں پڑنا - اِسْتَحَارَ المکانَ وبالمکانِ:

چند دن کے لئے اُترنا — السحابُ :- کسی
جانب میں متوجہ نہ ہونا۔
الحَیرُ - حمیٰ - باغ -
الحَیرُ والحِیَرُ - بہت اہل ومال - کہا
جاتا ہے "لآ آتِیْہِ حَیرَ دَہرٍ" میں اُس کے پاس
کبھی نہیں آؤں گا۔
الحَارَۃ - محلہ -
الحَائِرُ - فا - پانی جمع ہونے کی جگہ - بلند
کناروں والی نشیبی جگہ - ج حُورَان وحِیرَان -
المحَارَۃ - سیپی - ج مَحَارٌ - پانی جمع ہونے
کی جگہ - الحَارَتَان : سرین کے دونوں گول
سرے جن سے ران کے سرے ملے ہوئے ہیں
المُحَیَّار - بہت حیران -
المُتَحَیِّرَات - کواکب - سیارہ - واحد
(متحیرہ)
المُسْتَحِیْر - فا - وہ راستہ جو جنگل کو عرض
میں ہو - اور یہ معلوم نہ ہو کہ کہاں نکلا ہے - بھاری
بادل جس کے لئے ہوا نہ ہو جو کہیں لیجائے۔
حَازَ (ض) حَیزًا - الابلَ : ہانکنا -
تَحَیَّزَ - الشئَ : کسی ایک ہی جگہ میں منحصر
ہونا — الحیۃُ : کنڈلی مارنا -
الحَیِّز - دیکھیے مادہ ح وز -
حَاسَ (ض) حَیسًا - الشئَ : ملانا
الحَبْلَ : بٹنا (— وحَیَّسَ) الحَیسَ : حیس بنانا -
کہا جاتا ہے "حِیْصَ حَیْصُہُم" انکی ہلاکت قریب ہوئی -
الحَیس - مص - ایک قسم کا کھانا جو کھجور
گھی اور ستو سے تیار کیا جاتا ہے - کچا کلام -
ردی کام -
المَحْیُوس - وہ جس کے ماں باپ
دونوں غلام ہوں -
حَاشَ (ض) حَیشًا - گھبراہٹ میں ڈالنا -
حَاشَ منہ : گھبرانا — الرجلُ : جلدی کرنا
الوادی : دراز ہونا -
تَحَیَّشَ - گھبرانا -
الحَیشَان - بہت گھبرانے والا -

حَاصَ (ض) حَیصًا وحَیصَۃً وحُیُوصًا
ومَحِیصًا وحَیَصَانًا وانْحَاصَ وتَحَایَصَ
عن کذا : الگ ہونا - ہٹ جانا کہتے ہیں -
"مَنْ حَاصَ عَنِ الشَّرِّ سَلِمَ" جو برائی سے الگ رہا
محفوظ رہا - وَوَقَعَ فِی حَیْصَ بَیْصَ اَوْ فِی حِیصَ
بِیصَ " وہ ایسی گڑبڑی میں پڑ گیا جس سے
نکلنے کا کوئی راستہ نہیں -
حَالَصَہٗ - فریب دینا اور غلبہ کرنا -
الاَحْیَص - وہ شخص جس کی ایک آنکھ
دوسری سے چھوٹی ہو -
دابّۃٌ (حَیُوص) بدکنے والا جانور -
المَحِیص - علٰحدہ ہونے کی جگہ - بھاگنے
کی جگہ -
الحَیصَاء والمِحْیَاص - وہ عورت جس
کی اندام نہانی تنگ ہو -
حَاضَتْ (ض) حَیضًا ومَحِیضًا و
مَحَاضًا وتَحَیَّضَتْ - المرأۃُ : ماہواری
خون جاری ہونا - صفت (حائِض وحائِضَۃ)
ج حُیَّض وحَوَائِض -
حَیَّضَ - الماءَ : پانی بہانا -
الحِیَاض - حیض کا خون -
الحِیضَۃ والمِحِیضَۃ - حیض کا چیتھڑا
حَیعَلَ - المؤذنُ : حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ ، حَیَّ
عَلَی الفَلاح کہنا -
حَافَ (ض) حَیفًا - علیہ : ظلم کرنا صفت
(حَائِف) ج حُیَّف حُیُف وحَافَۃ -
تَحَیَّفَ - الشئَ : کم کرنا - اطراف سے گھٹانا -
الحَائِف - فا - حَائِفُ الجَبَل : پہاڑ کا کنارہ
الحِیفَۃ - گوشہ - کپڑے کا ٹکڑا جو قمیص کے
دامن میں پیوند لگایا جائے - شکار کے واسطے
ہنکایا ہوا جانور - ج حِیَف -
الاَحْیَف - من الاَمْکِنَۃ : وہ جگہ جہاں
بارش نہ ہو - مؤنث حَیفَاء -
حَاقَ (ض) حَیقًا وحُیُوقًا وحَیَقَانًا و
اَحَاقَ اِحَاقَۃً - بہ : احاطہ کرنا - گھیرنا -

حَاقَ بِہِم الاَمرُ : لازم ہونا - واجب ہونا -
— بہم العذابُ : نازل ہونا — فیہ السیفُ :
اثر کرنا - نشان ڈالنا - اَحَاقَ الشئَ بکذا : گھیر کرنا -
حَایَقَہٗ مُحَایَقَۃً - حسد کرنا - دشمنی کرنا -
بغض رکھنا -
اِحْتَاقَ - علی الشئِ : احتیاط کرنا -
الحَیْق - برے فعل کی وجہ سے جو کچھ انسان
کو لازم ہو -
الحَیقَل - بے فیض آدمی -
حَاکَ (ض) حَیکًا وحَیکَانًا - تکبر اچھال
چلنا - صفت (حَائِک وحَیَّاک) مؤنث حَیَّاکَۃٌ
وحَیْکَانَۃ وحَیکَی (— واَحَاکَ) السیفُ : کاٹنا
السیفُ اوالکلامُ فیہ : اثر کرنا -
اِحْتَاکَ اِحْتِیَاکًا - بثوبہ : لپٹنا -
مِشْیَۃٌ (حَیکَی) متکبرانہ چال -
حَالَ (ض) حُیُولًا - الشئُ : بدلنا
الماءُ : وادی میں جمع ہونا -
الحَیل - قوۃ - وادی میں جمع شدہ پانی -
ج اَحْیَال وحُیُول -
الاَحْیَل والاَحْوَل - بہت حیلہ کرنیوالا -
الحِیلَۃ - ہوشیاری - دوربینی - تصرف
کی قوت - ج حِیَل -
الحَیلَۃ - بکریوں یا بھیڑوں کا ریوڑ -
حیلہ گری -
الحِیَلان - غلہ گاہنے کا اوزار -
حَانَ (ض) حَینًا وحَیْنُونَۃً - الشئُ :
وقت قریب ہونا — فلان : ہلاک ہونا -
رنج وتکلیف میں پڑنا - توفیق سے محروم ہونا -
حَانَ لَہٗ اَنْ یَفْعَلَ کذا : وقت قریب آنا
السُّنبُلُ : خشک ہو کر کٹائی کا وقت قریب آنا -
حَیَّنَہٗ - وقت ومیعاد مقرر کرنا ———
اللہُ فلانًا : ہدایت کے لئے توفیق نہ دینا -
حَایَنَہٗ - وقت معین کیلئے معاملہ کرنا -
اَحْیَنَ اِحْیَانًا - الرجلُ او الشئُ : وقت
آنا — بالمکان : کچھ وقت کے لئے قیام کرنا -

أَحَانَهُ - اللّٰهُ : ہلاک کرنا۔
تَحَيَّنَ - مِنْهُ غَفْلَةً : انتظار کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَتَحَيَّنُ طَعَامَ النَّاسِ" وہ لوگوں کے کھانے کے وقت کا انتظار کرتا ہے۔ توفیق وہدایت سے محروم رہنا۔
اِسْتَحْيَنَ - وقت مناسب کی آرزو رکھنا
الحَانُ والحَانَةُ - شراب فروشی کی دوکان
الحَيْنُ - ہلاکت - رنج ومحنت -
الحِينُ - وقت - ج أَحْيَان ج ج أَحَايِين -
الحِينَةُ والمِحْيَان - وقت -
الحَائِنُ - فا - بے وقوف -
الحَائِنَةُ - مصیبت - ج حَوَائِن -
حَيِيَ (س) حَيَاةً - زندہ رہنا - اس میں ایک لغت ادغام سے بھی ہے - کہا جاتا ہے حَيَّ يَحَيُّ (—— حَيَاءً) منہ : منقبض ہونا
الطَّرِيقُ : ظاہر ہونا -
حَيَّاهُ وتَحِيَّةً - حیاک اللہ کہنا (یعنی اللہ تمہاری عمر دراز کرے) سلام کرنا - حَيَّاهُ اللّٰهُ : باقی رکھنا - کہا جاتا ہے "حَيَّا الخَمْسِينَ مِن عُمْرِهِ" وہ اپنی عمر کے پچاسویں سال کے قریب پہنچا -
حَايَا مُحَايَاةً - الصَّبِيَّ : غذا دینا —— زیدًا : شرم دلانا —— النَّارَ : بھڑکانا
أَحْيَاهُ - زندہ کرنا —— النَّارَ : پھونک کر سلگانا —— الارضَ : سرسبز بنانا —— الرَّائِدُ الارضَ : گھاس پانی طلب کرنیوالے کا زمین کو سرسبز پانا —— الليلَ : بیدار رہنا۔
(أَحْيَاهُ واسْتَحْيَاهُ) زندہ چھوڑنا -
اِسْتَحْيَا واِسْتَحَى - مِنْهُ : شرم کرنا -
اِسْتَحْيَاهُ واسْتَحْيَا مِنْهُ : منقبض ہونا - باز رہنا -
حَيَّ وحَيَّ هَلًا وحَيَّهَلَ - اسم فعل بمعنی أَقْبِلْ وعَجِّلْ - کہا جاتا ہے "حَيَّ عَلَى الصَّلوٰةِ" یعنی نماز کے لئے آؤ - (حَيَّ هَلْ) بفلان : فلاں کو بلاؤ -
الحَيَا والحَيَاءُ - بارش - تروتازگی - نباتات
الحَيَاءُ - شرم وحیا - کسی چیز سے منقبض ہونا - اور ملامت کے خوف سے چھوڑنا - بارش و تروتازگی - توبہ -
الحَيَاةُ - زندگی -
الحَيُّ - زندہ - نسبت کے لئے (حَيَوِيٌّ) مؤنث حَيَّةٌ - أَرْضٌ حَيَّةٌ : سرسبز زمین - کہا جاتا ہے "لا يَعْرِفُ الحَيَّ مِنَ اللَّيِّ" یعنی وہ بیوقوف ہے - الحَيُّ : محلہ - عرب کے قبیلوں میں سے چھوٹا قبیلہ - ج أَحْيَاء -
الحَيَّةُ - سانپ (مذکر ومؤنث) ج حَيَّات وحَيَوَات -
الحَيُّوتُ - نرسانپ -
الحَيِيُّ والحَيِّيُ - شرم دلانا -
الحَيَوَانُ - جاندار - ج حَيَوَانَات -
المُسْتَحِيَّةُ - چھوئی موئی -
المَحْيَا - وہ موقع جہاں شرم کی جائے - ج مَحَايٍ - زندگی -
المُحَيَّا - چہرہ -
ارض (مَحْيَاةٌ) بہت سانپوں والی زمین -

خ (۶۰۰)

خَبَّ (ن) خَبًّا - النَّبَاتُ : بلند ہونا - بڑھنا —— الرَّجُلُ : اپنی چیز کو روکنا - بخل کی وجہ سے بے نشان ہونے کیلئے پست زمین میں اتر آنا (—— خَبًّا وخَبِيبًا وخَبَبًا واخْتَبَّ) الفَرَسُ فی عَدْوِهِ : گھوڑے کا دوڑنے میں کبھی اگلی ٹانگوں پر کھڑا ہونا اور کبھی پچھلی پر - (—— خَبًّا وخَبَابًا) البَحْرُ : جوش مارنا -
خَبَّ (س) خَبًّا وخِبًّا - مکار ہونا -
خَبَّبَهُ - دھوکا دینا - خراب کرنا - کہا جاتا ہے "خَبَّبَ عَلَى فُلَانٍ صَدِيقَهُ" اس نے فلاں کے دوست کو بگاڑ دیا - خَبَّبَ لَحْمُهُ : گوشت کے جاتے رہنے سے جھریاں پڑنا -
أَخَبَّ - الفَرَسَ : گھوڑے کو خبب چال چلانا (دیکھیے مصدر خَبَب)
الخَبُّ - مه - دغاباز - فریبی - فساد - ریت کی دھاری - نرم زمین جو دو سخت زمینوں کے درمیان ہو - ج خُبُوب - کہتے ہیں "أَصَابَهُمُ الخَبُّ" یعنی ہوائیں ان پر پیچیدہ ہوگئیں اور موجوں میں اضطراب ہوگیا -
الخُبُّ - پست زمین - درخت کی چھال ج خُبُوب وأَخْبَاب -
الخِبَّةُ - مثلثة الخاء : ریت یا بدلی کی دھاری - پٹی کی طرح دھجی - الخُبَّةُ : پانی کے جمع ہونے کی جگہ - وادی کا درمیانی حصہ گوشت کا پارچہ -
ثَوْبٌ (خِبَبٌ وخَبَائِبُ وأَخْبَابٌ) پھٹے پرانے کپڑے (تعداد اجزاء کی وجہ سے صفت میں جمع لانا جائز ہے)
الخَبِيبُ - زمین میں لمبا شگاف -
الخَبِيبَةُ - ریت یا بدلی کی دھاری - گوشت کا پارچہ - وادی کا درمیانی حصہ - ج خَبَائِب -
المَخَبَّةُ - وادی کا درمیانی حصہ -
خَبَأَ (ف) خَبْأً وخَبَّأَ - الشَّيْءَ : چھپانا - پوشیدہ -
خَابَأَهُ - کسی سے چیستاں وپہیلی کہنا -
اِخْتَبَأَ - مِنْهُ : چھپنا —— الشَّيْءَ : چھپانا کہا جاتا ہے "اِخْتَبَأْتُ خَبِيئًا" اس نے اس سے ایک چیز پوشیدہ کی اور پھر اس سے دریافت کیا -
الخَبْءُ والخَبِيءُ - پوشیدہ - خَبْءُ الارضِ : نباتات - خَبْءُ السماءِ : بارش - کہتے ہیں -

"اُخرج خبء السماءِ خبءَ الارض" بارش نے
نباتات کو اُگایا۔
الخِباء۔ اون یا بالوں کا خیمہ۔ ج اَخبیۃ
الخَبِیئۃ۔ پوشیدہ رکھی ہوئی چیز۔ ج خبایا
الخابئۃ والخابیۃ۔ مٹکا۔ ج الخوابی
والخوابی۔ بنتُ الخابیۃ: شراب۔
الخُبأۃ۔ بہت پوشیدہ رہنے والی عورت
المَخبأ۔ چھپنے کی جگہ۔ ج مخابیٔ۔
خَبَتَ (ض) خَبتًا۔ ذِکرُہٗ: پوشیدہ ہونا
مخفی ہونا۔
اَخبَتَ۔ القومُ: کسی پست زمین میں
آنا — الی اللہ: عاجزی و فروتنی کرنا۔
الخَبت۔ کشادہ و پست زمین۔ ج اَخبات
و خُبوت۔
الخَبتۃ والخِبتۃ۔ تواضع۔ عاجزی۔
ذلت۔
الخَبِیت۔ حقیر و فرومایہ و خبیث۔ کہا جاتا
ہے "ہو خبیتُ النفس" وہ شکستہ دل ہے۔
خَبُثَ (ن) خُبثًا و خباثۃً و خباثیۃً
پلید و ناپاک ہونا۔ صفت (خبیث) ج خُبُثٌ
و خُبثا و اَخباث و خَبَثۃ۔ خَبُثت نفسُہٗ: جی
متلانا — بالمرأۃ: زنا کرنا۔
خَبُثَ (ک) خُبثًا۔ ردّی ہونا۔ مکار ہونا
— و اَخبثَ: برے لوگوں کے ساتھ رہنا۔
و اَخبثہٗ: برائی سکھلانا۔ خراب کرنا۔ برائی
کی طرف منسوب کرنا۔
خَبَّثَ۔ خبیث بنانا — الطعامَ:
کھانے کو ناگوار کردینا۔
تَخابَثَ۔ برائی ظاہر کرنا۔ اور اس پر
عمل کرنا۔
تَخَبَّثَ۔ بتکلف شرارت کرنا۔
اِستَخبَثَ۔ برائی کرنا۔ شرارت کرنا۔
— ہ: برا پانا۔
الخَبَث۔ من الحدید ونحوہ: لوہے کا
میل سونے یا لوہے کا کھوٹ۔ بے فائدہ چیز

خَباثِ۔ بروزن قطام۔ خبیثۃ سے
معدول ہے۔ اور صرف ندا کی صورت میں
عورت کو گالی دینے کے لئے آتا ہے۔ جیسے "یا
خباثِ" اے بدکار عورت۔
خُبَثُ۔ خبیث سے معدول ہے۔ اور یہ
بھی صرف ندا ہی کے موقع پر مرد کو گالی دینے
کے لئے آتا ہے۔ جیسے "یا خُبَثُ" یعنی
اے بدکار مرد۔
الخَبِیث۔ ناپاک۔ گھٹیا۔ ناپسندیدہ
چیز۔ ہر حرام چیز۔ ہر خراب چیز۔ ج خُبُث
و خُبثا و اَخباث و خَبَثۃ۔ مؤنث خبیثۃ۔ ج
خبیثات و خبائث۔
الخَبائث۔ برے افعال۔ وہ چیزیں
جن کو عرب گندی سمجھتے تھے اور کھاتے
نہیں تھے۔ جیسے سانپ و گبریلا وغیرہ
الاَخبثانِ۔ پیشاب پاخانہ۔
الخِبِّیث۔ بڑا بدکار۔ بڑا شریر۔
الخِبِّیثٰی۔ برائی۔ پلیدی۔
المَخبَثۃ۔ سبب فساد۔ کہا جاتا ہے
الکفر مخبثۃ لنفس المنعم" ناشکری منعم کی
طبیعت کے لئے باعث فساد ہے۔
خَبَجَ (ن) خَبجًا۔ بالعصا: لاٹھی
سے مارنا — الرجلُ: گوز کرنا۔
الخَبج والخَباجاء۔ بیوقوف۔
الخَبج والخُباج۔ گوز۔
خَبخَبَ۔ الرجلُ: ڈھیلے پیٹ والا ہونا
— ہ: بیوفائی کرنا۔
تَخَبخَبَ۔ الشیُٔ المضطربُ: ڈھیلا ہونا
— بُدنُہٗ: موٹائی کے بعد دبلا ہونا
الحرُّ: گرمی کی تیزی کا کم ہونا۔
الخُبَدُع۔ مینڈک۔
خَبَرَ (ن) خُبرًا و خِبرۃً۔ الشیَٔ: آزمانا
تجربہ سے جاننا۔
خَبَرَ (ن) خُبرًا۔ الارضَ: کھیتی کیلئے
جوتنا — الطعامَ: مرغن کرنا۔

خَبُرَ (ک) و خَبِرَ (ت) خُبرًا و خِبرًا و
خُبرۃً و خِبرۃً و مَخبُرۃً و مَخبَرۃً۔ الشیَٔ
وبہ: حقیقت حال سے واقف ہونا۔
خَبَّرَہٗ و اَخبرَہٗ۔ الشیَٔ و بالشیِٔ:
آگاہ کرنا۔ خبردار کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخبرہٗ
خُبُورَہٗ" یعنی اس نے اطلاع دی ہر اس چیز
کی جو اس کے پاس تھی۔
خابَرَہٗ۔ بٹائی پر کھیت جوتنا۔ پروا کرنا۔
بعضوں نے گفتگو کرنے اور بحث کرنے کے معنی
میں استعمال کیا ہے۔
تَخابَرَ۔ ایک دوسرے کو خبر دینا۔
تَخَبَّرَ۔ الامرَ: حقیقت حال سے واقف ہونا۔
تَخَبَّرَہٗ و استَخبرَہٗ۔ خبر دریافت کرنا۔
تَخَبَّرَ القومُ: بکری کو خرید کر ذبح کرنا اور اس
کے گوشت کو آپس میں تقسیم کرنا۔
اِختَبَرَ۔ الشیَٔ: آزمانا۔ حقیقت حال سے
واقف ہونا — لِاَہلِہٖ: اپنے گھر والوں کے
لئے کھانا لینا۔
الخَبر۔ بڑا توشہ دان۔ زیادہ دودھ والی
اونٹنی۔ کھیتی۔ پہاڑ میں پانی جمع ہونے کی جگہ۔
بیری یا اراک کا درخت اور اس کے اردگرد کی
گھاس۔ واحد (خبرۃ) ج خُبور۔
الخِبر۔ مع۔ بڑا توشہ دان۔ زیادہ دودھ
والی اونٹنی۔
الخُبر۔ مع۔ علم۔ تجربہ۔ آزمائش۔ کہا جاتا
ہے "صَدَّقَ الخَبَرَ الخُبرُ" آزمائش نے خبر کی تصدیق
کردی۔ رجل خُبرٌ و خَبِرٌ: خبر کا جاننے والا۔
الخَبَر۔ خبر۔ ج اَخبار و اَخابیر۔
الاَخباری۔ تاریخ کی تدوین کرنے والا
مورخ۔
الخَبراء۔ بڑا توشہ دان۔ بیری کے درختوں
کو اگانے والی زمین۔ ج خَباری و خَبار و خَبراوات۔
الخُبرۃ۔ مع۔ بکری جس کو لوگ مختلف قیمت
دے کر خریدیں اور پھر آپس میں تقسیم کرلیں اور
ہر ایک کو اس کی قیمت کے لحاظ سے ملے۔

زیادہ ثرید۔ خوراک وغیرہ جو اہل وعیال کیلئے
خریدی جائے۔ کہا جاتا ہے "اِجْتَمَعُوْا عَلٰی خُبْرَتِہٖ" وہ
لوگ اس کے کھانے پر جمع ہو گئے۔ سالن
الخَبَار۔ نرم زمین۔ جڑیں۔ واحد (خَبَارَۃ)
الخَبِیْرُ۔ واقف۔ آگاہ۔ دانا۔ کسان ج
خُبَرَاءُ کھیتی۔ اونٹ کے بال۔ گرے ہوئے
بال۔ واحد (خَبِیْرَۃ) ج خبائر۔ الخَبِیْرُ: اونٹ
کے منہ کے جھاگ۔
الخَبُوْرُ۔ شیر۔
الخَابُوْرُ۔ ایک درخت کا نام۔ راس العین
اور فرات کے درمیان ایک ندی کا نام۔
المَخْبَرُ والمَخْبَرَۃ والمَخْبُرَۃ۔ آگاہی
جو خبر یا آزمائش سے حاصل ہو۔
الخَیْبَرِیُّ۔ کالا سانپ۔
الخَبَرْجَلُ۔ کلنگ۔
خَبَزَ (ض) خَبْزًا۔ الخُبْزَ: روٹی پکانا۔
القومَ: روٹی کھلانا۔ کہا جاتا ہے "خَبَزْتُہُمْ و
تَمَرْتُہُمْ" میں نے ان کو روٹی کھجور کھلائی۔
خَبَزَہٗ وتَخَبَّزَہٗ۔ مارنا۔ کہا جاتا ہے۔
"خَبَطَنِیْ بِرِجْلِہٖ وخَبَزَنِیْ" اس نے مجھ کو اپنے پیر
سے مارا۔
اِنْخَبَزَ۔ المکانُ: پست ہونا۔
اِخْتَبَزَ۔ الخُبْزَ: روٹی پکانا۔
الخُبْزُ۔ روٹی۔ خُبْزُ الغُرَابِ: ایک قسم کی
نباتات جس میں روٹی کی مانند گول گول ٹکیں
نکلتی ہیں۔
الخَبْزُ۔ پست جگہ۔
الخَابِزُ۔ فا۔ روٹی والا۔
الخَبِیْزُ۔ پکی ہوئی روٹی۔ ثرید۔
الخِبَازَۃ۔ نانبائی کا پیشہ۔
الخَبَّازُ۔ نانبائی۔
الخُبَّازٰی والخُبَّازُ والخُبَیْزَۃ والخُبَّارَۃ
خُبَازٰی (ایک دوا کا نام)
خَبَسَ (ن) خَبْسًا واِخْتَبَسَ و
تَخَبَّسَ۔ الشیءَ۔ لے لینا۔ غنیمت حاصل کرنا۔
کہا جاتا ہے "خَبَسَ فلانًا حَقَّہٗ" فلاں نے اسکے
حق کو مار لیا۔ اِخْتَبَسَ مالَہٗ: جاتا رہنا۔
الخَابِسُ والخَبَّاسُ والمُخْتَبِسُ شیر
الخَبُوْسُ۔ شیر۔ ظلم کرنے والا۔
الخُبَاسَۃ۔ وہ چیز جو ظلمًا لی جائے۔
(— والخُبَاسَاء) غنیمت۔
خَبَشَ (ن) خَبْشًا وتَخَبَّشَ۔ الاشیاءَ
من ہہنا وہہنا: ادھر ادھر سے جمع کرنا۔
الخَبَّاشُ۔ کمائی کرنے والا۔
خُبَاشَاتُ۔ العَیْشِ: زندگی بسر کرنے کی
چیزیں جیسے کھانا کپڑا وغیرہ۔ خُبَاشَاتُ النَّاسِ:
مختلف قوموں کی جماعت۔
خَبَصَ (ض) خَبْصًا۔ الشیءَ بالشیءِ:
ملانا (— خَبَّصَ وتَخَبَّصَ واِخْتَبَصَ) کھجور گھی کا
حلوا بنانا۔ اِخْتَبَصَ الرَّجُلُ: اپنے لئے کھجور گھی
کا حلوا بنانا۔ کھجور گھی کا حلوا کھانا۔
الخَبِیْصُ والخَبِیْصَۃ۔ کھجور گھی کا حلوا۔
المِخْبَصَۃ۔ کڑھائی میں حلوے کو الٹنے پلٹنے کا
چمچہ۔
خَبَطَ (ض) خَبْطًا۔ زور سے مارنا۔
الشیءَ: سخت روندنا — اللیلَ: ٹیڑھا ٹیڑھا
چلنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ یَخْبِطُ خَبْطَ عَشْوَاءَ" وہ
رتوندی والی اونٹنی کی طرح ٹیڑھا ٹیڑھا چلتا
ہے یعنی امور میں بغیر بصیرت کے تصرف کرتا ہے
"مَا اَدْرِیْ اَیُّ خَابِطِ لَیْلٍ ہُوَ" میں نہیں جانتا کہ
گمنام رات میں آنے والا کون ہے۔
— الشیطانُ زیدًا: دیوانہ کردینا — ہ
بخیر: بغیر جان پہچان کے دینا۔ البعیرَ: منہ کی چوڑائی
میں لمبا داغ لگانا۔ الشجرۃَ: پتے جھاڑنا۔
خُبِطَ۔ زکام ہونا صفت (مخبوط)
تَخَبَّطَ۔ زور سے مارنا — الشیطانُ زیدًا:
دیوانہ کردینا — البلادُ: فتنہ وفساد لوٹ مار
واقع ہونا۔ تَخَبَّطَ الشیءَ: روندنا۔
اِخْتَبَطَ۔ زور سے مارنا — زیدًا: بغیر
کسی وسیلہ کے مانگنا۔ اِخْتَبَطَتِ البلادُ: فتنہ
فساد واقع ہونا۔
الخَبَط۔ درخت کے پتے جو ڈنڈے سے
مار کر گرائے جائیں۔
الخُبْطَۃ۔ زکام۔ تالاب یا برتن کا بقیہ
پانی۔ مشک میں بقیہ دودھ۔ حقیر چیز۔ دیوانگی۔
ج خُبَط وخُبَط۔ کہا جاتا ہے۔ "عَلَیْہِ خُبْطَۃٌ مِنَ
الجَمَالِ" اسکے اوپر جمال وخوبصورتی کا کچھ اثر ہے۔
الخِبْطَۃ۔ ہر چیز کا کچھ حصہ۔ کہا جاتا ہے۔
"کَانَ ذٰلِکَ بعدَ خِبْطَۃٍ مِنَ اللَّیْلِ" یہ رات
کے کچھ حصّہ کے بعد ہوا۔ الخِبْطَۃُ من الماءِ:
پانی کا گھونٹ۔ ج خِبَط۔
الخَبَاط۔ غبار۔
الخِبَاط۔ چہرے کی چوڑائی میں لمبا
داغ۔ ج خُبُط۔
الخُبَاط۔ دیوانگی۔
الخَبُوْطُ والخَبِیْطُ والاَخْبَطُ۔ من
الخَیْلِ: زمین پر پاؤں مارنے والا گھوڑا۔
الخَبِیْط۔ حوض جسکو اونٹوں نے پاؤں
مار مار کر گرا دیا ہو۔ دہی جس میں تازہ دودھ ڈالکر
ملا جلا دیا گیا۔
المِخْبَط والمِخْبَطَۃ والمِخْبَاط۔ پتے
جھاڑنے کا ڈنڈا۔ دھوبی کی موگری۔
خَبَعَ (ف) خَبْعًا۔ فی المکان: داخل ہونا
— الشیءَ: چھپانا۔ کہا جاتا ہے "جَارِیَۃٌ خُبَعَۃٌ
طُلَعَۃٌ" کبھی اپنے آپ کو چھپانے والی اور کبھی
ظاہر کرنے والی لڑکی۔ (— خُبُوْعًا) الصبیُّ
روتے روتے سانس رکنا۔
خَبَقَ (ض) خَبْقًا۔ گوز کرنا — ہ: اپنے
سے حقیر جاننا۔
تَخَبَّقَ۔ الشیءُ: بلند ہونا۔
الخِبِقّ۔ بہت کودنے والا مرد۔ تیز رفتار گھوڑا۔
خَبَلَ (ن) خَبْلًا وخَبَلَہٗ۔ خراب کرنا۔
بگاڑنا — ہ الحزنُ: عقل کو تباہ کرنا۔ کہا
جاتا ہے "خَبَلَ الحُبُّ قَلْبَہٗ" محبت نے اسکے
دل کو تباہ کردیا — یدہ: لنجا کرنا۔

— ہ عن کذا: روکنا۔ منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَبَلَ عن فِعلِ اَبِیہِ" اُس نے اپنے باپ کے رویّہ سے کوتاہی کی۔

خَبِلَ (س) خَبَلًا و خَبَالًا: جنون لاحق ہونا۔ صفت (خَبِلٌ و اَخبَلُ) خَبِلَتِ الیدُ: لنجا ہونا۔

اَخبَلَہٗ۔ ناقۃً: عاریت پر دینا۔

اِختَبَلَہٗ۔ عقل کو خراب کرنا۔ اِختَبَلَتِ الدّابّۃُ: جانور کا اپنی جگہ میں نہ ٹھہرنا۔

تَخَبَّلَتِ۔ الیدُ: لنجا ہونا۔

اِستَخبَلَہٗ۔ الابلَ۔ عاریت پر مانگنا۔

اَلخَبل۔ مص۔ قرض۔ منگنی۔ فتنہ (— و الخَبَل) ہاتھ پاؤں کی تباہی ج خُبُول۔

الخَبَل۔ ایک پرندہ جس کی آواز اُلو کی آواز کے مشابہ ہے۔ دہر (خَبِلٌ) بگڑا ہوا زمانہ

الخَبَال۔ فساد۔ نقصان۔ ہلاکت۔ زہر قاتل۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ خَبَالٌ عَلیٰ اَھلِہٖ" وہ اپنے لوگوں کے لئے بوجھ ہے۔

الخَابِل۔ فسادی۔ شیطان۔ جن۔ کہا جاتا ہے "مَسَّہُ الخابِلُ" اس کو جن نے دیوانہ بنا دیا۔ الخَابلان: رات دن۔

المَخبَل۔ فا۔ مُخبِل بغیر الف لام کے زمانہ کے ناموں میں سے ہے۔

المُختَبَل۔ دیوانہ۔ تھڑدلا۔ وہ شخص جو درد کی وجہ سے اچھی طرح چل نہ سکتا ہو۔

خَبَنَ (ض) خَبنًا و خِبَانًا۔ الثوبَ: موڑ کر سینا — الشاعرُ: شعر میں خَبن واقع کرنا (دیکھئے الخَبن) (— و اَخبَنَ) الطّعامَ: کپڑے کی تہ میں چھپانا۔

اِختَبَنَ۔ الشیَٔ: کپڑے کی تہ میں چھپانا۔

الخُبنَۃ۔ کپڑے کی تہ۔ خوراک جو دامن کی تہ میں لیجائے۔ ج خُبَن۔

الخَبن۔ فی العروض: علم عروض کی اصطلاح میں سبب خفیف سے ساکن کو حذف کر دینا۔ جیسے فَاعِلُن سے فَعِلُن۔ رجلٌ (خُبُنٌّ) مرد کہ جس کے اعضاء سمٹے ہوئے ہوں۔

خَبَا (ن) خَبوًا و خُبُوًّا۔ خبت النارُ و الحدّۃُ: بجھنا۔ دھیما پڑنا۔ کہا جاتا ہے "خَبَا لَھَبُہٗ" اُس کے غصّہ کا جوش ٹھنڈا پڑ گیا۔

اَخبیٰ۔ النارَ: آگ بجھانا۔

خَبیٰ۔ الشیَٔ: چھپانا۔

اَخبیٰ و خَبّیٰ و تَخَبّیٰ و اِستَخبیٰ۔ الخِباءَ: خیمہ لگانا۔ اِستَخبیٰ الخِباءَ: خیمہ میں داخل ہونا۔

الخِبَاء۔ اون یا اونٹ کے بالوں کا خیمہ بالی میں جو یا گیہوں کا چھلکا۔ کلی کا غلاف ج اَخبِیَۃ۔

خَتَّ (ن) خَتًّا۔ الِسنانَ الیہ: پیا پے نیزہ مارنا۔

اَخَتَّ۔ حصّہ کم کرنا۔ اَخَتَّ الرجلُ: باپ کے ذکر پر شرمندہ ہونا۔

الخَتَت۔ بدن کی سستی۔

الخَتِیت۔ گھٹیا۔ ناقص۔

خَتَأَہٗ (ف) خَتأً۔ عن کذا: روکنا۔ منع کرنا۔

اِختَتَأَ۔ خوف وغیرہ سے رنگ بدل جانا — مِن فُلانٍ: شرم ڈر یا ذلّت کی وجہ سے چھپنا — لہٗ: فریب دینا — الشیَٔ: اچک لینا مفازۃ (مُختَتَأۃٌ)۔ بیابان جس میں راستہ نہ ملتا ہو۔

خَتَرَہٗ (ض) خَترًا۔ بُری طرح سے بیوفائی کرنا۔ صفت (خَاتِرٌ و خَتّارٌ و خَتِیرٌ و خَتُورٌ و خِتِّیرٌ) — (ن ض) خَترًا و خُتُورًا) نفسُہٗ: جی بگڑنا۔

خَتِرَ (س) خَتَرًا۔ زہر یا دوا وغیرہ پینے کی وجہ سے بے حس ہونا۔

تَخَتَّرَ۔ سُست و ڈھیلا ہونا۔ مرض وغیرہ کی وجہ سے سُست ہونا۔

خَتَّرَہٗ۔ الشرابُ: بے حس کر دینا۔

خَترَبَہٗ۔ کاٹنا اور ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

خَترَشَہٗ۔ الجرادُ: ٹڈیوں کے کھانے کی آواز۔

خَترَفَہٗ۔ خَترَفَۃً: مارنا اور کاٹنا۔

خَترَمَ خَترَمَۃً۔ عاجزی یا گھبراہٹ کی وجہ سے چپ رہنا۔

خَتَعَ (ف) خَتعًا و خُتُوعًا۔ الدلیلُ بالقومِ: اندھیرے میں راہبری کرنا — علی القومِ: — اچانک آجانا۔ (— و اَختَعَ) فی الارض: دور تک نکل جانا۔

الخَوتَع و الخَتِع و الخُتَع۔ ماہر راہبر۔ الخَوتَع: خرگوش کا بچہ۔ الخُتَعُ: بجو۔ الخُتَعۃ: مادہ چیتا۔

الخِتَاع۔ چمڑے کا دستانہ جو باز پالنے والے باز کے پنجوں کے خوف سے ہاتھ میں پہنتے ہیں۔

خَتعَرَ خَتعَرَۃً۔ نیست و نابود ہونا۔

الخَیتَعُور۔ بدخو عورت۔ تپتا ہوا ریت ہر وہ چیز جو ایک حالت پر قائم نہ رہے۔ اور نیست و نابود ہو جائے۔ ترمرے (یعنی وہ جو سخت گرمی کے زمانے میں مکڑی کے جالے کی مانند فضا میں اُترتا ہوا معلوم ہوتا ہے) بیوفا دنیا۔ بھیڑیا۔ بھوت۔ سختی۔ شیطان شیر۔ مصیبت۔ دور کی مسافت۔ ایک قسم کا کیڑا جو پانی پر ہر وقت اِدھر اُدھر پھرتا رہتا ہے

خَتَلَہٗ (ن ض) خَتلًا و خَتَلَانًا و خَاتَلَہٗ مُخَاتَلَۃً۔ فریب دینا۔ کہا جاتا ہے "خَاتَلَ الصیّادُ" یعنی آہستہ آہستہ چلا تاکہ شکار کو احساس نہ ہو۔ صفت (خَاتِل و خَتُول)

تَخَاتَلُوا۔ باہم ایک دوسرے کو فریب دینا۔

اِختَتَلَ۔ لِاَسرارِ القومِ: چوری سے سننا اِختَتَلَ الرجلَ: فریب دینا۔

المَختَل۔ چھپنے کی جگہ۔ خرگوش کا سوراخ

الخُوتَل۔ خوش طبع و دانا مرد۔

الخَتّال۔ بڑا فریبی۔ مونث خَتّالۃ۔

خَتلَعَ۔ الرجلُ خَتلَعَۃً: دیہات کی طرف نکلنا۔

خَتلَمَ۔ الشیَٔ: خفیہ طریقہ سے لینا۔

خَتَمَ (ض) خَتمًا وخِتامًا - الشیَٔ وعلیہٖ: مہر لگانا — العملَ: ختم کرنا — الکتابَ: پوری پڑھ لینا — الاناءَ: مٹی وغیرہ سے بند کرنا۔ کہا جاتا ہے "ختمَ علیکَ بابَہٗ" یعنی اس نے تم سے اعراض کیا — اللّٰہُ لَہٗ بالخیرِ: اچھا انجام کرنا — علی قلبہٖ: بے سمجھ کر دینا۔ — الزرعَ وعلیہٖ: پہلی مرتبہ سیراب کرنا۔

خَتَّمَ - اچھی طرح ختم کرنا۔ خَتَّمَہٗ: انگوٹھی پہنانا۔

اَختَمَ - خاتمہ پر پہونچنا۔

تَخَتَّمَ - الخاتمَ بہٖ: انگوٹھی پہننا۔ کہا جاتا ہے "تختّمَ بالعقیقِ" اس نے عقیق کی انگوٹھی پہنی — بامرہٖ: چھپانا — عنہ: غفلت برتنا اور چپ رہنا۔ عمامہ باندھنا۔ کہا جاتا ہے "تختّمَ بعمامتہٖ" اس نے اپنا عمامہ باندھا۔

اِختَتَمَہٗ - پورا کرنا۔

اَلخَتم - مہر۔ شہد۔

الخاتام - انگوٹھی - مہر ج خَواتِیم۔

الخاتَم والخاتِم - ج خَواتِم وخُتُم: انگوٹھی مہر۔ انجام۔ گدی کا گڑھا۔ ٹانگوں کی تھوڑی سی سفیدی۔

الخاتِمَۃ - الخاتِم کا مؤنث۔ انجام نتیجہ ج خَواتِم وخاتِمات۔

الخَتَم - انگوٹھی۔

الخِتام - مہر لگانے کی مٹی یا ہر وہ چیز جس سے مہر لگائی جائے۔ ج خُتُم۔

المُختَّم - من الخیل: گھوڑا جسکی ٹانگوں میں تھوڑی سی سفیدی ہو۔

خَتَنَ (ن ض) خَتنًا - الشیَٔ: کاٹنا۔ — الصبیَّ: ختنہ کرنا۔ صفت مفعولی - (خَتِینٌ ومَختُونٌ)، عامٌ مختونٌ: خشک سال۔ وختنَ الرجلَ: فریب دینا۔

خَتَنَ (ن) خُتُونًا وخُتُونَۃً وخَاتَنَہٗ - داماد بننا۔ خاتَنَ الرجلَ: فریب دینا۔

اِختَتَنَ - الصبیُّ: ختنہ شدہ ہونا۔

الخِتان والخِتانَۃ - ختنہ۔ الخِتانۃ: ختنہ کرنے کا پیشہ۔

الخَتَن - عورت کی طرف سے رشتہ جیسے سسر، سالہ، داماد۔ ج اَختان۔

الخَتَنَۃ - الختن کا مؤنث۔ ساس۔

الخاتُون - بیگم۔ معزز عورت کا لقب ج خَواتِین (کلمہ عجمی ہے)

خَتَا یَختُو خَتْوًا - غم یا بیماری سے شکستہ دل ہونا۔ خَتَاہ: روکنا۔

اَختَی - المتاعَ: ایک ایک کرکے بیچنا

اِختَتَی اِختِتاءً - مرض یا غم کی وجہ سے شکستہ دل ہونا۔

خَتَّثَ - الشیَٔ: جمع کرنا اور درست کرنا

اِختَثَّ - شرم کرنا۔

الخُثّ - سیلاب کا کوڑا کرکٹ۔ یا خشک شدہ کائی۔

الخُثَّۃ والخُثَّۃ - آگ سلگانے کیلئے چھوٹی چھوٹی لکڑیوں کا مٹھا۔

خَثَرَ (ن) خَثرًا وخُثُورًا وخَثَرانًا و خَثِرَ (س) خَثَرًا وخَثُرَ (ک) وتَخَثَّرَ اللبنُ: گاڑھا ہونا۔ دہی بننا۔ صفت (خاثِر)

خَثِرَت (ض) خَثرًا - نَفسُ الرجلِ: جی متلانا۔ مضطرب ہونا۔ کہا جاتا ہے "استیقظَ فلانٌ خاثِرَ النفسِ" فلاں شخص بیدار ہوا اس حال میں کہ وہ سست تھا۔

خَثِرَ (س) خَثَرًا - شرم کرنا۔

خَثَّرَ واَخثَرَ - اللبنَ: گاڑھا کرنا۔

اَخثَرَ الزبدَ: مکھن کو بغیر پگھلائے ہوئے چھوڑ دینا اور امثلہ عرب میں سے ہے "مایدری أیُخثِرُ ام یُذِیبُ" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو متردد ومتحیر ہو۔

° الخاثِرَۃ - جماعت۔

الخُثار - دسترخوان کا باقیماندہ۔

الخُثارَۃ - چیز کا باقیماندہ حصہ۔ دودھ کا گاڑھا گاڑھا حصہ جو باقی رہ جائے۔ کہا جاتا ہے "ذَہَبَ صَفوُہٗ وبَقِیَت خُثارَتُہٗ" اس کا خالص حصہ ختم ہوگیا اور تلچھٹ باقی رہ گیا۔

تَخَثعَمَ - خون سے آلودہ ہونا۔

الخَثعَم والمُخَثعَم - شیر

الخَثعَمَۃ - جانور کو ذبح کرنا اور اکٹھے ہوکر کھانا پھر اسی جانور کے خون میں خوشبو ملاکر ہاتھ ڈال کر آپس میں ایک دوسرے کی مدد کرنے کا معاہدہ کرنا۔

الخَثلَۃ والخِثلَۃ - من البطن: پیڑو۔ کہا جاتا ہے "طعنَہٗ فی خَثلَۃِ بطنِہٖ" اس نے اسکے پیڑو پر نیزہ مارا۔ ج خَثَلات وخِثلات۔ الخثلۃ: موٹی عورت۔

خَثِمَ (س) خَثَمًا - موٹی یا چوڑی ناک والا ہونا۔ صفت (اَخثَم واَخثَم) خَثِمَت اَخلافُ الناقۃِ: اونٹنی کے تھن کا بند ہونا۔

خَثَمَ (ن) خَثمًا - الاَنفَ: کچل دینا۔

خَثَّمَ - الشیَٔ: چوڑا کرنا۔

الخُثمَۃ - ناک کی چوڑائی یا موٹائی۔

خَثَی (ض) خَثیًا - البقرُ: گوبر کرنا۔

الخِثی - گوبر۔

خَجَّ (ن) خَجًّا - ہٹانا۔ دفع کرنا۔ — الحَطَبَ: پھاڑنا۔ چیرنا — برجلہٖ: پاؤں سے خاک اڑانا — بسلحہٖ: پاخانہ کرنا ساعدہٗ: گٹھا ہوا ہونا — المرأۃَ: جماع کرنا۔

اِختَجَّ - الجملُ: پیچ کھاتے ہوئے تیز دوڑنا ریحٌ (خجوج) تیز ہوا۔

خَجَأَ (ف) خَجأً - الرجلُ: چھپ کے گھر میں داخل ہونا — اللیلُ: — ہ: مارنا — المرأۃَ: جماع کرنا۔

خَجِیَٔ (س) خَجَأً - شرم کرنا۔ بیہودہ بکنا۔

اَخجَأَہٗ - سوال میں اصرار کرنا۔

تَخاجَأَ - دیر لگانا۔

الخُجَأۃ - موٹا و سست۔ بیوقوف۔

الخَجَر - کھانسی کی بدبو۔

الخَجِر- بہت کھانے والا- بزدل-
الخاجِر- دامنِ پہاڑ میں پانی بہنے کی آواز
الخَجِف والخَجِيف- اوچھاپن-
خَجِلَ (س) خَجَلاً- شرم سے پرگشتہ وبیخود ہونا۔ صفت (خَجِل وخَجلان) ـــ الثوبُ : کپڑے کے نیچے کا حصہ پھٹنا اور کشادہ ہونا-
ـــ النباتُ : بہت اور گنجان ہونا-
صفت (خَجِل) ـــ البعیرُ بالحمل : بوجھل ہونا ـــ بأمرہ : مشتبہ ہونا ـــ من کذا : زچ ہونا ـــ فی طلب الرزق : ـــ سُست ہونا-
خَجَّلَ وأخْجَلَ- شرمندہ کرنا- وأخْجَلَ النَباتُ : لمبا وگنجان ہونا-
الخَجِل - مص - شرم-
خَجِيَ (ض) خَجْياً- التراب برجلہ : پاؤں سے خاک اُڑانا-
خَجِيَ (س) خَجًا- شرم کرنا-
خَدَّ (ن) خَدًّا- فیہ الضربُ : بدّھی پڑنا ـــ الارضَ : کھودنا-
خَدَّدَ تخدیدًا- لحمُہ : دُبلا ہوکر جھری پڑنا ـــ لحمَہ : دبلا کرنا-
خادَّہ مُخادّةً - کام میں مزاحم ہونا-
تَخادّا- ایک دوسرے کی مزاحمت کرنا
تَخَدَّدَ- لحمُہ : لاغری سے جھری دار ہونا
ـــ القومُ : فرقے فرقے ہونا-
الخَدّ- چھوٹی ندی- طریقہ- لمبا گڑھا لوگوں کی جماعت- ج أخِدّة وخِداد وخِدّان-
الخدُّ من الوجہ : رخسارہ- ج خُدود-
الخُدّة- لمبا گڑھا- ج خُدَد-
الأخدُود - لمبا گڑھا- ج أخادید-
الأخادید : کوڑے کے مارنے کے نشانات اور اسی سے ہے أخادیدُ الأرشیة فی البئر : کنوئیں میں رسی کھینچنے کے نشانات-
المِخدّة - چھوٹا تکیہ جس پر سوتے ہوئے رخسارہ رکھتے ہیں- سرہانہ- ہل کا پھار-

المِخدّان - دونوں کچلیاں-
خَدَبَ (ن) خَدْبًا- جھوٹ بولنا-
ـــ ہ بالسیف : تلوار سے مارنا-
ـــ ہ الحیّةُ : ڈسنا-
تَخَدَّبَ - درمیانی چال چلنا-
الخَدَب - لمبائی- کہا جاتا ہے "فی لسانہ خَدَب" اس کی زبان میں اوچھاپن اور حماقت ہے-
الخَدِب والأخْدَب- بیوقوف- لمبا جلدباز- سیفٌ خَدِبٌ : تلوار قاطع- طَعْنةٌ او ضَرْبةٌ خَدْبةٌ وخَدْباءُ : سخت یا کشادہ زخم والی نیزہ کی مار-
الخُدُبّة - لمبائی-
الخَدّاب- بڑا جھوٹا- دِرعٌ (خَدْباء) کشادہ زرہ- الخدباء : ہر وہ جانور جو گٹھنا ہو
خَدَجَتْ (ن ض) خِداجًا و أخْدَجَت الدابةُ : ناتمام بچہ گرادینا۔ صفت (خادِج ومُخدِج) وصفت مفعولی (خَدِیج و خَدُوج ومُخْدَج) اور خَدُوج کی جمع خُدُوج و خِداج وخَدائج- أخْدَجَ الشیءُ : گھٹنا ـــ صلاتَہ : نماز میں کچھ کمی کردینا-
خَدَّجَتِ الناقةُ : ناتمام بچہ گرانا-
الخِدج- ج - نقصان-
خَدِرَ (س) خَدَرًا- العضوُ : سُن ہونا ـــ العینُ : خارش یا تنکہ پڑجانے کی وجہ سے آنکھ کا بھاری ہونا ـــ الحرُّ او البردُ : سخت ہونا ـــ النہارُ : ہوا بند اور تیز گرمی ہونا-
خَدَرَ (ن) خَدْرًا- متحیر ہونا ـــ الظبیُ : ریوڑ سے پیچھے رہ جانا ـــ الأسدُ فی عرینہ : ماند میں رہنا ـــ بالمکان : اقامت کرنا (ـــ وخَدَّرَ وأخْدَرَ) البنتَ : پردہ میں رکھنا
خَدَّرَ و أخْدَرَ العضوَ : سُن و بےحس کردینا-
أخْدَرَ بالمکان : اقامت کرنا ـــ مع اہلہ : اپنے لوگوں کیساتھ قیام کرنا ـــ الأسدُ : جھاڑی میں رہنا ـــ الأسدَ عرینُہ : کچھار کا شیر کو چھپا لینا-
تَخَدَّرَ واختَدَرَ- چھپنا-
الخادِر- سُست کاہل- حیران-
الخِدْر- پردہ جو لڑکی کے لئے مکان کے گوشہ میں لگا دیا جائے- لڑکی کیلئے مکان کا مخصوص حصہ- شیر کی جھاڑی- رات کی تاریکی ج أخدار وخُدور- جج أخادیر-
الخَدَر- عضو کی بےحسی- کاہلی سُستی تاریکی- اندھیری جگہ-
الخَدِر- بےحس عضو والا- لیلٌ خَدِرٌ : تاریک رات- مکانٌ خَدِرٌ : پوشیدہ اندھیری جگہ- نہارٌ خَدِرٌ : نمناک دن-
الخِدار- شیر کی جھاڑی-
الخُدْرة- سخت تاریکی-
الأخْدَر والخُدَارِیّ- تاریک رات
الخُداری : کالا بادل-
الخُدارِیّة- عقاب-
الأخْدَر والخُدرِیّ والأخْدَرِیّ ایک قسم کا جنگلی گدھا-
ہَودَجٌ (مخدور) پردہ پڑا ہوا ہودہ-
الخَدَرْنی- مکڑی-
الخَدَرْنَق- نر مکڑی- اور بقول بعض بڑی مکڑی- ج خَدارِن-
خَدَشَہ (ض) خَدْشًا وخَدَّشَہ- خراش لگانا- ٹکڑے ٹکڑے کرنا- عیب لگانا-
الخَدْش- مص- خراش- ج خُدوش و خِداش وأخداش-
الخَدُوش- بہت خراش لگانے والا- پسّو- مکھی-
المُخادِش والمُخدِش- بلی-
المُخَدَّش- انسان کی گردن میں کٹنے کی جگہ-
خَدَعَہ (ف) خِدعًا وخَدعًا- دھوکا دینا- فریب دینا ـــ الضبُّ فی جحرہ : داخل ہونا ـــ المطرُ : کم ہونا ـــ الرجلُ :

کم مال والا ہونا ۔ داد و دہش سے رُکنا ——
السّوق : بازار کا ماند پڑنا ۔ رائج ہونا (ضد)
—— الامورُ : مختلف ہو جانا —— الشمسُ :
غائب ہونا —— الطریقُ : غیر معلوم ہونا ۔
—— الشیُٔ : خراب ہونا —— الثوبَ : موڑنا
—— الرجلَ : اخدع رگ کاٹ دینا ۔
اَخْدَعَ ۔ دغابازی پر اُکسانا ——
الشیَٔ : چھپانا پوشیدہ کرنا ۔
خَادَعَہٗ مُخَادَعَۃً وخِدَاعًا و
اِخْتَدَعَہٗ وتَخَدَّعَہٗ ۔ دھوکا دینا ۔
خَادَعَ العینَ : دیکھی ہوئی چیز میں شک ڈالنا
تَخَدَّعَ لَہٗ : بتکلف مدد کرنا ۔
تَخَادَعَ ۔ فریب خوردہ ظاہر کرنا ——
القومُ : ایک دوسرے کو فریب دینا ۔
اِنْخَدَعَ ۔ فریب خوردہ ہونا ۔ دھوکے
پر راضی ہونا —— بہ دھوکا کھا جانا ——
السوقُ : بازار کا ماند پڑجانا ۔
الخَدِیعَۃُ ج خَدَائِعُ و (الخُدعۃ والخِداع)
فریب ۔ دھوکا ۔ مکر و حیلہ ۔
الخُدَعَۃُ ۔ لوگوں کو دھوکا دینے والا ۔
الخُدَعَۃُ والخَدَّاعُ والخَیْدَعُ ۔
بہت دھوکا دینے والا ۔ سَنَۃٌ خَدَّاعَۃٌ : کم
پیداوار والا سال ۔
الخَادِعُ ۔ فا ۔ طَرِیْقٌ خَادِعٌ ۔ راستہ جو کبھی
ظاہر ہو اور کبھی پوشیدہ ہو جائے ۔ دینار
خَادِعٌ : کھوٹا دینار ۔
الخَادِعَۃُ ۔ مؤنث ۔ بڑے دروازہ میں
چھوٹا دروازہ ۔ مکان کے اندر کوٹھری ۔
الاَخْدَعُ ۔ اسم تفضیل ۔ الاَخْدَعَان :
گردن کی دونوں پہلوؤں پر دو پوشیدہ رگوں کا
نام اور کہا جاتا ہے " لاُقِیْمَنَّ اَخْدَعَیْکَ " میں
تمہارے تکبر کو دور کر دوں گا ۔ "فلانٌ شَدِیْدُ
الاَخْدَعِ " فلاں بڑا گردن کش ہے ۔ ج اَخَادِعُ
الخَیْدَعُ ۔ وہ شخص جس کی دوستی پر بھروسہ
نہ کیا جائے ۔ راستہ جو مقصد کے مخالف ہو ۔

چمکتا ہوا ریت ۔ فریب دینے والا بھیڑیا ۔
الخَدُوْعُ ۔ بہت فریب دینے والا ۔
طَرِیْقٌ خَدُوْعٌ : راستہ جو کبھی ظاہر اور کبھی پوشیدہ
ہو جائے ج خُدُعٌ ۔
المِخْدَعُ والمُخْدَعُ والمَخْدَعُ ۔
کوٹھری جو بڑے کمرہ کے اندر ہو ۔ ج مَخَادِعُ
المُخَدَّعُ ۔ تجربہ کار جو بار بار دھوکا کھا
چکا ہو ۔
الخَدْعُوْنَۃُ ۔ کدو کا ٹکڑا ۔
خَدَفَ (ض) خَدْفًا ۔ تیز چلنا ۔
خَدَفَتِ السماءُ بالثلجِ : برف گرانا (——
و اِخْتَدَفَ) الشیَٔ : اچک لینا ۔
الخَدْفُ ۔ مص ۔ کشتی کا پتوار ۔
الخَدَافِیُ ۔ پرانے کپڑے ۔
خَدْفَلَ : پرانا کرتا پہننا ۔
الخَدَافِلُ ۔ پرانے کپڑے (اس کا واحد
نہیں)
خَدِلَتْ (س) خَدَلًا وخَدَالَۃً
وخُدُوْلَۃً ۔ الساقُ : پُر گوشت ہونا ۔
سَاقٌ خَدْلَۃٌ ۔ پُر گوشت پنڈلی ۔
خَدَمَہٗ (ض ن) خِدْمَۃً وخَدْمَۃً
خدمت کرنا ۔ صفت (خادم) ج خُدَّام و
خَدَم ۔ مؤنث خادم و خادِمَۃ ۔
اَخْدَمَہٗ ۔ خادم دینا ۔
خَدَّمَ ۔ الرجلُ امرأتہٗ : پازیب پہنانا ۔
تَخَدَّمَہٗ ۔ خدمت لینا ۔ خادم بنانا ۔
اِخْتَدَمَ ۔ اپنی خدمت کرنا —— ہ :
خادم مانگنا ۔ خادم بنانا ۔
اِسْتَخْدَمَہٗ ۔ خادم بنانا —— الرجلَ :
خادم مانگنا ۔
الخَدَمَۃُ ۔ وقت خواہ دن کا ہو یا رات کا
الخَدَمَۃُ ۔ پازیب ۔ پنڈلی ۔ لوگوں کا
حلقہ ۔ کہا جاتا ہے " فَضَّ اللّٰہُ خَدَمَتَہُمْ "
اللہ ان کی جماعت کو متفرق کر دے ۔
(و الخَدَمَۃ) حلقہ کی مانند مضبوط چمڑے

کا موٹا تسمہ جس کو اونٹ کے گٹے پر باندھا جاتا ہے
ج خَدَم وخِدَام وخَدَمَات ۔
الخَادِمِیَّۃُ ۔ نوکری ۔
المَخْدُوْمِیَّۃُ ۔ آقائی ۔
الخَدَّامُ ۔ نوکر ۔
الخَدِیْمُ ۔ نوکر ۔ غلام ۔
الاَخْدَمُ ۔ گھوڑا جس کے پیر کی سفیدی
کم ہو کر کھر کے کچھ اوپر گول سا ہو ۔ مؤنث خَدْمَاءُ
الخَدْمَاءُ : بکری جس کی ایک ٹانگ سفید اور
باقی سیاہ ہوں ۔
المَخْدُوْمُ ۔ مفع ۔ آقا ۔ مولیٰ ۔ کِتَابٌ
مَخْدُوْمٌ : وہ کتاب جس کی بکثرت شروح و
حواشی ہوں ۔
المُخَدَّمُ والمُخَدَّمَۃُ ۔ پازیب پہننے
کی جگہ ۔ تسمہ ۔ عورت کے پائجامہ میں نیچے
باندھنے کا دھاگا ۔ قوم مُخَدَّمُوْنَ : بہت نوکر
چاکر والے لوگ ۔
خَادَنَہٗ مُخَادَنَۃً ۔ دوستی کرنا ۔ ساتھی بنانا
الخِدْنُ ۔ دوست ۔ یار ۔ ساتھی (مذکر و
مؤنث) ج اَخْدَانٌ ۔
الخَدِیْنُ ۔ دوست ، یار ، ساتھی ۔
الخُدَنَۃُ ۔ لوگوں سے بہت دوستی
کرنے والا ۔
خَدَیٰ (ض) خَدْیًا وخَدَیَانًا ۔
الفرسُ ام البعیرُ : تیز دوڑنا ۔
اَخْدٰی اِخْدَاءً ۔ آہستہ آہستہ چلنا ۔
الخَدَا ۔ کیڑا جو گوبر میں سے نکلتا ہے ۔
واحد (خَدَاۃ)
الخُدَیْوِیْ ۔ عزیز مصر کا لقب ۔ فارسی
لفظ ہے بمعنی بادشاہ ۔ وزیر ۔ سردار ۔
خَذَأَ وخَذِیَٔ (س) خَذْاً وخُذُوْءًا
وخَذَاءً واستَخْذَأَ لَہٗ : فروتنی کرنا ۔
تابعدار رہنا ۔
اَخْذَأَہٗ ۔ ذلیل کرنا ۔ تابع بنانا ۔
الخَذَأُ ۔ نفس کی کمزوری ۔

خَذَّ (ن) خَذِیْذًا - الجُرحُ: پیپ بہنا
الخُذْرَۃ - پھرکی -
خَذْرَفَ - جلدی چلنا — ہٗ بالسیف: جسم کے اطراف کاٹنا — الاناءَ: بھرنا -
تَخَذْرَفَتْ - النویٰ: پھینک دینا -
تَخَذْرَفَ الثوبُ: پھٹنا -
الخُذْرُوف - تیز چلنے والا - پھرکی - اس کو خرّارہ بھی کہتے ہیں - اونٹوں کا گلہ - اونٹ جو گلہ سے علیحدہ ہو گیا ہو " ترکتِ السیوفُ راسَہٗ خَذَارِیفَ " تلواروں نے اس کے سر کو ٹکڑے کر دیا - رجلٌ (مُتَخَذْرِف) اچھے اخلاق والا مرد -
خَذَعَ (ف) خَذْعًا وخَذَّعَ - اللحمَ اوالقرعَ: بغیر جدا کئے ہوئے قاشیں تراشنا -
تَخَذَّعَ - کٹنا - کہا جاتا ہے " ذَہَبُوا خِذَعَ مِذَعَ " لوگ متفرق ہو کر چلے گئے -
الخَذْعَۃ - زمین وغیرہ کا ٹکڑا -
الخَذِیعَۃ - ایک قسم کا کھانا جو قیمہ سے تیار کیا جاتا ہے -
المِخْذَعَۃ - چھری -
الخُیَذَعُ - عیب -
خَذْعَبَ وخَذْعَلَ - البطیخَ ونحوہٗ: پھانکیں کرنا -
الخُذْعُوبَۃ والخُذْعُولَۃ - پھانک - قاش -
خَذَفَ (ض) خَذْفًا - بالحصاۃِ ونحوہا: انگلیوں سے پھینکنا - گوپھن سے پھینکنا -
تَخَاذَفَت - عیناہ بالدموع: جلدی آنسو بہانا -
الخَذَّافَۃ - دبر -
المِخْذَفَۃ - گوپھن - غلیل -
الخَذُوف - مِنَ الدوابّ: تیز رفتار جانور جو دوڑنے میں کنکری اڑائے جو چلنے میں پیروں کو پیٹ تک اُٹھائے - ج خُذُف
الخَذَفَان - تیز رفتاری -

خَذَقَ (ن ض) خَذْقًا - الدابۃَ: تیز چلنے کیلئے چبھونا — البازی: بیٹ کرنا -
الخَذْق - گوبر - لید -
خَذَلَ (ن) خَذْلًا وخَذْلَانًا وخِذْلَانًا - فلانًا وعنہ: مدد چھوڑنا - صفت (خَاذِل) ج خُذَّال - صفت مفعولی (مَخْذُول) ج مَخَاذِیل - خَذَلتِ الظبیۃُ: ریوڑ سے علیحدہ ہو جانا - صفت (خَاذِل وخُذُول)
(خَذَّلَ عنہ اَصْحَابَہٗ: مدد چھوڑنے پر اُکسانا - — ہٗ: پسپائی اور ترک جنگ پر آمادہ کرنا -
خَاذَلَہٗ مُخَاذَلَۃً - مدد چھوڑنا -
خُطوط وخُطوطُ الکف: ہاتھ کی لکیریں۔

الخُطّ والخَطّ۔ راستہ۔ سڑک۔ محلہ

الخِطّ والخِطّۃ۔ وہ زمین کہ جس پر
سب سے پہلے تم آئے اور تم سے پہلے کوئی نہیں
آیا۔ زمین کا وہ حصہ جو کوئی اپنے لئے خاص
کرلے۔ ج خِطَط۔

الخُطّۃ۔ کام۔ کہاجاتا ہے "تلکَ خُطّۃٌ
لیستْ مِن بالی" یہ کام میری شان کا نہیں ہے
"وَفی رأسِہٖ خُطّۃٌ" اس کے سر میں کوئی خیال ہے
خصلت۔ جہالت۔ مشکل معاملہ جس کا کوئی حل
نہ ملے۔ ج خُطَط۔ کہاجاتا ہے "فلانٌ یَبْنی خُطَطَ
المکارِمِ" فلاں شرافت اور بزرگی کے مقامات
کی بنیاد رکھتا ہے۔

الخَطّی۔ نیزہ جو خط کی جانب منسوب ہے۔
اور بحرین کی ایک بندرگاہ کا نام ہے جہاں نیزے
بکتے تھے۔ ج خَطِیَّۃ۔

المَخطُوط۔ زمین پر پاؤں کا نشان چھوڑنے
والا۔ عورت کے ابرو رنگنے کی چیز۔ جنگلی گائے

الخَطّاط۔ بہت لکھنے والا۔

المِخَطّ۔ کپڑے پر دھاری ڈالنے کی لکڑی

المُخَطَّط۔ دھاری دار۔ خوبصورت۔

خَطِیَٔ (س) خَطأً۔ غلطی کرنا — فی
دِینِہٖ: قصداً یا بلا قصد غلطی کے راستہ پر چلنا
(— خِطأً وخِطأۃً) گناہ کرنا صفت (خاطِئ
ج خُطاۃٌ۔ مؤنث خاطِئۃٌ ج خَواطِئ۔

خَطَأت (ف) خَطأً۔ القِدرُ بزبدِہا:
جھاگ پھینکنا۔

خَطَّأَہٗ تَخطِیئًا وتَخطِئۃً۔ غلطی کی
طرف نسبت کرنا۔

اَخطأَ اِخطاءً وخاطِئۃً۔ غلطی کرنا
— الطریقَ: چوک جانا — الرجلُ: غلطی
میں ڈالنا — الرامی الغرضَ: نشانہ پر نہ لگنا
— فی عملِہٖ: راہ راست سے ہٹ جانا۔

تَخَطّأَ وتَخاطأَ۔ غلطی کرنا۔ تَخَطّأً و
تَخاطأۃ: غلطی میں ڈالنا — السہمُ الرمیّۃَ:
نشانہ سے ہٹ جانا۔ تَخَطّأَہٗ فی المسئلۃِ وبِہا:
کسی کی غلطی ڈھونڈھنے کے درپے ہونا۔

الخِطْء۔ گناہ۔

الخِطْءُ والخَطأُ والخَطاء۔ گناہ اور
بقول بعض غیر ارادی گناہ۔ غلطی۔

الخَطّاء۔ بہت غلطی کرنے والا۔ بہت
گناہ کرنے والا۔

الخَطِیئۃ۔ گناہ۔ اور بقول بعض ارادی
گناہ۔ ج خَطایا وخَطِیئات۔

خَطَبَ (ن) خُطبۃً وخَطابۃً وخَطْبًا وخِطابۃً
وعظ کہنا۔ تقریر کرنا۔ لیکچر دینا۔ حاضرین کے
سامنے خطبہ پڑھنا۔ کہاجاتا ہے "خَطَبَ القومَ
وفی القومِ" اس نے قوم کے سامنے تقریر کی۔

خَطُبَ (ک) خَطابۃً۔ واعظ ہونا مقرر
ہونا۔ لیکچرار ہونا۔

خَطَبَ (ن) خَطْبًا وخِطبۃً وخِطِّیبی
الفتاۃَ: منگنی کرنا۔ صفت (خاطِب) کہاجاتا ہے
"خَطَبَ الفتاۃَ علیٰ فلانٍ" اس نے فلاں کے
لئے لڑکی کی منگنی کی۔

خَطِبَ (س) خَطَبًا۔ الشیٔ: تیرہ مائل
سُرخ زرد ہونا۔

خاطَبَہٗ خِطابًا ومُخاطَبۃً وتَخاطَبا۔
باہم گفتگو کرنا۔ کہاجاتا ہے "خاطَبَہٗ فی فلانٍ"
اس نے اس سے فلاں کے بارے میں گفتگو کی۔

اَخطَبَ۔ الصیدُ فلانًا: قریب ہونا —
الحنظلُ: رنگین ہونا — الحنظلُ: زرد ہونا۔
اور سبز: دھاریاں پڑنا۔

اِختَطَبَ۔ الفتاۃَ: منگنی کرنا — القومُ
فلانًا: قوم کی لڑکیوں میں سے کسی لڑکی سے
شادی کرنے کے لئے کسی کو بلانا — علی المنبرِ:
خطبہ دینا۔

الخَطْب۔ مم۔ حالت۔ کہاجاتا ہے۔ "ما
خَطْبُکَ" تمہاری کیا حالت ہے اور کس چیز نے
تم کو اس پر برانگیختہ کیا ہے۔ معاملہ خواہ چھوٹا
یا بڑا عموماً بڑے اور ناپسندیدہ معاملہ کے لئے
مستعمل ہے۔ ج خُطُوب۔

الخِطاب۔ گفتگو۔ فصلُ الخطاب: فصاحت
حکم جو دلیل یا قسم کے ساتھ دیا جائے۔ خطیب کا
الحمدللہ کے بعد اما بعد کہنا۔

الخُطبۃ۔ تقریر۔ گفتگو۔ خُطبۃُ الکتاب:
کتاب کا دیباچہ۔ الخُطبۃ: تیرہ رنگ جس میں
سُرخی زردی ملی ہوئی ہو۔

الخِطب۔ منگنی کرنیوالا مرد۔ عورت جس
سے منگنی کی جائے۔ کہاجاتا ہے "ہُوَ خِطبُہا وہِیَ
خِطبُہٗ" ج اَخطاب۔

الخِطبۃ۔ مم۔ منگنی کرنا۔ عورت جس سے
منگنی کی جائے۔

الخَطّاب۔ منگنی کرنیوالا۔ بہت تقریر کرنیوالا

الخَطّابۃ۔ بہت تقریر کرنیوالا (مذکر مؤنث)

الخطّاب کا مؤنث۔

الخَطِیب۔ منگنی کرنیوالا۔ خطبہ پڑھنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خَطِیبٌ" خوش بیان مرد۔ ج خُطَبَاء۔

الخِطِّیب۔ عورت کو پیغام نکاح دینے والا ج خِطِّیبُون۔

الخِطِّیبیٰ۔ عورت جس کو کوئی پیغام نکاح دے۔

الاَخْطَبُ۔ شِکرا۔ مِنَ الحَنْظَلِ: سبز دھاریوں والا اندراین۔ الاَخْطَبُ: خطابت کا اسم تفضیل ہے جیسے کتابت سے اَکْتَبُ اور شعر سے اَشْعَر۔ کہا جاتا ہے "کَانَ اَخْطَبَ اَہْلِ زَمَانِہٖ" وہ اپنے زمانہ کے لوگوں میں بڑا مُقرر تھا۔

خَطَرَ (ض) خَطَرَانًا و خَطِیرًا۔ فِی مِشْیَتِہٖ: ہاتھوں کو اوپر نیچے کرتے ہوئے چلنا الرُّمحُ: ہلنا۔ بِسَیْفِہٖ اور رُمْحِہٖ: فخر و غرور سے ہلانا۔ —— بِیَدِہٖ: چلنے میں آگے پیچھے کرنا —— خَطْرًا و خَطَرَانًا و خَطِیرًا) الجملُ بِذَنَبِہٖ: بار بار اٹھانا اور رانوں پر مارنا۔

خَطَرَ (ن ض) خُطُورًا۔ الامرُ لہٗ: سوجھنا خَطَرَتِ الحوادثُ: پیش آنا۔ خَطَرَ الامرُ ببالِہٖ و علیٰ و فی بالِہٖ: بھولنے کے بعد یاد آنا۔

خَطُرَ (ک) خَطَرًا و خُطُورَۃً) عالی مرتبہ ہونا۔ صفت (خَطِیر) ج خُطُر

خَاطَرَ مُخَاطَرَۃً۔ بِنَفْسِہٖ: خطرہ میں ڈالنا —— ہ علیٰ کذا: شرط لگانا۔

اَخْطَرَ۔ الشیءَ فی او علیٰ او ببالِہٖ: یاد دلانا —— ہ: بلند مرتبہ میں ہم مثل ہونا —— المالَ: مال کو شرط پر رکھنا —— المریضُ: خطرہ میں ہونا۔ صفت (مُخْطِر)

تَخَطَّرَ۔ پھاندنا۔ تجاوز کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَخَطَّرَنِی شَرُّ فُلانٍ" فلاں کا شر مجھ سے تجاوز کر گیا۔

تَخَاطَرَ۔ القومُ علی الشیءِ: شرط لگانا۔

الخَطْر۔ غلہ کا ایک بڑا پیمانہ (—— والخِطْر) اونٹ کے سرینوں پر مینگنی اور پیشاب مل کر جما ہوا۔ بادل جو سامنے ظاہر ہو۔

الخِطْر۔ بہت پانی ملا ہوا دودھ۔ بہت سے اونٹ۔ شاخ۔ ایک قسم کی گھاس جسکو بطور خضاب کے استعمال کرتے ہیں۔ ج اَخْطَار۔

الخَطَر۔ قریب بہلاکت ج اَخْطَار۔ کہا جاتا ہے "رَکِبُوا الاَخْطَارَ" وہ لوگ خطروں میں پڑ گئے۔ شرافت۔ بلندی رتبہ۔ مثل۔ ہم پلہ (اور ذی رتبہ چیز ہی میں استعمال ہوتا ہے) جیسے "فِی ظِلِّ عَیْشٍ خَطِیرٍ مَالَہٗ خَطَرٌ" شرط جو گھوڑ دوڑ میں لگائی جائے۔ ج خِطَار، جج خُطُر۔

الخَطْرَۃ۔ ایکبار۔ تم کہتے ہو "مَا لَقِیتُہٗ اِلَّا خَطْرَۃً" میں اس سے ایک بار ملا۔

الخَاطِر۔ فا۔ امر یا تدبیر جو دل میں گزرے خیال اور کبھی دل اور نفس پر بھی مجازاً اطلاق کیا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِی خَاطِرِی" میرے دل میں واقع ہوا۔ "وفُلانٌ سَرِیعُ الخَاطِرِ" فلاں تیز طبیعت ہے۔ "وَجَاشَ الشِّعْرُ فِی خَاطِرِی" میرے دل میں شعر کی آمد ہوئی۔ ج خَوَاطِر۔

الخَطَّار۔ الخاطر کا اسم مبالغہ۔ عطر فروش۔ نیزہ مارنے والا۔ نیزہ۔ گوپھن۔ زیتون کا خوشبودار تیل۔ شیر۔

الخَطَّارَۃ۔ اونٹوں کا باڑہ۔

الخَطِیر۔ عالی مرتبہ۔ شریف۔ مہار۔ رسی۔ ترمرے۔ رات کی تاریکی۔ دھمکی۔ شادمانی۔ بلند رتبہ چیز کا مثل۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ لَہٗ خَطِیرٌ" اس کا کوئی ہم پلہ نہیں۔

المَخَاطِر۔ خطرے (اس کیلئے مفرد نہیں)

الخُطْرُب و الخُطَارِب۔ افترا پرداز۔ جھوٹا۔

خَطْرَفَ و تَخَطْرَفَ۔ چلنے میں جلدی کرنا۔ صفت (خِطْرِیف و خُطْرُوف) خُطْرُفَۃ

بِالسَّیْفِ" تلوار سے مارنا۔

خَطِفَ (س) خَطْفًا۔ الشیءَ: اچک لینا —— البرقُ البصرَ: چندھا کر دینا —— السمعَ: چوری سے سننا۔

خَطِفَ (س) و خَطَفَ (ض) خَطَفَانًا۔ تیز چلنا۔ صفت (خَطِیف و خَیْطَف)

خَطَّفَ۔ اُچک لینا (تشدید مبالغہ اور تکثیر کے لئے ہے)

اَخْطَفَ۔ خطا کرنا —— ہ المرضُ: بیماری کا ہلکا ہونا یا بالکل زائل ہونا —— الرجلُ: کچھ بیمار ہونا اور جلدی سے چنگا ہونا۔

تَخَطَّفَ و اِخْتَطَفَ۔ الشیءَ: چھین لینا۔ کھینچنا۔ نکال لینا۔ اچک لینا۔

الخُطْف و الخُطُف۔ لاغری اور پہلوؤں کا دبلا پن۔

الخَطْفَۃ۔ جھپٹا۔ عضو جسکو درندہ جھپٹا مار کر اتار لے۔ یا انسان کسی زندہ جانور سے کاٹ لے۔

الخَاطِف۔ فا۔ بھیڑیا۔ تیر جو زمین پر پڑ کر نشانہ پر لگے۔ ج خَوَاطِف۔

اَخْطَفُ۔ الحَشیٰ: دبلا۔

الخَاطُوف۔ درانتی کی مانند جس کو جال میں باندھ کر ہرن وغیرہ کا شکار کرتے ہیں۔

الخَطَّاف۔ الخاطف کا اسم مبالغہ۔ چور۔ شیطان۔ ابابیل کی مانند ایک پرندہ۔

الخُطَّاف: آنکس کی مانند ایک قسم کا ٹیڑھا لوہا جس سے کسی چیز کو اُچک لیا جائے۔ ج خَطَاطِیف و خَطَاطِیفُ السِّبَاعِ: درندوں کے چنگل۔

الخَطَفیٰ و الخَیْطَفیٰ۔ تیز رفتاری۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ یَمْشِی الخَطَفیٰ" وہ تیز چلتا ہے۔

الخَطِیفَۃ۔ ایک قسم کا کھانا جو آٹے میں دودھ ملا کر پکاتے ہیں اور پھر چمچے سے جلدی جلدی کھاتے ہیں۔

خَطِلَ (س) خَطَلًا و اَخْطَلَ۔ فی کلامِہٖ:

بہت بولنا اور فحش بولنا۔ — فی مَنْطِقِہٖ اَوْرَأْیِہٖ غلطی کرنا۔ جیسے "اِصَالَۃُ الرَّأیِ صَانَتْنِیْ مِنَ الْخَطَلِ" رائے کی اصالت نے مجھ کو غلطی سے بچایا۔

تَخَطَّلَ۔ فی المَشْیِ: ناز انداز سے چلنا

الخَاطِلُ۔ باطل۔

الخَطَلُ۔ مص۔ بیوقوفی۔ سبکی۔ سرعت بہت ردی گفتگو۔ کہا جاتا ہے۔ "اَرٰی فی مَشْیِہٖ خَطَلًا" میں اس کی چال میں ضعف محسوس کرتا ہوں۔ گفتگوئے پریشان۔

الخَطِلُ۔ بیہودہ گفتگو والا۔ بیوقوف سَہْمٌ خَطِلٌ: نشانہ سے خطا کرنے والا تیر۔ ثَوْبٌ خَطِلٌ: موٹا کھردرا کپڑا جو لمبائی کی وجہ سے زمین پر کھنچے۔ ج اَخْطَال۔ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خَطِلُ الیَدَیْنِ" سخت ہاتھوں والا و "رُمْحٌ خَطِلٌ" بے ڈول لمبا نیزہ۔

الخَطِلُ: تیز اور جلدی نیزہ مارنے والا۔ جیسے "اَحْوَسُ فِی الْھَیْجَاءِ بِالرُّمْحِ خَطِلٌ" شجاع وبہادر لڑائی میں تیز اور جلدی نیزہ مارنیوالا ہوتا ہے۔ خَطِلٌ بالمعروف: داد و دہش میں جلدی کرنے والا۔

الاَخْطَلُ۔ لمبے اور لٹکے ہوئے کانوں والا۔ بیہودہ گفتگو والا۔ مؤنث خَطْلاءُ ج خُطْل

الخَیْطَلُ۔ کتا۔ بلی۔ مصیبت۔ عطر فروش۔ ٹڈی دل۔

خَطَمَہٗ (ن) خَطْمًا وخَطْمَۃً۔ بالخِطَامِ: نکیل لگانا۔ خَطَمَہٗ بالکَلامِ: خاموش کرنا۔ مغلوب کرنا۔ خَطَمَ الرَّجُلَ: ناک پر مارنا۔ (ـ خَطْمًا وخِطَامًا) القَوْسَ بالوَتَرِ: کمان پر تانت چڑھانا۔

اِخْتَطَمَ۔ الخِطَامَ: نکیل لگانا۔

المَخْطِمُ والمَخْطَمُ۔ ناک۔

الخَطْمُ۔ مص۔ ناک کا اگلا حصہ۔ چونچ۔ — مِنَ الدَّابَّۃِ: چوپایہ کی ناک اور منہ کے سامنے کا حصہ۔ — اَمْرٌ عَظِیْمٌ: پہاڑ کی چوٹی۔

الخِطَامُ۔ مہار۔ نکیل۔ کمان کی تانت ج خُطُم۔

الخَاطِمُ۔ فا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ خَاطِمُ اَمْرِ بَنِیْ فُلَانٍ" فلاں بنو فلاں کا قائد ہے اور ان کے معاملات کا منتظم ہے۔

الخَطَّامُ۔ اسم مبالغہ۔ مِسْکٌ خَطَّامٌ: ناک کو خوشبو سے بھر دینے والی کستوری۔

الاَخْطَمُ۔ لمبی ناک والا۔ کالا۔ مؤنث خَطْمَاءُ۔ ج خُطْم

الخِطْمِیُّ۔ ایک قسم کی نباتات جو دواؤں میں کام آتی ہے۔ واحد (خِطْمِیَّۃ)

خَطَا (ن) خَطْوًا۔ قدموں کے درمیان کشادہ کرکے چلنا۔

خَطَّا واَخْطٰی۔ الرَّجُلَ: قدموں کو کشادہ کرکے چلانا۔ خُطِّیَ عَنْہُ الشَّیْءُ: زائل کیا جانا۔

تَخَطّٰی تَخَطِّیًا واخْتَطٰی اِخْتِطَاءً۔ ہ اِلٰی کَذَا: پھاندنا۔ تجاوز کرنا۔ آگے بڑھ جانا

الخُطْوَۃُ۔ چلنے کے وقت دو قدموں کے درمیان کا فاصلہ۔ عوام اسے فشکہ کہتے ہیں۔ مسافت۔ کہا جاتا ہے۔ "قَرَّبَ اللّٰہُ عَلَیْکَ الخُطْوَۃَ" اللہ تعالیٰ مسافت کو تمہارے لئے قریب کردیں۔ ج خُطًی وخُطُوَات وخُطْوَات وخُطَوَات۔

الخَطْوَۃُ۔ بمعنی خُطْوَۃ۔ خطا کا اسم مرۃ — فِی المُسَاحَۃِ: چھ قدم۔

الخَطِیَّۃُ۔ گناہ۔

خَظَا یَخْظُو خُظُوًّا۔ لحمہٗ: گٹھا ہونا۔

اَخْظٰی۔ الرجلُ: موٹا ہونا۔ اَخْظَاہُ: موٹا کرنا۔

الخَظِیُ۔ گٹھے بدن والا۔ کہا جاتا ہے۔ "اِمْرَاَۃٌ خَظِیَۃٌ بَظِیَۃٌ" گٹھیلی بدن کی عورت۔

الخَیْعَلُ۔ بھیڑیا۔ چھلاوہ۔ بغیر آستینوں کی قمیص۔ کہا جاتا ہے "خَیْعَلَہٗ" یعنی اس نے اسکو بغیر آستینوں کی قمیص پہنائی اور (تَخَیْعَلَ) اس نے بغیر آستینوں کی قمیص پہنی۔

خَفَّ (ض) خَفًّا وخِفَّۃً وخَفَّۃً۔ ہلکا ہونا۔ خفیف العقل ہونا۔ کم مال والا ہونا۔ — المطرُ: کم ہونا۔ — (خَفًّا وخِفَّۃً وخُفُوفًا) اِلَی العَدُوِّ: جلدی کرنا — القومُ: جلدی کوچ کرکے کم ہونا۔

خَفَّفَ۔ الشَّیْءَ: ہلکا کرنا۔ الحرفَ: مشدد نہ کرنا — الثَّوْبَ: باریک بنانا۔

اَخَفَّ۔ کم سامان والا ہونا۔ سبک جان ہونا — الرجلَ: جہالت پر اکسانا۔ عیب لگانا۔

تَخَفَّفَ۔ چرمی موزہ پہننا۔ جلدی کرنا۔

تَخَافَّ۔ ہلکا پھلکا ہونا۔

اِسْتَخَفَّہٗ۔ ہلکا سمجھنا۔ جاہل سمجھنا۔ حق و صواب سے ہٹانا — ہ الغِنَاءُ: طرب ونشاط میں ڈالنا — ہ الطَّرَبُ: ——

اِسْتَخَفَّ بہٖ: حقیر جاننا۔

الخِفُّ۔ ہلکا۔ تھوڑی جماعت۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ فِی خِفٍّ مِنْ اَصْحَابِہٖ" وہ اپنے تھوڑے سے ساتھیوں کے ساتھ نکلا۔

الخُفُّ۔ للبَعِیرِ والنَّعَامِ: اونٹ اور شترمرغ کی ٹاپ۔ چرمی موزہ۔ ج اَخْفَاف وخِفَاف کہا جاتا ہے "خُفٌّ ضَاحِکٌ" پھٹا ہوا موزہ

الخُفُّ: قدم کا وہ حصہ جو زمین سے لگے۔ سخت زمین۔

الخِفَّۃُ۔ ہلکا پن (جسم میں ہو یا عقل میں یا عمل میں)

الخَفِیْفُ۔ ہلکا۔ پھرتیلا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ خَفِیْفُ الرُّوْحِ" وہ لطیف اچھی صحبت والا ہے "خَفِیْفُ القَلْبِ" ذکی "خَفِیْفُ العَقْلِ" بیوقوف "خَفِیْفُ الظَّھْرِ" کم اولاد والا "خَفِیْفُ الیَدِ" پھرتیلا "خَفِیْفُ العَارِضَیْنِ" داڑھی میں کم بال والا۔ ج اَخِفَّا وخِفَاف واَخْفَاف

الخَفِیْفُ: علم عروض کی اصطلاح میں ایک بحر کا نام۔

الخُفَافُ۔ ذکی، تیز فہم۔

الخَفَّافُ۔ چرمی موزوں کا بیچنے والا۔

الخَفُوف - بجو۔
خَفَأَ (ف) خَفْأً - الشَّیءَ: اکھیڑ کر زمین پر
پٹکنا —— البیتَ: ڈھا کر گرا دینا ——
القِربَةَ: مشک کو پھاڑ کر زمین پر بچھا دینا
تاکہ پانی جذب نہ ہو۔
خَفَتَ (ن) خُفُوتًا - الصوتُ: پست
ہونا۔ صفت (خَافِتٌ وخَفِیتٌ)۔ (——
خُفَاتًا - اچانک مرنا۔ (—— وخُفُتًا وخَافَتَ
وتَخَافَتَ - بکلامِہ وبصوتِہ: پوشیدہ رکھنا
پست کرنا۔ آہستہ کرنا —— بالقِراءَةِ: آہستہ
پڑھنا۔ خَافَتَہُ: پست گفتگو کرنا۔ تَخَافَتَ:
بتکلف ضعف وسکون ظاہر کرنا۔
الخُفُت - ایک قسم کی نباتات۔
الخَفْتَان - چلتہ (جنگ میں پہننے کا
ایک لباس (دخیل)
الخَافِتُ - بے پانی کا بادل۔ زرع خافت:
کمزور پودہ جو ابھی لمبا نہ ہوا ہو۔
الخُفْتُل والخُفَاتِل - کم عقل ضعیف
البدن۔ ج خفاتل۔
خَفِجَ (س) خَفَجًا - البعیرُ: خفج کی
بیماری لاحق ہونا۔
الخَفِیج - کمزور۔ سست۔
الاَخْفَج - خفج کی بیماری والا۔ ٹیڑھے
پاؤں والا۔ عمود اخفج: ٹیڑھا ستون۔
الخَفَج - ٹانگوں میں لڑکھڑاہٹ ہونا۔
خَفْخَفَ خَفْخَفَةً - الخنزیرُ او الضبعُ
آواز کرنا —— الرجلُ قمیصَہ الجدیدَ
او القرطاسَ: حرکت دینے سے آواز نکلنا۔
الخَفْخَاف - وہ شخص جس کی آواز ناک
سے نکلتی ہوئی معلوم ہو۔
خَفَدَ (ن) خَفْدًا وخَفَدَانًا وخَفِدَ
(س) خَفَدًا - تیز چلنا۔
الخُفْدُود والخُفَّدُود - چمگادڑ یا چمگادڑ
کی مانند ایک دوسرا پرندہ۔
الخَفَیْدَد - تیز چلنے والا۔ شتر مرغ۔
ج خَفَادِد وخَفَادِید وخَفَیْدَدَات۔
خَفَرَ (ن ض) خَفْرًا وخَفَرًا - ہ وبہ و
علیہ: پناہ دینا۔ حفاظت کرنا۔ امن دینا ——
ہ: پناہ دینے کی اجرت لینا۔ خَفَرَ بالعھدِ: وفا
کرنا۔ عہد پورا کرنا۔ (—— خَفْرًا وخُفُورًا) فلانًا:
عہد توڑنا۔ بیوفائی کرنا۔
خَفِرَتْ (س) خَفَرًا وخَفَارَةً - الجاریةُ:
بہت شرمیلی ہونا۔ صفت (خَفِرٌ وخَفِرَةٌ و
مِخْفَار)
خَفَّرَ ہ - امن دینا۔ حفاظت کرنا۔ شرمندہ
کرنا۔ کسی کے ساتھ رہبر بھیجنا۔
تَخَفَّرَ - بہ: پناہ دینا۔ پناہ لینا۔ رہبر بننے
کو کہنا۔ تَخَفَّرَتِ الجاریةُ: بہت شرمیلی ہونا۔
الخَفَارَة - (بتثلیث الخاء) رہبری۔ عہد
الخُفَارَة: راہبر کی اجرت۔
الخُفْرَة - خفارة کے معنی میں اسم ہے۔
کہا جاتا ہے "ہو فی خفرة اللہ" وہ اللہ کے ذمہ
ہے "ہذا خُفْرَتی" یہ میرا رہبر ہے۔
الخَفِیر - پناہ دیا ہوا۔ پناہ دینے والا۔
حمایت وحفاظت کرنے والا۔ ج خُفَرَاء۔
الخُفَرَة - پناہ دینے والا۔
خَفَسَہ (ن) خَفْسًا - ٹھٹھا کرنا۔
خَفَسَ الطعامَ او الشرابَ: تھوڑا کھانا یا پینا
البناءَ: عمارت ڈھانا۔
خَفَسَ (ض) خَفْسًا واَخْفَسَ -
بہت بدزبانی کرنا۔
اِنْخَفَسَ - الماءُ: پانی کا متغیر ہونا۔
تَخَفَّسَ - الرجلُ: لیٹنا۔
شرابٌ (مُخْفِسٌ) جلد مست کرنیوالی شراب
خَفَشَ (ن) خَفْشًا - بہ: پھینکنا۔
—— البناءَ: ڈھانا۔
خَفِشَ (س) خَفَشًا - کمزور ہونا پیدائشی
کمزور نظر والا ہونا۔ تنگ آنکھ والا ہونا۔ رتوندوالا
ہونا۔ صفت (خَفِشٌ واَخْفَش)
خَفَّشَ - البدنُ: بدن کا کمزور ہونا۔
—— البناءَ: عمارت ڈھانا —— الرجلَ: پچھاڑ
کر کچل دینا —— بالارض: زمین سے چمٹنا۔
الخُفَّاش - چمگادڑ۔ ج خَفَافِیش۔
خَفَضَہ (ض) خَفْضًا - پست کرنا
الصوتَ: آہستہ کہنا —— الکلمةَ: زیر دینا
خفض الصوتُ: آہستہ ہونا —— بالمکان:
اقامت کرنا —— الرجلُ: مرنا —— الابلُ:
آہستہ چلنا —— الجاریةَ: ختنہ کرنا ——
خَفُضَ (ک) خَفَاضَةً - العیشُ: آسودہ
وخوشحالی ہونا۔ صفت (خَفِیضٌ وخَفْضٌ و
خافِضٌ ومخفوضٌ)
خَفَّضَ - الشیءَ: آسان کرنا۔ نرم کرنا اور
اسی سے ہے "خَفِّضْ عَنْکَ" یعنی اپنے اوپر نرمی
کرو۔
تَخَفَّضَ - الامرُ: آسان ہونا۔
اِنْخَفَضَ - بلندی کے بعد پست ہونا
—— الصوتُ: پست ہونا۔
اِخْتَفَضَ - السعرُ: بھاؤ گرنا۔
الخَافِض - فا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے
حسنیٰ میں سے ہے۔ اور کہا جاتا ہے "ہو خافض
الطیرِ وخافض الجناح" وہ باوقار اور متحمل
المزاج ہے۔ مؤنث خَافِضَة۔ الخَافِضَة:
لڑکیوں کی ختنہ کرنے والی۔
الخَفْض - مص (—— والخَفِیضَة) آسودگی
فراخی کی زندگی۔ کہا جاتا ہے "ہو فی خفض من
العیش" وہ آسودہ زندگی میں ہے۔
خَفَعَ (ف) خَفْعًا - بھوک وغیرہ سے
چکرا کر گرنا۔ خَفَعَہ بالسیف: تلوار سے مارنا
(خَفْعًا وخَفَعَانًا) السترُ: ہلنا۔
اَخْفَعَ - الجوعُ: چکرا کر گرا دینا۔
اِنْخَفَعَ - بیہوشی کے قریب ہونا۔
المَخْفُوع - دیوانہ۔
خَفَقَ (ن ض) خَفْقًا - بالسیف: آہستہ
تلوار سے مارنا —— النعلُ: جوتے سے آواز
نکلنا (—— خَفْقًا وخُفُوقًا وخَفَقَانًا) الفؤادُ:

دھڑکنا ــ الرَّایَۃُ: پھڑپھڑانا ــ البَرْقُ: کوندنا (ــ خُفُوقًا) النَّجمُ: غروب ہونا ــ اللیلُ: اکثر حصہ گزر جانا ــ الطائرُ: اُڑنا ــ الرجلُ فی البلادِ: سفر کرنا ــ المکانُ خالی ہونا۔

اَخْفَقَ۔ مضطرب ہونا۔ حاجت میں ناکام رہنا۔ محروم ہونا ــ القومُ: قوم کے توشہ کا ختم ہو جانا ــ بِرَاسِہٖ: اونگھ سے سر ہلانا ــ بِثَوْبِہٖ: کپڑے کو حرکت دے کر اشارہ کرنا ــ النجمُ: غروب ہونا ــ الطائرُ: بازو پھڑپھڑانا ــ ہ: پچھاڑنا۔

اِخْتَفَقَ۔ العَلَمُ او السرابُ: جھنڈے کا یا سراب کا ہلنا۔

الخَفْقَۃ۔ خَفَقَ کا اسم مرۃ۔

الخِفْقَۃ۔ کوئی چیز جس سے مارا جائے۔ جیسے تسمہ وغیرہ۔

الخَیْفَق والخَیْفَقَۃ والخُفَق والخُفَقَۃ تپلی کمر کا گھوڑا (خَیْفَقَۃ اور خُفَقَۃ میں تا تانیث کی نہیں مبالغہ کی ہی)۔ ج خَفَاق و خَفِقَات و خفقات۔

الخَافِق۔ فا۔ مکانٌ خافقٌ: انیس سے خالی جگہ۔ رَجُلٌ خافقُ العَیْنِ: دھنسی ہوئی آنکھ والا۔

الخَفَّاق۔ اسم مبالغہ۔ خَفَّاقُ القَدَم: وہ شخص جس کے قدم کا اگلا حصہ چوڑا ہو۔

الخَفَّاقَۃ۔ دبر۔ اِمْرَاَۃٌ خَفَّاقَۃُ الحَشَا: تپلی کمر والی عورت۔

الخَافِقَان۔ پورب و پچھم۔

الخَوَافِق والخَافِقَات۔ خافقہ کی جمع جھنڈے۔ خَوَافِقُ السَّمَاءِ: ہوا چلنے کی چاروں سمتیں۔

الخَیْفَق۔ مصیبت۔ بہت تیز رفتار گھوڑا یا اونٹنی۔ وسیع بیابان جس میں سراب چمکتا ہوا معلوم ہو۔

المَخْفَق۔ ہموار زمین جس میں سراب حرکت کرتا ہوا ہو

المِخْفَق۔ چوڑی تلوار۔

المِخْفَقَۃ۔ کوڑا جس سے مارا جائے۔ اور بقول بعض لکڑی کا کوڑا۔

مَخَافِق۔ النجم: ستاروں کے غروب ہونے کی جگہیں۔

المَخْفُوق۔ مفع۔ پاگل۔ دیوانہ۔

الخَافِل۔ بھاگنے والا۔

الخَفَن۔ پیٹ کا ڈھیلا ہونا۔

الخَیْفَان۔ ٹڈی۔ واحد (خیفانۃ)

الخَفَّان۔ شتر مرغ کے چوزے۔

الخُفَّان۔ ایک قسم کا نرم پتھر۔ یہ استعمال عوام سے ہے فصیح لفظ "الرخفہ" ہے۔

خَفَا (ن) خَفْوًا و خُفُوًّا۔ البرقُ: چمکنا ــ الشیءُ: ظاہر ہونا۔

خَفَی (ض) خَفْیًا و خُفِیًّا۔ الشیءَ: ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَفَی المطرُ الفارَ" بارش نے چوہے کو بل سے نکال دیا۔ چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔ (ضد)

خَفِی (س) خَفَاءً و خُفْیَۃً و خِفْیَۃً پوشیدہ ہونا۔ صفت (خَافٍ و خَفِیٌّ)

خفّی و اَخْفَی۔ الشیءَ: پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔ کہا جاتا ہے "اَخْفِ عَنَّا" ہمارے متعلق جو تم سے دریافت کرے اس سے ہماری حالت چھپاؤ۔ و اَخْفَی الرَّجُلُ: چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔ اَخْفَی الشیءَ: سرپوش ہٹانا۔

تَخَفَّی و اِسْتَخْفَی۔ چھپنا۔ پوشیدہ ہونا

اِخْتَفَی۔ الشیءَ: ظاہر کرنا۔ نکالنا ــ مِنْ فُلَانٍ: چھپنا ــ البِئْرَ: کھودنا۔

الخَفَاء۔ مص۔ پوشیدگی۔ کہا جاتا ہے "بَرِحَ الخَفَاءُ" یعنی معاملہ واضح ہو گیا۔ پردہ۔ چادر جو لباس کو چھپالے۔ پوشیدہ چیز۔ ج اَخْفِیَۃٌ اَخْفِیَۃُ الکَرَی: آنکھیں۔ اَخْفِیَۃُ الزَّہْرَۃِ: کلی کے غلاف۔

الخَفِیّ۔ لوگوں سے علیحدہ۔ مخفی جگہ میں رہنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خَفِیُّ البَطْنِ" پچکے ہوئے پیٹ کا مرد۔

الخَافِی والخَافِیَاء۔ جن۔

الخَافِیَۃ۔ الخافی کا مؤنث۔ پوشیدہ چیز پوشیدگی۔ جن۔ ج خَوَافٍ۔ اور کہا جاتا ہے "اَرْضٌ خَافِیَۃٌ" جنوں کی سرزمین۔

الخَوَافِیّ۔ پرندے کے بازوؤں کے نیچے چھپے ہوئے پر۔ اور امثال عرب سے ہے "لَیْسَ القَوَادِمُ کَالخَوَافِی" سینگ پر چھوٹے پروں کی مانند نہیں۔

الخَفِیَّۃ۔ الخَفِیّ کا مؤنث۔ گنجان جھاڑی کنواں جس میں پانی ہو۔ ج خفایا و خفیات کہا جاتا ہے "بِہٖ خَفِیَّۃٌ" اس پر کچھ جنون و دیوانگی کا اثر ہے۔

المُخْتَفِی۔ فا۔ کفن چور۔

خَقَّتْ (ض) خَقًّا و خَقِیقًا و خَقِیقًا۔ القِدرُ: جوش سے سنسنانا۔ خَقَّ السَّیلُ فی الاَرْضِ: گہرا گڑھا کر دینا (ــ و اَخَقَّتْ) البَکَرَۃُ: چرخی کے سوراخ کا چوڑا ہونا۔

الخَقّ۔ ج اَخْقَاق و خُقُوق و (الاُخْقُوق) و الاَخْقِیق) زمین کا شگاف۔ تالاب جبکہ خشک ہو جائے۔

خَاقَان۔ ترکوں کے بادشاہ کا لقب۔ ج خَوَاقِین۔ کہا جاتا ہے (خَقَّنَہٗ) القومُ علی اَنْفُسِہِمْ: لوگوں نے اس کو اپنا بادشاہ بنالیا۔

خَلَّ (ض) خَلًّا و خُلُولًا۔ لَحْمُہٗ: دبلا ہونا کم گوشت ہونا (ن خَلًّا) الشیءَ: سوراخ کرنا ــ الفَصِیلَ: زبان کو چیر کر دودھ سے روکنے کیلئے لکڑی ڈالنا ــ فی دُعَائِہٖ: خاص کرنا۔

خَلَّ۔ اِلَیْہِ: محتاج و فقیر ہونا۔

خَلَّلَ۔ العَصِیرُ: کھٹا ہونا۔ سرکہ بنا ــ العَصِیرَ: سرکہ بنانا ــ الاَسْنَانَ: خلال کرنا۔ خَلَّلَ فی دُعَائِہٖ: خاص کرنا۔

خَالَّہٗ مُخَالَّۃً و خِلَالًا و خَلَالًا۔ دوستی کرنا۔ بھائی بندی کرنا۔

اَخَلَّ۔ محتاج ہونا ــ بالشیءِ: کوتاہی کرنا۔

چھوڑ دینا — الوالی بالثغور: لشکر کم کر دینا
— بمرکزہ: مرکز کو چھوڑ دینا — بکذا ویہ:
غائب ہو جانا — بالرجل: پورا حق نہ دینا
بالامر: برے طریقہ سے انجام دینا۔ بگاڑ دینا۔
اَخَلَّہُ اللہ: محتاج کر دینا۔ اُخِلَّ بالرجل: —
محتاج ہونا۔
تَخَلَّلَ۔ القومَ: قوم میں مل جانا — ہ
بالرمح: پیاپے نیزے مارنا — الشیءُ فیہ:
نفوذ کرنا — المطرُ: مخصوص جگہ میں برسنا
— الرجلُ: خلال کرنا۔
اِختَلَّ۔ الامرُ: کمزور و فاسد ہونا —
عقلہُ: خراب ہونا — الیہ: محتاج ہونا —
— العصیرُ: سرکہ بننا — العصیرَ: سرکہ
بنانا — لحمہُ: لاغری کی وجہ سے کم ہونا —
— الرجلُ: اپنے لئے سرکہ بنانا۔
تَخالّوا تَخالًّا۔ باہم دوستی کرنا۔
الخَلُّ۔ مع۔ سرکہ۔ ریگستانی راستہ۔
دبلے جسم والا۔ لاغر۔ موٹا۔ بوسیدہ کپڑا۔ کپڑے
کی پھٹن۔ ج اَخُلّ و خِلال۔ کہا جاتا ہے "مالہٗ
خَلٌّ ولا خمرٌ" اسکے پاس نہ جید ہے نہ ردی
و "لستُ من ہذا الامر فی خلٍّ ولا خمرٍ" مجھ کو
اس معاملہ کے نہ خیر سے مطلب نہ شر سے
کام۔ اُمُّ الخَلّ: شراب۔
الخِلّ والخُلّ۔ دوست۔ مؤنث خِلّ
وخِلّۃ۔ ج اَخلال۔
الخَلَل۔ سستی۔ فساد۔ رائے میں انتشار
و پراگندگی۔ شگاف۔ دراڑ۔ ج خِلال۔
الخِلَل۔ دانتوں کے درمیان خوراک کا
بقیہ۔ واحد (خِلّۃ) کہا جاتا ہے "ہو خِلَلَ القومِ"
وہ قوم کے درمیان ہے۔
الخَلّۃ۔ عادت۔ سوراخ۔ تھوڑا سرکہ
تھوڑی سی کھٹی شراب۔ حاجت۔ محتاجی۔
ج خِلال و خُلَل۔ الخَلّۃ: ہلکی پھلکی عورت۔
الخُلّۃ۔ گھاس جس میں مٹھاس ہو۔ ج
خُلَل۔ دوستی۔ عادت۔ بیوی۔ محبوبہ۔

دوست (واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے
لئے) تم کہتے ہو "ہُوَ وَہِیَ وَہُنَّ خِلّتی"
الخِلّۃ۔ دوستی۔ بھائی بندی۔ تلوار
کی میان جس پر چمڑا منڈھا ہوا ہو۔ چمڑا جو
منقش ہو۔ ج خِلَل وخِلال۔
الخِلال۔ سوراخ کرنے کا آلہ۔ لکڑی
جو اونٹ کے بچے کی زبان میں لگا دی جاتی ہے
تاکہ دودھ نہ پی سکے۔ ج اَخِلّۃ۔ (— والخِلالۃ)
دانت صاف کرنے کا تنکا۔
الخِلال والخُلالۃ۔ دانتوں کے درمیان
خوراک کا بقیہ۔ وخِلالُ الدیار: شہروں کا
اِردگرد۔ گھروں کے درمیان۔ کہا جاتا ہے
"ہو خِلالَہم" وہ اُن کے درمیان ہے۔
الخَلالۃ والخِلالۃ والخُلالۃ۔ سچی
دوستی۔
الخَلیل۔ خالص دوست۔ ج اَخِلّاء
وخُلّان۔ لاغر بدن۔ فقیر۔ مؤنث خلیلۃ۔
ج خلیلات وخلائل۔ شیٔ خلیل: چھدی ہوئی
چیز۔
الخَلّال۔ سرکہ بیچنے والا۔ سرکہ بنانے والا
الاَخَلّ۔ محتاج۔ دوسرے سے زیادہ
محتاج۔ رجلٌ (مُخِلّ) محتاج مرد۔
خَلَأَ (ف) خُلُوءًا۔ جگہ سے نہ ٹلنا۔
خَلَأَتِ الناقۃُ: اَڑ جانا۔
خَالَأَ مُخالأۃً۔ القومَ: ایک چیز کو
چھوڑ کر دوسری میں مشغول ہو جانا۔
خَلَبَ (ن ض) خَلْبًا۔ بظفرہ: خراش
لگانا زخمی کرنا — السبعُ الفریسۃَ: چنگل سے
پکڑنا — الفتی: جوان کے دل کو چھین لینا
اور فتنہ میں مبتلا کرنا۔
خَلَبَہ (ن) خَلْبًا وخِلابًا وخِلابۃً
وخالَبہ مُخالبۃً وخَلَّبہ واختلبہ:
نرم کلامی سے فریفتہ کرنا۔ صفت (خالبٌ وخَلوبٌ
وخلّابٌ وخَلَبوت) مؤنث خالبۃٌ وخَلِبۃٌ و
خَلوبٌ وخلّابۃٌ وخَلَبوتٌ۔

خَلِبَت (س) خَلَبًا۔ المرأۃُ: بیوقوف ہونا
صفت خَلْباء۔
اَخلَبَ۔ الماءُ: کیچڑ والا ہونا۔ صفت
(مُخلِب)
اِستَخلَبَ۔ بظفرہ: خراش لگانا۔
الخِلب۔ جگر کے اوپر کی جھلی۔ انگور کے
پتے۔ ج اَخلاب۔ (— والمِخلَب۔ چنگل
ج مَخالِب۔ المِخلب: درانتی۔
الخُلب والخُلُب۔ کیچڑ۔ کھجور کے
درخت کا گودا۔ کھجور کے درخت کی چھال۔
اور اُس کی بٹی ہوئی رسی۔
الخُلَّب۔ بے بارش کا بادل۔ والبرقُ
الخُلّب وبرقُ الخُلّب: بے بارش کے بادل
کی بجلی "انما انت کبرقِ خُلّب" اس شخص کے
حق میں بولتے ہیں جو وعدہ کرے اور پورا نہ کرے
الخُلُبی۔ قریب۔
المُخَلَّب۔ من الثیاب: بہت نقش و
نگار والا کپڑا۔
الخَلَبُوب۔ فریبی۔
خَلبَسَ۔ او خلبس قلبہ: فریفتہ کرنا۔
الخِلابِس۔ نرم بات۔
الخَلابیس والخَلابِس والخَلابیس
باطل وجھوٹی باتیں۔ الخَلابیس: کمینے و فرومایہ
لوگ۔
الخَلَنبوس۔ چقماق۔
خَلبَصَ۔ بھاگنا۔
الخَلَبُوص۔ چڑیا کا ہم رنگ اس سے
چھوٹا ایک پرندہ۔
خَلَجَہ (ن ض) خَلجًا۔ کھینچنا کھینچ کر
نکالنا — ہ بعینہ: آنکھ سے اشارہ کرنا۔
— الشیءَ: حرکت دینا — ہ بالسیف:
تلوار سے مارنا — الولدَ: دودھ چھڑانا۔
— ہ الامرُ: مشغول کرنا۔ کہا جاتا ہے۔
"خَلَجَتہُ اُمورُ الدنیا" اسکو دنیا کے دھندوں
نے پھنسا لیا۔

خَلَجَت (ض) خَلَجًا و خُلُوجًا و
خَلَجَانًا۔ العینُ: پھڑکنا۔
خَلِجَ (س) خَلَجًا۔ چلنے یا تھکنے کی وجہ
سے ہڈیوں کا درد کرنا — الشئُ: بگڑنا۔
خراب ہونا۔
خَالَجَ۔ قلبَہ امرٌ: کسی معاملہ کا دل کو سوچ
بچار میں ڈال دینا۔
اَخْلَجَ۔ حاجبَیہ: مٹکانا۔
تَخَلَّجَ۔ لڑکھڑانا۔ ہلنا۔ جھکنا — الشئَ:
کھینچنا۔
تَخَالَجَتہ۔ الهمومُ: کہا جاتا ہے۔
"تخالج فی صدری شئ" یعنی میرے دل
میں کچھ خلجان ہوا۔
اِخْتَلَجَ۔ جھڑجانا — العینُ: پپوٹوں
کا غیر ارادی طور پر پھڑکنا — الشئُ فی صدرہ:
خلجان ہونا — الشئَ: کھینچ کر نکالنا —
الولدَ: دودھ چھڑانا۔
اُخْتُلِجَ۔ من بینہم: مرنا۔
الخَالِجُ۔ فا۔ موت۔
الخُلُجُ۔ کانپنے والے بدن کے لوگ۔
مشکوک نسب کے لوگ۔
الاَخْلَجُ۔ رسّی۔
الخَلِیجُ۔ من البحر: کھاڑی۔ ندی۔ چھوٹی
کشتی۔ رسّی۔ ج خلجان و خلج۔ خلیجًا النہر:
دریا کے دونوں جانب۔
الخِلَاجُ۔ ایک قسم کی دھاری دار چادر
الخَلُوجُ۔ اونٹنی جس کا دودھ بچہ جدا
کرنے کی وجہ سے کم ہوگیا ہو۔ تیز رو اونٹنی۔
پراگندہ بادل۔ بہت پانی والا بادل۔
الاِخْلِیجُ۔ ایک قسم کی گھاس — مِنَ
الخَیل: تیز رفتار گھوڑا۔
خَلْخَلَ۔ العظمَ: گوشت چھڑا کر صاف
کرنا — المرأۃَ: پازیب پہنانا۔
تَخَلْخَلَ۔ الشئُ: کسی چیز کے اجزاء کا ملا
ہوا نہ ہونا۔ بیچ بیچ میں خالی ہونا — من مکانہ:
جگہ سے ہلنا — المرأۃُ: پازیب پہننا —
الثوبُ: بوسیدہ ہونا۔
الخَلْخَال۔ ج خلاخیل و (الخلخل و الخُلخُل)
ج خلاخل۔ پازیب۔ ثوب (خلخال و خلخل)
باریک کپڑا۔
المُخَلْخَل۔ پنڈلی پازیب پہننے کی جگہ
عسکر (مُتَخلخِل)، بکھری ہوئی فوج۔
خَلَدَ (ن) خُلُودًا۔ ہمیشہ رہنا۔ (—
خلدًا و خلودًا) باوجود زیادتی عمر کے کمزوری
و بڑھاپا نہ آنا۔ صفت (خالد و مُخلد و مخلِد و مُخَلَّد)
— الی المکانِ و بالمکانِ: اقامت کرنا —
الی الارضِ: چمٹنا۔
خَلَّدَ و اَخْلَدَ۔ الی المکانِ و بالمکانِ:
اقامت کرنا — ہ: ہمیشہ کیلئے رکھنا۔ اَخْلَدَ
بصاحبہ: ہمیشہ ساتھ رہنا۔ اَخْلَدَ الیہِ: مائل
ہونا۔ جھکنا۔
الخُلْدُ۔ ہمیشگی۔ دوام۔ بقا۔ الخُلْدُ:
چھچھوندر۔ مناجذ الخلد: کنگن۔ بالی ج خِلَدَۃ۔
الخَلَدُ۔ دل۔ ہمیشہ رہنے والا۔
الخَلَدَۃُ۔ بالی۔ کنگن۔
الخَالِدُ۔ فا۔ اَبُو خالد: کتا۔
الجزائرُ الخالداتُ۔ جزائر کناری۔
الخَوالِدُ۔ دیگدان کے پائے۔ پہاڑ۔ پتھر
الخُلَّرُ۔ ایک قسم کی نباتات۔ بقول بعض
لوبیا یا ماش۔
خَلَسَ (ض) خَلْسًا و خِلِّیسٰی۔ الشئَ:
فریب سے جھپٹا مار لینا۔
اَخْلَسَ۔ النبتُ: سبز اور خشک ملا جلا ہونا
— الراسُ: بالوں کا کھچڑی ہونا۔ صفت
(خَلِسٌ و خَلِیسٌ و مُخْلِس) اَخْلَسَتِ الارضُ:
کچھ ہریالی ہونا۔
خَالَسَہ، مُخَالَسَۃً۔ جلدی کرنا۔
تَخَالَسَ۔ القومُ الشئَ: ایک دوسرے
سے چھیننا۔ کہا جاتا ہے "ہما یتخالسان انفسہما"
وہ دونوں ایک دوسرے کو قتل کا ارادہ کرتے ہیں۔
اِخْتَلَسَ۔ الشئَ: فریب سے جھپٹا مار لینا۔
— القاریُ الحرکۃَ: پُر نہ پڑھنا۔ اس کے
مقابلہ میں اشباع ہے جس کے معنی پُر پڑھنے
کے ہیں کہ جس سے بجائے حرکت کے حرف
علت پیدا ہوجائے۔
الخُلْسَۃ۔ جھپٹ۔ جھپٹی ہوئی چیز۔ مناسب
فرصت اور اسی سے ہے "الخلسۃ سریعۃ الفوت
بطیئۃ العود" فرصت جلد ختم ہوجانے والی اور
دیر میں آنے والی ہے۔
الخَلِیسُ و الخِلَاسُ۔ چوکنا بہادر۔
الخَلِیسَۃ۔ درندے کے منہ سے چھڑایا ہوا
جانور جو ذبح کرنے سے پہلے مرجائے۔
الخِلَاسِیُّ۔ وہ بچہ کہ جس کے ماں باپ
میں سے ایک گورا اور ایک کالا ہو۔
خَلَصَ (ن) خُلُوصًا و خَلَاصًا۔
خالص ہونا — مِنَ الهلاک: نجات پانا۔ محفوظ رہنا
— الماءُ مِنَ الکدرِ: صاف ہونا — الی المکانِ
و بالمکانِ: پہونچنا — مِنَ القومِ: جدا ہونا۔
خَلِصَ (س) خَلَصًا۔ اللحمُ: گوشت
میں ہڈی کا چورا ہونا۔
خَلَّصَ۔ من کذا: نجات دینا۔ خَلَّصَ الشئَ
صاف کرنا۔ خالص کرنا۔ خلاصہ لینا۔ خَلَّصَ ارضٗ
مثل شئ دینا۔
خَالَصَہ مُخَالَصَۃً۔ فی العشرۃ او المودۃ:
خلوص برتنا۔ خالصہ الود: خالص دوستی کرنا۔
تَخَالَصَا۔ باہم خالص دوستی کرنا۔
اَخْلَصَ۔ الشئَ: خلاصہ لینا۔ چن لینا۔
— ہ اللہُ: عیوب سے خالی کرنا — الطاعۃ
و فی الطاعۃ: بے نام و نمود کے کرنا — لہ الحبّ
او القولَ: کھوٹ سے خالی کرنا۔
تَخَلَّصَ۔ منہ: نجات پانا۔ جدا ہونا —
من کذا الی کذا: منتقل ہونا۔
اِسْتَخْلَصَ۔ چن لینا — الشئَ منہ:
اپنے لئے حاصل کرنا۔
الخَلَاص۔ مص (— والخلاص) کھوٹے

خالی کیا ہوا (سونا چاندی وغیرہ)

الخُلَاصَۃ والخِلَاصَۃ - خالص گھی پھر اس کا عام طریقہ سے استعمال ہر اس چیز پر ہونے لگا جو دوسرے سے خالص کر لیا گیا ہو۔ اور اسی سے ہے "خُلَاصَۃُ الکَلَام"

الاِخْلَاص والاِخْلَاصَۃ - مکھن جو تلچھٹ سے جُدا کر لیا جائے "کَلِمَۃُ الاِخْلَاص" لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ۔

الخَلَص - ہر سفید چیز۔

الخِلْص - ج خُلَصَاء و (الخُلْصَان) یار یا خالص دوست۔ خُلْصَان مفرد و جمع دونوں کے لئے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ خُلْصَانِی و ہُم خُلْصَانِی"

الخَالِص - فا - بے کھوٹ۔ صاف رنگ کہا جاتا ہے "ہٰذَا ثَوْبٌ خَالِصٌ" یہ صاف رنگ کا کپڑا ہے۔ ج خُلَّص۔

الخَالِصَۃ - خالص کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ خَالِصَتِی" وہ میرا دوست ہے۔ و "ہٰذَا الشَّیْءُ خَالِصَۃٌ لَکَ" یہ چیز تمہارے لئے مخصوص ہے

الخُلُوص - رُبّ جو کھجور سے تیار کی جائے۔ تلچھٹ جو خالص گھی کی تہ میں بیٹھ جائے۔ بالائی۔

المُخَلِّص - فا - نجات دہندہ۔

خَلَطَ (ض) خَلْطًا و خِلَّطًا - الشَّیْءَ بالشَّیْءِ: ملانا۔ کہا جاتا ہے "خَلَّطَ المَرِیْضُ" بیمار نے مُضر چیزیں کھائیں۔ و "خَلَّطَ فی الکَلَام" اُس نے بکواس کی۔ خَلَّطَ فی الشَّیْءِ: خراب و فاسد کرنا۔

اَخْلَطَ - الفَرَسُ: دوڑنے میں کوتاہی کرنا

خَالَطَہ مُخَالَطَۃً و خِلَاطًا - ملنا۔ میل ملاپ کرنا۔ ساتھ رہنا — الدَّاءُ فُلَانًا: بیماری لاحق ہونا۔

خُولِطَ - فی عَقْلِہٖ: مخبوط الحواس ہونا۔

اِخْتَلَطَ - ملنا — الظَّلَامُ: تاریکی کا چھا جانا — الرَّجُلُ: خراب عقل والا ہونا۔

— الفَرَسُ: دوڑنے میں کوتاہی کرنا۔

تَخَالَطُوْا - باہم ایک دوسرے کے ساتھ گتھ جانا۔

الخَلِطُ - مص - لوگوں سے ملنے والا اور چاپلوسی کرنے والا۔

الخِلَاط - ٹیڑھا تیر۔ ٹیڑھی کمان۔ بیوقوف کہا جاتا ہے "ہُوَ خِلْطٌ بَیِّنُ الخَلَاطَۃِ" وہ بیوقوف ہے جس کی بیوقوفی ظاہر ہے۔ ہر وہ چیز جو دوسری چیز سے ملے۔ ج اَخْلَاط۔ حرامی اور کہا جاتا ہے۔ "رَجُلٌ خِلْطٌ مِلْطٌ" مخلوط نسب کا مرد۔

الاَخْلَاط - ملی جلی قسمیں۔ اَخْلَاطُ الجَسَد فی عُرْفِ الاَقْدَمِیْن - خون - بلغم - سودا - صفرا و اَخْلَاطُ القَوْمِ: قوم کے معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔

الخِلْط - بیوقوف۔

الخُلْطَۃ - شرکت۔

الخِلَاط - آدمیوں اور جانوروں کا ملا جُلا ہونا۔

الخَلَاطَۃ - عقل کی خرابی - بیوقوفی۔

الخَلِیْط - ج - خُلُط و خُلَطَاء: خلط ملط رکھنے والا۔ شریک - وہ لوگ جن کا معاملہ ایک ہو۔ شوہر - پڑوسی - ساتھی - بھوسہ ملی ہوئی مٹی - خَلِیْطُ الرَّجُلِ: میل جول رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "خَلِیْطٌ مِنَ النَّاسِ" معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔

الخُلَیْطِی والخُلَّیْطٰی - معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔ کہا جاتا ہے "وَقَعُوْا فِی خُلَیْطٰی" وہ لوگ گڑبڑی میں پڑ گئے۔

المِخْلَاط والمِخْلَط - بہت میل جول رکھنے والا - جمل (مُخْتَلِطٌ) موٹا اونٹ کہ جس کی چربی گوشت کے ساتھ مل گئی ہو۔

خَلَعَ (ف) خَلْعًا - الشَّیْءَ: اُتارنا — کَتِفَہٗ او وَرِکَہٗ: عضو کو جگہ سے ہٹا دینا — القَائِدَ: معزول کر دینا — الدَّابَّۃَ: بندش سے آزاد کر دینا — العِذَارَ: اپنے مرتبہ کو گرا دینا (کنایہ ہے بے حیائی سے) — عَلَیْہِ ثَوْبًا: خلعت دینا خَلَعَ الشَّجَرُ: پتے جھڑنا نئے پتے نکلنا۔

خَلَعَ (ن) خَلْعًا و خُلْعًا - ابْنَہٗ: عاق کرنا۔ صفت مفعولی (خَلِیْعٌ (زمانۂ جاہلیت میں ایسا کیا کرتے تھے جس کی وجہ سے بیٹا باپ کے جرم میں ماخوذ نہیں ہوتا تھا۔)

— اِمْرَاَتَہٗ: مال کے عوض میں طلاق دینا صفت مفعولی (خَالِعٌ) اسم (الخُلْعَۃ)

خُلِعَ - المَیِّتُ: کفن جُدا کیا جانا۔

خَلُعَ (ک) خَلَاعَۃً - خواہشاتِ نفسانی کا تابع ہونا۔ بیحیا ہونا۔

خَالَعَ مُخَالَعَۃً - الرَّجُلُ زَوْجَتَہٗ اَوِ المَرْاَۃُ زَوْجَہَا: مال کے شرط پر جدائی اختیار کرنا۔ خَالَعَ الرَّجُلَ: جوا کھیلنا۔

خَلَّعَہٗ - جُدا جُدا۔ خالص کرنا۔

اَخْلَعَ - السُّنْبُلُ: خوشہ میں دانے بیٹھنا — الشَّجَرُ: نئے پتے نکلنا۔

تَخَلَّعَ - فی المَشْیِ: چلنے میں پیروں کو علیحدہ علیحدہ رکھنا — فی الشَّرَابِ: منہمک ہونا۔ — القَوْمُ: چپکے سے کھسک کر چلا جانا۔

تَخَالَعَ - الزَّوْجُ والزَّوْجَۃُ: مال پر جدائی اختیار کرنا — القَوْمُ: باہم عہد توڑنا۔

اِنْخَلَعَ - ہٹ جانا۔ اکھڑ جانا۔ زائل ہو جانا۔

اِخْتَلَعَ - الشَّیْءَ: نکال لینا۔ کھینچ لینا۔ اِخْتَلَعُوْا الرَّجُلَ: مال لے لینا۔ اِخْتَلَعَتِ المَرْاَۃُ مِنْ زَوْجِہَا: مال دے کر جُدائی اختیار کرنا۔ اسم (الخُلْع)

الخِلْعَۃ - کپڑے جو عزت کے طور پر ملیں اتارا ہوا کپڑا۔ عمدہ مال۔

الخُلْعَۃ - عمدہ مال - کمزوری - کہا جاتا ہے۔ "فِیْہِ خُلْعَۃٌ" اس میں کمزوری ہے۔

الخُلَاع - ایک قسم کی دیوانگی جو انسان کو لاحق ہوتی ہے۔

المَخْلِیع - بیحیائی کا کام کرکے اپنے مرتبہ کو گرا دینے والا - معزول شدہ - خبیث - جوئی باز ج خُلَعَاء - بھیڑیا - بھوت - ثَوبٌ خَلِیعٌ " بوسیدہ کپڑا -

الخَلِیعَةُ - بے حیائی - الخلیع کا مؤنث - من مانی عورت -

الخُولَعَ - بیوقوف - ایک قسم کا کھانا جو آٹے سے تیار کیا جاتا ہے - سرکہ میں جوش دیا ہوا گوشت - بھیڑیا (- والخَیلَع) خوف جو دل پر طاری ہو - الخیلع : بے آستینوں کی قمیص - رَجُلٌ خَیلَعٌ : کمزور مرد -

المُخَلَّع - سف - من الرجال : کمزور سست - اکھڑے ہوئے جوڑوں والا - وہ شخص جس کا سارا بدن یا کچھ بدن بجس ہو -

الخَلَعْلَاءُ والخَلَعْلَعُ - بجو -

خَلَفَ (ن) خِلَافَةً وخَلِیفَی - جانشین ہونا - رَبَّہٗ فِی قَومِہٖ : جانشین بنانا الرجلَ : قائم مقام ہونا (- خَلَفًا وخِلْفَةً) الفَاکِہَةُ بعضُہا بعضًا : ایک دوسرے کے قائم مقام ہونا (- خِلَافَةً وخُلُوفًا) الغلامُ : بیوقوف ہونا - صفت (خالِف خالِفَة) - عن خُلُقِ اَبِیہٖ : باپ کے عادات و اخلاق سے بدل جانا (- خُلُوفًا وخُلُوفَةً) فم الصائمِ : منہ کی بو کا متغیر ہونا (خَلَفَ (ض) خَلْفًا) الرجلُ لِاَہلِہٖ : اپنے گھر والوں کے لئے پانی لانا - البیتَ : پچھلے حصہ میں ستون لگانا - اَبَاہُ : باپ کے قائم مقام ہونا - کہا جاتا ہے " خَلَفَ اللّٰہُ لَکَ وعَلَیکَ " خدا تعالیٰ تم کو بدلہ دیں - الثوبَ : مرمت کرنا - عن اَصحَابِہٖ : پیچھے رہ جانا - فلانًا : پیچھے سے پکڑنا - جانشین ہونا - اور کہا جاتا ہے " خَلَفَہٗ بالسَّیفِ " اس کے پیچھے سے آکر اس نے اسے تلوار ماری - " خَلَفَہٗ بِخَیرٍ او شَرٍّ " اس کی غیر موجودگی میں اس نے اس کا بھلا یا برا ذکر کیا -

خَلِفَ (س) خَلَفًا - بائیں ہتھا ہونا - بھینگا ہونا - بیوقوف ہونا - خَلِفَتِ النَّاقَةُ : حاملہ ہونا - صفت (خَلِفَة)

خَلَّفَ - الشیءَ : پیچھے چھوڑنا - مؤخر کرنا - ـــ ہ : جانشین بنانا -

خَالَفَہٗ خِلَافًا ومُخَالَفَةً - ناموافقت کرنا - خَالَفَ عَن کَذَا : پیچھے رہنا - بَینَ رِجلَیہِ : آگے پیچھے کرنا - اور تم کہتے ہو " خَالَفَنِی عَن کَذَا " جبکہ وہ اعراض کر رہا ہو اور تم قصد کر رہے ہو اور " خَالَفَنِی اِلیٰ کَذَا " جبکہ وہ قصد کر رہا ہو اور تم اعراض کرتے ہو -

اَخْلَفَ - بو کا بدلنا یا خراب ہونا - الثوبَ : مرمت کرنا - لِاَہلِہٖ : اپنے لوگوں کیلئے پانی کھینچنا - وَعْدَہٗ و بِوَعْدِہٖ : پورا نہ کرنا - ہ : وعدہ خلاف پانا - الغَیثُ : امید کے بعد نہ برسنا - الشجرةُ : کٹی ہوئی شاخ کے بدلے دوسری شاخ نکلنا - الطائرُ : پہلے پروں کے بعد دوسرے پر نکلنا - الغلامُ : قریب البلوغ ہونا - لنفسہ : ایک چیز ضائع ہونے کے بعد دوسری کو اس کے قائم مقام کرنا - ہ : پیچھے ڈالنا - الدَّوَاءُ فلانًا : کمزور کرنا - اللّٰہُ علیہ : ضائع شدہ کا بدلہ دینا -

تَخَلَّفَ - عنہم : پیچھے رہنا - ہ : پیچھے چھوڑ کر آگے بڑھ جانا -

تَخَالَفُوا واخْتَلَفُوا - اختلاف کرنا - ناموافق ہونا - اِخْتَلَفَہٗ : جانشین ہونا - پیچھے کرنا - پیچھے سے پکڑنا واختلف الی المکان : بار بار جانا -

اِسْتَخْلَفَ - اپنا جانشین بنانا - فلانًا من فلان : قائم مقام کرنا - اِسْتَخْلَفَتِ الارضُ : گرمی کی گھاس کو اگانا - اِسْتَخْلَفَ الرجلُ لِاَہلِہٖ : اپنے لوگوں کیلئے پانی یا میٹھا پانی لانا - پانی پلانا -

الخَلَفُ - مم - ایک گروہ جو ایک گروہ کے بعد ہو - اور اسی سے " ہٰؤُلَاءِ خَلَفُ سَوْءٍ " ان لوگوں کے حق میں بولا جاتا ہے جو اپنے سے زیادہ کے ساتھ لاحق ہوں - ردی قول - اور امثال عرب میں ہے " سَکَتَ اَلْفًا ونَطَقَ خَلْفًا " وہ ہزاروں باتوں سے خاموش رہا - اور بولا تو ردی بات - کلہاڑی کی دھار - بڑا کلہاڑا - بے نفع شخص - پہلو کی سب سے چھوٹی پسلی - ج خلوف - اور خلف قُدّام کی نقیض ہے بمعنی پیچھے وبعد ازاں -

الخُلْف - وعدہ پورا نہ کرنا - خلاف معترض خَلِیف کی جمع - قِیَاسُ الخُلْفِ : منطقیوں کی اصطلاح میں ایک نقیض کے امتناع سے دوسرے کے ثبوت پر استدلال کرنا -

الخِلْف - مختلف - اونٹنی کے تھن کا سرا موسم بہار کی گھاس - ج اَخْلَاف - وخِلْفَةٌ

الخِلْفَان : دو مختلف صفات والے - کہا جاتا ہے " لَہٗ وَلَدَانِ خِلْفَانِ " اسکے دو بچے ہیں جن میں سے ایک زیرک دوسرا بیوقوف یا ایک لمبا دوسرا پست قد ہے - اور کہا جاتا ہے " وَلَدَتِ النَّاقَةُ خِلْفَینِ " اونٹنی نے ایک سال نر اور دوسرے سال مادہ بچے دیئے -

ذَاتُ الخِلْفَینِ : کلہاڑا جس کے دو سرے ہوں - ج ذَوَاتُ الخِلْفَینِ -

الخَلَفُ - ولد - یا ولد صالح - بدلہ - کہا جاتا ہے " فی ہٰؤُلَاءِ القَومِ خَلَفٌ مِمَّن مَضیٰ " یعنی اس قوم میں گزشتہ لوگوں کے جانشین ہیں وہ چیز جو کسی کے بعد حاصل ہو - کہا جاتا ہے " اَعْطَاکَ اللّٰہُ خَلَفًا مِن تَلَفٍ " اللہ تعالیٰ تم کو تلف شدہ چیز کا بدلہ دیں - نسل - اولاد - کہا جاتا ہے " ہُم کِرَامُ الخَلَفِ عن سَلَفٍ " یعنی وہ لوگ اپنے باپ دادا سے کریم ہیں - " ہُوَ خَلَفُ صِدْقٍ عن اَبِیہٖ " یعنی وہ اپنے باپ کا عادات و اخلاق میں سچا جانشین ہے -

الخَالِف - فا - بیوقوف - وہ شخص جو تمہارے جانے کے بعد بیٹھا رہے - نَبِیذٌ خَالِفٌ : بگڑی

ہوئی شراب - الخَالِف: گوشت جس میں کچھ بُو
پیدا ہو گئی ہو اور کھانے کے قابل ہو - عت
الخَالِفَة - الخالف کا مؤنث - گذری ہوئی جماعت
کے بعد باقی ماندہ جماعت - مکان کے پچھلے
حصہ کا ستون - رَجُلٌ خَالِفَةٌ: بیوقوف جھگڑالو
بہت اختلاف کرنیوالا - کہا جاتا ہے "ما اَدرِیُ
اَیُّ خَالِفَۃٍ ہُوَ وَاَیُّ الخالِف ہُو" میں نہیں
جانتا وہ کون شخص ہے۔

الخَوَالِف - عورتیں - وہ زمینیں جن کی
پیدا وار بعد میں اُگے۔

الخِلَاف - ناموافقت - بید کی ایک قسم
آستین - المَسَائِلُ الخِلَافِیَّة: مختلف فیہ مسائل

الخِلَافَة - امارت - قائم مقامی - امامت

الخُلْفَة - مرض کی وجہ سے بھوک کا زائل
ہونا - ج خُلَف۔

الخِلْفَة - آنا جانا - مخالفت - مختلف - کپڑے
کا پیوند - گھاس جو گرمی کے زمانہ میں اُگے - وہ
چیز جو سوار کے پیچھے لٹکائی جائے - باقی ماندہ
چیز - کہا جاتا ہے "ہُنَّ یَمْشِیْنَ خِلْفَةً" وہ سب
آگے پیچھے آ جا رہی ہیں "وَجَعَلَ اللَّیْلَ وَالنَّهَارَ
خِلْفَةً" اس نے دن رات کو ایک دوسرے
کے پیچھے آنے جانے والا بنایا - "قَومٌ خِلْفَةٌ"
یعنی اختلاف کرنیوالے لوگ - "وفی البئر خِلْفَةٌ مِّنَ
المَاءِ" کنوئیں میں بقیہ پانی ہے۔

الخُلْفَة - مخالفت - بیوقوفی - عیب -
کھانے کا آخری مزہ۔

الخَلِیف - دو پہاڑوں کے درمیان کا
راستہ یا پہاڑی راستہ - وعدہ سے پیچھے رہنے
والا - وعدہ خلاف کرنیوالا - ج خُلُف و خُلَف
و خَلَف - الخَلِیف: وہ عورت جو بالوں کو
پیچھے لٹکا لے۔

الخَلِیفَة - جانشین - قائم مقام - بڑا
بادشاہ کہ اس سے اوپر کوئی بادشاہ نہ ہو۔
یہ مذکر ہے - کہا جاتا ہے "ہٰذا خلیفۃ آخر" اور کبھی
لفظ کی رعایت سے مؤنث استعمال کرتے ہیں۔
اور کہتے ہیں - "خَلِیفَۃٌ اُخْرٰی" ج خلفاء و
خَلَائِف - پہلے کے لحاظ سے عدد مذکر لاتے
ہیں اور کہتے ہیں "ثَلٰثَۃُ خُلَفَاء" اور دوسرے
کے لحاظ سے مذکر و مؤنث دونوں لانا جائز ہے
تم کہو گے "ثَلَاثَۃٌ اَوْ ثَلَاثُ خَلَائِفَ"

الاَخْلَف - بائیں ہتھا - بھینگا - کم عقل
سیلاب - زر سانپ۔

المِخْلَاف - بہت وعدہ خلاف - ج
مَخَالِیف - المِخْلَاف: پروا - اور اسی سے
مَخَالِیفُ الیمن ہے

المَخْلُفَة - بید اُگنے کی جگہ - راستہ - [illegible]
منزل۔

خَلَقَہٗ (ن) خَلْقًا و خِلْقَۃً - پیدا کرنا
عدم سے وجود میں لانا — الکذبَ: جھوٹ
گھڑنا — الاَدِیْمَ: کاٹنے سے پہلے اندازہ
کرنا — الشیءَ: ہموار کرنا - چکنا کرنا - ملائم کرنا

خَلِقَ (س) خَلَقًا و خَلُقَ (ک) خُلُوقًا
و خُلُوقَۃً و خَلَاقَۃً - چکنا و نرم ہونا۔

خَلَقَ (ن) و خَلِقَ (س) و خَلُقَ (ک)
خُلُوقَۃً و خَلَقًا - الثوبُ: بوسیدہ ہونا -
خَلُقَ الشیءُ لَہٗ - لائق ہونا - سزاوار ہونا - خَلُقَ الغُلَامُ:
اچھے اخلاق والا ہونا۔

خَلَّقَہٗ - خلوق (ایک قسم کی خوشبو) لگانا۔
— العودَ: ہموار کرنا — القدحَ: نرم کرنا۔

خَالَقَهُمْ مُخَالَقَۃً - خوشخوئی کیساتھ
معاشرت کرنا۔

اَخْلَقَ - الثوبُ: بوسیدہ ہونا —
الشبابُ: جوانی کا ختم ہونا — الثوبَ:
بوسیدہ کرنا — ہ الثوبَ: بوسیدہ کپڑا پہنانا۔
کہا جاتا ہے "اَخْلَقْتُ لَہٗ دِیْبَاجَتِیْ" میں نے اسکو
اپنے ایسے راز پر مطلع کر دیا جس کے ظاہر
ہونے سے عار ہو۔

تَخَلَّقَ - خلوق سے خوشبو دار ہونا۔
— بِغَیْرِ خُلُقِہٖ: بناوٹ سے اخلاق ظاہر کرنا۔
اور اسی سے ہے "لَیْسَ التَّخَلُّقُ بِالْاَخْلَاقِ کَالْخُلُقِ"
بناوٹی اخلاق طبعی عادات جیسے نہیں۔
(— و اِخْتَلَقَ) الکذبَ: جھوٹ گھڑنا - افترا کرنا

اِخْلَوْلَقَ - الثوبُ: بوسیدہ ہونا — الرسمُ:
زمین کے برابر ہو جانا — متنُ الفرسِ: چکنی
ہونا — الدارُ: ویران ہونا - اور عسیٰ کے معنی
میں اُمید کیلئے بھی مستعمل ہے - کہا جاتا ہے۔
"اِخْلَوْلَقَتِ السَّمَاءُ اَنْ تُمْطِرَ" اُمید ہے کہ
بارش ہو۔

الخَلْق - مص - فطرت - لوگ - ہر چکنی چیز۔

الخِلْقَة - فطرت - ہیئت - ج خِلَق۔

الخُلُق و الخُلْق - طبعی خصلت - طبیعت
مروت - عادت - ج اَخْلَاق - علم الاخلاق:
حکمت عملیہ کی ایک قسم جس کا نام حکمتِ
خلقیہ ہے۔

الخَلَق - مص - بوسیدہ (مذکر و مؤنث) کہا جاتا
ہے "ثَوْبٌ خَلَقٌ و جُبَّۃٌ خَلَقٌ" ج اَخْلَاقٌ و
خُلْقَانٌ - اور کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ اَخْلَاقٌ و
ثِیَابٌ اَخْلَاقٌ"۔

الخَلِق - بادل جس میں بارش کا اثر ہو۔

الخَلَاق - بھلائی کا وافر حصہ۔

الخُلَّاق - چکنا۔

الخِلَاق و الخَلُوق - ایک قسم کی خوشبو
جس کا جزوِ اعظم زعفران ہے۔

الخَلِیق - لائق مناسب - کہا جاتا ہے۔
"ہُوَ خَلِیقٌ بِہٖ" وہ اس کے لائق ہے - کامل
و معتدل اخلاق والا - ج خُلُق و خُلَقَاء

الخَلِیقَة - طبیعت - مخلوق - کنواں جو
کھودا جا رہا ہو - ج خَلَائِق۔

الاَخْلَق - زیادہ لائق - چکنا - فقیر
مؤنث خَلْقَاء

المُخْتَلِق - کامل و معتدل اخلاق والا۔

المُخْتَلَق - اخلاق کریمانہ رکھنے والا۔
کہا جاتا ہے "ہو مَخْلَقَۃٌ بذالک و لِذٰلِک" وہ
ان کے لائق ہے۔

الخَلْقِیْن - بڑا دیگ - ج خَلَاقِیْن۔

خَلَمَہ، تَخْلِیمًا واِخْتَلَمَہ۔ اختیار کرنا پسند کرنا۔

خَالَمَہ، مُخَالَمَۃً۔ دوستی کرنا۔ صفت (مُخَالِم)

اَلخِلْمُ۔ دوست۔ ساتھی۔ ہرن کے چھپنے کی جگہ۔ ہڈی۔ بکری کی آنت کی چربی۔ ج اَخْلَام وخُلَمَاء۔

اَلخَالِمُ۔ ہموار۔

ابل (خُلْمَۃ) چرنے والے اونٹ۔

خَلَا (ن) خُلُوًّا وخَلَاءً۔ الاناءُ: خالی ہونا — المکانُ: رہنے والوں سے خالی ہونا — الرجلُ: مکان میں اکیلا ہونا — علَی الشیئِ: اقتصار کرنا۔ بس کرنا — علٰی فلان: اعتماد کرنا — بہ: فریب کرنا — الشیئُ: گذرنا۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْتُہٗ لِخَمْسٍ خَلَوْنَ مِنَ الشَّہْرِ" میں نے اس کو پانچویں تاریخ کو کیا — عَنِ الاَمْرِ ومِنْہُ: بیزار ہونا۔ عَنِ الشیئِ: بھیجنا — بالشیئِ: منفرد ہونا۔

خَلَا (ن) خَلْوَۃً وخُلُوًّا وخَلَاءً۔ بہ ومَعَہٗ والیہِ: تنہائی میں ملنا۔ کہا جاتا ہے "خَلَا الرَّجُلُ بِنَفْسِہٖ" منفرد ہونا — للاَمْرِ: کسی کام کے لئے فارغ ہونا — بالمکانِ: لازم رہنا — بالہٗ: مطمئن ہونا — الحُزْنُ: غم سے جدا ہونا۔ صفت (خَالٍ) ج خُلُوٌّ۔ اور کہا جاتا ہے "اِفْعَلْ کَذَا وخَلَاکَ ذَمٌّ" یعنی تمہیں اس کام کے کرنے پر مذمت نہیں۔

خَلّٰی تَخْلِیَۃً۔ الامرَ وعنہ: چھوڑنا — مکانَہٗ: مرنا — سَبِیْلَہٗ: چھوڑنا آزاد کرنا — بَیْنَ المُشْتَرِی والمَبِیْعِ: سپرد کرنا — بینہما: دونوں کو اکٹھا ہونے کی حالت میں چھوڑنا۔

خَالَاہُ، مُخَالَاۃً۔ چھوڑ دینا۔

اَخْلٰی اِخْلَاءً۔ المکان: خالی کرنا یا پانا — المکانُ: خالی ہونا — ہ وبہ ومعہٗ: تنہائی میں ملنا — فلانًا معہٗ: کسی کو کسی کے ساتھ تنہائی میں ملنے دینا — عنہُ: چھوڑنا۔

تَخَلّٰی۔ تنہائی میں رہنا — منہ وعنہُ: چھوڑنا — لہٗ: کسی کام کے لئے فارغ ہونا — خَلِیَّۃً: اپنے لئے شہد کا چھتہ تیار کرنا۔

اِخْتَلٰی: تنہائی میں رہنا۔

اِسْتَخْلٰی۔ ہ: تنہائی میں ملاقات چاہنا — بالمَلِکِ: تنہائی میں ملنا — المکانُ: خالی ہونا۔

اَلخَلَاءُ۔ مص۔ خالی مکان۔ پاخانہ۔ مکان خَلَاءٌ: خالی جگہ جہاں کوئی نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ فِی البَلَدِ الخَلَاءِ" اس نے تنہا شہر میں شب باشی کی۔ "وخَلَاؤُکَ اَقْنٰی لِحَیَائِکَ" یعنی تمہارا مکان میں تنہا ہونا تمہاری حیا کا نگہبان ہے "وَاَنَا مِنْہُ خَلَاءٌ" میں اس سے بری ہوں مفرد تثنیہ جمع مذکر و مؤنث سب کیلئے مستعمل ہے

اَلخِلْوُ۔ خالی (مذکر و مؤنث) ج اَخْلَاءٌ اور کبھی مؤنث کے لئے خلوۃ استعمال کرتے ہیں

خَلَا ومَا خَلَا۔ اِلّا کے معنی میں کلمۂ استثناء ہے۔ اگر فعلیت کا اعتبار ہو تو مستثنیٰ منصوب ہوگا جیسے "جَاءَ اَتْبَاعُ الاَمِیْرِ خَلَا او مَا خَلَا زَیْدًا" اور حرفِ جر ہونے کی صورت میں مجرور ہوگا جیسے "خَلَا زَیْدٍ" اور خلا سے پہلے اگر ما مصدریہ ہو تو اس کا فعل ہونا متعین ہے

اَلخَلْوَۃُ۔ تنہائی کی جگہ۔ ج خَلَوَات۔

اَلخَلِیَّۃُ۔ شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔ بڑی کشتی۔ شیر کی جھاڑی۔ ج خَلَایَا۔

اَلخَلِیُّ۔ فارغ۔ غم سے خالی۔ وہ شخص جس کی بیوی نہ ہو۔ اور کہا جاتا ہے "اَنَا خَلِیٌّ مِنْہُ" میں اس سے بری ہوں۔ ج اَخْلِیَاءُ و خَلِیُّوْن۔ الخلیّ: شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔

اَلخَالِی۔ فا۔ کنوارا۔ کنواری۔ ج اَخْلَاء۔

خَلٰی (ض) خَلْیًا۔ النباتَ: کاٹنا — الماشیۃَ: جانوروں کیلئے گھاس کاٹنا — الفرسَ: منہ میں لگام دینا — اللجامَ مِنَ الفرسِ: اتارنا — الشعیرَ فی المِخْلَاۃِ: توبرا میں جو ڈالنا — القِدْرَ: ہانڈی کے نیچے ایندھن لگانا — ہانڈی میں گوشت ڈالنا۔

خَالٰی مُخَالَاۃً: پچھاڑنا۔ فریب دینا

اَخْلٰی۔ المکانُ: زیادہ گھاس والی جگہ ہونا — الدابَّۃَ: گھاس کا چارہ دینا۔

اِخْتَلٰی۔ العشبَ: کاٹنا۔

اِنْخَلٰی۔ الخَلٰی: کٹنا۔

اِخْلَوْلٰی اِخْلِیْلَاءً۔ الرجلُ: دودھ پینے پر مداومت کرنا۔

اَلخَلٰی۔ تر گھاس۔ ج اَخْلَاء واحد (خَلَاۃ)

اَلمِخْلٰی۔ گھاس کاٹنے کا اوزار۔ کھرپا۔

اَلمِخْلَاۃُ۔ توبرہ۔ ج مَخَالٍ۔

اَلمُخْتَلِی۔ شیر۔

خَمَّ (ن ض) خَمًّا۔ البیتَ: جھاڑو دینا — البئرَ: کنواں صاف کرنا — النَّاقَۃَ: دوہنا — فلانًا: تعریف کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "ہُوَ یَخُمُّ ثِیَابَ فُلَانٍ" یعنی وہ فلاں کی تعریف کرتا ہے (خَمًّا وخُمُوْمًا واَخَمَّ) اللحمُ: بدبودار ہونا۔ صفت (خَامٌّ وخَمٌّ ومُخِمٌّ) — اللبنُ: بگڑنا کہا جاتا ہے "فلانٌ لَا یَخِمُّ" فلاں اپنے افعالِ کریمانہ سے جدا نہیں ہوتا۔

خُمَّ۔ الدجاجُ: دڑبہ میں بند کیا جانا۔

تَخَمَّمَ۔ مَا عَلَی الخِوَانِ: دسترخوان کا باقیماندہ کھانا کھانا۔

اِخْتَمَّ۔ البیتَ: جھاڑو دینا — الشیئَ: کاٹنا۔

اَلخُمَامَۃُ۔ کوڑا کرکٹ۔ کنوئیں کی صفائی میں جو نکلے۔ کھانے کا چورا جو بکھر جائے۔

اَلخُمُّ۔ دڑبہ۔ ج خِمَمَۃ۔

اَلخِمُّ۔ خالی باغ۔

اَلخُمَّان۔ مثلثۃ الخاء: ادنیٰ درجہ کے لوگ۔ گھٹیا سامان۔ ناکارہ درخت۔

اَلمِخَمَّۃُ۔ جھاڑو۔

اَلخَمِیْمُ۔ تازہ دودھ۔ تعریف کیا ہوا۔ است قلب (مَخْمُوْم) حسد و کینہ سے پاک صاف دل۔

اَلخَمِیْتُ۔ موٹا۔

خَمِجَ (س) خَمَجًا۔ بیماری یا تھکن کی وجہ

سے سُست ہونا۔ اللحمُ: بدبودار ہونا۔۔۔
دِینُہٗ او خُلقُہٗ: فاسد ہونا۔ خراب ہونا۔۔۔
فلانًا: برائی سے ذکر کرنا۔
خَمْخَمَ۔ گن گنانا۔
الخُمْخُم۔ ایک سمندری چھوٹا جانور۔
الخِمْخِم۔ ایک قسم کی کانٹے دار گھاس
خَمَدَتْ (ن) وخَمِدَتْ (س) خَمْدًا و
خُمُوْدًا۔ النارُ: آگ باقی رہتے ہوئے لپٹ
کا ختم ہوجانا۔ الحُمّٰی: بخار کی تیزی کا کم ہونا۔
المریضُ: بیہوشی طاری ہونا۔ مرنا۔
اَخْمَدَ۔ الرجلُ: بے حرکت ہونا۔ خاموش
ہونا۔۔ اَلْفَاسَۃَ: مار ڈالنا یا ذلیل کرنا۔۔۔
النارَ۔۔ لپٹ کو بجھانا۔
الخَمُوْد۔ آگ بجھنے کے لئے دبانے کی جگہ
خَمَرَہٗ (ن ض) خَمْرًا۔ چھپانا۔۔ الشہادۃَ:
پوشیدہ کرنا۔۔ الرجلَ: شراب پلانا۔۔۔
العجینَ: خمیر ڈالنا۔۔ فلانًا: شرم کرنا۔
خَمِرَ (س) خَمَرًا۔ عنہ: پوشیدہ ہونا چھپنا۔
۔۔ عنہ الخبرُ: پوشیدہ رہنا۔۔ الشیءُ: سابقہ
حالات سے بدل جانا۔
خَمَّرَ۔ العجینَ: خمیر ڈالنا۔۔۔ وَجْہَہٗ:
ڈھانپ لینا۔ بیتَہٗ: گھر میں جمے رہنا۔۔۔
خَامَرَ مُخَامَرَۃً۔ بیع میں دھوکا دینا۔
۔۔ القلبَ: داخل ہونا۔۔ الشیءُ الآخرَ:
باہم ملنا۔۔ ہ الداءُ: بیماری کا اندر تک اثر
کرنا۔۔ بیتہ: گھر میں جمے رہنا۔۔۔ بہ: چھپنا
اَخْمَرَ۔ چھپانا۔۔ لہ: کینہ رکھنا۔۔۔
الشیءَ: چھپانا۔۔ غافل کرنا۔۔ العجینَ: خمیر ڈالنا
۔۔ الامرَ: پوشیدہ کرنا۔۔ الارضُ: زمین
میں گھنی جھاڑی بہت ہونا۔۔ ہ الشیءَ:
تحفہ دینا۔
تَخَمَّرَتْ واخْتَمَرَتْ۔ المرأۃُ: اوڑھنی
ڈالنا واختمر العجینُ: خمیر ہوجانا۔ اِختمر العصیرُ:
شراب بن جانا۔
الخَمْرُ والخَمْرَۃ۔ انگوری شراب۔ ہر نشلی چیز

الخِمْر۔ کینہ۔
الخَمَر۔ لوگوں کی جماعت و بھیڑ گھنی جھاڑی
تم کہتے ہو "تَوَارٰی الصَّیدُ عَنّی فی خَمَرِ الوادی"
شکار مجھ سے وادی کی گھنی جھاڑی میں چھپ گیا
الخَمِر۔ وہ جگہ جہاں گھنی جھاڑی زیادہ ہو
رَجُلٌ خَمِرٌ: وہ شخص جس کو نشہ کا خمار لاحق ہو۔
الخُمَار۔ شراب کی وجہ سے درد سر (۔۔
والخُمار والخُمْرۃ) لوگوں کی کثرت و ہجوم۔
الخِمَار۔ اوڑھنی۔ دوپٹہ۔ پردہ۔ ج اَخْمِرَۃ
وخُمُر وخُمْر۔ کہا جاتا ہے "مَا شَمَّ خِمَارَکَ؟" یعنی
کیا چیز تجھ کو لاحق ہوئی جس نے تجھ کو تیری
حالت سے بدل دیا۔
الخَمِیْر والخَمِیْرَۃ۔ خمیر۔ الخمیر: خمیری روٹی
الخُمْرَۃ۔ خمیر کرنے کا برتن۔ شراب کی تلچھٹ
شراب کی تکلیف و دوران سر۔ کھجور کی چھوٹی
چٹائی۔ خُمْرَۃُ اللبن: وہ چیز جس کو دودھ میں
ڈالنے سے جلدی جم جائے۔ ج الخُمَر (۔۔ و
الخُمْرَۃ والخُمَرَۃ) بو جو تمہیں پہنچے۔
الخَمْرِی۔ من الالوان: سیاہ جو سرخی مائل ہو
الخَمَّار۔ شراب فروش و (الخَمَّارَۃ)
شراب بیچنے کی جگہ۔
الخِمِّیْر والمُسْتَخْمِر۔ بہت شراب پینے والا
المَخْمُوْر۔ شراب کی وجہ سے مست۔
الیَخْمُوْر۔ سمندری گھونگا۔
خَمَسَ (ن ض) خَمْسًا۔ القومَ: پانچواں
ہونا۔ قوم کے مال کا پانچواں حصہ لینا
المالَ: پانچواں حصہ لینا۔۔ الحبلَ: پانچ
لڑیوں سے بٹنا۔
خَمَّسَ۔ الشیءَ: پانچ رکن والا بنانا اور
اسی سے شعراء کے نزدیک تخمیس ہے جس کے
معنی کسی شعر میں تین مصرعے بڑھا کر پانچ مصرعوں
کا کر دینا ہے۔
اَخْمَسَ۔ القومُ: پانچ ہونا۔
الخُمُس والخُمْس۔ پانچواں حصہ ج
اَخْمَاس۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ اَخْمَاسًا لِاَسْدَاسٍ"

یعنی اس نے مکر و فریب میں کوشش کی۔
خُمَاس ومَخْمَس۔ پانچ پانچ (یہ خمسۃ
خمسۃ سے معدول ہے) کہا جاتا ہے "جَاؤُوا خُمَاسَ
ومَخْمَسَ" وہ پانچ پانچ آئے۔ یہ مذکر و مؤنث
دونوں کیلئے مستعمل ہیں اور غیر منصرف ہیں۔
الخُمَاسِی۔ پانچ حرفوں والا۔ کہا جاتا ہے
"جَارِیَۃٌ خُمَاسِیَّۃٌ" پنج سالہ لڑکی۔
الخَمْسَۃ۔ پانچ۔ مؤنث کے لئے خمس۔
خَمْسُوْن۔ پچاس۔
الخَمِیْس۔ ویوم الخمیس: جمعرات۔ ج
اَخْمِسَۃ واَخْمِسَاء۔ الخمیس: لشکر۔ اس لئے کہ
اس میں پانچ جماعتیں میمنہ۔ میسرہ۔ قلب۔ ساق
مقدمۃ الجیش ہوتی ہیں۔ رُمح خَمِیْسٌ ومَخْمُوْسٌ
پانچ گز کا نیزہ۔
المُخَمَّس۔ پانچ ارکان والا۔ بھاری بوجھ
اٹھانے کیلئے لوہے کا ایک آلہ۔
خَمَشَ (ن ض) خَمْشًا وخُمُوْشًا۔
الوجہَ: خراش لگانا۔ تھپڑ مارنا۔
خَمَّشَ۔ زیادہ خراش لگانا۔
الخَمْش۔ مص۔ خراش۔ ج خُمُوش۔
الخَامِشَۃ۔ چھوٹی نالی۔ ج خَوَامِش۔
الخُمَاشَۃ۔ خفیف زخم۔ ایسا زخم جس پر
بدلہ مقرر نہ ہو۔ ج خُمَاشَات۔ یا وہ زخم جو پوری
دیت واجب ہونے سے کم درجہ کا ہو۔ جیسے
ہاتھ یا کان ناک وغیرہ کاٹنا۔
الخُمُوْش۔ مچھر۔
خَمَصَ (ن) خَمْصًا وخُمُوْصًا و
اِنْخَمَصَ۔ الجرحُ: ورم کا جاتا رہنا۔
خَمَصَہٗ خَمْصًا وخُمُوْصًا ومَخْمَصَۃً
الجوعُ: دبلے پیٹ والا کر دینا۔۔ وخَمِصَ
(س) خَمَصًا وخَمُصَ (ک) خَمْصًا وخُمُوصًا ومَخْمَصَۃً
البطنُ: پیٹ کا خالی ہونا۔ دبلا ہونا۔
تَخَامَصَ۔ اللیلُ: صبح کے قریب رات
کی تاریکی کا کم ہونا۔۔ عنہ: یکسو ہونا۔
الخَمْصَۃ۔ بھوک۔

خَمَطَ (ن) خَمْطًا و خُمُوطًا و خَمِطَ (س)
خَمَطًا - الخمرُ او اللبنُ: اچھی بو کا ہونا - بو میں
تغیر پیدا ہو جانا - صفت (خَامِط و خَمِط)
خَمِطَ الرجلُ: تکبر کرنا - غضبناک ہونا - (خَمَطَ
(ض) خَمْطًا) اللحمَ: بھوننا - صفت مفعولی خَمِيط)
خَمَطَ (ن ض) خَمْطًا - اللبنَ: دودھ کو
برتن میں ڈالنا -
تَخَمَّطَ - تکبر کرنا - غضبناک ہونا ـــ
البحرُ: موج مارنا ـــ الفحلُ: بڑبڑانا ـــ
الخَمْط - مـ - ہر کھٹی یا کڑوی چیز - ہر درخت
کا تھوڑا پھل - ہر بے کانٹے والا درخت - پیلو
کا پھل - ایک قسم کی سانپ کی چھتری -
الخَمْطَة والخَمَطَة - مِنَ اللَّبَنِ:
دودھ کی بو -
الخَمِيط - بکری کا بچہ کھال اتار کر بھونا
ہوا - اور اگر بال اتار کر بھونیں تو اس کو
سَمِيط کہتے ہیں -
الخَمَّاط - بھوننے والا -
خَمَعَ (ف) خَمْعًا و خُمُوعًا و خَمَعَانًا -
الضَبُعُ: لنگڑاتے ہوئے چلنا -
الخَامِعَة - بجو - ج خَوَامِع -
الخُمَاع - لنگڑاہٹ -
الخَمِع - بھیڑیا - چور - ج اَخْمَاع -
الخَيْهَع والخَمُوع - بدکار عورت -
خَمَلَ (ن) خُمُولًا - ذِكْرُهُ أو صَوْتُهُ: پوشیدہ
و کمزور ہونا (خَمَلَ (ن) خَمْلًا) البُسْرَ: نرم ہونے
کے لئے گھڑے وغیرہ میں ڈالنا - کہا جاتا ہے
"خَمَلَهُ اللهُ" اللہ اس کو ہلاکت میں ڈالدے -
خَمِلَ - جوڑوں کی بیماری والا ہونا -
اَخْمَلَهُ - گمنام و بے قدر کرنا - اَخْمَلَتِ
الأَرْضُ: بہت گنجان درختوں والی ہونا -
اَخْمَلَ القَطِيفَةَ: رُوئیں دار بنانا -
اِخْتَمَلَتِ - المَاشِيَةُ: جانوروں کا
اچھی گھاس والی زمین میں چرنا -
الخَامِل - فا - مِنَ الرِّجَالِ: گمنام و
بے قدر - ج خَمَل -
الخَمْل - کپڑے کا روآں - (ـــ والخُمَالَة
والخَمِيلَة) شتر مرغ کے پر -
الخَمْلَة - چادر - رُوئیں دار کپڑا -
الخُمْلَة - راز - اندرونی کیفیتیں - ج
خُمُلات -
الخُمَال - جوڑوں کا درد (ـــ والخُمَالِيّ
والخِمْل والخُمْل) خالص دوست -
الخَمِيل - روئیں دار کپڑے - نرم خوراک
گہرا بادل - واحد خَمِيلَة -
الخَمِيلَة - چادر - بہت گھنا درخت -
بہت درختوں والی پست زمین - ج خَمَائِل
المُخْمَل - روئیں دار کپڑا -
خَمَنَ (ن ض) خَمْنًا و خَمَّنَ - الشَّيءَ:
تخمینہ کرنا - قیمت لگانا - اندازہ کرنا -
الخَامِن - گمنام و بے قدر -
الخَمَن - بدبو -
الخُمَّان - کمزور نیزہ - گھٹیا درجہ کا آدمی
کہا جاتا ہے "هُمْ خُمَّانُ النَّاسِ" وہ گھٹیا
درجہ کے لوگ ہیں -
الخُمَّانَة - کمزور نیزہ کا چھڑ -
خَنَّ (ض) خَنِينًا - ناک میں رونا یا بولنا
یا ہنسنا - صفت (اَخَنّ)
خَنَّ (ن) خَنًّا - المَالَ: لینا
القومَ: قوم کے حریم میں داخل ہونا -
اَخَنَّهُ - عقل چھین لینا - صفت (مَخْنُون)
قیاس کے مطابق (مُخَنّ) ہونا چاہیئے -
اِسْتَخَنَّتْ - البِئْرُ: بدبودار ہونا -
الخُنّ - خالی کشتی -
الخُنَّة - گنگناہٹ - ناک کی آواز -
الخُنَان - آسودگی - آرام -
الخُنَان والخِنَان - اونٹوں کا زکام
ناک کی ایک بیماری - پرندوں کے گلے کی
ایک بیماری -
المِخَنّ - لمبا مرد -
المَخَنَّة - گنگناہٹ و ناک کی آواز -
ناک - گھر کا درمیان صحن - واضح راستہ - راستہ
میں داخل ہونے کی جگہ - وادی کی تنگ
جگہ - کہا جاتا ہے "فلان مَخَنَّة لِفُلاَنٍ"
فلاں چیز فلاں کے کھانے کی ہے -
خَنَأَ (ف) خَنْأً - الجِذْعَ - کاٹنا -
خَنِبَ (س) خَنَبًا - زکام والا ہونا -
لنگڑا ہونا - ہلاک ہونا - کمزور ہونا -
اَخْنَبَ و اِخْتَنَبَ - ہلاک ہونا - اَخْنَبَ
ہلاک کرنا - کمزور کرنا -
تَخَنَّبَ - تکبر کرنا اور ناک کے دونوں نتھنے
بلند کرنا -
الخَنَب - ایک قسم کی بیماری جو ناک میں
ہوتی ہے -
الخِنْب - زانو کا باطنی حصہ - پسلیوں یا
انگلیوں کے درمیان کی کشادگی - ج اَخْنَاب
الخِنَّاب - لمبا - بے وقوف -
الخُنَابَة - بڑا نشان - برائی -
الخُنَابَة والخِنَّابَة - تکبر - غرور -
الخُنَابَتَان والخِنَّابَتَان - ناک کے نتھنے -
خَنِثَ (س) خَنَثًا - الرجلُ: ہیجڑا ہونا -
صفت (خَنِث)
خَنَثَ (ض) خَنْثًا - ٹھٹھا کرنا ـــ السقاءَ:
مشکیزہ کے سرے کو پھاڑ کر باہر کی طرف موڑ دینا -
خَنَّثَ - موڑنا - نرم کرنا - ہیجڑا بنانا -
اَخْنَثَ - دوہرا ہونا - لچکنا -
تَخَنَّثَ و اِنْخَنَثَ - ہیجڑا ہونا -
خَنَاثِ - مؤنث کیلئے وصف ہے اور
صرف ندا ہی کے موقع پر استعمال ہوتا ہے -
کہا جاتا ہے "یا خَنَاثِ" یعنی اے لچکنے والی -
خِنَاثُ - الثوبِ و اَخْنَاثُهُ: کپڑے کی
تہیں، کہا جاتا ہے "اِطْوِ الثوبَ عَلَى خِنَاثِهِ" کپڑے
کو اس کی تہ پر لپیٹو - واحد (خِنْث)
الخُنْث - لچک -
الخُنْثَى - ہیجڑا - ج خَنَاثَى و خِنَاث -

المخناث - وہ شخص جس میں بہت زیادہ لچک ہو کہا جاتا ہے۔ رجلٌ مخناث و امرأۃٌ مخناث - ج مخانیث -

المُخنَّث - ہیجڑا - وہ شخص جس میں لچک ہو۔

الخَنجر والخِنجر - بڑی چھری ج خناجر

خَنخَنَ خَنخَنۃً - ناک میں بولنا — فی کلامہ : گنگنانا۔

الخُندُب - بدخلق -

الخَندَریس - پرانی شراب -

الخُندُع - خسیس - لئیم -

الخَندَق - کھائی - ج خنادق و (خندق خندقۃً) کھائی کھودنا -

تخندذ - بے شرم دلیر ہونا -

الخِنذیذ - لمبا سخت - پہاڑ کی بلند چوٹی - بلیغ شاعر - بہادر - سخی - بگولہ - بدزبان خصی گھوڑا - ج خناذیذ -

الخِنذیان - بدزبان -

الخُنذُع - خسیس - لئیم -

الکَوْکَبُ (الدِّرِّیُّ) بتثلیث الدال: روشن ستارہ۔ فرس دَرِیٌّ: تیز رفتار گھوڑا۔ دُرِّیُّ السَّیْفِ:

تلوار کی چمک۔
الدَّرُوْرُ۔ بہت دودھ دینے والی اونٹنی
حَرْبٌ دَرُوْرٌ: خوں ریز جنگ۔
الدَّرِیْرُ۔ مص - روشن چراغ۔ تیز رفتار جانور
التَّدِرَّۃُ۔ دودھ کی کثرت۔
المِدْرَارُ۔ بہت بہنے والا۔ کہا جاتا ہے۔
"سَمَاءٌ مِدْرَارٌ" موسلا دھار برسنے والا بادل۔
"عَیْنٌ مِدْرَارٌ" بہت آنسو بہانیوالی آنکھ۔
دَرَأَہٗ (ف) دَرْأً و دَرْأَۃً۔ زور سے دھکا دینا — الشَّیْءَ: بچھانا — السَّیْلُ عَلَیْہِ: تیزی کے ساتھ آنا۔ کہا جاتا ہے "دَرَأَ الرَّجُلُ عَلَیْنَا" وہ ہمارے اوپر اچانک آگیا۔ (— دُرُوْءًا)
البَدْرُ: چمکنا — النَّارُ: روشن ہونا۔
دَارَأَہٗ مُدَارَأَۃً۔ ایک دوسری کو دفع کرنا۔ نرمی برتنا۔ مہربانی کرنا۔ فریب دینا۔
تَدَرَّأَ تَدَرُّ[illegible] صائدُ: فریب دینے کے لئے چھپنا۔ [illegible] علیہِ: دراز دستی کرنا
اِدَّرَأَ۔ الصَّیْدَ و لِلصَّیْدِ: گھات لگانے کی جگہ بنانا۔
تَدَارَأَ تَدَارُءًا۔ القومُ: جھگڑے میں بات کو ایک دوسرے پر ڈالنا۔
اِنْدَرَأَ۔ السَّیْلُ: تیزی کے ساتھ آنا
الطَّرِیْقُ: پھیل جانا — فُلَانٌ عَلَیْنَا: اچانک آجانا۔
الدَّرْءُ۔ مص - نیزے کی چھڑ وغیرہ کی کجی۔ مخالفت۔ کہا جاتا ہے "قَوَّمْتُ دَرْءَہٗ" میں نے اس کی کجی کو درست کر دیا۔ "جَاءَ السَّیْلُ دَرْءًا" یعنی سیلاب تیزی سے اچانک طور پر آگیا۔
الدُّرِّیُّ والدِّرِّیْءُ۔ روشن ستارہ
الدَّرَارِیْ۔ مجہول الاسم بڑے ستارے۔
الدَّرِیْئَۃُ۔ نشانہ ٹھیک کرنے کا گول دائرہ شکار کو دھوکہ دینے کیلئے گھات لگانیکی جگہ۔
التُّدْرَأَۃُ والتُّدْرَأُ۔ ایسا شخص جو صاحب قوت و شوکت ہو اور دشمن کو ہٹانے والا ہو۔
المِدْرَأُ۔ ہٹانے کا ذریعہ۔

دَرِبَ (س) دَرَبًا و دُرْبَۃً۔ ماہر کاریگر ہونا — بالشَّیْءِ: عادی ہونا۔ شوقین ہونا صفت (دَرِبٌ و دَارِبٌ) مؤنث دَرِبَۃٌ و دَارِبَۃٌ —
دَرَّبَہٗ۔ بالشَّیْءِ و فِیْہِ و عَلَیْہِ: عادی بنانا
تَدَرَّبَ۔ عادی بننا۔ دَرَّبَ الجُنْدِیُّ: شکست کے وقت مستقل رہنا۔
اَدْرَبَ۔ بگل بجانا — القَوْمُ: دشمن کے ملک میں داخل ہونا۔
الدَّرْبُ۔ گلی کا کشادہ دروازہ۔ پھاٹک راستہ۔ ج دُرُوْبٌ و دِرَابٌ۔
الدُّرْبَۃُ۔ مص - لڑائی اور ہر کام میں جرأت و دلیری۔ کہا جاتا ہے "فِی العَفْوِ دُرْبَۃٌ" معاف کرنا بہت بڑا کام ہے۔
الدَّرُوْبُ والدَّرَبُوْتُ۔ مِنَ الجِمَالِ والنُّوْقِ: سدھایا ہوا۔
الدُّرَّابَۃُ۔ لڑائی اور ہر کام میں جرأت و دلیری
المُدَرَّبُ۔ مفع۔ تجربہ کار۔ سرد و گرم چشیدہ — مِنَ الاِبِلِ: سدھایا ہوا گلیوں میں چلنے کا عادی اونٹ۔ المُدَرَّبُ: شیر۔
تَدَرْبَأَ۔ الشَّیْءُ: لڑھکنا۔
دَرْبَجَ دَرْبَجَۃً۔ سختی کے بعد نرم ہونا۔
الدُّرَابِجُ۔ ناز سے چلنے والا۔
دَرْبَحَ۔ خوف سے بھاگنا۔ پیٹھ جھکانا۔
تَدَرْبَسَ تَدَرْبُسًا۔ آگے بڑھنا۔
الدِّرْبَاسُ۔ شیر۔ پاگل کتا۔
دَرْبَصَ دَرْبَصَۃً۔ خوف سے خاموش رہنا۔
دَرْبَلَ دَرْبَلَۃً۔ ڈھول بجانا۔
الدِّرْبَانُ والدَّرْبَانُ۔ دروازہ کا محافظ ج۔ دَرَابِنَۃٌ۔ فارسی کلمہ ہے۔
الدَّرَبْزِیْنُ والدَّرَابْزِیْنُ والدَّرَابْزُوْنُ جنگلے یا کٹہرے کا سلسلہ
دَرَجَ (ن ض) دُرُوْجًا و دَرَجَانًا۔ الشَّیْخُ او الصَّبِیُّ: چلنا — الرَّجُلُ: سیڑھی پر چڑھنا — القَوْمُ: ختم ہو جانا مر جانا۔ کہتے ہیں "ھُوَ اَکْذَبُ مَنْ دَبَّ و دَرَجَ" وہ زندوں اور مردوں سے زیادہ جھوٹا ہے — الرَّجُلُ: بے اولاد مرنا
البِنَاءَ: اوپر تلے منزلیں بنانا۔ (— دَرْجًا و دَرَّجَ و اَدْرَجَ) الثَّوْبَ اَوِ الکِتَابَ: لپیٹنا۔ تہ کرنا۔ و دَرَّجَ البِنَاءَ: سیڑھی بنانا۔ دَرَّجَہٗ اِلٰی کَذَا: آہستہ آہستہ قریب کرنا۔ دَرَّجَہٗ الاَمْرُ: تنگ دل کرنا۔ اَدْرَجَ الشَّیْءَ فِی الشَّیْءِ: داخل کرنا
دَرِجَ (س) دَرَجًا۔ اپنے راستہ پر چلنا۔ مراتب میں ترقی کرنا۔ کلام یا دین میں راہ راست پر قائم رہنا۔
تَدَرَّجَ۔ اِلٰی کَذَا: آہستہ آہستہ آگے بڑھنا
اِنْدَرَجَ۔ القَوْمُ: ختم ہو جانا — فِی کَذَا: داخل ہونا۔
اِسْتَدْرَجَہٗ: اِلٰی کَذَا: قریب کرنا۔ ایک درجہ سے دوسرے درجہ میں ترقی دینا۔ زمین پر چلانا۔ فریب دینا۔
الدَّرْجُ۔ مص۔ وہ کاغذ جس پر لکھا جائے۔ کہا جاتا ہے "اَنْفَذْتُہٗ فِیْ دَرْجِ الکِتَابِ" میں نے اس کو اپنے خط کے ساتھ بھیج دیا — فِی القِرَاءَۃِ روانی۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ وَھُمْ دَرْجُ یَدِکَ" — وہ تمہاری مٹھی میں ہیں۔
الدُّرْجُ۔ چھوٹا تھیلا یا کنڈیا جس میں عورتیں خوشبو اور اپنا سامان رکھتی ہیں۔ ج اَدْرَاجٌ و دِرَجَۃٌ۔
الدَّرَجُ۔ وہ کاغذ جس پر لکھا جائے۔ راستہ۔ دو آدمیوں کے درمیان صلح کا سفیر۔ ج اَدْرَاجٌ و دِرَاجٌ۔ کہا جاتا ہے "رَجَعْتُ اَدْرَاجِیْ" میں اسی راستہ لوٹ گیا جس سے آیا تھا۔
و "ذَھَبَ دَمُہٗ دَرَجَ اَوْ اَدْرَاجَ الرِّیَاحِ" اس کا خون رائگاں گیا اور قصاص نہیں لیا گیا۔ "وَخَلِّہٖ دَرَجَ الضَّبِّ" اس کو اس کے حال پر چھوڑ دو۔
الدَّرَجَۃُ۔ ج دَرَجٌ: سیڑھی، دَرَجُ السُّلَّمِ: سیڑھی کا پایہ — ج دَرَجَاتٌ: مرتبہ۔ بڑے یا چھوٹے دائرہ کے ۳۶۰ اجزاء میں سے ایک جزء۔

الدَّارِج - فا- تُرابٌ دَارِجٌ: ہر جگہ پھیلنے والا غبار- کہا جاتا ہے "صَبِیٌّ دَارِج" پاؤں پاؤں چلنے لگنے والا بچہ "قَبِیلَۃٌ دَارِجَۃٌ" تباہ و برباد ہونے والا قبیلہ-

الدَّارِجَۃ- جانور کی ٹانگ ج دَوَارِج

الدَّرُوْج - مِنَ الرِّیَاحِ: تیز چلنے والی ہوا-

الدُّرَّج - بڑے بڑے دشوار عاجز کرنیوالے امور- کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِی الدُّرَّج" وہ بہت دشوار معاملہ میں پھنس گیا-

الدَّرَّاج - بہت پھرنیوالا- چغل خور- سیہی-

الدَّرَّاجَۃ - سائیکل-

الدَّرَّاجَۃ - محاصرہ کرنے کا ایک آلہ- بمعنی دَبَّابَۃ (دیکھیے الدَّبَّابَۃ)

الدُّرَّاج - تیتر- مؤنث مذکر دونوں پر اطلاق ہوتا ہے- ج دَرَارِیج- واحد دُرَّاجَۃ ہے اس میں تا' وحدت کی ہے تانیث کی نہیں نر کو حُیقُطَان بھی کہتے ہیں-

المَدْرَج - راستہ- مسلک- اور اسی سے ہے "اُمْشِ فِی مَدْرَجِ الحَقِّ" حق کے راستہ پر چلو- مَدْرَجُ النَّمْلِ: چیونٹیوں کے چلنے کی جگہ کہا جاتا ہے "ہُوَ اَخْفٰی مِنْ مَدْرَجِ النَّمْلِ" وہ چیونٹیوں کے راستہ سے زیادہ پوشیدہ ہے- المُدَرَّج: لپٹی ہوئی کتاب یا خط ج مَدَارِج-

المُدْرَج والمُدْرَجَۃ - لپٹی ہوئی کتاب یا خط- ج مَدَارِج-

المَدْرَجَۃ - ج مَدَارِج: افضل یا اعلیٰ تک پہنچنے کا ذریعہ- کہا جاتا ہے "ہٰذَا الاَمْرُ مَدْرَجَۃٌ لِہٰذَا" یہ اس امر کے لئے ذریعہ ہے- راستہ- راستہ کا بڑا حصہ- کاغذ جس میں کوئی تحریر لکھی جائے- یا لپیٹی جائے- مَدَارِجُ الاَکَمَۃِ: ٹیلہ کے درمیان کے راستے- اَرْضٌ مُدَرَّجَۃٌ: بہت تیتر والی زمین

الدُّرْجُع - غلہ کی ایک قسم جو بیلوں کو کھلاتے ہیں-

دَرْجَلَ دَرْجَلَۃً - القَوْسَ: کمان پر چمڑے کا تسمہ لگانا-

الدَّرْجَلَۃ - چمڑے کا تسمہ-

دَرَحَہٗ (ف) دَرْحًا - دفع کرنا- ہٹانا-

دَرِحَ (س) دَرَحًا - بوڑھا ہونا صفت مذکر و مؤنث (دَرِح)

الدِّرْحَایَۃ - پست قد-

دَرِدَ (س) دَرَدًا - غضبناک ہونا- صفت (دَرِد) بے دانتوں کا ہونا- صفت (اَدْرَد) مؤنث دَرْدَاء- ج دُرْدٌ-

اَدْرَدَہٗ - دانتوں کا گرانا-

الدُّرْدِیّ - تلچھٹ-

دَرْدَبَ - الرَّجُلُ: خوفزدہ آدمی کی مانند پیچھے دیکھتے ہوئے بھاگنا-

اِمْرَاَۃٌ (دَرْدَبٌ) رات میں آمد و رفت رکھنے والی عورت-

الدَّرْدَبِیْس - مصیبت- بڈھا- بہت بڑھیا- محبت کا منتر-

الدِّرْدِح - حریص- بہت بڈھا- ج دَرَادِح الدِّرْدِحَۃ: وہ عورت جس کا طول عرض برابر ہو

دَرْدَرَ - الشَّیْخُ او الصَّبِیُّ البُسْرَۃَ: منہ میں چبھلانا-

الدَّرْدَار - ڈھول کی آواز- ایک بڑا درخت جسکے پھول زرد اور پتے خاردار ہوتے ہیں-

الدُّرْدُر - بچے کے دانت نکلنے کی جگہ ج دَرَادِر-

الدُّرْدُوْر - بھنور-

الدَّرْدَق - بچہ- شراب کا پیمانہ ج دَرَادِق

الدَّرْدَاق - چھوٹی دوکان- کوٹی ہوئی ہموار زمین-

الدِّرْدِم - رات میں آمد و رفت رکھنے والی عورت-

دَرِزَ (س) دَرَزًا - دنیا کی نعمتوں اور لذتوں پر قادر ہونا-

دَرَزَ (ن) دَرْزًا - الثَّوْبَ: کپڑا باریک سینا -- الخَیَّاطُ الدُّرُوْزَ: درزی کا سیون کو باریک سینا-

الدَّرَز - مص- دنیا کی نعمتیں اور لذتیں- دو کپڑوں کے درمیان کا سیون- ج دُرُوْز بَنَاتُ الدُّرُوْز: جوں اور اس کے انڈے-

الدَّرْزِیّ - سلائی کا پیشہ کرنے والا- ابو محمد عبد اللہ الدرزی- جن کی جانب ایک قوم منسوب ہے جو لبنان اور حوران میں پائی جاتی ہے- ج دَرَزَۃ اور دُرُوز بھی کہتے ہیں واحد دَرْزِیّ اور عوام ضمہ دال سے دُرزی کہتے ہیں- (اَوْلَادُ دَرْزَۃ) جولاہے- درزی: نیچے درجہ کے لوگ- اُمُّ دَرْزَۃ: دنیا کی کنیت-

دَرَسَ (ن) دُرُوْسًا - الرَّسْمُ: مٹنا- صفت (دَارِس) ج دَوَارِس -- الشَّیْءُ: نشان مٹنا- (-- دَرْسًا) الرَّسْمَ: نقش مٹانا -- الثَّوْبُ: کپڑا بوسیدہ ہونا -- الثَّوْبَ: بوسیدہ کرنا -- النَّاقَۃَ: سدھانا (-- دَرْسًا و دِرَاسَۃً) الکِتَابَ اَوِ العِلْمَ: پڑھنا- متوجہ ہو کے یاد کرنا- دَرَسَ الجَارِیَۃَ: جماع کرنا- (-- دَرْسًا و دِرَاسَۃً) الحِنْطَۃَ: گیہوں کو گاہنا- (دَرَسَتِ المَرْاَۃُ دَرْسًا و دُرُوْسًا) حائضہ ہونا-

دَرَّسَہٗ و اَدْرَسَہٗ - الکِتَابَ: پڑھانا- دَرَّسَ البَعِیْرَ: سدھانا-

دَارَسَہٗ مُدَارَسَۃً و دِرَاسًا - باہم پڑھنا -- الذُّنُوْبَ: ارتکاب کرنا-

تَدَارَسَ - الطَّلَبَۃُ الکِتَابَ: باہم پڑھنا اور کہا جاتا ہے "تَدَارَسَ الکِتَابَ و اِدَّارَسَہٗ" اس نے کتاب پڑھی-

اِنْدَرَسَ - الرَّسْمُ: مٹنا -- الخَبَرُ: ناپید ہونا

الدَّرْس - مص- سبق- مخفی راستہ- ج دُرُوْس

الدِّرْس والدَّرْس و الدَّرِیْس - پرانا کپڑا اونٹ کی دم- ج اَدْرَاس و دِرْسَان- اَبُو اَدْرَاس: کنیت فرج- اَبُو اِدْرِیْس: کنیت ذکر-

الدُّرْسَۃ - ریاضت- ورزش-

الدَّارِس - حائضہ عورت-

الدَّرَّاس - بہت پڑھنے والا-

المَدْرَسَۃ - طلبہ کے تعلیم حاصل کرنیکی جگہ اور کہا جاتا ہے "ہٰذہ مَدْرَسَۃُ النَّعَمِ" یہ چوپائے کا راستہ ہے۔

المِدْرَسُ - پڑھنے کی کتاب۔ پڑھنے کی جگہ

المِدْرَاس - توراۃ پڑھنے کی جگہ۔

المَدْرُوس - مفع - پرانا کپڑا۔ طَرِیْقٌ مَدْرُوْسٌ: چلتا ہوا راستہ۔ فَرَاشٌ مَدْرُوْسٌ: بچھا ہوا بچھونا۔ مجنون - پاگل۔

الدِّرْیَاس والدِّرْوَاس - شیر۔ الدُّرْوَاسُ: بڑے سر کا کتا۔ دلیر مرد۔

دَرِصَت (س) دَرْصًا - النَّاقَۃُ: بڑھاپے کی وجہ سے ٹوٹے ہوئے دانت والی ہونا۔ صفت (دَرْصَاء)

الدَّرْصُ والدِّرْصُ - چوہا، بلی، خرگوش سیہی وغیرہ کا بچہ۔ ج اَدْرَاص ودِرَصَۃ ودِرْصَان ودُرُوْص واَدْرُص۔

الدَّرِص والدَّرُوْص - تیز رفتار اونٹنی۔

اُمُّ اَدْرَاص - جنگلی چوہا۔ بلا مصیبت۔ کہا جاتا ہے "وَقَعُوْا فِیْ اُمِّ اَدْرَاص" وہ لوگ ہلاکت میں پڑ گئے۔

اَبُو اَدْرَاص - بیوقوف۔

دَرِعَ (س) دَرْعًا - الفَرَسُ وغیرُہٗ: سیاہ سر اور سفید جسم والا ہونا۔ صفت (اَدْرَع) مؤنث دَرْعَاء ج دُرْع۔

دَرَعَ - (ف) دَرْعًا - الشَّاۃَ: بکری کے سر کی جانب سے کھال اتارنا — الرَّقَبَۃَ اَوِ الیَدَ: گردن یا ہاتھ کا جوڑ اکھاڑنا۔

دُرِعَ - الزَّرْعُ: کھیت کا کچھ حصہ کھایا جانا — المَاءُ: پانی کے قریب کی سب چیز کھائی جانا۔

دَرَّعَہٗ - زرہ پہنانا — المَرْاَۃَ: قمیص پہنانا — ہ: گلا گھونٹنا — الشَّیْءَ: ظاہر کرنا — الرَّجُلُ: چلنے میں آگے بڑھنا۔

اَدْرَعَ - الشَّہْرُ: آدھے سے زیادہ گزرنا۔ و تَدَرَّعَ واِدَّرَعَ - زرہ پہننا۔ اَدْرَعَ واِدَّرَعَ اللَّیْلَ: رات کی تاریکی میں داخل ہونا۔ اَدْرَعَ: کسی چیز میں کسی چیز کو داخل کرنا۔ اَدْرَعَ المَاءُ: پانی کے قریب کی سب چیز کھائی جانا۔

اِنْدَرَعَ - فِی السَّیْرِ: آگے بڑھنا۔ اِنْدَرَعَ یَفْعَلُ کَذَا: وہ ایسا کرنے لگا — العَظْمُ: ہڈی کا گوشت سے جدا ہونا — البَطْنُ: پیٹ بھرنا — القَمَرُ مِنَ السَّحَابِ: چاند کا بادل سے نکلنا۔

الدِّرْعُ - زرہ۔ مؤنث ہے کبھی مذکر بھی استعمال کرتے ہیں۔ ج دُرُوْع۔ واَدْرُع ودِرَاع۔ تصغیر دُرَیْع۔ دِرْعُ المَرْاَۃِ: عورت کی قمیص یا وہ قمیص جسکو وہ گھر میں پہنتی ہے۔ (مذکر) ج اَدْرَاع۔ اور درع اس چھوٹے سے کپڑے کو بھی کہتے ہیں جسکو چھوٹی لڑکی گھر میں پہنتی ہے۔

الدَّرِعُ - مِنَ العُشْبِ: تازہ گھاس۔

الدُّرَعُ والدُّرَعُ - قمری مہینے کی سولہویں سترہویں اٹھارھویں راتیں۔ اس لئے کہ ان راتوں کی ابتدا میں تاریکی اور بقیہ میں چاندنی رہتی ہے۔

الدَّارِعُ - فا - زرہ پہننے والا۔

الدُّرْعَۃ - درختِ خرما کی چھال کی مانند ایک چیز جس کو درختِ خرما کے ارد گرد لگا دیا جاتا ہے۔ ج - دُرَع۔

الدَّرْعَاء - مؤنث اَدْرَع — مِنَ اللَّیَالِیْ: وہ رات جس میں صبح کے وقت چاند نکلتا ہے۔ ج دُرْع۔

الدِّرْعِیَّۃ - زرہ کو چھیدنے والا نیزہ ج دَرَاعِیّ۔

الدُّرَّاعَۃ - ج دَرَارِیْع و (المِدْرَعَۃ) ج مَدَارِع: جبہ۔ کوٹ۔ والمِدْرَعَۃ عِنْدَ الیہود: احبارِ یہود کے پہننے کا کتان کا ایک کپڑا۔ کَلَأٌ (مُدْرِع ومُدَرَّع) پانی جس کے قریب کی چراگاہ چر لی گئی ہو۔ رَوْضَۃٌ مُدْرِعَۃ: باغ جس کے ارد گرد کو کھا لیا گیا ہو۔

المُدَرَّع - مفع - ایک قسم کا جانور۔

المُدَرَّعَۃ - فولاد سے ڈھکا ہوا جنگی جہاز

الدِّرْعَوْس - اچھی عادت والا۔

اِدْرَعَشَّ - الرَّجُلُ مِنْ مَرَضِہٖ: چنگا ہونا۔

اِدْرَعَفَّ - الرَّجُلُ فِی القِتَالِ: صف سے نکل کر آگے بڑھنا۔

الدِّرْعِم - نالائق بدزبان۔

الدَّرَف - پناہ۔ سایہ۔ جانب۔

الدَّرْفَۃ - عِنْدَ العَامَّۃِ: دروازہ کا پٹ۔ فصیح لفظ الصَّفق ہے۔

الدِّرَفْس - بڑے جسم کا اونٹ۔ موٹا مرد۔ ٹرانشان - ریشمی کپڑا۔

دَرْفَقَ واِدْرَنْفَقَ - فِی سَیْرِہٖ: تیز چلنا۔

دَرَقَ (ن) دَرْقًا - فِی المَشْیِ: تیز چلنا۔

دَرَّقَہٗ - نرم کرنا۔

الدَّرِق - مص - سخت خواہ کوئی چیز ہو۔

الدَّرْقَاء - بادل۔

الدَّرَقَۃ - چمڑے کی بنی ہوئی ڈھال جس میں لکڑی اور پٹھا نہ ہو۔ ج دَرَق۔

الدَّرَّاق - ایک میوہ دار درخت۔ ایک قسم کا میوہ۔ واحد دَرَّاقَۃ۔ شراب۔ (الدِّرَّاق والدُّرْیَاق والدِّرْیَاقَۃ) تریاق۔

الدُّرَّاقِن - زرد آلو۔ شفتالو۔

الدَّوْرَق - بغیر ٹونٹی کا دو دستوں والا لوٹا ج دَوَارِق (معرب) الدَّوْرَق: عابد زاہد لوگوں کی ایک قسم کی ٹوپی۔ اور اسی کی نسبت سے پہننے والے "الدَّوْرَقِیُّوْن" کہلاتے ہیں۔

دَرْقَعَ - سختی سے تیز بھاگنا۔

الدُّرْقِع - پانی لانے والا اونٹ۔

الدُّرْقُوع - بزدل۔

المُدْرَنْقِع والمُدْرَنْقِع - لوگوں سے کھانا چاہنے والا اور ان کو گالی دینے والا۔

دَرْقَلَ دَرْقَلَۃً - الرَّجُلُ: تیز گزرنا۔ ناچنا۔ ناز سے چلنا۔

الدِّرْقِل - ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

الدَّرْقِم - بیکار۔ دجال کا نام۔

دَرَّکَ - المَطَرُ: پے در پے برسنا۔

أَدْرَكَ - الشَّيْءُ: اپنے وقت پر پہنچنا ــــ الثَّمَرُ: پھل کا پکنا ــــ الوَلَدُ: لڑکے کا بالغ ہونا ــــ الشَّيْءَ: لاحق ہونا ــــ المَسْأَلَةَ: سیکھنا ــــ بِثَأْرِهِ: خون کا بدلہ لینا ــــ الشَّيْءَ بِبَصَرِهِ: دیکھنا۔

دَارَكَ مُدَارَكَةً و دِرَاكًا - لاحق ہونا۔ ــــ الشَّيْءَ: ایک کو دوسرے کے پیچھے کرنا۔ ــــ الطَّعْنَ: پیاپے نیزہ مارنا۔

تَدَارَكَ - القَوْمُ: آخر کا اول سے آملنا۔ اور اس میں اِدَّرَاک بولا جاتا ہے ــــ الخَطَأَ بِالصَّوَابِ: غلطی کی اصلاح کرنا غلطی کے بعد درست کرنا ــــ مَا فَاتَ: تلافی کرنا۔ درست کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَدَارَكَهُ اللهُ بِرَحْمَتِهِ" یعنی اللہ کی رحمت اس کو لاحق ہو۔ "تَدَارَكَ القَوْمُ" اس نے قوم کی تلافی کی۔

اِدَّرَكَ - ملنا۔ لاحق ہونا۔

اِسْتَدْرَكَ - الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: کسی چیز سے کسی چیز کو حاصل کرنے کا ارادہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَدْرَكَ النَّجَاةَ بِالفِرَارِ" اُس نے بھاگ کر نجات حاصل کرنے کا ارادہ کیا ــــ مَا فَاتَ: تلافی کرنا ــــ الخَطَأَ بِالصَّوَابِ: غلطی کی اصلاح کرنا ــــ عَلَيْهِ القَوْلَ: غلطی نکالنا۔

الدَّرَكُ والدَّرْكُ - لاحق ہونا حصول حاجت۔ کسی چیز کی انتہائی گہرائی۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَ الغَوَّاصُ دَرَكَ البَحْرِ" غوطہ خور سمندر کی انتہائی گہرائی میں پہونچ گیا۔ اور کہا جاتا ہے "فَرَسٌ دَرَكُ الطَّرِيدَةِ" بھگائے ہوئے جانور کو پالینے والا گھوڑا۔ تاوان۔ اور اسی سے ہے "مَا يَلْحَقُكَ مِنْ دَرَكٍ فَعَلَيَّ خَلَاصُهُ" جو تاوان تمہارے اوپر ہوگا اس کی ادائگی میرے ذمہ ہے

الدَّرَكَةُ - درجہ۔ لیکن درکہ اور درجہ میں فرق ہے۔ درکہ اُترنے کی حالت میں اور درجہ چڑھنے کی حالت میں۔ ج دَرَكَات۔ کہا جاتا ہے "الجَنَّةُ دَرَجَاتٌ والنَّارُ دَرَكَاتٌ"

الإِدْرَاكُ - مص - قوت مدرکہ۔

دَرَاكِ - اسم فعل بمعنی أَدْرِكْ۔

الدِّرَاكُ - متصل۔ کہا جاتا ہے "سَيْرٌ دِرَاكٌ" متصل سیر۔

الدَّرَّاكُ - مرغوب چیز کو پالینے والا۔

الدَّرِيكَةُ - بھگائی ہوئی۔

الاِسْتِدْرَاكُ - مص - کلام سابق سے جو وہم پیدا ہوا اس کو دور کرنا۔

رَجُلٌ دُرَكَةٌ (دُرَكَةٌ) - تیز ادراک کرنے والا تا مبالغہ کے لئے ہے۔

مَدَارِكُ - الشَّرْعِ: وہ نصوص جن سے ثبوت احکام ہو۔

المُدْرِكَات والمَدَارِكُ - حواس۔

المُتَدَارِكُ - علم عروض کی اصطلاح میں ایک بحر کا نام۔

الدَّرْبَكَةُ - اختلاط۔ بھیڑ۔ انبوہ۔

الدَّرَابُكَّةُ - ایک قسم کا باجہ (مولدہ)

دَرِمَ (س) دَرَمًا - العَضْوُ: گوشت سے ہڈی کا پوشیدہ ہونا۔ صفت (دَرِمٌ و دَارِمٌ و دَرِيمٌ و أَدْرَمُ) ــــ السَّاقُ: ہموار ہونا۔ الأَسْنَانُ: گرنا: گرنے کے قریب ہونا البَعِيرُ: بے دانتوں والا ہونا۔

دَرَمَ (ض) دَرْمًا و دَرَمًا و دَرَمَانًا و دَرَامَةً - القُنْفُذُ والأَرْنَبُ ونحوُهُمَا: چھوٹے چھوٹے قدموں سے جلدی چلنا۔ اور ایسا ہی "دَرَمَ الشَّيْخُ والصَّبِيُّ" بھی بولا جاتا ہے۔

دَرَّمَ - أَظْفَارَهُ: ناخن کاٹنے کے بعد ہموار کرنا۔

أَدْرَمَ - الصَّبِيُّ: دودھ کے دانت ہلنا۔ صفت (أَدْرَمُ) مؤنث دَرْمَاءُ۔ الدَّرْمَاءُ: خرگوش۔ سُرخ پتیوں والی ایک گھاس۔

دَارَمَ مُدَارَمَةً - گرانی کے ساتھ ساتھ جلدی چلنا۔

الدِّرْمَةُ - دِرم کا مؤنث۔ خرگوش۔

دِرْعٌ دَرِمَةٌ: چمکدار یا نرم زرہ۔

الدَّرَّام والدَّرَّامَة - سیہی۔ خرگوش۔ الدَّرَّام: پست قد۔ بدرفتار۔ مؤنث دَرَّامَةٌ

الدُّرَيْمَة - پُرگوشت۔ نازک اندام خوبصورت لڑکا۔

دِرْعٌ (مُدَرَّمَة) چمکدار نرم زرہ۔

المِدْرَام میل کچیل میں لتھڑا ہوا۔ ج مَدَارِيم

دَرْمَسَ - خاموش رہنا ــــ الشَّيْءَ چھپانا

دَرْمَصَ دَرْمَصَةً - خاکساری کرنا۔ فروتنی کرنا۔

الدَّرْمَق والدَّرْمَك - سفید آٹا۔ میدہ

دَرْمَكَ - دوڑنا ــــ البِنَاءَ: ہموار و چمکدار بنانا

الدَّرْمَك - نرم مٹی۔

الدُّرْمُوك - غالیچہ۔

دَرِنَ دَرَنًا - الثَّوْبُ: میلا ہونا۔ صفت (دَرِن و مُدْرَان) مؤنث دَرِنَة و مُدْرَان

أَدْرَنَ - الثَّوْبَ: میلا کرنا ــــ الثَّوْبُ: میلا ہونا۔ أَدْرَنَتِ المَاشِيَةُ: پرانی خشک گھاس چرنا۔

الدَّرَن - میل کچیل۔ ج أَدْرَان۔ أُمّ دَرَن: دنیا۔

الدَّرَان - لومڑی۔

الدَّرِين - پُرانی خشک گھاس جسکو جانور نہ کھائیں۔ پُرانا کپڑا۔ أُمّ دَرِين: قحط زدہ زمین

الدِّرْنَاس - شیر۔

الدَّرْنُوف - بڑے ڈیل ڈول کا اونٹ۔

الدُّرْنُوك والدِّرْنِيك - غالیچہ۔ قالین ج دَرَانِيك۔

دَرَأَ (ف) دَرْءًا - عَلَيْهِم: ناگاہ آنا ــــ لَهُم وعَنْهُم: مدافعت کرنا۔ دَرَهَ عَلَى كَذَا: زیادہ کرنا۔

دَارِهَاتُ - الدهر: زمانے کے حوادث۔

التُّدْرَأُ - دفع۔ مدافعت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ذُو تُدْرَأٍ" وہ دشمنوں پر اچانک ٹوٹ پڑنے والا ہے

المِدْرَه - سردار۔ قوم کا نمائندہ۔ لیڈر ج مَدَارِه۔

دَرْهَمَتِ - الخُبَازَى: درہم کی مانند گول

پتیوں والی ہونا۔

اِدْرَهَمَّ - بڑی عمر والا ہونا - بڑھاپے کی وجہ سے دانتوں کا گرنا۔ صفت (مُدْرَہِمّ) البصرُ: نگاہ کا مدھم ہونا۔

الدِّرْهَم والدِّرْهِم والدُّرْهَام - چاندی کا سکہ - ج دَرَاہم (یونانی کلمہ ہے) مولدین کے نزدیک دراہم کا اطلاق مُطْلَقًا نقود پر ہوتا ہے۔

المُدَرْهَم - بہت دراہم والا۔

الدَّرْوِيْش - راہب - عابد - زاہد۔ لفظ فارسی ہے جس کے معنی فقیر کے ہیں۔

دَرَى (ض) دَرْيًا ودِرْيًا ودَرْيَةً ودِرْيَةً ودَرَيَانًا ودِرْيَانًا ودُرْيًا ودِرَايَةً - الشَّیءَ وبالشَّیءِ: حیلہ سے جاننا۔ (آخری مصدر زیادہ مستعمل ہے)

دَرَى (ض) دَرْيًا وتَدَرَّى وادَّرَى - الصَّیدَ: دھوکا دینا۔ دَرَى الرَّأسَ: بِمِدْرَى سے سر کو کھجلانا (دیکھیے مِدْرَی)

دَارَى مُدَارَاةً - ہ: باہم نرمی کرنا۔ فریب دینا۔

اَدْرَى - الرجلَ بکذا: جتلانا - آگاہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما اَدْرَاکَ وما يُدْرِيْكَ" یعنی تم نہیں جانتے۔

المِدْرَى والمِدْرَاةُ والمِدْرِيَةُ - کنگھی - باریک سینگ جس سے عورتیں بالوں کو درست کرتی ہیں - ج مَدَارٍ ومَدَارَى۔

دَزَرَہ (ن) دَزْرًا - ہٹانا - دفع کرنا۔

دَسَّ (ن) دَسًّا ودِسِّيْسَى - الشَّیءَ تحتَ التُّرابِ وفیہ: دھنسانا - چھپانا - گاڑنا۔ دَسَّ علیہ: حیلہ و مکر کرنا - سازش کرنا۔

دَسَّسَ تَدْسِيْسًا - دھنسانا چھپانا تشدید مبالغہ کے لئے ہے اور بجائے دَسَّسَ کے دَسّٰی کہا جاتا ہے جیسے بجائے تَظَنَّنَ کے تَظَنّٰی۔

تَدَسَّسَ - بِہ اِلٰی اَعْدَائہ: حیلہ و مکر کرنا - سازش کرنا۔

اِنْدَسَّ - دھنسنا - دفن ہونا۔

الدَّسِيْسَة - خفیہ سازش وعداوت۔

الدَّسَّاسُ والدَّسَّاسَة - سُرخ رنگ کا زہریلا سانپ جو مٹی میں چھپا رہتا ہے - الدَّسَّاسَة سانپ کی چھتری - اور امثال سے ہے "العِرْقُ دَسَّاسٌ" یعنی باپ کی عادتیں بیٹوں تک پہنچتی ہیں

الدَّاسُوْس - جاسوس۔

الدَّسِيْس - وہ شخص جسکو خبر لانے کیلئے بھیجا جائے - وہ چیز جو مٹی میں دبا دی جائے - گرم راکھ میں بھونی ہوئی چیز - ج دُسُس: الدُّسُس: ریاکار لوگ۔

المِدَسّ - زخم کی گہرائی ناپنے کا آلہ۔

الدَّسْت - حیلہ فریب - مکان کا صدر حصہ مجلس - تکیہ - کاغذ - لباس - بیابان - ج دُسُوْت اور شطرنج کے کھیلنے میں بولتے ہیں "الدَّسْتُ لِیْ" یعنی میں غالب رہا - "والدَّسْتُ عَلَیَّ" میں مغلوب ہو گیا - اور عوام دست کا کلمہ دیگ کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

الدَّسْتِجَة - دستہ - مٹھا شیشہ کا بڑا برتن ج دَسَاتِج۔

الدُّسْتُوْر - مجموعہ قوانین - اجازت - وزیر وہ کتاب جس میں آئین و قوانین ضبط کیے جائیں وہ رجسٹر جس میں فوجیوں کے نام اور اُن کے وظائف لکھے جائیں - ج دَسَاتِیْر۔

الدَّسْتَان - فی اصطلاحِ اَصْحابِ الموسیقی بربط کا تار - ج دَسَاتِیْن۔

اِنْدَسَجَ - منہ کے بَل گرنا۔

المُدْسِج - مکڑی کی مانند ایک کیڑے کا نام

دَسَرَہ (ن) دَسْرًا - نیزہ مارنا - ہٹانا - دفع کرنا — السفینةَ: رسی سے کشتی کے تختوں کو جوڑنا — الدِّسَارَ فی الشَّیءِ: زور سے گھسانا — الشَّیءَ: میخ لگانا — الجاریةَ: جماع کرنا۔

الدِّسَار - کھجور کے ریشہ کی مانند ایک چیز جس سے کشتی کے تختوں کو جوڑتے ہیں - میخ ج دُسُر ودُسْر۔

الدَّسْرَاء - کشتی - ج دُسُر۔

الدَّوْسَر - گیہوں میں کا ایک تلخ قسم کا دانہ شیر - موٹا اونٹ - ودَوْسَر: نعمان بن منذر شاہ عراق کی ایک فوج کا نام۔

الدَّوْسَر والدَّوْسَرِیّ والدُّوَاسِرِیّ والدَّوْسَرَانِیّ - موٹا - مضبوط۔

دَسَعَ (ف) دَسْعًا - منہ بھر کے قے کرنا۔ — بقَیْئہ: قے کرنا — الاناءَ: بھرنا — العِرقُ: رگ کا گوشت میں چھپنا - الرجلُ: بہت دینا — الشَّیءَ: ہٹانا - دفع کرنا — البعیرُ جِرَّتَہ: جگالی کرنا۔

الدَّسِيْعَة - بہت بخشش طبیعت بڑا پیالہ - وسیع دسترخوان - قوت - ج دَسَائِع۔ بَعِیْرٌ دَسِیْعٌ (دَسِیْع) بہت جگالی کرنیوالا اونٹ

المَدْسَع - حلق کی نالی۔

دَسِقَ (س) دَسَقًا - الحوضُ: پُر ہونا۔ لبالب ہونا۔

اَدْسَقَ - الاناءَ: بھرنا۔

الدَّيْسَق - بھرا ہوا حوض - چاندی کا خوانچہ صاف چاندی کا زیور - لمبا راستہ - بڑھا مرد خوبصورتی - نور - سفیدی - سراب کی سفیدی اور اُس کی چمک۔

الدَّوْسَك - شیر۔

الدَّسْكَرَة - بڑا گاؤں - گرجا — ہموار زمین - ایسا مکان جس میں شراب اور کھیل کود کی چیزیں ہوں - محل کی مانند عمارت جس کے ارد گرد مکانات ہوں اور اُن میں شاطر لوگ جمع ہوتے ہوں - ج دَسَاکِر۔

دَسَمَ (ض ن) دَسْمًا - القارورةَ: ڈاٹ لگانا — الباب: بند کرنا — الجرحَ: زخم میں بتی رکھنا — المطرُ الارضَ: کچھ کچھ تر کرنا — البعیرَ: قطران وغیرہ ملنا (دیکھیے قطران) — الاثرُ: مٹنا — المرأةَ: جماع کرنا۔

دَسِمَ (س) دَسَمًا ودُسُوْمَةً - چربی والا ہونا - صفت (دَسِم واَدْسَم) مؤنث (دَسِمَة ودَسْمَاء) ج دُسْم ودُسُم (اَدْسَم وتَدَسَّمَ) الشَّیءُ: میلا ہونا - مٹیالا ہونا - وتَدَسَّمَ الرجلُ: چکناہٹ

کی چیز کھانا۔
اَدْسَمَ۔الشَّیۡءَ: چربی ڈالنا۔کالا کرنا۔ــــ
المَطَرُ الاَرْضَ: تر کرنا۔
اَدْسَمَ۔القَارُوْرَۃَ: ڈاٹ لگانا ــــ
الدَّسْم۔کنارہ۔کسی چیز کی انتہا۔کہا جاتا ہے
"اَنَا عَلٰی دَسْمِ الاَمْرِ" میں کام کے خاتمہ پر ہوں۔
الدَّسَم۔گوشت یا چربی کی چکنائی۔چربی
کا میل۔
الدُّسْمَۃ۔خاکستری۔(ـــ والدِّسَام)
ڈاٹ۔کاگ۔کہا جاتا ہے "مَا بِهِ اُدْسُمَۃ"
یعنی اس میں نفع نہیں۔
الدَّیْسَم۔ریچھ یا اس کا بچہ۔لومڑی یا اس
کا بچہ۔گھاس۔تاریکی۔سیاہی۔کام کا
ساتھی۔مہربان۔
الدُّیْسَمَۃ۔ذرہ۔
دَسَا یَدْسُو دَسْوًا و دَسِیَ یَدْسٰی
دَسًا کم ہونا۔الرَّجُلُ: پوشیدہ ہونا۔
دَسّٰی۔الرَّجُلَ: بگاڑنا۔گمراہ کرنا۔نَفْسَہٗ:
گمنام کرنا۔
دَشَّ (ن) دَشًّا۔دشیشہ (ایک قسم کا
کھانا) تیار کرنا۔الحَبَّ: غلہ کو کچلنا۔
الدَّشِیش۔گیہوں کی مانند ایک غلہ
جسکو موٹا موٹا پیسا جاتا ہے۔
الدَّشِیْشَۃ۔ایک قسم کا کھانا جس کا جزء
اعظم کوٹا ہوا گیہوں ہے۔
الدَّوْشَق۔بڑا مکان۔موٹا اونٹ۔
الدَّوْشَك۔بچھونا۔
دَشَنَ (ن) دَشْنًا۔الشَّیْءَ: دینا۔
دَشَّنَ۔الثَّوْبَ: پہلی مرتبہ پہننا
المَعْبَدَ: برکت دینے کے لئے سب سے پہلی
مرتبہ نماز پڑھنا۔
تَدَشَّنَ۔الشَّیۡءَ۔لینا۔
الدَّاشِن۔فا۔الدَّاشِنُ مِنَ الثِّیَابِ:
نیا کپڑا جو ابھی استعمال نہ کیا گیا ہو۔ـــ مِنَ الدُّوْرِ:
نیا مکان جس میں ابھی کسی نے سکونت نہ کی ہو۔

دَشَا (ن) دَشْوًا۔لڑائی میں گھس پڑنا۔
دَصَّ (ن) دَصًّا۔رعایت آداب کے
ساتھ خدمت کرنا۔
دَصْلَصَ۔آٹا گرنے کیلئے چھلنی میں
ہاتھ مارنا۔
دَصَقَ (ن) دَصْقًا۔الزُّجَاجَ: توڑنا۔
دَضَّ (ن) دَضًّا۔رعایت آداب کے
ساتھ خدمت کرنا۔
دَطَّ۔دھتکارنا۔
دَعَّ (ن) دَعًّا۔سختی سے دھتکارنا۔
دھکے دینا۔
اَدَعَّ۔الرَّجُلُ: چھوٹے چھوٹے بال بچے
والا ہونا۔
الدَّعَاع۔چھوٹے چھوٹے بال بچے۔
الدُّعَاع۔کھجور کے متفرق درخت۔
ایک جنگلی درخت کے دانے۔پروں والی
سیاہ چیونٹیاں۔واحد دُعَاعَۃ۔
دَعَبَ (ف) دَعْبًا و دَعَابَۃً۔دفع
کرنا۔مزاح کرنا۔خوش طبعی کرنا۔(ـــ دَعْبًا)
المَرْاَۃَ: جماع کرنا۔
دَاعَبَہٗ مُدَاعَبَۃً۔کھیل کود کرنا۔
خوش طبعی کرنا۔ہنسی مذاق کرنا۔
تَدَاعَبَ۔القَوْمُ: باہم ہنسی مذاق کرنا
تَدَعَّبَ۔عَلَیْہِ: ناز کرنا۔
الدَّعِب والدَّاعِب۔کھیل کود ہنسی
مذاق کرنے والا۔
الدَّعَّاب والدَّعَّابَۃ۔بہت ہنسی
مذاق کرنے والا۔دَعَّابَۃ میں "تا" مبالغہ کی ہے
تانیث کی نہیں۔
الدُّعَابَۃ۔ہنسی مذاق۔سیاہ چیونٹی۔
بے وقوفی۔
الاَدْعَب۔بیوقوف۔مؤنث دَعْبَاء۔ج
دُعْب۔
الدُّعْبُب۔بہت کھیلنے والا۔اچھا گانے
والا۔نازک بدن نوجوان۔

الدُّعْبُوْب۔سیاہ چیونٹی۔ایک قسم کا سیاہ
دانہ جو کھایا جاتا ہے۔راستہ جس پر آمدورفت
زیادہ ہو۔پست قد مرد جس سے ٹھٹھا کیا جائے
شادمان۔مخنث۔بے وقوف۔لمبا گھوڑا۔
لَیْلَۃٌ دُعْبُوْبٌ: بری رات۔یا بہت کالی رات
الدُّعْبُوْث والدُّعْبُوْس بے وقوف۔
کم عقل۔
الدِّعْبِل۔مینڈک کے انڈے (ـــ
والدِّعْبِلَۃ) مضبوط اونٹنی۔
دَعَتَ (ف) دَعْتًا۔سختی سے ہٹانا۔
دھکے دینا۔
دَعَثَ (ف) دَعْثًا۔پاؤں یا ہاتھ وغیرہ
سے مٹی باریک کرنا۔دَعَثَ بِہِ الاَرْضَ: ـــ
پٹک دینا۔
دُعِثَ۔رونگٹے کھڑے ہونا۔سستی
لاحق ہونا۔
اَدْعَثَ۔فی الشَّرِّ: برائی میں مبالغہ کرنا۔
ـــ الشَّیۡءَ: باقی رکھنا۔چوری کرنا۔
اِنْدَعَثَ۔الشَّیۡءُ: روندا جانا۔
تَدَعَّثَتْ۔صُدُوْرُہُمْ: کینہ رکھنا۔
الدَّعْث۔مص۔مرض کی ابتداء۔
الدِّعْث۔کینہ۔پانی کا بقیہ۔ج اَدْعَاث
و دِعَاث۔
دَعْثَرَ۔الحَوْضَ: ڈھانا ـــ الاَرْضَ:
روندنا۔
الدَّعْثَر۔بیوقوف۔
الدُّعْثُوْر۔مِنَ الحَوْضِ: حوض جس کے
چاروں طرف شکستہ ہو گیا ہو۔گڑھا ـــ
مِنَ النِّعَمِ: بہت چوپائے۔
دَعِجَتْ (س) دَعَجًا۔العَیْنُ: آنکھ کا
بہت سیاہ اور بڑی ہونا۔
اَدْعَج۔بڑی اور بہت سیاہ آنکھوں والا۔
مؤنث دَعْجَاءُ۔ج دُعْج۔الدَّعْجَاءُ: قمری مہینہ
کی اٹھائیسویں رات۔انتیسویں کو سَرَار اور
تیسویں کو فلتہ کہتے ہیں۔جنون

الدُّعْجَة - آنکھ کی سیاہی - مع وسعت کے
لَيْلٌ أَدْعَجُ - تاریک رات -
المَدْعُوج - مجنون - پاگل -
دَعْدَعَ دَعْدَعَةً ودَعْدَاعًا -
آہستہ آہستہ دوڑنا — الجَفْنَةَ : بھرنا —
المِكْيَالَ : زیادہ سمانے کے لئے ہلانا -
تَدَعْدَعَ - بُڈھے کی طرح چلنا —
الشَّيءُ : بھرنا -
دَعْدَعْ ودَعْدَعًا - کلمہ جو گرنیوالے
کے لئے بولا جاتا ہے - اس کے معنی ہیں
کھڑے ہوجاؤ -
الدَّعْدَاع - مص - پست قد -
دَعِرَ (س) دَعَرًا - العُودُ : دھواں دینا
اور نہ سُلگنا - بوسیدہ ہونا - صفت (دَعِر)
— الزَّنْدُ : آگ نہ دینا - صفت (أَدْعَر)
دَعَرَ (ف) ودَعِرَ (س) دَعَارَةً -
الرَّجُلُ : بدکار ہونا -
تَدَعَّرَ - وجهُهُ : چہرہ کا بُری طرح سے داغدار
ہونا — الرَّجُلُ : شریر ہونا - خبیث ہونا -
الدَّعَر والدَّعَرَة والدَّعَارَة والدِّعَارَة :
بُرائی - فسق - فساد -
الدَّعَارَة والدَّعَّارَة - بد خلقی -
الدَّاعِر - فا - شریر - خبیث - ج دُعَّار
مؤنث - دَاعِرَة - الدَّاعِرَة : درختِ خرما جو کاٹا
نہ دیا گیا جاسکے - ج مَدَاعِير -
الدُّعَر - لکڑی کھانیوالا کیڑا - واحد (دُعَرَة)
رَجُلٌ (دُعَرٌ ودُعَرَةٌ) ساتھیوں کے ساتھ
خیانت کرنے والا -
الدَّعْرَبَة - سختی -
الدِّعْرِم - بدصورت - پست قد -
دَعَزَ (ف) دَعْزًا - ہٹانا - دفع کرنا —
الجَارِيَةَ : جماع کرنا -
دَعَسَ (ف) دَعْسًا - الشَّيءَ : روندنا -
— الوِعَاءَ : بھرنا — فُلَانًا : دفع کرنا -
(— ودَعَسَہ) بالرُّمْحِ : نیزہ مارنا — المَرْأَةَ :
ذلیل و رسوا کرنا -
دَاعَسَ - مُدَاعَسَةً - باہم نیزہ بازی کرنا
الدَّعْس - مص - نشان طَرِيقٌ دَعْسٌ : بہت
نشانوں والا راستہ -
المَدْعَس - امید کی جگہ -
المِدْعَس والمِدْعَاس - بہت آمد و
رفت کا راستہ - نیزہ - ج مَدَاعِس ومَدَاعِيس -
المِدْعَس : نیزہ مارنے والا -
دَعَصَہُ (ن) دَعْصًا وأَدْعَصَہُ -
قتل کرنا - دَعَصَہُ بالرُّمْحِ : نیزہ مارنا -
دَاعَصَہُ - عزت میں مقابلہ کرنا -
تَدَعَّصَ - اللَّحْمُ : گل سڑ کر ریزہ ریزہ ہونا -
الدِّعْص - ج دِعَصَة وأَدْعَاص و (الدِّعْصَة
ج دِعَص : ریت کا تودہ -
المَدَاعِص - نیزے -
المَدْعَصَاءُ نرم زمین جہاں بہ نسبت
دوسری جگہوں کے گرمی زیادہ ہو -
دَعَظَ (ف) دَعْظًا - المَرْأَةَ : جماع کرنا -
دَعَقَ (ف) دَعْقًا - الطَّرِيقَ : بہت روندنا
صفت مفعولی (دَعْق ودَعِق ومَدْعُوق)
الغَارَةَ : چاروں طرف لوٹ ڈالنا — المَاءَ :
جاری کرنا — الرَّجُلَ : فوراً مار ڈالنا (—
وأَدْعَقَ) الخَيْلَ : ایڑ لگانا — عَلَيْهِمُ الخَيْلَ :
کسی قوم پر لوٹ ڈالنے کیلئے گھوڑوں کو
لے آنا -
دَعِقَ (س) دَعَقًا - الطَّرِيقُ : بہت آمد و
رفت والا ہونا -
الدَّعْقَة - حملہ و چیخ -
الدُّعْقَة - اونٹوں کا گلہ - بارش کی بوچھاڑ
المَدْعَق - پانی بہنے کی جگہ -
خیل (مَدَاعِيق) لڑائی میں لوگوں کو
کچلنے والے گھوڑے -
دَعَكَ (ف) دَعْكًا - الثَّوبَ : ملائم بنانا
— الخَصْمَ : نرم کرنا — الجِلْدَ : ملنا —
الشَّيءَ فِي التُّرَابِ : مٹی میں لوٹانا - کہا جاتا ہے
"دَعَكَہُ بِالقَوْلِ" اس نے اسکو سخت و سست
کہکر تکلیف پہونچائی -
دَعِكَ (س) دَعَكًا - بیوقوف ہونا صفت
(دَاعِك ودَاعِكَةٌ) مؤنث (دَاعِكَة) کہا جاتا ہے
"فُلَانٌ أَحْمَقُ دَاعِكٌ" فلاں بیوقوف ہے -
دَاعَكَہُ مُدَاعَكَةً - سخت جھگڑا کرنا -
ٹال مٹول کرنا -
تَدَاعَكَ - القَومُ : باہم سخت جھگڑنا - تداعكوا
في الحَرْبِ : لڑائی میں باہم زور آزمائی کرنا -
الدَّعِك - سخت جھگڑالو -
الدُّعَك - گمنام - کمزور - ایک قسم کا پرندہ
الدُّعْكَة - راستہ کا بڑا حصہ -
المِدْعَك والمُدَاعِك - سخت دشمن -
دَعَلَہُ (ض) دَعْلًا - دھوکا دینا -
دَاعَلَ - باہم فریب دینا -
الدَّاعِل - فا - بھاگنے والا -
دَعْلَجَ دَعْلَجَةً - اللَّيلُ : تاریک ہونا —
الشَّيءُ : کسی چیز کے رنگوں کا مخلوط ہونا —
الرَّجُلُ : بار بار آنا جانا — الشَّيءَ : لڑھکانا
الدَّعْلَج - بھری ہوئی گون - باہم لپٹی ہوئی
نباتات - خوبصورت نازک بدن جوان -
تاریکی - بھیڑیا - گدھا - اونٹنی جو ہانکنے سے نہ
چلے - آنے جانے والے کا نشانِ قدم -
دَعَمَ (ف) دَعْمًا - الشَّيءَ : سہارا دینا -
ٹیک لگانا — ہ : مدد دینا - قوی کرنا -
إِدَّعَمَ - ٹیک لینا -
تَدَاعَمَ - الأَمْرُ فُلَانًا : ہجوم ہونا —
الدِّعْمَة - ج دِعَم و (الدِّعَام) ج دُعُم و
(الدِّعَامَة ج دَعَائِم : ستون - کھمبا - لکڑی
کا ستون جو چھپر کیلئے کھڑا کیا جائے - الدِّعْمَتَان
والدِّعَامَتَان : چرخی کے دونوں طرف کے
ڈنڈے دِعَامَةُ القَومِ : رئیس قوم -
الدُّعْمِيّ - بڑھئی - کوئی چیز جس میں مضبوط
سہارا لگا ہوا ہو - راستہ کا بڑا حصہ -
فَرَسٌ (أَدْعَم ودُعْمِيّ) سینہ میں سفیدی

والا گھوڑا۔
المُدَّعَم۔ جائے پناہ۔
دَعْمَصَ - المَاءُ: بہت سیاہ کیڑوں والا ہونا
الدُّعْمُوص۔ پانی کا سیاہ کیڑا جو
تالابوں میں پانی کم ہوجانے پر ظاہر ہوتے ہیں
اور عوام اس کو البُلُعْط کہتے ہیں۔ ج دَعَامِص
ودَعَامِيص۔
دَعِنَ (ف) دَعَانَةً۔ شوخ وبیباک ہونا
الدِّعَن۔ شوخ وبیباک۔ ج دِعَنَة۔
الدَّعِن۔ بدخو۔ بدغذا۔
الدَّعْن۔ کھجور کے پتے جن کو رسّی سے بُن کر
اُس پر کھجور پھیلاتے ہیں۔
دَعَا (ن) دُعَاءً ودَعْوَیٰ) ہ: پکارنا
رغبت کرنا۔ مدد طلب کرنا۔ ہ الی الامر:
کسی کام کی طرف لیجانا۔ ـــ بہ: حاضر ہونے
کو کہنا۔ دَعَاہُ فُلاناً وبِفُلانٍ: نام رکھنا۔
ـــ المَیّتَ: بین کرنا۔ ـــ ہ دَعْوَةً ومَدْعَاةً)
دعوت کھانے کیلئے بلانا (ـــ دُعَاءً) لَہٗ:
دعا کرنا۔ ـــ عَلَیْہِ: بددعا کرنا ـــ اِلَیْہِ:
کسی چیز کی طرف بلانا۔
دَاعَاہُ مُدَاعَاةً۔ جھگڑا کرنا۔ باہم پہیلی
کہنا ـــ الحَائِطَ: گرانا۔
اَدْعَاہُ اِدْعَاءً۔ غیر باپ کی طرف
منسوب کرنا۔
تَدَعَّتْ تَدَعِّيًا۔ النَّائِحَةُ: نوحہ کرنے
میں آواز کو بلند کرنا۔
تَدَاعیٰ۔ العَدُوُّ: متوجہ ہونا ـــ القَوْمُ:
ایک دوسرے کو بلانا۔ تَدَاعَوُا الشَّیْءَ: دعوی
کرنا۔ تَدَاعَتِ الحِیطَانُ: شکستہ وویران ہونا
ـــ القَوْمُ عَلَیْہِ: دشمنی میں متفق ہونا۔
اِنْدَعیٰ اِنْدِعَاءً۔ لِدَعْوَتِہٖ: جواب دینا
اِدَّعیٰ۔ الشَّیْءَ: حق یا باطل کا دعوی کرنا۔
ـــ بِہٖ: اپنی طرف نسبت کرنا ـــ عَلَیْہِ:
مقدمہ کرنا ـــ اِلیٰ غَیْرِ اَبِیْہِ: باپ کے علاوہ
دوسرے کی طرف منسوب ہونا ـــ الشَّیْءَ:

تمنا کرنا ـــ اِدَّعیٰ فی الحَرْبِ: حریف کے
سامنے اپنا نام ونسب پیش کرنا۔
اِسْتَدْعَاہُ اِسْتِدْعَاءً۔ پکارنا ـــ
الشَّیْءَ: طلب کرنا۔
الدُّعَاء۔ دعا کا مصدر۔ ج اَدْعِیَة۔
الدَّعْوَة۔ پکار۔ قسم۔ اور کہا جاتا ہے "ہُوَ
مِنِّی دَعْوَةُ الرَّجُلِ" یعنی وہ مجھ سے قریب ہے۔
اور یہ مانند "ہُوَ مِنِّی رَمْیَةُ السَّہْمِ وَمَزْجَرُ الکَلْبِ"
کے ہے کہ اس کا بھی مطلب یہی ہے۔ وَ"لَہُمُ الدَّعْوَةُ
عَلیٰ غَیْرِہِمْ" دعا میں ان سے ابتدا ہو۔ وکُنَّا فِی
دَعْوَةِ فُلانٍ" ہم فلاں کی مہمانی میں تھے۔
(ـــ والدِّعَاوَةُ الدِّعَاوَة) اِدّعاء کے معنی ہیں
الدَّعْوَیٰ۔ مو۔ مقدمہ۔ دعوی۔ ج۔
الدَّعَاوِی والدَّعَاوَیٰ۔
الدَّعَّاء۔ بہت دعا کرنے والا۔
الدَّعَّاءَة۔ انگشت شہادت۔
الاُدْعِیَّة والاُدْعُوَّة۔ چیستاں پہیلی
الدَّعِیّ۔ لے پالک۔ وہ شخص جس کے
نسب میں شبہ ہو۔ غیر باپ یا غیر قوم کی طرف
اپنے آپ کو منسوب کرنے والا۔ ج اَدْعِیَاء
الدَّاعِی۔ فا۔ لوگوں کو اپنے دین ومذہب
کی طرف بلانے والا۔ ج دُعَاة۔ مونث دَاعِیَة
ج دَاعِیَات ودَوَاعٍ (ـــ والدَّاعِیَة)۔
سبب ج الدَّوَاعِی۔ دَاعِی اللَّبَنِ: دودھ کا وہ
حصہ جو تھن میں چھوڑ دیا جائے تاکہ بقیہ دودھ
آسانی سے دوہا جاسکے۔ ودَوَاعِی الصَّدْرِ:
فکر وغم ودَوَاعِی الدَّہْرِ: زمانہ کی گردشیں۔
المَدْعَاة۔ کھانے کی دعوت۔ سبب۔
دَغَتَ (ف) دَغْتًا۔ گلا گھوٹ کر مار ڈالنا
الدَّغْثَر۔ بیوقوف۔
دَغْدَغَ دَغْدَغَةً۔ فُلاناً بِکَلِمَةٍ: طعن و
تشنیع کرنا۔
الدَّغْدَغَة۔ پھسپھسی گفتگو کرنا۔ چھپانا
استہزاء کرنا۔ گدگدی کرنا۔ عوام گدگدی کے
لئے "زَغْزَغَ والزَّغْزَغَة" بولتے ہیں۔

المُدَغْدَغ۔ حسب ونسب میں عیب دار
دَغَرَہٗ (ن) دَغْرًا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔ دَغَرَتِ
المَرْأَةُ حَلْقَ الصَّبِیِّ: انگلی سے دبانا ـــ الاُمُّ
اِبْنَہَا: آسودگی سے کم دودھ پلانا۔ دَغَرَ الشَّیْءَ
فِی الشَّیْءِ: ملانا ـــ ہ: بھینچ کر مار ڈالنا ـــ
فِی البَیْتِ: داخل ہونا ـــ عَلَیْہِ: اچانک آنا۔
دَغِرَ (س) دَغَرًا۔ الرَّجُلُ: بدخلق وکمینہ
ہونا۔ صفت (دَاغِر)
دَغَرَ (س) دَغَرًا ودَغْرَیٰ عَلَیْہِم: لوگوں
پر اچانک پہونچ جانا۔
اِنْدَغَرَ۔ بھنچ جانا ـــ عَلَیْہِ: اچانک آنا۔
الدَّاغِر۔ ذلیل۔ حقیر۔ خبیث۔ مفسد۔
الدَّغْرَة۔ کسی چیز کو اُچک کرلے لینا۔
المُدْغَرَة۔ گھمسان کی جنگ۔
دَغَشَ (ف) دَغْشًا وادْغَشَ۔ تاریکی
میں داخل ہونا۔ دَغَشَ عَلَیْہِم: اچانک آنا
دَاغَشَ۔ بھیڑ کرنا۔ حَوْلَ المَاءِ: پیاس
کی وجہ سے پانی کے گرد منڈلانا ـــ المَاءُ:
جلدی پینا ـــ فی الشیء: کسی چیز کو حرص کی وجہ
سے کسی سے مکر سے طلب کرنا ـــ ظُلْمَةَ اللَّیْلِ:
رات کی تاریکی میں بغیر کسی سستی کے چل پڑنا۔
تَدَاغَشَ۔ القَوْمُ (وَدَغْوَشُوا) آپس
میں گتھ جانا۔
الدَّغْش والدُّغْشَة والدَّغِیشَة:
تاریکی۔
دَغِصَ (س) دَغَصًا۔ خوراک یا غصہ
سے بھرنا۔
دَاغَصَ مُدَاغَصَةً۔ فی العَمَلِ: ـــ
جلدی کرانا۔
اَدْغَصَہٗ۔ غصہ سے بھر دینا۔ اَدْغَصَہُ
المَوْتُ: فوراً موت کا آنا۔
الدَّاغِصَة۔ گھٹنے کی چپنی۔ عوام اس کو
صَابُونَةُ الرُّکْبَةِ۔ کہتے ہیں۔
گٹھا ہوا گوشت۔ رقیق پانی۔
ج دَوَاغِص۔

الدَّغصان - غضبناک -
دَغَفَ (ف) دَغفًا - الشیءَ : سختی سے پکڑنا - غَفَهم الحرُّ : گرمی کا زیادہ ہونا -
اَبُو الدَّغفاء - بیوقوف -
الدَّغفَر - موٹا شیر -
الدَّغفصۃ - موٹائی - گوشت کی زیادتی -
دَغفَقَ دَغفقۃً - الماءَ : بہت گرانا - — المطرُ : سخت برسنا - عیش (دَغفق) آسودہ زندگی -
الدَّغفَل - ہاتھی یا بھیڑیئے کا بچہ - بہت سے پر - عَیشٌ دَغفَلٌ : آسودہ زندگی - عامٌ دَغفَلٌ : سرسبز سال - فراخی کا سال -
دَغَل (ف) دَغلًا - فیہ : متہم کی طرح داخل ہونا -
اَدغَلَ - الرجلُ : درختوں کے جھنڈ میں داخل ہو کر چھپ جانا — الارضُ گنجان درختوں والی ہونا — بہ خیانت کرکے اچانک مار ڈالنا - چغل خوری کرنا — الشیءَ : تباہ کن چیز ملا دینا -
الدَّغَل - ج اَدغال ودِغال و (الدغیلۃ) درختوں کا جھنڈ - فساد و تباہی - خوف و ہلاکت کی جگہ -
مکان (دَغِل) گنجان درختوں والی جگہ - پوشیدہ -
الدَّاغلۃ - باطنی کینہ - کسی کے عیوب و خیانت تلاش کرنے والے لوگ -
الدَّغاوِل - مصیبتیں (جمع ہے بغیر واحد کے)
المَدغَل - وادی کا درمیانی حصہ - ج مَداغِل -
دَغَمَهم و دَغِمَهم (ف س) دَغمًا و دَغَمانًا - الحرُّ او البردُ : گرمی یا سردی کا پڑنا — دَغَمَ اَنفَہ : توڑنا - دَغَمَ الاناءَ : ڈھانپنا -
اَدغَمَ - اللّٰہُ فلانًا : سیاہ رو کرنا - ذلیل کرنا
اُدغِمَهم الحرُّ او البردُ - گرمی یا سردی کا پڑنا - — الفرسَ اللجامَ : لگام لگانا - اَدغَمَہ الشیءَ : غمگین کرنا - اَدغَمَ الرجلُ : لقمہ کو بغیر چبائے ہوئے نگلنا - (وادّغَمَ) الشیءَ فی الشیءِ : ایک چیز کو دوسری میں داخل کرنا - اسی سے صرفیوں کی اصطلاح ادغام (ایک حرف دوسرے حرف میں شامل کرنا) ہے -
اِدغامَّ - الفرسُ (اِدغِیمامًا) بقیہ جسم سے منہ کا زیادہ سیاہی مائل ہونا - صفت (اَدغم)
الدَّغم والدُّغمۃ - گھوڑے کا رنگ جس کا منہ باقی جسم سے زیادہ سیاہی مائل ہو -
الاَدغَم - کالی ناک والا - ناک میں بولنے والا - ج دُغمٌ -
الدُّغام - حلق کا درد -
دَغمَرَہ دَغمَرَۃً - عیب لگانا الشیءَ : ملانا الرجلُ : بدخلق ہونا -
الدَّغمَری والدُّغمُری - بُرے بھلے ملے جلے اخلاق والا - رجلٌ (دُغمُورٌ) مرد بدخو
الدَّغامِر - قوم کے گھٹیا درجہ کے لوگ -
المُدَغمَر - پوشیدہ -
دَغمَشَ - فی المشیِ : تیز چلنا -
الدُّغمُوز - بدخو -
دَغَنَ (ن) دُغُونًا - الیومُ : بادل والا ہونا
الدُّغنَۃ - گھٹا ٹوپ بادل -
الدَّغناس - ایک قسم کا پرندہ جو چڑیا کے مشابہ ہوتا ہے -
الدَّغوۃ والدَّغیۃ - بُری عادت - ج دَغَوات و دَغیات -
دَفَّ (ض) دَفًّا و دَفِیفًا - آہستہ چلنا لہ الامرُ : تیار رہنا - ممکن ہونا الطائرُ : پر پھڑپھڑانا -
دَفَّ (ض) دَفًّا - الشیءَ : جڑ سے اکھیڑنا -
دَفَفَ و دافَّ - جلدی کرنا - دَفَّفَ الجریحَ و دافَّہ و دافَّ علیہ : پوری طرح سے فورًا مار ڈالنا - و دَفَّفَ الرجلُ : دف بجانا -
اَدَفَّ اِدفافًا - الطائرُ : پر پھڑپھڑانا -
اُدِفَّت علیہ الامورُ : پے در پے آنا -
(— وتَدافَّ) القومُ : ایک دوسرے کے پیچھے سوار ہونا -
اِستَدَفَّ - الطائرُ : زمین کے قریب اڑنا — الامرُ : درست ہونا - پورا ہو جانا - — الرجلُ بالموسیٰ : استرے سے مونڈنا -
الدَّفّ - مہ - ہر چیز کا پہلو - کہا جاتا ہے - رَماہُ اللّٰہُ بذاتِ الدَّفّ " اللہ اس کو نمونیا میں مبتلا کرے -
(— الدُّفّ) ایک قسم کے باجہ کا نام ج دُفُوف
الدَّفّۃ - ہر چیز کا پہلو - دَفَّتا الطبلِ : ڈھول کے دونوں طرف کے چمڑے - پتوار (آخر معنی میں کلمہ مولدہ ہے - اس کے لئے فصیح لفظ السُّکّان ہے)
الدّافّۃ - دشمن کی طرف مارچ کرنے والی فوج - لوگوں کی جماعت جو ایک شہر سے دوسرے شہر میں منتقل ہوتی رہے -
الدَّفّاف - دف بجانے والا - دف بنانیوالا
اقرب الموارد میں بحوالہ لسان العرب ہے کہ دَفّاف مالک دف کو مُدَفِّف بنانے والے کو اور مُدَفدِف بجانے والے کو کہتے ہیں -
الدَّفُوف - مِنَ الطیرِ : کسی چیز پر ٹوٹ پڑتے وقت زمین سے قریب ہونے والا پرندہ
دَفِیءَ یَدفَأُ دَفأً و دُفُوءً اور دَفُؤَ یَدفُؤُ دَفاءَۃً - مِنَ البردِ : گرم ہونا - گرمی محسوس کرنا
دَفَّأہ - گرم کرنا -
اَدفَأہ - گرم کپڑا پہنانا - بہت دینا - گرم کرنا — الجریحَ : فورًا مار ڈالنا — القومَ : جمع کرنا -
تَدَفَّأَ و ادَّفَأَ و استَدفَأَ - گرم کپڑا پہننا - گرم ہونا -
الدِّفءُ - سخت گرمی - ج اَدفاء - اونٹوں کی پیداوار اور جو اس سے نفع حاصل ہو - عطیہ - دِفءُ الحائطِ : دیوار کی اوٹ - کہا جاتا ہے " اَقعَدَ فی دِفءِ الحائطِ " وہ دیوار کی اوٹ میں بٹھایا گیا - گرم کپڑے - گرمی حاصل کرنے کا

سامان - تم کہتے ہو "مَا عَلَیۡہِ دِفۡءٌ" اس پر گرمی حاصل کرنے کا کوئی سامان نہیں۔

الدَّفَأُ - مص - کندھے کا سینہ کی طرف جھکنا

الدِّفَاءُ - گرمی حاصل کرنے کا سامان ۔ (کپڑا وغیرہ)

الدَّفِیۡءُ الدَّفِئُ - گرمی حاصل کرنیوالا - گرم کپڑے پہننے والا - مؤنث دَفِئَۃٌ و دَفِیۡئَۃٌ الدَّفِئَۃُ مِنَ الاَرَاضِی : گرم زمین -

الدَّفَئِیُّ - بہار کی آخری بارش -

الدَّفۡآن - گرمی حاصل کرنیوالا - مؤنث دَفۡأَی -

الاَدۡفَأُ - وہ شخص جس کا کندھا سینہ کی طرف جھکا ہوا ہو - مونث دفائی. الاَدۡفَاءُ : مرد خیمہ نشین -

اَرۡضٌ (مُدۡفَاۃٌ) گرم زمین -

اِبِلٌ (مُدۡفِئَۃٌ و مُدۡفَاۃٌ و مُدَفِّئَۃٌ و مُدَفَّاۃٌ) بہت اون اور چربی والا اونٹ -

الدَّفۡتَرُ - رجسٹر - کاپی - ج دَفَاتِرُ -

دَفۡدَفَ - جلدی کرنا ـــــ الطَّائِرُ : زمین سے قریب اڑنا ـــــ الدُّفُوۡفُ : جلدی جلدی دف بجانا -

دَفَرَہٗ (ن) دَفۡرًا - سینہ میں مار کر ہٹانا -

دَفِرَ (س) دَفَرًا و دَفۡرًا - ذلیل ہونا - اللَّحۡمُ : کیڑے پڑنا ـــــ الشَّیۡءُ : بدبودار ہونا - صفت (دَفِرٌ و اَدۡفَرُ) مؤنث - دَفِرَۃٌ و دَفۡرَاءُ - کَتِیۡبَۃٌ دَفۡرَاءُ : لشکر جس سے لوہے کے زنگ کی بو آئے -

اَدۡفَرَ - الرَّجُلُ : تیز گندہ بغل ہونا -

الدَّفۡرُ - مص - بدبو -

دَفَارِ - مَبۡنِیٌّ عَلَی الۡکَسۡرِ بروزن قَطَامِ : دنیا - لونڈی (یہ کلمہ لونڈی کے لئے گالی کے موقع پر کہا جاتا ہے اور اکثر نداء کے موقع پر آتا ہے)

اُمُّ دَفَارِ و اُمُّ دَفۡرٍ - دنیا - مصیبت -

اِدۡفَسَّ اِدۡفِسَاسًا - الرَّجُلُ : بغیر بیماری کے چہرہ کا کالا پڑنا -

دَفَصَ (ض) دَفۡصًا - ٹکڑے ٹکڑے کرنا -

دَفۡطَسَ - الرَّجُلُ : اپنا مال ضائع کرنا -

دَفَعَہٗ (ف) دَفۡعًا و دَفَاعًا و مَدۡفَعًا - ہٹانا - دور کرنا - دَفَعَہٗ فِی کَذَا : داخل کرنا - ـــــ اِلَیۡہِ الشَّیۡءَ : ادا کرنا ـــــ الۡقَوۡلَ : دلیل سے باطل کرنا ـــــ ہٗ اِلٰی کَذَا : مجبور کرنا ـــــ عَنۡہُ الاَذٰی : بچانا - محفوظ کرنا ـــــ عَنِ الۡمَوۡضِعِ : کوچ کرنا - چھوڑنا ـــــ اِلَیۡہِ : پہنچنا - کہا جاتا ہے طَرِیۡقٌ "یَدۡفَعُ اِلٰی مَکَانِ کَذَا" راستہ جو فلاں جگہ تک پہونچتا ہے -

دُفِعَ - اِلَی الۡمَکَانِ : پہونچنا -

دَافَعَہٗ مُدَافَعَۃً و دِفَاعًا - مزاحمت کرنا ـــــ عَنۡہُ : حمایت کرنا - مدد کرنا ـــــ عَنۡہُ الاَذٰی : ہٹانا دور کرنا - دَافَعَہٗ عَنۡ حَقِّہٖ : ٹال مٹول کرنا -

تَدَفَّعَ - السَّیۡلُ : زور سے بہنا -

اِنۡدَفَعَ - السَّیۡلُ : زور سے بہنا ـــــ الۡفَرَسُ فِی سَیۡرِہٖ : تیز دوڑنا ـــــ الرَّجُلُ فِی الۡحَدِیۡثِ بات چیت میں مشغول ہونا - اِنۡدَفَعَ یَقُوۡلُ : کہنے لگنا - اِنۡدَفَعَ الرَّجُلُ : ہٹنا -

تَدَافَعَ - الۡقَوۡمُ : ایک دوسرے کو ہٹانا - تَدَافَعُوا الشَّیۡءَ : ہر ایک کا دوسرے کے ذمہ ڈالنا - کہا جاتا ہے "ضَیۡفٌ یَتَدَافَعُہُ الۡحَیُّ" مہمان جس کو قبیلہ کے لوگ ایک دوسرے کے ذمہ ڈالتے ہیں -

اِسۡتَدۡفَعَ - اللّٰہُ الشَّرَّ : شر کو ہٹانے کی دعا کرنا -

الدَّفۡعَۃُ - دَفَعَ کا اسم مرۃ -

الدُّفۡعَۃُ - بوچھار - برتن یا مشک سے جتنا ایک مرتبہ گرے - ج دُفَعٌ و دُفۡعَاتٌ -

الدَّوَافِعُ - نشیب - زمینیں جہاں سیلاب کا پانی جمع ہو جائے -

الدَّفُوۡعُ - بہت ہٹانے والا ـــــ مِنَ الدَّوَابِّ : لات مارنے والا -

الدَّفَّاعُ - بہت دفع کرنے والا -

الدُّفَّاعُ - موج یا سیلاب کا زور - بہت لوگ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِی دُفَّاعٍ مِنَ النَّاسِ" وہ بہت لوگوں میں آیا -

الۡمَدۡفَعُ - پانی بہنے کی جگہ - ج مَدَافِعُ -

الۡمِدۡفَعُ - ہٹانے کا اوزار - توپ - ج مَدَافِعُ - الۡمِدۡفَعُ : بہت دفع کرنے والا -

الۡمُدَفَّعُ - ہر جگہ سے دھتکارا ہوا فقیر -

دَفَقَ (ض ن) دَفۡقًا - الۡمَاءُ : زور سے گرانا ـــــ اللّٰہُ رُوۡحَہٗ : موت دینا ـــــ الۡکُوۡزَ : گرا کر خالی کر دینا -

دَفَقَ (ن) دَفۡقًا و دُفُوۡقًا - الۡمَاءُ : گرنا - ـــــ النَّہۡرُ : بھر کر بہنا (جمہور کے نزدیک اس کا استعمال صرف متعدی ہی کی صورت میں ہوتا ہے)

دَفَّقَ - دَفَقَ کا مبالغہ - کہا جاتا ہے - "دَفَّقَتۡ کَفَّاہُ الۡعَطَاءَ" یعنی اس کے دونوں ہاتھوں نے بہت زیادہ بخشش کی -

اَدۡفَقَ - الۡکُوۡزَ : گرا کر خالی کر دینا -

تَدَفَّقَ و اِسۡتَدۡفَقَ - الۡمَاءُ : گرنا ـــــ الدَّابَّۃُ : تیز دوڑنا - کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَتَدَفَّقُ فِی الۡبَاطِلِ" فلاں باطل میں سبقت کرتا ہے

اِنۡدَفَقَ و اِسۡتَدۡفَقَ - الۡمَاءُ : گرنا -

الدُّفۡقَۃُ - ایک دفعہ - یکبارگی - کہا جاتا ہے "جَاءُوۡا دُفۡقَۃً" وہ سب یکبارگی آ گئے -

سَیۡلٌ دُفَاقٌ - بہت زیادہ سیلاب جو وادی کے دونوں کناروں کو بھر دے -

الاَدۡفَقُ - ٹیڑھا - فکر یا بڑھاپے کی وجہ سے خمیدہ کمر - سَیۡرٌ اَدۡفَقُ : تیز چال - مؤنث دَفۡقَاءُ :

الدِّفِقَّی - تیز چال - کہا جاتا ہے "مَشَی الدِّفِقَّی" وہ تیز چال چلا - ر ـــــ والدِّفَقَّۃُ - تیز رفتار اونٹنی یا گھوڑا -

الدِّفۡلُ - قطران (دیکھئے قطران) زفت (ایک دوا کا نام) کینر -

الدِّفۡلٰی - کینر - ایک جماعت کے نزدیک

الف الحاق کا ہے اسلئے اس پر تنوین آتی ہے اور دوسروں کے نزدیک تانیث کا اس لئے تنوین نہیں آتی۔

دَفَنَ (ض) دَفْنًا - المیّتَ: گاڑنا - دفن کرنا — الحدیثَ: چھپانا — الإبلَ: تیز دوڑانا — الإبلُ: تیز دوڑنا۔

تَدَفَّنَ وَاِنْدَفَنَ - چھپنا — الإبلُ: تیز دوڑنا۔

اِدَّفَنَ - العبدُ: آقا کے خوف سے بھاگنا۔ صفت (دَفُوْن) — الشیَٔ: چھپانا۔

تَدَافَنَ - القومُ: باہم چھپانا۔

دَافِنُ - الأمرِ: کسی معاملہ کا اندرونی حصّہ

الدَّفْن - مص - دفن کیا ہوا - ج اَدْفَان - مدفون زمین - ج دُفن - رَجُلٌ دُفْنٌ: گمنام و بے قدر مرد۔

دَاءٌ (دِفْنٌ ودَفِيْنٌ) پوشیدہ بیماری جس کے ظاہر ہونے سے خرابی بڑھ جائے۔

الدَّفِيْنَة - گاڑا ہوا - گاڑا ہوا خزانہ - ج دَفَائِن - کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُثِيرُ الدَّفَائِنَ" فلاں بڑا عالم ہے۔

الدَّفِيْن - دفن کیا ہوا - چھپا ہوا - ج دُفُن و دُفَنَاء واَدْفَان: حوض - رَكِيَّة دَفِيْنٌ: دفن شدہ کنواں - اِمْرَأَةٌ دَفِيْن: پوشیدہ عورت - ج دُفْنٰی - دَاءٌ دَفِيْن: پوشیدہ بیماری جس کے ظاہر ہونے سے خرابی بڑھ جائے - کہا جاتا ہے "ہُوَ دَفِيْنُ المُرُوْءَةِ او دَفْنُ المُرُوْءَة" وہ بے مروت ہے۔

الدِّفَان - مِنَ الرَّكَايَا - مٹی سے پٹا ہوا کنواں - ج دُفُن - کہا جاتا ہے "مَاءٌ دِفَان" پوشیدہ پانی

الدَّافِن - کشتی کے تختے - واحد (دفان)

المَدْفِن - گاڑنے کی جگہ۔

الدِّفْنِس والدِّفْنَاس - کمینہ و بیوقوف بخیل مِنَ النِّسَاءِ: بیوقوف - بھاری جسم کی عورت

الدَّافِہ - مسافر۔

دَفَا (ن) دَفْوًا ودَافٰی مُدَافَاة وَاَدْفٰی اِدْفَاءً - الجریحَ: فوراً مار ڈالنا - وَاَدْفَی الظبیُ: لمبے سینگوں والا ہونا۔

تَدَافَاہ - تلافی کرنا۔

الدَّفَاء - خمیدگی۔

الاَدْفٰی - خمیدہ - مؤنث دَفْوَاء - طَائِرٌ اَدْفٰی: لمبے بازوں والا پرندہ - نَاقَةٌ دَفْوَاءُ: لمبی گردن والی اونٹنی - شَجَرَةٌ دَفْوَاءُ - بڑا درخت - عُقَابٌ دَفْوَاءُ: ٹیڑھی چونچ والا عقاب۔

دَقَّ (ض) دِقَّةً - باریک ہونا - چھوٹا ہونا دقیق و دشوار ہونا۔

دَقَّ (ن) دَقًّا - الشیَٔ: توڑنا — البابَ: کھٹکھٹانا — الشیَٔ: ظاہر کرنا — الشیَٔ علی الشیِٔ او بالشیِٔ: کوٹنا۔

دَقَّقَ - الشیَٔ: بہت باریک کرنا - آٹا کرنا — فی الحسابِ وغیرِہ: باریک بینی سے کام لینا۔

اَدَقَّ اِدْقَاقًا - باریک کرنا — الرجلَ: بکری دینا - کہا جاتا ہے "اَتَيْتُهٗ فَمَا اَدَقَّنِيْ وَلَا اَجَلَّنِيْ" میں اس کے پاس آیا تو اس نے نہ تو تھوڑا دیا نہ زیادہ - اَدَقَّ الرجلُ: بخل کی وجہ سے معمولی چیز کے پیچھے پڑنا۔

دَاقَقَہٗ مُدَاقَّةً - الحسابَ فی الحسابِ: غور سے جانچ کرنا۔

اِنْدَقَّ اِنْدِقَاقًا - باریک ہونا - اِنْدَقَّتْ عُنُقُہٗ: ٹوٹنا۔

تَدَاقَّ - الرَّجُلَانِ: باریکی میں مقابلہ کرنا۔

اِسْتَدَقَّ اِسْتِدْقَاقًا - پتلا و باریک ہونا - اور اسی سے ہے "اِسْتَدَقَّ الہِلَالُ" ہلال باریک ہے۔

الدِّقّ - باریک تھوڑا - اور اسی سے ہے "اَخَذْتُ دِقَّهٗ وجِلَّهٗ" میں نے قلیل وکثیر سب لے لیا - حُمَّی الدِّقّ: دق کا بخار۔

الدَّقَّة - دَقّ کا اسم مرۃ۔

الدِّقَّة - کوٹنے کی ہیئت - خست - چھوٹائی - باریکی - اور اسی سے ہے "دِقَّةُ المَعَانِی" معانی کی باریکی۔

الدُّقَّة - باریک خاکہ - مصالحے - نمک - دھنیا - خوبصورتی۔

الدُّقَاق - چورہ - آٹا (— والدُّقَاقَة) باریک خاک جس کو ہوا اڑائے - دُقَاقُ العِیدانِ ودِقَاقُہا: چھپٹی۔

الدَّقِيْق - باریک - آٹا - مشکل معاملہ - تھوڑا - ج اَدِقَّةٌ واَدِقَّاء - مؤنث دَقِيْقَة۔

الدَّقِيْقَة - دقیق کا مؤنث - منٹ - درجہ کا ساٹھواں حصہ - ج دَقَائِق - الدَّقِيْقَة: بکریاں - کہتے ہیں "کَمْ دَقِيْقَتُكَ؟" تمہاری بکریاں کتنی ہیں۔

الدَّقَّاق - بہت کوٹنے والا - آٹا بیچنے والا۔

الدَّقَّاقَة - کوٹنے کا اوزار۔

المِدَقّ والمُدُقّ - ج مَدَاقّ و (المِدَقَّة) کوٹنے کا اوزار۔

المُدَقَّقَة - قیمہ - باریک کوٹا ہوا گوشت

المَدْقُوْق - مفع - دق کے بخار والا۔

مُسْتَدَقّ - السَّاعِدِ - کلائی کا پتلا حصہ - مُسْتَدَقُّ کُلِّ شیٍٔ: ہر چیز کا باریک و پتلا حصہ۔

دَقْدَقَ - النَّاسُ: شور مچانا۔

الدَّوَابُّ: سُم کی آواز سنائی دینا۔

دَقِرَ (س) دَقَرًا - شکم سیر ہونا — المکانُ: سبزہ زار ہونا — النَّبَاتُ: زیادہ ہونا۔ — الرَّجُلُ: شکم پری کی وجہ سے قے کرنا۔

الدَّقْرُ والدَّقْرَة والدَّقِيْرَة والدَّقْرٰی سرسبز و خوب صورت باغ۔

اَرْضٌ (دَقْرَاءُ) سرسبز و نمناک زمین۔

الدُّقْرَان - لکڑی جس پر انگور کی بیل چڑھائی جائے واحد دُقْرَانَة۔

الدَّوْقَرَة - بنجر زمین جو پہاڑوں کے درمیان ہو۔

الدِّقْرَار - جانگھیا - ج دَقَارِیْر۔

الدِّقْرَارَة - چغلی - بری عادت - جھگڑا - ج دَقَارِیْر - کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالدَّقَارِیْرِ" وہ قبیح قسم کی جھوٹی چیزیں لایا - جانگھیا - پائجامہ۔

رَجُلٌ دِقْرَارَۃٌ: چغل خور - پست قد۔
الدِّقَارِیْس - لومڑیاں۔
دَقَسَ (ن) دَقْسًا و دُقُوْسًا - فِی الْبِلَادِ: گھس جانا — الوَتَدَ فِی الْاَرْضِ: گاڑھنا — البِئْرَ: بھر دینا۔
الْمِدَقْس - ریشم۔
الدَّقْشَۃ - ایک چھوٹا سا جانور ہے۔
دَقِعَ (س) دَقَعًا - تھوڑے سے گذارہ پر راضی ہونا ذلت اور فقر کی وجہ سے خاک نشین ہونا۔
اَدْقَعَ - محتاج بنا دینا - ذلیل کرنا۔
اَدْقَعَ بِہٖ و اِلَیْہِ فِی الشَّتْمِ وَنَحْوِہٖ: گالی دینے میں مبالغہ کرنا - اَدْقَعَ الرَّجُلُ: مٹی میں ملا ہوا ہونا۔
الدَّاقِع - فا - رنجیدہ - تھوڑی کمائی کا طالب۔
الْاَدْقَع - مٹی - جُوْعٌ اَدْقَعُ: سخت بھوک
الدَّقْعَاء و الدُّقَاع و الدِّقْعِم - مٹی (دِقْعِم میں میم زائد ہے)
الدَّقْعَاء - مٹی - بنجر زمین - کہا جاتا ہے - رَاَیْتُ الْقَوْمَ (صَقْعٰی دَقْعٰی) میں نے قوم کو خاک نشین دیکھا۔
الدَّیْقُوْع - سخت بھوک۔
الدَّوْقَعَۃ - فقیری - ذلت۔
الْمُدْقِع - زمین پر پٹک دینے والا - ذلیل - بھاگنے والا - دُبلا - جُوْعٌ مُدْقِعٌ: سخت بھوک جو زمین پر گرا دے۔
الْمِدْقَاع - لالچی - تھوڑے پر راضی ہونے والا - ج - مَدَاقِیْع۔
دَقَلَہٗ (ن) دَقْلًا - منع کرنا - باز رکھنا - محروم کرنا - ناک یا منہ پر مارنا (— دُقُوْلًا) غائب ہونا — فِیْہِ: داخل ہونا۔
اَدْقَلَ - النَّخْلُ: ردی کھجور والا ہونا — الرَّجُلُ: کمزور بچہ والا ہونا — الشَّاۃُ: دبلی و کمزور ہونا - صفت مُدْقِل۔
الدَّقَل - ردی کھجور - بادبان کا ڈنڈا۔
کہا جاتا ہے "اَرَاکَ اَطْوَلَ مِنَ الدَّقَلِ وَاَنْتَ تَنْثُرُ کَلَامَکَ نَثْرَ الدَّقَلِ" میں تم کو دیکھتا ہوں کہ بادبان کے ڈنڈے سے بھی زیادہ لمبے ہو - اور گفتگو ردی قسم کی کرتے ہو۔
الدُّقْل - جسم کی ناتوانی۔
الدَّقْلَۃ و الدَّقِلَۃ و الدَّقِیْلَۃ - دُبلی پتلی بکری - ج دِقَال و دَقَائِل۔
دَقَمَہٗ (ن) دَقْمًا - اچانک سینہ پر مار کر دھکا دینا - دانت توڑنا — الرِّیْحُ عَلَیْہِ: ہوا کا آنا۔
دَقِمَ (س) دَقَمًا - اگلے دانتوں کا گرنا صفت دَقِمٌ و اَدْقَمُ۔
اَدْقَمَ - فاہ: اگلے دانتوں کو توڑنا۔
الدَّقَم - سخت غم۔
الدَّقَمَۃ - منہ کا اگلا حصہ۔
الدَّقَم - نقصان۔
الدَّقْمَس - ریشم۔
دَقَنَ (ن) دَقْنًا - فِی لَحْیِ الرَّجُلِ: ٹھوڑی پر مکا مارنا - دَقَنَہٗ: منع کرنا - باز رکھنا - محروم کرنا۔
دَکَّ (ن) دَکًّا - الحَائِطَ: دیوار گرا کر زمین کے برابر کرنا — الْاَرْضَ: ہموار کرنا — التُّرَابَ: مٹی کوٹ کر ہموار کرنا — البِئْرَ: کنوئیں کو مٹی وغیرہ ڈال کر پاٹنا — التُّرَابَ عَلَی الْمَیِّتِ: میت پر مٹی ڈالنا — ہ: دھکا دینا — الدَّابَّۃَ فِی السَّیْرِ: جانور کو تھکانا کہا جاتا ہے "دَکَّتِ الْحُمّٰی الرَّجُلَ" بخار نے مرد کو کمزور کر دیا۔
دُکَّ - مریض ہونا۔
دَکْدَکَ - الشَّیْئَ بِالشَّیْئِ: ملانا - مخلوط کرنا۔
اِنْدَکَّ - ہموار ہونا — الرَّمْلُ: ریت کا تہ بتہ ہونا — السَّنَامُ: کوہان کا پیٹھ کے برابر ہونا۔
تَدَاکَّ - عَلَیْہِ الْقَوْمُ: بھیڑ کرنا۔
الدَّکّ - مص - ہموار زمین - ہموار جگہ ج - دُکُوْک۔
الدُّکَّۃ - ج دِکَکٌ و (الدِّکَاء) ج دَکَّاوَات۔
نرم مٹی کا پشتہ - نرم پہاڑ - الدَّکَّاء: پست کوہان کی اونٹنی۔
الدِّکَّۃ - ازاربند صحیح لفظ التِّکَّۃ ہے
الدُّکَّۃ - ہموار ریگستان - بیٹھنے یا کرسی رکھنے کے لئے چبوترہ - ج دِکَاک۔
الدُّکَّان - دوکان - چبوترہ - ج دَکَاکِیْن۔
الدَّکَّاک - بہت روندنے والا - بہت کوٹنے والا۔
الْاَدَکّ - چوڑی پیٹھ والا چھوٹا گھوڑا - بغیر کوہان کا اونٹ اور اس سے اسم - (الدَّکَک) ہی - ج دُکٌّ و دُکُک مونث دَکَّاء - یَوْمٌ اَوْ شَہْرٌ اَوْ حَوْلٌ (دَکِیْکٌ) پورا دن یا مہینہ یا سال۔
الْمِدَکّ - مضبوط و قوی زمین کو سخت روندنے والا مرد - ہموار کرنے کا اوزار - اَمَۃٌ (مِدَکَّۃٌ) کام کرنے میں قوی باندی۔
دَکْدَکَ - الحُفْرَۃَ: گڑھے کو مٹی بھر دینا۔
تَدَکْدَکَتْ - الجِبَالُ: گرنا۔
الدَّکْدَک و الدِّکْدِک - ج دَکَادِک و (الدَّکْدَاک) ج دَکَادِیْک: سخت زمین۔
دَکَسَ (ن) دَکْسًا - الشَّیْئَ: بھرنا۔
دَکِسَ (س) دَکَسًا - الشَّیْئُ: تہ بتہ ہونا۔
اَدْکَسَ - المَکَانُ: سبزی ظاہر ہونا۔
الدَّکِیْسَۃ - مِنَ النَّاسِ: لوگوں کی جماعت
الدَّاکِس - فا - چھینک وغیرہ سے بدفالی۔
الدَّاکِسُ مِنَ الظِّبَاءِ: وہ ہرن جو پیچھے سے آئے اور اس سے بدفالی لیا کرتے تھے۔
الدُّکَاس - اونگھ۔
الدَّوْکَس - شیر - بہت چوپائے اور بکریاں
دَکَلَ (ن ض) دَکْلًا - الطِّیْنَ: لیپنے کے لئے ہاتھ سے مٹی جمع کرنا — الشَّیْئَ: روندنا۔
دَکَّلَ - الدَّابَّۃَ: جانور کو مٹی میں لوٹانا۔

تَدَکَّلَ - اپنے آپ کو بڑا سمجھنا — عَلَیْہِ: نازکرنا — عَنْہُ: دیر کرنا۔

الدَّکَلَۃُ - پتلا گارا - اپنے آپ کو بڑا سمجھنے والے لوگ۔

الاَدْکَلُ - سیاہی مائل۔

الدَّکِیْلُ - روندا ہوا۔

الدَّکَالِیْ - شیطان کا نام - ایک لغت بضم دال بھی ہے۔

دَکَمَ (ن) دَکْمًا - الشَّیْءَ: بعض کو بعض پر کوٹنا — ہٗ فِیْ صَدْرِہٖ: سینہ پر مار کر ہٹانا — فَاہُ اَوْ اَنْفَہٗ: منہ یا ناک توڑنا — المَرْاَۃَ: جماع کرنا۔

دَکَّمَ - فِی الشَّیْءِ: داخل کرنا — ہٗ فِیْ رَاْسِہٖ: سر میں سینگ سے مارنا۔

تَدَاکَمَ - القَوْمُ: ایک دوسرے کو ہٹانا

الدُّکْمَۃُ - سیاہی مائل رنگ۔

دَکَنَ (ن) دَکْنًا و دَکَّنَ - المَتَاعَ: تہ بتہ رکھنا - دَکَّنَ الدُّکَّانَ: دوکان لگانا۔

دَکِنَ (س) دَکَنًا - سیاہی مائل ہونا۔ صفت (اَدْکَنُ) مؤنث دَکْنَاءُ - ج دُکْنٌ - — الثَّوْبُ: میلا و گردآلود ہونا۔

الدُّکْنَۃُ - سیاہی مائل رنگ۔

الدُّکَّانُ - دوکان چبوترہ - ج دَکَاکِیْنُ (کلمہ فارسیہ ہے)

الدُّکَّانِیُّ - دوکان والا۔

دَلَّ (ن) دَلَالَۃً و دُلُوْلَۃً و دِلِّیْلٰی - اِلَی الشَّیْءِ وعَلَیْہِ: راستہ دکھانا - رہنمائی کرنا - (— ض) دَلًّا و دَلَالًا و دَلَّ (س) دَلَلًا) ناز و نخرہ کرنا — المَرْاَۃُ عَلٰی زَوْجِھَا: بناوٹی مخالفت کرنا — الرَّجُلُ: فخر کرنا - اپنی داد و دہش کا احسان جتانا۔

اَدَلَّ اِدْلَالًا - عَلَیْہِ: محبت پر بھروسہ کرنا - اور اسی سے ہے "اَدَلَّ فَاَمَلَّ" اس نے محبت پر بھروسہ کیا اور ملول کردیا - دلیری کرنا — عَلٰی اَقْرَانِہٖ: اوپر سے دبالینا — البَازِیْ عَلٰی صَیْدِہٖ: اوپر سے جھپٹا مارنا - اور کہا جاتا ہے "ہُوَ یُدِلُّ بِہٖ" وہ اس پر بھروسہ کرتا ہے - اَدَلَّ بِالطَّرِیْقِ: پہچاننا

تَدَلَّلَ - عَلَیْہِ: گستاخی و جرأت کرنا — المَرْاَۃُ عَلٰی زَوْجِھَا: بناوٹی مخالفت کرنا۔

اِنْدَلَّ - راستہ پانا — المَائِرُ: گرنا۔

اِسْتَدَلَّ - عَلَیْہِ: رہنمائی کرنے کو کہنا۔ اِسْتَدَلَّ بِکَذَا عَلَی الاَمْرِ: دلیل کرنا۔

الدَّالَّۃُ - دَالٌّ کا مؤنث - ناز و نخرہ۔ جرأت و دلیری - کہا جاتا ہے "لَہٗ عَلَیْہِ دَالَّۃٌ" اس کو اس کے اوپر ناز ہے۔

الدَّلُّ - مص - سکون و اطمینان کی حالت اچھی سیرت۔

الدَّلَالُ - مص - ناز و نخرہ۔

الدَّلُوْلَاءُ - ناز۔

الدِّلَالَۃُ - دلالی کا پیشہ - دلال یا رہبر کی اجرت۔

الدَّلَّالُ - خریدار اور بیچنے والے کے درمیان کا آدمی۔

الدَّلِیْلُ - ج اَدِلَّۃٌ و اَدِلَّاءُ - و (الدَّلَالَۃُ) ج دَلَائِلُ: ہر وہ چیز جس سے رہنمائی ہو سکے۔ حجت دلیل - الدَّلِیْلُ: رہنما - مرشد۔

الدَّلَّۃُ - احسان - ناز و نخرہ کرنا۔

الاَدَلُّ - احسان جتانے والا۔

الدُّلّٰی والدَّلِیْلٰی - واضح راستہ۔

المُدِلُّ - فا - اپنے اوپر اور اپنے سامان پر بھروسہ رکھنے والا - المُدِلُّ بِالشَّجَاعَۃِ: دلیر۔

الدُّلْبُ - چنار کا درخت - واحد (دُلْبَۃٌ)

الدُّلْبَۃُ - سیاہی۔

الدَّالِبُ - چنگاری جو کبھی نہ ہو۔

الدَّوْلَابُ والدُّوْلَابُ - رہٹ - چرخی پر گھومنے والی چیز - ج دَوَالِیْبُ - (دخیل)

المَدْلَبَۃُ - بہت چنار کے درختوں والی زمین

الدَّلْبُوْثُ - ایک قسم کی گھاس کا نام۔

دَلَثَ (ض) دَلِیْثًا - قریب قریب قدم رکھنا

تَدَلَّثَ - اِلَیْہِ: کسی کے پاس گھس پڑنا۔

اِنْدَلَثَ - الرَّجُلُ: خودسر ہونا۔

اِدَّلَثَ - الشَّیْءَ: ڈھانکنا۔

نمود اور دکھاوے کے لئے کیا۔ اور کہا جاتا ہے
"ہُم رِئَاءُ اَلفٍ" وہ لوگ دیکھنے میں تقریباً ہزار
ہیں۔ "قَومٌ رِئَاءٌ"۔ ایک دوسرے کے مقابل
قوم "دُوْرُنا رِئَاءٌ" ہمارے گھر ایک دوسرے
کے مقابل ہیں۔
التَرئِیَۃ۔ منظر یا حسن منظر۔
الرَّءّاءُ۔ بہت دیکھنے والا۔
الرِئَۃ۔ پھیپھڑا۔ ج رِئَات و رِئُون اور
نسبت کے لئے (رِئَوِیٌّ)
رَئِیٌّ۔ القومِ: قوم کا سردار جس کی رائے
سے سب اتفاق کریں۔ الرَّئِیُّ: بڑا سانپ
کپڑا جو خریدار کے سامنے پھیلایا جائے۔
ھُوَ (اَرْأَی) بِکَذَا: وہ اس کے لائق ہے۔
المِرْآۃ۔ آئینہ۔ ج مَرَاءٍ و مَرَایَا۔ اس
سے فعل کا اشتقاق کرتے ہیں جیسے تَمَرْأَی
یعنی وہ آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھ رہا ہے (اسکو
سیبویہ نے بیان کیا ہے)
المَرْأَی والمَرْأَۃ۔ منظر۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ
مَرْآۃٌ بِکَذَا" وہ اس کے لائق ہے۔ "دَخْبَرُ عَن
مَجْہُولِہٖ مَرْآتُہٗ" اس کا ظاہر باطن پر دلالت کرتا
ہے۔ "ہُوَ مِنِّی مَرْأَی و مَسْمَعٌ او بِمَرْأَی و بِمَسْمَعٍ" وہ
ایسی جگہ ہے کہ میں اس کو دیکھ سکتا اور اس کی
بات سن سکتا ہوں۔
رَبَّ (ن) رَبًّا۔ القَومَ: بالادست ہونا۔ انتظام
کرنا — النِعْمَۃَ: زیادہ کرنا — الشَیْءَ: جمع کرنا
مالک ہونا — الاَمْرَ: کسی کام کو درست کرنا۔

—— الدُّہنَ: تیل کو عمدہ خوشبودار بنانا۔
—— بِالمَکانِ: اقامت کرنا — رَبًّا و رُبًّا)
الزِّقَّ: مشک پر کھجور کا شیرہ مل دینا تاکہ بو
اچھی ہو جائے اور گھی وغیرہ نہ بگڑے۔
(— رَبًّا و رَبَّبَ تَرْبِیبًا و تَرَبَّۃً و ارْتَبَّ اِرْتِبَابًا)
الوَلَدَ: لڑکے کی بالغ ہونے تک پرورش کرنا
درجہ بدرجہ کمال کو پہونچانا۔ و رَبَّبَ الدُّہنَ
تیل کو عمدہ اور خوشبودار بنانا۔
اَرَبَّ۔ بِالمَکانِ: اقامت کرنا — مِنْہُ:
قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَرَبَّتِ السَّحَابَۃُ:
جبکہ لگاتار برسے۔
تَرَبَّبَ۔ القَومُ: اکٹھا ہونا
الصَّبِیَّ: بچے کے بالغ ہونے تک پرورش کرنا
تم کہتے ہو "رَأَیتُہ یَتَرَبَّبُ اَرْضَکُم" میں نے
دیکھا کہ وہ تمہاری زمین پر اپنی ملکیت کا دعویٰ
کر رہا تھا۔
اُرْتُبَّ۔ العِنَبُ: انگور کا پکانے سے
رُب تیار ہونا۔
الرَّبُّ۔ مص۔ مالک۔ سردار۔ درست
کرنے والا۔ پرورش کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ
کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ اور اس کی
طرف نسبت کے لئے (رَبِّی و رَبَّانِی و رُبُوبِی)
الرَّبَّانِی۔ عارف باللہ۔ عالم۔
الرَّبَّۃ۔ رَب کا مؤنث۔ دیوی۔ مالکہ
بڑا گھر۔
الرِبَّۃ۔ بڑی جماعت۔ ایک قسم کا درخت
ج اَرِبَّۃ و رِبَاب۔
الرُبُّ۔ پھلوں کے رس کو پکا کر گاڑھا
کیا ہوا شیرہ۔ ج رِبَاب و رُبُوب۔
رُبَّ و رُبَّۃَ و رُبَّتَمَا و رُبَّتَمَا۔ حرفِ
جر ہے حسبِ سیاق کلام تکثیر و تقلیل کا فائدہ
دیتا ہے۔ اور نکرہ پر داخل ہوتا ہے اور زائد
کے حکم میں ہوتا ہے اور نکرہ کے لئے شرط ہے
کہ موصوف ہو۔ اور جب اس کے آخر میں "ما"
لاحق ہوتا ہے تو عمل نہیں کرتا اور اس صورت

میں فعل اور معرفہ پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے
"رُبَّمَا الْخَلِیْلُ مُقْبِلٌ وَرُبَّمَا اَقْبَلَ الْخَلِیْلُ"
اور کبھی اس صورت میں بھی عمل کرتا ہے جیسے
"رُبَّمَا ضَرْبَۃٍ بِسَیْفٍ صَقِیْلٍ"
اَلرَّابُّ - سوتیلا باپ -
اَلرَّابَّۃُ - سوتیلی ماں -
اَلرَّبَبُ - بہت پانی - میٹھا پانی -
اَلرَّبَابُ - سارنگی کی مانند ایک باجہ
سفید بادل - واحد (رَبَابَۃٌ)
اَلرِّبَابُ - عہد - دوست - دس - دس
آدمیوں کی جماعتیں -
اَلرِّبَابَۃُ - الرب کا اسم - مملکت - عہد
وپیمان - جیسے "کُنْتُ اِمْرَاً اَفْضَتْ اِلَیْکَ رِبَابَتِیْ"
اَلرُّبَّی - بکری جس نے بچہ جنا ہو یا جس کا
بچہ مرگیا ہو - بکری جس نے ابھی بچہ جنا ہو -
مضبوط گرہ - حاجت - نعمت - احسان -
اَلرُّبُوْبَۃُ وَالرُّبُوْبِیَّۃُ - الرب کا اسم -
اَلرُّبَّابُ - جماعت -
اَلرُّبَّانُ - ملاحوں کا سردار -
اَلرَّبِیْبُ وَالرَّبُوْبُ - سوتیلا لڑکا -
سوتیلا باپ - ج اَرِبَّۃٌ - الربیب: مشک کو
بنانے والا اور درست کرنے والا -
اَلرَّبِیْبَۃُ - دایہ - سوتیلی لڑکی - سوتیلی
ماں - ج رَبَائِبُ -
اَلْمَرْبُوْبُ - پرورش کیا ہوا - غلام
بندہ -
اَلْمَرَبُّ - جائے اقامت یا جائے اجتماع
تم کہتے ہو "ھٰذَا مَرَبُّ الْقَوْمِ" یہ قوم کے جمع
ہونے کی جگہ ہے - لوگوں کا جمع کرنیوالا آدمی -
(— اَلْمِرْبَابُ، بہت پیداوار والی زمین
اَلْمُرَبَّبُ - جس کے اوپر انعام کیا جائے
اَلْمَرَبَّۃُ - مملکت -
اَلْمُرَبَّیَات - رب کی تیار کی ہوئی چیزیں
رَبَأَ (ف) رَبْأً - چڑھنا - بلند ہونا -
عَلَی الْجَبَلِ: پہاڑ پر سے جھانکنا — فِی الْاَمْرِ:
غور و فکر کرنا — اَلْقَوْمَ وَلِلْقَوْمِ: دیدبان
بننا — اَلشَّیْئَ: بلند کرنا — اَلْمَالَ:
حفاظت کرنا - انتظام کرنا - لے جانا - اور کہا
جاتا ہے "اِنِّیْ اَرْبَأُ بِکَ عَنْ ذٰلِکَ" یعنی میں
اسکو تمہارے لئے پسند نہیں کرتا - وَمَا رَبَأْتُ
رَبْأَہٗ "نہ تو میں نے اس کو جانا اور نہ اس کی
پرواکی - وَارْبَأْ بِہٖ" یعنی اس کی حفاظت کرو
رَبَّأَہٗ تَرْبِئَۃً - لے جانا -
رَابَأَہٗ مُرَابَأَۃً - چوکنا رہنا - بچنا -
نگہبانی کرنا - حفاظت کرنا -
اِرْتَبَأَ اِرْتِبَاءً - بِہِمْ: دیدبان بننا -
اَلْمَرْبَاۃُ: دیدبانی کی جگہ پر چڑھنا — عَلَی
الْجَبَلِ: پہاڑ پر سے جھانکنا - کہا جاتا ہے -
اِرْتَبَأَ الشَّمْسَ مَتٰی تَغْرُبُ "یہ دیکھتے رہو کہ آفتاب
کب ڈوبتا ہے -
اَلرَّبِیُٔ وَالرَّبِیْئَۃُ - فوج کا دیدبان -
ج رَبَایَا - کہا جاتا ہے - "بَثُّوْا رَبَایَاھُمْ" انھوں
نے اپنے دیدبانوں کو پھیلا دیا -
اَلْمَرْبَأُ وَالْمِرْبَأُ وَالْمَرْبَاۃُ وَالْمُرْتَبَأُ
دیدبانی کی جگہ - اَلْمِرْبَأُ: سیڑھی -
رَبَثَ (ن) رَبْثًا وَرَبَّثَ تَرْبِیْثًا -
پرورش کرنا - رَبَّثَ الصَّبِیَّ: بچے کو سلانے
کے لئے تھپکنا -
رَبِثَ (س) رَبَثًا - اَلشَّیْئُ: بند ہونا -
رَبَثَہٗ (ن) رَبْثًا وَرَبْثَۃً - عَنْ کَذَا: منع
کرنا - روکنا - بوجھل کرنا -
تَرَبَّثَ - ٹھہرنا - دیر کرنا -
اِرْتَبَثَ وَارْبَثَّ - اَلْقَوْمُ: پراگندہ
ہونا - متفرق ہونا — اَمْرُھُمْ: کمزور ہونا -
بکھر جانا -
اَلرِّبِّیْثٰی - مانع - روک -
اَلرَّبِیْثَۃُ - مکر - مانع - ج رَبَائِثُ -
اَلرَّبِیْثُ وَالْمَرْبُوْثُ - رکا ہوا -
رَبُجَ (ک) وَرَبِجَ - (س) رَبَاجَۃً -
کودن ہونا - بلید ہونا -
تَرَبَّجَ - متحیر ہونا - کودن ہونا -
اَلْاِرْبِجَانُ - ایک قسم کی نباتات -
رَبِحَ (س) رِبْحًا وَرَبَحًا وَرَبَاحًا -
فِیْ تِجَارَتِہٖ: نفع اٹھانا -
رَبَّحَہٗ - نفع کرانا -
رَابَحَہٗ مُرَابَحَۃً وَاَرْبَحَہٗ - عَلٰی سِلْعَتِہٖ:
نفع دینا - اَرْبَحَ النَّاقَۃَ: صبح اور دوپہر میں
دوہنا -
تَرَبَّحَ وَاسْتَرْبَحَ - نفع طلب کرنا -
اَلرَّابِحُ - فا - مَالٌ رَابِحٌ: نفع دینے
والا مال -
اَلرِّبْحُ - ج اَرْبَاحٌ (الرَّبَحُ والرَّبَاحُ)
نفع - الربح: اونٹ جو بیچنے کے لئے لائے
جائیں - اونٹ کے چھوٹے بچے -
اَلرَّبَاحُ - شراب -
اَلرَّبَاحِیُّ - کافور کی ایک قسم -
اَلرُّبَاحُ وَالرُّبَّاحُ - بندر - بکری کا بچہ
اونٹ کا بچہ - ج رَبَابِیْحُ -
مَتْجَرٌ (رَبِیْحٌ) فائدہ مند تجارت -
اَلرِّبَحْلُ - بڑے ڈیل ڈول والا - مؤنث
رِبَحْلَۃٌ -
رَبِخَ (س) رَبَخًا - اَلْبَعِیْرُ: اونٹ کا ریت
میں مشکل سے چلنا — رَبَخَتْ رُبُوْخًا وَرَبَاخًا)
الْمَرْاَۃُ: جماع کے وقت شدت شہوت سے
عورت کا بیہوش ہو جانا -
اَرْبَخَ - اَلرَّجُلُ: تہ بتہ ہونا — الرجل:
سختیوں میں مبتلا ہونا -
تَرَبَّخَ - الرجل: سست و ڈھیلا ہونا
اَلرَّبِیْخُ - بڑا پالان -
اَلرَّبُوْخُ - جماع کے وقت شدت
شہوت سے بے ہوش ہو جانیوالی عورت
رَبَدَ (ن) رُبُوْدًا - بالمکان:
اقامت کرنا -
رَبَدَہٗ (ن) رَبْدًا - روکنا - منع کرنا -

رَبَذَ الإبلَ : اونٹ کو باڑہ میں باندھنا۔

رَبِدَتِ ۔ الشاۃُ : تھن میں سیاہ سفید داغوں والی ہونا ۔ تَرَبَّدَ الضرعُ : تھن کا سیاہ سفید داغ والا ہونا۔

تَرَبَّدَتِ ۔ السماءُ : آسمان کا ابر آلود ہونا ۔ الرجلُ : تیوری چڑھانا ۔ اللونُ : رنگ بدل جانا۔

اِرْبَدَّ اِرْبِدَادًا و اِرْبَادَّ اِرْبِيدَادًا خاکستری رنگ والا ہونا۔

الرُّبْد ۔ مع ۔ ایک قسم کی نباتات۔

(الرُّبَد) تلوار کا جوہر۔

الرَّابِد ۔ مع ۔ ایک قسم کی نباتات۔

الاَرْبَدُ ۔ خاکستری رنگ والا ۔ عامٌ اَرْبَدُ : قحط والا سال ۔ مؤنث رَبْداءُ ۔ الرَّبْداءُ : سخت و شدید ۔ کہا جاتا ہے ۔ دَاہِیَۃٌ رَبْداءُ : بلائے بد ج رُبْد ۔ الاَربد ۔ ایک قسم کا زہریلا سانپ ۔ شیر۔

المِرْبَد ۔ اونٹ وغیرہ کا باڑہ ۔ گھروں کے پیچھے کا میدان جو کام آئے ۔ کھجور خشک کرنے کی جگہ۔

الرَّبِيدُ ۔ کھجوریں جن پر پانی چھڑکا گیا ہو۔

الرَّبِيدَۃ ۔ دستاویز اور چک وغیرہ رکھنے کا صندوق۔

المُتَرَبِّد ۔ شیر۔

رَبَذَ (س)، رَبَذًا ۔ چلنے یا کام کرنے میں پھرتیلا ہونا ۔ صفت (رَبِذ) کہا جاتا ہے "ہُوَ رَبِذُ العِنَانِ" وہ تنہا بھاگنے والا ہے مؤنث رَبِذَۃ ۔ لِثَۃٌ رَبِذَۃ : کم گوشت والا مسوڑھا۔

اَرْبَذَ ۔ الثوبَ او الحبلَ : کپڑے یا رسی کو کاٹنا۔

الرِّبْذَۃ والرَّبَذَۃ ۔ چیتھڑا جس سے سنار زیورات کو صاف کرتا ہے ۔ کوڑے کا پھندنا ۔ رنگی ہوئی روئی کا ٹکڑا جس کو اونٹ کے کان یا گردن میں لٹکاتے ہیں۔ اون جس سے اونٹ کی مالش کی جاتی ہے۔ شیشی کا سربند ۔ ج رِبَذ و رِباذ و رَبَذ۔

الرِّبْذَۃ ۔ بے خبر آدمی ۔ ہر پلیدی۔

الرِّبْذِیّ ۔ کمان کا چلّہ ۔ کوڑا۔

الرَّبَاذِیَۃ ۔ بدی۔

الرَّبَذَانِی والمِرْبَاذ ۔ بہت بیہودہ بکنے والا۔

الرَّبْرَب ۔ نیل گایوں کا گلہ۔

الرَّبْرَق ۔ کوے۔

رَبُزَ (ک)، رَبَازَۃً ۔ زیرک و دانا ہونا۔ — الکبشُ : مینڈھے کا فربہ ہونا۔

رَبَّزَ ۔ القِربَۃَ : مشک بھرنا۔

اِرْتَبَزَ ۔ الشیءُ : پورا و کامل ہونا۔

الرَّبِيز ۔ زیرک و دانا۔

رَبَسَہٗ (ن)، رَبْسًا ۔ بِیَدِہٖ : دوہتڑ مارنا (— ورَبَّسَ) القِربَۃَ : مشک بھرنا۔

اَرْبَسَ اِرْبَاسًا ۔ غضبناک کر دینا۔

اِرْتَبَسَ ۔ العُنقودُ : گچھے کا ایک دوسرے میں گتھنا ۔ ٹھوس ہونا۔

اِرْبَسَّ اِرْبِسَاسًا ۔ الرجلُ : ملک میں جانا ۔ فی اَمرِہٖ : تصرف کرنا ۔ اَمرُہُم : کام کے خراب ہو جانے سے لوگوں کا متفرق ہو جانا۔

الرُّبْس ۔ مع ۔ امر منکر ۔ بہت ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِمَالٍ رُبْسٍ" وہ بہت مال لایا۔

الرَّبِيسَاء ۔ سخت مصیبت ۔ ج رُبُس "جَاءَ بِاُمُورٍ رُبْسٍ" وہ مصائب لایا۔

الرَّبِيس ۔ بہادر ۔ مصیبت ۔ دوہتڑ مارا ہوا ۔ مصیبت زدہ ۔ ٹھوس ۔ (اُمّ الرُّبَيْس) بڑا سانپ ۔ مصیبت کی کنیت۔

الرَّبْسَۃ ۔ میلی کچیلی بدہیئت عورت۔

الرِّيبَاس ۔ چقندر کی مانند ایک سبزی جس کا مزہ شیریں مائل کھٹا ہوتا ہے۔

اَرْبَشَ ۔ الشجرُ : پتے دار ہونا ۔ اور بقول بعض پھلدار ہونا۔

الاَرْبَش ۔ مختلف رنگوں والا ۔ مؤنث رَبْشَاءُ ۔ اَرضٌ رَبْشَاءُ : مختلف رنگوں کی بہت گھاس والی زمین۔

الرُّبْشَۃ ۔ رنگوں کا اختلاف۔

الرَّبَش ۔ نوجوانوں کے ناخنوں کی سفیدی

رَبَصَ (ن)، رَبْصًا ۔ بہٖ : کسی کے لئے خیر یا شر کا انتظار کرنا ۔ برائی پہنچانے کیلئے موقعہ کی تاک میں رہنا۔

تَرَبَّصَ ۔ انتظار کرنا ۔ عن الامر : رک جانا ۔ فی المکان : ٹھہرنا ۔ بفلانٍ : بمعنی رَبَصَ ۔ بِسِلْعَتِہٖ : گرانی کا انتظار کرنا۔

الرُّبْصَۃ ۔ انتظار ۔ رنگ برنگ۔

رَبَضَتْ (ض)، رَبْضًا و رُبُوضًا و رِبْضَۃً ۔ الدابۃُ : جانور کا گھٹنے کے بل بیٹھنا

رَبَضَ الاَسدُ علٰی فریستِہٖ او القِرنُ علٰی قِرنِہٖ : دبوچ کر بیٹھنا۔

رَبَضَ (ن ض)، رَبْضًا و رُبُوضًا ۔ فلانًا او المکانَ : پناہ لینا۔

رَبَّضَ ۔ بالمکانِ : ٹھہرانا ۔ الدوابَّ : جانوروں کو بیٹھنے کی جگہ میں روک رکھنا ۔ بوجھل کر کے بٹھا دینا ۔ الشمسُ : آفتاب کا سخت گرم ہونا یہاں تک کہ جانور کو بٹھا دے۔

تَرَبَّضَ ۔ ضعف کی وجہ سے ٹھہرے رہنا۔

الرَّابِض ۔ فا ۔ (— الرَّبَّاض) شیر۔

الرَّابِضَۃ ۔ رابض کا مؤنث ۔ بڑے بڑے کاموں سے عاجز ۔ نک چڑھے کے لئے کہا جاتا ہے "اَرْنَبَۃٌ رَابِضَۃٌ عَلٰی وَجْہِہٖ"۔

الرُّبُض والرَّبَض والرُّبْض والرِّبْض بیوی ۔ بہن ۔ ماں ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رُبُضٌ عَنِ الاَسفَارِ او عَنِ الحَاجَاتِ" یعنی سفر میں یا ضرورت کے لئے نہ نکلنے والا مرد۔

الرُّبْض ۔ عمارت کی بنیاد ۔ کسی چیز کا وہ حصہ جو زمین سے لگے ۔ چیز کا درمیان۔

الرِّبْض ۔ مِنَ البقرِ : بیٹھی ہوئی گائے کا گلہ۔

الرَّبَض ۔ بکریوں کا باڑہ ۔ قوم کے رہنے

کی جگہ۔ شہر کا گرد و نواح۔ شہر کی فصیل۔
آنتیں۔ کجاوہ کی رسّی۔ ہر وہ چیز جس کی پناہ
لی جائے یا جس سے آرام حاصل کیا جائے۔
ج اَرْبَاض۔
الرُّبُضَۃ والرُّبْضَۃ۔ ضعف کی وجہ
سے ٹھہرنے والا یا بہت بیٹھنے والا مرد۔
الرِّبْضَۃ۔ لاشوں کے ڈھیر کی جگہ۔
لاش۔ بکریوں کا گلّہ۔ آدمیوں کا گروہ۔
بکری کے بیٹھنے کی ہیئت۔
الرَّبُوْض۔ مِنَ القُریٰ: آباد گاؤں۔
مِنَ الدُّرُوْعِ۔ کشادہ زرہ ــــ مِنَ الشَّجَرَۃِ:
بڑا درخت۔ ج رُبُض۔ قِرْبَۃٌ رَبُوْضٌ: بڑی
مشک جو اٹھائی نہ جاسکے۔
الرَّبِیْض۔ باڑے میں بیٹھی ہوئی بھیڑیں۔
مع اپنے چرواہوں کے۔ پیٹ میں آنتوں کی
جگہ۔
المَرْبِض۔ جانوروں کے بیٹھنے کی جگہ۔
ج مَرَابِض (ــ والمَرْبَض) پیٹ میں آنتوں
کی جگہ۔
التَّرَبَّاص۔ عصفر۔
رَبَطَ (ن ض) رَبْطًا۔ باندھنا۔ مضبوط
کرنا ــــ اللّٰہُ عَلٰی قَلْبِہٖ: قوی کرنا۔ صبر دینا۔
(ــ رَبَاطَۃً) مضبوط دل ہونا۔
رَابَطَ رِبَاطًا و مُرَابَطَۃً۔ الاَمْرَ: مداومت
کرنا ــــ الجَیْشُ: لشکر کا دشمن کی سرحد کے
پاس ہمیشہ قیام رکھنا۔
تَرَابَطَ۔ المَاءُ فِی المَکَانِ: پانی کا جمع ہوکر
ٹھہرا رہنا اور گدلا ہونا۔
اِرْتَبَطَ۔ فَرَسًا: حفاظت سرحد کے لئے
تیار کرنا ــــ فِی الحَبْلِ: بندھنا اور لٹکنا۔
الرِّبَاط۔ مص۔ جس سے کسی چیز کو باندھا
جائے۔ دل۔ گھوڑا۔ قلعہ یا وہ جگہ جہاں
لشکر حفاظت سرحد کے لئے قیام کرے۔
ج رُبُط۔ الرِّبَاط: فقراء کے لئے مکان موقوفہ
ج رِبَاطَات۔ کہا جاتا ہے "قَرَضَ رِبَاطَہٗ"

یعنی وہ مرگیا یا مرض سے تندرست ہوگیا۔
الرَّابِط۔ فا۔ راہب۔ زاہد۔ تارک الدنیا
فلسفی۔ رَابِطُ الجَأْشِ: قوی دل۔ غیر خائف
الرَّابِطَۃ۔ رابط کا مؤنث۔ تعلق۔ علاقہ
الرَّبِیْط۔ بندھا ہوا۔ راہب۔ زاہد۔
فلسفی۔ رَبِیْطُ الجَأْشِ: بہادر۔
الرَّبِیْطَۃ۔ باندھے ہوئے جانور۔
خلاف قیاس دَابَّۃٌ رَبِیْطَۃٌ اور دَوَابُّ رَبِیْطَۃٌ
کہا جاتا ہے۔ اور دابۃ رَبِیْط بھی کہا جاتا ہے
الرَّبَّاط۔ تانت کو باندھنے والا۔
الرُّبُط۔ بندھے ہوئے اور چارہ دیئے
ہوئے گھوڑے۔ واحد (رَبِیْط)
المَرْبَط والمَرْبِط۔ جانوروں کے
باندھنے کی جگہ۔ ج مَرَابِط۔
المُرَابَطَۃ۔ آپس میں تعلق رکھنے والی
جماعت۔ ج مُرَابَطَات۔
رَبَعَ (ف) رَبْعًا۔ توقف کرنا۔ انتظار
کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْبَعْ عَلَیْکَ اَوْ عَلٰی نَفْسِکَ
اَوْ عَلٰی ظَلْعِکَ" یعنی ٹھہرو۔ توقف کرو ــــ
بِالمَکَانِ: اقامت کرنا ــــ عَنْہُ: رکنا۔
عَلَیْہِ: مہربانی کرنا ــــ الرَّجُلُ: فراخی
سال میں پہنچنا۔ آزمائش قوت کیلئے پتھر
اٹھانا ــــ بِعَیْشِہٖ: راضی رہنا ــــ
الاِبِلُ: چوتھے دن پانی پینے آنا۔ رُبِعَتْ
عَلَیْہِ الحُمّٰی: چوتھے دن بخار آنا (ــــ
رُبُوْعًا) الرَّبِیْعُ: موسم بہار آنا۔
رَبَعَ (ف ن ض) رَبْعًا۔ الحَبْلَ: چار
بل کی رسّی بٹنا ــــ القَوْمَ۔ اپنے آپ کو
ملا کر چار یا چالیس کرنا۔ چوتھائی مال لینا۔
رُبِعَ۔ القَوْمُ: موسم بہار کی بارش پانا
اور ایسا ہی زمین کے لئے۔ زمین کی صفت
(مَرْبُوْعَۃ) ــــ الرَّجُلُ: چوتھے دن بخار آنا
رَبَّعَ۔ البَیْتَ او الحَوْضَ: مکان یا
حوض چوکور بنانا۔
رَابَعُوْا۔ الحِمْلَ: بوجھ جس لکڑی کے ذریعہ

اٹھایا جائے اس کو بوجھ کے نیچے داخل کرنا۔
کہا جاتا ہے "رَابَعْتُہٗ" میں نے اسکے ساتھ
بوجھ کو لکڑی کے سہارے سے اونٹ کی پیٹھ
پر لادا۔
اَرْبَعَ۔ چوتھے سال میں داخل ہونا۔
ــــ القَوْمُ: چار ہونا۔ موسم بہار میں داخل
ہونا۔ موسم بہار کی اقامت گاہ یا سبزہ زار
اور پانی پر وارد ہونا ــــ الاِبِلَ: پانی پر
جانے کے لئے آزاد چھوڑ دینا۔ اَرْبَعَ الرَّجُلُ:
بڑھاپے میں بچہ پیدا ہونا۔
اُرْبِعَ۔ الرَّجُلُ: چوتھیا بخار والا ہونا۔
تَرَبَّعَ۔ فِی جُلُوْسِہٖ: چار زانو ہوکر بیٹھنا۔
(ــ و ارْتَبَعَ) الجَمَلُ: اونٹ کا بہار کا سبزہ
چر کے موٹا ہونا ــــ بِالمَکَانِ: فصل بہار
میں اقامت کرنا۔ وارْتَبَعَ الحَجَرَ: پتھر اٹھانا۔
اِسْتَرْبَعَ۔ الرَّمْلُ: ریت کا تہ بتہ ہونا۔
ــــ الشَّیْءَ: طاقت رکھنا۔
الرَّبْعُ۔ مص۔ گھر۔ گھر کا ارد گرد۔ اترنے
کی جگہ۔ موسم بہار گذارنے کی جگہ۔ لوگوں کی
جماعت۔ لاش۔ ج رِبَاع و رُبُوْع و اَرْبُع
و اَرْبَاع۔ (ــــ والرَّبْعَۃ) میانہ قد مرد۔
الرُّبْع والرُّبُع۔ چوتھائی ج اَرْبَاع و
رُبُوْع۔
الرُّبَع۔ اونٹنی کا بچہ جو ابتدائی موسم بہار
میں پیدا ہو اور اگر آخر میں پیدا ہو تو اس کو
ہُبَع کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "مَا لَہٗ رُبَعٌ وَلَا
ہُبَعٌ" ج رِبَاع و اَرْبَاع مؤنث رُبَعَۃ۔ ج
رُبَعَات و رِبَاع۔
الرِّبْع۔ تین دن اونٹوں کو روک کر چوتھے
دن پانی پلانا۔ حُمَّی الرِّبْعِ: چوتھیا بخار۔
الرَّابِع۔ فا۔ چوتھا۔ رَبِیْعٌ رَابِعٌ: بہت
فراخی اور ارزانی کا موسم بہار۔ اِبِلٌ رَوَابِعُ:
چوتھے دن پانی پینے والے اونٹ۔
رُبَاعَ۔ چار چار۔
کہا جاتا ہے: "اَتَوْا رُبَاعَ"

وہ لوگ چار چار آئے۔

الرَّبْعَۃ - میانہ قد (مذکر و مؤنث) ج رَبَعات و رَبْعات - عطر فروش کا ڈبہ - کہا جاتا ہے "فتحَ العطّارُ رَبْعَتَہ" عطر فروش نے اپنا ڈبہ کھولا -

الرَّبَاع - اچھی حالت - کہا جاتا ہے "ہُمْ علٰی رَبَاعِہِمْ" وہ لوگ اپنی اچھی حالت پر ہیں -

الرَّبَاعَۃ والرِّبَاعَۃ - اچھی حالت - کہا جاتا ہے "لیسَ فیہم مَنْ یَضْبِطُ رَبَاعَتَہ اِلّا فُلانٌ" ان لوگوں میں فلاں کے علاوہ کوئی اپنی خوش حالی کو برقرار رکھنے والا نہیں نیز اسی کہا جاتا ہے "لا یُقیمُ رَبَاعَۃَ القومِ اِلّا فُلان" قوم کی سرداری کو فلاں ہی برقرار رکھ سکتا ہے - "وہُوَ رَبَاعَۃُ قومِہ" وہ اپنی قوم کا سردار ہے - مملوک چیز جس سے انسان کی حالت اچھی ہو -

الرَّبَاعِیَۃ - سامنے کے چار دانتوں اور کچلیوں کے درمیان والا دانت - ج رَبَاعِیات

الرَّبَاعِی - وہ جانور جس کے رباعی دانت گر گئے ہوں - ج رُبْع و رُبُع و رِبْعان و رِبَاع و رُبَع و اَرْبَاع - مؤنث رَبَاعِیَۃ ج رَبَاعِیات

الرُّبَاعِیّ - چار سے مرکب -

الرَّبِیْع - ج اَرْبِعَۃ و رِبَاع و اَرْبِعَاء : موسمِ بہار - موسم بہار کی بارش - موسم بہار کی پیداوار سبز چارہ - کہا جاتا ہے "رَبِیْعٌ رَابِعٌ" فراخی اور ارزانی کا موسم بہار — ج اَرْبِعَاء و رُبْعان : زمین کیلئے پانی کا حصہ — ج رُبُع چوتھائی

الرَّبِیْعِیّ - مِنَ المَسَاکِن : موسم بہار کی اقامت گاہ -

الرَّبِیْعَۃ - پتھر جو طاقت کی آزمائش کے لئے اٹھایا جائے - بانغ لوہے کا خود - توشہ دان خوشبو وغیرہ رکھنے کا برتن -

الرَّوْبَع - کمزور - کمینہ -

الرَّوْبَعَۃ - پستہ قد - چار زانو بیٹھنے والے کی نشست - اونٹ کے بچوں کی ایک بیماری

اَرْبَعَۃ - چار - مؤنث اَرْبَع - الرِّیَاحُ الاَرْبَع : پچھوائی - پروائی - دکھنی - اُتری ہوائیں - ذَوَاتُ الاَرْبَع : چار پائے -

اُمُّ اَرْبَعٍ و اَرْبَعِیْن - ایک قسم کا کیڑا -

الاَرْبِعَاء - مثلثۃ الباء : بدھ کا دن تثنیہ اَرْبِعَاوَان - ج اَرْبِعَاءَات و اَرْبِعَاوَات - قَعَدَ (الاُرْبُعَاء والاُرْبُعَاوٰی) وہ چار زانو بیٹھا

الاُرْبُعَاء : ستون خانہ -

اَرْبَعُوْن - چالیس -

المَرْبَع - موسم بہار کی بارش (— والمُرْتَبَع) موسم بہار کی اقامت گاہ -

المِرْبَع والمِرْبَعَۃ - لکڑی جو جانور پر بوجھ لادنے کے لئے استعمال کی جائے -

المُرْبِع - موسم بہار میں بچہ جننے والی اونٹنی

المُرْبَع - چوتھیا بخار والا -

المُرَبَّع - چار ستون والا یا چار ضلعوں والی شکل - حاصلِ ضرب جو کسی عدد کو اسی سے ضرب دے کر حاصل ہو جیسے ۴۲ = ۴ × ۴ = ۱۶

المِرْبَاع - وہ جگہ جہاں کی سبزی ابتدائے موسم بہار میں اُگے - مالِ غنیمت کی چوتھائی جو زمانہ جاہلیت میں سردار لیا کرتا تھا - موسمِ بہار میں بچہ دینے والی اونٹنی - (— والمُرْتَبِع والمَرْبُوْع) درمیانہ قد -

المَرَابِیْع - ابتدائے موسم بہار کی بارشیں

الیَرْبُوْع - ایک قسم کا چوہا جس کی اگلی ٹانگیں چھوٹی اور پچھلی بڑی ہوتی ہیں - ج یَرَابِیْع -

رَبَغَ (ف) رُبُغًا - القومُ فِی النَّعِیْم : خوشحال زندگی بسر کرنا -

رَبِغَ (س) رَبَغًا - عَیْشُہ : فراخ و آسودہ ہونا — الرَّجُلُ - بدکار و شوخ چشم ہونا - صفت (رَبِغ)

رَبُغَ (ک) رَبَاغَۃً - بہت ہونا -

الاَرْبَغ - کثیر و کشادہ -

رَبَقَہ (ن ض) رَبْقًا و رَبَّقَہ - پھندے سے باندھنا — ہ فِی الاَمْرِ : کام میں ڈالنا - و رَبَّقَ الکَلَامَ : جھوٹ سے مزین کرنا - کہا جاتا ہے "رَبَقَ الرَّجُلُ اَثْنَاءَ حَبْلِہ و اَرْبَاقَہ" مرد نے اپنے بکری کے بچوں کیلئے رسی کا پھندا بنایا -

تَرَبَّقَہ - لٹکانا - کہا جاتا ہے "تَرَبَّقْتُ الشَّیءَ فِی عُنُقِی" میں نے چیز کو اپنی گردن میں لٹکایا -

اِرْتَبَقَ - فِی الحِبَالَۃِ : لٹکانا — فِی الاَمْرِ : کسی کام میں پھنسنا اور اسی سے ہے "اِرْتَبَقْتُ فِی حِبَالَتِہ" یعنی میں اس کے مکر و فریب میں پھنس گیا -

الرِّبْق - پھندوں والی رسی -

الرَّبْقَۃ والرِّبْقَۃ - رسی کا پھندا - ج رِبَق و رِبَاق و اَرْبَاق - کہا جاتا ہے - حَلَّ رِبْقَتَہ "اس نے اس کے رنج و غم کو دور کر دیا - "نَقَضُوا الحِبَالَ واکلُوا الرِّبَاقَ" انھوں نے عہد و پیمان توڑ دیئے -

الرَّبِیْق - پھندے سے باندھا ہوا - یا پھندے میں پھنسا ہوا -

المُرَبَّقَۃ - چربی سے تر کی ہوئی روٹی -

التِّرْبِیْق - بکری باندھنے کی رسی -

اُمُّ الرُّبَیْق - بلا -

رَبَکَ (ن) رَبْکًا - الشَّیءَ : ملانا -

الرَّبِیْکَۃ : گارا بنانا — ہ : کیچڑ میں گرانا -

رَبِکَ (س) رَبَکًا - پیچیدہ و دشوار معاملہ میں پھنسنا - صفت (رَبِک و رَبِیْک)

اِرْتَبَکَ - فِی الوَحْلِ : کیچڑ میں گرنا — فِی الاَمْرِ : پھنس کے رہ جانا — فِی کَلَامِہ : رک رک کے گفتگو کرنا — الصَّیْدُ فِی الحِبَالَۃِ : شکار کا جال میں تڑپنا - پھڑپھڑانا — الاَمْرُ : معاملہ کا پیچیدہ ہونا -

اِرْبَاکَّ اِرْبِیْکَاکًا - رَاْیُہ : رائے کا گڑبڑ ہو جانا — الرَّجُلُ عَنِ الاَمْرِ : کام سے رک جانا -

الرَّبِیْکَۃ - گارا - دودھ ملا ہوا مکھن - کہا جاتا ہے "رَمَاہُ بِرَبِیْکَۃ" اس نے اس کو پیچیدہ معاملہ میں پھنسا دیا (— والرَّبِیْک والرَّبُوْک) ایک قسم کا کھانا جو پنیر کھجور گھی ملا کر

تیار کرتے ہیں۔ اور کبھی پانی ڈال کر پیتے ہیں
الاَرْبَکُ ۔ مِنَ الاِبِلِ: کالا اونٹ ۔
رَبَلَ (ن ض) رَبْلاً ۔ القَوْمُ: بڑھنا۔
زیادہ تعداد والی ہونا۔ رَبَلَتِ المَرَاعِیُ: بہت
گھاس والی ہونا۔
رَبَّلَ وَاَرْبَلَ ۔ المَکَانُ: موسم خزاں کی
نباتات والی جگہ ہونا۔
رَابَلَ ۔ بدکار ہونا اور بُرائی کا منتظر رہنا
تَرَابَلَ ۔ لوگوں پر لوٹ ڈالنا۔
تَرَبَّلَ ۔ موسم خزاں کی سبزی کھانا۔ شکار
کرنا۔ بہت گوشت والا ہونا ۔ جِسْمُہٗ: پھولنا
۔۔۔ الاَرْضُ: موسم خزاں کی بہت سبزی
والی ہونا۔ موسم خزاں کے آنے پر خشک ہونے
کے بعد سرسبز ہونا۔ تَرَبَّلَ القَوْمُ: موسم خزاں
کی سبزی چرانا۔
اِرْتَبَلَ ۔ مَالُہٗ: بہت ہونا۔
الرِّبْلُ ۔ موسم خزاں کے پودے و سبزی
جو بغیر بارش کے رات کی نمی کی وجہ سے پھوٹے
ج رُبُوْلٌ۔
الرَّبْلُ ۔ بہت سبز رنگ کی ایک قسم کی
گھاس۔
رَجُلٌ (رَبِلٌ) موٹا مرد۔
الرَّبْلَۃُ وَالرَّبَلَۃُ ۔ ران کی جڑیں۔ موٹا
گوشت۔ ج رَبَلَات۔
الرَّبِیْلُ ۔ تنہا لوٹ ڈالنے والا چور۔ موٹا۔
الرَّبَالَۃُ وَالرَّبِیْلَۃُ ۔ گوشت کی زیادتی۔
کہا جاتا ہے۔ ضَمُرَ بَعْدَ رَبَالَۃٍ" وہ موٹاپے کے بعد
دبلا ہو گیا۔ الرَّبِیْلَۃُ: تری۔ نعمت۔ فراخی۔
زندگی۔
الرِّئْبَالُ ۔ لمبی پیچیدہ نباتات۔ شیر
ج رَئَابِیْلُ۔
المِرْبَالُ ۔ بہت موسم خزاں کے نباتات
والی زمین۔
الرَّبِیْلُ ۔ ناز و نعم میں پلی ہوئی موٹی عورت
موٹی اونٹنی۔

الرَّبَجُ ۔ باہم ملی ہوئی گھاس۔
اَرْبَنَ ۔ بیعانہ دینا۔
تَرَبَّنَ ۔ جہاز کا کپتان ہونا ۔۔۔
السَّفِیْنَۃَ: کشتی چلانا۔
الرُّبُوْنُ اَوِ الاَرْبُوْنُ وَالاَرْبَانُ ۔
بیعانہ۔
الرُّبَّانُ وَالرُّبَّانِیُّ ۔ جہاز کا کپتان ۔
ج رَبَابِنَۃٌ وَرَبَابِیْنُ ۔ رُبَّانُ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز
کا بڑا حصہ۔ کہا جاتا ہے"اَخَذَ بِرُبَّانِہٖ اَوْ بِرُبَّانَتِہٖ
اس نے سارا لے لیا۔
رَبَا یَرْبُوْ رِبَاءً وَرُبُوًّا ۔ المَالُ:
زیادہ ہونا۔ بڑھنا ۔۔۔ الرَّابِیَۃَ: ٹیلہ پر چڑھنا۔
(رَبْوًا) الفَرَسُ: پھولنا۔ سانس چڑھنا۔
(۔۔۔ رَبْوًا وَرُبُوًّا) الوَلَدُ: لڑکے کا بڑھنا۔
اور نیز کہا جاتا ہے"رَبَیْتُ وَرَبِیْتُ رَبَاءً و
رُبِیًّا" میں نے نشوونما پائی۔
رَبَّی تَرْبِیَۃً وَتَرَبِّیًا ۔ الوَلَدَ: لڑکے کا
پرورش کرنا۔ غذا دینا۔ مہذب بنانا۔ رَبَّی
التُّفَّاحَ بِالسُّکَّرِ: مربہ ڈالنا۔
رَابَی مُرَابَاۃً ۔ سود پر مال دینا
الرَّجُلَ: بہتر سلوک کرنا۔
اَرْبَی اِرْبَاءً ۔ سود لینا ۔۔۔ الشَّیْءَ: بڑھانا
۔۔۔ ہٗ: اُمید دلانا ۔۔۔ عَلَیْہِ فِی کَذَا اِرْ
تَبَاءً) زیادہ کرنا۔
الرِّبَا ۔ زیادتی۔ سود۔ بیاج۔ نسبت
کے لئے۔ رِبَوِیٌّ۔
الرَّبَاءُ ۔ زیادتی۔ احسان۔ کہا جاتا ہے۔
"لِفُلَانٍ عَلَیَّ رَبَاءٌ" فلاں کا میرے اوپر احسان ہے
الرَّابِیَۃُ ۔ ج رَوَابٍ و (الرَّبْوَۃُ وَالرُّبْوَۃُ
وَالرِّبْوَۃُ) ج رُبًی وَرُبِیٌّ: ٹیلہ۔
الرِّبْوَۃُ ۔ عِنْدَ الحُسَّابِ: دس لاکھ۔
الرِّبْوَۃُ ۔ بڑی جماعت (مانند دس ہزار
کے) ج رِبًی۔
الرُّبَیْبَۃُ ۔ حشرات الارض کی ایک قسم۔
بِلّی۔

الرَّبَاۃُ وَالرَّبَاوَۃُ ۔ بالتثلیث: ٹیلہ۔
الرَّبْوُ ۔ ٹیلہ۔ چڑھی ہوئی سانس۔ جماعت
ج اَرْبَاءٌ ۔ الرَّبْوُ وَالرَّبْوَۃُ عِنْدَ الاَطِبَّاءِ: جوف
کی سوجن۔ ایک بیماری جو پھیپھڑے میں
ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار
ہوتی ہے۔
الاُرْبِیَّۃُ ۔ اہل خاندان۔ چچازاد بھائی۔
کہا جاتا ہے"جَاءَ فِی اُرْبِیَّۃِ قَوْمِہٖ" یعنی وہ اپنے
اہل اور اپنے قبیلہ میں آیا۔ ران کی جڑ یا ران
کے بالائی حصہ اور پیٹ کے درمیان
کا حصہ۔
الاِرْبِیَانُ ۔ جھینگا۔
رَتَّ (ض) رَتَتًا ۔ ہکلانا۔ تتلانا۔ صفت
مذکر (اَرَتُّ) وصفت مؤنث (رَتَّاءُ و رُتِّیٌّ)
ج رُتٌّ۔
اَرَتَّ اِرْتَاتًا ۔ اللہُ: ہکلا کر دینا۔
◀ الرَّتُّ ۔ سخت۔ نرسور۔ جنگلی سور۔ ج
رِتَتَۃٌ ۔ الرَّتُّ: رئیس۔ سردار۔ ج رُتُوْتٌ۔
کہا جاتا ہے"ہُوَ مِنْ رُتُوْتِ النَّاسِ" وہ لوگوں
کا سردار ہے۔
الرُّتَّۃُ ۔ ہکلاپن۔ لکنت۔ زبان کی بستگی
رَتَأَ (ف) رُتُوْءًا ۔ گلا گھونٹنا ۔۔۔ العُقْدَۃَ:
گرہ مضبوط کرنا ۔۔۔ فِی المَکَانِ: اقامت کرنا۔
۔۔۔ الرَّجُلُ: چلا جانا۔
اَرْتَأَ ۔ رک رک کر ہنسنا۔
رَتَبَ (ن) رَتْبًا وَرُتُوْبًا ۔ الشَّیْءُ: قائم
و ثابت ہونا۔ سیدھا کھڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے
"رَتَبَ فِی الصَّلٰوۃِ" وہ نماز میں سیدھا
کھڑا ہوا۔
رَتَّبَہٗ ۔ ثابت کرنا۔ مرتبہ کے لحاظ سے
رکھنا۔
اَرْتَبَ ۔ سیدھا کھڑا ہونا۔ باوجود بے نیازی
کے سوال کرنا ۔۔۔ الغُلَامُ الکَعْبَ: نصب
کرنا۔ کھڑا کرنا۔
تَرَتَّبَ ۔ ترتیب وار ہونا۔ سیدھا کھڑا ہونا

الرَّتَب - سختی و تنگی - بلند زمین، قریب قریب چٹانیں جن میں بعض بعض سے بلند ہوں - (ـــ والرَّتَب) خنصر و بنصر کے درمیان کا فاصلہ - چھنگلیا کے پاس والی انگلی اور بیچ کی انگلی کے درمیان کی جگہ -

الرَّتَبَۃ - انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ

الرُّتْبَۃ - مرتبہ - ج رُتَب -

التُّرْتُب والتُّرْتَب - قائم و ثابت چیز - ہمیشگی - مٹی - غلام جس کے یکے بعد دیگرے تین مالک ہوں - کہا جاتا ہے - "جَاؤُوا تُرْتُبًا" وہ سارے آئے -

التُّرْتُبَۃ - راستے کے مانند جس پر آدمی چلے -

الرَّاتِب - فا - عَیْشٌ رَاتِبٌ: عیش دائم والرَّاتِبُ عِنْدَ الْمُحَدِّثِیْنَ: تنخواہ - وظیفہ - ج رَوَاتِب - الرَّوَاتِب: سنن موکدہ -

المَرْتَبَۃ - درجہ - اعلیٰ درجہ - ج مَرَاتِب

رَتَجَ (ن) رَتْجًا - الْبَابَ: دروازہ بند کرنا (ـــ رتجانا) الصَّبِیُّ: بچے کا چلنے لگنا -

رَتِجَ (س) رَتَجًا - الْخَطِیْبُ: خطیب کا تقریر میں بند ہو جانا -

اَرْتَجَ - الْبَابَ: دروازہ مضبوط بند کرنا ـــ الثَّلْجُ: برف کا لگاتار گرنا -
ـــ الْخِصْبُ: ساری زمین کو عام ہونا -
ـــ الدَّجَاجَۃُ: مرغی کا انڈوں سے بھر جانا -
ـــ الْبَحْرُ: سمندر کا جوش مارنا -

اُرْتِجَ و اُرْتُتِجَ و اُسْتُرْتِجَ - الْخَطِیْبُ: خطیب کا تقریر میں بند ہو جانا -

الرِّتَجُ والرِّتَاجُ - پھاٹک - بڑا بند دروازہ جس میں ایک چھوٹا سا دروازہ ہو - سِکَّۃ (رَتَجٌ) بند گلی - مَالٌ رَتِجٌ: مال جس کے حاصل کرنے کی کوئی سبیل نہ ہو -

الرِّتَاجَۃ - چٹان - ج رَتَائِج -
ـــ والمَرْتَج) تنگ راستہ - ج مَرَاتِج -
ـــ تاجہ - تنگ راستہ - کنجی -

مکان (مُرْتَجٌ) بہت نباتات والی جگہ -

رَتَخَ (ف) رُتُوْخًا - الْعَجِیْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا پانی زیادہ کرنے سے پتلا ہونا ـــ بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا ـــ مِنَ الْحَیْرِ: پیچھے رہنا -

الرَّتَخَۃ - سخت کیچڑ -

جلد (اَرْتَخ) خشک کھال -

رَتْرَتَ - حرف تا یا را کے بولنے میں ہکلانا -

رَتَعَ (ف) رَتْعًا و رُتُوْعًا و رِتَاعًا - آسودہ زندگی بسر کرنا ـــ فِی الْمَکَانِ: اقامت کرنا اور فراخی کے ساتھ کھانا پینا - صفت (رَاتِع) ج رُتَّع و رُتَع و رِتَاع و رُتُوْع و رَاتِعُوْن - رَتَعَ فِیْ مَالِ فُلَانٍ: دوسرے کے مال سے کھانے پینے میں فائدہ اٹھانا -
فِیْ لَحْمِ فُلَانٍ: غیبت کرنا -

اَرْتَعَ - الْقَوْمُ: سرسبز زمین میں پہنچنا اور چرانا ـــ الْاَرْضُ: چرنے والے کو آسودہ کرنا ـــ الْغَیْثُ: بارش کا چارہ کو اگانا -
الدَّوَابَّ: جانوروں کو چرانا -

الرَّتْعَۃ - سرسبزی کی کثرت - اور اسی سے ہے "اَسْمَنَنِی الْقَیْدُ وَالرَّتْعَۃُ" مجھ کو قید اور آسودگی نے موٹا کر دیا -

الرَّتِع - آسودہ زندگی والا جس کو ہر چیز حاصل ہو - کَلَأٌ رَتِعٌ: چرنے والے کے لئے کافی گھاس -

الْاَرْتَاع - مِنَ النَّاسِ: بہت لوگ - کہا جاتا ہے "رَاَیْتُ اَرْتَاعًا مِنَ النَّاسِ" میں نے بہت لوگوں کو دیکھا -

الرَّتَّاع - سرسبز چراگاہ میں اپنے اونٹوں کو لے جانے والا -

المُرْتِع - آسودہ زندگی والا جس کو ہر چیز حاصل ہو -

المَرْتَع - چراگاہ -

رَتَقَ (ن) رَتْقًا - الثَّوْبَ: جوڑنا ـــ الْفَتْقَ: درست کرنا - کہا جاتا ہے "ہُوَ الرَّاتِقُ الْفَاتِقُ" وہ اصلاح کرنیوالا ہے - و "رَتَقَ فَتْقَہُمْ" اس نے ان کے درمیان صلح کرا دی ـــ الشَّیْءَ: بند کرنا -

اِرْتَتَقَ - الشَّیْءُ: جڑ جانا -

الرِّتَاق - دو کپڑے جن کے کنارے جوڑ دیئے گئے ہوں -

الرَّتَقَۃ - انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ ج رَتَق -

الرُّتُوْق - عزت و شرف -

رَتَکَ (ض ن) رَتْکًا و رَتَکَانًا و رَتَکَانًا - الْبَعِیْرُ: اونٹ کا چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑنا -

اَرْتَکَ - الْبَعِیْرَ: اونٹ کو چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑانا - اَرْتَکَ الضِّحْکَ: آہستہ ہنسنا -

الْمَرْتَک - مرداسنگ -

رَتِلَ (س) رَتَلًا - الشَّیْءُ: عمدہ نظم و ترتیب سے ہونا - صفت (رَتِل)

رَتَّلَ - الْکَلَامَ: اچھی طرح ترتیب دینا - ـــ الْقُرْآنَ: قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر عمدہ طریقے سے پڑھنا -

تَرَتَّلَ - فِی الْقَوْلِ: ٹھہر ٹھہر کے اچھی طرح بولنا -

الرَّتَل - مـ - عمدہ گفتگو - کہا جاتا ہے - "کَلَامٌ رَتَلٌ" خوبی - آراستگی - ہر چیز کی خوبی ثَغْرٌ رَتَلٌ: خوبصورت ہموار دانت -

التَّرْتِیْل - پڑھنے کے وقت آواز پست کرنا - آواز کو عمدہ بنانا - مولدین کے نزدیک ترتیل آواز کو پڑھنے یا گانے میں اس طرح بنانا کہ سارے حروف اچھی طرح ادا ہوں -

الْاَرْتَل - اچھی ترتیب والا - تتلانے والا

الرُّتَیْلَاء - کیڑے مکوڑے وغیرہ جیسے مکڑی مکھی وغیرہ - ج رُتَیْلَاوَات - ایک قسم کی

نباتات جس کے پھول سوسن کے پھول کی طرح ہوتے ہیں۔

رَتَمَہٗ (ض) رَتْمًا۔ توڑنا یا کوٹنا ۔۔ فِی بَنِیْ فُلَانٍ: پرورش پانا اور کہا جاتا ہے "مَا رَتَمَ بِکَلِمَۃٍ" وہ ایک لفظ نہیں بولا۔ (۔۔ رَتِیْمًا) رتم کے دانے کھانے سے بیہوش ہونا۔ سست ہونا۔

اَرْتَمَ وتَرَتَّمَ وارْتَتَمَ۔ یاد رکھنے کے لئے انگلی پر دھاگا لپیٹنا۔ اَرْتَمْتُ زَیْدًا: یاد آنے کیلئے میں نے زید کی انگلی میں دھاگا باندھدیا

الرَّتَمُ۔ ایک قسم کا درخت جس کے دانے مسور کی مانند ہوتے ہیں۔ واحد (رَتَمَۃٌ) اَلرَّتَمُ: بھرا ہوا توشہ دان۔ کامل حیا۔ آہستہ گفتگو راستہ۔

الرُّتَامُ۔ بوسیدہ۔

الرَّتَمَۃُ۔ ج رَتَمٌ ورِتَامٌ و (الرَّتِیْمَۃُ) ج رَتَائِمُ: دھاگا جو کسی مقصد کے یاد رکھنے کے لئے انگلی پر لپیٹ لیا جائے۔

الرَّتِیْمُ۔ آہستہ چال۔ وہ شخص جسکو رتم کے دانے کھانے سے بیہوشی طاری ہوئی ہو۔ ج رَتَامٰی۔

شَرٌّ (تُرْتُمٌ وتُرْتَمٌ) دائمی فساد۔

رَتَنَ (ن) رَتْنًا۔ الشَّحْمَ بِالْعَجِیْنِ: گندھے ہوئے آٹے میں چربی ملانا۔

رَتَا یَرْتُوْ رَتْوًا۔ ڈھیلا کرنا۔ باندھنا۔ القَلْبَ: دل کو قوی کرنا ۔۔ ہٗ اِلَیْہِ: ملانا۔ الدَّلْوَ: ڈول کو آہستگی سے کھینچنا (۔۔ رَتْوًا ورَتَوَانًا) بِرَاْسِہٖ: سر سے اشارہ کرنا ۔۔ الرِّجْلُ: قدم رکھنا۔

رُتِیَ۔ فِیْ ذِرَاعِہٖ: سست بازو ہونا۔

الرَّتْوَۃُ۔ قدم۔ بلند زمین۔ تھوڑا سا وقت حد نظر تک۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَنَا وَبَیْنَہُمْ رَتْوَۃٌ" ہمارے اور اُن کے درمیان بہت فاصلہ ہے جو بقدر حد نظر کے ہے۔

الرَّاتِیْ۔ دوسروں سے زائد علم والا۔

رَثَّ (ض) رَثَاثَۃً ورُثُوْثَۃً۔ الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ صفت (رَثٌّ) ج رِثَاثٌ

اَرَثَّ اِرْثَاثًا۔ الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ پرانا کرنا۔

اُرْتُثَّ۔ زخمی کو میدانِ جنگ سے لایا جانا۔ صفت (مُرْتَثٌّ)

الرَّثُّ۔ مص۔ گھر کا ردی سامان۔ ج رِثَاثٌ کہا جاتا ہے "کَلَامٌ غَثٌّ رَثٌّ" یعنی گھٹیا درجہ کا کلام۔

الاَرَثُّ۔ بوسیدہ۔ پرانا۔

الرَّثِیْثُ۔ بوسیدہ۔ پرانا۔ زخمی نیم مردہ

الرِّثَّۃُ۔ گھر کا ردی سامان۔ ج رِثَثٌ و رِثَاثٌ۔ کمزور لوگ۔

الرَّثَاثَۃُ۔ مص۔ کہنگی۔ بوسیدگی۔

رَثَاَ (ف) رَثْاً۔ اللَّبَنَ: دودھ کا دہی بنانا۔ گاڑھا کرنا ۔۔ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: ملانا ۔۔ غَضَبَہٗ: غصہ کا ٹھنڈا پڑنا۔

اَرْثَاَ وارْتَثَاَ۔ اللَّبَنُ: دودھ کا گاڑھا ہونا۔ اِرْتَثَاَ فِیْ رَاْیِہٖ: رائے میں گڑبڑی کرنا۔ اِرْتَثَاَ عَلَیْہِمُ الْاَمْرُ: گڑبڑ ہونا۔ اِرْتَثَاَ۔ الرَّثِیْئَۃَ: دہی پینا۔

الرَّثْءُ والرَّثْاَۃُ۔ بیوقوفی۔ کم سمجھی۔ کمزوردلی۔

الرَّثِیْئَۃُ۔ رَثَاَ اللَّبَنَ کا اسم۔ دہی۔ بیوقوفی۔ میٹھا ملا ہوا ترش دودھ۔

رَجُلٌ (مَرْثُوْدٌ) کمزوردل۔ کم سمجھ۔

رَثَدَ (ن) رَثْدًا وارْتَثَدَ۔ المَتَاعَ: سامان کو اوپر نیچے رکھنا۔ صفت مفعولی۔ (رَثِیْدٌ ومَرْثُوْدٌ)

رَثِدَ (س) رَثَدًا واَرْثَدَ۔ المَاءُ: پانی کا گدلا ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "اِحْتَفَرَ حَتّٰی اَرْثَدَ" اُس نے کھودا یہاں تک کہ نمناک مٹی تک پہنچ گیا۔ اَرْثَدَ الْقَوْمُ: جماعت ہونا۔

الرِّثْدُ والرِّثْدَۃُ۔ لوگوں کی جماعت جو مقیم ہو سفر نہ کرتی ہو۔

الرَّثَدُ۔ ترتیب سے تہ بتہ رکھا ہوا سامان۔ رَثَدُ الْبَیْتِ: گھر کا ردی سامان

المَرْثَدُ والمُرْثِدُ۔ فیاض وسخی مرد۔ المَرْثَدُ: شیر۔

رَثَطَ (ن) رُثُوْطًا وارْثَطَ وتَرَثَّطَ۔ فِیْ قُعُوْدِہٖ: نشست میں جھکے رہنا۔

رَثِعَ (س) رَثَعًا۔ بہت حریص لالچی ہونا۔ صفت (رَثِعٌ) ج رَثُوْعٌ۔

اِرْثَعَنَّ اِرْثِعْنَانًا۔ المَطَرُ: لگاتار برسنا ۔۔ فُلَانٌ: کمزور او سست ہونا ۔۔ الشَّعْرُ: بال کا لٹکنا۔

رَثَمَ (ض) رَثْمًا۔ الاَنْفَ: ناک توڑکر خون آلود کردینا۔ صفت مفعولی (رَثِیْمٌ ومَرْثُوْمٌ)

رَثِمَ (س) رَثَمًا وارْثَمَّ۔ الفَرَسُ: ناک کے کنارہ پر سفید داغ والا ہونا۔ صفت مذکر (رَثِمٌ واَرْثَمُ) صفت مؤنث (رَثِمَۃٌ ورَثْمَاءُ) ج رُثْمٌ

الرَّثَمُ والرُّثْمَۃُ۔ گھوڑے کی ناک کے کنارے کا سفید داغ۔

الرَّثْمَۃُ۔ ہلکی بارش۔ ج رِثَامٌ۔

المَرْثِمُ والمَرْثَمُ۔ ناک۔ ج مَرَاثِمُ۔

رَثَّنَ تَرْثِیْنًا۔ اچھی طرح سے بارش ہونا

الرَّثَانُ۔ لگاتار بارش۔

اَرْضٌ (مَرْثُوْنَۃٌ ومُرَثَّنَۃٌ) بارش شدہ زمین

رَثَا یَرْثُوْ رَثْوًا ورَثٰی یَرْثِیْ رَثْیًا ورَثَاءً ورِثَایَۃً ومَرْثَاۃً ومَرْثِیَۃً۔ المَیِّتَ: رونا اور محاسن شمار کرنا۔ مرثیہ کے اشعار کہنا۔

رَثٰی لَہٗ: رحم کرنا۔

رَثٰی یَرْثِیْ رِثَایَۃً۔ عَنْہُ حَدِیْثًا: یاد کرنا۔

رَثِیَ یَرْثٰی رَثًی ورَثْیًا۔ جوڑوں کے درد والا ہونا۔

رَثّٰی وتَرَثّٰی۔ المَیِّتَ: رونا اور محاسن شمار کرنا۔

الرَّثَّاءَۃُ والرَّثَّایَۃُ۔ نوحہ کرنیوالی عورت

الرَّثْیَۃُ۔ جوڑوں کا درد (۔۔ والرَّثِیْئَۃُ) کمزوری۔ سستی۔ بیوقوفی۔

المَرْثَاۃُ والمَرْثِیَۃُ۔ وہ اشعار وغیرہ۔

جس میں میت کے محاسن بیان کئے جائیں۔
مَراثٍ و "المَرَاثِی السَّبْعُ" عرب کے سات مشہور اور منتخب مرثیے۔
رَثْلٌ (مَرْثُوٌّ) کمزور عقل والا مرد۔
الرَّثُو۔ دہی۔
رَجَّہٗ (ن) رَجًّا۔ ہلانا۔ حرکت دینا۔
رَجَّ (ن) وَرُجَّ رَجًّا۔ ہلنا۔ حرکت دینا۔
اِرْتَجَّ۔ البحرُ: موج مارنا ــــ الکلامُ: ملتبس ہونا۔
الرَّجَّۃُ۔ حرکت۔ رَجَّۃُ القوم: لوگوں کی آواز کا اختلاط۔
رَجَاجٌ۔ الغنمُ او النّاسُ: کمزور ولاغر۔ کہا جاتا ہے "غَنَمٌ رَجَاجَۃٌ" لاغر بھیڑ۔
نَاقَۃٌ (رَجَّاءُ) بڑے کوہان والی اونٹنی جس کا کوہان چلنے میں ہلے۔
اَرْجَأَ۔ الاَمْرَ: کام کا مؤخر کرنا۔ اَرْجَاتِ الحَامِلُ: وضع حمل کا زمانہ قریب ہونا الصَّائِدُ: شکاری کا کچھ نہ پانا۔
رَجَبَہٗ (ن) رَجْبًا۔ مِنْہُ: شرم کرنا۔
رَجَبَہٗ بکلامٍ سَیِّءٍ: تہمت لگانا ــــ رَجْبًا و رُجُوْبًا و اَرْجَبَ) ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔
رَجِبَ (س) رَجَبًا۔ مِنْہُ: گھبرانا۔ شرم کرنا۔ رَجِبَہٗ: ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔
رَجَّبَہٗ۔ ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔ النخلۃَ: درخت خرما میں ٹیک لگا دینا۔ اردگرد کانٹے لگا دینا۔ اور اسی سے ہے "اَنَا جُذَیْلُھَا المُحَکَّکُ وعُذَیْقُھَا المُرَجَّبُ" اس قول میں جُذَیْل جذل کی اور عُذَیْق عِذق کی تصغیر ہے جذل کے معنی تنہ اور عذق کے معنی پھل دار درخت خرما۔ محکک جس سے خارشی اونٹ اپنے بدن کو رگڑے اور مُرَجَّب جس میں پھل کے بوجھ کی وجہ سے ٹھونی لگا دی گئی ہو۔ رَجَّبَ الرَّجُلُ: رجب کے مہینے میں جانور ذبح کرنا۔
تَرَجَّبَ۔ خوفزدہ ہونا۔ ہیبت زدہ ہونا ــــ الرَّجُلَ: ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔

رَجَبٌ۔ قمری سال کا ساتواں مہینہ ج اَرْجَابٌ و رُجُوْبٌ و رِجَابٌ۔ کہا جاتا ہے۔ "اَجَّلْتُکَ اِلٰی سَبْعَۃِ اَرْجَابٍ" میں نے تجھکو سات رجب یعنی سات سال تک کی مہلت دی۔ رَجَبَان: ماہ رجب وشعبان۔
الرُّجْبَۃُ۔ سہارا جو کھجور کے درخت کے لئے لگایا جائے۔ شکار کرنے کا مچان۔ ج رُجَبٌ۔
الرَّاجِبَۃُ۔ انگلی کی جڑ کا جوڑ۔ ج رَوَاجِب
الاَرْجَابُ۔ آنتیں۔ (واحد نہیں)
المُرَجَّبُ۔ مفخم۔ خوفناک۔ معظم۔
رَجَحَ (ف ن ض) رُجْحَانًا ورُجُوْحًا۔ المیزانُ: جھکنا ــــ الرَّأْیُ: غالب ہونا۔
ــــ ہٗ: دوسرے سے بوجھل ہونا۔
ــــ دوسرے سے زیادہ بردبار ہونا ــــ ہ بیدہٖ: ہاتھ سے وزن کا اندازہ کرنا ــــ رَجَاحَۃً) حلیم و بردبار ہونا۔ بوجھل ہونا۔
رَجَّحَہٗ وَاَرْجَحَہٗ۔ جھکا دینا۔ بوجھل کردینا۔ رَجَّحَ وَاَرْجَحَ لَہٗ: جھکتا ہوا دینا۔
رَاجَحَہٗ۔ جھکنے میں غالب ہونے کے لئے مقابلہ کرنا۔
تَرَجَّحَ۔ الرَّأْیُ عِنْدَہٗ: غالب و برتر ہونا ــــ فِی القَوْلِ: مائل ہونا ــــ الشَّیْءُ: ہلنا ــــ الاُرْجُوْحَۃُ بِہٖ: جھکنا۔
اِرْتَجَحَ۔ فی الاُرْجُوْحَۃِ: جھولے میں جھکنا ــــ الاِبِلُ: آہستہ دوڑنے میں ہلنا۔
الرُّجُحُ۔ مِنَ الجِفَانِ: بھرے ہوئے بڑے پیالے ــــ مِنَ الکَتَائِبِ۔ لشکر گراں
الاُرْجُوْحَۃُ۔ ج اَرَاجِیْحُ (الرُّجَاحَۃُ و الرَّجَّاحَۃُ والمَرْجُوْحَۃُ) جھولا۔
الاَرَاجِیْحُ۔ بیابان۔ آہستہ قدم سے دوڑنے میں اونٹوں کی جنبش۔
اِمْرَأَۃٌ (رَجَاحٌ) بڑے سرین والی عورت۔
رَجَدَ (ن) رَجْدًا۔ خوشوں کو کھلیان میں لے جانا۔ صفت (رَجَّاد)

رُجِدَ رَجْدًا اور رُجِّدَ وارْجِدَ۔ کانپنا
رَجْرَجَہٗ۔ بیقرار ہونا اور تھکنا۔ رَجْرَجَہٗ: حرکت دینا ــــ المَاءَ: کھود کر پانی نکالنا۔
تَرَجْرَجَ۔ ہلنا۔ بے قرار ہونا۔ کانپنا۔
ــــ الشَّیْءُ فِی مَجِیْئِہٖ: آنا جانا۔
الرَّجْرَجُ۔ ہلنے والا۔ کانپنے والا۔
الرِّجْرِجُ۔ ہر مضطرب ہونے والی چیز۔ لعاب۔
الرُّجْرُجُ۔ ایک قسم کی گھاس۔
الرَّجْرَاجُ۔ ایک دوا۔ رِدْفٌ رَجْرَاجٌ: چلنے میں ہلنے والا اسرین۔ نَاسٌ رَجْرَاجٌ: کمزور عقل والے۔
الرِّجْرِجَۃُ۔ حوض کا بقیہ مٹی سے ملا ہوا پانی۔ لڑائی میں بہت بڑی جماعت تھوک۔ بے عقل۔
رَجَزَ (ن) رَجْزًا۔ رجز پڑھنا۔ صفت (رَاجِزٌ و رَجَّازٌ و رَجَّازَۃٌ) رَجَزَ بِہٖ: کسی کے سامنے رجز پڑھنا۔
رَجَّزَہٗ۔ کسی کے سامنے رجز پڑھنا۔
رَاجَزَ۔ صَاحِبَہٗ: رجز پڑھنے میں مقابلہ کرنا۔
تَرَجَّزَ۔ رجز پڑھنا ــــ الرَّعْدُ: لگاتار گڑگڑانا ــــ السَّحَابُ: بادل کا پانی کی کثرت کی وجہ سے آہستہ حرکت کرنا۔
اِرْتَجَزَ۔ رجز پڑھنا ــــ الرَّعْدُ: لگاتار گڑگڑانا ــــ بِفُلَانٍ: کسی کے متعلق رجز کے اشعار کہنا ــــ الرَّجَزَ فِی القِتَالِ: لڑائی میں رجز کے اشعار پڑھنا۔
تَرَاجَزَ۔ القَوْمُ: رجز پڑھنے میں باہم مقابلہ کرنا۔
الرُّجْزُ والرِّجْزُ۔ گندگی۔ عذاب۔ بتوں کی پرستش۔ بت۔ الرِّجز: گناہ۔
الرَّجَزُ۔ اوزان شعر میں سے ایک وزن کا نام۔ اونٹوں کے سرین کی ایک بیماری کا نام
الرِّجَازَۃُ۔ عورتوں کے لئے اونٹ پر کی

ہودج سے چھوٹی ایک سواری - برتن یا کمبل جس میں پتھر ڈالکر بوجھ برابر کرنیکے لئے ایک طرف لٹکا دیا جاتا ہے۔

الاُرْجُوزَۃ - بحرِ رجز کا قصیدہ - ج اَرَاجیز۔

الاَرْجَز - رجز کی بیماری والا۔

رَجَسَ (ن ض) رَجْسًا - البعیرُ: اونٹ کا آواز کرنا ـــــ السَّماءُ: آسمان کا گڑگڑانا۔ ـــــ فلانًا عن الامر: روکنا (ـــــ وارتجسَ) پانی کی گہرائی کا اندازہ کرنا۔

رَجِسَ (س) و **رَجُسَ** (ک) **رَجَاسَۃً** بُرا کام کرنا۔ صفت (رَجِس)

اِرْتَجَسَتِ - السَّماءُ: گڑگڑانا ـــــ البناءُ: عمارت کے ہلنے سے آواز سُنائی دینا۔

الرِّجْسُ والرَّجَس والرَّجِس - گندگی پلیدی - الرِّجْس: بُرا عمل - بُرے عمل کی سزا - شیطان کا وسوسہ - خفیف حرکت۔

الرَّجَّاس - سمندر - کہا جاتا ہے "بعیرٌ و سحابٌ رَجَّاس" بہت تیز آواز والا بادل یا اونٹ۔ بعیرٌ رَجُوسٌ مِرْجَس) تیز آواز نکالنے والا اونٹ

المِرْجَاس - پانی کی گہرائی ناپنے کا آلہ۔

المَرْجُوسَۃ - فساد و گڑبڑاہٹ۔

رَجَعَ (ض) رُجُوعًا و مَرْجِعًا و مَرْجِعَۃً و رُجْعٰی و رُجْعَانًا - واپس آنا - لوٹنا (ـــــ رَجْعًا و مَرْجِعًا) الکلامُ فیہ: فائدہ دینا۔ کہا جاتا ہے "ما ھو الا سَجْعٌ لیس فیہ رَجْعٌ" یہ صرف سجع ہے اس میں کوئی فائدہ نہیں ـــــ العلفُ فی الدابۃ: چارہ کا جانور میں اثر کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ عَوْدُہ علٰی بَدْئِہ" وہ جس راستہ سے آیا تھا اسی سے واپس گیا ـــــ الشئَ عنہ اوالیہ: پھیرنا واپس کرنا - رد کرنا (ـــــ رُجُوعًا و رِجَاعًا) الطیرُ: گرم جگہ سے سرد جگہ میں جانا۔

رَجَّعَ - فی صوتہ: حلق میں آواز کو گھمانا۔ (ـــــ و ترجّع) فی المصیبۃ: اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن کہنا - رَجَّعَتِ الدابۃ: قدم رکھنا۔ ترجّع الناقۃُ: ایک اونٹنی کی قیمت سے اسی جیسی دوسری خریدنا۔

رَاجَعَہٗ - فی الامر: دوسرے سے معاملہ میں بات چیت کرنا ـــــ ہ الکلامَ: دوبارہ گفتگو کرانا ـــــ الرَّجُلُ: اپنی پہلی بھلی یا بُری عادت کی طرف لوٹ جانا۔

اَرْجَعَہٗ - رد کرنا - پھیرنا ـــــ الدابۃُ: چوپائے کا گوبر کرنا - الناقۃُ: اونٹنی کا لاغر ہونا - لاغری کے بعد موٹا ہونا ـــــ الرَّجُلُ فی المصیبۃ: ـــــ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن کہنا ـــــ اللّٰہُ بَیْعَتَہٗ: نفع کرانا۔

اِرْتَجَعَ - الناقۃَ: ایک اونٹنی کی قیمت سے اسی جیسی دوسری خریدنا - اِرْتَجَعَ الی الشئَ: واپس کرنا - اِرْتَجَعَہٗ: واپس کرنا۔ المرأۃُ جِلْبَابَہا: چہرہ پر دوبارہ ڈال لینا۔ اِرْتَجَعَ علی الغریم: مطالبہ کرنا - کہا جاتا ہے "بَاعَ خَیْلَہٗ فَارْتَجَعَ مِنْہَا رِجْعَۃً صَالِحَۃً" اس نے اپنے گھوڑے کو بیچ دیا اور اس کی قیمت کو نفع بخش کام میں خرچ کیا۔

تَرَاجَعَ - القومُ: اپنے اپنے مقامات پر واپس آنا ـــــ القومُ الکلامَ بینہم: قوم کا آپس میں گفتگو میں الٹ پھیر کرنا۔

اِسْتَرْجَعَ - منہ الشئَ: واپس لینا ـــــ فی المصیبۃ: اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن کہنا۔ الحمامُ فی غنائہ: کبوتری کا گٹکری کرنا۔

الرَّجْع - مص - خط کا جواب - بارش کے بعد بارش - نفع - موسم بہار کی سبزی - تالاب - ج رِجَاع و رُجْعَان و رِجْعَان - الرَّجْعُ: لید ـــــ من الارض: زمین کا وہ حصہ جس میں سیلاب دور تک پھیلا ہو ـــــ من الکتف: مونڈھے کا نچلا حصہ۔ کہا جاتا ہے "کَوَاہُ عِنْدَ رَجْعِ کَتِفِہٖ" اس کے مونڈھے کے نچلے حصہ پر اس نے داغ لگایا - رَجْعُ الصدیٰ: آواز بازگشت۔

الرَّجِیع - من الکلام: واپس کی ہوئی گفتگو لید - گوبر - تالاب - موسم بہار کی سبزی - اونٹ کی جگالی - ہر واپس کی ہوئی چیز - پرانا کپڑا - پسینہ ٹھنڈا کھانا جو دوبارہ گرم کیا جائے - بعیرٌ رَجِیعٌ - سفر سے تھکا ہوا اونٹ - ج رَجَائِع، دابۃٌ رَجِیعُ اَسْفَارٍ: بار بار سفر میں لوٹ لوٹ جانے والا چوپایہ۔

الرَّاجِع - فا - عورت جس کے شوہر کی وفات ہو چکی ہو اور وہ اپنے کنبہ میں چلی گئی ہو - ج رَوَاجِع

الرِّجْعَۃ - رجع کا اسم نوع - حجت - اونٹ چھوٹے چھوٹے معمولی جن کی قیمت سے دوسرے اونٹ خرید کر نفع اٹھائیں۔

الرَّجْعَۃ - واپسی۔

والرُّجْعَۃ والرُّجْعٰی والرُّجْعَان و الرُّجُوعَۃ - خط کا جواب۔

المَرْجِع - لوٹنے کی جگہ - مونڈھے کا نچلا حصہ۔

المَرْجُوع والمَرْجُوعَۃ - خط کا جواب۔ گودنے کے نشانات جو دوبارہ تازہ کیے گئے ہوں - کہا جاتا ہے "لَیْسَ ھٰذا البَیْعُ مَرْجُوْعٌ" اس بیع کی واپسی نہیں۔

المُرَاجِع - من النساء: عورت جس کے شوہر کا انتقال ہو گیا ہو اور وہ اپنے کنبہ میں واپس آ گئی ہو۔

الرِّجَاع - مہار کا وہ حصہ جو اونٹ کی ناک پر ہو - ج اَرْجِعَۃ و رُجُع۔

رَجَفَ (ن) رَجْفًا و رَجَفَانًا و رَجِیْفًا - تیز ہلانا - ہلنا - (لازمی و متعدی) ـــــ الرَّجُلُ: بہت کانپنا - کسی خوف کے لاحق ہونے سے قرار نہ پکڑنا ـــــ الارضُ: زمین میں بھونچال ہونا۔ القومُ: لڑائی کے لئے تیار ہونا ـــــ الرَّعدُ: گڑگڑانا ـــــ الاسنانُ: دانتوں کا گرنا۔

اَرْجَفَ - لوگوں کو بھڑکانے کے لئے بُری خبروں کو پھیلانا ـــــ القومُ: بالشئَ وفیہ: ـــــ گھسنا ـــــ الرِّیحُ الشجرَ: ہوا کا درخت کو ہلانا۔ اُرْجِفَتِ الارضُ - زمین میں بھونچال ہونا - زلزلہ ہونا۔

تَرَجَّفَ وارْتَجَفَ - بہت زیادہ کانپنا۔

اِسترجف - رأسہ - حرکت دینا - اور کہا جاتا ہے "خرجوا یسترجفون الارض نجدۃً" وہ لوگ نکلے اس حال میں کہ انھوں نے زمین میں شجاعت و دلیری کی وجہ سے زلزلہ ڈال دیا -
الرجفۃ - اسم مرۃ - زلزلہ - بھونچال -
الراجف - فا - جوڑی والا بخار -
الراجفۃ - قیامت کے روز صور کا پہلا نفخہ
الرجّاف - بہت کانپنے والا - سمندر - قیامت کا دن -
الاراجیف - گھڑی ہوئی جھوٹی خبریں کہتے ہیں "اذا وقعت المخاویف کثرت الاراجیف" جب خوف بڑھ جایا کرتا ہے تو جھوٹی خبریں بہت اڑتی ہیں -
الترجاف - اضطراب - بے قراری -
رَجَلَ (ن) رَجْلًا - الفصیلَ: اونٹ کے بچے کو ماں کا دودھ پینے کیلئے آزاد چھوڑ دینا - الشاۃَ: بکری کی ٹانگیں باندھ دینا - رَجَلَہ: ٹانگ پر مارنا -
رَجِلَ (س) رَجَلًا - پیدل چلنا - بیمار ٹانگ والا ہونا - الدابۃ: ایک ٹانگ میں سفیدی والا ہونا - الشعرُ: بال کچھ گھنگریالے ہونا - الفصیلُ: اونٹ کے بچے کا ماں کا دودھ پینے کیلئے آزاد چھوٹنا -
رَجَّلَہ - قوی کرنا - الشعرَ: کنگھی کرنا -
اَرجلَہ - مہلت دینا - پیدل چلانا الفصیلَ: اونٹ کے بچے کو ماں کا دودھ پینے کے لئے آزاد چھوڑنا -
ترجّل - سواری سے اتر کر پیدل چلنا - المرأۃُ: مرد جیسی ہونا - الشمسُ: آفتاب کا بلند ہونا - البئرَ وفی البئرِ: بغیر کچھ لٹکائے ہوئے کنوئیں میں اترنا - الزندَ: پاؤں کے نیچے رکھنا -
اِرتجل - دیگچی میں پکانا الشاۃَ: ٹانگیں باندھنا - ہ: پاؤں سے پکڑنا - الزندَ: پاؤں کے نیچے رکھنا - الکلامَ: فی البدیہ کہنا — برأیہ: منفرد ہونا — الرجلُ: پیدل چلنا — النہارُ: دن کا چڑھنا — الفرسُ: درمیان دو رفتاروں کے آرام لینا - کہا جاتا ہے "ارتجل رجلتک" اپنی شان کو لازم پکڑ -
الرَّجْل - مص - پیدل چلنے والا - مرد - شعرٌ رَجْلٌ: کچھ گھنگریالے بال -
الرِّجل - ج اَرجُل: پاؤں — ج اَرجال - کسی چیز کا حصہ - ٹڈی دل (یہ بغیر واحد کے جمع ہے) کہا جاتا ہے "جاءت رجلٌ دفاعٌ" یعنی بہت بڑا لشکر آیا (جو ٹڈی دل کے مشابہ ہے) عہد - زمانہ - کہا جاتا ہے "کان ذالک فی رجل فلانٍ" یعنی فلاں کے عہد میں ایسا تھا - الرجل: پائجامہ - سفید کورا کاغذ - فقیری - آدمی کا پاخانہ بہت سونے والا مرد - خوف - تم کہتے ہو "انا من امری علی رجلٍ" مجھے اپنے امر کے فوت ہونے کا خوف ہے - پیش قدمی - رجل البحر - کھاڑی خلیج - رجلا السہم: تیر کے دونوں کنارے - رجل الغراب و رجل الجراد: دو نباتات کے نام رجل الجبار و رجل الجوزاء و رجل قنطورس: ستاروں کے نام - کہا جاتا ہے "ہو یقدم رجلًا و یؤخر اخریٰ" یعنی وہ اپنے معاملہ میں متردد ہے کبھی ایک قدم اٹھاتا ہے کبھی دوسرا -
الرَّجُل - مرد - پیدل چلنے والا - ج رجال و رَجلۃ و رِجلۃ و اراجل و رجالات - کہا جاتا ہے "فلانٌ رجلٌ فی الرجال" فلاں کامل مرد ہے
الرَّجِل - مص — من الشعرِ: کم گھنگھریالے بال - ج ارجال و رجالیٰ -
الراجل - پیدل چلنے والا - الرجل من الشعرِ: کم گھنگھریالے بال -
الراجل - فا - پیدل چلنے والا - ج رَجْل و رَجالۃ و رُجّال و رِجال و رُجالیٰ و رَجالیٰ و رَجالیٰ و رُجلان - کہا جاتا ہے "جاءت الخیالۃ و الرجالۃ" سوار و پیادے سب آئے - "اغار علیہم بخیلہ و رجلہ" اس نے ان پر اپنے سوار و پیادوں کو لوٹ ڈالی - رجلٌ راجلٌ: پیدل چلنے والا مرد
الرِّجلۃ - خرفہ کا ساگ - خرفہ کا ساگ اُگنے کی جگہ - ج رِجَل -
الرُّجلۃ - چلنے کی قوت - مردانگی - الرُّجلۃ: جانور کی ایک ٹانگ کی سفیدی -
الرَّجلۃ - عورت -
الرَّجیل - ج اَرجلۃ و اراجل و اراجیل: پیدل چلنے والا — ج رَجلیٰ و رُجالیٰ و رَجالیٰ بہت چلنے پر قادر - کلامٌ رجیلٌ: فی البدیہ کلام - رجلٌ رجیلٌ: قوی مضبوط مرد - مکانٌ رجیلٌ: جگہ جس کے دونوں کنارے دور دور ہوں - فرسٌ رجیلٌ: سدھا ہوا سواری شدہ گھوڑا جسکو پسینہ نہ آئے -
الاراجیل - شکاری لوگ -
الرجولۃ والرجولیۃ والرجولیّۃ و الرجلیّۃ - مردمی - مردانگی -
الرجلان - پیدل چلنے والا - ج رَجالیٰ و رُجالیٰ - مؤنث رَجلیٰ - ج رِجال رَجالیٰ
الارجل - من الدوابِ: ایک ٹانگ میں سفید داغ والا جانور - رجلٌ ارجل - بڑے پاؤں والا مرد - مؤنث رجلاء - ج رُجل اور کہا جاتا ہے "ہو ارجلہم" وہ ان لوگوں میں کامل مردانگی والا ہے -
الترجیل - مص - جانور کے ایک ٹانگ کی سفیدی -
التراجیل - کرفس (ایک دوا کا نام)
المِرجل - دیگ - کنگھی - ج مراجل -
المُرجّل - من النسیج و کوۃ: کپڑا جس پر آدمی کی تصویریں بنی ہوئی ہوں - شراب سے بھری ہوئی مشک -
المُمَرجل - من الثیابِ: کپڑا جس پر دیگ کی صورت بنی ہوئی ہو -
امرأۃٌ مُرجِل: لڑکے ہی جننے والی عورت
رَجَمَہ (ن) رَجمًا - سنگسار کرنا - پتھراؤ کرنا - لعنت کرنا - گالی دینا - چھوڑنا - دھکیلنا - — القبرَ: نشان کے لئے پتھر لگانا -

الرَّجْلُ : اٹکل سے بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ يَرْجُمُ" وہ تیز بھاگتا ہوا آیا۔
رَجَّمَہ۔ اٹکل سے بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَجَّمَ بالغیبِ" اس نے اٹکل پچو باتیں کیں۔ القبرَ: نشان کے لئے پتھر لگانا۔
رَاجَمَہ، مُرَاجَمَۃً۔ ایک دوسرے کو پتھراؤ کرنا۔ عَنْ قَوْمِہٖ: مدافعت کرنا ــــ ہ فی الحربِ او الکلامِ او العَدْوِ: لڑائی یا گفتگو یا دوڑنے میں سخت مقابلہ کرنا۔
تَرَاجَمُوْا۔ ایک دوسرے کو پتھر مارنا۔ بالکلامِ: ایک دوسرے کو گالی دینا۔
اِرْتَجَمَ۔ الشیءُ: تہ بتہ ہونا۔
الرَّجْمُ۔ مص۔ دوست۔ ہم نشین۔ وہ چیز جس سے پتھراؤ کریں۔ ج رُجُوم۔ الرَّجْمُ: اٹکل کی گفتگو کہا جاتا ہے "رَجْمًا بالغیبِ" اٹکل پچو۔ وصَارَ فُلانٌ رَجْمًا" فلاں حقیقتِ حال سے واقف نہیں
الرَّجَمُ۔ کنواں۔ تنور۔ قبر۔ ج رِجَام۔
الرُّجُمُ۔ ستارے کی مانند جو آسمان سے گرتے ہوئے معلوم ہوں کوئی علامت یا پتھر جو قبر پر لگایا جائے۔ واحد (رُجْمٌ)
الرُّجْمَۃُ الرَّجْمَۃُ۔ قبر۔ قبر کا پتھر جو بطور نشان کے لگایا جائے۔ بجو کا بھٹ ج رُجَم و رِجَام
الرَّجِیْمُ۔ سنگسار کیا ہوا۔ ملعون۔
الرِّجَامُ۔ کنوئیں کی من پتھر یا پتھر کی مانند کوئی چیز جس میں رسی باندھ کر کنوئیں کی گہرائی معلوم کی جائے۔ ٹیلے۔ واحد (رُجْمَۃٌ)
الرِّجَامَانِ۔ کنوئیں کی من پر کی دو لکڑیاں جن میں چرخی لگائی جاتی ہے۔
المِرْجَمُ۔ من الرجال: مضبوط قوی مرد۔ فَرَسٌ مِرْجَمٌ: بہت روندنے والا گھوڑا۔ حَدِیْثٌ (مُرَجَّمٌ) ظنی بات۔ بات جس کی حقیقت معلوم نہ ہو۔
المِرْجَامُ۔ پتھروں کے پھینکنے کا آلہ۔ من الابلِ: مضبوط اونٹ۔
المَرَاجِمُ۔ قبیح کلمات۔ کہا جاتا ہے "تَرَامَوْا بالمراجمِ" انھوں نے ایک دوسرے سے قبیح کلمات کہے۔
رَجَنَ (ن) و رَجِنَ (س) و رَجُنَ (ک) رُجُوْنًا۔ بالمکانِ: اقامت کرنا ــــ الحیوانُ: مانوس ہونا۔
رَجَنَ (ن) رَجْنًا و رَجَّنَ و اَرْجَنَ الدابۃَ: چارہ کھانے کیلئے گھر پر روکنا۔ رَجَنَ فلانًا: شرم کرنا۔ و اَرْجَنَتِ الناقۃُ: گھر پر ٹھہرنا
اِرْتَجَنَ۔ بالمکانِ: اقامت کرنا ــــ الزُّبْدُ: پکانے سے صاف نہ ہونا اور خراب ہو جانا ــــ علی القومِ امرُہم۔ گڑبڑ و فاسد ہونا
الرَّجِیْنُ۔ مہلک زہر۔
الرَّاجِنَۃُ۔ جماعت۔
المَرْجُوْنَۃُ۔ ٹوکرا۔ خشک کدو اندر سے خالی جس میں عورتیں روئی رکھتی ہیں۔ کہا جاتا ہے "ہُمْ فی مَرْجُوْنَۃٍ" وہ لوگ اقامت کرنے یا کوچ کرنے میں متردد ہیں۔
رَجَہٗ (ض) رَجْھًا۔ ہلنا ــــ بالشیءِ: دانتوں سے پکڑنا۔
اَرْجَہَ۔ الامرُ: وقت سے پیچھے ہٹانا۔
رَجَا (ن) رَجَاءً و رَجْوًا و رَجَاۃً و مَرْجَاۃً و رَجَاوَۃً و رَجَاءَۃً۔ پُر امید ہونا ــــ الشیءَ: امید کرنا۔ خوف کرنا ــــ الرجلَ: کسی کے متعلق کچھ امید لگانا۔
رَجِیَ (س) رَجًا۔ کلام سے رک جانا۔
رُجِیَ۔ علیہِ: کلام منقطع ہونا۔
رَجّٰی و تَرَجّٰی و اِرْتَجٰی۔ الشیءَ: امید کرنا رَجّٰی و اَرْجٰی فلانًا: امید لگانا۔ و ارتجی الشیءَ: خوف کرنا۔
اَرْجٰی۔ الامرَ: مؤخر کرنا ــــ الصیدَ: نہ پانا اَرْجَی البئرَ: کنوئیں کا من بنانا اَرْجَتِ الناقۃُ: جننے کے قریب پہونچنا۔
الرَّجَا و الرَّجَاءُ۔ کنارا۔ رَجَوَا البئرِ: کنوئیں کے دونوں پہلو۔ الرَّجَاءُ: جھوٹا حمل کہ دیکھنے میں تو حمل معلوم ہو مگر واقعی نہ ہو۔
الرَّجِیَّۃُ۔ امید کی چیز۔ کہا جاتا ہے "لیس لی فی فلانٍ رَجِیَّۃٌ" فلاں سے مجھے کوئی امید نہیں۔
الاُرْجِیَّۃُ۔ جو چیز مؤخر و ملتوی کی جائے
الرَّحَّۃُ۔ سانپ جو کنڈلی مارے ہوئے ہو
الرَّحَحُ۔ کھر کی چوڑائی۔
الرُّحُحُ۔ چوڑے پیالے۔
الاَرَحُّ۔ بھرے تلوے والا۔ مؤنث رَحَّاءُ ج رُحٌّ۔
رَحِبَ (س) رَحَبًا و رَحُبَ (ک) رُحْبًا و رَحَابَۃً۔ المکانُ: جگہ کشادہ ہونا۔ صفت (رَحْبٌ و رَحِیْبٌ و رُحَابٌ) اور کہا جاتا ہے "رَحُبَکُمُ الامرُ" یعنی معاملہ تمہارے لئے وسیع ہے۔ (اور یہ شاذ ہے)
رَحَّبَ۔ المکانَ: کشادہ کرنا ــــ بہ مَرْحَبَۃً بہتر طریقہ سے استقبال کرنا۔ خوش آمدید کہنا۔ مرحبا کہنا۔
اَرْحَبَ۔ المکانُ: کشادہ ہونا ــــ المکانَ: کشادہ کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "اَرْحِبْ یا وَلَدُ" یعنی اے لڑکے ہٹ جا۔
تَرَاحَبَ۔ کشادہ ہونا۔
الرَّحْبُ۔ کشادہ۔ کہا جاتا ہے "مکانٌ رَحْبٌ و اَرْضٌ رَحْبَۃٌ" کشادہ جگہ و کشادہ زمین۔ و رَحْبُ الصدرِ" کشادہ دل۔ و "رَحْبُ الفہمِ" زیادہ عقل والا۔ و رَحْبُ الباعِ او الذراعِ" فیاض سخی
الرُّحْبٰی۔ سب سے چوڑی پسلی۔ الرُّحْبَیَانِ: بغل سے متصل دونوں طرف کی پسلیاں۔
الرَّحْبَۃُ و الرَّحَبَۃُ۔ کشادہ زمین جس میں بکثرت گھاس ہو۔ اور بہت لوگ آتے ہوں۔ مکانوں کے درمیان کھلی ہوئی جگہ ــــ من الدارِ: مکان کا صحن ــــ من الوادی: وادی کی دونوں جانب پانی بہنے کی جگہ۔ ج رِحَاب و رَحْب و رُحُبَات و رَحَبَات
الرَّحِیْبُ۔ بہت کھانے والا۔
التَّرْحَابُ۔ خوش آمدید۔
رَحَائِبُ۔ النجومِ: کشادہ اطراف۔ واحد

رَحِيبَةٌ -

المَرْحَب - کشادگی - اور مسافر سے خوش آمدید کہنے کے موقع پر کہا جاتا ہے "مَرْحَبًا بِكَ" یعنی تم نے کشادگی پائی - "مَرْحَبَكَ اللهُ وَمَسْهَلَكَ" اللہ تم کو کشادہ اور نرم زمین میں اتارے - "أَهْلًا وَمَرْحَبًا" یعنی اپنے لوگوں میں نازل ہوئے اور کشادگی پائی اس لئے مانوس ہو جاؤ وحشت مت کرو - اور بددعا کے موقع پر کہا جاتا ہے - "لَا مَرْحَبًا بِكَ"

رَحْرَحَ - مراد کی گہرائی کو نہ پہنچنا - الشَّيْءَ عَنْ فُلَانٍ: چھپانا - بالكلام: واضح کلام نہ کرنا -

تَرَحْرَحَ - الفَرَسُ: گھوڑے کا پیشاب کے لئے ٹانگیں پھیلانا -

الرَّحْرَح والرَّحْرَاح والرَّحْرَحان - پھیلا ہوا کشادہ - اتھلا - تھوڑی گہرائی والا - اور کہا جاتا ہے "عَيْشٌ رَحْرَحٌ وَرَحْرَاحٌ" یعنی آسودہ و فراخ زندگی -

رَحَضَ (ف) رَحْضًا وَأَرْحَضَ - الثَّوْبَ: کپڑا دھونا -

رُحِضَ - المَحْمُومُ: پسینہ آنا -

ارْتَحَضَ - الرَّجُلُ: رسوا ہونا -

ثَوْبٌ (رَحْضٌ) کپڑا جو دھویا جائے یہاں تک کہ پرانا ہو جائے - الرَّحْض: مشک پرانا توشہ دان -

الرُّحَاض - پسینہ کی آمد -

الرُّحَاضَة - وہ پانی جو دھونے کے بعد گرے - دھوون -

الرُّحَضَاء - بخار اترتے وقت کا پسینہ - پسینہ جو کھال کو شرابور کردے -

الرَّحِيض - دھویا ہوا -

المِرْحَاض - غسل خانہ - ہاتھ پاؤں دھونے کی جگہ - دھوبی کا تختہ جس پر کپڑے پٹک کر دھوتا ہے (عوام اس کو مخباط کہتے ہیں) پاخانہ ج مَرَاحِيض -

المِرْحَضَة والمِرْحَاضَة - کوئی چیز جس میں وضو کیا جائے -

أَرْحَفَ إِرْحَافًا - السِّكِّينَ: چھری تیز کرنا

الرُّحَاق والرَّحِيق - شراب - الرَّحِيق: ایک قسم کی خوشبو - حَسَبٌ رَحِيقٌ: بے داغ حسب - مِسْكٌ رَحِيقٌ: خالص مشک -

رَحَلَ (ف) رَحْلًا ورَحِيلًا وتَرْحَالًا - عَنِ المَكَانِ: ترک وطن کرنا - إِلَى المَكَانِ: منتقل ہونا - البَعِيرَ: کجاوہ کسنا - سوار ہونا - کہا جاتا ہے "رَحَلْتُ لَهُ نَفْسِي" میں نے اس کی تکالیف پر صبر کیا - ہ بِالسَّيْفِ: کسی پر تلوار اٹھانا - البِلَادَ: پھرنا - گھومنا -

رَحَّلَهُ - کوچ کرانا - کوچ کرنے میں کوشش کرانا - الثَّوْبَ: نقش و نگار کرنا -

رَاحَلَهُ - کوچ کرنے میں مدد دینا -

أَرْحَلَ - سواری کے بہت جانور والا ہونا - الدَّابَّةُ: چوپائے کا کمزوری و لاغری کے بعد موٹا و مضبوط ہونا - ہ: سواری دینا - الإِبِلَ والنَّاقَةَ: اونٹ یا اونٹنی کو سواری کے لئے سدھانا -

تَرَحَّلَ - القَوْمُ عَنِ المَكَانِ: منتقل ہونا - فلانا: کسی کے ساتھ ناپسندیدگی سے پیش آنا

ارْتَحَلَ - عَنِ المَكَانِ: منتقل ہونا - کوچ کرنا - البَعِيرَ: اونٹ پر کجاوہ کسنا - سوار ہونا - الأَمْرَ: کسی معاملہ پر غالب ہونا -

اسْتَرْحَلَهُ - سواری طلب کرنا - سواری پر کجاوہ کسنے کے لئے کہنا - النَّاسَ نَفْسَهُ: اپنے آپ کو لوگوں کے سامنے ذلیل کرنا -

الرَّحْل - مـ - کجاوہ - منزل - قیامگاہ - تم کہتے ہو "عَادَ المُسَافِرُ إِلَى رَحْلِهِ" مسافر اپنے قیام گاہ پر واپس آیا - سامان سفر - کہا جاتا ہے "حَطَّ رَحْلَهُ وَأَلْقَى رَحْلَهُ" اس نے اپنا کجاوہ اتارا اور سامان ڈال دیا - یعنی اس نے اقامت کرلی - ج رِحَالٌ وَأَرْحُلٌ - الرِّحَال: مقام حیرہ کے بنے ہوئے غالیچے -

الرِّحْلَة - کوچ - تم کہتے ہو "غَدًا رِحْلَتُنَا" کل ہمارا کوچ ہے - سفرنامہ -

الرُّحْلَة - جہتِ سفر - تم کہتے ہو "دِمَشْقُ رُحْلَتُنَا" ہماری جہت سفر دمشق ہے - سفر - عَالِمٌ رُحْلَةٌ: ایسا عالم جس کے پاس لوگ کوچ کر کے آئیں - بَعِيرٌ ذُو رُحْلَةٍ وَرِحْلَةٍ: مضبوط و قوی اونٹ -

الرَّحِيل - مـ - کوچ - اونٹ جس پر کجاوہ کسا جائے - جَمَلٌ رَحِيلٌ وَنَاقَةٌ رَحِيلَةٌ: چلنے میں قوی اونٹ -

الرَّاحِل - فا - ج رَاحِلُون - ورُحَّلٌ ورُحَّالٌ -

الرَّاحِلَة - مِنَ الإِبِلِ: سواری کے لائق اونٹ - سفر و باربرداری کے لئے مضبوط اونٹ و اونٹنی (تا مبالغہ کے لئے ہے) ج رَوَاحِل -

الرِّحَالَة - بغیر لکڑی کے صرف چمڑے کا زین - ج رَحَائِل -

الأَرْحَل - مِنَ الخَيْلِ والشَّاءِ: سفید پیٹھ والا گھوڑا یا بکری -

الرَّحَّال - کجاوے بنانے والا - بہت سفر کرنے والا - ج رَحَّالَة -

الرَّحَّالَةُ - بہت سفر کرنے والا -

الرَّحُول - بہت منتقل ہونے والا -

الرَّاحُول - کجاوہ -

المَرْحَلَة - مسافر کے ایک دن کا سفر - ج مَرَاحِل -

المُرْحِل - بہت سواری کے جانور والا - (ـــ والمُرَحَّل) مِنَ الجِمَالِ: مضبوط و قوی -

المُرَحَّل - مِنَ الإِبِلِ: کجاوا کسا ہوا اونٹ - مِنَ الثِّيَابِ - کجاوہ کے مانند نقش و نگار والا کپڑا -

مُرْتَحَل - البَعِيرِ: اونٹ کے کوچ کرنے کی جگہ

رَحِمَهُ (س) رَحْمَةً ومَرْحَمَةً ورُحْمًا ورُحُمًا - نرم دل ہونا - مہربان ہونا - شفقت کرنا - بخش دینا -
رَضَّفَہٗ - سخت غضبناک کر دینا -

الرَّضْفُ - گرم پتھر - واحد (رَضْفَۃٌ) کہا جاتا ہے "ہُوَ عَلَی الرَّضْفِ" یعنی وہ رنجیدہ ہے - الرَّضَفُ : ملی ہوئی انگلیوں کی مانند گھٹنے کی ہڈیاں - اور امثال میں سے ہے "خُذْ مِنَ الرَّضْفَۃِ مَا عَلَیْہَا" یعنی بخیل آدمی سے جو کچھ تھوڑا سا ملے وہی لے لو -

الرَّضَفَۃُ - گرم پتھر - گرم پتھر سے کیا ہوا داغ - ج رَضَف ورَضَفَات -

الرَّضِیْفُ - گرم پتھر (— والرَّضِیْفَۃُ) گرم پتھر ڈال کر گرم کیا ہوا دودھ - اور اسی سے ہے "شَرِبْتُ الرَّضِیْفَۃَ" میں نے گرم پتھر ڈال کر گرم کیا ہوا دودھ پیا -

الرَّضِیْفُ والمَرْضُوْفُ - گرم پتھر پر بھنا ہوا گوشت -

الرَّضِیْفَۃُ والمَرْضُوْفَۃُ - اوجھ جس کو دھو کر سفر میں اپنے ساتھ رکھتے تھے اور جب ہانڈی نہیں ہوتی تھی تو گوشت کے ٹکڑے کاٹکر اسی اوجھ میں بھر دیتے تھے اور پھر پتھر گرم کرکے اس کو بھی اسی اوجھ میں ڈال دیتے تھے تاکہ اس کی گرمی سے گوشت پک جائے -

المِرْضَافَۃُ - داغ کرنے کا آلہ -

مُطْفِئَۃُ (الرَّضْفِ) ایسی سخت مصیبت جو پچھلی مصیبتوں کو بھلا دے - چربی جو پگھل کر پتھر کی گرمی بجھا دے - بہت زہریلا سانپ جس کے زہر سے پتھر کی گرمی کم ہو جائے جبکہ وہ اس پر سے گذرے -

اَرْضَکَ - عَیْنَیْہِ : آنکھوں کو بند کرنا اور کھولنا

رَضَمَ (ض) رَضْمًا - الاَرْضَ : زمین کو جوتنا - — البَیْتَ : گھر کو بڑے بڑے پتھروں سے بنانا - صفت مفعولی (رَضِیْمٌ ومَرْضُوْمٌ) المَتَاعَ : سامان کو تہ بتہ رکھنا - الشَّیْءَ : توڑنا عَلَیْہِ الصَّخْرَ : ڈالنا (— رَضْمًا ورَضَمَانًا) فِی المَشْیِ : سست چلنا - قریب قریب قدم رکھ کر دوڑنا — بِالمَکَانِ : اقامت کرنا -

اِرْتَضَمَ - المَتَاعُ : سامان تہ بتہ ہونا -

الرَّضْمُ والرَّضَمُ والرِّضَامُ - بڑے بڑے پتھر جو عمارت میں اوپر تلے رکھے جائیں رَضَم کا واحد (رَضَمَۃٌ)

الرُّضَامُ : ایک قسم کی گھاس - ہر چیز کا قلیل حصہ -

رَضَاہٗ یَرْضُوْہُ رَضْوًا - پسندیدگی میں غالب ہونا - کہا جاتا ہے "رَاضَانِیْ فَرَضَوْتُہٗ" اس نے مجھ سے پسندیدگی میں مقابلہ کیا اور میں غالب رہا

رَضِیَ (س) رِضًی ورُضًی ورِضْوَانًا و رُضْوَانًا ومَرْضَاۃً - عَنْہُ وعَلَیْہِ : خوش ہونا - راضی ہونا - صفت (رَاضٍ) ج رَاضُوْنَ ورُضَاۃٌ ورَضٍ) ج رَضُوْنَ و (رَضِیٌّ) ج اَرْضِیَاءُ ورُضَاۃٌ

رَضِیَ - الشَّیْءَ ورَضِیَ بِہٖ وفِیْہِ : پسند کرنا - قناعت کرنا - صفت مفعولی (مَرْضِیٌّ ومَرْضُوٌّ) کہا جاتا ہے "رَضِیَ اللّٰہُ عَنْ فُلَانٍ ورَضِیَ عَنْہُ" یعنی اللہ اس کے اعمال کو قبول کرے اور اس سے خوش رہے "رَضِیَتْ مَعِیْشَتُہٗ" : اُس کی زندگی پسندیدہ ہے

رَاضَی رِضَاءً ومُرَاضَاۃً - الرَّجُلَ : رضامندی طلب کرنا - پسندیدگی میں مقابلہ کرنا

اَرْضٰی ورَضّٰی - الرَّجُلَ : رضامند کرنا - خوش کرنیکے لائق دینا -

تَرَضّٰی - الرَّجُلَ : رضامندی طلب کرنا -

تَرَاضٰی - القَوْمُ الشَّیْءَ : قوم میں سے ہر ایک کا کسی چیز کو پسند کرنا -

اِرْتَضَاہٗ - لِخِدْمَتِہٖ اولِصُحْبَتِہٖ : پسند کرنا -

اِسْتَرْضَاہٗ - رضامندی طلب کرنا - و اِسْتَرْضَیْتُہٗ : کسی سے یہ کہنا کہ مجھے رضامند کرو -

رَجُلٌ وَامْرَأَةٌ (رِضیً) پسندیدہ مرد یا عورت
(چونکہ یہ مصدر بمعنی مفعول ہے اس لئے مفرد
تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کیلئے یہی ہے)
عِیْشَۃٌ (رَاضِیَۃٌ) پسندیدہ واچھی زندگی
(اس میں اسناد مجازی ہے)
رَضْوٰی - مدینہ طیبہ اور ینبع کے درمیان
ایک پہاڑ کا نام - اور نسبت کے لئے رَضْوَی۔
اَلرِّضَاءُ - خوشنودی۔
اَلرِّضْوَۃُ - خوشنودی - کہا جاتا ہے۔ "مَا
فَعَلْتُ ذٰلِکَ اِلَّا عَنْ رِضْوَتِہٖ" میں نے اس کو
اس کی رضامندی سے کیا۔
اَلرَّضِیُّ - عاشق - دُبلا - چھریرا۔
اَرَطَّ اِرْطَاطًا - بیوقوف ہونا - چلانا -
شور مچانا - فِی مَقْعَدِہٖ: جم کے بیٹھنا۔
اِسْتَرَطَّ - بے وقوف سمجھنا۔
اَلرَّطِیْطُ - شور - چیخ - بیوقوفی - بیوقوف
ج رِطَاطٌ۔
اَلرَّطَائِطُ - بیوقوف (جمع ہی ہو اس کے
لئے واحد نہیں)
رَطَأَ (ف) رَطْأً - اَلْقَوْمَ: قوم کو ناپسندیدہ
امر میں پھنسا دینا - بِسَلْحِہٖ: پائخانہ کرنا ——
اَلْمَرْأَۃَ: جماع کرنا۔
اِسْتَرْطَأَ - اَلرَّجُلُ: بیوقوف ہونا ——
اَلرَّجُلَ: بیوقوف سمجھنا۔
اَلرَّطْأُ - بیوقوفی۔
اَلرَّطِیُٔ - بے وقوف - ج رِطَاءٌ مؤنث
رَطِیْئَۃٌ وَرَطْأَی۔
رَطَبَ (ن) رَطَابَۃً - اَلْبُسْرُ: پختہ ہونا
بسر کھجور کا رطب ہونا۔
رَطَبَ (ن) رَطْبًا وَرُطُوْبًا - اَلدَّابَّۃَ:
جانور کو تازہ چارہ کھلانا۔
رَطِبَ (س) وَرَطُبَ (ک) رُطُوْبَۃً
وَرَطَابَۃً - تر ہونا - نمناک ہونا - نازک ہونا۔
رَطُبَ الْبُسْرُ: پختہ ہونا۔
رَطَّبَ وَاَرْطَبَ - الثَّوْبَ وَنَحْوَہٗ: تر کرنا۔

رَطَّبَ وَاَرْطَبَ الْبُسْرُ: پختہ ہونا - رَطَّبَ
الْقَوْمَ: پختہ کھجور کھلانا - وَاَرْطَبَتِ الْاَرْضُ:
زمین کا بہت پختہ کھجور والی ہونا - اَرْطَبَ النَّخْلُ:
کھجور کے پکنے کا وقت آنا - اَرْطَبَ الْقَوْمُ: پختہ
کھجوروں کے درخت خرما کا مالک ہونا۔
تَرَطَّبَ - تر ہونا - اور اسی سے ہے "تَرَطَّبَ
لِسَانِیْ بِذِکْرِکَ" تمہاری یاد سے میری زبان
تر ہے۔
اَلرَّطْبُ وَالرَّطِیْبُ - تر - نرم و نازک
ٹہنی یا پر وغیرہ - کہا جاتا ہے "عَیْشٌ رَطِیْبٌ"
خوش حال زندگی۔
اَلرُّطْبُ وَالرُّطُبُ - سبز چارہ۔
اَلرُّطَبُ - پختہ تازہ کھجور - واحد (رُطَبَۃٌ)
ج رِطَابٌ وَاَرْطَابٌ۔
اَلْمَرْطَبَۃُ - کھاری کنوئیں کے درمیان
میٹھا کنواں۔
اَلرَّطَابِ - بروزن نظامِ: عورتوں
کے لئے ایک گالی۔
اَلرَّطْزُ - کمزور بال وغیرہ۔
اَلرُّطَازَاتُ - خرافات۔
رَطَسَ (ن ض) رَطْسًا - تھپڑ مارنا۔
اِرْطَسَّتْ - عَلَیْہِ الْحِجَارَۃُ: پتھروں کا
تہ بتہ ہونا۔
رَطَعَ (ف) رَطْعًا - اَلْجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔
اَلرَّطْعُ - زکام۔
رَطَلَ (ن) رَطْلًا - اَلشَّیْءَ: ہاتھ میں اُٹھا کر
وزن معلوم کرنا —— اَلرَّجُلُ: دوڑنا۔
رَطَّلَ - اَلشَّعْرَ: تیل لگا کر نرم کرنا اور کنگھی
کرنا —— اَلشَّیْءَ: رطل پیمانہ سے وزن کرنا
(—— وَاَرْطَلَ) اَلرَّجُلُ: ڈھیلے لٹکے ہوئے
کانوں والا ہونا۔
رَاطَلَ - رطل سے بیچنا۔
اَلرَّطْلُ وَالرِّطْلُ - بارہ اوقیہ کا ایک
وزن - ۴۰ تولہ - ج اَرْطَالٌ - اَلرِّطْلُ مِنَ الرِّجَالِ:
بیوقوف سست - کمزور بڈھا - لاغر اندام

قریب البلوغ لڑکا - سبک رفتار گھوڑا۔
اَلرِّطْلَۃُ - سبک رفتار گھوڑی۔
اَلرُّطَیْلَاءُ - رُتَیلاء کی تصحیف ہے۔
اَلْمُرَطَّلُ - مِنَ الرِّجَالِ: نرم - لمبا۔
رَطَمَہٗ (ن) رَطْمًا - کیچڑ میں گرانا - پیچیدہ
اور مشکل کام میں پھنسانا۔
رَطَمَ وَارْطَمَ - فِی قُعُوْدِہٖ: جم کے بیٹھنا
وَارْطَمَ الرَّجُلُ: خاموش رہنا۔
رُطِمَ - اَلْبَعِیْرُ: اونٹ کو قبض کی بیماری ہونا
تَرَطَّمَ - السَّلْحَ: پائخانہ روکنا۔
اِرْتَطَمَ - کیچڑ میں گرنا - یا پیچیدہ و مشکل
کام میں پھنسنا —— فِی الْاَمْرِ: کسی معاملہ میں
پھنس جانا —— عَلَیْہِ الْاَمْرُ: مشتبہ ہونا ——
اَلشَّیْءُ: ڈھیر لگنا۔
اَلرُّطَمَۃُ - پیچیدہ و مشکل کام جس سے
خلاصی دشوار ہو۔
اَلرُّطَامُ - قبض۔
اَلرُّطُوْمُ - بیوقوف مرد۔
اَلرَّاطِمُ - کسی چیز کو چمٹے رہنے والا۔
اِمْرَأَۃٌ (مَرْطُوْمَۃٌ) بدی کیساتھ متہم عورت۔
رَطَنَ لَہٗ (ن) رِطَانَۃً وَرَطَانَۃً وَرَاطَنَہٗ
مُرَاطَنَۃً - عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔
تَرَاطَنَ - اَلْقَوْمُ (تَرَاطَنُوْا فِیْمَا بَیْنَہُمْ): باہم
عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔
اَلرُّطَیْنٰی - کلام جو سمجھ میں نہ آئے - کہا جاتا
ہے "مَا رُطَیْنَاکَ ہٰذِہٖ" تمہاری یہ کیا بکواس ہے
رَطَا (ن) رَطْوًا - اَلْجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔
رَعَثَتْ (ن) رَعْثًا - اَلرِّیْحُ: ہوا کا ٹھہر جانا۔
اَلرَّعَاعُ - کمینے و رذیل لوگ۔
اَلرَّعَاعَۃُ - شترمرغ - بے عقل اور
بغیر دل کا آدمی۔
رَعَبَ (ف) رَعْبًا وَرُعْبًا - خوف کرنا۔
اَلرَّجُلَ: خوف دلانا (—— رَعْبًا) اَلْاِنَاءَ وَالْحَوْضَ:
برتن یا حوض کا بھرنا - اَلسَّنَامَ وَنَحْوَہٗ: کوہان
وغیرہ کے لمبے لمبے ٹکڑے کاٹنا - رَعَبَتِ الْحَمَامَۃُ:

کبوتر کا غٹرغوں کرنا۔
رَعَّبَ تَرْعِيْبًا وَتَرْعَابًا۔ الرَّجُلَ: خوف دلانا — الإِنَاءَ: برتن بھرنا۔
السَّنَامَ: کوہان کے لمبے لمبے ٹکڑے کاٹنا۔ فُلَانًا: کسی کیلئے تیر میں پیکان کو بٹھانا۔
اِرْتَعَبَ۔ ڈرنا۔
الرَّعْبُ۔ جادو کا منتر۔ مقفی نثر۔ برا وعدہ
الرُّعْبُ والرُّعُبُ۔ گھبراہٹ۔ تیر میں پیکان لگانے کی جگہ۔ ج رِعَبَۃ۔
الرَّعِيْبُ۔ خوفزدہ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رَعِيْبُ العَيْنِ ومَرْعُوْبُ العَيْنِ" بزدل۔ جو ہر چیز کو دیکھ کر خائف ہو جائے۔ موٹا جس سے چربی ٹپکے۔
الرَّعَّابُ۔ جادو کرنے والا۔ مقفی نثر بولنے والا۔
الرَّعَّابَۃ۔ لوگوں کو بہت ڈرانے والا۔
الرُّعْبُوْبُ۔ بزدل۔ ج رَعَابِيْب (— الرُّعْبُوْبَۃ والرِّعْبِيْبُ) مِنَ الجَوَارِي: نازک اندام لڑکی۔
المُرْعَبُ۔ موٹا جس سے چربی ٹپکے۔
التَّرْعِيْبَۃ۔ کوہان کا ٹکڑا۔ ج تراعیب
المَرْعَبَۃ۔ ڈرانے والی اچھل کود کہ کوئی شخص تمہاری غفلت کی حالت میں کود کر تمہارے پاس بیٹھ جائے اور تم ڈر جاؤ۔
رَعْبَلَ: اللَّحْمَ: گوشت کے پارچے کاٹنا۔ — الثَّوْبَ: کپڑے کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ — الرَّجُلُ: بیوقوف سست عورت سے نکاح کرنا۔
تَرَعْبَلَ۔ اللَّحْمُ: گوشت کا پارچے پارچے ہونا — الثَّوْبُ: کپڑے کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا
الرَّعْبَلُ۔ مِنَ النِّسَاءِ: بیوقوف عورت پرانے کپڑے پہننے والی عورت۔ جَمَلٌ رَعْبَلٌ: موٹا اونٹ۔
الرِّعْبِلَۃ والرُّعْبُوْلَۃ۔ پرانا و بوسیدہ کپڑا۔ ج رَعَابِل ورَعَابِيْل۔ اور کہا جاتا ہے۔ "ثَوْبٌ رَعَابِيْلُ" یعنی پرانا کپڑا۔

الرَّعْبَلَۃ والرَّعْبَلِيْلُ۔ مِنَ الرِّيَاحِ: ایک رخ پر نہ چلنے والی ہوا۔
الرُّعْبُوْلَۃ۔ پھٹا ہوا چیتھڑا۔ گوشت کا ٹکڑا
رَعِثَتْ (ف) رَعْثًا ورَعِثَتْ (س) رَعَثًا۔ العَنْزُ: کانوں کے سفید کناروں والی ہونا۔
تَرَعَّثَتْ وارْتَعَثَتْ۔ المَرْأَۃُ: عورت کا بالی پہننا۔ آویزہ پہننا۔
الرَّعْثُ والرَّعَثُ۔ رنگین اون جس کو ہودج کے اوپر لٹکاتے ہیں۔ رَعْثُ الرُّمَّانِ: انار کی کلی۔
الرَّعْثَۃ والرَّعَثَۃ۔ بالی۔ مرغ کی کلغی مرغ کی داڑھی۔ ج رِعَاث وجج رُعُث۔
الرَّعْثَاءُ۔ بکری جس کے کانوں کے کنارے کٹے ہوئے لٹک رہے ہوں، لمبے دانہ والا انگور۔
الرَّاعُوْثَۃ۔ پتھر جس پر کھڑے ہو کر پانی کھینچیں۔ یا وہ پتھر جس کو کنواں کھودتے وقت کنوئیں میں ڈال دیں تاکہ آئندہ اسی پر بیٹھ کر کنوئیں کو صاف کریں۔
رَعَجَہٗ (ف) رَعْجًا ورَعَجَانًا وأَرْعَجَہٗ۔ غمگین کرنا۔ قلق میں ڈالنا۔ رَعَجَ البَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا — أَرْعَجَ الرَّجُلُ: بہت مال و مویشی والا ہونا۔
رَعِجَ (س) رَعَجًا۔ المَالُ أَو العَدَدُ: بہت ہونا — الوَادِي: وادی کا بھر جانا۔
اِرْتَعَجَ۔ الرَّجُلُ: کانپنا۔ کہا جاتا ہے۔ "خَرَجُوْا وَلَهُمْ اِرْتِعَاجٌ" لوگ نکلے اس حال میں کہ ان کے لئے اضطراب تھا — البَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا — الوادی بھر جانا — المَالُ: بہت ہونا۔
الرَّعَجُ۔ بہت مویشی۔
رَعَدَ (ف ن) رَعْدًا ورُعُوْدًا۔ السَّحَابُ: بادل کا گرگرانا۔ گرجنا۔ کہا جاتا ہے۔ "رَعَدَ لِي فُلَانٌ وَبَرَقَ" یعنی مجھ کو فلاں نے دھمکی دی۔ "رَعَدَتِ المَرْأَۃُ وَبَرَقَتْ" یعنی وہ عورت

بناؤ سنگار کر کے سامنے آئی۔
أَرْعَدَ۔ الرَّجُلُ: کسی شخص پر گڑگڑاہٹ ہونا گڑگڑاہٹ سننا — زَيْدًا: دھمکی دینا — ہ الخَوْفُ: مبتلائے اضطراب کرنا۔ کپکپا دینا لرزا دینا۔
أُرْعِدَ۔ کپکپی ہونا۔
تَرَعَّدَ۔ حرکت کرنا۔ کانپنا۔
اِرْتَعَدَ۔ اضطراب کرنا۔ کانپنا۔
الرَّعْدُ۔ مص۔ بادل کی گرج۔
"کہا جاتا ہے" جَاءَ بِذَاتِ الرَّعْدِ والصَّلِيْلِ" یعنی وہ لڑائی لایا۔
الرِّعْدَۃ والرَّعْدَۃ۔ کپکپی۔
الرَّعَّادُ۔ بہت بولنے والا۔ بہت گرجنے والا بادل۔ ایک قسم کی مچھلی جس کے چھونے سے کپکپی طاری ہو جاتی ہے۔ اور اس کو "سَمَكَۃُ الرَّعْدِ" بھی کہتے ہیں۔
الرَّعَّادَۃ۔ بہت بولنے والا۔
الرَّاعِدَۃ۔ گرجنے والا بادل۔ "صَلَفٌ تَحْتَ الرَّاعِدَۃِ" اس شخص کے لئے بطور مثال کے کہتے ہیں جو بہت بک بک کرے اور ڈینگ مارے اور اس سے کچھ خیر حاصل نہ ہو۔ ج رَوَاعِد۔ ذَاتُ الرَّوَاعِدِ: مصیبت۔
الرُّعَيْدَاءُ۔ گیہوں کا پچھوڑن۔
رَعْدَدَ۔ سوال کرنے میں اصرار کرنا۔
تَرَعْدَدَ۔ کپکپی ہونا۔
الرِّعْدِيْدُ والرِّعْدِيْدَۃ۔ بزدل۔ بہت کانپنے والا۔ نَبَاتٌ رُعْدُدٌ: نرم و نازک نباتات۔ ج رَعَادِيْد۔
رَعْرَعَ۔ المَاءُ: پانی کا سطح زمین پر لہریں مارنا — الفَرَسَ: گھوڑے پر سدھانے کے لئے سوار ہونا — ہ اللّٰہُ: اگانا۔
تَرَعْرَعَ۔ الصَّبِيُّ: بچہ کا بڑھنا و جوان ہونا۔ — المَاءُ أَو السَّرَابُ: پانی یا سراب کا متلاطم ہونا — السِّنُّ: دانت کا ہلنا۔
الرَّعْرَعُ والرُّعْرُعُ والرَّعْرَاعُ۔ اچھے قد

اور اچھی جوانی والا - ج رَعَارِعُ و رَعَارِیعُ -
الرَّعْرَاعُ : بزدل - لمبا نرکل -
رَعَزَ (ف) رَعْزًا - الجَارِيَةَ : جماع کرنا -
رَاعَزَ مُرَاعَزَةً - سکڑنا -
المِرْعِزّ و المِرْعِزَّى و المِرْعِزَاءُ - بھیڑ کے بالوں کے نیچے کے چھوٹے چھوٹے روئیں -
ثَوْبٌ (مُمَرْعَزٌ) چھوٹے چھوٹے روئیں سے بنا ہوا کپڑا -
مُرَاعِزٌ - غضبناک -
رَعَسَ (ف) رَعْسًا - کانپنا، تھکن وغیرہ سے آہستہ چلنا (— رَعْسًا و رَعَسَانًا رَاْسَهُ : بڑھاپے کی وجہ سے ہلانا -
اَرْعَسَهُ - کپکپا دینا - لرزا دینا -
تَرَعَّسَ و ارْتَعَسَ - کانپنا -
نَاقَةٌ (رَاعِسَةٌ) اونٹنی جو نشاط میں ہو -
الرَّعُوسُ - خوشی یا نیند کی وجہ سے سر ہلانے والا -
الرَّعِيسُ - چلنے میں لڑکھڑانے والا -
الرَّعَّاسُ - نرم نیزہ جس میں لچک ہو -
المُرْعَسُ - خسیس آدمی جو کوڑی کرکٹ میں سے دانوں کو چنے -
رَعِشَ (س) رَعَشًا و ارْتَعَشَ - کانپنا - صفت (رَعِشٌ و رَعِيشٌ)
اَرْعَشَهُ و رَعَّشَهُ - کپکپا دینا - لرزا دینا عاجز کرنا -
الرَّعِشُ و الرِّعْشِيشُ - بزدل - جلد باز
الرِّعْشَةُ - جلد بازی -
الرُّعَاشُ - مرض کی وجہ سے کپکپی -
نَاقَةٌ (رَعُوشٌ) بڑھاپے کی وجہ سے سر ہلانے والی اونٹنی -
الرَّعْشَاءُ - مِنَ النَّعَامِ : تیز رفتار شترمرغ — مِنَ النُّوقِ : تیز رفتاری کی وجہ سے جھومنے والی اونٹنی -
المُرْعَشُ و المُرَعَّشُ - ایک قسم کا سفید کبوتر جو فضائے آسمانی میں چکر لگاتا ہے -

الرَّعِشُ - کانپنے والا - بزدل - جلدی کرنے والا -
رَعَصَ (ف) رَعْصًا و ارْعَصَ - الشَّيْءَ : حرکت دینا - ہلانا - کھینچنا — عَلَيْهِ جِلْدُهُ : کھال کا پھڑکنا -
تَرَعَّصَ و ارْتَعَصَ - عَلَيْهِ جِلْدُهُ : کھال کا پھڑکنا — الجَدْيُ : بکری کے بچہ کا خوشی میں آکر اچھلنا -
رَعَظَ (ف) رَعْظًا - السَّهْمَ : پیکان لگانے کی جگہ بنانا - پیکان کی جگہ توڑ دینا -
رَعَّظَهُ - عَنْ كَذَا : سست کر دینا - جلدی کرانا — الوَتِدَ : اکھیڑنے کے لئے ہلانا -
اَرْعَظَ - السَّهْمَ : پیکان لگانے کی جگہ بنانا - — فُلَانًا : سست کر دینا -
الرُّعْظُ - تیر میں پیکان لگانے کی جگہ - ج اَرْعَاظٌ - کہا جاتا ہے " كَسَرَ عَلَيْهِ اَرْعَاظَ النَّبْلِ " یعنی وہ اس پر بہت غضبناک ہوا اس لئے کہ شدت غضب میں آدمی تیر کو زمین میں گھستا ہے یہاں تک کہ پیکان ٹوٹ جاتا ہے
رَعَفَ (ف ن) رَعْفًا - الفَرَسُ الخَيْلَ : آگے بڑھ جانا -
رَعِفَ (س) رَعَفًا - الدَّمُ : نکسیر پھوٹنا (— و رَعَفَ (ف ن) رَعْفًا و رُعَافًا) الرَّجُلُ : نکسیر والا ہونا - کہا جاتا ہے " رَعَفَ بِهِ البَابُ " : یعنی وہ اچانک داخل ہوا -
اَرْعَفَهُ - جلدی کرانا — القِرْبَةَ : مشک کو لبالب بھرنا — القَلَمَ : قلم میں زیادہ روشنائی لگانا -
ارْتَعَفَ و اسْتَرْعَفَ - آگے بڑھنا - و اسْتَرْعَفَتِ الحَصَى رِجْلَهُ : کنکریوں کا پیر کو خون آلود کر دینا -
الرَّعْفُ - مص - نیزہ مارنے کی پھرتی -
الرُّعَافُ - نکسیر - بہت بارش -
الرَّعَّافُ - بہت نکسیر والا - بہت آگے بڑھنے والا -

الرُّعَافِيُّ - بہت دینے والا - (رُعَاف بمعنی کثیر بارش سے ماخوذ ہے)
الرَّاعِفُ - فا - نتھنے کا کنارہ - پہاڑ کی چوٹی گھوڑوں سے آگے بڑھنے والا گھوڑا - ج رَوَاعِفُ -
الرَّوَاعِفُ - نیزے -
الرَّعُوفُ و الرَّاعُوفُ و الرَّاعُوفَةُ و الاُرْعُوفَةُ - مِنَ البِئْرِ : کنوئیں کا پتھر جس پر کھڑے ہو کر پانی کھینچیں -
الرُّعُوفُ - ہلکی بارشیں -
المَرَاعِفُ - ناک اور اس کا اردگرد - کہا جاتا ہے " فَعَلْتُهُ عَلَى الرَّغْمِ مِنْ مَرَاعِفِهِ " یعنی میں نے اس کو اس کے مزاج کے خلاف کیا -
المُسْتَرْعِفُ - مِنَ الخَيْلِ : آگے رہنے والا گھوڑا -
رَعَقَ (ف) رُعَاقًا و رَعِيقًا - بَطْنُ الدَّابَّةِ : جانور کے پیٹ سے دوڑنے میں آواز نکلنا -
رَعَلَ (ف) رَعْلًا - الشَّيْءَ : کشادہ پھاڑنا - — فُلَانًا : سخت نیزہ مارنا -
رَعِلَ (س) رَعَلًا - بیوقوف ہونا - النَّبَاتُ : لمبی اور لٹکتی ہوئی شاخوں والی ہونا - صفت (اَرْعَل)
رَعَّلَ - الكَرْمُ : انگور کی کونپلیں پھوٹنا -
اَرْعَلَهُ - سخت نیزہ مارنا -
اسْتَرْعَلَتْ - الغَنَمُ : بکریوں کا آگے پیچھے قطار میں چلنا - اسْتَرْعَلَ الرَّجُلُ : جنگ میں آگے آگے چلنا -
الاَرْعَلُ - بیوقوف - مؤنث رَعْلَاءُ ج رُعْلٌ لمبی اور لٹکتی ہوئی شاخ والی نباتات - ضَرْبَةٌ اَرْعَلُ : گوشت کو کاٹ کر لٹکا دینے والی تلوار کی ضرب -
الرَّعْلُ - پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک - رَعْلٌ الرِّجْلُ : کپڑے -
الرَّعْلُ - شہد کی نر مکھی -
الرُّعَالُ - رینٹ - ناک کی رطوبت -
الرَّعَالَةُ - بیوقوفی -
الرَّعْلَةُ - شترمرغ - بکری یا اونٹنی کے کان کے

پچھلے حصے کو کاٹ کر لٹکایا ہوا ٹکڑا - عیال -
تھوڑے گھوڑوں کا یا گایوں کا گلہ - ج رِعَال و
اَرْعَال و اَرَاعِیْل - کہا جاتا ہے "اَقْبَلَتِ الْخَیْلُ
رِعَالاً و اَرَاعِیْلَ" "اَرَاعِیْلُ الرِّیَاحِ اَوِ السَّحَابِ:
ابتدائی ہوائیں یا بادل -
الرُّعْلَةُ - انگور وغیرہ کی کونپل - ج رُعَل -
ریحان و آس وغیرہ کا بنا ہوا تاج -
اَبُوْ رِعْلَةَ - بھیڑیا -
الرَّعِیْلُ - آگے آگے رہنے والی جماعت
(گھوڑوں یا آدمیوں یا پرندوں کی) ج رِعَال
الْمِرْعَلُ - شمشیر براں -
الْمُرْعَلُ - عمدہ مال -
الْمُسْتَرْعِلُ - گلہ سے نکلا ہوا جانور -
گلہ بان - اونٹ والا -
رَعَمَ (ن) رَعْمًا - الشَّیْءَ: نگہبانی کرنا -
— الشَّمْسَ: آفتاب کے غروب کا انتظار کرنا -
رَعَمَتْ (ف) و رَعُمَتْ (ک) رَعَامَةً و
اَرْعَمَتْ - الشَّاةُ: بہت دبلی ہونا اور ناک
سے رطوبت بہنا - صفت (رَعُوْم)
رَعَّمَ - الشَّاةَ: بکری کی ناک کی رطوبت
صاف کرنا -
الرَّعَامُ - نگاہ کی تیزی -
الرُّعَامُ - رینٹ - ناک کی رطوبت - ج
اَرْعِمَة -
الرُّعَامَةُ و الرُّعَامِی - ایک قسم کا درخت
الرُّعَامِی - جگر کی زیادتی -
الرِّعْمُ - چربی - اُمُّ رِعْمٍ: بجو -
الرَّعُوْمُ - نفس -
الرُّعُوْمُ - نازک بدن عورت -
رَعَنَ (ن) رَعْنًا و رَعِنَ (س) رَعَنًا و
رَعُنَ (ک) رُعُوْنَةً - بیوقوف ہونا - ڈھیلا
ہونا - گفتگو میں طیش والا ہونا - صفت (اَرْعَنُ)
رَعَنَتْهُ (ن) رَعْنًا - الشَّمْسُ: دھوپ
لگنے سے بیہوشی طاری ہونا -
الرَّعْنُ - مص - پہاڑ کی چوٹی - اونچا پہاڑ - ج
رِعَان و رُعُوْن -
الْاَرْعَنُ - چوٹی والا پہاڑ - اونچی چوٹی والا -
الرَّعُوْنُ - تیز یا بہت حرکت کرنے والا -
رات کی تاریکی -
رَعَا يَرْعُوْ رَعْوًا و رِعْوَةً و رَعْوَةً و
رُعْوَةً - غلطی سے رجوع کرنا - اسم (الرَّعْوٰی
و الرُّعْیَا)
اِرْعَوٰی اِرْعِوَاءً - عَنِ الْجَهْلِ: رُکنا - باز
رہنا - صفت (مُرْعَوٍ) رجوع کرنا -
رَعٰی يَرْعٰی رَعْیًا و رِعَایَةً و مَرْعًی -
الْمَاشِیَةُ الْکَلَأَ: جانور کا گھاس چرنا —
الْمَاشِیَةَ: جانور کو گھاس چرانا — النُّجُوْمَ:
ستاروں کے غروب کا انتظار کرنا — الْاَمِیْرُ
رَعِیَّتَهُ رِعَایَةً: امیر کا انتظام مملکت کرنا —
عَلَیْهِ حُرْمَتَهُ: پاس عزت کرنا — الْاَمْرَ:
حفاظت کرنا -
رَاعٰی مُرَاعَاةً - النُّجُوْمَ: ستاروں کو غروب
کا انتظار کرنا — الْاَمْرَ: حفاظت کرنا - انجام
پر غور کرنا — الرَّجُلَ: کسی کے حق کو نگاہ رکھنا
رَاعَتِ الْاَرْضُ: بہت چراگاہ والی ہونا -
رَاعِنِیْ سَمْعَکَ: توجہ کرنا - کان لگانا - کہا جاتا ہے
"هُوَ لَا يُرَاعِیْ اِلٰی قَوْلِ اَحَدٍ" وہ کسی بات کی طرف
توجہ نہیں کرتا - الْحِمَارُ الْحُمُرَ: گدھے کا گدھوں
کے ساتھ چرنا -
اَرْعٰی - الْمَاشِیَةَ: جانور کو چرانا - الْمَکَانَ:
چراگاہ بنانا — عَلَیْهِ: شفقت - مہربانی کرنا
اَرْعِنِیْ سَمْعَکَ: بات سننا - اَرْعَتِ الْاَرْضُ:
بہت چراگاہ والی ہونا — اللّٰهُ الْمَاشِیَةَ:
چری اُگانا -
رَعَّاهُ تَرْعِیَةً - کسی سے "رَعَاهُ اللّٰهُ" کہنا
اِرْتَعَتْ و تَرَعَّتْ - الْمَاشِیَةُ: جانور کا چرنا -
اِسْتَرْعٰی اِسْتِرْعَاءً - الْمَاشِیَةَ: چرانے کے
لئے کہنا — هُ مَاشِیَتَهُ: رکھوالی کیلئے کہنا -
اور اسی سے مثال ہے "مَنِ اسْتَرْعَی الذِّئْبَ
فَقَدْ ظَلَمَ" جس نے بھیڑیئے سے رکھوالی کیلئے
کہا - اس نے ظلم کیا - اس شخص کیلئے بولتے ہیں جو
خائن کو کسی چیز کا امین بنائے — هُ السَّمْعَ:
توجہ کرنے کو کہنا — هُ الشَّیْءَ: کسی چیز کی حفاظت
کرنے کے لئے کہنا -
الرِّعْیَةُ - چرائی -
الرُّعْیَا و الرُّعْوٰی و الرَّعْیَا و الرَّعْوٰی -
حفاظت -
الرَّعْیُ - مص - کہا جاتا ہے "رَعْیًا لَکَ" یعنے
تمہاری حفاظت ہو -
الرِّعْیُ - گھاس - ج اَرْعَاء - رِعْیُ الْحَمَامِ
و الْاِبِلِ: دو گھاسوں کے نام -
الرَّعِیَّةُ - چرنے والے جانور - جانور جو چرائے
جائیں - قوم - کسی حاکم کے ماتحت عام لوگ -
ج رَعَایَا - رَعِیَّةُ الْمَلِکِ و رَعَایَاهُ: تابع فرمان
لوگ -
الرَّعَاوٰی و الرُّعَاوٰی - لوگوں کے
اردگرد چرنے والے مویشی -
الرَّعَاوِیَّةُ - عوام کے مویشی -
الْاَرْعَاوِیَةُ - شاہی مویشی -
الرَّاعِی - فا - بہت الفت کرنے والا - حاکم قوم
رَاعِی الْمَاشِیَةِ: چرواہا - مویشی کا نگہبان - ج
رُعَاة و رُعْیَان و رُعَاء و رِعَاء - مؤنث رَاعِیَة -
ج رَوَاعٍ - رَاعِیَةُ الشَّیْبِ و رَوَاعِیْهِ: بڑھاپے
کی ابتداء - رَاعِی الْجَوْزَاءِ و رَاعِی النَّعَائِمِ: دو ستاروں
کے نام - رَاعِی الْبُسْتَانِ و رَاعِیَةُ الْاِبْنِ: ٹڈیوں
کی ایک قسم - رَاعِیَةُ الرَّاسِ: جوں -
الْمَرْعٰی - مص - گھاس - ج مَرَاعٍ (—
و الْمَرْعَاة -) چراگاہ -
الْمَرْعِیُّ - جو چرایا جائے - جس کی حفاظت
کی جائے -
رَغِبَ (س) رَغْبًا و رُغْبًا و رَغْبَةً - فِیْهِ:
چاہنا - خواہش کرنا — عَنْهُ: اعراض کرنا -
منہ پھیرنا - بے التفاقی کرنا - چھوڑ دینا -
بِهٖ عَنْ غَیْرِهٖ: دوسرے پر فضیلت دینا -
رَغِبَ (س) رَغَبًا و رَغْبٰی و رُغْبٰی و

رُغْبَۃً وَرَغَبَۃً وَرَغَبُوتًا وَرَغَبَاتًا وَرُغْبًا اِلَیْہِ: خواری و عاجزی ظاہر کرنا۔ خواری ذلت سے مانگنا۔

رَغُبَ (ک) رُغْبًا و رُغُبًا و رَغَابَۃً۔ بہت کھاؤ ہونا۔ الوادی: فراخ و کشادہ ہونا

رَغَّبَہٗ و اَرْغَبَہٗ۔ فی الشیئِ: رغبت دلانا۔ رَغَّبَہٗ: مرغوب چیز دینا۔ کہا جاتا ہے "اَرْغَبَ اللّٰہُ قَدْرَکَ" اللہ تعالیٰ تمہارے مرتبہ کو بلند کرے

اِرْتَغَبَ۔ فِیْہِ: خواہش کرنا۔ چاہنا۔

تَرَاغَبَ۔ الوادی: کشادہ ہونا

النَّاسُ فِی الْخَیْرِ: خواہش کرنا۔ رغبت کرنا۔

الرَّغَبُ۔ مرغوب۔

الرُّغُبُ والرُّغَابُ۔ مِنَ الْاَرْضِ: بارش کو بہت جذب کرنے والی زمین۔

طَرِیْقٌ (رَغِبٌ) کشادہ راستہ۔ ج رُغُبٌ۔

الرَّغِیْبُ۔ بہت کھاؤ۔ کہا جاتا ہے۔ "حَوْضٌ رَغِیْبٌ وسِقَاءٌ رَغِیْبٌ" کشادہ حوض و مشک۔ حِمْلٌ رَغِیْبٌ: بھاری بوجھ۔ اور کہا جاتا ہے "فَرَسٌ رَغِیْبُ الْخُطْوَۃِ" کشادہ قدم والا گھوڑا۔ ج رِغَابٌ۔

الرَّغُوْبُ۔ خواہش کرنے والا۔ رغبت کرنے والا۔

الرَّغِیْبَۃُ۔ رغیب کا مؤنث۔ امر مرغوب۔ بہت عطیہ۔ ج رَغَائِبُ۔

المَرَاغِبُ۔ خواہشیں۔ وہ عورتیں جو معاش کے لئے مضطرب ہوں۔

الرُّغَابَی۔ جگر کی زیادتی۔

رَغَثَ (ف) رَغْثًا۔ الولدُ اُمَّہٗ: ماں کا دودھ پینا — ہ: لگاتار نیزے مارنا — القومُ فلانًا: سوال کر کے سارا مال ختم کر دینا۔

رُغِثَ۔ کسی سے بہت سوال کیا جانا۔ اور اس کی وجہ سے سارا مال ختم ہونا۔ پستان کی رگوں میں درد ہونا۔

اَرْغَثَتْ۔ المرأۃُ: دائی پلائی ہونا وَلَدَہا: دودھ پلانا۔ صفت (رَغُوْثٌ ورَغُوْثَۃٌ)

ومُرْغِثٌ: اَرْغَثَہٗ: پستان کی رگوں میں نیزہ مارنا۔ بار بار نیزہ مارنا۔

اِرْتَغَثَ۔ الولدُ اُمَّہٗ: بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔

الرُّغَثَاءُ۔ پستان کی وہ رگیں جن سے دودھ نکلتا ہے۔

المُرْغَثُ۔ انگلی میں انگوٹھی کی جگہ۔

رَغِدَ (س) رَغَدًا ورَغُدَ (ک) رَغَادَۃً عَیْشُہٗ: آسودہ و خوش حال ہونا۔ عیش کی صفت (رَغْدٌ ورَغَدٌ ورَغِیْدٌ)

اَرْغَدَ۔ القومُ: آسودہ زندگی والی ہونا۔ — مَوَاشِیَہُمْ: جانوروں کو چرنے کیلئے آزاد چھوڑنا — اللّٰہُ عَیْشَہٗ: آسودہ بنانا۔

اِرْغَادَّ۔ رائے میں متردد ہونا — اللبنُ: دودھ کا کچھ کچھ گاڑھا ہونا۔

اِسْتَرْغَدَ۔ العیشَ: آسودہ زندگی پانا قَوْمٌ (رَغَدٌ) ونِسَاءٌ رَغَدٌ: آسودہ زندگی والی قوم۔ اور یہ رَاغِدٌ کی جمع ہے جیسے خادم کی جمع خَدَم۔

الرُّغَیْدَاءُ۔ گیہوں کا پچھوڑن۔

الرَّغِیْدَۃُ۔ ایک قسم کا کھانا جو جوش دیئے ہوئے دودھ میں آٹا ڈال کر تیار کیا جاتا ہے۔

المَرْغَدَۃُ۔ باغ۔

رَغْرَغَ۔ آسودگی کی زندگی ہونا۔ آسودگی میں ڈوب جانا۔ رَغْرَغَتْ اِبِلُہٗ: اونٹوں کا ہر روز جب جی چاہے گھاٹ پر آنا — الامرَ: چھپانا۔

رَغَسَہٗ (ف) رَغْسًا واَرْغَسَہٗ۔ اللّٰہُ مالًا وولدًا: بہت دینا۔

اِسْتَرْغَسَہٗ۔ نرم سمجھنا۔

الرَّغْسُ۔ نعمت برکت۔ نمو۔ ج اَرْغَاس

المُرْغِسُ۔ مِنَ العیشِ: فراخ زندگی۔

المَرْغُوْسُ۔ مبارک۔

المَرْغُوْسَۃُ۔ المرغوس کا مؤنث۔ کثرت سے بچے جننے والی عورت۔

رَغَشَ (ف) رَغْشًا۔ عَلَیْہِ: شور مچانا۔

رَغَفَ (ف) رَغْفًا۔ العجینَ: گندھے ہوئے آٹے کا پیڑہ بنانا — البعیرَ: اونٹ کے منہ میں کسی چیز کا ڈالنا۔

اَرْغَفَ۔ چلنے میں جلدی کرنا — اِلَیْہِ: تیز نظر سے دیکھنا۔

الرَّغِیْفُ۔ گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا۔ چپاتی، روٹی۔ ج اَرْغِفَۃٌ ورُغُفٌ ورُغْفٌ و رُغْفَانٌ وتَرَاغِیْفُ۔

وَجْہٌ (مُرَغَّفٌ)۔ سخت چہرہ۔

رَغَلَ (ف) رَغْلًا۔ الولدُ اُمَّہٗ: بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔

اَرْغَلَ۔ الرجلُ: غلطی کرنا۔ گمراہ ہونا — اِلَیْہِ: مائل ہونا — الزرعُ: کھیتی کے خوشوں میں اچھا دانہ بیٹھنا — الشیئَ: بے موقع رکھنا۔ — الجدیُ اُمَّہٗ: بکری کے بچہ کا اپنی ماں کا دودھ پینا — المکانُ: رُغل نامی گھاس اُگانا۔ — الماءُ: بہت گرانا۔

الرُّغْلُ۔ ایک قسم کی کڑوی گھاس۔ ج اَرْغَالٌ۔

الرَّغُوْلُ۔ اپنی ماں کا دودھ پینے والا بکری کا بچہ۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ رَمٌّ رَغُوْلٌ" وہ ہر چیز کو غنیمت سمجھتا ہے اور چٹ کر جاتا ہے۔

الاَرْغَلُ۔ مِنَ العیشِ: فراخ زندگی۔

الرَّغِلَۃُ۔ بکری۔ بھیڑ کا بچہ۔

رَغَمَہٗ (ف) رَغْمًا۔ مغلوب و مجبور کرنا۔ رَغِمَ الشیئَ: ناپسند کرنا۔

رَغِمَ (س) ورَغَمَ (ن) رَغْمًا ورَغَمًا اَنْفُہٗ لِلّٰہِ: ذلیل ہونا۔ فروتنی کرنا۔ صفت (رَاغِمُ) الاَنْفِ۔ ج رُغَّمُ الاُنُوْفِ۔ ورَغِمَہٗ: ناپسند کرنا۔

رَغَّمَہٗ۔ ذلیل کرنا اور رغمًا رغمًا کہنا اَنْفَہٗ: خاک آلود کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَغَّمَ اللّٰہُ اَنْفَہٗ" یعنی اللہ اس کو ذلیل کرے — فُلَانٌ اَنْفَہٗ: فروتنی کرنا۔

اَرْغَمَہٗ ۔ ذلیل کرنا ۔ ناراض کرنا ۔ ناپسندیدہ کام پر اکسانا ۔۔۔ ہ الذل : خاک آلود کرنا ۔ اَرْغَمَ اَہْلَہٗ : اپنے اہل کو ناپسندیدگی سے چھوڑنا ۔ ۔۔۔ اللُّقْمَۃَ مِنْ فِیہِ : لقمہ کو منہ سے مٹی میں ڈالنا ۔۔۔ اللہُ اَنْفَہٗ : ذلیل کرنا ۔ اَرْغَمَتِ الغَنَمُ اَوِ الظِّبَاءُ : بکری ، بھیڑ یا ہرن کی ناک سے پانی بہنا ۔

رَاغَمَہٗ ۔ باہم غضبناک ہونا ۔ ایک دوسرے کو چھوڑنا ۔ دشمنی کرنا ۔ غصہ سے علیحدہ ہونا ۔

تَرَغَّمَ ۔ عَلَیْہِ : غضبناک ہونا ۔ تَرَغَّمْتُ الرَّجُلَ : کسی کے مزاج کے خلاف کام کرنا ۔

الرَّغْم والرُّغْم والرِّغْم ۔ ناپسندیدگی مجبوری ۔ ذلت ۔ مٹی ۔ کہا جاتا ہے " اَتیٰ عَلیٰ رُغْمِہٖ " وہ باوجود اس کی ناپسندیدگی کے آیا ۔

الرَّاغِم ۔ فا ۔ رَاغِمُ الاَنْفِ : ذلیل ۔ ج رُغْمُ الاُنُوف ۔

الرَّغَام ۔ مٹی یا مٹی ملی ہوئی ریت ۔

الرُّغَام ۔ رینٹ ۔ ج اَرْغِمَۃٌ ۔

الرُّغَامَۃ ۔ حاجت ۔ مطلوب ۔ کہا جاتا ہے " لِیْ عِنْدَ فُلانٍ رُغَامَۃٌ " مجھے فلاں کے پاس ضرورت ہے ۔

الرَّغْمَاء ۔ مِنَ الشَّاءِ : ناک کے کنارے پر سفیدی والی یا جسم کے رنگ کے مخالف رنگ والی بکری ۔

المَرْغِم والمَرْغَم ۔ ج مَرَاغِم و (الرُّغَامیٰ) ناک الرُّغَامیٰ : جگر کی زیادتی ۔ پھیپھڑے کی رگیں ۔

المُرَاغَم ۔ مفعو ۔ بھاگنے کی جگہ ۔ جانے کی جگہ ۔ کہا جاتا ہے " اِنَّ لِیْ عَنْ دَارِ الھَوَانِ مُرَاغَمٌ " میرے لئے ذلت کے مکان سے بھاگنے کی جگہ ہے ۔ قلعہ ۔

المَرْغَمَۃ ۔ ناپسندیدگی ۔ کہا جاتا ہے " فَعَلْتُ ذٰلِکَ عَلیٰ مَرْغَمَۃٍ " میں نے اس کو باوجود اس کی ناپسندیدگی کے کیا ۔

المِرْغَام ۔ غضب میں ڈالنے والا ۔ مؤنث مِرْغَامَۃ ۔

رَغِنَ (ف) رَغْنًا ۔ فِیہِ : لالچ کرنا ۔ اِلَیْہِ : کان لگانا ۔

اَرْغَنَہٗ ۔ طمع دلانا ۔ اَرْغَنَ الاَمْرَ : آسان کرنا ۔۔۔ اِلَیْہِ : کان لگانا ۔ اَرْغَنَ لِفُلانٍ : اطاعت و فرماں برداری کرنا ۔

الاُرْغُن والاُرْغُنُون ۔ ارگن ۔ (ایک باجہ کا نام)

رَغَا (ن) رُغَاءً ۔ البَعِیرُ اَوِ النَّعَامُ اَوِ الضَّبُعُ : بلبلانا ۔ چیخنا ۔۔۔ الصَّبِیُّ : بہت رونا ۔ ۔۔۔ الرَّعْدُ : زور سے گرجنا ۔

رَغَا (ن) رَغْوًا و رَغّیٰ تَرْغِیَۃً و اَرْغیٰ اِرْغَاءً ۔ اللَّبَنُ و نَحْوُہٗ : دودھ پر جھاگ آنا ۔ کہا جاتا ہے " اَرْغیٰ الرَّجُلُ و اَزْبَدَ " مرد غضب کی وجہ سے چیخا اور اس نے دھمکی دی ۔ وَ اَتَیْتُہٗ فَمَا اَثْغیٰ وَلا اَرْغیٰ " میں اس کے پاس آیا تو اس نے نہ تو بکری دی نہ اونٹنی ہ : ذلیل کرنا ۔ مغلوب کرنا ۔ رَغّیٰ فُلانًا : غضبناک کرنا

اِرْتَغیٰ ۔ اللَّبَنَ : دودھ سے جھاگ اتار لینا ۔۔۔ الرُّغْوَۃَ : جھاگ پینا ۔

الرَّغْوَۃ والرُّغْوَۃ والرِّغْوَۃ ۔ ج رُغیً و رِغیً و (الرُّغَایَۃ والرِّغَایَۃ والرِّغَاوَۃ والرُّغَاوَیٰ والرُّغَاوِیٰ) مِنَ اللَّبَنِ : دودھ کا جھاگ ۔

الرَّاغِیَۃ ۔ اونٹنی ۔ کہتے ہیں " مَالَہٗ ثَاغِیَۃٌ وَ لَا رَاغِیَۃٌ " نہ تو اس کے پاس بکری ہے نہ اونٹنی

المِرْغَاۃ ۔ کفگیر ۔

المُرْغِیُّ ۔ مِنَ الکَلامِ : مبہم گفتگو ۔

رَفَّ ۔ (ن ض) رَفًّا ۔ بہت کھانا ۔ ہ ۔ خدمت کرنا ۔ بھلائی و احسان کرنا ۔ ہر قسم کی خدمت کرنے میں کوشش کرنا ۔۔۔ النَّاسُ بِہٖ : گھیر لینا ۔۔۔ بِہٖ : اکرام و تعظیم کرنا ۔ کہا جاتا ہے ۔ ذَھَبَ مَنْ کَانَ یَحُفُّہٗ وَیَرُفُّہٗ " وہ شخص چلا گیا جو اس پر نوازش و مہربانی کرتا تھا ۔ البَیْتَ : گھر میں الگنی بنانا ۔۔۔ اِلیٰ کَذَا : خوش ہونا ۔ رَفَّتْ عَیْنُہٗ : پھڑکنا ۔۔۔ البَرْقُ : بجلی کا چمکنا ۔۔۔ شَفَتَیْہِ : ہونٹ کا چوسنا ۔

۔۔۔ اللَّبَنَ : ہر روز دودھ پینا ۔۔۔ ثَوْبَہٗ : دوسرا کپڑا لگا کر نیچے سے کشادہ کرنا ۔ الدَّابَّۃَ : بھوسہ کھلانا ۔

رَفَّ (ض) رَفًّا و رَفِیفًا و اِرْتَفَّ ۔ النَّبَاتُ : لہلہانا ۔ رَفَّتِ العَیْنُ : پھڑکنا ۔ رَفَّ البَرْقُ : بجلی چمکنا ۔ رَفَّ لَوْنُہٗ : چمک اٹھنا ۔

اَرَفَّ اِرْفَافًا ۔ الطَّائِرُ : پرندہ کا دونوں بازو پھیلانا ۔

الرَّفّ ۔ مع ۔ الگنی ۔ لکڑی وغیرہ جس کے دونوں کنارے دیوار میں لگا کر گھر کا سامان رکھ دیں ۔ ریت کی باریک نوک ۔ مویشی کا گلہ ، یا پرندوں کی ڈار ۔ بکریوں کا باڑہ ۔ ملائم کپڑا ۔ ج رُفُوف و رِفَاف ۔

الرِّفّ ۔ اونٹوں کا گلہ ۔ ہر دن کا پینا ۔ کہا جاتا ہے " اَخَذَتْہُ الحُمّیٰ رِفًّا " اس کو روزانہ بخار آیا ۔

الرُّفّ والرُّفَّۃ ۔ بھوسہ و بھوسہ کا چورہ ۔

الرُّفَاف ۔ بھوسہ کا چورہ ۔

الرَّفِیف ۔ مع ۔ چھت ۔ فراخ سالی ۔ فتی رَفِیفُ الاَخْلاقِ : اچھے اخلاق والا جوان ۔

الرَّفَّاف ۔ اسم مبالغہ ۔ کہا جاتا ہے " ثَغْرٌ رَفَّافٌ " سفید و شفاف دانت ۔

رَفَا (ف) رَفْئًا ۔ الثَّوْبَ : کپڑے کو رفو کرنا ۔ مرمت کرنا ۔۔۔ ہ : خوف سے تسکین دینا مدد دینا ۔۔۔ بَیْنَھُمْ : صلح کرانا ۔۔۔ السَّفِینَۃَ : کشتی کو کنارہ پر لانا ۔

رَفَّاَہٗ تَرْفِئَۃً و تَرْفِیئًا ۔ مبارکباد دینا اور " بِالرِّفَاءِ وَالبَنِینَ " کہنا ۔ (بِالرِّفَاءِ وَالبَنِینَ : شادی کرنے والے کیلئے دعا ہے کہ تم دونوں میں اتفاق و اتحاد رہے اور تمہارے بچے پیدا ہوں ۔

اَرْفَاَ ۔ اِلَیْہِ : قریب ہونا اور پناہ لینا ۔ الشَّیْءَ اِلَیْہِ : قریب کرنا ۔۔۔ الرَّجُلُ : کنگھی کرنا ۔ ۔۔۔ السَّفِینَۃَ : کشتی کا کنارہ سے قریب ہونا ۔

رَافَاَہٗ مُرَافَاَۃً و رِفَاءً ۔ مدارات کرنا ۔ مدد کرنا ۔

الرِّفَاء - اتفاق -
الرَّفَّاء - رفوگر -
المَرفَأُ والمُرفَأُ من البحرِ: بندرگاہ - ج مَرافِئ -
رَفَتَ (ن ض) رَفتًا - الشَّيْءَ: توڑنا کوٹنا۔ چورہ کرنا -- وارفتّ وترفّت - ٹوٹنا۔ چورہ ہونا -- العظمُ: ریزہ ریزہ ہونا - الحبلُ: رسی کا کٹ جانا۔
الرُّفَت - بھوسہ - ہر چیز کو توڑنے والا -
الرُّفَات - چورہ - ریزہ - ہر وہ چیز جو ٹوٹ جائے اور بوسیدہ ہو جائے -
رَفَثَ (ن ض) رَفثًا و رَفِثَ (س) رَفَثًا وارفثَ - فی کلامِہ: فحش گوئی کرنا -
الرَّفَث - مص - گندی گفتگو - جماع -
رَفَّحَ - نئی شادی والے کو مبارکباد دینا -
رَفَخَ - عیشٌ رافخ: نازو نعمت کی آسودہ زندگی -
الرُّفُوخ - مصیبتیں -
رَفَدَہ (ض) رَفْدًا و اَرفَدَہ - دینا - مدد دینا - رَفَدَ الحائطَ: سہارا دینا - رفد الدابۃ و علیہا و ارفدہا: چوپایہ کیلئے پالان بنانا -
رَافَدَہ - مدد دینا -
رَفَّدَہ - تعظیم کرنا - سردار بنانا -
ترافَدَ - القومُ: باہم مدد کرنا -
ارتَفَدَ - المالَ: کمائی کرنا - حاصل کرنا -
استرفَدَہ - عطیہ طلب کرنا - مدد طلب کرنا -
الرِّفْد - مص حصہ، بڑا پیالہ - کہا جاتا ہے "اُرِیقَ رِفْدُہ" اس کا انتقال ہوگیا -
الرِّفْد - ہر وہ چیز جو دوسرے کے ساتھ بڑھادی جائے تاکہ اس کیلئے سہارا ہو جائے عطیہ - مدد - بڑا پیالہ - ج اَرفاد و رُفُود -
الرِّفْدَۃ - لوگوں کی جماعت - ج رِفَد -
الرَّافِد - فا - بادشاہ کی غیبوبت میں اس کا قائم مقام - ج رُفَّد -
الرَّافِدَان - دریائے دجلہ و فرات -

الرَّافِدَۃ - پل کے اوپر چھت کی لکڑی - عوام اسے "وُصلَۃ" کہتے ہیں - ج رَوَافِد -
الرِّفَادَۃ - زخم کی پٹی - زین - زین یا کجاوہ کے سہارے کی چیز -
ناقۃٌ (رَفُودٌ) ایک دفعہ کے دوہنے میں پیالہ بھرنے والی اونٹنی - ج رُفُد -
المَرفَد والمِرفَد - مدد - ج مَرافِد -
المِرفَد - بڑا پیالہ - ج مَرافِد -
المَرافِید - بکریاں جن کا دودھ جاڑے گرمی میں کبھی ختم نہ ہو -
المُرفِد - بازی گر -
رَفرَفَ - الطائرُ: پرندہ کا پھڑ پھڑانا - -- الشَّيْءُ: آواز کرنا -
الرَّفرَف - لکڑی وغیرہ جس کے دونوں کنارے دیوار میں لگا کر گھر کا سامان اس پر رکھ دیں - خیمہ کا دامن - زرہ کے کنارے زرہ کا لٹکتا ہوا حصہ - درخت وغیرہ کی لٹکتی ہوئی شاخیں - ہر چیز جو زائد ہونے سے موڑ دی جائے - فرش - بچھونا - تکیہ - باریک ریشمی کپڑا - کپڑے کی ایک چٹ جس کو پردہ یا خیمہ کے نچلے حصہ میں سیتے ہیں - کہا جاتا ہے "ضربت الریحُ رفرفَ الفُسطاطِ" ہوا نے خیمہ کے دامن کو ادھر ادھر کر دیا - رفرفُ الدرعِ: زرہ کا وہ حصہ جس کو خود سے باندھ کر پیٹھ پر ڈال لیتے ہیں - ج رَفارِف -
الرَّفرَاف - ایک پرندہ جس کو "خاطف ظلہ" بھی کہتے ہیں - نشتر مرغ -
رَفَزَہ (ض) رَفزًا - مارنا -
الرَّافِز - حرکت کرنے والی رگ -
رَفَسَہ (ن ض) رَفسًا و رِفَاسًا - سینہ پر مارنا -- البعیرَ: اونٹ کے پاؤں باندھنا -- اللحمَ ونحوَہ: گوشت کا قیمہ کرنا -
الرِّفَاس - اونٹ کے پاؤں باندھنے کی رسی -
الرَّفسَۃ - سینہ پر لات مارنا -

ناقۃٌ (رَفُوسٌ) دولتی مارنے والی اونٹنی -
رَفَشَ (ن) رَفشًا - کھانے پینے میں فائدہ اٹھانا - خوب کھانا پینا -- القمحَ: گیہوں کو بیلچہ سے اٹھا کر لیجانا -- الشَّيْءَ: کوٹنا -- (رُفُوشًا) فی الامرِ: کشادہ ہونا -
رَفِشَ (س) رَفَشًا - چوڑے کانوں والا ہونا - صفت (اَرفَش) مؤنث رَفشاء - ج رُفش -
رَفَّشَ - لحیتَہ: داڑھی میں کنگھا کرنا -
الرَّفَّاش - گیہوں کو بیلچہ سے اٹھا اٹھا کر ناپنے والے کے پاس ڈالنے والا -
الرَّفش - مص - بیلچہ - کشتی کا چپو -
المِرفَشَۃ - بیلچہ -
رَفَّضَ - ترافضوا الماءَ: باری باری پانی پر آنا - ہر ایک آنے والے کو (رَفیض) کہتے ہیں - کہا جاتا ہے "ہو رفیضک" وہ تمہارا پانی پینے میں ساتھی ہے -
ارتَفَضَ - السعرُ: بھاؤ گراں ہونا -
الرُّفضَۃ - پانی پینے کی باری -
رَفَضَ (ن ض) رَفضًا و رَفَضًا - الشَّيْءَ: پھینکنا - چھوڑنا - صفت (رَافِض) ج رَافِضُونَ و رَفَضَۃ و رُفَّاض - (-- و ارفضَ) الابلَ: چراگاہ میں متفرق کر دینا - رَفَضَ و ارفَضَ الوادی: کشادہ ہونا -
رَفَضَت (ن) رُفُوضًا - الابلُ: چرواہے کی نگاہ کے سامنے تنہا تنہا چرنا -
ترفّضَ - بکھرنا - متفرق ہونا - ٹوٹنا -- الدمعُ: آنسو بہنا اور بکھرنا -
ارفضّ - الدمعُ: آنسو بہنا و ٹپکنا -- الجرحُ: زخم سے پیپ بہنا -- الشَّيْءُ: متفرق ہو کر جانا - اور اسی سے ہے "ارفضّ الناسُ عنہ" لوگ متفرق ہو کر چلے گئے -- الوجعُ: درد کا زائل ہونا -
استرفضَ - الوادی: کشادہ ہونا -
الرَّفض - مص -- رِفاض و (الرَّفَض) ج اَرفاض - اونٹنیوں یا ہرنوں کا متفرق گلہ -

کہا جاتا ہے "نَعَامٌ رَفضٌ" تھوڑے متفرق شتر مرغ۔ چیز کا بکھرا ہوا حصہ۔ تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "فِی القِربَۃِ رَفضٌ مِن مَاءٍ" "مشک میں تھوڑا سا پانی ہے۔

الرَّافِضَۃ۔ جنگ وغیرہ میں اپنے قائد و رہنما کو چھوڑ دینے والی جماعت۔ ج رَوَافِض۔ اور اسی سے ہے "لَاخَیرَ فِی الرَّوَافِضِ" الرَّافِضَۃ: شیعوں کی ایک جماعت اور نسبت کے لئے "رَافِضِیّ"

الرِّفَاض۔ پریشان راستے۔

الرُّفَاض۔ مِنَ الشَّیءِ: ٹکڑے۔ ریزے رَجُلٌ (قُبَضَۃٌ رُفَضَۃٌ) قبضہ کرنے والا اور چھوڑ دینے والا مرد۔

الرُّفُوض۔ متفرق گھاس۔ رُفُوضُ النَّاسِ: لوگوں کے گروہ۔ رُفُوضُ الاَرضِ: زمین جو کسی کی ملکیت میں نہ ہو۔ زمین جو حِمیٰ ہونے کے بعد چھوڑ دی گئی ہو۔

الرَّفِیض۔ چھوڑا ہوا۔ پسینہ۔ ٹوٹا ہوا نیزہ

الرَّفِیض والمَرفُوض۔ چھوڑا ہوا۔

المَرفِض۔ مِنَ الوَادِی: سیلاب بہنے کی جگہ۔ ج مَرَافِض۔

رَفَعَ (ف) رَفعًا۔ الشَّیءَ: اٹھانا ــــ فُلَانًا عَلیٰ صَاحِبِہٖ فِی المَجلِسِ: آگے بڑھانا ــــ الکَلِمَۃَ: رفع کی علامت لگانا ــــ الشَّیءَ: لینا ــــ الشَّیءَ فِی خِزَانَتِہٖ: چھپانا ــــ الجَمَلُ فِی السَّیرِ: چلنے میں جلدی کرنا ــــ القَومُ: ملکوں میں گھستے چلے جانا ــــ الجَمَلَ: تیز چلانا ــــ الحَدِیثَ: پہلے قائل تک سند پہونچانا۔ (ــــ رَفعًا و رَفَاعًا و رَفَاعَۃً) القَومُ الزَّرعَ: کاٹنے کے بعد کھلیان میں لے جانا (ــــ رَفعًا و رُفعَانًا) زَیدًا اِلیٰ الحَاکِمِ: فیصلہ کرانے کے لئے جانا ــــ ہ اِلیٰ السُّلطَانِ: پیش کرنا۔ قریب کرنا۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا اَمرٌ یَرفَعُ الرَّاسَ" یہ ایسا امر ہے جو سر کو بلند کر دیتا ہے یعنی باعث مجد و بزرگی ہے۔ و "فُلَانٌ لَایَرفَعُ العَصَا عَن عَاتِقِہٖ" یعنی وہ بہت سفر کرتا ہے۔

رَفُعَ (ک) رِفعَۃً و رَفَاعَۃً۔ عالی مرتبہ ہونا۔ صفت (رَفِیع) و رَفُعَ رَفَاعَۃً: بلند آواز والا ہونا ــــ الثَّوبُ: باریک ہونا۔ صفت (رَفِیع)

رُفِعَ۔ لَہٗ الشَّیءُ: دور سے دیکھنا۔

رَفَّعَہٗ۔ بلند کرنا۔ رَفَّعَ القَومَ: لڑائی سے دور کرنا۔

رَافَعَہٗ۔ اِلَی الحَاکِمِ: شکایت کر کے فیصلہ کے لئے حاضر کرانا ــــ ہ: قطع تعلق کرنا۔ ــــ بِہِم: رحم کرنا۔

تَرَفَّعَ۔ برتری ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "تَرَفَّعَت بِی ہِمَّتِی عَن کَذَا" میری ہمت نے مجھ کو اس سے برتر بنا دیا ہے ــــ الشَّیءَ اوالرَّجُلَ: بلند کرنا۔

تَرَافَعَا۔ ایک دوسرے کو بلند کرنا ــــ الخَصمَانِ اِلَی الحَاکِمِ: فیصلہ کے لئے جانا۔

اِرتَفَعَ۔ بلند ہونا ــــ السِّعرُ: بھاؤ گراں ہونا ــــ النَّہَارُ: دن کا چڑھنا ــــ دراز ہونا۔ ــــ مِن بَینِہِمُ الخِصَامُ: دشمنی زائل ہونا۔ ــــ الشَّیءَ: بلند ہونا۔

اِستَرفَعَ۔ الشَّیءَ: اٹھانے کو کہنا ــــ الخِوَانُ: دسترخوان خالی ہونا اور اٹھانے کا وقت آنا۔

الرَّافِع۔ فا۔ بَرقٌ رَافِعٌ: چمکنے والی بجلی

الرِّفعَۃ۔ مص۔ بلندی مرتبہ۔

الرَّفَاع والرِّفَاع۔ کھیتی میں دانے کا موٹا ہونا۔ کٹی ہوئی کھیتی کا کھلیان میں لے جانا۔

الرَّفَاعَۃ والرُّفَاعَۃ والرِّفَاعَۃ۔ مِنَ الصَّوتِ: آواز کی بلندی و شدت۔ الرِّفَاعَۃ و الرُّفَاعَۃ: گدی جس کو عورتیں اپنے سُرین پر بڑا معلوم ہونے کیلئے باندھتی ہیں۔

الرَّفِیعَۃ۔ حاکم کے سامنے پیش کیا ہوا معاملہ

المَرفُوع۔ مفع۔ ایک قسم کی تیز دوڑ ــــ مِنَ الکَلَامِ: بلند گفتگو۔ والحَدِیثُ المَرفُوعُ عِندَ المُحَدِّثِینَ: وہ حدیث جس کی سند نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک متصل ہو۔

المِرفَع۔ بلند کرنے کا آلہ۔

المَرفَع والمَرَافِع۔ عِندَ المَسِیحِیِّینَ: مسیحیوں کے روزہ سے پہلے کچھ مقررہ دن۔

رَفُغَ (ک) رَفَاغَۃً۔ العَیشُ: کشادہ و آسودہ ہونا۔ صفت (رَافِغ و رَفِیغ و اَرفَغ)

اَرفَغَ۔ لَہٗ المَعَاشَ: آسودہ و کشادہ بنانا۔

تَرَفَّغَ۔ آسودگی میں زندگی بسر کرنا۔ جماع کے لئے عورت کی دونوں رانوں کے درمیان بیٹھنا۔

الرَّفغ۔ ج اَرفُغ و رِفَاغ: وادی کی بہت بری جگہ۔ بہت خاک والی زمین۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِمَالٍ کَرَفغِ التُّرَابِ" یعنی وہ بہت زیادہ مال لایا۔ گوشہ ــــ ج اَرفَاغ و رُفُوغ۔ جسم میں میل جمع ہونے کی جگہ۔ جوار کا بھوسہ۔ اَرفَاغُ النَّاسِ: نااہل و کمینے لوگ۔ (الرَّفغ والرَّفَاغَۃ والرَّفَاغِیَۃ) آسودہ زندگی کِلسٌ رَفغ: نرم چونے کا گارہ۔ الرَّفغ: ناخن کا میل۔

الرُّفغ۔ بغل۔ اندام نہانی کا ارد گرد۔ اور اسی سے ہے "اِذَا التَقَی الرُّفغَانِ وَجَبَ الغُسلُ" یعنی جب دونوں شرمگاہ مل جائیں تو غسل واجب ہو جاتا ہے۔ الرُّفغ: ناخن کا میل۔

المَرَافِغ۔ کنج ران و بغل (جمع ہے۔ اور اس کا واحد نہیں۔

المَرفُوغَۃ۔ تنگ اندام نہانی والی عورت جس سے کوئی جماع نہ کر سکے۔

رَفَقَہٗ (ن) رَفقًا۔ نفع پہونچانا۔ مدد کرنا۔ کہنی پر مارنا ــــ النَّاقَۃَ: اونٹنی کے بازو کو باندھنا۔ العَمَلَ: مضبوطی سے کرنا۔

رَفَقَ و رَفُقَ (ن و ک) و رَفِقَ (س) رِفقًا و مَرفِقًا و مَرفَقًا و مِرفَقًا۔ بِہٖ ولَہٗ و عَلَیہِ:

مہربانی کا برتاؤ کرنا۔
رَفِقَ (س) رَفَقًا۔ البعِیرُ: پہلو سے مڑی ہوئی کہنی والا ہونا۔ صفت (اَرْفَق)
رَفُقَ (ک) رَفَاقَۃً۔ الرَّجُلُ: ساتھی ہونا۔
رَافَقَہٗ۔ رفیق ہونا۔ ساتھی ہونا۔ کہا جاتا "رَافَقَہٗ فِی السَّفَرِ" وہ سفر میں اس کے ساتھ رہا۔
اَرْفَقَہٗ۔ مہربانی کا برتاؤ کرنا۔ نفع پہنچانا۔
تَرَفَّقَ۔ بہٖ: مہربانی کا برتاؤ کرنا
علیہ: سہارا لینا۔
تَرَافَقَ۔ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے کا ساتھی ہونا۔
اِرْتَفَقَ۔ کہنی یا تکیہ پر ٹیک لگانا۔ مدد طلب کرنا۔ الاِنَاءُ: بھر جانا القَوْمُ: سفر میں باہم ساتھی ہونا بہٖ: نفع اٹھانا۔
اِسْتَرْفَقَہٗ۔ مہربانی طلب کرنا۔ نفع رسانی طلب کرنا۔
تَمَرْفَقَ۔ تکیہ لینا۔
الرِّفْقُ۔ مص۔ نرم برتاؤ۔ مہربانی۔ ہر وہ چیز جس سے مدد لی جائے۔
الرَّفِیْقُ۔ مص۔ نرم۔ آسان۔ کہا جاتا ہے۔ "ہٰذَا اَمْرٌ رَفِیْقُ البُغْیَۃِ" یہ سہل الحصول معاملہ ہے۔
الرَّفَقُ: تھن میں دودھ کی نالیوں میں خرابی۔
نَاقَۃٌ (رَفِقَۃٌ و رَفْقَاءُ) اونٹنی جس کے تھن کے اندر دودھ کی نالیوں میں خرابی ہو۔
الرِّفْقَۃُ والرَّفْقَۃُ والرُّفْقَۃُ والرُّفَاقَۃُ ساتھیوں کی جماعت۔ ج رِفَاق و رِفَق و رُفَق و اَرْفَاق۔
الرَّافِقَۃُ۔ لطف و مہربانی۔ بہتر سلوک
الرِّفَاقُ۔ اونٹنی کے بازو باندھنے کی رسی۔ ج رُفُق۔
الرَّفِیْقُ۔ ساتھی۔ مہربان۔ ج رُفَقَاءُ۔
المِرْفَقُ والمَرْفِقُ۔ کہنی۔ ہر وہ چیز جس سے سہارا لیا جائے۔ ج مَرَافِق۔
المَرْفِقُ۔ ہر وہ چیز جس سے نفع اٹھایا جائے۔ اور اسی سے ہے "مَرَافِقُ الدَّارِ" یعنی گھر کے منافع جیسے کنواں، باورچیخانہ، پاخانہ وغیرہ۔ و "مَرَافِقُ البِلَادِ" شہر کے منافع جن سے سارے باشندے مستفید ہوں۔
المِرْفَقَۃُ۔ چھوٹا تکیہ جس پر سوتے ہوئے رخسارہ رکھتے ہیں۔
المُرْتَفِقُ والمُرْتَفَقُ۔ تکیہ لگانے کی جگہ
المُرْتَفِقُ۔ بھرا ہوا۔ ثابت۔
رَفَلَ (ن) رَفْلًا و رُفُوْلًا و رَفَلَانًا۔ دامن گھسیٹتے ہوئے ناز سے چلنا۔ ہاتھ ہلاتے ہوئے چلنا۔ صفت مذکر (رَفِل)
صفت مؤنث رَفِلَۃٌ۔
رَفَلَ (ن) رَفْلًا و رَفِلَ (س) رَفَلًا بدنما لباس پہننا۔ بے ڈھنگے طریقے سے کام کرنا۔ صفت مذکر (اَرْفَل و رَفِل) و صفت مؤنث رَفْلَاء۔
اَرْفَلَ۔ دامن گھسیٹنا۔ ناز سے چلنا۔ ثِیَابَہٗ: کپڑوں کو لٹکانا۔ کہا جاتا ہے۔ "اَرْفَلَ رِفْلَہٗ" اُس نے دامن لٹکایا۔
رَفَّلَہٗ۔ تعظیم کرنا۔ سردار بنانا۔ مالک بنانا ذلیل کرنا الاِزَارَ: ازار لٹکانا اور ناز سے چلنا۔
تَرَفَّلَ۔ تکبر کی وجہ سے ناز سے چلنا۔
تَرَفَّلَ۔ علیہ: رئیس و سردار بننا۔
الرِّفْلُ۔ دامن۔
الرَّفْلُ۔ مص۔ مِنَ البِئْرِ: کنوئیں کی تہ کا تھوڑا پانی۔
الرِّفَلُّ۔ لمبے دامن والا۔ لمبی دُم والا گھوڑا بہت گوشت والا۔ کشادہ کپڑا۔
عَیْشٌ رِفَلٌّ: کشادہ زندگی۔
الرَّفَال۔ مِنَ الشَّعْرِ: لمبے بال۔
المِرْفَال۔ مِنَ الرِّجَالِ والنِّسَاءِ: دامن گھسیٹتے ہوئے ناز سے چلنے والا یا چلنے والی
اِرْفَأَنَّ اِرْفِئْنَانًا۔ بھاگنا۔ اور پھر ٹھہر جانا
اِرْفَأَنَّ غَضَبُہٗ: غصہ کا ٹھنڈا پڑنا۔
الرُّفَہْنِیَۃُ۔ فراخی زندگی۔
الرَّفْنُ۔ انڈا۔
الرِّفَّانُ۔ آہستہ آہستہ قطروں والی بارش
الرَّافِنَۃُ۔ ناز سے چلنے والی عورت۔
الرِّفَنُّ۔ لمبی دُم والا گھوڑا۔
رَفَہَ (ف) رَفْہًا و رِفْہًا و رُفُوْہًا۔ خوش حال ہونا۔ صفت (رَافِہ و رَفْہَان)
رَفَہَتِ الاِبِلُ: حسب مرضی روزانہ پانی پر آنا۔ صفت (رَافِہَۃٌ) ج رَوَافِہ۔
رَفُہَ (ک) رَفَاہًا و رَفَاہِیَۃً و رَفَاہَۃً العَیْشُ: زندگی کا خوش گوار و آسودہ ہونا۔ صفت (رَافِہ و رَفِیہ)
رَفَّہَ و اَرْفَہَ۔ الرَّجُلَ: آسودہ و خوشحال بنانا۔ رَفَّہَ عَنْہُ: مہلت دینا۔ بارِ غم ہلکا کرنا۔ کشادگی کرنا۔ اَرْفَہَ و رَفَّہَ الرَّاعِی۔ الاِبِلَ: حسب مرضی آنے دینا۔ اَرْفَہَتِ الاِبِلُ: اونٹ کا پانی کے قریب رہنا۔ اَرْفَہَ القَوْمُ قوم کے مویشی کا حسب مرضی روزانہ پانی پر آنا۔
رُفِّہَ۔ عَنْہُ: تنگی و رنج دور کیا جانا۔
اَرْفَہَ و تَرَفَّہَ و اسْتَرْفَہَ۔ آرام لینا۔
الرِّفْہُ۔ مص۔ چھوٹے چھوٹے کھجور کے درخت
الرَّفَہْلَۃُ۔ رحمت و مہربانی۔
ہُوَ (رَافِہ) بِہٖ: وہ اس پر مہربان ہے۔
الرُّفَہْنِیَۃُ۔ فراخی عیش۔ ارزانی۔
الرُّفَہُ۔ خشک گھاس۔ اور اسی سے مثل ہے "اَغْنٰی مِنَ التُّفَہِ عَنِ الرُّفَہِ"
رَفَا (ن) رَفْوًا۔ الثَّوْبَ: کپڑے پر رفو کرنا۔ درست کرنا۔ صفت (رَافٍ) ج رُفَاۃ اور صفت مفعولی (مَرْفُوّ) ہ: ڈر دور کرنا۔ فاقہ دور کرنا۔
رَفَّی تَرْفِیَۃً۔ العَرُوْسَ: شادی شدہ کو دعا دینا اور "بالرِّفَاءِ والبَنِیْنَ" کہنا۔
رَافَی رِفَاءً و مُرَافَاۃً۔ الرَّجُلَ: موافقت کرنا۔

اَرْفَقَ - اِلَیہِ: پناہ لینا۔
تَرَافَقَ - القَومُ علی الامرِ: باہم موافق ہونا۔
الرِفَاء - اتفاق و موافقت۔
الاَرْفَقُ - ڈھیلے پن کے ساتھ لمبے کانوں والا۔ مؤنث - رَفْقَاء ج رُفْق۔
الاُرْفِیُّ - ہرن کا دودھ یا مطلقاً دودھ۔
رَقَّ (ض) رِقَّۃً - پتلا ہونا - لَہٗ: رحم کرنا — وَجْھُہٗ: شرم کرنا — الرَّجُلُ: برے حال والا اور کم مال والا ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ "رَقَّتْ عِظَامُہٗ" یعنی بوڑھا ہوگیا۔
رَقَّ (ض) رِقًّا - العَبْدُ: غلام بننا یا غلام رہنا۔
رَقَّقَہٗ - پتلا کرنا۔ رَقَّقَ اللَّفْظَ: نرمی سے پڑھنا — الکَلَامَ: خوبصورتی سے گفتگو کرنا۔ — مَشْیَہٗ: آہستہ چلنا — مَا بَیْنَ القَوْمِ: فساد ڈالنا۔
اَرَقَّ - الشَّیْئَ: پتلا کرنا — الوَاعِظُ قَلْبَہٗ: دل کو نرم کرنا — الرَّجُلُ: کم مال والا ہونا۔ — العِنَبُ: انگور کا پتلے چھلکے اور زیادہ شیرہ والا ہونا — العَبْدَ: غلام کا مالک ہونا۔
تَرَقَّقَ - الشَّیْئُ: پتلا ہونا - لَہٗ: رحم کھانا۔ ترس کھانا۔
اِسْتَرَقَّ - الشَّیْئُ: پتلا ہونا — العَبْدَ: غلام کا مالک ہونا — اللَّیْلُ: رات کا اکثر حصہ گزر جانا — المَاءُ: پایاب ہوجانا۔
الرِّقُّ - مص - غلامی - پتلی چیز - پتلی کھال - جس پر لکھا جائے - سفید کاغذ کا تختہ - درخت کے پتے یا جانوروں کے لئے آسانی سے حاصل ہونے والی ٹہنیاں۔
الرَّقُّ - لکھنے کے لئے پتلی کھال - سفید کاغذ کا تختہ - پتلا - مگرمچھ کے مشابہ ایک آبی جانور - بڑا یا نر کچھوا - ج رُقُوق۔
الرِّقُّ والرُّقُّ والرَّقَقُ - نرم کشادہ زمین - الرُّقُّ: سمندر یا وادی کا پتلا پانی
الرَّقَقُ - کمزوری - باریکی - کھانے کا پتلاپن۔

الرَّقَّۃُ - زمین جو پانی سے بھر جائے اور پھر خشک ہوجائے - ج رِقَاق - الرَّقَّۃُ: ایک شہر کا نام - الرَّقَّتَانِ: دو شہر ہیں جن کے نام رَقّہ و رَافِقَہ ہیں - اور یہ باب تغلیب ہے۔
الرِّقَّۃُ - رحمت - مہربانی - شرم - باریکی۔
رِقَّۃُ العَیْشِ: زندگی کی آسودگی - رِقَّۃُ الجَانِبِ ضعف و کمزوری سے کنایہ ہے۔
الرَّقَاقُ - بیابان - ہموار نرم زمین - یا وہ زمین جس پر سے پانی خشک ہوچکا ہو۔
الرُّقَاقُ - پتلا - پتلی روٹی - واحد (الرُّقَاقَۃُ) نرم مٹی والی کشادہ زمین - یا وہ زمین جس پر سے پانی خشک ہوچکا ہو۔
الرَّقِیقُ - پتلا - ج اَرِقَّاء مونث رَقِیقَۃ - ج رِقَاق - کہا جاتا ہے "ھُوَ رَقِیقُ المَعَانِی" وہ لطیف معانی والا ہے - "وَعَیْشٌ رَقِیقُ الحَوَاشِی" یعنی خوش حالی اور آسودگی زندگی - "وَرَجُلٌ رَقِیقُ الحَالِ" کم مال والا مرد - "وَلَفْظٌ رَقِیقٌ" یعنی آسان و خوشگوار لفظ - الرَّقِیقُ: غلام۔ (واحد و جمع دونوں کے لئے) کہا جاتا ہے۔ عَبْدٌ رَقِیقٌ وَعَبِیدٌ رَقِیقٌ اور کبھی اَرِقَّاء جمع بولتے ہیں اور باندی کے لئے رَقِیق اور رَقِیقَۃ دونوں کا استعمال ہے - رَقِیقُ الاَنْفِ: ناک کا نرم حصہ - الرَّقِیقَانِ: ناک کے نتھنوں کے کنارے۔
مَرَاقُّ - البَطْنِ: پیٹ کا نرم و پتلا حصہ۔
المُرَقَّقُ - چوڑی پتلی روٹی۔
المِرْقَاقُ - بیلن۔
المُسْتَرَقُّ - چیز کا نرم حصہ۔
رَقَأَ (ف) رَقْأً وَرُقُوءًا - الدَّمْعُ اَوِ الدَّمُ: آنسو یا خون کا خشک ہونا - منقطع ہونا
رَقَأَ بَیْنَھُمْ: صلح کرانا - فساد ڈالنا — فِی الدَّرَجَۃِ: چڑھنا - کہا جاتا ہے "اِرْقَأْ عَلٰی ظَلْعِکَ" اِرْقَ عَلٰی ظَلْعِکَ میں ایک لغت ہے - یعنی اپنے اوپر نرمی کرو اور استطاعت سے زیادہ بوجھ مت لادو۔

اِرْقَأَ - الدَّمَ اَوِ الدَّمْعَ: خشک کرنا۔
الرَّقُوءُ - خون بند کرنے والی چیز - قوم کے درمیان صلح کرانے والا۔
المَرْقَأَۃُ والمِرْقَاۃُ - سیڑھی - زینہ۔
الرَّقَاءُ - فساد۔
رَقَبَہٗ (ن) رُقُوبًا وَرَقُوبًا وَرَقَابَۃً وَرِقْبَانًا وَرِقْبَۃً وَرَقَبَۃً - نگہبانی کرنا - انتظار کرنا - ڈرانا — النَّجْمَ: ستاروں کی دیکھ بھال کرنا — ہ: گلے میں رسی ڈالنا۔
رَاقَبَہٗ - نگہبانی کرنا - رَاقَبَ اللّٰہَ فِی اَمْرِہٖ: خوف کرنا۔
اَرْقَبَہٗ - الدَّارَ: بشرط رُقْبٰی زندگی بھر کے لئے دینا (دیکھو لفظ رُقْبٰی) اَرْقَبَہُ الرُّقْبٰی: کسی کے لئے رُقْبٰی کرنا (دیکھو لفظ رُقْبٰی)
تَرَقَّبَہٗ وَارْتَقَبَہٗ - انتظار کرنا - اِرْتَقَبَ المَکَانَ: چڑھنا۔
تَرَاقَبَا - ایک دوسرے کی نگہبانی کرنا۔
الرَّقَبُ - گردن کی موٹائی۔
الرُّقْبٰی - کسی کو مکان وغیرہ اس شرط پر دینا کہ اگر میں تم سے پہلے مرجاؤں تو یہ مکان تمہارے لئے ہے اور تم مرگئے تو پھر میں واپس لے لوں گا۔
الرِّقْبَۃُ - احتیاط - بچاؤ - نگہبانی - خوف ڈر - گھبراہٹ - کہا جاتا ہے "وَرِثَ مَالًا عَنْ رِقْبَۃٍ" جبکہ مال آبا و اجداد سے حاصل کیا ہو ایسے ہی کہا جاتا ہے "وَرِثَ مَجْدًا عَنْ رِقْبَۃٍ" جبکہ آبا و اجداد صاحب مجد نہ ہوں۔
الرَّقَبَۃُ - گردن یا پس گردن - ج رِقَاب رَقَبَات وَرَقَب وَاَرْقُب - الرَّقَبَۃُ: مملوک غلام (مجازاً) کہا جاتا ہے - "ھُمْ غِلَاظُ الرِّقَابِ" وہ سخت اور سرکش لوگ ہیں۔
الرُّقْبَۃُ - چیتے کے شکار کے لئے گڑھا جیسے زبیہ شیر کے لئے۔
الاَرْقَبُ - مونث رَقْبَاء - والرَّقَبَانُ والرَّقَبَانِیُّ) موٹی گردن والا - الاَرْقَبُ: شیر۔

الرَّقُوب - میراث کے لئے اپنے شوہر کی
موت کا انتظار کرنیوالی عورت - وہ عورت جسکا
بچہ مرگیا ہو - یا وہ جس کا بچہ زندہ نہ رہتا ہو -
الرَّقُوبُ مِنَ الشُّیُوخِ والأَرَامِلِ : وہ لوگ
جن کی کوئی کمائی نہ ہو اور نہ وہ کمائی کرنے کی
طاقت رکھتے ہوں - اُمُّ الرَّقُوبِ : مصیبت
الرَّقِیب - ج رُقَبَاء : نگہبان - محافظ
منتظر پس ماندگان - چچازاد بھائی - جوئے کے
تیروں میں سے تیسرا تیر - ایک ستارہ کا نام
رَقِیبُ الجَیْشِ : دیدبان ج رُقُب و رَقِیبَات :
ایک خبیث قسم کا زہریلا سانپ - کہا جاتا ہے
"هُوَ رَقِیبُ نَفْسِهِ" وہ اپنے اعمال کا خود ہی
نقاد ہے - کسی کو کچھ کہنے کا موقع نہیں دیتا -
نیز "الرَّقِیب" اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں
سے ہے -
الرَّقَابَة - مالک کی غیبوبت میں مال کی
نگرانی کرنے والا خادم -
المَرْقَب والمَرْقَبَة - نگرانی کرنیکی اونچی
جگہ ج مَرَاقِب -
المِرْقَب - دوربین -
رَقَحَ - مَالَهُ : بہتر انتظام کرنا -
تَرَقَّحَ - لِعِیَالِهِ : کمائی کرنا -
اِرْتَقَحَ - زیادہ ہونا -
الرَّقَاحَة - کمائی تجارت - کہا جاتا ہے
"هُوَ رَاقِحَةُ أَهْلِهِ" وہ اپنے اہل وعیال کیلئے
کمائی کرنے والا ہے -
الرَّقَاحِی - سوداگر -
رَقَدَ (ن) رَقْدًا و رُقُودًا و رُقَادًا -
سونا - صفت (رَاقِد) ج رُقُود و رُقَّد -
السُّوقُ : بازار کا مندا پڑنا — الحَرُّ : گرمی کم
ہونا — عَنِ الأَمْرِ : کام سے غافل ہونا —
عَنْ ضَیْفِهِ : مہمان کی خبر گیری نہ کرنا —
الثَّوْبُ : پرانا ہونا -
أَرْقَدَ - سلانا - أَرْقَدَ بِالمَكَانِ : اقامت کرنا
تَرَاقَدَ - سوتا ہوا ظاہر کرنا — القَوْمُ عَلَى
فُلَانٍ : قوم کا کسی کے خلاف مدد دینا -
اِرْقَدَّ اِرْقِدَادًا - جلدی کرنا -
اِسْتَرْقَدَ - نیند کا غالب ہونا -
الرَّقْدَة - نیند - کہا جاتا ہے "أَصَابَتْنَا رَقْدَةٌ
مِنَ الحَرِّ" یعنی ہمارے اوپر دس دن کے
برابر گرمی پڑی -
الرُّقْدَة والیَرْقُود - بہت سونے والا -
الرَّقُود - ہمیشہ سونے والا - کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ
رَقُودُ الضُّحَى" چاشت تک سونے والی -
یعنی آسودہ حال عورت -
الرَّقَدَان - بکری کے بچہ وغیرہ کی اچھل کود -
الرَّاقُود - بڑا مٹکا - ج رَوَاقِید - ایک قسم کی
چھوٹی مچھلی - ایک قسم کا پیمانہ -
التَّرْقِید - ایک قسم کی چال - تَرْقِیدُ البَیْضِ :
بچے نکالنے کے لئے مرغی کے نیچے
انڈے رکھنا -
المَرْقَد - خوابگاہ - ج مَرَاقِد -
المُرْقِد - خواب آور دوا - واضح راستہ -
رَقْرَقَ - المَاءَ : چھڑکنا — العَیْنَ : آنسو
بہانا — الخَمْرَ : پانی ملانا — الطِّیبَ فِي
الثَّوْبِ : خوشبو لگانا -
تَرَقْرَقَ - المَاءُ : آہستہ آہستہ بہنا -
چمکنا - آنا جانا — العَیْنُ : آنسو بہانا —
الدَّمْعُ : آنسو کا آنکھ میں چکر کھانا - الشَّمْسُ :
آفتاب کا گھومتا ہوا معلوم ہونا -
الرَّقْرَاق - وہ جو چمکے - آئے جائے -
مِنَ الدَّمْعِ : آنسو جو آنکھوں ہی میں پھر رہا ہو -
— مِنَ السَّحَابِ : آنے جانیوالا بادل -
الرُّقَارِق - سمندر یا وادی کا رقیق پانی -
باریک کپڑا - بہت آبدار تلوار -
رَقَزَ (ن) رَقْزًا - ناچنا - العِرْقُ : اچھلنا
الرَّقَّاز - ناچنے والا -
رَقَشَ (ن) رَقْشًا - نقش کرنا —
الكَلَامَ : لکھنا - سجانا -
رَقَّشَ - الكَلَامَ : لکھنا - سجانا - گھڑنا -
— الصَّحِیفَةَ : سطریں کرنا — الرَّجُلَ : عتاب
کرنا — الرَّجُلُ : چغل خوری کرنا -
تَرَقَّشَ - مزین ہونا -
اِرْتَقَشَ - حسن زینت ظاہر کرنا —
الجَیْشُ : لڑائی میں گتھ جانا -
الأَرْقَشُ - سفید و سیاہ چیتوں والا -
مؤنث رَقْشَاء -
الرَّقْش والرَّقْشَة - ایک قسم کا رنگ
جس میں مٹیالا پن اور سیاہی ہو -
الرَّقْشَاء - مِنَ الحَیَّاتِ : چتی دار سانپ
ایک قسم کا کیڑا - اونٹ کے مستی کے وقت کے
جھاگ -
رَقَصَ (ن) رَقْصًا - ناچنا - اضطراب کرنا
— النَّبِیذُ : جوش مارنا — فِي الكَلَامِ :
جلدی جلدی بولنا (— رَقْصًا و رَقَصًا و
رَقَصَانًا) الجَمَلُ : اونٹ کا دوڑنا -
رَقَّصَ و أَرْقَصَ - نچانا - کہا جاتا ہے -
"أَرْقَصَ القَوْمُ فِي سَیْرِهِمْ" جبکہ وہ اپنی چال
میں کبھی بلند ہوں اور کبھی پست -
اِرْتَقَصَ - السِّعْرُ : بھاؤ گراں ہونا -
تَرَقَّصَ - الشَّیْءُ : جلدی جلدی پست و
بلند ہونا -
الرَّقَّاص - بہت ناچنے والا - اور اسی
سے ہے رَقَّاصُ السَّاعَةِ (گھڑی کا پنڈولم)
الرَّقَّاصَة - رقاص کا مؤنث - عربوں کے
ایک کھیل کا نام - باوجود بارش کے پیداوار
نہ اگانے والی زمین -
شِعْرٌ (مُرَقِّص) وجد میں لانے والا شعر -
فَلَاةٌ (مُرَقِّصَة) بیابان جو چلنے والے کو دوڑنے
پر ابھارے -
رَقِطَ (س) رَقَطًا - سیاہ پر سفید نقطے
یا سفید پر سیاہ داغ والا ہونا -
رَقَّطَ - عَلَى الثَّوْبِ : روشنائی وغیرہ
چھڑک کر داغ ڈالنا -
تَرَقَّطَ تَرَقُّطًا و ارْقَطَّ اِرْقِطَاطًا و

اِرْقاطَ اِرْقِیطَاطًا - سیاہ یا سفید داغ والا ہونا - صفت (اَرْقَط) مؤنث رَقطاء ج رُقط الارقط: چیتا۔

الرُقطۃ - سیاہ پر سفید یا سفید پر سیاہ داغ

الرَقطاء - فتنہ فساد۔

رَقَعَ (ف) رَقْعًا - الثوبَ: کپڑے پر پیوند لگانا — الغرضَ بسَہمٍ: نشانہ پر مارنا — ذَنَبَہٗ بالسَوطِ: دم پر کوڑے سے مارنا — فی السَیرِ: تیز چلنا — الرَجلُ: ہجو کرنا — الشیخُ: اُٹھنے کے لئے ہتھیلیوں کا ٹیک لگانا

رَقُعَ (ک) رَقَاعَۃً - بیوقوف وبیحیا ہونا صفت (رَقِیع واَرقَع ومَرقَعان)

رَقَّعَ تَرقِیعًا - الثوبَ: کپڑے پر پیوند لگانا - اور اسی سے ہے "رَقَّعَ دُنیاہ بآخرتہ" اُس نے اپنی دنیا کی اصلاح آخرت سے کی - "وُہُوَ صاحبُ ترقیعٍ وتوصیلٍ" اُس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو اپنی باتوں میں نمک مرچ لگایا کرتا ہو۔

رَاقَعَ - الخمرَ: ہمیشہ شراب پینا۔

اَرقَعَ - الثوبُ: کپڑے کا پیوند کے قابل ہونا — الرَجلُ: حماقت کا کام کرنا۔

تَرَقَّعَ - البلادَ: شہروں میں ارزانی وفراخی میں کمائی کرنا - کہا جاتا ہے "ما (ارتقع) بہ ذلک" یعنی اُس نے اس کی پروا نہیں کی۔

اِستَرقَعَ - الثوبُ: قابل مرمت ہونا

الرَقیع - مص - متقدمین کے نزدیک ساتواں آسمان۔

الرَقعَۃ - نشانہ میں تیر کی آواز۔

الرُقعَۃ - تحریر کا پرزہ - کپڑے کا پیوند - رُقعۃُ الشطرنج: شطرنج کا تختہ - رُقعۃُ الغرض: جس پر نشانہ لگایا جائے - رُقعۃُ الارض: زمین کا ایک ٹکڑا - رُقعۃُ الشیٔ: چیز کا اصل وجوہر - ج رُقَعٌ ورِقاعٌ - کہا جاتا ہے - "فی ہذا الجمل رُقعۃٌ من الجرب" اس اونٹ میں خارش کی ابتدا ہے۔

الرُقعَۃ - ایک بڑا درخت ہے جس کے پتے کدو کے پتوں کی مانند اور پھل انجیر کی مانند اور تنہ چنار کی مانند ہوتا ہے - ج رُقَع۔

الرَقعاء - اَرقع کا مؤنث - بقرۃٌ رقعاء: مختلف رنگوں والی گائے۔

الرَقیع - آسمان یا قدماء کی اصطلاح میں پہلا آسمان - ج اَرقِعۃ۔

جُوعٌ "یَرقوع" سخت بھوک۔

المُرتَقَع - کپڑے میں پیوند کی جگہ - اور کہا جاتا ہے "لا اری فیہ مُرتقعًا" میں اسکے اندر کوئی موقع گالی یا ہجو کا یا کوئی موقع اصلاح کا نہیں دیکھتا ہوں۔

اُرقِفَ اِرقَافًا - سردی سے کانپنا۔

التَرقفۃ - کپکپی۔

اَرقَلَ - دوڑنا - پویہ چلنا — المفازۃَ: بیابان کو طے کرنا - ارقلتِ النخلۃُ: درخت خرما کا لمبا ہونا۔

الرَقلۃ - کھجور کا لمبا درخت - ج رِقال و رَقَل

الراقُول - کھجور کے درخت پر چڑھنے کی رسی - پاسی۔

المِرقال والمُرقِل والمُرقِلۃ - من الابل: تیز رفتار اونٹ - ج مَراقِیل ومَراقِل ومُرقِلات۔

رَقَمَ (ن) رَقمًا ورَقَّمَ - لکھنا — الکتابَ: اعراب ونقطے لگانا - رَقمَ الثوبَ: کپڑے کو دھاری دار بنانا — البعیرَ: اونٹ پر داغ لگانا — الخبزَ: روٹی پر نقش ڈالنا اور "فلانٌ یرقم علی الماء" اُس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو کاموں میں حاذق وماہر ہو۔

الرَقم - مص - دھاری دار نقش یا دھاری دار چادر کی ایک قسم - مہر ج اَرقام ورُقُوم الارقامُ الہندیۃ: ہندسے۔

الرَقم والرَقِم وبِنتُ الرَقم مصیبت کہا جاتا ہے "جاء بالرَقم او بالرَقِم" یعنی وہ بہت مصیبت لایا - "جاء بالرقم الرقماء" وہ بہت بڑی مصیبت لایا۔

الرَقمَۃ - باغ - وادی کا پہلو - وادی میں پانی جمع ہونیکی جگہ - خبازی - کہا جاتا ہے "ما وجدتُ فی الارضِ الا رقمۃً من کلاءٍ" میں نے زمین میں صرف تھوڑی سی گھاس پائی۔

الرِقمۃ - ایک قسم کی نباتات۔

الرَقیم - کتاب - لکھا ہوا۔

الاَرقم - ایک خبیث قسم کا سانپ - چتی دار سانپ - ج اَراقم - اس کی مادہ کو رقماء نہیں - رُقشاء کہتے ہیں - الارقم: قلم۔

الرَقم والرُقمۃ - چتی دار سانپ کا رنگ۔

المِرقم - قلم - نقش کرنیکا آلہ - داغ لگانے کا آلہ - ج مَراقم۔

المَرقوم - مفعو - کتابٌ مرقوم: واضح لکھی ہوئی کتاب - ثورٌ مرقوم القوائم: ٹانگوں میں سیاہ دھاری یا داغوں والا بیل - ارضٌ مرقومۃٌ: تھوڑی گھاس والی زمین۔

رَقَنَت (ن) رَقْنًا - الجاریۃُ: لڑکی کا مہندی لگانا۔

رَقَّنَ - نقش ونگار کرنا - لکھنا - رقّن الکتابَ: مزین کرنا - سجانا - قریب قریب سطریں لکھنا — الخطَّ: نقطے لگانا — و (رقّن) لحیتہ: داڑھی پر خضاب لگانا۔

اَرقَنَ وتَرَقَّنَ اِرتَقَنَ (اِسترقَنَ) خضاب لگایا ہوا ہونا۔

الرَقین والمَرقون - لکھا ہوا۔

الرِقان والرَقون والاِرقان - مہندی یا زعفران۔

الرَقن - مردار خوار پرند کا انڈا۔

الرَقوُ والرَقوَۃ - گول وبلند ریت کا ٹیلہ۔

رَقِیَ (س) رَقیًا ورُقیًّا - الجبلَ وغیرہ والیہ: پہاڑ پر چڑھنا - کہا جاتا ہے "ارقَ علی ظلعک" یعنی اپنی طاقت کے مطابق چڑھو اور اپنے نفس پر طاقت سے زیادہ بوجھ نہ ڈالو۔

رَقَی (ض) رَقْیًا و رُقِیًّا و رُقْیَةً - ہٗ و عَلَیْہِ: نفع یا نقصان کے لئے منتر کرنا۔

رَقَّاہٗ تَرْقِیَةً - بلند کرنا۔ چڑھانا۔

اِرْتَقٰی اِرْتِقَاءً و تَرَقّٰی تَرَقِّیًا - الجَبَلَ و فِیْہِ و اِلَیْہِ: پہاڑ پر چڑھنا ـــ فی السُّلَّمِ: سیڑھی کے ڈنڈوں پر چڑھنا ـــ بہ الاَمْرُ: انتہا کو پہونچنا۔ کہا جاتا ہے "مَازَالَ فُلَانٌ یَتَرَقّٰی بِہِ الاَمْرُ حَتّٰی بَلَغَ غَایَتَہٗ" فلاں کے لئے معاملہ ایک حال سے دوسری حال کی طرف منتقل ہوتا رہا۔ یہاں تک کہ انتہا کو پہنچ گیا۔

و تَرَقَّی الرَّجُلَ: ہنسلی کی ہڈی پر مارنا۔

تَرَاقٰی - اَمْرُہُمْ اِلَی الفَسَادِ: معاملہ میں لگاتار فساد کا ہونا

اِسْتَرْقَاہٗ - منتر کرنے کو کہنا ـــ لَہٗ: کسی کے لئے منتر کرنے والے کو طلب کرنا۔

الرُّقْیَةُ - منتر۔ افسوں۔ تعویذ۔ ج رُقًی و رُقْیَات و رُقَیَات۔

الرَّاقِی - فا۔ منتر کرنے والا۔ ج رُقَاة و رَاقُوْنَ مؤنث رَاقِیَة ج رَوَاقٍ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رَاقِیَةٌ" مثل "رَجُلٌ رَاوِیَةٌ" کے ۃ تا مبالغہ کیلئے ہے تانیث کی نہیں۔

الرَّقَّاءُ - ماہر منتر کرنے والا۔ پہاڑوں پر بہت چڑھنے والا۔

المُرْتَقٰی - چڑھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے۔ "لَقَدْ اِرْتَقَیْتُ مُرْتَقًی صَعْبًا" میں دشوار مقام پر چڑھا۔

التَّرْقُوَةُ - ہنسلی کی ہڈی۔ ج تَرَاقِی۔

المِرْقَی والمَرْقَاة والمِرْقَاة - سیڑھی کا پایہ۔ ج مَرَاقٍ۔

رَکَّ (ض) رَکًّا و رِکَّةً و رَکَاکَةً - ضعیف و کمزور ہونا۔ اسی قول سے ہے "اِقْطَعْہُ مِنْ حَیْثُ رَکَّ" اس کو جہاں سے کمزور ہے کاٹ دو ـــ الرَّجُلُ: کم علم یا کم عقل ہونا۔

رَکَّ (ن) رَکًّا - الشَّیءَ: بعض کو بعض پر جمانا کہا جاتا ہے "رَکَّ الاَمْرَ فِی عُنُقِہٖ" اس نے کام اپنے ذمہ لازم کیا ـــ الشَّیءَ بِیَدِہٖ: ہاتھ سے دبا کر موٹائی معلوم کرنا

رَکَّکَ و اَرَکَّ - السَّحَابُ: ہلکی بارش برسانا۔ اَرَکَّ الحَقُّ فُلَانًا: غالب ہونا۔

اُرِکَّتْ و رُکِّکَتِ الاَرْضُ: ہلکی بارش برسنا

اِرْتَکَّ - مضطرب ہونا۔ ہلنا ـــ فی الاَمْرِ: شک کرنا۔

اِسْتَرَکَّہٗ - کمزور سمجھنا یا کمزور پانا ـــ

الرَّکُّ والرِّکُّ - ج رِکَاک و اَرْکَاک و (الرِّکَّة والرَّکِیْکَة) ہلکی بارش - اَرْضٌ رَکٌّ: ہلکی بارش والی زمین۔ الرِّکُّ: لاغر۔

الرُّکَاکُ والاَرَکُّ - کمزور عقل۔ کمزور رائے

الرَّکِیْکُ - ج رِکَاک و رَکَکَة: کمزور عقل یا کمزور رائے۔ ڈھیلا ڈھالا کم ہمت۔ الرَّکِیْکُ مِنَ الکَلَامِ: پھسپھسی گفتگو۔ رَجُلٌ رَکِیْکُ العِلْمِ: کم علم مرد۔ ثَوْبٌ رَکِیْکُ النَّسْجِ: چھدرا بنا ہوا کپڑا

الرُّکَاکَةُ - کمزور عقل۔ کہا جاتا ہے۔ "رَجُلٌ رُکَاکَةٌ و اِمْرَأَةٌ رُکَاکَةٌ" ج رِکَاک۔

الرُّکُوْکَةُ - کمزوری۔

الرَّکَّاءُ - اُلّو کی آواز۔

الرَّکِیُّ - جلدی پگھلنے والی چربی۔

رَکِبَ (س) رُکُوْبًا و مَرْکَبًا - الدَّابَّةَ و عَلَی الدَّابَّةِ: چڑھنا۔ سوار ہونا ـــ البَحْرَ: دریائی سفر کرنا ـــ الطَّرِیْقَ: راستہ پر چلنا ـــ اَثَرَہٗ: پیچھا کرنا ـــ ہَوَاہُ: مطیع خواہشات ہونا ـــ رَأْسَہٗ: بغیر سوچے سمجھے کسی کام کو کر گذرنا ـــ الذَّنْبَ: ارتکاب کرنا ـــ الخَطَرَ: اپنے کو خطرہ میں ڈالنا۔ رَکِبَہُ الدَّیْنُ: مقروض ہونا۔

رَکِبَ (س) رَکَبًا - بڑے زانو والا ہونا۔

رَکَبَہٗ (ن) رَکْبًا - زانو پر مارنا۔

رُکِبَ - زانو میں درد والا ہونا۔

رَکَّبَ - الشَّیءَ: ترکیب دینا۔ بعض کو بعض پر رکھنا ـــ ہٗ الفَرَسَ: سوار کرانا۔

اَرْکَبَہٗ - سواری دینا ـــ المُہْرُ: سواری کے قابل ہونا۔

تَرَکَّبَ - ترکیب پانا۔

اِرْتَکَبَہٗ - سوار ہونا ـــ الذَّنْبَ: گناہ کر بیٹھنا ـــ الاَمْرَ: دلیری سے گھس پڑنا۔ ـــ الدَّیْنَ: قرض زیادہ لینا۔

تَرَاکَبَ - الاَمْرُ: تہ بتہ ہونا۔

الرَّکْبُ - اونٹ یا گھوڑوں کے سوار۔ یہ اسم جمع ہے اور بقول بعض جمع۔ ج اَرْکُب و رُکُوْب۔

الرِّکْبَةُ "رَکِبَ الدَّابَّةَ" کا اسم۔ سوار ہونے کی ایک قسم۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ حَسَنُ الرِّکْبَةِ" وہ اچھی طرح سوار ہونے والا ہے۔

الرُّکْبَةُ - زانو۔ گھٹنا۔ ج رُکَب و رُکُبَات و رُکَبَات۔ کہا جاتا ہے۔ "ہٰذَا اَمْرٌ اِصْطَکَّتْ فِیْہِ الرُّکَبُ" یہ ایسا معاملہ ہے جس میں گھٹنے ایک دوسرے سے رگڑ کھاتے ہیں۔ رُکْبَةُ الدَّجَاجِ و رُکْبَةُ الرَّامِی: دو ستاروں کے نام۔

الرِّکَابُ - زین کا وہ لٹکا ہوا حصہ جس میں سوار اپنا پیر ڈالتا ہے۔ ج رُکُب۔ الرِّکَابُ: سواری کے اونٹ اس کا واحد رَاحِلَةٌ ہے۔ ج رُکُب و رَکَائِب و رِکَابَات۔ رِکَابُ السَّحَابِ: ہوائیں۔

الرَّکُوْبُ - بہت سوار ہونے والا۔

(ـــ والرَّکُوْبَةُ) سواری کا اونٹ۔ سواری ج رَکَائِب۔ طَرِیْقٌ رَکُوْبٌ: چلتا ہوا راستہ۔

الرَّکَّابُ - بہت سوار ہونے والا۔ مؤنث رَکَّابَةٌ۔

الرُّکَّابُ - کابوس۔

الرَّاکِبُ - فا۔ سوار۔ ج رُکَّاب و رُکْبَان و رُکُوْب و رِکَبَة و رَکْب و رَکَبَة۔ مؤنث رَاکِبَة ج رَوَاکِب۔ پہاڑ کی چوٹی۔

الرَّاکِبُ و الرَّاکِبَةُ و الرَّاکُوْبُ و الرَّاکُوْبَةُ درخت خرما کے بالائی حصہ کا قلم جو زمین تک لٹکا ہوا نہ ہو۔

الرَّکِیْبُ - جڑا ہوا۔ دوسرے کیساتھ سوار۔

سوار کھیتی - نخلٌ رَکِیبٌ : ایک قطار میں نہر کے کنارے لگائے ہوئے کھجور کے درخت -

الاَرْکَب - بڑے زانو والا - بَعِیرٌ اَرْکَب : اونٹ جس کا ایک زانو دوسرے سے بڑا ہو -

المَرْکَبُ - مص - سواری خواہ برّی ہو یا بحری

المُرْکَبُ - مفع - اصل - کہا جاتا ہے " فُلَانٌ کَرِیمُ المُرْکَب " فلاں اپنے اصل کے لحاظ سے کریم ہے - الجَھْلُ المُرَکَّب : باوجود جہالت کے اپنے آپ کو عالم سمجھنا -

المَرْکُوب - مفع - سواری - ج مَرَاکِیب -

رَکَحَ (ف) رَکْحًا و اِرْتَکَحَ - عَلَی الشَّیْءِ و اِلَیْہِ : سہارا لینا - ٹیک لگانا (ـــ رُکُوحًا) اِلَیْہِ : مائل ہونا -

اَرْکَحَ - عَلَیْہِ : سہارا لینا ـــ ہ اِلَیْہِ : ٹیک لگانا - کہا جاتا ہے " اَرْکَحْتُ اِلَیْہِ ظَھْرِی " میں نے اسکی طرف اپنی پیٹھ کی ٹیک لگائی -

تَرَکَّحَ - فِی المَعِیشَۃِ : حصولِ معیشت کے لئے تصرف کرنا ـــ فِی الدَّارِ : فراخی و کشادگی کرنا ـــ بالمَکَانِ : اقامت کرنا ٹھہرنا -

الرُّکْح - پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک - پہاڑ کا گوشہ بنیاد - گھر کا صحن - ج رُکُوح - اِرْکَاح - الاِرْکَاح : راہبوں کے مکانات -

الرُّکْحَۃ - گھر کا صحن - ج رُکَح -

الرَّکْحَاء - سخت بلند زمین -

جَفْنَۃٌ (مُرْتَکِحَۃٌ) ثرید سے بھرا ہوا پیالہ ،

رَکَدَ (ن) رُکُودًا - المَاءُ و الرِّیحُ : ٹھہرنا - ـــ المِیزَانُ : ترازو کا برابر ہونا عَصِیرُ العِنَبِ : جوش ٹھنڈا پڑنا ـــ العَکَرُ و الثُّفْلُ : تلچھٹ بیٹھنا ـــ الشَّمْسُ : بالکل سر پر آکر ٹھہر جانا - کہا جاتا ہے " رَکَدَت رِیحُھُم " یعنی ان کی حکومت جاتی رہی -

الرَّاکِد - فا - ٹھہرا ہوا -

الرَّکُود - بھرا ہوا پیالہ : ہمیشہ دودھ دینے لی اونٹنی -

المَرَاکِد - ٹھہرنے کی جگہیں -

رَکُرَکَ - الشَّیْءُ : کمزور ہونا ـــ الرَّجُلُ : بزدل ہونا - کہا جاتا ہے " بِہٖ رَکْرَکَۃٌ " وہ ہر چیز میں کمزور ہے -

رَکَزَ (ن ض) رَکْزًا - الرُّمْحَ وَ نَحْوَہٗ : زمین میں گاڑنا - دفن کرنا ـــ العِرْقُ : رگ کا حرکت کرنا -

رَکَّزَ - الرُّمْحَ : گاڑنا -

اَرْکَزَ - المَعْدِنُ : دھات والا ہونا - الرَّجُلُ : کان پانا -

اِرْتَکَزَ - العِرْقُ : رگ کا حرکت کرنا الشَّیْءُ : اپنی جگہ میں برقرار رہنا ـــ عَلَی العَصَا : لاٹھی پر سہارا لینا -

الرِّکْز - دھیمی آواز - آہٹ - دانا و فیاض آدمی -

الرِّکْزَۃ - حزم - حکمت - ثبات عقل - کہا جاتا ہے " کَلَّمْتُہٗ فَمَا رَاَیْتُ لَہٗ رِکْزَۃً " میں نے اُس سے گفتگو کی تو اُس کے اندر میں نے عقل کا کچھ حصہ نہیں دیکھا - الرِّکْزَۃ : چاندی یا سونے کا بڑا ٹکڑا - کھجور کا درخت جو جڑ سے اکھیڑ لیا جائے -

الرَّکِیزَۃ - زمین کے اندر دفن کئے ہوئے جواہر - ج رَکَائِز -

الرِّکَاز - زمین کے اندر اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی دھاتیں - واحد (رِکْزَۃٌ) ج اَرْکِزَۃ و رِکْزَانٌ -

المَرْکَز - دائرہ کا وسطی نقطہ کہ جس سے دائرہ تک جتنے خط نکلیں باہم برابر ہوں - رہنے کی جگہ - ج مَرَاکِز - مَرَاکِزُ الاَسْنَانِ - دانت نکلنے کی جگہیں -

رَکَسَ (ن) رَکْسًا - الشَّیْءَ : اُلٹ دینا البَعِیرَ : اونٹ پر رکاس باندھنا (دیکھئے لفظ رکاس)

اَرْکَسَہٗ - اوندھا کرنا ـــ الشَّیْءَ : پہلی حالت پر لوٹا دینا ـــ الثَّوْبَ فِی الصِّبْغِ : کپڑے کو دوبارہ رنگ میں ڈالنا ـــ الجَارِیَۃُ : پستان اُبھرنا شروع ہونا -

تَرَاکَسَ - الشَّعْرُ : بالوں کا تہ بتہ ہونا -

اِرْتَکَسَ - اوندھا ہونا - دوبارہ مبتلائے مصیبت ہونا - بھیڑ کرنا ـــ فِی مَکَانٍ : اقامت کرنا - ٹھہرنا -

الرِّکْس - پلیدی - گندگی ـــ مِنَ النَّاسِ : جماعت - گرنے کے بعد مرمت کی ہوئی عمارت - پُل -

الرَّاکِس - وہ بیل جو کھلیان کے وسط میں ہو اور دوسرے بیل اس کے بعد ہوں -

الرِّکَاس - رسی جو اونٹ کی مہار میں باندھ کر زانو میں باندھ دیں -

الرَّکَاسَۃ و الرِّکَاسَۃ - جو چیز زمین میں گاڑی جائے - جیسے میخ - کیل وغیرہ -

الرَّکِیس ، اوندھا کیا ہوا - کمزور -

رَکَضَ (ن) رَکْضًا - دوڑنا - پاؤں ہلانا - ـــ ہ : دفع کرنا ـــ الفَرَسَ بِرِجْلِہٖ : گھوڑے کو ایڑ لگانا ـــ الطَّائِرُ بِجَنَاحَیْہِ : پرندہ کا جلدی سے پر پھڑپھڑانا ـــ مِنْہُ : جلدی سے بھاگنا - ـــ النُّجُومُ : ستاروں کا چلنا ـــ القَوْسَ : تیر اندازی کرنا ـــ الاَرْضَ و الثَّوْبَ : پیر سے ملنا -

رُکِضَ - الفَرَسُ : دوڑایا جانا - صفت (مَرْکُوض)

رَاکَضَہٗ ، مُرَاکَضَۃً - گھوڑا دوڑانے میں مقابلہ کرنا -

تَرَاکَضَ - القَوْمُ : باہم دوڑنا -

اِرْتَکَضَ - ہلنا - مضطرب ہونا ـــ الجَنِینُ : پیٹ میں حرکت کرنا ـــ الرَّجُلُ فِی اَمْرِہٖ : اپنے معاملہ میں تصرف کرنا ـــ خَیْلَھُمْ اِلَیْہِ : دوڑانا ـــ القَوْمُ فِی المَیْدَانِ : دوڑنے میں مقابلہ کرنا -

الرَّکْضَۃ - حرکت - دھکا -

الرَّکُوض - تیز دوڑنے والا - قَوْسٌ رَکُوضٌ : جلدی تیر پھینکنے والی کمان -

المِرْکَاض - بہت دوڑنے والا -

اَلْمِرْکَصُ - آگ سلگانے کی چیز --- مِنَ القَوْسِ: کمان کا گوشہ - ج مَرَاکِصُ - مَرَاکِضُ الحَوْضِ - حوض کے کنارے۔

اَلْمِرْکَضَۃُ - کمان کا گوشہ - گھوڑا جو زمین پر اپنی ٹانگوں کو مارے - قَوْسٌ (مُرْکَضَۃٌ) جلدی تیر پھینکنے والی کمان۔

رَکَعَ (ف) رَکْعًا و رُکُوْعًا - سر جھکانا - پشت خم کرنا --- اِلَی اللہِ: اللہ کے سامنے پست ہونا --- الرَّجُلُ: توانگری کے بعد محتاج ہونا اوندھا ہونا و پھسلنا۔

رَکَّعَہٗ و اَرْکَعَہٗ - جھکوانا۔

اَلرَّاکِعُ - فا - سر جھکانیوالا - ج رَاکِعُوْنَ و رُکَّعٌ و رُکُوْعٌ۔

اَلرُّکْعَۃُ و الرَّکْعَۃُ - زمین کا گڑھا۔

اَلرَّکْعَۃُ: رَکَعَ کا اسم مرۃ۔

اِرْتَکَفَ - الثَّلْجُ: برف گر کر جم جانا۔

رَکَلَہٗ (ن) رَکْلًا و رَکَّلَہٗ - لات مارنا۔ ایڑ لگانا - کہا جاتا ہے "رَکَلَ الفَرَسَ" اُس نے گھوڑے کو دوڑانے کے لئے ایڑ لگائی۔

رَکَلَتِ الخَیْلُ الاَرْضَ: زمین پر سُم مارنا۔

رَاکَلَ - صَاحِبَہٗ: ایک دوسرے کو لات مارنا

تَرَاکَلَ - القَوْمُ: باہم لات مارنا۔

تَرَکَّلَ - الحَافِرُ بِالْمِسْحَاۃِ و عَلَیْھَا: پاؤں سے زمین میں دھنسانا - تَرَکَّلَتِ الاَرْضُ: کھُروں سے کھُدنا۔

اَلرَّکْلُ - گندنا - و (الرَّکَّالُ) گندنا فروش۔

اَلرَّکْلَۃُ - رَکَلَ کا اسم مرۃ - ساگ کا گٹھا۔

اَلْمَرْکَلُ - راستہ - جانور کو ایڑ لگنے کی جگہ - ج مَرَاکِلُ - تم کہتے ہو "فَرَسٌ نَھْدُ المَرَاکِلِ" بڑے پہلوؤں والا گھوڑا۔

اَلْمِرْکَلُ - سوار کا پیر - ج مَرَاکِلُ۔

رَکَمَہٗ (ن) رَکْمًا - الشَّیْءَ: تہ بتہ کرنا - ڈھیر لگانا۔

تَرَاکَمَ و اِرْتَکَمَ - الشَّیْءُ: ڈھیر لگنا۔ کہا جاتا ہے "تَرَاکَمَ لَحْمُ فُلَانٍ" یعنی فلاں موٹا ہو گیا۔

اَلرَّکَمُ - تہ بتہ بادل۔

اَلرُّکْمَۃُ - کیچڑ کا ڈھیر۔

اَلرُّکَامُ - تہ بتہ بادل - یا ریت وغیرہ کا ڈھیر - قَطِیْعٌ رُکَامٌ: بڑا ریوڑ۔

مُرْتَکِمُ - الطَّرِیْقِ: شاہراہ۔

اَلْمَرْکُوْمُ - مفع - سَحَابٌ مَرْکُوْمٌ: تہ بتہ بادل - نَاقَۃٌ مَرْکُوْمَۃٌ: موٹی اونٹنی۔

رَکَنَ (ن) و رَکِنَ (س) رُکُوْنًا - اِلَیْہِ: مائل ہونا - آرام لینا - اعتماد و بھروسہ کرنا۔

رَکُنَ (ک) رَکَانَۃً و رُکُوْنَۃً - صاحبِ وقار و سنجیدہ و ثابت قدم بنانا۔

اَرْکَنَ - اِلَیْہِ: بھروسہ کرنا۔

تَرَکَّنَ - مضبوط و صاحب وقار ہونا۔

اَلرُّکْنُ - باعثِ تقویت - عزت و قوت و غلبہ - بڑا معاملہ --- مِنَ الشَّیْءِ: جز - ہر چیز کا قوی کنارہ - کہا جاتا ہے "فُلَانٌ رُکْنٌ مِنْ اَرْکَانِ قَوْمِہٖ" فلاں اپنی قوم کے اشراف میں ایک شریف ہے - رُکْنُ الرَّجُلِ: آدمی کی قوم - ج اَرْکَان و اَرْکُنٌ - الاَرْکَانُ: اجسامِ بسیطہ جن سے مادیات کی ترکیب ہوتی ہے - اور قدماء کے نزدیک وہ چار ہیں - آگ، پانی، ہوا، مٹی

اَلرَّکَنُ - چوہا - جنگلی چوہا۔

اَلرَّکِیْنُ - ثابت قدم - سنجیدہ - باوقار - لرَکِیْنُ مِنَ الجِبَالِ: بلند اطراف والا پہاڑ

اَلرُّکَیْنُ - چوہا - جنگلی چوہا۔

اَلاُرْکُوْنُ - رئیس - بڑا کسان - ج اَرَاکِنَۃٌ (کلمہ یونانیہ ہے)

اَلْمِرْکَنُ - لگن - کپڑے وغیرہ دھونے کا ٹب - ج مَرَاکِنُ۔

اَلْمُرَکَّنُ - بڑا تھن - نَاقَۃٌ مُرَکَّنَۃٌ: بڑے تھنوں والی اونٹنی۔

رَکَا (ن) رَکْوًا - الاَرْضَ: کھودنا۔ الحَوْضَ: حوض کو بنا کر تیار کرنا --- الاَمْرَ: درست کرنا --- الشَّیْءَ: باندھنا --- الاَمْرَ: موخر کرنا --- الحِمْلَ عَلَی البَعِیْرِ: بوجھ دو چند لادنا --- بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا --- عَلٰی فُلَانٍ برائی بیان کرنا۔

اَرْکٰی اِرْکَاءً - الاَرْضَ: کھودنا الحَوْضَ: حوض کو تیار کرنا --- الاَمْرَ: موخر کرنا --- عَلَیْہِ: برائی بیان کرنا --- اِلَیْہِ: پناہ لینا --- لَھُمْ جُنْدًا: کسی کے لئے فوج تیار کرنا۔

رَاکٰی - عَلَی الاَمْرِ: کسی معاملہ پر بھروسہ و اعتماد کرنا۔

تَرَکّٰی و اِرْتَکٰی - عَلَیْہِ: کسی پر بھروسہ کرنا۔ اعتماد کرنا۔

اَلرَّکْوَۃُ - بتثلیث الراء: چھوٹی ڈونگی - وہ برتن جو انگور وغیرہ نچوڑتے وقت جمع ہونے کیلئے نیچے رکھیں - الرِّکْوَۃُ: چھاگل ج رِکَاء و رَکَوَات۔

اَلرَّکِیَّۃُ - پانی والا کنواں - ج رَکَایَا و رَکِیٌّ۔

اَلْمُرْتَکِی و المُرَاکِی - ہمیشہ رہنے والا۔

اَلْمَرْکُوُّ - کنوئیں کا چوبچہ - بڑا حوض۔

اَلرَّکِیُّ - ضعیف و سست۔

رَمَّ (ن ض) رَمًّا و مَرَمَّۃً - البِنَاءَ اَوِ الاَمْرَ: درست کرنا - مرمت کرنا --- السَّھْمَ بِعَیْنِہٖ: تیر کو دیکھنا اور اُسے ہموار کرنا --- البَھِیْمَۃُ: چوپائے کا لکڑیوں کو منہ سے پکڑنا اور کھانا۔ --- الشَّیْءَ: کھانا۔

رَمَّ (ض) رِمَّۃً و رَمًّا و رَمِیْمًا - العَظْمُ: ہڈی کا بوسیدہ ہونا - صفت (رَمِیْمٌ) ج اَرِمَّاءُ رَمَّ الحَبْلُ: رسی کا ٹوٹنا۔

اَرَمَّ - العَظْمُ: بوسیدہ ہونا - پُر مغز ہونا۔ اَرَمَّ اِلَی اللَّھْوِ: کھیل کی طرف مائل ہونا۔ --- القَوْمُ: خاموش ہونا۔

رَمَّمَ - البِنَاءَ: عمارت کی مرمت کرنا۔ درست کرنا۔

تَرَمَّمَ - الشَّیْءَ: کسی چیز کی اصلاح و درستی کے درپے ہونا --- العَظْمَ: ہڈی سے گوشت

چھڑالینا۔

اِرْتَمَتَ۔ البَہِیْمَۃُ: چوپایے کا ٹہنیوں کو منہ سے پکڑکر کھانا۔ اِرْتَمَّ مَا عَلَی الخُوَانِ کھا کر دسترخوان کا سب کچھ صاف کردینا۔

اِسْتَرَمَّ۔ البِنَاءُ: عمارت کا قابل مرمت ہونا ـــــ الرَّجُلُ: کسی چیز کی درستی کیلئے بُلانا۔

الرَّمّ۔ مِمّ اور کہا جاتا ہے۔ "مَالِیَ مِنْہُ حَمٌّ وَلَا رَمٌّ" مجھے اس سے چارہ نہیں یعنی یہ میرے لئے ضروری ہے۔ "وَمَالَہُ حَمٌّ وَلَا رَمٌّ" یعنی اسکے پاس کچھ نہیں۔

الرِّمّ۔ نمناک مٹی۔ گودا۔ کہا جاتا ہے۔ "جَاءَ بِالطِّمِّ وَالرِّمِّ: وہ برّی وبحری چیزیں یا خشک وتر چیزیں یا مٹی وپانی یا بہت مال لے کر آیا۔

الرُّمّ۔ غم۔ جماعت۔

الرَّمَّاء۔ مِنَ النِّعَاجِ: سفید بھیڑ۔

الرُّمَّۃ۔ پرانی رسّی کا ٹکڑا۔ ج رُمَم۔ اور کہا جاتا ہے "أَعْطَاہُ الشَّیْءَ بِرُمَّتِہِ" اُس نے اسکو سب کچھ دیدیا۔

الرِّمَّۃ۔ پرانی رسّی کا ٹکڑا۔ پردار چیونٹی۔ بوسیدہ ہڈی۔ ج رِمَم ورِمَام۔

الرَّامَّۃ۔ مِنَ الجَوَارِی: بہتر کارپرداز و ماہر لڑکی۔ ج رُمَم۔

حَبْلٌ رِمَامٌ وأَرْمَامٌ ورِمَمٌ: پُرانی و بوسیدہ رسّی۔

الرَّمِیْمُ والرُّمَام۔ بوسیدہ۔

الرُّمَامَۃ۔ بقدر ضرورت گذارہ۔ کہا جاتا ہے۔ "اِکْتَفٰی بِالرُّمَامَۃِ" اس نے بقدرِ ضرورت گذارہ پر کفایت کی۔

المِرَمَّۃ والمَرَمَّۃ۔ کھردار جانور کا ہونٹ

المُرِمَّات۔ مصیبتیں۔

رَمَأَ (ف) رَمْأً ورُمُوْءًا۔ بالمَکَانِ: اقامت کرنا ـــــ الخَبَرَ: گمان کرنا اور اندازہ کرنا (ـــــ وأَرْمَأَ) عَلَی المِائَۃِ: زائد ہونا۔ أَرْمَأَ إِلَیْہِ: قریب ہونا۔

مُرَمَّات۔ الأَخْبَارِ: جھوٹی خبریں۔

رَمَثَ (ن) رَمْثًا۔ درست کرنا۔ ہاتھ سے پونچھنا چُرانا۔ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: ملانا۔ مخلوط کرنا۔

رَمِثَ (س) رَمَثًا۔ البَعِیْرُ: رمث درخت کے پتوں کے کھانے سے بیمار ہونا ـــــ أَمْرُہُمْ: گڈمڈ ہونا۔ مخلوط ہونا۔

رَمَّثَ۔ عَلَی المِائَۃِ: زائد ہونا۔ (ـــــ و أَرْمَثَ) الحَالِبُ فِی الضَّرْعِ: تھن میں کچھ دودھ چھوڑدینا۔

أَرْمَثَ واسْتَرْمَثَ۔ فِی مَالِہِ: باقی رکھنا۔ أَرْمَثَ الشَّیْءَ: نرم کرنا۔

الرِّمْث۔ غضا کے مشابہ ایک درخت کا نام۔ ایک قسم کی شور وتلخ گھاس جسکو اونٹ چرتے ہیں۔ پرانے کپڑوں والا مرد کمزور پیٹھ والا۔

الرَّمَث۔ تھن کا بقیہ دودھ۔ دریا کو عبور کیلئے لکڑیوں کا تختہ۔ زیادتی۔ فضیلت۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ عَلٰی فُلَانٍ رَمَثٌ" فلاں کو فلاں پر فضیلت ہے۔ پُرانی رسّی۔ ج أَرْمَاث و رِمَاث۔ اور کہا جاتا ہے "حَبْلٌ أَرْمَاثٌ" پرانی رسّی۔

الرُّمْثَۃ۔ دوہنے کے بعد تھن کا بقیہ دودھ

الرَّمْثَاء والمَرْمَثَۃ۔ رمث گھاس اُگانے والی زمین۔

الرَّمَّاثَۃ۔ مادہ نیل گائے۔

رَمَجَ (ن) رَمْجًا۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا

رَمَّجَ۔ الکَاتِبُ: لکھنے کے بعد خراب کرنا۔

رَامِجٌ۔ فا۔ پرندہ جس کو جال میں باندھ دیتے ہیں تاکہ اس کے ذریعہ سے شکاری پرندوں کا شکار کریں۔ یا اُلّو کہ اسکے پر کو باندھ دیتے ہیں تاکہ اس کے ذریعہ سے باز کا شکار کریں۔

الرِّمَاج۔ نیزے کی گرہیں اور پورے۔

رَمَحَ (ف) رَمْحًا۔ نیزہ مارنا۔ رَمَحَتِ الدَّابَّۃُ: جانور کا لات مارنا۔ رَمَحَ البَرْقُ: بجلی کا آہستہ آہستہ چمکنا۔

رَامَحُوا۔ باہم نیزہ بازی کرنا۔

تَرَامَحَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔

الرُّمْح۔ نیزہ۔ ج رِمَاح وأَرْمَاح۔ کہا جاتا ہے "کَسَرُوا بَیْنَہُمْ رُمْحًا" یعنی اُن کے درمیان شرو فساد واقع ہوگیا۔ "وَرُمِیْنَا بِیَوْمٍ کَظِلِّ الرُّمْحِ" یعنی ہم ایسے دن میں پھنس گئے جو لمبا تھا اور تنگ تھا۔ "ہُمْ عَلٰی بَنِیْ فُلَانٍ کَرُمْحٍ وَاحِدٍ" وہ لوگ بنی فلاں کے خلاف مانند جماعت واحدہ کے ہیں۔ "وأَخَذَتِ الإِبِلُ رِمَاحَہَا" یعنی اونٹنیاں موٹی ہوگئیں یا دودھ دینے لگیں اور ان وجوہ سے انھوں نے اپنے آپ کو ذبح ہونے سے بچالیا۔ الرُّمْحُ: فقروفاقہ۔

الرَّامِح۔ نیزہ والا (اس معنی میں فاعل ذی کذا ہے اور اس کے لئے فعل نہیں)

ثَوْرٌ رَامِحٌ: سینگوں والا بیل۔ السِّمَاکُ الرَّامِحُ: ایک ستارہ کا نام۔

الرَّمَّاح۔ نیزہ ساز۔ نیزہ لینے والا۔ ج رَمَّاحَۃ۔ والرَّمَّاحَۃُ مِنَ القِسِیِّ: زور سے نیزہ پھینکنے والی کمان۔

الرِّمَاحَۃ۔ نیزہ سازی۔

دَابَّۃٌ رَمَّاحَۃٌ ورَمُوْحٌ) بہت کاٹنے والا جانور۔

رِمَاحُ۔ الجِنِّ: طاعون۔

الرُّمَاحِس۔ دلیر و بہادر مرد۔ شیر۔

أَرْمَخَ۔ الرَّجُلُ: نرم و تابع ہونا۔ أَرْمَخَتِ الدَّابَّۃُ: چوپائے کے دانت نکلنا۔ موٹا ہونا۔

الرِّمْخ۔ بہت سے درخت جو آپس میں گتھے ہوئے ہوں۔

رَمَدَ (ض) رَمْدًا ورِمَادَۃً۔ سردی سے ہلاک ہونا (ن ض۔ رَمْدًا) القَوْمَ: قوم پر پہونچ کر ہلاک کردینا۔

رَمِدَتْ (س) رَمَدًا۔ العَیْنُ: آنکھ دکھنا ـــــ الرَّجُلُ: آشوب چشم والا ہونا۔ رَمِدَ عَیْشُ القَوْمِ: ہلاک ہونا۔

رَمَّدَ۔ الشَّیْءَ: راکھ میں ڈالنا۔ رَمَّدَتِ النَّاقَۃُ: تھن والی ہونا۔

اَرْمَدَ - محتاج ہونا — القومُ: قحط و خشک سالی میں پڑنا - قوم کی مویشیوں کا ہلاک ہونا - — العینَ: مبتلائے آشوب چشم کرنا - اَرْمَدَہٗ: راکھ جیسا کر دینا - ہلاک کرنا -

اِرْمَدَّ - الشئُ: خاکستری رنگ کا ہونا — العینُ: آنکھ دکھنا — فُلانٌ: شتر مرغ کی طرح دوڑنا -

الرَّمَد - آشوب چشم - آنکھ کا دکھنا - ہر وہ چیز جو آنکھ کے لئے تکلیف دہ ہو -

الرَّمِد - آشوب چشم والا — مِنَ المیاہ: متغیر پانی — مِنَ الثیاب: میلا کچیلا کپڑا - مؤنث رَمِدَۃٌ -

الاَرْمَد - آشوب چشم والا - خاکستری رنگ کا - ثَوْبٌ اَرْمَد: میلا کچیلا کپڑا - مؤنث رَمْداء - الرَّمْداء: شتر مرغ - ج رُمْدٌ -

الرَّماد - راکھ - ج اَرْمِدَۃ - اور عرب کا قول "ھُوَ یَنْفُخُ فِی رَمادٍ" مثال ہے اور اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو بے فائدہ کام کرے

الرَّمادۃ - ہلاکت -

الرِّمْدَۃ - تھوڑی سی چیز -

الرُّمْدَۃ - خاکستری رنگ -

الرَّمادِیّ - خاکستری رنگ کا -

الرِّمْدِداء والاِرْمِداء - خاکستر - راکھ

المُرْمِدُ والمُرْمَدّ - آشوب چشم والا -

المُرَمَّد - گرم راکھ میں بھونا ہوا -

رَمْرَمَ - حالت درست کرنا -

تَرَمْرَمَ - گفتگو کیلئے ہونٹ ہلا کر رہ جانا -

رَمَزَ (ن ض) رَمْزًا - اِلیہِ: اشارہ کرنا - — ہ بکذا: برانگیختہ کرنا — القِرْبَۃَ: مشک بھرنا -

رَمَزَ (ن) رَمَزانًا - الظَبْیُ: ہرن کا چھلانگ مارنا — غَنَمَہٗ: ایک چرواہے سے ناراض ہو کر بکریوں کو دوسرے کے سپرد کرنا -

رَمُزَ (ک) رَمازَۃً - بہت حرکت کرنا - عقلمند ہونا - بزرگ و شریف ہونا -

تَرَمَّزَ و اِرْتَمَزَ - تیار ہونا — مِنَ الضربۃ: مار سے تلملا اٹھنا — القومُ: اٹھنے کے لئے یا خصومت کے لئے اپنی جگہ ہی پر کلبلانا -

اِرْمَازَّ اِرْمِیزازًا - الرجلُ: جگہ سے ہٹنا جگہ سے چمٹے رہنا (ضد) منقبض ہونا - متحرک ہونا -

تَرَامَزَ - القومُ: ہر ایک کا دوسرے کی جانب اشارہ کرنا - کہا جاتا ہے "دَخَلْتُ عَلَیْھِمْ فَتَغَامَزُوْا وَتَرَامَزُوْا" میں ان کے پاس گیا تو وہ آپس میں ایک دوسرے کو اشارے کرنے لگے -

الرَّمْز والرُّمُز والرَّمَز - اشارہ - ج رُمُوز

الرَّمِیز - کرم و معظم - اصیل عقلمند - بہت حرکت کرنے والا - کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رَمِیْزُ الفُؤَادِ" تنگ دل مرد -

الرَّمَازَۃ - دبر - زانیہ - رنڈی - بڑا لشکر

التُّرامِز - مِنَ الاِبِل: پوری قوت والا اونٹ — اِبِلٌ (مَرامِیز) بہت حرکت کرنیوالے اونٹ -

الرّامُوز - سمندر - اصل - نمونہ - ج رَوامِیز

الرُّمَیْز - چھڑی -

رَمَسَ (ض ن) رَمْسًا - ڈھانپنا - دفن کرنا — الخبرَ: چھپانا - القبرَ: قبر پر مٹی ہموار کرنا — ہ بالحجر: کسی پر پتھر پھینکنا - صفت مفعولی (رَمِیْس و مَرْمُوس)

اَرْمَسَ - المیتَ: دفن کرنا -

اِرْتَمَسَ - فِی الماءِ: پانی میں ڈوبنا -

الرَّمْس - مص قبر جو سطح زمین سے بلند نہ ہو قبر کی مٹی - پست آواز - ج رُمُوس و اَرْماس -

الرَّوامِس - رات میں اڑنیوالے پرندے ہر جانور جو رات کو نکلے - واحد (رَامِس) (— والرّامِسات) نشانات کو مٹا دینے والی ہوائیں -

الرّامُوس - قبر - ج رَوامِیس -

المَرْمَس - قبر کی جگہ -

رَمَشَ (ن ض) رَمْشًا - الشئَ: انگلیوں سے پکڑنا - رَمَشَتِ الغنمُ: بکریوں کا تھوڑا چرنا — ہ بالحجر: کسی کو پتھر مارنا — ہ بیدہٖ: ہاتھ سے چھونا -

اَرْمَشَ - الشجرُ: درخت پر پتے آنا - پھلدار ہونا — الرجلُ: کمزوری و سستی سے کسی چیز کی طرف بہت دیکھنا — فِی الدمعِ: تھوڑے آنسو بہانا -

الرَّمَش - پلکوں کی سرخی سیلان آب کے ساتھ - پلک کے بالوں کا آپس میں چمٹ جانا -

الرُّمُش - نوجوانوں کے ناخن کی سفیدی

الرَّمْش - مص پھولوں کا دستہ - رَمْشُ العینِ: پلک -

الاَرْمَش - خوبصورت بناوٹ والا - مؤنث رَمْشاء - ج رُمْش (— والمُرْمَش) چندھی آنکھوں والا - الاَرْمَش: مختلف رنگوں والا -

اَرْضٌ (رَمْشاء) بہت گھاس والی زمین - خشک بے گھاس کی زمین (ضد)

المِرْماش - دیکھتے وقت آنکھوں کو بہت پھرانے والا - ج مَرامِیش -

رَمَصَ (ن) رَمْصًا - اللّٰہُ مُصِیْبَتَہٗ: مصیبت کو دفع کرنا - دور کرنا — بَیْنَھُمْ: صلح کرانا — الشئَ: ٹٹولنا — اِلیہِ: کسی طرف پست نگاہ سے دیکھنا — الدجاجۃُ: بیٹ کرنا - صفت (رَمُوص) — السباعُ: بچہ جننا کہا جاتا ہے "قَبَّحَ اللّٰہُ اُمًّا رَمَصَتْ بِہٖ" برا کرے اللہ اس ماں کے لئے جس نے اس کو جنا ہے

رَمِصَتْ (س) رَمَصًا - عینُہٗ: کیچڑ بہنا صفت مذکر (اَرْمَص) صفت مؤنث (رَمْصاء) ج رُمْص - رَمِصَ الرجلُ: کیچڑ بہتی ہوئی آنکھوں والا ہونا -

الرَّمَص - مص - آنکھ کا کیچڑ -

رَمِضَ (س) رَمَضًا - النہارُ: دن کا سخت

گرم ہونا — الشمسُ: ریت وغیرہ پر سخت دھوپ
پڑنا — الرَّجُلُ: گرم زمین سے پاؤں جلنا۔
— الطائرُ: پیاس کی تیزی سے پرندہ کے
جوف کا گرم ہونا — عَینُہ: گرم ہو کر جل اٹھنا
— بِالْامرِ: غصہ سے جل اٹھنا۔
رَمَضَ (ن ض) رَمْضًا۔ النَّصْلَ: باریک
ہونے کیلئے دو ہموار پتھروں کے درمیان رکھ کر
کوٹنا (— ورَمَّضَ وأرْمَضَ) الغنمَ: گرم زمین
میں چرانا۔ ورَمَّضَ الصَّومَ: روزہ کی نیت
کرنا۔ رَمَّضَ الرَّجُلَ: کچھ انتظار کرکے چلا جانا۔
وأرْمَضَ الشیئَ: جلانا۔ أرْمَضَ الرَّجُلَ: تکلیف
پہنچانا۔ دکھ دینا۔ أرْمَضَ الحَرُّ القومَ: گرمی تیز
ہونے سے تکلیف پہونچانا — الامرُ فلانًا:
غصہ سے جلانا۔
تَرَمَّضَ۔ الصَّیدَ: سخت گرم جگہ میں شکار
کرنا۔ تَرَمَّضَتْ نفسُہ: جی متلانا۔
اِرْتَمَضَ۔ مِنَ الحُزنِ: غم سے جل اٹھنا
— لِفُلانٍ: کسی کے لئے غمگین ہونا —
کَبِدُہ: خراب ہونا — الفرسُ بہ: کودنا۔
الرَّمَضُ۔ مص۔ گرمی کی جلن۔ خریف سے
پہلے کی بارش جو گرم زمین پر ہو۔
الرَّمَضِیُّ۔ مِنَ السَّحابِ والمَطَرِ: گرمی کے
آخر اور خریف کی ابتداء کی بارش یا بادل۔
رَمَضَان۔ قمری مہینوں کا نواں مہینہ۔
ج رَمَضَانات ورَمَاضِینُ وأرْمِضاء وأرْمِضَۃ۔
الرَّمْضاء۔ گرمی کی تیزی۔ دھوپ کی
تیزی کی وجہ سے گرم زمین۔
الرَّمَاضَۃ۔ ہر چیز کی تیزی۔
الرَّمِیضُ والرَّمِیضَۃُ۔ مِنَ النِّصالِ:
تیز بھالا۔
رَمَطَہ (ض) رَمْطًا عیب لگانا۔
طعن وتشنیع کرنا۔
رَمَعَ (ت) رَمَعَانًا۔ أنفُہ: غصہ یا بڑھاپے
کی وجہ سے کانپنا۔ صفت (رَمُوعٌ) — عینُہ
بِالدُّموعِ: آنسو بہانا — بیدِہ: ہاتھ سے
اشارہ کرنا — رأسَہ: سر ہلانا۔ رَمَعَتِ المرأۃُ
بالصَّبِیِّ: عورت کا بچہ جننا (— رَمْعًا ورَمَعَانًا)
الرَّجُلُ: تیز چلنا۔
رُمِعَ وأُرْمِعَ۔ السَّاقِیُ: شراب پلانے
والے کی پیٹھ یا پیٹ میں درد ہونا۔
رُمِعَت۔ المرأۃُ بالصَّبِیِّ: عورت کا بچہ
جننا۔
تَرَمَّعَ۔ غصہ سے کانپنا۔
الرَّامِع۔ فا۔ سر کو جھکا کر اٹھانے والا۔
الرُّمْعَۃ۔ ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "رُمْعَۃٌ مِن
نَبْتٍ" گھاس کا ایک قطعہ۔
الرَّمَّاعَۃ۔ دبر۔ بچہ کا تالو جو حرکت کرتا
رہتا ہے۔
الیَرْمَع۔ پھرکی۔ سفید چمکتی ہوئی کنکریاں
جو توڑنے سے ٹوٹ جائیں۔ ج یَرَامِع۔ کہا
جاتا ہے "ترکتہ یَفُتُّ الیرمعَ" میں نے اسکو کنکریاں
توڑتے ہوئے چھوڑا۔ یعنی وہ مغموم وشکستہ دل تھا
المُرْمِعَۃ۔ بیابان۔ کہا جاتا ہے "أتی
بمُرْمِعاتِ الأخبارِ" وہ جھوٹی خبریں لایا۔
الرُّمَاع۔ ساقی کی پیٹھ کا درد جس کی وجہ
سے وہ پلا نہ سکے۔ یا پیٹ کا درد جس سے چہرہ
زرد پڑ جائے۔
اِرْمَعَلَّ اِرْمِعْلالًا۔ الصَّبِیُّ: بچے کی
رال ٹپکنا — الثوبُ: تر ہونا — الشِّواءُ:
بھنے ہوئے گوشت سے روغن ٹپکنا۔ الرَّجُلُ:
دوڑنا۔ اِرْمَعَلَّتِ الإبلُ: متفرق وپراگندہ ہونا
اِرْمَعَنَّ۔ دَمْعُہ: آنسو جاری ہونا۔ بہنا۔
رَمَغَ (ت) رَمْغًا۔ الشیئَ: چمڑے وغیرہ کو
ہاتھوں سے ملنا۔
رَمَّغَ۔ رأسَہ: سر پر تیل لگانا — الکلامَ:
گفتگو میں نمک مرچ لگانا — الطعامَ: سالن
سے تر کرنا۔
اِرْمَغَلَّ اِرْمِغْلالًا۔ الدَّمعُ: لگاتار
آنسو کے قطرے گرنا۔
المُرْمَغِلُّ۔ دباغت کیلئے مسالہ میں کھا ہوا
چمڑا۔
رَمَقَہ (ن) رَمْقًا۔ چھلتی ہوئی نگاہ ڈالنا
دیر تک دیکھنا۔
رَمَّقَ۔ دیر تک دیکھنا — الکلامَ: گھڑنا۔
باطل سے آراستہ کرنا — العملَ: اچھی طرح
نہ کرنا — ہ بالشیئَ: کسی کی آخری سانس کو
کسی چیز کے ذریعہ بچا لینا۔
رَامَقَ مُرَامَقَۃً۔ العملَ: اچھی طرح نہ کرنا۔
— الرَّجُلَ: شر سے بچنے کے لئے سلوک کرنا
کہا جاتا ہے "ہذہ النخلۃُ تُرَامِقُ بعِرقٍ" یعنی یہ درخت
خرما نہ بڑھتا ہی ہے نہ مرجھاتا ہی ہے۔
تَرَمَّقَ۔ الماءَ واللبنَ: تھوڑا تھوڑا پینا۔
اِرْمَقَّ وارْمَاقَّ۔ الشیئُ: کمزور ہونا۔ پتلا
ہونا۔ اِرْمَاقَّ الرَّجُلُ: دبلے پن سے ہلاک ہونا۔
اِرْمَقَّ الطریقُ: راستہ کا دراز ہونا۔
عَیشٌ (رَمِقٌ ومُرْمَاقٌّ) تنگ زندگی۔ الرِّمَاق:
نفاق ودشمنی کی وجہ سے ترچھی نظر سے دیکھنا۔
الرَّمَق۔ بقیہ زندگی مِنَ العیشِ: تھوڑا
گذارہ جو زندگی کے آخری سانس کو باقی رکھے
ج أرْمَاق۔ الرَّمَق: بکریوں کا گلہ (رمہ فارسی
کا معرب)
الرُّمْقَۃ والرَّمَاقُ والرِّمَاقُ مِنَ العَیشِ:
تھوڑا گذارہ جو زندگی کو باقی رکھے۔ قوت لایموت
الرَّامِقُ والرَّمُوقُ۔ فقیر۔ حاسد۔ ج
رُمُق۔ رَجُلٌ (رُمَّق) کمزور مرد۔
المُرْمَقُّ والمُرْمَقُّ۔ العیشُ: تنگ
گذارہ والا۔
المُرَامِق۔ بدخلق۔ تھوڑی محبت والا۔
الیَرْمُوق۔ کمزور نظر والا۔
حبلٌ (أرْمَاقٌ): کمزور رسی۔
رَمَكَ (ن) رُمُوكًا۔ بالمکانِ: اقامت کرنا
— الإبلُ علی الماءِ: اونٹوں کا پانی پر قیام کرنا
ٹھہرنا۔
أرْمَکَہ۔ بالمکانِ: ٹھہرانا۔ قیام کرنا۔
اِرْمَكَّ اِرْمِکاکًا۔ دبلا پتلا ہونا — البعیرُ

اونٹ کا خاکستری رنگ کا ہونا۔ صفت مذکر (اَرْمَک) وصفت مونث رَمْکَاءُ ج رُمْکٌ۔

اِسْتَرْمَکَ۔ القومُ: حسب میں عیب دار ہونا۔

الرَّامِکُ والرَّامَکُ۔ ایک قسم کی خوشبو۔

الرَّمَکَۃُ۔ گھوڑی یا ترکی گھوڑی جو نسل بڑھانے کے لئے رکھی جائے۔ ج رَمَکٌ رِمَاکٌ وَرَمَکَاتٌ وَاَرْمَاکٌ رَجُلٌ رَمَکَۃٌ: کمزور مرد۔

الرُّمْکَۃُ۔ اونٹوں میں خاکستری رنگ۔

رَمَلَ (ن) رَمْلاً۔ الطَّعَامَ: کھانے میں ریت ملانا۔۔۔ النسیجَ: باریک بننا۔۔۔ السَّرِیْرَ: جواہر وغیرہ سے آراستہ کرنا۔ الثوبَ بالدمِ: کپڑے کو خون سے لتھیڑنا۔ آلودہ کرنا۔ (۔۔۔ رَمَلاً ورَمَلَانًا ومَرْمَلاً) کندھوں کو ہلاتے ہوئے دوڑنا۔

رَمِلَتْ۔ المرأۃُ مِنْ زَوْجِہا: عورت کا بیوہ ہونا۔۔۔ النسیجَ: باریک بننا۔۔۔ الکلامَ: کلام کو گھٹیا قرار دینا۔۔۔ الخطَّ: خشک ہونے کے لئے ریت ڈالنا۔۔۔ الثوبَ بالدمِ۔ کپڑے کا خون سے لتھڑنا۔

اَرْمَلَ۔ القومُ: توشہ ختم ہونا۔ محتاج ہونا۔ زادَہُمْ: توشہ ختم کرنا۔۔۔ المرأۃُ: بیوہ ہونا۔ الحَبْلَ: رسّی دراز کرنا۔۔۔ السہمُ بالدمِ: تیر کا خون سے آلودہ ہونا۔۔۔ النسیجَ: باریک بننا۔

تَرَمَّلَتْ۔ المرأۃُ: عورت کا بیوہ ہونا۔

تَرَمَّلَ وارْتَمَلَ۔ بالدمِ: خون سے آلودہ ہونا۔

الرَّمْلُ۔ ریت۔ رَمْلَۃٌ اس سے خاص ہے ج رِمَالٌ وَاَرْمُلٌ علمُ الرَّمْلِ: ایک علم ہے جس میں ریت پر لکیریں کھینچکر آئندہ کے احوال کو معلوم کرتے ہیں۔ اُمُّ رِمَالٍ: بجو۔

الرَّمَلُ۔ تھوڑی بارش۔ زیادتی۔ گائے کی ٹانگوں میں بدن کے رنگ کے مخالف دھاریاں علم عروض میں ایک بحر کا نام۔ فن موسیقی کا ایک راگ۔

الرَّمْلَۃُ۔ زمین کا ٹکڑا جس پر ریت ہو۔

الرُّمْلَۃُ۔ کالی دھاری ج رُمَلٌ وَاَرْمَالٌ۔

الاَرْمَلُ۔ مسکین۔ مرد جس کی بیوی نہ ہو۔ مرد جس کی بیوی مرگئی ہو۔ رنڈوا۔ ج اَرَامِلُ وَاَرَامِلَۃٌ مونث اَرْمَلَۃٌ۔ عَامٌ اَرْمَلُ: کم بارش والا سال۔

الاَرْمَلَۃُ۔ ضعیف ومحتاج لوگ۔

سَنَۃٌ (رَمْلَاءُ) کم بارش والا سال۔ نَعْجَۃٌ رَمْلَاءُ بھیڑ جس کی ٹانگیں سیاہ اور بقیہ جسم سفید ہو

الرَّمَّالُ۔ ریت بیچنے والا۔

المِرْمَلُ۔ چھوٹی بیڑی۔

المُرْمِلُ والمُرَمِّلُ۔ شیر۔

الرُّمَّانُ۔ انار۔ انار کا درخت۔ واحد (رُمَّانَۃٌ) الرُّمَّانَۃُ: ناف اور اس کا اردگرد۔

المَرْمَنَۃُ۔ انار اُگنے کی جگہ۔

رَمِہَ (س) رَمَہًا۔ الیومُ: دن کا سخت گرم ہونا۔

رَمٰی (ض) رَمْیًا ورِمَایَۃً۔ الشیءَ وبالشیءِ: پھینکنا۔ کہا جاتا ہے "رَمَی السَّہْمَ عَنْ اَوْ عَلَی القَوْسِ" تیر کو کمان سے پھینکا۔۔۔ المکانَ: کسی جگہ کا قصد کرنا۔۔۔ اللّٰہُ لَہٗ: مدد کرنا۔ رماہ بکذا: عیب لگانا تہمت لگانا۔ اور کہا جاتا ہے "رَمٰی بِحَبْلِہٖ عَلٰی غَارِبِہٖ" اس نے اسکی رسّی اس کے کاندھے پر رکھ دی یعنی اُسے آزاد چھوڑ دیا۔ رَمٰی عَلَی الخمسینَ: زائد ہونا۔۔۔ المالُ: بہت ہونا۔ رَمٰی بہٖ علی البلدِ: حاکم ووالی بنانا۔

اَرْمٰی اِرْمَاءً۔ الشیءَ مِنْ یَدِہٖ: پھینکنا۔ ۔۔۔ ہٗ عَنْ فَرَسِہٖ: گھوڑے سے گرادینا۔ اَرْمٰی عَلَی الخمسینَ: زائد ہونا۔ اَرْمَتْ بِہِ البلادُ: وطن سے دُور کردینا۔

رَامَاہُ مُرَامَاۃً ورِمَاءً وتَرْمَاءً۔ ایک دوسرے کو دفع کرنا۔ ایک دوسرے پر تیر پھینکنا رَامٰی عَنْ قَوْمِہٖ: تیر اندازی کرنا۔

تَرَامٰی تَرَامِیًا۔ القومُ: بعض کا بعض پر تیر اندازی کرنا اور پتھراؤ کرنا۔۔۔ الامرُ: تاخیر ہونا۔ ۔۔۔ السحابُ: بعض کا بعض سے مل جانا۔ تَرَامَتْ بِہِ البلادُ: وطن سے دور کردینا۔ تَرَامَی الشیءُ: لگاتار ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا زَالَ الشَّرُّ یَتَرَامٰی بَیْنَہُمْ" شر ان کے درمیان لگاتار ہوتا رہا "وتَرَامٰی اَمْرُہٗ اِلَی الظَّفَرِ اَوِ الخُذْلَانِ" اس کا معاملہ کامیابی یا ناکامی کی طرف پہونچ گیا۔

اِرْتَمٰی اِرْتِمَاءً۔ پھینکا جانا۔ کہا جاتا ہے۔ "رَمَاہُ فَارْتَمٰی" اس نے اسے پھینکا وہ پھینکا گیا۔ ۔۔۔ الصیدَ: شکار پر تیر مارنا۔ اِرْتَمَتْ بِہِ البلادُ: وطن سے دور کردینا۔ اِرْتَمَیَا: ایک کا دوسرے پر تیر پھینکنا۔

تَرَمّٰی۔ تیر پھینکنا اور شکار کرنا۔

الرَّمِیُّ۔ پتھر پھینکنے کی آواز۔

الرَّمَاءُ۔ زیادتی۔ ربوا۔ سود۔

الرُّمْیَۃُ۔ زیادتی "فی ہٰذا رُمْیَۃٌ عمّا قِیْلَ لِی" جو کچھ مجھ سے کہا گیا ہے اس سے اُس میں زیادتی ہے۔ و "ہُوَ صَاحِبُ رُمْیَۃٍ" وہ باتوں میں زیادتی کرنے والا ہے۔ رَمْیَۃٌ رمی کا اسم مرۃ۔ اور عرب کا قول "رُبَّ رَمْیَۃٍ مِنْ غَیْرِ رَامٍ" مثال ہے اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو غلط کار ہو اور اتفاقاً کوئی صحیح کام کرے۔

الرَّامِی۔ فا۔ ج رُمَاۃٌ ورَامُوْنَ۔ ایک ستارہ کا نام۔

الرَّمِیُّ۔ سخت بارش۔ برسانے والا بادل۔ ج اَرْمَاءٌ واَرْمِیَۃٌ ورَمَایَا۔

الرَّمِیَّۃُ۔ شکار جس پر تیر پھینکا جائے ج رَمَایَا۔

المِرْمٰی۔ تیر پھینکنے کا آلہ۔ ج مَرَامٍ۔

المِرْمَاۃُ۔ چھوٹا کمزور تیر۔ کھر۔

المَرْمٰی۔ مصدر میمی۔ تیر پھینکنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا الکلامُ بعیدُ المَرَامِی" یہ کلام دُور رس ہے۔ "وَمَا اَبْعَدَ مَرْمٰی ہِمَّتِہٖ" اس کی ہمت کا میدان کتنا وسیع ہے۔ "وَلَہٗ ہِمَّۃٌ قَصِیَّۃُ المَرْمٰی" اسکی ہمت دور تک پہونچنے والی ہے۔

رَنَّ (ض) رَنِیْنًا وَاَرَنَّ۔ رونے میں آواز بلند

کرنا۔ فریاد کرنا۔ رَنَّ وَاَرَنَّ اِلَیْہِ: کان لگانا۔
رَنَّتْ وَاَرَنَّتِ الْقَوْسُ: آواز کرنا (رَنَّ وَاَرَنَّ وَاسْتَرَنَّ) بِکَذَا: کھیل کود کرنا۔
رَنَّنَ۔ الْقَوْسَ: آواز نکالنا (— تَرْنِیْنًا وَتَرْنِیْنَۃً) چیخنا۔
اَلرَّنَّۃُ۔ آواز مطلقًا یا کمان وغیرہ کی آواز کے لئے خاص ہے۔
اَلرَّنِیْنُ۔ آواز مطلقًا یا غمگین آواز۔
اَلرَّنَنُ۔ تھوڑا پانی۔ ایک جانور جو گرمی کے زمانہ میں ٹراتا ہے۔
قَوْسٌ (مُرِنَّۃٌ وَمِرْنَانٌ) بہت آواز کرنیوالی کمان۔
اَلرُّنَّی۔ تمام مخلوق۔ ماہ جمادی الاخری کا نام اس معنے میں اس پر الف لام نہیں آتا۔
رَنَا (ف) رَنَأً۔ آواز کرنا — اِلَیْہِ: دیکھنا۔
— فِیْ مَشْیِہٖ: گرانبار چلنا۔
اَلْاَرْنَبُ۔ خرگوش۔ (یہ بزدلی کے لئے ضرب المثل ہے) ایک قسم کا زیور۔ ج اَرَانِب (— وَالْیَرْنَب) چھوٹی دُم کا ایک قسم کا جنگلی چوہا۔
اَلْاَرْنَبَۃُ۔ اَرْنَب کا واحد۔ ناک کا بانسہ "جَدَعَ فُلَانٌ اَرْنَبَۃَ فُلَانٍ" فلاں نے فلاں کی ناک کاٹ لی یعنی اہانت کی۔ ج اَرَانِب۔
نَسِیْجٌ (مُؤَرْنَبٌ وَمُرْنَبٌ) خرگوش کے بال ملا کر بنا ہوا۔
اَرْضٌ (مُرْنِبَۃٌ وَمُؤَرْنِبَۃٌ وَمُؤَرْنَبَۃٌ) بہت خرگوش والی زمین۔
اَلرَّانِجُ۔ سیاہ چمکدار کھجور۔ اخروٹ۔
رَنَّخَہٗ تَرْنِیْخًا۔ کمزور کرنا — اَلرِّیْحُ الْغُصْنَ: جھکانا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبْتُہٗ حَتّٰی رَنَّخْتُہٗ" میں نے اس کو مارا یہاں تک کہ اس پر بیہوشی طاری ہو گئی۔
رُنِّخَ۔ عَلَیْہِ: غشی طاری ہونا۔ ڈر یا خوف یا غم کی وجہ سے سست و کمزور ہو کر جھک پڑنا صفت (مُرَنَّخٌ)

تَرَنَّخَ وَارْتَنَخَ۔ نشہ وغیرہ کی وجہ سے جھکنا — عَلَیْہِ: فخر و برتری ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَرَنَّخَ بِالْکَلَامِ عَلَیَّ جَہْلًا" اس نے جہالت کی وجہ سے میرے اوپر فخر کا اظہار کیا۔
اَلرَّنْخُ۔ چکر۔ دوران سر۔
اَلْمِرْنَخَۃُ۔ جہاز کا اگلا حصہ۔
رَنَخَ (ن) رَنْخًا۔ سست ہونا۔
رَنَّخَہٗ۔ خوار و ذلیل ہونا۔
تَرَنَّخَ۔ خوار و ذلیل ہونا — بِہٖ: کسی چیز سے لٹک جانا۔
اَلرَّنْدُ۔ ایک قسم کی خوشبودار جنگلی گھاس جو آس کے مشابہ ہوتی ہے۔ کھجور کی پتیوں سے بنی ہوئی چھوٹی گون۔
اَلرُّنْزُ۔ چاول۔
رَنَغَ (ف) رُنُوْغًا۔ دُبلا و لاغر ہونا۔ لَوْنُہٗ: رنگ کا متغیر ہونا — اَلدَّابَّۃُ: جانور کا سر ہلا کر مکھی اڑانا — اَلرَّجُلُ: کھیلنا۔
رَنَّغَ۔ رَاْسَہٗ: حرکت دینا۔
اَلْمَرْنَغَۃُ۔ کھیل کود کی آواز۔ وسعت باغ ارزانی و فراخی سال۔ کہا جاتا ہے۔ "اِنَّ فِی الْمَرْنَغَۃِ لِکُلِّ قَوْمٍ مَقْنَعَۃً" ارزانی اور فراخ سالی میں ہر قوم کے لئے آسودگی ہے۔
اَرْنَفَ۔ اَلرَّجُلُ: تیز چلنا — اَلْبَعِیْرُ: اونٹ کا سر ہلاتے ہوئے چلنا — اَلنَّاقَۃُ بِاُذُنَیْہَا" اونٹنی کا تھکن کی وجہ سے کان ڈھیلا کرنا۔
اَلرَّانِفُ۔ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: ہر ایک چیز کا کنارہ۔
اَلرَّانِفَۃُ۔ ناک کا کنارہ۔ کان کی نرم ہڈی کا کنارہ۔ چوتڑ کا وہ حصہ جو بیٹھنے میں زمین سے لگے — مِنَ الْکُمِّ: آستین کا کنارہ۔ ج رَوَانِف اور کہا جاتا ہے "عَلَوْا رَوَانِفَ الْآکَامِ" وہ ٹیلوں کی چوٹیوں پر چڑھ گئے۔
رَنَقَ (ن) رَنْقًا و رُنُوْقًا و رَنِقَ (س) رَنَقًا۔ اَلْمَاءُ: پانی گدلا ہونا۔ صفت (رَنْقٌ و رَنِقٌ و رَنَقٌ)
رَنَّقَ۔ اَلْمَاءَ: پانی گدلا کرنا۔ پانی صاف کرنا

— اَلْقَوْمُ بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا۔ ٹھہرنا۔
— اَلطَّائِرُ: پرندہ کا بغیر اُڑنے کے پر پھڑپھڑانا
— اَلنَّوْمُ فِیْ عَیْنَیْہِ: آنکھوں میں نیند بھر آنا۔
— جَنَاحُ الطَّائِرِ: بازو ٹوٹنے سے پرندہ کا گرنا — عَیْنَاہُ: بھوک وغیرہ سے نگاہ کا پست ہونا — جِسْمُہٗ اَوْ رَأْیُہٗ: کمزور ہونا — اَلسَّفِیْنَۃُ: کشتی کا اپنی جگہ پر گھومنا — اَلرَّجُلُ: حیران ہونا۔
— اَلْمَنِیَّۃُ مِنْہُ: موت قریب ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "رَنِّقْ وَلَا تَعْجَلْ" یعنی ٹھہرو انتظار کرو جلدی مت کرو — اَلنَّظَرَ اِلَیْہِ: دیر تک دیکھنا۔
اَرْنَقَ۔ اَلْمَاءَ: پانی گدلا کرنا — اَللِّوَاءَ: حملہ کرنے کے لئے جھنڈا ہلانا — اَللِّوَاءُ: جھنڈے کا ہلنا۔
تَرَنَّقَ۔ اَلْمَاءُ: پانی کا گدلا ہونا۔
لَرَنَقٌ۔ مص۔ جھوٹ۔
اَلرَّنْقَاءُ۔ مِنَ الطَّیْرِ: انڈے سینے والا پرندہ عوام اس کو فرقہ کہتے ہیں۔ اَرْضٌ رَنْقَاءُ: بنجر زمین۔ ج رَنْقَاوَات۔
اَلرَّنْقَۃُ۔ کیچڑ ملا ہوا پانی۔ حوض کا بقیہ گدلا پانی۔ ج رَیَانِق (یہ رَنَائِق کا مقلوب ہے)
اَلرَّوْنَقُ۔ چمک دمک۔ خوبصورتی۔
اَلتُّرْنُوْقُ وَالتُّرْنُوْقُ وَالتُّرْنُوْقَاءُ۔ نہروں کا کیچڑ۔ سیلاب کے بہنے کی جگہ جبکہ پانی خشک ہو چکا ہو۔
رَنِمَ (س) رَنِیْمًا و رَنَمًا و تَرَنَّمَ۔ خوش آوازی سے گانا۔
اَلرَّنَمُ وَالرَّنَمَۃُ۔ ایک قسم کی نباتات۔
اَلرُّنُمُ۔ گانے والی عورتیں۔ خوش لحانی سے گانے والیاں۔ ہوشیار لونڈیاں۔ اور کہا جاتا ہے "عُوْدٌ رُنُمٌ" بجنے والا بربط۔
رَنَا (ن) رُنُوًّا و رَنًا۔ اِلَیْہِ وَلَہٗ: ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا — اَلرَّجُلُ: مشغولی قلب کیساتھ طرب اور کھیل کود میں ہونا (— وَتَرَانٰی) عَنْہُ: غفلت برتنا۔
رَنّٰی تَرْنِیَۃً۔ گانا — اِلَیْہِ: مشتاق ہونا

(۔۔۔ دا اُرنی) اُلْحَسَنُ فُلَانًا: تعجب میں ڈالنا
اور دیکھنے پر برانگیختہ کرنا۔ اَرْنَاہ اِلَی الطَّاعَۃِ:
کسی کو طاعت پر متوجہ کرنا اور اس کا طاعت
پر مداومت کرنا۔
رَانَاہ۔ سلوک کرنا۔ مقابلہ کرنا جیسے "لَہٗ
شَرَفٌ یُرَانِی الْکَوَاکِبَ" یعنی اُسے ایسی
شرافت حاصل ہے جو لوگوں کی نظر کو اپنی طرف
متوجہ کرنے میں ستاروں سے مقابلہ کرتی ہے
تَرَنّیٰ۔ محبوب کی طرف لگاتار دیکھنا۔
الرَّنَا۔ مص۔ وہ چیز جس کی طرف خوبصورت
ہونے کی وجہ سے دیر تک دیکھیں۔
الرَّنَاء۔ خوبصورتی۔
الرُّنَاء۔ اچھی آواز۔ طرب۔
الرَّنَّاء والرَّنُوُّ۔ دلپسند و خوبصورت چیز
کی طرف دیر تک دیکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ
رَنُوُّ الْاَمَانِیْ" وہ بہت سی آرزوؤں کی
توقع کرتا ہے۔
رَہِبَ (س) رَہْبَۃً و رُہْبًا و رَہْبًا و
رَہَبًا و رُہْبَانًا و رَہَبَانًا۔ خوف کرنا۔
کہا جاتا ہے "لَمْ اَرْہَبْ بِکَ"۔
رَہَبَ۔ الجَمَلُ: اُٹھنے لگنا پھر کمزوری
کی وجہ سے بیٹھ جانا۔ رَہِبَتِ النَّاقَۃُ: سفر کی
وجہ سے تھکنا۔ بصفت مذکر و مؤنث (رَہْبٌ)
ج رِہَاب۔
اَرْہَبَ۔ تھکے ہوئے اونٹ پر سوار ہونا۔
آستین لمبی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَرْہَبَ عَنْہُ
النَّاسَ بَاْسُہٗ وَنَجْدَتُہٗ" یعنی اس کے دبدبہ اور
دلیری نے لوگوں کو ڈرنے پر برانگیختہ کیا۔
تَرَہَّبَ۔ راہب بننا۔ ۔۔ ہ: دھمکی دینا۔
اِسْتَرْہَبَہٗ۔ خوف دلانا۔
الرَّہْبُ۔ نیزہ کا باریک پھل مِنَ الْاِبِلِ:
سفر کی وجہ سے تھکا ہوا اونٹ یا اونٹنی۔ ج
رِہَاب۔
الرُّہْبُ۔ آستین۔
الرَّہْبَۃُ والرُّہْبیٰ والرَّہْباء
ڈر۔ خوف۔
الرَّہْبَانِیَّۃ والرُّہْبَانِیَّۃ۔ دنیا اور
لذائذ دنیا سے بے تعلقی۔
الرَّاہِبُ۔ فا۔ شیر۔ گرجاؤں کا گوشہ نشین
ج رُہْبَان۔ مؤنث رَاہِبَۃ ج رَاہِبَات و
رَوَاہِب۔ الرَّاہِبَۃ: ڈراؤنی حالت۔
الرَّہْبَان۔ بہت زیادہ خوف کرنے والا۔
ج رَہَابِین و رَاہِبَۃ و رَہْبَانُوْن۔ مؤنث
رَہْبَانَۃ ج رَہْبَانَات۔
الرُّہْبَان۔ راہب۔ ج رَہَابِین۔ مؤنث
رُہْبَانَۃ۔ ج رُہْبَانَات۔
الرَّہَبُوْت والرَّہَبُوْتیٰ۔ بہت ڈر۔
شدید خوف۔
الرَّہْبَنَۃ۔ راہبوں کا طریقہ اختیار کرنا۔
المَرَاہِب۔ خوفناکیاں۔
المَرْہِیْب والمَرْہُوْب۔ خوفناک۔ شیر۔
رَہْبَلَ۔ غیر مفہوم کلام کرنا۔
تَرَہْبَلَ۔ تیز چال چلنا۔
الرَّہْبَل۔ مبہم کلام۔ غیر مفہوم کلام۔
الرَّہْبَلَۃ۔ تیز چال۔
اَرْہَجَ۔ غبار اُڑانا ۔۔۔ بَیْنَ الْقَوْمِ:
بعض کو بعض پر بھڑکانا ۔۔۔ السَّمَاءُ: آسمان
کا برسنے لگنا۔
الرَّہْجُ والرَّہَجُ۔ اُڑایا ہوا غبار۔
والرَّہَجُ: فتنہ و فساد۔ شور و شغب۔ بغیر پانی
کے بادل۔ واحد (رَہْجَۃٌ)
الرَّہْوَجَۃ۔ ایک قسم کی چال۔
رَہَدَہٗ (ف) رَہْدًا۔ باریک پیسنا۔
رَہَّدَ۔ سخت نادانی و حماقت کرنا۔
رَہَادَۃُ۔ العَیْشِ: زندگی کی آسودگی۔
الرَّہْوَدِیَّۃ۔ مہربانی و نرمی۔
الرَّہِیْد۔ نرم و نازک۔ ارزاں۔
الرَّہِیْدَۃ۔ نرم و نازک عورت۔ الرَّہِیْدَۃ:
ایک قسم کا کھانا جو کوٹے ہوئے گیہوں اور دودھ
سے تیار ہوتا ہے۔
اَمْرٌ (مَرْہُوْدٌ) غیر محکم کام۔ اور کہا جاتا ہے "تَرَکْتُہُمْ
مُرْہُوْدِیْنَ" یعنی میں نے ان کو اس حال میں
چھوڑا کہ وہ کسی امر کا عزم نہیں رکھتے تھے۔
الرَّہْدَل۔ بیوقوف۔ کمزور۔
الرَّہْدَن والرُّہْدَن والرِّہْدَن۔
بزدل۔ بیوقوف۔ چڑیا کی مانند ایک پرندہ کا نام
ج رَہَادِن و رَہَادِنَۃ۔
الرُّہْدُوْن۔ جھوٹا۔
رَہْرَہَ رَہْرَہَۃً۔ مَائِدَتَہٗ: جود و سخاوت
سے دسترخوان پھیلانا۔
تَرَہْرَہَ۔ السَّرَابُ: سراب کا متواتر چمکنا۔
۔۔۔ جِسْمُہٗ: جسم کا آسودگی کی وجہ سے سفید و
نرم و نازک ہونا۔
الرَّہْرَہَۃ۔ مص۔ چہرہ کی بشاشت۔ بشرہ
کی چمک دمک۔
جِسْمٌ (رُہْرُہٌ و رَہْرَاہٌ و رُہْرُوْہٌ) سرخ سفید
نازک بدن۔ طَسْتٌ رَہْرَہٌ و رَہْرَاہٌ: تھوڑی
گہرائی کا طست۔ وَمَاءٌ رَہْرَاہٌ و رُہْرُوْہٌ: صاف
پانی۔
رَہَزَ (ف) رَہْزًا و رَہَزَانًا۔ المُبَاضِعُ:
جماع کرنے والے کا حرکت کرنا۔
اِرْتَہَزَ۔ بِالْاَمْرِ: خوشی سے جھومنا۔
رَہَسَ (ف) رَہْسًا۔ الشَّیْءَ: سخت
روندنا۔ بہت پامال کرنا۔
تَرَہَّسَ۔ الشَّیْءُ: ہلنا۔ ادھر ادھر ہونا۔
اِرْتَہَسَ۔ القَوْمُ: بھیڑ کرنا۔ اِرْتَہَسَتْ
رِجْلَا الدَّابَّۃِ۔ رگڑ کھانا ۔۔۔ الوَادِی: بھر جانا ۔۔۔
الجَرَادُ: تہ بتہ ہونا۔
اِرْتَہَشَ۔ الرَّجُلُ: کانپنا ۔۔۔ القَوْمُ:
قوم کے درمیان لڑائی واقع ہونا ۔۔۔ القَوْسُ:
نرم و سست ہونا ۔۔۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا
ٹکرانا۔
تَرَہَّشَ۔ الرَّجُلُ: کریم و سخی ہونا
النَّاقَۃُ: اونٹنی کا بہت دودھ والی ہونا۔
الرَّہَشُ۔ جانوروں کی اگلی ٹانگوں کا

آپس میں رگڑ کھانا۔
الرَّہِیْش ۔ مِنَ التُّرَابِ: گرتی ہوئی مٹی جو نہ رُکے۔ کمزور۔ باریک۔ کم گوشت والا۔ باریک پیکان۔ پتلا تیر۔ ناقۃٌ رَہِیْشَۃٌ: بہت دودھ والی اونٹنی۔
الرَّاہِشَان ۔ بازوؤں کے باطن کی دو رگیں۔
الرُّہْشَۃ ۔ کرم۔ حیا۔
الرَّوَاہِش ۔ ہتھیلی کے ظاہر کی رگیں۔ جانور کے بازوؤں کے اندر کی رگیں۔ واحد (رَاہِش ورَاہِشَۃ)۔
رَہَصَ (ف) رَہْصًا ۔ الشَّیْئَ: سخت نچوڑنا ـــ الصَّیْدَ: شکار کو سست کر دینا ـــ ہ: ملامت کرنا۔ جلدی کرنا ـــ الحَائِطَ: دیوار کا پہلا ردہ رکھنا ـــ الفَرَسَ: کھر کو زخمی کرنا۔
رَہِصَ (س) و رُہِصَ رَہْصًا ۔ الفَرَسُ۔ گھوڑے کا زخمی کھر والا ہونا۔
اَرْہَصَ ۔ الحَائِطَ: دیوار کا پہلا ردہ رکھنا ـــ الشَّیْئَ: بنیاد رکھنا۔ ثابت کرنا ـــ ہ: بھلائی کا منبع بنانا ـــ الفَرَسَ: گھوڑے کے کھر کو زخمی کرنا۔
رَاہَصَ ۔ غَرِیْمَہ: قرض دار کی نگرانی کرنا۔
تَرَاہَصَتْ ۔ الصُّخُوْرُ: چٹانوں کا آپس میں جمنا۔
الرِّہْص ۔ مِنَ الحَائِطِ: دیوار کا پہلا ردہ۔ مٹی جس سے دیوار بنائی جائے۔
الرَّہَّاص ۔ مٹی گارہ بنانے والا۔
الرَّہْصَۃ ۔ گھوڑے کے سم کا زخم۔
الرَّہِیْص ۔ مِنَ الخَیْلِ: سم کے زخم والا۔ خُفٌّ رَہِیْصٌ: اونٹ کا کھر جس کو پتھر لگ گیا ہو۔ اَسَدٌ رَہِیْصٌ: شیر جو اپنی جگہ سے ہٹتا نہ ہو۔
الرَّوَاہِص ۔ مِنَ الحِجَارَۃِ: سم کو زخمی کرنے والے پتھر مضبوط جمی ہوئی چٹانیں واحد (رَاہِصَۃ)
المَرْہَصَۃ ۔ مرتبہ۔ درجہ۔ ج مَرَاہِص۔
رَہَطَ (ف) رَہْطًا ۔ اللُّقْمَۃَ: بڑا لقمہ لینا۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ یَرْہَطُ" وہ بہت کھاتا ہے۔
رَہَّطَ ۔ بہت کھانا ـــ اللُّقْمَۃَ: بڑا لقمہ لینا ـــ الرَّجُلُ: سواری کی پیٹھ پر جم کے بیٹھنا۔ گھر سے نہ نکلنا۔
اِرْتَہَطَ ۔ القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔
الرَّہْط والرَّہَط ۔ آدمی کی قوم اور قبیلہ تین سے دس تک کا گروہ جس میں کوئی عورت نہو اور اس لفظ کا واحد نہیں۔ ج اَرْہُط واَرْہَاط وج اَرَاہِیْط واَرَاہِط۔ اور جب رہط کی جانب عدد کی اضافت ہوتی ہے تو اس سے مراد اشخاص و افراد ہوتے ہیں جیسے "عِشْرُوْنَ رَہْطًا" یعنی بیس شخص۔ اور کہا جاتا ہے "نَحْنُ ذُوْ رَہْطٍ" ہم اکٹھے ہیں۔ الرَّہْط: دشمن۔
الرِّہَاط ۔ گھر کا سامان۔
الرُّہَطَۃ والرُّہَطَاء والرَّاہِطَاء ۔ مِنْ حُجْرَۃِ الیَرْبُوْعِ: جنگلی چوہے کا وہ سوراخ جس سے وہ مٹی باہر نکالتا ہے۔ ج رُہَاطِی۔
التَّرْہُوْط ۔ بہت کھانے والا۔
رَہَفَ (ف) رَہْفًا ۔ السَّیْفَ: تلوار کو باریک کرنا۔
رَہُفَ (ک) رَہَافَۃً و رَہَفًا ۔ باریک پتلا ہونا۔ صفت (رَہِیْف)
اَرْہَفَ ۔ السَّیْفَ: تلوار کی دھار پتلی کرنا اَرْہَفَ بِالْکَلَامِ: فی البدیہہ کہنا۔
الرَّہِیْف ۔ پتلا۔ پتلی کی ہوئی دھار والی چیز
المُرْہَف ۔ مفع۔ سَیْفٌ مُرْہَفٌ: تیز پتلی دھار کی ہوئی تلوار۔ فَرَسٌ مُرْہَفٌ: دُبلے پیٹ اور قریب قریب پسلیوں والا گھوڑا۔ خَصْرٌ مُرْہَفٌ: پتلی کمر ـــ مُرْہَفُ الجِسْمِ: دُبلا پتلا۔ رَجُلٌ (مَرْہُوْف) البَدَنِ: پتلے جسم والا مرد۔
رَہِقَ (س) رَہَقًا ۔ بیوقوف ہونا صفت (رَہِق) ہلکا ہونا۔ ظلم کرنا۔ برائیوں کا مرتکب ہونا جھوٹ بولنا۔ جلدی کرنا ـــ السَّفَرُ: قریب ہونا وقت آنا۔ کہا جاتا ہے "رَہِقَتِ الکِلَابُ الصَّیْدَ" یعنی کتے شکار پر جا پہونچے۔
رَہَّقَہ ۔ برائی کی تہمت لگانا۔
رَاہَقَ ۔ الغُلَامُ: جوانی کے قریب پہونچنا صفت (مُرَاہِق) کہا جاتا ہے "صَلَّی الصَّلٰوۃَ مُرَاہِقًا" اس نے وقت ختم ہونے کے قریب نماز پڑھی۔
اَرْہَقَہ ۔ ظُلْمًا: مبتلائے ظلم کرنا ـــ ہ اِثْمًا: گناہ پر برانگیختہ کرنا ـــ ہ عُسْرًا: تکلیف دینا۔ ـــ ہ: پالینا۔ فوق الطاقۃ کام پر اکسانا۔ ـــ الصَّلٰوۃَ: آخر وقت تک مؤخر کرنا۔ زَیْدًا اَنْ یُّصَلِّیَ: نماز پڑھنے کی جلدی کرانا۔ کہا جاتا ہے "لَا تُرْہِقْنِیْ لَا اَرْہَقَکَ اللّٰہُ" تو میرے اوپر سختی نہ ڈال اللہ تیرے اوپر سختی نہیں ڈالیگا۔
الرَّہَق ۔ مص۔ گناہ و تہمت۔ سبکی عقل۔ جہالت۔ فوق الطاقۃ کام پر برانگیختہ کرنا۔
الرَّہَقِیّ ۔ ایک قسم کی ڈور۔ کہا جاتا ہے۔ "ہُوَ یَعْدُو الرَّہَقِیَّ"
الرِّہَاق والرُّہَاق ۔ مقدار۔ تقریبًا۔ کہا جاتا ہے "کَانُوْا رِہَاقَ مِائَۃٍ" وہ لوگ سو کے قریب تھے۔
الرَّہِیْق ۔ شراب۔
الرَّیْہُقَان ۔ زعفران۔
المُرْہَق ۔ قتل کرنیکے لئے گرفتار۔ تنگی میں ڈالا ہوا۔
المُرَہَّق ۔ مفع۔ خفیف العقل وجاہل۔ بدی و شرارت سے متہم۔ فیاض۔
رَہَکَ (ف) رَہْکًا ۔ الشَّیْئَ۔ باریک پیسنا صفت مفعولی (رَہِیْک و مَرْہُوْک) ـــ بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا۔
اِرْتَہَکَ ۔ چلنے میں سست ہونا۔
الرَّہْک ۔ مص ۔ نیک کام۔
الرَّہْکَۃ ۔ کمزوری۔
الرَّہَکَۃ والرُّہَکَۃ ۔ مِنَ الرِّجَالِ وَالْاِبِلِ: کمزور وناتواں۔
رَہِلَ (س) رَہَلًا ۔ ڈھیلے اور پھولے ہوئے گوشت والا ہونا۔ صفت (رَہِل) کہا جاتا ہے۔

"فُلَانٌ فِیْہِ رَہَلٌ" فلاں میں آماس کے ساتھ ڈھیلا پن ہے۔
رَہَلَہٗ وَاَرْہَلَہٗ۔ النَّوْمُ: نیند کا سُست و ڈھیلا کرنا۔
تَرَہَّلَ۔ ڈھیلا ہونا۔
الرِّہْلُ۔ شبنم کے مشابہ پتلا پتلا بادل
المُتَرَہِّلُ۔ عِنْدَ الْاَطِبَّاءِ: ڈھیلے بدن والا
اَرْہَمَتِ۔ السَّمَاءُ: نرم بارش برسانا۔
الرِّہْمَۃُ۔ نرم لگاتار بارش۔ ج رِہَمٌ و رِہَامٌ۔
الرِّہَامُ وَالرَّہُوْمُ۔ دبلی بکری۔
الرُّہَامُ۔ غیر شکاری پرندہ۔ بڑی تعداد۔
الاَرْہَمُ۔ زیادہ فراخی وارزانی والا۔
المَرْہَمُ۔ مرہم۔ ج مَرَاہِمُ۔
مَکَانٌ (مَرْہُوْمٌ) وہ جگہ جہاں ہلکی بارش ہوئی ہو
الرَّہْمَجُ۔ کشادہ۔
رَہْمَسَ رَہْمَسَۃً۔ باہم راز کی باتیں کرنا۔ لہٗ۔ بُرائی کی تعریض کرنا۔
رَہَنَ (ف) رَہْنًا۔ الشَّیْءَ فُلَانًا وَعِنْدَ فُلَانٍ: گرو رکھنا الشَّیْءُ: ہمیشہ رہنا اور اسی سے ہے "نِعْمَۃُ اللّٰہِ رَاہِنَۃٌ" اللہ کی نعمت ہمیشہ رہنے والی ہے۔ الشَّیْءَ: ہمیشہ رکھنا بالمَکَانِ: اقامت کرنا (۔ رُہُوْنًا) دبلا ہونا۔ صفت (رَاہِنٌ)
رَاہَنَہٗ رِہَانًا و مُرَاہَنَۃً۔ عَلَی الْخَیْلِ: دوڑانے کیلئے شرط لگانا۔ عَلٰی کَذَا: شرط ٹھہرانا
اَرْہَنَہٗ۔ الشَّیْءَ: کسی کے پاس گرو رکھنا۔
اَرْہَنَ فُلَانًا: کمزور کرنا۔ پیشگی دینا۔ فِی السِّلْعَۃِ: گران کرنا — لِضَیْفِہِ الطَّعَامَ وَالشَّرَابَ: مہمان کے لئے ہمیشہ کھانا پانی تیار رکھنا۔
اَرْہَنَ المَیِّتَ القَبْرَ: میت کو قبر میں رکھنا۔
تَرَاہَنَ۔ القَوْمُ: آپس میں شرط لگانا
اِرْتَہَنَ۔ الشَّیْءَ مِنْہُ: گروی لینا۔ بِالْاَمْرِ: کسی معاملہ میں مقید ہونا۔
اِسْتَرْہَنَہٗ۔ الشَّیْءَ: گروی طلب کرنا۔
الرَّاہِنُ۔ فا۔ تیار۔ ہمیشہ رہنے والا۔ محکم و مضبوط۔ کہا جاتا ہے۔ ہٰذِہٖ حُجَّۃٌ رَاہِنَۃٌ "یہ مضبوط دلیل ہے۔ ہمیشہ رہنے والی خوراک وغیرہ۔ لاغر، دبلا
الرَّاہِنَۃُ۔ گھوڑی کی ناف اور اس کا اردگرد
الرَّہْنُ۔ مص۔ گروی۔ کسی چیز کا روکنا۔ گروی رکھی ہوئی چیز۔ ج رِہَانٌ و رُہُوْنٌ و رَہِیْنٌ و رُہُنٌ۔ کہا جاتا ہے "اِنِّیْ لَکَ رَہْنٌ بِکَذَا" میں تمہارے لئے اس کا ضامن ہوں۔
ہٰذَا (رَہْنٌ) لِمَالٍ: یہ مال کے برابر ہے۔ شَیْءٌ مَرْہُوْنَۃٌ کے لئے بولتے ہیں کہ وہ مال جو لیا جا رہا ہے اسکے یہ برابر ہے۔
الرِّہَانُ۔ مص۔ خَیْلُ الرِّہَانِ: شرط لگانے کے گھوڑے اور "ہُمَا کَفَرَسَیْ رِہَانٍ" دو ہم رتبہ چیز کے بارے میں بطور مثال کے بولتے ہیں۔
الرَّہِیْنُ۔ گروی رکھا ہوا۔ کسی چیز کے بدلے میں روکی ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "اَنَا رَہِیْنٌ بِاَعْمَالِیْ" میں اپنے کاموں میں پھنسا ہوا ہوں۔
الرَّہِیْنَۃُ۔ گروی رکھی ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "اَنَا رَہِیْنَۃٌ بِکَذَا" میں اس میں پھنسا ہوا ہوں۔ یا میں اس کا ضامن ہوں۔ "کُلُّ نَفْسٍ بِمَا کَسَبَتْ رَہِیْنَۃٌ" ہر ایک نفس اپنے کمائے ہوئے کے ساتھ گروی ہے۔ "اَلْخَلْقُ رَہَائِنُ المَوْتِ" مخلوق موت کے ساتھ محبوس ہے۔
المُرْتَہَنُ۔ مفع۔ ہر وہ چیز جو کسی چیز کے بدلے میں روکی جائے۔ المُرْتَہَنُ بِالْاَمْرِ: کام میں پھنسا ہوا۔ کہا جاتا ہے "کُلُّ امْرِءٍ بِاَوْقَاتٍ مُرْتَہَنٌ" یعنی ہر انسان موت کے ساتھ مقید ہے۔
الاُمُوْرُ (مَرْہُوْنَۃٌ) بِاَوْقَاتِہَا: کام اپنے وقت پر واقع ہوتے ہیں۔
الرَّہْنَامَجُ وَالرَّاہْنَامَجُ۔ ملاحوں کے لئے بحری راستہ کا نقشہ (راہ نامہ کا معرب)
رَہَا (ن) رَہْوًا۔ نرمی کرنا۔ نرم چال چلنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَتِ الْخَیْلُ رَہْوًا" گھوڑے نرم چال سے آئے۔ "اُرْہُ عَلٰی نَفْسِکَ" اپنے اوپر نرمی کرو — البَحْرُ: دریا کا ساکن ہونا — بَیْنَ رِجْلَیْہِ: کھولنا — الطَّائِرُ: پرندہ کا بازو پھیلانا۔
رَاہَی مُرَاہَاۃً۔ الرَّجُلَ: قریب ہونا۔ اکٹھا ہونا۔ باہم حماقت کرنا۔
اَرْہَی اِرْہَاءً۔ کشادہ جگہ پانا۔ رہو پرندہ کے کھانے پر مداومت کرنا۔ لَہُمُ الطَّعَامَ: ہمیشہ تیار رکھنا — عَلٰی نَفْسِہٖ: نرمی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَرْہِ عَلٰی نَفْسِکَ" اپنے اوپر نرمی کرو، "وَاَرْہَی لَکَ الشَّیْءُ" تمہارے لئے یہ چیز ممکن ہے، "وَاَرْہَیْتُہٗ لَکَ" میں نے تم کو اس پر قدرت دی۔
تَرَاہَی۔ القَوْمُ: باہم نرمی برتنا۔
اِرْتَہَی۔ القَوْمُ: باہم مختلط ہونا۔ رہیہ تیار کرنا۔ (دیکھئے لفظ رَہِیَّۃ)
الرَّہْوُ۔ سارس یا اس کے مشابہ ایک پرندہ ج رِہَاءٌ (وَالرَّہْوَۃُ) لوگوں کی جماعت۔ بلند یا پست جگہ۔ بِئْرٌ رَہْوٌ: چوڑی منہ کا کنواں۔ ثَوْبٌ رَہْوٌ: باریک کپڑا۔ غَارَۃٌ رَہْوٌ: لگاتار لوٹ اور کہا جاتا ہے "النَّاسُ رَہْوٌ مَا بَیْنَ المَدِیْنَۃِ وَالجَبَلِ" لوگ شہر اور پہاڑ کے درمیان لگاتار آرہے ہیں
الرَّہَاءُ۔ مِنَ الْاَمَاکِنِ: کشادہ جگہ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا ہموار حصہ۔
الرَّاہِیْ۔ مِنَ الْعَیْشِ: آسودہ زندگی۔
الرَّاہِیَۃُ۔ الراہی کا مؤنث۔ شہد کی مکھی۔
الرَّہِیَّۃُ۔ ایک قسم کا کھانا جو خوشہ کو ہاتھوں سے مل کر کوٹا جاتا ہے اور دودھ ڈال کر تیار کیا جاتا ہے۔
الرَّہْوَانُ۔ پست زمین۔ ترکی گھوڑی کو بھی رہوان کہتے ہیں جبکہ چلنے میں نرم پیٹھ کا ہو (معرب)
الاَرْہَاءُ۔ اطراف وجوانب۔
المُرْہِیْ۔ مِنَ الْخَیْلِ: تیز رفتار گھوڑا جو دیکھنے میں تیز نہ ہو۔ اور مقابلہ کے وقت ہاتھ نہ لگے۔ ج المَرَاہِیْ۔
رَہْوَکَ۔ الرَّجُلُ: چلنے میں ڈھیلے جوڑوں والا ہونا — القَوْمُ: مضطرب ہونا۔
الرَّہْوَکُ۔ موٹا (بکری کا بچہ یا ہرن) شَابٌّ رَہْوَکٌ۔ نازک بدن جوان۔
رَہِیَ۔ کمزور اور سست ہونا۔ فاسد الرائے ہونا۔ محنت یا بڑھاپے کی وجہ سے کسی کی آنکھوں

کا اندر کو گھس جانا — السَّحَابُ: برسنے کے لئے تیار ہونا۔
تَرَهْيَأَ۔ مضطرب ہو کر حرکت کرنا — فِی اَمْرِہٖ: کام میں کاہلی کرنا کبھی ارادہ کرنا کبھی چھوڑنا — السَّحَابُ: برسنے کے لئے تیار ہونا۔
رَوَّأَ تَرْوِيئًا وتَرْوِئَةً۔ فِی الْاَمْرِ: کام کے انجام میں غور و فکر کرنا۔
الرَّوِيئَةُ والرَّوِيَّةُ۔ غور و فکر۔
الِارْتِيَاءُ۔ سوچ بچار غور و فکر کرنا۔
الرَّاءُ۔ حروف تہجی کا ایک حرف۔ سمندر کا جھاگ۔ ایک درخت کا نام۔ واحد (رَاءَةٌ)
رَابَ (ن) رَوْبًا ورُؤُوبًا۔ اللَّبَنُ: جمنا صفت (رَائِبٌ) کہا جاتا ہے "رَابَ دَمُہٗ" اس کی ہلاکت کا وقت قریب آگیا — الرَّجُلُ: متحیر ہونا۔ جھوٹ بولنا۔ عقل میں فتور ہونا۔ سست ہونا۔ نیند یا بھوک یا اونگھ کی وجہ سے متوالا جیسا ہونا۔
رَوَّبَتِ۔ الدَّابَّةُ: جانور کا تھکنا۔
رَوَّبَ وأَرَابَ۔ اللَّبَنَ: دہی جمانا۔
الرَّائِبُ۔ فا۔ جما ہوا دودھ، دہی۔
الرَّائِبُ مِنَ الْاُمُوْرِ: صاف معاملات جن میں کوئی شبہ نہ ہو۔ نیز مشتبہ امور (ضد)
الرَّابُ۔ اندازہ، کہا جاتا ہے "ہٰذَا رَابُ کَذَا" یہ اس کے مقدار کا ہے۔
الرَّوْبُ۔ جما ہوا دودھ۔ مکھن نکلا ہوا دودھ دہی۔ کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَہٗ شَوْبٌ وَلَا رَوْبٌ" اُس کے پاس نہ تو شہد ہے نہ جما ہوا دودھ اور حدیث میں ہے "لَا شَوْبَ وَلَا رَوْبَ فِی الْبَيْعِ وَالشِّرَاءِ" خرید و فروخت میں دھوکا فریب اور گڑبڑی نہیں ہونی چاہیئے۔
الرُّوْبَةُ والرَّوْبَةُ۔ جاون (یعنی چھاچھ جو دہی جمانے کے لئے دودھ میں ڈالا جائے۔ دودھ کا بقیہ۔
الرُّوْبَةُ۔ حاجت۔ اور اسی سے ہے "فُلَانٌ لَا يَقُوْمُ بِرُوْبَةِ اَہْلِہٖ" فلاں اپنے لوگوں کی حاجت کیلئے مستعد نہیں۔ مدار زندگانی۔ متحاجی حیرانی زیادہ پینے سے کسلمندی۔ الرُّوْبَةُ مِنَ اللَّحْمِ: گوشت کا ٹکڑا — مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ایک حصہ — الرَّجُلُ: مرد کی عقل۔ تم کہتے ہو "ہُوَ يُحَدِّثُنِیْ وَاَنَا اِذْ ذَاکَ غُلَامٌ لَيْسَتْ لَہٗ رُوْبَةٌ" وہ مجھ سے بات کر رہا تھا اور میں اس وقت ایسا لڑکا تھا جس کے لئے عقل نہ ہو۔
الْاَرْوَبُ۔ حیران۔ سست۔ اونگھ یا شکم سیری کی وجہ سے کسلمند۔
الرَّوْبٰی۔ وہ لوگ جو چلنے کی وجہ سے سست ہوگئے ہوں۔ قَوْمٌ رَوْبٰی: سست طبیعت کے لوگ، وہ لوگ جنہوں نے دہی پیا ہو اور سست ہوگئے ہوں۔ واحد (رَائِبٌ ورَوْبَانُ)
الْمِرْوَبُ۔ دودھ جمانے کا برتن۔ سِقَاءٌ (مُرَوَّبٌ) مشکیزہ جس میں دودھ جمایا گیا ہو۔
رَاثَ (ن) رَوْثًا۔ الْفَرَسُ: لید کرنا۔
الرَّوْثُ۔ لید۔ ج اَرْوَاثٌ۔
الرَّوْثَةُ۔ روث کا واحد۔ ناک کے سرے کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَضْرِبُ بِلِسَانِہٖ رَوْثَةَ اَنْفِہٖ" فلاں اپنی ناک کے کنارے تک زبان کو لیجاتا ہے۔ کنایہ ہے زباں دراز ہونے سے۔ چونچ۔
الْمَرَاثُ والْمَرْوَثُ۔ لید کا مخرج۔
رَاجَ (ن) رَوْجًا ورَوَاجًا۔ الْاَمْرُ: جلدی ہونا — السِّلْعَةُ: رائج ہونا — الدَّرَاہِمُ: رواج پکڑنا — الطَّعَامُ: کھانا تیار ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَحْضِرْ لَنَا مَا رَاجَ" جو کچھ میسر ہو۔ اس کو ہمارے لئے حاضر کرو۔ رَاجَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا نامعلوم سمت سے چلنا۔
رَوَّجَ۔ الشَّیْءَ وبِہٖ: جلدی کرنا — السِّلْعَةَ والدَّرَاہِمَ: رائج کرنا — فُلَانٌ کَلَامَہٗ: مزین و مبہم کرنا۔
تَرَوَّجَ۔ حوض کے گرداگرد گھومنا۔ صفت (رَوَّاجٌ)
الرَّوْجَةُ۔ جلدی۔
رَاحَ۔ (ن) رَوَاحًا۔ شام کے وقت آنا یا جانا یا کام کرنا۔ اور بغیر وقت کی تخصیص کے مطلقاً جانے کے معنی میں مستعمل ہے۔
(— رَوَاحًا ورَوْحًا) الْقَوْمَ واِلَيْہِمْ وعِنْدَہُمْ: شام کے وقت کسی کے پاس جانا (مطلقاً) جانا
(— رَوْحًا) اليَوْمُ: تیز ہوا والا ہونا۔
رَاحَ يَرِيْحُ رِيْحًا۔ الشَّیْءَ: بو محسوس کرنا
رَاحَ يَرَاحُ رِيْحًا۔ اليَوْمُ: تیز ہوا والا ہونا — البَيْتُ: ہوادار ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ "اِفْتَحِ الْبَابَ حَتّٰی يَرَاحَ الْبَيْتُ" دروازہ کھولو تاکہ گھر ہوادار رہے — الرِّيْحَ الشَّیْءُ: ہوا لگنا۔ الْقَوْمُ الرِّيْحَ: ہوا میں داخل ہونا۔
رَاحَ يَرَاحُ رَاحَةً۔ لِلْمَعْرُوْفِ: بھلائی کو خوشی سے کرنیکے لئے جلدی کرنا۔
يَدُہٗ لِلْاَمْرِ: سبک ہونا — الشَّجَرُ: نئے پتے نکالنا — الشَّیْءَ: بو محسوس کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "رَاحَ مِنْکَ مَعْرُوْفًا" اس نے تم سے بھلائی حاصل کی۔
رَاحَ يَرَاحُ رَوَاحًا ورَاحًا ورَاحَةً و رِيَاحَةً ورُؤُوْحًا وارْيَحِيَّةً۔ لِلْاَمْرِ: کسی کام کیلئے خوشی کے ساتھ متوجہ ہونا۔
رَاحَتْ تَرَاحُ رَائِحَةً۔ الْاِبِلُ: اونٹوں کا شام کے وقت واپس آنا۔ رِيْحَ ہوا لگنا۔ صفت۔ مَرُوْحٌ مَرِيْحٌ۔
رَوِحَ يَرْوَحُ رَوَاحًا۔ کشادہ ہونا۔
رَوَّحَ۔ الْقَوْمَ: قوم کے پاس شام کے وقت جانا — الرَّجُلَ: آرام دینا۔ الْاِبِلَ: شام کے وقت باڑہ میں اونٹوں کو واپس لانا — بِالْجَمَاعَةِ: تراویح کی نماز پڑھانا — قَلْبَہٗ: کسی کے دل کو بیدار کر دینا۔ — الدُّہْنَ: تیل کو خوشبودار بنانا۔ عَلَيْہِ بِالْمِرْوَحَةِ: پنکھا جھلنا۔
اَرَاحَ اِرَاحَةً۔ الْقَوْمُ: ہوا میں داخل ہونا — ہ: آرام پہنچانا — عَلٰی فُلَانٍ حَقَّہٗ:

واپس کرنا — الإبلَ: باڑہ کی طرف اونٹوں کو واپس لانا — المعرُوفَ: بھلائی حاصل کرنا پانا — الشئَ: بو محسوس کرنا — الماءُ او اللحمُ: پانی یا گوشت کا بدبودار ہونا۔
الرجلُ: سانس لینا۔ شام کے وقت میں داخل ہونا۔ مرنا۔ کہا جاتا ہے "أراحَ فأراحَ" اُس نے مرکر آرام پہونچایا۔

اَرْوَحَ۔ الماءُ: پانی کا بدبودار ہونا — الشئَ: بو محسوس کرنا — علیہِ حقّہ: واپس کرنا

رَاوَحَ۔ بینَ العَمَلَینِ: باری باری مشغول ہونا — بینَ رِجلَیہِ: باری باری ایک ایک ٹانگ پر کھڑا ہونا۔

رَوَّحَ۔ شام کے وقت چلنا یا عمل کرنا — القومَ: قوم کے پاس شام کے وقت جانا — الشجرُ: نئے پتے نکلنا — النبتَ: نباتات کا طویل ہونا — الماءُ: پانی کا بودار ہونا — بالمِروَحۃِ: پنکھا ہلانا۔
الشئُ: بھڑک دار خوشبو والی ہونا۔

تَرَاوَحَ۔ الرجلانِ الأمرَ: باری باری کرنا۔ اور اسی سے یہ قول ہے "إنّ یدیہِ تتراوحان بالمعرُوفِ" اس کے دونوں ہاتھ باری باری بھلائی کو کرتے ہیں۔

اِرْتَاحَ۔ خوش ہونا — اللّٰہُ لَہٗ برحمتِہٖ: مصیبت سے چھڑانا۔ کہا جاتا ہے "ہُمَا یَتَروَّحانِ عَمَلاً" وہ دونوں نوبت بنوبت کرتے ہیں۔

اِسْتَرَاحَ اِسْتِرَاحَۃً۔ آرام پانا۔
الیہِ: سکون پانا۔

اِسْتَرْوَحَ اِسْتِرْوَاحًا۔ آرام پانا۔
الشئَ: سونگھنا — الغصنُ: ٹہنی کا ہوا سے ہلنا — الصیدُ: شکار کا انسان کی بو محسوس کرنا — الشجرُ: سرسبز کرنا۔

الرَّاحُ۔ مؤ۔ شراب۔ خوشی۔ نشاط۔ یومٌ راحٌ: سخت ہوا کا دن۔

الرَّاحَۃُ۔ مؤ۔ آرام۔ الراح کا واحد۔ یعنی ہتھیلی۔ صحن۔ کفِ دست۔ کہا جاتا ہے "ترکتہٗ علی انقیٰ مِنَ الرَّاحَۃِ" میں نے اسکو ایسی حالت میں چھوڑا کہ اُس کے پاس کچھ نہیں تھا۔ کپڑے کی تہ۔ کہا جاتا ہے "اِطْوِ الثوبَ علیٰ راحتِہٖ" کپڑے کو اس کی تہ پر لپیٹو۔ ج راحات۔ لیلۃٌ راحۃٌ: تیز ہوا والی رات۔

الرَّوْحُ۔ آرام۔ نرم ہوا۔ انصاف جو شکایت کرنیوالے کو آرام پہونچائے۔ مدد۔ خوشی رحمت و مہربانی۔ یومٌ رَوحٌ: عمدہ و خوشگوار دن۔ سہانا دن۔

الرَّوْحَۃُ۔ راح کا اسم مرۃ۔ ج راحات۔ لیلۃٌ روحۃٌ: سہانی رات۔

الرُّوْحُ۔ جان (مذکر و مؤنث) نفس۔ کہا جاتا ہے "ہو خفیفُ الرُّوحِ" یعنی وہ لطیف و پاکیزہ ہے۔ وحی۔ حکم خداوندی۔ امر الٰہی۔ قرآن۔ پیغام خداوندی۔ جبرائیل۔ الروحُ الأعظمُ: اللہ تعالیٰ۔ روحُ القدس: عیسائیوں کے نزدیک اقانیم ثلاثہ کا تیسرا اقنوم۔ الروحُ الأمینُ: حضرت جبرئیل علیہ السّلام۔ نسبت کیلئے (رُوحانی) ج أرواح۔ اور متقدمین حکماء کے نزدیک معدنیات کی ایک قسم۔ جیسے پارہ پر اطلاق ہوتا ہے۔ نیز دواؤں کے ست و جوہر پر بولا جاتا ہے۔ الأرواحُ الخبیثۃُ: شیاطین۔

الرَّوَحُ۔ دونوں ٹانگوں کے درمیان کشادگی وسعت۔

الرَّوَاحُ۔ مؤ۔ شام یا زوال آفتاب سے رات تک۔ اس کے مقابلہ میں صباح ہے۔ کہا جاتا ہے "خرجوا بِرَواحٍ مِنَ العَشِیِّ" وہ شام کی ابتدا میں نکلے۔ "افعلُ ذالکَ فی سَراحٍ و رَواحٍ" میں صبح شام اسکو کرتا ہوں (والرَّوِیحۃ والرَّواحۃ والرَّاحۃ) خوشی جو یقین حاصل ہونے سے پیدا ہو۔

الرِّیحُ۔ ہوا (مؤنث) ج أریاح و أرواح و ریاح و ریح و جج أراویح و أراییح۔ بو۔ اچھی چیز۔ رحمت۔ مدد۔ غلبہ و قوت۔ اور ہوائیں چار ہیں۔ الجنوب: دکھنی۔ الشمال: اُتری۔ الصَّبا: پُروائی۔ الدبُور: پچھوائی۔

الرِّیحَۃُ۔ ہوا۔ بو۔

الرَّیْحَانُ۔ ہر ایک خوشبودار پودہ۔ معیشت و روزی۔ فرزند۔ ج ریاحین۔

الرَّیحانَۃُ۔ گلدستہ۔

الرَّیِّحُ۔ مِنَ الأیامِ: تیز یا اچھی ہوا والا دن۔

الرَّائحَۃُ۔ رائح کا مؤنث۔ بو۔ ج رائحات و روائح۔ الروائحُ: شام کے وقت کی بارش یا بادل۔ کہا جاتا ہے "ما لہٗ سارحۃٌ ولا رائحۃٌ" یعنی اس کے پاس مویشی میں سے کچھ نہیں۔

الأرْوَحُ۔ ٹانگوں کے درمیان کشادگی والا۔ مؤنث رَوحاء ج رُوح (— والأریحُ) کشادہ

الأریحیّ۔ کشادہ اخلاق والا۔

الأریحیّۃُ۔ وہ خصلت جو انسان کو افعال حمیدہ اور فیاضی کرنے سے مسرور کرتی ہے۔

التَّرَاوِیحُ۔ ترویحہ کی جمع۔ جس کے معنی مطلقاً بیٹھنے کے ہیں۔ پھر اس بیٹھنے پر اطلاق ہونے لگا جو رمضان کی راتوں میں چار رکعت پڑھ لینے کے بعد آرام حاصل کرنے کے لئے بیٹھتے ہیں۔ پھر ہر چار رکعت ہی کو ترویحہ کہنے لگے۔ اور تراویح کا اطلاق پوری بیس (۲۰) رکعت نماز پر بھی ہوتا ہے جن کو رمضان میں پڑھتے ہیں۔

المَرَاحُ۔ روانہ ہونے یا واپس آنے کی جگہ۔

المُرَاحُ۔ اونٹ یا گائے یا بکری کا باڑہ۔

المَرْوَحُ والمِرْیَحُ۔ ہر وہ چیز جس کو ہوا لگے یومٌ مَروحٌ: اچھی ہوا والا دن۔

المِرْوَحُ والمِرْوَحَۃُ۔ پنکھا۔ ج مَراوِح

المَرْوَحَۃُ۔ بیابان۔ ج مَراوِح۔

المُرَوَّحُ۔ مفع۔ دُہنٌ مُروَّحٌ: خوشبودار تیل

المُسْتَرَاحُ۔ پاخانہ۔

تَوَرَّخَ۔ فی الطینِ: کیچڑ میں پڑنا۔

رَادَ یَرُودُ رَوْدًا و رِیَادًا۔ الشئَ:

طلب کرنا — الأرضَ: قیام کیلئے چراگاہ و پانی وغیرہ کی دیکھ بھال کرنا — قومَہ، مرعًی او منزلًا: قوم کے لیے چراگاہ یا منزل کی تلاش کرنے کی کوشش کرنا۔

رَادَ یَرُوْدُ رَوْدًا و رِیَادًا۔ کسی چیز کی تلاش میں گھومنا اور آنا جانا۔ رادتِ الإبلُ: اونٹوں کا چراگاہ میں آگے پیچھے آنا جانا۔

رَادَتْ رَوْدًا و رَوَدَانًا۔ المرأۃُ: پڑوسیوں کے ہاں اکثر آنا جانا — الریحُ: ہوا کا نرم چلنا — الماشیۃُ: مویشیوں کا چرنا۔

رَاوَدَہٗ مُرَاوَدَۃً و رِوَادًا۔ چاہنا۔ رَاوَدَہٗ عن و علیٰ نفسِہٖ: فریب دینا۔ برائی کی ترغیب دینا۔ پھسلانا — علیٰ کذا: ارادہ کرنا۔

رَوَّدَہٗ۔ طلب و جستجو پر اکسانا۔

أَرَادَ إِرَادَۃً۔ چاہنا۔ خواہش کرنا۔ راغب ہونا — ہ: علی الأمرِ: برانگیختہ کرنا۔

أَرْوَدَ إِرْوَادًا و مُرْوَادًا و مُرْوَدًا و رُوَیْدًا و رُوَیْدَاءَ و رُوَیْدِیَۃً۔ فی السَّیرِ: آہستگی سے چلنا۔ نرم چلنا۔

اِرْتَادَ اِرْتِیَادًا۔ الشَّیْءَ: طلب کرنا۔

اِسْتَرَادَ۔ فرمانبردار ہونا۔ لِأَمْرِ اللّٰہِ: حکم اللہ کی جانب لوٹ آنا اور جھک جانا۔ الدابۃُ: جانور کا چرنا — الرجلُ: چل پھر کر روزی طلب کرنا۔

الرَّائِدُ۔ فا۔ رَادَۃٌ و رُوَّادٌ و رَائِدُوْنَ۔ جاسوس۔ وہ شخص جس کو لوگوں نے چارہ پانی کی تلاش میں بھیجا ہو۔ چکی کا دستہ و رائدُ العَیْنِ: آنکھ کا تنکا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ رَائِدُ الوِسَادِ" وہ غم کے لاحق ہونے کی وجہ سے غیر مطمئن ہے۔

الرَّادُ۔ بمعنی الرائد۔

الرِّیْدُ۔ طلب۔ تلاش۔

الرَّادَۃُ والرَّائِدَۃُ والرُّوَادَۃُ۔ پڑوسیوں کے گھروں میں بہت پھرنے والی عورت۔

الرَّوْدُ۔ مص۔ رِیْحٌ (رَوْدٌ و رَائِدَۃٌ) نرم چلنے والی ہوا۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ عَلَی الرُّوْدِ" یعنی آہستہ چلو۔

رُوَیْد۔ اِرْوَادٌ کا مصدر مصغر ہے۔ کہا جاتا ہے "رُوَیْدًا" یعنی آہستہ۔ و "رُوَیْدَکَ زَیْدًا" و "رُوَیْدَ زَیْدٍ" یعنی زید کو مہلت دی۔ و سَارُوْا سَیْرًا رُوَیْدًا" و سَارُوْا رُوَیْدًا" یعنی وہ لوگ نرمی و آہستگی سے چلے۔

الأَرْوَدُ۔ کام میں آہستگی کرنے والا۔ اور کہتے ہیں۔ الدَّھْرُ أَرْوَدُ ذُوْ غِیَرٍ" یعنی زمانہ اپنا کام سکون کے ساتھ کرتا ہے جس کی خبر بھی نہیں ہوتی۔ والدَّھْرُ أَرْوَدُ مُسْتَبِدٌّ" یعنی زمانہ معاملات میں نرم ہے اور غالب ہے۔

المِرْوَدُ۔ سرمہ کی سلائی۔ لگام کے حلقہ کا لوہا۔ چرخی کا ڈنڈا جس پر چرخی گھومتی ہے۔ کھونٹی ج مَرَاوِد۔

المَرَادُ والمُسْتَرَادُ۔ چراگاہ میں اونٹوں کے آجانے کی جگہ۔ مُسْتَرَادُ الرَّجُلِ: آمد و رفت کی جگہ۔

المَرَاوِیْد۔ جانوروں کے باندھنے کی جگہ میں آنے جانے والی۔

الرَّوَنْدُ و الرِّوَنْدُ والرَّاوَنْدُ۔ ریوند چینی۔ ایک دوا کا نام۔

رَاذَ (ن) رَوْذَۃً۔ آنا جانا۔

رَازَ (ن) رَوْزًا۔ الحجرَ: پتھر اٹھا کر وزن کا اندازہ کرنا — الرجلَ: آزمانا — الدینارَ: دینار کا وزن معلوم کرنے کے لئے تولنا — الأَرَاضِیَ: زمین کے پاس قیام کرنا اور اسے قابل کاشت بنانا — ما عندہٗ: طلب کرنا۔ چاہنا۔ صفت (رَائِزٌ) ج رَازَۃٌ۔

رَوَّزَ۔ الکلامَ او الرأیَ: آہستہ آہستہ غور کرنا

رَازَاہ۔ آزمائش کرنا۔

الرَّازِیُّ۔ منسوب بہ شہر رے۔

الرُّوَیْزِیُّ۔ بڑی چادر۔

الرَّازُ۔ معماروں کا سردار۔ ج رَازَۃٌ اور اس کی اصل رَائِزٌ ہے۔ مثل شاکٍ و شائک کے۔

الرِّیَازَۃُ۔ معماری

المَرَازُ والمَرَازَۃُ۔ وزن۔ مقدار۔

المَرَازَانِ۔ دونوں پستان۔

الرُّوْزْنَامَۃُ۔ روزنامچہ۔ کیلنڈر۔ جنتری (کلمہ فارسی ہے روز اور نامہ سے مرکب ہے)

رَاسَ یَرُوْسُ رَوْسًا۔ متکبرانہ چلنا۔ بہت کھانا — السَّیْلُ الغُثَاءَ: سیلاب کا کوڑا کرکٹ بہالیجانا۔

اِسْتَرَاسَ۔ کھانا طلب کرنا۔

الرَّوْسُ۔ مص۔ مرد۔ کہا جاتا ہے "إنَّہٗ رَوْسُ سُوْءٍ" وہ برا آدمی ہے۔ عیب۔ بہت کھانا۔

رَوَائِسُ۔ الأودیۃِ: وادیوں کے بلند حصے۔ رَوَائِسُ السَّحَابِ: اگلے بادل۔

رَاشَ یَرُوْشُ رَوْشًا۔ بہت کھانا — ہ المرضُ: کمزور کرنا۔

الرَّاشُ۔ مِنَ الجِمَالِ او الرِّمَاحِ: کمزور اونٹ یا نیزہ۔ یہ رَائِش کا مخفف ہے۔ مؤنث رَاشَۃٌ۔

الرَّوْشُ۔ سبکی عقل۔

الأَرْوَشُ۔ سبکی عقل والا۔ مؤنث رَوْشَاء

رَاصَ (ن) رَوْصًا۔ بے وقوفی کے بعد عقل مند ہونا۔

رَاضَ یَرُوْضُ رَوْضًا و رِیَاضَۃً و رِیَاضًا۔ المُھْرَ: بچھیرے کو سدھانا۔ صفت (رَائِضٌ) ج رَاضَۃٌ و رُوَّاضٌ و رُوْضٌ و رَائِضُوْنَ)۔ اور صفت مفعولی (مَرُوْضٌ) مؤنث مَرُوْضَۃٌ۔

رَوَّضَ۔ المھرَ: بچھیرے کو خوب سدھانا — الرجلُ: باغوں میں رہنا — المطرُ الأرضَ: باغ کی مانند بنا دینا۔

رَاوَضَہٗ۔ علی الأمرِ: کسی کو کسی کام پر بہلا پھسلا کر لگا دینا۔

أَرَاضَ إِرَاضَۃً۔ سیراب ہونا

القومَ: سیراب کرنا — المکانُ: بکثرت باغات ہونا — اللهُ الارضَ: مرغزار بنانا۔ باغات بنانا — الحوضُ: حوض کی تہ کا پانی سے ڈھلکنا۔

اَرْوَضَ۔ المکانُ: بکثرت سرسبزی و باغات والی ہونا — الارضُ من المطرِ: زمین کا بارش سے تر ہونا۔

تَرَاوَضَ۔ القومُ فی الامرِ: کسی معاملہ میں باہم مناظرہ کرنا — فی البیعِ والشراءِ: آپس میں خرید و فروخت میں جھگڑنا۔

اِرْتَاضَ۔ المُہرُ: بچھیرے کا سدھ جانا۔ کہا جاتا ہے" ارتاضتِ القوافی الصعبۃُ للشاعرِ" یعنی شاعر کو مشکل قوافی کی آمد ہوئی۔

اِسْتَرَاضَ اِسْتِرَاضَۃً۔ المکانُ: جگہ کی سطح کا پانی سے ڈھلکنا۔ کشادہ ہونا۔ النفسُ: خوش ہونا — المکانُ: بکثرت باغات والی ہونا۔

الرَّوْض۔ مہ۔ باغ۔ وہ زمین جو مختلف قسم کے نباتات سے سرسبز ہو۔

الرَّوْضَۃ۔ باغ۔ جہ رَوض و رِیاض و رَوضات و رِیضان۔ رَوضاتُ الجنّاتِ: باغوں کے بہترین ٹکڑے۔ الروضۃُ: حوض کا بقیہ پانی۔ کہا جاتا ہے" فی الحوضِ روضۃٌ من الماءِ" حوض میں تھوڑا پانی ہے جس نے زمین کو چھپا لیا ہے۔

الرِّیضَۃ۔ الروضۃ میں ایک لغت۔

الرِّیَاضَۃ۔ مہ۔ جسمانی ورزش۔ بُری حالت کو اچھی حالت سے بدلنا۔ اخلاق نفسانی کی تہذیب۔ عبادت اور حقائق ایمانی میں غور و فکر کرنا۔

العلمُ الریاضی و علومُ الریاضیات۔ علم حساب۔ الجبرا جیومیٹری وغیرہ علوم۔

الرَّیِّض۔ وہ جانور جس کو سدھایا جانا شروع کیا گیا ہو۔ مذکر و مؤنث اس میں برابر ہیں۔ اَمرٌ رَیِّضٌ: غیر محکم کام۔

الرَّیِّضَۃ۔ باغ۔

المَرَاض۔ زم نشیبی زمین میں سخت جگہ جو پانی کو روک لے۔ جہ مَرایض و مَراضات۔

اَرضٌ مُسْتَرْوِضَۃٌ: عمدہ نباتات اگانیوالی زمین۔ نباتٌ مُسْتَرْوِضٌ: نباتات جو بڑھنے اور لمبے ہونے میں انتہا کو پہونچ گئی ہو۔

رَاطَ یَرُوطُ وَیَرِیطُ رَوْطًا وَرَیْطًا۔ بالمکانِ: پناہ ڈھونڈھنے والے کی مانند ہونا

رَاعَ یَرُوعُ رَوْعًا وَرُوُوعًا۔ منہ: گھبرانا صفت (رائع وروع) — فی یدی کذا: فائدہ دینا۔ راعہُ الامرُ: گھبرا دینا۔ تعجب میں ڈالنا

رَاعَ یَرُوعُ وَیَرِیعُ رُوَاعًا۔ لوٹنا۔ واپس ہونا۔

رِیعَ۔ فلانٌ: گھبرانا۔ ڈرنا۔

اَرَاعَہٗ وَرَوَّعَہٗ۔ گھبرا دینا۔ ڈرانا۔ تعجب میں ڈالنا۔

رَوِعَ (س) رَوَعًا۔ اروع ہونا دیکھئے لفظ اروع)

اَرْوَعَ اِرْوَاعًا۔ الراعی الغنمَ: چرواہے کا بکریوں کو ڈانٹنا۔

اِرْتَاعَ وَتَرَوَّعَ۔ منہ ولہ: ڈرنا۔ ارتاع للخبرِ: خبر کی وجہ سے خوش ہونا۔

الرَّوْع۔ مہ۔ خوف۔ ڈر۔ لڑائی۔

الرَّوْعَۃ۔ ڈر۔ حسن و جمال کا حصہ۔

الرُّوْع۔ دل کا سیاہ نقطہ۔ اور بقول بعض دل میں ڈر کی جگہ۔ ذہن۔ عقل۔ کہا جاتا ہے اَفرِغْ رُوعَکَ" اپنے دل کو مطمئن رکھو۔

الرَّوَع۔ اروع کا اسم (دیکھئے لفظ اروع)

الاَرْوَع۔ حسن یا بہادری وغیرہ سے تعجب میں ڈالنے والا۔ ہوشیار۔ ذکی۔ جہ رُوع و اَرواع۔ مؤنث رَوعاء۔ قلبٌ اروعُ: جلدی گھبرا جانے والا دل۔

فلانٌ (رُواعُ) القلبِ: ہوشیار۔ ذکی۔

الرَّائِع۔ فا۔ حسن یا بہادری وغیرہ سے تعجب میں ڈالنے والا۔ جہ رائعون و رُوَّع۔

مؤنث۔ رائعۃٌ۔ جہ رَوائع و رُوَّعٌ۔ کلامٌ رائعٌ: خوشگوار کلام۔

رائعۃُ۔ الشیبِ: بڑھاپے کی ابتداء و رائعۃُ النہارِ او الضحٰی: دن یا چاشت کے وقت کا بڑا حصہ۔

المُرَوَّع۔ خوفزدہ۔ درست الہام پانیوالا

رَاغَ (ن) رَوْغًا وَرَوَغَانًا۔ الصیدُ: شکار کا ادھر ادھر جانا — الرجلُ عن الطریقِ: مکر و فریب سے راستہ سے کترا کترا کر چلنا

الی کذا: چپکے سے کسی جانب مائل ہو جانا۔ — علیہِ بالضربِ: مارنے کیلئے ٹوٹ پڑنا۔

رَوَّغَ۔ اللقمۃَ فی الدسمِ: لقمہ کو اچھی طرح چکنائی میں الٹ پلٹ کر تر کرنا۔

رَاوَغَ مُرَاوَغَۃً۔ کشتی لڑنا۔ فریب دینا۔ راوغہ علی الامرِ: پھسلانا۔ ورغلانا۔ راوغ القومُ: مکر و فریب سے ایک دوسرے کو طلب کرنا۔

اَرَاغَ اِرَاغَۃً وَارْتَاغَ اِرْتِیَاغًا۔ مکر و فریب سے طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "مازلتُ اُریغُ حاجۃً لی" میں ہمیشہ اپنی حاجت کو طلب کرتا رہا۔ اور کہا جاتا ہے" ارتاغ العقابُ الصیدَ" عقاب شکار کے پیچھا کرنے میں ادھر ادھر جاتا رہا۔ اراغ علی امرٍ وعن امرٍ: پھسلا بہلا کر طلب کرنا — اراغ الرجلَ: دھوکا دینا۔

تَرَوَّغَ۔ الحمارُ: گدھے کا خاک میں لوٹنا

تَرَاوَغَا۔ ایک دوسرے کو فریب دینا۔ باہم کشتی لڑنا۔

الرَّائِغ۔ فا۔ طریقٌ رائغٌ: کج راستہ۔

الرَّوَاغ والرَّوِیغَۃُ۔ مکر و حیلہ۔

الرَّوَّاغ۔ بہت فریب و مکر کرنے والا۔ لومڑی۔ کہا جاتا ہے" ہو ثعلبٌ روّاغٌ" و" ہم ثعالبُ روّاغۃٌ" وہ یا وہ لوگ فریب دینے والی لومڑی کی مانند ہیں۔

الرِّیَاع۔ سرسبزی۔

الرِّیَاغَۃُ والرِّوَاغَۃ - کشتی کا اکھاڑہ۔
رَافَ یَرَافُ - رَأفَ یَرْأَفُ میں ایک لغت ہے۔
الرَّوْفُ - سکون - اطمینان -
الرَّوْفَۃ - رحمت -
رَاقَ یَرُوْقُ رَوْقًا - الشَّرَابُ: صاف ہونا — عَلَیْہِ: فضیلت وخوبی میں بڑھ جانا۔
رَاقَہٗ رَوْقًا وَرَوَقَانًا - الشَّیْءُ: تعجب میں ڈالنا - پسند آنا - خوش کرنا۔
رَوِقَ یَرْوَقُ رَوَقًا - اوپر کے دو لمبے دانتوں والا ہونا - صفت (اَرْوَقُ) مؤنث رَوْقَاءُ ج رُوْقٌ۔
رَوَّقَ - الشَّرَابَ: صاف کرنا - رَوَّقَ بِضَاعَتَہٗ: سامان بیچ کر عمدہ سامان خریدنا (رَوَّقَ وَ اَرْوَقَ اِرْوَاقًا) اللَّیْلُ: تاریکی پھیلانا۔
رُوِّقَ - البَیْتُ: سائبان بنایا جانا۔
رَاوَقَہٗ مُرَاوَقَۃً - کسی کے برآمدہ کے مقابل برآمدہ بنانا - کہا جاتا ہے "ہُوَ مُرَاوِقِیْ" اس کا برآمدہ میرے برآمدہ کے مقابل ہے۔
اَرَاقَ اِرَاقَۃً - المَاءَ: بہانا — دَمَہٗ: خون گرانا - کنایہ ہے قتل کرنے سے۔
الرَّائِقُ - فا - ج - رَوْق وَرُوْقَۃ۔
الرَّوْقُ - مص - سینگ — مِنَ البَیْتِ: سائبان برآمدہ — مِنَ الشَّبَابِ: جوانی کی رونق وابتداء — مِنَ الخَیْلِ: خوبصورت گھوڑا — مِنَ اللَّیْلِ: رات کا ایک حصہ - مِنَ المَاءِ ونَحْوِہٖ: صاف - رَوْقُ الفَرَسِ: نیزہ جو گھوڑے کے کانوں کے درمیان میں رکھا ہوا ہو - اس صورت میں گھوڑے کو "اَرْوَق" کہتے ہیں - الرَّوْقُ: خالص محبت - چیز کی زیادتی - بارش - عمر - پردہ - بڑا خیمہ - جماعت - کہا جاتا ہے "دَاہِیَۃٌ ذَاتُ رَوْقَیْنِ" یعنی بڑی مصیبت "رَمَی بِاَرْوَاقِہٖ عَلَی الدَّابَّۃِ" یعنی وہ سوار ہوا۔ "اَلْقَی بِاَرْوَاقِہٖ عَنِ الدَّابَّۃِ" یعنی وہ دابہ سے اُتر پڑا - "وَاَلْقَی اَرْوَاقَہٗ" یعنی وہ تیز دوڑا - نیز بمعنی اطمینان کے ساتھ اقامت کی - "ضَرَبَ رَوْقَہٗ بِمَنْزِلِ کَذَا" وہ فلاں منزل پر اُترا اور اُس نے خیمہ لگایا - "اَلْقَی عَلَیْکَ اَرْوَاقَہٗ وَشَرَاشِرَہٗ" اس موقع پر بولتے ہیں جب یہ کہنا ہو کہ تم فلاں سے بہت زیادہ محبت کرتے ہو - "اَلْقَتِ السَّحَابَۃُ اَرْوَاقَہَا" بادل نے اپنا دہانہ کھول دیا۔
الرُّوَاقُ والرِّوَاقُ - برآمدہ - سائبان چھت سے لے کر نیچے تک کا پردہ - ج اَرْوِقَۃ وَرِوَاقَات وَرُوْق - رِوَاقُ العَیْنِ: ابرو - رِوَاقُ اللَّیْلِ: رات کا ابتدائی حصہ۔
الرَّاوُوْق - چھننا - برتن جس میں شراب صاف کی جائے - پیالہ۔
رَیِّقُ - الشَّبَابِ: جوانی کی رونق وابتداء اور کہا جاتا ہے "کُنْتُ فِیْ رَیِّقِ زَمَانِیْ" میں اپنے زمانہ کی ابتداء میں تھا - وَرَیِّقُ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا افضل حصہ۔
الرَّوَقُ - اوپر کے دو دانتوں کا لمبا ہونا - (اور یہ عیب ہے)
الرُّوْقَۃ - بہترین حسن وجمال۔
الرُّوْقَۃ - رَائِقٌ کی جمع - بہتر لوگ - کہا جاتا ہے "غِلْمَانٌ رُوْقَۃٌ" خوبصورت لڑکے اور یہی مذکر مؤنث واحد جمع کے لئے مستعمل ہے - کہا جاتا ہے - "غُلَامٌ رُوْقَۃٌ" "جَارِیَۃٌ رُوْقَۃٌ" "جَوَارٍ رُوْقَۃٌ"۔
الاَرْوَقُ - سینگ والا - اوپر کے دو بڑھے ہوئے دانتوں والا۔
المُرَوَّقُ - صاف کیا ہوا - نتھارا ہوا - بَیْتٌ مُرَوَّقٌ - سامنے پردہ لٹکا ہوا مکان۔
الرَّوْکَۃ والرَّوْکَاءُ - نر الو کی آواز۔
رَوَّلَ - الفَرَسُ: گھوڑے کی رال بہنا - رَوَّلَ الخُبْزَ: گھی سے روٹی کو اچھی طرح تر کرنا۔
الرُّوَال - گھوڑے کی رال - ج رَوَاوِیْل۔
المِرْوَل - بہت رال والا۔
رَامَ (ن) رَوْمًا وَمَرَامًا - الشَّیْءَ: ارادہ کرنا - صفت (رَائِمٌ) ج رُوَّم ورُوَّام۔
رَوَّمَ - ٹھہرنا — فُلَانًا وَبِہٖ: خواہش دلانا — رَایَہٗ: ایک چیز کے بعد ایک چیز کا ارادہ کرنا۔
تَرَوَّمَ - بِہٖ: ٹھٹھا کرنا۔
الرَّام - ایک درخت کا نام۔
الرَّامَتَۃ - جوہڑ - ایک دیہاتی موضع کا نام - اشعار میں اکثر اس کا استعمال تثنیہ سے ہوتا ہے۔
الرُّوْمُ والرُّوْمُ - کان کی لو۔
الرُّوْمُ والاَرْوَام - بحر متوسط کے شمال کے رہنے والے لوگ - واحد (رُوْمِیٌّ) نصرانیوں کا ایک گروہ - بَحْرُ الرُّوْم: بحر متوسط جس کو بحر ابیض بھی کہتے ہیں۔
رُوْمَۃ ورُوْمِیَۃ - قدیم اور مشہور شہر کا نام جو اٹلی کا دارالسلطنت ہے - نسبت کے لئے رُوْمَانِیٌّ۔
الرُّوْمِیُّ - خالی کشتی کا بادبان۔
الرُّوْمَۃ - سریش جس سے تیر کا پر جوڑا جاتا ہے۔
المَرَام - مقصد - مطلب - ج مَرَامَات۔
رَانَ یَرُوْنُ رَوْنًا - الاَمْرُ: سخت ہونا - رَانَتِ اللَّیْلَۃُ - سخت خوفناک ہونا۔
الرُّوْنُ - سختی - ج رُوُوْن۔
رُوْنَۃُ - الشَّیْءِ: چیز کا بڑا حصہ - چیز کی سختی - کہا جاتا ہے "کَشَفَ اللّٰہُ عَنْکَ رُوْنَۃَ ہٰذَا الاَمْرِ" اللہ تعالیٰ تم سے اس معاملہ کی سختی کو دور کریں۔
الاَرْوَنَان - سخت - دشوار (الاَرْوَنَانُ و الاَرْوَنَانِیُّ) ہر چیز کی سختی (مثلاً سردی گرمی - خوشی غمی شور وغیرہ کی) مؤنث اَرْوَنَانَۃ و اَرْوَنَانِیَّۃ۔
مَرُوْنٌ - بِہٖ: مغلوب۔
رَاہَ (ن) رَوْہًا ورُوَاہًا - المَاءُ: پانی کا

سطح زمین پر لہر مارنا۔

رَوَی (ض) رِوَایَةً۔ الحَدِیثَ: نقل کرنا۔ بیان کرنا۔ صفت رَاوٍ۔ ج رُوَاۃ و رَاوُونَ — الحَبلَ: رسی بٹنا — الرَّحلَ: اونٹ پر رسی سے کجاوہ باندھنا — القَومَ: قوم کے لئے پانی لانا۔

رَوِیَ (س) رِیًّا و رَیًّا و رِوًی۔ مِنَ المَاءِ: سیراب ہونا۔ صفت (رَیَّان) مؤنث رَیَّا۔ ج رِوَاء — الشَّجَرُ: سرسبز ہونا۔

رَوَّی تَروِیَةً۔ سفر میں پانی ساتھ لیجانا — ہ الشِّعرَ: شعر کی روایت کرنے پر آمادہ کرنا — النَّبَاتَ: نباتات کو پانی دینا رَوَّی فی الاَمرِ: غور و فکر کرنا۔

تَرَوَّی تَرَوِّیًا۔ سیراب ہونا۔ غور و فکر کرنا — الحَدِیثَ: نقل کرنا۔ بیان کرنا — القَومُ: سفر میں پانی ساتھ لیجانا۔ تَرَوَّت مَفَاصِلُہٗ: جوڑوں کا معتدل و مضبوط ہونا۔

اِرتَوَی اِرتِوَاءً۔ مِنَ المَاءِ: سیراب ہونا — الحَبلُ: رسی کا بٹ جانا — مَفَاصِلُہٗ: جوڑوں کا معتدل و مضبوط ہونا۔

الرِّیّ۔ سیرابی۔ ایک درخت کا نام۔ خوش حالی و زیادتی نعمت۔

الرِّوَی۔ سیراب کرنے والا بہت پانی۔

الرِّیّ۔ سرسبزی (اس کی اصل رِوْیٌ ہے یا کو واو سے بدل دیا گیا ہے)۔

الرَّیَّا۔ عمدہ خوشبو۔ عَینٌ (رَیَّۃٌ) بہت پانی والا چشمہ۔ اور کہا جاتا ہے "مِن اَینَ رَیُّکُم" کہاں سے تم پانی لاتے ہو۔

الرِّیَّۃ۔ رِوِی کا اسم نوع پھیپھڑا۔ رِیَّۃُ البَحرِ سمندر کے حیوانات میں سے ایک قسم ہے۔

الرَّوِیّ۔ مِنَ الشُّربِ: پوری سیرابی۔ کہا جاتا ہے "شَرِبتُ شُربًا رَوِیًّا" میں نے خوب سیراب ہو کر پیا۔ مَاءٌ رَوِیٌّ: بہت اور سیراب کرنے والا پانی۔ اور ایسا ہی کہا جاتا ہے "کَاسٌ رَوِیَّۃٌ" الرَّوِیّ: سخت بارش والا بادل۔ تندرست و صحیح العقل۔ پلانے والا۔ قافیہ کا حرف۔

الرَّوِیَّۃ۔ الرَّوِیّ کا مؤنث۔ امور میں غور و فکر۔ حاجت۔ قرض وغیرہ کا بقیہ۔

الرَّیَّان۔ سیراب۔ سرسبز ٹہنی وغیرہ مؤنث رَیَّا۔ ج رِوَاد۔ وَجہٌ رَیَّان: پُرگوشت چہرہ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ رَیَّانٌ مِنَ العِلمِ وَ ہُم رِوَاءٌ مِنہُ" فلاں یا وہ لوگ بہت علم والے ہیں

الرِّوَاء۔ ج اَروِیَۃ (المِروَی) ج مَرَاوٍ و مَرَاوَی: جانور پر بوجھ باندھنے کی رسی۔

الرَّوَاء۔ خوشگوار پانی۔ سیراب کرنے والا بہت پانی۔

الرُّوَاء۔ خوشنمائی۔ چہرہ کی رونق۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ لَہٗ رُوَاءٌ۔ مرد کہ اس کے چہرہ پر رونق ہے

الرَّاوِیَۃ۔ حدیث یا اشعار کو نقل کرنیوالا تا مبالغہ کے لئے ہے ج رَوَایَا: جانور جس پر پانی لاد کر لایا جائے۔ پانی کی پکھال۔

الاُروِیَّۃ والاِروِیَّۃ۔ پہاڑی بکری۔ مذکر و مؤنث دونوں کے لئے مستعمل ہے۔ ج اَرَاوِی و اَرَاوٍ و اَروَی۔

یَومُ (التَّروِیَۃ) ماہ ذی الحجۃ کی آٹھویں تاریخ اس وجہ سے کہ اس تاریخ میں عرفات میں جانے کے لئے اونٹوں کو پانی پلایا کرتے تھے۔ یا یہ وجہ ہے کہ حضرت ابراہیم علیٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسّلام نے اس تاریخ میں اپنے خواب کے معاملہ میں غور و فکر کیا تھا۔

رَابَہٗ یَرِیبُہٗ رَیبًا۔ شک یا تہمت میں ڈالنا۔ کسی سے کوئی ناپسند بات دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یَرِیبُہٗ اَحَدٌ بِشَیءٍ" فلاں کو کوئی کسی چیز سے قلق میں نہیں ڈال سکتا۔

اَرَابَہٗ اِرَابَۃً۔ شک میں ڈالنا۔ تہمت لگانا۔ بیقرار کرنا — الرَّجُلُ اَوِ الاَمرُ: قابل شک ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَرَابَ مِنہُ اَمرٌ" یعنی اس نے اس کے ساتھ بدگمانی کی اور تہمت کا یقین نہیں کیا۔

تَرَیَّبَ تَرَیُّبًا۔ مِنہُ: خوف کرنا۔ ڈرنا — بِہٖ: کسی سے کوئی شک کی چیز دیکھنا۔

اِرتَابَ اِرتِیَابًا۔ مِنَ الشَّیءِ: شک کرنا۔ بِفُلَانٍ: تہمت لگانا۔

اِستَرَابَ اِستِرَابَۃً۔ شک میں پڑنا۔ — بِہٖ کسی سے کوئی شک کی چیز دیکھنا۔

الرَّیبُ۔ تہمت۔ شک۔ حاجت۔ رَیبُ المَنُونِ: گردش زمانہ۔

الرِّیبَۃ۔ شک و تہمت۔ بے قراری۔ بے کلی۔ ج رِیَب۔

اَمرٌ (رَیَّاب) ڈرانے والا معاملہ۔

رَاثَ یَرِیثُ رَیثًا و تَرَیُّثًا۔ تاخیر کرنا دیر کرنا۔

رَیَّثَ۔ تھکنا۔ کہا جاتا ہے "رَیَّثَ عَمَّا کَانَ عَلَیہِ" یعنی جس معاملہ میں وہ تھا اس میں کوتاہی کی — الشَّیءَ: نرم کرنا۔

اَرَاثَہٗ اِرَاثَۃً۔ دیر کرانا۔

اِستَرَاثَہٗ اِستِرَاثَۃً۔ دیر کرنے والا پانا۔ دیر کرنے والا سمجھنا۔

الرَّیث۔ مقدار مہلت۔ کہا جاتا ہے۔ "وَقَفَ (رَیثَمَا) صَلَّینَا" جب تک ہم نے نماز پڑھی وہ ٹھہرا رہا۔ و "مَا قَعَدتُ عِندَہٗ اِلَّا رَیثَ اَعقِدُ شِسعِی" میں اس کے پاس تسمہ باندھنے کی مقدار بیٹھا۔ یہاں لفظ ریث بغیر ما کے اور فعل مضارع بغیر ان کے مستعمل ہے جیسے کہ یُرِیدُ یَفعَلُ بجائے یُرِیدُ اَن یَفعَلَ کے ہے۔

الرَّیِّث۔ سست۔ دیر کرنے والا۔ رَجُلٌ (مُرَیَّثُ) العَینَینِ: کمزور نظر والا۔

رَاخَ یَرِیخُ رَیخًا و رَیَخَانًا و رُیُوخًا۔ ذلیل ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔

رَیَّخَہٗ۔ کمزور کرنا۔

المِرِّیخ۔ سینگ کے اندر کی نرم چھوٹی ہڈی۔ ج اَمرِخَۃ۔

الرَّیْد۔ پہاڑ کا باہر کو نکلا ہوا کنارہ۔ ج رُیُود۔

رِبحَ (رَیدۃً وَرَادَۃً وَرَیدَانَۃً) نرم ہوا۔
رِیرَ۔ القَومُ: ارزانی و فراخ سالی میں پہنچنا۔
رَیَّرَ۔ القَومُ: موٹاپا غالب ہونا۔ رَیَّرَتِ البِلَادُ: ارزانی و فراخ سالی والے ہونا۔ رُیِّرَ القَومُ: ارزانی و فراخ سالی میں پہونچنا۔
الرَّیرُ۔ رال جو بچہ کے مُنہ سے نکلے۔ (الرَّیرُ والرِّیرُ والرَّار) ہڈی کا مغز جو لاغری کی وجہ سے پگھل چکا ہو۔
الرَّائِرَۃُ۔ زانو کی ہڈی کا مغز۔
رَاسَ یَرِیسُ رَیسًا وَرَیَسَانًا۔ متکبرانہ چال چلنا ـــ الشَّیءَ: کسی چیز کی پوری حفاظت کرنا ـــ القَومَ: برتر ہونا غالب ہونا۔
الرَّئِیسُ۔ سردار قوم۔
رَاشَ یَرِیشُ رَیشًا۔ مال و متاع جمع کرنا ـــ ہ: کھلانا۔ پہنانا۔ مدد کرنا۔ غنی بنانا ـــ ہ مالًا: دینا ـــ مِن حَالِہ: درست کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یَرِیشُ وَلَا یَبرِی" فلاں نہ نقصان پہونچاتا ہے نہ فائدہ۔ "وَلَا تَرِش عَلَیَّ" میری گفتگو میں دخل مت دو (وَ اَرَاشَ وَرَیَّشَ) السَّہمَ: پر لگانا۔ رَیَّشَ السَّقمُ فُلَانًا: کمزور کرنا۔
اِرتَاشَ۔ السَّہمُ: تیر میں پر لگانا (ـــ وتَرَیَّشَ) خوش حال ہونا۔
الرِّیشُ۔ پرندے کے پر۔ واحد (رِیشَۃ) ج رِیَاش وَاَریَاش۔ الرِّیشُ: لباس فاخرہ۔ متاع خانہ۔ مال۔ سرسبزی۔ معاش۔
الرَّاشُ۔ پرندے کے پر۔ ج اَریَاش جَمَلٌ رَاشٌ: کمزور اونٹ۔ رَجُلٌ رَاشٌ: مالدار مرد۔ رُمحٌ رَاشٌ: کمزور نیزہ۔ طَیرٌ رَاشٌ: پرندہ جس کے پر نکل آئے ہوں۔ مؤنث رَاشَۃ، کَلَأٌ (رَیِّشٌ وَرَیِّشٌ) بہت پتیوں والی گھاس
الرَّیِّشُ۔ کان یا چہرہ پر بکثرت بال۔
الرِّیَاشُ۔ مِنَ النُّوقِ: کانوں پر بکثرت بال والی اونٹنی۔
الرِّیَاشُ۔ عمدہ لباس و سامان۔ سرسبزی معاش۔ مال۔

الرَّیَّاشُ۔ تیروں پر پر لگانے والا۔
الرَّائِشُ۔ فا۔ رشوت لینے والے اور رشوت دینے والے کا بچولیا۔ پردار تیر۔
الاَرْیَشُ۔ کانوں یا چہرہ پر بہت بال والا۔ مؤنث رَیشَاءُ۔ ج رِیشٌ وَرَجُلٌ اَرْیَشُ: مال و لباس والا مرد۔
المَرِیشُ والمُرَیَّشُ۔ مِنَ السِّہَامِ: پر لگایا ہوا تیر۔ والبُردُ المُرَیَّشُ: پروں کے نقش والی چادر۔ المُرَیَّشُ۔ بہت بالوں والا کم گوشت والا۔ کمزور پیٹھ والا۔
المُرَیَّشُ مِنَ الرِّجَالِ: سر میں شاہی اعزاز کا پر لگانے والا۔
الرَّیطَۃُ۔ ایک پاٹ کی چادر۔ ہر کپڑا جو چادر کی مانند ہو۔ کفن۔ ج رَیطٌ وَرِیَاطٌ۔
الرَّائِطَۃُ۔ ایک پاٹ کی چادر۔
رَاعَ یَرِیعُ رَیعًا وَرُیُوعًا وَرِیَاعًا وَرَیَعَانًا۔ الشَّیءُ: نشوونما پانا۔ زائد ہونا ـــ الزَّرعُ: کھیتی کا بڑھنا۔ (ـــ رَیعًا) السَّرَابُ: سراب کا کبھی ظاہر ہونا کبھی ناپید ہونا ـــ مِنہُ: ڈرنا ـــ عَنہُ، وَاِلَیہِ: واپس آنا۔ کہا جاتا ہے "ہَرَبَتِ الاِبِلُ فَصَاحَ بِہَا الرَّاعِی فَرَاعَت اِلَیہِ" اونٹ بھاگ پڑے اور چرواہے نے آواز دی تو سب اس کے پاس واپس آگئے۔ "وَفُلَانٌ لَا یَرِیعُ لِکَلَامِکَ" فلاں تیری بات نہیں مانتا۔
ـــ رَیَّعَ۔ القَومُ: جمع ہونا ـــ الطَّعَامُ: بڑھنا اور زیادہ ہونا ـــ الطَّعَامَ: بڑھانا اور زیادہ کرنا۔
اَرَاعَ اِرَاعَۃً۔ الزَّرعُ: کھیتی کا بڑھنا ـــ اللّٰہُ الزَّرعَ: کھیتی کو بڑھانا ـــ القَومُ: بڑھی ہوئی کھیتی والے ہونا ـــ الاِبِلُ: اونٹوں کا بہت بچوں والے ہونا۔
تَرَیَّعَ۔ ٹھہرنا۔ بے قرار ہونا۔ حیران ہونا۔ ـــ المَاءُ: بہنا۔ السَّرَابُ: سراب کا کبھی ظاہر ہونا کبھی ناپید ہونا ـــ القَومُ: اکٹھا ہونا۔

ـــ یَدَاہُ بِالجُودِ: فیاضی کرنا۔
اِستَرَاعَ اِستِرَاعَۃً۔ حیران ہونا ـــ یَدَاہُ بِالجُودِ: فیاضی کرنا۔
الرَّیعُ۔ مص۔ سراب کی اضطرابی کیفیت۔ خوف ـــ مِن کُلِّ شَیءٍ: ہر چیز کا اول و افضل۔ مِنَ الضُّحٰی: چاشت کے وقت کی روشنی و چمک ـــ مِنَ الدِّرعِ: دامن و آستین کی زیادتی۔ الرَّیعُ: ہر چیز کی زیادتی۔ اور کہا جاتا ہے "لَیسَ لَہٗ رِیعٌ" اس کے لئے پیداوار نہیں۔
الرِّیعُ۔ بلند ٹیلہ۔ بلند جگہ۔ پہاڑ کا کشادہ راستہ۔ وادی کی بلندی سے پانی بہنے کی جگہ عیسائیوں کا گرجا۔ کبوتروں کا برج۔ ج رِیَاعٌ وَرُیُوعٌ وَاَریَاعٌ۔
الرِّیعَۃُ۔ بلند زمین۔ اکٹھی جماعت۔
الرَّیعَانُ۔ مِن کُلِّ شَیءٍ: ہر چیز کا اول و افضل
اَرضٌ (مَرِیعَۃٌ) سرسبزی والی زمین۔
مَطَرٌ (مُرِیعٌ) سرسبزی لانے والی بارش۔
نَاقَۃٌ (رَیعَانَۃٌ وَمِریَاعٌ) جلدی اور بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔
رَاغَ یَرِیغُ رَیغًا۔ بھاگنا۔
رَیَّغَ تَرییغًا۔ الثَّرِیدَۃَ: گھی میں تر کرنا۔
تَرَیَّغَتِ۔ الثَّرِیدَۃُ: گھی میں تر ہونا۔
الرِّیغُ۔ گرد و غبار۔ مٹی۔
المُرَیَّغُ۔ خاک آلود۔
رَافَ یَرِیفُ رَیفًا وَاَرَیفَ اِریَافًا وَتَرَیَّفَ۔ سبزہ زار میں آنا۔ رَافَتِ المَاشِیَۃُ: سبزہ چرنا۔
رَایَفَ مُرَایَفَۃً۔ لِلظِّنَّۃِ: تہمت کے قریب ہونا
اَرَافَ اِرَافَۃً وَاَرَیفَ اِریَافًا۔ المَکَانُ: سبزہ زار ہونا۔
الرَّافُ۔ شراب۔
الرِّیفُ۔ سبزہ زار۔ پانی کے قریب کی زمین ج اَریَافٌ وَرُیُوفٌ۔ الرِّیفُ: کھانے پینے میں وسعت۔ مکان (رَیِّفٌ) سرسبز جگہ۔ مؤنث رَیِّفَۃ

رَاقَ یَرِیْقُ رَیْقًا - الْمَاءُ عَلٰی وَجْہِ الْاَرْضِ: سطح زمین پر پانی کا بہنا — الشَّیْءُ: چمکنا۔ — السَّرَابُ: سراب کا چمکنا اور نمایاں ہونا (— رَیْقًا و رُیُوْقًا) بنفسہٖ: جان دینا۔

رَیَّقَہٗ - الشَّرَابَ: نہار مُنہ پلانا۔

اَرَاقَ اِرَاقَۃً - الْمَاءَ: گرانا۔

تَرَیَّقَ - السَّرَابُ: سراب کا چمکنا۔ اور نمایاں ہونا۔

الرَّائِقُ - مع - باطل - پانی۔ خُبْزٌ رَیِّقٌ: بغیر سالن کے خشک روٹی (— والرَّیِّقُ والرَّیُوْقُ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا اول وافضل۔

الرِّیْقُ - ج اَرْیَاقٌ و رِیَاقٌ و (الرِّیْقَۃُ) تھوک۔ کہا جاتا ہے "اَتٰی عَلَی الرِّیْقِ" میں نہار منہ ہوں، وشَرِبْتُ عَلَی الرِّیْقِ وعَلٰی رِیْقِ النَّفْسِ اَوْ رِیْقَۃِ النَّفْسِ" میں نے نہار منہ پیا

الرِّیْقُ: قوت۔ بقیہ جان۔

الرَّائِقُ - فا - خالص - نہار منہ والا مفلس خُبْزٌ رَائِقٌ: بغیر سالن کے خشک روٹی۔ الْمَاءُ الرَّائِقُ: وہ پانی جو نہار مُنہ پیا جائے۔

الرَّیِّقُ - نہار منہ والا۔

رَالَ یَرِیْلُ رَیْلًا - الصَّبِیُّ: بچے کے منہ سے لعاب بہنا۔ رال بہنا۔

الرِّیَالُ - رال - منہ کا لعاب - چاندی کا ایک بڑا سکہ (اس معنی کے لحاظ سے دخیل ہے)

رَامَ یَرِیْمُ رَیْمًا - حَمْلُ الْبَعِیْرِ: بوجھ کا جھک پڑنا — الْمَکَانَ ومِنْہُ: دور ہونا۔ علیحدہ ہونا — بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا — عَنْہُ: ہٹ جانا۔ اور کہا جاتا ہے "مَارَامَ یَفْعَلُ کَذَا" وہ ہمیشہ ایسا کرتا رہا۔ اور یہ کان جیسا عمل کرتا ہے جیسے اِذَا رُمْتَ مِمَّنْ لَا یَرِیْمُ مُتَیَّمًا" بمعنی لَا یَزَالُ مُتَیَّمًا۔ (— رَیْمًا و رَیَمَانًا) الْجُرْحُ: زخم کا انگور بندھنا۔

رِیْمَ - بہ: چھوڑ دیا جانا۔

رَیَّمَ تَرْیِیْمًا - بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا۔ — عَلٰی کَذَا: بڑھنا — السَّحَابَۃُ: بادل کا ہمیشہ گھرا رہنا۔

الرَّیْمُ - مع - زیادتی۔ تم کہتے ہو۔ فِیْ ہٰذَا الْعِدْلِ رَیْمٌ عَلَی الْآخَرِ "اس گٹھری میں دوسری سے زیادتی ہے۔ چھوٹی پہاڑی۔ قبر۔ قبر کا درمیان۔ تاریکی پھیلنے تک دن کا آخری حصہ۔ وقت کا لمبا عرصہ۔ سیڑھی۔ ذبح شدہ جانور کی ہڈی جو تقسیم کے بعد بچ جائے اور قصائی کو دیدی جائے۔ (— والرِّیْمُ) خالص سفید اونٹنی۔

رَانَ یَرِیْنُ رَیْنًا و رُیُوْنًا - الشَّیْءُ فُلَانًا وعَلَیْہِ وبِہٖ: غالب ہونا۔ تم کہتے ہو۔ رَانَ ہَوَاہُ عَلٰی قَلْبِہٖ "اس کی خواہشات اس کے دل پر غالب آگئیں۔ رَانَتْ نَفْسُہٗ: جی متلانا۔ رَانَ الْمَوْتُ عَلَیْہِ وبِہٖ: موت کا آجانا۔

رِیْنَ - بہ: لاینحل مشکل میں پڑنا۔ مرنا۔ غم میں مبتلا ہونا۔

اَرَانَ اِرَانَۃً - الْقَوْمُ: ہلاک شدہ مویشی والی ہونا۔ صفت (مُرِیْنُوْنَ)

الرَّانُ - موزہ کی طرح جوتا۔

الرَّیْنُ - میل کچیل۔

الرَّیْنَۃُ - شراب - ج رَیْنَاتٌ۔

رَجُلٌ (مُرِیْنٌ) عَلَیْہِ: شخص جس کے مال مویشی ہلاک ہوگئے ہوں۔

رَاءَ یَرِیْءُ رَیْئًا - الرَّجُلُ: آنا جانا۔ آمدو رفت کرنا۔

رَیَّأَ تَرْیِیْئًا - آمدورفت کرانا۔

تَرَیَّأَ - السَّرَابُ: سراب کا کبھی نمایاں کبھی ناپید ہونا۔

اَرْیٰ اِرْیَاءً - الرَّایَۃَ: جھنڈا گاڑنا۔ جھنڈا نصب کرنا۔

رَیّٰی - الرَّایَۃَ: جھنڈا بنانا۔

الرَّایَۃُ - علامت جو پہچان کے لئے لگائی جائے۔ جھنڈا - اور اس کی کنیت "اُمُّ الْحَرْبِ" ہے۔ اور یہ لواء سے بڑا ہوتا ہے۔ ج رَایَاتٌ و رَایٌ۔

الرَّیُّ - مملکت ایران میں ایک شہر کا نام نسبت کے لئے (الرازی)

الرِّیُّ - خوش منظر۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ رِیٌّ حَسَنٌ" فلاں خوش منظر ہے۔ عَیْنٌ (رَیِّئَۃٌ) بہت پانی والا چشمہ۔

ز

(۷)

زَأَبَ (ف) زَأْبًا۔ ڈگڈگا کے پینا —— الدَّہْرُ بِہٖ: زمانہ کا اُلٹنا —— الْمَاشِیَۃَ: مویشی ہانکنا۔ بِحِمْلِہٖ: بوجھ کھینچنا (— وازْدَأَبَ ازْدِئَابًا الْقِرْبَۃَ: مشک اُٹھا کر تیز دوڑنا۔

زَأْبَرَ۔ الثَّوْبُ: کپڑے کا رُواں والا ہونا۔ —— الثَّوْبَ: کپڑے سے رُواں نکالنا۔

الزِّئْبَرُ والزُّوْبُرُ والزِّوْبَرُ۔ کپڑے کا رُواں کہا جاتا ہے "ذَہَبَتِ الْاَیَّامُ بِنَضَارَتِہٖ وَنَفَضَتْ زِئْبِرَہٗ" زمانہ اس کی رونق کو لے گیا اور اسکے رُوئیں کو جھاڑ دیا۔ یعنی اُس کا زمانہ پرانا ہو گیا۔

زَأْبَقَ۔ الشَّیْءَ: پارہ کی قلعی کرنا۔

الزِّئْبَقُ والزِّئْبِقُ۔ پارہ۔

زَأَجَ (ف) زَأْجًا۔ بَیْنَہُمْ: بھڑکانا۔ اکسانا ایک کو دوسرے پر مسلط کرنا۔

زَأَدَہٗ (ف) زَأْدًا وزَآدًا وزُؤُودًا و زُؤَادًا۔ گھبرا دینا۔

الزُّؤُدُ والزُّؤْدُ۔ گھبراہٹ۔

لَیْلَۃٌ (مَزْؤُوْدَۃٌ) خوف و گھبراہٹ کی رات۔

زَأَرَ (ف ض) وزَئِرَ (س) زَئِیْرًا وزَأْرًا و تَزْآرًا وازْدَأَرَ ازْدِئَارًا و تَزَأَّرَ۔ الْاَسَدُ: شیر کا چنگھاڑنا۔ صفت (زَئِرٌ و زَائِرٌ و مُزْئِرٌ) الْفَحْلُ: آواز کو گڑگڑانا۔

الزَّأْرَۃُ۔ زَأَرَ کا اسم مرۃ۔ جنگل، جھاڑی۔ لُغٌ مِنَ الْاِبِلِ وَالْغَنَمِ: اونٹوں بکریوں کا گنجان ریوڑ۔

زَأْزَأَ۔ سر اور دم اُٹھا کر تیز چلنا —— ہ: خوف دلانا —— الشَّیْءَ: ہلانا حرکت دینا۔

تَزَأْزَأَ۔ ڈر کر چھپنا۔ اپنے دونوں پہلوؤں کو ہلاتے ہوئے چلنا —— مِنْہُ: ڈر کر خاکساری کرنا —— الشَّیْءُ: ہلنا۔

زَأَطَ (ف) زَأْطًا۔ بہت شور مچانا۔

زَأَفَہٗ (ف) زَأْفًا۔ جلدی کرانا۔

أَزْأَفَ اِزْآفًا۔ عَلَیْہِ: ادھ مری کو مار ڈالنا۔ أَزْأَفَہٗ بَطْنُہٗ: بوجھل کرنا کہ چل نہ سکے۔

الزُّؤَافُ۔ جلدی کرانا۔ مَوْتٌ زُؤَافٌ: جلدی کی موت۔

زَأَكَ (ف) زَأْكَانًا۔ ناز سے چلنا۔

تَزَاءَكَ تَزَاؤُكًا۔ مِنْہُ: شرم کرنا۔

زَأَمَ (ف) زَأْمًا وزُؤَامًا۔ جلدی مرنا۔ خوب ڈٹ کے کھانا —— ہ: گھبرا دینا۔ —— ہ الْبَرْدُ: کپکپا دینا —— لِیْ کَلِمَۃً: ایسی بات کہنا جس کا حق یا باطل ہونا معلوم نہ ہو۔ اور کہا جاتا ہے "مَا زَأَمَ بِحَرْفٍ" یعنی اس نے کچھ نہیں کہا۔

زُئِمَ زَأْمًا وزَئِمَ (س) زَأْمًا و ازْدَأَمَ۔ بہت گھبرانا۔ زَئِمَ بِفُلَانٍ: چلانا۔ آواز دینا۔

زَأَّمَہٗ تَزْئِیْمًا۔ گھبراہٹ میں ڈالنا۔

أَزْأَمَہٗ۔ عَلَی الْاَمْرِ: کسی کام پر مجبور کرنا۔ الْجُرْحَ: زخم کا اچھے ہونے تک علاج کرنا

الْمَوْتُ (الزُّؤَامُ) مکروہ موت۔ جلدی کی موت۔

الزِّئْمُ۔ آنکھ۔ حسب۔ کہا جاتا ہے۔ "طَعَنُوْا فِیْ زِئْمِہٖ" لوگوں نے اُس کی حسب کے متعلق طعن و تشنیع کی۔

الزَّئِمُ۔ بہت خوف زدہ۔

الزَّأْمَۃُ۔ حاجت۔ بہت کھانا پینا۔ ہوا۔ سخت آواز۔ کلمہ۔ کہا جاتا ہے "مَا یَعْصِیْہِ زَأْمَۃً" وہ اس کے ایک کلمہ کی بھی مخالفت نہیں کرتا۔ الزَّأْمَۃُ مِنَ الطَّعَامِ: کھانے کا ذخیرہ جو کافی ہو۔

الزُّؤَانُ۔ ایک قسم کا دانہ جو عموماً گیہوں کے کھیت میں اگتا ہے اور گیہوں کے مشابہ مگر اس سے کچھ چھوٹا ہوتا ہے اور اس کے کھانے سے نیند بہت آتی ہے۔ واحد (زُؤَانَۃٌ)

زَأَی (ف) زَأْیًا۔ تکبر کرنا۔

أَزْأَی۔ فُلَانًا بَطْنُہٗ: پیٹ بھر جانے کی وجہ سے حرکت پر قادر نہ ہونا۔

زَبَّ (ض) زَبًّا۔ چہرے اور کانوں پر بہت بال ہونا —— الشَّمْسُ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا۔

زَبَّ (ن) زَبًّا۔ الْقِرْبَۃَ: مشک بھرنا۔ —— الْحِمْلَ: بوجھ اُٹھانا۔

زَبِبَتِ۔ الشَّمْسُ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا —— الْعِنَبَ: انگور خشک کرنا۔ الرَّجُلُ: زیادہ بولنے سے جھاگ آنا۔ کہا جاتا ہے "تَکَلَّمَ فُلَانٌ حَتّٰی زَبِبَ فَمُہٗ" فلاں نے گفتگو کی یہاں تک کہ اس کے منہ سے جھاگ آنے لگا۔

أَزَبَّ اِزْبَابًا۔ الْعِنَبُ: انگور خشک کرنا —— الشَّمْسُ: ڈوبنے کے قریب ہونا۔

تَزَبَّبَ۔ الْعِنَبُ: انگور خشک ہونا۔ الرَّجُلُ: غصہ سے بھر جانا —— فِی الْکَلَامِ: زیادہ بولنے سے جھاگ نکلنا۔

اِزْدَبَّتْ۔ اِزْدِبَابًا الْقِرْبَۃُ: مشک کا بھر جانا۔

الزَّبَبُ۔ مص۔ بالوں کی زیادتی و لمبائی۔

الزِّبَابَۃُ۔ ایک قسم کا بڑا چوہا جو بہرا ہوتا ہے اور چوری میں اس کی مثال دیا کرتے ہیں۔ اور کہتے ہیں "أَسْرَقُ مِنْ زَبَابَۃٍ"

الزَّبِیْبُ۔ خشک انگور یا انجیر بیچنے والے کو "زَبَّابٌ" کہتے ہیں۔ سانپ کے منہ کا زہر۔

الزَّبِیْبَۃُ۔ زبیب کا واحد۔ ایک قسم کا زخم جو ہاتھ میں ہوتا ہے۔ منہ کے جھاگ۔ الزَّبِیْبَتَانِ: سانپ یا کتے کی آنکھ کے اوپر دو سیاہ نقطے۔

اور اسی وجہ سے سانپ کو "ذَاتُ الزَّبِيبَتَيْنِ" کہتے ہیں۔

الأَزَبُّ - چہرے اور کانوں پر بہت بال والا۔ مؤنث زَبَّاء۔ عَامٌ أَزَبُّ: سرسبز اور زیادہ پیداوار والا سال۔ امثلہ عرب میں ہے "كُلُّ أَزَبَّ نَفُورٌ" یعنی چہرے پر بالوں والا اونٹ بدکنے والا ہوتا ہے اس وجہ سے کہ بالوں کی زیادتی کے سبب سے اپنی دیکھی ہوئی چیز کو کچھ اور خیال کرتا ہے اور بدکتا ہے۔

دَاهِيَةٌ زَبَّاءُ: بڑی مصیبت۔

الزَّبِيبِيُّ - کشمش بیچنے والا۔ بھگوئے ہوئے خشک انگور۔ خشک انگور کی شراب۔

المُزِبُّ والمُزَبِّب - فا - بہت مال والا

الزَّبَنْتَل - پستہ قد۔

زَبَدَ (ن)، زَبْدًا - مکھن کھلانا — السِّقَاءَ: مشک میں مکھن نکلنے کے لئے بلونا۔

زَبَدَ (ض) زَبْدًا - السَّوِيقَ: ستو میں مکھن ملانا — لَهُ: مکھن دینا۔

زَبَّدَ - اللَّبَنُ: دودھ کے اوپر مکھن آنا۔ شِدْقُهُ: جبڑے سے جھاگ نکلنا — القُطْنَ: روئی دھننا۔

أَزْبَدَ - البَحْرُ او القِدْرُ او الفَمُ: سمندر یا ہانڈی یا منہ سے جھاگ نکلنا۔ کہا جاتا ہے "أَرْغَى الرَّجُلُ وأَزْبَدَ" یعنی اس کا غیظ و غضب جوش میں آگیا اور اس نے دھمکی دی — الشَّيْءُ: بہت سفید ہونا — السِّدْرُ ونحوُهُ: شگوفہ نکلنا۔

تَزَبَّدَ - الشِّدْقُ: جبڑے سے جھاگ نکلنا۔ الرَّجُلُ: غضبناک ہونا اور دھمکی دینا — الزُّبْدَةَ: مکھن لینا — الشَّيْءَ: خلاصہ لینا۔ خلاصہ نکالنا۔ نگلنا — اليَمِينَ: قسم کھانے میں جلدی کرنا۔

الزُّبْدَة والزُّبْد - مکھن۔ ج زُبَد، زُبْدَةُ الشَّيْءِ: چیز کا عمدہ و افضل حصہ۔ اور "اِخْتَلَطَ زُبْدُهُ بِخَاثِرِهِ" ایسے موقع پر بولتے ہیں کہ جب کوئی شخص اپنے معاملہ میں متحیر ہو جائے۔

الزَّبْد - داد و دہش۔

الزَّبَد - ج أَزْبَاد و (الزَّبَدَة) ج زَبَد: جھاگ۔ میل۔ اور اسی سے مثل ہے "صَرَّحَ المَحْضُ عَنِ الزَّبَدِ" خالص جھاگ سے علیحدہ ہو گیا اس موقعہ پر بولتے ہیں جبکہ خبر مظنون کے بعد سچی بات معلوم ہو۔

الزَّبَاد - ایک قسم کی خوشبو جو ایک جانور سے حاصل کی جاتی ہے اور یہ جانور بلی کی مانند اس سے کچھ بڑا ہوتا ہے اور اس جانور کو بھی الزَّبَاد و سِنَّوْرُ الزَّبَاد اور قِطُّ الزَّبَاد، کہا جاتا ہے

الزُّبَّاد - ایک قسم کی نباتات - زُبَّادُ اللَّبَنِ: غیر مفید چیز۔ اور اسی سے مثل ہے "اِخْتَلَطَ الخَاثِرُ بِالزُّبَّادِ" یعنی عمدہ ردی سے مل گیا۔

الزِّبْدِيَّة - مٹی کا پیالہ۔ ج زَبَادِيّ۔

المِزْبَد - مکھن نکالنے کا آلہ۔ ج مَزَابِد۔

المُزْبِد - فا - جھاگ پھینکنے والا۔ بَحْرٌ مُزْبِدٌ: جھاگ پھینکنے والا سمندر۔

المُزْدَبِد - مکھن والا۔

زَبَرَهُ (ن ض) زَبْرًا - عَنِ الأَمْرِ: کام سے منع کرنا۔ روکنا — السَّائِلَ: جھڑکنا — الرَّجُلَ: پتھر مارنا — البِنَاءَ: عمارت کو ایک کے اوپر ایک بنانا — عَلَيْهِ: صبر کرنا (— وزَبَّرَ و اِزْدَبَرَ) الكِتَابَ: لکھنا۔

زَبُرَ (ک) زَبَارَةً - بڑے جسم کا ہونا صفت (زَبِير)

أَزْبَرَ - الرَّجُلُ: دلیر ہونا۔ بڑے جسم کا ہونا۔ الكَبْشَ: موٹا کرنا۔

اِزْبَأَرَّ اِزْبِئْرَارًا - الكَلْبُ: کتے کے بال کھڑے کرنا — الشَّعْرُ: بال کھڑے ہونا۔ الرَّجُلُ: آمادۂ شرارت ہونا — النَّبَاتُ والوَبَرُ: نباتات یا اونٹ کے بالوں کا اگنا۔

الزَّبْر - مص - عقل۔ قوی۔ مضبوط۔ پتھر۔ تحریر۔ کلام۔

الزِّبْر - کتاب۔ ج زُبُور۔ عقل۔ کہا جاتا ہے "مَا لَهُ زَبْرٌ" اس کو عقل نہیں۔

أَخَذَهُ (بِزَبَرِهِ او بِزَأْبَرِهِ) یعنی اس نے اس کو پورا لے لیا۔

الزِّبِرّ - بہت قوی۔

الزُّبْرَة - لوہے کا بڑا ٹکڑا۔ کاندھا اور پیٹھ ایال (شیر وغیرہ کی) نہائی۔ ج زُبَر و زُبُر۔

الزَّبُور - فرشتہ۔ گروہ۔ کتاب۔ ج زُبُر۔ حضرت داؤد علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی کتاب

الزَّبِير - لکھی ہوئی چیز۔ قوی مرد۔ مصیبت ظریف۔ ہوشیار مرد۔ کیچڑ۔

الأَزْبَر - بڑے کندھے والا۔ ایذا رساں۔ مؤنث زَبْرَاء۔ ج زُبْر۔

التَّزْبِرَة - زَبَّرَ کا مصدر۔ تحریر۔ کتابت۔

المِزْبَر - قلم۔

المُزْبِر - بڑے کندھے والا۔

أَرْضٌ (مَزْبَرَة) بہت بھڑوں والی زمین۔

أَسَدٌ (مُزْبَرَانِيّ) بہت ایال والا شیر۔

بِئْرٌ (مَزْبُورَة) پتھروں سے بنایا ہوا کنواں

زَبْرَجَ - الشَّيْءَ: خوبصورت بنانا۔ مزین کرنا۔ آراستہ کرنا۔

الزِّبْرِج - نقش و نگار کی زینت۔ ہر خوبصورت چیز۔ سونا۔ سرخ پتلا بادل۔ ج زَبَارِج۔

الزَّبَرْجَد - زمرد کے مشابہ ایک قیمتی پتھر ج زَبَارِج۔

زَبْرَقَ - الثَّوْبَ: سرخ یا زرد رنگنا۔

الزِّبْرِقَان - پوری رات کا چاند۔ سبک داڑھی والا امرد۔

زَبْزَبَ - غضبناک ہونا۔ شکست کھانا۔

الزَّبْزَب - بلی کی مانند ایک جانور۔ ایک قسم کی کشتی۔ ج زَبَازِب۔

زَبَطَ (ض) زَبْطًا و زَبِيطًا - البَطُّ: کڑکڑانا

الزُّبَاطَة والزُّبَّاطَة - بط۔

تَزَبَّعَ - بدخلق ہونا۔ غضبناک ہونا۔ جھگڑالو ہونا۔

الزَّبِعْبَع - غصہ ور جھگڑالو۔

الزَّوْبَع - حقیر۔ پستہ قد۔

الزَّوْبَعَة - بگولہ - اس کو اُمُّ زَوْبَعَة اور اَبُو زَوْبَعَة بھی کہا جاتا ہے - ج زَوَابِع - الزَّوَابِع: مصیبتیں -

الزِّنْبَاعَة - چرمی موزے یا جوتے کی نوک -

الزَّبَعْبَق وانْزَبَعْبَاق - بد خلق -

الزَّبَعْبَك والزَّبَعْبَكِي - شوخ چشم و بیباک مرد -

زِبَعْرًا - الزِّبَعْرَى: بد خلق - سخت - چہرے اور ابرو پر زیادہ بالوں والا - مادہ مگرمچھ - اور بقول بعض ایک جانور ہے جو اپنے سینگوں پر ہاتھی کو اٹھا لیتا ہے -

الزِّبَعْرِی - لمبے پروالا تیر -

زَبَقَ (ض) زَبْقًا - شَعْرَهُ: بال اکھیڑنا — ہ فی السِّجْن: قید کرنا - تنگی ڈالنا — ہ فِی الشَّیْءِ: داخل کرنا — الشَّیْءَ بالشَّیْءِ: مخلوط کرنا - ملانا - — القُفْلَ: تالا کھولنا — المَرْأَةُ بِوَلَدِہا: پھینک دینا -

اِنْزَبَقَ - فی البیتِ: گھر میں داخل ہونا - — فی الحِبَالَة: جال میں پھنسنا - چھپنا -

الزَّابُوقَة - مِنَ البَیْتِ: مکان کا گوشہ -

الأَزْبَق - بیوقوف جو اپنی حماقت کی وجہ سے اپنی داڑھی کے بال نوچے -

المَزْبُوقَة والزَّبِیقَة - مِنَ اللِّحَی: نوچی ہوئی داڑھی -

زَبَلَ (ض) زَبْلًا و زَبَّلَ - الأَرْضَ: زمین میں کھاد ڈالنا (— وازْدَبَلَ) الشَّیْءَ: اٹھانا -

الزَّابِل والزَّابَل - پستہ قد -

الزِّبَال والزُّبَال - وہ چیز جس کو چیونٹی منہ میں اٹھا کر لے جائے - کہا جاتا ہے "مَا أَصَابَ مِنْہُ زُبَالًا" اس نے اس سے کچھ نہیں پایا -

الزِّبْل والزِّبْلَة والزَّبِیل - گوبر - کھاد

الزَّبِیل والزِّبِّیل - خشک کدو اندر سے خالی جس میں عورتیں روئی وغیرہ رکھتی ہیں -

الزُّبْلَة - لقمہ -

الزُّبَالَة - تھوڑا پانی - کہا جاتا ہے "مَا فِی البِئْرِ زُبَالَة" کنوئیں میں تھوڑا پانی نہیں ہے -

الزَّبِیل - ج زُبُل وزُبْلَان و (الزِّبِّیل) ج زَبَابِیل و (الزِّنْبِیل) والزِّنْبِیل) ج زَنَابِیل: ٹوکرا - برتن - توشہ دان -

المَزْبَلَة والمَزْبُلَة - کوڑا خانہ ج مَزَابِل

زَبَنَہُ (ض) زَبْنًا - دفع کرنا - ٹکر لگانا - علیحدہ کرنا - زَبَنَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا دوہنے کے وقت زانو سے مارنا - کہا جاتا ہے "زَبَنَ عَنَّا مَعْرُوفَہُ" اس نے ہم سے بہتر سلوک کو روک لیا

زَبَنَ الثَّمَرَ: درخت پر پھل بیچنا -

أَزْبَنَ - بَیْتَہُ عَنِ الطَّرِیقِ: راستہ سے ہٹ کر علیحدہ مکان بنانا -

زَابَنَہُ مُزَابَنَةً - ایک دوسری کو ہٹانا - ایک دوسرے سے ٹکرانا - درخت پر پھل بیچنا -

تَزَابَنَ - القَوْمُ: ایک دوسری کو ہٹانا -

اِنْزَبَنَ - القَوْمُ: علیحدہ ہونا - کنارہ پر ہونا

تَزَبَّنَہُ - زبردستی غلبہ کرنا -

اِسْتَزْبَنَہُ - غالب ہونا -

الزَّبَن - مص - بَیْتٌ زَبَن: گھروں سے علیحدہ گھر مَقَامٌ زَبَن: تنگ مقام جہاں کھڑے نہ ہو سکیں -

الزَّبَن - گوشہ -

الزَّبِن والزُّبُنّ - بہت دفع کرنے والا

زُبُنَّتَا - النَّاقَةِ: اونٹنی کی دونوں ٹانگیں

الزَّبِین - پیشاب پاخانہ کو روکنے والا -

الزِّبْنِیَة - سخت - جن و انسان میں سے سرکش - سپاہی ج زَبَانِیَة -

الزَّبَانِیَة - عِنْدَ العَرَب: سپاہی - ان فرشتوں کو بھی کہتے ہیں جو گنہگاروں کو ہانک کر جہنم کی طرف لے جائیں گے -

الزَّبُون - مِنَ النُّوق: دوہنے کے وقت بہت زانو مارنے والی اونٹنی - حَرْبٌ زَبُونٌ: سخت لڑائی - الزَّبُون: بیوقوف غبی (اس معنی میں فصیح نہیں)

الزَّبُّونَة والزُّبُّونَة - گردن - اور کہا جاتا ہے "فِیہِ زَبُّونَة" اس میں تکبر ہے -

زُبَانَی - العَقْرَبِ: بچھو کا ڈنک -

زُبَانِیَا - العَقْرَبِ: بچھو کے سر کی جانب وہ دونوں حصے جو آنکڑے کے مانند ہوتے ہیں

المُزَابَنَة - مص - اندازہ سے بیع کرنا -

الزَّبَنْتَر - پست قد مرد - بدصورت و پست قد بلا و مصیبت -

الزَّبَنْتَرَی - بلا و فتنہ -

زَبَی (ض) زَبْیًا وازْدَبَی - ہ: اٹھانا ہانکنا - زَبَاہ بِشَرٍّ: تہمت لگانا -

أَزْبَاہ إِزْبَاءً - اٹھانا -

زَبَّی - فُلَانًا: ہانکنا — اللَّحْمَ: شکار کے گڑھے میں گوشت بکھیرنا -

زَبَّی وتَزَبَّی - الزُّبْیَة: شکار کا گڑھا کھودنا - تَزَبَّی فِی الزُّبْیَة: شکار کیلئے گڑھے میں چھپنا -

تَزَابَی تَزَابِیًا - تکبر کرنا -

الزُّبْیَة - درندوں کے شکار کا گڑھا - پشتہ جس پر پانی نہ چڑھے - ج زُبًی - کہا جاتا ہے "بَلَغَ السَّیْلُ الزُّبَی" یعنی معاملہ بہت سخت ہو گیا -

الأُزْبِیّ - جلدی - نشاط - ایک قسم کی چال - برائی - بڑا معاملہ - ج أَزَابِیّ -

زَتَّ (ن) زَتًّا - آراستہ کرنا -

تَزَتَّتَ - العَرُوسُ: دلہن کا آراستہ ہونا -

زَتَخَ (ن) زُتُوخًا - القُرَادُ: چچڑی لگنا -

زَجَّ (ن) زَجًّا - دوڑنا — ہ: کسی کو نیزے کے پچھلے سرے کے لوہے سے مارنا - زَجَّہُ بالرُّمْحِ: کسی کو نیزہ مارنا — بالشَّیْءِ: کوئی چیز پھینکنا -

زَجَّ (ض) زَجَجًا وازْدَجَّ - حَاجِبُہُ: لمبی اور باریک ابرو والا ہونا - صفت (أَزَجّ) مؤنث زَجَّاء ج زُجّ (ایسی بھوں کو بھی أَزَجّ کہتے ہیں)

زَجَّجَ - الحَاجِبَ: ابرو کو لمبی اور باریک

بنانا — الموضعَ: درست وہموار کرنا۔ کہا جاتا ہے "نقر خشبۃً ثمّ زَجّج موضعَ النقر" اس نے لکڑی کو کھودا پھر کھدی ہوئی جگہ کو ہموار کیا۔

اَزَجّ۔ الرُّمحَ: نیزے کا نچلا حصہ لگانا۔ نیزے کا نچلا حصہ نکالنا۔

الزُّجّ۔ نیزے کا نچلا لوہا (اس کے مقابلہ میں اوپر کا لوہا سنان ہے) مثل ہے "جَعَلَ الزُّجَّ قُدّامَ السِّنانِ" یعنی اُس نے ادنیٰ کو اعلیٰ پر فضیلت دی۔ کہنی کی نوک۔ تیر کا پھل۔ ج زِجاج واَزِجّۃ و زِجَجَۃ۔ اور کبھی الزِجاج کو رماح کے معنی میں بھی مجازاً استعمال کرتے ہیں۔

الزَجاج والزُجاج والزِجاج۔ شیشہ (زَجاجۃ زِجاجۃ زُجاجۃ) شیشہ کا ٹکڑا۔ شیشہ کا برتن۔ حَشیشۃُ الزُجاج: ایک قسم کی گھاس جس سے شیشہ صاف کیا جاتا ہے۔

الزُجاجیّ۔ شیشہ بیچنے والا۔

الزَجّاج۔ شیشہ بنانے والا۔

الزِجاجۃ۔ شیشہ گری کا پیشہ۔

الزُجُج۔ پھل لگے ہوئے چھوٹے نیزے سدھائے ہوئے گدھے۔

الاَزَجّ۔ لمبی پنڈلیوں والا۔ لمبے لمبے قدم والا شتر مرغ۔ مؤنث زَجّاء ج زُجّ۔

المِزَجّ۔ چھوٹا نیزہ۔ رُمحٌ مُزَجّ) نچلا لوہا لگا ہوا نیزہ۔

المِزَجّۃ۔ وہ چیز جس سے ابرو کو باریک اور لمبی کریں۔

الزُجُبۃ۔ کلمہ۔ کہا جاتا ہے "ما سَمِعتُ مِنہُ زُجُبۃً" میں نے اُس سے ایک کلمہ نہیں سنا۔

زَجَرَہٗ (ن) زَجراً۔ عن کذا: روکنا منع کرنا ڈانٹنا۔ چلا کر دھتکارنا — الرِیحُ السَحابَ: ہوا کا بادلوں کو اٹھا کر لانا — الکلبَ و بالکلب: کتے کو ڈانٹنا۔ دھتکارنا — الطیرَ: شگون لینے کیلئے پرندہ کو اُڑانا۔ (اگر داہنی جانب سے پرندہ اُڑتا تو اچھا شگون لیتے تھے ورنہ برا) زَجَرَ الرجلُ: کہانت کرنا۔ کہتے ہیں "زَجَرتُ اَن یَکُونَ کذا وکذا" یعنی میں نے ایسا ہونے سے ڈرایا تھا۔

اِزدَجَرَہٗ۔ منع کرنا روکنا۔ چلا کر دھتکارنا (— وانزَجَرَ) رُک جانا۔

تَزاجَرَ۔ القومُ عنِ الشرِّ: ایک دوسرے کو برائی سے منع کرنا۔

الزَجر۔ مص۔ (— والزَجَر) ایک قسم کی بڑی مچھلی۔ ج زُجور۔

الزاجِر۔ فا — زاجِرُ الاِنسانِ: ضمیر۔ اَبو زاجِر: کوا۔

الزَجّار۔ بہت ڈانٹنے والا۔

ناقۃٌ (زَجُور) اونٹنی جو بغیر ڈانٹے ہوئے دودھ نہ دے۔

المَزجَر۔ ڈانٹنے کی جگہ (— والمَزجَرۃ) ڈانٹنے والی چیز۔ کہا جاتا ہے "ذِکرُ اللہِ مَزجَرۃٌ للشیطانِ" اللہ کا ذکر شیطان کے ڈانٹنے کا وسیلہ ہے۔

زَجَلَ (ن) زَجلاً۔ ہ و بہٖ: تیر مارنا۔ دفع کرنا — ہ: بالرُمحِ: نیزہ مارنا — الحمامَ: کبوتر کو دور جانے کیلئے روانہ کرنا۔ ایسے کبوتر کو حَمامُ الزاجِل یا حَمامُ الزَجّال کہتے ہیں

زَجِلَ (س) زَجَلاً۔ خوش ہونا۔ گانا۔ شور و فریاد کرنا۔ صفت (زَجِل وزاجِل) القومُ: کھیل کود کرنا۔

الزَجَل۔ شعر کی ایک قسم۔ سَحابٌ ذُو زَجَلٍ: گرجنے والا بادل۔ زَجَلُ الجِنِّ: — جنوں کی گنگناہٹ۔

الزَجلَۃ۔ لوگوں کا شور۔ ج زَجَلات۔

الزُجلَۃ۔ لوگوں کی جماعت۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔ دونوں آنکھوں کے درمیان کی کھال۔ حالت۔ ج زُجَل۔

مَسافۃٌ (زَجُول) دُور کی مسافت۔

الزاجِل والزاجَل۔ حلقہ کی مانند لکڑی جو رسّی کے سرے پر باندھتے ہیں۔ نیزے کے نچلے حصہ کے لوہے کا حلقہ۔ فوج کا سردار۔ ج زَواجِل

الزَجّالۃ۔ چھوٹے نیزے سے مارنے والے لوگ۔

المِزجَل والمِزجال۔ چھوٹا نیزہ۔

المَزجَل۔ کبوتروں کے روانگی کی جگہ۔

ناقۃٌ (زَجلاء) تیز رفتار اونٹنی۔

الزِمِجّیل۔ کمزور بدن والا مرد۔

الزَواجِل۔ کمزور سست بدن والا مرد

الزَجَنجَل۔ آئینہ۔

زَجَمَ (ن) زَجماً۔ آہستہ بولنا۔ آہستہ بات سنانا۔ کہا جاتا ہے "سَکَتَ فَما زَجَمَ بِحَرفٍ" وہ خاموش رہا ایک حرف نہیں بولا۔

الزُجَم۔ ایک قسم کا پرندہ۔

الزَجمَۃ والزُجمَۃ۔ آہستہ بات۔ کہا جاتا ہے "لم اَسمَع لہٗ زَجمۃً" میں نے اس کی ایک بات بھی نہیں سنی۔ "وہُوَ لا یُخالِفُہٗ بِزَجمۃٍ": وہ اس کی ایک کلمہ کی بھی مخالفت نہیں کرتا۔ الزَجمۃ: رطوبتیں جو بچہ کے ساتھ شکم مادر سے نکلیں۔

قَوسٌ (زَجُوم) کمزور آواز والی کمان۔

الزُجنَۃ۔ نرم و خفی آواز۔ اس کا استعمال نفی میں ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "ما سَمِعتُ لہٗ زُجنَۃً" میں نے اس سے ایک کلمہ نہیں سنا۔

زَجا (ن) زَجواً و زَجّی تَزجِیَۃً و اَزجی اِزجاءً و اِزدَجی۔ ہ: ہانکنا۔ کہا جاتا ہے "کیفَ تُزَجّی اَیّامَکَ" تم اپنا زمانہ کس طرح بسر کرتے ہو؟ "و زَجّی فلانٌ حاجَتی" فلاں نے میری حاجت کے حصول کو آسان کردیا۔ اَزجی الاَمرَ: مؤخر کرنا۔ اَزجی الدراہمَ: دراہم کا رائج کرنا۔

زَجا (ن) زَجواً و زُجُوّاً و زَجاءً۔ الاَمرُ: کامیاب ہونا۔ آسان ہونا — الخَراجُ: خراج کا آسانی سے جمع ہونا — فُلانٌ: ہنسی منقطع ہونا۔

تَزَجّی تَزَجّیاً۔ بالشیءِ: اکتفا کرنا۔ قناعت کرنا۔

المُزجی۔ تھوڑی چیز۔ ردی چیز۔ مؤنث

مُزجاۃ۔
الازجیٰ۔ اسم تفضیل۔ کہاجاتاہے "فُلانٌ اَزجیٰ مِنْ فُلانٍ بِھٰذا الاَمْرِ" یعنی فلاں شخص اس کام کو فلاں سے زیادہ نافذ کرنے والا ہے
المُزجیٰ۔ کمزور جس کو کاموں میں رغبت دلانے کی ضرورت ہو۔
زَحَّہٗ (ن) زَحًّا۔ دفع کرنا ہٹانا۔ یا جلدی سے کھینچنا — عَنْ مَکانِہٖ: علیحدہ کرنا۔
زَحَبَ (ف) زَحْبًا وزُحُوْبًا۔ اِلَیْہِ: نزدیک ہونا۔
زَحَرَ (ض) زَحِیْرًا و زُحَارًا و زُحَارَۃً پیچش میں مبتلا ہونا۔ عمل یا سختی کی وجہ سے آہ بھرنا۔ زَحَرَتْ بِہٖ اُمُّہٗ: جننا۔ زَحَرَہٗ بِالرُّمْحِ: سر پر نیزہ مارنا۔
زُحِرَ۔ مبتلائے پیچش ہونا۔
زَحَّرَ۔ پیچش میں مبتلا ہونا۔
زَاحَرَہٗ۔ دشمنی کرنا۔
تَزَحَّرَ۔ پیچش میں مبتلا ہونا — عَنْہُ اُمُّہٗ: جننا۔
الزُّحَار والزَّحِیْر: پیچش۔
الزُّحَرُ والزَّحَّار والزَّحْران: بخیل اس وجہ سے کہ وہ سوال کے وقت آہ بھرتا ہے
زَحْزَحَہٗ۔ عَنْ مَکانِہٖ: دور کرنا۔ ہٹانا۔
تَزَحْزَحَ۔ دور ہونا۔ ہٹنا۔
الزَّحْزَحُ۔ دُوری۔ کہاجاتاہے "ھُوَ بِزَحْزَحٍ مِنْہُ" وہ اس سے دوری پر ہے۔
الزَّحْزَاحُ۔ دور۔
زَحَفَ (ف) زَحْفًا و زَحَفَانًا و زُحُوْفًا آہستہ آہستہ زانو یا سرین پر گھسٹنا — اِلَیْہِ: چلنا۔ کہاجاتاہے "زَحَفَ العَسْکَرُ اِلَی العَدُوِّ" لشکر دشمن کی طرف گیا گویا کثرت کی وجہ سے گھسٹ کر چلا — الشَّیْءَ: آہستہ آہستہ کھینچنا۔ — البَعِیْرُ: اونٹ کا تھکنا۔ صفت مذکر۔ زَاحِفٌ و زَاحِفَۃٌ تا مبالغہ کیلئے ہے۔ صفت مؤنث زَاحِفَۃ ج زَوَاحِف و (زُحُوْف)
ج زُحُف — السَّھْمُ: تیر کا نشانہ سے ورے گرنا پھر گھسٹ کر نشانہ کو لگنا۔ صفت (زَاحِف) ج زَوَاحِف۔
اَزْحَفَ۔ اپنے انتہائی مطلوب پر پہونچنا۔ — ہٗ طُوْلُ السَّفَرِ: تھکا دینا — البَعِیْرُ: اونٹ کا تھکنا — الرَّجُلُ: تھکے ہوئے اونٹ یا گھوڑے والا ہونا۔ اَزْحَفَ بَنُوْ فُلانٍ: بڑا لشکر بننا۔
زَاحَفُوْا ھُمْ۔ ایک دوسری کی طرف گھسٹنا
تَزَحَّفَ واِزْدَحَفَ۔ اِلَیْہِ: چلنا۔
تَزَاحَفَ۔ القَوْمُ فِی الحَرْبِ: بعض کا بعض کی طرف جانا اور قریب ہونا۔
الزَّحْفُ۔ مص۔ بڑا لشکر جو دشمن کی طرف جائے۔ ج زُحُوْف۔
الزُّحَفَۃُ۔ قریب قریب کا سفر کرنے والا۔ جو دُور نہ جائے۔
الزِّحَافُ۔ فِی العَرُوْضِ: علم عروض کی اصطلاح میں وہ تغیر جو سبب خفیف یا ثقیل کے دوسرے حرف میں واقع ہو۔
الزَّحَّافُ۔ گھسٹنے والا۔ مؤنث زَحَّافَۃ۔
الزَّحَّافَاتُ مِنَ الحَیْوَانِ: رینگنے والے جانور۔
المَزْحَفُ۔ گھسٹنے کی جگہ ج مَزَاحِف۔
مَزَاحِفُ الحَیَّاتِ: سانپوں کے رینگنے کی جگہ
مَزَاحِفُ السَّحَابِ: قطرہ گرنے کی جگہ۔
بَعِیْرٌ (مِزْحَاف) اونٹ جس کو تھک جانیکی عادت ہو۔ ج مَزَاحِف و مَزَاحِیْف۔
زَحَکَ (ف) زَحْکًا۔ بالمَکَانِ: اقامت کرنا — مِنْہُ: قریب ہونا — عَنْہُ: بعید ہونا — البَعِیْرُ: اونٹ کا تھکنا۔
اَزْحَکَ۔ تھکے ہوئے جانور والا ہونا۔
زَاحَکَہٗ۔ عَنْ نَفْسِہٖ: دور کرنا۔
تَزَاحَکَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے سے بعید ہونا۔ ایک دوسرے سے قریب ہونا (ضد)
زَحَلَ (ف) زُحُوْلاً۔ عَنْ مَکانِہٖ: زائل ہونا۔ دور ہونا۔ علیحدہ ہونا۔ صفت (زَاحِل وزَحِل)
زَحِلَ (ف) زَحَلاً۔ تھکنا۔
اَزْحَلَہٗ۔ اِلَیْہِ: پناہ لینا۔
اَزْحَلَہٗ وزَحَّلَہٗ۔ دُور کرنا۔
تَزَحَّلَ۔ عَنْ مَکانِہٖ: علیحدہ ہونا۔ دور ہونا۔
زُحَل۔ ایک سیارہ کا نام جس کو بلندی اور بُعد کے لئے بطور مثال کے بیان کرتے ہیں — وَرَجُلٌ زُحَلٌ: کام سے علیحدہ رہنے والا خواہ اچھا کام ہو یا بُرا۔
الزُّحَلَۃُ۔ کاموں سے علیحدہ رہنے والا۔ قریب قریب کا سفر کرنے والا۔ اپنے سوراخ میں دُم کی طرف سے داخل ہونے والا جانور۔ مَسَافَۃٌ (زَحُوْل) دُور کی مسافت۔
الزِّحْلِیْلُ۔ تیز۔ علیحدہ رہنے والا — والزُّحْلُوْلُ) تنگ پھسلنے کی جگہ۔ الزُّحْلُوْل: ہلکے پھلکے جسم والا۔
المَزْحَلُ۔ وہ جگہ جہاں کہیں سے علیحدہ ہو کر جائیں۔ زَحَلَ کا مصدر میمی۔ کہاجاتاہے "اِذَا لَمْ یَکُنْ عَنْ شَفْرَۃِ السَّیْفِ مَزْحَلٌ" جبکہ تلوار کی دھار سے علیحدہ ہونے کی جگہ نہ ہو۔
زَحْلَفَ۔ الشَّیْءَ: لڑھکانا۔ علیحدہ کرنا — الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔ زَحْلَفَ فِی الکَلامِ: جلدی جلدی بولنا۔
تَزَحْلَفَ۔ لڑھکنا۔ علیحدہ ہونا۔ تَزَحْلَفَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا مائل بغروب ہونا دوپہر میں ڈھلنا۔
الزُّحْلُوْفَۃُ۔ چکنی ڈھلوان جگہ جس پر لڑھکا جائے۔ ج زَحَالِف وزَحَالِیْف۔
الزُّحَالِفُ۔ چھوٹے چھوٹے کیڑے جو چیونٹی کے مشابہ ہوتے ہیں۔
زَحْلَقَ وزَحْلَکَ وتَزَحْلَقَ وتَزَحْلَکَ والزُّحْلُوْقَۃ والزُّحْلُوْکَۃ۔ بمعنی زَحْلَفَ و تَزَحْلَفَ والزُّحْلُوْفَۃ۔
الزُّحْلُوْقَۃُ۔ لمبے تختے کا جھولا جسکے دونوں

جانب بیٹھ کر چھوبیں۔

اَلزُّحْلُق ۔ تیز و تند ہوا۔

زَحَمَہٗ (ف) **زَحْمًا وَزِحَامًا**۔ تنگی کرنا۔ بھیڑ کرنا۔

زَاحَمَہٗ ۔ تنگی کرنا۔ زَاحَمَ الخَمْسِیْنَ: قریب ہونا

اِزْدَحَمَ وَتَزَاحَمَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے پر تنگی کرنا۔ ایک دوسرے کو ڈھکیلنا

الاَمْوَاجُ: موجوں کا آپس میں ٹکرانا۔

الزَّحْمُ۔ مص۔ بھیڑ کرنے والے لوگ۔

الزَّحْمَۃُ۔ بھیڑ۔ تنگی۔

الزِّحَامُ۔ مص۔ یَوْمُ الزِّحَامِ: قیامت کا دن

المِزْحَمُ۔ بہت بھیڑ کرنیوالا (اَبُو مُزَاحِمٍ) ہاتھی۔

زُحِمَ۔ القِرْبَۃُ: مشک بھرنا۔

زَحَنَ (ف) **زَحْنًا**۔ دیر کرنا ــــ ہ عَنِ المَکَانِ: دور کرنا۔

تَزَحَّنَ ۔ دیر کرنا۔ سمٹنا ــــ عَنْ مَکَانِہٖ: ہلنا ــــ عَلَی الشَّیْءِ وَعَنْہُ: ناپسندیدگی کے باوجود کرنا۔

رَجُلٌ زُحَنٌ ۔ پستہ قد مرد۔ مؤنث زُحَنَۃٌ

الزُّحْنَۃُ۔ سخت گرمی۔ مع ساز و سامان کے قافلہ۔ کہا جاتا ہے "لَہُمْ زُحْنَۃٌ" ان لوگوں کے لئے دیر کا کام ہے" وَلَا زُحْنَۃٌ بَعْدُ" جبکہ سفر کا ارادہ کرے اور کوئی کام نکل آئے جس سے تاخیر ہو جائے۔

الزُّحْنَۃُ۔ وادی کا موڑ۔

زَخَّ (ن) **زَخًّا**۔ غضبناک ہونا ــــ بالاِبِلِ: اونٹوں کو تیز چلانا ــــ ہ: گڑھے میں ڈھکیلنا۔ ــــ المَرْاَۃَ: جماع کرنا۔

زَخَّ (ن) **زَخًّا وَزَخِیْخًا**۔ الجَمْرُ: چنگاری کا تیز چمکنا۔

الزَّخُّ۔ مص۔ کینہ۔ غصہ۔ غضب۔

الزِّخَّۃُ۔ کینہ۔ غصہ۔ غضب (ــ وَالمِزَخَّۃُ وَالمِزَخَّۃُ) بیوی۔

زَخْزَخَ۔ المَرْاَۃَ: جماع کرنا۔

زَخَرَ (ف) **زَخْرًا وَزُخُوْرًا وَتَزْخَارًا**۔ البَحْرُ: دریا کا چڑھنا اور موج مارنا ــــ الوَادِیْ: لبی اور پانی سے بھری ہوئی ہونا ــــ النَّبَاتُ: نباتات کا لمبا ہونا ــــ القَوْمُ: جنگ یا روانگی جنگ کیلئے پُرجوش ہونا ــــ الحَرْبُ اوِ القِدْرُ: جوش مارنا ــــ ہ: بھرنا۔ موٹا کرنا۔ آراستہ کرنا۔ خوش کرنا ــــ بِمَا عِنْدَہٗ: فخر کرنا۔

زَاخَرَہٗ۔ فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "زَاخَرَہٗ فَزَخَرَہٗ" اس نے اس سے فخر کرنے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔

تَزَخَّرَ۔ البَحْرُ او الوَادِیْ: دریا یا وادی کا چڑھنا اور موج مارنا۔

تَزَخْوَرَ ۔ بِمَا عِندَہٗ: فخر کرنا۔

الزَّاخِرُ۔ فا۔ کریم۔ شادماں۔ بھرا ہوا۔ چھلکنے والا ــــ مِنَ الشَّرَفِ: بلند عزت۔

زَوَاخِرُ۔ الوَادِیْ: وادی کی گھاس۔

الزَّخَّارُ۔ زخر کا اسم مبالغہ۔

نَبَاتٌ زَخْوَرٌ وَزُخَارِیٌّ وَزَخْوَرِیٌّ۔ لمبا و گنجان پودہ۔ زُخَارِیُّ النَّبَاتِ: پودہ کی ترو تازگی جبکہ گنجان ہو اور شگوفہ نکل آئے۔ کہا جاتا ہے "قَدْ اَخَذَتِ الاَرْضُ زُخَارِیَّہَا" جبکہ زمین کی نباتات لمبی و طویل ہو جائے۔ کَلَامٌ زَخْوَرِیٌّ: متکبرانہ دھمکی آمیز گفتگو۔

الزَّخْوَرِیُّ۔ لمبا۔

زَخْرَفَہٗ۔ خوبصورت بنانا۔ آراستہ کرنا۔ مزین کرنا ــــ الکَلَامَ: جھوٹ سے آراستہ کرنا

تَزَخْرَفَ۔ الرَّجُلُ: مزین ہونا۔

الزُّخْرُفُ۔ سونا۔ چیز کی خوبصورتی۔ زُخْرُفُ الکَلَامِ: جھوٹ سے آراستہ کی ہوئی گفتگو زُخْرُفُ الاَرْضِ: زمین کے سبزی کے رنگ۔ ج زَخَارِف۔ الزَّخَارِفُ: کشتیاں۔ پانی پر اڑنے والے کیڑے۔ زَخَارِفُ المَاءِ: پانی کے راستے۔

زَخَفَ (ف) **زَخْفًا وَزَخِیْفًا**۔ تکبر کرنا۔

زَخَّفَ۔ فِی القَوْلِ: بہت بولنا۔

تَزَخَّفَ۔ مزین ہونا۔ آراستہ ہونا۔ خوبصورت بننا۔

المُزَخَّفُ۔ فخر کرنے والا متکبر۔

زَخَمَہٗ (ف) **زَخْمًا**۔ سختی سے ہٹانا۔

زَخِمَ (س) **زَخَمًا وَاَزْخَمَ**۔ اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔ صفت (زَخِمٌ)

اِزْدَخَمَ۔ الحِمْلَ: بوجھ اٹھانا۔

الزَّخَمَۃُ۔ بدبودار گوشت۔

الزَّخْمَاءُ۔ بدبودار عورت۔

الزِّدْبُ۔ حصہ۔ ج اَزْدَاب۔

زَدَرَ ۔ لوٹنا۔ (صَدَرَ میں ایک لغت ہے)

اَزْدَرَ۔ لوٹانا (اَصْدَرَ میں ایک لغت ہے)

الاَزْدَرَان۔ دونوں مونڈھے۔ کہا جاتا ہے جَاءَ یَضْرِبُ اَزْدَرَیْہِ" یعنی وہ خالی ہاتھ آیا۔

اِزْدَرَمَ۔ نگلنا۔

زَدَعَ (ف) **زَدْعًا**۔ المَرْاَۃَ: جماع کرنا۔

المِزْدَعُ۔ کاموں کو جلدی سرانجام دینے والا۔

تَزَدَّغَ۔ تکیہ لگانا۔ تکیہ بنانا۔

المِزْدَغُ۔ تکیہ (مِصْدَغ میں ایک لغت ہے)

اَزْدَفَ۔ اللَّیْلُ: تاریک ہونا (اَسْدَفَ میں ایک لغت ہے)

الزِّدْقُ۔ سچائی (الصدق میں ایک لغت ہے)

زَدَا (ن) **زَدْوًا**۔ الصَّبِیُّ الجَوْزَ وبِالجَوْزِ: بچے کا اخروٹ کو گڑھے میں پھینک کر کھیلنا۔

المِزْدَاۃُ وَالمِزْدَاءُ۔ اخروٹ سے کھیلنے کا گڑھا۔

اَزْدٰی اِزْدَاءً۔ سلوک کرنا۔ بھلائی کرنا۔

زَرَّ (ن) **زَرًّا**۔ القَمِیْصَ: کرتے میں گھنڈی لگانا۔ بٹن لگانا ــــ الشَّیْءَ: جمع کرکے باندھنا ــــ المَتَاعَ: سامان کو جھاڑنا ــــ الرَّجُلَ: دھتکارنا۔ دانت سے کاٹنا۔ زَرَّہٗ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا ــــ الشَّعَرَ: بال اکھیڑنا۔ نوچنا۔ عَیْنَہٗ: آنکھ تنگ کرنا۔

زَرَّ (س) **زَرًّا**۔ الرَّجُلُ: گھنڈی لگانا اپنے

مخالف پر سختی کرنا۔ عقل و تجربہ بڑھنا۔

زَرَّ (ض) زَرِیْرًا۔ سِنَانُ الرُّمْحِ: نیزہ کے پھل کا چمکنا ــــ العَیْنُ: آنکھ چمکیلی ہونا۔

اَزَرَّ۔ القَمِیْصَ: بٹن لگانا۔

زَرَّرَ۔ ثَوْبَہٗ: بٹن لگانا۔ بٹن بنانا۔

تَزَرَّرَ۔ القَمِیْصُ: بٹن لگا ہوا ہونا۔

الزِّرُّ۔ گھنڈی۔ بٹن۔ ج اَزْرَار و زُرُوْر۔ دل کے نیچے کی چھوٹی ہڈی۔ گڑھا جس میں شانے کی ہڈی گھومتی ہے۔ سرین کا وہ کنارہ جو گڑھے میں ہے۔ خیمہ کی لکڑیوں میں سے ایک لکڑی زِرُّ السَّیْفِ: تلوار کی تیزی۔ زِرُّ الشَّیْءِ: وہ چیز جس پر کسی چیز کا مدار ہو۔ کہا جاتا ہے: "ھُوَ زِرُّ مَالٍ" وہ مال کے مصالح کا جاننے والا ہے۔ "اَعْطَاہُ الشَّیْءَ بِزِرِّہٖ" اس نے اسکو ساری چیز دیدی۔ "جَاءَ فُلَانٌ بِزِرِّہٖ" فلاں شخص بذاتہ آیا۔

الزَّرَّۃُ۔ دانت کا کاٹنا۔ تلوار کی دھار کا زخم۔

الزِّرَّۃُ۔ دانت کے کاٹنے کا نشان۔ عقل

الزُّرَارَۃُ۔ ہر وہ چیز جو دیوار پر پھینکی جائے۔ اور وہ اسسے چمٹ جائے۔

الزُّرَّارُ و الزِّرِّیْرُ۔ سریع الفہم۔ تیز خاطر۔ الزُّرَیْرُ: ایک قسم کی گھاس جو رنگنے کے کام میں آتی ہے۔ واحد (زُرَیْرَۃ)

الزَّارَّۃُ۔ جانوروں کو لگنے والی مکھی۔ حِمَارٌ (مِزَرٌّ) دانت سے کاٹنے والا گدھا۔

زَرَأَمَ اِزْرَأَمَّ اِزْرِئْمَامًا و اِزْرَاَمَّ۔ اِزْرِیْمَامًا۔ کَلَامُہٗ اور دَمُہٗ اور بَوْلُہٗ: گفتگو یا خون یا پیشاب کا منقطع ہونا۔

زَرَبَ (ن) زَرْبًا۔ المَوَاشِیَ۔ جانوروں کو باڑے میں داخل کرنا۔ لِلْغَنَمِ: بکریوں کے لئے باڑہ بنانا۔

زَرِبَ (س) زَرَبًا۔ المَاءُ: پانی کا بہنا۔

اِنْزَرَبَ۔ باڑہ میں داخل ہونا۔

اِزْرَبَّ۔ النَّبَاتُ۔ نباتات کا زرد ہونا۔ سبزی ملی ہوئی سرخ ہونا۔

المَزْرَبُ۔ مص۔ داخل ہونے کی جگہ۔ شکاری کے چھپنے کی جگہ (ـــ و الزَّرْب) باڑہ۔ ج زُرُوْب۔

المِزْرَبُ۔ پانی بہنے کی جگہ۔

المَزَارُوْبُ۔ عِنْدَ العَامَّۃِ: لمبی پتلی گلی۔ فصیح لفظ الزُّقَب ہے۔

الزُّرْبِیُّ و الزُّرْبِیَّۃُ۔ مسند۔ گدے تکیے مخملی نہالچہ۔ ہر وہ چیز جو بچھائی جائے اور اس پر ٹیک لگائی جائے ــــ مِنَ النَّبَتِ: گھاس جو زرد ہو۔ یا سبزی آمیز سرخ ہو۔ ج زَرَابِیُّ۔

المَزْرِبِیَّۃُ۔ جی حضوری۔

الزَّرِیْبَۃُ: باڑہ۔ شیر کی جھاڑی شکاری کے چھپنے کی جگہ۔ ج زِرَاب و زَرَائِب۔

المِزْرَابُ۔ پرنالہ۔ ج مَزَارِیْب۔

الزُّرْبُوْنُ۔ جوتا۔

زَرَتَ (ف) زَرْتًا۔ گلا گھونٹنا۔

زَرْجَنَہٗ۔ فریب دینا ــ القَوْمُ: شرکاء مکان میں سے کسی کا مکان لینا اور کسی کا زمین۔

الزَّرَجُوْنُ۔ انگور کی ٹہنیاں۔ واحد ــــ (زَرَجُوْنَۃ) ایک قسم کا سرخ رنگ شراب (معرب)

المُزَرَّجُ۔ مست۔ متوالا۔

زَرِحَ (س) زَرَحًا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ ہٹنا۔

الزَّارِحُ۔ فاچست۔ ج زُرَّاح۔

الزَّرْوَحُ و الزَّرْوَحَۃُ۔ چھوٹا ٹیلہ۔ ج زَرَاوِح۔

المَزْرِحُ۔ پست زمین۔

زَرَدَہٗ (ن) زَرْدًا۔ گلا گھونٹنا الدِّرْعَ: زرہ بننا۔ کہا جاتا ہے "زَرَدَ عَیْنَہٗ عَلٰی صَاحِبِہٖ" وہ اپنے ساتھی پر غضبناک ہوا اور ترش روئی سے پیش آیا۔

زَرِدَ (س) زَرَدًا و اِزْدَرَدَ و تَزَرَّدَ۔ اللُّقْمَۃَ: لقمہ کو جلدی نگلنا۔ اور کہا جاتا ہے "تَزَرَّدَ الیَمِیْنَ" اُس نے لاپروائی کے ساتھ قسم کھانے میں جلدی کی۔

الزَّرَدُ۔ بنی ہوئی زرہ جس کے حلقے ایک دوسرے میں داخل ہوں۔ ج زُرُوْد۔ حِمَارُ الزَّرَدِ: ایک جانور جو گدھے کے مشابہ ہوتا ہے اور اس کے جسم پر دھاریاں ہوتی ہیں۔ گورخر۔

الزَّرِدُ۔ جلدی نگلنے والا۔

الزُّرْدَۃُ۔ ایک مرتبہ نگلنے کی مقدار۔

الزِّرَادُ و المِزْرَدُ۔ اونٹ کا گلا گھونٹنے کی رسی تاکہ کف سے سوار کو آلودہ نہ کرے۔

الزَّرَّادُ۔ گلا گھونٹنے والا۔ زرہ بنانیوالا۔

الزِّرَادَۃُ۔ زرہ بنانے کا پیشہ۔

المَزْرَدُ۔ گلا۔

المُزْدَرَدُ۔ مفع کہا جاتا ہے "اَخَذَہٗ بِمُزْدَرَدِہٖ" یعنی اس نے اس پر تنگی ڈالی۔

زَرْدَبَہٗ و زَرْدَمَہٗ۔ گلا گھونٹنا۔ الطَّعَامَ: کھانے کو نگلنا۔

الزَّرْدَمَۃُ۔ سر اور گلے کے درمیان کا گوشت یا حلق میں نگلنے کی جگہ۔

زَرْزَرَ۔ الزُّرْزُوْرُ: زرزور پرندہ کا آواز کرنا ــ الرَّجُلُ: ہمیشہ زُرْزُوْر پرندہ کو کھانا۔ ــــ بالمَکَانِ: اقامت کرنا۔

الزُّرْزُوْرُ۔ ایک قسم کا پرندہ جو چڑیا سے بڑا ہوتا ہے۔ بعض ان میں بالکل کالے ہوتے ہیں اور بعضوں میں سفید چتی ہوتی ہے۔ ج زَرَازِیْر و زَرَازِر۔

الزَّرْزَارُ و الزُّرَازِرُ۔ سریع الفہم تیز خاطر۔ ج زَرَازِرَۃ۔

الزُّرْزُوْرِیُّ۔ وہ جو زُرْزُوْر پرندہ کے رنگ کا ہو۔

زَرَطَ (ض) زَرْطًا۔ اللُّقْمَۃَ: لقمہ کو نگلنا۔

الزِّرَاطُ۔ راستہ (الصراط میں ایک لغت ہے)

زَرَعَ (ف) زَرْعًا و اِزْدَرَعَ۔ بونا۔ بیج ڈالنا ــ الاَرْضَ: جوتنا۔ زَرَعَ اللّٰہُ النَّبَاتَ: اگانا۔ کہا جاتا ہے "زُرِعَ لَہٗ بَعْدَ شَقَاوَۃٍ" یعنی

اس کو فقر و حاجت کے بعد مال و دولت حاصل ہوئی۔

زَارَعَ مُزَارَعَۃً۔ بونا — فُلَانًا: بٹائی پر معاملہ کرنا۔

اَزْرَعَ۔ الزَّرْعُ: پتے نکلنا۔ کھیت کاٹنا — القَومُ: کھیتی کرنے پر قادر ہونا۔

تَزَرَّعَ۔ اِلَی الشَّرِّ: بدی کی طرف جلدی کرنا

الزَّارِعُ۔ فا۔ ج زَارِعُونَ وزُرَّاعٌ۔ ایک کتے کا نام۔ اور اسی وجہ سے کتوں کو "اولاد زارع" کہتے ہیں۔

الزَّرْعُ۔ مص۔ کھیت۔ اولاد۔ ج زُرُوعٌ۔

الزُّرْعَۃُ۔ بیج (— والزِرعۃ والزَرعۃ۔ الزرعۃ) کھیتی۔ کہا جاتا ہے "مَا فِی ہٰذِہِ الاَرْضِ زَرْعَۃٌ" اس زمین میں کھیتی کے قابل کوئی جگہ نہیں ہے — الزُّرْعَۃُ: چکور کا بچہ۔

الزِّرَاعَۃُ۔ کاشتکاری۔ کھیت۔

الزَّرِیْعَۃُ۔ بوئی ہوئی چیز۔ کھیتی۔

الزَّرَّاعُ۔ بہت کھیتی کرنیوالا۔ چغلخور (اس وجہ سے کہ وہ بھی لوگوں کے دلوں میں کینہ بو دیتا ہے) ج زَرَّاعُونَ وزَرَّاعَۃٌ۔

الزَّرَّاعَۃُ۔ زرّاع کا مؤنث۔ کشت زار ج زَرَّاعَاتٌ۔

الزَّرِیْعُ۔ صرف بارش سے سیراب ہونے والی کھیتی۔

الزَّرِّیْعُ۔ وہ پودہ جو کھیتی کٹنے کے وقت گرے ہوئے دانے سے اُگ آئے۔

المَزْرَعَۃُ والمَزْرُعَۃُ۔ کھیتی۔ ج مَزَارِعُ۔

المُزْدَرَعُ۔ کھیتی کرنیکی جگہ۔ کشت زار۔

الزَّرْغَبُ۔ کیمخت۔ مُردہ گدھے یا گائے کی کھال۔

زَرَفَ (ن) زَرْفًا۔ کودنا — فِی الکَلَامِ: زیادتی کرنا۔ جھوٹ بولنا۔ (— زُرُوفًا وزَرِیفًا۔ اِلَیْہِ: قریب ہونا۔ دیر لگانا۔ جلدی کرنا (ضد)

زَرِفَ (س) زَرَفًا۔ الجُرْحُ: زخم کا اچھا ہونے کے بعد تازہ ہونا۔

زَرَّفَہٗ۔ علیحدہ کرنا۔ دور کرنا — الشَّیْئَ: زیادہ کرنا — فِی الکَلَامِ: کلام میں زیادتی کرنا اور جھوٹ بولنا — القَومَ: جدا جدا کرنا — الرُّمْحَ فِیْہِ: نیزہ بھونکنا۔ کہا جاتا ہے "زَرَّفَ عَلَی السِّتِّیْنَ" وہ ساٹھ سے بڑھ گیا۔

اَزْرَفَ۔ آگے بڑھنا۔ جلدی کرنا۔ الجُرْحُ: زخم کا اچھا ہونے کے بعد تازہ ہونا۔ — النَّاقَۃَ: اونٹنی کو اکسانا۔ تیز کرنا — الرَّجُلُ: زرافہ جانور خریدنا (دیکھئے لفظ زرافہ)

اِنْزَرَفَ۔ القَومُ: گھاس پانی کی تلاش میں جانا — الرِّیْحُ: گذر جانا — الشَّیْئُ: آر پار ہونا۔

الزَّرَافَۃُ والزُّرَافَۃُ والزَّرَّافَۃُ والزُّرَّافَۃُ ایک جانور کا نام جو اونٹ کے برابر ہوتا ہے۔ اور اس کی اگلی ٹانگیں لمبی اور پچھلی چھوٹی ہوتی ہیں اور اس کی گردن گھوڑے کی مانند اور کھال چیتے کی مانند ہوتی ہے اور اس کے دو چھوٹے چھوٹے سینگ بھی ہوتے ہیں۔ ج زَرَافِیُّ زَرَافِی زَرَافَات۔ زَرَائِف۔

الزُّرَافَۃُ۔ بہت چھوٹا۔

الزَّرَافَۃُ والزُّرَافَۃُ۔ دس یا بیس آدمیوں کا گروہ۔ ج زَرَافَات۔ اور اسی سے ہے۔ "طَارُوْا اِلَیْہِ زَرَافَاتٍ و وُحْدَانًا"

الزَّرَّافَۃُ والزُّرَافَۃُ۔ وہ جگہ جہاں کھیت کیلئے پانی نکالا جائے۔ ج زَرَافَات زَرَّافَات۔

المِزْرَافُ والزَّرُوْفُ والزَّرُوْفُ۔ مِنَ النُّوقِ: تیز رفتار اونٹنی۔

زَرْفَنَ۔ شَعْرَہٗ: بالوں کو زنجیر کی طرح بنانا۔

الزُّرْفِیْنُ۔ چھوٹی زنجیر۔ ج زَرَافِیْنُ۔

زَرَقَ (ض ن) زَرْقًا۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔ زَرَقَتْ عَیْنُہٗ نَحْوِی: کنکھیوں سے دیکھنا۔ — زَرَقَ الطَّائِرَ: پرندہ کو چھوٹے نیزے سے مارنا — الرَّجُلَ بِبَصَرِہٖ: گھورنا — النَّاقَۃُ الرَّحْلَ: اونٹنی کا کجاوہ پیچھے کی جانب ڈال دینا۔

زَرِقَ (س) زَرَقًا۔ الرَّجُلُ: اندھا ہونا۔ — عَیْنُہٗ: نیلگوں ہونا — الشَّیْئُ: نیلگوں ہونا۔ آسمانی رنگ کا ہونا۔

اَزْرَقَتْ۔ عَیْنُہٗ نَحْوِی: آنکھ کا پھرنا اور سفیدی کا ظاہر ہونا — النَّاقَۃُ حِمْلَہَا: اونٹنی کا کجاوہ کو پیچھے کی جانب ڈال دینا۔

اِزْرَقَّ اِزْرِقَاقًا واِزْرَاقَّ اِزْرِیْقَاقًا۔ نیلگوں ہونا — عَیْنُہٗ نَحْوِی۔ بمعنی اَزْرَقَتْ عَیْنُہٗ

اِنْزَرَقَ۔ پیچھے ہٹنا۔ چت لیٹنا — السَّہْمُ: آر پار ہونا۔

الزَّرَقُ والزُّرْقَۃُ۔ آسمانی رنگ۔ نیلگونی

الزُّرَقُ: کھر کے کچھ اوپر کی سفیدی۔

الزَّرْقَۃُ۔ تعویذ کا مہرہ۔

الزُّرَّقُ۔ ایک شکاری پرندہ۔ ج زَرَارِق گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی۔ تیز نظر والا۔

الاَزْرَقُ۔ نیلگوں۔ مونث زَرْقَاءُ۔ ج زُرْق۔ الاَزْرَقُ: باز۔ نَصْلٌ اَزْرَقُ: چمکیلا تیر کا پھل۔ مَاءٌ اَزْرَقُ: صاف پانی۔ عَدُوٌّ اَزْرَقُ: سخت دشمن (اور یہ اس وجہ سے کہ رومیوں اور دیلمیوں کی آنکھیں نیلگوں ہوتی ہیں اور ان میں اور عربوں میں سخت دشمنی تھی۔ اس وجہ سے ہر سخت دشمن کو عدو ازرق کہنے لگے) اور چونکہ نیزے اور بھالے میں بھی نیلگونی ہوتی ہے اسلئے ان پر بھی زُرق کا اطلاق کرتے ہیں۔

الزَّرْقَاءُ۔ اَزْرَق کا مؤنث۔ ج زُرْق۔ شراب۔ آسمان۔

الزُّرَیْقُ واَبُوْ زُرَیْق۔ چڑیا سے کچھ بڑا ایک پرندہ۔

الزُّرَیْقَاءُ۔ دُودھ اور زیتون کے تیل میں ترکیا ہوا ثرید۔ ایک جانور جو بلی کے مشابہ ہوتا ہے مگر اس کی ٹانگیں چھوٹی اور جسم لمبا ہوتا ہے۔

الزَّرَّاقَۃُ۔ والعَامَّۃُ تُسَمِّیْہَا الزَّارُوْقَۃُ: پچکاری (عوام اسے زارُوقہ کہتے ہیں۔

الأزارقة - خارجیوں کا ایک گروہ جو نافع بن الازرق کے ساتھی تھے اور مخالفین کو قتل کرنا اور ان کی عورتوں کو قید کرنا جائز سمجھتے تھے - واحد (الأزرقی)

المِزراق - چھوٹا نیزہ —— من الأباعر: پیچھے کی طرف بوجھ ڈالنے والا اونٹ - ج مزاریق -

زرقف و ازرنقف - جلدی کرنا -

زرقل زرقلة - لہ بحقّہ: حق دینا - الشعرَ: بالوں کو جھاڑنا -

الزُرقم - بہت نیلگوں آنکھ والا (مذکر و مؤنث) ج زراقم -

الزراقم - بہت سے سانپ -

زرِک (س) زرکًا - بدخلق ہونا -

زرم (ض) زرمًا و زُرمة و ازرمة - کاٹنا - کہتے ہیں "زرمت بہ اُمّہ" اس کی ماں نے اس کو جنا - وزرمہ الدهرُ: زمانہ نے اس سے خیر منقطع کر دیا -

زرِم (س) زرمًا - الشیءُ: منقطع ہونا -

ازدرمہ - نگلنا -

ازرأم - غضبناک ہونا - سکڑنا -

الزرِم - ذلیل تھوڑے جتھے والا - بخیل تنگ حال -

الأزرم - منقطع - بلی -

الزریم - تھوڑے جتھے والا - ذلیل -

الزُرموج - جوتا -

الزُرمانقة - بے آستین کا اونی جبہ -

الزرنب - ایک خوشبودار پودہ - جس کو رجل الجراد بھی کہتے ہیں - زعفران - نیل گائے -

الزرنیخ - ہڑتال -

زرنق زرنقة - الأرضَ: چھوٹی نہر سے پانی دینا - کنوئیں پر زرنوق لگانا - دیکھئے "زرنوق"

—— فلانًا اللباسَ: کسی کو لباس پہنانا -

تزرنق - بالثیاب: کپڑے پہننا —— الرجلُ: چھوٹی نہر سے اجرت پر آب کشی کرنا -

الزُرنوق - چھوٹی نہر - چکی کا دستہ -

الزُرنوقان: کنوئیں کے منہ پر کے دو کھمبے جس میں چرخی لگی ہوئی ہوتی ہے -

الزرنقة - مص - زیادتی حسن کا بل -

الزرنیق - ہڑتال -

الزراهمة - آزاد لونڈی —— نوجوان موٹی عورت -

زری (ض) زریًا و زُریًا و زرایة و مزریة و مزراة و ازدری و تزرّی - علیہ عملہ: کسی کام پر عتاب کرنا - عیب لگانا - ازری بالأمرِ: سستی کرنا - ازری بہ و ازراہ: عیب لگانا - حق گھٹانا -

زاراہ مزاراة - ایک دوسرے کو عتاب کرنا -

ازدری و استزری - ہ: حقیر سمجھنا —

الزری - ناکارہ - ذلیل -

المِزراء - لوگوں کو عیب لگانے والا -

زطّ (ن) زطًّا - الذبابُ: مکھی کا بھنبھنانا

الزُطّ - جاٹ (ہندوستان کی ایک قوم) واحد زُطّی -

زعب (ف) زعبًا - الإناءَ: برتن کو بھرنا —— القربةَ: شک بھری ہوئی اٹھانا -

القربةُ: پانی گرانا —— السیلُ: سیلاب کا وادی کو بھر دینا —— الوادی: وادی کا بھر جانا —— الشیءَ: کاٹنا —— لہ من المالِ: زعبًا و زَعبة و زُعبة - مال کا کچھ حصہ دینا —— المرأةَ: جماع کرنا -

زعب (ف) زعیبًا - الغرابُ: —— کائیں کائیں کرنا -

تزعّب - غضبناک ہونا - شاداں ہونا -

—— فی اکلہ وشربہ: بہت کھانا پینا القومُ المالَ: قوم کا مال میں سے اپنا اپنا حصہ لینا

ازدعب - الشیءَ: کاٹ لینا -

الزَعبة والزُعبة والزِعب - مال کا ایک حصہ -

الأزعب - پستہ قد کمینہ - موٹا - مونث زعباء ج زُعب -

سیلٌ (زاعبٌ و زعوبٌ) وادی کو بھرنے والا سیلاب -

الزاعب - اچھا رہبر -

زعیب - النحلِ: شہد کی مکھیوں کی بھنبھناہٹ

الزُعبوب - پستہ قد کمینہ -

الزَعبج والزِعبج - سفید بادل - پتلا بادل - ہر چیز میں کا خوبصورت - زیتون -

الزِعبری - ایک قسم کا تیر -

زعبق - القومَ: پریشان و متفرق کرنا -
—— الشیءَ: جدا جدا کرنا -

تزعبق - الشیءُ من یدی: بکھر جانا اور متفرق ہو جانا -

زعبل - بڑے پیٹ اور پتلی گردن والا - بڑا سانپ - گرگٹ - ڈول - روئی کا پودہ - ج زعابل -

زعجہ (ف) زعجًا و ازعجہ - بیقرار کرنا - ہٹانا - دھتکارنا - زعج الرجلُ: چلانا -

ازعجہ الی المعصیة: گناہ پر ابھارنا -

انزعج - بیقرار ہونا - ہٹنا -

الزعج - بیقراری -

المِزعاج - ایک جگہ پر نہ ٹھہرنے والی عورت -

الزَعجلة - بدخلقی -

زعِر (س) زعرًا و ازعرّ و ازعارّ - شعرہ او ریشہ: کم اور بکھرے ہوئے بال یا پر والا ہونا - زعر الرجلُ: بے خیر ہونا -

الزعارة والزعارّة - بدخوئی و تند مزاجی -

الزعِر والأزعر - کم اور متفرق بالوں والا - موضعٌ زعرٌ و ازعر: کم پیداوار والی جگہ - مونث زعرة و زعراء -

الزُعرة - ہمیشہ مضطرب اور خوفزدہ رہنے والا ایک پرندہ -

الزُعْرَان - نوجوان لوگ۔
الزُعْرُوْر - ایک درخت جس کا پھل سرخ رنگ کا اور گٹھلی گول بڑی ہوتی ہے جس کی وجہ سے مغز کم ہوتا ہے۔ واحد (زُعْرُوْرَۃ) رَجُلٌ زُعْرُوْرٌ: بدخلق بے خیر مرد۔ ج زَعَارِیْر۔ الزَّعَارِیْر: گوبر وغیرہ جو اُون میں لگ جائے اور جم جائے۔
الزَعْرَاء - ایک قسم کا شفتالو۔
بَحْرٌ (زَعْرَفٌ) بہت پانی والا سمندر۔
زَعْزَعَ۔ زَعْزَعَۃً۔ سخت حرکت دینا۔ ——— الاِبِلَ فِی السَّیْرِ: ہانکنا۔
تَزَعْزَعَ - ہلنا۔
الزَعْزَعَۃ مص۔ ج زَعَازِع۔ الزَّعَازِع: زمانہ کے مصائب۔
رِیْحٌ (زَعْزَعٌ وزُعْزُعٌ وزَعْزَاعٌ وزُعَازِعٌ و زَعْزَعَان) آندھی۔ ہوا کا طوفان ——— جَرْیٌ زَعْزَعٌ: تیز دوڑ۔
بَحْرٌ (زَعْزَفٌ) بہت پانی والا سمندر۔
زَعَطَ (ف) زَعْطًا۔ گلا گھونٹنا ——— الحِمَارُ: گدھے کا رینکنا۔
الزَّاعِط - فا۔ مَوْتٌ زَاعِطٌ: جلدی کی موت
زَعَفَہٗ (ف) زَعْفًا وأَزْعَفَہٗ واِزْدَعَفَہٗ فوراً مار ڈالنا۔ زَعَفَ الجَرِیْحَ وأَزْعَفَ عَلَیْہِ: زخمی کو فوراً مار ڈالنا۔ زَعَفَ الحَدِیْثَ: زیادہ کرنا اور جھوٹ بولنا۔
سَمٌّ (زُعَافٌ) زہر قاتل۔
مَوْتٌ (مُزْعِفٌ) فوراً ہلاک کرنیوالی موت۔
سَیْفٌ مُزْعِفٌ: فوراً ہلاک کرنے والی تلوار۔
الزُعُوْف - ہلاکت کی جگہیں۔
الزَعُوْفَۃ - پتھر جس کو کنوئیں کی تہ میں ڈال دیں اور اس پر بیٹھ کر کیچڑ وغیرہ صاف کریں۔
المِزْعَافَۃ - سانپ۔
زَعْفَرَہٗ - زعفران سے رنگنا ——— الطَّعَامَ: کھانے میں زعفران ڈالنا۔
تَزَعْفَرَ - زعفران سے خوشبودار ہونا۔ زعفران سے رنگا ہوا ہونا۔

الزَعْفَرَان - زعفران۔ کیسر۔ ج زَعَافِر۔ زَعْفَرَانُ الحَدِیْدِ: لوہے کا زنگ۔
زَعْفَقَ - الزُعَافِق: بخیل۔ بدخلق۔ ج زَعَافِق
زَعَقَ (ف) زَعْقًا۔ چلانا چیخنا ——— ہ و زَعَقَ بِہٖ: ڈرنا ——— بِالدَّابَّۃِ: تیز چلا کر ہانکنا۔ الرِّیْحُ التُّرَابَ: ہوا کا مٹی کو اڑانا ——— ہ العَقْرَبُ: بچھو کا ڈسنا ——— القِدْرَ: ہانڈی میں بہت نمک ڈالنا۔
زَعُقَ (ک) زَعَاقَۃً - المَاءُ: پانی کا بیحد کھاری ہونا۔
زَعِقَ (س) زَعَقًا۔ شادماں ہونا ——— و زُعِقَ وانْزَعَقَ) الرَّجُلُ: رات میں ڈرنا۔ اِنْزَعَقَ الفَرَسُ: آگے بڑھنا اور تیز چلنا۔
أَزْعَقَہٗ - ڈرنا۔ خوف دلانا ——— السَّیْرَ: چلنے میں جلدی کرنا ——— القِدْرَ: ہانڈی میں بہت نمک ڈالنا۔
الزَّعِق - رات میں ڈرنے والا۔ شادماں جو کچھ گھبرایا بھی ہو۔
الزَعْقَۃ - چیخ۔
الزُعَاق - بہت کھاری پانی جو پیا نہ جا سکے۔
الزُعُوْقَۃ - زُعَاق کا اسم۔
الزَعَاق - مِنَ الخَیْلِ: بہت اور تیز چلنے والا گھوڑا۔ پیچھے پیچھے چلاتے ہوئے جانوروں کو ہانکنے والا۔
الزَعِیْق - خوف زدہ۔
المِزْعَق - زمین کھودنے کا اوزار۔
الزُعْقُوْقَۃ - چکور کا چوزہ۔
الزَعْکَۃ - دیر۔ اقامت۔ کہا جاتا ہے۔ "لَہُمْ زَعْکَۃٌ فِی المَکَانِ - ان کو جگہ میں کچھ ٹھہرنا ہے۔
الزُعْکُوْک - موٹا اونٹ۔ پستہ قد حقیر۔ ج زَعَالِک وزَعَالِیک۔
الأَزْعَکی - پستہ قد حقیر۔
زَعِلَ (س) زَعَلًا۔ شادماں ہونا ——— مِنَ المَرَضِ وغَیْرِہٖ۔ تنگ دل و مضطرب ہونا
أَزْعَلَہٗ۔ شادماں کرنا مِنْ مَکَانِہٖ: ہٹانا۔

تَزَعَّلَ - شادماں ہونا۔
الزَعِل والزَعْلَان والاِزْعِیْل شادماں۔ الزَّعِل: بھوک سے بلبلانے والا۔
الزَعْلَۃ - ایک سال کے ناغہ سے بچہ دینے والی۔ مادہ شتر مرغ۔
أَزْعُلُوْل - سبک۔
الزَعْلَجَۃ - بدخلقی۔
الزُعْلُوْق - شادماں۔
زَعَمَ (ف ن) زَعْمًا وزِعْمًا وزُعْمًا ومَزْعَمًا۔ سچ یا جھوٹ کہنا۔ اور اکثر مشکوک یا ایسی چیزوں میں جس کے جھوٹ ہونے کا یقین ہو استعمال کیا جاتا ہے (——— زَعَامَۃً) ——— عَلَی القَوْمِ: سردار بننا۔
زَعَمَ (ف ن) زَعْمًا - بِالمَالِ: کفیل ہونا ضامن ہونا ——— اللَّبَنُ: دودھ مزیدار ہونے لگنا۔
زَعِمَ (س) زَعَمًا - فِیْہِ: لالچ کرنا۔
أَزْعَمَ - الأَمْرُ: ممکن ہونا ——— اللَّبَنُ: دودھ مزیدار ہونے لگنا ——— إِلَیْہِ: فرمانبردار ہونا تابع ہونا ——— عَلَی القَوْمِ: سردار بننا۔ الأَرْضُ: سبزی کا پھوٹنا ——— ہ: کھلانا۔ أَزْعَمَہُ المَالَ: مال کا ضامن بنانا۔
زَاعَمَہٗ - بھیڑ کرنا۔
تَزَعَّمَہٗ - جھوٹی باتیں بیان کرنا۔
تَزَاعَمَ - القَوْمُ عَلَی الأَمْرِ: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ باہم غیر موثق باتیں کرنا۔
الزَعِم - مِنَ الشِّوَاءِ: بہت چربی والا جس سے بھونتے ہوئے چربی آگ پر ٹپکے۔
الزَعْمَۃ - زَعَمَ کا اسم مرۃ۔ ج زَعَمَات کہا جاتا ہے۔ "ہٰذَا وَلَا زَعَمَاتُکَ اور زَعَمَاتِکَ" یعنی یہی صحیح ہے اور میں تمہارا گمان نہیں خیال کرتا ہوں۔
الزُعْمِیّ - جھوٹا۔ سچا۔ ضد۔
الزَعَامَۃ - مص۔ شرف۔ سرداری۔ ہتھیار زرہ۔ عمدہ مال یا اکثر مال۔ گائے۔

الزَّعُوم - گفتگو میں عاجز - چربی دار عورت -
کم چربی والی عورت (ضد)
الزَّعمُوم - گفتگو میں عاجز -
الزَّعِیم - ضامن - کفیل - سردار - رئیس -
ج زُعَماء -
المَزعَم - مم - لالچ کی جگہ - کہا جاتا ہے -
"ہٰذا اَمرٌ مَزعَمٌ" یعنی یہ امر غیر موثق ہے کوئی کچھ
کہتا ہے اور کوئی کچھ و "ہٰذا اَمرٌ فِیہِ مَزَاعِم" یہ
ایسا امر ہے جس میں جھگڑے ہیں -
المَزعَامَۃ - سانپ -
زَعنَفَتِ - المَاشِطَۃُ العَرُوسَ: مشاطہ
کا دلہن کو آراستہ کرنا -
الزِّعنِفَۃ و الزِّعنَفَۃ - پستہ قد مرد یا
عورت - ہر چیز کا ایک حصہ - جسم کے اطراف مانند
ہاتھ پیر کے - ردی - قبیلہ کا ایک ٹکڑا جو علیحدہ ہو
یا دوسرے کے ساتھ مل جائے - کپڑے کا
ٹکڑا یا نچلا پھٹا ہوا حصہ - مصیبت - ج زَعَانِف
الزَّعَانِف: مچھلی کے پر - ہر وہ جماعت جن
کی کوئی ایک اصل نہ ہو -
زَعَا یَزعُو زَعوًا - منصف ہونا - عادل
ہونا -
زَغِبَ (س) زَغَبًا و زَغَّبَ و اِزغَابَّ
الصَّبِیُّ اَوِ الفَرخُ: بچہ یا چوزہ کا رُواں نکلنا -
صفت (زَغِب)
اَزغَبَ - الکَرمُ: انگور کی بیل میں پتے
نکلنے لگنا -
الزَّغَب - پروں یا بالوں کے رُوئیں -
واحد (زَغَبَۃ)
الزُّغَابَی و الزُّغَابَۃ - چھوٹے رُوئیں -
کہا جاتا ہے "مَا اَصَبتُ مِنہُ زُغَابَۃً" میں نے
اس سے رُوئیں کے برابر بھی کچھ حاصل نہیں کیا -
الاَزغَب - رُوئیں دار مونث زَغبَاء -
ج زُغبٌ - قطا کا چوزہ -
الزُّغبَۃ - گلہری -
الزُّغبُب - پستہ قد بخیل -

زَغبَرَ - الثَّوبُ: رُوئیں دار ہونا -
الزَّغبَرُ و الزِّغبِرُ و الزِّغبُرُ - رُواں -
کہا جاتا ہے "اَخَذَ الشَّیءَ بِزَغبَرِہٖ" اس نے
ساری چیز لے لی -
الزُّغبُرَۃ - عِندَ العَامَّۃِ: رُواں - کلمہ
محرف ہے صحیح لفظ الزَّغَب ہے -
الزُّغبَد - مکھن -
زَغَدَ (ف) زَغدًا - السِّقَاءُ: مشک
نچوڑنا — فُلَانًا: گلا دبانا — البَعِیرُ: اونٹ
کا سخت بلبلانا — النَّہرُ: دریا کا چڑھنا -
موج مارنا — ہ بِالکَلَامِ: اُکسانا - بھڑکانا -
اَزغَدَت - المَراَۃُ وَلَدَھَا - عورت کا
بچہ کو دودھ پلانا -
الزَّغِید و الزَّغِیدَۃ - مکھن جو مشک
کو دبانے سے اس کے منہ سے نکلے -
نَہرٌ (زَغَّادٌ) بہت پانی والا چڑھا ہوا دریا -
المُزغَئِد - غضبناک -
زَغدَبَ - غضبناک ہونا - سوال کرنے
میں اصرار کرنا -
الزَّغدَب - سخت آواز - بہت جھاگ -
پگھلی ہوئی چربی -
الزُّغَادِب - بہت جھاگ - کریہ المنظر مرد -
زَغَرَ (ف) زَغرًا - الشَّیءَ: چھین لینا - زبردستی
لینا — الشَّیءُ: بکثرت ہونا — البَحرُ: چڑھنا
موج مارنا -
الزَّغر - مِن کُلِّ شَیءٍ: زیادتی - افراط -
الزُّغَار - کینچوا -
زَغرَبَ - ہنسنا -
الزَّغرَب - بہت پانی - بِئرٌ زَغرَبٌ و زَغرَبَۃٌ:
بہت پانی والا کنواں -
زَغرَدَ زَغرَدَۃً - البَعِیرُ: اونٹ کا اپنے
حلق میں آواز کو لوٹاتے ہوئے بلبلانا -
زَغزَغَ - الکَلَامَ: رکیک گفتگو کرنا -
الشَّیءَ: چھپانا — بِالرَّجُلِ: تمسخر کرنا - ٹھٹھا کرنا -
الزُّغزُغ - سبک و چست آدمی -

حسب و نسب میں مطعون -
الزُّغزُغ - پستہ قد حقیر - ایک پرندہ -
الزُّغزُغِیَّۃ - عجم میں سے بعض لوگوں
کی زبان -
الزَّغزَغِیَّۃ - ایک قسم کا کھانا جو گھی اور آٹے
سے تیار کیا جاتا ہے -
زَغَفَ (ف) زَغفًا - المَاءُ: پانی بہت ہونا
— فِی حَدِیثِہٖ: بہت بولنا اور جھوٹ بولنا -
کہا جاتا ہے "زَغَفَ کَلَامًا کَثِیرًا" و "زَغَفَ لَنَا
مَالًا کَثِیرًا" اس نے بہت بکواس کی - اور
اس نے ہم کو بہت مال دیا — ہ بِالرُّمحِ:
نیزہ مارنا -
اِزدَغَفَ - الشَّیءَ: سارا لے لینا -
الزَّغف - مم - کشادہ اور لمبی زرہ - بادل
جو برس چکا ہو اور ابھی گھرا ہوا ہو -
دِرعٌ (زَغِیفٌ) کشادہ مضبوط اچھے حلقوں والی
زرہ اور کہا جاتا ہے "دُرُوعٌ زُغفٌ و زَغَفٌ
و اَزغَافٌ و زُغُوفٌ"
الزَّغَف - چھپٹیاں - درخت کی کمزور
شاخیں -
الزَّغَّاف - بہت بولنے والا -
الزَّغفَۃ و الزَّغَفَۃ - کشادہ یا مضبوط زرہ
المِزغَف - حریص بہت خواہش مند -
زَغفَلَ زَغفَلَۃً - جھوٹ بولنا -
زَغَلَ (ف) زَغلًا - المَاءَ: پانی بار بار
گرانا — الشَّرَابَ: کلی کرنا — الصَّبِیُّ اُمَّہٗ:
بچہ کا دودھ پینا -
اَزغَلَ - المَاءَ: گرانا — الاُمُّ وَلَدَھَا: بچہ کو
دودھ پلانا — الطَّائِرُ فَرخَہٗ: پرندہ کا بچہ کو
چوگا دینا — الشَّرَابَ: کلی کرنا -
الزَّغَل - دھوکا -
الزُّغَلِیّ - دھوکا دینے والا -
الزُّغلَۃ - کلی کا پانی جو منہ سے پھینکا جائے -
ایک مرتبہ پانی گرانے کی مقدار -
الزُّغلُول - بچہ - ہلکا پھلکا جلد باز مرد -

ج زَغَالِيل۔

الزَّغَلِجَۃ۔ بدخلقی۔ تندمزاجی۔

الزَّغلمَۃ والزُّغُلمَۃ۔ گمان۔ وہم۔ کینہ دلی دشمنی۔

تَزَغَّمَ۔ الجَمَلُ: اونٹ کا جھاگ کو اپنے جبڑوں میں پھرانا۔ اور اسی سے ہے "تَزَغَّمَ الرَّجُلُ" یعنی اس نے غضبناک ہو کر گفتگو کی۔

الزَّغُوم والزُّغُمُوم۔ گفتگو کرنے میں عاجز و درماندہ۔

الزُّغمُل۔ کینہ۔ دلی دشمنی۔

زَغَا (ن) زَغْوًا۔ الصَّبِيُّ: بچہ کا رونا۔

زَفَّ (ض) زَفًّا و زُفُوفًا۔ تیز دوڑنا ــــ الرِّيحُ: ہوا کا چلنا (ــــ زَفًّا و زَفِيفًا) الطَّائِرُ: پرندہ کا پر پھیلا کر اُترنا۔

زَفَّ (ن) زَفًّا و زِفَافًا۔ العَرُوسَ اِلٰی زَوجِہا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا ــــ البَرقُ: چمکنا۔

أَزَفَّ۔ العَرُوسَ اِلٰی زَوجِہا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا ــــ الرَّجُلُ: تیز دوڑنا ــــ ہ: تیز دوڑانا۔

اِزْدَفَّ۔ الحِملَ: بوجھ اُٹھانا ــــ العَرُوسَ: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا۔

اِستَزَفَّ۔ السَّيلُ: سیلاب کا بہا لیجانا۔ ــــ ہ السَّيرُ: سبک بنانا۔

الزِّفُّ۔ چھوٹے چھوٹے پر۔

الزَّفَف۔ پرندہ کے رُوئیں کا ایک پر ایک چپکا ہوا ہونا۔

الزَّفَّۃ۔ زَفَّ کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے۔ "جِئتُہُ زَفَّۃً اَو زَفَّتَينِ" میں اس کے پاس ایک بار یا دو بار آیا۔

الزُّفَّۃ۔ گروہ۔

الأَزَفُّ۔ تیز رفتار۔ باریک پروں والا۔

الزَّفِيف والزَّفَّان والزَّفَّاف۔ سبک تیز رفتار۔

الزَّفُوف۔ شتر مرغ ــــ مِنَ النُّوقِ: عمدہ چال والی تیز رفتار اونٹنی۔ قَوسٌ زَفُوفٌ: آواز دینے والی کمان۔

المِزَفَّۃ۔ پالکی۔

زَفَتَ (ن) زَفْتًا۔ الاِنَاءَ: بھرنا ــــ الرَّجُلَ: غیظ میں ڈالنا۔ منع کرنا۔ دھتکارنا۔ تھکانا۔ کہا جاتا ہے "زَفَتَ الحَدِيثَ فِي اُذُنِ الاَصَمِّ" اس نے بہرے کے کان میں بات ٹھونس دی۔

زَفَّتَ۔ السَّفِينَۃَ: کشتی پر زفت ملنا۔

الزِّفت۔ تارکول جیسی ایک چیز جس کو کشتی وغیرہ پر ملا کرتے تھے۔

زَفَدَ (ن) زَفْدًا۔ الاِنَاءَ: برتن بھرنا۔ فَرَسَہ شَعِيرًا: گھوڑے کو بہت جو کھلانا۔

اِزْدَفَدَ۔ المَالَ: سارا لے لینا۔

زَفَرَتْ (ض) زَفْرًا و زَفِيرًا۔ النَّارُ: آگ سے بھڑکنے میں آواز نکلنا ــــ الاَرضُ: نباتات اگانا۔ زَفَرَ الرَّجُلُ: لمبی لمبی سانس لینا۔ الحِمَارُ: گدھے کا رینکنا شروع کرنا۔ و زَفَرَ الشَّيءَ زَفْرًا: اُٹھانا ــــ المَاءَ: پانی کھینچنا۔

اِزْدَفَرَ۔ الشَّيءَ: اٹھانا۔

الزِّفْر۔ بھاری بوجھ۔ مشک۔ مسافر کا سامان۔ جماعت۔ یا دستہ فوج۔ ج اَزْفَار۔

الزَّفَر۔ درخت کے نیچے لگا ئیکی تھونی۔

الزُّفَر۔ شیر۔ بہادر۔ سمندر۔ بہت پانی والا دریا۔ سختی۔ سردار۔ مشک۔ اُٹھانے کیلئے مضبوط آدمی۔ بہت عطیہ۔ دستہ فوج

الزَّفِير۔ مص۔ مصیبت۔ گدھے کی آواز کی ابتداء۔ اور انتہا کو الشہیق کہتے ہیں۔

الزَّفْرَۃ والزُّفْرَۃ۔ لمبی سانس۔ گرم سانس۔ زَفْرَۃُ الدَّابَّۃِ و زُفْرَتُہا: جانور کا پھولا ہوا پہلو۔ الزَّفْرَۃ: زَفَرَ الرَّجُلُ اَو الحِمَارُ کا اسم ج زَفَرَات کبھی ضرورتِ شعری کی بنا پر فا کو ساکن کر کے زَفْرَات کہتے ہیں۔ فَرَسٌ ذُو زُفَر) بڑے پہلوؤں والا گھوڑا۔ ج زُفَر۔

الزَّافِرَۃ۔ جماعت۔ دستہ فوج۔ مصیبت تیر کے پر کے علاوہ یا پیکان کی جانب دو ثلث سے کم۔ کندھا اور اس کے گرداگرد۔ کمان۔ بڑا سردار۔ زَافِرَۃُ الرَّجُلِ: مرد کے اقارب انصار زَافِرَۃُ البِنَاءِ: عمارت کا تھم۔ ج زَوَافِر۔

الزَّوَافِر: پسلیاں۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ شَدِيدُ الزَّوَافِرِ" مضبوط پسلیوں والا گھوڑا۔ پانی لانے والی لونڈیاں۔ انگور کی بیل اُٹھانے کی ٹٹی۔ زَوَافِرُ المَجدِ: بزرگی کے اسباب۔

المُزْفَر والمُزْدَفَر۔ لمبی سانس۔ سانس لینے کی جگہ۔

المُزْفُور۔ مِنَ الدَّوَابِّ: مضبوط جوڑوں والا جانور۔

زَفْزَفَ۔ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ عمدہ چال چلنا ــــ الطَّائِرُ: پر پھیلا کر اُترنا ــــ الرِّيحُ الحَشِيشَ: ہوا کا گھاس کو حرکت دینا اور اس سے سائیں سائیں کی آواز نکلنا ــــ المَركَبُ: سواری کے چلنے سے آواز سُنائی دینا۔

الزَّفْزَف والزَّفْزَاف والزَّفْزَافَۃ۔ متواتر تیز چلنے والی ہوا۔ الزَّفْزَاف: شتر مرغ ہلکا۔

زَفْقَلَ زَفْقَلَۃً۔ تیز دوڑنا۔

الاَزْفَل۔ غصہ۔ تیزی۔

الاَزْفَلَۃ۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوا اَزْفَلَۃً و بِاَزْفَلَتِہِم" وہ سب مع اپنی جماعت کے آئے۔

الاِزْفَلَّۃ۔ سبکی عقل۔

زَفَنَ (ض) زَفْنًا۔ ناچنا۔ سخت دھکا دینا اور لات مارنا۔ کہا جاتا ہے "دَنَوتُ مِنہُ فَزَفَنَنِي" میں اُس سے قریب ہوا اُس نے مجھے دھکا دیا۔

الزِّفْن۔ چھت کے اوپر کا سامان۔

النَّاقَۃُ (الزَّافِنَۃُ والزَّفُون) لنگڑی اونٹنی۔

الزَّفَّان۔ ناچنے والا۔

الاِزْفَنَّۃ۔ حرکت۔ رَجُلٌ اِزْفَنَّۃٌ: متحرک مرد۔

الزَّيزَفُون۔ ایک درخت جس کے پھول

سفید ہوتے ہیں اور اس میں پھل نہیں آتا۔
نَاقَةٌ زَیْزَفُوْن: تیز رفتار اونٹنی۔
زَفٰی یَزْفِیْ زَفْیًا وَزَفَیَانًا۔ زَفَتِ القَوْسُ: آواز دینا — الرِّیْحُ السَّحَابَ وَالتُّرَابَ: ہوا کا بادل یا مٹی کو اُڑانا — الرَّجُلُ: بِنَفْسِہٖ: جان دینا۔
اَزْفٰی۔ الشَّیْءَ: ایک جگہ سے دوسری جگہ لیجانا۔ اور اسی سے ہے "اَزْفَیْتُ العَرُوْسَ" جبکہ میکہ سے دلہن کو سسرال لیجائیں۔
الزَّافِی۔ سبک تیز رفتار۔
الزَّفَیَان۔ مص۔ ہلکا پن۔ ہلکا۔ نَاقَةٌ زَفَیَانٌ: تیز رو اونٹنی۔
المِزْفِیّ والمُنْزَفِیّ والمُتَزَفِّی۔ ڈرایا ہوا
زَقَّ (ن) زَقًّا۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔ — فَرْخَہٗ: چوزہ کو چوگا دینا — الکَبْشَ: مینڈھے کی کھال اُتارنا — الجِلْدَ: بال کاٹنا۔
الزِّق۔ مشک۔ زِقُّ الحَدَّادِ: لوہار کی بھٹی۔ ج اَزْقَاق وزِقَاق وزُقَّاق واَزُقّ۔
الزُّقّ۔ شراب۔ ج زُقَقَة۔
الزَّقَقَة۔ چوزہ کو چوگا دینے والی فاختائیں چھوٹے بچوں کو تیار کرنے والے۔
الزُّقَاق۔ گلی۔ تنگ راستہ (مذکر و مؤنث) ج اَزِقَّة وزُقَّان۔ الزُّقَاق وبَحْرُ الزُّقَاقِ: جبرالٹر کی آبنائے۔
الزُّقَّة والزُّقُّق۔ پن ڈبی نامی ایک پرندہ
الزَّقَّاق۔ مشک بنانے والا۔
زَقَبَ (ن) زَقْبًا۔ الجُرَذُ فِی الجُحْرِ: چوہے کا سوراخ میں داخل ہونا۔ وزَقَبَہٗ فِی الجُحْرِ: داخل کرنا (لازم و متعدی)
زَقَّبَ۔ المُکَّاءُ: آواز کرنا (مکاء ایک پرندہ ہے)
اِنْزَقَبَ۔ الجُرَذُ فِی الجُحْرِ: چوہے کا سوراخ میں داخل ہونا۔
الزَّقَب۔ تنگ راستہ۔ نزدیکی۔ کہا جاتا ہے "رَمَیْتُہٗ مِنْ زَقَبٍ" میں نے اس کو نزدیک سے تیر مارا۔
زَقَحَ (ف) زَقْحًا وزُقَاحًا۔ القِرْدُ: بندر کا آواز کرنا۔
الزَّقْر۔ شکرا۔ (الصَّقْر میں ایک لغت ہے
الزَّقَر۔ دوزخ (السَّقَر میں ایک لغت ہے)
زَقْزَقَ زَقْزَقَةً وزِقْزَاقًا۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔ چہچہانا — فَرْخَہٗ: چوزہ کو چوگا دینا — الصَّبِیَّ: بچہ کو کدانا — الرَّجُلُ: آہستہ ہنسنا۔ ہلکا ہونا۔
الزِّقْزَاق۔ آہستہ چلنے والا۔ ایک قسم کی چڑیاں
زَقَعَ (ف) زَقْعًا وزُقَاعًا۔ الدِّیْکُ: مرغ کا ککڑوں کوں کرنا — الحِمَارُ: گدھے کا زور سے گوز کرنا۔
زَقَفَ (ن) زَقْفًا وتَزَقَّفَ وازْدَقَفَ الشَّیْءَ: چھین لینا یا جلدی سے اچک لینا۔ اور اسی سے ہے "تَزَقَّفَ الکُرَةَ بِالصَّوْلَجَانِ" وہ گیند کو بلے سے جلدی سے لے گیا۔ تَزَقَّفَ وازْدَقَفَ اللُّقْمَةَ: لقمہ نگلنا۔
الزُّقْفَة۔ ہر وہ چیز جو نگل لی جائے۔ ہر وہ چیز جو ہاتھ میں لی جائے۔
زَوْقَلَ۔ العِمَامَةَ: سر کے دونوں جانب کناروں کو لٹکانا۔
زَوَاقِیْلُ۔ العِمَامَةِ: عمامہ کے نیچے سے نکلے ہوئے بال۔
الزُّوْقُل والزَّوَاقِیْل۔ چور۔ لیٹرے۔
الزَّقِیْلَة۔ تنگ گلی۔
زَقِمَہٗ (ن) زَقْمًا وازْدَقَمَہٗ۔ نگلنا۔
اَزْقَمَہٗ۔ الشَّیْءَ: نگلوانا۔
زَقَّمَہٗ۔ تھوہڑ کھلانا۔
تَزَقَّمَ۔ لقمہ کرنا۔ نگلنا۔ تھوہڑ کھلانا۔ اللَّبَنَ: دودھ بہت پینا۔
الزَّقُّوْم۔ جہنم کے ایک درخت کا نام۔ تھوہڑ مہلک خوراک۔ ایک جنگلی گھاس جس کا پھول چنبیلی کے مانند ہوتا ہے۔
الزَّقْمَة۔ زقم کا اسم مرۃ۔ طاعون۔
زَقَنَ (ن ض) زَقْنًا۔ الحِمْلَ: بوجھ اُٹھانا۔
اَزْقَنَہٗ۔ اٹھانے میں مدد دینا۔
زَقَا یَزْقُوْ زَقْوًا وزُقَاءً وزُقِیًّا وزَقِیًّا وزُقُوًّا وزَقِیَ (ض) زَقْیًا۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا چہچہانا۔ صفت مذکر (زَاقٍ) ج زُوَاق۔ صفت مؤنث (زَاقِیَة) ج زَوَاقٍ — الصَّبِیُّ: بچہ کا بہت رونا۔
اَزْقَاہٗ۔ رُلانا۔
الزُّقْیَة۔ روپے پیسوں کا ڈھیر۔
الزُّقْیَة۔ چیخ۔
زَکَّ (ن) زَکًّا وزَکَکًا وزَکِیْکًا۔ الشَّیْخُ: دوڑنے یا چلنے میں کمزوری کی وجہ سے قریب قریب قدم رکھنا۔ (— زَکًّا) الغُلَامُ: دوڑنا — القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔ بِسَلْحِہٖ: بیٹ کرنا۔ زَکَّہٗ المَاءُ: آسودہ کرنا — عَلٰی فُلَانٍ: غضبناک ہونا۔
زُکَّ۔ الرَّجُلُ: بوڑھا ہونا۔ بیماری کی وجہ سے کمزور ہونا۔
اَزَکَّ۔ عَلَی الاَمْرِ: اصرار کرنا — بِرَایِہٖ: — خود رائے ہونا۔
تَزَکَّکَ۔ ساز و سامان لینا یا ہتھیار اُٹھانا
اِزْدَکَّ۔ الزَّرْعُ: سیراب ہونا۔
الزُّکّ۔ فاختہ کا چوزہ۔
الزِّکَّة۔ ہتھیار۔
الزُّکَّة۔ غم و غصہ۔
زَکَأَہٗ (ف) زَکْأً۔ مارنا۔ زَکَأَ الدَّرَاہِمَ: نقد دینا یا جلدی نقد دینا — زَکَأَہٗ حَقَّہٗ: پورا کرنا — اِلَیْہِ: پناہ لینا۔
اِزْدَکَأَ۔ حَقَّہٗ مِنْہُ: حق وصول کرنا۔
رَجُلٌ (زُکَأٌ وزُکَأَةٌ وزُکَّاءٌ) النَّقْدِ: جلدی نقد دینے والا۔
المَزْکَأ۔ جائے پناہ۔
زَکَبَ (ن) زَکْبًا وزُکُوْبًا۔ الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا — المَرْاَةُ: عورت کا ایک ہی مرد میں بچہ کو جننا — المَرْاَةَ: جماع کرنا۔

اِزْوَکَبَ - البحرُ: سمندر کے پانی کا پست زمین میں یا گڑھے میں داخل ہونا۔

اَلزُّکْبَۃ - لڑکا۔ نطفہ۔

زَکَتَ (ن) زَکْتًا و اَزْکَتَ و زَکَّتَ - الاناءَ: برتن کو بھرنا۔

اُزْکِتَتْ - المرأۃُ بغلام: لڑکے کو جننا۔

المزکوت - انڈوں سے بھری ہوئی ٹڈی۔ بھرا ہوا۔ غمگین۔

زَکَرَ (ن) زَکْرًا و زَکَّرَ - الاناءَ: برتن کو بھرنا

زَکِرَ و تَزَکَّرَ - الاناءُ: برتن کا بھر جانا۔

الزُّکْرَۃ - شراب وغیرہ کیلئے چمڑے کا برتن۔ ج۔ زُکَر۔

زَکْزَکَ - الشیخُ: قریب قریب قدم رکھ کر چلنا۔

تَزَکْزَکَ - ہتھیار اٹھانا۔

زَکَمَہٗ (ن) زَکْمًا و اَزْکَمَہٗ - بتلائے زکام کرنا ـــ القربۃَ: مشک بھرنا۔ زَکَمَتْ بہٖ اُمُّہٗ: جننا۔

زُکِمَ - زکام زدہ ہونا۔ صفت (مَزْکُوْم)

الزُّکْمَۃ - زکام۔ اولاد۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ زُکْمَۃُ سُوْءٍ" فلاں کی اولاد غیر صالح ہے۔

الزُّکْمَۃ - اُحدٌ۔ آخری بچہ۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ زُکْمَۃُ وَلَدِ اَبِیْہِ" وہ اپنے باپ کا آخری بچہ ہے

زَکِنَ (س) زَکَنًا - الامرَ: تاڑ جانا۔ سمجھنا۔ گمان کرنا۔ کہا جاتا ہے "زَکِنْتُ اَنَّہٗ رَجُلُ سُوْءٍ" میں نے جانا کہ وہ برا آدمی ہے ـــ مِنْہُ عَداوۃً "کسی کی دشمنی کا علم ہونا (ـــ زُکُوْنًا) اِلَیْہِ: پناہ لینا۔ مل جل جانا۔

زَکَّنَ - گمان کرنا ـــ عَلَیْہِ: مشتبہ کرنا۔

زَاکَنَہٗ - ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "ہٰذا الجیشُ یُزَاکِنُ الالفَیْنِ" یہ لشکر دو ہزار کے قریب ہے ـــ ہٗ: قریب وہم نشین ہونا۔

اَزْکَنَہٗ - الامرَ: جتانا۔ سمجھانا ـــ الشیءَ: صحیح گمان کرنا۔

الزَّکَانۃ والزَّکَانِیۃ - صحیح گمان۔

رَجُلٌ (زَکِنٌ) سمجھدار مرد۔

رَجُلٌ (زِکِّنٌ) اچھی یادداشت والا مرد۔

زَکَا یَزْکُوْ زَکَاءً و زُکُوًّا و زَکِیَ (س) زَکًی - الزرعُ: بڑھنا ـــ الرجلُ: نیک صالح ہونا خوش عیش ہونا۔ زکی ہونا ـــ الارضُ: عمدہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "ہٰذا الامرُ لا یَزْکُوْ بِکَ" یہ تمہارے لائق نہیں۔

زَکّٰی - بڑھنا۔ زائد ہونا۔ پیاسا ہونا۔ ہٗ اللہُ: نشوونما کرنا۔ پاک کرنا۔ صالح بنانا۔ زکوۃ لینا۔ زکّٰی لہٗ: زکوۃ ادا کرنا ـــ نفسَہٗ: خودستائی کرنا۔

اَزْکٰی - الزرعُ: بڑھنا ـــ ہٗ اللہُ: نشوونما کرنا۔

تَزَکّٰی - صدقہ ادا کرنا۔ زکی ہونا ـــ الشیءُ: بڑھنا۔ زیادہ ہونا۔

الزَّکَا - جفت عدد۔ کہا جاتا ہے "اَخَسًا ہٰذا اَمْ زَکًا" یہ طاق ہے یا جفت۔

الزَّکَاۃ - چیز کا عمدہ حصہ۔ زکوۃ۔ صدقہ۔ پاکیزگی۔ ج۔ زکا و زکوات۔

التَّزْکِیَۃ - زکّٰی کا مصدر۔

الزَّاکِی - فا۔ عمدہ نشوونما پانے والا۔ ج زُکَاۃ۔

الزَّکِیّ - اچھی نشوونما پانیوالا۔ ج اَزْکِیَاء مؤنث زکیۃ۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ زَکِیَّۃٌ" عمدہ زرخیز زمین۔

زَلَّ (ض س) زَلًّا و زَلَلًا و زُلُوْلًا و زَلِیْلًا و مَزَلَّۃً و زِلِّیْلٰی و زِلِیْلَاءَ - پھسل کر گرنا ـــ عَنِ الحقِّ او الصوابِ: پھر جانا ـــ عُمْرُہٗ: گذر جانا ـــ (زَلَّ زَلِیْلًا و زُلُوْلًا) جلدی گزرنا۔

زَلَّ زُلُوْلًا - الدرہمُ: کم وزن ہونا۔ صفت (زَالٌّ) ج زَوَالٌّ۔ کہا جاتا ہے "دَرَاہِمُ زَوَالٌّ" کم وزن والے درہم۔

زَلَّ (س) زَلَلًا - ہلکے سرین والا ہونا۔

صفت (اَزَلُّ) مؤنث زَلّاء ج زُلّ۔

اَزَلَّہٗ - پھسلانا۔ لغزش کرانا۔ کہا جاتا ہے۔ "اَزَلَّ اِلَیْہِ نِعْمَۃً" اس نے اس کے ساتھ بہتر سلوک کیا اور نعمت دی۔ "اَزَلَّ اِلَیْہِ مِنْ حَقِّہٖ شَیْئًا" اس نے اس کو اپنے حق میں سے کچھ دیا۔ "اَزَلَّہٗ اِلَی القومِ" اس نے اس کو قوم کے سامنے پیش کیا۔

اِسْتَزَلَّہٗ - پھسلانا۔ لغزش کرانا۔

المَزَلّ - پھسلنے کی جگہ (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "مکانٌ زَلٌّ وارضٌ زَلٌّ"۔

الزَّلَل - مص - گناہ کا ارتکاب۔ کہا جاتا ہے "اَسْتَغْفِرُ اللہَ مِنْ زَلَلِیْ" میں اللہ سے اپنے ارتکاب گناہ کی مغفرت طلب کرتا ہوں۔ پھسلنے کی جگہ (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "فِیْ مِیْزَانِہٖ زَلَلٌ" اس کی ترازو میں نقصان ہے۔

الزَّلَّۃ - زَلَّ کا اسم مرۃ۔ ایک مرتبہ گرنا۔ گناہ ولیمہ۔ دلہن۔ خوراک جو دوست یا رشتہ دار کے دسترخوان سے اٹھایا جائے۔ ج زَلَّات۔

الزَّلَّۃ - چمکیلے پتھر واحد زَلٌّ۔

الزُّلَّۃ - احسان۔ ذمہ۔

مَاءٌ زُلَالٌ و زَلُوْلٌ و زَلِیْلٌ و زُلَازِلٌ) صاف میٹھا خوشگوار پانی۔ الزُّلَال: بہت پھسلنے والا الزَّلِیْل: فالودہ۔ ہلکی چال۔

الاَزَلّ - تیز رفتار۔ ہلکے سرینوں والا۔ مؤنث زَلّاء ہو قوسٌ زلّاء: کمان جس کی تیر جلد نکل جائے

المَزَلَّۃ والمِزَلَّۃ - پھسلنے کی جگہ ج مَزَالّ

المِزْلَال - فا - بہت بھلائی کرنے والا۔

زَلِبَ (س) زَلَبًا - بہٖ: لازم رہنا۔ چپٹ رہنا۔ جدا نہ ہونا۔

الزَّلَبَۃ - لقمہ۔ تیر۔

الزَّلَابِیَۃ - جلیبی۔

زَلَجَ (ض) زَلْجًا و زَلِیْجًا و زَلَجَانًا - تیزی سے چلنا۔

زَلَجَ (ن) زَلْجًا و اَزْلَجَ - البابَ: دروازہ کو مزلاج سے بند کرنا (دیکھئے مزلاج)

زَلَجَ (ن) زَلَجَانًا ۔ فُلَانًا : آگے ہونا۔
زَلِجَ (س) زُلُوجًا و تَزَلَّجَ ۔ پھسلنا۔ اور اسی سے مَزْلَجٌ ہے۔ اُن سواریوں کو کہتے ہیں جن میں پہیے نہیں ہوتے اور برف پر پھسلتی ہیں ج مَزَالِج۔ زَلَجَ الْكَلَامُ مِنْ فِيهِ : بات کا منہ سے نکل پڑنا ۔۔ الْمَاءُ عَنِ الْحَنْجَرَةِ : پانی کا حلق سے پیٹ میں اُتر جانا۔
زَلَّجَ ۔ الْكَلَامَ : لوگوں میں مشہور کرنا۔
۔۔ عَيْشَهٗ : تھوڑی سی چیز پر زندگی بسر کرنا۔
تَزَلَّجَ ۔ الشَّيْءُ : پھسلنا۔ کہا جاتا ہے۔ "تَزَلَّجَ سَهْمٌ عَنِ الْقَوْسِ" تیر کمان سے پھسل گیا۔
۔ بِنَبِيذٍ : نبیذ پینے پر اصرار کرنا۔
مَكَانٌ (زَلَجٌ و زَلَجٌ و زَلِيجٌ) پھسلنے کی جگہ
الزَّالِج ۔ فا ۔ مصیبتوں سے نجات پانیوالا بہت پینے والا۔ سَهْمٌ زَالِجٌ : تیر جو زمین پر پھسلتا ہوا جائے۔
الزَّلُوج ۔ تیز رفتار۔ سَهْمٌ زَلُوجٌ : کمان سے پھسلنے والا تیر۔ قَدَحٌ زَلُوجٌ : ہاتھ سے پھسل جانیوالا پیالہ۔ عَقَبَةٌ زَلُوجٌ : دور دراز لمبی گھاٹی۔
الزُّلُج ۔ چکنی چٹانیں۔
نَاقَةٌ (زَلِجَى و زَلِيجَة) تیز رفتار اونٹنی۔
الزِّلَاج و الْمِزْلَاج و الْمِزْلَاخ ۔ ایک قسم کا تالا جو بغیر کنجی کے کھل جاتا ہے۔
الْمُزَلَّج ۔ کم بخیل ۔ قوم میں اجنبی آدمی۔ بے مروت ۔ ہر چیز کا گھٹیا۔
زَلَحَ (ت) زَلْحًا و تَزَلَّحَ ۔ چکھنا۔
الزَّلْح ۔ باطل ۔ کہا جاتا ہے "أَمْرٌ زَلْحٌ" امر باطل۔
الزُّلُح ۔ بڑے کشادہ پیالے۔
تَزَلْحَبَ ۔ عَنْهُ : پھسلنا۔
زَلْحَفَ ۔ علیحدہ کرنا۔
تَزَلْحَفَ و ازْلَحَفَّ ۔ علیحدہ ہونا۔
الزُّلْحُفَة ۔ کچھوا (سلحفاۃ کی تحریف ہے)
الزَّلَحْلَح ۔ ہلکا پھلکا مرد۔
الزَّلَحْلَحَة ۔ پھلکا چپاتی ۔ لگن۔
زَلِخَ (س) زَلَخًا ۔ موٹا ہونا۔
زَلَخَ (ض) زَلْخَانًا و زَلَخَانًا ۔ الرَّجُلُ : چلنے میں آگے ہونا ۔۔ رِجْلُهٗ : پھسلنا۔
زَلَخَ (ض ن) زَلْخًا ۔ فُلَانًا بِالرُّمْحِ : بھونکنا ۔۔ رَأْسَهٗ : زخمی کرنا۔
زَلَّخَهٗ ۔ چکنا و ہموار کرنا۔
أَزْلَخَ ۔ الْبَابَ : دروازہ کو مزلاج سے بند کر دینا (دیکھئے مزلاج)
تَزَلَّخَ ۔ پھسلنا۔
مَكَانٌ (زَلَخٌ و زَلِخٌ) پھسلنے کی جگہ۔
الزَّلُوخ ۔ تیز رفتار۔ بِئْرٌ زَلُوخٌ : کنواں جس کے من پر پھسلن ہو۔
الزُّلَّخَة ۔ بچوں کے پھسلنے کی جگہ۔
زَلْدَبَ زَلْدَبَةً ۔ اللُّقْمَةَ : لقمہ نگلنا۔
زَلِزَ (س) زَلَزًا ۔ بے قرار ہونا۔
الزَّلَز و الزَّلِز ۔ سامان خانہ ۔ آئیکا راستہ
زَلْزَلَ زَلْزَلَةً و زِلْزَالًا و زَلْزَالًا و زُلْزَالًا اللّٰهُ الْأَرْضَ : بھونچال لانا ۔ ہ : ڈرانا خوف دلانا ۔۔ الْإِبِلَ : اونٹ کو سختی سے ہانکنا۔
تَزَلْزَلَتِ ۔ الْأَرْضُ : بھونچال ہونا۔
نَفْسُهٗ : موت کے وقت جان کا گھونگھرو میں بولنا۔
الزَّلْزَلَة ۔ مع ۔ بھونچال ۔ ج زَلَازِل۔
الزَّلَازِل : سختیاں ۔ ہولناک چیزیں۔
الزُّلْزُل ۔ ماہر طبلچی ۔ نقارچی ۔ غُلَامٌ زُلْزُلٌ : ہلکا پھلکا لڑکا۔
الزَّلْزَل ۔ سامانِ خانہ۔
الزُّلْزُول ۔ سبک ظریف ۔ سبکی ۔ جنگجو بھی
الزَّلْط ۔ تیز چال۔
الزَّلِيط ۔ جلدی حلق سے اُترنیوالا لقمہ (مولد)
زَلَعَ (ف) زَلْعًا ۔ الشَّيْءَ : فریب سے چھینا۔
۔۔ رِجْلَهٗ : جلانا ۔۔ الْمَاءَ مِنَ الْبِئْرِ : پانی نکالنا ۔۔ رَأْسَهٗ : سر پھاڑنا ۔ تم کہتے ہو "زَلَعْتُ لَهٗ مِنْ مَالِي زَلْعَةً" میں نے اپنے مال میں سے ایک حصہ دیا
زَلِعَتْ (س) زَلَعًا و زُلُوعًا و تَزَلَّعَتْ ۔ قَدَمُهٗ : قدم کے ظاہر یا باطن کا پھٹنا ۔۔ كَفُّهٗ : اوپر سے پھٹنا ۔۔ الْجُرْحُ : خراب ہونا تَزَلَّعَ رِيشُهٗ : پر کا گر جانا۔
زَلَعَتْ (ن) زُلُوعًا ۔ الشَّمْسُ : آفتاب طلوع ہونا ۔۔ النَّارُ : آگ کا بلند ہونا۔
أَزْلَعَهٗ ۔ فِي الشَّيْءِ : کسی چیز کا لالچ دلانا۔
إِزْدَلَعَ ۔ الشَّيْءَ : فریب سے چھینا۔
حَقَّهٗ : کسی کا حق کاٹ لینا ۔۔ الشَّجَرَةَ : درخت کاٹنا۔
الزَّلَعَة ۔ خراب شدہ زخم۔
الْأَزْلَع ۔ پھٹی ہوئی ایڑیوں والا۔
الزَّيْلَع ۔ چھوٹی کوڑیوں کی ایک قسم۔
الْمُزَلَّع ۔ پھٹے ہوئے پیروں والا۔
إِزْلَعَبَّ ۔ السَّحَابُ : گھرا گھرنا۔
سَيْلٌ (مُزْلَعِبٌّ) بڑا سیلاب۔
زَلَغَ (ن) زُلُوغًا ۔ النَّجْمُ : ستارہ طلوع ہونا ۔۔ النَّارُ : آگ کا بلند ہونا۔
تَزَلَّغَتْ ۔ رِجْلُهٗ : پھٹنا ۔ (جید لغت تزلعت ہے)
إِزْلَغَبَّ ۔ الْفَرْخُ : چوزہ کے پر نکلنا ۔۔ الشَّعْرُ : مونڈنے کے بعد اُگنا۔
زَلَفَ (ن) زَلْفًا و زَلَفًا و زَلِيفًا و تَزَلَّفَ و ازْدَلَفَ ۔ آگے ہونا ۔ قریب ہونا۔
زَلَفَ (ن) زَلْفًا و زَلَّفَ ۔ الشَّيْءَ : آگے کرنا ۔ زَلَّفَ فِي الْكَلَامِ : زیادہ کرنا۔
أَزْلَفَهٗ ۔ نزدیک کرنا ۔۔ الْأَشْيَاءَ : جمع کرنا ۔۔ الدَّلِيلُ الْقَوْمَ : رہبر کا قوم کو آگے بڑھنے پر برانگیختہ کرنا۔
الزَّلَف و الزُّلَف و الزُّلْفَى ۔ نزدیکی ۔ درجہ ۔ مرتبہ۔
الزَّلَف ۔ باغ۔
الزُّلْفَة ۔ نزدیکی ۔ درجہ ۔ مرتبہ ۔ رات کا ایک حصہ ۔ بڑا پیالہ ۔ ج زُلَف و زُلُفَات و زُلْفَات اور بقول بعض الزُّلَف بمعنے رات دن ملنے کے اوقات۔
الزَّلَفَة ۔ بھرا ہوا حوض ۔ سیپی ۔ کپڑے دھونے

کا طشت۔ بڑا پیالہ۔ چکنا پتھر۔ سخت یا جھاڑو دی ہوئی زمین۔ باغ۔ ج زُلَف۔ العَقَبَةُ (الزَّلُوف) دور دراز گھاٹی۔

المَزْلَفَة۔ آبادی جو بیابان اور کشت زار کے درمیان ہو۔ ج مَزَالِف۔ المَزَالِف: کوچ کرنے کی جگہیں۔ واحد مَزْلَفَة۔

زَلِقَتْ۔ (س) و زَلَقَتْ (ن) زَلَقًا۔ القَدَمُ: قدم پھسلنا۔ بمکانہٖ: طول ہو کر علیحدہ ہونا۔ زَلَقَہٗ (ض) زَلْقًا و زَلَّقَہٗ و أَزْلَقَہٗ: پھسلانا۔ عَنْ مَكَانِہٖ: دور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ رَأْسَہٗ: سر مونڈنا۔ زَلَّقَ المَوْضِعَ: پھسلنے والی جگہ بنانا۔ زَلَّقَ بَدَنَہٗ: بدن پر تیل لگانا۔ أَزْلَقَہٗ و زَلَّقَہٗ بِبَصَرِہٖ: غصہ کی وجہ سے تیز نظر سے دیکھنا۔ أَزْلَقَتِ الفَرَسُ: گھوڑی کا ناتمام بچہ گرانا۔

تَزَلَّقَ۔ اس طرح بننا سنورنا کہ چہرے کی رونق بڑھ جائے۔

الزَّلْقُ والزَّلَقُ والزَّلِقُ والزَّلَّاقَة۔ پھسلن کی جگہ۔ أَرْضٌ زَلَقٌ: چکنی سپاٹ زمین جس میں کچھ نہ ہو۔

الزَّلِقُ۔ وہ شخص جس کو جماع کرنے میں دخول سے پہلے انزال ہو جائے۔

الزَّلَقَة۔ چکنی چٹان۔ آئینہ۔ نَاقَةٌ (زَلُوقٌ) تیز رفتار اونٹنی۔ عَقَبَةٌ زَلُوقٌ: دُور دراز گھاٹی۔

الزَّلِيقُ۔ ناتمام گرا ہوا بچہ۔

الزُّلَّيقُ۔ ایک قسم کا شفتالو۔ واحد زُلَّيقَة۔

المِزْلَاق۔ ایک قسم کا تالا جو بغیر کنجی کے کھل جاتا ہے۔ ناتمام بچہ گرانے والی گھوڑی۔

المَزْلَقُ وَالمَزْلَقَة۔ پھسلن کی جگہ۔

الزُّلْقُوم۔ کلا۔

زَلَمَ (ن) زَلْمًا۔ خطا کرنا۔ الإِنَاءَ: برتن بھرنا۔ الأَنْفَ: ناک کاٹنا۔ العَطَاءَ: کم دینا۔

زَلَّمَہٗ۔ نرم کرنا۔ ہموار کرنا۔ الرَّحَى: چکی کو گھمانا اور کناروں سے پکڑنا۔ العَطَاءَ: کم دینا۔ الغِذَاءَ: بُری خوراک دینا۔

اِزْدَلَمَ۔ الشَّيْءَ: کاٹنا۔ جڑ سے کاٹنا۔

اِزْلَأَمَّ اِزْلِئْمَامًا۔ الشَّيْءُ: سیدھا کھڑا ہونا۔ القَوْمُ: جلدی کوچ کرنا۔ اِزْلَأَمَّتِ الضُّحَى: چاشت کے وقت کا روشن ہونا۔

الزَّلَم۔ کھُر یا اُس کا پچھلا۔ بے پر کا تیر۔ ج أَزْلَام: فال نکالنے کا تیر۔ الزَّلَم: ایک قسم کی بوٹی جس کے پھل پھول نہیں ہوتے اور اس کی جڑیں زمین کے بہت اندر اور گرہ دار ہوتی ہیں جس میں چوڑے تخم ہوتے ہیں۔ اور عوام کے نزدیک حب العزیز کے نام سے مشہور ہے۔

الزَّلْمَة والزُّلْمَة والزَّلَمَة۔ ہیئت وقد۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ العَبْدُ زُلْمَةً" وہ غلام کے مشابہ ہے۔

الزَّلَمَة۔ بکری کے کان کا کٹا ہوا ٹکڑا جو لٹکتا ہے۔

زَلُّومَة۔ الإِبْرِيقِ عِنْدَ العَامَّةِ: ٹونٹی۔ فصیح لفظ بُلبُل ہے۔

المُزَلَّم۔ پستہ قد۔ سبک چست۔ ظریف۔ المُزَلَّم والزَّلِيم۔ مِنَ السِّهَامِ: عمدہ بنا ہوا تیر۔

المُزَلَّم وَالأَزْلَم۔ کٹے ہوئے کان والا۔

الزَّلْمَاء۔ الأَزْلَم کا مؤنث۔ مادہ شکرا۔ پہاڑی بکری۔ عمدہ بنایا ہوا تیر۔

زَمَّہٗ (ن) زَمًّا۔ باندھنا۔ القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔ زَمَّ البَعِيرُ بِأَنْفِہٖ: ناک میں تکلیف کی وجہ سے سر اُٹھانا۔ الرَّجُلُ بِرَأْسِہٖ: سربلند کرنا۔ بِأَنْفِہٖ: تکبر و گردن کشی کرنا۔ القَوْمَ: رفتار میں قوم سے آگے بڑھنا (— و زَمَّمَ) الجِمَالَ: اونٹ کے نکیل ڈالنا۔ زَمَّ النَّعْلَ: جوتہ میں تسمہ لگانا۔ الذِّئْبُ السَّخْلَةَ: بھیڑیئے کا بکری کے بچہ کو سر اونچا کر کے لے جانا۔

زَمَتِ (ن) زُمُومًا۔ القِرْبَةُ: مشک کا بھرنا — نَابُ البَعِيرِ: اونٹ کے دانت نکلنا۔ (— زَمِيمًا) الزُّنْبُورُ: بھڑ کا بھنبھنانا۔

أَزَمَّ۔ النَّعْلَ: جوتہ میں تسمہ لگانا۔

زَامَّہٗ مُزَامَّةً۔ تکبر کرنا۔ زَامَمْتُ فُلَانًا: مقابلہ کرنا۔

اِنْزَمَّ۔ بندھنا۔

اِزْدَمَّ۔ تکبرت سربلند کرنا — الذِّئْبُ السَّخْلَةَ: بھیڑیئے کا بکری کے بچہ کو سربلند کر کے لیجانا۔

الزِّمَام۔ جس سے کوئی چیز باندھی جائے۔ مہار۔ باگ۔ نکیل۔ لگام۔ ج أَزِمَّة۔ زِمَامُ النَّعْلِ: جوتے کا تسمہ۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ زِمَامُ قَوْمِہٖ" وہ اپنی قوم کا سردار و چودھری ہے۔ "ہُوَ زِمَامُ الأَمْرِ" یعنی اس پر کام کا دار و مدار ہے "أَلْقَوْا فِي يَدِہٖ زِمَامَ الأَمْرِ" لوگوں نے اپنا معاملہ اس کے ہاتھ میں دیدیا کہ جس طرح چاہے فیصلہ کرے۔ "ہُوَ عَلَى زِمَامِ أَمْرِہٖ" وہ اپنے کام کے پورا ہونے کے قریب ہے۔ "ہُوَ يَصْرِفُ أَزِمَّةَ الأُمُورِ" وہ جس طرح چاہتا ہے امور میں تصرف کرتا ہے۔

الزَّامّ۔ فا۔ رَجُلٌ زَامٌّ: گھبرانیوالا مرد ج زُمَّ۔ کہا جاتا ہے۔ "دَارِي مِنْ دَارِہٖ (زَمَمٌ)" میرا گھر اس کے گھر کے قریب ہے۔ "أَمْرُ القَوْمِ زَمَمٌ" قوم کے معاملے قریب قریب ہیں۔ "وَجْہِي زَمَمَ بَيْتِہٖ" میرا چہرہ اس کے گھر کے مقابل ہے

الزُّمَّام۔ اونچی گھاس۔

الإِزْمِيم۔ مہینے کے آخر کا چاند۔

زَمُتَ (ک) زَمَاتَةً وتَزَمَّتَ۔ سنجیدہ و صاحب وقار ہونا۔ صفت (زَمِيت) ج زُمَتَاءُ و (زِمِّيت)

زَمَتَہٗ (س) زَمْتًا۔ گلا گھونٹنا۔

زَمَجَ (ن) زَمْجًا۔ القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔ عَلَيْہِمْ: بغیر بلائے ہوئے آکر کھانا۔

زَمِجَ (س) زَمَجًا۔ غضبناک ہونا۔ صفت (زَمِج) کہا جاتا ہے۔ أَخَذَہٗ (بِزَأْمَجِہٖ) یعنی اُس نے سارا لے لیا۔

الزُّمَّج۔ عقاب سے چھوٹا ایک سرخ رنگ کا شکاری پرندہ۔ ج زَمَامِيج۔ زُمَّجُ المَاءِ:

ایک آبی پرندہ جو صرف مچھلی کھاتا ہے۔
الزِمِجیُّ۔ پرندہ کی دُم کی جڑ۔
زِمِجّۃُ۔ الظَّلِیمِ: شترمرغ کی چونچ۔
المُزْمَئِج۔ غضبناک۔
زَمْجَرَ زَمْجَرَۃً۔ شور مچانا (— وتَزَمْجَرَ) الاَسَدُ: شیر کا چنگھاڑنا۔
اِزْمَجَرَّ۔ آواز کرنا۔
الزَّمْجَرَۃُ۔ مـ۔ بانسری۔ زَمْجَرَۃُ کُلِّ شَیئٍ: ہر چیز کی آواز۔ ج زَمَاجِرُ و زَمَاجِیرُ۔
الزَّمْجِیلُ۔ چیتا۔
الزِّمِّحُ الزُّوْمَحُ۔ کمینہ۔ پستہ قد۔ بدصورت۔ کالے رنگ کا۔ بدصورت وشریر۔
الزَّامِحُ۔ پھوڑا۔
الزِّمِخُنُّ۔ مرد بدخلق بخیل۔
زَمَخَ (ن) زَمْخًا۔ تکبر کرنا۔ صفت (زَامِخٌ) ج زُمَّخٌ۔
عَقَبَۃٌ (زَمُخٌ وزَمُوخٌ) دور دراز وسخت گھاٹی۔
زَمْخَرَ۔ النَّمِرُ: چیتے کا غصہ سے دہاڑنا۔ — العُشْبُ: شگوفہ والا ہونا اور بڑھنا۔ (— وازْمَخَرَّ) الصَّوتُ: آواز کا تیز ہونا۔
تَزَمْخَرَ۔ النَّمِرُ: چیتے کا غضبناک ہونا اور دہاڑنا۔
الزَّمْخَرُ۔ بڑی بانسری۔ بہت گنجان درخت۔ رَجُلٌ زَمْخَرٌ: عالی مرتبہ مرد (— والزَّمْخَرِیُّ) کھوکھلی۔ ہڈی۔
الزَّمْخَرَۃُ۔ زانیہ عورت۔ زَمْخَرَۃُ الشَّبَابِ: بھرپور جوانی — الشَّجَرِ: درخت کا گنجان ہونا
الزِّمْخِیرُ۔ تھوڑا۔
زَمَرَ (ض ن) زَمْرًا وزَمِیرًا۔ بانسری بجانا — بِالحَدِیثِ: بات پھیلانا (— زَمْرًا) القِرْبَۃَ: مشک بھرنا — فُلَانًا بِفُلَانٍ: اکسانا۔ بھڑکانا (زَمَرَ (ض) زَمْرًا) الظَّبْیُ: ہرن کا بھاگنا۔ بدکنا (— زِمَارًا) النَّعَامُ: شترمرغ کا آواز کرنا۔

زَمِرَ (س) زَمَرًا۔ کم بالوں والا ہونا۔ بے مروت ہونا — الشَّاۃُ: کم اون والی ہونا۔
زَمَّرَ۔ بانسری بجانا — القِرْبَۃَ: مشک بھرنا۔
اِزْمَارَّ۔ غصہ سے سرخ آنکھوں والا ہونا۔
اِسْتَزْمَرَ۔ الرَّجُلُ عِنْدَ الہَوَانِ: ذلت کی وجہ سے منقبض ہونا۔
الزَّمْرُ۔ مـ (— والزَّمَرُ) آواز۔ ج زُمُورٌ
الزَّمِرُ۔ بانسری بجانے والا۔ غِنَاءٌ زَمِرٌ: عمدہ گانا۔ کم بالوں یا کم اون والا۔ کم مروت والا۔ مؤنث زَمِرَۃٌ۔ عَطِیَّۃٌ زَمِرَۃٌ: تھوڑی دادودہش۔
الزِّمَارُ۔ مـ۔ شترمرغ کی آواز۔
الزِّمِرُّ۔ سخت ودرشت۔
الزِّمِّیرُ۔ مـ۔ پستہ قد۔ ج زَمَامِیرُ (— والزُّمُّورُ) خوبصورت لڑکا۔ غِنَاءٌ زِمِّیرٌ: عمدہ گانا۔
الزِّمِّیرُ والزُّمَّیرُ۔ ایک قسم کی مچھلی جس کی پیٹھ پر کھڑے کانٹے ہوتے ہیں۔
الزَّمَّارُ۔ بانسری بجانے والا۔
الزَّمَّارَۃُ۔ بانسری۔ زَمَّارَۃُ الرَّاعِی: ایک قسم کی نباتات۔
الزُّمْرَۃُ۔ گروہ۔ جماعت۔ فوج۔ ج زُمَرٌ
الزَّوْمَرُ۔ گروہ۔ خوبصورت لڑکا۔
الزَّمَارَۃُ والزُّمُورَۃُ۔ کم مروتی۔
الزِّمَارَۃُ۔ بانسری بجانے کا پیشہ۔
المِزْمَارُ۔ بانسری (— المَزْمُورُ والمُزْمُورُ) گیت۔ ج مَزَامِیرُ۔ مَزَامِیرُ دَاوُدَ: حضرت داؤد علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعا۔ اور اس کے مجموعہ کا نام زبور ہے۔
الزُّمُرُّدُ والزُّمُرُّذُ۔ ایک سبز رنگ کا بیش قیمت پتھر۔ واحد (زُمُرُّدَۃٌ)
زَمْزَرَ۔ الوِعَاءَ: برتن کو اچھی طرح سے بھرنے کے لئے ہلانا۔
زَمْزَمَ زَمْزَمَۃً۔ الشَّیئُ: دور سے گنگناہٹ سنائی دینا — النَّارُ: آگ کے بھڑکنے میں آواز نکلنا — المُغَنِّی: سُر سے گانا۔ العُلُوجُ: عجمی کافروں کا کھانے کے وقت حلق یا نتھنوں سے آواز نکالنا اور ایک کا دوسرے کے مفہوم کو سمجھنا۔ زَمْزَمَہٗ: بکھری ہوئی چیز کو جمع کرنا — الشَّیئَ: حفاظت کرنا۔
تَزَمْزَمَ۔ الجَمَلُ: بڑبڑانا۔ تَزَمْزَمَتْ بِہٖ شَفَتَاہُ: حرکت کرنا۔
مَاءٌ (زَمْزَمٌ وزَمْزَامٌ وزُمْزُمٌ وزُمَازِمٌ) بہت پانی۔ کچھ کھاری پانی۔ زَمْزَمُ: کعبہ معظمہ حرسہا اللہ کے نزدیک ایک کنوئیں کا نام۔
الزَّمْزَمَۃُ۔ مـ۔ بادل کی گرج۔ آگ کے بھڑکنے کی آواز۔ شیر کی گونج۔ ج زَمَازِمُ۔
الزِّمْزِمَۃُ۔ اونٹوں یا آدمیوں کا گروہ: ج زَمَازِمُ و زِمَزِمٌ۔
الزُّمْزُومُ والزَّمْزَمُ والزِّمْزِمُ مِنَ الاِبِلِ: عمدہ اونٹوں کی جماعت۔ اونٹوں کا گلہ۔ ج زَمَازِیمُ
زَمِعَ (س) زَمَعًا۔ مِنْہُ: سرگشتہ وحیران ہونا۔ گھبرانا۔
زَمَعَ (ف) زَمْعًا وزَمَعَانًا۔ الاَرْنَبُ: خرگوش کا تیز چلنا۔ آہستہ آہستہ چلنا۔
اَزْمَعَ وزَمَّعَ۔ الاَمْرَ وعَلَیْہِ وبِہٖ: ثابت قدم رہنا۔ پختہ ارادہ کرنا۔ وأَزْمَعَ الکَرْمُ: انگور کی شاخوں کا گرہ دار ہونا۔ زَمَّعَ الزُّنْبُورُ: بھڑ کا بھنبھنانا۔ اَزْمَعَتِ الاَرْنَبُ: خرگوش کا ہلکا پھلکا ہونا اور تیز دوڑنا۔
الزَّمَعُ۔ مـ۔ چھوٹی تنگ نالیاں۔ کمینے و رذیل لوگ۔ کہا جاتا ہے ہُوَ مِنَ الرَّعَاعِ والزَّمَعِ وہ پست اور ادنی لوگوں میں سے ہے۔ انگور کی شاخ کی گرہ۔ آہستہ سیلاب۔ انگلی کی مقدار معتاد سے زائد بیقراری۔ کسی کام کے سوچنے کے وقت کی کپکپی ج اَزْمَاعٌ (— والزَّمَاعُ) پختہ ارادہ۔
الزُّمْعَۃُ۔ ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے اَرْضٌ فِیْہَا زُمَعٌ

مِنَ النَّبتِ" زمین کہ اس میں گھاس کا ایک ٹکڑا ہے۔

الزَّمَعَۃ - ج زَمَع وزِمَاع: بکری یا ہرن کی ٹانگ میں پچھلی جانب کے لٹکے ہوئے بال۔ — ج اَزْمَاع: چھوٹا ٹیلہ۔

الزَّمِعُ: خسیس۔ جلدی غصہ میں آجانے والا۔

الزُّمَّعُ - بے ڈنک کی بھڑ۔ وہ شخص جو اپنی ضروریات میں چست نہ ہو۔

الزَّمَّاعَۃ - دبر۔

الزَّمِیعُ - پختہ ارادہ والا بہادر۔ عمدہ رائے والا۔ ج زُمَعَاء (— والزَّمُوعُ) جلد باز۔

الاَزْمَعُ - چالاک مرد۔ مکروہ بات۔ ج اَزَامِع - رَجُلٌ اَزْمَعُ: زائد انگلی والا مرد۔

المُزْمِعُ - فا- ثابت قدم پختہ ارادہ والا۔

زَمَقَ (ن ض) زَمْقًا- القُفلَ: تالا کھولنا۔ — اللِّحیَۃَ: داڑھی نوچنا۔ صفت مفعولی۔ (زَمِیقَۃٌ ومَزْمُوقَۃٌ) کہا جاتا ہے "مَا اَغنٰی عَنہُ زَمَقَۃً" یعنی اس نے کچھ فائدہ نہیں دیا۔

زَمَكَ (ن) زَمْكًا: چپ رہنا (— وزَمَّكَ) القِربَۃَ: مشک بھرنا۔ زَمَكَ عَلَیَّ: بھڑکا بھڑکا کر غصہ دلانا۔

اِزْمَاَكَّ - سخت غضبناک ہونا۔

الزَّمَكُ - سخت غصہ۔ کسی چیز کا آپس میں گتھ جانا۔

الزَّمَكَۃ - مِنَ الرِّجالِ: جلدی غضبناک ہونے والا۔ بیوقوف۔ پستہ قد۔ ج الزَّمَكُون:

الزِّمِكّی والزِّمِكُّ - پرندہ کی دم یا اس کی جڑ۔

زَمَلَ (ن ض) زِمَالاً- الاَعرَجُ: لنگڑے کا ایک جانب جھکے ہوئے دوڑنا۔

زَمَلَتْ (ن) زَمْلاً وزَمَلاً وزِمَالاً وزَمَلاَنًا- الدَّابَّۃُ: نشاط کی وجہ سے لنگڑاتے ہوئے چلنا (— زُمُولاً) القَوسُ: کمان کی آواز نکلنا (— زَمْلاً) الرَّفِیقَ: اپنے پیچھے سوار کرانا — الرَّجُلَ: پیروی کرنا — الشَّیْءَ: لادنا

زَمَّلَ - الشَّیْءَ: چھپانا — الشَّیْءَ بِثَوبِہٖ او فی ثَوبِہٖ: لپیٹنا۔

زَامَلَ - الرَّفِیقَ: محمل میں ایک جانب سوار کرانا۔

تَزَمَّلَ وازَّمَّلَ وازْدَمَلَ - بِثَوبِہٖ: لپٹنا۔ اِزْدَمَلَ الحِمْلَ: ایک دفعہ میں لادنا۔

الزِّمْلُ - جانور پر پیچھے سوار ہونیوالا ساتھی۔ بوجھ۔

الزَّمَلُ والزَّمَلَۃ والاَزْمَلَۃ - عیال۔ بال بچے۔

الزِّمِلُ والزُّمَّلُ والزُّمَیْلُ والزُّمَیْلَۃ والزُّمُلُّ والزُّمَّالُ والزِّمَالَۃ والزُّمَّیْلُ والزُّمَّیْلَۃ - کمزور۔ بزدل۔

الزُّمْلَۃ - ساتھی لوگ۔ جماعت۔ گروہ

الزَّامِلَۃ - الزَّامِلُ کا مونث۔ باربرداری کا جانور۔ ج زَوَامِل۔

الزَّمِیلُ - جانور پر پیچھے سوار ہونے والا ساتھی۔ آج کل کی زبان میں پیشہ میں شریک کے لئے مستعمل ہے۔

الاَزْمَلُ - مخلوط آواز۔ ج اَزَامِل اَزَامِیل، تمام۔ سارا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ الشَّیْءَ بِاَزْمَلِہٖ وبِاَزْمُلِہٖ" اس نے چیز کو بتمامہ لے لیا۔

الاِزْمَلُّ - بزدل۔ کمزور۔

الاَزْمَلَۃ - کمان کی آواز۔ تمام سارا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَہٗ بِاَزْمَلَتِہٖ" اس نے ساری چیز لے لی۔ اور کہا جاتا ہے "لَہٗ عِیَالٌ اَزْمَلَۃٌ" اُس کے بہت بال بچے ہیں۔

الاُزْمُولَۃ والاِزْمَوْلَۃ - آواز کرنے والا پہاڑی بکرا یا ہرن وغیرہ۔

الاِزْمِیلُ - رانپی چھینی۔ ہتھوڑا۔ مضبوط مرد۔ کمزور مرد۔ (ضد)

المُزَّمِّلُ والمُتَزَمِّلُ - کپڑوں میں لپٹنے والا۔

المُزَمَّلَۃ - المُزَمَّلُ کا مونث۔ پانی سرد کرنے کا گھڑا یا مٹکا۔

زَمِنَ (س) زَمَنًا وزُمْنَۃً - لنجا ہونا۔

اَزْمَنَ - الشَّیْءُ: دیر تک باقی رہنا — ہ اللّٰہُ: لنجے پن میں مبتلا کرنا — بِالمَکَانِ: مدت تک اقامت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَزْمَنَ عَنّی عَطَاؤُكَ"

الزَّمَنُ - ج اَزْمَان واَزْمُن و (الزَّمَان) ج اَزْمِنَۃ و (الزَّمَنَۃ) وقت۔ اَزْمِنَۃُ السَّنَۃِ: سال کی چاروں فصلیں۔ بہار۔ گرمی۔ برسات جاڑا۔ زَمَنٌ (زَامِنٌ) سخت زمانہ۔

الزَّمَانَۃ - آفت۔ لنجاپن۔ قوتوں کی بے حسی۔ محبت۔

الزَّمِنُ - ج زَمِنُون و (الزَّمِین) ج زَمْنٰی وزَمْنَۃ: لنجا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ زَمِنُ الرَّغبَۃِ" فلاں کمزور خواہش والا ہے۔

عَامَلَہٗ (مُزَامَنَۃً) اس نے اس سے کچھ وقت کے لئے معاملہ کیا۔

المُزْمِنُ - فا- مَرَضٌ مُزْمِنٌ: پرانا مرض۔

زَمِہَ (س) زَمَهًا- الحَرُّ: گرمی تیز ہونا۔ — الرَّجُلُ بِالحَرِّ: گرمی تیز لگنا۔

زَمِهَتْ (س) زَمَهًا- الشَّمسُ الرَّجُلَ: تیز دھوپ لگنا۔

زَمْهَرَتِ - العَینُ: آنکھ کا غصہ سے سرخ ہونا۔

اِزْمَهَرَّ - الیَومُ: سخت سردی والا ہونا۔ — الوَجہُ: چہرہ کا بگڑنا — الکَوَاکِبُ: ستاروں کا چمکنا — العَینُ: آنکھ کا غصہ سے سرخ ہونا۔

الزَّمْهَرِیرُ - سخت سردی۔

المُزْمَهِرُّ - سخت غضبناک، ہنسنے والا۔

اِزْمَهَلَّ - المَطَرُ: برسنا — الثَّلجُ: برف کا پگھلنے کے بعد بہنا۔

زَنَّ (ن) زَنًّا- عَصَبُہٗ: پٹھے کا خشک ہونا۔ — الرَّجُلُ: ڈھیلے جوڑوں والا ہونا (زَنَّہٗ وازَنَّہٗ) بِخَیرٍ او شَرٍّ: نیک یا بدگمان کرنا — بِکَذَا:

تہمت لگانا۔
زَنَّنَ۔ الرَّجُلُ: ہمیشہ ماش کھانا۔
الزِنّ۔ ماش۔
الزَّنَن۔ تنگ۔ مَاءٌ زَنَنٌ: تھوڑا پانی۔
ظِلٌّ (زِنَان) تھوڑا سایہ۔
حِنْطَۃٌ (زِنِّیَّۃٌ) گیہوں جس کو بارش کے علاوہ پانی دیا گیا ہو۔
الزِنِّین۔ پاخانہ یا پیشاب روکنے والا۔
اَبُوْزَنَّۃ۔ لنگور۔
زَنَأَ (ف) زَنْأً وزُنُوْءًا۔ اِلَیْہِ: پناہ لینا —— فِی الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا —— الظِلُّ: سایہ کا سمٹنا —— الرَّجُلُ: خوش ہونا۔ جلدی کرنا زمین سے چمٹنا —— بَوْلَہٗ زَنْأً: پیشاب روکنا۔ —— بَوْلُہٗ زُنُوْءًا: پیشاب رُکنا۔
زَنَّأَ۔ عَلَیْہِ: تنگی کرنا۔
اَزْنَأَہٗ اِزْنَاءً۔ مجبور کرنا۔ چڑھانا۔ باز رکھنا۔
الزُنَّاء۔ پستہ قد۔ پیشاب پاخانہ روکنے والا۔ تنگ۔ قبر۔
الزَنِیْءُ۔ چھوٹی مشک۔
زَنِبَ (س) زَنَبًا۔ موٹا ہونا۔
الاَزْنَب۔ موٹا پستہ قد۔
الزَّیْنَب۔ بزول۔ ایک خوشبودار خوش منظر درخت۔
الزَّاَنْبِیّ۔ آہستہ چال۔
زُنَابَیٰ۔ العَقْرَبِ: بچھو کا ڈنک۔
تَزَنْبَرَ۔ عَلَیْہِ: تکبر کرنا۔ ترشروئی کرنا۔
الزَّنْبَرُ۔ شیر۔
الزُّنْبُوْر۔ بھڑ۔ ایک درخت جو چنار کی مانند ہوتا ہے۔
الزَّنْبَرِیّ۔ بھاری بھرکم مرد۔ بڑی کشتی کہا جاتا ہے "سَفِیْنَۃٌ زَنْبَرِیَّۃٌ"
اَرْضٌ (مَزْبَرَۃٌ) بہت بھڑوں والی زمین۔
الزُّنْبُرُک۔ گھڑی کا اسپرنگ (یہ کلمہ فارسی ہے) اس کے مقابلہ میں "النَابِض" کا کلمہ وضع کیا گیا ہے۔
الزِنْبَاعَۃ۔ چرمی موزی یا جوتے کی نوک
الزَّنْبَق۔ سوسن سفید یا سفید چنبیلی۔ واحد زَنْبَقَۃ۔ چنبیلی کا تیل۔ بانسری۔ ج زَنَابِق اُمُّ زَنْبَق: شراب۔
الزِّنْبَاق۔ ایک قسم کا ساگ۔
الزُّنْبُل۔ پستہ قد مرد۔
تَزَنْتَرَ۔ ناز سے چلنا۔
الزَّنْتَرَۃ۔ تنگی۔ عسرت۔
زَنِجَ (س) زَنَجًا۔ پیاس سے آنتوں کا سکڑنا۔
زَانَجَہٗ۔ برائی یا بھلائی کا بدلہ دینا۔
تَزَنَّجَ۔ عَلَیْہِ: دست درازی کرنا۔
الزَّنْج والزِنْج۔ حبشی واحد (زنجی) ج زُنُوْج۔
الزِنَاج۔ بدلہ۔
الزَّنْجَب والزِنْجَبَان۔ کمر بند۔
الزِنْجَبَۃ۔ گدی جس کو عورتیں اپنے سرین پر بڑا معلوم ہونے کیلئے باندھتی ہیں۔
الزَّنْجَبِیل۔ سونٹھ۔ شراب۔
زَنْجَرَ۔ انگوٹھے کے ناخن کو انگشتِ شہادت کے ناخن سے مارنا۔
الزِنْجَار۔ تانبے کا زنگ۔
الزِنْجِیْر والزِنْجِیْرَۃ۔ سپیدی جو جوانوں کے ناخن پر ہوتی ہے۔ الزِنْجِیْر: ناخن کا کٹا ہوا حصہ۔ زنجیر۔ اس سے فعل کا اشتقاق کرتے ہیں اور کہتے ہیں (زَنْجَرَہٗ فَتَزَنْجَرَ) یعنی اس نے اسے قید کیا اور وہ قید ہو گیا۔ اور عوام کہتے ہیں۔ جَنْزَرَ وتَجَنْزَرَ۔
الزِنْجَفْر والزُنْجُفْر۔ شنگرف۔
الزِنْجِیْل۔ کمزور وسست بدن والا مرد
زَنَخَہٗ (ف) زَنْخًا۔ تعریف کرنا۔ دفع کرنا۔ معاملہ میں تنگی کرنا۔
زَانَخَہٗ۔ ایک دوسرے کی تعریف کرنا۔
زَنَّخَ وتَزَنَّخَ۔ المَاءَ: بار بار پانی پینا وتَزَنَّخَ الرَّجُلُ: کھل کر گفتگو کرنا۔ اپنے آپ کو مرتبہ سے زیادہ ظاہر کرنا۔ کسی معاملہ یا فرض میں تنگی برتنا۔
الزُّنَّخ۔ بدلہ۔
زَنِخَ (ف) زَنَخًا۔ الدُهْنُ: تیل کا بگڑنا خراب ہونا۔ صفت (زَنِخ)
زَنَخَ (ن ض) زُنُوْخًا۔ القُرَادُ: چیچڑی کا چمٹنا۔
زَانَخَہٗ۔ ایک دوسرے کو ہٹانا۔
تَزَنَّخَ۔ تکبر کرنا۔ کھل کر گفت گو کرنا۔
اِبِلٌ (زَنِخَۃٌ) پیاس کی وجہ سے سمٹے ہوئے پیٹ والے اونٹ۔
زَنَّخَ۔ بِمَنْخَرِہٖ: خراٹے لینا۔
زَنَدَ (ن ض) زَنْدًا۔ الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔ —— النَّارَ: چقماق سے آگ نکالنا۔
زَنِدَ (س) زَنَدًا۔ الرَّجُلُ: پیاسا ہونا۔
زَنَّدَ۔ جھوٹ بولنا۔ چقماق سے آگ نکالنا۔ —— السِقَاءَ: مشک بھرنا —— فی الاَمْرِ: تنگ دل ہونا —— عَلٰی اَہْلِہٖ: سختی برتنا۔ کہا جاتا ہے۔ "مَا یُزَنِّدُکَ اَحَدٌ عَلَیْہِ" یعنی تمہارے لئے کوئی زیادہ نہیں کرے گا۔
اَزْنَدَ۔ الشَّیءُ: زیادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ "مَا یُزْنِدُکَ اَحَدٌ عَلَیْہِ" یعنی تمہارے لئے کوئی زیادہ نہیں کرے گا —— الرَّجُلُ فِیْ وَجَعِہٖ: مرد کا اپنی بیماری میں دوبارہ مبتلا ہو جانا۔
تَزَنَّدَ۔ غضبناک ہونا۔ جواب نہ دے سکنا۔ تم کہتے ہو "سَاَلْتُہٗ مَسْئَلَۃً فَتَزَنَّدَ" میں نے اس سے ایک مسئلہ پوچھا اور وہ جواب نہیں دے سکا۔ —— فِی الاَمْرِ کَذَا: تنگ دل ہونا۔
الزَّنْد۔ مع۔ ہاتھ کا گٹا۔ چقماق کی اوپر والی لکڑی یا پتھر اور نچلے کو (الزَنْدَۃ) اور دونوں کو (الزندان) کہتے ہیں۔ ج زِنَاد واَزْنُد واَزْنَاد۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَارِیُ الزَّنْد" فلاں کامیاب ہے۔ "وفُلَانٌ کَابِی الزَّنْدِ" فلاں ناکامیاب ہے "وہُمَا کَزَنْدَیْنِ" وہ دونوں مساوی ہیں، اسی

استعمال عموماً دناءت وخست میں ہوتا ہے - اور
ان دونوں آدمیوں کیلئے بھی بولتے ہیں جنکی
وجہ سے حاجت پوری ہو - اور جو تمہاری
مدد کرے اس کیلئے کہتے ہو "وَرَتْ بِکَ زِنَادِیْ"
یعنی تمہاری وجہ سے میری حاجت پوری ہوئی
المُزَنَّد - تنگ - بخیل - مُنہ بولا بیٹا - کم چوڑا
کپڑا - عَطَاءٌ مُزَنَّد : تھوڑی بخشش -
الزَّنْدَبِیل - بڑا ہاتھی - (معرب)
تَزَنْدَقَ - بے دین ہونا - دو خدا ماننا -
باطنی کافر ہونا - صفت زِنْدِیق - ج زَنَادِقَۃ و زَنَادِیق
الزَّنْدَقَۃ - ظاہری ایمان و باطنی کفر -
رَجُلٌ (زِنْدِق و زِنْدِقِیّ) بہت بخیل -
زَنَرَ (ن) زَنْرًا - الاِنَاءَ : برتن بھرنا -
— الغُلَامَ : لڑکے کو جنیؤ پہنانا -
زَنَّرَ - اِلیٰ بِعَیْنِہٖ : گھور کر دیکھنا -
تَزَنَّرَ - جنیؤ پہننا — الشَّیْءُ : باریک ہونا -
الزُّنَّار - ج زَنَانِیر و (الزُّنَّارَۃ) جنیؤ - الزَّنَانِیر :
چھوٹی کنکریاں -
الزَّنْزَلَخْت - ایک درخت کا نام -
زَنِفَ (س) زَنَفًا و تَزَنَّفَ غضبناک ہونا
زَنَقَ (ن ض) زَنْقًا و زَنَقَ - الفَرَسَ :
گھوڑے کے نچلے جبڑے کے نیچے تسمہ لگانا -
— البَغْلَ : خچر کی ٹانگوں میں پائے بند باندھنا -
ر — و زَنَّقَ و اَزْنَقَ - عَلیٰ اَوْلَادِہٖ : اولاد پر نفقہ
میں تنگی کرنا -
الزِّنَق - نیزے کی نوک - گھوڑی کا نچلا جبڑا
جہاں تسمہ باندھتے ہیں - ج زُنُوق -
الزَّنْقَۃ - تنگ گلی -
الزِّنَاق - گھوڑے کے نچلے جبڑے کے نیچے
کا تسمہ - خچر کا پائے بند - گلوبند - عورتوں کا
ایک زیور - ج زُنُق -
الزِّنَاقَۃ - گھوڑے کے جبڑے کے نیچے کے
تسمہ کا حلقہ -
الزَّنِیق - درست - مضبوط - کہا جاتا ہے
"رَاْیٌ زَنِیْقٌ" درست رائے -

المَزْنُوق - مفع - بند پیشاب والا -
الزِّنْقِیر - تراشہ ناخن -
زَنْقَلَ - فِی مِشْیَتِہٖ : گرانبار ہو کر چلنا -
الزَّانِکِیّ - شوخ و بیباک -
الزُّونَّک - بدصورت - پستہ قد متکبر -
اپنے مرتبے سے آپ کو زیادہ سمجھنے والا -
زَنَّمَ - لَہٗ الخَصْمَ : کسی کو وکیل خصومت
بنا کر بھیجنا -
الزَّنَمَۃ - کان کا وہ حصہ جو کاٹ دیا جائے
اور لٹکتا رہے - حلق کے نیچے کا لٹکتا ہوا گوشت
علامت - زَنَمَتَا الاُذُن : کان کی لو کے قریب
ابھرا ہوا حصہ - کہا جاتا ہے "فِی کَلَامِہٖ زَنَمَۃُ خَیْرٍ اَو
زَنَمَۃُ شَرٍّ" یعنی اس کے کلام میں خیر یا شر کی
علامت ہے -
الزَّنِم - مِنَ الجِمَالِ : اونٹ جس کے کان کا
کچھ حصہ کاٹ دیا جائے اور وہ لٹکتا رہے -
مؤنث زَنِمَۃٌ -
الاَزْنَم - مِنَ الجِمَالِ : بمعنی الزَّنِم - مؤنث
زَنْمَاءُ - ج زُنْم -
الزُّنَام - مصیبت -
الزَّنِیم - کمینہ - مُنہ بولا بیٹا (— والمُزَنَّم)
اجنبی آدمی جو قوم میں داخل ہو جائے اور قوم
کے لوگ اس کے حاجتمند نہ ہوں -
نَاقَۃٌ (مُزَنَّمَۃ) اونٹنی جس کے کان کا کچھ حصہ
کاٹ کر لٹکتا ہوا چھوڑ دیا جائے -
زَنَا (ن) زُنُوًّا - تنگ ہونا - صفت (زَنِیٌّ)
زَنَّیٰ تَزْنِیَۃً - عَلَیْہِ : تنگی کرنا -
زَنیٰ (ض) زِنیً و زِنَاءً و زَانیٰ مُزَانَاۃً
و زِنَاءً - زنا کرنا - صفت (زَانٍ) ج زُنَاۃ -
صفت مؤنث زَانِیَۃ ج زَوَانٍ -
زَنَّیٰ - ہ : زنا کی نسبت کرنا - یا زانی کہنا -
اَزْنیٰ اِزْنَاءً - زنا کرنے پر اکسانا -
الزَّانِیَۃ - زنا کرنیوالا - (تا مبالغہ کیلئے
ہے)
الزَّنَّاءَۃ - بہت زنا کرنیوالی - بندریا -

الزِّنْیَۃ - مرد کا آخری بچہ -
زِہْ - کلمۂ استحسان بمعنی خوب - اور کبھی تہکم کے
طور پر استعمال کیا جاتا ہے - جیسے برائی کرنے
والے کے لئے کہا جائے "زِہْ اَحْسَنْتَ"
الزِّہْب و الزِّہْبَۃ - مال کا ایک حصہ -
زَہَدَ و زَہِدَ (س ف) و زَہُدَ (ک)
زُہْدًا اور زَہَادَۃً - فِی الشَّیْءِ وعَنْہُ : بے
رغبتی کر کے چھوڑ دینا - اور اسی سے ہے "زَہَدَ
فِی الدُّنْیَا" اس نے دنیا سے مُنہ موڑ کر اپنے
آپ کو عبادت کے لئے فارغ کر لیا - صفت
فاعلی (زَاہِد) وصفت مفعولی (مَزْہُود) فِیْہِ
وعَنْہُ -
زَہَدَ زَہْدًا - النَّخْلَ : کھجور کے درخت پر
پھلوں کا اندازہ کرنا -
زَہَّدَہٗ - فِی الشَّیْءِ وعَنْہُ : بے رغبت کرانا -
(زَہَّدَ و اَزْہَدَ) النَّخْلَ : کھجور کے درخت پر پھلوں
کا اندازہ کرنا -
تَزَہَّدَ - عبادت کے لئے دنیا کو
چھوڑ دینا -
تَزَاہَدَ - القَوْمُ فُلَانًا : حقارت کرنا -
اِزْدَہَدَ - الشَّیْءَ : کم سمجھنا - کہا جاتا ہے -
"خُذْ (زَہْدَ) مَا یَکْفِیْکَ" جتنا تم کو کافی ہو اسکو
لے لو -
الزُّہْد و الزَّہَادَۃ - حقارت کی وجہ
سے بے رغبتی -
الزَّہَد - زکوٰۃ - ج زِہَاد -
اَرْضٌ (زِہَادٌ) زمین جو بہت پانی برسنے سے بہے
الزَّاہِد - فا - آخرت کی محبت کی وجہ
سے دنیا سے بے رغبت - تنگ خو - ج زُہَّد
و زُہَّاد و زَاہِدُوْن -
الزَّہِیْد - کم - حقیر - مؤنث زَہِیْدَۃ - کہا
جاتا ہے "ہُوَ زَہِیْدُ الخُلُقِ" وہ تنگ خو ہے - "ہُوَ زَہِیْدُ
العَیْنِ" وہ سیر چشم ہے - تھوڑے پر قناعت
کرتا ہے - "وَادٍ زَہِیْدٌ" کم پانی کو لینے والی
وادی - ج زُہْدَان -

الزَّهِيْد - بہت بے رغبتی کرنے والا۔
المُزْهِد - کم بال والا۔
زَهَرَ (ف) زُهُوْرًا - السِّرَاجُ او القَمَرُ او الوَجْهُ: چمکنا۔ روشن ہونا — الشَّیْءُ: صاف رنگ والی ہونا — الزَّنْدُ: چقماق سے آگ روشن ہونا۔ کہا جاتا ہے "زَهَرَتْ بِكَ زِنَادِي اَوْ نَارِي" تمہاری وجہ سے مجھے قوت حاصل ہوئی اور میں معزز ہوا۔
زَهِرَ (س) زَهَرًا او زَهُرَ (ک) زُهُوْرَةً - الرَّجُلُ: خوبصورت و بارونق ہونا۔
اَزْهَرَ - النَّبَاتُ: کلی نکلنا — النَّارَ: آگ روشن کرنا۔
اِزْدَهَرَ - روشن ہونا۔ چمکدار ہونا۔ بِالاَمْرِ: نگہداشت کرنا۔ دل میں رکھنا۔ کہا جاتا ہے "اِزْدَهِرْ بِهٰذَا فَاِنَّ لَهٗ شَانًا" اس کی حفاظت کرو اس لئے کہ اس کیلئے ایک خاص شان ہے۔
ازْهَرَّ و ازْهَارَّ - النَّبَاتُ: کلی لانا۔ شگوفہ دار ہونا۔
تَزَاهَرَ - السِّرَاجُ ونَحْوُهٗ: چراغ وغیرہ کا روشن ہونا۔
الزَّهْرُ و الزَّهَرُ - کلی۔ شگوفہ۔ واحد (زَهْرَة و زَهَرَة) زَهْرَةُ الدُّنْيَا: دنیا کی رونق وخوبی۔ ج اَزْهُر و اَزْهَار و زُهُوْر۔ جج اَزَاهِر و اَزَاهِيْر۔ زَهْرُ النَّرْدِ: تاش۔
الزِّهْرُ و الزِّهْرَةُ - حاجت۔ کہا جاتا ہے "قَضَيْتُ مِنْهُ زِهْرِي و زِهْرَتِي" اس سے میں نے اپنی حاجت پوری کی۔
الزُّهَرُ - مہینے کی پہلی تین راتیں (مانند غُرَر کے)
الزُّهْرَةُ - خوبصورتی۔
الزُّهَرَةُ - ایک سیارہ کا نام۔ یونانیوں کے علم الاصنام میں اس کو حسن و جمال کی دیوی مانتے تھے۔
الزَّاهِرُ - فا - خوشنما پودہ۔ چمکدار صاف رنگ والا۔ کہا جاتا ہے "اَحْمَرُ زَاهِرٌ" بہت سرخ

الزَّاهِرِيَّةُ - نازکی چال۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَمْشِي الزَّاهِرِيَّةَ" وہ ناز سے چلتا ہے۔
الاَزْهَرُ - روشن۔ صاف رنگ والا۔ روشن چہرہ والا۔ جمعہ کا دن۔ تازہ دودھ۔ سپید رنگ کا شیر۔ چاند۔ جنگلی بیل۔ مؤنث زَهْرَاء ج زُهْر۔
الاَزْهَرَان - آفتاب و ماہتاب۔
الزَّهْرَاوَان - مِنْ سُوَرِ القُرْآن: سورہ بقرہ و سورہ آل عمران۔
الزُّهَّار - بہت چمکدار۔ کہا جاتا ہے "نَجْمٌ زُهَّارٌ وَقَمَرٌ زُهَّارٌ"
المُزْهِرُ - فا - مہمانوں کیلئے آگ روشن رکھنے والا۔
المِزْهَرُ - ایک قسم کا باجا۔ ج مَزَاهِر۔
زَهْرَفَ - الشَّیْءَ: کھوٹا بنانا۔
زَهْزَقَ - الرَّجُلُ: بہت ہنسنا۔ زَهْزَقَتِ الاُمُّ وَلَدَهَا: ماں کا بچہ کو گدگدانا۔
الزَّهْزَق - کمینہ۔ فرومایہ۔
زَهَفَ (ف) زُهُوْفًا - الرَّجُلُ: ذلیل ہونا۔ ہلاک ہونا۔ جھوٹ بولنا — لِلْمَوْتِ او اِلَى المَوْتِ: قریب المرگ ہونا۔
زَهِفَ (س) زَهَفًا - لِلشَّیْءِ: جلدی کرنا۔ چست ہونا۔
اَزْهَفَ - اِلَيْهِ الطَّعْنَةَ: قریب کرنا۔ اَزْهَفَتْهُ الطَّعْنَةُ: قریب بہلاکت کرنا۔ اَزْهَفَ عَلَى الجَرِيْحِ: حملہ کرکے فوراً مار ڈالنا — الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔ خیانت کرنا۔ چغل خوری کرنا۔ برائی کی طرف جلدی کرنا — فُلَانًا: ذلیل کرنا۔ کسی کے ساتھ بدی کرنا۔ ہلاک کرنا — الشَّیْءَ: ڈھیلا کرنا۔ جلدی گرانا۔ لیجانا۔ خراب کرنا۔ — ہ بِالشَّرِّ: برائی پر اکسانا — بِمَا طَلَبَهٗ: پورا کرنا — بِالشَّیْءِ: تعجب کرنا — الخَبَرَ: خبر میں زیادتی کرنا — لَهٗ حَدِيْثًا: جھوٹی بات بیان کرنا — اِلَيْهِ حَدِيْثًا: قول ردی کی نسبت کرنا۔
اِنْزَهَفَتْ - الدَّابَّةُ: مار وغیرہ سے اچھلنا

تَزَهَّفَ - عَنْهُ: اعراض کرنا۔
اِزْدَهَفَ - اِلَى المَوْتِ: موت سے قریب ہونا — عَنْهُ: اعراض کرنا — الشَّیْءُ: منحرف ہونا — ہٗ: جلدی کرانا۔ ہلاک کرنا — ہ الدَّابَّةُ: جانور کا گرا دینا — الشَّیْءَ وبِهٖ: لیجانا — العَدَاوَةَ وبِهَا: دشمنی اختیار کرنا — الحِمْلَ: بوجھ اٹھانا — فُلَانٌ: بدی میں گھسنا۔ گفتگو میں زیادتی کرنا — فِي كَلَامِهٖ: سختی کرنا اور آواز بلند کرنا۔
زَهَقَ (ف) زُهُوْقًا - العَظْمُ: ہڈی کا مغز سے پر ہونا — البَاطِلُ: نیست و نابود ہونا۔ کمزور ہونا (— زُهُوْقًا و زُهُوْقًا) النَّفْسُ: — روح کا جسم سے نکلنا (— الرَّاحِلَةُ: سواری کا آگے بڑھنا — الشَّیْءُ: تباہ ہونا۔ ہلاک ہونا۔ — السَّهْمُ: تیر کا نشانہ سے گذر جانا۔
اَزْهَقَ - العَظْمُ: ہڈی کا مغز سے پر ہونا۔ — الاِنَاءَ: برتن بھرنا — البَاطِلَ: باطل کو نیست و نابود کرنا — السَّهْمَ: تیر کا نشانہ سے گذارنا — النَّاقَةُ السَّرْجَ: زین کو آگے بڑھا کر گردن پر ڈال لینا — فِي السَّيْرِ: تیز چلنا
زَاهَقَ - الحَقُّ البَاطِلَ: حق کا باطل کو نیست و نابود کرنا — الاِنَاءَ: برتن کو الٹ دینا۔
اِنْزَهَقَ - آگے بڑھنا۔ اِنْزَهَقَتِ الدَّابَّةُ: مار وغیرہ سے اچھلنا۔
الزَّهَقُ - پست زمین (— و الزَّهَقُ) گڑھا۔
الزَّاهِقُ - فا - موٹا جانور۔ قوی۔ لاغر (ضد) شکست خوردہ — مِنَ السِّهَام: نشانہ سے تجاوز کرنیوالا تیر — مِنَ المِيَاهِ: تیز بہنے والا پانی۔ ج زُهَّق و زُهُق (— و الزَّهُوْق) ہلاک ہونیوالا باطل۔ گہرا کنواں۔
الزَّهِقُ - پھرتیلا۔ سبک۔ فرسٌ (زَهِقٌ) سبقت لے جانے والا گھوڑا۔
الزَّاهِقَةُ - الزَّاهِق کا مؤنث۔ بِئْرٌ زَاهِقَةٌ: گہرا کنواں۔

الزُّھَاقُ والزِّھَاقُ - مقدار - تقریبًا - کہا جاتا ہے "عِنْدِی زُھَاقُ مِائَۃِ دِیْنَارٍ" میرے پاس تقریبًا سو دینار ہیں -
جَاءَتِ الخَیْلُ (أَزَاھِقَ و أَزَاھِیْقَ) گھوڑوں کی متفرق جماعتیں آئیں -
الاُزْھُوْقَۃُ - عجیب قسم کی دوڑ - ج اَزَاھِیْق کہا جاتا ہے "فَرَسٌ ذَاتُ اَزَاھِیْق" عجیب قسم سے دوڑنے والا گھوڑا -
المَزْھَقَۃُ - سبب بطلان - سبب ہلاکت کہا جاتا ہے "جَمَلٌ مَزْھَقَۃٌ لِاَرْوَاحِ المَطِیِّ" اونٹ سواریوں کی روح کیلئے باعثِ ہلاکت ہیں - یعنی سواریاں پوری کوشش کرتی ہیں اور اونٹوں کے ساتھ لاحق نہیں ہوتیں -
زَھَكَ (ف) زَھْكًا - کوٹنا - الرِّیحُ الاَرْضَ ہوا کا خاک کو اڑانا -
زَھِلَ (س) زَھَلًا - الشَّیْءُ: سفید و چکنا ہونا
زَھَلَ (ف) زَھْلًا - عَنِ الشَّیْءِ: دور ہونا -
الزَّاھِلُ - فا - مطمئن دل والا -
الزُّھْلُوْلُ - چکنا - ج زَھَالِیْلُ -
رَجُلٌ (زُھْلُبٌ) سبک داڑھی والا امرد -
زَھْلَجَ زَھْلَجَۃً - ایک دوسرے کے ساتھ نرمی کرنا -
تَزَھْلَجَ - الرُّمْحُ: نیزے کا سیدھا لگنا
زَھْلَفَ - الشَّیْءَ: جاری کرنا - جائز رکھنا -
زَھْلَقَ - الشَّیْءَ: چکنا و سفید کرنا - کہا جاتا ہے "زَھْلَقَ لَہُ الحَدِیْثَ" اس نے اس کو نرم گفتگو سے مخاطب کیا -
تَزَھْلَقَ - چکنا و سفید ہونا و تَزَھْلَقَ الحَیَوَانُ: موٹا ہونا -
الزِّھْلِقُ - چکنا - ہلکا پھلکا تیز آدمی - تیز ہوا بتی کی لو کی جگہ - حِمَارٌ زِھْلِقٌ: ہموار پیٹھ و موٹا گدھا - ج زَھَالِقُ -
الزُّھْلُوْقُ - موٹا -
زَھَمَ (ن) زَھْمًا و اَزْھَمَ - العَظْمُ: ہڈی کا پرمغز ہونا - زَھَمَہُ عَنْ کَذَا: روکنا - زَھَمَ الرَّجُلُ عَلَیْہِ بہت باتیں کہنا -
زَھِمَ (س) زَھَمًا - بدہضمی والا ہونا - صفت (زَھْمَان) چکناہٹ والا چربی دار ہونا صفت (زَھِمٌ) مؤنث زَھِمَۃٌ -
زَاھَمَہُ - باہم دشمنی کرنا - باہم دوستی کرنا ایک دوسرے سے جدا ہونا - ایک دوسرے کے قریب ہونا (ضد)
الزُّھْمُ - بدبودار ہوا - چربی - ایک خوشبو کا نام جو الزباد کے نام سے مشہور ہے (دیکھئے لفظ الزباد)
الزُّھْمَۃُ والزُّھُوْمَۃُ والزُّھَمُ - سڑے ہوئے گوشت کی بدبو -
زَھَا (ن) زَھْوًا و زُھُوًّا و زُھَاءً - چمکنا - روشن ہونا - بڑھنا - نشو و نما پانا - النَّخْلُ: درختِ خرما کا لمبا ہونا - البُسْرُ: رنگ پکڑنا - الغُلَامُ: لڑکے کا جوان ہونا - النَّبْتُ: پھل دار ہونا - الشَّاۃُ بکری قریب ولادت کی وجہ سے تھن والی ہونا - الرِّیحُ: چلنا - الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا - تکبر کرنا - (زَھَا (ن) زَھْوًا) فُلَانًا: حقارت کرنا - الکِبْرُ فُلَانًا: خود پسند بنانا - زَھَا السِّرَاجَ: روشن کرنا - الرِّیحُ النَّبَاتَ: ترشدہ گھاس میں ہوا کی وجہ سے لہلہاہٹ ہونا - الاَمْوَاجُ السَّفِیْنَۃَ: موجوں کا کشتی کو بلند کرنا - فُلَانٌ بِالسَّیْفِ: تلوار چمکانا - فُلَانًا بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا - السَّرَابُ الاَکَمَۃَ یَزْھَاھَا: نمایاں کرنا - (یَزْھُوْھَا مستعمل نہیں ہے)
زُھِیَ - الرَّجُلُ بِکَذَا: تکبر کرنا -
اَزْھَی - تکبر کرنا - النَّخْلُ: لمبا ہونا - البُسْرُ: رنگ اختیار کرنا -
زَھَّی - البُسْرُ: رنگ اختیار کرنا - زَھَّتِ المِرْوَحَۃُ الرِّیحَ: پنکھے کا ہوا کو حرکت میں لانا -
اِزْدَھَی - الرَّجُلُ: مغرور بنانا - حقارت سے دیکھنا - ہ عَلَی الاَمْرِ: مجبور کرنا - ہ و بہ: حقارت کرنا -
الزُّھَاءُ - مع - مقدار - تقریبًا - کہا جاتا ہے "عِنْدِی زُھَاءُ خَمْسِیْنَ دِرْھَمًا" میرے پاس تقریبًا پچاس درہم ہیں -
الزَّھْوُ - مع - فخر - تکبر - غرور - جھوٹ و باطل ظلم - سرسبز نباتات - زرد یا سرخ کچی کھجور - ر — والزُّھَا) تروتازگی و خوبصورتی زُھَا الدُّنْیَا: دنیا کی زینت و آرائش -
الزُّھْوُ - زرد یا سرخ کچی کھجور -
الزَّاھِی - فا - پررونق چمکدار چہرے والا - مؤنث زَاھِیَۃٌ -
المُزْدَھِی والمَزْھُوُّ - متکبر و مغرور -
زَاءَ یَزُوْءُ زَوْءًا - بِہِ الدَّھْرُ: - زمانہ کا پلٹ جانا -
زَابَ یَزُوْبُ زَوْبًا - چپکے سے بھاگ جانا - المَاءُ: جاری ہونا -
زَاجَ (ن) زَوْجًا - بَیْنَھُمْ: بھڑکانا - فساد ڈالنا -
زَوَّجَہُ - اِمْرَاَۃً اَوْ بِاِمْرَاَۃٍ اَوِ الاِمْرَاَۃَ: نکاح کرانا — الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ و اِلَیْہِ: لانا -
زَاوَجَہُ - باہم میل ملاپ رکھنا - باہم قریب ہونا (— وازْدَوَجَ) بَیْنَھُمَا: قریب کرنا -
تَزَوَّجَ - اِمْرَاَۃً و بِاِمْرَاَۃٍ: نکاح کرنا — فِی قَوْمٍ: کسی قوم میں نکاح کرنا - کہا جاتا ہے "تَزَوَّجَہُ النَّوْمُ" اس کو نیند آگئی -
اِزْدَوَجَ و تَزَاوَجَ - الکَلَامُ: کلام کا ایک حصہ دوسرے حصہ کے سجع یا وزن میں مشابہ ہونا — القَوْمُ: باہم شادی بیاہ کرنا -
الزَّاجُ پھٹکری (کلمہ فارسی) عوام "الجاز" کہتے ہیں -
الزَّوْجُ - شوہر - بیوی - ساتھی - جوڑا - کہا جاتا ہے "عِنْدِی زَوْجَا حَمَامٍ" میرے پاس ایک جوڑا کبوتر ہے - "وَاشْتَرَیْتُ زَوْجَیْ نِعَالٍ" میں نے ایک جوڑہ جوتہ خریدا - ہر چیز کی قسم - ج اَزْوَاجٌ و زَوْجَۃٌ - ج اَزَاوِیْجُ -

الزَّوْجَۃ - بیوی - ج زَوْجَات -

الزَّوَاج - شادی بیاہ -

زَاحَ یَزُوْحُ زَوْحًا وزَوَاحًا — عَنِ المَکَانِ: دُور ہونا - ہٹنا - جانا — العِلَّۃُ: زائل ہونا (— زَوْحًا) الاِبِلَ: پراگندہ کرنا - جمع کرنا - (ضد)

اَزَاحَہٗ - جگہ سے ہٹانا — الاَمْرَ: کام کو پورا کرنا - انجام کو پہونچانا - کہا جاتا ہے "اَزَاحَ اللّٰہُ العِلَلَ" اللہ تعالیٰ علتوں کو دور کریں - "وَاَزَحْتُ عِلَّتَہٗ فِیْ مَا احْتَاجَ اِلَیْہِ" یعنی میں نے اس کی ضرورت پوری کردی -

اِنْزَاحَ - زائل ہونا -

زَادَ یَزُوْدُ زَوْدًا - توشہ لینا -

اَزَادَہٗ وزَوَّدَہٗ - توشہ دینا -

اِزْدَادَ واسْتَزَادَ - توشہ مانگنا -

تَزَوَّدَ - توشہ لینا - کہا جاتا ہے "تَزَوَّدَ مِنَ الاَمِیْرِ کِتَابًا اِلٰی عَامِلِہٖ" وہ امیر کا خط اس کے عامل کے پاس لے گیا تاکہ اس سے فائدہ اٹھائے "وَتَزَوَّدَ مِنِّیْ طَعْنَۃً بَیْنَ اُذُنَیْہِ" یعنی میری جانب سے اسکو دونوں کانوں کے درمیان نیزے کا زخم لگا -

الزَّاد - توشہ - زادراہ - ج اَزْوِدَۃ واَزْوَاد -

المِزْوَد والمَزَاد والمَزَادَۃ - توشہ دان - ج مَزَاوِد - نُفَاضَۃُ المَزَاوِدِ: توشہ دان کا بچا کھچا - یہ خست کے لئے ضرب المثل ہے - وَہُمْ مِلَاءُ المَزَاوِدِ: وہ لوگ اغنیاء ہیں -

زَارَہٗ یَزُوْرُہٗ زِیَارَۃً وَمَزَارًا وزَوْرًا وزُوَارًا وزُوَارَۃً واِزْدَارَہٗ - ملاقات کیلئے جانا - صفت (زَائِر) ج زَائِرُوْنَ وزُوَّر وزُوَّار مؤنث زَائِرَۃ - ج زُوَّر وزَوْر وزَائِرَات -

زَارَ زَوَارًا - الفَرَسَ: گھوڑے کے ہونٹوں میں زیار باندھنا - (دیکھئے لفظ زیار)

زَوِرَ یَزْوَرُ زَوَرًا - کج ہونا - ٹیڑھے سینہ والا ہونا -

زَوَّرَ - جھوٹ کو آراستہ کرنا — الکَلَامَ: جال ٹھہرانا - جھوٹ کی طرف نسبت کرنا — الشَّہَادَۃَ: شہادت کو باطل قرار دینا — نَفْسَہٗ: جھوٹ وبہتان کی علامت لگانا — عَلَیْہِ: کسی پر جھوٹ باندھنا — عَنْہُ: کسی سے پھر جانا — فُلَانًا عَلٰی نَفْسِہٖ: کسی پر تہمت لگانا الشَّیْءَ: درست کرنا سیدھا کرنا — الشَّیْءَ لِنَفْسِہٖ: کسی چیز کو پسند کرکے اپنے لئے خاص کرلینا — الزَّائِرَ: عزت واکرام کرنا - تم کہتے ہو "زُرْتُہُمْ فَزَوَّرُوْنِیْ" میں نے اُن لوگوں سے ملاقات کی اور انھوں نے میری تعظیم کی — القَوْمُ صَاحِبَہُمْ: بھلائی کرنا

اَزْأَرَہٗ - زیارت کرنے پر برانگیختہ کرنا — الشَّیْءَ: چلانا -

اِزْدَارَہٗ - ملاقات کے لئے جانا -

تَزَوَّرَ - جھوٹ بولنا — الشَّیْءَ: کسی چیز کو پسند کرکے اپنے لئے خاص کرلینا -

تَزَاوَرَ - القَوْمُ: ایک دوسرے کی زیارت کرنا - کہا جاتا ہے "ہُمْ یَتَزَاوَرُوْنَ بَیْنَہُمْ تَزَاوُرًا" وہ آپس میں ایک دوسرے کی زیارت کرتے ہیں (— وازْوَرَّ وازْوَارَّ) عَنْہُ: انحراف کرنا -

اِسْتَزَارَہٗ - ملاقات کے لئے کہنا -

الزَّوْرُ - مص - سینہ کے درمیان کا بالائی حصہ یا سینہ کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ - اور اسی سے ہے "فَرَسٌ عَرِیْضُ الزَّوْرِ" چوڑے سینہ والا گھوڑا - اور کہا جاتا ہے "اَلْقٰی زَوْرَہٗ" یعنی اس نے اقامت کرلی - الزَّوْرُ: پختہ ارادہ - عقل - خیال جو خواب میں آئے - زیارت کرنے والا (واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کیلئے) کہا جاتا ہے "رَجُلٌ زَوْرٌ وامْرَأَۃٌ زَوْرٌ ورِجَالٌ زَوْرٌ ونِسَاءٌ زَوْرٌ" - سردار - رئیس - درخت خرما کی شاخ کہ جس میں پتے ابھی نہ نکلے ہوں - پتھر جو کنواں کھودتے وقت نکل آئے اور اس کو توڑ نہ سکیں اور چھوڑ دیں -

الزُّوْرُ - عقل - جھوٹ - باطل - اللہ کیساتھ شریک ٹھہرانا - قوت - کہا جاتا ہے "مَالَہٗ زُوْرٌ وَلَا صَبُّوْرٌ" نہ تو اس کے اندر قوت ہے اور نہ کوئی رائے جس کی طرف رجوع کیا جائے - رائے - سردار - رئیس - کھانے کی لذت - کپڑے کی نرمی وصفائی - راگ وگانے کی مجلس - یہودیوں ونصرانیوں کی عیدیں -

الزَّوَرُ - مص - کجی - سینہ کے بالائی حصہ کی کجی -

الزِّیْر - مٹکا - کتان - باریک تانت - عادت عورتوں سے بغیر ارادہ بدی کے بات چیت کرنے کو پسند کرنے والا - ج اَزْوَار واَزْیَار وزِیَرَۃ

الزِّیْرَۃ - ملاقات کی ہیئت - کتان کا ٹکڑا -

الزِّیَار - دو لکڑیاں جن سے سلوتری گھوڑے کے ہونٹوں کو دبا کر قابو میں کرتا ہے - اس سے فعل کا اشتقاق کرتے ہیں اور کہتے ہیں "زَیَّرَ الفَرَسَ" (— والزِّوَار) ہر وہ چیز جس سے دوسری چیز کی درستی ہو - سینہ بند اور تنگ کے درمیان کی رسی - ج اَزْوِرَۃ -

الزِّیَر - غضبناک -

الزَّاوِرَۃ - اونٹوں کا گلہ - بانس نرکل وغیرہ کی جھاڑی جس میں پانی بھی ہو (— والزَّاوُوْرَۃ والزَّاوُوْرَۃ) پوٹا - زَاوُوْرَۃُ القَطَاۃِ: قطا پرندہ کا وہ حصہ جس میں وہ اپنے بچوں کیلئے پانی لے جائے -

الزَّوْزَر - سخت چال - سخت - سفر کے لئے تیار کیا ہوا اونٹ - (— والزِّوِیْر والزُّوَیْر) سردار قوم - رئیس قوم -

الزَّوْرَۃ - زَارَ کا اسم مَرَّۃ - دوری - اونٹنی جو شدت وصلابت کی وجہ سے کنکھیوں سے دیکھے -

الاَزْوَر - ٹیڑھے سینے والا - باریک وسط سینہ والا - مائل ہونے والا - ترچھی نظر سے دیکھنے والا - مؤنث زَوْرَاء - ج زُوْر - کہا جاتا ہے "قَوْمٌ عَنْ مَوَاقِفِ الحَقِّ زُوْرٌ" حق کے مواقع سے ہٹی ہوئی قوم -

الزَّوْرَاء - گہرا کنواں - کمان - پیالہ - چاندی کا برتن - شہر بغداد - دجلہ بغداد - فَلَاۃٌ زَوْرَاء: دور دراز بیابان - کَلِمَۃٌ زَوْرَاء: گھٹیا بات - مَنَارَۃٌ زَوْرَاء: ٹیڑھا منارہ -

الزَّوَّار والزُّوُّور۔ بہت ملاقات کرنیوالا۔
المَزَار۔ مع۔ ملاقات۔ زیارت کرنیکی جگہ
ج مَزَارَات۔
الزَّوْرَق۔ ڈونگی۔ چھوٹی کشتی۔
الزَّوْش۔ کمینہ غلام۔
الاَزْوَش۔ متکبر و مغرور۔
زَوَّطَ۔ بڑے لقمے بنانا۔
زَاعَ يَزُوْعُ زَوْعًا۔ فلانًا: روکنا۔ آگے
دھکیلنا ـــــ الدَّابَّةَ: جانور کو تیز چلانے کے
لئے لگام ہلانا ـــــ الشَّیَٔ: موڑنا ـــ لَہٗ مِنَ البِطِّیخَۃِ
(زَوْعَۃً) خربوزے کی قاش اُتار کر دینا (ـــــ
وتَزَوَّعَ) اللَّحْمُ: گوشت کا پٹھے سے اُتر جانا۔
زَوَّعَ۔ الابِلَ: متفرق کرنا۔ پراگندہ کرنا۔
الزُّوْعَۃُ۔ لوگوں کی ایک جماعت ـــــ
مِنَ البِطِّیخَۃِ ونَحْوِھَا: خربوزہ وغیرہ کی پھانک، قاش
ـــــ مِنَ النَّبَتِ: گھاس کا وہ حصہ جو خشک
ہونے لگے۔
الزَّاعَۃُ۔ پولیس کی جماعت (جمع ہے
مثل باعۃ۔ وسادۃ کے)
الزُّوَعُ والزُّوَعُ۔ مکڑی۔
زَاغَ يَزُوْغُ زَوْغًا۔ الشَّیَٔ: کسی چیز کو جھکانا
ـــــ النَّاقَۃَ: اونٹنی کو مہار سے کھینچنا ـــــ (
زَوْغًا وزَوَغَانًا) مائل ہونا۔ ظلم کرنا ـــــ البَصَرُ:
نگاہ میں خلل ہونا۔
اَزَاغَہٗ اِزَاغَۃً۔ جھکانا۔
الزَّاغُ۔ کوا۔
زَافَتْ تَزُوْفُ زَوْفًا۔ الحَمَامَۃُ: کبوتر کا
بازو و دم کو پھیلا کر زمین پر کھینچنا ـــــ الطَّائِرُ
فِی الھَوَاءِ: پرندہ کا فضا میں گولائی میں اُڑنا۔
ـــــ الرَّجُلُ: مرد کا ہاتھ پاؤں چھوڑ کر اعضاء
ڈھیلے کر کے چلنا ـــــ المَاءُ: پانی کا بلبلے والا
ہونا ـــــ وتَزَاوَفَ) اپنے آپکو ہلکا پھلکا
کرنے کے لئے ورزش کی مشق کرنا۔
الزُّوُوْفُ۔ چلنے میں ڈھیلا پن۔
الزُّوْفَی والزُّوْفَا۔ ایک دوا کا نام۔

موت (زُؤَاف) جلدی کی موت۔
زَوَّقَ۔ الکَلَامَ: آراستہ کرنا۔ مزین کرنا
ـــــ البَیْتَ: نقش و نگار کرنا ـــــ الدِّرْھَمَ:
پارہ کا ملمع کرنا۔
الزَّوَاقُ۔ لڑکی کی زینت۔
الزَّوَقَۃُ۔ گھروں میں نقش و نگار کرنیوالے۔
الزَّاوُوْقُ والزَّاؤُوْقُ۔ پارہ۔
زَاكَ يَزُوْكُ زَوْكًا وزَوَكَانًا۔ مونڈھوں
کو حرکت دینا اور ٹانگوں کو کشادہ کرنا۔ تکبر سے
چلنا۔
تَزَاوَكَ تَزَاوُكًا۔ شرم کرنا۔
الزَّوْكُ۔ مع۔ کوے کی چال۔
زَالَ يَزُوْلُ زَوْلًا وزَوَالًا وزَوَلَانًا وزُؤُوْلًا
وزُؤُوْلًا وزَوِیْلًا۔ جاتا رہنا۔ پھر جانا اور اسی
سے ہے "زَالَ عَنْہُ مُلْكُہٗ" اسکی سلطنت جاتی
رہی۔ جدا ہونا۔ ہلاک ہونا ـــــ (زَوْلًا) حرکت
کرنا۔ اور اسی سے ہے "اَرَی النُّجُوْمَ تَزُوْلُ ولا
تَغِیْبُ" یعنی میں دیکھ رہا ہوں کہ ستارے
حرکت کر رہے ہیں اور غائب نہیں ہوتے۔
"فُلَانٌ یَزُوْلُ فِی النَّاسِ" فلاں لوگوں میں
بہت چلتا پھرتا ہے۔
زَالَتْ (ن) زَوَالًا وزُؤُوْلًا وزَوَلَانًا و
زِیَالًا۔ الشَّمْسُ: آفتاب کا ڈھلنا ـــ الخَیْلُ
بِرُکْبَانِھَا: لے کر اُٹھنا اور اسی سے ہے "زِیْلَ
بِنَعْشِہٖ" یعنی اُس کی نعش اُٹھائی گئی۔ کہا جاتا
ہے "زَالَ زَائِلُ الظِّلِّ" یعنی دوپہر ہو گئی۔ و
زَالَ اَوْ زِیْلَ زَوِیْلُہٗ وزَوَالُہٗ" ڈر اور خوف کی وجہ
سے اس کی جانب جھک گئی۔
اَزَالَہٗ وزَوَّلَہٗ وازْدَالَہٗ۔ ہٹانا۔ کہا جاتا
ہے "اَزَالَ اللّٰہُ زَوَالَہٗ" یعنی اللہ اسے ہلاک
کرے۔ زَوَّلَ الشَّیَٔ: کسی چیز کو لانا۔
زَاوَلَہٗ۔ کوشش کرنا۔ قصد کرنا۔ تلاش
کرنا۔
تَزَوَّلَ۔ الشَّیَٔ: کسی چیز کو لانا ـــــ الغُلَامُ:
لڑکے کا انتہائی زیرک و ظریف ہونا۔

تَزَاوَلَ۔ القَوْمُ: باہم کوشش کرنا۔
اِنْزَالَ۔ عَنْہُ: جدا ہونا۔
اِزْدَوَلَ اِزْوِلَالًا۔ الشَّیُٔ: زائل ہونا۔
الزَّوْلُ۔ مع۔ تعجب۔ عجیب۔ کہا جاتا ہے
"سَیْرٌ زَوْلٌ" یعنی عجیب سیر۔ و"شَتْوَۃٌ زَوْلَۃٌ"
عجیب سردی۔ الزَّوْلُ: وجود انسانی۔ فیاض
مرد سبک و ظریف و زیرک۔ بہادر۔ بلا۔ ج۔
اَزْوَال۔
الزَّوَال۔ مع۔ سورج کا ڈھلنا۔ کہتے ہیں
السَّاعَۃُ الرَّابِعَۃُ زَوَالِیَّۃٌ"
الزَّائِلُ۔ فا۔ کہا جاتا ہے "لَیْلٌ زَائِلُ النُّجُوْمِ"
یعنی لمبی رات۔
الزَّوَّالُ۔ بہت حرکت کرنے والا۔
الزَّائِلَۃُ۔ الزائل کا مؤنث۔ زندہ یا متحرک
چیز۔ ج زَوَائِلُ۔ الزَّوَائِلُ: ستارے۔
عورتیں۔ شکار۔
الزَّوِیْلُ۔ مع۔ حرکت۔ جانب۔
المِزْوَلَۃُ۔ دھوپ گھڑی۔ ج مَزَاوِلُ۔
زَامَ يَزُوْمُ زَوْمًا۔ الرَّجُلُ: مرنا۔
الزَّامُ۔ ہر چیز کی چوتھائی۔ زَامٌ مِنَ النَّھَارِ:
دن کی چوتھائی۔ زَامَانٌ مِنَ النَّھَارِ: دن کا
نصف حصہ۔
الزَّامَۃُ۔ جماعت۔ گروہ۔ ج زَامَات۔
الزُّوْمُ۔ عِنْدَ العَامَّۃِ: عوام کے نزدیک کسی
چیز کا شیرہ یا نچوڑا ہوا۔ اور اس کے لئے فصیح
لفظ النسغ ہے۔ وہ پانی جس سے کپڑا دھویا جائے
اور اس کیلئے فصیح لفظ الغُسَالَۃُ ہے۔
الزَّوْبِیَۃُ۔ ہر چیز کا ڈھیر۔
زَوْمَلَ۔ الابِلَ: اونٹوں کو ہانکنا۔
الزَّوْمَلَۃُ۔ مع۔ گدھے مع بوجھوں کے۔ کہا
جاتا ہے "ھُوَ ابْنُ زَوْمَلَتِھَا" وہ اس کا جاننے والا ہے
الزُّوَان۔ بدھضمی۔
الزَّوْنُ والزُّوْنُ والزِّوَنُ۔ پست قد
الزُّوْنُ: بت یا مندر۔
الزَّوْنَۃُ۔ زینت۔ سمجھدار عورت۔

الزِوَان والزُوَان والزَوَان - دیکھیے الزُؤَان بِالہمزۃِ -

زَوٰی یَزْوِی زُوِیًّا وَزَیًّا - الشَّیَٔ - جدا کرنا یکسو کرنا - روکنا - جمع کرنا - قبضہ کرنا ــــ المَالَ وغیرہ : اکٹھا کرنا عَنْہُ السِّرَّ : راز کو پوشیدہ رکھنا ــــ عَنْہُ حَقَّہٗ : کسی کا حق روک لینا -

الدَّہْرُ القَوْمَ : زمانہ کا قوم کو تباہ و برباد کرنا -

زَوَّیٰ وَتَزَوَّیٰ وَانْزَوَیٰ - گوشہ نشین ہونا تَزَوّٰی وَاِنْزَوٰی : سکڑنا - زَوَّیٰ الکَلَامَ : دل میں سوچنا - اِنْزَوَی القَوْمُ بَعْضُہُمْ اِلَی البَعْضِ : سمٹنا - ایک دوسرے کے قریب ہونا -

الزَّاوِیَۃ - مِنَ البَیْتِ : گوشہ - ج زَوَایَا - وَالزَّاوِیَۃ : عِنْدَ الحَجَّارِیْنَ وَالنَّجَّارِیْنَ وَغَیْرِہِمْ : دو مستقیم ضلعوں کا ایک آلہ کہ جس کے ضلعوں کا ایک ایک سرا باہم اس طرح جڑا ہوا ہوتا ہے کہ اُن کا درمیانی گوشہ زاویہ قائمہ بن جاتا ہے -

تَزَیَّبَ - لَحْمُہٗ : گوشت کے لوتھڑے بننا -

الزَّیْبُ - ہوا کی تیزی -

رَجُلٌ (زَیْبٌ وَاَزْبٌ) بہادر و دلیر مرد -

الاَزْیَبُ - شادماں - پست قدم - قریب قریب قدم رکھنے والا - کمینہ - مُنہ بولا بیٹا - اجنبی - امر بد - بلا مصیبت - دشمنی - بہت پانی - شادمانی - سیہی - جنوبی ہوا -

الاِزْیَبُ - شدید - بخیل -

الزِّیْبَق - پارہ -

زَاتَ یَزِیْتُ زَیْتًا وَزَیَّتَ - الطَّعَامَ : کھانے میں زیتون کا تیل ڈالنا ــــ الشَّیَٔ : کسی چیز پر زیتون کا تیل لگانا ــــ القَوْمَ : لوگوں کو زیتون کا تیل کھلانا یا توشہ دینا -

اَزَاتَ اِزَاتَۃً - بہت تیل والا ہونا -

اِزْدَاتَ اِزْدِیَاتًا - روغنِ زیتون ملنا -

اِسْتَزَاتَ - روغنِ زیتون طلب کرنا -

الزَّیْت - مص - زیتون کا تیل - ج زُیُوْت و (الزَّیَّات) تیلی - زیت کا اطلاق مطلقاً تیل کیلئے بھی ہوتا ہے - چاہے وہ کسی چیز کا ہو -

الزَّیْتُوْن - زیتون کا درخت - زیتون کا پھل واحد زَیْتُوْنَۃٌ -

الزَّیْتُوْنِیُّ - زیتون کے رنگ والا -

المَزِیْت والمَزْیُوْت - جس میں تیل استعمال کیا گیا ہو -

الزِّیْج - معماروں کی ڈوری جس سے وہ دیوار کی ہمواری کا اندازہ کرتے ہیں - علم نجوم کی اصطلاح میں وہ جدول جو ستاروں کی رفتار بتاتی ہے - جنتری - ج زِیْجَات وَزِیَجَۃ (دخیل)

زَاحَ یَزِیْحُ زَیْحًا وَزُیُوْحًا وَزِیُوْحًا وَزَیَحَانًا وَانْزَاحَ - دور ہونا - چلے جانا - زَاحَ اللِّثَامَ : نقاب اُتارنا - کھولنا -

اَزَاحَہٗ - دُور کرنا - لیجانا -

المَزَاح - دور چلے جانے کی جگہ -

زَاخَ یَزِیْخُ زَیْخًا وَزَیَخَانًا - ظلم کرنا - علیحدہ ہونا -

اَزَاخَہٗ - علیحدہ کرنا -

تَزَیَّخَ - فروتنی کرنا -

زَادَ یَزِیْدُ زَیْدًا وَزِیْدًا وَزَیْدًا وَزِیَادَۃً وَمَزِیْدًا وَزَیْدَانًا - بڑھنا - زیادہ ہونا ــــ الشَّیَٔ : بڑھانا زیادہ کرنا ــــ فُلَانٌ : زیادہ دینا -

زَایَدَ - بڑھنے میں مقابلہ کرنا -

تَزَیَّدَ - السِّعْرُ : بھاؤ گراں ہونا ــــ الرَّجُلُ فِیْ حَدِیْثِہٖ : واقع سے زیادہ بیان کرنا - فِی الشَّیِٔ : بڑھانے میں تکلف کرنا -

تَزَایَدَ - فِیْ حَدِیْثِہٖ : واقعہ سے زیادہ بیان کرنا تَزَایَدُوْا فِیْ ثَمَنِ السِّلْعَۃِ - ایک دوسرے سے بڑھ کر بولی دینا -

اِزْدَادَ - زیادہ ہونا - زیادہ کرنا ــــ زیادہ طلب کرنا -

اِسْتَزَادَہٗ - زیادہ طلب کرنا - کوتاہی کرنیوالا سمجھنا اور شکایت کرنا -

الزَّائِد - فا - مؤنث زَائِدَۃ - زَائِدَۃُ الکَبِد : جگر کا چھوٹا سا ٹکڑا جو اسی کے ساتھ ایک جانب میں ہوتا ہے - ج زَوَائِد - وَالزَّوَائِدُ مِنَ الاَسْنَانِ : کچلیوں کے قریب والے دانت -

الزِّیَادَۃ - مص - جو چیز بڑھائی جائے - ج زِیَادَات وَزَیَائِد وَزِیَادَۃُ الکَبِد : بمعنی زَائِدَۃُ الکَبِد -

الزَّیْد وَالزِّیْد - زیادتی - بڑھاؤ - کہا جاتا ہے " ہُمْ زَیْدٌ عَلٰی مِائَۃٍ " وہ سو سے زائد ہیں -

المَزِیْد - مص و مفعو - کہا جاتا ہے " لَا مَزِیْدَ عَلٰی ہٰذَا الاَمْرِ " یعنی اس معاملہ میں زیادہ گنجائش نہیں -

المَزَادَۃ - توشہ دان چمڑے کے کئی ٹکڑے ملا کر ایک تھیلا سا بناتے ہیں جس میں پانی رکھتے ہیں -

زِیْر - دیکھیے مادہ (زور)

الزِّیْز - ایک کیڑا جو درختوں پر رہا کرتا ہے اور زیز زیز کی آواز نکالتا ہے -

الزِّیْزٰی والزِّیْزَاء والزِّیْزَاء والزِّیْزِیَۃ - چھوٹا ٹیلہ یا سخت زمین - پَر یا اس کے کنارے ج الزَّیَازِی -

الزَّیَازِیَۃ - پہیا -

الزَّیْزَفُوْن - ایک درخت ہے جس کے پھول کو پانی میں بھگو کر دواءً استعمال کرتے ہیں - اور اِمثالِ عرب میں سے ہے " ہُوَ کَالزَّیْزَفُوْنِ یُزْہِرُ وَلَا یُثْمِرُ " وہ زیزفون کی مانند ہے پھول تو دیتا ہے پھل نہیں -

زَاطَ یَزِیْطُ زَیْطًا وَزِیَاطًا - شور مچانا اور بہت جھگڑنا - صفت (زَیَّاط)

زَاغَ یَزِیْغُ زَیْغًا وَزَیَغَانًا وَزَیْغُوْغَۃً : جھکنا - ٹیڑھا ہونا ــــ البَصَرُ : نگاہ کا تھکنا -

زَیَّغَہٗ - ٹیڑھا کرنا - کجی درست کرنا -

اَزَاغَہٗ - عَنِ الطَّرِیْقِ : بدراہ کرنا ــــ الرَّجُلَ کجی میں ڈالنا -

تَزَایَغَ - جھکنا -

الزَّائِغ - فا - ج زَاغَۃ و زُیَّغُوْنَ -

الزَّاغ - ایک قسم کا کوا جس کے پیٹ اور پیٹھ کے پر کچھ سفیدی مائل ہوتے ہیں - اور ایک قسم ہے

الزاغ الجیفی جو مُردار کھاتا ہے۔ ج زِیغَان۔
الزَّیغ۔ مص۔ حق سے انحراف۔ شک۔
الزُّیُوغ۔ جھکاؤ۔
زَافَت (ض) زُیُوفًا۔ الدراہمُ: کھوٹے ہونا
(زَافَ زَیفًا) الدراہمَ: کھوٹے کرنا یا کھوٹے سمجھنا — الحائطَ: دیوار پھاندنا — زَیفًا وزَیَفَانًا) مٹک کر چلنا — البعیرُ: اونٹ کا جھکتے ہوئے دوڑنا۔
زَیَّفَ۔ الدراہمَ: کھوٹے بنانا یا سمجھنا۔
الرَّجُلَ: حقارت کرنا — البناءُ: بلند ہونا۔
تَزَیَّفَت۔ الدراہمُ: کھوٹے ہونا۔
الزَّائِف۔ فا۔ شیر۔ مِنَ الدراہمِ: کھوٹا درہم۔ ج زُیَّف وزُیُوف۔
الزَّیف۔ چھجہ جو دیوار کی حفاظت کیلئے ہوتا ہے۔ کنگرہ۔ سیڑھی کے پایے۔ ج زِیَاف واَزْیَاف وزُیُوف۔ اور کہا جاتا ہے "دِرْہَمٌ زَیْفٌ" کھوٹا درہم۔
الزَّیَّاف۔ مٹک کر چلنے والا۔ شیر۔ مؤنث زَیَّافۃ۔
زَیَّقَ۔ الثوبَ: کپڑے میں گوٹ لگانا۔
تَزَیَّقَت۔ المرأۃُ: زینت کرنا سرمہ لگانا
الزِّیقُ۔ مِنَ الثوبِ: کپڑے کی گوٹ۔ معماروں کی ڈوری جس سے وہ دیوار کی ہمواری کا اندازہ کرتے ہیں۔
زَاکَ (ض) زَیَکَانًا۔ ناز اور تکبر سے چلنا۔
الزِّیکُ۔ چھوٹے جواہر جو بڑے جوہر کے گرداگرد جڑے ہوئے ہوں۔

زَالَہٗ یَزَالُہٗ ویَزِیلُہٗ زَیلاً۔ عن مکانہٖ: ہٹانا۔ علیحدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَازِلْتُ اَفْعَلُ" میں ہمیشہ کرتا رہا۔ "مَازِلْتُ بِزَیدٍ ومَازِلْتُ زَیْدًا حَتّٰی فَعَلَ" میں ہمیشہ زید کے ساتھ لگا رہا یہاں تک کہ اس نے کر دیا۔ "وزِلْتُ اَفْعَلُ" بمعنی "مَا زِلْتُ اَفْعَلُ" حرفِ نفی کی تقدیر سے۔ اور یہ قلیل الاستعمال ہے۔
اَزَالَہٗ اِزَالَۃً واَزَالاً۔ عن مکانہٖ: ہٹانا۔
زَیَّلَہٗ۔ متفرق کرنا۔ پراگندہ کرنا۔
زَایَلَہٗ۔ باہم دگر جدا ہونا۔
تَزَایَلُوا وتَزَیَّلُوا۔ پراگندہ ہونا۔ جدا ہونا — عنہٗ: شرم کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَنَا اَتَزَایَلُ عَنْکَ فَلَا اَتَجَاسَرُ عَلَیْکَ" میں تم سے شرم کرتا ہوں اسلئے میں تمہارے سامنے دلیری نہیں کر سکتا۔
الزَّیَل۔ دونوں رانوں کے درمیان کی دُوری۔
الاَزْیَل۔ دونوں رانوں کو درمیان فاصلہ والا رَجُلٌ "مِزْیَلٌ ومِزْیَالٌ" خوش طبع۔ زیرک۔
زَامَ یَزِیمُ ویَزَامُ زَیْمًا۔ بفلانٍ فاسکتہ: ایک کلمہ بول کر خاموش کر دینا۔
تَزَیَّمَت۔ الخیلُ وغیرُہا: گھوڑے وغیرہ کا پراگندہ ہونا — اللحمُ: گوشت کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ آپس میں گتھا ہوا ہونا۔
الزِّیمَۃ۔ گوشت وغیرہ کا ٹکڑا۔ ج زِیَم۔
زَانَہٗ یَزِینُہٗ زَینًا۔ زینت دینا۔ الشئَ: خوبصورت بنانا۔ آراستہ کرنا۔

زَیَّنَہٗ تَزْیِینًا واَزَانَہٗ اِزَانَۃً واَزْیَنَہٗ اِزْیَانًا۔ زینت دینا۔
تَزَیَّنَ تَزَیُّنًا واِزَّیَّنَ اِزَّیُّنًا واِزْدَانَ اِزْدِیَانًا واِزْیَنَّ اِزْیِنَانًا واِزْیَانَّ اِزْیِینَانًا۔ آراستہ ہونا۔
الزَّائِن۔ فا۔ اِمْرَأۃٌ زَائِنٌ: آراستہ عورت
الزَّین۔ مص۔ آراستگی ج اَزْیَان۔ الزَّیْن: ایک درخت کا نام جس سے تیر بناتے ہیں۔
زَیْنُ الدِّیکِ: مُرغ کی کلغی۔
الزَّانَۃ۔ بدہضمی۔
الزِّینَۃ۔ آراستگی جس سے زینت کی جائے
اَمْرَاضُ الزِّینَۃِ عِنْدَ الاَطِبَّاءِ: بال یا کھال یا ناخن کے امراض۔
الزَّیَان۔ خوبصورت۔ کہا جاتا ہے "قَمَرٌ زَیَانٌ" خوبصورت چاند۔
الزِّیَان۔ ہر وہ چیز جس سے زینت کی جائے
المُزَیِّن۔ فا۔ نائی۔ (مولد)
زَیَّاہُ تَزْیِیَۃً۔ پوشاک پہنانا۔ کہا جاتا ہے "ہٰذِہٖ زَایٌ فَزَیِّہَا" یعنی اس کو حرف زاء سے پڑھو۔
تَزَیّٰ۔ آراستہ ہونا — بِزِیِّ القومِ: قوم کا لباس پہننا۔
الزِّیُّ۔ ہیئت۔ شکل۔ پوشش۔ کہا جاتا ہے۔ "اَقْبَلَ بِزِیِّ العَرَبِ" وہ عرب کے لباس میں آیا یا "جَاءَنَا بِزِیٍّ غَرِیبٍ" وہ ہمارے پاس عجیب لباس میں آیا۔ ج اَزْیَاء۔

س (۶۰)

السِّین۔ فعل مضارع کو مستقبل قریب کے معنی کے لئے خاص کر دیتا ہے۔
سَأَبَہٗ (ف) سَأْبًا۔ گلا گھونٹنا۔ السِّقَاءَ: مشک کو کشادہ کرنا — وسَئِبَ (س) سَأَبًا) مِنَ الشرابِ: آسودہ و سیراب ہونا۔
السَّأْب۔ مص۔ بڑی مشک۔ ج سُؤُوب۔
السُّؤْبَان۔ مال کا بہترین منتظم۔
المِسْأَب۔ بڑی مشک۔ بہت پانی پینے والا۔
سَأَتَہٗ (ف) سَأْتًا۔ گلا گھونٹنا۔ گلا گھونٹ کر مار ڈالنا۔
السَّأْت۔ گلے کی ایک جانب۔
سَأَدَہٗ (ف) سَأْدًا وسَأَدًا۔ گلا گھونٹنا۔
سُئِدَ۔ کھاری پانی کے پینے سے بیمار ہونا صفت (مَسْؤُود)
سَئِدَ (س) سَأَدًا۔ پینا — الجُرْحُ: زخم ٹوٹ کر بہنا۔ صفت (سَئِید)
اَسْأَدَ اِسْآدًا۔ ساری رات چلنا۔ کہتے

ہیں "أَسْعَدَ يَوْمَهٗ إِسْعَادًا مَنْ أَسْأَدَ لَيْلَتَهٗ إِسْآدًا" جو شخص ساری رات چلتا رہا اس نے اپنے دن کو کامیاب بنایا۔
السُّؤَاد۔ کھاری پانی پینے کی وجہ سے بیماری
السُّؤْدَةُ۔ بقیہ جوانی۔
المِسْأَد۔ تیل یا شہد کی مشک۔
سَأَرَ (ف) سَأْرًا و أَسْأَرَ۔ الشَّارِبُ فِي الإِنَاءِ: کچھ باقی چھوڑنا۔ صفت (سَأَّارٌ) اور کہا جاتا ہے "أَسْأَرَ الحَاسِبُ فِي حِسَابِهٖ" حساب لگانے والے نے حساب کو پوری طرح سے نہیں کیا۔
سَئِرَ (س) سَأَرًا۔ الشَّيْءُ: باقی رہنا۔
تَسَأَّرَ۔ النَّبِيذَ: جھوٹا نبیذ پینا۔
السُّؤْر۔ جھوٹا پانی وغیرہ۔ بقیہ۔ ج أَسْآر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ سُؤْرُ شَرٍّ" وہ شریر ہے۔
السُّؤْرَة۔ بقیہ جوانی۔ مِنَ المَالِ: عمدہ مال۔ ج سُؤَر۔
السَّائِرُ۔ فا۔ مِنَ الشَّيْءِ: بقیہ۔
سَأْسَأَ سَأْسَأَةً۔ بِالحِمَارِ: گدھے کو روکنے کیلئے ڈانٹنا یا پینے یا چلنے کیلئے آواز دینا۔
تَسَأْسَأَتِ۔ الأُمُورُ: مختلف ہونا۔
سَأَفَتْ (ف) سَأْفًا و سَئِفَتْ (س) سَأَفًا يَدُهٗ: ناخن کے ارد گرد پھٹنا۔ ہاتھ کی صفت (سَئِفَةٌ) (سَئِفَ و اِنْسَأَفَ) لِيفُ النَّخْلِ: پھٹنا۔ پراگندہ ہونا۔ چھلنا۔
السَّأَف۔ کھجور کی شاخ۔ دُم کے بال۔
السَّائِفَة۔ ریت کے تودے کے نیچے کی باریک ریت۔ ج سَوَائِف۔
سَأَلَ (ف) سُؤَالًا و سَآلَةً و مَسْأَلَةً و تَسْآلًا۔ طلب کرنا۔ مانگنا۔ درخواست کرنا۔ اس کا تعدیہ دو مفعول کی طرف ہوتا ہے۔ جیسے "سَأَلْتُ اللّٰهَ نِعْمَةً" اور جب استخبار کے معنی میں ہو تو مفعول اول کی طرف بنفسہ اور مفعول ثانی کی طرف عن سے متعدی ہوتا ہے۔ جیسے "سَأَلْتُهٗ عَنْ حَاجَتِهٖ" اور کبھی ہمزہ کی تخفیف ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے "سَالَ يَسَالُ سَلْ" مثل خَافَ يَخَافُ خَفْ کے اور اسم مفعول "مَسُوْلٌ" مانند مخوف کے۔
سَاءَلَهٗ و سَايَلَهٗ مُسَاءَلَةً و مُسَايَلَةً و سَاءَلَ عَنْهُ: بمعنے سَأَل۔
أَسْأَلَهٗ۔ سُؤْلَهٗ و سُؤْلَتَهٗ و مَسْأَلَتَهٗ: حاجت پوری کرنا۔
تَسَأَّلَ و تَسَوَّلَ۔ مانگنا۔
تَسَاءَلَ و تَسَاوَلَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے سے پوچھنا۔
السُّؤْلُ والسُّوْلُ والسُّؤْلَةُ والسُّوْلَةُ درخواست۔ التجا۔
السَّأَّالُ والسُّؤَلَةُ والسَّؤُوْلُ۔ بہت سوال کرنے والا۔
السَّائِلُ۔ فا۔ مانگنے والا۔ ج سَائِلُوْنَ و سُؤَّل و سُؤَّال و سَأَلَة۔
المَسْئَلَة۔ حاجت۔ مطلب۔ ج مَسَائِل
المَسْئُوْلِيَّة۔ ذمہ داری۔
سَئِمَ (س) سَأْمَةً و سَأَمًا و سَآمَةً و سَأْمًا و سَآمَةً۔ الشَّيْءَ و مِنْهُ: کسی چیز سے ملول ہونا۔ اکتا جانا۔ صفت (سَؤُوْمٌ)
أَسْأَمَهٗ إِسْآمًا۔ ملول کرنا۔ اکتا دینا۔
سَأَى (ن) سَأْوًا۔ دوڑنا ــــ الشَّيْءَ: کسی چیز کی نیت کرنا۔ قصد کرنا ــــ الرَّجُلَ: کسی کو غمگین کرنا ــــ الثَّوْبَ: کپڑے کو کھینچ کر پھاڑنا۔ بَيْنَهُمْ: لوگوں میں فساد ڈالنا۔
السَّأْو۔ مص۔ وطن۔ وہ جہت جہاں کا ارادہ کیا جائے۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ بَعِيْدُ السَّأْوِ" وہ بڑی ہمت والا ہے۔
سَبَّهٗ (ن) سَبًّا و سِبِّيْبَى۔ سخت گالی دینا۔ مقعد میں نیزہ مارنا (سَبًّا) الحَبْلَ: رسی کو کاٹنا الفَرَسَ: گھوڑے کو زخمی کرنا۔ کونچیں کاٹنا۔
سَبَّبَهٗ۔ بہت گالی دینا ــــ الأَسْبَابَ: اسباب پانا ــــ لِلْمَاءِ مَجْرًى: پانی کے لئے نالی درست کرنا ــــ الأَمْرَ: سبب بننا۔
سَابَّهٗ مُسَابَّةً و سِبَابًا۔ گالی دینا۔
تَسَبَّبَ۔ اسباب ڈھونڈھنا ــــ بِهٖ إِلَيْهِ: وسیلہ بننا ــــ بِالأَمْرِ: سبب ہونا۔
تَسَابَّ۔ الرَّجُلَانِ: باہم قطع تعلق کرنا اور گالی گلوج کرنا۔
إِسْتَبَّ۔ القَوْمُ: باہم گالی گلوج کرنا۔
إِسْتَسَبَّ۔ لَهٗ: گالی کیلئے پیش کرنا۔
إِسْتَسَبَّ لَهُ الأَمْرُ: کام کا درست ہونا۔
السِّبُّ والسُّبَبَةُ والمِسَبُّ والمِسَبَّة بہت گالی دینے والا۔ السِّبُّ: ج سُبُوْب: رسی۔ عمامہ۔ کھونٹی۔ کتاں کا باریک ٹکڑا۔ پردہ
السَّبَّة۔ مِنَ الحَرِّ او البَرْدِ او الدَّهْرِ: حصہ۔ مقعد۔
السَّبَّابَة۔ انگشت شہادت ــــ عِنْدَ المُوَلَّدِيْنَ: ہفتہ۔
السُّبَّة۔ جس کو لوگ بہت گالی دیں۔ عار۔ بے عزتی۔
السَّبَب۔ رسی۔ ذریعہ۔ راستہ۔ کہا جاتا ہے "مَا لِي إِلَيْهِ سَبَبٌ" میرے لئے اس کی طرف کوئی راستہ نہیں۔ "وَقَطَعَ اللّٰهُ بِهِ السَّبَبَ" اللہ نے اس کی زندگی ختم کر دی۔ دوستی۔ رشتہ داری فِي العَرُوْضِ: دو حرف متحرک یا ایک متحرک اور ایک ساکن۔ ج أَسْبَاب۔ أَسْبَابُ السَّمَاءِ: آسمان کے اطراف یا آسمان میں چڑھنے کی جگہ اور کہا جاتا ہے "تَعَاطَى الأَسْبَابَ" اس نے امور معیشت کے اسباب حاصل کیے۔ "تَقَطَّعَتْ بِهِمُ الأَسْبَابُ" ان کی دوستیاں اور تعلقات ختم ہو گئے۔
السَّبِيْبُ والسَّبِيْبَةُ۔ بالوں کا گچھ۔ ــــ مِنَ الفَرَسِ: گھوڑے کے دم کے بال۔ گھوڑی کی پیشانی کے بال۔ ایال۔ ج سَبَائِب کہا جاتا ہے "قَدْ عَقَدُوْا سَبَائِبَ خَيْلِهِمْ" انھوں نے اپنے گھوڑوں کے دم کے بال میں گرہ لگائی۔
السَّبِيْبَة: کتاں کا باریک ٹکڑا۔
السَّبَّاب۔ بہت گالی دینے والا۔ مؤنث سَبَّابَة۔

الاُسْبُوبَة - باعث گالی - کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمْ اُسْبُوبَةٌ یَتَسَابُّونَ بِهَا" ان کے درمیان گالی کا سبب ہے جس کی وجہ سے وہ ایک دوسرے کو گالی دیتے ہیں۔

السَّبَّابَة والمِسَبَّةُ - انگشتِ شہادت

سَبَأَ (ف) سَبْأً و سِبَاءً و مَسْبَأً - الخَمْرَ: شراب کو پینے کیلئے خریدنا الجِلْدَ: کھال اتارنا — الجِلْدَ بالنَّارِ: کھال کو آگ میں جلانا — الرَّجُلَ: کوڑے مارنا۔ مصافحہ کرنا۔ — النَّارُ الجِلْدَ: آگ کا کھال کو جھلس دینا۔

اَسْبَأَ — لِاَمْرِ اللّٰہِ: حکمِ الٰہی کے لئے جھک جانا — عَلَی الشَّرِّ: مطیع ہونا۔

اِنْسَبَأَ - الجِلْدُ: کھال کا اُترنا۔ چھل جانا۔

اِسْتَبَأَ اِسْتِبَاءً - الخَمْرَ: شراب کو پینے کے لئے خریدنا۔

السِّبَاء والسَّبِیْئَة - شراب۔

السَّبَّاء - مے فروش۔

السُّبْأَة - دُور کا سفر۔

السَّبِیْءُ - مِنَ الحَیَّةِ: سانپ کی کینچلی۔

المَسْبَأُ - پہاڑی راستہ۔ راستہ۔

سَبَتَ (ن ض) سَبْتًا - ہفتہ کے دن میں داخل ہونا۔ سبت منانا۔ آرام لینا — الشَّیْءَ: کسی چیز کو کاٹنا — الرَّاسَ: سر مونڈنا — الرَّجُلُ: حیران ہونا — الشَّعْرَ: بال لٹکانا — عُنُقَهٗ: گردن پر مارنا۔

سُبِتَ - الرَّجُلُ: نیند کا آجانا۔

اَسْبَتَ - ہفتہ کے دن میں داخل ہونا۔

اِنْسَبَتَ - الشَّیْءُ: کسی چیز کا دراز ہونا۔ — الجِلْدُ: کھال کا نرم ہونا — الوَجْہُ: چہرہ کا لمبا ہونا۔

اِسْتَبَتَ - الیَہُوْدُ: یہودیوں کا ہفتہ کا دن منانا۔

السَّبْت - مص - سنیچر۔ شنبہ - ج اَسْبُت و سُبُوْت - السُّبُت: بہت سونے والا۔ عمدہ گھوڑا۔ دلیر لڑکا۔ چالاک مرد۔ زمانہ۔ ہفتہ۔ (— السَّبْتَة) زمانہ کا ایک عرصہ۔

السِّبْت - پکائی ہوئی کھال۔ رنگی یا دباغت دی ہوئی کھال۔

السُّبُت والسَّبَت - خطمی کی مانند ایک پودہ۔

السُّبَات - نیند یا اونگھ۔ زمانہ۔ چالاک مرد۔ اِبْنَا سُبَاتٍ: دن رات (السَّابُوْت) ایک قسم کی سمندری مچھلی۔

السِّبْتَان - بیوقوف۔

السُّبْتَاء - بیابان۔

السَّبَنْتٰی - دلیر۔ پیش قدمی کرنیوالا۔ چیتا ج سَبَانِت و سَبَاتِیّ - مؤنث سَبَنْتَاة - السَّبَنْتَاة: زبان دراز عورت۔

المُسْبِت - فا - وہ شخص جو مرض وغیرہ کی وجہ سے نہ حرکت کرے نہ آنکھیں کھولے۔

المَسْبُوت - مفع - میت یا بیہوش سرمنڈا ہوا

تَسَبَّجَ - سیاہ کمبل اوڑھنا۔

السُّبُجَة - کالا کمبل - ج سُبَج - بغیر آستین کا کرتا۔

السَّبَج - سیاہ مہرے۔

السَّبَّاج - کالا کمبل بیچنے والا۔

ثَوْبٌ (مُسَبَّجٌ) چوڑا کپڑا۔

سَبَحَ (ف) سَبْحًا - الرَّجُلُ: اپنی معاش کیلئے تصرف کرنا۔ سونا اور آرام لینا۔ دور تک نکل جانا — عَنِ الاَمْرِ: فارغ ہونا — فِی الکَلَامِ: بہت بولنا — فِی الاَرْضِ: کھودنا — القَوْمُ: پھرنا اور زمین میں پھیلنا (— سَبْحًا و سِبَاحَةً - فِی المَاءِ و بِالمَاءِ: تیرنا اور بطور استعارہ کہ گھوڑے کی رفتار اور ستارے کی چال کیلئے بھی استعمال کیا جاتا ہے (— سُبْحَانًا) سُبْحَانَ اللّٰہ کہنا۔

سَبَّحَ تَسْبِیْحًا - نماز پڑھنا۔ سبحان اللّٰہ کہنا — اللّٰہَ و لِلّٰہِ: خدا کی پاکی بیان کرنا۔

اَسْبَحَہٗ - تیرانا۔

السَّبْحَة - سَبَحَ کا اسم مرة - کھال کے کپڑے

السُّبْحَة - دعا - تم کہتے ہو "قَضَیْتُ سُبْحَتِیْ" میں نے اپنی دعا پوری کرلی۔ نفل نماز۔ تسبیح۔ سُبْحَةُ اللّٰہِ: اللّٰہ تعالیٰ کا جلال - ج سُبَح و سُبُحَات و سُبُحَاتُ وَجْہِ اللّٰہِ: اللّٰہ تعالیٰ کے انوار یا وہ دلائل عظمت جن سے باری تعالیٰ کی تقدیس کی جائے۔ - السُّبُحَة: روئی کا ٹکڑا۔

سُبْحَان - مص - کہا جاتا ہے "سُبْحَانَ اللّٰہِ" یعنی میں اللّٰہ تعالیٰ کی عیوب و نقائص سے پاکی بیان کرتا ہوں۔ "وسُبْحَانَ مِنْ کَذَا" موقع تعجب کیلئے اور یہ اضافت کے معنی میں ہے یعنی "سُبْحَانَ اللّٰہِ مِنْ کَذَا" کے معنی میں۔ وَاَنْتَ اَعْلَمُ بِمَا فِیْ سُبْحَانِکَ یعنی جو کچھ تیرے نفس میں ہے اس کا تو زیادہ جاننے والا ہے۔

التَّسْبِحَة - مص - تسبیح کے کلمات - ج تَسَابِیْح۔

السَّابِح - فا - ج - سَابِحُوْنَ و سُبَّاح و سُبْحَاء مؤنث سَابِحَة ج سَابِحَاتٌ و سَوَابِح - والسَّابِحُ مِنَ الخَیْلِ: تیز رفتار گھوڑا - السَّوَابِحُ: تیز رفتار گھوڑے۔ السَّابِحَات: کشتیاں - ستارے یا مومنین کی ارواح جو آسانی سے قبض کیجاتی ہیں - یا فرشتے جو آسمان و زمین کے درمیان تسبیح کرتے رہتے ہیں۔

السَّبَّاح - سَابِح کا مبالغہ - بڑا تیراک - ج سَبَّاحُوْنَ

السَّبُوْح - تیراک ج سُبُحَاء - فَرَسٌ سَبُوْحٌ: تیز رفتار گھوڑا جو اپنی رفتار میں ادھر اُدھر نہ ہوتا ہو۔

السُّبُّوْح والسَّبُّوْح - باری تعالیٰ کی صفات میں سے ہیں - اس لئے کہ اس کی تسبیح کیجاتی ہے

ثَوْبٌ (سُبُحٌ) مضبوط کپڑا۔

المُسَبِّحَة والسَّبَّاحَة - انگشتِ شہادت

المِسْبَحَة - عِنْدَ العَامَّةِ: عوام کے نزدیک بمعنی نفل نماز - تسبیح یا تسلی۔

سَبْحَلَ سَبْحَلَةً - سبحان اللّٰہ کہنا۔

السِّبَحْل - موٹا - جَارِیَةٌ سِبَحْلَةٌ: موٹی لمبی لڑکی۔

سَبْحَنَ - سُبْحَانَ اللّٰہ کہنا۔

سَبَخَ (ن) سَبْخًا - گہری نیند سونا۔ فارغ ہونا۔

دور ہونا۔

سَبِخَ (س) سَبَخًا۔ المَکَانُ: شورے والی ہونا۔ صفت (سَبِخٌ)

سَبَّخَ۔ عَنْہُ: ہلکا کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَللّٰھُمَّ سَبِّخْ عَنِّی الحُمّٰی اَوِ الشِّدَّۃَ" "اے اللہ مجھ سے بخار یا سختی کو ہلکا کردے" — الحَرَّ: ٹھنڈا کرنا — القُطْنَ ونَحْوَہٗ: روئی دُھننا — الرَّجُلُ: گہری نیند سونا۔ فارغ ہونا — العِرْقُ: رگ کا ساکن ہونا — الحَرُّ: گرمی کا کم ہوجانا۔

اَسْبَخَ۔ فِی الحَفْرِ: کھودنے میں زمین شور تک پہونچنا۔ المَکَانُ: زمین شور والی ہونا۔

تَسَبَّخَ۔ الحَرُّ اوالغَضَبُ: گرمی یا غصہ کا ٹھنڈا پڑنا۔

اَرْضٌ (سَبِخَۃٌ) ج سِبَاخ (وسَبَخَۃ) ج سَبَخَات: زمین شور۔

السَّبَخَۃ والسَّبَخَۃ۔ نمکین ودلدلی زمین کائی کی مانند جو پانی کے اوپر آجائے۔ ج سِبَاخ

السِّبَاخ۔ مِنَ الاَرْضِ: ویران کھیت جو جوتا نہ گیا ہو۔

السَّبِیْخ۔ روئی کا پھایا۔ یا بکھرے ہوئے پر وغیرہ۔

السَّبِیْخَۃ۔ دُھنکی ہوئی روئی کا گالا۔ ج سَبَائِخ۔ تم کہتے ہو "طَارَتْ سَبَائِخُ القُطْنِ" روئی کے گالے اُڑے۔

سَبَدَ (ن) سَبْدًا۔ الشَّعْرَ: بال مونڈنا شَارِبَہٗ: مونچھوں کا بڑھکر ہونٹوں کو گھیر لینا۔

سَبَّدَ۔ الشَّعْرُ: بال کا مونڈنے کے بعد نکلنا — الفَرْخُ: چوزے کے پر نکلنا اور سخت ہونا — الرَّجُلُ سر میں تیل نہ لگانا۔ — رَاْسَہٗ: سر میں کنگھی کرنا اور تر کرنا پھر چھوڑ دینا — شَعْرَہٗ: بال کو جڑ سے مونڈنا — العُشْبُ: پرانی گھاس میں نئی گھاس اُگنا۔

اَسْبَدَ۔ الشَّعْرَ: بال مونڈنا — العُشْبُ: پرانی گھاس میں نئی گھاس اُگنا۔

السِّبْدُ۔ بھیڑیا۔ مصیبت ج اَسْبَاد۔

الاَسْبَاد: کالے کپڑے۔ اَسْبَادُ العُشْبِ: گھاس کا سرا ابتدائی روئیدگی کے وقت۔ اور کہا جاتا ہے "ھُوَ سِبْدٌ مِنَ الاَسْبَادِ" وہ چوری میں بڑا ہوشیار ہے۔

السَّبَدُ۔ کم بال۔ کہا جاتا ہے "مَالَہٗ سَبَدٌ وَلَا لَبَدٌ" اس کے پاس نہ تو بال ہیں نہ اون یعنی اس کے پاس کچھ بھی نہیں۔

السَّبِدُ۔ سبز گھاس کا بقیہ۔

السُّبَدُ۔ چیتھڑا جس سے حوض کی نالی بند کی جائے۔ بدبختی۔ ج سِبْدَان۔ ایک قسم کا پرندہ جس کے پر دھاری دار ہوتے ہیں اور اس کا مُنہ کشادہ اور سر و چونچ چوڑی ہوتی ہے۔

السُّبْدُ والسُّبْدَۃ۔ پیڑو۔

السَّبَنْدَی۔ لمبا۔ دلیر۔ چیتا (الف الحاق کیلئے ہے تانیث کیلئے نہیں) ج سَبَانِد وسَبَانِدَۃ۔ السَّبَانِدَۃ: کھیل کود میں رہنے والے لوگ۔

السَّبَادِج۔ قلتِ خوراک۔ کہا جاتا ہے "اَصْبَحْنَا سَبَادِجَ وَلِصِبْیَانِنَا عَجَاعِجُ مِنَ الغَرَثِ" ہم نے کمی خوراک کے ساتھ صبح کی اور ہمارے بچے بھوک کی وجہ سے بلبلا رہے تھے۔

السَّبَادِرَۃ۔ بیکار لوگ۔ کھیل کود میں مشغول لوگ۔

سَبَرَ (ن ض) سَبْرًا واَسْبَرَ واِسْتَبَرَ۔ الجُرْحَ اوالبِئْرَ اوالمَاءَ: گہرائی کی آزمائش کرنا۔ — الاَمْرَ: تجربہ کرنا۔ آزمائش کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذِہٖ مَفَازَۃٌ لَا تُسْبَرُ" اس بیابان کی وسعت کا اندازہ معلوم نہیں۔

السَّبْرُ۔ مع۔ شیر (— والسِّبْرُ) اصل۔ رنگ جمال ہیئت۔ مشابہت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ حَسَنُ الحِبْرِ والسِّبْرِ" جبکہ اچھی ہیئت والا اور جمیل ہو "وَرَاَیْتُہٗ سَیِّئَ السِّبْرِ" جبکہ لاغر اور رنگ بدلا ہوا ہو "قَدْ غَلَبَ عَلَیْہِ سِبْرُ فُلَانٍ" اس پر فلاں کی مشابہت غالب ہے۔ السِّبْرُ: دشمنی ج اَسْبَار

السَّبْرَۃ۔ ٹھنڈی صبح۔ ج سَبَرَات۔

السُّبَرُ والسُّبْرَۃ۔ ایک شکاری پرندہ۔

السِّبَار۔ ج سُبُر و (المِسْبَر والمِسْبَار) ج مَسَابِر ومَسَابِیْر: زخم کی گہرائی معلوم کرنے کی سلائی۔

السِّبَار: افریقہ کے جنگلوں کا ایک درندہ جو بجو کے مشابہ ہوتا ہے۔

السِّبَارَۃ۔ ایک قسم کا جہاز۔

السَّابِرِی۔ سابور کی جانب منسوب۔ عمدہ کھجور۔ باریک بنی ہوئی مضبوط زرہ۔

السَّبُّوْرَۃ۔ سلیٹ۔ بلیک بورڈ۔

المَسْبَرُ۔ ہیئت وحسن وجمال۔ کہا جاتا ہے "حَمِدْتُ مَسْبَرَہٗ وَمَخْبَرَہٗ"

المِسْبَار۔ زخم کی گہرائی معلوم کرنے والا۔ ج مَسَابِیْر۔

مَسْبَرَۃ۔ الجُرْحِ: زخم کی گہرائی۔

المَسْبَرَۃ۔ آزمائش۔

المَسْبُوْر۔ مفع اچھی ہیئت والا۔

سَبْرَتَ۔ الرَّجُلُ: قناعت کرنا۔

السُّبْرُت والسُّبْرُوْت والسِّبْرِیْت والسِّبْرَات۔ مسکین ومحتاج۔ ج سَبَارِیْت و سَبَارِت۔ السُّبْرُوْت: تھوڑی چیز۔ امرد لڑکا۔ السُّبْرُوْت مِنَ الاَرْضِ: چٹیل بیابان۔

المُسَبْرَت۔ وہ شخص جس کے بال نہوں

سَبْسَبَ۔ المَاءَ: پانی بہانا — الرَّجُلُ: نرم وآہستہ چلنا۔ بری گالی دینا۔

تَسَبْسَبَ۔ المَاءُ: پانی بہنا۔

السَّبْسَب۔ بیابان۔ دُور کی ہموار زمین ج سَبَاسِب۔ اور کہا جاتا ہے "اَرْضٌ سَبَاسِب اوسُبَاسِب" بیابان۔ دور کی ہموار زمین۔

سَبِطَ (س) سَبَطًا وسَبْطًا وسُبُوْطًا وسَبُطَ (ن) سُبُوْطَۃً وسَبَاطَۃً۔ الشَّعْرُ: بالوں کا سیدھا ہونا۔

سَبُطَ (ک) سَبَاطَۃً۔ المَطَرُ: بہت بارش ہونا اور دُور تک ہونا۔

سُبِطَ سَبْطًا۔ بخار ہونا۔

سَبَطَتِ - النَّاقَةُ او النَّعْجَةُ: اونٹنی یا بھیڑ کا ناتمام بچہ گرا دینا۔ صفت (مُسْبِط)

اَسْبَطَ - خوف کی وجہ سے چپ رہنا۔ کمزور ہونا۔ گر کر بےحس وحرکت ہونا ـــــ بِالاَرْضِ: چمٹنا ـــــ فِی نَوْمِہٖ: نیند میں آنکھیں بند کرنا ـــــ عَنِ الاَمْرِ: غفلت کرنا۔

السِّبْط - اولاد کی اولاد۔ اس کا اطلاق اکثر نواسوں پر ہوتا ہے جیسے حفید کا اطلاق پوتوں پر ـــــ مِنَ الیَهُوْدِ: یہ لفظ یہودیوں کے لئے ایسے ہی مستعمل ہے جیسے عرب کیلئے قبیلہ کا لفظ۔ ج اَسْبَاط۔

السَّبْط والسَّبِط - مِنَ الشَّعْرِ: سیدھے بال۔ السَّبْط مِنَ المَطَرِ: بکثرت بارش۔ ج سِبَاط۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ سَبْطُ الیَدَیْنِ اَوْ سَبْطُ البَنَانِ" یعنی وہ فیاض وکریم ہے۔ "ؤ سَبْطُ الجِسْمِ" عمدہ قدوقامت والا۔

السَّبَط - تروتازہ لفی گھاس۔ چینا کی مانند ایک پودہ۔ واحد (السَّبَطَۃ) شَعْرٌ سَبِطٌ: سیدھے بال۔ السَّبَط: درخت جس کی ڈالیاں بہت ہوں اور جڑ ایک ہو۔

سَبَاط - بروزن قطام بمعنے بخار۔

سُبَاط - ایک ترکی مہینہ مطابق ماہ فروری اس کو شباط بھی کہتے ہیں (اور یہ منصرف اور غیر منصرف دونوں ہے)

السُّبَاطَۃ - بال جو کنگھی کرنے سے گریں۔ کوڑا کرکٹ۔ کوڑا خانہ۔

السَّابُوْط - ایک سمندری جانور۔

السَّابَاط - چھت جو دو مکانوں کے درمیانی راستہ پر ہو۔ ج سَوَابِیط وسَابَاطَات۔

السَّبَطَانَۃ - نے جس میں گولی ڈال کر پرندہ کو مارتے ہیں۔

اِسْبَطَرَّ اِسْبِطْرَارًا - دراز ہو کر لیٹنا۔ اِسْبَطَرَّتِ الاِبِلُ - تیز چلنا ـــــ لَہٗ البِلَادُ: کسی کیلئے ممالک وبلاد کا درست ہونا۔

السِّبَطْر - تیز خاطر وچالاک۔ لمبا۔ اَسَدٌ سِبَطْرٌ: حملہ کرنے کے وقت دراز ہونے والا۔ کہا جاتا ہے "جِمَالٌ سِبَطْرَاتٌ" لیٹے ہوئے اونٹ (اس میں تا تانیث کی نہیں بلکہ ایسی ہی ہے جیسے حَمَّامَات اور رِجَالَات مذکر کی جمع میں)

السُّبَاطِر والسَّبَیْطَر - لمبا مرد۔

السِّبَطْرَی - متکبرانہ چال۔

سَبَعَ (ف ن) سَبْعًا - القَوْمَ: ساتواں ہونا۔ مال کا ساتواں حصہ لینا ـــــ الحَبْلَ: سات لڑی کی رسی بنانا ـــــ الشَّیْءَ: سات بنانا ـــــ الرَّجُلَ: غیبت کرنا۔ گالی دینا ـــــ الشَّیْءَ: چرانا۔ الذِّئْبُ الغَنَمَ: بھیڑیے کا بکری کو پھاڑنا۔

سُبِعَتِ - الوَحْشِیَّۃُ: درندے کا بچے کو کھا جانا۔ صفت (مَسْبُوْعَۃ)

سَبَّعَہٗ - سات بنانا یا سات گوشہ کا بنانا ـــــ الاِنَاءَ: برتن کو سات مرتبہ دھونا ـــــ اللّٰہُ لَکَ: سات مرتبہ یا سات گنا دینا یا سات اولاد دینا ـــــ المَرْاَۃُ: عورت کا ساتویں مہینے بچہ جننا ـــــ القَوْمُ: پورے سات سو ہونا۔

سَابَعَہٗ مُسَابَعَۃً وسِبَاعًا - گالی گلوج کرنا۔

اَسْبَعَ - القَوْمُ: سات ہونا ـــــ الرَّاعِیْ: چرواہے کے جانوروں میں درندہ کا آپڑنا ـــــ الشَّیْءَ: سات بنانا ـــــ المَکَانُ: بہت درندوں والی ہونا ـــــ ہٗ درندے کا گوشت کھلانا ـــــ الرَّجُلُ: گھاٹ پر ساتویں دن جانے والے اونٹوں کا مالک ہونا۔ ایسے اونٹوں کو (سَوَابِع) کہتے ہیں۔

اِسْتَبَعَ - الشَّیْءَ: کسی چیز کو چرانا ـــــ الغَنَمَ بکری کو پھاڑنا ـــــ القَوْمُ: سات ہونا۔

السَّابِع - فا - ساتواں۔ ج سَبَعَۃٌ وسَابِعُوْنَ

سَبْعَۃ - سات - مؤنث - سَبْع۔

السَّبْع - سبعۃ کا مؤنث۔ یَوْمُ السَّبْعِ: قیامت کا دن۔ السَّبْعُ المَثَانِی - سورۂ فاتحہ یا پہلی سات سورتیں۔ کہا جاتا ہے: "طَافَ بِالبَیْتِ سَبْعًا" اس نے بیت کا سات مرتبہ طواف کیا۔

السَّبُع والسَّبْع والسَّبَع - درندہ۔ ج اَسْبُع وسِبَاع وسُبُوْع وسُبُوْعَۃ مؤنث سَبُعَۃ وسَبْعَۃ۔ السَّبُعُ مِنَ الطَّیْرِ: شکاری پرندہ۔

السُّبُع - ساتواں حصہ۔ ج اَسْبَاع۔ وحُمَّی السِّبْعِ - ساتویں روز کی باری کا بخار۔

السِّبْع - اونٹوں کا ساتویں دن گھاٹ پر آنا۔

السُّبَاعِیّ - سات گوشے والا۔ سات حروف والا لفظ۔ بڑا اونٹ۔ سُبَاعِیُّ البَدَنِ: پورے قدوقامت والا۔ مَوْلُوْدٌ سُبَاعِیٌّ: ساتویں مہینے پیدا ہونے والا بچہ۔

السَّبْعُوْنَ - مِنَ العَدَدِ: ستر (مذکر ومؤنث دونوں کے لئے)

السَّبِیْع - ساتواں حصہ۔

الاُسْبُوْع - ہفتہ۔ ج اَسَابِیع۔

اَرْضٌ (مَسْبَعَۃ) بہت درندوں والی زمین۔

المُسْبَع - ساتویں مہینے پیدا شدہ بچہ۔ وہ بچہ جس کی ماں مرگئی ہو اور کوئی دوسری عورت دودھ پلائے۔ منہ بولا بیٹا۔

المَسْبُوْع - درندہ سے خائف۔

السَّبَعْطَرَی - بہت لمبا۔

رَجُلٌ (سَبَعْلَلٌ) بیباک مرد۔

سَبَغَ (ن) سُبُوْغًا - العَیْشُ: زندگی کا وسیع وفراخ ہونا ـــــ الثَّوْبُ کپڑے کا زمین تک لمبا ہونا ـــــ الشَّیْءُ: پورا ہونا ـــــ اِلٰی وَطَنِہٖ: مائل ہونا ـــــ المَطَرُ: بارش کا زمین سے قریب ہونا۔

اَسْبَغَ - اللّٰہُ عَلَیْہِ النِّعْمَۃَ: نعمت کا کامل کرنا پوری کرنا ـــــ الثَّوْبَ: کپڑے کا لمبا وکشادہ کرنا ـــــ الرَّجُلُ: پوری زرہ پہننا ـــــ لَہٗ النَّفَقَۃَ: کسی کے لئے کشادگی سے خرچ کرنا اور تمام ضروریات پوری کرنا۔

السَّابِغ - فا - دِرْعٌ سَابِغَۃٌ: پوری زرہ۔ ج سَوَابِغ۔ ذَنَبٌ سَابِغٌ: لمبی دم۔ سَابِغُ الاَلْیَتَیْنِ: بڑے چوتڑوں والا۔

السَّبْغَۃ۔ آسودگی۔ وسعت۔
التَّسْبِغۃ والتَّسْبِغَۃ۔ خود کا وہ حصہ جو زرہ کی کڑیوں سے مل کر گردن کو چھپاتا ہے۔ ج تَسَابِغ (دونوں لفظ فتحۂ با سے بھی ہیں)
سَبْغَلَ۔ اِسْبَغَلَّ الثَّوْبُ: کپڑے کا پانی سے تر ہونا۔ الشَّعْرُ: بالوں کا تیل سے تر ہونا۔
المُسْبَغِلّ۔ فراخ و دراز۔
سَبَقَہٗ (ن ض) سَبْقًا۔ اِلیٰ کَذَا: آگے بڑھ جانا۔ ہ عَلیٰ کَذَا: غالب ہونا۔ سَبَقَ عَلیٰ قَوْمِہٖ: قوم سے بخشش و کرم میں بڑھ جانا۔ صفت (سَابِق) ج سَابِقُوْن و سُبَّاق۔
سَبَّقَہٗ۔ شرط لینا یا دینا۔ الشَّاۃُ: بکری کا ناتمام بچہ گرانا۔ الطَّیْرَ: پرندہ کے پیر میں بندھن ڈالنا۔ سَبَّقَ البَدْرَۃَ بَیْنَ الشُّعَرَاءِ: دس ہزار کی تھیلی شعراء کے درمیان رکھنا تاکہ جو غالب ہو وہ لے لے۔
اَسْبَقَ۔ القَوْمُ اِلَی الاَمْرِ: سبقت کرنا۔
سَابَقَہٗ سِبَاقًا و مُسَابَقَۃً۔ آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔ تم کہتے ہو "سَابَقْتُ بَیْنَ الخَیْلِ" میں نے گھڑ دوڑ میں مقابلہ کرایا۔
تَسَابَقَ و اسْتَبَقَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے پر آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔ اِسْتَبَقَا البَابَ او اِلَی البَابِ: دونوں نے دروازے کی طرف آگے بڑھنے کی کوشش کی۔ اِسْتَبَقَا الصِّرَاطَ: دونوں آگے بڑھ گئے اور راستہ کو چھوڑ دیا یہاں تک کہ گمراہ ہو گئے۔
السَّبَقُ۔ ج اَسْبَاق و (السُّبْقَۃ) شرط جو آگے بڑھنے پر رکھی جاتی ہے۔
کہا جاتا ہے "ہُمَا (سِبْقَانِ) وہ دونوں ایک دوسرے پر سبقت کرنے والے ہیں۔
السَّابِقُ۔ فا۔ گھڑ دوڑ کے میدان کا پہلا گھوڑا۔ اس کو مُجَلِّی بھی کہا جاتا ہے بقیہ گھوڑوں کے نام ترتیب وار یہ ہیں۔ المُصَلِّی۔ المُسَلِّی۔ التَّالِی۔ المُرْتَاح۔ العَاطِف۔ الحَظِیّ۔ المُؤَمَّل۔ اللَّطِیم۔ السُّکَیْت۔ ج سَابِقُوْن و سُبَّاق۔ اور کبھی اسکو اسم قرار دے کر سَوَابِق جمع لاتے ہیں۔ جیسے خاتم و خواتم۔
السَّابِقَۃ۔ السابق کا مؤنث۔ اولیت کہا جاتا ہے "لَہٗ سَابِقَۃٌ فِیْ ہٰذَا الاَمْرِ" اس کو اس معاملہ میں اولیت حاصل ہے۔ ج سَوَابِق و سَابِقَات۔ السَّوَابِقُ: گھوڑے۔
السَّبَّاق۔ بہت آگے بڑھنے والا۔
السِّبَاق۔ مع۔ پاؤں بند۔ بندش۔ سِبَاقُ الخَیْلِ۔ گھڑ دوڑ۔
السَّبُوْق والمُسْتَبِق۔ مِنَ الخَیْلِ: آگے بڑھنے والا گھوڑا۔
سَبَکَ (ن ض) سَبْکًا و سَبَّکَ۔ الفِضَّۃَ: پگھلا کر سانچے میں ڈھالنا۔ الکَلَامَ: کلام کو حشو و زوائد سے پاک کر کے عمدہ بنانا۔ سَبَکَتْہُ التَّجَارِبُ: مہذب بنانا۔
اِنْسَبَکَ۔ الذَّہَبُ ونحوہٗ: پگھلنا، ڈھلنا
السَّبِیْکُ۔ پگھلا ہوا۔ میل کچیل سے صاف کیا ہوا۔ کہا جاتا ہے "تِبْرٌ سَبِیْکٌ"
السَّبِیْکَۃ۔ چاندی وغیرہ کا ڈلا جو پگھلا کر سانچہ میں ڈھالا گیا ہو۔ ج سَبَائِک۔
المَسْبَکُ۔ پگھلانے اور ڈھالنے کی جگہ۔ ج مَسَابِک۔
اِسْبَکَرَّ۔ دراز ہو کر لیٹنا۔ الاَسَدُ: حملہ کے وقت دراز ہونا۔ اِسْبَکَرَّتِ الجَارِیَۃُ: پورے قد والی ہونا۔
سَبَلَ (ن) سَبْلًا۔ گالی دینا۔
سَبَّلَ۔ المَالَ: اللہ کی راہ میں خیرات کرنا۔ الشَّیْءَ: مباح کرنا۔ السِّتْرَ: پردہ لٹکانا۔
اَسْبَلَ۔ السِّتْرَ: پردہ لٹکانا۔ الدَّمْعَ: آنسو بہانا۔ المَاءَ: پانی گرانا۔ الطَّرِیْقُ: بہت آمد و رفت والا ہونا۔ السَّمَاءُ: برسنا۔ الدَّمْعُ اوالمَطَرُ: بکثرت آنسو بہنا یا بکثرت بارش ہونا۔ الزَّرْعُ: خوشہ نکلنا۔ عَلیٰ فُلَانٍ: کسی کے خلاف بہت گفتگو کرنا۔
السَّبَلُ۔ بارش جو ابھی زمین تک نہ پہنچی ہو آنکھ کی ایک بیماری جس میں آنکھ پر پردہ ہو جاتا ہے۔ بہنے والی بارش یا خون۔ خوشہ۔ ناک۔ اَسْبَلَ الدَّمْعُ اوالمَطَرُ کا اسم۔ کہا جاتا ہے "سَبَلٌ مِنْ رِمَاحٍ" نیزوں کا مجموعہ خواہ کم ہو یا زیادہ ثِیَابٌ سُبُلٌ: لٹکائے ہوئے کپڑے۔
السَّبَلَۃ۔ مونچھ کے بال۔ اوپر کے لب کے درمیان کا دائرہ۔ داڑھی کا اگلا حصہ۔ ج۔ سِبَال (۔۔۔ والسُّبُوْلَۃ والسُّبُوْلَۃ) خوشہ کہا جاتا ہے "مَلَأَ الاِنَاءَ اِلیٰ سَبَلَتِہٖ" اس نے برتن کو کنارہ تک بھر دیا۔ و "جَرَّ سَبَلَتَہٗ" اس نے تکبر سے اپنے کپڑے کھینچے، و بَعِیْرٌ حَسَنُ السَّبَلَۃِ" باریک کھال والا اونٹ۔ و جَاءَ وَقَدْ نَشَرَ سَبَلَتَہٗ" وہ دھمکی دیتا ہوا آیا۔
السَّبِیْلُ۔ راستہ یا واضح راستہ (مذکر و مؤنث) ج سُبُل و سُبْل و اَسْبُل و اَسْبِلَۃ و سُبُوْل
اِبْنُ السَّبِیْلِ: مسافر۔ سَبِیْلُ اللّٰہِ: جہاد۔ طلب علم۔ حج۔ امور خیر جن کا اللہ نے حکم دیا ہو۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ لَکَ عَلَیَّ سَبِیْلٌ" تم کو میرے اوپر مواخذہ کا کوئی حق نہیں۔ و لَیْسَ عَلَیَّ فِیْ کَذَا سَبِیْلٌ" میرے اوپر اس میں کوئی مواخذہ نہیں اور مولدین کہتے ہیں "مَا عَلَی المُحْسِنِ سَبِیْلٌ" محسن پر کوئی معارضہ نہیں۔ و "سَبِیْلُنَا اَنْ نَفْعَلَ کَذَا" یعنی ہم اس کام کے لائق ہیں۔
السَّبِیْلَۃ۔ راستہ یا واضح راستہ۔
السَّابِلَۃ۔ رہ چلتا راستہ۔ کہا جاتا ہے۔ سَبِیْلٌ سَابِلَۃٌ" راستہ پر گزرنے والے لوگ۔ ج سَوَابِل۔
عَیْنٌ (سَبْلَاءُ) لمبے پلکوں والی آنکھ۔ اِمْرَأَۃٌ سَبْلَاءُ۔ مونچھوں والی عورت۔
الاَسْبَلُ والمُسْبِلُ والمُسْبَلُ والمُسْبِلُ والمُسَبَّلُ۔ لمبی مونچھوں والا۔ المُسْبِلُ: گوہ۔ جوئے کے تیروں میں سے پانچواں یا چھٹا تیر۔ ماہ ذی الحجہ۔
اَسْبَنْتَی۔ المَرْأَۃُ: ہمیشہ سیاہ تہ بند باندھنا۔

السَّبِنِيَّة - عورتوں کا سیاہ تہبند -

السَّبَنْتُ والسَّبَنْتَة - عرصہ - کہا جاتا ہے "أَقَمْتُ عِنْدَهُ سَبَنْتًا" اس کے پاس میں نے عرصہ تک اقامت کی -

السَّبَنْتَى - دلیر پیش قدمی کرنے والا - چیتا - ج سَبَانِت وسُبَاتٌ -

السَّبَنْدَى - دلیر - جنگ میں پیش قدمی کرنے والا - ج سَبَانِد -

سُبِہَ سَبَهًا وسُبِّهَ تَسْبِيهًا - بڑھاپے کی وجہ سے عقل زائل ہونا صفت (مَسْبُوه ومُسَبَّه)

السَّبَه - بڑھاپے کی وجہ سے زوال عقل

رَجُلٌ (سَبِهٌ وسَبَاهٌ) مغرور مرد -

السُّبَاه - سکتہ - زوال عقل -

رَجُلٌ (سُبَاهِيٌّ) بڑھاپے کی وجہ سے عقل زائل شدہ مرد -

المُسَبَّه - فصیح زبان والا -

سَبَهْلَل - کہا جاتا ہے "جَاءَ الرَّجُلُ سَبَهْلَلًا" مرد بغیر ہتھیار اور ڈنڈے کے آیا یعنی لاپروائی سے آیا - یا بغیر کسی کام کے آیا - "وَهُوَ يَمْشِي سَبَهْلَلًا" وہ بیکار آتا جاتا ہے -

سَبَى يَسْبِي سَبْيًا وسِبَاءً - العَدُوَّ: دشمن کو قید کرنا ــ الرَّجُلَ: دور کرنا - جلاوطن کرنا ــ الخَمْرَ: شراب کو ایک شہر سے دوسرے شہر لے جانا ــ الحَافِرُ المَاءَ: پانی تک کھودنا - ــ فلانًا: کسی کو اپنی محبت میں قید کرنا -

اِسْتَبَى اِسْتِبَاءً - العَدُوَّ: دشمن کو قید کرنا ــ قَلْبَ فُلَانٍ: کسی کے دل کو اپنی محبت میں قید کرنا ــ الخَمْرَ: شراب ایک شہر سے دوسرے شہر لے جانا -

تَسَابَى - القَوْمُ: بعض کا بعض کو قید کرنا -

تَسَبَّى - فُلَانٌ لِفُلَانٍ: کسی کا کسی سے اظہار محبت کرنا اور اپنی طرف مائل کرنا -

السَّبْيُ - مص - قیدی - کہا جاتا ہے "جَاءُوا بِسَبْيٍ كَثِيرٍ" عموماً اسیر کا لفظ مردوں کیلئے اور سَبْيٌ کا اطلاق عورتوں پر ہوتا ہے - ج سُبِيّ - و سَبْيُ الحَيَّة: سانپ کی کینچلی جس کو چھوڑ دے -

السَّبِيّ - قیدی مرد - قیدی عورت - کہا جاتا ہے "غُلَامٌ سَبِيٌّ وجَارِيَةٌ سَبِيٌّ" ج سَبَايَا - سَبِيُّ الحَيَّة: سانپ کی کینچلی جس کو چھوڑ دے -

السَّبِيَّة - قیدی عورت - ایک شہر سے دوسرے شہر میں بھیجی ہوئی شراب - موتی جسکو غوطہ خور نکالے -

السَّبِيّ والسَّبَاء - لکڑی جس کو سیلاب ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائے -

السَّابِيَاء - مشیمہ - بہت اونٹ وبکری - اونٹ جو نسل بڑھانے کیلئے ہوں - بہت نسل والی بکریاں - ج سَوَابِي - السَّابِيَا: جنگلی چوہے کے سوراخ کی مٹی -

السَّتّ - عیب - بری گفتگو -

السِّتَّة - چھ - مذکر کے لئے مستعمل ہے اور مؤنث کے لئے سِتٌّ -

السَّاتّ - چھٹا -

السِّتُّون - ساٹھ (مذکر ومؤنث)

السَّتَب - ایک قسم کی تیز چال -

سَتَرَ (ن ض) سَتْرًا وسَتَرًا وسُتْرًا - الشَّيْءَ: کسی چیز کو چھپانا - ڈھانکنا -

سَاتَرَهُ مُسَاتَرَةً - العَدَاوَةَ: مخفی دشمنی کرنا -

تَسَتَّرَ واِسْتَتَرَ وانْسَتَرَ - چھپنا - ڈھک جانا - کہا جاتا ہے "هُوَ لَا يَسْتَتِرُ مِنَ اللّٰهِ بِسِتْرٍ" یعنی وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتا نہیں -

السِّتْر - پردہ - خوف - حیا - ج سُتُور و أَسْتَار - کہا جاتا ہے "مَا لَهُ سِتْرٌ ولَا حِجْرٌ" یعنی اُسے حیا وعقل نہیں - "هَتَكَ اللّٰهُ سِتْرَهُ" اللہ نے اس کے پردہ کو پھاڑ دیا - یعنی اس کی برائیاں ظاہر کردیں -

السَّتَر - مص - ڈھال -

السِّتَار - پردہ - ج سُتُر - کہا جاتا ہے "مَدَّ اللَّيْلُ سِتَارَهُ" رات نے اپنے پردہ کو پھیلا دیا - یعنی تاریکی پھیل گئی -

السُّتْرَة - ج سُتَر و (السِّتَارَة) ج سَتَائِر: پردہ - سُتْرَةُ السَّطْحِ: چھت پر پردہ کی دیوار -

السَّتِير - چھپا ہوا - پاکدامن - کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سَتِيرٌ وامْرَأَةٌ سَتِيرَةٌ" ج سُتَرَاءُ - مثل قُتَلَاءَ وشُهَدَاءَ - شَجَرٌ سَتِيرٌ: بہت ڈالیوں والا درخت -

المَسْتُور - مفع - پاکدامن - ج مَسْتُورُون ومَسَاتِير -

السَّتَّار - سَاتِر کا مبالغہ - اور یہ صفات باری تعالیٰ میں سے ہے -

الإِسْتَار - مِنَ العَدَدِ: چار ــ فِي الوَزْنِ: چار مثقال - ج أَسَاتِر وأَسَاتِير -

المِسْتَر والإِسْتَارَة - پردہ -

المُسَتَّر - مفع - جَارِيَةٌ مُسَتَّرَةٌ: پردہ نشین لڑکی

المِسْتَع والمُنْسَتِع - چست وچالاک اور بہت کارگزار مرد -

السَّتُّوق والسُّتُّوق - کھوٹا درہم جس پر چاندی کا ملمع ہو -

المُسْتُقَة والمُسْتَقَة - لمبے آستین کی پوستین - چنگ وغیرہ بجانے کا آلہ -

سَتَلَ (ن) سَتْلًا وتَسَاتَلَ وانْسَتَلَ واسْتَتَلَ - القَوْمُ: پے در پے یکے بعد دیگرے نکلنا ــ اللُّؤْلُؤُ: موتیوں کا لگاتار بکھرنا ــ الدَّمْعُ: آنسو قطرے قطرے بہنا - صفت (سَائِل)

سَتِلَ (س) سَتَلًا وسَاتَلَهُ: پیروی کرنا

السَّتَل - مص - عقاب یا ایک قسم کا پرندہ جو عقاب یا گدھ کے مشابہ ہوتا ہے - ج سُتْلَان وسِتْلَان -

السُّتَالَة - ردی چیز -

المُسْتَل - تنگ راستہ - ج مَسَاتِل -

أَسْتَنَ - الرَّجُلُ فِي السَّنَةِ: قحط سالی میں پڑنا

الأَسْتَن والأُسْتَان - بوسیدہ درخت کی جڑیں -

الإِسْتَانَة - شہر قسطنطنیہ -

سَتَهَ (ن) سَتْهاً۔ الرَّجُلَ: پیچھے لگنا۔ چوتڑ پر مارنا۔
السَّتْہُ والسِّتْہُ والسَّتَہُ۔ سُرین۔ ج استاہ
الاَسْتَہُ والسُّتَاھِیُّ۔ بڑی سُرین والا۔ ج سُتْہٌ وسُتْہان وسُتاھیّ۔ مؤنث سَتْہاء۔
سَتَا (ن) سَتْوًا۔ جلدی کرنا۔
آسْتَی وسَتّی۔ الثَّوبَ: کپڑا بننے کے لئے تانے کو پھیلانا۔
السَّتَا۔ تانا۔ بھلائی۔ کہا جاتا ہے "نال منہ سَتًا" اس نے اس سے بھلائی حاصل کی۔
الاُسْتِیُّ۔ تانا تنا ہوا کپڑا۔
سَتَاۃٌ۔ الثَّوبِ: کپڑے کا تانا۔ کہا جاتا ہے "ما انتَ لُحْمَۃً ولا سَتَاۃً" نہ تو تو بانا ہے اور نہ تانا۔ یعنی نہ تو تو نافع ہے نہ نقصان رساں۔
سَجَّ (ن) سَجًّا۔ پتلا پتلا پاخانہ کرنا۔ الحائطَ: دیوار لیپنا۔
السَّجَّۃُ والسَّجَاجُ۔ بہت پانی والا دودھ
السُّجُجُ۔ لیپی ہوئی چھتیں۔ پاک نفوس۔
المِسَجَّۃُ۔ لکڑی کا ایک اوزار جو لپائی کے کام آتا ہے۔
السَّجْبُ۔ پرانی مشک۔ ج سُجُب۔
سِقاءٌ (ساجِبٌ) خشک مشک۔ ج سَواجِب۔
سَجَحَتْ (ن) سَجْحًا۔ الحمامۃُ: کبوتر کا کوکو کرنا (— وسَجَّحَ) لَہُ بکلامٍ: تعریض کرنا۔ اشارہ کنایہ سے بات کرنا۔
سَجَحَ (س) سَجَحًا وسَجَاحَۃً۔ اعتدال کے ساتھ طول ہونا۔ کم گوشت والا ہونا — الخدُّ: رخسارہ کا ملائم ہونا — خُلُقُہُ: اخلاق کا نرم ہونا۔ کہا جاتا ہے "فی عقلِہ رجاحۃٌ وفی خُلُقِہ سَجاحۃٌ" اس کی عقل میں پختگی اور اخلاق میں نرمی ہے۔
اَسْجَحَ۔ الوالیُ: معاف کرنا — الرجلُ: نرم اور لطافت آمیز گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِذا سألتَ فاَسْجِحْ" یعنی جب تم سوال کرو تو نرم الفاظ بولو۔
اِنْسَجَحَ۔ لَہُ بکذا: سخاوت وجوانمردی کیا جانا۔
السُّجُحُ۔ نرم آسان۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ سُجُحٌ" نرم اخلاق کا مرد۔ اندازہ۔ کہا جاتا ہے "بیوتُہم علی سُجُحٍ واحدٍ" ان کے مکانات ایک اندازہ کے ہیں (— والسُّجُحُ) راستہ کا درمیانی حصہ۔
السَّجِیحُ۔ نرم وآسان۔
السُّجُحَۃُ والسَّجِیحَۃُ۔ عادت۔ فطرت۔ طبیعت۔ السَّجِیحَۃُ: اندازہ۔ کہا جاتا ہے "رَکِبَ سَجِیحَۃَ رأیِہ" اس نے ایک رائے کو اپنے لئے پسند کیا اور اس پر چل پڑا۔
الاَسْجَحُ۔ خوبصورت متناسب اعضاء والا۔ مؤنث۔ سَجْحاءُ ج سُجْحٌ۔
سَجَاحِ۔ بروزن قَطَامِ۔ نام ایک عورت کا جس نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں دعوئے نبوت کیا تھا۔
السِّجاحُ۔ سامنے۔ کہا جاتا ہے "جلستُ سِجاحَ وجہِہِ" میں اس کے منہ کے سامنے بیٹھا
السُّجاحُ۔ فضائے آسمانی۔
المَسْجُوحُ والمَسْجُوحَۃُ۔ عادت۔
سَجَدَ (ن) سُجُودًا۔ فروتنی سے جھکنا۔ عبادت کیلئے زمین پر پیشانی کو رکھنا۔ صفت مذکر (ساجد) ج سُجَّدٌ وسُجُودٌ وصفت مؤنث (ساجدۃ) ج ساجِدات وسَواجِد۔ کہا جاتا ہے "ہو ساجدُ المَنْخِرِ" وہ پست وذلیل ہے۔ "وعینٌ ساجدۃٌ" جھکی ہوئی آنکھ۔ "ونخلۃٌ ساجدۃٌ" جھکا ہوا کھجور کا درخت۔
سَجِدَ (س) سَجَدًا۔ رِجْلُہُ: پیر کا پھولنا۔
اَسْجَدَ۔ سر جھکانا۔ عَیْنَہُ: نگاہ پست کرنا
الاَسْجَدُ۔ پھولے ہوئے پاؤں والا۔
السَّجَّادُ۔ بہت سجدہ کرنے والا۔
السِّجْدَۃُ۔ سَجْدَ کا اسم۔
السَّجَّادَۃُ والمِسْجَدَۃُ۔ جائے نماز۔
المَسْجَدُ والمَسْجِدُ۔ سجدہ گاہ۔ عبادتگاہ ج مَساجِد۔ المسجدُ الحرامُ: بیت اللہ شریف۔ المسجدُ الاقصٰی: مسجد بیت المقدس۔ المسجدانِ: مکہ ومدینہ کی مسجدیں۔
المِسْجَدُ۔ آدمی کی پیشانی۔ ج مَساجِد۔
سَجَرَ (ن) سَجْرًا۔ التَّنُّورَ: تنور میں ایندھن ڈال کر گرم کرنا — الماءُ النہرَ: پانی کا دریا کو بھرنا — البحرُ: سمندر کا جوش میں آنا — الماءَ فی حلقِہ: پانی ٹپکانا — الکلبَ: گلے میں لکڑی باندھنا — الشیءَ: بھیجنا (— سَجْرًا وسُجُورًا) النّاقۃُ: لمبی آواز نکالنا۔
سَجَّرَ۔ الماءَ: پانی جاری کرنا — التنورَ: تنور میں ایندھن ڈال کر گرم کرنا — الناقۃُ: اونٹنی کا لمبی آواز نکالنا۔
سُجِّرَ۔ البحرُ: سمندر کا چڑھنا۔ بلند موجوں والا ہونا۔
سَاجَرَہُ۔ مخلص دوست بننا۔
اِنْسَجَرَ۔ الاناءُ: برتن کا بھر جانا — الابلُ فی سیرِہا: اونٹوں کا لگاتار چلنا۔
السَّجْرُ۔ مص۔ بادل کی گرج۔ بئرٌ سَجْرٌ: بھرا ہوا کنواں۔
السُّجْرَۃُ۔ پانی جو دریا کو بھردے۔ ج سُجَر (— والسُّجْرُ) فی العینِ: سرخی ملی ہوئی سپیدی
السَّاجِرُ۔ فا۔ سیلاب جو ہر چیز کو بھردے وہ جگہ جس کو سیلاب آکر بھردے۔
السَّاجُورُ۔ لکڑی جو کتے کے گلے میں لٹکائی جاتی ہے۔ ج سَواجیر۔ اور اسی سے ہے "سَوْجَرَ الکلبَ" یعنی اس نے کتے کے گلے میں لکڑی لٹکائی۔ اور کہا جاتا ہے "فی اعناقِہم سَواجیرُ" ان کے گلوں میں طوق ہیں۔
المِسْجَرُ والسَّجُورُ۔ تنور میں جھونکنے کی لکڑی وغیرہ۔
السَّجِیرُ۔ مخلص دوست۔ ج سُجَراء۔
الاَسْجَرُ۔ آنکھوں میں سرخی والا۔ مؤنث سَجْراءُ۔ خالص کیچڑ والا تالاب۔ شیر۔

شَعَرٌ مُسَجَّرٌ (مُنسَجِرٌ) لٹکے ہوئے بال۔ المُسَجَّرُ: وہ دریا وغیرہ جس کا پانی کم ہوگیا ہو۔

المَسجُورُ۔ مفع۔ ساکن اور بھرا ہوا۔ خالی (ضد) زیادہ پانی ملا ہوا دودھ۔ اللُّؤلُؤُ المَسجُورُ: پروئے ہوئے موتی۔ لڑی سے بکھرے ہوئے موتی۔ لُؤلُؤَةٌ مَسجُورَةٌ: بہت آبدار موتی۔

السَّجُورِيُّ۔ بیوقوف۔

سَجِسَ (س) سَجَسًا۔ الماءُ: گدلا اور متغیر ہونا۔ صفت (سَجِسٌ و سَجْسٌ و سَجِيسٌ)

سَجَّسَ۔ المنھلُ: چشمہ کا بدبودار و خراب ہونا۔

السَّجَسُ۔ مص۔ فساد۔ گدلاپن۔ کہا جاتا ہے "لَا آتِيكَ سَجِيسَ اللَّيَالِي" میں تیرے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔

السَّجسَجُ۔ زمین جو نہ سخت ہو نہ نرم۔ پو پھٹنے اور آفتاب نکلنے کے درمیان کا وقت۔ کہا جاتا ہے "يَومٌ سَجسَجٌ" دن کہ جس میں نہ تو تکلیف دہ گرمی ہو اور نہ سخت سردی ہو۔ و "هَوَاءٌ سَجسَجٌ" گرم اور سرد کے درمیان معتدل فضا۔ و "رِيحٌ سَجسَجٌ" نرم و معتدل ہوا۔ ج سَجَاسِجُ و سَجَاسِيجُ۔

سَجَعَ۔ (ف) سَجعًا۔ الخطيبُ: مقفی کلام بولنا۔ صفت (سَاجِعٌ و سَجَّاعٌ و سَجَّاعَةٌ) الحمامَةُ: کبوتر کا کوکو کرنا۔ صفت (سَاجِعَةٌ و سَجُوعٌ۔ ج سُجَّعٌ و سَوَاجِعُ) — الناقةُ: اونٹنی کا لمبی آواز نکالنا (اور یہ کمان کے لئے بھی مستعمل ہے) —— کہا جاتا ہے۔ "سَجَعَ فُلَانٌ ذٰلِكَ المَسجَعَ" فلاں نے اس مقصد کا ارادہ کیا۔

سَجَّعَ۔ الخطيبُ والحمامةُ: بمعنی سَجَعَ (تشدید مبالغہ کے لئے ہے)

السَّاجِعُ۔ فا۔ گفتگو۔ رفتار وغیرہ میں میانی چال چلنے والا۔ وَجهٌ سَاجِعٌ: اچھی خلقت کا معتدل چہرہ۔ نَاقَةٌ سَاجِعَةٌ: طرب ونشاط کے ساتھ آواز نکالنے والی اونٹنی۔

السَّجعُ۔ مقفی کلام۔ ج أَسجَاعٌ۔

السَّجعَةُ والأُسجُوعَةُ۔ قافیہ دار کلام کا ایک ٹکڑا۔ ج أَسَاجِيعُ۔

المَسجَعُ۔ مقصد۔

سَجَفَ (ن) سَجفًا و سُجُوفًا۔ البيتَ: مکان کا پردہ لٹکانا۔

سَجِفَ (س) سَجَفًا۔ پتلی کمر والا ہونا۔

أَسجَفَ۔ السِّترَ: پردہ لٹکانا۔ البيتَ: مکان کا پردہ لٹکانا —— الليلُ: تاریکی بڑھنا۔

السَّجفُ والسِّجفُ۔ ج سُجُوفٌ و أَسجَافٌ و (السِّجَافُ والسَّجِيفُ) دروازے کے دو پردے جن کے بیچ میں کھلا ہوا ہو۔ پردہ السِّجَافُ: گوٹ۔ سنجاف۔ کہا جاتا ہے "أَرخَى اللَّيلُ سُجُوفَهُ" رات نے پردے ڈال لئے۔ یعنی تاریکی پھیل گئی۔

السُّجفَةُ۔ رات کا ایک حصہ۔

السِّجَافَةُ۔ پردہ حجاب۔

سَجَلَ (ن) سَجلًا۔ بہ: اوپر سے پھینکنا۔ —— الماءَ: پانی گرانا —— الكتابَ: لگاتار پڑھنا۔

سَجَّلَ۔ بالشیءِ: اوپر سے پھینکنا۔ سَجَّلَ الرَّجُلُ: عہد نامہ لکھنا —— الأوراقَ: کچہری اور محکموں میں اوراق کو تحریر میں لانا۔ القاضي عليهِ: فیصلہ کرنا —— عليهِ بكذا: مشہور کرنا —— لَهُ بِمَالِهِ: ثابت کرنا۔

سَاجَلَهُ مُسَاجَلَةً و سِجَالًا۔ مقابلہ کرنا دوڑ یا شعر گوئی میں مقابلہ کرنا۔

أَسجَلَ۔ بہت خیر والا ہونا —— ہ بہت دینا الحوضَ: بھرنا الكلامَ: کلام کو بلا کسی قید کے بولنا الناسَ: چھوڑنا لهم الأمرَ: لوگوں کے لئے کسی معاملہ کو مباح کر دینا۔ اور اسی سے ہے "هٰذَا مُسجَلٌ لَهُ إِن شَاءَ أَخَذَهُ وَإِن شَاءَ تَرَكَهُ" یہ اس کے لئے مباح ہے چاہے لے لے چاہے چھوڑ دے أَسجَلَ الأَنعَامَ فِي الزَّرعِ: کھیت میں جانوروں کو آزادانہ چھوڑنا۔

تَسَاجَلَا۔ باہم مقابلہ کرنا۔

إِنسَجَلَ۔ اوپر سے گرنا۔ کہا جاتا ہے "سَجَلَ المَاءَ فَانسَجَلَ" اس نے پانی گرایا پس وہ گرا۔

السَّجلُ۔ مص۔ بڑا ڈول جس میں پانی ہو۔ ڈول بھر۔ عطیہ۔ سخی مرد۔ بڑا تھن۔ ج سِجَالٌ و سُجُولٌ اور کہا جاتا ہے "الحَربُ بَينَهُم سِجَالٌ" یعنی لڑائی میں غلبہ کبھی ایک کو ہوتا ہے کبھی دوسرے کو۔ السَّجلُ: حصہ۔ کہا جاتا ہے۔ "أَعطَاهُ سَجلَهُ مِن كَذَا" اس نے اس کو اس کا حصہ فلاں چیز سے دیا۔

السِّجِلُّ۔ معاہدات کا رجسٹر۔ احکام کا رجسٹر قاضی کا رجسٹر جس میں دعوے اور احکام وغیرہ لکھے جاتے ہیں۔ تاکہ قاضی کے پاس محفوظ رہے۔ ج سِجِلَّاتٌ۔

السِّجِّيلُ۔ کنکر۔

عَينٌ (سَجُولٌ) بہت آنسو بہانے والی آنکھ۔

السَّجِيلُ۔ حصہ۔ کہا جاتا ہے۔ "أَعطَاهُ سَجِيلَهُ مِن كَذَا" اس نے اس کو اس کا حصہ فلاں چیز سے دیا۔ شَيءٌ سَجِيلٌ: بہت سخت چیز۔ ضَرعٌ سَجِيلٌ: لٹکا ہوا بڑا تھن۔ دَلوٌ سَجِيلٌ و سَجِيلَةٌ: بڑا ڈول۔ (نَاقَةٌ سَجلَاءُ) بڑے تھنوں والی اونٹنی۔

السَّوجَلَةُ والسَّوجَلُ والسَّاجُولُ۔ شیشی کا غلاف۔ ج سَوَاجِيلُ۔

المُسجَلُ۔ مفع۔ ہر ایک کیلئے جائز۔ کہا جاتا ہے "فَعَلنَاهُ والدَّهرُ مُسجَلٌ" ہم لوگوں نے اس کام کو ایسے وقت میں کیا کہ کوئی کسی سے نہیں ڈرتا تھا۔

السِّجِلَّاطُ۔ چنبیلی۔

سَجَمَ (ن) سُجُومًا و سِجَامًا۔ الدمعُ: آنسو بہنا۔ صفت (سَاجِمٌ)

سَجَمَ (ن ض) سَجمًا و سُجُومًا۔ عن الأمرِ: دیر کرنا —— (ض ن) سَجمًا و سُجُومًا و سَجَمَانًا) العينُ أوالسحابةُ الماءَ: آنکھ کا آنسو یا بادل کا

پانی بہانا۔

سَجَمَ تَسْجَامًا وتَسْجِيْمًا و اَسْجَمَ۔ الْمَاءَ: پانی گرانا۔ اَسْجَمَتِ السَّحَابَةُ: دیر تک برسانا۔

اِنْسَجَمَ۔ الْمَاءُ: پانی گرنا۔ بہنا — الْكَلَامُ: کلام کا مرتب ہونا۔

تَسَاجَمَتِ۔ الدُّمُوْعُ: آنسو بہنا۔ گرنا۔

السَّجَمُ۔ پانی۔ آنسو۔

عَيْنٌ (سَجُوْمٌ) آنسو بہانے والی آنکھ۔ ج سُجُوْمٌ۔ نَاقَةٌ (سَجُوْمٌ ومِسْجَامٌ) بہت دودھ والی اونٹنی۔ ج۔ سُجُوْمٌ ومَسَاجِيْمُ۔

مَكَانٌ (مَسْجُوْمٌ) بارش شدہ جگہ۔

سَجَنَهُ (ن) سَجْنًا۔ قید کرنا۔ سَجَنَ الْهَمَّ: غم پوشیدہ کرنا۔

سَجَّنَ۔ الشَّیْءَ: پھاڑنا۔

السِّجْنُ۔ قید خانہ۔ ج سُجُوْنٌ۔

السَّجَّانُ۔ داروغہ جیل۔

السَّجِيْنُ۔ قیدی۔ ج سُجَنَاءُ وسَجْنٰی۔ مؤنث سَجِيْنٌ وسَجِيْنَةٌ ج سَجْنٰی وسَجَائِنُ۔ ضَرْبٌ سِجِّيْنٌ: سخت مار جو مضروب کو زمین پر بٹھا دے۔

الْمَسْجُوْنُ۔ مفع۔ قیدی۔

السَّاجِنَةُ۔ السَّاجِن کا مؤنث۔ پہاڑ میں پانی بہنے کی جگہ۔ ج سَوَاجِنُ۔

السِّجِّيْنُ۔ ہمیشہ۔ سخت۔ وہ شخص جو ہمیشہ بلا بیوی کے رہے۔ ایک مقام کا نام جس میں کفار وفجار کے اعمال نامے ہیں۔ جہنم کی ایک وادی کا نام۔ برملا وعلانیہ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ سِجِّيْنًا" وہ برملا آیا۔ کھجور کے درخت کے ارد گرد کا گڑھا۔

السَّجَنْجَلُ۔ آئینہ۔ چاندی کا ٹکڑا۔ ج سَنَاجِلُ

سَجَا يَسْجُوْ سَجْوًا وسُجُوًّا۔ اللَّيْلُ: رات کا سنسان ہونا۔ ہمیشہ رہنا النَّاقَةُ: لمبی آواز نکالنا۔

سَجّٰی تَسْجِيَةً۔ الْمَيِّتَ: میت کو کپڑے سے ڈھکنا۔ اور اسی سے ہے "سَجِّ مَعَايِبَ اَخِيْكَ" اپنے بھائی کے عیوب کو چھپاؤ۔

اَسْجَتْ اِسْجَاءً۔ النَّاقَةُ: اونٹنی کا زیادہ دودھ والی ہونا۔ اُسْجِيَ الْبَحْرُ: سمندر کی موجوں میں سکون ہونا — الرَّجُلُ: کسی چیز کو چھپانا۔

سَاجَاهُ۔ کسی کام کو ہمیشہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَتَانَا بِالطَّعَامِ فَمَا سَاجَيْنَاهُ" ہمارے پاس کھانا لایا ہم نے اس کو نہیں چھوا۔

السَّاجِیْ۔ فا۔ ساکن۔ قرار یافتہ۔ نرم۔ کہا جاتا ہے "عَيْنٌ سَاجِيَةٌ" جھکی ہوئی آنکھ۔ "وَلَيْلَةٌ سَاجِيَةٌ" سنسان رات۔ بہت تاریک رات جو ہر چیز کو ڈھانک لے۔

اِمْرَاَةٌ (سَجْوَاءُ) الطَّرْفِ: جھکی ہوئی نگاہ والی عورت۔ نَاقَةٌ سَجْوَاءُ: دوہنے کے وقت خاموش رہنے والی اونٹنی۔ رِيْحٌ سَجْوَاءُ: نرم ہوا۔

السَّجِيَّةُ۔ طبیعت۔ عادت۔ ج سَجِيَّات وسجایا۔

سَحَّ (ن) سَحًّا۔ بہت موٹا ہونا۔ الْمَاءَ: پانی کو لگاتار بہت گرانا۔ اور اسی سے ہے "اِسْتَنْشَدْتُهُ قَصِيْدَةً فَسَحَّهَا عَلَيَّ سَحًّا" میں نے اس سے قصیدہ پڑھوایا اُس نے میرے سامنے لگاتار پڑھا — ہ: مارنا۔ کہا جاتا ہے "سَحَّهُ مِائَةَ سَوْطٍ" اس نے اس کو سو کوڑے مارے (— سَحًّا وسُحُوْحًا وتَسْحَاحًا) بہت بہنا۔

سَحَّتْ (ض) سُحُوْحًا وسُحُوْحَةً۔ الشَّاةُ: بہت موٹی ہونا گویا کہ موٹاپے کی وجہ سے چربی بہاتی ہے۔ صفت (سَاحٌّ وسَاحَّةٌ) ج سِحَاحٌ وسُحَّاحٌ)

اِنْسَحَّ۔ اِبْطُ الْبَعِيْرِ عَرَقًا: اونٹ کی بغل سے پسینہ بہنا۔

السَّحُّ والسُّحُّ۔ خشک متفرق کھجوریں۔

السَّحَاحُ۔ فضاء آسمانی۔

سَحَابَةٌ (سَحُوْحٌ)۔ بہت بارش والا بادل۔

غَارَةٌ (سَحَّاءُ) اچانک دشمن پر مصیبت لانیوالی لوٹ۔

عَيْنٌ (سَحَّاحَةٌ) بہت آنسوؤں والی آنکھ۔

فَرَسٌ (مِسَحٌّ) تیز رفتار عمدہ گھوڑا۔

سَحَبَهُ (ف) سَحْبًا۔ زمین پر گھسیٹنا الرَّجُلُ: بہت کھانا پینا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ يَسْحَبُ ذَيْلَهُ" وہ متکبرانہ چال چلتا ہوا آیا۔

تَسَحَّبَ۔ عَلَيْهِ: ناز کرنا — مِنَ الْاَكْلِ والشُّرْبِ: بہت کھانا — پینا — فِیْ حَقِّ فُلَانٍ: چھین کر اپنے حق میں ملا لینا۔

اِنْسَحَبَ۔ گھسٹنا۔

السُّحْبَةُ۔ آنکھ کا پردہ (— والسُّحَابَةُ) تالاب کا باقی ماندہ پانی۔

السَّحَابُ۔ بادل۔ ج سُحُبٌ۔ واحد (سَحَابَةٌ) ج سَحَائِبُ۔ کہا جاتا ہے "اَقَمْتُ عِنْدَهُ سَحَابَةَ يَوْمِنَا" میں نے اس کے پاس پورے دن اقامت کی۔

السَّحْبَلُ۔ کشادہ وادی۔ بڑا ڈول۔ بڑی مشک۔ بڑا پیٹ۔ بڑی گوہ۔

سَحَتَ (ف) سَحْتًا وسَحَّتَ۔ حرام مال کمانا — ہ: ہلاک کرنا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔ ذبح کرنا۔ سَحَتَ الشَّحْمَ عَنِ اللَّحْمِ: چربی کو گوشت سے علیحدہ کرنا — وَجْهَ الْاَرْضِ: مٹانا۔

اَسْحَتَهُ۔ خراب کرنا۔ ہلاک کرنا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔ اَسْحَتَ تِجَارَتَهُ: تجارت میں حرام داخل ہونا۔

اُسْحِتَ۔ مال ضائع ہونا۔

السَّحْتُ۔ مص۔ بوسیدہ کپڑا۔ عذاب۔ اور کہا جاتا ہے "مَالُهُ وَدَمُهُ سَحْتٌ" اس کا مال یا خون اس شخص کیلئے جو اُن کو معدوم کرے مباح ہے۔

السُّحْتُ والسُّحُتُ۔ حرام۔ ہر وہ کمائی جو خبیث وقبیح ہو اور اس سے عار لازم آئے جیسے رشوت وغیرہ۔ ج اَسْحَات۔

مَالٌ (سُحْتٌ وسُحُتٌ وسَحِيْتٌ ومُسْحَتٌ ومَسْحُوْتٌ) تلف شدہ مال۔ ہلاک شدہ مال۔

رَجُلٌ سُحُتٌ وسَحِيْتٌ: بڑا پیٹو آسودہ نہ ہونے والا عَامٌ (اَسْحَتُ) واَرْضٌ (سَحْتَاءُ) بے نباتات والا

سال یا زمین۔
السُّحْتُوت والسحتیت - کم روغن اور زیادہ پانی والا ستو - تھوڑی چیز-
السُّحْنُوت والسَّحْتِیق - پُرانا کپڑا-
السَّحِیْتَۃ - سب کچھ بہالے جانے والا بادل - ج سَحَائِت -
مَسْحُوتٌ - الجوفِ والمعدۃِ : آسودہ نہ ہونے والا - زیادہ بدہضمی ہونے والا - (ضد)
سَحَجَہٗ (ف) سَحْجًا و سَحَّجَہٗ ، چھیلنا-
—— الشیئَ بالشیئِ : کسی چیز کو کسی چیز سے رگڑ کر چھیلنا - صفت مفعولی (مَسْحُوج و سَحِیْج)
سَحَجَتِ الدَّابَّۃُ : چوپایہ کا جلدی چلنا-
تَسَحَّجَ وانْسَحَجَ - چھلنا-
السَّحَّاج - بہت چھلنے والا - کہا جاتا ہے - "زَمَنٌ سَحَّاج" بہت سخت زمانہ جو ہر چیز کو چھیل کر رکھ دے -
السَّحُوْج والمِسْحَاج - بہت قسم کھانے والی عورت -
المِسْحَج والمِسْحَاج - مِنَ الدَّوَابّ : تیز چلنے والا جانور - دانتوں سے بہت کاٹنے والا - المِسْحَاج : لکڑی کاٹنے کا اوزار - زمن مِسْحَاج : بہت سخت زمانہ جو ہر چیز کو چھیل دے -
السُّحْنُد - بہت سرکش و نافرمان -
سَحَرَہٗ (ف) سِحْرًا - دھوکا دینا - جادو کرنا - فریفتہ کرنا - —— ہ عن کذا : پھیرنا - دور کرنا-
سحر عَنِ الأمرِ : کسی معاملہ سے دور ہونا ——
و سحر الفضۃَ : چاندی پر سونے کا جھول چڑھانا-
سَحَرَہٗ (ف) سَحْرًا - پھیپھڑے پر مارنا - صفت مفعولی (مسحور و سحیر) —— المطرُ الطین : خراب کرنا-
سَحِرَ (س) سَحَرًا - صبح سویرے آنا - ڈول وغیرہ کھینچنے سے پھیپھڑے کاٹ جانا
صفت (سَحِر سَحِیر)
سَحَّرَہٗ - جادو کرنا - سحری دینا یا کھلانا -

غذا دینا - مشغول کرنا -
أَسْحَرَ - صبح کے وقت جانا -
تَسَحَّرَ - سحری کھانا -
إِسْتَحَرَ - صبح کے وقت میں داخل ہونا - یا صبح کے وقت نکلنا الدیکُ : مُرغ کا صبح کے وقت بانگ دینا -
السِّحْر - مع - وہ چیز جس کا ماخذ لطیف و دقیق ہو - باطل کو حق کی صورت میں ظاہر کرنا - جادو - دھوکا - حیلہ - فساد - ہر وہ چیز جسکے حاصل کرنے میں شیطانی تقرب کی ضرورت ہو - ج أَسْحَار و سُحُور - السحرُ الکلامی : کلام کی لطافت جو جادو کا کام کرے اور خیالات کو پلٹ دے - اور اسی سے ہے "اِنَّ مِنَ الْبَیَانِ لَسِحْرًا"
السَّحَر - صبح سے کچھ پہلے - السَحَرُ الأعلٰی : صبح کاذب - والسَحَرُ الآخر : صبح صادق - السَحَر : ہر چیز کا کنارہ - ج أَسْحَار -
السَّحْر والسَّحَر والسُّحْر - پھیپھڑا - ج سُحُور و سُحُر و أَسْحَار - اور کہا جاتا ہے "اِنْقَطَعَ مِنْہُ سَحْرِی" میں اُس سے ناامید ہو گیا - و "انتفخ سَحْرُہٗ" وہ بزدل ہو گیا - گویا خوف کی وجہ سے اِس کا پھیپھڑا پھول گیا - و مَاتَ فلانٌ بَیْنَ سَحْرِی و نَحْرِی" فلاں کا انتقال میرے سینہ پر ٹیک لگائے ہوئے ہوا -
السَّحَرِی والسَّحَرِیَّۃ - صبح سے کچھ پہلے
السُّحْرَۃ - صبح کاذب -
السُّحَارَۃ - پھیپھڑا - مِنَ الشاۃ : بکری کے پھیپھڑے اور نرخرہ کا وہ حصہ جس کو قصاب کاٹ لیتا ہے -
السَّحُوْر - سحری - وہ کھانا جو صبح سے کچھ پہلے کھایا جائے -
السَّحِیْر - پیٹ کی بیماری والا —— من الخیل : بڑے پیٹ والا گھوڑا -
السَّحَّار - جادوگر -
السَّاحِر - فا - عالم - ج سَحَرَۃ و سَحَّار و سُحَّار

و سَاحِرُوْنَ - مؤنث السَّاحِرَۃُ - ج سَاحِرَات و سَوَاحِر -
السَّوْحَر - بید کا درخت -
السِّحَار والإِسْحَار والإِسْحَارَۃ - ایک قسم کی نباتات جو مویشیوں کو موٹا کرتی ہے -
المُسَحَّر - وہ شخص جس کا پھیپھڑا دور کر دیا گیا ہو - خوف دلایا ہوا - جادو کیا ہوا - کھوکھلا -
المَسْحُوْرَۃ - مفع - خراب کیا ہوا کھانا - کثرت بارش یا کسی اور وجہ سے خراب جگہ - عنز مَسْحُوْرَۃ : کم دودھ والی بھیڑ - أَرْضٌ مَسْحُوْرَۃٌ : بنجر زمین -
السَّحَارَۃ - ایک قسم کی چیز جس سے بچے کھیلتے ہیں -
تَسَحْسَحَ - المَاءُ : پانی کا اوپر سے بہنا -
السَّحْسَح والسَّحْسَحَۃ - گھر کا صحن -
(السَّحْسَح والسَّحْسَاح) مِنَ المطرِ : بہت سخت بارش جو زمین کے کنکر پتھر وغیرہ کو بہالے جائے
سَحَطَ (ف) سَحْطًا و مَسْحَطًا - جلدی ذبح کرنا —— ہ الطعامُ : پھندا لگانا —— سحط الشرابَ : پانی ملانا —— السخلَ : بکری کے بچہ کو ماں کے ساتھ چھوڑنا -
اِنْسَحَطَ - من یدہ : ہاتھ سے پھسل کر گرنا -
—— عن النخلۃ ونحوہا - لٹکنا اور بغیر ہاتھ سے پکڑے ہوئے اُترنا -
المَسْحَط - حلق -
شاۃ (سَحِیْط و سَحُوْطَۃ) ذبح کی ہوئی بکری -
سَحَفَ (ف) سَحْفًا - الشعرَ عن الجلد : بال کو کھال سے زائل کرنا —— الرأسَ : سر مونڈنا (—— و أَسْحَفَتِ) الریحُ السحابَ : ہوا کا بادلوں کو اُڑا دینا - و أَسْحَفَ السحفۃَ : پیٹھ کی چربی کو بیچنا -
السَّحْفَۃ - پیٹھ کے اوپر کی چربی - ج سِحَاف و سُحُف -
السُّحَاف - سل کی بیماری -
السَّحِیْف - حلق کی آواز پینے کے وقت -

دودھ دوہنے کی آواز۔
اَلسَّحِیْفَۃُ - سخت بارش جو ہر چیز کو بہالیجائے چربی جو چھیل کر جدا کی جائے۔
ج سَحَائِف۔
اَلسَّحُوْف - سخت بارش جو ہر چیز کو بہالیجائے نَاقَۃٌ سَحُوْفٌ : بے چربی والی اونٹنی - اونٹنی جس کے تھن لمبے ہوں اور تھن کے سوراخ تنگ ہوں - جَمَلٌ اَوْ نَاقَۃٌ سَحُوْفٌ : زیادہ چربی والا اونٹ یا اونٹنی۔
مَسْحَف - الحَیَّۃ : زمین پر سانپ کے چلنے کے نشانات۔
اَلْمِسْحَفَۃ - گوشت چھیلنے اور چمڑا کھرچنے کا آلہ۔
رَجُلٌ (مَسْحُوْف) سل کی بیماری والا۔
اَرْض (مُسْحَفَۃ) باریک گھاس والی زمین۔
سَحَقَہٗ (ف) **سَحْقًا** - بہت زیادہ کوٹنا۔ باریک کرنا۔ ہلاک کرنا — الرِیْحُ الارضَ : ہوا کا تیز چلنے کی وجہ سے صاف کردینا — الرَّاسَ : سر مونڈنا — الشیَٔ الشدِیْدَ : نرم کرنا — القملۃَ : جوں کو مار ڈالنا — الثوبَ : کپڑے کا پرانا و بوسیدہ کرنا — العینُ دمعَہا : آنکھ کا آنسو بہانا۔ کہا جاتا ہے "سَحَقَہُ اللّٰہ" اللہ نے اس کو دور کردیا۔
سَحِقَ (س) و **سَحُقَ** (ک) **سَحْقًا** - دور ہونا۔
سَحُقَ (ک) **سُحُوْقَۃً** - الثوبُ : کپڑے کا بوسیدہ ہونا - پرانا ہونا — النخلۃُ : درختِ خرما کا طویل ہونا۔ صفت (سَحُوْق) ج سُحُق
سَحَّقَ - بہت باریک پیسنا۔
اَسْحَقَہٗ - دور کرنا۔ ہلاک کرنا — الثوب : کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ باوجود نئے ہونے کے رواں گرجانا — خُفُّ البَعِیْرِ : گھس جانا الضَرْعُ دودھ خشک ہوجانا اور تھن کا پیٹ سے لگ جانا۔
اِنْسَحَقَ - باریک ہونا — القلبُ : دل کا شکستہ ہونا — الشیُٔ : کشادہ ہونا، دور ہونا۔ — الثوبُ : باوجود نئے ہونے کے رواں گرجانا۔

— الدلوُ : ڈول کا خالی ہوجانا۔
اَلسَّحْق - مص - بوسیدہ کپڑا - کہا جاتا ہے۔ "ثوبٌ سَحْقٌ و سَحْقُ ثوبٍ" باعتبار وصف یا اضافت کے - نیز کہا جاتا ہے۔ "سَحْقُ درہمٍ" کھوٹا درہم ج سُحُوْق۔
اَلسُّحْق و **اَلسُّحُق** - دوری - کہا جاتا ہے۔ "سُحْقًا لہٗ" یعنی اللہ اس کو اپنی رحمت سے دور کرے۔
اَلسَّحِیْق - دور - مِسْکٌ سَحِیْقٌ : باریک پسی ہوئی مشک۔
اَلسَّوْحَق - لمبا - یا لمبا مرد۔
اَلسَّحَاقَۃ - بہت پیسنے والا - اِمْرَاَۃٌ سَحَاقَۃٌ عورت جس کی پستانیں لمبی ہوں اور لٹک آئی ہوں۔
اَلسَّحِیْقَۃ - سحیق کا مؤنث - زور کی بارش جو ہر چیز کو بہالے جائے۔ ج سَحَائِق۔
دمعٌ (مُنْسَحِق) بہے ہوئے آنسو - ج مَسَاحِق (نادر) کہا جاتا ہے "جَرَتْ مِنْ عَیْنِہٖ مَسَاحِقُ الدُمُوْعِ" اُس کی آنکھ سے آنسوؤں کی قطاریں بہہ پڑیں۔
اَلْاَسْحَق - دور۔
اَلْمِسْحَق - جس سے پیسا جائے۔
سَحَکَ (ف) **سَحْکًا** - پیسنا - ریزہ ریزہ کرنا۔
سَحَلَ (ف) **سَحْلًا** - الشیَٔ : چھیلنا - پیسنا - کوٹنا — الرجلَ : گالی دینا - ملامت کرنا۔ — الغریمَ مِائَۃَ درہمٍ : قرض خواہ کو نقد ادا کرنا — ہٗ مِائَۃَ سوطٍ : مارنا — الثوبَ : کچے دھاگے سے بننا۔ الحَبْلَ : رسی کو اکہرا بٹنا۔
سَحَلَتْ سَحْلًا و سُحُوْلًا - العینُ : رونا۔
سَحَلَ (ض) **سَحِیْلًا و سُحَالًا** - البغلُ : خچر کا ہنہنانا۔
سَاحَلَہٗ - ایک دوسرے کو گالی دینا۔ ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔ سَاحَلَ القومَ باولادہم : ساحل پر لانا۔
اَسْحَلَہٗ - گالی خوردہ پانا۔

اِنْسَحَلَ - چھلنا - پسنا - باریک ہونا۔ بالکلام : گفتگو جاری کرنا - اِنْسَحَلَتِ الدَّرَاہِمُ : چمکدار ہونا۔
اَلسَّحْلُ - مص - (السَّحُل) ج اَسْحَال و سُحُوْل و سُحُل و (السَّحِیْل) کپڑا جس کا سوت کچا ہو۔ اکہری بٹی ہوئی رسی۔
اَلسَّاحِل - فا - سمندر کا کنارہ - ج سَوَاحِل
اَلسِّحَال - لگام۔
اَلسُّحَلَۃ - چھوٹا خرگوش جو اپنی ماں سے جدا ہوگیا ہو۔
اَلسُّحَالَۃ - چاندی سونے کا برادہ - گیہوں جو کی بھوسی - ناکارہ لوگ۔
اَلْاِسْحِل - ایک درخت کا نام جسکی مسواکیں بنائی جاتی ہیں۔
اَلْاَسَاحِل - پانی کی نالیاں۔
اَلْمِسْحَل - سنگتراشی کا اوزار - ریتی - زبان - لگام - بلیغ خطیب - بہادر - چست ساقی - جلاد - حدود کو قائم کرنے والا - پختہ ارادہ - اکہری بٹی ہوئی رسی - گمراہی - کہا جاتا ہے۔ "رَکِبَ فُلَانٌ مِسْحَلَہٗ" فلاں نے گمراہی اختیار کی - المِسْحَل : شیطان - داڑھی کی ایک جانب چھلنی - توشہ دان کا منہ - بہت پانی والا - پرنالہ - بہت بارش - خسیس آدمی - سخاوت و فیاضی - گدھے کا بچہ - گورخر - ماہر قرآن - روئی کا پاکیزہ کپڑا - ج مَسَاحِل۔
اَلسُّحَال و **اَلسَّحِیْل** - ہنہناہٹ۔
شابٌ (سُحْلَانٌ و سُحْلَانِیٌّ) لمبا یا سیدھے بالوں والا جوان - مؤنث سُحْلَانَۃٌ و سُحْلَانِیَّۃٌ۔
اَلْمَسْحُوْل - مفع - چھوٹا - حقیر - ہموار کشادہ جگہ۔
رجل (اِسْحَلَانِیُّ) اللحیۃ : لمبی داڑھی والا مرد۔
اِمْرَاَۃٌ (اِسْحَلَانِیَّۃ) لمبے قد والی خوب صورت عورت۔
اَلسَّحْلَال - بڑے پیٹ والا۔
اَلسُّحْلُوْت - بیباک عورت۔

سَحِمَ (س) وسَحُمَ (ک) سَحَمًا ۔ کالا
ہونا ۔ صفت (اَسْحَم) مؤنث سَحْمَاء ۔ ج سُحم
سَحَّمَ ۔ وَجْهَهٗ : چہرہ کالا کرنا ۔
اَسْحَمَتِ ۔ السَّمَاءُ : برسانا ۔
السُّحَام والسَّحَام والسُّحْمَة ۔ سیاہی
الاَسْحَم ۔ سینگ ۔ بادل ۔ سرپستان ۔
شراب کی مشک ۔ بت ۔ خون جس میں قسم کھانے
والے اپنے ہاتھوں کو ڈبوتے تھے ۔
السَّحَم ۔ لوہار --- والسَّحِیْم والاَسْحَمَان)
ایک درخت کا نام ۔
السَّحَمَة ۔ لوہے کا ٹکڑا ۔
السُّحُم ۔ لوہار کے ہتھوڑے ۔
سَحَنَ (ف) سَحْنًا ۔ الحَجَرَ : پتھر توڑنا ---
الخَشَبَةَ : لکڑی کو رگڑ کر نرم و چمکدار بنانا ---
الشَّیْءَ : باریک پیسنا ۔
سَاحَنَہ ۔ ملاقات کرنا ۔ بہتر میل ملاپ
سے رہنا ۔ یُسَاحِنَہ الشَّیْءَ : کسی چیز میں شرکت
کرنا (--- وتَسَحَّنَہ) کسی کے چہرہ مہرہ رنگ
روغن کو دیکھنا ۔
السَّحْنَة والسَّحَنَة والسَّحْنَاء والسَّحَنَاء
ہیئت رنگ کھال کی تابانی ۔
المِسْحَنَة ۔ پتھروں کو توڑنے کا اوزار ۔
ج مَسَاحِن ۔
سَحَاہ یَسْحَاہ ویَسْحُوہ ویَسْحِیہ سَحْیًا ۔
چھیلنا --- الطِّیْنَ : کھرچنا ۔ صفت (سَاحٍ)
ج سُحَاة وسَاحُوْن مؤنث سَاحِیَة --- الشَّعْرَ :
مونڈنا --- واَسْحَی اِسْحَاءً وسَحَّی تَسْحِیَةً)
الکِتَابَ : خط پر کسی چیز سے مہر کرنا ۔
اِسْتَحَی اِسْتِحَاءً ۔ الشَّیْءَ : چھیلنا ۔
الشَّعْرَ : مونڈنا ۔ اِسْتَحَی مِنْہُ : شرم کرنا ۔
السِّحَاء ۔ مِنَ الکِتَابِ : خط پر مہر کرنے کی
چیز ۔ واحد سِحَاءَة ۔ السِّحَاءَةُ : دماغ کی جھلی ۔
ج سَحَایا ۔
السَّحَاة ۔ میدان ۔ جانب ۔ ایک قسم کی
خاردار گھاس ۔ چمگادڑ ۔ ج سَحًی ۔

السِّحَایَة ۔ بادل کا ٹکڑا ۔ دماغ کی جھلی ۔
کسی چیز کا برادہ ۔ بیلچہ بنانے کا پیشہ ۔
السَّاحِیَة ۔ سیلاب ۔ زور کی بارش ۔
السَّحَّاء ۔ بیلچہ بنانے والا ۔
الاُسْحُوَان ۔ بہت کھانے والا ۔ لمبے
قد کا خوبصورت ۔
المِسْحَاة ۔ بیلچہ ۔ کدال ۔ ج مَسَاحٍ ۔
سَخَتَ (ن) سَخْتًا ۔ الجَرَادَةُ : ٹڈی کا زمین
میں دُم چبھونا --- فِی السَّیْرِ او الحَفْرِ : دور تک
جانا یا کھودنا ۔
السَّخَاخ ۔ نرم عمدہ زمین ۔
سَخَأَ (ف) سَخْأً ۔ النَّارَ تَحْتَ القِدْرِ : ---
ہانڈی کے نیچے آگ جلانا ۔ سلگانا ۔
السَّخَب ۔ شور ۔
السِّخَاب ۔ لونگ وغیرہ کا ہار جس میں موتی
جواہر وغیرہ نہ ہوں ۔ کہا جاتا ہے "وَجَدْتُکَ
وَارِثَ السِّخَابِ" یعنی میں نے تم کو مانند بچہ
کے ناسمجھ پایا ۔ ج سُخُب ۔
اِسْخَاتَّ اِسْخِیْتَاتًا ۔ الجُرْحُ : زخم کے
ورم کا ہلکا ہونا ۔
السَّخْت والسِّخْتِیت ۔ سخت ۔
السُّخْت ۔ کھر دار جانوروں کے پیٹ سے
جو کچھ نکلے قبل اس کے کہ کچھ کھائیں ۔
المَسْخُوت ۔ تاباں ۔ چمکیلا ۔
السِّخْتِیت ۔ بلند اٹھا ہوا غبار ۔ سفید آٹا ۔
سخت ۔ کم گھی والا ستو ۔
السِّخْتِیَان والسَّخْتِیَان ۔ دباغت
دی ہوئی بکری کی کھال ۔
السَّخَاوِح ۔ علی وزن الجمع : بے نشان اور
بے پانی والی زمین ۔
سَخَّدَ تَسْخِیْدًا ۔ وَرَقَ الشَّجَرِ : نمی پہنچنے
سے ایک دوسرے سے درخت کے پتوں کا
چپک جانا ۔
السَّخْد ۔ گرم ۔ آماس ۔
السُّخْد ۔ زرد رنگ کا گاڑھا پانی جو رحم سے

ولادت کے وقت نکلتا ہے ۔
المُسَخَّد ۔ دل تنگ زرد رنگ چہرہ پر
آماس والا ۔ شَبَابٌ (سَخْوَدٌ) ناز و نعمت کے
ساتھ اچھی جوانی ۔
السُّخْدُوْد ۔ تیز فہم مرد ۔
سَخِرَہٗ (ف) سِخْرِیًّا وسُخْرِیًّا وسُخْرَۃً
وتَسْخَرَۃً واسْتَسْخَرَہٗ ۔ بیگار لینا ۔
مغلوب کرنا ۔ ذلیل کرنا ۔
سَخَرَتْ (ف) سَخْرًا ۔ السَّفِیْنَةُ : کشتی
کا عمدہ رفتار سے چلنا ۔ صفت (سَاخِرَة)
ج سَوَاخِر ۔
سَخِرَ (س) سَخَرًا وسَخْرًا وسُخْرًا و
مَسْخَرًا وتَسْخَرًا واسْتَسْخَرَ ۔ بِہٖ ومِنْہُ :
ٹھٹھا کرنا ۔ تم کہتے ہو "اَنَا اَقُوْلُ ہٰذَا وَلَا اَسْخَرُ"
میں اس کو کہتا ہوں اور ہنسی نہیں کرتا ہوں ۔
یعنی بالکل سچی بات کہہ رہا ہوں ۔
السُّخْرَة ۔ جس سے ٹھٹھا کیا جائے ۔ بیگار
بیگاری (--- والسُّخْرِیَّة) ٹھٹھا ۔
المَسْخَرَة ۔ وہ جس سے ٹھٹھا کیا جائے ۔
(لغت عامہ)
السَّخْسَخ ۔ (السَّخَاخ) عمدہ نرم زمین ۔
سَخِطَ (س) سَخَطًا ۔ الرَّجُلُ وعَلَیْہِ : ---
غضبناک ہونا --- الشَّیْءَ : ناپسند کرنا ۔
اَسْخَطَہٗ ۔ غضبناک کرنا ۔
تَسَخَّطَہٗ ۔ ناراض ہو کر غضبناک ہونا اور
ناپسند کرنا --- العَطَاءَ : کم سمجھنا ۔
السُّخْط والسُّخُط والسَّخَط ۔ ناراضی ۔
اور بقول بعض بڑے لوگوں کی ناراضی ۔
المَسْخُوط ۔ مفع ۔ ناپسندیدہ ۔
المَسْخَط والمَسْخَطَة ۔ سبب ناراضی ۔
ج مَسَاخِط ۔
سَخُفَ (ک) سُخْفًا وسَخَافَةً ۔ کمزور
عقل والا ہونا ۔ سَخُفَ الغَزْلُ : باریک ہونا ۔
--- السِّقَاءُ : کمزور ہونا ۔
سَخَّفَہٗ ۔ کم عقل قرار دینا ۔

سَاخَفَہٗ - بیوقوفی میں مدد دینا۔

اَلسُّخْفَۃ والسَّخَفَۃ - لاغری - کمزوری - کم عقلی - کہا جاتا ہے "لِذَا مِنْ سُخْفَۃِ عَقْلِکَ" یہ تمہاری کم عقلی کی وجہ سے ہے۔

اَلسَّخْفُ - تنگ گزارہ کی زندگی (—— والسُّخْفُ) کم عقلی۔

اَلسَّخِیْفُ - کم عقل - ثَوْبٌ سَخِیْفٌ : باریک جھرجھرا کپڑا - رَجُلٌ سَخِیْفٌ - کمزور عقل والا مرد - سَخِیْفُ الْعَقْلِ : ناقص عقل والا - رَأْیٌ سَخِیْفٌ : کمزور رائے - سَحَابٌ سَخِیْفٌ : تپلا بادل۔

اَلسَّخَافَۃ - مع - ہر چیز کی کمزوری۔

اَرْضٌ (مُسْخِفَۃ) کم گھاس والی زمین۔

سَخَلَہٗ (ن) سَخْلًا - صاف کرنا - چھانٹ دینا - سَخَلَ الشَّیْءَ : فریب سے لینا۔

سَخَّلَہٗ - عیب لگانا - کمزور کرنا۔

اَسْخَلَ - الامْرَ : پیچھے کرنا۔

اَلسَّخِلُ - کمزور —— مِنَ الْقَوْمِ : رذیل - ج سُخَّلٌ وسُخَّال۔

اَلسَّخْلَۃ - بکری کا بچہ - ج سَخْلٌ وسِخَال و سُخْلَان وسِخَلَۃ۔

اَلسُّخَالَۃ - پھوٹرن - پھٹکن۔

اَلْمَسْخُوْلُ - فرومایہ - ضعیف - مجہول - اور اسی سے ہے "کَوَاکِبُ مَسْخُوْلَۃٌ" یعنی مجہول ستارے۔

سَخِمَ - اللَّحْمُ : گوشت کا بدبودار ہونا —— المَاءَ : پانی گرم کرنا —— اللّٰہُ وَجْہَہٗ : سیاہ رو کرنا —— ہٗ بِصَدْرِہٖ : غضبناک کرنا۔

تَسَخَّمَ - عَلَیْہِ : کینہ رکھنا - غضبناک ہونا

اَلسَّخَمُ - سیاہی۔

اَلسُّخْمَۃ - سیاہی - کینہ - غضب۔

اَلسُّخَام - کوئلہ - ہانڈی کی سیاہی - پرندہ کے بازوؤں کے نیچے کے نرم پر - لَیْلٌ سُخَامٌ : کالی رات (—— السُّخَامِیُّ والسُّخَامِیَّۃ) خوشگوار شراب۔

اَلْاَسْخَمُ - کالا - مؤنث سَخْمَاءُ - ج سُخْمٌ۔

اَلسُّخَامِیُّ - کالا۔

اَلسَّخِیْمَۃ - کینہ - کہا جاتا ہے "سَلَلْتُ سَخِیْمَتَہٗ بِاللُّطْفِ وَالتَّرَضِّیْ" میں نے اس کے کینہ کو لطف و رضامندی سے نکال لیا - پاخانہ - حدیث میں ہے "مَنْ سَلَّ سَخِیْمَتَہٗ عَلٰی طَرِیْقٍ فَعَلَیْہِ لَعْنَۃُ اللّٰہِ" جس شخص نے راستہ پر پاخانہ کیا اس پر اللہ کی لعنت ہو - ج سَخَائِمُ۔

اَلْمُسَخَّمُ - مفع کینہ ور۔

سَخَنَ (ن) وسَخِنَ (س) وسَخُنَ (ک) سُخُوْنَۃً وسَخَانَۃً وسَخْنًا وسُخْنًا وسُخْنَۃً - گرم ہونا۔

سَخَنَہٗ (ن) سَخْنًا - بالضرب : تکلیف دہ طور پر مارنا اور اسی سے ہے "مَا اَسْخَنَ ضَرْبَہٗ" اس کی مار کس قدر تکلیف دہ ہے۔

سَخِنَتْ (س) سَخَنًا وسُخُوْنًا وسُخْنَۃً - عَیْنُہٗ : آنکھ کا تکلیف سے جل اٹھنا۔

اَسْخَنَ وسَخَّنَ - الشَّیْءَ : گرم کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَسْخَنَ عَیْنَہٗ وبِعَیْنِہٖ" یعنی اس نے اسے رلا دیا۔

اَلسَّخْنُ والسَّخْنَۃ والسُّخْنَۃ والسِّخْنَۃ والسَّخَنَۃ والسُّخُوْنَۃ - گرمی - بخار - کہا جاتا ہے "عَلَیْکَ بِالْاَمْرِ عِنْدَ سُخْنَتِہٖ" معاملہ کو اس کے ابتدا ہی میں ٹھنڈا ہونے سے پہلے سنبھال لو۔

اَلسُّخْنُ والسَّخْنَان والسُّخْنَان و السَّخَنَان - گرم۔

مَاءٌ (سَخِیْنٌ) گرم پانی - ضَرْبٌ سَخِیْنٌ : تکلیف دہ مار - اَلسِّخِّیْنُ : کدال - بیلچہ - قصائیوں کی چھری ہل کا دستہ - ج سَخَاخِیْنُ۔

اَلسَّاخِنُ - فا - گرم - ج سُخَّانٌ - مؤنث سَاخِنَۃٌ - کہا جاتا ہے "لَیْلَۃٌ سَاخِنَۃٌ" گرم رات۔

اَلسُّخَاخِیْنُ - گرم - کہا جاتا ہے "مَاءٌ سُخَاخِیْنٌ" گرم پانی (کلام عرب میں مُفَاعِیْل کا وزن اس کے علاوہ کوئی نہیں)

اَلسَّخِیْنُ - ہر وہ چیز جو نہ گرم ہو نہ ٹھنڈی۔

اَلسَّخِیْنَۃ - ایک قسم کا کھانا جو آٹے سے تیار کیا جاتا ہے - گرم کھانا۔

اَلتَّسَاخِیْنُ - ہانڈیاں - موزے - چادر کی مانند ایک کپڑا جس کو علماء سر پر ڈالتے ہیں۔ (جمع ہے جس کا واحد نہیں اور یا تَسْخَنٌ یا تَسْخَان واحد ہے)

اَلْمِسْخَنَۃ - ہانڈی - ج مَسَاخِنُ۔

سَخَا یَسْخُوْ وسَخِیَ یَسْخٰی وسَخُوَ یَسْخُوْ سَخًا وسَخَاءً وسَخَاوَۃً وسُخُوًّا وسُخُوَّۃً - فیاض ہونا - سخی ہونا - کہا جاتا ہے "سَخَیْتُ نَفْسِیْ وبِنَفْسِیْ عَنِ الشَّیْءِ" یعنی میں نے اسے چھوڑ دیا اور میرے نفس کا میلان ادھر نہیں ہوا۔

سَخَا النَّارَ یَسْخُوْھَا سَخْوًا ویَسْخَاھَا سَخْوًا وسَخْیًا - راکھ نکال کر آگ جلانا —— الْقِدْرَ : ہانڈی کے نیچے آگ جلانا —— الرَّجُلُ : حرکت سے سکون اختیار کرنا۔

تَسَاخٰی وتَسَخّٰی - بتکلف فیاض بننا۔

اَلسَّخَاوَۃ - فیاضی - بخشش۔

اَلسَّخَاءَۃ - ایک قسم کی سبزی - ج سَخَاءٌ۔

اَلسَّخِیُّ - فیاض - ج اَسْخِیَاءُ وسُخَوَاءُ - مؤنث سَخِیَّۃٌ - ج سَخَایَا وسَخِیَّاتٌ۔

الْاَرْضُ (السَّخْوَاءُ) کشادہ نرم زمین - ج سَخَاوِیْ وسَخَاوٰی۔

اَرْضٌ (سَخَاوِیَۃٌ) نرم کشادہ زمین - ج سَخَاوِیُّ۔

مَسْخٰی - النَّارِ : وہ جگہ جو ہانڈی کے نیچے کشادہ کی جائے تاکہ آگ جلنے میں آسانی ہو۔

اَلْمِسْخَاۃ - چھیٹی - آگ کی کریلی۔

سَدَّ (ن) سَدًّا - الاِنَاءَ : برتن بند کرنا۔ —— الثُّلْمَۃَ : رخنہ درست کرنا —— الْبَابَ : دروازہ بند کرنا۔

سَدَّ (ض) سَدَادًا وسُدُوْدًا۔ درست ہونا - کہا جاتا ہے "ہُوَ یَسِدُّ فِیْ قَوْلِہٖ" وہ ٹھیک بات کہتا ہے۔ "قُلْتُ لَہٗ سَدَادًا مِنَ الْقَوْلِ وسَدَدًا" میں نے اس سے ٹھیک بات کہی —— الشَّیْءُ : سیدھا ہونا۔

سَدَّدَ - الرُّمْحَ : سیدھا کرنا —— ہٗ : راہِ راست کی طرف رہنمائی کرنا۔

اَسَدَّ۔ الشَّیُٔ: سیدھا ہونا ــــ الرَّجُلُ: راہ راست کو پہونچنا یا طلب کرنا۔

تَسَدَّدَ۔ سیدھا ہونا ــ الشَّیُٔ: درست ہونا۔

اِنْسَدَّ وَاِسْتَدَّ اِنْسِدَادًا وَاِسْتِدَادًا بند ہونا۔

اِسْتَدَّ۔ الشَّیُٔ: درست ہونا۔

السَّدُّ والسُّدُّ۔ ج اَسْدَاد: دو چیزوں کے درمیان آڑ۔ پہاڑ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَتْ عَلَیْہِ الْاَرْضُ بِالْاَسْدَادِ" یعنی اس کے اوپر راستے بند ہوگئے۔ والسَّدُّ ج اَسِدَّۃ: عیب مثل اندھے پن کے۔ والسُّدُّ۔ ج سُدُوْد: کالا بادل جس نے افق کو گھیر لیا ہو اور کہا جاتا ہے "جَرَادٌ سُدٌّ" یعنی ٹڈی دل۔ والسُّدُّ۔ ج سِدَدَۃ وادی جس میں پتھر اور چٹان ہوں اور پانی اس میں مدت تک رہے۔ وادی۔ سایہ۔

کَلَامٌ (سَدٌّ) صحیح و درست کلام)

السَّدَدُ۔ مص۔ درستی۔ جو درست ہو۔

السَّدَادُ۔ مص۔ درستی و راستی۔ ہدایت

السِّدَادُ۔ ڈھکنا۔ دودھ جو تھن کے سوراخ میں خشک ہو جائے۔ اور دودھ کی نالی کو بند کر دے۔

السِّدَادَۃُ۔ ڈھکنا۔

السُّدَادُ۔ ناک کی بیماری جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہو۔

رَجُلٌ (سَدَّاد) راہِ راست پر رہنے والا مرد۔

السُّدَّۃُ۔ دروازہ۔ برآمدہ۔ بیٹھنے کی جگہ۔ جیسے منبر۔ ناک کی بیماری جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہو۔ ج سُدَد۔

عَیْنٌ (سَادَّۃ) اچھی طرح نہ دیکھ سکنے والی آنکھ ج سُدُد۔

الْاَسَدُّ۔ ج سُدَدٌ (السَّدِیْد) ٹھیک درست حق کا قصد کرنے والا۔

الْمَسَدُّ۔ بند کرنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے۔ "سَدَّ مَسَدَّہٗ" یعنی قائم مقام

سَدَجَ (ن) سَدْجًا۔ بِالشَّیْءِ: گمان کرنا۔ (ــ وَتَسَدَّجَ) جھوٹ بولنا۔ جھوٹی باتیں گھڑنا صفت (سَدَّاج)

اِنْسَدَجَ۔ اوندھا گرنا۔

سَدَحَ (ف) سَدْحًا۔ ذبح کر کے زمین پر پھیلانا۔ پچھاڑنا ــ النَّاقَۃَ: اونٹنی کو بٹھانا ــ الْقِرْبَۃَ: مشک بھرنا۔ سَدَحَ بِالْمَکَانِ اقامت کرنا (سَدَحَہٗ وسَدَّحَہٗ) قتل کرنا۔

اِنْسَدَحَ۔ چت لیٹ کر ٹانگیں پھیلانا۔

السَّادِحُ۔ فا۔ مالدار۔ صاحبِ فراخی و ارزانی۔ مؤنث سَادِحَۃ۔ السَّادِحَۃ: گھٹا ٹوپ بادل۔

السَّدِیْحُ والمَسْدُوْحُ۔ چت لیٹا ہوا۔

اِنْسَدَحَ۔ پھیلنا۔

سَدَرَ (ن ض) سَدْرًا وسُدُوْرًا۔ الشَّعْرَ: بال لٹکانا ــ الثَّوْبَ: کپڑا پھاڑنا۔ لمبا لٹکانا۔ ــ الرَّجُلُ فِی الْبِلَادِ: جا کر واپس نہ آنا۔

سَدِرَ (س) سَدَرًا وسَدَارَۃً۔ حیران ہونا۔ لاپروا ہونا ــ الْبَعِیْرُ: شدتِ گرمی کی وجہ سے چندھیا جانا۔ صفت (سَادِرٌ) کہا جاتا ہے "تَکَلَّمَ سَادِرًا" اس نے بغیر تحقیق کے گفتگو کی۔

اِنْسَدَرَ۔ الشَّعْرُ: بال لٹکنا اور کہا جاتا ہے "اِنْسَدَرَ یَرْکُضُ" وہ آہستہ دوڑا۔ نیچے اترنا۔ اور ہمیشہ چلنا۔

تَسَدَّرَ۔ بِثَوْبِہٖ: اوڑھ لینا۔

السِّدْرُ۔ بیر کا درخت۔ ج سُدُوْر۔

السِّدْرَۃُ۔ بیر کا درخت۔ ج سِدْرَات۔ وسِدِرَات وسِدَرَات وسِدَر۔ وسِدْرَۃُ الْمُنْتَہٰی ساتویں آسمان میں عرشِ اعظم کی داہنی جانب بیر کا درخت جو لوگوں کے اعمال کے لئے منتہا ہے اور ملائکہ وغیرہ کے علم کی انتہا وہیں تک ہے۔

السَّدِرُ۔ حیران۔ سمندر۔ نَاقَۃٌ سَدِرَۃٌ: بوڑھی اونٹنی۔

السِّدَارُ۔ پردہ کی مانند جو خیمہ کے عرض میں لگایا جاتا ہے۔

السَّدَّارُ۔ بیر کے پتوں کا بیچنے والا۔

السَّدِیْرُ۔ تازہ گھاس۔ حیرہ کے اطراف میں ایک دریا کا نام۔ شاہ نعمان کے ایک محل کا نام۔ یمن میں ایک جگہ کا نام جہاں سے یمنی چادریں آتی تھیں۔ سَدِیْرُ النَّخْلِ: وہ جگہ جہاں درختِ خرما بہت سے ہوں۔

الْاَسْدَرَانِ۔ آنکھ کی دو رگیں۔ دونوں مونڈھے کہا جاتا ہے "جَاءَ یَضْرِبُ اَسْدَرَیْہِ" وہ بے حصولِ مقصود خالی ہاتھ آیا۔

سَدَسَ (ض) سَدْسًا۔ الْقَوْمَ: چھٹا ہونا۔

سَدَسَ (ن) سَدْسًا۔ الْقَوْمَ: چھٹا حصہ لینا۔

سَدَّسَ۔ الشَّیْءَ: چھ پہل بنانا۔

اَسْدَسَ۔ الْقَوْمُ: چھ ہونا۔ چھٹے روز گھاٹ پر آنے والے اونٹوں والا ہونا ــــ الْبَعِیْرُ: آٹھویں سال میں دانت گرانا۔

السِّدْسُ۔ اونٹ کے لئے چھٹے روز پانی پینے کی باری۔ سِتّ کی اصل سِدْس ہے۔

السُّدْسُ والسُّدُسُ۔ چھٹا حصہ۔ ج اَسْدَاس۔ اور کہا جاتا ہے "ہُوَ یَضْرِبُ اَخْمَاسًا لِاَسْدَاسٍ" وہ مکر و فریب کی کوشش کرتا ہے۔

السَّدَسُ۔ آٹھویں سال کی عمر کا اونٹ

السَّادِسُ۔ فا۔ چھٹا۔ مؤنث۔ سَادِسَۃٌ۔

السُّدَاسِیُّ۔ چھ سے مرکب۔ چھ حرفوں والا کلمہ جیسے زنجبیل۔ کہا جاتا ہے۔ "جَاؤُوْا (سُدَاسَ) وہ لوگ چھ چھ ہو کر آئے۔ اور یہ کلمہ عدل اور وصفیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔

السُّدُوْسُ والسَّدُوْسُ۔ سبز رنگ کی چادر۔ السُّدُوْسُ۔ چراغ کی سیاہی۔

السَّدِیْسُ۔ چھٹا حصہ۔ ج سُدُس۔ چھ

سے مرکب۔ آٹھویں سال کی عمر کا اونٹ۔ چھ سال والی بکری۔

المُسَدَّس۔ شش پہل۔ وہ سطح جو چھ باہم برابر ضلعوں سے گھری ہو۔ المُسَدَّس: ریوالور جس میں چھ کارتوس ہوتے ہیں۔

سَدَعَهُ (ف) سَدْعًا۔ ذبح کر کے پھیلانا ——— الشَّيْءَ بالشَّيْءِ: ٹکرانا۔

سُدِعَ۔ رنج و اذیت پہنچایا جانا۔

السَّدْعَة۔ رنج و اذیت۔

المِسْدَع۔ اپنے ارادہ پر چلنے والا۔ ہادی رہنما۔

سَدَفَ (ن) سَدْفًا۔ القَوْمُ: تاریکی میں داخل ہونا ——— الحِجَابَ: پردہ لٹکانا۔ صفت مفعولی (مَسْدُوف)

أَسْدَفَ۔ سونا۔ بھوک یا بڑھاپے کی وجہ سے نگاہ کا دھندلا ہونا ——— القَوْمُ: تاریکی میں داخل ہونا ——— اللَّيْلُ: تاریک ہونا۔ صفت (أَسْدَف) مؤنث سَدْفَاءُ ج سُدْفٌ ——— الفَجْرُ: روشن ہونا ——— السِّتْرَ: پردہ اٹھانا ——— المَرْأَةُ القِنَاعَ: برقعہ ڈالنا۔ أَسْدَفَ عَنْ كَذَا: الگ ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ "أَسْدِفِ البَابَ" یعنی دروازہ کھول دو یا دروازہ سے ہٹ جاؤ۔ تاکہ گھر میں روشنی ہو سکے۔

سَدَّفَهُ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

السَّدَف۔ تاریکی۔ روشنی (ضد) بھیڑ۔ ج أَسْدَاف۔

السَّدْف۔ وجود جو دور سے دکھائی دے۔ ج سُدُوف۔

السَّدْفَة والسُّدْفَة۔ تاریکی۔ روشنی (ضد) السُّدْفَة: دروازہ۔ دروازے کا چھجہ جو اس کو بارش سے بچائے۔

السَّدِيف۔ کوہان کی چربی کا ایک ٹکڑا۔ ج سِدَاف وسَدَائِف۔

السِّدَافَة۔ پردہ۔

السَّدَق والسَّوْذَق۔ سذق و سوذق کی تصحیف ہے۔

السِّيدَاق۔ ایک تنہ دار درخت کا نام۔ جس کی چھال تیز جلتی ہے اور اس کی راکھ سے کتان کے دھاگے کو سفید کرتے ہیں۔

سَدِكَ (س) سَدَكًا وسَدْكًا۔ بالأَمْرِ: لازم ہونا۔ چمٹنا۔ صفت (سَدِكٌ) یہ کہا جاتا ہے "هُوَ سَدِكٌ بالرُّمْحِ" بہت نیزہ مارنے والا ہے۔

سَدَلَ۔ (ن۔ض) سَدْلًا وسَدَّلَ الشَّعْرَ أَوِ الثَّوْبَ: بال یا کپڑا لٹکانا۔ سَدَلَ الثَّوْبَ: کپڑا پھاڑنا ——— فِي البِلَادِ: جانا۔

سَدِلَ (س) سَدَلًا۔ خُلُقَهُ: جھکاؤ والا ہونا۔

تَسَدَّلَ وانْسَدَلَ۔ لٹکنا۔

سَوْدَلَ۔ الرَّجُلُ: لمبی مونچھوں والا ہونا۔

السِّدْل۔ ہار جو سینہ تک لمبی ہو۔ (——— والسُّدُل) پردہ۔ ج أَسْدَال وأَسْدُل وسُدُول۔ کہا جاتا ہے۔ "أَرْخَى اللَّيْلُ سُدُولَهُ" رات نے اپنے پردے لٹکائے۔ یعنی تاریکی چھا گئی۔

السَّدَل۔ جھکاؤ۔ میلان۔ کہا جاتا ہے۔ "فِيهِ سَدَلٌ إِلَى جَانِبٍ" اس کے اندر ایک جانب میلان ہے۔

السَّدِيل۔ ہودہ پر جو لٹکایا جائے۔ پالکی وغیرہ کا پردہ ج سُدُل وأَسْدَال و سَدَائِل۔

شَعْرٌ (مُسَدَّلٌ) بہت لمبے بال۔

السَّوْدَل۔ مونچھ۔

سَدَمَ (ن) سَدْمًا۔ البَابَ: دروازہ بند کرنا۔ بھیڑنا۔

سَدِمَ (س) سَدَمًا۔ ندامت کیساتھ غمگین ہونا۔ غم کے ساتھ غضبناک ہونا ——— بالشَّيْءِ: بہت خواہش مند ہونا۔ حریص ہونا ——— المَاءُ: پانی کا بہت دنوں کی وجہ سے متغیر ہونا اور کائی سے ڈھک جانا۔

سَدَّمَ۔ المَاءَ طُولُ عَهْدِهِ: متغیر کر دینا۔

مَاءٌ (سَدْمٌ وسَدَمٌ وسَدِمٌ وسُدُمٌ)۔ کائی سے ڈھکا ہوا یا زیادہ دنوں کی وجہ سے متغیر پانی۔ جمع کے لئے کہا جاتا ہے۔

مِيَاهٌ سُدُمٌ وأَسْدَامٌ وسِدَامٌ۔ رَجُلٌ سَدِمٌ: غضبناک مرد۔

السَّدَم۔ ندامت کے ساتھ غم۔ غم کے ساتھ غصہ۔

السَّدْمَان۔ ندامت کے ساتھ غمگین۔ غم کے ساتھ غضبناک۔ کہا جاتا ہے۔ "هُوَ سَدْمَانُ نَدْمَانُ"۔

سَدُوم۔ سیدنا لوط علیٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام کی قوم کا گاؤں۔ بعض سذوم بالذال کہتے ہیں۔

السَّدِيم۔ ج سِدَام: بہت یاد کرنے والا ج سُدُم: کہرا یا باریک کہرا۔

سَدَنَ (ن۔ض) سَدْنًا وسِدَانَةً۔ کعبہ یا بت خانہ کی خدمت کرنا۔ دربان ہونا۔ صفت (سَادِن) ج سَدَنَة۔ کہا جاتا ہے۔ "هُوَ سَادِنُ فُلَانٍ وآذِنُهُ" یعنی فلاں کا دربان ہے۔ سَدَنَ السِّتْرَ: پردہ لٹکانا۔

السِّدْن والسَّدَن۔ ج۔ أَسْدَان۔ و (السِّدَان) پردہ۔

سِدَانَةُ۔ الكَعْبَةِ: کعبہ کی خدمت۔

السَّدِين۔ چربی۔ اون۔ خون۔ پردہ۔

السَّدَّان۔ نہائی (صحیح لفظ سِنْدَان ہے)۔

سَدَا يَسْدُو سَدْوًا۔ بِيَدِهِ نَحْوَ الشَّيْءِ: کسی چیز کی طرف ہاتھ بڑھانا ——— الصَّبِيُّ بالجَوْزِ: اخروٹ سے کھیلنا۔ سَدَتِ النَّاقَةُ فِي المَشْيِ: کشادہ قدم رکھنا۔ اور کہا جاتا ہے "سَدَا سَدْوَهُ" اس نے اس کے جیسا قصد کیا اور اس کی پیروی کی۔

أَسْدَى إِسْدَاءً۔ النَّخْلُ: غلاف خرما کا ڈھیلا پڑنا۔

اِسْتَدَى اِسْتِدَاءً۔ بِيَدِهِ: ہاتھ بڑھانا

— الصّبیُّ بالجَوزِ: اخروٹ سے کھیلنا —
الفرسُ: پسینہ والا ہونا۔

السّادِی۔ فا۔ چھٹا۔ مونث سادِیَۃٌ۔ ج سَوَاد۔ النُّوقُ السَّوادِی: کشادہ قدم رکھنے والی اونٹنیاں۔

سَدَی یَسْدَی سَدًی۔ البُسْرُ: غلاف خرما کا ڈھیلا پڑنا۔ صفت (سَدٍ) — الأرضُ: زمین کا بہت نمناک ہونا — اللیلۃُ: بہت شبنم والی ہونا۔ صفت (سَدِیَّۃٌ) —
سَدَی یَسْدِی سَدْیاً۔ الثوبَ: تانا تننا۔

سَدّٰی۔ الثوبَ (تَسْدِیَۃً) تانا تننا۔ — اِلیہِ: احسان کرنا — مَعرُوفاً: بھلائی کرنا — الأرضُ: نمناک کرنا۔

أسْدَی اِسْدَاءً۔ الثوبَ: تانا تننا۔ کہا جاتا ہے "أَتِمَّ مَا أَسْدَیتَ" یعنی جس احسان کو تم نے شروع کیا ہے اُسے پورا کرو — اِلیہِ: احسان کرنا — الأرضُ: نمناک کرنا — بینہما: اصلاح کرنا — الأمرَ: بیکار چھوڑنا۔

تَسَدَّی تَسَدِّیاً۔ الشیءَ: سوار ہونا۔ چڑھنا۔ اوپر سے پکڑنا — الثوبَ: تانا تننا۔

السَّدَی۔ تانا۔ ج أسْدِیَۃ۔ نمی۔ شبنم۔ شہد۔ بھلائی (— والسَّدَاء) سبز کچی کھجور۔

السَّدَاۃ۔ مِنَ الثوبِ: تانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَنتَ بِلُحمَۃٍ وَلاَ سَدَاۃٍ" یعنی تم سے نہ کچھ نفع ہے نہ نقصان۔

اِبلٌ (سُدًی وسَدًی) بیکار چھوڑے ہوئے اونٹ (واحد وجمع کے لئے) کہا جاتا ہے۔ "ذَہَبَ کلامُہُ سُدًی" اس کی گفتگو لغو بیکار گئی۔

الاُسْدِیّ والاُسْدِی۔ وہ کپڑا جس کا تانا کیا گیا ہو۔

المِسْدَاۃ۔ تانا تننے کا آلہ۔

السَّذَاب۔ ایک بدبودار پودہ جس کے پتے صعتر کی طرح ہوتے ہیں۔

السُّذَبَۃ۔ ایک قسم کا برتن۔

السَّاذَج۔ سادہ کا معرب۔ ایک قسم کی گھاس جو بغیر جڑ کے پانی کے اوپر پھیلتی ہے۔ تیز پات۔

السَّذَاجَۃ۔ سادگی۔

السَّذَق۔ سدہ کا معرب۔ ایرانیوں کا ایک جشن ہے جس میں رات کے وقت صحرا و بیابان میں آگ جلایا کرتے تھے۔

السَّوْذَق السَّیذَاق والسَّیذَقَان والسَّیذُقَان۔ کنگن۔ شکرا۔ السوذق زنجیر کا حلقہ۔

السَّوذَقِیّ۔ چست۔ چالاک۔ متکبر۔

السَّذَانِق والسَّوذَنِیق والسَّوذَانِق شکرا۔

سَرَّہُ (ن) سُرُوراً ومَسَرَّۃً وسُرّاً و سُرّیٰ وتَسِرَّۃً۔ خوش کرنا۔

سَرَّہُ (ن) سَرّاً۔ ناف میں نیزہ مارا۔ الصّبیَّ: بچے کا نال کاٹنا — فلاناً: پھولوں کا گلدستہ دے کر مبارکباد دینا۔

سُرَّ (س) سَرَراً۔ ناف میں درد ہونا۔

سُرَّ سُرُوراً۔ خوش ہونا۔ صفت (مَسْرُورٌ) — الصّبیُّ: ولادت کے وقت نال کاٹا جانا

أسَرَّہُ اِسْرَاراً۔ خوش کرنا۔ أسَرَّ السِّرَّ: بھید چھپانا۔ بھید ظاہر کرنا (ضد) — اِلیہِ کذا: چپکے سے بیان کرنا — اِلیہِ المَوَدَّۃَ وبالمَوَدَّۃِ: اپنی دوستی کو چھپانا۔

سَرَّرَہُ۔ خوش کرنا۔ سَرَّرَہُ سُرِّیَّۃً: لونڈی سے شادی کرانا۔ اس میں ایک لغت تَسَرّاہ بھی ہے

سَارَّہُ۔ پوشیدہ بات کرنا۔ کان میں بات کرنا۔

تَسَرَّرَ۔ لونڈی بنانا۔ ایک لغت اس میں تَسَرّیٰ بھی ہے جیسے تَظَنَّنَ میں تَظَنّی — الثوبُ: کپڑے کا پھٹنا۔

تَسَارَّ۔ القومُ: باہم سرگوشی کرنا اور ایک دوسرے کے بھید پر مطلع ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ "تَسَارَّ زیدٌ اِلیٰ مَا تَکرَہُ" یعنی جس سے تم کو نفرت ہے زید کو اس سے خوشی حاصل ہوتی ہے۔

اِستَسَرَّ اِستِسرَاراً۔ لونڈی کو ہم خوابی کے لئے مخصوص کرنا — عَنہُ: چھپنا — القمرُ: چاند کا ایک دو راتیں پوشیدہ رہنا (یہ سِرار سے ماخوذ ہے) — الشیءَ: چھپانے میں مبالغہ کرنا — الرجلُ: خوش کرنا — الرجلَ: اپنے بھید کو کسی سے ظاہر کرنا۔

السَّرّ۔ مص۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ بَرٌّ سَرٌّ" نیکی کر کے خوش ہونے والا مرد۔ اور اسی طرح "قومٌ بَرُّونَ سَرُّونَ" نیکی کر کے خوش ہونے والے لوگ۔

السِّرّ۔ ج أسرار: بھید، راز۔ کہا جاتا ہے۔ "صُدُورُ الأحرارِ قُبُورُ الأسرارِ" احرار کے سینے بھید کے لئے قبر ہیں۔ "ورَجُلٌ سِرِّیٌّ" کاموں کو پوشیدہ طور پر کرنے والا مرد۔ "وفلانٌ سِرُّ ہذا الأمرِ" فلاں اس امر کا جاننے والا ہے۔ السِّرّ: طریقہ۔ وسط وادی کا درمیان۔ خالص چیز۔ عمدہ و افضل چیز۔ پاک و عمدہ زمین۔ قمری مہینہ کی پہلی رات۔ یا آخری رات۔ یا درمیان مہینہ۔ اصل ہر چیز کا جوف و مغز۔ ج أسِرَّۃٌ جیسے قِنّ کی جمع أقِنَّۃ۔

السِّرّ والسُّرّ۔ ہتھیلی یا پیشانی کے خطوط۔ ج أسرار جج أسارِیر۔ الأساریر: چہرہ کی خوبیاں۔

السُّرّ۔ نال جس کو دائی (جنائی) ولادت کے وقت بچہ کی ناف سے کاٹتی ہے۔ ج أسِرَّۃ اور سُرر کا اطلاق سرور کے معنی پر بھی ہوتا ہے۔

السِّرَر والسُّرُر۔ ہتھیلی اور پیشانی کے خطوط ناف کا وہ حصہ جس کو دائی (جنائی) کاٹتی ہے۔ السَّرَر: قمری مہینے کی آخری رات۔ کسی چیز کا کھوکھلا ہونا۔

السُّرَّۃ۔ گلدستہ۔

السُّرَّۃ۔ نال جس کے ذریعہ سے جنین کے پیٹ میں غذا پہونچتی ہے۔ ناف۔ ج سُرّات وسُرر

سُرَّۃُ الوادی: وادی کا درمیان یا وادی کی
بہترین جگہ۔ سُرَّۃُ البَلَدِ: وسط شہر۔ سُرَّۃُ الحَوضِ:
حوض کی تہ میں پانی ٹھہرنے کی جگہ۔ سُرَّۃُ الفَرَسِ:
ایک ستارہ۔ اِمْرَأَۃٌ سُرَّۃٌ: لوگوں کو خوش کرنے
والی عورت۔
السُّرُور۔ خوشی۔
السُّرُور۔ خوشی۔ نازبو کی شاخیں۔
السَّرِیر۔ تخت۔ عموماً تختِ شاہی کیلئے
بولا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "زَالَ عَنْ سَرِیرِہٖ"
یعنی اس کی عزت جاتی رہی۔ خوابگاہ۔ گردن
اور سر کے ملنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبُوا اَسِرَّۃَ
رُؤُوسِہِمْ" انھوں نے اُن کی گردن میں سر کے
ملنے کی جگہ پر مارا۔ نعمت۔ فراخی زندگانی۔
ٹیلہ پر کی ریت۔ ج اَسِرَّۃٌ وسُرُرٌ۔
السَّرِیرَۃ۔ بھید۔ راز۔ وہ امر جس کو پوشیدہ
رکھا جائے۔ نیت۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ طَیِّبُ السَّرِیرَۃِ"
وہ پاک دل صاف نیت والا ہے۔ ج سَرَائِر۔
السُّرِّیَّۃ۔ لونڈی جو ہمخوابی کے لئے مخصوص
کی جائے۔ ج سَرَارِی۔ اغلب یہی ہے کہ اس کا
اشتقاق سِرّ سے ہے اور بعضوں کے نزدیک
سرور سے ہے۔
السِّرِّیر۔ بھائیوں سے اچھا سلوک کرنیوالا
اور ان کو خوش رکھنے والا۔
السَّرَّاء۔ خوشی۔ خوش حالی۔ کہا جاتا ہے
"ہُوَ صَدِیقٌ لَہُمْ فِی السَّرَّاءِ والضَّرَّاءِ" وہ ان
لوگوں کا خوش حالی و بدحالی میں دوست ہے۔
سنگریزہ والی زمین۔ اَرْضٌ سَرَّاء: عمدہ زمین۔
السَّرَاءُ۔ مجوف نالی۔
السِّرَار۔ ہتھیلی یا پیشانی کے خطوط۔ لکیریں۔
ج اَسِرَّۃ۔ السِّرار: قمری مہینے کی آخری رات۔
السَّرَار۔ خالص نسب۔ سَرَارُ الشَّہْرِ: قمری
مہینے کی آخری رات۔ سَرَارُ الوَادِی: وادی کی
عمدہ جگہ۔
السَّرَارَۃ۔ خالص۔ نسب۔ وادی کا درمیان
سَرَارَۃُ الشَّیءِ: عمدہ خالص۔ ج سَرَار۔ السَّرَارَۃ:
خلوص۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ بَیِّنُ السَّرَارَۃِ" وہ
خالص ہے جس کا خالص ہونا ظاہر ہے۔ وَ ہُوَ
فِی سَرَارَۃٍ مِنْ عَیْشِہٖ" وہ اچھی زندگی میں ہے۔
السَّارُوْرَاء۔ خوشی و خوش حالی۔
الاَسَرّ۔ کھوکھلا چقماق ـــــ مِنَ الرِّجَالِ:
اجنبی۔ زیادہ موٹا۔
المَسَرَّۃ۔ مص۔ خوشی۔ نازبو کی شاخیں۔
ج مَسَار۔
المِسَرَّۃ۔ ایک جوفدار آلہ جس کو سننے والے
کے کان میں لگا کر بات کرتے ہیں۔
المَسْرُوْر۔ خوش۔ مؤنث مَسْرُوْرَۃ۔
سَرَأَتْ (ف) سَرْءًا وسَرَّأَتْ تَسْرِئَۃً
الجَرَادَۃُ او السَّمَکَۃُ او الضَّبَّۃُ: ٹڈی یا مچھلی یا گوہ
کا انڈا دینا ـــــ المَرْأَۃُ: بہت اولاد والی ہونا۔
اَسْرَأَتْ۔ السَّمَکَۃُ: انڈے دینے والی ہونا
السَّرْءُ والسِّرْءُ والسَّرْأَۃُ والسِّرْأَۃُ۔
ٹڈی مچھلی گوہ وغیرہ کا انڈا۔
السَّرُوْءُ۔ مِنَ السَّمَکِ ونَحْوِہَا: بہت انڈے
والی۔ ج سُرُوْءٌ وسُرَّأٌ۔
اَرْضٌ مَسْرُوْءَۃ بہت ٹڈیوں والی زمین۔
سَرَبَ (ن) سُرُوْبًا۔ المَاءُ: پانی کا جاری
ہونا ـــــ الرَّجُلُ: گھستے چلے جانا۔
الاِبِلُ: چرنے کے لئے جانا ـــــ سَرَبًا)
القِرْبَۃُ: مشک سینا۔
سَرِبَ (س) سَرَبًا۔ الاِنَاءُ: برتن ٹپکنا
ـــــ المَاءُ مِنَ الاِنَاءِ: برتن سے پانی کا بہنا۔
سُرِبَ۔ ناک کے نتھنوں میں چاندی کا
دھواں پہونچنے سے گھٹن لاحق ہونا۔ صفت
مَسْرُوْب۔
سَرَّبَ۔ الاِبِلَ: گروہ گروہ بھیجنا۔
اِلَی الاَشْیَاءِ: ایک کے بعد ایک دینا ـــــ
الحَافِرُ: دائیں بائیں کھودنا ـــــ القِرْبَۃَ:۔
مشک میں پانی ڈالنا (ـــــ واَسْرَبَ)
المَاءَ مِنَ الاِنَاءِ: برتن سے پانی بہانا۔
تَسَرَّبَ۔ مِنَ المَاءِ: پانی سے بھر جانا۔
ـــــ الوَحْشُ فِی جُحْرِہٖ: وحشی جانور کا اپنے سوراخ
میں داخل ہونا۔
اِنْسَرَبَ۔ سوراخ میں داخل ہونا۔
ـــــ المَاءُ مِنَ الاِنَاءِ: برتن سے پانی بہنا۔
السَّرْب۔ مص۔ جانور۔ جانب۔ سینہ
راستہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُخَلَّی السَّرْبِ"
فلاں پر کوئی تنگی نہیں کی گئی ہے۔ خَلِّ لَہٗ
سَرْبَہٗ" اس کا راستہ چھوڑ دو۔
السِّرْب۔ ہرنوں کا گلہ۔ پرندوں کی ڈار۔
عورتوں کی جماعت۔ کھجور کے درختوں کا جھنڈ
راستہ۔ دل۔ کہا جاتا ہے: "فُلَانٌ وَاسِعُ
السِّرْبِ" فلاں کشادہ دل ہے۔
ج اَسْرَاب۔
السَّرَب۔ وحشی جانور کا سوراخ۔ تہ خانہ۔
نالی جس سے پانی آئے۔ مشک سے بہنے والا
پانی۔ اور کہا جاتا ہے "طَرِیقٌ سَرَبٌ"
چلتا ہوا راستہ۔ ج اَسْرَاب۔
السَّرِب۔ بہنے والا پانی۔ مَزَادَۃٌ سَرِبَۃٌ
بہنے والی مشک۔
السَّرَبَۃ۔ قریب کا سفر۔ مشک کی سیون۔
السُّرْبَۃ۔ ہرن اونٹ وغیرہ کا ریوڑ۔ طریقہ
انگور کی بیل کی قطار۔ کھجور کے درختوں کا
جھنڈ۔ سینہ کے درمیان میں پیٹ
تک کے بال۔ ج سُرَب۔
السَّرَاب۔ وہ ریگستانی ریت جو دوپہر کے
وقت دھوپ کی تیزی کی وجہ سے پانی جیسا
نظر آتا ہے اور اس میں مکانوں اور درختوں کا
سایہ عکس کی طرح معلوم ہوتا ہے۔ جھوٹ اور
مکر و فریب کے لئے اس سے مثال دی جاتی
ہے۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ اَخْدَعُ مِنَ السَّرَابِ" وہ
سراب سے زیادہ فریبی ہے۔
السَّارِب۔ فا۔ کھلم کھلا ظاہر۔ ظَبْیَۃٌ سَارِبَۃٌ:
چراگاہ میں جانے والی ہرن (ـــــ والسَّرُوْب)
سیدھا جانے والا۔
المَسْرَب۔ ج مَسَارِب: جانے کی جگہ۔

کہا جاتا ہے "لِلْوُحُوْشِ والنَّعَمِ مَسَارِبُ ومَسَارِحُ" وحشی جانوروں اور چوپایوں کے لئے چلنے پھرنے کی جگہیں ہیں۔ مَسْرَبُ المَاءِ :— پانی بہنے کی جگہ۔

المَسْرَبَۃ والمَسْرُبَۃ۔ چراگاہ۔ سینہ کے درمیان میں پیٹ تک کے بال۔ آنسو نکلنے کی جگہ۔ دبر۔ ج مَسَارِبُ۔

المُنْسَرِب۔ بہت لمبا۔ تیز بہنے والا پانی۔

سَرْبَخَ۔ الرَّجُلُ : خفیف وسبک ہونا۔ آہستہ چلنا۔ دوپہر میں چلنا۔

السَّرْبَخ۔ کشادہ زمین جس میں آدمی گم ہوجائے۔

قفر (سِرْبَاخٌ و مُسْرَنْبَخٌ) بیابان دُور دراز جس میں آدمی گم ہوجائے۔

مُسَرْبَطَۃ۔ لمبا پتلا خربزہ۔

سَرْبَلَہٗ۔ کرتا پہنانا۔

تَسَرْبَلَ۔ بِالسِّرْبَالِ : کرتا پہننا۔

السِّرْبَال۔ کرتا یا ہر وہ لباس جو پہنا جائے ج سَرَابِیل۔

السِّرْتَاج۔ بہت گھاس اُگانے والی نرم زمین۔

سَرَجَ (ن) سَرْجًا۔ جھوٹ بولنا — المَرْأَۃُ شَعْرَہَا : چوٹی بنانا۔

سَرِجَ (س) سَرَجًا۔ جھوٹ بولنا۔ خوبصورت چہرہ والا ہونا۔

سَرَّجَ۔ الشَّیْءَ : خوبصورت بنانا۔ سَرَّجَہٗ اللہ : توفیق دینا۔ سَرَّجَ الشَّعْرَ : چوٹی بنانا — الحَدِیْثَ : گھڑنا۔ کہا جاتا ہے "سَرَّجَ عَلَیَّ اُسْرُوْجَۃً" اس نے میرے اوپر جھوٹ گھڑا۔ واِنَّہٗ لَیُسَرِّجُ الاَحَادِیْثَ تَسْرِیْجًا" وہ جھوٹی باتیں گھڑتا ہے۔ عوام کہتے ہیں۔ "سَرَّجَ الثَّوْبَ" اس نے دُور دُور سلائی کی اور صحیح شَرَّجَہٗ شین معجمہ سے ہے۔

أَسْرَجَ۔ الفَرَسَ : گھوڑے پر زین کسنا۔ — السِّرَاجَ : چراغ روشن کرنا۔

تَسَرَّجَ۔ عَلَیْہِ : جھوٹا گمان کرنا۔

السَّرْج۔ زین۔ ج سُرُوْج۔

السِّرَاج۔ چراغ۔ ج سُرُج۔ سِرَاجُ اللَّیْلِ : جگنو۔

السِّیْرَج۔ تل کا تیل۔ اس کو شیرج بھی کہا جاتا ہے۔

السَّرَّاج۔ جھوٹا۔ زین ساز۔ و (السِّرَاجَۃُ) زین سازی کا پیشہ۔

السُّرَیْجِیَّات۔ سُرَیج لوہار کی طرف منسوب تلواریں۔

الاُسْرُوْجَۃ۔ جھوٹ۔

المَسْرَجَۃُ۔ چراغدان۔ ج مَسَارِج۔

المِسْرَجَۃ۔ چراغ۔ ج مَسَارِج۔

السَّرْجَم۔ لمبے قد والا۔

السِّرْجِن والسِّرْجِیْن والسِّرْجُوْن گوبر۔

سَرَحَتْ (ف) سَرْحًا وسُرُوْحًا۔ المَوَاشِی : جانوروں کا چرنے کے لئے جانا۔ — السَّیْلُ : سیلاب کا آہستہ بہنا (— سَرْحًا) المَوَاشِیَ : جانوروں کو چرنے کے لئے چھوڑنا۔ سَرَحَہٗ : بھیجنا۔ سَرَحَ مَا فِی صَدْرِہٖ : دل کی بات ظاہر کردینا۔

سَرِحَ (س) سَرَحًا۔ الرَّجُلُ : کسی کا اپنے اُمور کے لئے نکلنا۔

سَرَّحَ۔ المَوَاشِیَ : جانوروں کو چرنے کیلئے چھوڑنا — القَوْمَ : آزاد کرنا چھوڑ دینا — الزَّوْجَۃَ : طلاق دینا۔ اسم (السَّرَاح) ہے — اِلَیْہِ رَسُوْلاً : پیغامبر بھیجنا — الاَمْرَ : آسان کردینا — اللہُ فُلَانًا لِلْخَیْرِ : بھلائی کی توفیق دینا۔ — الشَّعْرَ : کنگھا کرنا — عَنْہُ : کشادگی کردینا۔

اِنْسَرَحَتِ۔ الدَّابَّۃُ : جانور کا نرم ہونا اور تیز چلنا — الرَّجُلُ : چت لیٹنا اور ٹانگیں کشادہ کرنا۔ ننگا ہونا۔

تَسَرَّحَ۔ مِنَ المَکَانِ : نکلنا — عَنْہُ : کشادگی کیا جانا — الکَتَّانُ : کتاں کے اجزاء کا علیحدہ علیحدہ ہونا۔

السَّرْح۔ مص۔ جانور۔ گھر کے سامنے کا صحن ہر لمبا درخت۔ بے کانٹوں کا درخت۔ واحد (سَرْحَۃ) ج سُرُوْح۔

السَّرْحَۃ۔ جوان گدھی جو ابھی حاملہ نہ ہوئی ہو خَیْلٌ (سُرُحٌ) ونَاقَۃٌ سُرُحٌ) تیز اور نرم رفتار گھوڑا یا اونٹنی۔ مِشْیَۃٌ سُرُحٌ : نرم چال۔ عَطَاءٌ سُرُحٌ : بغیر ٹال مٹول کے فوری بخشش۔

السِّرْحَان۔ بھیڑیا۔ شیر۔ حوض کا وسط۔ ج سَرَاحٍ وسَرَاحِیْن۔ ذَنَبُ السِّرْحَانِ : فجر کاذب۔

السِّرْحَانَۃ۔ سِرحان کا مؤنث۔

السَّرِیْح۔ مِنَ الاُمُوْرِ : آسان۔ جلدی کیا ہوا جلدی۔ والسَّرِیْحُ مِنَ الخَیْلِ : ننگی پیٹھ کا گھوڑا۔

السَّرِیْحَۃ۔ تسمہ جس سے جوتہ وغیرہ سیا جائے کپڑے کا ٹکڑا۔ تنگ زمین کا روشن راستہ ج سَرَائِح۔

السَّارِح۔ فا۔ چرواہا جو اونٹوں کو چرائے۔ جانور۔ مؤنث سَارِحَۃ۔ اور کہا جاتا ہے" مَالَہٗ سَارِحَۃٌ وَلَا رَائِحَۃٌ" یعنی اُس کے پاس کچھ نہیں۔

المِسْرَح۔ ج مَسَارِح و (المِسْرَحَۃ) کنگھی۔ بال یا کتاں وغیرہ کے جدا جدا کرنے کا اوزار۔

المَسْرَح۔ چراگاہ۔ ج مَسَارِح۔

المُنْسَرِح۔ اوزانِ شعر کا ایک وزن (— السِّرْیَاح) مِنَ الخَیْلِ : تیز رفتار گھوڑا۔ رَجُلٌ سِرْیَاحٌ : لمبا مرد۔ السِّرْیَاح : ٹڈی۔

السَّرَاح۔ تَسْرِیح کا اسم۔ کہا جاتا ہے" اِفْعَلْہُ فِی سَرَاحٍ ورَوَاحٍ" یعنی اس کو آسانی سے کرو۔

السُّرْحُوْب۔ گیدڑ۔ لمبا متناسب الاعضاء ج سَرَاحِیْب۔

السِّرْحَال۔ بھیڑیا۔

سَرَدَ (ن ض) سَرْدًا وسِرَادًا۔ الجِلْدَ : چمڑے کو سینا — الشَّیْءَ : کسی چیز میں سوراخ کرنا — الدِّرْعَ : زرہ بننا — الحَدِیْثَ او

القِرَاءَةَ: اچھی طرح بیان کرنا یا پڑھنا — الصَّوْمَ: پے در پے روزے رکھنا — الکِتَابَ: جلدی سے پڑھنا۔

سَرَدَ و سَرِدَ (س)، سَرْدًا۔ لگاتار روزے رکھنا۔

سَرَّدَ و اَسْرَدَ۔ الاَدِیْمَ وَنَحْوَهٗ: چمڑے وغیرہ میں سوراخ کرنا اور سینا — النَّخْلُ: درختِ خرما کا پانی نہ ملنے سے مرجھانا۔

تَسَرَّدَ۔ الدُّرُّ: موتیوں کا لڑی میں ترتیب وار ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ "تَسَرَّدَ دَمْعُهٗ کَمَا یَتَسَرَّدُ اللُّؤْلُؤُ" اس کے آنسو موتیوں کی طرح ترتیب وار ہیں۔

السَّرْدُ۔ مص۔ ہر زرہ اور حلقہ کے لئے اسم ہے کہا جاتا ہے "نُجُوْمٌ سُرُوْدٌ"۔

السَّرَدُ۔ مص۔ لگاتار ہونا۔

السَّرَادُ۔ پھل کو پانی نہ ملنے سے پژمردگی۔

السِّرَادُ و السَّرِیْدُ و المِسْرَدُ۔ ستالی۔

المِسْرَدُ: زبان۔ دہرا سلا ہوا جوتہ۔

السَّارِدُ۔ موچی۔

السَّرَّادُ۔ زرہ بنانے والا۔

المَسْرُوْدُ و المُسَرَّدُ و المَسْرُوْدَةُ۔ زرہ

السِّرْدَابُ۔ تہ خانہ ج سَرَادِیْبُ۔

سَرْدَجَ۔ بیکار چھوڑنا۔

سَرْدَحَ۔ بیکار چھوڑنا۔

السِّرْدَاحُ و السِّرْدَاحَةُ۔ لمبی اونٹنی اور بقول بعض مضبوط پُر گوشت اونٹنی۔

السِّرْدَاحُ: کیلے کے درختوں کا جھنڈ۔ واحد سِرْدَاحَةٌ۔ "اَرْضٌ سِرْدَاحَةٌ": ہموار زمین۔ دُور کی زمین۔ ج سَرَادِحُ و سَرَادِیْحُ۔

سَرْدَقَ۔ البَیْتَ: پردہ لگانا۔ شامیانہ لگانا۔ خیمہ لگانا۔

السُّرَادِقُ۔ شامیانہ۔ خیمہ۔ بلند غبار یا دھواں جو کسی چیز کو محیط ہو۔ ج سُرَادِقَاتٌ۔

سَرِسَ (س) سَرَسًا۔ بدخلق ہونا۔ جہالت کے بعد دانا و ہوشیار ہونا۔

السَّرِیْسُ۔ عقلمند۔ زیرک۔ مقبوضہ چیز کا محافظ۔

سَرْسَرَ۔ الشَّفْرَةَ: دھار تیز کرنا۔

السُّرْسُوْرُ۔ زیرک۔ محبوب۔ خالص ساتھی کہا جاتا ہے۔ "ہُوَ سُرْسُوْرُ مَالٍ" وہ مال کا بہتر منتظم ہے۔

السِّرْسَامُ۔ ایک دماغی بیماری کا نام۔

سَرَطَ (ن) و سَرِطَ (س) سَرْطًا و سَرَطَانًا و تَسَرَّطَ و اسْتَرَطَ۔ الشَّیْءَ: نگلنا

اِنْسَرَطَ۔ الشَّرَابُ فِیْ حَلْقِهٖ: حلق میں آسانی سے اترنا۔

السِّرَاطُ۔ واضح راستہ۔

السُّرَاطُ۔ مِنَ السُّیُوْفِ: بہت کاٹنے والی تلوار۔

السُّرَاطِیُّ۔ بہت کاٹنے والی تلوار۔

(— و السُّرُطُ و السِّرْوَاطُ و السُّرَطَةُ و السَّرَّاطُ و السِّرْطِیْطُ) جلدی نگلنے والا۔ بہت کھانیوالا

السُّرُطُ: تیز چلنے والا۔

السُّرَّیْطَی۔ اسم ہے سَرَطَ کا۔ نگلنا۔

السَّرَطَانُ۔ مص۔ کیکڑا۔ اور اس کا نام عُقْرُبُ المَاءِ بھی ہے اور عوام اس کو السَّلَطَعُوْنُ کہتے ہیں۔ السَّرَطَانُ: ایک برج آسمانی کا نام ایک پھوڑے کا نام جس میں کیکڑے کی ٹانگوں کی طرح رگیں دکھائی دیتی ہیں۔ اور کہا جاتا ہے "فَرَسٌ سَرَطَانٌ اَوْ سَرَطَانُ الجَرْیِ" یعنی تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

المَسْرَطُ و المِسْرَطُ۔ حلق۔ المِسْرَطُ: جلدی کھانے والا۔

سَرْطَعَ۔ گھبراہٹ کی وجہ سے تیز دوڑنا۔

السَّرْطَلُ و السَّرْطَمُ۔ بے ڈول۔ لمبا۔

السَّرْطَمُ و السِّرْطِمُ۔ بہت کھانے والا

سَرِعَ (س) و سَرُعَ (ک) سُرْعَةً و سِرَعًا و سَرَعًا و سِرْعًا و سُرْعًا و سَرَاعَةً جلدی کرنا۔

سَارَعَ۔ اِلَیْهِ: سبقت کرنا — فِی الاَمْرِ: کوشش کرنا۔

اَسْرَعَ۔ فِی المَشْیِ: جلدی چلنا۔

تَسَارَعَ و تَسَرَّعَ۔ اِلَی الاَمْرِ: سبقت کرنا۔ جلدی کرنا۔ (تَسَرَّعَ بِالاَمْرِ: سبقت کرنا۔ تَسَرَّعَ الاَمْرُ: جلدی ہونا۔

السَّرْعُ و السِّرْعُ۔ انگور کی تازہ شاخ۔ ہر تر شاخ۔ ج سُرُوْعٌ۔

سَرْعَانَ و سِرْعَانَ و سُرْعَانَ۔ اسم فعل مبنی بر فتحہ۔ بمعنی اَسْرِعْ یعنی جلدی کرو۔ کہا جاتا ہے "سَرْعَانَ القَوْمُ" یعنی اے قوم جلدی کر۔ اور کبھی تعجب کے لئے آتا ہے۔ جیسے "لَسَرْعَانَ مَا فَعَلْتَ" یعنی تو نے کس قدر جلدی کی۔

سَرَعَانُ و سَرْعَانُ۔ القَوْمِ او الخَیْلِ: سب سے آگے کے لوگ یا گھوڑے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِیْ سَرَعَانِ النَّاسِ" وہ سب سے آگے کے لوگوں میں آیا۔

السَّرِیْعُ۔ جلدباز۔ ج سُرْعَانٌ۔ مؤنث سَرِیْعَةٌ۔ ج سِرَاعٌ۔ اشعار کے اوزان میں ایک وزن۔

السَّرِعُ و السَّرْعَانُ۔ جلدباز۔ مؤنث سَرْعَی

الاَسَارِیْعُ۔ کمان کی لکیریں۔ کہا جاتا ہے "قَوْسٌ ذَاتُ اَسَارِیْعَ": لکیروں والی کمان۔ سفید جسم سرخ سر والے کیڑے واحد (اُسْرُوْعٌ و یُسْرُوْعٌ)

المِسْرَعُ و المِسْرَاعُ۔ خیر یا شر کی طرف جلدی لپکنے والا۔ ج مَسَارِعُ و مَسَارِیْعُ۔

السُّرْعُوْبُ۔ نیولا۔

سَرْعَفَ سَرْعَفَةً۔ الصَّبِیَّ: بچے کی اچھی طرح پرورش کرنا۔

تَسَرْعَفَ۔ الصَّبِیُّ: بچہ کا اچھی طرح پرورش پانا۔

السُّرْعُوْفُ۔ نازک و سبک گوشت۔ مؤنث سُرْعُوْفَةٌ۔ السُّرْعُوْفَةُ: لمبے قد کی نازک بدن عورت ٹڈی۔ کپڑے کو چاٹنے والا کیڑا ج

سَرِغَ (س) سَرَغًا۔ انگور کے گچھوں کو مع ڈنڈی کے کھانا۔

السَّرُوغ - انگور کی شاخ - ج سُرُوغ -

سَرَفَت (ن) سُرُوفًا - السُّرْفَةُ الشَّجَرَةَ : کیڑے کا درخت کے پتوں کو چاٹ جانا — الامُّ وَلَدَہَا : ماں کا بچہ کو زیادہ دودھ پلا کر بیمار کرنا -

سَرِفَ (س) سَرَفًا - الاَمْرَ : بیکار چھوڑنا - جاہل ہونا - خطا کرنا - کہا جاتا ہے "مَا فِیْ عَطَائِہِمْ مَنٌّ وَلا سَرَفٌ" یعنی وہ لوگ داد و دہش کے موقعہ پر غلطی نہیں کرتے بایں طور کہ غیر مستحق کو دیدیں اور مستحق کو محروم کر دیں - سَرِفَ القَوْمَ : تجاوز کرنا - الطَّعَامُ : گھن لگنا — الرَّجُلُ بالخَمْرِ : شراب کا حریص ہونا -

اَسْرَفَ - المَالَ : فضول خرچی کرنا — فِی کَذَا : حد سے تجاوز کرنا - زیادتی کرنا - خطا کرنا - جاہل ہونا - غافل ہونا - صفت (مُسْرِف)

السُّرْفَۃُ - گھن - سرخ جسم اور کالے سر والا کیڑا جو چھوٹی لکڑیوں کو اپنے لعاب سے جوڑ کر گھر بناتا ہے اور اس میں داخل ہو کر مر جاتا ہے - اسی سے مثال ہے "ہُوَ اَصْنَعُ مِنْ سُرْفَۃٍ" وہ سرفہ سے زیادہ کاریگر ہے -

السَّرَفُ - حد و اعتدال سے تجاوز کرنا - زیادتی - خطا - کہا جاتا ہے "اَکَلَہُ سَرَفًا" اس نے جلدی سے کھایا -

السُّرَافُ - سرفہ (مذکورہ بالا کیڑا) کا درخت کے پتوں کو چاٹ جانا -

رَجُلٌ (سَرِفُ) الفُؤَادِ : غافل مرد - سَرِفُ العَقْلِ : خراب یا کم عقل والا -

ارض (سَرِفَۃٌ) زمین جس میں سرفہ کیڑے بہت ہوں -

السَّرُوفُ - سخت اور بڑا -

السَّرِیفُ - انگور کی بیل کی قطار -

السَّرَفْجُ - شیطان کا نام -

اِسْرَافِیْلُ و اِسْرَافِیْنُ - فرشتہ کا نام جو قیامت کو صور پھونکے گا -

سَرَقَ (ض) سَرَقًا و سَرِقًا و سَرِقَۃً و سَرْقَۃً و سَرَقَانًا - مِنْہُ الشَّیْءَ و سَرَقَہُ الشَّیْءَ : چرانا - کہا جاتا ہے "سُرِقُوْا لَیْلَۃً مِنَ الشَّہْرِ" جبکہ اس رات میں عیش کے ساتھ رہیں - "وَسَرَقَتْنِیْ عَیْنِیْ" میری آنکھ میرے اوپر غالب ہوئی -

سُرِقَ - الرَّجُلُ : کسی کے مال و متاع کا چوری ہو جانا — صَوْتُہُ : آواز پڑنا - گلا بیٹھ جانا - صفت مَسْرُوْقُ الصَّوْتِ -

سَرِقَ (س) سَرَقًا - الشَّیْءُ : پوشیدہ ہونا - سَرِقَتْ مَفَاصِلُہُ : جوڑوں کا سست ہو جانا -

سَرَّقَہُ - چوری کی نسبت کرنا - سَرَّقَ الشَّیْءَ : چرانا -

سَارَقَ - النَّظَرَ : ایک دوسرے کو دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا اس طرح پر کہ کسی اور کو علم نہ ہو - سَارَقَ النَّظَرَ اِلَیْہِ : کسی کو دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا -

تَسَرَّقَ - تھوڑا تھوڑا چرانا — النَّظَرَ والسَّمْعَ : چوری سے دیکھنا یا سننا -

اِنْسَرَقَ - عَنْہُ : جانے کیلئے پیچھے ہٹنا - اِنْسَرَقَتْ مَفَاصِلُہُ : جوڑوں کا سست ہو جانا -

اِسْتَرَقَ - مِنْہُ الشَّیْءَ : چرانا — السَّمْعَ : چھپ کر سننا — الکَاتِبُ بَعْضَ الحِسَابَاتِ : چھپا لینا - ظاہر نہ کرنا -

السَّرِقَۃُ - مص - چرائی ہوئی چیز -

السَّارِقُ - فا - ج سَرَقَۃٌ و سُرَّاقٌ و سَارِقُوْنَ مؤنث سَارِقَۃٌ - السَّارِقَۃُ : لوہے یا چمڑے کا طوق - ج سَوَارِقُ - السَّوَارِقُ : تالے کی زائد جھڑ -

السَّرَقَۃُ - مع - حریر کا ٹکڑا - ج سَرَقٌ (یہ کلمہ اس معنی کے لحاظ سے فارسی ہے)

السَّرَّاقُ - بہت چرانے والا -

السَّرُوْقُ - چور - ج سُرُقٌ -

السُّرَاقَۃُ - چرائی ہوئی چیز -

المُسْتَرَقُ - فا - ناقص کمزور - مُسْتَرَقُ العُنُقِ : چھوٹی گردن والا -

السُّرْقُعُ - ترش نبیذ -

السَّرْقِیْنُ و السِّرْقِیْنُ - گوبر - کھاد -

سَرِكَ (س) سَرَكًا - قوت و توانائی کے بعد کمزور جسم والا ہونا -

سَرُوكٌ و تَسَرُّوكٌ - لاغری یا تھکن کی وجہ سے آہستہ چلنا -

السَّرُوكُ - لاغر اونٹ -

سَرَّمَہُ - ٹکڑے ٹکڑے کرنا -

تَسَرَّمَ - ٹکڑے ٹکڑے ہونا -

السُّرْمُ - مستقیم آنت کا کنارہ - ج اَسْرَامٌ -

السَّرَمُ - دبر کا درد -

السُّرْمَانُ و السِّرْمَانُ - زرد و سیاہ بھڑ -

السَّرْمَدُ - ہمیشہ - لَیْلٌ سَرْمَدٌ : لمبی رات -

السَّرْمَدِیُّ - جس کی ابتداء و انتہا نہ ہو

تَسَرْمَطَ - الشَّعْرُ : بال لمبے اور کم ہونا -

السَّرْمَطُ و السَّرَامِطُ و السَّرَوْمَطُ و المُسَرْمَطُ و السَّرْمَطِیْطُ - ہر ایک لمبی چیز - السَّرَوْمَطُ : ہر کمبل وغیرہ جس میں کوئی چیز لپیٹی جائے - رَجُلٌ سَرَوْمَطٌ : ہر چیز کو نگلنے والا امرد -

السَّرْمَقُ - ایک گھاس کا نام -

السَّرَنْدَی - اپنے کاموں میں جلد باز - مؤنث سَرَنْدَاۃٌ -

السُّرْنُوْفُ - ایک شکاری پرندہ -

السَّرْنَافُ - لمبے قد والا -

السَّرْہَبُ - بیوقوف - بہت کھانے پینے والا

السَّرْہَبَۃُ - اچھے تن و توش کی اور لمبے قد والی عورت -

سَرْہَجَ سَرْہَجَۃً - سرکشی کرنا — الحَبْلَ : رسی کو مضبوط بٹنا -

سَرْہَدَ - السَّنَامَ : کوہان کو کاٹنا — الصَّبِیَّ : بچہ کو اچھی خوراک کھلانا -

السَّرْہَدُ - کوہان کی چربی - مَاءٌ سَرْہَدٌ : بہت پانی -

المُسَرْہَدُ - مفعو - موٹا -

سَرْہَفَ - الغِذَاءَ : غذا کو عمدہ بنانا -

—— الصَّبِیَّ: بچہ کو اچھی خوراک کھلانا۔
سَرَا یَسْرُو سَرْوًا۔ سَرَتِ الْجَرَادَۃُ: ٹڈی
کا انڈے دینا —— وَسَرّٰی تَسْرِیَۃً وَاَسْرٰی
اِسْرَاءً الثَّوْبَ عَنْہُ: کپڑے اتارنا۔
سَرَا یَسْرُوْ وَسَرُوَ یَسْرُوْ وَسَرِیَ یَسْرٰی
سَرْوًا وَسَرَاوَۃً وَسَرًا وَسَرَاءً۔ صاحب
مروّت وسخاوت ہونا۔
سُرِّیَ وَانْسَرٰی اِنْسِرَاءً۔ عَنْہُ الْھَمُّ:
غم زائل ہونا۔ دور ہونا۔ سُرِیَ الْقَوْمُ: سردار
قوم کا مارا جانا۔
سَارَاہُ مُسَارَاۃً۔ ایک دوسرے پر
فخر کرنا۔
تَسَرّٰی تَسَرِّیًا۔ بتکلف مروّت وسخاوت
کرنا۔ لونڈی کو ہمخوابی کے لئے مقرر کرنا۔
اِسْتَرٰی اِسْتِرَاءً۔ اختیار کرنا۔ چننا۔
الْمَوْتُ الْقَوْمَ: قوم کے سرداروں میں موت
واقع ہونا۔
السَّرْوُ۔ مص۔ فضل۔ مروت وسخاوت۔
ایک درخت کا نام۔ واحد (سَرْوَۃٌ) اَبُو السَّرْوِ:
بخور۔
السَّرْوَۃُ وَالسِّرْوَۃُ وَالسُّرْوَۃُ۔ چھوٹا تیر
اور بقول بعض چوڑے پھل کا تیر۔ ج سِرًی و
سُرِیَ السِّرْوَۃُ: ٹڈی کا بچہ جو ابھی کیڑے کی
شکل کا ہو۔
السَّرَاۃُ۔ پیٹھ۔ دن کی چڑھائی —— مِنَ
الطَّرِیْقِ: درمیانہ راہ۔ ج سَرَوَاتٌ۔ سَرَوَاتُ
الْقَوْمِ: سرداران قوم۔
السَّرِیُّ۔ صاحب شرف ومروّت یا صاحب
مروّت وسخاوت۔ شریف سخی سردار۔ ہر چیز میں
کا عمدہ۔ ج سُرَیٌّ وسُرَاۃٌ وسَرَاۃٌ واَسْرِیَاءُ و
سُرَوَاءُ مؤنث سَرِیَّۃٌ ج سَرِیَّاتٌ وسَرَایَا۔
سَرْوَلَ۔ پائجامہ پہنانا۔
تَسَرْوَلَ۔ پائجامہ پہننا۔
السِّرْوَالُ والسِّرْوَالَۃُ والسِّرْوِیْلُ۔
پائجامہ۔ ازار۔ کلمۂ فارسی ہے اور مؤنث ہے اور
کبھی مذکر استعمال کیا جاتا ہے۔ ج سَرَاوِیْلُ۔
فَرَسٌ (مُسَرْوَلٌ) بازوؤں اور رانوں تک
سفیدی والا گھوڑا۔
حَمَامَۃٌ (مُسَرْوَلَۃٌ) ٹانگوں پر پر والا کبوتر۔
سَرٰی یَسْرِیْ سُرًی وَسُرْیَۃً وَسُرْیَۃً
وَسِرَایَۃً وَسَرَیَانًا وَمَسْرًی وَاسْتَرٰی
رات میں چلنا۔ صفت (سَارٍ) ج سُرَاۃٌ۔
وَسَرٰی بِہٖ: رات میں سفر کرانا وَسَرٰی عِرْقُ
الشَّجَرَۃِ: درخت کی جڑ کا زمین کے نیچے چل پڑنا۔
سَرَی الدَّمُ فِی الْعُرُوْقِ: خون کا رگوں میں
دوڑنا —— الْھَمُّ: غم زائل ہونا۔ اور کہا جاتا
ہے "سَرَی الْجُرْحُ اِلَی النَّفْسِ" یعنی زخم نے
اثر کیا یہاں تک کہ ہلاکت واقع ہو گئی۔
سُرِّیَ۔ عَنْہُ: غصہ یا غم کا زائل ہونا۔
اَسْرٰی اِسْرَاءً۔ رات میں چلنا ——
الرَّجُلُ: کشادہ زمین کی طرف جانا۔
سَرّٰی۔ عَنْہُ اور عَنْ قَلْبِہٖ: کسی سے غم دور
کرنا —— قَائِدُ الْجَیْشِ: کمانڈر کا دستۂ فوج
بھیجنا۔
سَارٰی۔ صَاحِبَہٗ: ساتھ ساتھ رات
میں چلنا۔
تَسَرّٰی وَانْسَرٰی۔ دیکھئے مادہ س ر و
السُّرٰی وَالسَّرَیَانُ وَالسُّرْیَۃُ مصادر
رات کا سفر۔ اور عرب کا قول "عِنْدَ الصَّبَاحِ
یَحْمَدُ الْقَوْمُ السُّرٰی" مثال ہے جو ایسے موقع
پر بولتے ہیں کہ مشقت برداشت کرنے میں
راحت کی امید ہو۔ اِبْنُ السُّرٰی: رات کا
مسافر۔
السِّرْیَۃُ۔ ٹڈی کا بچہ جو ابھی کیڑے کی
شکل کا ہو۔
السَّرَاۃُ۔ ہر چیز کا بالائی حصہ۔ سَرَاۃُ الْجَبَلِ
پہاڑ کی چوٹی۔ سَرَاۃُ الضُّحٰی: ابتدائے وقت
چاشت۔
السَّرَاءُ۔ ایک درخت جس سے کمان بنائی
جاتی ہے۔ واحد (سَرَاءَۃٌ)
السَّرَّاءُ۔ رات میں بہت چلنے والا۔
السَّارِیْ۔ فا۔ ج سُرَاۃٌ (—— والمُسَارِیْ و
المُسْتَرِیْ) شیر۔
السَّارِیَۃُ۔ ساری کا مؤنث۔ رات کو چلنے
والی جماعت۔ رات کو آنے والا بادل۔ ستون
—— عِنْدَ الْمَلَّاحِیْنَ: مستول۔ ج سَوَارٍ۔
السَّرَایَۃُ والسَّرَایَا۔ شاہی محل (کلمۂ
فارسیہ ہے)۔
السَّرِیُّ۔ چھوٹی ندی۔ ج اَسْرِیَۃٌ وسُرْیَانٌ۔
السَّرِیَّۃُ۔ دستہ فوج۔ تیر کا چھوٹا اور
گول پھل۔ ج سَرَایَا۔
السَّاسَبُ والسَّیْسَبُ والسَّیْسَبُ
ایک درخت کا نام جس کی لکڑی سے تیر
بناتے ہیں۔
السَّیْسَبَانُ۔ ایک درخت جس کے پتے
چوڑے اور پھول سفید ہوتے ہیں اور اس کا
دانہ مثانہ کی پتھری کو توڑنے کے لئے استعمال
کرتے ہیں۔
الاَسْطَطُ۔ لمبی ٹانگوں والا مرد۔
السُّطُطُ۔ ظالم لوگ۔
سَطَأَ (ف) سَطْأً۔ الجَارِیَۃَ: جماع کرنا
الاُسْطُبَۃُ۔ کتاں کا وہ حصہ جو صاف
کرنے کے وقت گرے۔
المَسْطَبَۃُ والمِسْطَبَۃُ۔ چبوترہ۔ نہائی
کہکشاں۔ فقراء اور سائلین کے جمع ہونے کی
جگہ۔ سرائے۔ ج مَسَاطِبُ (صاد کے ساتھ
ابلغ ہے)
سَطَحَ (ف) سَطْحًا۔ بچھانا۔ پچھاڑنا۔
لٹانا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَہٗ فَسَطَحَہٗ" اس نے اسکو
مارتے مارتے بچھا دیا (وسَطَّحَ) الْبَیْتَ:
چھت کو ہموار کرنا۔ سَطَحَ وسَطَّحَ النَّاقَۃَ: اونٹنی
کو بٹھانا۔
تَسَطَّحَ۔ ہموار ہونا۔
اِنْسَطَحَ۔ بغیر کسی حرکت کے چت لیٹنا۔
پھیلنا۔

السَّطْحُ - مم - چھت - چوڑی چوٹی - ج سُطُوحٌ -

السَّطِيحُ - پھیلا ہوا - کمزوری یا بیماری کی وجہ سے سستی سے اُٹھنے والا (والسَّطِيحَةُ) توشہ دان -

السُّطَّاحُ - ایک قسم کی گھاس - زمین پہ پھیلی ہوئی بیل - واحد (سُطَّاحَةٌ)

المِسْطَحُ - ہموار کرنے کا اوزار - بیلن خیمہ کا ستون - کھلیان - کھجوروں کے خشک کرنیکی جگہ (— والمِسْطَاحُ) کھجور کی شاخوں کی چٹائی - کہا جاتا ہے " رَأَيْتُ الْأَرْضَ مُسَاطِحَ " میں نے زمین کو چراگاہ سے خالی دیکھا -

أَنْفٌ (مُسَطَّحٌ) بہت پھیلی ہوئی ناک .

المَسْطُوحُ - مقتول لمبا پڑا ہوا -

سَطَرَ (ن) سَطْرًا - لکھنا — ہ بالسَّيْفِ تلوار سے کاٹنا - سَطَرَ الرَّجُلَ : پچھاڑنا -

سَطَّرَ - بے اصل باتیں جمع کرنا — علیہ : گھڑی ہوئی باتیں بیان کرنا — القِرْطَاسَ : سیدھی سطر ہونے کیلئے لکیریں کھینچنا -

أَسْطَرَ - پڑھنے میں غلطی کرنا -

اِسْتَطَرَ - لکھنا - کہا جاتا ہے " ہٰذَا مُسْتَطَرٌ " یہ لکھا ہوا ہے -

السَّطْرُ والسَّطَرُ - قطار - لکیر - کہا جاتا ہے " كَتَبَ سَطْرًا " و " غَرَسَ سَطْرًا وَبَنَى سَطْرًا مِنْ بِنَائِهِ " ج أَسْطُرٌ وسُطُورٌ وأَسْطَارٌ و جج أَسَاطِيرُ - اور کہا جاتا ہے " إِنْ هٰذَا إِلَّا أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ " یہ تو کچھ بھی نہیں صرف بے سند باتیں ہیں جو پہلے سے چلی آرہی ہیں - السَّطْرُ : تحریر و کتابت - یک سالہ بچھڑی -

السُّطْرَةُ - آرزو -

السُّطُرُ - چکنی چپڑی باتیں -

الإِسْطَارُ والأُسْطَارُ والأُسْطُورُ والأُسْطِيرُ - وأيضًا بالهاء في كلها : ہر وہ چیز جو لکھی جائے - ج أَسَاطِيرُ - الأُسْطُورَةُ والأُسْطِيرَةُ بے اصل بات -

السَّاطِرُ والسَّطَّارُ - قصاب -

السَّاطُورُ - گوشت کاٹنے کی چھری - ج سَوَاطِيرُ -

المَسْطَرَةُ والمِسْطَرَةُ - لکیروں کے کھینچنے کا رولر - ج مَسَاطِرُ -

المُسْطَارُ والمُسْطَارَةُ والمِسْطَارُ والمِسْطَارَةُ - تیز شراب جو پینے والے کو پچھاڑ دے - شیرۂ انگور پکانے سے پہلے بلند غبار -

سَطَعَ (ف) سَطْعًا وسُطُوعًا و سَطِيعًا - الغُبَارُ او الرَّائِحَةُ والنُّورُ : غبار یا بو یا روشنی کا بلند ہونا - پھیلنا اور اسی سے ہے " سَطَعَتْ رَائِحَةُ الْمِسْكِ " یعنی مشک کی خوشبو پھیلی — بِيَدَيْهِ : تالی بجانا - تم کہتے ہو " سَطَعَتْنِي رَائِحَةُ الْمِسْكِ " جبکہ مشک کی خوشبو تمہاری ناک میں پہونچے (— سَطْعًا) رَأْسَهُ : گردن لمبی کر کے سر اٹھانا البَعِيرَ : گردن یا پہلو پر لمبا داغ لگانا -

سَطِعَ (س) سَطَعًا - دراز گردن ہونا - صفت (أَسْطَعُ) مؤنث (سَطْعَاءُ)

سَطَّعَهُ - بلند کرنا - اُٹھانا - پھیلانا — البَعِيرَ : گردن یا پہلو پر لمبا داغ لگانا -

السَّطْعُ - مم - ہر وہ چیز جو بلند ہو اور پھیلے عام اس سے کہ غبار ہو یا روشنی یا بجلی -

السَّطْعُ - تالی - تالی بجانے یا تیر پھینکنے کی آواز -

السِّطَاعُ - لمبا اونٹ - خیمہ یا گھر کا سب سے لمبا ستون - اونٹ کی گردن یا پہلو میں لمبا داغ - ج سُطُعٌ وأَسْطِعَةٌ -

السَّطِيعُ - صبح - لمبا -

المِسْطَعُ - فصیح - خوش بیان - کہا جاتا ہے " خَطِيبٌ مِسْطَعٌ وَمِصْقَعٌ " یعنی بلیغ لکچرار -

الأُسْطُقُسُ - عنصر - ج أُسْطُقُسَّاتٌ

سَطَلَهُ (ض ن) سَطْلًا - الدَّوَاءُ : مدہوش کرنا -

اِنْسَطَلَ واِسْتَطَلَ - مدہوش ہونا - (لغت عوام ہے) کہا جاتا ہے " جَاءَ يَتَسَيْطَلُ " وہ تنہا آیا اس کے ساتھ کچھ نہ تھا -

السَّاطِلُ - مِنَ الغُبَارِ : بلند غبار -

السَّطْلُ - ایک تانبے کا برتن جس میں دستہ لگا ہوا ہوتا ہے جس کو پکڑ کر اٹھاتے ہیں - ج أَسْطَالٌ وسُطُولٌ - مرد دراز قامت -

السَّيْطَلُ - بمعنی سَطْل اور بقول بعض بمعنی طشت -

الأُسْطُولُ - جہازوں کا بیڑا - ج أَسَاطِيلُ (کلمۂ عجمی ہے)

سَطَمَ (ن) سَطْمًا - البَابَ : دروازہ بھیڑنا - بند کرنا -

السِّطَامُ - آگ کی کریلنی - شیشی کی ڈاٹ تلوار کی دھار -

السَّطْمُ - مم - تلوار کی دھار -

السُّطُمُ - جڑیں -

الإِسْطَامُ - آگ ہلانے کی کریلنی -

الأُسْطُمُّ والأُسْطُمَّةُ - مِنْ كُلِّ شَيْءٍ : درمیان - بڑا حصہ — مِنَ البَحْرِ : سمندر کا بڑا حصہ - اور اسی سے ہے " وَلَيْلٌ طَمَى أُسْطُمُّهُ " رات کی تاریکی بہت بڑھ گئی - أُسْطُمَّةُ القَوْمِ : قوم کے جمع ہونے کی جگہ - اشراف قوم - کہا جاتا ہے " هُوَ فِي أُسْطُمَّةِ قَوْمِهِ " وہ اپنی قوم کے درمیان میں ہے - ج أَسَاطِمُ -

السَّاطِنُ - خبیث - پلید -

الأَسْطَانُ - ایک پیتل کا برتن -

الأُسْطُونُ - مِنَ الجِمَالِ : لمبی گردن کا اونٹ -

الأُسْطُوَانَةُ - کھمبا - ستون - جانور کی ٹانگ - ج أَسَاطِينُ - (کلمۂ اجنبیہ ہے) کہا جاتا ہے " هُمْ أَسَاطِينُ الزَّمَانِ " وہ لوگ زمانہ کے یکتا ہیں - و " أَسَاطِينُ مُسَطَّنَةٌ " مضبوط کھمبے -

المُسَطَّنُ - لمبی ٹانگوں والا -

سَطَا يَسْطُو سَطْوًا و سَطْوَةً - بہ وعَلَيْہِ: کسی پر حملہ کرنا۔ مغلوب کرنا۔ مضبوط پکڑنا۔
—— الفَرَسُ: خود سری سے دُور دور قدم رکھنا —— المَاءُ: بہت ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ "مَا سَطَوْتُ فِي الطَّعَامِ" میں نے کھانے کو نہیں چکھا۔

أَسْطَى إِسْطَاءً - عَلَيْہِ: بمعنی سطا۔

سَاطَى - الرَّجُلَ: سختی برتنا۔ نرمی کرنا (ضد)

السَّاطِي - فا - دور دور قدم رکھ کر چلنے والا گھوڑا، وہ گھوڑا جو چلنے میں دُم کو اُٹھائے۔

تَسَعَّبَ - الشَّيْءُ: تار سا کھینچنا (جیسے شہد شیرہ وغیرہ سے)

إِنْسَعَبَ - المَاءُ: پانی بہنا۔

السُّعْبُ - ہر لزوجت والی چیز جس سے تار کی مانند کھنچے۔

السُّعْبُوبُ - شہد۔ شیرہ۔ لعاب خطمی وغیرہ کا تار۔ ج سَعَابِيبُ۔

المُسْعَبُ - جائز۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ مُسْعَبٌ لَہُ" وہ اس کے لئے جائز ہے۔

السُّعْبُرُ - بہت پانی والا کنواں۔ "مَاءٌ سُعْبُرٌ" بہت پانی۔ سِعْرٌ سُعْبُرٌ: ارزاں نرخ۔ ج سَعَابِرُ۔ سَعَابِرُ الطَّعَامِ: گیہوں کا پھوٹرن۔

السَّعْتَرُ - پہاڑی پودینہ (لغت جیدہ صَعْتَر بالصاد ہے)

السَّعْتَرِيُّ او الصَّعْتَرِيُّ - بہادر سخی۔ چالاک۔

سَعَدَ (ف) سَعْدًا و سُعُودًا - اليَوْمُ: مبارک ہونا۔

سَعِدَ (س) و سُعِدَ سَعَادَةً: نیکبخت ہونا۔ صفت (سَعِيدٌ) ج سُعَدَاءُ و (مَسْعُودٌ) ج مَسَاعِيدُ۔

سَاعَدَہُ - عَلَى الأَمْرِ: کسی کی کسی کام پر مدد کرنا۔

أَسْعَدَہُ - عَلَى الأَمْرِ: مدد کرنا۔ أَسْعَدَہُ اللّٰہُ: نیکبخت بنانا۔ صفت (مَسْعُودٌ) مُسْعَدٌ نہیں کہا جاتا۔

تَسَعَّدَ - مبارک ہونا —— الرَّائِي: سُعْدَان گھاس کی چراگاہ تلاش کرنا۔

إِسْتَسْعَدَ - بِالشَّيْءِ: اپنے لئے مبارک سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "إِسْتَسْعَدَ فُلَانٌ بِرُؤْيَةِ فُلَانٍ" فلاں نے فلاں کے دیکھنے کو اپنے لئے مبارک سمجھا۔

السَّعْدُ - برکت۔ خوش بختی۔ ج أَسْعُدٌ و سُعُودٌ۔ کہا جاتا ہے "لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ" یعنی میں تمہاری خدمت کے لئے بار بار حاضر ہوں۔ سُعُودُ النُّجُومِ: دس ستارے ہیں جن میں سے ہر ایک کو سَعْد کہا جاتا ہے۔

السَّاعِدُ - فا - سردار۔ کہا جاتا ہے "مَا لَہُمْ سَاعِدٌ يَعْتَمِدُونَہُ" ان کے لئے کوئی سردار نہیں جس پر اعتماد و بھروسہ کریں۔ بازو۔ کہا جاتا ہے —— "شَدَّ اللّٰہُ عَلَى سَاعِدِكَ" اللہ تعالی تمہارے بازو کو مضبوط کریں۔ سَاعِدَا الطَّيْرِ: پرندے کے بازو ج سَوَاعِدُ۔ کہا جاتا ہے "طَائِرٌ شَدِيدُ السَّوَاعِدِ: مضبوط بازو والا پرندہ۔

السَّاعِدَةُ - چرخی کا ڈنڈا۔ ج سَوَاعِدُ۔ السَّوَاعِدُ: دریا یا سمندر کی طرف پانی جانے کے نالے۔ ہڈی میں مغز کی نالی۔ تھن میں دودھ نکلنے کے سوراخ۔ السَّاعِدَةُ: سونے یا چاندی کا بازوبند۔ شیر۔

السَّعَادَةُ - نیک بختی۔

السُّعَادَى - موتھا جو ایک قسم کی خوشبودار گھاس ہے جو زخموں کے لئے بہت مفید ہے۔

السَّعْدَانُ - ایک خاردار پودہ جو اونٹوں کے لئے بہتر چارہ ہے اور اسی سے مثل ہے "مَرْعًى وَلَا كَالسَّعْدَانِ" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو کم پر قناعت کرلے۔

سُعْدَانُ - إِسْعَادٌ کا اسم ہے۔ کہا جاتا ہے "سُبْحَانَ اللّٰہِ وَسُعْدَانَہُ" یعنی میں خدا کی پاکی بیان کرتا ہوں اور اس کی تابعداری کرتا ہوں۔

السَّعْدَانَةُ - کبوتر۔ پستان کا سرا یا پستان کے سرے کی اردگرد کی سیاہی۔ حلقۂ دُبُر۔ ترازو کی رسی کی گرہ۔

السُّعُودَةُ - نیک بختی۔

سُعَادُ و سُعْدَى - فرضی محبوبہ کے نام جن کو قدیم شعراء تشبیب میں استعمال کرتے تھے۔

سَعَرَ (ف) سَعْرًا و أَسْعَرَ - النَّارَ: آگ بھڑکانا —— البَعِيرَ الإِبِلَ بِجَرَبٍ: کھجلی پھیلانا۔ سَعَرَ القَوْمَ شَرًّا: ساری قوم میں بدی پھیلا دینا۔ سَعَرَنَاہُمْ بِالنَّبْلِ: جلانا۔ پیوست کرنا۔ سَعَرَ اللَّيْلَ بِالمَطِيِّ: طے کرنا۔ سَعَرَتِ النَّاقَةُ فِي سَيْرِہَا: اونٹنی کا تیز دوڑنا۔ صفت (سَعُورٌ) کہا جاتا ہے۔ "سَعَرْتُ اليَوْمَ فِي حَاجَتِي سَعْرَةً" یعنی میں آج اپنی ضرورت سے تمام دن چکر لگاتا رہا۔

سَعِرَ - (س) سَعَرَانًا - الفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔

سُعِرَ - البَعِيرُ: اونٹ کا پاگل ہونا۔ صفت (مَسْعُورٌ) —— الرَّجُلُ: گرم ہوا سے جھلس جانا۔

سَعَّرَ - النَّارَ: آگ بھڑکانا —— الشَّيْءَ: کسی چیز کا بھاؤ مقرر کرنا یا بھاؤ کا اندازہ کرنا۔ —— القَوْمُ: بھاؤ پر اتفاق کرنا۔

سَاعَرَہُ مُسَاعَرَةً - بھاؤ ٹھہرانا۔

تَسَعَّرَتْ - النَّارُ: آگ بھڑکنا —— الحَطَبُ: لکڑی کا جل اُٹھنا۔

إِسْتَعَرَ - بھڑکنا —— الشَّرُّ: برائی کا پھیلنا —— الجَرَبُ فِي البَعِيرِ: اونٹ کی بغل وغیرہ میں کھجلی شروع ہونا۔

السَّعْرُ - مص۔ رَمْيٌ سَعْرٌ: سخت تکلیف دہ تیر اندازی۔

السِّعْرُ - نرخ۔ ج أَسْعَارٌ۔

السُّعْرُ - گرمی۔ سخت بھوک —— و السُّعُرُ) دیوانگی۔ السُّعُرُ: رنج و عذاب۔

السَّعِرُ - پاگل۔ دیوانہ۔ ج سُعَرَى۔

السُّعْرَةُ - کام کی ابتداء اور اس کی تیزی۔ کھانسی۔

السَّعَرُ والسُّعْرَةُ - سیاہی مائل رنگ -
السَّعِیْرُ - آگ کی لپٹ - ج سُعُر -
السُّعَارُ - گرمی - بھوک کی تیزی - پیاس
کی شدت -
السَّاعُوْرُ - آگ - تنور -
السَّاعُوْرَۃُ - آگ -
الاَسْعَرُ - دبلا پتلا جس کے پٹھے ظاہر ہوں
سیاہی مائل رنگ والا - مؤنث سَعْرَاءُ ج سُعْر -
المِسْعَرُ - آگ جلانے والا - کہا جاتا ہے "ھُوَ
مِسْعَرُ حَرْبٍ" وہ لڑائی بھڑکانیوالا ہے - سخت،
لمبی گردن - "کَلْبٌ مِسْعَرٌ" : دیوانہ کتا (— و
المِسْعَار) آگ جلانے کی چیز -
المَسْعُوْرُ - باوجود شکم سیری کے کھانے
کا حریص - نَاقَۃٌ مَسْعُوْرَۃٌ : دیوانہ اونٹنی -
مَسَاعِرُ - البَعِیْرِ : اونٹ کی ران کی جڑیں
اور بغل - کہا جاتا ہے : "اَخَذَ الجَرَبُ فِی مَسَاعِرِ البَعِیْرِ"
اونٹ کی ران کی جڑوں میں کھجلی شروع ہو گئی -
السِّعْرَارَۃُ والسُّعْرُوْرَۃُ - صبح - شعاعِ
آفتاب جو روشن دان میں داخل ہو -
سَعْسَعَ وتَسَعْسَعَ - بہت بوڑھا ہونا -
— الشَّیْخُ : بڑھاپے کی وجہ سے لڑکھڑانا - قریب
قریب قدم رکھنا - سَعْسَعَ رَاْسَہٗ : سر کو تیل سے
تر کرنا -
السُّعْسُعُ - بھیڑیا -
سَعَطَہٗ (ف ن) سَعْطًا وسَعَطَہٗ و
اَسْعَطَہٗ - الدَّوَاءَ : ناک میں ڈالنا - کہا جاتا ہے
"اَسْعَطَہٗ الرُّمْحَ" اس نے ناک میں نیزہ مارا -
و "اَسْعَطَہٗ عِلْمًا" اس نے اس کو علم سمجھانے میں
بہت کوشش کی -
اِسْتَعَطَ - الدَّوَاءَ : ناک میں چڑھانا -
اِسْتَسْعَطَہٗ - ناک میں دوا چڑھانے کو کہنا
السَّعِیْطُ - خوشبو - بان کا درخت - بان کا
تیل - رائی کا تیل (— والسُّعَاطُ) بو کی تیزی
السَّعُوْطُ - ناک میں چڑھانے کی دوا -
نسوار - (مولدہ) اور عوام "نَطُوْس" کہتے ہیں -

المِسْعَطُ والمُسْعُطُ - نسوار کی ڈبیا -
سَعَفَہٗ (ف) سَعْفًا - بِحَاجَتِہٖ : کسی کی
حاجت پوری کرنا -
سَعِفَ (س) سَعَفًا - ناخن کے اردگرد
پھٹی ہوئی انگلیوں والا ہونا -
سُعِفَ - الوَجْہُ : پھنسیوں والا ہونا -
صفت (مَسْعُوْفٌ)
سَعَّفَ - المِسْکَ : مشک کو دوسری
خوشبوؤں سے ملانا -
سَاعَفَہٗ - موافقت کرنا - مدد دینا -
اَسْعَفَہٗ - بِحَاجَتِہٖ : کسی کی حاجت پوری کرنا -
ہٗ عَلَی الاَمْرِ : مدد کرنا - اَسْعَفَ بِالرَّجُلِ :
کسی کے قریب ہونا — الشَّیْءُ : قریب ہونا -
اَسْعَفَ لَہٗ الصَّیْدُ : شکار کا موقع دینا -
اَسْعَفَتِ الحَاجَۃُ : حاجت کا قریب پہونچنا -
وقت آنا — اِلَیْہِ : توجہ کرنا - قصد کرنا -
تَسَعَّفَتْ - اَظْفَارُہٗ : پھٹنا -
السَّعَفُ - مع - سامان - کمینہ آدمی -
السَّعَفَۃُ - پھنسیاں جو منہ یا سر میں نکلتی
ہیں -
السَّعَفُ - مع - دلہن کا جہیز - سامان خانہ
ج سُعُوْفٌ - کھجلی کی مانند اونٹ کے منہ کا
ایک مرض - کھجور کی شاخ - واحد (سَعَفَۃٌ)
السُّعُوْفُ - بڑے پیالے - انسانی خصلتیں
مثل جود و کرم - گھریلو سامان (اس کے لئے واحد
نہیں)
الاَسْعَفُ - مِنَ الاِبِلِ : منہ کی بیماری والا
اونٹ — مِنَ الخَیْلِ : سفید پیشانی والا گھوڑا
مؤنث - سَعْفَاءُ - ج سُعْفٌ -
السُّعَافُ - ناخن کے اردگرد چیٹ اکھڑنا -
المُسَاعِفُ - فا - قریب - کہا جاتا ہے -
مکان مُسَاعِفٌ " قریب جگہ -
سَعَلَ (ن) سُعَالًا وسُعْلَۃً - کھانسنا
(— سَعْلًا) کام وغیرہ کے لئے چست ہونا -
اَسْعَلَہٗ - چست بنانا - کھانسی پیدا کرنا -

اِسْتَسْعَلَتْ - المَرْاَۃُ : بھتنی جیسی ہونا -
السُّعَالُ - کھانسی - قَصَبُ السُّعَالِ :
پھیپھڑے کی رگیں -
السِّعْلَاءُ والسِّعْلَاۃُ والسِّعْلِیُّ - بھتنی
یا بھوت - ج سَعَالِیٌ وسِعْلِیَاتٌ -
السَّعَالِیُّ - پودہ کا نام جو شیشۃُ السُّعَالِ
کے نام سے بھی مشہور ہے -
السَّاعِلُ والمَسْعَلُ - حلق یا حلق میں
کھانسنے کی جگہ -
سَعَمَ (ف) سَعْمًا - البَعِیْرُ : اونٹ کا تیز چلنا
صفت (سَعُوْمٌ)
سَعَمَہٗ وسَعَّمَہٗ - غذا دینا -
سیل (مِسْعَامٌ ومُسْعَامٌ) - تیز سیلاب -
اَسْعَنَ - بڑا خیمہ یا سائبان بنانا -
تَسَعَّنَ - الجَمَلُ : خوب موٹا ہونا -
السَّعْنُ - چربی - خالص شراب -
السُّعْنُ - مشک جس کا نصف حصہ
کاٹ کر ڈول بنا لیں - ج سُعْنَۃٌ -
السَّعْنَۃُ - مبارک - منحوس (ضد) کھانے کی
کثرت یا قلت - کہا جاتا ہے "مَالَہٗ سَعْنَۃٌ وَلَا مَعْنَۃٌ"
یعنی اس کے پاس کچھ نہیں -
السُّعْنَۃُ - سائبان - اونٹ کے بالائی
ہونٹ کا لٹکا ہوا حصہ - ج سُعَنٌ -
المُسْعَنُ - بڑا ڈول -
السَّعَانِیْنُ - عیسائیوں کا تہوار جو عید
فصح سے پہلے ہوتا ہے - مشہور الشَّعَانِیْنُ معجمہ
سے ہے - (معرب)
السَّعْوُ والسِّعْوُ والسَّعْوَۃُ والسِّعْوَۃُ
والسِّعْوَاءُ والسُّعْوَاءُ - رات کا ایک حصہ
السَّعْوَاءُ والسُّعْوَاءُ : بدزبان خلع کرنے والی
عورت -
الاَسْعَاءُ - رات کے حصے -
السَّعْوَۃُ - موم -
السُّعَاوِیُّ - بیداری اور سفر پر صبر کرنے والا
سَعٰی یَسْعٰی سَعْیًا - عمل کرنا - چلنا -

دوڑنا — الیہ: قصد کرنا — فی حاجۃ الرجل:
کسی کی حاجت پوری کرنے کی کوشش کرنا۔
— للامر: حاصل کرنے کے لئے اہتمام کرنا۔
— لعیالہ: کمائی کرنا (— سعایۃً) صدقات
وغیرہ وصول کرنا (— سعایۃً وسعیًا) بفلان
عند الامیر: چغل خوری کرنا۔ سعت الامۃ: —
بدکاری کرنا۔ زنا کرنا۔
ساعیٰ ۔ ہٗ: کوشش کرنے میں مقابلہ کرنا۔
کہا جاتا ہے "ساعانی فلان فسعیتہ" فلاں نے
کوشش کرنے میں مقابلہ کیا میں اس پر غالب
رہا۔
اسعیٰ اسعاءً ۔ الرجل: کوشش کرانا۔
اسعوا بہٖ: تلاش کرنا۔
استسعیٰ استسعاءً ۔ الرجل: وصول
صدقات کے لئے مقرر کرنا — العبد: آزادی
حاصل کرنے کے لئے کام کرانا۔
السعایۃ ۔ مع چغل خوری۔
الساعی ۔ فا ۔ محصل ۔ خراج وصدقات
وصول کرنے والا ۔ ج سعاۃ ۔ الساعی: ڈاکیہ۔
المسعیٰ ۔ کوشش ۔ مسلک ۔ تصرف
ج مساعٍ۔
سغب (ن) وسغب (س) سغبًا و
سغوبًا وسغبًا وسغابۃً ومسغبۃً ۔
بھوکا ہونا۔ صفت (ساغب وسغب وسغبان)
مؤنث سغبیٰ ۔ ج سغاب۔
اسغب ۔ القوم: قوم کا قحط میں مبتلا
ہونا۔
السغاب ۔ بھوک۔
المسغب ۔ جائع۔
سغبل سغبلۃً ۔ بہت زخموں والا ہونا۔
— الراس: سر کو تیل سے تر کرنا۔
— الشحم: چربی پگھلا کر سالن بنانا۔
تسغبل ۔ الدرع: زرہ پہننا۔
المسغبل ۔ نرم و آسان۔
سغد سغدًا ۔ سوجنا۔

فصال (ساغدۃ ومسغدۃ ومساغدۃ) اونٹ
کے دودھ سے آسودہ موٹے بچے۔
السغد ۔ نرم ہلکی بارش (اس کا تنہا
استعمال نہیں ہوتا) کہا جاتا ہے "اغصنہ اللہ
بسغد مغد" یعنی اللہ تعالیٰ اس کو نرم بارش
سے تروتازہ رکھے۔
السغادیٰ ۔ ایک قسم کی گھاس۔
سغرہٗ (ف) سغرًا ۔ جلاوطن کرنا۔
سغسغ ۔ الوتد: کھونٹی کو ہلانا — ہٗ
فی التراب: مٹی میں دھنسانا — راسہ
بالدہن: سر میں تیل لگا کر جذب کرنا۔
الدہن فی راسہ: سر میں تیل لگانا
تسغسغ ۔ من الامر: کسی معاملہ سے
رہائی پانا — فی الارض: داخل ہونا۔
سغل (س) سغلاً ۔ لاغر ہونا۔ جھرّیوں
والا ہونا۔ صفت (سغل)
سغمہٗ ۔ الماءَ: گھونٹ گھونٹ پانی پلانا۔
سغم الولد: بچہ کو اچھی غذا دینا، پرورش
کرنا۔
اسغمہٗ ۔ تکلیف پہنچانے میں مبالغہ کرنا۔
اسغم وسغم ۔ اچھی غذا دیا جانا۔
المسغم والمسغم ۔ اچھی غذا والا۔
نازونعمت سے پرورش پایا ہوا فربہ لڑکا۔
الاسغان ۔ ردی غذائیں۔
الساغیۃ ۔ پینے کی لذیذ چیز۔
سف (ن) سفیفًا ۔ الطائر او السحاب:
زمین سے قریب ہو کر اڑنا یا گذرنا۔
الخوص: کھجور کی پتیوں سے بننا — الماءَ:
بہت پانی پینا اور سیراب نہ ہونا۔
سف (س) سفًا ۔ الدواءَ والسویق و
نحوہما: دوا یا ستو وغیرہ پھانکنا۔
اسف اسفافًا — الخوص: بننا
الرجل: بھاگنا ۔ ادنیٰ کاموں کے پیچھے پڑنا۔
اور کہا جاتا ہے "اسف الی الامور الدنیۃ"
یعنی وہ ادنیٰ کاموں کے قریب ہوا — البعیر:

خشک چارا دینا — الفرس اللجام: گھوڑے
کے منہ میں لگام لگانا — الطائر او السحاب:
زمین سے قریب ہو کر اڑنا یا گذرنا۔ کہا جاتا ہے
"ما اسف منہ بشیءٍ" اس نے اس سے
کچھ حاصل نہیں کیا۔ اسف النظر: تیز نظر سے
دیکھنا — الشیءَ: بعض کو بعض سے ملا کر جوڑنا
— الامر: قریب ہونا۔ اسف وجہہ:
رنگ بدل جانا گویا کہ خاک آلود ہے۔
استف ۔ الدواءَ: دوا پھانکنا۔
السف والسف ۔ ایک قسم کا باریک لمبا
سانپ جو ریگستانوں اور چٹانوں کے درمیان
اچھلتا ہے جس کی وجہ سے عربوں کا گمان تھا کہ
وہ اڑتا ہے اور اس کے نام القفازۃ والطفارۃ
بھی ہیں۔
السفۃ ۔ کھجور کے پتوں کی ٹوکری ۔ ایک مٹھی
گیہوں یا ستو وغیرہ ۔ موباف (— والسفوف)
دوا وغیرہ کی پھنکی۔
السفیف ۔ مع ۔ ابلیس کا نام ۔ کھجور کے
پتوں کی ٹوکری ۔ کجاوہ اور ہودہ کا تنگ۔
السفیفۃ ۔ کجاوہ باندھنے کی چوڑی تنگ
— من الخوص: کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی چیز
ج سفائف۔
سفت (س) سفتًا ۔ بہت پینا اور سیراب
نہ ہونا۔
السفت ۔ بے برکت کھانا۔
سفتجہٗ ۔ ہنڈی دینا۔
السفتجۃ ۔ ہنڈی ۔ ج سفاتج۔
السفج ۔ ہوا چلنے کی تیزی ۔ السنج: جھوٹ
السفجر ۔ بچے ۔ اس کے لئے واحد نہیں۔
کہا جاتا ہے ۔ ذرٌّ سفجرۃ۔
سفح (ف) سفحًا وسفوحًا ۔ الدم او
الدمع: خون یا آنسو بہانا گرانا (— سفحًا و
سفوحًا وسفحانًا) الدمع: آنسو گرنا ۔ صفت
(سافح) ج سوافح (جیسے فارس کی جمع فوارس)
سفح ۔ الرجل: غیر مفید کام کرنا۔

سَافَحَا و تَسَافَحَا - زنا کرنا - بدکاری کرنا۔
سَفْحُ الجَبَلِ - دامن کوہ - ج سُفُوْح
الاَسْفَحُ - وہ شخص جس کے سر کے اگلے حصہ کے بال گر گئے ہوں۔
السَّفَّاحُ - بہت خون بہانے والا - بہت دینے والا - قادر الکلام فصیح۔
السَّفِیْحُ - موٹا کمبل - جوئے کے تیروں میں سے ایک تیر جس کا کوئی حصہ نہیں - بورا - گون۔
السِّفَاحُ - مص - کہا جاتا ہے "بَیْنَہُمْ سِفَاحٌ" ان کے درمیان خوں ریزی ہے - زنا کاری - کہا جاتا ہے "تَزَوَّجَ الْمَرْأَةَ سِفَاحًا" اس نے عورت سے زنا کاری کی۔
سَفَدَ (ض) الذَّکَرُ اُنْثَاہُ و سَفِدَ (س) سِفَادًا و سَفِدَ عَلَیْہَا و سَافَدَہَا سِفَادًا و مُسَافَدَةً - جفتی کرنا۔
سَفَّدَ - اللَّحْمَ: گوشت کو بھوننے کے لئے سیخ میں پرونا۔
اَسْفَدَ - جفتی کرانا۔
اِسْتَسْفَدَ - البَعِیْرَ: اونٹ کے پیچھے سے آکر سوار ہونا۔
السَّفُّوْدُ - گوشت بھوننے کی سیخ - ج سَفَافِیْد۔
اِسْفِیْدَاج - سفیدۂ قلعی۔
سَفَرَ (ن) سُفُوْرًا - سفر کے لئے روانہ ہونا — المَرْأَةُ: چہرہ کھولنا - صفت (سَافِر) — الصُّبْحُ: روشن ہونا — الحَرْبُ: لڑائی کا ختم ہونا (— سَفْرًا) البَیْتَ: گھر کو جھاڑو دینا — الرِّیْحُ الغَیْمَ: ہوا کا بادل کو اڑا دینا — الکِتَابَ: لکھنا — الشَّیْءَ: جدا جدا کرنا۔ — البَعِیْرَ: ناک میں نکیل لگانا - کھیت کے نچلے حصہ کو چرانا۔
سَفَرَ (ن ض) سَفْرًا و سِفَارَةً و سَفَارَةً بَیْنَ القَوْمِ: لوگوں میں صلح کرانا - صفت (سَفِیْر) ج سُفَرَاء۔
اَسْفَرَ - چہرہ کھولنا — الصُّبْحُ: روشن ہونا — الوَجْہُ: چہرہ خوبصورت و منور ہونا۔ — الحَرْبُ: لڑائی سخت ہونا — مُقَدَّمُ رَأْسِہِ: سر کے اگلے حصہ کے بال جھڑنا — اَسْفَرَ الشَّجَرُ: پتے گرنا — البَعِیْرُ: بمعنی سَفَرَہُ۔
سَفَّرَ - الرَّجُلَ: سفر کے لئے بھیجنا۔ — البَعِیْرَ: نکیل لگانا — النَّارَ: آگ بھڑکانا —
سَافَرَ سِفَارًا و مُسَافَرَةً - اِلٰی بَلَدِ کَذَا: روانہ ہونا — فُلَانٌ: مرنا - سَافَرَتْ عَنْہُ الحُمّٰی: بخار چھوٹنا۔
تَسَفَّرَ - ابتدائی رات میں آنا یا چرانا۔ شَیْئًا مِنْ حَاجَتِہِ: کچھ حاصل کرنا — الجِلْدُ: کھال کا اثر پذیر ہونا — المَرْأَةَ: عورت سے چہرہ کھولنے کو کہنا۔
اِنْسَفَرَ - شَعْرُہُ عَنْ رَأْسِہِ: سر سے بال جھڑنا — الغَیْمُ: بادلوں کا پراگندہ ہونا۔ — الاِبِلُ: جانا۔
اِسْتَسْفَرَ - المَرْأَةَ: عورت سے چہرہ کھولنے کو کہنا۔
السَّفْرُ - مص - جسم انسانی کا داغ - ج سُفُوْر اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سَفْرٌ" یعنی مُسَافِرٌ "قَوْمٌ سَفْرٌ" یعنی مسافرین - "نَاقَةٌ سِفْرَةٌ" سفر کرنے والی اونٹنی - اور سَفْر جمع سافر کی ہے جیسے صَاحِبٌ کی جمع صَحْبٌ۔
السِّفْرُ - بڑی کتاب - توریت کے اجزا میں سے ایک جز - ج اَسْفَار۔
السَّفَرُ - مسافت کو طے کرنا - غروب آفتاب کے کچھ بعد کا وقت - ج اَسْفَار۔
السُّفْرَةُ - مسافر کا کھانا - زادِ سفر - دسترخوان - ج سُفَر۔
السِّفَارُ و السِّفَارَةُ - مہار - چمڑا یا لوہا جس کو اونٹ کی ناک پر رکھتے ہیں - ج اَسْفِرَة و سُفُر و سَفَائِر۔
السَّافِرُ - فا - مسافر - ج اَسْفَار و سُفْر و سَفَرَة و سُفَّار و ج اَسَافِر - والسَّافِرُ: کاتب - ج سَفَرَة۔
السَّافِرَةُ - السَّافِر کا مؤنث - ج سَوَافِر - مسافرین - کہا جاتا ہے "کَثُرَتِ السَّافِرَةُ ہُنَا" یہاں سفر کرنے والے بہت ہیں - اور کہا جاتا ہے "قَوْمٌ سَافِرَةٌ" سفر کرنے والی قوم۔
السَّفِیْرُ - دو قوموں کے درمیان صلح کرانے والا - ج سُفَرَاء - ایلچی - گرے ہوئے بال یا پتے - کھیتی کا نچلا حصہ۔
السَّفِیْرَةُ - چاندی یا سونے کا ہار - ج سَفَائِر
السَّفَارَةُ والسِّفَارَةُ - ایلچی گری - قوموں کے درمیان اصلاح۔
السُّفَارَةُ - جھاڑو دینے سے جمع کیا ہوا کوڑا کرکٹ۔
السُّفَّارَةُ - مسافر لوگ۔
السُّفُّوْرُ - کرہ کی شکل کی ایک مچھلی جس میں کانٹے بہت ہوتے ہیں اور اس کو "قُنْفُذُ المَاءِ" بھی کہتے ہیں۔
السَّفُّوْرَةُ - تختی کہ جس پر حساب لکھیں اور نقل کرنے کے بعد مٹا دیں۔
المُسَافِرُ - جنگلی بیل - المُسَافِرَةُ: گائے۔
المِسْفَرُ والمِسْفَارُ - بہت سفر کرنے والا - مؤنث مِسْفَرَةٌ۔
المَسْفُوْرُ - سفر سے تھکا ہوا۔
المِسْفَرَةُ - جھاڑو - ج مَسَافِر و مَسَافِرُ الوَجْہِ: چہرہ کے وہ حصے جو نمایاں ہوتے ہیں - کہا جاتا ہے "مَا اَحْسَنَ مَسْفَرَ وَجْہِہٖ و مَسَافِرَ وُجُوْہِہِمْ" ان کے چہرہ کا نمایاں حصہ کس قدر خوبصورت ہے۔
السَّفَرْجَلُ - بہی - ج سَفَارِج اور کبھی سَفَارِل بھی کہا جاتا ہے - واحد (سَفَرْجَلَةٌ)
السِّفْسِیْرُ - دلال - خادم - منتظم - ظریف و زیرک - ماہر لوہار - داروغہ - ج سَفَاسِرَة و سَفَاسِیْر۔
السَّفْسَطَةُ والسِّفْسِطَةُ - استدلال و قیاس جس کی بنیاد مغالطہ پر ہو - ج سَفْسَطَات اور نسبت کیلئے (سَفْسَطِیّ و سُوْفِسْطَائِیّ)
السُّوْفِسْطَائِیَّةُ - ایک فرقہ جو محسوسات و بدیہیات کا انکار کرتا ہے۔

سَفْسَفَ - الدَّقِيقَ: آٹا چھاننا - العَمَلَ: کام کو اچھی طرح سے نہ کرنا - سَفْسَفَتْهُ الرِّيحُ سطح زمین سے اُڑانا۔

السَّفْسَاف - ناکارہ وردّی چیز - کہا جاتا ہے "فُلَانٌ سَفْسَافُ الْكَلَامِ" فلاں لغو گو ہے - امرِ حقیر - مِنَ الدَّقِيقِ: آٹے کا وہ باریک حصہ جو غبار کی طرح اُڑے -- مِنَ التُّرَابِ: باریک مٹی -- مِنَ الشِّعْرِ: ردی وناقص شعر۔

المُسَفْسِفَة - ہوا جو غبار کو اُڑائے۔

المُسَفْسِف - مرد کم عطا، ولئیم۔

جُوعٌ سُفَاسِف - سخت بھوک۔

سَفْسَقَ - الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔

السَّفْسَقَة والسِّفْسِقَة - مِنَ السَّيْفِ: تلوار کا جوہر - ج سَفَاسِق - کہا جاتا ہے "طَرِيقٌ وَاضِحُ السَّفَاسِقِ" واضح نشانات کا راستہ۔

السُّفَاسِق - ہر لمبی چیز۔

السَّفْسُوقَة - راستہ کا درمیان - مشابہت کہا جاتا ہے "فِيهِ سُفْسُوقَةٌ مِنْ أَبِيهِ" اس میں اس کے باپ کی مشابہت ہے - وسُفْسُوقَةُ السَّيْفِ: تلوار کا جوہر۔

سَفَطَ (ن) سَفْطًا - السَّمَكَةَ: مچھلی کے سفنے اُتارنا۔

سَفُطَ (ن) سَفَاطَةً - سخی وپاکیزہ نفس ہونا

سَفَّطَ - الحَوْضَ: حوض کو درست کرنا اور بلند بنانا۔

تَسَفَّطَهُ - تھوڑا تھوڑا پینا - جذب کرنا۔

اِسْتَفَّطَ - الشَّيْءَ: کل لے لینا - کل پی جانا

السَّفَط - مچھلی کا سفنا - ٹوکری - جامہ دان ج أَسْفَاط۔

السَّفَّاط - ٹوکری بنانے والا۔

سُفَاطَةُ - البَيْتِ: سامان خانہ۔

السَّفِيط - پاکیزہ نفس سخی - کہا جاتا ہے - "هُوَ سَفِيطُ النَّفْسِ" وہ سخی وپاکیزہ نفس ہے - کمینہ اور ہر بے قدر چیز (ضد) درخت سے گری ہوئی سبز کھجور۔

مُسَفَّطُ - الرَّأْسِ: بڑے سر والا۔

سَفَعَهُ (ف) سَفْعًا - طمانچہ مارنا -- الشَّيْءَ: نشان لگانا -- بِنَاصِيَتِهِ: پیشانی کے بال پکڑ کر کھینچنا (-- وسَفَعَتِ) السَّمُومُ وَجْهَهُ لُو کا چہرہ کو جھلس کر رنگ بدل دینا۔

سَفِعَ (س) سَفَعًا - سُرخی مائل سیاہ ہونا

سَافَعَهُ - ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا - سینہ سے لگانا - ایک دوسرے کو ہٹانا - لڑائی کرنا۔

تَسَفَّعَ - بِالنَّارِ: آگ تاپنا۔

اِسْتَفَعَ - الرَّجُلُ: کپڑا پہننا۔

اُسْتُفِعَ - لَوْنُهُ: خوف وغیرہ سے رنگ بدل جانا۔

السِّفْع - مع - کپڑا - رنگا ہوا کپڑا ج سُفُوع

السَّفَع والسُّفْعَة - سُرخی مائل سیاہی

السُّفْع والسُّفْعَة - دانہ اندرائن۔

السُّفْعُ: آہنی دیگ دان۔

سُفَعُ - الشَّمْسِ: آفتاب کے سیاہ داغ۔

سُفَعُ الثَّوْرِ: بیل کے چہرہ کی سیاہ چتیاں۔

السَّوَافِع - لو کی لپٹیں - مفرد (سَافِعَة)

الأَسْفَع - سرخی مائل سیاہ رنگ والا - مؤنث سَفْعَاء ج سُفْع - شکرا - جنگلی بیل۔

السَّفْعَاء: دیگ دان کا ایک پایہ - حَمَامَةٌ سَفْعَاءُ: سبز گردن والا کبوتر۔

مَسْفُوعُ - العَيْنِ: دھنسی ہوئی آنکھ والا۔

ثَوْرٌ (مُسَفَّعٌ) چہرہ میں سیاہ چتیوں والا بیل۔

كَمِيٌّ مُسَفَّعٌ: آہن پوش بہادر جو لوہے کے زنگ سے کالا پڑ گیا ہو۔

سَفَقَهُ (ن) سَفْقًا - طمانچہ مارنا - سَفَقَ البَابَ: دروازہ بھیڑنا۔

أَسْفَقَ - البَابَ: دروازہ بند کرنا -- الحَائِكُ الثَّوْبَ: جلاہے کا کپڑے کو گف بنا۔

سَفُقَ (ک) سَفَاقَةً - الثَّوْبُ: کپڑے کا گف ہونا۔

اِنْسَفَقَ - البَابُ: دروازہ کا بھیڑا جانا۔

السَّفْقَة - طمانچہ - تھپڑ۔

السَّفِيق - گف کپڑا - رَجُلٌ سَفِيقُ الوَجْهِ: بے حیا مرد۔

السَّفِيقَة - سونے وغیرہ کا باریک تار - لکڑی کا چوڑا لمبا ٹکڑا جس پر چٹائی وغیرہ لپیٹی جاتی ہے۔

سَفَكَ (ض) سَفْكًا - المَاءَ والدَّمَ: پانی یا خون بہانا -- الكَلَامَ: بہت بولنا۔

سَفَّكَهُ - کسی کے سامنے سُفکہ پیش کرنا (دیکھئے سُفْكَة)

اِنْسَفَكَ - گرنا - بہنا۔

السَّفُوك والسَّفَّاك - بہت خون گرانے والا - اور کہا جاتا ہے "سَفُوكٌ او سَفَّاكٌ بِالكَلَامِ" وہ بڑا جھوٹا ہے۔

السَّفِيك - گرایا ہوا - بہایا ہوا۔

رَجُلٌ (مِسْفَكٌ) بڑا باتونی مرد۔

السُّفْكَة - وہ چیز جو مہمان کے سامنے غذا سے پہلے دل بہلاؤ اور وقت گذاری کے لئے پیش کی جائے۔

سَفَلَ (ن) وسَفِلَ (س) وسَفُلَ (ک) سُفُولًا وسَفَالًا - پست ہونا - نیچا ہونا - حقیر ہونا - صفت (سَافِلٌ) ج سَافِلُونَ وسَفَلَة وسُفَّل وسُفَّال وسُفْلَان - (سَفُلَ (ک) سَفْلًا وسُفْلًا وسَفَالًا) فِي عِلْمِهِ اوخُلُقِهِ: ادنیٰ ہونا (-- سُفُولًا) فِي الشَّيْءِ: نیچے اترنا۔

سَفَّلَهُ - نیچے اتارنا (سَافَلَهُ) کمینگی کے افعال میں مقابلہ کرنا۔

تَسَفَّلَ - آہستہ آہستہ نیچے اُترنا۔

اِسْتَفَلَ - اترنا۔

السِّفْل والسُّفْل - پستی۔

السِّفْلَة والسُّفَالَة - سب سے نچلا حصہ۔

سُفَالَةُ كُلِّ شَيْءٍ: تہ - پیندا - (سِفْلَةُ القَوْمِ وسَفِلَتُهُمْ) ادنیٰ درجہ کے لوگ - سُفَالَةُ الرِّيحِ: ہوا کے چلنے کی نچلی جگہ۔

السَّفَالَة - کمینگی وخست۔

السَّافِلَۃ - دُبُرٌ مِنَ الرُّمْحِ: نیزے کا نچلا حصہ - کہا جاتا ہے "نَاعَالِیَۃُ الرُّمْحِ کَسَافِلَتِہٖ" سَافِلَۃُ النَّہْرِ: ندی کا نشیبی حصہ - کہا جاتا ہے "مَرَرْتُ بِعَالِیَۃِ النَّہْرِ وَسَافِلَتِہٖ" میرا گذر ندی کی بلند و پست جگہ پر ہوا۔

الاَسْفَل - پست تر - ج اَسَافِل - کہا جاتا ہے "رَدَدْنَاہُ اَسْفَلَ سَافِلِیْنَ" ہم اُس کو پستی کی حالت والوں سے بھی پست تر کر دیتے ہیں۔

السُّفْلِیُّ والسُّفْلِیَّۃ والسُّفُوْل ضد العُلْوِیِّ والعُلْوِیَّۃِ والعُلُوِّ۔

المَسْفَلَۃ - پست تر - کہتے ہو "اَنَا اَسْکُنُ فِیْ مَعْلَاۃِ المَدِیْنَۃِ وَفُلَانٌ فِیْ مَسْفَلَتِہَا" میں شہر کے بالائی حصہ میں اور فلاں نشیبی حصہ میں رہتا ہے۔

سَفَنَتْ (ن) وسَفِنَتْ (س) سَفْنًا۔ الرِّیْحُ: ہوا کا سطح زمین پر چلنا۔

سَفَنَ (ض) سَفْنًا۔ الشَّیْءَ: چھیلنا۔

سَفَّنَہٗ - تراشنا اور نرم کرنا۔

السَّفَن - کھردری کھال جس کو تلوار کے قبضہ پر لگاتے ہیں - چوب تراشی کا اوزار۔

السَّافِنَۃ والسَّفُوْن - مِنَ الرِّیَاحِ: سطح زمین پر چلنے والی ہوا - ج سَوَافِن۔

السَّفِیْن - بھنی - (دخیل)

السَّافِیْن - باطن - پشت کی ایک لمبی رگ کا نام جو دل کی رگوں کے ساتھ متصل ہے۔

السَّفِیْنَۃ - کشتی - ج سُفُن وسَفِیْن وسَفَائِن و(السَّفَّان) کشتی ساز و(السِّفَانَۃ) کشتی سازی سَفَائِنُ البَرِّ: اونٹ۔

السَّفَانَۃ - موتی۔

المِسْفَن - چوب تراشی کا اوزار۔

سَفَنَّجَ - جلدی کرنا — لِفُلَانٍ النَّقْدَ: جلدی دینا۔

السَّفَنَّج والسِّفَنْج والسُّفَنْج - اسفنج مردہ بادل۔

السَّفَنَّج - تیز - لمبا - مؤنث سَفَنَّجَۃٌ۔

الاِسْفَانَاخ - پالک کا ساگ۔

الاِسْفِنْط والاِسْفَنْط - خوشبودار انگوری شراب - (دخیل)

سَفَہَ (ن) سَفْہًا - الرَّجُلَ: گالی دینے میں غالب آنا - بیوقوفی پر برانگیختہ کرنا - یا بے وقوفی کی طرف نسبت کرنا — نَفْسَہٗ: ذلیل کرنا - اپنے آپ کو ہلکا سمجھنا - سَفَہَ نَصِیْبَہٗ اپنا حصہ بھولنا۔

سَفِہَ (س) سَفَہًا - غیر بردبار یا جاہل یا ردی اخلاق والا ہونا - صفت (سَفِیْہٌ) ج سِفَاہٌ وسُفَہَاءُ - مؤنث سَفِیْہَۃٌ ج سِفَاہٌ و سُفُہٌ وسَفَائِہُ وسَفِیْہَات - سَفِہَتِ الطَّعْنَۃُ: جلدی خون بہنا - سَفِہَ الشَّرَابَ: بہت پینا — نَصِیْبَہٗ: اپنا حصہ بھولنا۔

سَفُہَ (ک) سَفَاہَۃً وسَفَاہًا۔ جاہل ہونا - بے وقوف ہونا۔

سَفَّہَ - الرَّجُلَ: بیوقوف بنانا - بے وقوفی کی طرف نسبت کرنا - کہا جاتا ہے "سَفَّہَ الجَہْلُ حِلْمَہٗ" اس کی جہالت نے اس کی عقل کو طیش میں مبتلا کر دیا۔

سَافَہَ - گالی گلوچ کرنا — الدَّنَّ: مٹکے کے پاس بیٹھ کر تھوڑی دیر کے بعد پینا - پینے میں زیادتی کرنا اور اٹکل سے بغیر اندازہ کے پینا۔

اَسْفَہَ - اللّٰہُ فُلَانًا المَاءَ: بہت پلانا اور سیر نہ ہونے دینا۔

تَسَفَّہَ - الرَّجُلُ: بتکلف بیوقوف بننا۔ — الرِّیْحُ: ہوا کا غیر ہموار چلنا — الرِّیْحُ الغُصُوْنَ: شاخوں کو جھکا دینا — فُلَانًا عَنْ مَالِہٖ: فریب دینا۔

تَسَافَہَ - علینا: نادانی کرنا - جہالت کا سلوک کرنا۔

السَّفَہ - مص جہالت - عدم بردباری - بد اخلاقی۔

السَّافِہ - فا - بیوقوف - بہت پیاسا۔

وادٍ (مُسْفَہٌ) بھری ہوئی وادی۔

المَسْفَہَۃ - بہت پانی پلانے والی خوراک کہا جاتا ہے "طَعَامٌ مَسْفَہَۃٌ"

سَفَا یَسْفُوْ سُفُوًّا - تیز چلنا یا تیز اڑنا۔

سَفِیَ (س) سَفًا وسَفَاءً - پیشانی میں کم بال والا ہونا — الرَّجُلُ: بیوقوف ہونا - صفت (سَفِیٌّ) سَفِیَتْ یَدُہٗ: ہاتھ کا پھٹنا۔

اَسْفَی - بیوقوف ہونا — فُلَانًا: طیش پر آمادہ کرنا — بہ: بُرائی کرنا - اَسْفَتِ النَّاقَۃُ: دبلی ہونا - اَسْفَی الزَّرْعُ: خوشہ کے خشک اطراف والی ہونا — الرِّیْحُ: ہوا کا چلنا —

سَافَی - الرَّجُلَ: گالی دینا - علاج کرنا۔

السَّفَا - پیشانی میں بالوں کی کمی - مٹی - دبلا پن - ہر خار دار درخت - واحد (سَفَاۃٌ) و السَّفَا مِنَ السُّنْبُلِ: خوشہ کا خار۔

السِّفَاء - دوا۔

بَغْلٌ (اَسْفَی) - پیشانی میں کم بال والا خچر - تیز رفتار - مؤنث سَفْوَاءُ - رِیْحٌ سَفْوَاءُ: غیر ہموار تیز چلنے والی ہوا۔

سَفَی یَسْفِیْ سَفْیًا واَسْفَی اِسْفَاءً - سَفَتْ و اَسْفَتِ الرِّیْحُ التُّرَابَ: خاک اڑانا - صفت (سَافِیَۃٌ) ج سَافِیَات وسَوَافٍ۔

سَفِیَ یَسْفَی سَفْیًا - التُّرَابُ: غبار اُڑنا۔

السَّافِیَاء - غبار۔

السَّفِیُّ - ہوا جس کو اُڑائے۔

المَسْفِیُّ - پراگندہ غبار۔

الاَسْفَی - مِنَ الخَیْلِ: پیشانی میں کم بال والا گھوڑا - مؤنث سَفْیَاءُ ج سُفْیٌ۔

المُسْفِی - چغل خور۔

سَقِبَتْ (س) سَقَبًا وسُقُوْبًا - الدَّارُ: قریب ہونا۔

اَسْقَبَتِ النَّاقَۃُ: اکثر نر بچے جننا۔

تَسَاقَبَتِ - البُیُوْتُ: قریب قریب ہونا۔

السَّقْب - ج اَسْقُب وسِقَاب وسُقُوْب

سُقبان: اونٹنی کا نوزائیدہ بچہ۔ اور مثل
میں بولا جاتا ہے "اَذَلُّ مِنَ السُّقبانِ بَینَ الحَلائِبِ"
دودھ دینے والی اونٹنیوں کے درمیان نوزائیدہ
بچوں سے زیادہ ذلیل — ج سِقبان و (اَسقِبَۃ)
خیمہ کا ڈنڈا۔ السَّقب: لمبی موٹی سرسبز شاخ۔
مَنزِلٌ (سَقبٌ) قریب منزل۔
السَّاقِب۔ فا۔ قریب۔ دور۔ (ضد)
المِسقَب والمِسقاب۔ نوزائیدہ اونٹ
کے بچے کی ماں۔ المِسقاب: اکثر نر بچے جننے
والی اونٹنی۔
سَقَدَ (ض) سَقدًا و سَقَّدَ و اَسقَدَ۔
الفَرَسَ: دُبلا کرنا۔ چھریرا کرنا۔
السُّقدَۃ۔ ج۔ سُقَد و (السُّقَیدَۃ) ج
سُقَیدات: سُرخ رنگ کا ایک پرندہ جس کو
فارسی میں زورک کہتے ہیں۔
السُّقدُد۔ دُبلا کیا ہوا گھوڑا۔ چھریرا کیا ہوا
گھوڑا۔
سَقَرَتْ (ن) سَقرًا۔ الشَّمسُ: جھلسنا۔
اَسقَرَتِ۔ النَّخلَۃُ: درختِ خرما سے شیرہ
بہنا۔
السَّقر۔ مع۔ ٹکرا۔ شیرہ۔
سَقَر۔ دوزخ کا علم (کلمۂ غیر منصرف ہے)
کہا جاتا ہے "جاءَ (بالسُّقَر) والبُقَرِ وبَنَاتِ
غَیرٍ" اس نے سفید جھوٹ کہا۔
السَّقرَۃ۔ سُورج کی سخت تپش۔ ج سَقَرات
السَّاقُوس۔ گرمی۔ جانوروں کو داغنے کا
لوہا۔
السَّقّار۔ غیر مستحق کو بہت لعنت کرنے والا
کافر۔ ج سَقّارَۃ۔
سَقسَقَ۔ الطَّائِرُ: بیٹ کرنا۔
سَقَطَ (ن) سُقُوطًا و مَسقَطًا۔ گرنا
کہا جاتا ہے "سَقَطَ مِن عَینِی" وہ میری آنکھوں
سے گر گیا۔ یعنی حقیر ہو گیا۔ سَقَطَ فِی الکَلامِ غلطی
کرنا — النَّجمُ: غائب ہونا — الحَرُّ: گرمی پڑنا
— الحَرُّ عَنَّا: دور ہونا — عَلٰی ضالَّتِہٖ:
موقع بازیافت سے مطلع ہونا — القَومُ اِلَیَّ:
نازل ہونا۔ اترنا — الوَلَدُ مِن بَطنِ اُمِّہٖ: نکلنا
باہر آنا۔ سُقِطَ فِی یَدِہٖ: نادم ہونا۔ کہتے ہیں۔
"عَلَی الخَبِیرِ سَقَطتَ" حقیقت کار کے جاننے
والے کے پاس تم پہونچے۔
سُقِطَ و اُسقِطَ۔ فِی یَدِہٖ: لغزش کرنا۔
غلطی کرنا۔ نادم ہونا۔ حیران ہونا۔
سَاقَطَہٗ سِقاطًا و مُسَاقَطَۃً۔ گرانا یا
پے بہ پے گرانا — ہ الحَدِیثَ: باری باری
گفتگو کرنا — الفَرَسُ الخَیلَ: دوڑ میں سبقت
کرنا — الفَرَسُ العَدْوَ: گھوڑے کا سست
دوڑنا۔
اَسقَطَہٗ۔ گرانا۔ اَسقَطَتِ المَرأَۃُ السِّقطَ:
عورت کا ناتمام بچہ گرانا — ہٗ بالکَلامِ: گالی
دینا۔ بیہودہ بات کہنا — الرَّجُلَ: کسی کے
ساتھ ایسی کارروائی کرنا جس سے وہ حقیر ہو جائے
کہ کوئی غلطی کر بیٹھے یا جھوٹ بولے۔ یا اپنے
راز کو ظاہر کر دے۔ کہا جاتا ہے "مَا اَسقَطَ فِی
کَلِمَۃٍ" اس نے کسی کلمہ میں غلطی نہیں کی۔
تَسَقَّطَہٗ۔ لغزشوں کو ڈھونڈھنا۔
الخَبَرَ: تھوڑی تھوڑی خبر حاصل کرنا۔
تَسَاقَطَ و اِسَّاقَطَ۔ الشَّیءُ: پے بہ پے
گرنا۔
السَّقَط۔ برف یا شبنم۔ لئیم (— و
السِّقط والسُّقط) ناتمام بچہ جو وقت سے پہلے
گر جائے۔ السِّقط: خیمہ کا گوشہ۔ پرندہ کا بازو۔
کہا جاتا ہے "رَفَعَ الطَّائِرُ سِقطَیہِ" پرندہ نے
اپنے دونوں بازو اُٹھائے۔ بادل کا کنارہ جو
زمین پر گرتا ہوا دکھائی دے۔
السَّقطَۃ۔ زور سے گرنا۔ ٹھوکر۔ لغزش
السَّقَط۔ ناکارہ و بے برکت چیز۔ ردّی
سامان۔ رسوائی۔ تحریر یا قول یا حساب کی
غلطی۔ ج اَسقاط۔
السَّاقِط۔ فا۔ فرومایہ۔ کمینہ۔ ج سُقّاط و
سِقاط۔ مؤنث سَاقِطَۃ۔
السَّاقِطَۃ۔ کم عقل کمینہ۔ وہ پھل جو پکنے
سے پہلے گر جائے۔ ج سَوَاقِط۔
السِّقاط۔ مع۔ سَاقِط کی جمع۔ لغزش۔
وہ پھل جو پکنے سے پہلے گر جائے۔ پرندہ کا بازو
السُّقاط والسُّقاطَۃ۔ گری ہوئی چیز۔
السَّقُوط۔ گرا ہوا۔
السَّقِیط۔ بیوقوف۔ کم عقل۔ مؤنث
سَقِیطَۃ۔ برف۔ شبنم۔ تخ۔ اولہ۔
السَّقّاط۔ بہت گرنے والا۔ بہت تیز تلوار
جو مقطوع سے پہلے زمین پر گرے۔ (—
والسَّقَطِیّ) ردی سامان بیچنے والا۔
کباڑیا۔
السَّقّاطَۃ۔ بہت گرنے والی۔ سَقّاطَۃُ
البابِ عِندَ المُوَلَّدِینَ۔ دروازہ کی چٹخنی۔
المَسقِط والمَسقَط۔ گرنے کی جگہ۔
ج مَسَاقِط۔ مَسقَطُ رَأسِ الرَّجُلِ: جائے
پیدائش۔ المِسقَط: پرندہ کا بازو۔
المَسقَطَۃ۔ گرنے کا سبب۔
مُسقِطَۃُ۔ الاَحبالِ: بڑی مصیبت۔
الاُمُّ (المِسقاط) ناتمام بچہ گرانیوالی ماں۔
السِّقطِرِیّ۔ ماہر نقاد۔
سَقَعَہٗ (ف) سَقعًا۔ کسی کو تھپڑ مارنا۔ کسی
سے سخت سست کہنا۔ کسی کے ساتھ برائی سے
پیش آنا۔ سَقَعَ الدِّیکُ: مُرغ کا بانگ دینا۔
کہا جاتا ہے "مَا اَدرِی اَینَ سَقَعَ" میں نہیں جانتا
وہ کہاں گیا۔
اُستُقِعَ۔ لَونُہٗ: رنگ کا بدل جانا۔
المُسقِع۔ گھر۔ زمین کا گوشہ۔ ج اَسقاع۔
السِّقاع۔ اوڑھنی کو تیل سے بچانے کا
چیتھڑا۔ برقع۔ اونٹنی کی ناک کو باندھنے کی
چیز (— والمِسقَع) لغت ہے صِقاع
ومِصقَع میں۔
الاَسقَع۔ چڑیا کی مانند ایک پرندہ جس کا
سر سفید اور پر سبز ہوتے ہیں اور جو پانی کے قریب
رہتا ہے۔ ج اَساقِع۔ دشمنوں اور حاسدوں

سے دُور رہنے والا۔

السَّوْقَعَۃ۔ ثرید کے اوپر کا حصہ —— مِنَ الرِّدَاءِ اَوِالخِمَارِ اَوِالعِمَامَۃِ: وہ حصہ جو سر سے متصل ہو اور جلدی سے میلا ہو جائے۔

السَّقَعْطَرِی۔ لمبا آدمی یا اونٹ۔

السِّقِطَۃ۔ چوہیا۔

سَقَفَ (ن ن) سَقْفًا وسَقَّفَ۔ البَیْتَ: چھت ڈالنا۔

سَقَفَ (ف ن) سِقِّیْفَی وسُقِّفَ و تَسَقَّفَ۔ بشپ بننا۔

اَسْقَفَہ وسَقَّفَہ۔ عَلَیْہِمْ: بشپ بنانا۔

سَقِفَ (س) سَقَفًا۔ جھکاؤ کے ساتھ لمبا ہونا۔ صفت (اَسْقَف) مؤنث سَقْفَاء ج سُقْف۔ سَقِفَتِ الرَّجُلُ: پاؤں کا دائیں جانب کو جھکنا۔

السَّقْفُ۔ مِنَ البَیْتِ: چھت۔ ج سُقُوف آسمان۔

السَّقِیْف۔ چھت۔ ج سُقُف وسُقُف۔

السَّقِیْفَۃ۔ چھت پاٹنے کا پتھر یا تختہ۔ سونے یا چاندی کا لمبا و باریک تار۔ اونٹ کی پسلی۔ ج سَقَائِف۔ کہتے ہیں "ہَدَمَ السَّفَرُ سَقَائِفَ البَعِیْرِ" سفر نے اونٹ کی پسلیوں کو توڑ دیا۔ السَّقِیْفَۃ: ڈیوڑھی۔

الاَسْقَفُ۔ موٹی اور لمبی ہڈیوں والا۔ —— مِنَ الجِمَالِ: بے بال والا اونٹ۔

مِنَ الظُّلْمَانِ: ٹیڑھی گردن والا شتر مرغ۔

الاُسْقُفُ۔ بشپ، پادری۔ جس کا درجہ قسیس سے اونچا اور مطران سے کم ہوتا ہے مطران۔ ج اَسَاقِفَۃ و اَسَاقِف (کلمہ یونانی ہے)

الاُسْقُفِیَّۃ۔ بشپ کا درجہ۔ بشپ کی رعیت۔ بشپ کی جانب منسوب۔

المُسَقَّف۔ معو۔ لمبا۔

السُّقَق۔ آدمیوں کی غیبت کرنے والا۔

سَقَلَہ (ن) سَقْلًا۔ صیقل کرنا۔ آئینہ وغیرہ کو جلا دینا۔

سَقِلَ (س) سَقَلًا۔ البَعِیْرُ: کمر میں داہنی جانب کو کجی والا ہونا۔

السُّقْل۔ کمر۔

السَّقِل۔ مِنَ الرِّجَالِ: پتلی کمر والا امرد۔ —— مِنَ الخَیْلِ: پیٹھ میں کم گوشت والا گھوڑا۔

السِّیْقِلُ والسِّیْقِلُ والاِسْقَال والاِسْقِیْل۔ جنگلی پیاز۔

الاِسْقَالَۃ۔ اونچی جگہ پر پہنچنے کے لئے پاڑھ۔ ج اَسَاقِیْل۔

سَقْلَبَہ۔ پچھاڑنا۔

السَّقْلَبُ۔ علاقہ خزر کے باشندوں کی ایک جماعت جو بعد میں یورپ کے ملکوں میں پھیل گئی تھی۔ واحد (سَقْلَبِی) ج سَقَالِبَۃ

السِّقِلَّاط۔ جنبیلی۔ ایک اونی کپڑا ہے جس کو عورتیں ہودہ پر ڈالتی ہیں۔ کتان کا منقش کپڑا جس پر انگوٹھی کا سا نقش ہو۔

سَقِمَ (س) وسَقُمَ (ک) سَقَمًا وسُقْمًا وسَقَامًا وسَقَامَۃً۔ بیمار ہونا۔ یا دیر تک بیمار رہنا۔ صفت (سَقِیْم) ج سِقَام وسُقَمَاء

اَسْقَمَہ وسَقَّمَہ۔ بیمار ڈالنا۔ واَسْقَمَ الرَّجُلُ: بیمار گھر والا ہونا۔

السَّقَمُ والسُّقْمُ۔ ج اَسْقَام و(السَّقَام) بیماری۔

السَّقِمُ والسَّقِیْمُ۔ بیمار۔ کَلَامٌ سَقِیْمٌ: نادرست کلام۔ مَکَانٌ سَقِیْمٌ: خوفناک جگہ۔ کہا جاتا ہے: "ہُوَ سَقِیْمُ الصَّدْرِ عَلٰی اَخِیْہِ" وہ اپنے بھائی سے کینہ رکھتا ہے۔

المِسْقَام۔ بکثرت بیمار رہنے والا۔

اَرْضٌ (مَسْقَمَۃٌ) بہت بیماریوں والی زمین۔

السَّقَمُونِیَا۔ ایک دوا کا نام۔

اَسْقَنَ۔ سَیْفَہٗ: تلوار کو پورے طریقے سے صیقل کرنا۔

الاَسْقَان۔ باریک کمریں۔

السَّقَنْقُوْر۔ ایک جانور کا نام ہے۔

سَقٰی (ض) سَقْیًا۔ الرَّجُلَ: پلانا۔ کسی سے "سَقَاکَ اللہُ یَا سَقْیًا لَکَ" کہنا۔ عیب لگانا۔ غیبت کرنا —— الثَّوْبَ: گہرا رنگنا۔

سَقَاہُ اللہُ الغَیْثَ: بارش بھیجنا۔ بَطْنُہٗ: بیماری کی وجہ سے پیٹ میں پانی جمع ہونا۔

سَقِیَ۔ قَلْبُہٗ عَدَاوَۃً: دل کا دشمنی سے بھرپور ہونا —— بَطْنُہٗ: بیماری کی وجہ سے پیٹ میں پانی جمع ہونا۔

سَقّٰی تَسْقِیَۃً۔ الرَّجُلَ: بہت پلانا۔ کسی سے "سُقْیًا لَکَ" کہنا —— الثَّوْبَ: کپڑے کو بار بار رنگ میں ڈبونا۔

اَسْقٰی اِسْقَاءً۔ الرَّجُلَ: پانی پینے کیلئے دینا۔ پانی کی طرف رہنمائی کرنا۔ جانوروں کو یا زمین کو سیراب کرنا۔ کسی سے "سَقَاکَ اللہُ" و یا "سُقْیًا لَکَ" کہنا۔ اَسْقَاہُ اللہُ الغَیْثَ: بارش بھیجنا۔ اَسْقٰی فُلَانًا: عیب لگانا۔ غیبت کرنا۔

سَاقَاہُ وتَسَاقِیًا۔ ایک دوسرے کو پلانا۔ وسَاقَاہُ فِی اَرْضِہٖ: کسی کو زمین کی دیکھ بھال کے لئے مقرر کرنا اس شرط پر کہ زمین کا کچھ غلہ ملے گا۔ اور اسی سے شرکۃ مُسَاقَاۃ ہے

تَسَقّٰی تَسَقِّیًا۔ سیراب ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَسَقَّی الصِّبْغَ" اس نے رنگ کو جذب کر لیا۔

اِسْتَقٰی اِسْتِقَاءً و(اسْتَسْقٰی) اِسْتِسْقَاءً۔ مِنْہُ: کسی سے پانی طلب کرنا

اِسْتَقٰی مِنَ النَّہْرِ۔ دریا سے پانی لینا۔ واِسْتَسْقَی الرَّجُلُ: بیماری کی وجہ سے پیٹ و جسم میں پانی جمع ہونا۔ قے کرنا۔ اِسْتَسْقَی الرَّجُلَ: کسی سے "سَقَاکَ اللہُ یَا سَقْیًا لَکَ" کہنا۔

السَّقْیُ والسِّقْیُ۔ وہ پانی جو مرض کی وجہ سے پیٹ میں جمع ہو جائے۔ السِّقْیُ: سیراب کی ہوئی کھیتی یا زمین۔ پانی کا حصہ۔ کہا جاتا ہے "کَمْ سِقْیُ اَرْضِکَ" تمہاری زمین کے لئے پانی کا کتنا حصہ ہے۔ بادل۔ ج اَسْقِیَۃ۔

سَقْیًا وسُقْیًا۔ لِفُلَانٍ: دعا کے موقع پر

بولتے ہیں۔ تقدیرِ عبارت یہ ہے۔ "سَقَاهُ اللّٰهُ سُقْيًا" اللہ اس کو سیراب کرے۔

اَلسِّقَاءُ۔ مشک۔ ج اَسْقِيَة واَسْقِيَات و اَسَاقِي۔

اَلسِّقَايَة والسَّقَايَة۔ پانی پلانیکی جگہ پانی پینے کا برتن (— والسُّقَايَةُ) پانی جمع کرنے کی جگہ۔ حوض۔

اَلسَّاقِي۔ فا۔ ج سُقَاة وسَاقُوْنَ وسُقَّاء وسُقِيٌّ۔

اَلسَّاقِيَة۔ الساقی کا مؤنث۔ چھوٹی ندی ج سَوَاقٍ وسَاقِيَات۔

اَلسُّقْيَا۔ السَّقْي والاِسْتِسْقَاء کا اسم۔

اَلسَّقِيُّ۔ دریاؤں کے پانی سے سیراب کیا ہوا۔ تیز بارش والا بادل۔ درختِ خرما اور بردی۔ واحد (سَقِيَّة)

اَلسَّقَّاءُ۔ بہت پلانے والا۔ مؤنث سَقَّاءَة وسَقَّايَة۔

اَلاِسْتِسْقَاءُ۔ پانی طلب کرنا — عِنْدَ الشَّرْعِ: پانی طلب کرنے کیلئے نماز پڑھنا۔ اور دعا کرنا — عِنْدَ الاَطِبَّاءِ: ایک بیماری کا نام

اَلمَسْقَي۔ سیرابی کا وقت۔

اَلمَسْقَوِيّ۔ دریا کے پانی سے سیراب کی ہوئی کھیتی۔ (اور مَظْمَئِيّ بارش کے پانی سے سیراب کی ہوئی)

اَلمِسْقَاة والمَسْقَاة۔ پانی پلانے کی جگہ

سَكَّ (ن) سَكًّا۔ البَابَ: دروازہ بند کرنا۔ دروازے میں لوہے کی بلّی لگانا — البِئْرَ: کنواں کھودنا — اُذُنَيْهِ: کان کو جڑ سے اکھیڑنا — النَّعَامُ مَا فِيْ بَطْنِهِ: پتلی پتلی بیٹ کرنا۔ کہا جاتا ہے: "مَا سَكَّ سَمْعِيْ مِثْلَ ذٰلِكَ الكَلَامِ" اس جیسی گفتگو میرے کانوں میں نہیں پڑی وَاَيْنَ تَسُكُّ" تو کہاں جاتا ہے۔

سَكَّ (س) سَكَكًا۔ چھوٹے کانوں والا ہونا۔ صفت (اَسَكّ) مؤنث سَكَّاء ج سُكّ کہتے ہیں "كُلُّ سَكَّاءَ تَبِيْضُ وكُلُّ شَرْفَاءَ تَلِدُ" ہر چھوٹے کان والی انڈے دیتی ہے اور ہر بڑے کان والی بچے جنتی ہے۔

اِسْتَكَّ اِسْتِكَاكًا۔ النَّبَاتُ: گنجان ہونا اِسْتَكَّتِ المَسَامِعُ: بہرا ہونا۔ البَيْتُ: بند کھڑکی والا ہونا۔ کہا جاتا ہے: "مَا اِسْتَكَّ فِيْ مَسَامِعِيْ مِثْلُهُ" میرے کانوں میں اس جیسی بات نہیں پڑی۔

اَلسَّكُّ والسُّكُّ ج سِكَاك وسُكُوك: تنگ منہ کا کنواں۔ تنگ حلقوں والی زرہ۔ بند راستہ۔ السَّكّ: کیل۔ سیدھی و درست عمارت۔ السُّكّ: بد طبیعتی۔ بچھو کا سوراخ مکڑی۔ ایک قسم کی خوشبو۔ کہا جاتا ہے: "ضَرَبُوْا بُيُوْتَهُمْ سِكَاكًا" انھوں نے اپنے مکانات ایک قطار میں بنائے۔

اَلسَّكَكُ۔ مص۔ بہرا پن۔

اَلسَّكَّاءُ۔ تنگ حلقوں والی زرہ۔

اَلسِّكَّة۔ سیدھا راستہ۔ ہل کا پھار۔

اَلسِّكَّة۔ درختوں کی قطار۔ سکہ ڈھالنے کا سانچہ۔ پیغام رساں کا گھر۔ ج سِكَك۔ اَصْحَابُ السِّكَكِ: وہ وظیفہ یاب پیغام رساں جو اہم امور کے لئے بھیجے جاتے تھے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ صَعْبُ السِّكَّةِ" فلاں سب کی عقل کی وجہ سے ایک پر نہیں ٹھہرتا۔

اَلسِّكِّيُّ۔ دینار۔ قاصد۔

اَلسَّكِّيُّ۔ کیل۔

اَلسُّكَاكُ۔ فضائے آسمانی۔ تیر میں پر کی جگہ۔

اَلسَّكُوْكُ۔ تنگ منہ والا کنواں۔

اَلسُّكَاكَة۔ فضائے آسمانی۔ خود رائے چھوٹے کان والا۔

اَلسَّكَّاكُ۔ سکہ ساز۔

اِنْسَیَأَ - اللَّبَنُ: دودھ کا بغیر دوہنے کے بہنا -

السَّیْءُ والسِّیْءُ - دودھ جو تھن کے اطراف میں ہو اور بغیر دوہے ہوئے نکلے - ج سُیُوْءٌ

سَابَ یَسِیْبُ سَیْبًا - الْمَاءُ: پانی کا ہر طرف کو بہنا - الرَّجُلُ: تیز چلنا - فِی کَلَامِہٖ - بغیر غور و فکر کے بولنا - الدَّابَّۃُ: جانور کا آزادانہ چلنا -

سَیَّبَہٗ - چھوڑ دینا - العَبْدَ: غلام کو آزاد کردینا -

اِنْسَابَ اِنْسِیَابًا - تیز چلنا - اِنْسَابَتِ الْحَیَّۃُ: سانپ کا تیزی کے ساتھ رینگنا - فُلَانٌ نَحْوَنَا - لوٹنا -

السَّیْبُ - مص - بارش - داد و دہش - مال، زیادتی - گھوڑے کے دُم کے بال - کشتی کا چپو - ج سُیُوْبٌ -

السِّیْبُ - پانی بہنے کی جگہ - ج سُیُوْبٌ

سِیب - (فارسی)

السَّیَابُ والسَّیَّابُ والسُّیَّابُ - کچی کھجور (بعضوں کے نزدیک بمعنی بلح - اور بعضوں کے نزدیک بمعنی بُسر ہیں) واحد سَیَابَۃٌ و سَیَّابَۃٌ - السَّیَابَۃُ: شراب -

السِّیْبَانُ - صِئْبَان کا محرف کلمہ ہے - بمعنی جوں کے انڈے -

السَّائِبَۃُ - چھوڑی ہوئی - آزاد کیا ہوا غلام - وہ اونٹنی جو زمانۂ جاہلیت میں نذر وغیرہ کیلئے چھوڑدی جاتی تھی، یا وہ اونٹنی جسکے دس مادہ بچے ہوں تو اُس پر نہ تو سوار ہوتے تھے اور نہ اس کے دودھ کو سوائے اسکے بچے کے اور مہمان کے کوئی پیتا تھا - اور گھاس پانی وغیرہ سے بھی اس کو نہیں روکا جاتا تھا اور اس کو چھوڑ دیتے تھے - یہاں تک کہ مرجاتی تھی - ج سُیَّبٌ و سَوَائِبُ -

سَیَّجَ - الْکَرْمَ: انگور میں باڑ لگانا -

السِّیَاجُ - دیوار - باڑ - ج سِیَاجَات - وَأَسْوِجَۃٌ وسُوْجٌ -

السِّیْجَانُ - ایک قسم کی مچھلی -

سَاحَ یَسِیْحُ سَیْحًا و سَیَحَانًا - الْمَاءُ: پانی کا سطح زمین پر بہنا - صفت "مَاءٌ سَائِحٌ وَسَیْحٌ" کہا جاتا ہے "ہٰذِہِ الْأَرْضُ تُسْقٰی بِالْمَاءِ سَیْحًا" اس زمین کی سیرابی بہتے ہوئے پانی سے ہے - الظِّلُّ: پھرنا - ہٹ جانا (- سَیْحًا و سَیَحَانًا و سِیَاحَۃً و سُیُوْحًا) زمین میں عبادت کے لئے پھرنا - شہروں میں پھرنا صفت (سَائِحٌ) ج سُیَّاحٌ و سَائِحُوْنَ -

سَیَّحَہٗ وأَسَاحَہٗ - بہانا - کہا جاتا ہے "سَیَّحَ تَسْیِیْحًا کَثِیْرًا" اس نے خوش بیانی سے گفتگو کی - أَسَاحَ الْفَرَسُ بِذَنَبِہٖ: گھوڑے کا دُم کو لٹکانا -

اِنْسَاحَ - بَطْنُہٗ: پیٹ کا بڑا ہونا - موٹا ہونا - الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا - بَالُہٗ: کشادہ دل ہونا - اِنْسَاحَتِ الصَّخْرَۃُ: چٹان کا پھٹ جانا -

السَّیْحُ - مص - بہنے والا پانی - دھاریدار کمبل - ج سُیُوْحٌ و أَسْیَاحٌ -

السَّائِحُ - مسجد میں رہنے والا روزہ دار -

السَّیَّاحُ - ملکوں میں بہت پھرنے والا -

المِسْیَاحُ - برائی اور چغلی کو پھیلانے والا - ج مَسَایِیْحُ -

المُسَیَّحُ - مِنَ الثِّیَابِ: دھاریدار کپڑا -

سَاخَ یَسِیْخُ سَیْخًا و سَیَخَانًا - مضبوط ہونا - سَاخَتْ قَدَمُہٗ فِی الطِّیْنِ: گارے میں پاؤں کا دھنس جانا -

السِّیْخ - بڑی چھری - (فارسی)

السِّیَاخُ - مٹی کی عمارت - ج سُیُوْخٌ -

سَارَ (ض) سَیْرًا و تَسْیَارًا و مَسِیْرًا و مَسِیْرَۃً و سَیْرُوْرَۃً - جانا - چلنا - سفر کرنا - ہٗ و بِہٖ: چلانا - الدَّابَّۃَ: جانور پر سوار ہونا - السُّنَّۃَ: عمل کرنا - جیسے "وَ أَوَّلُ رَاضٍ سُنَّۃً مَنْ یَسِیْرُہَا" کسی سنت پر پہلا راضی ہونے والا وہ شخص ہے جو اس کے مطابق عمل کرے - کہا جاتا ہے "سِرْ عَنْکَ" یعنی غافل ہوجاؤ اور برداشت کرو - اس کی تقدیر یہ ہے "سِرْ وَدَعْ عَنْکَ الشَّکَّ" و المِرَاءَ "سَارَ الْکَلَامُ أَوِ الْمَثَلُ فِی النَّاسِ" مشہور ہونا -

سَیَّرَ و أَسَارَ - الرَّجُلَ: چلانا - الجُلَّ عَنْ ظَہْرِ الدَّابَّۃِ: اتار دینا - سَیَّرَ الثَّوْبَ أَوِ السَّہْمَ: دھاری ڈالنا - سَیَّرَ الْمَثَلَ: لوگوں میں مشہور کرنا - سَیَّرَ سِیْرَۃً: پہلے لوگوں کی باتیں بیان کرنا - سَیَّرَہٗ مِنْ بَلَدِہٖ: جلا وطن کرنا - نکال دینا -

سَایَرَہٗ - ساتھ چلنا -
تَسَیَّرَ - الجِلدُ : چھل جانا -
تَسَایَرَا - باہم مل کر چلنا - تَسَایَرَ عَنْ وَجْہِہِ الغَضَبُ : زائل ہونا -
اِسْتَارَ اِسْتِیَارًا - زادِ راہ خریدنا -
بِسِیْرَۃِ فُلَانٍ : کسی کی سیرت وعادت پر چلنا -
سَارُ - الشَّیْءِ : تمام چیز - سائر میں ایک لغت ہے -
السَّیْرُ - تسمہ - ج سُیُوْر و سُیُوْرَۃ و اَسْیَار
السِّیْرَۃُ - سار کا اسم - عادت - طریقہ طرزِ زندگی - ہیئت - سِیْرَۃُ الرَّجُلِ : سوانح عمری لوگوں کے ساتھ سلوک کی کیفیت -
کہا جاتا ہے " ہُوَ حَسَنُ السِّیْرَۃِ " وہ اچھی عادت والا ہے - اور اسی سے عرب کا قول ہے " مَنْ طَابَتْ سَرِیْرَتُہٗ حُمِدَتْ سِیْرَتُہٗ " جس کا باطن اچھا ہوتا ہے اس کی عادت اچھی ہوتی ہے -
ج سِیَر -
السِّیَرَاءُ - دھاری دار چادریں - یا ایسی چادریں جن میں ریشم ملا ہوا ہو - خالص سونا - ایک قسم کی نباتات - گٹھلی سے چپٹا ہوا چھلکا - دل کا پردہ - کھجور کی ٹہنی -
السَّائِرُ - فا - سَائِرُ الشَّیْءِ : چیز کا بقیہ -
المَثَلُ السَّائِرُ :
السَّیَّارُ و السُّیَرَۃُ و السَّیُوْرُ - بہت چلنے والا -
السَّیَّارَۃُ - السَّیَّار کا مؤنث - قافلہ - آفتاب کے گرد گھومنے والا ستارہ - جیسے زحل ، مشتری ، مریخ ، زمین ، زہرہ ، عطارد وغیرہ - ج سَیَّارَات - السَّیَّارَۃ : موٹر کار
التَّسْیَارُ - مص - سیر کا مبالغہ -
المَسْیُوْرُ - مفع - قیاس کے لحاظ سے مَسِیْر ہے - مگر مصدر سے التباس کی وجہ سے بدل دیا گیا - طَرِیْقٌ مَسُوْرٌ : آمد و رفت والا راستہ -
المَسِیْرَۃُ - مص - مسافت - کہا جاتا ہے " بَیْنَہُمَا مَسِیْرَۃُ یَوْمٍ " ان دونوں کے درمیان ایک دن کی مسافت ہے -
المُسَیَّرُ - مِنَ الثِّیَابِ : دھاری دار کپڑا -
السِّیْرَجُ - تل کا تیل -
سَیَسَ یَسِیْسُ سَیْسًا - الطَّعَامُ : گھن پڑنا -
سَاسَاہُ - شرم دلانا - عار دلانا -
السِّیْسِ - چنبیلی کا پودہ -
السِّیْسَاءُ - ریڑھ کی ہڈی کے جوڑ کی جگہ -
سِیْسَاءُ الظَّہْرِ مِنَ الدَّوَابِّ : جانوروں کی پیٹھ پر سوار ہونے کی جگہ -
سَیْطَرَہٗ سَیْطَرَۃً و تَسَیْطَرَ : نگہبان ہونا - داروغہ ہونا -
سَاعَ یَسِیْعُ سَیْعًا و سُیُوْعًا - الشَّیْءُ : ضائع ہونا - وانْسَاعَ و تَسَیَّعَ : المَاءُ : پانی کا اِدھر اُدھر بہنا - اِنْسَاعَ الجَامِدُ : جمی ہوئی چیز کا پگھلنا -
سَیَّعَ - الحَائِطَ بِالطِّیْنِ : دیوار کا مٹی سے لیپنا — الشَّیْءَ : تیل وغیرہ ملنا -
اَسَاعَ - الشَّیْءَ : ضائع کرنا -
السَّیْعُ - مص - سطح زمین پر بہنے والا پانی
السِّیَاعُ - گارا - کہگل -
السَّیْعَاءُ و السِّیْعَاءُ - رات کا حصہ کہا جاتا ہے " خَرَجْتُ بَعْدَ سَیْعَاءٍ مِنَ اللَّیْلِ " رات کا ایک حصہ گذر جانے کے بعد میں نکلا -
المِسْیَعَۃُ - کرنی - کہگل کرنے کا اوزار -
نَاقَۃٌ مِسْیَاعٌ - بچہ کو چھوڑ کر چرنے کے لئے جانے والی اونٹنی -
سَاغَ یَسِیْغُ سَیْغًا - الشَّرَابُ : خوش گوار بنانا -
السَّیِّغُ - مِنَ الشَّرَابِ : خوشگوار شراب
سَافَتْ تَسِیْفُ سَیْفًا - الیَدُ : ناخن کے اِرد گرد پھٹنا -
سَافَہٗ یَسِیْفُہٗ سَیْفًا - تلوار سے مارنا
تَسَیَّفَہٗ - تلوار سے مارنا -
سَایَفُوْا و تَسَایَفُوْا و اسْتَافُوْا اِسْتِیَافًا باہم تلوار بازی کرنا - و اُسْتِیْفَ القَوْمُ : تلوار سے مارا جانا -
السَّیْفُ - تلوار - ج اَسْیَاف و سُیُوْف و اَسْیُف و مَسْیَفَۃٌ و (السَّائِف) تلوار سے مسلح - سَیْفُ الجَبَّار تین ستاروں کے نام - سَیْفُ الرِّیَاحِ : ایک قسم کی نباتات -
السَّیْفُ و السِّیْفُ - ایک قسم کی مچھلی جس کی لمبی سی چونچ نیزہ کی مانند ہوتی ہے - السِّیْفُ : سمندر کا کنارہ - یا ہر چیز کا کنارہ - ج اَسْیَاف وہ چیز جو کھجور کے ڈنٹھل کی جڑ میں چپکی ہوئی ہوتی ہے -
السَّیْفَانُ - مِنَ الرِّجَالِ : لمبا و پتلا مرد - مؤنث سَیْفَانَۃٌ - اور بقول بعض عورتوں ہی کے لئے مخصوص ہے -
السَّیَّافُ شمشیر زن - ج سَیَّافَۃٌ - رَجُلٌ سَیَّافٌ : خون گرانے والا امرد - سَیَّافُ الاَمِیْرِ : جلاد -
الاَسْیَافُ - پارٹیاں -
المَسَایِفُ - خشک سال - قحط - کہا جاتا ہے " اَصَابَتْہُمُ المَسَایِفُ " ان کو قحط سالی لاحق ہوئی -
المُسِیْفُ - تلوار سے مسلح - دلیر - فقیر -
المُسَیَّفُ - مِنَ الدَّرَاہِمِ : درہم جس کے کنارے نقش سے خالی ہوں — مِنَ البُرُوْدِ : چادریں جن پر تلوار کا نقش ہو - یا تلوار کی مانند چوڑی دھاریاں ہوں -
السِّیْکَاہ - فن موسیقی کا ایک راگ (جدید)
سَالَ (ض) سَیْلًا و سَیَلَانًا و مَسِیْلًا و مَسَالًا - المَاءُ : بہنا - سَالَتْ غُرَّۃُ الفَرَسِ : گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی کا لمبا چوڑا ہونا -
اَسَالَ اِسَالَۃً و سَیَّلَ تَسْیِیْلًا - المَاءَ : جاری کرنا - بہانا - اَسَالَ الجَامِدَ : پگھلانا -
اَسَالَ غِرَارَ النَّصْلِ : لمبا کرنا -
تَسَایَلَ - القَوْمُ : ہر طرف سے آنا -

السَّائِلَۃ - مِنْ غُرَرِ الْخَیْلِ: گھوڑے کی ناک تک پیشانی کی سفیدی - ج سَوَائِل -

السَّیُول بم - بہنے والا - کہا جاتا ہے "مَاءٌ سَیُولٌ" بہنے والا پانی - السیل: سیلاب - ج سُیُول -

السَّیْلَۃ - پانی بہنے کی جگہ - سال کا اسم مرۃ

السِّیْلَۃ - پانی کا بہاؤ

السِّیلان - ایک قیمتی پتھر - تلوار کا وہ حصہ جو میان میں داخل ہو - ج سَیَالِین -

السَّوَائِل - مِنَ الْمَعَادِنِ وَغَیْرِہَا: بہنے والی چیزیں -

السَّیَال - سفید لمبے کانٹوں والا ایک پودہ کہ جب کانٹے کو توڑتے ہیں تو دودھ کی مانند نکلتا ہے - واحد - سَیَالَۃ -

السَّیَّال - زور سے بہنے والا - مؤنث سَیَّالَۃ

السَّیَّال: ایک قسم کی مچھلی -

مَسِیلٌ - الْمَاءِ: پانی بہنے کی جگہ - ج مَسَائِل وَمُسُل وَاَمْسِلَۃ وَمُسْلَان -

الْمُسَال - مِنَ الْوَجْہِ: ڈاڑھی نکلنے کی ایک جانب -

السِّیمُونِیَّۃ - سیمون جادوگر کی طرف منسوب مال کے ذریعہ روحانی مراتب کے درجہ پر پہنچنے کی کوشش -

سِیَۃُ - الْقَوْسِ: کمان کا سرا - ج سِیَات

ش (۳۰۰)

الشُّؤْبُوب - بارش کی بوچھار - دھوپ کی تیزی - ہر چیز کی حد - ہر چیز کی شدت دفع - آغازِ حُسن - ج شَآبِیب - کہا جاتا ہے "ہُوَ حَسَنُ شَآبِیبِ الْوَجْہِ" اس کے چہرے کا آغاز حسن اچھا ہے -

الشَّئِیت - ٹھوکر کھانے والا گھوڑا -

شَأَجَہٗ یَشْأَجُہٗ - الْاَمْرُ: غمگین کرنا -

شَئِزَ (س) شَأَزًا وَشُؤُزَۃً وَشُؤَازًا - الْمَکَانُ: سخت اور بلند ہونا - ناہموار ہونا - صفت (شَأْزٌ وَشَئِزَۃٌ) (— وَشَئِزَ) بے آرام ہونا - ڈرنا -

شَأَزَ (ف) شَأْزًا - الْجَارِیَۃَ: جماع کرنا -

اَشْأَزَہٗ - رنجیدہ کرنا - بے آرام کرنا - ڈرانا

اَشْأَزَ الرَّجُلُ: عَنْ کَذَا: بلند ہونا -

اِشْتَأَزَ - بدکنا -

الشَّأْزَۃ - اسم مرۃ خَیْلٌ شَأْزَۃٌ: موٹا گھوڑا

الْمَشْؤُوز وَالْمَشْؤُز - بے آرام - بے قرار خوف زدہ -

شَئِسَ (س) شَأَسًا - الشَّیْءُ: سخت ہونا — الرَّجُلُ: مرض یا غم سے بے قرار ہونا — الْمَکَانُ: سخت وسنگریزہ دار ہونا - مَکَانٌ شَئِسٌ وَشَأْسٌ) سخت وسنگریزہ والی جگہ - ج شُؤُس وَشُؤُوس -

شَأْشَأَ شَأْشَأَۃً وَشَأْشَاءً - الرَّاعِی الْغَنَمَ اَوِ الْحِمِیرَ وَبِہَا: شَأْ شَأْ یا شُؤْشُؤْ کہہ کر ہانکنا

النَّخْلَۃَ: درخت خرما میں گابھا لگنا -

تَشَأْشَأَ - الْقَوْمُ: متفرق ہونا - بکھرنا -

الشَّأْشَاء بم - ایک قسم کی ردی کھجور - کھجور کے لمبے درخت -

شَئِفَتْ (س) شَأَفًا - الرِّجْلُ: آبلہ پڑنا - صفت (مَشْؤُوفَۃٌ) شَئِفَتْ اَصَابِعُہٗ: ناخنوں کے اردگرد پھٹنا - (— شَأْفًا وَشَأْفَۃً) فُلَانًا وَلِفُلَانٍ: بغض رکھنا -

شُئِفَ - خوف زدہ ہونا - ڈرایا جانا - صفت (مَشْؤُوف) شُئِفَتِ الرِّجْلُ: آبلہ پڑنا -

اِسْتَشْأَفَتِ - الْقَرْحَۃُ: خراب ہوکر جڑ پکڑ لینا -

شَأْفٌ - الْجُرْحِ: زخم کی خرابی -

الشَّأْفَۃ - جڑ - تلوے کا زخم - کہا جاتا ہے "اِسْتَأْصَلَ شَأْفَتَہٗ" اس نے اسے جڑ سے کھودیا - "وَبَیْنَہُمْ شَأْفَۃٌ" اُن کے درمیان عداوت ہے - وَاِسْتَأْصَلَ اللّٰہُ شَأْفَتَہُمْ" اللہ تعالیٰ ان کی عداوت کو دور کرے - شَأْفَۃُ الرَّجُلِ: اہل ومال -

رَجُلٌ (شَأْفَۃٌ) - معزز وبلند مرتبہ مرد -

شَأَمَ (ف) شَأْمًا - الْقَوْمَ وَعَلَیْہِمْ: بدبختی ڈالنا - صفت (شَائِم)

شَؤُمَ (ک) شَآمَۃً وَشُؤْمًا - عَلَیْہِمْ منحوس ونامبارک ہونا -

شَأَّمَہُمْ - ملک شام کی طرف روانہ کرنا -

شَاءَمَ مُشَاءَمَۃً - بِہٖ: بائیں طرف لینا الرَّجُلُ: ملک شام میں آنا

اَشْأَمَ - ملک شام کا ارادہ کرنا - ملک شام میں آنا - سر اٹھائے ہوئے گزرنا -

تَشَاءَمَ وَتَشَأَّمَ - ملک شام کی جانب منسوب ہونا - بائیں طرف ہونا -

تَشَاءَمَ وَاِسْتَشْأَمَ - بِہٖ: بدفالی کرنا - بدشگون لینا -

الشُّؤْم - نحوست - کالے اونٹ -

الشَّأْم وَالشَّام - ملک شام -

الشَّأْمِیّ وَالشَّآمِی وَالشَّامِیّ - ملک شام کی جانب منسوب -

الشَّائِم - فا - نحوست لانے والا -

الشَّأْمَۃ وَالْمَشْأَمَۃ - نحوست -

الشِّیْمَۃ وَالشِّئْمَۃ - خلق - طبیعت عادت - ج شِیَم -

الْاَشْأَم - اسم تفضیل - اور اسی سے ہے - "اَشْأَمُ کُلِّ امْرِئٍ بَیْنَ لَحْیَیْہِ" ہر آدمی کی بدبختی لانے والی چیز اس کے دونوں جبڑوں کے درمیان ہے یعنی زبان - بدبختی لانے والا - مؤنث شُؤْمَی -

وَالْیَدُ الشُّؤْمَی: بایاں ہاتھ -

الاَشَائِمُ - اِشأم کی جمع۔

المَشْئُومُ والمَشْؤُوم - منحوس - بدبخت - ج مَشَائِیم۔

شَأَنَ (ف) شَأْنًا - صاحب عزت و مرتبہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَأَنَ شَأْنَکَ" اس نے تمہارے ارادے جیسا ارادہ کیا۔ "مَا شَأَنَ شَأْنَکَ" اس نے تمہارے کام کی پرواہ نہیں کی۔ "اُشْأَنْ شَأْنَکَ" اپنی حالت پر رہو۔

اِشْتَأَنَ - شَأْنَکَ: کسی کے ارادے جیسا ارادہ کرنا۔

الشَّأْن - ج شُؤُون وشِئَان وشُئِین: بڑے بڑے امور واحوال۔ معاملہ۔ حالت کہا جاتا ہے "مِنْ شَأْنِہٖ کَذَا اَوْ اَنْ یَفْعَلَ کَذَا" اس کی طبیعت سے ہے کہ ایسا کرے۔ "مَا شَأْنُکَ" تمہارا کیا حال ہے؟ تمہارا کیا معاملہ ہے! ج شُؤُن وشُؤُون: سر کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَتِ الرَّائِحَۃُ اِلٰی شُؤُونِ رَأْسِہٖ" خوشبو اس کے سر کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ تک پہنچ گئی۔ پہاڑ کی مٹی کہ جس میں درخت اُگیں ــــ شُؤُون واَشْؤُن: رگ کہ جس سے آنسو جاری ہوں۔ کہا جاتا ہے۔ "فَاضَتْ شُؤُونُہٗ" اس کی آنکھ کی رگیں جاری ہوگئیں ــــ الشُّؤُون: حاجتیں۔ کہا جاتا ہے "اَکْفِنِیْ شُؤُونَکَ" اپنی حاجتوں کی خدمات میرے سپرد کرو ــــ شُؤُونُ الخَمْرِ: شراب کا اثر جو جسم کی رگوں میں سرایت کرے۔

شَأَیٰ یَشْأُو شَأْوًا واِشْتَأَیٰ اِشْتِئَاءً - القَوْمَ: آگے بڑھ جانا۔ شَایَ التُّرَابَ مِنَ البِئْرِ: کنوئیں سے مٹی نکالنا۔

شَاءَیٰ مُشَاءَاۃً - القَوْمَ: آگے بڑھنا آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔

تَشَاءَیٰ تَشَائِیًا - القَوْمُ: ایک دوسرے سے آگے بڑھنا۔ متفرق ہونا۔ تَشَاءَیٰ مَا بَیْنَہُمَا: فاصلہ پر ہونا۔

الشَّأْوُ - مص - مدت - غایت - کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَعِیْدُ الشَّأْوِ" یعنی فلاں عالی ہمت ہے "عَدَا شَأْوًا" وہ ایک چکر دوڑا۔ الشَّأْوُ: اونٹنی کی مہار۔ اونٹنی کی مینگنیاں۔ زنبیل۔ کنوئیں کی نکلی ہوئی مٹی۔

المِشْآۃ - کنوئیں کی نکلی ہوئی مٹی۔ ٹوکری جس سے کنوئیں سے مٹی نکالی جائے۔ ج المَشَائِیْ۔

اَلشَّبْأَۃ - تالے کی جھڑ۔

شَبَّ (ض) شَبَابًا وشَبِیْبَۃً الغُلَامُ: جوان ہونا۔ کہتے ہیں "مِنْ شَبَّ اِلٰی دَبَّ": جوانی سے بڑھاپے تک۔

شَبَّ (ن ض) شَبِیْبًا وشِبَابًا وشُبُوْبًا - الفَرَسُ: اگلی ٹانگوں کو اُٹھانا۔ نشاط میں ہونا۔ عرب کا مقولہ ہے "الجَوْہَرُ یَشُبُّ بَعْضُہٗ بَعْضًا" جوہر میں سے بعض بعض کے حسن کو بڑھا دیتا ہے۔

شَبَّ (ن) شَبًّا وشُبُوْبًا - النَّارَ: آگ روشن کرنا۔ شَبَّتِ النَّارُ: آگ روشن ہونا ــــ الشَّیْءُ: بلند ہونا۔ بڑھنا۔

شُبَّ - الشَّیْءُ: زیادہ کیا جانا۔ بلند کیا جانا۔ شُبَّتِ النَّارُ: روشن ہونا۔ شُبَّ لَہُ الشَّیْءُ: اللہ کی طرف سے مقدر کیا جانا۔

شَبَّبَ وتَشَبَّبَ - جوانی اور کھیل کود کے زمانہ کا ذکر کرنا ــــ الشَّاعِرُ بِالفَتَاۃِ: عورتوں کے محاسن واوصاف کو بیان کرنا۔ شَبَّبَ قَصِیْدَۃً: عورتوں کے ذکر سے آراستہ ومزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "شَبَّبَ قَصِیْدَتَہٗ بِفُلَانَۃٍ" شعراء کی عادت تھی کہ قصائد مدحیہ کی ابتداء میں تشبیب کیا کرتے تھے پھر ہر چیز کی ابتدا کو تشبیب کہنے لگے اگرچہ ایامِ شباب کا ذکر نہ ہو۔ شَبَّبَ الکِتَابَ: کتاب شروع کرنا۔ تَشَبَّبَتِ النَّارُ: آگ روشن ہونا۔ بھڑکنا۔

اَشَبَّ - الغُلَامُ: لڑکے کا جوان ہونا۔ الرَّجُلُ: جوان اولاد والا ہونا ــــ اللہُ الغُلَامَ: لڑکے کو جوان کرنا ــــ الفَرَسَ: گھوڑے کو اکسانا ــــ الثَّوْرُ: بیل کا بوڑھا ہونا۔ صفت (مُشِبٌّ ومُشَبٌّ وشَبَبٌ ومِشَبٌّ)

اُشِبَّ - لَہٗ کَذَا: مقدر کیا جانا۔

الشَّبُّ - پھٹکری کے مشابہ ایک معدنی نمک جس کا رنگ سفید اور بعض کا نیلگوں ہوتا ہے۔ جوان - شَبُّ اللَّیْلِ: ایک قسم کی نباتات۔

الشَّبَاب والشَّبِیْبَۃ - مص - جوانی، بلوغ سے تیس برس تک کا زمانہ - ابتداء، جیسے "شَبَابُ النَّہَارِ" دن کی ابتداء۔ الشَّبَابُ بمعنی تشبیب کہا جاتا ہے "قَصِیْدَۃٌ حَسَنَۃُ الشَّبَابِ" اچھی تشبیب والا قصیدہ - اور شبیبہ کی جمع شَبَائِب۔

الشَّبُوْب - عمدہ بنانے والا۔ آراستہ کرنیوالا کہا جاتا ہے "ہٰذَا شَبُوْبٌ لِکَذَا" یہ اس کے حسن و قوت کو بڑھانے والا ہے۔ مثلاً "الخِمَارُ شَبُوْبٌ لِوَجْہِہَا" اوڑھنی اس کے چہرے کی رونق کو بڑھا دیتی ہے (ــــ والشِّبَاب) جس سے آگ جلائی جائے۔

الشَّبَّابَۃ - ایک قسم کی بانسری (مولدۃ) عوام اس کو مُنْجِیْرَۃ کہتے ہیں۔

الشَّابّ والشَّبّ - جوان - ج شَبَاب و شُبَّان وشَبَبَۃٌ - مونث شَابَّۃٌ وشَبَّۃٌ ج شَابَّاتٌ وشَبَّاتٌ وشَوَابُّ وشَبَائِب۔

المِشَبّ - شیر۔

المَشْبُوْب - مِنَ الرِّجَالِ: تیز خاطر مرد۔ المَشْبُوْبَتَان: زہرہ ومشتری - نَارٌ مَشْبُوْبَۃٌ: بھڑکائی ہوئی آگ (نَارٌ شَابَّۃٌ نہیں بولتے)

الشِّبِتّ - سوئے کا ساگ۔

شَبِثَ (س) شَبَثًا وتَشَبَّثَ - بِکَذَا: چمٹنا - متعلق ہونا۔

رَجُلٌ شُبَثَۃٌ - اپنے مقابل کو چمٹنے والا۔

الشِّبْثُ - ایک قسم کی ترکاری۔

الشَّبَث - مکڑی - ایک قسم کا کیڑا جس کی
ٹانگیں بہت ہوتی ہیں - ج اَشْبَاث و شِبْثَان -
رَجُلٌ (شَبِثٌ) چمٹنے والی طبیعت والا مرد -
الشِّبَاث والشَّبُّوث - بڑے سرے
والی سیخ - ج شَبَابِیث -
اَشْبَجَ - البَابَ : دروازہ بھیڑنا -
الشَّبَج - بلند دروازہ - یا دروازہ - واحد
(شَبَجَۃٌ)
شَبَحَ (ف) شَبْحًا - الشَّیْئَ : پھاڑنا - چیرنا
—— الجِلْدَ : کھونٹیوں سے کس کر پھیلانا ——
الرَّجُلَ : گھسیٹنا —— الدَّاعِی : دعا کے لئے
ہاتھ پھیلانا —— فُلَانًا لَہٗ : کسی کے سامنے
سیدھا کھڑا ہونا -
شَبُحَ (ک) شَبَاحَۃً - لمبے چوڑے
بازوؤں والا ہونا -
شَبَّحَ - بوڑھے ہونے کی وجہ سے ایک چیز
کو دو دیکھنا —— الشَّیْئَ : چھیلنا - چوڑا کرنا -
تَشَبَّحَ - الحِرْبَاءُ عَلَی العُوْدِ : گرگٹ کا
لکڑی پر دراز ہونا -
الشَّبْح والشَّبَح - شخص - بلند عمارت کا
دروازہ - ج شُبُوْح و اَشْبَاح - اَشْبَاحُ
المَالِ : نظر آنے والا مال جیسے اونٹ گائے
بکری وغیرہ -
الشَّبْحَۃ - اسم مرۃ - کہا جاتا ہے "نَزَعَ
سَقْفَ بَیْتِیْ شَبْحَۃً شَبْحَۃً" اس نے میرے
گھر کی چھت سے ایک ایک کڑی نکال لی -
—— عِنْدَ المُوَلَّدِیْنَ : گھوڑے کی ٹانگیں باندھنے
کی رسّی -
الشَّبْحَان - لمبا -
الشَّبَحَان - مِنْقَلَۃٌ کھیل کی دو لکڑیاں -
(دیکھیے مِنْقَلَۃٌ)
الشَّبْخ - دودھ دوہنے کی آواز -
الشِّبْدِع والشِّبْدِعَۃ
بچھو - مصیبت - زبان - ج شَبَادِع -
شَبَرَ (ن ض) شَبْرًا - الثَّوْبَ ونَحْوَہٗ :
بالشت سے ناپنا - شَبَرَہٗ مَالًا : کسی کو مال دینا
شَبِرَ (س) شَبَرًا - الرَّجُلُ : اکڑنا - اترانا
شَبَّرَ - الشَّیْئَ : اندازہ کرنا —— فُلَانًا :
تعظیم کرنا -
اَشْبَرَ - فُلَانًا : فضیلت دینا —— ہٗ مَالًا :
دینا —— الرَّجُلُ : لمبے قد کے بیٹوں والا ہونا
پستہ قد بیٹوں والا ہونا -
تَشَابَرَ - الفَرِیْقَانِ فِی الحَرْبِ : ایک
دوسرے کے قریب ہونا - یہاں تک کہ ایک
بالشت کا فاصلہ رہ جائے -
تَشَبَّرَ - بڑا ہونا -
الشَّبْر - مع - مہر - کہا جاتا ہے "تَزَوَّجَہَا
وَلَمْ یُعْطِہَا شَبْرًا" اس نے اس عورت سے
نکاح کیا اور اس کو مہر نہیں دیا - نکاح - عمر
قد و قامت -
الشِّبْر - عمر - بالشت - ج اَشْبَار - کہا جاتا
ہے "ہُوَ قَصِیْرُ الشِّبْرِ" وہ قریب قریب قدم
رکھنے والا ہے -
الشَّبَر - عطیہ - خیر -
الشَّبْرَۃ - قد و قامت (طویل ہو یا قصیر)
الشُّبْرَۃ - عطیہ -
الشَّبُّوْر - بگل - ج شَبَابِیْر و شَبُّوْرَات
(کلمۂ عبرانی ہے)
الشَّابُوْرَۃ - خلیج - کہر - (جدید)
شَابُرَ - المِیْزَان : چور -
فُلَانٌ (اَشْبَرُ) مِنْکَ : فلاں تم سے وسیع
بالشت والا ہے -
الاُشْبُوْر - ایک قسم کی مچھلی -
المَشَابِر - نشیبی زمین سے گزرنے والے -
دریا جن میں ہر دو جانب کا پانی آتا ہے -
واحد (مَشْبَر و مَشْبَرَۃ)
شَبْرَقَ - ٹکڑے ٹکڑے کرنا - شَبْرَقَ اللَّحْمَ :
پارہ پارہ کرنا - شَبْرَقَتِ الدَّابَّۃُ فِیْ مَشْیِہَا ——
جانور کا دور دور قدم رکھنا —— البَازِی
الصَّیْدَ : نوچنا اور پھاڑنا —— الثَّوْبَ :
برا بننا -
الشَّبَارِق والشُّبَارِق - ٹکڑے - کہا جاتا
ہے "ثَوْبٌ شَبَارِق و شُبَارِق و شَبَارِیْق
و شِبْرِق و شِبْرَاق" ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا کپڑا -
الشِّبْرِق - بلی کا بچہ - ج شَبَارِق -
الشِّبْرِقَۃ - کپڑے کا ٹکڑا -
الشِّبْرَاق - مِنْ کُلِّ شَیْئٍ : سختی -
ثَوْبٌ (مُشَبْرَق) - برا بنا ہوا کپڑا -
الشَّبْرَم - پستہ قد -
الشَّبْرَمَۃ - بلی -
الشَّبْزَق - آسیب زدہ -
تَشَبْثَصَ - الشَّجَرُ : آپس میں گتھا ہوا ہونا -
الشَّبَثْص - درخت کے کانٹوں کا آپس میں
گتھا ہوا ہونا - سختی -
شُبَاط - ترکی مہینہ - مطابق فروری -
الشُّبُّوْط والشَّبُّوْط والشَّبُوْط -
ایک قسم کی مچھلی جس کا سر چھوٹا اور درمیانی حصہ
چوڑا ہوتا ہے - ج شَبَابِیْط -
شَبِعَ (س) شَبْعًا و شِبَعًا - مِنَ الطَّعَامِ
شکم سیر ہونا - تم کہتے ہو "شَبِعْتُ مِنْ ہٰذَا الاَمْرِ وَ
رَوِیْتُ" جبکہ تم کسی معاملہ سے ملول ہو جاؤ -
شَبُعَ (ک) شَبَاعَۃً - عَقْلًا : بہت
عقل والا ہونا -
شَبَّعَتْ - غَنَمُہٗ : آسودگی کے قریب ہونا
اَشْبَعَہٗ - کھلا کر شکم سیر کرنا —— الشَّیْئَ :
زیادہ کرنا —— الثَّوْبَ مِنَ الصَّبْغِ : خوب گہرا
رنگنا —— الکَلَامَ : مکمل کہنا -
تَشَبَّعَ - بہ تکلف شکم سیر ہونا - ظاہر کرنا
بہت کھانا -
الشِّبْع والشِّبَع - کھانے کی وہ مقدار
جو سیر کر دے -
الشَّبَاعَۃ - آسودگی کے بعد بچا ہوا کھانا -
الشُّبْعَۃ - ایک مرتبہ پیٹ بھرنے کی
مقدار -
الشَّبْعَان شکم سیر - مؤنث شَبْعٰی و شَبْعَانَۃ -

ج شِبَاع وشَبَاعیٰ۔ کہا جاتا ہے "ہِیَ شَبْعیٰ الذِّرَاعِ"
وہ پُرگوشت بازو والی ہے۔ "شَبْعیٰ الخَلْخَالِ
او السوار والدرع" یعنی موٹی۔
الشَبِعَۃ۔ شکم سیر عورت۔
الشَبِیع۔ بہت۔ کہا جاتا ہے "ثَوبٌ شَبِیعُ
الغزلِ" بہت سوت والا کپڑا۔ "رَجُلٌ شَبِیعُ
العَقلِ" بہت عقل والا مرد۔ "حَبلٌ شَبِیعٌ"
بہت لٹوں والی رسّی۔ ج شُبُعٌ۔
شَبِقَ (س) شَبَقًا۔ بہت شہوت والا
ہونا۔ صفت (شَبِق) مؤنث شَبِقَۃ۔
مِنَ اللَّحمِ: گوشت کھانے سے بدہضمی ہونا۔
الشَّوبَق۔ بیلن۔ ج شَوَابِق (کلمۂ فارسی
ہے) مشہور شَوبَک ہے فتحۂ شین اور
کاف سے۔ چوبک کا معرب ہے۔
شَبَکَتْ (ض) شَبْکًا۔ الأُمُورُ: ایک
دوسرے میں داخل ہونا۔ خلط ملط ہونا۔
پیچیدہ ہونا۔ شَبَکَہٗ عَنہُ: غافل کر دینا (شَبَکَ
وشَبَّکَ) الشَّیْءَ: ایک دوسرے میں ملانا۔
تم کہتے ہو "شَبَکْتُ أَصَابِعِی بَعْضَهَا فِی بَعْضٍ"
"شَبَّکْتُ بَیْنَ أَصَابِعِی" میں نے اپنی انگلیوں
کو ایک دوسرے میں داخل کیا۔
أَشْبَکَ۔ القَومُ: نزدیک نزدیک کنوئیں
کھودنا۔ "أَشْبَکَ المَکَانُ": قریب کنوئیں والی
ہونا۔
شَابَکَ۔ بَیْنَ الأَصَابِعِ: انگلیوں کو ایک
دوسرے میں داخل کرنا۔
تَشَابَکَتِ۔ الأُمُورُ: باہم مختلط ہونا۔
اِشْتَبَکَ وتَشَبَّکَ۔ مختلط ہونا۔ بعض
کا بعض میں داخل ہونا ۔۔۔ الکَلامُ او الأُمُورُ:
پیچیدہ ہونا۔
الشَّبَکَۃ۔ شکاری کا جال۔ ج شَبَک
وشِبَاک وشَبَکَات۔ الشَّبَکَۃ: بہت کنوئیں
والی زمین۔ قریب قریب والے کنوئیں۔
الشُّبْکَۃ۔ قرابت۔
طَرِیقٌ (شَابِکٌ) مشتبہ وپیچیدہ راستہ۔

ج شَوَابِک۔
الشَّبَّاکُ۔ جال بنانے والا۔
الشُّبَّاکُ۔ دریچی جس میں لکڑی یا لوہے
کی چھڑیں لگی ہوئی ہوں۔ کھڑکی۔ ج شَبَابِیک
الشُّبَّاک: شکاری کا جال۔ شکاری۔ گویا کہ
یہ شَابِک کی جمع ہے۔ جیسے قاری کی جمع قُرَّاء
الشَّبَائِکُ۔ جھگڑے۔
المُشَبَّکُ۔ ایک قسم کا کھانا۔
شَبَلَ (ن) شُبُولًا۔ الغُلَامُ: لڑکے کا
نازونعمت میں بڑھنا اور جوان ہونا۔ صفت
(شَابِل) ۔۔۔ فِی بَنِی فُلَانٍ: پرورش پانا۔
أَشْبَلَ۔ عَلَیہِ: مہربانی کرنا۔ مدد کرنا۔
أَشْبَلَتِ المَرْأَۃُ عَلَی أَوْلَادِهَا: شوہر کی وفات
کے بعد بچوں کی دیکھ بھال کرنا اور نکاح نہ کرنا۔
الشِّبْل۔ شیر کا بچہ جب کہ شکار کرنے کے
قابل ہو جائے۔ ج أَشْبَال وشِبَال وأَشْبُل
وشُبُول۔ أَبُو الأَشْبَالِ: شیر۔
لَبُوَۃٌ (مُشْبِلٌ) بچوں والی شیرنی۔
مَکَانٌ (مَشْبُولٌ) بہت شیر کے بچوں والی جگہ
شَبَمَ (ن) شَبْمًا وشَبَّمَ۔ الجَدْیَ: بکری
کے بچے کے منہ میں تھوتھنی لگانا۔
شَبِمَ (س) شَبَمًا۔ المَاءُ: پانی کا ٹھنڈا ہونا
الشَّبَمَ۔ سردی۔
الشَّبِم۔ صبح۔ شام یا بھوک کے ساتھ صبح
شام۔ الشُّبُم: ہتھیار۔ زہر۔ موت۔
الشِّبَام والشِّبَمَ۔ لکڑی جو بکری کے بچے
کے منہ میں لگا دی جائے تاکہ دودھ نہ پئے۔
الشِّبَام۔ برقع کے دو دھاگے جنکو عورتیں
پیچھے باندھ لیتی ہیں۔
المُشَبَّمَ۔ تھوتھنی لگا ہوا بکری کا بچہ۔ بھوکا۔
شَبَنَ (ن) شَبْنًا۔ الغُلَامُ: لڑکے کا
نازک اندام وپُرگوشت ہونا۔ (شُبُونًا)
الشَّیْءُ: قریب ہونا۔
الشَّابِن۔ مِنَ الغِلمَانِ: نازک اندام
پُرگوشت لڑکا۔

الشَّبِینُ والإِشْبِینُ۔ دولہا کا خدمتگار۔
شَبِینَۃ وإِشْبِینَۃ: دلہن کی خدمت گار (کلمۂ
سریانیہ ہے)
الشَّبَانِیّ والأَشْبَانِیّ والشَّبَّانِیّ۔
سرخ چہرے اور مونچھوں والا۔
شَبَّهَہٗ۔ إِیَّاہُ وشَبَّهَہٗ بِہٖ: تشبیہ دینا۔ تمثیل
دینا۔ شَبَّہَ عَلَیہِ الأَمرَ: مشتبہ کرنا۔ شَبَّہَ الشَّیْءُ:
مشکل ہونا۔
شُبِّہَ۔ عَلَیہِ الأَمْرُ: مشتبہ کیا جانا۔
أَشْبَهَہٗ وشَابَهَہٗ۔ مانند ہونا۔ مشابہ ہونا
کہتے ہیں "أَشْبَہَ فُلَانٌ أُمَّہٗ" فلاں اپنی ماں
کے مشابہ ہے۔ یعنی عورت کی مانند عاجز و
ضعیف ہے۔
تَشَبَّہَ۔ بِہٖ: مانند ہونا۔ عمل میں مشابہت کرنا۔
تَشَابَہَ۔ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے کے
مشابہ ہونا ۔۔۔ الأَمْرُ: تشابہ یعنی غیر محکم ہونا۔
اِشْتَبَهَا۔ ایک دوسرے کے مشابہ ہونا
اِشْتَبَہَ فِی الأَمْرِ: صحیح ہونے میں شک کرنا ۔۔۔
الأَمْرُ عَلَیہِ: پوشیدہ اور مشتبہ ہونا۔
الشِّبْہ والشَّبَہ۔ مثل مانند۔ ج أَشْبَاہ
ومَشَابِہ جیسے (حسن ومحاسن) الشَّبَہ: مشابہت
ایک خاردار نباتات جس کے پھول سرخ ہوتے ہیں
(الشِّبْہ والشَّبَہ والشَّبَهَان والشُّبْهَان) پیتل
الشُّبْهَۃُ۔ مثل۔ التباس۔ شک۔ جس
میں حق وباطل یا حلال وحرام کا التباس ہو۔
ج شُبَہ وشُبُهَات۔
الشَّبِیہ۔ مثیل۔ ایک جیسے۔ ج شِبَاہ
المُشَبَّہ والمُشْتَبِہ۔ مِنَ الأُمُورِ: مشکل۔
جس میں التباس واقع ہو۔ کہا جاتا ہے "إِیَّاکَ
والمُشْتَبِهَاتِ" اپنے آپ کو امور مشکلہ سے بچاؤ۔
شَبَا یَشْبُو شُبُوًّا۔ الشَّیْءُ: بلند ہونا ۔۔۔
الفَرَسُ: گھوڑے کا دو ٹانگوں پر کھڑا ہونا۔
۔۔۔ الوَجْہُ: چہرے کا متغیر ہونے کے بعد
چمکنا ۔۔۔ النَّارَ: آگ جلانا۔ روشن کرنا۔
أَشْبَی إِشْبَاءً۔ الرَّجُلَ: دینا ۔۔۔ عَلَیہِ:

مہربان ہونا — ہ: تعظیم واکرام کرنا۔ مصیبت
میں ڈالنا — الشجرُ: لمبا اور پیچیدہ ہونا۔
— الشیءَ: ہٹانا — الرجلُ: زمین بچوں
والا ہونا۔ صفت (مُشبِیٌ ومُشبِبٌ)
الاولادُ اباہُم: اولاد کا اپنے باپ کے مشابہ ہونا
الشَبَاۃُ - نوزائیدہ بچھو یا زرد بچھو۔ دو
ٹانگوں پر کھڑا ہونے والا گھوڑا — مِن السَّیفِ:
دھار - بچھو کا ڈنک - ہر چیز کی حد - جمع شَبًا و
شَبَوات - بیوقوف مرد - کہا جاتا ہے "ہٰذا رجلٌ
شَبَاۃٌ" یہ بیوقوف مرد ہے۔
شَبُوۃ - بچھو کے لئے علم ہے۔ اور علمیۃ
تانیث کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔ اور کبھی اس
پر الف لام بھی آتا ہے۔
الشَبو - دکھ - تکلیف۔
شَتَّ (ض) شَتّاً وشَتَاتاً وشَتِیتاً
متفرق ہونا (— وشَتَّتَ وأشَتَّ) الاشیاءَ:
متفرق کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَشَتَّ بی قومی"
میری قوم نے میرے کاموں کو پراگندہ کر دیا۔
تَشَتَّتَ وانشَتَّ واستَشَتَّ۔
الشملُ: متفرق ہونا۔
الشَتُّ - مص - پراگندگی۔
اَمرٌ (شَتٌّ وشَتَاتٌ) پراگندہ ومتفرق۔
کام (مصدر سے وصف لایا گیا ہے) جمع اَشتات
کہا جاتا ہے "جاؤا اَشتَاتاً وجاؤا اَشتَاتَ
شَتَاتٍ" وہ لوگ متفرق متفرق ہو کر آئے۔
نصب حالیت کی وجہ سے ہے۔
شَتَّانَ - مبنی علی الفتح اور کبھی نون مکسور
ہوتا ہے۔ اسم فعل ہے بَعُدَ کے معنی میں۔ کہا
جاتا ہے "شَتَّانَ بینَہُما وما بینَہُما" و"ما زیدٌ و
اَخُوہ" یعنی ان دونوں کے درمیان فرق ہے۔
الشَتِیتُ - مص - پراگندہ - متفرق - جمع شَتّی
(جیسے مریض ومرضیٰ) ثغرٌ شَتِیتٌ: چھدرے
دانت۔
اُناسٌ (شَتّی وشُتُوت) مختلف قبائل کے
لوگ - اَشیاءُ شَتّی: مختلف چیزیں - اور کہا

جاتا ہے "وتفرقوا فی امرٍ شتّی" وہ لوگ متفرق امور
میں پڑ گئے۔
شَتَرَ (ن ض) شَتْراً - الشیءَ: کاٹنا۔
ٹکڑے ٹکڑے کرنا — الرجلَ: زخمی کرنا —
العینَ: پلک الٹنا۔
شَتِرَ (س) شَتَراً - کٹا نیچے کے پھٹے
ہوئے ہونٹ والا ہونا — بہ: گالی دینا۔
(— وشُتِرَ) اُلٹی ہوئی پلک والا ہونا۔ یا نیچے
کے ڈھیلے پلک والا ہونا۔
شَتَّرَ - عینَہ: پلک الٹنا - گالی دینا۔
عیب لگانا - قبیح باتیں سنانا۔
اِنشَتَرَت - عینُہ: الٹی ہوئی پلک والی ہونا
الشَتَرُ - مص - کٹنا - پلک کا الٹنا - عیب
نقص۔
الشُتُرۃُ - دو انگلیوں کے درمیان کا
فاصلہ۔
الشِتِّیرُ - بہت عیب وبرائی والا - بدخلق
الاَشتَرُ - الٹی ہوئی پلک والا پھٹی ہوئی پلک
والا - نیچے کی ڈھیلی پلک والا - نیچے کے
پھٹے ہوئے ہونٹ والا - مؤنث شَتراءُ جمع شُترٌ
الشَوتَرَۃُ - بڑے سُرین کی عورت۔
شَتِعَ (س) شَتَعاً - بیماری یا بھوک کی
وجہ سے گھبرا اٹھنا۔
شَتَغَہٗ (ض) شَتْغاً - روندنا - ذلیل کرنا
اَشتَغَہٗ - تلف کرنا - ہلاک کرنا۔
المَشَاتِغ - ہلاکتیں۔
شَتَمَہٗ (ن ض) شَتْماً ومَشتِمَۃً و
مَشتُمَۃً ومَشتَمَۃً وتَشتَاماً - گالی دینا
(شُتِمَ) گالی دینے میں غالب ہونا - کہا جاتا ہے
"شَاتَمَہٗ فشتَمَہٗ" اس نے اس سے گالی دینے
میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔
شَتُمَ (ک) شَتَامَۃً - بدصورت وکریہ المنظر
ہونا صفت (شَتِیمٌ) الشَتِیمُ - غضبناک شیر۔
شَتَّمَہٗ - بہت گالی دینا۔
شَاتَمَہٗ - باہم گالی گلوج کرنا۔

تَشَاتَمَ - القومُ: ایک دوسرے کو گالی دینا۔
تَشَتَّمَ - گالی سننے کے در پے ہونا۔
الشَتَامَۃُ - مص - بدصورتی کے ساتھ بدن
کی درشتی۔
الشَتِیمَۃُ - گالی - جمع شَتَائِمُ۔
الشُتَامُ والشُتَامَۃُ - بُرے چہرہ والا
بدخلق۔
الشَتَّامُ والشَتَّامَۃُ - بہت گالی دینے
والا - الشَتَّامَۃُ - شیر غضبناک۔
شَتَنَ (ن) شَتْناً - الثوبَ: کپڑے
کو بُننا - صفت (شَاتِنٌ)
الشَتَنُ - مص - کہا جاتا ہے "رجلٌ شَتِنُ
الکفِّ" سخت ہتھیلی والا مرد۔
الشَتُون - بننے والا۔
شَتَا یَشتُو شَتْواً وشَتّی تَشتِیۃً
وتَشَتّی تَشَتِّیاً - بالبلدِ: کسی شہر میں جاڑے
میں قیام کرنا - شَتَا وتشتّی المکانَ: بزمانۂ سرما
قیام کرنا - شَتَّاہُ: زمانۂ سرما کے لئے کافی ہونا۔
شَتَا یَشتُو اَشتَوا وشَتِیَ واَشتَی
القومُ: موسم سرما میں داخل ہونا - موسم سرما میں
قحط سالی کی تکلیف اٹھانا اور کہا جاتا ہے۔
"ہٰذا الشیءُ یُشَتِّینی" یہ زمانۂ سرما میں میرے
لئے کافی ہو گی۔ — شَتَا الشِتَاءُ: سردی پڑنا۔
شَاتَی مُشَاتَاۃً وشِتَاءً - الرجلَ:
جاڑے بھر کے لئے معاملہ کرنا۔
الشِتَاءُ - مص - موسم سرما - جمع اَشتِیَۃ و
شُتِیّ اور نسبت کے لئے (شَتَوِیٌّ وشَتوِیٌّ)
الشَتوِیُّ: جاڑے کی بارش فاکہۃُ الشِتَاءِ:
آگ۔
الشِتَاءُ والشِتَا - قحط۔
الشَتَاۃُ والشَتوَۃُ - جاڑا - صاحب
الشَتوَۃِ: وہ شخص جس کے پاس جاڑے میں
پناہ لیں۔
الشَتِیُّ - جاڑے کی بارش۔
المَشتَی والمَشتَاۃُ - جاڑے کا زمانہ

یا جاڑے کی جگہ۔ موسمِ سرما گزارنے کی جگہ۔
ج المَشَاتِی۔
کہا جاتا ہے۔ ہٰذِہٖ مَشَاتِینَا وَمَصَایِفُنَا وَ
مَرَابِعُنَا "یہ ہمارے سرمائی و گرمائی و ربیعی
منازل ہیں۔
الشَثُّ۔ چھوٹے سیب کی طرح خوشبودار
کڑوے مزے کے پھل کا ایک درخت جس
میں کانٹے نہیں ہوتے اور اُس کے پتوں
کو چمڑے کی دباغت میں استعمال کرتے ہیں
جنگلی اخروٹ۔ شہد کی مکھیاں۔ پہاڑ کی
چوٹی جو ٹوٹنے کے بعد کنگرہ کی مانند
رہ جائے۔ ج شِثَاث۔ واحد (الشَثَّۃُ)
الشَثُّ: ہر چیز کی بہت تعداد۔
شَثِرَتْ (س) شَثَرًا۔ عَیْنُہٗ: آنکھ
موٹی ہونا۔
الشِثْرُ۔ پہاڑ کا کنارہ۔ ج شُثُورٌ۔
قَنَاۃٌ (شَثِرَۃٌ) نیزہ کہ جس کے ٹکڑے ٹوٹنے
کے وقت اُڑیں۔
شَثِلَتْ (س) شَثَلًا و شَثُلَتْ (ک)
شُثُولَۃً۔ اَصَابِعُہٗ: موٹی ہونا۔
شَثِلٌ۔ الاَصَابِعِ: سخت اور موٹی
انگلیوں والا۔
قَدَمٌ (شَثْلَۃٌ) موٹا اور سخت قدم۔
شَثِنَ۔ بمعنی شَثِلَ۔
شَجَّ (ن ض) شَجًّا۔ الرَاسَ: زخمی
کرنا۔ توڑنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَشُجُّ مَرَّۃً وَ
یَاْسُوْ مَرَّۃً" فلاں کبھی غلطی کرتا ہے کبھی درست
کرتا ہے۔ شَجَّ المَفَازَۃَ: بیابان طے کرنا۔
— المَرْکَبُ البَحْرَ: جہاز کا سمندر کو پھاڑنا۔
— الشَرَابَ بِالمَاءِ: ملونی کرنا۔ کہا جاتا ہے
"شَجَّ الاَرْضَ بِرَاحِلَتِہٖ" یعنی بہت تیز
چلایا۔
شَجَّ (س) شَجَجًا۔ سر میں زخم یا نشانِ
زخم والا ہونا۔ صفت (اَشَجُّ و شَجِیْجٌ) ج شُجٌّ
و (شُجُوْجٌ و مَشْجُوْجٌ) اَلشَجِیْجُ و المَشْجُوْجُ: میخ ٹھونکی

شَجَّجَہٗ۔ سر کو بہت زخمی کرنا۔ شَجَّجَ عَلَی
الاَمْرِ: پختہ ارادہ کرنا۔
شَاجَّ مُشَاجَّۃً و شِجَاجًا و تَشَاجَّ۔
القَوْمُ: ایک دوسرے کے سر کو زخمی کرنا۔
الشَجَاجُ۔ فضائے آسمانی۔
الشَجَّۃُ۔ سر کا زخم۔ ج شِجَاجٌ
الشَجَجُ۔ مص۔ پیشانی میں زخم کا نشان
الشَجَّاجُ۔ سر کو بہت زخمی کرنے والا۔
شَجَبَہٗ (ن) شَجْبًا۔ ہلاک کرنا۔ غمگین کرنا
کھینچ کر مشغول کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّکَ لَتَشْجُبُنِیْ
عَنْ حَاجَتِیْ" تو مجھ کو میری حاجت سے مشغول
رکھتا ہے۔ "شَجَبَ القِنِّیْنَۃَ بِشِجَابٍ" اس نے
شیشی میں ڈاٹ لگائی۔
شَجَبَ (ن) شُجُوْبًا و شَجِبَ
(س) شَجَبًا۔ ہلاک ہونا۔ مرنا۔ غمگین ہونا۔
صفت (شَجِبٌ و شَاجِبٌ) — الشَیْءُ: جانا۔
شَجَبَ (ن) شَجِیْبًا۔ الغُرَابُ: کوّے
کا جدائی کے لئے آواز کرنا۔
اَشْجَبَہٗ۔ غمگین کرنا۔
تَشَاجَبَ۔ الشَیْءُ: خلط ملط ہونا بعض
کا بعض میں داخل ہونا۔
تَشَجَّبَ۔ غمگین ہونا۔
الشَجْبُ۔ مص۔ حاجت۔ غم۔ ستون خانہ
مشک کہ جس کا نصف کاٹ کر ڈول بنا لیں
ج شُجُوْبٌ و اَشْجَابٌ۔
الشَجَبُ۔ مص۔ رنج و تکلیف جو مرض
یا قتال کی وجہ سے لاحق ہو۔ ج شُجُوْبٌ۔
الشَاجِبُ۔ بہت بک بک کرنے والا۔
مِنَ الغِرْبَانِ: بہت کائیں کائیں کرنے والا
کوّا۔
الشِجَابُ۔ شیشی وغیرہ کی ڈاٹ۔ ج شُجُبٌ
(— و الشَجْبُ و المِشْجَبُ) لکڑی کا اسٹینڈ
جس پر کپڑے رکھے اور پھیلائے جاتے ہیں۔
الشَجْبَاءُ۔ مشک۔
الشَجْذَۃُ۔ نرم بارش۔

المِشْجَاذُ۔ گوپھن۔
شَجَرَ (ن) شَجْرًا۔ الشَیْءَ: باندھنا۔
— فُلَانًا: علیحدہ کرنا۔ منع کرنا۔ کہا جاتا ہے۔
"مَا شَجَرَکَ عَنْ کَذَا" تم کو فلاں سے کس چیز نے
روکا — الرَجُلَ بالرُمْحِ: نیزہ مارنا — فَمَہٗ:
لکڑی سے کھولنا — الدَابَّۃَ: جانور کو
ٹھہرانے کے لئے لگام سے مارنا یہاں تک کہ
منہ کھول دے — الشَجَرَۃَ: درخت کے بعض
حصے کو پکڑنا — البَیْتَ: ستون لگانا۔
— النَبَاتَ: جھکی ہوئی ٹہنیوں کو اٹھانا۔
شَجَرَ (ن) شَجْرًا و شُجُوْرًا۔ بَیْنَہُمْ
اَمْرٌ۔ مختلف فیہ ہونا اور کہا جاتا ہے "شَجَرَ مَا
بَیْنَہُمْ" باہم جھگڑنا۔
شَجِرَ (س) شَجَرًا۔ الرَجُلُ: بہت
جمعیت والا ہونا۔
شَجَّرَ۔ النَبَاتُ: درخت ہو جانا ——
النَخْلَ: ٹوٹنے کے خوف سے خوشہ کو ٹہنی پر رکھنا
شَاجَرَہٗ مُشَاجَرَۃً۔ جھگڑا کرنا ——
المَاشِیَۃُ: گھاس وغیرہ ختم ہو جانے سے درخت
کے پتوں پر گزارہ کرنا — المَاشِیَۃَ: جانوروں
کو درخت چرانا۔
اَشْجَرَ۔ المَکَانُ: درخت اُگانا۔
تَشَاجَرَ۔ القَوْمُ: باہم مخالفت کرنا۔ باہم
جھگڑا کرنا۔ تَشَاجَرُوْا بِالرِمَاحِ: باہم نیزہ بازی کرنا
— الشَیْءُ: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
اِنْشَجَرَ۔ جلدی سے چھٹکارا پانا ——
نَوْمُہٗ: نیند کا دور ہونا۔
اِشْتَجَرَ۔ القَوْمُ: باہم جھگڑنا ——
الرَجُلُ: آگے بڑھنا۔ جلدی سے
چھٹکارا پانا۔ ٹھوڑی کے نیچے ہاتھ کا سہارا
دینا۔ اور اسی سے ہے "بَاتَ
مُرْتَفِقًا مُشْتَجِرًا"
— نَوْمُہٗ: نیند کا دور ہونا۔
الشَجَرُ۔ درخت۔ ج اَشْجَارٌ و شُجُرٌ
واحد (شَجَرَۃٌ) شَجَرَاتٌ۔ شَجَرَۃُ النَسَبِ: جس میں

مورثِ اعلیٰ سے لے کر اولاد در اولاد تک کا بیان ہو۔ الشجرۃُ الملعُونۃُ: تھوہڑ کا درخت۔ شجرۃُ الحیات او شجرۃُ معرفۃِ الخیرِ منَ الشر: وہ درخت جس کا پھل کھانے سے حضرت آدم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسّلام کو جنّت میں اللہ تعالیٰ نے منع کیا تھا۔

الشَجَر۔ درخت۔ شَجَر میں ایک لغت ہے

الشَجْر۔ مص۔ مختلف فیہ امر۔ ٹھوڑی یا دونوں جبڑوں کے درمیان کا حصّہ۔ مُنہ کا وہ حصّہ جو بند کرتے وقت ظاہر ہو۔ ج اَشجار و شُجُور و شِجار۔ الحرُوفُ الشَجرِیَّۃُ: ش ض ج۔ اور بقول بعض۔ ش ج ق ک ی۔

الشَجرَۃ۔ اسم مرۃ۔ چاہِ زنخداں۔

مَکانٌ (شَجِرٌ و شَجِیرٌ و اَشجَرُ و مُشجِر) درختوں والی یا بہت درختوں والی جگہ۔ مونث شَجِرۃ و شَجِیرۃٌ و شَجراء و مُشجِرۃ۔

الشَجراء۔ گنجان درخت۔ گنجان درختوں والی زمین۔ اور اس کے مقابلہ میں مرداء ہے یعنی وہ زمین جس میں درخت نہ ہوں۔ اور اسی سے ہے "قطعتُ کُلَّ شَجراء و مَرداء" میں نے ہر قسم کی گنجان درختوں والی اور چٹیل زمین طے کی۔

الشِجار و الشَجار۔ ہودہ کی لکڑی۔ کھلے ہوئے سر کی چھوٹی پالکی۔ الشِجار: دروازے کے پیچھے لگانے کی لکڑی۔ تھوتھنی یعنی لکڑی جو بکری کے بچے کے منہ میں لگائی جائے تاکہ دودھ نہ پیئے۔ کنوئیں پر کی لکڑی۔ اونٹ کا داغ۔ ج شُجُر۔

الشَجِیر۔ تلوار۔ اجنبی اونٹ یا آدمی۔ برا ساتھی۔

الشَجّار۔ درختوں کا ماہر۔ ج شَجّارُون۔

الشَواجِر۔ مشغول رکھنے والی چیزیں۔ مَوانِع۔ رِماحٌ شَواجِر: ایسے نیزے جن کے گھاؤ مختلف جگہ ہوں۔

المَشجَر و المِشجَر۔ ہودہ کی لکڑی۔ کھلے ہوئے سر کی چھوٹی پالکی۔ المِشجَر: درخت کی جگہ

المِشجَر: لکڑی کا اسٹینڈ جس پر کپڑے رکھے یا پھیلائے جاتے ہیں۔ ج مَشاجِر۔

مَکانٌ (مُشجِر) بہت درختوں والی جگہ۔

ثَوبٌ (مُشَجَّر) درخت کی طرح نقش و نگار سے مزیّن کپڑا۔ اہلِ چین کی تحریر کو بھی مُشجّر کہتے ہیں۔ اس لئے کہ وہ بھی درخت کی طرح ہوتی ہے

شَجُعَ (ک) شَجاعۃً۔ دلیر و بہادر ہونا۔

شَجَعَ (ن) شَجْعاً۔ دلیری و بہادری میں غالب ہونا۔

شَجِعَ (س) شَجَعاً۔ لمبا ہونا۔ صفت (اَشجَع) مونث شَجْعاء۔

شَجَّعَ۔ قوی دل بنانا۔ ـــــ علَی الاَمر: جرأت دلانا۔

شَاجَعَ۔ دلیری میں مقابلہ کرنا۔

تَشَجَّعَ۔ بہادر بننا۔ بتکلف دلیری ظاہر کرنا۔

الشُجاع و الشَجاع و الشِجاع۔ دلیر بہادر۔ جری۔ ج شُجعان و شِجعان و شِجاع و شُجَعاء و شَجَعۃٌ و شِجَعۃٌ و شُجعۃ۔

الشُجاع و الشِجاع: ایک قسم کا سانپ۔ ج شُجعان و شِجعان و اَشجِعۃ۔

رَجُلٌ (شَجِعۃٌ و شُجَعۃٌ) عاجز بزدل مرد۔ بے ڈول لمبا۔

الاَشجَع۔ اسم تفضیل۔ بہادر۔ مونث۔ شَجعاء۔ ج شُجع۔ شیر لمبا۔ آگے بڑھنے والا اونٹ ایک قسم کا سانپ۔ زمانہ۔

الاَشجَع و الاِشجَع۔ انگلی کی جڑ جو ظاہر کف کے پٹھے سے ملی ہوتی ہے۔ یا ہتھیلی کی پشت کی رگ۔ ج اَشاجِع۔

الشَجِع۔ بہادر۔ دیوانہ اونٹ۔ جَمَلٌ شَجِعُ القَوائِم: جلدی قدم اٹھانے والا اونٹ

الشَجِیع۔ دلیر۔ بہادر۔ ج شُجعان۔ شِجاع و شُجعاء و اَشجِعۃ۔ مونث شَجِیعۃ۔ ج شَجائِع و شِجاع و شُجُع۔

الشُجُع۔ درخت کی جڑیں۔

الشَجاعۃ۔ دلیری۔ بہادری۔ خوف کے وقت دل کی مضبوطی۔

المُشجَع۔ انتہائی پاگل۔

الشَجْعَم۔ شیر۔ لمبا قد۔ جسیم انسان یا انسان کی گردن۔

الشَجعَم۔ ہلاکت۔

الشُجعُم۔ لمبی اور بڑی مصیبتیں۔

شَجَنَ (س) و شَجُنَ (ک) شَجَناً و شُجُوناً۔ غمگین ہونا۔ صفت (شاجِن)

شَجَنَہٗ (ن) شَجناً و شُجُوناً و شَجَنَہ غمگین کرنا۔

شَجَنَت (ن) شُجُوناً۔ الحمامۃُ: کبوتر کا غم کے ساتھ نوحہ کرنا۔

اَشجَنَہٗ۔ غمگین کرنا۔ اَشجَنَ الکرمُ: انگور کے درخت کا پیچیدہ اور الجھی ہوئی شاخوں والا ہونا۔

تَشجَّنَ۔ حرکت کرنا۔ غمگین ہونا ـــــ الاَمرَ: یاد کرنا ـــــ الشجرُ: درخت کا گنجان ہونا

الشَجَن۔ مص۔ الشُجن۔ ج شُجُون و (الشاجِنۃ۔ ج شَواجِن۔ وادی کا راستہ یا وادی کے بالائی حصّہ کا راستہ۔

الشَجَن۔ مص۔ غم۔ اندوہ۔ خواہشِ نفس ج شُجُونٌ و اَشجانٌ۔ (الشِجن و الشِجنۃ و الشُجنۃ۔ و الشَجنۃ) الجھی ہوئی پیچیدہ ٹہنی ہر چیز کی شاخ۔ کہتے ہیں "الحدیثُ ذُو شُجُون" یعنی بات میں بات نکلتی ہے۔ الشِجنۃ: پہاڑ کا شگاف۔ شِجنۃ و شُجنۃ کی جمع شُجَن و شِجَن و شِجنات و شِجَنات و شُجُنات۔

شَجا (ن) شَجواً و اَشجیٰ اِشجاءً۔ الرجلَ: غمگین کرنا۔ خوش کرنا (ضد) برانگیختہ کرنا۔ اَشجیٰ الغریمَ او السائلَ: قرضخواہ یا سائل کو اس کی خواہش کے مطابق دینا۔

شَجِیَ (س) شَجاً۔ غمگین ہونا ـــــ بالشجا: حلق میں ہڈی پھنس جانے سے گھٹنا۔ اور اسی سے ہے "علیک بالکظم و ان شجیت"

بالعَظمِ": اگر تمہارے حلق میں ہڈی پھنس جائے تو اپنے اوپر بردباری کو لازم جانو۔ شَجِیَ الغَرِیمُ عَنہُ: جانا۔
تَشَاجَی - حزن وملال ظاہر کرنا۔
الشَّجَا - مہ - ہڈی وغیرہ جو حلق میں پھنس جائے غم - اندوہ۔
الشَّجْوُ - مہ - غم - اندوہ - حاجت - کہا جاتا ہے "لَہُ عِندِی شَجْوٌ" اس کی مجھ سے ایک حاجت ہے - گریہ وزاری کا ایک دور - کہا جاتا ہے "بَکَیٰ فُلانٌ شَجْوَہُ" "وبَکَتِ الحَمَامَۃُ شَجْوَہَا"۔
الشَّجِی الشَّجِیّ - غمگین - فکرمند - مؤنث شَجِیَۃ وشَجِیّۃ - اور نسبت کے لئے (الشَّجَوِیُّ) مَفَازَۃٌ (شَجْوَاءُ) دشوار گزار بیابان۔
الشَّجَوجَی والشَّجَوجَاۃ - لگاتار ہوا۔
الشَّجَوجَی: بہت لمبا یا لمبا موٹی ہڈیوں والا - موٹا فربہ گھوڑا۔
المَشْجُوُّ - اندوہناک۔
شَحَّ (ن ض س) شُحًّا وشَحًّا وشُحًّا - بالشَّیءِ وعَلَی الشَّیءِ: بخل کرنا حرص کرنا۔
شَاحَّ - بالشَّیءِ عَلَی فُلانٍ: کسی سے کسی چیز کا بخل کرنا — ہ: کسی سے جھگڑا کرنا اسی سے ہے "لاَمُشَاحَّۃَ فِی الأَمرِ" یعنی معاملہ بالکل صاف ہے اس میں کوئی مناقشہ اور جھگڑا نہیں۔
شَاحَّ - القَومُ عَلَی الأَمرِ وفِیہِ: کسی چیز میں باہم بخل کرنا۔ تَشَاحُّوا عَلَی الشَّیءِ: اپنے لئے اختیار کرنے کا ارادہ کرنا۔ تَشَاحَّ الخَصمَانِ فِی الجَدَلِ: ہر ایک کا غالب ہونے کا ارادہ کرنا۔
الشُّحُّ - مہ۔
الشَّحِیحُ - بخیل - حریص - ج شِحَاحٌ و أَشِحَّۃٌ وأَشِحَّاءُ - مؤنث شَحِیحَۃٌ - ج شَحَائِحُ - إِبِلٌ شَحَائِحُ - کم دودھ والی اونٹنیاں۔
الشَّحَاحُ - بخیل - حریص - الشَّحَاحُ مِنَ الأَرضِ: وہ زمین جو بغیر زیادہ بارش کے پانی نہ بہائے - زَندٌ شَحَاحٌ: چقماق جو آگ نہ دے

مَاءٌ شَحَاحٌ: تھوڑا پانی جو زمین کو نہ ڈھکے۔
شَحَبَ (ف ن) وشَحُبَ (ک) وشَحِبَ شُحُوبَۃً وشُحُوبًا - لَونُہُ: بھوک یا مرض وغیرہ کی وجہ سے چہرے کا رنگ بدلنا۔
الشَّاحِبُ - فا - لاغر یا رنگ بدلا ہوا۔ اور کہا جاتا ہے "شَاحِبُ اللَّونِ" جیسے کہا جاتا ہے۔ "شَاحِبُ الجِسمِ"
شَحَتَ (ف) شَحْتًا - المُدیَۃَ: چھری تیز کرنا۔
شَحَجَ (ن ض) شَحِیجًا وشُحَاجًا و تَشْحَاجًا وتَشَحَّجَ - البَغلُ أَوِ الغُرَابُ: خچر کا ہنہنانا - کوے کا کائیں کائیں کرنا۔
الشَّحَّاجُ والمِشحَجُ والشَّاحِجُ - گورخر - بَنَاتُ شَحَّاجٍ وبَنَاتُ شَاحِجٍ: خچریں
شُحَاجُ - البَغلِ أَوِ الغُرَابِ د (شَحِیجُہُمَا) خچر یا کوؤں کی آواز۔
الشَّوَاحِجُ - کوے۔
شَحَذَ (ف) شَحْذًا - السِّکِّینَ ونَحوَہُ: چھری تیز کرنا - صفت مفعولی (شَحِیذٌ وشَحِیذٌ) — ہ بِبَصَرِہِ: گھورنا — ہ بِعَینِہِ: نظر بد لگانا — الجُوعُ مَعِدَتَہُ: سخت بھوک لگنا — فِی التَّسَوُّلِ: مانگنے میں بہت اصرار کرنا۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ یَشحَذُ النَّاسَ" وہ لوگوں سے اصرار سے مانگتا ہے — عَلَیہِ: غضبناک ہونا الدَّابَّۃَ: جانور کو تیز ہانکنا (— وتَشحَاذًا) ہٹانا - دھتکارنا وتَشَحَّذَ الرَّجُلُ: سوال کرنے میں اصرار کرنا۔
أَشحَذَ - السِّکِّینَ: چھری تیز کرنا۔
شَاحَذَہُ - تلوار وغیرہ تیز کرنے میں مشابہت کرنا۔
الشَّحَّاذُ - گداگر - سائل - ج شَحَّاذَۃٌ (الشِّحَاذَۃُ) گداگری کا پیشہ۔
الشَّحْذَانُ والشَّحَذَانُ - بھوکا - ہانکنے والا - ہلکا چلنے والا - رَجُلٌ (شَحْذُوذٌ) تیز اور غصہ کے وقت

طیش میں آنے والا۔
المِشحَذُ - چھری وغیرہ تیز کرنے کا سامان، تیز ہانکنے والا۔
المِشحَاذُ - ٹیلہ - پہاڑ کی چوٹی۔ ج مَشَاحِیذُ۔
المَشحَذَۃُ - وہ چیز جو باعث تیزی ہو، کہا جاتا ہے "ہٰذَا الکَلاَمُ مَشحَذَۃٌ لِلفَہمِ" یہ کلام سمجھ کے لئے باعث تیزی ہے۔
شَحَرَ (ف) شَحْرًا - منہ کھولنا۔
الشَّحرُ - مہ - پانی بہنے کی جگہ - بطن وادی (— والشِّحرُ) کنارہ - ساحل۔
شَحرُ عُمَانَ وشِحرُ عُمَانَ: عمان اور عدن کے درمیان کا ساحل۔
الشِّحرَۃُ - تنگ ساحل۔
الشَّحرُورُ - کالے رنگ کا چڑیا سے بڑا ایک خوش آواز پرندہ - ج شَحَارِیرُ — اور اس کو (شُحرُور) بھی کہا جاتا ہے۔
شَحِزَ (س) شَحَزًا - گھبرانا - ڈرنا۔
شَحَزَ (ف) شَحزًا - جماع کرنا۔
شَحشَحَ - البَعِیرُ: اونٹ کا آواز کو پھرانا — الطَّائِرُ: پرندہ کا جلدی سے اڑنا — چوکنا رہنا — الصُّرَدُ: آواز کرنا۔
الشَّحشَحُ والشَّحشَاحُ - بے برکت بخیل - بدخلق - ہمیشگی کرنے والا - الشَّحشَحُ: وسیع بیابان - بہادر مرد - غیرت دار - خوش بیان لکچرار۔
الشَّحشَحَانُ - بخیل - غیرت دار - لمبا۔
المُشَحشِحُ والمُشَحشَحُ - بے برکت
أَشحَصَ - تھکانا — مِنَ المَکَانِ و (شَحَصَہُ) عَنہُ: دور کرنا - ہٹانا - جلاوطن کرنا۔
الشَّحُوصُ - تھکن کی وجہ سے دبلی اونٹنی۔
شَحَطَ (ف) شَحطًا وشُحطًا وشُحُوطًا ومَشحَطًا - الإِنَاءَ: برتن بھرنا — اللَّبَنَ: دودھ میں زیادہ پانی ملانا — العَقرَبُ الرَّجُلَ: بچھو کا ڈسنا — الطَّائِرُ: پرندہ کا

بیٹ کرنا — فُلَانًا: سبقت لے جانا (—
وشَحِطَ (س) شَحَطًا) المکانُ: دور ہونا۔ شَحَطَ
وشَحِطَ الجملُ: اونٹ کو ذبح کرنا۔
شُحِطَ۔ بالدمِ: خون سے لتھڑنا۔
شَحَّطَہٗ۔ خون میں لتھیڑنا۔
اَشحَطَہٗ۔ دور کرنا۔
تَشَحَّطَ۔ بالدمِ: خون سے لتھڑنا۔
الشَّحط۔ مص۔ خون میں لت پت ہونا۔
پرندہ کی بیٹ (— والمِشحَط) — انگور کی
ٹہنیوں کو اٹھانے کا تھم۔ عوام اس کو
(مَشمُوک) کہتے ہیں۔
مَنزِلٌ (شَاحِطٌ) دُور کی منزل۔
الشَّحَاط۔ دور۔
شَوَاحِط۔ الاَودِیَۃ: دور کی وادیاں۔
الشَّوحَطَۃ۔ لمبی گھوڑی۔
شَحَکَ (ف) شَحکًا۔ الجدیَ: بکری
کے بچے کے منہ میں تھوتھنی لگانا۔
الشِّحَاک۔ تھوتھنی جو بکری کے بچے کے
منہ میں لگائی جائے تاکہ دودھ نہ پیے۔
شَحَلَ۔ الکرمَ: انگور کی بیل تراشنا
کلمۂ عامیہ ہے۔ فصیح تَعَنَّبَ ہے۔
شَحَمَہٗ (ف) شَحمًا۔ چربی کھلانا۔
شَحُمَ (ک) شَحَامَۃً۔ بہت چربی دار
ہونا۔ صفت (شَحِیم)
شَحِمَ (س) شَحَمًا۔ چربی کی خواہش کرنا
صفت (شَحِم)
شَحِمَتْ (س ن) شُحُومًا۔ الناقۃُ:
لاغری کے بعد موٹی ہونا۔
اَشحَمَ۔ بہت چربی والا ہونا (— و
شَحَّمَ) القومَ: چربی کھلانا۔
الشَّحم۔ چربی۔ ایک ٹکڑے کو (شَحمَۃ)
کہتے ہیں۔ ج شُحُوم۔
الشَّاحِم والشَّحَّام۔ چربی بیچنے والا۔
الشَّحَّام: بہت چربی کھلانے والا۔ کہا جاتا ہے
"رَجُلٌ شَاحِمٌ لَاحِمٌ" چربی دار پُر گوشت مرد
یا لوگوں کو بہت چربی کا گوشت کھلانے والا
الشَّحمَۃ۔ چربی کا ٹکڑا۔ شَحمَۃُ الارضِ:
کیچوا۔ سانپ کی چھتری۔ شَحمَۃُ الارضِ وشَحمَۃُ
الرَّملِ: گرگٹ کی قسم کا ایک جانور جو زمین یا
ریت میں گھس کر رہتا ہے — العینِ: آنکھ
کا غلہ۔ شَحمَۃُ الاُذُنِ: کان کی لو —
شَحمَۃُ الرُّمّانِ: انار کے اندر کا باریک چھلکا
— المرجِ: خطمی۔ اور امثال میں سے ہے
"ما کلُّ بیضاءَ شَحمَۃٌ ولا کلُّ سوداءَ تمرۃٌ" ہر
سفید چیز چربی اور ہر سیاہ چیز کھجور نہیں
ہوتی۔ اس موقع پر بولتے ہیں۔ جب کسی
ایک صفت میں مشابہت اور بقیہ صفات
میں مغائرت ہو۔
الشَّحِم۔ تھوڑے رس کا انگور۔ چربی
کا حریص۔
الشَّحَم۔ اکڑ۔
الشَّحِیم۔ موٹا۔
الشَّحِیمُ والشَّحِیمَۃ۔ سریانیوں کے
فرائض نماز کی کتاب (کلمہ سریانیہ ہے)
المِشحَمُ والمُشحِم۔ گھر میں بہت
چربی رکھنے والا۔
المُشَحَّم والمَشحُوم۔ چربی کی بنی ہوئی
چیز۔
شَحَنَ (ف) شَحنًا۔ السفینۃَ: کشتی پر
لادنا — المدینۃَ بالخیلِ: بھرنا — الرجلَ:
دھتکارنا۔ دور کرنا۔
شَحَنَ (ف ن) وشَحِنَ (س) شَحنًا۔
الکلابُ: کتوں کا دُور تک جانا اور شکار نہ
کرنا۔
شَحِنَ (س) شَحَنًا۔ علیہِ: کینہ رکھنا
اَشحَنَ۔ المکانَ: بھرنا — السیفَ:
میان میں کرنا۔ سونتنا (ضد) — لہٗ بسہمٍ:
تیر مارنے کے لئے تیار کرنا — الصبیُّ:
رونے کے لئے آمادہ ہونا۔
شَاحَنَہٗ۔ بغض وعداوت رکھنا۔ دشمنی
کرنا۔
تَشَاحَنُوا۔ ایک دوسرے سے بغض رکھنا۔
الشَّحنَاء۔ بغض۔ کینہ۔ دشمنی۔ عداوت۔
الشَّحنَۃ۔ عداوت۔ دشمنی۔ کشتی بھرنے
کی چیز۔ شِحنَۃُ البلدِ: پولیس۔ کوتوال۔ سواروں
کی جماعت کا ایک دستہ۔ کہا جاتا ہے:
"بالبلدِ شِحنَۃٌ من الخیلِ" شہر میں سواروں
کی جماعت کا ایک دستہ ہے۔ الشِّحنَۃ:
چارپایوں کے لئے ایک دن رات کا چارہ۔ ج
شِحَن۔ مَرکَبٌ (شَاحِنٌ) بھری ہوئی سواری۔
المُشَاحِن۔ فا۔ عَدُوٌّ مُشَاحِنٌ: بہت
سخت دشمنی کرنے والا دشمن۔
شَحَا یَشحُو ویَشحَا شَحوًا۔ الرجلُ: منہ
کھولنا — اللجامُ فمَ الفرسِ: کھولنا۔
شَحَا الرجلُ: قدم کو دُور دُور رکھنا —
الفمُ: کھلنا۔
اَشحَی۔ فاہُ: کھولنا۔
شَحَّی تَشحِیَۃً۔ فُوہُ: منہ کھلنا۔
تَشَحَّی۔ علیہِ: زبان درازی کرنا۔
الشَّحَاء۔ وسیع۔ کشادہ۔ چوڑا۔
الشَّحو۔ جوف۔
الشَّحوَۃ۔ اسم مرۃ۔ قدم۔ کہا جاتا ہے "فرسٌ
بعیدُ الشَّحوَۃِ" دُور دُور قدم رکھنے والا گھوڑا۔
"رجلٌ بعیدُ الشَّحوَۃِ فی مقاصدِہٖ" اپنے
مقاصد میں عالی ہمت مرد۔
الشَّحوَاء۔ چوڑا کنواں۔
شَحِیَ یَشحَی شَحیًا۔ ایک لغت ہے شَحَا
واوی میں۔
شَخَّ (ن) شَخًّا۔ پیشاب کرنا — فی النومِ:
خراٹے لینا — اللبنُ: دوہنے کے وقت
آواز نکلنا۔
شَخَبَ (ف ن) شَخبًا ومَشخَبًا۔ اللبنَ:
دوہنا — اللبنُ: بہنا — اَوداجُ القتیلِ
دمًا: مقتول کی رگوں سے خون جاری ہونا۔
اِنشَخَبَ۔ دوہا جانا۔

الشِّخاب۔ تازہ دودھ۔
الشَّخب۔ مص۔ خون (ـــــ الشُّخبُ)
دودھ کی دھار۔ واحد (الشُّخبۃ) ج شِخاب
الاُشخُوب۔ تھن سے دودھ نکلنے کی
آواز۔ ج اَشاخیب۔
وَدَجٌ (شَخِیبٌ) خون پھینکنے والی رگ۔
الشِّنخاب والشُّنخُوب والشُّنخُوبۃ
پہاڑ کی چوٹی۔ ج شَناخیبُ۔
شَخُتَ (ک) شُخُوتۃً۔ دُبلے جسم
والا ہونا۔ صفت (شَخْت و شَخِت) ج
شِخات۔ کہا جاتا ہے۔ "ہُوَ شَخْتُ الخُلُق" وہ
دنی خلاق والا ہے۔ "ہُوَ شَخْتُ العَطاء"
وہ کم داد و دہش والا ہے۔ "ہُوَ شَخْتُ الجُزارۃ"
وہ باریک ٹانگوں والا ہے۔
شَخَتَہٗ۔ الیہ: پہچانا۔
الشُّخت والشِّخِیت والشَّخِیت
والاُشخُوت۔ بلند غبار۔
الشَّختُور والشَّختُورۃ۔ ڈونگی۔ جس
میں ایک ہی آدمی سوار ہو۔
شَخَرَ (ض)، شَخِیرًا۔ حلق یا ناک سے
آواز نکالنا۔
شَخَرَ (ض) شَخِیرًا و شَخْرًا۔ الفَرَسُ
او الحمارُ: گھوڑے کا ہنہنانا۔ یا گدھے کا
رینکنا۔
شَخَرَ۔ الحِلسَ: کجاوہ باندھنے کیلئے
جانور کی پیٹھ سے ٹاٹ یا کمبل اٹھانا ـــــ
النخلَ: ٹوٹنے کے خوف سے کھجور کے گچھوں
کو ٹہنی پر رکھنا۔
الشَّخْر۔ مص۔ مِنَ الشَّباب: ابتداء
جوانی ـــــ مِنَ الرَّحل: کجاوہ کے اگلے اور
پچھلے حصہ کی درمیانی جگہ۔
الشَّخِیر۔ مص۔ پہاڑ کا وہ حصہ جو قدموں
سے لگ کر گرے۔
الشِّخِّیر۔ بہت خراٹے لینے والا۔
شَخَزَ (ن) شَخْزًا۔ مضطرب ہونا۔

ـــــ عَلَیہِ الاَمرُ: دشوار ہونا ـــــ ہ بالرُّمح:
نیزہ مارنا ـــــ بَینَہُم: اکسانا اور فساد ڈالنا۔
تَشَاخَزَ۔ القَومُ: باہم بغض رکھنا۔
الشَّخْز۔ مص۔ رنج و مشقت کی شدت
شَخَسَ (ف) شَخْسًا۔ الرَّجُلُ: مضطرب
ہونا ـــــ الحِمارُ: گدھے کا جمائی کے وقت
منہ کھولنا۔
اَشخَسَ۔ الرَّجُلَ و بِہٖ: غیبت کرنا۔
اُشخِسَ لَہٗ فِی المَنطِقِ: گفتگو میں ترش روئی کرنا
شَاخَسَ۔ اَمرُ القَومِ: مختلف ہونا۔
ـــــ الحِمارُ: لید سونگھنے کے بعد سر اٹھا کر
منہ کھولنا۔
تَشَاخَسَ۔ الحِمارُ: بمعنی شَخَسَ اَو شَاخَسَ
ـــــ اَسنانُہٗ: بڑھاپے کی وجہ سے گر کر یا
جھک کر بے ترتیب ہونا ـــــ اَمرُہُم: تباہ
و پریشان ہونا۔
الشَّخِیس۔ حکم کے خلاف کرنے والا۔
امر متفرق۔
شَخشَخَ۔ بِبَولِہٖ: دور تک پیشاب کی
دھار گرانا۔ صفت (شَخشاخ) شَخشَخَت
النّاقَۃُ: بیٹھے ہوئے سینہ اٹھانا۔
الشَّخشَخۃ۔ مص۔ ہتھیار کی جھنکار۔ کاغذ
یا نئے کپڑے یا خشک چیز کی آواز۔
شَخَصَ (ف) شُخُوصًا۔ الشَّیءُ: بلند
ہونا ـــــ عَن قَومِہٖ اَو مِن بَلَدٍ اِلیٰ بَلَدٍ:
جانا۔ کوچ کرنا ـــــ اِلَیہِم: واپس آنا۔ لوٹنا
ـــــ النَّجمُ: ستارہ کا طلوع ہونا ـــــ السَّہمُ:
تیر کا نشانہ سے اوپر اوپر نکل جانا ـــــ الجُرحُ:
سوجنا اور ورم کرنا ـــــ بَصَرُہٗ: ٹکٹکی لگانا۔
المَیِّتُ بَصَرَہٗ و بِبَصَرِہٖ: میت کی نگاہ
کا کھلا رہ جانا۔
شُخِصَ۔ بِہٖ: کسی امر کے لاحق ہونے سے
بے قرار ہونا۔
شَخُصَ (ک)، شَخَاصَۃً۔ موٹا ہونا۔
شَخَّصَ۔ الشَّیءَ: تعین کرنا۔ تمیز کرنا اور

اسی سے اَطبّاء کے نزدیک تشخیص امراض ہے۔
اَشخَصَہٗ۔ بے آرام کرنا۔ بیقرار بنانا۔
اَشخَصَ الرَّجُلُ: جانے کا وقت قریب ہونا۔
ـــــ بِہٖ: غیبت کرنا ـــــ لَہٗ فی المَنطِقِ و اَشخَصَ
اِلَیہِ: گفتگو میں ترش روئی کرنا ـــــ
ہ اِلیٰ قَومِہٖ: واپس کرنا۔ لوٹانا ـــــ الرّامِی:
نشانہ سے ہٹ کر بلند پڑنا یا ڈالنا۔
(لازم و متعدی)
تَشَخَّصَ۔ معین ہونا۔ ممیز ہونا ـــــ لَہٗ:
کسی شخص کی صورت دکھائی دینا۔
تَشَاخَصُوا۔ باہم اختلاف کرنا۔
الشَّخص۔ جسم انسانی وغیرہ جو دور سے
دکھائی دے۔ ج اَشخُصٌ و اَشخاصٌ و
شُخُوصٌ۔
الشَّخِیص۔ جسیم۔ مؤنث شَخِیصَۃ۔ سردار
ـــــ مِنَ المَنطِقِ: ترش روئی سے گفتگو
کرنے والا۔
الشَّخف۔ دودھ دوہنے کی آواز۔
الشِّخاف۔ دودھ۔
شَخَلَ (ن) شَخْلًا۔ الشَّرابَ: صاف
کرنا ـــــ النّاقۃَ: دوہنا۔
شَاخَلَہٗ۔ خالص دوستی کرنا۔
الشَّخل والشَّخِیل۔ خالص دوست۔
المِشخَل والمِشخَلۃ۔ چھلنا۔
المِشخَلَبۃ۔ موتی کے مشابہ سفید مہرہ۔
ایک زیور کا نام جو درخت خرما کی چھال
اور مہرہ سے بناتے ہیں۔ اور کبھی اس لڑکی
کو بھی مِشخَلَبۃ کہتے ہیں جو اس زیور کو استعمال
کرے۔
شَخُمَ (ن)، و شَخِمَ (س) و شَخُمَ (ک)
شُخُومًا و شَخْمًا و اَشخَمَ۔ الطَّعامُ او
اللَّحمُ: بگڑنا۔ خراب ہونا۔ فاسد ہونا۔ صفت
(شَخِم) ـــــ الفَمُ: منہ کا بدبودار ہونا۔ اَشخَمَ
الرَّجُلُ: رونے کے لئے تیار ہونا۔
شَخَّمَ۔ الطَّعامَ: خراب کرنا۔

— الطَّعَامُ: خراب ہونا — الفَمُ: مُنہ کا بدبودار ہونا۔

اِشْخَامَّ۔ النَّبتُ: خشک وتر گھاس کا آپس میں مِل جانا۔

شَعْرٌ (اَشْخَمُ) سفید بال۔ رَوْضٌ اَشْخَمُ: بے نباتات کے باغ۔ عَامٌ اَشْخَمُ: خشک سال جس میں نہ پانی ہو نہ چراگاہ۔

الشُّخُمُ۔ وہ لوگ جن کی ناک خوشبو یا بدبو سے بند ہوگئی ہو۔

الشَّخَا۔ شورہ زار۔

شَدَّ (ض ن) شَدًّا۔ الرَّجُلُ: دوڑنا۔ — النَّهَارُ: بلند ہونا — عَضُدَهُ: قوی کرنا — الشَّيْءَ: مضبوط کرنا۔ باندھنا۔ کسنا اور اسی سے ہے "شَدُّ الرِّحَال" اور یہ کنایہ ہے سفر سے — عَلَى يَدِهِ: اعانت کرنا۔ تقویت پہونچانا۔ اور کہا جاتا ہے "لَا اَمْلِکُ شَدًّا وَلَا اِرْخَاءً" یعنی میں کسی چیز پر قادر نہیں۔

شَدَّ (ن ض) شَدًّا وشَدَّةً وشُدُودًا عَلَى الْعَدُوِّ: دشمن پر حملہ کرنا۔

شَدَّ (ض) شِدَّةً۔ قوی ہونا۔

شَدَّدَهُ۔ قوی کرنا۔ شَدَّدَ الضَّرْبَ: بہت مارنا — عَلَيْهِ: تنگی کرنا — الحَرْفَ: تشدید لگانا — الشَّيْءَ: مضبوط کرنا۔

شَادَّهُ۔ فِي الاَمْرِ: غالب ہونیکی کوشش کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ جھگڑنا۔ سختی کرنا۔

اَشَدَّ۔ عقل یا عمر کی پختگی کو پہنچنا۔ مضبوط چوپایہ والا ہونا۔

تَشَدَّدَ۔ قوی ہونا۔ کسی کام میں سختی کرنا۔

اِشْتَدَّ۔ قوی ہونا — فِي السَّيْرِ: تیز دوڑنا۔ — عَلَى قِرْنِهِ فِي الْحَرْبِ شِدَّةً: حملہ کرنا۔ — عَلَيْهِ الْمَرَضُ: تیز ہونا۔ بڑھنا۔

تَشَادَّ۔ الشَّيْءُ: مضبوط ہونا۔

الشَّدُّ۔ مص۔ شَدُّ النَّهَارِ: دن چڑھنے کا وقت۔ کہا جاتا ہے "اَتَانَا شَدَّ النَّهَارِ وَفِي شَدِّ النَّهَارِ" وہ دن چڑھنے کے وقت ہمارے پاس آیا۔ اور "شَدُّ الرِّحَالِ" کنایہ ہے سفر سے

الشَّدَّةُ۔ شَدَّ کا اسم مرۃ۔ لڑائی کا حملہ

الشِّدَّةُ۔ اشتداد کا اسم ہے۔ سختی۔ تنگی۔ ج شِدَدٌ۔ والشِّدَّةُ: مصیبت۔ ج شَدَائِدُ شِدَّةُ الاَرْضِ: زمین کی سختی۔

الشُّدَّى۔ سختی۔

الشَّدِيدُ۔ بہادر۔ قوی۔ بلند۔ مضبوط بخیل۔ شیر۔ ج اَشِدَّاءُ و شِدَادٌ و شُدُودٌ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَدِيدُ الْعَيْنِ" ایسا شخص جس پر نیند کا غلبہ نہ ہو "مِسْکٌ شَدِيدُ الرَّائِحَةِ" تیز خوشبو والا مشک۔

الشَّدِيدَةُ۔ الشدید کا مؤنث۔ ج شَدَائِدُ۔ و "الحُرُوفُ الشَّدِيدَةُ" آٹھ ہیں جن کا مجموعہ "اجدت طبقک" ہے۔

الاَشُدُّ والاُشُدُّ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَلَغَ اَشُدَّهُ" یعنی فلاں طاقت وقوت کے زمانہ کو پہونچ گیا۔ اور یہ جمع ہے جس کا واحد نہیں یا واحد ہے جو جمع کے وزن پر ہے)

المِشَدُّ۔ ایک قسم کا کپڑا جس کو عورت اپنی کمر پر باندھتی ہے۔

المُشِدُّ۔ مضبوط چوپایوں والا۔

المُتَشَدِّدُ۔ فا۔ بخیل۔ امور میں سختی کرنے والا۔

شَدَحَ (ف) شَدْحًا۔ موٹا ہونا۔ صفت (شادِح)

اِنْشَدَحَ۔ ٹانگوں کو پھیلا کر چت لیٹنا۔

الشَّادِحُ۔ فا — مِنَ الکَلَاِ: وسیع سبزہ

الاَشْدَحُ۔ چوڑا۔

الشُّدْحَةُ والمُشْتَدَحُ۔ فراخی۔ کشادگی۔ کہا جاتا ہے۔ "لَکَ عَنْهُ شُدْحَةٌ او مُشْتَدَحٌ" تمہارے لئے اس میں گنجائش ہے

شَدَخَ (ف) شَدْخًا۔ اعتدال سے ہٹ جانا — الرَّاسَ: سر توڑنا۔ کچلنا — الرَّجُلَ: گردن کٹنے کی جگہ پر مارنا۔ (شَدَخَتْ غُرَّةُ الْفَرَسِ شَدْخًا وشُدُوخًا) ماتھے کی سفیدی کا ناک تک پھیلنا۔ گھوڑے کو (اَشْدَخ) کہتے ہیں۔

شَدَّخَ۔ الرَّاسَ: سر توڑنا۔ (تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔

تَشَدَّخَ و اِنْشَدَخَ۔ الرَّاسُ: سر ٹوٹنا کچلا جانا۔

الشَّدَخُ۔ ناتمام بچہ جو آسانی سے گر جائے۔

الشُّدْخَةُ۔ مِنَ النَّبَاتِ: نرم و نازک تازہ نباتات۔

الشَّادِخُ۔ فا۔ چھوٹا جبکہ نرم و نازک ہو۔ غُلَامٌ شَادِخٌ: جوان لڑکا۔ اَمْرٌ شَادِخٌ: اعتدال سے ہٹا ہوا معاملہ۔

الشَّادِخَةُ۔ الشادخ کا مؤنث۔ گھوڑے کے ماتھے کی سفیدی جو ناک تک پھیلی ہوئی ہو

الاَشْدَخُ۔ شیر — مِنَ الخَيْلِ: ناک تک پھیلی ہوئی سفیدی والا گھوڑا۔ مؤنث شَدْخَاءُ ج شُدُخٌ۔

المُشَدَّخُ۔ مفع۔ گردن کٹنے کی جگہ۔

الشَّادِرُ۔ تخت رواں۔ خیمہ۔ چھوٹا مکان

شَدَفَهُ (ض) شَدْفًا۔ ٹکڑے ٹکڑے کاٹنا

شَدِفَ (س) شَدَفًا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا کلیلیں کرنا۔

اَشْدَفَ۔ اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا

تَشَادَفَ۔ جھکنا۔

الشَّدَفُ۔ مص۔ رخسارے کا جھکاؤ۔ اونٹ کے سر کی پیچیدگی۔ تاریکی۔ کالبد۔ ج شُدُوفٌ

الشَّدِفُ۔ لمبا جلدی کودنے والا۔

الشُّدْفَةُ۔ ٹکڑا (الشَّادُوف) ڈولچی۔ چھاگل (جدید)

الاَشْدَفُ۔ رخسارہ کے جھکاؤ والا۔ نشاط کے ساتھ چلنے والا اونٹ۔ بڑی ڈیل ڈول کا گھوڑا۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔ مؤنث۔ شَدْفَاءُ ج شُدْفٌ۔

شَدِقَ (س) شَدَقًا۔ چوڑے جبڑے والا ہونا۔ صفت (اَشْدَق) مؤنث (شَدْقَاءُ) ج شُدْقٌ۔

تَشَدَّقَ - بتکلف فصاحت ظاہر کرنے کے لئے باچھیں کھولنا — بالکلامِ وفیہِ: بغیر احتیاط کے ہر قسم کی باتیں کرنا۔ لوگوں کے ساتھ ٹھٹھا کرنا۔

الشِدق والشُدق - جبڑا۔ شُدقُ الوادی: وادی کا کنارہ۔ ج اَشداق و شُدُوق۔

الاَشدَق - زبان آور۔ بلیغ۔

الشَدِیق - مِنَ الوادی: کنارہ ج شُدُق

الشَدقَم والشُدَاقِم - چوڑے جبڑے والا۔ شیر۔

الشِدیَاق - عند النصاریٰ: کاہن سے ایک درجہ کم والا پادری۔ ج شَدَایِقَۃ (دخیل)

الشَادِکُونَۃ - بستر۔ مغنیہ (جدید)

الشُودَکان - ہتھیار، ہتھیار کا سامان۔

شَدَنَ (ن) شُدُونًا - الظبیُ: قوی ہونا۔ اور ماں سے بے نیاز ہونا (تمام کھُردار اور سم والوں کے بچوں کے لئے مستعمل ہے)

اَشدَنَتِ - الظبیۃُ: قوی بچے والی ہونا۔ صفت (مُشدِن) ج مَشَادِن و مَشَادِین۔

الشَدَن - ایک پودہ ہے جس کا پھول چنبیلی کے مانند ہوتا ہے۔

الشَادِن - فا۔ جب مطلق بولا جائے تو ہرن کا بچہ مراد ہوتا ہے۔

شَدَہَ (ف) شَدهًا - الرأسَ: سر کچلنا (شَدَہَ و اُشدِہَ) الرجلُ: دہشت میں ڈالنا۔

شُدِہَ - مدہوش ہونا۔

اِنشَدَہَ و اِشتَدَہَ - متحیر ہونا۔

الشَدَہ والشُدہ والشَدَہ - حیرت۔ دہشت۔

المَشَادِہ - مشاغل حیران و بے خود کر دینے والے معاملات۔

شَدَا یَشدُو شَدوًا - الرجلُ: گا کر شعر پڑھنا — الابلَ: حُدی گا کر ہانکنا — الشِعرَ: گانا اور سُر نکالنا — مِنَ العلمِ شیئًا: کچھ حاصل کرنا۔ صفت (شادٍ) ج شُدَاۃ وشَادُون۔ شَدَاہ فلانًا او بِفلانٍ: تشبیہ دینا۔ شَدَا شَدوَہُ: وہ اس کی چال چلا۔

اَشدیٰ اِشدَاءً - گانے میں ماہر ہونا۔

الشَدَا - بقیہ قوت۔ گرمی۔ کھجلی مِنَ الشیءِ: کسی چیز کی حد۔ کنارہ۔ کہا جاتا ہے: "اَخَذَ مِنہُ شَدًا" اس نے اس میں سے تھوڑا سا لیا۔ و "لم یَبقَ مِنَ المَرِیضِ اِلاّ شَدًا" جبکہ قریب الموت ہو جائے۔

الشَدو - مص۔ بہت میں سے تھوڑا سا۔ کہا جاتا ہے: "اَخَذُوا شَدوًا مِن مَالِہ" انھوں نے اس کے بہت سے مال میں سے تھوڑا سا لیا۔

الشَادِ - چپراسی۔ (جدید)

شَذَّ (ن ض) شَذًّا و شُذُوذًا عَنِ الجُمھُورِ اَوِ الجَمَاعَۃِ: علیحدہ ہونا۔ اکیلا ہونا — القولُ: مخالف قیاس ہونا — عَنِ الاُصُولِ: مخالف قاعدہ ہونا۔ صفت (شَاذّ) ج شُذَّاذ و شَوَاذّ۔ مؤنث شَاذَّۃ ج شَوَاذّ والشُذَّاذُ مِنَ النَّاسِ: تھوڑے لوگ اور اسی سے ہے "جَاءُوا شُذَّاذًا" یعنی تھوڑے لوگ آئے۔ وہ لوگ جو کسی قوم میں ہوں اور اُن کے قبیلہ سے نہ ہوں۔ شُذَّاذُ الآفاق: مسافر لوگ۔

شَذَّہٗ (ن) شَذًّا و شَذَّذَہٗ - شاذ کرنا۔

اَشَذَّ - نادر بات کہنا — الشیءَ: جُدا کرنا۔ شاذ کرنا۔

الشُذَّان والشَذَّان - متفرق کنکریاں وغیرہ۔ شُذَّانُ النَّاسِ: متفرق لوگ۔

شَذَبَ (ن ض) شَذبًا و شَذَّبَ - اللِحَاءَ: چھال چھیلنا — الشیءَ: کاٹنا۔ شَذَّبَ: وشَذَّبَ الشجرَ: درخت کو چھانٹنا — المالَ: بکھیرنا۔ شَذَّبَ عَنہُ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔ شَذَّبَہٗ: دھتکارنا۔

تَشَذَّبَ - ہٹنا۔ دور ہونا — القومُ: متفرق ہونا۔

الشَذَب - درخت کے ٹکڑے۔ متفرق لکڑیاں۔ چھلکے۔ سامانِ خانہ۔ کھائی ہوئی گھاس کا بقیہ۔ کہا جاتا ہے: "فی الارضِ شَذَبٌ مِنَ الکَلَاءِ" "وَمالہ اِلاّ شَذَبٌ مِنَ العَسکرِ" ہر ایک بقیہ کے معنی میں ہے۔ ج اَشذَاب۔

الشَذبَۃ - درخت کی کاٹی ہوئی ٹہنی۔

الشَاذِب - فا۔ وطن سے دور۔

الشَوذَب - مِنَ الرجالِ: لمبا خوبصورت قدوالا۔ ہر چیز کا عمدہ حصہ۔

المِشذَب - شاخ تراشی کا آلہ۔

المُشَذَّب - مفو۔ کانٹوں سے صاف کیا ہوا تنہ۔ فرسٌ مُشَذَّب - لمبا گھوڑا جس میں گوشت زیادہ نہ ہو۔

شَذَّرَ - النظمَ: مہرہ لگا کر جدا کرنا۔ کہا جاتا ہے "شَذَّرَ کَلَامَہُ بِالشِعرِ" کلام میں شعر داخل کرنا — بِفلانٍ: بدنام کرنا۔

تَشَذَّرَ - برائی یا مقابلہ کے لئے تیار ہونا۔ غضبناک ہونا۔ سبک ہونا اور کام کے لئے چست ہونا — ہ: دھمکانا — القومُ: متفرق ہونا اور اپنی اپنی راہ لینا — القوم فی الحربِ: حد سے گزرنا۔

الشَذر - سونے کا ٹکڑا جو کان سے نکالا جائے۔ مہرہ جس سے لڑی میں موتیوں کو جدا کیا جائے۔ چھوٹے موتی۔ واحد (الشَذرَۃ) ج شَذَرَات و شُذُور۔ کہا جاتا ہے: "تفرَّقُوا شَذَرَ مَذَرَ و شِذرَ مِذرَ" وہ سب بکھر گئے۔ اور ہر ایک نے اپنی راہ لی۔

الشَوذَر - چادر۔ بے آستین کی قمیص۔

رَجُلٌ (شِنِّیذَارَۃ) صاحب غیرت مرد۔

المُتَشَذِّر - شریر۔

شَذَفَ (ن) شَذْفاً - کہا جاتا ہے۔ "مَا شَذَفْتُ مِنْهُ شَيْئاً" میں نے اس سے کچھ حاصل نہیں کیا (اس کا استعمال صرف نفی کے ساتھ ہی ہوتا ہے)

شَوْذَقَ شَوْذَقَةً - انگلیوں سے پکڑنا

الشَّوْذَق - کنگن۔

الشَّيْذَق الشَّيْذَقَان و الشَّوْذَانِق - شکرا۔ یا شاہین۔

الشَّذَام - بچھو اور بھڑ کا ڈنک۔ نمک

الشَّيْذُمَان - بھیڑیا۔

الشَّيْذُمَانَة - تیز رفتار جوان اونٹنی

شَذَا يَشْذُو وَاشْذُوًا - مشک لگانا —— بِالْخَبَر: معلوم کرکے سمجھانا (—— وَاَشْذَى) فُلَانًا: تکلیف دینا۔ وَاَشْذَاهُ عَنْهُ: دور کرنا ہٹانا۔

شَذَّى تَشْذِيَةً - بِالْخَبَر: معلوم کرکے سمجھانا۔

الشَّذْو - مع - مشک - مشک کی خوشبو۔

الشَّذَا - بو کی تیزی - تکلیف - برائی - نمک - کھجلی - مسواکوں کے درخت کا نام - لکڑی کے ٹکڑے - مکھی - ایک قسم کی کشتی - بھوک کی تیزی۔

الشَّذَاة - شذا کا واحد - ج شَذَوَات قوت کا بقیہ - پرانی چیز۔

شَرَّ (ض ن س) شَرًّا و شَرَارَةً و شَرَرًا - شریر ہونا - شرارت کرنا - صفت مذکر (شَرّ) وصفت مونث (شَرَّة) ج اَشْرَار و شِرَار و اَشِرَّا -

شَرَّ (ن) شَرًّا - اللَّحْمَ اَوِ الثَّوْبَ: گوشت یا کپڑے کو خشک ہونے کے لیے دھوپ میں ڈالنا —— فُلَانًا: برائی کی طرف نسبت کرنا - لوگوں میں مشہور کرنا - دھتکارنا - اَشَرَّ الشَّيْئَ: ظاہر کرنا۔

شَارَّهُ - جھگڑا کرنا۔

تَشَارَّ تَشَارًّا - باہم جھگڑنا۔

الشَّرّ - مع - برائی - ج شُرُور - یہ ہر قسم کی برائی اور خطا کے لیے اسم جامع ہے - کہا جاتا ہے "هُوَ شَرُّ النَّاسِ وَهُمْ شِرَارٌ وَاَشْرَارٌ وَاَشِرَّاءُ وَهِيَ شَرَّةٌ اَوْ شُرَّى النِّسَاءِ" وہ لوگوں میں بہت برا ہے اور اصل اس کی (اَشَرّ) ہے اسم تفضیل کا صیغہ ہے - ہمزہ کو کثرت استعمال کی وجہ سے حذف کر دیا جاتا ہے جیسے خیر میں۔

الشِّرَّة - برائی - تیزی - چستی - غضب - سبکی لالچ - شِرَّةُ الشَّبَابِ: جوانی کی چستی

الشُّرَّة - مکروہ - کہا جاتا ہے "مَا قُلْتُ ذٰلِكَ لِشُرِّكَ" میں نے تیرے مکروہ سمجھنے کی وجہ سے اس کو نہیں کیا۔

الشَّرَر و الشَّرَار - آگ کی چنگاری جو اڑے واحد (شَرَرَة و شَرَارَة)

الشَّرِير - شرارت کرنیوالا - ج اَشْرَار و اَشِرَّاء - مونث شَرِيرَة - الشَّرِير: سمندر کا کنارہ - ج اَشِرَّة -

الشِّرِّير - بہت شرارت کرنیوالا - شیطان کا لقب - ج شِرِّيرُون۔

الاِشْرَارَة - پنیر وغیرہ خشک کرنے کے لیے چٹائی - اونٹوں کا بڑا ریوڑ - خشک گوشت کا ٹکڑا - ج اَشَارِير۔

الشَّرِيرَة - بڑی سوئی۔

الشَّرَّان - بھنگا - مچھر کی مانند ایک کیڑا جو انسان کے منہ کے سامنے اڑتا ہے - اور کاٹتا نہیں - واحد (شَرَّانَة)

شَرِبَ (س) شُرْبًا و شَرْبًا و شِرْبًا و مَشْرَبًا و تَشْرَابًا - المَاءَ: پینا - گھونٹ لینا - سیراب ہونا - شَرِبَ السُّنْبُلُ الدَّقِيقَ: کنایہ ہے غلہ کی تیاری سے - اور کہا جاتا ہے "اَكَلَ عَلَيْهِ الدَّهْرُ وَشَرِبَ" یعنی ہلاک ہوگیا و "اَكَلَ فُلَانٌ مَالِي وَشَرِبَهُ" یعنی ختم کر دیا۔

شَرِبَ (س) شَرَبًا - پیاسا ہونا - پیاسے یا سیراب اونٹوں والا ہونا - (ضد) شَرِبَ بِهِ: کسی پر جھوٹ بولنا۔

شَرَبَ (ن) شَرْبًا - الكَلَامَ: سمجھنا۔

شَرَّبَهُ - پانی پلانا - شَرَّبَ القِرْبَةَ: نئی مشک میں مٹی اور پانی ملنا تاکہ پانی خوشگوار رہے —— قَصَبُ الزَّرْعِ: کھیتی کے ڈنٹھل کا سیراب ہونا —— السُّنْبُلُ الدَّقِيقَ - خوشہ کے دانوں میں گودا بیٹھنا۔

اَشْرَبَهُ - پلانا - اَشْرَبَ الرَّجُلُ: پیاسا ہونا پیاسے یا سیراب اونٹوں والا ہونا (ضد) اللَّوْنَ: گہرا رنگنا —— الثَّوْبَ حُمْرَةً: کپڑے کے رنگ میں سرخی کو ملانا —— بِهِ: کسی پر جھوٹ بولنا کہا جاتا ہے "اَشْرَبَنِي مَا لَمْ اَشْرَبْ" اس نے میرے متعلق ایسی چیز کا دعوی کیا جسکو میں نے نہیں کیا —— الاِبِلَ: باندھنا —— وَاُشْرِبَ حُبَّ فُلَانٍ" اس کے دل میں فلاں کی محبت جاگزیں ہوگئیں۔

شَارَبَهُ مُشَارَبَةً و شِرَابًا - ساتھ پینا

تَشَارَبًا - ایک دوسرے کے ساتھ پینا۔

تَشَرَّبَ - الثَّوْبُ العَرَقَ: جذب کرنا - چوسنا

اِسْتَشْرَبَ - لَوْنُهُ: تیز اور گہرا ہونا۔

اِشْرَأَبَّ - لِلشَّيْءِ و اِلَيْهِ: گردن اٹھا کر دیکھنا اسم (الشُّرَأْبِيبَة) جیسے اِطْمَأَنَّ سے طُمَأْنِينَة۔

الشَّرْب - مع - شَارِب اسم فاعل کی جمع۔

الشِّرْب - مع - پینے کا پانی - پانی کا حصہ گھاٹ - پینے کا وقت - ج اَشْرَاب۔

الشَّرْبَة - شَرِبَ کا اسم مرۃ - جو ایک مرتبہ پیا جا سکے۔

الشُّرْبَة - چہرے کی سرخی - کہا جاتا ہے۔ "فِي وَجْهِهِ شُرْبَةٌ مِنْ حُمْرَةٍ" اس کے چہرہ میں سرخی ہے - سیراب ہونے کی مقدار پانی۔

الشَّرَبَة - بہت پینا - پیاس، گرمی کی شدت ج شَرَب و شَرَبَات -

مَاءٌ (شَرُوبٌ و شَرِيبٌ) پینے کے لائق پانی

الشِّرِّيب: بہت پینے والا - پینے کا ساتھی جو شخص تمہارے ساتھ مل کر پانی لائے یا تمہاری

ساتھ پلایا جائے۔ اونٹوں کو گھاٹ پر لانے میں ساتھی۔

الشَّرَبَۃ۔ بے درخت کے گھاس والی زمین۔ وادی کا کنارہ۔ طریقہ۔ کہا جاتا ہے۔ مَا زَالَ فُلَانٌ عَلیٰ شَرَبَۃٍ وَاحِدَۃٍ" فلاں ہمیشہ ایک طریقہ پر رہا۔

الشَّرَاب۔ ہر ایک پینے کی چیز۔ ج اَشْرِبَۃ

الشَّرُوبَۃ والشَّرُوب والشَّرَّاب و الشِّرِّیب۔ بہت پینے والا۔

الشَّرَّابَۃ۔ شَرَّاب کا مؤنث۔

عِنْدَ الْمُوَلَّدِیْنَ: ترکی ٹوپی وغیرہ کا پھندنا ج شَرَارِیب۔ شَرَّابَۃُ الرَّاعِیْ: ایک پودہ کا نام۔

الشَّارِب (فا) ج شَرْب (جیسے رَاکِبٌ جمع رَکْبٌ) جانوروں کی کمزوری۔ شَارِبُ الرَّجُل: مونچھ دونوں جانب کے اعتبار سے تثنیہ لاتے ہیں اور "شَارِبَا الرَّجُل" کہتے ہیں۔ اور اطراف واجزاء کے اعتبار سے جمع "شَوَارِب الرَّجُل" بولتے ہیں۔ الشَّوَارِب: گردن کی رگیں گردن میں پانی کے گزرنے کی جگہیں۔

الشَّارِبَۃ۔ الشارب کا مؤنث۔ ج شَارِبَات وشَوَارِب: دریا کے کنارے رہنے والی قوم۔

الشُّرُوب۔ پانی پینے والے۔

الشَّرَابِیّ۔ سَقَّہ۔ بھشتی۔

المَشْرَب۔ پانی۔ پانی پینے کی جگہ۔ اور اب خواہش نفس اور میلان کے معنی میں مستعمل ہے جیسے "وَافَقَ الْاَمْرُ مَشْرَبَہٗ" معاملہ اس کی خواہش کے مطابق ہوگیا۔ ج مَشَارِب

المَشْرَبَۃ والمَشْرُبَۃ۔ نرم زمین جو ہمیشہ سرسبز رہے، پینے پلانے کا کمرہ پینے کی جگہ۔ ج مَشَارِب۔ کہا جاتا ہے "طَعَامٌ ذُوْ مَشْرَبَۃٍ"۔ پانی پلانے والا کھانا یعنی جو شخص اسے کھائے پانی زیادہ پیئے۔

المِشْرَبَۃ۔ پانی پینے کا برتن۔ ج مَشَارِب

المَشْرُوب۔ مفعو۔ ہر وہ چیز جو پی جائے۔

الشَّرَابِث۔ سخت ہتھیلی والا شیر۔

الشَّرَابِخ۔ پژمردہ سانپ کی چھتری۔

الشَّرْبَش۔ چیتھڑا۔

شَرْبَقَ۔ الثَّوْبَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

الشَّرْبِیْن۔ سرو کی مانند ایک درخت کا نام جس سے عمدہ قطران نکلتا ہے۔

شَرِثَتْ (س) شَرَثًا وانْشَرَثَتْ۔ یَدُہ: ہاتھ کا سردی کی وجہ سے سخت ہوکر پھٹنا۔ شَرِثَ الرَّجُلُ: سردی کی وجہ سے سخت ہوکر پھٹے ہوئے ہاتھ والا ہونا۔ صفت (شَرِث) — النَّعْلُ: جوتے کا چٹخنا۔

الشَّرْث۔ ہر پرانی بوسیدہ چیز۔

الشَّرِث۔ مِنَ السُّیُوْفِ والاَسِنَّۃِ: تیز تلوار و بھالا۔

الشَّرْثَۃ۔ پرانا جوتہ۔

شَرَجَ (ن) شَرْجًا۔ جھوٹ بولنا — الشَّیْئَ: جمع کرنا — الشَّرَابَ بِالْمَاءِ: ملونی کرنا (— وشَرَّجَ واَشْرَجَ) الحِجَارَۃَ: پتھروں کو تہ بتہ لگا کر جمانا — الخَرِیْطَۃَ: کناروں کو ملا کر باندھنا۔ وشَرَّجَ الثَّوْبَ: کپڑے میں لنگر ڈالنا۔ دور دور سینا۔ عوام سَرَّجَ کہتے ہیں۔ اَشْرَجَ صَدْرَہٗ عَلیٰ کَذَا: کسی بات کو چھپانا۔

شَرِجَ۔ اللَّحْمُ: چربی سے مخلوط ہونا۔

شَارَجَہٗ۔ مشابہ ہونا۔

تَشَرَّجَ۔ الشَّیْئُ بِالشَّیْئِ: ایک دوسرے میں داخل ہونا۔

اِنْشَرَجَ۔ الشَّیْئُ: دو ٹکڑوں میں پھٹنا۔

الشَّرْج۔ مص۔ نوع۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا شَرْجُ ذَاکَ" یہ اس کے مثل ہے۔ "ہُمَا شَرْجٌ وَاحِدٌ" وہ دونوں ایک نوع کے ہیں۔ فرقہ۔ کہا جاتا ہے۔ "اَصْبَحُوْا فِی الْاَمْرِ شَرْجَیْنِ" وہ کام میں دو فرقے ہوگئے۔ سنگستان سے نرم زمین کی طرف پانی بہنے کی جگہ۔ ج شِرَاج وشُرُوْج۔

الشَّرْجَۃ۔ سنگستان سے نرم زمین کی طرف پانی بہنے کی جگہ۔ گڑھا جس میں کھال بچھادی جائے اور پانی ڈالا جائے۔ اور اس میں سے اونٹ پانی پئیں۔

الشَّرَج۔ وادی کی کشادہ جگہ۔ کاج (اس معنیٰ کے لحاظ سے اسم جنس ہے) کمان کی پھٹن۔ ج اَشْرَاج۔

الشَّرِیْج۔ مثیل۔ مانند۔ لکڑی کے دو برابر برابر کے ٹکڑوں میں سے ایک ٹکڑا۔ لکڑی جس سے دو کمانیں بنائی جائیں۔ قَوْسٌ شَرِیْجٌ: پھٹی ہوئی کمان۔ ج شَرَائِج۔

الشَّرِیْجَۃ۔ درخت خرما کی پتیوں سے بنی ہوئی ٹوکری۔ بانس کا ٹھاٹھر جو دوکان کے دروازہ پر لگایا جائے۔ پٹھا جس سے تیر کے پر کو جوڑیں۔ ج شَرَائِج۔

سَہْمٌ مُشَرَّج۔ تیر جس میں پر کو جوڑنے والا پٹھا لگا ہو۔

الشَّیْرَج۔ تل کا تیل۔ (دخیل)

الشَّرْجَب۔ اصیل گھوڑا۔ لمبی ٹانگوں والا گھوڑا۔

الشَّرْجُبَان والشَّرْجُبَان۔ ایک قسم کا پودہ جس کا پھل بیگن کے مشابہ ہوتا ہے۔ اور اس سے کھال کی دباغت کرتے ہیں۔

الشَّرْجَع۔ لمبا۔ نعش۔ تابوت۔ میت۔ لمبی اونٹنی۔ چوکور لمبی لکڑی۔ تخت۔

المُشَرْجَع۔ لمبا کیا ہوا۔ بغیر کناروں کے ہتھوڑا۔ کہا جاتا ہے "مِطْرَقَۃٌ مُشَرْجَعَۃٌ" یعنی بغیر پہلو کے لمبا ہتھوڑا۔

شَرَحَ (ف) شَرْحًا۔ اللَّحْمَ: لمبے ٹکڑے کاٹنا — المَسْئَلَۃَ: مسئلہ کی باریکی کو کھول دینا اور بیان کرنا — الکَلَامَ: سمجھانا — الشَّیْئَ: کھولنا کشادہ کرنا۔ حفاظت کرنا — صَدْرَہٗ لِلشَّیْئِ وبِالشَّیْئِ: خوش ہونا — اِلَی الشَّیْئِ: رغبت ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے " فُلَانٌ یَشْرَحُ اِلَی الدُّنْیَا" فلاں دنیا کی طرف رغبت ظاہر کرتا ہے۔

شَرَّحَ - الشَّیْءَ: کاٹ کر جدا جدا کرنا۔ اور اسی سے اطبا کے نزدیک علم التشریح ہے۔
شَرَّحَ قطعۃَ اللحم: پتلا پتلا پارچہ کاٹنا ـــ الشَّیْءَ: کھولنا۔ ظاہر کرنا۔
اِنْشَرَحَ - صَدْرُہٗ: خوش ہونا۔
اِنْشَرَحَ - کشادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَرَحَ اللّٰہُ صَدْرَہٗ بقبولِ الخیرِ فانشرحَ - اللہ نے اس کے سینہ کو قبولِ خیر کے لئے کشادہ کر دیا اور وہ کشادہ ہو گیا۔
الشَّرْحَۃُ - گوشت کا ٹکڑا۔ گوشت کا پارچہ
الشَّرِیْحُ والشَّرِیْحَۃُ - گوشت کا ٹکڑا۔ موٹے گوشت کا دراز ٹکڑا۔ ج شَرَائِحُ۔
الشَّارِحُ - فا - بیان کرنے والا کھیت کی پرندوں سے حفاظت کرنے والا۔
المَشْرُوْحُ - مفع - سراب۔
المُشَرَّحُ - اندامِ نہانی۔
الشَّرْحَبُ - لمبا۔
اِشْرَحَفَّ - لہٗ: آمادہ جنگ ہونا۔ جلدی کرنا۔
الشُّرْحُوْفُ - دشمن پر حملہ کرنیکے لئے آمادہ۔
الشِّرْحَافُ - چوڑا پیکاں۔ چوڑی پنجے والا۔
شَرَخَ (ن) شُرُوْخًا - الصبیُّ: جوان ہونا۔ صفت (شارخ) ج شَرْخٌ (جیسے صاحب کی جمع صَحْبٌ) (ـــ شَرْخًا و شُرُوْخًا) نابُ البعیرِ: دانت نکلنا۔
الشَّرْخُ - مم - اصل - ابتداء جوانی۔ اول امر - کسی چیز کا ابھرا ہوا کنارہ - مثل ہم عمر - کہا جاتا ہے "ہُوَ شَرْخِیْ" وہ میرا ہم عمر ہے۔ و "ہُمَا شَرْخَانِ" وہ دونوں ایک جیسے ہیں شَرْخَا الرَّحْلِ: کجاوہ کا اگلا و پچھلا حصہ - کہا جاتا ہے "فُلانٌ لایَزالُ بَیْنَ شَرْخَیْ رَحْلِہٖ" یعنی فلاں ہمیشہ سفر کرتا رہتا ہے - اونٹ کی سالانہ پیدائش - ج شُرُوْخٌ۔
الشُّرْخُوْبُ - ریڑھ کی ہڈی - ج شَرَاخِیْبُ
شَرَدَ (ن) شَرْدًا و شُرُوْدًا و شِرَادًا و شِرَادًا - بدک کر بھاگنا ـ عَلَی اللّٰہِ: اطاعت سے نکل جانا - صفت (شارد) ج شُرُدٌ (شُرُوْدٌ) ج شُرُدٌ مؤنث شَارِدَۃٌ ج شَوَارِدُ و شُرَّدٌ - شَوَارِدُ اللُّغَۃِ: نوادر کلمات۔
شَرَّدَہٗ و اَشْرَدَہٗ - دھتکارنا - بھگانا کہا جاتا ہے "فُلانٌ مُطَرَّدٌ مُشَرَّدٌ" فلاں دھتکارا ہوا بھگایا ہوا ہے، جیسے کہا جاتا ہے "طَرِیْدٌ شَرِیْدٌ" شَرَّدَ شَمْلَہُمْ: جماعت متفرق کر دینا۔ شَرَّدَ بفلانٍ: لوگوں کو کسی کے عیوب سنانا۔
تَشَرَّدَ - القومُ: جانا۔
الشَّرِیْدُ - دھتکارا ہوا۔
الشَّرِیْدَۃُ - الشرید کا مؤنث - چیز کا بقیہ ج - شَرَائِدُ۔
الشِّرْدَاحُ - موٹا ڈھیلے گوشت والا۔
شَرْذَ - الجمعَ: متفرق کرنا۔
الشِّرْذِمَۃُ - لوگوں کی قلیل جماعت۔ ج شَرَاذِمُ و شَرَاذِیْمُ - ثیابٌ شَرَاذِمُ: پھٹے ہوئے کپڑے۔
شَرَزَہٗ (ن) شَرْزًا - کاٹنا - صفت (شارز) ج شُرَّازٌ۔
شَرَّزَہٗ - ٹکڑے ٹکڑے کرنا - گالی دینا - عذاب دینا۔
شَارَزَ - بدخلق ہونا ـــ الرجلَ: جھگڑا کرنا دشمنی کرنا۔
اَشْرَزَہٗ - سختی و ہلاکت میں ڈالنا۔
الشَّرْزُ - مم - قوت - سختی و درستی - سخت و درشت - جیسے "عَذَّبَہُ اللّٰہُ عَذَابًا شَرْزًا" اللہ اس کو سخت عذاب دے۔
الشَّرْزَۃُ - اسم مرۃ - ہلاکت سختی۔
الشُّرَّازُ - شارز اسم فاعل کی جمع - لوگوں کو سخت عذاب دینے والے۔
الشِّیْرَازُ - دہی جس میں سے پانی نکال دیا گیا ہو ج شَوَارِیْزُ و شَرَارِیْزُ۔
المُشَارِزُ - فا - سخت - بدخلق
المُشَرَّزُ - مفع - بندھا ہوا - ملائے ہوئے کناروں والا
الشَّرْسُ (س) شَرَاسَۃً و شَرَسًا و شِرْسًا بدخلق ہونا - صفت (شَرِسٌ و شَرِیْسٌ و اَشْرَسُ)
شَرِسَتِ الماشیۃُ: کانٹے اور چھوٹے پودے ہمیشہ کھانا۔
شَرَسَہٗ (ن) شَرْسًا - سخت کلامی کر جلانا ـــ النَّاقَۃَ: لگام سے کھینچنا۔
شَارَسَہٗ مُشَارَسَۃً و شِرَاسًا - سخت معاملگی کرنا۔
تَشَارَسَ - القومُ: باہم دشمنی کرنا۔
شَرُسَتْ (س) شَرَاسَۃً الماشیۃُ: خوب چرنا۔
الشَّرْسُ والشَّرَسُ مم (ـــ والشِّرْسُ) کانٹے دار چھوٹے پودے۔
الشَّرْسَاءُ - اشرس کا مؤنث - سفید پتلا بادل۔
الشَّرِیْسُ - مم - بدخلق - بہت جھگڑالو۔ کہا جاتا ہے "لہٗ نفسٌ شَرِیْسَۃٌ" اس کے اندر بدخلقی اور جھگڑا کرنے کی عادت ہے - کہا جاتا ہے "ہُوَ ذُوْ شَرِیْسٍ" وہ بدخلق ہے - وقد لانَ شَرِیْسُہٗ اس کی بدخلقی نرم پڑ گئی یشریس الاکل: بہت کھانیوالا - الشِّرْیِسُ: بشیر - ایک بدمزہ پودہ۔ اَرْضٌ شَرِیْسَۃٌ و مُشَرَّسَۃٌ بہت کانٹے دار چھوٹے پودوں والی زمین۔
الشِّرَاسُ - مم - سریش۔
شَرْسَفَ شَرْسَفَۃً - بدخلق ہونا۔
الشُّرْسُوْفُ - پسلیوں کا وہ کنارہ جو پیٹ کی جانب ہوتا ہے - بندھا ہوا اونٹ - سختی کی ابتداء - مصیبت - ج شَرَاسِیْفُ۔
شَرْشَرَ - الشَّیْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا - پھاڑنا۔ کاٹ کر جھاڑنا ـــ السِّکِّیْنَ: چھری پتھر پر تیز کرنا الماشیۃُ النباتَ: جانور کا گھاس چرنا۔
تَشَرْشَرَ - منہٗ: بکھرنا - متفرق ہونا۔
الشَّرْشَرُ - ایک قسم کی بیل جس میں کانٹے نہیں ہوتے - واحد (شَرْشَرَۃ) ج شَرَاشِرُ: بھنا ہوا گوشت جس سے چربی ٹپکتی ہو۔
الشِّرْشِرَۃُ - ایک قسم کی گھاس - ہر چیز کا ٹکڑا۔

الشَّرَاشِر: نفس۔ تمام بدن۔ اور کہا جاتا ہے
"اَلْقَی عَلَیْہِ شَرَاشِرَہٗ" اس نے اس سے محبت
کی یہاں تک کہ اپنے آپکو ہلاک کر لیا۔ بوجھ
شراشر الذنب: دُم کے اطراف۔
الشُّرْشُوْر۔ ایک پرندہ جس کو "برتش"
بھی کہتے ہیں۔ ج شَرَاشِیْر۔
شَرَصَہٗ (ن) شَرْصًا۔ کھینچنا۔
شَرَصَہٗ وشَرَّصَہٗ۔ بِکَلَامِہٖ: گالی دینا
الشَّرَص۔ مص۔ سختی۔ درشتی۔
الشِّرْص۔ کنپٹی کے پاس بال گرنیکی جگہ۔
ج شِرَاصٌ وشِرَصَۃٌ۔
الشَّرِیْصَۃ۔ رخسارہ۔ ج شَرَائِص۔
الشِّرْوَاص۔ ہر چیز کا موٹا اور نرم۔
المِشْرَاص۔ ٹیڑھے سر کا لوہا جس کو گدھے
کے مونڈھوں کے درمیان آہستہ آہستہ ماریں۔
تاکہ تیز چلے۔
المَشْرُوْص۔ مفع۔ کٹا ہوا۔
جَمَلٌ شِرْوَاص۔ موٹا اور نرم اونٹ۔
شَرَطَ (ن ض) شَرْطًا۔ عَلَیْہِ فِی بَیْعٍ وَنَحْوِہٖ:
شرط لگانا ___ الجلدَ: نشتر مارنا۔
شَرِطَ (س) شَرَطًا۔ کسی بڑے معاملہ
میں پھنسنا۔
شَرَّطَ۔ الجلدَ: نشتر لگانا ___ الشیءَ: باندھنا
شَارَطَہٗ۔ باہم شرط لگانا۔
اَشْرَطَ۔ الإبلَ: اونٹ کو فروخت کرنے
کیلئے نشان لگا کر جدا کرنا ___ اِلَیْہِ رسولًا:
جلدی ایلچی بھیجنا ___ نَفْسَہٗ أو مالَہٗ فی امرٍ:
پیش کرنا ___ نفسَہٗ لِکَذَا: تیار کرنا۔ آمادہ ہونا
___ بالشیءِ وفیہ: ہلکا سمجھنا اور شرط لگانا۔
تَشَرَّطَ۔ فی العمل: اچھی طرح غور کرنا۔ اپنے
اوپر غیر ضروری شرطیں لگانا۔
تَشَارَطَا۔ القومُ: ایک دوسرے کیساتھ
شرط لگانا۔ تَشَارَطُوْا علی الشیءِ: التزام شرط کرنا
اِشْتَرَطَ۔ لہٗ کذا: شرط لازم کرنا۔
اِسْتَشْرَطَ۔ المالُ: درستی کے بعد خراب ہونا۔

الشَّرْط۔ مص۔ کسی چیز کا لازم کرنا۔ ج شُرُوْط
کمینہ۔ پیچ۔ ج اَشْرَاط۔
الشَّرَط۔ مص۔ علامت۔ ہر چیز کا اوّل۔ ہر
چھوٹی نالی۔ ردی مال۔ چھوٹے چھوٹے مال
ج اَشْرَاط۔ الاَشْرَاط: رذیل لوگ۔ شریف لوگ
(ضد) کہا جاتا ہے "ہُوَ مِنْ شَرَطِ النَّاسِ و اَشْرَاطِہِمْ"
وہ رذیل یا شریف لوگوں میں سے ہے۔
الشُّرْطَۃ۔ شرط جو تم لگاؤ۔ فوج کا پہلا
دستہ جو میدان جنگ میں آئے۔ شُرْطَۃُ کُلِّ
شَیءٍ: عمدہ و بہترین (___ والشُّرْطِی) شُرَط
کے واحد ہیں۔ شُرَط کے معنی والی کے اعوان
وانصار لوگ۔ اور آج کل کے زمانہ میں کوتوال
کو کہتے ہیں اس وجہ سے کہ وہ ایسی علامت
لگاتے ہیں جس سے وہ پہچانے جاتے ہیں۔
الشُّرَط۔ فوج کا پہلا دستہ جو میدان جنگ
میں حاضر ہو۔ اور موت کے لئے تیار ہو۔
الشَّرِیْط۔ شرط۔ پوست خرما کی بٹی ہوئی رسّی
جس سے تخت وغیرہ کو باندھیں۔ ڈبہ جس میں
عورت خوشبو وغیرہ رکھے۔ ج شُرُط۔
الشَّرِیْطَۃ۔ شرط۔ پھٹے ہوئے کان والا
اونٹ۔ ج شَرَائِط۔
اَشْرَط۔ الناس: رذیل آدمی۔
المِشْرَط والمِشْرَاط والمِشْرَطَۃ۔
نشتر۔ ج مَشَارِط ومَشَارِیْط۔
شَرَعَ (ف) شَرْعًا۔ لِلقوم: قانون بنانا۔
شریعت جاری کرنا ___ لَہُمُ الطریقَ: ظاہر کرنا۔
کہا جاتا ہے "شَرَعَ اللّٰہُ لَنَا کَذَا یَشْرَعُہٗ" یعنی
خدا نے ہمارے لئے ایسا ظاہر کیا ___ الرجلُ:
حق کو غالب کرنا اور باطل کو مٹانا ___ البیتُ:
گھر کا کھلے ہوئے راستہ پر ہونا
___ البابَ اِلَی الطریقِ: دروازہ کو کھلے ہوئے
راستہ کی جانب کرنا ___ الحبلَ: رسّی کی گرہ کو
کھول کر دونوں کناروں کو کڑے وغیرہ میں ڈالنا
___ الشیءَ: بہت بلند کرنا۔
شَرَعَ (ف) شَرْعًا وشُرُوْعًا۔ فی الماءِ:

پانی میں داخل ہونا یا اوک سے پینا۔
___ الوارِدُ: پانی کو منہ لگا کر پینا ___ الماشیۃُ:
جانور کو پانی پر لیجانا ___ الامرَ: کام شروع کرنا۔
___ فی الامرِ: کام میں مشغول ہونا ___ الرِّماحُ
فَشَرَعَتْ ہِیَ: نیزے کو کسی کی جانب سیدھا
کرنا اور سیدھا ہونا (لازمی و متعدی)
الطریقُ: راستہ ظاہر ہونا ___ بِفُلَانٍ: کسی کو
پانی پر لیجانا ___ فلانٌ علینا: قریب ہونا اور
جھانکنا۔ شَرَعَ یضرب: مارنے لگنا۔ (افعال
مقاربہ میں سے ہے)
شَرَّعَ واَشْرَعَ۔ الطریقَ: راستہ ظاہر کرنا۔
___ ہ فی الماءِ: پانی میں داخل کرنا۔ شَرَّعَ
الحبلَ: رسّی کی گرہ کھولنا۔ شَرَّعَ السفینۃَ:
کشتی میں بادبان لگانا۔ اَشْرَعَ بابَہٗ اِلٰی أو علی
الطریقِ: راستہ کی طرف دروازہ کھولنا۔ اَشْرَعَ
علیہ الرمحَ: کسی کی جانب نیزہ سیدھا کرنا۔
اَشْرَعَ الشیءَ: بہت بلند کرنا۔
اِشْتَرَعَ۔ الشریعۃَ: قانون بنانا۔ شریعت
جاری کرنا۔
الشَّرْع۔ مص۔ اللہ کے مقرر کردہ احکام اور
کہا جاتا ہے "شَرْعُکَ مَا بَلَّغَکَ المَحَلَّ" یعنی تمہارے
لئے اتنا توشہ کافی ہے جو مقصد کی جگہ تک پہنچا دے
اور یہ اُس شخص سے کہتے ہیں جسکو تھوڑی پر قناعت
کرنے کیلئے برانگیختہ کرنا ہو (___ الشِّرْع والشَّرَع)
مثل۔ برابر۔ کہا جاتا ہے "النَّاسُ فی ہذا شَرْعٌ واحدٌ"
وہُمْ فی ہذا شَرْعٌ" یعنی لوگ اس میں برابر ہیں۔
الشِّرْع: جوتے کا تسمہ۔
الشِّرْعَۃ والشَّرْعَۃ۔ تانت کہا جاتا ہے۔
"ضَرَبُوْا عَلَی الشَّرْعِ" انھوں نے تانت کو بجایا۔
الشِّرْعَۃ: قطا پرندہ کے شکار کرنے کا جال۔
شریعت۔ مثل۔ پانی کی طرف راستہ۔ عادت
ج شِرْع شُرُع وشِرَاع۔
الشَّرَعَۃ۔ کشتی۔ ج اَشْرَاع۔
الشَّرِیْع۔ بہادر۔ عمدہ کتاں ___ مِنَ اللِّیفِ:
درخت خرما کی چھال کے کانٹے جو سخت ہو گئے ہوں،

الشَّرِیعَة - طریقہ - اللہ کے مقرر کیے ہوئے احکام - چوکھٹ - دریا کے کنارے رہنے والوں کے لئے گھاٹ - ج شَرَائِع - نہر الشَّرِیعَة: دریائے اُردن۔

الشَّارِع - اسم فاعل - مؤنث شَارِعَةٌ - ج شُرَّع وشُرُوع وشَوَارِع - کہا جاتا ہے اِبِلٌ شُرَّعٌ وشَوَارِع "پانی میں داخل ہونیوالے اونٹ - بَیْتٌ شَارِعٌ: وہ مکان جس کا دروازہ راستہ کی جانب ہو - والشَّارِع - ج شَوَارِع - سڑک، عام راستہ - رِمَاحٌ شَارِعَةٌ وشَوَارِع: کسی کی جانب سیدھے کئے ہوئے نیزے - الشَّوَارِعُ مِنَ النُّجُوم: غروب کے قریب ستارے -

اَنْفٌ (اَشْرَع) لمبے بانسہ والی ناک -

الشِّرَاع - ہر وہ چیز جو بلند اور کھڑی کی جائے بادبان - تانت جب تک کہ کمان پر لگی رہے - اونٹ کی گردن - کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شِرَاعُ الأَنْفِ" لمبے بانسہ کی ناک والا امرد - ج اَشْرِعَةٌ وشُرُع -

الشَّرَاعَة - دلیری -

الشَّرَّاع - عمدہ کتان بیچنے والا -

الشَّرْعِیّ - مطابق شریعت -

الشِّرَاعِیّ - مِنَ الإِبِل: لمبی گردن والا اونٹ

الشُّرَاعِیّ - مِنَ الرِّمَاح: لمبے نیزے ایک شخص کی جانب منسوب جس کا نام شُرَاع تھا اور وہ نیزے بنایا کرتا تھا۔

تَثْنِیَةُ الِاشْتِرَاع - توریت کا پانچواں باب

المَشْرَع والمَشْرَعَة والمَشْرُعَة - دریا کے کنارے رہنے والوں کے لئے گھاٹ - ج مَشَارِع۔

المُشْرَع - مِنَ البُیُوت: بلند مکان -

المَشْرُوع - سیدھا کیا ہوا - جسکو شریعت جائز رکھے - والأَمْرُ المَشْرُوع: وہ کام جس کو تم شروع کرو۔

شَرْعَبَ - الأَدِیمَ: لمبا کاٹنا -

الشَّرْعَب - لمبا -

الشَّرْعَبِیّ - ایک قسم کی چادر - لمبا خوبصورت جسم والا -

الشُّرْعُوب - ایک قسم کی گھاس -

الشُّرْعَاف - زکھجور کے شگوفے کا پوست

الشُّرْعُوف - ایک قسم کی گھاس -

الشُّرْغ والشَّرَغ - چھوٹا مینڈک -

الشُّرْغُوف - ایک قسم کی گھاس، چھوٹا مینڈک

شَرَفَ (ن) شَرَفًا - کسی سے عزت و مرتبہ میں غالب ہونا، صفت مفعول (مَشْرُوفٌ) — الحَائِطَ: دیوار میں کنگرہ بنانا -

شَرُفَ (ک) شَرَافَةً وشَرَفًا - دین یا دنیا میں بلند مرتبہ ہونا - صاحب عزت ہونا - (شَرُفَتِ النَّاقَةُ شُرُوفًا) بوڑھی ہونا -

شَرِفَ (س) شَرَفًا - بلند ہونا -

شَارَفَهُ - شرافت پر فخر کرنے میں مقابلہ کرنا - شَارَفَ المَكَانَ: چڑھنا — الشَّيْءَ: اوپر سے جھانکنا - قریب ہونا -

شَرَّفَهُ - تعظیم کرنا، بزرگی دینا - عزت کرنا شَرَّفَ البَیْتَ: کنگرہ بنانا — المَكَانَ: چڑھنا -

أَشْرَفَ - الشَّيْءُ: بلند ہونا - سیدھا کھڑا ہونا — المَكَانَ: چڑھنا — عَلَیْهِ: اوپر سے جھانکنا — لَكَ الشَّيْءُ: ممکن ہونا قدرت و طاقت میں ہونا — عَلَى المَوْتِ: قریب الموت ہونا — عَلَیْهِ: ڈرنا یا مہربانی کرنا - أَشْرَفَتِ الخَیْلُ: تیز دوڑنا — نَفْسُهُ عَلَى الشَّيْءِ: حریص ہونا اور ہلاک ہونا -

تَشَرَّفَ - البَیْتُ: کنگرے دار ہونا — الرَّجُلُ: عزت پانا — بِكَذَا: باعث عزت جاننا — المَكَانَ: چڑھنا — الشَّيْءَ: ہاتھوں سے آڑ کر کے کسی چیز کی طرف نظر اُٹھا کے دیکھنا — لِلشَّيْءِ: جھانکنا — عَلَى الشَّيْءِ: اوپر سے جھانکنا -

تُشُرِّفَ - القَوْمُ: ذی عزت لوگوں کا قتل کیا جانا -

إِشْتَرَفَ - سیدھا کھڑا ہونا —

إِسْتَشْرَفَ - سیدھا کھڑا ہونا — الشَّيْءَ: ہاتھ کی آڑ کر کے نظر اُٹھا کر دیکھنا - إِسْتَشْرَفَهُ حَقَّهُ: ظلم کرنا - حق مار لینا — الشَّاةَ: عیوب سے سالم لینے کیلئے دیکھ بھال کرنا۔

الشَّرَف - مص - عزت و بزرگی - شرافت — بلند مکان - ناک - ج اَشْرَاف شَرَفُ البَعِیرِ: کوہان - الشَّرَف: شریف - کہا جاتا ہے هُوَ شَرَفُ قَوْمِهِ وَكَرَمُهُمْ "وہ قوم کا شریف ہے"۔

الشُّرْفَة - خاندانی شرافت -

الشُّرْفَة - مِنَ القَصْرِ: کنگرہ - ج شُرَف والشُّرْفَةُ مِنَ المَالِ: عمدہ مال - اور کہا جاتا ہے "أَعُدُّ زِیَارَتَكُمْ شُرْفَةً" تمہاری ملاقات کو میں اپنے لئے باعث عزت سمجھتا ہوں -

الشَّرَفَة - شَرَفَات کا واحد - شَرَفَات اُن مثلث یا مربع برجیوں کو کہتے ہیں جو دیوار کے بالائی حصہ میں ہوتی ہیں -

الشَّارِف - فاعل، عنقریب شرف حاصل کرنے والا - سَهْمٌ شَارِفٌ: پرانا تیر - دَنٌّ شَارِفٌ: پرانی شراب کا مٹکا — مِنَ النُّوقِ: بوڑھی اونٹنی ج شُرُف وشُرْف وشُرُوف وشُرَّف۔

الشَّارِفَة - شارف کا مؤنث - بوڑھی اونٹنی ج شَارِفَاتٌ و شَوَارِف -

الشَّوَارِف - شراب کے برتن - مٹکا وغیرہ -

الشَّارُوف - جھاڑو -

الشَّرِیف - شرف و عزت والا - ج شُرَفَاء وأَشْرَاف مؤنث شَرِیفَةٌ - ج شَرَائِف وشَرِیفَات غَارِبٌ شَرِیفٌ: بلند مونڈھا - أَشْرَافُ الإِنْسَانِ: انسان کے ناک کان -

الأَشْرَف - اسم تفضیل - چمگادڑ - قصر أَشْرَف - مؤنث شَرْفَاء - ج شُرْف: کنگرہ دار یا برجی والا محل - رَجُلٌ أَشْرَفُ: بلند کاندھے والا امرد - مَنْكِبٌ أَشْرَفُ: بلند مونڈھا -

الشَّرْفَاء - أَشْرَف کا مؤنث — مِنَ الآذَانِ: لمبا کان -

الْمُشْرِفُ - مِنَ الْاَمَاکِنِ: بلند جگہ۔
الْمُشْرَفُ - جھانکنے کی جگہ۔ ج مَشَارِفُ۔
مَشَارِفُ الْاَرْضِ: زمین کی بلند جگہیں۔
الْمَشْرِفِيُّ - عرب کے ان دیہات کی طرف منسوب جو مَشَارِفُ الشَّام کے نام سے موسوم ہیں۔ اور اسی سے ہے۔ اَلسُّیُوْفُ الْمَشْرَفِيَّۃُ۔ اور بقول بعض اَلسُّیُوْفُ الْمَشْرَفِيَّۃُ یمن کے ایک علاقہ کی طرف منسوب ہیں۔ مَشَارِفُ الشَّام کی طرف نہیں۔
الْمُسْتَشْرِفُ - بلند۔
شَرَقَ (ن) شَرْقًا - الشَّاۃَ: بکری کے کان کو لمبائی میں چیرنا۔ صفت مفعولی (شَرْقَاءُ) ـــ الثَّمَرَ: پھل توڑنا۔
شَرَقَتْ (ن) شَرْقًا و شُرُوْقًا - الشَّمْسُ: آفتاب طلوع ہونا ـــ النَّخْلُ: درختِ خرما پر کھجور کا گدر ہونا۔
شَرِقَ (س) شَرَقًا - بِرِیْقِہٖ: اُچھو لگنا شَرِقَتْ عَیْنُہٗ: آنکھ کا سُرخ ہونا ـــ لَوْنُہٗ: شرم کی وجہ سے سُرخ ہونا ـــ الْجُرْحُ بِالدَّمِ: زخم کا خون سے بھرنا ـــ الدَّمُ فِیْ عَیْنِہٖ: آنکھ میں خون ظاہر ہونا ـــ الْمَوْضِعُ بِاَھْلِہٖ: جگہ کا لوگوں سے بھر کر تنگ ہونا ـــ الشَّمْسُ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا ـــ الشَّیْءُ: مخلوط ہونا ـــ الْاَرْضُ: پانی جاری ہونے کے ناقابل ہونا ـــ الشَّاۃُ: لمبائی میں چرے ہوئے کان والی ہونا۔
شَرَّقَ - مشرق کی طرف متوجہ ہونا۔ چمکدار خوبصورت چہرے والا ہونا ـــ اللَّحْمَ: گوشت کے ٹکڑے کرنا اور دھوپ میں خشک کرنا۔ ـــ الْبِنَاءَ: چونے وغیرہ سے لیپنا ـــ الشَّیْءَ بِالزَّعْفَرَانِ: کسی چیز کو زعفران سے رنگنا
اَشْرَقَتِ - الشَّمْسُ - آفتاب کا طلوع ہونا۔ چمکنا۔ اَشْرَقَ وَجْھُہٗ: چمکدار ہونا ـــ الْمَکَانُ: سورج کی چمک سے روشن ہونا۔ ـــ الرَّجُلُ: طلوعِ آفتاب کے وقت داخل ہونا۔ اَشْرَقَتِ الشَّمْسُ الْمَکَانَ: روشن کرنا الثَّوْبَ فِی الصِّبْغِ: گہرا رنگنا۔ اَشْرَقَہٗ بِرِیْقِہٖ: اچھو لگوانا ـــ النَّخْلُ: درختِ خرما پر کھجور کا گدر ہونا۔
تَشَرَّقَ - دھوپ میں بیٹھنا۔ دھوپ کھانا
اِنْشَرَقَتْ - الْقَوْسُ: کمان کا پھٹنا۔
اِشْرَوْرَقَتْ اِشْرِیْرَاقًا - الْعَیْنُ بِالدَّمْعِ: آنسوؤں سے ڈبڈبانا۔ سُرخ ہونا۔
الشَّرْقُ - مم - آفتاب۔ آفتاب طلوع ہونے کی جگہ۔ پھٹن اور اسی سے ہے "مَا دَخَلَ شَرْقٌ فِیْ شَیْءٍ" میرے منہ کے شگاف میں کچھ داخل نہیں ہوا۔ ج اَشْرَاق (ـــ والشَّرْق) روشنی جو دروازے کی دراڑ سے داخل ہو۔
الشَّرَقُ - مم - آفتاب۔
الشَّرْقَۃُ - شرق کا اسم مرۃ۔ تم کہتے ہو۔ "اَخَذَتْہُ شَرْقَۃٌ کَادَ یَمُوْتُ مِنْھَا" اس کو اچھو لگ گیا جس سے وہ مرنے کے قریب ہو گیا۔ جاڑے کے زمانہ میں دھوپ میں بیٹھنے کی جگہ (ـــ والشُّرْقَۃ) آفتاب جبکہ طلوع ہو۔
الشَّرِیْقُ - آفتاب جبکہ طلوع ہو۔ خوبصورت لڑکا۔ ج شُرُقٌ۔
التَّشْرِیْقُ - مم - اَیَّامُ التَّشْرِیْقِ - عید الاضحی کے بعد تین دن اس لئے کہ ان دنوں میں قربانی کا گوشت خشک کیا جاتا ہے۔ التَّشْرِیْقُ: عید کی نماز اس لئے کہ طلوعِ آفتاب کے بعد پڑھی جاتی ہے۔
الشَّارِقُ - فا - آفتاب بوقتِ طلوع۔ کہتے ہیں "لَا اُکَلِّمُکَ مَا ذَرَّ شَارِقٌ" میں تم سے گفتگو نہیں کروں گا جب تک آفتاب طلوع ہو۔ اور کبھی آفتاب کے علاوہ ستاروں پر بھی اس لفظ کا اطلاق ہوتا ہے۔ پہاڑ وغیرہ کا شرقی جانب۔ ج شُرُقٌ۔
الشَّارُوْقُ - چونا راکھ ملا ہوا۔
الْمَشْرِقُ والْمَشْرَقُ والْمَشْرُقُ - طلوعِ آفتاب کی جگہ یا جہت۔ ج مَشَارِقُ۔
الْمَشْرِقَۃُ والْمَشْرَقَۃُ والْمَشْرُقَۃُ والْمِشْرَاقُ والْمِشْرِیْقُ - جاڑے کے زمانہ میں دھوپ میں بیٹھنے کی جگہ۔ مِشْرِیْقُ الْبَابِ: دروازے کی دراڑ جس میں سے طلوعِ آفتاب کے وقت روشنی پڑے۔
الْمِشْرَاقُ - وہ شخص جس کی عادت ہو کہ دوسرے کو اچھو لگنے میں مبتلا کر دے۔
الْمُشَرَّقُ - مفع - چونہ راکھ سے پلستر کیا ہوا۔
الشَّرَقْرَقُ والشَّرَقْرَاقُ والشِّرِقْرَاقُ و الشَّقِرَّاقُ - ایک چھوٹا پرندہ جس کو "اَخْیَل" بھی کہتے ہیں۔ اور عوام اس کو "شُقْرُق" کہتے ہیں
شَرِکَتْ (س) شَرَکًا - النَّعْلُ: تسمہ ٹوٹنا۔
شَرِکَہٗ (س) شِرْکًا و شَرِکًا و شِرْکَۃً و شَرِکَۃً - شریک ہونا۔
شَرَّکَ - النَّعْلَ: جوتہ میں تسمہ لگانا۔
اَشْرَکَہٗ - فِیْ اَمْرِہٖ: کام میں شریک بنانا اَشْرَکَ بِاللّٰہِ: شریک ٹھہرانا۔ شرک کرنا۔ صفت (مُشْرِک و مُشْرِکِیٌّ) اور اسم (الشِّرْک) ـــ النَّعْلَ: جوتہ میں تسمہ لگانا۔
شَارَکَہٗ و تَشَارَکَا - باہم شریک ہونا۔
اِشْتَرَکَ - الْاَمْرُ: مشتبہ ہونا۔ اِشْتَرَکَ الْقَوْمُ فِیْ کَذَا: باہم شریک ہونا۔
الشِّرْکُ - شرک و اَشْرَکَ کا اسم۔ شریک۔ حصہ۔ اور اسی سے ہے "بِیْعَ شِرْکٌ مِنْ دَارِہٖ" اس کے گھر کا ایک حصہ بیچا گیا۔ ج اَشْرَاک۔
الشِّرْکَۃُ - مم - شریک کا حصہ۔ دو یا دو سے زائد حصوں کا آپس میں اس طرح ملنا کہ ایک دوسرے سے ممتاز نہ ہوں اور عقد پر بھی بولا جاتا ہے۔ اگرچہ یہ اختلاط نہ ہو۔
الشَّرَکُ - جال۔ پھندا۔ ج شُرُک و اَشْرَاک راستہ پر جانوروں کے قدموں کے نشانات واحد (شَرَکَۃٌ)
الشِّرَاکُ - جوتے کا تسمہ جو پشتِ قدم پر پڑے۔ زمین پر گھاس کی ایک پٹی۔ ج اَشْرُک و شُرُک۔
الشَّرَکِیُّ والشُّرُکِیُّ - تیز چال اور کہا جاتا ہے۔

«لَطَمَہٗ لَطْمًا شَرَنْکِیًا» اس نے اس کو جلدی
جلدی پیاپے طمانچے مارے۔
اَلشَّرِیْکُ۔ ساجھی۔ شریک۔ ج شُرَکَاءُ و
اَشْرَاک۔ مؤنث شَرِیْکَۃٌ ج شَرَائِک۔
اَلْمُشَارِکُ۔ ساجھی۔ حصہ دار۔
اَلْمُشْتَرَکُ۔ مفعو۔ جس میں دو یا دو سے
زائد شریک ہوں۔ کہا جاتا ہے "طَرِیْقٌ مُشْتَرَکٌ
وَرَأْیٌ مُشْتَرَکٌ وَاَمْرٌ مُشْتَرَکٌ" لفظ مشترک:
جس کے معانی بہت ہوں جیسے لفظ عین۔
رَجُلٌ مُشْتَرَکٌ: غمگین آدمی کی طرح خود بخود
باتیں کرنے والا۔
شَرَمَ (ض) شَرْمًا۔ الشَّیْءَ: پھاڑنا۔
الاَنْفَ: ناک کا بانسہ کاٹنا ــ الثَّرِیْدَۃَ:
ثرید کو کناروں سے کھانا ــ لِفُلَانٍ مِنْ مَالِہٖ:
تھوڑا سا دینا۔
شَرِمَ (س) شَرَمًا۔ کٹی ہوئی ناک والا
ہونا۔ صفت (اَشْرَمُ) مؤنث شَرْمَاءُ ج شُرْمٌ
شَرَّمَہٗ۔ پھاڑنا۔ چیرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا
تَشَرَّمَ وانْشَرَمَ۔ پھٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے
ہونا۔ شُرِمَ الصَّیْدُ: شکار کا زخمی ہو کر بھاگنا
اَلشَّارِمُ۔ فا۔ نشانہ کے گوشہ کو چھیدنے
والا تیر۔
اَلشَّرْمُ۔ مص۔ کھاڑی۔ سمندر کے پانی
کا گہرا حصہ۔ ایک قسم کا درخت۔ ج شُرُوْمٌ۔
اَلشَّرْمَحُ۔ قوی و لمبا۔ ج شَرَامِحُ۔ و شَرَامِحَۃٌ
اَلشَّرْمَحِیُّ۔ توانا و قوی۔
اَلشَّرَمَّحُ۔ لمبا۔
شَرَنَ (س) شَرْنًا۔ الصَّخْرُ: چٹان کا پھٹنا
اَلشَّرَنُ۔ شگاف۔
اَلشَّرَنْبَثُ وَالشَّرَنْبَلُ۔ موٹے اور
سخت ہاتھوں والا۔ شیر۔
اَلشَّرَنْبٰی۔ ایک پرندہ۔
جَمَلٌ شِرْنَاصٌ۔ موٹی اور لمبی گردن والا
اونٹ۔
اَلشُّرْنُوْغُ۔ مینڈک۔

شَرْنَفَ۔ الزَّرْعَ: کھیت کے بڑھے ہوئے
پتوں کو کاٹنا۔
اَلشُّرْنَافُ کھیتی کے بڑھے ہوئے پتے
جو کھیتی کے لئے مضر ہیں۔
اَلشَّرَنْفَخُ۔ ہلکے قدم والا۔
شَرْنَقَ۔ الشَّیْءَ: کاٹنا۔
اَلشَّرَانِقُ۔ سانپ کی کینچلی جسکو چھوڑدے
وَالشَّرَانِقُ۔ عِنْدَ الْمُوَلَّدِیْنَ: ریشم کے کیڑے کا
کویا۔ واحد (شَرْنَقَۃٌ) اس کو "فَیَالِجُ" بھی کہتے
ہیں جس کا واحد "فَیْلَجَۃٌ" ہے۔ نیز "صُنْجٌ"
کہتے ہیں جس کا واحد "صُنْجَۃٌ" ہے۔
شَرِہَ (س) شَرَھًا وشَرَاھَۃً۔ اِلَی
الطَّعَامِ وَعَلَیْہِ: بہت حریص ہونا۔ صفت
(شَرِہٌ وشَرْھَانُ)
اَلشَّرْھَاءُ۔ مِنَ السِّنِیْنَ: خشک سال۔
شَرْھَفَ۔ الصَّبِیَّ: بچہ کو عمدہ غذا دینا۔
اَلشُّرْوُ وَالشِّرْوُ۔ شہد۔
اَلشِّرْوَالُ۔ سروال میں ایک لغت ہے
بمعنی پائجامہ۔
شَرَی یَشْرِیْ شِرَاءً وشِرًی۔ الشَّیْءَ:
خریدنا بیچنا ــ اللَّحْمَ اَوِ الثَّوْبَ: دھوپ
میں خشک ہونے کیلئے ڈالنا ــ بِنَفْسِہٖ عَنْ
قَوْمِہٖ آگے بڑھ کر قوم کی طرف سے لڑنا۔
بادشاہ کے سامنے قوم کی نمائندگی کرنا۔
ــ ہٗ: ٹھٹھا کرنا۔ غمگین کرنا۔ کہا جاتا ہے۔
"فَعَلَ بِہٖ مَا شَرَاہُ" اس نے اس کے ساتھ
وہ فعل کیا جس نے اسے غمگین کیا ــ اللّٰہُ
فُلَانًا: پتی اچھلنے کی بیماری میں مبتلا ہونا۔
شَرِیَ یَشْرٰی شَرًی۔ البَرْقُ: بجلی کا چمکنا
ــ زِمَامُ الدَّابَّۃِ: بہت زیادہ ہلنا ــ
الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔ اصرار کرنا ــ الجِلْدُ:
جسم پر پتی اچھلنا۔ صفت (شَرٍ) ــ الشَّرُّ
بَیْنَھُمْ: برائی پھیلنا ــ الفَرَسُ فِیْ سَیْرِہٖ:
تیز دوڑنا ــ الفَرَسُ فِیْ لِجَامِہٖ وَالْبَعِیْرُ فِیْ زِمَامِہٖ:
کھینچنا۔

اَشْرَی۔ الزِّمَامَ: حرکت دینا ــ الشَّیْءَ: جھکانا
الحَوْضَ: حوض کو بھرنا ــ البَرْقُ: بجلی کا تیز چمکنا
ــ بَیْنَھُمْ: بھڑکانا ــ القَوْمُ: خارجی جیسا
ہونا یعنی طاعت امام سے نکل جانا۔
شَرَّی۔ اللَّحْمَ اَوِ الثَّوْبَ وَنَحْوَھُمَا: گوشت
یا کپڑے کو دھوپ میں ڈالنا۔
شَارَی مُشَارَاۃً وشِرَاءً۔ الرَّجُلَ:
خرید و فروخت کرنا۔ جھگڑا کرنا۔
اِشْتَرَی۔ خریدنا۔ بیچنا۔
تَشَارَی تَشَارِیًا۔ الرَّجُلَانِ: باہم غضبناک ہونا۔
تَشَرَّی تَشَرِّیًا۔ متفرق ہونا۔ خوارج میں
سے ہونا۔
اِسْتَشْرَی اِسْتِشْرَاءً۔ الفَرَسُ فِیْ سَیْرِہٖ:
تیز دوڑنا ــ الرَّجُلُ فِی الاَمْرِ: اصرار کرنا۔
اِسْتَشْرَتِ الاُمُوْرُ: بڑا اور دشوار ہونا ــ
الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔
اِشْرَوْرَی اِشْرِیْرَاءً۔ مضطرب ہونا۔
اَلشَّرْیُ۔ اندرائن۔ عرب کہا کرتے تھے۔
"لِفُلَانٍ طَعْمَانِ اَرْیٌ وشَرْیٌ" یعنی فلاں میٹھا
بھی ہے اور کڑوا بھی۔ درخت خرما جو بیج سے
اگا ہو۔ واحد (شَرْیَۃٌ)
اَلشِّرَاءُ۔ ج اَشْرِیَۃٌ و (الشَّرْیُ) خرید و فروخت
اَلشَّرَاءُ۔ طرف۔ جانب۔
اَلشَّرَی۔ پتی اچھلنے کی بیماری۔ پہاڑ۔
راستہ۔ طرف۔ جانب۔ ج اَشْرَاءٌ۔ کہا جاتا ہے
دَخَلُوْا اَشْرَاءَ الْحَرَمِ" وہ لوگ حرم کے اطراف
میں داخل ہوئے۔ الشَّرَی: فرات کی جانب
شیروں کے رہنے کی ایک جگہ جس کو بطور مثال
کے کہا کرتے ہیں (ــ والشَّرَاۃُ)
ردی مال یا عمدہ مال۔ کہا جاتا ہے "اِبِلٌ شَرَاۃٌ"
یعنی عمدہ اونٹ۔
اَلشَّرِیُّ۔ مِنَ الخَیْلِ: پسندیدہ۔ رفتار
میں انتہا کو پہونچا ہوا۔
اَلشَّرِیَّۃُ۔ الشَّرِیُّ کا مؤنث۔ طریقہ۔ طبیعت
روش۔ وہ عورت جو ہمیشہ لڑکی جنے۔

الشَّرْوَی - مثل یہی لفظ واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لئے مستعمل ہے - کہا جاتا ہے "ہُوَ وَہِیَ وَہُمَا وَہُمْ وَہُنَّ شَرْوَاکَ" یعنی تمہارے مثل ہیں اور کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ لَا یَمْلِکُ شَرْوَی نَقِیْرٍ" وہ نقیر کی برابر کسی چیز کا مالک نہیں - نقیری کے لئے بطور مثال کے بولا کرتے ہیں - اور نقیر اس گڑھے کو کہتے ہیں جو کھجور کی گٹھلی میں ہوتا ہے -

الشِّرْیَان - ایک درخت جس کی لکڑی سے کمان بناتے ہیں - اچھلنے والی رگ جس میں خون دوڑتا ہے - ج شَرَایِیْن -

الشِّرْیَانَات - جسم کی باریک رگیں -

الشَّارِی - اسم فاعل - ج شُرَاۃ - زمانہ حال کے علماء اس کلمہ کو بجلی پر دلالت کیلئے استعمال کرتے ہیں - الشُّرَاۃ : خوارج -

الْمُشْتَرِی - فا - خریدار - ایک سیارہ کا نام - ایک قسم کا پرندہ -

شَرْیَفَ - الزَّرْعَ : کھیت کے بڑھے ہوئے مضر پتوں کو کاٹنا -

الشِّرْیَاف - کھیتی کے بڑھے ہوئے پتے جو مضر ہوں -

شَزَّ (ض) شَزَازَۃً - بہت خشک ہونا - صفت (شَزٌّ وشَزِیْزٌ)

شَزَبَ (ن) وشَزُبَ (ک) شَزْبًا و شُزُوْبًا - کھُردرا ہونا یا لاغر و خشک ہونا - صفت (شَازِب) کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَاحِبٌ شَازِبٌ" رنگ بدلا ہوا لاغر و خشک مرد - ج شُزَّب وشَوَازِب -

شَزَّبَ - الْفَرَسَ : گھوڑے کو لاغر کرنا چھریرا بنانا

تَشَازَبَ - الْقَوْمُ عَلَی الْمَاءِ وغیرہ : اپنے حصہ کا منتظر ہونا کہا جاتا ہے "ہُمْ مُتَشَازِبُوْنَ" وہ لوگ اپنے حصہ کا انتظار کر رہے ہیں -

الشَّزْبَۃ - اسم مرۃ - کمان جو نہ نئی ہو نہ پرانی - الشَّزْبَۃُ مِنَ الْاُتُنِ : دبلی پتلی گدھی -

الشُّزْبَۃ - فرصت - کہا جاتا ہے "سَنَحَتْ شُزْبَتُہٗ" - اس کی فرصت کا موقع نکل گیا -

الشَّزِیْب - لکڑی جس کی اصلاح ابھی نہ ہوئی ہو - کمان جو نہ نئی ہو نہ پرانی - ج شُزُوْب

الشُّوْزَب - علامت -

شَزَرَ (ض) شَزْرًا - الرَّجُلَ وَاِلَیْہِ : غصہ میں ترچھی نظر سے دیکھنا — فُلَانًا : دائیں بائیں سے نیزہ مارنا - نظر بد لگانا -

شَزَرَ (ن ض) شَزْرًا واَسْتَشْزَرَ - الْحَبْلَ : رسی بٹنا - اِسْتَشْزَرَ الْحَبْلُ : رسی کا بٹ جانا

اِسْتَشْزَرَ الشَّیْءَ : بلند کرنا — الشَّیْءُ : بلند ہونا -

اَشْزَرَہٗ - اللّٰہُ : ایسی مصیبت میں پھنسانا - جس سے رہائی ممکن نہ ہو -

تَشَزَّرَ - غضبناک ہونا — لِلْقِتَالِ : آمادۂ جنگ ہونا -

شَازَرَہٗ مُشَازَرَۃً - دشمنی کرنا -

تَشَازَرَ الْقَوْمُ : ترچھی نظر سے ایک دوسرے کو دیکھنا -

الشَّزْرُ - مص - سختی - دشواری - کہا جاتا ہے "غَزْلٌ شَزْرٌ" ناہموار کتا ہوا سوت -

الشَّزَرُ والشُّزْرَۃ - آنکھ کی سرخی -

الْاَشْزَرُ - سرخ - عَیْنٌ شَزْرَاءُ : غصہ کی وجہ سے سرخ آنکھ -

شَزِنَ (س) شَزَنًا - الرَّجُلُ : چست ہونا

تَشَزَّنَ - الشَّیْءُ : سخت ہونا - دشوار ہونا — لَہٗ فِی الْخُصُوْمَۃِ : جھگڑے میں سختی برتنا - — لِلسَّفَرِ : سفر کی تیاری کرنا - سامان کرنا - (— تَشَزُّنًا وتَشَزِّیًا) الرَّجُلَ : پچھاڑنا - — الشَّاۃَ : ذبح کرنے کے لئے لٹانا -

الشَّزْنُ - چوسر وغیرہ کھیلنے کا مہرہ -

الشَّزَنُ والشُّزُنُ - سختی - جانب دوری زمین کی سختی - مِنَ الْعَیْشِ : زندگی کی سختی -

الشُّزُنُ : چوسر وغیرہ کھیلنے کا مہرہ -

الشَّزْنَۃُ - مِنَ النِّسَاءِ : بخیل عورت -

الشُّزُوْنَۃُ - سختی -

شَزَا یَشْزُوْ شَزْوًا - بلند ہونا -

شَسَّ (ض) شُسُوْسًا - الشَّیْءُ : خشک ہونا -

الشَّاسُّ - لاغر ضعیف و خشک -

الشَّسُّ - سخت زمین جو ایک پتھر کی طرح معلوم ہو - ج شِسَاس وشُسُوْس وشَسِیْس

شَسِبَ (س) وشَسُبَ (ک) شَسْبًا وشُسُوْبًا - خشک و لاغر ہونا - صفت (شَاسِبٌ) ج شُسُب -

الشِّسْبُ والشَّسِیْبُ - مِنَ الْقِسِیِّ : کمان جس کی لکڑی پتلی ہو -

الشَّسُوْبُ - مِنَ النُّوْقِ : اونٹنی جس کا بچہ سردی میں مرجائے اور پھر دودھ نہ دے -

شَسَعَ (ف) شَسْعًا وشُسُوْعًا - الْمَنْزِلُ : دور ہونا - صفت (شُسُوْع) ج شُسُع و (شَاسِعٌ) (— شَسْعًا وشَسَّعَ وَاَشْسَعَ) النَّعْلَ : جوتہ کے لئے تسمہ بنانا -

اَشْسَعَ - الشَّیْءَ : دور کرنا -

شَسِعَ (س) شَسَعًا - النَّعْلُ : جوتہ کا تسمہ ٹوٹنا — الْفَرَسُ : گھوڑے کے ثنیہ اور رباعیہ دانتوں کے درمیان فاصلہ ہونا -

— ہٗ : دور کرنا -

الشِّسْعُ - جوتی کا تسمہ - کہا جاتا ہے "اَدْنٰی مِنَ الشِّسْعِ" جوتی کے تسمہ سے بھی قریب - تنگ زمین کسی جگہ کا کنارا - کہا جاتا ہے "نَزَلَ بِشِسْعٍ مِنَ الْوَادِی" وہ وادی کے کنارے پر اُترا - تھوڑا مال - زیادہ مال (ضد) اور کہا جاتا ہے "ہُوَ شِسْعُ مَالٍ" وہ مال کا انتظام کرنے والا ہے - ج اَشْسَاع -

شَسَفَ (ن) شَسُفَ (ک) شُسُوْفًا شِسَافَۃً وشَسَافَۃً - خشک و لاغر ہونا صفت (شَاسِف وشَسِیْف)

الشَّسِیْفُ - خشک روٹی کی ٹکیہ -

الشَّسَفُ - کچی کھجور چیر کر خشک کی ہوئی -

الشَّسِیْف - وہ شخص جو لاغری کی وجہ سے خشک ہو چلا ہو -

الشُّوْشَب - بچھو - جوں -

شَصَّ - (س ض) شُصُوصًا و
شِصَاصًا - النَّاقَۃُ : اونٹنی کا بہت کم
دودھ والی ہونا — المَعِیْشَۃُ : تنگ گزران
ہونا — الرَّجُلُ : دور ہونا - کہا جاتا ہے " ما
اَدْرِیْ اَیْنَ شَصَّ " میں نہیں جانتا وہ کہاں گیا -
شَصَّہٗ (ن) شَصًّا و اَشَصَّہٗ عَنْ
کَذَا : منع کرنا - دور کرنا - ہٹانا - اَشَصَّ الرَّجُلُ :
دُور چلا جانا - اَشَصَّتِ النَّاقَۃُ : اونٹنی کا کم دودھ
والی ہونا - صفت شَصُوْصٌ - مُشِصٌّ نہیں کہتے
الشِّصُّ - مَشَّاق چور - ج شُصُوْص -
(— والشَّصُّ) مچھلی شکار کرنے کا کانٹا -
جس کو "سِنَّارۃ" بھی کہتے ہیں - ج شُصُوْص -
الشَّصُوْص - مِنَ النُّوْقِ اَوِ الشِّیَاہِ :
کم دودھ والی اونٹنی یا بکری - ج شُصُص و
شَصَائِص و شِصَاص - سَنَۃٌ شَصُوْصٌ :
خشک سال - کہا جاتا ہے " نَفَی اللہُ عَنْکَ
الشَّصَائِصَ " اللہ تمہاری سختیوں کو دُور
کرے -
شَصَبَ (ن) شُصُوْبًا و شَصِبَ
(س) شَصَبًا - العَیْشُ : تنگ گزران ہونا -
صفت (شَاصِبٌ) — الاَمْرُ : دشوار
ہونا — المَکَانُ : قحط زدہ ہونا -
شَصَبَ (ن) شَصْبًا - الشَّاۃَ : بکری
کی کھال اُتارنا -
اَشْصَبَ - اللہُ عَیْشَہٗ : تنگ گزران کرنا
الشِّصْبُ - سختی - قحط - خشک سالی -
حصہ ج اَشْصَاب -
الشَّصْبُ والشَّصَبُ - خشکی -
الشُّصْبُ - کھال اُتری ہوئی بکری -
عَیْشٌ (شَصِبٌ) دشوار و تنگ گزران زندگی
الشَّصِیْبُ - حصہ - مُسافر -
الشَّصِیْبَۃ - سختی و خشک سالی -
کنوئیں کی گہرائی - ج شَصَائِب - الشِّصَابُ :
پالان کی لکڑی -
الشَّصَّاب - قصاب -

الشَّیْصَبَان - چیونٹا یا اس کا سوراخ
جنوں کا ایک قبیلہ - شیطان کا نام -
شَصَرَ (ن) شَصْرًا - الثَّوْبَ : کپڑے کو
دُور دُور سینا - لنگر ڈالنا — فُلَانًا بالرُّمْحِ : کسی کو
نیزہ مارنا — ہ الثَّوْرُ : بیل کا سینگ مارنا
الشَّصَرُ - ہرن کا بچہ جبکہ قوی ہو جائے
اور حرکت کرنے لگے - مؤنث شَصَرَۃ - ایک
چھوٹا پرندہ - ج اَشْصَار -
الشَّاصِرُ - فا - الشَّاصِرُ مِنَ الظِّبَاءِ : ہرن
کا بچہ جبکہ قوی ہو جائے اور حرکت کرنے
لگے - مؤنث شَاصِرَۃ ج شَوَاصِر - الشَّاصِرَۃ :
درندوں کیلئے ایک جال -
الشَّوْصَرُ - مِنَ الظِّبَاءِ : ہرن کا بچہ جبکہ
قوی ہو جائے اور حرکت کرنے لگے -
الشَّصِیْرُ - کانٹے کی چبھن -
شَصَا یَشْصُو شُصُوًّا و شَصِیَ یَشْصَی
شُصِیًّا - البَصَرُ : نگاہ کا پتھرا جانا —
السَّحَابُ : بادل کا بلند ہونا — القِرْبَۃُ : مشک
کا خوب اچھی طرح بھر جانا — المَیِّتُ : میت
کے ہاتھ پیروں کا اُٹھ جانا - کہا جاتا ہے " شَصَا
بِرِجْلِہٖ " اس نے اپنی ٹانگ اٹھائی -
اَشْصَی - بَصَرَہٗ : ٹکٹکی لگانا - نگاہ اُٹھانا
الشَّصْو - سختی - مسواک -
شَطَّ (ض ن) شَطًّا و شُطُوْطًا - دور
ہونا — فُلَانًا : دُور کرنا - ظلم کرنا -
شَطَّ (ض) شَطَطًا - زیادتی کرنا - حق سے
دور ہو جانا — عَلَیْہِ فِیْ قَوْلِہٖ وحُکْمِہٖ : ظلم کرنا —
فِیْ سِلْعَتِہٖ : حد سے تجاوز کرنا اور بیش قیمت کرنا -
اَشَطَّ اِشْطَاطًا و اشْتَطَّ اِشْتِطَاطًا
زیادتی کرنا - حد سے تجاوز کرنا - حق سے
دور جا پڑنا — عَلَیْہِ : ظلم کرنا -
شَطَّطَ - زیادتی میں مبالغہ کرنا -
شَاطَّہٗ - زیادتی کرنے میں مقابلہ کرنا -
الشَّطُّ - مص - دریا یا سمندر کا کنارہ ج شُطُوْط
و شُطَّان - کوہان کی ایک جانب - ج شُطُوْط

الشَّطَّۃ - اسم مرۃ - جَارِیَۃٌ شَطَّۃٌ : سڈول
بدن والی لونڈی -
الشِّطَّۃ والشَّطَاطَۃ والشَّطَاط و
الشِّطَاط - دوری - الشَّطَاط والشِّطَاط :
قد و قامت کی خوبصورتی اور اعتدال -
الشَّاطُّ - فا - رَجُلٌ شَاطٌّ : سڈول بدن
والا مرد - مؤنث شَاطَّۃ -
شَطَأَ (ف) شَطْأً و شُطُوْءًا - کنارہ پر
چلنا — الدَّابَّۃَ بالحِمْلِ : جانور پر بوجھ لادنا -
— فُلَانًا : مغلوب کرنا — الاُمُّ بِالوَلَدِ : بچہ
گرا دینا (— و اَشْطَأَ) الزَّرْعُ : کھیتی میں
خوشہ نکلنا - اشْتَطَأَ الشَّجَرُ بغُصُوْنِہٖ : درخت
میں ٹہنی نکلنا - اُشْطِئَ الرَّجُلُ : زکام والا ہونا
اَشْطَأَ الوَادِیْ : دونوں کناروں پر بہنا -
کہتے ہیں " رَکِبْنَا الوَادِیَ کَذَا فَوَجَدْنَاہُ مُشْطِئًا " ہم
فلاں وادی کی طرف متوجہ ہوئے تو اسکو دونوں
کناروں سے بہتا ہوا پایا -
شَطَّأَ تَشْطِیْئًا - النَّہْرُ : دونوں کناروں
پر بہنا -
شَاطَأَہٗ - ایک دوسرے کے ساتھ دریا
کے کنارے پر چلنا -
الشَّطْأُ - کنارہ - ج شُطُوْء (والشَّطَأُ)
کھیتی کے پتے یا خوشہ - درخت خرما کے پودے
مِنَ الشَّجَرِ : شاخیں جو درخت کی جڑ میں
نکل آئیں - ج اَشْطَاء -
الشُّطْأَۃ - زکام -
الشَّاطِئُ - فا - مِنَ النَّہْرِ : جانب - تم
کہتے ہو " شَاطِئُ الاَوْدِیَۃِ " اس کی جمع نہیں آتی
— مِنَ البَحْرِ : کنارہ - ج شَوَاطِئ و شُطْآن -
شَطَبَ (ن) شَطْبًا - الشَّیْءَ : لمبا کاٹنا
یا چیرنا — ہ و شَطَّبَ فَوْقَہٗ : لکیر کھینچنا —
الرَّجُلُ : دُور ہونا - عَنْہُ : اعراض کرنا - ہٹنا —
الرُّمْحُ عَنْ مَقْتَلِہٖ : نیزے کا خطا کرنا -
شَطَّبَہٗ - جسم میں عمل تشریح کرنا -
تَشَطَّبَ - کٹنا - (— وانْشَطَبَ) الماءُ ونحوُہٗ : بہنا -

الشَّطْب - مع - لمبا خوبصورت قدوقامت والا - درخت خرما کی تر و سبز شاخ - ج شُطُوب
الشَّطْبَۃ - مِنَ النَّخْلِ: کھجور کی سبز شاخ - تلوار - ج شُطَب - لکیر جو غلط تحریر پر کھینچدی جائے (— والشِّطْبَۃ) لمبی خوبصورت لڑکی اچھے گوشت والا گھوڑا -
الشُّطْبَۃ والشَّطْبَۃ والشِّطْبَۃ - تلوار وغیرہ کے پھل کی دھاری - ج شُطَب
الشَّطِیبَۃ - اونٹ کے کوہان کا ٹکڑا جو لمبا کاٹ لیا گیا ہو - جیسے شَطَائِب -
الشَّطَائِب: مختلف فرقے - سختیاں -
سَیْفٌ (مَشْطُوبٌ و مُشَطَّبٌ) دھاریدار تلوار
رَجُلٌ مُشَطَّبٌ: وہ شخص جس کے چہرہ میں تلوار وغیرہ کی ضرب کا نشان ہو -
شَطَرَ (ن) شَطْرًا - الشَّیْءَ: دو برابر حصوں میں کرنا — بَیْتَ الشِّعْرِ: شعر کا نصف حذف کرنا — النَّاقَۃَ اَوِ الشَّاۃَ: ایک جانب کے تھن کو دوہنا دوسرے کو چھوڑ دینا - اور کہتے ہیں شَطَرَ شَطْرَہٗ اس نے اس کی جانب کا قصد کرنا -
شَطَرَتْ (ن) شُطُورًا - النَّاقَۃُ: اونٹنی کے تھن کے ایک حصہ کا لمبا ہونا - شَطَرَ بَصَرُہٗ اس طرح دیکھنا کہ تمہاری طرف بھی نظر ہے اور دوسرے کی جانب بھی — الدَّارُ: دور ہونا (— شَطَارَۃً) شوخ و بیباک ہونا - چالاک و خبیث ہونا — شُطُورًا و شُطُورَۃً و شَطَارَۃً عَنْہُمْ: جُدا و بعید ہونا — عَلٰی اَہْلِہٖ: خباثت اور کمینگی کی وجہ سے موافقت چھوڑ دینا — الیہم: متوجہ ہونا -
شَطُرَ (ک) شَطَارَۃً - شوخ و بیباک ہونا - چالاک خبیث ہونا (— شُطُورَۃً) النَّاقَۃُ اونٹنی کے ایک پستان کا دوسرے سے لمبا ہونا یا ایک پستان خشک ہونا -
شَطَّرَ - الشَّیْءَ: دو حصوں میں تقسیم کرنا - — الشِّعْرَ: شعر کے ہر مصرعہ پر دوسرا مصرعہ بڑھا دینا (مولّد) — النَّاقَۃَ و بالنَّاقَۃِ: اونٹنی کے ایک طرف کے تھن کو دوہنا دوسرے کو چھوڑ دینا -
شَاطَرَہٗ مَالَہٗ: آدھا آدھا تقسیم کرلینا — فُلَانًا: کسی کے گھر کے متصل گھر والا ہونا — النَّاقَۃَ: اونٹنی کے ایک طرف کے تھن کو دوہنا دوسرے کو چھوڑ دینا -
الشَّطْر - مع - جزء - نصف، اور اسی سے ہے "شَطْرُ بَیْتِ الشِّعْرِ" شعر کا نصف واحد دوری، جہت، جانب، اور اسی سے ہے شَطَرَ شَطْرَہٗ —— و "وَلِّ وَجْہَکَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ" اپنے چہرہ کو مسجد کی جانب پھیرو - ج اَشْطُرٌ و شُطُورٌ ناقہ کے تھن کے دو حصے ہوتے ہیں دو اگلے اور دو پچھلے - ہر دو باکھوں کو شَطْر کہتے ہیں - اور کہا جاتا ہے "حَلَبَ اَشْطُرَ الدَّہْرِ" یعنی اس نے تجربہ کیا اور زمانہ کے خیر و شر کو وہ پہچان گیا اور امثال عرب سے ہے "ہٰذا حَلَبٌ لَکَ شَطْرُہٗ" یہ ایسا عمل ہے جس میں فریقین کا نفع ہے -
الشِّطْرَۃ - اسم نوع - اور کہا جاتا ہے "اَوْلَادُ فُلَانٍ شِطْرَۃٌ" یعنی فلاں کی اولاد نصف مذکر اور نصف مؤنث ہے -
الشَّطْرَان - صرف نصف تک بھرا ہوا مؤنث شَطْرَیٰ -
الشَّاطِر - فا - شوخ و بیباک - چالاک و خبیث - ج شُطَّار -
الشَّطُور - مِنَ النِّعَاجِ اَوِ النُّوقِ: بھیڑ یا اونٹنی جس کے ایک جانب کا تھن لمبا ہو - یا ایک جانب کا تھن خشک ہو گیا ہو - ثَوْبٌ شَطُورٌ - کپڑا جس کی ایک جانب دوسری سے لمبی ہو - دَارٌ شَطُورٌ: دوسرے مکانوں سے علیحدہ مکان -
الشَّطِیر - دور - اکیلا - مسافر - اجنبی - ج شُطُرٌ و شُطَرٌ: آدھا - کہا جاتا ہے "ہٰذا شَطِیرُہٗ و شَطِیرُہٗ" یہ اس کا آدھا ہے - جیسے کہا جاتا ہے "ہٰذا نِصْفُہٗ و نَصِیفُہٗ"
المَشْطُور - مفع - چٹنی لگی ہوئی روٹی -
مِنَ الرَّجَزِ: فن عروض کی اصطلاح میں بحر رجز کے چھ اجزاء سے تین جز حذف کیا ہوا -
المُشَاطِر - ہمسایہ کہا جاتا ہے "ہُمْ مُشَاطِرُونَا" ان کے گھر ہمارے گھر سے متصل ہیں -
الشِّطْرَنْج - ایک مشہور کھیل ہے - سنسکرت لفظ چترانگ کا معرب - اس میں چھ قسم کے مہروں سے کھیلتے ہیں جو شاہ، فرزین، فیل، اسپ، رخ اور پیدل کہلاتے ہیں - ج شِطْرَنْجَات -
شَطَسَ (ن) شَطْسًا - فِی الْاَرْضِ: سفر کرنا -
الشَّطْس - مع - چالاکی -
الشُّطْس والشُّطُسَۃ - مخالفت دشمنی - عناد -
الشَّطُوس - ہر طرف کو جانے والا حکم کے خلاف چلنے والا -
شَطِعَ (س) شَطَعًا - الرَّجُلُ: مرض وغیرہ کی وجہ سے گھبرا اٹھنا -
شَطَفَ (ن) شَطْفًا - الرَّجُلُ: جانا اور دور ہونا — عَنِ الشَّیْءِ: ہٹنا — الثَّوْبَ و غیرہ: کپڑا وغیرہ دھونا -
سَہْمٌ (شَاطِفٌ) نشانہ سے خطا کرنے والا تیر - رَمِیَّۃٌ (شَطُوفٌ) ارادہ بعید و بے پایاں
الشُّطْفَۃ - مِنَ الشَّیْءِ: ٹکڑا - ج شُطَف -
شَطَمَ (ن) شَطْمًا - اِمْرَاَتَہٗ: جماع کرنا
شَطَنَ (ن) شَطْنًا - مخالفت کرنا - دور کرنا - رسی سے باندھنا - شَطَنَ فِی الْاَرْضِ: داخل ہونا (— شُطُونًا) الدَّارُ: دور ہونا - الرَّجُلُ: حق وغیرہ سے دور ہونا —— اَشْطَنَہٗ - دور کرنا -
شَیْطَنَ شَیْطَنَۃً و تَشَیْطَنَ - شیطانی فعل کرنا -
الشَّاطِن - فا - خبیث - حق سے دور ہونے والا -

الشَّطَن - رسّی - ج اَشْطَان -
بِئرٌ شَطُونٌ) زیادہ گہرا کنواں - حَربٌ شَطُونٌ :
بہت سخت جنگ - نِیَّۃٌ شَطُونٌ : ارادۂ بعید
رُمحٌ شَطُونٌ : لمبا ٹیڑھا نیزہ -
الشَّطِین - دور -
الشَّیْطَان - ج شیاطین: دیو - ہر سرکش
ونافرمان (آدمی ہو یا جن یا جانور) اور اسی
سے ہے "شَیَاطِینُ الْعَرَبِ" عرب کے سرکش
ونافرمان لوگ - سانپ - شَیْطَانُ الْفَلَاۃِ :
پیاس - مُخَاطُ الشَّیْطَانِ : ترمرے یعنی وہ چیز
جو گرمی کے زمانے میں مکڑی کے جالے کی مانند
فضا میں معلوم ہوتی ہے - اور کہا جاتا ہے -
"رَکِبَہٗ شَیْطَانُہٗ" یعنی وہ غضبناک ہوا -
و "شَیَاطِینُ الرَّأسِ" غصے کا جوش -
الْمُشَیْطَنَۃ - اونٹ کے چوتڑ کا داغ -
الْمُشَاطِن - ڈول کو دو رسیوں سے
کھینچنے والا -
شَطِیَ (س) شُطِیًّا - المَیِّتُ : میت
کے ہاتھ پیروں کا اُٹھ جانا -
شَظّٰی تَشْظِیَۃً - الشَّاۃَ : کھال اُتارنا
اور گوشت کو جدا جدا کرنا -
اِنْشَظّٰی - الشَّیْئُ : پراگندہ ومتفرق ہونا -
شَظَّ (ن) شَظًّا - الْاَمْرُ : دشوار ہونا -
سختی میں ڈالنا (— وشَظَّظَ وَاَشَظَّ)
القَوْمَ : پراگندہ ومتفرق کرنا - دھتکارنا شَظَّ
واَشَظَّ الْجُوَالِقَ : ٹیڑھے سرے کی لکڑی کو
بورے کے دونوں گوشوں میں باندھنا -
الشَّظّ - مص - دن کا بقیہ - ج اَشْظَاظ -
الشِّظَاظ - ٹیڑھے سرے کی لکڑی جو بورے
کے دونوں گوشوں میں داخل ہو - ج اَشِظَّۃ -
الشَّظِیظ - بندھا ہوا بورا - چری ہوئی
لکڑی - ج اَشْظَاظ - کہا جاتا ہے "طَارُوا
اَشْظَاظًا اور شِظَاظًا" یعنی وہ لوگ متفرق ہوگئے
شَظِفَ (س) شَظَفًا - العَیْشُ : تنگ
گزران ہونا — الرَّجُلُ : تنگ زندگی والا ہونا
صفت (شَظِفٌ) العَیْشُ : شَظِفَتْ یَدُہٗ :
سخت اور کھردرا ہونا — السَّہْمُ : تیر کا
کھال اور گوشت کے درمیان داخل ہونا -
(— وشَظُفَ (ک) شَظَافَۃً) الشَّجَرُ :
سخت ہونا - صفت (شَظِیفٌ)
شَظَفَہٗ (ن) شَظْفًا - عَنْ کَذَا : منع
کرنا - روکنا -
الشَّظْف - مص - ج شِظَاف و
(الشَّظَاف) تنگی وسختی -
الشِّظَاف - دوری -
الشَّظَف - مص - لاٹھی کی پھٹن -
الشِّظْف - خشک روئی - کھونٹی کی مانند
لکڑی - چھپٹی - ج شِظَفَۃ -
الشَّظِف - بدخلق - بڑا جنگجو - عُودٌ شَظِفٌ :
ٹوٹی ہوئی لکڑی - اَرْضٌ شَظِفَۃٌ : سخت و
خشک زمین -
المُشَظِّف - بے ارادہ تعریض کرنے والا -
الشَّیْظَم والشَّیْظَمِیّ - لمبا تناور
جوان (گھوڑا یا اونٹ یا آدمی) مؤنث
شَیْظَمَۃ - ج شَیَاظِمَۃ - الشَّیْظَم : بوڑھا
سیہی - شیر -
شَظِیَ (س) یَشْظٰی شَظًی - پھٹنا
القَوْمُ : متفرق ہونا -
شَظٰی یَشْظِی شَظْیًا - السِّقَاءُ : خوب
اچھی طرح بھر جانا — المَیِّتُ : میت کے
ہاتھ پیروں کا اُٹھ جانا -
شَظّٰی تَشْظِیَۃً - القَوْمَ : متفرق کردینا
— الفَرَسَ : گھٹنے کی باریک ہڈی کو پھاڑنا -
اَشْظٰی - ہ - گھٹنے کی باریک ہڈی پر مارنا -
تَشَظّٰی - پھٹنا - متفرق ہونا — العُودُ :
ٹکڑے ٹکڑے ہونا -
اِنْشَظٰی - پھٹنا -
الشَّظٰی - مص - دست یا زانو کی تلی اور چھوٹی
ہڈی، یا اُن میں کے چھوٹے چھوٹے پٹھے - قوم
کے پیرو - اجنبی لوگ جو قوم میں داخل ہوجائیں
الشَّظِیَّۃ - کمان - پنڈلی کی ہڈی - لکڑی ہڈی
وغیرہ کا ٹکڑا - ج شَظَایَا وشَظًی -
الشِّظِیَّۃ - پتھر کا بڑا ٹکڑا جو پہاڑ سے ایک
طرف کو نکلا ہوا ہو -
شَعَّ (ض) شَعًّا وشَعَاعًا - المَاءُ : بکھرنا -
پھیلنا (— شَعًّا وشَعِیعًا) جلدی کرنا -
شَعَّ (ن) شَعًّا وشَعَاعًا - المَاءُ : بکھیرنا -
کہا جاتا ہے "شَعَّ الغَارَۃَ عَلَیْہِمْ" ہر طرف سے
لوٹ ڈالنا -
اَشَعَّ اِشْعَاعًا - المَاءَ ونَحْوَہٗ : بکھیرنا —
الشَّمْسُ : شعاع پھیلنا — الزَّرْعُ : کھیتی میں
خوشہ نکلنا — السُّنْبُلُ : دانوں سے پُر ہونا -
اِنْشَعَّ - الذِّئْبُ فِی الْغَنَمِ - بھیڑیے کا بکریوں
میں تباہی ڈالنا -
الشُّعّ - مکڑی کا جالا - شُعُّ الشَّمْسِ : آفتاب
کی کرن -
الشُّعَاع - آفتاب کی کرن - ج اَشِعَّۃ وشُعُعٌ
وشِعَاع -
الشَّعَاع - مص - خون وغیرہ کا بکھرنا - ہلکا سا
— مِنَ اللَّبَنِ : زیادہ پانی ملا ہوا دودھ، ہر
بکھری ہوئی چیز - کہا جاتا ہے "ضَرَبْتُ بِالْعَصَاءِ
عَلَی الْحَائِطِ فَتَطَایَرَتْ شَعَاعًا" میں نے لاٹھی
کو دیوار پر مارا جس کی وجہ سے لاٹھی کے چھپٹرے
اُڑ گئے - و "ذَہَبَ الْقَوْمُ شَعَاعًا" قوم بکھر گئی
و "طَارَ قَلْبُہٗ شَعَاعًا" اس کا دل غموں کی وجہ
سے پراگندہ ہوگیا - وطَارَتْ نَفْسُہٗ شَعَاعًا"
خوف وغیرہ کی وجہ سے اس کا جی پراگندہ
وپریشان ہوگیا -
شُعَاعُ السُّنْبُلِ وشَعَاعُہٗ وشِعَاعُہٗ
وشَعُّہٗ - خوشہ کا خشک کانٹا جب تک کہ
خوشہ پر رہے -
الشَّعّ والشَّعِیع - جلدی - والشَّعُّ مِنْ
کُلِّ شَیْئٍ : بکھری ہوئی -
شَعَبَ (ف) شَعْبًا - الشَّیْئَ : جمع کرنا - متفرق
کرنا - درست کرنا - بگاڑنا (ضد) پھاڑنا -

— الشَّیْءُ: ظاہر ہونا — القَومُ: متفرق ہونا — الرَّجُلُ: مرنا۔ شَعَبَتْہُ المَنِیَّۃُ: اچانک ہلاک کرنا — فُلَانًا: مشغول کرنا — اللِّجَامُ الفَرَسَ: لگام کا گھوڑے کو روکنا اور دوسری طرف کو پھیرنا۔ کہا جاتا ہے "اِشْعَبْ لِی شُعْبَۃً مِنَ المَالِ" یعنی اپنے مال میں سے ایک حصہ مجھ کو دو۔ شَعَبَ اِلَی القَومِ: اپنے ساتھیوں کو چھوڑ کر قوم کی طرف مائل ہونا — الاَمِیْرُ رَسُولًا اِلیٰ مَوْضِعِ کَذَا: پیغامبر بنا کر بھیجنا۔

شَعِبَ (س) شَعَبًا۔ الرَّجُلُ او الثَّورُ: کندھوں اور سینگوں کے درمیان فاصلہ والا ہونا

شَعَّبَ و اَشْعَبَ۔ عَنْہُ: ہمیشہ کیلئے جدا ہونا۔ اَشْعَبَ الرَّجُلُ: مرنا۔

شَاعَبَ۔ و شَاعَبَتْ نَفْسُہُ: مرنا۔ شَاعَبَ الحِجْوَۃَ: ہلاک کرنا — صَاحِبَہُ: ... ہونا۔

تَشَعَّبُوا۔ متفرق ہونا۔ تَشَعَّبَ الزَّرْعُ: شاخوں والی ہونا — النَّہرُ: متفرق شاخیں نکلنا — عَنْہُ: دور ہونا۔ تَشَعَّبَتْہُمُ الفِتْنَۃُ: جدا جدا کر دینا۔ تَشَعَّبَتْ اَغْصَانُ الشَّجَرَۃِ: متفرق شاخیں پھیلنا — الشَّیْءُ: درست ہونا۔

اِنْشَعَبَ۔ عَنْہُ: دور ہونا — اغصانُ الشَّجَرَۃِ: جڑ سے شاخیں نکلنا — الطَّرِیقُ او النَّہرُ: جدا ہونا۔ اِنْشَعَبَ الرَّجُلُ و اِنْشَعَبَ نَفْسُہُ: مرنا — الشَّیْءُ: درست ہونا۔ اِنْشَعَبَ بِہِ القَولُ: بات میں سے بات نکلنا۔

الشَّعْبُ۔ مص۔ بڑا قبیلہ۔ لوگوں کی جماعت۔ مثل۔ کہا جاتا ہے "ہُمَا شَعْبَانِ" وہ دونوں ایک جیسے ہیں۔ دوری۔ دُور۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ شَعْبٌ" دور کا پانی۔ سر کے ٹکڑوں کے ملنے کی جگہ۔ شگاف۔ کہا جاتا ہے "اِلْتَأَمَ شَعْبُہُمْ" وہ لوگ متفرق ہونے کے بعد جمع ہو گئے۔ ج شُعُوبٌ۔

الشُّعُوبِیَّۃُ۔ وہ لوگ جو عرب کی حقارت کریں اور عجم پر فضیلت نہ دیں۔ واحد (شُعُوبِیٌّ)

الشِّعْبُ۔ پہاڑی راستہ۔ پانی کا راستہ۔ درۂ کوہ۔ بڑا قبیلہ۔ جانب۔ ج شِعَابٌ اور کہتے ہیں "شَغَلَتْ شِعَابِی جَدْوَایَ" یعنی اہل وعیال پر خرچ کی وجہ سے دوسروں پر مہربانی کرنے سے باز رہا۔

الشَّعَبُ۔ مص۔ دونوں کندھوں یا دونوں سینگوں کے درمیان کا فاصلہ۔

الشُّعْبَۃُ۔ فرقہ۔ کسی چیز کا گروہ۔ شاخ۔ دونوں سینگوں یا دو شاخوں کے درمیان کا فاصلہ۔ پانی بہنے کی جگہ۔ وادی کی بڑی نالی پہاڑ کی دراڑ۔ ج شُعَبٌ و شِعَابٌ و شُعُبٌ الدَّہرِ: زمانہ کے احوال۔ شُعَبُ السَّفُّودِ: سیخ کے دندانے جس میں بھوننے کیلئے گوشت لٹکاتے ہیں۔ شُعَبُ الیَدِ: انگلیاں۔ شُعَبُ الفَرَسِ: گھوڑے کے اطراف جو بلند ہوں جیسے سر وغیرہ۔ شُعَبُ الجِسْمِ: ہاتھ پاؤں۔ شُعْبَتَا الرَّحْلِ: کجاوہ کا اگلا پچھلا حصہ اور کہا جاتا ہے "ہٰذِہٖ مَسْأَلَۃٌ کَثِیْرُ الشُّعَبِ" یہ ایسا مسئلہ ہے جس کی تفریعات بہت ہیں۔

شَعْبَانُ۔ قمری مہینوں کا آٹھواں مہینہ ج شَعْبَانَاتٌ و شَعَابِیْنُ (کلمہ غیر منصرف ہے)

شَعُوبُ۔ موت کے لئے علم ہے۔ اور غیر منصرف ہے۔

الاَشْعَبُ۔ جس کے کندھوں یا سینگوں کے درمیان بہت فاصلہ ہو۔ ٹوٹے ہوئے سینگ والا۔ مؤنث شَعْبَاءُ۔ ج شُعْبٌ۔

الشَّعَّابُ۔ شگاف کو درست کرنیوالا۔ پیشہ کا نام (اَلشِّعَابَۃُ) ہے۔

الشَّعِیْبُ۔ کجاوہ۔ پرانی مشک۔ توشہ دان۔ ج شُعُبٌ۔

الشَّاعِبَانِ۔ دونوں کندھے۔

المَشْعَبُ۔ راستہ۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا مَشْعَبُ الحَقِّ" یہ حق کا راستہ ہے جو حق اور باطل کے درمیان فیصلہ کرنے والا ہے۔ ج مَشَاعِبُ

المِشْعَبُ۔ سوراخ کرنیکا آلہ۔ ج مَشَاعِبُ

المُشَعَّبُ۔ درست کیا ہوا۔

شَعْبَذَ۔ شعبدہ بازی کرنا۔ بازیگری کرنا

شَعِثَ (س) شَعَثًا۔ الاَمْرُ: پراگندہ ہونا۔ (— شَعَثًا و شُعُوثَۃً) الشَّعْرُ: بالوں کا غبار آلود ہونا۔ چکٹ جانا۔

المِضَزُّ ۔ بدخلق ۔ غضبناک ۔

ضَزَنَہٗ (ن ض) ضَزْنًا ۔ جو چاہتا ہے وہ نہیں بلکہ جو کچھ ہاتھ میں ہو اس پر قبضہ کر لینا ۔

تَضَازَنَ ۔ القومُ : آپس میں ایک دوسرے سے لینا دینا اور غلبہ کرنا ۔

الضَّیْزَنُ ۔ قابلِ اعتبار نگہبان ۔ آل و اولاد ۔ شرکاء ۔ پانی لیتے ہوئے جھگڑا کرنیوالا ۔

ضَعْضَعَہٗ ۔ زمین تک ڈھا دینا ۔

تَضَعْضَعَ ۔ فروتنی کرنا ۔ ذلیل ہونا ضعیف ہونا ۔ مرض یا غم کی وجہ سے دبلا ہونا ـــــ مَالُہٗ : کم ہونا ۔ کہا جاتا ہے " تَضَعْضَعَ بِہِ الدَّہْرُ " یعنی زمانہ نے اس کو ذلیل کر دیا ۔

الضَّعْضَعُ والضَّعْضَاعُ ۔ کمزور ۔ بغیر رائے اور تدبیر کا آدمی ۔

الضَّعْضَعَۃُ مص ۔ شدۃ ۔ فروتنی ۔ خاکساری

ضَعَطَہٗ (ف) ضَعْطًا ۔ ذبح کرنا ۔

ضَعَفَ (ن) ضَعْفًا وضُعْفًا وضَعُفَ (ک) ضَعَافَۃً وضَعَافِیَۃً ۔ کمزور ہونا ۔

ضَعَفَ (ف) ضَعْفًا ۔ القومَ : زیادہ کرنا ـــــ الشَّیْءَ : دوچند کرنا ۔

ضَعَّفَہٗ ۔ دوچند کرنا ۔ کمزور کرنا ۔

ضَعَّفَ الحَدِیْثَ : ضعف کی طرف نسبت کرنا (ـــ وتَضَعَّفَہٗ واِسْتَضْعَفَہٗ) ضعیف سمجھنا ۔

اَضْعَفَہٗ ۔ دوچند کرنا ۔ کمزور کرنا ۔ صفت مفعولی مَضْعُوْف ۔ قیاس کے مطابق مُضْعَف ہونا چاہیئے تھا اور یہ ایسا ہی ہے جیسے " اَسْعَدَہٗ اللہ " سے مَسْعُوْد نہ کہ مُسْعَد ۔ اَضْعَفَ الرَّجُلُ : کمزور جانور کا مالک ہونا ۔

ضَاعَفَہٗ ۔ دوچند کرنا ۔

تَضَاعَفَ ۔ دوچند ہونا ۔

الضَّعْفُ والضُّعْفُ ۔ کمزوری ۔

ضِعْفُ ۔ الشَّیْءِ : دوچند اور یا دوچند سے زیادہ جو غیر محصور ہے پس ان کے قول " لَکَ ضِعْفُہٗ " کا مطلب یہ ہے کہ تمہارے لئے دوچند یا سہ چند یا اس سے بھی زیادہ ہے ج اَضْعَاف

اَضْعَافُ الکِتَابِ : کتاب کی سطور کا فاصلہ ۔

الاَضْعَافُ مِنَ الجَسَدِ : اعضاء جسم یا ہڈیاں ۔

الضَّعَفُ ۔ کمزوری ۔ عقل و رائے کی کمزوری ۔

الضَّعْفَانُ ۔ کمزور ج ضَعَافَی ۔

الضَّعُوْفُ ۔ کمزور ۔

الضَّعِیْفُ ۔ کمزور ج ضِعَاف وضُعَفَاءُ وضَعَفَۃٌ وضَعْفٰی مؤنث ضَعِیْفَۃٌ ۔ الضَّعِیْفُ مِنَ الکلامِ درجۂ فصاحت سے گرا ہوا کلام ۔

المُضَاعَفَۃُ ۔ مِنَ الدُّرُوْعِ : ایسی زرہ جس کے حلقے دُہرے دُہرے ہوں ۔

اَرْضٌ مُضَعَّفَۃٌ ۔ زمین جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو ۔

ضَعِلَ (س) ضَعَلًا ۔ ماں باپ کے قریب النسب ہونے سے بچّے کا دبلا ہونا ۔

ضَغَا یَضْغُو ضُغُوًّا ۔ پوشیدہ ہونا ۔

اَضْغَّ ۔ القومُ : سرسبز باغ میں ہونا ۔ فراخ دستی کی زندگی بسر کرنا ۔ اَضْغَتْ واِضْغَتِ الاَرْضُ سبزہ زار ہونا ۔

الضَّغِیْغُ ۔ تر و تازگی ۔

الضَّغِیْغَۃُ ۔ سرسبز باغ ۔ فراخ دستی کی زندگی ۔ پتلا خمیر ۔ لوگوں کی مختلط جماعت ۔

ضَغَبَ (ن) ضَغْبًا ۔ بھیڑیے یا خرگوش کی طرح آواز کرنا ۔ گھبرا دینا ۔

الضغیب والضُّغَاب ۔ خرگوش اور بھیڑیے کی آواز ۔

الضَّغْبُوْس ۔ لومڑی کا بچہ ۔ کمزور مرد ۔ ککڑی کھیرا ۔ لیمون کی مانند ایک سبزی ج ضَغَابِیْس :

ضَغَثَ (ف) ضَغْثًا ۔ الحَدِیْثَ : ملانا ۔ کپڑے کو دھونا اور صاف نہ کرنا ـــــ الشَّیْءَ : جمع کرنا ۔

اَضْغَثَ ۔ الحَالِمُ الرُّؤْیَا : خواب کو شک سے بیان کرنا ۔

ضَغَّثَ ۔ النَّبَاتَ : سبزی کا مٹھا بنانا ۔

اِضْطَغَثَ ۔ الحَطَبَ : لکڑی کو اکٹھا کرنا ۔

الضِّغْثُ ۔ تر و خشک گھاس کا مٹھا ۔ ـــــ مِنَ الخَبَرِ والاَمْرِ : مخلوط باتیں جن کی کوئی حقیقت نہ ہو ج اَضْغَاث ۔ اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ : گڑبڑ خواب جن کی کوئی تعبیر نہ دی جا سکے ۔

کَلَامٌ ضَغْثٌ وضَغِثٌ ۔ ایسی گفتگو جس میں کوئی خیر نہو ۔

التَّضْغِیْث۔ بارش سے ترزمین یا نباتات
ضَغَطَہٗ (ف) ضَغْطًا و اَضْغَطَہٗ: بھینچنا
بھیڑ کرنا۔ تنگی کرنا۔
ضَاغَطَہٗ ضِغَاطًا و مُضَاغَطَۃً۔
ایک دوسرے کو بھینچنا۔ تنگی کرنا۔
تَضَاغَطُوْا۔ تنگی کرنا۔
اِنْضَغَطَ۔ مغلوب ہونا۔
اِضْتَغَطَ۔ عَلَیْہِ: تاوان وغیرہ میں سختی کرنا۔
اور قیاس کے مطابق اضطغط ہے۔
الضُّغْطَۃ۔ تنگی۔ کہا جاتا ہے "اَخَذْتُ فُلَانًا ضُغْطَۃً" جبکہ تم تنگی کرو تاکہ کسی شے پر مجبور کرو۔ شدت۔ مشقت۔
الضَّغْطَۃ۔ قہر۔ تنگی۔ مجبوری ضَغْطَۃُ القَبْرِ فشار قبر۔
الضَّاغِط۔ نگہبان۔ امانت دار۔
الضَّاغُوْط۔ کابوس (ایک قسم کی بیماری)
الضَّغِیْط۔ کمزور رائے والا ج ضَغْطٰی مونث ضَغِیْطَۃ۔
المَضْغَط۔ پست زمین ج مَضَاغِط۔
ضَغَلَ ضَغِیْلًا۔ پچھنا لگاتے ہوئی آواز نکالنا۔
الضَّغِیْل۔ پچھنا لگانے والے کے منھ کی آواز۔
ضَغَمَہٗ (ف) ضَغْمًا۔ الشَّیْءَ و بِہٖ: بھنبھوڑ لینا
کہا جاتا ہے "ضَغَمَہٗ ضَغْمَۃَ الْاَسَدِ" اس نے اسے شیر کی طرح بھنبھوڑ لیا۔
الضُّغَامَۃ۔ دانتوں سے کاٹ کر پھینکی ہوئی چیز۔
الضَّیْغَم۔ شیر۔ کاٹنے والا ج ضَیَاغِم۔
الضَّیْغَمِیّ۔ شیر۔
ضَغِنَ (س) ضِغْنًا۔ عَلَیْہِ: کینہ رکھنا
— اِلَیْہِ: مائل ہونا۔
اِضْطَغَنَہٗ۔ بغل کے نیچے لینا۔
اِضْطَغَنَ و تَضَاغَنَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے سے کینہ رکھنا۔ کہا جاتا ہے "اِضْطَغَنَ فُلَانٌ عَلٰی فُلَانٍ ضَغِیْنَۃً" یعنی کینہ کو پوشیدہ رکھا۔
الضِّغْن۔ کینہ۔ شوق۔ میلان۔ کجی۔
بغل۔ جانب۔ پہاڑ کا پہلو۔ ج اَضْغَان۔
الضَّاغِن و الضَّغِن۔ کینہ ور۔ فَرَسٌ ضَاغِنٌ و ضَغِنٌ: اڑیل گھوڑا جو بغیر مارے ہوئے نہ چلے۔ عُوْدٌ ضَغِنٌ: ٹیڑھی لکڑی۔
الضَّغِیْنَۃ۔ کینہ۔ ج ضَغَائِن۔
ضَغَا یَضْغُوْ ضَغْوًا۔ المَقَامِرُ: خیانت کرنا — اِلَیْہِ: عاجزی کرنا (— ضَغْوًا و ضُغَاءً) السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
اَضْغَاہ اِضْغَاءً۔ میاؤں میاؤں کرنے پر برانگیختہ کرنا۔
تَضَاغٰی۔ بھوک یا مار سے بلبلانا۔
الضُّغَاء مص۔ ذلیل آدمی کی آواز۔
ضَفَّ (ن) ضَفًّا و ضَفَفًا۔ القَوْمُ عَلَی المَاءِ او الطَّعَامِ: بھیڑ کرنا (— ضَفًّا) الشَّیْءَ۔ جمع کرنا۔
تَضَافَّ۔ القَوْمُ: بھیڑ کرنا۔ کم مال والا ہونا۔
ضَفُّ الحَالِ: بدحال۔
الضَّفَّۃ۔ جماعت۔
الضَّفَّۃ و الضِّفَّۃ۔ دریا کا کنارہ۔
— مِنَ البَحْرِ: سمندر کا ساحل ج ضِفَاف
الضَّفَف۔ مال کی قلت اور اہل و عیال کی کثرت۔ حاجت۔ کمزوری۔ جلد بازی۔
الضَّفَافَۃ۔ بے عقل۔
عَیْنٌ ضَفُوْفٌ۔ بہت پانی والا چشمہ۔
مَاءٌ مَضْفُوْف۔ جس پانی پر بھیڑ زیادہ ہو۔
ضَفَدَہٗ (ض) ضَفْدًا۔ طمانچہ مارنا۔
ضَفِدَ ۶ المَاءُ: پانی کا مینڈکوں والا ہونا — الرَّجُلُ: سکڑنا۔ گوز کرنا۔
الضِّفْدِع۔ مینڈک ج ضَفَادِع و ضَفَادِی اور یہ کم مستعمل ہے۔ واحد ضِفْدَعَۃ۔
ضَفَرَ (ض) ضَفْرًا و ضَفَرَ الحَبْلَ: رسی بٹنا — الشَّعْرَ: بال گوندھنا۔ ضَفَرَ البِنَاءَ: عمارت کو پتھروں سے بغیر چونے گارے کے بنانا۔
الرَّجُلُ: دوڑنے میں کودنا۔ — الدَّابَّۃَ: جانور کے منھ میں لگام دینا۔
ضَافَرَہٗ۔ عَلَی الاَمْرِ: مدد کرنا۔
تَضَافَرُوْا۔ عَلَی الاَمْرِ: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
اِنْضَفَرَ۔ گندھا ہوا ہونا۔ بٹا ہوا ہونا۔
کہا جاتا ہے "اِنْضَفَرَ الحَبْلَانِ" یعنی دونوں رسیاں گندھ گئیں۔
الضَّفْر مص۔ کجاوہ کا تنگ۔ گندھے ہوئے بالوں کی ایک پٹی۔ ریت کا بڑا تودہ جو ایک جگہ جمع ہو گیا ہو ج ضُفُوْر و اَضْفَار۔
الضَّفَار۔ کجاوہ کا تنگ ج ضُفُر۔
الضَّفِرَۃ۔ ریت کا بڑا تودہ جو ایک جگہ جمع ہو گیا ہو۔ کِنَانَۃٌ ضَفِرَۃٌ: بھرا ہوا ترکش۔
الضَّفِیْر۔ گندھے ہوئے بالوں کی رسی۔ سمندر کا کنارہ۔ کجاوہ کا تنگ۔
الضَّفِیْرَۃ۔ گندھے ہوئے بالوں کی ایک پٹی۔ چوٹی۔ ج ضَفَائِر۔ کہا جاتا ہے "کِنَانَۃٌ ضَفِیْرَۃٌ" یعنی بھرا ہوا ترکش۔
ضَفَزَ (ن) ضَفْزًا۔ کودنا — فُلَانًا: دفع کرنا۔ ہاتھ یا پیر سے مارنا — الفَرَسَ: گھوڑے کے منھ میں لگام دینا — البَعِیْرَ: اونٹ کے منھ میں زبردستی لقمہ دینا۔
اِضْطَفَزَہٗ۔ زبردستی نگلنا۔
الضَّفَّاز۔ چغل خور۔
الضَّفِیْزَۃ۔ بڑا لقمہ ج ضَفَائِز۔
ضَفْضَفَۃ۔ القَوْمِ: جماعت۔ قوم۔
ضَفَطَ (ن) ضَفْطًا۔ بِالحَبْلِ: رسی سے باندھنا — الرَّجُلُ: حاجت پوری کرنا — بِسَلْحِہٖ: پاخانہ کرنا۔
ضَفُطَ (ک) ضَفَاطَۃً۔ ڈھیلے اور بڑے پیٹ کا ہونا۔ جاہل اور کمزور رائے کا ہونا۔
تَضَافَطَ۔ اللَّحْمُ: گوشت کا گٹھا ہوا ہونا۔

الضَّفَطَۃ - جہالت - کمزوری رائے۔

الضَّافِط - فا۔ مسافر جس کا سفر دور کا نہو۔

الضَّافِطَۃ - مؤنث ضَافِط - باربرداری کا اونٹ - کمینہ آدمی - شتربان۔

الضَّفَّاط والضِّفِطّ والضَّفِيط - موٹا ڈھیلا - بڑے پیٹ والا - بیوقوف - کاہل جو قوم کا ساتھ جنگ وغیرہ میں نہ دے - شتربان۔

الضُّفَّاط - کمینہ آدمی۔

الضَّفَنَّط - موٹا ڈھیلا - بڑے پیٹ والا۔

ضَفَنَ (ض) ضَفْنًا - اِلَيْہِ: کسی کے پاس جاکر بیٹھنا — بِحَاجَتِہٖ: حاجت پوری کردینا - بِرِجْلِہٖ: لات مارنا — مَعَ الضَّعِيفِ: ساتھ آنا — بِہٖ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا — فلانا: چوتڑ پر لات مارنا — علیہ: ظلم کرنا

تَضَافَنَ الْقَوْمُ عَلَيْہِ: مل کر مدد کرنا۔

الضِّفْنِ والضِّفَنّ - بے وقوف چھوٹے قد کا موٹا۔

ضَفَا يَضْفُو ضَفْوًا - الرَّاسُ: سر پر بال بہت زیادہ ہونا — الحَوْضُ: حوض کا کناروں سے بہنا — الثَّوبُ: کپڑے کا پورا ہونا - صفت ضَافٍ۔

الضَّفَا - جانب - مثنٰی ضَفَوَان۔

ضَفْوَۃُ - العَيْشِ: خوش عیشی۔

ضَقَّ (ض) ضَقًّا - آواز کرنا۔

ضَكَّ (ن) ضَكًّا - بھینچنا — الامرُ فُلَانًا: تنگ ہونا — ہ بالحجۃ: مغلوب کرنا۔

ضَكَزَہٗ (ن) ضَكْزًا - زور سے چھونا۔

الضَّكَل - تھوڑا پانی۔

الضَّيْكَل - بڑے ڈیل ڈول کا - ننگا - فقیر - ج ضَيَاكِل وضَيَاكِلَۃ۔

الاَضْكَل - ننگا۔

ضَلَّ (س ض) ضَلَالًا وضَلَالَۃً گمراہ ہونا - دین حق یا راہ حق سے ہٹ جانا صفت ضَالٌّ ج ضُلَّال وضَالُّوْنَ - الطَّرِيقَ او عَنْہُ: ہدایت نہ پانا — الشَّیْءُ عَنْہُ: ضائع ہونا: بیکار جانا - ضَلَّ سَعْيُہٗ: کامیاب نہ ہونا — الشَّیْءُ: تلف ہونا — الرَّجُلُ، مرنا اور گل سڑ کر مٹی اور ہڈی ہوجانا — الرَّجُلَ: بھول جانا۔

ضَلَّلَہٗ، تَضْلِيلًا وتَضْلَالًا - گمراہ کردینا - گمراہی کی طرف نسبت کرنا۔

اَضَلَّ - الشَّیْءَ: ضائع کرنا - ہلاک کرنا - دفن کرنا - غائب کرنا — ہ اللّٰہ: اللہ کا کسی کو گمراہ کردینا — فلان فرسَہٗ: گھوڑے کا بھاگ جانا اور یہ معلوم نہ ہو کہ کہاں گیا — الشَّیْءَ او الرَّجُلَ: گمراہ پانا اور اسی سے ہے "اَتٰی قَوْمَہٗ فَاَضَلَّہُمْ" یعنی اپنی قوم کے پاس آیا تو ان کو گمراہ پایا۔

تَضَالَّ - گمراہی کا دعویٰ کرنا۔

اِسْتَضَلَّ - گمراہ ہونے کو کہنا۔

الضَّلّ والضُّلّ والضَّلَال والضَّلَالَۃ - گمراہی - باطل - ہلاکت - کہا جاتا ہے "ہُوَ ضُلُّ بْنُ ضُلٍّ او ضِلُّ بْنُ ضِلٍّ او ضُلُّ اَضْلَالٍ او ضِلُّ اَضْلَالٍ" یعنی وہ گمراہی میں منہمک ہے یا اس کے باپ کا پتہ نہیں - یا اس کے اندر خیر نہیں۔

الضَّلَل - گمراہی - پانی جو پتھروں کے نیچے بہے یا درختوں کے نیچے جس کو کبھی دھوپ نہ لگے۔

الضَّلَّۃ - اسم مرۃ - حیرت - خیر یا شر کے طلب کرنے میں غائب ہونا۔

الضِّلَّۃ - گمراہی - کہا جاتا ہے "ذَہَبَ دَمُہٗ ضِلَّۃً" یعنی اس کا خون بلا قصاص کے ضائع ہوگیا "ذَہَبَ ضِلَّۃً" یعنی معلوم نہیں کہاں گیا "ہُوَ تِبْعُ ضِلَّۃٍ" یعنی وہ مصیبت ہے "ہُوَ لَا يُؤْمِنُ ضِلَّۃً" یعنی ملامت کرنے میں اسے ہدایت کی توفیق نہیں ہوئی۔

الضُّلَّۃ - کامل رہنمائی - کہا جاتا ہے "دَلِيلٌ بِہٖ ضُلَّۃٌ" یعنی ایسا رہنما ہے جس کے اندر کامل رہنمائی ہے۔

الضَّالَّۃ - مؤنث ضَالّ - گمشدہ چیز جسکے پیچھے تم پھر رہے ہو ج ضَوَالّ۔

الضِّلِّيل - بہت زیادہ گمراہ۔

الاُضْلُولَۃ - گمراہی ج اَضَالِيل۔

المَضَلّ - جس میں لوگ گمراہ ہوجائیں۔

المُضِلّ - فا - سراب۔

المَضَلَّۃ والمَضِلَّۃ - گمراہی - "اَرْضٌ مَضَلَّۃٌ ومَضِلَّۃٌ" زمین جس میں راستہ بھول جائیں اور جمع کیلئے کہا جاتا ہے "اَرَضُوْنَ مَضَلَّاتٌ"۔

المُضَلَّل - بہت زیادہ گمراہ - گمراہی کے پیچھے بہت زیادہ پڑنے والا جس کو خیر کی توفیق نہ دی گئی ہو۔

ضَلُعَ (ک) ضَلَاعَۃً - قوی مضبوط پسلیوں والا ہونا - صفت ضَلِيع۔

ضَلَعَ (ف) ضَلْعًا - الشَّیْءُ: ٹیڑھا ہوجانا - صفت ضَالِع — الرَّجُلَ: پسلی پر مارنا — عَلَيْہِ: ظلم کرنا۔

ضَلِعَ (س) ضَلَعًا وضِلَعًا - پیدائشی ٹیڑھا ہونا - صفت ضَلِعٌ اور اسی سے ہے "لَاُقِيمَنَّ ضَلَعَكَ او ضِلَعَكَ" یعنی میں تیری کجی کو درست کردوں گا - ضَلِعَ مَعَ فُلَانٍ: جھکنا — الرَّجُلُ: شکم سیر یا سیراب ہونا۔

ضَلَّعَہٗ - جھکانا - ٹیڑھا کرنا - بوجھل کرنا - ضَلَّعَ الثَّوْبَ: کپڑے پر پسلیوں کے مانند نقش ونگار بنانا۔

اَضْلَعَہٗ - جھکانا - بوجھل کرنا - کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَضْلَعَتْہُ الخُطُوبُ" یعنی فلاں کو حوادث نے بوجھل کردیا۔

تَضَلَّعَ - شکم سیر یا سیراب ہونا اور اسی سے ہے "تَضَلَّعَ مِنَ الْعُلُومِ" یعنی اس نے علوم سے حصہ کامل پایا۔

اِضْطَلَعَ - قوی ہونا — بِحِمْلِہٖ: بوجھ لے کر کھڑا ہونا اور اس کی طاقت رکھنا۔

الضَّلَع - میلان و ٹیڑھاپن - کہا جاتا ہے "ضَلَعُكَ مَعَ فُلَانٍ" تمہارا میلان فلاں کی جانب ہے۔

الضِّلْع والضِّلَع - پسلی (مؤنث) ج اَضْلُع

وضُلُوع واَضلاع - کہا جاتا ہے "ہُم عَلیٰ ضِلعٍ جَائِرَۃٍ" یعنی وہ سب میرے اوپر ظلم کرنے میں متفق ہیں۔
اَلضِّلْع والضِّلَع مِنَ البِطِّیخ: خربوزے کی قاش پھانک۔ ضِلْعُ السِّلْقِ ونَحْوِہٖ: چقندر کے پتوں کی موٹی رگ۔ اَلضِّلْع: چھوٹا پہاڑ۔ پھندا۔ جال۔ ابرو۔
اَلضِّلْعَۃ - جانب۔
اَلضِّلَعَۃ - ایک سبز رنگ کی چھوٹی مچھلی۔
اَلاَضْلَع - مضبوط موٹا مرد۔ جـ ضُلْع۔
اَلضُّلُوع - زمین کا ڈھلوان۔
اَلضَّلِیْع - مضبوط پسلیوں والا۔ قوی۔ جـ ضُلُع - مؤنث ضَلِیْعَۃ۔ رَجُلٌ ضَلِیْعُ الفَمِ: بڑے منھ والا۔ قَوْسٌ ضَلِیْعٌ وضَلِیْعَۃٌ ومَضْلُوْعَۃٌ: کمان جس کی لکڑی میں جھکاؤ ہو۔
اَلمُضْلَع مِن الاحمال: بوجھل۔ عاجز کر دینے والا۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ مُضْلِعٌ بِہٰذَا الاَمْرِ" اسے اس کام کی طاقت ہے۔
اَلمُضَلَّع - پہلوؤں والا — مِنَ الثِّیاب دھاری دار کپڑا۔
ضَمَّ (ن) ضَمًّا - الشَّیْءَ: جمع کرنا — الشَّیْءَ اِلَیْہِ قبضہ کرنا اور اپنی طرف کھینچنا — عَلَی الشَّیْءِ قبضہ کرنا — فُلَانًا اِلَیْہِ: ساتھ رکھنا۔ ضَمَّہٗ اِلیٰ صَدْرِہٖ۔ معانقہ کرنا — الحَرْفَ: حرف کو ضمہ کی حرکت دینا۔ کہا جاتا ہے "ضَمَّ جَنَاحَہٗ عَنِ النَّاسِ" یعنی اس نے لوگوں سے نرمی برتی۔
ضَامَّہٗ - اِلَیْہِ: ملانا۔
اَضَمَّہٗ - الشَّیْءَ اِلیٰ فُلَانٍ: فلاں کی طرف چیز بھیجنا۔
اِنْضَمَّ - ملنا — عَلیٰ کَذَا: مشتمل ہونا
تَضَمَّمَ - الشَّیْءَ: پوری طرح سے شامل ہونا۔
اِضْطَمَّہٗ - اپنی طرف ملانا۔ اِضْطَمَّ عَلَیْہِ: مشتمل ہونا۔
اَلضَّمُّ والضَّمَّۃُ - پیش کی حرکت۔ اَلضَّمَّۃُ گھوڑ دوڑ کے گھوڑوں کی جماعت۔
اَلضِّمَام - ملانے کا ذریعہ۔

اَلضُّمُوْم - دو لمبے ٹیلوں کے درمیان کی وادی۔
اَلضَّمِیْم - ساتھی۔ مؤنث ضَمِیْمَۃ۔
اَلاِضْمَامَۃ - جماعت جـ اَضَامِیْم — مِنَ الکُتُب: کتابوں کا بنڈل۔
اَلمُنْضَمّ - عَلیٰ کَذَا: مشتمل ملا ہوا۔ کہا جاتا ہے "اَصْبَحَ مُنْضَمًّا" یعنی لاغر ہو گیا گویا کہ بعض بعض کے ساتھ ملا ہوا ہے۔
ضَمَجَ (ن) ضَمْجًا وضَمَجًا - جَسَدَہٗ: خوشبو لگانا
ضَمِجَ واَضْمَجَ - بِالاَرْضِ: زمین سے چمٹ جانا۔
اَلضَّمْجَۃ - ایک بدبودار کیڑا جو کاٹتا ہے، کھٹمل۔
اَلضَّمَج - آفت جو انسان کو لاحق ہو۔
اِضْمَحَلَّ - نیست نابود ہونا — السَّحَابُ بادل کا کھل جانا۔
ضَمَخَ (ن) ضَمْخًا وضَمَّخَ - جَسَدَہٗ بِالطِّیْبِ: بدن میں خوشبو لگانا۔
تَضَمَّخَ واِنْضَمَخَ واِضْطَمَخَ - بِالطِّیْبِ: خوشبو سے لت پت ہونا۔
اَلضِّمْخَۃ - موٹی عورت یا اونٹنی۔
ضَمَدَ (ن ض) ضَمْدًا وضَمَّدَ - الجُرْحَ: زخم پر پٹی باندھنا۔ کہا جاتا ہے "اُضْمُدْ عَلَیْکَ ثِیَابَکَ" یعنی اپنے کپڑے کو اپنے اوپر باندھو۔ ضَمَدَہٗ بِالعَصَا اس نے اس کے سر پر لاٹھی ماری۔ اور ایسا ہی "ضَمَدَ رَاْسَہٗ بِالسَّیْفِ"
ضَمِدَ (س) ضَمَدًا - خشک ہونا۔ سخت غضبناک ہونا — عَلَیْہِ: کینہ کرنا۔
اَضْمَدَ - القَوْمَ: جمع کرنا۔
تَضَمَّدَ - الجُرْحُ: پٹی بندھ جانا۔
اَلضَّمَد - مص۔ تر۔ خشک۔ عمدہ بکریاں۔ خراب بکریاں۔ کینہ وری۔
اَلضِّمْد - دوست۔ ساتھی۔
اَلضَّمَد - ظلم۔ پرانا حق۔
اَلضَّامِد - فا۔ لازم۔

اَلضِّمَاد والضِّمَادَۃ - پٹی جس سے عضو مجروح کو باندھا جائے — کہا جاتا ہے "اَنَا عَلیٰ ضِمَادَۃٍ مِنَ الاَمْرِ" یعنی میں کام کے نزدیک پہنچ گیا ہوں۔
ضَمَرَ (ن) وضَمُرَ (ک) ضُمُوْرًا - دبلا ہونا لاغر ہونا۔ چھریرا ہونا۔ صفت ضَامِر مؤنث ضَامِرٌ وضَامِرَۃٌ جـ ضُمَّر وضَوَامِر۔
اَضْمَرَ - الاَمْرَ: پوشیدہ کرنا — فِیْ نَفْسِہٖ شَیْئًا اپنے دل میں کسی چیز کا عزم کرنا — الخَبَرَ: تہ تک پہنچنا۔ اَضْمَرَتِ الاَرْضُ فُلَانًا: زمین نے اس کو موت یا سفر کی وجہ سے غائب کر دیا — الشَّاعِرُ: شاعر کا اضمار برتنا اور اِضْمَار اصطلاحِ فنِ عروض میں یہ ہے کہ دوسرے حرف کو ساکن کر دیں۔ جیسے مُتَفَاعِلُن کے دوسرے حرف کو ساکن کر دیں۔ تو مُتْفَاعِلُن ہو کر مُسْتَفْعِلُن کے وزن پر ہو جاتا ہے۔
اَضْمَرَ وضَمَّرَ الفَرَسَ: دبلا کرنا۔ چھریرا بنانا
تَضَمَّرَ وَجْہُہٗ: لاغری کی وجہ سے کھال سکڑ جانا۔
اِنْضَمَرَ الغُصْنُ: ٹہنی کا خشک ہونا۔
اِضْطَمَرَ - مل جانا — الفَرَسُ: گھوڑے کا دبلا ہونا چھریرا ہونا۔
اَلضَّمْر - چھریرا۔ دبلا۔ پتلے پیٹ والا۔ نازک بدن مؤنث ضَمْرَۃٌ۔ تنگ۔ راز (— المُضْمَر) پوشیدہ۔
اَلضُّمْرُ والضُّمُرُ - دبلا پن۔
اَلضَّمِیْر - راز۔ پوشیدہ خیال۔ پژمردہ انگور۔ ضمیر نحویوں کے نزدیک وہ کلمہ ہے جو متکلم مخاطب اور غائب پر دلالت کرے جیسے اَنَا۔ اَنْتَ۔ ہُوَ جـ ضَمَائِر۔
اَلضِّمَار - پوشیدہ۔ ٹالا ہوا وعدہ۔ ہر وہ چیز جس پر اعتماد نہ ہو۔ مال جس کی واپسی کی امید نہ ہو — مِنَ الدَّیْنِ: جس کی مدت معین نہ ہو۔
اَلاِضْمَار - مص۔ زحافاتِ شعریہ کی ایک قسم، تشریح اضمر فعل کے تحت میں دیکھو۔
اَلضَّوْمَرَان والضَّیْمُرَان - ایک قسم کی

خوشبودار گھاس۔

اَلمِضمَار۔ گھوڑ دوڑ کے میدان کی انتہا۔ وہ میدان جہاں گھوڑے چھریرے کئے جائیں۔ گھوڑوں کے چھریرے کرنے کی مدت۔ میدانِ گھوڑدوڑ۔

ضَمَزَ (ن ض) ضَمزًا۔ چپ رہنا — اللُّقمَةَ بڑا لقمہ بنانا اور نگل جانا — عَلیٰ مَالِہٖ: بخل کرنا۔ صفت ضَامِزٌ وضَمُوزٌ۔ ج ضُمُوزٌ۔

ضَمَسَ (ض) ضَمسًا۔ آہستہ آہستہ چبانا

ضَمضَمَ ضَمضَمَةً۔ دل کو قوی کرنا۔ بہادر بنانا — الاَسَدُ: شیر کا گونجنا — فُلَانٌ عَلَی المَالِ: کل لے لینا۔

الضَّمضَم والضُّمَاضِم۔ دلیر۔ گرانڈیل شیر غضبناک۔

ضَمِنَ (س) ضَمنًا وضَمَانًا الشَّیَٔ وبِہٖ: کفیل ہونا۔ ضامن ہونا — ہ: جمع کرنا۔

ضَمِنَ (س) ضَمَنًا وضَمَانَةً۔ الرَّجُلُ: ایسے مرض میں مبتلا ہونا جو ہمیشہ رہے اور وقتاً فوقتاً سخت ہوتا رہے۔ صفت ضَمِن۔

ضَمَّنَ الشَّیَٔ الوِعَاءَ: برتن میں رکھنا — ہ الشَّیَٔ: ذمہ دار بنا دینا — الشَّاعِرُ: شاعر کا تضمین کرنا۔ یعنی دوسرے کے شعر کو اپنے کلام میں شامل کر لینا۔

تَضَمَّنَ۔ الشَّیَٔ: مشتمل ہونا — الشَّیَٔ عَنِّی: اس نے میری طرف سے اپنے ذمہ لے لیا۔

الضَّمَن والضُّمنَة والضَّمَان والضَّمَانَة ہمیشہ کا رہنے والا مرض۔ لنجاپن۔

الضِّمن۔ اندرونِ شئ۔ ضِمنُ الکِتَابِ: کتاب کا بیچ۔

الضَّمِن۔ عاشق۔ پُرانے مرض والا۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ ضَمِنٌ عَلیٰ اَہلِہٖ" یعنی وہ اپنے لوگوں پر بوجھ ہے۔

الضَّامِن۔ فا۔ ضامن۔ کفیل۔ ذمہ دار۔

الضَّمِین۔ کفیل۔ مرض لازم میں مبتلا ج ضَمنیٰ۔

الضَّمَان مص۔ کفالت۔ تاوان۔ ڈنڈ۔

المَضمُون مفع۔ جس کی کفالت کی جائے۔ مِنَ الجُملَةِ: مفہوم جو جملہ سے سمجھ میں آئے اور جملہ اس کے لئے بیان نہ کیا گیا ہو۔ ج مَضَامِین

المُضَمَّن۔ مفع۔ تضمین کیا ہوا — مِنَ الاَصوَاتِ: غیر مکمل آواز جب تک دوسرے سے ملایا نہ جائے سمجھ میں نہ آئے۔

ضَنَّ (س ض) ضَنًّا وضِنًّا وضِنَّةً وضَنَانَةً ومَضَنَّةً واِضطَنَّ۔ بالشَّیِٔ بخل کرنا۔ ضَنَّ بِالمَکَانِ: مکان سے جدا نہ ہونا

الضِّنّ والضِّنَّة۔ جس پر بخل کیا جائے خاص۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ ضِنِّی وضِنَّتِی" وہ میرے ساتھ مختص ہے۔

الضَّنَن۔ بہادر۔

الضَّنِین۔ بخیل۔ کہا جاتا ہے "اِنَّمَا یُضَنُّ بِالضَّنِینِ" یعنی بخیل کے ساتھ بخل کیا جاتا ہے۔

الضَّنَائِن۔ وہ چیزیں جن کی نفاست کی وجہ سے بخل کیا جائے۔ اور اسی سے ہے "ضَنَائِنُ اللّٰہِ" اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے خاص لوگ۔

الضَّنَانَةُ۔ مص بخل کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "ہَجَمتُ عَلَی القَومِ وہُم بِضَنَانَتِہِم" میں قوم پر اچانک پہنچ گیا اور وہ لوگ متفرق نہیں ہوئے تھے۔

المَضَنَّة والمَضِنَّة جس پر بخل کیا جائے ج مَضَانّ۔

ضَنَأَ (ف) ضَنأً وضُنُوءًا۔ چھپنا — فِی الاَرضِ: جانا — المَالُ: کثیر ہونا (ضَنَأَتْ (ف) ضَنأً وضُنُوءًا وضَنِئَتْ (س) ضَنَأً واَضنَأَتِ) المَرأَةُ: بہت اولاد والی ہونا۔ صفت ضَانِیٌٔ وضَانِئَةٌ ج ضَوَانِئُ۔

اِضطَنَأَ (ء منہ): شرمانا اور منقبض ہونا۔

الضَّنءُ۔ اصل۔ معدن۔ کثرتِ نسل۔ ج ضُنُوءٌ۔

الضَّنءُ والضِّنءُ۔ اولاد (اس کیلئے واحد نہیں)

الضُّنَاءَة والضُّنَاأَة۔ ضرورت۔

ضَنَبَ (ن) ضَنبًا بِہٖ الاَرضَ: زمین پر پٹک دینا۔ ضَنَبَ بِالشَّیِٔ: قبضہ کرنا۔

ضَنِطَ (س) ضَنَطًا۔ الشَّحمُ: موٹا اور ٹھوس ہونا۔

اِنضَنَطَ۔ القَومُ: بھیڑ کرنا۔

الضُّنط۔ تنگی۔

الضَّنَط۔ چربی۔ نشاط۔ ڈینگ۔

الضِّنَاط۔ کنوئیں وغیرہ پر بہت زیادہ بھیڑ

ضَنُكَ (ک) ضَنَاکَةً۔ سست رائے۔ ضعیف العقل کمزور بدن ہونا۔ صفت ضَنِیکٌ ج ضُنُکٌ (— ضَنَاکَةً وضَنکًا وضُنُوکَةً) تنگ ہونا۔

ضُنِكَ ضَنکًا۔ زکام زدہ ہونا۔

اَضنَکَہُ اللّٰہُ: زکام میں مبتلا کرنا۔

الضَّنک۔ تنگ۔ مذکر و مؤنث دونوں میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "مَکَانٌ ضَنکٌ وعِیشَةٌ ضَنکٌ"

الضِّنَاک۔ مضبوط جسم والا۔ مذکر و مؤنث دونوں میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضِنَاکٌ و اِمرَأَةٌ ضِنَاکٌ"۔ بڑا درخت۔

الضُّنَاک والضُّنکَة۔ زکام۔

الضَّنَاکَة مص۔ تنگ زندگی۔

الضَّنِیک۔ تنگ زندگی۔ صرف خوراک پر خدمت کرنے والا۔ کٹی ہوئی چیز۔

ضَنِیَ (س) ضَنًی (وادی) مرض کی وجہ سے کمزور و لاغر ہونا۔ صفت ضَنًی وضَنٍ۔ کہا جاتا ہے "تَرَکتُہُ ضَنًی وضَنِیًا" ضَنًی بفتح النون میں مذکر و مونث واحد جمع سب برابر ہیں۔ اور ضَنٍ بکسر النون جب بولا جائیگا تو اس کیلئے تثنیہ جمع اور مؤنث کے صیغے استعمال کئے جائیں گے۔ ضَنٍ کی جمع اَضنَاءٌ۔

ضَانَی مُضَانَاةً الشَّیَٔ او الاَمرَ: مشقت برداشت کرنا۔

اَضنَی اِضنَاءً۔ المَرضُ فُلَانًا: بیماری کا

سست کردینا — الرَّجُلُ: بیماری کی لاغری کی وجہ سے صاحبِ فراش ہونا۔

تَضَنَّى۔ بتکلف بیمار ہونا۔ بننا۔

اِنْضَنَى۔ سست ہوجانا۔

الضَّنَى۔ بیماری۔ لاغری۔ بدحالی۔

الضِّنْو والضَّنْو والضِّنَى۔ اولاد۔ کہا جاتا ہے "لہ ضنو کثیر" اس کی بہت اولاد ہے۔

الضِّنَى۔ مخفی بیماریاں۔

ضَنَتْ تَضْنِى وضَنِيَتْ تَضْنَى ضَنًى وضَنَاءً المرأةُ: کثیر الاولاد ہونا۔

ضَنَى نَصِيبُ فلانٍ: حصہ کا بڑھنا۔

ضَهَبَ (ف) ضَهْبًا بالنار: آگ سے متغیر کرنا۔

ضَهَبَ (ن) ضُهُوبًا۔ کمزور ہونا۔

ضَهَّبَ اللحمَ: گوشت کو بریاں کرنا — القوسَ: نرم کرنے کے لئے آگ کے سامنے کرنا۔ صفت ضَهْبَاء، ضَهَّبَ القومُ: زیادہ ہونا اور تیز چلنا۔

ضَاهَبَ مُضَاهَبَةً۔ برا برتاؤ کرنا۔ گالی گلوج کرنا۔

ضَهْبٌ۔ القومِ: مخلوط لوگ۔

الضَّيْهَبُ۔ پہاڑ کا وہ گرم حصہ جہاں گوشت کو بھون سکتے ہوں۔

ضَهَتَهُ (ن) ضَهْتًا۔ سخت روندنا۔

ضَهَدَهُ (ف) ضَهْدًا۔

اَضْهَدَهُ واَضْهَدَ بِهِ واِضْطَهَدَهُ غلبہ کرنا اور ظلم کرنا۔ تکلیف دینا اور مجبور کرنا۔

الضُّهْدَةُ۔ غلبہ اور قہر۔ کہا جاتا ہے ہو ضهدة لکل احد یعنی ہر وہ شخص جو چاہتا ہے اسے مجبور کرتا ہے۔

الضَّهِيدُ۔ سخت مضبوط۔

الضَّهْرُ والضَّاهِرُ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ وادی۔ الضُّهْرُ کھوا۔

ضَهَزَهُ وضَهَسَهُ (ف) ضَهْزًا وضَهْسًا سخت روندنا — الدابةُ: جانور کا اگلے دانتو سے کاٹنا۔

ضَهَلَ (ن) ضَهْلًا وضُهُولًا۔ اللبنُ: تھوڑا تھوڑا جمع ہونا — الناقةُ ونحوہا: تھوڑی دودھ والی ہونا۔ صفت ضَهُول جہ ضُهُل ضَهَلَ حَقَّہٗ: حق کم کرنا — وتَضَهَّلَ) اِلٰی فلانٍ: کسی کی جانب بغیر ارادہ جنگ کے لوٹنا۔

اَضْهَلَ النخلُ: کھجوریں پکنے لگنا — اِلٰی فلانٍ مالًا: مال کو فلاں کی طرف کردینا۔

اِسْتَضْهَلَ۔ الخبرَ: حسبِ امکان خبر طلب کرنا۔

الضَّهْلُ۔ مجتمع دودھ۔ تھوڑا پانی۔

الضَّاهِلَةُ۔ من العیون: تھوڑے پانی کا چشمہ۔

الضَّهْوَاءُ بے پستان کی عورت۔

الضَّهْوَةُ۔ جوہڑ۔ جہ اَضْهَاء۔

ضَهِيَتْ تَضْهَى ضَهًى۔ المرأةُ: عورت کا بغیر پستان اور بغیر دودھ کے ہونا۔ صفت ضَهْيَاء جہ ضُهْى۔ ضَهِيَتِ الارضُ: زمین میں کچھ نہ اگنا اور بغیر پانی کے چٹیل میدان ہونا۔

ضَاهَى مُضَاهَاةً۔ الرجلُ: مشابہ ہونا

الضَّهِيُّ۔ مشابہ۔ ہم شکل۔ کہا جاتا ہے ہو ضَهِيُّكَ۔ وہ تمہارا ہم شکل ہے۔

ضَاءَ يَضُوءُ ضَوْءًا وضُوءًا وضِيَاءً القمرُ وغیرہٗ: روشن ہونا۔ چمکنا۔

ضَوَّءَ تَضْوِئَةً البیتَ: روشن کرنا۔ عن الامرِ: پھر جانا۔

اَضَاءَ اِضَاءَةً۔ البیتُ: روشن ہونا البیتَ: روشن کرنا۔

تَضَوَّأَ۔ تاریکی میں کھڑا ہونا تاکہ آگ کی روشنی میں لوگوں کو دیکھ سکے۔ تَضَوَّأَهُ: کسی ایسی جگہ مائل ہونا جہاں سے آگ کی روشنی سے دیکھ سکے۔

اِسْتَضَاءَ بہ: روشن ہونا — من فلانٍ مشورہ کرنا۔

الضَّوْءُ والضُّوءُ۔ روشنی جہ اَضْوَاء۔

الضِّيَاءُ والضَّوَاءُ۔ روشنی۔

الضَّوِيءُ والمُضِيءُ۔ روشن۔ روشن کرنے والا۔

ضَاجَ يَضُوجُ ضَوْجًا۔ عن کذا: اعراض کرنا۔ پھر جانا (— وانْضَاجَ) الوادیُ: کشادہ ہونا۔

تَضَوَّجَ الوادیُ: وادی کا بہت پیچدار ہونا

اِنْضَوَجَ فی ضَوْجِ الوادی: وادی کے موڑ میں داخل ہونا۔

الضَّوْجُ۔ وادی کا موڑ۔ جہ اَضْوَاج۔

الضَّوْجَانُ۔ سخت خشک۔ مؤنث ضَوْجَانَةٌ

ضَوَّجَ۔ اللبنَ: دودھ میں پانی ملانا۔

ضَارَ يَضُورُ ضَوْرًا۔ سخت بھوکا ہونا۔

ضَارَهُ الامرُ: نقصان پہنچانا۔

تَضَوَّرَ۔ درد کی تکلیف یا بھوک سے پیچ و تاب کھانا — الذئبُ ونحوہٗ: بھوک سے بلبلانا

الضَّوْرُ۔ سخت بھوک۔

الضُّورُ۔ کالی بدلی۔

الضُّوَرَةُ۔ ذلیل حقیر۔

ضَازَ يَضُوزُ ضَوْزًا۔ التمرةَ: پھل کو چبانا — ہ حقہٗ: کم کردینا۔

ضَوْضَى ضَوْضَاةً وضِيضَاءً۔ شور مچانا۔

الضَّوْضَى والضَّوْضَا والضِّيضَاء شور وغوغا۔

ضَوَّطَ۔ الاشیاءَ: جمع کرنا۔

تَضَوَّطَ۔ الشیءُ: جمع ہونا۔

الاَضْوَطُ۔ ٹیڑھے جبڑے والا۔ بیوقوف۔

الضَّوِيطَةُ۔ بیوقوف۔ حوض کی تہ کی مٹی گیلا خمیر۔

ضَاعَ يَضُوعُ ضَوْعًا۔ حرکت دینا رنجیدہ کرنا۔ بھڑکا دینا۔ گھبرا دینا۔ ضَاعَ المسکُ: مشک کی خوشبو پھیلنا — الدابةَ: جانور کو دبلا کرنا — الضبيُّ: رونے میں پیچ و تاب کھانا۔

تَضَوَّعَ۔ المسکُ: مشک کی خوشبو پھیلنا۔

— الصَّبِیُّ: رونے میں پیچ وتاب کھانا — وانْضَاعَ) الفَرْخُ: پرندہ کے بچے کا چوگہ کے لئے اپنی ماں کی طرف پر پھیلانا۔

الضُّوَعُ والضِّوَعُ۔ نر اُلّو۔ رات کو اڑنے والے پرندوں میں سے ایک پرندہ۔

الضُّوَاعُ۔ نر اُلّو کی آواز۔

رَجُلٌ مَضُوُعٌ۔ خوف زدہ۔

ضَافَ یَضُوفُ ضَوْفًا۔ عَنِ الشَّیْءِ: — الگ ہونا۔

ضَانَ یَضُونُ ضَوْنَۃً۔ زیادہ اولاد ہونا

الضَّوْنَۃُ مم۔ چھوٹی بچی۔

الضَّیْوَن۔ بلّا۔ ج ضَیَاوِن۔

الضَّوَّۃُ۔ شور۔ لڑائی کا شور۔

ضَوِیَ یَضْوَی ضَوًی۔ خِلْقَۃً یا لاغری سے پتلی ہڈی کا ہونا۔

ضَوَیٰ یَضْوِیْ ضَیًّا وضُوِیًّا۔ اِلَیْہِ: ملنا۔ پناہ لینا — الرَّجُلُ: رات کو آنا۔ ضَوَاہُ اِلَیْہِ: مائل کرنا۔

اَضْوَیٰ۔ دبلا ہونا۔ لاغر ہونا — الرَّجُلَ: کمزور کرنا — ہ حَقَّہٗ: کم کرنا — الاَمْرَ: کچا کام کرنا۔ اَضْوَتِ الْمَرْأَۃُ: کمزور بچہ جننا۔ اَضْوَاہُ اِلَیْہِ: اپنی طرف مائل کرنا۔

اِنْضَوَیٰ اِنْضِوَاءً۔ اِلَیْہِ: شامل ہونا۔ ملنا۔

الضَّاوِی۔ فا۔ رات کو آنے والا۔

الضَّاوِیُّ۔ کمزور، دبلا۔ خِلْقَۃً یا لاغری سے کمزور جسم والا۔ مؤنث ضَاوِیَۃٌ۔

ضَاجَ یَضِیْجُ ضَیْجًا وضُیُوْجًا وضَیَجَانًا عَنْہُ وإلَیْہِ: جھکنا مائل ہونا۔ ضاجت عِظَامُہٗ: لاغری کی وجہ سے ہڈیوں کا ہل جانا۔

ضَاحَتْ تَضِیحُ ضَیْحًا۔ البِلَادُ: خالی ہونا۔

ضَاحَ وضَیَّحَ۔ اللَّبَنَ: پانی ملانا۔ ضَیَّحَ فُلَانًا: پانی ملا ہوا دودھ پلانا۔

تَضَیَّحَ اللَّبَنُ: پانی میں دودھ ملنا — الرَّجُلُ: پانی ملا ہوا دودھ پینا۔

الضَّیْحُ۔ شہد۔

الضَّیْحُ والضَّیَاحُ۔ پانی ملا ہوا دودھ۔ شوربا۔

الضَّیْحَۃُ۔ پانی ملے ہوئے دودھ کی ایک مرتبہ پینے کی مقدار۔

ضَارَہٗ یَضِیْرُہٗ ضَیْرًا۔ الاَمْرُ: نقصان دینا

ضَازَہٗ یَضِیْزُہٗ ضَیْزًا۔ ظلم کرنا۔ ضَازَہٗ حَقَّہٗ: کم کرنا۔

الضَّیْزُ۔ ٹیڑھ۔ کجی۔

قِسْمَۃٌ ضِیْزَیٰ۔ ناقص تقسیم۔ ظالمانہ تقسیم۔

ضَاطَ یَضِیْطُ ضَیْطًا وضَیَطَانًا۔ فِی مَشْیَتِہٖ۔ موٹاپے کی وجہ سے چلنے میں جسم اور مونڈھوں کو حرکت دینا۔ صفت ضَیْطَان وضَیَّاط۔

ضَاعَ یَضِیْعُ ضَیْعًا وضِیْعًا وضَیْعَۃً وضَیَاعًا۔ ضائع ہونا۔ تلف ہونا۔ بیکار رہنا۔ صفت ضَائِعٌ ج ضُیَّعٌ وضِیَاعٌ۔

اَضَاعَہٗ۔ ضائع کرنا۔ اَضَاعَ الرَّجُلُ: بہت جائداد والا ہونا۔

تَضَیَّعَ۔ الْمِسْکُ: مشک کا بھڑکنا۔ مشک کی خوشبو کا پھیلنا۔

الضَّیَاعُ مم۔ ایک قسم کی خوشبو۔ بے فائدہ۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ ضَیَاعًا وضِیْعًا وضَیْعًا"۔ یعنی مرگیا اور کسی کو اس کی پروا نہ ہوئی۔

الضَّیْعَۃُ۔ جائداد۔ زمین سیر حاصل۔ اس کی تصغیر ضُیَیْعَۃٌ ہے اور جمع ضِیَعٌ وضِیَاعٌ وضَیْعَات۔ الضَّیْعَۃُ: پیشہ۔ کہا جاتا ہے "کَانَتْ ضَیْعَۃُ الْعَرَبِ سِیَاسَۃَ الْاِبِلِ" عرب کا پیشہ اونٹوں کا انتظام کرنا تھا۔

الْمِضْیَاعُ۔ بہت ضائع کرنے والا۔

الْمَضْیَعَۃُ والْمَضِیْعَۃُ۔ موضع ہلاکت۔ جہاں ضائع ہونے کے اسباب زیادہ ہوں۔ کہا جاتا ہے "بَلَدُکُمْ مَضْیَعَۃُ الْعِلْمِ" تمہارے شہر میں علم کے ضائع ہونے کے اسباب بہت ہیں۔

ضَافَ یَضِیْفُ ضَیْفًا اِلَیْہِ: مائل ہونا ہٹ جانا۔ ضَافَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے لئے مائل ہونا — السَّہْمُ عَنِ الْہَدَفِ: تیر کا نشانہ سے ہٹ جانا — الرَّجُلُ: خوف کرنا — منْہُ: پرہیز کرنا اور ڈرنا۔

ضَافَہٗ یَضِیْفُہٗ ضَیْفًا وضِیَافَۃً۔ مہمان ہونا۔ مہمانی طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "ضَافَ الْہَمُّ فُلَانًا" یعنی فلاں پر غم نازل ہوا۔

ضَیَّفَہٗ۔ مہمان بنانا۔ مہمانی کا کھانا پیش کرنا۔ ضَیَّفَہٗ اِلَیْہِ: جھکانا۔ ضَیَّفَ الرَّجُلُ: مائل ہونا ہٹ جانا — الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے لئے مائل ہونا۔

اَضَافَ الرَّجُلُ: دوڑنا۔ جلدی چلنا۔ خوف کرنا — الشَّیْءَ اِلَی الشَّیْءِ: جھکانا۔ سہارا دینا۔ ملانا — الرَّجُلُ: پناہ دینا۔ مجبور کرنا — منْہُ: چوکنا رہنا — عَلَیْہِ: جھانکنا — فُلَانًا عَلیٰ فُلَانٍ: مہمان اتارنا — الْکَلِمَۃَ اِلَی الْکَلِمَۃِ: ایک کی نسبت دوسرے کی طرف طریقہ مخصوص پر کرنا۔

تَضَیَّفَہٗ۔ مہمان ہونا۔ طلب ضیافت کرنا۔ تضیف الرجل: مائل ہونا — الشَّمْسُ: غروب کی طرف مائل ہونا۔

اِنْضَافَ اِلَیْہِ: ملنا۔

تَضَایَفَ الْوَادِی: تنگ ہونا۔

اِسْتَضَافَہٗ۔ ضیافت طلب کرنا۔ اِسْتَضَافَ بِہٖ: فریاد کرنا — مِنْ فُلَانٍ اِلیٰ فُلَانٍ: پناہ لینا

الضَّیْفُ۔ مہمان (واحد و جمع) مؤنث ضَیْف وضَیْفَۃٌ ج اَضْیَاف وضُیُوف وضِیَاف وضِیْفَان واَضَائِف۔

الضَّیْفَنُ۔ طفیلی۔

الضِّیْفُ۔ پہلو۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ فِی ضِیْفِ فُلَانٍ" وہ فلاں کے پہلو میں ہے۔

الضِّیَافَۃُ۔ مہمانی کا کھانا۔

الْمُضَافُ فِی الْحَرْبِ: جو جنگ میں گھر گیا ہو، جو قوم کے ساتھ چپکا دیا گیا ہو۔

الْمَضِیْفُ والْمَضْیَفَۃُ۔ مہمانی کی جگہ۔

الْمِضْیَافُ۔ بہت مہمانوں والا میزبان۔

الْمَضِیْفَۃُ والْمُضِیْفَۃُ۔ حزن۔ غم۔

مَضَائِفُ۔ الْوَادِی: وادی کے پہلو۔

ضَاقَ یَضِیْقُ ضِیْقًا وضَیْقًا۔ تنگ:

صفت ضَیِّقٌ وضَائِقٌ وضَیْقٌ — الرَّجُلُ: بخل کرنا۔
ضَیَّقَہٗ تَضْیِیْقًا۔ تنگ کرنا۔ ضُیِّقَ عَلَیْہِ: سختی کیا جانا۔
أَضَاقَ إِضَاقَۃً۔ تنگ کرنا۔ أَضَاقَ الرَّجُلُ محتاج ہونا۔
تَضَیَّقَ وتَضَایَقَ۔ تنگ ہونا۔ وتَضَایَقَ الأَمْرُ بِہٖ او عَلَیْہِ۔ تنگ ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَضَایَقَ القَوْمُ" یعنی قوم کشادہ دل نہیں یا ان کے مکان کشادہ نہیں

ضَایَقَہٗ مُضَایَقَۃً۔ سختی کرنا۔
الضِّیْقُ والضَّیْقُ سختی۔ حزن غم جس سے تنگ دلی ہو۔
الضِّیْقُ والضَّیْقُ۔ شک۔
الضِّیْقَۃُ والضَّیْقَۃُ۔ بدحالی۔ محتاجی۔ ج ضِیَقٌ وضَیَقٌ۔
الضَّائِقُ۔ فا۔ تنگ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ضَائِقٌ صَدْرُہٗ بِکَذَا" فلاں وجہ سے تنگ دل ہے۔ ج

ضَاقَۃٌ جیسے سَائِدٌ کی جمع سَادَۃ۔
الأَضْیَقُ۔ بہت تنگ مؤنث ضِیْقَی وضُوْقَی
المَضِیْقُ تنگ جگہ۔ مشکل کام۔ گھاٹی ج مَضَایِقُ
ضَامَہٗ یَضِیْمُہٗ ضَیْمًا۔ ظلم کرنا۔ مجبور کرنا۔
ضَامَہٗ واسْتَضَامَہٗ۔ حَقَّہٗ: کم کرلینا۔
الضَّیْمُ۔ ظلم۔ ج ضُیُوْمٌ۔
ضِیْمُ۔ الجَبَلِ: پہاڑ کا کنارہ۔
الضَّامَۃُ۔ حاجت۔ ضرورت۔

ط

طَأْطَأَ۔ الرَّأْسَ وغیرہ: پست کرنا۔ کہا جاتا ہے "طَأْطَأَ رَأْسَہٗ عَنْ کَذَا" یعنی فلاں چیز سے اس نے اپنے سر کو پست کرلیا — فَرَسَہٗ: گھوڑے کو تیز دوڑانے کیلئے اس کی دونوں رانوں میں ایڑ لگانا۔ طَأْطَأَتِ المَرْأَۃُ سِتْرَہَا: عورت کا پردہ ڈالنا۔ طَأْطَأَ یَدَہٗ بِالعِنَانِ لگام کو ڈھیلا چھوڑنا — الحُفْرَۃَ: گڑھے کو گہرا کرنا۔ فُلَانٌ مِنْ فُلَانٍ: کسی کو مرتبے سے گرا دینا۔ طَأْطَأَ فِیْ قَتْلِ القَوْمِ: قوم کے قتل کرنے میں مبالغہ کرنا۔ سختی برتنا۔
تَطَأْطَأَ۔ پست ہونا۔
الطَّأْطَأُ۔ پست زمین۔ چھوٹا اونٹ۔
الطَّآۃُ۔ کیچڑ۔
طَبَّہٗ (ن ض) طَبًّا۔ علاج کرنا۔ طَبَّ الرَّجُلُ: جلد بازی نہ کرنا۔ نرمی کرنا۔ اور اسی سے مثل ہے "مَنْ اَحَبَّ طَبَّ" یعنی جو دوست رکھتا ہے نرمی کرتا ہے اور کہا جاتا ہے "اِصْنَعْہُ صَنْعَۃَ مَنْ طَبَّ لِمَنْ حَبَّ" یعنی معاملہ کرو اس شخص جیسا جو کسی کے ساتھ محبت کرتا ہے تو نرمی کرتا ہے — خُرَزَ القِرْبَۃَ مشک میں پیوند لگانا۔ عام لوگ کہتے ہیں "طُبَّ عَلٰی وَجْہِہٖ" یعنی وہ اپنے منہ کے بل اوندھا ہوگیا اور صواب اُکِبَّ ہے اور کہا جاتا ہے "مَا کُنْتَ طَبِیْبًا وَلَقَدْ طَبِبْتَ اور طَبَبْتَ" یعنی تم طبیب نہیں تھے اور بن گئے۔
طُبَّ الرَّجُلُ: جادو کیا جانا۔

طَبَّبَہٗ۔ علاج کرنا۔ طَبَّبَ الخَیَّاطُ الثَّوْبَ درزی کا کپڑے میں کشادہ ہونے کیلئے جوڑ لگانا۔ القِرْبَۃَ: مشک کے سوراخ پر پیوند لگانا۔
طَابَّ مُطَابَّۃً۔ الأَمْرَ: مزاولت کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَنَا أُطَابُّ ہٰذَا الأَمْرَ مُنْذُ حِیْنٍ کَیْ أُبْلِغَہٗ" یعنی میں ایک مدت سے اس امر کی مشق و مزاولت کر رہا ہوں تاکہ اس کو حاصل کرلوں۔
تَطَبَّبَ۔ الرَّجُلُ: طبیب بننا — لِفُلَانٍ: علاج کرانا۔
إِسْتَطَبَّہٗ۔ دوا تجویز کرانا۔
الطَّبُّ۔ طبیب حاذق۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ طَبٌّ بِہٰذَا الأَمْرِ" یعنی وہ اس امر کا عالم ہے۔ طبیب۔
الطِّبُّ۔ ارادہ۔ خواہش۔ حال۔ شان عادت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ طِبُّہُ المُجُوْنُ" فلاں کی عادت مذاق کی ہے۔
الطَّبُّ والطِّبُّ والطُّبُّ۔ جسمانی اور روحانی علاج۔ نرمی۔ جادو۔
الطِّبَابُ۔ جس سے علاج کیا جائے۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا طِبَابُ مَرَضِکَ" یعنی یہ تمہارے مرض کا علاج ہے۔
الطَّبَّۃُ۔ مؤنث طَبٌّ۔ گوشہ۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ فِیْ تِلْکَ الطَّبَّۃِ" یعنی وہ اس گوشہ میں ہے۔
الطِّبَّۃُ ج طِبَبٌ۔ الطِّبَابَۃُ ج طِبَابٌ۔ زمین کپڑے کھال یا بادل کا مستطیل ٹکڑا۔ والطِّبَابَۃُ

مِنَ الخَرَزِ: مشک کے نچلے حصہ میں دو سوراخوں کے درمیان کا چمڑا۔
الطَّبِیْبُ۔ فن طب کا جاننے والا۔ فن طب کا ماہر ج أَطِبَّۃٌ۔ أَطِبَّاءُ۔ مؤنث طَبِیْبَۃٌ۔
المَطْبُوْبُ۔ سحر زدہ جس پر جادو کا اثر ہو۔
طَبِجَ (س) طَبَجًا۔ الرَّجُلُ: بیوقوف ہونا۔ صفت أَطْبَجُ — عَلٰی رَأْسِہٖ وعَلٰی کُلِّ أَجْوَفٍ: سر پر یا ہر کھوکھلی چیز پر مارنا۔
تَطَبَّجَ۔ فِی الکَلَامِ: مختلف رنگوں میں گفتگو کرنا۔
طَبَخَ (ن ن) طَبْخًا وطَبِیْخًا۔ اللَّحْمَ: گوشت پکانا۔ طَبَخَ الصَّبِیُّ: بچہ کا حرکت کرنا۔ بڑھنا۔
اِنْطَبَخَ۔ پکنا۔
اِطَّبَخَ۔ الرَّجُلُ: اپنے لئے پکانا — اللَّحْمَ: گوشت پکانا۔
الطَّبْخُ والطِّبْخُ۔ جو کچھ پکایا جائے۔
الطُّبَاخَۃُ۔ ہانڈی کے جھاگ۔ پکی ہوئی چیز
الطِّبَاخَۃُ۔ باورچی گیری۔
الطَّبَّاخُ۔ پکانیوالا۔ اور اس کو طاہی بھی کہتے ہیں اور استعمال عوام میں طبّاخ کا اطلاق انگیٹھی پر ہوتا ہے اور حسن یہ ہے کہ اسکو منصب کہا جائے۔
الطَّبِیْخُ۔ پکی ہوئی چیز۔ چونہ۔ پکی اینٹ ج أَطْبِخَۃٌ۔

الطَّابِخ - پکانے والا - سخت بخار -
الطَّابِخَۃ - مؤنث طَابِخ دو پہر -
الطَّابِخ والطُّبَّاخ - مضبوطی - قوت -
موٹاپا - کہا جاتا ہے "مَا فِی کَلَامِہٖ طُبَاخ" یعنی
کوئی فائدہ نہیں -
الاَطْبَخ - بہت زیادہ بے وقوف -
المَطْبَخ - باورچی خانہ - ج مَطَابِخ -
المِطْبَخ - پکانے کا اوزار - ج مَطَابِخ -
المُطَّبَخ والمُطْبَخ - باورچی خانہ -
طَبَرَ (ن) طَبْرًا - اچھلنا - کودنا - چھپنا -
الطَّبَر والطَّبَرْزِین - کلہاڑا (یہ دونوں
کلمے دخیل ہیں)
الطُّبَّار - انجیر کے مشابہ ایک درخت -
واحد طُبَّارَۃٌ -
الطَّبَرِی - طبرستان کی طرف منسوب -
طَبَزَہٗ (ن) طَبْزًا - بھر دینا -
الطِّبز - پہاڑ کا مضبوط کنارہ - دو کوہان
کا اونٹ -
طَبَّسَہٗ - گارے سے لیپنا -
الطَّبس - ہر ایک کالی چیز -
الطِّبس - بھیڑیا -
بَحْرٌ طَبِیْسٌ - بہت پانی والا سمندر -
الطَّبْش - لوگ -
الطُّبْشَۃ - استعمال عوام میں بچوں کے
مارنے کی لمبی چھڑی اور فصیح لفظ مِخْفَقَۃ ہے -
طَبْطَبَ طَبْطَبَۃً: المَاءُ او السَّیْلُ: پانی
یا سیلاب کا آواز کرنا — الوَادِی: وادی کا بہنا —
المَاءَ: پانی کو حرکت دینا -
الطَّبْطَابَۃ - گیند کا بلا -
الطَّبْطَبِیَّۃ - کوڑا -
طَبَعَ (ف) طَبْعًا - الشَّیْءَ: کسی چیز کی تصویر
بنانا — عَلَیْہِ: مہر لگانا — الدِّرْہَمَ: سکہ ڈھالنا
السَّیْفَ: تلوار بنانا - ڈھالنا — اللّٰہُ الخَلْقَ:
پیدا کرنا — الدَّلْوَ: ڈول بھرنا - کہا جاتا ہے طَبَعَ
اللّٰہُ عَلٰی قَلْبِہٖ یعنی اللہ تعالیٰ نے اسکے دل پر مہر کردی
جس کی وجہ سے وہ خیر کی توفیق سے محروم ہے -
طَبِعَ (س) طَبَعًا - میلا کچیلا ہونا - عیب دار
ہونا — السَّیْفُ: تلوار کا زنگ آلود ہونا -
صفت طَبِعٌ و اَطْبَعُ -
طُبِعَ - عَلَی الجَبَلِ: پیدا کیا جانا -
طَبَّعَ - الاِنَاءَ: بھر دینا - گندا کرنا - عوام کہتے
ہیں طَبَّعَ الدَّابَّۃَ: یعنی سدھا لیا - فصیح لفظ اس
کے لئے "رَاضَہَا" ہے -
تَطَبَّعَ - بھر جانا - ڈھلنا — بِطِبَاعِ اَبِیْہِ:
باپ کے اخلاق اختیار کرنا — النَّہْرُ بِالمَاءِ:
نہر کا کناروں سے بہ نکلنا -
اِنْطَبَعَ - بھر جانا - ڈھلنا -
الطَّبْع - پیدائشی عادت - مثال - نمونہ - کہا
جاتا ہے "اِضْرِبْہُ عَلَی طَبْعِ ہٰذَا" یعنی اسکو اسکے
نمونہ پر بناؤ ج طِبَاع -
الطِّبْع - پانی جذب ہونیکی جگہ - پیمانہ بھر -
مشکیزہ - نہر ج طُبُوْع و طِبَاع (— و الطَّبَع
زنگ میل کچیل - عیب - ج اَطْبَاع -
الطَّبِع - کمینہ - سَیْفٌ طَبِعٌ: زنگ آلود تلوار -
الطَّابِع والطِّبَاع - خلقی عادت -
الطَّابِع والطَّابَع: - مہر - ہر وہ چیز جس سے
مہر کی جائے ج طَوَابِع - کہا جاتا ہے "ہٰذَا الکَلَامُ عَلَیْہِ
طَابِعُ الفَصَاحَۃِ" یعنی یہ ایسا کلام ہے جس پر
فصاحت کی مہر ہے -
الطَّبَّاع - طَابِع اسم فاعل کا مبالغہ -
الطِّبَاعَۃ - تلوار سازی - چھاپنے کا پیشہ -
دَارُ الطِّبَاعَۃِ: تلوار سازی کا کارخانہ - چھاپنے کی جگہ
الطَّبِیْعَۃ - خلقی و جبلی عادت - ج طَبَائِع -
الطَّبَائِعُ الاَرْبَع: سردی - گرمی - خشکی - تری -
الطَّبِیْعِی - جو طبیعت کے ساتھ مختص ہو - جو
ہر چیز کو طبیعت کی طرف منسوب کرے - جو علم
طبیعیات کا ماہر ہو - اور علم طبیعیات وہ علم ہے
جس میں طبائع اشیاء سے بحث کی جائے -
الطُّبْعَان - مہر - کہا جاتا ہے "ہٰذَا طُبْعَانُ
الاَمِیْرِ" یہ امیر کی مہر ہے -
المَطْبَعَۃ والمَطْبَع - چھاپنے کی جگہ -
ج مَطَابِع -
المِطْبَعَۃ - چھاپنے کا آلہ - پریس - ج مَطَابِع
المَطْبُوْع - مفعول چھپا ہوا - پسندیدہ —
مِنَ الشُّعَرَاءِ: جو بلا تکلف اشعار کہے -
طَبِقَ (س) طَبَقًا و طَبَقَانًا: بند ہونا
پہلو سے لگنا - طَبِقَ یَفْعَلُ الشَّیْءَ: شروع کرنا -
کرنے لگنا -
طَبَّقَ الشَّیْءُ: عام ہونا — السَّحَابُ الجَوَّ:
بادل کا فضا کو گھیر لینا — المَاءُ وَجْہَ الاَرْضِ:
ڈھانپ لینا — السَّیْفُ المَفْصَلَ: تلوار کا جوڑ کو
جدا کرنا - کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ یُطَبِّقُ المَفْصَلَ" جبکہ حجت
میں غالب ہو - طَبَّقَ الحَاکِمُ فِی حُکْمِہٖ: حاکم کا درست
فیصلہ کرنا — الفَرَسُ فِی عَدْوِہٖ: دوڑنے میں ایک
ساتھ دونوں ٹانگوں کا اٹھانا اور اکٹھا ہی رکھنا -
طَابَقَہٗ طِبَاقًا و مُطَابَقَۃً - موافقت کرنا -
طَابَقَ بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ: دونوں کو ایک طریقہ پر کرنا
— بَیْنَ قَمِیْصَیْنِ: ایک کے اوپر ایک پہننا —
ہٗ عَلَی الاَمْرِ: برابری کرنا — الرَّجُلُ عَلَی العَمَلِ:
حاوی ہونا — بِالحَقِّ: اقرار کرنا - یقین کرنا —
المُقَیَّدُ: قیدی کا چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا —
الفَرَسُ فِی جَرْیِہٖ: اگلی ٹانگوں کی جگہ پچھلی ٹانگوں
کو رکھنا -
اَطْبَقَ الشَّیْءَ: ڈھانپنا — اللَّیْلُ: تاریک
ہونا — النُّجُوْمُ: کثرت سے ظاہر ہونا — الرَّحَی:
ایک پاٹ کو دوسرے پاٹ پر رکھنا - کہا جاتا ہے -
اَطْبِقْ شَفَتَیْکَ یعنی چپ رہ - اَطْبَقَ الرَّاکِعُ: رکوع
کی حالت میں دونوں ہاتھوں کو گھٹنے کے درمیان
کر لینا - اَطْبَقُوْا - عَلَی الاَمْرِ: اجماع کر لینا - اَطْبَقَتِ
الحُمّٰی: بخار کا لگاتار رہنا - کہا جاتا ہے "مَا اَطْبَقَ فُلَانًا"
یعنی وہ کیسا حاذق ہے -
تَطَابَقَ - القَوْمُ: اتفاق کر لینا -
تَطَبَّقَ و انْطَبَقَ - الشَّیْءُ: بند ہونا -
الطِّبْق - مطابق - کہا جاتا ہے ہٰذَا طِبْقُ ذَاکَ
یعنی یہ اس کے مطابق ہے - دن کا حصہ - لارجس

سے پرندوں کا شکار کیا جائے۔ ایک درخت کا
پھل۔ الطَّبَقُ مِنَ النَّاسِ: جماعت۔
الطَّبَق۔ مطابق۔ پردہ۔ طشتری ج اَطْبَاق
الطَّبَق: سطحِ زمین۔ ریڑھ کی ہڈی — مِنَ اللَّیْلِ
والنَّہَارِ: دن رات کا بڑا حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَقَمْتُ
عِنْدَہٗ طَبَقًا مِنَ النَّہَارِ" یعنی میں نے اس کے پاس
دن کے بڑے حصے میں اقامت کی — مِنَ المَطَرِ:
عام بارش۔ کہا جاتا ہے "مَطَرٌ طَبَقٌ وَدِیْمَۃٌ طَبَقٌ"
حال۔ کہا جاتا ہے "اَلدَّہْرُ اَطْبَاقٌ" یعنی زمانے کے
مختلف احوال ہیں۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "مَضٰی طَبَقٌ
بَعْدَ طَبَقٍ" یعنی ایک جماعت کے بعد دوسری جماعت
گذرگئی "جَاءَہٗ طَبَقٌ مِنْ جَرَادٍ" یعنی ٹڈیوں کی جماعت
آئی۔ "اَطْبَاقُ الرَّاسِ" سر کی ہڈیاں۔ بَنَاتُ طَبَقٍ
مصیبتیں۔ کچھوے۔ سانپ۔ اُمُّ طَبَقٍ مصیبت
الطِّبْقَۃ۔ جال۔ پھندا۔ دن کا ایک حصہ۔
ج طِبَقٌ و طِبَق۔
الطَّبَقَۃ۔ مرتبہ۔ حال۔ کہا جاتا ہے "اَتَتْ کُتُبُہٗ
اِلَیَّ طَبَقَۃً" اس کے خطوط میری طرف متواتر
آئے ج طَبَقَات۔
الطِّبْق۔ بند۔
الطَّبِیْق۔ رات کا ایک حصہ ج طُبُق (—
والطِّبَاق) مطابق۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا طَبِیْقُ ذَاکَ
اَوْ طِبَاقُہٗ" یعنی یہ اس کے مطابق اور موافق ہے۔
طِبَاقُ الْاَرْضِ: زمین کی سطح۔
الطَّابِق والطَّابَق۔ کڑاہی۔ آدھی بکری۔
ج طَوَابِق و طَوَابِیْق۔
الطَّابِق والطَّابَق والطَّابَاق: شیشہ
بڑی پکی اینٹ (اور یہ دخیل ہے)
المُطْبِق۔ زمین کے نیچے قیدخانہ۔ الجُنُوْنُ
المُطْبِقُ: لگاتار جنون۔ سَنَۃٌ مُطْبِقَۃٌ: سخت قحط۔
المُطْبِقَات: مصیبتیں۔ الحُرُوْفُ المُطْبَقَۃُ: ص ض ط ظ۔
المُطْبِق۔ صائب الرائے۔ سَحَابَۃٌ مُطْبِقَۃٌ:
تمام زمین پر برسنے والا بادل۔
طَبَلَ (ن) طَبْلًا و طَبَّلَ۔ ڈھول بجانا۔
عوام کہتے ہیں "طَبَّلَ فِی الْمَشْیِ" یعنی چلنے میں
تھک گیا اور صحیح لفظ بَلَّطَ ہے۔
الطَّبْل۔ ڈھول۔ ج طُبُوْل و اَطْبَال۔
الطَّبَّال۔ ڈھول بجانے والا۔
الطِّبَالَۃ۔ ڈھول بجانے کا پیشہ۔
الطُّبَیْلَۃ۔ ڈھولک۔
الطَّبْلِیَّۃ۔ خراج کے روپے ج طَبْلِیَّات
الطُّوْبَالَۃ۔ مادہ بھیڑ ج طُوْبَالَات۔
طَبَنَ (ض) طَبْنًا۔ النَّارَ: آگ کو دبا دینا۔
طَبَنَ (ض) طَبْنًا طَبِنَ (س) طَبَنًا
وطَبَانَۃً وطَبَانِیَۃً وطُبُوْنَۃً۔ الشَّیْءَ ولِلشَّیْءِ
سمجھ دار ہونا۔ صفت طَبِنٌ وطَابِنٌ۔
طَابَنَہٗ۔ موافق ہونا۔ طَابَنَ الحَفِیْرَۃَ: گہرا
کرنا۔
اِطْبَاَنَّ اِطْبِئْنَانًا۔ بالمکانِ: مطمئن ہونا۔
الطِّبْنُ والطَّبَنُ۔ بڑی جماعت۔ کہا جاتا ہے
"اَیُّ الطِّبْنِ ہُوَ" یعنی وہ کون آدمی ہے۔
الطُّبْنُ۔ طنبور یا بربط۔
الطِّبْنُ۔ گھر۔ کوڑا کرکٹ جس کو ہوا اڑا لائے۔
الطَّبْنُ والطِّبْنُ والطُّبْنُ والطُّبَنُ
مردار جو گدھوں اور درندوں کے شکار کیلئے
جال میں رکھا جائے۔ اعرابیوں کا ایک کھیل۔
الطِّبْنَۃ۔ سمجھ ج طِبَن۔
الطُّبْنَۃ۔ طنبور کی آواز۔ ایک کھیل۔
الطَّابُوْن۔ گڑھا جس میں حفاظت کے لئے
آگ کو دبا دیا جائے۔
الطَّبَنْجَۃ۔ تمنچہ ج طَبَنْجَات۔
طَبَاہُ یَطْبُوْہُ طَبْوًا واطَّبَاہُ اِطْبَاءً
پکارنا۔ بلانا۔
طَبَاہُ یَطْبِیْہِ طَبْیًا۔ کھینچنا — ہ عَنْہُ
باز رکھنا — ہ اِلَیْہِ: بلانا۔
طَبِیَتْ تَطْبَی طَبًی۔ النَّاقَۃُ: ڈھیلے
تھنوں والی ہونا۔
اَطْبَاہُ اِطْبَاءً۔ بلانا۔
الطِّبْیُ والطُّبْیُ: تھن گدھی گھوڑی اونٹنی
اور مادہ درندوں کا ج اَطْبَاء۔
الطَّبْوَاءُ والطَّبِیَّۃُ۔ مِنَ النُّوْقِ: ڈھیلے
تھنوں والی اونٹنی۔
طَثَّ (ن) طَثًّا۔ الشَّیْءَ: پاؤں یا ہتھیلی
سے مار کر جگہ سے ہٹانا۔
الطَّثّ۔ بچوں کا ایک کھیل جس میں گول لکڑی
کو پھینکتے ہیں۔
المِطَثَّۃ۔ بچوں کے کھیل کی ایک گول لکڑی۔
طَثَرَ (ن) طَثْرًا وطُثُوْرًا وطَثِرَ۔ اللَّبَنُ
دودھ کا بالائی والا ہونا۔ صفت طَاثِرٌ۔
الطَّثْرَۃ۔ کیچڑ۔ کائی۔ بالائی۔ غلیظ پانی۔
وسعتِ عیش۔ بھیڑ کا اُون۔
اَطْثَرَ الشَّیْءَ: زیادہ کرنا۔
طَجَنَ (ن) طَجْنًا وطَجَّنَ۔ الشَّیْءَ: بھونا۔
الطَّاجِن والطَّیْجَن۔ کڑاہی ج طَیَاجِن
وطَوَاجِن (اور یہ دونوں کلمے دخیل ہیں)
المُطَجَّن۔ بھنا ہوا۔
طَحَرَتْ (ف) طَحْرًا۔ العَیْنُ قَذَاہَا: خس و
خاشاک کو دور کرنا۔ نکال پھینکنا۔ صفت طَحُوْرَۃٌ
الرِّیْحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادل کو اڑا دینا۔
طَحَرَ (ض) طَحْرًا وطَحِیْرًا وطُحَارًا۔ آہ کرنا۔
الطَّحْرُ والطَّحَرُ۔ متفرق پتلے پتلے بادل۔
الطَّحْرَۃ والطِّحْرِیَۃ۔ بادل کا ٹکڑا۔
الطَّحُوْر۔ جلدی کرنے والا۔
الطَّحُوْرُ والمِطْحَرُ۔ مِنَ القِسِیِّ: دور پھینکنے والی
کمان۔
الطُّحَار۔ سخت قسم کی پیچش جس میں آدمی آہ
کرنے لگے۔
الطُّحْرُوْر۔ بدلی ج طَحَارِیْر۔ الطَّحَارِیْرُ:
بادل کے ٹکڑے۔
طَحَرَبَ۔ تیز دوڑنا — القِرْبَۃَ: مشک
بھرنا — گوز کرنا۔
الطِّحْرِب۔ کوڑا کرکٹ۔
الطِّحْرِبَۃ۔ مُثَلَّثَۃً: بادل یا کپڑے کا ایک
ٹکڑا۔
طَحْطَحَہٗ، توڑنا۔ طَحْطَحَ القَوْمُ بِالْقَوْمِ:

متفرق کردینا - ہلاک کرنا — مالاً: بکھیرنا - طَحْطَحَ
الرَّجُلُ: ہلکی ہنسی ہنسنا -
تَطَحْطَحَ - ٹوٹنا - متفرق ہونا - ہلاک ہونا
بکھرنا -
طَحَلَ (ف) طَحْلاً - تلی پر مارنا - طَحَلَ الاِناءَ
برتن بھرنا -
طَحِلَ (س) طَحَلاً و طُحْلاً - تلی کا بڑھنا
— الماءُ: پانی کا بدبودار ہونا -
طُحِلَ طَحْلاً - تلی کی بیماری ہونا صفت
مَطْحُولٌ -
الطِّحَال - تلی - ج اَطْحِلَة و طُحُل و طِحَالَاتٌ
الطُّحَال - مرض جو تلی کو لاحق ہو -
الطُّحْلَة - خاکستری رنگ -
الاَطْحَل - خاکستری رنگ والا - مونث
طَحْلَاءُ ج طُحْلٌ -
الطَّحِل - بڑی تلی والا - غضبناک - بھرا ہوا
کیچڑ والا پانی -
الطُّحْل - عِندَ العَامَّةِ: باریک تنکے اور
فصیح لفظ خثا ہے -
طَحْلَبَ - الماءُ: کائی والا ہونا صفت
مُطَحْلِب و مُطَحْلَب — الارضُ: سرسبز ہونا
الرَّجُلَ: قتل کرنا -
الطِّحْلِبُ و الطُّحْلُب و الطُّحْلَب - کائی
ایک ٹکڑا کائی کا -
طَحْلَبَة - کہا جاتا ہے ما علیہ طَحْلَبَةٌ "یعنی
اس کے اوپر بال نہیں -
طَحَمَ (ف) طَحْمَةً - علیہ: کودنا اور حملہ کرنا
اور یہ استعمال عوام ہے اور ممکن ہے کہ یہ قحم کی
تحریف ہو -
الطُّحْمَة و مثلثہ - من الناس: جماعت -
من السیل: سیلاب کا زور - من اللیل: بہت
تاریکی (— و الطَّحْمَاءُ) ایک قسم کی سبزی -
الطُّحَمَة - سخت جنگجو - بہت اونٹ -
الطَّحُوم - تیز ہانکنے والا -
المَطْحُوم - بھرا ہوا -

طَحَنَ (ف) طَحْناً و طَحَّنَ - البُرَّ: گیہوں
پیسنا — بہ المَنِیَّةُ القومَ: ہلاک کرنا -
طَحَنَتِ الافعیٰ - سانپ کا کنڈلی مارنا صفت مِطْحَن -
تَطَحَّنَ - پسنا -
الطِّحْن و الطَّحِین - پسا ہوا آٹا -
الطَّاحِنَة مؤنث طاحن - ڈاڑھ ج طَوَاحِن
الطَّحَّان - پیسنے والا - آٹے کا بیچنے والا -
الطِّحَانَة - پسائی کا پیشہ -
الطَّاحُون و الطَّاحُونَة - چکی پیسنے کا
مکان - ج طَوَاحِین -
الطَّحُون و الطَّحَّانَة - لڑائی - بڑا لشکر -
بہت اونٹ -
المِطْحَنَة - چکی ج مَطَاحِن -
المَطْحَنَة - پیسنے کا مکان - ج مَطَاحِن -
طَحَا یَطْحُو طَحْواً - بعید ہونا - ہلاک ہونا -
الشَّیءَ: دفع کرنا — بالکُرَةِ: پھینکنا —
القومُ: ایک دوسرے کو ہٹانا -
طَحَا یَطْحِی طَحْواً - الشیءَ: پھیلانا - دراز کرنا
الشیءُ: پھیلنا - دراز ہونا — القمرُ: روشن ہونا -
— الرجلُ: جانا - کہا جاتا ہے "طحا بہ ہمتہ"
یعنی اس کی ہمت اس کو ہر کام پر لے گئی - پہلو
پر لیٹنا طَحَا بِفُلَانٍ شَحْمُہٗ: موٹا ہونا -
الطَّحَا - چوڑی زمین -
الطَّاحِی - بلند - پھیلنے والا - بڑی جماعت -
مَظَلَّةٌ طَاحِیَةٌ و مَطْحُوَّةٌ و مَطْحِیَّةٌ -
بڑا سائبان -
بَقْلَةٌ مُطَحِّیَةٌ - زمین پر پھیلنے والی سبزی
طَحِیَ یَطْحَی طَحْیاً - پہلو پر لیٹنا -
الطَّحْیَة - بادل کا ٹکڑا -
طَخَّ (ن) طَخّاً - الشیءَ: پھینکنا اور دور کرنا -
(طُخُوخاً) بدخلق ہونا -
المِطَخَّة - ایک لکڑی جس سے بچے کھیلتے
ہیں -
طَخِشَتْ (س) طَخَشاً - العینُ: آنکھ کا
بے نور ہونا -

طَخْطَخَ - الشیءَ: برابر کرنا - ایک کو دوسرے
سے ملانا — اللیلُ: تاریک کرنا -
تَطَخْطَخَ - اللیلُ: تاریک ہونا —
السحابُ: بادل گھر کر برابر ہونا -
الطَّخْطَاخ - گھرا ہوا بادل - بدخلق -
الطُّخَاطِخ - تاریکی -
طَخَمَ (ن) طَخْماً و طَخُمَ (ک) طَخَامَةً -
تکبر کرنا -
اِطْخَمَّ - اللحمُ: خشک ہو کر سیاہی مائل ہونا -
الطُّخْمَة - بکریوں کا گلہ -
الطُّخْمَة - ناک کے اگلے حصے کی سیاہی -
الاَطْخَم - جانور یا انسان کی ناک کا اگلا
حصہ (— و الطِّخِیم) خشک گوشت -
طَخَا یَطْخُو طَخْواً و طُخُوّاً - اللیلُ: تاریک
ہونا -
الطَّخَاءُ - بلند بادل - دل کی گھبراہٹ -
الطَّخْیَة - و الطِّخْیَة و الطُّخْیَة - تاریکی
بادل کا ایک ٹکڑا - الطَّخْیَة: بیوقوف ج طَخْیُون -
الطَّخْوَاءُ و الطَّخْیَاءُ - من اللیالی: تاریک
راتیں -
الطَّاخِیَة - سخت تاریکی -
طَرَّ (ن) طَرّاً - الماشیةَ: جانوروں کو زور
سے ہانکنا — الابلَ: اونٹوں کو اطراف سے گھیرنا
— الشیءَ: کاٹنا — الثوبَ: کپڑے کو پھاڑنا -
الابلُ الجبالَ: اونٹوں کا پہاڑ کو طے کرنا -
طَرَّ القومَ: کسی قوم پر گذرنا — السکینَ: چھری
تیز کرنا - البنیانَ: کسی عمارت کی مرمت کرنا -
الحوضَ: حوض کو لیپنا — المالَ: مال چھیننا اور
اسی سے ہے "طَرَّ عقلہ" فلاناً: طمانچہ مارنا -
دھتکارنا -
طَرَّ (ن ض) طَرّاً و طُرُوراً - الشاربُ او النباتُ
مونچھ یا نباتات کا اگنا - طَرَّتِ النجومُ: ستاروں کا
روشن ہونا — یدہٗ: زخم کی وجہ سے گرجانا -
الرجلُ من السطح: گرنا -
اَطَرَّہٗ - گرانا - کاٹنا - دھتکارنا - اَطَرَّہٗ علی الامرِ

برانگیختہ کرنا۔
طَرَّرَتِ الجَارِيَةُ : لڑکی کا اپنی زلفوں کو سنوارنا
الطُّرّ ۔ کنارہ ج أَطْرَار ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَحْمِي أَطْرَارَ البِلَادِ" یعنی وہ اطرافِ بلاد کی حفاظت کرتا ہے "وَجَاؤُا طُرًّا" یعنی سب آئے۔
الطِّرَّة ۔ کم۔
الطُّرَّة ۔ پیشانی۔ پیشانی کے بال۔ کپڑے کا نقش و نگار۔ کنارہ۔ کتاب کا حاشیہ۔ نہر کا کنارہ وادی کا کنارہ۔ بادل کا لمبا ٹکڑا۔ ج طُرَّات و طُرَر و طِرَار و اطرار اور اس لفظ کو اس علامت کے لئے بھی استعمال کرتے ہیں جو شاہی فرامین وغیرہ میں لگایا جاتا ہے جس میں بادشاہ کا نام مع لقب کے ہوتا ہے اور صواب لفظ طُغراء ہے۔
غُلَامٌ طَارٌّ و طَرِيرٌ ۔ جوان جس کی مسیں بھیگ گئی ہوں ۔ سِنَانٌ طَرِيرٌ : تیز نیزہ۔
المُطِرّ ۔ فا۔ غَضَبٌ مُطِرٌّ : بے موقع غضب
الطِّرِيَان ۔ تشتری۔ طباق۔
المُطَرَّة ۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "هُمْ مُطَرَّةٌ حَسَنَةٌ" ان کی اچھی عادت ہے۔
طَرَأَ (ف) **طَرْأً و طُرُوْأً** ۔ عَلَيْهِم : دور سے اور اچانک آجانا۔ کہا جاتا ہے "طَرَءَ عَلَيَّ هَمٌّ لَا أُطِيقُهُ" میرے اوپر ایسا غم آپڑا ہے جس کی مجھے طاقت نہیں۔
طَرُؤَ (ک) **طَرَاءَةً و طَرَاءً** : النَّبَاتُ تر و تازہ ہونا۔ صفت طَرِيٌّ۔
أَطْرَأَهُ ۔ حد سے زیادہ مدح کرنا۔
الطَّارِئ ، فا۔ اجنبی، مسافر، غیر اصلی ج طُرَّاء، طُرَآءُ۔
الطَّارِئَة ۔ مؤنث طارئ۔ مصیبت ج طَوَارِئ و طَارِئَات۔ اور طُارِئَةٌ کو ان لوگوں پر بھی بولا جاتا ہے جو غیر ملکی ہوں اور کسی جگہ آباد ہو جائیں
الطُّرْآن ۔ راستہ۔ امر منکر۔ غیر پسندیدہ بات۔ کہا جاتا ہے "حَمَامٌ طُرْآنِيٌّ" یعنی وہ کبوتر جو نہ معلوم کہاں سے آیا "كَلَامٌ طُرْآنِيٌّ" جو کلام غیر پسندیدہ ادب و تہذیب سے گرا ہوا ہو۔
طُرْأَةُ ۔ السَّيْلِ : سیلاب کا زور۔

طَرِبَ (س) **طَرَبًا** ۔ خوشی یا غم سے جھومنا۔ صفت طَرِبٌ۔
طَرَّبَ ۔ گانا ــ فِي صَوْتِهِ : سُر نکالنا ــ عَنِ الطَّرِيقِ : ہٹ جانا۔ طَرَّبَهُ و أَطْرَبَهُ و تَطَرَّبَهُ خوشی پر برانگیختہ کرنا۔
إِسْتَطْرَبَ ۔ بہت خوش ہونا ــ فُلَانًا خوش ہونے کو کہنا ــ الإِبِلَ : حُدی سے حرکت میں لانا۔
الطَّرُوبُ و المِطْرَابُ و المِطْرَابَةُ ۔ بہت زیادہ خوش۔
المَطْرَبُ و المَطْرَبَةُ ۔ تنگ راستہ۔ ج مَطَارِب۔ المَطَارِب : متفرق راستے۔
الطِّرْبَال ۔ ہر بلند عمارت۔ دور سے نظر آنیوالا جھنڈا۔ بڑی چٹان پہاڑ کی جو فضا میں ہو ج طَرَابِيل۔ طَرَابِيلُ الشَّامِ : ملک شام کے گرجے۔
الطِّرْبِيْل ۔ گانے کی مشین۔ ج طَرَابِيل۔
طَرَحَ (ف) **طَرْحًا** الشَّيْءَ و بِالشَّيْءِ : پھینک دینا ــ عَنْهُ : ڈال دینا اور دور کر دینا۔ کہا جاتا ہے "طَرَحَتِ النَّوَى بِفُلَانٍ كُلَّ مَطْرَحٍ" یعنی فراق نے فلاں کو دور ڈال دیا۔ طَرَحَ الثَّوْبَ عَلَيْهِ : کسی چیز پر کپڑا ڈالنا۔ طَرَحَتِ الأُنْثَى : حمل گرانا۔ طَرَحَ الحَاسِبُ : حساب کرنیوالے کا کسی بڑے عدد کو چھوڑ دینا ــ عَلَيْهِ المَسْأَلَةَ : مسئلہ پیش کرنا۔
طَرِحَ (س) **طَرَحًا** ۔ بد خلق ہونا۔ خوش عیش ہونا
طَرَّحَ ۔ طرح کا مبالغہ۔ طَرَّحَ بِهِ السَّفَرُ إِلَى نَاحِيَةِ كَذَا : سفر نے اس کو فلاں گوشہ میں پھینک دیا۔ طَرَّحَ الأُنْثَى : حمل گروانا ــ البِنَاءَ : عمارت کو بہت بلند کرنا۔
طَارَحَهُ مُطَارَحَةً ۔ الكَلَامَ او الشِّعْرَ او الغِنَاءَ : گفتگو یا شعر یا گانے میں مقابلہ کرنا۔
إِطَّرَحَهُ ۔ پھینک دینا۔ دور کر دینا۔
تَطَارَحَ ۔ القَوْمُ الكَلَامَ او الغِنَاءَ : ایک کا دوسرے سے کلام یا گانے میں مقابلہ کرنا۔
الطِّرْحُ ۔ ڈالا ہوا۔ پھینکا ہوا۔ حمل ناتمام۔

الطَّرَحُ و الطَّرُوحُ و الطَّرَاحُ ۔ مکان بعید۔
الطَّرُوحُ : لمبی شاخوں والا درختِ خرما ج طُرُوحٌ
الطَّرْحَة ۔ چادر سبز رنگ کی اور عوام کے نزدیک بمعنی اوڑھنی۔
الطَّرِيحُ ۔ ڈالا ہوا، پھینکا ہوا ج طَرْحَى۔
الطُّرَّحُ ۔ ڈالا ہوا، پھینکا ہوا۔
الأُطْرُوحَة ۔ سوال جو تم کسی کے سامنے پیش کرو۔
المَطْرَحُ ۔ ڈالنے کی جگہ۔ بچھانے کی جگہ۔ ج مَطَارِح۔ کہا جاتا ہے "مَا طَرَحَكَ هٰذَا المَطْرَحَ" یعنی تمہیں اس میں کس نے ڈال دیا۔
طَرْفٌ مِطْرَحٌ ۔ دور بین نگاہ۔ رُمْحٌ مِطْرَحٌ لمبا نیزہ۔
المُطَّرَحُ مفع قَوْلٌ مُطَّرَحٌ : وہ قول جس کی طرف توجہ نہ کی جائے۔
الطَّرْخَان و الطُّرْخَان ۔ رئیس۔ ج طَرَاخِنَة۔
الطَّرْخُوْن ۔ ایک قسم کی نباتات ہے جس کا ریشہ عاقر قرحا ہے۔
الطِّرِّيخ ۔ ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔
إِطْرَخَمَّ ۔ اللَّيْلُ : تاریک ہونا ــ الرَّجُلُ : نگاہ کمزور ہونا۔
طَرَدَهُ (ن) **طَرْدًا و طَرَدًا** ۔ دور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ دھتکارنا ــ هُ مِنْ بِلَادِهِ : جلا وطن کرنا۔ طَرَدَ الإِبِلَ : ادھر ادھر سے جمع کر کے ہانکنا۔
طَرِدَ (س) **طَرَدًا** ۔ شکار کا پیچھا کرنا۔
طَرَّدَ السَّوْطَ : اٹھانا۔ طَرَّدَهُ عَنِ البَلَدِ جلا وطن کرنا۔
طَارَدَ طِرَادًا و مُطَارَدَةً ۔ الأَقْرَانُ : ایک کا دوسرے کے اوپر حملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُمْ فُرْسَانُ الطِّرَادِ" وہ لوگ مدافعت کے شہسوار ہیں۔
أَطْرَدَهُ ۔ جلا وطن کرنے کا حکم دینا۔ جلا وطن کرنا۔
تَطَارَدَ ۔ القَوْمُ : بعض کا بعض پر حملہ کرنا۔

اِنْطَرَدَ۔ جلاوطن ہونا۔
اِطَّرَدَ۔ دور ہونا ـــ الْاَمْرُ: ایک دوسری کے پیچھے ہونا اور درست ہونا ـــ الْاَنْہَارُ: جاری ہونا ـــ الْقَوْمُ اِلَی الْمَسِیْرِ: پے در پے چلنا۔
اِسْتَطْرَدَ لَہٗ: فریب دینے کیلئے شکست کو ظاہر کرنا۔ کلام کو اس طرح بیان کرنا کہ اس سے دوسرا کلام لازم آجائے۔ اِسْتَطْرَدَ اِلَیْہِ الْاَمْرُ: پہنچنا۔
اَلطَّرَدُ۔ کھجور کے پودے ج طُرُوْدٌ۔
اَلطَّرِدُ۔ پانی جس میں جانور گھستے ہوں۔
اَلطَّرَّادُ۔ طارد کا مبالغہ۔ تیز رفتار جنگی جہاز، کشادہ مکان۔ لمبا دن۔
اَلطَّرِیْدُ۔ دھتکارا ہوا۔ بھاگنے والا۔ جو تمہارے بعد پیدا ہو اور تم بھی اپنے بعد پیدا ہونے والے کا طرید کہلاؤ گے ـــ مِنَ الْاَیَّامِ لمبا دن۔ اَلطَّرِیْدَانِ۔ رات دن۔
اَلطَّرِیْدَۃُ۔ بھگایا ہوا شکار، ریشم وغیرہ کا مستطیل ٹکڑا، چرایا ہوا اونٹ۔ تنور وغیرہ کے صاف کرنے کے لئے بھیگا ہوا چیتھڑا۔ ج طَرَائِدُ۔
اَلطِّرَادُ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَمْشِیْ مَشْیًا طِرَادًا" یعنی فلاں سیدھی چال چلتا ہے۔ چھوٹا نیزہ
اَلْمِطْرَدُ۔ چھوٹا نیزہ ج مَطَارِدُ۔
یَوْمٌ مُطَّرِدٌ۔ لمبا دن۔
حُکْمٌ مُطَّرِدٌ۔ عام حکم اور اسی سے ہے "قَاعِدَۃٌ مُطَّرِدَۃٌ"
اَلْمَطْرَدَۃُ وَالْمِطْرَدَۃُ۔ وسط راستہ۔ شاہراہ۔ الْمَطْرَدَۃُ: دھتکارنے کا سبب۔
طَرِزَ (س) طَرَزًا۔ بدخلقی کے بعد اچھا اخلاق ہونا ـــ فِی الْمَلْبَسِ: لباس فاخرہ استعمال کرنا۔
طَرَزَہٗ (ن) طَرْزًا۔ گھونسہ مار کے ہٹانا۔
طَرَّزَ۔ الثَّوْبَ: بیل بوٹے بنانا۔
تَطَرَّزَ۔ الثَّوْبُ: بیل بوٹے والا ہونا ـــ فِیْ لُبْسِہٖ: لباس فاخرہ پہننا۔
اَلطَّرْزُ۔ ہیئت۔ طریقہ۔ ترتیب۔
اَلطِّرَازُ۔ کپڑے کا نقش و نگار۔ مقام جہاں کپڑے اچھے بُنے جائیں۔ طریقہ۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا عَلٰی طِرَازِ ذَاکَ" یعنی یہ اس کے طریقہ پر ہے "لَیْسَ ہٰذَا مِنْ طِرَازِکَ" یعنی یہ تمہارے طور وطریقے پر نہیں ج طُرُزٌ۔
اَلطِّرَازَۃُ۔ بیل بوٹے بنانے کا پیشہ۔
اَلطَّرَّازُ وَالْمُطَرِّزُ۔ بیل بوٹے بنانیوالا۔
طَرَسَ (ض) طَرْسًا۔ الشَّیْءَ: مٹانا ـــ الْکِتَابَ: لکھنا۔
طَرَّسَ۔ الْکِتَابَ: اچھی طرح مٹانا ـــ الْبَابَ: دروازہ کالا کرنا ـــ الْکَاتِبُ: لکھے ہوئے پر لکھنا۔ طَرَّسَہٗ: فاسد کردینا۔ بگاڑ دینا۔
تَطَرَّسَ فِی الْمَاٰکِلِ: عمدہ کھانے کھانا۔ ـــ عَنِ الشَّیْءِ: پرہیز کرنا۔
اَلطِّرْسُ۔ صحیفہ۔ صحیفہ کہ جس کو مٹا کر پھر لکھا جائے ج اَطْرَاسٌ وَطُرُوْسٌ۔
طَرِشَ (س) طَرَشًا۔ بہرا ہونا۔ صفت اَطْرَشُ مؤنث طَرْشَاءُ ج طُرْشٌ۔
تَطَارَشَ۔ بتکلف بہرا بننا۔
اَلطَّرَشُ وَالطُّرْشَۃُ۔ بہرا پن۔
اَلْاُطْرُوْشُ وَالْاُطْرُوْشُ۔ بہرا۔
طَرْشَمَ۔ اللَّیْلُ: تاریک ہونا۔
طَرِطَ (س) طَرَطًا۔ بیوقوف ہونا۔ صفت طَرِطٌ۔ ابروؤں پر کم بال ہونا۔ صفت۔ طَارِطٌ۔ الحاجبین وطَرِطُہُمَا واَطْرَطُہُمَا واَطْرَطُ۔ مؤنث طَرْطَاءُ۔ اِمْرَاَۃٌ طَرْطَاءُ الْعَیْنَیْنِ جس کی پلکوں پر کم بال ہوں۔
طَرْطَرَ۔ شیخی بگھارنا۔ ڈینگ مارنا۔ فخر کرنا۔
طُرْطُوْرٌ۔ لمبا پتلا مرد۔ لمبی نوکدار ٹوپی، اور طُرْطُوْر اہل لبنان وشام کے نزدیک عورتوں کے زیورات میں سے ایک زیور ہے جسکو سر پر استعمال کیا جاتا ہے اور بسا اوقات اسے طَنْطُوْرَہ بھی کہتے ہیں۔
طَرَفَہٗ (ض) طَرْفًا۔ طمانچہ مارنا۔ طَرَفَہٗ عَنْہُ: واپس کرنا۔ باز رکھنا۔ طَرَفَ بَصَرَہٗ اَوْ بِعَیْنِہٖ: جھپکانا عَیْنَہٗ: آنکھ میں کوئی چیز لگانا جس سے پانی نکلے اور بند ہو جائے۔ صفت مَطْرُوْفَۃٌ۔ طَرَفَتْ عَیْنُہٗ: نظر پھرانا ـــ فُلَانًا: دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "مَا بَقِیَتْ مِنْہُمْ عَیْنٌ تَطْرِفُ" یعنی ان میں سے کوئی باقی نہیں رہا سب مر گئے یا قتل کئے گئے۔
طَرُفَ (ک) طَرَافَۃً۔ نیا مال ہونا۔
طَرَّفَ۔ ایک گوشہ میں کرنا۔ آنکھ میں کچھ پڑ جانا۔ طَرَّفَ الْخَیْلَ: گھوڑوں کی اگلی قطار کو پیچھے کر دینا۔ بَنَانَہٗ: پورے کو مہندی سے رنگنا ـــ الشَّیْءَ: پسند کرنا۔
اَطْرَفَ۔ نئی عمدہ چیز لانا۔ پلکوں کو بند کرنا۔ کَذَا بِکَذَا: لاحق کرنا ـــ ہ الشَّیْءَ: تحفہ دینا۔
تَطَرَّفَ۔ ایک کنارہ میں ہونا ـــ الشَّیْءُ: کنارہ پر ہونا۔ حد اعتدال سے بڑھ جانا ـــ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا ـــ الشَّیْءَ: اطراف سے لینا۔ پسند کرنا ـــ عَلَیْہِمْ: غارت ڈالنا۔
اِطَّرَفَ۔ الشَّیْءَ: نئی چیز خریدنا۔
اِسْتَطْرَفَہٗ۔ نیا سمجھنا ـــ الشَّیْءَ: نیا پانا۔ فائدہ لینا۔ پسند کرنا۔
اَلطَّرْفُ۔ آنکھ۔ کسی چیز کا کنارہ۔ ہر شے کا منتہی۔ ج۔ اَطْرَافٌ۔ الطَّرْفُ: شریف۔ کہا جاتا ہے "نَظَرَ بِطَرْفٍ خَفِیٍّ" یعنی خوف یا حیا کی وجہ سے نیم باز آنکھوں سے دیکھا۔
اَلطِّرْفُ۔ نجیب الطرفین ج اَطْرَافٌ۔ اصیل (گھوڑا وغیرہ) ج طُرُوْفٌ واَطْرَافٌ مؤنث طِرْفَۃٌ۔ نیا مال۔ مِنَ النَّبَاتِ: جو ابھی اپنے غلاف شگوفہ میں ہی ہو ـــ مِنَ النَّاسِ: جو بوجہ ملال طبع کسی کے ساتھ معاشرت پر قائم نہ رہے۔ ایسا حریص نگاہ کا کہ جس چیز کو دیکھے اس کے متعلق خواہش کرے کہ وہ اس کے پاس ہو۔ رَجُلٌ طِرْفٌ فِیْ نَسَبِہٖ: نئی شرافت والا۔ اِمْرَاَۃٌ طِرْفُ الْحَدِیْثِ: خوش کلام عورت۔
اَلطَّرَفُ۔ ہر شے کا منتہی۔ گوشہ۔ چیز کا ٹکڑا، شریف ج اَطْرَافٌ جج اَطَارِیْفُ۔ اَطْرَافُ الْبَدَنِ: دونوں ہاتھ، دونوں پیر اور سر۔ اَطْرَافُ النَّاسِ: ادنیٰ قسم کے لوگ۔ شرفاء اور خاندانی شرفاء۔ اَطْرَافُ الرَّجُلِ: اقرباء۔

الطَّرِف - غیر مستقل - جو کسی ساتھی کی صحبت پر قائم نہ رہے - نئی شرافت والا۔

الطَّرْفَة - خون کا نقطہ جو آنکھ میں ہوجاتا ہے۔

الطُّرْفَة - ملیح بات - نئی عمدہ چیز - ج طُرَفٌ۔

الطَّرْفَاء - جھاؤ کا درخت -

الطَّارِف - فا - نیا مال اور اسکے مقابلہ میں ہے التَّالِدُ : پرانا مال۔

الطَّارِفَة مؤنث طَارِفٌ - کہا جاتا ہے جَاءَ بِطَارِفَةِ عَيْنٍ" یعنی اتنا مال کثیر لایا کہ جو دیکھے اس کی آنکھ کو چکا چوند لگ جائے ج طَوَارِف الطَّوَارِف : آنکھیں - کہا جاتا ہے " لَا تَرَاهُ الطَّوَارِفُ طَوَارِفُ الْخِبَاءِ" : خیمہ کا وہ حصہ جو باہر نظر ڈالنے کے لئے اٹھا دیا جائے - طَوَارِفُ الْقَرَائِحِ : طبیعت کے لطائف وظرائف۔

الطَّرِيف - نادر میوہ — مِنَ الْمَالِ : نیا حاصل کردہ مال اور اس کے مقابلہ میں ہے۔ التَّلِيدُ : پرانا مال - الطَّرِيفُ : نئے مال والا - نئی شرافت والا ج طُرُف وطِرَاف۔

الطَّرِيفَة - طَرِيف کا مؤنث - نادر و مستحسن بات ج طَرَائِف - کہا جاتا ہے " طَرَائِفُ الْحَدِيثِ" پسندیدہ باتیں - "هَلْ وَرَاءَكَ طَرِيفَةُ خَبَرٍ تَطْرُفُنَا بِهِ" یعنی کوئی خبر جدید ہے جو تم ہمارے سامنے پیش کرو۔

الْأُطْرُوفَة - نئی عمدہ نادر بات۔

الطِّرَاف - چمڑے کا خیمہ - اتنا حصہ کھیتی کا جو اطراف سے کاٹ لیا جائے ج طُرُف — شرافت وبزرگی۔

الْمُطْرِف - مِنَ الْمَالِ : نیا مال حاصل کرنیوالا۔

الْمِطْرَف والْمُطْرَف - نقش ونگار والی ریشم کی چادر ج مَطَارِف۔

طَرْفَسَ - نظر تیز کرنا - گھورنا - بہت کپڑے پہننا — اللَّيْلُ : رات کا تاریک ہونا — الْمَوْرِدُ : گھاٹ کا گدلا ہونا — الْمَاءُ : پانی پر آنے جانے والوں کا زیادہ ہونا۔

الطِّرْفِسَان - تاریکی - بچھونا - غالیچہ۔

الطِّرْفِسَاء - تاریک۔

طَرَقَ (ن) طَرْقًا - ہتوڑا مارنا — النَّجَّارُ الصُّوفَ : اون دھنا — الشَّيْءَ : بجانا — الْبَابَ : دروازہ کھٹکھٹانا — الْإِبِلُ الْمَاءَ : اونٹوں کا پانی میں گھسنا — الرَّجُلُ : جادو منتر کے طور پر کنکری پھینکنا (— طَرْقًا وطُرُوقًا) الْقَوْمَ : رات کے وقت آنا۔

طَرِقَ (س) طَرَقًا - گدلا پانی پینا (— طَرَقًا) الْبَعِيرُ : اونٹ کے گھٹنے میں کمزوری یا اسکی پنڈلی میں کجی ہونا - صفت أَطْرَق - مؤنث طَرْقَاءُ ج طُرْق۔

طَرَّقَ ہٗ : راستہ بنانا — الْمَوْضِعَ : راستہ اختیار کرلینا - کہا جاتا ہے " لَا تُطَرِّقُوا الْمَسَاجِدَ" یعنی مسجدوں کو راستہ مت بناؤ - طَرَّقَ طَرِيقَةً حَسَنَةً" اچھا طریقہ گھڑ لینا — الْحَدِيدَ : لوہے کو کوٹنا اور پھیلانا - طَرَّقَتِ الْحَامِلُ بِوَلَدِهَا : بچے کو مشکل سے جننا — الْقَطَاةُ : انڈے دینے کا وقت قریب ہونا - کہا جاتا ہے " طَرَّقَ بِحَقِّي" یعنی میرے حق کا انکار کیا پھر اقرار کر لیا۔

طَارَقَ - بَيْنَ الثَّوْبَيْنِ : اوپر نیچے پہننا۔ الظَّلَامُ أَوِ الْغَمَامُ : تاریکی یا بادل کا پیاپے آنا۔

أَطْرَقَ - خاموش ہونا - نگاہ جھکا کر زمین کی طرف دیکھنا - کہا جاتا ہے " أَطْرَقَ رَأْسَهُ" یعنی سر جھکایا — إِلَى اللَّهْوِ : مائل ہونا — الصَّيْدَ : جال لگانا أَطْرَقَتِ الْإِبِلُ : ایک دوسرے کے پیچھے چلنا۔ الرَّجُلُ : پیدل چلنا - نکاح کرنا۔

تَطَرَّقَ - إِلَيْهِ : چلنا یہاں تک کہ پہنچنا — إِلَى الْأَمْرِ : راستہ تلاش کرنا۔

إِطَّرَقَتِ - الْإِبِلُ : بعض کا بعض کے پیچھے چلنا - متفرق ہونا اور سیدھے راستہ کو چھوڑ دینا۔ إِطَّرَقَ جَنَاحُ الطَّيْرِ : پرندے کے بازوؤں کا ایک پر ایک جم جانا — التُّرَابُ : مٹی کا تہ بتہ ہونا۔

تَطَارَقَ الشَّيْءُ : پے درپے ہونا - تَطَارَقَتِ الْإِبِلُ : بعض کا بعض کے پیچھے ہونا۔

إِسْتَطْرَقَ - الشَّيْءَ : راستہ بنانا — بَيْنَ الصُّفُوفِ : صفوں کے درمیان چلنا — ہٗ : کنکری پھینکنے کو کہنا۔

الطَّرْق والطُّرْق والطَّرْقَة - مرتبہ دفعہ کہا جاتا ہے - " أَتَيْتُهُ طَرْقَيْنِ" یعنی میں اس کے پاس دو مرتبہ آیا۔

الطَّرْق والطِّرْق - پھندا - جال ج أَطْرَاق

الطَّرَقَة - پھندا - جال - ج طَرَق۔

الطَّرَق - مشک کی سلوٹ ج أَطْرَاق - پانی جمع ہونے کے مواضع - اونٹوں کے پیر کے نشانات - أَطْرَاقُ الْبَطْنِ : پیٹ کی سلوٹ۔

الطِّرْقَة - طَرَقَ کا اسم نوع - طریقہ - ج طِرَق۔

الطُّرْقَة - راستہ - طریقہ - عادت - لالچ تہ بتہ پتھر ج طُرَق۔

الطِّرَاق - جوتے کا چمڑا - لوہا کہ جس کو چوڑا کرکے ڈھال وغیرہ پر منڈھیں - جوتے کے چمڑے کا ٹکڑا جس سے جوتا گانٹھیں - ج طُرُق۔

الطَّرِيق - راستہ (مذکر ومؤنث) ج طُرُق أَطْرُق وأَطْرِقَة وأَطْرِقَاء وجج طُرُقَات۔

الطَّرِيقَة - عادت - حالت - مذہب دھاری - کپڑے کا مستطیل ٹکڑا - لمبا کھجور کا درخت خیمے کا ستون - سائبان کا ستون - قوم کا شریف اور افضل - واحد اور جمع دونوں میں مستعمل ہے - کہا جاتا ہے " هُوَ طَرِيقَةُ قَوْمِهِ وَهُمْ طَرِيقَةُ قَوْمِهِمْ - يا هُمْ طَرَائِقُ قَوْمِهِمْ ج طَرَائِق - ثَوْبٌ طَرَائِقُ : پرانا کپڑا طَرَائِقُ الدَّهْرِ : حوادث دہر۔

الطَّارِق - فا - رات کو آنے والا - ج طُرَّاق وأَطْرَاق - صبح کا ستارہ۔

الطَّارِقَة - طارق کا مؤنث - مصیبت۔ قبیلہ مرد - چھوٹا تخت - ج طَوَارِق وطَارِقَات۔

الطِّرْيَق - مؤنث طِرْيَقَة - الْمِطْرَاق - ج مَطَارِيق - بہت سر جھکانے والا۔

الْمِطْرَق والْمِطْرَقَة - روئی اون دھنے کا ڈنڈا - ہتوڑا - ج مَطَارِق۔

المطروق بفعہ ۔ وہ شخص جس میں نرمی اور ڈھیلاپن ہو ۔ وہ شخص جس میں جنون اور بیوقوفی ہو ۔ ماءٌ مطروقٌ : وہ پانی جس میں اونٹ مینگنی و پیشاب کریں ۔

المِطراق ۔ نظیر ۔ ج مَطارِیق ۔ المَطارِیق : پیدل چلنے والے لوگ ۔ اونٹوں کی قطار

طَرِمَ (س) طَرَمًا ۔ بَیتُ النَّحلِ : شہد سے بھرنا (۔۔ طَرْمًا) العَسَلُ : چھتے سے شہد بہنا

اَطْرَمَتْ ۔ اَسنانُہٗ : دانتوں پر میل جمنا ۔

اُطْرِمَ فُوہٗ : منہ کا بدمزہ یا بدبودار ہونا ۔

تَطَرَّمَ ۔ فی الکلام : کلام کرنے میں رُک جانا ۔

الطَّرْمُ والطِّرْمُ والطِّرِیمُ ۔ شہد ۔ الطِّرِیمُ تہ بتہ بادل ۔ رَجُلٌ طِرِیمٌ : مرد دراز قد ۔

الطَّرْمَۃ ۔ جگر ۔

الطُّرْمَۃ والطِّرْمَۃ والطُّرْمَۃ ۔ اوپر کے ہونٹ کا گڑھا ۔

الطُّرَامَۃ ۔ دانتوں کی زردی ۔ دانتوں کے درمیان کا بقیہ کھانا ۔ منہ کے اوپر خشک تھوک ۔ الطَّرِیم ۔ غصہ ۔

الطُّرْمُوث ۔ بھوبل کی پکی ہوئی روٹی ۔

طَرْمَحَ ۔ البناءَ : لمبی بنانا ۔

الطِّرْمَاح والطِّرِمَّاح والطُّرْمُوح ۔ لمبا ۔ الطِّرْمَاح : مشہور ۔ عالی نسب ۔ پیش بیں ۔

طَرْمَنَ ۔ بیکار ڈینگ مارنا ۔ جھوٹا فخر کرنا ۔ صفت طِرْمَاذ و طِرْمِذَان ۔

طَرْمَسَ ۔ گھبراہٹ سے خاموش رہنا ۔ مکروہ جاننا ۔ بھاگنا ۔۔ الوجہ : ترشرو ہونا ۔۔ الکاتبُ الکتابۃَ : مٹانا (۔۔ واطرَمَّسَ) اللیلُ : تاریک ہونا ۔

الطِّرْمَاس والطِّرْمِس والطِّرْمِسَاءُ سخت تاریکی ۔

الطُّرْمُوس والطُّرْمُوسۃ ۔ بھوبل کی پکی ہوئی روٹی ۔

الطُّرْمُوق ۔ چمگادڑ ۔

طَرُوَ یَطْرُو و طَرِیَ یَطْرَی طَرَاوَۃً و طَرَاءَۃً و طَرَاوَۃً و طَرَاءَۃً ۔ الغُصنُ او اللحمُ : ٹہنی یا گوشت کا تازہ و نرم ہونا ۔ صفت طَرِیٌّ ۔

طَرَا یَطْرُو طُرُوًّا ۔ علیہم : دور سے آنا ۔

طَرَّی الشیءَ : تروتازہ کرنا ۔۔ الطِّیبَ : خوشبو کو مخلوط کرنا ۔۔ الطعامَ : کھانے میں مسالہ ملانا ۔

اَطْرَی اِطْرَاءً فلانًا : تعریف میں مبالغہ کرنا ۔

اِطْرَوْرَی ۔ تخمہ ہونا اور پیٹ پھولنا ۔

الطَّرَا ۔ جو کچھ زمین میں غیر جنس زمین سے ہو ۔ لاتعداد مخلوق ۔

الطَّرِیّ ۔ نرم تازہ ۔

الاِطْرِیَۃ ۔ سویاں ۔

الاُطْرُوانُ من الشباب : ابتدائے شباب عنفوانِ شباب ۔

طَرِیَ (س) طَرًی ۔ الیہ : متوجہ ہونا ۔

طَزَّہٗ (ن) طَزًّا ۔ گھونسہ مار کے ہٹانا ۔

طَسَّہٗ (ن) طَسًّا ۔ غالب آنا اور خاموش کرنا ۔۔ ہٗ فی الماءِ : غوطہ دینا ۔ طَسَّ القومُ : بہت دور تک چلا جانا ۔ کہا جاتا ہے " ما اَدری این طَسَّ " میں نہیں جانتا کہاں گیا ۔

طَسْطَسَ ۔ جانا ۔۔ فی البلادِ : سفر کرنا ۔

الطَّسّ ۔ ہاتھ دھونے کیلئے تانبے کا برتن ۔ سلفچی ۔ ج اَطْسَاس و طُسُوس و طِسِیس ۔

الطِّسَّۃ والطَّسْتۃ ۔ ہاتھ دھونے کیلئے تانبے کا برتن ۔ سلفچی ۔ ج طَسَّات و طِسَات و طِسَس و طِسَاس ۔

الطَّسَّاس ۔ برتن مذکور کو بنانے والا ۔ یا بیچنے والا ۔

الطِّسَاسَۃ ۔ برتن مذکور بنانے کا پیشہ ۔

طَسَأَ (ف) طَسْأً و طَسِئَ (س) طَسَأً تخمہ ہونا ۔ صفت طاسِئٌ و طَسِیءٌ ۔۔ طَسَأَتْہٗ نَفْسُہٗ : شرم کرنا ۔

اَطْسَأَہٗ ۔ بدہضمی کرنا ۔

الطُّسْأَۃ ۔ تخمہ ۔ ہیضہ ۔

الطَّسْت ۔ ہاتھ دھونے کا تانبے کا برتن ج طُسُوت ۔

طَسَعَ (ف) طَسْعًا ۔ فی البلادِ : جانا ۔

طَسِعَ (س) طَسَعًا ۔ بے غیرت اور مفلس ہونا صفت طَسِعٌ و طَسِیعٌ ۔

طَسَمَ (ن) طَسْمًا ۔ الشیءَ : مٹانا ۔

طَسَمَ (ض) طُسُومًا ۔ مٹنا ۔

طَسِمَ (س) طَسَمًا ۔ ہیضہ ہونا ۔ تخمہ ہونا

الطَّسَم ۔ تاریکی ۔ تیرگی ۔ گرد آلودگی ۔

طَسَمٌ و اَطْسَامٌ من سحابٍ : تھوڑے سے بادل ۔

الطَّسَام والطُّسَام والطَّسَّام ۔۔ من الغبار : بہت زیادہ غبار ۔

طَشَّتِ (ن ض) طَشًّا و اَطَشَّتِ السماءُ : پھوہار برسانا ۔

طُشَّ ۔ الرجلُ : زکام جیسی بیماری لاحق ہونا

الطُّشَاش والطُّشَۃ ۔ زکام جیسی ایک بیماری کا نام ۔

الطَّشْیَاش ۔ کمزوری نگاہ ۔

الطِّشَّۃ ۔ چھوٹا بچہ ۔

طَعِمَ (س) طَعْمًا و طُعْمًا ۔ الشیءَ : چکھنا ۔۔ علیہ : قادر ہونا ۔

طَعِمَ (س) طَعْمًا و طَعَامًا ۔ الطعامَ : کھانا (۔۔ طَعْمًا) الغصنُ : ایک درخت کی ٹہنی کا دوسرے درخت کی ٹہنی میں گھس جانا ۔

طَعُمَ (ک) طَعْمًا ۔ آسودہ ہونا ۔ کہا جاتا ہے " ما یَطْعَمُ آکِلُ ہٰذا " یعنی اس کا کھانیوالا آسودہ نہیں ہوتا ۔

طَعَّمَ ۔ الغصنَ : ٹہنی کو دوسرے درخت کی ٹہنی سے پیوند لگانا اور عرف اطباء و عوام میں ٹیکہ لگانے کے معنی میں مستعمل ہے ۔ طَعَّمَ العظمُ : گودے دار ہونا ۔

اَطْعَمَ ۔ الغصنَ : پیوند لگانا ۔۔ ہٗ : کھانا کھلانا ۔ خوراک دینا ۔۔ الشجرُ : پھل دینا پھل پکنا ۔۔ الشیءُ : مزے دار ہونا ۔ یا مزے کا بدل جانا ۔

طَاعَمَ و تَطَاعَمَ ۔ الحمامُ : مادہ کی چونچ میں چونچ ڈالنا ۔ طَاعَمَہٗ : ساتھ کھانا ۔

تَطَعَّمَ الشَّيْءَ: چکھنا۔
اِطَّعَمَ۔ مزیدار ہونا۔ اِطَّعَمَتِ الشَّجَرَۃُ: پھل کا پکنا اور عمدہ ہونا۔ عرب بولتے ہیں "ہُوَ لَا یَطَّعِمُ" یعنی نہ تو وہ ادب سیکھتا ہے اور نہ ایسی چیز حاصل کرتا ہے جو اسے درست کردے۔
اِسْتَطْعَمَ۔ مزہ پانا۔۔۔ہ: کھانا مانگنا ۔۔۔ الطَّعَامَ: مزہ معلوم کرنیکے لئے چکھنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَطْعَمَہُ الحَدِیْثَ" یعنی اس نے بات کہنے کے لئے کہا۔
الطَّعْمُ۔ مزہ جہ طعوم۔ کھانیکی خواہش۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُوْ طَعْمٍ" یعنی صاحبِ عقل وتجربہ ہے۔
الطُّعْمُ۔ کھانا۔ قدرت۔ کہا جاتا ہے "ہٰذا طَعَامُ طُعْمٍ" یعنی ایک شخص کو سیر کرنے والا ہے' دانے جو شکار کے لئے ڈالے جائیں۔
الطِّعْمَۃ۔ کھانے کا طریقہ۔ کسب وکمائی کا ذریعہ۔
الطُّعْمَۃُ۔ خوراک۔ کھانے کی دعوت۔ رزق۔ کسب وکمائی کا ذریعہ۔
کہا جاتا ہے "جَعَلْتُ ضَیْعَتِیْ طُعْمَۃً لِفُلَانٍ" یعنی میں نے فلاں کو اپنی جائداد زراعت کے لئے عاریت پر دیدی جہ طُعَم۔
الطَّعَام۔ خوراک جہ اَطْعِمَۃ جج اَطْعِمَات۔ گیہوں
الطَّعِمِ والطَّاعِم۔ خوش خوراک۔ کہا جاتا ہے۔ "اَنَا طَاعِمٌ عَنْ طَعَامِکُمْ" یعنی میں تمہارے کھانے سے مستغنی ہوں۔
جَزُوْرٌ طَعُوْمٌ وطَعِیْمٌ۔ ذبح کرنے کے اونٹ نہ دبلے نہ موٹے۔ الطَّعُوْمَۃ: بکری جو کھانے کیلئے روک لی گئی ہو۔
الطَّعَامِيّ۔ کھانا بیچنے والا۔
المَطْعَم۔ کھانیکی جگہ۔ خوراک۔ جہ مَطَاعِم
المِطْعَم۔ زیادہ کھانے والا۔
المِطْعَام۔ مہمان نواز۔
المُطْعَم۔ مفع۔ رزق دیا ہوا۔
المَطْعُوْم۔ مفع۔ خوراک۔ جو چکھا جائے۔

پیوند۔ ٹیکہ۔
طَعَنَہُ (ف ن) طَعْنًا۔ نیزہ مارنا اور چبھونا ۔۔۔ فِي المَفَازَۃِ: جانا ۔۔۔ فِي السِّنِّ: بوڑھا ہونا ۔۔۔ الفَرَسُ فِي العِنَانِ: لگام کھینچکر تیز چلنا ۔۔۔ طَعْنًا وطَعَنَانًا: فِي الرَّجُلِ وعَلَیْہِ: عیب لگانا۔ طَعَنَہُ مارنا ۔۔۔ اللَّیْلَ: ساری رات چلنا۔
طُعِنَ۔ الرَّجُلُ: طاعون زدہ ہونا۔
تَطَاعَنَ القَوْمُ تَطَاعُنًا وطِعَانًا واطَّعَنُوْا۔ ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔
الطَّعْنَۃ۔ نیزے کی ضرب۔ نیزے کی ضرب کا نشان جہ طَعَن وطَعَنَات۔
الطَّاعُوْن۔ پلیگ۔ وبا کی موت۔ جہ طَوَاعِیْن۔
الطَّعَّان والمِطْعَن والمِطْعَان۔ بہت نیزہ مارنیوالا جہ مَطَاعِن ومَطَاعِیْن اور اسی سے ہے "ہُوَ طَعَّانٌ فِي اَعْرَاضِ النَّاسِ" یعنی وہ لوگوں کی آبرو پر بہت زیادہ طعنہ کرنے والا ہے۔
الطَّعِیْن۔ نیزہ زدہ۔ پلیگ زدہ۔ جہ طُعُنٌ
الطِّعِّیْن۔ جنگ میں نیزہ مارنے میں ماہر۔
المَطْعَنَۃ۔ نیزہ بازی۔
طَغَرَہُ (ف) طَغْرًا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔
الطُّغَرَاء والطُّغْرَی۔ شاہی فرامین اور سکوں کی علامت جہ طُغْرَاءَات وطُغْرَیَات۔
الطُّغْرَائِيّ۔ طغرا بنانے والا۔
تَطَغَّمَ۔ عَلَیْہِ: جاہل بننا۔
طُغْمَۃ۔ جماعت جن کا معاملہ ایک ہو۔ جہ طُغُمَات وطُغَم۔
الطَّغْمَ۔ سمندر۔ بہت پانی۔
الطَّغَام۔ کمینے لوگ (واحد وجمع) معمولی پرندے۔ واحد طَغَامَۃٌ۔ الطَّغَامَۃ: بیوقوف۔
الطَّغُوْمَۃ والطُّغُوْمِیَّۃ۔ بے وقوفی۔ کمینہ پن۔
طَغْمَشَ الرَّجُلُ: کمزور نظر ہونا ۔۔۔ اِلَیْہِ: کمزور نظر سے دیکھنا۔ صفت مُطَغْمِشٌ۔
الطَّغْمَشَۃ۔ ضعفِ بصر۔

طَغَا یَطْغُوْ طُغُوًّا وطُغْوًا وطُغْوَانًا۔ حد سے بڑھ جانا ۔۔۔ البَحْرُ: سمندر کا جوش مارنا، السَّیْلُ: سیلاب کا چڑھ آنا۔
تَطَاغَی۔ المَوْجُ: موجوں کا جوش مارنا۔
اَطْغَاہُ وطَغَّاہُ۔ سرکشی پر برانگیختہ کرنا۔
اَطْغَاہُ المَالُ ونَحْوُہُ: سرکش بنا دینا۔
الطَّغْوَۃ۔ بلند جگہ۔ جہ طَغَوَات۔
الطُّغْوَی۔ سرکشی۔
الطَّاغُوْت۔ ہر حد سے تجاوز کرنیوالا۔ بدی وشرارت کا سرغنہ۔ شیطان۔ معبود باطل جہ طَوَاغٍ وطَوَاغِیْت۔ الطَّوَاغِي والطَّوَاغِیْت: تجانے۔
طَغَی وطَغِيَ یَطْغَی طَغْیًا وطُغْیَانًا وطِغْیَانًا بمعنی طغا واوی ۔۔۔ الکَافِرُ: کفر میں غلو کرنا ۔۔۔ الرَّجُلُ: ظلم اور گناہوں میں حد سے بڑھ جانا ۔۔۔ المَاءُ: بلند ہونا۔
طَغَّی واَطْغَی۔ فُلَانًا: سرکشی پر برانگیختہ کرنا سرکش بنانا۔
الطَّغْیَۃ۔ اسم مرۃ۔ سرکش گھوڑا وغیرہ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ ہر بلند جگہ۔
الطَّاغِي۔ فا۔ ظالم۔ طُغَاۃ۔ طَاغُوْنَ۔
الطَّاغِیَۃ۔ مؤنث طَاغِي۔ جبار۔ متکبر سرکش بے وقوف۔ بجلی۔ رومی بادشاہوں کا لقب۔ اور بسا اوقات عرب رومی بادشاہوں کے علاوہ دوسروں پر اطلاق کرتے تھے۔
طَفَّ (ن ض) طَفًّا الشَّيْءُ مِنْہُ: قریب ہونا ۔۔۔ الحَائِطَ: دیوار پر چڑھنا۔ طَفَّ بِرِجْلِہِ اَوْ یَدِہِ: پیر سے یا ہاتھ سے اٹھانا۔
طَفَّفَ۔ المِکْیَالَ: کم ناپنا ۔۔۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا بازو پھیلانا ۔۔۔ عَلَی عِیَالِہِ: بال بچوں پر بخل کرنا۔ طَفَّفَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا ۔۔۔ بِہِ مَوْضِعَ کَذَا: قریب کرنا۔
اَطَفَّ عَلَیْہِ: جھانکنا ۔۔۔ الکَیْلَ: بھرنا ۔۔۔ لَہُ: فریب دینے کا ارادہ کرنا ۔۔۔ عَلَیْہِ: مشتمل ہونا ۔۔۔ عَلَیْہِ بِحَجَرٍ: پھینکنے کے لئے اٹھانا ۔۔۔ لَہُ السَّیْفَ: تلوار کو جھکانا۔

إِسْتَطَفَّ عَلَيْهِ: جھانکنا۔ اِسْتَطْفَتِ الحَاجَةُ: حاجت کا پورا ہونا۔

الطَّفُّ۔ بلند زمین۔ کنارہ۔ جانب۔ صحن مکان۔ پہاڑ کا پہلو۔ ج طُفُوفٌ۔ (والطفف والطَّفَاف والطِّفَاف والطُّفَافَة) مِنَ الإِنَاءِ: برتن کا کنارہ۔ کنارے تک بھرا ہوا۔ الطَّفَاف والطِّفَاف: رات کی تاریکی۔ طَفَافُ الشَّمْسِ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "أَتَانَا عِنْدَ طَفَافِ الشَّمْسِ" غروب آفتاب کے قریب ہمارے پاس آیا۔

الطَّفِيفُ۔ کم۔ نامکمل۔ حقیر خسیس۔

الطَّافَة۔ باغ کا گرداگرد۔ قطعہ زمین جو پہاڑوں اور میدان کے درمیان ہو۔

الطَّفُّ والطَّفَافُ مِنَ الخَيْلِ: ہلکا پھلکا تیز رفتار گھوڑا۔

إِنَاءٌ طَفَّان۔ لبالب برتن۔

طَفِئَتْ (س) طُفُوءًا۔ النَّارُ: آگ کا بجھنا ۔۔۔ عَيْنُهُ: آنکھ کا بے نور ہونا۔

أَطْفَأَ۔ النَّارَ: آگ کا بجھانا۔ کہا جاتا ہے "أَطْفَأَ الفِتْنَةَ أَوِ الحَرْبَ": یعنی فتنہ یا لڑائی کو فرو کر دیا۔

إِنْطَفَأَتْ إِنْطِفَاءً۔ النَّارُ: آگ کا بجھنا۔

المُطْفِئُ۔ مُطْفِئُ الجَمْرِ: ایام عجوز کا چوتھا یا پانچواں دن۔ مُطْفِئُ الرَّضْفِ: مصیبت۔ مُطْفِئَةُ الرَّضْفِ: چربی کہ جو گرم پتھر پر پڑے تو پگھل جائے اور اس کی گرمی کو دور کر دے۔

المِطْفَأَة۔ آگ بجھانے کا آلہ ج مَطَافِئُ۔

طَفَحَ (ف) طَفْحًا وطُفُوحًا الإِنَاءُ: بھر جانا اور بہہ پڑنا ۔۔۔ الإِنَاءَ: بھر دینا (لازم ومتعدی) ۔۔۔ السَّكْرَانُ: شراب سے پُر ہونا ۔۔۔ المَرْأَةُ بِالوَلَدِ: پورے دنوں پر بچہ جننا اور کہا جاتا ہے "اِطْفَحْ عَنِّي" یعنی جاؤ۔

طَفَّحَ وأَطْفَحَ الإِنَاءَ: بھرنا یہاں تک کہ بہہ پڑے۔

إِطَّفَحَ۔ القِدْرُ: جھاگ نکالنا۔

الطِّفَاحُ۔ پری۔

الطُّفَاحَة۔ ہانڈی کے جھاگ۔

الطَّفْحَان۔ لبریز جو بہہ پڑے۔ مؤنث طَفْحَى۔

الطَّافِحَة۔ مؤنث طَافِحٌ۔ خشک۔

فَرَسٌ طَفَّاحٌ۔ القَوَائِمِ: بہت تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

المِطْفَحَة۔ کفگیر۔

طَفَنَ (ض) طَفْنًا۔ المَيِّتَ: دفن کرنا۔

الطَّفْنُ والطَّفَنُ۔ قبر۔ ج أَطْفَان۔

طَفَرَ (ض) طَفْرًا وطُفُورًا۔ کودنا۔ اونچائی میں کودنا۔

طَفَّرَ۔ اللَّبَنُ: بالائی والا ہونا ۔۔۔ وأَطْفَرَ الفَرَسَ النَّهْرَ: گھوڑے کو نہر کے ایک جانب سے دوسری جانب کودانا۔

الطَّفْرَة۔ اونچائی کی کودائی ۔۔۔ مِنَ اللَّبَنِ بالائی۔

طَفِسَ (س) طَفَسًا وطَفَاسَةً۔ گندا ہونا۔ صفت طَفِسٌ۔

طَفَسَ (ن) طُفُوسًا۔ الرَّجُلُ: مرنا۔

طَفْطَفَ طَفْطَفَةً۔ دشمن کے ہاتھوں میں ڈھیلا ہونا۔

الطَّفْطَفَة والطِّفْطِفَة۔ کمر۔ ڈھیلا گوشت۔ ج طَفَاطِف۔

الطُّفْطَاف۔ جانب۔ دریا کا کنارہ۔ درخت کی تر و تازہ نرم شاخیں۔

طَفِقَ (س) وطَفَقَ (ض) طَفَقًا وطُفُوقًا۔ يَفْعَلُ كَذَا۔ شروع کرنا۔ طَفِقَ المَوْضِعَ: لازم ہونا۔ طَفِقَ بِمُرَادِهِ: کامیاب ہونا۔

أَطْفَقَهُ بِمُرَادِهِ: کامیاب کرانا۔

طَفُلَ (ک) طُفُولَةً وطَفَالَةً۔ نرم و ناز پروردہ ہونا۔

طَفَلَ (ن) طُفُولًا۔ رات کے وقت داخل ہونا۔ طَفَلَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا۔

طَفِلَ (س) طَفَلًا وطَفِلَ النَّبَاتُ: نباتات کا مٹی لگ جانے سے طویل ہونا۔

طَفَّلَ اللَّيْلُ: قریب ہونا۔ طَفَّلَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا ۔۔۔ الرَّجُلُ: طفیلی ہونا ۔۔۔ الكَلَامَ: غور کرنا۔ طَفَّلَ: نرمی برتنا اور یہ طَفَّلَ الرَّاعِيُّ الإِبِلَ سے ماخوذ ہے جبکہ چرواہا چلنے میں اونٹوں سے نرمی کرے تاکہ اونٹ کے بچے بھی ساتھ ہو جائیں۔

أَطْفَلَ۔ رات کے وقت داخل ہونا۔ أَطْفَلَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے وقت سرخ ہونا ۔۔۔ الأُنْثَى: بچہ والی ہونا۔ أُطْفِلَ الكَلَامَ: سوچنا۔

تَطَفَّلَ۔ بچوں کی سی عادت اختیار کرنا۔ طفیلی ہونا۔

الطَّفْلُ۔ نرم و نازک ج طِفَال وطُفُول مؤنث طَفْلَة۔

الطِّفْلُ۔ ہر چیز کا چھوٹا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَسْعَى لِي فِي أَطْفَالِ الحَاجَاتِ" یعنی وہ میری چھوٹی چھوٹی حاجتوں میں کوشش کرتا ہے۔ ہر وحشی جانور کا بچہ۔ مؤنث طِفْلَة۔ کہا جاتا ہے جَارِيَةٌ طِفْلٌ وطِفْلَةٌ۔ اور طِفْلٌ واحد و جمع دونوں کیلئے مستعمل ہے اسلئے کہ اسم جنس ہے۔ الطِّفْل: حاجت۔ رات۔ آفتاب جو قریب غروب ہو۔ چنگاری۔ کہا جاتا ہے "تَطَايَرَتْ أَطْفَالُ النَّارِ" یعنی چنگاری اڑی۔ رِيحٌ طِفْلٌ: نرم نرم چلنے والی ہوا ج أَطْفَال۔

الطَّفَل۔ بچپنے کی حالت۔ تاریکی۔ طَفَلُ الغَدَاةِ: طلوع آفتاب کے کچھ بعد۔ طَفَلُ العَشِيِّ غروب آفتاب سے کچھ قبل۔

الطُّفَال والطَّفَال۔ خشک گارا۔

الطُّفُولِيَّة والطُّفَالَة والطُّفُولَة۔ بچپنا

الطُّفَيْل۔ گدلا پانی جو حوض میں باقی رہ جائے

الطُّفَيْلِيّ۔ بے بلائے دعوت میں شریک ہونے والا اور یہ ایک شخص جس کا نام طفیل تھا اس کی طرف منسوب ہے۔

المُطْفِل۔ بچہ والی (انسان ہو یا جانور)

ج مَطَافِل ومَطَافِيل ۔ کہا جاتا ہے "لَیلَۃٌ مُطْفِلٌ" بچوں کو ہلاک کرنے والی ٹھنڈی رات۔
طَفَنَ (ن) طَفْنًا مرنا ۔ ہ : قید کرنا۔
اِطْفَأَنَّ ۔ المکانُ : قابلِ اطمینان ہونا
— الرجلُ : اچھی عادت والا ہونا۔
الطَّفَانِین ۔ جھوٹ ۔ لغو و بیہودہ گفتگو ، قید
طَفَا یَطْفُو طَفْوًا وطُفُوًّا ۔ پانی پر آجانا اور تہ نشین نہ ہونا اور اسی سے ہے "السمک الطافی" جو مچھلی کہ پانی میں مرجائے اور اوپر آجائے — الظبیُ : ہرن کا تیز دوڑنا — فوقَ الفرس : کود کر گھوڑے پر بیٹھنا — فی الارض : داخل ہونا — فلانٌ : مرنا
الطُّفَاوَۃ ۔ ہانڈی کا جھاگ ۔ کہا جاتا ہے "اَصَبنا طُفَاوَۃً مِنَ الرَّبِیعِ" یعنی کچھ تھوڑا سا حصہ ملا ۔ آفتاب یا ماہتاب کا ہالہ۔
الطَّفوَۃ ۔ باریک گھاس۔
الطُّفْیَۃ ۔ خبیث قسم کا ایک سانپ ج طُفیٌ۔
طَقْ ۔ پتھر پر پتھر پڑنے کی آواز کی نقل۔
الطَّقْسُ ۔ طریقہ ۔ طریقۂ دینیہ پر عموماً استعمال ہوتا ہے ج طُقُوس اور عوام کے نزدیک بمعنی حالت تغیرات جو اس میں لاحق ہوں۔
طَقْطَقَ طَقْطَقَۃً ۔ الدوابُّ : روں کے پاؤں سے آواز نکلنا۔
طَلَّ (ن) طَلًّا ۔ الغریمَ : ٹالنا — ہ حقہٗ : کرنا یا باطل کرنا۔ طَلَّتِ السماءُ الارضَ : زمین پر ہلکی بارش ہونا — ہ بالدُّہنِ : تیل ملنا۔
طَلَّ الابلَ : اونٹ کو تیز ہانکنا۔
طَلَّ (س) وطُلَّ طَلًّا واُطِلَّ مَ : بغیر قصاص کے چھوڑ دینا ۔ صفت طَلِیلٌ و مَطْلُولٌ و مُطَلٌّ۔
اَطَلَّ الدمَ : بغیر قصاص کے چھوڑ دینا — الزمانُ : قریب ہونا — علیہ : جھانکنا — علی حقّی : غالب آنا ۔ کہا جاتا ہے "اَطَلَّ علی فلانٍ بالاذٰی" یعنی ہمیشہ تکلیف پہنچائی۔
تَطَالَّ ۔ گردن اٹھا کر دور کی چیز دیکھنا اور کہا جاتا ہے "تَطَالَلْتُ لہٗ" میں نے اسکو دیکھنے کے لئے گردن اٹھائی۔
اِسْتَطَلَّ ۔ علیہ : جھانکنا — الفرسُ ذَنَبَہٗ وبِذَنَبِہٖ : گھوڑے کا دُم اٹھانا۔
الطَّلّ ۔ ہلکی بارش ۔ نمی ج طِلَال وطِلَل خوش نما دل پسند ۔ بڑی عمر والا ۔ سانپ (۔ د الطُّلّ) دودھ و بقول بعض خون ۔ اونٹنی کے دودھ کی قلت
الطِّلّ ۔ سانپ۔
الطَّلَّۃ ۔ خوشنما دل پسند ۔ لذیذ خوشبو ۔ لذیذ شراب ۔ بیوی ۔ ہلکی بارش کا ترکیا ہوا باغ ۔ کھانے پینے کی وسعت ۔ بڑھیا عورت ۔ بدزبان
الطُّلَّۃ ۔ ایک مرتبہ دودھ پینے کی مقدار گردن ج طُلَل۔
الطُّلَاء ۔ بے بدلہ خون۔
الطَّلَل ۔ بلند جگہ ۔ ویران مکانات کے نشانات ۔ ہر چیز کا جسم ۔ اور اسی سے ہے "اَعجَبَنِی طَلَلُہٗ ورَاقَنِی ہَیکَلُہٗ" یعنی اس کا جسم اور ڈیل ڈول مجھے پسند آیا ج اَطلَال وطُلُولٌ ۔ طَلَلُ السفینۃِ : کشتی کا پردہ ۔ طَلَلُ الماءِ : پانی کی سطح الطَّلَلُ مِنَ الدارِ : چبوترہ۔
الطَّلَالَۃ ۔ ہر چیز کا جسم ۔ اچھی ہیئت اچھی حالت ۔ تروتازگی ۔ شادمانی ۔ ویران مکان کے نشانات۔
الطَّلِیل ۔ پرانی چٹائی ۔ ج طِلَّۃٌ واَطِلَّۃ وطُلُلٌ۔
المُطَلّ ۔ بلند مکان جس سے جھانکا جائے۔
المَطْلُول ۔ مفع — مِنَ الاَماکِنِ : جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔
المُطَلِّل ۔ کہر۔
طَلَبَ (ن) طَلَبًا ۔ الشیءَ : ڈھونڈھنا — الیہ : راغب ہونا۔
طَلِبَ (س) طَلَبًا ۔ دور ہونا۔
تَطَلَّبَ واِطَّلَبَ الشیءَ : تکلف کیساتھ اور بار بار ڈھونڈھنا۔
طَلَبَ ۔ الشیءَ : مہلت سے ڈھونڈھنا۔
طَالَبَہٗ طِلَابًا ومُطَالَبَۃً ۔ اپنا حق مانگنا
اَطْلَبَہٗ ۔ مانگنے کے لئے مجبور کرنا ۔ طلب کردہ چیز کو دینا ۔ کہا جاتا ہے "اَطْلَبَہٗ الفقرُ" یعنی فقر نے مانگنے پر مجبور کر دیا ۔ اَطْلَبَ الماءُ : دور ہونا کہ بغیر ڈھونڈھے نہ مل سکے۔
الطِّلْبَۃ ۔ اسم ہے مطالبہ کا ۔ طلب کی نوعیت (۔ والطَّلِبَۃ) جو چیز طلب کی جائے
الطِّلْب ۔ جو چیز طلب کی جائے ۔ طلب کرنے والا ۔ ج اَطْلَاب وطِلَبَۃ۔
الطُّلْبَۃ ۔ دور کا سفر۔
الطَّالِب ۔ فا ۔ شاگرد ۔ ج طَلَبَۃٌ وطُلَّابٌ وطَلَبٌ وطُلَّبٌ۔
الطَّلُوب ۔ بہت زیادہ طلب کرنیوالا ۔ بِئرٌ طَلُوبٌ : کنواں جس کا پانی دور ہو ۔ ج طُلُب۔
الطَّلِیب ۔ بہت زیادہ مانگنے والا ۔ ج طُلَبَاء۔
الطَّلَّاب ۔ بہت زیادہ مانگنے والا۔
الطَّلِیبَۃ مؤنث طَلِیبٌ ج طَلَائِب۔
المَطْلَب ۔ طلب کرنا ۔ مقصد ۔ کسی علم کا کوئی مسئلہ ج مَطَالِب۔
المُطْلِب ۔ فا ۔ ماءٌ مُطْلِبٌ : دور کا پانی
المَطْلُوب ۔ مفع ۔ جو طلب کیا جائے ۔ مطالیب۔
طَلَثَ (ن) طُلُوثًا ۔ الماءُ : پانی بہنا ۔ جاری ہونا۔
طَلَّثَ علیٰ کذا : زیادہ ہونا۔
الطُّلْثَۃ ۔ جاہل ضعیف العقل ۔ کمزور بدن
طَلَحَ (ف) طَلْحًا وطَلَاحَۃً البعیرُ : اونٹ کا تھکنا صفت طَلْحٌ ، طِلْحٌ و طَلِیحٌ۔
طَلَحَ البعیرَ وطَلَّحَہٗ واَطْلَحَہٗ ۔ تھکانا ۔ طَلَّحَ علیٰ فلانٍ : اصرار کرنا ۔ طَلَّحَ البعیرُ : تھکنا۔
طَلُحَ (ک) طَلَاحًا ۔ فاسد ہونا ۔ خراب ہونا۔
طَلِحَ (س) طَلْحًا وطَلَحًا ۔ پیٹ خالی ہونا۔

صفت طَلِیحٌ وَطَلِحٌ وطلِحٌ۔ طَلِحَت الابلُ طَلَحًا:
ببول کھانے سے پیٹ خراب ہونا۔
الطَّلحُ ۔ شگوفہ درختِ خرما۔ کیلا۔ حوض کا بقیہ گدلا پانی۔ ببول کا درخت۔ واحد طَلحَۃٌ۔
الطِّلحُ ۔ لاغر۔ تھکا ہوا۔ کہا جاتا ہے "بَعِیرٌ طِلحٌ وَنَاقَۃٌ طِلحٌ" ج اَطلَاحٌ وطِلَاحٌ۔
مَکَانٌ طَلِحٌ۔ جس میں ببول کے درخت زیادہ ہوں۔
الطَّلحُ ۔ نعمت۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ فِی طَلحٍ" وہ خوش عیش ہے۔
الطَّالِحُ ۔ بدکار ج طَالِحُونَ وطُلَّحٌ۔ نَاقَۃٌ طَالِحٌ وَابِلٌ طُلَّحٌ : تھکے ہوئے اونٹ۔
الطِّلَاحُ ۔ کیکر کا درخت۔ اِبِلٌ طِلَاحٌ : سفر کی وجہ سے تھکا ہوا اونٹ۔
الطَّلِیحُ ۔ چچڑی۔ لاغر۔ تھکا ہوا۔ کہا جاتا ہے بَعِیرٌ طَلِیحٌ وَنَاقَۃٌ طَلِیحَۃٌ۔ وطَلِیحٌ ج طَلَائِحُ وطَلحَی۔
الطَّلِیحَۃُ ۔ کاغذ کا ایک ورق ج طَلَائِحُ۔
المَطَّلِحُ فِی الکَلَامِ : بہتان گھڑنے والا ــــ فِی المَالِ : مال میں ظلم کرنے والا۔
طَلَخَ (ن) طَلخًا۔ الشَّیءَ : کالا کرنا ــــ الکِتَابَۃَ۔ خراب کر دینا ــــ فُلَانًا بِالقَذَرِ : ــــ لت پت کر دینا۔
اِطلَخَ۔ الدَّمعُ : بہنا۔ بکھرنا۔
الطَّلخُ ۔ خراب پانی۔
الطَّلخَاءُ ۔ بے وقوف عورت۔
اِطلَخَمَّ۔ الرَّجُلُ : تکبر کرنا۔ غرور کرنا۔
اُمُورٌ مُطلَخِمَّاتٌ۔ سخت ودشوار امور۔
طَلَسَ (ض) طَلسًا۔ البَصَرُ : نگاہ کا ضائع ہونا ــــ وطَلَّسَ) الکِتَابَۃَ : لکھے ہوئے کو مٹا دینا۔
طَلِسَ (س) طَلَسًا وطَلُسَ (ک) طُلسَۃً خاکستری مائل بہ سیاہی ہونا۔ صفت اَطلَس ج طُلسٌ۔
طُلِسَ بِہِ فِی السِّجنِ : قید خانے میں ڈال دیا جانا۔
تَطَلَّسَ۔ الکِتَابُ : مٹنا ــــ وتَطَیلَسَ) الرَّجُلُ : طَیلَسَان استعمال کرنا۔

اِنطَلَسَ الاَمرُ : پوشیدہ ہونا۔
اِطلَنسَی اِطلِنسَاءً۔ العَرَقُ : سارے جسم پر پسینہ بہنا۔
الطِّلسُ ۔ کالی چادر۔
الطِّلسُ ۔ مٹایا ہوا کاغذ۔ میلا کپڑا ج اَطلَاس
الطُّلسَۃُ ۔ خاکستری مائل بہ سیاہی۔ پتلا پتلا بادل ج طُلَس۔
الطِّلَاسَۃُ ۔ چیتھڑا جس سے لکھی ہوئی تختی صاف کی جائے۔
الطَّلِیسُ ۔ اندھا۔
الطَّیلَسُ ۔ سبز رنگ کی چادر جس کو مشائخ وعلماء استعمال کرتے تھے اور یہ عجمیوں کا لباس ہے ج طَیَالِس۔
الطَّیلَسَانُ ۔ بمعنے طَیلَس ج طَیَالِس و طَیَالِسَۃ۔
الاَطلَسُ ۔ بھیڑیا جس کے بال گر گئے ہوں اور اس کا رنگ خاکستری مائل بہ سیاہی ہو پرانا کپڑا۔ میلا۔ چور۔ ریشمی کپڑا۔
طَلسَمَ عَنِ القِتَالِ : لڑائی سے پیچھے ہٹنا ــــ الرَّجُلُ : سر جھکانا اور منہ بگاڑنا ــــ السَّاحِرُ : جادوگر کا منتر لکھنا۔
الطِّلَسمُ ۔ جادو کی لکیریں یا تحریر ج طَلَاسِم۔
الطِّلَّسمُ ۔ بمعنے طِلَسم ج طِلَسمَات۔
الطَّلَشُ ۔ چھری۔
طَلطَلَ۔ حرکت دینا۔
الطُّلَطِلُ والطُّلَطِلَۃُ ۔ مصیبت۔
الطُّلَاطِلَۃُ ۔ مصیبت۔ موت۔ حلق کا کوا۔
الطُّلَاطِلُ ۔ موت۔ سخت مرض۔
طَلَعَ (ن) طُلُوعًا ومَطلَعًا ومَطلِعًا الکَوکَبُ ونَحوُہُ : ستارہ وغیرہ کا نکلنا ــــ عَلَیہِم متوجہ ہونا ــــ عَنہُم : غائب ہونا اور دور ہونا۔
طَلَعَ (ن ن) وطَلِعَ (س) طُلُوعًا الجَبَلَ : پہاڑ پر چڑھنا ــــ عَلَی الاَمرِ : جاننا ــــ البِلَادَ : ملکوں کا قصد کرنا۔

المَکَانَ : پہنچنا ــــ مِنَ البِلَادِ : شہروں سے نکلنا (ــــ وطَلَّعَ) النَّخلُ : شگوفہ نکلنا۔
طَلَّعَ الکَیلَ : پیمانہ کو بھرنا۔
طَالَعَہُ مُطَالَعَۃً وطِلَاعًا۔ زیادتی غور وفکر سے مطلع ہونا ــــ الکِتَابَ : کتاب پڑھنا ــــ ہٖ بالاَمرِ : پیش کرنا۔ کہا جاتا ہے "طَالِعنِی کُلَّ وَقتٍ بِکُتُبِکَ" یعنی اپنی کتابوں کو ہر وقت میرے سامنے پیش کرو۔
اَطلَعَ الکَوکَبُ : ستارہ کا نکلنا ــــ النَّبَاتُ نباتات کا اگنا ــــ النَّخلُ : شگوفہ نکلنا ــــ الشَّجَرُ : درخت کے پتے نکلنا ــــ النَّخلَۃُ : درخت خرما کا طویل ہونا ــــ عَلَی الشَّیءِ : جھانکنا ــــ الفَجرَ : فجر کے طلوع ہونے کو دیکھنا ــــ ہٗ عَلٰی سِرِّہٖ واقف کر دینا۔ اَطلَعَ اِلَیہِ مَعرُوفًا : اچھا سلوک کرنا۔ اَطلَعَہٗ طِلعَ اَمرِہٖ : حقیقتِ حال کو ظاہر کر دینا ــــ الرَّجُلُ : قے کرنا ــــ الرَّامِی : تیر کا نشانہ کے اوپر سے نکل جانا ــــ عَلٰی فُلَانٍ : اچانک پہنچ جانا۔
اِطَّلَعَ الاَمرَ وعَلَیہِ : جاننا ــــ عَلَینَا : اچانک آ جانا ــــ الفَجرَ : طلوع فجر کو دیکھنا۔
اِطَّلَعَ طِلعَ العَدُوِّ : دشمن کی حقیقتِ حال سے واقف ہونا۔
تَطَلَّعَہٗ۔ جاننا۔ چہرے کی طرف دیکھنا۔ الرَّجُلُ : پالینا غالب آنا۔ تَطَلَّعَ المِکیَالُ : پیمانہ کا بھر جانا ــــ المَاءُ مِنَ الاِنَاءِ : پانی کا برتن کے کناروں سے ابل پڑنا۔
اِستَطلَعَہٗ۔ ظاہر ہونے کی خواہش کرنا حقیقتِ حال دریافت کرنا۔ اِستَطلَعَ رَایَ فُلَانٍ واستَطلَعَ رَایَہٗ "کسی کی رائے وتدبیر پر غور کرنا
الطِّلعُ ۔ مقدار۔ تم کہتے ہو "الجَیشُ طِلعُ اَلفٍ" یعنی لشکر ہزار کی مقدار میں ہے ــــ مِن نَخلٍ : کھجور کا گابھا۔ شگوفہ۔
الطِّلعُ ۔ اسم ہے اطلاع کا۔ کہا جاتا ہے "اِطَّلَعَ طِلعَ العَدُوِّ" وہ دشمن کی حقیقتِ حال کو جان گیا۔ سانپ۔

الطَّلْعُ والطِّلْعُ - بلند مکان جہاں سے
جھانکیں - گوشہ -
الطَّلْعَۃُ - دیدار - چہرہ -
اِمْرَأَۃٌ طُلَعَۃٌ - عورت بہت زیادہ ظاہر
ہونے والی - کہا جاتا ہے "نَفْسٌ طُلَعَۃٌ" یعنی
اپنی خواہشات کی طرف زیادہ میلان رکھنے والا
نفس -
الطِّلَاعُ مِنَ الْاِنَاءِ : پُری جہ طُلُعٌ - وطِلَاعُ
الشَّیْءِ : مقدار شئے - کہا جاتا ہے "ہٰذَا طِلَاعُ ہٰذَا"
یعنی یہ اس کی مقدار ہے "عَیْنٌ طِلَاعٌ" آنسو
سے بھری ہوئی آنکھ - قَدَحٌ طِلَاعٌ : بھرا ہوا پیالہ
الطَّلَّاعُ - مبالغۃ طالع - کہا جاتا ہے -
"ہُوَ طَلَّاعُ الثَّنَایَا والْاَنْجُدِ" یعنی وہ بڑے بڑے
امور کا قصد کرتا ہے یا وہ امور میں تجربہ کار ہے
جن کی تدبیر اچھی طرح کرتا ہے -
الطُّلَعَاءُ والطُّوَلِعُ - قے -
الطَّلِیعَۃُ مِنَ الْجَیْشِ : ہراول یہ مقدمۃ
الجیش جو لشکر کے پہلے بھیجا جائے تاکہ دشمن کے
احوال وکوائف کی تفتیش کرے - واحد وجمع
دونوں میں مستعمل ہے - جہ طَلَائِعُ -
الطَّالِعُ - فا - پہلی رات کا چاند - فجر کاذب -
— عِنْدَ اَصْحَابِ الْفَأْلِ : زائچہ - ستاروں کے
طلوع سے جس پر سعد ونحس کا شگون لیا جائے
جہ طَوَالِعُ -
الطُّلُوعُ - بمعنے طالع -
المَطْلَعُ والمَطْلِعُ - ستاروں کے طلوع ہونے
کی جگہ - سیڑھی - چڑھنے کی جگہ جہ مَطَالِعُ - مَطْلَعُ
الْاَمْرِ : کسی کام کے حصول کا ذریعہ وطریقہ - مَطْلَعُ
الْقَصِیدَۃِ : قصیدہ کا پہلا شعر -
المُطَّلِعُ - فا - قوی غالب -
المُطَّلَعُ مفع - آنے کی جگہ - اونچے سے جھانکنے
کی جگہ -
طَلَّفَ علیہ : زیادہ کرنا -
اَطْلَفَہٗ کَذَا : ہبہ کرنا - اَطْلَفَ الدَّمَ :
خون کو رائگاں کردینا -

الطَّلَفُ - دادودہش - آسان چیز - زائد
چیز (— والطَّلْفُ) رائگاں - کہا جاتا ہے -
"ذَہَبَ دَمُہٗ طَلَفًا" یعنی اس کا خون رائگاں گیا
الطَّلِیفُ - ماخوذ - رائگاں - باطل -
طَلَقَ (ض) طَلْقًا - الشَّیْءَ فُلَانًا : دینا
طَلَقَ یَدَہٗ بِخَیْرٍ : بھلائی کے لئے ہاتھ کھولنا -
طَلَقَتْ (ن) طَلَاقًا - المَرْأَۃُ مِنْ زَوْجِہَا
عورت کا شوہر سے جدا ہونا اور اسکو چھوڑ دینا
صفت طَالِقٌ جہ طُلَّقٌ وطَالِقَۃٌ - جہ طَوَالِقُ -
النَّاقَۃُ : پاؤں باندھنے کی رسی سے کھل جانا -
طَلُقَ (س) طَلَقًا - بعید ہونا -
طَلُقَ (ک) طُلُوقًا وطُلُوقَۃً - اللِّسَانُ :
فصیح خوش بیان ہونا -
طَلُقَ (ک) طُلُوقَۃً وطَلَاقَۃً - الرَّجُلُ :
ہنس مکھ ہونا -
طُلِقَتِ المَرْأَۃُ طَلْقًا - دردِ زہ والی ہونا
صفت مَطْلُوقَۃٌ -
طَلَّقَ قَوْمَہٗ : قوم کو چھوڑ دینا - جدائی اختیار کرنا
— المَرْأَۃَ زَوْجُہَا : قید نکاح سے علیحدہ کردینا -
النَّخْلَۃَ : درخت خرما میں گابھا دینا -
اَطْلَقَ المَرْأَۃَ والنَّخْلَۃَ : بمعنے طَلَّقَ ——
المَوَاشِیَ : چھوڑ دینا — الْاَسِیرَ : قیدی کو آزاد کرنا
— یَدَہٗ بِخَیْرٍ : بھلائی کیلئے ہاتھ کھولنا — فِی
کَلَامِہٖ : تعمیم کرنا - مقید نہ کرنا - کہا جاتا ہے -
"اَطْلَقَ رِجْلَہٗ" یعنی جلدی کی "اَطْلَقَ الدَّوَاءُ بَطْنَہٗ"
یعنی دوا نے اس کے پیٹ کو چلا دیا یعنی دست
جاری ہوگیا - "اَطْلَقَ خَیْلَہٗ فِی الْحَلْبَۃِ" یعنی اپنے
گھوڑے کو میدانِ مسابقت میں دوڑایا -
تَطَلَّقَ وَجْہُہٗ : کشادہ رو ہونا - تَطَلَّقَتِ الْخَیْلُ
گھوڑوں کا بغیر روک کے منتہی پر پہنچ جانا -
اِنْطَلَقَ - جانا - لِسَانُہٗ : زبان کا رواں
ہونا — وَجْہُہٗ : کشادہ رو ہونا — نَفْسُہٗ لِلْاَمْرِ :
شرح صدر ہونا — اُنْطُلِقَ بِہٖ : لے جایا جانا -
اِطَّلَقَ - ہنس مکھ ہونا -
اِسْتَطْلَقَ - البَطْنُ : پیٹ چلنا — الظَّبْیُ

ہرن کا تیزی سے دوڑنا اور کسی چیز کی طرف
مائل ہونا — الْاَمْرَ : کام میں جلدی کرنا -
الطَّلْقُ مص - دردِ زہ - ہرن - جہ اطلاق
(— والطِّلْقُ والطُّلُقُ والطَّلِقُ والطَّلِیقُ)
آزاد - غیر مقید - کہا جاتا ہے "حُبِسَ طَلْقًا وطُلُقًا"
یعنی بغیر ہتکڑی کے قید کیا گیا - یومٌ طَلْقٌ : دن
جس میں نہ سردی ہو نہ گرمی - فَرَسٌ طَلْقُ الْیَدِ :
گھوڑا جسکے اگلی ٹانگوں میں سفیدی نہ ہو - رَجُلٌ
طَلْقُ الْیَدَیْنِ : سخی - رَجُلٌ طَلْقُ الْوَجْہِ وطِلْقُہٗ وطَلْقُہٗ
وطَلِیقُہٗ وطُلُقُہٗ - کشادہ رو مرد - ہنس مکھ - کہا جاتا ہے
"لِسَانُہٗ طَلْقٌ وطِلْقٌ وطَلِیقٌ" یعنی اس کی زبان تیز
وطرار ہے - الطِّلْقُ : حلال - حصہ - کھال کا بنا ہوا
بند - الطِّلْقُ والطَّلْقُ : ابرک -
الطَّلَقُ مص - گھوڑے کی دوڑ کا ایک چکر -
آنت - رسی مضبوط بٹی ہوئی - کھال کا بنایا ہوا بند
جہ اطلاق - کہا جاتا ہے "اَصَبْتُ مِنْ مَالِہٖ طَلَقًا"
مجھے اس کے مال میں سے حصہ ملا - کہا جاتا ہے
"عَلَی الْاِطْلَاقِ او مُطْلَقًا" یعنی عام طریقہ سے
بلا کسی استثناء کے -
الطُّلَقَاءُ - وہ حضرات جو فتح مکہ کے دن
اسلام لائے اور ان پر احسان کیا گیا -
الطَّلَّاقُ والمِطْلَاقُ والمِطْلِیقُ -
بہت زیادہ طلاق دینے والا -
المُطْلَقُ - خلاف مقید — مِنَ الْخَیْلِ : وہ
گھوڑا جس کے ایک ٹانگ میں سفیدی نہ ہو -
طَلَمَ (ن) طَلْمًا وطَلَّمَ - الخُبْزَۃَ : روٹی کو
ہاتھ سے ہموار کرنا - طَلَّمَ العَرَقَ عَنْ جَبِینِہٖ : پیشانی
سے پسینہ پونچھنا -
الطُّلْمُ - روٹی پھیلانے کا تختہ -
الطَّلْمُ - دانتوں کا میل -
الطُّلْمَۃُ - روٹی جہ طُلَمٌ -
المِطْلَمَۃُ - بیلن - عام لوگ اسے شوبک
کہتے ہیں -
طَلْمَسَ - ترشروئی کرنا - تیوری چڑھانا -
— الکِتَابَ : مٹانا -

اِطْلَمَّسَ - اللَّیْلُ: سخت تاریک ہونا۔
اَلطِّلِمْسَاء - تاریکی - بغیر کسی علامت کے
زمین - پتلا پتلا بادل۔
طَلَہ (ف) طَلْهًا - الرجلُ فی البلادِ:
جانا - آہستہ چلنا۔
اِطَّلَہَ اِطِّلَاهًا - مطلع ہونا۔
اَلطُّلَہ - پتلا بادل۔
اَلطُّلْهَۃ - بقیہ مال۔
طَلَاہُ یَطْلُوْہُ طَلْوًا - ٹانگ باندھنا۔
طَلَا یَطْلُو طَلَاوَۃً الرجلُ: دیر کرنا۔
اَطْلَتِ الوَحْشِیَّۃُ: بچے والی ہونا۔
اِطْلَوْلٰی اِطْلِیْلَاءً - اچھی گفتگو والا ہونا۔
اَلطَّلَاء والطَّلْو - ہرن کا بچہ پیدا ہوتے
وقت - ہر چیز کا چھوٹا ج اَطْلَاء، وطِلَاء وطُلِیٌّ
وطِلْیَانٌ وطُلْیَانٌ۔
اَلطِّلْو - بھیڑیا۔
اَلطِّلْوَۃ - جانوروں کا بچہ۔
اَلطُّلْوَۃ - صبح کی سپیدی۔
اَلطُّلَاوَۃ والطَّلَاوَۃ والطِّلَاوَۃ - حسن و
رونق - کہا جاتا ہے "ہٰذا کلامٌ ما علیہ طَلَاوَۃ" یعنی
یہ ایسی گفتگو ہے جس میں کوئی خوبی و رونق نہیں۔
منہ میں کھانے کا بقیہ - جادو - خون یا دودھ
پر کی پتلی جھلی - اَلطُّلَاوَۃ: جو کسی چیز پر طلاء کیا جائے۔
طَلٰی یَطْلِی طَلْیًا ہٗ: ٹانگ باندھ کر
رکھنا —— البعیرَ القطرانَ او بالقطرانِ: اونٹ
پر قطران ملنا (دیکھیے القطران) —— الشیءَ: روکنا
طَلِیَ (س) طَلًی فُوہُ: دانتوں میں زردی ہونا
—— لسانُہٗ: زبان کا ثقیل ہونا۔
طَلّٰی تَطْلِیَۃً - گانا - فلانًا: قید کرنا۔
گالی دینا —— البعیرَ القطرانَ: اونٹ پر قطران
ملنا (دیکھیے القطران) —— اللیلُ الآفاقَ:
رات کا آفاق کو ڈھانپ لینا۔
اَطْلٰی - کمزوری یا اور کسی وجہ سے گردن کا
جھکنا۔
تَطَلّٰی - کھیل کود میں منہمک رہنا (——
واطّلٰی) بالقطرانِ: قطران سے لت پت ہونا۔
الطَّلِیُّ - شخص - قطران ملا ہوا - سخت مریض
ہرن کا بچہ ج اَطْلَاء - خواہش - کہا جاتا ہے
"قَضٰی طَلَاہُ" یعنی اپنی خواہش پوری کی۔
الطِّلِیُّ - لذت۔
الطِّلَاء - قطران - انگور کا رس جس میں سے
پکانے کی وجہ سے دو تہائی اُڑ جاتا رہے - اور
شراب سے بھی کنایہ کیا جاتا ہے - رسی جس سے
ہرن کے بچے کے پیر کو باندھیں (—— والطُّلَایَۃ)
ہر وہ چیز جس کا طلا کیا جائے۔
الطُّلَاء - خون کے اوپر کی باریک جھلی۔
الطُّلِیُّ - دودھ ایک مرتبہ پینے کی مقدار۔
الطُّلْیَۃ والطُّلَاۃ - گردن ج طُلًی۔
الطَّلِیُّ - بکری کا چھوٹا بچہ ج طُلْیَان (——
والطِّلْیَان) دانتوں کی زردی۔
المِطْلٰی والمِطْلَاء - تنگ نالہ ج مَطَالٍ
المُطَلّٰی - دائم المرض - کمزور مریض -
قیدی کہ جس کی رہائی کی امید نہ ہو۔
طَمَّ (ن) طَمًّا وطُمُوْمًا - الإناءَ: برتن بھرنا
—— الشعرَ: بال کاٹنا یا گرہ لگانا —— الماءُ:
ڈھانپ لینا —— الشیءُ: زیادہ ہونا —— الأمرُ:
بڑا ہونا۔
طَمَّ (ض ن) طَمًّا البئرَ: کنوئیں کو پاٹ دینا
طَمَّ (ن ض) طَمًّا وطَمِیْمًا - الفرسُ:
گھوڑے کا آہستہ آہستہ دوڑنا۔
طَمَّ وطَمْطَمَ وتَطَمْطَمَ - الطائرُ: پرندہ
کا ٹہنی پر اترنا۔
اَطَمَّ واستَطَمَّ الشعرُ: بال کاٹنے کا
وقت قریب ہونا۔
الطِّمُّ - پانی - سمندر - عدد کثیر - عمدہ گھوڑا
تعجب - تعجب انگیز - کہا جاتا ہے "جاءَ بالطِّمِّ
والرِّمِّ" یعنی بہت مال لایا۔
الطُّمَّۃ من الناسِ: جماعت - طُمَّۃُ القومِ
قوم کے جمع ہونے کی جگہ۔
الطَّمِیْم - آہستہ دوڑ - عمدہ گھوڑا - طَمِیْم
الناسِ: مختلف قسم کے لوگ۔
فرسٌ طَمُوْمٌ - تیز رفتار گھوڑا۔
الطَّامَّۃ - بڑی مصیبت - قیامت۔
الأطامیم - ٹانگیں۔
طَمْأَن - دیکھو مادہ "طمن"
طَمَثَ (ن ض) طَمْثًا - الشیءَ: چھونا۔
طَمَثَتْ وطَمُثَتْ (ن ک) طَمْثًا -
المرأۃُ: حائضہ ہونا - صفت طامث۔
الطَّمْث - میل کچیل - فساد - خون
حیض - تہمت - کہا جاتا ہے "ما بفلانٍ طَمْثُ ریبۃٍ"
یعنی فلاں کے ساتھ تہمت کا میل کچیل نہیں۔
طَمَحَ (ف) طَمْحًا وطِمَاحًا وطُمُوْحًا
بصرُہٗ الیہ: نگاہ اٹھنا - ببصرِہٖ الیہ: بلندی کی
جانب دیکھنا —— بانفِہٖ: مغرور ہونا - ناک چڑھانا
—— بہ: لیجانا —— فی الطلبِ: کوشش کرنا۔
طَمَحَتْ (ف) طِمَاحًا وطُمُوْحًا - الدابّۃُ:
جانور کا سرکش ہونا —— المرأۃُ علی زوجِہا: عورت
کا نافرمان ہونا - صفت طامح ج طوامح۔
طَمَّحَ الفرسُ: گھوڑے کا اگلی ٹانگوں کو
اٹھانا —— بالشیءِ فی الہواءِ: پھینکنا۔
اَطْمَحَ بصرَہٗ الیہ: نگاہ اٹھانا۔
بحرٌ طَمُوْحُ الموجِ: بلند موج والا سمندر۔
طَمَحَاتُ الدہرِ وطَمَحَاتُہٗ - مصائب
الطِّمَاح - غرور - فخر۔
الطَّمَّاح - دور - حریص۔
طَمَخَ (ن) طَمْخًا - بانفِہٖ: تکبر کرنا۔
طَمَرَ (ض) طَمْرًا - الشیءَ: دفن کرنا - چھپانا
(—— طَمْرًا وطُمُوْرًا وطِمَارًا وطَمَرَانًا) کودنا - چھلانگ
طَمَرَ (ن) طُمُوْرًا - جانا - سفر کرنا۔
طَمَرَ (ن) طَمْرًا - المطمورۃَ: گڑھی بھرنا۔
(—— وطَمِرَ (س) طَمَرًا) الجرحُ: سوج جانا۔
—— الیدُ: ورم آجانا۔
طُمِرَ فی ضِرسِہٖ: داڑھ میں درد ہونا۔
طَمَّرَ الشیءَ: لپیٹنا اور دفن کرنا ——
البیتَ: پردہ لٹکانا۔

اِطَّمَرَ عَلٰی فَرَسِہٖ: پیچھے سے کود کر سوار ہونا۔
الطِمرُ - پرانا کپڑا۔ جو کسی چیز کا مالک نہ ہو ج اَطْمَار - کہا جاتا ہے "لَاحَتِ الشَّمْسُ فِی الْاَطْمَارِ" یعنی زرد رنگ کا ہو گیا اور اس کی کچھ روشنی جاتی رہی۔
الطِمِرُّ والطِمِرُّ والطِمْرِیرُ والطُمْرُورُ لمبی ٹانگوں کا تیز رفتار گھوڑا۔
الطَّامِرُ - فا - پسو ج طَوَامِر - کہا جاتا ہے "ھُوَ طَامِرُ بْنُ طَامِرٍ" وہ مجہول ہے یہ بھی نہیں معلوم کہ اس کا باپ کون ہے۔
الطُمْرَۃُ - جہل نادانی۔
طُمْرَۃُ الشَّبَابِ: ابتدائے شباب۔ عنفوانِ شباب۔
الطَّامُورُ والطُّومَارُ - صحیفہ ج طَوَامِیرُ - کہا جاتا ہے "کُتِبَ فِی الطُّومَارِ والطَّوَامِیرِ"
الْمِطْمَرُ والْمِطْمَارُ - معماروں کا دھاگا - پرانے لباس والا - کہا جاتا ہے "ھُوَ عَلٰی مِطْمَارِ اَبِیہِ" وہ صورت و سیرت میں اپنے باپ کے مشابہ ہے
الْمَطْمُورَۃُ - کھتی - قید۔
طَمَسَ (ن) طُمُوسًا - دور ہونا - کہا جاتا ہے "لَا اَدْرِیْ اَیْنَ طَمَسَ" میں نہیں جانتا کہاں گیا — بِعَیْنِہٖ: دور تک دیکھنا۔
طَمَسَ (ن ض) طَمْسًا و طُمُوسًا و تَطَمَّسَ وانْطَمَسَ مٹنا۔ طَمَسَ النَّجْمُ اَوِ الْبَصَرُ ستارہ یا نگاہ کا بے نور ہونا۔
طَمَسَ (ض) طَمْسًا - الشَّیءَ: مٹانا ہلاک کرنا۔ ڈھانپ لینا۔ جڑ کھود دینا — الغَیمُ النُّجُومَ: بادل کا ستارے کی روشنی کو زائل کر دینا
طَمَسَ (ض) طِمَاسَۃً - الشَّیءَ: اندازہ کرنا
رُبُوعٌ طِمَاسٌ - مٹے ہوئے مکانات۔
الطَّمِیسُ والمَطْمُوسُ - اندھا۔
طَمْطَمَ - وسط سمندر میں تیرنا۔
الطُّمْطَامُ - وسط سمندر۔
الطِمْطِمُ والطِمْطِمِیُّ والطُّمْطُمَانِیُّ زبان کی لکنت والا۔

طَمِعَ (س) طَمَعًا و طَمَاعًا و طَمَاعِیَۃً فِی الشَّیءِ وبہٖ: لالچ کرنا۔ صفت طَامِعٌ و طَمِعٌ و طَمُعٌ ج طَمِعُونَ و طَمَعَاءُ، و اَطْمَاعٌ و طَمَاعَی۔
طَمُعَ (ک) طَمَاعَۃً - بہت لالچ کرنا۔
طَمَّعَہٗ - لالچ پر برانگیختہ کرنا۔
اَطْمَعَہٗ - لالچ میں ڈالنا۔
تَطَمَّعَ - لالچی ہونا - خواہش مند ہونا۔
الطَّمَعُ - وہ چیز جس کی خواہش کی جائے لشکر کی تنخواہ ج اَطْمَاعٌ۔
الطَّمَاعَۃُ - خواہشمندی۔
الطَّمَّاعُ والمِطْمَاعُ - بہت زیادہ لالچی۔
المَطْمَعُ - جس کی خواہش کی جائے ج مَطَامِعُ
المَطْمَعَۃُ - باعثِ طمع - لالچ پر اکسانے والی چیز۔
طَمِفَتْ (س) طَمَفًا عَیْنُہٗ: آنکھ کا بہت کیچڑ والی ہونا۔
طَمَلَ (ن) طَمْلًا - الخَبَّازُ الخُبْزَ: روٹی کو بیلن سے چوڑی کرنا — الثَّوبَ: کپڑے کو گہرا رنگنا۔ الدَّمُ السَّہْمَ وغیرَہٗ: خون کا تیر کو لتھیڑنا۔ الرَّاعِیُ: چرواہے کا سختی سے ہانکنا۔
طَمِلَ (س) وطَمُلَ طَمَلًا - خون تیل یا تارکول سے لتھیڑنا - صفت طَمِیلٌ۔
اَطْمَلَ - الکِتَابَ: مٹا دینا۔
اِنْطَمَلَ الرَّجُلُ: چوروں کے ساتھ شریک ہو۔
الطَّمْلُ - خمیر - گوندھا ہوا آٹا - مخلوق۔
الطِّمْلُ - بے وقوف - کمینہ - بدکار - بدزبان جو نہ اپنے فعل پر شرمائے اور نہ کسی کے کچھ کہنے کی پروا کرے - کالا کمبل - فقیر - بدحال بدشکل ہار - پرانا کپڑا - ج طُمُولٌ (— والطَّمْلَۃُ و الطُّمْلَۃُ) گدلا پانی - کیچڑ۔
الطَّامِلُ - فا - مرد بدکار جو اپنے فعل کی پروا نہ کرے۔
الطَّمِیلُ - گدلا پانی - گمنام - چٹائی - ہار تلوار وغیرہ کا چوڑا پھل - بکری کا بچہ - سَہْمٌ طَمِیلٌ خون سے لت پت تیر - خُبْزٌ طَمِیلٌ: بیلن سے چوڑی کی ہوئی روٹی۔
الطُّمُولُ - بدکار جو اپنے فعل کی پروا نہ کرے۔
الطُّمُولَۃُ - بدکار کی بدکاری۔
المِطْمَلَۃُ - بیلن۔
طَمْأَنَ طَمْأَنَۃً وطَأْمَنَ - ظَہْرَہٗ: پیٹھ کو پست کرنا - جھکانا — الشَّیءَ: ساکن کرنا۔
تَطَأْمَنَ - پست ہونا۔
اِطْمَأَنَّ اِطْمِئْنَانًا وطُمَأْنِینَۃً اِلَیْہِ: آرام لینا - قرار پکڑنا - پست ہونا - کہا جاتا ہے "اِطْمَأَنَّ عَمَّا کَانَ یَفْعَلُہٗ" یعنی چھوڑ دیا۔
الطَّامِنُ - ساکن ج طُمُونٌ۔
المُطْمَئِنُّ - ساکن — مِنَ الاَرْضِ: نرم پست زمین۔
طَمَا یَطْمُو طُمُوًّا وطَمَی یَطْمِی طَمْیًا المَاءُ: پانی کا بلند ہونا اور نہر کو بھر دینا — البَحْرُ: سمندر کا بھر جانا — النَّبْتُ: نباتات کا طویل ہونا - بڑھنا طَمَتْ ہِمَّتُہٗ: ہمت بلند ہونا - طَمَا بِہٖ الہَمُّ او الخَوْفُ: غم یا خوف کا سخت ہونا۔
طَنَّ (ض) طَنًّا وطَنِینًا وطَنَّ الذُّبَابُ او النَّاقُوسُ وشِبْہُ ذٰلِکَ - بھنبھنانا - بجنا - آواز دینا - وطَنَّ فُلَانٌ: مرنا۔
اَطَنَّ - بجانا - آواز کرانا - اَطَنَّ السَّاقَ پنڈلی کو کاٹ دینا۔
الطُّنُّ - جسم ج اَطْنَانٌ وطِنَانٌ - بانس کا گٹھا - اور ایک بانس طُنَّۃ کہلاتا ہے - الطُّنُّ دھنکی ہوئی روئی کا بوجھ۔
الطَّنَّانُ - زیادہ بجنے والا - کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ ذِکْرٌ طَنَّانٌ" یعنی فلاں کا ذکر مشہور ہے "وَتِلْکَ قَصِیدَۃٌ طَنَّانَۃٌ" یعنی اس قصیدہ کی ہر جگہ میں شہرت ہے۔
الطُّنُخُ - مِنَ الرِّجَالِ: بڑے ڈیل ڈول کا۔
طَنَأَ (ف) طَنْأً وطَنِئَ (س) طَنَأً شرم کرنا
اَطْنَأَ - کسی مکان کی طرف مائل ہونا۔
اَطْنَأَ اِلَی الحَوْضِ: حوض کی طرف جانا اور پانی پینا
اَطْنَأَ اِلَی البِسَاطِ: بچھونے کی طرف جانا اور

کاہلی سے اس پر سوجانا۔ کہا جاتا ہے "حَیَّۃٌ
لَا تَطْنیٰ" سانپ جس کا ڈسا ہوا فوراً ہی مرجائے
الطِّنْءُ۔ بقیہ روح۔ کہا جاتا ہے "رُمِیَ
فُلَانٌ فِی طِنْئِہٖ" یعنی مرگیا۔ بجھی ہوئی راکھ۔
خواہش نفس کی طرف میلان۔ بدکاری۔ بچھونا
فرش، باغ۔ ہمت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَعِیْدُ
الطِّنْءِ" یعنی فلاں بڑی ہمت والا ہے۔ منزل
تہمت۔
طَنِبَ (س) طَنَبًا۔ الرُّمْحُ: نیزہ
ٹیڑھا ہونا — الفرس: گھوڑے کا لمبی پیٹھ اور
لمبی اور کمزور ٹانگوں والا ہونا۔ صفت اَطْنَب
مؤنث طَنْبَاء۔
طَنَّبَ الخَیْمَۃَ: خیمہ لگانا — بالمکان: اقامت
کرنا — الذِّئْبُ: بھیڑیے کا بھونکنا ——
السِّقَاءَ: مشک کے سوراخ پر پیوند لگانا۔
طَانَبَ القَوْمَ: قوم کے خیموں کی رسّی
کے ساتھ اپنے خیمہ کی رسّی ملانا۔
اَطْنَبَتِ الرِّیحُ: ہوا کا غبار کو اڑانا
الاِبِلُ: بعض اونٹوں کا بعض کے پیچھے چلنا
فِی الوَصْفِ او العَدْوِ: مبالغہ کرنا۔
تَطَانَبَ القَوْمُ: خیمے کی رسّیوں کو بعض
کو بعض کی طرف کرنا۔
الطُّنُبُ۔ خیمہ کی لمبی رسّی۔ جسم کا پٹھا۔ درخت
کی جڑ ج اَطْنَاب وطِنَبَۃ۔ کہا جاتا ہے "مَدَّتِ الشَّمْسُ
اَطْنَابَہَا" یعنی آفتاب طلوع ہوا۔ "تَقَضَّبَتْ
اَطْنَابُہَا" یعنی غروب ہوا — والاِطْنَابَۃُ۔ کمان
کے قبضہ پر باندھنے کا تسمہ ج اَطَانِیب۔ کہا
جاتا ہے "خَیْلٌ اَطَانِیبُ" بعض بعض کے پیچھے
چلنے والے۔
المِطْنَبُ۔ کندھا۔ مونڈھا ج مَطَانِب
المُطْنِبُ۔ فا۔ بہت تعریف کرنے والا۔
جَیْشٌ مِطْنَابٌ۔ بہت بڑا لشکر۔
الطُّنْبُورُ والطِّنْبَارُ۔ ستار ج طَنَابِیر۔
طَنْبَلَ طَنْبَلَۃً الرَّجُلُ: عقل مندی کے
بعد بیوقوف بننا۔ کہا جاتا ہے "کَانَ بَیْنَہُمْ طَنْبَلَۃٌ"
یعنی ان کے درمیان شر و فساد ہے۔
الطِّنْبِل۔ بے وقوف۔ کند ذہن۔
الطِّنْجِرَۃُ۔ تانبے کی دیگچی۔
الطِّنْجِیرُ۔ کڑاہی۔ کنایہ از بزدل و کمینہ
طَنِخَ (س) طَنَخًا۔ بدہضمی ہونا۔ دل پر چربی
غالب ہونا۔ موٹا ہونا۔ صفت طَنِخٌ و طَانِخٌ
طَنِخَتْ نَفْسُہٗ: جی کا بگڑنا۔
اَطْنَخَہٗ وطَنَّخَہٗ۔ بدہضمی کرانا۔ کہا جاتا ہے
"طَنَخٌ مِنَ اللَّیْلِ" رات کا ایک حصّہ گذر گیا۔
طَنَزَ (ن) طَنْزًا بہٖ: تمسخر کرنا۔
طَانَزَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کیساتھ
تمسخر کرنا۔
الطَّنَّازُ۔ تمسخر کرنے والا۔
الطَّنْطَلَۃُ۔ عِنْدَ العَامَّۃِ: حلق کا کوا۔
صحیح لفظ طُلَاطِلَۃ ہے۔
طَنْطَنَ طَنْطَنَۃً۔ الجَرَسُ والطَّسْتُ
والذُّبَابُ ونحوہا: جرس کا بجنا۔ طشت کا آواز
دینا۔ مکھی کا بھنبھنانا۔
طَنِفَ (س) طَنَفًا۔ متہم ہونا ——
طَنَافَۃً وطُنُوفَۃً وطَنَفًا) بدباطن ہونا۔ صفت
طَنِفٌ۔
طَنَّفَہٗ۔ متہم کرنا۔ طَنَّفَ الجِدَارَ: دیوار پر
کانٹے کی باڑھ لگانا۔ کانس نکالنا۔ مہتابی بنانا۔
—— نَفْسَہٗ اِلیٰ کَذَا: لالچ کے قریب کرنا۔
تَطَنَّفَ القَوْمَ: قوم پر پہنچ کر گھیر لینا۔
الطَّنَفُ والطُّنُفُ والطَّنَفُ والطُّنُفُ
پہاڑ کی چوٹی۔ پہاڑ کی ابھری ہوئی چٹان۔
چھجہ۔ کانس۔ مہتابی ج طُنُوف و اَطْنَاف۔
المُطْنِف۔ چھجہ یا کانس والا۔ پہاڑ کی چوٹی
پر چڑھنے والا۔
طَنْفَسَ۔ بدخلق ہونا۔ بہت کپڑے پہننا
الطِّنْفِس۔ ردی۔ بدشکل۔
الطُّنْفُسَۃ والطَّنْفَسَۃ والطِّنِفَسَۃ
فرش۔ چٹائی۔ کپڑا۔ ج طَنَافِس۔
الطُّنْءُ۔ بدکاری۔
الطِّنْءُ۔ فرش۔
طَنِیَ (س) طَنًی واَطْنیٰ تلی یا پھیپھڑے
کا پہلو یا پسلیوں سے چمٹنا۔ صفت طَنٍ وطَنِیٌّ
فی فُجُورِہٖ او فَسَادِہٖ: بدکاری یا فساد میں ہمیشہ
مبتلا رہنا —— (طَنًی) اللَّدِیغُ مِن لَدْغِ العَقْرَبِ
بچھو کے کاٹے کا اچھا ہوجانا۔ اَطْنَاہُ المَرَضُ:
مرض کا باقی رہ جانا۔
طَنَّیٰ۔ تلی یا پھیپھڑے کی بیماری کا علاج کرنا۔
الطَّنیٰ۔ تہمت۔ بجھی ہوئی راکھ۔ مرض۔
الطِّنیٰ۔ بدکاری و فساد۔
الطَّانِی۔ فا۔ زناکار ج طُنَاۃ۔
طَهَرَ (ن) وطَهُرَ (ک) طُهْرًا وطُهُورًا
وطَهَارَۃً۔ پاک ہونا۔ صفت طاہر ج اَطْہَار
طُہَّر ج طُہْرُون وطَہِیر ج طَہَاریٰ۔ کہا جاتا ہے
"رَجُلٌ طَاہِرُ الثِّیَابِ" یعنی پاک دامن۔
طَهَرَہٗ (ف) طَهْرًا۔ دور کرنا۔
طَهَّرَہٗ۔ پاک کرنا۔ طَهَّرَ الشَّیْءَ بِالمَاءِ: دھونا
تَطَهَّرَ واطَّهَّرَ۔ میل کچیل سے پاک ہونا۔ نہانا
الاَطْہَارُ۔ عورت کی پاکی کا زمانہ۔
الطَّهُورُ۔ جس سے پاکی حاصل کی جائے۔
الطُّہْرَۃُ۔ پاکی۔ پانی سے نہانا
المَطْہَرُ۔ موت کے بعد ایک مدت ہمیشہ
کے لئے ابرار و صالحین کے نفوس کے پاک
کرنے کی جگہ (کلمۂ نصرانیہ)
المَطْہَرَۃُ والمِطْہَرَۃُ۔ لوٹا۔ طہارت حاصل
کرنیکا مکان۔ کہا جاتا ہے "السِّوَاکُ مَطْہَرَۃٌ لِلْفَمِ" یعنی
مسواک منہ کی صفائی کا سبب ہے۔ ج مَطَاہِر۔
المُطَهِّرَۃُ۔ متعدی امراض کے مریض کے
کپڑے اور سامان کے صاف کرنے کا آلہ۔
طَهَسَ (ف) طَهْسًا۔ فی الارض: داخل
ہونا اور گھسنا۔
طَهَشَ (ف) طَهْشًا العَمَلَ: کام کو بگاڑ دینا۔
اَطْهَفَ السِّقَاءُ: نرم ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔
فی الکلام: آسان اور روانی سے کہنا ——
لِفُلَانٍ مِن مَالِہٖ طَهْفَۃً: کچھ حصّہ دینا۔

الطَّهف - بھوسہ -
الطَّهف - پناہ -
زُبدَۃٌ طَهفَۃ - نرم مکھن -
الطِّهفَۃ - مِنَ الشَّیءِ: ٹکڑا -
الطَّهَاف - مِنَ السَّحَابِ : بلند بادل -
الطُّهَافَۃ - گیسو -
طَهَفَ (ف) طَهفًا - تیز چلنا -
طَهَلَ وطَهِلَ (ف س) طَهلًا وطَهَلًا و
تَطَهَّلَ - المَاءُ : بدبودار ہونا - صفت طَاہِلٌ و
طَهِلٌ -
أطهلتِ - الأرضُ : تھوڑی سی گھاس اُگانا
الطُّهلَۃ - تھوڑی سی گھاس - بقیہ شئے
طَهَمَ الشَّیءُ : موٹا ہونا --- منہ : نفرت کرنا
تَطَهَّمَ الطَّعَامَ : ناپسند کرنا - کہا جاتا ہے
"فُلَانٌ یَتَطَهَّمُ عَنَّا" فلاں ہم سے وحشت کرتا ہے -
المُطَهَّمُ - موٹا - کمزور - مکمل اور خوش نما -
اور اسی سے ہے "جَوَادٌ مُطَهَّمٌ" یعنی خوبصورت
عمدہ گھوڑا -
طَهَا یَطهُو طَهوًا - سفر کرنا - جانا -
طَهَا یَطهُو ویَطهَی طَهوًا وطُهُوًّا وطُهِیًّا
وطَهَایَۃً - اللَّحمَ : پکانا یا بھوننا -
أطهَی إطهَاءً - پکانے یا بھوننے میں ماہر
ہونا -
الطَّهو - کام -
الطَّهی - تنکا -
الطُّهی - گناہ - پکا ہوا -
الطَّهی - سخت مار - پتلا بادل -
الطَّاہِی - فا - باورچی - نانبائی - بھوننے
والا ج طُهَاۃ وطُهِیّ مؤنث طَاہِیَۃٌ ج طَوَاہٍ و
طَاہِیَاتٌ -
الطِّهَایَۃ - پکانے کا پیشہ -
الطُّهَاوَۃ - دودھ یا خون کے اوپر کی باریک
جھلی -
الطَّهَاءَۃ - بلند بادل -
طَاءَ یَطَاءُ ویَطُوءُ طَوءًا - آنا جانا -

فِی الأَرضِ : دور تک نکل جانا -
تَطَاءَتْ تَطَاءُوًا - الأَسعَارُ : بھاؤ کا گراں ہونا -
الطَّاءَۃ - کیچڑ - چراگاہ میں دور نکل جانا -
کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ طُوئِیٌّ" یعنی گھر میں کوئی نہیں
الطُّوب - پکی اینٹ - واحد طُوبَۃٌ -
الطَّوَّاب - خشت پز -
طَاحَ یَطُوحُ طَوحًا - حیران ہونا - ہلاکت
کے قریب ہونا --- السَّهمُ : نشانہ سے خطا کرنا
طَوَّحَہُ - حیران کرنا - آوارہ پھرانا - طَوَّحَ
بِہٖ : خطرناک امور پر برانگیختہ کرنا - فضاء آسمانی
میں پھینکنا - کہا جاتا ہے "طَوَّحَتْ بِہٖ طَوَائِحُ الزَّمَنِ"
یعنی زمانے کے حوادث نے اس کو پھینک دیا -
طَوَّحَ تَطوِیحًا وطَیَّحَ تَطیِیحًا الشَّیءَ :
ضائع کرنا -
طَاوَحَہُ مُطَاوَحَۃً - بکذا : ایک دوسرے
پر پھینکنا -
أَطَاحَہُ - ہلاک کرنا - فنا کرنا - أطَاحَ الشَّعرَ :
بال گرا دینا -
تَطَوَّحَ - فِی البِلَادِ : سرگرداں ہونا اور اِدھر
اُدھر پھرنا --- فِی البِئرِ : کنوئیں میں گرنا - کہا جاتا ہے
"نَامَ عَلَی مَطِیَّتِہٖ یَتَطَوَّحُ" یعنی وہ ہوا میں آمد و
رفت رکھتا ہے -
تَطَاوَحَ تَطَاوُحًا - القَومُ فُلَانًا بِالأَمرِ و
بِالضَّربِ : آپس میں تنازع کرنا - تَطَاوَحَتْ
بِہِ النَّوَی - فراق اور بعد نے اس کو پھینک دیا -
الطَّوحُ - دُور - بعید - کہا جاتا ہے "نِیَّۃٌ طَوحٌ"
دور کی نیت -
الطَّوَائِحُ - شدائد - مہلکات -
المَطَاوِحُ - ہلاکت کی جگہیں - واحد مُطَاحَۃٌ -
المِطوَاحُ - لاٹھی -
طَاخَہُ یَطُوخُہُ طَوخًا - قول یا فعل کی
تہمت لگانا - صفت طَوَّاخٌ -
طَادَ یَطُودُ طَودًا - ثابت رہنا -
طَوَّدَ وتَطَوَّدَ فِی البِلَادِ : پھرنا - طَوَّدَ بِہٖ
مہلک جنگلوں میں جانے پر برانگیختہ کرنا -

اِنطَادَ - ہوا میں بلند ہونا -
الطَّودُ مم - بڑا پہاڑ - ٹیلہ - ج أَطوَادٌ وطِوَدَۃٌ
المَطَادَۃُ - دور دراز کا بیابان -
المَطَاوِدُ - خطرناک مقامات -
المُنطَادُ - بلند - غبارہ - ج مَنَاطِیدُ -
طَارَ یَطُورُ طَورًا وطُؤُورًا بِفُلَانٍ : قریب ہونا
الطَّورُ - اندازہ و حد - کہا جاتا ہے "عَدَا طَورَہٗ"
یعنی حد سے بڑھ گیا - "وَجَاوَزَ طَورَہٗ" اندازہ سے
تجاوز کر گیا - ہیئت - حال - باری - کہا جاتا ہے
"أَتَیتُہٗ طَورًا بَعدَ طَورٍ" یعنی بار بار ج أَطوَارٌ - اور
کہا جاتا ہے "النَّاسُ أَطوَارٌ" یعنی لوگ مختلف قسم
کے اور مختلف حالات کے ہیں -
الطُّورُ - پہاڑ - مکان کے سامنے کا صحن -
وہ چیز جو کسی چیز کے انداز پر ہو یا اسکے مقابل ہو
الطُّوَارُ - وہ چیز جو کسی چیز کے مقابل ہو - یا
اس کے اندازہ پر ہو (--- والطِّوار) مکان کے
سامنے کا صحن - کہا جاتا ہے "ہٰذِہِ الدَّارُ عَلَی
طُوَارِ دَارِی" یعنی اس کی دیوار میرے مکان کی
دیوار سے ملی ہوئی ہے -
الطُّورِیُّ والطُّورَانِیُّ - وحشی پرندہ ہو
یا آدمی - الطُّورِیُّ : اجنبی - کہا جاتا ہے -
"مَا بِالدَّارِ طُورِیٌّ أو طُورَانِیٌّ" یعنی کوئی نہیں -
طَارَۃُ المُنخُلِ : چھلنی کا گھیرا - اور یہ محرف
ہے صحیح "الإِطَارُ" ہے -
الطَّارَۃُ والطَّارُ - عِندَ العَامَّۃِ : دائرہ - دف
کہا جاتا ہے "لَقِیَ مِنہُ الأَطوَرِینَ" یعنی اس کو اس
سے بڑی مصیبت پہنچی - اور مبالغہ کے ارادہ کو
جمع سالم لایا جاتا ہے - "بَلَغَ فُلَانٌ فِی العِلمِ أَطوَرَیہِ"
فلاں علم کے دونوں حد اول و آخر یعنی علم کی
انتہا پر پہنچ گیا -
طَاسَ یَطُوسُ طَوسًا - الوَجہُ : چہرے کا
خوبصورت ہونا --- الشَّیءَ : روندنا -
طَوَّسَہُ - مزین کرنا - طَوَّسَ المُصَوِّرُ : مور
کی شکل بنانا - طَوَّسَ بِہٖ : لیجانا -
تَطَوَّسَ لِلحَمَامَۃِ : کبوتری کے سامنے پر دکھ

بھیلانا۔ تَطَوَّسَتِ المَرْأَةُ: آراستہ و مزین ہونا۔
الطُّوس۔ چاند۔
الطُّوس۔ ایک مسہل دوا کا نام۔
الطاس۔ پانی پینے کا برتن۔ پیالہ ج طاسات
الطَّاؤُوس الطَّاوُوس۔ مور۔ تصغیر
طُوَیس ج اَطْوَاس وطَوَاوِیس۔
طَوَّشَ۔ الرَّجُلُ: ٹال مٹول کرنا ——
الذَّکَرَ: آختہ کرنا۔
الطَّوَاشِیُّ: آختہ۔ خصی۔ ج طَوَاشِیَۃٌ۔
مولد ہے اور کہا گیا کہ لفظ عجمی ہے۔
طَاعَ یَطُوعُ ویَطَاعُ طَوْعًا لِفُلَانٍ:
فرماں بردار ہونا۔ صفت طَائِعٌ ج طُوَّعٌ وطَائِعُونَ
کہا جاتا ہے اَمَرَہُ فَطَاعَ "اسے حکم دیا اور اس
نے اطاعت کی۔ اس موقعہ پر باب افعال ہی کو
استعمال ہو مجرد سے نہیں "لِسَانُہُ لَایَطُوعُ بِکَذَا"
یعنی اس کی زبان تابعداری نہیں کرتی وطَاعَ
لَہُ المَرْتَعُ "یعنی چراگاہ اس کے لئے وسیع ہو۔
اَطَاعَ اِطَاعَۃً وطَاعَۃً فرماں بردار
ہونا۔ اَطَاعَ الشَّجَرُ: پھل پکنا۔ اَطَاعَ لَہُ المَرعیٰ:
واَطَاعَ: چراگاہ کا کشادہ ہونا۔
اِنْطَاعَ اِنْطِیَاعًا۔ لَہُ: فرمانبردار ہونا۔
تَطَوَّعَ۔ بتکلف اطاعت کرنا۔ تَطَوَّعَ
فِی الجُنْدِیَّۃِ: لشکر میں رضا کارانہ شامل ہوجانا۔
بِالشَّیْءِ: تبرع کرنا۔ بِالشَّیْءِ ولِلشَّیْءِ: بتکلف
استطاعت ظاہر کرنا —— الشَّیْءَ: ارادہ کرنا۔
قصد کرنا۔
تَطَاوَعَ لِلْاَمْرِ: بتکلف استطاعت ظاہر کرنا
اِسْتَطَاعَ اِسْتِطَاعَۃً۔ الاَمْرَ: طاقت
رکھنا اور حذف تاء کے ساتھ اِسْطَاعَ یَسْطِیعُ
بھی کہا جاتا ہے۔
الطَّوَاعَۃ: طوع کا اسم مصدر ہے۔
الطَّوَاعِیَۃ۔ فرماں برداری۔
الطَّاعُ والطَّوعُ والطَّیِّعُ۔ فرمانبردار۔
کہا جاتا ہے "ہُوَ طَوْعُ یَدِکَ" یعنی وہ تمہارا تابع
ہے فَرَسٌ طَوْعُ العِنَانِ: یعنی نرم و تابعدار گھوڑا۔

عَمِلَہُ طَوْعًا "یعنی اس نے اس کام کو بخوشی کیا۔
المِطْوَاعُ والمِطْوَاعَۃ۔ فرمانبردار۔
المُطَّوِّعَۃ۔ رضاکارانہ جہاد میں شامل ہونیوالے
المُتَطَوِّعُ والمُطَّوِّعُ۔ فرائض وواجبات
کے علاوہ اعمال صالحہ کو بطور نفل ادا کرنیوالا۔
طَافَ یَطُوفُ طَوْفًا وطَوَافًا وطُوُوفًا وطَوَفَانًا
بِالمَکَانِ وحَوْلَہُ: گھومنا۔ چکر لگانا —— فِی البِلَادِ
ملک میں پھرنا —— بِہِ الخَیَالُ فِی النَّوْمِ: خواب
میں نظر آنا۔
طَوَّفَ تَطْوِیفًا وتَطْوَافًا۔ گھومنا۔ طَوَّفَ
فِی البِلَادِ: ملک میں پھرنا۔
طَوَّفَ وتَطَوَّفَ واسْتَطَافَ اِسْتِطَافَۃً
بِالشَّیْءِ وحَوْلَہُ: بہت چکر لگانا۔ طَوَّفَ النَّاسُ
اوالجَرَادُ "آدمی یا ٹڈیوں کا زمین پر چھا جانا۔
اِسْتَطَافَ: گھومنا۔ چکر لگانا۔
اَطَافَ۔ بِالشَّیْءِ: نازل ہونا۔ احاطہ کرلینا
قریب ہونا —— عَلَیْہِ دہر: رات کو آنا —— عَلَیْہِ
گرد گھومنا۔
الطَّوْف۔ پانی پر تیرنے والی چیز۔ گھنئی۔
الطَّوْف۔ رات کو پہرا دینے والے چوکیدار
دیوار ج اَطْوَاف۔
الطَّاف۔ بہت زیادہ طواف کرنے والا۔
الطُّوفَان۔ سخت سیلاب۔ سخت بارش
رات کا سخت اندھیرا۔ موت تباہ کن
مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا زیادہ۔
الطَّائِف۔ فا۔ چوکیدار۔
الطَّائِفَۃ۔ مؤنث طَائِف۔ جماعت۔ گروہ
ٹکڑا کسی چیز کا وہ لوگ جو ایک مذہب یا رائے
کے ہوں ج طَائِفَات طَوَائِف۔
الطَّوَّاف۔ بہت پھرنیوالا۔ بہت چکر لگانے
والا۔ خادم۔ گھنئی۔ گھنئی بنانے والا۔
المَطَاف۔ طواف کرنے کی جگہ۔
طَاقَ یَطُوقُ طَوْقًا وطَاقَۃً واَطَاقَ
الشَّیْءَ: قادر ہونا۔
اَطَاقَ عَلَی الشَّیْءِ: قادر ہونا۔ طاقت رکھنا۔

طَوَّقَہُ الشَّیْءَ: کسی کام کی تکلیف دینا۔ طَوَّقَہُ
الطَّوْقَ۔ طوق پہنانا۔ کہا جاتا ہے طَوَّقَہُ بِالسَّیْفِ
وَغَیْرِہِ "اس نے اسے تلوار باندھ دی۔
اِطَّوَّقَ وتَطَوَّقَ۔ طوق پہننا۔ تَطَوَّقَتِ
الحَیَّۃُ: کنڈلی مارنا۔
الطَّاق۔ محراب۔ طاقچہ۔ ج طَاقَات و
طِیقَان۔ الطَّاق: بغیر گریبان کے ایک قسم کا
کپڑا —— الطَّائِقُ) پہاڑ سے نکلا ہوا بڑا پتھر۔
وطَائِقُ کُلِّ شَیْءٍ: احاطہ کرنے والا۔
الطَّوْق۔ گلے کا زیور۔ گلا۔ ہر احاطہ کرنیوالا
ج اَطْوَاق۔
الطَّوْق والطَّاقَۃ۔ قدرت۔ طاقت
کہا جاتا ہے "ہٰذَا فِی طَوْقِی" یعنی یہ میری طاقت میں ہے
لَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَۃَ لَنَا بِہِ "یعنی ہمارے اوپر وہ
نہ ڈال جس کی ہمارے اندر وسعت نہ ہو اور
ہمارے لئے وہ دشوار ہو۔ دھاگے کی ایک
لٹ۔ بالوں کا مٹھا۔ پھولوں کا گلدستہ۔ اور عام
لوگ روشندان کے معنے میں استعمال کرتے ہیں
المُطَوَّقَۃ۔ کنٹھے دار کبوتر۔ بوتل جس کی گردن
طوق کے مانند ہو۔
طَالَ یَطُولُ طُولًا۔ لمبا ہونا —— عَلَیْہِ
غالب ہونا۔ فخر کرنا۔ احسان کرنا۔
طَوَّلَہُ۔ لمبا کرنا۔ طَوَّلَ لَہُ: مہلت دینا۔
—— لِلدَّابَّۃِ: جانور کی رسی ڈھیلی کردینا۔
تَطَوَّلَ تَطَوُّلًا۔ عَلَیْہِ: احسان کرنا۔
اَطَالَہُ واَطْوَلَہُ اِطَالَۃً واِطْوَالًا:
لمبا کرنا۔ اَطَالَتِ المَرْأَۃُ: لمبے لمبے بچے جننا۔
طَاوَلَہُ مُطَاوَلَۃً۔ ٹال مٹول کرنا۔ لمبائی
یا فضل و بخشش میں غالب ہونا۔
تَطَاوَلَ۔ دیکھتے ہوئے گردن بلند کرنا ——
تکبر کرنا۔ فخر کرنا۔ ظلم کرنا۔ لمبائی ظاہر کرنا ——
عَلَیْہِ العُمُرُ: بڑھنا۔ تَطَاوَلَا: ایک دوسرے
مقابلہ کرنا۔
اِسْتَطَالَ اِسْتِطَالَۃً۔ طویل ہونا ——
عَلَیْہِ: فضل و احسان کرنا۔ بلند ہو کر دیکھنا ——

عَلیٰ عِرضِہٖ: بدنامی کی شہرت دینا۔ کہا جاتا ہے "اِستَطَالُوا عَلَی القَومِ" یعنی قوم نے جتنا قتل کیا تھا اس سے زیادہ قتل کیا۔

الطَّول۔ فضل۔ بخشش۔ قدرت۔ غنا۔

الطُّول۔ لمبائی ج اَطوَال۔

الطِّیلَۃ۔ عمر۔ کہا جاتا ہے "اَطَالَ اللّٰہُ طِیلَتَہٗ" اللہ تعالیٰ اس کی عمر کو طویل کرے۔ زمانہ بھر۔

الطُّوَّل۔ لمبی ٹانگوں کا ایک آبی پرندہ۔

الطِّیل والطِّوَل والطَّوَال و الطِّیَال زمانہ بھر۔

الطَّائِل والطَّائِلَۃ۔ قدرت فضل۔ غنا۔ کہا جاتا ہے "بَینَہُم طَائِلَۃ" یعنی ان کے درمیان عداوت ہے ج طَوَائِل "ہٰذا اَمرٌ لَا طَائِلَ فِیہِ" یہ ایسا امر ہے جس میں کوئی نفع نہیں "مَا ہُوَ بطَائِلٍ او ہُوَ غَیرُ طَائِلٍ" یعنی گھٹیا ہے۔ اور اس میں مذکر و مؤنث دونوں برابر ہیں۔

الطَّوِیل۔ لمبا۔ ج طِوَال وطِیَال۔ مؤنث طَوِیلَۃ ج طَوِیلَات۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ طَوِیلُ البَاعِ" یعنی سخی ہے "ہُوَ قَصِیرُ البَاعِ" یعنی بخیل ہے۔

الاَطوَل۔ اسم تفضیل ج اَطَاوِل مؤنث طُولیٰ ج طُوَل۔ الطُّولیٰ: بلند مرتبہ۔ والسَّبع الطُّوَل: سات بڑی بڑی سورتیں قرآن پاک کی

الطُّوَال۔ لمبا۔ مؤنث طُوَالَۃٌ۔

الطُّوَّال۔ بہت زیادہ لمبا۔

المِطوَل۔ رسی۔ جانور کا رسہ ج مَطَاوِل

طَوَی یَطوِی طَیًّا۔ الثَّوبَ: کپڑے کو لپیٹنا۔ ہ اللّٰہُ عُمرَہٗ: موت دینا۔ کہا جاتا ہے "طَوَی فُلَانٌ وَہُوَ مَنشُورٌ" جبکہ کسی کا ذکرِ حسن اور اثر جمیل باقی رہ جائے۔ طَوَی الحَدِیثَ: بات چھپانا۔ کَشحَہٗ عَلَی الاَمرِ: پوشیدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "طَوَی کَشحَہٗ عَنِّی" یعنی اس نے مجھ سے اعراض کیا اور مفارقت اختیار کی۔ وطَوَی البِلَادَ: قطع مسافت کرنا ـــ البِئرَ: پتھروں سے کنوئیں کا من بنانا۔ طَوَی الرَّجلُ: بھوکے رہنے کا ارادہ کرنا

ـــ السَّیرُ فُلَانًا: لاغر کرنا۔

طَوِیَ (س) طَوًی واَطوَی۔ بھوکا ہونا صفت طَیَّان وطَوٍ وطَاوٍ۔ مؤنث طَیَّا وطَوِیَۃ و طَاوِیَۃٌ۔

تَطَوَّتِ الحَیَّۃُ: سانپ کا کنڈلی مارنا۔

اِنطَوَی۔ القَومُ عَلَیہِ: اکٹھا ہونا (ـــ و اِطَّوَی) لپیٹا جانا۔

الطَّوَی۔ بھوک۔ مشک۔

الطُّوَی والطِّوَی۔ لپیٹی ہوئی چیز۔

الطَّیّ۔ لپیٹ۔ ضمن۔ کہا جاتا ہے "الغَیُّ فِی طَیِّ قَلبِہٖ" یعنی گمراہی اس کے دل کے ضمن میں ہے

الطِّیَّۃ۔ حاجت۔ ضمیر۔ نیت۔ لپیٹنے کی ہیئت۔ گوشہ۔ چھت۔ کہا جاتا ہے "مَضَی لِطِیَّتِہٖ" یعنی اپنی نیت پر کاربند ہوا۔ "لَقِیتُہٗ بِطَیَّاتِ العِرَاقِ" میں نے اس سے عراق کے اطراف میں ملاقات کی۔

طَاوِی۔ البَطنِ: پتلے پیٹ والا۔

الطَّایَۃ۔ سطح۔ چھت۔ کھجور خشک کرنے کی جگہ۔ ریگستان میں بڑی چٹان۔ زمین کہ جس میں پتھر نہ ہو۔ ج طَایَات۔

الطَّوِیّ۔ گیہوں کا بورا۔ رات کا حصہ۔ ج الاَطوَاء (ـــ والطَّوِیَّۃ) من بنا ہوا کنواں۔

الطَّوِیَّۃ: نیت۔ ضمیر۔

الاَطوَاء۔ ٹڈی کی دم کی گرہ۔ واحد طَوًی

المَطوَی۔ لپیٹ۔ ج مَطَاوٍ۔ مَطَاوِی الحَیَّۃِ: سانپ کی کنڈلی۔

المِطوَی۔ جس پر کتا ہوا سوت لپیٹا جائے۔

طَابَ یَطِیبُ طِیبًا وطَابًا وطِیبَۃً وتَطیَابًا۔ لذیذ ہونا۔ میٹھا ہونا۔ اچھا اور عمدہ ہونا طَابَتِ النَّفسُ بِکَذَا: دل خوش ہونا۔ طَابَ عَیشُہٗ: خوش عیش ہونا ـــ عَنِ الشَّیءِ نَفسًا: ـــ خوشی سے چھوڑ دینا ـــ الشَّیءُ: اچھا کرنا۔ طَابَتِ الاَرضُ: گھاس اگانا۔

طَیَّبَ۔ الشَّیءَ: اچھا کرنا یا اچھا پانا۔ خوشبو لگانا۔ طَیَّبَ خَاطِرَہٗ: تسکین دینا۔ مطمئن کر دینا۔

اَطَابَ اِطَابَۃً الشَّیءَ: اچھا کرنا۔ شیریں کلامی کرنا۔

اَطیَبَ اِطیَابًا۔ الشَّیءَ: اچھا پانا۔

طَایَبَہٗ مُطَایَبَۃً۔ ہنسی مذاق کرنا کھیل کود کرنا۔

تَطَیَّبَ۔ خوشبو لگانا۔

اِستَطَابَ اِستِطَابَۃً۔ القَومُ: شیریں پانی مانگنا۔ (ـــ واِستَطیَبَ اِستِطیَابًا) الشَّیءَ۔ اچھا پانا۔

الطَّاب۔ لذیذ۔ مزے دار۔

الطِّیب۔ خوشبو۔ ج اَطیَاب وطُیُوب حلال۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا طِیبٌ لَکَ" یعنی یہ تمہارے لئے حلال ہے۔ ہر چیز سے افضل۔

الطَّابَۃ۔ شراب۔ مدینہ منورہ کا لقب۔

الطِّیبَۃ۔ حلال۔ طیبۃ الخمر: صاف شراب کہا جاتا ہے "فَعَلتُ ذٰلِکَ بِطِیبَۃٍ" یعنی میں نے اس کو رضامندی سے کیا کسی نے مجھے مجبور نہیں کیا

الطَّیَّاب۔ بہت زیادہ پاکیزہ۔

الاَطیَب۔ اسم تفضیل ج اَطَایِب مؤنث طُوبیٰ ج طُوبَیَات۔

الطُّوبیٰ۔ رشک۔ سعادت۔ خیر۔

الطَّیِّب۔ پاکیزہ۔ اچھا۔ حلال۔ مؤنث طَیِّبَۃ ج طَیِّبَات وطُوبیٰ۔ کہا جاتا ہے "کَلِمَۃٌ طَیِّبَۃٌ" پاکیزہ کلمہ۔ جس میں کوئی مکروہ بات نہ ہو بَلدَۃٌ طَیِّبَۃٌ مامون شہر جس میں برکت زیادہ ہو۔

الاَطَایِب والمَطَایِب۔ مِنَ الشَّیءِ: عمدہ اشیاء

شَرَابٌ مُطَیَّبَۃٌ۔ عمدہ شراب جس کے پینے سے دل خوش ہو۔

طَاحَ یَطِیحُ طَیحًا۔ بمعنی طَاحَ یَطُوحُ طَوحًا یعنی ہلاک ہونا۔ سرگرداں پھرنا۔

طَیَّحَہٗ۔ ہلاک کرنا ـــ الشَّیءَ: ضائع کرنا۔

اَطَاحَہٗ۔ ہلاک کرنا۔

تَطَایَحَ۔ الشَّیءُ: بکھرنا۔

الطَّیحَۃ۔ تباہی۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتہُم طَیحَۃٌ" یعنی ایسے امور پیش آئے جس نے تفریق

کرادی۔ "دَطَوَّحَتْهُمْ طَيَّحَاتُ" یعنی ان کو حوادث نے ہلاک کر دیا۔

طَاخَ يَطِيخُ طَيْخًا۔ بُرے کام سے آلودہ ہونا۔ تکبر کرنا۔ باطل میں منہمک ہونا۔ —— الأَمْرَ: کام کو بگاڑ دینا۔

طَاخَهُ وَطَيَّخَهُ۔ قبیح بات میں آلودہ کرنا طَيَّخَ أَصْحَابَهُ: گالی دینا۔

تَطَيَّخَ۔ برائی سے آلودہ ہونا۔

الطَّيْخَةُ۔ فتنہ ر —— والطَّائِخُ والطَّيَّاخُ بے برکت۔ بے وقوف۔

طَارَ يَطِيرُ طَيْرًا وَطَيَرَانًا وَطَيْرُورَةً الطَّائِرُ: پرندہ کا اُڑنا —— صِيتُهُ: مشہور ہونا۔ —— الشَّعْرُ: بال لمبے ہونا —— بِكَذَا: سابق ہونا —— إِلَى كَذَا: دوڑنا۔ کہا جاتا ہے "طَارَ طَائِرُهُ" وہ غضبناک ہوا۔ طیش میں آکر جلد بازی کرنا۔

طَيَّرَهُ وَطَيَّرَ بِهِ وَأَطَارَهُ إِطَارَةً وَطَايَرَهُ مُطَايَرَةً۔ اڑانا۔ أَطَارَ وَطَيَّرَ الْمَالَ تقسیم کرنا۔ طَيَّرَ نَوْمَهُ: نیند اڑا دینا۔

إِطَّيَّرَ وَتَطَيَّرَ۔ بِالشَّيْءِ وَمِنْهُ: بدفالی لینا، **تَطَايَرَ**۔ متفرق ہونا —— الشَّيْءُ: لمبا ہونا۔ السَّحَابُ فِي السَّمَاءِ: بادل کا چاروں طرف گھر جانا۔

إِنْطَارَ۔ الشَّيْءُ: پھٹنا۔

إِسْتَطَارَ اِسْتِطَارَةً الشَّيْءُ: متفرق ہونا منتشر ہونا —— الحَائِطُ: دیوار کا پھٹنا —— السَّيْفَ: جلدی سے سونتنا —— الطَّيْرَ: پرندے کو اُڑانا۔

اُسْتُطِيرَ۔ خوفزدہ ہونا۔ جلدی سے لیجایا جانا —— الصَّدْعُ فِي الحَائِطِ: دیوار میں پھٹن ظاہر ہونا —— الفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔

الطَّائِرُ۔ فا۔ پرندہ ج طَيْرٌ اور طُيُورٌ و أَطْيَارٌ جمع الجمع نام ایک ستارے کا جس کو نسر طائر بھی کہتے ہیں جس سے اچھا یا بُرا شگون لیں نصیب روزی۔ دماغ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَيْمُونُ الطَّائِرِ" وہ مبارک چہرے والا ہے "سِرْ عَلَى الطَّائِرِ المَيْمُونِ" مبارک شگون پر سفر کرو (مسافر کیلئے دعا ہے) "هُوَ سَاكِنُ الطَّائِرِ" یعنی حلیم صاحب وقار ہے "طَارَ طَائِرُ فُلَانٍ" جبکہ غضبناک ہو یا جلد بازی کرے

الطَّيْرُ۔ جمع طائر۔ اور کبھی واحد پر بھی بولا جاتا ہے اسم ہے تطیر کا بمعنے بدشگونی اور اسی سے عرب کا قول ہے "لَا طَيْرَ إِلَّا طَيْرُ اللّٰهِ" جیسا لا أَمْرَ إِلَّا أَمْرُ اللّٰهِ۔ اور طَيْرُ اللّٰهِ لَا طَيْرُكَ جیسا صَبَاحُ اللّٰهِ لَا صَبَاحُكَ۔ اور کہا جاتا ہے "كَأَنَّ عَلَى رُؤُوسِهِمُ الطَّيْرَ" یعنی وہ ہیبت کی وجہ سے بالکل ساکن اور خاموش ہیں اور اصل اس کی یہ ہے کہ کوا اونٹ کے سر پر بیٹھتا ہے اور چچڑی چنتا ہے جس سے اونٹ کو آرام ملتا ہے اور وہ اس ڈر سے کہ کوا اُڑ نہ جائے بالکل حرکت نہیں کرتا۔ "وَازْجُرْ أَحْنَاءَ طَيْرِكَ" دُور کر اپنی خفت وغصہ کو۔

الطِّيَرَةُ الطِّيْرَةُ۔ بدشگون جس سے لیا جائے

الطَّيْرَةُ والطَّيْرُورَةُ۔ طیش۔ ہلکا پن اوچھا پن۔ کہا جاتا ہے "إِيَّاكَ وَطَيَرَاتِ الشَّبَابِ" اپنے آپ کو جوانی کے طیش سے بچاؤ۔

الطُّوَيْرُ۔ طیر کی تصغیر۔

الطَّيَّارُ۔ منتشر۔ ترازو کی زبان۔ سکہ تولنے کی ترازو۔

الطَّيَّارُ والمُطَارُ۔ مِنَ الخَيْلِ: تیز خاطر چست چالاک گھوڑا۔

أَرْضٌ مُطَارٌ۔ کثرت سے پرندوں والی زمین۔

الطَّيَّارَةُ۔ مؤنث طیار۔ ہوائی جہاز۔

المَطَارُ۔ اڑنے کی جگہ۔

المُطَيَّرُ۔ مفعو۔ پھٹا ہوا۔ ٹوٹا ہوا۔ ایک قسم کی چادر۔

المُسْتَطِيرُ۔ فا۔ پھیلنے والا۔ کہا جاتا ہے۔ "صُبْحٌ مُسْتَطِيرٌ" یعنی صبح منتشر اور ایسا ہی بجلی بوڑھاپا اور شر کے لئے مستعمل ہے۔

طَاسَ يَطِيسُ طَيْسًا الشَّيْءُ: زیادہ ہونا

الطَّيْسُ۔ عددِ کثیر۔ مٹی۔ ہر وہ مخلوق جس کی نسل بہت ہوتی ہو۔ جیسے مچھلی۔ چیونٹی۔

طَاشَ يَطِيشُ طَيْشًا۔ اوچھا ہونا۔ عقل زائل ہونا —— السَّهْمُ عَنِ الغَرَضِ: تیر کا نشانہ سے خطا کرنا۔ صفت طَائِشٌ۔

أَطَاشَ إِطَاشَةً۔ السَّهْمَ عَنِ الغَرَضِ: تیر کا نشانہ سے خطا کرا دینا۔

الطَّيَّاشُ۔ بمعنے طَائِشٌ۔ جو خفتِ عقل کی وجہ سے ایک طریقے پر نہ جمے۔

الطَّيْشَانُ۔ سبکی۔ اوچھا پن۔

طَاعَ يَطِيعُ طَيْعًا۔ بمعنے طَاعَ يَطُوعُ طَوْعًا۔

طَافَ يَطِيفُ طَيْفًا وَمَطَافًا الخَيَالُ: خواب میں خیال آنا۔

طَيَّفَ تَطْيِيفًا وَأَطَافَ إِطَافَةً وَتَطَيَّفَ تَطَيُّفًا۔ بہت پھرنا۔

الطَّيْفُ۔ خیال جو خواب میں آئے۔ غضب۔ جنون۔

الطِّيَافُ۔ رات کی تاریکی۔

طَامَ يَطِيمُ طَيْمًا۔ نیکوکار ہونا۔ —— طَامَهُ فُلَانًا عَلَى الخَيْرِ: اللہ کا کسی کو خیر پر پیدا کرنا۔

الطِّيمَاءُ۔ جبلت۔ طبیعت۔

طَانَ يَطِينُ طَيْنًا وَطَيَّنَ الحَائِطَ: دیوار کو گارے سے لیپنا۔ طَانَ الكِتَابَ: خط پر مہر لگانا۔ طَانَهُ اللّٰهُ عَلَى الخَيْرِ: اللہ کا خیر پر پیدا کرنا

تَطَيَّنَ۔ گارے سے لیپا جانا۔ گارے سے لتھڑنا۔ لت پت ہونا۔

الطِّينُ والطِّينَةُ۔ گارا۔ مٹی اور چونہ یا ریت چونہ ملا ہوا الطِّينَةُ: گارے کا ایک حصہ۔ خلقت جبلت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَابِسُ الطِّينَةِ" وہ سخت دل اور خشک مزاج ہے "لَيِّنُ الطِّينَةِ" اسکی طبیعت نرم ہے۔

مَكَانٌ طَانٌ۔ بہت گارے کی جگہ۔

الطِّيَانَةُ۔ گارا بنانے کا پیشہ۔

الطَّيَّانُ۔ گارا بنانے والا۔

ظ

ظَأَبَ (ن) ظَأْبًا۔ نکاح کرنا۔ ظلم کرنا۔ شور کرنا — التَّیْسُ: بکری کا ممیانا۔
ظَاءَبَہٗ مُظَاءَبَۃً۔ سالی سے نکاح کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَزَوَّجَا بِالْمُظَاءَبَۃِ" یعنی دونوں ہم زلف ہوئے۔
تَظَاءَبَا۔ ہم زلف ہونا۔
الظَّأْبُ مص۔ ہم زلف۔ ساڑھو۔ ج ظُؤُوبٌ وَاَظْؤُبٌ۔
ظَأَرَ (ف) ظَأْرًا وَظِئَارًا وَاَظْأَرَ اِظْآرًا وَظَاءَرَ مُظَاءَرَۃً۔ النَّاقَۃَ وَالْمَرْأَۃَ عَلٰی وَلَدِ غَیْرِہَا۔ مہربان کرانا۔ فَظَأَرَتْ وَاظَّأَرَتْ مہربان ہونا۔ اور صفت ظَؤُورٌ وَظَؤُورَۃٌ ج اَظْآرٌ وَظُؤَارٌ۔ ظَاءَرَہٗ اِلٰی کَذَا: مہربان کرانا۔ ظَاءَرَ عَلٰی عَدُوِّہٖ: حملہ کرنا۔ ظَاءَرَہٗ وَظِئَارَہٗ وَاَظْأَرَہٗ عَلٰی کَذَا: مہربان کرنا۔ ظَاءَرَہٗ عَلَی الْاَمْرِ: طلب کرنا یا مجبور کرنا۔ ظَأَرَ الرَّجُلُ: دایہ بنانا۔ ظَاءَرَتِ الْمَرْأَۃُ: دایہ گری کرنا۔
اِظَّأَرَ۔ لِوَلَدِہٖ ظِئْرًا: لڑکے کے لئے دایہ مقرر کرنا۔
الظِّئْرُ۔ غیر کے بچے پر مہربانی کرنے والی۔ غیر کے بچے کو دودھ پلانے والی ج اَظْؤُرٌ وَاَظْآرٌ وَظُؤُورٌ وَظُؤُورَۃٌ وَظُؤَارٌ۔ ظِئْرُ الْقَصْرِ: ستون۔
الظِّئْرَۃُ۔ تھونی۔ کھمبا۔
الظُّؤُرَۃُ۔ دایہ۔ دائی پلائی۔
ظَاءَمَہٗ مُظَاءَمَۃً وَتَظَاءَمَا تَظَاؤُمًا ہم زلف بننا۔
الظَّأْمُ۔ ہم زلف۔ ساڑھو۔
الظُّبَۃُ۔ تلوار وغیرہ کی دھار ج ظُبَاتٌ وَظُبًی وَظُبُونَ وَظِبُونَ وَاَظْبٍ۔
اَظْبَی الْمَکَانُ: بہت ہرنوں والا ہونا۔
الظَّبْیُ۔ ہرن نر یا مادہ ج ظِبَاءٌ وَاَظْبٍ وَظُبِیٌّ وَظَبَیَاتٌ۔

صحت جسم کے متعلق عرب کا قول ہے "بِہٖ دَاءُ الظَّبْیِ" یعنی اسے کوئی مرض نہیں اسلئے کہ ہرن کو سوائے مرض الموت کے کوئی بیماری نہیں ہوتی۔ دوسرا قول یہ ہے کہ "اِذَا اَتَیْتَہُمْ فَارْبِضْ فِیْ دَارِہِمْ ظَبْیًا" یعنی جب تم کسی قوم کے پاس جاؤ تو ہرن بن کر اقامت کرو۔ مطلب یہ ہے کہ جس طرح ہرن کو کوئی شک ہوتا ہے تو وہ نہیں ٹھیرتا اسی طرح تم بھی شک ہونے پر چل دو۔
الظَّبْیَۃُ۔ ہرنی۔ بکری۔ گائے۔ عورت اور اونٹنی کی اندام نہانی۔ ج ظِبَاءٌ وَظَبَیَاتٌ۔
الظَّبْیَۃُ وادی کا موڑ۔ ہرن کے بال دار چمڑے کا چھوٹا تھیلہ۔
اَرْضٌ مَظْبَاۃٌ۔ بہت ہرن والی سرزمین
ظَرَّ (ن) مَظَرَّۃً۔ دھار دار پتھر توڑنا۔
النَّاقَۃَ: اونٹنی کو دھار دار پتھر سے ذبح کرنا۔
اَظَرَّ۔ دھار دار پتھروں کی زمین میں واقع ہونا — المَکَانُ: بہت دھار دار پتھروں والا ہونا۔
الظُّرُّ وَالظُّرَرُ وَالظُّرَرَۃُ۔ پتھر۔ دھار دار پتھر ج ظُرَّانٌ وَظِرَّانٌ وَظِرَارٌ وَاَظِرَّۃٌ۔
الظِّرَّانُ چقماق کے ٹکڑے جو زمانۂ قدیم میں نیزے اور بھالے اور کلہاڑے وغیرہ کی شکل پر بنائے جاتے تھے اور دیا سلائی کے بنانے سے پہلے اسی کا استعمال کیا کرتے تھے وَالظُّرَرُ الظُّرِّیُّ وَالظِّرَّانِیُّ "مذکورہ چقماق کے استعمال کا زمانہ۔
اَرْضٌ ظَرِیرَۃٌ وَمَظَرَّۃٌ۔ بہت چقماق والی سرزمین۔ الظَّرِیرُ: رہنمائی کا نشان ج ظُرَّارٌ وَاَظِرَّۃٌ وَظُرَّانٌ۔
المِظَرَّۃُ۔ چقماق ج مَظَارٌّ۔
ظَرِبَ (س) ظَرَبًا۔ بِکَذَا: چپکنا۔
الظَّرِبُ۔ ابھرا ہوا تیز پتھر۔ چھوٹا ٹیلہ ج ظِرَابٌ وَاَظْرُبٌ۔

الظَّرِبُ مِنَ الرِّجَالِ: چھوٹے قد کا موٹا
الظَّرِبَانُ وَالظَّرِبَاءُ۔ بلی کے برابر خاکستر رنگ کا سیاہی مائل بدبودار جانور ج ظَرَابِیُّ وَظَرَابِیْنُ۔ کہا جاتا ہے "فَسَا بَیْنَہُمُ الظَّرِبَانُ" یعنی ان میں نا اتفاقی ہوگئی۔
الظِّرْبِیُّ وَالظِّرْبَاءُ۔ ظربان کا اسم جمع۔
الاَظْرَبُ۔ نواجذ کے پیچھے کے چار دانت
اَظْرَابُ اللِّجَامِ: لگام کے لوہے کے اطراف کی گرہ۔
ظَرُفَ (ک) ظَرْفًا وَظَرَافَۃً۔ خوش شکل چالاک ہونا۔ ذہین ہونا۔ صفت ظَرِیفٌ۔ ج ظُرَفَاءُ وَظِرَافٌ وَظُرُوفٌ وَظُرُوفٌ وَظَرِیفُونَ مونث ظَرِیفَۃٌ ج ظَرِیفَاتٌ وَظَرَائِفُ۔ ظَرُفَ ظَرِیفٌ تر ہونا۔ کہا جاتا ہے "ظَارَفَنِیْ فَظَرُفْتُہٗ"
اَظْرَفَ۔ ظریف اولاد پیدا ہونا —— المَتَاعَ: برتن بنانا۔
تَظَرَّفَ وَتَظَارَفَ۔ ظریف بننا۔
اِسْتَظْرَفَ۔ ظریف طلب کرنا —— ہ ظریف سمجھنا۔ ظریف پانا۔
الظَّرْفُ۔ دانائی۔ حذاقت۔ فوقیت برتن۔ کہا جاتا ہے "مِنَ الظَّرْفِ جُودُ الْمُہْدِیْ بِالظَّرْفِ" پہلا ظرف بمعنے دانائی اور دوسرا بمعنے برتن جس میں ہدیہ بھیجا جائے۔ اور عوام مشکیزہ کے معنے میں بھی استعمال کرتے ہیں۔
الظَّرْفُ: ہر وہ چیز جس میں کوئی دوسری چیز ہے اور اسی سے ہے "ظُرُوفُ الزَّمَانِ وَالْمَکَانِ" اور کہا جاتا ہے ہُوَ نَقِیُّ الظَّرْفِ یعنی وہ امین ہے رَاَیْتُہٗ بِظَرْفِہٖ "میں نے اسی کو دیکھا ہے۔
الظُّرَّافُ وَالظُّرَّافُ۔ ظریف ج ظُرَفَاءُ وَظُرَّافُونَ۔
المَظْرُوفُ مفعو برتن میں جو چیز ہو۔ کہا جاتا ہے "بَعَثْتُ بِالرَّسَائِلِ مَظْرُوفَۃً"

ظَرِیَ (ض) ظَرْیًا۔ المَاءُ: پانی کا جاری ہونا
ظَرِیَ (س) ظَرًی۔ الغُلَامُ: لڑکے کا زیرک ہونا۔
اِظْرَوْرَیٰ اِظْرِیْرَاءً۔ پیٹ پھولنا۔
الظَّارِیُ فا۔ کاٹ کھانے والا۔
الظَّرَوْرَیٰ۔ زیرک عقل مند۔ ظریف۔
ظَعَنَ (ف) ظَعْنًا وظَعَنًا وظُعُوْنًا ومَظْعَنًا۔ کوچ کرنا۔ کہا جاتا ہے "ظَعَنُوْا عَنْ دِیَارِہِم" وہ لوگ اپنے ملکوں سے کوچ کر گئے۔
اَظْعَنَ۔ کوچ کرانا۔ سفر کرانا۔
اِظَّعَنَ۔ الہَوْدَجَ: ہودے میں سوار ہونا
الظِّعَانُ والظَّعُوْنُ والظِّعَامُ۔ ہودہ باندھنے کی رسی۔
الظَّعُوْنُ والظَّعُوْنَۃُ۔ باربردار اونٹ ہودہ اٹھانے والا اونٹ ج ظُعُنٌ۔
الظَّعِیْنَۃُ۔ ہودہ ج ظَعَائِنُ وظُعُنٌ وظُعْنٌ جج اَظْعَانٌ وظُعُنَاتٌ۔ بیوی یا عورت جب تک ہودے میں رہے۔ یا مطلقاً عورت۔ کہا جاتا ہے "ہٰؤُلَاءِ ظَعَائِنُہٗ" یہ اس کی عورتیں ہیں۔
المِظْعَانُ۔ مِنَ الخَیْلِ والنُّوقِ: نرم چال چلنے والا گھوڑا یا اونٹنی۔
ظَفَرَہٗ (ض) ظَفْرًا۔ چہرے پر ناخن مارنا ناخن توڑنا۔
ظَفِرَ (س) ظَفَرًا واَظَّفَرَ المَطْلُوْبَ وبِہٖ وعَلَیْہِ: کامیاب ہونا۔ غالب ہونا۔ ظَفِرَتْ عَیْنُہٗ: ناخنہ ہونا۔ آنکھ کی صفت ظَفِرَۃٌ اور شخص کی مَظْفُوْرٌ۔
ظَفَّرَہٗ۔ کامیابی کی دعا کرنا۔ ظَفَّرَ الشَّیْءَ: کسی چیز میں ناخن چھبونا — الثَّوْبَ: کپڑے پر خوشبو لگانا — الجِلْدَ: کھال کو ملنا۔ ظَفَّرَہٗ واَظْفَرَہٗ بِعَدُوِّہٖ: دشمن پر کامیاب کرانا۔ فتحمند کرانا۔
اَظْفَرَ فُلَانًا: منھ پر ناخن مارنا۔
تَظَافَرَ القَوْمُ: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
الظِّفْرُ والظُّفْرُ والظُّفُرُ۔ ناخن ج اَظْفَارٌ جج اَظَافِیْرُ۔ کہا جاتا ہے "مَا بَقِیَ فِی الدَّارِ ظُفْرٌ" یعنی گھر میں کوئی باقی نہیں رہا "ورَاَیْتُہٗ بِظُفْرِہٖ" یعنی میں نے اسی کو دیکھا "وقَلَّمَ اَظْفَارَہٗ عَنْ اَذَی النَّاسِ" یعنی لوگوں کو تکلیف پہنچانی کم کر دی یا بالکل چھوڑ دیا "وکَسَّرَ اَظْفَارَہٗ فِی فُلَانٍ" یعنی غیبت کی۔ ظُفْرُ القِطِّ وظُفْرُ النَّسْرِ وظُفْرُ العُقَابِ" نباتات کی قسمیں۔
الظَّفْرُ والظَّفَرَۃُ۔ ناخنہ (آنکھ کی ایک بیماری) الظَّفَرَۃُ: ظافر کی جمع ہے۔
الظَّفِرُ والظَّفِیْرُ والظِّفِّیْرُ۔ ہر معاملہ میں کامیاب۔
الاَظْفَرُ۔ لمبے چوڑے ناخن والا۔
الاَظْفَارُ۔ ناخن کے مشابہ ایک خوشبودار چیز۔ اس کا واحد نہیں۔ اَظْفَارُ الثَّوْبِ: کپڑے کی شکنیں۔ الاَظْفَارُ: نسر طائر کے آگے کے ستارے۔
المُظَفَّرُ والمِظْفَارُ۔ ہر معاملہ میں کامیاب۔
ظَلَّ (س) ظَلًّا وظُلُوْلًا۔ یَفْعَلُ کَذَا: ہمیشہ رہنا۔ تم کہہ سکتے ہو "ظَلِلْتُ وظَلْتُ وظِلْتُ"
ظَلَّ ظَلَالَۃً۔ الیَوْمُ: دن کا سایہ دار ہونا — الشَّیْءُ: لمبا ہونا۔
ظَلَّلَہٗ۔ سایہ ڈالنا۔ ظَلَّلَ بِالسَّوْطِ: دھمکانے کے لئے حرکت دینا۔
اَظَلَّ۔ الیَوْمُ: دن کا سایہ دار ہونا — ہٗ سایہ ڈالنا۔ اپنی پناہ میں لینا۔ اَظَلَّ الاَمْرُ فُلَانًا پہنچ جانا۔ قریب ہونا اور اسی سے ہے۔ اَظَلَّکَ الشَّہْرُ یعنی مہینہ آ گیا۔
تَظَلَّلَ۔ بِالشَّجَرَۃِ: درخت کے سایہ میں بیٹھنا
اِسْتَظَلَّ بِالظِّلِّ: سایہ کے نیچے بیٹھنا — مِنَ الشَّیْءِ: سایہ لینا — الکَرْمُ: انگور کی شاخ کا گتھ جانا — العُیُوْنُ: چشمے کے پانی کا نیچے اتر جانا — الشَّمْسُ: آفتاب کا بادل میں چھپ جانا۔
الظِّلُّ۔ سایہ ج ظِلَالٌ واَظْلَالٌ وظُلُوْلٌ عزت۔ آرام و آسودگی۔ ظِلٌّ مِنَ اللَّیْلِ: رات کا حصہ یا اس کی سیاہی — مِنَ القَیْظِ: گرمی کی شدت — مِنَ الثَّوْبِ: کپڑے کا رواں۔ ظِلُّ الشَّبَابِ او الشِّتَاءِ: جوانی یا جاڑے کی ابتدا۔ کہا جاتا ہے "بَقِیَ عِنْدِیْ ظِلَّ النَّہَارِ" وہ میرے پاس تمام دن رہا۔ اور یہ اس لئے کہ ظل کا بقاء و زوال شئے کے زوال و بقا پر موقوف ہے۔ "وہُوَ فِیْ ظِلِّہٖ" یعنی وہ اس کی پناہ میں ہے "ومَشَیْتُ عَلٰی ظِلِّیْ" او "انْتَعَلْتُ ظِلِّیْ" میں چلا اس حال میں کہ دوپہر ہو چکی تھی اس لئے میرا سایہ نہیں تھا "وکَانَ ذٰلِکَ الیَوْمُ اَطْوَلُ مِنْ ظِلِّ القَنَاۃِ" یعنی یہ دن نیزے کے سائے سے بھی بہت زیادہ طویل تھا عرب نیزہ کے سائے کو بہت زیادہ طویل سمجھتے تھے "فُلَانٌ یُبَارِیْ ظِلَّہٗ رَاسِہٖ" بولا کرتے تھے جب کوئی تکبر کرتا تھا۔ مُلَاعِبُ ظِلِّہٖ او خَاطِفُ ظِلِّہٖ ایک پرندہ کا نام ہے۔
الظَّلَلُ۔ درخت کے نیچے کا پانی جس کو دھوپ نہ لگے۔
الظَّلَّۃُ۔ اسم مرۃ۔ اقامت۔
الظُّلَّۃُ۔ تنگ سائبان۔ ہر وہ کہ جسکی سردی و گرمی میں پناہ لیں۔ ہر سایہ دار ج ظُلَلٌ وظِلَالٌ۔
الظَّلَالُ والظِّلَالُ والظِّلَّۃُ والظِّلَالَۃُ ہر سایہ دار۔ ظِلَالُ البَحْرِ: سمندر کی موجیں۔
الظَّلِیْلُ۔ سایہ دار۔ ہمیشہ سایہ والا۔
الظَّلِیْلَۃُ۔ مؤنث ظَلِیْلٌ۔ زیادہ درختوں کا باغ۔ وادی کے نچلے حصے۔ پانی کا چشمہ۔
المِظَلَّۃُ والمَظَلَّۃُ۔ جس سے سایہ لیا جائے بڑا خیمہ۔ چھتری۔ ج مَظَالُّ۔ عِیْدُ المَظَالِّ: یہودیوں کی عید جس میں درخت کے پتوں سے خیمے بناتے ہیں اور مصر کی آزادی کی یاد گار میں ان خیموں میں چند روز قیام کرتے ہیں۔
یَوْمٌ مُظِلٌّ۔ سائے والا دن۔
ظُلْظُلٌ۔ کشتیاں۔
ظَلَعَ (ف) ظَلْعًا۔ البَعِیْرُ: اونٹ کا چلنے میں لنگڑانا۔ صفت ظَالِعٌ۔ ظَلَعَتْ بِہِمُ الاَرْضُ زمین تنگ ہونا۔
الظَّلْعُ۔ عیب۔ کہا جاتا ہے "اِرْبَعْ عَلٰی ظَلْعِکَ" یعنی تم ضعیف ہو جس چیز کی طاقت نہیں رکھتے ہو اس سے رک جاؤ "ولَا یَرْبَعُ عَلٰی ظَلْعِکَ"

"مَن لَيسَ يَحزُنُہٗ اَمرُکَ" یعنی تمہاری شان کا اہتمام وہی کریگا جو تمہارا غم خوار ہوگا۔ "اِرْقَ عَلٰی ظَلْعِکَ" اور کبھی ہمزہ کے ساتھ "اِرْقَاْ" کہا جاتا ہے یعنی پہلے اپنی حالت کو درست کر یا اتنی ہی تکلیف اٹھاؤ جتنی کی طاقت رکھتے ہو مطلب یہ ہے کہ اپنی حد سے آگے مت بڑھو اور اپنی کوتاہی وعاجزی کو دیکھو اور اپنے عیوب کی وجہ سے خاموش رہو اس لئے کہ سیڑھی پر چڑھنے والا اگر لنگڑا ہوتا ہے تو وہ اپنے نفس کے ساتھ نرمی کرتا ہے۔

اَلظَّلَعُ ۔ لنگڑا پن۔

اَلظَّالِعُ۔فا۔ جھکنے والا۔ متہم (مذکر و مؤنث) ما اور مؤنث کے لئے ظَالِعَۃ بھی بولا جاتا ہے ج ظُلَّع۔

اَلظُّلَاعُ۔ جانور کی ٹانگ میں بیماری جو تھکن سے نہ ہو۔

ظَلَفَہٗ (ن) ظَلْفًا۔ کھر پر لگنا۔ ظَلَفَ نَفْسَہٗ عَنِ الشَّیءِ: باز رکھنا۔

ظَلَفَ (ن ض) ظَلْفًا۔ اَلْقَوْمَ: قوم کے نشانِ قدم پر چلنا۔ ظَلَفَ وظَالَفَ مُظَالَفَۃً اَثَرَہٗ: قدم کے نشانات کو مٹادینا۔

ظَلِفَتْ (س) ظَلَفًا الاَرْضُ: سخت ہونا — مَعِیْشَۃُ فُلَانٍ: تکلیف دہ ہونا — نَفْسُہٗ رُک جانا۔

ظُلِفَ الرجل: سخت زمین میں روکا جانا تاکہ کوئی نشان قدم کا پتہ نہ لگ سکے۔

ظَلَّفَہٗ عَنْ کَذَا: دور کرنا۔ ظَلَّفَ عَلٰی کَذَا زیادہ کرنا۔

اَظْلَفَہٗ۔ دور کرنا۔

اِظَّلَفَ وتَظَلَّفَ۔ سخت پتھریلی زمین میں پڑنا۔

اَلظِّلْفُ۔ پھٹے ہوئے کھر۔ ج ظُلُوْف و اَظْلَاف۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا عَلٰی ظِلْفِہٖ" یعنی اس کے نشانِ قدم پر آئے۔ اَلظِّلْفُ: حاجت و تنگیٔ عیش۔ سخت زندگی۔

اَلظَّلَفُ۔ باطل۔ مباح۔ بے کار۔ کہا جاتا ہے ذَہَبَ دَمُہٗ ظَلَفًا وظَلْفًا وظَلِیْفًا۔ یعنی اس کا خون بیکار گیا۔

اَلظَّلَفُ والظَّلِفُ۔ پانی اور کیچڑ سے بلند جگہ رَجُلٌ ظَلِفُ النَّفْسِ: اوصافِ ذمیمہ سے پاک صاف۔

اَرْضٌ ظَلْفَۃٌ وظَلِفَۃٌ وظَلَفَۃٌ۔ سخت پتھریلی زمین۔

اَلظَّلِیْفُ۔ بدحال۔ ذلیل۔ سخت مشکل کام ج ظُلَفَ ظُلُف۔

رَجُلٌ ظَلِیْفُ النَّفْسِ: اخلاقِ رذیلہ سے پاک صاف۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَہٗ بِظَلِفِہٖ وبِظَلِیْفِہٖ و بِظَلَفَتِہٖ وبِظَلِیْفَتِہٖ۔ یعنی سب کچھ لے لیا کچھ نہیں چھوڑا۔

اَلظَّلْفَاءُ۔ ہموار لمبا پتھر۔

اَلاُظْلُوْفَۃُ۔ تیز پتھر والی زمین ج اَظَالِیْف

ظَلَمَ (ض) ظُلْمًا وظَلْمًا ومَظْلِمَۃً۔ بے موقع رکھنا — ہٗ: ظلم کرنا — ہٗ حَقَّہٗ: گھٹانا — الاَرْضَ: بے موقع کھودنا — الطَّرِیْقَ: راستہ سے ہٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "مَاظَلَمَکَ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا" یعنی تم کو کس چیز نے ایسا کرنے سے منع کیا۔ ظَلَمَ البَعِیْرَ: بغیر کسی مرض اور علت کے ذبح کرنا اور ہر وہ کام جس کو وقت سے پہلے کیا جائے۔ اس پر ظلم کا اطلاق ہوتا ہے۔

ظَلِمَ (س) ظَلْمًا واَظْلَمَ اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ اَظْلَمَ اللّٰہُ اللَّیْلَ: رات کو تاریک کرنا۔ اَظْلَمَ الرَّجُلُ: تاریکی میں داخل ہونا مظلوم ہونا۔

ظَلَّمَہٗ۔ ظلم کی طرف نسبت کرنا — ہٗ الحَاکِمُ: ظلم کی شکایت دور کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَظَلَّمَ فُلَانٌ اِلَی الحَاکِمِ مِنْ فُلَانٍ فَظَلَّمَہٗ" یعنی فلاں نے فلاں کی حاکم سے ظلم کی شکایت کی اس نے شکایت دور کردی۔

تَظَلَّمَ مِنْہُ: ظلم کی شکایت کرنا — ہٗ حَقَّہٗ گھٹادینا — الرَّجُلُ: ظلم پر صبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "ظَلَمْتُہٗ فَتَظَلَّمَ" میں نے اس پر ظلم کیا اس نے صبر کیا۔

تَظَالَمَ القَوْمُ: بعض کا بعض پر ظلم کرنا۔

اِظَّلَمَ وانْظَلَمَ۔ ظلم برداشت کرنا۔

اَلظَّلْمُ۔ برف۔ دانتوں کی چمک۔ ج ظُلُوْم

اَلظُّلْمُ۔ بے موقع رکھنا۔ حق گھٹانا۔ ظلم۔

اَلظَّلَمُ: بدن۔ پہاڑ۔ ج ظُلُوْم۔

لَیْلٌ ظَلِمٌ: بہت تاریک رات۔

اَلظُّلْمَۃُ والظُّلُمَۃُ۔ تاریکی ج ظُلَم وظُلْمَات وظُلُمَات وظُلَمَات۔

اَلظُّلَمُ۔ قمری مہینے کی انیسویں، بیسویں اکیسویں راتیں۔

اَلظَّلَامَۃُ والمَظْلِمَۃُ۔ ظلم جو تم اٹھاؤ۔ جو چیز تم سے ظلماً لی جائے ج مَظَالِم۔

اَلظَّالِمُ۔فا۔ ج ظَالِمُوْن وظَلَمَۃ وظُلَّام۔

اَلظَّلَامُ والظَّلْمَاءُ۔ تاریکی۔ ابتدائی رات۔ لَیْلَۃٌ ظَلْمَاءُ: بہت تاریک رات۔ اور لَیْلٌ ظَلْمَاءُ بھی کہا جاتا ہے اور یہ شاذ ہے۔

اَلظِّلَامُ۔ ظلم۔ بے انصافی۔ کہا جاتا ہے "نَظَرَ اِلَیَّ ظِلَامًا" اس نے مجھ کو ترچھی نظر سے دیکھا

اَلظَّلَّامُ والظِّلِّیْمُ والظَّلُوْمُ۔ بہت زیادہ ظلم کرنے والا۔

اَلظَّلِیْمُ۔ مظلوم۔ نر شتر مرغ ج ظِلْمَان و ظُلْمَان واَظْلِمَۃ۔

اَلظَّلِیْمَۃُ۔ جو تم سے ظلماً لی جائے۔

اَمْرٌ مُظْلَامٌ۔ دشوار و مشکل کام۔

ظَمِیَٔ (س) ظَمْأً وظَمَاءً وظَمَاءَۃً وظَمَأَۃً سخت پیاسا ہونا — اِلَیْہِ: مشتاق ہونا۔ صفت مذکر ظَمِیٌٔ وظَامِیٌٔ وظَمْاٰن اور صفت مؤنث ظَمِئَۃ وظَامِئَۃ وظَمْاٰی وظَمْاٰنَۃ۔ ج ظِمَاء مذکر و مؤنث دونوں کے لئے۔

ظَمَّأَہٗ واَظْمَأَہٗ۔ پیاسا کرنا۔ دبلا کرنا۔

تَظَمَّأَ۔ پیاس پر صبر کرنا۔

اَلظِّمْءُ۔ پیاس ج اَظْمَاء۔

اَلظَّمَأُ والظَّمَاءُ۔ پیاس۔

المظماء۔ سخت پیاس والا۔

المظمأ۔ پیاس لگانے والی جگہ۔

ظَمِیَ یَظمیٰ ظَمیٰ۔ گندم گوں ہونا صفت اَظمیٰ۔ مؤنث ظَمیَاءُ ج ظُمی۔ شَفَۃٌ ظَمیَاءُ: پژمردہ گندمی ہونٹ۔ عَینٌ ظَمیَاءُ: باریک پلکوں والی آنکھ۔ لِثَۃٌ ظَمیَاءُ: کم خون والے مسوڑھے۔ سَاقٌ ظَمیَاءُ: کم گوشت والی پنڈلی۔

الظُمیَاءُ۔ سیاہ اونٹنی۔

المُظمیٰ۔ وہ کھیت جس کی سیرابی صرف بارش کے پانی سے ہو۔

ظَنَّ (ن) ظَنًّا۔ جاننا اور یقین کرنا اور اسی سے ہے "ظَنُّوا اَن لَا مَلجَاَ مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیہِ" یعنی یقین کیا کہ اللہ کے عذاب سے کوئی جائے پناہ نہیں مگر اسی کی طرف۔ اور گمان کے معنی میں بھی مستعمل ہے جیسے "ظَنَنتُ زَیدًا صَاحِبَکَ" ظَنَّہٗ، وَاَظَنَّہٗ، وَاِظَّنَّہٗ، وَاِظطَنَّہٗ بِکَذَا تہمت لگانا۔ اَظَنَّہُ الشَّیءَ: وہم میں ڈالنا۔ اَظَنَّ بِہِ النَّاسَ: تہمت کیلئے پیش کرنا۔

تَظَنَّنَ وَتَظَنّیٰ۔ گمان کرنا۔

الظَنُّ۔ گمان۔ اور شک ویقین کے معنی میں بھی مستعمل ہے۔ ج ظُنُون جج اَظَانِین (خلاف قیاس)

الظِنَّۃ۔ تہمت۔ کہا جاتا ہے "فِیہِ ظِنَّۃٌ" اس میں تہمت ہے۔ تھوڑی چیز۔ ج ظِنَن وظَنَائِن۔

الظَنَانَۃ۔ تہمت۔

الظَنَّان والظَنُون۔ بدگمان۔ رَجُلٌ ظَنُونٌ: کم حیلہ۔ کمزور۔ جس پر بھروسہ نہ کیا جائے بِئرٌ ظَنُونٌ: کنواں جس کے متعلق معلوم نہ ہو کہ پانی ہے یا نہیں۔ دَینٌ ظَنُونٌ: قرض جس کے متعلق یہ معلوم نہ ہو کہ وصول ہوگا یا نہیں۔ "رَجُلٌ ظَنُونٌ: جس کی خبروں پر بھروسہ نہ کیا جائے۔

الظَنِین۔ متہم۔ بدگمانی کی وجہ سے جس سے دشمنی کی جائے۔ بے برکت۔ ج اَظِنَّاء۔

الاَظَنّ۔ خیال رکھے جانے کے لائق۔ نَفسٌ ظَنَّاءُ: نفسِ متہم۔

مَظَنَّۃُ الشَّیءِ: جگہ جہاں چیز کے موجود ہونے کا گمان ہو۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَظَنَّۃُ الخَیرِ" وفی المسئلۃ مَظَنَّۃُ اِعتِرَاضٍ"۔ ج مَظَانّ۔

الظُنبُوب۔ قدم کی جانب پنڈلی کی ہڈی کا کنارہ ج ظَنَابِیب۔ کہا جاتا ہے "قَرَعَ ظَنَابِیبَ الاَمرِ" یعنی آسان کر دیا۔ قَرَعَ لِہٰذَا الاَمرِ ظُنبُوبَہٗ وَسَاقَہٗ" یعنی کوشش کی اور کوتاہی نہیں کی۔

ظَہَرَ (ف) ظُہُورًا۔ ظاہر ہونا۔ باہر آنا۔ ظَہَرَہٗ ظَہرًا: پیٹھ پر مارنا۔ ظَہَرَ بِعِلمِہٖ: فخر کرنا ــــ الشَّیءَ وبہٖ: پیٹھ پیچھے ڈال دینا ــــ الثَّوبَ: ابرہ بنانا (ــــ ظَہرًا وظُہُورًا) البَیتَ: مکان پر چڑھنا ــــ عَلَیہِ: اعانت کرنا ــــ بِفُلَانٍ وعَلَیہِ: غالب ہونا ــــ عَلَی السِّرِّ: بھید پر مطلع ہونا ــــ فُلَانٌ بِحَاجَتِی: حاجت کو ہلکا سمجھنا اور پیٹھ پیچھے ڈالنا۔

ظَہَرَ (ن) ظَہَارَۃً۔ مضبوط پیٹھ والا ہونا

ظَہِرَ (س) ظَہَرًا۔ پیٹھ میں شکایت ہونا صفت ظَہِر۔

اَظہَرَ۔ الشَّیءَ: ظاہر کرنا۔ پیٹھ پیچھے ڈالنا ــــ الکِتَابَ: ازبر پڑھنا۔ اَظہَرَہٗ عَلیٰ عَدُوِّہٖ دشمن پر غالب کرانا ــــ ہٗ عَلَی السِّرِّ: بھید پر مطلع کرنا ــــ بِہٖ: مرتبہ بڑھانا (ــــ وظَہَّرَ) دوپہر میں چلنا۔ دوپہر میں داخل ہونا۔

ظَہَّرَ واَظہَرَ حَاجَتِی: ضرورت کو پیٹھ پیچھے ڈالنا۔ غافل ہونا۔

ظَاہَرَہٗ مُظَاہَرَۃً وظِہَارًا۔ مدد کرنا ظَاہَرَ بَینَ الثَّوبَینِ: اوپر نیچے کپڑے پہننا۔

تَظَاہَرَ۔ ظاہر ہونا ــــ بِالشَّیءِ: ظاہر کرنا ــــ القَومُ: ایک دوسرے سے دور ہونا۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

اِستَظہَرَ۔ احتیاط کرنا ــــ الشَّیءَ: بچانے کیلئے پیٹھ پیچھے کرنا ــــ بِہٖ: مدد طلب کرنا ــــ لَہٗ: تیاری کرنا ــــ عَلَیہِ: چڑھنا غالب ہونا ــــ الدَّرسَ: سبق کو زبانی پڑھنا۔

الظَہر۔ پیٹھ۔ پیٹ کا مقابل ج اَظہُر وظُہُور وظُہرَان۔ الظَہرُ: بار برداری کا اونٹ۔ مالِ کثیر۔ تیر کے پر کا چھوٹا پہلو۔ خشکی کا راستہ۔ کہا جاتا ہے "سَارُوا فِی طَرِیقِ الظَہرِ" یعنی خشکی کے راستہ میں چلے۔ سخت زمین۔ قِدرٌ ظَہرٌ: پرانی ہانڈی۔ کہا جاتا ہے "قَرَأَہٗ عَلیٰ ظَہرِ قَلبِہٖ او عَلیٰ ظَہرِ لِسَانِہٖ" یعنی حفظ بغیر کتاب کے ازبر پڑھا "اَعطَاہُ عَن ظَہرِ یَدٍ" یعنی بغیر بدلے کے دیا۔ "ہُوَ نَازِلٌ بَینَ ظَہرَیہِم وظَہرَانَیہِم وبَینَ اَظہُرِہِم" وہ انکے درمیان نازل ہوا۔ "رَأَیتُہٗ بَینَ ظَہرَانَیِ اللَّیلِ" یعنی میں نے اس کو عشاء اور فجر کے درمیان دیکھا۔ "قَلَبَ لَہٗ ظَہرَ المِجَنِّ" یعنی وہ اس کیلئے بدل گیا اور دشمنی کی "قَلَبَ الاَمرَ ظَہرًا لِبَطنٍ" اس نے معاملہ میں خوب غور کیا۔ "قَتَلَہٗ ظَہرًا" اس نے اسے اچانک مار ڈالا۔ "ہُوَ یَاکُلُ عَلیٰ ظَہرِ یَدَیَّ" یعنی میں اس پر خرچ کرتا ہوں۔ "لَا تَجعَل حَاجَتِی بِظَہرٍ" یعنی میری حاجت کو مت بھولو اور پیٹھ پیچھے مت ڈالو۔

الظِہرِی۔ اونٹ برائے ضرورت۔ پیٹھ پیچھے ڈالا ہوا۔ بھولا ہوا۔ ج ظَہَارِیّ۔

الظُہر۔ دن کے آدھے ہونے کا وقت ج اَظہَار۔

الظِہرَۃ۔ مدد۔ کہا جاتا ہے "جَعَلَ حَاجَتِی ظِہرِیَّۃً" میری حاجت کو پسِ پشت ڈال دیا اور بھول گیا۔

الظِہرَۃ والظُہرَۃ۔ مددگار۔ الظُہرَۃ پھوا

الظَہرَۃ۔ گھر کا سامان، کہا جاتا ہے ــــ جَاءَنَا بِظَہرَتِہٖ وبِظِہرَتِہٖ وبِظُہرَتِہٖ" ہمارے پاس مع اپنی قوم کے آیا۔

الظَہِیر۔ مددگار۔ مضبوط پیٹھ والا۔ بیمار پیٹھ والا۔

الظَہِیرَۃ۔ مؤنث ظہیر دن کے آدھے ہونے کی حد ج ظَہَائِر۔

الظُہَار۔ تیر کے پر کا چھوٹا پہلو۔

الظِہَارَۃ۔ کپڑے کا ابرا۔

الظَاہِر۔ فا۔ باطن کا ضد۔ ظَاہِرُ البَلَدِ بیرونِ شہر۔ کہا جاتا ہے "قَرَأَہٗ ظَاہِرًا" یعنی حفظ

بغیر کتاب کے پڑھا۔
الظَّاهِرَةُ۔ مؤنث ظاہر — مِنَ الْعُيُوْنِ: ابھری ہوئی آنکھ ج ظَاهِرَات وظَوَاهِر۔ ظَاهِرَةُ الرَّجُلِ: کنبہ قبیلہ۔ ظَاهِرَةُ الْجَبَلِ: پہاڑ کی چوٹی۔ الظَّوَاهِرُ: بلند زمینیں۔
الْمَظْهَرُ۔ جائے ظہور۔
الْمُظْهِرُ۔ فا۔ سواری والا۔
الْمُظَهَّرُ۔ قوی پیٹھ والا۔

الظَّوْءَةُ۔ بے وقوف۔
ظَافَهُ يَظُوفُهُ ويَظَافُهُ ظَوْفًا۔ دھتکارنا۔ دفع کرنا۔
ظُوْفُ۔ الرَّقَبَةِ وظَافُهَا۔ گردن کی کھال۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُ بِظُوْفِ رَقَبَتِهِ اَوْ بِظَافِهَا" یعنی میں نے اس کو تنہا چھوڑ دیا۔
اَظْوَى۔ بیوقوف۔

الظَّيَّةُ۔ مردار جب سڑنا شروع ہو۔
الظَّيُّ والظَّيَّان۔ شہد۔ الظَّيَّانُ: جنگلی چنبیلی۔ ایک قسم کی نباتات جس کے پتوں سے کھال کو دباغت دی جاتی ہے۔
الْمَظْيَاةُ والْمَظْوَاةُ مِنَ الْاَرَاضِیْ: جنگلی چنبیلی والی زمین۔
ظَيَّاهُ تَظْيِيْئًا۔ غمگین کرنا۔
الظَّيْأَةُ۔ بے وقوف۔

ع

عَبَّ (ن) عَبًّا۔ تغیر کے بعد چہرے کا خوبصورت ہونا — الْمَاءَ: جانوروں کی طرح منھ لگا کر پانی پینا۔ عَبَّتِ الدَّلْوُ: ڈول کا بھرتے وقت گڑگڑانا (— عُبَابًا) الْبَحْرُ: موج کا زیادہ ہونا اور بلند ہونا۔
تَعَبَّبَ۔ النَّبِيْذَ: ڈگڈگا کے پینا۔
الْاَعَبُّ۔ نُقَيْر۔ سخت ناک والا۔
الْعَبُّ۔ مص۔ اولے۔ عَبُّ الشَّمْسِ: آفتاب کی روشنی۔
الْعُبُّ۔ آستین کا سرا۔ ج عُبَاب۔
الْعُبُبُ۔ اچھلنے والے پانی۔
الْعَبَاب۔ منھ لگا کر پانی پینا۔
الْعُبَاب۔ سیلاب کا چڑھاؤ۔ عُبَابُ الْبَحْرِ موج۔ کہا جاتا ہے "جَاؤُا بِعُبَابِهِمْ" سب آئے۔
الْعُبِّيَّةُ والْعِبِّيَّةُ۔ نخوت۔ فخر۔ تکبر۔ غرور
الْيَعْبُوْبُ۔ تیز بہنے والا دریا۔ تیز رفتار لمبا گھوڑا۔ بادل۔ ج يَعَابِيْب۔
عَبَأَ (ف) عَبْأً وعَبَّأَ تَعْبِئَةً وتَعْبِيْئًا الْمَتَاعَ: سامان کرنا — الْجَيْشَ لِلْحَرْبِ: لشکر مرتب کرنا۔ عَبَأَ اِلٰى فُلَانٍ وَلَهُ: قصد کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا اَعْبَأُ بِهِ" مجھے اس کی پروا نہیں۔
اِعْتَبَأَ مَا عِنْدَهُ: سب کچھ لے لینا۔
الْعِبْءُ۔ بوجھ۔ بوری۔ گٹھری ج اَعْبَاء

(— والْعَبْءُ) مثل۔ نظیر۔ ج اَعْبَاء۔
الْعَبَاءُ۔ چغہ۔ ج اَعْبِئَة۔
الْعَبَاءَةُ۔ چغہ۔
الْمَعْبَأُ۔ راستہ۔
الْمِعْبَأُ۔ حیض والی عورت کا چیتھڑا۔
عَبَتَ (ن) عَبْتًا يَدَهُ: ہاتھ موڑنا۔
عَبَثَ (ض) عَبْثًا۔ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: ملانا۔
عَبِثَ (س) عَبَثًا۔ کھیل کود کرنا۔ مذاق کرنا — بِالدِّيْنِ: حقارت کرنا۔ صفت عَابِث وعَبِيْث۔
عَبِيْثَةُ النَّاسِ: مختلف قسم کے لوگ۔
الْعَبَث۔ بے فائدہ۔ لغو۔ بے نتیجہ۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ ذٰلِكَ عَبَثًا" اس نے یہ کام لغو کیا۔
الْعِبِيْث۔ ایک قسم کا پھول۔
الْعَبَوْثَرَان والْعَبَيْثَرَان ایک قسم کا خوشبودار پودہ۔ ثاء کے فتحہ سے بھی ہیں۔
عَبَدَ (ن) عِبَادَةً وعُبُوْدَةً وعُبُوْدِيَّةً ومَعْبَدًا ومَعْبَدَةً۔ اللّٰهَ: ایک جاننا۔ خدمت کرنا۔ ذلیل ہونا۔ خضوع کرنا۔ پرستش کرنا کہا جاتا ہے۔ "مَا عَبَدَكَ عَنِّیْ" یعنی کس چیز نے تم کو مجھ سے روکا۔
عَبُدَ (ک) عُبُوْدَةً وعُبُوْدِيَّةً۔ باپ دادا سے غلام رہنا۔

عَبِدَ (س) عَبَدًا وعَبَدَةً عَلٰى فُلَانٍ غضبناک ہونا — مِنْهُ: ناک چڑھانا۔ نَاقَاهُ: انکار کرنا — عَلٰى نَفْسِهِ: ملامت کرنا — الرَّجُلُ: نادم و پشیمان ہونا — هُ: لازم ہونا۔ جدا نہ ہونا — عَلَى الشَّیْءِ: حریص ہونا صفت عَابِدٌ وعَبِدٌ۔
عَبَّدَهُ۔ فرماں بردار بنانا۔ غلام بنانا۔ عَبَّدَ الطَّرِيْقَ: راستہ کو چلتا ہوا بنانا۔ پائمال کرنا۔ الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔ بھاگنا — الْبَعِيْرَ: قطران ملنا (دیکھئے الْقَطِرَان) کہا جاتا ہے "عَبَّدَ يُعَبِّدُ" یعنی کچھ تیز دوڑا۔ "مَا عَبَّدَ اَنْ فَعَلَ كَذَا" اس نے ایسا کرنے میں دیر نہیں کی۔
اَعْبَدَهُ الْغُلَامَ: غلام کا مالک بنانا۔
اَعْبَدَ الْغُلَامَ: غلام بنانا — الْقَوْمُ: جمع ہونا
تَعَبَّدَ عبادت کے لئے علیحدہ ہونا — هُ: اطاعت کیلئے بلانا۔ غلام بنانا۔ غلام جیسا برتاؤ کرنا۔
تَعَبَّدَ الْقَوْمُ: متفرق ہونا۔
اِسْتَعْبَدَهُ واعْتَبَدَهُ۔ غلام بنانا۔
الْعَبْدُ۔ آدمی۔ غلام۔ ج عَبِيْد وعِبَاد وعَبَدَة وعَبْدُوْن واَعْبُد وعُبْدَان وعِبْدَان وعِبِدَّان واَعَابِد ومَعْبَدَة وعِبِدَّاء وعِبِدَّى وعُبُد وعُبَّد ومَعْبُوْدَاء ج اَعَابِد ومَعَابِد واَعْبِدَة عُبُد

قِنٌّ وعَبْدُ قِنٍّ : خاندانی غلام۔

العَبْدِيَّةُ والعُبُودَةُ والعُبُودِيَّةُ و التَّعَبُّدَةُ ۔ فرمانبرداری۔ غلامی۔ دَرَاهِمُ عَبْدِيَّةٌ : پرانے دراہم۔

العِبَاد ۔ عبد کی جمع ۔ حیرہ کے چند نصرانی عربی قبائل ۔ نسبت کے لئے عِبَادِيٌّ۔

العَبَادِيدُ والعَبَابِيدُ ۔ لوگوں کے فرقے ۔ گھوڑوں کے گلّے کے راستے۔ (ان کا واحد نہیں)

العَابِد ۔ فا ۔ خادم ۔ ج عَبَدَةٌ عُبَّاد ۔ عَابِدُونَ مؤنث عَابِدَةٌ ج عَابِدَات وعَوَابِد۔

العَبَدَةُ ۔ قوت ۔ بقاء ۔ موٹاپا ۔ زندگانی خوشبو پیسنے کا پتھر ۔ خودداری

المَعْبَد ۔ عبادت گاہ ۔ ج مَعَابِد۔

المُتَعَبَّد ۔ عبادت گاہ ۔

المِعْبَد ۔ کسی ۔ پھاوڑا ۔ ج مَعَابِد۔

المُعَبَّد ۔ مفعو ۔ روندا ہوا راستہ ۔ مکرم معظم ۔ میخ ۔ کھونٹی ۔ قطران ملا ہوا اونٹ بَعِيرٌ مُعَبَّدٌ : اونٹ جس کی سواری چھوڑدی گئی ہو ۔ مؤنث ۔ مُعَبَّدَةٌ ۔ المُعَبَّدَةُ ۔ قار ملی ہوئی کشتی

عَبَرَ (ن) عَبْرًا ۔ غمگین ہونا اور آنسو بہانا ۔۔۔ العَيْنُ : آنکھ کا ڈبڈبا آنا ۔۔۔ الكِتَابَ چپکے چپکے غور کرنا ۔۔۔ الدَّرَاهِمَ : کمیت کیفیت دراہم کی دیکھنا ۔۔۔ عَبْرًا وعُبُورًا) السَّبِيلَ : طے کرنا ۔ مرنا ۔ گذرنا ۔۔۔ النَّهْرَ والوَادِيَ : پار کرنا عَبَرَ بِهِ المَاءَ : گذر جانا ۔۔۔ عَبْرًا وعِبَارَةً) الرُّؤْيَا خواب کی تعبیر بیان کرنا۔

عَبِرَ (س) عَبَرًا ۔ آنسو بہانا ۔ صفت مذکر و مؤنث عَابِر ۔ عبرت حاصل کرنا ۔ اور اسی سے عرب کا قول ہے " اللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِمَّنْ يَعْبُرُ الدُّنْيَا ولَا يَعْبُرُهَا " اے اللہ ہم کو ان لوگوں میں سے بنا جو دنیا سے عبرت حاصل کرتے ہیں اور بغیر تیری رضامندی حاصل کئے جلدی مرتے نہیں ۔

عَبَّرَ ۔ الرُّؤْيَا : خواب کی تعبیر بیان کرنا ۔۔۔ عَمَّا فِي نَفْسِهِ : دل کی بات ظاہر کرنا ۔۔۔ عَنْ كَذَا بولنا ۔۔۔ عَبَّرَهُ بِالمَاءِ : پار کرانا ۔۔۔ الدَّرَاهِمَ دراہم کی کمیت وکیفیت دیکھنا ۔۔۔ بِهِ : ہلاک کرنا ۔۔۔ بِهِ الأَمْرُ : دشوار ہونا ۔۔۔

إِعْتَبَرَ الشَّيْءَ : آزمانا ۔ غور کرنا ۔۔۔ مِنْهُ تعجب کرنا ۔۔۔ بِهِ : نصیحت حاصل کرنا ۔ الرَّجُلَ : اعتبار کرنا۔

إِسْتَعْبَرَ ۔ آنسو بہانا ۔ غمگین ہونا ۔۔۔ الدَّرَاهِمَ ۔ کمیت وکیفیت معلوم کرنا ۔ إِسْتَعْبَرَهُ الرُّؤْيَا أَوِ الدَّرَاهِمَ : تعبیر بیان کرانا دراہم کی کیفیت وکمیت پوچھنا ۔ العَيْنُ : آنکھ کا ڈبڈبا آنا

العَابِر ۔ فا ۔ گذرنے والا ۔ کسی چیز میں غور کرنیوالا ج عَابِرُونَ وعُبَّار وعَبَرَة مؤنث عَابِرَةٌ کہا جاتا ہے " دَخَلَ عَابِرَ سَبِيلٍ " بغیر ٹھہرے ہوئے گذرتے ہوئے داخل ہوا۔

العَبَّار ۔ مبالغہ عَابِر ۔ خواب کی تعبیر بتانے والا ۔ جَمَلٌ عَبَّارٌ : چلنے میں قوی اونٹ ۔

العَبْرُ والعِبْرُ ۔ مِنَ الوَادِي : کونہ ۔ کنارہ مجلس ۔ عَبْرٌ وعِبْرٌ : بہت آدمیوں والی مجلس ۔ بَنَاتُ عِبْرٍ : جھوٹ ۔ باطل ۔ أَبُو بَنَاتِ عِبْرٍ : جھوٹا۔

العُبْرُ ۔ ہر چیز کی کثرت ۔ انسان گی ہی کثرت پر استعمال ہوتا ہے ۔ تیز چلنے والا بادل ۔ عورت جس کا بچہ کھو گیا ہو ۔ عقاب (۔۔۔ والعُبْرُ) آنکھ کی گرمی جو آنسو بہاتی ہے ۔

العَبْرُ والعِبْرُ والعُبْرُ ۔ قوی مضبوط ۔ (مذکر مؤنث واحد جمع) کہا جاتا ہے " فُلَانٌ عِبْرٌ لِكُلِّ عَمَلٍ " یعنی ہر عمل کے لائق ہے " جَمَالٌ عِبْرُ أَسْفَارٍ " چلنے میں قوی اونٹ ۔

العَبْرَةُ ۔ عبر کا اسم مرۃ آنسو ج عَبَر و عَبَرَات ۔ غم ۔

العِبْرَةُ ۔ نصیحت ۔ کہا جاتا ہے " لَكَ بِفُلَانٍ عِبْرَةٌ " احوال وکیفیات میں غور وفکر تعجب ۔ اصل جو نظائر کا مرجع ہو ۔

العِبَارَةُ ۔ اسم ہے عبّر کا ۔ معنی پر دلالت کرنے والے الفاظ ۔ کہا جاتا ہے " فُلَانٌ حَسَنُ العِبَارَةِ " فلاں اچھا بیان کرنیوالا ہے " هٰذَا عِبَارَةٌ عَنْ كَذَا " یہ اس کے ہم معنی ہے ۔

العَبِرُ مؤنث عَبِرَةٌ ۔ العَبْرَانُ مؤنث عَبْرَى ج عَبَارَى ۔ آنسو بہانے والا ۔ غمگین ۔

العِبْرِيُّ والعِبْرَانِيُّ ۔ یہودی ۔ یہودیوں کی زبان

العِبْرَانِيَّةُ ۔ یہودیوں کی زبان ۔ یہودیت ۔

العَبِيرُ ۔ ایک مرکب خوشبو کا نام ۔ سَهْمٌ عَبِيرٌ : بہت پروں والا تیر ۔ قَوْمٌ عَبِيرٌ : بہت لوگ ۔

المَعْبَرُ ۔ گذرگاہ ۔ گھاٹ ۔

المِعْبَرُ والمِعْبَرَةُ ۔ دریا عبور کرنے کا ذریعہ ۔

المُعْبَرُ ۔ بہت بالوں یا پروں والا ۔ غُلَامٌ مُعْبَرٌ : لڑکا جس کو احتلام ہونے لگے اور ابھی تک ختنہ نہ ہوا ہو ۔

العَبُور ۔ بکری کا بچہ ج عَبَائِر ۔ غیر مختون ج عُبُر

العَوْبَر ۔ چیتے کا بچہ ۔ تیندوے کا بچہ ۔

عَبَسَ (ض) عَبْسًا وعُبُوسًا ترشروئی کرنا ۔ تیوری چڑھانا ۔ چیں بجبیں ہونا (۔۔۔ وعَبَّسَ) الوَجْهَ ترش رو ہونا ۔ عَبَّسَ وَجْهَهُ : ترش روئی کرنا ۔

عَبِسَ (س) عَبَسًا البَعِيرُ : اونٹ کی دم پر مینگنی کا خشک ہونا ۔۔۔ الوَسَخُ فِي يَدِهِ وعَلَيْهَا میل خشک ہونا ۔

أَعْبَسَ الرَّجُلُ : میلا ہونا ۔ الإِبِلُ : دم پر خشک مینگنی والا ہونا ۔۔۔ الثَّوْبُ : میل خشک ہونا

تَعَبَّسَ ۔ ترش رو ہونا ۔

العَبَس مص ۔ اونٹ کی دم پر خشک مینگنی ۔

العَبُوسُ والعَبَّاس ۔ بہت ترش رو ۔ شیر ۔ يَوْمٌ عَبُوسٌ : سخت دن ۔

عَبَشَ (ن) عَبْشًا ۔ الشَّيْءَ : اصلاح کرنا ۔ درست کرنا ۔

العَبْش ۔ درستی ۔ صلاح (۔۔۔ ر العَبَش والعُبْشَة) غباوت ۔ کند ذہنی ۔

العُبْشَة والعَبَشَة ۔ غفلت ۔

عَبَطَ (ض) عَبْطًا ۔ الذَّبِيحَةَ : موٹے تازے کو ذبح کرنا ۔۔۔ الضَّرْعَ : تھن کو خون آلود کر دینا ۔۔۔ التُّرَابَ : مٹی اڑانا ۔۔۔ الرَّجُلَ : غیبت کرنا ۔۔۔ الدَّوَاهِي فُلَانًا : بلا کسی سبب کے

مصیبت پہنچا — الکِذْبَ: بلا کسی عذر کے جھوٹ گھڑنا — عِرْضَہٗ: گالی دینا۔ بے آبرو کرنا۔ عَبَطَتِ الرِّیْحُ وَجْہَ الْاَرْضِ: سطح زمین کا صاف کر دینا — الشَّیْءُ: پھٹ جانا۔

اَعْبَطَہٗ الْمَوْتُ: صحت و جوانی میں موت واقع ہونا۔

اِعْتَبَطَ۔ الذَّبِیْحَۃَ: موٹا تازہ ذبح کرنا — ہُ الْمَوْتُ: صحت و جوانی میں موت واقع ہونا — الرَّجُلَ: ظلماً قتل کرنا — العِرْضَ: گالی دینا بے آبرو کرنا — الرَّجُلُ: بخار آنا۔ زخمی کیا جانا

العَبْط۔ سفید جھوٹ۔ خالص افترا۔ کہا جاتا ہے مات عَبْطۃً یعنی صحیح تندرست جوان مرگیا

العَبِیْط۔ تندرست موٹا تازہ ذبح کیا ہوا جانور جمع عُبُط و عِبَاط۔ اَدِیْمٌ عَبِیْطٌ: پھٹا ہوا چمڑا۔ دَمٌ عَبِیْطٌ: تازہ خون۔

الاِعْتِبَاط۔ مصدر اِعْتَبَطَ۔ الحَذْفُ الاِعْتِبَاطِی عِنْدَ النُّحَاۃِ: وہ حذف جو بغیر کسی علت کے ہو

العَوْبَط۔ مصیبت۔ سمندر کا وہ حصہ جہاں پانی زیادہ ہو جمع عَوَابِط۔

عُبْعِبَ۔ الجَیْشُ: لشکر کا شکست کھانا۔

تَعَبْعَبَ۔ الشَّیْءَ: پورے کو ہلاک برباد کر دینا۔

العُبْعُب۔ کشادہ کپڑا۔ اونٹ کے بالوں کا نرم کمبل (— و العُبَعَاب) بلند قد والا۔ کشادہ حلق والا۔ کامل الخلقت۔

عَبِقَ (س) عَبَقاً و عَبَاقَۃً و عَبَاقِیَۃً الطِّیْبُ بِہٖ: خوشبو لگنا — المَکَانُ بِالطِّیْبِ۔ جگہ کا خوشبو سے بھڑک اٹھنا — فلانٌ بالشَّیْءِ حریص ہونا — بالمَکَانِ: اقامت کرنا۔

عَبَّقَ رَائِحَۃَ الطِّیْبِ: خوشبو پھیلانا۔

العَبَقَۃ۔ گھی وغیرہ کا بقیہ۔

العَبِق۔ خوشبودار۔ وہ چیز جس سے خوشبو بھڑکے۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ عَبِقٌ لَبِقٌ یعنی ظریف مرد۔

العَبَاقِیَۃ۔ مرد۔ مکار۔ مصیبت۔ چہرے پر زخم کا نشان۔ شاطر چور۔

عَبْقَرَ عَبْقَرَۃً السَّرَابُ: سراب کا چمکنا۔

عَبْقَر۔ نام ایک مقام کا جس کے متعلق عرب کا گمان تھا کہ وہاں جنات بہت ہیں۔

العَبْقَرِیّ۔ عبقر کی طرف منسوب۔ سردار ہر چیز سے فائق۔ تعجب انگیز چیز۔ مؤنث عَبْقَرِیَّۃ (— و العَبَاقِرِیّ) ایک قسم کا نفیس فرش۔

عَبَكَ (ن) عَبْكاً۔ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: ملانا۔

العَبَكَۃ۔ ٹکڑا۔ مشک کی میل۔ رسی کی گانٹھ کہتے ہیں "تَبْلَی الحَبْلُ و تَبْقَی العَبَكَۃُ" یعنی رسی جل جائے اور بل نہ جائے۔

عَبَلَ (ض) عَبْلاً۔ الشَّجَرَۃَ: درخت سے پتے گرانا — الحَبْلَ: رسی بٹنا — الشَّیْءَ: کاٹنا رد کرنا۔ روکنا — بِہٖ: لے جانا — الشَّجَرُ: پتے نکلنا۔

عَبِلَ (س) عَبَلاً و عَبُلَ (ک) عُبُوْلاً و عَبَالَۃً: موٹا ہونا۔ صفت عَبْلٌ و عَبِلٌ جمع عِبَال و عَبَابِل جمع عُبْل۔ مؤنث عَبْلَۃ جمع عَبْلَات و عِبَال۔

اَعْبَلَ۔ موٹا ہونا۔ سفید ہونا — الشَّجَرُ: درخت کا لپٹی ہوئی پتیوں والا ہونا۔

العَبَل۔ لپٹی ہوئی پتیاں۔ گرے ہوئے پتے جمع اَعْبَال۔

العَبِیْل۔ موٹا۔ مؤنث عَبِیْلَۃ۔

الاَعْبَل۔ سخت قسم کا پتھر جو سفید۔ سرخ کالا ہوتا ہے جمع اَعْبِلَۃ۔

العَبَال۔ جنگلی گلاب۔

العَبْلَاء۔ چٹان۔ بقول بعض سفید چٹان جمع عَبَال۔

المِعْبَلَۃ۔ تیر کا لمبا چوڑا پھل جمع مَعَابِل۔

العَبُوْل۔ موت۔

عَبُمَ (ک) عَبَامَۃً و عَبَاماً۔ بیوقوف ہونا مَاءٌ عُبَامٌ بہت پانی۔

العَبَام۔ سست تھکا ہوا۔ موٹا۔ بیوقوف بے عقل۔ بے ادب۔ بزدل جمع عُبُم۔

العَبَامَاء۔ بے وقوف۔

عَبَنَ (ن) عَبْناً۔ موٹا اور کھردرا ہونا۔ صفت عَبَنٌ و عَبَنّی۔ مؤنث عَبَنَّاۃ جمع عَبَنَّیَات۔

العَبْهَر۔ نرگس۔ چنبیلی (— و العَبَاهِر) بھرے ہوئے جسم والا۔ لمبا۔

عَبْهَلَہٗ۔ عتاب کرنا۔ عَبْهَلَ الاِبِلَ: اونٹ کو آزاد چھوڑ دینا۔

العَبَاهِل مِنَ الاِبِلِ: آزاد چھوٹے ہوئے اونٹ۔

العَبَاهِلَۃ۔ یمن کے بادشاہ جو اسلامی حکومت کے زمانے میں اپنی سلطنت پر چھوڑ دئے گئے تھے۔ واحد عَبْهَل۔

عَبَا یَعْبُوْ عَبْواً۔ چہرے کا دمک اٹھنا — المَتَاعَ: تیار کرنا۔

جَارِیَۃٌ عَابِیَۃٌ۔ خوب صورت لڑکی۔

عَبَّی تَعْبِیَۃً۔ الجَیْشَ۔ لشکر کو ترتیب دینا

تَعَبَّی۔ تیار ہونا۔

العِبّی۔ حصہ۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا عِبِّیْكَ مِنَ الجَزُوْرِ" ذبح کئے ہوئے (اونٹ یا بکری) سے یہ تمہارا حصہ ہے۔

رَجُلٌ عَبَاءٌ و عَبَاً۔ بھاری جسم والا اکھڑ۔

العَبَایَۃ۔ چغہ جمع عَبَایَات و عَبِیّ۔

عَتَّہٗ (ن) عَتّاً بالمَسْاَلَۃِ: سوال کرنے میں اصرار کرنا — ہٗ بالکَلَامِ: جھڑکی دینا۔

عَاتَّہٗ۔ جھگڑا کرنا۔ بار بار کلام کو لوٹانا۔

تَعَتَّتَ فِی کَلَامِہٖ: بار بار کلام کو دہرانا۔

العَتَت۔ کلام وغیرہ میں سختی۔

عَتَبَ (ن ض) عَتْباً و عُتْبَاناً و مَعْتَباً و مَعْتَبَۃً و مَعْتِبَۃً۔ عَلَیْہِ: کسی فعل پر سرزنش کرنا۔ خفگی ظاہر کرنا۔

(— عَتْباً و عِتَّاباً و عِتِّیْبَی) فُلَاناً: ملامت کرنا (— عَتْباً و عَتَبَاناً و تَعْتَاباً) ایک پاؤں پر کودنا (— البَعِیْرُ: تین ٹانگوں پر چلنا — عُتْبَاناً) البَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا — مِنْ مَکَانٍ اِلٰی مَکَانٍ و مِنْ قَوْلٍ اِلٰی قَوْلٍ: ایک جگہ سے دوسری جگہ یا ایک بات سے دوسری بات کی طرف منتقل ہونا۔

عَتَّبَ۔ الرَّجُلُ: دیر کرنا — البَابَ: دروازے

کی دہلیز بنانا۔ عَاتَبَہٗ عِتَابًا و مُعَاتَبَۃً عَلٰی کَذَا:
ملامت کرنا۔ غصہ کرنا۔ ناز سے خطاب کرنا۔
اَعْتَبَہٗ: سبب ناراضی و ملامت کو دور کرنا
رضا مند کرنا۔ اَعْتَبَ عَنْہُ: پھر جانا۔
تَعَتَّبَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے پر ناراضی
کا اظہار کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یَتَعَتَّبُ بِشَیْءٍ
وَلَا یُتَعَتَّبُ عَلَیْہِ فِیْ شَیْءٍ" یعنی اس پر عیب نہیں لگایا
جاتا۔ تَعَتَّبَ بَابَ فُلَانٍ: کسی کی چوکھٹ کو پھلانگنا
کسی کی چوکھٹ پر پڑا رہنا۔
تَعَاتَبَ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے پر ناراضی
کا اظہار کرنا۔ ناز سے ایک دوسرے سے گفتگو کرنا
اِعْتَتَبَ۔ میانہ روی اختیار کرنا۔ الطَّرِیْقَ
آسان راستہ چھوڑ کر دشوار اختیار کرنا — مِنْہُ
و عَنْہُ: پھر جانا۔
اِسْتَعْتَبَہٗ۔ رضا مند کرنا۔ رضا مندی
طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَعْتَبْتُہٗ فَاَعْتَبَنِیْ" اس
سے میں نے رضا مندی طلب کی اس نے مجھے
رضا مند کردیا۔ اور اسی سے ہے "مَا بَعْدَ الْمَوْتِ مُسْتَعْتَبٌ"
یعنی موت کے بعد طلبِ رضا مندی کا موقع نہیں۔
العَتَبُ۔ لنگڑاہٹ۔ کہا جاتا ہے "بِرِجْلِہٖ عَتَبٌ"
اس کے پیر میں لنگڑاہٹ ہے۔
العِتَبُ۔ بہت عتاب کرنے والا۔
العَتَبُ۔ انگشتِ شہادت اور بیچ والی انگلی
یا بیچ والی اور چھنگلیا کے پاس والی انگلی کا درمیان
فساد۔
العَتَبُ والعَتَبَۃُ۔ مکروہ امر۔ شدت۔ سخت زمین
العَتَبَۃُ۔ چوکھٹ۔ سیڑھی کا زینہ۔ ج عَتَبٌ
و عَتَبَاتٌ۔ عَتَبَاتُ الْمَوْتِ: موت کی سختیاں۔
العُتْبَۃُ۔ وادی کا موڑ۔
العُتْبٰی۔ رضا مندی۔
الاُعْتُوْبَۃُ۔ باعثِ عتاب ج اَعَاتِیْبُ
العَتُوْبُ۔ جس پر عتاب کا اثر نہ ہو۔ راستہ
المَعْتَبَۃُ والمَعْتِبَۃُ۔ مص۔ عتاب۔ غضب۔
المَعْتُوْبُ مفع۔ جس پر عتاب کیا جائے۔
اُمُّ عِتْبَانَ اُمُّ عَتَّابٍ۔ بجو۔

عَتُدَ (ک) عَتَادًا و عَتَادَۃً الشَّیْءُ:
تیار ہونا۔ آمادہ ہونا۔
عَتَّدَ و اَعْتَدَ۔ الشَّیْءَ: تیار کرنا۔
تَعَتَّدَ فِیْ صَنْعَتِہٖ: غور سے کرنا۔
العَتَادُ۔ سامان جو کسی مقصد کیلئے تیار
کیا جائے۔ سامانِ جنگ۔ بڑا پیالہ۔ ج
اَعْتُدٌ و عُتُدٌ و اَعْتِدَۃٌ۔
العَتَدُ والعَتِدُ مِنَ الْخَیْلِ: دوڑنے کے
لئے تیار گھوڑا۔ مضبوط۔ تام الخلقۃ (مذکر و مونث)
العُتُدَّۃُ۔ سامان۔ کہا جاتا ہے "خُذْ لِلْاَمْرِ عُتُدَّتَہٗ"
کام کے لئے اس کا سامان لو ج عُتَدٌ۔
العَتُوْدُ۔ یکسالہ بکری کا بچہ ج اَعْتِدَۃٌ و عِدَّانٌ
العَتِیْدُ۔ تیار۔ آمادہ۔ بھاری بھرکم جسم کا
العَتِیْدَۃُ۔ مؤنث عَتِیْدٌ۔ سنگھار دان۔
عَتَرَ (ض) عُتُوْرًا۔ الشَّیْءُ: مضبوط ہونا —
تَعَارًا) العَتِیْرَۃَ: ذبح کرنا (— عَتْرًا و عَتَرَانًا)
الرُّمْحُ: حرکت کرنا۔
العِتْرُ۔ اصل۔ اور اسی سے مثل ہے "عَادَتْ
اِلٰی عِتْرِہَا لَمِیْسُ" یعنی لمیس اپنی اصل کی طرف
لوٹ گئی۔ یہ مثال اس کیلئے بولی جاتی ہے جو
اپنی پرانی عادت پھر اختیار کرلے۔ العِتْرُ: ہر وہ
جانور جو ذبح کیا جائے۔ بتوں کے (— والعَتِیْرَۃُ
بکری جس کو جاہلیت کے زمانہ میں رجب کے مہینے
میں بتوں کے نام پر ذبح کیا کرتے تھے۔ ج عَتَائِرُ
العِتْرَۃُ۔ کنبہ۔ اولاد۔ مشک خالص کا ٹکڑا
خوشگوار تھوک۔ مرزنجوش۔ دانتوں کی تیزی و صفائی
العَتَّارُ۔ عضو تناسل۔
العَتَّارُ۔ بہادر۔ مضبوط گھوڑا۔ سخت خالی مقام
المُعْتَرُ مِنَ الرِّجَالِ: موٹا۔ اور عوام کے
نزدیک بمعنے شریر۔
عَتْرَسَ۔ سخت بھینچنا۔ سختی سے پکڑنا۔
عَتْرَسَہٗ مَالَہٗ: مال غصب کرلینا۔
العِتْرِسُ والعَتَرَّسُ۔ سخت بھینچنے والا
بڑے ڈیل ڈول کا موٹے موٹے جوڑوں والا۔
شیر۔ مرغ۔

العِتْرِیْسُ۔ سخت سرکش۔ غضبناک۔ بلا۔
مصیبت۔
العَنْتَرِیْسُ۔ موٹی مضبوط اونٹنی۔
العُتْرُسَانُ۔ مرغ۔
عَتْرَفَ لَہٗ۔ سخت ہونا۔
تَعَتْرَفَ۔ بزرگی ظاہر کرنا۔
العِتْرِیْفُ والعُتْرُوْفُ۔ خبیث۔ بدکار۔
مضبوط اونٹ۔ ج عَتَارِیْفُ۔
العُتْرُفَانُ۔ مرغ۔
عَتَفَ (ض) عَتْفًا۔ الشَّعْرَ: بال اکھیڑنا۔
العِتْفُ مِنَ اللَّیْلِ: رات کا ایک حصہ۔
عَتَقَ (ض) عَتْقًا و عِتْقًا و عَتَاقًا و عَتَاقَۃً
العَبْدُ: آزاد ہونا۔ صفت عَتِیْقٌ و عَاتِقٌ۔
عَتُقَ (ن) عَتْقًا و عِتْقًا و عَتُقَ (ک)
عَتَاقَۃً۔ پرانا ہونا — الشَّیْءُ: درست ہونا —
الخَمْرُ: شراب پرانی اور عمدہ ہونا صفت عَاتِقٌ و
عَتِیْقٌ و عُتَاقٌ — الیَمِیْنُ عَلَیْہِ: قسم واجب ہونا
اَعْتَقَ العَبْدَ: غلام آزاد کرنا — الفَرَسَ:
تیز دوڑانا — مَالَہٗ: درست کرنا۔
عَتَّقَ۔ الخَمْرَ: پرانی کرنا۔ عَتَّقَ الثَّوْبَ: کپڑے
کو پرانا کرنا — فُلَانًا بِغَیْرِہٖ: منہ سے کاٹ کھانا۔
العِتْقُ مص۔ اصل کا خالص ہونا۔ جمال۔
شرافت۔ نجابت۔ آزادی۔ کہنگی۔
العَتَقُ۔ کہنگی۔ آزادی۔ عاتق بمعنی کندھا
کی جمع۔
العَاتِقُ فا۔ کندھا ج عَوَاتِقُ و عُتُقٌ۔ کشادہ
مشک۔ عمدہ شراب۔ پرانی شراب۔ دوشیزہ۔
ج عُتُقٌ۔ عَاتِقُ الثُّرَیَّا: نام ستارہ (— و
العَاتِقَۃُ) پرانی سرخ کمان۔
العُتَاقُ۔ پرانی عمدہ شراب۔
العَتِیْقُ۔ پرانا۔ آزاد کردہ غلام۔ کریم۔ عمدہ
ج عُتَقَاءُ و عُتُقٌ۔ فَرَسٌ عَتِیْقٌ: خوش منظر گھوڑا۔
ج عِتَاقٌ۔ البَیْتُ العَتِیْقُ: خانہ کعبہ۔ اَمَۃٌ عَتِیْقٌ
آزاد کردہ لونڈی۔
المُعَتَّقَۃُ۔ پرانی عمدہ شراب۔ ایک قسم کا عطر

عَتَکَ (ض) عَتْکاً وعُتُوکاً۔ لڑائی میں حملہ کرنا۔۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا دانت کاٹنے کا ارادہ کرنا۔ عَتَکَ البَلَدَ: شہر پر ظلم کرنا۔۔ عَلَی الاَمرِ کسی کام پر اقدام کرنا۔۔ اِلَی المَکَانِ: مائل ہونا۔۔ عَلَیْہِ بِخَیرٍ اَو شَرٍّ: بھلائی یا برائی سے پیش آنا۔۔ اللَّبَنُ: دودھ کا کھٹا ہونا۔۔ القَوسُ: کمان پرانی ہونے سے سرخ ہونا۔ صفت عاتکہ ج عَوَاتِک۔

العَاتِکُ۔ فا۔ شریف۔ خالص۔ النَّبِیذُ العَاتِک۔ صاف شراب۔ اَحْمَرُ عَاتِکٌ: تیز سرخ

العَتْکُ مص۔ زمانہ۔ کہا جاتا ہے "مَضیٰ عَلَیْہِ عَتْکٌ" یعنی ایک زمانہ گذر گیا۔

العَتِیْکُ۔ پرانے ہونے سے سرخ۔۔ مِنَ الاَیَّامِ: سخت گرمی والا۔

عَتَلَہٗ (ن ض) عَتْلاً۔ سختی سے کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "عَتَلَہٗ اِلَی السِّجْنِ" قید خانے کی طرف سختی سے کھینچا۔۔ الشَّیْئَ: اٹھانا۔

عَتِلَ (س) عَتَلاً اِلَی الشَّرِّ: برائی کی طرف جلدی کرنا۔ صفت عَتِلٌ۔

اِنْعَتَلَ۔ کھنچ جانا۔۔ وتَعَتَّلَ: جگہ سے نہ ہٹنا۔

العَتَلَۃ۔ بڑا ڈھیلا۔ کدالہ۔ بڑی لاٹھی۔ ج عَتَل

العُتُلّ۔ بہت کھانے والا۔ سرکش۔ سخت عادت والا۔ سخت۔

العَتَّال۔ باربردار۔ قلی۔ پیشے کا نام العِتَالَۃ۔

العَتِیْل۔ مزدور۔ خادم ج عُتُل و عُتَلَاء۔ دَاءٌ عَتِیْلٌ: سخت مرض۔

المِعْتَل۔ کھینچنے میں قوی و مضبوط۔

عَتَمَ (ض) عَتْماً۔ اللَّیْلُ: رات کا ایک حصہ گذرنا۔۔ عَنِ الاَمرِ: کام کرتے کرتے رک جانا قِرَی الضَّیفِ: مہمانی کے کھانے میں دیر کرنا۔

عَتَّمَ عَنِ الاَمرِ: کام کرتے کرتے رک جانا ۔۔ قِرَاہُ: مہمانی کے کھانے میں تاخیر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَتَّمَ اَنْ فَعَلَ کَذَا" یعنی دیر نہیں کی۔ "حَمَلَ عَلَیْھِمْ فَمَا عَتَّمَ" یعنی ان پر حملہ کیا تو منہ نہیں پھیرا ۔۔ الرَّجُلُ: تاریکی میں چلنا۔۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا انسان کے سر کے قریب پر پھڑپھڑانا۔

اَعْتَمَ قِرَی الضَّیفِ: مہمانی کے کھانے میں دیر کرنا۔ دیر ہونا (لازم و متعدی)۔۔ حَاجَتَہٗ موخر کرنا۔۔ حَاجَتُہٗ: موخر ہونا۔۔ اللَّیْلُ: رات کا ایک حصہ گذرنا۔۔ الرَّجُلُ: تاریکی میں چلنا یا داخل ہونا۔۔ عَنِ الاَمرِ: کام کرتے کرتے رک جانا۔

عَتَمَتْ (ن ض) عَتْماً واَعْتَمَتْ وتَعَتَّمَتْ واسْتَعْتَمَتِ النَّاقَۃُ: عشاء کے وقت دوہا جانا صفت عَاتِمَۃ۔ ج عَاتِمَات وعَوَاتِم اِسْتَعْتَمَ الرَّجُلَ دیر کرانا۔۔ النَّعَمَ: چوپایوں کے دوہنے میں دیر کرنا۔

العُتْمُ والعُتُمُ۔ جنگلی زیتون کا درخت واحد عُتْمَۃ وعُتُمَۃ۔

العَتَمَۃ۔ رات کی پہلی تہائی۔ رات کی تاریکی دیر کرنا۔

العَاتِم۔ فا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَنَا ضَیفٌ عَاتِمٌ" ہمارے پاس مہمان دیر میں شام کے وقت آیا مؤنث عَاتِمَۃ۔

النُّجُومُ العَاتِمَات۔ ستارے جو غبار وغیرہ کی وجہ سے تاریک ہو جائیں۔

العَتُوم۔ اونٹنی عشاء کے وقت دودھ دینے والی۔ العَتُومَۃ: بہت دودھ دینے والی اونٹنی

المِعْتَام۔ دیر کرنے والا۔ رَجُلٌ مِعْتَامُ القِرَیٰ دیر میں مہمانی کا کھانا پیش کرنے والا۔

عَتَنَہٗ (ض ن) عَتْناً۔ اِلَی السِّجْنِ: قید خانے کی طرف زور سے دھکیلنا۔

اَعْتَنَ عَلَی غَرِیمِہٖ: قرض دار پر سختی کرنا۔ تکلیف پہنچانا۔

العَاتِن والعَتُون۔ قوی ج عُتُن۔

العَتِن من الرجال: سخت حملہ کرنے والا۔

عَتِہَ (س) وعُتِہَ عَتَھاً وعُتْھاً وعَتَاھاً وعُتَاھاً وعَتَاھَۃً وعَتَاھِیَۃً۔ کم عقل ہونا۔ مدہوش ہونا۔ صفت مَعْتُوہ و مُعَتَّہ وعَتَاہِیَۃ فِی العِلْمِ: حریص ہونا۔ عُتِہَ فُلَانٌ فِی فُلَانٍ تکلیف پہنچانے کا خواہش مند ہونا صفت عَتِیْہ ج عُتَہَاء۔

تَعَتَّہَ۔ جاہل بننا۔ پاگل بننا۔۔ عَنہُ تغافل برتنا۔

العَتَاھِیَۃ والعَتَاھَۃ مص۔ جنون اور دہشت سے پاگل لوگ۔ العَتَاھَۃ: گمراہی۔ بیوقوفی۔

عَتَا یَعْتُو عُتُوّاً وعُتِیّاً وعِتِیّاً: تکبر کرنا۔ حد سے گذرنا۔ صفت عَاتٍ ج عُتَاۃ وعُتِیّ ۔۔ عَنِ الاَدَبِ: ادب قبول نہ کرنا۔

العَاتِی۔ فا۔ سرکش۔ لَیْلٌ عَاتٍ۔ بہت تاریک رات۔

العَتِیّ۔ سرکش ج اَعْتَاء۔

عَتِیَ یَعْتَیٰ۔ بمعنے عَتَا یَعْتُو۔

تَعَتَّیٰ تَعَتِّیاً۔ نافرمانی کرنا۔ اطاعت نہ کرنا

عَثَّہٗ (ن) عَثّاً۔ اصرار کرنا۔ عَثَّتِ العُثَّۃُ الصُّوفَ: کیڑے کا اون کو چاٹنا۔ عَثَّتِ الحَیَّۃُ فُلَاناً: سانپ کا ڈس لینا۔ سانپ کے پھونکنے سے بال کا گرنا۔

عَثَّثَ تَعْثِیثاً وعَاثَّ عِثَاثاً ومُعَاثَّۃً فِی غِنَائِہٖ: سر نکالنا۔

اِعْتَثَّہٗ۔ عِرْقُ سُوْءٍ: بد اصلی کا نیکی سے روک دینا۔

العِثّ۔ ایک قسم کے سانپ جو خشک سالی میں ایک دوسرے کو کھا جاتے ہیں۔ ج عِثَاث

العَثَّاء۔ سانپ۔

العُثَّۃ۔ مِنَ النِّسَاءِ: لاغر بدن کی عورت گمنام حقیر عورت ج عِثَاث۔

العُثَّۃ۔ کیڑا اون چاٹنے والا ج عُثّ و عُثَث۔ بڑھیا۔ بے وقوف عورت۔ بدزبان گمنام عورت۔

عَثَجَ (ض) عَثْجاً۔ آہستہ آہستہ پینا۔

العَثْج۔ رات کا حصہ (۔۔ العَثَجُ والعَثَجَۃ) لوگوں کی جماعت۔

عَثَرَ (ن ض) وعَثِرَ (س) وعَثُرَ (ک) عَثْراً

وعَثِيرًا وعِثارًا - گرنا - الفرسُ: گھوڑے کا پھسلنا اور اوندھا ہونا - العِرقُ: رگ کا حرکت کرنا - کہا جاتا ہے "عثرَ بِهِمُ الزمانُ" زمانہ نے ان کے اندر تباہی ڈال دی "عثرَ جَدُّهُ" یعنی ہلاک ہوگیا -

عَثَرَ (ن) عَثْرًا وعُثُورًا - علی السِّرِّ وغیرہ بھید پر مطلع ہونا -

عَثَّرَہ و اَعْثَرَہ - پھسلانا - اَعْثَرَہ علی السِّرِّ وغیرہ: بھید پر مطلع کرنا - اَعْثَرَہ علی اَصْحَابِہ: بتادینا

اَعْثَرَ بِہ عِندَ الامیرِ: عیب لگانا - طعنہ دینا -

تَعَثَّرَ الرجلُ والفرسُ والجلدُ: بمعنے عَثَرَ — بِلِسانِہ: زبان کا رکنا -

العُثْرُ - عقاب (— والعَثَرُ) جھوٹ -

العَثْرَۃ - لغزش - جہاد - لڑائی - گرنا - ج عَثَرات -

العَثُورُ - بہت گرنے والا - بہت پھسلنے والا -

العاثِرُ - جھوٹا -

العاثُورُ - شیر کے شکار کیلئے گڑھا - کنواں ج عَواثِرُ و عَوَاثِیرُ (— والعِثَارُ) پھسلن بدی - مکروہ - جائے ہلاکت - جب کوئی آدمی ورطہ میں پڑجائے تو کہا جاتا ہے "قد وقع فی عاثورِ شرٍ" یعنی شدت میں پڑگیا -

العِثْیَرُ - مٹی - غبار (— والعَیْثَرُ والعِثْیَرُ) مخفی نشان -

عَثْکَلَ الهودجَ: ہودہ کو جھالر وغیرہ سے مزین کرنا — الرجلُ: سست رفتار سے دوڑنا — العِذقُ: بہت گچھے دار ہونا -

العُثکُولۃ والعُثکُولُ والعِثکالُ - کھجور کا گچھا ج عَثاکِیلُ -

العُثکُولۃ - جھالر وغیرہ جو ہودج میں لٹکایا جائے -

عَثِلَ (س) عَثَلًا - الشیءُ: بکثرت ہونا - موٹا ہونا - صفت عَثِلٌ و عَثْلٌ -

عَثَلَتْ (ن) عَثْلًا - یَدُہ: ٹوٹنے کے بعد ٹیڑھا جڑنا -

العَثْلُ - بکری کے اوجھ پر کی چربی کی چادر -

العَثْوَلُ - بیوقوف ج عُثُلٌ -

العِثْیَلُ - نر بجو -

العِثْوَلُ - سر اور جسم پر بہت بالوں والا - — مِنَ الرجالِ: اجڈ درشت مزاج -

عَثَمَ (ن) عَثْمًا - العظمُ المکسورُ: ٹوٹی ہوئی ہڈی کا ناہموار جڑنا — العظمَ: ہڈی کو ناہموار جوڑنا -

اِعْتَثَمَ بِہ: مدد طلب کرنا - نفع اٹھانا - بِیَدِہ: جھکانا -

العَیْثُومُ - بجو - ہاتھی -

العَیْثَمِیُّ - گورخر -

العُثمانُ - حباری کا بچہ - سانپ - سپولیا اژدہے کا بچہ -

اَبُو عُثمان - سانپ -

عَثَنَ (ن) عَثْنًا و عُثانًا و عُثُونًا - فی الجبلِ: پہاڑ پر چڑھنا (— و عَثَّنَ) الثوبَ: کپڑے کو دھونی دینا - عَثَنَتْ و عَثَّنَتِ النارُ: آگ سے دھواں نکلنا - کہا جاتا ہے "عَثَنَ علی القومِ" یعنی فساد پیدا کردیا -

عَثِنَ (س) عَثَنًا - الثوبُ: کپڑے کا خوشبودار ہونا -

تَعَثَّنَ - دھونی لگنا -

العُثانُ مم - غبار - دھواں ج عَواثِنُ -

العَثَنُ - دھواں - غبار - چھوٹا بت -

العَثِنُ والمَعْثُونُ - دھواں لگنے سے بگڑا ہوا کھانا -

العِثْنُ - ناظم مال - رنگی ہوئی روئی -

المُعَثَّنُ - مفعو - بڑی ڈاڑھی والا -

العُثْنُونُ - ڈاڑھی — مِنَ المطرِ او الریحِ بارش یا ہوا کی ابتداء ج عَثانِینُ -

عَثا یَعْثُو عُثُوًّا و عَثَی یَعْثِی و یَعْثَی و عَثِیَ یَعْثَی عُثِیًّا و عِثِیًّا و عَثَیانًا - فساد، کفر یا کبر میں مبالغہ کرنا - صفت عاثٍ ج عُثاۃ و عُثِیٌّ و عِثِیٌّ -

العَثْوَۃ - زلف دراز - ج عُثًی -

الاَعْثَی - سیاہی مائل رنگ والا - بے وقوف - بہت بالوں والا -

العَثْوَاءُ - بجو -

العِثْیانُ - نر بجو -

عَجَّ (ن ض) عَجًّا و عَجِیجًا - چلانا - آواز بلند کرنا — الناقۃَ: اونٹنی کو "عاج عاج" کہہ کر ہانکنا (— و اَعَجَّتِ) الریحُ: ہوا کا غبار اڑانا کہا جاتا ہے "لہ رائحۃٌ تعجُّ فی المسجدِ" اس کی بو ہے جو مسجد میں بھڑک اٹھتی ہے -

عَجَّجَ الغبارَ: غبار اڑانا — البیتَ مِنَ الدخانِ: مکان کو دھوئیں سے بھر دینا -

تَعَجَّجَ - دھوئیں سے بھر جانا -

العُجَّۃ - ایک قسم کا کھانا جو انڈا آٹا اور گھی یا تیل سے تیار کیا جاتا ہے - خاگینہ -

العَجاجُ - غبار - دھواں - بے وقوف ادنی لوگ - واحد العَجاجۃ -

العَجاجۃ - غبار - بہت اونٹ - کہا جاتا ہے "تَبدَّ عَجاجَتَہ" یعنی جس کام میں تھا اس سے رک گیا "لفَّ عَجاجَتَہ علیہم" یعنی غارت ڈالا -

العَجّاجُ - چیخنے والا - چلانے والا - غبار کو اڑانے والا - یَومٌ عَجّاجٌ: گرد و غبار کا دن -

رِیحٌ مَعاجِیجُ - غبار اڑانیوالی ہوا -

عَجِبَ (س) عَجَبًا - مِنَ الامرِ ولہُ: تعجب کرنا — اِلیہ: پسند کرنا -

اَعْجَبَہ و عَجَّبَہ - تعجب میں ڈالنا -

اُعْجِبَ بالشیءِ: خوش ہونا اور تعجب کرنا — اُعْجِبَ بِنَفْسِہ: غرور کرنا - تکبر کرنا - کہا جاتا ہے "ما اَعْجَبَہ بِرأیِہ" وہ اپنی رائے پر مغرور (اور یہ شاذ ہے اس لئے کہ فعل تعجب مجہول سے بنایا گیا ہے)

تَعَجَّبَ و اِستَعْجَبَ مِنہُ: تعجب کرنا - کہا جاتا ہے "تَعَجَّبَنی فلانٌ" یعنی فلاں نے مجھ کو فریفتہ کرلیا اور فتنہ میں ڈال دیا -

العَجُب - ہر شئے کا پچھلا حصہ - دم کی جڑ۔ ج عُجُوب۔

العُجب - فخر - غرور - خود بینی پیش آمدہ چیز کا انکار۔

العَجَب - حیرانی - تعجب — مِنَ اللّٰہِ: رضا مندی ج اَعْجَاب۔

عَرِفَ (س) عَرَفاً۔ خوشبو ترک کر دینا۔
عُرِفَ الرَّجُلُ: ہتھیلی میں پھوڑا ہونا۔ صفت معروف۔
عَرَّفَ۔ الشَّیْءَ: خوشبودار کرنا۔ عَرَّفَه الأَمرَ واقف کرا دینا۔ عَرَّفَه بِفُلاَنٍ: نام بتا دینا۔
عَرَّفَ الضَّالَّةَ: گمشدہ کو ڈھونڈنا — الطَّعَامَ: سالن زیادہ کرنا — الاِسمَ: اسم نکرہ کو معرفہ بنانا — الحُجَّاجُ: حاجیوں کا عرفہ میں ٹھہرنا (— و اَعرَفَ) فلاناً: خطا پر مطلع کرنا اور معاف کر دینا و اَعرَفَ الفَرَسُ: گھوڑے کا لمبے ایال والا ہونا۔
تَعَرَّفَ الاِسمُ: اسم نکرہ کا معرفہ ہونا — الشَّیْءَ: طلب کرنا یہاں تک کہ پہچان لینا — الضَّالَّةَ: گمشدہ کو تلاش کرنا — بِفُلاَنٍ: آشنا ہونا — اِلَیهِ: واقف کرنا۔
تَعَارَفَ۔ القَومُ: ایک دوسرے کو پہچاننا۔
اِعتَرَفَ۔ بِالشَّیْءِ: اقرار کرنا۔ ذلیل ہونا، تابعدار ہونا — الشَّیْءَ: پہچاننا — بِه: رہنمائی کرنا — الرَّجُلُ: دریافت کرنا — اِلَیهِ: نام اور حال کی اطلاع دینا — لِلأَمرِ: صبر کرنا — الضَّالَّةَ: گمشدہ کا مالک ظاہر کرنے کے لئے اوصاف بتانا۔
اِستَعرَفَ۔ الشَّیْءَ: پہچاننا — اِلَی فُلاَنٍ: واقفیت کے لئے نسبت بیان کرنا۔
اِعرَورَفَ۔ لِلشَّرِّ: برائی کیلئے آمادہ ہونا۔ — الفَرَسُ: گھوڑے کا ایال والا ہونا — البَحرُ: سمندر کی موجوں کا بلند ہونا — النَّخلُ: درختِ خرما کا گنجان ہونا — الدَّمُ: خون کا جھاگ والا ہونا — الرَّاکِبُ الفَرَسَ: سوار کا گھوڑے کے ایال پر سوار ہونا — الرَّجُلُ: درختِ خرما پر چڑھنا۔
العَرف۔ بو۔ اکثر خوشبو کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا اَطیَبَ عَرفَه" اسکی خوشبو کیسی اچھی ہے۔
العُرف۔ جود۔ بخشش۔ بھلائی۔ عطیہ۔ اقرار۔ کہا جاتا ہے "لَہٗ عَلَیَّ اَلفٌ عُرفاً" اس کے میرے اوپر ہزار ہیں مجھے اقرار ہے۔ ایال۔ مرغ کی کلغی۔ نیکی۔
العُرُف۔ موج۔ اونچی جگہ۔ آگے پیچھے۔ کہا جاتا ہے جَاءَ القَومُ عُرُفاً یعنی قوم آگے پیچھے آئی ج عُرُف و اَعرَاف۔ العُرف: اصطلاح تسلیم کردہ باتیں۔ عُرفُ اللِّسَانِ: اصطلاحِ لغوی۔ عُرفُ الشَّرعِ: اصطلاحِ شرعی۔
العُرف والعِرف۔ صبر۔
العُرُف۔ ایال۔ ریت کی اونچی جگہ۔
العَرفَة۔ ہوا۔ ہتھیلی کا زخم (— والعِرفَة) دریافت۔ سوال۔
العُرفَة۔ دو چیزوں کے درمیان کی حد۔ ریت کی اونچی جگہ۔ ج عُرَف۔
عَرَفَة۔ مکہ کے قریب ایک پہاڑ کا نام نویں ذی الحجہ۔
عَرَفَات۔ مکہ سے بارہ میل کے فاصلہ پر ایک پہاڑی جو حاجیوں کے لئے نویں تاریخ ذی الحجہ میں وقوف کرنے کی جگہ ہے اور نسبت کے لئے عَرَفِی۔
العِرَافَة: نجومی کا پیشہ۔
العَرَّاف۔ نجومی۔ طبیب۔
العِرفَان مص۔ معروف۔
العِرِفَّان والعُرُفَّان۔ اقرار کرنے والا بتانے والا۔
الاِعتِرَاف مص۔ پادری کے سامنے گناہ کا اقرار کرنا۔
العَارِف۔ فا۔ صبر کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَمرٌ عَارِفٌ" یعنی معروف ہے۔
العَارِفَة۔ مؤنث عارف۔ معروف۔ عطیہ ج عَوَارِف۔
العَرُوف۔ بمعنے عارف۔ صبر کرنے والا۔ ج عُرُف۔
العَرُوفَة۔ جاننے والا۔ عالم۔
العَرِیف۔ جاننے والا۔ عالم۔ اپنے ساتھیوں کا تعارف کرانے والا۔ قوم کے معاملات کی دیکھ بھال کرنیوالا۔ نقیب۔ اور یہ رئیس سے کم مرتبہ کا ہوتا ہے اور اسی سے ہے "عَرِیفُ المَکَاتِب" اسکول کا مانیٹر۔ ج عُرَفَاء۔ اَمرٌ عَرِیفٌ: امر معروف
الاَعرَف۔ اسم تفضیل۔ کلغی والا۔ ایال والا۔ حَزنٌ اَعرَفُ۔ بلند جگہ۔
العَرفَاء۔ مؤنث الاَعرَف۔ ج عُرف۔ مؤ۔ تَلَّةٌ عَرفَاء۔

بلند چوٹی ج عُرَف -
الْاَعْرَاف - دوزخ اور بہشت کے درمیان ایک مقام - ایک قسم کی کھجور کا درخت - اَعْرَافُ الرِّیَاحِ وَالسَّحَابِ: ابتدائی ہوائیں - بلند بادل اَعْرَافُ الْحِجَابِ وَالرَّمْلِ: حجاب اور ریت کی بلندیاں - الْاَعْرَاف: قرآن پاک کی ایک سورت کا نام -
الْمَعْرِفَة - حقیقت کو پالینا -
الْمَعْرَفُ وَالْمَعْرِفُ - چہرہ - چہرے کے محاسن ج مَعَارِف - کہا جاتا ہے "هُمْ غُرُّ الْمَعَارِفِ شُمُّ الْمَرَاعِف" وہ روشن چہرہ اور اونچی ناک والے ہیں - الْمَعَارِف: علوم - مَعَارِفُ الرَّجُلِ: شناسا لوگ - کہا جاتا ہے "هُوَ مِنَ الْمَعَارِفِ" وہ مشہور لوگوں میں سے ہے -
الْمَعْرَفَة - ایال کے اُگنے کی جگہ - ج مَعَارِف
الْمَعْرُوْف - مقم مشہور - خیر - رزق - احسان - اَرْضٌ مَعْرُوفَةٌ: اچھی بو والی زمین -
الْعَرْفَج - ایک قسم کا درخت جو نرم زمین میں ہوتا ہے ج عَرَافِج - الْعَرَافِج: ریت جس میں راستہ نہ ہو -
عَرَقَ (ن) عَرْقًا وَمَعْرَقًا - الْعَظْمَ: ہڈی پر سے سارا گوشت کھالینا - کہا جاتا ہے "عَرَقَتْهُ الْخُطُوْبُ" حوادث نے اس کو پوری طرح سے گھیر لیا - الطَّرِيقَ: قطع مسافت کرنا - عَرْقًا وَعُرُوقًا فِي الْاَرْضِ: سفر کرنا -
عَرُقَ عَرَاقَةً - دبلا ہونا - کم گوشت ہونا
عَرِقَ (س) عَرَقًا - پسینہ آنا - صفت عَرْقَان --- الْحَائِطُ: دیوار کا تر ہونا --- الرَّجُلُ: کاہل ہونا -
عَرَّقَ - پسینہ لانا - عَرَّقَ وَاَعْرَقَ الشَّجَرُ لمبی جڑ والا ہونا - عَرَّقَ وَاَعْرَقَ الْخَمْرَ: شراب میں تھوڑا پانی ملانا - عَرَّقَ وَاَعْرَقَ الْإِنَاءَ: برتن میں تھوڑا پانی ڈالنا - اَعْرَقَ الرَّجُلُ: عراق میں جانا - خاندانی شریف ہونا -
اِعْتَرَقَ - الشَّجَرُ: لمبی جڑ والا ہونا --- الْعَظْمَ ہڈی پر جو کچھ گوشت ہو کھالینا --- الْقَوْمُ: عراق میں جانا - کہا جاتا ہے "تَعَرَّقَتْهُ الْخُطُوْبُ" حوادث نے اس کو پوری طرح گھیر لیا -
اِسْتَعْرَقَ - پسینہ لانے کیلئے گرمی کے درپے ہونا --- الشَّجَرُ: لمبی جڑ والا ہونا -
الْعَرَاق - ہڈی جس پر سے گوشت اتار لیا گیا ہو ج عِرَاق وعُرَاق -
الْعِرْق - ہر چیز کا اصل --- مِنَ الْبَدَنِ رگ بدن - دشوار گذار پہاڑ - چھوٹا پہاڑ - تھوڑا پانی - شور زمین - دودھ - بہت اولاد - ریت کی باریک اور لمبی دھاری ج عُرُوْق و اَعْرَاق وعِرَاق - ذَاتُ عِرْقِ النَّسَاءِ - وجع مفاصل کی ایک قسم جو ران سے شروع ہوتی ہے اور ٹخنے یا قدم تک پہنچتی ہے -
الْعَرَق مع پسینہ - دیوار کی تری - دودھ اسلئے کہ رگوں سے کھینچ کر تھن میں پہنچتا ہے - دیوار میں کچی اینٹوں یا پتھر کی قطار اور عام لوگ اسے "مدماک" کہتے ہیں - پہاڑ کے راستے - ایک قطار میں اونٹوں کے چلنے کے نشان - دوڑ - کہا جاتا ہے "جَرَى الْفَرَسُ عَرَقًا اَوْ عَرَقَيْنِ: گھوڑا ایک یا دو مرتبہ دوڑا --- مِنَ التَّمْرِ: کھجور کا رس - عَرَقُ الْخِلَالِ: دوست کا عطیہ - عرق کا اطلاق شراب پر بھی ہوتا ہے - کہا جاتا ہے "لَقِيتُ مِنْهُ عَرَقَ الْقِرْبَةِ" "جَشِمْتُ اِلَيْكَ عَرَقَ الْقِرْبَةِ" مشقت اور شدت سے کنایہ ہے - مراد یہ ہے کہ میں نے ایسی مشقت اٹھائی جیسے کہ مشک کا اٹھانے والا کہ اس کو بوجھ کی وجہ سے پسینہ آجاتا ہے
الْعَرَقِيَّة - عمامہ اور ٹوپی کے نیچے کا کپڑا -
الْعُرَق وَالْعُرَقَة - بہت پسینہ والا -
الْعَرْقَة - اسم مرة - گوشت کا ٹکڑا - پہاڑ میں راستے -
الْعِرْقَة - اصل - درخت کی جڑ کا ریشہ - ج عِرَق وعِرْقَات -
الْعُرْقَاة وَالْعِرْقَاة - اصل - درخت کی جڑ کا ریشہ -
الْعَرْقَاة وَالْعَرْقُوَة - ڈول کے منہ کی لکڑی ج الْعَرَاقِي -
الْعَرَقَة - دیوار میں کچی اینٹوں یا پتھر کی قطار گھوڑوں یا پرندوں کی قطار - شہتیر - وہی خیمہ کے ارد گرد کا پھندنا ج عَرَق وعَرَقَات ---
الْعَرِيْق وَالْمُعْرِق - خاندانی شرافت یا کمینگی غُلَامٌ عَرِيْقٌ: دبلا لڑکا --- وَالْاَعْرَق (صاحب اصل - کہا جاتا ہے "هُوَ اَعْرَقُ مِنْكَ فِي كَذَا" وہ فلاں چیز میں تم سے زیادہ صاحب اصل ہے
الْعِرَاق - طول میں سمندر کا کنارہ - پر کا جوڑ --- مِنَ الدَّارِ: گھر کا صحن --- مِنَ الظُّفُرِ: ناخن کے گرداگرد گوشت --- مِنَ الْاُذُنِ: کان کا گھیرہ مِنَ النَّهْرِ: ندی کا کنارہ ج اَعْرِقَة وعُرُق وعُرُق وَالْعِرَاق: ملک عراق جو عبادان سے موصل تک طولاً اور قادسیہ سے حلوان تک عرضاً ہے -
الْعِرَاقَان: کوفہ وبصرہ -
الْعُرَاق - ہڈی جس کا گوشت کھالیا گیا ہو - کثیر بارش - عُرَاقُ الْغَيْثِ: بارش کے بعد کی روئیدگی
الْعَرَاقَة - کثیر بارش -
الْعَوَارِق - داڑھیں -
الْمِعْرَق - چھری وغیرہ جس سے ہڈی پر سے گوشت اتارا جاتا ہے -
رَجُلٌ مُعَرَّقٌ وَمَعْرُوقُ الْعِظَامِ: دبلا -
عَرْقَبَ - الرَّجُلُ: حیلہ کرنا --- الدَّابَّةَ: کونچیں کاٹنا - کھڑا کرنے کیلئے کونچیں اٹھانا
تَعَرْقَبَ - حیلہ کرنا - عرقوب کے مانند ہونا - (دیکھو لفظ عُرْقُوب) --- عَنِ الْاَمْرِ: باز رہنا - پہاڑ پر تنگ راستوں میں چلنا --- لِخَصْمِهِ: دشمن کے لئے مخفی طریقہ اختیار کرنا -
الْعُرْقُوب - کونچ - ایڑی کے اوپر کا پٹھا - وادی کا موڑ - پہاڑی راستہ - حیلہ ج عَرَاقِيب عَرَاقِيبُ الْاُمُوْرِ: مشکل کام - عُرْقُوب نام ایک شخص کا جو جھوٹ اور وعدہ خلافی میں ضرب المثل تھا
عَرْقَصَ - الْغُلَامُ: لڑکے کا ناچنا - عُرْقُصَةُ الْحَيَّةِ: سانپ کا رینگنا -

عَرْقَلَ - توسط سے ہٹ جانا — الْاَمْرَ: دشوار کردینا — عَلَيْهِ الْكَلَامَ: ٹیڑھا کرنا۔
تَعَرْقَلَ الْاَمْرُ: پیچیدہ ہونا — الْكَلَامُ: ٹیڑھا ہونا۔
الْعِرْقَالُ - گمراہ - کج رو۔
الْعِرْقِيلُ - انڈے کی زردی۔
الْعَرَاقِيلُ - مصیبتیں - عَرَاقِيلُ الْاُمُوْرِ: دشوار امور۔
الْعَرْقَلِيُّ - نازو نخرے کی چال۔
عَرَكَ (ن) عَرْكًا - الْاَدِيْمَ: چمڑے کو ملنا — هُ الدَّهْرُ: زمانے کا کسی کو تجربہ کار بنا دینا — الشَّيْءَ: رگڑتے رگڑتے مٹا دینا — الْمَاشِيَةُ النَّبَاتَ: جانوروں کا ساری نباتات کو کھا جانا — الْمَاشِيَةُ الْاَرْضَ: چارے سے خالی کردینا (— عَرْكًا وعَرَاكًا وعُرُوْكًا) الْمَرْاَةُ: عورت کا حائضہ ہونا - کہا جاتا ہے "عَرَكَ الْاَذَى بِجَنْبِهِ" یعنی اس نے مشقت اٹھائی۔
عَرِكَ (س) عَرَكًا - سخت حملہ آور ہونا - صفت عَرِكٌ۔
عَارَكَهُ مُعَارَكَةً وعِرَاكًا - مقابلہ کرنا - مزاحمت کرنا - کہا جاتا ہے "اَوْرَدَ اِبِلَهُ عِرَاكًا" یعنی وہ سارے اونٹوں کو پانی پر لایا۔
تَعَارَكَ الشَّيْءُ: ملا جانا۔
تَعَارَكَ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔
اِعْتَرَكُوا - آپس میں جنگ کرنا - "اِعْتَرَكَ النَّاسُ فِي الْمَعْرَكَةِ اَوِ الْخُصُوْمَةِ": لوگوں کا میدانِ جنگ میں قتل و قتال کیلئے پل پڑنا — الْاِبِلُ فِي الْوِرْدِ: اونٹوں کا گھاٹ پر اترنے میں بھیڑ کرنا — الرِّجَالُ فِي الْحَرْبِ: انبوہ کرنا اور ایک دوسرے کو رگڑنا۔
الْعَرَاكُ والْعِرَاكُ - آواز۔
الْعَرَكِيُّ - مچھلی کا شکاری - ج عَرَكٌ - ج عُرُوْكٌ۔
الْعَرْكَةُ - بار بار - کہا جاتا ہے لَقِيْتُهُ عَرْكَةً و عَرَكَاتٍ۔
الْعَرِيْكَةُ - مشقت برداشت کرنے والا۔
الْعَرِيْكَةُ - کوہان - نفس - طبیعت عادت - کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَيِّنُ الْعَرِيْكَةِ" یعنی نرم خو ہے - "هُوَ شَدِيْدُ الْعَرِيْكَةِ" یعنی وہ سخت مزاج ہے - ج عَرَائِكُ۔
الْمَعْرَكُ والْمَعْرَكَةُ والْمَعْرُكَةُ - میدانِ جنگ ج مَعَارِكُ۔
الْمُعْتَرَكُ - میدانِ جنگ - مُعْتَرَكُ الْمَنَايَا انسان کی عمر ساٹھ اور ستر سال کے درمیان
الْمُعَارِكُ فا - جنگجو - سخت حملہ آور۔
الْمَعْرُوْكُ مفع - تا "مَعْرُوْكَةٌ": جس پانی پر بھیڑ زیادہ ہو - ارض معروکۃ - جس زمین کو جانوروں نے چر کے صاف کردیا ہو - رَمْلٌ مُعْرَوْكٌ وعَرِيْكٌ" جمع شدہ ریت ایک دوسرے میں داخل۔
عَرْكَسَ - الشَّيْءَ: تہ بتہ ہونا - الشَّيْءَ: تہ بتہ کرنا
اِعْرَنْكَسَ - جمع ہونا اور تہ بتہ ہونا — الشَّعْرُ: بالوں کا سخت کالا ہونا۔
عَرَمَ (ن ض) عَرْمًا - الْعَظْمَ: ہڈی سے گوشت اتار لینا — الصَّبِيُّ اُمَّهُ: بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا — الْاِبِلُ الشَّجَرَ: اونٹ کا درخت سے پتے کھانا — فُلَانًا: تکلیف پہنچانا۔
عَرَمَ (ن ض) عُرَامًا وعَرِمَ (س) وعَرُمَ (ک) عَرَامَةً - شدید و سخت ہونا - شوخ ہونا - بہت خوش ہونا - بدخلق ہونا - خراب ہونا صفت عَارِمٌ و عَرِمٌ۔
عَرَّمَ الشَّيْءَ: خلط ملط کرنا۔
اَعْرَمَ - ناکردہ گناہ پر تہمت لگانا۔
تَعَرَّمَ - الْعَظْمَ: ہڈی سے گوشت اتار لینا — عَلَيْنَا: بہت زیادہ خوش ہونا اور اکڑنا۔
اِعْتَرَمَ - الْفَرَسُ: گھوڑے کا دور دور قدم رکھنا - منہ زور ہونا — الصَّبِيُّ ثَدْيَ اُمِّهِ: بچہ کا ماں کے پستان کو چوسنا۔
الْعَارِمُ - فا - بدخلق - موذی ج عُرَّمٌ تا عَارِمَةٌ ج عَوَارِمُ و عَارِمَاتٌ - يَوْمٌ عَارِمٌ: نہایت ٹھنڈا دن۔
الْعُرَامُ - چکناہٹ - ہانڈی کا بقیہ۔
الْعَرَمُ والْعُرْمَةُ - سیاہی سپیدی ملی ہوئی چھوٹے چھوٹے سیاہ سفید نقطے - بکری کے ہونٹ کی سفیدی - بکری کو عَرْمَاءُ اور بکرے کو اَعْرَمُ کہتے ہیں (— والْعَرَمَةُ) گیہوں کا ڈھیر جو دائیں کرنے کے بعد بھوسہ نکالنے کیلئے جمع کیا جا
الْعَرَمَةُ: کھانے کی بو - الْعَرَمُ: ہانڈی کا میل۔
الْعَرِمَةُ - پشتہ جو وادی کے عرض میں ہو - ج عَرِمٌ اور یا عَرِمٌ کا لفظ جمع ہے بغیر واحد کے "الْعَرِمُ" نر چوہا - شدید بارش - وادی - وادی کے پشتے
الْمُعْرُمُ - قطا یعنی سنگخوار پرندے کا انڈا۔
الْعُرَامُ - مِنَ الْجَيْشِ: فوج کی تیزی و کثرت — مِنَ الرَّجُلِ: بدخلقی - کہا جاتا ہے "بِهِ شِرَّةٌ و عُرَامٌ": اس میں تیزی و بدخلقی ہے - ہانڈی کا میل
الْعَرِيْمُ - مصیبت ج عُرْمَانٌ۔
الْاَعْرَمُ - رنگ برنگ - غیر مستقل - بھیڑ یا بکری کا ریوڑ - غیر مختون ج عُرْمَانٌ جج عَرَامِيْنُ۔
الْعَرْمَاءُ - مؤنث - اَعْرَمُ: چتی دار سانپ۔
الْعَرَمْرَمُ - سخت - بے شمار لشکر۔
الْعِرْمِسُ - چٹان - مضبوط اونٹنی۔
الْعَرْمَضُ والْعِرْمَاضُ - کائی۔
عَرَنَ (ن ض) عَرْنًا السَّهْمَ: تیروں کو ترتیب سے رکھنا — عَلَى الشَّيْءِ: کسی چیز کا عادی ہونا — الْبَعِيْرَ: اونٹ کی ناک میں لکڑی ڈالنا۔
عَرِنَتْ (س) عَرَنًا - الدَّابَّةُ: عُرَّنَہ کی بیماری لاحق ہونا (دیکھو لفظ عُرَّنَۃ) صفت مذکر عَرِنٌ اور صفت مؤنث عَرُوْنٌ و عَرِنَةٌ (— عَرَانًا) الدَّارُ گھر کا دور ہونا۔
عَرَّنَ الرُّمْحَ: نیزے میں میخ لگانا۔
اَعْرَنَ - الرَّجُلُ: ہمیشہ گوشت کھانا۔
الْعَرَانُ مع پکا ہوا گوشت - دھواں۔
الْعَرَانُ والْعِرَانُ والْعُرُنَّةُ - ایک بیماری ہے جس سے جانور کے پچھلے پیر کے بال گر جاتے ہیں - یا جانور کے پاؤں کا پھٹنا۔

العِرَان - لکڑی جو اونٹ کی ناک میں ڈالی جاتی ہے۔ دوری۔ بجو کا بھٹ۔ نیزے کی میخ۔ ہمسر۔ جنگ۔

العَرِیْن۔ گھر کا صحن۔ جھاڑی۔ گوشت۔ آواز۔ شیر وغیرہ کا پھاڑا ہوا۔ عزت ج عُرُن۔ (۔۔ والعَرِیْنَۃ) شیر بجو بھیڑئے کی جھاڑی۔ سانپ کی بمی۔

العِرْنِیْن۔ ناک۔ ناک کا سخت حصہ سردار ۔۔۔ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا پہلا حصہ۔ ج عَرَانِیْن

العِرْنَاس۔ پہاڑ کا نکلا ہوا حصہ۔ کبوتر کے مانند ایک پرندہ۔ لکڑی یا لوہا جس میں کاتنے والی روئی کے گالے کو لپیٹ کر کاتتی ہے۔ جوار کا بھٹا۔ عوام عُرْنُوس کہتے ہیں ج عَرَانِیْس۔

عَرَا یَعْرُو عَرْوًا۔ فُلَانًا اَمْرٌ: پیش آنا فلانا: عطیہ مانگنے کیلئے قصد کرنا۔ صفت فاعلی عار اور صفت مفعولی مَعْرُوّ۔۔۔ الْقَمِیْصَ کرتے میں کاج بنانا (۔۔۔ وعُرِیَ) بخار کی سردی لاحق ہونا۔ صفت عَارٍ ج عُرَاۃٌ۔ اور مَعْرُوٌّ۔ وعُرِیَ الرَّجُلُ خوف کی کپکپی لاحق ہونا۔

اَعْرَیٰ وعَرّیٰ الْقَمِیْصَ: کرتے میں کاج بنانا۔ اَعْرَیٰ صَاحِبَہٗ: چھوڑ دینا۔

اِعْتَرَیٰ اِعْتِرَاءً۔ فُلَانًا: عطیہ مانگنے کیلئے جانا۔ اِعْتَرَاہُ اَمْرٌ: لاحق ہونا۔

العِرْو۔ گوشہ۔ وہ جو امور کا اہتمام نہ کرے لوگوں کی جماعت ج اَعْرَاء۔ کہا جاتا ہے "اَنَا عِرْوٌ مِنْ کَذَا" میں فلاں چیز سے خالی ہوں "وبِہَا اَعْرَاءٌ مِنَ النَّاسِ" اسکے ساتھ جماعتیں ہیں۔

العُرَوَاء۔ بخار کی سردی۔

العُرْوَۃُ مِنَ الْاِبْرِیْقِ ونَحْوِہٖ: چھاگل لوٹے کا دستہ۔

العُرْوَۃ والعُرْی والعِرْی: کاج۔

العُرْوَۃ۔ گنجان درخت۔ درخت جس کے پتے جاڑے میں نہ گریں۔ نفیس مال۔ قابل اعتماد چیز۔ کہا جاتا ہے "اَنَا عُرْوَۃٌ مِنْہُ" میں اس سے خالی ہوں۔ "اَلْقَیٰ اِلَیْہِ العُرَیٰ" یعنی اس نے فلاں کو معاملہ سپرد کر دیا۔

عَرِیَ یَعْرَیٰ عُرْیَۃً وعُرْیًا مِنْ ثِیَابِہٖ: ننگا ہونا۔ صفت مذکر عَارٍ وعُرْیَان ج عُرَاۃ۔ صفت مؤنث عَارِیَۃٌ وعُرْیَانَۃٌ ج عَوَارٍ وعَارِیَات۔ عَرِیَ مِنَ الْعَیْبِ وغَیْرِہٖ: عیب وغیرہ سے پاک صاف ہونا۔ صفت عَرٍ (۔۔ عُرِیَ) اللَّیْلَۃُ: رات ٹھنڈی ہونا۔

عَرَاہُ یَعْرِیْہِ عَرْیًا۔ الْاَمْرُ: پیش آنا۔

عَرّیٰ تَعْرِیَۃً الرَّجُلَ الثَّوْبَ ومِنَ الثَّوْبِ ننگا کرنا ۔۔۔ ہٗ مِنَ الْاَمْرِ: علیحدہ کرنا۔ چھڑا لینا۔ ۔۔۔ الرَّجُلَ: بیکار کر دینا۔ چھوڑ دینا ۔۔۔ الشَّیْءَ: دستہ لگانا۔ کہا جاتا ہے "عَرَّاہُ بِعُرًی وَثِیْقَۃٍ" مضبوط دستہ لگانا۔

اَعْرَیٰ اِعْرَاءً الرَّجُلَ الثَّوْبَ ومِنَ الثَّوْبِ ننگا کرنا۔ کپڑے اتار لینا ۔۔۔ فُلَانًا النَّخْلَۃَ: کسی کو ایک سال کے لئے پھل ہبہ کرنا ۔۔۔ فُلَانًا صَدِیْقَہٗ دور ہونا اور مدد نہ کرنا ۔۔۔ الرَّجُلُ: رات کی ٹھنڈک لگنا۔ کھلے میدان میں چلنا یا اقامت کرنا۔

تَعَرّیٰ تَعَرِّیًا مِنْ ثِیَابِہٖ: کپڑے اتار لینا ننگا ہونا۔

اِعْرَوْرَیٰ اِعْرِیْرَاءً۔ تنہا سفر کرنا ۔۔۔ الْفَرَسَ: ننگی پیٹھ پر سوار ہونا ۔۔۔ اَمْرًا قَبِیْحًا: قبیح کام کرنا۔

العَرَیٰ۔ گوشہ۔ میدان۔ سردی۔

العَرَاء۔ کھلا میدان۔ ج اَعْرَاء۔

العَرَاۃ۔ میدان۔ مکان کا صحن۔ سردی کی شدت۔

فَرَسٌ عُرْیٌ۔ ننگی پیٹھ کا گھوڑا۔ بلا زین کے گھوڑا ج اَعْرَاء۔

الاَعْرَاء۔ آزاد ولاپروا لوگ۔ واحد عُرْیٌ۔

العُرْیَۃ والعِرْیَۃ۔ ننگاپن۔

العَارِیَۃ۔ ادھار لی ہوئی چیز۔

العُرْیَان۔ ننگا۔ عُرْیَانُ الْنَجِیِّ: جو اپنے بھید کو نہ چھپائے۔

العَرِیّ۔ ٹھنڈی ہوا۔

العَرِیَّۃ۔ ٹھنڈی ہوا۔ کھجور کا درخت جس کا پھل کھا لیا گیا ہو۔ کھجور کا درخت جس کے مالک نے دوسرے کو پھل کھانے کیلئے دیدیا ہو۔ ج عَرَایَا۔ کہا جاتا ہے "نَخْلُہُمْ عَرَایَا" یعنی ان کے درختِ خرما ہبہ شدہ ہیں کرم کی وجہ سے دوسروں کو پھل کھانے کیلئے دیدیتے ہیں۔

المَعْرَیٰ والمَعْرَاۃ۔ ننگاپن۔ بدن کا وہ حصہ جو کپڑے سے نہ چھپایا جائے جیسے ہاتھ چہرہ وغیرہ ج مَعَارٍ۔ المَعَارِیْ: بنجر مقامات۔ بچھونے

عَزَّ (ض) عِزًّا وعِزَّۃً وعَزَازَۃً۔ عزیز ہونا۔ قوی ہونا۔ ضعیف ہونا ۔۔۔ الشَّیْءُ: قلیل ہونا۔ کمیاب ہونا۔ دشوار ہونا ۔۔۔ المَاءُ: بہنا۔ عَزَّ عَلَیْہِ عِزًّا۔ کریم ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَزَّ عَلَیَّ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا" میرے اوپر سخت اور دشوار ہے کہ تم ایسا کرو۔

عَزَّہٗ (ن) عَزًّا۔ قوی کرنا۔ عزت کی کوشش میں غالب کرانا۔

عَزَّزَہٗ۔ مدد کرنا۔ تعظیم کرنا۔ معزز بنانا۔

عَازَّہٗ مُعَازَّۃً۔ حصولِ عزت میں مقابلہ کرنا۔ گفتگو میں غالب ہونا۔

اَعَزَّہٗ اِعْزَازًا۔ عزیز بنانا۔ محبت کرنا۔ اَعَزَّتِ الْبَقَرَۃُ: گائے کا وضع حمل دشوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "اُعْزِزْتُ بِمَا اَصَابَکَ" جو کچھ تم پر گذرا ہے اس سے مجھے تکلیف ہوئی۔

اِعْتَزَّ۔ قوی ہونا ۔۔۔ بِہٖ: اپنے آپ کو طاقتور و قوی سمجھنا۔ فخر کرنا ۔۔۔ عَلیٰ فُلَانٍ: بزرگی جتانا۔ غالب آنا۔

تَعَزَّزَ۔ قوی ہونا ۔۔۔ بِہٖ: فخر کرنا ۔۔۔ لَحْمُہٗ: سخت اور ٹھوس ہونا۔

اِسْتَعَزَّ۔ عَلَیْہِ: سختی کرنا۔ غالب ہونا۔ ۔۔۔ اَللّٰہُ بِفُلَانٍ: وفات دینا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَعَزَّ بِحَقِّیْ" یعنی میرے اوپر غالب آگیا "واُسْتُعِزَّ بِعَلِیْلٍ" یعنی بیماری بڑھ گئی اور اس کی عقل پر غالب آگئی۔

العزّ - عزت - سخت بارش -
رَجُلٌ عَزٌّ - قوی - کہا جاتا ہے "جِئْ بِہٖ عَزًّا بَزًّا"
اس کو جس طرح سے ہوسکے لے آؤ -
العزّة - ہرن کا مادہ بچہ
العزّة - حصولِ عزت کے مقابلہ میں غالب
ہونا - حمیت -
العزیز - شریف - قوی - نادر - معزز -
بادشاہ بلند کہ اس کا حصول دشوار ہو اور وہ
مغلوب نہ ہو اور کوئی اُس کو عاجز نہ کرسکے اور
اس کے مانند کوئی نہ ہو - اور یہ اللہ تعالیٰ کے
اسمائے حسنیٰ میں سے ہے ج عِزاز و اَعِزّاء
و اَعِزَّة - حاکمِ مصر کا لقب -
الاَعَزّ - اسم تفضیل - عزیز -
العُزّیٰ - عزیزہ - شریفہ - اَعَزّ کا مؤنث -
قریش کے ایک بُت کا نام -
العَزّاء - شدت - سخت سال - بڑی
بوند کی بارش -
المِعزاز - سخت مرض والا -
المَعزُوزَة - سخت زمین جس پر سخت
بارش ہوئی ہو -
عَزَبَ (ن) عُزُوبَةً و عُزُوبَةً - بے زوج
کے ہونا - مجرد رہنا -
عَزَبَ (ن ض) عُزُوبًا - دور ہونا -
غائب ہونا - پوشیدہ ہونا - صفت عازِب
عَزَبَتِ الاَرضُ : زمین کا ویران ہونا -
عَزَّبَ - دیر تک غائب رہنا - شروع
کئے ہوئے کو چھوڑ دینا -
اَعزَبَ - دور ہونا - ہ : دور کرنا - بے
زوج کر دینا -
تعزّبَ - مجرد رہنے کے بعد گھر بسانا -
العازِب - فا - دُور کی چراگاہ -
العازِبَة - مؤنث عازِب - مرد کی بیوی
ج عَوازِب -
العَزَب - وہ مرد یا عورت جس کے زوج
نہ ہو - اور کہا گیا ہے کہ عَزَبٌ مرد کیلئے اور عَزَبَة
مؤنث کیلئے - ج عُزّاب و اَعزاب -
الاِعزَب - جس کے اہل و عیال نہ ہوں
وہ شخص جو اپنے اہل و مال سے دور ہو گیا ہو
مؤنث عَزباء ج عُزُب -
المِعزَبَة - باندی - لونڈی (— و المَعزَبَة)
بیوی -
المِعزاب و المِعزابة - وہ شخص جو اپنے
جانوروں کو دور چرانے کے لئے لیجائے المِعزابة
جسکے اہل نہوں - جس کا کنوار پن دیر تک رہے -
عَزَجَ (ن) عَزجًا الرَّجُلَ : دفع کرنا ——
الاَرضَ بِالمِسحَاةِ : بیلچہ سے زمین کو اُلٹ پلٹ
کرنا - جماع کرنا -
عَزَدَ (ن) عَزدًا - جماع کرنا -
عَزَرَهٗ (ض) عَزرًا - ملامت کرنا اعانت
کرنا - جماع کرنا —— ہ عن کذا : منع کرنا واپس کرنا
—— ہ علی الامر : خبر دینا - ہ علی الفرائض و الاحکام
فرائض اور احکام سے واقف کرا دینا -
عَزَّرَهٗ - ملامت کرنا - ادب دینا - سخت
مارنا - تعظیم و توقیر کرنا - اعانت و مدد کرنا -
العَزوَرُ و العَزَوَّرُ - بدخلق -
العَزوَرَة - مؤنث - عَزوَر - ٹیلہ -
العَزائِرُ : لکڑیاں - درختوں کا بقایا (بغیر
واحد کے جمع ہے)
العِزیَرُ و العَزائِرُ - کٹی ہوئی گھاس کی قیمت
عِزرائیل - فرشتہ ملک الموت کا نام -
عَزعَزَهٗ - عزت میں غالب آنا -
عَزَطَ (ن) عَزطًا - جماع کرنا -
عَزَفَ (ن ض) عَزفًا و عُزُوفًا نَفسُهٗ عَنِ
الشَّیءِ : بے رغبتی کرنا اور ملول ہونا (— عَزفًا)
نَفسُهٗ عن کذا : منع کرنا (— عَزفًا و عَزِیفًا)
آواز دینا - گانا -
عَزَّفَ - آواز دینا -
اَعزَفَ - ہوا کی سرسراہٹ سُننا -
تَعازَفُوا - ایک دوسرے کے سامنے رجز
پڑھنا - آپس میں فخر کرنا - ایک دوسرے کی ہجو کرنا -
اِعْزَوْزَفَ - لِلشَّرِّ : برائی کیلئے آمادہ ہونا -
العازِف - آلاتِ لہو سے کھیلنے والا - گویا -
العَزف - دف کی آواز - ہوا کی سرسراہٹ
العُزَف - جنگلی کبوتر -
العَزُوف و العَزُوفَة - جو کسی کی دوستی پر قائم
نہ رہے - کہا جاتا ہے "ہُوَ عَزُوفٌ عَنِ اللَّهْوِ" وہ
کھیل کود سے کنارہ کش ہے - ج عُزّاف
عَزُوفَة میں تا مبالغہ کی ہے تانیث کی نہیں -
التَّعزاف - بمعنی عَزف - مصدر -
العَزّاف - بہت باجا بجانیوالا - بہت گرجنے
والا - سَحابٌ عَزّافٌ : بہت گرجنے والا بادل -
المِعزَف و المِعزَفَة - گانے بجانے کے
آلات ج مَعازِف -
عَزَقَ (ن) عَزقًا - تیز دوڑنا —— الخَبَرَ عَنِّی :
روک لینا —— ہ ضَربًا : مارنے میں مبالغہ کرنا -
عَزَقَ (ض) عَزقًا الاَرضَ : زمین کو کھودنا -
کھود کر پانی نکالنا -
عَزِقَ (س) عَزَقًا بِہٖ : چپکنا -
العَزِق - بدخلق ج عُزُق -
العَزُوق و العَزَوَّق - بے مغز کا پستہ -
رَجُلٌ عَزُوقٌ : سخت مزاج بخیل و بدخومرد -
العَزِیقُ - مِنَ الاَرضِ : پست زمین -
المِعزَق و المِعزَقَة - ہوا میں گیہوں صاف
کرنے کا آلہ - کھودنے کے آلات جیسے پھاوڑا -
کدال - بیلچہ - ج مَعازِق -
المُتَعَزِّق - بدخلق -
عَزَلَهٗ (ض) عَزلًا - عَن کذا : جدا کر دینا -
—— فُلانًا عن مَنصِبِہٖ : علیحدہ کر دینا - معزول
کر دینا —— ہ عن عَمَلِہٖ : باز رکھنا -
عَزَّلَهٗ - ایک جانب کر دینا -
تَعَزَّلَ و اِعتَزَلَ - الشَّیءَ و عَنہُ : جدا ہو جانا -
تَعازَلَ القَومُ : بعض کا بعض سے جدا ہونا -
العَزَل - بے ہتھیار و سامان ہونا - عَزَلُ الحِمارِ :
گدھے کا پچھلا حصہ - العَزَلَة : سرین کی ہڈی کا
سرا جو بیٹھنے میں زمین سے ٹکے -

العُزلِ والعِزَال۔ کمزوری۔

العُزلَۃ۔ جدائی۔ گوشہ نشینی۔

العُزلِ۔ بے ہتھیار مرد ج اَعْزَال۔

الاَعْزَل۔ علیحدہ ریت کا ڈھیر۔ بے بارش کا بادل۔ بے ہتھیار ج عُزْل واَعْزَال وعُزَّل و عُزْلَان۔ مؤنث عَزْلَاء۔ الاَعْزَل مِنَ الدَّوَابِ دم کو جھکا ہوا رکھنے والا — مِنَ الطَّیرِ: پرندہ جو اڑنے پر قادر نہ ہو۔ الاَعْزَل: نام دو ستاروں میں سے ایک کا کہ دوسرے کا نام "رَامِح" ہے

العَزلَاء۔ الاَعْزَل کا مؤنث۔ ڈیر۔ مشک کا منہ ج العَزَالِی والعَزَالیٰ۔ کہا جاتا ہے "اَنزَلَتِ السَّمَاءُ عَزَالِیَھَا" یعنی آسمان نے اپنے دہانے کھول دیئے۔ اشارہ ہے شدت بارش کیجانب کہا جاتا ہے "ھُوَعَنِ الحَقِّ بِمَعزِلٍ" یعنی وہ حق سے بعید و جداگانہ ہے۔

المُعتَزِلَۃ والعُزَال۔ قدریہ کی ایک جماعت جو اپنے خیال سے اہلِ سنت والجماعت اور خوارج دونوں کو گمراہ سمجھ کر جدا ہو گئے تھے۔

المِعزَال۔ علیحدہ چرانے والا۔ سفر میں علیحدہ اترنے والا۔ خودرائے۔ بے ہتھیار۔ کمزور احمق ج مَعَازِیل۔

عَزلَبَ عَزلَبَۃً۔ جماع کرنا۔

عَزَمَ (ض) عَزمًا وعُزمًا ومَعزَمًا ومَعزِمًا وعَزِیمًا وعَزمَۃً وعَزِیمَۃً وعُزمَانًا الاَمرَ وعَلَیہِ پختہ ارادہ کرنا — الرَّجُلُ: کوشش کرنا — الاَمرُ: واجب ہونا — فُلَانٌ عَلٰی فُلَانٍ: قسم دینا کہا جاتا ہے "عَزَمتُ عَلَیکَ لَتَفعَلَنَّ اَوْ اَلَّا فَعَلتَ اَوْ لَمَّا فَعَلتَ" یعنی قسم دیتا ہوں (— وعَزَّمَ) الرَّاقِی: منتر پڑھنا۔

اِعتَزَمَ الاَمرَ وعَلَیہِ: ارادہ کرنا — الطَّرِیقَ بغیر ٹھہرے ہوئے گذر جانا — الفَرَسُ فِی عِنَانِہٖ سرکشی کرنا۔

تَعَزَّمَ۔ الاَمرَ وعَلَی الاَمرِ: ارادہ کرنا۔

العَزْم۔ پختہ ارادہ۔

العُزْمَۃ۔ خاندان۔ قبیلہ۔ ج عُزَم۔

العَزِمَۃ حق۔ واجب ج عَزَمَات۔ عَزَمَات اللّٰہِ وعَزَائِمُ اللّٰہِ: اللہ کے حقوق فرائض۔ کہا جاتا ہے "مَالَہٗ عَزِمَۃ" اس کیلئے ثبات و صبر نہیں۔

العَزْمِیّ۔ کھلی بیچنے والا۔ وفادار۔ عہد کو پورا کرنے والا۔

اُمُّ العِزْم والعِزْمَۃ واُمُّ عِزْمَۃ۔ دُبر

العَزِیمُ۔ تیز دوڑ۔

العَزِیمَۃ۔ موکد ارادہ۔ منتر ج عَزَائِم۔

العَازِم۔ فا۔ ج عَزَمَۃ وعَازِمُون۔ اَمرٌ عَازِمٌ کام جس کا پختہ ارادہ ہو۔

العَزُوم۔ ہمیشہ اپنے عزم پر رہنے والا۔ بڑھیا۔ دبر۔ ج عُزُم۔

العَزَّام۔ صیغہ مبالغہ۔ شیر۔

المُعَزِّم فا۔ منتر پڑھنے والا۔

عَزَا یَعزُو عَزْوًا۔ الشَّیءَ اَوفُلَانًا اِلٰی فُلَانٍ: نسبت کرنا (— عَزَاءً) الرَّجُلُ: صبر کرنا۔

عَزَا یَعزُو عَزْوًا وتَعَزّٰی تَعَزِّیًا اِعتَزٰی اِعتِزَاءً بِفُلَانٍ واِلٰی فُلَانٍ: منسوب ہونا۔ سچ یا جھوٹ دوسرے کی طرف اپنی نسبت کرنا اسم عَزَاء ہے۔ اور اسی سے ہے "اِعتَزٰی بِعَزَاءِ الجَاہِلِیَّۃِ"

العِزَۃ۔ لوگوں کی جماعت ج عِزًی وعِزُون

العِزْوَۃ۔ انتساب۔ صبر۔

عَزٰی یَعزِی عَزْیًا الشَّیءَ اَوفُلَانًا اِلٰی فُلَانٍ نسبت کرنا۔

عَزِیَ یَعزٰی عَزَاءً۔ مصیبت پر صبر کرنا۔ صفت مذکر عَزٍ۔ صفت مؤنث عَزِیَّۃ۔

عَزّٰی تَعزِیَۃً۔ الرَّجُلَ: تسلی دینا۔

تَعَزّٰی تَعَزِّیًا۔ اِلَیہِ: منسوب ہونا — عَنہُ: صبر کرنا۔ تسلی حاصل کرنا۔

تَعَازٰی تَعَازِیًا۔ القَومُ: ایک دوسرے کو تسلی دینا۔

العَزِیّ۔ صابر۔

العِزْیَۃ۔ انتساب۔

الاِعتِزَاء۔ دعویٰ کرنا۔ جنگ میں کوئی خاص علامت۔

عَسَّ (ن) عَسًّا وعَسَسًا رات میں پاسبانی میں پھرنا — الخَبَرُ: دیر سے پہنچنا۔

عَسَّسَ۔ القَومَ: تھوڑا سا کھلانا۔

اِعْتَسَّ۔ رات میں مشتبہ لوگوں پر مطلع ہونا۔ — الشَّیءَ: رات میں طلب کرنا یا قصد کرنا — البَلَدَ: شہر میں داخل ہونا اور احوال سے مطلع ہونا

العَسَس۔ رات کے چوکیدار۔ یہ جمع ہے عَاسٌّ کی۔

العُسّ۔ بڑا پیالہ۔ بڑا برتن۔ ج عِسَاس و عِسَسَۃ واَعْسَاس وعُسُس۔

العَاسّ۔ رات کا چوکیدار ج عَسَس وعُسَّس،

العَسَّاس۔ رات کا چوکیدار۔

العَسُوس۔ دودھ دوہنے کے وقت بدکنے والی اونٹنی۔ بے برکت مرد۔ شکار کو ڈھونڈنے والا۔

المَعَسّ۔ مطلب۔

اَعْسَبَ۔ الذِّئبُ: بھیڑیئے کا بھاگنا۔ اَعْسَبَہٗ جَمَلَہٗ: اونٹ عاریت پر دینا۔

اِستَعسَبَ مِنہُ: ناپسند کرنا — فُلَانًا جَمَلَہٗ: اونٹ عاریت پر لینا۔

العَسْب۔ نسل۔ کہا جاتا ہے قطع اللہ عسبہ اللہ اس کی نسل کو منقطع کردے۔

العَسْبَۃ۔ اسم مرۃ۔ پہاڑ میں شگاف۔

العَسُوب۔ رئیس اعظم۔

العَسِیب۔ دُم کی ہڈی یا اُس پر بال اُگنے کی جگہ۔ پشت پا۔ کھجور کی ٹہنی جس سے پتے دور کر دیئے گئے ہوں۔ پہاڑ کا شگاف ج عُسُب وعُسُب وعُسبَان۔

الیَعسُوب۔ شہد کی نر مکھی۔ شہد کی مکھیوں کا بادشاہ۔ الیَعسُوب: رئیس اعظم۔ کہا جاتا ہے۔ "ھُوَ یَعسُوبُ قَومِہٖ" وہ اپنی قوم کا رئیس اعظم ہے ایک چھوٹا سا پرندہ۔ گھوڑے کے چہرے کی سفیدی ج یَعَاسِیب۔

العُسْبُر۔ چیتا ج عَسَابِر۔

اَلعُسبُرَة - مادہ چیتا - تیز رفتار اصیل اونٹنی

اَلعِسبَار - بجو کے مانند ایک درندہ - اکثر افریقہ میں پایا جاتا ہے - بھیڑیئے کا بچہ -

اَلعُسبُورُ والعُسبُورَة - کتے کا بچہ مادہ بھیڑیا سے -

عَسَجَ (ن ض) عَسجًا و عَسَجَانًا و عَسِیجًا چلنے میں گردن اٹھانا -

اِعْسَجَّ الشیخُ : بڈھے کا خمیدہ کمر ہونا -

اَلعَوسَج - ایک کانٹے دار درخت - واحد - عَوسَجَة -

اَلعَسجَد - سونا - جوہر مانند موتی یا قوت وغیرہ - مضبوط موٹا اونٹ -

اَلعَسجَدِیَّة - شاہی سواریاں - اور یہ اصل میں ان اونٹوں کو کہا کرتے تھے جو نعمان بن منذر بادشاہ حیرہ کیلئے آراستہ کئے جاتے تھے -

عَسجَرَ الطعامَ : کھانے میں نمک ڈالنا - الرَّجُلُ : بہت تیز نظر سے دیکھنا -

اَلعَسجَر - نمک -

عَسَدَ (ض) عَسدًا - الحَبلَ : رسی مضبوط بٹنا — جَارِیَۃً : جماع کرنا -

اَلعِسوَدّ - بہت مضبوط - سانپ -

عَسَرَ (ن ض) عِسرًا و عُسرًا - الغَرِیمَ : تنگدستی میں قرضدار سے طلب کرنا — الزَّمانُ سخت ہونا — عَلیٰ فُلانٍ : مخالف ہونا — عَلَیہِ مَا فِی بَطنِہٖ : پیٹ میں جو کچھ ہو اس کا نکلنا دشوار ہونا -

عَسَرَہٗ (ض) عَسرًا - بائیں جانب سے آنا - عَسَرَت عَسرًا و عَسَرانًا النَّاقَۃُ : اونٹنی کا دوڑنے میں دم اٹھانا — المَرأۃُ : عورت کے جننے میں دشواری ہونا -

عَسِرَ (س) عَسَرًا - بائیں ہاتھ سے کام کرنا - صفت مذکر اَعسَر صفت مؤنث عَسرَاء ج عُسر -

عَسِرَ (س) عُسرًا و عُسُرًا و عَسَرًا و مَعسُورًا و عَسُرَ (ک) عُسرًا و عَسَارَۃً دشوار ہونا - کہا جاتا ہے "عَسُرَ عَلَیہِ الاَمرُ" کام اس کے اوپر دشوار ہو گیا — الرَّجُلُ : بدخلق ہونا - صفت عَسِر و عَسِیر -

عَسَّرَ الاَمرَ : دشوار کرنا — عَلَیہِ : تنگ کرنا - مخالفت کرنا — ہٗ : بائیں جانب سے آنا -

اَعسَرَ - تنگدست ہونا — الغَرِیمَ : قرضدار سے تنگدستی میں طلب کرنا - اَعسَرَتِ المَرأۃُ : عورت کے جننے میں دشواری ہونا -

عَاسَرَہٗ مُعَاسَرَۃً - تنگی کا معاملہ کرنا -

تَعَسَّرَ و تَعَاسَرَ عَلَیہِ الاَمرُ : دشوار ہونا - پیچیدہ ہونا — عَلَیہِ القَولُ : ملتبس ہونا -

تَعَاسَرَ البَیِّعَان : بائع مشتری کا متفق نہ ہونا

اِعتَسَرَہٗ - مجبور کرنا — الکَلَامَ : قبل تیاری کے فی البدیہہ کہنا.

اِستَعسَرَ - الاَمرَ : دشواری پانا — الاَمرُ عَلَیہِ : سخت اور پیچیدہ ہونا -

العُسرُ والعُسُرُ - تنگدستی - سختی - تنگی -

العُسرَۃ والعُسریٰ والمَعسَرۃ والمَعسُرۃ تنگی اور سختی -

الاَعسَر - بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَعسَرُ یَسَرُ" فلاں دونوں ہاتھوں سے کام کرنے والا ہے "یَومٌ اَعسَرُ" یعنی سخت اور منحوس دن -

العُسریٰ - مؤنث الاعسر : تنگی - دشواری

المُعسِر - اپنے قرضدار پر تنگی کرنے والا -

المَعسُور - تنگ حال -

عَسعَسَ - اللَّیلُ : رات کا گذرنا - رات کا تاریک ہونا — السَّحَابُ : بادل کا زمین سے قریب ہونا — الاَمرَ : مشتبہ کر دینا - معمہ بنا دینا — الشَّیئَ : حرکت دینا — و تَعَسعَسَ الذِّئبُ : بھیڑیئے کا رات میں پھرنا - تَعَسعَسَ الشَّیئَ : سونگھنا -

العَسعَس - رات میں شکار ڈھونڈھنے والا بھیڑیا -

العَسعَاس - رات میں شکار ڈھونڈھنے والا بھیڑیا -

سراب - ہر چیز میں سے ہلکا -

عَسَفَ (ض) عَسفًا السُّلطَانُ : ظلم کرنا جور کرنا — ہٗ : ظلم کرنا - خدمت لینا — الدَّمعُ الجُفُونَ : آنسو کا پلکوں سے بکثرت بہنا — الشَّیئَ : زبردستی لے لینا — فِی الاَمرِ : بغیر سوچے سمجھے کرنا — لِفُلَانٍ : کسی کے لئے کام کرنا - الطَّرِیقَ و عَنِ الطَّرِیقِ : راستے سے ہٹ جانا المَفَازَۃَ : بغیر مقرر راستے کے طے کرنا - کہا جاتا ہے "بَاتَ یَعسِفُ اللَّیلَ و بِاللَّیلِ : مقصد کی تلاش میں رات میں بے راہ چلنا -

اَعسَفَ رات میں بے راہ چلنا - غلام سے سخت کام لینا -

عَسَّفَ - بغیر علامت نشان کے چلنا — البَعِیرَ : چلنے سے تھکا دینا -

تَعَسَّفَ - فِی القَولِ : بے راہ روی کرنا - ایسے معنی پر حمل کرنا جس پر دلالت ظاہر نہ ہو — عَنِ الطَّرِیقِ : ہٹ جانا — الاَمرَ : بغیر سمجھے بوجھے اختیار کرنا — فُلَانًا - ظلم کرنا - خدمت لینا.

اِعتَسَفَ عَنِ الطَّرِیقِ : راستے سے ہٹ جانا — الطَّرِیقَ : راستہ کو بغیر جانے پہچانے چلنا — الاَمرَ : بغیر سمجھے بوجھے اختیار کرنا — فُلَانًا : ظلم کرنا - خدمت لینا -

اِنعَسَفَ الشَّیئُ : مڑنا -

العَسف - ظلم - موت -

العَاسِف فا - مِنَ الاِبِلِ : عُساف کی بیماری والا اونٹ - کہا جاتا ہے "نَاقَۃٌ عَاسِفٌ" ج عَوَاسِف -

العُسَاف - اونٹوں میں ایک بیماری - جس میں سانس زیادہ لیتا ہے -

العَسُوف والعَسَّاف والمِعسَف بہت ظالم -

العَسِیف - مزدور ج عُسَفَاء و عِسَفَۃ -

العِسِّیف - بے جانے پہچانے راستہ چلنے والا - کہا جاتا ہے اَخَذُوا فِی مَعَاسِیفِ البِیدِ و

مَعَامِیہَا: یعنی جنگل کے مجہول راستوں میں
چلنا شروع کردیا۔
عَسِقَ (س) عَسَقًا و تَعَسَّقَ بہٖ: چمٹنا
عَلَیْہِ: طلب کرنے میں اصرار کرنا۔
العَسَقُ - تنگ خوئی - اوّل رات کی
تاریکی۔
العَسِیقَۃ - ردی شراب۔
عَسْقَلَ - السَّرَابُ: سراب کا چمکنا۔
عَسْقَلَان - شام کے ساحل پر ایک شہر
الرَّاس: سر کا اوپر کا حصہ۔
العُسْقُل - سانپ کی چھتری - ج
عَسَاقِل۔
العَسَاقِل والعَسَاقِیْل - سراب
متفرق بادل - صحاح میں ہے کہ ان کا واحد
نہیں سنا گیا۔
عَسِکَ (س) عَسَکًا بہٖ: لازم
ہونا - چمٹنا۔
تَعَسَّکَ - الرَّجُلُ فِی مَشْیِہٖ: مٹک کر
چلنا۔
عَسْکَرَ القَوْمُ: جمع ہونا اللَّیْلُ:
تاریکی زیادہ ہونا الشَّیءَ: جمع کرنا - جمع کردہ
کو مُعَسْکَر کہتے ہیں۔
العَسْکَر - جمع - لشکر ج عَسَاکِر - ہر چیز کا
بہت - کہا جاتا ہے "اِنْجَلَتْ عَنْہُ عَسَاکِرُ الہَمِّ"
غم کی کثرت اس سے دور ہوگئی۔
العَسْکَرَۃ - سختی و خشک سالی۔
عَسَلَ (ن ض) عَسْلًا و عَسَّلَ الطَّعَامَ
کھانے میں شہد ملانا - عَسَلَ و عَسَّلَ القَوْمَ:
شہد کھلانا - شہد کا توشہ دینا - عَسَّلَتِ النَّحْلُ
مکھیوں کا شہد بنانا - عَسَّلَ الشَّیءُ: شہد جیسا ہونا
عَسَّلَ النَّائِمُ: اونگھنا۔
عَسَلَ (ض) عَسَلًا و عُسُوْلًا و عَسَلَانًا
الرُّمْحُ: زیادہ حرکت کرنا المَرْأَۃَ:
جماع کرنا۔
عَسَلَ (ن) عَسْلًا و عَسَلَانًا المَاءُ
ہوا کی وجہ سے لہرانا۔
اِسْتَعْسَلَ - شہد طلب کرنا - اِسْتَعْسَلَتِ
النَّحْلُ: مکھیوں کا شہد بنانا - کہا جاتا ہے -
عَسَلًا لَہٗ بمعنے تَعْسًا لَہٗ یعنی اس کیلئے ہلاکت ہو
العَسَل - شہد (مذکر و مؤنث) ج اَعْسَال
و عُسُل و عُسْل و عُسُوْل و عُسْلَان - تھوڑی سے
کو عُسَیْلَۃ کہتے ہیں - العَسَل: کھجور کا شیرہ - کہا
جاتا ہے "مَا لِفُلَانٍ مَضْرَبُ عَسَلَۃٍ" یعنی فلاں کیلئے
نسب نہیں - "تَرَکَ لَہٗ مَضْرَبَ عَسَلَۃٍ" مراد یہ
ہے کہ اس کو گالی دی یہاں تک کہ اس کے
نسب کو کالعدم کردیا۔
اَبُوْ عُسَلَۃ - بھیڑیا۔
العَسَلِیّ - شہد کے رنگ کا۔
العَاسِل فا (والعَسُوْل) نیکوکار جس
کی ثنا و صفت اچھی طرح معلوم ہو ج عُسُل۔
العَاسِل - شہد نکالنے والا ج عُسَّل و
عَوَاسِل - بھیڑیا - رُمْحٌ عَاسِلٌ و عَسَّالٌ و عَسُوْلٌ
نرمی کی وجہ سے حرکت کرنے والا۔
العَسَّال بمعنے العَاسِل۔
خَلِیَّۃٌ عَاسِلَۃٌ - چھتہ مع شہد کے
العَسَّالَۃ - چھتہ۔
العَسَّالَۃ - شہد کی مکھی - شہد کے
نکالنے والے۔
العَسِیْل - عطر فروش کی جھاڑو جس سے
عطر جمع کرتا ہے ہاتھی اور اونٹ کا عضو تناسل
ج عُسُل۔
المَعْسَلَۃ والمَعْسُلَۃ - شہد کا چھتہ۔
المَعْسُوْل مفع - رَجُلٌ مَعْسُوْلٌ: شیریں
زبان - خوش آواز - مَعْسُوْلُ المَوَاعِیْد:
سچے وعدے۔
عَسْلَجَ - الشَّجَرُ: نرم ٹہنیاں نکالنا۔
العُسْلُج - نرم ٹہنیاں - ج عَسَالِج۔
العُسْلُوْج - نرم ٹہنیاں ج عَسَالِیْج۔
عَسْلَطَ - غیر مربوط کلام بولنا۔
کَلَامٌ مُعَسْلَطٌ - غیر مربوط گفتگو۔
العَسْلَق - سراب - بھیڑیا - شیر - نر شتر مرغ
ہر شکاری درندہ - بدخصلت - چست چالاک۔
دراز گردن - لومڑی - ج عَسَالِق۔
عَسَمَ (ض) عَسْمًا و عُسُوْمًا فِی الاَمْرِ:
لالچ کرنا - کوشش کرنا - عَسَمَتْ عَیْنُہٗ: آنکھ کا
بہہ پڑنا - آنکھ کا بند ہونا یا بقول بعض پلک کا
چپک جانا۔
عَسِمَ (س) عَسَمًا القَدَمُ او الکَفُّ: قدم
یا ہتھیلی کا خشک ہوکر ٹیڑھا ہونا - صفت مذکر
اَعْسَم - صفت مؤنث عَسْمَاء۔
اَعْسَمَ یدہٗ: خشک کردینا - اَعْسَمَتْ عَیْنُہٗ
آنکھ کا بہنا یا بقول بعض بند ہونا۔
اِعْتَسَمَ - کمائی کرنا فُلَانًا: کسی کو اس
کے طمع کی چیز دینا۔
العَسُوْم - بال بچوں کو تکلیف پہنچانیوالا
ج عُسُم۔
العَاسِم - بمعنے العَسُوْم۔
العَسَمَۃ والعَسُوْم - خشک روٹی کے
کے ٹکڑے العُسُوْم: قلت۔
المَعْسَم - جائے طمع - کہا جاتا ہے "مَا لَکَ
فِی بَنِی فُلَانٍ مَعْسَمٌ"
عَسِنَ (س) عَسَنًا الکَلَأُ فِی الدَّابَّۃِ:
گھاس کا ہضم ہونا اور جانور کا موٹا ہونا - عَسِنَتِ
الدَّابَّۃُ: چارہ کا ہضم ہونا اور موٹا ہونا۔
تَعَسَّنَ - الشَّیءَ: پتہ نشان تلاش کرنا
اَبَاہُ: مشابہ ہونا (واَعْسَنَ) المَکَانُ:
کچھ سبزی اگانا۔
العَسَن - چربی - بالوں کی لمبائی و خوبصورتی
مع سپیدی۔
العِسْن - مثل و نظیر (والعُسْن) چربی
العَسُوْن والاَعْسَن - موٹا - ج عُسْن۔
اُعْسَانُ - الشَّیءِ: نشان - کہا جاتا ہے
"ہُوَ عَلَی اُعْسَانٍ مِنْ اَبِیْہِ" وہ اپنے باپ کے
مشابہ ہے۔
العَسَنْبَی - نر شتر مرغ۔

عَسَا يَعْسُو عَسَاءً وَعُسُوًّا النَّبَاتُ: نباتات کا موٹا اور سخت ہونا۔ عَسَتْ يَدُهُ: ہاتھ کا کام کرنے سے سخت ہونا — اللَّيْلُ: رات کی تاریکی کا زیادہ ہونا۔ عَسَا يَعْسُو عَسْوًا وَعُسُوًّا وَعُسِيًّا وَعَسَاءً وَعُسْوَةً الشَّيْخُ: بوڑھا ہونا۔

العَسْو مم - موم۔

العَاسِي - فا - سخت مزاج -

العِسْوَة - بڑھاپا۔

عَسِيَ يَعْسَى عَسًى - النَّبَاتُ: نباتات کا سخت ہونا۔

عَسَى - افعالِ مقاربہ میں سے ہے اور جامد ہے - محبوب میں امید کے لئے اور مکروہ میں خوف کے لئے مستعمل ہے۔

العَسِي والعَسِيّ والمَعْسَاة بِالأَمْرِ: لائق، مناسب۔

أَعْسِ بِهِ: فعل تعجب ہے بمعنی أَخْلِقْ بِهِ یعنی کس قدر لائق ہے۔

العَاسِي - فا - درخت خرما - بقول ابو عبید درختِ خرما کا گچھا۔

المِعْسَاء - قریب البلوغ لڑکی۔

عَشَّ (ن) عَشًّا الشَّيْءَ: طلب کرنا۔ جمع کرنا — القَمِيصَ: کرتے میں پیوند لگانا — المَعْرُوفَ: تھوڑا سا دینا۔ عَشَّتِ النَّخْلَةُ: درختِ خرما کی شاخوں کا کم ہونا۔ عَشَّ الطَّائِرُ: پرندے کا گھونسلے ہی میں رہنا۔

عَشَّ (ن) عُشُوشَةً وعَشَاشَةً و عَشَشًا البَدَنُ: لاغر ہونا۔ صفت عَشٌّ

عَشَّشَ - الطَّائِرُ: پرندے کا گھونسلا بنانا عَشَّشَتِ النَّخْلَةُ: درختِ خرما کی شاخوں کا کم ہونا۔ عَشَّشَ الكَلَأُ: گھاس کا خشک ہونا۔ عَشَّشَ الخُبْزُ: روٹی میں پھپھوندی لگنا اور خشک ہونا۔

أَعَشَّ فُلَانًا عَنِ الأَمْرِ: روکنا - باز رکھنا — الظَّبْيَ: ہرن کو بھٹ میں بھڑکانا — البَدَنَ: بدن کو لاغر کرنا — الرَّجُلَ: کم درخت والی سرزمین میں پہنچنا۔

إِعْتَشَّ - گھونسلا بنانا — البَدَنَ: بدن کو لاغر کرنا۔

انْعَشَّ الثَّوْبُ: کپڑے کا پیوند والا ہونا

العَشّ مم - عطاء قلیل - رَجُلٌ عَشٌّ: لاغر مرد۔

العَشّ والعُشّ - گھونسلا ج عِشَاش و عِشَشَة و أَعْشَاش و عُشُوش۔

العَشَّة - کم شاخوں والا کھجور کا درخت - خراب جگہ میں اگا ہوا درخت - کم درخت والی سرزمین۔

المَعَشّ - مطلب۔

المُعَشَّش مفعو - وہ جگہ جہاں پرندہ گھونسلا بنائے۔

عَشِبَ (س) عَشَبًا - خشک ہونا۔

عَشِبَ (س) عَشَبًا و عَشُبَ (ک) عَشَابَةً - المَكَانُ: سبز گھاس والا ہونا۔ صفت عَاشِب۔

عَشُبَ (ک) عَشَابَةً و عُشُوبَةً الرَّجُلُ: پست قد بدصورت ہونا۔ صفت مذکر عَشَب - صفت مؤنث عَشَبَة۔

أَعْشَبَ القَوْمُ: سبز گھاس پر پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "أَعْشَبْتَ فَانْزِلْ" ہرے بھرے پر پہنچ گئے تو اتر پڑو۔

أَعْشَبَ وعَشَّبَ المَكَانُ: سبز گھاس اگانا۔

إِعْتَشَبَ وتَعَشَّبَ - سبز گھاس چرنا موٹا ہونا۔

إِعْشَوْشَبَ - سبز گھاس پر پہنچنا — المَكَانُ: بہت سبز گھاس والا ہونا۔

العُشْب - سبز گھاس ج أَعْشَاب و واحد عُشْبَة۔

العَشَبَة - بڑھاپے کی وجہ سے خمیدہ کمر مرد یا عورت۔

العَشَابَة - سبز گھاس کی کثرت۔

العَشِب والعَشِيب والمُعْشِب والمِعْشَاب: سبز گھاس والی (جگہ)، بہت سبز گھاس والی (جگہ) أَرْضٌ عَاشِبَةٌ وعَشِبَةٌ وعَشِيبَةٌ و مُعْشِبَةٌ ومِعْشَابٌ - بہت سبز گھاس والی زمین۔

التَّعَاشِيب - سبز گھاس کے متفرق قطعے

العَشَّاب - سبز گھاس والا - سبزی والا۔

عَشَرَ (ض) عَشْرًا - دس میں سے ایک لینا نو پر ایک زائد کرنا — القومَ: قوم میں دسواں ہونا — النَّاقَةُ: اونٹنی کا دس مہینے کی حاملہ ہونا۔

عَشَرَ (ن) عَشْرًا وعُشُورًا وعَشَّرَ المَالَ: دسواں حصہ لینا — القَوْمَ: قوم کے مال کا دسواں حصہ لینا۔ دسواں ہونا۔ عَشَّرَ الحِمَارُ: گدھے کا دس مرتبہ رینکنا۔ عَشَّرَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا دس مہینے کی حاملہ ہونا۔

أَعْشَرَ العَدَدَ: دس کر دینا — القَوْمُ دس ہونا۔ أَعْشَرَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا دس مہینے کی گابھن ہونا۔

عَاشَرَهُ مُعَاشَرَةً - باہم مل جل کے رہنا۔

إِعْتَشَرَ و تَعَاشَرَ القَوْمُ: ایک دوسرے کے ساتھ رہنا۔

العِشْر دسواں حصہ - اونٹ کا دسویں یا نویں دن گھاٹ پر جانا۔ ج أَعْشَار۔

العُشْر - دسواں حصہ ج عُشُور و أَعْشَار الأَعْشَار: پرندے کے اگلے بڑے پر۔

العُشَر - ہر مہینے کی دسویں گیارھویں بارھویں رات۔

العَشَرَة دس - اور یہ مذکر کے لئے ہے۔ کہا جاتا ہے "عَشَرَةُ رِجَالٍ" اور مؤنث کیلئے "عَشْرُ نِسَاءٍ" اور جب دوسرے عدد کے ساتھ ملایا جاتا ہے تو گیارہ اور بارہ میں موافق قیاس کے مذکر کے لئے دونوں جزء مذکر جیسے "أَحَدَ عَشَرَ رَجُلًا" اور مؤنث کے لئے دونوں جزء مؤنث - جیسے إِحْدَى عَشْرَةَ امْرَأَةً

——— اور اس کے بعد انیس تک
مذکر کی صورت میں پہلا جزء مؤنث اور دوسرا جزء مذکر جیسے خَمْسَةَ عَشَرَ رَجُلاً اور مؤنث کی حالت میں پہلا جزء مذکر اور دوسرا جزء مؤنث جیسے خَمْسَ عَشْرَةَ اِمْرَأَةً ج عَشَرَات۔
العِشْرُوْنَ۔ بیس (مذکر و مونث دونوں کے لئے)
العِشْرَة۔ صحبت۔ مخالطت۔
العَاشِر۔ فا۔ دسواں۔ دسویں دن گھاٹ پر جانے والا اونٹ ج عُشَّر مؤنث عَاشِرَة۔ ج عَوَاشِر۔ العَوَاشِر: پرندے کے اگلے بڑے پر۔
العَشُوْرَی والعَاشُوْر والعَاشُوْرَاء والعَاشُوْرَی۔ محرم کی دسویں تاریخ۔
العَشَّار۔ دسواں حصہ وصول کرنے والا۔
العُشَرَاء۔ مِنَ النُّوقِ: آٹھ یا دس مہینے کی گابھن اونٹنی ج عِشَار و عُشَرَاوَات۔ یا وہ اونٹنی جو بچہ جن چکی ہو۔
العُشَرَاءُ والعُوَيْشَرَاءُ: گلی ڈنڈا۔ (بچوں کا کھیل) کہا جاتا ہے جَاؤُوا عُشَارَ و مَعْشَرَ یعنی دس دس آئے (یہ دونوں کلمے وصفیت اور عدل کی وجہ سے غیر منصرف ہیں)
ثَوْبٌ عُشَارِیٌّ۔ دس گز لمبا۔ غلام عُشَارِیٌّ دس سال کا۔ مؤنث عُشَارِيَّة۔
عُشَارَة۔ دسواں حصہ۔
الاَعْشَارِی۔ اَعْشَار جمع عشر کی طرف منسوب۔
العَشِيْر۔ قبیلہ۔ قریب۔ دوست۔ زوج۔ زوجہ ج عُشَرَاء۔
العَشِيْر۔ دسواں حصہ۔ ج اَعْشِرَاء۔
العَشِيْرَة۔ قبیلہ۔ عَشِيْرَةُ الرَّجُلِ: برادران باپ کی جانب سے قریبی لوگ ج عَشَائِر و عَشِيْرَات۔
الاَعْشَر۔ بے وقوف۔
المَعْشَر۔ جماعت۔ آدمی کے اہل۔ جن انسان ج مَعَاشِر۔

المِعْشَار۔ دسواں حصہ۔ نَاقَةٌ مِعْشَار: بہت دودھ والی اونٹنی۔
العَشَارِب والعَشَرَّب۔ شیر۔ رَجُلٌ عَشَارِب دلیر مرد۔
عَشَزَ (ض) عَشْزَانًا۔ کٹی ہوئی ٹانگ والے کی طرح چلنا ——— عَلَی عَصَاهُ: لاٹھی پر پر ٹیک لگانا۔
العَشُوْز۔ دشوار گذار راستہ یا زمین ج عَشَاوِز (——— والعَشَوَّز) مضبوط۔ قوی۔ موٹا
عَشِقَهُ (س) عِشْقًا و عَشَقًا و مَعْشَقًا بہت محبت کرنا۔ محبت میں حد سے بڑھ جانا۔ صفت مذکر عَاشِق ج عُشَّاق و عَاشِقُوْن۔ صفت مؤنث عَاشِقَةٌ و عَاشِقٌ ج عَوَاشِق
عَشِقَ بِالشَّيْءِ: چمٹنا۔
تَعَشَّقَ۔ بتکلف عاشق بننا ——— ہ: بہت محبت کرنا۔
العِشْق۔ محبت کی زیادتی۔ پارسائی اور فسق دونوں طرح سے ہوتا ہے۔
العَشَقَة۔ عشق پیچان۔ پیلو ج عَشَق۔
العَشِيْق۔ عاشق۔ معشوق۔ العَشِيْق والعَشُوْق: پھولوں کے پودوں کی دیکھ بھال کرنے والا ج عُشُق۔
العَشَّاق والعِشِّيْق۔ بہت زیادہ عشق والا۔
عَشِمَ (س) عَشَمًا و عُشُوْمًا و تَعَشَّمَ الشَّيْءُ: خشک ہونا۔
العَشَم۔ لالچ۔ خُبْزٌ عَشَمٌ: سوکھی یا خراب روٹی۔
العَشَمَة۔ لالچ۔ خشک روٹی۔ لاغری کی وجہ سے خشک۔ پیر فرتوت (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے۔ "شَيْخٌ عَشَمَةٌ و عَجُوْزٌ عَشَمَةٌ"
خُبْزٌ عَيْشُوْمٌ خشک یا خراب شدہ روٹی۔
الاَعْشَم۔ دو مخلوط رنگ۔ خشک درخت۔ عمر رسیدہ بوڑھا۔ مؤنث عَشْمَاء۔
عَشَنَ (ن) عَشْنًا و اَعْشَنَ و عَشَّنَ

و اِعْتَشَنَ۔ رائے لگانا۔ تخمینہ کرنا۔ اِعْتَشَنَ فُلَانًا: ناحق حملہ کر دینا۔
العُشَان والعُشَانَة۔ گری ہوئی ردی کھجوریں۔ العُشَانَة: کھجور کی شاخ کی جڑ۔
عَشَا يَعْشُو عَشْوًا۔ رتوندوالے کی طرح کام کرنا ——— الاِبِلَ: اونٹوں کو رات میں چرانا ——— الرَّجُلَ: رات میں قصد کرنا ——— ہُ و اِلَيْهِ قصد کرنا اور بخشش طلب کرنا ——— عَنْهُ: اعراض کرنا اور دوسرے کی طرف مائل ہونا (——— عَشْوًا و عَشِيًّا) الرَّجُلَ: رات کا کھانا کھلانا (——— عَشْوًا و عُشُوًّا) النَّارَ و اِلَی النَّارِ: رات کو آگ کی طرف راستہ پانے یا مہمانی کی امید میں جانا (——— عَشُوَ و عَشِيَ يَعْشَی عَشًا) نگاہ کمزور ہونا۔ رتوندی ہونا۔ صفت عَشٍ و اَعْشَی۔ عَشِيَ العَشَاءَ: رات کا کھانا کھانا۔ صفت عَشْيَان۔ عَشِيَ عَلَيْهِ: ظلم کرنا عَشِيَتِ الاِبِلُ: اونٹ کا رات میں چرنا۔ صفت عَاشِيَةٌ ج عَوَاشٍ۔
عَشَّی تَعْشِيَةً۔ الرَّجُلَ: شام کا کھانا کھلانا ——— الطَّيْرَ: آگ روشن کرکے اندھا بنا کر شکار کرنا ——— عَنِ الشَّيْءِ: نرمی برتنا۔ ملاطفت کرنا ——— الاِبِلَ: اونٹ کو رات میں چرانا۔
اَعْشَی اِعْشَاءً الرَّجُلَ: دینا۔ رات کا کھانا کھلانا ——— اللّٰهُ الرَّجُلَ: رتوند میں مبتلا کر دینا۔
تَعَشَّی۔ رات کا کھانا کھانا۔
تَعَاشَی۔ رتوندی والا ظاہر کرنا ——— عَنْهُ: جاہل بننا۔
اِعْتَشَی اِعْتِشَاءً۔ عشا کے وقت چلنا ——— النَّارَ: رات میں دیکھنا اور قصد کرنا
اِسْتَعْشَی اِسْتِعْشَاءً نَارًا: آگ کی روشنی میں راستہ پانا ——— الرَّجُلَ: متحیر پانا۔
العَشَاء۔ شام کا کھانا۔ ج اَعْشِيَةٌ۔
العَشَا والعَشَاوَة۔ نگاہ کی کمزوری۔ رتوندی۔
العِشْی۔ شام کا کھانا۔

الْعِشَاءُ والْعَشِیُّ - رات کی ابتدائی تاریکی اور بقول بعض مغرب سے عشاء تک کی تاریکی - یا دن کا آخری حصہ -

الْعِشَاءَانِ - مغرب اور عشا - بَعِیرٌ عَشِیٌّ رات کو دیر تک چرنے والا -

الْعَشِیَّۃُ - شام ج عَشِیٌّ وعَشَایَا وعَشِیَّات اور نسبت کے لئے عَشَوِیٌّ - الْعَشِیَّۃُ: بادل -

الْعَشْوَۃُ - تاریکی - رات کے اول ربع کی تاریکی -

الْعُشْوَۃُ والْعِشْوَۃُ - آگ کا شعلہ جو رات کو دور سے دکھائی دے -

الْعُشْوَۃُ والْعِشْوَۃُ والْعَشْوَۃُ - امر مشتبہ کو کرنا - کہا جاتا ہے "أَوْطَأَہٗ عَشْوَۃً" یعنی اس نے اسے امر مشتبہ میں پھنسا دیا اور یہ اس وقت کہ جب کوئی ایسی خبر دے کہ جس کی وجہ سے حیرت ومصیبت میں پڑ جائے -

الْعَشْوَاءُ - مؤنث الْأَعْشٰی - اونٹنی جس کو سامنے نظر نہ آئے - کہا جاتا ہے "ہُوَ یَخْبِطُ خَبْطَ عَشْوَاءَ" یعنی وہ امور میں بغیر کسی بصیرت کے تصرف کرتا ہے - "ہُوَ أَخْبَطُ مِنْ عَشْوَاءَ" "وَإِنَّہُمْ لَفِیْ عَشْوَاءَ مِنْ أَمْرِہِمْ" یعنی حیرانی وسرگردانی میں ہیں - "وَرَکِبَ الْعَشْوَاءَ" یعنی اپنے کام کو بغیر ہدایت کے اختیار کیا - الْعَشْوَاءُ: تاریکی کھجور - کھجور کا درخت -

عَصَّ (س) عَصًّا وعَصَصًا - سخت ہونا -

عَصْعَصَ عَلٰی غَرِیْمِہٖ: قرض دار سے اصرار کرنا -

الْعُصُّ - اصل - کہا جاتا ہے "ہُوَ کَرِیْمُ الْعُصِّ"

الْعُصْعُص والْعُصْعُوص - دُم کی ہڈی

عَصَبَ (ض) عَصْبًا الشَّیْءَ: لپیٹنا موڑنا - بٹنا - باندھنا - الْقُطْنَ: روئی کاتنا - الرِّیْقُ بِالْفَمِ: تھوک کا منہ پر خشک ہونا - النَّاقَۃَ: دوہنے کے لئے اونٹنی کی رانیں باندھنا - الرَّجُلُ بَیْتَہٗ: اقامت کرنا - الْغُبَارُ رَأْسَہٗ: سر پر غبار لگ جانا - الْقَوْمُ بِہٖ: اجتماع کرنا - احاطہ کرنا (- عَصْبًا وعُصُوْبًا) الْأَسْنَانُ: دانتوں کا میلا ہونا - الْأُفُقُ: کنارۂ آسمان کا سرخ ہونا (- عَصْبًا وعِصَابًا) الشَّیْءَ: قبضہ کرنا -

عَصِبَ (س) عَصَبًا اللَّحْمُ: گوشت کا زیادہ پٹھے والا ہونا - صفت - عَصِبٌ - الْقَوْمُ بِہٖ: اجتماع کرنا - احاطہ کرنا -

عَصَّبَہٗ - بھوکا رکھنا - ہلاک کرنا - پٹی باندھنا - عَصَّبَ فُلَانًا: سردار بنانا -

أَعْصَبَتِ الْإِبِلُ: اونٹوں کا تیز چلنا -

تَعَصَّبَ - پٹی باندھنا - عصبیت سے کام لینا - سردار ہونا - لَہٗ ومَعَہٗ: مائل ہونا اور مدد کی کوشش کرنا - عَلَیْہِ: مقابلہ کرنا - اور عصبیت دکھلانا - فِیْ دِیْنِہٖ ومَذْہَبِہٖ: دین ومذہب میں غیور ہونا اور سخت حفاظت کرنا - بِالشَّیْءِ: راضی ہونا -

اِعْتَصَبَ الْقَوْمُ: گروہ بننا - الْمَلِکُ: بادشاہ کا تاج پہننا - التَّاجُ عَلٰی رَأْسِہٖ: تاج کا سر پر فٹ ہونا - بِالشَّیْءِ: قناعت کرنا اور راضی ہونا -

اِنْعَصَبَ الشَّیْءُ: سخت ہونا -

اِعْصَوْصَبَ الشَّرُّ: سخت ہونا - الْقَوْمُ: مجتمع ہونا اور گروہ گروہ ہونا -

الْعَصْبُ - عمامہ - پگڑی - ایک قسم کی چادر (- والْعُصْبُ) عشق پیچاں -

الْعَصَبُ مع پٹھا - قوم کے چیدہ لوگ عشق پیچاں ج أَعْصَاب -

الْعَصَبَۃُ - عصب کا واحد - باپ کی جانب سے رشتہ دار ج عَصَبَات -

الْعِصْبَۃُ - پٹی باندھنے کی ہیئت -

الْعُصْبَۃُ - مِنَ الرِّجَالِ والْخَیْلِ والطَّیْرِ: مردوں یا گھوڑوں یا پرندوں کی جماعت - ج عُصَب -

الْعِصَابُ - جس سے باندھا جائے -

الْعِصَابَۃُ - جماعت مردوں، گھوڑوں پرندوں کی پگڑی - عمامہ - پٹی - ج عَصَائِب

الْعَاصِب - فا - رَجُلٌ عَاصِبٌ: وہ شخص جس کے منہ پر تھوک خشک ہو جائے -

الْعَصِیْب - بھیپھڑا مع آنتوں کے بندھا ہوا اور بھنا ہوا ج عُصُب وأَعْصِبَۃ - یَوْمٌ عَصِیْبٌ: سخت گرم -

التَّعَصُّب - مص دلیل ظاہر ہو جانے کے بعد بھی حق کو نہ قبول کرنا - ج تَعَصُّبَات -

الْعَصَبِیُّ - قوم کی عصبیت کی بنا پر ظلم میں مدد کرنے والا -

الْعَصَبِیَّۃُ - دھڑا بندی -

الْمُعَصَّب مفع - سردار - تاج پہننے والا - فقیر - بھوکا -

الْمَعْصُوْب - مفع - باریک تلوار - کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَعْصُوْبُ الْخَلْقِ" یعنی مضبوط بناوٹ کا پُر گوشت -

الْعَصَبْصَب - سخت گرم دن یا مطلقاً سخت -

عَصَدَ (ض) عَصْدًا وأَعْصَدَ الشَّیْءَ: موڑنا - گرہ دینا - کہا جاتا ہے "عَصَدَہٗ عَلَی الْأَمْرِ" یعنی اس کو کام پر مجبور کیا (- عُصُوْدًا) الرَّجُلُ مرنا -

الْعَصِیْد - گرہ لگایا ہوا - موڑا ہوا -

الْعَصِیْدَۃُ - ایک قسم کا کھانا جو گھی آٹا ملا کر پکایا جاتا ہے -

عَصَرَ (ض) عَصْرًا - الْعِنَبَ أَوِ الثَّوْبَ: انگور یا کپڑے کو نچوڑنا - الدُّمَّلَ: پھوڑے کو نچوڑ کر پیپ نکالنا - الرَّکْضُ الْفَرَسَ: پسینہ لانا - الشَّیْءَ عَنْہُ: منع کرنا - فُلَانًا: قید کرنا - عطیہ دینا -

عَصَّرَ الشَّیْءَ: بار بار نچوڑنا - الزَّرْعُ کھیتی میں خوشے نکالنا - عَصَّرَتِ الْمَرْأَۃُ: عورت کا بالغ ہونا - حیض آنا -

أَعْصَرَ - عصر کے وقت میں داخل ہونا -

اَعْصَرَتِ الْمَرْأَۃُ: عورت کا بالغ ہونا۔ حائضہ ہونا۔ صفت مُعْصِر۔ ج مَعَاصِر و مَعَاصِیْر ــــ الرِّیْحُ: ہوا کا بگولہ لانا۔
اُعْصِرَ الْقَوْمُ: بارش کیا جانا۔
عَاصَرَہٗ مُعَاصَرَۃً۔ ایک زمانہ میں ہونا۔
تَعَصَّرَ۔ نچوڑا جانا ــــ بہ: پناہ لینا۔
اِعْتَصَرَ الْعِنَبَ اَوِ الثَّوْبَ وَنَحْوَہُمَا: انگور یا کپڑا وغیرہ نچوڑنا ــــ الْعَصِیْرَ: شراب بنانا۔ ــــ الْعَطِیَّۃَ: عطیہ واپس لینا ــــ مِنْ فُلَانٍ مَالًا: تاوان میں یا کسی دوسرے طریقہ سے مال لینا ــــ مِنَ الشَّیْءِ: لینا ــــ بِفُلَانٍ: پناہ لینا ــــ عَلَیْہِ: بخل کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِعْتَصَرَ بِالْمَاءِ مَا غَصَّ بِہٖ مِنَ الطَّعَامِ" کھانے کو حلق سے نیچے اتارنے کیلئے تھوڑا پانی پیا۔
اِنْعَصَرَ۔ نچڑنا ــــ الْعِنَبُ وَنَحْوُہٗ: شیرہ نکل جانا۔
الْعَاصِرُ فا۔ ج عَصَرَۃ و عَاصِرُوْن مؤنث عَاصِرَۃ ج عَوَاصِر و عَاصِرَات۔ رَجُلٌ عَاصِرٌ: بے برکت۔ بخیل۔
الْعَصْرُ۔ دن۔ رات۔ دن کا آخری حصہ آفتاب کے سرخ ہونے تک۔ صبح۔ قبیلہ۔ گروہ عطیہ ج اَعْصُر و عُصُوْر۔ الْعَصْرَان۔ صبح شام۔ دن۔ رات۔ کہا جاتا ہے "جَاءَنِیْ عَصْرًا" وہ میرے پاس دیر میں آیا۔
الْعَصْرُ و الْعِصْرُ و الْعُصُرُ۔ زمانہ ج عُصُوْر و اَعْصُر و عُصُر و اَعْصَار۔ اور اَعْصَار کی جمع اَعَاصِر۔
الْعُصْرُ و الْعَصَرُ و الْعُصْرَۃُ و الْمُعْتَصَرُ: جائے پناہ۔
الْعَصَرُ۔ عصر بسکون الصاد میں ایک لغت ہے بمعنے زمانہ۔ غبار۔ خوشبو کی بھڑک
الْعَصَرَۃُ۔ خوشبو کی بھڑک عاصر کی جمع۔ غبار۔ بگولہ۔
الْعَصِیْرُ و الْعَصِیْرَۃُ و الْعُصَارُ۔ رس۔ نچوڑ۔ الْعَصِیْرُ: نچوڑا ہوا۔
الْعِصَارُ۔ سخت غبار۔ وقت۔
الْعُصَارَۃُ۔ رس۔ نچوڑ۔ نچوڑنے کے بعد پھوکس۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کَرِیْمُ الْعُصَارَۃِ" یعنی سوال کے وقت جواد و سخی۔
الْاِعْصَارُ۔ بگولہ ج اَعَاصِر و اَعَاصِیْر کہتے ہیں "وَعْدُہٗ اِعْصَارٌ لَیْسَ بَعْدَہٗ اِعْصَارٌ" یعنی اس کے وعدہ کے لئے وفا نہیں۔ اس قول میں پہلا اعصار بمعنے بگولہ اور دوسرا اعصار مصدر ہے۔ اُعْصِرَ الْقَوْمُ کا بمعنے بارش ہونا۔
الْمَعْصَرَۃُ و الْمَعْصَرُ۔ نچوڑنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ کَرِیْمُ الْمَعْصَرِ" یعنی سوال کے وقت سخی ہے۔
الْمِعْصَرُ و الْمِعْصَرَۃُ۔ انگور وغیرہ نچوڑنے کا آلہ۔
الْمِعْصَارُ۔ وہ چیز جس میں کچھ نچوڑیں۔
الْمُعْصِرَاتُ۔ بادل۔
الْعُصْعُصُ و الْعَصْعَصُ۔ دُم کی ہڈی۔ ج عَصَاعِص۔ الْعُصْعُصُ: مرد کم خیر دشوار خو۔ مضبوط توانا۔
الْعُصْعُوْصُ۔ دم کی ہڈی ج عَصَاعِیْص
عَصَفَتْ (ض) عَصْفًا و عُصُوْفًا الرِّیْحُ: ہوا کا تیز چلنا۔ صفت عَاصِفَۃٌ و عَاصِفٌ ــــ النَّاقَۃُ بِرَاکِبِہَا: اونٹنی کا تیز لے جانا ــــ الرَّجُلُ: دوڑنا۔ عَصَفَ الشَّیْءُ: مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَصَفَتِ الْحَرْبُ بِالْقَوْمِ" جنگ نے قوم کو تباہ و برباد کر دیا۔ "عَصَفَ الدَّہْرُ بِہِمْ" زمانے نے ان کو ہلاک کر دیا ــــ و اعْتَصَفَ عِیَالَہٗ: بال بچوں کے لئے کمانا۔
عَصَفَ (ن) عَصْفًا الزَّرْعَ: کھیتی تیار ہونے سے پہلے کاٹنا۔
اَعْصَفَ الزَّرْعُ: کھیتی کا کاٹنے کے لائق ہونا۔ اَعْصَفَتِ الرِّیْحُ: ہوا کا تیز چلنا۔ صفت مُعْصِفَۃٌ و مُعْصِفٌ ج مَعَاصِف و مَعَاصِیْف ــــ الرَّجُلُ: ہلاک ہونا۔ راستے سے ہٹ جانا۔ اَعْصَفَتِ الْحَرْبُ بِہِمْ: تباہ و برباد کر دینا۔
اِسْتَعْصَفَ الزَّرْعُ: تناور ہونا۔
الْعَصْفُ مص۔ کھیت کے پتے۔ عَصْفُ التِّبْنِ: گھاس کے تنکے۔ عَصْفُ الْاِثْمِدِ وغیرہ اثمد وغیرہ کا غبار۔
الْعَصْفَۃُ۔ عَصَفَ کا اسم مرۃ۔ شراب کی بو۔ کھیتی کے ڈنٹھل کے پتے۔
الْعَاصِفُ۔ فا۔ سَہْمٌ عَاصِفٌ: نشانہ سے ٹیڑھا تیر۔ یَوْمٌ عَاصِفٌ: تیز ہوا کا دن۔
الْعَاصِفَۃُ۔ مؤنث عَاصِفٌ ج عَاصِفَاتٌ و عَوَاصِف۔
الْعَصُوْفُ۔ تیز ہوا۔ ج عُصُف۔
الْعَصِیْفُ۔ تیز ہوا۔
الْعَصِیْفَۃُ۔ پتے کہ جن کے درمیان میں خوشہ ہو۔
الْعُصَافَۃُ۔ تنکے جو خوشے سے گریں۔ کوڑا کرکٹ جس کو ہوا اڑا کر لائے۔
عَصْفَرَ۔ الثَّوْبَ: کپڑے کو زرد رنگ سے رنگنا۔
تَعَصْفَرَ۔ الثَّوْبُ: زرد رنگ سے رنگا ہوا ہونا
تَعَصْفَرَتِ الْعُنُقُ: گردن ٹیڑھی ہونا۔
الْعُصْفُرُ۔ زرد رنگ۔
الْعُصْفُوْرُ۔ چڑیا۔ کبوتر سے ہر چھوٹا پرندہ ج عَصَافِیْر مؤنث عُصْفُوْرَۃ۔ الْعُصْفُوْرُ: پیشانی پیشانی کے بال کے نکلنے کی جگہ کی جڑ۔ لکڑی جس سے پالان کے سرے باندھے جاتے ہیں۔ گھوڑے کی پیشانی کی ہڈی اٹھی ہوئی اور وہ دائیں بائیں دو ہوتی ہیں۔ کتاب۔ کشتی کی میخ۔ سردار۔ کہا جاتا ہے "نَقَّتْ اَوْ صَاحَتْ عَصَافِیْرُ بَطْنِہٖ" یعنی بھوکا ہوا۔
الْعُصَیْفِرَۃُ۔ گل خیری کا زرد پھول۔
الْعُصْقُوْلُ۔ نرٹڈی ج عَصَاقِیْل۔
الْعَصَاقِیْلُ: بگولہ۔
عَصِلَ (س) عَصَلًا الشَّیْءُ: سختی کیساتھ ٹیڑھا ہونا۔ صفت عَصِلٌ و اَعْصَلُ مؤنث عَصْلَاءُ

وعَصَلاً، ـــہ عِصَال وعَصَل (ـــ واَعْصَلَ) سخت ہونا۔

عَصَلَ (ن) عَصْلاً العُوْدَ: لکڑی کو ٹیڑھا کرنا۔

عَصَّلَ السَّہْمُ: تیر کا ٹیڑھا ہونا۔ دیر کرنا

العِصْل والعَصَل ۔ آنت ـــہ اَعْصَال

المُعَصِّل ۔ قرضدار پر سختی کرنے والا۔

المِعْصَال والمِعْصِیْل ۔ ٹیڑھے سر کی لاٹھی اور جس کو عام لوگ "مُعْقِیلَہ" یا باکور کہتے ہیں۔ ڈنڈا ـــہ مَعَاصِیْل۔

عَصْلَبَ ۔ سخت غضبناک ہونا۔ سخت پٹھے والا ہونا۔

العَصْلَب والعُصْلُبُ والعُصْلُبِیّ والعُصْلُوْب ۔ بڑے ڈیل ڈول کا مضبوط مرد۔

عَصَمَ (ض) عَصْمًا الرَّجُلَ: کمائی کرنا۔ الشَّیْءَ: روک لینا ـــ اللّٰہُ فُلَانًا مِنَ المَکْرُوہِ محفوظ رکھنا۔ بچانا۔ عَصَمَ القِرْبَۃَ: مشک کو رسی سے باندھنا ـــ اِلٰی فُلَانٍ: پناہ لینا

عَصِمَ (س) عَصَمًا ۔ الظَّبْیُ: سفید ٹانگوں والا ہونا۔

اَعْصَمَ بہ: پکڑنا اور لازم ہونا بالفَرَسِ: ایال پکڑنا ـــ مِنَ الشَّرِّ: باز رہنا ـــ القِرْبَۃَ: رسّی سے باندھنا۔

اِعْتَصَمَ ۔ بہ: ہاتھ سے پکڑنا ـــ بِصَاحِبِہٖ: لازم ہونا ـــ بِاللّٰہِ: اللہ کی مہربانی سے گناہ سے باز رہنا ـــ مِنَ الشَّرِّ والمَکْرُوْہِ: پناہ لینا اور باز رہنا۔

اِنْعَصَمَ ۔ محفوظ ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ "عَصَمْتُہٗ فَانْعَصَمَ" میں نے اس کی حفاظت کی اور وہ محفوظ ہوگیا۔

اِسْتَعْصَمَ بہ: مضبوط پکڑنا اور لازم ہونا۔ پناہ لینا اور باز رہنا۔ بچانے والی چیز کا قصد کرنا۔

العُصْم والعُصُم ۔ ہر چیز کا بقیہ ۔ خضاب وغیرہ کا اثر۔

العِصَام ۔ سرمہ ۔ دُم کا باریک حصہ مِنَ القِرْبَۃِ: مشک باندھنے کی رسی مِنَ الوِعَاءِ: دستہ ۔ عہد ۔ اور یہ باب مجاز سے ہے ـــہ اَعْصِمَۃ وعُصُم وعِصَام۔

العِصَامِیّ ۔ نعمان بن منذر بادشاہ حیرہ کے حاجب عِصَام کی جانب نسبت ۔ ذاتی شرافت رکھنے والا اور اسی سے مثل ہے "کُنْ عِصَامِیًّا لَا عِظَامِیًّا" یعنی عصام کی طرح ذاتی شرافت پیدا کرو آباؤ اجداد جو مردہ ہوچکے ہیں اُن کی ہڈیوں پر مت فخر کرو۔

العِصْمَۃ ۔ بچاؤ ۔ گناہوں سے بچنے کا ملکہ ۔ العِصْمَۃ ۔ گلوبند ۔ پٹہ ـــہ عِصَم وعُصُم وعِصَمَۃٌ جج اَعْصَام۔

العَصَمَۃُ ۔ گلوبند ۔ پٹہ۔

الاَعْصَم ۔ اگلے ایک یا دونوں سفید پاؤں والا جانور ۔ مؤنث عَصْمَاءُ ـــہ عُصْم

العَصِیْم ۔ پسینہ ۔ ہر چیز کا بقیہ ۔ خضاب وغیرہ کا اثر۔

العَصُوْم والعَیْصُوْم ۔ بہت کھانے والا (مذکر و مؤنث)

العَاصِمَۃ ۔ مدینہ منورہ کا لقب ۔ دار السلطنت ۔ ـــہ عَوَاصِم ۔

المِعْصَم ۔ کلائی ـــہ مَعَاصِم۔

المُعْتَصَم ۔ پناہ لینے کی جگہ۔

عَصَا یَعْصُوْ عَصْوًا ۔ الرَّجُلَ: لاٹھی سے مارنا ـــ الجُرْحَ: زخم کو باندھنا ـــ القَوْمَ نیکی یا برائی پر جمع کرنا۔

عَصِیَ یَعْصَی عَصًا ۔ لاٹھی لینا و (عَصِیَ) بالسَّیْفِ: تلوار مارنا ۔ واعْتَصَی الشَّیْءَ کسی چیز کو لاٹھی بنانا ۔ اِعْتَصٰی عَلَیْہِ: ٹیک لگانا۔

عَصّٰی تَعْصِیَۃً فُلَانًا العَصَا: لاٹھی دینا

اَعْصَی اِعْصَاءً ۔ الکَرْمُ: شاخیں نکلنا اور پھل نہ آنا۔

عَاصَاہُ مُعَاصَاۃً فَعَصَاہُ لاٹھی سے مار پیٹ کرنا اور غالب آنا۔

العَصَا ۔ لاٹھی ۔ سہارے کی چیز (مؤنث) ـــہ عُصِیّ وعِصِیّ واَعْصٍ واَعْصَاء اور تثنیہ عَصَوَان

العَصَا: اجتماع ۔ جماعت ۔ پنڈلی کی ہڈی ۔ زبان کہا جاتا ہے "شَقَّ العَصَا" جماعت کی مخالفت کی "اِنْشَقَّتْ عَصَا القَوْمِ" آپس میں اختلاف پڑ گیا "قَرَعَ لَہُ العَصَا" متنبہ کیا "قَشَرَ لَہُ العَصَا" عندیہ ظاہر کر دیا "قَرْعَۃُ العَصَا المَلَامَۃِ" حد سے زیادہ ملامت کی "اَلْقَی المُسَافِرُ العَصَا" مسافر اپنی جگہ پر پہنچ گیا "اَلْقَی عَصَا التَّرْحَالِ" یعنی اس نے اقامت کی "اَلنَّاسُ عَبِیْدُ العَصَا" یعنی جو تکلیف پہنچاتا ہے لوگ اس سے ڈرتے ہیں۔

العُصَیَّۃ ۔ عصا کی تصغیر چھوٹا ڈنڈا۔

المَعْنَى - مقصود - معنی الكَلِمَة: کلمہ کا مدلول - معنی الكَلَامِ: کلام کا مضمون ج مَعَانٍ - معانی سے انسان کے صفات محمودہ بھی مراد لئے جاتے ہیں - کہا جاتا ہے "فُلَانٌ حَسَنُ المَعَانِي" فلاں اچھی صفات والا ہے
المَعْنَوِيُّ - معنی کی طرف منسوب -
مَعْنِيُّ الكَلَامِ و مَعْنَاتُهُ و مَعْنِيَّتُهُ: مدلول کلام -
عَهِدَ (س) عَهْدًا الأَمْرَ: پہچاننا —— الشَّيءَ: حفاظت کرنا - دیکھ بھال کرتے رہنا —— فُلَانًا و عَهِدَهُ حفاظت کرنا اور پورا کرنا - عَهِدَ اللهَ: توحید بیان کرنا —— فُلَانًا بِمَكَانِ كَذَا: ملاقات کرنا - کہا جاتا ہے "عَهْدِي بِهِ قَرِيبٌ" میری ملاقات اس سے قریب ہے
عَهِدَ اِلَى فُلَانٍ: وصیت کرنا اور شرط لگانا —— اِلَيْهِ فِي كَذَا: وصیت کرنا اور ذمہ دار بنانا -
عُهِدَ المَكَانُ: موسم ربیع کی پہلی بارش کا ہونا -
عَاهَدَهُ - معاہدہ کرنا - حلیف بننا -
اَعْهَدَ فلانا من كذا: امین بنانا - بری کرنا - کفالت کرنا -
تَعَاهَدَ القَوْمُ: ایک دوسرے سے معاہدہ کرنا - حلیف بننا -
تَعَاهَدَ و تَعَهَّدَ و اِعْتَهَدَ الشَّيءَ: حفاظت کرنا - دیکھ بھال کرنا - عہد کی تجدید کرنا - تَعَهَّدَ و اِعْتَهَدَ اَمْلَاكَهُ: اپنے املاک کی حفاظت و اصلاح کرنا - تَعَاهَدَ کا لفظ بھی اس کے لئے مستعمل ہے -
اِسْتَعْهَدَ فُلَانٌ مِنْ صَاحِبِهِ: عہد لینا —— فُلَانًا مِنْ نَفْسِهِ: اپنے حوادث نفس کا ذمہ دار ٹھہرانا -
العَهْدُ مع - وفا - ضمان - امان - ذمہ - دوستی وصیت - میثاق - قسم - شاہی فرمان ج عُهُودٌ - وہ مکان جس میں کسی چیز کا عہد کیا گیا ہو - وَلِيُّ العَهْدِ: بادشاہ کا جانشین - کہا جاتا ہے "كَانَ ذَلِكَ فِي اَوْ عَلَى عَهْدِ فُلَانٍ"

یعنی یہ فلاں کے زمانہ میں تھا "عَہِدِی بِہٖ اِنَّہٗ لَکَرِیْمٌ"
یعنی میرے علم میں وہ کریم ہے "ہُوَ قَرِیْبُ الْعَہْدِ بِکَذَا"
وہ فلاں کے قریب المحال ہے "وَعَلَیَّ عَہْدُ اللّٰہِ لَاَفْعَلَنَّ
کَذَا" میرے اوپر اللہ کی قسم ہے کہ میں ایسا کروں گا۔
کہا جاتا ہے "مَتٰی عَہْدُکَ بِفُلَانٍ" تم نے اسے کب دیکھا۔
اَلْعَہْدُ الْقَدِیْمُ: بائبل کی وہ کتابیں جو مسیح علیہ السلام
سے پہلے لکھی گئیں۔ اَلْعَہْدُ الْجَدِیْدُ: بائبل کی وہ کتابیں
جو مسیح علیہ السلام کے بعد لکھی گئیں۔

اَلْعَہْدُ والْعَہْدَۃُ والْعِہْدَۃُ۔ موسمِ ربیع
کی پہلی بارش۔ ج عِہَاد۔

اَلْعِہَادَۃُ۔ موسم ربیع کی پہلی بارش۔

اَلْعُہْدَۃُ۔ ضمان۔ کفالت۔ اصلاح کے لئے
واپسی، کہا جاتا ہے "لِیْ فِی الْاَمْرِ عُہْدَۃٌ" یعنی میرا اصلاح
کیلئے عنقریب لوٹوں گا۔ خط یا عقل کا نقص، کہا
جاتا ہے "فِیْ خَطِّہٖ عُہْدَۃٌ" اس کا خط ردی ہے۔

اَلْعَہِدُ۔ عہدے کو پسند کرنے والا۔ معاملات
کی دیکھ بھال کرنے والا۔

اَلْعِہْدَانُ۔ ضمان وکفالت۔

اَلْعَہِیْدُ۔ معاہدہ کرنے والا۔ معاہدہ کیا ہوا
پرانا۔

اَلْمَعْہَدُ۔ وہ جگہ جس میں کوئی چیز معہود ہو۔
لوگوں کی واپسی کی جگہ۔ ج مَعَاہِدُ۔

اَلْمَعْہُوْدُ مفعـ۔ معروف۔ مشہور۔

عَہَرَ (ف) عَہْرًا و عُہْرًا و عُہُوْرًا و عَہَارَۃً و عُہُوْرَۃً
و عَہِرَ (س) عَہَرًا۔ اِلَیْہَا: زنا کرنے کے لئے جانا۔ صفت
مذکر عَاہِرٌ ج عُہَّارٌ۔ صفت مؤنث عَاہِرٌ و عَاہِرَۃٌ ج عَوَاہِرُ

عَاہَرَ عِہَارًا۔ زنا کرنے کے لئے جانا۔

اَلْعَہْرُ۔ زنا کرنے کیلئے جانیوالا۔ زنا کار۔

اَلْعَاہِلُ۔ شہنشاہ۔ بڑا بادشاہ۔ بے خاوند
عورت ج عَوَاہِلُ۔

عَہَنَ (ن) عَہْنًا۔ بِالْمَکَانِ۔ اقامت کرنا۔
مِنَ الْمَکَانِ: نکلنا ___ فِی الْعَمَلِ: کوشش کرنا ___
اِلٰی فُلَانٍ: عہد لینا ___ لِفُلَانٍ مُرَادَہٗ: جلدی پورا
کرنا ___ اَلشَّیْءُ: ہمیشہ ہونا اور ثابت ہونا۔

عَہَنَتْ (ن ض) عُہُوْنًا۔ جَرَائِدُ النَّخْلِ: درخت
خرما کی شاخوں کا خشک ہونا۔

عَہِنَ (ض) عَہْنًا۔ اَلْقَضِیْبُ: شاخ کا
لچکنا اور ٹوٹنے کے قریب ہونا۔

عَہِنَ (س) عَہْنًا لَہٗ کَذَا: جلدی کرنا ___
اَلشَّیْءُ: حاضر ہونا۔

اَلْعِہْنُ۔ اون۔ یا رنگی ہوئی اون ج عُہُوْنٌ۔
کہا جاتا ہے "ہُوَ عِہْنُ مَالٍ" یعنی وہ مال کا بہتر
انتظام کرنے والا ہے۔

اَلْعُہْنَۃُ۔ شاخ کی لچک جو ٹوٹنے کے قریب ہو

اَلْعِہْنَۃُ۔ اون یا رنگی ہوئی اون کا ایک ٹکڑا۔
ایک درخت ہے جس کا پھول سرخ رنگ کا ہوتا ہے

اَلْعَاہِنُ نا فقیر حاضر۔ ثابت۔ جلدی کرنے
والا۔ ڈھیلا۔ کاہل۔

اَلْعَوَاہِنُ۔ درخت خرما کی خشک شدہ شاخیں
عاہنہ کی جمع ہے۔ کہا جاتا ہے "رَمَی الْکَلَامَ عَلٰی عَوَاہِنِہٖ"
جو کچھ منہ میں آیا کہہ دیا۔ بغیر سوچے ہوئے کہ صحیح ہے یا غلط

عَاثَ یَعُوْثُ عَوْثًا و عَوَّثَ فُلَانًا عَنْ کَذَا:
ہٹا دینا یہاں تک کہ متحیر ہو جائے۔ عَوَّثَہٗ: دیر کرا دینا

تَعَوَّثَ۔ متحیر ہونا۔

اَلْمَعَاثُ۔ مذہب۔ مسلک۔ گنجائش۔ کہا جاتا
ہے "اِنَّ لِیْ عَنْ ہٰذَا الْاَمْرِ لَمَعَاثًا" یعنی میرے لئے
اس معاملے میں گنجائش ہے اسلئے اسکا چھوڑنا میرے
لئے ممکن ہے۔

عَاجَ یَعُوْجُ عَوْجًا و مَعَاجًا بِالْمَکَانِ:
اقامت کرنا ___ فُلَانًا بِالْمَکَانِ: مقیم کرانا ___ السَّائِرُ:
ٹھہرنا ___ اِلٰی او عَلَی الْمَکَانِ: مائل ہونا۔ متوجہ ہونا
فُلَانٌ عَمَّا عَزَمَ عَلَیْہِ: پختہ ارادہ سے ہٹ جانا
اَلْبَعِیْرَ: اونٹ کو لگام سے پھیرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَعُوْجُ
بِکَلَامِہٖ": میں اسکے کلام کی پروا نہیں کرتا ___
عِیَاجًا و عَوْجًا) اِلَیْہِ: مائل ہونا۔

عَوِجَ یَعْوَجُ عَوَجًا۔ العود ونحوہ: لکڑی وغیرہ
کا ٹیڑھا ہونا ___ الْاِنْسَانُ: بدخلق ہونا۔ صفت
اَعْوَجُ۔

عَوَّجَ تَعْوِیْجًا۔ اَلْعُوْدَ و نَحْوَہٗ: لکڑی وغیرہ کا
ٹیڑھا کرنا ___ اَلْعَصَا و نَحْوَہٗ: لاٹھی وغیرہ پر
ہاتھی دانت جڑنا۔ صفت مفعولی مُعَوَّجَۃٌ تسکین
عین کے ساتھ ہے ___ النَّاقَۃَ: اونٹنی کو پھیرنا
عَوَّجَ عَنِ الشَّیْءِ: باز رکھنا۔

تَعَوَّجَ تَعَوُّجًا و اِعْوَجَّ اِعْوِجَاجًا۔ الْعُوْدُ
لکڑی کا ٹیڑھا ہونا۔

اِنْعَاجَ اِنْعِیَاجًا عَلَیْہِ: مڑنا۔

اَلْعَاجُ۔ ہاتھی دانت۔ اَلْعَاجَۃُ: ہاتھی دانت
کا ایک ٹکڑا۔

اَلْعَوَّاجُ۔ ہاتھی دانت کا بیچنے والا۔

اَلْعِوَجُ۔ کجی۔ پیچیدگی۔

اَلْعَوْجَاءُ۔ مؤنث اَعْوَجُ۔ کمان۔ دبلی
اونٹنی ج عُوْجٌ۔

اَلْمُعَاجُ مـ۔ ٹھہرنے کی جگہ۔

عَادَہٗ یَعُوْدُہٗ عَوْدًا: ہٹانا۔ عَادَ السَّائِلَ:
واپس کرنا۔ عَادَ فُلَانًا بِالْمَعْرُوْفِ: احسان بھلائی
کرنا۔

عَادَ یَعُوْدُ عَوْدًا و عَوْدَۃً و مَعَادًا اِلٰی کَذَا و
اِلٰی کَذَا: کسی کی طرف ہونا۔ اعراض کے بعد واپس
ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَادَ عَلَیَّ مِنْ فُلَانٍ مَکْرُوْہٌ" فلاں کی
جانب سے مجھے تکلیف پہنچی۔

عَادَ یَعُوْدُ عَوْدًا و عِیَادًا۔ الشَّیْءَ: دوبارہ کرنا
اسی سے مثل ہے "اَلْعَوْدُ اَحْمَدُ"۔ عَادَ الْاَمْرُ کَذَا بمعنے صار اور
یہ افعال ناقصہ میں سے ہے اور کبھی ایک حالت سے
دوسری حالت کی طرف انتقال کے لئے آتا ہے
جیسے "عَادَ فُلَانٌ شَیْخًا" یعنی فلاں جوان سے بوڑھا ہو گیا

عَادَہٗ عَوْدًا۔ عادت بنا لینا۔

عَادَ یَعُوْدُ عَوْدًا و عِیَادًا و عِیَادَۃً و عُوَادَۃً
الْمَرِیْضَ: بیمار پرسی کرنا۔ صفت مذکر عَائِدٌ ج عُوَّادٌ
و عُوْدٌ و عَوْدٌ اور صفت مؤنث عَائِدَۃٌ جمع عُوَّدٌ اور
صفت مفعولی مَعُوْدٌ اور مَعُوْوْدٌ۔

عَوَّدَ فُلَانًا کَذَا: عادی بنا دینا ___ الْبَعِیْرُ:
اونٹ کا بوڑھا ہونا ___ الرَّجُلُ: عمر رسیدہ ہونا

عَیَّدَ تَعْیِیْدًا۔ عید میں حاضر ہونا۔

عَاوَدَہٗ مُعَاوَدَۃً و عِوَادًا۔ الرَّجُلُ: امر
اوّل کی طرف واپس آنا ___ الشَّیْءَ: عادت بنا لینا۔

کہا جاتا ہے "عَادَتْہُ الحُمّٰی" بار بار بخار آیا "عَاوَدَہٗ بِالمَسْأَلَۃِ" بار بار سوال کیا۔
اَعَادَ اِعَادَۃً الاَمْرَ والکَلَامَ: لوٹانا۔ دہرانا — الشَّیْءَ: عادت بنا لینا۔ طاقت رکھنا — الشَّیْءَ اِلٰی مَکَانِہٖ: اسکی جگہ پر واپس کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَا یُعِیْدُ وَمَا یُبْدِیْ" جبکہ کوئی حیلہ نہ ہو۔ رَاَیْتُ فُلَانًا مَا یُبْدِیْ وَمَا یُعِیْدُ یعنی کچھ بھی گفتگو نہیں کرتا نہ ابتداءً نہ اعادۃً۔
تَعَوَّدَ تَعَوُّدًا المَرِیْضَ: بیمار پرسی کرنا — الشَّیْءَ: عادی ہونا۔
اِعْتَادَ اِعْتِیَادًا۔ الشَّیْءَ: خوگر ہونا۔ عادی ہونا
تَعَاوَدَ القَوْمُ فِی الحَرْبِ: ہر فریق کا اپنے ساتھیوں کے پاس واپس جانا۔
اِسْتَعَادَ اِسْتِعَادَۃً۔ لوٹنے کو کہنا — الشَّیْءَ: فُلَانًا دُمِنْ فُلَانٍ: لوٹانے کو کہنا — الشَّیْءَ: عادی ہونا۔ خوگر ہونا۔
عَادٌ۔ عرب اولی کا ایک شخص، ایک پرانا قبیلہ جو اسی شخص کے نام سے موسوم تھا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِیْ اَیُّ عَادٍ ہُوَ" مجھے نہیں معلوم کہ وہ کون ہے۔
العَادِیُّ۔ وہ امر جس کی عادت جاری ہو۔ پرانی چیز۔ اقوام قدیمہ کے کھنڈرات ج عَادِیَات
العَوْدُ مم۔ بوڑھا اونٹ۔ بوڑھی بکری۔ ج عِوَدَۃ۔ پرانا راستہ۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ عَوْدًا عَلٰی بَدْءٍ" او "رَجَعَ عَوْدَہٗ عَلٰی بَدْئِہٖ" یعنی اس کا سفر ختم نہیں ہوا اور واپس آ گیا۔
العُوْدُ۔ لکڑی۔ کٹی ہوئی ٹہنی۔ ایک قسم کی خوشبو جس کو بطور بخور استعمال کیا جاتا ہے۔ زبان کی جڑ کی ہڈی۔ سارنگی ج عِیْدَانٌ واَعْوَادٌ واَعْوُدٌ۔ عُوْدُ الصَّلِیْبِ وعُوْدُ القَرْحِ وعُوْدُ الاَنْجَبَارِ دواؤں کے نام۔
العِیْدُ۔ عید۔ ہر وہ دن جس میں کسی صاحب فضل یا کسی بڑے واقعہ کی یادگار مناتے ہوں۔ کہا گیا ہے کہ اسکو عید اس وجہ سے کہتے ہیں کہ ہر سال لوٹ کر وہ دن آتا ہے اور اصل اس کی عِوْد ہے۔ اور اس کی جمع قاعدہ کے مطابق اَعْوَاد ہونی چاہیئے تھی مگر عود بمعنی لکڑی کی جمع سے فرق کیلئے اس کی جمع اَعْیَاد آتی ہے۔ العِیْد: بار بار آنیوالی بیماری یا غم وغیرہ۔
العَادَۃُ۔ عادت۔ خو ج عَادَات وعَادٌ وعِیَدٌ وعَوَائِدُ (عوائد گویا عائدہ کی جمع ہے)
العَوَّادُ۔ سارنگی بجانے والا۔
الاَعْوَدُ۔ نافع تر۔ زیادہ مفید۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا اَعْوَدُ عَلَیْکَ" یعنی یہ تمہارے لئے زیادہ نافع ہے۔
العَائِدَۃُ۔ مؤنث عَائِدٌ ج عُوَّدٌ وعَوَائِدُ وعَائِدَات: بھلائی۔ صلہ۔ مہربانی۔ منفعت۔ ج عَوَائِد۔ العَوَائِد۔ محصول۔
العَوَادُ مہربانی۔ بھلائی کا کام۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ لَکَ عِنْدَنَا عَوَادًا حَسَنًا" یعنی تمہارے لئے ہمارے پاس وہ ہے جو تم پسند کرو۔ عواد تثلیث عین کے ساتھ ہے۔
العُوَادَۃُ مم کھانا جو ایک مرتبہ کھا لینے کے بعد نئے مہمان کیلئے دوبارہ لایا جائے۔ کہا جاتا ہے "لَکَ العُوَادَۃُ وَلَکَ العَوْدُ والعَوْدَۃُ" تیرے لئے واپسی کا حق ہے۔
المَعَادُ مم لوٹنے کی جگہ۔ آخرت۔ جنّت۔ حج (— والمَعَادَۃُ) رونے کی جگہ، نوحہ کرنے کی جگہ ج مَعَاوِد
المُعِیْدُ فا۔ حاذق۔ تجربہ کار۔ عالم بالامور۔ بار بار جہاد کرنیوالا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ مُبْدِئٌ مُعِیْدٌ" سدھایا ہوا گھوڑا۔
المُعَاوِدُ۔ فا۔ ہمیشگی کرنیوالا۔ اپنے عمل میں ماہر جواں مرد۔
المُتَعَیِّنُ۔ غضبناک۔ سخت ظالم۔
عَاذَ یَعُوْذُ عَوْذًا وعِیَاذًا ومَعَاذًا ومَعَاذَۃً وتَعَوَّذَ واِسْتَعَاذَ بِفُلَانٍ مِنْ کَذَا: پناہ لینا۔ عَاذَ بِالشَّیْءِ: لازم ہونا۔
عَوَّذَ تَعْوِیْذًا واَعَاذَ اِعَاذَۃً واَعْیَذَ اِعْوَاذًا۔ الرَّجُلَ: حفاظت کی دعا کرنا اور اُعِیْذُکَ بِاللّٰہِ کہنا۔ منتر کرنا۔ عَوَّذَ الرَّجُلَ: کسی پر تعویذ لٹکانا۔
تَعَاوَذَ القَوْمُ: ایک دوسرے کی پناہ لینا۔ ایک دوسرے پر بھروسہ کرنا۔
العَوْذُ۔ پناہ۔ کہا جاتا ہے "عَوْذٌ بِاللّٰہِ مِنْکَ" یعنی میں تم سے اللہ کی پناہ لیتا ہوں۔
العِیَاذُ مم۔ پناہ کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "العِیَاذُ بِاللّٰہِ مِنْکَ" یعنی میں تم سے اللہ کی پناہ لیتا ہوں۔
العَوَذُ۔ پناہ کی جگہ۔ کراہت۔ درختوں سے گرے ہوئے پتے۔ ناکس و فرومایہ لوگ۔
العُوْذَۃُ ج عُوَذٌ والتَّعْوِیْذُ ج تَعَاوِیْذُ والمَعَاذُ ج مَعَاذَات تعویذ۔ اسماء یا آیات قرانی جو لکھ کر آدمی کے گلے وغیرہ میں دفع بیماری وغیرہ کیلئے لٹکایا جائے
العَوَاذُ۔ کراہت۔ کہا جاتا ہے "مَا تَرَکْتُ فُلَانًا اِلَّا عَوَاذًا مِنْہُ" میں نے فلاں کو صرف کراہت کی وجہ کر چھوڑ دیا۔
العَائِذُ فا ج عُوَّذٌ — نئی جننے والی ہرنی یا اونٹ یا گھوڑا ج عُوْذٌ وعُوْذَانٌ جج عُوْذَات۔
العَائِذَۃُ۔ مؤنث عَائِذٌ ج عَوَائِذُ وعَائِذَات العَوَائِذُ: چار ستارے جن کے وسط میں ایک ستارہ ہے جس کا نام رُبَع ہے۔
المَعَاذُ مم۔ جائے پناہ۔ منتر۔ کہا جاتا ہے۔ "مَعَاذَ اللّٰہِ ومَعَاذَ وَجْہِ اللّٰہِ" و "مَعَاذَۃَ اللّٰہِ ومَعَاذَۃَ وَجْہِ اللّٰہِ" یعنی اللہ کی پناہ لیتا ہوں۔
المُعَوَّذُ۔ ٹپکا ڈالنے کی جگہ۔ تعویذ لٹکانے کی جگہ گھروں کے ارد گرد اونٹوں کی چراگاہ۔
المَعُوْذُ والمُعَوَّذُ والعُوَّذُ۔ کانٹوں یا درختوں کی جڑ میں یا پتھر کے نیچے کی نباتات۔
عَارَہٗ یَعُوْرُہٗ عَوْرًا۔ کانا کر دینا۔ عَارَ الشَّیْءَ: لیجانا اور تلف کرنا (— واَعَارَ) عَیْنَ المَاءِ اوالرَّکِیَّۃِ پانی کے چشمہ یا کنوئیں کو بند کر دینا۔ عَارَتْ عَیْنُ المَاءِ اوالرَّکِیَّۃِ: پانی کے چشمہ یا کنوئیں کا بند ہونا
عَوِرَ یَعْوَرُ عَوَرًا واِعْوَرَّ۔ کانا ہونا۔ صفت مذکر۔ اَعْوَرُ صفت مؤنث عَوْرَاءُ ج عُوْرٌ وعُوْرَان
عَوَّرَہٗ۔ کانا کرنا — ہٗ عَنِ الاَمْرِ: باز رکھنا عَوَّرَ عَلَیْہِ اَمْرَہٗ: قباحت ظاہر کرنا۔ عَوَّرَ المَکَایِیْلَ: پیمانوں کا اندازہ کرنا — عَیْنَ البِئْرِ: کنوئیں کو مٹی سے بھر دینا عَنْ فُلَانٍ: دوسرے کی جانب سے جھوٹ بولنا

فُلَانًا: رد کردینا اور حاجت پوری نہ کرنا۔
اَعْوَرَہٗ اِعْوَارًا - کانا کردینا - اَعْوَرَ الشَّیُٔ: — ظاہر ہونا - اعضاءِ مستورہ کا کھل جانا - اَعْوَرَ الْفَارِسُ: سوار میں نیزہ لگنے کی جگہ ظاہر ہونا — الرَّجُلُ: شک کرنا۔
اَعَارَہٗ اِعَارَۃً - الشَّیَٔ وِمِنَ الشَّیِٔ: منگنی دینا
عَاوَرَہٗ الشَّیَٔ **مُعَاوَرَۃً** - منگنی دینا - عَاوَرَ الشَّمْسَ: انتظار کرنا - عارہ الشی: جیسا کسی نے کچھ کیا ویسا ہی اس کے ساتھ کرنا۔
عَاوَرَ وَعَایَرَ - الْمَکَایِیلَ: پیمانوں کا اندازہ کرنا
اِعْوَرَّ - کانا ہونا - اِعْوَرَّتْ وَاِعْوَارَّتِ الْعَیْنُ: آنکھ کا کانی ہوجانا۔
تَعَوَّرَ الْعَارِیَۃَ: منگنی مانگنا (— وتعاور — واعتور) الْقَوْمُ الشَّیَٔ: باری باری لینا - دست بدست لینا - کہا جاتا ہے "تَعَاوَرَتِ الرِّیَاحُ رَسْمَ الدَّارِ" مکان کے نشانات وکھنڈرات پر مختلف ہوائیں کبھی جنوبی کبھی شمالی کبھی غربی کبھی شرقی چلیں۔
اِسْتَعْوَرَ الرَّجُلُ: منفرد ہونا - اکیلا ہونا۔
اِسْتَعَارَ - الشَّیَٔ مِنْ فُلَانٍ وَاسْتَعَارَ فُلَانًا الشَّیَٔ منگنی دینے کو کہنا اور اسی سے ہے "اَرَی الدَّہْرَ یَسْتَعِیْرُ ثِیَابِیْ" میں زمانہ کو دیکھتا ہوں کہ وہ میرے کپڑوں کو عاریت دینے کو کہتا ہے - اور یہ آدمی اس وقت کہتا ہے جبکہ وہ بوڑھا ہوجاتا ہے اور اسے موت کا خوف ہوتا ہے
الْعَوْرَۃُ - خلل جو سرحد میں ہو اور جس کا خوف کیا جائے - الْعَوْرَۃُ مِنَ الْجِبَالِ: شگاف —— مِنَ الشَّمْسِ: جائے طلوع وغروب - الْعَوْرَۃُ: ہر امر جس سے شرم کی جائے - انسان کے اعضاء جنکو حیا سے چھپایا جاتا ہے - ج عَوْرَات عَوَرَات۔
الْعَائِرُ فا - وہ شخص جس کی آنکھ میں تنکا ہو - آشوبِ چشم - تنکا ہر وہ چیز جو آنکھ کو تکلیف پہنچائے۔
الْعَائِرُ مِنَ السِّہَامِ اَوِ الْحِجَارَۃِ: وہ تیر یا پتھر جس کا پھینکنے والا معلوم نہو - کہا جاتا ہے "اَصَابَہٗ سَہْمٌ اَوْ حَجَرٌ عَائِرٌ" اسکو ایسا تیر یا پتھر آکر لگا جس کا پھینکنے والا معلوم نہیں۔
الْعَائِرَۃُ - مؤنث عَائِر - کثرت - کہا جاتا ہے لَہٗ مِنَ الْمَالِ عَائِرَۃُ عَیْنَیْنِ اس کے پاس اتنا مال ہے جو دونوں آنکھوں کو بھر دیتی ہے - عَیْنٌ عَائِرَۃٌ: تنکے والی آنکھ ج عَوَائِر - الْعَوَائِرُ مِنَ الْجَرَادِ: ٹڈیوں کی متفرق ڈار۔
الْعَارَۃُ وَالْعَارِیَۃُ وَالْعَارِیَّۃُ - منگنی - منگنی دینا - وہ چیز جس کو لوگ آپس میں لیں دیں - ج عوار وعَوَارِیّ۔
الْعَوَارُ وَالْعِوَارُ وَالْعُوَارُ - عیب - کپڑے کا پھٹن
الْاَعْوَرُ - کانا - مؤنث عَوْرَاء ج عُوْرٌ وعُوْرَان وعِیْرَان - الْمَعَانِی الْعُوْرُ: معانی مشکلہ - فَلَاۃٌ عَوْرَاءُ بے پانی کا جنگل - کلمۃ عَوْرَاءُ: کلمۂ قبیحہ - الْاَعْوَرُ: کوا - ردی - ضعیف بزدل - بری رہنمائی کرنیوالا - پھٹی ہوئی کتاب، وہ شخص جس کا حقیقی بھائی نہو وہ راستہ جس میں کوئی علامت نہو - ج اَعَاوِر۔
الْعَوِرُ - ردی - سیرت - شَیٌٔ عَوِرٌ: وہ چیز جس کا نگہبان کوئی نہ ہو - مؤنث عَوِرَۃ۔
الْعُوَیْرُ - کوا۔
الْعِیْرَان - ٹڈیوں کی متفرق ڈار۔
الْعُوَّارُ - تنکا - ابابیل - راستہ سے ناواقف کمزور - بزدل - ج عَوَاوِیْر۔
الْمُعَارُ - دبلا کیا ہوا گھوڑا - اور بقول بعض دم نچا ہوا گھوڑا۔
الْمَعْوِرُ - مِنَ الْاَمْکِنَۃِ: دہشت ناک - رَجُلٌ مُعْوِرٌ: بری عادت والا - شَیٌٔ مُعْوِرٌ: جس کا کوئی نگہبان نہو۔
عَازَ یَعُوْزُ عَوْزًا الشَّیُٔ فُلَانًا: محتاج ہونا - اور کامیاب نہ ہونا۔
عَوِزَ یَعْوَزُ عَوَزًا - الشَّیُٔ: دشوار ہونا - باوجود حاجت کے کمیاب ہونا — الْاَمْرُ: سخت ہونا — الرَّجُلُ: محتاج ہونا - صفت عَوِزٌ وعَائِزٌ وَاَعْوَزُ۔
اَعْوَزَ اِعْوَازًا - الرَّجُلُ: محتاج وبدحال ہونا - صفت مُعْوِزٌ ومُعْوَزٌ - اَعْوَزَہُ الْمَطْلُوْبُ: مطلوب کا عاجز کردینا اور اس کا حصول دشوار ہونا - اَعْوَزَنِی الشَّیُٔ: محتاج ہونا اور قادر نہونا - اَعْوَزَ الشَّیُٔ: دشوار ہونا — الدَّہْرُ فُلَانًا: زمانہ کا کسی کو محتاج کردینا۔
اِعْوَزَّ اِعْوِزَازًا - حیلہ کرنا - حالت کا گڑبڑ ہونا۔
الْعَوْزُ مص - دانہ انگور - واحد عَوْزَۃٌ۔
الْعَوَزُ - حاجت - تنگی۔
الْمِعْوَزُ وَالْمِعْوَزَۃُ - پرانا بوسیدہ کپڑا - ہر وہ کپڑا جس سے دوسرے کپڑے کی حفاظت ہو - ج مَعَاوِز ومَعَاوِزَۃ۔
عَاسَ یَعُوْسُ عَوْسًا وعَوَسَانًا - رات میں چکر لگانا — عَلٰی عِیَالِہٖ: آل اولاد کے لئے محنت سے کمانا - عیالہ: خوراک دینا (— عَوْسًا وعِیَاسَۃً) الذِّئْبُ: بھیڑئے کا رات میں خوراک ڈھونڈنا (— عَوْسًا) الشَّیَٔ: تعریف کرنا — مَعِیْشَتَہٗ: درست کرنا۔
عَوِسَ یَعْوَسُ عَوَسًا - ہنسنے میں رخسار میں گڑھا پڑنا - صفت اَعْوَس۔
الْعُوْسُ - سپید مینڈھے اور نسبت کیلئے عُوْسِیٌّ - کہا جاتا ہے - کَبْشٌ عُوْسِیٌّ۔
الْعَوَّاسُ - صیغہ مبالغہ۔
عَاصَ یَعَاصُ وعَوِصَ یَعْوَصُ عِیَاصًا وعَوَصًا - الشَّیُٔ: سخت ہونا - دشوار ہونا — الْکَلَامُ: جس کا سمجھنا دشوار ہو۔
اِعْتَاصَ اِعْتِیَاصًا - الْاَمْرُ عَلَیْہِ: سخت ہونا دشوار ہونا - پیچیدہ ہونا جسکی وجہ سے صواب کو نہ پانا۔
عَوَّصَ - فعل یا قول میں راہِ راست پر نہونا الشَّاعِرُ اَوِ الْخَطِیْبُ: ایسا شعر یا کلام کہنا جس کا سمجھنا دشوار ہو۔
اَعْوَصَ عَوْصًا وعِیَاصًا - وَالْقِیَاسُ اِعْوَاصًا: بِخَصْمِہٖ وعَلٰی خَصْمِہٖ: دلائل سے حیران کردینا — فِی الْکَلَامِ: باریک بات کہنا۔
عَاوَصَہٗ مُعَاوَصَۃً - کشتی لڑنا - پچھاڑنا۔
الْاَعْوَصُ - باریک بات مؤنث عَوْصَاء۔
الْعَوْصَاءُ - مؤنث اَعْوَص - سختی - حاجت کلمۃٌ عَوْصَاءُ - کلمۂ نادرہ۔
الْعَوْصُ - دشواری۔
الْعَائِصُ و **الْعَوْصُ وَالْعَیْصَاءُ** سختی - حاجت۔

العَوص: نفس - قوت - حرکت -
العَوِیص - مِنَ الاُمُورِ: دشوار - مِنَ الکَلامِ جس کا سمجھنا دشوار ہو - مِنَ الدَّوَاہِی: سخت مصیبتیں - مؤنث عَوِیصَۃٌ - العَوِیص: سختی نفس قوۃ - حرکت -
عَاضَ یَعُوضُ عَوضاً وعِوَضاً وعِیَاضاً وعَوَّضَ وعَاوَضَ واَعَاضَ اِعَاضَۃً فُلَاناً مِن کَذَا بدلہ دینا -
تَعَوَّضَ واعْتَاضَ - مِنْہُ: بدلہ لینا -
اِعتاض واِستَعَاضَ فُلَاناً: بدلہ مانگنا -
عَوضُ - یہ کلمہ مبنی ہے اور تینوں حرکتوں کے ساتھ مستعمل ہے اور اسم ظرف ہے - استغراق مستقبل کا کام دیتا ہے جیسے لا اُفَارِقُکَ عَوضُ یعنی میں تجھ سے کبھی جدا نہیں ہوں گا یا استغراق ماضی کے کام میں آتا ہے جیسے مَارَاَیتُ مِثلَہُ عَوضُ یعنی میں نے اس کے مانند کبھی نہیں دیکھا اور نفی کیساتھ مختص ہے اور اضافت کی حالت میں معرب ہوتا ہے جیسے "لا اَفعَلُہُ عَوضَ العَائِضِینَ" یعنی میں اسکو کبھی نہیں کروں گا -
العِوَض - ج اَعوَاض - العَائِض والمَعُوضَۃ بدلہ -
عَاطَت (ن) عَوطاً وتَعَوَّطَت تَعُوطُ المَرأَۃُ اوالنَّاقَۃُ: عورت یا اونٹنی کا کئی سال بغیر بانجھ پن کے حاملہ نہ ہونا - العنق: گردن لمبی ہونا -
اِعتَاطَتِ المَرأَۃُ اوالنَّاقَۃُ: عورت یا اونٹنی کا کئی سال تک بغیر بانجھ پن کے حاملہ نہ ہونا -
العَائِط - وہ جو کئی سال تک بغیر بانجھ پن کے حاملہ نہ ہو ج عُوطٌ وعُوَّطٌ وعِیطٌ وعُیَّطٌ وعَیطَات -
عَافَ یَعُوفُ عَوفاً الطَّائِرُ: پرندہ کا منڈلانا
تَعَوَّفَ الاَسَدُ: شیر کا رات میں شکار کو ڈھونڈنا اور پھاڑنا -
العَاف - نرم -
العَوف مہ حال - حصہ - مہمان - مرغ - شیر بھیڑیا - اہل وعیال کیلئے مشقت برداشت کرنے والا - پرندہ - ایک خوشبودار نباتات - اَبُو عَوف نر ٹڈی - اُمُّ عَوفٍ مادہ ٹڈی -
العُوَاف والعُوَافَۃ - شکار جس کو شیر رات میں پھاڑے - غنیمت -
عَاقَہُ یَعُوقُہُ عَوقاً وعَوَّقَہُ واَعَاقَہُ اِعَاقَۃً واعْتَاقَہُ اِعتِیَاقاً عَن کَذَا: روکنا - باز رکھنا ہٹا دینا - کہا جاتا ہے "اَعوَقَنِی الزَّادُ اوالدَّابَّۃُ اِعوَاقاً" یعنی مجھ کو سفر سے توشہ یا سواری نے باز رکھا -
تَعَوَّقَ پیچھے ہٹنا - تَعَوَّقَ فُلَاناً: باز رکھنا - روک دینا -
العَوَق والعُوَق - روکنے والا - بے فیض آدمی لوگوں کو اچھے کاموں سے روکنے والا - وادی کا موڑ - ج اَعوَاق -
العُوَق والعَوِق والعِوَق والعَیِّق والعُوَّق والعُوَقَۃ - بزدل - روکنے والا -
رَجُلٌ عُوَقَۃٌ وعُوَقَۃٌ وعُوَّقٌ وعَیِّقٌ وعَیِّقٌ لوگوں کو اعمال خیر سے روکنے والا -
العَوَق - بھوک -
العَائِق فا - ہر روکنے والی چیز ج عَوَائِق و عُوَّق - عَوَائِقُ الدَّہرِ: زمانے کے مشاغل -
العَائِقَۃ - مؤنث عَائِق - عمل سے روکنے والی چیز - ج عَوَائِق -
العَیُّوق - نام ایک ستارے کا جو ثریا کے پیچھے ہوتا ہے -
العُوَاق والعُوِیق - چلتے ہوئے جانور کے پیٹ کی آواز -
عَاکَ یَعُوکُ عَوکاً ومَعَاکاً عَلَیہِ: حملہ کرنا - متوجہ ہونا - بہ: پناہ لینا - مَعَاشَہُ: کمائی کرنا - صفت عَائِک -
تَعَاوَکَ القَومُ: باہم لڑنا -
اِعتَوَکَ ----- القَومُ: ہجوم کرنا -
العَوک مہ - کہا جاتا ہے "مَا بِہِ عَوکٌ" یعنی اس میں کوئی حرکت نہیں -
العَوِیکَۃ والمَعُوکَۃ - لڑائی -
المَعَاک - جائے پناہ - راستہ - برداشت -
عَالَ یَعُولُ عَولاً فی حکمہ: ظلم کرنا - راہ حق سے ہٹ جانا - (یَعُولُ عَولاً وعَالَ یَعِیلُ عَیلاً) فی المِیزَانِ: خیانت کرنا - المِیزَانُ: گھٹنا - اَمرُ القَومِ: مضطرب ہونا - الشَّیءُ فُلَاناً: بھاری ہونا - عَالَتِ النَّاقَۃُ ذَنَبَہَا: اونٹنی کا دم اٹھانا -
عَالَ یَعُولُ عَولاً وعِیَالَۃً - کثیر العیال ہونا
عَالَ یَعُولُ عَولاً وعِیَالَۃً وعُوُولاً الرَّجُلُ عِیَالَہُ: اہل وعیال کے معاش کی کفالت کرنا - الیَتِیمَ: کفالت کرنا - کہا جاتا ہے "عَالَ عَولَہُ وَعِیلَ عَولُہُ" یعنی اس کی ماں نے اسے گم کر دیا -
عَالَ وعِیلَ صَبرُہُ: صبر جاتا رہنا الرَّجُل: محتاج ہونا - صفت - معول -
اَعَالَ اِعَالَۃً واَعوَلَ اِعوَالاً واَعیَلَ اِعیَالاً الرَّجُلُ: بہت اولاد والا ہونا - اَعَالَ الرَّجُلُ: محتاج ہونا - اَعَالَ واَعیَلَ: حریص ہونا - صفت مُعوِلٌ ومُعیِلٌ اَعَالَ عِیَالَہُ: اہل وعیال کے معاش کیلئے کافی ہونا -
اَعوَلَ چیخ کر رونا - اَعوَلَتِ القَوسُ: کمان کا آواز کرنا - اَعوَلَ الرَّجُلُ: حرص کرنا - عَلَی فُلَانٍ ناز کرنا - بھروسہ کرنا -
عَوَّلَ چیخ کر رونا - عَلَی فُلَانٍ وبِہِ: مدد مانگنا بھروسہ کرنا - اعتماد کرنا - کہا جاتا ہے "عَوِّل عَلَیَّ بِمَا شِئتَ" یعنی جو تم چاہو مجھ سے مدد لو - اور عَوَّلَ عَلَیہِ مُعَوَّلاً کہا جاتا ہے اور تَعوِیلاً نہیں کہا جاتا اور اسم العَول ہے اور کہا جاتا ہے "عَوَّلنَا اِلَی فُلَانٍ فِی حَاجَتِنَا فَوَجَدنَاہُ نِعمَ المُعَوَّلُ" یعنی ہم نے فلاں کی اپنی حاجت میں پناہ لی اور ہم نے اس کو بہتر جائے پناہ پایا -
عَیَّلَ تَعیِیلاً عِیَالَہُ: اہل وعیال کے معاش کے لئے کافی ہونا -
اِعتَوَلَ اِعتِوَالاً چیخ کر رونا - کہا جاتا ہے "مَالَہُ عَالٌ وَلَا مَالٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں -
العَول والعَولَۃ والعَوِیل - چیخ کے ساتھ گریہ وزاری - العَول: ہر تکلیف دہ کام - اہل وعیال کی خوراک - مدد طلب کیا ہوا -

العِوَل - بھروسہ - اعتماد - مدد طلب کرنا عمدہ - کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عِوَلِی مِنَ النَّاسِ" یعنی لوگوں میں فلاں آدمی میرے لئے قابل اعتماد ہے

العَالَة - شترمرغ - بارش سے بچنے کے لئے لکڑی وغیرہ کی جھونپڑی -

عَیَّلُ الرجل : گھر کے لوگ جن کا نان نفقہ واجب ہو مذکر و مؤنث دونوں کو شامل ہے ج عِیَال و عَیَائِل و عَالَة -

المِعْوَل - کدال ج مَعَاوِل -

المُعَوَّل - جس سے فریاد کی جائے - جس پر بھروسہ کیا جائے -

عَامَ یَعُوْمُ عَوْمًا فِی المَاءِ : تیرنا صفت عَائِم - عَامَتِ السَّفِیْنَۃُ فِی المَاءِ : کشتی کا چلنا - عَامَ الزِّمَامُ : لگام کا ہلنا - عَامَتِ النُّجُوْمُ : ستاروں کا چلنا -

عَوَّمَ - کٹی ہوئی کھیتی کا دستہ دستہ رکھنا - عَوَّمَ السَّفِیْنَۃَ - کشتی چلانا - کھینا — الکَرْمُ : درخت خرما کا ایک سال چھوڑ کر پھل لانا -

عَوَّمَتْ وعَاوَمَتِ النَّخْلَۃُ : درخت خرما کا ایک سال چھوڑ کر پھل لانا - عَاوَمَ فُلَانٌ فُلَانًا ایک سال کیلئے کرایہ پر معاملہ کرنا -

اَعْوَمَ اِعْوَامًا - ایک سال کا ہونا - سال کے اوّل میں ہونا -

العَام - جمع عَامَۃ کی - دن، سال - ج اَعْوَام تصغیر عُوَیْم - نسبت کے لئے عَامِیٌّ -

العَامَۃ - عمامہ کا پیچ - سوار کا سر جو میدان میں دور سے نظر آئے - گھنٹی - العَامَۃ : کٹی ہوئی کھیتی کے جمع کئے ہوئے گٹھے ج عَامٌ -

العُوْمَۃ - پانی میں تیرنے والا ایک کیڑا - ایک قسم کا سانپ ج عُوَم -

العَوَّام - عَائِم کا مبالغہ - تیز رفتار گھوڑا -

العَوَّامَۃ - بنسی کی ڈوری کی وہ لکڑی وغیرہ جو پانی پر تیرتی رہتی ہے اور جس کی حرکت سے اندازہ ہوتا ہے کہ مچھلی پھنسی ہے

العُوَّام - سوار کا سر جو میدان میں دور سے نظر آئے - کہا جاتا ہے بَقِیَّتُہٗ ذَاتَ العُوَیْمِ یعنی میں سالوں میں کسی سال ملا -

المُسْتَعَام - جہاز - کشتی -

عَانَتْ تَعُوْنُ عُوُوْنًا المَرْاَۃُ : عورت ادھیڑ عمر کی ہونا -

عَوْنَۃً، تَعْوِیْنًا وعَاوَنَہٗ مُعَاوَنَۃً وعِوَانًا واَعَانَہٗ اِعَانَۃً عَلَی الشَّیْءِ : مدد کرنا - عَوَّنَتِ المَرْاَۃُ : ادھیڑ عمر کی ہونا - اَعَانَہٗ مِنْہُ : اس نے اس کو اس سے خلاصی دی -

تَعَاوَنَ واِعْتَوَنَ - القَوْمُ : ایک دوسرے کی مدد کرنا -

اِسْتَعَانَ - فُلَانًا وبِفُلَانٍ : مدد طلب کرنا

العَوْن مم مدد کرنا - مددگار - خادم (واحد جمع مذکر مؤنث سب کے لئے مستعمل ہے) ج اَعْوَان

العَانَۃ - گدھی - گورخر کا ریوڑ - پیڑو - ج عُوْن و عَانَات -

العَوَان - بارش شدہ زمین جنگ جس میں بار بار لڑائی ہو - الحَرْبُ العَوَان : سخت جنگ العَوَان : ادھیڑ عمر کا - ج عُوْن -

العَوَانَۃ - کھجور کا لمبا درخت - ریت کا ایک کیڑا - ایک جانور جو سیہی سے چھوٹا ہوتا ہے -

المَعَانَۃُ والمَعُوْنَۃُ والمَعُوْن مدد -

المِعْوَان - بہتر مددگار - بہت مددگار - ج مَعَاوِیْن -

المُتَعَاوِنَۃ - بوڑھی عورت -

عَاہَ یَعُوْہُ عُوُوْہًا وعِیْہَ الزَّرْعُ : کھیتی کا آفت رسیدہ ہونا — الرَّجُلُ : آفت رسیدہ کھیت یا جانوروں کا مالک ہونا - صفت عَائِہٌ وعَاہٍ وعَاہٌ واَعْوَہُ -

عَوَّہَ الرَّجُلَ : آفت پہنچانا (— واَعَاہَ واَعْوَہَ اِعَاہَۃً واِعْوَاہًا وتَعَوَّہَ تَعَوُّہًا) آفت رسیدہ کھیت یا جانوروں کا مالک ہونا - عَوَّہَ القَوْمُ : کچھ دیر سونے کیلئے سفر میں ٹھہر جانا - عَوَّہَ عَلَیْہِمْ ٹھہرنا - اقامت کرنا -

العَاہَۃ - آفت - اَہْلُ العَاہَات - آفت رسیدہ لوگ -

المَعْیُوْہ والمَعُوْہُ والمَعِیْہ مِنَ المَوَاشِی وغَیْرِہَا - آفت رسیدہ -

عَوَی یَعْوِی عُوَاءً وعَیًّا وعَوَّۃً وعَوِیَّۃً الکَلْبُ اوالذِّئْبُ وابنُ آوی : بھونکنا - کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَا یَعْوِی وَمَا یَنْبَحُ" جبکہ کسی کو ضعیف سمجھا جاتا ہے — القَوْمُ اِلَی الفِتْنَۃِ : بلانا (— عَوَّاہُ یَعْوِیْہِ عَیًّا : عَنِ الشَّیْءِ : باز رکھنا (— وعَوَّی) القَوْسَ ونَحْوَہَا : کمان کو جھکانا — الحَبْلَ اوالشَّعْرَ : رسی یا بال کو موڑنا — عَنِ الرَّجُلِ : جواب دینا اور غیبت کرنے والے کی تکذیب کرنا -

اِعْتَوَی اِعْتِوَاءً الشَّیْءَ : موڑنا - الکَلْبُ کتے کا بھونکنا -

عَاوَی - الکِلَابَ مُعَاوَاۃً - بھونک کر کتے کو اکسانا -

تَعَاوَی تَعَاوِیًا القَوْمُ عَلٰی فُلَانٍ : کسی پر ہجوم کرنا -

اِنْعَوَی اِنْعِوَاءً - مڑنا -

اِسْتَعْوَی اِسْتِعْوَاءً القَوْمَ : فریاد کرنا - فتنہ پر ابھارنا — ہٗ : بھونکوانا -

العَوَّاء - بہت بھونکنے والا کتا -

العَوَّۃ مم - آواز - شور (— العُوَّۃ) چوتڑ

المُعَاوِیَۃ - کتیا - لومڑی کا بچہ -

عَابَ یَعِیْبُ عَیْبًا الشَّیْءَ : عیب دار بنانا صفت فاعلی عَائِب اور صفت مفعولی مَعِیْبٌ و مَعْیُوْبٌ فُلَانًا : عیب کی طرف منسوب کرنا - عَابَ الشَّیْءُ : عیبناک ہونا - صفت عَائِب -

عَیَّبَ وتَعَیَّبَ الرَّجُلَ : عیب کی نسبت کرنا — الشَّیْءَ : عیب دار بنانا -

تَعَایَبَ - القَوْمُ : ایک دوسرے کا عیب بیان کرنا -

العَیْب مم - برائی - ج عُیُوْب -

العَیْبَۃ - ایک مرتبہ عیب جوئی - العَیْبَۃ چمڑے کی زنبیل - کپڑوں کے محفوظ رکھنے کا صندوق - ج عِیَب وعِیَاب وعِیَبَات والعَیْبَۃُ

مِنَ الرَّجُلِ : بھید کی جگہ۔

العَاب ۔ عیب ۔ بُرائی۔

العَیَابُ العَیَابَۃُ والعُیُبَۃ ۔ بڑا عیب جو

المَعَاب والمَعَابَۃ ۔ عیب ۔ برائی ۔ ج مَعَایِب۔

المَعِیب والمَعْیُوب ۔ عیب دار۔

المُعَیِّب ۔ زنبیل بنانے والا۔

عَاثَ یَعِیثُ عَیْثًا وعُیُوثًا وعَیَثَانًا الشَّیَٔ : فاسد کرنا ــــ فِی مَالِہٖ : فضول خرچی کرنا اور خرچ کرنے میں جلدی کرنا۔ صفت مذکر عَیْثَان صفت مؤنث عَیْثیٰ۔

عَیَّثَ ۔ اندھیرے میں ہاتھ سے ٹٹولنا ۔ اور کہا جاتا ہے ۔ عیث یفعل کذا یعنی وہ ایسا کرنے لگا۔

تَعَیَّثَتِ الاِبِل : سیرابی سے کم پینا۔

العَیُوث والعَیَّاث ۔ بہت زیادہ فساد کرنے والا (ــــ والعَائِث) شیر۔

العَیْثَۃ ۔ ایک مرتبہ فساد انگیزی ۔ نرم زمین

عَاجَ یَعِیجُ عَیْجًا بِالشَّیِٔ : پرواکرنا۔ کہا جاتا ہے " لَا اَعِیجُ بِکَلَامِہٖ " یعنی میں اس کی گفتگو کی پروا نہیں کرتا۔ وَمَا عِجْتُ بِالشَّیِٔ : یعنی میں اس پر راضی نہیں " شَرِبْتُ الدَّوَاءَ فَمَا عِجْتُ بِہٖ " یعنی میں نے دوا پی اور کوئی فائدہ نہیں اٹھایا (یہ کلمہ ہمیشہ منفی ہی مستعمل ہوتا ہے)

عَارَ یَعِیرُ عَیْرًا ۔ حیرانی کیساتھ آنا جانا ــــ الفَرَسُ : گھوڑے کا ناک کی سیدھ پر بھاگنا کہ کوئی چیز اس کو پھیر نہ سکے۔ اسم العَیَار ــــ فلانًا : عیب لگانا ۔ عَارَتِ القَصِیدَۃ : قصیدہ کا مشہور ہونا۔

عَیَّرَ فُلَانًا : عار کی طرف نسبت کرنا۔ فعل کی برائی بیان کرنا ۔ کہا جاتا ہے ۔ عَیَّرَہٗ کَذَا وعَیَّرَہٗ بِکَذَا عَیَّرَ المَاءُ : کائی والا ہونا۔

عَایَرَ مُعَایَرَۃً وعِیَارًا المِکْیَالَ والمِیزَانَ اندازہ کرنا ۔ جانچنا ۔ عَایَرَ فُلَانًا : ایک دوسرے پر فخر کرنا۔

اَعَارَ اِعَارَۃً الفَرَسَ : چرنے کے لئے چھوڑنا ۔ موٹا کرنا۔

تَعَایَرَ ۔ القومُ : ایک دوسرے کا عیب بیان کرنا ۔ ایک دوسرے کو شرم دلانا۔

العَار ۔ عیب ۔ ہر وہ قول یا فعل جس سے انسان کو شرم آئے ج اَعْیَار۔

العَیْرُ مم ۔ گدھا یا گورخر ۔ اور گورخر کے معنی میں زیادہ مستعمل ہے ج اَعْیَار و عِیَار و عُیُور و عُیُورَۃ و عِیَارَات مؤنث عَیْرَۃٌ ۔ العَیْر : ہر ابھری چیز آنکھ کی پتلی یا پلک ، کھونٹی ۔ لکڑی جو ہودج کے آگے لگی ہوتی ہے ۔ پہاڑ ۔ سردار ۔ بادشاہ ۔ ڈھول ۔ عَیْرُ القَدَمِ : قدم کے وسط میں ابھرا ہوا حصّہ ۔ عَیْرُ النَّصْلِ : تیر کے پھل کا درمیانی حصّہ عَیْرُ الوَرَقَۃِ : پتے کے درمیان کا خط۔

العِیرُ ۔ قبیلہ حمیر کا قافلہ ۔ پھر ساری قافلوں پر بولا جانے لگا ج عِیَرَات و عِیْرَات۔

العَائِرُ فا ۔ حیران ۔ مزدور ۔ چکر لگانیوالا ۔ سَہْمٌ عَائِرٌ جس تیر کا چلانے والا معلوم نہو ۔ شَاۃٌ عَائِرَۃٌ : بکری جو دو گلوں کے درمیان پریشان ہو کہ کدھر جائے۔

العِیَار ۔ جمع عَیْر ۔ عِیَارُ الشَّیِٔ : ہر چیز کا اندازہ ج عِیَارَات عِیَارُ الدَّرَاہِمِ والدَّنَانِیرِ : دراہم اور دنانیر کا ٹھپہ۔

العَیَّار ۔ بہت پھرنے والا ۔ آوارہ گرد ۔ فَرَسٌ عَیَّارٌ : تیز رفتار گھوڑا۔

المِعْیَار ۔ کسوٹی ۔ ج مَعَایِیر۔

المُعَار ۔ مِنَ الخَیْلِ : گھوڑا جو مع سوار کے راستہ سے ایک طرف ہو جائے۔

المَعَایِر ۔ عُیُوب۔

المُسْتَعِیر ۔ جو گدھے کے مشابہ ہو ۔ موٹا گھوڑا۔

اَعْیَسَ اِعْیَاسًا الزَّرْعُ : کھیتی کا مرجھانا خشک ہونا۔

تَعَیَّسَت ۔ الاِبِلُ : بھورے رنگ کا ہونا۔

العَیَس و العِیسَۃ ۔ بھورے رنگ کا اونٹ

العِیس ۔ بھورے رنگ کا اونٹ ۔ واحد مذکر اَعْیَس واحد مؤنث عَیْسَاء ۔ العِیس : عمدہ قسم کے اونٹ ۔ العَیْسَاء : مادہ ٹڈی۔

عِیسیٰ ۔ عبرانی لفظ ہے نام ایک نبی کا ہے نسبت کے لئے عیسوی اور عیسّی۔

عَاشَ یَعِیشُ عَیْشًا وعِیشَۃً ومَعَاشًا ومَعِیشًا ومَعِیشَۃً وعَیْشُوشَۃً ۔ زندہ رہنا

عَیَّشَہٗ واَعَاشَہٗ واِعَاشَۃً ۔ زندہ رکھنا۔

عَایَشَہٗ ۔ ساتھ زندگی بسر کرنا۔

تَعَیَّشَ ۔ اسباب زندگی کیلئے کوشش کرنا۔

تَعَایَشُوا ۔ بِالاُلْفَۃِ والمَوَدَّۃِ : محبت و پیار سے ایک ساتھ زندگی بسر کرنا۔

العَائِشُ فا : کہا جاتا ہے " ہُوَ رَجُلٌ عَائِشٌ " اس کی حالت اچھی ہے۔

العَیْش ۔ مص زندگی ۔ کھانا ۔ روٹی (ــــ والعِیشَۃ) زندگی کی حالت۔

العَیَّاش ۔ روٹی بیچنے والا ۔ کھانا بیچنے والا عَائِش کا مبالغہ۔

المَعَاش والمَعِیشَۃ ۔ کھانے پینے کی جس چیز سے زندگی بسر ہو سکے ۔ زندگی کا ذریعہ المَعَاش ۔ زندگی کے گذران کے ڈھونڈنے کا وقت یا زمانہ ج مَعَایِش۔

المُتَعَیِّش فا جس کے پاس کچھ گذر بسر کے قابل ہو۔

العِیص ۔ گنجان درخت ۔ اچھے درختوں کے اُگنے کی جگہ ۔ اصل ۔ کہا جاتا ہے " ہُوَ مِنْ عِیصٍ کَرِیمٍ " یعنی شریف اصل سے ہے ۔ ج اَعْیَاص و عِیصَان۔

المَعِیص ۔ درخت کے اگنے کی جگہ۔

عَاطَت تَعِیطُ عَیْطًا ۔ العُنُق : گردن لمبی ہونا۔

عَیِطَ یَعْیَطُ عَیَطًا الرَّجُلُ : لمبی گردن کا ہونا ۔ صفت مذکر اَعْیَط اور صفت مؤنث عَیْطَاء ج عِیط۔

عَیَّطَ تَعْیِیطًا ۔ چیخنا ۔ چلّانا۔

تَعَیَّطَ ۔ غضبناک ہونا ــــ القَوْمُ : چیخنا شور مچانا ۔ تَعَیَّطَتِ العُنُقُ : گردن لمبی ہونا۔ تَعَیَّطَ العُودُ : لکڑی میں سے پانی جیسا بہہ کر گوند

بن جانا۔

العِیَاط۔ چیخ ۔ شور۔

العَائِط فا۔ چیخنے والا ج عُوط وعِیط وعُیَّط وعُوطَط وعِیطَات ۔ اور مبالغہ کے لئے کہا جاتا ہے عَائِطٌ عِیطٍ وعُوطٍ وعُوطَطٍ۔

ہَضْبَۃٌ عَیْطَاءُ اونچا ٹیلہ۔

عَافَ یَعِیفُ ویَعَافُ عَیْفًا وعِیَافًا و عَیَفَانًا۔ الطَّعَامَ وغَیْرَہٗ: کراہت کی وجہ سے چھوڑ دینا۔

عَافَ یَعِیفُ عِیَافَۃً۔ الطَّیْرَ: پرندہ اڑا کر شگون لینا۔

عَافَتْ تَعِیفُ عَیْفًا الطَّیْرُ: منڈلانا اور اسم عَیْفَۃٌ۔

اَعَافَ اِعَافَۃً۔ القَوْمُ: پانی ناپسند کرنے والے جانوروں کا مالک ہونا۔

اِعْتَافَ اِعْتِیَافًا۔ سفر کیلئے توشہ لینا۔ ـــ الطَّعَامَ وغَیْرَہٗ: ناپسندیدگی کی وجہ سے چھوڑ دینا۔

العَائِفُ۔ فا۔ شگون لینے والا۔

العَیْفَۃُ ۔ ایک مرتبہ مکروہ جاننا۔ عَیْفَۃُ الطَّائِرِ: منڈلانا۔ پرندہ کا چکر۔

العِیَفَۃُ۔ کراہت کی نوعیت ۔ عمدہ مال۔

العَیْفَانُ والعَیُوفُ۔ شگون لینے والا نسور عَوَائِفُ مقتولین پر منڈلانے والے گدھ۔

العَیَفَانُ۔ نفرت کرنے کا عادی۔

المَعِیفُ۔ مکروہ۔

المُتَعَیِّفُ ۔ شگون لینے والا۔ فال نکالنے والا۔

عَاقَ یَعِیقُ عَیْقًا۔ بمعنے عَاقَ یَعُوقُ عَوْقًا۔

عَاكَ یَعِیكُ عَیْكَانًا مونڈھے کو ہلاتے ہوئے چلنا۔

عَالَہٗ یَعِیلُ عَیْلًا ومَعِیلًا۔ الشَّیْءُ: عاجز کرنا۔ محتاج کرنا۔ عَالَ فِی مَشْیِہٖ: نازو انداز سے چلنا۔

عَالَ یَعِیلُ عَیْلًا وعَیُولًا وعُیُولًا فِی الاَرْضِ: جانا اور پھرنا۔

عَالَ یَعِیلُ عَیْلًا وعَیْلَۃً وعُیُولًا و مَعِیلًا۔ محتاج ہونا۔ صفت عَائِل مؤنث عَائِلَۃٌ اسم عَیْلَۃٌ۔ عَالَ الرَّجُلُ: کثیر العیال ہونا۔

عَیَّلَ۔ کثیر العیال ہونا ـــ عِیَالَہٗ: معاش کی کفالت کرنا ـــ القَوْمَ: عیال بنا لینا۔ بیکار چھوڑ دینا ـــ فَرَسَہٗ: مہمل کر دینا۔ بے کار چھوڑ دینا۔

اَعْیَلَ اَعْیَالًا۔ کثیر العیال ہونا۔ صفت مذکر مُعْیِلٌ۔ صفت مؤنث مُعْیِلَۃٌ۔

تَعَیَّلَ فِی المَشْیِ: نازو انداز سے چلنا۔

العَائِلُ فا۔ محتاج ج عَالَۃٌ وعُیَّلٌ وعُیَلٌ وعَیْلَی۔

العَیْلَانُ ۔ نر بجو۔

عَیِّلُ ۔ الرَّجُلِ: گھر کے لوگ ج عَیَائِل۔

عَیْلَۃُ الرَّجُلِ وعَائِلَتُہٗ۔ گھر کے لوگ جن کا نان نفقہ واجب ہو۔ کہا جاتا ہے "اَمْسَیْتُ اَخَا عَیْلَۃٍ" یعنی فقیر و محتاج ہو گیا۔

العَالَۃُ ۔ فاقہ۔

العَیَّالُ ۔ ناز سے چلنے والا۔

العِیَالَۃُ والمَعَالَۃُ۔ لِلْبَرْذَوْنِ وغَیْرِہٖ: چارہ۔

رَجُلٌ مُعَیَّلٌ صاحب عیال۔ اہل و عیال والا۔

عَامَ یَعَامُ ویَعِیمُ عَیْمًا وعَیْمَۃً دودھ کا خواہش مند ہونا۔

اَعَامَ اِعَامَۃً۔ اللّٰہُ: بغیر دودھ کے چھوڑنا۔ اَعَامَ الرَّجُلُ: بغیر دودھ کے رہنا۔ ـــ القَوْمُ: دودھ کم ہونا۔

اِعْتَامَ اِعْتِیَامًا۔ عمدہ مال چھانٹ لینا

العَیْمَۃُ۔ دودھ کی بہت زیادہ خواہش

العِیمَۃُ۔ عمدہ مال۔

العِیَامُ ۔ دن۔ کہا جاتا ہے "سِرْنَا العِیَامَ کُلَّہٗ" یعنی سارے دن چلتا رہا۔

العَیْمَانُ ۔ دودھ کا خواہش مند۔ مؤنث عَیْمَی ج عَیَامَی۔

عَانَ یَعِیْنُ عَیْنًا۔ الرَّجُلَ: نظر لگانا۔ صفت عَائِنٌ۔ صفت مفعول مَعِیْنٌ ومَعْیُونٌ (ـــ عَیْنًا وعَیَانًا وعَیَنَانًا) المَاءُ او الدَّمْعُ: پانی یا آنسو جاری ہونا۔ عَانَتِ البِئْرُ: کنوئیں کا بہت پانی والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "حَفَرْتُ حَتّٰی عِنْتُ" یعنی میں نے کھودا یہاں تک کہ پانی کے چشمہ تک پہنچ گیا۔

(ـــ عِیَانَۃً) القَوْمَ: خبر لانا ـــ عَلَی القَوْمِ جاسوس بننا۔

عَیِنَ یَعْیَنُ عَیَنًا وعِیْنَۃً۔ آنکھ کی بڑی چوڑی پتلی والا ہونا۔

عَیَّنَ تَعْیِینًا۔ الشَّجَرُ: سرسبز ہونا۔ شگوفہ دار ہونا ـــ التَّاجِرُ: سامان کو ایک مدت کے وعدے پر بیچنا اور پھر پہلے ثمن سے کم میں دوبارہ خرید لینا ـــ العَیْنَ: عین کو لکھنا ـــ اللُّؤْلُؤَۃَ: بیندھنا ـــ القِرْبَۃَ: مشک میں پانی ڈالنا تاکہ سلائی کے سوراخ بند ہو جائیں ـــ الحَرْبَ بَیْنَنَا: لڑائی جاری کرا دینا ـــ الشَّیْءَ: خاص کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ ـــ فُلَانًا: برائیوں کو رو در رو کہدینا ـــ عَلٰی فُلَانٍ: جاسوسی کرنا ـــ عَلَی السَّارِقِ: متہمین میں سے چور کو متعین کرنا ـــ الشَّیْءَ لِفُلَانٍ: کسی کے لئے مخصوص کر دینا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَیَّنَ لِی بِشَیْءٍ وَمَا عَیَّنَنِی شَیْئًا" یعنی مجھ کو کچھ نہیں دیا۔

اَعَانَ اِعَانَۃً۔ دیکھو مادہ عون۔ کہا جاتا ہے "حَفَرْتُ حَتّٰی اَعَنْتُ" یعنی میں نے کھودا یہاں تک کہ میں پانی کے چشموں تک پہنچ گیا۔ "وَمَا اَعْیَنَہٗ" وہ کتنا بدنظر ہے۔

عَایَنَہٗ عِیَانًا ومُعَایَنَۃً۔ خود دیکھنا معائنہ کرنا۔

تَعَیَّنَہٗ۔ نظر بد لگنا۔ تَعَیَّنَ الرَّجُلَ: یقینی طور پر دیکھنا۔ تَعَیَّنَ الشَّیْءَ: دیکھنا ـــ الجِلْدُ: کھال کا آبلہ دار ہونا ـــ الرَّجُلُ: کسی شے کے حاصل کرنے کیلئے توقف کرنا۔ تَعَیَّنَ عَلَیْہِ الشَّیْءُ معین چیز لازم ہونا ـــ السِّقَاءُ: کہنگی کی وجہ سے

چھوٹے چھوٹے دائرے پڑ جانا۔

اِعْتَانَ۔ الشَّیَٔ: عمدہ لے لینا۔ ادھار خریدنا۔ القَومَ: خبر لانا۔ لِفُلَانٍ مَنْزِلًا: تلاش کرنا۔

العَائِنُ۔ فا۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ عَائِنٌ" یعنی کوئی نہیں "شَرِبَ مِنْ عَائِنٍ" یعنی بہتے ہوئے پانی سے پیا۔

العَائِنَۃ۔ مؤنث عائن۔ کہا جاتا ہے۔ "لَقِیتُہٗ اَوَّلَ عَائِنَۃٍ وَاَدْنٰی عَائِنَۃٍ" یعنی ہر چیز سے پہلے عَائِنَۃ بنی فلان: مال و محافظین مال۔

العَیْنُ مم۔ آنکھ۔ آنکھ کے ڈھیلے پر بولا جاتا ہے اور پا پلک وغیرہ سمیت سب پر اطلاق ہوتا ہے۔ کلمۂ مؤنث ہے جمع اَعْیُنٌ وعُیُونٌ وعِیُونٌ واَعْیَانٌ وجمع اَعْیُنَات۔ اور تصغیر عُیَیْنَۃ۔

العَیْنُ۔ اہل شہر۔ اہل مکان۔ بدنظری۔ کہا جاتا ہے "بِہٖ عَیْنٌ" یعنی وہ بدنظر ہے۔ انسان اور اسی سے ہے "مَا بِالدَّارِ عَیْنٌ" یعنی کوئی نہیں خالص واضح۔ کہا جاتا ہے "ذَکَرَ الحَقَّ بِعَیْنِہٖ" یعنی حق کو خالص اور واضح طریقہ سے بیان کیا۔ نفیس عزت۔ جھنڈا۔ عَیْنُ الاِبْرَۃِ: سوئی کا ناکہ۔ دیدبان جاسوس۔ جماعت۔ ہر موجود چیز۔ کہا جاتا ہے "بِعْتُہٗ عَیْنًا بِعَیْنٍ" یعنی موجود کو موجود سے بیچا۔ عمدہ چیز۔ کھال کے چھوٹے چھوٹے حلقے۔ دینار۔ نقد موجود ذات شیٔ۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ ہُوَ عَیْنًا اَوْ بِعَیْنِہٖ"۔ سود سردار۔ شریف قوم۔ کمانڈر۔ فوج کا ہراول۔ آفتاب یا شعاع۔ مال۔ تیار مال۔ نالی کے پانی کے گرنے کی جگہ۔ کنوئیں کے پانی پھوٹنے کی جگہ۔ پانی کا چشمہ جمع اَعْیُنٌ وعُیُونٌ۔ ترازو کا جھکاؤ۔ گوشہ۔ نظر۔ دیکھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عَیْنٌ عَلٰی فُلَانٍ" یعنی فلاں فلاں کے اوپر نگہبان ہے "ہُوَ عَبْدُ عَیْنٍ اَوْ صَدِیقُ عَیْنٍ" وہ دکھاوے کا خادم یا دوست ہے "لَقِیتُہٗ عَیْنَ عُنَّۃٍ" میں اسکو ایسی حالت میں ملا کہ اس نے مجھے نہیں دیکھا "لَقِیتُہٗ اَوَّلَ عَیْنٍ" میں نے اس سے سب سے پہلے ملاقات کی "لَا تَطْلُبْ اَثَرًا بَعْدَ عَیْنٍ" یعنی بعد معائنہ کے اثر کو مت طلب کرو اور یہ ضرب المثل ہے اس شخص کیلئے جو کسی چیز کو دیکھے اور چھوڑ دے اور اس چیز کے مفقود ہونے کے بعد اس کے نشان کے پیچھے پڑ جائے۔ "صَارَ خَبَرًا بَعْدَ عَیْنٍ" "وَاَنْتَ عَلٰی عَیْنِی" تم میری حفاظت میں ہو تمہارا اکرام میری نگاہ میں ہے "مَا ہُوَ اِلَّا عَرْضُ عَیْنٍ" یعنی وہ قریب ہے۔ "فَعَلَہٗ عَلٰی عَیْنٍ وَعَلٰی عَیْنَیْنِ وعَمْدًا عَیْنٍ وعَمْدًا عَیْنَیْنِ وعَمْدًا عَلٰی عَیْنٍ" یعنی یقین کے ساتھ کوشش کی "فَقَأَ عَیْنَہٗ" یعنی اسے طمانچہ مارا اور سخت سست کہا "وَنَعَّمَ اللّٰہُ بِکَ عَیْنًا" اللہ تمہاری آنکھ کو ٹھنڈی رکھے۔

العِیْنُ۔ نیل گائے۔

العَیَنُ مم۔ اہل شہر۔ جماعت۔

العِیَانُ مم۔ شخص۔ کہا جاتا ہے "لَقِیتُہٗ عِیَانًا" یعنی اس نے اس سے ملاقات کی یا اسکو دیکھا اور اس کے دیکھنے میں کوئی شک نہیں العِیَانُ ہل کا پھل جمع عُیُنٌ واَعْیِنَۃ۔

العِیْنَۃ۔ عمدہ مال۔ عِیْنَۃُ الخَیْلِ: عمدہ گھوڑے۔ العِیْنَۃُ مِنَ النَّعْجَۃِ: بکری کی آنکھ کا گرداگرد۔ عِیْنَۃُ الحَرْبِ: مادۂ جنگ۔ کہا جاتا ہے ثَوْبٌ عِیْنَۃٌ: خوشنما کپڑا۔ بَیْعُ العِیْنَۃِ: کسی چیز کو اس کی اصلی قیمت سے زیادہ قیمت پر ادھار بیچنا۔

العِیَانِیُّ مِنَ الشُّہُودِ: عینی گواہ۔

العَیْنِیَّۃ۔ عین کی طرف منسوب۔

العَیُونُ۔ بہت نظر لگانے والا۔ جمع عِیْنٌ وعُیُنٌ۔

الاَعْیَنُ۔ وہ شخص جس کی تپلی بڑی اور چوڑی ہو۔ مؤنث عَیْنَاءُ جمع عِیْنٌ۔ الاَعْیَنُ: جنگلی بیل۔ العَیْنَاءُ: خوبصورت آنکھ والی۔ بہترین کلمہ۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ عَیْنَاءُ" یعنی سرسبز زمین۔

المُعَایَنَۃ مم۔ برادری۔

المَعَانُ۔ منزل۔ کہا جاتا ہے "ہُمْ مِنْکَ بِمَعَانٍ" یعنی وہ لوگ ایسی جگہ میں ہیں کہ تم ان کو دیکھ سکتے ہو۔

العَیَّانُ والمِعْیَانُ۔ بہت نظر لگانیوالا۔

المَاءُ المَعِیْنُ والمَعْیُونُ۔ جاری پانی۔ عَیْنٌ مَعْیُونَۃٌ: بہت پانی والا چشمہ۔

المُعَیَّنُ فَا فِی الہَنْدَسَۃِ" شکل مسطح متساوی الاضلاع۔

المُعَیَّنُ مفع۔ بیل۔ آنکھ کی شکل کا منقش کپڑا۔ "زِیْنَۃٌ مُعَیَّنَۃٌ ومُعَیِّنَۃٌ" یعنی زینت ظاہرہ۔

المُعْتَانُ۔ گھاس پانی تلاش کرنیوالا۔

عَاہَ یَعِیْہُ عَیْہًا آفت پہنچنا۔

العَاہِقَۃ۔ شور۔ چیخ۔

العَاہَۃ۔ آفت۔

اَرْضٌ مَعْیُوہَۃ۔ آفت رسیدہ زمین

عَیَّ یَعِیُّ وعَیِیَ یَعْیَی عَیًّا وعَیَاءً بِاَمْرِہٖ وعَنْ اَمْرِہٖ: عاجز ہونا۔ ناقابل ہونا — الاَمْرُ: جاہل ہونا۔

عَیِیَ یَعْیَی عِیًّا۔ فِی المَنْطِقِ: کلام میں رک جانا۔ عاجز ہونا۔ صفت عَیٌّ وعَیِیٌّ۔

عَیَّا تَعْیِیَۃً وعَایَا مُعَایَاۃً۔ الرَّجُلُ: غیر مفہوم کلام کہنا۔ عَایَا صَاحِبَہٗ پیچیدہ گفتگو کرنا۔

اَعْیَا اِعْیَاءً المَاشِی: چلنے والے کا تھکنا۔ اَعْیَاہ: تھکانا۔ اَعْیَا الدَّاءُ الطَّبِیْبَ: مرض کا طبیب کو عاجز کر دینا — الاَمْرُ عَلَیْہِ: عاجز بنا دینا۔

تَعَایَا الاَمْرُ عَلَیْہِ وتَعَیَّا عَلَیْہِ وتَعَایَاہ۔ عاجز کرنا۔

تَعَایَا وتَعَیَّا واسْتَعْیَا بِالاَمْرِ: ناقابل ہونا۔ طاقت نہ رکھنا۔

العَیَاءُ مم۔ عاجزی۔ دَاءٌ عَیَاءٌ: ناقابل علاج مرض۔

العَیُّ۔ تھکنے والا۔ گفتگو میں عاجز۔ جمع اَعْیَاء۔

العَیِیُّ تھکنے والا۔ گفتگو میں عاجز جمع اَعْیِیَاء واَعْیِیَۃ

العَیَّانُ۔ تھکا ہوا۔ عاجز۔

الاُعْیِیَّۃ۔ پیچیدہ کلام۔

المُعْیِی۔ تھکا ہوا۔ عاجز۔

غ

غَبَّ (ن) غَبًّا وغِبًّا چند دن کے بعد
ملاقات کرنا — عَنْہُ: ایک دن ناغہ دے کر آنا
غَبَّتْ عَلَیْہِ الْحُمّٰی "بخار کا ایک دن ناغہ دے کر آنا
غَبَّ عِنْدَہٗ: رات بسر کرنا — الرَّأْیَ: رائے
اختیار کرنے میں توقف کرنا۔
غَبًّا وغِبًّا وغُبُوبًا وغُبُوبَۃً۔ الطَّعَامُ
کھانے کا باسی ہونا۔ بدبودار ہونا غَبَّتِ الْاُمُوْرُ
کاموں کا انتہا کو پہنچنا۔
غَبَّتْ (ض) غَبًّا وغِبًّا وغُبُوبًا
الْمَاشِیَۃُ: جانوروں کا ایک دن ناغہ دیکر پانی
پینا۔ صفت غَابَّۃٌ ج غَوَابّ وغَابَّات۔
اَغَبَّ۔ الْمَاشِیَۃَ: جانوروں کا ایک دن
ناغہ دیکر پانی پلانا — الْقَوْمَ: ایک دن ناغہ
دیکر ملاقات کو آنا۔ اَغَبَّتْہُ الْحُمّٰی واَغَبَّتْ عَلَیْہِ:
تیسرے دن بخار آنا۔ اَغَبَّ الطَّعَامُ: کھانے
کا بدبودار ہونا — عِنْدَہٗ: رات بسر کرنا۔
غَبَّبَ۔ الشَّیْءُ: فاسد ہونا — فِی الْاَمْرِ:
مبالغہ نہ کرنا — عَنْہُمْ: دفع کرنا — الذِّئْبُ:
بھیڑیئے کا بکری وغیرہ کے گلے کو پکڑ لینا۔
الْغَابُّ۔ فا۔ باسی گوشت۔ نَجْمٌ غَابٌّ:
ثابت ستارہ۔
الْغِبُّ مع نتیجہ۔ انجام۔ بمعنے بعد
حُمَّی الْغِبِّ: تیسرے دن کا بخار اور صفت
موصوف کی صورت میں حُمّٰی غِبٌّ بھی بولا جاتا ہے۔
مَاءٌ غِبٌّ: دور کا پانی ج اَغْبَاب۔
الْغُبُّ۔ لہر جو کنارے سے ٹکرائے۔ پست
زمین۔ ج اَغْبَاب وغُبُوب وغُبَّان۔
الْغُبَّۃُ۔ زندگی کے گزر بسر کا تھوڑا سامان
الْغَبَبُ۔ مرغ اور بیل وغیرہ کے حلق کے
نیچے لٹکنے والا گوشت ج اَغْبَاب۔
اَلْغَبِیْبُ۔ باسی گوشت۔ چھوٹی ٹنڈی پہاڑی
یا زمین۔

الْغَبِیْبَۃُ۔ صبح کا دودھ کہ اسی پر شام کو
دوہا جائے۔ اور پھر اگلے دن بلویا جائے۔
التَّغْبِبَۃُ۔ جھوٹی شہادت۔
الْمِغَبُّ۔ شیر۔
الْمَغَبَّۃُ۔ انجام۔
الْمُتَغَبِّبُ۔ انجام کا انتظار کرنے والا۔
غَبَثَ (ن) غَبْثًا۔ الْجُبْنَ بِالسَّمْنِ: پنیر کو
گھی سے لت کرنا۔
اِغْبَثَّ۔ مٹیالا رنگ کا ہونا۔ صفت "اَغْبَثُ"
الْغُبْثَۃُ۔ مٹیالا رنگ۔
غَبِجَ (س) غَبْجًا۔ الْمَاءَ: لگاتار گھونٹ گھونٹ
پینا۔
الْغُبْجَۃُ۔ گھونٹ۔
غَبَرَ (ن) غُبُوْرًا۔ گذرنا۔ ٹھہرنا۔ گرد آلود ہونا۔
غَبِرَ (س) غَبَرًا۔ الْجُرْحُ: زخم کا خراب ہوکر
مندمل ہونا۔ اور پھر ٹوٹ جانا۔ صفت "غَبِرٌ"
غبار لگنا۔
غَبَّرَ۔ غبار اڑانا — الشَّیْءَ: غبار میں لتھیڑنا
الرَّجُلُ: لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہنا۔ یا قرأت وغیرہ میں آواز
کو لوٹانا اور کہا جاتا ہے "غَبَّرَ فِی وَجْہِ فُلَانٍ" اس
نے فلاں کے چہرہ میں غبار ڈال دیا یعنی بڑھ گیا۔
اَغْبَرَ۔ غبار اڑانا۔ گرد آلود ہونا فِی الْاَمْرِ: متوجہ
ہونا اور کوشش کرنا۔ اَغْبَرَتِ السَّمَاءُ: زور سے برسنا
اِغْبَرَّ۔ گرد آلود ہونا — الْیَوْمُ: بہت غبار
والا ہونا۔
الْغِبْرُ۔ چیز کا بقیہ ج اَغْبَار۔
الْغُبَّرُ۔ چیز کا بقیہ ج غُبَّرَات۔ کہا جاتا ہے
"غُبَّرُ الْمَرَضِ" یعنی مرض کا بقایا۔
الْغُبْرَۃُ۔ خاکستری رنگ۔
والْغُبْرَۃُ۔ والْغُبَارُ۔ مٹی۔ خاک۔
الْغَبَرُ۔ بقاء۔ دَاہِیَۃُ الْغَبَرِ: منقطع نہ ہونے
والی بڑی مصیبت۔ مٹی۔

الْغَبَرَۃُ۔ گرد۔ غبار۔
الْغَبِرُ۔ گرد غبار۔ ناسور۔ جُرْحٌ غَبِرٌ:
خراب شدہ زخم۔
الْاَغْبَرُ۔ خاکستری رنگ والا۔ بھیڑیا۔ جانے
والا کہا جاتا ہے "لَا تَغُرَّنَّکَ الدُّنْیَا فَاِنَّہَا اَغْبَرُ" دنیا کی
عزت تم کو دھوکا نہ دے اس لئے کہ وہ جانیوالی ہے
ج غُبْر۔ سخت بھوک کی صفت میں یہ لفظ مستعمل ہے
کہا جاتا ہے اَلْجُوْعُ الْاَغْبَرُ والْمَوْتُ الْاَحْمَرُ۔
الْغَبْرَاءُ۔ مونث اَغْبَرَ۔ مادہ چکور۔ زمین۔ کہا
جاتا ہے "مَا اَظَلَّتِ الْخَضْرَاءُ وَلَا اَقَلَّتِ الْغَبْرَاءُ مِثْلَ
فُلَانٍ" مثل فلاں پر نہ تو آسمان نے سایہ ڈالا اور
نہ زمین نے اٹھایا۔ بَنُو غَبْرَاءَ وبَنُو الْغَبْرَاءِ: فقراء
سَنَۃٌ غَبْرَاءُ: خشک سال۔
الْغُبَیْرَاءُ۔ چینا کی شراب۔ ایک قسم کا پودہ
الْغُبْرَانُ۔ ایک غلاف میں دو کھجور۔
الْغَابِرُ۔ فا۔ گذرا ہوا۔ باقی۔ کہا جاتا ہے
"ہُوَ غَابِرُ بَنِی فُلَانٍ" وہ بنی فلاں کا بقیہ ہے۔ ج
غُبَّر وغَابِرُوْنَ۔ غُبْرُ الشَّیْءِ: چیز کا بقیہ۔ غُبْرُ اللَّیْلِ
رات کا آخری حصہ۔ غُبَّرُ النَّاسِ: رتبہ کے لحاظ
سے آخری۔
الْغَوْبَرُ۔ ایک قسم کی مچھلی۔
الْمِغْبَارُ۔ مِنَ النَّخْلِ وغَیْرِہَا: گرد آلود
درخت خرما وغیرہ۔
الْمُغَبِّرَۃُ۔ وہ لوگ جو اللہ کو یاد کرتے رہیں
غَبَسَ (ن) غَبْسًا واَغْبَسَ واَغْبَشَ
واغْبَاسَّ۔ اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔
صفت (اَغْبَس) ج غُبْس۔ اَغْبَسَ الشَّیْءُ:
خاکستری رنگ کا ہونا۔
الْغُبْسَۃُ والْغَبَس۔ خاکستری رنگ
رات کی ابتدائی تاریکی۔
غَبِشَ (س) غَبْشًا واَغْبَشَ۔ اللَّیْلُ:
رات کی تاریکی کا صبح کی سفیدی سے مخلوط ہونا۔

تغبّش۔ دھوکا دینا ظلم کرنا جھوٹا دعوی کرنا
الغابش۔ دھوکا باز۔ فریبی، ظالم۔
الغبش۔ رات کا بقیہ۔ آخری رات کی تاریکی ج اغباش۔
الغُبشة۔ رات کا بقیہ۔ لیلٌ (غبشٌ واغبشُ) تاریک رات۔ ولیلةٌ غبشاء ج غبش
غبصت (س) غبصًا۔ العینُ: ہمیشہ رونے کی وجہ سے بہت کیچڑ والی ہونا۔
الغبص۔ آنکھ کی کیچڑ۔ کہا جاتا ہے فی عینہ غبصٌ "اس کی آنکھ میں کیچڑ ہے۔
غبط (ض) غبطًا۔ الکبشُ: مینڈھے کا موٹاپا معلوم کرنے کیلئے ہاتھ سے ٹٹولنا۔
غبطه (ض) وغبط (ن) غبطًا وغبطةً کسی کی نعمت کو دیکھ کر ویسا ہی اپنے لئے بھی تمنا کرنا۔ صفت (غابط) ج غُبُط۔
غبّطه۔ رشک دلانا۔
اغبط۔ السماءُ: لگاتار بارش ہونا۔ کہا جاتا ہے "اغبط علینا المطر" النباتُ: زمین کو ڈھانپ لینا۔ اغبطت الحمّی علیه: بخار کا لگاتار رہنا
اغتبط واُغتبط۔ خوشی اور اچھی حالت میں رہنا۔
الغَبط والغِبط۔ کٹی ہوئی کھیتی کے مٹھے ج غُبوط۔
الغِبطة۔ حسن حال، خوش، رشک، پادری کا لقب۔
الغبیط۔ کجاوہ۔ پست زمین جسکے دونوں طرف بلندی ہو۔ پانی کی لہر جو زمین کی بلندی کو کاٹ دے۔ ج غُبُط۔
الغبوط۔ من النوق: اونٹنی جس کی چربی بغیر ہاتھ سے ٹٹولے ہوئے معلوم نہ ہو۔
سماءٌ (غبطی) لگاتار برسنے والا بادل۔
ارضٌ (مغبطةٌ) نباتات سے گھری ہوئی زمین
الغبغب۔ گائے یا مرغ کے گلے کے نیچے کا لٹکا ہوا گوشت۔
غبقه (ن ض) غبقًا وغبقةً شام کو پینے کی چیز پلانا۔ غبق الغنمَ: بکری کو شام کو پلانا یا دوہنا۔
اغتبق۔ شام کو پینے کی چیز پینا ——— الخمرَ: شام کے وقت شراب پینا ——— وتغبّق الناقةَ: شام کے وقت دوہنا۔ (الغبوق) شام کو پینے کی چیز اور یہ صبوح کے خلاف ہے۔ وہ جو شام کو دوہا جائے (الغبوق والغبوقة) اونٹنی جو شام کو دوہی جائے۔ ج غبائق۔ تم کہتے ہو لقیته ذا صبوحٍ وذا غبوقٍ "یعنی میں نے صبح اور شام میں ملاقات کی۔
الغبقة۔ وہ رسی جو ہل چلاتے وقت بیل کے کوہان والی لکڑی کے سرے پر باندھتے ہیں۔
الغبقان۔ شام کے وقت پینے والا۔ کہا جاتا ہے رجلٌ غبقانُ امرأةٌ غبقی ج غباقی۔
غبن (ن) غبنًا۔ الثوبَ: کپڑے کو تنگ یا چھوٹا کرنے کیلئے موڑ کر سینا ——— الرجلَ: کسی کے سامنے اس طرح گزر جانا کہ نہ وہ دیکھے نہ اسے علم ہو ——— الطعامَ: کھانے کو حاجت کے وقت کے لئے چھپانا۔
غبنه (ن) غبنًا وغبنًا۔ فی البیع اوالشراء: دھوکا دینا ——— فلانًا: قیمت وغیرہ میں نقصان پہنچانا۔ صفت (غابنٌ) صفت مفعولی (مغبونٌ)
غبِن (س) غبنًا وغبنًا۔ الشیءَ وفیه: بھولنا۔ غلطی کرنا (غبنًا وغبانةً) رایه: کم سمجھ ہونا۔ کند ذہن ہونا۔
تغابن۔ بعض کا بعض کو نقصان پہنچانا۔
اغتبن۔ الشیءَ: بغل میں چھپانا۔
الغبْن والغبَن یم۔ خرید وفروخت میں دھوکا ——— والغبانة۔ کند ذہنی۔ بھول چوک
الغبن: کپڑے کی کترن۔
الغابن۔ فا۔ کام سے سستی کرنیوالا۔ کام چور
الغبین والمغبون۔ کم سمجھ۔
الغبینة۔ دھوکا۔
المغابنة۔ خرید وفروخت میں نقصان۔
المغبِن۔ بغل، جسم کی لوٹ ج مغابن۔
غبی یغبی غبًا وغباوةً۔ الشیءَ وعنه: ناسمجھ ہونا۔ کند ذہن ہونا ——— الشیءُ علیه: مخفی رہنا ——— عنه الخبرُ: جاہل ہونا۔ غافل ہونا۔ منه الشیءُ: مخفی ہونا۔
تغابی عنه تغابیًا وتغاباةً۔ غفلت برتنا۔
تغباه واستغباه۔ غبی جاننا۔ غبی سمجھنا۔
الغباء۔ زمین کی پوشیدگی ——— من التراب بلند غبار۔
الغبوة والغُبوة۔ غفلت۔
الغباوة والغبی۔ جہالت، ناسمجھی، غفلت
الغبی۔ کم سمجھ جاہل ج اغبیاء، واغبار۔
غبّی تغبیة۔ الشیءَ: چھپانا ——— الشعرَ: بال کو چھوٹا کرنا یا جڑ سے اکھیڑنا۔
اغبی۔ السحابُ: کم برسانا، بوچھار برسانا۔
الغباء۔ من التراب: بلند غبار۔
الغبیة۔ کم کم بارش یا بوچھار۔
من التراب: بلند غبار کہا جاتا ہے جاء علی غبیة من الشمس "یعنی آفتاب کے غائب ہونیکے وقت آیا۔
الاغبی من الاغصان: گنجان ٹہنی۔ مؤنث غبیاء، ج غُبیٌ شجرةٌ غبیاء: گنجان درخت۔
المغباة۔ درندہ جانوروں کے شکار کا گڑھا ج مغاب۔
غتّ (ن) غتًّا۔ الطعامُ والکلامُ: خراب ہونا ——— الشیءَ فی الماء: پانی میں ڈبونا ——— فلانًا: غمگین کرنا۔ گلا گھونٹنا ——— فلانًا بالامر: تھکانا اور غمگین کرنا ——— ہ بالکلام: سرزنش کرنا۔ غتّ الضحکَ: ہاتھ یا کپڑا رکھ کر ہنسی روکنا ——— الماءَ: برتن کو منہ سے بغیر علیحدہ کئے ہوئے گھونٹ گھونٹ پانی پینا۔
غتّت واغتّت۔ الطعامَ: کھانے کو خراب کرنا۔ بگاڑنا۔
غتِل (س) غتلًا۔ المکانُ: بہت درخت والا ہونا۔ صفت (غتِل)

أَغْثَمَ ۔ الزِّيَارَةَ: زیادہ ملاقات کرکے ملول کرنا۔
الغَثَمُ ۔ سخت گرمی جس سے دَم گھٹے۔
الغُثْمَةُ ۔ گفتگو میں رکاوٹ۔
الاَغْثَمُ والغَثِمِيُّ ۔ جو اچھی طرح گفتگو نہ کر سکے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَغْثَمُ وَقَوْمٌ غُثْمٌ وَاَغْثَامٌ وَاِمْرَأَةٌ غَثْمَاءُ"۔
غَثَّتْ (ض۔س) غَثَاثَةً وغُثُوثَةً ۔ الشَّاةُ: بکری کا دبلا ہونا۔ کمزور ہونا۔ صفت (غَثَّةٌ) — اللَّحْمُ: لاغر ہونا — حَدِيثُ القَوْمِ ردی ہونا۔ فاسد ہونا۔
غَثَّ (ض) غَثًّا وغَثِيثًا ۔ عَلَيْهِ المَكَانُ: ناموافق ہونا — الجُرْحُ: زخم سے پیپ وغیرہ بہنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَغِثُّ عَلَيْهِ شَيْءٌ" یعنی کسی چیز کے متعلق نہیں کہتا کہ وہ ردی ہے تاکہ اس کو چھوڑے۔
أَغَثَّ ۔ دبلا ہونا۔ فاسد ہونا — فِي الكَلَامِ بیکار گفتگو کرنا — اللَّحْمَ: دبلا گوشت خریدنا۔
إِغْثَثَّتِ ۔ الخَيْلُ: موسم بہار کی گھاس پر پہنچنا
تَغَثَّثَ ۔ الشَّيْءَ: کم سمجھنا۔
إِسْتَغَثَّ ۔ الجُرْحَ: علاج کرکے پیپ وغیرہ نکالنا۔
الغَثُّ ۔ دبلا مِنَ الكَلَامِ: ردی کلام۔
الغَثِيثُ ۔ دبلا۔
غَثِيثُ الجُرْحِ وغَثِيثَتُهُ: پیپ خون وغیرہ۔
الغَثِيثَةُ ۔ بے فائدہ چیز۔ عقل کا فتور۔
غَثَرَ (ن) غَثْرًا ۔ المَكَانُ بِالنَّبَاتِ: سبزی سے لہلہانا۔
أَغْثَرَ ۔ الشَّجَرُ: درخت سے گوند بہنا۔
إِغْثَارَّ ۔ الثَّوْبُ: زیادہ رواں والا ہونا۔ صفت (اَغْثَرُ)
الغَثَرُ ۔ کپڑے کا رُواں والا ہونا۔
الغُثْرُ والغَثَرَةُ والغَثْرَاءُ والغَيْثَرَةُ کمینے لوگ۔

الغَثْرَةُ ۔ ارزانی و تر و تازگی۔
الغُثْرَةُ ۔ سبزی مائل بھورا یا سُرخ رنگ۔
الاَغْثَرُ ۔ سبزی مائل بھورا یا سُرخ رنگ والا مؤنث (غَثْرَاءُ) ج غُثْرٌ ۔ زیادہ اون کا کمبل ۔ شیر بھیڑیا ۔ کیچڑ ۔ جاہل۔
المِغْثَرُ والمِغْثَارُ والمُغْثُورُ ۔ بعض درختوں کا گوند ج مَغَاثِيرُ۔
اَرْضٌ (مُغْثِرَةٌ) سبزہ سے لہلہانے والی زمین
غَثَمَ (ن) غَثْمًا لَهُ: یکبارگی عمدہ مال دینا
الغَثِمَةُ ۔ اوجھ کا وہ حصہ جس میں بہت سے پرت ہوتے ہیں۔
الغُثْمَةُ ۔ سیاہی مائل سفید رنگ
الاَغْثَمُ ۔ سیاہی مائل سفید رنگ والا۔
المَغْثُومُ ۔ مخلوط۔
الغَثِيمَةُ ۔ ایک قسم کا کھانا جس میں ٹڈی پڑتی ہے۔
غَثَا يَغْثُو غَثْوًا وغُثُوًّا واَغْثَى ۔ الوَادِي: زیادہ کوڑے کرکٹ والی ہونا السَّيْلُ المَرْتَعَ: سیلاب کا چراگاہ کو بدمزہ بنا دینا۔
الغُثَاءُ والغُثَّاءُ ۔ جھاگ ۔ کوڑا کرکٹ جو سیلاب کی جھاگ سے ملا ہوا ہو۔
غَثِيَ يَغْثِي غَثْيًا ۔ الوَادِي: زیادہ کوڑے کرکٹ والی ہونا — الكَلَامَ: مخلوط کرنا۔
غَثَتْ تَغْثِي غَثْيًا وغَثَيَانًا وتَغَثَّتِ النَّفْسُ: متلی آنا غَثَتِ السَّمَاءُ بِالسَّحَابِ: آسمان پر بادل چھا جانا۔
غَثَى يَغْثِي غَثْيًا ۔ الكَلَامَ: مخلوط کرنا۔
غَدَّ (س) غَدًّا وغُدًّا ۔ البَعِيرُ: اونٹ کا غدود والا ہونا۔
غَدَّ وغُدَّ وغَدِدَ واُغِدَّ ۔ غدود والا ہونا۔ صفت (مُغَدٌّ)
غَدَّ ۔ نَصِيبَهُ: حصہ لینا۔
أَغَدَّ غدود والا ہونا۔ عَلَيْهِ: غصہ سے پھولنا۔
الغَدَدُ اونٹوں کا طاعون ج غِدَادٌ۔
الغُدَّةُ ۔ مال کا ایک حصہ سامان ج غَدَائِدُ

(— والغُدَدَةُ) اونٹوں کا طاعون۔ گوشت کا سخت ٹکڑا جو مرض کی وجہ سے کھال اور گوشت کے درمیان پیدا ہو جاتا ہے۔ ج غُدَدٌ و غَدَائِدُ۔
المِغْدَادُ ۔ بہت غضبناک (مذکر و مؤنث)
غَدَرَ (ن ض س) غَدْرًا وغَدَرَانًا خیانت کرنا۔ عہد توڑنا۔
غَدِرَ (س) غَدَرًا المَكَانُ: بہت پتھر والا ہونا — عَنْ اَصْحَابِهِ: اپنے ساتھیوں سے پیچھے رہ جانا — الرَّجُلُ: تالاب کا پانی پینا۔ — اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔
أَغْدَرَهُ ۔ پیچھے چھوڑنا۔ آگے بڑھ جانا۔ باقی رکھنا۔ کیچڑ میں پھینکنا۔ اَغْدَرَ اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔
غَادَرَهُ غِدَارًا ومُغَادَرَةً ۔ چھوڑ دینا باقی رکھنا۔
تَغَدَّرَ ۔ پیچھے رہ جانا۔
إِغْتَدَرَ ۔ الرَّجُلُ: چوٹی بنانا۔
إِسْتَغْدَرَ ۔ المَكَانُ: تالابوں والا ہونا۔
الغَدَرُ مص ۔ پتھر والی جگہ ۔ درخت والے پتھر ۔ کیچڑ جو تالاب میں پانی خشک ہونے کے بعد رہ جائے۔
الغَدَرُ والغَدَرَةُ والغَدَارَةُ ۔ جو چھوڑا جائے۔
الغَدِيرُ ۔ نہر ۔ تالاب ۔ پانی جسکو سیلاب چھوڑ جائے۔ سبزی کا ٹکڑا۔ ج غُدُرٌ وغُدْرٌ وغُدْرَانٌ واَغْدِرَةٌ۔
الغَدِيرَةُ ۔ چوٹی ج غَدَائِرُ ۔ الغَدِيرَةُ سبزی کا ٹکڑا۔ ج غُدْرَانٌ۔
الغَادِرُ ۔ فا ۔ خیانت کرنے والا ج غَادِرُونَ و غَدَرَةٌ وغُدَّارٌ مؤنث غَادِرَةٌ ج غَادِرَاتٌ وغَوَادِرُ
الغَدْرَاءُ ۔ تاریکی ۔ لَيْلَةٌ (غَدْرَاءُ وغَدِرَةٌ ومُغْدِرَةٌ) تاریک رات۔
الغُدَرُ والغُدَرَةُ والغِدِّيرُ والغَدَّارُ والغَدُورُ ۔ بہت غدر کرنے والا ۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ غَدُورٌ واِمْرَأَةٌ غَدُورٌ ۔ ج غُدُرٌ ۔ اور مذکر

کی گالی میں یا غُدَرُ بمعنے یا غادِرُ اور جمع میں یا
آلُ غُدَرَ مستعمل ہے۔
یاغَدَارِ۔ مبنی علی الکسرۃ عورت کی گالی
میں مستعمل ہے۔
غَدَفَ (ن) غَدْفًا وغَدَّفَ۔
لَہٗ فِی العَطَاءِ: بہت دینا۔
اَغْدَفَ۔ اللَّیْلُ: رات کا بہت تاریک
ہونا ـــ الشَّبَکَۃَ عَلَی الصَّیْدِ: شکار پر جال
ڈالنا ـــ البَحْرُ: سمندر کا بہت لہروں والا
ہونا ـــ المَرْأَۃُ قِنَاعَہَا عَلٰی وَجْہِہَا: عورت کا
چہرہ پر نقاب ڈالنا۔
اِغْتَدَفَ۔ مِنْہُ: زیادہ لے لینا ـــ
الثَّوْبَ: کپڑا کاٹنا۔
اِغْدَوْدَفَ۔ اللَّیْلُ: رات کا آنا۔ تاریک
ہونا۔
الغَادِفُ۔ ملاح۔
الغُدَافُ۔ لمبا کالا بال۔ سیاہ بازو۔
بڑا کوا۔ بڑا گدھ۔ ج غِدْفَان۔
الغَدَفُ۔ نعمت۔ ارزانی۔ تروتازگی۔
کہا جاتا ہے "ہُمْ فِی غَدَفٍ" وہ لوگ خوش حالی
میں ہیں۔
المِغْدَفُ والغَادُوفُ چپو۔
الغِدَفْلُ۔ کال لمبا۔ بڑے ڈیل ڈول
کا اونٹ ج غَدَافِل۔
غَدِقَ (س) غَدَقًا و اَغْدَقَ و
اِغْدَوْدَقَ۔ المَطَرُ: بکثرت بارش ہونا۔
ـــ عَیْنُ المَاءِ: کثیر ہونا اور خوشگوار ہونا
صفت (غَدِقَۃ) اَغْدَقَ العَیْشُ: آسودہ ہونا۔
اَغْدَقَتِ الاَرْضُ: زمین کا سرسبز ہونا۔
غَدَقَ (ض) غَدْقًا المَکَانُ: بارش سے
تر ہونا اور سرسبز ہونا۔ صفت (غَدِق)
تَغَدَّنَ۔ الغُصْنُ: ٹہنی کا جھکنا۔
اِغْدَوْدَنَ۔ النَّبْتُ: سبز ہونا اور زیادتی
شادابی کی وجہ سے سیاہی کی طرف مائل ہونا
ـــ الرَّجُلُ: ڈھیلا ہونا اور گرنا ـــ الشَّعْرُ:
لمبا ہونا اور لپٹا ہوا ہونا صفت (مُغْدَوْدِن)
الغَدَنُ۔ نیند۔ اونگھ۔ ڈھیلا پن۔ سستی
ـــ والغُدُنَّۃ۔ نرمی۔ نزاکت۔
الغِدَانُ۔ شلخ جس پر کپڑے لٹکائے
جائیں۔
الغُدَانِیُّ۔ نازک بدن جوان۔
غَدَا یَغْدُو غُدُوًّا۔ صبح کے وقت
جانا۔ جانا اور صار کے معنی میں مستعمل ہے۔
مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے۔
غَدَا یَغْدُو غُدُوًّا و غُدْوَۃً و
اِغْتَدٰی۔ عَلَیْہِ: سویرے آنا۔
غَدِیَ یَغْدٰی غَدًا و تَغَدّٰی۔
صبح کا کھانا کھانا۔ کہا جاتا ہے "ہَلْ لَکَ اَنْ
تَتَغَدّٰی بِہٖ قَبْلَ اَنْ یَتَعَشّٰی بِنَا" یعنی کیا تیرے
لئے یہ امکان ہے کہ ہم کو ہلاک کرنے سے پہلے
اس کو ہلاک کرے۔
غَدّٰی۔ الرَّجُلَ: دن کے ابتدائی حصہ میں کھلانا۔
غَادٰی مُغَادَاۃً۔ الرَّجُلَ: صبح کے وقت آنا
الغَدُ۔ آئندہ کل۔ دور کا دن جس کا انتظار ہو
نسبت کے لئے (غَدِیٌّ و غَدَوِیٌّ)
الغُدْوَۃُ۔ صبح، فجر اور طلوعِ آفتاب کا درمیان،
دن کا ابتدائی حصہ ج غُدًی و غُدُوٌّ۔
الغَدَاۃُ۔ صبح، فجر اور طلوعِ آفتاب کا درمیان۔
دن کا ابتدائی حصہ، ج غَدَوَات، کہا جاتا ہے "ہُوَ ابْنُ
غَدَاتَیْنِ" یعنی وہ دو دن کا ہے۔
الغَدِیَّۃُ بمعنے غُدْوَۃ و غَدَاۃ ج غَدَایَا و غَدِیَّات۔
الغُدَیَّۃُ۔ غداۃ کی تصغیر۔
الغَدَاءُ۔ صبح کا کھانا اور اس کے مقابل
عَشَاء ہے ج اَغْدِیَۃ۔
الغَادِی۔ فا۔ شیر۔
الغَادِیَۃُ مؤنث غَادِی۔ بادل جو صبح کے
وقت اٹھے۔ صبح کی بارش۔ ج غَوَادٍ و غَادِیَات۔
الغَدْیَانُ۔ صبح کا کھانا کھانے والا۔
مؤنث غَدْیَا۔
المَغْدٰی والمَغْدَاۃُ۔ صبح کو جانے کی جگہ۔
غَذَّ (ن ض) غَذًّا۔ الشَّیْءَ: کم کرنا۔ گھٹانا
ـــ الجُرْحُ: خون پیپ وغیرہ جاری ہونا۔
اَغَذَّ اِغْذَاذًا۔ السَّیْرَ و فِی السَّیْرِ:
چلنے میں جلدی کرنا ـــ الجُرْحُ: خون پیپ
وغیرہ جاری ہونا۔
الغَاذُّ۔ فا۔ آنکھ کی رگ جو ہمیشہ جاری
رہتی ہے۔ جس۔
الغَذِیْذَۃُ۔ زخم کا خون پیپ وغیرہ۔
غَذَمَ (ن) غَذْمًا۔ لَہٗ مِنَ المَالِ:
یکبارگی عمدہ مال دینا۔
و غَذِمَ (س) غَذْمًا و تَغَذَّمَ و
اِغْتَذَمَ الشَّیْءَ: بہت حرص سے کھانا۔
اَغْذَمَ و تَغَذَّمَ الفَصِیْلُ مَا فِی ضَرْعِ
اُمِّہٖ: اونٹنی کے بچہ کا تھن سے سب دودھ
پی لینا۔
الغُذْمَۃُ۔ مال کا ایک حصہ۔ ج غُذَم
ـــ والغَذْمَۃ۔ بہت دودھ۔ ج غَذَم۔
بِئْرٌ غِذْیَمَۃٌ۔ وسیع کنواں۔
الغُذَّمُ والمُتَغَذِّمُ۔ بہت زیادہ کھانے والا۔
غَذْمَرَ غَذْمَرَۃً غضبناک ہونا۔
ـــ الشَّیْءَ: جدا جدا کرنا۔ بعض کو بعض سے
ملانا۔ اٹکل سے بیچنا۔
تَغَذْمَرَ۔ فِی المَجْلِسِ: غصہ سے چلانا۔
الغَذْمَرَۃُ۔ مع شور۔ ڈانٹ۔ گفتگو اور
چیخ کا مخلوط ہونا۔ ج غَذَامِیْر۔
غَذَا یَغْذُو غَذْوًا۔ الرَّجُلَ بِالطَّعَامِ:
خوراک دینا ـــ الطَّعَامُ الصَّبِیَّ: بچہ کو فائدہ
دینا اور کافی ہونا ـــ العِرْقُ: خون بہانا ـــ
الرَّجُلُ: جلدی کرنا ـــ الفَرَسُ: تیز گذرنا۔
غَذّٰی تَغْذِیَۃً۔ الرَّجُلَ: غذا دینا۔
پرورش کرنا۔ غَذَّی العِرْقُ: خون بہانا۔
تَغَذّٰی تَغَذِّیًا و اِغْتَذٰی اِغْتِذَاءً
خوراک کھانا۔
اِسْتَغْذٰی اِسْتِغْذَاءً۔ الرَّجُلَ:
سخت پچھاڑنا۔

الغِذَاء - خوراک ج اَغْذِیَۃ -
الغَاذِي - فا - غَاذِي المَالِ: مال کا منتظم -
ج غُذَاۃ و غَاذُوْن مؤنث غَاذِیَۃ ج غَوَاذٍ -
الاَغْذَی - اسم تفضیل -
الغَذِیّ - رحم کا بچہ (بکری کیلئے خاص ہے)
ج غِذَاء - جانوروں کے چھوٹے چھوٹے بچے
الغَذَوِیّ - رحم کا بچہ -
الغَذَوَان - بدزبان - تیز رفتار گھوڑا -
غَرَّہٗ (ن) غَرًّا و غِرَّۃً و غُرُوْرًا -
دھوکا دینا - بیہودہ امید دلانا - کہا جاتا ہے
"مَا غَرَّکَ بِفُلَانٍ" یعنی تونے اس پر دلیری کیونکر
کی ؟ غَرَّ المَاءَ: پانی گرانا -
غَرَّ (ن) غَرًّا و غِرَارًا - الطَّائِرُ فَرْخَہٗ: پرندہ کا
اپنے بچہ کو چوگا دینا — الرَّجُلُ: غرغر پرندہ
کھانا — الرَّاعِی: اونٹ کو چرانا — المَاءُ
پانی کا پایاب ہونا -
غَرَّ (ن) غَرًّا و غِرَارًا و غَرَارَۃً (س)
غَرَارَۃً - شریف ہونا - ناتجربہ کار ہونا -
غَرَّ (ض) غَرًّا و غَرَارَۃً - تجربہ کے
باوجود بچوں جیسا کام کرنا -
غَرَّ (س) غَرَرًا و غُرَّۃً و غَرَارَۃً
الوَجْہُ: خوبصورت سفید رنگ والا ہونا
الشَّیءُ: سفید ہونا -
غَرَّرَ تَغْرِیْرًا و تَغِرَّۃً - بِالشَّیءِ:
ہلاکت کیلئے پیش کرنا — الطَّائِرُ: پرندہ کا
اڑنے کیلئے پر پھیلانا — القِرْبَۃَ: مشک بھرنا
غَرَّرَتْ ثَنِیَّۃُ الغُلَامِ: بچہ کے اگلے دانت نکلنا
غَارَّتْ غِرَارًا و مُغَارَّۃً - السُّوْقُ:
بازار کا ماند پڑجانا - غَارَّ التَّحِیَّۃَ: کم کرنا - غَارَّتِ
النَّاقَۃُ: اونٹنی کا دودھ کم ہونا -
تَغَرَّرَ - الفَرَسُ: گھوڑے کی پیشانی سفید ہونا
اِغْتَرَّ و اسْتَغَرَّ - بِکَذَا: دھوکا کھانا -
اِغْتَرَّہٗ و اسْتَغَرَّہٗ - بے خبری میں آنا - و اغترہ:
بے خبری کا طالب ہونا -
الغَرُّ - مص - زمین میں شگاف - کپڑے یا

کھال کی شکن کہا جاتا ہے طویت الثوب علی
غرہ یعنی میں نے کپڑے کو اس کی پہلی تہ پر
لپیٹا - چھوٹی ندی ج غُرُور -
الغِرّ والغِرَار - تلوار کی دھار - الغِرار
نیند وغیرہ کی کمی، کساد بازاری - اونٹنی کے دودھ
کی کمی ج اَغِرَّۃ کہا جاتا ہے "اَتَانَا عَلٰی غِرَارٍ" یعنی وہ
ہمارے پاس جلدی آیا - الغِرار: تیر بنانیکا نمونہ
اور اسی سے ہے "ہُمْ عَلٰی غِرَارٍ وَاحِدٍ" یعنی وہ
ایک جیسے ہیں - کہا جاتا ہے "وَلَدَتْ ثَلَاثَۃً بَیْنَہُنَّ
عَلٰی غِرَارٍ" یعنی اس نے تین بچے پے درپے جنے
جن کے درمیان کوئی لڑکی نہیں -
"لَبِثَ القَوْمُ غِرَارَ شَہْرٍ" قوم ایک مہینہ کی
مدت ٹھہری رہی -
الغَرَارَۃ - غفلت - نوعمری - کہا جاتا ہے
کان ذلک علی غرارتی یعنی یہ میری نوعمری
کے زمانہ میں تھا -
الغُرَّۃ - گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی
مِنْ کُلِّ شَیءٍ: ہر چیز کا ابتدائی اور معظم حصہ
— مِنَ القَوْمِ: شریف — مِنَ الرَّجُلِ: چہرہ
روشنی یا صبح ظاہر ہو تو کہا جاتا ہے - قَدْ بَدَتْ
غُرَّتُہٗ، غلام - باندی - ج غُرَر - الغُرَر: مہینہ
کی ابتدائی تین راتیں یعنی پہلی دوسری تیسری
رات - عرب - مہینے کی تقسیم تین تین راتوں سے
کرتے تھے کہ پہلی تین راتوں کو غُرَر دوسری تین
راتوں کو نُفَل اور اس کے بعد تُسَع پھر عُشَر پھر
بُیَض پھر دُرَع پھر ظُلَم پھر حَنَادِس پھر دَآدِیْ پھر
مَحَاق کہتے ہیں -
الغِرّ - ناتجربہ کار جوان مؤنث غِرَّۃٌ و غِرَّۃٌ
ج اَغْرَار -
الغُرَّی - اپنے قبیلہ میں سردار عورت -
الغِرَّۃ - مص - غفلت - ناتجربہ کاروں کی
جماعت ج غِرَر -
الغُرَّۃ - مہینے کا پہلا دن - ایک کالے
رنگ کا آبی پرندہ -
الغَرَر - ہلاکت کے درپے - کہا جاتا ہے

"اَنَا غَرَرٌ مِنْکَ" میں تم سے دھوکے میں ہوں -
الغُرُوْر - دھوکا دینا اور یہ دنیا کی صفت
میں بھی آتا ہے - کہا جاتا ہے "الدُّنْیَا الغَرُوْرُ"
غرغرہ کی دوائیں -
الغَرُوْر - مص - بیہودہ باتیں -
الغَارّ - فا - غافل - کنواں کھودنے والا -
مؤنث غَارَّۃ -
الغَرَّار - بہت دھوکہ دینے والا -
الغَرِیْر - اچھی عادت اور اسی سے مثل ہے
"اَدْبَرَ غَرِیْرُہٗ و اَقْبَلَ ہَرِیْرُہٗ" یعنی اس کی اچھی عادت
جاتی رہی اور بری عادت آگئی - اچھی زندگی - ج
غُرَّان - ضامن - دھوکا زدہ - ناتجربہ کار جوان -
ج اَغِرَّۃ و اَغْرَاء مؤنث غَرِیْرَۃ ج غَرِیْرَات و غَرَائِر
الغُرَیْر - کتے اور بلی کے درمیان چھوٹی
ٹانگوں کا بھورے رنگ کا ایک جانور، اور
عرب کے امثال میں ہے "اَحْمَقُ مِنْ غُرَیْرٍ" اور اسکا
نام یَغْر اور غُغُور بھی ہے -
الاَغَرّ - خوبصورت - ہر چیز کا سفید - فیاض
سردار شریف — مِنَ الاَیَّامِ: سخت گرم دن
مِنَ الخَیْلِ: پیشانی پر سفیدی والا - مؤنث
غَرَّاء ج غُرٌّ و غُرَّان -
الغَرَارَۃ - بورا - تھیلا - ج غَرَائِر -
الغُرَّان - پانی کے بلبلے - کہا جاتا ہے
"اَقْبَلَ المَاءُ بِغُرَّانِہٖ" پانی بلبلے کے ساتھ آیا -
المُغَارّ - کم دودھ والی اونٹنی - ج مَغَارّ -
کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُغَارُّ الکَفِّ" یعنی بخیل ہے -
المَغْرُوْر - مفعو - فریب خوردہ -
غَرَبَ (ن) غَرْبًا - جانا — فُلَانٌ عَنَّا:
جدا ہونا - علیحدہ ہونا — فِی سَفَرِہٖ: طویل سفر
کرنا (— غروبا) الرحل: دور ہونا — النَّجْمُ:
ستارہ کا غائب ہونا - ڈوبنا -
غَرَبَ (ن) غَرْبَۃً و غُرُوْبًا و غَرَابَۃً
پردیسی ہونا - وطن سے علیحدہ ہونا -
غَرُبَ (ک) غَرَابَۃً - الکَلَامُ: مخفی ہونا
پوشیدہ ہونا — الشَّیءُ: غیرمانوس ہونا -

غَرَبَ (س) غَرْبًا۔ لو سے چہرہ کالا ہونا۔
غَرُبَ۔ دور ہونا۔ وطن سے علیحدہ ہونا۔
پچھم میں پہنچنا ـــــ ہ: دور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔
مسافرت پر برانگیختہ کرنا۔ جلا وطن کرنا ـــــ
فِی الْاَرْضِ: دور تک لے جانا۔
اَغْرَبَ۔ مغرب میں جانا۔ شہروں میں
دور تک جانا۔ اچھی حالت ہونا۔ عجیب چیز لانا
فصیح ہونا اور نوادرات بیان کرنا ـــــ
فِی الضَّحِکِ وَنَحْوِہٖ: مبالغہ کرنا ـــــ الْحَوْضَ:
حوض کو بھرنا ـــــ الْفَرَسُ فِیْ جَرْیِہٖ: گھوڑے کا
بہت دوڑنا ـــــ الْفَرَسَ: گھوڑے کو دوڑانا۔
یہاں تک کہ مرجائے ـــــ ہٗ: علیحدہ کرنا اُغْرِبَ
وَاُغْرِبَ الْمَرِیْضُ: تکلیف زیادہ ہونا۔ اُغْرِبَ
عَلَیْہِ وَبِہٖ: برا سلوک کرنا۔
تَغَرَّبَ۔ وطن سے علیحدہ ہونا۔ پچھم سے آنا۔
اِغْتَرَبَ۔ وطن سے علیحدہ ہونا۔ غیر اقارب
میں شادی کرنا۔
اِسْتَغْرَبَ۔ الشَّیْءَ: نادر پانا یا سمجھنا
ـــــ الدَّمْعُ: آنسو بہنا۔
ـــــ وَاُسْتُغْرِبَ۔ فِی الضَّحِکِ: ہنسنے
میں مبالغہ کرنا۔
اَلْغَرْبُ۔ مم۔ پچھم۔ ہر چیز کا اول۔ دھار
نشاط۔ تیزی۔ کہا جاتا ہے "اِنِّیْ اَخَافُ عَلَیْکَ
غَرْبَ الشَّبَابِ" یعنی جوانی کی تیزی اور نشاط
کا مجھے تمہارے اوپر خوف ہے۔ بڑا ڈول۔ آنکھ
کی وہ رگ جو ہمیشہ جاری رہے۔ آنسو۔ آنسو بہنے
کی جگہ۔ آنکھ کا اگلا حصہ۔ آنکھ کا پچھلا حصہ۔
دوری۔ آنکھ کی پھنسی۔ گوشۂ چشم کا ورم۔ تھوک
کی کثرت۔ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔ کہا جاتا ہے
"سَہْمُ غَرْبٍ" اضافت سے اور "سَہْمٌ غَرْبٌ"
وصف ہے یعنی وہ تیر جس کا پھینکنے والا معلوم
نہ ہو۔ ج غُرُوْبٌ۔
اَلْغَرْبَۃُ۔ دوری۔
اَلْغَرَبُ۔ مم۔ سونا۔ چاندی۔ پیالہ، شراب،
پانی جو کنوئیں اور حوض کے درمیان ڈول سے ٹپکے

کہا جاتا ہے "سَہْمُ غَرَبٍ وَسَہْمٌ غَرَبٌ" وہ تیر جس کا
پھینکنے والا معلوم نہ ہو۔ وَبِعَیْنِہٖ غَرَبٌ جبکہ آنسو
تھمتا نہ ہو۔
اَلْغُرَابُ۔ کوا۔ مختلف قسمیں ہیں۔ غراب
اسود۔ ابقع۔ زاغ ج اَغْرُبٌ وَغُرُبٌ وَغِرْبَانٌ
وَاَغْرِبَۃٌ جج غَرَابِیْنُ۔ کہا جاتا ہے "طَارَ غُرَابُہٗ"
یعنی بوڑھا ہو گیا اسکے بال سفید ہو گئے۔ "وَ
اَرْضٌ لَا یَطِیْرُ غُرَابُھَا" یعنی سرسبز ہے۔ الغراب
اولہ و برف۔ سر کا پچھلا حصہ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ:
ہر چیز کی ابتدا۔ اور دھار۔ جیسے غُرَابُ الْفَاسِ
اور کوے کی مثال سیاہی اور بعد اور صبح سویرے
اٹھنے اور چوکنا رہنے میں دی جاتی ہے۔ کہا جاتا
ہے "بَکَرَ بُکُوْرَ الْغُرَابِ" کوے کی مانند صبح
سویرے اٹھا "فُلَانٌ اَحْذَرُ مِنَ الْغُرَابِ" فلاں
کوے سے زیادہ چوکنا ہے۔ "دُوْنَ ھٰذَا
شَیْبُ الْغُرَابِ" اس سے کم کوے کی سیاہی
ہے "اَغْرِبَۃُ الْعَرَبِ: عرب کے سیاہ لوگ۔
اَلْغُرَابُ: پرانی قسم کی ایک کشتی۔
اَلْغُرَابَانِ۔ دونوں سرین کے نچلے حصے
جو ران سے ملے ہوئے ہیں۔
اَلْغَارِبُ۔ فا۔ کندھا۔ پیٹھ اور گردن یا
کوہان اور گردن کے درمیان کا حصہ۔ ہر چیز
کا اعلیٰ حصہ۔ ج غَوَارِبُ اور اسی سے ہے "
غَوَارِبُ الْمَاءِ" بلند موجیں۔
اَلْغَرِیْبُ۔ مسافر۔ وطن سے دور۔ اجنبی
ج غُرَبَاءُ عجیب وغیر مانوس مِنَ الْکَلَامِ:
جس کا سمجھنا دشوار ہو۔ مؤنث غَرِیْبَۃٌ ج غَرَائِبُ
اَلْغُرُبُ۔ بمعنے غریب۔
اَلْمُغْرِبُ صبح۔ ہر سفید چیز یا جس کے
کنارے سفید ہوں۔ عَنْقَاءُ (مُغْرِبٌ وَ
مُغْرِبَۃٌ) دیکھئے لفظ "عَنْقَاء"۔
اَلْمَغْرِبُ۔ پچھم۔ آفتاب غروب ہونیکی جگہ
ممالک افریقیہ اور بزبان حال ممالک یورپ۔
مَغْرِبَانُ۔ الشَّمْسِ: آفتاب کے طلوع
غروب کی جگہ۔

اَلْمَغْرِبِیُّ۔ ممالک مغرب کی طرف منسوب۔
ج مَغَارِبَۃٌ۔
اَلْغِرْبِیْبُ۔ سخت سیاہ اور اکثر بطور
تاکید مستعمل ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "اَسْوَدُ غِرْبِیْبٌ"
غَرْبَلَ غَرْبَلَۃً۔ الْحِنْطَۃَ: گیہوں چھاننا
ـــــ الْبَلَدَ: ملک کے رہنے والوں کا حال کھولنا
ـــــ فِی الْاَرْضِ: جانا ـــــ الشَّیْءَ: ٹکڑے
ٹکڑے کرنا۔ جدا جدا کرنا ـــــ الْقَوْمَ: قوم کو
قتل کرنا اور کچل دینا۔
اَلْغِرْبَالُ۔ چھلنی۔ دف۔ چغلخور ج غَرَابِیْلُ
اَلْمُغَرْبَلُ۔ مفع کھٹیا۔ پھولا ہوا مقتول
زوال پذیر ملک۔
اَلْغِرْبِیْلُ۔ چھلنی۔ دف۔ چغلخور۔
غَرِثَ (س) غَرَثًا۔ بھوکا ہونا۔
صفت (غَرْثَانُ) ج غَرْثٰی وَغَرَاثٰی وَغِرَاثٌ
مؤنث (غَرْثٰی) ج غِرَاثٌ۔
غَرَّثَ۔ الْکَلْبَ: کتے کو بھوکا رکھنا۔
اَلْغَرِثُ وَالْغَارِثُ۔ بھوکا۔
غَرِدَ (س) غَرَدًا وَغَرَّدَ وَاَغْرَدَ وَ
تَغَرَّدَ۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا گانے میں آواز بلند
کرنا اور گٹکری کرنا اَغْرَدَہُ الطَّائِرُ: گاکر خوش کرنا۔
اِسْتَغْرَدَ ہٗ۔ گانے پر برانگیختہ کرنا۔
اَلْاُغْرُوْدُ وَالْاُغْرُوْدَۃُ۔ پرندہ کی سریلی
آواز ج اَغَارِیْدُ۔
اَلْغَرِدُ وَالْغِرِّیْدُ۔ گانے والا۔
غَرَزَ (ض) غَرْزًا۔ بِالْاِبْرَۃِ وَنَحْوِھَا: سوئی
وغیرہ چبھونا۔ غَرَزَ الْاِبْرَۃَ فِی الشَّیْءِ: داخل کرنا۔
الرَّاکِبُ رِجْلَہٗ فِی الْغَرْزِ: رکاب میں پاؤں ڈالنا
عُوْدًا بِالْاَرْضِ: زمین میں لکڑی گاڑنا۔ غَرَزَتِ الْجَرَادَۃُ
انڈا دینے کے لئے زمین میں دم چبھونا۔ صفت
(غَارِزٌ وَغَارِزَۃٌ)
غَرَّزَ۔ الْاِبْرَۃَ فِی الشَّیْءِ: داخل کرنا۔ غَرَّزَتِ
الْجَرَادَۃُ: انڈا دینے کے لئے زمین میں دم چبھونا۔
ـــــ الْغَنَمَ: بکری کو موٹی ہونے کے لئے دوہنے
سے چھوڑ دینا۔

أَغْرَزَ - الإبْرَةَ: بمعنے غَرَزَ — الوَادِي: غرز نامی پودہ اگانا — فی الشئ: داخل ہونا
إغْتَرَزَ السَّيْرُ: روانگی قریب ہونا — فُلَانٌ السَّيْرَ: روانگی کے قریب ہونا۔ سوار ہونا — الرَّاكِبُ رِجْلَهُ فِي الغَرْزِ: سوار کا رکاب میں پاؤں رکھنا۔
الغَرْزُ مم - رکاب۔ زمین میں گاڑی ہوئی لکڑی جمع غُرُوْز۔ کہا جاتا ہے "اِلْزَم غَرْزَ فُلَانٍ" یعنی اس کے امر و نہی کی اطاعت کرو۔ "أُشْدُدْ يَدَيْكَ بِغَرْزِهِ" مطلب یہ ہے کہ اپنے آپ کو اس کے سپرد کر دو۔
الغَرَزُ - ایک چھوٹی قسم کا پودہ۔
الغَرِيزَةُ - طبیعت جمع غَرَائِز۔
الغَارِزُ - فا - اونٹنی جس کا دودھ کم ہو گیا ہو۔ عُيُوْن (غَوَارِز) نہ بہنے والے چشمے۔
التَّغْرِيْزُ - کھجور کا پودا جو ایک جگہ سے منتقل کرکے دوسری جگہ لگایا جائے۔ جمع تَغَارِيْز۔
المَغْرِزُ - گاڑنے کی جگہ۔ جمع مَغَارِز۔
غَرَسَ (ض) غَرْسًا و غِرَاسَةً الشَّجَرَ: درخت کا پودہ لگانا۔
إِنْغَرَسَ - پودہ لگنا۔
الغَرِيْسُ - مم - پودہ لگایا ہوا۔ جمع غِرَاس و أَغْرَاس۔
الغِرْسُ - پوچہ - پانی جو رحم سے نکلے۔ چھوٹا کوا۔ جمع أَغْرَاس۔
الغَرِيْسُ - پودا لگایا ہوا۔ بھیڑ۔
الغَرِيْسَةُ - کھجور کا پودا جو ابھی اُگا ہو۔ گٹھلی جو بوئی جائے۔ انگور کی بیل جو ابھی بٹھائی گئی ہو۔ پودہ بٹھانے سے پھلدار ہونے تک۔ جمع غَرَائِس و غِرَاس۔
الغِرَاسُ - پودہ۔ پودہ لگانے کا وقت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا زَمَنُ الغِرَاسِ" جس طرح کہا جاتا ہے "هٰذَا زَمَنُ الحَصَادِ"
المَغْرِسُ - پودہ لگانے کی جگہ جمع مَغَارِس۔
الغِرْشُ - مِنَ المسکوکات: ایک سکہ ہے جو دو آنے کے مساوی ہوتا ہے جمع غُرُوش۔

غَرِضَ (س) غَرَضًا - إِلَيْهِ: مشتاق ہونا صفت (غَرِضٌ) — مِنْهُ: تنگدل ہونا۔ ملول ہونا۔ خوف کرنا۔
غَرَضَ (ض) غَرْضًا - الإِنَاءَ: برتن بھرنا کم بھرنا — الشَّيْءَ: تازہ چننا۔ وقت سے جلدی کرنا۔ روکنا۔ توڑنا اس طرح کہ جدا نہ ہو جائے (— غَرِيْضًا) لَهُ: تازہ دودھ پلانا۔
غَرُضَ (ک) غَرَاضَةً - اللَّحْمُ: گوشت تازہ ہونا۔ صفت (غَرِيْضٌ) جمع أَغَارِيْض۔
غَرَّضَ - مزاح کرنا۔ تازہ گوشت کھانا۔ — الشَّيْءَ: تازہ چننا — فِي سِقَائِهِ: مشک میں نہ بھرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَحْرٌ لَا يُغَرَّضُ" یعنی فلاں آدمی سمندر کے مانند ہے جو خالی نہیں کیا جا سکتا۔ غَرَّضَ فُلَانًا: نشانہ بنانا۔
أَغْرَضَ - فُلَانًا: تنگدل کرنا — الغَرَضَ: نشانہ پر ٹھیک مارنا — الإِنَاءَ: برتن بھرنا۔
غَارَضَ - الإِبِلَ: اونٹوں کو تڑکے گھاٹ پر لے جانا۔
تَغَرَّضَ و انْغَرَضَ - الغُصْنُ - شاخ کا مڑنا اور ٹوٹنا مگر جدا نہ ہونا۔
إِغْتَرَضَ - الشَّيْءَ: کسی چیز کو اپنی غرض بنانا۔ "أُغْتُرِضَ فُلَانٌ" جوان مرنا۔
الغَارِضُ - فا - تڑکے پانی پر جانے والا۔ لمبی ناک کہا جاتا ہے "آتِيْتُهُ غَارِضًا" یعنی دن کے ابتدا میں۔
الغَرْضُ مم - وادی کی ناقص شاخ جمع غُرْضَان و غِرْضَان و أَغْرُض — کجاوہ کا تنگ جمع أَغْرَاض و غُرُوْض۔
الغُرْضَةُ - کجاوہ کا تنگ جمع غُرُض و غُرْض
الغَرَضُ - مم - مطلوب۔ حاجت۔ قصد۔ کہا جاتا ہے "فَهِمْتُ غَرَضَكَ" میں نے تیرے قصد کو سمجھ لیا۔ نشانہ جس پر گولی ماری جائے جمع أَغْرَاض۔
الغَرِيْضُ - طرب انگیز گیت۔ بہترین گویا۔ ہر سفید تازہ بارش کا پانی۔ پانی جس پر تڑکے آیا جائے۔ تازہ گوشت۔
الإِغْرِيْضُ - شگوفہ۔ ہر سفید تر و تازہ۔ جمع أَغَارِيْض۔
المِغْرَضُ - اونٹ کا تنگ جمع مَغَارِض۔
المَغْرُوْضُ - مفع بارش کا پانی۔
الغُرْضُوْفُ - نرم ہڈی جیسے کان۔ ناک کی جمع غَرَاضِيْف۔ الغُرْضُوْفَانِ: دو لکڑیاں جو کجاوہ کے دائیں بائیں باندھی جاتی ہیں۔
غَرْغَرَ غَرْغَرَةً - غرغرہ کرنا۔ غَرْغَرَتِ القِدْرُ: ہانڈی کا جوش کے وقت آواز دینا غَرْغَرَهُ: ذبح کرنا۔ غرغرہ بالرمح: حلق میں نیزہ مارنا — الرَّجُلُ: آواز گلوگیر نکالنا۔ موت کے وقت خرخر کرنا — اللَّحْمُ: گوشت میں بھونتے وقت آواز ہونا۔
تَغَرْغَرَ - بِالمَاءِ أو الدَّوَاءِ: پانی یا دوا سے غرغرہ کرنا اور اسی سے ہے تَغَرْغَرَتِ العَيْنُ بِالدَّمْعِ آنکھ آنسوؤں سے ڈبڈبا گئی۔
الغِرْغِرُ - ایک قسم کی مرغی جس کو چینی مرغی کہتے ہیں۔ واحد (غِرْغِرَة)
الغُرْغُوْرُ - بمعنے الغُرَيْرُ (دیکھئے الغُرَيْر)
الغُرْغُرَةُ - پوٹا۔ پیشانی کی سفیدی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ غُرْغُرَةٌ" یعنی فلاں شریف ہے
غَرَفَ (ض) غَرْفًا - الشَّيْءَ: کاٹنا نَاصِيَتَهُ: پیشانی کے بال کترنا۔
(و) اغْتَرَفَ - المَاءَ بِيَدِهِ: پانی کا چلو لینا
تَغَرَّفَهُ - کسی چیز کے ساتھ جتنی چیزیں ہوں سب لے لینا۔
إِنْغَرَفَ - الشَّيْءُ: کٹنا۔ مڑنا اور ٹوٹنا — العَظْمُ: ہڈی کا ٹوٹنا — فُلَانٌ: مرنا۔
الغَرْفُ - مم (— والغَرَف) پودہ جس سے چمڑے کو دباغت دیا جائے۔
الغِرْفَةُ - چلو لینے کی ہیئت۔ جوتی۔ جمع غِرَف۔
الغُرْفَةُ - چلو جمع غِرَاف — کوٹھری

کے اندر کوٹھری، بالاخانہ، بالوں کا گچھا - ج غُرَف وغُرُفات وغُرَفات وغُرْفات -

الغَارِفَة - مؤنث غارف اسم فاعل - — مِنَ النُوقِ : تیز دوڑنے والی اونٹنی - ج غَوارِف -

الغَرَاف - ایک قسم کا بڑا پیمانہ -

الغَرَّاف - بہت چلو لینے والا نہر غَرَّافٌ : بہت پانی کی نہر - غَيثٌ غَرَّافٌ : بہت بارش -

الغَرُوف - مِنَ الآبارِ : وہ کنوئیں جن سے پانی چلو سے لیا جائے

الغَرِيف - مِنَ الشجرِ : گھنا درخت - بانس نرکل وغیرہ کی جھاڑی -

الغَرِيفَة گھنا درخت - جوتی - تلوار کے پرتلے کے نچلے حصہ کا چمڑا -

المِغْرَف - تیز رفتار گھوڑا اور فارسٌ مِغْرَفٌ بھی کہا جاتا ہے - ج مَغَارِف -

المِغْرَفَة - چمچہ - ڈوئی - ج مَغَارِف -

غَرِقَ (س) غَرَقًا - فِي الماءِ : ڈوبنا - صفت (غَرِقٌ وغارِقٌ وغَرِيقٌ) ج غَرْقَى

غَرِقَ فلانٌ : دودھ وغیرہ کا گھونٹ لینا - مستغنی ہونا -

غَرَقَ (ن) غَرْقًا - مِنَ اللبنِ : دودھ وغیرہ کا گھونٹ لینا -

أَغْرَقَ - فِي الأمرِ : مبالغہ کرنا -

أَغْرَقَه وغَرَّقَه - ڈبو دینا - أَغْرَقَ وغَرَّقَ فِي القَوسِ : کمان کو بہت زیادہ کھینچنا أَغْرَقَ وغَرَّقَ اللِجامَ بالفِضّةِ : لگام کو چاندی سے مزین کرنا - کہا جاتا ہے "أَغْرَقَ أَعْمَالَه بِالمَعَاصِي" یعنی اپنے اعمالِ صالحہ کو معاصی کی وجہ سے ضائع کر دیا -

غَارَقَه - قریب ہونا - کہا جاتا ہے "غَارَقَتْنِي المَنِيَّةُ" یعنی موت مجھ سے قریب ہوئی -

إغْتَرَقَ - النَفَسَ : بہت ہانپنا

البَعِيرُ التَصْدِيرَ : اونٹ کے پیٹ کے موٹے ہو جانے کی وجہ سے تنگ کا تنگ ہو جانا

الفَرَسُ الخَيلَ : گھوڑوں کی جماعت میں داخل ہونا اور آگے بڑھ جانا - کہا جاتا ہے فُلَانٌ يَغْتَرِقُ العَيْنَ : یعنی فلاں اپنی خوبصورتی کی وجہ سے نظر کو اپنی طرف کھینچتا ہے دوسری طرف نہیں ڈالنے دیتا -

إِسْتَغْرَقَ - الشَيءَ : کل لے لینا —— الغَايَةَ : مقررہ حد سے آگے بڑھ جانا —— فِي النَوْمِ : گہری نیند سونا — فِي الضَحِكِ : کھلکھلا کر ہنسنا -

إِغْرَوْرَقَتْ - العَيْنُ : ڈبڈبا آنا -

الغُرْقَة - دودھ وغیرہ ایک مرتبہ پینے کی مقدار ج غُرَق -

الغَارِيقُون والأَغَارِيقُون - ایک پودہ کی جڑ ہے اور یہ زہر کیلئے تریاق ہے اور یہ دونوں کلمے دخیل ہیں -

غَرْقَأَتِ - الدَجَاجَةُ بَيْضَتَهَا : مرغی کا کچا انڈا دینا — البَيضَةُ : کچا انڈا گرنا -

الغِرْقِئُ - انڈے کے سفیدی کی جھلی - انڈے کی سفیدی -

غَرِلَ (س) غَرَلًا - الصَبِيُّ : بچے کا غیر مختون ہونا - صفت (أَغْرَل) مؤنث غَرْلَاء ج غُرْل -

الغَرِل - ڈھیلا ڈھالا آدمی - بہت ہی زیادہ لمبا نیزہ -

الأَغْرَل - ارزانی کا سال - خوش عیش زندگی -

الغُرْلَة - چمڑا جس کو ختنے کے وقت کاٹتے ہیں -

الغِرْيَل - غبار - تالاب جس میں کیڑے ہی کیڑے ہوں جس کو پیا نہ جا سکے - خشک یا تر مٹی جس کو سیلاب بہا کر لائے اور سیلاب کے چلے جانے کے بعد زمین پر پھٹ پھٹ کر رہ جائے - شیشی کے نیچے کی تلچھٹ -

غَرِمَ (س) غُرْمًا وغَرَامَة ومَغْرَمًا الدَينَ ونَحْوَه : قرض وغیرہ ادا کرنا - فِي التِجارةِ : تجارت میں نقصان اٹھانا -

أَغْرَمَه وغَرَّمَه الدَينَ : قرض کی ادائیگی کو لازم کرنا - کہا جاتا ہے "غَرِمَ السَحَابُ" یعنی بارش ہوئی -

أُغْرِمَ - بالشيءِ : بہت خواہش مند ہونا -

تَغَرَّمَ - تاوان برداشت کرنا -

إِغْتَرَمَ - تاوان کو اپنے اوپر لازم کرنا -

الغَرَامَة والغُرْم - تاوان - مال جس کا ادا کرنا ضروری ہو - ضرر - مشقت -

الغَرَام - اشتیاق - محبت جو دل کو مبتلائے عذاب کرنے والا ہو - ہلاکت - عذاب -

الغَرِيم - قرضخواہ - قرضدار - مخالف - ج غُرَماء وغُرّام -

المَغْرَم - تاوان - ج مَغَارِم -

الغُرْمُول - عضو تناسل -

غَرِنَ (س) غَرَنًا - العَجِينُ : گندھے ہوئے آٹے کا خشک ہونا -

الغَرِنُ - کمزور -

الغَرْيَن والغِرْيَن - تر یا خشک مٹی جو سیلاب میں بہہ کر آئے اور زمین پر رہ جائے - بیوقوفی -

الغِرْنِيق والغُرْنُوق والغُرْنُوق والغَرَانِق - ایک قسم کا آبی پرندہ جو سارس کے مشابہ ہوتا ہے سفید خوبصورت جوان کیلئے بھی بولا جاتا ہے - کہا جاتا ہے "شَابٌّ غُرَانِقٌ وصَبِيَّةٌ غُرَانِقٌ وغُرَانِقَة" ج غَرَانِق وغَرَانِيق وغَرَانِقَة

غَرَا يَغْرُو غَرْوًا - الرَجُلُ : تعجب کرنا — الجِلْدَ : سریش سے جوڑنا — الشَحْمُ قَلْبَه : چربی کا دل پر چھا جانا -

غَرِيَ يَغْرَى غَرَاءً وغَرًا وغُرِيَ وغَرِيَ وأُغْرِيَ - بِكَذا : بہت خواہشمند ہونا بہت رغبت رکھنا - غَرِيَ الغَدِيرُ : تالاب کا پانی ٹھنڈا ہونا — فلان : بہت زیادہ غضبناک ہونا (— غَرَاةً) بہ : چمٹنا - لازم ہونا -

غَرَّى تَغْرِيَةً - الشيءَ : سریش سے جوڑنا

أَغْرَى - الرَجُلَ بِكَذا : برانگیختہ کرنا - أَغْرَى العَدَاوَةَ بَيْنَهُم : دشمنی ڈالنا اور فساد پیدا کرنا -

غَارَی غِرَاءً وَمُغَارَاةً - فُلَانًا: سخت جھگڑا کرنا ـــــ بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ: ایک کے بعد دوسرے کا لگاتار کرنا -

الغَرَاء والغِرَاءُ - ہر وہ چیز جس کا طلا کیا جائے جس سے ورق یا کھال کو جوڑیں جیسے سریش یا لیئی - الغِرَاءُ: خوبصورتی -

الغَرَاء والغَرْوٰی - خواہش مندی - کہا جاتا ہے "لَاغَرْوَ ولاغَرْوٰی مِنْ کَذَا" یعنی اس سے تعجب نہیں -

الغَرِی - خوبصورت - عمدہ عمارت -

الغَرِیَّان - دو مشہور عمارتیں جو حیرہ کی قریب تھیں -

المِغْرَاة - سریش پگھلانے کا آلہ -

غَزَّ (ن) غَزًّا وَاغْتَزَّ - بِفُلَانٍ: خاص کرنا ـــــ الإبِلُ او الصَّبِیَّ: اونٹ یا بچہ پر نظر بد سے حفاظت کیلئے رنگی ہوئی اون لٹکانا -

غَازَّهٗ مُغَازَّةً سبقت کرنا - جھگڑنا -

أَغَزَّ - الشَّجَرُ: درخت میں بہت اور سخت کانٹے ہونا - أَغَزَّتِ البَقَرَةُ: گائے پر وضع حمل کا دشوار ہونا -

تَغَازَّ - القَوْمُ الشَّیْءَ: آپس میں جھگڑا کرنا -

الغُزُّ - جبڑا - ترکوں کی ایک قوم - واحد (غُزِّیٌّ)

غَزُرَ (ک) غُزْرًا وَغَزَارَةً وَغُزْرًا - الماءُ وغیرہ: پانی وغیرہ کثیر ہونا - غَزُرَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بہت دودھ والی ہونا -

تَغَزَّرَ - الرَّجُلُ: زیادہ گوشت والا اور موٹا ہونا

غَازَرَ واسْتَغْزَرَ - زیادہ لینے کے لئے تھوڑا دینا -

الغَزْرُ - مص کھجور کے پتوں کی بکری -

ـــــ والغَزَارَةُ - کثرت -

الغَزِیْرُ - ہر چیز کا بہت - ج غِزَار -

الغَزِیْرَةُ - مؤنث غَزِیْر ـــــ مِنَ النُّوقِ: بہت دودھ والی اونٹنی ـــــ مِنَ العُیُوْنِ: بہت آنسوؤں والی آنکھ ـــــ مِنَ الآبَارِ والیَنَابِیْعِ: بہت پانی والے کنوئیں اور چشمے ج غِزَار -

المِغْزَار - مِنَ الإبِلِ: بہت دودھ والی اونٹنی - مَکَانٌ (مَغْزُوْرٌ) کثیر بارش سے سیراب شدہ -

غَزَلَ (ض) غَزْلًا واغْتَزَلَ - الصُّوْفَ: اون کاتنا -

غَزِلَ (س) غَزَلًا بِالنِّسَاءِ: عورتوں سے باتیں کرنا - عشقبازی کرنا - عورتوں کے حسن و جمال کی تعریف کرنا -

غَازَلَ - المَرْأَةَ: عورت سے بات کرنا اور پھسلانا - کہا جاتا ہے "غَازَلَ فُلَانٌ الأرْبَعِیْنَ مِنَ العُمُرِ" یعنی فلاں چالیس سال کے قریب ہوگیا "وَهُوَ یُغَازِلُ رَغَدًا مِنَ العَیْشِ" یعنی وہ نہایت آسودگی کی زندگی بسر کرتا ہے -

أَغْزَلَتْ - الظَّبْیَةُ: ہرنی کا بچے والی ہونا ـــــ المَرْأَةُ: عورت کا تکلہ گھمانا -

تَغَزَّلَ - فُلَانٌ: بتکلف عشق بازی کرنا -

تَغَازَلَ - القَوْمُ: بعض کا بعض سے عشق بازی کرنا -

الغَزْلُ - مص کاتا ہوا -

الغَزَلُ - مص عورتوں کے ساتھ کھیل کود -

الغَزَال - ہرن کا بچہ ج غِزَلَةٌ وغِزْلَانٌ -

دَمُ الغَزَالِ - نام ایک نباتات کا -

الغَزَالَةُ - غزال کا مؤنث - چڑھتے وقت کا سورج غَزَالَةُ الضُّحٰی وغَزَالَتُهٗ: چاشت کی ابتداء -

الغَزِلُ - عورتوں سے بات کرنے والا - عشقبازی کرنے والا وہ شخص جو ہر چیز میں کمزور ہو -

الغَازِلَةُ - کاتنے والی ج غُزَّل وغوازل

الغِزِّیْلُ - عورتوں سے باتیں کرنے والا -

الغَزَّالُ - بہت کاتنے والا -

الأغْزَلُ - غَزِل کا اسم تفضیل ـــــ مِنَ الحُمّٰی: بار بار آنے والا بخار -

المِغْزَلُ والمَغْزَلُ والمُغْزَلُ - تکلہ ج مَغَازِل -

أَبُو المَغَازِل - کلنگ -

المُغَیْزِلُ - مغزل کی تصغیر چھوٹا تکلہ - باریک رسی -

غَزَاهُ یَغْزُوْهُ غَزْوًا - طلب کرنا - قصد کرنا - کہا جاتا ہے "عَرَفْتُ مَا یُغْزٰی مِنْ هٰذَا الکَلَامِ" یعنی اس کلام کے مقصود کو میں نے جان لیا -

غَزْوًا وغَزَاوَةً وغَزَوَانًا - القَوْمَ: کسی قوم سے جنگ کیلئے چلنا - جہاد کیلئے نکلنا -

غَزّٰی وأَغْزٰی - فُلَانًا: جہاد کیلئے بھیجا جانا سامان دینا برانگیختہ کرنا ـــــ هٗ: مہلت دینا مطالبہ کو مؤخر کر دینا -

اِغْتَزٰی اِغْتِزَاءً - فُلَانًا: قصد کرنا ـــــ بِهٖ: مخصوص کرنا -

الغَزْوَةُ - غزا کا اسم مرۃ - ج غَزَوَات -

الغَازِی - فا - ج غُزَاة وغُزًّی وغَزِیٌّ و غُزَّاء، مؤنث غَازِیَةٌ ج غَوَازٍ وغَازِیَات -

الغَزَاةُ - اسم ہے غزو کا ج غَزَوَات -

الغِزْوَةُ - جس کا قصد کیا جائے - جسکو طلب کیا جائے -

المَغْزٰی - جنگ کرنا - جنگ کرنے کی جگہ - مغزی الکلام: مقصد کلام - ج مَغَازٍ -

المَغَازِی - غازیوں کے مناقب - غازیوں کے افعال -

اِمْرَأَةٌ (مُغْزِیَةٌ) عورت جس کا شوہر جہاد میں ہو - أَتَانٌ او نَاقَةٌ مُغْزِیَةٌ: دیر سے جننے والی گدھی یا اونٹنی -

غَسَّ (ن) غَسًّا - فِی البِلَادِ: داخل ہونا ـــــ الکَلَامَ: کلام میں عیب لگانا ـــــ هٗ فِی المَاءِ: پانی میں غوطہ دینا ـــــ الهِرَّةَ: بلی کو ڈانٹنا - اور غس کہنا -

اِنْغَسَّ - فِی المَاءِ: پانی میں ڈوبنا -

الغُسُّ - کمزور نالائق -

غَسَّان - ایک یمنی قبیلہ تھا جو حوران کے چشمہ غسان پر وارد ہوا تھا اسی وجہ سے اسکا

یہ نام پڑگیا اور یہ لوگ ایک بہت بڑی حکومت کے مالک ہوگئے تھے جس کا آخری بادشاہ جبلہ بن الایہم تھا جو عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے زمانے میں مسلمان ہو کر مرتد ہوگیا۔

غَسَرَ (ن) غَسْرًا۔ عَلَی الغَرِیْمِ: قرضدار پر سختی کرنا۔

تَغَسَّرَ الغَزْلُ: کتے ہوئے سوت کا لپٹ جانا۔ الجھا ہوا ہونا ــــ الاَمْرُ: ملتبس ہونا۔ مختلط ہونا۔ صفت (غَسِرٌ)

الغَسَرُ۔ جس چیز کو ہوا اڑا کر تالاب میں ڈال دے۔

اَغْسَفَ۔ تاریکی میں داخل ہونا۔

الغَسَف۔ تاریکی۔

غَسَقَ (ض) غَسْقًا و غَسَقًا و غَسَقَانًا و اَغْسَقَ۔ اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا اَغْسَقَ الرَّجُلُ: تاریکی میں داخل ہونا ــــ المُؤَذِّنُ: مؤذن کا دیر میں مغرب کی اذان کہنا۔

غَسَقَ (ض) غَسْقًا و غَسُوقًا و غَسِقَ (س) غَسَقَانًا۔ المَاءُ: پانی گرنا ــــ الغَیْمُ: بارش ہونا ــــ العَیْنُ: آنکھ کا ڈبڈبانا۔ اور تاریک ہونا۔

الغَسَق۔ اوّل شب کی تاریکی۔

الغَاسِق۔ فا۔ چاندرات جبکہ تاریکی بڑھ جائے۔ گیہوں کی ایک قسم۔

الغَسَاق والغَسَّاق۔ ٹھنڈا۔ بدبودار

غَسَلَ (ض) غَسْلًا و غُسْلًا۔ الشَّیءَ: پانی سے میل کچیل دور کرنا ــــ ہ: تکلیف دہ طریقہ سے مارنا۔ بہت جماع کرنا۔

غَسَّلَ۔ الشَّیءَ: دھونے میں مبالغہ کرنا بہت جماع کرنا۔

اِنْغَسَلَ۔ دھلنا ــــ الشَّیءُ: بہنا۔

اِغْتَسَلَ۔ نہانا ــــ بِالطِّیْبِ: خوشبو لگانا ــــ الفَرَسُ: گھوڑے کو پسینہ آنا۔

الغُسُل والغُسْل۔ اسم ہے غَسَلَ سے

الغِسْل والغُسْل۔ ہاتھ منھ دھونے کی چیز جیسے صابن وغیرہ ج اَغْسَال۔

الغِسْلَۃ والغَسُوْل والغَسُّوْل۔ ہاتھ مُنہ دھونے کی چیز۔

الغُسَالَۃُ۔ مِنَ الشَّیءِ: پانی جس سے دھویا جائے، دھونے سے جو پانی گرے۔ کپڑا جو دھویا جائے۔

الغَسِیْل۔ نہلایا ہوا۔ ج غَسْلٰی و غُسَلَاء مؤنث غَسِیْلَۃ ج غَسَالٰی۔

الغَاسُوْل۔ صابون۔ اور ہر وہ چیز جس سے عمومًا دھویا جائے۔ ایک پودہ کا نام ہے جس سے دھوتے ہیں۔

الغَسَّال۔ اسم مبالغہ۔ مؤنث غَسَّالَۃٌ۔

المَغْسَل والمَغْسِل غسل خانہ۔ ج مَغَاسِل

المُغْتَسَل غسلخانہ ج مُغْتَسَلَات۔

المُغْتَسَل: وہ پانی جس سے نہایا جائے۔

المِغْسَل۔ وہ چیز جس سے دھویا جائے۔

المَغْسِلَۃ۔ وہ برتن جس میں کپڑے دھوئے جائیں۔

غَسْلَبَ۔ الشَّیءَ مِنْ فُلَانٍ: کسی سے کسی چیز کو چھین لینا۔

غَسَمَ (ن) غَسْمًا و اَغْسَمَ۔ اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ صفت (غَاسِمٌ)

الغَسَم۔ سیاہی۔ تاریکی۔ خاکستری۔

الغُسْم والاَغْسَام۔ آسمان میں بادل کے ٹکڑے۔

غَسَنَ (ن) غَسْنًا۔ الشَّیءَ: چبانا۔

غُسَانُ القَلْبِ و غُسَّانُہٗ۔ دل کے انتہائی گوشے۔ کہا جاتا ہے۔ عَلِمْتُ اَنَّ ذٰلِکَ مِنْ غُسَّانِ قَلْبِکَ "میں نے جان لیا کہ یہ تمہارے دل کی گہرائی سے ہے۔

الغَسَّان والغَیْسَان۔ جوانی کی تیزی اور کہا جاتا ہے "مَا اَنْتَ مِنْ غَسَّانِہٖ": تم اسکے مردوں میں سے نہیں ہو۔

الغَسَّانِی۔ بہت خوبصورت۔

الغُسْنَۃُ والغُسْنَاۃ۔ بالوں کا گچھا۔ ج غُسَنٌ: غُسَنَات و غُسْنَات۔

الاَغْسَان۔ لوگوں کے اخلاق وعادات پرانے کپڑے۔

الغَیْسَانَۃ۔ نرم و نازک عورت۔

غَسَا یَغْسُوْ غَسْوًا و غَسِیَ یَغْسٰی غَسًی و اَغْسٰی۔ اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ اَغْسَاہ اللیل: تاریکی ڈالنا۔

الغَسَاۃ۔ کچی کھجوریں۔ ج غَسَوَات و غَسًی

شَیْخ (غَاسٍ) پیرفانی۔

غَشَّہٗ (ن) غِشًّا و غَشَشَہٗ۔ خلاف ضمیر ظاہر کرنا اور خلاف مصلحت کو مزیّن کرنا۔ دھوکا دینا۔

اَغَشَّہٗ۔ دھوکے میں ڈالنا اَغَشَّہٗ عَنْ حَاجَتِہٖ: جلدی کرنا اور حاجت سے باز رکھنا۔

اِغْتَشَّ و اِسْتَغَشَّ۔ الرَّجُلَ: خیانت کا گمان کرنا۔ خائن سمجھنا۔

الغِشّ۔ دھوکا۔ فریب۔ کینہ۔ خیانت۔ دل کی سیاہی۔ ترش روئی۔ ہر چیز کی کدورت۔

الغُشّ۔ دھوکا باز۔ ج غُشُوْن۔

الغَاشّ۔ دھوکا باز ج غَشَشَۃٌ و غُشَّاش۔

الغَشَش۔ گدلا پانی۔

الغِشَاش والغَشَاش۔ تاریکی کا اوّل و آخر۔ قَوْمٌ (غَشَاشَۃٌ) دھوکہ باز لوگ۔

المَغْشُوْش۔ مفع۔ غیر خالص۔ کہا جاتا ہے لَبَنٌ مَغْشُوْشٌ "غیر خالص پانی ملا ہوا دودھ۔

الغَشْب۔ ظلم۔

الغَشَرَّب۔ شیر بیشہ۔

الغَشَارِب۔ مرد دلاور۔

الغَشْفَل۔ لومڑی۔

غَشَقَ (ن) غَشْقًا۔ نرم چیز کو کاٹنا۔

غَشَمَہٗ (ن ض) غَشْمًا و تَغَشَّمَہٗ ظلم کرنا

غَشَمَ (ض) غَشْمًا۔ الحَاطِبُ: لکڑی چننے والے کا رات کو لکڑی چننا اور بغیر سوچے بوجھے جو ہاتھ لگے اس کو کاٹنا۔

الغَاشِم والغَشُوْم والغَشَّام۔

ظالم۔ غاصب۔
المِغشَم۔ خودرائے دلیر کہ جو چاہے کرے ظالم۔
الغَشَمشَم۔ بمعنے مِغشَم۔ بہت ظلم کرنے والا۔
الغَشَمشَمَۃ والغَشَمشَمِیَّۃ۔ دلیری۔ جرأت۔
غَشَمَ غَشمًا۔ السَّیلُ: سیلاب کا آنا ـــ الرَّجُلُ: حق یا باطل میں خودرائی کرنا اور کوئی پروا نہ کرنا ـــ الاَمرَ: بے سوچے سمجھے کام کرنا ـــ فُلَانًا: ظلم کرنا۔
تَغَشَّمَ۔ عَلَیہِ: غضبناک ہونا فُلَانًا: زبردستی لے لینا اور ظلم کرنا۔ تَغَشَّمَ السَّیلُ والجَیشُ سیلاب یا لشکر کا آنا۔
الغَشمَرَۃ۔ مص آواز۔ ج غَشَامِر۔
الغَشمَرِیَّۃ۔ ظلم۔
الغِشمِیر۔ سختی۔ زبردستی۔ کہا جاتا ہے اَخَذَہٗ بِالغِشمِیرِ یعنی اس کو سختی سے لیا۔
غَشَنَ (ن) غَشنًا چھڑی مارنا۔ تلوار مارنا
غَشَا یَغشُو غَشوًا۔ فُلَانًا: کسی کے پاس آنا۔
غَشِیَ (س) غَشَاوَۃً۔ الاَمرُ فُلَانًا: مبتلا کر دینا۔
غَشَا۔ الفَرَسُ وغیرہ: سفید سر والا ہونا۔
غَشِیَ (س) غَشَیَانًا۔ فُلَانًا: کسی کے پاس آنا ـــ ہٗ بِالسَّوطِ۔ کوڑے سے مارنا۔
اِستَغشٰی۔ ثَوبَہٗ وبِثَوبِہٖ: ڈھانپ لینا۔ تاکہ نہ دکھائی دے نہ سنائی دے۔
الغَشوَۃ والغَشَاوَۃ۔ دونوں میں غین کی تثلیث ہے۔ پردہ۔ الغَشوَۃ: غشا کا اسم مرۃ
الاَغشٰی۔ مِنَ الخَیلِ وغیرِہَا: سارے جسم کے خلاف سفید سر والا گھوڑا۔ مؤنث غَشوَاء
غَشِیَ یَغشٰی غَشیًا وغِشَایَۃً الاَمرُ فُلَانًا: نازل ہونا۔ ڈھانکنا۔ غَشِیَ المَرأۃَ: جماع کرنا ـــ المَکَانَ: آنا ـــ اللَّیلُ: رات کا تاریک ہونا۔
غُشِیَ عَلَیہِ غَشیًا وغُشیًا وغَشَیَانًا بیہوشی طاری ہونا۔ صفت مفعولی مَغشِیٌّ عَلَیہِ
اَغشٰی۔ الاَمرُ فُلَانًا: نازل کرانا۔ ڈھکوانا ـــ اللَّیلُ: رات کا تاریک ہونا ـــ اللّٰہُ عَلٰی بَصَرِہٖ: نگاہ پر پردہ ڈال دینا۔ اَغشَانِی فُلَانًا فلاں کے پاس آنے کیلئے برانگیختہ کرنا۔
غَشّٰی۔ الشَّیئَ وعَلَی الشَّیئِ: ڈھانکنا غَشَّیتُہٗ الاَمرَ میں نے اس کو کام سے ڈھانک دیا۔
تَغَشّٰی۔ بِثَوبِہٖ: اپنے آپکو ڈھانکنا۔ تغشی المراۃ: جماع کرنا۔ تغشاہ الامر: کام نے اس کو ڈھانک لیا۔
اِستَغشٰی۔ ثَوبَہٗ وبِثَوبِہٖ: اپنے آپکو ڈھانک لینا۔
الغِشَاء۔ پردہ۔ ج اَغشِیَۃٌ۔
الغِشَایَۃ والغُشَایَۃ والغُشیَۃُ پردہ۔
الغَشیَۃ والغَشی والغُشی والغَشَیَان بیہوشی۔ غشی۔
الغَاشِیَۃ۔ مؤنث غاشی۔ پردہ۔ دل کا پردہ۔ ج غَوَاشٍ۔ مصیبت۔ قیامت۔ اندرونی بیماری کا نام۔ غَاشِیَۃُ فُلَانٍ: خدام۔ ملاقاتی دوست احباب جو بار بار آئیں۔
الغِشیَان۔ آنا۔
غَصَّ (س۔ن) غَصَصًا۔ بالطَّعَامِ والمَاءِ: کھانے یا پانی سے پھندا لگنا۔ اچھو لگنا صفت (غَاصٌّ وغَصَّان) ـــ المَکَانُ بِہِم: بھر جانا اور تنگ ہونا۔
غَصَّ (ن) غَصًّا۔ الشَّیئَ: قطع کرنا۔
اَغَصَّہٗ۔ اچھو لگوانا۔ کسی کے گلے میں پھندا لگوانا۔ کہا جاتا ہے اغص علینا الارض۔ اس نے ہمارے اوپر زمین تنگ کر دی۔
اِغتَصَّ۔ المَکَانُ بِہِم: تنگ ہونا۔
الغُصَّۃ۔ جس کا پھندا لگے۔ غم۔ اندوہ ج غُصَص۔
غَصَبَہٗ (ض) غَصبًا علی الشیئ: مجبور ہونا ـــ الشَّیئَ: زبردستی لے لینا ـــ المَرأَۃَ: زنا بالجبر کرنا ـــ الجِلدَ: کھال سے بال اور اون دور کرنا۔ صفت (غَاصِب) ج غَاصِبُون وغُصَّاب اور اس کا تعدیہ دو مفعول کی طرف ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے۔ غَصَبَہٗ مَالَہٗ اور کبھی مفعول اول میں من کی زیادتی ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے "غَصَبتُ مِنہُ مَالَہٗ"
اِغتَصَبَ۔ الشَّیئَ: ظلم و زبردستی سے لینا ـــ المَرأَۃَ: زنا بالجبر کرنا۔
غَاصَبَہٗ۔ ہر ایک کا دوسرے سے چھینا
الغَصب مص۔ چھینی ہوئی چیز۔
غَصَنَ (ض) غَصنًا۔ الغُصنَ: ٹہنی کو کاٹنا ٹہنی کو کھینچنا ـــ الشَّیئَ: لینا ـــ ہٗ عَن حَاجَتِہٖ: پھیرنا منع کرنا۔ اور کہا جاتا ہے۔ "مَا غَصَنَکَ عَنِّی کس چیز نے تم کو مجھ سے باز رکھا۔
اَغصَنَ وغَصَّنَ۔ العنقودُ: بڑے دانوں والا ہونا۔ اَغصَنَتِ الشَّجَرَۃُ: درخت کا شاخدار ہونا۔
الغُصن۔ شاخ ج غُصُون واَغصَان وغِصَنَۃ
الغُصنَۃ۔ شاخ میں نکلی ہوئی چھوٹی ٹہنی
ثَورٌ (اَغصَنُ) سفید دُم کا بیل۔
غَضَّ (ن) غَضًّا وغَضَاضًا وغِضَاضًا وغَضَاضَۃً۔ طَرفَہٗ ومِن طَرفِہٖ او صَوتَہٗ: ومِن صَوتِہٖ: نگاہ یا آواز پست کرنا۔ روکنا ـــ الغُصنَ: شاخ کو بغیر جدا کیے ہوئے توڑنا ـــ الشَّیئَ: کم کرنا۔ کہا جاتا ہے لَا اَغُضُّکَ دِرہَمًا میں ایک درہم کو نہیں کروں گا ـــ مِن فُلَانٍ: کسی کا مرتبہ گھٹانا۔ کہا جاتا ہے غَضَّ بَصَرَہٗ یعنی جس چیز کا دیکھنا جائز نہیں۔ اس سے منع کیا۔ غَضَّ طَرفَہٗ لِفُلَانٍ فلاں کی وجہ سے مکروہ بات برداشت کر لی۔ غُضَّ لِی سَاعَۃً یعنی اپنی سواری کو تھوڑی دیر کیلئے روک لو اور ٹھہرو
غَضَّ (س۔ض) غَضَاضَۃً وغُضُوضَۃً النَّبَاتُ وغیرہ: نباتات کا تر و تازہ ہونا۔ صفت

(غَضٌّ) ج غِضَاض -

غَضْغَضَ - تروتازہ کو کھانا - تروتازہ و نرم و نازک ہونا - ذلت وخواری لاحق ہونا -

اِنْغَضَّ - الطَّرْفُ : نگاہ کا بند ہونا -

تَغَاضَضَ - عَنْہُ : غفلت برتنا -

الغَضَاض والغُضَاض - سر کا اگلا حصہ یا چہرے کا اوپر کا حصہ -

الغُضَّۃ - ذلت و نقصان ج غُضَض -

الغَضِیْضَۃ والغَضَاضَۃ - ج غَضَائِض : ذلت و نقصان -

المَغَضَّۃ - ج مَغَاضّ : ذلت و نقصان -

الغَضّ - مم - تروتازہ - نازک بدن - کہا جاتا ہے "شَبَابٌ غَضٌّ" یعنی تروتازہ نئی جوانی ج غِضَاض -

الغَضِیْض - تروتازہ - ناقص - ذلیل طَرْفٌ غَضِیْضٌ پست نگاہ - ج اَغِضَّاء و اَغِضَّۃ مؤنث غَضِیْضَۃٌ ج غَضَائِض -

غَضِبَ (س) غَضَبًا و مَغْضَبَۃً عَلَیْہِ : غضبناک ہونا - صفت (غَضِبٌ و غَضُبٌ و غَضْبَانٌ) مؤنث غَضْبَی و غَضُوْبٌ و غَضْبَانَۃٌ - ج غَضْبَی و غِضَاب و غَضَابَی و غُضَابَی - اور کہا جاتا ہے "غَضِبَ لِفُلَانٍ" یعنی فلاں کے لئے غضبناک ہو گیا - "وغَضِبَ مِنْ لَاشَیْئٍ" یعنی بغیر کسی سبب کے غضبناک ہوا -

اَغْضَبَہٗ و غَاضَبَہٗ مُغَاضَبَۃً - غضب پر برانگیختہ کرنا - وغَاضَبَتُہٗ : ایک کا دوسرے کو غصہ دلانا - غَاضَبَ فُلَانًا : ناراض کرنا - ایک دوسرے کو ناراض کرنا - اَغْضَبَتِ العَیْنُ : آنکھ کا تنکا وغیرہ نکال دینا -

تَغَضَّبَ و اِسْتَغْضَبَ - عَلَیْہِ : غضبناک ہونا -

الغَضْبَۃُ - غضب کا اسم مرۃ - مچھلی کی کھال سر کی کھال -

الغِضَاب والغُضَاب - آنکھ کا تنکا -

الغُضَابِیّ - مکدر زندگی بسر کرنے والا -

الغُضُبّ والغُضُبَّۃ والغَضُبَّۃ والغَضَبَّۃ - غضبناک -

غَضَرَہٗ (ن من) غَضْرًا - اللّٰہُ : خوشحال کرنا - آسودہ حال بنانا - غَضَرَ الرَّجُلَ : کسی کو روکنا منع کرنا — الشَّیْئَ : کاٹنا -

غَضِرَ (س) غَضَرًا و غَضَارَۃً - آسودہ حال ہونا - بہت مال دار ہونا - اچھی زندگی والا ہونا - صفت (غَضِرٌ)

غَضَرَ (ض) غَضْرًا و تَغَضَّرَ - عَنْہُ : تجاوز کرنا - پھر جانا - غَضَرَ عَلَیْہِ : مائل ہونا - — لِفُلَانٍ : مِنْ مَالِہٖ : مال میں سے کچھ دینا

اُغْتُضِرَ - جوان مرنا -

الغَضَار - خالص چکنے والی مٹی - چکنے والی مٹی کا بنا ہوا پیالہ - سبز رنگ کی ٹھیکری جو نظر بد سے بچنے کے لئے رکھتے ہیں -

الغَضَارَۃ - مم - نعمۃ - آسودہ زندگی - وسعت و آسودہ حالی - سبز رنگ کی ٹھیکری جو نظر بد سے بچنے کے لئے استعمال کرتے ہیں - خالص مٹی - بڑا پیالہ - ج غَضَائِر

الغَضْرَاء - مِنَ الاَرَاضِ : پانی کے قریب کی عمدہ زمین - وہ زمین جس میں خالص مٹی ہو - اور قطاۃ ایک پرندہ ہے اس کو بھی غضراء کہتے ہیں - ج غَضَارِیّ - کہا جاتا ہے "ھُمْ فِیْ غَضْرَاءَ مِنَ العَیْشِ" وہ لوگ آسودہ حالی، اور خیر میں ہیں -

الغَاضِر - فا - مانع - کھال جس کی دباغت اچھی ہوئی ہو - اپنی ضروریات کے لئے تڑکے جانے والا - مؤنث (غَاضِرَۃ)

الغَضِیْر - نرم و نازک - سبز رنگ والا - ارض غضیرۃ : خالص مٹی والی زمین -

المُغْضِر - صاحب نعمت و آسودہ حال - ج مُغْضِرُوْن -

المَغْضُوْر - صاحب نعمت و آسودہ حال - ج مَغْضُوْرُوْن و مَغَاضِیْر -

الغَضَوَّر - شیر بیشہ -

الغَضَوْر - پیرے چکنے والی مٹی -

الغُضْرُوْف - بمعنے غُرْضُوْف -

غَضْغَضَ - المَاءَ : پانی کم کر دینا -

— وتَغَضْغَضَ - المَاءُ : پانی کم ہونا - پایاب ہونا -

غَضَفَ (ض) غَضْفًا - العُوْدَ : — لکڑی توڑنا — الکَلْبُ اُذُنَہٗ : کتے کا اپنے کان کو ڈھیلا کرنا — الوِسَادَۃَ : تکیہ کو موڑنا - دوہرا کرنا (— غُضُوْفًا) آسودہ حال ہونا -

غَضِفَ (س) غَضَفًا - اللَّیْلُ : رات کا تاریک ہونا - غَضِفَتِ الاُذُنُ : خِلْقَۃً ڈھیلا ہونا صفت (غضفاء) ج غُضْفٌ غَضِفَ العَیْشُ : آسودہ ہونا - صفت (اَغْضَفُ و غَاضِفٌ)

اَغْضَفَ - اللَّیْلُ : رات کا تاریک ہونا - — السَّحَابُ : بادل کا چھا جانا اور آمادۂ بارش ہونا -

غَضَّفَ - الشَّیْئَ : لٹکانا -

تَغَضَّفَتِ - الجَارِیَۃُ : لچکنا ناز و انداز سے چلنا — الحَیَّۃُ : کنڈلی مارنا - اور کہا جاتا ہے تَغَضَّفَتِ الدُّنْیَا عَلَیْہِ دنیا اس کی طرف متوجہ اور مائل ہے - تَغَضَّفَ عَلَیْہِ اللَّیْلُ : رات کا آنا الْبِئْرُ : کنوئیں کا منہدم ہونا -

اِنْغَضَفَتِ الْبِئْرُ : کنوئیں کا گرنا اِنْغَضَفَتْ اُذُنُہٗ : کان کا ٹوٹنا — الضِّبَابُ : کہر کا تہ بتہ ہونا — القَوْمُ فِی الغُبَارِ : قوم کا غبار میں داخل ہونا -

الغَاضِف - فا - خوش حال - خوش عیش - کتا جس کا کان آگے کو لٹکا ہوا ہو -

الغَضَف - درخت خرما کے مانند ایک درخت واحد (غَضَفَۃ)

الغَضَفَۃ - سنگخوار کے مانند ایک پرندہ

الاَغْضَف - لٹکے ہوئے کان کا کتا موٹے پیروں کا تیر - تاریک رات - عَیْشٌ اَغْضَف : خوش حال زندگی -

الغُضُنْفَر - مرد سخت بدن - سخت عادت والا

غَضْفَرَ غَضْفَرَۃً۔ بھاری ہونا۔

الغَضَنْفَرُ۔ شیر ببر۔ مرد سخت بدن۔ سخت عادت والا۔

الغُضَافِرُ۔ شیر ببر۔

اِغْضَالَّتِ اِغْضِیلَالًا۔ الشَّجَرَۃُ: درخت میں بہت شاخ اور پتے ہونا۔

غَضَنَہٗ (ن ض) غَضْنًا۔ عَنْ کَذَا: منع کرنا۔ روکنا — النَّاقَۃُ: اونٹنی کا ناتمام بچہ گرانا اور اسم (الغِضَان) ہے۔

اَغْضَنَ۔ السَّحَابُ: لگاتار بارش ہونا۔ اَغْضَنَتْ عَلَیْہِ الحُمّٰی: تیز بخار آنا اور ہمیشہ رہنا — عَلَیْہِ اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔

غَاضَنَ مُغَاضَنَۃً۔ عَیْنَہٗ: آنکھ کا جھپکانا — المَرْأَۃَ: آنکھ جھپکا کر عورت سے بات چیت کرنا۔

غَضَّنَ۔ الشَّیْءَ: موڑنا۔ شکن ڈالنا۔ غَضَّنَتِ السَّمَاءُ: لگاتار برسنا — النَّاقَۃُ: اونٹنی کا ناتمام بچہ گرانا۔

تَغَضَّنَ۔ مڑنا۔ شکن پڑنا۔

الغَضْنُ والغَضَنُ۔ کپڑے یا کھال کی شکن۔ تھکن۔ مشقت۔ غَضَنُ العَیْنِ: آنکھ کی ظاہری کھال (ج غُضُوْن)۔ غُضُوْنُ الاُذُنِ: کان کی سلوٹ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُوْ غُضُوْنٍ" پیشانی پر شکن والا آدمی "وکَانَ الاَمْرُ فِی غُضُوْنِ ذٰلِکَ" یعنی اس کے درمیان میں۔

الغُضْنَۃُ الغَضَنَۃُ۔ باریک چھلکا جو چیچک والے کی جلد پر ہوتا ہے۔

الغَضِیْنُ۔ اونٹنی کا ناتمام بچہ۔

الاَغْضَنُ۔ خلقۃً تکبر یا عداوت کی وجہ سے آنکھ سمٹنے والا۔

غَضَا یَغْضُوْ غَضْوًا۔ اللَّیْلُ: تاریک ہونا — البَعِیْرُ: اونٹ کا درخت غضا چرنا۔ صفت (غَاضٍ)

غُضُوًّا۔ نعمت اور آسودہ حالت میں ہونا صفت (غَاضٍ) مؤنث (غَاضِیَۃ) ج غَوَاضٍ۔

غَضِیَ یَغْضٰی غَضًی۔ البَعِیْرُ: درخت غضا کے کھانے سے اونٹ کے پیٹ میں درد ہونا۔ صفت (غَضٍ) مؤنث غَضِیَۃ ج غضایا غَضِیَتِ الاَرْضُ: بہت درخت والی ہونا۔

اَغْضٰی اِغْضَاءً۔ اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ صفت (غَاضٍ) خلافِ قیاس۔ اَغْضٰی عَیْنَہٗ: آنکھ بند کرنا عَلَی الاَمْرِ: خاموش رہنا صبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَغْضٰی عَنْہُ طَرْفَہٗ" اس سے اس نے نگاہ پھیر لی۔ "وَاَغْضٰی عَلَی القَذٰی" اس نے صبر کیا اور معاف کر دیا۔

تَغَاضٰی۔ آنکھیں بند کر لینا — عَنْہُ: غفلت برتنا۔

الغَضَا۔ جھاؤ کا درخت جس کی لکڑی بہت سخت ہوتی ہے اور اس کی چنگاری دیر تک نہیں بجھتی۔ واحد (غَضَاۃ)۔ جھاڑی۔ اَہْلُ الغَضَا: نجد کے رہنے والے۔

الغَاضِیَۃُ۔ غاضی کا مؤنث۔ تاریک۔ روشن کہا جاتا ہے لیلۃ غاضیۃ یعنی تاریک رات "نَارٌ غَاضِیَۃٌ" یعنی روشن آگ۔ آگ ج غَوَاضٍ۔

الغَضْیَاءُ۔ غضا کے اگنے کی جگہ۔ اَرْضٌ غَضْیَاءُ بہت درختِ غضا والی زمین۔

غَطَّ (ن ض) غَطًّا و اَغَطَّ الشَّیْءَ فِی المَاءِ: پانی میں ڈبونا و غوطہ دینا۔

غَطَّ (ن) غَطًّا۔ سخت نچوڑنا۔

غَطَّ (ض) غَطِیْطًا۔ النَّائِمُ: سونے والے کا خراٹے لینا البَعِیْرُ: اونٹ کا بلبلانا

تَغَاطَّ۔ الرَّجُلَانِ فِی المَاءِ: ایک دوسرے کو پانی میں ڈبونا۔

الغَطّ۔ فِی المَاءِ۔ پانی میں ڈوبنا۔

الغَطَاطُ۔ سنگخوار پرندے کی ایک قسم۔ والغُطَاطُ۔ صبح کی ابتدا۔

غَطَرَ (ض) غَطْرًا۔ الرَّجُلُ: چلنے میں بازو ہلانا۔

غَطْرَسَ غَطْرَسَۃً۔ عَلٰی فُلَانٍ: تکبر کرنا — الرَّجُلُ: اپنے ہم عمروں پر دست درازی کرنا — بِالشَّیْءِ: خود پسند ہونا — ہٗ: غضبناک کرنا۔

تَغَطْرَسَ۔ ناز کرنا۔ تکبر کرنا — غضبناک ہونا۔ بخل کرنا۔

الغِطْرِسُ۔ متکبر۔ خود پسند۔ ج غَطَارِس۔

الغِطْرِیْسُ۔ متکبر۔ خود پسند۔ ج غَطَارِیْس

غَطْرَشَ۔ اللَّیْلُ بَصَرَہٗ: رات کا نگاہ کو تاریک کرنا — بَصَرُہٗ: نگاہ تاریک ہونا۔ الرَّجُلُ: برائی ظاہر کرنا۔

تَغَطْرَفَ۔ ناز و انداز سے چلنا۔ تکبر کرنا۔

الغِطْرَفَۃ۔ تکبر۔

الغِطْرَافُ والغِطْرِیْفُ۔ سخی۔ سردار خوش طبع جوان خوبصورت ج غَطَارِفَۃ و غَطَارِیْف۔ الغِطْرِیْفُ: باز کا بچہ۔ مکھی۔

الغِطْرُوْفُ والغُطْرُوْفُ۔ خوبصورت خوش طبع جوان۔

غَطَسَ (ض) غَطْسًا۔ فِی المَاءِ: پانی میں غوطہ کھانا — ہٗ فِی المَاءِ: غوطہ دینا — فِی الاِنَاءِ: برتن میں منہ لگا کے پینا۔

غَطَّسَہٗ۔ فِی المَاءِ: پانی میں غوطہ دینا۔

تَغَاطَسُوْا۔ فِی المَاءِ: پانی میں ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔ تَغَاطَسَ الرَّجُلُ: غفلت برتنا۔

الغَاطِسُ فا۔ لَیْلٌ غَاطِسٌ: تاریک رات

الغِطَاسُ۔ عِنْدَ النَّصَارٰی: نصرانیوں کی ایک عید۔

الغَطَّاس۔ قعرِ دریا تک غوطہ لگانے والا۔ ایک پرندہ جس کو غواص بھی کہتے ہیں۔

الغَطُوْس۔ لڑائیوں میں پیشقدمی کرنے والا

المَغْطِس۔ غوطہ لگانے کی جگہ۔

المِغْطَس۔ بڑا برتن جس میں غوطہ لگائیں۔ ج مَغَاطِس۔

غَطَشَ (ض) غَطْشًا۔ اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ صفت (غَاطِشٌ و اَغْطَش)

غَطَشَ (ن) غَطْشًا وغَطَشَانًا۔ مرض یا بڑھاپے کی وجہ سے آہستہ آہستہ چلنا۔
غَطِشَ (س) غَطَشًا۔ کمزور نظر والا ہونا صفت (اَغْطَش وغَطِش) مؤنث (غَطْشاء وغَطِشَة) ج غُطْش وغَطِشَات۔
اَغْطَشَ۔ اللیلُ: رات تاریک ہونا اللہُ اللیلَ: رات کو تاریک کرنا۔
تَغَطَّشَتْ۔ عَیْنُہٗ: نگاہ کمزور ہونا۔
تَغَاطَشَ۔ عَنْہُ: اندھا بننا وغفلت برتنا
اِغْطَاشَ۔ کمزور نظر والا ہونا۔
اَلغُطَاش۔ رات کی تاریکی۔
الغَطَش۔ فِی العَیْنِ: سیلانِ اشک کے ساتھ نظر کی کمزوری۔
فَلاۃٌ غَطْشَاءُ وغَطِیشٌ وغَطْشٰی چٹیل میدان جس میں راستہ کا پتہ نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "فَلاۃٌ غَطْشٰی وَخَرَجْنَا بِہا عَطْشٰی" چٹیل میدان تھا اور ہم اس میں اسی میدان کے ریت کے مانند پیاسے نکلے۔ لیلۃ غطشاء: تاریک رات۔
غَطْغَطَتْ غَطْغَطَۃً۔ القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا — النَّوْمُ عَلٰی فُلَانٍ: نیند کا غالب آنا — وتَغَطْغَطَ البَحْرُ: سمندر میں موجوں کا بلند ہونا۔ تَغَطْغَطَ الشَّیْءُ: بکھرنا۔ متفرق ہونا۔
اَلغَطَاغِط۔ بکری کے مادہ بچے، واحد (غُطْغُط)
الغَطْغَطَۃ مع۔ سنگوار کی آواز کے مانند نقل کرنا۔
غَطِفَ (س) غَطَفًا۔ پلکوں کا طویل ہونا اور مڑ جانا۔ صفت (اَغْطَف) مؤنث (غَطْفَاء) ج غُطْف۔
الغَطَفُ۔ مع۔ وسعتِ عیش۔
اَلاَغْطَف۔ مِنَ العَیْشِ: آسودہ زندگی
غَطَلَ (ن) غَطْلًا۔ السماءُ: بادل گھر آنا
اَغْطَلَ: بادل کی تاریکی تہ بتہ ہونا۔
غَطِلَ (س) غَطَلًا۔ اللیلُ: رات کا تاریک ہونا۔
غَیْطَلَ غَیْطَلَۃً۔ بہت مالدار ہونا۔ گائے بیل کی تجارت کرنا۔ شور کرنا۔
اِغْطَالَ اِغْطِیلَالًا۔ یکے بعد دیگرے آنا اور ترتیب سے بیٹھنا۔
الغَیْطَل۔ بلی۔
الغَیْطَلَۃ۔ شور وغوغا۔ تاریکی۔ نعمت دینا۔ جھاڑی۔ نیل گائے۔ گائے۔ نیند کا غلبہ۔
الغَیْطُول۔ تاریکی۔ شور وغوغا۔
الغَطَلَّس۔ بھیڑیا۔
الغِطَمّ۔ بڑا سمندر۔ وسیع الاخلاق آدمی۔ جماعتِ کثیر۔
غَطْمَطَ۔ البحرُ: سمندر کا بلند موجوں والا ہونا — القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔ السَّیْلُ: آواز دینا۔
تَغَطْمَطَ۔ البحرُ: سمندر کا جوش مارنا اور موجوں کا بلند ہونا — الصَّوْتُ: آواز کا گلوگیر ہونا۔
بحرٌ (غُطَامِط) بڑی موجوں والا سمندر
الغَطْمَطِم۔ بڑا سمندر۔
غَطَا یَغْطُو غَطْوًا وغُطُوًّا۔ الشَّیْءَ: چھپانا — الماءُ وغیرہٗ: بلند ہونا — اللیلُ: رات کی تاریکی کا سب چیزوں کو چھپا لینا۔
غَطّٰی تَغْطِیَۃً واَغْطٰی اِغْطَاءً۔ الشیءَ: چھپانا۔ اَغْطَی الکَرْمُ: پانی جاری ہونا اور بیل کا پھیلنا۔
تَغَطّٰی واغْتَطٰی۔ چھپنا۔
الغِطَاء۔ پردہ۔ سرپوش ج اَغْطِیَۃ۔
الغِطَایَۃ۔ عورت کی کرتی۔
غَطِیَ یَغْطٰی غَطْیًا وغُطِیًّا۔ اللیلُ: رات کا تاریک ہونا — الشَّبَابُ: جوانی کا بھرپور ہونا — الماءُ: پانی کا بہت ہونا صفت (غاطٍ) — الشیءَ وعلی الشیءِ: چھپانا۔ — واَغْطٰی۔ الشَّجَرُ: درخت میں لمبی لمبی شاخوں کا ہونا۔ اَغْطَاہُ: چھپانا۔
الغَاطِیَۃ۔ مؤنث غاطی: انگور کی بیل۔
اِغْتَفَتْ وتَغَفَّفَتْ۔ الدَّابَّۃُ: جانور کا موسم بہار کے چارہ پر پہنچنا۔ اِغْتَفَتِ الدَّابَّۃُ: چوپایہ کا چارہ پانا۔ اِغْتَفَّ فُلَانًا: تھوڑا دینا۔
تَغَفَّفَ۔ الاِنَاءَ اوالضَّرْعَ: برتن یا تھن کے بقیہ کو لینا۔
الغَفّ۔ خشک شدہ پتے۔
الغُفَّۃ۔ چارہ جس کو اونٹ منہ سے جلدی لے سکے گذارہ۔ غُفَّۃُ الاِنَاءِ اوالضَّرْعِ: برتن یا تھن کا بقیہ۔ الغُفَّۃُ: چوہا۔
غَفَرَ (ض) غَفْرًا۔ الشیءَ: ڈھانکنا — الشَّیْبَ بالخِضَابِ: سفید بالوں کو خضاب سے چھپانا۔
غَفْرًا وغَفِیرًا وغَفِیرَۃً وغُفْرَانًا ومَغْفِرَۃً وغُفُورًا۔ لہٗ الذَّنْبَ: چھپانا۔ اور معاف کر دینا — الاَمْرَ: درست کرنا۔
غَفَرَ (ض) وغَفِرَ (س) غَفْرًا وغَفَرًا۔ المَرِیضُ: مریض کا دوبارہ بیمار ہونا۔ غَفَرَ وغَفِرَ الجُرْحُ: زخم کا تازہ ہونا۔ غفر الثوبُ: کپڑے کا روئیں دار ہونا۔
غَفَّرَ۔ الشیءَ: چھپانا ڈھانکنا —— الرَّجُلُ: غَفَرَ اللہُ لَہٗ کہنا۔
اَغْفَرَہٗ۔ چھپانا۔ اَغْفَرَ الرِّمْثُ: گوند نکالنا
تَغَفَّرَ۔ گوند چننا۔
تَغَافَرُوا ہر ایک کا دوسرے کے لئے مغفرت کی دعا کرنا۔
اِغْتَفَرَ۔ اللہُ ذَنْبَہٗ: بخش دینا۔
اِغْفَارَّ۔ الثوبُ: روئیں دار ہونا۔
اِسْتَغْفَرَ۔ اللہَ الذَّنْبَ ومِنَ الذَّنْبِ: بخشش طلب کرنا۔
الغَفْر والغَفَر۔ رواں کپڑے کا۔ الغَفَر: چھوٹی چھوٹی گھاس (الغَفر والغَفَر والغَفَار) گردن وغیرہ کے چھوٹے چھوٹے بال۔
الغَفْر والغُفْر۔ پہاڑی بکری کا بچہ۔ ج اَغْفُرَۃ واَغْفَار وغُفُور۔

الغِفْرُ - گائے کا بچہ۔
الغَفِرُ - گردن وغیرہ پر چھوٹے چھوٹے بال والا - کہا جاتا ہے رَجُلٌ غَفِرُ القفا و اِمْرَأَةٌ غَفِرَةُ الوَجْہِ۔
الغِفَار - رخسارہ پر نشان۔
الغُفْرَةُ - ڈھکنا - سرپوش کہا جاتا ہے۔ "غَفَرَ الشَّیْءَ بغُفْرَتِہٖ" اس نے مناسب طریقہ سے اصلاح کردی۔
الغِفَارَةُ - خود جس کو فوجی ٹوپی کے نیچے پہنتا ہے ٹکڑا کہ جس سے کمان کے گوشہ کو لپیٹتے ہیں - چیتھڑا جس سے عورتیں اوڑھنی کو میل یا تیل وغیرہ سے بچاتی ہیں - اور وہ چیز جس سے کسی چیز کو چھپائیں۔
الغَفَارَةُ - لمبی چوڑی چادر جس کو علمائے یہود اوڑھتے تھے۔
الغَافِرُ - فا - ج غَافِرُوْنَ و غَفَرَةٌ۔
الغَفُوْرُ - بہت بخشنے والا - مؤنث و مذکر دونوں کے لئے مستعمل ہے۔
الغَفَّارُ - بہت بخشنے والا - مؤنث غَفَّارَةٌ
الغَفِیْرُ - مع - رواں - کہا جاتا ہے "جَاؤُوْا جَمًّا غَفِیْرًا و جَمَّ الغَفِیْرِ و الجَمَّ الغَفِیْرَ" یعنی جماعت آگئی جس میں شریف و رذیل سبھی قسم کے لوگ ہیں
المُغْفِرَةُ - پہاڑی بکری بچہ والی ج مُغْفِرَاتٌ
المِغْفَرُ و المِغْفَرَةُ - خود جس کو فوجی ٹوپی کے نیچے پہنتا ہے ج مَغَافِرُ۔
المِغْفَرُ و المُغْفُرُ و المُغْفُوْرُ - ایک قسم کا گوند جو بعض درختوں سے نکلتا ہے ج مَغَافِرُ و مَغَافِیْرُ۔ "اَرْضٌ مُغْفُوْرٌ" وہ زمین جس میں یہ گوند بہت نکلتا ہو
الغَوْفَرُ - خربوزہ کی ایک قسم۔
الغَفَشُ - آنکھ کا کیچڑ۔
غَافَصَہٗ غِفَاصًا و مُغَافَصَةً - اچانک آجانا - اچانک پکڑ لینا۔
الغَافِصَةُ - مصیبت زمانہ ج غَوَافِصُ۔
غَفَقَہٗ (ض) غَفْقًا بالسَّوْطِ: کوڑے سے بہت مارنا - غَفَقَ عَلَیْہِ: کسی پر اچانک آجانا۔
الرَّجُلُ: اچانک واپس آجانا۔
غَفْقَةً - کچھ تھوڑا سا سونا۔
غَفَقَ - اس طرح سونا کہ لوگوں کی باتیں سن رہا ہو۔
تَغَفَّقَ - الشَّرَابَ: تمام دن شراب پینا یا تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد پینا۔
اِغْتَفَقَ - بہٖ: احاطہ کرنا۔
الغَفَقُ - مع - ہلکی بارش۔
المَغْفَقُ - مرجع - لوٹنے کی جگہ۔
المُنْغَفَقُ - واپس ہونے اور مڑنے کی جگہ
غَفَلَ (ن) غُفُوْلًا و غَفْلَةً و غَفَلًا عَنْہُ: غافل ہونا - بھول جانا چھوڑ دینا —— الشَّیْءَ: چھپانا۔
غَفَّلَہٗ - غافل بنانا - غافل سمجھنا - غَفَّلَ الشَّیْءَ: چھپانا۔
اَغْفَلَ - الشَّیْءَ: چھوڑ دینا —— ہٗ: غافل نام رکھنا - غافل سمجھنا —— الکِتَابَ: نقطے نہ رکھنا —— ہٗ: کام کے وقت کو پوچھنا اور فرصت کا انتظار کرنا۔
غَافَلَہٗ و تَغَفَّلَہٗ و اِغْتَفَلَہٗ و اِسْتَغْفَلَہٗ غفلت کے وقت کا انتظار کرنا - اِغْتَفَلَہٗ: غافل سمجھنا۔
تَغَافَلَ - بتکلف غافل بننا - تَغَافَلَ: غفلت کے وقت کا انتظار کرنا - تَغَافَلَ عَنِ الاَمْرِ: غافل ہونا - بھول جانا۔
الغَفْلُ مع - فراخی عیش - کہا جاتا ہے "ھُوَ فِیْ غَفْلٍ مِنْ عَیْشِہٖ" وہ فراخی عیش میں ہے
الغُفْلُ - بے علامت - بے حسب آدمی - —— مِنَ الشِّعْرِ: جس کا قائل معلوم نہ ہو —— مِنَ الاَرْضِ: غیر آباد زمین —— مِنَ الرِّجَالِ: ایسا آدمی جس سے نہ خیر کی توقع ہو نہ شر کا اندیشہ - مِنَ الکُتُبِ: جس کا مصنف معلوم نہ ہو - مِنَ الشُّعَرَاءِ: مجہول شاعر ج اَغْفَالٌ - نَعَمٌ (اَغْفَالٌ) بے علامت چوپائے۔
الغَافِلُ فا - ج غَافِلُوْنَ و غُفُوْلٌ و غُفَّلٌ
الغَفْلَانُ - غافل۔
الغُفْلَانُ - غافل - غفلت ورزی و بےخبری
المُغْفَلَةُ - ڈاڑھی بچہ۔
المُغَفَّلُ - مغفل - بے خبر آدمی - سادہ لوح
غَفَا یَغْفُوْ غَفْوًا و غُفُوًّا و غَفِیَ یَغْفَی غَفْیَةً و اَغْفَی - اونگھنا - ہلکی نیند سونا - کہا جاتا ہے اَغْفَیْتُ اور غَفَیْتُ کم بولا جاتا ہے
غَفَا الشَّیْءُ: پانی پر تیرنا۔
الغَفْوَةُ - غفا کا اسم مرۃ - ہلکی نیند۔
غَفَی یَغْفِیْ غَفْیًا و اَغْفَی - الطَّعَامَ: غلہ کو صاف کرنا - وَاَغْفَی الطَّعَامُ: بہت کوڑا کرکٹ والا ہونا - اَغْفَی الرَّجُلُ: کھلیان میں بھوسہ پر سوجانا۔
اِنْغَفَی - الشَّیْءُ: ٹوٹنا۔
الغَفَی - گیہوں کا پھٹکن۔
الغُفَاءُ - گیہوں کا پھٹکن - درخت خرما کیلئے آفت جو غبار کے مانند ہوتا ہے اور میووں کو پکنے نہیں دیتا۔
الغَفْیَةُ - بلند ٹیلہ جس پر پانی نہ چڑھے۔
الغُفَاءَةُ - آنکھ کی سفیدی۔
غَقَّ (ض) غَقًّا و غَقِیْقًا - القَارُ: قار کا جوش مارنا اور اس کی آواز سنائی دینا (دیکھئے قار) —— الصَّقْرُ: شکرہ کا آواز کرنا۔
غَقَّ المَاءُ و غَقِیْقُہٗ تنگ جگہ میں پانی کے داخل ہونے کی آواز۔
الغَقَّاقُ - اسم مبالغہ۔
غَلَّ (ن) غَلًّا - فِی الشَّیْءِ: داخل کرنا۔
غَلَّ المَفَازَةَ: بیابان میں داخل ہونا —— الشَّیْءَ: چپکے سے لینا اور اپنے سامان میں ملا دینا —— المَاءُ بَیْنَ الاَشْجَارِ: پانی کا درختوں کے درمیان جاری ہونا - نگاہ کا راہ راست سے بھٹک جانا۔
غُلُوْلًا خیانت کرنا —— فِی الشَّیْءِ: داخل ہونا —— فِی البِلَادِ: گھستے ہوئے چلے جانا۔
غَلَّ (ن) غَلًّا و غَلَلًا - الغِلَالَةَ: غلالہ پہننا (دیکھئے غلالہ) غَلَّہٗ و غَلَّلَہٗ: ہاتھ میں ہتھکڑی

یا گلے میں طوق ڈالنا۔
غَلَّ (ض) غِلًّا و غَلِیلًا۔ مَذمُوم: کینہ والا ہونا۔ دھوکے فریب والا ہونا۔
غَلَّ غَلًّا و غُلَّةً۔ سخت پیاسا ہونا۔ صفت (غَلِیل و مَغلُول و مُغتَلّ)
اَغَلَّ۔ الرَّجُلُ: خیانت کرنا۔ اَغَلَّتِ الاَرضُ غلہ والی ہونا۔ غلہ پیدا کرنا ـــ اَغَلَّ البَصَرَ: تیز نظر کرنا۔ اَغَلَّہٗ: خیانت کی طرف نسبت کرنا ـــ عَلٰی عِیَالِہٖ: بال بچوں کیلئے غلہ لانا ـــ الخَطِیبُ: خطیب کا اپنے کلام میں صواب کو نہ پہنچنا ـــ الجَازِرُ فِی الجِلدِ: قصائی کا کچھ گوشت اور چربی کے ساتھ کھال کو کھینچنا۔
اِنغَلَّ و تَغَلَّلَ۔ فِی الشَّیٔ: داخل ہونا۔
اِغتَلَّ الضَّیعَۃَ: جائداد سے غلہ کو لینا۔ ـــ الثَّوبَ: کپڑے کو کپڑوں کے نیچے پہننا۔
اِغتَلَّ و تَغَلَّلَ۔ بالغَالِیَۃِ: غالیہ لگانا۔
اِستَغَلَّ۔ الاَرضَ: زمین سے غلہ لینا۔ عَبدَہٗ: غلام کو غلہ لانے پر مجبور کرنا۔
الغِلُّ۔ کینہ دھوکا فریب۔
الغُلُّ۔ پیاس۔ ہتھکڑی یا طوق ج اَغلَال و غلول کہا جاتا ہے "ہٰذَا غُلٌّ فِی عُنُقِکَ" یعنی یہ تیرے لئے لازم ہے اور تجھے اس پر سزا ملیگی
الغَلَّۃُ۔ مکان کا کرایہ یا زمین کا ماحصل ج غَلَّات و غِلَال۔
الغُلَّۃُ۔ سخت پیاس۔ کپڑے کے نیچے پہننے کا کپڑا۔ گدی جس کو عورتیں سرین پر بڑا معلوم ہونے کے لئے باندھتی ہیں۔ ج غُلَل۔
الغَلَل۔ پیاس۔ درختوں کے درمیان بہنے والا پانی۔ چھننا (چائے وغیرہ چھاننے کا) گوشت جو کھال پر رہ جائے ج اَغلَال۔
الغِلَالَۃُ۔ ہر وہ کپڑا جو کپڑے کے یا زرہ کے نیچے پہنا جائے مثلاً بنیان یا شلوکا وغیرہ۔ زرہ کے دو حلقوں کو ملانے والی میخ۔ ج غَلَائِل گدی جس کو عورتیں سرین پر بڑا معلوم ہونے کیلئے باندھتی ہیں۔

الغَالِیَۃُ۔ ایک قسم کی مرکب خوشبو۔
الغَلِیلُ۔ سخت پیاسا۔ سخت پیاس۔ کینہ۔ سوزشِ محبت یا سوزشِ غم۔
الغَلِیلَۃُ۔ مؤنث غلیل۔ زرہ یا زرہ کے نیچے پہننے کا کپڑا۔ ج غَلَائِل۔
المِغلَال۔ بہت غلہ والا۔
المُغتَلّ۔ پیاسا۔ کہا جاتا ہے "اَنَا مُغتَلٌّ اِلَیہِ" یعنی میں اس کا مشتاق ہوں۔
المَغَلَّات و المُستَغَلَّات۔ زمین کا زائدہ (بصورت کرایہ یا غلہ)
غَلَبَ الرَّجُلَ و غَلَبَ عَلَیہِ (ض) غَلَبًا و غُلُبًا و غَلَبَۃً و مَغلَبًا و مَغلَبَۃً و غُلُبّٰی و غِلِبّٰی و غُلُبَّۃً و غَلَابِیَۃً و اِغتَلَبَہٗ غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "غَلَبَ عَلَیہِ الکَرَمُ" کرم کا اس کے اوپر غلبہ ہو گیا گویا کہ وہ اسکی عادت ثانیہ ہے
غَلِبَ (س) غَلَبًا۔ موٹی گردن والا ہونا۔ صفت (اَغلَب) مؤنث غَلبَاء ج غُلبٌ۔
غَلَّبَہٗ۔ غالب بنانا۔
غَالَبَہٗ غِلَابًا و مُغَالَبَۃً۔ ایک دوسری پر غلبہ کی کوشش کرنا۔
تَغَلَّبَ۔ عَلَی البَلَدِ: شہر پر زبردستی تسلط جمالینا
تَغَالَبُوا عَلَی البَلَد: شہر پر قابض ہونے کیلئے ایک دوسرے پر غلبہ کی کوشش کرنا۔
اِغلَولَبَ العُشبُ: گھنا ہونا ـــ القَومُ: بہت ہونا۔
اِستَغلَبَ۔ عَلَیہِ الضَّحِکُ: تیز ہونا۔ غالب ہونا
الغَلَّاب۔ بہت غالب ہونے والا ج غَلَّابُونَ۔
الغَالِبُ فا ج غَالِبُونَ و غَلَبَۃٌ۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا مَا یَحدُثُ غَالِبًا و فِی الغَالِبِ" یہ اکثر احوال میں واقع ہوتا ہے۔
الاَغلَبُ۔ اسم تفضیل۔ اسی سے ہے۔ "عَلَی الاَغلَبِ و فِی الاَغلَبِ" یعنی علی الاکثر و فی الاکثر۔ الاَغلَب: شیر۔
الغَلبَاءُ۔ مؤنث اغلب۔ گھنے درختوں کا باغ بڑا اونچا ٹیلہ۔ بہت عزیز خاندان۔
الغُلُبَّۃُ۔ مم ـــ مِنَ الرِّجَالِ: ـــ جلد غالب آنے والا۔
المُغَلَّب۔ مفع بار بار مغلوب کیا ہوا۔
المَغلَبَۃُ۔ مم۔ غلبہ۔ غلبہ کی جگہ۔
غَلَتَ (ن) غَلتًا۔ البَیعُ او الشِّرَاءُ: فسخ کرنا
غَلِتَ (س) غَلَتًا۔ غلطی کرنا۔ حسابی غلطی کے لئے اکثر استعمال ہوتا ہے۔
تَغَلَّتَہٗ و اغتَلَتَہٗ۔ اچانک پکڑلینا۔ غفلت میں پکڑلینا۔
الغَلتَۃُ۔ رات کا ابتدائی۔
غَلِثَ (س) غَلَثًا۔ القوم: سختی سے مقابلہ کرنا۔
و اغتَلَثَ۔ الزَّندُ: چقماق سے آگ نہ نکلنا۔
غَلَثَ (ض) غَلثًا۔ الشَّیٔ بالشَّیٔ: ایک چیز کو دوسری چیز سے ملانا۔
الغَلثُ۔ مم۔ غلہ کے ساتھ ملا ہوا کوڑا کرکٹ
الغَلِثُ۔ مجنون (ـــ و المُغَالِث) سخت جنگ کرنے والا۔
الغَلِثُ و الغَلِیثُ و المَغلُوثُ۔ مِنَ البُرِّ: وہ گیہوں جس میں کوڑا کرکٹ ملا ہوا ہو۔
غَلَجَ (ض) غَلجًا و غَلَجَانًا۔ الفَرَسُ: برابر ایک رفتار پر چلنا۔
تَغَلَّجَ۔ عَلَیہِ: ظلم کرنا۔
الغَلَج۔ عمدہ جوانی۔
الاُغلُوجُ۔ نرم و نازک شاخ ج اَغَالِیج
غَلَّسَ فِی العَمَلِ: آخر رات کی تاریکی میں کام کرنا۔ المَاءَ: آخر رات کی تاریکی میں پانی پر پہنچنا۔
و اَغلَسَ۔ آخر رات کی تاریکی میں چلنا۔
الغَلَسُ۔ آخر رات کی تاریکی ج اَغلَاس۔
غَلَصَہٗ (ن) غَلصًا و غَلصَمَۃً
غَلصَمَہٗ حلق کاٹنا۔ حلق پکڑنا۔
الغَلصَمَۃُ۔ مم سر اور گلے کے درمیان کا گوشت۔ جماعت قوم۔ سرداران قوم۔ ج غَلَاصِم

کہا جاتا ہے "هُوَ فِي غَلْصَمَةٍ مِنْ قَوْمِهِ" وہ اپنی قوم میں شریف و معزز ہے۔

غَلِطَ (س) غَلَطًا۔ فِي الأَمْرِ: غلطی کرنا۔ صفت (غَالِط) اور صفت مفعولی (مَغْلُوطٌ) فِيهِ۔

غَلَّطَہ۔ غلطی کی نسبت کرنا۔

غَالَطَہ غِلَاطًا و مُغَالَطَةً و اَغْلَطَہ غلطی میں ڈالنا۔

تَغَالَطَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کو غلطی میں ڈالنا۔

المَغْلَطَة۔ وہ مسائل مبہمہ جس سے آدمی کو غلطی میں ڈالا جائے۔ وہ چیز جس میں غلطی کی جائے یا کثرت سے جس میں غلطی واقع ہو ج مَغَالِيط۔

الأُغْلُوطَة۔ بمعنے مغلطۃ ج أُغْلُوطَات و اَغَالِيط۔

الغَلُوطَة۔ بمعنے مَغْلَطَة۔ کہا جاتا ہے۔ هٰذِهِ مَسْأَلَةٌ غَلُوطَةٌ۔ یعنی یہ ایسا مسئلہ ہے جس میں بکثرت غلطی ہوتی ہے۔

المِغْلَاط۔ بہت غلطی کرنے والا۔

غَلَظَ (ض) و غَلُظَ (ک) غِلَظًا و غَلَاظَةً و غِلْظَةً و غُلْظَةً و غِلَاظَةً۔ موٹا ہونا۔ گاڑھا ہونا۔ سخت ہونا۔ صفت (غَلِيظ ج غِلَاظ و (غَالِظ) ج غَلَظَةٌ۔ غَلُظَتِ السُّنْبُلَةُ: خوشہ میں دانہ نکلنا — الرَّجُلُ: سخت و تندخو ہونا

غَلَّظَ۔ گاڑھا کرنا۔ غَلَّظَ اليَمِينَ: قسم کو موکد کرنا — عَلَيْهِ فِي اليَمِينِ: قسم میں سختی کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَ مِنْهُ مِيثَاقًا غَلِيظًا" اس سے پختہ عہد لیا۔

أَغْلَظَ۔ المُسَافِرُ: مسافر کا سخت زمین پر اترنا — الشَّيْءَ: غلیظ پانا — لَهُ فِي القَوْلِ: درشت کلامی کرنا۔ سختی سے جھڑکنا۔

غَالَظَ مُغَالَظَةً۔ دشمنی کرنا۔ مقابلہ کرنا۔

اِسْتَغْلَظَ۔ گاڑھا ہونا۔ موٹا ہونا۔ سخت ہونا — الشَّيْءَ: موٹا پانا۔

الغُلَاظ۔ گاڑھا۔ موٹا۔ سخت۔

الغَلَظ۔ سخت زمین۔

الغِلْظَة۔ مع سختی۔ گندگی۔ موٹاپا۔ بدخلقی کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ غِلْظَةٌ" یعنی ان کے درمیان عداوت ہے۔

غَلْغَلَ غَلْغَلَةً و تَغَلْغَلَ۔ چلنے میں جلدی کرنا۔ غَلْغَلَ و تَغَلْغَلَ۔ فِي الشَّيْءِ: سختی سے داخل ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ "غَلْغَلَ إِلَيْهِ رِسَالَةً" اس نے اس کی طرف ایک شہر سے دوسرے شہر میں پیغام پہنچایا۔ رِسَالَةٌ (مُغَلْغَلَةٌ) ایک شہر سے دوسرے شہر میں بھیجا ہوا پیغام۔

الغُلْغُل۔ زمین میں گھسی ہوئی درخت کی جڑ ج غَلَاغِل۔

غَلَفَ (ن) غَلْفًا۔ الشَّيْءَ: ڈھانکنا۔ غلاف میں ڈالنا۔

غَلِفَ (س) غَلَفًا۔ غیر مختون ہونا۔

غَلَّفَ۔ الشَّيْءَ: غلاف میں ڈالنا۔ ڈھانکنا چھپانا۔

أَغْلَفَ۔ الشَّيْءَ: غلاف بنانا۔ غلاف میں ڈالنا۔

تَغَلَّفَ و اغْتَلَفَ۔ غلاف میں ہونا۔ تَغَلَّفَ الرَّجُلُ: داڑھی میں غالیہ یعنی مرکب خوشبو لگانا۔ اِغْتَلَفَ بِالغَالِيَةِ: غالیہ خوشبو لگانا

الغَلْف۔ مع ایک درخت ہے دباغت کے کام میں آتا ہے۔

الغُلْفَة۔ ختنہ کا چمڑا جسکو ختنہ کرنے والا کاٹتا ہے ج غُلَف۔ الغُلْفَتَان: مونچھوں کے دونوں کنارے۔

الأَغْلَف۔ غیر مختون۔ کہا جاتا ہے۔ "قَلْبٌ أَغْلَفُ" یعنی ایسا دل جو نہ محفوظ رکھے نہ سمجھے۔ "عَامٌ أَغْلَفُ" ارزانی کا سال۔

الغِلَاف۔ وہ چیز جس میں کوئی چیز داخل کی جائے اور چھپائی جائے جیسے میان جزدان ج غُلُفٌ و غُلْف و غُلُفٌ۔

الغَلْفَاء۔ أَغْلَف کا مونث ج غُلْف

أَرْضٌ غَلْفَاءُ: بغیر چری ہوئی زمین۔ سَنَةٌ غَلْفَاءُ: ارزانی کا سال۔

غَلِقَ (س) غَلَقًا۔ تنگدل ہونا۔ زچ ہونا غضبناک ہونا۔ بدخلق ہونا۔ صفت (غَلِق) — الرَّهْنُ فِي يَدِ المُرْتَهِنِ۔ حق مرتہن ہونا اور یہ اس وقت جبکہ راہن رہن چھڑانے سے عاجز ہو جائے۔

أَغْلَقَ و غَلَّقَ۔ البَابَ: دروازہ بند کرنا اور نادر طریقہ پر بولا جاتا ہے۔

غَلَقَ (ض) غَلْقًا — اور یہ أَغْلَقَ میں ایک ردی لغت ہے۔

أُغْلِقَ۔ عَلَيْهِ الأَمْرُ: معاملہ کا مبہم ہونا۔ أُغْلِقَ القَاتِلُ فِي يَدِ الوَالِي: قاتل کو والی کے قبضہ میں دیا جانا تاکہ جو چاہے فیصلہ کرے۔ کہا جاتا ہے "أُغْلِقَ فُلَانٌ بِجَرِيرَتِهِ" فلاں اپنے جرم کی وجہ سے حوالہ کیا گیا اور اسم (الغَلَاق) ہے

غَالَقَہ مُغَالَقَةً۔ شرط لگانا۔

تَغَالَقَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے سے شرط لگانا۔

اِسْتَغْلَقَ۔ البَابُ: دروازہ کا کھلنا دشوار ہونا — الكَلَامُ عَلَى فُلَانٍ: گفتگو کا بند ہو جانا۔

الغَلَقُ۔ قفل۔ تالا۔ بڑا دروازہ — عِنْدَ البَنَّائِينَ: معماروں کی اصطلاح میں غَلَق اس پتھر کو کہتے ہیں جو محراب یا قبہ کے بیچ میں لگایا جاتا ہے ج اَغْلَاق ج اَغَالِيق۔

كَلَامٌ (غَلِقٌ و مُغْلَقٌ) مشکل کلام جس کا سمجھنا دشوار ہو۔

بَابٌ (غَلَقٌ)۔ بند دروازہ۔

المُغْلَق۔ جوئے کے فائدہ بخش تیروں میں سے ایک تیر ج مَغَالِق.

المِغْلَقُ و المِغْلَاق و المَغْلُوق۔ قفل۔ تالا جس سے دروازہ بند کیا جائے۔ ج مَغَالِيق

غَلِمَ (س) غَلَمًا و غُلْمَةً و اغْتَلَمَ شہوت پرست ہونا۔ صفت (غَلِمٌ و غَلِيمٌ و مُغْتَلِمٌ) مونث غَلِمَة و غَلِيم و غَلِيمَة و مُغْتَلِمَة۔ اِغْتَلَمَ الشَّرَابُ: جوش مارنا۔ اِغْتَلَمَتِ الأَمْوَاجُ: تیز ہونا

الغُلَام۔ سبز خط۔ نوجوان۔ غلام۔ مزدور

ج غِلْمَان وغِلْمَةٌ واَغْلِمَةٌ -
الغُلَامَةُ - غلام کا مؤنث - باندی - لونڈی
الغُلُومَةُ والغُلَامِيَّةُ والغُلُومِيَّةُ نوجوانی -
المِغْلِيمُ - تیز شہوت مرد -
الغَيْلَمُ - مذکر کچھوا - مینڈک کنوئیں میں پانی کا سوت - بہت بالوں والا نوجوان - کہا جاتا ہے مَا فِی الدَّارِ غَيْلَمٌ یعنی گھر میں کوئی نہیں
غَلَنَ (ض) غَلْنًا الشَّابُ: جوش پر ہونا
غُلْوَانُ - الشَّبَابِ اَوِ الاَمْرِ: جوانی کی نشاط اور ابتدا -
غَلَا يَغْلُو غُلُوًّا - زیادہ ہونا بلند ہونا — النَّبْتُ: نباتات کا گنجان اور بڑا ہونا — بِالدِّيْنِ: دین میں جوشیلا و پختہ ہونا -
غَلَا غَلَاءً - السِّعْرُ: بھاؤ بڑھ جانا صفت (غَالٍ وغَلِیٌّ)
غَلَا يَغْلُو غَلْوًا وغُلُوًّا - السَّهْمَ وبِالسَّهْمِ: تیر کو انتہائی دور تک پھینکنا -
غَالَى غِلَاءً ومُغَالَاةً - السَّهْمَ وبِالسَّهْمِ تیر کو انتہائی دور تک پھینکنا — فِی الاَمْرِ: مبالغہ کرنا — بِالشَّیْءِ: قیمت بڑھانا - گراں قیمت پر خریدنا وغَالَى الرَّجُلَ: مقابلہ کرنا -
اَغْلَى - الشَّیْءَ: گراں پانا - گراں قیمت پر خریدنا — السِّعْرَ: بھاؤ گراں کرنا — الكَرْمُ: انگور نے پتے اتار دینا -
اَغْلَى وتَغَالَى واغْلَوْلَى - الشَّجَرُ: درخت کا گنجان اور بڑا ہونا -
اِغْتَلَى - البَعِيْرُ: اونٹ کا تیز چلنا -
اِسْتَغْلَى - الشَّیْءَ: گراں پانا -
الغَالِی - فا - ج غُلَاةٌ مؤنث غَالِيَةٌ ج غَالِيَاتٌ وغَوَالٍ - الغَالِی - موٹا گوشت - کہا جاتا ہے بِعْتُ بِالغَالِی وبِالغَلِیِّ یعنی میں نے گراں بیچا
الغَلَاءُ مص - قیمت کی زیادتی - ایک قسم کی چھوٹی مچھلی - ج اَغْلِيَةٌ -
الغُلَوَاءُ والغَلْوَاءُ - حد سے گزرنا (— والغُلْوَانِ) آغاز جوانی ونشاط جوانی - کہا جاتا ہے "خَفِّضْ مِنْ غُلَوَائِكَ" یعنی اپنی سرکشی اور حد سے گذرنے کو پست کر — "وَفَعَلَهُ فِی غُلَوَاءِ شَبَابِهِ" اس نے اس کو اپنے آغاز جوانی میں کیا -
الغَلْوَةُ - یک تیر پرتاب ج غَلَوَات وغِلَاءٌ
المِغْلَى والمِغْلَاةُ - تیر جو انتہا تک پھینکا جائے - ج مَغَالٍ -
غَلَى يَغْلِی غَلْيًا وغَلَيَانًا - جوش مارنا
غَلَّى تَغْلِيَةً واَغْلَى اِغْلَاءً - القِدْرَ: ہانڈی کو جوش دینا — الرَّجُلَ: دور سے اشارہ سے سلام کرنا -
تَغَلَّى - غالیہ (مرکب خوشبو) لگانا -
الغَالِيَةُ - مرکب خوشبو ج غَوَالٍ -
غَمَّهُ (ن) غَمًّا - ڈھانپ لینا غمگین کرنا
غَمَّ اليَوْمُ: تیز گرمی والا ہونا — القَمَرُ النُّجُومَ: ستاروں کی روشنی کو ماند کر دینا — الشَّیْءُ الشَّیْءَ: غالب ہونا -
غُمَّ - عَلَيْهِ الاَمْرُ: پوشیدہ ہونا مشتبہ ہونا
غَمَّ (س) غَمَمًا - لمبے بال والا ہونا صفت (اَغَمُّ) مؤنث غَمَّاءُ ج غُمٌّ -
اَغَمَّهُ - غمگین کرنا - اَغَمَّ اليَوْمُ: سخت گرمی والا ہونا - اَغَمَّتِ السَّمَاءُ: بادل والا ہونا اور کہا جاتا ہے "مَا اَغَمَّكَ اِلَيَّ وعَلَیَّ" کس چیز نے تم کو میرے لئے غمگین کیا -
غَامَّهُ مُغَامَّةً - ایک نے دوسرے کو غمگین کیا -
تَغَامَّ - بتکلف غم ظاہر کرنا -
اِنْغَمَّ - ڈھک جانا — (واِغْتَمَّ) غمگین ہونا - اِغْتَمَّ النَّبَاتُ: نباتات کا لمبا ہونا اور بہت ہونا - "اِغْتَمَّ الرَّجُلُ" پوشیدہ ہو جانا -
الغَامُّ فا - يَوْمٌ غَامٌّ: گرم دن - غم کا دن -
الغَمُّ - غم - حزن - اندوہ - کرب - ج غُمُوم
يَوْمٌ غَمٌّ: گرم دن - غم کا دن -
الغُمَّةُ - غم - حزن - ملال - حیرت - ج غُمَم کہا جاتا ہے "هُوَ فِی غُمَّةٍ" یعنی وہ حیرت میں ہے -
لَيْلَةٌ غَمٌّ وغَمَّةٌ: گرم رات - غم کی رات
الاَغَمُّ - مِنَ السَّحَابِ: گھرا ہوا بادل -
لَيْلَةٌ غَمَّاءُ: بادل والی رات -
الغُمَّى - سختی تاریکی - گرد آلودگی -
الغَمَامُ - بادل - ایک ٹکڑے کو (غَمَامَةٌ) کہتے ہیں ج غَمَائِمُ کہا جاتا ہے ہو يفتر عن مثل حب الغمام وہ اولے جیسے دانتوں سے ہنستا ہے
الغُمَامُ - زکام -
المَغْمُومُ - زکام زدہ -
الغِمَامَةُ - منہ پر کا پھینکا - اور کبھی اسکے لئے بھی بولتے ہیں جو گھوڑے کی دونوں آنکھوں کے ادھر ادھر لگا دیتے ہیں تاکہ سوائے سامنے کے نہ دیکھ سکے ج غَمَائِمُ -
الغَمَّاءُ والغُمَّى - غم - حزن - مصیبت کہا جاتا ہے "مِثْلُكَ يَكْشِفُ الغَمَّاءَ" تمہیں جیسا آدمی مصیبت کو دور کر سکتا ہے -
الغَمِيمُ - گرم کیا ہوا گاڑھا دودھ -
الغُمْمُومُ - جمع غُمّ - چھوٹے مخفی ستارے
غَيْمٌ (مُغْتَمٌّ) بہت پانی والا بادل -
اَرْضٌ (مُغْتَمَّةٌ) بہت پیداوار والی زمین -
غَمَتَهُ (ض) غَمْتًا - الطَّعَامُ: کھانے کا دل پر ثقیل ہونا اور مدہوش کر دینا — ہ فِی المَاءِ: پانی میں ڈبانا — الشَّیْءَ: ڈھانکنا -
غَمِتَ (س) غَمَتًا - کھانا دل پر ثقیل ہونے سے مدہوش سا ہونا -
غَمَجَ (ض) غَمْجًا وغَمِجَ (س) غَمَجًا - المَاءَ: لگاتار گھونٹ سے پانی پینا -
الغُمْجَةُ والغُمُجَةُ - گھونٹ ج غُمَجٌ -
غَمَدَ (ن ض) غَمْدًا - السَّيْفَ: تلوار کو میان میں کرنا — الشَّیْءَ: چھپانا — الاَمْرَ: درست کرنا -
غَمِدَتْ (س) غَمَدًا - البِئْرُ: کنوئیں کا زیادہ پانی والا ہونا یا کم پانی والا ہونا - غَمِدَ اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا -
اَغْمَدَ - السَّيْفَ: تلوار کو میان میں کرنا

الاشیاء : بعض کو بعض میں داخل کرنا۔
غَمَّدَہٗ و تَغَمَّدَہٗ - عیوب چھپالینا۔
تَغَمَّدَہُ اللّٰہُ بِرَحْمَتِہٖ : رحمت میں چھپالینا۔ رحمت کے سایہ میں رکھنا۔ تَغَمَّدَ الْاِنَاءَ : برتن کو بھرنا۔
اِغْتَمَدَ - اللیل : رات میں داخل ہونا۔
اَلْغِمْدُ - تلوار کی نیام ج غُمُوْدٌ و اَغْمَادٌ۔
سَفِیْنَۃٌ (غَامِدٌ و غَامِدَۃٌ) بھری ہوئی کشتی ج غَوَامِدُ۔
بِئْرٌ (غَامِدٌ و غَامِدَۃٌ) مٹی سے ڈھکا ہوا کنواں۔
مَغْمَدُ - السیف : تلوار کی میان ج مَغَامِد
غَمَرَہٗ (ن) غَمْرًا - الماءُ : پانی کا بلند ہو کر ڈھانکنا - کہا جاتا ہے "غَمَرَ فُلَانًا بِفَضْلِہٖ" اس نے فلاں کو اپنے فضل و احسان سے ڈھانپ لیا
غَمِرَ (س) غَمْرًا و غَمَرًا - صَدْرُہٗ عَلَیَّ : کینہ سے بھر جانا - غَمِرَتْ یَدُہٗ : گوشت کی چکناہٹ لگنا
غَمُرَ (ک) غَمَارَۃً و غُمُوْرَۃً - الماءُ : بہت ہونا ــــ الرَّجُلُ : جاہل ہونا۔
غُمِرَ - عَلَیْہِ : بیہوشی طاری ہوجانا۔
غَمَّرَ - وجہہ : منہ پر زعفران ملنا ــــ بالشیءِ : پھینکنا یا دفع کرنا۔
اَغْمَرَہٗ - الحرُّ : گرمی کم ہوجانے کی وجہ سے سفر پر جرأت دلانا۔
غَامَرَہٗ مُغَامَرَۃً - مقابلہ کرنا اور موت کی پروا نہ کرنا۔
اِغْتَمَرَ و تَغَمَّرَ - منہ پر زعفران ملنا۔
اِغْتَمَرَ و انْغَمَرَ - پانی میں ڈوبنا - اِغْتَمَرَ الماءُ الشیءَ : ڈوبانا۔
اَلْغَمْرُ - مص - بہت پانی - سمندر کا بڑا حصہ کامل کپڑا - کریم وسیع الاخلاق ج غِمَارٌ و غُمُوْرٌ - کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ غَمْرٌ" کشادہ کپڑا "لَیْلٌ غَمْرٌ" بہت تاریک رات "غَمْرُ النَّاسِ" لوگوں کی جماعت "ہُوَ غَمْرُ الرِّدَاءِ" وہ بہت بھلائی کرنیوالا ہے۔
اَلْغِمْرُ و الْغُمُرُ و الْغُمْرُ - ناتجربہ کار جاہل ج اَغْمَارٌ ــــ الْغِمْرُ : کینہ - پیاس - الغُمْرُ : زعفران منہ وغیرہ پر لگانے کی ایک چیز ہے جس کو ورس سے بناتے ہیں۔
اَلْغَمَرُ - مص - ناتجربہ کار - جاہل - کینہ گوشت کی چکناہٹ - ج غُمُوْرٌ - غَمَرُ النَّاسِ - لوگوں کی جماعت۔
اَلْغُمَرُ - چھوٹا پیالہ ج غُمَارٌ و اَغْمَارٌ۔
اَلْغَمِرُ - بہت چربی والا چکنا۔
غَمْرَۃُ - الشیءِ : سختی - ج غَمَرَاتٌ و غِمَارٌ و غُمَرٌ - غَمَرَاتُ الْمَوْتِ : موت کی سختیاں۔
اَلْغُمْرَۃُ - زعفران۔
اَلْغَمَارَۃُ - جہالت و بے خبری۔
و الْغُمَارُ و الْغِمَارُ و الْغُمَارَۃُ - لوگوں کی جماعت - مختلف لوگوں کی جماعت۔
اَلْغَامِرُ - فا - اجاڑ زمین - المال الغامر بہت مال۔
اَلْغَمِیْرُ - بہت پانی۔
اَلْمُغْتَمِرُ - مدہوش۔
اَلْمَغْمُوْرُ - مف گمنام غیر مشہور و مقہور۔
اَلْغِمَارِیْدُ - سانپ کی چھتری۔
غَمَزَ (ض) غَمْزًا - ٹٹولنا ــــ القناۃَ : نیزہ کو آزمائش کیلئے دانتوں سے چبانا۔
ہ بالعین او الجفن او الحاجب آنکھ یا پلک یا ابرو سے اشارہ کرنا - غَمَزَ عَلَیْہِ او دَاوَدَہٗ : عیب یا مرض کا ظاہر ہونا غَمَزَتِ الدَّابَّۃُ : جانور کا لنگڑا ہونا - غَمَزَ بِالرَّجُلِ و عَلَیْہِ : طعنہ دینا اور برائی کی کوشش کرنا۔
غَامَزَہٗ مُغَامَزَۃً - ایک دوسرے کو عیب لگانا۔
اَغْمَزَ - فِیْہِ : عیب لگانا - حقیر ثابت کرنا گھٹیا مال جمع کرنا۔
تَغَامَزَ - القومُ : آنکھوں سے ایک دوسرے کو اشارہ کرنا۔
اِغْتَمَزَ - طعنہ دینا - الکلمۃَ : کمزور سمجھنا۔
اَلْغَمَزُ - گھٹیا مال - دبلے پتلے جانور - کمزور مرد ج غُمْزٌ و اَغْمَازٌ کہا جاتا ہے "ہُوَ رَجُلٌ غَمَزٌ مِنْ قَوْمٍ غُمْزٍ او اَغْمَازٍ"
اَلْغَامِزُ - فا - نیزے کی آزمائش کرنیوالا۔
اَلْغَمَّازُ - اسم مبالغہ - مؤنث غَمَّازَۃٌ۔
اَلْغَمِیْزُ - کھلا ہوا عیب۔
اَلْمَغْمَزُ - عیب طعنہ یا طمع کی جگہ - ج مَغَامِزُ۔
اَلْغَمِیْزَۃُ : بمعنے مَغْمَز عقل یا عمل کی کمزوری کہا جاتا ہے "مَا فِیْہِ غَمِیْزَۃٌ او مَغْمَزٌ" اس میں کوئی نمایاں عیب نہیں۔
اَلْمَغْمُوْزُ مفع - متہم الغموز : اونٹنی جبتک اس کے کوہان پر ہاتھ نہ ڈالیں - موٹاپا دبلاپن سے ظاہر نہ ہو۔
غَمَسَ (ض) غَمْسًا - الشیءَ فی الماءِ پانی میں ڈبونا غوطہ دینا - السِّنَانَ فی صَدْرِہٖ بھالے کو سینہ میں داخل کرنا - گھسانا۔
غُمُوْسًا - النجمُ : ستارے کا ڈوبنا - غروب ہونا
غَمَّسَ - سختی سے ڈبونا - غَمَّسَ الشُّرْبَ : کم پینا ــــ الابلَ : اونٹ کو پلانا پھر واپس جانا۔
غَامَسَ مُغَامَسَۃً - خطرات میں کود پڑنا ــــ فلانًا : ایک دوسرے کو پانی میں غوطہ دینا ــــ فِی الْاَمْرِ : جلد بازی کرنا۔
اِنْغَمَسَ و اغْتَمَسَ - فی الماءِ : غوطہ لگانا ــــ فی الشیءِ : داخل ہونا - گھسنا۔
اَلْغَمُوْسُ - مصیبت میں ڈالنے والا معاملہ ــــ مِنَ الرِّجَالِ : بہادر - کہا جاتا ہے "طَعْنَۃٌ غَمُوْسٌ" پار ہو جانیوالی نیزہ کی مار "الیَمِیْنُ الْغَمُوْسُ" جان بوجھ کر جھوٹی قسم ج غُمُسٌ۔
اَلْغَمِیْسُ - تاریکی "لَیْلٌ غَمِیْسٌ" : تاریک رات ــــ و الْغَمِیْسَۃُ - جھاڑی - درختوں کا جھنڈ ہر وہ گنجان چیز جس میں چھپا جاسکے۔
اَلْغَمَّاسَۃُ - مرغابی جس کی بہت قسمیں ہوتی ہیں - ج غَمَّاسٌ - طعنہ - غَمَّاسَۃٌ : کشادہ زخم۔
غَمِشَ (س) غَمَشًا - چندھا ہونا - کمزور نظر ہونا - سیلان اشک کی وجہ سے چندھا ہونا - صفت (اَغْمَشُ)

غَمَصَ (ض) وغَمِصَ (س) غَمْصًا
حقارت کرنا۔غَمَصَ النِّعْمَۃَ: نعمت کی ناشکری کرنا
عَلَیْہِ: جھوٹ بولنا — عَلَیْہِ کَلَامَہٗ: عیب لگانا
غَمِصَ (س) غَمَصًا۔ آنکھ کا کیچڑ والی
ہونا۔غَمِصَتْ عَیْنُہٗ: کیچڑ بہنا۔صفت (اَغْمَصُ)
اور آنکھ کو (غَمْصَاء) کہتے ہیں جمع غُمْصٌ۔
اِغْتَمَصَہٗ۔ حقیر جاننا۔حقارت کرنا۔
جھوٹا سمجھنا۔
الغَمَصُ۔مص۔آنکھ کی کیچڑ۔
رَجُلٌ (غَمِصٌ) عیب لگانے والا۔
الغَمُوصُ۔جھوٹا۔یمین غموص: جھوٹی قسم
رَجُلٌ (مَغْمُوصٌ) عَلَیْہِ: جس کے حسب یا دین
میں عیب لگا یا جائے۔
غَمُوصُ الحَنْجَرَۃِ۔ بڑا جھوٹا۔
غَمَضَ (ن) وغَمُضَ (ک) غُمُوضًا
الکَلَامُ: کلام کا دقیق ہونا۔
غَمَضَ (ن ض) غَمْضًا۔السَّیْفُ فِی
اللَّحْمِ: تلوار کا گوشت میں گھسنا — الرَّجُلُ
فِی الْأَرْضِ: سفر کرنا — عَنْہُ فِی البَیْعِ: خرید و
فروخت میں نرمی برتنا۔
غَمِضَ (س) غُمُوضَۃً وغَمَاضَۃً
المَکَانُ: پست ہونا۔
غَمَّضَ واَغْمَضَ۔عَیْنَہٗ: آنکھ بند کرنا
— عَنْہُ فِی البَیْعِ: خرید و فروخت میں نرمی برتنا
غَمَّضَ الکَلَامَ: مبہم گفتگو کرنا۔کہا جاتا ہے
غَمَّضَ عَنِ الْإِسَاءَۃِ "چشم پوشی کرنا۔اغمضت
العَیْنُ فُلَانًا: حقارت کرنا۔اغمض عن الشیءِ:
درگذر کرنا۔اغمض علی کذا: برداشت کرنا اور
راضی ہونا۔اغمض فی السلعۃ: گھٹیا ہونے کی وجہ
سے قیمت کم کرنا — حَدَّ السَّیْفِ: تلوار کی دھار
باریک کرنا — فُلَانًا: کسی سے دوڑ میں آگے
نکل جانا بعد اس کے کہ پہلے وہ آگے نکل چکا تھا
اِنْغَمَضَ۔طَرْفُہٗ: آنکھ کا بند ہونا۔
اِغْتَمَضَ۔البَرْقُ: بجلی کی چمک بند ہونا
— الرَّجُلُ عَنِ الْإِسَاءَۃِ: چشم پوشی کرنا۔کہا
جاتا ہے "مَا اغْتَمَضَتْ عَیْنَاہُ" یعنی اسکی آنکھیں
نہیں سوئیں۔
الغَمْضُ۔مص۔پست زمین ج غموض و
اغماض کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ذُو غَمْضٍ" فلاں
ذلیل و گمنام ہے۔
الغُمْضُ والغِمَاضُ والغُمَاضُ
والتَّغْمَاضُ ج آنکھ کا بند ہونا۔نیند۔کہا جاتا ہے
مَا اکْتَحَلَتْ عَیْنِی غُمْضًا او غِمَاضًا او اغْمَاضًا او
تَغْمَاضًا او تَغْمِیضًا" یعنی میں نہیں سویا۔
الغَامِضُ۔فا۔پست زمین ج غَوَامِض
گمنام۔ذلیل۔اَمْرٌ غَامِضٌ: مبہم معاملہ۔
الخَلْخَالُ الغَامِضُ: پازیب جو پنڈلی کو بھرے
الغَامِضُ مِنَ الکُعُوبِ والسُّوقِ: موٹا ٹخنہ یا
موٹی پنڈلی۔غَوَامِضُ الإِبِلِ: چھوٹے اونٹ
الغَامِضَۃُ۔مؤنث غَامِض ج غَامِضَات
وغَوَامِض۔الدَّارُ الغَامِضَۃُ: مکان جو سڑک
سے علیحدہ ہو۔
الغُمَیْضَۃُ۔عیب۔
الغُمُوضَۃُ۔عیب۔کہا جاتا ہے "مَا فِی
ہٰذَا الأَمْرِ غُمُوضَۃٌ" یعنی اس معاملہ میں کوئی عیب
نہیں۔
المُغَمِّضَاتُ۔گناہ جو جان بوجھ کر آدمی
کرے۔مغمضات اللیل: رات کی تاریکیاں۔
غَمَطَہٗ (ض) وغَمِطَہٗ (س) غَمْطًا
حقارت کرنا۔حقیر جاننا۔غَمَطَ النِّعْمَۃَ: نعمت
کی ناشکری کرنا۔نا قدری کرنا — الحَقَّ: حق
کا انکار کرنا — المَاءَ: پانی کا زور سے
گھونٹ بھرنا — الذَّبِیحَۃَ: ذبح کرنا۔
اَغْمَطَ۔عَلَیْہِ الشَّیْءُ: ہمیشہ ہونا۔
غَامَطَ مُغَامَطَۃً فِی الشُّرْبِ: لگاتار
گھونٹ لگانا۔
تَغَمَّطَ عَلَیْہِ التُّرَابُ: مٹی سے ڈھانکنا
یہاں تک کہ مار ڈالنا۔
اِغْتَمَطَ۔دوڑ میں ہارنے کے بعد آگے
بڑھ جانا — ہ بِالکَلَامِ: غالب ہونا۔اغتمط
الشَّیْءُ: نکل جانا اور پھر کوئی نشان نہ ملنا۔
الغَمْطُ۔مص۔پست زمین۔
غَمْغَمَ غَمْغَمَۃً — بیل کا خوف کے
وقت ڈکارنا — الأَبْطَالُ: بہادروں کا مقاتلہ
کے وقت شور مچانا — الکَلَامُ: غیر واضح کلام
بولنا — الصَّبِیُّ: بچے کا دودھ کیلئے پستان
پر رونا۔
تَغَمْغَمَ۔الرَّجُلُ: غیر واضح بولنا —
الغَرِیقُ تَحْتَ المَاءِ: ڈوبے ہوئے کا پانی
کے نیچے بولنا۔
الغَمْغَمَۃُ۔مص۔خوف کے وقت کی آواز
— مقاتلہ کے وقت کی آواز۔غیر واضح کلام
ج غَمَاغِم۔
غَمِقَ (س ن) وغَمُقَ (ک) غَمَقًا
المَکَانُ: نمناک ہونا۔سیلن والا ہونا —
النَّبَاتُ: نمناکی کی وجہ سے خراب ہونا صفت
(غَمِقٌ) مؤنث (غَمِقَۃٌ)
غَمِقَ۔البَعِیرُ: اونٹ کا غمقہ کی بیماری
میں مبتلا ہونا۔
الغَمَقَۃُ۔ایک بیماری جو پیٹھ میں ہوتی ہے۔
المَغْمُوقُ۔پیٹھ کی بیماری والا۔
غَمَلَ (ن) غَمْلًا۔الشَّیْءَ: چھپانا —
فُلَانًا: پسینہ کیلئے ڈھانکنا — البُسْرَ: گدر کھجور
کی پال دبانا۔العِنَبَ فِی الزَّنْبِیلِ: انگور کو
زنبیل میں تہ بتہ رکھنا — الشَّیْءَ: درست کرنا۔
— وتَغَمَّلَ۔النَّبَاتُ: ایک دوسرے
پر چڑھنا — الشَّیْءُ: وسیع ہونا۔
غَمِلَ (ض) غَمَلًا۔پیچیدہ ہو کر خراب
و بدبودار ہونا — الجُرْحُ: پٹی کی وجہ سے
خراب ہونا۔صفت (غَمِلٌ)
اَغْمَلَ۔الإِہَابَ: کچے چمڑے کا چھوڑ دینا
یہاں تک کہ وہ بگڑ جائے۔
اِنْغَمَلَ۔الأَدِیمُ: چمڑے کا خراب ہونا۔
صفت (غَمِیل)
الغَمِیلُ من النصی (ایک قسم کی گھاس)

پیچیدہ اُگی ہوئی — مِنَ الاَرضِ: پست زمین ج غُمُلٌ۔

المَغمُول۔ مفعو گمنام۔

الغُمُول۔ درختوں سے ڈھکی ہوئی وادی ج غَمَائِیل۔

الغَمَلَّج والغُمَلَّج والغِمَلَّاج و الغُمُلُوج والغِمْلِیج۔ غیر مستقل جو ایک حالت پر نہ رہے۔ مؤنث غَمَلَّجَة وغُمَلَّجَة وغُمْلُوجَة وغِمْلِیجَة۔

الغُمْلُج والغِمْلِیج۔ موٹا لمبا۔

الغُمْلُوج: سایہ میں اُگی ہوئی شاخ ج غَمَالِیج۔

الغَمَلَّس۔ بے باک۔ خبیث۔

الغَمَلَّط۔ دراز گردن۔

غَمَنَ (ن) **غَمْنًا**۔ الشَّيْءَ: چھپانا — البُسْرَ: گدر کھجور کی پال دبانا — فُلَانًا: پسینہ لانے کے لئے ڈھانکنا۔

غَمِنَ وانغَمَنَ فِی الاَرضِ: غائب کیا جانا غائب ہونا۔

الغُمْنَة۔ ایک قسم کا اُبٹنا۔

غَمَا یَغْمُو غُمُوًّا۔ البَیتَ: لکڑی اور مٹی سے چھت پاٹنا۔

الغَمَا۔ مکان کی چھت یا چھت کی لکڑی مٹی وغیرہ۔ اس کا تثنیہ غَمَوَان ج اَغْمِیَة واَغْمَاء

غَمَی (ض) **غَمْیًا و غَمْیًا**۔ البَیتَ بمعنے غَمَا یَغْمُو۔

غُمِیَ واُغمِيَ۔ الیَومُ: تمام دن ابر رہنا غُمِیَ واُغمِيَ عَلَی المَرِیضِ۔ غشی طاری ہونا۔ صفت (مَغْمِیٌّ ومُغمًى) عَلَیہِ۔

الغَمَی۔ گھوڑے کو پسینہ لانے والی پوشش کہا جاتا ہے رَجُلٌ غَمًى یعنی بیہوش مرد اور جمع کے لئے کہا جاتا ہے "رِجَالٌ غَمًى واَغْمَاء"

— **والغِمَاء**: مکان کی چھت ج اَغْمَاء و اَغْمِیَة۔

الغَامِیَاء۔ جنگلی چوہے کا سوراخ۔

غَنَّ (س) **غَنًّا**۔ النَّخلُ: درختِ خرما کا پکنا — الوَادِی: وادی کا زیادہ درخت والی ہونا وِغُنَّا وغُنَّة۔ گنگنانا۔

غَنَّنَ۔ الرَّوضَ: زیادہ درخت والا بنانا

اَغَنَّ۔ الشَّجَرُ: درخت کا پکنا — الوَادِی: وادی کا زیادہ درخت والی ہونا — الرَّوضُ: باغ کا سرسبز کرنا — الذُّبَابُ: مکھی کا بھنبھنانا — الرَّجُلِ: نرم آواز نکالنا۔

الغُنَان۔ مکھی کی بھنبھناہٹ۔

الغُنَّة۔ گنگناہٹ۔

الاَغَنُّ۔ گنگنانیوالا۔ حَرفٌ اَغَنُّ: غنہ کا حرف۔ الوَادِی الاَغَنُّ: زیادہ گھاس اور درختوں والی وادی۔ مؤنث غَنَّاء

القَرْیَۃُ الغَنَّاء: آباد گاؤں۔

الغُنْب۔ بہت مالِ غنیمت۔

الغُنْبُة۔ حسین لڑکوں کے جبڑے کے درمیان کا دائرہ ج غُنَب۔

الغَنبُول۔ ایک قسم کا پرندہ۔

الغَنتَل۔ گمنام بے قدر۔ اُمُّ غَنتَل: بجو۔

غَنِثَ (س) **غَنَثًا**۔ الرَّجُلِ: سانس لیکر پینا۔ غَنِثَت نَفسُہُ: متلانا۔

تَغَنَّثَہُ۔ الشَّيْءُ: بوجھل ہونا۔ بھاری ہونا چمٹنا

الغِنثِر۔ بیوقوف۔

تَغَنثَرَ۔ بالمَاءِ: بلاخواہش کے پینا۔

غَنِجَ (س) **غَنَجًا وتَغَنَّجَ**۔ ناز کرنا۔ صفت (غَنِجٌ ومِغنَاج) مؤنث (غَنِجَة ومِغنَاج)

الغُنْج والغُنُج والغُنَاج ناز نخرہ

الغُنَاج۔ کاجل جس کو عورتیں گوندنے میں استعمال کرتی ہیں۔

الاُغنُوجَة: ناز و نخرہ کرنے کی چیز ج اَغَانِیج۔

الغُنجُل۔ سیاہ گوش۔

الغُندَر والغُندُر۔ مِنَ الغِلمَان: موٹا تازہ لڑکا۔

الغَانِد۔ زخرہ

غَنِصَ (س) **غَنَصًا**۔ تنگدل ہونا۔

غَنَظَ (ض) **غَنظًا**۔ قریب ہلاکت ہونا۔ — الاَمرُ فُلَانًا: دشوار ہونا (غَنَّظَہُ واَغنَظَہُ) غیظ و غضب سے بھر دینا۔

غَانَظَہُ۔ ایک دوسرے کو مشقت میں مبتلا کر دینا۔

الغَنظ والغُنظ والغَنَاظ والغِنَاظ لازمی رنج و غم۔

المَغنُوظ مفعو غمزدہ۔

غَنِمَ (س) **غُنمًا**۔ الشَّيْءَ: مفت حاصل کرنا۔ **غُنمًا وغَنمًا وغَنَمًا وغَنِیمَة وغُنمَانًا** غنیمت حاصل کرنا۔

غَنَّمَہُ۔ کَذَا: حصہ سے زائد دینا۔

اَغنَمَہُ۔ الشَّيْءَ: غنیمت حاصل کرانا۔

تَغَنَّمَ واغتَنَمَ واستَغنَمَ۔ الشَّيْءَ: غنیمت سمجھنا۔ تَغَنَّمَ فُلَانٌ: بکریاں جمع کرنا جیسے تَاَبَّلَ: اونٹ جمع کرنا۔

الغَنِیمَة۔ مال جو جنگ میں حاصل ہو۔ کمائی۔ ج غَنَائِم۔ کہا جاتا ہے "الغَنِیمَۃُ بَارِدَۃٌ" یعنی پاک کمائی یا بلا مشقت کی کمائی۔

الغُنم۔ بمعنے غنیمت۔ غُنُوم۔

الغَنِیم۔ بمعنے غنیمت۔

الغَنَم۔ مع۔ بکریاں اور اس کیلئے اس لفظ سے واحد نہیں واحد کیلئے لفظ (شاۃ) ہے ج اَغنَام وغُنُوم و اَغَانِم۔ کہا جاتا ہے۔ غَنَمٌ (مُغنَمَة ومُغنِمَة) یعنی بہت بکریاں۔

الغَنَّام۔ بہت بکریوں والا۔ بکریوں کا چرواہا۔ بہت مالِ غنیمت حاصل کرنے والا۔

المَغنَم۔ غنیمت۔ مَغَانِم۔ کہا جاتا ہے مَغنَمٌ بَارِدٌ یعنی پاک غنیمت۔ کہا جاتا ہے۔ (غُنَامَاک) اَن تَفعَلَ کَذَا۔ تمہاری کوشش کی انتہا یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔

الغُنُوَة۔ بے نیازی۔ کہا جاتا ہے "لَہُ عَنہُ غُنُوَۃٌ" اس کو اس سے بے نیازی ہے۔

غَنِیَ (س) **غِنًى**۔ الرَّجُلُ: نکاح کرنا۔ غَنِیَتِ المَرأۃُ: حسن و جمال کی وجہ سے آرائش

سے بے نیاز ہونا۔

غَنِیَ وَمَغْنًی۔ بالمکَانِ: اقامت کرنا۔ صفت (غانٍ) کہا جاتا ہے غَنَوْا بِدِیَارِہِمْ ثُمَّ فَنَوْا اپنے ممالک میں اقامت کی پھر فنا ہوگئے

غَنِیَ فُلَانٌ زندہ رہنا زندگی بسر کرنا۔

غَنِیَ۔ غَنَاءً وَغُنْیَانًا۔ مالدار ہونا۔ بالشَّیْءِ عَنْ غَیْرِہٖ: اکتفا کرنا۔

غَنّٰی تَغْنِیَۃً۔ آواز کرنا — الشِّعْرَ و بالشِّعْرِ: گانا — بالمَرْأَۃِ۔ عشق بازی کرنا۔

اَلشَّاعِرُ بِفُلَانٍ: کسی کی مدح کرنا یا ہجو کرنا۔

غَنَّاہُ اللّٰہُ: مال دار کر دینا۔

اَغْنٰی اِغْنَاءً۔ اَلرَّجُلَ: بالدار کردینا۔

عَنْہُ: کافی ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَغْنٰی عَنْہُ غَنَاءَ فُلَانٍ وَمَغْنَاہُ وَمُغْنَاہُ وَمَغْنَاتَہٗ وَمُغْنَاتَہٗ" یعنی قائم مقام ہوا اَغْنٰی عَنْہُ کَذَا۔ دور کر دینا۔ اور کہا جاتا ہے۔ "مَا یُغْنِیْ عَنْکَ ہٰذَا وَمَا اَغْنٰی شَیْئًا" یعنی نافع نہیں ہے۔

تَغَنّٰی تَغَنِّیًا۔ مالدار ہونا — بالمَرْأَۃِ: عورت سے عشق بازی کرنا — بالشِّعْرِ: شعر گانا — بالفُلَانِ: کسی کی مدح یا ہجو کرنا

تَغَنَّتِ المَرْأَۃُ: عورت کا ناچ کرنا۔

اِسْتَغْنٰی۔ بے نیاز ہونا — عَنْہُ بہٖ: اکتفا کرنا — اللّٰہَ: اللہ سے بے نیاز ہونے کی دعا کرنا۔

الغِنٰی والغِنْیَۃُ والغُنْیَۃُ والغُنْیَانُ اکتفا۔ تونگری۔ مالداری۔ کہا جاتا ہے "مَالَہٗ عَنْہُ غِنًی وَغُنْیَۃٌ وَغُنْیَانٌ" یعنی اس کے لئے اس سے چارہ نہیں۔

الغِنٰی والغَنَاءُ۔ اکتفا تونگری۔ کہا جاتا ہے "لَا غِنٰی عَنْہُ" یعنی ضروری ہے۔

الغِنَاءُ۔ مِنَ الصَّوْتِ: گیت۔ سُر۔

الاُغْنِیَۃُ والاِغْنِیَۃُ والاُغْنِیَّۃُ والاِغْنِیَّۃُ۔ گیت۔ سُر۔ راگ۔ ج اَغَانِیُّ واَغَانٍ۔

الغَنِیُّ۔ اکتفا کرنے والا۔ تونگر۔ مالدار۔

کہا جاتا ہے "ہُوَ غَنِیٌّ عَنْہُ" یعنی وہ اس سے بے نیاز ہے ج اَغْنِیَاءُ۔

الغَانِیْ۔ فا۔ غنی۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ غَانٍ عَنْ کَذَا" یعنی فلاں چیز سے بے نیاز۔

الغَانِیَۃُ۔ مؤنث۔ غانی۔ وہ عورت جو حسن وجمال کی وجہ سے آرائش سے بے نیاز ہو۔ ناچ کرنے والی۔ ج غَانِیَاتٌ وَغَوَانٍ۔

المَغْنٰی۔ منزل۔ ج مَغَانٍ کہا جاتا ہے "خَرِبَتْ مَبَانِیْہِمْ وَخَلَتْ مَغَانِیْہِمْ" یعنی انکا شرف جاتا رہا اور ان کے مکان خالی ہو گئے۔ "وَمَا لَہٗ عَنْہُ مُغْنًی" یعنی اس کیلئے اس سے چارہ نہیں۔

غَہِبَ (س) غَہَبًا وَاَغْہَبَ۔ عَنْہُ: غافل ہونا۔ بھولنا۔

اِغْتَہَبَ۔ تاریکی میں چلنا۔

الغَہَبُ۔ مص۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَ الصَّیْدَ غَہَبًا" یعنی شکار پر غفلت میں بلاقصد کے پہنچ گیا "قَتَلَہٗ غَہَبًا" اس کو بلا قصد کیا۔

الغَیْہَبُ۔ تاریکی۔ بہت تاریک رات بہت سیاہ گھوڑا۔ غافل بیوقوف اور کمزور ج غَیَاہِبُ۔

الغَیْہَبَانُ۔ تاریکی۔ پیٹ۔

الغَیْہَبَۃُ۔ مؤنث غیہب۔ لڑائی کا شور

غَیْہَقَ غَیْہَقَۃً۔ تاریکی کا نظر کو کمزور کردینا

الغَیْہَقُ۔ نشاط۔ دیوانگی۔

الغَوْہَقُ۔ دیوانگی۔ کالا کوا۔

الغَہْقُ۔ لمبا اونٹ۔

غَاثَہٗ یَغُوْثُہٗ غَوْثًا وَاَغَاثَہٗ اِغَاثَۃً وَمَغُوْثَۃً۔ اعانت کرنا۔ مدد کرنا۔

غَوَّثَ۔ اَلرَّجُلُ: واغوثاہ کہنا۔

اِسْتَغَاثَ۔ اَلرَّجُلَ وبہٖ: مدد طلب کرنا

الغَوْثُ والغُوَاثُ والغَوَاثُ۔ مدد

الغَوْثُ والغِیَاثُ والغُوَیْثُ۔ کھانے وغیرہ کی مدد۔

المَغَاوِثُ۔ پانی۔ کہا گیا ہے کہ اس کیلئے مفرد نہیں۔

غَاجَ یَغُوْجُ غَوْجًا وَتَغَوَّجَ۔ الغُصْنُ: ٹہنی کا جھکنا مڑنا۔ تَغَوَّجَ الرَّجُلُ فِیْ مِشْیَتِہٖ: چال میں لچکنا۔

الغَوْجُ۔ کشادہ سینہ کا گھوڑا۔

غَارَ یَغُوْرُ غَوْرًا۔ پستی کی طرف آنا المَاءُ: گہرائی میں جانا۔ صفت (غَائِرٌ) النَّہَارُ: سخت گرمی والا ہونا — الرَّجُلُ: دوپہر میں سونا — الشَّیْءَ اَوِ القَوْمَ: طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "غُرْتُ فِیْ غَیْرِ مَغَارٍ" بغیر مطلب کے میں نے طلب کیا۔

غَارَتْ تَغُوْرُ غَوْرًا اَوْ غُؤُوْرًا۔ عَیْنُہٗ: آنکھ کا دھنس جانا۔

غَوْرًا وَغُؤُوْرًا وَغِیَارًا۔ فِی الاَمْرِ: معاملہ میں باریک نظر سے دیکھنا — فِی الشَّیْءِ: — داخل ہونا۔

غَارَتْ غِیَارًا وَغُؤُوْرًا۔ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہو۔

غَارَ لَہُمُ اللّٰہُ غِیَارًا وَغَارَہُمْ۔ رزق وغیرہ سے اعانت کرنا۔

غَوَّرَ۔ پستی کی طرف آنا — المَاءُ: زمین میں اترنا — الرَّجُلُ: دوپہر میں چلنا یا نازل ہونا۔ یا سونا — القَوْمَ: قوم کو شکست دینا — غَوَّرَتِ الشَّمْسُ اَوِ النُّجُوْمُ: غروب ہونا ڈوبنا۔ کہا جاتا ہے غَوَّرَ النَّہَارُ: جبکہ دن ڈھل جائے

اَغَارَ اِغَارَۃً۔ چلنے میں جلدی کرنا پستی کی طرف آنا۔ سفر کرنا — الحَبْلَ: رسی کو مضبوط بٹنا۔

اَغَارَ اِغَارَۃً وَغَارَۃً وَمَغَارًا۔ عَلَیْہِمْ لوٹ ڈالنا — الفَرَسُ: تیز دوڑنا — بِہِمْ وَاِلَیْہِمْ: مدد دینے کے لئے آنا۔

غَاوَرَ مُغَاوَرَۃً۔ العَدُوَّ: دشمن پر لوٹ ڈالنا — بعض کا بعض پر لوٹ ڈالنا۔

تَغَوَّرَ۔ پستی کی طرف آنا — ظَاہِرُ العَیْنِ دھنس جانا۔

تَغَاوَرَ۔ القَوْمُ۔ بعض کا بعض پر لوٹ ڈالنا

اِغْتَارَ اِغْتِیَارًا۔ نفع اٹھانا۔ غلہ حاصل کرنا

استغار - علیھم - لوٹ ڈالنا ——— الرجل: پست زمین میں اترنے کا ارادہ کرنا - موٹا ہونا ——— الجرح: زخم کا سوجنا۔

استغورۃ استغوارا - غلہ مانگنا۔

الغار - غار جمع اغوار و غیران - ایک قسم کا درخت واحد (غارۃ) غبار - بڑا لشکر - انگور کے پتے - غیرت - ٹھوڑی کا گڑھا - الغاران: ہڈیاں جن میں آنکھیں ہیں، اوپر نیچے کے تالو۔

الغارۃ - مص - لوٹ - اسم ہے اغارۃ کا جمع غارات - تیز رفتار غارت ڈالنے والا گھوڑا - کہا جاتا ہے "جبل شدید الغارۃ" مضبوط بٹی ہوئی رسی "شن الغارۃ علیھم" گھوڑوں کو متفرق کر دیا اور ہر طرف سے ان پر لوٹ پڑا۔

الغور - مص - پست زمین - نیچے اترا ہوا پانی - گڑھا - غار - کہا جاتا ہے "فلان بعید الغور" فلاں نہایت باریک بین ہے۔ "عرفت غور المسألۃ" مسئلہ کی حقیقت میں نے جان لی۔

الغائرۃ - مؤنث غائر - دوپہر - دوپہر کا سونا

الغورۃ - آفتاب - قیلولہ۔

الغور - خون بہا۔

الغوری - ہر چیز کا گڑھا۔

المغار والمغار والمغارۃ والمغارۃ غار لوٹ جمع مغاور و مغارات ——— المغار: لوٹ کی جگہ۔

المغوار والمغاور - من الرجال: بہت لوٹ ڈالنے والا - فرس مغوار: تیز رفتار گھوڑا

غارہ یغوزہ غوزا - قصد کرنا ارادہ کرنا

الغاز - گیس - جمع غازات۔

غاص یغوص غوصا و غیاصا و غیاصۃ و مغاصا - فی الماء: پانی میں غوطہ لگانا - صفت (غائص) جمع غواص و غاصۃ - غاص علی الشیٔ: اچانک آجانا علی المعانی: معانی کی حقیقت تک پہنچنا۔

غوصہ: غوطہ لگوانا۔

الغواص - بہت غوطہ لگانے والا - وہ شخص جو موتی وغیرہ کیلئے غوطہ خوری کرتا ہے اور اس فن کا نام (الغیاصۃ) ہے - ایک پرندہ جو غوطہ لگاتا رہتا ہے۔

الغواصۃ - غواص کا مؤنث - آب دوز کشتی

المغاص - مص - غوطہ لگانے کی جگہ۔ پنڈلی کے اوپر کا حصہ۔

غاط یغوط غوطا - الحفرۃ: گڑھا کھودنا فیہ: داخل ہونا - گھسنا - کہا جاتا ہے۔ "ھذا رمل تغوط فیہ الاقدام" یہ ایسا ریت ہے جس میں پاؤں گھس جاتے ہیں - فی الماء: پانی میں غوطہ لگانا۔

غوط - البئر: کنواں گہرا کھودنا الطعام: بڑے بڑے لقمے نگلنا۔

تغوط - پاخانہ کرنا - کہا جاتا ہے - تغوط و بال پیشاب پاخانہ کیا۔

تغاوطا - فی الماء: ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔

انغاط - العود: لکڑی کا مڑنا۔

الغائط - فا - پاخانہ - پاخانہ کرنے کی جگہ - پست زمین۔

الغوط والغاط والغوطۃ - پست زمین جمع غوط و اغواط و غیاط و غیطان - الغاط - جماعت۔

الغوطۃ - شام میں ایک جگہ کا نام ہے جہاں پانی اور درخت بہت ہیں - اس کو غوطۂ دمشق بھی کہتے ہیں۔

بئر غویط) بہت گہرا کنواں۔

الغاغ - پودینہ - واحد (غاغۃ)

الغاغۃ - بہت سے مختلف لوگ۔

الغوغاء - ٹڈی جو اڑنے کیلئے تیار ہو - یا جس کے پر نکل آئے ہوں - بہت سے مختلف لوگ - نیچے طبقے کے لوگ - فسادی لوگ۔

غالہ یغولہ غولا و اغتالہ - ہلاک کرنا اچانک پکڑ لینا - غالتہ الخمر: شراب کا مست کر دینا

غاول مغاولۃ - جلدی چلنا۔

تغاولا - ایک دوسرے پر سبقت کرنا۔

تغول - الامر: ابتر ہونا - تغولت المرأۃ: رنگ برنگ ہونا - تغولتھم الغیلان: بے راہ کر دینا ——— الارض بفلان: ہلاک کر دینا اور بے راہ کر دینا۔

الغول - مص - درد سر - مدہوشی - جنگل کی دوری مشقت - پست زمین - بہت مٹی۔

الغول - مصیبت - ہلاکت - چھلاوہ - جمع اغوال و غیلان سانپ - ہر وہ چیز جس سے عقل زائل ہو جائے - جادوگر اور جن جو مختلف رنگ بدلیں - موت - جمع اغوال۔

الغیلۃ - اسم ہے اغتیال کا۔

الغائلۃ - مؤنث غائل - مصیبت - فساد ہلاکت - برائی جمع غوائل۔

الاغول - من العیش: آسودہ زندگی۔

المغول - ہلاک کرنے کا آلہ - لمبا پیکار گیتی۔

المغالۃ - ہلاکت۔

غوی یغوی غیا و غوی یغوی غوایۃ - گمراہ ہونا - محروم ہونا - ہلاک ہونا

وغوی و اغوی - الرجل: گمراہ کرنا

غوی یغوی و غوی یغوی غوی الفصیل - اونٹ کے بچے کو بدہضمی ہونا اور لاغر ہو کر قریب ہلاکت ہونا - صفت (غو)

تغاوی - بہ تکلیف گمراہ بننا بتکلف جاہل بننا ——— القوم علیہ: قتل کرنے کیلئے ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

انغوی - الرجل: گرنا اور جھکنا۔

استغوی - الرجل: گمراہ کرنا - کہا جاتا ہے بت (غوی وغویا و مغویا و مغویا و مغویا) یعنی میں نے تنہا رات بسر کی۔

الغیۃ والغیۃ - گمراہی - کہا جاتا ہے۔ "انہ لولد غیۃ" یعنی وہ ولد الزنا ہے۔

الغاوی - فا جمع غاوون و غواۃ - راس غاو: چھوٹا سر یا بہت پھرنے والا اسر۔

وَالغَوِیّ وَالغَوِیّ وَالغَیَّان گمراہ۔ خواہشات کا غلام۔

الغَاوِیَۃ۔ مؤنث غاوی۔ مشک جس میں پانی ہو۔

الاُغْوِیَّۃ۔ مصیبت۔ ہلاکت۔ درندوں کے شکار کے لئے گڑھا۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ النَّاسُ فِی اُغْوِیَّۃٍ" ج اَغَاوِی۔

المَغْوَاۃ۔ گمراہی کی جگہ۔ ج مَغَاوٍ۔

المُغَوَّاۃ۔ گمراہی کی جگہ ج مُغَوَّیَات۔

غَابَ یَغِیبُ غَیْبًا وَغَیْبَۃً وَغِیَابًا وَغُیُوبًا وَمَغِیبًا۔ عَنْہُ: غائب ہونا۔ دور ہونا۔ جدا ہونا۔

غَابَتِ الشَّمْسُ غِیَابًا وَغَیْبُوبَۃً آفتاب کا غروب ہونا — الشَّیْءُ عَنْ فُلَانٍ: پوشیدہ ہونا — عَنْ بِلَادِہٖ: سفر کرنا۔

غَابَ یَغِیبُ غِیَابًا وَغِیَابًا وَغَیْبَۃً وَغِیَابَۃً وَغُیُوبَۃً الشَّیْءُ فِی الشَّیْءِ: چھپ جانا۔

غَابَہٗ غَیْبَۃً وَاغْتَابَہٗ وَاغْتِیَابًا غیبت کرنا۔ پیٹھ پیچھے بدگوئی کرنا۔

غَیَّبَہٗ۔ دور کرنا۔ کہا جاتا ہے "غَیَّبَہٗ غِیَابُہٗ" یعنی وہ اپنی قبر میں دفن کیا گیا۔

اَغَابَتِ۔ المَرْاَۃُ: غائب شوہر والی ہونا۔ صفت (مُغِیبٌ و مُغِیبَۃٌ و مُغْیِبٌ)

غَایَبَہٗ مُغَایَبَۃً۔ پیٹھ پیچھے بات کہنا۔ تم کہتے ہو "اَنَا مَعَکُمْ لَا اُغَایِبُکُمْ" میں تمہارے ساتھ ہوں تمہاری پیٹھ پیچھے بات نہیں کرونگا

تَغَیَّبَ۔ عَنْہُ: غائب ہونا۔

تَغَایَبَ۔ القَوْمُ: غائب ہونا۔

الغَیْبُ۔ مم۔ شک۔ ہر وہ چیز جو تم سے غائب ہو۔ بھید۔ پست زمین۔ ج غِیَاب و غُیُوب۔ کہا جاتا ہے۔ "سَمِعْتُ صَوْتًا مِنْ وَرَاءِ الغَیْبِ" یعنی میں نے آواز ایسی جگہ سے سنی جسکو میں دیکھتا نہیں۔

الغَیْبَۃ وَالغَیَابَۃ۔ پست زمین۔ قبر۔

الغَیَابَۃ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: پردہ — مِنَ الوَادِی اَوِ الجُبِّ: وادی یا کنوئیں کی گہرائی۔

الغِیبَۃ۔ پیٹھ پیچھے کی بدگوئی۔

الغَائِبُ۔ فا۔ ج غُیَّبٌ وَغُیَّبٌ وَغُیَّابٌ وَغَائِبُونَ۔ غَائِبُکَ: جو چیز تم سے غائب ہو

الغَابَۃ۔ بانس کی جھاڑی۔ پست زمین۔ لوگوں کی جماعت۔ المبانیزہ۔ ج غَاب وَغَابَات غَابَۃُ البَحْرِ: سمندری کیڑوں کا متحجر درخت۔

الغَیَابُ۔ مم۔ قبر۔ غَیَابُ الشَّجَرِ وَغَیَابَۃُ: درخت کی جڑیں۔

الغَیُوبُ وَالغَیَّابُ۔ غائب کا اسم مبالغہ

الغَیْبُوبَۃ۔ غروب۔ کہا جاتا ہے "لَقِیتُہٗ عِنْدَ غَیْبُوبَۃِ الشَّمْسِ" میں نے اس سے آفتاب کے غروب کے وقت ملاقات کی۔

غَاثَ یَغِیثُ غَیْثًا۔ اللّٰہُ البِلَادَ: برسانا۔ غَاثَ الغَیْثُ الاَرْضَ: بارش کا زمین پر برسنا۔

غِیثَتِ۔ الاَرْضُ: زمین کا سیراب ہونا۔ صفت (مَغِیثَۃ ومَغْیُوثَۃ) غَاثَ النُّورُ: روشن ہونا۔

تَغَیَّثَ۔ البَعِیرُ: اونٹ کا موٹا ہونا۔

الغَیْثُ۔ بارش۔ گھاس جو بارش کی وجہ سے اُگے۔ کہا جاتا ہے "رَعَیْنَا الغَیْثَ" اور بسا اوقات بادل کو بھی غیث کہتے ہیں۔ ج غُیُوث وَاَغْیَاث اور کہا جاتا ہے غیث مغیث عام بارش۔ سَحَابٌ (غَیِّثٌ) موسلادھار بارش کا بادل اور کہا جاتا ہے۔ "بِئْرٌ ذَاتُ غَیِّثٍ" بہت پانی والا کنواں۔

غَیِدَ یَغْیَدُ غَیَدًا۔ الغُلَامُ: لڑکے کا جھکی ہوئی گردن والا ہونا۔ نرم کندھوں والا ہونا۔ صفت مذکر (اَغْیَدُ) صفت مؤنث (غَیْدَاءُ) ج غِید۔

تَغَایَدَ۔ فِی مِشْیَتِہٖ: نزاکت کی وجہ سے چلنے میں جھکنا۔

الغَیَدُ۔ مم۔ نزاکت۔

الاَغْیَدُ۔ نرم نازک پودہ: مکان اغید بہت پودہ والی جگہ۔

الغَادَۃ۔ نرم و نازک بدن عورت۔ ترو تازہ شاخ۔ ج غَادَات۔

غَیْدَانُ الشَّبَابِ۔ اول جوانی۔

غِیدِ غِیدِ۔ مکرر مستعمل ہے۔ اور مبنی علی الکسر ہے اور اسم فعل بمعنے امر ہے یعنی جلدی کرو جلدی کرو۔

غَیْدَقَ۔ المَطَرُ: بارش کا بہت ہونا۔

الغَیْدَق۔ مم۔ بہت پانی۔

الغَیْدَاق۔ سرسبز۔ فیاض۔

وَالغَیْدَقِ وَالغَیْدَقَان۔ نرم و نازک

غَارَ یَغَارُ غَیْرَۃً وَغَیْرًا وَغَارًا۔ الرَّجُلُ عَلٰی اِمْرَاَتِہٖ مِنْ فُلَانٍ وَہِیَ عَلَیْہِ مِنْ فُلَانَۃٍ: غیرت کھانا۔ صفت (غَیْرَان وغَیُورٌ ومِغْیَار)، مؤنث (غَیُورٌ وغَیْرٰی) ج غَیَارٰی وغُیَارٰی وغُیُر ومَغَایِیر اور اسم الغِیرَۃ۔

غَارَہٗ یَغِیرُہٗ غِیَارًا۔ نفع دینا۔ کہا جاتا ہے غَارَہٗ بِخَیْرٍ یعنی اس کو خیر کا نفع دیا۔ وَغَارَہُمُ اللّٰہُ بِمَطَرٍ یعنی اللہ نے ان کو بارش سے سیراب کیا۔

غَارَہٗ یَغِیرُہٗ غَیْرًا وَغِیَرَۃً۔ خون بہا دینا۔ غَیَّرَ الشَّیْءَ: بدل دینا۔ تغیر کر دینا۔

غَایَرَہٗ غِیَارًا وَمُغَایَرَۃً۔ تبادلہ کرنا۔ مخالفت کرنا۔ خرید و فروخت میں مقابلہ کرنا۔ غیر ہونا۔ مغایرت برتنا۔

اَغَارَہٗ اِغَارَۃً۔ غیرت پر برانگیختہ کرنا۔ — الرجل امراۃ: مرد کا دوسرا نکاح کر کے پہلی بیوی کو غیرت میں ڈالنا۔

تَغَیَّرَ۔ بدل جانا — عَلٰی اِمْرَاَتِہٖ: بیوی پر غیرت آنا۔

تَغَایَرَ۔ الزَّوْجَانِ: ایک دوسرے پر غیرت کرنا۔ تَغَایَرَتِ الاَشْیَاءُ: چیزوں کا مختلف ہونا۔

اِغْتَارَ اِغْتِیَارًا۔ الرَّجُلُ: غلہ مہیا کرنا۔

الغَیْرُ۔ مم۔ اسم ہے غَیَّرَ سے کہا جاتا ہے

مَنْ یَّکْفُرْ بِاللّٰہِ یَلْقَی الْغِیَرَ" یعنی جو شخص کفر باللہ
کرے گا وہ متغیر الحال ہو گا کر صلاح سے فساد
کی جانب پہنچ جائے گا۔ بَنَاتُ غَیْرٍ: جھوٹ اور
باطل باتیں اور (غَیْر) کا لفظ سوی کے معنی میں آتا
ہے جو اَغْیَار اور لا کے معنی میں بھی اور بوجہ حالیت
کے منصوب ہوتا ہے۔ جیسے "فَمَنِ اضْطُرَّ غَیْرَ بَاغٍ
وَّلَاعَادٍ" بمعنے لا باغیا۔ اور اِلّا کے معنی میں بھی
پس اسم لازم الاضافہ ہوتا ہے لفظوں میں مقطوع
عن الاضافہ بھی ہوتا ہے اگر معنی سمجھ میں آسکے
اور اس سے پہلے لَیْسَ یا لا ہو اور اضافت کے
وقت رفع اور نصب جائز ہے اور حذف مضاف
الیہ کے وقت رفع اور ضمہ نصب اور فتحہ بھی جائز
ہے۔ کہوگے "قَبَضْتُ عَشَرَۃً لَیْسَ غَیْرُھَا وَلَیْسَ
غَیْرَھَا وَلَیْسَ غَیْرٌ وَلَیْسَ غَیْرُ وَلَیْسَ غَیْرًا وَلَیْسَ غَیْرَ"
بمعنے لَیْسَ اِلَّا اور کہا جاتا ہے "فَعَلَہٗ غَیْرَ مَرَّۃٍ" یعنی
ایک سے زائد مرتبہ کیا۔

اَلْغِیْرَۃُ۔ خون بہا۔ غلہ کا ذخیرہ۔ نخوت
اسم ہے غار کا جو غِیَر۔

غِیَرُ۔ الدَّہْرِ: زمانے کے حوادث۔

الغَیْرِیَّۃُ۔ عینیت کے خلاف۔ ہر دو شئ
میں سے ایک کا دوسرے کے خلاف ہونا۔

المَغِیْرُ والمَغْیُوْرُ۔ سیراب شدہ مقامات
کہا جاتا ہے "مَکَانٌ مَغِیْرٌ وَمَغْیُوْرٌ وَاَرْضٌ مَغِیْرَۃٌ
وَمَغْیُوْرَۃٌ"۔

غَاضَ یَغِیْضُ غَیْضًا وَمَغَاضًا و
تَغْیَضَ وَانْغَاضَ۔ پانی کا کم ہونا۔ نیچے
اتر جانا ـــــ الثَّمَنُ: قیمت گھٹنا۔

غَاضَ وَغَیَّضَ وَاَغَاضَ الْمَاءَ وَالثَّمَنَ:
پانی یا قیمت کم کرنا دَمْعَہٗ: آنسو روکنا۔

الغَیْضُ۔ مص۔ ناتمام بچہ۔ قلیل۔

الغَیْضَۃُ۔ ایک مرتبہ کم کرنا۔ جھاڑی۔
پانی کی جگہ میں بہت درخت۔ جو غِیَاض و
اَغْیَاض و غَیْضَات۔

المَغِیْضُ۔ پانی کے جمع ہونے کی جگہ۔ جو
مَغَایِض۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ مَغِیْضٌ" یعنی وہ پانی
جو جمع ہونے کی جگہ تک جاری ہو۔

غَاظَ یَغِیْظُ غَیْظًا۔ فیہ: داخل ہونا۔

المُغَایَظَۃُ۔ خصومت۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَھُمْ
مُغَایَظَۃٌ" یعنی انکے درمیان خصومت ہے۔

الغَیْطُ۔ باغ۔

غَاظَہٗ یَغِیْظُہٗ غَیْظًا وَغَیَّظَہٗ وَاَغَاظَہٗ
وَغَایَظَہٗ۔ غصہ دلانا۔ غصہ پر برانگیختہ کرنا۔
کہا جاتا ہے "غَایَظَ صَاحِبَہٗ فِی الْعَمَلِ" مقابلہ کرنا۔

تَغَیَّظَ۔ الحَرُّ: سخت گرمی ہونا ـــ واغتاظ
غضبناک ہونا۔

الغَیْظُ۔ مص۔ غضب یا سخت غضب۔

الغِیَاظُ۔ غم۔ مشقت۔

المَغِیْظُ۔ ناراض۔ رنجیدہ۔

غَافَتْ تَغِیْفُ غَیَفَانًا وَاَغْیَفَتْ
وَتَغَیَّفَتْ۔ الشَّجَرَۃُ: دائیں بائیں جھکی ہوئی
شاخوں والا ہونا صفت (غَیْفَاء) (غَیَّفَ)
بھاگنا۔ بزدل ہونا (ـــ وتَغَیَّفَ) عَنِ الْاَمْرِ:
انکار کرنا۔ اعراض کرنا۔ ہٹنا۔

اَغَافَ۔ الغُصْنَ: ٹہنی کو جھکانا۔

الغَافُ۔ ایک درخت ہے جس کا پھل بہت
میٹھا ہوتا ہے واحد غَافَۃٌ ہے۔

الغَیْفُ۔ پرندوں کا جھنڈ۔

الاَغْیَفُ۔ نازک بدن۔ کہا جاتا ہے
"عَیْشٌ اَغْیَفُ" یعنی آسودہ و خوش حال زندگی
مؤنث غیفاء شجرۃ غیفاء: جھکی ہوئی ڈالیوں
والا درخت۔

الغَیَّافُ۔ بہت بڑی لمبی داڑھی والا۔

الغَیَفَانُ والغَیَّفَانُ۔ متکبرانہ چال۔

غَیَّقَ۔ المَالَ: بگاڑنا فاسد کرنا ـــ
فِیْ رَأْیِہٖ: غیر مستقل مزاج ہونا ـــ الطَّائِرُ: اپنی
جگہ پر پھڑپھڑانا ـــ بَصَرَہٗ: نگاہ کو پھیرنا۔

تَغَیَّقَتْ۔ العَیْنُ: آنکھ کا تاریک ہونا۔

غَاقِ۔ مبنی علی الکسر۔ کوے کی آواز کی حکایت
اگر نکرہ کیا جائے تو (غَاقٍ) تنوین سے کہا
جاتا ہے۔

الغَاقُ۔ کوا (ـــ والغَاقَۃُ) ایک آبی
پرندہ ہے جس کو غواص اور غُرَابُ الماء بھی
کہتے ہیں۔

غَالَتْ تَغِیْلُ غَیْلًا وَاَغَالَتْ اِغَالَۃً
المَرْأَۃُ وَلَدَھَا: بچے کو بحالت حمل دودھ پلانا۔
صفت (غَائِلَۃٌ وَمُغِیْلٌ وَمُغْیِلٌ)

غَالَہٗ یَغِیْلُہٗ غِیَالًا وَغِیَالَۃً وَغُوُوْلًا
چرانا۔

اَغْیَلَتْ اِغْیَالًا۔ المرأۃ ولدھا: بچے
کو بحالت حمل دودھ پلانا ـــ الشَّجَرَۃُ: درخت
کا بڑا اور گھنا ہونا ـــ الغَنَمُ: بکری کا سال
میں دو مرتبہ بچہ جننا۔

تَغَیَّلَ۔ القَوْمُ: کثیر المال ہونا۔

تَغَیَّلَتْ وَاسْتَغْیَلَتْ۔ الشَّجَرَۃُ: درخت
کا گھنی ٹہنیوں والا ہونا۔ صفت (مُغْیَالٌ)

اِغْتَالَ اِغْتِیَالًا۔ الغُلَامُ: موٹا تازہ ہونا

الغَیْلُ۔ حالت حمل کا دودھ۔ موٹا تازہ لڑکا
مؤنث غَیْلَۃٌ۔ زمین پر بہتا ہوا پانی۔ وادی
جس میں چشمے جاری ہوں۔ دور کی چیز جو نزدیک
دکھائی دے۔

الغِیْلُ۔ جھاڑی۔ گنجان درخت و وادی
جس میں پانی ہو۔ شیر کی ماند جو اَغْیَال وغُیُوْل۔

الغِیْلَۃُ۔ دھوکا۔ غفلت سے مار ڈالنا۔
حمل میں دودھ پلانا۔ کہا جاتا ہے "قَتَلَہٗ غِیْلَۃً"
دھوکے سے مار ڈالا۔

الغَائِلَۃُ۔ شر۔ باطنی کینہ۔ حوض میں شگاف
جو غَوَائِل۔ الغَوَائِلُ: مصیبتیں۔

المَغَالَۃُ۔ بدی۔ برائی۔

الاَغْیَلُ۔ پرگوشت۔

الغَیَّالُ۔ اسم مبالغہ۔ شیر اس وجہ سے کہ
غِیل یعنی جھاڑی میں رہتا ہے۔

المِغْیَالُ۔ گھنا سایہ دار درخت۔

غَامَتْ تَغِیْمُ غَیْمًا وَغُیُوْمًا وَاَغَامَتْ
اِغَامَۃً وَاَغْیَمَتْ اِغْیَامًا وَتَغَیَّمَتِ
السَّمَاءُ: بادل والا ہونا۔ غَامَ البَعِیْرُ: اونٹ کا

پیاسا ہونا۔ صفت (غَیمان) مؤنث (غَیمیٰ)
اَغیَمَ القَومُ: پیاسا ہونا اَغیَمُوا فِی المَکانِ:
اقامت کرنا۔
غِیمَ۔ البعیرُ: اونٹ کا پیاسا ہونا۔
الغَیمُ۔ مم۔ بادل ج غُیُوم: واحد (غَیمَۃٌ)
پیاس۔ اونٹ کی ایک بیماری جس سے پیاس
لگتی ہے۔
یَومٌ (غَیُومٌ) بدلی کا دن۔
غَانَ یَغِینُ غَیناً۔ پیاسا ہونا۔
غَانَتْ نَفسُہُ: متلانا۔ غَانَتْ وغِینَتِ السَّماءُ
آسمان پر بادل گھِر آنا۔
غِینَ واُغِینَ۔ علیٰ قلبہ: خواہشات کا غالب آنا۔
اَغَانَ السَّحَابُ السَّماءَ: بادل گھِر آنا۔
غَیَّنَ۔ غَیناً: حرف غ لکھنا۔
الغَینُ مم۔ حروف تہجی کا ایک حرف۔ بادل۔

الغَینَۃ۔ بلا پانی کے گھنے درخت۔
الغَیُونَۃ۔ پیپ مردار سے جو بہے، جھاڑی
الاَغیَنُ۔ مِنَ الشَّجَرِ والنَّبَاتِ: سرسبز
اور لمبا۔ مؤنث غَینَاءُ ج غِینٌ۔
الغَیہَمُ۔ تاریکی۔
غَیَّا تَغیِیَۃً واَغیَا اِغیَاءً۔ الغَایَۃَ
ای الرَّایَۃَ: جھنڈا گاڑنا۔ غَیَّا القَومُ: جھنڈا
گاڑنا۔ الطَّیرُ علَی الشَّیءِ: پرندہ کا پھڑپھڑانا۔
اَغیَا السَّحابُ: بادل کا ایک جگہ پر ٹھہر جانا۔ اَغیَا
الرَّجُلُ: شرافت یا معاملہ میں انتہا کو پہنچنا
الفَرَسُ فِی سَبَاقِہِ: گھوڑے کا حد مقررہ پر پہنچنا۔
غَایَا مُغَایَاۃً۔ القَومُ فِی رَاسِہِ بِالسُّیُوفِ:
کسی کے سر پر تلواروں کا بلند کرنا۔
تَغَایَتِ۔ الطَّیرُ علَی الشَّیءِ: پرندہ کا منڈلانا
کہا جاتا ہے "تَغَایَوا عَلَیہِ حَتّٰی قَتَلُوہُ" یعنی ایک
دوسرے کی اعانت کی یہاں تک کہ قتل کر دیا۔
الغَایَۃُ۔ مدت۔ جھنڈا۔ نتیجہ ج غَایَات۔
وغَایٌ اور نسبت کیلئے (غَائِیٌّ) اور کہا جاتا ہے
"غَایَتُکَ اَنْ تَفعَلَ کَذَا" یعنی تمہاری انتہائی
طاقت ہے کہ تم ایسا کرو۔ والغَایَۃ: پھڑپھڑانے
والا پرندہ۔ چڑیوں کے پھنسانے کی نے۔
کہا جاتا ہے "اَنتَ بَعِیدُ الغَایَۃِ" یعنی تمہاری
رائے درست ہے۔
الغَیَایَۃُ۔ آفتاب کی شعاع کی روشنی
کنوئیں کی گہرائی۔ ہر وہ چیز جو انسان پر سایہ
انداز ہو۔ جیسے بادل۔ گرد و غبار ج غَیَایَات۔
الغَیِّۃ۔ غوی کا مادہ دیکھئے۔
المُغَیَّا۔ جس کیلئے غایت مقرر کی گئی ہو۔
کہا جاتا ہے "الغَایَۃُ لَاتَدخُلُ فِی المُغَیَّا" یعنی حد
محدود میں داخل نہیں۔

ف

اَلفَاءُ۔ یہ حرف کئی معنوں میں مستعمل ہے
(۱) ترتیب جیسے قَامَ زَیدٌ فَعَمرٌو
(۲) تعقیب جیسے حَبَسَ زَیدًا فَقَتَلَہُ
(۳) سببیت جیسے ضَرَبَ زَیدًا فَمَاتَ۔
(۴) رابطہ۔ جواب شرط میں جیسے اِنْ کُنتُم
تُحِبُّونَنِی فَاحفَظُوا وَصَایَایَ۔ شبہ جواب شرط میں
جیسے "اَلَّذِی یَاتِینِی فَلَہُ دِرہَمٌ"۔
(۵) ناصبہ مضارع کیلئے بتقدیر اَن جیسے زُرنِی
فَاُکرِمَکَ۔
(۶) استیناف کیلئے جیسے یَقُولُ کُن فَیَکُونُ۔
(۷) زائدہ جیسے زَیدٌ فَلَا تَضرِبہُ۔ خَرَجتُ
فَاِذَا الاَسَدُ فِی الدَّارِ۔ وَلَمَّا قُمتُ فَقُمنَا۔
اِفتَاتَ۔ بِرَایِہِ: رائے میں منفرد ہونا۔
اکیلا ہونا۔ علَی الباطلِ: گھڑ لینا۔
اُفتُیِتَ۔ اچانک مرجانا۔
فَادَہُ (ف) فَاداً۔ دل پر مارنا۔ دل پر
لگنا۔ فَادَ الخَوفُ فُلَاناً: بزدل بنانا۔ اللَّحمَ
فِی النَّارِ: گوشت بھوننا۔ الخُبزَ: روٹی کو بھوبل
میں ڈالنا۔
فَئِدَ فَاداً وفَئِدَ (س) فَاداً۔ دل
کی بیماری والا ہونا۔
اِفتَادَ الرَّجُلُ: بھوننے کیلئے آگ جلانا
اللَّحمَ فِی النَّارِ: گوشت بھوننا۔
تَفَادَتِ۔ النَّارُ: آگ کا جلنا۔
الفُؤَادُ۔ دل، بسا اوقات عقل پر بھی اطلاق
ہوتا ہے۔ ج اَفئِدَۃٌ۔
الفَئِیدُ۔ آگ۔ بھنا ہوا۔ بزدل۔
الاُفؤُودُ۔ بھوبل کی پکی ہوئی روٹی۔
بھوبل میں روٹی رکھنے کی جگہ ج اَفَائِیدُ۔
المُفتَادُ۔ آگ جلنے کی جگہ۔
المِفأدُ والمِفَادُ والمِفأدَۃ۔ آگ کریدنے
کا لوہا یا لکڑی۔ سیخ۔ مَفَائِدُ و مَفَائِیدُ۔
المَفؤُودُ۔ دل کی بیماری والا۔ بزدل۔
بھوبل کی پکی ہوئی روٹی۔ بھنا ہوا۔
فَاَرَ (ف) فَاراً۔ التُّرابَ: مٹی کھودنا۔
— الشَّیءَ: دفن کرنا۔ چھپانا۔
فَئِرَ (س) فَاَراً۔ المَکَانُ: بہت چوہے
والا ہونا۔
الفَارُ۔ مم۔ چوہا۔ ج فِئرَانٌ وفِئَرَۃٌ واحد
(الفَارَۃ) مذکر و مؤنث دونوں کیلئے۔
الفَارَۃ۔ مشک کا نافہ۔
مَکَانٌ (فَئِرٌ) وارضٌ (فَئِرَۃٌ ومَفأَرَۃٌ)
بہت چوہوں والا مکان۔ بہت چوہوں والی
زمین۔
فَاَسَ (ف) فَاساً۔ الخَشَبَۃَ: لکڑی کو
کلہاڑی سے پھاڑنا — الرَّجُلَ: کلہاڑی سے
مارنا۔ سر کے پچھلے حصہ پر لگنا۔
الفَاسُ۔ مم۔ کلہاڑی۔ کبھی بغیر ہمزہ کے
بولا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے (فَاسٌ) اور یہ
مؤنث سماعی ہے ج اَفؤُسٌ وفُؤُوسٌ فَاسُ
الرَّاسِ: سر کے پچھلے حصہ کی ابھری ہوئی ہڈی۔

فَأْسُ الْفَمِ: منہ کا وہ کنارا جس میں دانت ہیں
فَأْسُ اللِّجَامِ: لگام کا وہ لوہا جو گھوڑے کے منہ میں ہوتا ہے۔
فَأْفَأَ فَأْفَأَةً۔ الرَّجُلُ: حرف فا اکثر بولنا صفت ر فَأْفَاءٌ وفَأْفَأٌ)
فَأَقَ (ف) فُؤَاقًا۔ ہچکی آنا۔
فَأَّلَهٗ تَفْئِيلًا۔ بالشَّيْءِ: فال لینا۔
تَفَأَّلَ وتَفَاءَلَ واِفْتَأَلَ۔ بہ: اچھا شگون لینا۔
اَلْفَأْلُ۔ نیک شگون۔ جیسے مریض کسی کو یا سالم کہتے ہوئے سنے تو اس سے یہ سمجھے کر صحت ہو جائے گی۔ کہا جاتا ہے "لَا فَأْلَ عَلَيْكَ" یعنی تیرے اوپر کوئی مضر نہیں ج فُؤُولٌ واَفْؤُلٌ
فَأَمَ (ف) فَأْمًا۔ مِنَ الْمَاءِ: پانی سے سیراب ہونا۔
فَأَمَ وفَئِمَ فَأْمًا وتَفَأَّمَ۔ البَعِيرُ: گھاس سے منہ بھرنا۔
فَأَّمَ واَفْأَمَ۔ القَتَبَ: پالان کو وسیع کرنا۔ اَفْأَمَ الدَّلْوَ: ڈول بھرنا۔
اَلْفِئَامُ۔ لوگوں کی جماعت اور اس لفظ سے واحد نہیں ج فُؤُمٌ کہا جاتا ہے "قَطَّعُوهُ فُؤُومًا" یعنی ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے۔
فَأَى يَفْأَى فَأْوًا وفَأْيًا۔ رَأْسَ فُلَانٍ: کسی کے سر کو تلوار سے پھاڑ دینا۔
اَفْأَى۔ تنگ وادی میں پڑنا۔
تَفَأَّى۔ القَدَحُ: پیالہ کا پھٹنا۔
اِنْفَأَى۔ کھلنا۔ الشَّيْءُ: پھٹنا۔
اَلْفَأْوُ۔ مع۔ دو پہاڑوں کے درمیان شگاف۔ وادی میں تنگ جگہ۔ چکنی جگہ۔ ریت کا تودہ۔ رات۔ آفتاب غروب ہونے کی جگہ پہاڑوں کے درمیان عمدہ زمین۔
اَلْفِئَةُ۔ جماعت۔ گروہ ج فِئَاتٌ وفِئُونَ
فَتَّ (ن) فَتًّا وفَتَّتَ۔ الشَّيْءَ: انگلیوں سے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "فَتَّ فِي سَاعِدِهِ" یعنی اس نے اس کو کمزور کر دیا "فَتَّ فِي عَضُدِهِ" یعنی اس کی قوت توڑ دی اور اس کے اعوان و انصار کو متفرق کر دیا۔
اِنْفَتَّ وتَفَتَّتَ۔ ٹوٹنا۔
اَلْفَتُّ۔ مع۔ پتھر میں پھٹن۔ کہا جاتا ہے "هُمْ اَهْلُ بَيْتٍ فَتٍّ وفَتٍّ" یعنی وہ لوگ منتشر ہیں۔
اَلْفَتَّةُ اَلْفُتَّةُ۔ خشک مینگنیاں جو توڑی جائیں اور چقماق کے نیچے رکھ کر آگ روشن کی جائے۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا لَا يُسَاوِي فُتَّةً" یعنی یہ مینگنی کے برابر نہیں۔ کھجوروں کا ڈھیر
اَلْفُتَاتُ۔ چورا۔
اَلْفَتِيتَةُ۔ ریزہ ریزہ شدہ چیز کا ایک ٹکڑا ج فَتَائِتُ۔
اَلْفَتِيتُ واَلْفَتُوتُ واَلْمَفْتُوتُ چورا کیا ہوا۔
فَثَأَ (ف) فَثْئًا۔ النَّارَ: آگ بجھانا۔ فَثَأَهٗ عَنِ الْاَمْرِ: کسی کام سے روک دینا۔
فَتِئَ (س) فَتْأً۔ عَنْهُ: رکنا۔ بھولنا۔ کہا جاتا ہے "مَا فَتَأَ (ف س) وَمَا فَتِئَ (س) يَفْعَلُ ذٰلِكَ" یعنی ہمیشہ یہ کرتا رہا۔ اور یہ افعال ناقصہ میں سے ہے اور سوائے ماضی و مضارع کے دوسرے افعال کا استعمال نہیں۔
فَتَحَ (ف) فَتْحًا۔ البَابَ: دروازہ کھولنا — القَنَاةَ: پانی بہنے کے لئے نالی نکالنا۔ — البِلَادَ: ملک پر غالب ہونا۔ مالک ہونا۔ فتح کرنا — الحَاكِمُ بَيْنَ النَّاسِ: حاکم کا فیصلہ کرنا — اللّٰهُ عَلَيْهِ: سکھلا دینا پہنچا دینا — بِسِرِّهٖ عَلٰى فُلَانٍ: کسی پر بھید ظاہر کر دینا۔
فَتَحًا وفِتَاحَةً۔ اللّٰهُ عَلٰى فُلَانٍ: مدد کرنا
فَتَّحَ۔ یعنی فتح تشدید مبالغہ کے لئے ہے
تَفَتَّحَ۔ کھلنا — فِي الْكَلَامِ۔ بِالْمَالِ عَلٰى فُلَانٍ: اظہار کرنا اور فخر کرنا۔ تَفَتَّحَتِ الْاَكْمَامُ عَنِ الشَّيْءِ: کھل جانا۔ النَّوْرُ: کلیوں کا کھلنا۔ اِنْفَتَحَ کھلنا۔ اِنْفَتَحَ عَنِ الشَّيْءِ: کھل جانا۔
فَاتَحَهٗ۔ فیصلہ کے لئے لے جانا۔ فَاتَحَهٗ بِالْاَمْرِ: پہلے مخاطب کرنا۔ فَاتَحَ فُلَانًا: بھاؤ کرنا اور کچھ نہ دینا۔ فَاتَحَ البَيْعَ: بیع میں آسانی کرنا — المَرْأَةَ: عورت سے جماع کرنا۔
تَفَاتَحَ۔ القَوْمُ كَلَامًا بَيْنَهُمْ: آپس میں چپکے چپکے باتیں کرنا۔
اِفْتَتَحَ۔ البِلَادَ: ملک فتح کرنا۔ واسْتَفْتَحَ الْاَبْوَابَ: دروازے کھولنا — الْاَمْرَ بِكَذَا: شروع کرنا۔ اِسْتَفْتَحَ الرَّجُلُ: مدد طلب کرنا۔
اَلْفَاتِحُ فا۔ ج فَتَحَةٌ وفَاتِحُونَ۔
اَلْفَتْحُ۔ مع۔ مد۔ روزی۔ دریاؤں کا جاری پانی۔ بہار کی پہلی بارش ج فُتُوحٌ۔ يَوْمُ الْفَتْحِ: قیامت کا دن۔ اَلْفَتْحُ: زبر۔
اَلْفُتُوحَاتُ۔ لڑائی سے جو ممالک فتح ہوں۔
اَلْفَتْحَةُ۔ ایک مرتبہ کھولنا۔ زبر۔
اَلْفَتَاحَةُ۔ مع مدد۔
اَلْفِتَاحَةُ واَلْفُتَاحَةُ۔ دو دشمنوں کے درمیان فیصلہ۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا فُتَاحَاتٌ" یعنی ان دو کے درمیان خصومتیں ہیں۔
اَلْفُتُحُ۔ کھلا ہوا وسیع دروازہ کھلی ہوئی وسیع شیئی۔
اَلْفُتَحِيُّ۔ ہوا۔
اَلْفُتُحَةُ۔ کشادگی۔ مال یا علم وادب پر ناز۔ ج فُتَحٌ۔
اَلْفَاتِحَةُ۔ مِنَ الشَّيْءِ: ابتدا اور اسی سے ہے فَاتِحَةُ الْكِتَابِ ج فَوَاتِحُ۔
اَلْفُتُوحُ۔ بہار کی پہلی بارش ج فُتُحٌ۔
اَلْفُتَاحُ واَلْفِتَاحُ واَلْفُتُوحَةُ: حکومت
اَلْفَتَّاحُ اسم مبالغہ۔ حاکم۔ قاضی۔
اَلِاسْتِفْتَاحُ۔ مع۔ اور حرف استفتاح نحویوں کے نزدیک اَلَا ہے۔
اَلْمَفْتَحُ۔ خزانہ۔ دفینہ۔ ج مَفَاتِحُ۔
اَلْمِفْتَحُ۔ کنجی۔ ج مَفَاتِحُ۔ اَلْمَفْتَحُ: پانی کی نالی۔
اَلْمِفْتَاحُ۔ کنجی۔ ج مَفَاتِيحُ۔

فَتِخَ (س) فَتَخًا۔ ڈھیلے نرم کمزور جوڑوں والا ہونا۔ صفت (اَفْتَخُ)

فَتَخَ (ف) فَتْخًا وفَتَّخَ۔ اَصَابِعَہ: انگلیوں کو مروڑنا اور نرم کرنا۔

اَفْتَخَ۔ الرَّجُلُ: تھکنا اور سانس پھولنا۔

تَفَتَّخَ۔ چھلا پہننا۔

الفَتَخَۃ والفُتْخَۃ۔ چھلا۔ بغیر نگینے کے انگوٹھی۔ نگینہ والی انگوٹھی کو خاتم کہتے ہیں۔ ج فَتَخٌ (فتخات وفُتُوخ وفِتَاخ۔ فُتُوخُ الاَسَدِ: شیر کے پنجے۔

الاَفْتَخُ۔ نرم کمزور ڈھیلے جوڑوں والا مؤنث۔ فتخاء ج فُتْخٌ۔ اَسَدٌ اَفْتَخُ: چوڑے ہاتھ پاؤں والا شیر۔ رَجُلٌ اَفْتَخُ الطَّرْفِ: کمزور نگاہ والا مرد۔

الفَتَخ والفَتَخَۃ۔ گٹے سے بازو تک کا باطنی حصہ۔

فَتَرَ (ن ض) فُتُورًا وفُتَارًا وتَفَتَّرَ تیزی کے بعد ساکن ہونا اور سختی کے بعد نرم پڑنا۔ — الماءُ: حرارت کم ہونا — عَنِ العَمَلِ: کوتاہی کرنا۔

فَتْرًا وفُتُورًا۔ جِسْمُہٗ: کمزور نرم جوڑوں والا ہونا۔

فَتْرَۃً وفُتُورًا۔ الحَرُّ: کم ہونا۔

فَتَرَہٗ (ن ض) فَتْرًا۔ انگوٹھا اور انگشت شہادت کے درمیان ناپنا۔

فَتَّرَ۔ تیزی کے بعد ساکن ہونا اور سختی کے بعد نرم پڑنا — السَّحَابُ: ٹھہرنا اور آمادہ بارش ہونا۔ فَتَّرَہٗ: سکون ونرمی پر برانگیختہ کرنا فتر الماءَ: گرم پانی کی حرارت کو کم کرنا۔

اَفْتَرَ۔ کمزور پلکوں والا ہونا — الشَّرَابُ: شراب کا مست کر دینا — والداءُ او السکرُ: بیماری یا نشہ کا کسی کو ضعیف وکمزور کر دینا۔

اِسْتَفْتَرَ۔ الفَرَسُ: سواری چھوڑ دیئے جانے کی وجہ سے تھکن دور ہو کر آرام پانا۔

الفَتْرُ۔ کمزوری۔ فتور۔

الفِتْرُ۔ انگشتِ شہادت اور انگوٹھا کے درمیان کھلی ہوئی حالت میں۔

الفِتْرُ۔ آٹا چھاننے کیلئے کھجور کی چٹائی۔

الفَتْرَۃ۔ سستی وکمزوری۔ صلح۔ بخار کے دو باری کے درمیان کا زمانہ۔ دو نبیوں کے درمیان کا زمانہ۔ ج فَتَرَات۔

والفِتْرُ۔ ایک قسم کی مچھلی جس کے پکڑنے سے کپکپی پیدا ہوتی ہے۔

الفُتَار۔ مع۔ بیہوشی کی ابتدا (ماءٌ۔ فاتورٌ) نیم گرم پانی۔

فَتْرَصَ۔ فَتْرَصَۃ۔ کاٹنا۔

فَتَشَ (ض) فَتْشًا وفَتَّشَ۔ الشَّیءَ: ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا۔ فتش وفتش عنہ: سوال کرنا اور بحث کرنا۔

الفَتَّاش بہت تلاش وجستجو کرنے والا۔

فَتَغَ (ف) فَتْغًا الشی: روند کر ریزہ ریزہ کرنا۔

تَفَتَّغَ۔ ریزہ ریزہ ہونا۔

فَتْفَتَ اِلَیْہِ۔ فَتْفَتَۃً چپکے چپکے بات کہنا کہا جاتا ہے "ما ہٰذہِ الفتفتۃُ والدندنۃُ"

الفَتَافِت۔ پوشیدہ اقوال۔

فَتَقَ (ن ض) فَتْقًا وفَتَّقَ۔ الشَّیءَ: پھاڑنا — الثَّوْبَ: کپڑے کی سیون توڑنا۔ ادھیڑنا — المِسْکَ: مشک کی خوشبو نکالنا العَجِیْنَ: گندھے ہوئے آٹے میں خمیر ڈالنا — بَیْنَ القَوْمِ: اختلاف پیدا کرانا۔ الکَلَامَ: واضح کہنا۔

فَتِقَ (س) فَتَقًا۔ المکانُ: سرسبز ہونا۔

اَفْتَقَ۔ القَوْمُ: کھلے بادل پر جانا۔ قَرْنُ الشَّمْسِ: آفتاب کا بادلوں میں ظاہر ہونا — السَّحَابُ: بادل کا کھل جانا — الرَّجُلُ۔ مختلف مصائب وآفات والا ہونا۔

تَفَتَّقَ وانْفَتَقَ۔ پھٹنا۔ وانْفَتَقَت الماشِیَۃُ: مویشی کا موٹا ہونا۔ تَفَتَّقَ فُلَانٌ بالکلامِ: زبان کا رواں ہونا۔

الفَتْقُ۔ مع کشادہ جگہ۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ فُلَانٌ اِلٰی فَتْقٍ" فلاں ایسے مقام کی طرف نکلا جہاں بارش نہیں اور اردگرد میں بارش ہے۔ ج فُتُوقٌ۔ کہا جاتا ہے "عَامٌ ذُو فُتُوقٍ" کم بارش کا سال۔ سرسبزی۔ قحط سالی۔ زندگی میں خلل۔

الفَتْقُ والفَتَقُ۔ صبح

الفِتَاق۔ خمیر کا بڑا پیڑا۔ آفتاب۔ آفتاب کی شعاع۔ درخت خرما کی سفید جڑ۔ دوائیوں کا مرکب

الفُتُوق۔ آفات جیسے مرض بھوک فقیری تھوڑی بارش۔

الفَتِیْق۔ موٹائی سے پھٹ پڑنے والا۔ الصُّبْحُ الفَتِیْقُ: چمکنے والی صبح۔ رَجُلٌ فَتِیْقُ اللِّسَانِ تیز زبان مرد۔

اِمْرَأَۃٌ (فُتُقٌ ومُتَفَتِّقَۃٌ) تیز زبان جلد جواب دینے والی عورت۔

المَفْتُوق مفم فتق کی بیماری والا۔

الفَیْتَق۔ دربان۔ بڑھئی۔ لوہار۔ بادشاہ

مَفْتَقُ۔ القَمِیْصِ: قمیص کا گریبان۔

الفَتْقَاء۔ کشادہ شرمگاہ والی عورت۔

فَتَکَ (ن ض) فَتْكًا وفِتْكًا وفُتْكًا وفُتُوكًا۔ الرَّجُلُ: دلیر ہونا۔ بہادر ہونا۔ نڈر ہونا — بفلانٍ: غفلت میں پکڑنا یا قتل کرنا۔ — فِی الاَمْرِ: کسی کام میں اصرار کرنا۔ مبالغہ کرنا۔

فَتَکَ (ن ض) فُتُوكًا۔ فِی صَنَاعَتِہٖ: اپنے پیشہ میں ماہر ہونا — فِی الخُبْثِ: خیانت میں مبالغہ کرنا۔

فَتَّکَ۔ القُطْنَ: روئی دھننا۔

اَفْتَکَ۔ الرَّجُلُ: بمعنے فَتَکَ۔

فَاتَکَہٗ مُفَاتَکَۃً۔ کھلم کھلا قتل کرنا فاتک الشَّیءَ والاَمْرَ: کسی کام کو سختی سے کرنا — ہ: ہنرمندی میں مقابلہ کرنا۔ مانگی ہوئی قیمت دینا

تَفَتَّکَ۔ بِاَمْرِہٖ: خود رائی سے کام کرنا اور کسی سے مشورہ نہ کرنا۔

الفَاتِک۔ فا۔ دلیر۔ بہادر ج فُتَّاک کہا جاتا ہے "ہُوَ فَاتِکُ القَلْبِ" یعنی وہ گرگز نولا

کہا جاتا ہے "مَا اَفْتَنَہٗ" یعنی کس قدر جھگڑالو ہے
فَتَلَ (ض) فَتْلاً و فَتَّلَ - الحَبْلَ :
رسی بٹنا - کہا جاتا ہے "فَتَلَ وَجْہَہٗ عَنْہُمْ" یعنی ان
سے اپنے چہرے کو پھیر لیا "فَتَلَہٗ عَنْ رَأْیِہٖ
فُلَانٌ" یعنی اس کو رائے سے ہٹا دیا - فَتَلَ البُلْبُلُ:
چہچہانا - اور مثال ہے "مَا زَالَ یَفْتِلُ مِنْ فُلَانٍ
فِی الذِّرْوَۃِ وَالْغَارِبِ" یعنی وہ فلاں کے
فریب دہی کیلئے چکر لگاتا ہے -
فَتِلَ (س) فَتَلاً - بعید پہلوؤں والا ہونا
صفت (اَفْتَل) مؤنث (فَتْلَاء)
تَفَتَّلَ و اِنْفَتَلَ - رسی وغیرہ کا بٹ جانا -
الفُتْلَۃُ - فتل کا اسم مرۃ - ہاتھ کے پٹھے
کی سختی - بیری اور ببول کے دانہ رکھنے کا برتن
ج فُتَلٌ -
الفَتْلَۃُ - درخت عُرْفُط اور عضاہ کا دانہ
ج فتل - کہا جاتا ہے "مَا اَغْنٰی عَنْکَ فَتْلَۃً" او فُتْلَۃً"
یعنی میں تم کو کچھ بھی فائدہ نہیں دوں گا -
الفَتِیْلُ - بٹا ہوا - مؤنث فَتِیْلَۃٌ: کھجور کی
گٹھلی کے شگاف کی باریک بتی (ـــ والفَتِیْلَۃُ)
بدن کے میل کی بتی جو بدن کے ملنے سے بنتی ہے
کہا جاتا ہے "مَا اَغْنٰی عَنْکَ فَتِیْلاً" یعنی میں تم کو
کچھ بھی فائدہ نہیں دے سکتا - الفَتِیْلَۃُ : بتی -
ج فَتَائِلُ و فَتِیْلَاتٌ -
الفَتَّالُ - بہت بٹنے والا ـــ بلبل
المِفْتَلُ - بٹنے کا آلہ -
المَفْتُوْلُ - مفع - مفتول الخلق : مضبوط
اور گٹھا ہوا جسم والا -
فَتَنَ (ض) فَتْناً و فُتُوْناً و فِتْنَۃً -
و اَفْتَنَہٗ - تعجب میں ڈالنا - مائل کرنا - فریفتہ
کرنا - فتنہ میں ڈالنا - فُتِنَ الرَّجُلُ : فتنہ میں پڑنا
(لازم و متعدی) صفت (فَاتِن) ج فُتَّانٌ
فَتَنَ (ض) فُتُوْناً و فُتِنَ - اِلَی النِّسَاءِ :
عورتوں سے بدکاری کا ارادہ کرنا -
فَتَنَ (ض) فِتْنَۃً و مَفْتُوْناً - فُلَاناً :
گمراہ کرنا - آزمائش کرنا -

فَتْناً - الشَّیْءَ : جلانا ـــ فُلَاناً عَنْ رَأْیِہٖ :
روک دینا - پھیر دینا -
فِتْنَۃً - الصَّائِغُ الذَّھَبَ : سنار کا سونے
کو پگھلا کر کھوٹا کھرا معلوم کرنا -
فُتِنَ و اُفْتُتِنَ - مصیبت زدہ ہو کر مال
یا عقل جاتا رہنا ـــ فِی دِیْنِہٖ : اعراض کرنا -
اِفْتَتَنَ - فتنہ میں پڑنا - اِفْتَتَنَہٗ : فتنہ
میں ڈالنا -
تَفَتَّنَ - فتنہ میں ڈالنے کیلئے تکلف کرنا -
الفَاتِنُ - فا - چور، شیطان، حق سے گمراہ کرنیوالا -
الفَتْنُ - مص - حال، قسم اور اسی سے ہے
"العُمُرُ فَتْنَانِ" یعنی عمر کی دو قسمیں ہیں - اچھی
اور بری -
الفِتْنَۃُ - مص - آزمائش - گمراہی و کفر
رسوائی - رنج - دیوانگی - عبرت - عذاب
مرض - مال و اولاد - اختلاف آراء و وقوع
جنگ و جدال ج فِتَنٌ -
الفَتَّانُ - بہت فتنہ انگیز - چور، شیطان
سنار - الفَتَّانَانِ : چاندی و سونا -
الفَتَّانَۃُ - مؤنث فتان - کسوٹی -
الفَتِیْنُ - پتھریلی زمین کہ جیسے پتھر جلے ہوئے
جیسے ہوں ج فُتُنٌ - ذَھَبٌ فَتِیْنٌ : جلا ہوا
سونا -
الفَیْتَنُ - بڑھئی -
المَفْتُوْنُ - مص - مفع - دیوانہ - پاگل -
فَتَا یَفْتُو فَتْواً - الرَّجُلَ : سخاوت و جوانمردی
میں غالب ہونا -
فَتِیَ (س) فَتًی و تَفَتّٰی تَفَتِّیًا -
جوان ہونا -
فَتّٰی تَفْتِیَۃً و تَفَتّٰی تَفَتِّیًا - فُتِّیَتْ
البِنْتُ و تَفَتَّتْ : پردہ نشینی کرنا - لڑکوں کے
ساتھ کھیلنے سے رکنا - تَفَتَّی الرَّجُلُ : صاحب
سخاوت ہونا - جوانمرد بننا - کہا جاتا ہے "اَبْرَزُوْا مِنْ
شَیْخٍ یَتَفَتّٰی"
اَفْتٰی اِفْتَاءً - فُلَاناً فِی المَسْأَلَۃِ : فتویٰ دینا

فَاتٰی - الرَّجُلَ : جوانمردی میں غالب ہونا
فتویٰ پوچھنا -
تَفَاتٰی - صاحب سخاوت ہونا - جوانمردی ظاہر
کرنا - تَفَاتَوْا اِلَی العَالِمِ : فتویٰ دریافت کرنے
کے لئے جانا -
اِسْتَفْتٰی اِسْتِفْتَاءً - العَالِمَ فِی مَسْأَلَۃٍ :
فتویٰ طلب کرنا -
الفَتَاءُ و الفُتُوَّۃُ - جوانی - الفُتُوَّۃُ : ـــ
سخاوت و کرم - مروت -
الفَتْوٰی و الفُتْوٰی و الفُتْیَا - شرعی
مسائل میں ماہر شریعت کا فیصلہ ج الفَتَاوِی
والفَتَاوٰی -
الفَتٰی - نوجوان - سخی - غلام - اس کا مثنی
فَتَوَانِ و فَتَیَانِ اور ج فِتْیَانٌ و فِتْیَۃٌ و فُتُوَّۃٌ
و فُتُوٌّ و فُتِیٌّ و فِتِیٌّ -
الفَتَیَانِ - دن رات -
الفَتَاۃُ - نوجوان عورت - باندی ج فَتَیَاتٌ
و فَتَوَاتٌ -
الفَتِیُّ - ہر ایک جوان سال ج فِتَاءٌ و اَفْتَاءٌ
مؤنث فَتِیَّۃٌ -
المُفْتِیْ - فا - ماہر علم فقہ جو مسائل کا جواب دے
فَثَّ (ن) فَثًّا - القُفَّۃَ : ٹوکری سے بکھیرنا
الحَارَّ بِالبَارِدِ : ٹھنڈا کر دینا - جوش کم کر دینا -
اِنْفَثَّ - العُوْدُ : لکڑی کا ٹوٹنا ـــ الرَّجُلُ
شکستہ دل ہونا -
تَمْرٌ (فَثٌّ) متفرق کھجور -
المَفَثَّۃُ - زیادتی کثرت -
فَثَأَ (ف) فَثْأً و فُثُوْءاً - القِدْرَ : ہانڈی کا
جوش ٹھنڈا کرنا ـــ الغَضَبَ : غصہ کی
تیزی کم کرنا ـــ الشَّیْءَ عَنْہُ : روکنا -
اَفْثَأَ - تھکنا سست ہونا ـــ بالمَکَانِ :
اقامت کرنا (ـــ و اِنْفَثَأَ) الحَرُّ : گرمی کا
کم ہونا -
فَثَجَ (ن) فَثْجاً - الشَّیْءَ : کم کرنا ـــ المَاءَ
الحَارَّ بِالبَارِدِ گرمی کم کرنا (ـــ و فَثِجَ و اَفْثَجَ

وأُفْتُجَّ) بوجھل ہونا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ بَحْرٌ لَا یُفْتَجُّ" فلان بحر ناپیدا کنار ہے۔
الفَاثِج۔ فا۔ حاملہ اونٹنی ج فَوَاثِج۔
الفَاثُور۔ سنگ رخام کی میز۔ آفتاب کی ٹکیہ۔ فرش۔ بڑا پیالہ۔ شراب کا برتن۔ جاسوس
فَثَغَ (ف) فَثْغًا۔ رأسَہ: پھوڑنا۔
فَجَّ (ن) فَجًّا۔ القوسَ: کمان کو کھینچنا ما بین رجلیہ: کشادہ و بعید کرنا۔ فَجَّتِ الناقۃُ للحَلَب: اونٹنی کا دوہنے میں ٹانگیں پھیلانا۔
فَجَّ (س) فَجَجًا۔ چلنے میں ٹانگوں کے درمیان کشادہ ہونا۔ صفت (أَفَجّ) مؤنث (فَجَّاء) ج فُجّ۔
أَفَجَّ۔ ما بین رجلیہ: کشادہ اور بعید کرنا۔ صفت (مُفِجّ) ـــ فی المشی: جلدی جلنا۔ درہ میں چلنا أَفَجَّ الأرضَ بالحِرَاث: ہل چلانا۔
تَفَاجَّ۔ ٹانگیں پھیلا کر چلنا۔
اِنْفَجَّت۔ القوسُ: کمان کا کھنچ جانا۔
اِفْتَجَّ۔ الرجلُ: درے میں چلنا۔
الفَجّ درہ۔ دو پہاڑوں کے درمیان کشادہ راستہ۔ ج فِجَاج۔
الفُجَاج۔ درہ۔ دو پہاڑوں کے درمیان کشادہ راستہ۔
الفِجّ والفِجَاجۃ۔ من الفواکہ وغیرہا: کچا میوہ وغیرہ۔
الفَجَّۃ۔ دو پہاڑوں کے درمیان کشادگی۔ کہا جاتا ہے فلانٌ یَمْشِی (مُفَاجًّا) یعنی فلاں ٹانگیں پھیلائے ہوئے چلتا ہے
الأَفْجَج۔ کشادہ وادی تنگ و گہرا
الفُجْفُج۔ کاہل و سست لوگ۔ ایسے لوگ جن کی صحبت کرنا پسند کیا جائے۔
فَجَأَ (ف) وفَجِئَ (س) فَجْأً وفُجَاءَۃً وفُجَاءَۃً وفَلْجَأً مُفَاجَاءَۃً وافْتَجَأَ اِفْتِجَاءً۔ الرجلُ: اچانک آجانا۔ جلدی کرنا۔

الفُجَاءَۃ مص۔ اچانک۔
حرفُ (المُفَاجَاۃ) لفظ اذا ہے جیسے خَرَجْتُ فَإِذَا الأَسَدُ بِالبَابِ اور اس کو الفُجَائِیَۃ۔ بھی کہا جاتا ہے۔
فَجَرَ (ن) فَجْرًا۔ الماءَ: پانی بہانا۔ جاری کرنا القناۃَ: نالی نکالنا اللہُ الفجرَ: فجر طلوع کرنا فلانًا: جھٹلانا نافرمانی کرنا۔ مخالفت کرنا۔
فَجَرَ (ن) فُجُورًا۔ عن الحقِّ: تجاوز کرنا۔ عن سَرْجِہ: زین سے ایک طرف کو جھک جانا۔
فَجَرَ (ن) فَجْرًا وفُجُورًا۔ جھوٹ بولنا۔ زنا کرنا۔ گناہ کرنا۔ کمزور نگاہ والا ہونا ـــ أمرُہم: بگڑنا۔ خراب ہونا۔ ـــ من مَرَضِہ: صحیح و تندرست ہونا۔
فَجِرَ (س) فَجَرًا۔ فیاضی کرنا۔
فَجَّرَ۔ الماءَ: پانی بہانا جاری کرنا۔ تشدید مبالغہ کے لئے ہے ـــ الرجلَ: بدکاری کی طرف نسبت کرنا۔
فَاجَرَ فِجَارًا ومُفَاجَرَۃً۔ المرأۃَ: زنا کرنا۔
أَفْجَرَ۔ جھوٹ بولنا۔ زنا کرنا۔ کفر کرنا۔ حق سے تجاوز کرنا۔ فجر میں داخل ہونا۔ مال کثیر لانا ـــ الینبوعَ: چشمہ جاری کرنا۔ ـــ فلانًا: فاجر پانا۔
اِنْفَجَرَ۔ علیہم العدوُّ: دشمنوں کی طرف سے بکثرت آجانا۔
ـــ وتَفَجَّرَ۔ الماءُ: پانی کا جاری ہونا۔ ـــ الصبحُ: صبح کا روشن ہونا ـــ بالعطاء فیاضی کرنا۔ اِنْفَجَرَ عنہ اللیلُ: رات کا ختم ہونا۔
اِفْتَجَرَ۔ فی الکلام: گھڑنا۔ بناوٹی بات کہنا
تَفَاجَرَ۔ القومُ: گناہوں میں منہمک ہونا
الفَجَر۔ بخشش۔ عطیہ۔ بھلائی۔ مال و کثرت مال۔
الفَجْر۔ مص۔ صبح کی روشنی۔ کہا جاتا ہے

"طَرِیقٌ فَجْرٌ" یعنی کھلا ہوا صاف راستہ۔
الفَجْرَۃ۔ فجر کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے۔ "رَکِبَ فَجْرَۃَ" وہ جھوٹ پر سوار ہوا یعنی جھوٹی بات بنائی اور یہ کلمہ تانیث اور علمیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔
الفُجْرَۃ۔ من الوادی: وادی کا وسیع حصہ جس میں پانی بہہ رہا ہو۔ ج فُجَر۔
الفُجْرَۃ والمَفْجَرَۃ والمُنْفَجَر: پانی بہنے کی جگہ۔ مُنْفَجَرُ الرملِ: ریگستان میں راستہ۔
فَجَارِ۔ الفجور کا اسم ہے اور معرفہ ہے جیسے "حَمَلْتُ بَرَّۃَ واحْتَمَلْتُ فَجَارِ" اور عورت کیلئے بھی فَجَارِ بمعنے فاجرہ آتا ہے اور صرف ندا ہی کی صورت میں استعمال ہوتا ہے۔
الفِجَار۔ کشادہ راستے جو دو پہاڑوں کے درمیان ہوں۔
الفَاجِر۔ فا۔ زانی۔ گناہوں کا تابعدار جادوگر ج فَاجِرُون وفَجَرَۃ و فُجَّار۔
الفَاجِرَۃ۔ مؤنث فاجر۔ کہا جاتا ہے۔ "یَمِینٌ فَاجِرَۃٌ" یعنی جھوٹی قسم۔
الفَجُور۔ زانیہ۔ زانی۔ گناہوں میں منہمک ج فُجُر۔
الفَجُّور۔ زناکار۔ گناہوں میں منہمک
فَجَزَ (ن) فَجْزًا۔ تکبر کرنا۔
فَجَسَ (ن) فَجْسًا۔ تکبر کرنا۔ شرارت گھڑنا ـــ فلانًا: غالب آنا۔
أَفْجَسَ۔ باطل پر فخر کرنا۔
تَفَجَّسَ۔ علیہ: تکبر کرنا۔ بڑائی ظاہر کرنا
فَجَشَ (ن) فَجْشًا۔ سر توڑنا۔ چوڑا بنانا
فَجَعَہ (ف) فَجْعًا وفَجِیعَۃً۔ دردمند کرنا۔ مصیبت زدہ بنانا۔ کہا جاتا ہے "فُجِعَ فی مالِہ وبِمالِہ" اس کو مال کی وجہ سے مصیبت لاحق ہوئی۔
أَفْجَعَتْہ۔ المصیبۃُ: مصیبت زدہ کرنا۔
تَفَجَّعَ۔ دردمند ہونا۔ صلہ اس کا لام ہے
الفَاجِع۔ فا۔ بڑا غم جو انسان کو لاحق ہو۔

جدائی کا کوا۔ کہا جاتا ہے اِمرأةٌ فاجعٌ
دردمند عورت۔ رَجُلٌ (فاجعٌ و متفجّعٌ)
دردمند مصیبت زدہ مرد۔ حسرت و افسوس
کرنے والا مرد۔
مَوتٌ فاجعٌ و فجوعٌ۔ مصیبت
لانے والی موت۔
الفاجعة۔ مصیبت ج فواجع۔
الفجیعة۔ مصیبت ج فجائع۔
فَجَلَ (ن) فَجْلاً و فَجِلَ (س)
فَجَلاً۔ الشیءُ: ڈھیلا اور موٹا ہونا۔
فجّل۔ الشیءَ: چوڑا کرنا۔
افتجل۔ الامرَ: ایجاد کرنا۔
الفاجل۔ فا۔ جواری۔
الفُجل و الفُجُل۔ مولی۔ واحد فُجلة
الفجّال۔ مولی بیچنے والا۔
الافجل۔ وہ شخص جس کے دونوں
قدموں کے درمیان دوری ہو۔
فَجِمَ (س) فَجَمًا۔ موٹے جبڑے والا
ہونا۔ صفت (اَفجم)
تفجّم و انفجم۔ الوادی: وادی کا کشادہ
ہونا۔ فُجمة۔ الوادی و فُجمتہ: وادی
کی کشادہ جگہ۔
اَفجن۔ سُداب کھانے کی مداومت کرنا۔
الفیجن۔ سُداب (ایک قسم کی گھاس)
فجا یفجو فجوًا۔ الباب: دروازہ
کھولنا — القوسَ: کمان کھینچنا۔
فَجِیَ یفجی فجًا۔ پنڈلیوں یا پیروں
کے درمیان دوری کرنا۔ صفت (اَفجی)
مؤنث فجواء۔ فجیت القوس: کمان کا کھنچا ہوا
ہونا۔ الناقة: اونٹنی کا بڑے پیٹ والی ہونا
تفاجی۔ کشادہ جگہ ہونا۔
اِنفجی۔ البابُ: دروازہ کھلنا —
القومُ عن فلان: علیحدہ ہونا۔ ہٹ جانا۔
القوسُ: کمان کھنچ جانا۔
الفجوة۔ دو چیزوں کے درمیان کشادگی
مکان کا میدان۔ صحن۔ کشادہ جگہ ج فجوات
و فِجاء۔
الفجواء۔ مؤنث اَفجی: کشادہ زمین۔
فَجِیَ یفجی فجًی۔ بمعنے فجی الوادی۔
فجّی تفجیة۔ الشیءَ: ظاہر کرنا۔
ننگا کرنا الشیءَ عنہ: دور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔
اَفجی اِفجاءً۔ الرجلُ: بال بچوں پر
خرچ میں وسعت کرنا۔
فحّ (ن ض) فحًّا و فحیحًا و تفحاحًا
النائمُ: سونے والے کا خراٹے لینا —
الافعی: سانپ کا پھنکارنا۔
فحّة۔ الفلفل: مرچ کی تیزی۔
الفُحُح۔ پھنکارنے والے سانپ
الفحیح۔ مص فحیح الافعی: سانپ کے
منہ کی آواز۔
فَحَجَ (ف) فَحْجًا۔ تکبر کرنا۔
فَحِجَ (س) فَحَجًا و فَحجة و فُحجة
فی مشیتہ: قدم کے اگلے حصہ کو قریب اور
ایڑیوں کو دور کرنا۔ صفت (اَفحج) فحّج رجلیہ:
ٹانگوں کو پھیلانا۔
اَفحج۔ عن الامر: رکنا۔ ہٹ جانا۔
تفحّج۔ الرجل: ٹانگوں کو پھیلانا۔
اِنفحجت۔ ساقاہ: کشادہ و بعید ہونا
فَحَسَ (ف) فَحْسًا۔ الشیءَ من الماء
وغیرہ: ہاتھ میں لے کر زبان سے چاٹنا جوں
کو ہاتھ سے ملنا۔
تفیحس۔ فی مشیتہ: ناز سے چلنا۔
فَحُشَ (ک) فُحشًا و فحاشة۔
الامرُ: برا ہونا۔ فحشت المرأة: قبیح ہونا اور
بوڑھی ہونا۔
فحّش بہ: طعن تشنیع کرنا۔
اَفحش و تفاحش۔ بری بات کہنا۔
بری بات کرنا۔ افحش الرجلُ: بخل کرنا۔
تفاحش الامرُ: قباحت میں زیادہ ہونا۔
تفحّش۔ علیہم بلسانہ: بدکلامی کرنا۔
گالی سنانا۔
الفاحش۔ قبیح۔ بدخلق۔ بہت بخیل۔
ہر وہ چیز جو حد سے بڑھ جائے۔ کہا جاتا ہے۔
غبنٌ فاحشٌ جبکہ اتنا زیادہ نقصان ہو جائے
جو عادةً برداشت نہ کیا جاسکتا ہو۔ رجلٌ
فاحشٌ یعنی قول یا جواب میں حد سے گزرنے والا
مؤنث فاحشة۔
الفاحشة۔ زنا۔ بہت سخت قبیح گناہ
ج فواحش۔
الفحشاء۔ زنا۔ بہت سخت قبیح گناہ۔
الفحّاش۔ فاحش کا اسم مبالغہ مؤنث
فحّاشة۔
الفُحش۔ مص۔ قبیح قول یا فعل۔
المتفحّش۔ بدزبان بے حیا۔
فَحَصَ (ف) فَحْصًا۔ عنہ: تفتیش کرنا۔
کھود کرید کرنا — المطرُ الترابَ: بارش کا
مٹی کو الٹ پلٹ دینا — الترابَ: کھودنا۔
— برجلہ: پاؤں سے کھودنا — الظبیُ:
ہرن کا تیز دوڑنا — للخبزة: روٹی کے لئے
آگ میں جگہ بنانا۔
فاحصہ فحاصًا و مفاحصةً۔
ایک دوسرے کے عیوب اور بھید کی تلاش
و جستجو کرنا۔
فحّصہ و اَفحصہ۔ عنہ: دور کرنا۔
تفحّص و افتحص۔ عنہ: کھود کرید
کرنا۔
الفحص۔ مص امتحان۔ ہر رہنے کی
جگہ ج فحوص۔
الفحصة۔ فحص کا اسم مرة۔ چاہ زنخدان
الفحیص۔ ساتھی کے عیب اور بھید کی
ٹوہ میں رہنے والا۔
الفحّاص۔ بہت تلاش و جستجو کرنے والا
المَفحص۔ گڑھا جو سنگخوار نے انڈے
دینے کیلئے بنایا ہو ج مفاحص۔ کہا جاتا ہے
لیس لہ مفحص قطاة۔

الأفحوص ۔ بمعنے مفحص ج أفاحیص ۔
فَحَصَ (ف) فحصًا ۔ توڑنا ۔ اکثر
اس کا استعمال تر چیز کیلئے آتا ہے جیسے
لکڑی وغیرہ ۔
فَحفَحَ ۔ خراٹے لینا ۔ آواز پڑ جانا ۔
الفَحفَاح ۔ وہ شخص جس کی آواز بڑھ گئی
ہو ۔ بہت بولنے والا ۔ مؤنث فحفاحۃ ۔
فَیحَقَ فَیحَقَۃ ۔ بَینَ رِجلَیہِ : ٹانگوں
کے درمیان کشادہ کرنا ۔
أرضٌ (فیحقٌ) کشادہ زمین ۔
اِنفَحَقَ ۔ کشادہ ہونا ۔
فَحَلَ (ف) فحلاً و افتحَلَ ۔ إبلَہ
فحلاً کریمًا : عمدہ سانڈ جفتی کیلئے ڈھونڈنا ۔
تَفَحَّلَ ۔ سانڈ کے مشابہ ہونا ———
الشجرُ : درخت کا بے پھل ہونا ۔
اِستَفحَلَ ۔ الأمرُ : بڑا ہونا ۔ اِستفحلتِ
النخلۃُ : درختِ خرما کا نر کھجور جیسا ہونا ۔
الفَحل ۔ سانڈ ۔ نر ہر حیوان کا ۔ ج فحول
وأفحُل وفِحال وفِحالۃ وفحولۃ ۔ فحول الشعراء :
فضیلت رکھنے والے شعراء ۔ ہجو کرنے میں
غالب ہونے والے شعراء ۔
الفَحل والفُحّال ۔ نر کھجور ج فحاحیل
الفَحلۃ ۔ من النساء : تیز زبان عورت ۔
ایسے اخلاق والی جو جنس عورت کے لائق نہ ہو
الفِحلۃ والفحولۃ والفِحالۃ ۔ مردانگی
الفَحِیل ۔ بمعنے فحل ۔ صاحب مردمی ۔
فَحلٌ فَحِیلٌ : شریف ۔
فَحَمَ (ف) فحمًا ۔ جواب سے ساکت ہونا
فَحَمتُ (ن) فحومًا ۔ الربو : پانی ٹھہر جانا ۔
فَحِمَ (س) وفَحُمَ فحمًا وفحامًا وفحومًا
وأفحمَ ۔ الصبیُّ : بچے کا روتے روتے آواز
بند ہونا ۔
فَحُمَ (ک) فحومًا وفحومۃ ۔ کالا ہونا ۔
فَحَّمَ ۔ الشیءَ : کالا کرنا ۔
أفحمَہ ۔ دلیل دیکر خاموش کر دینا ۔

کہا جاتا ہے "ھاجاہُ فأفحمہُ" و "وجدہ مُفحَمًا"
یعنی اس کی ہجو کی اور خاموش کر دیا ۔ یا خاموش
پایا ۔ یعنی وہ شعر کہنے پر قادر نہیں تھا ———
أفحمَ الرجلُ : عشاء کے وقت کی تاریکی میں داخل
ہونا ——— الہمُّ الشاعرَ : غم نے شعر کہنے سے
منع کر دیا ۔
الفَحم والفَحَم والفَحِیم ۔ کوئلہ ۔
الفَحمَۃ ۔ کوئلے کا ٹکڑا ۔ فحمۃ اللیل :
سخت تاریکی ج فحام وفحوم ۔
الفُحُومَۃ ۔ سیاہی ۔
الفَحّام ۔ کوئلہ بیچنے والا ۔ ج فحّامۃ
الفُحُوم ۔ جواب نہ دے سکنے والا ۔
الفاحم ۔ فا ۔ ماءٌ فاحمٌ : ٹھہرا ہوا پانی ۔
الفاحم والفَحِیم ۔ کالا ۔
المُفحِم ۔ فا ۔ جواب مفحم : خاموش کر دینے
والا جواب ۔
المُفحَم ۔ مفع لاجواب ۔ شعر نہ کہہ سکنے والا
المَفحَمَۃ ۔ کوئلہ کی جگہ ۔
فَحا یفحُو فحوًا وفحیً ۔ بکلامہ إلی کذا :
اپنے کلام سے کسی مضمون کی طرف اشارہ کرنا ۔
الفَحا والفِحیٰ ۔ مسالہ یا خشک مسالہ
ج أفحاء ۔
الفَحوی والفَحواء والفُحَواء ۔
من الکلام : مضمونِ کلام ج فحاوٍ ۔
فَخَّ (ض) فخًا وفخّۃً وفخیخًا ۔
رجلاہُ : ٹانگوں کا کمزور ہونا ۔ صفت (أفخّ)
مؤنث فخّاء ج فُخّ ۔
فَخَّ (ن) فخًّا وفخیخًا اِفتخّ ۔ النائمُ
خراٹے لینا ۔ فخّت الأفعی : سانپ کا پھنکارنا
——— الرائحۃُ : خوشبو کا بھڑکنا ۔
الفَخّ ۔ جال ۔ ج فخاخ وفخوخ ۔ کہا جاتا ہے "وثب
فلانٌ من فخّ الشیطانِ" یعنی توبہ کر لیا ۔
الفَخّۃ ۔ خراٹے لینے والے کی نیند ۔
گندہ عورت ۔
فَخَتَ (ف) فختًا ۔ السقفَ : چھت میں

سوراخ کرنا ——— رأسہُ بالسیفِ : سر پر تلوار
مارنا ——— الشیءَ : کاٹنا ——— الإناءَ :
برتن کھولنا ۔ فخت الرجلُ : جھوٹ بولنا ۔
فَختَتَ ۔ الفاختۃُ : فاختہ کا کوکو کرنا ۔
تَفَخَّتَ ۔ فاختہ کی چال چلنا ۔ تعجب کرنا ۔
اِنفَخَتَ ۔ السقفُ : چھت کا سوراخ دار ہونا
الفَخت ۔ مص ۔ جال ۔ چھت میں گول سوراخ
چاند کی روشنی یا اس کا سایہ ۔
الفاختۃ ۔ فاختہ ج فواخت ۔
فَخَجَ (ف) فخجًا ۔ الرجلُ : تکبر کرنا ۔
——— فلانًا وبہ : ڈینگ مارنا اور برائی ظاہر کرنا ۔
فَخِجَ (س) فخجًا ۔ جدا جدا رانوں والا
ہونا ۔ صفت (أفخج)
فَخَذَہُ (ف) فخذًا ۔ ران پر مارنا ۔
ران کو توڑنا ۔ فُخِذَ : اسکی ران توڑ دی گئی ۔
فَخَّذَ ۔ قومَہ : قبیلے قبیلے کو پکارنا ۔
بینہم : جدا جدا کرنا ——— القومَ عن فلانٍ :
مدد نہ دینا ——— فلانًا : قبیلہ سے بھگا دینا ۔
تَفَخَّذَ ۔ معاملہ سے ہٹ جانا ۔ تفخّذہ :
کسی کی ران پر ران رکھنا ۔
اِستَفخَذَ ۔ جھک جانا ۔ مطیع ہو جانا ۔
الفَخذ والفِخذ والفَخِذ ۔
ران کلمہ مؤنث ہے ج أفخاذ ۔
الفَخذ ۔ قبیلہ ج أفخاذ ۔ یہ کلمہ مذکر ہے
فَخَرَ (ف) فخرًا وفخرًا وفخارًا وفخارۃ
وفِخِّیری وفِخِّیراء وافتخرَ ۔
فخر کرنا ۔ فخرہُ : فخر کرنے میں غالب ہونا ۔
فَخَرَہُ (ف) وفخّرہ وأفخرہ ۔ علی فلانٍ
فخر کرنے میں فضیلت دینا ۔
فَخِرَ منہ (س) فخرًا وتفخّر ۔ ننگ
سمجھنا ۔ ناک چڑھانا ۔ تکبر کرنا ۔
فاخرَہ فخارًا ومفاخرۃ ۔ فخر کرنے
میں غالب ہونا ۔
تَفاخرَ ۔ القومُ : بعض کا بعض پر فخر کرنا ۔
ہر ایک کا دوسرے کے مفاخر پر فخر کرنا ۔

اِسْتَفْخَرَ۔ الشی: قابل فخر سمجھنا۔ قابلِ فخر بنانا۔

الفَخْرُ والفَخَرُ۔ مم فضیلت۔ بڑائی۔

الفَخْرَة۔ فخر۔

الفَاخِر۔ ہر چیز میں کا عمدہ۔

الفِخِّیرُ والفِخِّیرَة۔ بہت فخر کرنیوالا تا مبالغہ کیلئے ہے۔

الفَخُورُ والفَخِیرُ۔ فخر کرنیوالا الفَخِیرُ: فخر کرنے میں مغلوب۔

الفَخَّار۔ ٹھیکری پکی ہوئی مٹی۔ واحد (فَخَّارَةٌ)

الفَخَّارِی۔ ٹھیکری بیچنے والا کمہار۔

الفَاخُور۔ ایک قسم کا پھول ج فَیاخِیر۔

المَفْخَرَة والمَفْخُرَة۔ افعالِ حمیدہ۔ وہ چیز جس پر فخر کیا جائے۔ ج مَفَاخِر۔

فَخَرَ (ف) وفَخِرَ (س) فَخْزًا وفَخَزًا وتَفَخَّزَ۔ تکبر کرنا۔ بڑائی ظاہر کرنا۔

الفَخْز۔ مم فضیلت۔

فَخَشَ (ف) فَخْشًا۔ الاَمْرَ: ضائع کرنا۔

فَخْفَخَ فَخْفَخَةً۔ الرَّجُلُ: لغو و باطل کرنا

الفَخْفَخَةُ۔ مم کاغذ یا نئے کپڑے کی کھڑکھڑاہٹ۔

تَفَخَّلَ۔ حلم و وقار ظاہر کرنا۔ عمدہ کپڑے پہننا۔

فَخُمَ (ک) فَخَامَةً۔ موٹا ہونا۔ عظیم المرتبہ ہونا۔

فَخَّمَ۔ تعظیم کرنا۔ فَخَّمَ الحُرُوفَ فِی اللَّفْظِ: حروف کو پڑھنا۔

الفَخْمُ۔ عظیم المرتبہ ——— مِنَ المَنْطِقِ: درست بات۔

الفَخْمِیَّة۔ بڑائی۔ برتری۔ الاَفْخَم۔ اعظم بڑے مرتبہ والا۔

فَدَّ (ض) فَدِیدًا۔ الرَّجُلُ، آواز بلند کرنا۔ دوڑنا ——— الطَّائِرُ: پرندہ کا پھڑپھڑانا۔ فدت الابل: اونٹ کا زمین کو کھروں سے روندنا

فَدَّدَ۔ خرید و فروخت میں چلانا۔ تکبر و غرور سے چلنا۔

الفَدَّاد۔ متکبر۔ بہت چلانے والا۔ بہت روندنے والا۔ سینکڑوں سے ہزار تک اونٹوں کا مالک ج فَدَّادُون۔ الفَدَّادُون: چرواہے۔ اونٹ والے۔ گائے بیل والے کاشتکار اور ان کے علاوہ جن کی آواز کھیتی باڑی اور مویشی میں بلند ہوتی ہو۔

الفَدَّادَة۔ مؤنث۔ فَدَّاد۔ مینڈک بزدل۔

فَدَحَ (ف) فَدْحًا۔ الاَمْرُ او الحِمْلُ او الدَّیْنُ: کسی معاملہ کا یا حمل کا یا قرض کا گرانبار بنا دینا۔

اَفْدَحَ واسْتَفْدَحَ۔ الاَمْرَ: بوجھل پانا

الفَادِح۔ مشکل جو بوجھل کرنے والا ہو۔ کہا جاتا ہے نَزَلَ بِہٖ اَمْرٌ فَادِحٌ ورَکِبَہٗ دَیْنٌ فَادِحٌ اس پر امر گرانبار آپڑا۔ اس پر قرض گرانبار ہو گیا

الفَادِحَة۔ مصیبت ج فَوَادِح۔

فَوَادِحُ الدَّہْرِ: مصائب زمانہ۔

فَدَخَ (ف) فَدْخًا۔ الشَّیَٔ: توڑنا العُودَ: تازہ لکڑی توڑنا۔

فَدَرَ (ض) فَدْرًا وفُدُورًا۔ اللَّحْمُ المَطْبُوخُ: پکے ہوئے گوشت کا ٹھنڈا ہونا۔

فَدَّرَ۔ الحِجَارَةَ: چھوٹے بڑے پتھر توڑنا۔

تَفَدَّرَ۔ الحَجَرُ: پتھر کا ٹوٹنا۔

الفَدْر۔ پہاڑی بکرا۔ ج فُدُور۔

الفَدُور۔ پہاڑی بکرا ج فُدُر۔

الفَدِر۔ بیوقوف۔ جلدی ٹوٹنے والی لکڑی۔

الفِدْرَة۔ پکے ہوئے گوشت کا سرد ٹکڑا پہاڑ کا ایک حصہ۔ رات کا ایک ٹکڑا۔ ج فِدَر۔

الفَدَرَة۔ قوم سے علیحدہ رہنے والا۔ تنہا چلنے والا۔

الفُدُر۔ چاندی۔ موٹا لڑکا۔

الفَادِر۔ پکا ہوا ٹھنڈا گوشت پہاڑی بکرا علیحدہ رہنے والی اونٹنی ج فُدُر و فَوَادِر و فُدُور۔

الفَادِرَة۔ مؤنث فَادِر۔ پہاڑ کی چوٹی پر بڑی چٹان۔

المَفْدَرَة۔ بہت سی پہاڑی بکروں کی جگہ

اَفْدَسَ۔ الرَّجُلُ: کسی کے گھر یا دروازہ پر مکڑیوں کا ہونا۔

الفُدْس۔ مکڑی۔ ج فِدَسَة۔

الفَیْدَس۔ مٹکا۔ بڑا گھڑا۔

فَدَشَ (ن) فَدْشًا۔ رَاْسَہٗ: سر پھوڑنا۔

فَدَشَ (ض) فَدْشًا۔ دفع کرنا۔

الفَدْش۔ مادہ مکڑی۔

فَدِعَ (س) فَدَعًا۔ ٹیڑھے جوڑوں والا ہونا۔ صفت (اَفْدَع) مؤنث (فَدْعَاء) ج فُدْع۔

فَدَعَ (ف) فَدْعًا۔ کچلنا یا تھوڑا پھاڑنا۔

فَدَّعَ۔ ٹیڑھے جوڑوں والا کر دینا۔

الفَدَع۔ ہاتھ یا پیر کے جوڑ میں کجی جوڑوں کی کجی۔

الفَدَعَة: جوڑوں کی کجی کی جگہ۔

فَدَغَ (ف) فَدْغًا۔ توڑنا۔

اِنْفَدَغَ۔ ٹوٹنا ——— الشَّیُٔ الیَابِسُ: نرم ہونا۔

المِفْدَغ۔ توڑنے کا آلہ ج مَفَادِغ۔

فَدْفَدَ فَدْفَدَةً۔ آواز بلند کرنا۔ بھاگتے ہوئے دوڑنا۔

الفَدْفَد۔ سخت آواز والا۔ بلند آواز والا بہت زیادہ روندنے والا۔ الفَدَفِدُ: جما ہوا دودھ۔

فَدَكَ۔ القُطْنَ: روئی دھننا۔ فَدَّکَ القُطْنَ: روئی دھنوانا۔

فَدَمَ (ض) فَدْمًا۔ الاِبْرِیقَ وعَلَی الاِبْرِیقِ: چھاگل پر سربند لگانا۔

فَدُمَ (ک) فُدُومَةً وفَدَامَةً۔ بیوقوف ہونا۔

فَدَّمَ وَاَفْدَمَ - فمَ الآنیۃ: برتن پر سرپوش رکھنا۔
الفَدْم - کلام میں عاجز - بیوقوف - کم سمجھ گاڑھے خون والا - ج فِدَام - گہرے سرخ رنگ والا مؤنث فَدْمَۃٌ -
الفِدَام والفَدَام - چھوٹی سی چھلنی یا کپڑا جو لوٹے وغیرہ کے منہ پر باندھ دیں تاکہ جو کچھ اس میں ہے صاف ہوجائے ج فُدُم -
الفَدَّام والفَدَّامَۃ والفَدُّوم - بمعنے الفِدَام -
الفِدَام والفِدَامَۃ - چھینکا جو اونٹ کے منہ پر باندھ دیں تاکہ کاٹ نہ سکے یا کھا نہ سکے -
المُفَدَّمَات - تبغے والے لوٹے - مٹکے
فَدَنَ - الإبلَ: اونٹ کو موٹا کرنا —— البناءَ: عمارت کو بلند کرنا —— الثوبَ: کپڑے کو سرخ رنگنا۔
الفَدَن - سرخ رنگ - بلند عمارت ج اَفْدَان
الفَدَان والفَدَّان - بیلوں کی جوڑی جو ہل میں جتے ہوئے ہوں - ج فُدُن و اَفْدِنَۃ و فَدَادِین - الفَدَان: کھیتی - وفی المساحۃ: چار سو مربع زمین -
الفَادِن - فی اصطلاح البنائین: ساہل ج فَوَادِن -
الفَدَوْکَس - شیر - مضبوط مرد -
فَدَی یَفْدِی فَدًی وفِدًی وفِدَاءً الرجلَ من الاسرِ ونحوہ: مال وغیرہ دیکر چھڑانا - صفت فاعلی (فَادٍ) اور صفت مفعولی (مَفْدِیّ) کہتے ہیں "فَدَتِ المرأۃُ نفسَھا من زوجھا" یعنی عورت نے مال دیکر طلاق لے لی اور چھٹکارا حاصل کرلیا
فَدَی وفَدَّی تَفْدِیَۃً - فلانا بنفسہ اپنے متعلق کہنا کہ میں تمہارے اوپر فدا کیا جاؤں -
فَادَی فِدَاءً ومُفَادَاۃً - الرجلَ: چھوڑدینا اور فدیہ لے لینا - چھڑانا -
اَفْدَی اِفْدَاءً - فلانًا الاسیرَ: کسی کو قیدی کا فدیہ قبول کرنا —— الرجلُ: موٹا ہونا -
تَفَادَی تَفَادِیًا القومُ: ایک دوسرے پر فدا ہونا - بعض کا بعض کے ذریعے سے بچنا —— الرجلُ من کذا: پرہیز کرنا اور یکسو ہونا -
اِنْفَدَی اِنْفِدَاءً - فدیہ دیا جانا -
اِفْتَدَی - بہ: فدیہ دینا —— منہ بکذا: پرہیز کرنا - کہتے ہیں افتدت المراۃ نفسھا من زوجھا یعنی عورت نے مال دیکر طلاق لے لی - اور چھٹکارا حاصل کرلیا -
الفَدَاء - حجم - موٹاپا - ڈھیر - انبار جو گیہوں کھجور وغیرہ رکھنے کا برتن - تاجر کے سامان وغلے وغیرہ کی جگہ - ج اَفْدِیَۃ -
الفِدَاء والفَدَی والفِدَی مہ - مال جو چھڑانے کے لئے دیا جائے کہا جاتا ہے "فَدًی لَکَ اَبِی وفِدَاکَ اَبِی" یعنی میں تمہارے اوپر اپنے باپ کو فدا کرتا ہوں اور اس جملہ سے دعا اور اظہار محبت اور تعریف وتوصیف کا ارادہ کرتے ہیں اور کبھی فعل محذوف ہوتا ہے اور صرف حرف باکو باقی رکھتے ہیں اور کہتے ہیں "بِاَبِی الشَّہِیدُ المجتھدُ" یعنی میں اس پر اپنے باپ کو فدا کرتا ہوں -
الفِدْیَۃ - مال جو چھڑانے کیلئے دیا جائے ج فِدًی وفِدْیَات -
فَذَّ (ن) فَذًّا - سختی سے دھتکارنا -
اَفَذَّتِ - الشاۃُ: ایک بچہ جننا - صفت (مُفِذٌّ ومُفِذَّۃٌ) اور اگر یہی عادت ہوجائے تو اس کو (مِفْذَاذ) کہتے ہیں -
تَفَذَّذَ واسْتَفَذَّ - بالامر: خودرائی کرنا -
الفَذُّ - مہ - اکیلا - جوئے کے تیروں سے پہلا تیر ج اَفْذَاذ وفُذُوذ "کلمۃ" (فَذَّۃ وفَاذَّۃ) کلمہ شاذہ -
الاَفَذّ - بے پرکا تیر - کہا جاتا ہے "اَکَلْنَا فُذَاذَی وفُذَاذَی وفُذَاذًا وفُذَّاذًا" یعنی ہم نے جدا جدا ہوکر کھایا -
فَذْفَذَ فَذْفَذَۃً - اچانک کودنے کے لئے سمٹنا -
فَذْلَکَ فَذْلَکَۃً - الحسابَ: فارغ ہونا -
الفَذْلَکَۃ - مہ - میزان کل مفصل - خلاصہ حساب کا ہو یا کسی اور چیز کا (مولد)
فَرَّ (ض) فَرًّا وفِرَارًا ومَفَرًّا ومَفِرًّا بھاگنا - پویہ دوڑنا -
فَرَّ (ن) فَرًّا وفُرَارًا وفِرَارًا وفُرَارًا - الدابۃَ: جانور کی عمر معلوم کرنے کیلئے دانتوں کو دیکھنا —— الی الشیءِ: جانا —— عن الامرِ: کھود کرید کرنا - کہا جاتا ہے "فَرَّ الامرُ جَذَعًا" معاملہ اپنی پہلی حالت پر لوٹ آیا -
فَارَرْتُہٗ - میں نے اس کے حال کی اور اس نے میرے حال کی تحقیق کی -
اَفَرَّ اِفْرَارًا - رأسَہ بالسیفِ: تلوار سے سر پھاڑ دینا - اَفَرَّتِ الخیلُ او الابلُ: اونٹ یا گھوڑے کا دودھ کے دانت گرنا - اَفَرَّہٗ: بھگانا -
تَفَارَّ - القومُ: ایک دوسرے سے بھاگنا -
تَفَرَّرَ - بالشیءِ: ہنسنا -
اِفْتَرَّ - البرقُ: بجلی کا چمکنا — آہستہ آہستہ ہنسنا —— الشیءَ: سونگھنا -
الفَرّ - مہ - بھاگنے والا - (واحد جمع مذکر ومؤنث) الفَرّ: جمع ہے فارّ کی جیسے رَکْبٌ جمع راکب کی - کہا جاتا ہے ہُوَ فَرُّ قَومِہٖ وفَرَّۃُ قَومِہٖ "وہ اپنی قوم کا بہترین آدمی ہے -
الفُرَّۃ والاُفُرَّۃ والاُفُرُّۃ - اختلاط شدت —— من الحرِّ ونحوِہٖ: گرمی کی شدت اور اس کی ابتداء -
الفِرَّۃ - مسکراہٹ -
الاَفَرّ - خوبصورت طریقہ سے ہنسنے اور مسکرانے والا -
الفَرَار والفَرُور والفَرَارَۃ والفَرْفُرَۃ تیز بھاگنے والا - الفَرَار: پارہ -
الفَرُور والفَرِیر والفُرَار - بھیڑ اور بکری کا بچہ - الفَرِیر: منہ -
المَفَرّ - بھاگنے کی جگہ -
المِفَرّ - من الخیلِ: تیز گھوڑا - وہ گھوڑا جو بھاگنے

کے کام میں آئے۔
الفَرَأُ والفَرَاءُ۔ جنگلی گدھا ج افراء و فِراء اور عرب کا قول "کُلُّ الصَیدِ فِی جَوفِ الفَرَا" بغیر ہمزہ کے مثل ہے۔ وہ شخص کہتا ہے جس کی بہت سی حاجتیں ہوں اور ان میں سے بڑی حاجت پوری ہو جائے اور اس مقصد کیلئے بھی بولا جاتا ہے کہ وہ باقی حاجتوں کے فوت ہونے کی پروا نہیں کرتا۔
اِمرُؤٌ فَرِیٌّ) گھڑا ہوا۔ بڑا۔
فَرَت (ن) فُرتًا۔ بدکار ہونا۔
فَرُت (ک) فُرُوتَۃً۔ الماءُ: پانی کا خوشگوار ہونا۔ میٹھا ہونا۔
فَرِت (س) فَرَتًا۔ ضعیف العقل ہونا۔
الفُرات۔ ایک بڑا دریا ہے جو بحرِ فارس میں گرتا ہے۔ بہت میٹھا پانی۔ کہا جاتا ہے۔ مَاءٌ فُرَاتٌ و مِیَاہٌ فُرَاتٌ الفرات: سمندر۔
الفُرَاتَانِ۔ فرات و دجلہ۔
فَرتَکَ فَرتَکَۃً۔ چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا — الشَّیئَ: ریزہ ریزہ ہونا — العَمَلَ: فاسد کرنا۔ بگاڑنا۔
فَرتَنَ فَرتَنَۃً۔ چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا۔
الفَرتَنیٰ۔ بجّو کا بچہ۔ زانیہ۔
فَرَثَت (ن) فَرثًا و اِنفَرَثَتِ۔ الحُبلیٰ: حاملہ عورت کا جی متلانا۔
فَرَث (ض) فَرثًا۔ کَبِدَہٗ: جگر پر مارنا۔
فَرِث (س) فَرَثًا۔ شکم سیر ہونا — القومُ: متفرق ہونا۔
اَفرَثَ و فَرَّثَ۔ الکَرِشَ: اوجھ کو چیر کر گوبر نکالنا — الحُبُّ کَبِدَہٗ: محبت کا جگر کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
تَفَرَّثَ۔ القومُ: متفرق ہونا — تَفَرَّثَتِ الحُبلیٰ: حاملہ عورت کا جی متلانا۔
الفَرث۔ گوبر جبتک اوجھ میں رہے۔ ج فُرُوث۔

الفُرَاثَۃ۔ اوجھ کا گوبر۔
فَرثَدَ فَرثَدَۃً۔ وجہہ: چہرہ پُر گوشت ہونا۔
فَرثَطَ فَرثَطَۃً۔ آہستہ سے گرنا۔
فَرَجَ (ض) فَرجًا و فَرَّجَ۔ الشَّیئَ: کھولنا کشادہ کرنا۔ اللّٰہُ الغَمَّ عَنہُ: غم کو دور کرنا۔ زائل کرنا۔
اَفرَجَ۔ الغُبارُ: غبار کا دور ہونا۔ چھٹ جانا — القومُ عَنِ المَکَانِ: علیحدہ ہو جانا۔ ہٹ جانا۔ اَفرَجَتِ الدَجَاجَۃ: مرغی کا بچوں والی ہونا۔ صفت (مُفرِجٌ)
تَفَرَّجَ۔ الغَمُّ: غم کا دور ہونا۔
اِنفَرَجَ۔ کھلنا — الغَمُّ: غم کا دور ہونا۔ مَا بَینَ الشَّیئَینِ: کشادہ ہونا — الرَّجُلُ مِن ضِیقَۃٍ: تنگی سے نجات پانا۔ رہائی پانا۔
الفَرج۔ مم۔ دو چیزوں کے درمیان خلل سرحد — مِنَ الثَّوبِ: کپڑے کا پھٹن — مِنَ الاِنسَانِ: شرمگاہ اور قبل و دبر دونوں پر اطلاق ہوتا ہے۔ ج فُرُوج فَرجُ الوَادِی: وادی کا بطن۔ فرج الطریق: راستہ کا درمیانی حصہ
الفُرُج والفُرُج تانت سے علیحدہ کمان — والفُرُج والفُرُجۃُ۔ مِنَ الرِّجَالِ: بھید نہ چھپانے والا امرد۔
الفَرَج۔ کشادگی۔
الفُرجَۃ۔ دو چیزوں کے درمیان کشادگی ج فُرَج۔
الفَرجَۃ والفِرجَۃ والفُرجَۃ۔ سختی اور غم سے نجات۔
الفَرُّوج۔ بچے کی قمیص۔ قبا جس میں پیچھے پھاڑ گیا ہو۔ ج فَرَارِیج۔ والفَرُّوج۔ مرغی کے چوزے ج فَرَارِیج واحد الفَرُّوجَۃ۔
التِفرِجَۃ۔ انگلیوں یا دو کھمبوں کے درمیان کا فاصلہ ج تَفَارِج — والتِفرَاجَۃ: کمزور بزدل ج تَفَارِیج۔
الفَرِیج۔ ظاہر کھلا ہوا۔ قوسٌ فَرِیجٌ: تانت سے علیحدہ کمان۔
المُفرَج۔ مقتول جو جنگل میں ہے اور اس کا قاتل معلوم نہ ہو۔ وہ شخص جسکے مال اولاد اور کنبہ نہ ہو
المُفَرَّج۔ کنگھی۔ وہ شخص جسکی کہنی بغل سے دور ہو
الفِرجَار۔ پرکار۔ کہا جاتا ہے خط (فرجاری) یعنی گول دائرہ۔
الفِرجَون کھریرا۔
اِفرَنجَمَ اِفرِنجَامًا۔ گوشت کا اوپر سے جل جانا اور نہ بھننا۔
فَرجَنَ فَرجَنَۃً۔ الدابۃَ: جانور کو کھریرا کرنا
الفِرجَون۔ کھریرا۔
فَرِحَ (س) فَرَحًا۔ بالشَّیئِ: خوش ہونا۔ اکڑنا۔ صفت (فَارِحٌ و فَرِحٌ)
فَرَّحَہٗ۔ خوش کرنا۔
اَفرَحَہٗ۔ خوش کرنا اَفرَحہُ الدین: بوجھل کرنا غمگین کرنا۔ تم کہتے ہو اَفرَحَنِی الدُّنیَا ثُمَّ اَفرَحَنِی یعنی دنیا نے مجھ کو خوش کیا پھر غمگین بنا دیا۔ ہمزہ سلب کے لئے ہے۔
الفَرَح۔ خوشی۔
الفَرحَۃ والفُرحَۃ۔ خوشی: خوشخبری۔ سنانے والے کا انعام عوام کے نزدیک اس انعام کو حُلوان اور بَشارۃ کہتے ہیں۔
الفَرحَان۔ خوشی والا۔ مؤنث فَرحیٰ فرحانۃ ج فَرَحیٰ و فَرَاحیٰ۔
الفَرُوح۔ خوشی والا۔ ج فُرُحٌ۔
المُفرَح۔ مفعو۔ فقیر محتاج۔ گمنام نسب والا
المِفرَاح۔ بہت زیادہ خوش (مذکر و مؤنث)
المَفرُوح۔ مسرور۔ جس پر خوشی کی جائے
فَرِخَ (س) فَرَخًا۔ اِلی الاَرضِ: چمٹنا — الرَّجُلُ: گھبراہٹ دور ہونا۔
فَرَّخَ۔ القومُ: کمزور ہونا۔ گھبرانا — فَرَّخَتِ الطَّائِرَۃُ: پرندہ کا بچوں والا ہونا۔ صفت (مُفَرِّخٌ) — البَیضَۃُ: انڈے کا بچہ سے جدا ہونا۔ فَرَّخَ الشَّجَرُ: درخت کا پھوٹنا — الاَمرُ: اشتباہ کے بعد انجام کا ظاہر ہو جانا

—الرَّوْعُ: خوف دور ہونا۔

اَفْرَخَ۔ الرَّوْعُ: خوف دور ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَفْرِخْ رَوْعَکَ" یعنی اپنی گھبراہٹ کو دور کرو اور دل کو مطمئن کرو۔ اَفْرَخَتِ الْبَیْضَۃُ وَالطَّائِرَۃُ: بمعنے فرخت۔ اَفْرَخَ الْاَمْرُ: اشتباہ کے بعد انجام کا ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَفْرَخَ الْقَوْمُ بَیْضَتَھُمْ" یعنی قوم نے اپنا بھید ظاہر کر دیا۔

اِسْتَفْرَخَ۔ الْحَمَامَ: کبوتر کو بچے نکالنے کے لئے لینا — الْحَمَامُ: کبوتری کا بچہ والی ہونا۔

اَلْفَرْخُ۔ پرندہ کا بچہ۔ چھوٹا پودہ یا حیوان — مِنَ الشَّجَرِ: درخت کی جڑ میں جو پودے نکل آئیں۔ ج فِرَاخٌ و اَفْرَاخٌ و اَفْرُخٌ و اَفْرِخَۃٌ و فِرْخَانٌ و فُرُوْخٌ۔ الْفَرْخُ: کمزور ذلیل دھتکارا ہوا آدمی۔ فَرْخُ الرَّاْسِ: دماغ۔

اَلْفَرْخَۃُ۔ پرندہ کا مادہ بچہ۔ ج فِرَاخٌ: نیزے کی چوڑی ناک۔

اَلْمَفْرَخُ۔ بچے نکالنے کی جگہ۔ ج مَفَارِخُ

فَرَدَ (ن) و فَرِدَ (س) و فَرُدَ (ک) فُرُوْدًا وانْفَرَدَ۔ اکیلا ہونا — بِالْاَمْرِ: تنہا کام کرنا۔ فَرَدَ عَنِ الشَّیْءِ: علیحدہ ہونا۔

فَرَّدَ۔ لوگوں سے جدا ہونا۔ فقیہ ہونا۔ فَرَّدَ بِرَاْیِہٖ: رائے میں اکیلا ہونا۔

اَفْرَدَ۔ الشَّیْءَ: جدا کرنا — اِلَیْہِ رَسُوْلًا: قاصد بھیجنا — بِالْاَمْرِ: تنہا کام کرنا۔ اَفْرَدَتِ الْاُنْثٰی: ایک بچہ جننا۔ صفت (مُفْرِدٌ)

تَفَرَّدَ وانْفَرَدَ واسْتَفْرَدَ۔ بِالْاَمْرِ: بغیر نظیر کے تنہا ہونا۔ تنہا کام کرنا۔ واسْتَفْرَدَہٗ: اکیلا پانا۔ ساتھیوں میں سے نکال لینا۔ اِنْفَرَدَ بِہٖ: یکتا کو لینا جس کا کوئی ثانی اور مثیل نہ ہو۔

اَلْفَارِدُ۔ فا۔ (الْفَارِدُ والْفَرَدُ) بیل۔

اَلْفَارِدَۃُ۔ مؤنث فارِدٌ۔ بکری جو گھر میں اکیلی رکھی جائے۔ نَاقَۃٌ فَارِدَۃٌ: چراگاہ میں تنہا چرنے والی اونٹنی۔ ج فَوَارِدُ۔

اَلْفَرْدُ۔ ایک طاق۔ ج فِرَادٌ۔ بےمثال ج اَفْرَادٌ و فُرَادٰی۔ داڑھی کی ایک جانب۔ ایک تلوے کی جوتی ج اَفْرَادٌ۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا شَیْءٌ فَرْدٌ" یہ منفرد چیز ہے۔

اَفْرَادُ النُّجُوْمِ وفُرُوْدُھَا۔ الگ الگ طلوع ہونے والے ستارے۔ اَفْرَادُ النَّاسِ بڑے لوگ۔

اَلْفَرَدُ والْفَرِدُ۔ ایک۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا سَیْفٌ فَرَدٌ و فَرِدٌ" یہ بےمثال تلوار ہے۔ "وَشَیْءٌ فَرْدٌ و فَرَدٌ و فَرِدٌ و فُرُدٌ" یعنی یہ منفرد چیز ہے۔

اَلْفَرْدَۃُ۔ فرد کا مؤنث ج فَرَدَاتٌ و اَفْرَادٌ وفُرَدٌ۔

اَلْفَرْدَانُ۔ ایک۔ کہا جاتا ہے "شَیْءٌ فَرْدَانٌ" یعنی منفرد ہے اور مؤنث فَرْدٰی۔ کہا جاتا ہے "لَقِیْتُہٗ (فَرْدَیْنِ)" یعنی ہمارے ساتھ کوئی نہیں تھا۔

اَلْفُرْدَۃُ۔ تنہا جانے والا۔ کہا جاتا ہے جَاءُوْا فُرَادَ و فُرَادًا و فَرْدٰی و فَرَادَ و فَرَادٰی) یعنی اکیلے اکیلے آئے۔ واحد (فَرْدٌ و فَرِدٌ و فَرِیْدٌ و فَرْدَانٌ)

اَلْفَرِیْدُ۔ ایک یکتا۔ چھوٹا موتی جو سونے اور بڑے موتیوں کے بیچ میں ہو۔ موتی۔ نفیس جوہر ج فَرَائِدُ۔

اَلْفَرِیْدَۃُ۔ مؤنث فَرِید۔ نفیس جوہر۔ ریڑھ کی ہڈی کا وہ مہرہ جو دم کی ہڈی سے ملا ہوا ہے ج فَرَائِدُ۔ کہا جاتا ہے "اَتٰی بِالْفَرَائِدِ" یعنی ایسے الفاظ جو فصاحت و بلاغت اور عربی الاصل ہونے پر دلالت کرتے ہیں۔

اَلْفَرَّادُ۔ موتیوں کا بیچنے والا۔

اَلْمُفْرَدُ۔ مفع۔ واحد اور اس کے مقابلہ میں جمع ہے۔ جنگلی بیل۔

اَلْمُفَرَّدُ۔ مِنَ الذَّھَبِ: موتی لگا کر جدا کیا ہوا

اَلْمُفَرِّدُ۔ فا۔ کہا جاتا ہے "رَاکِبٌ مُفَرِّدٌ" سوار جس کے پاس اپنے اونٹ یا گھوڑے کے سوا نہ ہو۔

فَرْدَسَہٗ فَرْدَسَۃً: پچھاڑ دینا۔ زمین پر پٹک دینا۔

اَلْفِرْدَوْسُ۔ باغ۔ جنت۔ سرسبز وادی (مذکر و مؤنث) ج فَرَادِیْسُ۔ فِرْدَوْسُ النَّعِیْمِ: ایک جنت کا نام ہے۔

اَلْفَرْدَسَۃُ۔ مص۔ گنجائش۔

اَلْمُفَرْدِسُ۔ فا۔ کشادہ سینہ والا۔ صَدْرٌ (مُفَرْدَسٌ) کشادہ سینہ۔ کَرْمٌ مُفَرْدَسٌ الٹی لگی ہوئی انگور کی بیل۔

فَرَزَ (ض) فَرْزًا و اَفْرَزَ۔ الشَّیْءَ مِنْ غَیْرِہٖ: جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا و اَفْرَزَ الصَّیْدُ الصَّائِدَ: شکار کا شکاری کو فریب سے مارنے کا موقعہ دینا۔ افرز فلانًا بِشَیْءٍ: خاص کرنا اور کسی کو شریک نہ کرنا۔

فَرَّزَ تَفْرِزَۃً۔ عَلٰی بِرَاْیِہٖ: قطعی حکم دینا۔

فَارَزَ۔ شَرِیْکَہٗ: الگ کرنا۔

اِفْتَرَزَ۔ الْاَمْرَ: اپنے لوگوں کے مشورہ کے بغیر فیصلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِفْتَرَزَ اَمْرَہٗ دُوْنَ اَھْلِ بَیْتِہٖ" اس نے اپنے معاملہ میں اپنے گھر والوں سے مشورہ کئے بغیر فیصلہ کر لیا۔

تَفَارَزَ۔ الشَّرِیْکَانِ الشِّرْکَۃَ: شرکت کو فسخ کرنا

اَلْفَرْزُ۔ مص۔ دو پہاڑوں کے درمیان کشادگی دو ٹیلوں کے درمیان پست زمین۔

اَلْفَرَزَۃُ۔ سخت زمین میں شگاف۔

اَلْفِرْزُ۔ ٹیلہ کا راستہ۔ ساتھی کیلئے علیحدہ کیا ہوا حصہ۔ ج اَفْرَازٌ و فُرُوْزٌ۔

اَلْفِرْزَۃُ۔ جدا کی ہوئی چیز کا ایک حصہ۔

اَلْفُرْزَۃُ۔ باری۔ فرصت۔ ٹیلہ کا راستہ۔

اَلْفَارِزُ۔ فا۔ کَلَامٌ فَارِزٌ: صاف واضح کلام لِسَانٌ فَارِزٌ: فیصلہ کن زبان۔

اَلْاِفْرِیْزُ۔ مِنَ الْحَائِطِ: کارنس ج اَفَارِیْزُ (دخیل)

اَلْفَرَزْدَقُ۔ روٹی جو تنور میں گر پڑے۔ روٹی کے ٹکڑے۔ گوندھے ہوئے آٹے کے پیڑے۔ واحد (فَرَزْدَقَۃٌ) اور اس کی تصغیر فُرَیْزِقٌ یا فُرَیْزِدٌ ج فَرَازِقُ اور قیاس کے لحاظ سے فَرَازِدُ۔ اَلْفَرَزْدَقُ: لقب ایک مشہور شاعر کا۔

تَفَرْزَعَ۔ الْکَلَأُ: گٹھا گٹھا ہونا۔

اَلْفُرْزُعُ۔ بنولہ۔

الفُرْزُعَۃ۔ فُرْزُع کا واحد۔ گھاس کا گٹھا ج فَرازِع۔

فَرْزَلَہٗ فَرْزَلَۃً۔ قید کرنا۔

الفِرْزِل۔ قید۔ ہتھکڑی لگانا۔ لوہا کاٹنے کی قینچی۔

الفُرْزُل۔ موٹا آدمی۔

الفُرْزُوم۔ موچیوں کا فرمہ۔

تَفَرْزَن۔ البَیْذَق: شطرنج میں پیادہ کا ملکہ بننا۔

الفِرْزَان۔ شطرنج کی ملکہ ج فرازین (دخیل)

فَرَسَ (ض) فَرْسًا وافْتَرَسَ۔ الاَسَدُ فَرِیْسَتَہٗ: گردن توڑ دینا۔ شکار کرنا۔ فَرَسَ الذَّبِیْحَۃَ رگِ گلو کاٹ دینا۔ گردن جدا کرنا —— الشَّیْءَ جدا جدا کرنا۔

فَرَسَ (ض) فِرَاسَۃً۔ بالعین: ظاہر نظر سے باطن کو معلوم کرنا۔

فَرُسَ (ک) فَرَاسَۃً وفُرُوْسَۃً وفُرُوْسِیَّۃً شہسواری میں ماہر ہونا۔

فَرَّسَ۔ الشَّیْءَ: پھاڑنے کیلئے پیش کرنا۔

اَفْرَسَ۔ عَنْ بَقِیَّۃِ مَالٍ: مال لینا اور کچھ باقی چھوڑ دینا —— الرَّاعِی: گلے کی حفاظت سے غافل ہونا —— فُلَانٌ الاَسَدَ حِمَارَہٗ: اپنی نجات کیلئے گدھے کو پھاڑنے کیلئے شیر کے سامنے کر دینا

تَفَرَّسَ۔ فِیْہِ: نظر جما کر دیکھنا۔ فِیْہِ الخَیْرَ: کسی کے اندر علامت سے خیر پہچاننا —— الرَّجُلُ: بتکلف شہسوار ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ فُلَانٌ لَیْسَ بِفَارِسٍ وَلٰکِنَّہٗ یَتَفَرَّسُ فلاں شہسوار نہیں ہے لیکن وہ شہسوار بنتا ہے۔

الفُرْسُ وفَارِس۔ مملکت فارس کے باشندے ان کے ملک کو (فارس) اور ان کی زبان کو (الفَارِسِیَّۃ) کہتے ہیں۔

الفَارِسِیّ۔ فارس کی طرف نسبت۔ فُرْسٌ کا واحد۔

الفِرْس۔ ایک قسم کی گھاس۔

الفَرَس۔ گھوڑا۔ گھوڑی۔ مذکر کو حصان اور مؤنث کو حِجْرٌ کہتے ہیں اور بسا اوقات مؤنث کے لئے (فرسۃ) بھی استعمال کرتے ہیں اور فَرَسٌ کی جمع غیر لفظ سے خیل آتی ہے اور اسی سے اَفْرَاس ہے تین گھوڑوں کیلئے ثَلٰثَۃُ اَفْرَاسٍ اور تین گھوڑیوں کیلئے ثَلَاثُ اَفْرَاسٍ کہیں گے اور جمع کثرت فُرُوْسٌ آتی ہے۔ اور عرب کا قول ھُمَا کَفَرَسَیْ رِھَانٍ مثل ہے ان دو شخصوں کیلئے جو کسی ایک مقصد کی طرف مسابقت کریں اور کوشش اور فضل میں برابر ہوں۔

فَرَسُ البَحْرِ: ایک دریائی جانور ہے جو بڑے جسم اور بڑے سر کا ہوتا ہے اور اس کی ٹانگیں اور دم چھوٹی ہوتی ہے اور اس کی ہر ٹانگ میں چار کھر ہوتے ہیں اور اس کو فَرَسُ النَّہْرِ اور جَامُوْسُ البَحْرِ بھی کہتے ہیں۔

الفُرَیْسَۃ۔ تصغیر فَرَسٌ کی مؤنث کیلئے۔

الفُرَیْس۔ تصغیر فَرَسٌ کی مذکر کیلئے۔

الفَرْسَۃ۔ فَرَسَ کا اسم مرۃ (— والفُرْسَۃ) پھوڑا جو گردن میں ہوتا ہے۔

الفَارِس۔ فا۔ گھوڑا سوار۔ گھوڑے والا ج فُرْسَان وفَوَارِس اور کہا جاتا ہے "ھُوَ فَارِسٌ بِالاَمْرِ" وہ معاملہ کا جاننے والا ہے۔

الاَفْرَس۔ شہسواری کا ماہر۔ زیادہ سمجھدار

اَبُو فِرَاس والفَرَّاس شیر۔ الفَرَّاس: ذکی۔

الفَرِیْس۔ مقتول۔ کہا جاتا ہے ثَوْرٌ فَرِیْسٌ وبَقَرَۃٌ فَرِیْسٌ ج فَرْسٰی۔ حلقہ جو رسی کے سرے پر باندھا جاتا ہے۔

الفَرِیْسَۃ۔ فریس کا مؤنث جس کو شیر وغیرہ پھاڑ دیں۔

الفُرَانِس والفُرْنَاس شیر۔ موٹی گردن والا۔ الفُرْنَاس: بہت زیادہ بہادر۔ دیہاتیوں کا چودھری ج فَرَانِسَۃ۔

المُفْرَوْس۔ گردن کے پھوڑنے والا۔

الفُرَادِس۔ شیر۔

فَرْسَخَ فَرْسَخَۃً۔ الشَّیْءُ: کشادہ ہونا۔ (— وتَفَرْسَخَ وافْرَنْسَخَ) البَرْدُ او المَرَضُ: سردی یا بیماری کی تیزی کا کم ہونا۔ تفرسخ وافرنسخ الھم عنہ: غم کا دور ہونا۔ زائل ہونا۔

الفَرْسَخ۔ راحت۔ سکون۔ مدت طویل ہمیشہ رہنے والی چیز۔ شگاف۔ فَرْسَخُ الطَّرِیْقِ تین میل ہاشمی۔ اور بقول بعض بارہ ہزار گز اور یہ تقریباً آٹھ کیلو میٹر کے برابر ہوتا ہے ج فَرَاسِخ (کلمہ فارسیہ ہے) سَرَاوِیْلُ (مُفَرْسَخَۃٌ) کشادہ شلوار

الفِرْسِن۔ اونٹ کے کھر کا کنارہ (مؤنث) ج فَرَاسِن۔

رَجُلٌ (مُفَرْھَسَجُ) الوَجْہِ: پُر گوشت چہرہ والا امرد۔

فَرَشَ (ن ض) فَرْشًا وفِرَاشًا۔ الشَّیْءَ: بچھانا —— فُلَانًا اَمْرًا: کشادہ کرنا —— الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا —— الاَمْرُ: پھیلانا —— عَنْہُ: ارادہ کرنا۔ تیار رہنا۔

— فُرُوْشًا۔ النَّبَاتُ: نباتات کا زمین پر پھیلنا

فَرَّشَ۔ فُلَانًا بِسَاطًا: کسی کیلئے بچھونا بچھانا —— فَرَّشَ الدَّارَ: فرش لگانا۔ اینٹ اور پتھر بچھانا —— الزَّرْعُ: پھیلنا اور پتوں کا بڑھنا —— الطَّائِرُ: پرندہ کا پھڑپھڑانا۔

اَفْرَشَ۔ بِسَاطًا: کسی کیلئے بچھونا بچھانا

اَفْرَشَ السَّیْفَ: تلوار کی دھار کا پتلا کرنا۔ تیز کرنا —— الشَّجَرُ: درخت کا لمبی ٹہنی والا ہونا —— عَنْہُ: علیحدہ ہونا۔ دور ہونا —— الرَّجُلَ: غیبت کرنا اور بری بات کہنا —— المَکَانُ: زیادہ پڑنے والا ہونا —— الشَّاۃَ لِلذَّبْحِ: زمین پر ذبح کرنے کیلئے لٹانا —— الرَّجُلُ: بچھونے والا ہونا۔

تَفَرَّشَ۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا پھڑپھڑانا۔

اِفْتَرَشَ۔ ذِرَاعَیْہِ: بازو پھیلانا —— الشَّیْءَ: روندنا —— الطَّرِیْقَ: چلنا —— الرَّجُلَ: پچھاڑنا —— اِثْرَ فُلَانٍ: پیچھا کرنا —— عِرْضَہٗ: بے عزتی کرنا —— الشَّجَّۃُ الدِّمَاغَ: بغیر ٹوٹنے کے پہنچنا —— المَالَ: غصب کرنا —— الشَّیْءُ: پھیلنا۔

الفَرْش - مص - بچھونا - کشادہ زمین چھوٹے چھوٹے درخت چھوٹی چھوٹی لکڑیاں - چھوٹے چھوٹے اونٹ (اور اس معنی کے لحاظ سے جمع نہیں) جھوٹ کھیتی - جبکہ اسکے تین پتے نکل آئیں - وہ جگہ جہاں بکثرت نباتات ہوں - گائے بکری جو ذبح کے قابل نہ ہوں -

الفَرْشَة - فرش کا اسم مرۃ ـــــ عِندَ العَاتِمَۃِ: بچھونا -

الفِرْشَة - بچھانے کی ہیئت - کہا جاتا ہے ہو حَسَنُ الفِرْشَۃِ یعنی وہ اچھی حالت میں بچھا ہوا ہے -

الفَرَاش - زمین پر خشک شدہ کیچڑ ـــــ مِنَ النَّبِیْذِ: شراب کے بلبلے - زبان کے نیچے دو سرخ رگیں، دو لوہے جس سے لگام کو باندھتے ہیں الفَرَاش مِنَ الرِّجَالِ: بہت ہلکا پھلکا مرد -

الفِرَاش - بچھونا - گھونسلا منہ کی جڑ میں زبان کی جگہ ج اَفْرِشَۃٌ و فُرُشٌ -

الفَرَّاش - بہت بچھانے والا -

الفَرَاشَة - پتلی ہڈی یا پتلا لوہا - تھوڑا پانی ـــــ من القفل: تالے کا جھڑ - کندھوں کا اٹھا ہوا حصہ اور (فَرَاشُ الدِّمَاغِ) کا واحد ہے اور فَرَاشُ الدِّمَاغِ ان پتلی پتلی ہڈیوں کو کہتے ہیں کہ جو کھوپری تک پہنچتی ہیں - الفَرَاشَۃ: پروانہ اوچھی طبیعت کا مرد - کہا جاتا ہے "مَا ھُوَ اِلَّا فَرَاشَۃٌ" اور یہ حقارت اور خست کے لئے مثل ہے ج فَرَاشٌ -

الفَرِیْش - مِنَ النَّبَاتِ: زمین پر پھیلی ہوئی بیل - گھوڑی جس نے حال ہی میں بچہ دیا ہو - ج فَرَائِش -

المِفْرَاش - بچھونا -

المِفْرَشَة - کجاوہ پر بچھانے کا چھوٹا سا بچھونا - ج مَفَارِش -

المُفَرَّش - مفع کہا جاتا ہے "جَمَلٌ مُفَرَّشٌ" بغیر کوہان کا اونٹ -

فَرْشَحَ فَرْشَحَۃً و فِرْشَاحًا - ٹانگیں کشادہ کرنا - ڈھیلے طریقہ سے رانوں کو زمین سے ملا کر بیٹھنا - قریب قریب کودنا -

الفِرْشَاح - بے بارش کا بادل - بیڈول بلند عورت - چوڑا کھر - کشادہ زمین (الفِرْشَح) عضو تناسل -

فَرَصَ (ن) فَرْصًا - الشَّیءَ: کاٹنا الجِلدَ: چیرنا - پھاڑنا ــــ الفُرْصَۃَ: فرصت پانا -

فَرَصَ (ض) فَرْصًا - الرَّجُلَ: رگ گلو پر مارنا - شانہ کے گوشت پر مارنا -

فَرِصَ فَرَصًا و فَرْصًا - شانہ کے گوشت میں درد ہونا -

فَرَّصَ - النَّعْلَ: جوتے پر لوہے کی نوک سے منقش کرنا -

فَارَصَہٗ مُفَارَصَۃً - فِی الشَّیءِ: ــــ نوبت بنوبت کرنا -

اَفْرَصَتْہُ الفُرْصَۃُ - فرصت ملنا -

اَفْرَصَ و تَفَرَّصَ الفُرْصَۃَ: مہلت پانا -

تَفَارَصَ - القَوْمُ البِئْرَ: قوم کا کنوئیں پر باری باری آنا -

اِفْتَرَصَ - الفُرْصَۃَ: موقع پانا - فرصت کو غنیمت جاننا - کہا جاتا ہے فُلَانٌ لَا یُفْتَرَصُ اِحْسَانُہٗ وَبِرُّہٗ "یعنی فوت ہونے کا خوف نہیں کیا جاتا ہے -

الفُرْصَۃ - باری اور یہ اسم ہے - تَفَارَصَ القَوْمُ البِئْرَ کا - کہا جاتا ہے - جَاءَتْ فُرْصَتُکَ مِنَ السَّقْیِ: یعنی تمہاری باری آئی - وقت مناسب اِنْتَہَزَ الفُرْصَۃَ: فرصت کو غنیمت جانا ج فُرَصٌ

الفَرْصَۃ و الفِرْصَۃ و الفَرَصَۃ - اون یا روئی کا ٹکڑا -

الفَرِیص - پانی کا شریک کہتے "ہُوَ فَرِیْصِیْ" گلے کی رگیں - واحد (فَرِیْصَۃ) ہے -

الفَرِیْصَۃ - باری - پہلو اور مونڈھے یا پستان اور مونڈھے کے درمیان کا گوشت جو خوف کے وقت اچھلنے لگتا ہے - کہا جاتا ہے ارتعدت فریصتہ یعنی بہت گھبرایا - "ھُوَ ضَخْمُ الفَرِیْصَۃِ" یعنی وہ جری و بہادر ہے - ج فَرِیْص و فَرَائِص -

المِفْرَص - لوہا یا چاندی کاٹنے کی چھینی ج مَفَارِص -

المِفْرَاص - لوہا یا چاندی کاٹنے کی چھینی ج مَفَارِیْص -

الفِرْصَاد - سرخ رنگ - توت یا توت کا درخت و الفِرْصِد و الفِرْصِیْد - انگور کا بیج

فَرَضَ (ض) فَرْضًا - الخَشَبَۃَ وفیہا: لکڑی کاٹنا - چھیدنا ــــ الاَمْرَ: فرض کرنا - معین کرنا - ــــ لَہٗ کذا فِی الدِّیْوَانِ: عطیہ دینا - تنخواہ مقرر کرنا ــــ لِفُلَانٍ کَذَا: فرض مقرر کرنا ــــ لَہٗ: وقت معین کرنا ــــ اللہُ الاَحْکَامَ عَلٰی عِبَادِہٖ: واجب ٹھہرانا -

فَرَضَتْ (ض) و فَرُضَتْ (ک) فُرُوْضًا و فَرَاضَۃً - البَقَرَۃُ: گائے کا عمر رسیدہ ہونا صفت (فَارِض)

فَرُضَ (ک) فَرَاضَۃً - علم فرائض کا جاننے والا ہونا -

فَرَّضَ - الخَشَبَۃَ: لکڑی میں سوراخ کرنا - ــــ الاَمْرَ: واجب کرنا -

اَفْرَضَ - فُلَانًا شَیْئًا: دینا ــــ لِفُلَانٍ کذا: فرض قرار دینا - اَفْرَضَتِ المَاشِیَۃُ: نصاب کو پہنچنا - زکوٰۃ کے قابل ہونا -

اِفْتَرَضَ - اللہُ الاَحْکَامَ عَلٰی عِبَادِہٖ: واجب ٹھہرانا ــــ القَوْمُ: قوم کا ختم ہو جانا ــــ الجُنْدُ: فوج کا تنخواہ لینا -

الفَرْض مص ــــ مِنَ القَوْسِ: چلہ کمان کی جگہ - ج فِرَاض - الفَرْض: اللہ کا بندوں پر مقرر کیا ہوا قانون - اپنے پر لازم کی ہوئی چیز عَلَیْہِ: تنخواہ - تنخواہ دار فوج ج فُرُوْض و فِرَاض

الفُرْض - کاٹ -

الفُرْضَۃ - مِنَ النَّہْرِ: دریا کا دہانہ - لکڑی جس میں دروازہ کی چول ہو ــــ مِنَ البَحْرِ: بندرگاہ ــــ مِنَ القَوْسِ: کمان کا سرا جو تانت

لگانے کیلئے کاٹا جائے ـــ مِنَ الدَّوَاةِ:
دوات میں سیاہی کی جگہ۔ فُرْضَةُ الْجَبَلِ: پہاڑ
کے وسط کی پست جگہ ج فُرَضٌ و فِرَاض۔
الفِرَاض۔ کپڑا۔ دریا کا دہانہ۔
الفَارِض۔ فا۔ موٹا۔ پرانا ج فُرَّض مؤنث
فَارِضَة ج فَارِضَات و فَوَارِض۔
ـــ والفَرْضِيّ والفَرِيض والفَرَّاض
علم فرائض کا جاننے والا۔
الفَرِيضَة۔ فرض۔ زکوٰۃ۔ مقرر کردہ حصہ
ج فرائض علم الفرائض: وہ علم جس میں وارثین
کے حصص بیان کئے جائیں۔ اَصحابُ الفرائض
وہ ورثہ جن کے حصے مقرر ہیں۔
المِفْرَاض والمِفْرَض۔ کاٹنے کا اوزار
المَفْرُوض۔ مع اللہ کا حکم جو بندوں پر
واجب ہو۔ کاٹا ہوا۔ محدود۔
الفِرْضِخ۔ بچھو۔
رَجُلٌ (فِرْضَاخ) بڑے ڈیل ڈول کا مرد
مؤنث فِرْضَاخَة۔
الفِرْضَاخَة والفِرْضَاخِيَّة بڑے
پستان کی عورت۔
المُفَرْضَخ۔ سست وناتواں۔
الفِرْضِم۔ بوڑھی بکری۔
فَرَطَ (ن) فُرُوطًا۔ آگے بڑھنا۔ مقدم ہونا
ـــ فرطا فی الامر کوتاہی کرنا۔ فرط منہ القول
بغیر سمجھے بوجھے کہنا۔ منہ شیءٌ: جاتا رہنا۔
عَلَيْهِ فِي القَوْلِ: پیش دستی کرنا اور حد سے گزرنا
فَرَطَ عَلَى فُلَانٍ: جلدی کرنا اور تکلیف دینا۔ فَرَطَ:
غالب ہونا۔ فَرَطَ إِلَيْهِ رَسُولًا: قاصد بھیجنا اور
جلدی کرنا ـــ وَلَدًا: چھوٹا بچہ مرنا۔
فَرَطَ (ن ض) فَرْطًا و فِرَاطَةً القَوْمَ:
گھاس پانی کی طرف قوم سے پہلے جانا صفت
(فَارِط) جمع فَارِطُون و فُرَّاط۔
فَرَّطَ۔ الشیءَ و فی الشیءِ: ضائع کرنا۔ متفرق
کرنا ـــ فِي الشَّيءِ: کوتاہی کرنا۔ عاجزی کرنا۔
فَرَّطَ: چھوڑ دینا اور آگے بڑھ جانا۔ مدح یا ہجو
کرنا اور حد سے گزرنا ـــ عَنْهُ: مہلت دینا۔
ـــ إِلَيْهِ رَسُولًا: قاصد بھیجنا ـــ اللّٰهُ عَنْهُ
ما يَكْرَهُ: دور کرنا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔
اَفْرَطَ۔ جانب زیادتی اور حد سے بڑھ جانا
جلدی کرنا ـــ رَسُولًا: قاصد بھیجنا ـــ
الامر: بھولنا اور چھوڑنا ـــ الاناءَ: برتن کو
لبالب بھرنا ـــ بِيَدِهِ إِلَى السَّيْفِ يَسْتَلُّهُ:
تلوار کھینچنے میں جلدی کرنا ـــ عَلَى الرَّجُلِ: ـــ
طاقت سے زیادہ بوجھ ڈالنا ـــ فُلَانٌ وَلَدًا:
نابالغ بچے کا وفات پانا ـــ الشیءَ: بھولنا
چھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "ما افرط منہم احدا" یعنی
کسی کو نہیں چھوڑا۔
فَارَطَہٗ فِرَاطًا و مُفَارَطَةً۔ سبقت
لے جانا۔ پالینا۔
تَفَرَّطَ۔ الشَّيءُ: وقت گذر جانا ـــ
الفَرَسُ الخَيْلَ: گھوڑے کا سابق ہونا۔ آگے
بڑھ جانا۔
تَفَارَطَ۔ آگے بڑھنا ـــ القَوْمُ: آگے
بڑھنے کی کوشش کرنا ـــ الشَّيءُ: وقت کا
جاتا رہنا۔ کہا جاتا ہے "تفارطت الصلاة عن
وقتہا" یعنی نماز اپنے وقت سے مؤخر ہو گئی
تَفَارَطَتْهُ الهُمُومُ: غموں کا لاحق ہونا۔
اِنْفَرَطَ۔ کھلنا۔
اِفْتَرَطَ۔ وَلَدًا: چھوٹے بچے کا مرنا
إِلَيْهِ فِي الأَمْرِ: آگے بڑھنا۔ سبقت کرنا۔ کہا جاتا
ہے "فلانٌ لا يُفْتَرَطُ إِحْسَانُهُ" یعنی فلاں کے
احسان کے فوت ہونے کا خوف نہیں کیا جاتا
الفَرْط۔ مص۔ افراط کا اسم ہے۔ ٹیلہ کا سرا۔
پہاڑی کی چوٹی۔ راستہ کا نشان ج اَفْرُط و اَفْرَاط
الفَرْط: وقت اور کہا جاتا ہے "آتيتُه فَرْطًا":
میں اس کے پاس چند دن کے بعد آیا اور یہ
پندرہ دن سے زائد اور تین دن سے کم نہیں ہوتا
آتیک فرط یوم او یومین یعنی ایک یا دو دن
کے بعد آؤں گا "وَلَا القاہ اِلّا فی الفرط"
یعنی چند ایام میں ایک مرتبہ ملوں گا۔
الفُرُط۔ دامن کوہ۔
اَفْرَاط۔ الصَّبَاحِ: صبح کی پہلی شعاعیں
الفَرَط۔ پانی کی طرف قوم سے آگے بڑھنے
والا۔ اس میں واحد جمع برابر ہیں۔ کہا جاتا ہے۔
رَجُلٌ فَرَطٌ و قَوْمٌ فَرَط۔ اور اسی سے ہے "انا
فرطکم علی الحوض" الفَرَط: پہلا پہنچا ہوا اجر۔
جلد بازی۔ وہ کام جس میں کوتاہی کی جائے۔
نابالغ بچہ۔ کہا جاتا ہے "سبقہ فرط کثیر" نابالغ
بچے مر گئے اور مردہ بچہ کے جنازہ کی دعا میں
کہتے ہیں۔ "اَللّٰہُمَّ اجْعَلْہُ لَنَا فَرَطًا" یعنی اے اللہ
اسکو ہمارے لئے اجر بنا جو ہم سے پہلے پہنچ جائے
الفُرُط۔ چھوڑا ہوا کام۔ حد سے گزرا ہوا حد
سے تجاوز، ظلم و زیادتی۔ تیز گھوڑا جو سارے
گھوڑوں سے بڑھ جائے۔
الفَرْطَة والفُرْطَة۔ نکلنا اور آگے بڑھنا
کہا جاتا ہے "ھو ذو فرطۃ فی البلاد" یعنی بہت
سفروں والا ہے۔
الفُرَاطَة والماءُ الفُرَاط۔ پانی جو چند
قبیلوں کے درمیان مشترک ہو اور جو پہلے
پہنچ جائے اسی کا ہوجائے۔ بِئْرٌ فُرَاطَةٌ: بھی
کہا جاتا ہے یعنی مشترک کنواں "تکلم فراطا":
بے سمجھے بوجھے بولا۔
مَفَارِط۔ البلاد: اطراف بلاد۔
فَرْطَحَ فَرْطَحَةً۔ الشيءَ: چوڑا کرنا۔
رَأْسٌ (فِرْطَاح) و مُفَرْطَح۔ چوڑا سر۔
فَرْطَسَ۔ الخنزیر: ناک لمبی کرنا۔
فِرْطُوسَة و فِرْطِيسَة۔ سور کی ناک۔
الفِرْطِيسَة: ناک کا بانسہ۔ ج فَرَاطِيس۔
الفِرْطَاس۔ چوڑا۔
الفُرْطُوم۔ موزہ کا سرا۔ صحیح قاف قرطوم ہے
فَرَعَ (ف) فَرْعًا و فُرُوعًا۔ الجَبَلَ: پہاڑ پر
چڑھنا ـــ الوادی: وادی میں اترنا ـــ
الارض: زمین میں حیز لگانا ـــ القَوْمَ: قوم
سے شرافت اور جمال میں فائق ہونا
الفَرَسَ بِاللِّجَامِ: گھوڑے کو لگام کھینچکر ٹھہرانا

—— رَاْسَهٗ بِالعَصَا: سر پر لاٹھی مارنا ——
بین القوم: روک بن جانا یا اصلاح کرنا۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا اَوَّلُ صَیْدٍ فَرَعَہٗ" پہلا شکار ہے جس کا خون گرایا گیا ہے۔

فَرِعَ (س) فَرَعًا۔ کثرت سے بالوں والا ہونا صفت (اَفْرَع) مؤنث فَرْعَاءُ ج فُرْعٌ۔

فَرَّعَ۔ فی الجَبَل: پہاڑ پر چڑھنا۔ مِنَ الجَبَل: پہاڑ سے اترنا۔ بَیْنَهُمْ، تفریق کرنا —— المَسَائِلَ مِنْ ہٰذَا الاَصْلِ: فروع کا استنباط کرنا —— فی الاَرْضِ: زمین میں چکر لگانا

اَفْرَعَ۔ مِنَ الجَبَلِ: پہاڑ سے اترنا —— بِالقَوْمِ: قوم کے پاس نازل ہونا —— الشَّیْءُ: طویل و بلند ہونا —— الاَمْرَ: شروع کرنا۔ اللِّجَامُ الفَرَسَ: لگام کا گھوڑے کو لہولہان کرنا اَفْرَعَتِ الضَّبُعُ الغَنَمَ او فی الغَنَمِ: بجّو کا بکریوں میں تباہی ڈالنا اور خون آلود کرنا۔ اَفْرَعَتِ الاِبِلُ: اونٹنی کا پہلا بچہ جننا —— القَوْمُ مِنْ سَفَرِہِمْ: وقت سے پہلے سفر سے واپس آنا۔ —— الارضَ: زمین میں چکر لگانا —— الفَرَعَۃَ: پہلا بچہ ذبح کرنا —— اَہْلَہٗ: کفیل ہونا حَاجَتَہٗ او سَفَرَہٗ: شروع کرنا (اُفْرِعَ) بِفُلَانٍ: پکڑا جانا اور قتل کیا جانا۔

فَارَعَہٗ۔ کفایت کرنا اور انگیز کرنا۔

اِفْتَرَعَ۔ البِکْرَ: بکارت زائل کرنا۔

تَفَرَّعَ۔ القَوْمَ: گالی دینا۔ فائق ہونا —— الشَّیْءُ: بلند ہونا۔ تَفَرَّعَتِ الاَغْصَانُ: ٹہنیوں کا بہت ہونا —— المَسَائِلُ: اصول سے متفرع ہونا —— الشَّیْءُ عَلَی الشَّیْءِ: مترتب ہونا یا مبنی ہونا

اِسْتَفْرَعَ۔ الشَّیْءَ: شروع کرنا —— الرَّجُلُ: پہلے بچہ کو ذبح کرنا۔

الفَرْعُ۔ مم —— مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: اوپر کا حصہ جو اصل سے نکلا ہو جیسے فَرْعُ الشَّجَرَۃِ: منفعت بخش مال۔ الفرعُ فی المَسَائِلِ العِلْمِیَّۃِ: مسائل مستنبطہ جو کسی اصل سے نکلے ہوں۔ فَرْعُ المَرْأَۃِ: عورت کے بال۔ فَرْعُ القَوْمِ: سردار رئیس۔ فَرْعُ الاُذُنِ: کان کا اوپر کا حصہ ج فُرُوعٌ۔ الفَرَعُ: جوئیں واحد (فَرَعَۃٌ) اور کہا جاتا ہے "ضَرَبَہٗ عَلٰی فَرَعِ اَلْیَتِہٖ: چوتڑ کے اس حصے پر جو بیٹھنے میں زمین پر لگتا ہے۔ الفرعُ: گھاٹی کی طرف پانی بہنے کی جگہ ج فِرَاعٌ۔

الفَرَعُ۔ اونٹ یا بکری کا پہلا بچہ۔ جوئیں واحد (فَرَعَۃٌ) تقسیم۔ کہا جاتا ہو "تَرَاضَوْا بِالفَرَعِ" یعنی تقسیم پر راضی ہو گئے۔

الفَرَعَۃُ۔ راستہ کی بلندی۔ پہاڑ کی چوٹی ج فِرَاعٌ۔

الفَارِعُ۔ فا۔ خوبصورت۔ بلند۔ پست

الفَارِعَۃُ۔ مؤنث فَارِع۔ فَارِعَۃُ الجَبَلِ: پہاڑ کا بلند حصہ ج فَوَارِعُ (فَارِعَۃُ الطَّرِیْقِ و فرعاوہ) راستہ کی بلندی۔

المِفْرَعُ۔ لوگوں کے درمیان صلح کرانے والا ج مَفَارِعُ۔

المُفْرَعُ۔ ہر چیز کا طویل۔ کہا جاتا ہو "فُلَانٌ مُفْرَعُ الکَتِفِ" یعنی فلاں چوڑے اور بلند مونڈھے کا ہے۔

الفُرْعُلُ۔ بجّو کا بچہ۔ مؤنث فرعلۃ ج فَرَاعِلُ و فَرَاعِلَۃٌ۔

الفُرْعُلَانُ۔ نر بجّو۔

فَرْعَنَ فَرْعَنَۃً۔ الرَّجُلُ: تکبر کرنا۔ چالاک ہونا۔

تَفَرْعَنَ۔ النَّبَاتُ: لمبی اور قوی ہونا فلانٌ علینا: سرکشی اور ظلم کرنا۔ فراعنہ کے اخلاق کو اختیار کرنا۔

فِرْعَوْنُ و فِرْعُوْنُ و فُرْعُوْنُ۔ مصر کے بادشاہ کا لقب۔ شریر۔ سرکش۔ ج فَرَاعِنَۃٌ۔

فَرَغَ (ف ن) و فَرِغَ (س) فَرَاغًا و فُرُوْغًا۔ مِنَ العَمَلِ: کام سے خالی ہونا لَہٗ و اِلَیْہِ: قصد کرنا —— الرَّجُلُ فُرُوْغًا: مرنا۔ فَرَغَ دَمُہٗ: رائگاں جانا مطالبہ نہ کیا جانا —— مِنَ الشَّیْءِ: پورا کرنا۔ تمام کرنا —— الظَّرْفُ: برتن کا خالی ہونا —— فَرْغًا عَلَیْہِ المَاءَ: گرانا

فَرُغَ (ک) فَرَاغَۃً۔ رنجیدہ ہونا۔ گھبرانا۔ فَرُغَتِ الطَّعْنَۃُ: وسیع ہونا۔ صفت (فَرِیْغَۃٌ)

فَرِغَ (س) فَرَاغًا۔ المَاءُ: پانی کا گرنا۔

اَفْرَغَ و فَرَّغَ۔ المَاءَ: پانی گرانا —— الاِنَاءَ: برتن خالی کرنا —— الدِّمَاءَ: خون بہانا کہا جاتا ہے "فَرَّغَ اللّٰہُ عَلَیْہِ الصَّبْرَ" یعنی اللہ اسکو صبر دے۔ افرغ الذہب ونحوہ: سانچہ میں ڈھالنا۔

تَفَرَّغَ۔ کام سے خالی ہونا —— الاَمْرَ: کوشش کرنا۔

اِفْتَرَغَ۔ المَاءَ: اپنے اوپر پانی گرانا۔

اِسْتَفْرَغَ۔ قے کرنا —— مَجْہُوْدَہٗ لِکَذَا: طاقت صرف کرنا۔

الفَرْغُ۔ برتن کا کنارہ جس سے پانی گرایا جائے کہا جاتا ہو "ہٰذِہٖ طَعْنَۃٌ ذَاتُ فَرْغٍ" یہ نیزے کا زخم چوڑا ہے قحط زدہ زمین۔ ج فُرُوْغٌ۔

الفِرْغُ۔ فراغت۔ کہا جاتا ہے "ذَہَبَ دَمُہٗ فِرْغًا او فَرْغًا" یعنی اس کا خون رائگاں گیا۔

الفَرِغُ۔ فارغ۔

الفَرَاغُ۔ ڈول کا کنارہ جس سے پانی گرایا جائے برتن بڑا پیالہ۔ جانور کے ایک طرف کا بوجھ۔ چوڑا نیزہ۔ کشادہ رفتار کا جانور ج اَفْرِغَۃٌ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ فَرَاغٌ" یعنی تیز رفتار وسیع القدم مرد۔

الفَرِیْغُ۔ چوڑا۔ ہموار زمین۔ کشادہ رفتار جانور ج فِرَاغٌ۔ رَجُلٌ فَرِیْغٌ: تیز زبان مرد۔ طَرِیْقٌ فَرِیْغٌ کشادہ راستہ۔ ضَرْبَۃٌ فَرِیْغٌ و فَرِیْغَۃٌ: تلوار کا کشادہ زخم جس سے خون بہے۔

الفَرِیْغَۃُ۔ مؤنث فریغ۔ زیادہ پانی کا چھاگل

الاَفْرَغُ۔ فارغ۔ مؤنث فَرْغَاءُ طَعْنَۃٌ فَرْغَاءُ کشادہ زخم۔

الفَرْغَانُ۔ کشادہ برتن۔

درہم (مُفْرَغٌ و مُفَرَّغٌ) سانچہ میں ڈھلا ہوا جس پر ٹھپہ نہ ہو۔

فرس (مُسْتَفْرِغٌ) بہت تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

الفَرقَح - نرم و چکنی زمین -
الفَرفَخ - لمبے پروالا - گیہوں کا پھٹکن -
الفُرافِص والفُرافِصَۃ - مضبوط شیر
فَرفَرَ فَرفَرَۃً - تیز چلنا اور قدم قریب
قریب رکھنا ــــ البَعیرُ: بدن کو جھاڑنا ــــ
الرجُلُ فی کلامِہٖ: خلط ملط کرنا اور بڑھانا ــــ
الشَّیٔ: جھاڑنا اور حرکت دینا - توڑنا ــــ
الذِّئبُ الشَّاۃَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا ــــ
الرَّجُلَ: غیبت کرنا بے عزت کرنا ــــ فُلاناً:
فریاد کرنا - فَرفَرَ الفَرَسُ اللِّجامَ: سر سے علیحدہ
کرنے کے لئے حرکت دینا -
الفِرفِر والفُرفُر - چڑیا -
الفِرفِرُ والفُرفُرُ والفُرافِرُ والفُرفُورُ
شیر جو اپنے مقابل کو پھاڑ دے - بھیڑ یا بکری
یا جنگلی گائے کا بچہ - جوان لڑکا - الفُرافِر:
بیوقوف - بہت بکواس کرنے والا -
الفَرِسُ: گھوڑا اپنے منہ میں لگام کو حرکت دینے والا
الفَرفَار - ایک درخت ہے جس سے پیالے
بنائے جاتے ہیں اور جو آگ سے کم جلتا ہے -
ــــ **الفِرفَار** - شیر جو اپنے مقابل کو پھاڑ دے
فَرَقَ (ن ض) فَرقاً و فُرقاناً - بَینَہُما:
جدا کرنا ــــ البَحرَ: سمندر کو پھاڑنا ــــ فَرقاً
الشَّعرَ: بال میں مانگ نکالنا ــــ الطّائِرُ:
پرندہ کا بیٹ کرنا -
فَرَقَ (ن) فُرُوقاً - لَہٗ الطَّرِیقُ: راستہ
کا واضح ہونا ــــ الأمرُ لِفُلانٍ: روشن ہونا
فَرَقَتِ النَّاقَۃُ: اونٹنی کا دردِ زہ والی ہونا
لَہٗ عَنِ الشَّیٔ: ظاہر کرنا -
فَرِقَ (س) فَرَقاً - مِنہُ: گھبرانا - کہا جاتا ہے
ہے "فَرَقٌ خَیرٌ مِن حُبٍّ" خوف محبت سے بہتر ہے
یعنی تم سے لوگوں کا خائف رہنا تمہارے ساتھ
محبت کرنے سے بہتر ہے - فَرِقَ الرَّجُلُ:
موج میں داخل ہونا -
أفرَقَ - الطّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا
الطّائِرَ: پرندہ سے بیٹ کرانا ــــ المَرِیضُ

مِن مَرَضِہٖ: مریض کا صحتیاب ہونا
غَنَمَہٗ: بکریوں کو ضائع کر دینا - کھو دینا -
فَرَّقَ تَفرِیقاً و تَفرِقَۃً - الشَّیٔ: جدا
جدا کرنا ــــ الرجلَ - خوف دلانا ــــ شَعرَہٗ
بِالمُشطِ: کنگھے سے مانگ نکالنا -
فَارَقَہٗ فِرَاقاً و مُفَارَقَۃً - جدا ہونا -
تَفَرَّقَ تَفَرُّقاً و تِفِرّاقاً و اِفتَرَقَ و
تَفَارَقَ - ضد ہے - تجمّع اور اِجتمع و تجامع
کی کہا جاتا ہے "تَفَرَّقَت بِہِمُ الطُّرُقُ" یعنی
ہر ایک ایک راستہ کو ہو لیا -
اِنفَرَقَ - عَنہُم: جدا ہونا ــــ لَہٗ الطَّرِیقُ
راستہ کا واضح ہونا -
الفَرق - مص - مانگ - کتان -
الفِرق - لڑکوں کا گروہ - قسم - ہر چیز کا
ٹکڑا - بکری وغیرہ کا گلہ -
الفَرَق - مص گھبراہٹ - مانگ - صبح
یا ابتداءِ صبح ج أفراق و أفرُق - الفَرَقُ:
دو دانتوں کا فاصلہ فِی الخَیلِ: گھوڑے
کی ایک سرین سے دوسرے کی بلندی اور یہ
غیر محبوب ہے -
الفُرقَان - مص - ہر وہ چیز جس سے حق
و باطل کے درمیان فرق ہو - دلیل - مدد
صبح یَومُ الفُرقَانِ: جنگِ بدر کا دن -
والفُرقَ - توراۃ - قرآن - الفُرق:
ناپنے کا ایک برتن -
الفِرقَۃ - لوگوں کی ایک جماعت ج فِرَق -
الفُرقَۃ والفِرَاق - جدائی -
الفَرُق والفَرِق والفَارُوق والفَرُوق والفُرُوق
والفَرُوق - بہت گھبرانے والا - مؤنث -
فَرِقَۃ و فَرُوقَۃ - نَبتٌ فَرِقٌ: متفرق نباتات
یا چھوٹے چھوٹے جو زمین کو نہ ڈھکیں -
الفَرُوقَۃ والفَرُّوقَۃ والفَارُوقَۃ -
(مذکر و مؤنث) بہت گھبرانے والا - بزدل -
الفَرِیق - ریوڑ - فرقہ سے بڑی جماعت
فَرِیقُ الخَیلِ: آگے بڑھنے والا گھوڑا ج أفرِقاء

وأفرِقَۃ و فُرُوق -
الفَرِیقَۃ - بکریوں کا ریوڑ - ایک قسم کا کھانا
جو زچہ کو دیا جاتا ہے -
الأفرَق - مانگ والا جس کے داڑھی کے
بال یا پیشانی کے بال میں مانگ ہو - جس کے
دانت جدا جدا ہوں - دِیکٌ أفرَقُ: مرغ جس
کی کلغی شاخ شاخ ہو - تَیسٌ أفرَقُ: مینڈھا کہ
جس کے سینگوں میں دوری ہو - مؤنث فَرقاء -
الفَارِق - فا - مؤنث - فَارِقَۃ ج فَوَارِق
و فَارِقات - ابر کا ٹکڑا جو بادلوں سے جدا ہو
دردِ زہ میں مبتلا اونٹنی ج فَوَارِق و فُرَّق و
فُرُق و فُرَّاق -
الفَارِق - ہر وہ چیز جو حق اور باطل کے
درمیان فرق کرنے والی ہو -
الفَارُوق - وہ شخص جو امور میں فیصلہ
کرے - لقب خلیفۂ دوم کا - کہا جاتا ہے "ضَمَّ
(تَفَارِیقَ) مَتَاعِہٖ: یعنی اس نے متفرق
سامان کو اکٹھا کیا - "وَأخَذَ حَقَّہٗ بِالتَّفَارِیقِ" یعنی
اس نے اپنا حق تھوڑا تھوڑا کر کے لیا -
المَفرِق والمَفرَق - مِنَ الطَّرِیقِ: راستہ
کا وہ حصہ جہاں سے مختلف راستے نکلیں -
ــــ مِنَ الشَّعرِ: مانگ ج مَفَارِق - کہا جاتا
ہے وَقَفَہٗ عَلیٰ مَفَارِقِ الحَدِیثِ یعنی اس نے
بات کی وجوہ واضحہ سے واقف کیا -
الفَرقَد - قطب شمالی کے قریب ایک
روشن ستارہ کا نام اور اسی کے پہلو میں
ایک دوسرا ہے جو اس سے کم روشن ہوتا ہے
اور یہ دونوں فَرقَدان کہلاتے ہیں ــــ
مِنَ الأرضِ: سخت ہموار میدان -
الفَرقَد: نیل گائے کا بچہ ج فَرَاقِد -
فَرقَعَ فَرقَعَۃً و فِرقَاعاً - تیز دوڑنا -
گوز کرنا - صفت (فَرقَاع) ــــ الأصَابِعَ:
انگلیاں چٹخانا ــــ فلاناً: گردن مروڑنا -
تَفَرقَعَ - انگلیوں کا چٹخنا -
اِفرَنقَعَ - انگلیوں کا چٹخنا ــــ عَنہُ:

دور ہونا۔ یکسو ہونا۔
الفُرْقُعَۃ۔ دبر۔
فَرَكَ (ن) فَرْكًا۔ الثوبَ: کپڑے کو ملنا
الشَّیَٔ عَنِ الثوبِ: کھرچنا ـــــ الجَوْزَ ونَحْوَہٗ:
اخروٹ وغیرہ کو مل دل کر چھلکا اتارنا۔
فَرِكَہٗ (س) فَرْكًا وفِرْكًا وفُرُوْكًا
وفِرِكَّانًا۔ بغض رکھنا۔ اور کہا گیا ہے کہ
زوجین کے ساتھ مخصوص ہے۔
فَرِكَتْ (س) فَرَكًا۔ الأُذُنُ: کان کی
جڑ کا ڈھیلا ہونا۔ صفت (فَرِكَۃٌ و فَرْكَاءُ)
فَرَّكَہٗ۔ ملنے میں مبالغہ کرنا۔
فَارَكَہٗ مُفَارَكَۃً۔ چھوڑنا۔
أَفْرَكَ۔ السُّنْبُلُ: ملنے کے قابل ہونا۔
تَفَرَّكَ۔ چال یا گفتگو میں اٹکنا۔
(ـــ وانْفَرَكَ) ملا جانا۔ کہا جاتا ہے "انْفَرَكَ
مَنْكِبُ فُلَانٍ" یعنی فلاں کا مونڈھا اکھڑ گیا۔
إِسْتَفْرَكَ۔ الحَبُّ فِي السُّنْبُلَۃِ: دانہ کا
خوشہ میں سخت اور موٹا ہونا۔
الفِرْكُ۔ بغض۔ بغض زوجین۔
الفَرِكُ۔ چھلکا اتارا ہوا۔ کہا جاتا ہے۔
لَوْزٌ فَرِكٌ۔
الفَارِكُ۔ فا۔ اِمْرَأَۃٌ فَارِكٌ: شوہر سے
بغض رکھنے والی ج فَوَارِك۔
الفَرُوك۔ بغض رکھنے والا۔ شوہر سے
بغض رکھنے والی عورت۔
الفَرِيكُ۔ ملا ہوا دانہ۔ غلہ جو ملا جائے
اور گھی ملا کر پکایا جائے۔
المَفْرُوكُ۔ مفع من الابل: وہ اونٹ
جس کے مونڈھے کی ہڈی اپنی جگہ سے ہٹ
گئی ہو اور مونڈھا چھد گیا ہو ـــــ مِنَ
الثیاب: بہت گہرا رنگا ہوا کپڑا۔
المُفَرَّكُ۔ مفع۔ چھوڑا ہوا۔ مبغوض۔
أَفْرَمَ۔ الإِنَاءَ۔ برتن کو بھرنا۔
الأَفْرَمُ۔ گرے ہوئے دانت والا۔
الفَرَمَانُ۔ پروانہ شاہی ج فَرَامِين۔

الفُرْنُ۔ تنور۔ ج أَفْرَان۔
الفَرَّانُ۔ تنور کا مالک۔ روٹی پکانیوالا۔
الفَارِنَۃ۔ روٹی پکانے والی۔
الفُرْنِيّ۔ گول موٹی روٹی واحد (فُرْنِيَّۃٌ)
سخت بدن کا آدمی۔
الفِرْنِب۔ چوہا۔ چوہے کا بچہ۔
الفِرِنْد۔ انار دانہ۔ تلوار۔ جوہر تلوار۔
تلوار کا نقش ونگار۔ کہا جاتا ہے "سَيْفٌ فِرِنْدٌ"
بے مثل تلوار ج فَرَانِدُ۔ الفِرِنْد: ایک قسم کا کپڑا۔
قُبَیْلَ۔ قبل کی تصغیر۔ کہا جاتا ہے جاءَ فلانٌ قُبَیْلَ العصرِ" یعنی فلاں عصر کچھ پہلے آیا
القُبْلُ والقُبُلُ۔ اگلا حصہ —— مِنَ الزمانِ: ابتدائی زمانہ —— مِنَ الجبلِ: دامنِ کوہ ج اَقْبال، کہا جاتا ہے اَقْبَلَ قُبُلَہٗ یعنی اس نے اس کا قصد کیا۔ "رَاَیْتُہٗ قُبْلاً وقُبُلاً وقَبَلاً وقِبَلاً وقَبِیلاً وقَبَلِیّاً) میں نے اس کو ظاہر طور پر سامنے دیکھا۔
القَبَلُ۔ مص۔ سامنے کی مرتفع زمین۔ واضح راستہ۔ بکری کے سینگوں کا چہرے پر ہونا۔ کہا جاتا ہے "حَیَّا اللہُ قَبَلَہٗ" اللہ باقی رکھے اس چیز کو جو اس سے پہلے نظر آئے۔ القَبَلُ: دایہ کی بچہ جنانے کی لطف تدبیر۔ ہر چیز جو پہلے نظر آئے کلام کی برجستگی۔ ہاتھی دانت وغیرہ کا گول تعویذ جو عورت اور گھوڑے کے سینہ پر لٹکایا جاتا ہے والقَبَلُ فی العینِ: آنکھ کی سیاہی کا ناک کی طرف جھکنا —— فی العینینِ: ہر ایک آنکھ کی نگاہ کا ایک دوسرے کی طرف جھکنا۔

القِبَلُ۔ طاقت۔ قدرت۔ جیسے "مالی بہٖ قِبَلٌ" مجھے اس کی طاقت نہیں۔ کہا جاتا ہے "لِی قِبَلَ فلانٍ دَیْنٌ" میرا فلاں کے پاس قرض ہے "واَتانی مِنْ قِبَلِہٖ" اس کے پاس سے میرے پاس آیا۔ اس کی طرف سے میرے پاس آیا۔
القِبْلَۃُ۔ قَبَلَ کا اسم نوع۔ جہت۔ اور اسی سے ہے قِبْلَۃُ المصلّی۔ اس جہت کیلئے جدھر نماز پڑھتا ہے کعبہ۔ جس چیز کا سامنا کیا جائے کہا جاتا ہے "مالَہٗ فی ہذا الامرِ قِبْلَۃٌ ولا دِبْرَۃٌ" اس کے لئے اس معاملہ میں آگا پیچھا نہیں یعنی نہیں جانتا کہ کیا کرے۔ "واجْعَلُوا بُیُوتَکُم قِبْلَۃً" اپنے مکانوں کو آمنے سامنے کرو۔
القُبْلَۃُ۔ بوسہ۔ کفالت۔ ضمان۔ ج قُبَل۔
القَبْلَۃُ۔ ایک قسم کا مہرہ۔ جس کو جادوگرنی استعمال کرتی ہے اور اسی سے جادو کرتی ہے۔ ج قَبَل۔ القَبَلَۃ۔ بسکون الباء اور القُبْلَۃ بضم القاف وسکون الباء بھی اسی معنی میں ہے۔
القِبالُ۔ مِنَ النَّعلِ: تسمہ۔ کہا جاتا ہے رجلٌ مُنْقَطِعُ القِبالِ" مرد بدرائے۔
القَبالۃ۔ مص۔ ضمانت۔ کفالت۔ کہا جاتا ہے: جَلَسَ (قُبالَتَہٗ) یعنی وہ اس کے سامنے بیٹھا۔
القَبُولُ۔ مص۔ اچھی ہیئت۔ بادِ صبا۔ دائی جنائی۔ عافیت اور نعمت وغیرہ کا آنا۔
القَبِیلُ۔ ضامن۔ کفیل۔ شوہر۔ تین یا زائد کی جماعت۔ ج قُبُل وقُبَلاء۔ القَبِیلُ: خدا کی اطاعت (دَبِیر: خدا کی نافرمانی) القَبِیلُ مِنَ النساءِ: دائی جنائی۔ کہا جاتا ہے "مایَعْرِفُ قَبِیلاً مِنْ دَبِیرٍ" وہ آنے جانیوالے کو پہچانتا نہیں "ومِنْ قَبِیلِ ذلکَ" اس کی جہت سے۔ اور کہا جاتا ہے رَاَیْتُہٗ قَبِیلاً" میں نے اس کو سامنے سے ظاہر طور پر دیکھا۔
القَبِیلَۃُ۔ ایک باپ کے بیٹے۔ کنوئیں کے منہ کا پتھر۔ چمڑے کا ہر ایک ٹکڑا۔ ج قبائل۔ قبائلُ الرأسِ: سر کی ہڈی کے ٹکڑے بعض بعض سے ملے

ہوئے - قبائل الطیر: پرندوں کی قسمیں - قبائل الثوب: کپڑے کے ٹکڑے۔

اَلاِسْتِقْبَال مع مِنَ الزَّمَانِ: حال کے بعد آنے والا زمانہ۔

اَلاَقْبَل - وہ شخص جس کی آنکھوں میں بھینگا پن ہو - رَجُلٌ اَقْبَلُ ناک کی جانب دیکھنے والا مرد - مؤنث قَبْلَاء ج قُبْل۔

اَلْقَابِل - فا - آئندہ سال - آمادۂ قبول متاثر - ج قَبَلَة۔

اَلْقَابِلِيَّة - قبول اور تاثر کی آمادگی کی حالت۔

اَلْقَابِلَة - قابل کا مؤنث - آنیوالی رات - دائی جنائی - ج قَوَابِل وَقَابِلَاتٌ - قَوَابِلُ الاَمْرِ: اوائل امر۔

اَلْمُقَابَل - مفع - اَلرَّجُلُ الْمُقَابَلُ: ماں باپ کی طرف سے شریف - کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُقَابَلٌ مُدَابَرٌ" نجیب الطرفین مرد۔

اَلْمُقْتَبَل - مفع - مقبول ــــ مِنَ الثِّيَاب پیوند لگا ہوا کپڑا - رَجُلٌ (مُقْتَبَلُ) الشَّبَاب: مرد نوجوان جس میں بڑھاپے کے آثار ظاہر نہ ہوں۔

اَلْمُسْتَقْبِل - فا (اَلْمُسْتَقْبِل وَالْمُسْتَقْبَل) مِنَ الزَّمَان: آئندہ زمانہ۔

قَبَنَ (ض) قُبُوْنًا - اَلرَّجُلُ: ملک میں جانا۔

قَبَّنَ - الشَّيْءَ: قبان سے تولنا (دیکھے قبان)

اَقْبَنَ - دشمن سے شکست کھانا - بیخوف تیز دوڑنا۔

اَلْقُبْنَة - ضروریات میں بھاگ دوڑ۔

اَلْقَبَّان - بھاری اشیاء کے تولنے کا ایک آلہ (دخیل)

اَلْقَبِين - اپنے کاموں میں بھاگ دوڑ کرنے والا - تیز رو۔

قَبَا يَقْبُو قَبْوًا - اَلْبِنَاءَ: عمارت کو بلند کرنا - یا گنبد نما بنانا ــــ اَلزَّعْفَرَانَ: زعفران توڑنا اور جمع کرنا ــــ الشَّيْءَ: کسی چیز کو انگلیوں سے جمع کرنا - (ــــ قَبًا) الشَّيْءَ: کسی چیز کو کمان جیسا کرنا اَلْحَرْفَ: ملانا۔

قَبَّى تَقْبِيَةً - اَلْمَتَاعَ: سامان مہیا کرنا اَلثَّوْبَ: کپڑے کو قبا بنانا ــــ عَلٰى فُلَانٍ: ظلم کرنا

تَقَبَّى - الشَّيْءُ: گنبد جیسا ہونا ــــ اَلْقَبَاءَ: قبا پہننا ــــ اَلرَّجُلَ: پیچھے سے آنا۔

اِنْقَبٰى - عَنْهُ: پوشیدہ ہونا۔

اِقْتَبٰى - اَلْمَتَاعَ: سامان مہیا کرنا - آراستہ کرنا۔

اَلْقَبْو - گچی ہوئی عمارت - گنبد - قبہ - گول گنبد دار کمرہ۔

اَلْقَبْوَة - قبا کا اسم مرۃ - دونوں ہونٹوں کا ملانا۔

اَلْقَابِيَاء - لئیم - بَنُوْ قَابِيَاء: شراب پینے کے لئے جمع ہونے والے۔

اَلْقَبَاء - ایک کپڑا ہے جو کپڑوں کے اوپر پہنا جاتا ہے - ج اَقْبِيَة۔

اَلْقِبَاء - مقدار - کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا قِبَاءُ قَوْسَيْنِ وَقَابَ قَوْسَيْنِ" یعنی دو کمان کے مقدار - کنایہ قریب سے۔

اَلْقِبَةُ - اوجھ کا وہ حصہ جس میں پرت پرت ہوتا ہے - تا واو محذوفہ کے بدلہ میں ہے

اَلْمَقْبُوّ - مفع - جمع کیا ہوا - ملا ہوا۔

اَلْمُقْبِي - بہت چربی والا۔

اَلْقَبِيّ - مقدار۔

اَلْقَبَايَة - بیابان۔

قَتَّ (ن) قَتًّا - جھوٹ بولنا ــــ اَلثَّوْبَ: کپڑے کو لمبائی میں کاٹنا ــــ الشَّيْءَ: کسی چیز کو تھوڑا تھوڑا جمع کرنا - کم کرنا - مہیا کرنا - قَتَّ اِلٰى فُلَانٍ وَقَتَّ اَثَرَ فُلَانٍ: ارادہ معلوم کرنے کیلئے کسی کے پیچھے پوشیدہ طور پر جانا۔

قَتَّ وَقَتَّتَ - الاحادیثَ: سخن چینی کرنا وَقَتَّتَ الاَفَاوِيهَ: ہانڈی میں ڈالنا اور پکانا - کہا جاتا ہے "هُوَ يَقْتُتُ الْحَدِيْثَ" وہ باتوں میں تزویر اور تحسین کرتا ہے۔

تَقَتَّتَ - الْحَدِيْثَ: بات کے پیچھے پڑنا - کان لگانا۔

اِقْتَتَّ - الشَّيْءَ: کسی چیز کو جڑ سے اکھیڑنا۔

اَلْقَتّ - مع جھوٹ - اسپست - یا اسپست خشک - ایک قسم کا جنگلی دانہ ہے جس کو دیہاتی کوٹنے اور پکانے کے بعد کھاتے ہیں - واحد (قَتَّة)

اَلْقَتَات - ایک قسم کی نباتات۔

اَلْقَتَّات وَالْقَتُوْت - چغل خور - اِمْرَاَةٌ قَتَّاتَةٌ وَقَتُوْتٌ: چغل خورن۔

اَلْقِتِّيتٰى - چغلی - رَجُلٌ قِتِّيتٰى: چغل خور مرد - قول (مَقْتُوْت وَمُقَتَّت) - جھوٹا قول۔

قَتَبَ - (ن) قَتْبًا - بھنی ہوئی آنت کھلانا۔

اَقْتَبَ - اَلْبَعِيْرَ: اونٹ پر پالان باندھنا ــــ ہ يَمِيْنًا: سخت قسم دینا ــــ ہ الدَّيْنُ: گرانبار و بوجھل کر دینا۔

اَلْقِتْب - آنتیں (مذکر اور کبھی مؤنث بھی استعمال کیا جاتا ہے) جو پیٹ کے ارد گرد ہو - پالان - ج اَقْتَاب۔

اَلْقِتْبَة - آنتین - ج اَقْتَاب۔

اَلْقَتَب - کجاوہ - آنتیں - ج اَقْتَاب - کہا جاتا ہے "هُوَ قَتَبٌ يَعَضُّ بِالْغَارِب" یعنی وہ بہت زیادہ اصرار کرنے والا ہے۔

اَلْقَتِب - تنگ خو - جلدی غضبناک ہونے والا۔

اَلْقَتُوْبَة - وہ اونٹ جس پر پالان ہو - رَجُلٌ (مُقَتَّبُ) الْكَاهِلِ: ٹیڑھے کندھے والا مرد۔

قَتَدَ - الْقَتَادَ: قتاد کے کانٹے دور کرکے اونٹوں کو چارہ دینا۔

قَتَّدَ - الْقَتَادُ: قتاد کے اطراف کو آگ سے جھلس دینا۔

اَلْقَتَاد - ایک درخت ہے جس کے کانٹے سوئی کے مانند ہوتے ہیں - کہا جاتا ہے "مِنْ دُوْنِ هٰذَا الاَمْرِ خَرْطُ الْقَتَادِ" یعنی بڑی ہی مشکل سے یہ حاصل ہو سکتا ہے اور درخت قتاد کا کانٹا اس سے بہت سہل ہے اور خرط القتاد سے مراد اسکے

چھلکے اور کانٹے کو ہاتھوں سے دُور کرنا ہے۔
اَلْقَتَدُ والْقِتْدُ۔ کجاوہ کی لکڑی۔ ج
اَقْتَادٌ و اَقْتُدٌ و قُتُودٌ۔
قَتَرَ (ن ض) قَتْرًا و قُتُورًا۔ علیٰ عیالِہٖ:
بال بچوں پر نفقہ میں تنگی کرنا۔ صفت (قَاتِرٌ و قَتُورٌ
و اَقْتَرُ) ۔۔۔ الشیءَ: بعض کو بعض سے ملانا
۔۔۔ الدِّرْعَ: زرہ میں میخوں کے سرے بنانا
۔۔۔ الاَمْرُ: لازم ہونا ۔۔۔ قَتْرًا و قَتَرًا و قُتُورًا
مَا بَیْنَ الاَمْرَیْنِ۔ تخمینہ کرنا۔ اندازہ کرنا۔
قُتِرَ الرَّجُلُ: روزی کا تنگ ہونا۔
قَتَرَ (ن ض) قَتْرًا و قُتُورًا و قَتِرَ (س)
قَتَرًا۔ البخورُ و اللحمُ: بودار ہونا ۔۔۔ النارُ:
دھوئیں والی ہونا۔
قَتَّرَ۔ علیٰ عیالِہٖ: نان نفقہ میں تنگی کرنا
اللحمُ: گوشت کا بودار ہونا ۔۔۔ الصیادُ للاَسَدِ:
شیر کے شکار کے لئے گڑھے میں گوشت ڈالنا
۔۔۔ ہ: خاک پر پچھاڑنا ۔۔۔ الشیءَ: ایک دوسرے
کے قریب کرنا ۔۔۔ الرجلُ: پکی ہوئی چیز کی بو
تیز کرنا ۔۔۔ الوحشَ: اونٹ کے بال وغیرہ کی
دھونی دینا تاکہ شکاری کی بو محسوس کر کے
بھاگ نہ جائے ۔۔۔ مَا بَیْنَ الاَمْرَیْنِ: اندازہ کرنا۔
اَقْتَرَ۔ مال کم ہونا ۔۔۔ علیٰ عیالِہٖ: نان نفقہ
میں تنگی کرنا ۔۔۔ الشیءُ: لازم ہونا ۔۔۔ اللہ رزقَہ:
روزی تنگ کرنا ۔۔۔ النارُ: دھوئیں والی کرنا۔
اَقْتَرَتِ المرأۃُ: عود کی دھونی دینا۔
تَقَتَّرَ۔ غضبناک ہو کر آمادہ جنگ ہونا۔
۔۔۔ للصیدِ: شکار کے لئے قُترہ میں چھپنا۔
(دیکھئے قُترۃ) ۔۔۔ فلانًا: فریب دینے کا ارادہ
کرنا ۔۔۔ عنہ: جدا ہونا ۔۔۔ الامرَ: آمادہ ہونا
۔۔۔ للامرِ کذا: نرمی برتنا۔
تَقَاتَرَ۔ القومُ: ایک دوسرے کو فریب دینا
اِقْتَتَرَ۔ الصائدُ: شکاری کا قترہ میں چھپنا
(دیکھئے قُترۃ)
اَلْقَتْرُ۔ مص۔ زندگی گذر بسر کرنے کے قابل۔
اندازہ۔

اَلْقِتْرُ۔ تیر کا پھل۔ چھوٹا تیر۔ تیر کانے جو
نشانے پر پھینکا جائے۔
اَلْقَتَرُ۔ گرد و غبار۔ اندازہ۔
اَلْقُتْرُ و الْقُتُرُ۔ گوشہ و جانب ج اَقْتَارٌ۔
قُطر میں ایک لغت ہے۔
اَلْقَتِرُ۔ متکبر۔ مغرور۔
اَلْقَتْرَۃُ۔ قتر کا اسم مرۃ۔ گرد و غبار۔
اَلْقِتْرَۃُ۔ قتر کا اسم نوع۔ القِتر کا واحد۔ اَبُو
قِتْرَۃَ: ابلیس کی کنیت۔ اِبْنُ قِتْرَۃَ: ایک
خبیث قسم کا سانپ جس کا کاٹا ہوا بچتا نہیں۔
ج بَنَاتُ قِتْرَۃَ۔ قترۃ ان سب میں غیر منصرف ہے
اس لئے کہ مؤنث معرفہ ہے۔
اَلْقُتْرَۃُ۔ شکاری کا مچان۔ زرہ کا حلقہ
تنگی عیش۔ روشن دان۔ قُتْرَۃُ البستانِ: باغ
کی نالی۔ قُتْرَۃُ البابِ: دروازہ میں بند کرنیکی
جگہ ج قُتَرٌ۔
اَلْقُتَارُ۔ پختہ چیز کی بھاپ۔ بخور یا گوشت
یا بھنی ہوئی چیز یا جلی ہوئی ہڈی یا عود کی بو۔
اَلْقَتِیرُ۔ زرہ کی میخوں کے سرے۔ زرہ۔
بڑھاپا یا بڑھاپے کی ابتداء۔
اَلْقَاتِرُ و الْقَتُورُ و الاَقْتَرُ۔ بخیل۔ جو بال
بچوں پر نان نفقہ میں تنگی کرے۔ کہا جاتا ہے
"سرجٌ (قَاتِرٌ و مُقْتِرٌ)" آرام دہ زین جس سے جانور
کو تکلیف نہ پہنچے۔ "و لحمٌ قاتِرٌ" یعنی وہ گوشت
جس میں چکنائی کی وجہ سے بو ہو۔
اَلاَقْتَرُ۔ خاکستری رنگ والا۔
اَلتَّقْتِیرُ مص۔ قوت لا یموت۔
قَتَعَ (ف) قُتُوعًا۔ ذلیل ہونا۔
قَاتَعَہٗ مُقَاتَعَۃً۔ مقاتلہ کرنا۔
اَلْقَتْعُ۔ شہد کا چھتہ جو چٹان میں ہو یا ایسے
غار میں ہو جو زیادہ گہرا نہ ہو۔
اَلْقَتَعُ۔ ایک سرخ رنگ کا کیڑا جو لکڑی کھاتا
ہے۔ واحد (قَتَعَۃٌ) اور کہا گیا ہے کہ قتع بمعنے دیمک
اَلْقَتَعَۃُ۔ ذلیل۔ کہا جاتا ہے۔ (ہُوَ اَقْتَعُ
مِنْہُ) یعنی وہ اس سے زیادہ ذلیل ہے۔ مؤنث

قَتْعَاءُ۔ ج قُتُعٌ۔
قَتَلَہٗ (ن) قَتْلاً و تَقْتَالاً۔ مار ڈالنا۔
صفت (قَاتِلٌ) ج قَاتِلُوْنَ و قَتَلَۃٌ و قُتَّالٌ۔ کہا
جاتا ہے قَتَلَ بِاَخِیْہِ "یعنی اپنے بھائی کے انتقام
میں قتل کیا۔ قَتَلَ الخمرَۃَ: شراب میں پانی ملانا
الجوعَ او البردَ: بھوک یا سردی کی تیزی کو توڑ دینا
کہا جاتا ہے قَتَلَہُ اللہُ یعنی اللہ اس پر لعنت کرے
اور یہ بددعا کے موقع پر کہا جاتا ہے اور مقام
مدح و ثنا اور موقع استحسان پر بھی بولا جاتا ہے
اور کہا جاتا ہے قَتَلَ الشیءَ خُبْرًا" یعنی اس نے
علم کے لحاظ سے احاطہ کر لیا و قَتَلَ غَلِیْلَہٗ" یعنی
اس نے اسے پلایا اور اس کی تشنگی سیرابی کی
وجہ سے زائل ہو گئی۔
قَتَّلَ۔ القومَ: بہت لوگوں کو قتل کرنا۔
قَاتَلَہٗ قِتَالاً و قِیْتَالاً و مُقَاتَلَۃً۔
جنگ کرنا۔ دشمنی کرنا ۔۔۔ ہ اللہُ: لعنت کرنا۔
اور موقعہ استحسان پر کہا جاتا ہے قَاتَلَہُ اللہُ مَا
اَشْعَرَہٗ" مراد اس سے مدح ہے نہ کہ قتل کی بددعا۔
اَقْتَلَہٗ۔ قتل کے لئے پیش کرنا۔
تَقَتَّلَ۔ چلنے میں لچکنا ۔۔۔ للامرِ: ہمت
دینا ۔۔۔ لفلانٍ: جھکنا۔ فرمانبردار ہونا۔ (تَقَتَّلَ
و تَقَاتَلَ و اِقْتَتَلَ) القومُ: باہم ایک دوسرے
سے جنگ کرنا۔
اِسْتَقْتَلَ۔ قتل ہونے کیلئے سر جھکانا۔
(جیسا اِسْتَمَاتَ) قتل کیلئے اپنے آپ کو پیش کرنا۔
فِی الاَمْرِ: کوشش کرنا۔ جان جوکھوں میں ڈالنا۔
اَلْقَتْلُ۔ مص۔ القتلُ العَمْدُ: قتل جو مقصود ہو
القتلُ الخطأ: قتل جو غیر مقصود ہو۔
اَلْقِتْلُ۔ دشمن۔ دوست۔ ہمسر۔ نظیر۔ جنگجو
بہادر ج اَقْتَالٌ۔ اور کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ لَقِتْلُ شَرٍّ"
وہ شر کا جاننے والا ہے۔
اَلْقِتْلَۃُ۔ قتل کا اسم نوع۔ کہا جاتا ہے "قَتَلَہٗ
قِتْلَۃَ سَوْءٍ" اس نے اس کو برے طریقہ سے قتل کیا
اَلْقَتَالُ۔ نفس۔ قوت۔ کہا جاتا ہے "ناقۃٌ
ذاتُ قَتَالٍ" مضبوط اونٹنی۔

المقتول - بہت قتل کرنیوالا (مذکر و مؤنث)
ج قُتُل و قُتْل -
القتیل - مقتول - (مذکر و مؤنث)
ج قتلیٰ و قتلاء و قتالیٰ -
المقتل - جسم کا وہ عضو مثلاً کنپٹی کہ جس پر ضرب پہنچنے سے آدمی نہ بچے - قتل کی جگہ - قتل ج مقاتل -
المقاتلۃ - لڑنے والی جماعت - تا تانیث کیلئے جماعت کی تاویل کی وجہ سے ہے واحد (مقاتل)
المقتتل - میدان جنگ -
المقتّل - تجربہ کار - باخبر - دل جسکو عشق نے ہلاک کردیا ہو -
قتَمَ (ن) قتوماً و قتِمَ (س) قتماً - الغبارُ: غبار کا بلند ہونا -
قتُمَ (ض) قتامۃ و قتومۃ - سیاہی مائل ہونا - قتوماً - وجہُہ: چہرے کا متغیر ہونا -
اَقتمَ - الیومُ: بہت غبار والا دن ہونا -
اِقتَمَّ اقتماماً - الشئُ: کالا ہونا - سیاہی مائل ہونا -
القتم - مص - غبار -
القتام والقتمۃ - کالا غبار - لڑائی کا غبار تاریکی - سیاہی -
القاتم - فا - کالا - کہا جاتا ہے "اسودُ قاتم" بہت کالا - ج قواتم -
الاقتمُ - سیاہی مائل - بھورا -
حیاضُ قتیم - موت کا گڑھا -
قتَنَ (ن) قتوناً - السمکُ: مچھلی کا خشک ہونا - اس کی تری کا زائل ہونا -
قتُنَ (ک) قتانۃ و اقتَنَ - کم خوراک ہونا - دبلا ہونا -
القتان والقتان - گرد و غبار -
القاتن - فا - سیاہی مائل - کہا جاتا ہے "اسود قاتن" بہت سیاہ -
القتینُ - کم خوراک (مذکر و مؤنث) خوارد ذلیل - دبلا پتلا - باریک نیزہ - چیچڑی -

القتن - ایک قسم کی چوڑی مچھلی -
قتا یقتو قتواً و قتاً و قتیٰ و قِتیً و مَقتیً - الملوکَ: اچھی خدمت کرنا - صفت (قاتٍ)
اِقتوی - الرجلُ: خدمت لینا (اور یہ شاذ ہے اس لئے کہ افعلال لازم ہے)
القتوۃ - قتا کا اسم مرۃ - چغلی -
المقتی - جو خوراک پر خدمت کرے - اور اکثر بادشاہ کے خدام کیلئے استعمال کیا جاتا ہے
ج مقتوون و مقاتوۃ و مقاتیۃ -
المقتوی - بمعنی مقتی -
قَثَّ (ن) قثّاً - الشئَ: کھینچنا - الابلَ: اونٹ کو پانی پلانا (— واقتثَّ) الشجرَ: درخت کو جڑ سے اکھیڑنا -
قَثَّ (ن) قثّاً و قثیثیٰ - المالَ: بکثرت جمع کرنا
القُثاث - سامان - کہا جاتا ہے "جاء القوم بقثاثہم و قثاثتہم" قوم مع اپنے سازو سامان کے آگئی -
القثّاث - چغل خور -
القثاثۃ والقثیثۃ والمقثۃ - لوگوں کی جماعت -
اَقثأ - المکانُ او القومُ: بہت ککڑی والی ہونا -
القثاء والقِثاء - ککڑی - واحد (قِثاءۃ) قثاء الحمار: کریلا -
المقثأۃ والمقثوءۃ - ککڑی کی جگہ - ج مقاثی کہا جاتا ہے "ارضٌ مقثاۃ و مقثوءۃ" ککڑی والی سرزمین -
قَثَدَ (ن) قثداً - ککڑی یا کھیرا کھانا -
اِقتثد - کھیرا یا ککڑی کاٹنا -
القَثَد - کھیرا یا ککڑی -
اِقثَرَ - الشئَ: گھر کے لئے سامان بنانا -
تقَثَّرَ - بد دل ہونا - ڈرنا - خوف زدہ ہونا -
القثرۃ - گھر کا سامان -
القُثرُد والقِثرد والقُثَرد - گھر کا سامان

القثردُ والقُثرُد والقُثارد - گھر کے بہت سامان والا - بہت بکریوں والا -
القِثرِد - انگور کی جڑیں خشک کوڑا کرکٹ - لوگوں کی جماعت -
القثارد - قمیص کے دامن -
قثقثَ قثقثۃً - الوتد: کھونٹی کو اکھیڑنے کے لئے حرکت دینا - المکیال: ناپ پورا کرنا
قثمَ (ض) قثماً - الشئَ: شیر کے پاخانے سے لتھیڑنا (— واِقتثمَ) المالَ: بہت لینا - اقتثمَ الرجلَ: ذلیل کرنا - الشئَ: جڑ سے اکھیڑنا -
قثمَ (ن) قثماً - لہ من المال: یک بارگی دینا — فی مشیہ: سست چلنا -
قَثِمَ (س) وقَثُمَ (ک) قثمۃ وقثماً - شیر کے پاخانے سے لتھڑنا -
قثُم (ک) قثماً و قثامۃ - گرد آلود ہونا -
القثم والقثوم - خیر یا شر کا جمع کرنے والا
القُثَم: بہت دینے والا (قاثم سے معدول ہے)
القاثم - فا - دینے والا -
القثم - سخی لوگ -
القثمۃ - خاکستری رنگ -
قثامِ - مبنی برکسرہ - مادہ بجو - بہت مال غنیمت
قثا یقثو قثواً و قثی یقثی قثیاً و اقتثی - المالَ: جمع کرنا -
القثا - ایسی چیزوں کا کھانا جس سے کھانے میں آواز نکلے جیسے ککڑی وغیرہ -
قحَّ (ن) قحوحۃ و قحاحۃ - خالص ہونا -
القحُّ - خالص - کہا جاتا ہے "فلانٌ کریمٌ قحٌّ و اعرابیٌ قحٌّ" فلاں خالص کریم اور خالص اعرابی ہے
ج اقحاح - القحّ: سخت اور بدخو - مؤنث قحّۃ - کہا جاتا ہے "اعرابیۃ قحۃ"
القحاح - خالص -
قحبَ (ن) قحباً و قحاباً و قحّب - کھانسنا - قحبتِ المرأۃُ: عورت کا بدکار ہونا -
القحب - سن رسیدہ کھانسی والا -
القحبۃ - قحب کا مؤنث - بدکار - زانیہ -

بڑھیا۔ ج قحاب۔
سُعالٌ قاحِبٌ۔ سخت کھانسی۔
قَحَثَ (ف) قَحْثاً۔ الشَّیْءَ: کل لے لینا۔
قَحَدَ (ف) قُحُوداً و اَقْحَدَ۔ البعیرُ: بڑی کوہان والا ہونا۔
اِسْتَقْحَدَتِ۔ النَّاقَۃُ: اونٹنی کا بڑے کوہان والی ہونا۔
ناقۃ قَحِدَۃٌ و مِقْحادٌ۔ بڑے کوہان والی اونٹنی۔ ج مَقاحِید۔
القَحَدَۃُ۔ کوہان یا کوہان کی جڑ۔ ج قِحادٌ و اَقْحُد۔
القُحّاد۔ وہ شخص جس کے نہ بھائی ہو نہ لڑکا۔
المَقْحَدَۃُ۔ کوہان کی جڑ۔
قَحَزَ (ف) قَحْزاً۔ کودنا۔ رنجیدہ ہونا۔ مضطرب ہونا۔ (قُحُوزاً) مردہ کی طرح گرنا۔ (قَحْزاً و قُحُوزاً و قَحَزاناً) ہ: پچھاڑنا۔ قَحَزَہٗ قَحْزاً و قَحَزَہٗ بالعصا: لاٹھی سے مارنا (قحزہ قحزاً و قحوزاً و قحزاناً) الرجل: ہلاک کرنا۔
قَحَّزَ و تَقَحَّزَ۔ لہٗ الکلامَ: سخت کلامی کرنا۔
القَاحِزات۔ سختیاں۔
القُحَازَۃ۔ پرندوں کے پھنسانے کا جال۔
التَّقْحِیزُ۔ مص۔ دھمکی۔ وعید۔ برائی۔
جُوعٌ مُقْحِزٌ۔ سخت بھوک۔
قَحْزَلَ قَحْزَلَۃً۔ ڈالنا۔ مارنا۔
القَحْزَلَۃُ۔ لاٹھی۔
قَحْزَمَ قَحْزَمَۃً۔ لوٹانا۔
تَقَحْزَمَ۔ فی اَمْرِہٖ: مشغول ہونا۔
قَحْزَنَ قَحْزَنَۃً۔ پچھاڑنا۔
القَحْزَنَۃُ۔ لاٹھی۔ ج قَحَازِن و قَحْزَنات
قَحَصَ (ن) قَحْصاً۔ برجلہ: لات مارنا
قَحَصَ: تیز دوڑنا۔ جھاڑ دینا۔
اَقْحَصَ۔ دور کرنا۔
قَحَّصَ۔ دور کرنا۔
قَحَطَ (ف) قَحْطاً۔ سخت مارنا۔
قَحَطَ (ف) قَحْطاً و قَحِطَ (س) قَحَطاً المطرُ: بارش رکنا۔
قَحَطَ (ف) و قَحِطَ (س) قَحْطاً و قَحَطاً و قُحُوطاً و قَحِطَ و اَقْحَطَ العامُ: بارش رکنا۔ اور خشک سالی ہونا۔ صفت قاحِط ج قواحِط و اَقْحَطَ اللہُ الارضَ: قحط ڈالنا۔ اُقْحِطَ النّاسُ: قحط میں مبتلا ہونا۔ قُحِطَ و قَحِطَ و اُقْحِطَ البلدُ: بارش رکنا۔ خشک سالی والا ہونا۔
قَحَّطَ۔ النخلۃَ: درخت خرما میں گابھا دینا۔
عامٌ قَحِطٌ و قَحِیطٌ و مَقْحُوطٌ: خشک سال۔
سَنَۃٌ قَحِیطٌ۔ خشک سال۔
المِقْحَط۔ نہ تھکنے والا گھوڑا۔
قَحَفَ (ف) قَحْفاً۔ کھوپڑی کاٹنا یا توڑنا۔ — الشَّیءَ: بہالے جانا — ما فی الاناء: ڈگڈگا کے سب پی جانا — الحَبَّ: دانے کو بکھیرنا۔ — الرُّمّانَۃَ: انار چھیلنا: چھلکا اتارنا — (قُحافاً) کھانسنا۔
اِقْتَحَفَ۔ ما فی الاناءِ: ڈگڈگا کے سب پی جانا — السَّیْلُ کُلَّ شَیْءٍ: بہالے جانا۔
القِحْف۔ کھوپڑی۔ کھوپڑی کا جو حصہ ٹوٹ کر جدا ہو جائے۔ لکڑی کا پیالہ۔ ج اَقْحاف و قُحُوف و قِحَفَۃٌ۔ کہاجاتا ہے "رَماہُ بِاَقْحافِ رَاْسِہٖ" اس نے اس پر بڑے بڑے کام ڈال دیئے اس نے اس کو تباہی میں مبتلا کردیا۔ "فُلانٌ مالَہٗ قِدٌّ ولا قِحْفٌ" فلاں نہ تو اس کے پاس چمڑے کا پیالہ ہے نہ لکڑی کا۔ یعنی اس کے پاس کچھ نہیں قِدّ چمڑے کے پیالہ کو کہتے ہیں۔
القُحاف۔ ڈگڈگا کے پینا۔
القُحاف۔ بہالے جانے والا سیلاب۔
القُحافَۃ۔ ہر وہ چیز جس کو لیکر تم چست ہوجاؤ۔
القاحِف۔ فا۔ ج قُحُفٌ۔
عَجاجَۃٌ قَحْفاءُ۔ آندھی جو سب چیز کو اڑالیجائے
المِقْحَفَۃ۔ وہ لکڑی جس سے دانے کو بکھیرا جائے۔ ج مَقاحِف۔
قَحْفَرَ قَحْفَرَۃً۔ لہٗ الکلامَ: سخت کلامی کرنا — فی المشیِ: تیز دوڑنا — الحَقِیبَۃَ: اچھی طرح سے بھرنا۔
قَحْقَحَ۔ القَوسُ: حلق میں پھرانا — القِرْدُ: بندر کا ہنسنا۔
قَحَلَ (ف) قُحُولاً و قَحِلَ (س) قَحَلاً و قُحْلاً و قُحِلَ۔ الشَّیءُ: خشک ہونا۔ صفت قاحِلٌ و قَحِلٌ و قَحْلٌ و اِنْقَحْلٌ اور اسی سے ہے قَحَلَ الشیخُ یعنی ہڈیوں پر کھال خشک ہو گئی اور بہت بوڑھا ہو گیا۔ "کَیْفَ نَرُدُّ شَیْخَکُمْ وَقَدْ قَحَلَ" یعنی ہم تمہارے شیخ کو کیسے واپس کر سکتے ہیں اور حال یہ ہے کہ وہ مرگیا اور اس کی کھال خشک ہوگئی
اَقْحَلَ۔ الشَّیءَ: خشک کرنا۔ کہاجاتا ہے "اَقْحَلَہُ الصَّوْمُ": روزہ نے اس کی کھال کو خشک کردیا۔
قَاحَلَ مُقَاحَلَۃً۔ لازم ہونا۔
تَقَحَّلَ۔ الشیخُ: بڑھاپے کی وجہ سے خشک کھال والا ہونا۔ تَقَحَّلَ فی لُبْسِہٖ و حالِہٖ: برے لباس اور حال والا ہونا۔
القَاحِل۔ فا — مِنَ الجُلُودِ: خشک کھال
القُحَال۔ بکریوں کی ایک بیماری جس سے کھال خشک ہو جاتی ہے۔
القُحُولَۃ۔ خشکی۔
المُتَقَحِّل۔ مِنَ الرِّجال: خشک کھال والا۔ بدحال۔
قَحَمَ (ن) قُحَماً و قُحُوماً۔ فی الامرِ: کسی معاملہ میں بلا سوچے سمجھے گھس پڑنا — اِلَیْہِ: قریب ہونا
قَحُمَ (ک) قَحْماً۔ المفاوزَ: بیابان طے کرنا
قَحَّمَ۔ و اَقْحَمَہٗ۔ فی الامرِ: معاملہ میں بلا سوچے سمجھے داخل کرنا۔ قَحَّمَ الفرسُ راکِبَہٗ "گھوڑے کا سوار کو چہرے کے بل گرانا۔ اَقْحَمَ فرسَہُ النَّہْرَ: گھوڑے کو نہر میں زبردستی داخل کرنا — الکلمۃَ: کسی کلمہ کو دو متلازم کلمے مثلاً مضاف مضاف الیہ کے درمیان داخل کرنا جیسے رِجْل کا لفظ ید اور مَن کے درمیان اس قول میں۔ قَطَعَ اللہُ یَدَ و رِجْلَ مَنْ قالَہا۔ اس لئے کہ اصل ترکیب یوں ہے۔ قَطَعَ اللہُ یَدَ مَنْ قالَہا وَرِجْلَہٗ۔

اُقْحِمَ - القومُ: قحط سالی کی وجہ سے اپنے ملک کو چھوڑ کر کسی سرسبز و شاداب جگہ میں چلا جانا

تَقَحَّمَ - الفرسُ النہرَ: گھوڑے کا نہر میں داخل ہونا۔ گھسنا — الفرسُ راکبَہٗ: گھوڑے کا سوار کو چہرے کے بل گرانا الامرَ: کسی معاملہ میں اپنے کو مشقت کے ساتھ ڈال دینا۔

اِقْتَحَمَ الامرَ: کسی معاملہ میں اپنے کو مشقت کے ساتھ ڈال دینا — فلاناً: حقارت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِقتحمتہٗ عینی" میری آنکھوں نے اسکو ذلیل سمجھا۔ اقتحم المنزلَ: ہجوم کرنا — النجمُ: ستارے کا غائب ہونا۔ غروب ہونا (— واِنْقَحَمَ بے سوچ سمجھے گھس پڑنا۔

القَحْمُ - مم - بہت بوڑھا - عمر رسیدہ - دبلا مؤنث قحمۃ ج قِحام۔

القُحْمَۃُ - دشوار کام - ہلاکت - قحط ج قُحَم — القُحمۃ: بے سوچے کام میں مشغول ہونا - بے سوچ سمجھے سفر کو چل پڑنا - قُحَم الطریقِ: راستہ کی دشواریاں - القُحم من الخصومات: وہ جو انسان کو مکروہات پر برانگیختہ کریں - کہا جاتا ہے "للخصومۃ قُحَمٌ" — القُحم من الشہرِ: مہینے کی آخری تین راتیں

القُحامَۃُ والقُحومَۃُ - بہت بڑھاپا۔

القَحُوم - بہت بوڑھا۔

المِقْحَام - قاحم کا اسم مبالغہ - وہ شخص جو سخت مصیبتوں میں گھس پڑے ج مَقاحیم۔

المَقاحِم - ہلاکتیں - اور مفرد قحمۃ یہ جمع خلاف قیاس ہے جیسے مَلامح جمع لمحۃ کی۔

المُقْحَم - مفعو - کمزور وہ اعرابی جس کی پرورش جنگل میں ہوئی ہو۔

قَحا یَقْحُو قَحْوًا - الدواءَ: دوا میں گل بابونہ ڈالنا — واِقْتَحَی المالَ: کل مال لے لینا

اَقْحَتِ - الارض: گلِ بابونہ والی ہونا۔

المِقْحاۃ - پھاوڑا۔

الاُقْحُوان والاَقْحُوان - گل بابونہ - واحد اُقحوانۃ و اِقحوانۃ ج اَقاحیّ و اَقاحٍ اور اس کی تصغیر اُقَیْحِیان ہے اور اسکا واحد اُقَیْحِیانۃ

اُقْحُوانۃ سے دانتوں کو تشبیہ دیا کرتے ہیں - اَقاحِیُّ الامرِ: کام کے اوائل۔

قَدْ - معانی ذیل میں مستعمل ہے۔

(۱) بمعنے حَسْبُ جیسے قدْ زیدٍ درہمٌ اور کبھی معرب ہوتا ہے جیسے قدُ زیدٍ درہمٌ یعنی زید کے لئے ایک درہم کافی ہے اور قَدِیْ درہمٌ بغیر نون وقایہ کے جیسے حَسْبِیْ درہمٌ۔

(۲) اسم فعل بمعنی کفی یا یکفی جیسے قدنی درہمٌ بمعنی یکفینی درہمٌ - ان سب صورتوں میں قد اسم ہے

(۳) مضارع کیساتھ توقع کا فائدہ دیتا ہے۔ جیسے قد یقدم الغائبُ الیومَ - توقع ہے کہ غائب آج آجائے اور کبھی تقلیل کا جیسے قد یَصْدُقُ الکذوبُ - جھوٹا آدمی کبھی سچ بولتا ہے۔

اور ماضی کے ساتھ تحقیق کا فائدہ دیتا ہے جیسے قد افلحَ مَنِ اتّقی اللّٰہَ: جو اللہ سے ڈرا اس نے یقینا فلاح پائی - قرآن میں ہے - قد افلحَ من زکّاہا - قد افلحَ المؤمنون۔

اور حال سے قریب کرنے کیلئے جیسے قد قام فلانٌ - جبکہ قیام زمانہ قریب میں ہی ہو چکا ہو - اور کبھی مضارع کے ساتھ تکثیر کا فائدہ دیتا ہے۔ جیسے قد اشہدُ الغارۃَ الشعواءَ تحملنی - مراد یہ ہے کہ میں لوٹ میں بہت حاضر ہوا کرتا ہوں۔

قَدَّ (ن) قَدًّا وقَدَّدَ - الشیءَ: چیرنا کاٹنا لمبائی میں پھاڑنا یا کاٹنا - تم کہتے ہو - قددتُ الشیءَ نصفین اور کبھی مفعول ثانی پر با کی زیادتی کی جاتی ہے اور کہا جاتا ہے قددتُ الشیءَ بنصفین - قدَّ المسافرُ الفلاۃَ: بیابان طے کرنا - قدّ الکلامَ: بات کاٹنا - قدّد اللحمَ: ٹکڑے کرنا اور خشک کرنا

قُدَّ - درد شکم والا ہونا۔

تَقَدَّدَ - پھٹنا — القومُ: قوم کا متفرق ہونا — الشیءُ: خشک ہونا — الثوبُ: کٹ جانا اور پرانا ہونا — القومُ: مختلف الرائے فرقے ہونا — الثوبُ علیہ: کپڑے کا اندازہ اور طول کے مطابق ہونا۔

اِنْقَدَّ - پھٹنا۔

اِقْتَدَّ - الشیءَ: بمعنے قدّہٗ — الشیءُ: پھٹنا — الامورَ: تدبیر کرنا - تمیز کرنا۔

اِسْتَقَدَّ - الامرُ: برابر ہونا - ہمیشہ ہونا۔

القَدُّ - مم - مقدار - کہا جاتا ہے "ہذا علیٰ قدِّ ذاک" یعنی اس کے مقدار ہے - قامت - چابک - بکری کے بچہ کی کھال - ج اَقُدٌّ وقُدُود وقِداد و اَقِدَّۃ۔

القِدُّ - چمڑے کا برتن - تسمہ - کاٹی ہوئی چیز - چابک - کہا جاتا ہے "مالہ قِدٌّ ولا قحفٌ" اس کے پاس نہ تو چمڑے کا برتن ہے اور نہ لکڑی کا - جو کنایہ ہے اس بات سے کہ اس کے پاس کچھ نہیں ج اَقُدّ

القَدُّ - ایک سمندری مچھلی جس کی ایک قسم سے تیل نکالا جاتا ہے۔

القِدَّۃ - تسمہ - چیز کا ٹکڑا - مختلف الرائے فرقے - ج قِدَد و اَقِدَّۃ - قرآن مجید میں ہے "کنّا طرائقَ قِدَدًا" یعنی ہم مختلف الرائے فرقے تھے۔

القُدَاد - جنگلی چوہا - سیہی۔

القُدَاد - پیٹ کا درد۔

القَدِید - کاٹا ہوا اور خشک کیا ہوا گوشت پرانا کپڑا۔

القَدِید - چھوٹا ٹاٹ۔

القَدِیدِیُّون - فوج کے توابع - جیسے درزی نائی وغیرہ۔

المَقَدّ - راستہ - ہموار جگہ۔

المِقَدّ والمِقَدَّۃ والمِقْدَد - کاٹنے کی چھری

القَیْدُود - لمبی پیٹھ کی اونٹنی - ج قَیادید۔

قَدَحَ (ف) قَدْحًا - فی عِرضِہٖ: طعنہ مارنا - عیب لگانا - کہا جاتا ہے "قدح فی ساقِ اخیہ" اس نے اپنے بھائی کو دھوکا دیا "قدحَ الشیءُ فی صدری" - اس چیز نے میرے دل میں اثر کیا۔ "قدح ختامَ الخابیۃِ" مٹکے کی مہر کو توڑ دیا — الدودُ فی الاسنانِ او الشجرِ: دانت یا درخت میں کیڑا لگنا - قدحتِ العینُ: آنکھ کا دھنس جانا — الشیءَ: چلو لینا — الطبیبُ العینَ: آنکھ کے اندرونی حصہ سے پانی نکالنا

فِی القِدحِ : تیر کے پھل میں سوراخ کرنا۔

قَدَحَ واقتَدَحَ ۔ بالزَندِ : چقماق سے آگ نکالنا ۔ عرب کے امثال میں سے ہے "اَصْحِ لِی اَقدَحْ لکَ" یعنی تم میرے لئے ہوجاؤ میں تمہارے لئے ہوجاؤں گا۔ قَدَحَ واِقتَدَحَ المَرَقَ : شوربا نکالنا ــــ انقِدرَ : مچچہ سے نکالنا ــــ واِقتَدَحَ الاَمرَ : معاملہ کی تدبیر کرنا۔

قَدَّحَ ۔ الفَرَسَ : گھوڑے کو دبلا کرنا۔

قَدَّحَتِ العَینُ : آنکھ کا دھنسنا۔

قَادَحَہٗ وتَقَادَحَا ۔ ایک دوسرے پر طعن تشنیع کرنا۔

اِستَقدَحَ ۔ زِنادَہٗ : چقماق سے آگ نکالنے کی کوشش کرنا۔

القَدَحُ ۔ مص دانت یا لکڑی کا کیڑا۔

القِدحُ ۔ تیر بغیر پر اور نصل کے ۔ جوئے کا تیر ۔ ج قِداح و اَقدُح و اَقادِح و قِدحان و جج اَقادِیح ۔ کہا جاتا ہے "صَدَقَہُم وَسمَ قِدحِہٖ" یعنی ان سے سچ کہا۔

القَدَحُ ۔ پینے کا برتن ۔ چھوٹے اور بڑے دونوں کیلئے بولا جاتا ہے اور قدح خالی برتن کو کہتے ہیں ۔ اور جب اس میں پینے کی کوئی چیز ہو تو اس کو کاس کہتے ہیں ۔ کہا جاتا ہے "لَاتَجعَلُونِی کَقَدَحِ الرَّاکِبِ" یعنی مجھ کو آخری مت بتاؤ ۔ اس لئے کہ سوار سارے سامان کے رکھنے کے بعد پیالہ کو آخر میں لٹکاتا ہے ۔ اور القَدَحُ الفَردُ : کنایہ ہے بے پالک سے ۔ ج اَقداح ۔ القَدَحُ اسم ہے ۔ اِقتِداحُ النّارِ سے۔

القِدحَۃ ۔ قدح کا اسم نوع۔

القُدحَۃ ۔ مِنَ المَرَق : چمچہ بھر۔

القِدَاحَۃ ۔ پیالہ بنانے کا پیشہ۔

القَادِحُ ۔ فا ۔ دانت یا درخت کی سیاہی یا کیڑا ۔ لکڑی میں شگاف۔

القَادِحَۃ ۔ قادح کا مونث ۔ درخت یا دانت کا کیڑا ج قَوادِح ۔ کہا جاتا ہے "حُمّی قَادِحَۃ" بہت تیز بخار۔

القَدّاحُ ۔ کاسہ گر ۔ تر و تازہ پودے کے اطراف ۔ نباتات کے شگوفے کھلنے سے پہلے (ــــ والقَدّاحَۃ) چقماق کا لوہا۔

القَدِیحُ ۔ شوربا یا وہ جو ہانڈی کی تلی میں رہ جائے اور مشکل سے چمچہ سے نکلے۔

الاَقدَحُ والقَدُوحُ ۔ بکھی ۔ رَکِیٌّ قَدُوحٌ : وہ کنواں جس میں سے ہاتھ سے پانی لیا جا سکے۔

المِقدَحُ والمِقدَاحُ ۔ چقماق ۔ آگ نکالنے کا پتھر یا لوہا۔

المِقدَحُ والمِقدَحَۃ ۔ چمچہ۔

اِقدَحَرَّ اِقدِحرَارًا ۔ الرجلُ : بدی یا گالی گلوج یا لڑائی جھگڑے کیلئے تیار رہنا۔

القَیدَحُورُ ۔ مرد بدخو۔

القُدَاحِس ۔ مرد دلاور ۔ و بدخو ۔ بیباک ۔ شیر۔

قَدَرَ (ن ض) وقَدِرَ (س) قُدرًا وقُدرَۃً ومَقدِرَۃً ومَقدَرَۃً ومَقدُرَۃً و مِقدَارًا وقَدَارَۃً وقُدُورَۃً وقُدُورًا و قِدرَانًا وقَدَارًا وقِدَارًا ۔ عَلَی الشَّیئِ : توانا ہونا قوی ہونا۔

قَدَرَ (ض) قَدرًا ۔ الاَمرَ : تدبیر کرنا ۔ الشَّیئَ بالشَّیئِ : اندازہ کرنا ۔ مقدار کے مطابق کرنا ــــ قَدَارَۃً ، الشَّیئَ : تیار کرنا ۔ وقت معین کرنا۔

قَدَرَ (ن ض) قَدرًا ۔ لاَمرِ کذا : غور و فکر کرنا۔

قَدَرَ (ن ض) قَدرًا وقَدَرًا ۔ اللّٰہَ : تعظیم کرنا (ــــ وقَدَّرَ) اللّٰہُ عَلَیہِ الاَمرَ وقَدَّرَ لَہُ الاَمرَ : فیصلہ کرنا ۔ حکم لگانا ۔ قَدَرَ الرِّزقَ : تقسیم کرنا ۔ قَدَرَ وقَدَّرَ عَلٰی عِیَالِہٖ : اہل و عیال پر نان نفقہ میں تنگی کرنا ۔ قَدَرَ عَلَی الشَّیئِ : قادر ہونا اور جمع کرنا ۔ وقَدَّرَ الرَّجُلُ : معاملہ کی درستی میں غور و فکر کرنا ۔ وقَدَّرَ الشَّیئَ بالشَّیئِ : اندازہ کرنا ۔ مقدار کے مطابق بنانا۔

قَدِرَ (س) قَدَرًا ۔ چھوٹی گردن والا ہونا ۔ ــــ عَلَی الشَّیئِ : قدرت رکھنا۔

قَدَّرَ و اَقدَرَ ۔ اللّٰہُ فُلَانًا عَلٰی کذا : قادر بنانا واَقدَرَ الاِنسانُ : ہانڈی میں پکانا۔

قَادَرَہٗ مُقَادَرَۃً ۔ توانائی میں مقابلہ کرنا ۔ اندازہ کرنا ۔ دوسرے کے کام کے مانند کام کرنا ۔ بَینَ الشَّیئَینِ : ایک کا دوسرے سے مقدار معلوم کرنے کیلئے اندازہ کرنا ۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یُقَادِرُنِی" یعنی فلاں میرے ساتھ مساوات کا طالب ہے۔

تَقَدَّرَ ۔ الثَّوبُ عَلَیہِ : کپڑے کا مقدار کے مطابق ہونا ــــ لَہٗ کذا : آمادہ ہونا۔

تَقَادَرَ الرَّجُلَانِ : ہر ایک کا دوسرے کی مساوات کا طالب ہونا۔

اِنقَدَرَ ۔ اندازہ کے موافق ہونا ۔ کہا جاتا ہے "قَدَّرتُ الثَّوبَ فَانقَدَرَ" یعنی میں نے کپڑے کا اندازہ کیا اور وہ اندازے کے موافق ہوگیا۔

اِقتَدَرَ ۔ عَلَیہِ : قوی ہونا ۔ قدرت پانا ــــ الرَّجُلُ : ہانڈی میں پکانا ــــ الشَّیئَ بالشَّیئِ : اندازہ کرنا۔

اِستَقدَرَ ۔ اللّٰہَ خَیرًا : خدا سے نیکی کا حصہ مانگنا

القَدرُ ۔ مص ۔ چیز کی انتہا ۔ بغیر کمی زیادتی کے برابر ہونا ۔ کہا جاتا ہے "ہٰذا قَدرُ ذاکَ" یہ اس کے مماثل اور مساوی ہے ۔ طاقت و قوت ۔ عزت و وقار ۔ توانگری ۔ کندھے کا سرا ۔ ج اَقدار ۔ لَیلَۃُ القَدرِ : رمضان شریف کے آخری عشرہ میں کوئی طاق رات۔

القِدرُ ۔ ہانڈی ۔ (مؤنث) ج قُدُور اور اس کی تصغیر قُدَیرَۃ و قُدَیر۔

القَدَرُ ۔ مص ۔ چیز کی انتہا ۔ طاقت و قوت ۔ تقدیر الٰہی ارادہ کا تعلق اشیاء کے ساتھ انکے اوقات میں ۔ ج اَقدار۔

القَادِرُ ۔ فا ۔ ہانڈی میں پکانے والا ۔ ہانڈی کا پکا ہوا ۔ کہا جاتا ہے "بَینَنَا لَیلَۃٌ قَادِرَۃٌ" ہمارے درمیان ایسی رات ہے جس میں چلنا آسان ہے۔

القَدَرِیَّۃ ۔ ایک جماعت ہے جو تقدیر الٰہی کا انکار کرتی ہے اور کہتی ہے کہ بندے اپنے افعال اختیاریہ کے خود خالق ہیں اور جبریہ اسکے خلاف ہے۔

القُدرَۃ ۔ فعل یا ترک فعل کی طاقت۔

الْقَدَرَةُ - چھوٹی شیشی ۔ دو درختوں کے درمیان کا فاصلہ ۔
الْقُدَارُ والْقِدَارُ - قدرت -
الْقُدَارُ - میانہ قد مرد - چست وچالاک لڑکا باورچی - ہانڈی میں پکانے والا - بڑا اژدہا -
الْقَدَّارُ - پتھر جو پانی کے بہنے کی جگہ پر لگایا جائے
الْقَدَارَةُ والْقُدُورَةُ - مصادر - اقتدار قوت - توانگری -
التَّقْدِيرُ - مص ---- عند النحاة : کلمہ کو حذف کرنا اور نیت میں باقی رکھنا ---- عند المتکلمین ہر مخلوق کو اس کے اندازہ کے مطابق کرنا - تقدیر الٰہی - ج تَقَادِيرُ -
الْقَدِيرُ - قدرت والا - اور یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے - ہانڈی میں پکا ہوا گوشت -
الْأَقْدَرُ - اسم تفضیل - پستہ قد - اور کہا گیا ہے کہ چھوٹی گردن والا -
الْقَدْرَاءُ - اقدر کا مؤنث - کان نہ بڑا نہ چھوٹا - بنو قَدْرَاء : اغنیاء -
الْمِقْدَارُ - توانائی - اندازہ - پیمانہ ج مَقَادِيرُ
الْمُقْتَدِرُ - فا - ہانڈی کا پکانے والا - کام کا ساتھی - ہر چیز کا وسط - کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُقْتَدِرُ الطُّولِ" مرد میانہ قامت -
الْمَقَادِرَةُ - تنگ مکان -
الْمَقْدُورُ - مفعو فیصل شدہ معاملہ - کہا جاتا ہے "أمْرٌ مَقْدُورٌ عَلَيْهِ" یعنی ایسا امر جس کے کرنے پر انسان قادر ہو -
الْمَقْدَرَةُ والْمَقْدُرَةُ والْمَقْدِرَةُ - قوت و تونگری ---- الْمَقْدَرَةُ : قضاء وقدر - تقدیر الٰہی -
قَدُسَ (ن) قُدْسًا و قُدُسًا - پاک ہونا - بابرکت ہونا -
قَدَّسَ - اللہُ فُلانًا : پاک کرنا - بابرکت کرنا ---- الرَّجُلُ اللہَ : تنزیہ کرنا - قُدُّوس ہونے کی صفت بیان کرنا ---- الکاہنُ عندَ النصاریٰ عشاء ربانی ادا کرنا ---- الرَّجُلُ : بیت المقدس میں آنا - قَدَّسَ لِلّٰہِ : پاکی بیان کرنا - اسی سے ہے "نَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ"
تَقَدَّسَ - پاک ہونا - الْقَدَاسَةُ - پاکی
الْقُدْسُ والْقُدُسُ - مصادر والقُدُسُ : بیت المقدس - وَرُوحُ الْقُدُسِ - حضرت جبرئیل علیہ السلام - وحَظِيرَةُ الْقُدُسِ : جنت
الْقُدُسُ - وہ پتھر جو پانی کی قلت وکثرت معلوم کرنے کے لئے کنوئیں میں ڈالا جائے -
الْقُدْسُ والْقَدَسُ - چھوٹا پیالہ -
الْقَادِسُ - بڑی کشتی - پتھر جو اونٹ کے پانی پینے کی جگہ میں تقسیم کے لئے ڈالا جائے - ج قَوَادِسُ - بیت حرام - اندلس کا ایک جزیرہ -
الْقَادُوسُ - چکی میں دانے ڈالنے کا برتن عوام اسے کور کہتے ہیں - نہر سے پانی نکالنے کا برتن - ج قَوَادِيسُ -
الْقُدَاسُ - اونٹوں کے حوض کے پانی کا اندازہ کرنے کا پتھر - چاندی کا بنا ہوا موتی بڑی شرافت -
الْقَدِيسُ - موتی -
الْقَدُوسُ - سخت اقدام کرنے والا - سخت حملہ کرنے والا -
الْقَدُّوسُ والْقُدُّوسُ باری تعالیٰ کے اسماء میں سے ہے یعنی ہر نقص وعیب سے پاک -
الْقِدِّيسُ - باصطلاح نصاریٰ - مقبولِ عند اللہ - مؤنث قِدِّيسَةٌ -
الْمَقْدِسُ - مکان مقدس - پاک جگہ - بَيْتُ الْمَقْدِسِ والْبَيْتُ الْمُقَدَّسُ : یروشلم نسبت کیلئے مَقْدِسِيٌّ ومُقَدَّسِيٌّ - أَرْضٌ مُقَدَّسَةٌ مبارک زمین - الْأَرْضُ الْمُقَدَّسَةُ : فلسطین -
الْمُقَدِّسُ - فا - یہودی عالم - راہب -
قَدَعَ (ف) قَدْعًا الفَرَسُ : گھوڑے کا دوڑنا ---- الْأَمْرَ : کر گذرنا ---- فَرَسَهُ بِاللِّجَامِ : گھوڑے کو لگام سے روکنا ---- السَّفِينَةَ : کشتی کھینا ---- الْخَمْسِينَ مِنْ عُمْرِهِ : تجاوز کرنا ---- مِنَ الشَّرَابِ : گھونٹ گھونٹ پینا ---- الذُّبَابَ عَنْهُ بِكَذَا : کسی چیز سے مکھی کو دفع کرنا - قَدَعَهُ وأَقْدَعَهُ عَنْ كَذَا : روکنا - أَقْدَعَ الرَّجُلُ : گالی دینا -
قَدِعَ (س) قَدَعًا - رکنا - باز رہنا - قَدِعَتْ عَيْنُهُ : زیادہ دیکھنے سے کمزور ہونا اور کہا جاتا ہے "قَدِعَتْ لِيَ الْخَمْسُونَ" میں تقریباً پچاس کی عمر کو پہنچ گیا -
قَادَعَهُ بَخِيرَةٍ : کلیلیں کرنا -
تَقَدَّعَ لَهُ بِالشَّرِّ : آمادۂ بدی ہونا -
تَقَادَعَ الْقَوْمُ : ایک دوسرے کو دفع کرنا اور کھینچنا ---- بالرماح : ایک دوسرے کو نیزہ مارنا - تَقَادَعَ عَلَى الشَّيْءِ ورقبه : جوق جوق گرنا - کہا جاتا ہے "تَقَادَعَ الذُّبَابُ فِي الْمَرَقِ" شوربے میں مکھیاں پے بہ پے گریں ---- الْقَوْمُ : پے بہ پے مرنا -
انْقَدَعَ - رکنا ---- عَنِ الشَّيْءِ : شرم کرنا -
الْقَدِعُ - بہت رونے والا - مَاءٌ قَدِعٌ : پانی جو کھاری ہونے کی وجہ سے پیا نہ جا سکے -
امْرَأَةٌ قَدِعَةٌ وقَدُوعٌ - شرمیلی کم بولنے والی عورت -
الْقَدَعُ - بزدلی - کثرتِ گریہ سے نگاہ کی کمزوری
الْقِدْعَةُ - چھوٹا سینہ بند - انگیا -
الْقَدُوعُ - کسی چیز پر گرنے والا - ذلیل -
الْمُقَدَّعُ - جھری دار -
الْمِقْدَعَةُ مورچھل - مکھی ہانکنے کی چوری لاٹھی جس سے ہانکا جائے -
قَدَفَ (ن) قَدْفًا - الماءَ : چلو لینا - گرانا -
الْقَدَافُ - مٹی کا گھڑا - بڑا پیالہ -
الْقَنْدَفِيلُ والْقَنْدَوِيلُ - بڑی سر والا
قَدَمَ (ن) قَدْمًا وقُدُومًا - القَوْمَ : قوم سے سابق ہونا -
قَدِمَ (س) قُدُومًا ومَقْدَمًا وقِدْمَانًا المَدِينَةَ : شہر میں آنا ---- مِنْ سَفَرِهِ : سفر سے واپس ہونا ---- إلَى الأَمْرِ : قصد کرنا -
قَدُمَ (ن) وقَدِمَ (س) قَدَامًا وقُدْمًا و

قُدُومًا و اَقْدَمَ عَلٰی قِرْنِہٖ: جرأت کرنا۔ دلیری کرنا۔ قَدِمَ وَ اَقْدَمَ عَلَی الْاَمْرِ: بہادری کرنا۔ قَدِمَ و اَقْدَمَ عَلَی الْعَیْبِ: عیب پر راضی ہونا۔ اَقْدَمَ یَمِیْنًا: قسم کھانا۔ اَقْدَمَ فُلَانًا: آگے بڑھانا۔ اَقْدَمَہُ الْبَلَدَ: شہر کے آنے پر برانگیختہ کرنا۔

قَدُمَ (ک) قِدَمًا وَقَدَامَةً۔ پرانا ہونا۔ حدث کا ضد ہے۔ صفت قَدِیْمٌ وقُدَامٌ۔

قَدَّمَ الْقَوْمَ: قوم سے سابق ہونا۔ قَدَّمَہٗ: آگے کرنا۔ قَدَّمَ یَمِیْنًا قسم کھانا —— بَیْنَ یَدَیْہِ: آگے بڑھنا —— اِلَیْہِ بِکَذَا: حکم دینا —— قَدَّمَہٗ اِلَی الْحَائِطِ: قریب کرنا۔

تَقَادَمَ۔ بمعنے قَدُمَ: پرانا ہونا۔

تَقَدَّمَ۔ آگے بڑھنا۔ بہت پیش قدمی کرنے والا ہونا۔ مقدم ہونا —— الْقَوْمَ: قوم سے سابق ہونا —— اِلَیْہِ بِکَذَا: حکم دینا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَتَقَدَّمُ بَیْنَ یَدَیْ اَبِیْہِ" فلاں اپنے باپ کے سامنے پیش قدمی کرتا ہے۔

اِقْتَدَمَ۔ بمعنے تَقَدَّمَ۔ آگے بڑھنا۔

اِسْتَقْدَمَ۔ بہت پیش قدمی کرنے والا ہونا —— الرَّجُلَ: آنے کو کہنا —— الْقَوْمَ: آگے کو بڑھ جانا۔

الْقَدَمُ۔ خاندانی شرافت۔ سُرخ کپڑا۔

الْقِدَمُ۔ پرانا زمانہ۔ کہا جاتا ہے "کَانَ کَذَا قِدَمًا" یعنی ایسا پرانے زمانہ میں تھا۔

الْقِدَمُ۔ حدوث کا ضد۔ اولیت۔ کہا جاتا ہے "لَہٗ قَدَمٌ فِیْ ہٰذَا الْاَمْرِ" اس کو اس معاملہ میں اولیت ہے۔

الْقَدَمُ۔ پاؤں (مؤنث ہے اور کبھی مذکر بھی مستعمل ہے) ج اقدام وقُدام اور تصغیر قُدَیْمَةٌ

الْقَدَمُ۔ آگے بڑھنا۔ اولیت چاہے خیر میں ہو یا شر میں۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ فِیْ کَذَا قَدَمُ صِدْقٍ اَوْ قَدَمُ سُوْءٍ" یعنی فلاں کیلئے اس معاملہ میں اچھی اولیت یا بری اولیت ہے "لِفُلَانٍ عِنْدَ فُلَانٍ قَدَمٌ" یعنی فلاں کا فلاں پر احسان ہے۔ "وَضَعَ قَدَمَہٗ فِی الْعَمَلِ" یعنی شروع کر دیا "جَعَلَ دِمَاءَہُمْ تَحْتَ قَدَمَیْہِ" ان کے خون کو اپنے قدم کے نیچے کر دیا یعنی معاف کر دیا "وَاجْعَلْ ذٰلِکَ تَحْتَ قَدَمَیْکَ" اس کو اپنے قدم کے نیچے کر دو یعنی معاف کر دو۔ وَالْقَدَمُ فِی الْقِیَاسِ: پاؤں کے انگوٹھے کے کنارے سے ایڑی کے کنارے تک۔ الْقَدَمُ: بہادر (مذکر و مؤنث مفرد جمع) کہا جاتا ہے رَجُلٌ قَدَمٌ اِمْرَأَةٌ قَدَمٌ ورِجَالٌ قَدَمٌ ونِسَاءٌ قَدَمٌ، اور کہا جاتا ہے "ہُوَ ذُوْ قَدَمٍ" یعنی وہ بہادر ہے۔

الْقَدِمُ: بہت اقدام کرنیوالا۔ سخت سنگستان۔

الْقَدَمُ والْقُدُمُ۔ دلیر۔ الْقُدُمُ: آگے گزرنے والا۔ کہا جاتا ہے "مَضٰی قُدُمًا" وہ سیدھا گیا ادھر اُدھر نہیں مڑا۔ مذکر و مؤنث دونوں کی صفت میں واقع ہوتا ہے۔

الْقَدَامَةُ۔ دلیری۔ معاملہ میں اولیت۔

الْقُدْمِیَّةُ۔ مغرورانہ چال۔

الْقَدُوْمُ۔ دلیر بہت پیش قدمی کرنے والا۔ ج قُدُمٌ الْقَدُوْمُ۔ کلہاڑا مؤنث ہے، ج قُدُمٌ وقَدَائِمُ (اور قَدُّوْمٌ ضعیف لغت ہے)

التَّقْدِمَةُ۔ مص۔ قَدَّمَ کا: ہدیہ۔ ج تَقَادِمُ۔

الْقَادِمُ۔ فا ج قُدُوْمٌ وقُدَّامٌ وقَادِمُوْنَ، قَادِمُ الْاِنْسَانِ: انسان کا سر۔ ج قَوَادِمُ، قَادِمُ الرَّحْلِ کجاوہ کا اگلا حصہ۔ الْعَامُ الْقَادِمُ: آئندہ سال الْقَادِمَانِ مِنَ الْاَطْبَاءِ وَالضَّرْعِ: اونٹنی اور گائے کے تھن کی اگلی بالکھ۔

الْقَادِمَةُ۔ مؤنث قادم۔ لشکر۔ الْقَادِمَةُ: بازو کے اگلے پر جو بڑے ہوتے ہیں، ج قَوَادِمُ و قُدَامَی اور چھوٹے پروں کو خوافی کہتے ہیں جو قوادم کے نیچے ہوتے ہیں، وقَادِمَةُ الرَّحْلِ: کجاوہ کا اگلا حصہ۔ ج قَوَادِمُ، وقَادِمَةُ الْعَسْکَرِ: فوج کا اگلا دستہ،

الْقَدِیْمُ والْقُدَامُ۔ پرانا ج قُدَمَاءُ وقُدَامَی و قَدَائِمُ مؤنث قَدِیْمَةٌ ج قَدِیْمَاتٌ وقَدَائِمُ۔ الْقُدَامَی: فوج کا اگلا دستہ۔

قُدَّامَ۔ آگے۔ مؤنث ہے، اور اس کی تصغیر قُدَیْدِیْمَةٌ اور کبھی مذکر مستعمل ہوتا ہے اس کی تصغیر قُدَیْدِیْمُ آتی ہے۔ کہا جاتا ہے "لَقِیْتُہٗ قُدَامَ ذَاکَ اَوْ قُدَیْدِیْمَةَ ذَاکَ" یعنی میں نے اس سے اسکے پہلے یا کچھ پہلے ملاقات کی۔

الْقُدَّامُ والْقَدَّامُ والْقِدِّیْمُ: شرافت کی وجہ سے لوگوں میں آگے رہنے والا۔ سردار بادشاہ الْقَدَّامُ: قصائی۔

الْقَدَّامَةُ۔ مِنَ الْغَنَمِ: چرنے میں جو بکری سب سے آگے ہو۔ سخت سنگستان۔

الْقَیْدُوْمُ والْقَیْدَامُ اگلا حصہ۔ قَیْدُوْمُ الْجَبَلِ: پہاڑ کا آگے کو نکلا ہوا حصہ۔

الْاَقْدَمُ۔ اسم تفضیل۔ شیر۔

الْمَقْدَمُ۔ آنے کا وقت۔

الْمُقْدِمُ والْمُقَدَّمُ۔ مِنَ الْعَیْنِ: ناک سے ملا ہوا آنکھ کا گوشہ —— مِنَ الْوَجْہِ: چہرہ کا وہ حصہ جو سامنے ہو —— مِنَ الرَّحْلِ: کجاوہ کا اگلا حصہ ج مَقَادِیْمُ۔

الْمُقْدِمَةُ والْمُقَدَّمَةُ۔ مِنَ الْجَیْشِ: فوج کا اگلا دستہ۔ ہراول —— مِنَ الْکِتَابِ: دیباچہ والْمُقَدِّمَةُ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا شروع۔ پیشانی پیشانی کے بال۔ موقوف علیہ چاہے عقلی ہو یا عادی یا وضعی۔

الْمِقْدَامُ والْمِقْدَامَةُ۔ بہت پیش قدمی کرنیوالا۔ تا مبالغہ کیلئے ہے ج مَقَادِیْمُ۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ یَمْشِی (الْقُدُمِیَّةَ والْیَقْدُمِیَّةَ والتَّقْدُمِیَّةَ)" جبکہ میدانِ جنگ میں چلے اور دشمن پر حملہ کرنے میں پیش قدمی کرنے والا ہو یا جب کہ مکارم و فضائل میں سبقت کرے اور اس کی تقدیر یوں ہے کہ "مَشَی الْمِشْیَةَ الْمَنْسُوْبَةَ اِلٰی قَوْلِ النَّاسِ یَقْدُمُ وَتَقَدَّمَ"

الْقُدْمُوْسُ والْقِدْمَاسُ: پرانا۔ کہا جاتا ہے "عِزٌّ اَوْ حَسَبٌ قُدْمُوْسٌ وقِدْمَاسٌ" خاندانی عزت۔

الْقُدْمُوْسُ والْقُدْمُوْسَةُ۔ بڑی چٹان

الْقُدْمُوْسُ والْقُدَامِسُ۔ سخت۔ الْقُدْمُوْسُ: ہراول۔ لشکر کا اگلا حصہ ج قَدَامِیْسُ "جَیْشٌ قُدْمُوْسٌ" بڑا۔ الْقُدْمُوْسَةُ: بڑے ڈیل ڈول کی عورت۔

الْقَدْنُ۔ کافی۔ کہا جاتا ہے "قَدْنَ زَیْدٍ دِرْہَمٌ" زید کیلئے ایک درہم کافی ہے۔

قَدَا یَقْدُوْ وقَدْوًا۔ قریب ہونا۔ سفر سے واپس ہونا —— بِہٖ فَرَسُہٗ: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔

قَدَا يَقدُو قَدْوًا وقَدِيَ يَقدَى قَدًى وقَدَاةً وقَدَاوَةً - الطَّعَامُ: کھانے کا مزیدار و خوشبودار ہونا۔ صفت قَدٍ و قَدِيٌّ - تم کہتے ہو۔ "شَمِمْتُ قَدَاةَ القِدْرِ" ہانڈی کی خوشبو کو میں نے سونگھا۔

اَقْدَى اِقْدَاءً - خیر اور امور دینیہ میں استقامت اختیار کرنا۔ بوڑھا ہونا اور موت کے قریب پہنچنا — مِنَ السَّفَرِ: سفر سے واپس آنا۔ المِسْکُ: مشک کی خوشبو کا بھڑکنا۔

تَقَدَّى تَقَدِّيًا - عَلٰی دَابَّتِہٖ: چوپایہ پر سوار ہو کر وسط راستہ میں چلنا — تَقَدَّتِ الدَّابَّۃُ بِرَاکِبِھَا چوپایہ کا سوار کو وسط راستہ پر لیجانا۔

اِقْتَدَى اِقْتِدَاءً بِفُلَانٍ فِی کَذَا: پیروی کرنا۔

القَدَا - مص - خوشبو۔

القِدْوُ - جڑ جس سے شاخیں نکلیں۔

القَدْوَی - استقامت - پائداری۔

القِدَۃ والقَدْوَۃ والقِدْوَۃ والقُدْوَۃ والقِدْیَۃ - پیشوا - اسوہ - جیسے "لِیْ بِکَ قُدْوَۃٌ" میرے لئے تمہارے اندر اسوہ ہے - کہا جاتا ہے "مَا اَقْدَی طَعَامَ فُلَانٍ" یعنی فلاں کا کھانا کس قدر مزیدار و خوشبودار ہے۔

قَدِیَ یَقْدِی قَدْیًا الطَّعَامُ: بمعنی قَدَا یَقْدُو مزیدار و خوشبودار ہونا - اور کہا جاتا ہے "قَدَتْ قَادِیَۃٌ" قحط زدہ قوم کا دیہات سے آنا (— قَدْیًا) الفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔

قَادَی مُقَادَاۃً - الرَّجُلَ: مقابلہ کرنا۔

تَقَدَّی - ناز سے چلنا۔

القِدَۃ - ایک قسم کا سانپ ج قِدَات۔

القِدَۃ: پیشوا۔

القَدَی والقِدَی - مقدار - اندازہ - کہا جاتا ہے "بَیْنَھُمَا قَدَی رُمْحٍ" ان دونوں کے درمیان ایک نیزہ کی مقدار ہے۔

القِدْیَۃ - قدی کا اسم نوع - روش - طریقہ سیرۃ - کہا جاتا ہے "خُذْ فِی ھِدْیَتِکَ وقِدْیَتِکَ" اپنی روش و طریقہ پر لو۔

القَادِیَۃ - دیہات سے آنے والی قحط زدہ قوم ج قَوَادٍ۔

المُتَقَدِّی - فا - شیر۔

القِدِیَّۃ - ہدیہ۔

قَذَّ (ن) قَذًّا - الرِّیشَ: تیر کے پر کے اطراف کا کاٹنا اور ہموار کرنا — الرَّجُلَ: گدی پر مارنا — الحَجَرَ و کُلَّ غَلِیظٍ: پتھر اور ہر قسم کی سخت چیز پھینکنا (— وقَذَّذَ) الشَّعْرَ: بال کاٹنا اور برابر کرنا - قَذَّ و اَقَذَّ السَّھْمَ: تیر میں پر لگانا۔

تَقَذَّذَ القَوْمُ: قوم کا متفرق ہونا۔

القُذَّۃ - تیر کا پر - القُذَّۃ: گھوڑے اور انسان کا کان - ج قُذَذٌ و قِذَاذٌ - پسنو - ج قِذَّانٌ و قُذَذٌ۔

القُذَاذَۃ - پر کا تراشہ - سونے وغیرہ کا ریزہ ج قُذَاذَات - کہا جاتا ہے "اِنَّ لِی قُذَاذَاتٍ و جُذَاذَاتٍ" قذاذات سونے کے ٹکڑے - اور جذاذات چاندی کے - کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَایَدَعُ شَاذَّۃً وَلَا فَاذَّۃً" یعنی وہ دلاور جس کو دیکھتا ہے مار ڈالتا ہے۔

سَھْمٌ اَقَذُّ - پردار تیر - بے پر کا تیر ج قُذٌّ و قِذَاذٌ - کہا جاتا ہے "مَا لَہٗ اَقَذُّ وَلَا مَرِیْشٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔

القُذَّان - بڑھاپے کی وجہ سے دونوں کنپٹی کی سفیدی - پرندہ کے بازوؤں کی سفیدی۔

المَقَذُّ - گدی - سر کے بالوں کے نکلنے کی انتہائی جگہ پیچھے کی طرف یا آگے کی طرف - سر کے بالوں کے کاٹنے کی جگہ آگے یا پیچھے کی طرف۔

المِقَذُّ والمِقَذَّۃ - پر تراشنے کا آلہ۔

المَقَذُّ والمَقْذُوذ - بال تراش کر ہموار کیا ہوا - ہر چیز ہموار اور لطیف - آراستہ و پیراستہ۔

المُقَذَّذَۃ والمَقْذُوذَۃ - گول کان۔

تَقَذْقَذَ فِی الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا — فِی الرَّکِیَّۃِ: کنوئیں میں گرنا اور مرنا — الرَّجُلُ خود رائے ہونا۔

قَاذَحَ مُقَاذَحَۃً - گالی گلوج کرنا۔

تَقَذَّحَ لِفُلَانٍ بِالشَّرِّ: شرارت کرنا۔

قَذِرَ (ن)، و قَذُرَ (ک)، و قَذِرَ (س)، قَذَرًا و قَذَارَۃً - گندا ہونا - میلا ہونا - صفت قَذِرٌ و قَذُرٌ و قَذْرٌ و قَذَرٌ۔

قَذَرَ (ن)، قَذْرًا و قَذِرَ (س) قَذَرًا و قَذَرَ الشَّیْئَ: گندا کرنا - و قَذِرَ الشَّیْئَ: مکروہ جاننا پرہیز کرنا - گندا سمجھنا۔

اَقْذَرَ - گندا پانا — اَقْذَرَ فُلَانًا: تنگدل کرنا - بہت بولنا۔

تَقَذَّرَ الشَّیْئَ و مِنْہُ: میل کچیل کی وجہ سے مکروہ سمجھنا۔

القَذَرُ - مص - میل کچیل، اور کبھی پاخانہ کے لئے بولا جاتا ہے، ج اَقْذَار اور مَقَاذِر خلاف قیاس۔

القَاذُورَۃ - بدی - فاحشہ ج قَاذُورَات

القَاذُورَۃ والقَذُورُ والقَاذُورُ و ذُو قَاذُورَۃٍ - جو بدخلقی کی وجہ سے لوگوں سے نہ ملے، جو کسی چیز کو بوجہ نفرت کے نہ کھائے۔ و القَذُورُ مِنَ النِّسَاءِ: مردوں سے الگ تھلگ رہنے والی - شک و شبہ سے دور۔

رَجُلٌ قُذَرَۃٌ - ملامت سے دور مرد۔

رَجُلٌ مَقْذَرٌ - مرد جس سے لوگ پرہیز کریں۔

المَقَاذِر - گندگیاں۔

المُقْذِرُ - فواحش کا ارتکاب کرنے والا - ج مُقْذِرُوْن۔

القُذْرُوْف - عیب ج قَذَارِیْف۔

قَذَعَ (ف) قَذْعًا - گالی دینا - بیہودہ بکنا

اَقْذَعَ - فُلَانًا: گالی دینا — لِفُلَانٍ: سخت سست کہنا — القَوْلَ: برا کہنا — الرَّجُلُ: فواحش کا ارتکاب کرنا۔

قَاذَعَ - گالی گلوج کرنا۔

قَذَّعَ - ثَوْبَہٗ: کپڑے کو گندا کرنا میلا کچیلا کرنا۔

تَقَذَّعَ - لَہٗ بِالشَّرِّ: تیاری کرنا — الرَّجُلَ: ناپسند کرنا۔

القَذَعُ - گندا - بے حیائی و فحش۔

القَذِعُ - گندگی والا - بے حیا - فحش کا ارتکاب کرنیوالا - کہا جاتا ہے "رَمَاہُ بِالمُقْذِعَاتِ او المُقْذَعَاتِ" اس نے اس پر فواحش کی تہمت لگائی۔

القذعل - بے قدر - ذلیل -
القذعمل - موٹا اونٹ - القذعمیل: بہت بوڑھا -
القذعملۃ - پست قامت خسیس عورت اور کہا جاتا ہے "ما عندہٗ قذعملۃ" اس کے پاس کچھ نہیں" وما فی السماءِ قذعملۃ" آسمان میں کچھ بھی بادل نہیں -
قذف (ض) قذفًا - قے کرنا — الملاحُ: چپو سے کشتی چلانا - قذف بقولہٖ: بغیر سمجھے بوجھے بک دینا — الحجرَ وبالحجرِ: پتھر پھینکنا - قذفہٗ بکذا تہمت لگانا - کہا جاتا ہے "ہم بین حاذفٍ وقاذفٍ" وہ لوگ ڈھیلا پھینکنے والے اور لاٹھی مارنے والے کے درمیان ہیں (—— واستقذف فلانًا بالحجرِ: پتھر مارنا — الرجلَ: تہمت لگانا -
قاذفہٗ - ایک دوسرے کو تہمت لگانا اور گالی دینا -
تقاذف الماءُ: پانی کا تیز بہنا — الفرسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا — القومُ: آپس میں گالی گلوچ کرنا - تقاذفوا بالحجارۃ: ایک دوسرے پر پتھر پھینکنا - تقاذفت بہ الامواجُ: تھپیڑے مارنا - اور کہا جاتا ہے "تقاذفت بہ الابوابُ" دروازوں نے دھکا دیا - یعنی کوئی شخص کسی دروازے میں داخل ہونا چاہتا تھا کہ مالکِ مکان نے دروازہ بند کر دیا اور وہ شخص دوسرے دروازہ پر جانے کے لئے مجبور ہوا اور وہاں بھی یہی معاملہ پیش آیا -
انقذف - پھینکا جانا -
القُذُف والقَذَف والقُذُف - جانب - گوشہ -
القُذُف والقَذَف - پھسلن کی جگہ -
القُذُف والقَذَف والقَذوف و القَذیف - دور - کہا جاتا ہے "فلاۃٌ او تیہٌ قذفٌ وقُذُفٌ" دور کا بیابان "بلدۃٌ قذوفٌ" دور دراز کا شہر "قوسٌ قذوفٌ" تیر کو دور پھینکنے والی کمان -
ناقۃٌ قاذفٌ وقِذافٌ وقذوفٌ و

قذوفٌ - تیز دوڑنے والی اونٹنی -
القُذفۃ - جانب - گوشہ - کنگرہ - پہاڑ کا گوشہ جو نکلا ہوا ہو ج قِذافٌ وقُذَفٌ وقُذُفٌ و قُذُفات -
اقذاف القصرِ: محل کے کنگرے -
القذیفۃ والقِذاف - ہر وہ چیز جو پھینکی جائے - ج قذائف اور اسی سے ہے "قذائف المدافعِ": توپ کے گولے - القِذاف: تیز روی
القَذاف - تھوڑا پانی -
القذّاف - اسم مبالغہ - سواری - ترازو - گوپھن - منجنیق - ہر وہ چیز جس سے کسی چیز کو دور تک پھینکا جائے -
المقذّف - لعنت کیا ہوا - پُر گوشت، کہا جاتا ہے "فارسٌ مقذّفٌ" جنگ آزمودہ شہسوار -
المقذَف - چپو - ج مقاذف، المقاذف: ہلاکتیں -
المقذاف - چپو - ج مقاذیف -
فرسٌ متقاذفٌ - تیز رفتار گھوڑا - "سیرٌ متقاذفٌ": تیز چال -
القذیفی - سنگ اندازی - دشنام دہی -
قذلہٗ (ن) قذلاً - گدی پر مارنا - عیب لگانا - پیچھا کرنا - قذل فلانٌ: برگشتہ ہونا اور ظلم کرنا — فی الامرِ: کوشش کرنا -
القذَل - عیب -
القذال - گدی - سر کا پچھلا حصہ - ج قُذُلٌ واقذلۃٌ -
قذم (ن) قذمًا - لہٗ من المالِ: مال یکبارگی دینا -
قذِم (س) قذمًا الماءَ: پانی کا گھونٹ لینا -
انقذم - تیز دوڑنا -
القُذمۃ - پانی کا گھونٹ -
القُذَم والقِذَمّ - بہت دینے والا سردار
القِذَمّ والقُذام من الآبارِ: بہت پانی والا کنواں -
بئرٌ قذومٌ - بہت پانی والا کنواں - ج قُذُم
القذیمۃ - مال کا ایک حصہ جو آدمی کسی کو

دے - ج قذائم -
القذمور - چاندی کا دسترخوان -
القذامل - چوڑا - کشادہ -
اقذن - الرجلُ: بہت عیب دار ہونا -
قذِیَ یقذیٰ قذًی وقذیًا وقذیانًا - آنکھ میں تنکا پڑنا - آنکھ کی صفت (قذیۃٌ وقذیّۃٌ ومقذیّۃٌ) — الشرابُ: پینے کی چیز میں تنکا پڑنا -
قذی یقذی قذیًا وقذیً وقذیًا و قذیانًا - آنکھ کا کیچڑ نکالنا - کہا جاتا ہے - "قذفت قاذیۃٌ" لوگوں کی جماعت آئی -
اقذیٰ عینہٗ: آنکھ میں خس و خاشاک ڈالنا -
قذّی عینہٗ: آنکھ سے خس و خاشاک نکالنا -
قاذی مقاذاۃً الرجلَ: بدلہ دینا -
اقتذی - الطائرُ: سر کھجلاتے ہوئے آنکھ سے تنکا نکالنا -
القذی - تنکا - خس و خاشاک - محاورہ ہے "فلانٌ یُغضی علی القذی" یعنی فلاں ظلم برداشت کرتا ہے اور شکایت نہیں کرتا - "صار الامر قذی فی عینہٖ" یعنی معاملہ نے اس کو تکلیف پہنچائی اور اس نے اس کے ازالہ کی کوشش کی - اور امثالِ عرب میں سے ہے "یُبصر احدکم القذی فی عینِ اخیہ ویعمی عن الجذعِ فی عینہٖ": دوسرے کی آنکھ کا تنکا دیکھتا ہے اور اپنی آنکھ میں شہتیر نہیں دیکھتا - یعنی دوسرے کے تو چھوٹے چھوٹے عیوب پر نظر رکھتا ہے مگر اپنے بڑے بڑے عیوب کو نظر انداز کرتا ہے -
القذاۃ - تنکا - خس و خاشاک -
القواذی - جمع ہے قاذیۃ کی - قاذیۃ لوگوں کی جماعت جو اول تمہارے پاس آئے -
القذی - باریک خاک - ج قُذِیّ واقذاء -
کہا جاتا ہے "رجلٌ قذی العینِ": وہ شخص جس کی آنکھ میں تنکا پڑ گیا ہو -
الاقذاء - معمولی درجہ کے لوگ -
قرّ (س ن ض) قرًّا - الیومُ: دن کا ٹھنڈا ہونا (قرّ (ض) قرًّا) القِدرَ: ہانڈی میں ٹھنڈا

پانی ڈالنا - عَلَيْهِ المَاءَ: ٹھنڈا پانی ڈالنا - کہا جاتا ہے قَرَّ الكلامَ فِي اُذُنِهٖ کان سے منہ لگا کر بات کی -

قَرَّتْ (ن) قَرِيرًا - الحَيَّةُ: سانپ کا پھنکارنا (— قَرًّا و قَرِيرًا) الدجاجةُ: مرغی کی کڑکڑاہٹ کا بند ہونا -

قَرَّتْ (س ض) قُرَّةً و قَرَّةً و قُرُورًا و قُرُورَةً عَيْنُهُ: خوشی کی وجہ سے آنکھیں ٹھنڈی ہونا - شخص کی صفت قَرِيرٌ اور آنکھ کی صفت قَرِيرَةٌ -

قَرَّ (س ض) قَرَارًا و قُرُورًا و قَرًّا و تَقْرَارًا و تَقِرَّةً - فِي المَكَانِ او عَلَى الأمْرِ: قرار پکڑنا - ثابت رہنا - ٹھیرنا -

قَرَّ قَرًّا و قِرًّا - سردی زدہ ہونا -

قَرَّرَهُ - بِالأمْرِ: اقرار کرانا — هُ عَلَى الحَقِّ: حق منوانا — هُ فِي المَكَانِ او عَلَى العَمَلِ: ٹھیرانا - باقی رکھنا - کہا جاتا ہے قَرَّرْتُ عِنْدَهُ الخَبَرَ حَتَّى اسْتَقَرَّ یعنی میں نے اس کے پاس خبر کو ثابت کیا -

قَارَّ مُقَارَّةً - الرَّجُلَ: موافقت کرنا - قَارَّ فِي الصَّلَاةِ: سکون اختیار کرنا - حرکت وغیرہ نہ کرنا -

اَقَرَّ اِقْرَارًا - فُلَانًا فِي المَكَانِ: ٹھیرانا — العَامِلَ عَلَى العَمَلِ: کام پر باقی رکھنا — بِالحَقِّ: مان لینا - اقرار کرنا — الكلامَ لَهُ: بیان کرنا — الطَّائِرَ فِي عُشِّهِ: پرندہ کو گھونسلے میں باقی رکھنا — اللهُ عَيْنَهُ و لِعَيْنِهِ: آنکھیں ٹھنڈی کرنا یعنی خواہش کے مطابق دینا اور کامیاب کرنا — الرَّجُلُ: ٹھیرنا - تابعدار ہونا - ٹھنڈک میں داخل ہونا — اللهُ الرَّجُلَ: سردی پہنچانا - سردی زدہ کو خلاف قیاس مَقْرُورٌ کہتے ہیں اور مُقَرٌّ نہیں کہا جاتا — القِدْرَ: ہانڈی سے چمٹی ہوئی چیز کو اتارنا - اَقَرَّتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا حمل ٹھیرنا - صفت مُقِرٌّ -

تَقَرَّرَ - ثابت ہونا - تَقَرَّرَ القِرَّةَ: ہانڈی کی چمٹی ہوئی چیز کو لینا اور سالن بنانا -

تَقَارَّ - فِي المَكَانِ: ٹھیرنا اور ثابت رہنا -

اِقْتَرَّ - فُلَانًا فِي العَمَلِ و عَلَيْهِ: باقی رکھنا — الرَّجُلُ: ہانڈی کی چمٹی ہوئی چیز کو سالن بنانا - ٹھنڈے پانی سے نہانا -

اِقْتَرَّتْ و تَقَرَّرَتِ الإبِلُ: آسودہ ہونا بہت موٹا ہونا -

اِسْتَقَرَّ - بِالمَكَانِ: ٹھیرنا - ثابت رہنا -

القَرُّ - مص - مردوں کی سواری جو کجاوہ اور زین کے درمیان ہوتی ہے اور کہا گیا ہے کہ ہودج کو کہتے ہیں - قَرُّ الثَّوْبِ: کپڑے کی تہ - يَوْمُ القَرِّ: ماہ ذی الحجہ کی گیارہویں تاریخ کہ اس روز حاجی منیٰ میں ٹھیرتے ہیں - يَوْمٌ قَرٌّ: ٹھنڈا دن لَيْلَةٌ قَرَّةٌ و قِرَّةٌ: ٹھنڈی رات - القَرَّتَانِ: صبح شام

القُرُّ - ٹھنڈک - کسی جگہ میں قرار - ٹھیرنے کی جگہ - اور اسی سے ہے وَقَعْتَ بِقُرِّكَ یعنی جس چیز کے تم خواہش مند اور امیدوار تھے اس کو تم نے پالیا - مثلاً طالب قصاص سے جبکہ وہ قصاص لے لے تو کہا جاتا ہے -

القُرُّ: ایک لمبا سا کیڑا جو پانی کی سطح پر چلتا رہتا ہے اور اس سے قُرْ قُرْ کی آواز نکلتی ہے اسی وجہ سے اس کا یہ نام رکھا گیا ہے -

القَرَارِيُّ - درزی - قصائی - شہری جو کسی کا احسان نہ لے اور ہر پیشہ ور -

القَرَارُ و القَرَارَةُ - ٹھیرنے کی جگہ - سکون و اطمینان حاصل ہونے کی جگہ - کہا جاتا ہے صَارَ الأمْرُ إلَى قَرَارِهٖ یعنی انتہا کو پہنچ گیا - القَرَارُ: کسی مسئلہ میں جس پر رائے ٹھیرے - اَهْلُ القَرَارِ: شہری لوگ کہ وہ اپنے مکانوں میں قیام کرتے ہیں - بخلاف اہل بدو کے کہ وہ خانہ بدوش ہوتے ہیں دَارُ القَرَارِ: دار آخرۃ - القَرَارَةُ: پستہ قد گول گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو -

القِرَّةُ - قُرٌّ کا اسم نوع - ٹھنڈک - عرب کے امثال میں سے ہے حَرَّةٌ تَحْتَ قِرَّةٍ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو ضمیر کے خلاف ظاہر کرے -

القُرَّةُ - او قُرَّةُ العَيْنِ: ایک قسم کی گھاس جو پانی کے بہنے کی جگہ میں ہوتی ہے اور یہ جرجیر کے علاوہ ہے اس لئے کہ جرجیر کڑوی اور یہ میٹھی ہوتی ہے - کہا جاتا ہے هُوَ قُرَّةُ عَيْنِي وہ میری آنکھوں کے لئے ٹھنڈک ہے - اَبُو قِرَّةَ: گرگٹ کی کنیت - اس لئے کہ سردی کا غلبہ اس پر بہت ہوتا ہے اور اسی وجہ سے یہ ہمیشہ آفتاب کے سامنے رہتا ہے -

القُرَّةُ و القِرَّةُ و القُرَارَةُ - مینڈک -

القُرَّةُ و القَرَارَةُ و القُرَارَةُ و القُرَارَةُ ہانڈی کی تلی میں جو لگ جائے - ہانڈی کی کھرچن

القَرَارِيُّ - سختی جو پرہیز کرنے کے باوجود واقع ہوئے -

القَرَرَةُ و القِرَارَةُ و القُرَارَةُ و القُرَارَةُ و القُرُورَةُ - پانی جو پکا لینے کے بعد ہانڈی میں ڈالا جائے تاکہ جلنے نہ پائے -

القَرُورُ - ٹھنڈا پانی -

القَارُورَةُ - آنکھ کا ڈھیلا - تر یا خشک کھجوروں کا برتن - شراب کا برتن ج قَوَارِيرُ -

التَّقِرَّارُ و التَّقِرَّةُ - ثبوت - سکون -

القَارُّ - فا - يَوْمٌ قَارٌّ: ٹھنڈا دن -

القَارَّةُ - مؤنث قارّ - عَيْنٌ قَارَّةٌ: ٹھنڈی آنکھ - کنایہ ہے مسرور ہونے سے -

الأقَرُّ - اسم تفضیل - کہا جاتا ہے اَيُّ الأيَّامِ اَقَرُّ کون سا دن ٹھنڈا ہے -

المَقَرُّ - ٹھیرنے کی جگہ ج مَقَارُّ - مَقَرُّ البِئْرِ: کوئیں کی تلی میں گڑھا جس میں پانی جمع ہوتا ہے

المَقَرَّةُ - پانی کا حوض - گھڑا -

المَقْرُورُ - ٹھنڈا - سردی زدہ -

قَرَأَ (ف ن) قَرْءًا و قِرَاءَةً و قُرْآنًا و اِقْتَرَأَ الكِتَابَ: پڑھنا - قَرَأَ (ف - ن) قِرَاءَةً عَلَيْهِ السَّلَامَ: سلام پہنچانا - اور امر کی صورت میں اِقْرَأْ عَلَيْهِ السَّلَامَ کہا جاتا ہے - اور اس کا تعدیہ بنفسہ غلط ہے اس لئے اِقْرَأْهُ السَّلَامَ نہیں کہنا چاہئے ر — قَرْءًا و قُرْآنًا - الشَّيْءَ: جمع کرنا اکٹھا کرنا — النَّاقَةُ: اونٹنی کا حاملہ ہونا — الحَامِلُ: حاملہ کا جننا -

قَارَأَهُ قِرَاءً و مُقَارَأَةً - شریک درس ہونا

اَقْرَأَهُ اِقْرَاءً - الرَّجُلَ: پڑھانا — هُ السَّلَامَ: سلام پہنچانا - اَقْرَأَ مِنَ السَّفَرِ: سفر سے واپس ہونا — الأمْرُ: قریب ہونا — عَنْهُ: پھرنا -

— النجمُ: ستارہ کا غروب ہونا — الرجلُ: عبادت کرنا — الحاجۃَ: ضرورت کو مؤخر کرنا۔
اَقْرَاَتِ الرِّیَاحُ: ہوا کا وقت پر چلنا — زیادہ پیچھے ہٹنا — الحاجۃُ: حاجت کا موخر ہونا
تَقَرَّاَ۔ عبادت کرنا، فقیہ ہونا۔ عالم ہونا۔
اِسْتَقْرَاَ اِسْتِقْرَاءً۔ فُلَانًا: پڑھنے کے لئے کہنا — الاُمُورَ: معرفت احوال کے لئے تتبع و تلاش کرنا۔
القِرَاءَۃ۔ مص۔ پڑھنے کی کیفیت ج قِرَاءَات
القُرْءُ۔ وقت۔ قافیہ۔ ج اَقْرَاءٌ و قُرُوْءٌ و اَقْرُؤٌ
اَقْرَاءُ الشِّعْرِ: شعر کے انواع اور بحریں اور شعر کے مقاصد۔
القِرَأَۃ۔ وبا۔
القُرْآن۔ کلام اللہ
القَارِئُ۔ فا۔ عبادت گذار ج قُرَّاءٌ و قَارِئُوْن و قَرَأَۃٌ۔
الاَقْرَأُ۔ عمدہ طریقہ سے پڑھنے والا۔ زیادہ پڑھنے والا۔
القَرَّاءُ۔ اچھا پڑھنے والا۔ ج قَرَّاؤُوْن۔
القُرَّاءُ۔ عبادت گذار ج قُرَّاؤُوْن و قَرَارِیُّ
المَقْرُوُّ و المَقْرِیُّ و المَقْرُوْءُ۔ جو چیز پڑھی جائے۔
المِقْرَأُ۔ پڑھنے کے وقت جس پر کتاب رکھی جائے جیسے ڈسک۔ رحل وغیرہ۔
المُتَقَرِّی۔ عبادت گذار۔
القَرْءُ و القُرْءُ۔ حیض۔ طہر۔ وقتِ حیض۔ وقتِ طہر۔ ج اَقْرَاءٌ و قُرُوْءٌ و اَقْرُؤٌ یا قَرْءٌ بمعنے طہر کی جمع قُرُوْءٌ اور قَرْءٌ بمعنی حیض کی جمع اَقْرَاءٌ۔
قَرِبَ (س) و قَرُبَ (ک) قُرْبًا و قُرْبَانًا و قِرْبَانًا۔ قریب ہونا قَرِبَہٗ و قَرُبَ مِنْہُ و اِلَیْہِ: قریب ہونا۔
قَرِبَ (س) قَرَبًا۔ کوکھ کے درد والا ہونا
قَرَبَ (ن) قَرْبًا۔ السَّیْفَ: تلوار کو میان میں داخل کرنا۔ میان بنانا۔ صفت قَارِب اور صفت مفعولی مَقْرُوْب۔
اَقْرَبَ الاِنَاءَ: برتن کا بھرنے کے قریب کرنا۔
اَقْرَبَتِ الحَامِلُ: حاملہ کا جننے کے قریب ہونا۔
— قِرَابًا: میان بنانا — الرَّاعِیَ الاِبِلَ: گھاٹ پر پہنچنے کے لئے رات کو لے کے چلنا۔ راعی کو قَارِبٌ کہتے ہیں۔ مُقْرِبٌ نہیں۔ اور اونٹوں کو قوارب کہتے ہیں مُقْرِبَۃ نہیں۔
قَرَّبَہٗ۔ قریب کرنا — ہ الاَمِیرُ: خاص لوگوں میں سے بنا لینا۔ قَرَّبَ القُرْبَانَ لِلّٰہِ: قربانی کرنا۔ قَرَّبَ فُلَانًا: حَیَّاکَ اللّٰہ و قَرَّبَ دَارَکَ کہنا — الفَرَسُ: دلکی چلنا — الرَّجُلُ: کوکھ کے درد والا ہونا۔
قَارَبَہٗ مُقَارَبَۃً۔ قریب ہونا۔ خوش کلامی کرنا۔ قَارَبَ فِی الاَمْرِ: غلو کو چھوڑ دینا اور میانہ روی اختیار کرنا۔
تَقَرَّبَ تَقَرُّبًا و تِقِرَّابًا اِلَی اللّٰہِ بِالقُرْبَانِ: قربت ڈھونڈنا — الرَّجُلُ: کوکھ پر ہاتھ رکھنا۔ اور کہا جاتا ہے "تَقَرَّبْ یَا رَجُلُ" یعنی جلدی کر۔ اور کہا گیا ہے کہ یہ امر ہی کے ساتھ خاص ہے۔
تَقَارَبَا۔ ایک دوسرے کے قریب ہونا۔
تَقَارَبَ الزَّرْعُ: کھیتی کا پکنے کے قریب ہونا۔
تَقَارَبَہٗ۔ قریب ہونا۔
اِقْتَرَبَ الوَعْدُ: قریب ہونا — الشَّیْئَانِ: ایک دوسرے کے قریب ہونا۔
اِسْتَقْرَبَ الشَّیْءَ: قریب سمجھنا۔
القُرْب و القَرَاب۔ نزدیکی۔
القُرْب و القُرُب۔ کوکھ۔ ج اَقْرَاب۔
القَرَب۔ کنواں جس کا پانی قریب ہو ج اَقْرَاب (— و القِرَابَۃ) گھاٹ پر پہنچنے کیلئے رات میں چلنا۔
القُرْبَۃُ و القُرُبَۃ۔ نیک اعمال جن سے اللہ تعالیٰ کی قربت حاصل ہو۔ ج قُرَب و قُرُبَات
القُرْبَۃ: جگہ اور مرتبہ کی نزدیکی۔
القِرْبَۃ۔ مشک ج قِرَب و قِرْبَات و قِرَبَات و قِرِبَات اور مثل ہے "لَقِیتُ مِنْہُ عَرَقَ القِرْبَۃِ" یعنی مجھے اس سے بہت تکلیف ہوئی۔
القِرَاب۔ میان ج قُرُب و اَقْرِبَۃ۔
قِرَابُ الشَّیءِ و قُرَابُہٗ۔ اندازے میں برابر
القُرَابُ و القُرَابَۃ: قریب۔ کہا جاتا ہے "مَا ہُوَ بِشَبِیہِکَ وَلَا بِقُرَابَۃٍ مِنْکَ" نہ تو وہ تمہارے مشابہ ہے اور نہ تم سے قریب ہے۔
القُرْبَی و القُرْبَۃ و القَرَابَۃ۔ رشتہ داری اور کہا جاتا ہے "فِی الاِنَاءِ قُرْبَۃٌ" جب کہ بھرنے کے قریب ہو۔
القُرْبَان۔ ہر وہ چیز جس سے اللہ تعالیٰ کا تقرب حاصل کیا جائے۔ چاہے ذبیحہ ہو یا کچھ اور بادشاہ کا خاص ہم نشین۔ ج قَرَابِین۔
القُرْبَان مِنَ الآنِیَۃِ: برتن جو بھرنے کے قریب ہو۔ مؤنث قُرْبَی ج قِرَاب القُرْبَان: بادشاہ کا خاص ہم نشین
القَارِب۔ ڈونگی۔ چھوٹی کشتی ج قَوَارِب۔
القَارِب: رات کو پانی ڈھونڈنے والا۔
القَرِیْب۔ نزدیک۔ رشتہ دار ج اَقْرِبَاء و قُرَابَی۔ مؤنث قَرِیبَۃ ج قَرَائِب۔ القَرِیب: اشعار کی ایک بحر کا نام ہے جو عجمیوں کے استعمال میں ہے۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوا قُرَابَی" وہ سب قریب قریب آئے اور یہ قریب کی جمع خلافِ قیاس ہے۔
الاَقْرَب۔ اسم تفضیل۔
اَقْرِبَاءُ الرَّجُلِ و اَقَارِبُہٗ و اَقْرَبُوْہُ۔ قریبی رشتہ دار۔
القِرَنْبَی۔ لمبی ٹانگوں کا کیڑا جو گبریلا کے مشابہ ہوتا ہے۔
التَّقْرِیْب۔ مص۔ ایک قسم کی دوڑ۔
المُقْرَب۔ مفع مِنَ الخَیْلِ: عمدہ گھوڑا جس کی خوبی کی وجہ سے تھان قریب بنایا جائے۔ مؤنث مُقْرَبَۃ۔
المَقْرَب و المَقْرَبَۃ۔ مختصر راستہ۔ المَقْرَب: رات میں چلنا۔
المُقْرِب۔ فا — مِنَ الحَوَامِلِ: جس کے جننے کا زمانہ قریب ہو۔ ج مَقَارِب و مَقَارِیب۔
المَقْرَبَۃ و المَقْرِبَۃ و المَقْرُبَۃ۔ رشتہ داری
المُقَارِب۔ فا۔ جید اور ردی کا درمیانہ۔ متوسط الحال۔

المُقَارَب ۔ مفعو ۔ مِنَ المَتَاعِ : سستا سامان
المُتَقَارِب ۔ فا ۔ ایک بحر کا نام ہے جس کا وزن فعولن آٹھ مرتبہ ہے ۔ پستہ قد مرد ۔
القَرَبُوت والقَرَبُوس ۔ زین کا آگے پیچھے بلند حصہ ۔ ج قَرَابِیس ۔
القَرَبَج والقُرْبُق ۔ شراب فروش کی دکان
القُرْبُق : سبزی فروش کی دکان ۔
القُرْبُز ۔ حیلہ ساز ۔
القَرْبَشُوش ۔ گھر کا سامان ۔
القَرْنَبَصَة ۔ پست قد عورت ۔
قَرِتَ (ن ض) قَرْتًا وقُرُوتًا وقَرِتَ (س) قَرَتًا الدمُ : تہ بتہ خون خشک ہونا ۔ زخم میں خون کا بگڑ جانا ۔ مار کی وجہ سے بدھی پڑنا ۔ قَرِت الظُفْرُ : خون کا ناخن میں بگڑ جانا ۔۔۔ (الرَّجُلُ) غم یا غصہ کی وجہ سے چہرہ کا متغیر ہونا ۔
قَرَتَ (ن) قَرْتًا الرَّجُلُ : خاموش ہونا ۔
القَارِت والمُقْتَرِت ۔ جو چیز ملے اس کو کھانیوالا ۔ دَمٌ قَارِتٌ : کھال اور گوشت کے درمیان خشک ہونے والا خون ۔
القَارِتُ والقَرَّات ۔ عمدہ مشک ۔
القَرَت ۔ مص ۔ برف ۔
قَرِثَ (س) قَرَثًا الرَّجُلُ : محنت کرنا اور کمانا
قَرُثَ (ض) قَرْثًا الاَمْرُ : دشوار ہونا مشکل ہونا ۔ سخت ہونا ۔
القَرِیث ۔ مچھلی کی ایک قسم ۔
القَرْث ۔ چھوٹا کوزہ ۔
القَرْثَع ۔ بے حیا عورت ۔ بیوقوف عورت ۔ شتر مرغ ۔ شیر ۔ ایک دریائی جانور کا نام ہے جسکے بدن پر غلاف ہوتا ہے ۔ نالائق مرد ۔ عورت جس نے ایک آنکھ میں سرمہ لگایا ہو ۔
القَرْثَل ۔ پستہ قد ۔ مؤنث قَرْثَلَة ۔ چھوٹی پکھال
قَرَحَہ (ن) قَرْحًا وقَرْحَة ۔ زخمی کرنا ۔
قَرَحَ وقَرَّحَ البِئرَ : جہاں پانی نہ نکلتا ہو کنواں کھودنا
قَرَحَہ بالحَقِّ : حق سے پیش آنا ۔ قَرَحَ النَبَاتُ : کونپل نکلنا ۔۔۔ الاَرْضُ : سبزہ نکلنا شروع ہونا ۔
قَرَحَ (ف) قُرُوحًا وقِرَاحًا وقَرِحَ (س) قَرَحًا الفَرَسُ : گھوڑے کا پانچ سال کا ہونا ۔
قَرَحَت (ف) قُرُوحًا وقِرَاحًا ۔ النَّاقَةُ : اونٹنی کا حمل ظاہر ہونا ۔ صفت قَارِح ۔
قَرِحَ (س) قَرَحًا ۔ پھوڑوں والا ہونا ۔ کہا جاتا ہے قَرِحَ قَلْبُہُ مِنَ الحُزْنِ "اس کا دل غم سے زخمی ہو گیا" قَرِحَتْ سِنُّ الصَّبِيِّ "لڑکے کے دانت نکلنے کے قریب ہوئے ۔
قَارَحَہُ مُقَارَحَةً ۔ رو در رو ہونا ۔
اَقْرَحَ الفَرَسُ : گھوڑے کا پنج سالہ ہونا ۔
اَقْرَحَہُ اللّٰہُ : آبلے ڈالنا ۔ پھوڑے نکالنا ۔
تَقَرَّحَ لِلاَمْرِ : تیاری کرنا ۔۔۔ الجَسَدُ : پھوڑے والا ہونا ۔
اِقْتَرَحَ الخُطْبَةَ : فِی البدیہ خطبہ دینا ۔۔۔ الاَمْرَ : بغیر کسی نمونہ کے ایجاد کرنا ۔۔۔ الشَّیْءَ : بغیر سننے کے اپنی طرف سے استنباط کرنا ۔ چننا اختیار کرنا ۔۔۔ البَعِیْرَ : جس اونٹ پر کوئی سوار نہ ہوا ہو سوار ہونا ۔۔۔ عَلَیْہِ کَذَا اَوْ بِکَذَا : سختی سے اور بغیر سمجھے بوجھے سوال کرنا ۔۔۔ عَلَیْہِ کَذَا : بنوانے کی خواہش کرنا ۔ کہا جاتا ہے اِقْتَرَحَ عَلَیْہِ صَوْتَ کَذَا " اس سے اس نے فلاں آواز کی خواہش کی ۔۔۔ البِئرَ : جہاں پانی نہ ہو کنواں کھودنا ۔
القَرْح ۔ مص ۔ زخم ۔ پھوڑا ۔ سخت کھجلی جو اونٹ کے بچوں کو ہلاک کر دے ۔ ج قُرُوح ۔
القُرْح ۔ ہر چیز کا اول ۔ نئے کنوئیں کا پہلا پانی ۔ مہینے کی ابتدائی تین راتیں ۔
القَرَح ۔ مص ۔ اونٹ کو خارش اور انسان کو چیچک نہ ہونے کی حالت ۔
القَرْحَة والقُرْحَة ۔ پرانا پھوڑا جس میں پیپ جمع ہو ۔ قُرْحَةُ الشِّتَاءِ اَوِ الرَّبِیْعِ : جاڑے یا بہار کی ابتدا ۔ القُرْحَةُ فِی وَجْہِ الفَرَسِ : گھوڑے کی پیشانی پر سفیدی ۔ کہا جاتا ہے ہُوَ قُرْحَةُ اَصْحَابِہ " وہ اپنے ساتھیوں میں ممتاز ہے ۔
القَرِح ۔ پھوڑوں والا ۔
القَرَاح ۔ خالص پانی ۔ بے پانی اور درخت کی زمین ۔ ج اَقْرِحَة ۔
القُرْحَان ۔ شیر ۔
القُرْحَان مِنَ الاِبِلِ : اونٹ جس کو کبھی خارش نہ ہوئی ہو ۔۔۔ مِنَ النَّاسِ : وہ شخص جس کو چیچک نہ ہوئی ہو ۔
القُرْحَان والقَرَاحِیّ ۔ جو جنگ میں کبھی شریک نہ ہوا ہو ۔ کہا جاتا ہے اَنْتَ قُرْحَانٌ وقَرَاحِیٌّ مِنَ الاَمْرِ : تم معاملہ سے علیحدہ ہو ۔ صفت مؤنث قُرَاحِیَّة ۔ القُرَاحِیّ : جو ہمیشہ بستی میں رہے اور جنگل کی طرف نہ جائے ۔
القَرَاحِیَّتَان ۔ دونوں کوکھ ۔
القَارِح ۔ فا ۔ مِنْ ذِی الحَافِرِ : جس کے پورے دانت نکل آئے ہوں ۔ ج قَوَارِح وقُرَّح وَمَقَارِیْح مؤنث قَارِح وقَارِحَة ج قَارِحَات وقَوَارِح ۔
القَارِح : شیر ۔ کمان جو تانت سے دور ہو ۔ قَارِحُ الفَرَسِ : وہ دانت جس کے نکلنے کے بعد اس کو قارح کہا جائے ۔
القَرِیْح ۔ زخمی ۔ ج قَرْحَی وقَرَاحَی ۔ خالص پانی وغیرہ ۔ پہلا بادل جو ظاہر ہو ۔ قَرِیْحُ السَّحَابَةِ : بارش بوقت نزول ۔
القَرِیْحَة ۔ ہر چیز کا اول ۔ کنوئیں کا پہلا پانی ۔۔۔ مِنَ الاِنْسَانِ : طبیعت ۔ قَرِیْحَةُ الشَّاعِرِ او الکَاتِبِ : ملکہ راسخہ ۔ ج قَرَائِح ۔
الاَقْرَح ۔ اسم تفضیل ۔ صبح ۔ فَرَسٌ اَقْرَحُ : وہ گھوڑا جس کی پیشانی میں درہم کے برابر یا اس سے کم سفیدی ہو مؤنث قَرْحَاءُ ج قُرْح ۔ رَوْضَةٌ قَرْحَاءُ : سبزہ زار ۔ سفید پھولوں والا باغ ۔
المُقَرَّح ۔ مفعو ۔۔۔ مِنَ الطُّرُقِ : واضح راستہ (۔۔۔ والمُقْرِح) پھوڑوں والا ۔ کہا جاتا ہے "لَقِیتُہُ مُقَارَحَةً" یعنی میں اس سے رو در رو ملا ۔
القِرْحِیَاء ۔ زمین جو زراعت یا پودہ لگانے کے لئے خاص ہو ۔
القِرْوَاح ۔ لمبے پاؤں کی اونٹنی ۔ ج قَرَاوِیْح
القِرْوَاح : زمین مقابل آفتاب ۔ زمین جو زراعت یا پودہ لگانے کے لئے خاص ہو ۔
قَرِدَ (س) قَرَدًا ۔ الاَدِیْمُ : ادھوڑی کا کرم خوردہ ہونا ۔۔۔ الکُحْلُ فِی العَیْنِ : سرمہ کا پراگندہ ہونا ۔۔۔ اَسْنَانُہُ : چھوٹا ہونا اور سوڑھے سے

ملنا — الطعامُ: بدمزہ ہونا — وتقرّدَ الشعرُ: بالوں کا گھنگریالے ہونا - ایک پر ایک جم کر نمدہ جیسا ہو جانا -

قَرِدَ وأقرَدَ وقرّدَ - درماندگی سے خاموش رہنا زمین سے چمٹنا - قرّدَہٗ - دھوکا دینا - قرّد البعیرَ: اونٹ سے چیچڑی نکالنا - قرّدَ وأقرَدَ إلیہِ: تابعدار ہونا أقرَدَ المتحرّکُ: ساکن ہونا - أقرَدَ البعیرُ: چیچڑی والا ہونا ایسی نرم چال چلنا جس سے سوار کو حرکت نہ ہو -

قَرَدَ (ض) قَرْدًا - المالَ: جمع کرنا - کمائی کرنا — فی السقاءِ: مشکیزہ میں دودھ یا گھی جمع کرنا

القِرْد - مص - پستہ قد - گردن -

القَرْدُ والقُرَادُ: چیچڑی واحد - قُرَدَۃٌ وقِرَادَۃٌ ج قِرْدَانٌ - القُراد: پستان کا سرا - کہا جاتا ہے نزعتُ قُرادَ فلانٍ "یعنی میں نے اس کو فریب دیا -

القِرْد - بندر، لنگور، ج أقرادٌ وأقرُدٌ وقُرُودٌ و قِرَدٌ وقِرَدَۃٌ وقِرْدَۃٌ - مؤنث القِرْدَۃ - ج قِرَدٌ -

القَرَد - مص - اُون یا کتان کا ردّی حصہ - پتّی اتاری ہوئی کھجور کی شاخ - واحد قَرَدَۃ -

القَرَدُ: زبان کا ہکلاپن - بادل کے متفرق چھوٹے چھوٹے ٹکڑے -

القَرِد - من الإبلِ: بہت چیچڑی والا اونٹ گھنگھور گھٹا - رجلٌ قَرِدُ الفمِ: ایسا شخص جسکے دانت پیدائشی چھوٹے ہوں -

رجلٌ قَرُودٌ - ساکن مرد -

القرّاد - بندر والا -

قَرْدَحَ قَرْدَحَۃً - اقرار کر لینا - تابع و فرمانبردار ہونا اور باستعمالِ عوام ہتیار بنانا اور درست کرنا -

القِرْداحیّ والقِرْدِحیّ - ہتیار بنانے اور درست کرنے والا -

اِقْرَنْدَحَ لہٗ: جستجوئے گناہ کرنا -

القَرْدَحُ والقُرْدُوحُ - لنگور - بڑا بندر -

القَرْدَحَۃ والقُرْدُوحَۃ: نوجوان کے گلے کا ٹیٹوا -

المُقْرَنْدِحُ - فا - آمادۂ شرارت -

القَرْدَد - سخت اور بلند زمین ج قَرادِد - کہا جاتا ہے "جاءَ الحدیثُ علیٰ قَرْدَدِہٖ" اس نے بات کو اپنے موقع پر کہا -

القُرْدُود - سخت اور بلند زمین - ج قَرادِید

القُرْدُودُ: انسان کی پیٹھ کا وسط -

القُرْدُودَۃ - سخت اور بلند زمین -

قُرْدُودَۃُ الشتاءِ: جاڑے کی شدت - قُرْدُودَۃُ الظہرِ: پیٹھ کا اعلیٰ حصہ -

القِرْدِیدَۃ - کلام کی سختی - پیٹھ کے درمیان کا خط - مرد کا سر - پہاڑ کی چوٹی - ج قَرادِید -

قَرْدَسَ قَرْدَسَۃً - مضبوط باندھنا -

قَرْدَسَ جِرْوَ الکلبِ: کتے کے پلّے کو بلانا -

القَرْدَسَۃ - مص - سختی - شدّت -

القَرْدَعَۃ - خواری - ذِلّت -

القِرْدِعَۃ - گردن - کہا جاتا ہے "أخذَ بقِرْدِعَتِہٖ" اس نے اس کی گردن پکڑلی -

القُرْدُوع - چھوٹی جوں -

القُرْدُوعَۃ - پہاڑ کی دراڑ کا گوشہ -

القَرْذَع - نادان عورت -

قَرَزَہٗ (ن) قَرْزًا - کھرچنا - قرزَ التراب و نحوَہٗ: انگلیوں سے لینا -

القَرَز - مص - ٹیلہ - سخت زمین -

القُرْز - تیل کی شیشی -

القُرْزَۃ - ہر چیز کی ایک مٹھی -

القَرْزَحَۃ - پستہ قد عورت -

قَرْزَلَتِ المرأۃُ قَرْزَلَۃً - بالوں کا جوڑا بنانا -

القُرْزُل - نالائق - کمینہ -

قَرْزَمَ الشاعرُ شِعْرَہٗ: ردّی شعر کہنا -

القِرْزام - گھٹیا شاعر -

المُقَرْزَم - حقیر - لئیم - فرومایہ - رجلٌ مُقَرْزَمٌ: گٹھے ہوئے بدن کا پستہ قد مرد -

القُرْزُوم - موچی یا موزہ بنانے والوں کا فرمہ

قَرِسَ (ض) قَرْسًا - الماءُ: پانی کا منجمد و سرد ہونا — البردُ: تیز جاڑا ہونا — المقرورُ: سخت سردی کی وجہ سے کام نہ کر سکنا -

قَرِسَ (س) قَرَسًا - البردُ: تیز جاڑا ہونا -

الرجلُ: ٹھٹھرنا -

أقرَسَ - العودُ: لکڑی کی تری کا اس کے اندر جم جانا - أقرسَ البردُ أصابعَہٗ: سردی کا انگلیوں کو سُن کر دینا -

أقرَسَ وقرّسَ - البردُ فلانًا: ٹھٹھرا دینا

أقرَسَ وقرّسَ الماءَ: جما دینا -

القَرْس والقَرَس والقَرِیس - سخت سردی

القَرِس والقَرِیس: جما ہوا - کہا جاتا ہے أصبحَ الماءُ قَرِیسًا: پانی جم گیا -

القِرْس - چھوٹے مچھر -

القارِس - فا - سخت سردی - شیءٌ قارِسٌ و قَرِیسٌ: پرانی چیز -

القُراس والقُراسِیَۃ: من الإبل وغیرہا: موٹا و مضبوط - کہا جاتا ہے لہم مُلکٌ قُراسِیَۃٌ و عِزٌّ قُراسِیَۃٌ "ان کے لئے مضبوط مملکت اور پائدار عزت ہے -

القَراسِیا - ایک درخت ہے جس کا پھل کالے انگور کی مانند ہوتا ہے - صاد سے بھی لکھا جاتا ہے دخیل -

القَرَسْطُون - روپیہ تولنے کا پیمانہ -

قَرَشَہٗ (ن ض) قَرْشًا - کاٹنا - قرشَ الجیشَ بالرماحِ: نیزہ مارنا — الشیءَ: اِدھر اُدھر سے اکٹھا کرنا اور ملانا — من الطعامِ: تھوڑا سا کھانا پانا (— وقرّشَ وتقرّشَ) لعیالِہٖ: کمائی کرنا - وقرّشَ بینہم: برانگیختہ کرنا - اکسانا - چغل خوری کرنا

قرّشہٗ: قریش کی طرف منسوب کرنا -

أقرَشَ - بہٖ: چغلی کھانا - عیوب ظاہر کرنا -

أقرَشَتِ الشجّۃُ: بغیر چورہ ہونے کے ہڈی ٹوٹنا -

تقرّشَ - المالَ: جمع کرنا — عن السیّئاتِ: برائیوں سے پرہیز کرنا - بچنا — الشیءَ: اوّل اوّل لینا — الشیءُ: چمٹنا - تقرّشَ القومُ: قوم کا جمع ہونا - تقرّشتْ وتقارشتِ الرماحُ: لڑائی میں نیزوں کا آپس میں گتھنا - تقارشَ القومُ: ایک دوسرے کو نیزہ مارنا اور اس سے جھنکار پیدا ہونا -

اِقترشَ - لعیالِہٖ: کمائی کرنا - اِقترشتِ الرماحُ: لڑائی میں نیزوں کا آپس میں گتھنا -

بہٖ: چغلی کھانا۔ نقصان پہنچانے کے لئے کوشش کرنا۔
القَرِش۔ جو ادھر اُدھر سے جمع کیا جائے ج قُرُوش۔ قَرشُ الشَّیٔ: چیز کی آواز۔
القِرش۔ پیاسٹر۔ ایک ترکی سکہ مساوی ۲۰ پر (دخیل)
القِرش والقِرْوِیش۔ ایک قسم کی مچھلی جسکو کلبُ البَحر بھی کہتے ہیں جو پانی کے اندر جانوروں کو اپنے دانت سے تلوار کی طرح کاٹ دیتی ہے۔
قُرَیش۔ عرب کا مشہور قبیلہ اور نسبت کے لئے قُرَشِی و قریشی۔
رِماحٌ قَوارِش۔ لڑائی میں گتھے ہوئے نیزے
جبنٌ قَرِیشٌ۔ سخت خشک پنیر۔
المُقَرِّشَةُ مِنَ السِّنِین: سخت قحط کا سال
قَرَصَ (ن) قَرصًا لَحمَہُ: چٹکی لینا ــــ ہٗ بلِسانِہٖ: تکلیف دہ کلمات کہنا ــــ الثَّوبَ بالماءِ: انگلیوں کے پوروں سے دھونا ــــ البرغوثُ: پسو کا کاٹنا ــــ قَرَصَتہُ الحَیَّۃُ: سانپ کا ڈسنا۔ قَرَصَ وقَرَّصَ الشیَٔ: کاٹنا ــــ العجینَ: گندھے ہوئے آٹے کے پیڑے بنانا۔
قارَصَہٗ ومُقارَصَۃً۔ ایک دوسرے کو چٹکی لینا۔
قَرِصَ (س) قَرَصًا۔ ہمیشہ غیبت کرنا اور تکلیف دہ کلمات بولنا۔
القُرص۔ روٹی کی ٹکیا۔ قُرصُ الشَّمسِ: آفتاب کا گردہ۔ کہا جاتا ہے "غابَ قُرصُ الشَّمسِ" آفتاب کی ٹکیہ غائب ہو گئی۔ ج اَقراص وقِرَصَۃ وقِراص۔
القُرصَۃ۔ روٹی کی ٹکیہ۔ ج قُرَص۔
القُرَیص۔ کشتی کا لنگر۔
القُرّاص۔ ایک روئیں دار گھاس جسکے چھونے سے جلن ہوتی ہے۔ واحد قُرّاصَۃ۔
القُرّاص: بابونہ اور کہا جاتا ہے "اَحمَرُ قُرّاص" یعنی بہت سرخ۔
لِجامٌ قُرّاص وقَرُوص۔ وہ لگام جو جانور کو تکلیف دے۔

القارِص۔ خا۔ مچھر کی مانند ایک جانور۔
القارِصَۃ۔ قارِص کا مؤنث۔ کَلِمَۃٌ قارِصَۃٌ: تکلیف دہ کلمہ۔ ج قَوارِص۔
القَرُوصَۃ۔ چرپراہٹ۔
المِقراص۔ ٹیڑھے سر کی چھری۔
المُقَرَّص۔ مفع ــــ مِنَ الحُلِیِّ وغیرِہا: ٹکیہ کے مانند گول زیور۔
القُرصان۔ بحری ڈاکو (دخیل)
القَراصِیا۔ بمعنی قراسیا۔
قَرصَبَہٗ قَرصَبَۃً۔ کاٹنا۔
القَرصَل۔ وہ خوشہ جو دائیں کرنیکے بعد باقی رہ جائے۔
قَرصَعَ قَرصَعَۃً۔ سکڑنا۔ پوشیدہ ہونا بخل کی وجہ سے تنہا کھانا۔ باریک لکھنا۔ اور سطروں کو قریب قریب کرنا ــــ فی بَیتِہٖ: بیٹھنا اور سمٹنا ــــ زیدٌ اِلیٰ ثِیابِہٖ: لپیٹنا۔
تَقَرصَعَتِ المَرأَۃُ: بری چال چلنا۔
اِقرَنصَعَ الرَّجُلُ: کپڑوں میں لپٹنا۔ سکڑنا اور چھپنا۔
القَرصَعنَۃ۔ ایک خاردار درخت جس کو شوکۃ ابراہیم بھی کہتے ہیں اور اس کی چند قسمیں ہیں۔ ایک قسم سفید ہے جس میں پتے زیادہ اور کانٹے تیز ہوتے ہیں۔
القُرصُعنَۃ۔ ایک قسم کی ترکاری جس میں سرکہ اور زیتون کا تیل ملا کر کھاتے ہیں۔
تَقَرصَفَ واِقرَنصَفَ۔ جلدی کرنا۔
المُقرَنصِف۔ جلدی کرنے والا۔ شیر۔
القُرصافَۃ۔ پھرکی۔
القُرصُوف۔ کاٹنے والا۔
قَرصَمَہٗ۔ کاٹنا۔ توڑنا۔
قَرَضَہٗ (ض) قَرضًا۔ بدلہ دینا۔ قرض دینا۔ قَرَضَ الشِّعرَ: شعر کہنا ــــ الوادِی: وادی کو طے کرنا ــــ ہٗ: مقابلہ کرنا ــــ قَرَضَ فی سَیرِہٖ: چلنے میں دائیں بائیں ہونا۔ ــــ المکانَ: علیحدہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَرَضَ رِباطَہٗ" یعنی مرگیا (ــــ وقَرَّضَ) الشیَٔ کاٹنا

قَرَضَ الفارُ الثَّوبَ: چوہے کا کپڑے کو کترنا۔
قَرَّضَ فُلانًا: مدح کرنا۔ مذمت کرنا۔
قَرِضَ (س) قَرَضًا۔ مرنا۔
قارَضَہٗ قِراضًا ومُقارَضَۃً۔ بدلہ دینا برائی کا برائی سے مقابلہ کرنا ــــ ہٗ فِی المالِ: مضاربت کرنا۔
اَقرَضَہٗ۔ قرض دینا۔ اَقرَضَ مِنہُ: قرض لینا
تَقارَضَ الرَّجُلانِ: ایک دوسرے کو برائی یا بھلائی کا بدلہ دینا۔ تَقارَضا الشِّعرَ: اپنے اپنے اشعار کا پڑھنا۔ تَقارَضا الثَّناءَ: ہر ایک کا دوسرے کی تعریف کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَقارَضَ القِرنانِ النَّظَرَ" یعنی ہر ایک نے دوسرے کو کڑی نگاہ سے دیکھا۔
اِنقَرَضَ۔ ختم ہونا۔ کٹنا ــــ القَومُ: سب کا ہلاک ہو جانا اور کسی کا باقی نہ رہنا۔
اِقتَرَضَ۔ مِنہُ: قرض لینا ــــ عِرضَہٗ: غیبت کرنا۔
اِستَقرَضَ مِنہُ: قرض مانگنا۔
القَرض والقِرض۔ اچھا یا برا عمل جو پیش کیا جائے جو مال تم کسی کو اس شرط پر دو کہ وہ وقت معینہ پر تم کو واپس کرے۔ ج قُرُوض۔
القُراضَۃ۔ کاٹنے میں جو گرے جیسے سونے کے ذرات۔ کپڑے کی دھجی وغیرہ۔ قُراضَۃُ المالِ: ردی مال۔
التَّقرِیض۔ شاعری۔
القَرِیض۔ کاٹا ہوا۔ شعر۔ جگالی۔
القَرّاضَۃ۔ لوگوں کی غیبت کرنے والا۔ کیڑا جو اون کو چاٹ جاتا ہے۔
اِبنُ مِقرَض۔ نیولے کے مانند ایک جانور جو اس سے بڑا اور سفید زردی مائل ہوتا ہے اور چوہے خرگوش اور چڑیوں کا شکار کرتا ہے۔
المِقراض۔ قینچی۔ ایک پھل ہو جب تو "قَرَضتُہٗ بالمِقراضِ" بولتے ہیں اور اگر دونوں پھل ہوں تو "قَرَضتُہٗ بالمِقراضِ" نہیں کہتے بلکہ "قَرَضتُہٗ بالمِقراضَین" کہتے ہیں۔ ج مَقارِیض۔
المَقارِض۔ تھوڑی کھیتی۔ بڑے مٹکے۔

شراب کے برتن۔
قَرْضَبَ الشَّیْءَ: جُدا جُدا کرنا — الرَّجُلُ
خشک چیز کھانا — اللَّحْمَ فِی البُرْمَۃِ: گوشت
کو ہانڈی میں جمع کرنا — فُلَانٌ: دوڑنا —
اللَّحْمَ: کل کھا جانا۔ کہا جاتا ہے "قَرْضَبَ الذِّئْبُ
الشَّاۃَ" بھیڑیا مسلّم بکری کھا گیا۔
القِرْضَبُ۔ بھوسی جو چھلنی میں بچ رہے
اور پھینک دی جائے۔
القِرْضَابُ والقُرْضُوبُ۔ تلوار قاطع۔
چور۔ خشک چیز کو کھانیوالا۔ فقیر۔ ج قَرَاضِبَۃ
القُرَاضِبُ۔ جو کچھ ملے اُس کو کھا جانے
والا۔ ج قَرَاضِب۔
القُرْضُوفُ۔ چرواہے کا ڈنڈا۔ بہت
کھانے والا مرد۔
قَرْضَمَ الشَّیْءَ: کاٹنا۔ لیکر چلدینا۔ کہا جاتا
ہے "ہُوَ یُقَرْضِمُ کُلَّ شَیْءٍ" وہ ہر چیز کو لے کے
چل دیتا ہے۔
قَرَطَ (ن) قَرْطًا۔ الکُرَّاثَ ونَحْوَہٗ۔
باریک باریک کاٹنا۔
قَرِطَ (س) قَرَطًا۔ التَّیْسُ: کٹے ہوئے
کانوں والا ہونا۔ صفت اَقْرَط۔
قَرَّطَ الشَّیْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا —
الجَارِیَۃَ: لڑکی کو بالی پہنانا — الفَرَسَ: گھوڑے
کو لگام لگانا — السِّرَاجَ: چراغ سے گل گرانا
— عَلَی الرَّجُلِ: تھوڑا تھوڑا دینا — اِلَیْہِ
رَسُوْلاً: جلدی بھیجنا۔
تَقَرَّطَتِ المَرْأَۃُ: عورت کا بالی پہننا۔
القِرْطُ۔ گندنا کی ایک قسم۔
القُرْطُ۔ بالی۔ ایرنگ۔ کان کا زیور۔
اَقْرَاط و قِرَاط و قُرُوط و قِرَطَۃ۔ القُرْطُ: آگ
کا شعلہ۔ تھن۔ ایک گھاس ہے جو اسپست کے
مشابہ ہے۔ ثریا (بنا بر تشبیہ) و القُرْطُ مِنَ المَوْز
او البَلَح عِندَ العَامَّۃِ: کیلے وغیرہ کی پھلیوں کا گچھا
القَرَطَۃُ والقِرَطَۃ۔ مینڈھے کے کان
کاٹ کر لٹکتا ہوا حصہ۔
القُرَاطُ۔ چراغ۔ چراغ کا شعلہ (
والقُرَاطَۃ) بتی کا گل۔
القِرَاطُ والقِیْرَاطُ۔ نصف دانق اور
بقولِ بعض دینار کا ۱/۲۰ اور بقولِ بعض دینار
کے دسویں حصہ کا آدھا۔ کسی چیز کا چوبیسواں حصہ
— فِی المَسَاحَۃِ: انگلی کی چوڑائی کے برابر
(دخیل) القِیْرَاطُ عِندَ الیُوْنَانِ: دانہ خرنوب
نصف دانق ج قَرَارِیط۔ القَرَارِیْط: دانہ تمر ہندی
القَیْرُوْطِیُّ۔ ایک مرہم جس کا ضماد
کیا جاتا ہے (دخیل)
قَرْطَبَہٗ قَرْطَبَۃً۔ گُدّی کے بل پچھاڑنا۔
قَرْطَبَ الجَزُوْرَ: ہڈیوں کا کاٹنا — الرَّجُلُ
غضبناک ہونا۔ تیز دوڑنا۔ بھاگنا۔
تَقَرْطَبَ۔ گُدّی کے بل گرنا۔
القُرَاطِبُ۔ بہت کاٹنے والا۔
القُرْطُبِیُّ۔ تلوار۔
قُرْطُبَۃ۔ اندلس کا شہر جس کو انگریزی میں
کارڈوا کہتے ہیں۔
قَرْطَسَ۔ نشانہ لگانا۔
تَقَرْطَسَ۔ الرَّجُلُ: ہلاک ہونا۔
القِرْطَسُ والقَرْطَسُ والقِرْطَاسُ و
القُرْطَاسُ والقَرْطَاسُ۔ کاغذ۔ القِرْطَاسُ
نشانہ۔ ایک قسم کی مصری چادر۔ تحریر جو کچھ بھی ہو
سفید کشیدہ قامت لڑکی۔ جوان اونٹنی۔ ج قَرَاطِیس
القِرْطِیْطُ والقِرْطِیْطَۃُ۔ تھوڑی چیز
القِرْطِیْطَۃ: بلا و سختی۔
القِرْطَعُ۔ جوں جو اونٹ کے بدن میں پیدا
ہو جائے۔
القَرْطَفُ والقَرْطَفَۃُ۔ مخملی چادر۔
قَرْطَقَہٗ قَرْطَقَۃً۔ کرتا پہنانا۔
تَقَرْطَقَ۔ کرتا پہننا۔
القُرْطَقُ۔ کرتا۔
قَرْطَلَہٗ۔ فِی المَاءِ: پانی میں ڈبونا۔
القِرْطَلُ۔ ٹوکری۔ کنڈیا ج قَرَاطِل
القِرْطَلَۃُ۔ گدھے کا ایک جانب کا بوجھ۔
القِرْطَالَۃُ۔ پالان کے نیچے کا نوگیر۔ ج قَرَاطِیل
قَرْطَمَ قَرْطَمَۃً۔ الشَّیْءَ: کاٹنا — الطَّائِرُ:
قرطم کے دانے ڈالنا۔
القِرْطِمُ والقُرْطُمُ والقِرْطِمُّ والقُرْطُمُّ
عصفر کا دانہ۔
القُرْطُمَانُ۔ ایک قسم کا غلہ جو ماش کے
مشابہ ہوتا ہے۔
خِفَافٌ مُقَرْطَمَۃٌ۔ کناروں پر مضبوط
سلا ہوا چرمی موزہ جو پتھر کو توڑ دے۔
قَرَظَ (ض) قَرْظًا۔ القَرَظَ: درخت سلم (جو کیکر
کے درخت کی مانند ہوتا ہے) کے پتے چننا۔
— الاَدِیْمَ: درخت سلم کے پتوں سے دباغت
دینا۔
قَرِظَ (س) قَرَظًا۔ ذلّت کے بعد سردار ہونا
قَرَّظَہٗ تَقْرِیْظًا۔ زندہ کی جھوٹی یا سچی مدح
کرنا۔
القَرَظُ۔ درخت سلم کے پتے۔ واحد قَرَظَۃٌ
القَرَّاظُ۔ درخت سلم کی پتیوں کا بیچنے والا۔
قَرَعَ (ف) قَرْعًا۔ البَابَ: دروازہ کھٹکھٹانا۔
اور اسی سے مثل ہے "مَنْ قَرَعَ بَابًا وَلَجَ وَلَجَ" جو
شخص دروازہ کھٹکھٹائے اور اصرار کرے وہ داخل
ہوتا ہے — الرَّجُلَ: مارنا۔ کہا جاتا ہے "قَرَعَ رَأْسَہٗ
بِالعَصَا" اس نے اس کے سر پر لاٹھی ماری۔ و
"قَرَعَ صَفَاتَہٗ" اس نے اس کی منقصت کی اور
عیب بیان کیا "قَرَعَ سَاقَہٗ لِلاَمْرِ" وہ کام کیلئے
فارغ ہوا — الشَّیْءَ: پسند کرنا — السَّہْمُ الغَایَۃَ:
تیر کا نشانہ پر لگنا — ہٗ اَمْرٌ: اچانک پیش آنا۔
— سِنَّہٗ: ندامت سے دانت پیسنا۔
قَرَعَ (ن) قَرْعًا فُلَانًا: قرعہ میں غالب آنا۔
قُرِعَ عَلَیْہِ: تیر اندازی میں مغلوب ہونا۔
قَرِعَ (س) قَرَعًا و قُرُوْعًا المَکَانُ: خالی
ہونا — مَاءُ البِئْرِ: پانی کا ختم ہونا — الرَّجُلُ:
تیر اندازی میں مغلوب ہونا۔ مشورہ قبول کرنا۔
(— قَرَعًا) الرَّجُلُ: گنجا ہونا۔
قَرَّعَ فُلَانًا: جھڑکی دینا — القَوْمَ: رنجیدہ
کرنا — الفَصِیْلَ: اونٹ کے بچے کی پھنسی کا
علاج کرنا — الشَّعْرَ: بال کاٹنا۔
قَارَعَہٗ مُقَارَعَۃً و قِرَاعًا۔ باہم قرعہ اندازی

کرنا۔ قَارَعَہٗ فَقَرَعَہٗ: اس نے اس سے قرعہ اندازی کی اور غالب آیا۔

قَارَعَ وتَقَارَعَ القَومُ: قرعہ ڈالنا بعض کا بعض کو تلوار مارنا ــ بِالرِّمَاحِ: آپس میں نیزہ بازی کرنا۔

اَقْرَعَ۔ باز رہنا۔ مشورہ قبول نہ کرنا ــ عَنْہُ: رکنا ــ المُسَافِرُ: منزل سے قریب ہونا ــ الغَائِصُ والمَائِحُ: غوطہ خور کا زمین کی تہ تک پہنچنا ــ الشَّرُّ: ہمیشہ رہنا ــ نَعْلَہٗ: جوتے میں موٹا پیوند لگانا ــ الحُمُرُ: گدھوں کا ایک دوسرے کو دولتی مارنا ــ الشَّیْءُ: طاقت رکھنا ــ دَارَہٗ آجُرًّا: اینٹوں کا فرش لگانا۔ ــ فُلَانًا: روکنا ــ اِلَی الحَقِّ: لوٹنا ــ الرَّجُلَ: عمدہ مال دینا ــ الدَّابَّۃَ بِلِجَامِہَا: جانور کو لگام سے کھینچ کر روکنا ــ بَیْنَ القَومِ: قرعہ ڈالنا۔

تَقَرَّعَ وانْقَرَعَ۔ الٹنا پلٹنا۔ اِنْقَرَعَ عَنِ الاَمْرِ: رکنا ــ عَنِ الحَقِّ: باز رہنا۔ تَقَرَّعَ الجِلْدُ: گنجے پن کی وجہ سے کھال کا چھل جانا۔

اِقْتَرَعَ الشَّیْءَ: اختیار کرنا۔ پسند کرنا ــ النَّارَ: آگ روشن کرنا ــ القَومُ عَلٰی کَذَا: قرعہ ڈالنا۔

اِسْتَقْرَعَ الحَافِرُ: کھر کا سخت ہونا ــ الکَرِشُ: اوجھ کا سخت ہونا۔

القَرْعُ۔ مع۔ کدو۔ واحد قَرْعَۃٌ۔

القَرْعَۃُ۔ قَرَعَ کا اسم مرۃ

القَرَعُ۔ مع۔ سفید پھنسی جو اونٹ کے بچوں کو ہوتی ہے۔ گنجا پن۔ سبقت۔ اونٹوں سے خالی ان کی خوابگاہ۔ وہ جگہیں جن میں صرف گھاس ہو اور دوسری نباتات نہ ہو۔ کھجلی۔

القَرَعَۃُ۔ ڈھال۔ سر میں گنج کی جگہ۔ پھیلی ہوئی تلی کا توشہ دان۔ اونٹوں سے خالی ان کی خوابگاہ۔

القُرْعَۃُ۔ حصہ۔ توشہ دان۔ اِلْقَاءُ القُرْعَۃِ: قرعہ اندازی (ــ والقَرِیعَۃُ) عمدہ مال القَرِیعَۃُ: گھر میں سب سے عمدہ جگہ۔

القِرْعُ۔ نہ سونے والا۔ مشورہ قبول کرنے والا۔ تباہ شدہ ناخن۔ اَرْضٌ قِرْعَۃٌ: بنجر زمین

القَارِعَۃُ: قارع کا مونث۔ قیامت۔ قَارِعَۃُ الطَّرِیقِ: راستہ کا اعلیٰ حصہ۔ مصیبت۔ ہلاک کرنیوالی مصیبت۔ ج قَوَارِعُ۔ قَوَارِعُ القُرْآنِ وہ آیتیں جن کے پڑھنے سے شیاطین وجنات سے انسان محفوظ رہے۔ کہا جاتا ہے "قَرَعَتْہُمْ قَوَارِعُ الدَّہْرِ": ان پر زمانہ کی سخت مصیبتیں نازل ہوئیں "نَعُوذُ بِاللہِ مِنْ قَوَارِعِ فُلَانٍ" ہم فلاں کی زبان کی تیزی سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔

القَرَّاعُ۔ اسم مبالغہ۔ ڈھال۔ بہت سخت۔ مونث قَرَّاعَۃٌ۔

القَرِیعُ۔ قرعہ اندازی کرنیوالا۔ قرعہ اندازی میں غالب۔ قرعہ اندازی میں مغلوب۔ سردار جوان اونٹ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ قَرِیعُ دَہْرِہٖ" فلاں انتخاب زمانہ ہے "ہُوَ قَرِیعُ الکَتِیبَۃِ" وہ فوج کا سردار و کمانڈر ہے۔ فَصِیلٌ قَرِیعٌ پھنسی والا اونٹ کا بچہ ج قَرْعٰی۔

القَرُوعُ۔ کم پانی والا کنواں۔ بکری جس پر قرعہ اندازی کریں۔

القُرَّیْعُ۔ مبالغہ۔ سردار۔

الاَقْرَعُ۔ گنجا۔ جَبَلٌ اَقْرَعُ: بے نباتات کا پہاڑ۔ عُودٌ اَقْرَعُ: چھال اتری ہوئی لکڑی۔ تُرْسٌ اَقْرَعُ: سخت ڈھال۔ قِدْحٌ اَقْرَعُ: کنکری سے مانجھا ہوا تیر کہ جس میں نقوش وغیرہ ظاہر ہو جائیں۔ الاَقْرَعُ: عمدہ لوہے کی تلوار مِنَ الحَیَّاتِ: زہریلا سانپ کہ زہر کی وجہ سے اسکے سر کے بال گر گئے ہوں۔ مونث قَرْعَاءُ ج قُرْعٌ و قُرْعَانٌ۔

القَرْعَاءُ۔ اَقْرَعُ کا مونث۔ مصیبت۔ گھر کا صحن۔ راستہ کا اعلیٰ حصہ۔ اَرْضٌ قَرْعَاءُ: چری ہوئی زمین۔

القَرِیعَاءُ: زمین جس کے کناروں پر پیداوار ہو اور درمیان میں خالی ہو۔

المِقْرَعُ۔ گھی یا کھجور رکھنے کا برتن۔

المِقْرَعَۃُ۔ کوڑا۔ ہر وہ چیز جس سے کھٹکھٹایا جائے۔ ج مَقَارِعُ۔

المُقْرَعُ مِنَ الخَیْلِ: وہ گھوڑا جس کو لگام کھینچ کر روکا جائے اور وہ اپنے سر کو بلند کرے

المِقْرَاعُ۔ پتھر توڑنے کی کدال۔

المُقَرَّعُ۔ بفتح۔ سردار۔

اِقْرَعَبَّ۔ سردی وغیرہ سے سمٹنا۔

المُقْرَعِبُّ۔ غصہ کی وجہ سے سر جھکانیوالا۔

تَقَرْعَثَ۔ جمع ہونا۔

القَرْعَثُ۔ فراہم آمدگی۔

مُقْرَعِجٌ۔ بلند قامت۔

القِرْعَوسُ والقُرْعُوسُ۔ دو کوہان کا اونٹ

القِرْعَوشُ والقُرْعُوشُ۔ دو کوہان کا اونٹ شیر کا بچہ۔

القَرَاغُولُ۔ راستہ کا محافظ۔ تاتاری لفظ ہے اور اس کے لئے عربی لفظ خَفِیرٌ ہے۔

قَرَفَ (ض) قَرْفًا لِعِیَالِہٖ: کمائی کرنا ــ عَلَی القَومِ: ظلم کرنا۔ بغاوت کرنا۔ حد سے گذرنا ــ الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔ جھوٹ سچ ملانا ــ الشَّیْءَ چھیلنا۔ ملانا ــ (وقَرَّفَ) فُلَانًا بِکَذَا: عیب لگانا۔ تہمت رکھنا ــ القَرْحَۃَ: زخم کو چھیلنا۔

قَرِفَ (س) قَرَفًا فُلَانٌ المَرَضَ: مرض کے قریب ہونا۔

قَارَفَہٗ مُقَارَفَۃً وقِرَافًا۔ قریب ہونا۔ جماع کرنا۔ قَارَفَ الذَّنْبَ: گناہ میں ملوث ہونا

اَقْرَفَ۔ لَہٗ: قریب ہونا۔ اختلاط کرنا۔ اَقْرَفَہٗ: برائی سے یاد کرنا۔ اَقْرَفَ بِہٖ: تہمت لگوانا ــ الجَرَبُ الصِّحَاحَ: بیماری کا چھوت لگنا۔

تَقَرَّفَ۔ الجُرْحُ: زخم کا چھل جانا۔

اِقْتَرَفَ۔ کمائی کرنا ــ الذَّنْبَ: گناہ کرلینا ــ المَالَ: جمع کرنا اور کہا جاتا ہے "قَرَفْتُہٗ بِالاَمْرِ فَاقْتَرَفَ بِہٖ" میں نے اسے عیب لگایا اور اسے عیب لگ گیا۔

القَرْفُ۔ ایک قسم کے چمڑے کا برتن جس کو انار کے چھلکوں سے دباغت دیتے ہیں۔ گہرا سرخ۔ ج قِرَافٌ وقُرُوفٌ۔

القِرْفُ۔ درخت کی چھال۔ ہر چھال کو قرف کہتے ہیں اور اسی سے ہے "قِرْفُ الرُّمَّانِ" روٹی کا چھلکا جو تنور میں رہ جائے۔ زمین سے اکھڑی ہوئی چیز۔ ناک پر خشک رینٹ ج قُرُوفٌ

واحد قُرْفَةٌ۔ القِرْف: لائق۔ مناسب کہا جاتا ہے" ہُوَ قِرْفٌ بِکَذا" وہ اس کے لائق ہے۔

القَرَف۔ مرض کا دوبارہ ہونا۔ میل جول تہمت،۔ بیماری کی چھوت۔ کہا جاتا ہے" ہُوَ قَرَفٌ او قِرْفٌ بِکَذا" وہ اس کے لائق ہے۔ القَرِف: گہرا سرخ والا۔ کہا جاتا ہے" اَرَاکَ اَحْمَرَ قَرِفًا" میں تم کو بہت سُرخ دیکھ رہا ہوں۔

القِرْفَة۔ کمائی۔ چھال۔ انار کے چھلکے۔ دار چینی کی ایک قسم جس کو تج کہتے ہیں۔ تہمت۔ جس کے اوپر تم تہمت لگاؤ۔ کہا جاتا ہے" فُلَانٌ قِرْفَتِیْ" فلاں وہ شخص ہے جس پر میں نے تہمت لگائی ہے" و بنو فُلَانٍ قِرْفَتِیْ" بنو فلاں وہ لوگ ہیں جن کے متعلق میرا گمان ہے کہ میرا مطلوب ان کے پاس ہے۔

القَرُوف۔ بہت ظلم کرنیوالا۔ بڑا بے انصاف توشہ دان ج قُرُفٌ و قُرْفٌ۔

القَرِفِیْ والمُقْرِف۔ وہ شخص جس کے اندر سُرخی جھلکتی ہو۔ المُقْرِف: خسیس۔ حقیر۔ جسکی ماں عربیہ ہو اور باپ غیر عرب۔ وَجْہٌ مُقْرِفٌ: بدصورت چہرہ۔

الاَقْرَف۔ بہت سرخی والا۔

القُرَافَة۔ درخت کی چھال۔

المَقْرِف۔ وہ جگہ جہاں سے چھال اُتاری گئی ہو۔

المِقْرَاف۔ بہت گناہوں کا ارتکاب کرنیوالا رَجُلٌ مَقْرُوفٌ۔ پتلی کمر والا۔ سبک مرد۔

قَرْفَصَ قَرْفَصَةً۔ پاؤں کے نیچے دونوں ہاتھ باندھنا۔

تَقَرْفَصَتِ۔ العَجُوْزُ: بُڑھیا کا کپڑوں میں لپٹنا

القَرْفَصٰی۔ مثلثۃ الفاء و القُرْفُصَاء و القُرْفُصَاء۔ اکڑوں بیٹھنا اور ہاتھوں کو ٹانگوں کے گرد باندھنا۔ کہا جاتا ہے" قَعَدَ القَرْفَصٰی او القَرْفَصَاءَ" وہ اکڑوں بیٹھا۔

القُرَافِص۔ مضبوط۔

القَرَافِصَة۔ ڈاکو۔

قَرْفَطَ الرَّجُلُ: چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنا۔


اِقْرَنْفَطَ۔ سمٹنا۔

المُقَرْفَل۔ مِنَ الاَطْعِمَةِ: لونگ سے خوشبودار کیا ہوا۔

قَرَقَ (ن) قَرْقًا بِفُلَانٍ: دھوکا دینا۔ قَرَقَتِ الدَّجَاجَةُ: کڑکڑانا اور انڈے یا بچوں کو پروں کے نیچے کرنا۔

قَرِقَ (س) قَرَقًا۔ ہموار جگہ میں چلنا۔

القِرْق۔ بری جڑ۔ عادت۔ حقیر لوگ۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے" جَاءَ قِرْقٌ مِنَ النَّاسِ" لوگوں کی ایک جماعت آئی۔ ج اَقْرَاق۔ القِرْق: ایک کھیل ہے۔ خط کھینچ کر گوٹیاں رکھ کر کھیلتے ہیں۔ خط کی صورت یہ ہے:۔



(— والقَرَق والقَرِق) ہموار جگہ

القُرْقُب والقَرْقَب۔ پیٹ۔

القِرْقِذَان والقُرْقُذُون۔ سنجاب

قَرْقَرَ قَرْقَرَةً۔ البَعِيرُ: اونٹ کا بڑبڑانا۔ قَرْقَرَتِ الحَمَامَةُ او الدَّجَاجَةُ: کبوتر کا غٹرغوں کرنا۔ مُرغی کا کڑکڑانا — البَطْنُ: پیٹ گڑگڑانا الرَّجُلُ فِی ضِحْکِہٖ: بہت زور سے ٹھٹھا مارنا الشَّرَابُ فِی حَلْقِہٖ: آواز کرنا۔

القَرْقَرَة۔ مص۔ کبوتر کی آواز۔ بہت زور کی ہنسی۔ چہرہ کی کھال (— والقَرْقَر) پست نرم زمین۔ ج قَرَاقِر

القُرْقَار۔ اونٹ کی بڑبڑاہٹ۔

القُرَاقِرُ والقُرَاقِرِیّ۔ اچھی آواز سے حدی پڑھنے والا۔

القُرَاقِرَة۔ بہت بک بک کرنیوالی عورت (— والقَرْقَارَة) اونٹ کا جھاگ جو مستی کے وقت نکلتا ہے۔

القَرْقَارَة۔ لمبی گردن کا شیشے کا کپ۔

القُرْقُور۔ بڑی کشتی۔ ج قَرَاقِیْر۔

قَرْقَسَ۔ الکَلْبَ وبہ: کتے کو قُرْقُوس کہہ کے بُلانا۔

القِرْقِس۔ مچھر کے بچے۔

القَرْقُوس۔ کشادہ میدان

قَرْقَصَ۔ بالجرو: کتے کے پلے کو بُلانا۔

القُرْقُوص۔ کتے کا پلا۔ ج قَرَاقِیص۔

قَرْقَعَ قَرْقَعَةً۔ کھٹکھٹانا۔

قَرْقَفَ قَرْقَفَةً۔ مِنَ البَرْدِ: کپکپی زدہ ہونا — قَرْقَفَہُ البَرْدُ: کپکپی ڈالنا۔ الرَّجُلُ فِی الضِّحْکِ و الحَمَامُ فِی الھَدِیْرِ: آدمی کا ہنسنے میں اور کبوتر کا غٹرغوں کرنے میں زیادتی کرنا۔

القَرْقَف۔ شراب۔ ٹھنڈا پانی (— والقُرْقُف) ایک چھوٹا سا پرندہ۔

القَرْقُوف۔ درہم۔ شراب۔

دِیْکٌ قَرَاقِف۔ بلند آواز مرغ۔

القَرْقَل والقُرْقُل۔ بے آستین کا کُرتہ ج قَرَاقِل۔

قَرْقَمَ۔ الصَّبِیَّ: بچے کو بُری خوراک دینا

المُقَرْقَم۔ وہ جو جوان نہ ہو اور قوت نہ پکڑ سکے۔

قِرِلّی۔ ایک چوکنا آبی پرندہ۔

قَرَمَ (ض) قَرْمًا و قُرُوْمًا و مَقْرَمًا و قَرَمَانًا و تَقْرَامًا۔ الصَّبِیُّ والبَہْمُ: تھوڑا تھوڑا کھانا شروع کرنا۔

قَرَمَ (ن) قَرْمًا۔ الشَّیْءَ: چھیلنا — الطَّعَامَ: کھانا — الرَّجُلَ: گالی دینا۔ قید کرنا۔

قَرِمَ (س) قَرَمًا۔ اِلَی اللَّحْمِ: گوشت کا خواہشمند ہونا۔ کہا جاتا ہے" قَرِمْتُ اِلٰی لِقَائِہٖ" اس کی ملاقات کا میں شائق ہوا۔

قَرَّمَہٗ۔ کھانا سکھانا۔ قَرَّمَ و اَقْرَمَ الفَحْلَ: سانڈ بننے کیلئے کام اور سواری سے فارغ رکھنا۔

اِسْتَقْرَمَ۔ البَکْرُ قَبْلَ اَوَانِہٖ: وقت سے پہلے سانڈ بننا۔

اَلقَرَم - مص اونٹ کی ناک پر داغ - جوئے کے تیر کی علامت - سانڈ جو سواری اور کام سے فارغ رکھا جائے - سردار عظیم - ج قُرُوم -

اَلقَرَمَة والقُرمَة - اونٹ کی ناک کی کٹی ہوئی کھال -

اَلقُرمَة والقِرَام - اونٹ کی ناک کاٹنے کا موقع - اَلقِرَام : سرخ پردہ یا باریک کپڑا -

اَلقُرَامَة - اونٹ کی ناک سے کٹا ہوا چھوٹا ٹکڑا - روٹی کا وہ حصہ جو تنور میں لگا ہوا رہ جائے - عیب - اونٹ کا سینہ -

اَلاَقرَمُ مِنَ الجِمَال : اونٹ جو باندھا نہ جائے ناک پر داغ لگا ہوا - مؤنث قَرمَاء - ج قُرم -

اَلقُرَام - ایک گھاس جو سفیدی اور موٹائی میں چنار کے درخت کی مانند ہوتی ہے -

قَرمَدَ قَرمَدَةً الکِتَابَ : باریک لکھنا - قریب قریب لکھنا - قَرمَدَ فِی المَشیِ : قریب قریب قدم رکھنا — الشَّیءَ : قرمد کا طلا کرنا (دیکھیے قَرمَد)

اَلقَرمَد - ہر وہ چیز جس کو زینت کے لئے کسی پر لگائیں - جیسے زعفران اور گچ وغیرہ - پختہ ٹھیکری - اینٹ (دخیل)

اَلقُرمُود - پہاڑی بکرا - پہاڑی بکری کا بچہ ج قَرَامِید -

اَلقِرمِید - اینٹ جس سے پلاسٹر کیا جائے جیسے گچ وغیرہ واحد قِرمِیدَة (دخیل)

اَلقِرمِیدَة : پہاڑی بکری ج قَرَامِید -

اَلقِرمِز - سُرخ رنگ — عِندَ الاَسَاکِفَةِ : وہ کھال جو سُرخ رنگ سے رنگی ہوئی ہو -

اَلقِرمِزِیّ - جو سرخ رنگ کا ہو -

قَرمَشَہٗ - بگاڑنا - فاسد کرنا - قَرمَشَ الشَّیءَ : جمع کرنا -

اَلقَرمَش والقِرمِش والقِرمِیش مِنَ النَّاسِ : طرح طرح کے لوگ -

قَرمَصَ وتَقَرمَصَ - سردی زدہ آدمی کا گرمی حاصل کرنے کے لئے گڑھے میں داخل ہونا — القَرَامِیص : گرمی حاصل کرنے کے لئے گڑھا بنانا

اَلقِرمَاص والقُرمُوص - اندر سے چوڑا اور تنگ مُنہ کا گڑھا جس میں سردی زدہ گرمی حاصل کرتا ہے - بھوبھل میں روٹی پکانے کی جگہ کبوتر کا گھونسلا - ج قَرَامِیص - القُرمُوص : — شکاری کا گڑھا - زمین میں پرندہ کا گھونسلا -

قَرمَطَ قَرمَطَةً الکِتَابَ : باریک اور قریب قریب لکھنا — فِی خَطوِہٖ : قریب قریب قدم رکھ کر چلنا -

اَلقُرمُوط - ایک قسم کی مچھلی - گبریلا کی گولی - ج قَرَامِیط -

اَلقَرَامِطَة - شیعوں کا ایک غالی فرقہ واحد قَرمَطِیّ -

قَرمَلَہٗ - پچھاڑنا -

اَلقَرمَل - بے کانٹوں کا ایک کمزور درخت واحد قَرمَلَة -

اَلقِرمِل - دو کوہان والا اونٹ - بہت اون والا اونٹ کا بچہ - ج قَرَامِل -

اَلقَرَامِل والقَرَامِیل مِنَ الشَّعرِ والصُّوفِ : بالوں یا اون کا بنا ہوا عورت کا موباف -

قَرَنَ (ض) قَرنًا الشَّیءَ و بِالشَّیءِ : باندھنا - ملانا — الثَّورَینِ : دو بیلوں کو ایک جوئے میں باندھنا — البَعِیرَینِ : دو اونٹوں کو ایک رسّی میں باندھنا -

قَرَنَ (ن) قِرَانًا الفَرَسُ : دوڑنے میں پچھلی ٹانگوں کا اگلی ٹانگوں کی جگہ میں پڑنا — بَینَ الشَّیءِ والشَّیءِ : جمع کرنا -

قَرِنَ (س) قَرَنًا - ملی ہوئی بھووں والا ہونا صفت اَقرَن - قَرِنَ ذُو القَرنِ : بڑے سینگ والا ہونا -

قَرَّنَہٗ - جمع کرنا - باندھنا - کہا جاتا ہے قُرِّنَتِ الاُسَارٰی فِی الحِبَالِ قیدی رسّیوں میں باندھے گئے -

قَارَنَہٗ قِرَانًا ومُقَارَنَةً - ساتھی ہونا - ملنا اَقرَنَ - بَینَ الاَمرَینِ : جمع کرنا - (قَرَنَ افصح ہے) — الرَّجُلُ : دو تیر چلانا - دو قیدیوں کو ایک رسّی میں لانا - سینگ والے مینڈھے کی قربانی کرنا - ہر رات میں ایک سلائی سرمہ لگانا — الدَّمُ فِی العِرقِ : خون کا رگ میں زیادہ ہونا اور جوش مارنا — اَفَاطِیرُ وَجہِ الغُلَامِ : لڑکے کے چہرہ پر پھنسیاں نکلنا — السَّمَاءُ : لگاتار برسنا — ہٗ : ہمسر ہونا - ایک رسّی میں بندھے ہوئے دو اونٹ دینا — عَنِ الطَّرِیقِ : راستہ سے ہٹ جانا پھر جانا — عَلٰی غَرِیمِہٖ : قرضدار پر تنگی کرنا - اَقرَنَتِ الثُّرَیَّا بلند ہونا — الدُّمَّل : پھوڑے کا پکنا اور پھوٹنے کے قریب ہونا — لِلاَمرِ : توانا ہونا — عَنہُ : عاجز ہونا -

تَقَارَنَ الرَّجُلَانِ : ایک دوسرے کا ساتھی ہونا -

اِقتَرَنَ الشَّیءُ بِغَیرِہٖ : متصل ہونا - ملنا -

اِستَقرَنَ الدُّمَّلُ : پھوڑے کا پکنا اور پھوٹنے کا وقت قریب ہونا — الدَّمُ فِی العِرقِ : خون کا رگ میں زیادہ ہونا — الرَّجُلُ لِلاَمرِ : توانا ہونا — لِفُلَانٍ : ہمسر ہونا -

اَلقَرن - مص - سینگ - والقَرنُ فِی الاِنسَانِ : انسان کے سر کا وہ حصہ جہاں پر جانور کے سینگ نکلتا ہے - قَرنُ الشَّمسِ : آفتاب کی پہلی شعاع القَرنُ مِنَ المَطَرِ : بارش کا جھلا - کہا جاتا ہے - "ہُوَ عَلٰی قَرنِی" وہ میری عمر کا ہے - القَرن : سو سال ایک زمانے کے لوگ - ایک گروہ کے بعد ایک گروہ - زمانہ کا ایک وقت - ج قُرُون - القَرن : چھوٹی پہاڑی - پہاڑ کی چوٹی - قلعہ - عورت کے گیسو - القَرنُ مِنَ الجَرَادِ : ٹڈی کے سر کے دُبال درخت کی چھال کی بٹی ہوئی رسّی - بال یا اون کا ایک گچھا - ج قُرُون وقِرَان - والقَرنُ مِنَ القَومِ سردار و مِنَ السَّیفِ : تلوار کی دھار - قَرنُ الشَّیطَانِ وقَرنَاہُ : شیطان کی رائے کے پابند وَحِیدُ القَرنِ : گینڈا - ذُو القَرنَینِ : بادشاہ اسکندر مکدونی کا لقب - منذر بن ماء السماء کا لقب -

اَلقِرن - کفو - ہمسر - مقابل شجاعت یا

علم میں نظیر۔ ج اقران۔

القرن۔ مع دوسرے سے ملا ہوا۔ رسی جس میں دو اونٹ بندھے ہوئے ہوں۔ ترکش ج اقران ـــ تلوار۔ تیر۔ ج قران

القران۔ قیدی کے باندھنے کی رسی۔ ہل کے بیلوں کی گردن میں باندھنے کی چھال کی رسی۔ رسی جس کو باندھ کر اونٹ کو کھینچیں۔ ج قرن۔ حج کی ایک قسم جس میں عمرہ اور حج کا احرام ایک ساتھ باندھتے ہیں۔ ج قرانات۔

القرنة۔ ہر چیز کا اٹھا ہوا کنارہ۔ تلوار یا نیزہ کی دھار۔ ج قرن۔

القارن۔ فا۔ رجلٌ قارنٌ: تیر و تلوار سے مسلح۔ القارن: حج قران کرنے والا۔

القرین۔ دوسرے کیساتھ جڑا ہوا۔ ساتھی مصاحب۔ شوہر۔ نفس۔ ج قرناء۔ القرینُ العین: سرمگیں آنکھ۔

القرانی۔ نزدیک۔ تانت۔ جو اونٹ کی کھال کی بٹی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے جاءُوا قرانٰی "ملے ہوئے آئے"۔

القرینة۔ قرین کا مؤنث، بیوی۔ نفس۔ قرینةُ الکلام: جو کلام کے مراد پر دلالت کرے ج قرائن۔ دورٌ قرائن: آمنے سامنے کے مکانات

القرّان۔ شیشی۔

القرون۔ ایک مرتبہ میں دو دو لقمے کھانیوالا وہ جانور جس کی پچھلی ٹانگیں اگلی ٹانگوں کی جگہ میں دوڑنے میں پڑیں۔ وہ اونٹنی جس کے بیٹھنے میں دونوں گھٹنے مل جائیں (ـــ والقرونة) نفس۔

الاقرن۔ سینگوں والا۔ ملی ہوئی بھووں والا۔ مؤنث قرناء۔ حیّة قرناءُ: سانپ جس کے سر پر گوشت کے دو ٹکڑے ابھرے ہوئے ہوں

القرنیناءُ۔ لوبیا۔

المِقرن۔ جوا ہل کا۔

المُقرن۔ بلند کنارے والا جس کے لئے سینگ کے مشابہ بنایا جائے۔

المقرنة۔ مقرن کا مؤنث۔ چھوٹی چھوٹی پہاڑیاں جو پاس پاس ہوں۔

القرنان۔ مرد دیوث۔

القرناء۔ سورة جو ہر رکعت میں پڑھی جائے

القیروان۔ گھوڑوں کا گلہ۔ قافلہ۔ فوج کا بڑا حصہ۔

القرنبی۔ لمبی ٹانگوں کا ایک کیڑا جو گبریلا کے مشابہ ہوتا ہے اور مثل ہے القرنبٰی فی عین امّها حسناءُ "قرنبی اپنی ماں کی نگاہ میں اچھا معلوم ہوتا ہے"۔

القرنب۔ جنگلی چوہا۔ چوہا۔ چوہے کا بچہ۔

القرنب۔ کمر۔

قرنس وقُرنِس البازی: باز کی آنکھوں کو سینا۔ قُرنِس الدیکُ: مرغ کا لڑائی سے بھاگ جانا۔

القرناس والقرناس۔ پہاڑ کا آگے کو نکلا ہوا حصہ۔ چرخے کا تکلا۔ القرنوس: موزے کی نوک۔ ج قرانیس۔

سقفٌ مقرنسٌ۔ سیڑھی کی طرز پر بنی ہوئی چھت۔

القرنفل والقرنفول۔ لونگ۔ واحد قرنفلة و قرنفولة۔

المقرفل۔ من الاطعمة: لونگ ڈالا ہوا کھانا

قرِه (س) قرهًا وتقرّه جلدہٗ: کھال کا چھلنا یا بہت مار سے سیاہ ہونا۔ داد کی کثرت سے داغ داغ ہونا۔ صفت اقره۔ مؤنث قرهاء ج قُره۔

القارہ فا ـــ من الجلد: خشک کھال۔

القرهب۔ بوڑھا بیل ـــ من المعز: بہت اون والی بکری۔ القرهب۔ سردار قوم۔ بوڑھا۔

القرهد۔ نازپروردہ۔ نازک پُرگوشت

القراهید۔ پہاڑی بکری کے بچے۔

قرا یقرو قروًا الیه: قصد کرنا ـــ بالرمح فلانًا: نیزہ مارنا۔ صفت مذکر قارٍ ج قُراة

و قارون۔ صفت مؤنث قاریة ج قوارٍ و قاریات

قرا و استقرٰی و اقترٰی الامر: تتبع کرنا۔ تلاش کرنا

استقرٰی الرجلُ: پھوڑے کا پیپ والا ہونا۔

اُقری اِقراءً۔ پیٹھ میں درد ہونا۔

القراء۔ پیٹھ۔ ج اقراء و قروان۔ کدو۔

القرو۔ مع نہر کی مانند لمبا حوض۔ زمین جسکو طے نہ کیا جاسکے۔ کوٹھی کی نالی۔ چھوٹا برتن۔ کھجور کے درخت کا نچلا حصہ جس کو کھود کر اس میں نبیذ بنایا جائے۔ لکڑی کا پیالہ۔ کھوکھلا بانس۔ ایک ہی طریقے کی چیزیں۔ کہا جاتا ہے ترکتهم قروًا واحدًا "میں نے ان کو ایک طریقہ پر چھوڑا۔ و قصیدتان علی قروٍ واحدٍ "دو قصیدے ایک ہی پر" وترکت الارض قروًا "تمام زمین پر بارش چھاگئی" اصبحت الارض قروًا واحدًا "زمین کی سطح پانی سے ڈھک گئی"۔ ج قُرُوّ و اقراء و اقرٍ و قُریّ۔

القرو والقروة۔ خصیتین کی کھال کی پھنجاوٹ۔ قروةُ الراس: سر کا کنارہ۔

القرو والقروة والقُروة۔ کتے کا ٹھیکرا۔

القرواء۔ عادت۔ دبر۔ ناقة قرواء: لمبے کوہان والی اونٹنی (جمل اقری نہیں کہا جاتا)

القروان۔ پیٹھ یا پیٹھ کا درمیانی حصہ ج قروانات۔

القروانی۔ خصیتین کی کھال کی پھنجاوٹ۔ الا ـ القری۔ عادت کہا جاتا ہے رجع الی قرواه "اپنی عادت پر لوٹ گیا"۔

القریّ۔ ایک ہی طریقہ کی چیزیں۔ قریُّ القصیدة: قصیدہ کا روی۔

المِقری۔ ٹڈی کی چوٹی۔ ج مقارٍ ـــ

المقروری۔ لمبی پیٹھ والا۔

شاةٌ مقرّوة۔ بکری کہ اس کے سر میں ایک لکڑی لگا دیتے ہیں تاکہ وہ اپنے دودھ کو نہ پی سکے

قرٰی یقری قرًی و قراءً الضیف: مہمان کی میزبانی کرنا ـــ قریًا و قرًیا) الماء فی الحوض: پانی حوض میں جمع کرنا ـــ البعیر وکل ما اجترّ:

جگال کو جبڑے میں جمع کرنا — الجُرحُ: زخم کا بہنا — المِدّۃُ فِی الجُرحِ: زخم میں پیپ کا جمع ہونا کہا جاتا ہے قَرَیتُ فِی شِدقِی جَوزَۃً میں نے اپنے جبڑے میں اخروٹ کو چھپایا۔ قَرَی یَقرِی قَریً و قِرَیًا و تَقَرّٰی و اِستَقرَی البِلادَ: تلاش کرنا۔ چکر لگانا۔

اَقرَی اِقرَاءً گاؤں میں رہنا — کسی شئے کو لازم رہنا اور اصرار کرنا (— واِستَقرَی) مہمانی طلب کرنا۔

اِقتَرَی۔ مہمانی طلب کرنا — الضَّیفَ: مہمان کی میزبانی کرنا — البِلَادَ: تلاش کرنا اور چکر لگانا و اِقتَرَی فُلَانًا بِقَولِہٖ: تلاش کرنا۔

القِرَی۔ مہمانی کا کھانا۔ پانی جو حوض میں جمع کیا جائے

القَریَۃ والقِریَۃ۔ جائداد۔ گاؤں۔ لوگوں کی جماعت ج قُرًی و قِرًی اور نسبت کے لئے قَرَوِیّ و قَرَئِیّ۔ قَریَۃُ النَّملِ: چیونٹیوں کے رہنے کی جگہ۔ قَریَۃُ الاَنصَارِ: مدینہ طیبہ۔ والقَریَتَانِ: مکہ معظمہ اور طائف۔

القَرِیّ۔ جما ہوا دودھ۔ ٹیلہ سے باغ کی طرف بہنے والی نالی۔ نالی۔ ج اَقرِیَۃ و اَقرَاءٌ و قُریَان

القَرِیَّۃ۔ لاٹھی۔ چیونٹیوں کے رہنے کی جگہ بادبان کے اوپر کے حصہ کی لکڑی جو عرض میں لگائی جاتی ہے۔ ج قَرَایَا۔

القَارِی۔ فا۔ دیہاتی۔ کہا جاتا ہے۔ جَاءَنِی کُلُّ قَارٍ و بَادٍ میرے پاس ہر ایک دیہاتی اور شہری آیا۔

القَارِیَۃ۔ قاری کا مؤنث۔ مکان لوگوں سے بھرا ہوا۔ تلوار کی دھار۔ نیزہ کا نچلا حصہ یا اوپر کا حصہ۔ ج قَوَارٍ کہا جاتا ہے ہُم قَوَارِیُ اللّٰہِ وہ اللہ کے شہداء ہیں (— والقَارِیَۃ) ایک پرندہ چھوٹی ٹانگوں اور لمبی چونچ کا جس کی پیٹھ سبز ہوتی ہے۔ ج قَوَارٍ و قَوَارِیّ۔

القَارَاۃ۔ لوگوں سے بھری ہوئی جگہ ج قَارِیَات

المِقرَی والمِقرَاۃ۔ ہر وہ جس میں بارش کا پانی جمع ہو۔

المِقرَی والمِقرَاء۔ میزبان۔ بہت مہمانی کرنے والا۔ مؤنث مِقرَاۃ و مِقرَاءٌ۔ المِقرَی و المِقرَاۃ: بڑا پیالہ جس میں مہمان کے سامنے کھانا پیش کیا جائے ج مَقَارٍ۔ المَقَارِی: ہانڈیاں۔

قَزَّ (ن ض) قَزًّا۔ کودنے کے لئے سمٹنا۔ کودنا۔ قَزَّت نَفسِی و قَزَّت عَنہُ نَفسِی: نفرت کرنا۔ انکار کرنا (— قَزًّا و تَقَزَّزَ) مِنَ الدَّنَسِ و کُلِّ مَا یُستَقذَرُ و یُستَخبَثُ: مکروہ جاننا۔ پرہیز کرنا۔ بچنا۔

القَزُّ۔ مع ریشم جس سے نکالا جائے۔ دُودُ القَزِّ: ریشم کا کیڑا۔ ج قُزُوز (دخیل)

القَزُّ و القِزُّ و القُزُّ و القَزَزُ و القَزَّاز۔ گندگی سے بچنے والا۔ کہا جاتا ہے مَا فِی طَعَامِہٖ قَزٌّ و لَا قَزٌّ و لَا قَزَازَۃ اس کے کھانے میں ایسی کوئی چیز نہیں جس سے پرہیز کیا جائے اور اسے مکروہ سمجھا جائے۔

القَزَّاز۔ بڑا سانپ۔ اژدہا۔

القَازّ فا۔ شیطان۔

القَازُوزَۃ۔ چھوٹی شیشی۔ طشت۔

القَزَّاز۔ ریشم بیچنے والا — عِندَ العَامَّۃِ: ریشم کے کیڑے کی تربیت کا ماہر۔

قَزَبَ (ن) قَزبًا۔ بہت جماع کرنا۔

قَزِبَ (س) قَزَبًا۔ سخت ہونا۔

القَازِب۔ سوداگر۔

القِزب۔ لقب۔

قَزبَرَ قَزبَرَۃً۔ جماع کرنا۔

قَزَحَ (ف) قَزحًا القِدرَ: ہانڈی میں مسالہ ڈالنا — الشَّیءَ: بلند ہونا۔

قَزَحَت قَزحًا و قَزَحَانًا القِدرُ: اُبلنا۔ قَزَّحَ القِدرَ: ہانڈی میں مسالہ ڈالنا۔ قَزَّحَ الحَدِیثَ: مزین کرنا۔ بغیر جھوٹ بولے ہوئے پورا کرنا۔ قَزَّحَ الشَّجَرَ: بڑھنے کیلئے جڑ میں پیشاب ڈالنا۔

تَقَزَّحَ النَّبَاتُ او الشَّجَرُ: زیادہ شاخدار ہونا۔

القَزحُ مع کتے کا پیشاب۔ مسالہ۔

قَوسُ قُزَحٍ و قَوسُ قُزَحَ۔ دھنک۔ وہ شکل جو بادل میں مختلف رنگوں کی کمان کے مانند دکھائی دیتی ہے۔ قُزَح منصرف ہے اس لئے کہ قُزحَۃ کی جمع ہے اور علم معدول کی تقدیر پر غیر منصرف ہے اور قزح کو قوس سے جدا استعمال نہیں کرتے۔ پس تَأَمَّل قُزَحَ مَا اَبیَنَ قَوسَہٗ نہیں کہا جائیگا۔

القِزح۔ مسالہ۔ پیاز کے بیج۔ سانپ کی بیٹ۔ ج اَقزَاح۔

القُزحَۃ۔ قوس قزح کے رنگ کی ایک دھاری ج قُزَح۔

القَزَّاح۔ مسالہ بیچنے والا۔

القَازِحُ فا۔ سِعرٌ قَازِحٌ: مہنگا بھاؤ۔ مؤنث قَازِحَۃ ج قَوَازِح۔ قَوَازِحُ المَاءِ: پانی کے بلبلے

التَقَازِیح۔ مسالے۔

المِقزَحَۃ۔ مسالہ کا برتن۔

القَزحَلَۃ۔ کمان۔

قَزَدَ (ض) قَزدًا۔ ارادہ کرنا۔

القَزد۔ مص۔ ارادہ۔

قَزَعَ (ف) قُزُوعًا۔ دیر کرنا — الظَّبیُ: ہرن کا دوڑنا۔ بھاگنے میں چست ہونا۔

قَزَّعَ الرَّسُولَ اِلَیہِ: قاصد بھیجنا — الفَرَسَ: گھوڑے کو دوڑانے کیلئے آمادہ کرنا — الشَّارِبَ: مونچھ کاٹنا — الفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا — رَاسَہٗ: سر مونڈنا اور کچھ ادھر ادھر چھوڑ دینا۔

قَزَّعَہٗ و اَقزَعَہٗ لِلاَمرِ: فارغ کر دینا اور دوسرے کام میں مشغول نہ کرنا۔ و اَقزَعَ لَہٗ فِی القَولِ: سخت سست کہنا۔

تَقَزَّعَ الرَّاسُ: سر متفرق جگہ سے مونڈا جانا — الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنے کے لئے آمادہ ہونا — القَومُ: قوم کا متفرق ہونا — السَّحَابُ: بادل کھل جانا۔

القَزَع۔ بادل کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے۔ چھوٹے اونٹ۔ بالوں کو کچھ مونڈنا کچھ چھوڑ دینا۔ وادی کا کوڑا کرکٹ۔ قَزَعُ السَّہمِ: تیر کے پر کا پتلا حصہ۔ ہر چیز جس کے متفرق ٹکڑے ہوں، واحد قَزَعَۃ

اَلقَزَعَۃ۔ حرامی۔ ولد الزنا۔ بادل کا ٹکڑا۔ سر میں متفرق بال کٹے ہوئے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے مَا عِندَہٗ قَزَعَۃٌ یعنی اسکے پاس کچھ کپڑا نہیں۔

اَلقُزَعَۃ والقُزَیعَۃ۔ بالوں کا گچھا جو بچے کے سر پر چھوڑ دیا جائے۔ سر کے درمیان میں تھوڑے سے بال۔

قَوسُ قُزَیع۔ بمعنے قوس قزح۔

القِزَاع۔ چیتھڑے کا ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے مَا فِی السَّمَاءِ قِزَاعٌ یعنی آسمان میں تھوڑا سا بھی بادل نہیں۔

الاَقزَع۔ مِنَ الکِبَاش: مینڈھا جس کے بال موسم بہار میں کہیں سے گر گئے ہوں کہیں سے باقی رہ گئے ہوں۔

المُقَزَّع۔ تیز ہلکا پھلکا۔ وہ شخص جس کے سر پر کچھ تھوڑے سے بال ہوں۔ بشارت کے لئے مخصوص کیا ہوا ــــ مِنَ الخَیلِ: پیشانی پر کم بال والا گھوڑا۔ رَجُلٌ مُقَزَّع: وہ شخص جس کا مال برباد ہو جائے اور صرف چھوٹے اونٹ رہ جائیں۔

المُقزَعِلّ۔ تیز رو۔

قَزَلَ (ض) قَزلاً وقَزَلاناً۔ کودنا۔ لنگڑے کی چال چلنا۔

قَزِلَ (س) قَزَلاً۔ لنگڑا ہونا۔ صفت اَقزَل (قزل بدترین لنگڑاہٹ ہے)

الاَقزَل۔ بھیڑیا۔ باریک پنڈلی والا۔ ایک قسم کا سانپ۔

قَزَمَ (ض) قَزماً۔ عیب لگانا۔

قَزِمَ (س) قَزَماً۔ کمینہ ہونا۔ لئیم ہونا۔

تَقَزَّمَ۔ کاموں میں زبردستی داخل ہونا۔

القَزَم۔ مص۔ کمینگی۔ لئیمی۔ کوتاہی۔ ردی مال حقیر لوگ (واحد جمع مذکر مونث) کہا جاتا ہے ہٰؤُلَاءِ قَومٌ قَزَمٌ مَا فِیہِم کَرَمٌ یہ لوگ کمینہ ہیں ان میں کرم نہیں اور کبھی تثنیہ اور جمع اور مونث استعمال کیا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ قَزَمٌ ورَجُلَانِ قَزَمَانِ وامرَاَۃٌ قَزَمَۃٌ ورِجَالٌ قُزُمٌ واَقزَامٌ وقُزَمَاءُ و نِسَاءٌ قَزَمَاتٌ۔

القَزم والقَزِیم والقِزَم والقُزُم لئیم اور دنی مرد۔ مؤنث قَزمَۃ وقَزِیمَۃ وقِزَمَۃ وقُزُمَۃ

القِزم والقَزَم۔ چھوٹے جسم والا بے خیر۔ ج قُزُم واَقزَام اور کہا جاتا ہے رَجُلٌ قَزَمَۃٌ وامرَاَۃٌ قَزَمَۃٌ چھوٹے جسم کا مرد چھوٹے جسم کی عورت۔ مذکر و مؤنث دونوں کے لئے۔

القِزَام۔ لئیم لوگ۔

القُزَام۔ جس پر کوئی غالب نہ آئے جلدی کی موت۔

سُؤدُدٌ اَقزَم۔ سرداری جو خاندانی نہ ہو۔

القُزمُل۔ کوتاہ قامت بدصورت۔

قَزَا یَقزُو قَزواً۔ الاَرضَ بِعَصَاہُ: زمین کو لاٹھی سے کریدنا ــــ الرَّجُلُ: عیب سے دور رہنا۔ قُزَہ (ایک کھیل ہے) کھیلنا۔

اَقزَی۔ بے عیبی کے بعد عیب دار ہونا۔

القُزَۃ۔ سانپ۔ عربوں کا ایک کھیل ج قُزَات

قَزَیَ الرَّجُلَ: پچھاڑنا اور قتل کرنا (یائی ہے)

القِزیُ۔ لقب۔ کہا جاتا ہے بِئسَ القِزیُ ہٰذَا یہ برا لقب ہے۔

قَسَّ (ن) قَسًّا وقِسًّا وقُسًّا۔ چغل خوری کرنا ــــ القَومَ: برے کلام سے تکلیف پہنچانا (ــــ قَسًّا) السَّیرَ: دوڑنا ــــ مَا عَلَی العَظمِ: ہڈی پر کا گوشت کھانا اور گودا نکالنا (وقَسَّ الاِبِلَ: اونٹوں کو اچھی طرح سے چرانا۔

قَسَّ وتَقَسَّسَ الشَّیءَ: طلب کرنا اور ڈھونڈنا۔ کہا جاتا ہے تَقَسَّسَ اَصوَاتَہُم بِاللَّیلِ اس نے رات میں ان کی آواز پر کان لگایا۔

قَسَّ قُسُوسَۃً وقِسِّیسَۃً پادری ہونا

اِقتَسَّ الاَسَدُ: شیر کا خوراک تلاش کرنا۔ ــــ النَّاقَۃُ: اونٹنی کا تنہا چرنا۔

القَسّ۔ پادری، کاہن ج قُسُوس۔ اونٹوں کا مالک جو ان سے جدا نہ ہو۔ پالا۔

القُسُس۔ عقلاء۔ ماہر۔

القُسَاس۔ سیلاب کا کوڑا کرکٹ۔ آرمینیہ میں ایک پہاڑ ہے جس میں لوہے کی کان ہے اور اسی سے ہے السُّیُوفُ القُسَاسِیَّۃ۔

القَسَّاس۔ چغل خور۔

القِسِّیس۔ پادری ج قِسِّیسُون وقَسَاوِسَۃ واَقِسَّۃ وقَسَاوِسَۃ۔

القَسِّیّ مِنَ الدَّرَاہِم: ردی دراہم

القَسَّۃ۔ چھوٹا گاؤں۔

القُسُوسَۃ والقِسِّیسَۃ قسیس کا درجہ

قَسَبَ (ض) قَسباً المَاءُ: پانی جاری ہونا ــــ الشَّمسُ: آفتاب غروب ہونے لگنا۔

قَسُبَ (ک) قُسُوباً وقُسُوبَۃً الشَّیءُ: سخت ہونا۔

القَسبُ مص بہت سخت۔ خشک کھجور جو منہ میں ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے۔ واحد قَسبَۃ۔

القُسَابَۃ۔ ردی قسم کی کھجور۔

القُسُوب۔ چمڑے کا موزہ۔ القَسُّوب۔ چمڑے کے موزے (اس کا واحد نہیں)

القَسبُ والقِسِّیبُ۔ ہر ایک لمبی اور مضبوط چیز۔

قَسِیبُ المَاءِ: پانی کا بہاؤ آواز کیساتھ

قَسبَرَ قَسبَرَۃً۔ جماع کرنا۔

قَسَحَ (ف) قَسَاحَۃً وقُسُوحَۃً سخت ہونا ــــ الحَبلَ: رسی بٹنا۔

تَاَسَحَ۔ سختی کے ساتھ معاملہ کرنا۔

القَاسِح والقُسَاح والمَقسُوح۔ سخت اور موٹا۔ کہا جاتا ہے ثَوبٌ قَاسِحٌ موٹا کپڑا رُمحٌ قَاسِحٌ ٹھوس مضبوط نیزہ۔

القُسحُب۔ موٹا اور بڑا۔

القِسوَد۔ موٹی گردن کا قوی مرد۔

قَسَرَہٗ (ض) قَسراً واقتَسَرَہٗ عَلَی الاَمرِ: مجبور کرنا۔

قَسوَرَ الرَّجُلُ: عمر رسیدہ ہونا ــــ النَّبتُ: بکثرت ہونا۔

القَسوَر والقَسوَرَۃ۔ غالب شیر۔ بہادر قوی لڑکا ج قَسَاوِر وقَسَاوِرَۃ۔ القَسوَرَۃ: رات

کا بڑا حصہ - ایک میدانی نباتات ج قَسَوِر -
اَلقَسْوَرَۃ: تیر چلانیوالے شکاریوں کی جماعت
قَسَطَ (ض) قَسْطًا و قُسُوْطًا: ظلم کرنا -
حق سے ہٹ جانا - صفت قَاسِطٌ ج قُسَّاط و
قَاسِطُوْن -
قَسَطَ (ن ض) قِسْطًا و اَقْسَطَ الوَالِیُ:
منصف ہونا - کہا جاتا ہے اَقْسَطَ فِی حُکْمِہٖ و اَقْسَطَ بَیْنَہُمْ
وَاِلَیْہِمْ فیصلہ میں انصاف کیا - ان کے درمیان
انصاف کیا - اَقْسَطَتِ الرِّیْحُ العِیْدَانَ: ہوا کا
لکڑیوں کو خشک کر دینا -
قَسِطَت (س) قَسَطًا العُنُقُ: گردن
خشک ہونا — الدَّابَّۃُ: سیدھی ٹانگوں والا ہونا
(قُسُوْطًا) العِظَامُ: لاغری کی وجہ سے
ہڈیوں کا خشک ہونا -
قَسَّطَ الشَّیْءَ: جدا جدا کرنا — الاَغْرَاسَ:
پودوں کے درمیان برابر فاصلہ کرنا — الدَّیْنَ:
قرض کی قسط مقرر کر دینا - کہا جاتا ہے قَسَّطَ الخَرَاجَ
عَلَیْہِمْ وَالمَالَ بَیْنَہُمْ یعنی خراج کا اُن کے اوپر قسط
مقرر کر دیا - اور مال اُن کے درمیان تقسیم کر دیا -
قَسَّطَ عَلٰی عِیَالِہٖ: اہل و عیال پر تنگی کرنا -
اِقْتَسَطُوْا المَالَ بَیْنَہُمْ: تقسیم کرنا -
تَقَسَّطَ القَوْمُ الشَّیْءَ بَیْنَہُمْ - برابر برابر تقسیم کرنا
القِسْطُ - انصاف - کہا جاتا ہے ہُوَ قِسْطٌ وہ
عادل ہے ہُمْ قِسْطٌ وہ لوگ عادل ہیں - حصہ -
مقدار - میزان - ترازو - پیمانہ نصف صاع کا -
روزی - قسط مقرر کئے ہوئے قرض کا ایک حصہ
ج اَقْسَاط -
القُسْطُ - عود ہندی - کہا جاتا ہے ہُوَ قُسْطُ
الرِّجْلِ وَقَسِیْطُہَا جبکہ پاؤں سخت اور سیدھے
ہوں کر چلنے میں مڑتے نہ ہوں -
القَسَطُ مص اعضاء کی سختی یا خشکی -
الاَقْسَطُ - خشک شدہ گردن والا - مؤنث
قَسْطَاءُ ج قُسْطٌ - رِجْلٌ قَسْطَاءُ: ٹیڑھا پیر - عُنُقٌ
قَسْطَاءُ: خشک گردن - رُکْبَۃٌ قَسْطَاءُ: خشک
شدہ زانو جو مڑ نہ سکے - ج قِسَاط -

القَسْطَانُ - غبار -
القُسْطَانُ و القُسْطَانَۃُ و القُسْطَانِیُّ
و القُسْطَانِیَّۃُ - قوس قزح - دھنک -
المُقْسِطُ - اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ
میں سے ہے اور معنی اس کے عادل کے ہیں -
قَسْطَرَ الدَّرَاہِمَ: دراہم کو پرکھنا -
القَسْطَرُ و القُسْطَارُ - مرد دانا و دوربیں
القَسْطَرِیُّ - دراہم کو پرکھنے والا - مرد دانا
و دوربیں - بڑے ڈیل ڈول کا - ج قَسَاطِرَۃ -
القُسْطَاسُ و القِسْطَاسُ - ترازو (جدید)
القَسْطَلُ و القَسْطَالُ و القُسْطُوْلُ
و القَسْطَلَانُ - میدان جنگ کا گرد و غبار -
ج قَسَاطِل - اُمُّ قَسْطَلٍ: مصیبت - موت -
نَہْرٌ قَسْطَالٌ: بہنے میں شور کرنے والا دریا -
القَسْطَلَۃُ - اونٹ کی بڑبڑاہٹ -
قَسْطَلَۃُ المَاءِ: پانی بہنے کی آواز قَسَاطِلُ الخَیْلِ
گھوڑوں کی آوازیں -
القَسْطَلَانِیَّۃُ - شفق کی سرخی - غبار کی
کثرت (— و القَسْطَلَانِیُّ) قوس قزح - دھنک
القُسْقُبُ - موٹا اور بڑا -
قَسْقَسَ قَسْقَسَۃً - چرواہا ہونا - قَسْقَسَ
الشَّیْءَ: ہلانا - قَسْقَسَ بِالکَلْبِ: کتے کو قوس قوس
کہہ کے بلانا -
القَسْقَسُ و القَسَاقِسُ - شیر -
القَسْقَاسُ - تیز رفتار - رہبر - رہنما -
بھوک کی شدت - جاڑے کی شدت - عمدہ رسی
کند تلوار - اندھیری رات - شیر -
قَسَمَ (ض) قَسْمًا الشَّیْءَ: بانٹنا - تجزیہ کرنا -
— الدَّہْرُ القَوْمَ: متفرق کرنا — فُلَانٌ اَمْرَہٗ:
اندازہ کرنا — بَیْنَ النِّسَاءِ: بیویوں کی باری
کی حفاظت کرنا -
قَسُمَ (ک) قَسَامَۃً - الغُلَامُ: لڑکے کا
خوبصورت ہونا -
قَسِیْمٌ - فا - خوبصورت -
قَسَّمَ الشَّیْءَ: جزو جزو کرنا - تفریق کرنا -

کہا جاتا ہے قَسَّمَ الدَّہْرُ القَوْمَ زمانہ نے قوم کو
متفرق کر دیا — الشَّیْءَ: حسین بنانا -
قَاسَمَہٗ المَالَ: اپنے اپنے حصہ کو لینا -
قَاسَمَہٗ عَلٰی کَذَا: قسم کھلانا -
اَقْسَمَ بِاللّٰہِ: حلف اٹھانا - قسم کھانا -
تَقَسَّمَ الشَّیْءَ: جدا جدا کرنا — الشَّیْءُ: جدا
جدا ہونا - کہا جاتا ہے تَقَسَّمَتْہُ الہُمُوْمُ یعنی غموں
نے اس کو پریشان خاطر کر دیا - و تَقَسَّمَ فُلَانٌ:
فکر کرنا - سوچنا -
تَقَاسَمَ القَوْمُ: آپس میں قسم کھانا —
(و اِقْتَسَمَ) القَوْمُ المَالَ: آپس میں تقسیم کرنا -
اِنْقَسَمَ - تقسیم ہونا -
اِسْتَقْسَمَ - تقسیم کرنے کو کہنا - فکر کرنا -
سوچنا - اِسْتَقْسَمَہٗ بِاللّٰہِ: قسم کھانے کو کہنا -
القَسْمُ - مص عطیہ - رائے - شک - عادت
بارش - پانی - ہانڈی - گمان پیدا ہونا اور پھر قوت
پاکر یقین ہونا - حَصَاۃُ القَسْمِ: پانی تقسیم کرنے کی
کنکری - اور یہ اس طرح پر کہ سفر کی حالت میں جب
پانی کی کمی ہوتی تھی تو ایک برتن میں کنکری ڈالتے
تھے اور پھر اس پر پانی ڈالتے تھے اتنا کہ کنکری
چھپ جائے پھر ایک آدمی کو پینے کیلئے دیتے تھے،
اور پھر اسی طرح کرتے تھے اور یہ اسلئے تاکہ سب کو
پانی برابر پہنچ جائے اور کسی کو شکایت نہ رہے -
القِسْمُ - تقسیم شدہ چیز کا ایک حصہ - خیر کا
حصہ - ج اَقْسَام ج اَقَاسِیْم -
القَسَمُ - اللہ تعالیٰ یا غیر اللہ کی قسم ج اَقْسَام
القِسْمَۃُ - اِقْتِسَام کا اسم - حصہ ج قِسَم -
القَسَمَۃُ و القَسِمَۃُ - خوبصورتی چہرہ (
و القَسِمُ) عطر فروش کا ڈبہ - ج قَسِمَات و قَسَمَات -
القَسَامُ - خوبصورتی - گرمی کی شدت -
القَسَامَۃُ - خوبصورتی - صلح - جماعت جو کسی
چیز کیلئے قسم کھائے اور لیلئے - قسم جو اولیائے مقتول
کو دی جائے - کہا جاتا ہے حَکَمَ القَاضِی بِالقَسَامَۃِ
قاضی نے قسامت کا فیصلہ کیا اور قسامت اسم
کا اسم ہے جو مصدر کی جگہ پر استعمال ہوا ہے

الْقُسَاهَة - صدقہ کا مال تقسیم کرنے والا
جس کو اپنے لئے خاص کرلے۔
الْقَسَامِی - پہلی تہ پر کپڑے کو لپیٹنے والا۔
دو چیزوں کے درمیان کی چیز۔
الْقَسَّام - قاسم کا مبالغہ۔
الْقَسِیم - حصہ - تقسیم شدہ شئے کا ایک
حصہ ج اَقْسِمَاء - تقسیم کرنے والا ج اَقْسِمَاء
و قُسَمَاء: خوبصورت ج قُسُم۔
الْقَسِیمَة - قسیم کا مؤنث - عطر فروش کا ڈبہ
بازار - خوبصورت چہرہ ج قَسَائِم۔
الْاُقْسُوْمَة - حصہ ج اَقَاسِیم۔
الْمَقْسَم والْمِقْسَم - حصہ - ج مَقَاسِم۔
الْمَقْسِم - تقسیم کرنیکی جگہ ج مَقَاسِم
صَاحِبُ الْمَقَاسِم: نائب امیر اور وہ اموالِ
غنیمت کا تقسیم کرنے والا ہوتا ہے۔
الْمُقْسِم - قسم۔
الْمُقَسَّم - مفغ غمگین - خوبصورت - شَئْیٌ
مُقَسَّم: خوب صورت بنائی ہوئی چیز۔
الْقِسْمِل - شیر کا بچہ۔
اَقْسَنَ الرَّجُلُ: سخت ہاتھوں والا ہونا۔
اِقْسَأَنَّ اِقْسِئْنَانًا و قُسَائِنِینَةً الْعُودُ:
لکڑی کا خشک اور سخت ہونا — الرَّجُلُ: مرد کا
بوڑھا ہونا اور خشک ہونا — فِی الْعَمَلِ: کر گذرنا
— اللَّیْلُ: رات سخت تاریک ہونا
الْمُقْسَئِنّ - جوانی کی انتہا اور بڑھاپے
کی ابتدا میں ہونے والا۔
قَسَا یَقْسُو قَسْوًا و قَسْوَةً و قَسَاوَةً و
قَسَاءَةً - سخت و درشت ہونا صفت قَاسٍ
ج قُسَاة — اللَّیْلُ: رات تاریک ہونا —
الدِّرْهَمُ: درہم کھوٹا ہونا صفت قَسِیّ۔
قَسَّی تَقْسِیَةً و اَقْسَی اِقْسَاءً
الشَّیْءَ: سخت و درشت کرنا۔
قَاسَی مُقَاسَاةً الْاَلَمَ: تکلیف برداشت
کرنا۔
الْقَسِیّ - سخت — مِنَ الدَّرَاهِم: کھوٹے
درہم ج قِسْیَان - کہا جاتا ہے عَشِیَّةٌ قَسِیَّةٌ ٹھنڈی
شام یَوْمٌ او عَامٌ قَسِیٌّ سخت دن یا سخت سال
گرمی یا سردی یا قحط کی وجہ سے سِرْنَا سَیْرًا قَسِیًّا
ہم تیز چال چلے۔
اَرْضٌ قَاسِیَةٌ - بنجر زمین جس میں کچھ نہ اُگے
لَیْلَةٌ قَاسِیَةٌ: بہت تاریک رات - کہا جاتا ہے
هُوَ اَقْسَی مِنَ الصَّخْرِ وہ پتھر سے زیادہ سخت ہے
التَقلِیف - کھجور سے گٹھلی جدا کرنا اور برتن
میں ذخیرہ کرنا -
قَلفَحَ - الطَعَامَ : سب کچھ کھا لینا -
تَقَلفَعَ عَنهُ الشَّئُ : چھل جانا -
القِلفَع والقِلفِع - خشک کیچڑ کا پھٹا ہوا
ٹکڑا - لوہے کے ذرات جو ڈھالتے وقت گریں
القِلفَعَة - سانپ کی چھتری - زمین کی مٹی
جو سانپ کی چھتری کے اُگنے سے ہٹ جائے
اونٹ کی کھال پر چھال کی مانند داغ -
قَلِقَ (س) قَلَقًا - مضطرب ہونا - بیقرار
ہونا - صفت مذکر قَلِق و مِقلَاق - صفت
مؤنث قَلِقَة و مِقلَاق -
قَلَقَ (ن) قَلقًا الشَّئَ : حرکت دینا -
اَقلَقَہٗ - بیقرار کرنا - اَقلَقَ الشَّئَ مِن مَکَانِہٖ :
حرکت دینا — القَومُ السُّیُوفَ فِی الغِمدِ :
آسانی کیلئے تلوار کو میان ہی میں حرکت دینا -
القُلقَاس - اروی -
قَلقَلَ قَلقَلَةً - آواز نکالنا —
قَلقَلَةً و قِلقَالًا و قَلقَالًا الشَّئَ : حرکت دینا
الحُزنُ دَمعَہٗ : آنسو بہانا — فِی الاَرضِ : سفر کرنا
تَقَلقَلَ - متحرک ہونا - ہلکا ہونا اور تیز دوڑنا
— فِی البِلَادِ : ملک میں پھرنا -

القِلقِل والقُلقُلَان - ایک درخت
ہے جو انار کے مشابہ ہوتا ہے اور جس کا پھل
کالے رنگ کا چکنا گول کالی مرچ کے برابر ہوتا ہے
حروف القَلقَلَة پانچ حروف ہیں -
ب ج د ط ق -
القَلقَال - ہمیشہ سفر کرنے والا -
القُلَاقِل والقُلقُل - پھرتیلا مددگار -
القُلقُل : سفر میں ہلکا پھلکا -
قَلَمَ (ض) قَلمًا و قَلَّمَ الشَّئَ : کاٹنا —
الظُفرَ : ناخن تراشنا - قَلَّمَ : تھوڑا تھوڑا کاٹنا
القَلَم - قلم - قلم کا اطلاق بن جانے کے بعد
ہے بننے سے پہلے قصبۃ اور یراعۃ کہتے ہیں -
القَلَم : جوئے کا تیر - تیر جو جواریوں کے درمیان
گھمایا جاتا ہے - ج اَقلَام و قِلَام -
القَالِم - وہ جس کے بیوی نہ ہو - ج قَلَمَة -
القُلَامَة - تراشہ - قُلَامَةُ الظُفرِ : ناخن
کا تراشہ - اور اس سے گھٹیا اور حقیر چیز کی
تشبیہ دی جاتی ہے -
الاِقلِیم - ملک - صوبہ - ربع مسکون کا
ساتواں حصہ - ج اَقَالِیم (دخیل)
المِقلَمَة - قلمدان - ج مَقَالِم -
مَقَالِم - الرُمحِ : نیزے کی گرہیں -
المُقَلَّمَة - بیوہ عورت اور کہا جاتا ہے
سَارَتْ اَلفٌ مُقَلَّمَة " یعنی ہزار سپاہیوں کی
ہتھیار بند فوج روانہ ہوئی - کہا جاتا ہے فُلَانٌ
مُقَلَّمُ الظُفرِ و مُقَلَّمُ الظُفرِ - یعنی ضعیف و ذلیل ہے
المِقلَام - قینچی -
القَلَمَّس - بہت پانی والا کنواں -
بہت فیاض - دور اندیش - ہوشیار - غیر معروف
قَلمَعَ رَاسَہٗ : سر پر مار کر جدا کرنا - مونڈنا
— الشَّئَ : جڑ سے اکھیڑنا -
القَلمَعَة - مع - کمینے لوگ -
قَلنَسَہٗ - ٹوپی پہنانا - قَلنَسَ الشَّئَ : چھپانا
— الرَّجُلُ : سینہ پر ہاتھ رکھ کر کھڑا ہونا -
تَقَلنَسَ - ٹوپی پہننا -

القَلَنسُوَة والقَلَنسِیَة - ٹوپی - ج
قَلَانِس و قَلَانِیس و قَلَاسٍ و قَلَاسِی اور تصغیر
قُلَینِسَة و قُلَیسِیَة اور پادری جس ٹوپی کو استعمال
کرتا ہے اس کو عوام قلوسۃ کہتے ہیں -
قَلَا یَقلُو قَلوًا - اللَّحمَ وغیرہ : گوشت کڑاہی
میں بھوننا - صفت فاعلی قَلَّاء - اور صفت
مفعولی مَقلُوّ — الاِبِلَ : اونٹوں کو ہانکنا -
— القُلَة و بالقُلَةِ : گلی ڈنڈا کھیلنا —
قِلًا و قَلَاءً) الرَّجُلَ : بغض رکھنا -
تَقَلَّی اِلَیہِ : نفرت کرنا - بغض ظاہر کرنا —
عَلٰی فِرَاشِہٖ : مضطرب ہونا - تلملانا -
تَقَالَی الرَّجُلَانِ : ایک دوسرے سے بغض
رکھنا - کہا جاتا ہے بَینَہُم تَقَالٍ " انکے درمیان
بغض ہے -
اِقلَولَی اِقلِیلَاء - کوچ کرنا - بے آرام
ہونا - سکڑنا - جگہ سے علیحدہ ہونا — فِی الجَبَلِ :
پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ کر جھانکنا — الطَائِرُ :
پرندہ کا اُڑنے میں بلند ہونا - درخت کے
اوپر کے حصہ پر اترنا — ہ : پیٹھ پر سوار ہونا -
القِلو - ہلکا پھلکا - جوان ہلکا گدھا -
القُلَة - ج قُلَات و قُلُون و قِلُون (المِقلَی
والمِقلَاء) گلی ڈنڈا - القُلَة : ہرن کے پھنسانے
کے لئے ایک قسم کا پھندا -
القِلَوَة - جانور جو اپنے سوار کو لے کر سب سے
آگے بڑھ جائے -
القَلَولَی - بلند پرواز پرندہ -
قَلَی یَقلِی قَلیًا اللَّحمَ وغیرہ : گوشت بھوننا
صفت فاعلی قَلَّاء - صفت مفعولی مَقلِیّ —
فُلَانًا : سر پر مارنا — الرَجُلَ و قَلَیہ یَقلَاہ قِلًی
و قَلَاءً و مَقلِیَةً) بغض رکھنا - صفت فاعلی قَالٍ
اور صفت مفعولی مَقلِیّ -
القِلی والقِلِی - سجی -
القُلَی - پہاڑوں کی چوٹیاں - مردوں کی
کھوپڑیاں - واحد قُلَة -
القَلَّاء - کڑاہی بنانے والا - کڑاہی میں

گوشت بھوننے والا۔
القَلّاءَۃ۔ وہ جگہ جہاں کڑاہیاں تیار ہوتی ہیں۔
القَلِیَّۃ۔ جو بھونا جائے۔ شوربا جو اونٹ کے گوشت سے بنایا جائے۔ راہب کی کوٹھری۔ ج قَلایا۔
المِقْلٰی والمِقْلَاۃ۔ کڑاہی۔ فرائی پان۔ ج مَقَالٍ۔
المَقْلَاۃ۔ وہ مقام جہاں کڑاہی بنائی جائے
المَقْلِیّ۔ جو بھونا جائے۔
قَمَّ (ن) قَمًّا۔ خشک ہونا ـــ شَارِبَہٗ: مونچھ جڑ سے مونڈنا ـــ البَیْتَ: گھر میں جھاڑو دینا۔ صفت قَامٌّ و قَمَّام (ـــ واقْتَمَّ) ما علی المَائِدَۃِ: کھانا واِقْتَمَّ الشَّیْءَ: مزاولت کرنا۔ اعتماد کرنا۔ خطا نہ کرنا۔
قَمْقَمَ۔ خشک کرنا۔ قَمَّ النَّجْمُ: ستارے کا وسط آسمان میں پہنچنا۔
تَقَمَّمَ ما علی المَائِدَۃِ: دسترخوان پر سے سب کچھ کھا لینا ـــ الشَّیْءَ: کسی چیز پر چڑھنا۔ ـــ النَّخْلَۃَ: درخت خرما پر چڑھنا اور سرے تک پہنچنا ـــ الرَّجُلُ قِرْنَہٗ: ہمسر پر غالب آنا۔
القِمَّۃ۔ ہر چیز کی چوٹی۔ لوگوں کی جماعت بدن۔ قد و قامت ج قِمَم۔
القُمَّۃ۔ شیر کا لقمہ۔ کوڑا گھر۔
القُمَیْمۃ۔ خشک سبزی۔ ستو۔
القُمَامَۃ۔ کوڑا کرکٹ۔ لوگوں کی جماعت ج قُمَام۔
المِقَمّ والمُقْتَمّ۔ دسترخوان پر کا سب کچھ کھا لینے والا۔
المِقَمَّۃ۔ جھاڑو۔ ج مَقَامّ (ـــ والمِقَمَّۃ) پھٹے ہوئے کھر والے جانوروں کے ہونٹ۔
قَمَأَ (ن) وقَمُؤَ (ک) قَمَاءَۃً و قُمْأَۃً و قَمَاءَۃً و قَمَاءَۃً۔ ذلیل و خوار ہونا۔ صفت قَمِیٌّ ج قِمَاءٌ و قِمَاءٌ۔
قَمَأَ (ف) قَمَأَ المَکَانَ و بِہٖ: داخل ہونا اور

اقامت کرنا ـــ ہٗ: اکھیڑنا۔
قَمَأَتْ (ن) قَمْأً و قَمُؤَتْ (ک) قُمُوءًا و قُمُوءَۃً و قَمْأً و قَمَاءً و قَمَاءَۃً۔ المَاشِیَۃُ: جانور کا موٹا ہونا ـــ بِالمَکَانِ: سرسبزی کی وجہ سے اقامت کرنا اور موٹا ہونا۔
اَقْمَأَ الرَّجُلَ: ذلیل کرنا ـــ الشَّیْءُ او المَکَانُ فُلَانًا: تعجب میں ڈالنا اَقْمَأَتِ المَاشِیَۃُ: جانور کا موٹا ہونا۔
قَامَأَہٗ مُقَامَأَۃً۔ موافقت کرنا۔ کہا جاتا ہے مَا قَامَأَہُ المَکَانُ: جگہ اسکو موافق نہیں آئی۔
تَقَمَّأَ فُلَانٌ المَکَانَ: موافق ہونا اور اقامت کرنا ـــ الشَّیْءَ: تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔ عمدہ لینا۔
اِقْتَمَأَ الشَّیْءَ: جمع کرنا۔
المَقْمَأُ۔ وہ جگہ جہاں اقامت کریں اور موٹے ہو جائیں۔
القَمْأَۃ۔ ج قِمَاءٌ والمَقْمَأَۃ والمَقْمُؤَۃ وہ جگہ جہاں دھوپ نہ پہونچے۔
القِمْأَۃ والقُمْأَۃ۔ سرسبزی۔ آرام۔
القَمِیُّ۔ ذلیل و خوار۔
القَمَیْئَل۔ بری چال چلنے والا۔
قَمَحَ (ن) قُمُوحًا و قَامَحَ و تَقَمَّحَ و انْقَمَحَ البَعِیْرُ: سیرابی کی وجہ سے پینے سے باز رہنا اور سر اٹھانا صفت قَامِحٌ ج قِمَاحٌ و قُمَّحٌ و تَقَمَّحَ الشَّرَابَ و مِنَ الشَّرَابِ: ناپسند کرنا۔
قَمِحَ (س) قَمْحًا و اقْتَمَحَ و تَقَمَّحَ السَّوِیْقَ ستو پھانکنا ـــ الشَّرَابَ: ہتیلی پر لینا اور چاٹنا۔
قَمَّحَ فُلَانًا: حق سے کم دیکر ہٹانا۔
اَقْمَحَ السُّنْبُلُ: خوشہ میں دانہ بیٹھنا ـــ البُرُّ: تیار گیہوں ہونا ـــ الرَّجُلُ: سر اٹھانا اور آنکھ بند کرنا ـــ بِاَنْفِہٖ: بڑائی جتانا مغرور ہونا ـــ الغُلُّ الاَسِیْرَ: تنگی کی وجہ سے سر کو نکلا ہوا چھوڑ دینا ـــ فُلَانٌ: شراب پینا۔
القَمْحُ۔ گیہوں۔ واحد قَمْحَۃ۔
القُمْحَۃ۔ پھنکی یا پانی سے منہ بھرا ہوا۔

(ـــ والقُمَّحَان والقُمَّحَانُ) زعفران
القَمَحَانَۃ۔ سر کے پچھلے حصہ میں اٹھی ہوئی جگہ اور گدی کے گڑھے کے درمیان کی جگہ۔
القُمَیْحَۃ۔ پھنکی (دوا یا ستو وغیرہ کی)
رَجُلٌ قَمُوحٌ لِلنَّبِیْذِ: بہت پینے والا۔
القَمَحْدُوَۃ۔ سر کے پچھلے حصہ میں اٹھی ہوئی جگہ۔
اَقْمَخَ اِقْمَاخًا بِاَنْفِہٖ: بڑائی جتانا متکبرین کی طرح بیٹھنا۔
قَمَدَ (ض) قَمْدًا و قُمُودًا۔ انکار کرنا۔ باز رہنا۔ نیکی یا بدی میں لگا رہنا۔
قَمِدَ (س) قَمَدًا۔ لمبی اور موٹی گردن والا ہونا۔ صفت اَقْمَدُ مونث قَمْدَاءُ۔
اَقْمَدَ الرَّجُلُ: گردن بلند کرنا۔
القُمُدّ والقُمُدُّ والقُمَّاد۔ مضبوط۔ موٹا۔
القُمُدُّ والقُمُدَّۃ والقُمُدَّانِیَّۃ۔ لمبی گردن والی اور بقول بعض موٹی اور لمبی گردن والی۔
القَمَنْدَر۔ لمبے قد والا۔
قَمَرَ (ض) قَمْرًا۔ جوا کھیلنا ـــ الرَّجُلَ: جوئے میں غالب آنا۔
قَمَرَ (ض) قَمْرًا الرَّجُلَ مَالَہٗ: مال چھین لینا۔
قَمِرَ (س) قَمَرًا الشَّیْءُ: بہت سفید ہونا ـــ الرَّجُلُ: برف کی وجہ سے چندھیانا۔ چاندنی رات میں بے خواب ہونا ـــ الکَلَأُ والمَاءُ وغیرھما: گھاس پانی وغیرہ بہت ہونا ـــ الاِبِلُ: اونٹ کا سیراب ہونا۔
قَامَرَہٗ مُقَامَرَۃً و قِمَارًا۔ باہم جوا کھیلنا۔
اَقْمَرَ اللَّیْلُ: چاندنی کا کھیت کرنا ـــ الہِلَالُ: پورا چاند بننا ـــ القَوْمُ: چاندنی میں ہونا۔ چاند کے نکلنے کا انتظار کرنا ـــ الثَّمَرُ: پھل کے پکنے میں تاخیر ہونا یہاں تک کہ سردی آجائے۔ پکنے سے پہلے سردی کا آجانا اور مٹھاس کا جاتا رہنا ـــ الاِبِلُ: اونٹ کا سیراب ہونا۔ بہت گھاس میں چرنا۔
تَقَمَّرَ۔ چاندنی رات میں شکار کیلئے نکلنا

—— الرَّجُلَ: جوے میں غالب آنا۔ چاندنی رات میں آنا —— الطَّیْرَ والظِّبَاءَ: پرندوں یا ہرنوں کا چاند کی روشنی میں شکار کرنا —— الطَّیْرَ: پرندہ کو شکار کیلئے رات میں آگ سے چندھا کر دینا

تَقَامَرَ القَوْمُ: باہم جوا کھیلنا۔

اِقْمَارَّ اِقْمِیْرَارًا۔ سفید ہونا۔ چاند کے رنگ کا ہونا۔

القَمَرُ۔ چاند۔ تین رات کے بعد آخر ماہ تک قمر کہتے ہیں اور اس سے پہلے ہلال ج اَقْمَار

القَمَرَان: آفتاب و ماہتاب۔ اَقْمَارُ العِلْمِ وشُمُوْسُہٗ: علماء اور کہا گیا ہے "اِسْتَرْعَیْتُہُ الشَّمْسَ وَالقَمَرَ" یعنی میں نے اس کو مہلت دی۔

القُمْرَۃُ۔ سبزی مائل سفید رنگ۔

المَاءُ القَمِرُ۔ بہت پانی۔ لَیْلَۃٌ قَمْرَۃٌ: چاندنی رات۔

الحُرُوْفُ القَمَرِیَّۃُ۔ چودہ حروف ہیں جن کیساتھ تلفظ میں لام پڑھا جاتا ہے جیسے اَلقَمَرُ۔

القُمْرِیُّ۔ فاختہ کی مانند ایک مشہور پرندہ مؤنث قُمْرِیَّۃٌ ج قُمْرٌ و قَمَارِیُّ۔

القِمَارُ۔ مص۔ جوا۔

القَمِیْرُ۔ جواری۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ قَمِیْرُکَ" وہ جوے میں تمہارا ساتھی ہے ج اَقْمَار۔ جیسے نَصِیْرٌ و اَنْصَار۔

الاَقْمَرُ۔ سبزی مائل سفید رنگ والا۔ سفید۔ وَجْہٌ اَقْمَرُ: چاند کے مشابہ چہرہ۔ سَحَابٌ اَقْمَرُ: پانی سے بھرا ہوا بادل۔

القَمْرَاءُ۔ الاقمر کا مؤنث۔ چاندنی۔

لَیْلَۃٌ مُقْمِرَۃٌ و مُقْمِرَۃٌ۔ چاندنی رات۔ عربی امثال میں ہے "اَنْشَطُ مِنْ ظَبْیٍ مُقْمِرٍ" بیان کیا گیا ہے کہ چاندنی میں ہرن کو نشاط حاصل ہوتا ہے اور وہ کھیلتا کودتا ہے اور کبھی دھوکے میں آجاتا ہے اور درندہ شکار کرلیتا ہے۔ اسی وجہ سے دوسری مثال میں کہا گیا ہے "اَغَرُّ مِنْ ظَبْیٍ مُقْمِرٍ"

المَقْمُوْرُ۔ مفعو۔ برائی۔ ناپسندیدہ بات اور اسی سے مثال ہے "وَضَعْتُ یَدِیْ بَیْنَ اِحْدَی مَقْمُوْرَتَیْنِ" دو برائیوں میں سے ایک برائی میں میں نے ہاتھ ڈالا۔

القُمْرُزُ۔ پستہ قد۔ چھوٹے کان والا۔

قَمْرَصَ قَمْرَصَۃً۔ بادام کھانا —— لَبَنٌ قُمَارِصٌ۔ دودھ جس کے پینے میں چرپراہٹ لگے۔ بہت کھٹا دودھ۔

قَمَزَ (ن ض) الشَّیْءَ: جمع کرنا —— الشَّیْءَ: انگلیوں کے کناروں سے پکڑنا۔

اَقْمَزَ الرَّجُلُ: بیکار چیزوں کا ذخیرہ کرنا۔

القَمَزُ۔ بے کار مال۔

القُمْزَۃُ کھجور کی ایک مٹھی۔ نباتات کا شگوفہ جس میں دانہ ہو۔ ج قِمَزٌ۔

قَمَسَہٗ (ن ض) قَمْسًا و اَقْمَسَہٗ فِی المَاءِ: پانی میں غوطہ دینا۔ اَقْمَسَ الکَوْکَبُ: ستارے کا غروب ہونا —— قَمَسَتِ الدَّلْوُ فِی المَاءِ: ڈول کا ڈوب جانا۔ قَمَسَ بِہٖ فِی البِئْرِ: کنوئیں میں پھینکنا —— الوَلَدُ فِی البَطْنِ: بچے کا پیٹ میں حرکت کرنا

قَمَسَ (ن ض) قَمْسًا و قُمُوْسًا و اِنْقَمَسَ فِی المَاءِ: پانی میں غوطہ لگانا۔ اِنْقَمَسَ الکَوْکَبُ: ستارہ کا غروب ہونا اِنْقَمَسَ فِی الرَّکِیَّۃِ: کنوئیں میں کود پڑنا۔

قَمَّسَ: الرَّجُلُ: اونٹوں کو سیراب کرنا۔

قَامَسَہٗ قِمَاسًا و مُقَامَسَۃً۔ غوطہ لگانے میں مقابلہ کرنا۔ مناظرہ کرنا۔ مباحثہ کرنا کہا گیا ہے "ہُوَ یُقَامِسُ حُوْتًا" وہ مچھلی سے غوطہ لگانے میں مقابلہ کرتا ہے یعنی اپنے سے زیادہ علم والے سے مباحثہ کرتا ہے۔

تَقَامَسُوْا۔ فِی المَاءِ: باہم غوطہ زنی کرنا۔

القَمَّاسُ۔ غوطہ خور۔

القَامُوْسُ۔ سمندر۔ سمندر کا گہرا حصہ۔ ج قَوَامِیْس۔

القَامُوْسُ۔ علامہ مجدالدین فیروزآبادی کی علم لغت میں ایک مشہور کتاب زمانہ موجودہ میں ہر لغت کی کتاب کو قاموس کہتے ہیں۔

القِمَاسُ۔ کنوئیں میں پانی کی زیادتی۔

القِمِّیْسُ ج قَمَامِیْس القِمِّیْسُ سمندر

القَمُوْسُ۔ کنواں جس میں پانی زیادہ ہونے کی وجہ سے ڈول ڈوب جائے۔

القُمُسُ۔ مرد شریف ج قَمَامِس و قَمَامِسَۃ۔

القَوْمَسُ۔ امیر۔ سمندر کا گہرا حصہ۔ ج قَوَامِس: القَوَامِسُ: مصیبتیں۔

قَمَشَ (ن ض) قَمْشًا و قَمَّشَ القُمَاشَ: ادھر ادھر سے جمع کرنا۔

تَقَمَّشَ۔ جو کچھ ملے اس کو کھا جانا اگرچہ معمولی ہو

اِقْتَمَشَ۔ القُمَاشَ: ادھر ادھر سے کھانا۔

القُمَاشُ۔ ردی اور گھٹیا چیزیں۔ قُمَاشُ النَّاسِ: رذیل لوگ۔ قُمَاشُ البَیْتِ: گھر کا سامان۔ ج اَقْمِشَۃٌ۔

القَمْشُ۔ مص۔ ردی چیز۔

القَمَّاشُ۔ سامان بیچنے والا۔

قَمَصَ (ن ض) قِمَاصًا و قُمَاصًا و قَمْصًا الفَرَسُ وغیرُہٗ: گھوڑے کا اگلی دونوں ٹانگوں کو اکٹھا ہی اٹھانا اور اکٹھا ہی رکھنا —— العَیْرُ: گدھے کا کودنا اور بھاگنا —— قَمْصًا منہ: نفرت کرنا۔ اعراض کرنا —— النَّاقَۃُ بالرَّدِیْفِ: اونٹنی کا اچھلتے ہوئے لیجانا —— وقَمَّصَ البَحْرُ بِالسَّفِیْنَۃِ: موج سے حرکت دینا۔ وقَمَّصَہٗ: قمیص پہنانا۔ قَمَّصَ الثَّوْبَ: کرتا قطع کرنا۔

تَقَمَّصَ۔ کرتا پہننا اور استعارہ کی بنا پر کہا جاتا ہے "تَقَمَّصَ الوِلَایَۃَ وَالاِمَارَۃَ وتَقَمَّصَ لِبَاسَ العِزِّ"۔ "تَقَمَّصَتِ الرُّوْحُ": ایک جسم سے دوسرے جسم میں منتقل ہونا۔

القَمَصُ۔ انڈے سے نکلے ہوئے ٹڈی کے تازہ بچے۔ مکھیاں یا مچھر جو پانی کے اوپر اڑتے ہیں۔ واحد قَمَصَۃٌ۔

القِمَاصُ۔ مص۔ قلق۔

القَمِیْصُ۔ کرتا۔ (مذکر و مؤنث) ج اَقْمِصَۃٌ و قُمُصٌ و قُمْصَانٌ۔ القَمِیْصُ: نوزائیدہ بچے کے اوپر کی جھلی۔ دل کا غلاف۔ کہا جاتا ہے "ہَتَکَ الخَوْفُ

قَمِیصَ قَلْبَہٗ خوف نے اس کے دل کے غلاف کو پھاڑ دیا۔

اَلْقَمِیصُ وَالْقَمُوصُ - وہ جانور جو اپنے سوار کو لے کر اچھلے - اَلْقَمُوصُ: شیر۔ بے آرام جسکو قرار نہ ہو۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ قَمُوصُ الْحَنْجَرَةِ فلاں بڑا جھوٹا ہے۔

اَلْقِمِصَّی - تیز دوڑ۔

قَمَطَ (ن ض) قَمْطًا وَقَمَّطَ - گہوارہ میں چھوٹے بچے کے ہاتھ پاؤں باندھ دینا — الْإِبِلَ: اونٹوں کو قطار میں کرنا — طَعِمَ الشَّيْءَ: چکھنا — الشَّيْءَ: لینا۔ قَمَطَ الدِّيكُ: مرغ کا جفتی کرنا — الْمَرْأَةَ: عورت سے جماع کرنا۔

اَلْقِمَاطُ: رسّی جس سے ہاتھ پاؤں باندھیں چوڑا کپڑا جس سے گہوارہ میں بچے کو لپیٹ دیں۔ ج قُمُطٌ (— وَالْقِمْطُ) رسّی جس سے بکری کی ٹانگوں کو ذبح کرنے کے لئے باندھیں۔

عَامٌ قَمِيطٌ - پورا سال۔ کہا جاتا ہے اَقَمْتُ عِنْدَهٗ حَوْلًا قَمِيطًا او شَهْرًا قَمِيطًا میں اس کے پاس ایک سال کامل یا ایک مہینہ کامل ٹھہرا۔

اَلْقَمَّاطُ - چور۔ بچوں کو گہوارہ میں باندھنے کے لئے پٹی بنانے والا۔

اَلْقُمَّاطُ - بہت سے چور۔

قَمْطَرَ قَمْطَرَةً الشَّيْءُ: جمع ہونا — الشَّيْءَ: جمع کرنا — الْقِرْبَةَ: مشک کو بندھن کر باندھنا مشک کو بھرنا — الْعَدُوُّ: دشمن کا بھاگنا۔ قَمْطَرَ الْجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

اِقْمَطَرَّ - منتشر ہونا۔ سکڑنا — لِلشَّرِّ: آمادہ ہونا — الْيَوْمُ: دن کا سخت ہونا — عَلَيْهِ الشَّيْءُ: بھیڑ ہونا۔

اَلْقِمَطْرُ وَالْقِمَطْرُ - بستہ - جزدوان مجرمین کے پاؤں پھنسانے کی لکڑی۔ پستہ قد موٹا مرد۔ مذکر و مؤنث اور کبھی اِمْرَأَةٌ قِمَطْرَةٌ کہتے ہیں۔ ج قَمَاطِرُ الْقِمَطْرِ: شکر دانی۔

اَلْقُمَاطِرُ وَالْقَمْطَرِيرُ - سخت دن یا سخت برائی۔

اَلْقِمَطْرِی - پستہ قد موٹا مرد۔ اکھٹی چال۔

قَمَعَ (ف) قَمْعًا - آنکس سے مارنا۔ ارادہ سے ہٹا دینا۔ خوار و ذلیل کرنا۔ قَمَعَ الْقِرْبَةَ: باہر کی طرف مشک کے منھ کو موڑنا قَمَعَ فِي الشَّيْءِ: داخل ہونا الْكُتُبَ: عمدہ عمدہ چھانٹ لینا۔

قَمَعَتِ الْمَرْأَةُ بَنَانَهَا بِالْحِنَّاءِ: عورت کا پوروں کو مہندی سے رنگنا — ہٗ: سر کے بالائی حصہ پر مارنا — الْبَرْدُ النَّبَاتَ: سردی کا نباتات کو جلا دینا — مَا فِي السِّقَاءِ: ڈگڈگا کے پینا — الشَّرَابُ: آسانی سے حلق سے اترنا — سَمْعَهٗ لِفُلَانٍ: خاموش ہونا — الْوَطْبَ: قیف لگانا۔

قَمِعَتْ (س) قَمَعًا عَيْنُهٗ: گوشۂ چشم میں ورم والی ہونا۔ صفت قَمِعَةٌ — الْفَرَسُ: ایک موٹے گھٹنے والا ہونا — عُرْقُوبُ الْفَرَسِ: ایڑی کے سرے کا موٹا ہونا — الظَّبْيَةُ: ہرن کی ناک میں مکھی داخل ہونا اور اس کی وجہ سے اس کا سر ہلانا — فُلَانٌ الدَّوَاءَ: دوا پھانکنا۔

قَمَّعَ الْبُسْرَةَ وَنَحْوَهَا: کھجور وغیرہ کی پینڈی کو دور کرنا۔ قَمَّعَتِ الْبُسْرَةُ وَنَحْوُهَا: کھجور وغیرہ کی پینڈی کا دور ہونا۔

اَقْمَعَ - ذلیل و خوار کرنا۔ رد کرنا۔ دفع کرنا ہٹانا۔ تم کہو گے۔ اَقْمَعْتُهٗ یعنی فلاں میرے پاس آیا میں نے اس کو ہٹا دیا۔

تَقَمَّعَ - متحیر ہونا۔ مدہوش ہونا۔ تنہا بیٹھنا ذلیل ہونا — الذُّبَابَ: مکھی مارنا۔ تم کہو گے۔ تَرَكْتُهٗ يَتَقَمَّعُ میں نے اس کو مکھی مارتا ہوا چھوڑا (— وَاِقْتَمَعَ) الشَّيْءُ: چننا اور کہا گیا ہے اقتمع مافی الْإِنَاءِ: یعنی برتن میں جو کچھ تھا سب پی گیا۔

اِنْقَمَعَ - خوار و ذلیل ہونا۔ پوشیدہ مکان میں داخل ہونا — الرَّجُلُ: تنہا بیٹھنا۔

اَلْقَمْعُ وَالْقِمْعُ وَالْقِمَعُ - قیف۔ ج اَقْمَاعٌ - کھجور وغیرہ کے نیچے کی پینڈی۔ اور تشبیہ کی بنا پر انگشتانہ کو بھی قمع کہتے ہیں۔ ج قُمُوعٌ۔

اَلْقَمَعُ - آنکھ کے گوشوں میں ورم یا سرخی۔ گھوڑے کے گھٹنے میں یا ایڑی میں موٹاپا۔ حلق کا کنارہ سانس کی نالی کا کنارہ۔ نرخرہ کی ابھری ہوئی ہڈی

اَلْقَمَعَةُ وَالْقُمْعَةُ وَالْقَمْعَةُ: مِنَ الْمَالِ: چنا ہوا عمدہ مال۔

اَلْاَقْمَعُ - مؤنث قَمْعَاءُ ج قُمْعٌ وَالْقُمُوعُ: وہ شخص جس کی آنکھ کے گوشے میں ورم یا سرخی ہو الْاَقْمَعُ مِنَ الْخَيْلِ: گھوڑا جس کے ایک گھٹنے میں موٹاپا ہو۔

اَلْقَمَعَةُ - کوہان کی چوٹی۔ آنکھ کا زخم۔ حلق کا کنارہ۔ قَمَعَةُ الذَّنَبِ: دم کا کنارہ۔ قَمَعَةُ الشَّيْءِ: عمدہ چیز۔ ج قَمَعٌ۔ اَلْقَمَعَةُ: مکھی جو سخت گرمی میں اونٹوں اور ہرنوں کو لگ جاتی ہے۔ ج مَقَامِعُ

اَلْقَمِعُ مِنَ الْخَيْلِ: گھوڑا جس کے ایک گھٹنے میں موٹاپا ہو۔ سَنَامٌ قَمِعٌ: بڑا کوہان۔ طَرْفٌ قَمِعٌ: پھنسیوں والی آنکھ۔

اَلْقُمْعَةُ - توشہ دان وغیرہ کا سربند بہترین مال ج قُمَعٌ۔

اَلْقَمِيعَةُ - مِنَ الدَّوَابِّ: دونوں کانوں کے درمیان ابھرا ہوا حصہ۔ دم کا سرا ج قَمَائِعُ۔

اَلْمِقْمَعَةُ - آنکس۔ لکڑی یا لوہا جس سے انسان کو مارا جائے۔ ج مَقَامِعُ۔

اَلْمَقْمُوعُ - مقمع مغلوب۔ تخمہ زدہ — مِنَ الْمَالِ: چنا ہوا مال۔

اَلْقُمْعُوثُ - مرد دیوث و بے غیرت۔

اَلْمُقْمَعِدُ - وہ شخص کہ جس کے ساتھ تم نرمی برتو اور وہ تمہارے ساتھ سختی سے پیش آئے۔

اَلْقُمْعُوطَةُ - گبریلا کی گولی۔

قَمْعَلَ قَمْعَلَةً النَّبْتُ: نباتات کا غلاف نکلنا یا شگوفہ نکلنا — الرَّجُلُ: سردار قوم ہونا۔

اَلْقِمْعَالُ - سردار قوم: چرواہوں کا سردار

اَلْقُمْعُلُ - تنگ منھ کی ہانڈی (— وَالْقُمْعُولُ) بڑا پیالہ ج قَمَاعِلُ وَقَمَاعِيلُ۔

اَلْقُمْعُولَةُ - نباتات کا غلاف یا پھول کی کلی۔ کونپل۔ سر کے اندر گھسا ج قَمَاعِيلُ۔

قَمْقَمَ قَمْقَمَةً مَا عَلَى الْمَائِدَةِ: دسترخوان

کے بچے ہوئے کو جمع کرنا۔

تَقَمْقَمَ۔ بہت پانی میں گھسنا یہاں تک کر ڈوب جانا ـــــ الشَّیَٔ: چڑھنا۔

القُمْقُمُ۔ حلق کی نالی۔ گھڑا۔ پانی گرم کرنے کے لئے تانبے کا برتن۔ عطر فروش کا برتن۔ گلاب پاش۔

القَمْقَامُ والقُمَقَامُ والقُمَاقِمُ والقُمْقُمَانُ: بڑی تعداد سمندر یا سمندر کا گہرا حصہ۔ چھوٹی چچڑیاں ایک قسم کی جوئیں۔ اس کا واحد قُمْقَامَۃ۔ القَمْقَامُ والقُمَقَامُ والقُمَاقِمُ: بڑا فیاض سردار ج قَمَاقِمُ و قَمَاقِمَۃ۔ القَمْقَامُ: امر عظیم۔ بڑا معاملہ۔ رَجُلٌ قَمْقَامٌ: کمینہ جو ردی اور گھٹیا قسم کے کھانے پر راضی ہو جائے۔ القَمَاقِمُ: ماہ ستمبر کے آخری بارہ دن جن سے آنے والے سال کے ہر مہینے کی ہوا کا پتہ لگایا جائے۔

القِمْقِمُ۔ پر۔ خشک کچی کھجور۔

القُمْقُمَۃ۔ لکڑی کا پیالہ۔ لوٹا۔

قَمِلَ (س) قَمَلاً القَوْمُ: زیادہ تعداد ہونا۔ سرسبزی و شادابی والا ہونا ـــــ فُلَانٌ: لاغری کے بعد موٹا ہونا ـــــ رَاسُہٗ: سر میں جوں ہونا یا بہت جوں ہونا۔ صفت قَمِلٌ ـــــ بَطْنُہٗ: توند نکلنا

قَمِلَ واَقْمَلَ المَرْعٰی: چراگاہ کا اگنا اور سیاہ ہونا

تَقَمَّلَ الرَّجُلُ: کچھ موٹائی شروع ہونا۔

القَمْلُ۔ جوں واحد قَمْلَۃ۔ کہا جاتا ہے "دبَّ قَمْلُہٗ" یعنی موٹا ہوا۔ قمل قریش: دانہ صنوبر۔

القَمَّال۔ جوں۔

القُمَّل۔ چچڑی۔ چھوٹی چیونٹی۔ واحد قُمَّلَۃ۔

المِقْمَل۔ فقیری کے بعد توانگر۔

تَقَمَّنَ الاَمْرَ: قصد کرنا ـــــ الشَّیَٔ: پکڑنے کے قریب ہونا۔

القَمَنُ۔ لائق۔ قریب۔ مناسب۔ یہی لفظ واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لئے ہے اور کہا جاتا ہے "ہٰذا المنزل لک مَوْطِنٌ قَمَنٌ" یعنی یہ مکان اس لائق ہے کہ تم اس میں رہو۔ "وجئتُ بالحدیث علٰی قَمَنِہٖ" یعنی میں نے اس کی روش پر بیان کیا۔

القَمِنُ۔ لائق۔ سزاوار۔ حمام کی بھٹی۔ قَمِن اور قَمِیْن کے ساتھ با یا مِن یا لام کا استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے "ہُوَ قَمِنٌ وقَمِیْنٌ بکذا۔ وقَمِنٌ وقَمِیْنٌ مِن کذا ولکذا" ج قَمِنُوْنَ وقَمِیْنُوْنَ۔ مؤنث قَمِیْنَۃٌ ج قَمِیْنَاتٌ وقَمَائِنُ۔ کہا جاتا ہے: اَقْمَنُ بِہٰذا الاَمْرِ یعنی وہ اس کے لئے سزاوار تر ہے۔ "وہٰذا الاَمْرُ مَقْمَنَۃٌ لِذَاکَ" یعنی زیادہ مناسب ہے۔

المُقْمَئِنُّ۔ سکڑا ہوا۔

القَمْنَانَۃ۔ نوزائیدہ چچڑی۔ ابتدا پیدائش میں قَمْنَانَۃ پھر کچھ بڑی ہو تو حَمْنَانَۃ پھر قُراد پھر حَلَمَۃ

قَمِہَ (س) قُمُوْہًا البَعِیْرُ: حوض سے سر اٹھا لینا اور پانی نہ پینا ـــــ الشَّیُٔ: فِی المَاءِ: ڈوبنا اور اچھلنا۔

تَقَمَّہَ فِی الاَرْضِ: آوارہ پھرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ فُلَانٌ یَتَقَمَّہُ" فلاں نکلا اس حال میں کہ نہیں جانتا کہ کہاں جائے۔

القَمَہُ۔ کھانے کی کم خواہش۔

القَامِہ۔ فا۔ ج قُمَّہ۔

اِقْمَہَدَّ۔ مرنا ـــــ الرَّجُلُ او البَعِیْرُ: سر اٹھانا ـــــ بِالمَکَانِ: ہمیشہ اقامت کرنا۔ تیز دوڑنا۔

القُمْہُدُ۔ کمینہ۔ بد اصل۔ بد صورت۔

قَامَاہ مُقَامَاۃً (یائی) موافقت کرنا۔ تم کہو گے "مَا یُقَامِیْنِی ہٰذَا الشَّیُٔ" یعنی یہ چیز مجھے موافق نہیں

قَنَّ (ن) قَنًّا نگاہ ڈال کر ڈھونڈنا۔ خبر کو تلاش کرنا۔ لاٹھی سے مارنا۔ قَنَّ فِی الجَبَلِ: پہاڑ کی چوٹی پر چڑھنا۔

اِقْتَنَّ۔ غلام بنانا۔ خاموش ہونا (ـــــ و اِقْتَانَّ اِقْتِنَانًا) کھڑا ہونا۔

اِسْتَقَنَّ بِالاَمْرِ: مستقل ہونا۔ بکریوں میں رہ کر انھیں کے دودھ پر گذارہ کرنا۔

القُنُّ۔ چھوٹی پہاڑی (ـــــ والقُنَّان) کُرتے کی آستین۔

القِنُّ۔ غلام۔ خود مملوک ہوا ہو یا اس کے ماں باپ۔ اور یہ لفظ مذکر مؤنث مفرد جمع سب کے لئے ہے اور کبھی جمع اَقْنَان و اَقِنَّۃ آتی ہے۔

القَنَانَۃ والقُنُوْنَۃ۔ غلامی۔ بندگی۔

القُنَّۃ۔ چھوٹی پہاڑی۔ پہاڑ کی چوٹی۔ وقُنَّۃُ کُلِّ شَیٍٔ: ہر چیز کا بالائی حصہ۔ ج قُنَنٌ وقِنَانٌ و قُنُوْنٌ وقُنَّات۔

القِنَّۃ۔ رسّی کی لڑیوں میں ایک لڑی۔ ایک دوا کا نام۔ ج قِنَنٌ۔

القَنَنُ۔ طریقہ۔ روش۔

القِنِّیْنَۃ۔ شیشہ کی بوتل۔ ج قَنَانِی و قِنَان۔

القَانُوْنُ۔ قاعدہ۔ اصل۔ ہر چیز کا پیمانہ۔ ایک قسم کا باجہ۔ ج قَوَانِین (دخیل)

قَنَأَ (ف) قُنُوْءًا۔ الشَّیُٔ: گہرا سرخ رنگ والا ہونا ـــــ اللِّحْیَۃُ مِنَ الخِضَابِ: داڑھی کا خضاب سے سیاہ ہونا (قَنْأً) اللَّبَنَ: دودھ میں پانی ملانا۔

(قَنَّأَ (ف) قَنْأً و قَنًّا وتَقْنِئَۃً وتَقْنِیْئًا) لِحْیَتَہٗ: داڑھی کو خضاب سے سیاہ کرنا۔ قَنَّأَ الشَّیَٔ: گہرا سرخ رنگنا۔

(قَنَأَ (ف) قَنْأً و اَقْنَأَ) الرَّجُلَ: قتل کرنا یا کسی دوسرے کو قتل کرنے پر برانگیختہ کرنا۔ اَقْنَأَ الاَدِیْمَ: چمڑے کو خراب کرنا ـــــ الشَّیُٔ فُلَانًا: ممکن ہونا اور قریب ہونا

قَنِیَٔ (س) قُنُوْءًا۔ مرنا ـــــ الادیمُ: چمڑے کا خراب ہونا۔ کہا جاتا ہے اَحْمَرُ قَانِئٌ: بہت گہرا سرخ

المَقْنَأَۃ والمَقْنُوْءَۃ۔ وہ جگہ جہاں دھوپ نہ پڑے۔

القِنْئِل۔ ہاتھی کی گردن۔ پستہ قد عورت۔

قَنَبَ (ن ض) قُنُوْبًا فِی الشَّیِٔ: داخل ہونا ـــــ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونا ـــــ الکَرْمَ: انگور کی تکلیف دہ ٹہنیوں کو کاٹ دینا۔

قَنَّبَ الزَّرْعُ: خوشہ کے پتے ظاہر ہونا ـــــ الزَّہْرُ: کلی سے نکلنا ـــــ الکَرْمَ: انگور کی شاخ تراشی کرنا ـــــ الاَسَدُ بِمِخْلَبِہٖ: شیر کا چنگل کو سمیٹ لینا۔

قَنَّبَتْ واِقْتَنَبَتْ وتَقَنَّبَتِ الخَیْلُ: چالیس کی جماعت کا دستہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَنَّبُوْا وتَقَنَّبُوْا نَحْوَ العَدُوِّ" جب کہ اکٹھے ہوں اور چالیس کے عدد کو پہنچ جائیں۔ وتَقَنَّبَ الرَّجُلُ فِی بَیْتِہٖ: داخل ہونا

اَقْنَبَ۔ سفر میں دور جانا۔ قرض خواہ سے یا طاقتور سے چھپنا۔

قَنْبُ الزَّہر: پھول کا غلاف ج قُنُوب۔
القَانِب۔ فا۔ بلبلانیوالا بھیڑیا۔ تیز رفتار قاصد۔ وَادٍ قَانِبٌ: وادی جس کا سیلاب دور سے جاری ہو۔
القُنْب۔ بڑا بادبان۔ شیر کا چنگل مِنْ کَفِّ الاَسَدِ: شیر کی ہتھیلی کا وہ حصہ جس میں چنگل سمٹا رہے۔
القُنَاب والقِنَاب والقُنَّابَة۔ پتے جن میں خوشہ ہوتا ہے۔ القِنَاب: شیر کا پنجہ۔ کمان کی تانت۔
القِنَّبُ والقُنَّب۔ جوٹ۔ سن جس سے سُتلی بناتے ہیں۔
القَنِيب۔ لوگوں کا گروہ۔ گھنا بادل۔
القَيْنَاب: تیز رفتار قاصد۔ تیز رفتار چٹھی رساں۔
المِقْنَب۔ تیس سے لیکر چالیس تک گھوڑوں کی جماعت جو لوٹ ڈالنے کیلئے جمع ہو ج مَقَانِب۔ (۔۔ والمِقْنَاب) شیر کا چنگل۔
المِقْنَب: شیر کی ہتھیلی۔ کہا جاتا ہے مِخْلَبُ الاَسَدِ فِي مِقْنَبِهٖ شیر کا چنگل اس کی ہتھیلی میں ہے شکاری کا تھیلہ۔
القُنْبُرَة والقُنْبَرَة۔ چنڈول نامی ایک قسم کی چڑیا جسے فارسی میں چکاوک کہتے ہیں۔ ج قَنَابِر۔ القُنْبُرَة: سر پر کچھ زائد پر۔ کلغی۔ دَجَاجَةٌ قُنْبُرَانِيَّةٌ۔ چوٹی والی مرغی۔ کلغی دار مرغی۔
القُنْبُض۔ سانپ۔ پستہ قد۔ مؤنث قُنْبُضَةٌ۔ القُنْبُضَة: بدصورت عورت یا پستہ قد عورت۔
القُنْبِيط۔ گوبھی۔ اور عوام قَرْنَبِيط بھی کہتے ہیں۔
قَنْبَعَ فِي بَيْتِهٖ: چھپنا۔ روپوش ہونا۔ قَنْبَعَت الشَّجَرَةُ: غلاف کے اندر پھول یا پھل والا ہونا ۔۔ الرَّجُلُ: غصہ کی وجہ سے پھولنا۔
القُنْبُع۔ درخت کی کلی کا غلاف۔ خوشہ میں گیہوں کا غلاف۔ پستہ قد خسیس مرد۔

القُنْبُعَة۔ بمعنے القُنْبُع۔ ایک قسم کا بچوں کیلئے کپڑا۔ پستہ قد عورت۔ قُنْبُعَةُ الخِنْزِيرِ: سور کی خرخراہٹ۔
القَنْبَل والقَنْبَلَة۔ لوگوں کی یا گھوڑوں کی جماعت ج قَنَابِل۔
القُنَابِل۔ بڑے سر والا (۔۔ والقُنْبُل) موٹا قوی مرد۔
قَنَتَ (ن) قُنُوتًا۔ اطاعت کرنا۔ نماز میں کھڑا ہونا۔ اللہ تعالیٰ کے سامنے خاکساری کرنا۔ کہا جاتا ہے قَنَتَ اللهَ وقَنَتَ لِلّٰهِ ۔۔ لَہٗ: ذلیل ہونا۔
قَنُتَ (ک) قَنَاتَةً۔ کم خوراک ہونا۔
اَقْنَتَ۔ نماز میں قیام طویل کرنا۔ اللہ تعالیٰ کے سامنے خاکساری کرنا۔ دشمن پر بددعا کرنا۔ ہمیشہ حج کرنا۔ دیر تک جنگ کرنا۔
اِقْتَنَتَ۔ فرماں بردار ہونا۔
القَانِت۔ فا۔ ہمیشہ اطاعت و فرمانبرداری میں رہنے والا۔ نماز پڑھنے والا۔ ج قُنَّت۔
القَنِيت۔ کم خوراک۔ (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے سِقَاءٌ قَنِيتٌ: پانی کو روکنے والی مشک جو ٹپکے نہیں۔
اِمْرَأَةٌ قَنُوتٌ: شوہر کی تابعدار عورت۔
القُنْتُر۔ پستہ قد۔
القُنْثُر۔ پستہ قد۔
رَجُلٌ مُقْنَثِعُ اللِّحْيَةِ: پراگندہ داڑھی والا مرد۔
قَنْثَلَ الرَّجُلُ: چلنے میں غبار اڑانا۔
القَنْجُور۔ چھوٹے سر والا۔ کم عقل۔
القُنْجُل۔ غلام۔
قَنَحَ (ف) قَنْحًا العُودَ: لکڑی کا سرا موڑنا ۔۔ الشَّارِبُ: پینے والے کا سیراب ہو کر سر اٹھانا۔ سیرابی کے بعد پینے کو ناپسند کرنا (۔۔ و اَقْنَحَ) البَابَ: دروازہ کو لکڑی سے اٹھانا
قَنَّحَ البَابَ: دروازے کے لئے لمبی ٹیڑھی کنجی بنانا۔
تَقَنَّحَ۔ سیرابی کے بعد پینے کو ناپسند کرنا۔

القُنَاح۔ دروازے کے پیچھے لگانے کا ڈنڈا
القُنَّاح۔ لمبی ٹیڑھی کنجی۔ لکڑی جس کو دوسری لکڑی کے نیچے ڈال کر حرکت دیں۔
القُنْحُل۔ غلام۔ یا شریر غلام۔
القُنَاخِر۔ ج قَنَاخِر والقِنْخِر۔ بڑے جسم والا اَنْفٌ قُنَاخِرٌ: موٹی ناک۔ القِنْخِر: کشادہ نتھنوں اور سخت آواز منہ والا۔
القُنْخُورَة والقِنْخِيرَة والقِنْخِرَة و القُنْخُور۔ بڑی چٹان۔
القَنْد۔ ج قُنُود والقِنْدِيد ج قَنَادِيد شکر۔ القِنْدِيد: کافور۔ ایک قسم کی خوشبو جو زعفران سے بنائی جاتی ہے۔ خوشبودار شراب۔ کہا جاتا ہے جَاءَ بِالاَمْرِ عَلَى قَنَادِيدِهٖ "وہ معاملہ کو اپنی روش پر لایا" ۔۔ سَوِيقٌ مُقَنَّدٌ ومَقْنُودٌ۔ شکر ملا ہوا ستو۔ كَلَامٌ مُقَنَّدٌ: شیریں گفتگو۔
رَجُلٌ مَقْنُودُ الكَلَامِ: شیریں کلام مرد۔
القُنْدُس والقُنْدُس۔ ایک آبی جانور جس کی دم چوڑی ہوتی ہے اور اس کا رنگ سیاہی مائل سرخ ہوتا ہے اور اس کی کھال کا پوستین بنتی ہے۔
قَنْدَسَ۔ گناہ کے بعد توبہ کرنا ۔۔ فِي الاَرْضِ: سیر و سفر کرنا۔
القُنْدُع۔ مرد دیوث۔
القِنْدَعْل۔ بے وقوف۔
قَنْدَلَ۔ بڑے سر والا ہونا۔ صفت قَنْدَل و قُنَادِل و قِنْدِيل۔
رَاسٌ قُنَادِل۔ بڑا اور مضبوط سر۔
القِنْدِيل۔ چراغ: فانوس۔ ج قَنَادِيل (دخیل)
القُنْدُول۔ ایک خاردار درخت۔ واحد قُنْدُولَة۔
القُنْذُع۔ مرد دیوث۔
القِنْذَعَة۔ سر کے گرداگرد بال ج قَنَاذِع
القَنَاذِع: بلائیں۔ سخت و تلخ بات۔
اَقْنَزَ۔ چھوٹے مٹکے سے پینا۔

القِنزُ والاِقْنِیزُ۔ چھوٹا مٹکا۔
القَانِزُ والقَنَّازُ۔ شکاری۔
القِنزُ۔ قنص میں ایک لغت ہے۔
القُنْزُعَۃ والقُنْزَعَۃ والقِنْزِعَۃ والقُنْزُعَۃ والقُنْزُعُ۔ بالوں کا گچھا جو سر پر چھوڑ دیا جائے۔ سر کے گرداگرد بال۔ پرو کا بقیہ مرغ کی کلغی۔ القُنْزُعَۃ: بہت پستہ قد عورت۔ ج قَنْزُعَات وقَنَازِع۔ القَنَازِعُ: بلائیں سخت وتلخ بات۔ چھوٹے لوگ۔
اَقْنَسَ الرَّجُلُ: کمینہ ہوتے ہوئے شریف کی طرف اپنی نسبت کرنا۔
القِنْسُ والقُنْسُ۔ اصل۔
القِنْسُ ج قِنُوْس والقَوْنَسُ ج قَوَانِس والقَوْنُوْس۔ سر کا بالائی حصہ۔ خود کی چوٹی۔ راستہ کا درمیان۔ گھوڑے کے دونوں کانوں کے درمیان ابھری ہوئی ہڈی۔
القَیْنَس۔ بیل۔ ج قَیَانِس۔
قَنْسَرَتْہُ۔ الشَّدَائِدُ والسِّنُّ: بوڑھا کرنا۔
تَقَنْسَرَ۔ بوڑھا ہونا اور جھری پڑنا۔
القَنْسَرُ والقَنْسَرِیُّ والقِنَّسْرُ۔ بہت بوڑھا عمر رسیدہ۔
القُنَاسِرُ۔ سخت۔
قَنَّشَہُ تَقْنِیْشًا۔ کم کرنا۔ اہل وعیال پر نفقہ میں تنگی کرنا۔ قُنِشَ فِی الشَّیْءِ: کمی کیا جانا۔
القَنْشُوْرَۃُ۔ عورت جس کو حیض نہ آئے۔
قَنَصَ (ض) قَنْصًا الطَّیْرَ: پرندہ کا شکار کرنا۔
تَقَنَّصَ واقْتَنَصَ الطَّیْرَ او الظَّبْیَ: پرندہ یا ہرن کا شکار کرنا۔
القَنْصُ۔ اصل۔
القَنَصُ۔ شکار۔
القَنَّاصُ۔ شکاری۔
القُنَّاصُ۔ شکاری لوگ۔
القَانِصُ والقَنِیْصُ۔ شکاری۔
القَنِیْصُ: شکار۔ مؤنث قَنِیْصَۃ۔

القَانِصَۃُ۔ پرندے کا پوٹا ج قَوَانِص۔ شکار کرنے والے۔
القُنَاصِرُ۔ سخت۔
القِنْصَعْرُ۔ چھوٹی گردن والا۔ چھوٹی پیٹھ والا گٹھے بدن کا۔
القُنْصُلُ۔ پستہ قد۔ ایک حکومت کا معتمد علیہ جو دوسری حکومت میں رہے۔ سفیر۔ ج قَنَاصِل (دخیل)
القُنْصُلِیَّۃُ۔ قُنصُل کے رہنے کی جگہ۔
قَنِطَ (س) قَنَطًا وقَنَطَ (ض ن) قُنُوْطًا وقَنُطَ (ک) قَنَاطَۃً۔ مایوس ہونا۔ صفت قَنِطٌ وقَانِطٌ وقَنُوْطٌ۔
قَنَطَہُ (ض ن) قَنْطًا۔ منع کرنا۔ باز رکھنا۔
قَنَّطَہُ واَقْنَطَہُ۔ مایوس کرنا۔
قَنْطَثَ قَنْطَثَۃً۔ خوف سے دوڑنا۔
قَنْطَرَ قَنْطَرَۃً۔ بہت مال کا مالک ہونا۔ دیہات چھوڑ کر شہر میں اقامت کرنا — عَلَیْنَا: دیر تک ٹھیرنا — الشَّیْءَ: مضبوط باندھنا — المَرْأَۃَ: عورت سے جماع کرنا۔
القُنْطُ۔ ایک قسم کا پرندہ (— والقِنْطِیْرُ) مصیبت۔
القَنْطَرَۃُ۔ محراب پل۔ بلند عمارت ج قَنَاطِر۔
القِنْطَار۔ ایک وزن جس کی مقدار مختلف زمانوں میں مختلف رہی۔ سو رطل۔ مال کثیر۔ ج قَنَاطِیْر۔
القِنْطَارِیُوْن۔ ایک کڑوی گھاس جو مقوی معدہ ہے۔ کہا جاتا ہے قَنَاطِیْرُ مُقَنْطَرَۃٌ: بہت زیادہ۔
قَنَعَتْ وقَنِعَتْ (ف س) قُنُوْعًا الاِبِلُ: اونٹوں کا تھان پر آنا۔
قَنَعَتْ (ف) قَنْعًا واَقْنَعَتْ واسْتَقْنَعَتِ الشَّاۃُ: بلند تھن والی ہونا۔
قَنَّعَہُ۔ راضی کرنا۔ قَنَّعَ المَرْأَۃَ: عورت کو دوپٹہ اوڑھانا — رَأْسَہُ بِالسَّیْفِ او بالعَصَا: سر پر تلوار یا لاٹھی سے مارنا — ہٗ خِزْیَۃً وعَارًا: رسوائی اور عار میں مبتلا کر دینا۔ قَنَّعَ الدِّیکُ: مرغ کا لڑنے کے وقت گردن کے پروں کو کھڑا کرنا اور کہا جاتا ہے قَنَّعَہُ الشَّیْبُ خِمَارَہٗ یعنی اس پر بڑھاپا چھا گیا۔
اَقْنَعَ رَأْسَہُ او صَوْتَہُ: سر یا آواز بلند کرنا۔ — بِیَدَیْہِ فِی الصَّلَاۃِ: ہاتھ پھیلانا اور اللہ تعالیٰ سے رحم طلب کرنا — الاِنَاءَ: برتن سے اونڈیلنا بھر جانے کے لئے پانی کے بہاؤ کی طرف کر دینا۔ کہا جاتا ہے اَقْنَعَ الاِنَاءَ فِی النَّہْرِ: یعنی بھر جانے کیلئے برتن کو نہر میں پانی کے بہاؤ کی طرف کر دیا۔ اَقْنَعَ الاِبِلَ: اونٹوں کو چراگاہ کی طرف لوٹانا۔
تَقَنَّعَ۔ بتکلف قناعت کرنا۔ کپڑے میں لپٹنا — فِی السِّلَاحِ: ہتیار بند ہونا۔ تَقَنَّعَتِ المَرْأَۃُ بِالقِنَاعِ: دوپٹہ اوڑھنا۔
اِقْتَنَعَ بِالشَّیْءِ: راضی ہونا — الاِبِلُ: اونٹوں کا تھان پر واپس آنا — الرَّجُلُ الاِبِلَ او الغَنَمَ لِمَا وَاہَا: اونٹوں کو تھان پر واپس لانا۔
القِنْعُ۔ ج اَقْنَاع والقِنَاع ج قُنُع۔ ہتیار۔
القِنْعُ والقُنْعُ۔ کھجور کی لکڑی کی تھالی جس میں کھانا رکھا جاتا ہے۔ القِنْعُ: پہاڑ کے قرب میں بقیہ پانی ریت کا گول ٹیلہ۔ ج قِنَعَۃ واَقْنَاع۔ القُنْعُ بگل۔
القِنْعَۃُ۔ دو ٹیلوں کے درمیان ہموار جگہ۔ ج قِنَع وجج قِنْعَان۔
القُنْعَۃُ۔ سوال۔ دیوار میں روشندان۔
القَنَعَۃُ۔ مِنَ الجَبَلِ والسَّنَامِ: پہاڑ یا کوہان کی چوٹی۔ انسانی سر کا ابھرا ہوا حصہ۔ باریک ریت۔
القِنَاعُ۔ دوپٹہ۔ کھانا رکھنے کی تھالی ج اَقْنِعَۃ واَقْنِعَۃ۔ دل کا غلاف۔ کَشَفَ القِنَاعَ عَنِ الشَّیْءِ: کنایہ ہے تصریح کرنے سے۔
القِنْعُ۔ جو تقسیم میں مل جائے اس پر راضی ہونے والا۔
القُنُوْعُ ج قُنُعٌ والقَنِیْع ج قُنَعَاءُ: بمعنے قَنِعٌ۔
القَانِعُ فا۔ بمعنے قَنِعٌ۔ عاجزی سے سوال کرنیوالا

ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا۔ قوم کا خادم قوم کا اجرت پر کام کرنے والا۔ ج قانِعُونَ و قُنّع
رَجُلٌ قُنْعَان تھوڑی سی چیز پر راضی ہونے والا مرد۔
شَاهِدٌ قُنْعَانٌ شاہد عادل کہ جس کی گواہی کافی سمجھی جائے (مذکر مؤنث مفرد جمع سب کے لئے)
رَجُلٌ قُنْعَانِیٌّ جس کی رائے پسند ہو الْقِنْعَان بڑا پہاڑی بجرا۔
الْقُنُوع ۔مص۔ لالچ۔ میلان۔ سوال۔ اظہار عاجزی۔ تقسیم شدہ پر رضامندی۔
شَاهِدٌ مَقْنَعٌ ۔ شاہد عادل کہ وہ خود یا اس کی گواہی کافی سمجھی جائے۔ ج مَقَانِع اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَنَا مَقْنَعٌ" فلاں کے لئے رضامندی ہے جس پر ہم قانع ہیں۔
الْمِقْنَع والْمِقْنَعَة ۔ سر پر ڈالنے کی اوڑھنی
الْمُقْنَع ۔مفعو۔ وہ شخص جو اپنے سر کو خلقۃً اوپر اٹھائے ہوئے ہو۔ فَمٌ مُقْنَعٌ: ایسا منہ جس کے دانت اندر کی طرف کو ہوں۔
الْمُقْنِع ۔ فا۔ ذلت کیساتھ سر کو اوپر اٹھانیوالا
الْمُقَنَّع ۔مفعو۔ سر پر خود رکھنے والا۔ کپڑے میں لپٹا ہوا سر چھپانے والا۔
الْقَنْعَب ۔ بڑا خواہش مند۔
الْقِنْعَات والْقِنْعَاث ۔ چہرہ اور بدن پر بہت بال والا۔
الْقَنْعَدَل ۔ بے وقوف۔
الْقِنْعَار ۔ موٹی بڑی پہاڑی بکری۔
الْقِنْعَاس ۔ بڑا اونٹ۔ مرد قوی ج قَنَاعِيس
الْقُنَاعِس ۔ بڑے ڈیل ڈول کا مرد ج قَنَاعِس
قَنْعَسَ قَنْعَسَةً ۔ بہت کوتاہ گردن ہونا۔
الْقَنْعَسَة ۔مص۔ گردن کی کوتاہی۔
قَنِفَ (س) قَنَفًا الْمَكَانُ: جگہ کا پھٹی ہوئی مٹی والا ہونا ـــــ الْفَرَسُ: گھوڑے کا سفید گدی والا ہونا۔
قَنَفَهُ بِالسَّيْفِ: تلوار سے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
أَقْنَفَ ۔ ڈھیلے کان والا ہونا۔ بہت لشکر والا ہونا (ـــــ واِسْتَقْنَفَ) رائے اور تدبیر کا درست ہونا۔ اِسْتَقْنَفَ الْمَجْلِسُ، گول ہونا۔
الْقَنَف ۔مص۔ کان کا چھوٹا اور سر سے ملا ہوا ہونا۔
الْقِنَّف ۔ سیلاب کا کیچڑ جو زمین پر باقی رہ جائے اور پھٹ جائے۔
الْقَنِف ۔ سر پر تھوڑے بال والا۔
الْقِنَاف والْقُنَاف ۔ بڑی ناک لمبی داڑھی لمبے قد والا۔
الْقَنِيف ۔ لوگوں کی جماعتیں۔ بہت پانی والا بادل۔ کم خوراک مرد۔ سر پر کم بال والا مرد۔ رات کا ایک حصہ۔ ج قُنُف۔
الْأَقْنَفُ ۔ چھوٹے کان والا ـــــ مِنَ الْخَيْلِ: سفید گدی والا گھوڑا۔ موٹی ناک والا۔ مؤنث قَنْفَاءُ ج قُنْف۔ الْقَنْفَاءُ: انسان کا کان جس کے لئے دائرہ نہ ہو۔
الْقِنْفَج ۔ موٹی گدھی۔
الْقُنْفُذ ج قَنَافِذ والْقُنْفَذ والْقُنْفُذ: ج قَنَافِذ ۔ سیہی۔ مؤنث قُنْفُذَة۔ الْقُنْفُذ: چوہا درخت جو ریت کے درمیان ہو۔ ریت کا بلند ڈھیر کہا جاتا ہے "هُوَ قُنْفُذُ لَيْلٍ" یعنی وہ چغل خور ہے۔
الْقَنَافِذ: چھوٹے پہاڑ۔
قَنْفَشَ قَنْفَشَةً جلدی جمع کرنا۔
تَقَنْفَشَ ۔ سکڑنا۔
الْقُنَافِش ۔ چھلی ہوئی ناک سخت داڑھی والا
الْمُقَنْفِش ۔ فا ـــــ فِي اللِّبَاسِ: بری ہیئت اور لباس والا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ مُقَنْفِشًا لِحْيَتَهُ" داڑھی کو بری ہیئت میں کئے ہوئے آیا۔
تَقَنْفَعَتِ ۔ الْقُنْفُذَةُ: سیہی کا سمٹنا۔
الْقُنْفُع ۔ پستہ قد۔ کمینہ (ـــــ والْقِنْفِع) چوہیا۔
الْقُنْفُعَة ۔ چوتڑ۔ مادہ سیہی۔
الْقَنْقَن والْقِنْقِن ۔ ایک قسم کا چوہا۔ سمندری سیپی۔ واحد قِنْقِنَة۔ الْقِنْقِن: راہ نما۔ (ـــــ والْقُنَاقِن) زمین کے نیچے پانی معلوم کر لینے والا انجینیر ج قَنَاقِن ـــــ (دخیل)
قَنِمَ (س) قَنَمًا الْجَوْزُ: اخروٹ کا خراب ہونا فاسد ہونا صفت قَانِم ـــــ الْفَرَسُ ونَحْوُهُ: نمی پہونچنے کے بعد غبار وغیرہ لگ کر میلا کچیلا ہونا ـــــ الطَّعَامُ واللَّحْمُ والسِّقَاءُ وغَيْرُهَا: خراب ہونا اور بدبودار ہونا۔ صفت قَنِم و أَقْنَم اور اسی سے ہر جو کہا جاتا ہے "يَدِي قَنِمَةٌ مِنَ الزَّيْتِ"
الْقَنَمَة ۔ تیل وغیرہ کی بدبو۔
الْأُقْنُوم ۔ شخص۔ اصل۔ ج أَقَانِيم (دخیل)
قَنَا يَقْنُو قَنْوًا وقُنْوَانًا وقُنُوًّا واِقْتَنَى الْمَالَ: جمع کرنا۔ اپنے لئے حاصل کرنا۔
قَنَا يَقْنُو قَنْوًا اللّٰهُ الشَّيْءَ: پیدا کرنا ـــــ لَوْنُ الشَّيْءِ: گہرا سرخ رنگ ہونا۔
قَنَا يَقْنِي وقَنِيَ يَقْنَى قَنْوًا وقَنْيًا واقْتَنَى واِقْتَنَى واِسْتَقْنَى الْحَيَاءَ: لازم پکڑنا۔ قَنَى الْقَنَاةَ: نالی کھودنا۔ أَقْنَاهُ اللّٰهُ: غنی کرنا مالدار بنانا أَقْنَتِ السَّمَاءُ: بارش رک جانا ـــــ
قَنِيَ يَقْنَى قَنًا الْأَنْفُ: نتھنوں کا تنگ ہونا اور درمیان سے اونچا ہونا۔ صفت أَقْنَى
تَقَنَّى ۔ نفقہ سے بچے ہوئے کا ذخیرہ کرنا۔
الْقَنَا والْقِنَى والْقُنْو والْقِنْو ۔ کھجور کا گچھا۔ ج أَقْنَاء وقُنْيَان وقِنْيَان وقُنْوَان وقِنْوَان۔
الْقَنَا: نیزہ ج قِنَاء ـــــ مخلوق۔
الْقُنْوَة والْقِنْوَة ۔ کمائی۔ کہا جاتا ہے "لَهُ غَنَمٌ قُنْوَةٌ وقِنْوَةٌ" خالص اسی کی بکریاں ہیں۔
الْقِنَاوَة ۔ بدلہ۔
الْقَنَاة ۔ نیزہ یا نیزہ کی لکڑی۔ ج قَنًا و قُنِيّ۔ و قَنَوَات و قَنَيَات۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ صُلْبُ الْقَنَاةِ" فلاں سخت قد والا ہے ـــــ ڈنڈا۔ جنگلی گائے۔ مادہ نیل گائے۔ درخت خرما لگانے کا تھالا۔ نالی۔ ج قُنِيّ و قِنَاء و قَنَوَات۔
الْقَانِي ۔ فا۔ کہا جاتا ہے "أَحْمَرُ قَانٍ" بہت گہرا سرخ۔
الْقَنَوَان ۔ موٹا۔
الْقِنِيّ والْقِنْيَة ۔ بکری یا اونٹنی جسکو ذخیرہ

بنایا جائے۔

القَنَّاءُ والمُقْنِی۔ نیزہ والا۔ القنّار: نالی کھودنے والا۔

الاَقْنیٰ مِنَ الاُنُوْف: نتھنے تنگ اور درمیان سے بلند ناک۔ اور کہاجاتا ہے ہُوَ اَقْنیٰ الاَنْفِ" وہ تنگ نتھنے اور درمیان سے بلند ناک والا ہے۔ مؤنث قنواء۔

القَنَاءُ والاَقْنَاءَۃُ مِنَ الحَائِطِ: دیوار کی وہ جانب جس پر سایہ رجوع کرے۔

القَنْوُ۔ سیاہی۔

المَقْنَاۃُ والمَقْنُوَۃُ۔ وہ جگہ جہاں دھوپ نہ پڑے۔

قَنیٰ یَقْنِیْ قَنْیًا وقِنْیَانًا وقُنْیَانًا

المَالَ: حاصل کرنا۔ کمائی کرنا ـــ الحَیَاءَ: حیا کو لازم ہونا۔

قَنیٰ اللّٰہُ فُلَانًا۔ خوش کرنا۔ راضی کر دینا۔

قَانیٰ مُقَانَاۃً الشَّیْءُ فُلَانًا: موافق ہونا ـــ الشَّیْءَ: ملانا ـــ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: خلط ملط کرنا ـــ الشَّیْءَ: ہمیشہ رہنا۔

اَقْنیٰ اِقْنَاءً اللّٰہُ: غنی کرنا۔ خوش کرنا۔ راضی کر دینا ـــ الصَّیْدُ فُلَانًا ولِفُلَانٍ: شکار کا زد میں آجانا۔ قریب آجانا۔

القُنْیَۃُ والقِنْیَۃُ۔ کمائی۔ ج قُنیٰ۔ کہاجاتا ہے لَہٗ غَنَمٌ قُنْیَۃٌ وقِنْیَۃٌ خالص اسی کی بکریاں ہیں۔ اَرْضٌ مَقْنَاۃٌ۔ ہر شخص کے موافق آب وہوا والی زمین۔

قَہِبَ (س) **قَہَبًا**۔ بھورے رنگ کا ہونا صفت قَہْبٌ واَقْہَبُ۔

اَقْہَبَ عَنِ الطَّعَامِ: ہاتھ کھینچ لینا اور خواہش نہ کرنا۔

القَہْبُ۔ بڑا اونٹ۔

القُہْبَۃُ۔ بھورا رنگ۔

القُہَابُ والقُہَابِیُّ۔ سفید۔

الاَقْہَبَانِ۔ ہاتھی اور بھینس۔

القَہْبَلُ۔ چہرہ۔ کہاجاتا ہے حَیَّا اللّٰہُ قَہْبَلَکَ" اللہ تعالیٰ تمہارے چہرہ اور تمہاری عزت کو باقی رکھے۔

القَہْبَلَۃُ۔ مادہ گورخر۔ اور ایک قسم کی چال چیچڑی۔

قَہْدَ (ف) **قَہْدًا فِی مَشْیِہٖ**: چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا۔

القَہْدُ۔ سفید۔ تیرہ گون۔ صاف رنگ والا ایک قسم کی بکری۔ نیل گائے کا بچہ۔ بچھیا۔ نرگس کی کلی جب کہ کھلی نہ ہو۔ ج قِہَاد۔

قَہَرَہٗ (ف) **قَہْرًا**۔ غالب ہونا۔

قُہِرَ اللَّحْمُ: گوشت میں آگ کی وجہ سے پانی نکلنا۔

قَاہَرَہٗ۔ غالب آنا۔

اَقْہَرَہٗ۔ مغلوب پانا۔ اَقْہَرَ الرَّجُلُ: ذلت اور قہر کی طرف معاملہ والا ہونا۔ یاران مقہور کا ساتھی ہونا۔

القُہْرَۃُ۔ مجبوری۔ کہاجاتا ہے ہُوَ قُہْرَۃٌ لِلنَّاسِ" وہ ہر ایک کا مقہور ہے۔

القُہْرَۃُ مِنَ النِّسَاءِ: بہت شریر عورت ج قُہَرَات۔

القَاہِرُ۔ فا۔ بلند۔ ج قَوَاہِر۔

القَاہِرَۃُ۔ القاہر کا مؤنث۔ مملکت مصر کا پایۂ تخت۔ ہر چیز کا سابق۔ سینہ۔ سر سینہ مونڈھے اور گردن کے درمیان کا گوشت۔

القَہَّارُ۔ اسم مبالغہ۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔

القَہْرَمَانُ۔ وکیل۔ آمد و خرچ کا منتظم۔ ج قہارمۃ۔

القَہْرَمَۃُ۔ قہرمان کا فریضہ۔

القَہْرَمُ۔ پستہ قد۔ القہقب۔ عمر رسیدہ لمبے قد والا۔ بیگن۔

تَہَقَرَ تَہَقُّرًا وتَقَہْقَرَ۔ پچھلے پاؤں لوٹنا۔ کہاجاتا ہے ہُوَ یَتَقَہْقَرُ فِی مَشْیِہٖ" جبکہ پچھلے پاؤں چلے۔

القَہْقُوْرُ۔ عمارت جس کو پکے پتھروں سے بناتے ہیں اور عوام اسے قَہْقُوْر کہتے ہیں۔

القَہْقَریٰ۔ پچھلے پاؤں لوٹنا۔ کہاجاتا ہے رَجَعَ القَہْقَریٰ" وہ پچھلے پاؤں لوٹا۔

القَہْقَرَۃُ۔ مع بڑی چٹان۔ گیہوں جو سبزی کے بعد سیاہ ہو جائے۔

قَہَزَ (ف) **قَہْزًا**۔ کودنا۔

القِہْزُ۔ ریشم۔

القَہْزَبُ۔ پستہ قد۔

قَہْقَہَ قَہْقَہَۃً۔ زور سے ہنسنا۔ ٹھٹھا مار کر ہنسنا۔

قَہَلَ (ف) **قَہْلًا وقُہُوْلًا وقَہِلَ** (س) **قَہَلًا وتَقَہَّلَ**۔ جلدہ: کھال خشک ہونا۔ قَہِلَ الرَّجُلُ: ناشکری کرنا۔ کفران نعمت کرنا ـــ فُلَانًا: بری تعریف کرنا۔ قَہِلَ (س) قَہَلًا و تَقَہَّلَ الرَّجُلُ: جسم کو آلودہ رکھنا۔ پاک صاف نہ رکھنا۔ تَقَہَّلَ: آہستہ چال چلنا۔ اپنی حاجت کا گلہ کرنا۔ بدحال ہونا۔ تَقَہَّلَ صَوْتُہٗ: آواز کا نرم وضعیف ہونا۔

اَقْہَلَ الرَّجُلُ۔ اپنے آپ کو میلا کچیلا رکھنا لایعنی امور میں مشغول ہونا۔

اِنْقَہَلَ۔ کمزور ہونا اور گر پڑنا۔

القَیْہَلُ والقَیْہَلَۃُ۔ چہرہ۔ پیکر۔ کہاجاتا ہے حَیَّا اللّٰہُ ہٰذِہِ القَیْہَلَۃَ" اللہ تعالیٰ اس چہرہ کو باقی رکھے۔

قَہِمَ (س) **قَہَمًا الرَّجُلُ**: قلیل الاشتہاء ہونا۔ صفت قَہِمٌ۔

اَقْہَمَ عَنِ الطَّعَامِ: کھانے کی خواہش نہ رکھنا ـــ عَنِ الشَّیْءِ: ناپسند کرنا۔ عَنِ الشَّرَابِ وَالمَاءِ: چھوڑنا ـــ الاِبِلُ عَنِ المَاءِ: اونٹوں کا پانی پر نہ جانا ـــ اِلَیْہِ: خواہش کرنا۔ اَقْہَمَتِ السَّمَاءُ: آسمان کا بادل سے صاف ہونا۔

القَہْمَدُ۔ بد اصل۔ کمینہ۔ بدصورت۔

قَہْمَزَ قَہْمَزَۃً۔ کودنا۔

القَہْمَزیٰ۔ گھوڑی کا پویہ دوڑنا۔ جلد بازی نشاط۔

القَہْمَزُ۔ پستہ قد۔

الْقَهْمَزَةُ - مؤ —— مِنَ النِّسَاءِ: بہت پستہ قد عورت۔

أَقْهَى - قہوہ پینے کی مداومت کرنا۔

الْقَهْوَةُ - خالص دودھ - پوری شکم سیری - شراب - بیان کیا جاتا ہے کہ شراب کو قہوہ اس وجہ سے کہتے ہیں کہ اس کے پینے والے کی اشتہا کم ہو جاتی ہے - بُو - کہا جاتا ہے "إِنَّ فُلَانًا طَيِّبُ قَهْوَةِ الْفَمِ" یعنی فلاں کے منھ کی بُو اچھی ہے - اور مولدین درخت بن کو بھی کہتے ہیں اور اس درخت سے پینے کی جو چیز بنائی جاتی ہے اس کو بھی قہوہ کہتے ہیں - نیز جس جگہ کثرت سے پی جائے اس کو بھی مجازاً قہوہ کہتے ہیں۔

الْقَهْوَانُ - عمر رسیدہ موٹے سینگوں والا بکرا۔

قَهْوَسَ وَتَقَهْوَسَ - دوڑنا قَهْوَسَ الرَّجُلُ: خوف سے دوڑنا - وتَقَهْوَسَ: جھک کر مضطربانہ چلنا - کبڑا ہونا۔

قَهِيَ (س) قَهًى وَأَقْهَى إِقْهَاءً عَنِ الطَّعَامِ: اشتہا کم ہونا - قَهِيَ عَنِ الشَّرَابِ: چھوڑنا۔

إِقْتَهَى عَنِ الطَّعَامِ: بغیر مرض کے کھانے کی خواہش نہ ہونا۔

الْقَاهِي - تیز خاطر - عَيْشٌ قَاهٍ: خوش عیشی۔

قَابَ يَقُوبُ قَوْبًا الْأَرْضَ: زمین کو گولائی میں کھودنا —— الطَّائِرُ: پرندہ کا اپنے انڈے کو توڑنا —— الرَّجُلُ: قریب ہونا - بھاگنا۔

قَوَّبَ الْأَرْضَ: زمین کو گولائی میں کھودنا - روند کر نشان چھوڑنا —— الشَّيْءَ: اکھیڑنا۔

تَقَوَّبَ - جڑ سے اکھڑنا - کہا جاتا ہے "تَقَوَّبَ مِنْ رَأْسِهِ مَوَاضِعُ" یعنی اس کے سر میں چند جگہ چھل گئیں (—— وَانْقَابَ) الْمَكَانُ: درخت اور گھاس سے صاف کیا جانا - تَقَوَّبَتْ وَانْقَابَتِ الْبَيْضَةُ: انڈے کا پھٹنا - وَانْقَابَتِ الْأَرْضُ: زمین کا کھدنا۔

اِقْتَابَ الشَّيْءَ: پسند کرنا - اختیار کرنا۔

الْقَابُ - مقدار - کمان کے قبضہ اور گوشہ کمان کے درمیان کا فاصلہ - کہا جاتا ہے "هُوَ عَلَى قَابَ قَوْسَيْنِ" کنایہ ہے بہت قریب ہونے سے

الْقُوبُ - چوزہ - ج أَقْوَابٌ - أُمُّ قُوبٍ: مصیبت۔

الْقِيبُ - مقدار - کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا قِيبُ قَوْسٍ"۔

الْقَابَةُ وَالْقَائِبَةُ - چوزہ - انڈا - اور مثال میں ہے "تَخَلَّصَتْ قَائِبَةٌ أَوْ قَابَةٌ مِنْ قُوبٍ" یعنی انڈا چوزے سے جدا ہو گیا - اس موقع پر کہا جاتا ہے جبکہ کوئی اپنے ساتھی سے جدا ہو جائے۔

الْقُوبُ - انڈے کے چھلکے۔

الْقُوبَاءُ وَالْقُوَبَاءُ - ج قُوَبٌ وَالْقُوبَةُ وَالْقُوَبَةُ: داد کی بیماری - عوام اسے حزاز کہتے ہیں - الْقُوَبَةُ: گھر پر مقیم - خانہ نشین۔

الْقُوبِيُّ - چوزے کھانے کا حریص۔

الْمُتَقَوِّبُ - چھلا ہوا - داد کھجلی کی وجہ سے کھال چھلا ہوا شخص —— مِنَ الْحَيَّاتِ: کینچلی اترا ہوا سانپ۔

قَاتَ يَقُوتُ قَوْتًا وَقِيَاتَةً الرَّجُلَ: روزی دینا - گذارہ دینا - خوراک دینا۔

أَقَاتَ إِقَاتَةً فُلَانًا وَعَلَى فُلَانٍ: گذارہ دینا حفاظت کرنا - قابو پانا - قدرت رکھنا۔

إِقْتَاتَ إِقْتِيَاتًا وَتَقَوَّتَ بِالشَّيْءِ: کھانا - إِقْتَاتَ الشَّيْءَ: خوراک بنانا - کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَقْتَاتُ الْكَلَامَ" فلاں کم گفتگو کرتا ہے

إِسْتَقَاتَ إِسْتِقَاتَةً - فُلَانًا: گذارہ طلب کرنا۔

الْقَاتُ - ایک درخت کا نام۔

الْقُوتُ - خوراک - گذارہ کے لائق کھانا - ج أَقْوَاتٌ۔

الْقَائِتُ وَالْقِيتُ وَالْقِيتَةُ وَالْقُوَاتُ خوراک گذارہ کے لائق - الْقَائِتُ مِنَ الْعَيْشِ: کفایت - کہا جاتا ہے "هُوَ فِي قَائِتٍ مِنَ الْعَيْشِ" الْقَائِتُ: شیر۔

الْمُقِيتُ - فا - قدرت رکھنے والا - نگہبان - گواہ۔

قَاحَ يَقُوحُ قَوْحًا وَتَقَوَّحَ تَقَوُّحًا - الْجُرْحُ: زخم سوجنا - پیپ والا ہونا - قَاحَ وَقَوَّحَ الْبَيْتَ: جھاڑو دینا۔

أَقَاحَ إِقَاحَةً الرَّجُلُ: سوال کے بعد منع کرنے کا ارادہ کرنا۔

الْقَاحَةُ - صحن - کہا جاتا ہے "دَخَلْتُ قَاحَةَ الدَّارِ" گھر کے صحن میں داخل ہوا - ج قُوَحٌ۔

قَاخَ يَقُوخُ قَوْخًا جَوْفُهُ: بیماری کی وجہ سے خراب ہونا۔

لَيْلَةٌ قَاخٌ - کالی رات۔

قَادَ يَقُودُ قَوْدًا وَقِيَادَةً وَقِيَادًا وَمَقَادَةً وَقَيْدُودَةً وَقَوَّدَ تَقْوِيدًا وَتَقْوَادًا الدَّابَّةَ: چوپائے کو آگے سے کھینچنا۔

قَادَ يَقُودُ قِيَادَةَ الْجَيْشَ: سالار جیش ہونا —— الْقَاتِلَ إِلَى مَوْضِعِ الْقَتْلِ: قاتل کو قصاص کے لئے لیجانا۔

قِيدَ الدَّقِيقُ: آٹے کا پیڑا بننا اور پکایا جانا۔

قَوِدَ يَقْوَدُ قَوَدًا - الْفَرَسُ وَغَيْرُهُ: لمبی پیٹھ اور گردن والا ہونا - صفت أَقْوَدُ مونث قَوْدَاءُ ج قُودٌ۔

أَقَادَ - آگے بڑھنا —— الْغَيْثُ: بارش کا پھیلنا —— هُ خَيْلًا: آگے سے کھینچنے کیلئے دینا —— الْقَاتِلَ بِالْقَتِيلِ: مقتول کے بدلے میں قاتل کو قتل کرنا۔

قَاوَدَهُ مُقَاوَدَةً - ساتھ ساتھ چلنا۔

إِنْقَادَ إِنْقِيَادًا - لِفُلَانٍ: تابعدار ہونا - فروتنی کرنا —— الطَّرِيقُ إِلَى كَذَا: واضح ہونا - نمایاں ہونا (—— وَاقْتَادَ إِقْتِيَادًا) کھینچنا - إِقْتَادَ الدَّابَّةَ: کھینچنا - کہا جاتا ہے "إِقْتَادَ الدَّابَّةَ فَاقْتَادَتْ" اس نے جانور کو کھینچا پس وہ کھنچ گیا (لازم ومتعدی)

تَقَاوَدَ الْمَكَانُ: جگہ کا ہموار ہونا —— الرَّجُلَانِ: دو مردوں کا ایک ساتھ بھاگنا گویا کہ دونوں ایک دوسرے کو کھینچ رہے ہیں۔

إِسْتَقَادَ - ذلیل ہونا - فروتنی کرنا ——

لہٗ: فرماں بردار ہونا۔ تابعدار ہونا ـــــ الامیرَ: مقتول کا قصاص لینے کی درخواست کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِستَقَادَ الاَمِیرَ مِنَ القَاتِلِ فَاَقَادَہٗ مِنہُ" اُس نے امیر سے قصاص لینے کی استدعا کی اور امیر نے قصاص لیا۔

القَادُ والقِیدُ۔ اندازہ و مسافت۔ کہا جاتا ہے "بَینَہُمَا قَادُ قَوسٍ اَو قِیدُ قَوسٍ" ان دونوں کے درمیان ایک کمان کی مقدار فاصلہ ہے۔

القَوْدُ۔ مم۔ کوتل گھوڑا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ بِنَا قَودٌ"

القَوَدُ۔ قود کا مصدر۔ قصاص۔ مقتول کے بدلے میں قاتل کو قتل کرنا۔

القِیَادُ۔ مم۔ جانور کو کھینچنے کی رسی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ سَلِسُ القِیَادِ" فلاں تمہاری خواہشات کا فرماں بردار ہے" "اَعطٰی فُلَانٌ القِیَادَ" فلاں خوشی سے فرماں بردار ہوگیا۔ اور بعضوں نے کہا کہ مجبوراً۔

فَرَسٌ قَیِّدٌ وَقَیِّدٌ وَقَؤُودٌ وَقَوُودٌ۔ سدھا ہوا تابعدار گھوڑا۔

القَوَّادُ۔ اسم مبالغہ۔

الاَقوَدُ۔ سدھا ہوا تابعدار گھوڑا۔ مضبوط گردن والا۔ بخیل۔ کسی چیز کی طرف متوجہ ہونیوالا اور باز تر رہنے والا (ـــ والمُقوَدُ) لمبا پہاڑ۔

القَائِدُ۔ فا ج قُوَّادٌ وقُوَّدٌ وقَادَۃٌ جج قَادَاتٌ مستطیل زمین یا پہاڑ۔ پہاڑ کی چوٹی۔

القَائِدَۃُ۔ قائد کا مؤنث۔ زمین پر پھیلا ہوا ٹیلہ۔ کہا جاتا ہے "اَعطَاہُ مَقَادَتَہٗ" یعنی وہ اس کا فرماں بردار ہوگیا۔

المِقوَدُ۔ جانور کو کھینچنے کی رسی۔ ج مَقَاوِدُ

المَقُودُ۔ مفع اور مَقوُودٌ بھی اصل کے لحاظ سے کہا جاتا ہے۔

طَرِیقٌ مُنقَادٌ۔ سیدھا راستہ۔

قَارَ یَقُورُ قَورًا۔ پنجوں کے بل چلنا ـــــ الصَّیدَ: فریب دے کر شکار کرنا ـــــ فُلَانًا: آنکھ پھوڑ نا (ـــ وقَوَّرَ تَقوِیرًا واِقتَارَ اِقتِیَارًا واِقتَوَرَ اِقتِوَارًا) الشَّیٔ: گول کاٹنا۔ اِقتَارَ الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔ اِقتَارَ حَدِیثَہُم: کھود کرید کرنا۔

قَوِرَ یَقوَرُ قَوَرًا۔ الرَّجُلُ: کانا ہونا۔

تَقَوَّرَ السَّحَابُ: بادلوں کا علیحدہ علیحدہ گول ٹکڑے ہونا ـــــ اللَّیلُ: اکثر رات گذر جانا ـــــ الحَیَّۃُ: سانپ کا کنڈلی مارنا۔

اِنقَارَ اِنقِیَارًا۔ واقع ہونا ـــــ اِنقَارَتِ البِئرُ: کنوئیں کا منہدم ہونا ویران ہونا۔ اِنقَارَ بِہٖ: مائل ہونا۔

اِقوَرَّ اِقوِرَارًا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا دبلا ہونا ـــــ الجِلدُ: دبلے پن کی وجہ سے جھری پڑنا اِقوَرَّتِ الاَرضُ: روئیدگی کا جاتا رہنا ـــــ فُلَانٌ: موٹا ہونا۔

القَارُ۔ تارکول۔ سیاہ رنگ کا ایک روغن جسکو کشتی وغیرہ پر ملتے ہیں۔ ایک کڑوا درخت واحد قَارَۃٌ۔ اونٹوں کا بڑا گلہ۔

القُورُ۔ مص۔ نئی روئی۔ روئی کی رسّی۔

القَارَۃُ۔ پہاڑوں سے علیحدہ چھوٹا پہاڑ۔ مادہ ریچھ ج قَارٌ وقَارَاتٌ وقُورٌ وقِیرَانٌ۔

الاَقوَرُ۔ کشادہ۔ مؤنث قَورَاءُ۔

الاَقوَرِیَّاتُ والاَقوَرُونَ۔ بڑی بڑی مصیبتیں۔

المُقتَوِرُ۔ مفع۔ قار ملا ہوا۔ دبلا گھوڑا۔

قَوَّزَ تَقوِیزًا النَّبتُ: نباتات کا بکثرت ہونا۔

تَقَوَّزَ البَیتُ: گھر کا منہدم ہونا ـــــ الوَعِلُ: پہاڑی بکرے کا دوڑنا۔

اِقتَازَہٗ النَّمِرُ: چیتے کا پھاڑ کھانا۔

قَاسَ یَقُوسُ قَوسًا القَومَ: سابق ہونا۔ آگے بڑھنا ـــــ الشَّیٔ عَلٰی غَیرِہٖ وبِہٖ: نمونہ پر اندازہ کرنا۔

قَوِسَ (س) قَوَسًا وتَقَوَّسَ واِستَقوَسَ الرَّجُلُ: خمیدہ پشت ہونا۔ وقَوَّسَتِ السَّحَابَۃُ: بارش ہونا۔

قَاوَسَنِی فَقُستُہٗ اَقُوسُہٗ۔ اس نے کمان کے عمدہ ہونے میں مجھ سے مقابلہ کیا میں غالب رہا۔

تَقَوَّسَ۔ مڑا ہوا ہونا۔ کمان کی مانند ہونا ـــــ قَوسَہٗ: کمان اٹھانا ـــــ ہٗ الشَّیبُ: بڑھاپے کا بالوں کا کھچڑی کرنا۔

اِقتَاسَ الشَّیٔ: اندازہ کرنا ـــــ بِفُلَانٍ: اقتدا کرنا۔

القَوسُ۔ مم کمان۔ مؤنث ہے اور کبھی مذکر بھی استعمال کرتے ہیں اور اس کی تصغیر قُوَیسَۃٌ وقُوَیسٌ اور ج قِسِیٌّ وقُسِیٌّ واَقوَاسٌ وقِیَاسٌ واَقوُسٌ واَقیَاسٌ اور نسبت کیلئے قَسَوِیٌّ۔ اور قوس کی اضافت مخصص کی طرف ہوا کرتی ہے۔ جیسے قَوسُ نَدفٍ وقَوسُ نَبلٍ وغیرہ۔ القَوسُ: ہر منحنی چیز جو کمان کی طرح ہو۔ قَوسُ قُزَحَ: دھنک۔ ذراع۔ قَوسُ الرَّجُلِ: جھکی ہوئی پیٹھ۔

القُوسُ۔ راہب کا صومعہ۔ شکاری کا جھونپڑا

الاَقوَسُ۔ خمیدہ پشت۔ بلند ریت کا ڈھیر لَیلٌ اَقوَسُ: بہت تاریک رات۔ بَلَدٌ اَقوَسُ: دور کا شہر (ـــ والقِوَسُ والقَوسِیُّ) مِنَ الاَیَّامِ: سخت اور لمبا دن۔

القَوَّاسُ۔ کمان والا۔ کمان گر۔ کمان چلانے والا۔ والقَوَّاسُ: پادری یا سفیر کا خادم جن کی خاص وردی ہوتی ہے۔

القَیَّاسُ۔ کمان کا درست کرنے والا (ـــ والمَقَاوِسُ) گھوڑوں کو چلانے والا۔

القُوَیسُ والقُوَیسَۃُ۔ قوس کی تصغیر۔ ایک قسم کی نباتات۔

المِقوَسُ۔ کمان رکھنے کا تھیلہ۔ میدان۔ رسی کہ جس سے گھوڑ دوڑ میں گھوڑوں کی صف بندی کی جاتی ہے۔ وہ مقام جہاں سے گھوڑ دوڑ میں گھوڑے دوڑنا شروع کرتے ہیں۔ ج مَقَاوِسُ

تَقَوَّضَ۔ بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

القَوصَرَۃُ۔ کھجور وغیرہ رکھنے کا بانس کا بنا ہوا ٹوکرا۔

قَاضَ یَقُوضُ قَوضًا وقَوَّضَ البِنَاءَ: عمارت ڈھانا۔ قَوَّضَ الصُّفُوفَ والمَجَالِسَ:

تتر بتر کرنا۔ منتشر کرنا۔ بولتے ہیں "بنی فلانٌ ثمّ قوّض" جبکہ کوئی بھلائی کے بعد برائی کرے۔

تَقَوَّضَ۔ آنا جانا۔۔۔ الحلقُ او الصُّفوفُ: حلقہ یا صف کا پراگندہ ہونا (۔۔۔ وانقاض) البناءُ: عمارت کا گرجانا۔ منہدم ہونا۔

القُوط۔ بکریوں کا ریوڑ۔ ج اَقواط۔

القُوطۃ۔ بڑا ٹوکرا۔

القَوّاط۔ بکریوں کے ریوڑ کو چرانے والا۔

القُوظ۔ گرمی۔

قاعَ یَقُوعُ قَوْعًا۔ پیچھے رہنا۔ پچھلے پاؤں لوٹنا (۔۔۔ وتَقَوَّعَ) کانٹے دار جگہ میں چلنے والے کی طرح بچا بچا کر چلنا۔

القاع۔ پست ہموار پہاڑ اور ٹیلوں سے دور والی زمین۔ ج اَقواع و اَقوُع و قِیعٌ و قِیعان و قِیعَۃ۔

القَوع۔ مص۔ گیہوں کھجور وغیرہ کے خشک کرنے کی جگہ۔ ج اَقواع۔

القاعَۃ۔ مکان کا صحن ج قاعات۔

القَوّاع۔ بلبلانے والا بھیڑیا۔

القُواع۔ خرگوش۔ مؤنث قُواعَۃ۔

قافَ یَقُوفُ قَوفًا و اِقْتافَ اَثَرَ فلانٍ: پیروی کرنا۔ پیچھے جانا۔

تَقَوَّفَ اَثَرَ فلانٍ: کھوج لگانا۔ تلاش کرنا ۔۔۔ ہ فی المجلسِ: بات کرنی سکھلانا۔ کلام کی اصلاح کرنا۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ یَتَقَوَّفُ علیٰ مالی" وہ میرے مال کو مجھ سے روکتا ہے۔

القائف۔ فا۔ قیافہ شناس۔ وہ شخص جو کسی کے اعضاء کو دیکھ کر یہ کہدے کہ یہ فلاں نسب ہے۔ ج قافۃ (۔۔۔ والقَوّاف والقَوّاف) کھوج لگانے والا۔

الاَقْوَف۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ اَقْوَفُ النّاسِ لِلْاَثَرِ" وہ لوگوں میں نشانات کا زیادہ کھوج لگانے والا ہے۔

القُوف۔ کان کا بالائی حصہ۔

القُوفِی۔ ہر خوشبو دار دھونی۔

القافُ والقُوفُ والقُوفَۃُ مِنَ الرَّقَبَۃِ: نقرہ گردن کے بال۔ اور کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِقُوفِ رَقَبَتِہٖ" میں نے اس کی پوری گردن پکڑ لی

قاقَتْ تَقُوقُ قَوقًا۔ الدّجاجۃُ: مرغی کا کڑ کڑانا۔

القاق۔ بے وقوف (۔۔۔ والقُوق والقِیق) من الرِّجالِ۔ بہت زیادہ لمبا۔ القاق والقُوق: ایک آبی پرندہ۔

القائق۔ لمبی کشتی۔

القاوُوق۔ ایک قسم کی لمبی ٹوپی جو ممالک عجم میں مستعمل ہے۔ ج قَوَاوِیق (دخیل)

قَوقاتْ قَوقاۃً الدّجاجۃُ: مرغی کا کڑ کڑانا۔

القُوقۃ۔ ایک قسم کا پرندہ جو اجاڑ جگہوں میں رہتا ہے۔

قَوقَلَ قَوقَلَۃً الرَّجلُ فی الجبلِ: پہاڑ پر چڑھنا

قَوقیٰ قَوقاۃً و قیقاءً: چیخنا۔ چلانا۔

قالَ یَقُولُ قَولًا و قالًا و قِیلًا و قَولَۃً و مَقالًا و مَقالَۃً۔ کہنا۔ بولنا ۔۔۔ بکذا: حکم کرنا اعتقاد رکھنا ۔۔۔ بیدہٖ: ہاتھ جھکا کر پکڑنا ۔۔۔ برأسہٖ: اشارہ کرنا ۔۔۔ برجلہٖ: چلنا ۔۔۔ عنہ: روایت کرنا ۔۔۔ علیہ: افترا کرنا۔ تہمت لگانا۔ ۔۔۔ الحائطُ: دیوار کا گرنا ۔۔۔ لہٗ: خطاب کرنا ۔۔۔ فیہ وعنہ: اجتہاد کرنا ۔۔۔ بثوبہٖ: کپڑے کو بلند کرنا ۔۔۔ بہٖ: محبت کرنا اور اپنے لئے خاص کرنا ۔۔۔ القومُ بفلانٍ: قتل کرنا اور مات و غلب و مال و اقبل و استراح کے معانی میں بھی مستعمل ہے۔ اور افعال کی طیاری کو بھی قول سے تعبیر کرتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "قالَ فاکلَ قالَ فضربَ" وغیرہ۔ اور ظن کے معنی میں بھی آتا ہے اور اسی کا عمل کرتا ہے بشرطیکہ مخاطب کا صیغہ اور فعل مستقبل ہو اور اس سے پہلے استفہام ہو اور استفہام اور فعل کے درمیان ظرف کے علاوہ کسی اور چیز کا فاصلہ نہ ہو۔ جیسے "اَتَقُولُ زیدًا منطلقًا" بمعنے "اتظنُّ منطلقًا"۔ اور بعض کے نزدیک ظن کے معنی میں بلا کسی شرط کے مستعمل ہے چاہے استفہام ہو یا نہ ہو صیغہ مخاطب کا اور فعل مستقبل کا ہو یا نہ ہو جیسے "قلتُ زیدًا منطلقًا" بمعنے ظننتُ۔

قَوَّلَ و اَقالَ اِقالَۃً و اَقْوَلَ اِقْوالًا۔ فلانًا مالم یَقُلْ: غلط قول کی نسبت کرنا۔ نہ کہی ہوئی بات کو منسوب کرنا۔ و قوّلہ: بات کہنے کی تعلیم دینا یا حکم دینا۔

قاوَلَہٗ مُقاوَلَۃً فی الامرِ: مباحثہ کرنا۔

تَقَوَّلَ علیہِ القولَ: جھوٹ گھڑنا۔

تَقاوَلُوا فی الامرِ: گفت و شنید کرنا۔

اِقْتالَ الشّیءَ: پسند کرنا ۔۔۔ علیہم: حکم لگانا۔ ۔۔۔ بالثوبِ ثوبًا: کپڑے کو کپڑے سے بدل لینا۔

القالُ والقِیلُ۔ مص۔ گفت گو۔ القالُ: ابتدا یا سوال۔ کہنے والا۔ جیسے "رَجُلٌ قالٌ" بمعنے قائل۔ القیلُ: جواب۔

القَیْل۔ رئیس۔ حمیر کے بادشاہ کا لقب۔ ج اَقوال و اَقیال و قُیُول۔

القَول۔ کلام یا ہر ایک لفظ۔ ج اَقوال۔ جج اَقاوِیل۔

القائل۔ فا۔ ج قُوَّل و قُیَّل و قالَۃ و قُوُول۔

القالَۃ والقَولَۃ والمَقال والمَقالَۃ: گفتگو۔ المقالۃ: کتاب کا ایک ٹکڑا۔ والقالۃ: لوگوں کے اندر بری یا بھلی پھیلی ہوئی بات۔ دوپہر کا قیلولہ۔

القُوَلَۃ والقَوّال والقَوّالَۃ والقَوُول والقُؤُول ج قُوُل و قُوَل والتِّقْوَلَۃ و التِّقْوالَۃ: خوش بیان۔ بہت بولنے والا۔

القَوّال: گویّا۔ ج قَوّالُون۔

المِقْوَل والمِقْوال۔ اچھی گفتگو کرنے والا تیز زبان۔ المِقْوَل: زبان ج مَقاوِل و مَقاوِلَۃ

اِمْرَأۃٌ مِقْوَل و مِقْوال: اچھی گفتگو کرنے والی تیز زبان عورت۔

المَقُول والمَقْوُول۔ مفع۔

کَلِمَۃٌ مُقَوَّلَۃٌ۔ بار بار کہا ہوا کلمہ۔

قُولُون۔ ایک آنت کا نام۔

قامَ یَقُومُ قَوْمًا و قَوْمَۃً و قِیامًا و قامَۃً:

کھڑا ہونا۔ ٹھہرنا۔ چلنے والے سے تم کہتے ہو "قُمْ لِیْ" یعنی میری وجہ سے ٹھہرو۔

کَدَرَ (ن) وکَدُرَ (ک) وکَدِرَ (س) کَدَراً وکَدَارَۃً وکُدُوراً وکُدُورَۃً وکُدرَۃً۔ تیرہ گوں ہونا۔ مٹیالا ہونا۔ گدلا ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَدِرَ عَلیٰ فُلَانٍ" غضبناک ہوا۔ کَدِرَ العَیشُ: زندگی تلخ ہوئی۔
کَدَّرَ الشَّیْءَ: تیرہ گوں کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَدَّرَ عَیشَ فُلَانٍ" فلاں کی زندگی تلخ کر دی۔
تَکَدَّرَ واکدَرَّ الشَّیْءُ: تیرہ گوں ہونا۔
اِنکَدَرَ فِی السَّیرِ: تیز دوڑنا ــــ عَلَیہِ القَومُ: قوم کا کسی پر ٹوٹ پڑنا۔ اِنکَدَرَتِ النُّجُومُ: بکھر جانا۔
الکُدرَۃ مص ــــ مِنَ الاَلوَانِ: مٹیالا۔
الکَدَرَۃ مِنَ الحَوضِ: کیچڑ یا کائی۔ کٹی ہوئی کھیتی کا ایک مٹھا ج کُدَر (ــــ والکُدرِیّ والکُدَارِیّ) مٹیالا بادل۔
الکَدَر والکَدِر والکَدِیر مِنَ العَیشِ او الاَلوَانِ وغَیرِ ذٰلِکَ: غیر صاف۔ تکلیف دہ۔
الکُدُرّ۔ موٹا قوی گٹھے بدن کا جوان۔ حِمارٌ کُدُرٌّ: موٹا گدھا۔ مؤنث کُدُرَّۃ۔
الکُدَارَۃ۔ ہانڈی میں گھی کا تلچھٹ۔
الاَکدَر۔ مٹیالا۔ مؤنث کَدرَاء۔ ج کُدر۔ سخت سیلاب۔ عَیشٌ اَکدَرُ: تلخ زندگی۔
کَدَسَہٗ (ض) کَدساً وکَدَّسَہٗ۔ دفع کرنا ہٹانا۔ کَدَسَ بِہِ الاَرضَ: پچھاڑنا۔ کَدَسَتِ الدَّابَّۃُ: چوپائے کا چھینکنا ــــ المُثقَلُ فِی سَیرِہٖ: گرانبار آدمی کا دوڑنا ــــ الخَیلُ: گھوڑوں کا چلنے میں ایک دوسرے کے اوپر چڑھنا (ــــ کُدُوساً) بدفالی لینا (ــــ وکَدَّسَ) الحَصِیدَ: کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر ایک دوسرے کے اوپر لگانا۔

تکدّس ۔ ڈھیر کا ایک دوسرے کے اوپر ہونا ۔ تکدّست الخیلُ : گھوڑوں کا چلنے میں ایک دوسرے پر چڑھنا ۔ تکدّس الرَّجلُ : کندھے ہلاتے ہوئے دوڑنا ۔ سینہ ابھار کر چلنا ۔۔۔ الفرسُ : گھوڑے کا گرانبار کی مانند چلنا ۔

الکُدْسۃ والکُداس ۔ جانوروں کی چھینک اور کبھی انسان کے لئے استعمال کیا جاتا ہے

والکُدْسُ مِنَ الثَّلجِ او الحصیدِ وما اَشبہ : برف یا کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر ۔

الکُدْس ج اَکْداس والکُدّاس ج کَدادِیس کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر ۔ اَکْداس الرّملِ : ریت کا تہ بتہ ڈھیر ۔

الکُداسَۃ ۔ ایک دوسرے پر جمع کیا ہوا ڈھیر ۔

الکادِس ۔ فا ۔ جس سے بدفالی لی جائے ۔ ج کَوادِس ۔

المتکادِس ۔ فا مِنَ الشَّجَرِ : گنجان درخت

کَدَشَ (ض) کَدْشًا ۔ خراش لگانا ۔ تلوار یا نیزہ سے مارنا ۔ سختی سے ہٹانا ۔ کاٹنا ۔ ہانکنا ہٹانا ۔ کَدَشَ لِعیالِہٖ : حیلہ کرنا اور محنت مشقت سے کمائی کرنا ۔۔۔ (واَکدش و اکتدش) مِن فُلانٍ عَطاءً : حاصل کرنا و اکدش بِخیرٍ : تھوڑی سی خبر دینا ۔

تَکدّش الرَّجلُ : پیچھے سے دھکا دئے جانے کی وجہ سے گرنا ۔

الکُدُش ۔ زخم ۔ کہا جاتا ہے "جِلْدٌ کُدُشٌ" خراش زدہ کھال ۔

الکَدّاش ۔ بہت کمائی کرنے والا ۔ بامرار مانگنے والا ۔

کَدَعَ (ف) کَدْعًا ۔ ہٹانا ۔ دفع کرنا ۔

الکُدْعَۃ ۔ ذلیل ورسوا ۔

اَکدَفَ الفرسُ : گھوڑے کی ٹاپ کی آواز سنائی دینا ۔

الکَدَفَۃ ۔ ٹاپ یا چاپ کی آواز ۔

کَدْکَدَ الرَّجلُ : زور سے ہنسنا ۔ چلنے میں گرانبار ہونا ۔ حملہ کرنا ۔ کَدْکَدَہٗ و تکَدْکدہٗ ۔ سختی سے ہٹانا ۔

الکَدْکَدَۃ ۔ مص سخت چیز پر کسی چیز کے مارنے کی آواز ۔

کَدَمَ (ض ن) کَدْمًا ۔ اگلے دانتوں سے کاٹنا ۔۔۔ الصَّیدَ : شکار کو بھگانا ۔ کہا جاتا ہے "کَدَمَ فی غیرِ مَکدَمٍ" بے موقع طلب کیا ۔

کادَمَتِ الدّابّۃُ الحشیشَ : چوپائے کا گھاس پر اچھی طرح سے قادر نہ ہونا ۔

اُکْدِمَ الاَسِیرُ : قیدی کو مضبوط باندھا جانا

تکادَمُوا ۔ بِالاَفواہِ : ایک دوسرے کو دانت کاٹنا ۔

الکَدْم ۔ مص اثر ۔ نشان ۔ ج کُدُوم ۔

الکَدَم ۔ دانت کاٹنے کا نشان ۔

الکِدَم ۔ دانتوں سے بہت کاٹنے والا ۔ بہت لڑاکا ۔ سبز سروالی کالی ٹڈی ۔ واحد کِدَمَۃ ۔

الکَدْمَۃ ۔ کدم کا اسم مرۃ ۔ داغ ۔ نشان

الکَدَمَۃ ۔ حرکت ۔

الکَدُوم والکَدّام ۔ دانت کاٹنے والا

الکُدام ۔ گھاس کی جڑیں جو پانی پڑنے کے بعد پھر اُگ آئیں ۔ بوڑھا مرد ۔

الکُدامَۃ : کھائی ہوئی چیز کا بقیہ ۔ دانت سے کاٹ کر علیحدہ کیا ہوا ۔

الکُدامۃ والکُدام ۔ کھائی ہوئی چیز کا بقیہ ۔

المَکْدَم ۔ دانت کاٹنے کی جگہ ۔

المُکْدَم ۔ مِنَ الجِبالِ والاَکْسِیَۃِ : مضبوط بُنی ہوئی ۔ قَدَحٌ مُکْدَمٌ : موٹے دَل کا شیشے کا پیالہ ۔ اَسِیرٌ مُکْدَمٌ : رسی سے بندھا ہوا قیدی ۔

المُکَدَّم ۔ دانت سے کاٹا ہوا ۔ رَجُلٌ مُکَدَّمٌ جنگ کا زخمی شدہ ۔

کَدَنَ (ن) کَدْنًا ۔ بالثّوبِ : پٹکا باندھنا ، الکُدُن والکِدْن ۔ کپڑا جس کو عورت پردہ میں رہتے ہوئے پہنے ۔ پالکی ۔ کجاوہ ۔ جانور کی ٹانگ کی کھال جسکو دباغت دینے کے بعد دوا وغیرہ کوٹنے کے استعمال میں لاتے ہیں ۔ ج کُدُون ۔

الکِدْنَۃ ۔ کوہان ۔

الکِدْنۃ والکُدْنَۃ چربی اور گوشت کی کثرت ۔

الکَدانَۃ ۔ نااہلی ۔ فرومایگی ۔

الکَدِن ۔ بہت چربی اور گوشت والا ۔ مؤنث کَدِنَۃ ج کَدِنات ۔

الکَدَن ۔ مٹیالا ۔

الکَدّان ۔ نرم پتھر (اور یہ کذّان کی تحریف ہے)

الکَدّانَۃ ۔ نرم پتھر کا ٹکڑا ۔

کَدَہٗ (ف) کَدْھًا و کَدَّہٗ ۔ الشّیءَ : توڑنا ۔۔۔ بالحجرِ : پتھر سے سخت رگڑنا ۔۔۔ عَلَیْہِ : غالب ہونا ۔۔۔ ہٗ الہمُّ : مشقت میں ڈالنا ۔ کہا جاتا ہے "ھو مَکْدُوْدٌ مِنَ الھمِّ" وہ غم کی وجہ سے غمگین ہے ۔۔۔ لِاَھْلِہٖ : مشقت سے کمائی کرنا ۔۔۔ شَعرَہٗ بالمُشطِ : بالوں میں کنگھی سے مانگ نکالنا ۔

تکَدَّہَ ۔ ٹوٹنا ۔

الکادِہ : فا ۔ توڑنے والا ۔ ج کَدَہ ۔

الکَدْہ ۔ مص ۔ خراش ۔ پتھر کی رگڑ کا اثر ۔ ج کُدُوہ ۔

کَدا یَکْدُو کُدُوًّا و کُدُوًّا ۔ الزَّرعُ : خراب فصل ہونا ۔۔۔ الاَرضُ : دیر سے اُگانا ۔۔۔ (کداءً) الشّیءَ : کاٹنا ۔ منع کرنا ۔

کَدِیَ یَکْدَیٰ کَدًی ۔ بِالعَظْمِ : ہڈی کا گلے میں اٹکنا ۔۔۔ المِسکُ : بے خوشبو ہونا ۔ صفت کدٍ وکَدِیّ ۔ کَدِیَتْ اَصابِعُہٗ : انگلیوں کا کھردرے ہونے کی وجہ سے تھکنا ۔

تکَدَّیٰ تکَدِّیًا ۔ مشقت برداشت کرنا ۔

کَدّیٰ یُکَدِّیْ کَدِیًّا الرَّجلَ : روکنا مشغول کرنا ۔۔۔ الوجہَ : چہرے میں خراش لگانا ۔۔۔ الرَّجلُ : دینے میں بخل کرنا ۔

اَکدیٰ اِکْداءً الرَّجلُ : حاجت میں ناکام

رہنا۔ دینے میں بخل کرنا۔ اَکْدَاہُ عَنْ کَذَا: باز رکھنا منع کرنا۔ اَکْدَی المعْدِنُ: جوہر نہ بنانا الحَافِرُ: کھودتے کھودتے سخت زمین پر پہنچنا اور آگے کو نہ کھود سکنا۔ کہا جاتا ہے "سَأَلَہٗ فَاَکْدَی" یعنی اس نے اس سے سوال کیا تو اسکو سخت زمین کی مانند پایا —— النَبْتُ: سردی کی وجہ سے چھوٹا ہونا —— العَامُ: خشک سالی ہونا —— المَطَرُ: بارش کم ہونا —— الرَجُلُ: غنا کے بعد محتاج ہونا۔

کَدَّیٰ تَکْدِیَۃً۔ سوال کرنا۔ خیرات مانگنا

تَکَدَّیٰ تَکَدِّیًا۔ عطیہ طلب کرنا۔

الکُدْیَۃ۔ سخت ٹھوس زمین۔ بڑی سخت چٹان۔ ج کُدًی۔ الکُدْیَۃ: طلب عطیہ۔ باصرار مانگنے کا پیشہ۔ زمانہ کی سختی۔ (—— والکُدَاۃ والکُدَایَۃ) مٹی یا غلے کا ڈھیر۔

الکَادِیَۃ۔ زمانہ کی سختی۔

کَذَّ (ن) کَذًّا۔ کھردرا ہونا۔

اَکَذَّ۔ نرم پتھر پر چلنا۔

الکَذَّان۔ نرم پتھر۔ واحد کَذَّانَۃ

کَذَبَ (ض) کَذِبًا وکِذْبًا وکَذْبَۃً وکِذْبَۃً وکِذَابًا وکِذّابًا۔ جھوٹ بولنا جان بوجھ کر غلط خبر دینا۔ کَذَبَتِ العَیْنُ: دھوکا دینا۔ کَذَبَ الرَأْیُ: غلط ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ "کَذَبَتْکَ عَیْنُکَ" یعنی تیری نظر نے تجھ کو دھوکا دیا۔ وکَذَبَ السَیْرَ: چلنے میں کوشش نہ کرنا۔ وکَذَبَ القَوْمُ السُرَیٰ: لوگ رات کو چلنے پر قادر نہیں ہوئے اور کبھی دو مفعول کی طرف متعدی ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "کَذَبَہُ الحَدِیْثَ" جبکہ غلط خبر دے اور خلاف واقعہ بیان کرے اور مشدد ہونے کی صورت میں صرف ایک ہی مفعول آتا ہے۔

کُذِبَ الرَجُلُ: جھوٹی خبر دیا جانا۔

کَذَّبَہٗ۔ جھوٹا بنانا۔ جھوٹ کی طرف نسبت کرنا۔ کَذَّبَ عَنْ اَمْرٍ اَرَادَہٗ: رک جانا —— عَنَا الحَرُّ: گرمی کا کم ہونا —— عَنْ فُلَانٍ: فلاں کی طرف سے جواب دینا۔ کہا جاتا ہے "مَاکَذَّبَ اَنْ فَعَلَ کَذَا" یعنی اس نے کرنے میں دیر نہیں کی کَذَّبَ نَفْسَہٗ: جھوٹ بولنے کا اقرار کرنا (—— تَکْذِیْبًا وکِذَّابًا) انکار کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَذَّبَ بِاٰیَاتِ رَبِّہٖ" اس نے پروردگار کی نشانیوں کا انکار کیا۔

اَکْذَبَہٗ۔ جھوٹ پر آمادہ کرنا۔ جھوٹا پانا۔ جھوٹ ظاہر کرنا۔ اَکْذَبَ نَفْسَہٗ: جھوٹ بولنے کا اقرار کرنا اور کہا جاتا ہے "اَکْذَبَ فُلَانٌ" جب کہ آواز دی جائے اور وہ خاموش پڑا رہے یہ ظاہر کرے کہ گویا سویا ہوا ہے اس سے اسم الاِکْذَاب ہے

کَاذَبَہٗ کِذَابًا ومُکَاذَبَۃً۔ کسی کو یہ کہنا کہ تو نے جھوٹ کہا۔

تَکَذَّبَ۔ بتکلف جھوٹ بولنا —— فُلَانًا وعَلَیْہِ: جھوٹا سمجھنا۔

تَکَاذَبَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کو جھوٹا کہنا۔

الکِذَاب۔ بتثلیث الکاف والکُذْبیٰ والکُذْبَان: جھوٹ۔

الاُکْذُوْبَۃ۔ جھوٹ۔ ج اَکَاذِیْب۔

الکَاذِب۔ فاج کَذَبَۃٌ وکُذَّابٌ وکُذُبٌ۔

الکَاذِبَۃ۔ کاذب کا مؤنث ج کَاذِبَات وکَوَاذِب۔ جھوٹ۔

الکَذُوْب۔ ج کُذُبٌ والکَذْبَان والکَیْذَبَان والکَیْذُبَان: بڑا جھوٹا۔ الکَذُوْبُ: نفس۔

الکَذَّاب والکُذَبَۃ والکَذُوْبَۃ والتِکِذَّاب والمَکْذَبَان والمَکْذَبَانَۃ بڑا جھوٹا۔ الکَذُوْبَۃُ: نفس۔

المَکْذَبَۃ والمَکْذُبَۃ۔ ج مَکَاذِب والمَکْذُوْب والمَکْذُوْبَۃ ج مَکَاذِیْب: جھوٹ

التَکَاذِیْب۔ جھوٹی باتیں۔ لغو وباطل باتیں۔

کَذَا۔ دو طریقہ سے مستعمل ہے۔

(۱) یہ کہ دونوں کلمے کاف حرف تشبیہ اور ذا اسم اشارہ اپنی اصلی حالت پر رہیں جیسے رَأَیْتُ زَیْدًا فَاضِلًا وَرَأَیْتُ عَمْرًا کَذَا۔ اور اس صورت میں ہا کلمہ تنبیہ بھی داخل ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے ہٰکَذَا۔

(۲) یہ کہ کلمہ انھیں دونوں کلموں سے مرکب ہو اور کنایہ ہو عدد سے جیسے قَبَضْتُ کَذَا وکَذَا دِرْہَمًا یا غیر عدد سے جیسے بِمَکَانِ کَذَا وکَذَا۔

الکَاذِی۔ کیوڑہ۔

کَرَّ (ن) کَرًّا وکُرُوْرًا۔ لوٹنا۔ مڑنا۔ کہا جاتا ہے۔ "اِنْہَزَمَ عَنْہُ ثُمَّ کَرَّ عَلَیْہِ" یعنی اس نے فلاں سے شکست کھائی اور پھر لوٹ پڑا۔ پینترا بدلنے کے لئے بھاگنا پھر دوبارہ حملہ کرنا۔ صفت کَرَّار۔ اور اسی سے کہا جاتا ہے "الجَوَادُ یَصْلَحُ لِلکَرِّ والفَرِّ" گھوڑا گھومنے اور حملہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ —— اللَیْلُ والنَہَارُ: رات دن کا باری باری آنا (—— کَرًّا) الرَجُلُ: لوٹانا (—— کَرًّا وکُرُوْرًا وتَکْرَارًا) الفَارِسُ عَلَی العَدُوِّ: شہسوار کا دشمن پر حملہ کرنا اور لوٹ پڑنا۔

کَرَّ (ن) کَرِیْرًا۔ المَرِیْضُ: جان دینا۔

کَرَّ (س ن) کَرًّا صَدْرُہٗ: گلا گھونٹے ہوئے کی طرح آواز نکلنا۔

کَرَّرَ تَکْرَارًا وتَکْرِیْرًا وتَکِرَّۃً۔ الشَّیْءَ: بار بار کرنا۔

تَکَرَّرَ۔ بار بار ہونا۔

الکَرّ۔ مع کھجور کے پتوں کی رسی۔ درخت خرما پر چڑھنے کی رسی۔ جہاز کا رسا۔ ج کُرُوْر (—— والکُرّ) کنواں۔ ج کِرَار۔

الکُرّ۔ نماز پڑھنے کے لئے مصلیٰ۔ ج اَکْرَار وکُرُوْر۔

الکُرّ۔ ایک پیمانہ کا نام۔ چادر ج اَکْرَار۔

الکَرَّۃ۔ لڑائی میں حملہ —— عند المولدین من المحاسبین: ایک لاکھ ج کَرَّات۔ الکُرَّۃ: سڑی ہوئی مینگنیاں جس سے زرہ کو صاف کرتے ہیں۔ صبح اور شام اور ان دونوں کو کَرَّتَان اور قَرَّتَان کہتے ہیں۔

الکَرِّیّ۔ لڑائی میں حملہ۔

الکَرِیْر۔ مع گلا گھونٹے ہوئے والے کی طرح سینہ کی آواز۔ غبار وغیرہ کی وجہ سے گلو گرفتگی۔

الکرّار والمِکرّ۔ لڑائی میں بہت زیادہ حملہ کرنے والا۔ کہا جاتا ہے فَرَسٌ مِکَرٌّ مِفَرٌّ یعنی گھوڑا ایسا سدھا ہوا ہو کہ حملہ کے وقت حملہ کرے اور جب بھاگنے کا ارادہ کریں تو لیکر بھاگ جائے۔ ناقۃٌ مِکَرّۃ: اونٹنی جسکو ایک دن میں دو مرتبہ دوہا جائے۔

المَکَرّ۔ حملہ کی جگہ۔

کَرَبَ (ن) کَرْبًا الحَبْلَ: رسی بٹنا ــــ القَیدَ علَی المُقَیَّدِ: قیدی پر بیڑی کو تنگ کرنا۔ ــــ ہ الاَمْرُ: دشوار ہونا ــــ ہ الغَمُّ: سخت غم ہونا۔ کَرَبَ الدَلْوَ: ڈول کے دستہ میں چھوٹی رسی باندھنا ــــ فلانٌ: درخت خرما کے تنہ سے ملحق ٹہنی کی جڑ لینا (ــــ کُرُوْبًا) قریب ہونا النَارُ: آگ بجھنے لگنا۔ کَرَبَتِ الشمسُ: آفتاب ڈوبنے کے قریب ہونا ــــ فلانٌ: کھجور کے تنہ کے نزدیک کی چنی ہوئی کھجوریں کھانا بے درخت اور بے پانی والی زمین میں کھیتی کرنا۔ کَرَبَ النَاقۃَ: بوجھل کرنا۔ اور کہا جاتا ہے کَرَبَ یَفْعَلُ یعنی وہ کرنے لگا اور اس صورت میں یہ افعالِ مقاربہ میں سے ہے (ــــ کَرْبًا وکِرَابًا) الاَرْضَ لِلزَرْعِ: کھیتی کے لئے زمین جوتنا۔

کَرِبَ (س) کَرَبًا الرَجلُ: ڈول کے دستہ کی ٹوٹی ہوئی رسی والا ہونا۔

کُرِبَ۔ غم لاحق ہونا۔

کَرَّبَ الدَلْوَ: ڈول کے دستہ پر چھوٹی سی رسی باندھنا ــــ الرَجلُ: بے درخت اور بے پانی والی زمین میں کھیتی کرنا۔ تنہ کے نزدیک کی چنی ہوئی کھجوریں کھانا۔

اَکْرَبَ قریب ہونا ــــ الاَمْرُ: قریب الوقوع ہونا ــــ الاِنَاءَ: برتن بھرنے کے قریب ہونا۔ ــــ فِی السَیْرِ: دوڑنا ــــ القِرْبَۃَ: مشک بھرنا

کارَبَہ مُکارَبَۃً وکِرابًا۔ قریب ہونا۔

تَکَرَّبَ۔ تنہ کے نزدیک کی کھجوریں چننا۔

اِکْتَرَبَ اِکْتِرابًا واکْرَأَبَّ اِکْرِئْبابًا سخت غمگین ہونا۔

الکَرْبُ۔ ج کُرُوب والکُرْبَۃ ج کُرَب: غم اور مشقت۔

الکَرَبُ۔ ڈول کے دستہ پر کی چھوٹی رسی کھجور کی ٹہنی کی موٹی چوڑی جڑ۔ واحد کَرَبَۃٌ۔

الکَرَبَۃ۔ گول لکڑی جس میں خیمہ کے ڈنڈی کا سرا رکھا جاتا ہے جس کو فارسی میں کماج اور بادریس کہا جاتا ہے۔ ج کَرَب۔

الکَرابَۃ۔ سخت مصیبت۔ ج کَرائِب۔

الکَرَابَۃ والکُرابَۃ۔ کھجور جو ٹہنی کی جڑ سے کٹنے کے بعد چنی جائے۔ ج اَکْرِبَۃ

الکِرَاب۔ وادی میں پانی بہنے کی جگہیں۔ واحد کَرَبَۃٌ۔

الکَرُوبِیُّون والکَرُوبِیَّۃ۔ اشراف ملائکہ۔ مقرب فرشتے۔ عبرانی زبان میں کَرُوبیم کہتے ہیں۔ ج کَرُوب۔ اور کبھی عبرانی لفظ ہی کو استعمال کرتے ہیں واحد کَرُوب۔

الکَرِیبُ۔ نے کی گرہ۔ روٹی پکانیوالے کا بیلن۔ الکَرِیبُ مِنَ الاَرْضِ: بے پانی اور بے درخت والی زمین (ــــ والمَکْرُوب) غمگین۔

الکَرِیبَۃ۔ کَرِیب کا مؤنث۔ سخت مصیبت ج کَرائِب۔ کہا جاتا ہے: مَا فِی الدَارِ کَرَابٌ۔ یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

الاِکْرَاب۔ مص جلد بازی۔ تم کہتے ہو خُذْ رِجْلَیکَ بِاِکْرَابٍ یعنی جانے میں جلدی کرو۔

المُکْرَب مِنَ المَفاصِلِ: پٹھوں سے بھرا ہوا۔ مضبوط رسی یا عمارت یا جوڑ وغیرہ۔ حافِرٌ مُکْرَبٌ: مضبوط کھر۔

الکُرْبُج۔ دکان یا دکان کا سامان۔ ج کَرابِج (دخیل)

کَرْبَدَ فِی عَدْوِہٖ: دوڑنے میں کوشش کرنا۔ تیز دوڑنا۔

الکِرْبِز۔ بڑا کھیرا۔

کَرْبَسَ۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا

تَکَرْبَسَ مِنْ ظَہْرِ فَرَسِہٖ: گھوڑے کی پیٹھ سے گر پڑنا۔

الکِرْباس۔ کھردرا کپڑا۔ شراب چھاننے کی چیز۔ ج کَرابِیس (دخیل)

رَجُلٌ مُکَرْبَسُ الرَاْسِ: گول سر والا مرد۔

کَرْبَشَ۔ چھلانگ لگانیکے لئے ٹانگوں کو اکٹھا کرنا۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا ــــ الشَیْءَ: بینا اور باندھنا۔

تَکَرْبَشَ الجِلْدُ: کھال کا سکڑنا۔

کَرْبَعَہٗ۔ پچھاڑنا ــــ الشَیْءَ بالسَیفِ: تلوار سے کاٹنا ــــ قَوائِمَہٗ: ٹانگیں جدا کرنا۔

تَکَرْبَعَ۔ چوتڑوں کے بل گرنا۔

کَرْبَلَ۔ کیچڑ میں چلنا۔ پانی میں گھسنا ــــ الشَیْءَ بالشَیْءِ: ملانا ــــ الحِنْطَۃَ: گیہوں چھاننا صاف کرنا۔

الکِرْبال۔ گیہوں صاف کرنے کی چھلنی۔ روئی دھننے کی کمان۔ ج کَرابِیل۔

الکَرْبَلَۃ۔ مص۔ پاؤں کی سستی۔ کہا جاتا ہے جاءَ یَمْشِی مُکَرْبِلًا۔ یعنی وہ اس طرح آیا گویا کیچڑ میں چل رہا ہے۔

کَرْتَحَہٗ۔ پچھاڑنا۔

تَکَرْتَحَ۔ فِی مِشْیَتِہٖ: تیز گذر جانا۔

کَرَثَ (ض ن) کَرْثًا واَکْرَثَ الغَمُّ فلانًا: سخت غمگین کرنا۔

اِنْکَرَثَ الحَبْلُ: رسی کا ٹوٹنا۔

اِکْتَرَثَ لِلاَمْرِ: پروا کرنا۔ کہا جاتا ہے ھُوَ لا یَکْتَرِثُ لِہٰذا الاَمْرِ وہ اس معاملہ کی پرواہ نہیں کرتا۔

الکَرّاث والکُرّاث۔ گندنا۔ ایک بدبودار قسم کی ترکاری۔ جس کی بعض قسمیں پیاز اور بعض لہسن کے مشابہ ہوتی ہیں۔ واحد کَرّاثۃٌ۔

الکارِث۔ غم انگیز معاملہ۔ ج کَوارِث۔

الکَرِیث۔ غم انگیز معاملہ۔ کہا جاتا ہے اِنَّہٗ لَکَرِیثُ الاَمْرِ جبکہ بزدلی کرے اور پیچھے ہٹے۔

کَرْثَأَ وتَکَرْثَأَ الشَعْرُ ونَحْوُہٗ: بال وغیرہ کا گنجان ہونا۔

الکِرْثِئُ۔ تہ بتہ بادل۔ انڈے کا اوپر کا چھلکا

الکِرْثِئَۃُ والکُرَاثَاۃُ - گنجان سبزی۔
الکِرْیِثَاءُ - کچی کھجور۔
کَرِجَ (س) کَرَجًا و کَرْجًا و اکْرَجَ و تَکَرَّجَ الخُبْزُ: خراب ہونا۔ پھپھوندی لگنا۔ عوام "عفن" سے تعبیر کرتے ہیں۔
الکُرْجُ - ایک قوم کا نام۔ واحد کُرْجِیٌّ —— والکُرَّجُ: ایک چیز ہی بچھیری کی شکل کا جس سے کھیلتے ہیں
الکُرَّجِیُّ - مخنث۔
الکِرَارِجَۃُ والکُرَیْرِجُ: ایک چھوٹی سبز رنگ کی مچھلی۔
الکُرْخُ - راہب کی کوٹھری۔ ج اَکْرَاخ
کَرَخَ (ف) کَرْخًا الماءَ اِلی مَوَاضِعِہٖ: چلانا۔
کَرَدَ (ن) کَرْدًا - ہانکنا —— العَدُوَّ: دشمن کو ہٹانا —— الشَّیْءَ: کاٹنا۔
کَارَدَہٗ مُکَارَدَۃً - دفع کرنا۔ ہٹانا۔
الکَرْدُ - گردن کی جڑ۔ کہا جاتا ہے اَخَذَ بِکَرْدِہٖ اور بِکَرْدَنِہٖ اس نے اس کی گردن کی جڑ کو پکڑ لیا
الکُرْدُ والاَکْرَاد - ایشیا کی ایک قوم کا نام۔ واحد کُرْدِیٌّ۔
الکِرْدِیدَۃُ - کھجور کی بڑی ڈھیری۔
کَرْدَحَ - پستہ قد کی طرح دوڑنا —— فُلَانًا: پچھاڑنا۔
تَکَرْدَحَ فی عَدْوِہٖ: پستہ قد کی طرح دوڑنا۔
الکِرْدِحُ - بڑھیا۔ مضبوط مرد۔
الکُرَادِحُ - پستہ قد۔
الکِرْدَاحُ - دوڑنے میں قریب قریب قدم رکھنے والا۔
الکَرْدَحَۃُ - مص - تیز دوڑ۔
المُکَرْدَحُ - فا - ذلیل و خوار۔
کَرْدَسَ الخَیْلَ: گھوڑوں کو جمع کرنا اور دستہ دستہ بنانا —— الشَّیْءَ: باندھنا۔ بیڑی ڈالنا۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا —— الحِمَارَ: گدھے کو تیز ہانکنا —— ہٗ: پچھاڑنا۔
کُرْدِسَ الرَّجُلُ: ہاتھ پاؤں اکٹھا باندھا جانا
تَکَرْدَسَ - سکڑنا اور بعض کا بعض پر جمع ہونا۔

الکُرْدُوسُ - کندھے کی ہڈی۔
الکُرْدُوسَۃُ - گھوڑوں کا بڑا گلہ۔ ہر ہڈی جس پر گوشت ہو۔ ہر جوڑ کی دونوں ہڈیاں۔ ج کَرَادِسُ و کَرَادِیسُ - کَرَادِیسُ الفَرَسِ: گھوڑے کے جوڑ۔
المُکَرْدَسُ - گٹھے بدن کا۔
کَرْدَمَ - موٹے پستہ قد کی طرح دوڑنا —— القَوْمَ: جمع کرنا۔
تَکَرْدَمَ - گھبرا کر دوڑنا۔
الکَرْدَمُ والکُرْدُومُ مِنَ الرِّجَالِ: موٹا پستہ قد۔ ج کَرَادِمُ و کَرَادِیمُ۔ الکُرْدُومُ: بہادر
کَرَزَ (ض) کُرُوزًا - داخل ہونا۔ پوشیدہ ہونا —— اِلٰی فُلَانٍ: پناہ لینا —— کَرْزًا: انجیل کا وعظ کہنا۔
کَرَّزَ البَازِیَ: باز کو سدھانے کے لئے آنکھوں کو سینا اور کھلانا۔
کُرِّزَ - البَازِیُ: باز کے پروں کا گرنا۔
کَارَزَ مُکَارَزَۃً اِلَی المَکَانِ: دوڑ کر چھپنا —— عَنْہُ: بھاگنا —— ہٗ: بھاگنا اور عاجزی ظاہر کرنا —— القَوْمُ: ایک چیز کو چھوڑ کر دوسری کو لینا۔
الکُرْزُ - چرواہے کا تھیلا - چھوٹی بوری - کُرْزُ الجُعَلِ: گبریلا کی گولی - ج اَکْرَاز و کِرَزَۃ۔
الکَرَزُ - ایک درخت کا نام جسکا پھل شفتالو کی مانند مگر اس سے چھوٹا ہوتا ہے واحد - کَرَزَۃ
الکُرَّزُ - حاذق - نجیب - گفتگو میں عاجز و درماندہ - باز - ایک سال کا پرندہ ج کَرَارِزَہ (—— والمُکَرَّزُ والکُرَّزِیُّ) لئیم - خبیث۔
الکَارِزُ والکَارُوزُ - انجیل کا واعظ۔
الکُرَازُ - ج کِرْزَانٌ والکُرَازُ: شیشی - تنگ سر کا کوزہ۔
الکَرَّازُ - چرواہے کا تھیلا اٹھانیوالا - بے سینگ کا مینڈھا —— مِنَ المَعْزِ: گھنٹی دار بکری۔ ج کَرَارِیزُ۔
الکَرِیزُ - پنیر۔

الکِرَازَۃُ - انجیل کا وعظ۔
کَرْزَمَ کَرْزَمَۃً الرَّجُلُ: دوپہر میں کھانا۔
الکَرْزَمُ - بہت کھانے والا - چھوٹی ناک والا۔ کلہاڑا۔
الکِرْزَمُ والکِرْزِیمُ - کلہاڑا۔ سخت مصیبت ج کَرَازِمُ و کَرَازِیمُ۔
الکِرْزَنُ - بڑا کلہاڑا۔
الکِرْزِینُ - بڑا کلہاڑا - ج کَرَازِینُ۔
کَرَّسَ البِنَاءَ: عمارت کی بنیاد رکھنا —— الاُسْقُفُ البِیْعَۃَ او الاَوَانِیَ الکَنِیْسِیَّۃَ وغیرہا: وقف کرنا۔ خدمت اللہ کے لئے مخصوص کرنا۔
اَکْرَسَ: المَکَانُ: بول و براز سے لتھڑنا —— ہٗ: بول و براز والی جگہ میں داخل کرنا۔
تَکَرَّسَ - بنیاد رکھا جانا - وقف ہونا - خدمت اللہ کے لئے مخصوص ہونا —— الشَّیْءُ: تہ بتہ ہونا اور سخت ہونا —— اُسُّ البِنَاءِ: عمارت کی بنیاد کا مضبوط ہونا۔ لتھڑنا —— الحَبَّ ونحوہٗ: دانہ وغیرہ جمع کرنا۔
اِنْکَرَسَ عَلَیْہِ: اوندھا ہونا —— فِی الشَّیْءِ: اوندھا ہو کر داخل ہونا۔
الکِرْسُ - ہر چیز کا انبوہ - بول و براز کر لتھڑا ہوا اونٹوں کے بچوں کا باڑہ - جڑ - ج اَکْرَاس و ج اَکَارِیس - کِرْسُ الحَوْضِ: حوض کے ارد گرد بول و براز سے لتھڑی ہوئی زمین۔
الکُرَّاسَۃُ والکُرَّاسُ - کتاب کا جزء۔ پمفلٹ۔ ج کَرَارِیسُ۔
الکُرْسِیُّ - تخت - کرسی - ج کَرَاسِیُّ و کَرَاسٍ
کُرْسِیُّ الاُسْقُفِ - پادری کی اقامت گاہ۔ کُرْسِیُّ المَلِکِ: تخت شاہی - والکُرْسِیُّ: علم: کہا جاتا ہے ہُوَ مِنْ اَہْلِ الکُرْسِیِّ "یعنی وہ اہل علم میں سے ہے اور کہا جاتا ہے اِجْعَلْ لِہٰذَا الحَائِطِ کُرْسِیًّا اس دیوار کے لئے پشتہ بنادو - کُرْسِیُّ الجَوْزَاءِ: چند ستاروں کا مجموعہ - الکَرَاسِیُّ: علماء۔
الکِرْیَاسُ - چھت کے اوپر کا پاخانہ۔ ج کَرَایِیسُ۔

الکَرَوَّس ۔ بڑے سر والا ۔ ہر ضخیم چیز ۔ سیاہ ۔
المُکَرَّس والمُکَرَّس بمفعو ۔۔۔ مِنَ القَلَائِدِ:
دو دھاگوں میں علیحدہ علیحدہ موتی اور مہرے کو
گوندھ کر بڑے مہروں سے جوڑا ہوا ہار ۔ المُکَرَّس
جوان پستہ قد پُرگوشت ۔
کَرسَعَ کَرسَعَۃً الرَّجُلُ: دوڑنا ۔۔۔
فُلَانًا: گٹے کے چھنگلیا والے حصے پر مارنا ۔
الکُرسُوعُ ۔ گٹے کا چھنگلیا کی طرف کا حصہ
ج کَرَاسِیعُ ۔ کُرسُوعُ القَدَمِ : ٹخنے کا جوڑ ۔
الکُرسُعَۃ والکُرسُوعَۃ ۔ لوگوں کی جماعت
المُکَرسَع ۔ گٹے کے چھنگلیا کی طرف ابھرا
ہوا حصہ والا ۔ مؤنث مُکَرسَعَۃ ۔
کَرسَفَ الدَّابَّۃَ : چوپایہ کی کونچ کاٹنا ۔
۔۔۔ البَعِیرَ: اونٹ کے پاؤں باندھنا
الدَّوَاۃَ : دوات میں صوف ڈالنا ۔
تَکَرسَفَ ۔ کونچ کٹنا ۔ پاؤں بندھنا ۔
دوات میں صوف پڑنا ۔۔۔ الشَّیءُ : بعض کا
بعض میں داخل ہونا ۔
الکِرسَافَۃ ۔ آنکھ کی کدورت ۔
الکُرسُف والکُرسُوف ۔ روئی ۔
الکُرسُفَۃ والکُرسُوفَۃ ۔ روئی کا ٹکڑا
دوات کا صوف ۔
الکِرسِنَّۃ والکِرسَنَّۃ ۔ ایک چھوٹے
سے پودے کا نام جس کے بیج کو گاؤدانہ کہتے
ہیں جو چنے کے برابر گول سیاہ سرخی مائل
ہوتا ہے اور دوا میں کام آتا ہے ۔
کَرِشَ (س) کَرَشًا الجِلدُ: کھال سکڑنا ۔
۔۔۔ الرَّجُلُ: تنہائی کے بعد جماعت والا ہونا ۔
کَرَّشَ ۔ ترش روئی کرنا ۔ مُکَرَّشَۃ (ایک
قسم کا کھانا) بنانا ۔
تَکَرَّشَ وَجہُہُ: ترش رو ہونا ۔ تیوری
چڑھنا ۔۔۔ القَومُ : اکٹھا ہونا ۔ جمع ہونا ۔
اِستَکرَشَ الجَدیُ: بکری کے بچے کا بڑے
پیٹ والا ہونا ۔ اِستَکرَشَتِ اِنفَحَۃُ الجَدیِ: بکری
کے بچہ کے اِنفَحَۃ کا کرش ہونا (بکری کا بچہ جب تک
کچھ نہ کھائے اور صرف دودھ پیتا رہے تو اس کی
آنت کو اِنفَحَۃ کہتے ہیں اور جب وہ کچھ کھانے
لگے تو پھر کرش کہتے ہیں) ۔۔۔ الرَّجُلُ: تیوری
چڑھانا ۔ ترش روئی کرنا ۔
الکِرشُ والکَرِشُ ۔ جگالی کرنے والے
جانور کی اوجھ (مؤنث) ج کُرُوش ۔ الکِرش
والکَرِش : لوگوں کی جماعت ۔ مرد کے اہل و
عیال ۔ چھوٹی اولاد ۔ ایک بہترین قسم کی گھاس
خوشبو کا ڈبہ ۔ کپڑے کی گٹھری ۔ ج اَکرَاش و
کُرُوش ۔ کِرشُ القَومِ : قوم کا بڑا حصہ ۔ کِرشُ
کُلِّ شَیءٍ: ہر ایک چیز کا اجتماع ۔
التَّکرِیشَۃ ۔ اوجھ میں پکا ہوا کھانا ۔
الاَکرَشُ مِنَ الرِّجَالِ : بڑے پیٹ والا
اور بقول بعض زیادہ مال والا ۔ مؤنث کَرشَاء
ج کُرشٌ ۔ قَدَمٌ کَرشَاءُ : پُرگوشت بھرے ہوئے
تلوے اور چھوٹی انگلیوں والا قدم ۔ دَلوٌ کَرشَاءُ
بڑا ڈول ۔ اَتَانٌ کَرشَاءُ : بھرے ہوئے کوکھ
کی گدھی ۔
المُکَرَّشَۃ ۔ کھانا جو گوشت چربی اور اوجھ
ملا کر پکاتے ہیں ۔
کَرَصَ (ض) کَرصًا الشَّیءَ : کوٹنا ۔ ہاتھ
سے نچوڑنا ۔
کَرَّصَ ۔ پنیر کھانا ۔
اِکتَرَصَ ۔ الشَّیءَ : جمع کرنا ۔
الکَرِیص ۔ پنیر ۔ پنیر بنانے کی جگہ ۔
المِکرَص ۔ دودھ دوہنے کا برتن ۔
کَرَضَ (ن) کَرضًا الشَّیءَ : تہ بتہ رکھنا ۔
کَرَظَ (ن) کَرظًا فِی عِرضِ فُلَانٍ: طعنہ دینا
عزت میں عیب لگانا ۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ مُکَرَّظُ
الحَسَبِ" اس کے حسب میں عیب لگایا گیا ہے
کَرَعَ (ف) وکَرِعَ (س) کَرعًا وکُرُوعًا
فِی المَاءِ اَوِ الاِنَاءِ : پانی یا برتن میں منہ لگا کر
پانی پینا ۔
کَرَعَہُ (ف) کَرعًا ۔ پنڈلی پر تیر مارنا ۔
کَرِعَ (س) کَرَعًا ۔ دردمند پنڈلی والا ہونا
پایہ کھانے کا مشتاق ہونا ۔ باریک پنڈلی والا
ہونا ۔۔۔ السَّاقُ: پنڈلی کے اگلے حصہ کا
باریک ہونا ۔ کَرِعَتِ السَّمَاءُ : برسانا ۔
اَکرَعَ الصَّیدُ : شکار کا قریب ہونا ۔ اَکرَعَ
القَومُ : منہ سے پانی پینے کے قابل پانا ۔
تَکَرَّعَ ۔ الرَّجُلُ : وضو کرنا ۔ اطراف پر پانی
بہانا ۔
الکَرَعُ ۔ مص ۔ منہ لگا کر پینے کے قابل پانی
جانور کی ٹانگیں ۔ کمینے و فرومایہ لوگ ۔ دنی طبیعت
کا ۔ واحد جمع دونوں کے لئے مستعمل ہے ۔ کہا
جاتا ہے "رَجُلٌ کَرَعٌ وَرِجَالٌ کَرَعٌ" ۔
الکُرَاعُ مِنَ البَقَرِ وَالغَنَمِ : گائے بکری کے
پائے (مذکر مؤنث) اور بقول بعض کُرَاع ٹخنوں
کے نیچے کو کہتے ہیں ۔ والکُرَاعُ مِنَ الاِنسَانِ :
گھٹنے سے نیچے ۔ پنڈلی ۔ ج اَکرُعٌ و اَکَارِعُ ۔
الکُرَاعُ : گھوڑے ۔ خچر ۔ گدھے ۔ ہر شے کا کنارہ ۔
کُرَاعُ الاَرضِ : زمین کے گوشے ۔ کہا جاتا ہے ۔
"اِمشِ فِی کُرَاعِ الطَّرِیقِ" یعنی راستے کے کنارے
میں چلو ۔ اکارِعُ الاَرضِ : زمین کی آخری حدیں ۔
الکُرَاعِیّ ۔ پائے کا بیچنے والا ۔
الکَارِعُ ۔ فا ۔ پانی میں گھسنے والا پانی پینے
الکَارِعَۃ ۔ کارع کا مؤنث ۔ ج کَارِعَات ۔
الکَارِعَات : پانی کے اوپر کھجور کے درخت ۔
الکَرِیع ۔ برتن نہ ہونے کی وجہ سے اوک
سے پانی پینے والا ۔
الاَکرَعُ ۔ پتلی پنڈلیوں والا ۔
الکَرَّاعُ ۔ اسم مبالغہ ۔ فرومایہ لوگوں سے
دوستی کرنے والا ۔ بارش کے پانی سے سیراب
کرنے والا ۔
المَکرَعُ ۔ جانوروں کے پانی پینے کی جگہ ۔
ج مَکَارِعُ ۔
فَرَسٌ مُکَرَّعُ القَوَائِمِ : مضبوط ٹانگوں والا
گھوڑا ۔
المُکرَعَۃُ مِنَ النَّخِیلِ وغیرہ : پانی میں
لگائی ہوئی کھجور ۔

کَرَفَ (ن من) کَرْفاً وکِرَافاً وأکْرَفَ الحِمَار وغیرہ: گدھے کا پیشاب کو سونگھ کر سر اٹھانا اور ہونٹوں کو پلٹنا۔ کرف الشیٔ: سونگھنا۔ اکْرَفَتِ البیضۃُ: انڈے کا گندا ہونا۔

الکِرْفُ۔ ایک ہی چمڑے کا ڈول۔

کَرَفَاتِ القِدْرُ: ہانڈی کا جھاگ دینا۔ کَرَفَ القومُ: خلط ملط ہونا۔

تَکَرْفَأَ السَّحَابُ: بادل کا تہ بتہ ہونا۔

الکِرْفِیُٔ۔ بلند بادل۔ اور ایک ٹکڑے کو کِرْفِئَۃ کہتے ہیں۔ الکِرْفِیُٔ: انڈے کا اوپر کا چھلکا۔

المُکَرْفَحُ۔ بدصورت چہرہ والا۔

کَرْفَسَ کَرْفَسَۃً۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا — البعیرَ: تنگ باندھنا۔

تَکَرْفَسَ۔ بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

الکُرْفُس۔ روئی۔

الکَرَفْس۔ اجوائن۔

الکُرْکِیُّ۔ سارس۔ ج کَرَاکِیّ۔

الکَرْکَدَّن۔ گینڈا۔ اس کو مرمیس بھی کہتے ہیں اور عوام کرکدن کہتے ہیں۔

کَرْکَرَ کَرْکَرَۃً الشیٔ: بار بار اعادہ کرنا — الرحیٰ: چکی گھمانا — الحَبَّ: دانہ پیسنا — الشیٔ: جمع کرنا — الرجلَ: قید کرنا — فی الضحک: بہت ہنسنا — الرجلُ: ہنسنا۔ شکست کھانا — الریاحُ السحابَ: ہوا کا بادل کو اڑا دینا۔ متفرق ہونے کے بعد اکٹھا کر دینا — الامرَ عنہ: دفع کرنا ہٹانا۔ رد کرنا — بالدجاجۃ: مرغی کو بلانا۔

تَکَرْکَرَ فی الامرِ: مضطرب ہونا — الماءُ: اپنے بہنے کی جگہ میں لوٹ جانا — الطائرُ: پرندہ کا فضا میں منڈلانا۔

الکَرْکَرُ۔ ایک آبی پرندہ۔

الکَرْکَرۃ۔ مع گاڑھا دودھ۔ پیٹ کی گڑگڑاہٹ

الکِرْکِرۃ۔ سم والے جانور کا سینہ۔ لوگوں کی جماعت۔ ج کَرَاکِر۔ الکَرَاکِر: گھوڑی کے جوڑ۔

الکَرْکُورَۃ۔ گہری وادی۔

کَرْکَسَ الشیٔ: رد کرنا۔ ہٹانا — الدابۃَ چوپائے کو باندھنا (— وتَکَرْکَسَ) الانسانُ: اوپر سے نیچے لڑھکنا۔

الکُرْکُمُ۔ زعفران۔ مصطگی۔ ایک نباتات کی جڑ کہ وہ ورس ہے یا اس کے مشابہ۔

الکَرْکَنْد۔ سرخ رنگ کا گوند۔ گینڈا۔

کَرُمَ (ک) کَرَماً وکَرَمَۃً وکَرَامَۃً۔ عزیز و نفیس ہونا آسانی سے دینا اور بخشش کرنا۔ فیاض ہونا — السحابُ: بارش لانا۔

کَرَمَہٗ (ن) کَرْماً۔ کرم میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے کَارَمَہٗ فکَرَمَہٗ "اس نے اس سے کرم میں مفاخرت کی اور غالب ہوگیا۔

کَرَّمَہٗ تکریماً وتَکْرِمَۃً۔ تعظیم کرنا۔ تنزیہ کرنا۔ کَرَّمَ اللہُ وجہَہٗ: اللہ تعالیٰ ان کو باعزت کرے (— وکَرِمَ) السحابُ: بادل کا بہت پانی والا ہونا۔

کَارَمَہٗ۔ کرم میں مفاخرت کرنا۔ وکارمتُ فلاناً: میں نے اس کے پاس ہدیہ بھیجا تاکہ وہ بدلہ دے۔

أکْرَمَ۔ کریم اولاد والا ہونا — فلاناً: تعظیم کرنا — نفسَہٗ عن المعاصی: بچانا محفوظ رکھنا اور تعجب کے موقع پر بولا جاتا ہے "ما اکرمنی" یعنی وہ میری تعظیم کس قدر کرتا ہے اور فعل رباعی سے ہونے کی وجہ سے یہ شاذ ہے۔

تَکَرَّمَ۔ بتکلف کرم کرنا (— وتَکَارَمَ) عن کذا: بچنا۔ دور رہنا۔

إسْتَکْرَمَ۔ عمدہ عمدہ چھانٹ لینا — الشیٔ: اچھی چیز طلب کرنا۔ اچھی چیز پانا۔

الکَرَمُ۔ مص درگذر۔ بخشش۔ فیاضی۔ ہار میں ایک قسم کی کاریگری۔

الکَرَمُ۔ صفت بمعنی کریم وطیب۔ اور یہی لفظ واحد جمع مذکر مؤنث سب کیلئے مستعمل ہے جیسے رَجُلٌ کَرَمٌ ونِسَاءٌ کَرَمٌ وأرْضٌ کَرَمٌ۔

الکَرْمُ۔ انگور کی بیل۔ فصیل والا گنجان باغ (عامیہ) ج کُرُوم۔ بنتُ الکرمِ او الکَرْمۃِ او الکُرُومِ: شراب۔ الکَرْم: ہار۔

الکَرْمَۃ۔ انگور کی بیل۔ یہ کرم سے خاص ہے

الکَرَمَۃ: سرین کی ہڈی کا گول سرا۔ کہا جاتا ہے۔ رَجُلٌ کَرَمَۃٌ "مرد کریم۔

الکَرَامَۃ۔ مص کہا جاتا ہے "أفْعَلُ ذلکَ حُبّاً وکَرَامَۃً لکَ" میں اس کو تمہاری محبت و تعظیم کے خیال سے کرتا ہوں"۔ ولہٗ علیَّ کَرَامَۃٌ "فلاں کے لئے میرے اوپر بزرگی ہے۔ الکَرَامَۃ: امر خارق عادت جو اولیاء اللہ سے ظاہر ہو۔ کہا جاتا ہے۔ کُرْماً وکُرْمَۃً وکَرَامَۃً وکُرْمیٰ وکُرْمَاناً وکُرْمَۃَ عَیْنٍ لکَ۔ یعنی تمہاری تعظیم کے لئے۔

الاُکْرُوْمَۃ۔ کرم کا فعل۔

التَّکْرِمَۃ۔ مص تکیہ۔ تکیہ جس پر انسان کو عزت و تعظیم کے خیال سے بٹھایا جائے۔

الکَرِیمُ۔ صاحب کرم۔ درگذر کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔ رَجُلٌ کَرِیمٌ مرد سخی۔ دیالو۔ ج کِرَام وکُرَمَاء۔ اور لفظ کریم کا اطلاق ہر اچھی اور پسندیدہ اور قابل تعریف چیز پر ہوتا ہے۔ رِزْقٌ کَرِیمٌ: بہت روزی۔ قولٌ کریمٌ: نرم و پسندیدہ قول۔ کِتَابٌ کَرِیمٌ: معنی الفاظ اور فوائد کے لحاظ سے پسندیدہ کتاب۔ وَجْہٌ کَرِیمٌ: جمال و محاسن کے لحاظ سے پسندیدہ چہرہ۔

الکَرِیمَانِ: حج اور جہاد۔

الکَرِیمَۃ۔ کریم کا مؤنث ج کَرِیمَات وکَرَائِمُ وکِرَام۔ الکَرِیمَۃ: ہر عضو شریف۔ جیسے ہاتھ کان الکَرِیمَتَانِ: دونوں آنکھیں۔ کَرِیمَۃُ الرجلِ: بیٹی الکَرِیمَۃ: صاحب کرم و حسب۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ کَرِیمَۃُ قومِہٖ" فلاں اپنی قوم میں شریف ہے۔ کریمۃ میں تا مبالغہ کے لئے ہے۔ کَرَائِمُ المالِ: عمدہ اور بہترین مال۔

الکُرَامُ۔ کریم۔ ج کُرَامُونَ۔

الکَرَّامُ۔ انگور کی بیل والا اور اسکی نگہبانی کرنے والا۔

الکُرَّامُ والکُرَّامَۃ۔ بہت زیادہ کرم کرنے والا۔ ج کُرَّامُونَ۔

المَکْرُمَانُ - کریم بہت وسیع اخلاق والا - اور یہ ندا ہی کے لئے مخصوص ہے - کہا جاتا ہے یا مَکْرُمَانُ -

المَکْرُم والمَکْرُمَۃ - شریف - فیاض - ج مَکَارِم - اَرْضٌ مَکْرُمَۃٌ لِلنَّبَاتِ : عمدہ زرخیز زمین -

المَکْرُم والمَکْرُمَۃ - کرم کا فعل - کریم - کہا جاتا ہے "فِعْلُ الخَیْرِ مَکْرُمَۃٌ" یعنی فعل خیر کرم یا تعظیم کا سبب ہے -

المِکْرَام - لوگوں کا اِکرام کرنے والا - بہت فیاض -

المُکَرَّم - مفعو - ہر ایک کے نزدیک باعزت شخص -

کَرْنَبَ الرَّجُلُ : چھوارے کو دودھ کیساتھ کھانا — ضَیْفَہٗ : مہمان کو کرم کلا کھلانا -

الکُرُنْب والکَرَنْب کرم کلا -

الکُرُنْبِیَّۃ - ایک قسم کا کھانا جو کرم کلا سے بنایا جاتا ہے -

کَرْنَفَ الکَرَانِیفَ : کھجور کی ٹہنی کو کاٹ لینے کے بعد تنہ میں جو حصہ باقی رہ جائے اس کو کاٹنا کَرْنَفَہٗ بِالعَصَا : لاٹھی سے مارنا - کَرْنَفَ الشَّیْءَ بِالسَّیْفِ : تلوار سے کاٹنا — النَّخْلَۃَ : تنہ کو کھجور کی ٹہنی کے باقی ماندہ حصہ سے صاف کرنا

الکِرْنَاف والکُرْنَاف - کھجور کی ٹہنی کو کاٹ لینے کے بعد تنہ میں باقی ماندہ حصہ - واحد کُرْنَافَۃ ج کَرَانِیف -

اَنْفٌ مُکَرْنَفٌ - موٹی ناک -

کَرِہَ (س) کُرْھًا وکَرْھًا وکَرَاھَۃً وکَرَاھِیَۃً ومَکْرَھَۃً ومَکْرُھَۃً الشَّیْءَ : ناپسند کرنا - صفت فاعلی کَارِہٌ - صفت مفعولی مَکْرُوْہٌ -

کَرُہَ (ک) کَرَاھَۃً وکَرَاھِیَۃً الاَمْرُ او المَنْظَرُ : قبیح ہونا - صفت کَرِیْہٌ -

کَرَّہَ الشَّیْءَ فُلَانًا وکَرَّہَ الشَّیْءَ اِلٰی فُلَانٍ : ناپسند کرانا -

اَکْرَہَ - فُلَانًا عَلَی الاَمْرِ : مجبور کرنا الرَّجُلَ : ناپسندیدہ امر پر اکسانا -

تَکَرَّہَ وتَکَارَہَ الشَّیْءَ : ناپسند کرنا - تَکَرَّہَہٗ وتَکَارَہَہٗ - غضبناک ہونا -

اِسْتَکْرَہَ الشَّیْءَ : قبیح پانا قبیح سمجھنا -

الکَرْہ والکُرْہ - مص انکار - مشقت جس پر کسی کو مجبور کیا جائے - اور بقول بعض - کُرْہ بالضم جس پر تم اپنے آپ کو مجبور کرو اور کَرْہ بالفتح جس پر کسی غیر کو مجبور کرو - اور کہا جاتا ہے "شَیْءٌ کَرْہٌ" مکروہ چیز - "رَجُلٌ کَرْہٌ" ناراض مرد "وَجْہٌ کَرْہٌ" قبیح چہرہ "فَعَلَہٗ کَرْھًا" یعنی اس نے اسکو مجبوراً کیا -

الکَرِہ - قبیح -

الکَرَاھَۃ - مص سخت زمین -

الکَرَاھِیَنْ - کراہت - کہا جاتا ہے "اَتَیْتُکَ کَرَاھِیَنَ اَنْ تَغْضَبَ" تیرے غضبناک ہونے کی کراہت سے میں تیرے پاس آیا -

الکَرِیھَۃ - مؤنث کریہ - لڑائی کی شدت مصیبت - ج کَرَائِہُ - ذُوالکَرِیْھَۃِ : شمشیر براں کہا جاتا ہے "لَقِیْتُ دُوْنَہٗ کَرَائِہَ ومَکَارِہَ" اس کے ورے مصیبتوں اور مکروہات سے میں دوچار ہوا -

المَکْرَہ - مکروہ - ج مَکَارِہ -

المَکْرَھَۃ والمَکْرُوھَۃ - ناپسندیدہ ودشوار چیز - ج مَکَارِہ -

المَکْرُوْہ - مفعو - شر - ناپسندیدہ -

المَکْرُوْھَۃ - سختی - کہا جاتا ہے "ھُوَ ذُوْ مَکْرُوْھَۃٍ" وہ سختی میں ہے -

کَرَا یَکْرُوْ کَرْوًا - الاَرْضَ : کھودنا — الاَمْرَ : بار بار اعادہ کرنا — البِئْرَ : کنوئیں کا من درخت کے تنوں سے بنانا — بِالکُرَۃِ : گیند کھیلنا - کَرَتِ الدَّابَّۃُ : تیز دوڑنا -

کَرِیَتْ تَکْرِی کَرًا - السَّاقُ : پنڈلی کا باریک ہونا — المَرْاَۃُ : موٹے بازوؤں والی ہونا

الکَرَا - بازوؤں کی موٹائی - قدم کے پنجے کا قریب ہونا اور ایڑیوں کا دور ہونا - یا پنڈلیوں کی باریکی - کروان کا مذکر -

الکَرَوَان - ایک پرندہ - بھورے رنگ کا لمبی چونچ کا - اور کہا جاتا ہے کہ وہ رات کو سوتا نہیں اور اس کا نام ایسا رکھا گیا ہے جو ضد پر دلالت کرتا ہے اس وجہ سے کہ کَرَی کے معنے نیند کے ہیں مؤنث کَرَوَانَۃ - ج کِرْوَان وکَرَاوِیْن -

الکُرَۃ - ہر وہ چیز جسکو تم گول بناؤ - ہر گول چیز - اور نسبت کے لئے کُرَوِیٌّ وکُرِیٌّ ج کُرًی و کُرُوْنَ وکُرِیْن وکُرَاتٌ واُکَر -

الکَرَوِیَا والکَرَوِیَاءُ - زیرہ -

کَرَی یَکْرِی کَرْیًا الرَّجُلُ : تیز دوڑنا — النَّھْرَ : نہر کو کھودنا — بِالکُرَۃِ : گیند کھیلنا -

کَرِیَ یَکْرَی کَرًی الرَّجُلُ : اونگھنا - صفت کَرٍ وکَرْیَان وکَرِیٌّ -

کَارَاہُ مُکَارَاۃً وکِرَاءً الدَّابَّۃَ او الدَّارَ : چوپایہ یا مکان کرایہ پر دینا - صفت مُکَارٍ -

اَکْرَی اِکْرَاءً الشَّیْءُ : زیادہ ہونا - کم ہونا - (ضد) — فُلَانٌ : طاعتِ الٰہی میں شب بیداری کرنا — الاَمْرَ : مؤخر کرنا - پیچھے ڈالنا — الحَدِیْثَ بات طویل کرنا — فُلَانٌ دَابَّتَہٗ او دَارَہٗ : چوپایہ یا مکان کرایہ پر دینا اور اسم -

الکَرْوُ والکُرْوُ والکُرْوَۃ -

تَکَرَّی تَکَرِّیًا - سونا -

اِکْتَرَی مِنْہُ الدَّارَ وغَیْرَھَا : مکان وغیرہ کرایہ پر لینا -

تَکَارَی واِسْتَکْرَی الدَّارَ وغَیْرَھَا : مکان وغیرہ کرایہ پر لینا -

الکِرَاء والکِرْوَۃ - کرایہ -

الکَرِیّ - اونگھنے والا - کرایہ پر لینے والا - کرایہ پر دینے والا - ج اَکْرِیَاء - بہت چیز - ایک درخت ہے جو ریگستان میں ہوتا ہے - واحد کَرِیَّۃٌ -

الکَرْیَان - اونگھنے والا -

المُکَارِی - جانوروں کو کرایہ پر دینے والا - ج مُکَارُوْن - اور اب اکثر گدھے اور خچر والوں پر بولا جاتا ہے -

المُکْتَرِی مِنَ الاِبِلِ : آہستہ و نرم رفتار اونٹ -

کَزَّ (ن) کَزًّا الشَّیْءَ: تنگ کرنا۔ کَزَّتْ خُطَاهُ: قدم قریب قریب ہونا — المَرْأَةُ دُمْلُجَهَا: عورت کا بازوبند کو بازو سے بھر دینا (— کَزَازَةً و کُزُوْزَةً) سکڑنا۔ خشک ہونا۔

کُزَّ۔ سردی سے کپکپی لاحق ہونا۔ زکام ہونا۔

اَکَزَّ۔ اللّٰہُ فلانًا: کپکپی کی بیماری لگانا۔ صفت مفعولی۔ مَکْزُوْزٌ۔

اِکْتَزَّ۔ سکڑنا۔

الکَزُّ۔ مص۔ سکڑا ہوا۔ خشک۔ کہا جاتا ہے "وَجْهٌ کَزٌّ" یعنی قبیح چہرہ۔ "ذَهَبٌ اَوْ جَبَلٌ کَزٌّ" یعنی بہت ٹھوس اور مضبوط۔ "فُلَانٌ کَزُّ الْیَدَیْنِ" فلاں بخیل ہے۔ ج کُزٌّ۔

الکَزَّةُ۔ کزّ کا مؤنث کہا جاتا ہے "قَوْسٌ کَزَّةٌ" یعنی ایسی کمان جس کی لکڑی خشک ہو مڑتی نہیں۔ "وَبَکَرَةٌ کَزَّةٌ" یعنی تنگ چرخی۔

الکَزَّانِ۔ کجاوہ کے پچھلے حصہ کی دو لکڑیاں۔

الکُزَّزُ۔ بخیل۔

الکُزَازُ والکُزَّازُ۔ سخت سردی کی وجہ سے کپکپی یا ایک مرض کا نام۔

کَزِبَ (س) کَزَبًا۔ مَنْسِمُ الرِّجْلِ: پاؤں کی ہڈی کا چھوٹا ہونا سکڑنا۔

الکَزْبَرَةُ والکُزْبَرَةُ والکُزْبُرَةُ۔ دھنیا کا پودہ اور دھنیا کو جلجلان کہتے ہیں۔

کَزَمَ (ن) کَزْمًا۔ منہ بند کرنا اور چپ رہنا۔ — الجَوْزَةَ وغیرہا: اخروٹ وغیرہ کو اگلے دانتوں سے توڑنا اور گری نکالنا — ہٗ: سخت دانت کاٹنا۔

کَزِمَ (س) کَزَمًا: بخیل ہونا۔ بہت کھانیوالا ہونا۔ چھوٹی ناک یا انگلی والا ہونا۔ صفت اَکْزَمُ پیش قدمی سے ڈرنا۔

کَزَمَ البَرْدُ اَصَابِعَهٗ: سردی کا انگلیوں کو سکڑا دینا۔

اَکْزَمَ۔ سکڑنا — عَنِ الطَّعَامِ: بہت کھانا یہاں تک کہ خواہش باقی نہ رہے۔

تَکَزَّمَ الفَاکِهَةَ: میوہ بغیر چھیلے ہوئے کھانا۔

الکَزَمُ۔ تنگ ہتھیلی۔ چھوٹی انگلیوں والا۔

الکَزَمُ۔ بخل۔ بہت کھانا۔ ناک یا انگلیوں کی کوتاہی۔ گھوڑے وغیرہ کے ہونٹ کی چھوٹائی اور موٹائی۔ کہا جاتا ہے "فِیْ یَدِهٖ کَزَمٌ" جبکہ افعالِ خیر کے لئے ہاتھ نہ کھلے۔

الکَزَمُ مِنَ الرِّجَالِ: بزدل خائف مرد۔

الکَزْمَانُ مِنَ الرِّجَالِ: اتنا کھانیوالا کہ ناپسند کرنے لگے۔

المُتَکَزِّمُ۔ چھوٹی ہتھیلی اور قدم والا۔

کَزَی یَکْزِی کَزْیًا۔ اپنے آزاد کردہ سے احسان کرنا۔

کَسَّ (ن) کَسًّا الشَّیْءَ: باریک کوٹنا۔

کَسَّ (س) کَسَسًا۔ چھوٹے چھوٹے دانتوں والا ہونا۔ چھوٹے تالو والا ہونا۔ صفت اَکَسُّ مؤنث کَسَّاءُ ج کُسٌّ۔

الکُسُّ۔ اندامِ نہانی۔

الکَسِیْسُ۔ ٹوٹی ہوئی روٹی شکرا اور بقولِ بعض جَو اور چینا سے بنی ہوئی شراب۔ کھجور کی نبیذ۔ خشک شدہ گوشت کہ اس کو کوٹ کر باریک کر لیتے ہیں اور بطور توشہ کے سفر میں لے جاتے ہیں۔

المَکْسُوْسُ۔ مفع۔ ٹوٹی ہوئی روٹی۔

کَسَأَهٗ (ف) کَسْأً۔ پیچھا کرنا۔ کَسَأَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو ہانکنا — القَوْمَ: خصومت میں غالب آنا — ہٗ بِالسَّیْفِ: تلوار سے مارنا۔

الکِسْءُ مِنَ اللَّیْلِ: رات کا ایک ٹکڑا۔

الکُسْءُ والکُسُوْءُ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: پچھلا حصہ ج اَکْسَاءٌ۔ کہا جاتا ہے "رَکِبَ کُسْأَهٗ" یعنی وہ گدی کے بل گرا "اَتَیْنَا فِیْ اَکْسَاءِ الشَّهْرِ" یعنی ہم مہینہ کے آخر میں آئے "وَمَرُّوْا فِیْ اَکْسَاءِ المُنْهَزِمِیْنَ اَوْ عَلٰی اَکْسَائِهِمْ" یعنی وہ لوگ شکست خوردہ جماعت کے نشانِ قدم پر اور ان کے پیچھے گئے۔

کَسَبَ (ض) کَسْبًا وکِسْبًا وتَکَسَّبَ واکْتَسَبَ مَالًا وعِلْمًا: مال یا علم حاصل کرنا طلب کرنا۔ کمائی کرنا۔ کَسَبَ الشَّیْءَ: جمع کرنا۔

کَسَبَ الاِثْمَ: گناہ اٹھانا — لِاَهْلِهٖ: کمائی کرنا۔

کَسَبَ وکَسَّبَ واَکْسَبَ فُلَانًا مَالًا اوعِلْمًا: مال یا علم حاصل کرانا۔

اِسْتَکْسَبَ و تَکَسَّبَ فُلَانًا: کمائی کرانا

تَکَسَّبَ الرَّجُلُ: کمانے کی کوشش کرنا۔

الکَسْبُ۔ مص کمائی۔

الکِسْبَةُ والکَسِیْبَةُ۔ کمائی۔

الکَاسِبُ۔ فا۔ ابوکاسب: بھیڑیا۔

الکَاسِبَةُ۔ کاسب کا مؤنث ج کَوَاسِب

الکَوَاسِبُ: انسان یا پرندہ کے جسم کے جوڑ۔ شکاری جانور۔

الکَسُوْبُ والکَسَّابُ۔ بہت کمائی کرنے والا۔

المَکْسَبُ والمَکْسِبُ والمَکْسِبَةُ۔ کمائی۔

الکَسَابُ۔ بھیڑیا۔

الکُسْبُ۔ کھلی۔

الکُسْبَجُ۔ کھلی۔

الکُسْبُرُ۔ ہاتھی دانت کا کنگن کی مانند ایک زیور۔ ج کَسَابِر۔

الکُسْبُرَةُ۔ دھنیا۔

الکُسْتِیْجُ۔ زنار کے علاوہ ایک دھاگا۔ جسکو ذمی اپنے لباس پر باندھتے تھے۔

کَسَحَ (ف) کَسْحًا البَیْتَ: گھر میں جھاڑو دینا۔ کَسَحَتِ الرِّیْحُ الاَرْضَ: ہوا کا مٹی کو اڑا لیجانا الشَّیْءَ: کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْنَا بَنِیْ فُلَانٍ فَکَسَحْنَاهُمْ" یعنی ہم بنی فلاں پر پہنچے اور ان کو نیست ونابود کر دیا۔

کَسِحَ (س) کَسَحًا۔ ہاتھ پاؤں میں بے حسی والا ہونا۔ ایک پاؤں کے بوجھل ہونے کی وجہ سے چلنے میں گھسٹ کر چلنا۔ صفت اَکْسَحُ ج کُسْحَان کہا جاتا ہے "مَا اَکْسَحَهٗ" کس قدر بوجھل ہے۔

کَاسَحَہٗ مُکَاسَحَةً۔ بہت سخت جھگڑا کرنا

اِکْتَسَحَ الشَّیْءَ: لے جانا۔ کہا جاتا ہے "اَغَارُوْا عَلَیْهِمْ فَاکْتَسَحُوْهُمْ" یعنی انھوں نے ان کو لوٹا اور انکا

سارا مال لے گئے۔

الکَسْحِ۔ مص۔ عاجزی۔

الکُسَاحَۃ۔ کوڑا کرکٹ۔ ہاتھ پاؤں کی بیحسی اور اکثر پاؤں کی بے حسی کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

الکَسِحِ۔ وہ شخص کہ جس سے تم مدد طلب کرو اور وہ تمہاری مدد نہ کرے۔

الاَکْسَحُ۔ ہاتھ پاؤں کی بے حسی والا۔ لنگڑا لنجا۔ ج کُسْحَان۔

الکَسِیحِ والکُسَیحِ والکَسْحَان ہاتھ پاؤں کی بے حسی والا۔

الکُسَاحَ۔ اونٹوں کا ایک مرض۔

المِکْسَحَۃ۔ جھاڑو۔

المُکَسَّحِ چھیل کر ہموار کیا ہوا۔ جیسے عُوْدٌ مُکَسَّحٌ۔

المَکْسُوحِ۔ مف جَمَلٌ مَکْسُوحٌ: سخت لنگڑا اونٹ۔

کَسْحَبَ کَسْحَبَۃً ڈر کی وجہ سے چھپ چھپ کر چلنا۔

کَسَدَ وکَسُدَ (ن) کَسَادًا وکُسُوْدًا الشَّیْءُ: خواہشمندوں کی کمی کی وجہ سے رائج نہ ہونا کَسَدَتِ السُّوْقُ: بازار کا مندا ہونا۔ شی کی صفت کَاسِدٌ وکَسِیْدٌ اور سوق کی صفت کَاسِدٌ وکَاسِدَۃٌ واَکْسُدٌ۔

اَکْسَدَ القَوْمُ: مندے بازار والا ہونا۔ اَکْسَدَتِ السُّوْقُ: بازار کا مندا ہونا۔ اَکْسَدَ الشَّیْءَ: غیر رائج بنانا۔

اِنْکَسَدَتِ الغَنَمُ اِلَی الغَنَمِ: واپس ہونا۔ لوٹنا

الکُسْدُ۔ قسط (ایک دوا کا نام)

الکَسِیْدُ۔ مندا۔ گھٹیا۔

کَسَرَ (ض) کَسْرًا العُوْدَ وکُلَّ صُلْبٍ: توڑنا العَسْکَرَ: لشکر کو شکست دینا ـــــ الوَصِیَّۃَ: وصیت منسوخ کرنا ـــــ الشِّعْرَ: شعر کا وزن درست نہ کرنا ـــــ الطَّائِرُ جَنَاحَیْہِ: پرندہ کا اترنے کے لئے پروں کو سمیٹنا ـــــ الحَرْفَ: حرف کو زیر دینا ـــــ الوِسَادَۃَ: تکیہ کو موڑنا اور ٹیک لگانا ـــــ المَتَاعَ: سامان ایک ایک کرکے بیچنا۔ کَسَرَ مِنْ طَرْفِہٖ وعَلٰی طَرْفِہٖ: نگاہ پست کرنا ـــــ فُلَانًا عَنْ مُرَادِہٖ: پھیرنا۔

کَسَرَ (ض) کُسُوْرًا الطَّائِرُ: پرندہ کا اترنے کیلئے پروں کو سمیٹنا۔

کَسِرَ (س) کَسَرًا۔ کاہل ہونا۔

کَسَّرَ بمعنے کَسَرَ۔ تشدید مبالغہ اور تکثیر کیلئے ہے وکَسَّرَتِ المِرْاٰۃُ ونَحْوُہَا النُّوْرَ عَلٰی کَذَا فتکسر آئینہ نے فلاں چیز پر روشنی ڈالی اور اس پر روشنی پڑ گئی۔ کَسَّرَ الکَلِمَۃَ: جمع مکسر بنانا۔ اور کہا جاتا ہے "کَسَّرَ الکِتَابَ عَلٰی عِدَّۃِ اَبْوَابٍ" کتاب کو چند ابواب پر منقسم کیا۔

تَکَسَّرَ۔ ٹوٹنا ـــــ الشَّیْءَ: توڑنا۔

اِنْکَسَرَ۔ ٹوٹنا ـــــ العَسْکَرُ: لشکر کا شکست کھانا اور پراگندہ ہونا۔ صفت دونوں معنی کے لحاظ سے مکسور ہے اور منکسر نہیں کہا جاتا ـــــ الحَرُّ: گرمی کم ہونا ـــــ العَجِیْنُ: گندھے ہوئے آٹے کو نرم ہونا اور خمیر ہونا ـــــ عَنِ الشَّیْءِ: عاجز ہونا۔

اِکْتَسَرَ الشَّیْءَ: توڑنا۔

الکَسْرُ۔ مص زیر کی حرکت۔ بہت کم ـــــ فِی الحِسَابِ: ایک سے کم جیسے تہائی چوتھائی اور اس کے مقابلہ میں صحیح ہے ج کُسُوْرٌ۔ جج کُسُوْرَات۔

الکَسْرُ والکِسْرُ۔ عضو کا جزو۔ ہڈی کا جز مع گوشت کے۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُہٗ وہُوَ یُطْعِمُ النَّاسَ مِنْ کُسُوْرِ الاِبِلِ" میں اس کے پاس آیا اور وہ لوگو کو اونٹ کے اعضاء کھلا رہا تھا۔ کوٹھری کا ایک گوشہ۔ خیمہ کا وہ کنارہ جو زمین پر لگا ہوا ہو۔ گوشہ ج اَکْسَار وکُسُوْر۔ کُسُوْرُ الاَوْدِیَۃِ: وادی کے موڑ (اور اس آخری معنی میں اس لفظ کا واحد نہیں) ہٰذِہٖ اَرْضٌ ذَاتُ کُسُوْرٍ" یہ زمین اونچی نیچی ہے۔

الکَسْرَۃُ۔ کَسَرَ کا اسم مرۃ۔ زیر کی حرکت۔ شکست۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَتْ عَلَیْہِمُ الکَسْرَۃُ" یعنی شکست کھا گئے "وبِعَیْنِہٖ کَسْرَۃٌ مِنَ السَّہَرِ" یعنی اس کی آنکھ میں نیند کا غلبہ ہے۔ ج کَسَرَات اور کہا جاتا ہے "ہُوَ ذُوْ کَسَرَاتٍ وہَزَرَاتٍ" وہ ایسا شخص ہے جس کو ہر چیز میں نقصان ہوتا ہے۔

الکِسْرَۃُ۔ ٹوٹی ہوئی چیز کا ٹکڑا۔ ج کِسَرٌ وکِسْرَات وکِسَرَات۔

کَسْرٰی وکِسْرٰی۔ شاہان فارس کا نام۔ ج اَکَاسِرَۃ واَکَاسِر وکَسَاسِرَۃ وکُسُوْر اور نسبت کے لئے کَسْرَوِیّ اگر کَسْرٰی کی طرف نسبت ہو اور اگر کِسْرٰی کی طرف ہو کِسْرَوِیّ وکِسْرِیّ۔

الکُسَار والکُسَارَۃ مِنَ الحَطَبِ ونَحْوِہٖ: کھورا۔ چھپٹی۔

الکَسِیْرُ۔ ٹوٹا ہوا۔ ج کَسْرٰی وکَسَارٰی۔

الاِکْسِیْرُ۔ وہ چیز جو چاندی وغیرہ کو سونا بنادے

التَّکْسِیْرُ۔ مص۔ والتَّکْسِیْرُ عِنْدَ المُہَنْدِسِیْنَ: پیمائش۔

الکَاسِرُ فا۔ ج کُسَّر۔ عقاب۔ کہا جاتا ہے عُقَابٌ کَاسِرٌ: ٹوٹ پڑنے والا یا شکار کئے ہوئے جانور کو توڑ دینے والا عقاب۔

الکَاسِرَۃ۔ کاسر کا مونث ج کَاسِرَات وکُسَّر وکَوَاسِر۔ الکَوَاسِرُ: شکاری پرندے۔

الکَسَّارُ۔ اسم مبالغہ۔

المَکْسِرُ۔ توڑنے کی جگہ۔ مَکْسِرُ الشَّجَرَۃِ: درخت کی جڑ یا درخت کا تنہ جہاں سے ٹہنیاں توڑی جائیں۔ آزمائش۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ طَیِّبُ المَکْسِرِ" فلاں آزمائش کے وقت اچھا ہے۔

المُکَاسِرُ مِنَ الجِیْرَانِ: پڑوسی جس کے مکان کا گوشہ تمہارے مکان کے گوشہ سے ملا ہوا ہو۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ جَارِیْ مُکَاسِرِیْ" وہ میرا پڑوسی ہے کہ اس کے مکان کا گوشہ میرے مکان کے گوشہ سے ملا ہوا ہے۔

المُکَسَّرُ۔ مفع۔ المُکَسَّرُ مِنَ الاَوْدِیَۃِ: وادی جس کے موڑ بہ رہے ہوں۔ الجمع المکسر: جمع سالم کی ضد۔ جس میں واحد کا وزن باقی نہ رہے۔ جیسے رَجُلٌ سے رِجَالٌ۔ مَسْجِدٌ سے مَسَاجِد۔

المَکْسُوْرُ۔ مفع۔ صَوْتٌ مَکْسُوْرٌ: نرم وکمزور آواز۔

المُتَکَسِّعُ - فا - کہا جاتا ہے "رَأَیْتُہٗ مُتَکَسِّعًا" میں نے اس کو سست دیکھا۔
کَسَعَہٗ (ف) کَسْعًا - دھتکارنا - دھتکارتے ہوئے پیچھا کرنا - چوتڑوں پر ہاتھ یا لات مارنا -
کَسَعَ السَّفِینَۃَ فِی البَحْرِ: کشتی کو سمندر میں اتارنا اور چلانا - کَسَعَہٗ بِکَذَا: تابع بنانا - کہا جاتا ہے "مَرَّتِ الخَیْلُ یَکْسَعُ بَعْضُہَا بَعْضًا" گھوڑے آئے اس حال میں کہ بعض بعض کے پیچھے تھے - "وَاتَّبَعَ فُلَانٌ اَدْبَارَہُمْ یَکْسَعُہُمْ بِالسَّیْفِ" فلاں ان کے پیچھے گیا اور تلوار سے ان کو دھتکار رہا تھا - و کَسَعْتُ الرَّجُلَ بِمَا سَاءَہٗ جبکہ گفتگو کرے اور آخر میں ایسی بات کہے جو تکلیف دہ ہو۔
کَسَعَتْ وَاکْتَسَعَتِ الخَیْلُ بِاَذْنَابِہَا گھوڑوں کا ٹانگوں میں دُم دبانا۔
تَکَسَّعَ فِی ضَلَالِہٖ: گمراہی کی انتہا کو پہنچنا۔
الکَسَعُ فِی الخَیْلِ: گھوڑے کے کھر کے پاس جوڑ کے اردگرد سفیدی۔
الکِسَعُ - روٹی کے ٹکڑے۔
الکُسْعَۃُ - پیشانی پر سفید داغ - پرندہ کی دم کے نیچے سفید پر - ج کُسَع - کام کرنے والے بیل - گدھے - غلام۔
الاَکْسَعُ مِنَ الخَیْلِ: کھر کے پاس جوڑ کے اردگرد سفیدی والا گھوڑا — مِنَ الطَّیْرِ دُم کے نیچے سفید پر والا پرندہ۔
رَجُلٌ مُکَسَّعٌ - بے بیاہا مرد۔
الکُسْعُوْمُ - گدھا۔
کَسَفَ (ض) کَسْفًا الثَّوْبَ: کپڑا کاٹنا — الشَّمْسُ اوالقَمَرُ: گہن لگانا — بَصَرَہٗ: نگاہ پست کرنا — الشَّمْسُ النُّجُوْمَ: آفتاب کی روشنی کا ستاروں پر غالب آنا۔ الشَّیْءَ: ڈھانکنا - کَسَفَہُ الحُزْنُ وغیرہٗ: غمگین کرنا
کَسَفَتْ (ض) کُسُوْفًا الشَّمْسُ: آفتاب میں گہن لگنا — وَجْہُہٗ: تیوری چڑھنا - متغیر ہونا — حالُہٗ: برا ہونا - کَسَفَ اَمَلُہٗ: امید منقطع ہونا — کَسَفَ بالُہٗ: جی میں برا خیال آنا یا امید کا کھوٹا ہونا۔
تَکَسَّفَتِ الشَّمْسُ: آفتاب میں گہن لگنا۔
اِنْکَسَفَتِ الشَّمْسُ والقَمَرُ: آفتاب اور ماہتاب میں گہن لگنا۔
کَسَّفَ الشَّیْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
الکَسْفُ - مص عرب کے امثال سے ہے "اَکَسْفًا وَاِمْسَاکًا" یعنی کیا ترش روئی اور بخل بھی (یہ مثال ترش رو و بخیل کیلئے استعمال ہوتی ہے)
الکَاسِفُ - فا - کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَاسِفُ البَالِ" یعنی فلاں برے حال والا ہے "وکَاسِفُ الوَجْہِ" ترش رو "ویَوْمٌ کَاسِفٌ" سخت و خوفناک دن "وَرَجُلٌ کَاسِفٌ" غمگین مرد جو غم کی وجہ سے نڈھال ہو گیا ہو۔
الکِسْفَۃُ - ٹکڑا ج کِسَف وکِسْف واَکْسَاف وکُسُوف۔
الکَسِیْفَۃُ - ٹکڑا۔
کَسْکَسَ کَسْکَسَۃً الشَّیْءَ: سخت کوٹنا۔
الکُسْکَاسُ - پستہ قد موٹا مرد۔
الکَسْکَسَۃُ مص وقف کی حالت میں ک ضمیر مؤنث کے ساتھ سین ملانا جیسے بِکِس واَکْرَمْتُکِس بکِ واکرمتکِ میں (یہ لغت بنو تمیم کا ہے)
الکُسْکُسُ - ایک کھانا ہے جو آٹے سے بنایا جاتا ہے۔
کَسِلَ (س) کَسَلًا وتَکَاسَلَ کاہل ہونا جس کام سے سستی نہ کرنا چاہئے اس میں سستی کرنا - صفت کَسِلٌ وکَسْلَانُ ج کُسَالٰی وکَسَالٰی مؤنث کَسِلَۃٌ وکَسْلَانَۃٌ وکَسْلٰی۔
کَسِلَ (س) کَسَلًا واَکْسَلَ بے انزال کے جماع کرنا یا منی کو باہر گرانا۔
اَکْسَلَ الاَمْرُ فُلَانًا: کاہلی میں ڈالنا۔
الکَسَالَۃُ - بے کاری۔
الکَسُوْلُ - کاہل - نازپروردہ لڑکی کے لئے وصف ہے جو اپنی مجلس سے جدا نہ ہو۔
الکِسْلُ والمِکْسَلُ - دُھنیا کے کمان کی تانت جبکہ اتار دی جائے - نَسَبٌ مَکْسَلٌ: وہ نسب جسے سرداری اور افعالِ خیر میں خودداری ہو
المِکْسَالُ - کاہل (مذکر و مؤنث) نازپروردہ لڑکی جو اپنی مجلس سے جدا نہ ہو - یہ اس کے لئے باعث مدح ہے۔
المَکْسَلَۃُ - سبب کاہلی - کہا جاتا ہے "الشِّبَعُ مَکْسَلَۃٌ" آسودگی باعث کاہلی ہے "فُلَانٌ لَاتُکْسِلُہُ المَکَاسِلُ" اسباب کاہلی فلاں کو کاہل نہیں بناتے
کَسَمَ (ض) کَسْمًا الیَابِسَ: خشک چیز کو ہاتھ سے چورا کرنا — عَلٰی عِیَالِہٖ: کمائی حاصل کرنے کے لئے محنت کرنا — نَارَ الحَرْبِ: لڑائی بھڑکانا۔
الکُسْمُ - مص - خشک چیز کا چورہ جو تمہارے ہاتھوں میں باقی رہ جائے۔
الکَسُوْمُ - کرگذرنے والا۔
الکَیْسُوْمُ - بہت گھاس - کہا جاتا ہے "ہٰذِہٖ رَوْضَۃٌ کَیْسُوْمٌ واَکْسُوْمٌ وکَیْسُوْمٌ" یہ سرسبز شاداب اور گنجان باغ ہے۔
خَیْلٌ اَکَاسِمُ - بہت سے گھوڑے جو ایک دوسرے کے اوپر ہوں۔
کَسْمَلَ کَسْمَلَۃً - قریب قریب قدم رکھ کر چلنا۔
کَسَا یَکْسُوْ کَسْوًا واَکْسٰی الثَّوْبَ فُلَانًا: کپڑے پہنانا - کَسَاہُ شِعْرًا: اشعار سے مدح کرنا۔
کَسِیَ یَکْسٰی وکَسِیَ کَسًا الثَّوْبَ: کپڑا پہننا - کَسِیَ یَکْسٰی کَسَاءً: بزرگ ہونا۔
تَکَسّٰی تَکَسِّیًا بِالکِسَاءِ: اوڑھنا - پہننا۔
کَاسٰی مُکَاسَاۃً فُلَانًا: فخر کرنا۔
اِکْتَسٰی - لباس پہننا - اِکْتَسَتِ الاَرْضُ بِالنَّبَاتِ: نباتات سے چھپ جانا - اِکْتَسِیَہٗ ثَوْبًا: کپڑے پہنانا۔
اِسْتَکْسٰی فُلَانًا: کسی سے لباس مانگنا۔
الکَاسِی فا - لباس پہننے والا - ج کُسَاۃ۔
الکَسَاءُ - بزرگی و شرف۔

الکِسَاءُ - کپڑا۔ کمبل ۔ ج اَکْسِیَۃ۔
الکُسْوَۃ والکِسْوَۃ ۔ لباس ج کُسًی وکِسًی
الاَکْسٰی - بہت پہننے والا۔ بہت لباس دینے والا۔ عرب کے امثال میں سے ہے "ھُوَ اَکْسٰی مِنْ بَصَلَۃٍ" اس شخص کے لئے بولتے ہیں جو بہت زیادہ کپڑے پہنے۔
الکُسْئُ چوتڑ کا پچھلا حصہ۔ ہر چیز کا پچھلا حصہ ج اَکْسَاءٌ۔ کہا جاتا ہے "رَکِبَ اَکْسَاءَہٗ" وہ گدی کے بل گرا۔
کَشَّ (ض) کَشًّا وکَشِیْشًا الزَّنْدُ: آگ نکلتے وقت سائیں سائیں کی آواز نکلنا ــــ الجَرَّۃُ: شراب کے مٹکے میں جوش آنا۔
کَشَّتْ کَشِیْشًا الحَیَّۃُ: سانپ کی کھال سے آواز نکلنا۔ کَشَّ الجَمَلُ: اونٹ کا پہلی مرتبہ بڑبڑانا ــــ البَقَرَۃُ: گائے کا آواز نکالنا ــــ کَشَّا) الرَّجُلَ وغیرَہٗ: دھتکارنا۔ ڈانٹنا ــــ
تَکَاشَّتِ الاَفَاعِیْ: سانپوں کا آپس میں آواز نکالنا۔
الکُشُّ - وہ چیز جس سے درختِ خرما کو گابھا دیا جائے۔
الکُشَّۃُ - پیشانی یا سر کے اگلے حصہ کے بالوں کا گچھا۔
الکَشِیْشُ - مص - شراب کے جوش کی آواز
کَشَأَ (ف) کَشْأً الشَّیْئَ: چھیلنا۔ اگلے دانتوں سے کاٹ کر کھانا ــــ فُلَانًا بالسَّیْفِ تلوار سے مارنا ــــ وَاکْتَشَأَ اللَّحْمَ: گوشت بھون کر خشک کرنا۔ صفت مفعولی کَشِیْئٌ وکَشَأَ الرَّجُلُ: بھونے ہوئے گوشت کا ٹکڑا کھانا۔ کَشَأَ المَرْأَۃَ: جماع کرنا۔
کَشِئَتْ (س) کَشْأً وکَشَاءَۃً یَدُہٗ: ہاتھ پھٹنا۔ چھری دار ہونا۔
کَشَأَ وکَشِئَ کَشْأً وکَشَاءً وتَکَشَّأَ ــــ الرَّجُلُ مِنَ الطَّعَامِ: شکم سیر ہو کر کھانا۔ صفت کَشِیْئٌ وکَشِیٌّ۔ تَکَشَّأَ الشَّیْئُ: چھل جانا ــــ اللَّحْمَ: خشک بھنا ہوا گوشت کھانا۔

کَشَّأَ تَکْشِئَۃً اللَّحْمَ: خشک بھنا ہوا گوشت کھانا۔
الکُشَأَۃُ - عیب۔ کہا جاتا ہے "مَا فِیْ جَسَدِہٖ کُشَأَۃٌ" اس کے جسم میں کوئی عیب نہیں۔
کَشَبَ (ض) کَشْبًا وکَشَّبَ اللَّحْمَ: گوشت بہت کھانا۔
الکُشْتُبَانُ انگشتانہ ج کَشَاتِبِیْنُ۔ وزَہْرُ الکُشْتُبَانِ: ایک قسم کی نباتات۔
الکَشُوْثُ والکُشُوْثٰی والکَشُوْثٰی و الکُشُوْثَاءُ - ایک قسم کی گھاس ہے جو درخت وغیرہ پر لپٹی ہوئی ہوتی ہے اور اس کی جڑ نہیں ہوتی اور اس کے پتے بھی نہیں ہوتے۔
کَشَحَ (ف) کَشْحًا البَیْتَ: گھر میں جھاڑو دینا ــــ القَوْمَ: پراگندہ کرنا دھتکارنا ــــ عَنِ المَاءِ: پانی پر سے واپس ہونا ــــ لَہٗ بِالعَدَاوَۃِ: دشمنی کرنا ــــ الدَّابَّۃُ: چوپایہ کا ٹانگوں کے درمیان دُم دبانا ــــ الطَّائِرُ: پرندہ کا تیز واپس آنا ــــ الظَّلَامُ او الضَّوْءُ: تاریکی یا روشنی کا زائل ہونا ــــ وکَشَّحَ العُوْدَ: لکڑی چھیلنا۔ چھال اتارنا ــــ البَعِیْرَ: اونٹ کے پہلو میں داغ لگانا ــــ ہٗ: پہلو پر داغ دینا۔
کُشِحَ الرَّجُلُ: پہلو پر داغ دیا جانا۔ صفت مَکْشُوْحٌ۔ کُشِحَ القَوْمُ عَنِ المَاءِ: متفرق ہونا۔ پراگندہ ہونا۔
کَشِحَ (س) کَشَحًا - درد پہلو والا ہونا
کَاشَحَ کِشَاحًا ومُکَاشَحَۃً فُلَانًا بِالعَدَاوَۃِ: دشمنی رکھنا۔
اِنْکَشَحَ القَوْمُ عَنِ المَاءِ: متفرق ہونا۔ بکھرنا
تَکَشَّحَ الجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔
الکَشْحُ - مص - پہلو - ج کُشُوْحٌ۔ کہا جاتا ہے "طَوٰی کَشْحَہٗ عَنْ فُلَانٍ او طَوٰی کَشْحًا عَنْہُ" یعنی اس نے پہلو تہی کی اور اعراض کیا۔ "وَطَوٰی کَشْحَہٗ عَلَی الاَمْرِ" اس نے کام پر مداومت کی۔
الکُشَاحُ - پہلو کی بیماری جس کا علاج داغ لگانا ہے اور بقول بعض ذات الجنب کو کہتے ہیں۔

الکَاشِحُ - فا - پوشیدہ دشمنی رکھنے والا۔ اور بقول بعض وہ شخص جو دشمنی کی بنا پر پہلوتہی کرے یا وہ جو تم سے دوری اختیار کرے اور اعراض کرے۔
الکِشَاحُ - پہلو کا داغ ۔
الکُشَاحَۃُ: باطنی عداوت۔
المِکْشَحُ والمِکْشَاحُ - تلوار کی دھار۔
المِکْشَاحُ: کلہاڑا۔
کَشْخَنَ کَشْخَنَۃً الرَّجُلَ: عورت کے حق میں بے غیرت کہنا۔
الکَشْخَانُ - بیوی کے حق میں بے غیرت
کَشَدَ (ض) کَشْدًا الشَّیْئَ: دانتوں سے کاٹنا ــــ النَّاقَۃَ: اونٹنی کو تین انگلیوں سے دوہنا
اَکْشَدَ - خالص مکھن بنانا۔
الکُشْدَۃُ - مکھن۔
الکَاشِدُ والکَشُوْدُ والکَشِدُ اہل و عیال کیلئے بہت محنت سے کمانیوالا - ج کُشُدٌ۔
کَشَرَ (ض) کَشْرًا عَنْ اَسْنَانِہٖ: ہنسی وغیرہ میں دانت نکالنا اور اسم الکِشْرَۃُ ــــ السَّبُعُ عَنْ نَابِہٖ: درندے کا مقابلے میں دانت دکھانا۔ فُلَانٌ لَہٗ: چیتے جیسا بننا۔
کَشِرَ (س) کَشَرًا - بھاگنا۔
کَشَّرَ عَنْ اَسْنَانِہٖ: بمعنے کَشَرَ تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔
کَاشَرَہٗ مُکَاشَرَۃً - باہم ہنسنا۔ باہم دانت نکالنا۔
اَکْشَرَ لَہٗ عَنْ اَنْیَابِہٖ: دھمکی دینا۔
تَکَشَّرَ - دانت نکالنا۔
الکَشْرُ مص سوکھی روٹی۔
الکُشَرُ - انگور کا خوشہ جس کے انگور کھائے جاچکے ہوں۔
المُکَاشِرُ فا - الجَارُ المُکَاشِرُ: قریبی پڑوسی۔
کَشَطَ (ض) کَشْطًا واسْتَکْشَطَ الشَّیْئَ: ڈھکی ہوئی چیز کو کچھ کھولنا۔ کَشَطَ الجُلَّ عَنِ الفَرَسِ والغِطَاءَ عَنِ الشَّیْئِ: جھول کو گھوڑے سے یا ڈھکنے کو کسی چیز سے اتارنا۔ ننگا کرنا ــــ الحَرْفَ: موقع

سے ہٹا دینا۔ وکَشَطَ البعیرَ: اونٹ کی کھال اتارنا واُستُکشِطَ البعیرُ: کھال اتارنے کا وقت قریب ہونا۔
تَکَشَّطَ السَّحَابُ فِی السَّمَاءِ: آسمان میں بادل ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ پراگندہ ہونا۔
اِنْکَشَطَ۔ اتارا جانا۔ ننگا ہونا —— الرَّوْعُ: خوف زائل ہونا۔
الکَشَّاط۔ قصائی۔
الکِشَاط۔ انکشاف۔ اتری ہوئی کھال
الکَشَطَة۔ کھال اتری ہوئی اونٹوں کے مالکین۔
کَشَعَ (ف) کَشْعًا القومُ عن قتیل: قوم کا مقتول سے متفرق و پراگندہ ہو جانا۔
کَشِعَ (س) کَشَعًا۔ بددل ہونا۔ زچ ہونا۔
کَشَفَ (ض) کَشْفًا وکاشِفَةً الشیءَ وعن الشیءِ: ظاہر کرنا۔ کھولنا۔ کہا جاتا ہے۔ "کَشَفَ اللّٰہُ غُمَّتَہٗ" اللہ اس کے غم کو زائل کرے "کَشَفَتْہُ الکواشِفُ" یعنی رسوا کر دیا۔
کَشِفَ (س) کَشَفًا۔ شکست کھانا —— الرَّجُلُ او الفَرَسُ: کھلی ہوئی پیشانی والا ہونا۔
کَشَّفَ الشیءَ: کھولنا۔ ظاہر کرنا —— فلانًا عن الأمرِ: ظاہر کرنے پر مجبور کرنا۔
کَاشَفَہٗ بِکذا: خبردار کرنا —— ہٗ بالعَدَاوَةِ کھلی کھلی دشمنی کرنا۔
اَکْشَفَ۔ ہنسنے میں مسوڑھوں کو ظاہر کرنا
اِنْکَشَفَ الشیءُ: ظاہر ہونا۔
تَکَشَّفَ الشیءُ: ظاہر ہونا —— البرقُ: بجلی کا آسمان پر پھیلنا —— الرَّجُلُ: رسوا ہونا۔
تَکَاشَفَ القومُ: ایک دوسرے کے عیوب کو ظاہر کرنا۔
اِکْتَشَفَ الشیءَ: ظاہر کرنا۔ کھولنا۔ اور اسی سے ہے "الاکتشافات" ان نئی تحقیقات کیلئے جو امور طبعیہ وصناعیہ میں ظاہر ہوں۔
اِسْتَکْشَفَ عن الشیءِ: ظاہر کرنے کو کہنا۔
الکَشْف مص —— عند العروضیین: —— ساتویں متحرک کا گرا دینا۔
الکَشَف۔ سر کے اگلے حصہ کے بال گر جانا۔ والکَشَفُ فِی الخَیلِ: دُم کے بالوں کی پیچیدگی۔
الکَشَفَة۔ سر کے اگلے حصہ میں بال گرنے کی جگہ۔
الکاشِف۔ فا۔ ج کَشَفَة۔
الکاشِفَة۔ مع کاشف کا مؤنث۔ رسوائی ج کَوَاشِف۔
الکَشَّاف۔ اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے۔ "ہُوَ کَشَّافُ الغُمَمِ" وہ غموں کا زائل کرنیوالا ہے
الاَکْشَف۔ جس کے سر کے اگلے حصہ کے بال گر گئے ہوں۔ گھوڑا جس کی دُم کے بالوں میں پیچیدگی ہو۔ وہ شخص جس کے پاس لڑائی میں نہ ڈھال ہو نہ خود ہو۔ لڑائی میں شکست خوردہ
الکَشْفَاء۔ اکشف کا مؤنث۔
الکَشِیف۔ بمعنے مَکْشُوف۔ کھلا ہوا ظاہر
الکَشْک۔ جَو کا پانی۔ آشِ جو۔
الکِشْک۔ عندعامتنا: ایک قسم کا کھانا جو موٹے ستو کو دودھ میں بھگو کر خمیر اٹھنے کے بعد پکایا جاتا ہے۔ الکُشْک: گنبددار محل (دخیل)
کَشْکَشَ کَشْکَشَةً۔ بھاگنا۔ کَشْکَشَتِ الحَیَّةُ: سانپ کا کھال سے آواز نکالنا۔
الکَشْکَشَة۔ مع ضمیر خطاب مؤنث کو شین سے بدل لینا۔ جیسے اکرمتشِ وعلیشِ اکرمتکِ وعلیکِ میں۔
الکَشْکُول والکَشْکُولَة۔ بھکاریوں کا چنبل (دخیل) بہاء الدین عاملی کی ایک کتاب کا نام کشکول ہے اس لئے کہ اس میں مختلف موضوع پر مضامین ہیں۔
کَشَمَ (ن) کَشْمًا وکَشَّمَ واِکْتَشَمَ۔ الأنفَ: ناک جڑ سے کاٹنا۔
کَشِمَ (س) کَشَمًا۔ پیدائشی یا خاندانی عیب دار ہونا۔ صفت اَکْشَم۔
کَشَمَ (ض) کَشْمًا القِثَّاءَ والجَزَرَ: ککڑی یا گاجر بہت حرص سے کھانا۔
اَنفٌ کَشِمٌ واَکْشَمُ۔ جڑ سے کٹی ہوئی ناک۔
الکَشْم والاُکْشُم۔ تیندوا۔
کَشَّمَ۔ رونے کے لئے آمادہ ہونا —— اَنفَہٗ: ناک توڑ دینا۔
الکِشْمِش۔ کِشْمِش، واحد کِشْمِشَة۔
کَشَاہٗ کَشْوًا کُشُوًّا۔ دانتوں سے کاٹ کھانا
الکُشْیَة۔ گوہ کے پیٹ کی چربی۔ یا اس کی دم کی جڑ۔ ج کُشًی۔
کَصَّ (ض) کَصًّا القومُ: اکٹھا ہونا (—— کَصِیصًا) الماءُ بالناسِ: پانی پر لوگوں کی بہت بھیڑ ہونا (—— کَصًّا وکَصِیصًا) الصوتُ: آواز باریک ہونا۔
اَکَصَّ۔ بھاگنا اور شکست کھانا۔
تَکَاصَّ واکْتَصَّ القومُ: اکٹھا ہونا بھیڑ کرنا۔
الکَصِیص مص شدت مشقت کی وجہ سے پیچ وتاب۔ خوف۔ اضطراب۔ ٹڈی کی آواز۔ موٹا پستہ قد مرد۔ مکروہ۔
الکَصِیصَة۔ جماعت۔ ہرن کے پھنسانیکا پھندا۔ ج کَصَائِص۔
کَصْکَصَ۔ تیز چلنا۔
کَصَمَ (ض) کُصُومًا۔ پشت پھیرنا۔ پیٹھ دکھانا (—— کَصْمًا) دانتوں سے کاٹنا۔ الرَّجُلَ: سختی سے ہٹانا۔
کَصَی یَکْصِی کَصْیًا۔ رفعت کے بعد خسیس ہونا۔
کَضْکَضَ۔ تیز چلنا۔
کَضَلَ (ن) کَضْلًا۔ ہٹانا۔ دور پھینکنا
تَلَسَّنَ عَلٰی فُلَانٍ: جھوٹ بولنا۔ افترا کرنا — الْجَمْرُ: چنگاری کو زبان کی مانند شعلہ بلند ہونا

اَللِّسْنُ۔ زبان۔ لغت۔ گفت گو۔

اَللَّسَنُ۔ فصاحت۔

اَللِّسَانُ۔ زبان (مذکر و مؤنث) مذکر اکثر استعمال ہوتا ہے ج اَلْسِنَۃٌ واَلْسُنٌ ولُسُنٌ ولِسَانَات لغت۔ پیغام۔ لِسَانُ الْعَرَبِ: عرب کی زبان لِسَانُ الْقَوْمِ: قوم کا ترجمان۔ لِسَانُ الْحَالِ: زبان حال۔ یا کسی چیز کی ظاہری کیفیت۔ لِسَانُ الصِّدْقِ: اچھی شہرت۔ لِسَانُ الْمِیْزَانِ: ترازو کا وہ حصہ جو تولتے وقت ہاتھ سے پکڑا جاتا ہے لِسَانُ النَّارِ: شعلہ۔ لِسَانُ الْحَمَلِ — الثَّوْرِ و — الْکَلْبِ و — السَّبُعِ و — الْعَصَافِیْرِ: مختلف نباتات کے نام۔ والحروفُ اللِّسَانِیَّۃُ: ر۔ ز۔ س ش۔ ص۔ ض۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ ذُوْ لِسَانَیْنِ یعنی فریبی۔ دغا باز۔ منافق۔ غیبت کرنیوالا۔ وَاَلْسِنَۃُ النَّاسِ عَلَیْہِ حَسَنَۃٌ لوگوں کی ثنا و تعریف اس کے حق میں اچھی ہے۔

اَللَّسِنُ۔ جو چیز زبان کی طرح نوکدار ہو (— والْاَلْسَنُ) فصیح بلیغ۔ مؤنث لَسْنَاءُ ج لُسْنٌ

اَلْمِلْسَنُ۔ فا۔ فصیح۔ بہت بولنے والا۔

اَلْمِلْسَنُ۔ پتھر جسکو دروازہ کے اوپر کے حصے میں لگا دیتے ہیں اور اس کے نیچے گوشت کا ٹکڑا رکھ دیتے ہیں۔ جب کوئی درندہ آتا ہے اور اس گوشت کو لینا چاہتا ہے تو پتھر گر پڑتا ہے اور دروازہ کو بند کر دیتا ہے جس میں درندہ بند ہو جاتا ہے۔

اَلْمُلَسَّنُ۔ مفع۔ زبان کی طرح نوک دار بنایا ہوا۔

اَلْمُلْسِنُ۔ فا۔ حیرت یا فکر کی وجہ سے زبان کو دبانے والا۔

اَلْمَلْسُوْنُ۔ جھوٹا۔ باتونی کام چور۔ زبان بریدہ۔

لَسَا یَلْسُوْ لَسْوًا۔ تھوڑا کھانا۔

لَشَّہٗ (ن) لَشًّا۔ دھتکارنا۔ دفع کرنا ہٹانا

اَللَّشُّ۔ مع ماش۔

لَشْلَشَ۔ گھبراہٹ کی وجہ سے جگر وغیرہ کا کانپنا۔

اَللَّشْلَاشُ۔ گھبراہٹ کی وجہ سے جگر وغیرہ کا کانپنے والا۔

لَشَا یَلْشُوْ لَشْوًا۔ رفعت کے بعد خسیس ہونا

لَاشَیٰ مُلَاشَاۃً الشَّیْئَ: لاشئ کر دینا معدوم کر دینا۔ (یہ لاشئ سے بنایا گیا ہے)

تَلَاشٰی تَلَاشِیًا الشَّیْئُ: معدوم ہونا۔ مضمحل ہونا۔

اَلتَّلَاشِیْ۔ مع۔ اضمحلال۔

لَصَّ (س) لَصَصًا ولَصَاصًا ولُصُوْصِیَّۃً ولَصُوْصِیَّۃً۔ چور ہونا۔

لَصَّ (ن) لَصًّا الْبَابَ: بند کرنا — الشَّیْئَ: چرانا۔ خفیہ طریقہ سے کرنا۔

لَصَّصَ الْبُنْیَانَ: مضبوط بنانا۔ لغت ہے رَصَّصَ میں

تَلَصَّصَ: چور ہونا۔ چوروں کی عادات اختیار کرنا۔

اَللَّصُّ واللِّصُّ واللُّصُّ۔ چور۔ ج لُصُوْصٌ واَلْصَاصٌ ولِصَصَۃٌ ولِصَاصٌ مؤنث لِصَّۃٌ۔ ج لِصَّاتٌ ولَصَائِصُ۔

اَللَّصَصُ۔ مع۔ مونڈھوں کا یا داڑھ کا قریب قریب ہونا۔ اور یہ عیوب انسانی سے ہے۔

اَلْاَلَصُّ۔ قریب قریب مونڈھوں والا۔ قریب قریب داڑھوں والا۔

اَللَّصَّاءُ۔ اَلَصُّ کا مؤنث۔ تنگ پیشانی۔ وہ بکری جس کی ایک سینگ آگے اور دوسری پیچھے ہو۔ ج لُصٌّ۔

اَلْمَلَصَّۃُ۔ بہت چوروں والی سرزمین۔ اسم جمع بمعنے لُصُوْصٌ۔

لَصِبَ (س) لَصَبًا۔ الْجِلْدُ بِاللَّحْمِ: گوشت کا کھال سے لاغری کی وجہ سے چمٹنا۔ — الْخَاتَمُ فِی الْاِصْبَعِ: انگوٹھی کا انگلی میں تنگ ہونا — السَّیْفُ فِی الْغِمْدِ: تلوار کا میان میں چمٹ کے رہ جانا۔

اِلْتَصَبَ الشَّیْئُ: تنگ ہونا۔

اَللِّصْبُ۔ وادی میں تنگ جگہ۔ پہاڑ کی

چھوٹی گھاٹی - ج لُصُوب ولِصَاب -
اللَّصِب - بخیل - تنگ اخلاق والا -
اللَّوَاصِب - گہرے تنگ کنوئیں -
کہاجاتا ہے: سَیفٌ مِلْصَابٌ - میان میں پھنس کے رہنے والی تلوار -
طَرِیْقٌ مُلْتَصِبٌ - تنگ راستہ -
اللِّصْت واللَّصْت واللُّصْت - چور - ج لُصُوت -
لَصَغَ (ف) لُصُوغًا الجِلْدُ: کھال کا لاغری کی وجہ سے ہڈی پر خشک ہونا -
لَصِفَ (س) لَصَفًا الجِلْدُ: کھال کا ہڈی پر خشک ہونا اور چمٹنا -
لَصَفَ (ن) لَصْفًا الحِجَارَةَ: ترتیب سے جوڑنا ــــ لَصَفًا ولَصِیفًا ولُصُوفًا لَوْنُهُ: رنگ کا چمکنا -
لَصِقَ (س) لَصَقًا ولُصُوقًا والتَصَقَ بالشیءِ: چپکنا -
اَلْصَقَ الشیءَ بالشیءِ: چپکانا ـــــ بِعُرقُوبِ البَعِیرِ: زخمی کرنا -
لَاصَقَ مُلَاصَقَةً - چپکانا -
اللِّصْق واللَّصِیق - جو شخص یا چیز قریب ہو - کہاجاتا ہے "ہُوَ لِصْقِی وبِلِصْقِی ولَصِیقِی": وہ میرے پہلو میں ہے -
اللَّصُوق - زخم کا مرہم جو چپکا رہے - عضو پر باندھنے کی پٹی -
المُلْصَق - مفعـ - خاندان میں ملایا ہوا - منہ بولا بیٹا - مؤنث مُلْصَقَةٌ -
لَصْلَصَ الوَتِدَ ونَحْوَهُ: اکھیڑنے کیلئے ہلانا -
لَصَا یَلْصُو لَصْوًا - المَرْأَةَ: عورت پر تہمت لگانا - گالی دینا - لَصَاهُ ولَصَا اِلَیْہِ: تہمت و شک کی وجہ سے ملنا -
لَصَی یَلْصِی لَصْیًا ولَصِیَ یَلْصَی لِصًی اِلَیْہِ: تہمت وشک کی وجہ سے ملنا -
لَصَاہُ لَصْیًا: عیب لگانا - ولَصِیَ الرَّجُلُ: گنہگار ہونا
اللَّصَاة - عیب -

لَضْلَضَ لَضْلَضَةً - دائیں بائیں بہت زیادہ التفات کرنا -
اللَّضْلَاض - ماہر رہبر -
لَضَمَهُ (ن) لَضْمًا سختی کرنا - اصرار کرنا -
لَضَا یَلْضُو لَضْوًا الرَّجُلُ: راہبری میں ماہر ہونا -
لَطَّ (ض) لَطًّا البَابَ: دروازہ بند کرنا ـــ الشیءَ: چھپانا ـــ السِّتْرَ: پردہ لٹکانا ـــ الرَّجُلَ حَقَّهُ وعَنْ حَقِّهِ: حق کا انکار کردینا ــــ عَنْهُ وعَلَیْہِ الخَبَرَ: پوشیدہ رکھنا ـــ بالأمْرِ: لازم ہونا ـــ الشیءَ بکذا: چمٹانا - لَطَّتِ النَّاقَةُ بِذَنَبِهَا: اونٹنی کا دوڑنے میں دُم کو رانوں میں دبالینا -
لَطَّهُ (ن) لَطًّا بالعَصَا: لاٹھی مارنا -
اَلَطَّ عَلَیْہِ الأمْرَ: چھپانا ـــ الرَّجُلُ: جھگڑے یا معاملے میں سختی کرنا ـــ الغَرِیمُ: حق روکنا ـــ فلانًا: مدد کرنا - اَلَطَّ بالحِجَابِ: پردہ لٹکانا ـــ (- وتَلَطَّطَ) حَقَّ فُلانٍ: انکار کرنا - اور تین طا کے اکٹھا ہونے کی وجہ سے تَلَطَّی حَقَّهُ بھی کہاجاتا ہے
اِلْتَطَّ - چھپنا ـــ الشیءَ: چھپانا - اِلْتَطَّ بالمِسْکِ: مشک سے لت پت ہونا -
اللَّطّ - مـ - اندرائن کے رنگین دانوں کا ہار - ج لِطَاط - اللَّطُّ: خصم -
اللَّطَّة واللَّطِیطَة - سوتیاں -
اللَّطَط - قرض خواہ کا حق روکنا - دانتوں کا گرنا یا دانتوں کا گھِس جانا - چیز کا چھپانا -
اللِّطَاط والمِلْطَاط - پہاڑ کی بالائی چوٹی کا کنارہ - پہاڑ کا پہلو -
اللِّطَاط - وادی کا کنارہ -
اللَّاطّ فار ــ والمِلَطّ) خبیث - وہ شخص جسکے ساتھی بھی سب خبیث ہوں -
الأَلَطّ - جس کے دانت گرگئے ہوں یا جس کے دانتوں کو کیڑوں نے کھالیا ہو اور جڑیں باقی رہ گئی ہوں -
المِلْطَاط - سمندر کا کنارہ - کشادہ رہگذر گھر کا صحن - پلاستر کرنیوالوں کی کرنی - بیلن -

چکی یا ہتھ چکی - زخم جو دماغ تک پہنچ جائے - وادی کا کنارہ -
المَلْطُوط - مفعـ تُرْسٌ مَلْطُوطٌ: اوندھی کی ہوئی ڈھال -
لَطَأَ (ف) لُطُوءًا ولَطِیَ لَطأً بالأرْضِ: زمین سے چمٹنا - لَطَأَهُ بالعَصَا: پیٹھ پر لاٹھی سے مارنا -
اللَّاطِئَة - اچھا نہ ہونیوالا پھوڑا - زخم جو دماغ تک پہنچ جائے - چھوٹی ٹوپی جو سر سے چپک کے رہ جائے -
اللَّطَأ - بھیڑیا - شکاری -
المِلْطَأ والمِلْطَأَة سر کے گوشت اور ہڈی کے درمیان باریک جھلی -
لَطَثَهُ (ن) لَطْثًا - چوڑی چیز سے مارنا - تھپڑ مارنا ـــ هُ بِحَجَرٍ: پتھر مارنا - لَطَثَ الشیءَ: جمع کرنا ـــ الشیءَ: بگاڑنا - خراب کرنا ـــ هُ الأمْرُ: دشوار ہونا -
تَلَاطَثَ المَوْجُ: موجوں کا ٹکرانا ـــ القَوْمُ: ہاتھوں سے ایک دوسرے کو مارنا -
المَلَاطِث - جسم کے وہ حصے جو مار یا بوجھ اٹھانے کی وجہ سے درد کررہے ہوں -
لَطَحَهُ (ن) لَطْحًا - باطن کف دست سے مارنا - تھپکی دینا - لَطَحَ بِہِ: زمین پر ٹپک دینا -
لَطَخَ (ف) لَطْخًا ولَطَّخَ الشیءَ بالمِدَادِ ونَحْوِهِ: آلودہ کرنا ـــ هُ بِشَرٍّ: شر کی نسبت کرنا -
تَلَطَّخَ - آلودہ ہونا ـــ بأمْرٍ قَبِیحٍ: ملوث ہونا ـــ بِشَرٍّ: برائی کا ارتکاب کرنا -
اللَّطْخ - مـ - تھوڑا سا - کہاجاتا ہے "سَمِعْتُ لَطْخًا مِنْ خَبَرٍ" میں نے تھوڑی سی خبر سنی "وفِی السَّمَاءِ لَطْخٌ مِنَ السَّحَابِ" آسمان میں تھوڑا سا بادل ہے -
اللَّطِخ - گندی غذا کھانے والا - وہ چیز جو اپنے رنگ کے علاوہ دوسرے رنگ میں لتھیڑی گئی ہو -
اللَّطُوخ - جس سے کسی چیز کو آلودہ کریں -
اللُّطَخَة - بیوقوف - ج لُطَخَات -

اللَّطِیْخ ۔ بے وقوف۔
لَطَسَہٗ ۔ (ن) لَطْسًا ۔ طمانچہ مارنا، چوڑی چیز سے مارنا۔ لَطَسَ الشَّیْئَ: سخت کوٹنا — ہٗ بِحَجَرٍ: پتھر مارنا — الشَّیْئَ: سخت روندنا — الحَجَرَ بالحَجَرِ: پتھر کو پتھر سے مارنا۔
لَاطَسَہٗ مُلَاطَسَۃً ۔ آلودہ ہونا۔ لتھڑنا
تَلَاطَسَ المَوْجُ: موجوں کا تھپیڑے مارنا۔
المِلْطَس ۔ ج مَلَاطِس ۔ المِلْطَاس ۔ ج مَلَاطِیْس: گٹھلی توڑنے کا پتھر۔ پتھر توڑنے کی سخت اور بڑی کدال۔ پتھر یا چکی میں کھودنے کا آلہ۔ اونٹ کا کھر۔
لَطَعَ (ف) ولَطِعَ (س) لَطْعًا ۔ الشَّیْئَ بِلِسَانِہٖ: زبان سے چاٹنا — فُلَانًا: پیچھے سے لات مارنا۔ لَطَعَ الغَرَضَ: نشانہ لگانا — فُلَانًا بالعَصَا: لاٹھی مارنا — عَیْنَہٗ: آنکھ پر طمانچہ مارنا — الکَلْبُ او الذِّئْبُ المَاءَ: پینا — اِسْمَہٗ: نام کو دیوان سے مٹا دینا۔ دیوان میں نام لکھنا۔ لَطَعَتِ البِئْرُ: کنوئیں کا پانی خشک ہو جانا۔ کہا جاتا ہے "لَطَعَ اِصْبَعَہٗ" یعنی مرگیا۔
لَطِعَ (س) لَطَعًا ۔ دانتوں کا گرنا اور جڑوں کا باقی رہنا۔ صفت اَلْطَعُ۔
تَلَطَّعَتِ الاِبِلُ: اونٹ کا بڑھاپے کی وجہ سے بے دانت ہونا۔
اِلْتَطَعَ ۔ برتن یا حوض کا سب پانی پی جانا — الشَّیْئَ: چاٹنا۔
اللَّطَع ۔ مص۔ تالو۔ ج اَلْطَاع۔
اللَّطْعَاء ۔ الاَلْطَعُ کا مؤنث ۔ دبلی پتلی۔ ج لُطْع۔
اللَّطَع: مص۔ ہونٹ کے اندر کی سفیدی۔
رَجُلٌ لُطَعٌ ۔ کمینہ آدمی۔
اللَّطَّاع ۔ کھا کر انگلیوں کو چاٹنے والا۔
لَطَفَ (ن) لُطْفًا بِفُلَانٍ وَلِفُلَانٍ: مہربانی کرنا — اللّٰہُ بالعَبْدِ ولَہٗ: توفیق دینا۔ بچانا — الشَّیْئُ: قریب ہونا۔
لَطُفَ (ک) لُطْفًا ولَطَافَۃً ۔ باریک ہونا چھوٹا ہونا۔ صفت لَطِیْف ۔ کلامُہٗ: نرم ہونا اور کہا جاتا ہے "لَطُفَ عَنْہُ" چھوٹا ہونا و "لُطِفَ بہٖ" اس کے ساتھ مہربانی کی گئی۔
لَطَّفَ الشَّیْئَ: نرم بنانا۔ باریک کرنا۔
لَاطَفَہٗ مُلَاطَفَۃً ۔ بھلائی کرنا۔ نرمی برتنا۔ نرم گفت گو کرنا۔
اَلْطَفَ السُّؤَالَ: خوبصورتی سے سوال کرنا — ہٗ بِکَذَا: تحفہ دینا۔ بھلائی کرنا۔ اَلْطَفَ الشَّیْئَ بِجَنْبِہٖ: پہلو میں کوئی چیز چپکانا۔
تَلَطَّفَ ۔ خاکساری کرنا — بہٖ: حیلہ کرکے بھیدوں کو معلوم کرنا — الاَمْرَ وفِی الاَمْرِ: نرمی برتنا
تَلَاطَفَ القَوْمُ: باہم میل ملاپ کرنا۔
تَلَاطَفُوا فِی الاَمْرِ: باہم نرمی برتنا۔
اِسْتَلْطَفَہٗ ۔ لطیف پانا۔ اِسْتَلْطَفَ الشَّیْئَ بِجَنْبِہٖ: پہلو میں کوئی چیز چپکانا۔
اللُّطْفُ ۔ بھلائی کرنا۔ تحفہ دینا۔ تحفہ تھوڑا کھانا۔ ج اَلْطَاف ۔ کہا جاتا ہے "ہٰؤُلَاءِ اَلْطَافُ فُلَانٍ" یہ لوگ فلاں کے اصحاب اور اہل ہیں۔
اللَّطَفَۃ ۔ تحفہ۔ ہدیہ۔
اللُّطْف مص — مِنْ قِبَلِ اللّٰہِ: توفیق و عصمت خداوندی۔ ج اَلْطَاف۔
اللَّطِیْف ۔ باریک۔ نرم۔ پاکیزہ۔ مہربان ج لِطَاف ولُطَفَاء ۔ اللَّطِیْف: اللّٰہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ یعنی بندوں کیساتھ بھلائی اور احسان کرنیوالا، نیز باریک سے باریک امور کا جاننے والا۔ اللَّطِیْفُ مِنَ الکَلَامِ: کلام غامض جس کے معنی پوشیدہ ہوں — مِنَ الاَجْرَامِ: نازک جسم
اللَّطَّاف ۔ بہت نرمی برتنے والا۔
اللَّطِیْفَۃ ۔ لطیف کا مؤنث ۔ نکتہ جس سے انبساط پیدا ہو۔ ج لَطَائِف۔
اللَّوَاطِف ۔ مِنَ الاَضْلَاعِ: سینہ کے قریب پہلو کی ہڈیاں۔
اللَّطْفَان ۔ مہربان ۔ نرمی کرنے والا۔
التَّلْطِیْف ۔ مص ۔ عِنْدَ القُرَّاءِ: حرکت کو حرف کی جانب جھکا دینا۔
لَطَمَہٗ (ض) لَطْمًا ۔ تھپڑ مارنا — ہٗ بِکَذَا: چپکانا۔ لَطَمَتِ الغُرَّۃُ الفَرَسَ: ایک جانب چہرہ پر سفید داغ ہونا۔
لَطِمَ الفَرَسُ: گھوڑے کے ایک رخسارہ پر سفید داغ ہونا۔ صفت لَطِیْم (مذکر و مؤنث) ج لُطُم ۔ لُطِمَ الرَّجُلُ: ظلم کیا جانا۔
لَطَّمَہٗ ۔ زور سے تھپڑ مارنا۔ لَطَّمَ الکِتَابَ: خط پر مہر لگانا۔
لَاطَمَہٗ لِطَامًا و مُلَاطَمَۃً ۔ تھپڑ مارنا۔ ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا۔
تَلَطَّمَ وَجْہُہٗ: چہرے کا خاکستری رنگ کا ہونا۔
تَلَاطَمَتْ والْتَطَمَتِ الاَمْوَاجُ: موجوں کا تھپیڑے مارنا — القَوْمُ: باہم طمانچہ مارنا۔
اللَّطْمَۃ ۔ لطم کا اسم مرۃ ۔ ج لَطَمَات۔
اللَّطِیْم ۔ طمانچہ زدہ۔ ایک رخسارے پر سفیدی والا گھوڑا۔ میدان گھوڑ دوڑ کا نواں گھوڑا۔ مشک۔ جوان اونٹ۔ لڑکا جس کے ماں باپ دونوں مر گئے ہوں۔
اللَّطِیْمَۃ ۔ مشک۔ مشک کا نافہ۔ عطر فروشوں کا بازار۔ ج لَطَائِم۔
المَلْطَم ۔ رخسارہ۔
المِلْطَم ۔ بچھانے کا چمڑا۔
المَلْطِم ۔ وہ موقع جہاں پر سمندر کی موجیں ٹوٹ جائیں۔
المُلَطَّم ۔ مفع ۔ لئیم و ناکس۔
لَطَحَہٗ (ن ض) لَطْحًا ۔ تھپڑ مارنا۔
لَطَا یَلْطُو لَطْوًا ۔ بارش وغیرہ سے کسی غار یا پتھر کی پناہ لینا۔
لَطِیَ یَلْطَی لَطًی الرَّجُلُ: زمین سے چمٹنا۔
لَطِیَ یَلْطِی لَطْیًا الرَّجُلُ: بوجھل کرنا — فُلَانًا بِذَلِکَ: کسی چیز کے متعلق گمان کرنا۔
تَلَطَّی تَلَطِّیًا عَلَی العَدُوِّ: دشمن کی غفلت کا انتظار کرنا۔
اللَّطَاۃ ۔ زمین۔ جگہ۔ پیشانی۔ یا پیشانی کا

درمیانی حصہ۔ لَطَاۃُ الرَّجُلِ: مرد کا سامان۔ کہا جاتا ہے "اَلْقَی بِلَطَاتِہٖ" اس نے اپنا بوجھ اتار دیا۔
اللُّطَاۃ۔ چور جو تم سے قریب ہوں۔
المِلْطٰی والمِلْطَاۃ۔ سر کی ہڈی اور گوشت کے درمیان باریک جھلی۔
لَظَّ (ن) لَظّاً ۔ لازم ہونا۔ اصرار کرنا۔ لَظَّ بِالشَّیْءِ: چمٹے رہنا۔ لَظَّہٗ لَظّاً: دھتکارنا
لَاظَّہٗ لِظَاظاً ومُلَاظَّۃً فِی الحَرْبِ: اصرار کرنا۔
اَلَظَّ۔ اصرار کرنا — المَطَرُ: لگاتار برسنا — بِالمَکَانِ: اقامت کرنا — بِالشَّیْءِ: چمٹے رہنا۔ اور جدا نہ ہونا۔
تَلَاظَّ القَوْمُ فِی الحَرْبِ: ایک دوسرے کو ہٹانا۔
تَلَظْظَتْ تَلَظْظُاً الحَیَّۃُ: سخت غصہ سے سر ہلانا۔
اللَّظّ۔ مم سخت عادت کا مرد۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لَظٌّ کَظٌّ" کَظّ تابع مہمل ہے۔
المُلَظَّۃ۔ پیغام۔
المِلَظّ والمِلْظَاظ۔ سخت اصرار کرنیوالا
اللَّظَا۔ تھوڑی چیز۔
لَظْلَظَتْ لَظْلَظَۃً الحَیَّۃُ رَاْسَہَا: سانپ کا سخت غصہ سے سر ہلانا۔
تَلَظْلَظَتِ الحَیَّۃُ: سانپ کا سخت غصہ سے لہرانا۔
اللَّظْلَاظ مِنَ الرِّجَالِ: درشت خو۔ سختی کرنے والا۔ فصیح۔ یَوْمٌ لَظْلَاظ: گرم دن۔
لَظِیَتْ تَلْظٰی لَظًی النَّارُ: آگ کا بھڑکنا۔
لَظّٰی تَلْظِیَۃً النَّارَ: آگ بھڑکانا۔
تَلَظَّتْ والْتَظَتْ النَّارُ: آگ کا بھڑکنا
تَلَظّٰی والْتَظٰی فُلَانٌ: غصہ سے بھڑک اٹھنا۔
تَلَظَّتِ المَفَازَۃُ: بیابان میں گرمی کی بھڑک کا تیز ہونا — الحَیَّۃُ مِنَ السَّمِّ: پھنپھنانا۔
اللَّظٰی مم: آگ یا آگ کی بھڑک۔

لَظٰی مَعْرِفَۃً: دوزخ۔ کلمہ تانیث اور علمیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔
اَلْعَّ المَکَانُ: ابتدائی روئیدگی کو اگانا۔
تَلَعّٰی اللُّعَاعَ: ابتدائی روئیدگی کو کھانا۔ ابتدائی روئیدگی کو جمع کرنا (اصل تَلَعَّعَ ہے ایک عین کو یا سے بدل دیا گیا ہے)
اللُّعَاع۔ ابتدائی روئیدگی واحد لُعَاعَۃ ہے اور اسی سے ہے "اِنَّمَا الدُّنْیَا لُعَاعَۃٌ" یعنی دنیا ابتدائی روئیدگی کے مانند ہے جس کے لئے بقا نہیں۔
اللُّعَاعَۃ۔ کاسنی۔ ارزانی سال۔ دنیا ایک گھونٹ۔ لُعَاعَۃُ الاِنَاءِ: برتن کا خالص حصہ اور کہا جاتا ہے "مَا بَقِیَ اِلَّا لُعَاعَۃٌ" یعنی صرف تھوڑا سا باقی رہا۔ ج لُعَاع۔
اللَّعَّاعَۃ۔ بتکلف سُر نکالنے والا۔ کہا جاتا ہے "مُطْرِبٌ لَعَّاعَۃ"
اللَّعَّۃُ مِنَ النِّسَاءِ: خوبصورت پاکدامن عورت۔
عَسَلٌ مُتَلَعِّعٌ۔ شہد جس کا گاڑھے پن کی وجہ سے تار نہ ٹوٹے۔
لَعَبَ ولَعِبَ (س) لَعْباً الصَّبِیُّ: رال ٹپکانا
لَعِبَ (س) لَعْباً ولِعْباً ولَعِباً وتِلْعَاباً: کھیل کرنا۔ مزاح کرنا۔ لذت وتفریح کے لئے کوئی فعل کرنا۔ ایسا فعل کرنا جس پر کوئی نفع متصور نہ ہو — بِکَذَا: کھیل کی چیز بنانا — فِی الاَمْرِ: سبک سمجھنا۔ لَعِبَتِ الرِّیَاحُ بِالدِّیَارِ: گھروں پر ہوائیں قابض ہو گئیں، یعنی مکانات ویران وبرباد ہو گئے۔
لَعَّبَ بمعنے لَعِبَ۔
اَلْعَبَ بمعنے لَعِبَ — ہٗ: کھلانا یا کھیل کی چیز لانا — الصَّبِیُّ: رال ٹپکانا۔
لَاعَبَہٗ مُلَاعَبَۃً۔ باہم کھیلنا۔ عورتوں کے ساتھ کھیل کود کرنا۔
تَلَاعَبَ وتَلَعَّبَ بمعنے لَعِبَ، کہا جاتا ہے "لَعِبَتْ بِہِمُ الہُمُوْمُ وتَلَعَّبَتْ بِہِمْ" ان کے ساتھ غموں نے کھیل کود کیا یعنی ان پر غم واقع ہوئے،
اِسْتَلْعَبَتِ النَّخْلَۃُ: خرما باقی رہتے ہوئے دوبارہ شگوفہ دار ہونا۔

اللَّعْبَۃ۔ لَعِب کا اسم مرۃ۔
اللِّعْبَۃ۔ لَعِب کا اسم نوع۔
اللُّعْبَۃ۔ کھیل۔ کھیل کی باری۔ کہا جاتا ہے "اُقْعُدْ حَتّٰی اَفْرُغَ مِنْ ہٰذِہِ اللُّعْبَۃِ" جب تک میں اس کھیل کی باری سے فارغ ہوں بیٹھو۔ جس سے کھیلا جائے جیسے شطرنج۔ گڑیا وغیرہ۔ بیوقوف جس کا مذاق بنایا جائے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لُعْبَۃٌ" یعنی ایسا مرد جس سے کھیل وتفریح کیا جائے۔ ج لُعَب،
الاُلْعُوْبَۃ۔ کھیل۔
اللُّعَاب۔ منھ کی رال۔ لُعَابُ النَّحْلِ: شہد لُعَابُ الحَیَّۃِ ونَحْوِہَا: سانپ وغیرہ کا زہر۔ لُعَابُ الشَّمْسِ: وہ چیز جو گرمی کے زمانہ میں دوپہر کے وقت چلچلاتی دھوپ میں مکڑی کے جالے کی مانند فضاء میں اوپر سے نیچے اترتی ہوئی معلوم ہوتی ہے اور اس کو مُخَاطُ الشَّیْطَانِ بھی کہتے ہیں۔
لُعَابُ السَّفَرْجَلِ ونَحْوِہٖ: ایک قسم کی دوا ہے جو بہی کے بیج سے تیار کی جاتی ہے۔
اللُّعَابِیّ۔ لُعَاب کی جانب منسوب۔
اللُّعَابِیَّۃ۔ پھلوں کا رس۔
اللَّعِب۔ مم کھیلنے والا۔
اللَّعُوْب۔ ناز وانداز والی حسینہ۔ کہا جاتا ہے "جَارِیَۃٌ لَعُوْبٌ" ج لَوَاعِب ولَعَائِب۔
اللُّعَبَۃ واللَّعَّاب واللِّعِّیْب والتِّلْعَاب والتِّلْعَابۃ والتِّلِعَّابۃ والتِّلِعَّاب والتِّلِعَّابَۃ والتِّلْعِیْبَۃ والاُلْعُبَان۔ بڑا کھلاڑی۔ بڑا مذاق کرنیوالا۔ اللَّعَّاب: بازی گر
المَلْعَب۔ کھیل کی جگہ۔ ج مَلَاعِب۔ مَلَاعِبُ الرِّیَاحِ: ہواؤں کی آمد ورفت کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "تَرَکْتُہٗ فِی مَلَاعِبِ الجِنِّ" میں نے اس کو گم نام جگہ میں چھوڑ دیا۔
المِلْعَبَۃ والمِلْعِبَۃ۔ بے آستین کی قمیص کہ جس کو پہن کر بچے کھیلتے ہیں۔
المُلَاعِب۔ فا۔ مُلَاعِبُ ظِلِّہٖ: ایک پرندہ ہے جس کی گردن چھوٹی ہوتی ہے اور بازو بڑے ہوتے ہیں۔

ثغر مَلعُوبٌ - رال بہانے والے دانت
لَعِثَ (س) لَعَثًا سست ہونا۔ صفت
اَلعَثِ مؤنث لَعثَاء - ج لُعث -
لَعثَمَ وتَلَعثَمَ فِی الاَمرِ: توقف کرنا ٹھیرنا
غور سے دیکھنا۔ ہٹ جانا۔ کہا جاتا ہے سَألتُہٗ
عَن شَیءٍ فَلَم یَتَلَعثَم یعنی میں نے اس سے فلاں چیز
کے متعلق دریافت کیا تو اس نے جواب دینے میں
تاخیر نہیں کی "وَمَا تَلَعثَمَ عَن شَیءٍ" نہ تو وہ پیچھے ہٹا
اور نہ تاخیر کی۔
لَعَجَ (ف) لَعجًا الضَّربُ فُلَانًا: تکلیف پہنچانا۔
اور کھال میں سوزش ہونا — الشَّیءُ فِی صَدرِہٖ:
کھٹکنا — الحُبُّ اوالحُزنُ فِی قَلبِہٖ: گرمی پھونکنا۔
لَاعَجَہٗ مُلاعَجَۃً الاَمرُ: سخت ہونا۔ دشوار
ہونا۔
اِلتَعَجَ النَّارُ فِی الحَطَبِ: آگ کو سلگانا۔
اِلتَعَجَ - غم سے جلنا۔
اللاعِجِ - فا - دل سوز محبت - ج لَوَاعِج -
اللَّعَجُ - ہر جلانیوالی چیز۔ مار کی تکلیف۔ جلن
لَعذَمَ فِی الاَمرِ: دیر کرنا۔ توقف کرنا۔ تامل
کرنا۔
تَلَعذَمَ عَنِ الکَلَامِ: حیرت سے متردد ہونا۔ کہا
جاتا ہے قَرَأَ فَمَا تَلَعذَمَ "اس نے پڑھا تو نہ تو ٹھیرا
اور نہ متردد ہوا" وَمَا تَلَعذَمنَا شَیئًا "ہم نے
کچھ نہیں کھایا۔
اللَّعذَمِیُّ - لالچی۔
لَعَزَہٗ (ف) لَعزًا - ہٹانا اور مکا مارنا۔ لَعَزَتِ
النَّاقَۃُ فَصِیلَہَا: بچے کو زبان سے چاٹنا ——
المَرأَۃَ: جماع کرنا۔
لَعَسَہٗ (ف) لَعسًا۔ دانت سے کاٹنا۔
لَعِسَ (س) لَعَسًا۔ سیاہی مائل سرخ
ہونٹ والا ہونا۔ خوبصورت سیاہ ہونٹ والا ہونا
صفت اَلعَس مؤنث لَعسَاء ج لُعس۔ ولَعِسَتِ
الشَّفَۃُ: سیاہی مائل سرخ ہونا۔ بہترین سیاہ ہونا۔
اللُّعسَۃُ۔ سیاہی مائل سرخ رنگ۔ کہا جاتا
ہے: مَا ذُقتُ لَعُوسًا میں نے کچھ نہیں چکھا۔

اللَّعُوسُ - کم خوراک۔ حریص۔ بھیڑیا۔ ج لَعَاوِس
الاَلعَسُ مِنَ النَّبَاتِ: گنجان پودہ -
المُتَلَعِّسُ مِنَ الرِّجَالِ: بہت کھاؤ -
لَحمٌ مَلعُوسٌ - کچا سرخ گوشت -
تَلَعسَمَ فِی اَمرِہٖ: دیر کرنا۔ توقف کرنا۔
لَعِصَ (س) لَعَصًا الاَمرُ: دشوار ہونا۔
الرَّجُلُ فِی الاَکلِ والشُّربِ: بہت حرص سے
کھانا۔ پینا۔ صفت لَعِص -
تَلَعَّصَ عَلَینَا: سختی کرنا — الرَّجُلُ:
کھانے پینے میں بہت حریص ہونا۔
لَعَضَہٗ (ف) لَعضًا بِلِسَانِہٖ: زبان سے لینا
اللَّعوَصُ - گیدڑ۔
لَعَطَ (ف) لَعطًا - دوڑنا۔ لَعَطَتِ الاِبِلُ:
گھروں کے ارد گرد چرنا — ہٗ: گردن کے
عرض میں داغ لگانا — ہٗ بِاَبیَاتٍ: اشعار
میں ہجو کرنا — ہٗ بِسَہمٍ او بِعَینٍ: تیر مارنا یا نظر بد
لگانا — ہٗ بِحَقِّہٖ: ٹال مٹول کرنا — الماشِیَۃُ
النَّبَاتَ: جانور کا نباتات کو چرنا۔
اَلعَطَ الرَّجُلُ: پہاڑ کے دامن میں چلنا۔
اِلتَعَطَتِ الاِبِلُ: چراگاہ میں دور نہ جانا
اور گھروں کے ارد گرد ہی چرنا۔
اللَّعطُ - مع واحد الاَلعَاط - سیاہ یا زرد
خطوط جو عورتیں اپنے چہرہ پر کرتی ہیں -
اللُّعطُ - دیوار یا پہاڑ کا پہلو۔ لُعطُ الرَّملِ:
ریت کا گوشہ۔ لُعطُ الجَبَلِ: دامن کوہ۔
اللُّعطَۃُ - اسم ہے لَعط کا سیاہی یا زردی
کا خط جو عورتیں اپنے رخسارے پر کرتی ہیں بکری
کے گردن کی سیاہی شکرے کے چہرے کی تیرگی
اللَّعطَاءُ - گردن میں سیاہ داغ والی بکری۔
المَلعَطُ - گھروں کے ارد گرد کی چراگاہ۔
ج مَلَاعِط -
المِلعَطَۃُ - فربہ دراز لڑکی۔
اَلعَفَ وتَلَعَّفَ الاَسَدُ او البَعِیرُ: شیر یا
اونٹ کا بار بار آنکھ کھولنا اور بند کرنا۔ غضبناک
ہونا اور حملہ کے لئے تیار ہونا۔

لَعِقَ (س) لَعقًا ولُعقَۃً ولَعقَۃً العَسَلَ
ونَحوَہٗ: شہد کو زبان یا انگلی سے چاٹنا۔ صفت
لَاعِق ج لَعَقَۃٌ - کہا جاتا ہے لَعِقَ فُلَانٌ اِصبَعَہٗ
یعنی مرگیا۔
اَلعَقَ ولَعَّقَ - چٹانا۔ اَلعَقَ النَّسَّاجُ الثَّوبَ:
ہلکے کتائی کے دھاگے سے بننا۔
اِلتَعَقَ — لَونُہٗ: رنگ متغیر ہونا۔
اللَّعقَۃُ - مع - اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے فِی الاَرضِ
لَعقَۃٌ مِن رَبِیعٍ زمین میں تھوڑی سی سبزی ہے۔
اللُّعقَۃُ - مع چمچہ یا انگلی میں جتنا آئے۔ چاٹنے
کے قابل چیزوں میں سے تھوڑا سا۔
کہا جاتا ہے رَجُلٌ وَعِقٌ لَعِقٌ یعنی لالچی مرد۔
اللُّعَاقُ - چاٹی ہوئی چیز کا وہ حصہ جو منہ میں
باقی رہ جائے۔
اللَّعُوقُ - ہر وہ چیز جو چاٹی جا سکے جیسے شہد
دوا وغیرہ۔ چٹنی۔ تھوڑا سا توشہ۔ کہا جاتا ہے
"مَا مَعَنَا اِلَّا لَعُوقٌ" ہمارے ساتھ صرف تھوڑی
سی چیز ہے۔
المِلعَقَۃُ: چمچہ۔ ج مَلَاعِق۔
اللِّعقِطُ - بد زبان عورت۔
لَعَلَّ - حروف مشبہ بالفعل میں سے ہے۔ اسم
کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے اور توقع کا فائدہ
دیتا ہے جیسے لَعَلَّ الحَبِیبَ قَادِمٌ اور خوف کے
موقع پر بھی بولا جاتا ہے جیسے لَعَلَّ الشِّدَّۃَ نَازِلَۃٌ
اور ایسے ممکن کے ساتھ خاص ہے جسکے حصول
کا وثوق نہ ہو۔ (مفردات امام راغب اصفہانی
میں ہے کہ بعض مفسرین نے بیان کیا ہے کہ لَعَلَّ جب
باری تعالی عزَّ اسمُہٗ کی طرف سے ہو تو وجوب کے
معنی ہوتے ہیں۔ اور قرآن پاک کے بہت سے
مواقع میں لَعَلَّ کی تفسیر کَی سے کی گئی ہے)
اس کے لام اول کو حذف کر کے عَلَّ بھی کہا جاتا ہے
اور اس پر ما کافہ بھی داخل ہوتا ہے جیسے لَعَلَّمَا اَضَاءَت
لَکَ النَّارُ اور اس کے ساتھ جب یاء متکلم متصل ہو
تو اکثر نون وقایہ نہیں لاتے۔ کہا جاتا ہے لَعَلِّی اور
لَعَلَّنِی بھی۔

اللَّعْل - ایک مشہور نہایت بیش قیمت پتھر۔
لَعْلَعَ العَظمَ ونحوَہٗ: ہڈی توڑنا ـــ الرَّعْدُ: بادل کا گرجنا ـــ السَّرابُ: سراب کا چمکنا ـــ مِنَ الشَّیْءِ: تنگ دل ہونا۔ زچ ہونا ـــ مِنَ الجُوعِ: بھوک کی وجہ سے غمگین ہونا ـــ بِالعاثِرِ: پھسلنے والے سے لَعْ یا لَعْلَعْ یا لَعًا کہنا
تَلَعْلَعَ - ٹوٹنا ـــ مِنَ الجُوعِ: بلبلانا اور پیچ و تاب کھانا ـــ الرَّجُلُ: تھکن یا مرض کی وجہ سے کمزور ہونا ـــ السَّرابُ: سراب کا چمکنا ـــ الکَلْبُ: کتے کا پیاس کی وجہ سے زبان لٹکانا
اللَّعْلَع - سراب - بھیڑیا - ایک حجازی درخت
اللَّعْلاعُ بزدل -
عَسَلٌ مُتَلَعْلِعٌ - شہد جس میں لمبا تار نکلے -
تَلَعْلَمَ فِی اَمْرِہٖ: دیر لگانا -
اللَّعَم - لعاب دہن -
لَعْمَظَ لَعْمَظَۃً ولِعْماظًا اللَّحْمَ: ہڈی سے گوشت چچوڑنا -
اللَّعْمَظ واللُّعْمُوظ واللُّعْمُوظَۃ: بہت حریص وخواہش مند - ج لَعامِظَۃ ولَعامِیظ -
اللُّعْمُوظ: طفیلی - صرف کھانے پر خدمت کرنیوالا -
رَجُلٌ لَعْمَظَۃٌ - بہت حریص -
اللِّعْماظ - مع ڈینگ مارنے والا -
لَعَنَ (ف) لَعْنًا فُلانًا: لعنت کرنا - رسوا کرنا - گالی دینا - خیر سے بعید کرنا - دھتکارنا لَعَنَ نَفْسَہٗ: عَلَیَّ لَعْنَۃُ اللّٰہِ کہنا - اپنے اوپر لعنت کرنا
لَعَّنَہٗ تَلْعِینًا - عذاب دینا -
لاعَنَہٗ لِعانًا ومُلاعَنَۃً: ایک دوسرے پر لعنت کرنا ـــ الحاکِمُ بَیْنَہُما: فیصلہ کرنا -
اِلْتَعَنَ - اپنے اوپر لعنت کرنا ـــ و تَلاعَنَ: بعض کا بعض پر لعنت کرنا -
اللَّعْن - مص "اَبَیْتَ اللَّعْنَ" زمانہ جاہلیت میں بادشاہوں کیلئے سلام - یعنی اے بادشاہ تو ایسے فعل سے باز رہ جو مستحق لعنت ہو -
اللَّعْنَۃُ - لَعْن کا اسم مرۃ - لعنت - عذاب ج لِعان ولَعَنات -

اللِّعان واللَّعانِیَۃ - اسم ہیں لعنت سے -
اللّاعِن فا - اَمْرٌ لاعِنٌ: باعث لعنت -
اللَّعّان - بہت لعنت کرنے والا -
اللُّعْنَۃُ - جس پر لوگ بہت لعنت کریں -
اللُّعَنَۃ - جو لوگوں پر بہت لعنت کرے - ج لُعَن -
اللَّعِین - لعنت کیا ہوا - گالی دیا ہوا - دھتکارا ہوا - بدبخت - مسخ کیا ہوا - رسوا - ہلاک شدہ - شیطان اُچکا - (جو کھیتوں میں پرندوں کو ڈرانے کے لئے کھڑا کیا جاتا ہے)
اللَّعِینَۃ - بمعنے ملعون جیسے رَہِینَۃٌ بمعنے مَرْہُونٌ -
المَلْعَنَۃ - پاخانہ - ج مَلاعِن (ـــ و اللّاعِنَۃ) وسط راستہ -
المَلْعُون - مفع - ج مَلاعِین -
تَلَعّی العَسَلُ: شہد کا گاڑھا ہونا ـــ
اللُّعاعَ ای اَوَّلَ النَّباتِ: ہریاول نکلنا شروع ہونا -
اَلْعَتِ الاَرْضُ: ہریاول والی زمین ہونا -
اللَّعْو - بدخلق - کمینہ - لالچی - ج لِعاء -
اللَّعْوَۃ - اللَّعْو کا مؤنث - سرپستان کے اردگرد کی سیاہی - لَعْوَۃُ الجُوعِ: بھوک کی تیزی (ـــ واللَّعاۃ) کتیا - کَلْبَۃٌ اَوْ ذِئْبَۃٌ لَعْوَۃٌ - لالچی کتیا - یا مادہ بھیڑیا - ج لِعاء ولَعَوات -
اللُّعْوَۃ - سرپستان کے اردگرد کی سیاہی
اللّاعِی جس کو ذرا سی چیز گھبراہٹ میں ڈال دے -
اللّاعِیَۃ اللاعی کا مؤنث - ایک چھوٹا سا پودہ جس کا پھول زرد رنگ کا اور خوشبو عمدہ ہوتی ہے -
اللَّعا - بہت حریص اور پھسلنے والے کیلئے کہا جاتا ہے لَعًا لَکَ یعنی خدا تمھیں اُٹھائے اور لا لَعًا لَکَ بددعا ہے یعنی خدا تمھیں نہ اُٹھائے
الاَلْعاء - انگلیوں کی گرہوں کے جوڑ -
لَعْوَقَ - کام میں جلدی کرنا -

اللَّعْوَق - کم عقل - بے وقوف -
لَغَبَ (ف ن) ولَغِبَ (ک)، لَغْبًا ولُغُوبًا ولُغُوبًا ولَغِبَ (س)، لَغَبًا - بہت تھکنا -
لَغَبَ (ف) لَغْبًا القَوْمَ: جھوٹی بات کہنا - ـــ عَلَیْہِم: فساد ڈالنا ـــ الکَلْبُ فِی الاِناءِ: کتے کا برتن میں منہ ڈالنا -
لَغَّبَ واَلْغَبَ وتَلَغَّبَ السَّیْرُ فُلانًا: بہت تھکا دینا - لَغَّبَ دابَّتَہٗ: جانور پر اتنا لاد دینا جس سے تھک جائے، تھکا ہوا پانا ـــ اَلْغَبَ فُلانًا: تھکا دینا - تَلَغَّبَ الاِنْسانَ والحَیْوانَ: دور بھگا دینا یا ہانک دینا، کہا جاتا ہے تَلَغَّبَتْہُم الاَسْفارُ وتَلَغَّبَتْ بِہِم القِفارُ یعنی سفر نے انھیں دور ڈال دیا، میدانوں نے انھیں دور پھینک دیا مطلب یہ کہ وہ دور چلے گئے۔ تَلَغَّبَ سَیْرُ القَوْمِ: قوم کے تھکنے تک چلتا رہا - وتَلَغَّبَ الدّابَّۃَ: تھکا ہوا پانا -
اللّاغِب - فا - کمزور - ج لُغَّب - کہا جاتا ہے "اَتانا ساغِبًا لاغِبًا" ہمارے پاس بھوکا تھکا ہوا آیا -
اللّاغِبَۃ - اللاغب کا مؤنث ج لَواغِب کہا جاتا ہے "رِیاحٌ لَواغِبُ" یعنی نرم ہوائیں -
اللَّغْب اللَّغُوب - کمزور - بیوقوف - اللَّغْب اگلے دانتوں کا مسوڑھا - کلام فاسد - کہا جاتا ہے "اَکْفُفْ عَنّا لَغْبَکَ" یعنی ہم سے اپنے کلام فاسد کو بند کرو - سَہْمٌ لَغْبٌ: خراب تراشا ہوا تیر -
اللَّغْب و اللَّغِب و اللَّغِیب - خراب پر - اللَّغَب: گردن کے بال - کہا جاتا ہے اَخَذَ بِلَغَبِ رَقَبَتِہٖ یعنی اس نے اس کی گردن کے بال کو پکڑلیا -
اللُّغاب - خراب تراشا ہوا تیر -
اللَّغابَۃ واللُّغُوبَۃ - بیوقوفی - کمزوری -
اللَّغِیث - زہر ملائی ہوئی چیز جو گدھ کے پھنسانے کیلئے پھیلائیں - جو ملا ہوا گیہوں (گوجی)
اللُّغْثُون - ناک کا نتھنا - ج لَغاثِین -
لَغَدَ (ف) لَغْدَ الاِبِلَ العَوائِدَ: سیدھے راستہ پر اونٹوں کو لانا ـــ عَنْ کَذا: روکنا ـــ

فلانًا: کنارۂ گردن کے گوشت پر مارنا۔

اللُّغْدُ ج اَلْغَادٌ۔ واللُّغْدُوْدُ واللِّغْدِیْدُ۔ ج لَغَادِیْدُ: حلق کا گوشت۔ حلق کا کوا۔ کان کر اندرونی حصہ کا زائد گوشت۔ کہا جاتا ہے "عَلَجَ مِنَ الاَوْغَادِ ضَخْمُ الاَلْغَادِ"

المُتَلَغِّدُ۔ سخت غضبناک۔

اللَّغْذَمِیُّ والمُتَلَغْذِمُ۔ بہت کھاؤ۔

لَغَزَ (ن) لَغْزًا الشَّیْءَ: چیز کو اس کے صحیح طریقے سے پھیر دینا۔۔۔ فِی یَمِیْنِہِ: قسم کھانے میں تلبیس سے کام لینا (۔۔۔ وَاَلْغَزَ) الیَرْبُوْعُ جُحْرَہٗ: جنگلی چوہے کا سوراخ کو پیچدار کھودنا۔ (لَغَزَ وَاَلْغَزَ فِی الکَلَامِ وَاَلْغَزَ الکَلَامَ: کلام سربستہ کہنا۔ پیچدار بات کہنا۔

لَاغَزَہٗ مُلَاغَزَۃً۔ پہیلی جیسی گفتگو کرنا

اللُّغْزُ واللَّغَزُ واللُّغَزُ: چوہے یا جنگلی چوہے یا گوہ کا بل۔

اللُّغْزُ واللَّغْزُ واللُّغَزُ ج اَلْغَازٌ۔ واللُّغَیْزَاءُ واللُّغَّیْزَیٰ والاُلْغُوْزَۃُ مِنَ الکَلَامِ: چیستان۔ معمہ۔ پہیلی۔ الاَلْغَازُ: پیچدار اور مشکل راستے۔

اللَّغَّازُ۔ لوگوں کی بہت غیبت کرنے والا۔

المُلْغَزُ مِنَ الکَلَامِ: پیچیدہ ودشوار کلام۔

اللَّغْوَسُ۔ بھیڑیا۔ کھانے میں تیز مرد۔ بہت فریبی چور۔ نرمی ونازکی کی وجہ سے ہلہانے والی گھاس۔

اللَّغْوَسَتَا۔ غیر متحقق خبر۔

المُلَغْوَسُ۔ کچی چربی۔

لَغَطَ (ف) لَغْطًا ولِغَاطًا واَلْغَطَ ولَغَّطَ القَوْمُ: شور کرنا۔

لَغَطَ (ف) لَغْطًا ولَغِیْطًا الحَمَامُ او القَطَا کبوتر یا قطا کا غٹرغوں کرنا۔

اللَّغْطُ مع۔ دروازے کے آگے کا صحن (۔۔۔ واللَّغَطُ) آواز۔ شور۔ مبہم آواز جو سمجھ میں نہ آئے۔ ج اَلْغَاطٌ۔

لَغِفَ (س) لَغْفًا۔ الإِنَاءَ: برتن چاٹنا۔ ۔۔۔ الإِدَامَ: سالن کو لقمہ بنانا۔

لَغَفَ (ن) لَغْفًا الرَّجُلُ او الاَسَدُ: مرد یا شیر کا تیز نظر سے دیکھنا۔

لَاغَفَہٗ مُلَاغَفَۃً۔ بوسہ دینا۔ دوستی کرنا

اَلْغَفَ۔ تیز دوڑنا۔ نظر تیز کرنا۔ چوروں کے ساتھ رہنا اور ان کے مال ومتاع کا محافظ بننا۔۔۔ فُلَانًا الاِدَامَ: سالن کا لقمہ نگلوانا ہٗ: برا معاملہ کرنا اور ظلم کرنا۔ اَلْغَفَ عَلَیْہِ: سخت سُست باتیں کہنا۔

اللُّغْفَۃُ۔ لقمہ۔

اللَّغِیْفُ۔ مرد کے خاص لوگ۔ چوروں کا ساتھی اور ان کے کپڑے وغیرہ کا محافظ۔ ج لُغَفَاءُ۔

اللَّغِیْفَۃُ۔ ایک قسم کا کھانا جسکو قصیدہ بھی کہتے ہیں۔

المُلْغَفَۃُ۔ چوروں کا گروہ۔

اللَّغْلَغَۃُ۔ کلام میں لکنت۔

لَغَمَ (ف) لَغْمًا البَعِیْرُ: جھاگ پھینکنا۔۔۔ ہٗ: منھ چومنا۔۔۔ الرَّجُلَ: غیر متیقن خبر دینا۔ (۔۔۔ ولَغَّمَ) فُلَانًا بِالطِّیْبِ: منھ پر خوشبو لگانا۔

لَغِمَ (س) لَغْمًا ولَغَمًا۔ غیر یقینی خبر دریافت کرنا۔

اَلْغِمَ الذَّہَبُ وَمَا شَابَہَہٗ مِنْ کُلِّ جَوْہَرٍ ذَائِبٍ: سونے وغیرہ میں پارہ ملایا جانا۔ صفت مُلْغَمٌ۔

اِلْتَغَمَ الذَّہَبُ: سونے کا پارہ سے ملنا۔

تَلَغَّمَ بِالطِّیْبِ: ناک اور منھ پر خوشبو لگانا ۔۔۔ القَوْمُ بِالکَلَامِ: گفتگو میں منھ کے کناروں کو ہلانا۔۔۔ اَلْغَمَ بِالعُشْبِ وبِالشُّرْبِ: تر ہونٹوں والی ہونا۔

اللَّغَمُ۔ تھوڑی خوشبو۔ زبان کی رگیں۔

اللُّغَامُ۔ اونٹ کے منھ کے جھاگ۔ لعاب

اللُّغَمَاءُ۔ سفید منھ والی بکری۔

اللَّغِیْمُ۔ بھید۔

المَلْغَمُ۔ ناک اور منھ اور ان دونوں کا اردگرد۔ ج مَلَاغِمُ۔

اِلْغَانَّ النَّبْتُ: نباتات کا گنجان اور دراز ہونا ۔۔۔ الاَرْضُ: بہت گھاس والی زمین ہونا۔

اللَّغْنُ۔ جوانی کا جوش۔

لَغَا یَلْغُوْ لَغْوًا بِکَذَا: بولنا۔۔۔ الشَّیْءُ: باطل ہونا۔۔۔ الرَّجُلُ: محروم ہونا۔۔۔ عَنِ الطَّرِیْقِ: ہٹ جانا۔

لَغَا یَلْغُوْ لَغْوًا ولَغَا یَلْغَیٰ ولَغِیَ یَلْغَیٰ لَغًی و لَغَایَۃً ولَاغِیَۃً ومَلْغَاۃً فِی قَوْلِہٖ: غلطی کرنا۔ بغیر سمجھے بوجھے بولنا۔

لَغِیَ یَلْغَیٰ لَغًی بِالاَمْرِ: مشتاق ہونا۔۔۔ بِالمَاءِ: بہت پانی پینا اور سیراب نہ ہونا۔۔۔ بِالشَّیْءِ: چمٹے رہنا اور جدا نہ ہونا۔۔۔ الطَّیْرُ بِاَصْوَاتِہَا: پرندوں کا سُر نکالنا۔ اور کہا جاتا ہے "ہُمْ یَلْغَوْنَ فِی الحِسَابِ: وہ حساب میں غلطی کرتے ہیں

لَاغَیٰ مُلَاغَاۃً الرَّجُلَ: ہنسی مذاق کرنا۔

اَلْغَیٰ الشَّیْءَ: باطل کرنا۔۔۔ فُلَانًا: محروم کرنا۔

اِسْتَلْغَیٰ فُلَانًا: گفتگو کرانا۔ لغت سُننا۔

اللَّغَا مع۔ آواز۔ بیہودہ۔ بیہودہ کلام وغیرہ

اللُّغَۃُ۔ ہر قوم کی کلام مصطلح جس سے وہ اپنے مقاصد کو ظاہر کرے۔ ج لُغًی ولُغَاتٌ ولُغُوْنَ اور نسبت کیلئے لُغَوِیٌّ۔ عِلْمُ اللُّغَۃِ: مفردات کے اوضاع کی معرفت کا علم۔ کُتُبُ اللُّغَۃِ: فنِ لغت کی کتابیں۔ اَہْلُ اللُّغَۃِ: فنِ لغت کے ماہرین اور کبھی علم اللغۃ کا اطلاق علومِ عربیہ کے سارے اقسام پر ہوتا ہے۔

اللَّغْوُ۔ مع۔ بیہودہ کلام وغیرہ۔ کتے کی آواز۔ کہا جاتا ہے "تَکَلَّمَ بِاللَّغْوِ واشْتَغَلَ بِاللَّغْوِ" وہ بیہودہ گفتگو اور افعال میں مشغول ہوا قسم کھانے میں گناہ۔

اللَّاغِیَۃُ۔ مع۔ بیہودہ کلام وغیرہ۔ کَلِمَۃٌ لَاغِیَۃٌ: قبیح کلمہ۔

اللَّغَاۃُ۔ آواز۔

اللَّغْوَیٰ۔ قطا پرندہ کا شور۔ بیہودہ کلام وغیرہ کہا جاتا ہے "اِسْمَعْ لَغْوَاہُمْ ولَا تَخَفْ طَغْوَاہُمْ" ان کے بیہودہ کلام کو سنو اور ان کی سرکشی سے

خوف مت کرو۔

لَفَّ (ن) لَفًّا الشَّیْءَ: لپیٹنا۔ ملانا: جمع کرنا۔ —— المَیِّتَ فِی اَکْفَانِہٖ: میت کو کفن میں لپیٹنا —— الکَتِیْبَتَیْنِ: دو لشکروں کو ملانا —— فِی الاَکْلِ: مختلف قسم کے کھانوں کو ملا کر بُری طرح سے کھانا اور اسی سے ہے "اِنْ اَکَلَ لَفَّ وَاِنْ شَرِبَ اشْتَفَّ" اگر کھاتا ہے تو سب ہڑپ کر جاتا ہے اور اگر پیتا ہے تو سب صاف کر دیتا ہے —— الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: چیز کو چیز سے ملانا جوڑنا —— ہٗ حَقَّہٗ: حق کا انکار کرنا۔ منع کرنا۔ لَفَّتِ الاَشْجَارُ گنجان ہونا۔

لَفَّ (س) لَفًّا وَلَفَفًا۔ پُر گوشت رانوں والا ہونا۔ صفت اَلَفُّ مؤنث لَفَّاءُ ج لُفٌّ۔

لَفَّفَ بمعنے لَفَّ۔ تشدید مبالغہ کیلئے ہے

لَافَّ الصَّقْرُ الصَّیْدَ: شکرے کا شکار پر ٹوٹ پڑنا اور پنجوں میں کر لینا۔ کہا جاتا ہے۔ "لَافَفْنَا القَوْمَ" یعنی ہم قوم سے مل گئے۔

اَلَفَّ الطَّائِرُ رَاْسَہٗ: پرندہ کا پروں میں سر کو چھپا لینا —— الرَّجُلُ رَاْسَہٗ: جُبّے میں سر کو چھپا لینا

اِلْتَفَّ وَتَلَفَّفَ فِی ثَوْبِہٖ: کپڑے میں لپٹنا عَلَیْہِ القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ اِلْتَفَّ النَّبَاتُ: گنجان ہونا —— لَا عَلٰی حَنَقٍ: غضبناک ہو کر لپٹنا —— الشَّیْءُ: گنجان ہونا۔

تَلَافَّ۔ القَوْمُ: باہم ملنا۔

اللَّفُّ۔ مص۔ کہا جاتا ہے "جَاؤُا بِلَفِّہِمْ وَبِلَفَّتِہِمْ" یعنی جماعت کے ساتھ سب آئے۔

اللِّفُّ۔ پارٹی۔ گروہ۔ اکٹھی قوم۔ جو اِدھر اُدھر سے جمع کیا جائے۔ گنجان باغ۔ ج اَلْفَافٌ ولُفُوْفٌ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ الْقَوْمُ وَمَنْ لَفَّ لِفَّہُمْ اَوْ لَفِیْفَہُمْ" قوم آئی اور ان کیساتھ ان کے لگے بندھے بھی آئے۔ "وَجَاؤُا اَلْفَافًا" مختلف قسم کے لوگوں کی جماعت آئی۔ رَوْضَۃٌ لَفٌّ ولِفٌّ ولَفَّۃٌ ولِفَّۃٌ ولَفَّاءُ گنجان باغ۔

اللِّفَافَۃُ۔ جو چیز کسی چیز پر لپیٹی جائے۔ دل پر لپٹی ہوئی چربی۔ سگرٹ (مولدۃ) ج لَفَائِف

اللَّفَفُ۔ کام کرنے والے کے بازو کی رگ کا مڑ جانا جس کی وجہ سے وہ کام سے بیکار ہو جاتا ہے۔ کھانے میں ملانا جلانا اور زیادہ کھانا جس چیز کو قوم یہاں وہاں سے جمع کرے۔

اللَّفِیْفُ۔ جھنڈ دار اور گنجان درخت مختلف قسم کے لوگوں کی جماعت جس میں شریف رذیل، فرماں بردار۔ نافرمان۔ قوی کمزور سبھی قسم کے ہوں۔ اور کہا جاتا ہے "طَعَامٌ لَفِیْفٌ" مخلوط کھانا "وَہُوَ لَفِیْفُ فُلَانٍ" وہ فلاں کا دوست ہے "جَمْعٌ لَفِیْفٌ" ہر جگہ سے اکٹھا کیا ہوا۔

اللَّفِیْفَۃُ۔ مجموعہ۔ اونٹ کی پیٹھ کا گوشت سگرٹ۔ ج لَفَائِفُ۔

الاَلَفُّ۔ بازو کی ایک رگ۔ گفتگو میں عاجز و درماندہ۔ کاموں میں عاجز و سست۔ ملے ہوئے ابرؤوں والا۔ لوگوں سے بھری ہوئی جگہ مؤنث لَفَّاءُ ج لُفٌّ۔ فَخِذٌ لَفَّاءُ: موٹی ران۔

التَّلَافِیْفُ۔ گنجان گھاس —— مِنَ الاَمْعَاءِ وَالدِّمَاغِ فِی اِصْطِلَاحِ الطِّبِّ: ایک کے اوپر ایک لپٹا ہوا۔

المِلَفُّ وَالمِلْفَافُ۔ چادر۔ لحاف وَالمِلَفُّ فی اصطلاح علماء الکہربائیۃ: چکر جس پر تار لپیٹا جائے۔

المَلْفُوْفُ۔ بمفم۔ ایک قسم کی نباتات۔ واحد مَلْفُوْفَۃٌ۔

لَفَأَ (ف) لَفْأً وَلَفَأَ العُوْدَ: لکڑی چھیلنا اللَّحْمَ عَنِ العَظْمِ: گوشت اتارنا —— الرِّیْحُ السَّحَابَ عَنْ وَجْہِ الاَرْضِ: بادلوں کو پراگندہ کر دینا فُلَانًا عَنْ مُرَادِہٖ: رد کرنا۔ ہٹانا —— ہٗ: غیبت کرنا —— ہٗ حَقَّہٗ: حق سے کم دینا۔ پورا حق دینا —— ہٗ بِالعَصَا: لاٹھی مارنا۔

لَفِیَٔ (س) لَفَأً الشَّیْءُ: باقی رہنا۔

اَلْفَأَ اِلْفَاءً۔ الشَّیْءَ: باقی رکھنا۔

اِلْتَفَأَ العُوْدَ: لکڑی چھیلنا۔ چھلکا اتارنا

اللَّفَاءُ: مٹی۔ تھوڑی چیز۔ حق سے کم۔

اللَّفِیْئَۃُ۔ بغیر ہڈی کے گوشت کا ٹکڑا۔ ج لَفَایَا وَلَفِیءٌ۔

لَفَتَ (ض) لَفْتًا الشَّیْءَ: دائیں یا بائیں موڑنا —— رِدَاءَہٗ عَلٰی عُنُقِہٖ: چادر کو گردن پر موڑنا فُلَانًا عَنْ رَاْیِہٖ: رائے سے پھیرنا —— الرِّیْشَ عَلَی السَّہْمِ: پر کو تیر پر کیفما اتفق لگا دینا —— الرَّاعِیُ المَاشِیَۃَ: مارنا اور اس کی پروا نہ کرنا کہ کس کو لگے —— اللِّحَاءَ عَنِ الشَّجَرَۃِ: درخت سے چھال اتارنا —— الکَلَامَ: لاپروائی سے گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَفَتَہٗ بِکَذَا" یعنی اس نے اس کو دیا۔

لَفَّتَ الشَّیْءَ: موڑنا۔

اِلْتَفَتَ وَتَلَفَّتَ اِلَیْہِ: چہرہ پھیرنا۔ اِلْتَفَتَ بِوَجْہِہٖ یُمْنَۃً اَوْ یُسْرَۃً: جھکنا۔

اللِّفْتُ۔ شلغم۔

اللِّفْتُ۔ چیز کی ایک جانب۔ گائے۔ بیوقوف عورت۔

اللَّفَتُ فِی التَّیْسِ: مینڈھے کے ایک سینگ کا ٹیڑھا ہونا —— فِی الاِنْسَانِ: بائیں ہاتھ سے کام کرنا۔

اللَّفَاتُ۔ بے وقوف۔ سخت خو۔

اللُّفَتَۃُ۔ جانوروں کو ہمیشہ مارنے والا چرواہا

الاَلْفَتُ۔ ایک پیچدار سینگ والا بکرا۔ مضبوط ہاتھ والا۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنیوالا۔ بیوقوف۔ بھینگا۔ مؤنث لَفْتَاءُ۔ ج لُفْتٌ۔

اللَّفُوْتُ۔ سخت خو۔ چغلخور عورت۔ اونٹنی جو دوہنے کے وقت بیقرار رہے۔ عورت جس کی نگاہ ایک جگہ نہ ٹھیرے۔

اللَّفِیْتَۃُ۔ ایک قسم کا گاڑھا حلوا۔

المُتَلَفِّتَۃُ۔ کندھے کی ہڈی کا اوپر کا حصہ

اِسْتَلْفَثَ۔ باہر نکالنا۔ چیز کی حقیقت کو پہنچنا۔ خبر کو چھپانا۔ حاجت روائی کرنا۔ تمام چارہ کو کھانا۔

الاَلْفَثُ۔ بے وقوف۔

اَلْفَجَ۔ مفلس ہونا۔ بے مال و دولت ہونا۔ غم وغیرہ کی وجہ سے زمین سے چمٹے رہنا فُلَانٌ: محتاج بنانا۔ مجبور کرنا۔

اللَّفَج - ذلّت -
المُلفَج والمُستَلفَج - مفلس - لاغری کی وجہ سے زمین سے چمٹنے والا - المُستَلفِج: خوف کی وجہ سے پراگندہ دل -
لَفَحَ (ف) لَفحًا فلانًا بالسَّیفِ: تلوار مارنا
لَفَحَت (ف) لَفحًا و لَفَحانًا - النّارُ والسَّمومُ بِحَرِّھا فلانًا: جھلس دینا -
نارٌ لَفُوحٌ و لافِحٌ - جلانیوالی آگ - ج لَوافِح کہا جاتا ہے اَصابَہٗ مِنَ الحَرِّ لَفحٌ و مِنَ البَردِ نَفحٌ
اللُّفّاح - ایک قسم کا پودہ - واحد لُفّاحَۃ -
لَفَخَ (ف) لَفخًا فی او علی رَاسِہٖ: مارنا -
اللَّفخ - مص سارے سر پر مارنا -
لَفَظَ (ض) و لَفِظَ (س) لَفظًا الشَّیءَ و بالشَّیءِ مِن فَمِہٖ: منہ سے پھینکنا - ڈال دینا - صفت مفعول لَفِیظٌ و مَلفُوظٌ — البَحرُ دَابَّۃً: دریا کا کنارے پر پھینکدینا — فلانٌ نَفسَہٗ او عَصَبَہٗ: مرنا (عصب سے مراد تھوک ہے جو منہ کو چمٹ کر خشک ہوجاتا ہے) اور کہا جاتا ہے لَفَظَت اِلَینا البِلادُ اَھلَہا یعنی ہماری جانب نکال دیا وَجاءَ وَقَد لَفَظَ لِجامَہٗ یعنی وہ آیا اس حال میں کہ پیاس اور تھکن کی وجہ سے تکلیف میں تھا -
(— و تَلَفَّظَ) بالکلامِ: بولنا -
اللَّفظ - مص - کلمات جو بولے جائیں - کلام - ج اَلفاظ -
اللَّفظَۃ - لَفظ کا اسم مرۃ - کلمہ ج لَفَظات
اللّافِظَۃ - لافِظ کا مؤنث - سمندر اس وجہ سے کہ جواہر کو پھینکتا ہے (ۃ مبالغہ کیلئے ہے) چکی - دنیا -
لافِظَۃ - سمندر - اور یہ علمیت اور تانیث کی وجہ سے غیر منصرف ہے -
اللُّفاظ - جو پھینکا جائے -
اللَّفاظ - ترکاری -
اللُّفاظَۃ - جو منہ سے پھینکا جائے - جو دسترخوان سے جھاڑا جائے - کسی چیز کا تھوڑا سا بقیہ - ج لُفاظ و لُفاظات - کلام -

اللَّفِیظ - پھینکی ہوئی چیز -
اللَّفظِی - جس کا لفظ سے تعلق ہو -
لَفَعَ (ف) لَفعًا - الشَّیبُ رَاسَہٗ: سارے سر کا سفید ہونا - لَفَعَتہُ النّارُ: بھڑک اور شعلہ پہنچنا -
لَفَّعَ بمعنے لَفَعَ — الغُلامَ: اپنی جانب کھینچکر بغل گیر ہونا — فلانٌ: بہت کھانا اور کہا جاتا ہے لَفَّعَ رَاسَہٗ جبکہ ڈھانپ لے -
تَلَفَّعَ - بڑھاپا آنا - تَلَفَّعَتِ النّارُ: شعلہ بھڑکنا — الحَربُ بالشَّرِّ: سبھی کو گھیر لینا — المالُ: مال یعنی مویشیوں کو چرنے سے نفع پہنچنا — القومُ عَلیٰ جَیشِ العَدُوِّ: دشمن کی فوج کو گھیر لینا اور سب کو قتل کر دینا (— و التَفَعَ) الرَّجُلُ بالثَّوبِ و الشَّجَرُ بالوَرَقِ: لپٹنا - ڈھک جانا و التَفَعَتِ الاَرضُ: سبزی سے ڈھک جانا
اَلتُفِعَ لَونُہٗ: رنگ متغیر ہونا -
اللِّفاع - چادر یا کمبل - اونٹنی کے تھنوں میں سے اگلے تھن -
اللِّفاعَۃ و اللَّفِیعَۃ - قمیص کا پیوند -
المِلفَعَۃ - چادر یا کمبل وغیرہ -
لَفَقَ (ض) لَفقًا الثَّوبَ: کپڑے کو دوہرا کر کے سینا — الاَمرَ: طلب کرنا اور نہ پانا
الصَّقرُ: شکار پر چھوڑا جانا اور شکار نہ کرنا -
لَفَّقَ الحَدِیثَ: باطل سے مزین کرنا — الرَّجُلُ: طلب کرنا اور نہ پانا — الشُّقَّتَینِ: دونوں سرے ملا کر سینا - اور کہا جاتا ہے "لَفَّقَ بَینَ الثَّوبَینِ" جبکہ دوہرا کر کے سیئے -
تَلَفَّقَ بِہٖ: لاحق ہونا — تَاَنِّیہِم: درست ہونا
تَلافَقَ القَومُ: معاملات درست ہونا -
اللِّفق - چادر کے دو پاٹوں میں سے ایک پاٹ - اور دو آدمی جو جدا نہ ہوں - ان کی متعلق کہا جاتا ہے "ہُما لِفقانِ" -
اللَّفّاق - مطلوب کو نہ پانے والا -
اللِّفاق - دو کپڑے جو ایک ساتھ ملا کر جوڑے گئے ہوں اور ان میں سے ہر ایک کپڑے کو لِفاق کہتے ہیں -

اللَّفِیک و الاَلفَک بیوقوف - اللَّفِیک: بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا -
لَفلَفَ - گفتگو میں عاجز و درماندہ ہونا - خوب اچھی طرح سے کھانا — فی ثَوبِہٖ: کپڑے میں لپٹنا
تَلَفلَفَ بِثَوبِہٖ: کپڑے میں لپٹنا -
اللَّفلَف و اللَّفلاف - کمزور (— و المُلَفلَف) کلام میں عاجز و درماندہ -
لَفَمَت (ن) لَفمًا و تَلَفَّمَت و التَفَمَت المَراَۃُ: عورت کا نقاب ڈالنا - ناک پر نقاب باندھنا
تَلَفَّمَ بِعِمامَتِہٖ: ڈھاٹا باندھنا - لَفَّمَتِ المَرأَۃُ فاھا: منہ پر نقاب ڈالنا - لَفَّمَہٗ: مضبوط باندھنا -
اللِّفام - ناک کے اوپر کا نقاب -
لَفا یَلفُو لَفوًا فلانًا حَقَّہٗ: حق کم کرنا — اللَّحمَ عَنِ العَظمِ: ہڈی سے گوشت اتارنا -
اَلفاہُ اِلفاءً - پانا -
تَلافَی الاَمرَ: تدارک کرنا -
اللَّفِیَۃ - گوشت کا ٹکڑا - ج لَفایا -
اللَّفاء - مٹی جیسی حقیر - اور کہا جاتا ہے - "رَضِیَ فلانٌ مِنَ الوَفاءِ باللَّفاءِ" فلاں شخص اپنے پورے حق میں سے تھوڑے پر راضی ہوگیا -
التَّلافِی - مص خون کا بدلہ حاصل کرنا -
لَقَّ (ن) لَقًّا عَینَہٗ: آنکھ پر ہاتھ سے مارنا - صفت لاقٌّ - ج لُقُقٌ -
اللَّقّ - مص زمین میں شگاف - بلند زمین - بہت بولنے والا - ج تنگ اور لمبی زمین -
اللَّقَقَۃ - لاقّ کی جمع - تنگ منہ کے گڑھے -
کہا جاتا ہے رَجُلٌ لَقّاقٌ بَقّاقٌ - بہت باتونی مرد -
لَقَبَ فلانًا بکذا: لقب دینا -
لاقَبَہٗ - برے القاب سے گالی دینا -
تَلَقَّبَ بکذا: لقب پانا -
تَلاقَبَ القَومُ: ایک دوسرے کو برے لقب سے گالی دینا -
اللَّقَب - اصلی نام کے علاوہ کوئی دوسرا نام جو اپنے وضع اول کے اعتبار سے مدح یا ذم کی

طرف مشعر ہو۔ ج اَلْقَاب۔

لَقَحَ (ف) لَقْحًا النَّخْلَ: نر کھجور کا شگوفہ مادہ کھجور میں ڈالنا۔

لَقِحَتْ (س) لَقْحًا ولَقَحًا ولَقَاحًا النَّاقَةُ ونَحْوُهَا: حاملہ ہونا۔ صفت لَاقِح ولَقُوح۔ (— لَقَحًا) الحَرْبُ: سکون کے بعد بھڑک اٹھنا۔ المَرْأَةُ او النَّخْلَةُ: حاملہ ہونا۔

اَلْقَحَ النَّخْلَةَ: نر کھجور کا شگوفہ مادہ کھجور میں ڈالنا۔ الفَحْلُ النَّاقَةَ: حاملہ کرنا۔ گابھن کرنا۔ صفت مفعولی مُلْقُوحَة۔ ج مَلَاقِيح۔ اَلْقَحَ بَيْنَهُمْ شَرًّا: فساد پیدا کرا دینا۔ اَلْقَحَتِ الرِّيحُ الشَّجَرَ او السَّحَابَ: باردار کرنا۔

لَقَّحَ النَّخْلَةَ: نر کھجور کا شگوفہ مادہ کھجور میں ڈالنا۔

تَلَقَّحَتِ النَّاقَةُ: حاملہ نہ ہوتے ہوئے حاملہ جیسی معلوم ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَلَقَّحَ زَيْدٌ عَلَيَّ" زید نے میری طرف ناکردہ گناہ کی نسبت کی —— يَدَاهُ: گفتگو کرنے میں دونوں ہاتھوں سے اشارہ کرنا۔

اِلْتَقَحَتِ الأُنْثَى: مادہ منویہ کو قبول کرنا۔

اِسْتَلْقَحَتِ النَّخْلَةُ: نر کھجور کے شگوفہ کو مادہ کھجور میں ڈالنے کا وقت قریب آنا۔

اللَّقَاح۔ مص۔ نر کھجور کا شگوفہ جو مادہ کھجور میں ڈالا جائے۔

اللِّقَاح۔ لَقُوح کی جمع۔ گھوڑے اونٹ کا مادہ منویہ۔

اللَّقَح۔ مص۔ حاملہ ہونا۔

اللِّقْحَة۔ دائی پلائی۔ عقاب۔ کوا۔ ج لِقَح ولِقَاح۔ اللِّقْحَة: نفس۔ ج لِقَاح۔

اللِّقْحَةُ واللَّقْحَة۔ ج لِقَح ولِقَاح واللَّقُوح ج لِقَاح ولَقَائِح: بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔

اللَّاقِح۔ فا۔ رِيحٌ لَاقِحٌ: وہ ہوا جس سے درخت باردار ہو جائیں۔ وہ اونٹنی جو مادہ منویہ کو قبول کرلے۔ ج لَوَاقِح۔

اللَّقُوح: وہ اونٹنی جو مادہ منویہ کو قبول کرلے۔ ج لُقُح۔

اللَّوَاقِح والمَلَاقِح۔ حاملہ عورتیں۔ اللَّوَاقِح مِنَ الرِّيَاحِ۔ درختوں کو باردار کرنیوالی ہوائیں بارش لانے والی ہوائیں۔ اللَّوَاقِح: کوڑے۔

المَلَاقِح۔ حاملہ کرنے والے۔ واحد مُلْقِح۔ حاملہ عورتیں، واحد مُلْقِحَة۔

المُلَقَّح مفعو۔ آزمودہ کار۔

المَلَاقِيح۔ مائیں۔ واحد مَلْقُوحَة۔ جنین مادہ منویہ۔

لَقَزَهُ (ن) لَقْزًا۔ مکا مارنا۔

لَقَسَهُ (ن ض) لَقْسًا۔ عیب لگانا۔ صفت لَاقِس۔

لَقِسَتْ (س) لَقَسًا نَفْسُ فُلَانٍ اِلَى الشَّيْءِ دل کھنچنا۔ مائل ہونا —— نَفْسُهُ مِنَ الشَّيْءِ: جی متلانا صفت لَقِسَة۔ ولَقِسَ بِاَمْرٍ: سمجھنا۔ صفت لَقِس۔

لَاقَسَ لِقَاسًا ومُلَاقَسَةً۔ ایک دوسرے کو برا لقب دینا۔

تَلَقَّسَتْ نَفْسُهُ مِنَ الشَّيْءِ: تنگ ہونا۔

تَلَاقَسَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو گالی دینا

اللَّقُس واللَّاقِس۔ خارش۔

اللَّقِس۔ لوگوں کا مذاق اڑانیوالا اور برے القاب دینے والا۔ بدخلق۔ ہر چیز کا لالچی۔ جو ایک طریقہ پر مستقل نہ رہے۔

المُلَاقِس۔ صبر کرنے والا۔ شَنٌّ لَقِسٌ۔ پرانی مشک۔

لَقَصَ (ض) لَقْصًا الشَّيْءُ جِلْدَهُ: کھال کو جلانا۔

لَقِصَ (س) لَقَصًا الشَّيْءُ: تنگ ہونا۔ لَقِصَتْ نَفْسُهُ: جی متلانا۔

اِلْتَقَصَ الشَّيْءَ: لینا۔

اللَّقِص: تنگ۔ شرارت میں جلدی کرنیوالا۔ بہت باتونی۔

لَقَطَ (ن) لَقْطًا۔ الشَّيْءَ: زمین سے اٹھانا —— العِلْمَ مِنَ الكُتُبِ: مختلف کتابوں سے حاصل کرنا —— الثَّوْبَ: پیوند لگانا —— الطَّائِرُ الحَبَّ: پرندہ کا چونچ سے چگنا۔ صفت لَاقِط ولَقَّاط۔

لَاقَطَ لِقَاطًا ومُلَاقَطَةً۔ مقابل ہونا۔ لَاقَطَ الفَرَسَ: چاروں ٹانگیں پکڑ لینا۔

اِلْتَقَطَ الشَّيْءَ: بغیر قصد و طلب کے مطلع ہونا —— الشَّيْءَ: زمین سے اٹھانا —— اللِّقَاطَ: جمع کرنا (—— وتَلَقَّطَ) الشَّيْءَ: ادھر ادھر سے جمع کرنا۔

اللَّقَط۔ اٹھائی ہوئی چیز۔ چھوارے وغیرہ کا نچھاور۔ واحد لَقَطَة۔ لَقَطُ المَعْدِنِ: سونے وغیرہ کے ٹکڑے جو کان میں ملیں۔ کہا جاتا ہے۔ فِي المَكَانِ لَقَطٌ لِلْمَاشِيَةِ" یعنی مکان میں جانور کے لئے تھوڑا سا چارہ ہے۔

اللَّقَطَة۔ ایک قسم کی اچھی سبزی جس کے جانور حریص ہوتے ہیں۔ ج لَقَط۔

اللُّقْطَة واللُّقَطَة۔ وہ چیز جو تم کو راستہ میں پڑی ہوئی ملے اور تم اٹھا لو۔ یا وہ شئے متروک جس کا مالک معلوم نہ ہو۔

اللُّقَاط واللَّقَاط۔ خوشہ جس کو کھیتی کاٹنے والا خطاً چھوڑ دے اور لوگ اس کو چن لیں۔ پڑی ہوئی چیز جو تمھیں ملے اور تم لے لو۔

اللِّقَاط۔ گرے ہوئے خوشوں کا جمع کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "دَارُهُ بِلِقَاطِ دَارِي" اس کا مکان میرے مکان کے مقابل ہے۔ "ولَقِيتُهُ لِقَاطًا" میں اس سے رُو در رُو ملا۔

اللُّقَاطَة۔ گرے ہوئے خوشے۔ گری پڑی بے قیمت چیز۔ ج اَلْقَاط۔

اللَّاقِط۔ فا۔ کھیتی کٹنے کے بعد خوشے چننے والا۔ آزاد کردہ غلام۔

اللَّاقِطَة۔ لاقط کا مؤنث۔ اور اسی سے مثل ہے لِكُلِّ سَاقِطَةٍ لَاقِطَةٌ" یعنی ہر کلمہ جو منھ سے نکلے اس کیلئے کوئی نہ کوئی سننے والا ہے (حفاظت زبان کی نصیحت کے موقع پر بولا جاتا ہے) اللَّاقِطَة: رذیل مرد یا عورت۔ لَاقِطَةُ الحَصَى: پرندہ کا سنگدانہ۔

اللَّقَّاط واللَّقَّاطَة۔ بہت اٹھانیوالا۔

اللَّقِيط۔ اٹھایا ہوا۔ نومولود بچہ جو پھینک دیا جائے۔

اللَقِيْطَةُ۔ لقیط کا مؤنث۔ رذیل مرد یا عورت ج لَقَائِط۔ کہا جاتا ہے: رَجُلٌ لُقَيْطِي خُلَيْطِي۔ چغلی کھانیکے لئے خبروں کے کھوج میں رہنے والا مرد۔

الاَلْقَاط۔ آوارہ واوباش لوگ۔ تھوڑی متفرق لوگ۔

المَلْقَط۔ مطلب۔ دھات کی کان۔ کہا جاتا ہے: یَا مَلْقَطَانُ: یعنی اے بیوقوف۔ مؤنث مَلْقَطَانَة۔

المِلْقَط۔ جس سے اٹھایا جائے جیسے دسپناہ موچنا۔ ج ملاقط۔

المِلْقَاط۔ قلم نقش کرنے کا آلہ۔ مکڑی۔ ج مَلَاقِيط۔

المَلْقُوط۔ مغم نومولود پھینکا ہوا بچہ۔ جو اٹھایا جائے۔ ج مَلَاقِيط۔

لَقَعَ (ف) لَقْعًا الشَّيَ: پھینکنا — فُلَانًا بِعَيْنِهِ: نظر بد لگانا۔ لَقَعَتْهُ الحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔ لَقَعَ فُلَانًا: عیب لگانا — لَقَعَ بِالكَلَامِ: کلام میں غالب آنا۔

لَقَعَ (ف) لَقَعَانًا۔ تیز گذرنا (— لَقْعًا) عیب دار ہونا۔

لَاقَعَ فُلَانًا بِالكَلَامِ: کلام میں غالب آنا۔

تَلَقَّعَ بِالكَلَامِ: بکواس کرنا۔

اُلْتُقِعَ لَوْنُهُ: رنگ متغیر ہونا۔

اللُقَاع واللُقَّاع۔ سبز رنگ کی مکھی جو لوگوں کو کاٹتی ہے۔ واحد لُقَاعَة ولُقَّاعَة۔

اللُقَعَة اللُقَاعَة واللُقَّاع والتِلِقَّاع والتِلِقَّاعَة۔ بیوقوف۔ لوگوں کے عیوب نکالنے والا۔ بُرے لقب رکھنے والا۔ بہت باتونی کہا جاتا ہے: اِمْرَأَةٌ لِقَاعٌ ولُقَعَة۔ بیہودہ گو عورت

لَقِفَ (س) لَقْفًا ولَقَفَانًا والتَقَفَ الشَّيَ: جلدی سے لینا۔

لَقِفَ (س) لَقَفًا الحَوضُ: نیچے سے گر کر وسیع ہونا۔ صفت لَقِفٌ — الحَائِطُ: دیوار کا گرنا۔

لَقَّفَهُ الشَّيَ: اچکنے کیلئے پھینکنا — ہٗ الطَعَامَ: نگلوانا۔ لَقِفَ الطَعَامَ: نگلنا — الفَرَسُ: دو اگلی ٹانگوں سے سختی سے روندنا۔

تَلَقَّفَ الشَّيَ: جلدی سے لینا — الطَعَامَ نگلنا — الحَائِطُ او الحَوضُ: دیوار یا حوض کا منہدم ہونا۔ گرنا۔ اور کہا جاتا ہے "تَلَقَّفَ مِنْ فِيهِ كَذَا" جبکہ کسی سے سن کر یاد کرے۔

اللَقَف مع۔ کنوئیں یا حوض کا کنارہ۔ ج اَلْقَافٌ۔ اللَقَف: بمعنے اِلْتِقَاف وتَلَقُّف یعنی جلدی سے لینا۔

اللَقَافَة۔ حذاقت۔ ہوشیاری۔

اللَقْف واللَقِف واللَقِيف مِنَ الرِجَالِ چست وزیرک۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ثَقْفٌ لَقْفٌ وثَقِفٌ لَقِفٌ وثَقِيفٌ لَقِيفٌ"۔

لَقْلَقَ۔ اللَقْلَاقُ: سارس کا آواز کرنا۔ لَقْلَقَتِ الحَيَّةُ: سانپ کا زبان نکالنا۔ لَقْلَقَ الشَّيَ: حرکت دینا۔

تَلَقْلَقَ۔ الشَّيُ: ہلنا۔

اللَقْلَق ج لَقَالِق واللَقْلَاق۔ سارس کی قسم کا ایک پرندہ ہے جس کی گردن اور ٹانگیں لانبی ہوتی ہیں اور سانپوں کو کھاتا ہے۔ ذکاوت اور فطنت کے ساتھ متصف ہے۔ اور اس کی کنیت "اَبُو حُدَيج" ہے اللَقْلَق: زبان۔

اللَقْلَاق۔ آواز۔ شور۔

اللَقْلَقَة۔ سارس کی آواز۔ ہر آواز جس میں حرکت واضطراب ہو۔ اور کہا جاتا ہے "فِي لِسَانِهِ لَقْلَقَةٌ" یعنی اس کی زبان میں رکاوٹ ہے۔ ج لَقَالِق۔

حُرُوفُ اللَقْلَقَة: ب، ج، د، ط، ق۔

طَرْفٌ مُلَقْلَقٌ۔ تیز نگاہ جو ایک جگہ میں نہ ٹھیرے

لَقَمَ (ن) لَقْمًا الطَرِيقَ وغَيرَهُ: راستہ کا دہانہ بند کرنا۔

لَقِمَ (س) لَقْمًا الطَعَامَ: جلدی کھانا ہڑپ کرنا۔

لَقَّمَهُ واَلْقَمَهُ الطَعَامَ: لقمہ لقمہ کھلانا۔ کہا جاتا ہے "اَلْقَمَهُ الحَجَرَ" یعنی اس نے اسے خاموش کردیا

تَلَقَّمَ الشَّيَ: جلدی سے کھانا۔ ہڑپ کرنا — الماءَ فِي بَطْنِهِ: پانی کا زیادتی کی وجہ سے پیٹ میں بولنا۔

اِلْتَقَمَ الطَعَامَ: نگلنا۔ کہا جاتا ہے "اِلْتَقَمَ اُذُنَهُ" یعنی چپکے چپکے کان میں بات کی۔

اللَقَم واللُقَم۔ راستہ کا بڑا حصہ۔ راستہ کا درمیان۔

اللَقْمَة۔ لقم کا اسم مرة۔

اللُقْمَة۔ ایک مرتبہ جتنا نگلا جائے۔ ج لُقَم۔

اللَقِيم۔ لقمہ۔

التِلْقَام والتِلْقَامَة والتِلِقَّام والتِلِقَّامَة بڑے بڑے لقمے نگلنے والا۔

رَكِيَّةٌ مُتَلَقِّمَة۔ بہت پانی والا کنواں۔

لَقُنَ (ک) لَقَانَةً۔ تیز فہم وذکی ہونا

لَقِنَ (س) لَقْنًا ولَقَنًا ولَقَنَةً ولَقَانَةً ولَقَانِيَةً وتَلَقَّنَ الكَلَامَ مِنْ فُلَانٍ: بالمشافہ حاصل کرنا اور سمجھنا۔

لَقَّنَهُ الكَلَامَ: بالمشافہ سمجھانا۔

اَلْقَنَ الكَلَامَ: جلدی سے یاد کرنا۔

اللِقْن۔ ستون۔ کنارہ۔

اللَقَانَةُ واللَقَانِيَة مع۔ زود فہمی۔

اللَقِن۔ زود فہم۔ تیز سمجھ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ثَقِفٌ لَقِنٌ" یعنی وہ سنی ہوئی چیز کو بہت جلدی سمجھنے اور یاد کرنے والا ہے۔

اللَقَن۔ لگن (دخیل)

اللَوَاقِن۔ پیٹ کا نچلا حصہ۔

لَقَا يَلْقُو لَقْوًا فُلَانًا: مبتلاء لقوہ کرنا۔

لُقِيَ لَقْوًا۔ مبتلائے لقوہ ہونا۔

اللَقْوَة۔ ایک بیماری ہے جس سے منہ ایک جانب کو ٹیڑھا ہوجاتا ہے (— واللِقْوَة) مادہ عقاب۔ تیز عقاب۔ ج لِقَاء واَلْقَاء۔

المَلْقُو۔ لقوہ زدہ۔

لَقِيَ يَلْقَى لِقَاءً ولِقَاءَةً ولِقَايَةً ولَقَاءَةً ولُقْيَانًا ولِقْيَانًا ولِقْيَانَةً ولُقِيًّا ولِقِيًّا ولُقْيَةً ولُقْيَةً ولُقًى فُلَانًا: استقبال کرنا۔ پانا۔ دیکھنا ملاقات کرنا۔

لَقّٰی تَلْقِیَۃً فُلَانًا الشَّیَٔ: پھینکنا۔
لَاقٰی لِقَاءً وَمُلَاقَاۃً الرَّجُلَ: پانا۔ ملاقات کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَاقٰی بَیْنَ طَرَفَیِ الْقَضِیْبِ" شاخ کے دونوں کنارے موڑ کر ملانا اور کہا جاتا ہے "لَاقِ بَیْنَهُمَا"
اَلْقٰی الشَّیَٔ اِلَی الْاَرْضِ: ڈال دینا ــــ اِلَیْہِ الْقَوْلَ وَبِالْقَوْلِ: پہنچانا ــــ عَلَیْہِ الْقَوْلَ: املاء کرانا۔ پہنچانا ــــ فِیْہِ الشَّیَٔ: رکھنا ــــ عَنْہُ الشَّیَٔ: ڈال دینا ــــ اِلَیْہِ السَّمْعَ: کان لگانا ــــ اِلَیْہِ خَیْرًا: بہتر سلوک کرنا ــــ اِلَیْہِ بَالًا: پروا کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "اَلْقَیْتُ اِلَیْہِ الْمَوَدَّۃَ وَبِالْمَوَدَّۃِ" میں نے اس سے محبت کی۔
تَلَقّٰی الشَّیَٔ: ملنا۔ استقبال کرنا ــــ الشَّیَٔ مِنْہُ: سیکھنا ــــ تَلَقَّتِ الْمَرْأَۃُ: عورت کا حاملہ ہونا۔ صفت مُتَلَقٍّ۔
اِلْتَقٰی الشَّیَٔ: ملنا ــــ وَتَلَاقٰی الْقَوْمُ: باہم ملنا۔ وَتَلَاقَوْا: باہم جھگڑا کرنا۔
اِسْتَلْقٰی عَلٰی قَفَاہُ: چت سونا۔
اللَّقٰی۔ پھینکی ہوئی چیز۔ ج اَلْقَاءٌ۔
اللَّقْیَۃُ وَاللُّقْیَۃُ مم۔ اللَّقْیَۃُ: لَقِیَ کا اسم مرۃ ج لُقًی۔ کہا جاتا ہے "لَقِیْتُہٗ لَقْیَۃً کَبِیْرَۃً" میں نے اس سے بہت ملاقات کی۔ اللَّقٰی: پرندے۔ درد۔ تمام حیوان جو جلدی گابھن ہو جائیں۔
اللُّقْیَا۔ لِقَاء کا اسم ہے۔
التِّلْقَاءُ۔ لِقَاء کا اسم۔ ملاقات کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "جَلَسَ تِلْقَاءَہٗ" یعنی وہ اس کے مقابل بیٹھا "وَفَعَلَ الْاَمْرَ مِنْ تِلْقَاءِ نَفْسِہٖ" یعنی اس نے اس کام کو خود بخود بغیر کسی کے مجبور کئے ہوئے کیا۔
اللَّقَاۃُ۔ راستہ کا درمیان۔
اللَّقِیُّ۔ خیر یا شر کیلئے ملاقات کرنے والا۔ اور اکثر استعمال شر کیلئے ہوتا ہے۔ مؤنث لَقِیَّۃٌ۔
اللَّقِیُّ: آمنے سامنے آنے والا۔ کہا جاتا ہے "ہُمَا لَقِیَّانِ وَلَقِیَانِ" وہ دونوں آمنے سامنے آنے والے ہیں۔ وَہُوَ شَقِیٌّ لَقِیٌّ کے جملہ میں لقی تابع مہمل ہے۔
اللَّقَّاءُ۔ خیر یا شر کیلئے ملاقات کرنے والا۔ شر میں زیادہ استعمال ہوتا ہے۔
الْاُلْقِیَّۃُ۔ چیستان۔ پہیلی۔ ج اَلَاقِیُّ۔
اَلْاَلَاقِیُّ: سختیاں۔
الْمَلْقٰی وَالْمُلْتَقٰی۔ ملنے کی جگہ۔
الْمَلَاقِیْ۔ مَلْقٰی کی جمع۔ مَلَاقِی الْاَجْفَانِ: پپوٹوں کے ملنے کی جگہ۔
التَّلَاقِیْ۔ مم۔ یَوْمُ التَّلَاقِیْ: قیامت کا دن
الْمُتَلَاقِیْ۔ فا۔ اوزان شعر میں سے ایک وزن
الْمُلْقٰی۔ چیز ڈالنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا مُلْقَی الْکُنَاسَاتِ" یہ کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ ہے۔ و "فِنَاءُ فُلَانٍ مُلْقَی الرِّحَالِ" فلاں کا صحن دار کجاووں کے آتارنے کی جگہ ہے۔ کنایہ ہے اس سے کہ فلاں بڑا مہمان نواز ہے۔
الْمُلْقٰی وَالْمُلَقّٰی وَالْمِلْقٰی۔ خیر یا شر کے لئے ملاقات کرنے والا۔ شر میں زیادہ استعمال ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُلَقًّی" فلاں مصائب سے آزمایا ہوا ہے۔ وَالشُّجَاعُ مُوَقًّی وَالْجَبَانُ مُلَقًّی کہا جاتا ہے "ہُوَ جَارِیْ مُلَاقِیَّ" وہ میرا مقابل پڑوسی ہے
لَکَّہٗ (ن) لَکًّا۔ گدی پر مکا مارنا۔ بھینچنا۔
لَکَّ اللَّحْمَ: گوشت کو ہڈی سے جدا کرنا ــــ الشَّیَٔ: ملانا ــــ الْجِلْدَ: لک سے کھال رنگنا۔
اِلْتَکَّ الْوِرْدُ: گھاٹ پر آنے والوں کا بھیڑ کرنا ــــ الْعَسْکَرُ: لشکر کا آپس میں ملنا۔ ہجوم کرنا۔ ــــ فِیْ کَلَامِہٖ: غلطی کرنا ــــ فِیْ حُجَّتِہٖ: دیر لگانا۔
اللِّکَاکُ۔ بھیڑ۔ ازدحام۔ سخت گوشت والی اونٹنی ج لُکُکٌ وَلِکَاکٌ۔
اللَّکُّ۔ مم۔ گوشت۔ ایک سرخ رنگ جس سے کھال رنگتے ہیں۔ ایک نباتات جس سے گوند بناتے ہیں ــــ عِنْدَ حُسَّابِ الْمُوَلَّدِیْنَ: لاکھ ج اَلْکَاکٌ وَلُکُوْکٌ۔
اللَّکُّ وَاللُّکُّ۔ نباتات مذکور کا عصارہ یا اس کی تلچھٹ۔ لک سے رنگی ہوئی کھال کا چھیلن۔ سخت و پر گوشت۔
اللَّکَّۃُ۔ شدت۔
اللَّکَّاءُ مِنَ الْجُلُوْدِ: لک سے رنگی ہوئی کھال۔
رَجُلٌ لُکِّیٌّ: موٹا، سخت گوشت والا آدمی۔
اللُّکَیْکُ۔ گنجان لشکر۔ سخت گوشت۔ سخت اور موٹے گوشت والا۔ قطران۔ ایک کمزور درخت ج لِکَاکٌ۔
الْمُلَکَّکُ۔ سخت موٹے گوشت والا۔
سَکْرَانُ مُلْتَکٌّ۔ مست جو مستی کی وجہ سے خشک ہوگیا ہو۔
لَکَأَ (ف) لَکْأً بِالسَّوْطِ فُلَانًا: کوڑے سے مارنا۔ ــــ فُلَانًا: پچھاڑنا۔ ــــ بِہِ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا ــــ الرَّجُلَ: پورا حق دینا۔
لَکِیَٔ (س) لَکْأً بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا ــــ بِفُلَانٍ: لازم ہونا۔ چمٹنا۔
تَلَکَّأَ تَلَکُّؤًا عَلَیْہِ: غدر کرنا۔ بہانہ کرنا ــــ عَنِ الْاَمْرِ: دیر کرنا۔ توقف کرنا۔ ہچکچانا۔
لَکَثَہٗ (ن) لَکْثًا بِالسَّوْطِ: کوڑے سے مارنا
لَکَثَ فُلَانًا: طاقت سے زیادہ بوجھ لادنا۔
لَکِثَ (س) لَکَثًا الْبَعِیْرُ: منہ میں پھنسیوں والا ہونا ــــ الْوَسَخُ عَلَیْہِ وَبِہٖ: میل جمنا۔
اللَّکَثُ۔ مم۔ دودھ کا میل جو دودھ کے برتن کے کناروں پر جم جائے۔ اونٹ کے منہ کی پھنسیاں۔ نَاقَۃٌ لَکِثَۃٌ۔ موٹی اونٹنی۔
اللُّکَاثُ۔ اونٹ کے منہ کی پھنسیاں۔ چونے کے چمکنے والے پتھر۔
اللُّکَاثِیُّ۔ بہت سفید۔
اللُّکَّاثُ۔ چونہ بنانے والا۔
لَکَحَہٗ (ف) لَکْحًا۔ مکا مارنا۔
لَکَدَہٗ (ن) لَکْدًا۔ ہاتھ سے مارنا۔ ہٹانا۔
لَکِدَ (س) لَکَدًا الْوَسَخُ عَلٰی فُلَانٍ وَبِہٖ: میل جمنا۔ چمٹنا۔ لَکِدَ الشَّعْرُ: بالوں کا گتھا ہوا ہونا
لَاکَدَ الْغُلَّ: طوق سے لگے رہنا ــــ قَیْدَہٗ: بیڑی کی وجہ سے اچھی طرح سے نہ چل سکنا ــــ فُلَانًا: لازم ہونا۔ چمٹنا۔
تَلَکَّدَ فُلَانٌ: موٹے گوشت والا ہونا۔ ــــ الشَّیُٔ: چمٹنا ــــ بِہٖ وَعَلَیْہِ الْوَسَخُ: میل کا جم جانا ــــ فُلَانًا: گردن میں ہاتھ ڈالنا۔

اِلتَکَدَ فُلَانٌ بِفُلَانٍ: چمٹنا اور جدا نہ ہونا۔

اللَّکِدُ۔ بدخلق۔ بخیل۔

الاَلْکَدُ۔ کمینہ قوم سے ملا ہوا۔

المِلْکَدُ۔ کوٹنے کا دستہ۔

لَکَزَہٗ (ن) لَکْزًا۔ مکا مارنا۔

لَاکَزَہٗ۔ مُکا بازی کرنا۔ ایک دوسرے کو مکا مارنا۔

تَلَاکَزَا۔ ایک دوسرے کو مکا مارنا۔

اللِّکَازُ۔ چینتھڑا جس سے چرخی کے دُھرے کو تنگ کرتے ہیں۔

اللَّکِزُ۔ بخیل۔

المُلَکَّزُ۔ ذلیل۔ دروازوں سے ہٹایا ہوا۔

لَکِسٌ۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ شَکِسٌ لَکِسٌ یعنی مرد دشوارخو۔ سرکش نافرمان۔

لَکَشَہٗ (ض) لَکْشًا۔ مُکا مارنا۔

لَکَضَہٗ (ن) لَکْضًا۔ مُکا مارنا۔

لَکَعَتْہُ (ف) لَکْعًا العَقْرَبُ: بچھو کا ڈسنا

لَکَعَ الرَّجُلُ: سخت سست سنانا — الوَلَدُ: بچے کا دودھ چھوٹنے کے قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَرَکْتُہٗ یَلْکَعُ" میں نے اسکو کھاتا پیتا چھوڑا۔

لَکِعَ (س) لَکَعًا ولَکَاعَۃً۔ لئیم ہونا۔ بیوقوف ہونا (لَکَعًا) عَلَیْہِ الوَسَخُ: میل جمنا۔ کہا جاتا ہے اِمْرَأَۃٌ لَکَاعِ۔ مبنی علی الکسر: یعنی اے لئیمہ اور نداء ہی میں استعمال ہوتا ہے۔

رَجُلٌ لَکَاعٌ۔ لئیم وکمینہ مرد۔

اللُّکَاعَۃُ۔ ایک قسم کا کانٹے دار پودہ۔ ج لُکَاعٌ۔

اللِّکْعُ۔ پستہ قد۔

اللُّکَعُ۔ کمینہ۔ اور کہا جاتا ہے نداء کی صورت میں یَا لُکَعُ اور بہ اثنیہ کی صورت میں یَا ذَوِی لُکَعٍ۔ اور معرفہ کی صورت میں غیر منصرف ہوگا۔ اس لئے کہ کلمہ اَلْکَعُ سے معدول ہے۔ اللُّکَعُ: غلام بے وقوف۔ گھوڑے کا بچہ۔ گدھے کا بچہ۔ چھوٹا بچہ۔ میلا کچیلا۔ گھوڑا۔ یا وہ گھوڑا جس کے دانت گر گئے ہوں۔

اللَّکْعَۃُ۔ کمینی۔ گھوڑی۔

الاَلْکَعُ۔ مؤنث لَکْعَاءُ ج لُکْعٌ واللُّکُوْعُ واللُّکَیْعُ: کمینہ۔ الاَلْکَعُ: وہ گھوڑا جس کے دانت گر گئے ہوں۔

المَلْکَعَانُ۔ کمینہ۔ مؤنث مَلْکَعَانَۃٌ۔

اللُّکَالِکُ۔ پستہ قد (— واللُّکَالِکُ) موٹا اونٹ۔

اللُّکَافُ۔ خوگیر۔

لَکَمَہٗ (ن) لَکْمًا۔ مکا مارنا۔ ہٹانا۔ کہا جاتا ہے "لَکَمَ السَّیْلُ عُرْضَ الجَبَلِ" سیلاب نے دامن کوہ میں نشان چھوڑا۔

لَاکَمَہٗ مُلَاکَمَۃً۔ ایک دوسرے کو مکا مارنا

اِلْتَکَمَ۔ بعض کا بعض کو طمانچہ مارنا۔

تَلَاکَمَا۔ ایک دوسرے کو طمانچہ مارنا

اللُّکْمَۃُ۔ گھونسا۔ مُکا۔

رَجُلٌ مِلْکَمٌ۔ بہت گھونسے مارنے والا۔

المَلْکُوْمُ۔ مفعم مظلوم۔

خُفٌّ لُکَامٌ ومِلْکَمٌ ومُلَکَّمٌ۔ سخت کھر جو پتھر کو توڑ دے۔

المُلَکَّمُ۔ پیوند لگایا ہوا۔ چرمی موزہ۔

لَکِنَ (س) لَکَنًا ولُکْنَۃً ولُکُوْنَۃً ولُکْنُوْنَۃً الرَّجُلُ: گفتگو میں اٹکنا۔ ہکلانا۔ صفت اَلْکَنُ مؤنث لَکْنَاءُ ج لُکْنٌ۔

تَلَاکَنَ فِی کَلَامِہٖ: ہنسانے کیلئے ہکلا کے بولنا۔

اللُّکْنَۃُ۔ مع۔ ہکلاپن۔ تتلاہٹ۔

لٰکِنْ۔ اس کی اصل لاکن ہے۔ الف کتابت میں محذوف ہے پڑھنے میں نہیں۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔

(۱) یہ کہ ثقیلہ سے مخفف ہو اس صورت میں عمل باطل ہوتا ہے اور حرف ابتدا ہے دو جملوں پر داخل ہوتا ہے اور کبھی واو کے ساتھ بھی ہوتا ہے جیسے قَامَ زَیْدٌ وَلٰکِنْ عَمْرٌو جَالِسٌ۔

(۲) یہ کہ اصل وضع سے خفیفہ ہو اور اس وقت یہ حرف عطف ہے اگر عطف جملہ علی الجملہ ہو تو واو لانا ضروری ہے۔ اور اگر اس کے بعد مفرد ہو تو واجب ہے کہ واو نہ آئے اور اس سے پہلے نفی یا نہی کا ہونا ضروری ہے جیسے "مَا قَامَ زَیْدٌ لٰکِنْ عَمْرٌو" "وَلَا تَضْرِبْ زَیْدًا لٰکِنْ عَمْرًوا"۔

اللُّکَّنُ۔ لگن۔ ج اَلْکَانٌ۔ (دخیل)

لٰکِنَّ۔ اس کی اصل لاکِنَّ ہے۔ الف کتابت میں محذوف ہے پڑھنے میں نہیں۔ اور یہ حروف مشبہ بالفعل میں سے ہے اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے۔ اور استدراک یعنی دفع توہم کیلئے آتا ہے۔ جیسے "قَامَ القَوْمُ لٰکِنَّ زَیْدًا جَالِسٌ" اور کبھی تاکید کیلئے جیسے لَوْزَارَنِی زَیْدٌ لَاَکْرَمْتُہٗ لٰکِنَّہٗ لَمْ یَجِیْٔ لو سے جو نفی سمجھ میں آتی تھی اس کی لکن سے تاکید ہوگئی۔

لَکِیَ یَلْکٰی لَکًی بِہٖ: مشتاق ہونا۔ چمٹنا صفت لَکٍ۔ لَکِیَ بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا۔

اللَّاکِی۔ عیب جو (لَائِک کا مقلوب ہے)

لَمْ۔ حرف جزم ہے۔ فعل مضارع کو ماضی منفی کے معنے میں کر دیتا ہے۔ جیسے لَمْ یَاْکُلْ اس نے نہیں کھایا۔

اور لَمْ پر ہمزہ استفہام داخل ہوتا ہے۔ لم کا عمل باقی رہتا ہے اور تقریر و توبیخ کا فائدہ دیتا ہے جیسے "اَلَمْ اَقُلْ لَکَ" کیا میں نے تم سے نہیں کہا۔ اور کبھی ہمزہ اور لم کے درمیان واو اور فا بھی لاتے ہیں۔ جیسے اَفَلَمْ اَقُلْ لَکَ اَوَلَمْ اُؤَدِّبْکَ۔

لَمَّا۔ تین صورتوں سے مستعمل ہے۔

(۱) لم کی طرح فعل مضارع کو ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے مگر مندرجہ ذیل پانچ باتوں میں فرق ہے۔

(الف) حرف شرط کے ساتھ نہیں آتا مثلاً اِنْ لَمَّا تَقُمْ نہیں کہا جائیگا۔ اور اِنْ لَمْ تَقُمْ کہنا جائز ہے

(ب) لَمَّا کے منفی میں استغراق ہے اور لَمْ کے منفی میں انقطاع جیسے لَمْ یَکُنْ شَیْئًا مَذْکُوْرًا۔ اور اسی وجہ سے لَمْ یَکُنْ ثُمَّ کَانَ کہنا جائز ہے اور لَمَّا یَکُنْ ثُمَّ کَانَ نہیں کہہ سکتے۔

(ج) لَمَّا کا منفی اکثر حال کے قریب ہوتا ہے بخلاف

منفی لم کے۔
(د) لَمّا کا منفی متوقع ہوتا ہے بخلاف منفی لم کے
(ہ) لَمّا کے منفی کو قرینہ کی بنا پر حذف کیا جاتا ہے جیسے "جِئْتُ قُبُورَہم بَدْءًا ولَمَّا" یعنی لَمّا اَکُنْ بَدْءًا قبلَ ذٰلِکَ اور "وَصَلْتُ اِلیٰ بَغْدَادَ ولَمْ" یعنی لم اَدْخُلْہا کہنا جائز نہیں۔
(۲) لَمّا ماضی کیساتھ مختص ہے۔ دو جملوں پر داخل ہوتا ہے جس میں سے فعل ثانی کا وجود فعل اول پر موقوف ہے جیسے لَمّا جَاءَنِی اَکْرَمْتُہٗ اور اس صورت میں اس کو حرف وجود لوجود کہا جاتا ہے (اور بعض حرف وجوب لوجوب کہتے ہیں) اور بعضوں نے کہا ہے کہ یہ فعل کیلئے ظرف ہے جو غیر کے واقع ہونے سے واقع ہو۔ اور ایک جماعت نے کہا ہے کہ یہ حین کے معنی میں ظرف ہے۔
(۳) لَمّا حرف استثناء ہے اِلّا کے معنی میں۔ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے۔ جیسے اِنْ کُلُّ نَفْسٍ لَمَّا عَلَیْہَا حَافِظٌ" ان لوگوں کی قرارت میں جو میم کو مشدد پڑھتے ہیں۔ اور ماضی لفظا پر داخل ہوتا ہے جیسے اَنْشُدُکَ اللہَ لَمَّا فَعَلْتَ یعنی مَا اَسْاَلُکَ اِلّا فِعْلَکَ۔
لَمَّ (ن) لَمًّا الشَّیْءَ: جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَمَّ اللہُ شَعَثَ فُلَانٍ" یعنی اللہ تعالیٰ فلاں کے مختلف و پراگندہ امور کو درست کر دیں۔ لَمَّ بِفُلَانٍ کسی کے پاس آ کر نازل ہونا۔
لُمَّ فُلَانٌ: کچھ جنون لاحق ہونا۔ صفت مَلْمُومٌ
اَلَمَّ۔ چھوٹے گناہوں کا مرتکب ہونا — الغُلَامُ: بلوغ کے قریب پہنچنا۔ صفت مُلِمٌّ۔ اَلَمَّتِ النَّخْلَۃُ: پختگی کے قریب ہونا — بِہٖ مَرَضٌ: مرض لاحق ہونا — بِالقَوْمِ وعَلَی القَوْمِ: آ کر اتر پڑنا۔ — بِالمَعْنیٰ: سمجھ لینا — بِالذَّنْبِ: گناہ کرنا۔ — الشَّیْءَ: قریب ہونا — بِالاَمْرِ: غور نہ کرنا۔ — بِالطَّعَامِ: کھانے میں اسراف نہ کرنا اور کبھی کَادَ کے معنے میں استعمال کیا جاتا ہے جیسے "اَلَمَّ یَفْعَلُ کَذَا" بمعنے کَادَ یَفْعَلُ کذا۔
اِلْتَمَّ فُلَانًا: زیارت کرنا — بِالقَوْمِ: آ کر اترنا
اللَّامَّۃُ۔ نظر بد۔ ہر گھبراہٹ اور خوف کی چیز۔ کہا جاتا ہے "اُعِیْذُہٗ مِنْ کُلِّ ہَامَّۃٍ ولَامَّۃٍ" کہا جاتا ہے "ہُوَ یَزُوْرُنَا لِمَامًا"۔ وہ ہم سے ناغہ سے ملاقات کرتا ہے۔
اللَّمُّ۔ مع بے شمار جماعت۔
اللَّمَمُ۔ تھوڑی سی دیوانگی۔ گناہ کے قریب ہونا۔ چھوٹے گناہ۔
اللِّمَّا۔ ایک قسم کی مچھلی۔
اللَّمَّۃُ۔ لَمَّ کا اسم مرۃ۔ سختی۔ جمع شدہ چیز کہا جاتا ہے "اَصَابَتْہُ لَمَّۃٌ مِنَ الجِنِّ" یعنی اس پر جنات کا کچھ اثر پہنچا۔ اللَّمَّۃُ: زمانہ۔ اور کہا جاتا ہے "لِلشَّیْطَانِ لَمَّۃٌ" یعنی شیطان کے لئے قربت ہے۔
اللُّمَّۃُ۔ ساتھی۔ ہم سفر۔ کہا جاتا ہے "لَا تُسَافِرُوْا حَتّٰی تُصِیْبُوْا لُمَّۃً" مت سفر کرو یہاں تک کہ ہم سفر پاؤ۔ مونس۔ (واحد و جمع)
اللِّمَّۃُ۔ بالوں کی زلف جو کانوں کی لو سے متجاوز ہو۔ پراگندہ بال۔ ج لِمَمٌ ولِمَامٌ۔
المِلَمُّ۔ ہر چیز میں سے سخت۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مِلَمٌّ" اپنے قبیلہ کے لوگوں کو جمع کرنے والا۔ "وَرَجُلٌ مِلَمٌّ مِعَمٌّ" لوگوں کے امور کی اصلاح اور عموما انکے ساتھ بھلائی کرنے والا مرد۔
المُلِمَّۃُ۔ دنیاوی مصیبتوں میں سے سخت مصیبت۔ درخت خرما جو پکنے کے قریب ہو۔
المَلْمُوْمُ۔ جس کو تھوڑی سی دیوانگی ہو۔ گول جمع کیا ہوا۔
کَتِیْبَۃٌ مَلْمُوْمَۃٌ۔ گنجان فوج۔ صَخْرَۃٌ مَلْمُوْمَۃٌ: سخت گول چٹان۔
لَمَاَہٗ ولَمَاَ عَلَیْہِ (ف) لَمْاً۔ ہاتھ ڈالنا — الشَّیْءَ: سب لے لینا۔ دیکھنا — بِہٖ: مشتمل ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا یَلْمَاُ فَمُہٗ بِکَلِمَۃٍ" یعنی کسی قبیح بات کے بولنے کو وہ کوئی بڑی بات نہیں سمجھتا۔
اَلْمَاَ۔ اللِّصُّ عَلَی الشَّیْءِ وبِالشَّیْءِ: چور کا کسی چیز کو چوری سے لیجانا — عَلیٰ حَقِّہٖ: حق کا انکار کرنا۔ اَلْمَاَتِ الدَّوَابُّ المَکَانَ: جانوروں کا جگہ کو خالی چھوڑ دینا۔ کہا جاتا ہے "کَانَ بِالاَرْضِ مَرْعًی فَہَاجَتِ الدَّوَابُّ فَاَلْمَاَتْہُ" زمین میں چراگاہ تھی چوپائے چل پڑے — عَلَی الشَّیْءِ: مشتمل ہونا — بِمَا فِی الجَفْنَۃِ: اپنے لئے خاص کر لینا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِی اَیْنَ اَلْمَاَ مِنْ بِلَادِ اللہِ" مجھے نہیں معلوم کہ کہاں گیا۔
تَلَمَّاَتْ تَلَمُّؤًا الاَرْضُ بِہٖ وعَلَیْہِ: گھیر لینا۔
تَلَمَّاَ والْتَمَاَ بِمَا فِی الجَفْنَۃِ والْتَمَاَہٗ: اپنے لئے خاص کر لینا اور غالب ہونا۔
اُلْتُمِیءَ لَوْنُ الرَّجُلِ: رنگ متغیر ہونا۔
المَلْمُوْءَۃُ۔ جگہ جو لی جائے۔ یا جہاں کوئی چیز پائی جائے۔ جال۔
لَمَجَ (ن) لَمْجًا الشَّیْءَ: منہ کے اطراف سے کھانا — المَرْاَۃَ: جماع کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا لَمَجُوْا ضَیْفَہُمْ بِشَیْءٍ" انھوں نے اپنے مہمان کو ناشتہ نہیں دیا
تَلَمَّجَ الرَّجُلُ: غذا سے پہلے کچھ کھانا۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُہٗ یَتَلَمَّجُ بِالطَّعَامِ" میں نے اس کو دیکھا کہ وہ کھانے کو چکھ رہا تھا۔
اللَّمَاجُ واللَّمُوْجُ تھوڑی خوراک۔ کہا جاتا ہے "مَا تَلَمَّجْتُ عِنْدَہٗ بِلَمَاجٍ" یعنی میں نے اس کے پاس کچھ نہیں چکھا۔
اللِّمَجُ واللَّمِیْجُ۔ بہت کھانے والا۔ کہا جاتا ہے "سَمِجٌ لَمِجٌ وسَمِجٌ لَمِجٌ وسَمِیْجٌ لَمِیْجٌ" یعنی بہت برا
اللُّمْجَۃُ۔ غذا سے پہلے کا ناشتہ۔ ج لُمَجٌ
المَلَامِجُ۔ منہ کے ارد گرد۔
رُمْحٌ مَلْمَجٌ۔ نرم و چکنا نیزہ۔
لَمَحَ (ف) لَمْحًا البَصَرُ: نگاہ اٹھنا — الرَّجُلُ الشَّیْءَ واِلَی الشَّیْءِ: دزدیدہ نظر سے دیکھنا۔ اور اسم اللَّمْحَۃُ ہے — الشَّیْءَ بِالبَصَرِ: نگاہ ڈالنا۔
لَمَحَ (ف) لَمْحًا ولَمَحَانًا وتَلْمَاحًا النَّجْمُ والبَرْقُ: ستارہ یا بجلی کا چمکنا۔ صفت لَامِحٌ ولَمُوْحٌ ولَمَّاحٌ
لَاْمَحَہٗ۔ دزدیدہ نگاہی کرنا۔
لَمَّحَ تَلْمِیْحًا اِلَی الشَّیْءِ: اشارہ کرنا۔ — **اَلْمَحَ** اِلیٰ فُلَانٍ: اچھی ہوئی نظر ڈالنا — الشَّیْءَ: چمکدار بنانا۔ دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا — الرَّجُلَ: دکھانا۔
اِلْتَمَحَہٗ۔ نظر خفیف سے دیکھنا۔

اُلتُمِحَ بصرُہٗ : نگاہ جاتا رہنا۔
اَلمَحَ ۔ مم ۔ کہا جاتا ہے "لأُرِیَنَّکَ لَمحًا بَاصِرًا" میں تم کو صاف و روشن معاملہ دکھاؤں گا ۔ اکثر اسکا استعمال وعید کے موقع پر ہوتا ہے ۔
اللَّمحَۃُ ۔ جلدی کی نگاہ ۔ اسم ہے لمح کا ۔ مَلاَمح کا واحد ۔ کہا جاتا ہے "رَأَیتُہٗ لَمحَۃَ البَرقِ" میں نے اس کو دیکھا اتنی دیر جتنی دیر میں ایک مرتبہ بجلی چمکتی ہے ۔
اللاَّمِحُ ۔ فا ۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ لاَمِحُ عِطفَیہِ" یعنی وہ خود پسند ہے ۔ اَبیَضُ لَمَّاحٌ ۔ بہت زیادہ سفید
المَلاَمِحُ ۔ مشابہ ۔ چہرے کے خط و خال ۔ لمحہ کی جمع ۔ کہا جاتا ہے "فِی فُلاَنٍ لَمحَۃٌ مِن اَبِیہِ اَو مَلاَمِحُ مِن اَبِیہِ" فلاں میں اس کے باپ کی مشابہت ہے ۔
لَمَخَہٗ (ف) لَمخًا ۔ طمانچہ مارنا ۔
لاَمَخَہٗ مُلاَمَخَۃً وَلِمَاخًا ۔ ایک دوسرے کو طمانچہ مارنا ۔
تَلَمَّخَ بِکَلاَمٍ قَبِیحٍ : بری گفتگو کرنا ۔
لَمَدَ ہٗ (ن) لَمدًا ۔ فروتنی کرنا ۔ انکساری کرنا
الاَلمَدُ وَاللَّمَدَانُ ۔ عاجز ۔ ذلیل ۔
لَمَدَ (ن) لَمدًا ۔ منہ کے اطراف سے کھانا ۔ (لمج میں ایک لغت ہے)
لِمَاذَا ۔ کلمہ مرکب ہے لام تعلیل اور ما استفہامیہ اور ذا اسم اشارہ سے ۔
لَمَزَہٗ (ن ض) لَمزًا ۔ عیب لگانا ۔ آنکھ سے اشارہ کرنا ۔ ہٹانا ۔ مارنا ۔ لَمَزَہُ الشَّیبُ : بڑھاپا ظاہر ہونا ۔
لاَمَزَہٗ ۔ اشارہ کنایہ سے گفتگو کرنا ۔
تَلَمَّزَہٗ ۔ ڈھونڈھنا ۔ تَلَمَّزَ فِی السَّیرِ : دوڑنا ۔
اللَّمَّازُ وَاللُّمَزَۃُ ۔ لوگوں کے عیوب نکالنے والا سامنے عیب بیان کرنے والا ۔ اللَّمَّازُ : چغلخور ۔
اللُّمَّازُ ۔ سامنے غیبت کرنے والے ۔
لَمَسَہٗ (ن ض) لَمسًا چھونا ۔ لَمَسَ الشَّیئَ : — طلب کرنا — الشَّیئُ : چھونے کے قابل ہونا — المَرأَۃَ : جماع کرنا — زَیدًا اِمرَأَۃً : نکاح کرا دینا کہا جاتا ہے "لَا شُعَاعَ یَکَادُ یَلمِسُ البَصَرَ" اس کیلئے شعاع ہے جو نگاہ کو چکا چوندھ کر دے ۔
لاَمَسَہٗ ۔ ایک دوسرے کو چھونا ۔ جماع کرنا ۔
اَلمَسَ فُلاَنًا : ڈھونڈنے میں مدد کرنا — زَیدًا اِمرَأَۃً : نکاح کرا دینا ۔
تَلَمَّسَ الشَّیئَ : بار بار طلب کرنا ۔
اِلتَمَسَ الشَّیئَ مِن فُلاَنٍ : مانگنا ۔ طلب کرنا
اللَّمَاسَۃُ وَاللُّمَاسَۃُ ۔ قریبی حاجت ۔
اللَّمسُ ۔ مم حواس خمسہ ظاہرہ میں ایک حاسہ جس سے حرارت و برودت ، رطوبت یبوست معلوم ہوتی ہے ۔
اللَّمِیسُ ۔ نازک بدن عورت ۔
اللَّمُوسُ ۔ منھ بولا بیٹا ۔ یا جس کے حسب میں عیب ہو ۔ کہا جاتا ہے کَوَاہُ لَمَاسِ او کَوَاہُ المُتَلَمِّسَۃَ یعنی مرض کی جگہ میں داغ لگا ۔
المُلاَمَسَۃُ ۔ مم — فِی البَیعِ : کپڑے چھو کر بیع کو واجب سمجھنا ۔
المَلمَسُ ۔ چھونا ۔ چھونے کی جگہ ۔
المَلمُوسُ ۔ مفعو ۔ کہا جاتا ہے "اِکَافٌ مَلمُوسُ الاَحنَاءِ" پالان جس کی کجی وغیرہ ہموار کر دی گئی ہو ۔
المَلمُوسَاتُ ۔ قوۃ لامسہ کے مدرکات ۔ اوائل محسوسات ۔
المَلمُوسَۃُ ۔ راستہ ۔
صَحِیفَۃُ المُتَلَمِّسِ ۔ بدبختی کیلئے مثل ہے ۔ اس لئے کہ خط میں یہ لکھا ہوا تھا کہ جب متلمس آئے تو اس کو قتل کر دو ۔
لَمَصَ (ن) لَمصًا العَسَلَ وَشِبہَہٗ : شہد کو انگلی کے کنارے سے لینا اور چاٹنا — فُلاَنًا چٹکی لینا : نقل اتارنا ۔ عیب لگانا ۔ منھ چڑانا ۔ الصَّبِیُّ : پیشاب کر دینا ۔
اَلمَصَ الشَّجَرُ : انگلی سے پکڑنے کے قابل ہونا ۔
اَلمَصَ الکَرمُ : انگور کی بیل میں نرم انگور ہونا ۔
التَّلمِیصُ ۔ مم ۔ لوگوں کی غیبت کرنا ۔
اللاَّمِصُ ۔ انگور کی بیل کا محافظ ۔
اللَّمُوصُ ۔ جھوٹا ۔ فریبی ۔ غیبت کرنے والا چغل خور ۔
لَمَطَہٗ (ن) لَمطًا بِالرُّمحِ : نیزہ مارنا ۔ لَمَطَ فُلاَنٌ : گھبرانا ۔ مضطرب ہونا ۔
اِلتَمَطَ بِحَقِّیْ : حق مار لینا ۔
لَمَظَ (ن) لَمظًا ۔ کھانے پینے کے بعد زبان سے ہونٹ چاٹنا ۔ کھانے کے بعد زبان سے دانتوں کے درمیان کا نکالنا — فُلاَنًا مِن حَقِّہٖ : حق میں سے کچھ دینا — المَاءَ : زبان کے کنارے سے چکھنا ۔
لَمَّظَہٗ مِن حَقِّہٖ : حق میں سے کچھ دینا ۔ کہا جاتا ہے "لَمَّظَ فُلاَنًا لُمَاظَۃً" تھوڑا سا چکھانا ۔
اَلمَظَہٗ ۔ ہونٹوں پر پانی ڈالنا ۔ اَلمَظَہٗ عَلَی فُلاَنٍ : غصہ دلانا ۔ اَلمَظَ فُلاَنًا : آہستہ نیزہ مارنا — البَعِیرُ بِذَنَبِہٖ : اونٹ کا ٹانگوں کے درمیان دُم کو دبانا — الرَّجُلُ القَوسَ : کمان پر تانت باندھنا
تَلَمَّظَ الرَّجُلُ : کھانے کے بعد زبان نکال کر ہونٹوں کو چاٹنا ۔ کھانے کو منھ میں پھرانا ۔ اور کہا جاتا ہے "تَلَمَّظَ بِذِکرِہٖ" یعنی عیب لگایا ۔ تَلَمَّظَتِ الحَیَّۃُ : سانپ کا زبان نکالنا ۔
اِلتَمَظَ الشَّیئَ : جلدی سے منھ میں ڈالنا — الطَّعَامَ : کھانا — بِحَقِّہٖ : حق مار لینا — بِالشَّیئِ : لپٹنا — بِشَفَتَیہِ : ہونٹوں کو اس طرح ملانا کہ آواز نکلے ۔
اِلمَظَّ الفَرَسُ : نیچے کے ہونٹ پر سفیدی کا لا ہونا ۔
اللَّمَاظُ ۔ تھوڑی سی چیز جو چکھی جائے ۔ کہا جاتا ہے "مَا لَہٗ لَمَاظٌ" اس کے پاس ایسی چیز بھی نہیں جسکو چکھے ۔ "وَمَا ذُقتُ لَمَاظًا" میں نے کچھ نہیں چکھا ۔ "شَرِبَہٗ لَمَاظًا او لِمَاظًا" یعنی اس نے زبان کے کنارے سے چکھا ۔
اللَّمَاظَۃُ ۔ فصاحت ۔ زبان کی روانی ۔
اللُّمَاظَۃُ ۔ منھ میں بقیہ کھانا ۔ تھوڑی سی چیز کا بقیہ ۔ کہا جاتا ہے "مَا الدُّنیَا اِلاَّ لُمَاظَۃٌ اَیَّامٍ" دنیا صرف دنوں کا بقیہ ہے ۔
اللَّمَظُ ۔ گھوڑے کے نیچے کے ہونٹ کی سفیدی

اللُّمظَة۔ گھوڑے کے نیچے کے ہونٹ کی سفیدی یا ہونٹوں کی سفیدی۔ دل کا سیاہ نقطہ تھوڑا سا گھی وغیرہ جس کو انگلی میں لے سکیں۔
الاَلمَظ مِنَ الخَیلِ: نیچے کے ہونٹ میں سفیدی والا گھوڑا۔
التِلمَاظ۔ جو کسی کی دوستی پر قائم نہ رہے۔ مؤنث تِلمَاظَة۔ التِلمَاظَة: بیہودہ بکواس کرنے والی عورت۔
مَلَامِظُ۔ الاِنسَانِ: منہ اور ہونٹ کا گردا گرد
المُتَلَمَّظ۔ تبسم کرنے کی جگہ۔
لَمَعَ (ف) لَمعًا و لَمَعَانًا و لُمُوعًا و لَمِیعًا و تِلمَاعًا البَرقُ وغَیرُہُ: بجلی وغیرہ کا چمکنا۔ روشن ہونا ضَرعُ النَّاقَةِ: تھن کا دودھ اترنے کے وقت رنگین ہونا — فُلَانٌ بِالشَّیءِ: لے جانا — بِیَدِہِ او بِثَوبِہِ او بِسَیفِہِ: ہاتھ یا کپڑا یا تلوار سے اشارہ کرنا — الطَّائِرُ بِجَنَاحَیہِ: پرندہ کا بازو پھڑپھڑانا — فُلَانٌ البَابَ: دروازے سے نکلنا۔
اَلمَعَتِ الشَّاةُ بِذَنَبِہَا: بکری کا دم اٹھانا جس سے معلوم ہو کہ گابھن ہو گئی۔ صفت مُلمِعَةٌ و مُلمِع — الاُنثٰی: پیٹ میں بچہ کا حرکت کرنا — فُلَانٌ بِالشَّیءِ وعَلَیہِ: اچک لینا۔ چرانا۔ لیجانا۔
اَلمَعَتِ البِلَادُ: خشک گھاس والا ہونا یا بہت گھاس والا ہونا۔ اَلمَعَ اِلٰی فُلَانٍ بِثَوبِہِ: کپڑے سے اشارہ کرنا — الفَرَسُ ونَحوُہَا: حمل کی وجہ سے تھنوں کا چمک اٹھنا اور تھنوں کے سرے کا کالا ہونا — الطَّائِرُ بِجَنَاحَیہِ: پرندہ کا بازو کو پھڑپھڑانا
لَمَّعَ النَّسجَ: مختلف رنگوں کا بننا۔
تَلَمَّعَ الشَّیءَ والتَمَعَہُ: اچک لینا — البَرقُ وغَیرُہُ: بجلی وغیرہ کا روشن ہونا۔ اِلتَمَعَ القَومَ: لیجانا
اِلتَمَعَ واُلتُمِعَ لَونُہُ: رنگ جاتا رہنا اور متغیر ہونا۔
اللَّامِع۔ فا۔ ج لُمَّعٌ۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ لَامِعٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔
اللَّامِعَة۔ لامع کا مؤنث۔ بچہ کی چندیا جب تک نرم رہے۔ ج لَوَامِع۔

اللُّمعَة۔ گھاس کا خشک شدہ حصہ۔ لوگوں کی جماعت۔ تھوڑا سا گذارہ زندگی۔ کہا جاتا ہے "مَعَہُ لُمعَةٌ مِنَ العَیشِ" اس کے ساتھ تھوڑا سا گذارہ زندگی ہے جو اس کے لئے کفایت کر سکے — مِنَ الجَسَدِ: جسم کے رنگ کی چمک۔ اور بقول بعض لمعة خاص کر بدن کا سیاہ حصہ۔ اور بقول بعض ہر رنگ جو اصلی رنگ کے مخالف ہو جسم کا وہ حصہ جو نہانے یا وضو کرنے میں خشک رہ جائے ج لُمَعٌ و لِمَاع۔
اللَّمَّاع۔ لامع کا اسم مبالغہ۔
اللَّمَّاعَة۔ عقاب۔ میدان جس میں سراب چمکے۔ بچے کی چندیا جب تک نرم رہے۔
اللَّمُوع۔ چمکنے والا۔ تیز جھپٹنے والا الاَعقَاب۔
الاَلمَعُ والاَلمَعِیّ۔ تیز ذہن۔ تیز فہم۔
الاَلمَعِیَّة۔ ذکاوت۔
کہا جاتا ہے۔ "ذَہَبَت نَفسُہُ لِمَاعًا" اس کی جان آہستہ آہستہ نکلی۔
التَّلمِیع فِی الخَیلِ وغَیرِہَا: جسم کے رنگ کے مخالف داغ۔ ج تَلَامِیع۔ کہا جاتا ہے "فِیہِ تَلمِیعٌ و تَلَامِیعُ" جب کہ جسم میں مختلف رنگ ہوں۔
لِمَعَا الطَّائِرِ: پرندہ کے دونوں بازو۔
المُلَمَّع مِنَ الخَیلِ وغیرہ: جسم کے رنگ کے مخالف داغ والا۔
اَرضٌ مَلمَعَةٌ و مُلمِعَةٌ و مُلَمَّعَةٌ۔ زمین جس میں سراب چمکے۔
خَدٌّ مُلَمَّع۔ چمک دار رخسارہ۔
الیَلمَع۔ بے بارش کی بجلی۔ سراب۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَکذَبُ مِن یَلمَعٍ" فلاں سراب سے زیادہ جھوٹا ہے۔ اور اس سے جھوٹے کو تشبیہ دی جاتی ہے کہا جاتا ہے "اِنَّمَا ہُوَ یَلمَع" یعنی وہ جھوٹا ہے۔ ج یَلَامِع۔ والیَلمَعُ مِنَ السِّلَاحِ: چمکنے والے ہتھیار جیسے خود زرہ وغیرہ۔ ج یَلَامِع۔
الیَلمَعِیّ۔ ذہین۔ تیز فہم۔ جھوٹ سچ ملانیوالا۔
لَمَقَہُ (ن) لَمقًا و لُمُوقًا۔ لکھنا۔ مٹانا۔ لَمَقَ عَینَہُ: آنکھ ملنا۔ کانی کرنا۔ لَمَقَ اِلَیہِ: دیکھنا — اِلَیہِ بِبَصَرِہِ: دیر تک دیکھنا۔
تَلَمَّقَ۔ چکھنا۔
اللَّمَاق۔ چکھنے کی تھوڑی سی چیز۔ کہا جاتا ہے "مَا ذُقتُ لَمَاقًا" میں نے کچھ نہیں چکھا "وَمَا بِالاَرضِ لَمَاقٌ" زمین میں چراگاہ نہیں۔
لَمَقُ الطَّرِیقِ: راستہ کا درمیان۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ فِی لَمَقِ الطَّرِیقِ" یعنی راستہ کے وسط میں چلا۔
الیَلمَق۔ روئی دار قبا۔ (دخیل)
لَمَكَ (ن) لَمكًا العَجِینَ: نرم گوندھنا۔
تَلَمَّكَ البَعِیرُ: اونٹ کا جبڑوں کو حرکت دیتے ہوئے کھانا۔
اللَّمَاك۔ چکھنے کی چیز۔ صرف نفی ہی میں مستعمل ہے کہا جاتا ہے "مَا تَلَمَّكَ بِلَمَاكٍ" یعنی کچھ نہیں چکھا۔
اللَّمَاك واللُّمَاك واللَّمَك۔ سرمہ۔
اللَّمِیك۔ سرمہ لگایا ہوا۔
الیَلمَك۔ قوی جوان۔ مردوں ہی کے لئے خاص ہے۔ اور حرف یا زائد ہے۔
تَلَمَّلَ بِفَمِہِ: کھانے کے بعد زبان کو ادھر ادھر پھرانا۔
اللَّمَال واللُّمَال۔ سرمہ۔
لَملَمَ الحَجَرَ: پتھر کو گول گھڑنا — الشَّیءَ: جمع کرنا
تَلَملَمَ۔ گول ہونا۔ جمع ہونا۔
المُلَملَم۔ بہت جمع شدہ فوج۔
المُلمُوم۔ جماعت۔
رَجُلٌ مُلَملَمٌ وجَمَلٌ مُلَملَمٌ: گٹھے بدن کا مرد اور اونٹ۔ شَعرٌ مُلَملَمٌ: تیل لگے ہوئے بال۔
المُلَملَمَة۔ مُلَملَم کا مؤنث۔ ہاتھی کی سونڈ۔
لَمَا یَلمُو لَموًا۔ الشَّیءَ: سب لے لینا۔
اللُّمَة۔ جماعت۔ تین سے لیکر دس تک کے ساتھی۔ ہم عمر۔ ہم شکل۔ پیروی کے لئے نمونہ۔ ج لُمَات۔
لَمِیَ یَلمٰی لَمیًا و لَمِیَ یَلمِی لَمیَ الغُلَامُ: لڑکے کا سیاہ ہونٹوں والا ہونا۔ صفت مذکر اَلمٰی۔ صفت مؤنث لَمیَاء۔
اَلمٰی المَاءَ۔ اللِّصُّ بِکَذَا: چور کا چپکے سے لیجانا

اُڑا لیجانا۔

تَلَمَّقَتِ الْاَرضُ بِہٖ وعَلَیْہِ: حاوی ہونا۔ مشتمل ہونا۔

اُلْتُمِیَ اِلْتِمَاءً۔ لَوْنُہٗ: رنگ متغیر ہونا ــــ بِہٖ: اپنے لئے خاص کرنا اور غالب ہونا۔

اللَّمیٰ۔ بتثلیث اللام: ہونٹ کے اندرونی حصہ میں گندم گونی یا سیاہی۔

الْاَلْمیٰ۔ گندم گوں یا سیاہ ہونٹ والا۔ رُمْحٌ اَلْمیٰ: مضبوط و گندم گوں نیزہ۔ ظِلٌّ اَلْمیٰ: گنجان سایہ۔ شَجَرٌ اَلْمیٰ: گنجان سایہ دار درخت۔ غُلَامٌ اَلْمیٰ: سرد تھوک والا لڑکا۔ مؤنث لَمْیَاءُ۔ ج لُمْیٌ۔ لِثَۃٌ لَمْیَاءُ: کم خون والا اور بقول بعض کم گوشت والا مسوڑھا۔

لَنْ۔ مضارع کے حروف ناصبہ میں سے ہے نفی اور استقبال کا فائدہ دیتا ہے جیسے لَنْ اَفْعَلَ الْمُنْکَرَ مَا بَقِیْتُ "جب تک زندہ رہوں گا امور منکرہ ہرگز نہیں کروں گا۔ اور دعا کے موقع پر بھی آتا ہے جیسے لَنْ تَزَالَ مُلْجَأً لِلْفَقِیْرِ" ہمیشہ فقیر کے ملجا رہو۔

لَہَّ (ن) لَہًّا الشِّعْرَ: نازک و مستحسن شعر کہنا

لَہِبَتْ (س) لَہَبًا و لَہِبًا و لَہِیْبًا و لُہَابًا و لَہَبَانًا۔ النارُ: شعلہ بھڑکنا۔

لَہِبَ (س) لَہَبًا و لَہَبَانًا الرَّجُلُ: پیاسا ہونا صفت لَہْبَان۔

لَہَّبَ النَّارَ فَتَلَہَّبَتْ و اَلْہَبَہَا فَالْتَہَبَتْ: آگ بھڑکانا۔ یہاں تک کہ شعلہ ہو کر بھڑک اٹھنا اِلْتَہَبَ عَلَیْہِ: غضبناک ہونا۔ غصہ سے جلنا اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَتَلَہَّبُ او یَلْتَہِبُ جُوْعًا" فلاں بھوک سے بھڑک رہا ہے۔

اَلْہَبَ النَّارَ: آگ بھڑکانا ــــ الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنے میں غبار اڑانا ــــ البَرْقُ: بجلی کا پیاپے کوندنا۔ اَلْہَبَ فِی الْکَلَامِ: جلدی سے کہہ گذرنا۔ کہا جاتا ہے "اَلْہَبَہٗ لِلْاَمْرِ" اس نے اس کو کام کے لئے اکسایا۔

اللُّہَاب۔ مص۔ پیاس۔

اللُّہَابَۃ۔ ایک قسم کی کملی جس میں پتھر رکھ کر موج یا بوجھ کے ایک جانب کو جھکاتے ہیں۔

اللِّہْب۔ دو پہاڑوں کے درمیان کشادگی۔ یا پہاڑ کی دراڑ۔ ج اَلْہَاب و لُہُوْب و لِہَاب و لِہَابَۃ۔

اللَّہَب مص۔ بے دھوئیں کا شعلہ۔ بلند غبار

اللَّہَبَان مص گرمی کی شدت۔ گرم دن۔ پیاس

اللُّہْبَۃ۔ پیاس۔ خالص سفیدی۔

اللَّہِیْب۔ مص۔ آگ کی گرمی۔ المَلْہُوْبُ حق کے نہ ملنے کی وجہ سے بھڑکنے والا۔

الْاُلْہُوْب۔ گھوڑے کی دوڑ کی تیزی جس سے غبار اڑے یا اس کے کھر سے آگ نکلے۔

المِلْہَب۔ نہایت خوبصورت۔

المُلْہِب۔ تیز دوڑنے والا غبار اڑانے والا گھوڑا۔

المُلَہَّبُ مِنَ الثِّیَابِ: کم سرخی والا کپڑا۔

اللَّاہُوْت۔ خداوندی۔ اور اس کی اصل لَاہٌ بمعنے اِلٰہ ہے واؤ اور تا کی زیادتی مبالغہ کیلئے ہے جیسے جبروت و ملکوت میں۔ عِلْمُ اللَّاہُوْتِ: عقائد متعلقہ ذات وصفات باری تعالیٰ کا علم۔ اللَّاہُوْتِیُّ عقائد متعلقہ ذات وصفات باری کا عالم۔

لَہَثَ و لَہِثَ لَہْثًا و لُہَاثًا الکلبُ وغیرہ: کتے وغیرہ کا ہانپنے میں زبان نکالنا۔

لَہِثَ (س) لَہَثًا و لَہَثَانًا و لُہَاثًا الرَّجُلُ: پیاسا ہونا۔ صفت مذکر لَہْثَان۔ صفت مؤنث لَہْثیٰ۔

اِلْتَہَثَ الکَلْبُ: کتے کا ہانپنے میں زبان نکالنا

اللُّہَاث۔ مص پیاس کی جلن۔ موت کی سختی۔ تم کہتے ہو "ہُوَ یُقَاسِیْ لُہَاثَ الْمَوْتِ" وہ موت کی سختی کو برداشت کر رہا ہے۔

اللُّہْثَۃ۔ تھکن۔ پیاس۔

لَہِجَ (س) لَہَجًا بِالشَّیْءِ: شیفتہ ہونا۔ صفت لَہِج و لَاہِج ــــ الفَصِیْلُ اُمَّہٗ: چوسنا ــــ الفَصِیْلُ بِاُمِّہٖ: ماں کے دودھ پینے کا عادی ہونا۔ صفت لَاہِج

لَہَّجَ القَوْمَ: کھانے سے پہلے تھوڑا سا ناشتہ کھلانا۔

اَلْہَجَ الرَّجُلُ: دودھ پینے کے عادی بچوں والا ہونا ــــ فُلَانًا بِالشَّیْءِ: فریفتہ کرانا۔ شیفتہ بنانا۔ ــــ الفَصِیْلَ: منہ میں لکڑی باندھنا تاکہ دودھ نہ پی سکے (آخری معنی میں ہمزہ سلب کے لئے ہے)

اُلْہِجَ بِالشَّیْءِ: شیفتہ و فریفتہ ہونا۔

اِلْہَاجَّ اِلْہِیْجَاجًا الشَّیْءُ: گڈمڈ ہونا۔ اِلْہَاجَّتْ عَیْنُہٗ: اونگھ آنا۔ اِلْہَاجَّ اللَّبَنُ: دودھ کا ناقص طریقے سے جمنا۔

اللَّہْجَۃ۔ زبان یا نوک زبان۔ مادری زبان کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فَصِیْحُ اللَّہْجَۃِ وصَادِقُ اللَّہْجَۃِ"

اللُّہْجَۃ۔ کھانے سے پہلے کا ناشتہ۔

المُلَاہِج مغع۔ وہ شخص جو سو رہے اور کام کرنے سے عاجز ہو۔

لَہْوَجَ الشَّیْءَ: ملانا ــــ الاَمْرَ: ادھورا کرنا۔ مستحکم نہ کرنا ــــ الشِّوَاءَ: نیم پخت کرنا۔ اچھی طرح سے نہ بھوننا۔ کہا جاتا ہے "شِوَاءٌ مُلَہْوَجٌ" اچھی طرح سے نہ بھنا ہوا۔ "حَدِیْثٌ مُلَہْوَجٌ و رَاْیٌ مُلَہْوَجٌ" غیر محکم بات و رائے۔

تَلَہْوَجَ الشَّیْءَ: جلدی کرنا ــــ اللَّحْمَ: گوشت کو نیم پختہ کرنا۔ اچھی طرح سے نہ بھوننا۔

تَلَہْجَمَ بِالشَّیْءِ: شیفتہ ہونا ــــ الطَّرِیْقُ: واضح ہونا۔ چلنے والوں کے پیر کا نشان ہونا۔

اللَّہْجَم۔ کشادہ چلتا ہوا راستہ۔ بڑا پیالہ۔

لَہَدَہٗ لَہْدًا الحِمْلُ: بوجھل کرنا۔ دبانا۔ صفت مفعولی مَلْہُوْدٌ و لَہِیْدٌ۔ لَہَدَ دَابَّتَہٗ: چوپایہ کو تھکانا۔ لاغر کرنا ــــ الشَّیْءَ: کھانا یا چاٹنا ــــ فُلَانًا: ذلیل کر کے ہٹانا یا پستان کی جڑ میں یا مونڈھے کی جڑ میں مارنا یا چھونا۔

لَہَّدَ فُلَانًا: بمعنے لَہَدَہٗ اور تشدید تکثیر کیلئے ہے

اَلْہَدَہٗ۔ ظلم کرنا۔ اَلْہَدَ بِہٖ: ذلیل کرنا۔ حقیر سمجھنا۔ اَلْہَدَ اِلَی الْاَرْضِ: بوجھ کی وجہ سے زمین کی طرف جھکنا ــــ بِفُلَانٍ: دوڑنے والوں میں سے ایک کو پکڑ لینا اور دوسرے کو چھوڑ دینا۔

اللُّہَاد۔ ہچکی۔

اللَّہَد مص۔ ایک مرض ہے جو انسان کی ٹانگ یا رانوں میں ہوتا ہے۔ صدمہ وغیرہ کی وجہ سے اونٹ کے سینہ میں شگافتگی۔ سست و ناکارہ مرد۔

اللَّهِيدُ - عاجز - تھکا ہوا -
اللَّهِيدَةُ - ایک نرم قسم کا حلوا -
المُلَهَّدُ مفعو "رَجُلٌ مُلَهَّدٌ" کمزور ذلیل - دروازوں سے دھکا دیا ہوا -
اللَّهْذَبُ - ہمیشہ ثابت رہنے والی چیز
لَهْذَمَةٌ - کاٹنا -
تَلَهْذَمَةٌ - کاٹنا - تَلَهْذَمَ الشَّيْءَ : کھانا -
اللَّهْذَمُ - تیز کاٹنے والا (تلوار - بھالا - دانت وغیرہ) ج لَهَاذِمُ و لَهَاذِمَةٌ -
اللَّهَاذِمَةُ - چوروں کی جماعت -
لَهَزَ (ف) لَهْزًا الشَّيْءُ فُلَانًا : کسی چیز کا کسی کے اندر ظاہر ہونا —— القَوْمَ : قوم میں مل جانا - لَهَزَهُ الشَّيْبُ : بڑھاپا ظاہر ہونا - صفت مفعولی مَلْهُوزٌ -
لَهَزَهُ بِالرُّمْحِ : سینہ میں نیزہ مارنا - لَهَزَ فُلَانًا : مکا مارنا اور بقول بعض کان کے نیچے کی ہڈی اور گردن پر مکا مارنا —— الفَصِيلُ ضَرْعَ أُمِّهِ : دودھ پیتے ہوئے سر سے تھن کو مارنا -
لَهَّزَهُ تَلْهِيزًا - کان کے نیچے کی ہڈی اور گردن پر مکا مارنا -
اللَّاهِزُ - فا - پہاڑ اور ٹیلہ جو راستہ کو تنگ اور دشوار گذار کردے - اور جب دو پہاڑ اتنے قریب ہوں کہ ان کے درمیان کا راستہ تنگ گلی کی مانند ہو جائے تو ان دونوں پہاڑوں کو لَاهِزَانِ کہیں گے
اللِّهَازُ - چیتھڑا یا پچر جس سے چرخی وغیرہ کے سوراخ کو تنگ کریں -
اللَّهِزُ - سخت -
اللَّهْزَةُ - کان کے نیچے جبڑے میں ابھری ہوئی ہڈی -
المِلْهَزُ - کان کے نیچے کی ہڈی اور گردن پر مکا مارنے والا -
المَلْهُوزُ - مفعو - گٹھے بدن والا - جبڑے کی ہڈی پر داغ لگا ہوا -
لَهْزَمَةٌ - جبڑے کی ہڈی کو کاٹنا - لَهْزَمَ الشَّيْبُ خَدَّيْهِ : بڑھاپا ظاہر ہونا -
اللِّهْزِمَةُ - کان کے نیچے جبڑے کی ابھری ہوئی ہڈی ج لَهَازِمُ -
لَهَسَ (ف) لَهْسًا الشَّيْءَ : چاٹنا (لحس میں لغت ہے) —— الصَّبِيُّ ثَدْيَ أُمِّهِ : بچے چوستے ہوئے چاٹنا —— عَلَى الطَّعَامِ : حرص کی وجہ سے ہجوم کرنا
لَاهَسَ مُلَاهَسَةً عَلَى الطَّعَامِ : کھانے پر ہجوم کرنا —— القَوْمُ إِلَى الشَّيْءِ : سبقت کرنا اور ہجوم کرنا - کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُلَاهِسُ بَنِي فُلَانٍ" جبکہ کھانے کے وقت پہنچ جائے -
اللَّاهِسُ - جلد باز - چابکدست ج لُوَاهِسُ
اللُّهَاسُ و اللُّهَاسَةُ - تھوڑی خوراک
اللُّهْسَةُ - چاٹنے کے قابل چیز - کہا جاتا ہے "مَا لَكَ عِنْدِي لُهْسَةٌ" تمہارے لئے میرے پاس کچھ نہیں -
لَهْسَمَ مَا عَلَى المَائِدَةِ : دسترخوان سے سب کچھ کھا لینا -
اللُّهَاسِمُ - وادی کی تنگ نالیاں، واحد لُهْسُمٌ
لَهَطَ (ف) لَهْطًا - تھپڑ مارنا - لَهَطَ بِسَهْمٍ : تیر مارنا - لَهَطَ الثَّوْبَ : کپڑا سینا —— بِهِ الأَرْضَ : زمین پر پچھاڑنا - لَهَطَتْ أُمُّهُ بِهِ : جننا -
اللَّاهِطُ - فا - اپنے گھر کے دروازے پر چھڑکاؤ کرنے والا اور صاف ستھرا رکھنے والا -
لَهْطَةٌ مِنَ الخَبَرِ : افواہ جس کی نہ تم تصدیق کرو نہ تکذیب -
لَهِعَ (س) لَهَعًا و لَهَاعَةً الرَّجُلُ : ہر ایک سے بے تکلف ہونا - صفت لَهِعٌ و لَهِيعٌ و لَهْيَعٌ —— فِي الكَلَامِ : خوب بڑھ بڑھ کے باتیں کرنا -
اللَّهَاعَةُ - غفلت -
اللَّهِيعُ - کارگذاری میں تیز -
اللَّهِيعَةُ - غفلت - سستی - کاہلی، خرید و فروخت میں سستی کرنا یہاں تک کہ نقصان ہو جائے -
لُهِفَ لَهْفًا - ظلم کیا جانا -
لَهِفَ (س) لَهَفًا - عَلَى مَا فَاتَ : غمگین ہونا - افسوس کرنا - صفت لَهِفٌ و لَهِيفٌ - لَهَّفَ فُلَانٌ نَفْسَهُ و أُمَّهُ : وا نفساہ و امیاہ و الهفاہ کہنا اور کہا جاتا ہے "لَهَّفَ أُمَّيْهِ" یعنی أَبَوَيْهِ : یہاں پر لفظ ام کو اب پر غلبہ دیا گیا ہے اس لئے کہ ماں کی ماتا مشہور ہے - اور کہا جاتا ہے "لَهِفْتُ إِلَيْكَ لَهِيفًا" یعنی میں نے تجھ سے فریاد رسی کی -
أَلْهَفَ - حریص ہونا - نہایت خواہش مند ہونا
تَلَهَّفَ - عَلَيْهِ : غمگین ہونا - افسوس کرنا -
اِلْتَهَفَتِ النَّارُ : آگ کا بھڑکنا - اِلْتَهَفَ فُلَانٌ : کسی مصیبت کے نازل ہونے پر غم سے بھڑک اٹھنا -
اللَّاهِفُ - فا - مظلوم - مضطر - فریادی - افسوس کرنیوالا - مؤنث لَاهِفٌ و لَاهِفَةٌ - اور کہا جاتا ہے "هُوَ لَاهِفُ القَلْبِ" وہ شکستہ دل ہے -
اللَّاهِفَةُ - لَاهِفٌ کا مؤنث - ج لَاهِفَاتٌ و لَوَاهِفُ -
اللَّهْفُ - مص - يَا لَهْفَ فُلَانٍ : کلمہ ہے جس سے مافات پر افسوس کیا جاتا ہے یعنی فلاں پر کس قدر افسوس ہے اور کہا جاتا ہے "يَا لَهْفِي عَلَيْكَ وَيَا لَهْفَ وَيَا لَهْفَا وَيَا لَهْفَ أَرْضِي وَسَمَائِي عَلَيْكَ وَيَا لَهْفَاهُ" یعنی تیرے اوپر افسوس ہے -
اللَّهْفَانُ - افسوس کرنے والا - غم زدہ - مؤنث لَهْفَى ج لَهَافَى و لُهُفٌ -
اللَّهْفَةُ - لَهْفٌ کا اسم مرۃ - اور فوت شدہ کے افسوس کیلئے کہا جاتا ہے "يَا لَهْفَةُ و يَا لَهْفَتَاهُ و يَا لَهْفَتِيَاهُ" -
اللَّهُوفُ - موٹا - لمبا - افسوس کرنے والا - مؤنث اللَّهُوفَةُ -
اللَّهِيفُ - مضطر - افسوس کرنیوالا - رَجُلٌ لَهِيفُ القَلْبِ : سوختہ دل - ج لِهَافٌ -
المَلْهُوفُ - غمگین جس کا مال ضائع ہو گیا ہو - یا کوئی قریب فوت ہو گیا ہو - فریاد کرنیوالا مظلوم رَجُلٌ مَلْهُوفُ القَلْبِ : سوختہ دل مرد -
لَهَقَ (ن) و لَهِقَ (س) لَهَقًا و لَهَقًا الشَّيْءُ : بہت سفید ہونا -
تَلَهَّقَ الشَّيْءُ : بہت سفید ہونا —— الرَّجُلُ : زیادہ گفت گو کرنا -
اللَّهَاقُ - سفید یا سفید بیل -

کہا جاتا ہے: "اَبْیَضُ لَہَاقٌ اَوْ لِہَاقٌ": بہت سفید
"وَبَقَرَۃٌ لَہَاقٌ" بہت سفید گائے۔

اللَّہِقُ واللَّہَقُ۔ سفید بیل۔ سفید۔ مؤنث لَہِقَۃٌ ولَہَقَۃٌ۔ ج لُہُقَاتٌ ولِہَاقٌ، کہا جاتا ہے۔ "اَبْیَضُ لَہِقٌ ولَہَقٌ" بہت سفید۔

مُلْہَقُ اللَّوْنِ: سفید رنگ والا۔

لَہْلَہَ لَہْلَہَۃً۔ النَّاسِجُ الثَّوْبَ: باریک بنا (ہلہل کا مقلوب ہے)

تَلَہْلَہَ الثَّوْبُ: باریک بنا ہوا ہونا —— الکلاءُ: تھوڑی سی گھاس کے درپے ہونا۔

اللَّہْلَہُ مِنَ الثِّیَابِ اوِ الکلامِ اوِ الشِّعْرِ: ردی کپڑا۔ یا گفت گو یا شعر۔

اللُّہْلُہُ۔ بدصورت۔ بَلَدٌ لُہْلُہٌ: کشادہ مقام جہاں سراب بہت ہوں۔ ج لَہَالِہُ —— واللُّہْلُہَۃُ) کشادہ زمین۔

اللَّہْلَہَۃُ۔ کسی چیز سے رجوع کرنا۔ باریک بناوٹ۔

لَہِمَ (س) لَہْمًا ولَہَمًا الشَّیْئَ: ایک ہی مرتبہ میں نگلنا —— الماءَ: گھونٹ لینا۔

اَلْہَمَہُ الشَّیْئَ: نگلوانا۔ اَلْہَمَ اللّٰہُ فلانًا خَیْرًا: وحی کرنا۔ سکھلانا۔ توفیق دینا۔ دل میں ڈالنا۔

تَلَہَّمَ والْتَہَمَ الشَّیْئَ: ایک ہی دفعہ میں نگلنا۔ ہڑپ کرنا۔ (التہمہ ہی بولا جاتا ہے)

اُلْتُہِمَ لَوْنُہٗ: رنگ متغیر ہونا۔

اِسْتَلْہَمَ اللّٰہَ خَیْرًا: اللہ سے خیر کے الہام کی دعا کرنا۔ کہا جاتا ہے: "اَسْتَلْہِمُ اللّٰہَ الرَّشَادَ" اللہ سے رشد وہدایت کے الہام کی دعا کرتا ہوں۔

اللُّہَامُ۔ بڑا لشکر۔

اللِّہِمُّ۔ عمر رسیدہ۔ ج لُہُومٌ۔

رَجُلٌ لَہِمٌ ولَہِمٌ۔ کھاؤ۔ پیٹو۔

اللُّہْمَۃُ مِنَ السَّوِیقِ: ایک مرتبہ پھانکنے کی مقدار ستو۔

اللَّہِمُ۔ بہت بخشش والا۔ بڑا دیالو۔ بڑا سمندر کھاؤ۔ سبقت کرنے والا گھوڑا یا آدمی۔ رَجُلٌ لِہَمٌّ: مرد روشن رائے بخشش کرنے والا۔ کفایت کرنے والا ج لُہُوْنٌ (عورتوں کے وصف میں واقع نہیں ہوتا) رَجُلٌ لَہُومٌ۔ کھاؤ مرد۔

اللُّہَیْمُ واُمُّ اللُّہَیْمِ۔ موت۔ بخار۔ مصیبت۔ اللُّہَیْمُ: کشادہ دیگ۔

الاِلْہَامُ۔ مص۔ اللہ کا انسان کے دل میں ایسا داعیہ پیدا کرنا جو کسی فعل کے کرنے یا چھوڑنے پر آمادہ کرے۔

المِلْہَمُ والمِلْہَمُ مِنَ الرِّجَالِ: کھاؤ۔ پیٹو۔

لَہْمَسَ مَا عَلَی المَائِدَۃِ: دسترخوان سے سب کچھ کھا لینا۔

اللُّہْمُوْمُ۔ بڑا لشکر۔ سخی آدمی۔ عمدہ گھوڑا۔ بیشمار۔ بہت برسنے والا بادل۔ بہت دودھ والی اونٹنی ج لَہَامِیمُ ولَہَامِیمُ النَّاسِ: سخی لوگ۔

اللِّہْمِیمُ۔ سبقت کرنے والا گھوڑا یا آدمی۔

لَہَنَ القَوْمَ ولِلْقَوْمِ: ناشتہ کھلانا۔ سفر سے واپسی پر تحفہ دینا۔

اَلْہَنَ۔ مسافر کو سفر سے واپسی پر تحفہ دینا۔

تَلَہَّنَ الرَّجُلُ: ناشتہ کھانا۔

اللُّہْنَۃُ۔ تحفہ جو مسافر سفر سے واپسی پرے۔ ناشتہ۔ تحفہ جو مسافر کو سفر سے واپسی پر دیا جائے۔ ج لُہَنٌ۔

لَہَا یَلْہُو لَہْوًا۔ الرَّجُلُ: کھیلنا —— بہ: فریفتہ ہونا (—— لُہُوًّا ولُہُوًّا) المَرْأَۃُ اِلٰی حَدِیْثِ الرَّجُلِ: مانوس ہونا۔ پسند کرنا (—— لُہِیًّا ولِہْیَانًا) —— عَنِ الشَّیْئِ: غافل ہونا۔ ذکر چھوڑنا۔ بھولنا۔

لَہِیَ یَلْہَی لَہًا بِکَذَا: محبت کرنا —— عَنْہُ: تسلی پانا۔ غافل ہونا۔ ذکر چھوڑنا۔ روگردانی کرنا کہا جاتا ہے: "اِلْہَ کَمَا یَلْہٰی لَکَ" تم بھی اس کیساتھ ویسا ہی کرو جیسا وہ تمہارے ساتھ کرتا ہے۔

لَھَّاہُ تَلْہِیَۃً عَنْ کَذَا: غافل کر دینا —— ہٗ بِکَذَا: مشغول کرنا۔

لَاھَاہُ مُلَاھَاۃً۔ قریب ہونا۔ جھگڑا کرنا۔

لَاہَی الشَّیْئَ: نزدیک ہونا —— الغُلَامُ: دودھ چھوٹنے کے قریب ہونا۔

اَلْہَاہُ اِلْہَاءً۔ اللَّعِبُ عَنْ کَذَا: غافل کرنا۔ —— فُلَانٌ الشَّیْئَ: عاجزی سے چھوڑ دینا —— الرَّحٰیَ وفی الرَّحٰی ولِلرَّحٰی: چکی میں کول ڈالنا۔ اَلْہَی الرَّجُلَ: بہتر اور کثیر عطیہ دینا۔

تَلَہّٰی تَلَہِّیًا بِکَذَا: کسی چیز پر توجہ یا اعراض سے دل بہلانا —— بالشَّیْئِ: مشغول ہونا۔

تَلَاھَی تَلَاھِیًا بِالمَلَاھِی: کھیل کود میں مشغول ہونا —— القَوْمُ: باہم کھیلنا۔

اِلْتَہَی الرَّجُلُ بِالشَّیْئِ: کھیلنا —— عَنْ غَیْرِہٖ: مشغول ہونا۔

اِسْتَلْہَی اِسْتِلْہَاءً۔ حَاجَۃً: ساتھی کا انتظار کرنا۔ ٹھیرنا —— الشَّیْئَ: زیادہ لینا۔ نگلنا۔

اللُّہَاءُ۔ مقدار۔ کہا جاتا ہے "ہُمْ لُہَاءُ مِأَۃٍ" وہ لوگ سَو کی مقدار ہیں۔

اللَّہْوُ۔ کھیل کود۔ وہ چیز جس کو انسان لذت حاصل کرے۔ عورت جس سے کھیل کود کیا جائے ڈھول۔ فرزند۔

اللَّہَاۃُ۔ حلق کا کوا ج لَہَوَاتٌ ولَہَیَاتٌ ولُہِیٌّ ولِہِیٌّ ولُہًا ولِہَاءٌ ولِہَاءٌ۔

اللَّہْوَۃُ۔ لَہَا کا اسم مرۃ۔ عورت جس سے کھیل کود کیا جائے۔

اللَّہْوَۃُ واللُّہْوَۃُ۔ پیستے ہوئے چکی میں ایک مرتبہ جتنی مقدار میں غلہ ڈالیں۔ عطیہ۔ بہتر وکثیر عطیہ لپ بھر مال۔ ج لُہًی۔

اللُّہْیَۃُ۔ عطیہ۔ یا بہتر وکثیر عطیہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَہُوٌّ عَنِ الخَیْرِ" فلاں بھلائی سے بہت غافل ہے

اللَّہَوِیُّ۔ لَہَاۃ کی طرف منسوب۔ والحَرْفَانِ اللَّہَوِیَّانِ: ق وک۔

الاُلْہُوَّۃُ والاُلْہِیَّۃُ والتَّلْہِیَۃُ۔ جس سے کھیل کود کیا جائے۔

المَلْہَی۔ کھیل کود۔ کھیل کود کا زمانہ۔ کھیل کود کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا مَلْہَی القَوْمِ" یعنی یہ انکی اقامت کی جگہ ہے "وہٰذَا مَلْہَی الاَثَافِی" یہ پایہ دیگدان کی جگہ ہے

المِلْہَی۔ کھیل کود کا آلہ۔ ج مَلَاہٍ۔

آلَاتُ المَلَاھِی۔ آلات موسیقی۔

لَھْوَجَ۔ مادہ ل ہ ج میں گذر چکا۔

لَهْوَقَ لَهْوَقَةً وتَلَهْوَقَ الرَّجُلُ: جو اپنے اندر نہ ہو اُسے ظاہر کرنا۔ — فِي الْعَمَلِ والكَلَامِ: ترک مبالغہ کرنا۔

رَجُلٌ لَهْوَقٌ۔ ڈینگ مارنے والا جو اپنے اندر نہ ہو اسے ظاہر کرنے والا۔

لَوْ۔ یہ حرف چھ طریقے سے مستعمل ہے۔

(۱) زمانہ ماضی میں شرط کیلئے جیسے لَوْ جَاءَنِي لَأَكْرَمْتُهُ اگر وہ میرے پاس آتا تو میں اس کا اکرام کرتا۔ یہ تین باتوں کا فائدہ دیتا ہے۔ ایک شرط۔ دوسری شرط کو زمانہ ماضی کے ساتھ مقید کرنا۔ تیسرے امتناع اور اسی وجہ سے بعض لوگوں نے کہا ہے کہ یہ حرف امتناع لامتناع ہے یعنی شرط کے منتفی ہونے کی وجہ سے جزا منتفی ہوتی ہے مناطقہ نے اس کو ادوات اتصال قرار دیا ہے جیسے "لَوْ كَانَ زَيْدٌ حَجَرًا كَانَ جَمَادًا"۔

(۲) زمانہ مستقبل میں شرط کیلئے مگر یہ جازمہ نہیں جیسے "وَلَوْ تَلْتَقِي أَصْدَاؤُنَا بَعْدَ مَوْتِنَا" الخ۔ اور اس قسم میں اور پہلی قسم میں فرق یہ ہے کہ شرط جب مستقبل ہو تو لَوْ اِنْ کے معنی میں ہوتا ہے اور جب ماضی ہو تو حرف امتناع ہوتا ہے اور جب اسکے بعد فعل مضارع واقع ہو تو ماضی کے معنے میں ہو جاتا ہے جیسے لَوْ تَقُومُ أَقُومُ بمعنے لَوْ قُمْتَ قُمْتُ۔

(۳) یہ کہ حرف مصدری ہو بمنزلہ اَنْ کے مگر یہ نصب نہیں دیتا۔ اور اکثر وَدَّ و یَوَدُّ کے بعد واقع ہوتا ہے جیسے "وَدُّوا لَوْ تَأْتِيهِمْ" وہ تمنا کرتے ہیں کہ تم ان کے پاس آؤ "يَوَدُّ أَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ" ان میں ایک عمر دیئے جانے کی تمنا کرتا ہے۔

(۴) یہ کہ تمنا کیلئے ہو۔ اس کا جواب منصوب اور فا کے ساتھ ہوتا ہے جیسے لَوْ تَأْتِينِي فَتُحَدِّثَنِي تمنا ہے کہ تم میرے پاس آتے اور مجھ سے باتیں کرتے۔

(۵) عرض کیلئے مانند اَلَا کے اس کا جواب بھی فاء سے ہوتا ہے اور منصوب ہوتا ہے جیسے لَوْ تَنْزِلُ عِنْدَنَا فَتُصِيبَ خَيْرًا اگر تم ہمارے پاس اترتے تو بھلائی کو پہنچتے۔

(۶) تقلیل کیلئے جیسے تَصَدَّقُوا وَلَوْ بِظِلْفٍ مُحْرَقٍ صدقہ کرو اگرچہ جلا ہوا کھر ہی کیوں نہ ہو۔

لَابَ يَلُوبُ لَوْبًا ولُوَابًا ولَوَبَانًا الرَّجُلُ او الْبَعِيرُ: مرد یا اونٹ کا پیاسا ہونا۔ پانی کے اردگرد بغیر اس تک پہنچے ہوئے گھومنا۔ اسم اللَّوْبُ واللُّوبُ واللُّؤُوبُ واللُّوَابُ۔

لَوَّبَ تَلْوِيبًا۔ ملاب (ایک قسم کی خوشبو) ملنا (دیکھئے مَلَاب)

اَلَابَ اِلَابَةً الرَّجُلُ: پیاسے اونٹوں والا ہونا۔

اللَّائِبُ۔ فا۔ ج لُؤُوبٌ ولُوبٌ۔ کہا جاتا ہے اِبِلٌ لُوبٌ ونَحْلٌ لُوبٌ ولَوَائِبُ پیاسے پانی سے دور۔

اللُّوَابُ مص لعاب۔

اللُّوبِيَاءُ واللُّوبِيَاءُ واللُّوبِيَا۔ لوبیا۔ لوبیا کی پھلی (دخیل)

اللُّوبَةُ۔ جماعت جو دوسری جماعت کیساتھ رہے مگر شریک مشورہ نہ کی جائے۔ سنگلاخ سوختہ ج لُوبٌ۔

اللُّوبُ۔ گوشت کا ٹکڑا جو دیگ میں پھرے۔ شہد کی مکھی۔

اللَّابَةُ۔ سنگلاخ سوختہ۔ ج لَابَاتٌ ولَابٌ۔

اللَّابَةُ۔ کالے اونٹ جمع شدہ۔

المَلَابُ۔ ایک قسم کی خوشبو جو زعفران کے مشابہ ہے۔

المُلَوَّبُ۔ مفعو۔ پیچدار لوہا۔

اللَّوْلَبُ۔ مبیچ۔ پیچدار کیل۔ ج لَوَالِبُ۔

اللَّوْلَبِيُّ۔ جو لَوْلَب کی ہیئت پر ہو۔

المُلَوْلَبُ۔ سرمہ کی سلائی۔

لَاتَ يَلُوتُ لَوْتًا الرَّجُلُ: بغیر پوچھے ہوئے خبر دینا۔ — الْخَبَرَ: خبر کو چھپانا۔ — فُلَانًا: حق گھٹانا۔

اللَّاتُ۔ زمانۂ جاہلیت کے ایک بت کا نام۔

لَاتَ۔ حرف نفی ہے لیس کا عمل کرتا ہے مگر اسکے بعد دو معمول میں سے ایک ہی ذکر کیا جاتا ہے اور عموماً مرفوع محذوف ہوتا ہے جیسے "وَلَاتَ حِينَ مَنَاصٍ" تقدیر عبارت کی یوں ہے "وَلَاتَ الْحِينُ حِينَ مَنَاصٍ"

لَاثَ يَلُوثُ لَوْثًا العِمَامَةَ عَلَى رَأْسِهِ: سر پر عمامہ لپیٹنا۔ — الضَّبَابُ بِالْجَبَلِ: کہرے کا پہاڑ کو ڈھانکنا۔ — بِفُلَانٍ: پناہ لینا۔ لَاثَ بِالنَّاسِ اردگرد جمع ہونا۔ — دَارَهُ: ہمیشہ گھر میں رہنا۔ — الشَّيْءَ: منہ میں چبانا۔ — فِي الْأَمْرِ: دیر کرنا۔ عَنِ الْحَاجَةِ: سستی کرنا۔ — ثَوْبَهُ بِالطِّينِ: کپڑے کو کیچڑ میں لتھیڑنا۔ — الشَّيْءَ: بھگا کر ملانا۔ لَاثَ فُلَانٌ: گھومنا۔ کہا جاتا ہے لَاثَ لَوْثًا مِنَ الْكَلَامِ" بات کو اس نے چبا چبا کے کہا صاف نہیں بیان کیا۔ "مَالَاثَ فُلَانٌ أَنْ غَلَبَ فُلَانًا" وہ غالب آنے سے نہیں رکا۔

لَوِثَ يَلْوَثُ لَوَثًا فِي الْأَمْرِ: تاخیر کرنا۔

لَوَّثَ تَلْوِيثًا الشَّيْءَ: بھگونا۔ — الْمَاءَ: گدلا کرنا۔ — ثِيَابَهُ بِالطِّينِ: کپڑوں کو کیچڑ میں لتھیڑنا۔ — التِّبْنَ بِالْقَتِّ: بھوسہ کو چارے میں ملانا۔ فُلَانًا عَنْ كَذَا: روکنا۔ — الْأَمْرَ: مشتبہ کرنا۔

اَلَاثَ اِلَاثَةً مَالَهُ بِفُلَانٍ: ودیعت رکھنا

اَلْوَثَتِ اِلْوَاثًا الْأَرْضُ: خشک گھاس میں ترا گانا۔

تَلَوَّثَ تَلَوُّثًا ثَوْبُهُ بِالطِّينِ: کپڑے کا کیچڑ میں لتھڑنا۔ — زَيْدٌ بِعَمْرٍو: پناہ لینا اور نفع کی امید سے صحبت میں رہنا۔

اِلْتَاثَ اِلْتِيَاثًا عَلَيْهِ الْأَمْرُ: پیچیدہ ہونا۔ — بِرِدَائِهِ: لپٹنا — فِي الْعَمَلِ: دیر کرنا — فِي كَلَامِهِ: حجت سے عاجز رہنا — بِالدَّمِ: خون سے لتھڑنا۔ آلودہ ہونا — الْبَعِيرُ: اونٹ کا موٹا اور قوی ہونا — فُلَانًا عَنْ كَذَا: روکنا۔

اللَّائِثُ فا۔ شیر۔ نَبَاتٌ لَائِثٌ: آپس میں لپٹے ہوئے پودے۔

اللُّوَاثُ۔ پلیتھن۔

اللُّوَاثَةُ۔ پلیتھن۔ جماعت۔ وہ شخص جو ہر چیز میں آلودہ ہو جائے۔

اللَّوْثُ مص۔ قوت۔ برائی۔ زخم۔ کینہ کے مطالبات۔ کمزور ثبوت۔

اللُّوثُ۔ ڈھیل ڈھال۔

اللَّيِّث ۔ گنجان نباتات ۔
اللَّوْثَة ۔ لاث کا اسم مرۃ ۔ بیوقوفی ۔
اللُّوْثَة ۔ ڈھیل ڈھال ۔ تاخیر ۔ بیوقوفی زبان میں رکاوٹ ۔ اثر جنون ۔ کہا جاتا ہے "بِهِ لُوْثَةٌ" اس کیساتھ جنون کا اثر ہے ۔ گوشت و چربی کی زیادتی اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُو لُوْثَةٍ" سست و کمزور مرد ۔ کہا جاتا ہے: نَبَاتٌ لَيِّثٌ ۔ گنجان پودہ ۔
اللَّوِيْثَة ۔ جماعت ۔ کہا جاتا ہے "إِنَّ الْمَجْلِسَ لَيَجْمَعُ لَوِيْثَةً مِنَ النَّاسِ" مجلس مختلف قسم کی جماعتوں کو جمع کر لیتی ہے ۔
الأَلْوَث ۔ ڈھیلا ڈھالا ۔ قوی ۔ سست موٹی زبان والا ۔ کمزور عقل والا ۔ مؤنث لَوْثَاءُ ۔ ج لُوْث ۔
الْمَلَاث والْمِلْوَث ۔ سردار شریف جس کی پناہ لی جائے ۔ ج الْمَلَاوِث والْمَلَاوِثَة والْمَلَاوِيْث کہا جاتا ہے "ہم مَلَاوِث" یعنی وہ اشراف ہیں ۔ "وَإِنَّهُ لَنِعْمَ الْمَلَاثُ لِلضِّيْفَانِ" وہ مہمانوں کیلئے بہترین جائے پناہ ہے ۔
الْمَلَاثُ ۔ مرکز ۔ وہ جگہ جس پر کوئی چیز گھومے
الْمُلَيَّث ۔ موٹاپے کی وجہ سے سست ۔
دِيْمَةٌ لَوْثَاء ۔ لگاتار بارش جو گھاس کو بکھیر دے ۔
لَاجَ يَلُوْجُ لَوْجًا الشَّيْءَ: منہ میں پھرانا ۔
لَاحَ يَلُوْحُ لَوْحًا الشَّيْءُ: ظاہر ہونا —— الْبَرْقُ: بجلی کا چمکنا —— النَّجْمُ: ستارہ کا نکلنا —— إِلَيْهِ: دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا —— الشَّيْءَ: دیکھنا ۔ کہا جاتا ہے "لَاحَهُ بِبَصَرِهِ لَوْحَةً" جبکہ دیکھے اور پھر پوشیدہ ہو جائے —— الْعَطَشُ أو السَّفَرُ فُلَانًا: متغیر کرنا ۔ رنگ بدل دینا (—— لَوْحًا و لُوْحًا و لُوَاحًا و لُوُوْحًا و لَوَحَانًا) الرَّجُلُ: پیاسا ہونا ۔
لَوَّحَ تَلْوِيْحًا دور سے اشارہ کرنا ۔ لَوَّحَ بِسَيْفِهِ: تلوار چمکانا —— بِثَوْبِهِ: کپڑا بلند کر کے ہلانا ۔ کہا جاتا ہے "لَوَّحَ لِلْكَلْبِ بِرَغِيْفٍ فَتَبِعَهُ" اس نے کتے کو روٹی ہلا کر دکھائی وہ پیچھے ہو لیا —— السَّفَرُ أو الْعَطَشُ فُلَانًا: چہرہ متغیر کر دینا —— الشَّيْبُ فُلَانًا: سفید بالوں والا کر دینا —— فُلَانًا بِالْعَصَا وَالسَّيْفِ وَالسَّوْطِ وَالنَّعْلِ: اٹھانا اور مارنا —— الشَّيْءَ بِالنَّارِ: آگ سے گرم کرنا ۔
أَلَاحَ إِلَاحَةً الشَّيْءُ: ظاہر ہونا —— الْبَرْقُ: بجلی کا چمکنا —— النَّجْمُ: ستارے کا روشن ہونا —— بِسَيْفِهِ أو ثَوْبِهِ: تلوار یا کپڑے سے اشارہ کرنا —— بِحَقِّهِ: حق مار لینا —— فُلَانًا: ہلاک کرنا —— مِنْهُ: خوف کرنا ۔ پرہیز کرنا —— مِنَ الْقَوْلِ: شرمانا —— عَلَى الشَّيْءِ: اعتماد کرنا ۔
تَلَوَّحَ ۔ ظاہر ہونا ۔ واضح ہونا ۔
اِلْتَاحَ اِلْتِيَاحًا ۔ پیاسا ہونا ۔
اِسْتَلَاحَ فِي الْأَمْرِ اِسْتِلَاحًا ۔ غور کرنا ۔ اِسْتَلَاحَ: پیاسا ہونا ۔
اللَّيَاح واللِّيَاح صبح ۔ جنگلی بیل ۔ سفید اور تاکید کے موقع پر بولا جاتا ہے "أَبْيَضُ لَيَاحٌ ولِيَاحٌ" خالص سفید ۔
اللَّائِحَة لائح کا مؤنث ۔ ظاہر ہونیوالی ۔ ج لَوَائِحُ ۔ کہا جاتا ہے "نَظَرْتُ إِلَى لَوَائِحِهِ وَأَلْوَاحِهِ" میں نے اس کی ظاہری شکل و صورت کو دیکھا ۔ اللَّائِحَةُ رجسٹر ۔ جس میں حساب درج کیا جائے ۔ (مولدۃ)
اللَّوْح ۔ تختی ۔ ہر چوڑی چیز لکڑی ہو یا ہڈی یا لوہا ج أَلْوَاح ۔ لَوْحُ الْجَسَدِ: ہاتھ اور ٹانگ کی ہڈی کے علاوہ ہڈی ۔ یا ہر وہ ہڈی جو چوڑی ہو ۔ ج أَلْوَاح جج ۔ أَلَاوِيْح ۔ أَلْوَاحُ السِّلَاحِ: چمکدار ہتھیار ۔
اللُّوْح ۔ پیاس ۔ فضاء آسمانی ۔
إِبِلٌ لَوْحَى ۔ پیاسے اونٹ ۔
التَّلَاوِيْحَات ۔ کتاب کے حواشی و نوٹ ۔
الْمُلْتَاح ۔ دھوپ یا سفر کی وجہ سے متغیر رنگ والا ۔
الْمِلْوَاح ۔ لمبا ۔ دبلا ۔ جلد دبلی ہونیوالی عورت بڑی اور چوڑی چکلی ہڈی والا ۔ اُلّو جس کی ٹانگ کو باز کے شکار کرنے کے لئے باندھ دیا جائے ۔
الْمِلْوَاح والْمِلْوَح والْمِلْيَاح ۔ جلدی پیاسا ہونیوالا ۔ ج مَلَاوِيْح ۔ کہا جاتا ہے: "إِبِلٌ مَلَاوِيْحُ" جلدی پیاسے ہونیوالے اونٹ ۔
قِدْحٌ مُلَوَّحٌ ۔ آگ سے متغیر شدہ تیر ۔
لَاخَهُ يَلُوْخُهُ لَوْخًا ۔ ملانا ۔
اِلْتَاخَ اِلْتِيَاخًا ۔ ملنا —— الْعَجِيْنُ: گندھے ہوئے آٹے میں خمیر اٹھنا ۔
اللِّوَاخَة واللِّيَاخَة ۔ مکھن دودھ کو ملا ہوا
لَوِدَ يَلْوَدُ لَوَدًا ۔ سرکش ہونا ۔ نافرمان ہونا ۔
الْأَلْوَد ۔ سرکش ۔ نافرمان ۔ جو عدل کی طرف مائل نہ ہو ۔ موٹی گردن ۔ ج لُوْد ۔
لَاذَ يَلُوْذُ لَوْذًا ولَوَاذًا ولِوَاذًا ولُوَاذًا ولِيَاذًا ۔ بِالْجَبَلِ: پہاڑ میں چھپنا ۔ پناہ گیر ہونا ۔ —— بِالْقَوْمِ: پناہ میں آنا —— الطَّرِيْقُ بِالدَّارِ: راستہ کا گھر سے متصل ہونا ۔
لَاوَذَ لِوَاذًا ومُلَاوَذَةً بِفُلَانٍ: پناہ میں آنا —— عَنْهُ: فریب دینا —— فُلَانًا: مخالفت کرنا ۔ —— الْقَوْمَ: مدارات کرنا —— الْقَوْمُ: ایک دوسرے کی پناہ لینا —— بِالْقَوْمِ: گرد گھومنا ۔
أَلَاذَ إِلَاذَةً بِالْجَبَلِ وبِالْقَوْمِ: بمعنے لَاذَ —— الطَّرِيْقُ بِالدَّارِ: احاطہ کرنا اور متصل ہونا ۔
أَلَاذَتِ الدَّارُ بِالطَّرِيْقِ: گھر کا راستہ سے متصل ہونا ۔
اللَّوْذ ۔ مع پہاڑ کا کنارہ ۔ کہا جاتا ہے "اِعْتَصَمَ بِلَوْذِ الْجَبَلِ وبِأَلْوَاذِهِ" اس نے پہاڑ کے کنارے پناہ لی ۔ وادی کا موڑ ۔ کہا جاتا ہے "نَزَلُوا بِلَوْذِ الْوَادِيْ" وہ لوگ وادی کے گوشہ میں اترے ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَطُوْفُ فِي أَلْوَاذِ الْبِلَادِ" فلاں ملک کے اطراف میں پھرتا ہے "هُوَ لَوْذُهُ" وہ اس سے قریب ہے ۔ ج أَلْوَاذ ۔
لَوْذَانُ الشَّيْءِ: جانب ۔
اللَّوْذَانِيَّة ۔ قریب دہی ۔
اللَّاذَة ۔ سرخ ریشمی کپڑا ۔ ج لَاذ ۔
التَّلْوَاذ ۔ اسم ہے بمعنے مُلَاوَذَة ۔ کہا جاتا ہے "لَهُمْ تَلْوَاذٌ" یعنی بعض بعض کی پناہ لیتا ہے ۔
لِوَاذُ الشَّيْءِ: قریب قریب ۔ کہا جاتا ہے "لِيْ مِنَ الدَّرَاهِمِ مِائَةٌ أَوْ لِوَاذُهَا" میرے پاس سو یا اسکے قریب قریب درہم ہیں ۔
الْمَلَاذ ۔ قلعہ ۔ جائے پناہ ۔
الْمَلَاوِذ ۔ ازاریں ۔ واحد ۔ مَلْوَذ ۔

المَلُوذَۃ۔ جائے پناہ۔
اللُّوْرُ۔ گاڑھا دودھ۔ جو پوسی اور پنیر کے
درمیان ہو۔ جس کو اہل شام قَرِیشَۃ کہتے ہیں۔
لَازَ یَلُوْزُ لَوْزًا۔ اِلَیْہِ: پناہ لینا ــــ مِنْہُ:
رہائی پانا ــــ اَلشَّیْئَ: کھانا۔
لَوَّزَ تَلْوِیْزًا۔ اَلتَّمْرَ: چھوارے میں بادام بھرنا۔
اللَّوْز۔ بادام۔ واحد۔ لَوْزَۃ۔
اللَّوْزَۃ۔ حلق میں کوّے کے قریب کا گوشت اور
وہ دو ہوتے ہیں۔ اللَّوْزَتَان: سرین کے دو گڑھے
کہا جاتا ہے: اِنَّہٗ لَوْزٌ لَوْزٌ۔ یعنی وہ محتاج ہے۔
لَوْز تابع ہے۔
اللَّوْزِیْ۔ بادام کی شکل کا۔
المَلَاذ۔ جائے پناہ۔
اَرْضٌ مَلَازَۃ۔ بادام والی سرزمین۔
المُلَوَّز۔ بادام سے بھری ہوئی کھجور۔ وَجْہٌ
مُلَوَّزٌ: حسین وملیح چہرہ۔
اللَّوْزِیْنَج۔ ایک قسم کا حلوا۔ لوزینہ۔
لَاسَ یَلُوْسُ لَوْسًا۔ الحَلَاوَاتِ وغیرَہا:
کھانے وغیرہ کیلئے مٹھائی وغیرہ ڈھونڈھنا صفت
لَائِس ولَوُوْس ولَوَّاس واَلْوَس ــــ الشَّیْئَ: چکھنا
ــــ الشَّیْئَ فِیْ فِیْہِ: منہ میں پھرانا اور کہا جاتا ہے
ھُوَ لَا یَلُوْسُ کَذَا: وہ اتنا نہیں دیتا۔
اللَّوَاسَۃ۔ لقمہ۔
اللُّوُوْس۔ جمع لَائِس کی (جیسے بَازِل وبُزُل)
کھانا۔ کہا جاتا ہے: مَاذُقْتُ لَوُوْسًا ولَوَاسًا
یعنی میں نے نہیں چکھا۔
لَاصَ یَلُوْصُ لَوْصًا۔ دروازے کی
جھری سے دیکھنا ــــ عَنْہُ: الگ ہونا۔ ہٹنا۔
لَوَّصَ تَلْوِیْصًا۔ خالص شہد کھانا۔
لَاوَصَ مُلَاوَصَۃً۔ دروازے کی
جھری سے دیکھنا ــــ اِلَیْہِ: اس طرح دیکھنا گویا
کسی ارادہ سے فریب دے رہا ہے ــــ فُلَانًا
عَنْ کَذَا: فریب دینا ــــ الشَّجَرَۃَ: درخت کو
کلہاڑی سے کاٹنے کے ارادہ سے دائیں بائیں دیکھنا
اَلَاصَہٗ اِلَاصَۃً عَلَی الشَّیْئِ: گھمانا۔ چکر دینا۔

ارادہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَلَصْتُ اَنْ آخُذَ مِنْہُ شَیْئًا"
میں نے اس سے کچھ لینے کا ارادہ نہیں کیا۔
اُلِیْصَ الرَّجُلُ: کپکپی زدہ ہونا۔
تَلَوَّصَ تَلَوُّصًا۔ لپٹنا۔ لوٹ پوٹ ہونا
اللَّوَص۔ مص۔ کان یا سینہ کا درد۔
اللَّوَاص۔ شہد خالص۔
اللُّوْصَۃ۔ پیٹھ کا درد۔
المُلَاوِص۔ چاپلوسی کرنے والا۔ فریبی۔
لَاطَ یَلُوْطُ لَوْطًا۔ الحَوْضَ: حوض کو مٹی سے
لیپنا ــــ الشَّیْئَ بِالشَّیْئِ: چپکانا ــــ الاِنْسَانَ: مارنا
دھتکارنا۔ کہا جاتا ہے "لَاطَ الشَّیْئُ بِقَلْبِیْ" چیز میرے
دل میں جم گئی ــــ فُلَانًا بِعَیْنٍ: نظر بد لگانا ــــ
فُلَانًا بِسَہْمٍ: تیر مارنا ــــ فُلَانًا بِفُلَانٍ: لاحق کرنا
نسبت کرنا ــــ الشَّیْئَ: چھپانا (ــــ لَاطًا) فِی
الاَمْرِ: اصرار کرنا (ــــ لَوْطًا ولِوَاطَۃً ولَاوَطَ وتَلَوَّطَ)
اغلام کرنا۔
لَوَّطَہٗ تَلْوِیْطًا بِالطِّیْبِ: خوشبو سے لت پت
کرنا۔
اِلْتَاطَہٗ اِلْتِیَاطًا واسْتَلَاطَہٗ اِسْتِلَاطَۃً
منہ بولا بیٹا بنانا۔
اِلْتَاطَ حَوْضًا: اپنے لئے حوض میں مٹی لگانا۔
کہا جاتا ہے "اِلْتَاطَ بِقَلْبِیْ" یعنی میرے دل میں جم گیا۔
اللِّیَاط۔ سود۔ بیاج۔
اللَّوْط۔ مص۔ چادر۔ بھڑتیلا مرد۔ سود۔ چکنے
والی چیز۔ کہا جاتا ہے "اِنِّیْ لَاَجِدُ لَہٗ فِیْ قَلْبِیْ لَوْطًا" میں
اپنے دل میں اس کی پیوستہ محبت کو محسوس کرتا ہوں
الاَلْوَط۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ اَلْوَطُ
بِقَلْبِیْ" وہ میرے دل کیساتھ زیادہ چسپاں ہے۔
المُسْتَلَاط۔ منہ بولا بیٹا۔
لَاظَہٗ یَلُوْظُہٗ لَوْظًا۔ بمعنے لَاظَہٗ۔
اِلْتَاظَتِ الحَاجَۃُ: دشوار ہونا۔
المِلْوَظ۔ قمچی۔ یا کوڑا۔
لَاعَہٗ یَلُوْعُہٗ لَوْعًا۔ الحُبُّ: بیمار کردینا۔
لَاعَتِ الشَّمْسُ فُلَانًا۔ رنگ بدل دینا (ــــ
لَوْعًا ولُوُوْعًا) الرَّجُلُ: بزدل یا لالچی اور بداخلاق ہونا

لَاعَ یَلُوْعُ ویَلَاعُ لَوْعَۃً۔ گھبرانا۔ تنگدل
ہونا۔ یا مریض ہونا۔ غم یا عشق سے دل جلنا۔
لَوَّعَ تَلْوِیْعًا۔ الحُبُّ: بیمار کردینا۔ عوام
کہتے ہیں "لَوَّعَ فُلَانًا": یعنی عذاب دیا۔
اَلَاعَتْ اِلَاعَۃً۔ الشَّمْسُ: رنگ بدل دینا
الثَّدْیُ: پستان کے سر کا کالا اور متغیر ہونا۔
اِلْتَاعَ اِلْتِیَاعًا قَلْبُہٗ: دل کا غم یا عشق سے
جل اٹھنا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ہَاعٌ لَاعٌ وہَاعٌ و
لَاعٌ" یعنی بزدل اور خائف اور مؤنث کے لئے
"ہَاعَۃٌ لَاعَۃٌ"۔
اللَّاعِ۔ خائف یا بزدل۔ مریض۔ ج لَاعُوْن
ولَاعَۃٌ واَلْوَاعٌ۔
اللَّاعَۃ۔ اللَّاعِ کا مؤنث۔ تیز خاطر۔ ج لَاعَات
اللَّوْعَۃ۔ لَاعَ کا اسم مرۃ۔ غم یا عشق ومحبت
کی جلن۔ کہا جاتا ہے "فِیْ قَلْبِہٖ لَوْعَۃٌ" اس کے دل میں
سوزش ہے۔ پستان کے سرے کی سیاہی
لَافَ یَلُوْفُ لَوْفًا الطَّعَامَ: کھانا یا چبانا۔
لَافَتِ الدَّابَّۃُ الکَلَأَ: چوپایہ کا سوکھی گھاس کھانا۔
اللُّوْف۔ مص ــــ مِنَ الکَلَأِ اَوِ الطَّعَامِ:
غیر مرغوب گھاس یا کھانا۔
اللُّوْف۔ ایک قسم کا پودہ ہے جس کی جڑ میں
جنگلی پیاز کی طرح نکلتا ہے۔ واحد لُوْفَۃ۔
اللُّوْفِیْ۔ ایک قسم کی نباتات ہے جو پرانے
اسہال کے لئے مجرب ہے۔
اللَّیِّف۔ خشک گھاس۔ (اصل اس کی
لَیْوِف ہے)
اللُّوَافَۃ۔ پلیتھن۔
اللَّوَّاف۔ شطرنجی ساز۔
کہا جاتا ہے "کَلَأٌ مَلُوْفٌ"۔ بارش سے تر گھاس۔
لَاقَ یَلُوْقُ لَوْقًا۔ نرم کرنا۔ لَاقَ عَیْنَہٗ: آنکھ
پر مارنا ــــ الدَّوَاۃَ: دوات میں روشنائی
درست کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ لَا یَلُوْقُ عِنْدَکَ"
وہ تمہارے پاس نہیں ٹھہرتا ہے۔
لَوَّقَ تَلْوِیْقًا۔ الطَّعَامَ: گھی یا مکھن سے تیار کرنا۔
اللُّوْق۔ نرم کی ہوئی چیز۔

اللَوَق - بے وقوفی۔

اللَوْقَة - لاق کا اسم مرة - وقت - کہا جاتا ہے ذَهَبَ فُلَانٌ لَوْقَتَهُ فلاں اسی وقت گیا - کہا جاتا ہے - مَاذَاقَ لَوَاقًا: اس نے کچھ نہیں چکھا۔

اللُوْقَة والاَلُوْقَة - مکھن۔

الاَلُوْق - بے وقوف۔

المِلْوَق - دوا فروش کا چمچہ - (مولدة)

لَاكَ يَلُوكُ لَوْكًا اللُّقْمَةَ: لقمہ کو آہستہ چبانا اور منہ میں پھرانا ___ الفَرَسُ اللِّجَامَ: چبانا اور کاٹنا - کہا جاتا ہے هُوَ يَلُوكُ اَعْرَاضَ النَّاسِ وہ لوگوں کی عیب گیری کرتا ہے وَالْكِنِي اِلٰى فُلَانٍ میرا پیغام فلاں کو پہنچا دو۔ (اصل اَلْئِكْنِي ہے)

اللَوَاك چبانے کی چیز کہا جاتا ہے مَاذَاقَ لَوَاكًا

اللُوْلَاءُ سختی وتکلیف - کہا جاتا ہے وَقَعَ فِي اللُّوْلَاءِ وہ سختی میں پڑا۔

لَوْلَا - حرف تحضیض وتندیم ہے - تین طریقوں سے مستعمل ہے۔

(۱) دو جملوں پر داخل ہوتا ہے جس میں پہلا جملہ اسمیہ اور دوسرا فعلیہ ہوتا ہے اور اول کے وجود سے انتفاء ثانی پر دلالت کرتا ہے جیسے لَوْلَا زَيْدٌ لَاَكْرَمْتُكَ اگر زید موجود نہ ہوتا تو میں تیرا اکرام کرتا۔ اور جب لولا کے بعد ضمیر واقع ہو تو ضمیر مرفوع ہونا چاہئے جیسے لَوْلَا اَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِيْنَ۔

اور لَوْلَايَ لَوْلَاكَ لَوْلَاهُ بہت کم سنا گیا ہے۔

(۲) اور تحضیض اور عرض کے لئے اس صورت میں مضارع کے ساتھ خاص ہے چاہے حقیقۃً ہو یا تاویلاً جیسے لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ کیوں تم اللہ سے استغفار نہیں کرتے۔

اور لَوْلَا اَخَّرْتَنِيْ اِلٰى اَجَلٍ قَرِيْبٍ۔

(۳) توبیخ اور تندیم کیلئے - اس صورت میں ماضی کے ساتھ خاص ہے جیسے لَوْلَا جَاءُوْا عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ اور اصل لولا کی لو ہے جو لا کے ساتھ مرکب ہے اور اس کیلئے جواب کا ہونا ضروری ہے۔ اور اس کے جواب میں لام اکثر آتا ہے مگر جبکہ منفی بلم ہو تو لام کا داخل ہونا ممتنع ہے۔

اللَوْلَب - دیکھو مادہ "لوب"۔

لَوَّى لَوْلَاةً - پشت پھیرنا - کہا جاتا ہے لَوَّى مُدْبِرًا۔

لَامَهُ يَلُوْمُهُ لَوْمًا وَمَلَامًا وَمَلَامَةً فِي كَذَا وَعَلٰى كَذَا: ملامت کرنا - صفت فاعل لائم وصفت مفعولی مَلُوْمٌ وَمَلِيْمٌ۔

لِيْمَ بِهِ: کاٹا جانا۔

لَوَّمَ تَلْوِيْمًا - ملامت کرنا - تشدید مبالغہ کے لئے ہے - لَوَّمَ لامًا: حرف لام لکھنا۔

لَاوَمَهُ مُلَاوَمَةً وَلِوَامًا ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔

اَلَامَهُ اِلَامَةً - ملامت کرنا - صفت فاعل مُلِيْم اور صفت مفعولی مُلَام اور اسم المَلَامَة - ج مَلَاوِم - اَلَامَ الرَّجُلُ: مستحق ملامت فعل کرنا۔

تَلَوَّمَ تَلَوُّمًا فِي الاَمْرِ: انتظار کرنا - دیر کرنا۔

تَلَاوَمُوْا - بعض کا بعض کو ملامت کرنا۔

اِلْتَامَ اِلْتِيَامًا - ملامت قبول کرنا۔

اِسْتَلَامَ اِسْتِلَامًا - مستحق ملامت ہونا - ___ اِلٰى ضَيْفِهِ: اچھا سلوک نہ کرنا ___ اِلَيْهِمْ: ایسا فعل کرنا جس پر لوگ ملامت کریں۔

اللَائِم - فا - ج لُوَّم ولُوَّام ولُيَّم۔

اللَائِمَةُ - لائم کا مؤنث - ملامت - کہا جاتا ہے اِسْتَحَقَّ اللَائِمَةَ مستحق ملامت ہے - ج لَوَائِم۔

اللَام - خوف - وجود - نزدیکی - ہر چیز کا سخت جز - حرف لام - ج لامات۔

اللَوْم - مص - ملامت - خوف۔

اللُوْم - لُؤم کا تخفیف شدہ۔

اللُوَم - بہت ملامت۔

اللَوْمَى واللَوْمَاء - ملامت۔

اللَامَة - خوف - کہا جاتا ہے جَاءَ بِلَامَةٍ قابل ملامت فعل کیا۔

اللَوْمَة - لام کا اسم مرة - کہا جاتا ہے جَاءَ بِلَوْمَةٍ ایسا کام کرنا جس پر ملامت کی جائے۔

اللُوْمَة - جس کو لوگ ملامت کریں - انتظار کہا جاتا ہے لِيْ فِيْهِ لُوْمَةٌ "مجھے اس کا انتظار ہے"۔

اللُوَمَة - جو لوگوں کو بہت ملامت کرے۔

اللَوَّام واللَوَّامَة - بہت ملامت کرنے والا۔ "النَّفْسُ اللَّوَّامَةُ" وہ نفس جو کسی غلطی کے ارتکاب پر ملامت کرے۔

اللَامِيُّ - لام کی جانب منسوب۔

لَامِيَّةُ العَجَمِ: طغرائی کا قصیدہ لامیہ - لَامِيَّةُ العَرَبِ: شنفری کا قصیدہ لامیہ۔

کہا جاتا ہے - اَنْتَ اَلْوَمُ مِنْ فُلَانٍ - تو فلاں سے زیادہ قابل ملامت ہے۔

المُتَلَوِّم فا - برے فعل کی وجہ سے قابل ملامت، حاجت پوری کرنے کا منتظر۔

لَوَّنَ تَلْوِيْنًا الشَّيْءَ: رنگین کرنا ___ البُسْرُ: پختگی کا اثر ظاہر ہونا - کہا جاتا ہے لَوَّنَ الشَّيْبُ فِيْهِ "بالوں میں سفیدی ظاہر ہوئی"۔

تَلَوَّنَ الشَّيْءُ: رنگین ہونا - مختلف رنگ کا ہونا ___ الرَّجُلُ: متلون مزاج ہونا۔

اِلْوَنَّ اِلْوِنَانًا - بمعنے تَلَوَّنَ۔

اللَوْن - جو ایک چیز کو دوسرے سے ممتاز کردے - رنگ - ج اَلْوَان۔

اللَوْن - قسم - کہا جاتا ہے عِنْدَهُ لَوْنٌ مِنَ الثِّيَابِ "اس کے پاس کپڑے کی ایک قسم ہے"۔ وَتَنَاوَلَ كَذَا وَكَذَا لَوْنًا مِنَ الطَّعَامِ اس نے فلاں فلاں قسم کے کھانے کھائے - اور کہا جاتا ہے اَتٰى بِاَلْوَانٍ مِنَ الحَدِيْثِ اس نے مختلف قسم کی باتیں کیں۔

التَلْوِيْن - مص - تفکہ اور تلذذ کیلئے مختلف قسم کے کھانے پیش کرنا - کلام میں ایک اسلوب سے دوسرے اسلوب کو اختیار کرنا۔

المُتَلَوِّن - فا - جو ایک حالت وکیفیت پر قائم نہ رہے۔

لَاهَ يَلُوْهُ لَوْهًا وَلُوْهَانًا وَتَلَوَّهَ السَّرَابُ: چمکنا۔

اللَاهَة - سانپ۔

لَوَّهَ السَّرَابُ لَوْهَتَهُ وَلُؤُوْهَتَهُ - سراب

کی چمک۔

لَوَاہُ (واویۃ العین واللام) یَلْوِیہِ لَیًّا و لِیًّا و لَیَّانًا و لِیَّانًا دَیْنَہٗ و بِدَیْنِہٖ: قرض میں ٹال مٹول کرنا — فلانًا بِحَقِّہٖ: حق کا انکار کرنا۔

لَوِیَ یَلْوَیٰ لَوًی القِدْحُ او الرَّمْلُ: تیر یا ریت کا ٹیڑھا ہونا — النَّبْتُ: نباتات کا خشک ہونا — المِعْدَۃُ او الظَّھْرُ: معدہ کا درد والا ہونا۔ پیٹھ کا خمیدہ ہونا۔ صفت مذکر لَوٍ۔ صفت مؤنث لَوِیَۃٌ۔ لَوِیَتْ لَوًی: الحَیَّۃُ سانپ کا کنڈلی مارنا۔

لَاوَتْ مُلَاوَاۃً و لِوَاءً۔ الحَیَّۃُ الحَیَّۃَ: سانپ کا سانپ پر لپٹنا۔

اَلْوَیٰ اِلْوَاءً القومُ: ریت کے موڑ پر پہنچنا — الرَّجُلُ: خشک کھیتی والا ہونا۔ دوسرے کیلئے جو کھانا چھپاکر رکھا ہو اس کو کھانا۔ امیر کے جھنڈے کو سینا — الاَمِیْرُ لِوَاءً: امیر کا کسی کیلئے جھنڈا نصب کرنا — البَقْلُ: سبزی کا مرجھانا — فُلَانٌ: بہت تمنا کرنا — بِیَدِہٖ او بِثَوْبِہٖ: ہاتھ یا کپڑے سے اشارہ کرنا — بِہٖ: لیجانا — بِحَقِّ فُلَانٍ: حق کا انکار کرنا — بِمَا فِی الاِنَاءِ: اپنے لئے خاص کرنا — بِھِمُ الدَّھْرُ: ہلاک کرنا — بِکَلَامِہٖ: کلام میں تبدیلی کرنا — النَّبْتُ: نباتات کا خشک ہونا فُلَانٌ اللِّوَاءَ: بلند کرنا اور نصب کرنا۔

تَلَوَّیٰ تَلَوِّیًا الشَّیْءُ: مڑنا — البَرْقُ فِی السَّحَابِ: بجلی کا بادل میں پراگندہ چمکنا۔

تَلَاوَوْا تَلَاوِیًا عَلیٰ فُلَانٍ: جمع ہونا۔ وتلاویا ایک دوسرے پر لپٹنا۔

اِلْتَوَیٰ اِلْتِوَاءً القِدْحُ او الرَّمْلُ: تیر یا ریت کا ٹیڑھا ہونا — عَلَیْہِ الاَمْرُ: دشوار ہونا — الشَّیْءُ: مڑنا — لَوِیَّۃً: دوسرے کے لئے کھانا چھپاکر رکھنا۔

اِسْتَلْوَیٰ بِھِمُ الدَّھْرُ: ہلاک کرنا۔

اللَّاوُوْنَ و اللَّاؤُوْ۔ اَلَّذِیْنَ کی جمع۔

اللَّاوِیْ۔ اسم فاعل۔ ج لَاوُوْنَ و لُوَاۃٌ۔

اللَّاوِیْ لاوی بن یعقوب بن اسحٰق بن ابراہیم علیھم السلام کی جانب منسوب۔

سِفْرُ اللَّاوِیِّیْنَ۔ موجودہ بائیبل کی کتابوں میں سے ایک کتاب۔

اللِّوَاءُ۔ جھنڈا۔ اور یہ رایت سے چھوٹا ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ لواء اس وجہ سے کہتے ہیں کہ بڑے ہونے کی وجہ سے موڑ کے رکھا جاتا ہے اور ضرورت ہی کے وقت کھولا جاتا ہے۔ ج اَلْوِیَۃٌ و اَلْوِیَاتٌ۔ کہا جاتا ہے۔ بَعَثُوْا بِالسِّوَاءِ و اللِّوَاءِ۔

اللَّوَیٰ۔ مص معدہ کا درد۔ پشت کی کجی۔

اللَّوَیٰ: بمعنے اللَّاتِیْ جمع اَلَّتِیْ۔

اللُّوَیٰ۔ باطل باتیں۔

اللِّوَیٰ۔ ریت کا موڑ۔ یا ریت کی تنگ جگہ۔ ج اَلْوَاءٌ و اَلْوِیَۃٌ۔

الاَلْوَاءُ۔ وادی کے موڑ۔ مملکت کے اطراف

اللَّوَّاءُ۔ ایک پرندہ۔

اللَّیَّاءُ۔ مؤنث اَلْوَیٰ: پانی سے دور جگہ۔

اللَّاوِیَاءُ۔ ایک قسم کی گھاس' داغ کرنیکا آلہ۔

اللَّوَّۃُ۔ بدصورتی۔

اللُّوَّۃُ و اللِّیَّۃُ۔ عود جس کی دھونی دی جائے

اللِّیَّۃُ: قرابتیں۔

اللَّاتُ۔ زمانہ جاہلیت کے ایک بت کا نام۔

اللَّوِیُّ۔ خشک گھاس۔ مرجھائی ہوئی گھاس'

اللَّوِیُّ۔ ایک درخت کا نام۔

اللَّوِیَّۃُ۔ دوسرے کیلئے چھپاکر رکھا ہوا کھانا۔ ج لَوَایَا۔

الاَلْوَیٰ۔ سخت جھگڑالو۔ سخت جنگجو۔ تنہا گوشہ نشین۔ مؤنث لَیَّاءُ۔ الاَلْوَیٰ مِنَ الطَّرِیْقِ: دور کا غیر معروف راستہ۔ ٹیڑھا سینگ۔ خِلْقَۃً مڑی ہوئی دُم۔ ج لُیٌّ بالضم۔ اور قیاس کے مطابق لِیٌّ کسرہ یاء کی مناسبت سے ہونا چاہیئے۔ کہا جاتا ہے۔ رَمَاہُ اللّٰہُ بِاَخْوَی الاَلْوَیٰ۔ خدا اسکو بڑی مصیبت میں مبتلا کرے۔

لَوَیٰ (واویۃ العین یائیۃ اللام) یَلْوِیْ لَیًّا و لُوِیًّا و لِوِیًّا الحَبْلَ: رسی بٹنا۔ موڑنا — الغُلَامُ: لڑکے کا بیس سال کا ہونا — عَنِ الاَمْرِ: سستی کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَوَتِ اللَّیَالِیْ کَفَّہٗ عَلَی العَصَا" یعنی بوڑھا بنا دیا (— لَیًّا و لَیَّانًا) اَمْرَہٗ عَنِّیْ: پوشیدہ رکھنا — سِتْرَہٗ: چھپانا — الحُزْنُ قَلْبَہٗ: پھیر دینا — عَلَیْہِ: مڑنا یا انتظار کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ لَا یَلْوِیْ عَلیٰ اَحَدٍ" وہ اس حال میں گذرا کہ نہ تو ٹھیرتا ہے نہ انتظار کرتا ہے — رَاْسَہٗ او بِرَاْسِہٖ: پھیرنا یا اعراض کرنا۔ لَوَتِ النَّاقَۃُ بِذَنَبِھَا: حرکت دینا — فُلَانًا عَلیٰ فُلَانٍ: فضیلت دینا۔ اور کہا جاتا ہے۔ "فُلَانٌ لَا یُلْوَیٰ ظَھْرُہٗ" جبکہ شدت بیان کرنی مقصود ہو

لَوَّیٰ تَلْوِیَۃً۔ عَلَیْہِ الاَمْرَ: دشوار کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَوَّیٰ اَعْنَاقَ الرِّجَالِ" یعنی ان کے اوپر غالب آگیا

اَلْوَیٰ اِلْوَاءً۔ بِرَاْسِہٖ: پھیرنا۔ اَلْوَتِ النَّاقَۃُ بِذَنَبِھَا" دم ہلانا۔

تَلَوَّیٰ تَلَوِّیًا و الْتَوَیٰ اِلْتِوَاءً الحَبْلُ: رسی کا بٹا جانا۔

تَلَوَّتِ الحَیَّۃُ: کنڈلی مارنا۔

اِلْتَوَیٰ۔ الاَمْرُ: دشوار ہونا — عَنِ الاَمْرِ: سستی کرنا۔

المَلَاوِیْ۔ مڑے ہوئے راستے۔ کہا جاتا ہے "سَلَکُوْا المَلَاوِیَ"۔

مُلْتَوَیٰ۔ الوَادِیْ: وادی کا موڑ۔

اللَّیَّۃُ۔ لَوَیٰ کا اسم مرۃ۔ ج لَوًی۔

اَلْیَاَتْ اِلْیَاءً۔ النَّاقَۃُ: اونٹنی کا سست چلنا۔

لَاتَہٗ یَلِیْتُہٗ لَیْتًا۔ عَنْ کَذَا: روکنا۔ پھیرنا۔ لَاتَ زَیْدًا حَقَّہٗ: حق کا گھٹانا۔

اَلَاتَہٗ اِلَاتَۃً۔ عَنْ کَذَا: روکنا۔ پھیرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَلَاتَہٗ مِنْ عَمَلِہٖ شَیْئًا" اس نے اس کے عمل میں کچھ کم نہیں کیا۔

اللِّیْتُ۔ کنارہ گردن تثنیہ لِیْتَانِ ج اَلْیَاتٌ

لَاتَ۔ دیکھو۔ ل ا ت۔

لَیْتَ۔ حرف تمنی ہے۔ مستحیل پر اکثر آتا ہے جیسے لَیْتَ الشَّبَابَ یَعُوْدُ۔ کاش جوانی لوٹتی۔ اور ممکن پر کم جیسے لَیْتَ العَلِیْلَ صَحِیْحٌ۔ کاش بیمار تندرست ہوتا اور یہ اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے اور لیت کیساتھ ما متصل ہوتا ہے۔ مگر پھر بھی اسماء ہی پر داخل ہوتا ہے اسی وجہ سے لیتما قام زیدٌ

کہنا جائز نہیں اور اس وقت عمل و ابطال عمل دونوں جائز ہیں عمل تو اختصاص بالاسماء کی وجہ سے اور ابطال عمل دوسرے حروف مشبہ بالفعل پر حمل کی وجہ سے۔

اور جب لَیتَ کے ساتھ یاء متکلم متصل ہو تو لَیتَنِی ولَیتِی دونوں کہا جاتا ہے۔ مگر لیتی نادر ہے۔

لَیَّثَ تَلْیِیْثًا ولَیِثَ وتَلَیَّثَ تَلَیُّثًا الرَّجُلُ: شیر جیسا ہونا۔

لَایَثَہٗ مُلَایَثَۃً۔ شیر جیسا معاملہ کرنا۔ شیر کی صفت میں فخر کرنا۔

اِسْتَلْیَثَ۔ شیر جیسا ہونا۔

اللَّائِث۔ شیر۔

اللَّیْث۔ شیر۔ ایک قسم کی مکڑی۔ قوت و شدت، زبان آور بلیغ۔ ج لُیُوْث ومَلْیَثَۃٌ۔

اللَّیْثَۃ۔ شیرنی۔ مضبوط اونٹنی۔ ج لَیْثَات

الْأَلْیَث۔ بہادر۔ مؤنث لَیْثَاء۔ ج لِیْثٌ اور کہا جاتا ہے ہُوَ أَلْیَثُ أَصْحَابِہٖ" وہ اپنے ساتھیوں میں زیادہ قوی اور مضبوط ہے۔

الْمُلْیَثُ۔ مضبوط قوی۔

الْمُلَیَّث۔ موٹا۔ خوار و ذلیل۔

اللَّیَاد۔ تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "تَرَکْتُ لَہٗ لَیَادًا" میں نے اس کے لئے کچھ نہیں چھوڑا۔

لَاذَ یَلِیْذُ لَیْذًا۔ الرَّجُلُ: پناہ لینا۔

الْمَلِیْذ۔ جائے پناہ۔

لَیِسَ یَلْیَسُ لَیَسًا الرَّجُلُ: دلیر و بہادر ہونا ۔۔۔ عَنْہُ: غافل ہونا۔

لَیْسَ۔ مختلف طریقے سے مستعمل ہے۔

(۱) نفی حال کیلئے۔ اور قرینہ سے حال کے علاوہ کی بھی نفی کرتا ہے جیسے "لَیْسَ خَلَقَ اللّٰہُ مِثْلَہٗ"

اور یہ ایسا فعل ہے جس کی گردان نہیں آتی۔ اس کا وزن فَعِلَ ہے مگر عین کلمہ کو تخفیفاً ساکن کر دیا گیا ہے اور یہ اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے جیسے "لَیْسَ زَیْدٌ قَائِمًا" اور اس کی خبر کا اس کے اوپر مقدم کرنا جائز نہیں اور کبھی اس کے ذریعہ سے استثناء کیا جاتا ہے جیسے جَاءَنِی الْقَوْمُ لَیْسَ زَیْدًا اس صورت میں اسم ضمیر مستتر ہے اور جو اسم کہ بعد میں واقع ہے وہ بنا بر خبریت کے منصوب ہے۔

(۲) یہ کہ خبر مع الا کے ہو جیسے لَیْسَ الطِّیْبُ إِلَّا الْمِسْکَ

(۳) یہ کہ جملہ فعلیہ پر داخل ہو یا مبتدا و خبر پر کہ دونوں مرفوع ہوں اور اس صورت میں اسم ضمیر شان ہوگی اور جو جملہ کہ بعد میں واقع ہوگا وہ خبر ہوگا اور محلاً منصوب ہوگا۔ جیسے لَیْسَ یَقُوْمُ زَیْدٌ۔ لَیْسَ زَیْدٌ قَائِمٌ"۔ اور لیس کی خبر میں تاکید نفی کیلئے "با" داخل کرتے ہیں اس صورت میں خبر لفظاً مجرور اور محلاً منصوب ہوتی ہے۔ جیسے لَیْسَ اللّٰہُ بِظَالِمٍ۔

تَلَیَّسَ الرَّجُلُ: صاحب قوت ہونا۔

تَلَایَسَ الرَّجُلُ تَلَایُسًا۔ نیک خو ہونا عَنْہُ: چشم پوشی کرنا۔

الْأَلْیَس۔ نڈر۔ بہادر۔ اونٹ کہ جو کچھ لاد دیا جائے اٹھا لے۔ خانہ نشین۔ شیر۔ نیک خو مؤنث لَیْسَاء ج لِیْس کہا جاتا ہے "قَوْمٌ لِیْسٌ وَلُوْسٌ" یعنی سخت قوم "وَإِبِلٌ لِیْسٌ عَلَی الْحَوْضِ" حوض سے نہ جدا ہونے والا اونٹ۔

الْمُلَایِس۔ سُست۔ دیر کرنے والا۔

لَاصَ یَلِیْصُ لَیْصًا۔ بھیگو ہونا ۔۔۔ الشَّیْءَ: اکھیڑنے کے لئے ہلانا۔

أَلَاصَ إِلَاصَۃً الشَّیْءَ: اکھیڑنے کیلئے ہلانا فُلَانًا عَنْ کَذَا: پھسلانا۔

لَاطَ یَلِیْطُ لَیْطًا۔ چمٹنا ۔۔۔ الشَّیْءُ بِقَلْبِہٖ محبوب ہونا۔ دل سے چپکنا ۔۔۔ فُلَانًا بِفُلَانٍ لاحق کرنا ۔۔۔ اللّٰہُ فُلَانًا: لعنت کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا یَلِیْطُ بِہِ النَّعِیْمُ" یعنی نعمت اس کے لائق نہیں۔

لَیَّطَ بِہٖ تَلْیِیْطًا۔ چپکانا۔

أَلَاطَہٗ إِلَاطَۃً۔ چپکانا۔

اللِّیَاط۔ چُو۔ پائخانہ۔ سود۔ رنگ۔

اللَّیْط۔ مع۔ رنگ۔

اللِّیْط۔ رنگ۔ کھال۔ عادت۔ ہر چیز کا چھلکا کہا جاتا ہے "أَتَیْتُہٗ وَلِیْطُ الشَّمْسِ لَمْ یُقْشَرْ" یعنی میں اس کے پاس دن کے ابتدائی حصہ میں قبل اس کے کہ آفتاب کی سرخی زائل ہو آیا۔

اللِّیْطَۃ۔ نرکل بانس وغیرہ کا چھلکا جو چمٹا رہتا ہے، کمان، نیزے کا ڈنڈا۔ ج لِیْط ولِیَاط وأَلْیَاط۔

لَاعَ یَلِیْعُ لَیْعَانًا۔ زرچ ہونا۔ بزدل ہونا۔ گھبرانا (۔۔۔ لَوْعَۃً ولَیْعَۃً) الْجُوْعُ فُلَانًا: بھوک کا سوزش میں مبتلا کرنا۔

أَلَاعَ۔ زرچ ہونا۔ تنگ دل ہونا۔

رِیْحٌ لِیَاعٌ: تیز یا گرم ہوا۔

اللَّیْعَۃ۔ لاع کا اسم مرۃ۔ لَیْعَۃُ الْجُوْعِ: بھوک کی سوزش۔

لَاغَ یَلِیْغُ لَیْغًا۔ الشَّیْءَ: پھسلانا۔ لَاغَ الشَّیْءَ: لینے کے لئے پھسلانا۔

تَلَیَّغَ۔ بے وقوف ظاہر کرنا۔

اللِّیَاغَۃ۔ بیوقوف۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ لِیَاغَۃٌ: بے وقوف مرد۔

اللَّیَغ۔ کامل بے وقوفی۔ کہا جاتا ہے۔ طَعَامٌ سِیْغٌ لِیْغٌ: خوش گوار کھانا۔

الْأَلْیَغ۔ صاف گفتگو نہ کر سکنے والا۔ بیوقوف مؤنث لَیْغَاء ج لِیْغ اور اسی سے مثل ہے "ذَرِیْ بِمَا عِنْدَکِ یَا لَیْغَاءُ" اے بیوقوف عورت جو کچھ تیرے دل میں ہے اس کو بیان کر۔

لَافَ یَلِیْفُ لَیْفًا۔ الطَّعَامَ: کھانا۔

لَیَّفَتْ تَلْیِیْفًا۔ فَسِیْلَۃُ النَّخْلِ: بہت اور موٹی چھال والا ہونا۔ لَیَّفَ فُلَانٌ اللِّیْفَ: لیف کو بنانا۔ الْمُلَیِّفُ فُلَانًا: کسی کی کھال کو کھجور کے ریشے سے ملنا۔

اللِّیْف۔ کھجور کے درخت کی چھال۔ واحد لِیْفَۃ

اللِّیْفَانِی۔ کھجور کی چھال کے مشابہ۔ لِحْیَۃٌ لِیْفَانِیَّۃٌ۔ گھنی اور پھیلی ہوئی داڑھی۔

الْمُلَیِّف۔ حمام میں کھجور کی چھال سے بدن کو ملنے والا ملازم۔

لَاقَ الدَّوَاۃَ یَلِیْقُہَا لَیْقًا ولَیْقَۃً۔ صوف ڈالنا۔ روشنائی درست کرنا۔ دوات کو لِیْقَۃ کہتے ہیں۔ لَاقَتِ الدَّوَاۃُ: روشنائی کا صوف سے چمٹنا

لَاقَ یَلِیْقُ لَیْقًا ولِیَاقَۃً ولِیَاقًا ولَیَقَانًا بِفُلَانٍ: پناہ لینا اور چمٹنا ۔۔۔ بِہِ الثَّوْبُ: بدن

کے مناسب ہونا - کہا جاتا ہے "مَا لِقْتُ بَعْدَكَ بِأَرْضٍ" میں تیرے بعد کسی زمین میں نہیں رہا - "وَہٰذَا أَمْرٌ لَا يَلِيقُ بِكَ وَلَا يَلِيقُكَ" یہ کام تمہارے مناسب نہیں اور کہا جاتا ہے "مَا يَلِيقُ أَنْ تَفْعَلَ كَذَا" تمہارے لئے یہ مناسب نہیں کہ تم ایسا کرو - "وَفُلَانٌ لَا يَلِيقُ بِبَلَدٍ" فلاں کسی شہر میں نہیں ٹھیرتا۔

لَيَّقَ الطَّعَامَ: کھانے کو نرم کرنا ـــــ الثَّرِيدَ بِالسَّمْنِ: زیادہ گھی ڈالنا۔

أَلَاقَ الدَّوَاةَ إِلَاقَةً - صوف ڈالنا - اور روشنائی درست کرنا ـــــ فُلَانًا بِنَفْسِهِ: اپنے ساتھ لگالینا - کہا جاتا ہے "مَا أَلَاقَتْنِي الْبَصْرَةُ" یعنی میں بصرہ میں نہیں ٹھیرا "وَفُلَانٌ مَا يُلِيقُهُ بَلَدٌ" فلاں کسی شہر میں نہیں ٹھیرتا - "وَفُلَانٌ مَا تُلِيقُ يَدُهُ شَيْئًا" یعنی فلاں کے ہاتھ میں کوئی چیز نہیں ٹھیرتی "وَہٰذَا سَيْفٌ لَا يُلِيقُ شَيْئًا" یعنی یہ ایسی تلوار ہے کہ ہر چیز کو کاٹ دیتی ہے

اِلْتَاقَ اِلْتِيَاقًا فُلَانٌ بِفُلَانٍ: دوستی کرنا ـــــ لَہٗ: چمٹنا ـــــ الرَّجُلُ: بے نیاز ہونا - اور کہا جاتا ہے "اِلْتَاقَ قَلْبِي بِفُلَانٍ" میرا دل فلاں کے ساتھ لگ گیا۔

اِسْتَلَاقَہٗ - بہٖ: چپکانا۔

اللِّيَاقُ - چراگاہ - ثابت قدمی مستقل مزاجی۔

اللِّيَاقُ - آگ کا شعلہ۔

اللِّيقُ - ایک سیاہ چیز ہے جس کو سرمہ میں ملاتے ہیں۔

اللِّيقُ - چھوٹے چھوٹے بادل کے ٹکڑے۔

اللِّيقَةُ - اسم ہے لاق سے - دوات کا صوف دیوار میں لگانے کی مٹی - ج لِيَقٌ۔

وَجْہٌ مُلْتَاقٌ - خوب صورت ودل پسند چہرہ اور اصل مُلْتَاقٌ بہ ہے۔

لَايَلَهُ مُلَايَلَةً - رات کیلئے اجرت پر لینا اور کہا جاتا ہے "عَامَلَهُ مُلَايَلَةً" لیل سے جیسے "عَامَلَهُ مُيَاوَمَةً" یوم سے۔

أَلَالَ الْقَوْمُ إِلَالًا وَأَلْيَلُوا إِلْيَالًا - رات میں داخل ہونا۔

لَيْلٌ لَائِلٌ - لمبی کالی رات - مہینے کی کالی رات

اللَّيْلُ - رات (مذکر و مونث) ج اللَّيَالِي - یا کی زیادتی کے ساتھ خلافِ قیاس - اور لَيَائِلُ بھی کہا گیا ہے۔

اور کہا گیا ہے کہ لَيْلٌ واحد معنیٰ میں جمع کے ہے اور اس کا واحد لَيْلَةٌ ہے جیسے تَمْرٌ و تَمْرَةٌ - اور کہا گیا ہے کہ لَيْلٌ مثل لَيْلَةٍ ہے جیسے کہ عَشِيٌّ و عَشِيَّةٌ مگر فرق یہ ہے کہ لیل نہار کے مقابل ہے اور لیلۃ یوم کے۔

اللَّيْلِيُّ - لیل کی جانب منسوب - وہ شخص جو رات کو چلنا پسند کرے۔

لَيْلَى الْخَمْرِ: شراب کا اٹھنا - أُمُّ لَيْلَى: کالی شراب

لَيْلَةٌ لَيْلَاءُ وَلَيْلَى - سخت کالی طویل رات جیسے لَيْلٌ لَائِلٌ۔

اللَّيْلَةُ - رات - یا لیل کا واحد - ج لَيْلَاتٌ۔

لَيْلٌ أَلْيَلُ وَمُلَيَّلٌ - سخت کالی طویل رات مانند لَيْلٌ لَائِلٌ کے۔

اللِّيمُ - صلح - شکل صورت میں مشابہ - کہا جاتا ہے "ہُوَ لِيمُہٗ" وہ اس کے شکل وصورت میں مشابہ ہے

اللَّيْمُونُ - لیمو (دخیل)

لَانَ يَلِينُ لِينًا وَلِيَانًا وَلِينَةً - نرم ہونا صفت لَيِّنٌ وَلَيْنٌ - اور اسم اللِّيَانُ - بمعنے نرمی۔

لَيَّنَ الشَّيْءَ تَلْيِينًا وَأَلَانَهُ إِلَانَةً وَأَلْيَنَهُ إِلْيَانًا - نرم کرنا - کہا جاتا ہے "أَلَانَ لِلْقَوْمِ جَنَاحَهُ" اس نے قوم سے نرم برتاؤ کیا۔

لَايَنَهُ مُلَايَنَةً وَلِيَانًا - نرمی کرنا - نرم برتاؤ کرنا - مداہنت کرنا۔

تَلَيَّنَ الشَّيْءُ تَلَيُّنًا: نرم ہونا ـــــ لِفُلَانٍ: چاپلوسی کرنا۔

اِسْتَلَانَ اِسْتِلَانَةً - الشَّيْءَ: نرم سمجھنا نرم پانا

اللِّيَانُ بعہ - آسودہ زندگی - کہا جاتا ہے "ہُوَ فِي لِيَانٍ مِنَ الْعَيْشِ" وہ آسودہ زندگی اور ناز و نعمت میں ہے۔

اللَّيِّنُ - نرم - ج لَيِّنُونَ - اور اتباع کی بنا پر کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ہَيِّنٌ لَيِّنٌ"۔

اللِّينُ - مع - عجوہ کھجور کے علاوہ ہر ایک قسم کی کھجور کا درخت واحد لِينَةٌ۔

اللِّينَةُ - لین کا مؤنث - لان کا اسم مرۃ - تکیہ اور اس کو نرمی کی بنا پر لینۃ کہتے ہیں۔

اللِّينَةُ - مع - لان کا اسم نوع - کمزوری - ڈھیلاپن

اللَّيَانَةُ - نرمی

اللَّيْنُ - نرم - ج لَيْنُونَ - و أَلْيِنَاءُ۔

الْأَلْيَنُ - نرم - ج الْأَلَايِنُ - بہت نرم۔

الْمَلْيَنَةُ - نرمی - کہا جاتا ہے "إِنَّہٗ لَذُو مَلْيَنَةٍ" وہ نرمی ومہربانی والا ہے۔

الْمُلَيِّنُ مِنَ الْأَدْوِيَةِ - قبض کشا دوا۔

اللَّيْنُوفَرُ وَالنَّيْلُوفَرُ - کنول کا پھول۔

لَاهَ يَلِيهُ لَيْهًا - چھپنا - بلند ہونا۔

اللِّيوَانُ - ایوان - محل جو کشادہ ہو اور تین طرف سے گھرا ہوا ہو۔

اللِّيَاءُ - بِيَاءِ الْعَيْنِ وَاللَّامِ - ایک قسم کا سفید غلہ (ـــــ وَاللَّيَاءُ) پانی سے دور جگہ۔

م

م - حرف ہے جو جمع ذکور پر دلالت کرتا ہے۔ جیسے "ذٰلِكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُونَ فِي الْأَرْضِ" اور کبھی حرف قسم ہوتا ہے اور لفظ اللہ کے ساتھ مخصوص ہے، جیسے "مُ اللّٰہِ لَأَفْعَلَنَّ" اور کبھی حروف جر کے بعد استفہام ہوتا ہے جیسے "بِمَ وَعَلَامَ" اور اصل میں یہ مَا استفہامیہ ہے جس میں سے الف محذوف ہو اور میم کی حرکت فتحہ کی باقی رہ گئی۔

مَا - دو قسمیں ہیں - حرفیہ و اسمیہ۔

حرفیہ کی چند قسمیں ہیں۔

(۱) نافیہ - جیسے "مَا ہٰذَا بَشَرًا"

(۲) زائدہ - جیسے "فَبِمَا رَحْمَةٍ مِنَ اللّٰہِ لِنْتَ لَہُمْ"

(۳) کافہ - جیسے "كَأَنَّمَا يُسَاقُونَ إِلَى الْمَوْتِ"۔

(۴) مصدریہ جیسے "وَضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ"

(۵) مصدریہ ظرفیہ جیسے "وَاَوْصَانِی بِالصَّلٰوۃِ وَالزَّکٰوۃِ مَا دُمْتُ حَیًّا"۔

اسمیہ کی قسمیں حسب ذیل ہیں۔

(۱) استفہامیہ۔ اور اس سے غیر ذوی العقول کے متعلق سوال ہوتا ہے جیسے "مَا عِنْدَکَ" تمہارے پاس کیا ہے۔ اور ذوی العقول کی صفات کے متعلق بھی سوال کیا جاتا ہے جیسے "مَا زَیْدٌ" اس کے جواب میں مثلاً عاقل یا احمق کہا جائے گا۔

اور جب اس پر حرف جار داخل ہو تو الف محذوف ہوتا ہے اور فتحہ میم پر باقی رہتا ہے جیسے بِمَ وعَلامَ اور کبھی میم ساکن کیا جاتا ہے۔

(۲) موصولہ جیسے "مَا عِنْدَکُمْ یَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰہِ بَاقٍ"

(۳) وہ جو جزا کے لئے ہو جیسے "مَا یَفْعَلْ اَفْعَلْ"

(۴) وہ جو تعجب کیلئے ہو جیسے "مَا اَحْسَنَ زَیْدًا"۔

(۵) وہ جو فعل کیساتھ مصدر کی تاویل میں ہو جائے۔ جیسے "بَلَغَنِی مَا صَنَعْتَ"

(۶) وہ جو نکرہ ہو اور اس کیلئے صفت لازم ہو جیسے "مَرَرْتُ بِمَا مُعْجِبٍ لَکَ"

(۷) وہ جو ابہام کیلئے ہو جیسے "اَعْطِنِی کِتَابًا مَا" یعنی کوئی کتاب مجھے دو۔ جَاءَ لِاَمْرٍ مَا کسی کام کیلئے آیا۔ اس کا نام ابہامیہ ہے۔ اور غَسَلْتُہٗ غَسْلًا نِعِمَّا کی تقدیر غَسَلْتُہٗ نِعْمَ الْغَسْلُ ہے۔

اَلْمَاهِيَّةُ مِنَ الْاَمْرِ اَوِ الشَّيْءِ: حقیقت طبیعت قوام شئی یا ہر وہ چیز جو ماہو کے جواب میں واقع ہو۔

الماء۔ دیکھیے موہ۔

مَؤُجَ (ک) مُؤُوجَۃً۔ بے وقوف ہونا۔

—— الماءُ: پانی کا کڑوا وکھاری ہونا۔

المَائِجُ۔ بے وقوف۔ مضطرب۔ اضطراب۔ کڑوا کھاری پانی۔

مَأَدَ (ف) مَأْدًا۔ النَّبَاتُ اَوِ الشَّجَرُ: نباتات کا لہلہانا۔ تروتازہ ہونا۔ جڑیں پانی بہتا ہوا ہونا۔ نرم ونازک ہونا۔

اَمْأَدَ الرِّيُّ النَّبَاتَ: نباتات کو تروتازہ کرنا۔

اِمْتَأَدَ الْخَيْرَ: بھلائی حاصل کرنا۔

المَأْدُ والْيَمْؤُودُ۔ تروتازہ ونرم نازک۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ اَوْ غُصْنٌ مَأْدٌ وَيَمْؤُودٌ وَجَارِيَةٌ مَأْدَةٌ وَيَمْؤُودٌ وَيَمْؤُودَةٌ "نرم ونازک (مرد یا شاخ یا لڑکی)

المَيْئَلُ۔ نازک۔ ناز پروردہ۔

مَأَرَ (ف) مَأْرًا السِّقَاءَ: وسیع کرنا —— بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد کرا دینا۔ فساد پر اکسانا۔

مَئِرَ (س) مَأَرًا۔ الْجُرْحُ: زخم کا خراب ہونا اور سوجنا —— عَلَى فُلَانٍ: دشمنی سوچنا۔

اِمْتَأَرَ عَلَى فُلَانٍ: کینہ کرنا۔

مَاءَرَهٗ مِئَارًا وَمُمَاءَرَةً۔ مفاخرت کرنا۔ ہٗ فِي فِعْلِهِ: برابری کرنا۔ مَاءَرَ بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد ڈالنا۔ فساد پر اکسانا۔

تَمَاءَرَ تَمَاؤُرًا۔ ایک دوسرے پر فخر کرنا۔

المَئِرُ مِنَ الْاُمُوْرِ: سخت دشوار (—— و المئر) فساد انگیز۔

المِئْرَةُ۔ عداوت۔ چغل خوری۔ ج مِئَرٌ۔ اَمْرٌ مَئِيْرٌ۔ سخت۔

مَأَسَ (ف) مَأْسًا عَلَيْهِ: غضبناک ہونا —— بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد انگیزی کرنا —— الدَّبَّاغُ الْجِلْدَ: چرم ساز کا کھال کو ملنا دلنا —— وَمَئِسَ (س) مَأَسًا) الْجُرْحُ: زخم کا کشادہ ہونا۔

المَأْسُ۔ مص۔ وہ شخص جو کسی کی نصیحت قبول نہ کرے۔

المَائِسُ والمَأْآسُ والمَؤُوْسُ والمِمْأَسُ والمِمْآسُ۔ چغل خور۔ فساد انگیز۔

مَأَشَ (ف) مَأْشًا عَنْ كَذَا: دفع کرنا۔ ہٹانا۔ مَأَشَ الْمَطَرُ الْاَرْضَ: سیراب کرنا۔ مطر کو مَئِيْشٌ کہتے ہیں۔

مَئِقَ (س) مَأَقًا الصَّبِيُّ: سسکی لینا صفت مَئِقٌ —— الرَّجُلُ: شدت غیظ سے رونے لگنا۔

اَمْأَقَ۔ سسکی لینا۔

اِمْتَأَقَ۔ سسکی لینا —— غَضَبُهٗ: سخت غضبناک ہونا —— اِلَى الْبُكَاءِ: روانسا ہونا۔

المُأْقُ والمُؤْقُ والمُوقُ ج آمَاقٌ واَمْآقٌ ومَوَاقٍ ومَآقٍ۔ والمُؤْقِيُّ والمُؤْقِئُ والمَأْقِيُّ۔ ج مَآقٍ: ناک کی طرف کا گوشہ چشم۔ المُؤْقُ والمُوقُ مِنَ الْاَرْضِ: زمین کے پست کنارے۔ ج آمَاقٌ

المَأَقُ۔ زیادتی گریہ۔

المَأْقَةُ۔ شرم وعار سے کراہت۔ شدۃ غضب حمیت۔

المَئِقُ۔ جلدی رو پڑنے والا۔ اور اسی کی مثل ہے۔ "اَنَا تَئِقٌ وَاَنْتَ مَئِقٌ" دو مختلف مزاج لوگوں پر بولی جاتی ہے اس لئے کہ تئق جلدی کر شرارت کرنے والے کو اور مئق جلدی کر رونے والے کو کہتے ہیں

المَأْقَةُ۔ سسکی۔ گریہ وزاری۔

المَوَاقِئُ۔ ناک کی طرف کے آنکھ کے گوشے واحد۔ مَأْقِئٌ۔

مَأَلَ وَمَئِلَ (ف س) وَمَؤُلَ (ک) مُؤُولَةً ومَآلَةً۔ موٹا ہونا۔ صفت مَئِلٌ ومَآلٌ۔ کہا جاتا ہے جَاءَهُ اَمْرٌ مَا مَأَلَ لَهٗ مَأَلًا اس پر ایسا معاملہ آپڑا جس کیلئے وہ تیار نہیں تھا اور نہ اس کو اس کا علم تھا۔

المَأْلُ۔ جائے پناہ۔

المَأْلَةُ۔ باغیچہ۔ ج مَأْلٌ۔

المُمْتَئِلُ۔ لمبا سیدھا مرد۔

المَأْجُ۔ کرنی۔ کہگل کرنے کا آلہ ج مَآجٌ (دخیل) اس کیلئے فصیح عربی اَلْمِسْيَعَۃُ ہے۔

مَأْمَأَتْ مَأْمَأَةً۔ الشَّاةُ اَوِ الظَّبْيَةُ: بکری یا ہرن کا ممیانا۔

مَأَنَ (ف) مَأْنًا۔ الرَّجُلَ: نان پر مارنا۔ چوکنا رہنا۔ پرہیز کرنا —— الْقَوْمَ: نان نفقہ برداشت کرنا۔ اور مَانَ يَمُونُ اجوف واوی سے بھی مستعمل ہے "اَتَانِی هٰذَا الْاَمْرُ فَمَا مَأَنْتُ لَهٗ مَأْنًا مَأَنْتُ مَأْنَهٗ" مجھے یہ معاملہ پیش آیا اور میں نے اس کی پروا نہیں کی۔ اور نہ مجھے اس کا علم ہوا۔ وَاِئْتِ مَأْنَكَ و اِشْأَنْ شَأْنَكَ۔ یعنی جو تمہیں اچھا معلوم ہو کرو۔ وَاَتَاهُ مَأْنَهٗ

مَأَّنَ تَمْئِيْنًا وتَمْئِنَةً۔ الشَّيْءَ: تیار کرنا —— فُلَانًا: خبردار کرنا۔ جتانا (—— وَمَاءَنَ) فِي الْاَمْرِ: غور کرنا سوچنا۔

تَمَاءَنَ تَمَاؤُنًا الشَّيْءُ: پرانا ہونا۔ کہنہ ہونا۔

المأنة - ناف - ناف کا گرد اگرد - ج
مأنات ومؤون - خلاف قیاس (جیسے بدرة و
بدور) (— والمأن) کمر - المأن: کدال -
المؤنة والمؤونة - خوراک - سختی وبوجھ
ج مؤن -
المئنة - علامت -
الممأنة - سزاوار - لائق - مناسب - کہا
جاتا ہے ہو ممأنة لکذا یعنی وہ اسکے مناسب ہے،
مأ یموء مواء السنور: بلی کا میاؤں میاؤں
کرنا -
مأ یموء موءا - الجلد: کھال کو پھیلانے
کیلئے کھینچنا — بینہم: فساد انگیزی کرنا -
تمأی تمئیا الجلد: کھال کھنچکر چوڑی ہونا
— الشر بینہم: فساد پھیلنا -
المأوة - پست زمین ج مأو -
مأی یمأی مأیا - الجلد: کھال کو کھینچنا -
القوم: اپنے کو شامل کر کے سو پورا کرنا - قوم کو
ممئیون کہتے ہیں — بینہم: فساد انگیزی کرنا
— فی الامر: مبالغہ کرنا — الشجر: درخت کا
پتوں والا ہونا -
أمأی إمآء - القوم: سو ہونا - صفت ممؤون
القوم: اپنے آپ کو شامل کر کے سو پورا کرنا -
تمأی تمئیا - السقاء: کشادہ ہونا - کھنچنا -
الشر بین القوم: فساد پھیلنا -
المائة - سو - ج مئات ومئون ومئون
ومأی اور نسبت کے لئے مئوی - لفظ مائة میں
الف لکھا جاتا ہے پڑھا نہیں جاتا - کہا جاتا ہے -
شارطہ ممآءاة - یعنی اس نے سو کی شرط کی جیسے
کہا جاتا ہے شارطہ مؤالفة یعنی ہزار کی شرط کی -
متہ (ن) متا - کھینچنا — الحبل: رسی
کو بغیر چرخی کے کھینچنا — الی فلان بقرابة: تعلق
پیدا کرنا - کہا جاتا ہے متت بیننا رحم ماتة ہماری
درمیان قرابت قریبہ ہے — ہ: قرابت ڈھونڈنا
ماتت فلانا: قرابت یاد دلانا -
الماتة - ج مواتّ والمتات وسیلہ -
قرابت - رشتہ داری -
متأہ (ف) متأ بالعصا: لاٹھی سے مارنا
متح (ف) متحا الماء: پانی نکالنا —
الدلو وبہا: ڈول کھینچنا - صفت ماتح ومتوح
فلانا: مارنا پچھاڑنا — الشیء: اکھیڑنا —
الشجرة: کاٹنا — الخمسین: پچاس کے قریب ہونا
متح ومتح وأمتح - الجراد: ٹڈی کا
انڈے دینے کے لئے زمین پر دم کو پٹکنا -
امتتح الشیء: جڑ سے کھینچنا -
تمتحت الابل فی سیرہا: اپنے ہاتھوں سے
آرام لینا -
المتوح - پانی نکالنے والا - دور - بئر متوح
قریب پانی والا کنواں -
المتاح - بہت لمبا - کہا جاتا ہے یوم متاح
وفرسخ متاح -
متخ (ن ض) متخا الشیء: اکھیڑنا، کاٹنا —
الجراد: ٹڈی کا انڈے دینے کیلئے زمین پر دم مارنا
— بالدلو: کھینچنا — ہ بالسہم: تیر مارنا -
— فلانا: مارنا اور دور کرنا — الشیء: بلند
ہونا — فی الشیء: گرنا — بسلحہ: بیٹ کرنا -
الشیء: بلند کرنا — الخمسین: پچاس کے قریب
ہونا — الجاریة: جماع کرنا -
امتخ الشیء: کھینچنا -
عود متیخ - نازک لمبی لکڑی -
المتیخة - چھڑی - لاٹھی - کوڑا -
متد (ن) متودا بالمکان: اقامت کرنا -
متر (ن) مترا - الشیء: کاٹنا — الحبل:
رسی کھینچنا — بسلحہ: بیٹ کرنا — الجاریة:
جماع کرنا -
تماتر - گرنا - تماترو الشیء: کھینچنا -
امتر امتارا - الحبل: رسی کھینچنا اس کی
اصل امتتر ہے پہلی تاء کو میم سے بدل دیا گیا ہے)
المتر - میٹر -
متز (ن) متزا - بسلحہ: بیٹ کرنا -
متس (ض) متسا الشیء: اکھیڑنے کیلئے
بھکانا — (ن) متسا) بالحبس: پائخانہ کرنا -
متشت (س) متشا عینہ: آنکھ کا دھوپ
یا بھوک کی وجہ سے چندھیا جانا - صفت امتش
مؤنث متشاء - ج متش -
متش (ض) متشا الشیء: انگلیوں سے
بکھیرنا - جمع کرنا — اخلاف الناقة: آہستہ آہستہ
دوہنا -
المتش والمتش - جوانوں کے ناخن کی
سفیدی -
متع (ف) متعا ومتعة بالشیء: لیجانا -
متع (ف) متوعا الشیء: لمبا ہونا —
النہار: دن کا بلند ہونا — النبیذ: نبیذ کا سخت
سرخ ہونا — الرجل: زیرک ہونا — السراب:
دن کے ابتدائی حصہ میں بلند ہونا — الحبل: رسی
کا مضبوط ہونا — متعا ومتعا) بفلان: جھوٹ
بولنا — متعا ومتعة) بالشیء: لے جانا -
متع (ک) متاعة الرجل: زیرک ہونا -
متع الشیء: لمبا کرنا — ہ اللہ: طویل عمر دینا
— ہ اللہ بکذا: مدت تک نفع اٹھانے دینا -
— المرأة المطلقة: مطلقہ عورت کو متعہ دینا -
أمتعہ اللہ بکذا: مدت تک نفع اٹھانے دینا -
اور کہا جاتا ہے أبقاک اللہ وأمتع بک یعنی اللہ تمہاری
عمر دراز کرے - أمتع بمالہ: فائدہ اٹھانا —
عن کذا: بے نیاز ہونا - کہا جاتا ہے أمتعنی بفراقہ
اس نے اپنے فراق وجدائی کا سامان مجھے دیا -
تمتع واستمتع بکذا ومن کذا: مدت تک
فائدہ اٹھانا — بمالہ: آسودگی کے ساتھ زندگی
بسر کرنا - تمتع: حج تمتع کرنا -
المتع والمتع - مکر -
المتعة والمتعة - اسم ہے تمتیع کا - تھوڑا توشہ -
تھوڑی خوراک - شکار یا کھانا جس سے فائدہ اٹھایا
جائے - کہا جاتا ہے ابغنی متعة أعیش بہا یعنی میرے لئے
تھوڑی خوراک تلاش کرو جس سے زندگی بسر کر سکوں
المتعة: مشکیزہ، ڈول، رسی - متعة المرأة: قمیص
ازار چادر جو مطلقہ عورت کو دیا جائے اور اس کو

مُتعۃُ الطلاق بھی کہتے ہیں۔ ج مُتَعٌ و مِتَعٌ۔

المَتَاع۔ چاندی و سونے کے علاوہ سامانِ زندگی۔ ہر وہ چیز جس کو انسان پہنے یا بچھاوے ہر وہ چیز جس سے تھوڑا سا فائدہ اٹھایا جائے پھر فنا ہو جائے۔ کہا جاتا ہے اِنَّمَا الحَیٰوۃُ الدُّنیَا مَتَاعٌ ج اَمتِعَۃ جج اَمَاتِع و اَمَاتِیع۔

المَاتِع۔ فا ہر چیز کا لمبا۔ ہر چیز کا عمدہ۔ نہایت عمدہ۔ بہت سرخ شراب و سرکہ۔ جھکی ہوئی ترازو۔ مضبوط بٹی ہوئی رسی۔ رَجُلٌ مَاتِعٌ: افعالِ خیر میں کامل۔

مَتَکَ (ن) مَتْکًا الشیْئَ: کاٹنا۔

مَاتَکَہٗ مُمَاتَکَۃً فِی البَیعِ: بیع کی مہارت میں غالب ہونا۔

تَمَتَّکَ الشَّرَابَ: گھونٹ گھونٹ پینا۔

المَتْکُ و المُتْکُ و المُتُکُ: مکھی کی ناک لیموں۔ سوسن۔ مُتْکُ الذُّبَابِ: مکھی کی بیٹ۔

مَتَلَ (ن) مَتْلًا الشیْئَ: ہلانا۔ زور سے ہلانا

مَتُنَ (ک) مَتَانَۃً۔ مضبوط و قوی ہونا صفت مَتْنٌ و مَتِینٌ۔

مَتَنَ (ن) مُتُونًا بِالمَکَانِ: اقامت کرنا — الرَّجُلُ: قسم کھانا۔ سفر کرنا — بِفُلَانٍ: پورے دن ساتھ چلنا — الشیْئَ: کھینچنا — الکَبْشَ مینڈھے کے بیضہ کو مع رگوں کے نکالنا — ہٗ بِالسَّوطِ: کوڑے سے بہت مارنا۔

مَتَنَ (ن و ض) مَتْنًا و اَمْتَنَ۔ پیٹھ پر مارنا۔

مَتَّنَ الشیْئَ: مضبوط بنانا — الدَّلْوَ: ڈول کو مضبوط باندھنا — الخَیمَۃَ: خیمہ کو مضبوط کسنا — الطَّعَامَ: مصالحہ سے عمدہ بنانا — لِمَن سَابَقَہٗ: آگے بڑھنے والے سے یہ کہنا کہ فلاں مقام پر آگے بڑھ جاؤ اور میں تم سے آکر مل جاؤنگا

مَاتَنَ فُلَانًا: ٹالنا۔ بہت دور کر دینا — ہٗ فِی الشِّعْرِ: مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے بَینَھُمَا مُمَاتَنَۃٌ ان کے درمیان ہر چیز میں مقابلہ ہے مَاتَنَ الرَّجُلَ جیسا معاملہ اس کے ساتھ کیا گیا ہو ویسا ہی کرنا۔

تَمَاتَنَ الشَّاعِرَانِ فِی الشِّعْرِ: باہم مقابلہ کرنا۔

المَتْنُ مع پیٹھ (مذکر و مؤنث) مَتْنُ الشیْئِ: چیز کا ظاہری حصہ۔ مَتْنُ الاَرضِ: زمین کا بلند و ہموار حصہ — الطَّرِیقِ: راستہ کا وسط — الکِتَابِ: کتاب کی اصل عبارت شرح و حاشیہ کے علاوہ — اللُّغَۃِ: لغت کے اصول و قواعد اور اس کے مفردات۔ کہا جاتا ہے سَارَ مَتْنَ النَّہَارِ یعنی سارے دن چلتا رہا۔ مَتْنَا الظَّہرِ پیٹھ کے دونوں طرف کے پہلو ج مِتَان و مُتُون۔

المَتْنَۃُ۔ سخت و بلند زمین۔ مَتْنَۃُ الظَّہرِ: پیٹھ کا پہلو۔ ج مِتَان و مُتُون۔

المَتِینُ۔ مضبوط۔ قوی۔ کہا جاتا ہے حَبْلٌ مَتِینٌ مضبوط رسی و رَاْیٌ مَتِینٌ وَ فِی رَاْیِہٖ مَتَانَۃٌ" سنجیدہ رائے۔ اس کی رائے میں سنجیدگی ہے اور متین اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے یعنی باری تعالیٰ قوی و غالب ہے اس کو افعال میں مشقت اور کلفت لاحق نہیں ہوتی۔ ج مِتَان۔

المِتَانُ۔ دو ستونوں کے درمیان کا فاصلہ ج مُتُن۔

التَّمْتِینُ مع (— و التِّمْتَانُ) خیمہ کی رسیاں۔ ج تَمَاتِین۔

المَاتِنُ۔ فا۔ متن کتاب کا لکھنے والا۔

سَیرٌ مُمَاتِنٌ۔ سفر بعید۔ کہا جاتا ہے سَارَ سَیرًا مُمَاتِنًا" وہ تیز چلا۔

مَتِہَ (س) مَتَہًا۔ گمراہی میں مبتلا ہونا۔

مَتَہَ (ف) مَتْہًا الدَّلْوَ: ڈول کھینچنا۔

تَمَتَّہَ۔ حیران ہونا۔ بے وقوف ہونا۔ بغیر خوبی کے وصف کا طالب ہونا۔ تکبر کرنا۔ بعید ہونا مبالغہ کرنا۔ گمراہی اور بیہودہ باتوں میں مشغول ہونا۔

تَمَاتَہَ عَنِ الشیْئِ: غفلت برتنا — القَومُ: دور ہونا۔

مَتَا یَمْتُو مَتْوًا۔ الشیْئَ: کھینچنا۔ مَتَاہٗ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔

اَمْتَی اِمْتَاءً۔ بری چال چلنا۔ زیادہ رزق والا ہونا۔ بڑی عمر والا ہونا۔

تَمَتّٰی۔ لغت ہے تمطّی میں بمعنے انگڑائی لینا

مَتٰی۔ اسم استفہام ہے زمانہ کیلئے۔ اسم شرط ہے جملہ شرطیہ کے دونوں فعلوں کو جزم دیتا ہے جیسے "مَتٰی اَضَعِ العِمَامَۃَ تَعْرِفُونِی"

مَتِیَ یَمْتٰی مَتْیًا۔ الشیْئَ: کھینچنا۔

مَثَّ (ن) مَثًّا۔ العَظْمُ: ہڈی سے گودا بہہ جانا — الزِّقُّ و السِّقَاءُ: ٹپکنا — الرَّجُلُ: موٹاپے کی وجہ سے پسینہ آنا۔ کہا جاتا ہے جَاءَ یَمُثُّ جبکہ کوئی موٹا آدمی آئے اور اس کی کھال پر موٹاپے کی وجہ سے کچھ تیل کا سا اثر معلوم ہو۔ مَثَّ یَدَہٗ: رومال سے ہاتھ پونچھنا — شَارِبَہٗ: مونچھ کی چکناہٹ کو ہاتھ سے پونچھنا — الجُرْحَ: زخم سے پیپ اور مادہ فاسد کو صاف کرنا — الحَدِیثَ: بات پھیلانا۔ نبتٌ مَثَاثٌ۔ ترگھاس۔

مَثَجَ (ن) مَثْجًا الشیْئَ: ملانا — فُلَانًا: کھلانا — البِئْرَ: کنواں صاف کرنا — بِالعَطِیَّۃِ بخشش کرنا۔

مَثَدَ (ن) مَثْدًا بَینَ الحِجَارَۃِ: چھپ کر گھات میں بیٹھنا اور دیدبانی کرنا — الرَّجُلَ: دیدبان مقرر کرنا۔

المَاثِدُ۔ فا۔ نگہبان۔ دیدبان۔

مَثَطَ (ن) مَثْطًا۔ ہاتھ سے زمین میں کسی چیز کو گاڑنا۔

مَثَعَ (ن س ف) مَثْعًا المَرْاَۃُ: عورت کا بری چال چلنا۔

تَمَثَّعَ۔ بجو کا چلنا۔

المَثْعَاءُ۔ بدبودار بجو۔

مَثَلَ (ن) مُثُولًا فُلَانًا: مانند ہونا — القَمَرُ: ظاہر ہونا۔ غائب ہونا — الرَّجُلُ: زمین سے چمٹنا۔ اپنی جگہ سے ہٹنا — التِّمْثَالَ: مجسمہ بنانا — فُلَانًا بِفُلَانٍ: مشابہت دینا۔

مَثَلَ (ن ض) مَثْلًا و مُثْلَۃً بِالرَّجُلِ: عذاب دینا — بِالقَتِیلِ: مثلہ کرنا۔ ناک کان وغیرہ کاٹنا۔

مَثُلَ (ک ن) مُثُولًا بَینَ یَدَیْ فُلَانٍ: کسی کے سامنے کھڑا ہونا۔

مَثُلَ (ک) **مَثَالَۃً** - افضل ہونا۔

مَثَّلَ تَمْثِیْلاً الشَّیْءَ لِفُلَانٍ: ہوبہو تصویر بنانا — الحَدِیْثَ وبِالحَدِیْثِ: بیان کرنا۔ مَثَّلَ بِفُلَانٍ: عذاب دینا — بِالقَتِیْلِ: مثلہ کرنا — المِثَالَ: نمونہ بنانا — التَّمَاثِیْلَ: مجسمے بنانا۔ — تمثیلاً و تِمْثَالاً) الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: مشابہت دینا۔

مَاثَلَہٗ مُمَاثَلَۃً - مشابہت دینا۔ مَاثَلَہٗ بِفُلَانٍ: تشبیہ دینا۔

اَمْثَلَہٗ - فُلَانًا وبہٖ: مانند بنانا — الحَاکِمُ فُلَانًا: قصاص میں قتل کرنا — الحَاکِمُ فُلَانًا مِنْ فُلَانٍ: قصاص لینا۔

تَمَثَّلَ الحَدِیْثَ وبِالحَدِیْثِ: بیان کرنا — الشَّیْءَ: مثال کا تصور کرنا — لَہٗ الشَّیْءُ: تصور ہونا — بِالشَّیْءِ: مثال دینا۔ کہا جاتا ہے۔ "ہٰذَا البَیْتُ مِمَّا یُتَمَثَّلُ بِہٖ" یہ شعر مثال ہے جس کی مثال دی جاتی ہے — مِنْہُ: بدلہ لینا — بَیْنَ یَدَیْہِ: سامنے کھڑا ہونا۔ تَمَثَّلَ مِثَالاً: نمونہ بنانا — بِہٖ: مشابہ ہونا۔

اِمْتَثَلَ المَثَلَ وبِالمَثَلِ: بیان کرنا — الاَمْرَ: فرمانبرداری کرنا — الشَّیْءَ: نمونہ پر بنانا — الطَّرِیْقَۃَ: پیروی کرنا — مِنَ القَاتِلِ: قصاص لینا۔

تَمَاثَلَ الشَّیْئَانِ: باہم مشابہ ہونا — العَلِیْلُ مِنْ عِلَّتِہٖ: بیمار کا اچھے ہونے کے قریب ہونا۔

المِثْلُ - شبہ - نظیر - مشابہ - ج اَمْثَال (مذکر و مؤنث واحد تثنیہ جمع سبھی کیلئے آتا ہے) کہا جاتا ہے "ہُوَ وَہِیَ وَہُمَا وَہُمْ وَہُنَّ مِثْلُہٗ" اور "ہُمْ اَمْثَالُہُمْ" بھی بولا جاتا ہے۔ "وَفُلَانٌ مُسْتَرَادٌ لِمِثْلِہٖ" یعنی اس کے مانند طلب کیا جاتا ہے اور اس پر بخل کیا جاتا ہے اور ایسا ہی "ہِیَ مُسْتَرَادَۃٌ لِمِثْلِہَا"

المَثَلُ - مشابہ - نظیر - (لغت ہے مِثْل میں) صفت - بات - کہاوت (کہاوت کے الفاظ میں کسی قسم کا تغیر نہیں ہوتا) عبرت - دلیل - ج اَمْثَال۔

المُثْلَۃُ - آفت - ناک کان کاٹنا - المُثْلَۃُ والمَثُلَۃُ: سزا - عذاب - المَثُلَۃُ: امم ماضیہ کی عبرتناک سزائیں - ج مَثُلَات۔

المِثَالُ - مقدار - شبہ - قصاص - بستر - چیز ج اَمْثِلَۃٌ و مُثُلٌ و مُثْلٌ۔

المَثَالَۃُ - فضیلت - اچھی حالت۔

الاُمْثُوْلَۃُ - شعر جو مثال میں پیش کیا جائے ج اَمَاثِیْلُ و اُمْثُوْلَاتٌ۔

التِّمْثَالُ - تصویر - مجسمہ - ج تَمَاثِیْلُ۔

المَثِیْلُ - شبیہ - نظیر - عمدہ - ج مُثُلٌ۔

المَاثِلُ - فا - ج مُثُلٌ (جیسے خادم و خدم) — مِنَ الرُّسُوْمِ: مٹا ہوا نشان - کہا جاتا ہے مَثَلَ مَاثِلٌ۔

المَاثِلَۃُ - مَاثِل کا مؤنث - چراغدان - ڈیوٹ۔

الاَمْثَلُ - افضل - ج اَمَاثِلُ و مُثُلٌ - مؤنث مُثْلٰی - اَمَاثِلُ القَوْمِ: قوم کے برگزیدہ لوگ۔ الطَّرِیْقَۃُ المُثْلٰی: اشبہ بالحق طریقہ - اور کہا جاتا ہے المَرِیْضُ الیَوْمَ اَمْثَلُ: مریض کی حالت آج اچھی ہے۔

مَثْمَثَ مَثْمَثَۃً ومَثْمَثَا زِقُّ السَّمَنِ ونَحْوُہٗ: ٹپکنا اور اسم المَثْمَاث — الفَتِیْلَۃَ: بتی کو اچھی طرح سے تر کر دینا — اَمْرَہُمْ: خلط ملط کرنا — الشَّیْءَ: ہلانا — فُلَانًا: پانی میں غوطہ دینا۔

مَثِنَ (س) **مَثَنًا** - مثانہ میں پیشاب رکنا صفت اَمْثَنُ و مَثِنٌ - مؤنث مَثْنَاءُ و مَثِنَۃٌ۔

مَثَنَ (ن ض) **مَثْنًا** الرَّجُلَ: مثانہ پر مارنا۔

مُثِنَ مَثْنًا - مثانہ کی بیماری والا ہونا۔ صفت مَمْثُوْنٌ و مَثِیْنٌ۔

المَثَانَۃُ - پیشاب جمع ہونے کی جھلی - بچہ دانی ج مَثَانَات۔

مَجَّ (ن) **مَجًّا** الشَّرَابَ او الشَّیْءَ وبِہٖ مِنْ فَمِہٖ: کلی کرنا - اور بطور استعارہ کے کہا جاتا ہے "ہٰذَا کَلَامٌ تَمُجُّہُ الاَسْمَاعُ" یعنی یہ ایسا کلام ہے جس کو کان سننا نہیں چاہتے۔

مَجَّجَ العِنَبُ: انگور کا پک کر میٹھا ہونا۔

اَمَجَّ العُوْدُ: لکڑی میں تری ہونا — الفَرَسُ: دوڑنے لگنا — الرَّجُلُ: ملک میں پھرنا۔

اِنْمَجَّ - ٹپکنا۔

المَجُّ - مم - ماش کے دانے۔

المَاجُّ - فا - جس کی بوڑھاپے کی وجہ سے رال ٹپک رہی ہو - ج مُجَّاج و مَاجُّوْن۔

المِجَاجُ - ٹہنی - شاخ۔

المُجَاجُ - تھوک - ماش کے دانے - مُجَاجُ النَّحْلِ: شہد - مُجَاجُ العِنَبِ: شراب - مُجَاجُ المُزْنِ: بارش - کہا جاتا ہے "خَبَزَ مُجَاجًا": اس نے چینا کی روٹی پکائی۔

المُجَاجَۃُ - تھوک - مُجَاجَۃُ الشَّیْءِ: نچوڑ۔

المَجَجُ - باچھوں کا ڈھیلا ہونا - انگوروں کی پختگی۔

المَجَّاجُ - بہت کلی کرنے والا - کاتب۔

المُجُّ - پتھر پر شہد کے نقطے۔

المَجَّۃُ - مَجّ کا اسم مرۃ - کہا جاتا ہے "مَا بَقِیَ فِی الاِنَاءِ اِلَّا مَجَّۃٌ" برتن میں صرف کلی کے لائق پانی باقی رہا۔

المَجُجُ - شہد کی مکھیاں - مست لوگ۔

مَجَحَ (ف) **مَجْحًا** و **مَجِحَ** (س) **مَجَحًا** و **تَمَجَّحَ** الرَّجُلُ: تکبر کرنا - فخر کرنا - مَجَحَ الدَّلْوَ فِی البِئْرِ: ڈول کو کنوئیں میں حرکت دینا۔

المِجَاحُ - متکبر۔

مَجَدَ (ن) **مَجْدًا** - بزرگوار ہونا — فُلَانًا: بزرگی میں غالب ہونا — الرَّاعِی الاِبِلَ: چارے سے سیر کرنا۔

مَجَدَتْ (ن) **مَجْدًا و مُجُوْدًا** - الاِبِلُ: بہت چارہ والی چراگاہ میں چر کر سیر ہونا - صفت مَاجِدَۃ - ج مَوَاجِد و مُجَّد و مُجُد۔

مَجُدَ (ک) **مَجَادَۃً** - بزرگوار ہونا - صفت مَاجِد و مَجِیْد - ج اَمْجَاد۔

مَجَّدَ و اَمْجَدَ - فُلَانًا: تعظیم کرنا - تعریف کرنا بزرگی کی طرف نسبت کرنا — العَطَاءَ: بہت بخشش کرنا — لِفُلَانٍ مِنْ کَذَا: زیادہ کرنا - کہا جاتا ہے

"اَمْجَدَهٗ ذَمًّا وَسَبًّا" اس نے اس کی بہت برائی کی بہت گالی دی "وَ نَزَلُوْا بِہِم فَاَمْجَدُوْہُم قِرًی" وہ لوگ ان کے مہمان ہوئے اور انھوں نے خوب خاطر تواضع کی - اَمْجَدَتِ الْاِبِلُ: بہت چارہ والی چراگاہ میں چر کر سیر ہونا — فُلَانٌ وَلَدَهٗ وَ لِوَلَدِہٖ: بہترین ماؤں کا انتخاب کرنا - کہا جاتا ہے "ہٰؤُلَاءِ قَوْمٌ اَمْجَدَ بِہِم اٰبَاؤُہُم" یہ لوگ وہ قوم ہیں جن کے باپ نے بہترین ماؤں کا انتخاب کیا ہے - اَمْجَدَ وَمَجَّدَ الرَّاعِی الْاِبِلَ: چارے سے سیر کرنا۔

مَاجَدَهٗ مِجَادًا وَمُمَاجَدَةً - بزرگی میں مقابلہ کرنا۔

تَمَجَّدَ - بڑا بننا۔

تَمَاجَدَ - باہم فخر کرنا - بزرگی بیان کرنا - کہا جاتا ہے "تَمَاجَدُوْا فِیْمَا بَیْنَہُم" انھوں نے باہم فخر کیا۔

اِسْتَمْجَدَ - بزرگی طلب کرنا - عمدہ صفات میں ممتاز ہونا۔

الْمَجْدُ - مص - عزت - بلندی - بلند زمین - ج اَمْجَاد۔

الْمَاجِدُ - فا - بزرگی والا - اچھے اخلاق والا - شَیْءٌ مَاجِدٌ: بہت چیز - مؤنث مَاجِدَة - ج مَوَاجِد۔

الْاَمْجَدُ - اسم تفضیل - ج اَمَاجِد۔

الْمَجِیْدِیّ - چاندی کا ایک سکہ - جو سلطان عبدالمجید کی طرف منسوب ہے۔

مَجَرَ (ن) مَجْرًا - پیاسا ہونا۔

مَجِرَ (س) مَجَرًا مِنَ الْمَاءِ وَنَحْوِہٖ: پیٹ بھرنا اور سیراب نہ ہونا۔

مَجِرَتْ وَاَمْجَرَتِ الشَّاةُ: پیٹ میں بچے کے بڑے ہونے کی وجہ سے لاغر اور بوجھل ہونا اور اٹھ نہ سکنا۔

مَاجَرَ مِجَارًا وَمُمَاجَرَةً وَاَمْجَرَ فُلَانًا فِی الْبَیْعِ: زیادہ لینا - سود لینا۔

الْمَجْرُ - مص - اونٹ اور بکری کے پیٹ کا بچہ پیٹ کے بچہ کا خریدا جانا - بڑا لشکر - جوا - زیادتی اور سود - ہر چیز کا بہت - عقل۔

الْمَجَرُ - مص ملک ہنگری - ملک ہنگری کے رہنے والے، سونے کے سکہ کی ایک قسم، بکری کے پیٹ میں بچہ کی بڑائی۔

شَاةٌ مَجِرَةٌ - پیٹ میں بچہ کے بڑے ہونے کی وجہ سے دبلی بکری۔

الْاَمْجَرُ - دبلے جسم بڑے پیٹ والا۔

الْمِجَارُ - اونٹ کے پاؤں باندھنے کی رسی۔

الْمُمْجِرُ مِنَ النِّسَاءِ: جوڑواں بچے جننے والی عورت - ج مُمَاجِر۔

مَجَّسَهٗ: مجوسی بنانا۔

تَمَجَّسَ - مجوسی ہونا۔

الْمَجُوْس - آتش پرست یا آفتاب پرست واحد مَجُوْسِی - اور مجوسی کا اطلاق کبھی جادوگر اور فلسفی پر بھی ہوتا ہے۔

الْمَجُوْسِیَّة - المجوسی کا مؤنث - آتش پرستی یا آفتاب پرستی۔

الْمَاجُشُوْن - ایک قسم کی کشتی - رنگے ہوئے کپڑے۔

مَجَعَ (ن) مَجْعًا وَمُجُعَةً وَاِمْتَجَعَ وَتَمَجَّعَ - کھجوریں کھانا اور دودھ پینا۔

مَجِعَ (س) وَمَجُعَ (ک) مَجَاعَةً - مخول کرنا - بے شرم ہونا۔

مَاجَعَهٗ مُمَاجَعَةً - باہم مخول کرنا۔

مَجَّعَ تَمْجِیْعًا - کھجور دودھ ملا ہوا کھلانا۔

اَمْجَعَ الْفَصِیْلَ - اونٹ کے بچے کو برتن سے دودھ پلانا۔

تَمَاجَعَا - باہم مخول کرنا۔

الْمِجْعُ وَالْمَجْعُ وَالْمُجَعَة جاہل - بیوقوف الْمَجِعُ: مخول کرنے والا۔

الْمِجَعَة وَالْمِجَعَة وَالْمُجُعَة وَالْمَاجِعَة مخول کرنے والی بے حیا عورت۔

الْمُجَعَة وَالْمِجَعَةُ - جاہل عورت۔

الْمَجَّاعُ وَالْمَجَّاعَة وَالْمُجَّاعَة - مخول کرنے والا بے حیا۔

الْمَجِیْعُ - کھجور دودھ ملا ہوا کھانا۔

الْمُجَاعَة - کھجور دودھ ملے ہوئے کھانے کا بقیہ۔

مَجَلَتْ (ن) مَجْلًا وَمُجُوْلًا وَمَجِلَتْ (س) مَجَلًا وَاَمْجَلَتْ یَدُہٗ: کام کرنے سے آبلہ پڑنا۔ (عوام بَقْبَقَتْ یَدُہٗ) کہتے ہیں - اَمْجَلَ الْعَمَلُ یَدَہٗ: آبلہ ڈالنا۔

تَمَجَّلَ رَاْسُہٗ قَیْحًا وَدَمًا: خون پیپ بھرنا۔

الْمَاجِلُ فا - پہاڑ کے دامن اور وادی کا پانی

الْمَجْلُ - مص - آبلہ۔

الْمَجْلَة - آبلہ ج مِجَال وَمَجْل (عوام بَقْبُوْقَة کہتے ہیں)

مَجْمَجَ الْکِتَابَ: بے نقطہ اور بے اعراب کے لکھنا — فِیْ حَدِیْثِہٖ: صاف نہ بیان کرنا۔

الْمَجْمَاجُ - ڈھیلا ڈھالا بہت اور موٹے گوشت والا۔

مَجَنَ (ن) مُجُوْنًا - الشَّیْءُ: موٹا اور سخت ہونا (— مُجُوْنًا وَمُجْنًا وَمَجَانَةً) مخول کرنا اور بے حیا ہونا صفت مَاجِن ج مُجَّان۔

تَمَاجَنَ - باہم مخول کرنا۔

تَمَجَّنَ - بتکلف مخول کرنا - مخول کرنے والے کا سا عمل کرنا - کہا جاتا ہے "تَمَجَّنَ فِیْ کَلَامِہٖ" اس نے اپنی گفت گو میں مخول کیا۔

الْمِجَّان - بہت مخول کرنے والا - بہت کافی کہا جاتا ہے "مَاءٌ مِجَّانٌ" کافی اور بہت پانی - الْمَجَّانُ: مفت - کہا جاتا ہے "اَخَذَہٗ اَوْ فَعَلَہٗ مَجَّانًا" اس نے مفت لیا یا کیا "وَہٰذَا الشَّیْءُ لَکَ مَجَّانٌ" یہ چیز تمہارے لئے مفت ہے۔

طَرِیْقٌ مُمْجِنٌ - لمبا راستہ۔

الْمُمَاجِن - اونٹنی جو باوجود بہت جفتی ہونے کے حاملہ نہ ہو۔

الْمَنْجَنُوْن - رہٹ - بڑے ڈول کی چرخی - زمانہ - ج مَنَاجِیْن۔

مَحَّ (ف ن) مَحًّا وَمُحَاحًا وَمُحُوْحًا وَمُحُوْحَةً وَاَمَحَّ الثَّوْبُ: کپڑے کا پرانا ہونا — الْاَثَرُ: نشان کا مٹنا — الدَّارُ: گھر کا بے نشان ہونا۔

الْمَحُّ وَالْمَاحُّ - پرانا کپڑا۔

المُحّ - خالص (- والمُحّة) انڈے کی زردی
المُحَاح - بھوک -
الاَمَحّ - موٹا -
المَحّاح - بڑا جھوٹا - صرف باتوں سے خوش کرنے والا -
مَحُتَ (ک) مَحَاتَةً اليَومُ: دن کا گرم ہونا -
مَحَتَ (ف) مَحْتًا فُلانًا: غضبناک کرنا -
المَحْت - گرم دن - ہر چیز میں کا سخت عقلمند تیز خاطر - خالص - کہا جاتا ہے ہُوَ عَرَبِیٌّ مَحْتٌ بَحْتٌ وہ خالص عربی ہے - ج مُحَتَاء و مُحُوت -
مَحَجَ (ف) مَحْجًا - الرَّجُلُ: تیز چلنا — العُودَ او اللَّحمَ: لکڑی یا گوشت چھیلنا — اللَّبَنَ: دودھ بلونا — الجِلدَ: کھال کو نرم کرنے کے لئے ملنا — الدَّلوَ: کنوئیں میں ڈول کو ہلانا — شَیئًا عَن شَیئٍ: پونچھنا — الرِّیحُ الاَرضَ: غبار اڑا لیجانا — الجَارِیَةَ: جماع کرنا -
مَحِجَ (س) مَحَجًا الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا -
مَاحَجَ مِحَاجًا و مُمَاحَجَةً - ٹال مٹول کرنا
المَحّاج - بڑا جھوٹا -
المَحَارَة - ح و ر کو دیکھو -
مَحَزَ (ف) مَحْزًا و مِحَازًا - الرَّجُلَ: سینہ پر مکا مارنا — الجَارِیَةَ: جماع کرنا -
مَحَسَ (ف) مَحْسًا الجِلدَ: نرم کرنے کیلئے کھال کو ملنا اور دباغت دینا -
الاَمحَس - ماہر دباغ -
مَحَشَ (ف) مَحْشًا الجِلدَ: گوشت سے کھال جدا کرنا — الطَّعَامَ: بہت کھانا السَّیلُ مَا مَرَّ عَلَیهِ: بہالے جانا — الجَارِیَةَ: جماع کرنا — مَحَشَهُ (و جْهَهُ) بِالسَّیفِ: چہرہ پر تلوار مار کر کھال چھیل دینا — و اَمحَشَ الحَرُّ او النَّارُ الجِلدَ: کھال کو جلانا -
اِمتَحَشَ - جلنا — فُلانٌ غَضَبًا: غصہ سے بھڑک اٹھنا — القَمَرُ: چاند کا غائب ہونا — ہ النَّارُ: آگ کا جلانا -
المَحَاش - گھر کا سامان -

المِحَاش - مختلف قبائل کے لوگ جو عہد و پیمان کرنے کے لئے آگ کے گرد جمع ہوں -
المَحَاش - جلا ہوا -
سَنَةٌ مَحُوشٌ و مُمتَحِشَةٌ - خشک سال جو ہر چیز کو جلا دے -
مَحَصَ (ف) مَحْصًا الظَّبیُ فِی عَدوِهِ: ہرن کا تیز دوڑنا — المَذبُوحُ بِرِجلِهِ: تڑپنا — بِفُلانٍ الاَرضَ: پٹک دینا — فُلانٌ مِن فُلانٍ بھاگنا — البَرقُ: بجلی کا چمکنا — اللهُ مَا بِکَ: زائل کرنا — الشَّیئَ: ہر عیب سے پاک صاف کر دینا — الذَّهَبَ بِالنَّارِ: پگھلا کر کھوٹ سے جدا کرنا — السِّنَانَ: بھالے کو صیقل کرنا — الحَبلَ: رسی مضبوط بٹنا -
مَحَّصَ الشَّیئَ: گھٹانا - کہا جاتا ہے مَحَّصَ اللهُ عَن فُلانٍ ذُنُوبَهُ "اللہ تعالیٰ فلاں کو گناہوں سے پاک صاف کر دے — اللَّحمَ: گوشت کو پٹھے سے صاف کرنا - و مَحَّصَهُ عَنهُ: دور کرنا - صاف کرنا - مَحَّصَ الرَّجُلَ: آزمائش کرنا -
اَمحَصَ مِنَ المَرَضِ: تندرست ہونا -
اَمحَصَتِ الشَّمسُ: گہن سے نکلنا اور صاف ہونا
اَمحَصَهُ عَنهُ: دور کرنا -
تَمَحَّصَ الظَّلامُ: تاریکی چھٹ جانا -
اِنمَحَصَ الوَرَمُ: ورم کا گھٹ جانا -
اِنمَحَصَتِ الشَّمسُ: آفتاب کا روشن ہونا — فُلانٌ مِن یَدِهِ: نکل بھاگنا -
اِمتَحَصَ الظَّبیُ فِی عَدوِهِ: ہرن کا چھلانگیں مارنا -
المَحص مِنَ الحِبَالِ او الاَوتَارِ: نرم رسی یا تانت -
المَحص و المُمَحَّص و المَحِیص و المَمحُوص مِنَ الخَیلِ: مضبوط و قوی گھوڑا - المَحِیص و المُمَحَّص مِنَ الاَسِنَّةِ: صیقل شدہ بھالے -
المَحّاص - اسم مبالغہ - بَرقٌ مَحّاصٌ: چمکنے والی بجلی -
الاَمحَص - جھوٹے سچے سب کا عذر سننے والا

مَحُضَ (ک) مُحُوضَةً نَسَبُ الرَّجُلِ و مَحُضَ الرَّجُلُ فِی نَسَبِهِ: خالص النسب ہونا -
مَحِضَ (س) مَحَضًا و اِمتَحَضَ - خالص دودھ پینا -
مَحَضَ (ف) مَحْضًا فُلانًا الوُدَّ و النُّصحَ: خالص دوستی یا خیر خواہی کرنا — الرَّجُلَ: خالص دودھ پلانا -
اَمحَضَ فُلانًا الوُدَّ او الحَدِیثَ: خالص دوستی کرنا - راست گفتاری کرنا — لَهُ النُّصحَ: خالص خیر خواہی کرنا -
مَاحَضَهُ الوُدَّ: خالص دوستی کرنا -
اِمتَحَضَ الرَّجُلُ: خالص دودھ پینا -
اِستَمحَضَ - خالص دودھ مانگنا -
المَحض - مص - مِنَ اللَّبَنِ و نَحوِهِ: خالص - ج مِحَاض - کہا جاتا ہے عَرَبِیٌّ مَحضٌ و عَرَبِیٌّ مَحضًا یعنی خالص النسب عربی - مصدر ہونے کی وجہ سے واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کیلئے آتا ہے اور تانیث و تثنیہ و جمع بھی جائز ہے -
المَحِض و المَاحِض - خالص دودھ کا خواہشمند اور کہا جاتا ہے رَجُلٌ مَاحِضٌ "خالص دودھ والا - جیسے لَبَنٌ سے لَابِنٌ یعنی دودھ والا -
الاُمحُوضَة - خالص خیر خواہی -
المَحُوض - خالص - مؤنث مَحُوضَةٌ - کہا جاتا ہے فِضَّةٌ مَحُوضَةٌ "خالص چاندی -
مَحَطَ (ف) مَحْطًا و مَحَطَ الوَتَرَ: درست و ہموار کرنے کیلئے تانت پر انگلی پھیرنا — السَّهمَ: تیر چلانا -
اِمتَحَطَ البَعِیرُ: اونٹ کا دوڑنا — السَّیفَ: تلوار سونتنا — الرُّمحَ: نیزہ کھینچنا -
عَامٌ مَاحِطٌ - کم بارش کا سال -
مَحَقَ (ف) مَحْقًا الشَّیئَ: باطل کرنا - مٹانا اللهُ الشَّیئَ: گھٹانا بے برکت کرنا — فُلانًا: ہلاک کرنا — الحَرُّ الشَّیئَ: جلانا -
مُحِقَ الرَّجُلُ: موت کے قریب ہونا -
مَحَّقَ الشَّیئَ: باطل کرنا - مٹانا -

اَمحَقَ المَالُ: ہلاک ہونا — الرَّجُلُ: مال میں بے برکتی والا ہونا — القَمَرُ: مہینہ کی آخری رات یا آخری تین راتوں میں ہونا۔

تَمَحَّقَ وانمَحَقَ وامَّحَقَ وامتَحَقَ مضمحل ہونا باطل ہونا۔ مٹنا۔ وامتَحَقَ الحَرُّ الشَّیْءَ: جلانا — النَّبَاتُ: شدتِ گرمی سے خشک ہونا اور جلنا — الرَّجُلُ: موت کے قریب ہونا — الشَّیْءُ: بے برکت ہونا۔ وانمَحَقَ الھِلَالُ: چاند آخری مہینہ میں دکھلائی نہ دینا۔

المَحِیْقُ۔ مص۔ کھجور کے قریب لگے ہوئے پودے

المَحقَۃُ۔ ہلاکت۔

المَحَاقُ والمُحَاقُ والمِحَاقُ۔ مہینہ کی آخری رات یا آخری تین راتیں۔

سِنَانٌ مَحِیْقٌ۔ باریک وتیز بھالا۔

المَاحِقُ۔ فا۔ مَاحِقُ الصَّیْفِ: سخت گرمی یَوْمٌ مَاحِقٌ: سخت گرم دن۔

الاَمْحَقُ۔ بے برکت۔

المَمْحَقَۃُ۔ باعثِ بے برکتی۔

مَحَكَ (ف) مَحْكًا ومَحِكَ (س) مَحَكًا وامحَكَ وتَمَحَّكَ الرَّجُلُ: گفتگو میں جھگڑا کرنا۔ بھاؤ کرنے میں جھگڑنا۔ صفت مَحِكٌ ومَاحِكٌ ومَحْكَان۔

اَمْحَكَ الخُصُومُ فُلَانًا: غضبناک کرنا۔

مَاحَكَ مُمَاحَكَۃً فُلَانًا: جھگڑا کرنا۔

تَمَاحَكَ الخَصْمَانِ: باہم جھگڑا کرنا۔

المُتَمَحِّكُ۔ بداخلاق۔ جھگڑالو۔

مَحِلَ (س) ومَحَلَ (ف) مَحْلًا ومُحُولًا ومَحُلَ (ک) مَحَالَۃً المَکَانُ: قحط زدہ ہونا۔ صفت مَاحِل۔

مَحَلَ (ف) ومَحِلَ (س) ومَحُلَ (ک) مَحْلًا ومِحَالًا بہ اِلَی الاَمِیْرِ: چغل خوری کرنا۔ صفت مَاحِلٌ ومَحُولٌ ومَحَّال۔ مَحَلَ بِصَاحِبِہٖ: بہتان رکھنا۔ مَحَّلَ فُلَانًا: مضبوط کرنا — الشَّیْءَ: لمبا کرنا۔

مَاحَلَہٗ مِحَالًا ومُمَاحَلَۃً۔ مکر کرنا۔ قوت معلوم کرنے کیلئے باہم زور آزمائی کرنا۔ دشمنی کرنا ہٹانا۔ جھگڑا کرنا۔

اَمحَلَ المَکَانُ: قحط زدہ ہونا۔ صفت مُمْحِلٌ الاَرْضُ مُمْحِلٌ ومُمْحِلَۃٌ: قحط زدہ زمین — المَطَرُ: بارش رُکنا — القَوْمُ: قحط زدہ ہونا۔ صفت مُمْحِلُوْنَ — اللّٰہُ الاَرْضَ: قحط زدہ کرنا۔

تَمَحَّلَ الشَّیْءَ ولَہٗ: حیلہ کرنا — لِفُلَانٍ حَقَّہٗ: حق حاصل کرنے کی تدبیر کرنا — الدَّرَاھِمَ: پرکھنا۔

تَمَاحَلَ القَوْمُ: باہم کید ومکر کرنا۔ تَمَاحَلَتْ بِھِمُ الدَّارُ: دُور ہونا۔

المَحْلُ۔ فریب۔ مکر۔ غبار۔ شدت۔ قحط۔ بارش کا نہ ہونا اور زمین کا خشک ہونا۔ سخت بھوک۔ ج مُحُوْل واَمْحَال۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ مَحْلٌ: غیر مفید مرد۔

المَاحِلُ فا۔ جھگڑالو۔ کہا جاتا ہے رَاَیْتُہٗ مَاحِلًا" میں نے اس کو متغیر اللون دیکھا۔ کہا جاتا ہے۔ اَرْضٌ مَاحِلٌ ومَحْلٌ ومَحْلَۃٌ ومَحُوْلٌ ومَحُوْلَۃٌ۔ قحط زدہ زمین۔ اور جمع کے لئے اَرْضُوْنَ مَحْلٌ ومُحُوْلٌ۔

المَحَالُ۔ بڑی چرخی۔ ایک قسم کا زیور۔

المِحَالُ۔ کید۔ مکر۔ جھگڑا۔ عذاب۔ شدت و قوت۔ ہلاک ہونا۔ ہلاک کرنا۔ حیلوں سے کسی مقصد کو طلب کرنا۔ تدبیر۔ دشمنی۔

المَحَالَۃُ۔ بڑی چرخی۔ اونٹ وغیرہ کی ریڑھ کی ہڈی کا ایک مہرہ۔ لکڑی جس پر کھڑے ہو کر کھگل کریں۔ ج مَحَال اور مَحَاوِل کی جمع مُحُل۔ اور کہا جاتا ہے "لَا مَحَالَۃَ" یعنی ضروری ولابدی۔

المِحَلُ۔ وہ شخص جو دھتکارا جائے یہاں تک کہ تھک جائے۔ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مِحَلٌ" یعنی حیلہ گر۔ مکار۔

المَحَّالُ۔ مکار۔ دغاباز۔ شیطان۔

اَرْضٌ مُمْحِلٌ ومُمْحِلَۃٌ۔ قحط زدہ زمین۔

المُتَمَاحِلُ۔ بہت لمبا تڑنگا مرد یا اونٹ۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ مُتَمَاحِلٌ: بہت لمبا تڑنگا مرد۔ "رَاَیْتُہٗ مُتَمَاحِلًا" یعنی میں نے اس کو دیکھا کہ اس کے بدن کا رنگ بدلا ہوا ہے۔ فَلَاۃٌ مُتَمَاحِلَۃٌ: دور کنارے والا میدان۔ فِتْنَۃٌ مُتَمَاحِلَۃٌ ایسا فتنہ جو ختم ہونے میں نہ آئے۔

اَرْضٌ مِمْحَال۔ قحط زدہ زمین۔

المِمْحَلَۃُ۔ دودھ کا مشکیزہ۔

مَحَنَ (ف) مَحْنًا فُلَانًا: آزمانا — ہٗ عِشْرِیْنَ سَوْطًا: کوڑے مارنا — الفِضَّۃَ: چاندی کو تاؤ دیکر صاف کرنا۔ اسم المِحْنَۃ ہے — الثَّوْبَ: کپڑے کو پہن کر پرانا کرنا — فُلَانًا شَیْئًا: دینا۔ — البِئْرَ: کنوئیں کی صفائی کرنا — النَّاقَۃَ: اونٹنی کو چلا کر تھکانا — الجَارِیَۃَ: جماع کرنا (— ومَحَّنَ) الاَدِیْمَ: چمڑے کو نرم کرنا۔

اِمْتَحَنَ الشَّیْءَ: آزمائش کرنا — القَوْلَ: غور کرنا۔ سوچنا — الفِضَّۃَ: چاندی کو تاؤ دیکر صاف کرنا۔

المَحْنُ۔ مص۔ ہر چیز کا نرم۔ تمام دن چلنے یا اور کسی کام سے تھکن۔ کہا جاتا ہے "کَانَ فِی مَحْنٍ" وہ مشقت میں تھا۔ المَحْنُ: عطیہ۔

المِحْنَۃُ۔ آزمائش۔ ج مِحَن۔

مَحَا یَمْحُو ویَمْحِی مَحْوًا ومَحْیًا الشَّیْءَ: مٹانا۔ صفت مفعولی۔ مَمْحِیٌّ ومَمْحُوٌّ۔ کہا جاتا ہے "مَحَتِ الرِّیْحُ السَّحَابَ والصُّبْحُ اللَّیْلَ" ہوا نے بادل کو پراگندہ کر دیا اور صبح نے رات کو زائل کر دیا۔

مَحَا یَمْحُو ویَمْحِی مَحْوًا وامَّحَی وامْتَحَی الشَّیْءُ: مٹنا (اِمْتَحَی اِمَّحَی میں ایک ضعیف لغت ہے)

تَمَحَّی تَمَحِّیًا مِنَ القَوْمِ: معافی کی درخواست کرنا۔

المَحْوُ۔ مص۔ چاند کا سیاہ داغ۔

المَحْوَۃُ۔ محا کا اسم مرۃ۔ شرم وعار۔ بارش اس لئے کہ زمین کی خشکی کو دور کر دیتی ہے۔ کہا جاتا ہے۔ "صَابَتِ الاَرْضَ مَحْوَۃٌ" زمین پر بارش ہوئی۔ اور کہا جاتا ہے "ھَبَّتْ مَحْوَۃُ" بغیر لام کے اور ضمہ کے ساتھ۔ یعنی بادِ شمالی چلی۔

المِمْحَاۃُ۔ میل صاف کرنے کا چیتھڑا۔

مَحَاہُ یَمْحَاہُ ویَمْحِیہِ مَحْیًا۔ مٹانا (لغت ہے محا وادی میں)

مَجَّ (ن) مَجًّا ومُجُوجًا وتَمَاجَّ الدَّلْوَ وبالدَّلْوِ: بھرنے کیلئے ڈول ہلانا۔ مَجَّ الجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔

مَخَّ الماءَ: حرکت دینا۔
مَخْمَخَ وتَمَخَّخَ وامْتَخَّ العظمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔
أَمَخَّ العظمُ: گودے والی ہونا۔ أَمَخَّتِ الشاةُ موٹی ہونا ــــ العُودُ: لکڑی کا تر ہونا ــــ الزرعُ: پرمغز ہونا۔
المُخّ۔ ہڈی کا گودا۔ بھیجا۔ آنکھ کی چربی۔ خالص۔ ج مِخَاخ ومِخَخَة۔ کہا جاتا ہے لَا أَرَى لِأَمْرِكَ مُخًّا "میں تمہارے معاملہ میں کوئی خیر نہیں دیکھتا ہوں" والمُخَّة: گودے کا ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "هؤلاء مُخُّ القومِ ومُخَّةُ القومِ" یعنی یہ لوگ قوم کے افضل ہیں
المُخّ۔ نرم۔
المُخَاخَة۔ ہڈی کا گودا جو چوسنے سے مُنھ میں آئے۔
المَخِيخ۔ گودے والی ہڈی۔ شاةٌ مَخِيخَةٌ: گودے والی یعنی موٹی بکری۔ ج مَخَائِخ۔ إبلٌ مَخَائِخ: عمدہ اونٹ۔ کہا جاتا ہے "لہ لِسَانٌ مَخِيخٌ" یعنی زبان آور اور قادر الکلام ہے۔
مَخَرَتْ (ف ن) مَخْرًا ومُخُورًا السفينةُ: آواز کے ساتھ پانی کو چیرنا۔ مَخَرَ الأرضَ: زمین کو کھیتی کرنے کیلئے کھودنا۔ اچھی کھیتی کیلئے پانی دینا ــــ السابحُ: ہاتھوں سے پانی کو پھاڑنا۔ الذئبُ الشاةَ: بھیڑیئے کا بکری کا پیٹ پھاڑنا۔
مَخَرَ (ف) مَخْرًا البيتَ: عمدہ سامان لے لینا
امْتَخَرَ وتَمَخَّرَ واسْتَمْخَرَ الريحَ: ہوا کی طرف پیٹھ کرنا۔ امْتَخَرَ العظمَ: ہڈی سے گودا نکالنا ــــ الشيءَ: اختیار کرنا۔
المَخْر: م۔ بنات مَخْر: پتلے سفید بادل۔
المَخْرَة۔ مَخَرَ کا اسم مرة۔ منھ کی بدبو (ــــ والمُخْرَة والمِخْرَة) پسند کی ہوئی چیز۔
الماخِرَة۔ ماخر کا مؤنث۔ کشتی۔ ج مَوَاخِر۔
الماخُور۔ بدکاروں کی مجلس۔ بدکاری کا اڈا بدکاری کے اڈے کا متولی۔ ج مَوَاخِر ومَوَاخِير۔
مَخْرَقَ مَخْرَقَةً۔ جھوٹ گھڑنا۔
المِخْراق۔ گڑیا۔ ج مَخَارِيق۔

تَمَخَّسَ تَمَخُّسًا۔ بہت ہلنا۔
تَمَخَّشَ تَمَخُّشًا۔ بہت ہلنا۔
مَخَضَ (ن ف ض) مَخْضًا اللبنَ: دودھ بلونا۔ مکھن نکالنا۔ صفت مفعول مَخِيضٌ ومَمْخُوضٌ ــــ الشيءَ: بہت ہلانا ــــ الرأيَ: خوب غور کرنا ــــ بالدلوِ: بھرنے کیلئے ڈول ہلانا ــــ البئرَ بالدلوِ: کنوئیں میں سے ڈول سے بہت پانی نکالنا۔
مَخِضَتْ (س) مِخَاضًا ومَخَاضًا ومُخِضَتْ ومَخَّضَتْ وتَمَخَّضَتْ الحاملُ: دردِ زہ میں مبتلا ہونا۔ صفت ماخِض۔ ج مُخَّض ومَوَاخِض۔
أَمْخَضَ اللبنُ: دودھ کے بلوئے جانے کا وقت قریب ہونا ــــ الرجلُ: قریب الولادة اونٹنیوں کا مالک ہونا۔
امْتَخَضَ وتَمَخَّضَ اللبنُ: مکھن نکلا ہوا ہونا۔ مکھن نکالنے کے برتن میں ہلنا ــــ الولدُ: بچے کا پیٹ میں حرکت کرنا۔ تَمَخَّضَتِ السماءُ: برسنے کے قریب ہونا۔ تَمَخَّضَ الدهرُ بالفتنةِ: فتنہ ظاہر کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "تَمَخَّضَتِ الليلةُ عن صباحِ سُوءٍ" رات ختم ہوگئی اور اس کے بعد بری صبح آئی۔
اسْتَمْخَضَ اللبنُ: دیر میں جمنے والا ہونا
اسْتَمْخَضَتِ الحاملُ بولدِها: حاملہ کا دردِ زہ میں مبتلا ہونا۔
المَخَاض۔ دردِ زہ۔
الإِمْخَاض۔ دودھ جب تک مکھن نکالنے کے برتن میں رہے۔
المِمْخَضُ والمِمْخَضَةُ۔ مشکیزہ۔ مکھن نکالنے کا برتن۔ ج مَمَاخِض۔
مَخَطَ (ف ن) مَخْطًا الشيءَ: کھینچ کر لمبا کرنا ــــ الجملُ بہ: تیز دوڑنا ــــ الرجلُ في الأرضِ: تیز چلنا ــــ الولدُ: لڑکے کا باپ کے مشابہ ہونا۔ ــــ غَرْسَ فلانٍ: پودے میں پانی دینا اور نگہبانی کرنا ــــ السيفَ: تلوار سونتنا ــــ المُخَاطَ: رینٹ صاف کرنا ــــ الصبيَّ: بچے کی رینٹ صاف کرنا ــــ ہ بيدِہ: مارنا ــــ مَخْطًا ومُخُوطًا السهمُ: تیر کا پار ہونا۔ صفت ماخِط۔
مَخَّطَ الولدَ: بچے کی ناک سے رینٹ صاف کرنا
أَمْخَطَ السهمَ: تیر کو پار کرنا۔
امْتَخَطَ الشيءَ: چھین لینا۔ اچک لینا ــــ السيفَ: تلوار سونتنا۔
امْتَخَطَ وتَمَخَّطَ۔ رینٹ صاف کرنا۔ و تَمَخَّطَ الرجلُ: چلنے میں لڑکھڑانا۔
المَخْط۔ م۔ راکھ۔ چھوٹا کپڑا۔
المُخَاط۔ رینٹ۔ ج أَمْخِطَة۔ مُخَاطُ الشيطانِ: وہ چیز جو دوپہر کے وقت میں مکڑی کے جالے کی مانند اوپر سے نیچے آتی ہوئی معلوم ہوتی ہے اس کو مُخَاطُ الشمسِ ولُعَابُ الشمسِ بھی کہتے ہیں۔
المُخَاطِيّ۔ رینٹ والا۔
المَخِط۔ فیاض سردار۔ ج أَمْخَاط۔
المَخْطَة۔ مَخَطَ کا اسم مرة۔ ایک مرتبہ میں جتنی رینٹ صاف کی جائے۔
المُخُل عند المولدين: لوہے وغیرہ کا آلہ جس سے بڑے بڑے پتھر اٹھائے جائیں۔ یا توڑے جائیں۔ ج أَمْخَال ومُخُول۔
الماخِل۔ بھاگنے والا۔
مَخْمَخَ۔ گودا نکالنا۔
مَخَنَ (ن) مَخْنًا۔ رونا ــــ البئرَ: کنوئیں سے پانی نکالنا ــــ العودَ: لکڑی چھیلنا ــــ الجاريةَ: جماع کرنا۔
مَخُنَ (ن) مَخْنًا ومُخُونًا۔ لمبا ہونا صفت مَخْنٌ ومَخِنٌ۔ مؤنث مَخْنَةٌ ومَخِنَةٌ۔
المِخَنّ۔ لمبا مرد۔
المِخَنَّة۔ المخن کا مؤنث۔ گھر کا صحن۔
مَخَّى الرجلَ عن الأمرِ: الگ کر دینا۔ دور کر دینا
أَمْخَى إِمْخَاءً وامْخَى امِّخَاءً وتَمَخَّى و امْتَخَى إليہ: عذر خواہی کرنا ــــ منہ: بیزار ہونا۔ وتَمَخَّى العظمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔
مَدَّ (ن) مَدًّا الشيءَ وبالشيءِ: پھیلانا۔ کھینچنا ــــ اللہُ عُمْرَہ: عمر طویل کرنا ــــ مِنَ الدَّوَاةِ

قلم میں روشنائی لینا — النہرُ و البحرُ: دریا یا
سمندر کا چڑھنا - پانی زیادہ کرنا (لازم و متعدی)
کہا جاتا ہے "قلّ ماءُ رکیّتنا فمدّتہا رکیّۃٌ اُخریٰ"
ہمارے کنوئیں کا پانی کم ہو گیا تو دوسری کنوئیں
نے اس کے پانی کو زیادہ کر دیا "وہٰذا الوادی یمُدُّ فی
وادی کذا" یہ وادی دوسری وادی کے پانی کو
زیادہ کرتی ہے "ومدّ نظرہٗ الیہ" اس نے اس کی
طرف بلند نگاہ ڈالی - مدّ الارضَ: کھاد یا دوسری
مٹی ڈالنا — الحرفَ: کھینچ کر پڑھنا — الابلَ:
پانی میں جو یا آٹا یا تل ملا کر پلانا — السراج
بالسلیط: چراغ میں تیل ڈالنا — فی السیرِ:
گذرنا - مدّ و امدّ الرجلَ: مہلت دینا - اعانت کرنا
فریاد رسی کرنا — ہٗ فی غیّہٖ: گمراہی میں زیادتی
کرنا — الجندَ: فوج کی مدد کرنا — النہارُ:
دن کا چڑھنا - بلند ہونا — الدواۃَ: روشنائی
ڈالنا - دوات میں روشنائی یا پانی زیادہ کرنا -
اور ایسا ہی "مدّ القلمَ": قلم میں روشنائی لگانا -
امدّ فی مشیتہٖ: ناز و انداز سے چلنا - امدّہُ اللہُ
فی الخیرِ: زیادہ کرنا — اجلہٗ: طویل کرنا اور
مؤخر کرنا — فلاناً بمالٍ: دینا — الکاتبَ:
قلم میں ایک ڈوبا دینا — البعیرَ: پانی میں جو
یا آٹا یا تل ملا کر پلانا — وامدّ الجرحُ: زخم میں
پیپ ہونا -

مدّدَ الشیءَ: پھیلانا -

مادّہٗ مِدادًا و مُمادّۃً - کھینچنا - ٹال مٹول
کرنا - مادّہٗ الثوبَ: ایک دوسرے کے کپڑے کو
کھینچنا -

تمادّا الثوبَ: باہم مل کر کھینچنا -

تمدّد و امتدّ - پھیلنا - انگڑائی لینا -
تمدّدوا الشیءَ بینہم: کھینچنا - امتدّ بہم السیرُ:
طویل ہونا — فی مشیتہٖ: ناز و انداز سے چلنا
— الی الشیءِ: دیکھنا — النہارُ: دن کا آدھا ہونا

استمدّ القومُ الامیرَ علی العدوّ: مدد طلب
کرنا — من الدواۃِ: روشنائی لینا -

المدُّ - مص - سیلاب - ج مُدود - منتہیٰ -
کہا جاتا ہے "بینی و بینہٗ قدر مدّ البصرِ" میرے اور
اس کے درمیان منتہائے نظر کی مقدار فاصلہ ہے
دن کا بلند ہونا - کہا جاتا ہے "اتیتہٗ مدّ النہارِ و مدّ
الضحیٰ" میں اس کے پاس دن چڑھنے کے وقت
آیا - مدّ البحرِ: دریا کا چڑھنا -

المَدُّ و المَدّۃ - حرف کو کھینچ کر پڑھنے کی
علامت -

المُدّ - ایک پیمانہ جس کی مقدار اہل عراق
کے نزدیک دو رطل اور اہل حجاز کے نزدیک
ایک اور تہائی رطل -

المَدّۃ - مدّ کا اسم مرّۃ - قلم کا ایک مرتبہ دوات
میں ڈالنا -

المُدّۃ - زمانہ کا حصہ قلیل ہو یا کثیر - غایت
زمانی یا مکانی - کہا جاتا ہے "لہٰذہ الامۃ و الارض
مُدّۃ": قلم کا ایک ڈوبا - ج مُدد -

المِدّۃ - مدّ کا اسم نوع - پیپ -

المَدَد - مدد - فریاد رسی - کہا جاتا ہے -
"امددتہٗ بمددٍ" میں نے اس کو قوت پہنچائی - میں
نے اس کی اعانت کی -

المِدّان و الامِدّان - کھاری یا بہت
سخت کھاری پانی - وہ زمین جہاں سے پانی رسے

المِداد - مع - روشنائی - گوبر یا کھاد - چراغ
میں جو تیل ڈالا جائے - مثال و طریقہ - تم کہتے ہو
"ہم علیٰ مدادٍ واحدٍ" وہ ایک مثال پر ہیں "وسبحان
اللہ مداد السمٰوات" یعنی آسمان کی تعداد کے
مطابق -

المادّۃ - المادّ کا مؤنث - جس سے کسی چیز
کی ترکیب و قوام ہو - المادّۃ الاولیٰ: وہ جس
سے کسی چیز کا حصول بالقوہ ہو - ج مَوادّ - مادّۃ
موادّ اللغۃ: الفاظ لغت: موادّ العلم: مباحث
علم -

المادّی - منسوب الی المادۃ: دہریہ جو اس
بات کا قائل ہو کہ صرف مادہ ہی کا وجود ہے -

الاُمدّۃ - تانا -

الاُمدود - عادت -

المَدِید - کھینچا ہوا - لمبا - کہا جاتا ہے "قدٌّ مدیدٌ"
لمبا قد "فلانٌ مدیدُ القامۃِ" فلاں لمبے قد کا ہے
مؤنث مدیدۃ "مدّۃٌ مدیدۃٌ": طویل مدت - ج
مُدُدٌ - چارہ - پانی میں جو یا آٹا یا تل ملا ہوا - اوزانِ
شعر میں سے ایک وزن -

المُدَیْدۃ - تھوڑی سی مدت (مدت کی
تصغیر)

المَمَدّ - مصدر میمی - چیز کے کھینچنے کی جگہ -

المُمتدّ - اوزان شعر میں ایک وزن جس کو
بعض متاخرین نے استعمال کیا ہے - وزن اس کا
فاعلن فاعلاتن چار مرتبہ ہے -

المَمْدُود - مفع - مالٌ ممدودٌ: بہت مال -
الممدود فی علم الصرف: ہر وہ اسم معرب جس کے
آخر میں ہمزہ ہو اور اس سے پہلے الف زائدہ ہو
جیسے صحراء -

مَدَحَہٗ (ف) مَدْحًا و مِدْحۃً -
تعریف کرنا -

مادحہٗ - تعریف کرنا -

تمدّح - غیر واقعی اوصاف پر فخر کرنا -
خود بخود تعریف کرنا — الرجلَ: تعریف کرنا -
المُشْطُ و المَشْطُ و المِشْطُ و المُشُطُ و المَشِطُ و المُشُطّ۔ کنگھی ج اَمْشَاط و مِشَاط

المُشْط۔ کپڑا بننے کا ایک آلہ جو کنگھی کے مانند ہوتا ہے۔ اونٹ کے بدن پر داغ کرنے کا کنگھی کے مانند آلہ۔ پست قدم کی پتلی پتلی ہڈیاں کبھی اور کبھی پورے قدم پر اطلاق ہوتا ہے۔ و المُشْط ایک دریائی مچھلی جسکو مُطْلِی بھی کہتے ہیں۔

المِشْطَۃ۔ مَشَطَ کا اسم نوع۔

المِشَاطَۃ۔ مَشّاطہ گری۔

المُشَاطَۃ۔ کنگھی کرنے میں گرے ہوئے بال۔

المَشَّاط۔ شانہ ساز۔

المَاشِطَۃ و المَشَّاطَۃ۔ کنگھی کرنیکا پیشہ کرنیوالی

المَشِيطُ ـ کنگھی کیا ہوا ـ کہا جاتا ہے شَعَرٌ مَشِيطٌ ولِمَّةٌ مَشِيطٌ ـ کنگھی کئے ہوئے بال ـ کنگھی کی ہوئی زلف ـ
المِمْشَطُ ـ کنگھی ـ
المَمْشُوطُ ـ مفعو ـ رَجُلٌ مَمْشُوطٌ : پتلا و لمبا مرد ـ
مَشِظَ (س) مَشْظاً، مَشَظاً ـ پھانس چبھنا ـ کہا جاتا ہے مَشِظَتْ يده : یعنی اسکے ہاتھ میں پھانس چبھ گئی ـ مَشِظَتِ الدابۃُ : گوشت سے نمایاں پٹھوں والا ہونا ـ
مَشَظَ (ن) مَشْظاً ـ البَلَدَ : شہر کو اقامت کے لئے پسند کرنا ـــ فُلَاناً : کچھ لے لینا ـ
المَشْظُ والمِشْظَۃُ ـ پھانس ـ کانٹا جو ہاتھ میں چبھ جائے ـ کلہاڑی کو مضبوط کرنیکا پچر
المَشْظَۃُ : مَشَظَ کا اسم مرۃ ـــ مِنَ الاَخبارِ مخفی خبریں جن کی تحقیق نہ ہو ـ
قناۃٌ مَشِظَۃٌ ـ نیا سخت نیزہ کہ جو لے اسی کا ہاتھ چھل جائے ـ
مَشَعَ (ف) مَشْعاً الشئَ : کمانا ـ اچک لینا ـــ القُطْنَ : روئی تومنا ـــ الغَنَمَ : بکری دوہنا ـــ بِبَولِہٖ : پیشاب کرنا ـ فُلَاناً بالحَبْلِ وغیرہٖ : رسّی وغیرہ سے مارنا ـــ الرَّجُلُ : آہستہ چلنا ـ
مَشَّعَ الشئَ : صاف کرنا ـ پونچھنا ـــ القَصْعَۃَ : پیالہ میں سے سب کھا لینا ـ
اِمْتَشَعَ ثوبَ صاحبہٖ : چھین لینا ـ
مَا فِي الضَرعِ اَوْ مَا فِي يَدِ فُلَانٍ : سب دودھ دُوہنا یا سب کچھ ہاتھ سے لے لینا ـ ـــ السَّيْفَ : جلدی سے سونتنا ـــ و تَمَشَّعَ الرَّجُلُ : اپنے آپ سے گندگی کو دور کرنا ـ پتھر سے استنجا کرنا
المَشِعَۃُ والمَشِيعَۃُ ـ تومی ہوئی روئی کا ٹکڑا ـ
المَشُوعُ ـ بہت کمائی کرنیوالا ـــ ذِئبٌ مَشُوعٌ : بہت اچکنے والا بھیڑیا ـ
مَشَغَ (ف) مَشْغاً ـ مارنا ـ عیب لگانا ـــ الرَّطْبَ : ککڑی وغیرہ آہستہ آہستہ کھانا ـ

مَشَّغَ الثوبَ : گیرو سے رنگنا ـــ عِرْضَ فُلَانٍ : آبرو میں داغ لگانا ـ
المِشْغُ ـ گیرو ـ
المِشْغَۃُ ـ بوسیدہ کپڑے کا ٹکڑا ـ
مَشَقَ (ن) مَشْقاً ـ جلدی نیزہ مارنا ـ جلدی کام کرنا ـــ ہٗ بالسَّوطِ : کوڑے سے مارنا ـ
الشَّعرَ : بالوں میں کنگھی کرنا ـــ الکِتَّانَ ونحوَہٗ : راچھ میں ڈال کر خراب و ردی حصہ کو علیحدہ کرنا ـ
الشئَ : دراز ہونے کیلئے کھینچنا ـــ الثوبَ : کپڑے کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا ـــ النَّاقۃَ : اونٹنی کو تھوڑا سا دوہنا ـــ فِي الکِتَابَۃِ : بڑے بڑے حروف لکھنا ـ لکھنے میں جلدی کرنا ـ اور کہا جاتا ہے مَشَقُوا ارتحالَھم یعنی انھوں نے کوچ کرنے میں جلدی کی ـ
مَشُقَ مَشَاقَۃً ـ پتلا و لمبا ہونا ـ دُبلا اور کم گوشت والا ہونا ـ صفت مَشِقٌ ومَشِيقٌ ومَمْشُوقٌ
مَشِقَ (س) مَشَقاً ـ رانوں کی رگڑ سے سوزش ہونا ـ صفت مَشِقٌ وامشق اور اسم المَشْقَۃُ ـ
مَاشَقَہٗ مُمَاشَقَۃً ـ گالی گلوج کرنا ـ جھگڑا کرنا ـ مَاشَقَ الشئَ : کسی سے چیز کو کھینچنا ـ
اَمْشَقَہٗ بالسَّوطِ : کوڑا مارنا ـ اَمْشَقَ الثوبَ : گیرو سے رنگنا ـ
مَشَّقَ تَمْشِيقاً الاِبِلَ الکَلأَ : اونٹ کو گھاس چرانا ـ
تَمَشَّقَ الثوبُ : کپڑے کا پھٹنا ـ ٹکڑے ٹکڑے ہونا ـــ الغُصْنُ : ٹہنی کا چھلنا ـــ اللیلُ : رات کا ختم ہونا ـ
اِمْتَشَقَ ـ چھین لینا ـ اُچک لینا ـــ مَا فِي الضَرعِ : سارا دودھ دوہنا ـــ السَّيْفَ تلوار سونتنا ـــ فِي الشئِ : داخل ہونا ـــ الکِتَّانَ : راچھ میں ڈال کر خراب و ردی حصہ کو علیحدہ کرنا ـــ الشئَ : اپنے لئے لینا ـــ مَا فِي يَدِ الرَّجُلِ : سارا لے لینا ـ
المِشْقُ ـ مع ـ گیرو ـ اور کہا جاتا ہے فِي قَدِّہٖ مَشْقٌ "اس کے قد میں لمبائی اور پتلا پن ہے"

المِشْقَۃُ والمُشَاقَۃُ ـ راچھ کا نکلا ہوا خراب و ردی حصہ ـ المُشَاقَۃُ : روئی کا گالا ـ پرانا کپڑا ج مِشَقٌ ـ
المُشْقَۃُ ـ نئے کپڑے کی دھجی ـ
المَشِيقُ ـ پہنا ہوا کپڑا ـــ مِنَ الخَيلِ دبلا گھوڑا ـ
المَاشِقُ ـ فا ـ ج مُشَّقٌ ـ
قَلَمٌ مَشَّاقٌ ـ تیز چلنے والا قلم ـ
ثَوبٌ مِشْقٌ ومُمَشَّقٌ وامشاق ـ گیرو سے رنگا ہوا کپڑا ـ
المَشْقَۃُ ـ مَشَقَ کا اسم مرۃ ـ جانور کی ٹانگ میں رسّی کا نشان ـ
المَمْشُوقُ ـ مفعو ـ کم گوشت کا مرد مِنَ الخَيلِ : دبلا گھوڑا ـــ مِنَ القُضبانِ : پتلی لمبی شاخ ـ کہا جاتا ہے "قدٌّ مَمْشُوقٌ" لمبا پتلا قد مؤنث ـ مَمْشُوقَۃٌ ـ
التَمَاشُقُ ـ جھگڑا ـ
المِمْشَقَۃُ ـ راچھ ـ کتان وغیرہ کو صاف کرنے کا کنگھی کے مانند ایک آلہ ـ ج مَمَاشِقُ ـ
مَشِلَ (ن) مُشُولاً لَحْمُہٗ : گوشت کم ہونا (ـــ مَشْلاً) اللَّبَنَ : دودھ کم دوہنا ـــ و اِمْتَشَلَ) السَّيفَ : تلوار سونتنا ـ
المَاشِلُ والمَمْشُولُ ـ دبلا پتلا کم گوشت
المَشْلُ ـ کم دوہائی ـ
المِمْشَلُ ـ نرمی سے دوہنے والا ـ
المِشْلَوْزُ ـ میٹھی گٹھلی کا زرد آلو (یہ کلمہ مِشْمِش اور لوز سے مرکب ہے)
المِشْمِشُ ـ زرد آلو ـ واحد مِشْمِشَۃٌ ـ
مَشَنَ (ض) مَشْناً ـ خراش لگانا ـ مَشَنَہٗ بالسَّوطِ : کوڑا مارنا ـــ ہٗ بالسَّيفِ : تلوار مار کر کھال چھیلنا ـ مَشَنَ الجَارِيَۃَ : جماع کرنا ـــ (وامْتَشَنَ) النَّاقۃَ : سارا دودھ دوہنا صفت مَاشِنٌ ـ ج مُشُنٌ ـ وامْتَشَنَ السَّيفَ : تلوار سونتنا ـــ الشئَ : اچک کر اپنے لئے لینا ـــ ثَوبَہٗ : کپڑا چھین لینا ـ

مَشَّنَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بدکتے ہوئے
دودھ دینا۔ کہاجاتا ہے تَمَاشَنَا جِلْدَ الظَّرِبَانِ:
بدترین قسم کی آپس میں گالی گلوج کرنا۔
المِشَانُ والمُشَانُ - ایک قسم کی کھجور
یا عمدہ کھجور۔
اِسْتَمْشَى الرَّجُلُ: مسہل دوا پینا۔ اور
کہاجاتا ہے اِسْتَمْشَى بِكَذَا جبکہ کوئی شخص مسہل لے۔
المَشْوُ والمَشُوُّ والمَشِيُّ والمَشَاءُ -
دست آور دوا۔
مَشَى (ض) مَشْيًا وتَمْشَاءً - چلنا۔
بہت مویشی والا ہونا ـــ زَيْدٌ: ہدایت پانا اور
اسم المِشْيَةُ (ـــ مَشَاءً) المَرْأَةُ والمَاشِيَةُ: بہت
بچوں والی ہونا ـــ بِالنَّمِيمَةِ: چغل خوری کرنا۔
بَطْنُهُ: پیٹ چلنا۔
مَشَّى تَمْشِيَةً - چلنا ـــ الرَّجُلَ: چلانا۔
اَمْشَى الرَّجُلَ: چلانا۔ اَمْشَاهُ الدَّوَاءُ:
دست لانا ـــ وَاَمْشَى: بہت مویشی کے بچوں
والا ہونا۔
مَاشَاهُ مُمَاشَاةً - ساتھ چلنا۔
تَمَشَّى - چلنا۔
تَمَاشَيَا - باہم مل کے چلنا۔
المِشْيَةُ - چال۔
المَشِيئَةُ - ارادہ۔ خواہش۔
المَاشِي ج مُشَاةٌ ومَاشُونَ - چوپائے
والا۔ المُشَاةُ: چغلی کھانے والے ـــ مِنَ
العَسْكَرِ: پیدل دستہ۔
المَاشِيَةُ - ماشی کا مؤنث - مویشی - ج
مَوَاشٍ۔
المَشَّاءُ - بہت چلنے والا - چغل خور۔
المَمْشَى - چلنے کی جگہ - غلام گردش ج مَمَاشٍ
مَصَّ (س ن) مَصًّا و تَمَصَّصَ و اِمْتَصَّ
چوسنا۔
اَمَصَّ اللَّبَنَ: چوسانا۔
المَصُّ - مع قَصَبُ المَصِّ: گنا۔
المُصَّةُ والمُصَاصُ مِنَ الشَّيْءِ: خالص۔

کہاجاتا ہے فُلَانٌ كَرِيمُ المُصَاصِ" وَهُوَ مُصَاصُ قَوْمِهِ
جبکہ نسب کے لحاظ سے خالص ہو۔ اور اس میں
واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب برابر ہیں۔
المُصَاصَةُ - جو چیز چوسی جائے۔
المَصَّاصُ - بہت چوسنے والا۔ پچھنے
لگانے والا۔
المَصَّانُ - کمینہ۔ کمینگی کی وجہ سے بھیڑ بکری
کے تھن میں منہ لگا کر چوسنے والا۔ اور گالی کے
موقع پر مرد کے لئے یَا مَصَّانُ اور عورت کیلئے
یَا مَصَّانَةُ کہاجاتا ہے۔ المَصَّانُ: پچھنے لگانیوالا۔
المُصَّانُ - گنا۔
المَصُوصُ - پختہ گوشت جو سرکہ میں ڈالا جائے
المُصَيْصَةُ - پیالہ۔
مَصِيصُ الثَّرَى: نمناک مٹی یا ریت۔
المِمَصُّ - چوسنے کا آلہ۔
مَصَتَ (ن) مَصْتًا الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
النَّاقَةَ: ہاتھ ڈال کر بچہ دانی کو صاف کرنا۔
مَصَحَ (ف) مَصْحًا و مُصُوحًا الشَّيْءُ:
جاتا رہنا۔ منقطع ہونا ـــ بِالشَّيْءِ: لیجانا۔ مَصَحَتِ
الدَّارُ: گھر کا نشان مٹ جانا۔ مَصَحَ الثَّوْبُ: کپڑے
کا پرانا ہونا ـــ النَّبَاتُ: نباتات کا مرجھانا ـــ
الكِتَابُ: کتاب کا مٹنا یا مٹنے کے قریب ہونا ـــ
لَبَنُ النَّاقَةِ: اونٹنی کے دودھ کا ختم ہونا۔ مَصَحَ
(ف) و مَصِحَ (س) مَصَحًا الظِّلُّ: کم یا تنگ ہونا
صفت اَمْصَحُ۔
مَصَحَ و مَصَّحَ و اَمْصَحَ اللّٰهُ مَرَضَكَ:
صحت دینا۔ مرض کو زائل کرنا۔
المُصَاحَاتُ - اونٹنی کے بچوں کی کھالیں
جن میں کچھ بھر کر اونٹنی کے سامنے کھڑا کر دیتے ہیں
تاکہ وہ سمجھے کہ اپنا ہی بچہ کھڑا ہے۔
مَصَخَ (ف) مَصْخًا الشَّيْءَ: کھینچنا۔
تَمَصَّخَ و اِمْتَصَخَ الشَّيْءَ: کھینچ کر نکالنا۔
وَ اِمْتَصَخَ الشَّيْءُ عَنِ الشَّيْءِ: جدا ہونا۔
اِمْصَخَ الوَلَدُ: ماں کے پیٹ سے جدا ہونا۔
الاُمْصُوخَةُ - بردی کا سفید گودا۔ ثمام

اور نصی کے پتے ج اُمْصُوخٌ و اَمَاصِيخُ (بردی، ثمام
اور نصی یہ سب نباتات کی قسمیں ہیں)
المَصُوخَةُ - بکری جس کے تھن کی جڑ ڈھیلی
پڑ گئی ہو۔
المُصَّاخُ - ایک قسم کی نباتات جس کے
چھلکے پیاز کے مانند ہوتے ہیں۔
مَصَدَ (ن) مَصْدًا الصَّبِيُّ ثَدْيَ اُمِّهِ:
بچے کا ماں کے پستان کو چوسنا ـــ الشَّيْءَ: چوسنا
الرَّجُلُ: مطیع و فرماں بردار کرنا۔
المَصَادُ - بلند پشتہ - پہاڑ کی چوٹی ج اَمْصِدَةٌ
و مُصْدَانٌ۔
المَصْدُ والمَصَدُ - گرمی کی شدت - بڑی
کی زیادتی۔ بادل کی گرج۔ بارش۔ بلند پشتہ۔
المَصْدَةُ - بارش۔
مَصَرَ (ن) مَصْرًا النَّاقَةَ: اونٹنی کو انگلیوں
کے اطراف سے دوہنا۔
مَصَّرَ العَطِيَّةَ: بند کر دینا یا تھوڑا تھوڑا دینا
مَصَّرُوا المَكَانَ: شہر بنانا ـــ الثَّوْبَ: گیروے
رنگنا۔
تَمَصَّرَ المَكَانُ: شہر ہونا ـــ الشَّيْءُ او العَطَاءُ:
کم ہونا ـــ القَوْمُ: پراگندہ ہونا ـــ الشَّيْءَ:
پیچھا کرنا۔ تلاش کرنا ـــ وَ اِمْتَصَرَ النَّاقَةَ:
اونٹنی کو انگلیوں کے اطراف سے دوہنا۔
المَاصِرُ - فا - دو چیزوں کے درمیان روک
نَاقَةٌ اَوْ شَاةٌ مَاصِرٌ: کم دودھ والی اونٹنی یا بکری یا
وہ جس کا دودھ دیر میں نکلے۔
المِصْرُ - دو چیزوں کے درمیان روک - دو
ملکوں کے درمیان کی سرحد - شہر - گوشہ - ج اَمْصَارٌ
و مُصُورٌ و مِصْرُ: ملک مصر - المِصْرَانِ: کوفہ و بصرہ۔
المِصْرِيُّ - منسوب اِلَى مِصْر - مصر کا رہنے والا
مؤنث مِصْرِيَّةٌ ج مَصَارِ و مَصَارِيُّ - کہاجاتا ہے
تَمْرٌ مَصَارٍ و مَصَارِيُّ ـــ
المَصُورُ مِنَ الاِبِلِ او الشَّاءِ: وہ اونٹنی یا بکری
جس کا دودھ دیر میں نکلے - ج مِصَارٌ و مَصَائِرُ و
عَطَاءٌ مَصُورٌ: تھوڑا عطیہ۔

المَصِيرُ۔ آنت۔ ج اَمْصِرَةٌ و مُصْرَان۔ جج مَصَارِين۔

المُمَصَّرُ۔ گیرو سے رنگا ہوا۔

المُمَصَّرَة۔ المُمَصَّر کا مؤنث۔ کتے ہوئے سوت کا گولا۔

مَصْطَكَ الدَّوَاءَ: دوا میں مصطگی ملانا۔

المَصْطَكِيُّ والمُصْطَكِيُّ والمُصْطَكَاء مصطگی۔ ایک مشہور دوا کا نام ہے (دخیل)

مَصَعَ (ف) مَصْعًا البَرْقُ: بجلی کا چمکنا۔ ــــ الدَّابَّةُ بِذَنَبِهَا: چوپایہ کا دُم ہلانا ــــ فُلَانًا: کوڑا وغیرہ مارنا ــــ الفَرَسُ: آہستہ سے گذرنا ــــ الطَّائِرُ بِذَرْقِهِ: پرندہ کا بیٹ کرنا ــــ المَرْأَةُ بِالوَلَدِ: بچہ گرادینا ــــ فُؤَادُ فُلَانٍ: جلد بازی یا خوف سے دل کا پراگندہ ہونا ــــ ہٗ: ملنا (ــــ مُصُوعًا) لَبَنُ النَّاقَةِ: اونٹنی کے دودھ کم ہونا یا سوکھ جانا۔ ناقہ کی صفت مَاصِعٌ وَ مَاصِعَةٌ ــــ مَاءُ الحَوْضِ: حوض کا پانی کم ہونا ــــ الرَّجُلُ فِي الأَرْضِ: جانا۔ سفر کرنا۔

أَمْصَعَ الطَّائِرُ بِذَرْقِهِ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔ ــــ العَوْسَجُ: درخت عوسج کا پھل نکلنا ــــ المَرْأَةُ وَلَدَهَا: تھوڑا دودھ پلانا و أَمْصَعَتْ بِهِ: بچہ گرادینا ــــ القَوْمُ: بے دودھ والی اونٹنیوں والا ہونا ــــ لِفُلَانٍ بِحَقِّهِ: اقرار کرنا۔

مَصَّعَ القَضِيبَ: چھال کو ٹہنی پر خشک ہونے کے لئے چھوڑ دینا۔

مَاصَعَ مِصَاعًا و مُمَاصَعَة۔ جنگ کرنا۔ مقابلہ کرنا ــــ قِرْنَهُ: تلوار وغیرہ سے مارنا ــــ بِلِسَانِهِ: تہمت لگانا۔

تَمَاصَعَ القَوْمُ فِي الحَرْبِ: باہم جنگ کرنا

إِمَّصَعَ و اِمْتَصَعَ فِي الأَرْضِ: جانا۔ سفر کرنا۔ اِمْتَصَعَ الحِمَارُ: گدھے کا کان کھڑے کرنا

المَصْع مص۔ ہانکنا۔ پھینکا جانا۔

المُصَعَة و المُصُعَة۔ ایک چھوٹا پرندہ۔ عوسج درخت کا پھل۔ ج مُصَعٌ و مُصْعٌ۔

المَاصِع۔ فا۔ کھاری پانی۔ کم۔ گدلا۔ چمکیلا۔ پشت پھیرنے والا۔ مؤنث مَاصِعَة۔

المِصَع۔ تلوار باز۔ لڑکا جو پھٹے ہوئے کپڑوں سے کھیل رہا ہو۔

المَصْوُع۔ خوف زدہ مرد۔

مَصَلَ (ن) مَصْلًا اللَّبَنَ: پانی ٹپکنے کے لئے کپڑے میں لٹکانا ــــ مَالَهُ: مال کو لغویات میں خرچ کرنا (مَصْلًا و مُصُولًا) الجُبْنُ ونَحْوُهُ: ٹپکنا ــــ الجُرْحُ: زخم کا رِسنا۔

أَمْصَلَ مَالَهُ: مال تباہ کرنا۔ لغویات میں خرچ کرنا ــــ الغَنَمُ: سارا دودھ دوہ لینا۔

أَمْصَلَتِ المَرْأَةُ: ناتمام بچہ گرادینا۔ صفت مُمْصِلٌ

المَصْل۔ مص ر ــــ و المَصَالَة و المُصَالَة مِنَ اللَّبَنِ ونَحْوِهِ: دودھ وغیرہ سے ٹپکا ہوا پانی

المُصَالَة: ٹھلیا یا مٹکے سے جو ٹپکے۔

المَاصِل۔ فا۔ تھوڑا دودھ یا تھوڑا عطیہ۔

المَصْلَاء۔ باریک بازوؤں والی عورت

المِمْصَل۔ دودھ وغیرہ سے پانی ٹپکانیکا برتن۔ لغویات میں مال کو تباہ کرنے والا۔

مَصْمَصَ المَاءَ: زبان کے کنارے سے حرکت دینا ــــ الثَّوْبَ: کپڑا دھونا۔ صاف کرنا

المُصَامِص۔ ہر چیز کا خالص۔ کہا جاتا ہے "إِنَّهُ لَمُصَامِصٌ فِي قَوْمِهِ: وہ اپنی قوم میں خالص النسب ہے۔

مَضَّ (س ن) مَضًّا و مَضِيضًا الجُرْحُ فُلَانًا: دردمند کرنا۔ تکلیف پہنچانا ــــ الكُحْلُ العَيْنَ بِحِدَّتِهِ: سرمہ کا آنکھ میں جلن پیدا کرنا ــــ الخَلُّ فَاهُ: سرکہ کا منہ کو جلا دینا ــــ الشَّيْءُ فُلَانًا: تکلیف دہ غم میں مبتلا کرنا (ــــ مَضًّا) الشَّيْءَ: چوسنا

مَضَّ (س) مَضَضًا مِنَ الشَّيْءِ: دردمند ہونا (ــــ مَضَضًا و مَضَاضَةً و مَضِيضًا) مصیبت کے دکھ سے دردمند ہوا۔

أَمَضَّهُ الأَمْرُ: دردمند کرنا۔ جلن پیدا کردینا

أَمَضَّهُ الجُرْحُ ونَحْوُهُ: دردمند کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ أَمَضَّنِي كَلَامُ فُلَانٍ فلاں کی گفتگو نے مجھکو تکلیف پہنچائی "أَمَضَّهُ جِلْدُهُ" اسکی کھال کھجلائی

مَاضَّ مِضَاضًا۔ لعنت ملامت کرنا۔

مَضْمَضَ تَمْضِيضًا۔ بہت کھاری پانی پینا۔ کھٹا دودھ پینا۔

تَمَاضَّ القَوْمُ: باہم جھگڑا کرنا۔

المَضّ مص۔ كُحْلٌ مَضٌّ: تیز جلن پیدا کرنیوالا سرمہ۔ رَجُلٌ مَضُّ الضَّرْبِ: تکلیف دہ مار پیٹ والا مرد۔

المِضّ۔ ہونٹوں سے نہیں کے مانند کلمہ نکالنا اور کچھ امید بھی دلانا۔

مِضُّ و مِضَّ و مِضِّ بنی و مِضٍّ مع التنوین: کلمہ ہے جو لانفی کے معنی میں مستعمل ہے مگر اس کے ساتھ ساتھ کچھ امید بھی ہو۔

المَضَّة اسم مرۃ۔ مؤنث المَضّ۔ اِمْرَأَةٌ مَضَّةٌ: عورت جو کسی مکروہ و مصیبت کو برداشت نہ کر سکے أَلْبَانٌ مَضَّةٌ: کھٹے دودھ۔

المَضَض۔ مص۔ مصیبت کی تکلیف۔ کھٹا دودھ۔

المَضَاض۔ جلن۔

المُضَاض۔ خالص۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مِنْ مُضَاضِ القَوْمِ" فلاں قوم کا خالص ہے۔ بہت کھاری پانی جو پیا نہ جاسکے۔ آنکھ کی جلن۔

المَضَّاض۔ جلانے والا۔

مَضَحَ (ف) مَضْحًا و أَمْضَحَ عِرْضَهُ: عیب لگانا۔ مَضَحَ عَنْهُ: دفع کرنا ــــ الشَّمْسُ: شعاع پھیلنا ــــ الإِبِلُ: اونٹوں کا منتشر ہونا ــــ المَزَادَةُ: رِسنا۔

مَضِدَ (س) مَضَدًا۔ کینہ رکھنا۔

مَضَرَ (ن) و مَضُرَ (ک) و مَضِرَ (س) مَضَرًا و مَضَارًا و مُضُورًا النَّبِيذُ و اللَّبَنُ: نبیذ یا دودھ کا کھٹا ہونا۔

مَضَّرَهُ: قبیلہ مضر کی طرف نسبت کرنا۔ اور کہا جاتا ہے مَضَّرَهُ اللهُ: اللہ نے اس کی تعریف اچھی بنائی۔ مَضَّرَ مُضَرَ: ہلاک کرنا۔

تَمَضَّرَ: قبیلہ مضر کی طرف منسوب یا اس کے مشابہ ہونا۔ قبیلہ مضر کی جنبہ داری کرنا تَمَضَّرَتِ

المَاشِیَۃُ: جانور کا موٹا ہونا۔

لَبَنٌ مَضِرٌ وماضِرٌ ومَضِیْرٌ۔ کھٹا دودھ وعَیْشٌ مَضِرٌ: آسودہ زندگی اور کہا جاتا ہے "ذَہَبَ دَمُہٗ خَضِرًا مَضِرًا او خِضْرًا مِضْرًا" یعنی اس کا خون رائیگاں گیا۔ "اَخَذَہٗ خِضْرًا مِضْرًا وخَضِرًا مَضِرًا" یعنی اس نے اس کو تر و تازہ لیا یا بلاقیمت لیا۔

المَضِیْرَۃ۔ ایک قسم کا کھانا جو کھٹے دودھ سے تیار کیا جاتا ہے۔

المُضَارَۃ مِنَ اللَّبَنِ: کھٹے دودھ کا پانی

مَضَغَ (ف ن) مَضْغًا الطَّعَامَ: چبانا۔

مَاضَغَ القِتَالَ او الخُصُوْمَۃَ: دیر تک لڑنا یا جھگڑنا۔

اَمْضَغَہٗ ومَضَّغَہٗ۔ چبوانا۔ اَمْضَغَ الثَّمَرُ: پھل کا چبانے کے قابل ہونا۔ اَمْضَغَ اللَّحْمُ: گوشت کا لذیذ ہونا اور کھایا جانا۔

المَضَاغ۔ چبانا (— والمُضَاغَۃ) جو چیز چبائی جائے۔ کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَنَا مَضَاغٌ" ہمارے پاس چبانے کے لیے کوئی چیز نہیں۔ المُضَاغَۃ: چباتے چباتے آخر میں جو منہ میں باقی رہ جائے۔

المَاضِغ۔ فا۔ ج مُضَّغ۔

المُضْغَۃ۔ گوشت وغیرہ کا ٹکڑا۔ ج مُضَغ ومُضَغُ الاُمُوْرِ والجِرَاحَاتِ: معمولی اور چھوٹے چھوٹے کام۔

المَضِیْغَۃُ۔ ہڈی سے لگا ہوا گوشت۔ جبڑا عضلہ۔ ج مَضِیْغ ومَضَائِغ۔

المَضَّاغَۃ۔ بیوقوف۔ بہت چبانے والا۔

المَاضِغَانِ والمَاضِغَتَانِ۔ دونوں جبڑے

المَوَاضِغ۔ ڈاڑھیں۔

مَضْمَضَ مَضْمَضَۃً ومَضْمَاضًا ومِضْمَاضًا المَاءَ فِی فِیْہِ: پانی کو منہ میں پھرانا — الثَّوْبَ وغَیْرَہٗ: دھونا (— وتَمَضْمَضَ) النُّعَاسُ فِی عَیْنَیْہِ: اونگھ کا اثر آنکھوں میں ہونا۔ تَمَضْمَضَ الکَلْبُ فِی اَثَرِہٖ: کسی کے پیچھے کتے کا بھونکنا۔

المُضْمَاض۔ جلن۔ ہلکا پھلکا مرد۔ نیند۔

المَضْمَضَۃ۔ مص۔ سانپ وغیرہ کی آواز۔ کلی

مَضٰی یَمْضِیْ مَضَاءً ومُضِیًّا ومُضُوًّا الشَّیْءُ: گذر جانا (— مُضُوًّا) سَبِیْلَہٗ ولِسَبِیْلِہٖ: مرنا۔

مَضٰی یَمْضِیْ ویَمْضُوْ مَضَاءً ومُضُوًّا عَلَی الاَمْرِ: مداومت کرنا۔ جاری کرنا اور پورا کرنا۔ جس امر کو پورا کیا جائے اس کو مَمْضُوٌّ عَلَیْہِ کہتے ہیں۔ عَلَی البَیْعِ: بیع کو جائز رکھنا۔ مَضٰی مَضَاءً السَّیْفُ: کاٹنا۔

اَمْضٰی اِمْضَاءً الاَمْرَ: انجام کو پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "اَمْضَی الحَاکِمُ حُکْمَہٗ" حاکم نے اپنے فیصلہ کو نافذ کیا — البَیْعَ: بیع کو جائز رکھنا۔ اور اسی سے ہے "اِمْضَاءُ الصُّکُوْکِ والرَّسَائِلِ" یعنی دستخط کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "اَمْضَیْتُ لَہٗ" یعنی میں نے اس کو تھوڑی غلطی پر چھوڑ دیا یہاں تک کہ وہ انتہائی غلطی میں مبتلا ہو گیا پھر ایسے موقعہ پر اسکو سزا دی گئی کہ اسکے لیے کوئی عذر باقی نہ رہا۔

مَضّٰی تَمْضِیَۃً الاَمْرَ: نافذ کرنا۔

تَمَضّٰی الاَمْرُ: نافذ ہونا۔ پورا ہونا — الرَّجُلُ: آگے بڑھنا۔

المُضَوَاء۔ آگے بڑھنا۔ کہا جاتا ہے "مَضٰی عَلٰی مُضَوَائِہٖ" وہ اپنی پیش قدمی میں آگے رہا۔

المَاضِی۔ فا: گذشتہ زمانہ — عِنْدَ النُّحَاۃِ وہ فعل جو گذرے ہوئے زمانہ پر وضعاً دلالت کرے المَاضِی: تلوار۔ ج مَوَاضٍ۔

المِضَاء۔ پختہ ارادہ والا۔ کہا جاتا ہے۔ "اَنْتَ مِضَاءٌ عَلٰی مَا عَزَمْتَ عَلَیْہِ" تم اپنے ارادہ کو پورا کرنے والے ہو۔

مَطَّ (ن) مَطًّا الشَّیْءَ: پھیلانا — الدَّلْوَ: ڈول کھینچنا — خَدَّہٗ: تکبر کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "مَطَّ شِدْقَہٗ" اس نے گفتگو میں چرب زبانی کی الطَّائِرُ جَنَاحَیْہِ: پرندہ کا بازو پھیلانا — خَطَّہٗ او خُطُوَہٗ: دراز کرنا۔

مَطْمَطَ الشَّیْءَ: سخت کھینچنا — الرَّجُلَ: گالی دینا

تَمَطْمَطَ۔ کھنچنا۔ چمٹنا۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا دِبْسٌ یَتَمَطْمَطُ لِخُثُوْرَتِہٖ" یہ شیرہ ہے جو گاڑھا ہونے کی وجہ سے چمٹتا ہے — فِی الکَلَامِ: رنگ برنگ کی گفتگو کرنا۔

المَطَاط۔ اونٹ کا گاڑھا کھٹا دودھ۔

المَطَّاط۔ ربڑ۔

المُطَیْطٰی والمُطَیْطَاء والمِطِیْطَاء۔ مغرورانہ چال۔ چلنے میں دونوں ہاتھ کا پھیلانا۔

المَطِیْطَۃ۔ گدلا۔ گاڑھا پانی۔ ج مَطَائِط۔

مَطَأَ (ف) مَطْأً الجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔

مَطَحَ (ف) مَطْحًا بِیَدِہٖ: مارنا۔

تَمَطَّحَ وامْتَطَحَ الوَادِیْ: بہت اور بلند پانی والی ہونا۔

مَطَخَ (ف) مَطْخًا العَسَلَ: شہد چاٹنا — الرَّجُلَ بِیَدِہٖ: مارنا — عِرْضَہٗ: آبرو کو داغدار کرنا۔

المَاطِخ۔ فا۔ سست رفتار گھوڑا۔

المَطَّاخ۔ بیوقوف۔ مغرور۔ فحش گو۔ جھوٹا اور جھوٹے سے کہا جاتا ہے "مَطِّخْ مَطِّخْ او مَطِّخْ مَطِّخْ" یعنی تیرا قول باطل ہے۔

مَطَرَتْ (ن) مَطَرًا ومَطْرًا اَمْطَرَتِ السَّمَاءُ: بارش ہونا — السَّمَاءُ القَوْمَ: پانی برسانا وامْطَرَ الرَّجُلُ: پیشانی پر پسینہ والا ہونا۔ بارش میں ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَلَّمْتُ فُلَانًا فَاَمْطَرَ واسْتَمْطَرَ" میں نے فلاں سے گفتگو کی تو اس نے سر جھکا لیا اور اس کی پیشانی پر پسینہ آگیا۔ اَمْطَرَ المَکَانَ بارش شدہ پانا۔

مَطَرَ (ن) مُطُوْرًا ومَطْرًا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا — القِرْبَۃَ: مشک کو بھرنا — الطَّیْرُ: پرندہ کا تیزی سے اترنا کہا جاتا ہے ذَہَبَ ولَا اَدْرِیْ مَنْ مَطَرَ بِہٖ: وہ گیا اور میں نہیں جانتا کہ اس کو کس نے پکڑ لیا (— مُطُوْرًا) فِی الاَرْضِ: جانا — العَبْدُ: بھاگنا — الشَّیْءُ: بلند ہونا۔

تَمَطَّرَ۔ بارش کے سامنے ہونا۔ بارش طلب کرنا — الرَّجُلُ فِی الاَرْضِ: جانا — الطَّیْرُ: پرندہ کا تیزی سے اترنا — بِہٖ فَرَسُہٗ: لے کے تیز دوڑنا۔ تَمَطَّرَتِ الخَیْلُ: گھوڑوں کا

تیزی سے آنا اور سبقت کی کوشش کرنا۔
اِسْتَمْطَرَ اللّٰہَ: بارش طلب کرنا ـــ
المَکانُ اوالزَّرعُ: بارش کے قابل ہونا ـــ
الرَّجُلُ: بارش سے چھپنا۔ خاموش رہنا ـــ
ثَوبَہٗ: برساتی پہننا۔ اِسْتَمْطَرَ فُلَانًا وَمِنْ فُلَانٍ:
عنایت وکرم کی التجا کرنا ـــ لِلسِّیَاطِ: کوڑوں
کے درپے ہونا اور صبر کرنا۔ کہا جاتا ہے لَا تَسْتَمْطِرِ
الخَیلَ: گھوڑوں کے درپے مت ہو۔
المَطَرُ۔ بارش ج اَمْطَار۔
المُطْرُ۔ چینا کا خوشہ۔ عادت۔
المَطْرَۃ۔ بارش کی ایک بوچھار (ـــ والمَطِرَۃ
والمَطَرَۃ) عادت۔ المَطَرَۃ: مشک۔ حوض کا وسط
المَطَّار والمَطَّارَۃ مِنَ الآبَارِ: چوڑے منھ
کا کنواں۔
المَطَّار مِنَ الخَیلِ: بہت تیز رفتار گھوڑا۔
المَطِرُ والمَاطِرُ والمَطِیرُ۔ بارش والا۔
المَطِیرُ: جس پر بارش ہو۔
سَحَابٌ مُمْطَارٌ۔ موسلا دھار برسنے والا
بادل۔
المِمْطَرُ والمِمْطَرَۃ۔ برساتی۔ عوام
مُشَمَّع کہتے ہیں۔
المُتَمَاطِرُ۔ بادل جو تھوڑی دیر برسے اور پھر
رک جائے۔
المُتَمَطِّرُ۔ تیز رفتار گھوڑا۔ تیز رفتار گھوڑے
کا سوار۔ بارش کے بعد سیر کو نکلنے والا۔ کہا جاتا
ہے خَرَجَ مُتَمَطِّرًا یعنی بارش کے بعد سیر کو چلا۔
المُسْتَمْطِرُ۔ فا۔ بارش کا منتظر۔
المُسْتَمْطَرُ۔ مفع۔ بارش کیلئے کھلا میدان
المَطْرَان والمِطْرَان۔ پادریوں کا ایک
بڑا عہدہ ج مَطَارِنَۃ ومَطَارِین۔
مَطَزَ (ن) مَطْزًا الجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔
مَطَسَ (ض) مَطْسًا القَذِرَۃَ: یکبارگی
پاخانہ کرنا ـــ وَجْہَہٗ: چہرہ پر طمانچہ مارنا۔
مَطَعَ (ف) مَطْعًا ومُطُوعًا فِی الأرضِ:
جانا اور گم ہونا ـــ الشَّیءَ: اگلے دانتوں سے کھانا۔

المَاطِعُ۔ فا۔ خالص۔ کہا جاتا ہے بَیَاضٌ
مَاطِعٌ نَاطِعٌ: خالص سفید۔
تَمَطَّقَ الطَّعَامَ: چکھنا ـــ الرَّجُلُ: چٹخارہ
لینا۔ تَمَطَّقَتِ القَوْسُ: کمان کا پھٹنا۔
المَطْقَۃُ۔ مٹھاس۔ کہا جاتا ہے تَمْرُہُم لَہٗ
مَطْقَۃٌ ان کے چھوارے میں مٹھاس ہے کہ
کھانے والا چٹخارہ لیتا ہے۔
مَطَلَ (ن) مَطْلًا الحَبْلَ: رسی تاننا
الحَدِیدَ: لوہے کو کوٹ کے بڑھانا۔ پگھلا کر چوڑا
کرنا ـــ ہٗ حَقَّہٗ وبِحَقِّہٖ: ٹال مٹول کرنا ـــ
الدَّینَ: قرض کی ادائگی میں تاخیر کرنا۔
اِمْتَطَلَ حَقَّہٗ: ٹال مٹول کرنا۔ اِمْتَطَلَ النَّبَاتُ:
لمبا اور گنجان ہونا۔
اِمْطَلَّ الشَّیءُ: دراز ہونا۔
المُطْلَۃُ والمَطْلَۃُ۔ حوض کی تہ میں بقیہ پانی
المُطْلَۃ۔ تھوڑا سا پانی وغیرہ جو مشک سے
گرے۔
المِطَالَۃ۔ لوہے کے پگھلانے کا پیشہ۔
المَطَّال۔ لوہے کو پگھلانے اور چوڑا کرنے
والا (ـــ والمَطُول) بہت ٹالنے والا۔
المَطِیلَۃ۔ کوٹ پیٹ کے چوڑا کیا ہوا لوہا۔
المِمْطَل۔ چور۔ لوہار کا گھن۔
المَمْطُول۔ مفع۔ لمبا کیا ہوا۔ پھیلایا ہوا
ٹالا ہوا۔
مَطْمَطَ۔ گفتگو یا لکھنے میں سستی کرنا۔
تَمَطْمَطَ المَاءُ: گاڑھا ہونا۔
مَطَا یَمْطُو مَطْوًا۔ چلنے میں جلدی کرنا۔
بِالقَوْمِ: دیر تک چلانا۔
مَطِیَ یَمْطَی مَطًا۔ پھیلنا اور لمبا ہونا۔
اَمْطَی الدَّابَّۃَ: جانور پر سوار ہونا۔ سواری
بنانا۔ اَمْطَاہُ الدَّابَّۃَ: سوار کرانا۔
اِمْتَطَی۔ الدَّابَّۃَ: سوار ہونا۔
تَمَطَّی۔ پھیلنا اور لمبا ہونا ـــ الرَّجُلُ:
چلنے میں ہاتھوں کو پھیلانا اور انگڑائی لینا۔
المَطَا۔ مع۔ پیٹھ۔ تثنیہ مَطَوَان ج اَمْطَاء۔

المِطْوُ والمُطْوُ۔ شاخ جس کو چیر کر گٹھا
باندھا جائے۔ ج مِطَاء واَمْطَاء ومُطِیّ۔ المِطْوُ:
ساتھی۔ نظیر۔ کھجور کا گچھا۔ چینا کی بالی ج مِطَاء
المُطَوَاءُ۔ بروزن غُلَوَاء۔ انگڑائی۔ لمبائی
المَطْوَۃ۔ مَطَا کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے مَضَتْ
مَطْوَۃٌ مِنَ اللَّیلِ رات کا کچھ حصہ گذر گیا۔
المَطِیَّۃ۔ سواری۔ مذکر مؤنث دونوں کے
لئے ہے بعیر اور ناقہ دونوں کو مَطِیَّۃ کہتے ہیں۔
ج مَطَایَا ومَطِیّ۔
الاُمْطِیّ۔ سیدھے لمبے قد والا۔ ایک
قسم گوند کی جو کھایا جاتا ہے۔
مَظَّہٗ (ن) مَظًّا۔ ملامت کرنا۔
مَاظَّہٗ مِظَاظًا ومُمَاظَّۃً۔ جھگڑا کرنا۔
گالی دینا۔ مَاظَّ الخَصْمَ: چمٹے رہنا۔
اَمَظَّہٗ۔ گالی دینا۔
تَمَاظُّوا۔ باہم جھگڑنا۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔
المَظُّ۔ مع۔ جنگلی انار کا درخت۔ ایک قسم کے
گوند کا سرخ رنگ کا عصارہ۔
المَظَاظَۃ۔ سختی و بدمزاجی۔
مَظَعَ (ف) مَظْعًا ومَظَّعَ الوَتَرَ: تانت
کو خشک اور چمکیلا کرنا۔
تَمَظَّعَ المَاکُولَ: سب کا سب چاٹ جانا۔
ـــ الظِّلَّ: سایہ ڈھونڈھتے پھرنا ـــ فِی
الرَّعْیِ: چرانے کے وقت سے دیر کرنا۔
المُظْعَۃ۔ گھاس کا بقیہ۔
المَظْعَۃ۔ باقی ماندہ گفتگو۔
مَعَ ومَعْ۔ اسم ہے جو مضاف ہو کر مستعمل
ہے اور ظرف ہے اور اس وقت اس کے تین
معانی ہوتے ہیں۔
(۱) اجتماع اور مصاحبت۔ جیسے "اَللّٰہُ مَعَکُمْ"
اور اِفْعَلْ ہٰذَا مَعَ ہٰذَا۔
(۲) وقت اجتماع۔ جیسے جِئْتُکَ مَعَ العَصْرِ۔
(۳) بمعنے عند۔ جیسے جِئْتُ مِنْ مَعَ القَوْمِ۔ اور
بلا مضاف ہوئے بھی مستعمل ہے اس وقت اس پر
تنوین آتی ہے اور حال واقع ہوتا ہے اور یہی تثنیہ

اور جمع کے لئے بھی آتا ہے۔ جیسے جَاءَ زَیْدٌ وَعَمْرٌو مَعًا وجِئنا مَعًا اور نسبت کے لئے مَعِیّ اور اسی سے واوِ معیت ہے۔

مَعَّ (ن) مَعًّا الشَّحْمُ: چربی کا پگھلنا۔

مَعَتَ (ن) مَعْتًا الشَّیْءَ: مَلنا دلنا۔

مَعَجَ (ف) مَعْجًا الفَرَسُ: نرمی کے ساتھ تیز رفتار ہونا۔ صفت مَعُوج۔ مَعَجَ البَحْرُ: سمندر کا موج مارنا — السَّیْلُ: سیلاب کا تیز بہنا — بِالقَلَمِ فِی الدَّوَاۃِ: قلم کو روشنائی لگنے کیلئے دوات میں ہلانا — الفَصِیْلُ ضَرْعَ اُمِّہٖ: اونٹ کے بچہ کا دودھ اتارنے کے لئے تھن پر سر مارنا۔ اور کہا جاتا ہے "الرِّیْحُ تَمْعَجُ فِی النَّبَاتِ" ہوا پودوں کو ادھر اُدھر کر رہی ہے — الجَارِیَۃَ: جماع کرنا — الرَّجُلَ جنگ کرنا۔ تلوار مارنا۔ مَعَجَتِ النَّبَاتُ: لہلہانا۔

تَمَعَّجَ السَّیْلُ او الحَیَّۃُ: سیلاب یا سانپ کا بل کھاتے ہوئے چلنا۔

المَعْجُ مص۔ اضطراب۔ مقاتلہ۔ نرمی سے ہوا کا چلنا۔

المَعْجَۃُ۔ مَعْج کا اسم مرۃ۔ جوانی کا آغاز۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ ذٰلِکَ فِی مَعْجَۃِ شَبَابِہٖ" اس نے یہ اپنی جوانی کے شروع میں کیا۔

المَعَّاجُ اسم مبالغہ۔ حِمَارٌ مَعَّاجٌ: دوڑنے میں اِدھر اُدھر ہونے والا گدھا۔

رِیْحٌ مَعُوْجٌ۔ تیز چلنے والی ہوا۔

فَرَسٌ مِمْعَجٌ۔ نرمی کیساتھ تیز رفتار گھوڑا۔

مَعَدَ (ف) مَعْدًا الشَّیْءَ: چھین لینا۔ اچک لینا۔ لیجانا — الشَّیْءَ: جلدی سے کھینچنا۔ — الرُّمْحَ: مرکز سے کھینچنا — فِی الاَرْضِ: دور تک جانا — الشَّیْءُ: تباہ ہونا — لَحْمَہٗ: گوشت کو اگلے دانتوں سے کھانا — السَّیْفَ: تلوار سونتنا — الرَّجُلَ: معدہ پر مارنا — مَعْدًا (ومُعُوْدًا) بِالشَّیْءِ: لیجانا — الدَّلْوَ بِہَا: ڈول کھینچنا اور کنوئیں سے نکالنا۔

مُعِدَ۔ درد معدہ والا ہونا صفت مَمْعُوْدٌ۔

اِمْتَعَدَ الشَّیْءَ: چھین لینا۔ اچک لینا لیجانا

المَعْدُ۔ مص۔ موٹا۔ نرم سبزی۔ تر و تازہ پھل تیز رفتار اونٹ۔ کہا جاتا ہے "مَا لَہٗ تَعْدٌ ولَا مَعْدٌ" اس کے پاس نہ قلیل ہے نہ کثیر۔

المَعَدُ۔ پیٹ۔ پہلو۔

المَعِدَۃُ والمِعْدَۃُ۔ آنتوں میں پہنچنے سے پہلے کھانا ہضم ہونے کی جگہ۔ ج مِعَد ومِعَد۔

المُتَمَعِّدَۃُ۔ مِنَ الرُّطَبِ: تر و تازہ۔

تَمَعْدَدَ الغُلَامُ: لڑکے کا جوان ہونا — المَرِیْضُ: بیمار کا صحتیاب ہونا — المَهْزُوْلُ: موٹا ہونے لگنا۔

مَعِرَ (س) مَعَرًا الرَّأْسُ او الشَّعَرُ: بال کم ہونا — النَّاصِیَۃُ: پیشانی کے سب بال گرجانا — الظُّفْرُ: ناخن کا چوٹ وغیرہ لگنے سے گرجانا

مَعَرَ۔ مفلس ہونا — وَجْہُہٗ: چہرہ کا غصہ سے بدلنا۔

اَمْعَرَ الرَّأْسُ او الشَّعَرُ: بال کم ہونا — الرَّجُلُ: محتاج ہو جانا۔ اَمْعَرَتِ الاَرْضُ: کم نباتات والی ہونا — الرَّجُلَ: مال چھین کر فقیر بنا دینا القَوْمُ: قحط زدہ ہونا۔ بے سبزی والی زمین میں پڑنا — المَوَاشِی الاَرْضَ: چر کر صاف کر دینا۔

تَمَعَّرَ وَجْہُہٗ: چہرے کا رنگ بدل جانا — رَأْسُہٗ: سر کے بال گرجانا۔

المَعَارَۃُ۔ بدخلقی۔ غصہ کی وجہ سے ترشروئی

المَعِرُ۔ کم بال یا کم پروں والا۔ چوٹ لگنے سے گرنیوالا۔ ناخن۔ بے برکت بخیل مرد۔ کم گوشت والا۔ اَرْضٌ مَعِرَۃٌ: کم نباتات والی زمین

الاَمْعَرُ۔ کم بال والا۔ کم نباتات والی جگہ چمڑے کا موزہ۔ جس کے بال گر گئے ہوں۔ مؤنث مَعْرَاءُ۔ ج مُعْرٌ۔ نَاصِیَۃٌ مَعْرَاءُ: بے بال کی پیشانی

المَمْعُوْرُ۔ مف۔ غصہ کی وجہ سے ترش رو۔

مَعِزَ (س) مَعَزًا الشَّیْءُ: سخت ہونا۔ صفت مَعِزٌ ومَاعِزٌ — الرَّجُلُ: اپنے کام میں کوشش کرنا — وَاَمْعَزَ الرَّجُلُ: بہت بکریوں والا ہونا۔

مَعَزَ (ف) مَعْزًا۔ الرَّاعِی المِعْزٰی عَنِ الضَّاْنِ: بکریوں کو بھیڑوں سے جدا کرنا۔

تَمَعَّزَ وَجْہُہٗ: چہرہ کا سکڑنا — البَعِیْرُ: تیز دوڑنا

اِسْتَمْعَزَ۔ کام میں کوشش کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَمْعَزَہٗ مِنْ رَجُلٍ" یعنی کس قدر قوی اور سخت ہے "وَمَا اَمْعَزَ رَأْیَہٗ" وہ کس قدر مضبوط رائے والا ہے

المَعْزُ والمَعَزُ۔ بکری۔ یہ اسم جنس ہے۔ واحد مَاعِزٌ ج اَمْعُزٌ ومَعِیْزٌ۔ المَعَزُ: زمین کی سختی۔

الاُمْعُوْزُ ج اَمَاعِزُ واَمَاعِیْزُ والمَعِیْزُ و المِعْزٰی والمِعَازُ۔ بکری۔ الاُمْعُوْزُ: تیس سے چالیس تک ہرنوں کی جماعت۔

المَاعِزُ۔ فا۔ مَعْز کا واحد (جیسے صاحب و صحب) بمعنے بکرا بکری۔ اور کبھی بکری کو مَاعِزَۃ کہتے ہیں۔ جمع مَوَاعِز۔ المَاعِزُ والمَعِزُ والمُتَمَعِّزُ: اپنے کام میں کوشش کرنیوالا۔ والمَاعِزُ: بکری۔ بکری کی کھال، مرد تیز طبیعت چالاک دوسروں کو منع کرنے والا۔

المِعْزَاۃُ۔ بکری۔

الاَمْعَزُ۔ بہت کنکر پتھر والی سخت جگہ مؤنث مَعْزَاءُ ج مُعْزٌ ومَعْزَاوَاتٌ واَمَاعِزُ۔

المَعَّازُ۔ بکری والا۔ بکریوں کا چرواہا۔

المِعْزَیْ: بخیل جو مال جمع کرے اور سائل کو منع کرے۔

رَجُلٌ مُمْعَزٌ۔ خلقۃً سخت کھال والا مرد۔

مَعَسَ (ف) مَعْسًا الشَّیْءَ: سخت ملنا۔ — الرَّجُلَ: بے عزتی کرنا۔ نیزہ مارنا۔

المَعْسُ۔ دودھ۔ حرکت۔

المِعَاسُ والمُتَمَعِّسُ۔ لڑائی میں پیشقدمی کرنے والا۔

مَعِصَ (س) مَعَصًا الرَّجُلُ: موچ والا ہونا یا بہت چلنے سے پٹھوں میں درد والا ہونا صفت مَعِصٌ ومَعِیْصٌ۔

تَمَعَّصَ بَطْنُہٗ: پیٹ کا درد مند ہونا — الرَّجُلُ: شرمندہ ہونا۔

مَعِضَ (س) مَعَضًا وامْتَعَضَ مِنَ الاَمْرِ: غضبناک ہونا اور کام کا دشوار ہونا۔ صفت مَعِضٌ ومَاعِضٌ۔

مَعَّصَ، وامَعَصَ۔ غضبناک کرنا۔
دردمند کرنا۔ اَمعَضَ الشَّیَٔ: جلانا۔
مَعَطَ (ف) مَعطًا الشَّیَٔ: کھینچنا ——
الرِّیشَ: پراکھیڑنا —— بِحَقّی فُلَانٍ: ٹالنا ——
وامتعط) السَّیفَ: تلوار سونتنا۔ مَعَطَ الجَارِیَۃَ:
جماع کرنا —— الجَسَدُ: جسم کا بے بال ہونا۔
مَعِطَ (س) مَعَطًا وتَمَعَّطَ الذِّئبُ:
بھیڑیئے کا گرے ہوئے بال والا ہونا۔ صفت
مَعِطٌ و اَمعَط۔
تَمَعَّطَ وامَّعَطَ وانمَعَطَ وامتَعَطَ
الشَّعرُ: بیماری کی وجہ سے بال گرجانا۔ اِمَّعَطَ وانمَعَطَ
النَّھَارُ: دن کا دراز ہونا۔ اِمتَعَطَ رُمحَہٗ: نیزہ کھینچنا۔
المَعِطُ والاَمعَطُ۔ جسم پر بے بال والا۔
مؤنث مَعطَاءُ ج مُعطٌ۔ ولِصٌّ اَمعَطُ: بھیڑیئے کے
مشابہ چور۔ رَملٌ اَمعَطُ: بغیر نباتات کے ریگستان
اَرضٌ مَعطَاءُ: بغیر نباتات والی زمین۔
مَعَقَ (ف) مَعقًا۔ ڈگڈگا کے پینا۔ مَعَقَ
السَّیلُ الاَرضَ: سیلاب کا زمین کو بہالے جانا۔
مُعِقَ مَعقًا۔ الرَّجُلُ: فاسد معدہ والا ہونا۔
مَعُقَ (ک) مَعقًا ومَعَاقَۃً النَّھرُ: گہرا ہونا
صفت مَعِیقٌ مؤنث مَعِیقَۃٌ۔
اَمعَقَ البِئرَ: کنواں گہرا کھودنا۔
تَمَعَّقَ۔ گہرا ہونا۔ کہا جاتا ہے تَمَعَّقَ الرَّجُلُ
عَلَینَا یعنی اس نے ہم سے بدخلقی کی۔
المَعقُ والمَعَقُ والمُعُقُ۔ گہرائی۔ ج اَمعَاق
واَمَاعِق واَمَاعِیق۔ المَعقُ: بدخلقی۔ المَعِقُ۔ بے نباتات
والی زمین۔
مَعَکَ (ن) مَعکًا الشَّیَٔ: ملنا ——
الرَّجُلَ: ذلیل کرنا۔ بے عزتی کرنا —— فلانًا فی
الخصُومَۃِ: غالب آنا۔ مَعَکَ دَینَہٗ وبِدَینِہٖ: قرض
کی ادائگی کو ٹالنا۔
مَعُکَ (ک) مَعَاکَۃً۔ بیوقوف ہونا۔
مَعَّکَ۔ زمین میں لوٹانا۔
تَمَعَّکَ۔ زمین میں لوٹنا۔
مَاعَکَہٗ مُمَاعَکَۃً بِدَینِہٖ: قرض کی ادائگی کو ٹالنا

المَعِکُ۔ بیوقوف۔ سخت جھگڑالو (——
والمِمعَک) قرض کو ٹالنے والا۔
اِبِلٌ مَعکَی۔ بہت اونٹ۔
المَعکُوکَاءُ۔ گرد وغبار۔ شور وغوغا۔ بدی۔
مَعَلَ (ف) مَعلًا الشَّیَٔ: چھین لینا۔
اچک لینا —— الخَشَبَۃَ: لکڑی چیرنا —— اَمرَہٗ:
کام کو ساتھیوں سے پہلے کرلینا —— الرَّجُلُ: تیز
چلنا —— الحِمَارَ: گدھے کو خصی کرنا۔ مَعَلَہٗ وامعَلَہٗ
عَنِ الشَّیٔ: جلدی سے ہٹا دینا۔
اِمتَعَلَ الرَّجُلُ: پے در پے نیزہ مارنا۔
المَعِلُ مِنَ النَّاسِ: پھرتیلا جلد باز۔
المَعَلُ۔ مص۔ کہا جاتا ہے "مَالَکَ مِنہُ مَعَلٌ"
تیرے لئے ضروری ہے۔
المَعَالَۃُ۔ بدی۔
حِمَارٌ مَمعُولٌ۔ خصی کیا ہوا گدھا۔
مَعمَعَ۔ جلدی کام کرنا —— الشَّیُٔ المُحتَرِقُ:
جلتی ہوئی چیز سے آواز نکلنا —— القَومُ: سخت
جنگ کرنا۔ سخت گرمی میں چلنا —— الرَّجُلُ: گفتگو
میں لفظ مع اکثر بولنا —— السَّمَاءُ المَطَرَ عَلَی الاَرضِ
سخت بارش گرانا اور زمین کو صاف کردینا۔
المَعمَعُ۔ تیز خاطر عورت۔ اور کہا جاتا ہے
"ھُوَ ذُو مَعمَعٍ" وہ امور پر صبر کرنے والا ہے۔
المَعمَعَۃُ۔ مص۔ بانس وغیرہ جلنے کی آواز
لڑائی میں بہادروں کا شور۔ گرمی کی شدت ج
مَعَامِعُ المَعَامِعُ: لڑائیاں اور فتنے۔
المَعمَعِیُّ جس کی اپنی کوئی رائے نہ ہو اور
ہر ایک سے کہے کہ میں تمہارے ساتھ ہوں۔
المَعمَعَانُ والمَعمَعَانِی مِنَ الاَیَّامِ:
سخت گرم۔ المَعمَعَانُ: سخت گرمی یا سردی۔ کہا
جاتا ہے جَاءَ فِی مَعمَعَانِ الصَّیفِ: یعنی وہ سخت
گرمی میں آیا۔ وفِی مَعمَعَانِ الشِّتَاءِ یعنی وہ سخت
جاڑے میں آیا۔
مَعَنَ (ن) مَعنًا النِّعمَۃَ: نعمت کی ناشکری
کرنا —— بِالحَقِّ: حق کا انکار کرنا۔ حق کا اقرار کرنا۔
(ضد)

مَعَنَ (ف) مَعنًا ومَعُنَ (ک) مُعُونًا
المَاءُ: آہستہ آہستہ بہنا۔ صفت مَعِینٌ مَعَنَ الفَرَسُ:
گھوڑے کا دور تک دوڑنا —— المَطَرُ الاَرضَ:
پے در پے بارش ہوکر سیراب کردینا۔
مَعِنَ (س) مَعَنًا المَکَانُ اوالنَّبتُ: پانی
سے سیراب ہونا۔
اَمعَنَ فِی الطَّلَبِ: ڈھونڈھنے میں بہت
مبالغہ کرنا —— فِی الاَمرِ: معاملے کی گہرائی میں پہنچنا
الضَّبُّ فِی جُحرِہٖ: گوہ کا سوراخ کے انتہائی
حصے میں غائب ہونا —— الفَرَسُ: گھوڑے کا
دوڑنے میں دور دور تک پہنچنا —— النَّظَرَ فِی الاَمرِ
نہایت غور کے ساتھ سوچنا —— الوَادِی: زیادہ
بہتے ہوئے پانی والی ہونا —— مَالُہٗ: بہت ہونا
کم ہونا —— بِالحَقِّ: حق کا انکار کے بعد اقرار کرنا
انکار کرنا —— المَاءُ: پانی کا آہستہ آہستہ بہنا۔
فُلَانٌ المَاءَ: پانی بہانا۔ اَمعَنَتِ الاَرضُ: زمین
کا سیراب ہونا۔
تَمَعَّنَ۔ ذلیل وحقیر ہونا۔
المَعنُ۔ مص۔ ہر نفع اٹھانے کی چیز۔ بہت۔ کم۔
آسان۔ لمبا۔ کوتاہ۔ ادھوڑی۔ سرخ کھال جو
ٹوکری وغیرہ پر لگائی جاتی ہے۔ بہت مال والا
کم مال والا۔ ذلت۔ کھلے میدان کا پانی۔
المَعنَۃُ۔ "مَعَن" کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "مَالَہٗ
سَعنَۃٌ وَلَا مَعنَۃٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔
المَعنِیُّ۔ بہت مال والا۔ کم مال والا۔
المَعَانُ۔ منزل۔
المَاعُونُ۔ بارش۔ پانی۔ ہر وہ خانگی سامان
جس سے خود نفع اٹھایا جائے اور دوسروں کو
عاریت پر دیا جائے۔ (جیسے ہانڈی چمچ۔ ڈول
رسی وغیرہ وغیرہ) بھلائی۔ فرمانبرداری۔ زکوٰۃ
—— عِندَ العَامَّۃِ: کاغذ کا دستہ یا رم۔
المَعِینُ۔ بہتا ہوا پانی۔ اور کہا جاتا ہے "مَاءٌ
مَعِینٌ" جاری پانی۔ "سِقَاءٌ مَعِینٌ" بہتے ہوئے پانی والا
مشکیزہ ج مُعُنَات ومُعُنٌ۔
المُعُنَاتُ والمُعنَانُ۔ پانی بہنے کی جگہ، وادی

میں پانی کے نالے۔
کَلَأٌ مَمْعُوْنٌ۔ گھاس جس میں پانی جاری ہو
رَوْضٌ مَمْعُوْنٌ: جاری پانی سے سیراب کیا ہوا باغ
تَمَعْنَیٰ یَتَمَعْنَیٰ۔ معنی سمجھنا۔ معنے بیان کرنا۔
مَعَا یَمْعُو مُعَاءً السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
اَمْعَی النَّخْلُ: پکنے کے بعد کچھ خشک کھجوروں والا ہونا — البُسْرُ: گدر کھجور کا خوش مزہ ہونا۔
تَمَعَّی السِّقَاءُ: مشکیزہ کا تن جانا — الشَّرُّ بَیْنَ النَّاسِ: برائی کا پھیلنا۔
المَعْوُ۔ تر کھجور جو کچھ خشک ہونے لگے۔ اونٹ کے نچلے ہونٹ کی پھٹن۔
المَعْیُ والمِعَیٰ ج اَمْعَاء۔ والمِعَاءُ ج اَمْعِیَۃ آنت مذکر ہے اور کبھی مؤنث بھی استعمال کیا جاتا ہے
مَغَثَ (ف) مَغْثًا الدَّوَاءَ فِی المَاءِ: دوا کو پانی میں نرم کرنا — الرَّجُلَ: غیر تکلیف دہ مارنا، پچھاڑنا۔ کہا جاتا ہے مَغَثَتْہُمُ الحُمّٰی ان کو بخار آگیا۔ مَغَثَہٗ فِی المَاءِ: پانی میں ڈبونا۔ مَغَثَ الشَّیْءَ: گڈمڈ کرنا — عِرْضَ فُلَانٍ: عیب لگانا۔
مُغِثَ الرَّجُلُ: بخار زدہ ہونا۔
مَاغَثَہٗ مِغَاثًا و مُمَاغَثَۃً۔ جھگڑا کرنا
المَغْثُ۔ مص۔ انگلیوں سے مل کر نرم کرنا۔ برائی۔ مقاتلہ ج مِغَاث۔
المَغِثُ۔ سخت قسم کا پہلوان۔
المَغِیْثُ۔ گھاس جس کو بارش نے بچھا دیا ہو شریر مرد۔
المُغَاثُ۔ چوڑے پتوں اور سفید پھولوں کا ایک درخت۔
المَمْغُوْثُ۔ بخار زدہ۔ بارش سے بچھی ہوئی گھاس۔
مَغَجَ (ن) مَغْجًا الرَّجُلُ: دوڑنا۔ چلنا
مَغَدَ (ف) مَغْدًا الشَّیْءَ: چوسنا۔
الفَصِیْلُ اُمَّہٗ: اونٹ کے بچہ کا اپنی ماں کا دودھ پینا — النَّبَاتُ: نباتات لمبی ہونا — الرَّجُلُ فِی عَیْشِہٖ: آسودہ زندگی گزارنا — شَعْرَہٗ: بال اُکھیڑنا — العَیْشُ البَدَنَ: موٹا تازہ کردینا — فُلَانٌ: کامل جوان ہونا — الجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔
مَغَدَ (ف) و مَغِدَ (س) مَغْدًا البَدَنُ: بدن کا موٹا ہونا۔
اَمْغَدَ۔ دیر تک پینا — الصَّبِیَّ: بچے کو دودھ پلانا۔
المَغْدُ۔ مص۔ عَیْشٌ مَغْدٌ: آسودہ زندگی۔ المَغْدُ: ببول کا گوند، بیری کا گوند — یبروج الصنم: (ایک دوا کا نام) اور بقول بعض بینگن۔ ایک پھل جو ککڑی کے مشابہ ہوتا ہے۔ درخت کا نام جس کے پتے باریک نازک اور لمبے ہوتے ہیں اور درخت پر لپٹے ہوئے ہوتے ہیں۔ بڑا ڈول۔ گھوڑے کی پیشانی پر سفیدی کی جگہ۔ ہر موٹی لمبی چیز۔ موٹا اونٹ۔
مَغَرَ (ف) مَغْرًا فِی البِلَادِ: تیز جانا — بِہٖ بَعِیْرُہٗ: لے کے تیز دوڑنا۔
مَغَرَ الثَّوْبَ: کپڑے کو گیرو سے رنگنا
اَمْغَرَہٗ بِالسَّہْمِ: آرپار کردینا۔ اَمْغَرَتِ النَّاقَۃُ اونٹنی کا مرض کی وجہ سے سرخ دودھ والی ہونا صفت مُمْغِر۔
المَغْرَۃُ و المَغَرَۃُ۔ گیرو۔
المَغَرُ و المُغْرَۃُ۔ غیر خالص سرخی کا رنگ۔
المَغَارَۃُ۔ دیکھئے مادہ غور۔
الاَمْغَرُ۔ غیر خالص سرخ رنگ والا۔ وہ شخص جس کے چہرہ میں خالص سفیدی میں سرخی جھلکتی ہو۔
لَبَنٌ مَغِیْرٌ۔ سرخ دودھ خون ملا ہوا۔
المَمْغَرَۃُ۔ وہ زمین جہاں سے گیرو نکلے۔
مَغَسَ (ف) مَغْسًا بِیَدِہٖ: چھونا — ہٗ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا — المَرْأَۃَ: عورت سے جماع کرنا۔
مُغِسَ۔ آنتوں میں درد والا ہونا۔
مَغِصَ (س) مَغْصًا و مُغِصَ مَغْصًا آنتوں میں درد اور مروڑ ہونا۔ صفت مَمْغُوص۔
اَمْغَصَہٗ۔ مروڑ اور اینٹھن والا کرنا۔
تَمَغَّصَ بَطْنُہٗ: مروڑ اور اینٹھن لاحق ہونا۔ دردناک کرنا۔ کہا جاتا ہے تَمَغَّصَ بَطْنِی یعنی درد میں مبتلا کیا۔ تَمَغَّصَنِی الشَّیْءُ و تَمَغَّصْتُ مِنْہُ: اس نے مجھے تکلیف دی۔
المَغْصُ۔ مص آنتوں میں مروڑ اور اینٹھن
المَغَصُ۔ عمدہ اونٹ ج اَمْغَاص۔ واحد مَغَصَۃٌ۔
مَغَطَ (ف) مَغْطًا و مَغَّطَ الشَّیْءَ: لمبا ہونے کے لئے کھینچنا۔
تَمَغَّطَ و اِمَّغَطَ الشَّیْءُ: کھنچنا و طویل ہونا۔ تَمَغَّطَ البَعِیْرُ: دوڑنے میں اگلے پیروں کو پھیلانا — الفَرَسُ: بہت زیادہ دوڑنا۔
اِمْتَغَطَ۔ کھنچنا اور طویل ہونا — السَّیْفَ: تلوار سونتنا۔
المُمَّغِطُ۔ انتہائی لمبا۔
مَغَلَ (ف) مَغْلًا و مَغَالَۃً بِالرَّجُلِ: چغلخوری کرنا۔
مَغِلَتْ (س) مَغْلًا عَیْنُہٗ: خراب ہونا۔
الحَامِلُ بِوَلَدِہَا: زمانہ حمل میں دودھ پلانا۔
مَغَلَتْ (ف) و مَغِلَتْ (س) مَغْلًا الدَّابَّۃُ: چوپایہ کے پیٹ میں مٹی ملی ہوئی گھاس وغیرہ کھانے سے درد ہونا۔ صفت مَغِلَۃ و مَمْغُوْلَۃ اور اسم المَغْلَۃ۔
اَمْغَلَ القَوْمُ: مٹی ملی ہوئی گھاس وغیرہ کھانے سے پیٹ میں درد والے جانور کا مالک ہونا — الحَامِلُ وَلَدَہَا: زمانہ حمل کا دودھ پلانا — بِہٖ عِنْدَ السُّلْطَانِ: چغل خوری کرنا۔
المَغَلُ و المُغْلُ۔ زمانۂ حمل میں عورت کا دودھ
المَغَلُ: آنکھ کا کیچڑ۔ ج اَمْغَال۔
المُغُلُ۔ ایک قوم کا نام۔ ج مُغُوْل۔
المَغْلَۃُ۔ مغل کا اسم مرۃ: فساد۔ سال میں دو مرتبہ بچے جننے والی بھیڑ یا بکری۔ ج مِغَال
المَغَالَۃُ۔ مص خیانت۔ فریب۔
مَغْمَغَ اللَّحْمَ: گوشت کو نرم نرم چبانا۔ الکَلَامَ: مبہم کہنا — الشَّیْءَ: گڈمڈ کرنا —

—فِي عَمَلِهِ: ناقص وردی طریقے سے کرنا— الأَمْرُ: خلط ملط ہونا— الكَلْبُ فِي الإِنَاءِ: کتے کا برتن میں منہ ڈالنا۔

المَغْنَطِيس والمَغْنَاطِيس۔ چمک پتھر

مَغَا يَمْغُو مُغُوًّا السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔

المُغَاء والمُغُوّ۔ بلی کی آواز۔

مَغَى يَمْغِي مَغْيًا۔ غیر مفہوم گفتگو کرنا۔

تَمَغَّي الأَدِيمُ: چمڑے کا ڈھیلا پڑنا۔

المَغْي مص— فِي الأَدِيمِ: چمڑے کا ڈھیلا پن فِي الإِنْسَانِ: مذاقاً یا واقعی طور پروہ کچھ کہنا جو اس کے اندر نہ ہو۔

مَفَجَ (ن) مُفُجًا الرَّجُلُ: بیوقوف ہونا۔

رَجُلٌ مَفَاجَةٌ۔ بے وقوف مرد۔

مَقَّ (ن) مَقًّا الشَّيْءَ: چیز کو کھولنا— العَيْنَ عَيْنَهُ: اکھیڑنا۔

مَقَّقَ الطَّائِرُ فَرْخَهُ: پرندہ کا بچہ کو چوگا دینا عَلَى عِيَالِهِ: فقیری یا بخل سے نان نفقہ میں تنگی کرنا۔

تَمَقَّقَ الشَّرَابَ: تھوڑا تھوڑا پینا— مَا فِي العَظْمِ: ہڈی سے سارا گودا نکال لینا— وامْتَقَّ الفَصِيلُ مَا فِي الضَّرْعِ: تھن کا سارا دودھ پی لینا۔

المَقَقُ۔ پتلے پن کے ساتھ بہت لمبائی۔ ہر دو چیزوں کے درمیان دُوری۔

المَقَقَةُ۔ دودھ پینے والے میمنے۔ جاہل لوگ تھوڑی تھوڑی شراب پینے والے۔

الأَمَقّ۔ پتلے پن کیساتھ بہت لمبا۔ مؤنث مَقَّاء ج مُقّ۔ بَلَدٌ أَمَقّ: وسیع شہر۔ فَخِذٌ مَقَّاء: گوشت سے خالی ران۔ ج مُقّ۔

مَقَتَ (ن) مَقْتًا ومَاقَتَ الرَّجُلَ: بہت بغض رکھنا۔

مَقُتَ (ک) مَقَاتَةً فُلَانٌ إِلَيَّ: ناپسند ہونا

مَقَّتَهُ۔ بہت بغض رکھنا۔ مَقَّتَهُ إِلَى قُبْحِ فِعْلِهِ: مبغوض کر دینا۔

تَمَقَّتَ إِلَيَّ: ناپسند ہونا۔

تَمَاقَتُوا۔ بعض کا بعض کیساتھ بغض رکھنا

المَقْت۔ مص زَوَاجُ المَقْتِ: باپ کی بیوہ سے شادی کرنا۔

المَقْتِيّ۔ باپ کی بیوہ سے شادی کرنیوالا۔

المَقِيت والمَمْقُوت۔ ناپسند۔

مَقَرَ (ن) مَقْرًا عُنُقَهُ: لاٹھی مار کر گردن توڑ دینا— السَّمَكَةَ المَالِحَةَ: نمک لگی ہوئی مچھلی کو سرکہ میں بھگونا۔

مَقِرَ (س) مَقَرًا الشَّيْءُ: کڑوا یا کھٹا ہونا۔ صفت مَقِر۔

أَمْقَرَ السَّمَكَةَ المَالِحَةَ: نمک لگی ہوئی مچھلی کو سرکہ میں بھگونا— الشَّيْءُ: کڑوا ہونا— اللَّبَنُ: دودھ کا بے مزہ ہونا۔

اِمْتَقَرَ الرَّكِيَّةَ: پانی ختم ہونے کے بعد کنوئیں کو پھر کھودنا۔

اِمْقَرَّ اِمْقِرَارًا۔ الرَّجُلُ: اُبھری ہوئی رگ والا ہونا۔

المَقْر والمَقِر۔ ایلوا یا اسکے مشابہ کڑوی چیز

المَمْقُور۔ سرکہ میں بھگوئی ہوئی نمکین مچھلی

المُمْقِر۔ کم پانی والا کنواں۔

مَقَسَ (ن) مَقْسًا القِرْبَةَ: مشک بھرنا الشَّيْءَ فِي المَاءِ: پانی میں ڈبونا— المَاءُ: پانی کا جاری ہونا— فُلَانٌ فِي الأَرْضِ جانا۔

مَقِسَتْ (س) مَقَسًا وتَمَقَّسَتْ نَفْسُهُ: جی متلانا۔

مَاقَسَهُ مُمَاقَسَةً۔ باہم ڈبونا۔ غواصی میں مقابلہ کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ يُمَاقِسُ الحُوتَ" وہ مچھلی سے غوطہ زنی میں مقابلہ کرتا ہے۔ اس وقت بولا جاتا ہے جب کہ اپنے سے زیادہ قوی سے جھگڑا کرے۔

مَقَطَهُ (ن ض) مَقْطًا: غصہ میں ڈالنا۔

مَقَطَهُ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔ مَقَطَ الشَّيْءَ: باندھنا مضبوط بٹی ہوئی رسی سے باندھنا— عُنُقَهُ: توڑ دینا— الكُرَةَ: زمین پر مارنا پھر اُٹھانا— هُ بِالإِيمَانِ: قسم دلانا— الحَبْلَ: رسی بٹنا— الشَّيْءَ: گھونٹ لگانا۔ مَقَطَ بِالقِرْنِ وَمَعَطَهُ وَمَقَطَهُ: پچھاڑنا

—مَقَطَ بِالإِبِلِ: مضبوط بٹی ہوئی رسی سے باندھنا۔

المَاقِط۔ فا۔ کنکری ڈال کر شگون لینے والا ڈول کی رسی۔

المِقَاط۔ مضبوط بٹی ہوئی چھوٹی رسی۔ ج مُقُط

المَقِط۔ چھ مہینے میں پیدا ہونے والا بچہ۔

المُقُط۔ پرندہ پھنسانے کا دھاگہ ج أَمْقَاط

مَقَعَ (ف) مَقْعًا الشَّرَابَ: ڈگڈگا کے پینا — هُ بِشَرٍّ: تہمت لگانا— الفَصِيلُ أُمَّهُ: اونٹ کے بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔

اِمْتَقَعَ الفَصِيلُ مَا فِي ضَرْعِ أُمِّهِ: تھن کا سارا دودھ پی لینا۔

اُمْتُقِعَ۔ غم یا گھبراہٹ کی وجہ سے رنگ بدلنا۔

المَقْع۔ مص۔ ٹھہرا ہوا پانی۔ ج أَمْقُع۔

مَقَلَهُ (ن) مَقْلًا۔ دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "مَقَلَتْهُ عَيْنِي" میری آنکھ نے اس کو دیکھا "وَمَا مَقَلَتْ عَيْنَايَ مِثْلَهُ" میری آنکھوں نے اس کی مانند نہیں دیکھا۔ — هُ: پانی میں ڈبونا۔ مَقَلَ فِي المَاءِ: غوطہ لگانا۔ — المَقْلَةَ: برتن میں کنکری رکھنا اور پھر اس پر پانی ڈالنا اور جب پانی اس سے اوپر آجائے تو تقسیم کرنا تاکہ اس طرح سبکو برابر برابر پانی مل جائے۔

مَاقَلَهُ۔ ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔

تَمَاقَلَا۔ باہم غوطہ زنی کرنا۔

اِمْتَقَلَ۔ بار بار غوطہ لگانا۔

المَقْل۔ مص۔ کنوئیں کی تہ، کنوئیں کی تہ کی مٹی یا کنکری۔ سمندر میں غوطہ لگانے کی جگہ۔

المُقْل۔ گوگل کا پھل۔ گوگل۔

المَقْلَة۔ مقل کا اسم مرۃ۔ کنوئیں کی تہ کی کنکری جس کو سفر کی حالت میں پانی کی کمی کی وجہ سے برتن میں رکھتے تھے اور پھر اس پر پانی ڈالتے تھے اور جب پانی اس سے اوپر آجاتا تھا تو پلاتے تھے تاکہ اس طرح پانی سب کو برابر پہنچ جائے۔

المُقْلَة۔ آنکھ کا ڈھیلا۔ آنکھ۔ ج مُقَل۔

مَقْمَقَ الشَّيْءُ: نرم اور آسان ہونا— الشَّيْءَ: ذلیل کرنا— الوَلَدُ أُمَّهُ: زور سے چوسنا

المُقَامِق۔ حلق کے انتہائی حصے سے بولنے والا

مَقِہَ (س) مَقْھًا۔ سُرخ پلکوں والا ہونا۔ صفت اَمْقَہُ۔

المَقَہُ۔ سفیدی مائل نیلگونی اور یہ مذموم ہے۔

الاَمْقَہُ۔ دور۔ بنجر زمین۔ سرخ پلکوں والا۔ خودسر آدمی جو یہ نہ جانتا ہو کہ کدھر جا رہا ہے۔ مؤنث مَقْھَاءُ ج مُقْہٌ۔

مَقَا یَمْقُو مَقْوًا و مَقَی یَمْقِی مَقْیًا السَّیْفَ۔ تلوار پر صیقل کرنا۔ مَقَا الفَصِیلُ اُمَّہٗ: زور سے دودھ پینا۔ مَقَا الطَّسْتَ: دھونا۔

مَکَّ (ن) مَکًّا و تَمَکَّکَ و امْتَکَّ العَظْمَ ہڈی سے سارا گودا چوس لینا۔ مَکَّ الشَّیْئَ: ہلاک کرنا برباد کرنا۔ — غَرِیْمَہٗ: قرض دار سے وصولی میں اصرار کرنا۔ اُمْتُکَّ و تَمَکَّکَ الفَصِیلُ مَا فِی ضَرْعِ اُمِّہٖ: سب کچھ چوس لینا۔

مَکَّکَ عَلٰی غَرِیْمِہٖ: قرض دار سے اصرار کرنا۔

المُکَاکُ والمُکَاکَۃُ۔ ہڈی کا گودا۔

المَکُّوْکُ۔ پینے کا پیالہ ۱½ صاع کا پیمانہ۔ کپڑا بننے کی نال۔ ج مَکَاکِیک۔

مَکَتَ (ن) مَکْتًا بِالمَکَانِ: اقامت کرنا۔

اِسْتَمْکَتَ۔ پھنسی کا پیپ سے بھرنا۔

مَکَثَ (ن) مَکْثًا و مُکْثًا و مُکُوْثًا و مُکْثَانًا و مِکِیْثٰی و مِکِّیْثَاءَ بِالمَکَانِ: اقامت کرنا۔ ٹھیرنا۔ صفت مَاکِثٌ اور اسم المُکْثُ والمِکْثُ۔

مَکُثَ (ک) مَکَاثَۃً۔ ٹھیرنا۔

اَمْکَثَہٗ۔ ٹھیرانا۔

تَمَکَّثَ۔ انتظار کرنا اور ٹھیرنا — بِالمَکَانِ: ٹھیرنا — فِی الاَمْرِ: جلد بازی نہ کرنا۔

المَکِیْثُ۔ ٹھیرنے والا۔ سنجیدہ۔ ج مُکَثَاءُ و مَکِیْثُوْنَ۔

مَکَدَ (ن) مَکْدًا و مُکُوْدًا بِالمَکَانِ: اقامت کرنا۔ صفت مَاکِدٌ۔ مَاءٌ مَاکِدٌ: ختم نہ ہونیوالا پانی۔ نَاقَۃٌ مَاکِدَۃٌ: بہت دودھ والی اونٹنی۔ اور ایسا ہی نَاقَۃٌ مَکْدَاءُ و مَکُوْدٌ۔ ج مُکُدٌ و مَکَائِدُ۔

المِکَدُ۔ کنگھا۔

مَکَرَ (ن) مَکْرًا۔ الرَّجُلَ و بِہٖ: دھوکا دینا — اللّٰہُ فُلَانًا: مکر کی سزا دینا۔ مَکَرَ الثَّوْبَ: گیرو سے رنگنا — ہٗ: رنگنا — الاَرْضَ: سیراب کرنا۔

مَکِرَ (س) مَکَرًا۔ سرخ ہونا۔

مَاکَرَہٗ۔ فریب دینا۔

مَکَّرَ۔ گرانی کے انتظار میں غلہ کو روکنا۔

اَمْکَرَہٗ۔ دھوکا دینا — ہٗ اللّٰہُ: مکر کی سزا دینا۔

تَمَاکَرُوا۔ بعض کا بعض سے حیلہ کرنا۔

اِمْتَکَرَ و اُمْتُکِرَ۔ گیرو سے رنگا ہوا ہونا۔

المَکْرُ۔ مص۔ دھوکا۔ فریب۔ دھوکہ فریب کی سزا۔ گیرو۔

المَکْرَۃُ۔ مکر کا اسم مرۃ۔ لڑائی میں حیلہ و تدبیر۔ بے پھولوں کا ایک قسم کا پودہ۔ کھیت کی سیرابی۔ خوبصورت موٹی پنڈلی۔ ج مَکْرٌ و مُکُوْرٌ۔

المَاکِرُ۔ فریب کرنیوالا۔ ج مَکَرَۃٌ و مَاکِرُوْنَ۔

المَکَّارُ والمَکُوْرُ۔ بہت دھوکہ فریب کرنیوالا۔

مَکَسَ (ض) مَکْسًا۔ ٹیکس جمع کرنا — فِی البَیْعِ: قیمت گھٹانا — ہٗ: ظلم کرنا۔

مُکِسَ الرَّجُلُ: خرید و فروخت وغیرہ میں نقصان پہنچنا۔

مَاکَسَہٗ مِکَاسًا و مُمَاکَسَۃً۔ قیمت کم کرانا۔ مخالفت کرنا۔

تَمَاکَسَ الرَّجُلَانِ فِی البَیْعِ: خرید و فروخت میں باہم جھگڑنا۔

المَکْسُ۔ مص محصول۔ ٹیکس۔ چنگی۔ ج مُکُوْسٌ

المَاکِسُ والمَکَّاسُ۔ ٹیکس وصول کرنیوالا۔ صاحب مکس بھی کہا جاتا ہے۔

مَکْمَکَ الرَّجُلُ: چلنے میں لڑھکنا — المُخَّ: سارا گودا چوس لینا۔

مَکُنَ (ک) مَکَانَۃً عِنْدَ الاَمِیْرِ: صاحب مرتبہ ہونا۔

مَکِنَتْ (س) مَکْنًا الجَرَادَۃُ و نَحْوُھَا: ٹڈی کا انڈا دینا یا انڈے والی ہونا۔ صفت مَکُوْنٌ۔ ج مُکُنٌ۔

مَکَّنَہٗ و اَمْکَنَہٗ مِنَ الشَّیْئِ: قدرت دینا۔ قادر بنانا۔

اَمْکَنَ الاَمْرُ فُلَانًا و لِفُلَانٍ: آسان ہونا۔ ممکن ہونا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یُمْکِنُہٗ النُّہُوْضُ فلاں اٹھنے پر قادر نہیں۔ و اَمْکَنَنِی الاَمْرُ: یعنی معاملہ میرے قبضہ میں آگیا۔ اَمْکَنَتِ الجَرَادَۃُ: ٹڈی کا انڈا دینا۔

تَمَکَّنَ عِنْدَ الاَمِیْرِ: بلند و صاحب مرتبہ ہونا — المَکَانَ و بِہٖ: مضبوط اور جمے ہوئے قدم والا ہونا۔ (— و اِسْتَمْکَنَ) مِنَ الاَمْرِ: قادر ہونا یا فتحمند ہونا۔

المَکْنُ والمَکِنُ۔ ٹڈی وغیرہ کے انڈے واحد مَکْنَۃٌ و مَکِنَۃٌ ج مَکْنَات و مَکِنَات۔

المُکْنَۃُ۔ قوت۔ طاقت۔

المَکِنَۃُ۔ قدرت۔ پرندوں کا گھونسلا۔ ج مَکِنَات۔

المَکَانُ۔ موضع۔ جگہ (یہ ظرف ہے کون سے) ج اَمْکِنَۃٌ و اَمْکُنٌ۔ و جج اَمَاکِن۔ اور کہا جاتا ہے۔ "ھُوَ مِنَ العِلْمِ بِمَکَانٍ" اس کے لئے علم کا ایک خاص مرتبہ حاصل ہے "وَ ھٰذَا مَکَانُ ھٰذَا" یہ اس کے بدلے میں ہے۔

المَکَانَۃُ۔ مص۔ مرتبہ۔ رفعت شان۔ سنجیدگی کہا جاتا ہے اِمْشِ عَلٰی مَکَانَتِکَ" یعنی سنجیدگی اور وقار کے ساتھ چلو۔ ج مَکَانَات۔

المَکِیْنُ۔ صاحب مرتبہ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ مَکِیْنٌ عِنْدَ الاَمِیْرِ" اس کو امیر کے نزدیک مرتبہ حاصل ہے "وَ ھُوَ اَمْکَنُ مِنْ غَیْرِہٖ" بہ نسبت غیر کے زیادہ صاحب مرتبہ ہے۔ ج مُکَنَاءُ۔

المَکِیْنَۃُ۔ آہستگی۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ عَلٰی مَکِیْنَتِکَ" یعنی سنجیدگی اور وقار کے ساتھ چلو۔

المُتَمَکِّنُ فِی عِلْمِ النَّحْوِ: اصطلاح نحو میں وہ اسم جو مبنی الاصل کے ساتھ مشابہت نہ رکھتا ہو۔

والمُتَمَکِّنُ الاَمْکَنُ۔ اسم منصرف جس کے آخر میں تینوں حرکات مع تنوین کے ظاہر ہوں۔

والمُتَمَکِّنُ غَیْرُ الاَمْکَنِ۔ اسم غیر منصرف جس کے آخر میں کسرہ اور تنوین نہ آئے۔

غَیْرُ المُتَمَکِّنِ۔ وہ اسم جو مبنی الاصل کیساتھ مشابہت رکھتا ہو جیسے کَیْفَ و اَیْنَ۔

مَكَا يَمْكُو مُكَاءً وَمَكْوًا ۔ منھ سے سیٹی بجانا۔
مَكِيَتْ تَمْكَى مَكًا يَدُهُ : ہاتھ میں زیادہ کام کرنے کی وجہ سے چھالے ہونا۔
تَمَكَّى تَمَكِّيًا الفَرَسُ : گھوڑے کا پسینہ سے شرابور ہونا۔
المَكْيُ والمَكْوُ ۔ خرگوش وغیرہ کا بھٹ ۔ ج أَمْكَاءٌ ۔
المُكَّاءُ ۔ سفید رنگ کا خوش آواز پرندہ ۔ ج مَكَاكِيّ ۔
المَكْوَةُ ۔ دبر ۔
مَلَّ (ن) مَلًّا الثَّوْبَ : کپڑے پر لنگر کرنا۔ کچا کرنا۔ ـــــ الشَّيْءَ فِي الجَمْرِ : انگاروں میں رکھنا صفت فاعل مَالٌّ صفت مفعول مَمْلُولٌ وَمَلِيلٌ ۔ ـــــ السَّهْمَ بِالنَّارِ : تیر کو آگ سے سیدھا کرنا ـــــ اللَّحْمَ او الخُبْزَ : گوشت یا روٹی کو بھوبھل میں ڈالنا ـــــ فِي المَشْيِ : تیز دوڑنا ـــــ عَلَيْهِ السَّفَرُ : سفر طویل ہونا۔
مَلَّ (س ن) مَلَلًا ۔ ملال لاحق ہونا۔ مرض یا غم کی وجہ سے تڑپنا ـــــ الشَّيْءَ : الٹ پلٹ کرنا المَحْمُومُ : بخار زدہ کا تملانا۔
مَلَّ (س) مَلًّا وَمَلَالًا وَمَلَّةً وَمَلَالَةً الشَّيْءَ وَمِنَ الشَّيْءِ : تنگ دل ہونا ۔ زچ ہونا۔
مَلَّلَ تَمْلِيلًا الشَّيْءَ : الٹ پلٹ کرنا۔
أَمَلَّ عَلَيْهِ السَّفَرُ : طویل ہونا ۔ أَمَلَّهُ الأَمْرُ و أَمَلَّ عَلَيْهِ الأَمْرُ : دشوار ہونا ۔ ملال میں ڈالنا۔ أَمَلَّ الشَّيْءَ : بھوبھل میں ڈالنا۔
أَمْلَلْتُ إِمْلَالًا و أَمْلَيْتُ إِمْلَاءً الكِتَابَ عَلَى الكَاتِبِ : املا کرانا۔
تَمَلْمَلَ ۔ مرض یا غم کی وجہ سے تڑپنا ـــــ فِي المَشْيِ : تیز دوڑنا ـــــ بِمِلَّةِ كَذَا : مذہب اختیار کرنا ـــــ الخُبْزَةَ : روٹی کو بھوبھل میں پکانا۔
اِنْمَلَّ ۔ کھنچا جانا ۔ نکل آنا۔
اِسْتَمَلَّ الشَّيْءَ : زچ ہونا۔
المَلُّ ۔ مص ۔ رَجُلٌ مَلٌّ : اکتایا ہوا مرد۔
المَلَّةُ ۔ اسم مرۃ ، چنگاری ، بھوبھل ، بخار کا پسینہ۔ تنگدلی ، وخُبْزُ المَلَّةِ : بھوبھل کی پکی ہوئی روٹی ، اور کہا جاتا ہے " رَجُلٌ مَلَّةٌ " بہت جلدی ملول ہونیوالا ۔
المِلَّةُ ۔ مذہب ۔ شریعت ۔ خون بہا ۔ ج مِلَلٌ
المُلَّةُ ۔ کچی سلائی ۔ ج مُلَلٌ ۔
المَلِيُّ ۔ بھوبھل میں پکی ہوئی روٹی ۔
المَلَلُ والمَلَالُ ۔ تنگ دلی ۔
المُلَالُ ۔ مرض یا غم کی وجہ سے اضطراب پیٹھ کا درد ۔ کمان کی پیٹھ ۔ ہڈی کے اندر کی گرمی بخار کا پسینہ ۔ تلوار کے قبضہ کی لکڑی ۔
المَلُولُ والمَلُولَةُ والمَلَالَةُ والمَالُولَةُ تنگدل ۔ مذکر و مؤنث تا مبالغہ کے لئے ہے ۔
المَلِيلُ والمَمْلُولُ ۔ بھوبھل میں بھنا ہوا ۔ الشَّيْءُ المَمْلُولُ : باعث ملال ۔ المَلِيلُ : کریلی ۔ رَجُلٌ مَلِيلٌ : آفتاب سے جھلسا ہوا مرد ۔
المَلِيلُ والمُمِلُّ مِنَ الطُّرُقِ : بہت چلتا ہوا راستہ ـــــ المَلِيلَةُ : اندرونی بخار ۔ پیاس کی تیزی ۔
مَلَأَهُ (ف) مَلْأً وَمِلَاءَةً وَمِلْأَةً ۔ بھرنا ـــــ الإِنَاءَ مَاءً و بِالمَاءِ و مِنَ المَاءِ : برتن کو لبالب کرنا ۔ صفت مفعول مَمْلُوءٌ ۔ اور کہا جاتا ہے " مَلَأَهُ عَلَى الأَمْرِ " : اس کی اس نے مدد کی " وَنَظَرْتُ إِلَيْهِ فَمَلَأْتُ مِنْهُ عَيْنِي " میں نے اس کو دیکھا مجھے اس کا دیکھنا بھلا معلوم ہوا " وَمَلَأَ عَلَيْهِ الأَرْضَ : اس نے اس پر زمین تنگ کردی
مَلُؤَ (ک) مَلَاءً وَمَلَاءَةً ۔ تو انگر ہونا ۔ مُلُؤَ (ک) وَمُلِئَ مُلَاءَةً : زکام والا ہونا ۔
مَلِئَ (س) مَلَأً وَتَمَلَّأَ ۔ پر ہونا ۔ صفت مَلْآن
مَلَّأَهُ تَمْلِئَةً ۔ خوب بھرنا (تشدید مبالغہ کے لئے ہے) مَلَّأَ فِي قَوْسِهِ : کمان کو خوب زور سے کھینچنا ۔
أَمْلَأَهُ ۔ باعث زکام ہونا ۔ صفت مَلْآن ۔ أَمْلَأَ فِي القَوْسِ : خوب زور سے کھینچنا ۔
تَمَلَّأَ ۔ پر ہونا ۔ تَمَلَّأَتِ المَرْأَةُ : عورت کا چادر اوڑھنا ۔
مَالَأَهُ مُمَالَأَةً وَمِلَاءً عَلَى الأَمْرِ : موافقت کرنا ۔ مدد کرنا ۔
تَمَالَأَ القَوْمُ عَلَى الأَمْرِ : اکٹھا ہو کر باہم مدد کرنا ۔
اِسْتَمْلَأَ فِي دَيْنِهِ : قابل اعتماد اغنیاء کو قرض دینا ۔
المِلْءُ ۔ برتن بھرنے کی مقدار ۔ ج أَمْلَاءٌ ۔ اور کہا جاتا ہے " إِنَّهُ يَنَامُ مِلْءَ جَفْنِهِ " وہ بے غم سوتا ہے " وَفُلَانٌ مِلْءُ كِسَائِهِ " فلاں موٹا ہے ۔
المَلَأُ ۔ قوم کی جماعت ۔ اشراف قوم جن کی دلوں میں ہیبت طاری ہو ۔ المَلَأُ الأَعْلَى : ملائکہ مقربین ۔ المَلَأُ : مشورہ ۔ کہا جاتا ہے " مَا كَانَ هٰذَا الأَمْرُ عَنْ مَلَإٍ مِنَّا " یہ کام ہمارے مشورہ سے نہیں تھا ۔ گمان ۔ لالچ ۔ ج أَمْلَاءٌ اور کہا جاتا ہے " مَا أَحْسَنَ مَلَأَ بَنِي فُلَانٍ " یعنی ان کے عادات و اخلاق کسقدر اچھے ہیں ۔
المَالِئُ ۔ فا ۔ کہا جاتا ہے " رَجُلٌ مَالِئُ العَيْنِ " مرد جلیل جس کے سامنے آنکھیں نہ ٹھہر سکیں ۔ و شَابٌّ مَالِئُ العَيْنِ : آنکھوں کو بھر دینے والا جوان ۔
المُلَاءُ والمُلَأَةُ والمُلَاءَةُ ۔ زکام ۔ المُلَاءَةُ تہ بند ۔ دوہری چادر ۔ ج مُلَاءٌ ۔
المِلْأَةُ ۔ مص ۔ بھرنے کی ہیئت ۔ بدہضمی ۔
المَلْآنُ ۔ بھرا ہوا ۔ زکام والا ۔ مؤنث مَلْأَى وَمَلْآنَةٌ ج مِلَاءٌ ۔
المَلِيءُ والمَلِيُّ ۔ تو انگر ۔ ج مِلَاءٌ و أَمْلِيَاءُ و مُلَآءُ ، کہا جاتا ہے " هُوَ أَمْلَأُ القَوْمِ " یعنی وہ قوم میں سے زیادہ غنی اور قادر ہے " وَفُلَانٌ أَمْلَأُ لِعَيْنِي مِنْ فُلَانٍ " یعنی فلاں فلاں کے لحاظ سے حسن میں زیادہ کامل ہے
مَلَتَهُ (ض) مَلْتًا ۔ حرکت دینا ۔ زور سے ہلانا ۔
مَلَثَهُ (ن) مَلْثًا ۔ بغیر نیت وفا کے محض زبانی وعدہ سے دل خوش کر دینا ۔ آہستہ مارنا ۔ مَلَثَهُ بِالشَّرِّ : آلودہ کرنا ۔ مَلَثَ الظَّلَامُ : گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا ۔
مَالَثَهُ مِلَاثًا وَمُمَالَثَةً : کھیل کود کرنا ۔ مداہنت برتنا ۔
مَلْثُ اللَّيْلِ وَمَلَثَتُهُ : رات کی ابتدائی تاریکی
المَلْثَةُ ۔ مغرب کے وقت کی ابتدائی تاریکی ۔
المَلِثُ ۔ وہ شخص جو جماع کرنے سے سیر نہ ہو ۔
مَلَجَ (ن) وَمَلِجَ (س) مَلْجًا الصَّبِيُّ أُمَّهُ : بچے کا

ہونٹوں میں لے کر دودھ پینا۔

اَمْلَجَہٗ۔ دودھ پلانا۔

اِمْتَلَجَ۔ مَا فِی الثَّدْیِ: چوسنا۔

الْمُلْجَ۔ گوگل کے پھل کی گٹھلی۔ ج اَمْلَاج۔

الْمُلُجَ۔ دودھ پینے والے میمنے۔ چھوٹے چھوٹے بکری کے بچے۔

الْمَلِیْجَ۔ دودھ پیتا بچہ۔ مرد بزرگ۔

الْاَمْلَجَ۔ چٹیل میدان۔ آملہ۔

الْاُمْلُوْجَ۔ ایک جنگلی درخت جس کے پتے سرو اور جھاؤ کی طرح ہوتے ہیں۔ نازک ٹہنی۔ اور بقول بعض جڑ جو نرم ہونے کے لئے مٹی میں دبا دی جائے۔ ج اَمَالِیْجَ۔

الْمَانِجَ۔ کرنی۔ گل کاری کرنے کا آلہ۔ ج مَوَانِجَ۔ (دخیل)

مَلَحَ (ف ض) مَلْحًا الطَّعَامَ: کھانے میں نمک ڈالنا ـــــ الرَّجُلَ: غیبت کرنا ـــــ الطَّائِرُ: پرندہ کا بہت پر پھڑپھڑانا ـــــ الْمَاشِیَۃَ: نونی کھلانا اور کہا جاتا ہے "مَلَحَ اللّٰہُ فِیْہِ" یعنی اللہ اس کی زندگی میں برکت دے۔

مَلَحَ (ف) و مَلُحَ (ک) مُلُوْحَۃً و مَلَاحَۃً و مُلُوْحًا الْمَاءُ: پانی کا کھاری ہونا۔ صفت مَلِیْح اور نادر طور پر مَالِح بھی مستعمل ہے۔

مَلُحَ (ک) مَلَاحَۃً و مُلُوْحَۃً۔ خوبصورت ہونا۔ حسن ملیح والا ہونا۔ صفت مَلِیْح و مُلَاح و مُلَّاح۔

مَلِحَ (س) مَلَحًا۔ نیلگوں رنگ کا ہونا۔

مَلَّحَ الشَّیْءَ: نمکین کرنا ـــــ الطَّعَامَ: کھانے میں بہت نمک ڈالنا ـــــ السَّمَکَ وَنَحْوَہٗ: مچھلی وغیرہ میں نمک لگانا ـــــ الدَّابَّۃَ: چوپائے کے جبڑے پر نمک ملنا۔ الْمَاشِیَۃَ: جانور کو نونی کھلانا۔ الْمُتَکَلِّمُ: عمدہ بات کہنا۔

اَمْلَحَ الْمَاءُ: پانی کا خوشگوار ہونے کے بعد کھاری ہونا ـــــ الطَّعَامَ: کھانے میں بہت نمک ڈالنا ـــــ الْاِبِلُ: کھاری پانی پر جانا ـــــ الرَّجُلُ کھاری پانی پر پہنچنا ـــــ الرَّاعِی الْاِبِلَ: کھاری پانی پلانا ـــــ الشَّیْءُ: نیلگوں رنگ کا ہونا الْمُتَکَلِّمُ: عمدہ بات کہنا۔ اور تعجب کے موقع پر کہا جاتا ہے "مَا اَمْلَحَہٗ، وَمَا اُمَیْلِحَہٗ" یعنی کس قدر خوبصورت ہے

مَالَحَہٗ مِلَاحًا و مُمَالَحَۃً۔ ساتھ کھانا۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ یَحْفَظُ حُرْمَۃَ الْمُمَالَحَۃِ" وہ ساتھ کھانے کا پاس کرتا ہے۔ مَالَحَ فُلَانًا: ایک بچے کا دوسرے بچے کے ساتھ دودھ پینا۔

تَمَلَّحَ الْبَعِیْرُ: اونٹ کا موٹا ہونا ـــــ الرَّجُلُ: نمک توشہ میں لینا۔ نمک کی تجارت کرنا کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَتَظَرَّفُ وَیَتَمَلَّحُ" فلاں خوش طبع اور دلچسپ باتیں کہتا ہے۔

اِمْلَحَّ الْکَبْشُ: مینڈھے کا سفید و سیاہ رنگ کا ہونا۔

اِمْلَاحَّ النَّخْلُ: سرخ اور زرد کچی کھجور کا ہونا۔

اِسْتَمْلَحَ الشَّیْءَ: ملیح سمجھنا۔

الْمَلْحُ۔ عمدہ عمدہ باتیں۔

الْمِلْحُ۔ نمک (مذکر و مؤنث تانیث غالب ہے) تصغیر مُلَیْحَۃ ج مِلَاح۔ الْمِلْحُ: چربی، موٹاپا۔ خوبصورتی رضاعت۔ علم۔ علماء۔ مَاءٌ مِلْحٌ: کھاری پانی، اور کبھی مَاءٌ مَالِحٌ بھی کہا جاتا ہے۔ ج مِلَح و مِلْحَۃ و مِلَاح و اَمْلَاح۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مِلْحُہٗ عَلٰی رُکْبَتَیْہِ" وہ بے وفا ہے یا وہ بہت جھگڑا کرنے والا ہے۔

الْمِلْحُ و الْمِلْحَۃُ۔ حرمت۔ معاہدہ۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَہُمَا مِلْحٌ اور مِلْحَۃٌ" ان دونوں کے درمیان معاہدہ ہے۔ والْمِلْحَۃ: کھاری۔ کہا جاتا ہے "بِئْرٌ مِلْحَۃٌ": کھاری کنواں۔

الْمَلَحُ۔ سپیدی سیاہی ملی ہوئی۔ سخت۔ نیلگونی۔ گھوڑے کی ایڑی کی سوجن۔

الْمَلْحَۃُ۔ اسم مرۃ۔ موج دریا۔

الْمُلْحَۃُ۔ سخت نیلگونی۔ ہیبت۔ خوف برکت۔

الْمُلْحَۃُ: مزیدار بات۔ ج مُلَح۔

الْمَلْحَۃُ۔ کلمۂ ملیحہ۔

الْمِلَاحُ۔ کشتی چلانے والی ہوا۔ نیزہ کا بھالا پوشش۔ توبرہ۔

الْمُلَاحُ۔ خوبصورت۔ ج مُلَاحُوْن۔

الْمَلَاحَۃ۔ خوبصورت ہونا۔

الْمِلَاحَۃ۔ جہازرانی۔

الْمَمْلَحَۃ والْمَلَّاحَۃ۔ نمک پیدا ہونے کی جگہ۔ الْمَلَّاحَۃ: نمک بکنے کی جگہ۔

الْاُمْلُوْحَۃ مِنَ الْکَلَامِ: عمدہ مستحسن کلام ج اَمَالِیْح۔

الْمَلَّاحُ۔ نمک والا۔ نمک بیچنے والا۔ جہازران۔

الْمُلَّاحُ۔ ایک ترش نباتات۔ واحد مُلَّاحَۃ رَجُلٌ مُلَّاحٌ: خوبصورت خوش طبع مرد۔ ج مُلَّاحُوْن

الْمِلَاحِیَّۃ۔ جہازراں کا پیشہ۔

الْمُلُوْحَۃ۔ مص۔ نمکینی۔

الْمَلِیْحُ۔ خوبصورت۔ مؤنث مَلِیْحَۃٌ ج مِلَاح وَاَمْلَاح ـــــ مِنَ الْمَاءِ: کھاری پانی۔ سَمَکٌ مَلِیْحٌ: نمک لگی ہوئی مچھلی۔

الْاَمْلَحُ۔ اسم تفضیل۔ سفید و سیاہ رنگ والا۔ ج مُلْحٌ۔ الْاَمْلَحُ: شبنم جو رات کو سبزیوں پر پڑتی ہے۔

الْمَلْحَاءُ۔ تانیث اَمْلَح۔ سفید و سیاہ رنگ والی۔ درخت جس کے پتے جھڑ گئے ہوں۔ بڑا لشکر ج مَلْحَاوَات۔

الْمُلَاحِیُّ والْمُلَّاحِیُّ۔ سفید لمبا انگور ایک قسم کا انجیر۔

الْمِمْلَحَۃ۔ نمک دان۔ ج مَمَالِح۔

الْمُتَمَلِّحُ۔ نمک والا یا سوداگر نمک۔

مَلَخَ (ف) مَلْخًا الشَّیْءَ: ہاتھ یا دانت سے کھینچنا ـــــ الطَّعَامُ: کھانے کا خراب و بدمزہ ہونا۔ الْفَرَسُ: گھوڑے کا کلیلیں کرنا ـــــ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ بھاگنا ـــــ فِی الْبَاطِلِ: لغو و باطل میں بہت مشغول ہونا ـــــ الْجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔

مَلُخَ (ک) مَلَاخَۃً الطَّعَامُ: کھانے کا خراب و بدمزہ ہونا۔

مَالَخَہٗ مِلَاخًا و مُمَالَخَۃً۔ باہم کھیل کود کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔

تَمَلَّخَ الشَّیْءُ: خراب و فاسد ہونا ـــــ الشَّیْءَ: کھینچنا۔

اِمْتَلَخَ الشَّیْءَ: اکھیڑنا۔ کھینچنا —— یَدَہٗ مِنَ الْقَابِضِ عَلَیْہِ: کھینچ لینا —— السَّیْفَ: تلوار کو جلدی سے سونتنا۔ کہا جاتا ہے مَرَّ بِرُمْحٍ مَرْکُوْزٍ فَامْتَلَخَہٗ اس کا گذر ایک گڑے ہوئے نیزہ پر ہوا اور اس نے اسے اکھیڑ لیا۔

اَلْمَلَّاخُ۔ بہت چاپلوسی کرنے والا۔ عَبْدٌ مَلَّاخٌ: بہت بھاگنے والا غلام۔

اَلْمُلُوْخِیَّۃُ۔ ایک قسم کی سبزی جو پکا کر کھائی جاتی ہے۔

اَلْمَلِیْخُ۔ بگڑا ہوا کھانا۔ بے مزہ۔ کمزور۔ مُمْتَلَخُ الْعَقْلِ: محروم العقل۔

مَلَدَ (ن) مَلْدًا الشَّیْءَ: کھینچنا۔

مَلِدَ (س) مَلَدًا الْغُصْنُ: ٹہنی کا ہلنا اور نرم ہونا۔

مَلَّدَ الْاَدِیْمَ: چمڑے کو نرم کرنا —— الرِّیُّ الْغُصْنَ: ٹہنی کو نرم و نازک کرنا۔

اَلْمَلَدُ۔ جوانی۔ نزاکت۔ ج اَمْلَادٌ۔

اَلْمَلَدَانُ۔ ٹہنی کی نزاکت۔

اَلْمَلْدُ و الْاَمْلَدُ و الْاُمْلُدُ والْاُمْلُوْدُ والْاِمْلِیْدُ والْاُمْلُدَانُ والْاُمْلُدَانِیُّ۔ نرم و نازک ٹہنی یا آدمی۔ کہا جاتا ہے شَابٌّ اُمْلُوْدٌ و شُبَّانٌ اَمَالِیْدُ

الْمُلُدُ: بھوت۔

اَلْمَلْدَاءُ۔ تانیث اَمْلَدُ۔ ج مُلْدٌ۔ کہا جاتا ہے اِمْرَاَۃٌ مَلْدَاءُ و اُمْلُوْدٌ و اُمْلُوْدَۃٌ و اُمْلُدَانِیَّۃٌ یعنی نازک بدن عورت۔

مَلَذَ (ن) مَلْذًا الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا —— فُلَانًا: نیزہ مارنا —— الْفَرَسُ: گھوڑے کا بازو دوں کو پھیلا کر تیز دوڑنا (—— مَلْذًا و مَلَاذَۃً) الرَّجُلَ محض باتوں ہی سے خوش کرنا اور کہنے کے مطابق عمل نہ کرنا۔

مَلِذَ (س) مَلَذًا الظَّلَامُ: گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا —— الرَّجُلُ: خالص دوستی نہ کرنا اور ضمیر کے خلاف ظاہر کرنا۔

الْاَمْلَذُ والْمَلَذَانُ والْمَلَذَانِیُّ و الْمَلَاذَانِیُّ والْمَلَّاذُ والْمِلْوَذُ۔ خالص دوستی نہ کرنے والا۔

مَلَزَ (ن) مَلْزًا۔ پیچھے رہنا۔ بِالشَّیْءِ: لیجانا مَلَزَہٗ مِنْہُ: چھڑانا۔ مَلَزَ الشَّیْءُ عَنِّیْ: جاتا رہنا۔ اَمْلَزَہٗ و تَمَلَّزَہٗ و اِمْتَلَزَہٗ۔ نکال لینا۔ اچک لینا۔ لیجانا۔ و تَمَلَّزَ مِنْہُ: چھٹکارا پانا۔ اِنْمَلَزَ و اِمَّلَزَ مِنْہُ: بچ کر نکل جانا و اِمَّلَزَ عَنْہُ: پیچھے رہنا۔

اَلْمَلِزُ مِنَ الرِّجَالِ: مضبوط پٹھوں والا۔

اَلْمِلَّازُ۔ بہت اچکنے والا۔ بھیڑیا۔

مَلَسَ (ن) مَلْسًا الشَّیْءَ: جڑ سے اکھیڑنا —— الْاِبِلَ: زور سے ہانکنا —— الظَّلَامُ: گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا —— الرَّجُلَ بِلِسَانِہٖ: مداہنت کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔

مَلِسَ (س) و مَلُسَ (ک) مُلُوْسَۃً و مَلَاسَۃً۔ نرم اور چمکدار ہونا۔ صفت اَمْلَسُ۔ مَلَّسَ الشَّیْءَ: نرم و چمکدار کرنا —— الْاَرْضَ: زمین کو ہموار کرنا —— ہٗ مِنَ الْاَمْرِ: چھڑانا۔

اَمْلَسَ الظَّلَامُ: گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا۔ اَمْلَسَتِ الشَّاۃُ: گرے ہوئے اون والی ہونا۔

تَمَلَّسَ۔ چکنا ہونا —— مِنْ بَیْنِ الْقَوْمِ: خارج ہونا —— مِنَ الشَّرَابِ: نشہ سے ہوش میں آنا (—— و اِنْمَلَسَ و اِمَّلَسَ) مِنَ الْاَمْرِ: بچ نکلنا رہائی پانا۔

اِمْتَلَسَ الشَّیْءَ: اچک لینا۔ اُمْتُلِسَ بَصَرُہٗ: اس کی نگاہ جاتی رہی۔

اِمْلَاسَّ۔ چکنا ہونا —— مِنَ الْاَمْرِ: بچ نکلنا۔ رہائی پانا۔

اَلْمَلَسُ۔ ہموار جگہ۔ ج مُلُوْسٌ و اَمْلَاسٌ۔ و جج اَمَالِیْسُ۔ مَلَسُ الظَّلَامِ: سخت تاریکی اور یہ مغرب اور عشاء کے درمیان کا وقت ہے۔

اَلْمَلَسٰی۔ بہت تیز رفتار اونٹنی۔ اور کہا جاتا ہے بَایَعَہُ الْمَلَسٰی اس نے اس سے بلا شرط بیع کی۔

الْاَمْلَسُ۔ نرم چکنا۔ مؤنث مَلْسَاءُ۔ الْمَلْسَاءُ: آسانی سے حلق سے اترنیوالی شراب۔ سَنَۃٌ مَلْسَاءُ خشک سال۔ ج اَمَالِسُ و اَمَالِیْسُ۔ الْاَلِفُ الْمَلْسَاءُ: الف لین۔ جیسے کتاب کا الف۔

اَلْمَلِیْسُ۔ نرم اور چکنا۔

اَلْمُلَیْسَاءُ۔ دوپہر مغرب اور عشاء کا درمیان

الْاِمْلِیْسُ و الْاِمْلِیْسَۃُ۔ خشک جنگل۔ ج اَمَالِیْسُ اور اَمَالِسُ شاذ ہے۔

الْمَلَاسَۃُ و الْمِمْلَسَۃُ۔ ہینگا۔ سراون۔ پٹیلا

مَلَشَ (ن) مَلْشًا الشَّیْءَ: ہاتھ سے ٹٹول کر کسی چیز کو ڈھونڈھنا۔

اَلْمَالُوْشُ عِنْدَ الْعَامَّۃِ: ایک کیڑا ہے جو نباتات کی جڑوں کو کھا جاتا ہے۔ ج مَوَالِیْشُ۔

مَلِصَ (س) مَلَصًا الشَّیْءُ مِنْ یَدِہٖ: چکنے ہونے کی وجہ سے ہاتھ سے پھسل جانا۔ کہا جاتا ہے مَلِصَتِ السَّمَکَۃُ مِنْ یَدِیْ مچھلی میرے ہاتھ سے نکل گئی —— الرَّجُلُ: بھاگ نکلنا۔

مَلَصَ (ن) مَلْصًا بِسَلْحِہٖ: پاخانہ کرنا۔

اَمْلَصَتِ الْحَامِلُ: حاملہ کا بچہ گرا دینا۔ صفت مُمْلِصٌ ج مَمَالِصُ۔ اَمْلَصَ الشَّیْءَ: پھسلانا۔

تَمَلَّصَ و اِنْمَلَصَ و اِمَّلَصَ مِنْہُ: بچ نکلنا رہائی پانا —— الشَّیْءُ: مِنْ یَدِیْ: پھسل جانا۔

اَلْمَلَصُ۔ ننگا۔

اَلْمَلَصُ۔ مم پھسلن۔

اَلْمَلِصُ۔ مِنَ الْجِبَالِ وَ نَحْوِہَا: پہاڑ وغیرہ کی وہ چکنی جگہ جہاں سے ہاتھ پھسل جائے اور پکڑنا دشوار ہو۔ سَمَکَۃٌ مَلِصَۃٌ: پھسلنے والی مچھلی۔

اَلْمَلِیْصُ: بمعنے مَلِصٌ۔ اسقاط شدہ بچہ۔

الْاَمْلَصُ۔ نرم و تر۔ رَجُلٌ اَمْلَصُ الرَّاْسِ: سر پر بغیر بالوں کا مرد۔

اَلْمِمْلَاصُ۔ وہ عورت جس کو اسقاط کی عادت ہو گئی ہو۔

اَلْمُمْلَصُ۔ ساقط شدہ بچہ۔

مَلَطَ (ن) مَلْطًا الْحَائِطَ: مٹی سے لیپنا۔ —— الشَّعَرَ: بال مونڈنا۔

مَلَطَتْ و اَمْلَطَتِ الْحَامِلُ جَنِیْنَہَا: حاملہ کا ناتمام بچہ گرا دینا۔ اَمْلَطَ رِیْشُ السَّہْمِ: تیر کے پر کا گر جانا —— الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔

مَلَطَ (ن) ومَلُطَ (ک) مُلُوطًا الغُلامُ: غیر معروف النسب ہونا۔
مَلِطَ (س) مَلَطًا و مُلْطَۃً ۔ بے بال کے جسم والا ہونا۔
مَلَّطَ الحَائِطَ: دیوار کو مٹی سے لیپنا — الشَّاعِرُ: ایک شاعر کا ایک مصرع پڑھنا اور دوسرے کا شعر کو پورا کرنا۔
مَالَطَہٗ مُمَالَطَۃً ۔ باہم ملنا۔ ایک شاعر کا ایک مصرع پڑھنا اور دوسرے کا شعر کو پورا کرنا۔
تَمَلَّطَ الشَّیْئُ: چمکدار ہونا — السَّہْمُ: تیر کا بے پر ہونا۔
اِمْتَلَطَ الشَّیْئَ: چھین لینا۔ اچک لینا۔
المِلْط ۔ شریر و بدکار جس پر بھروسہ نہ کیا جاسکے غیر معروف النسب ج اَمْلَاط و مُلُوط۔
المِلَاط ۔ لیپنے کی مٹی۔ ج مُلُط۔
الاَمْلَط ج مُلْط و المَلِیط: بے بال کے جسم والا۔ سَہْمٌ اَمْلَط و مَلِیط: بے پر کا تیر۔ المَلِیط بے بال کا ساقط شدہ بچہ۔
المِمْلَاط مِنَ النُّوقِ: بچہ گرانے کی عادی اونٹنی۔
مَلَعَ (ف) مَلْعًا و اِمْتَلَعَ الشَّاۃَ: بکری کی کھال اتارنا۔ مَلَعَ الفَصِیلُ اُمَّہٗ: دودھ پینا۔ اِمْتَلَعَ الشَّیْئَ: چھین لینا۔ اچک لینا۔
مَلَعَتْ و اَمْلَعَتْ و اِمْتَلَعَتْ و انْمَلَعَتِ النَّاقَۃُ: اونٹنی کا تیز دوڑنا۔
المَلْعُ ۔ مص۔ اور کہا جاتا ہے "ہُمْ عَلَیْہِ مَلْعٌ وَاحِدٌ" وہ سب اس کی دشمنی پر جمع ہیں۔
المَلِیعُ ج مُلُعٌ و المَیْلَعُ ۔ تیز رفتار گھوڑا یا اونٹنی۔ المَیْلَعُ: لمبا۔ ادھر ادھر حرکت کرنے والا۔ جَمَلٌ مَلُوعٌ ۔ تیز رفتار اونٹ۔ مؤنث مَلُوعٌ عُقَابٌ مَلُوعٌ: تیزی سے جھپٹنے والا العقاب۔
المَلَاعُ و المَلِیعُ ۔ بے گھاس کا بیابان۔
مَالَغَہٗ مُمَالَغَۃً بِالکَلَامِ: ناشائستہ گفتگو سے مزاح کرنا۔
تَمَلَّغَ فِیْ کَلَامِہٖ: بے وقوف بننا۔

تَمَالَغَ بِہٖ: تمسخر کرنا۔
المِلْغ ج اَمْلَاغ و المَالِغ ج مُلَّاغ و الاَمْلَغ مؤنث مَلْغَاء ج مُلْغ ۔ فحش کلامی کرنے والا۔ بدکار۔ بے وقوف۔
المَلُوغَۃ ۔ بے وقوفی۔ فحش کلامی۔
مَلِقَہٗ (س) مَلَقًا و مَلِقَ لَہٗ و مَالَقَہٗ ۔ چاپلوسی کرنا۔ خوشامد کرنا۔ مَلِقَ الخَاتَمُ مِنَ الاِصْبَعِ: ڈھیلی ہونا۔
مَلَقَ (ن) مَلْقًا الشَّیْئَ: مٹانا۔ نرم کرنا — الثَّوْبَ: کپڑا دھونا — ہٗ بِالعَصَاءِ: لاٹھی سے مارنا۔ مَلَقَ الوَلَدُ اُمَّہٗ: دودھ پینا — الرَّجُلُ: تیز چلنا — الجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔
مَلَّقَ الاَرْضَ او الحَائِطَ: زمین یا دیوار کو کرنی سے گلکاری کرنا — ہٗ بِالعَصَاءِ: لاٹھی سے مارنا
اَمْلَقَ ۔ محتاج ہو جانا — الثَّوْبَ: کپڑا دھونا — الدَّہْرُ مَالَہٗ: ضائع کر دینا۔
تَمَلَّقَ تَمَلُّقًا و تِمِلَّاقًا ۔ الرَّجُلَ و لِلرَّجُلِ: چاپلوسی کرنا۔ تَمَلَّقَتِ المَرْاَۃُ العِلْکَ بِفِیْہَا: چبانا۔
اِنْمَلَقَ و اِمَّلَقَ ۔ نرم و چمکدار ہونا — مِنْہُ: بچ نکلنا۔ اِنْمَلَقَ الخِضَابُ: خضاب کا چھوٹ جانا۔
اِمْتَلَقَ الشَّیْئَ: نکالنا۔
اِسْتَمْلَقَ الوَلَدُ اُمَّہٗ: دودھ پینا۔
المَلَق ۔ مص۔ دوستی۔ بڑی مہربانی۔ دعا۔ ہموار زمین۔ تیز رفتاری۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا الفَرَسُ مَلَقٌ" اس گھوڑے میں تیز رفتاری ہے۔
المَلِق و المَلَّاق ۔ بہت چاپلوسی کرنے والا۔
المَلِق: کمزور۔ فَرَسٌ مَلِقٌ: گھوڑا جس کی رفتار پر اعتماد نہ کیا جائے۔ مؤنث مَلِقَۃ۔
المَلِیْق ۔ تیز رفتار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ او فَرَسٌ مَلِیْقٌ" تیز رفتار مرد یا گھوڑا۔
المَلَقَۃ ۔ چکنا پتھر۔
المَالَق و المِمْلَق و المِمْلَقَۃ ۔ ہینگا۔ المَالَق: کرنی۔ (دخیل)
المِمْلَاق ۔ بہت محتاج۔ بہت چاپلوسی و خوشامد کرنے والا۔

مَلَکَ (ض) مَلْکًا و مِلْکًا و مُلْکًا و مَلَکَۃً و مَمْلُکَۃً و مَمْلَکَۃً و مَمْلِکَۃً الشَّیْئَ: مالک ہونا — عَلَی القَوْمِ: غالب ہونا — عَلٰی فُلَانٍ اَمْرَہٗ: کسی کے کام پر حاوی ہونا — نَفْسَہٗ: قابو رکھنا — المَرْاَۃَ: نکاح کرنا — مَلْکًا) العَجِیْنَ: اچھی طرح سے گوندھنا۔
مَلَّکَ الشَّیْئَ: مالک بنانا۔ مَلَّکَ القَوْمُ فُلَانًا عَلَیْہِمْ: بادشاہ بنانا — ہٗ المَرْاَۃَ: نکاح کرانا۔ مَلَّکَ فُلَانًا اَمْرَہٗ: کسی کو اس کے حال پر چھوڑ دینا مَلَّکَتِ المَرْاَۃُ اَمْرَہَا: طلاق کا اختیار دیدینا۔ مَلَّکَ العَجِیْنَ: اچھی طرح گوندھنا۔
اَمْلَکَہٗ الشَّیْئَ: مالک بنانا۔ اَمْلَکَ القَوْمُ فُلَانًا عَلَیْہِمْ: بادشاہ بنانا — فُلَانًا اَمْرَہٗ: کسی کو اس کے حال پر چھوڑ دینا — ہٗ المَرْاَۃَ: نکاح کرانا
تَمَلَّکَ و اِمْتَلَکَ الشَّیْئَ: مالک ہونا۔
تَمَلَّکَ عَلَی القَوْمِ: بادشاہ بننا۔
تَمَالَکَ عَنْ کَذَا: اپنے نفس پر قابو رکھنا۔ کہا جاتا ہے "مَا تَمَالَکَ اَنْ فَعَلَ او عَنْ اَنْ فَعَلَ ذٰلِکَ" یعنی فلاں فعل کے کرنے سے وہ اپنے آپ کو نہیں روک سکا۔
المَلِک ۔ مص۔ بادشاہ۔ ج مُلُوک و اَمْلَاک۔
المِلْک ۔ ملکیت ج اَمْلَاک و مُلُوک۔
قدرت کا بل مٹر کا دانہ۔ تھوڑا پانی۔
مُلُکُ الدَّابَّۃِ: چارپائے کی ٹانگیں اور گردن۔ واحد مِلَاک۔ کہا جاتا ہے "مَا لَہٗ مُلْکٌ و مَا لَہٗ مِلْکٌ" یعنی اس کے پاس کوئی چیز نہیں جس کا وہ مالک ہو کہا جاتا ہے "ہٰذَا مِلْکُ یَمِیْنِیْ" یعنی میں اس کا مالک ہوں اور وہ میرے قبضہ اور تصرف میں ہے "لَیْسَ لَہٗ مِلْکٌ" اس کے پاس پانی نہیں "اَعْطَانِیْ مِنْ مِلْکِہٖ" اس نے مجھ کو اس میں سے دیا جس پر وہ قادر ہے۔ وطال مُلْکُہٗ اس کی غلامی طویل ہے "مِلْکُ الطَّرِیْقِ" راستہ کا وسط یا کنارہ۔ سارے معانی میں میم کو تینوں حرکتیں ہیں۔
المَلَک ۔ فرشتہ۔ انسان جس کا مالک ہو۔ کہا جاتا ہے "مَا لَہٗ مَلَکٌ" یعنی اس کے پاس کوئی چیز

نہیں جس کا مالک ہو۔
المَلَاكُ ۔ مَلْاَک کا مخفف ۔ بمعنے فرشتہ ۔
ج مَلَائِکَۃ و مَلَائِک ۔ المِلَاک ۔ اقتدار ۔ ومِلَاکُ
الاَمْرِ : سہارا ۔ سرمایہ ۔ بقا ۔ کہا جاتا ہے ۔ القَلْبُ
مِلَاکُ الجَسَدِ : دل جسم کے لئے سرمایۂ بقا ہے ۔
المِلَاكُ ۔ مثٰ ۔ مِلَاکُ الاَمْرِ : سہارا ۔ سرمایۂ
بقا ۔
المَلِكُ ۔ اللہ تعالیٰ ۔ بادشاہ ۔ صاحبِ قوت
واقتدار ۔ ج مُلُوک و اَمْلَاک ۔
المَلَكِیّ ۔ مَلِک کی طرف نسبت ۔ مؤنث
مَلَکِیَّۃ ۔
المَلَكَۃ المُلْکَۃ ۔ ملکیت ۔
المَلَکَۃ ۔ ملکیت ۔ کہا جاتا ہے ہُوَ مَلَکَۃُ یَمِیْنِی
یعنی میں اس کا مالک ہوں اور اس پر قادر ہوں ۔
المَلَکَۃ : وہ صفت جو نفس کے اندر راسخ ہو جائے
اور جب تک راسخ نہ ہو اسے حال کہتے ہیں ۔
المَالِكُ ۔ فا ۔ بادشاہ ۔ ج مُلَّک و مُلَّاک ۔
ابو مالک : بھوک یا بڑھاپا ۔ مَالِکُ الحَزِیْن : بگلا
المَلَاکَۃ والمِلَاکَۃ والمَلُوکَۃ ۔ ملکیت ۔
المَلَكُوت ۔ بادشاہی ۔ عزت وقدرت ۔
المَلَکُوتُ السَّمَاوِی : آسمان میں قدسیوں کی جگہ
المَمْلَکَۃ والمَمْلُکَۃ ۔ شاہی شان و
شوکت ۔ بادشاہی ۔ ج مَمَالِک ۔
المَلِیْكُ ۔ بادشاہ ۔ ج مُلَکَاء ۔ مَلِیْکُ النَّحْلِ :
شہد کی مکھیوں کی ملکہ ۔ ج مُلُوک ۔
المُلَیْکَۃ ۔ صحیفہ ۔
الاُمْلُوكُ ۔ اسم جمع ہے بمعنے مُلُوک ۔
ایک ریگستانی جانور ہے جو گرگٹ کے مشابہ ہوتا ہے ۔
المَمْلُوكُ ۔ مفعو ۔ غلام ۔ ج مَمَالِیک ۔ اور اسی
سے ہے مَمَالِیکُ مِصْر ۔ جو چرکسی غلاموں کی ایک
جماعت تھی جو مصر پر غالب آگئی تھی اور مالک بن
بیٹھی تھی ۔
مَلْمَل ۔ تیز دوڑنا ۔ مَلْمَلَہُ المَرَضُ : مضطرب
کرنا ۔
تَمَلْمَلَ ۔ غم یا مرض کی وجہ سے بستر پر کروٹیں
بدلنا ۔۔ الجَالِسُ : کبھی ایک پہلو پر ٹیک لگانا
کبھی دوسرے پر ۔
المُلَمْلَمَۃ ۔ مم ۔ ہاتھی کی سونڈ ۔
المُلْمُول ۔ سرمہ کی سلائی ۔ ناک کا سوراخ
مُلْمُولُ البَعِیْرِ والثَّعْلَبِ : اونٹ اور لومڑی کا ذکر ۔
المُلَمْلِیّ ۔ تیز رفتار ۔ کہا جاتا ہے نَاقَۃٌ مُلَمْلِیّ :
تیز رفتار اونٹنی ۔
المَلَنْخُولِیَا ۔ مالیخولیا ۔
مَلَا یَمْلُو مَلْوًا البَعِیْرُ : اونٹ کا تیز چلنا ۔
دوڑنا ۔
مَلَّاہُ اللہُ عُمُرَہُ : عمر طویل کرنا اور دیر تک
نفع اٹھانے دینا ۔ مَلَّاہُ اللہُ حَبِیْبَہُ : اللہ تعالیٰ
اس کو دیر تک حبیب سے نفع اٹھانے دے ۔
مُلِّیَ وتَمَلَّی عُمُرَہُ : عمر طویل ہونا اور فائدہ
اٹھانا ۔ تَمَلَّی حَبِیْبَہُ : اس نے اپنے حبیب
سے دیر تک نفع اٹھایا ۔
اَمْلَی اِمْلَاءً ۔ اللہُ فلانًا عمرہ : عمر طویل
کرنا اور دیر تک نفع اٹھانے دینا ۔۔ البَعِیْرَ و
لِلْبَعِیْرِ : بندھن کو ڈھیلا کرنا ۔۔ اللہُ الظَّالِمَ
ولَہُ : مہلت دینا ۔۔ عَلَیْہِ الکِتَابَ : بولکر لکھوانا
۔۔ لَہُ فِی غَیِّہِ : گمراہی میں زمانہ دراز تک چھوڑنا
۔۔ عَلَیْہِ الزَّمَنُ : لمبا ہونا ۔
اِسْتَمْلَیْتُہُ الکِتَابَ : املا کرنیکی درخواست
کرنا ۔
المَلَا ۔ جنگل ۔ کشادہ زمین ۔ گرم راکھ ۔ زمانہ
دراز ج اَمْلَاء ۔
المَلَوَان ۔ رات دن ۔ واحد مَلا ۔
المَلَاوَۃ والمَلْوَۃ ۔ بتثلیث المیم : زمانہ دراز
المَلِیُّ ۔ زندگی کی مدت ۔
الاِمْلَاء ۔ مم ۔ مہلت دینا ۔ تاخیر کرنا ۔ جو
املا کیا جائے ۔ ج اَمَالٍ و اَمَالِیّ ۔
المَلَاۃ ۔ سنگریزہ ناک بیابان ۔ ج مَلًا ۔
المَلِیُّ ۔ زمانہ طویل ۔ کہا جاتا ہے اِنْتَظَرْتُہُ مَلِیًّا
زمانہ دراز تک میں نے اس کا انتظار کیا ۔ ومَرَّ
مَلِیٌّ مِنَ اللَّیْلِ رات کا تہائی حصہ گذر گیا ۔
اور بقول رات کا ایک حصہ گذر گیا ۔ جس کی کوئی
حد معین نہیں ۔
الاَمَالِی ۔ املا کئے ہوئے اقوال وغیرہ اور یہ
اَمْلَی الکِتَابَ کے مصدر الاِمْلَاء کی جمع ہے ۔
المَلْیُوْنُ فِی العَدَدِ : دس لاکھ ۔ ج مَلَایِیْن ۔
مِمَّ ۔ مرکب ہے مِن و ما استفہامیہ سے ۔
المَامُوْس والمَامُوْسَۃ ۔ آگ ۔ آتشدان
المَامُوْسَۃ : بدزبان بے وقوف عورت ۔
مِنْ ۔ حروفِ جر میں سے ہے ۔ معانی ذیل
میں مستعمل ہے ۔
(۱) ابتداء غایت زمانی جیسے مَرِضَ مِنْ یَوْمِ الجُمُعَۃِ
(۲) ابتداء غایت مکانی جیسے سَارَ مِنْ بَیْرُوْتَ
(۳) تبعیض ۔ جیسے مِنْہُمْ مَنْ اَحْسَنَ ومِنْہُمْ مَنْ اَسَاءَ
(۴) تعلیل ۔ جیسے مِمَّا خَطِیْئَاتِہِمْ اُغْرِقُوْا ۔
(۵) بدل ۔ جیسے اَرَضِیْتُمْ بِالحَیٰوۃِ الدُّنْیَا
مِنَ الآخِرَۃِ ۔
(۶) مرادف با جیسے یَنْظُرُوْنَ مِنْ طَرْفٍ خَفِیٍّ ۔
(۷) معنی فصل کا فائدہ بھی دیتا ہے جیسے
وَاللہُ یَعْلَمُ المُفْسِدَ مِنَ المُصْلِحِ ۔
(۸) زائدہ بھی ہوتا ہے اور زائدہ ہونے کیلئے
تین چیزیں شرط ہیں ۔ ایک یہ کہ اس سے پہلے
نفی نہی یا استفہام ہو ۔ دوسرے یہ کہ مجرور نکرہ
ہو ۔ تیسرے یہ کہ مجرور فاعل یا مفعول بہ یا مبتدا ہو
جیسے "مَا جَاءَنِی مِنْ رَجُلٍ" "ہَلْ ضَرَبْتَ مِنْ اَحَدٍ" "مَا
فِی الدَّارِ مِنْ اَحَدٍ" ان کے علاوہ اور بھی معانی
ہیں جو قرینہ سے مفہوم ہوتے ہیں ۔
مَنْ ۔ اسم شرط جازم ہے جیسے مَنْ یَعْمَلْ خَیْرًا
یُجْزَ بِہِ ۔ اسم استفہام ۔ جیسے من اتی ۔ اسم موصول
اکثر استعمال ذوی العقول کیلئے ہوتا ہے ۔ جیسے
یَسْجُدُ لِلّٰہِ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِی الاَرْضِ : نکرہ
موصوفہ جیسے مَرَرْتُ بِمَنْ مُعْجِبٍ لَکَ ۔
مَنَّ (ن) مَنًّا ومِنِّیْنَی عَلَیْہِ بِکَذَا : بھلائی
کرنا ۔
مَنَّ (ن) مَنًّا و مِنَّۃً و امْتَنَّ اِمْتِنَانًا ۔
عَلَیْہِ بِمَا صَنَعَ : احسان جتانا ۔ وامْتَنَّ عَلَیْہِ بِکَذَا :

بھلائی کرنا۔ وامتن فلاناً: فلاں کے انتہائی چیز پر پہونچنا۔

مَنَّ (ن) مَنًّا وامَنَّ وَتَمَنَّنَ الرَّجُلَ: کمزور کرنا۔ قوت زائل کرنا۔ مَنَّ الحَبلَ: کاٹنا مَنَّ الشَّیُٔ: کم ہونا — النَّاقَۃَ: سفر کی وجہ سے لاغر کرنا۔ تَمَنَّنَ فُلَانٌ فُلَاناً وَتَمَنَّنَ عَلَیہِ: احسان جتاکر تکلیف پہنچانا۔

مَنَّنَ تَمنِینًا النَّاقَۃَ وبِہَا: اونٹنی کو سفر کی وجہ سے لاغر کرنا۔

مَانَّہٗ مُمَانَّۃً۔ کسی کی حاجت روائی کے لئے آنا جانا۔

اِستَمَنَّہٗ۔ طالب احسان ہونا۔

المَنُّ۔ مم۔ احسان۔ انعام۔ ایک قسم کی شبنم ہے جو پتھروں اور درختوں پر شہد کے مانند جم کر خشک ہوجاتی ہے۔ ومَنُّ بَنِی اِسرَائِیلَ: وہ چیز جس کو اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل پر نازل کیا تھا تاکہ اس سے وہ اپنی غذا حاصل کریں۔ المَنُّ: دو رطل کا پیمانہ یا میزان۔ ج اَمنَانٌ۔

المُنَّۃُ۔ قوت۔ ضعف۔ ج مُنَنٌ۔

المِنَّۃُ۔ مم۔ احسان۔ کہا جاتا ہے لَہٗ عَلَیَّ مِنَّۃٌ اومِنَنٌ اس کا میرے اوپر احسان یا احسانات ہیں۔ المِنَّۃُ: اسم ہے مَنَّ عَلَیہِ سے اور اسی سے ہے المِنَّۃُ تَہدِمُ الصَّنِیعَۃَ احسان کا جتانا احسان کو ضائع کردیتا ہے۔ ج مِنَنٌ۔

المِنَنَۃُ۔ مکڑی۔ مادہ سیہی۔

المَنُونُ۔ موت (مؤنث ہے اور کبھی مذکر بھی استعمال ہوتا ہے) کہا جاتا ہے "ذَہَبَت بِہِمُ المَنُونُ" موت نے اُن کو تباہ و برباد کردیا۔ زمانہ۔ رَیبُ المَنُونِ۔ حوادثِ زمانہ۔

المَنُونُ والمَنُونَۃُ۔ بہت احسان جتانے والا۔ تاء مبالغہ کے لئے ہے۔ مؤنث مَنُونٌ۔ المنونۃ: مکڑی۔

المَنَّانُ۔ بہت احسان کرنیوالا۔ اللہ تعالےٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ بہت احسان جتانے والا۔ مؤنث مَنَّانَۃٌ۔

المَنِینُ۔ کمزور۔ قوی۔ غبار یا ہلکا پراگندہ غبار۔ ج مُنُنٌ و اَمِنَّۃٌ۔

المَمنُونُ۔ مفعو۔ کٹا ہوا۔ کمزور۔ قوی۔ ہر چیز کا بہترین حصہ جو کسی کے پاس ہو۔ کہا جاتا ہے۔ "بَلَغتُ مَمنُونَہٗ"

مَنَأَ (ف) مَنَأَ الجِلدَ: کھال کو دباغت دینا — فُلَاناً: فعل کی موافقت کرنا۔

المَنِیئَۃُ۔ کھال جس کو پہلی بار دباغت دی جائے۔ دباغت دینے کی جگہ۔

المَمنُأَۃُ۔ کالی زمین۔

المَنجَنِیقُ والمَنجَلِیقُ۔ جنگ میں قلعہ کی دیوار پر پتھر وغیرہ پھینکنے کی مشین۔ ج مَجَانِقُ ومَجَانِیقُ و مَنجَنِیقَاتٌ۔

مَنَحَہٗ (ف ض) مَنحًا الشَّیُٔ: دینا عطا کرنا — ہٗ النَّاقَۃَ وکُلَّ ذَاتَ لَبَنٍ: اونٹنی یا دودھ والے جانور کو فائدہ اٹھانے کیلئے دینا۔ صفت مفعولی المِنحَۃُ والمَنِیحَۃُ۔ ج مِنَحٌ ومَنَائِحُ۔

مَانَحَہٗ مِنَاحًا ومُمَانَحَۃً: لگاتار عطیہ دینا مَانَحَتِ العَینُ: لگاتار آنسو بہانا — النَّاقَۃُ: اونٹنی کا جاڑے کے زمانہ میں جبکہ اور اونٹنیوں کا دودھ دینا ختم ہوگیا ہو دودھ دینا۔

اَمنَحَتِ النَّاقَۃُ: اونٹنی کا بچہ جننے کے قریب ہونا۔ صفت مُمنِحٌ۔

اِمتَنَحَ الرَّجُلُ: عطیہ لینا۔ اور کہا جاتا ہے "اُمتُنِحَ مَالاً" یعنی وہ مال کا رزق دیا گیا۔ اِمتَنَحَ المِنَحَ: عاریت پر لینا۔

تَمَنَّحَ المَالَ: دوسرے کو کھلانا۔

اِستَمنَحَہٗ۔ عطیہ طلب کرنا۔

المِنحَۃُ۔ عطیہ۔ ج مِنَحٌ۔

المَنَّاحُ۔ بہت دینے والا۔

المَنُوحُ۔ جاڑے کے زمانہ میں اونٹنیوں کے دودھ ختم ہوجانے کے بعد دودھ دینے والی اونٹنی۔

المَنِیحُ۔ جوئے کے محروم تیروں میں سے ایک تیر۔

المُمَانِحُ۔ جاڑے کے زمانہ میں دودھ دینے والی اونٹنی۔ مَطَرٌ مُمَانِحٌ: لگاتار بارش۔ رِیحٌ مُمَانِحٌ: ہوا جس کی بارش نہ رُکے۔

مُنذُ ومُذ۔ کبھی ان کی میم مکسور ہوتی ہے ان کی تین حالتیں ہیں۔

پہلی یہ کہ دونوں حرفِ جر ہیں۔ اگر زمانہ ماضی ہو تو من کے معنے میں جیسے "مَارَأَیتُہٗ مُذ یَومِ الاَحَدِ" اور اگر زمانہ حال ہو تو فی کے معنے میں جیسے "رَأَیتُہٗ مُذ شَہرِنَا" یعنی اس موجودہ مہینہ میں۔ اور اگر معنی معدود ہوں تو مِن اور اِلٰی کے معنی میں جیسے "مَارَأَیتُہٗ مُذ ثَلٰثَۃِ اَیَّامٍ" یعنی میں نے اس کو تین دن سے یا تین دن تک نہیں دیکھا۔

دوسری یہ کہ اسم ان دونوں کے بعد مرفوع ہو جیسے "مَارَأَیتُہٗ مُذ یَومَانِ" کہا گیا ہے کہ یہ دونوں اس حالت میں ظرف ہیں جن کی اضافت جملہ کی طرف ہے، جس میں فعل کو حذف کردیا گیا ہے اور فاعل کو باقی رکھا گیا ہے، اور اصل یوں ہے "مُذ کَانَ یَومَانِ"۔

اور تیسری حالت یہ کہ ان کے بعد جملہ فعلیہ یا اسمیہ ہو جیسے "مَازِلتُ اَبغِی المَالَ مُذ اَنَا یَافِعٌ" میں جب سے جوان ہوا ہوں مال ہمیشہ تلاش کرتا رہا مشہور یہ ہے کہ یہ دونوں اس وقت ظرف ہیں جنکی اضافت جملہ کی طرف ہے، اور مُذ مُنذُ کا مخفف ہے اور یہ اس وجہ سے کہ اجتماعِ ساکنین کے وقت مُذ کی ذال کو ضمہ دیتے ہیں جیسے مُذُ الیَومِ۔ اگر اصل میں ضمہ نہ ہوتا تو کسرہ دیتے۔

المَنسَۃُ۔ کہن سال۔

المَنَس۔ خوشی۔

مَنَعَہٗ (ف) مَنعًا ومَنَعَہٗ الشَّیَٔ ومِنہُ وعَنہُ: محروم کرنا۔ روکنا — ہٗ القَاضِی عَنِ المِیرَاثِ: روکنا — ہٗ عَنِ الدَّعوٰی: باز رکھنا۔ منع جارَہٗ: حمایت کرنا اور تکلیف سے بچانا۔

مَنُعَ (ک) مَنَاعَۃً ومَنَاعًا: قوی ہونا۔ — الحِصنُ: قلعہ تک پہنچ دشوار ہونا — الشَّیُٔ: بلند مرتبہ و دشوار ہونا۔ صفت مَنِیعٌ۔

مَانَعَہٗ۔ حمایت کرنا — ہٗ الشَّیَٔ: جھگڑا کرنا۔

اور منع کرنا۔
تَمَنَّعَ وَاِمْتَنَعَ عَنِ الشَّیْءِ: رکنا۔ اِمْتَنَعَ الشَّیْءُ: ناممکن الحصول ہونا۔ تَمَنَّعَ وَاِمْتَنَعَ بِقَوْمِہٖ: حفاظت میں آنا۔ قوت پکڑنا۔
تَمَانَعَا: باز رہنا — عَنْ اَنْفُسِہِمَا: ایک دوسرے کی حمایت کرنا۔
اَلْمَنْعُ۔ مص۔ کیکڑا۔ ج مُنُوْع۔
رَجُلٌ مَنِعٌ۔ اپنے نفس کو باز رکھنے والا مرد۔
اَلْمَنَعَۃُ۔ عزت۔ قوت۔ ج مَنَعَات اور کہا جاتا ہے "لَہُمْ مَنَعَاتٌ" ان کے ایسے مضبوط قلعے ہیں جن پر دشمن قادر نہیں ہو سکتا۔
اَلْمَنْعَۃُ وَالْمِنْعَۃُ۔ قوت۔ شوکت۔
اَلْمَنَاعَۃُ۔ مص — فِی الطِّبِّ: ایسی قوت جو جسم کو حاصل ہو جائے اور آئندہ امراض سے محفوظ رکھے۔
اَلْمَانِعُ ج مَانِعُوْنَ وَمَنَعَۃٌ: فا۔ کنجوس۔ بخیل ج مَوَانِع: روکنے والا۔
مَنَاعِ۔ اسم فعل ہے۔ بمعنے "اِمْنَعْ"
اَلْمَنُوْعُ وَالْمَنَّاعُ۔ بہت زیادہ منع کرنے والا۔ اَلْمَنَّاعُ: کنجوس۔ بخیل۔
اَلْمَنْعَی۔ اسم ہے بمعنے اِمْتِنَاع۔
اَلْمَنِیْعُ۔ غالب وقوی کہ جس پر کوئی قادر نہ ہو سکے۔ مؤنث مَنِیْعَۃٌ۔ حِصْنٌ مَنِیْعٌ: بلند و مضبوط قلعہ جس پر پہنچنا دشوار ہو۔
مَنَا یَمْنُوْ مَنْوًا الرَّجُلَ: آزمائش کرنا۔ صفت مفعولی مَمْنُوٌّ بِکَذَا۔
اَلْمَنَا۔ پیمانہ یا وزن مساوی دو رطل۔ مثنی مَنَوَانِ وَمَنَیَانِ ج اَمْنَاءٌ وَاَمْنٍ وَمُنِیٌّ اور اسی معنی میں المناۃ بھی ہے۔ کہا جاتا ہے "دَارِیْ مَنَا دَارِہٖ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے۔
مَنَاۃُ۔ مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان قبیلہ ہذیل اور خزاعہ کے ایک بت کا نام۔
اَلْمَنُوَّۃُ۔ آرزو۔
مَنٰی یَمْنِیْ مَنْیًا اللّٰہُ الْخَیْرَ لِفُلَانٍ: مقدر کرنا۔ مَنَاہُ: آزمائش کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَنَاہُ اللّٰہُ بِکَذَا" یعنی اللہ اس کو فلاں چیز میں مبتلا کرے۔
مُنِیَ لِکَذَا: توفیق دیا جانا — بِکَذَا: آزمائش کیا جانا۔
مَنّٰی تَمْنِیَۃً الرَّجُلَ الشَّیْءَ وَبِالشَّیْءِ: آرزو دلانا۔
مَانٰی مُمَانَاۃً الرَّجُلَ: مدارات کرنا۔ مہلت دینا اور انتظار کرنا۔ بدلہ دینا — الرَّفِیْقَ: باری باری سوار ہونا۔
اَمْنٰی اِمْنَاءً الدِّمَاءَ: خون بہانا گرانا — الْحَاجُّ: حاجیوں کا منیٰ میں آنا یا نازل ہونا۔
اَمْنٰی: منی گرانا۔
اِسْتَمْنٰی بِالْیَدِ: جلق لگانا۔ بغیر جماع کے منی نکالنا۔
اِمْتَنٰی اِمْتِنَاءً الشَّیْءَ: جھوٹ گھڑنا — الْحَاجُّ: حاجیوں کا منیٰ میں آنا یا نازل ہونا۔
تَمَنَّی الشَّیْءَ: ارادہ کرنا — الْکِتَابَ: پڑھنا — الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا — الْحَدِیْثَ: جھوٹی بات گھڑنا۔
اَلْمَنِیَّۃُ ج مَنَایَا وَالْمَنٰی۔ موت۔ اَلْمَنٰی: ارادہ۔ تقدیر الٰہی۔ تم کہتے ہو "اَنَا رَاضٍ بِمَنَی اللّٰہِ" یعنی میں تقدیر الٰہی پر راضی ہوں۔ اور کہا جاتا ہے "ہُوَ مِنِّیْ بِمَنَی مِیْلٍ" وہ مجھ سے ایک میل کے اندازہ پر ہے۔
اَلْمُنْیَۃُ وَالْمِنْیَۃُ ج مُنًی وَمِنًی وَالْاُمْنِیَّۃُ ج اَمَانٍ وَاَمَانِیُّ: آرزو۔ مطلوب۔ الْاُمْنِیَّۃُ: جھوٹ۔
اَلْمُتَمَنَّیَاتُ۔ تمنائیں۔
مَہْ۔ اسم فعل مبنی علی السکون۔ بمعنی رُک جا اور کبھی کہا جاتا ہے مَہٍ۔
مَہَّ (ن) مَہًّا الْاِبِلَ: اونٹ کے ساتھ نرمی برتنا۔
مَہِہَ (س) مَہَہًا الشَّیْءُ: نرم ہونا۔
اَلْمَہَاہُ۔ نرمی، تازگی۔ خوبصورتی۔ خوبصورت (— وَالْمَہَہُ) سیر و سفر کا ساتھی۔ اُمید۔ اَلْمَہَہُ: رفق۔ نرمی۔
اَلْمَہْتَرُ وَالْمِہْتَارُ۔ امیر۔ والی۔ (دخیل)
مَہَجَ (ف) مَہْجًا بیماری کے بعد چہرے پر رونق آنا — الْوَلَدُ اُمَّہٗ: دودھ پینا — الْجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔
اُمْتُہِجَ الرَّجُلُ: خون کھینچ لیا جانا۔
اَلْمَاہِجُ۔ فا۔ خالص دودھ۔ پتلا دودھ یا چربی۔
اَلْمُہْجَۃُ۔ خون یا دل کا خون۔ روح۔ وَمُہْجَۃُ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا بہتر اور خالص۔ ج مُہَجٌ وَمُہُجَاتٌ
اَلْاُمْہُجُ وَالْاُمْہُوْجُ وَالْاُمْہُجَانُ: خالص دودھ۔
کہا جاتا ہے رَجُلٌ مُمَہْوَجُ الْبَطْنِ: ڈھیلے پیٹ کا مرد۔
مَہَدَ (ف) مَہْدًا الْفِرَاشَ: بستر بچھانا۔ لِنَفْسِہٖ: کمائی کرنا۔ کام کرنا۔
مَہَّدَ الْفِرَاشَ: بستر بچھانا — الْاَمْرَ: درست و ہموار کرنا — لَہُ الْعُذْرَ: عذر خواہی کرنا — لِفُلَانٍ عُذْرَہٗ: قبول کرنا — لِنَفْسِہٖ خَیْرًا: اپنے لئے بھلائی مہیا کرنا۔
تَمَہَّدَ الْفِرَاشُ: بستر بچھانا — لَہُ الْاَمْرُ: آسان ہونا — الرَّجُلُ: قادر ہونا۔
اِمْتَہَدَ الشَّیْءُ: بچھنا — الرَّجُلُ: کمائی کرنا کام کرنا۔
اِسْتَمْہَدَ فِرَاشًا: بستر بچھانا۔
اَلْمَہْدُ۔ گہوارہ۔ پست زمین ج مُہُوْد۔
اَلْمُہْدُ ج مِہَدَۃٌ وَاَمْہَادٌ وَالْمُہْدَۃُ ج مُہَدٌ: نرم و پست ہموار زمین۔
اَلْمِہَادُ۔ بچھونا۔ پست زمین۔ ج مُہُدٌ وَمُہُدٌ وَاَمْہِدَۃٌ۔
اَلْمَہِیْدُ۔ خالص مسکہ۔
اَلْمُمَہَّدُ۔ مفع۔ مَاءٌ مُمَہَّدٌ: پانی نہ گرم نہ سرد۔
مَہَرَ (ف ن) مَہْرًا وَمُہُوْرًا وَمَہَارًا وَمَہَارَۃً الشَّیْءَ وَفِیْہِ وَبِہٖ: حاذق ہونا۔ صفت ماہر۔ کہا جاتا ہے "مَہَرَ فِی الْعِلْمِ" یعنی علم میں حاذق و ماہر ہوا۔ فِیْ صِنَاعَتِہٖ: تجربہ کار و ماہر ہونا۔
مَہَرَ (ف ن) مَہْرًا وَاَمْہَرَ الْمَرْاَۃَ: مہر دینا

یا مہر مقرر کرنا۔ وامْہَرَہا۔ مہر کے بدلے میں کسی شخص سے نکاح کرنا۔ صفت مفعولی مُمْہَرَۃ۔ وامْہَرَتِ الفَرَسُ: بچھیرے یا بچھیری والی ہونا۔

مَاھَرَ۔ بچھیرا مانگنا یا حاصل کرنا۔

مَاھَرَہٗ مُمَاھَرَۃً۔ ماہر ہونے میں مقابلہ کرنا

تَمَھَّرَ۔ ماہر ہونا، حاذق ہونا۔ تیرنا۔

المَھْرُ۔ مم۔ نکاح کا عوضِ مالی ج مُہُوْر ومُہُوْرَۃ۔ اور کہا جاتا ہے "ھٰذا مَہْرُ ذٰلِکَ" یہ اس کے بدلے میں ہے۔

المُھْرُ۔ بچھیرا۔ گھوڑی گدھی کا پہلا بچہ۔ ج مِہار وامْہار ومِہارَۃ مؤنث مُہْرَۃٌ ج مُہَر ومُہْرات ومُہُرات۔ المُہْرُ: درمیان سینہ کی ایک ہڈی۔ اندراین کا پھل۔ کبوتر کا بچہ۔ ج مِہَرَۃ۔

المَھِیْرَۃ مِنَ النِّسَاءِ: بہت مہر والی عورت ج مَہائِرُ۔

المَاھِرُ۔ حاذق۔ اچھا تیرنے والا۔ ج مَہَرَۃ

المَھْرِیَّۃ۔ سُرخ گیہوں۔ الإبِلُ المَہْرِیَّۃ: مہرۃ بن حیدان کی طرف منسوب اونٹ جن کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ تیز رفتاری میں کوئی ان کا مقابلہ نہیں کر سکتا تھا۔ ج مَہارِیُّ ومَہارِ ومَہارِیٌّ۔

المِھْرَجَان۔ پارسیوں کی ایک عید۔

مَھَزَہٗ (ف) **مَھْزًا** بِیَدِہٖ: دفع کرنا۔ ہٹانا

مَھَشَہٗ (ف) **مَھْشًا**۔ جلانا۔ کھرچنا۔

اِمْتَھَشَ۔ جلنا۔

مَھَّصَ الثَّوْبَ: کپڑا پاک صاف کرنا۔ سفید کرنا۔

تَمَھَّصَ فِی المَاءِ: پانی میں گھسنا۔

اِمْھَاصَّتِ الأرْضُ: بے نباتات ہونا۔ صفت مُمْہَاصٌّ۔

مَھِقَ (س) **مَھَقًا**۔ بہت سفید ہونا۔

مَھَقَتْ (ف) **مَھْقًا** الخَیْلُ: گھوڑے کا دوڑنا۔ مَہَقَ الفَصِیْلَ: اونٹ کے بچہ کو پانی پلانا۔ تَمَہَّقَ الشَّرابَ: تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد پینا۔

المَھَقُ۔ مم۔ پانی پر کی سبزی۔

الأمْھَقُ۔ بغیر چمک کے بہت سفید جیسے چونا۔ مؤنث مَہْقَاءُ ج مُہْقٌ۔

المُھْقَۃ۔ بغیر چمک کے بہت سفید رنگ۔

مَھَكَ (ف) **مَھْكًا ومَھَّكَ الشَّیْئَ**: خوب پیسنا۔ باریک پیسنا۔ مَہَکَہٗ: نرم و چمکدار کرنا۔ مَہَکَ فِی السَّیْرِ: جلدی کرنا۔

تَمَھَّكَ فِی العَمَلِ: اچھے طریقہ سے کرنا۔ ہاتھ سے منقش کرنا۔

اِمْھَكَ الرَّجُلُ: کم گوشت والا ہونا — فِی العَدْوِ: کوشش کرنا۔

تَمَاھَكَ۔ القَوْمُ: باہم جھگڑنا۔

مَھْكَۃُ الشَّبَابِ مُھْكَتُہٗ۔ جوانی کی رونق و تر و تازگی۔

المَھُوْكُ۔ نرم کمان۔

المُمَھَّكُ والمُتَمَھِّكُ۔ جوانی سے بھرپور۔ کہا جاتا ہے۔ شَابٌّ مُمَہَّکٌ۔

المُمَھَّكُ۔ لمبا بے ڈول۔

مَھَلَ (ف) **مَھْلًا ومُھْلَۃً وتَمَھَّلَ فِی العَمَلِ**: اطمینان سے بغیر جلد بازی کے کام کرنا۔

مَھِلَ (س) **مَھَلًا الرَّجُلُ**: بھلائی میں پیشقدمی کرنا۔ صفت مَاہِلٌ۔

اَمْھَلَہٗ ومَھَّلَہٗ الدَّیْنَ: مہلت دینا۔

اَمْھَلَ ومَھَّلَ الرَّجُلَ: نرمی برتنا — فِی الأمْرِ: مبالغہ کرنا۔ عذر کرنا۔

اِسْتَمْھَلَہٗ: مہلت مانگنا۔

المَھْلُ والمَھَلُ۔ مم۔ نرمی آہستگی۔ میت کی پیپ۔ اور کہا جاتا ہے "مَہْلًا وعَلٰی مَہْلٍ" یعنی ٹھیر جا جلدی نہ کر اور یہ مصدر ہے جو فعل کے قائم مقام ہے اور واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لئے ہے المَہَلَ: کسی شخص کے گذرے ہوئے لوگ۔ سوار ہونے سے پہلے معاملہ کی ہدایت پیش قدمی۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ ذُوْ مَہَلٍ: فلاں بھلائی میں پیش قدمی کرنے والا ہے

المُھْلُ۔ معدنی جواہر۔ جیسے چاندی تانبا لوہا وغیرہ پگھلی ہوئی دھاتیں۔ پتلا قطران۔ زیتون کا پتلا تیل۔ زہر۔ پیپ۔ یا خاص مردہ کی پیپ روئی سے جو راکھ جھڑے۔

المُھْلَۃ۔ مم۔ راکھ میں بقیہ چنگاری۔ آہستگی و نرمی۔ کہا جاتا ہے "مَشٰی عَلٰی مُہْلَتِہٖ" وہ آہستہ آہستہ چلا۔ پتلا قطران۔ شمار۔ کہا جاتا ہے "خُذِ المُہْلَۃَ فِی أمْرِکَ" یعنی اپنے معاملہ میں سامان کر لو۔ "واَخَذَ عَلٰی فُلَانٍ المُہْلَۃَ" یعنی وہ اس سے عمر یا ادب میں بڑھ گیا۔

المَھْلَۃ والمِھْلَۃ والمُھْلَۃ والمَھَلَۃ۔ پیپ یا خاص مردہ کی پیپ۔

المُتَمَھِّلُ۔ فا — مِنَ الرِّجَالِ: لمبا۔

مَھْمَا اسم شرط جازم ہے۔ غیر عاقل کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اور ظرف زمان ہے جیسے مَہْمَا یَزُرْنِی زَیْدٌ اُکْرِمْہُ: جب زید مجھ سے ملے گا میں اس کا اکرام کروں گا اور کبھی غیر ظرف ہوتا ہے جیسے مَہْمَا تَفْعَلْ اَفْعَلْ: جو تو کرے گا میں کرونگا

مَھْمَھَہٗ عَنِ السَّفَرِ: روکنا۔ مَہْمَہَ فُلَانًا: مہ مہ کہہ کے ڈانٹنا۔

تَمَھْمَہَ عَنِ الشَّیْئِ: باز رہنا۔ رکنا۔

المَھْمَہ والمَھْمَھَۃ۔ دُور کا جنگل۔ ویران ملک۔ ج مَہامِہ۔

مَھَنَ (ف ن) **مَھْنًا ومَھْنَۃً ومِھْنَۃً**۔ الرَّجُلَ: خدمت کرنا۔

مَھَنَ (ف ن) **مَھْنًا**۔ اپنا پیشہ کرنا — الرَّجُلَ: مارنا اور سختی کرنا — الثَّوْبَ: کھینچنا بوسیدہ کرنا — الجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔

مَھُنَ (ک) **مَھَانَۃً**: حقیر و کمزور ہونا۔

مَاھَنَہٗ مُمَاھَنَۃً۔ مشق کرنا۔

اَمْھَنَہٗ۔ کمزور کرنا۔ خدمت لینا۔

اِمْتَھَنَ الشَّیْئَ: حقیر کرنا۔ بوسیدہ کرنا — الرَّجُلَ: خدمت میں رکھنا — الرَّجُلُ: خدمت میں مشغول ہونا۔

المِھْنَۃ والمَھْنَۃ والمَھَنَۃ والمِھَنَۃ۔ کام کی مہارت۔ خدمت۔ کہا جاتا ہے "قَامَتِ المَرْأۃُ بِمِہْنَۃِ بَیْتِہَا" عورت اپنے گھر کے کام کاج کیلئے

مستعد ہوئی "وَمَا مِهْنَتُكَ ههُنَا" یہاں پر تمہارا کیا عمل ہے "هُوَ فِي مِهْنَةِ أَهْلِهِ" وہ اپنے لوگوں کی خدمت میں مشغول ہے "خَرَجَ فِي ثِيَابِ مِهْنَتِهِ" وہ اپنے کام کاج کے کپڑوں میں نکلا۔ ج مِہَن و مُہَن۔

اَلْمَاهِنُ۔ فا۔ خادم۔ غلام ج مُهَّان و مَهَنَة و مُهَّان۔ مؤنث مَاهِنَةٌ ج مَوَاهِن۔

اَلْمَهِينُ۔ حقیر۔ کمزور۔ کم سمجھ۔ ج مُهَنَاء۔

مَهَا يَمْهُو مَهْوًا۔ الرَّجُلَ: بہت مارنا۔

مَهَا يَمْهُو مَهًا۔ البَقَرَةُ الوَحْشِيَّةُ: نیل گائے کا خالص سفید ہونا۔

مَهُوَ يَمْهُو مَهَاوَةً اللَّبَنُ او السَّمْنُ: دودھ یا گھی کا پتلا ہونا۔ صفت مَهُوٌ۔

اَمْهَى اللَّبَنَ: دودھ میں زیادہ پانی ملانا۔ ــــ الحَدِيدَةَ: لوہے کو تیز کرنا ــــ الفَرَسَ: رسی دراز کرنا۔ دوڑا کر گرم کرنا۔ اسم المُهْيُ۔ اور کہا جاتا ہے "حَفَرَ البِئْرَ حَتَّى أَمْهَى" اس نے کنواں کھودا یہاں تک کہ پانی تک پہنچ گیا۔ "أَمْهَى فُلَانٌ": تعریف میں خوب مبالغہ کرنا ــــ الحَبْلَ: رسی کو ڈھیل دینا ــــ القِدْحَ: تیر کی کجی کو درست کرنا ــــ القِدْرَ: ہانڈی میں پانی بڑھا دینا۔ اَمْهَتِ العَيْنُ: آنسو بہانا۔

اَلْمَهْوُ۔ مص۔ سفید کنکری۔ موتی۔ بلور۔ اولہ۔ تازہ کھجوریں۔ پتلی تلوار۔ بہت پانی والا دودھ

المَهَاةُ۔ نیل گائے (جس سے آنکھوں کی خوبصورتی میں تشبیہ دی جاتی ہے)۔ آفتاب۔ بلور۔ ج مَهًا و مَهَوَات و مَهَيَات۔

مَهَى يَمْهِي وَيَمْهَى مَهْيًا وَأَمْهَى وَامْتَهَى الشَّفْرَةَ او الحَدِيدَةَ: پتلا کرنا۔ تیز کرنا۔ ــ الشَّيْءَ ملمع کرنا۔

اِسْتَمْهَى الفَرَسَ: گھوڑے کو پوری رفتار پر چھوڑ دینا ــــ القَوْمُ: دشمن کی صفوں کو توڑ دینا اور شکست دینا۔

مَهْيَم۔ کلمہ استفہام ہے یعنی تمہارا کیا حال ہے۔ یا تمہیں کیا ہوا۔ یا کیا خبر ہے۔

مَاءَ يَمُوءُ مُوَاءً وَأَمْوَأَ السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔ وَأَمْوَأَ الرَّجُلُ: بلی کی طرح آواز کرنا۔

المَائِيَةُ والمَائِئَةُ والمَايِئَةُ۔ بلی

مَاتَ يَمُوتُ مَوْتًا۔ مرنا۔ مَاتَتِ الرِّيحُ: ہوا کا رک جانا ــــ النَّارُ: آگ کی راکھ ٹھنڈی ہونا مَاتَ الحَرُّ او البَرْدُ: گرمی یا سردی کا زائل ہونا۔ مَاتَتِ الحُمَّى: بخار کا جوش کم ہونا۔ مَاتَ الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔

مَاتَ يَمُوتُ مَوَاتًا و مُوتَانًا المَكَانُ: ویران ہونا ــــ الطَّرِيقُ: راستہ چلنا بند ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ فَوْقَ الرَّحْلِ" یعنی گہری نیند سوگیا

مَوَّتَه: مار ڈالنا۔ موت دینا۔

اَمَاتَه إِمَاتَةً۔ مار ڈالنا۔ اَمَاتَ نَفْسَه: مغلوب کرنا ــــ غَضَبَه: غصہ پی جانا ــــ الرَّجُلُ: مرے ہوئے بچوں والا ہونا ــــ النَّاقَةُ او المَرْأَةُ: مرے ہوئے بچہ والی ہونا۔ صفت مُمِيت و مُمِيتَة۔ ج مَمَاوِيت ــــ القَوْمُ: مرے ہوئے جانوروں والا ہونا۔ اَمَاتَ اللَّحْمَ: خوب اچھی طرح پکانا اور جوش دینا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا أَمْوَتَه" یعنی وہ کیسا مردہ دل ہے۔

اُمِيتَتِ اللَّفْظَةُ: لفظ کا استعمال چھوڑ دیا جانا۔

مَاوَتَ مُمَاوَتَةً قِرْنَه: باہم صبر کرنا۔

تَمَاوَتَ۔ بتکلف مردہ بننا۔ خاموشی اور کمزوری ظاہر کرنا۔

اِسْتَمَاتَ اِسْتِمَاتَةً واسْتِمَاتًا۔ موت چاہنا۔ ہر طریقے سے کسی چیز کو طلب کرنا۔ لاغری کے بعد موٹا ہونا ــــ الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا ــــ الشَّيْءُ: ڈھیلا ہونا۔

المَوْتُ والمَوْتَةُ۔ موت۔ المَوْتُ الأَحْمَرُ: قتل سے جو موت واقع ہو۔ المَوْتُ الأَبْيَضُ: موت طبعی یا اچانک موت۔ المَوْتُ الأَسْوَدُ: گلا گھونٹنے سے جو موت واقع ہو۔

المُوتَةُ۔ جنون کی ایک قسم۔ مرگی۔

المَيْتَةُ۔ المَيْت کا مؤنث۔ مردار۔ ج مَيْتَات

المِيتَةُ۔ مرنے کی حالت۔ کہا جاتا ہے۔ "مَاتَ مِيتَةً صَالِحَةً" "وَمَاتَ مِيتَةَ سُوءٍ"۔

المَيْتُوتَةُ۔ موت۔ (مولدة)

المُوتَانُ والمُوَتَانُ۔ جانوروں کی مری۔ اور کہا جاتا ہے "هَذَا مُوتَانُ الفُؤَادِ" یعنی یہ بلید الطبع ہے۔ مؤنث مُوتَانَةٌ۔

المَوَتَانُ۔ موت۔ غیر ذی روح۔ کہا جاتا ہے "اِشْتَرِ مِنَ المَوَتَانِ وَلَا تَشْتَرِ مِنَ الحَيَوَانِ" یعنی زمین مکانات وغیرہ خریدو اور غلام جانور وغیرہ مت خریدو اور کہا گیا ہے کہ مَوَتَان اس زمین کو کہتے ہیں جس میں آبادی نہ ہو۔

المَائِتُ۔ قریب المرگ۔ کہا جاتا ہے "مَوْتٌ مَائِتٌ" یعنی سخت موت۔

المَيِّتُ ج اَمْوَات و مَوْتَى و مَيِّتُون والمَيْتُ ج مَيْتُون: مردہ۔ مؤنث مَيِّتَةٌ و مَيْتٌ و مَيْتَةٌ ج مَيِّتَات و مَيْتَات۔

المَوَاتُ۔ مص۔ غیر ذی روح۔ غیر آباد زمین یا وہ زمین جس سے کوئی فائدہ نہ اٹھائے۔

المَمَاتُ۔ موت۔ یا زمانہ موت۔

المُمَاتُ مِنَ اللَّفْظِ: متروک الاستعمال لفظ۔

خَطِيئَةٌ مُمِيتَةٌ۔ گناہ کبیرہ۔

المُسْتَمِيتُ۔ فا۔ طالب قتل جو لڑائیوں میں موت کی پرواہ نہ کرے۔ بتکلف مجنوں بننے والا انڈے کی سفیدی کا باریک چھلکا۔

مَاثَ يَمُوثُ مَوْثًا و مَوَثَانًا الشَّيْءَ بالشَّيْءِ: مخلوط کرنا ــــ الشَّيْءُ فِي المَاءِ: پانی میں گھلنا۔

اِنْمَاثَ۔ مخلط ہونا۔ حل ہونا۔ گھل مل جانا۔

مَاجَ يَمُوجُ مَوْجًا و مَوَجَانًا وتَمَوَّجَ البَحْرُ: سمندر کا موج مارنا۔ مَاجَ القَوْمُ: مضطرب ہونا۔ بے ترتیب ہونا۔ مَاجَ عَنِ الحَقِّ: حق سے تجاوز کرنا۔

المَوْجُ۔ مص۔ لہر۔ واحد مَوْجَةٌ ج اَمْوَاج۔ مَوْجَةُ الشَّبَابِ: آغاز جوانی۔

المَوَّاجُ۔ بہت موج مارنے والا۔

مَاخَ يَمُوخُ مَوْخًا الغَضَبُ: غصہ کا ٹھنڈا ہونا۔

المَاذ - اچھی خصلتوں والا ہونا - خوش طبع (اصل اس کی مَوْذٌ ہے)

المَاذِیّ - سفید شہد - یا عمدہ شہد - ہر قسم کے ہتھیار (---- والمَاذِیَّۃ) نرم زرہ -

المَاذِیَّۃ: شراب -

مَارَ یَمُوْرُ مَوْرًا البَحْرُ: موج زن ہونا — الدَمُ عَلَی الاَرْضِ: خون کا زمین پر پھیل کر بہنا - الدَمَ: خون کو زمین پر پھیلا کر بہانا ——— الشَیئُ: آگے پیچھے تیزی سے ہلنا — التُرَابُ: غبار کا اٹھنا برانگیختہ ہونا - مَارَتِ الرِیْحُ التُرَابَ وبالتُرَابِ: ہوا کا مٹی کو اٹھانا - برانگیختہ کرنا - مَارَ الصُوْفُ عَنِ الجَسَدِ: پشم کو جسم سے اکھیڑنا السِنَانَ فِی المَطْعُوْنِ: بھالے کو زخمی کے بدن میں ہلانا

اَمَارَ الدَمَ: خون بہانا - اَمَارَتِ الرِیْحُ التُرَابَ ہوا کا مٹی کو اٹھانا برانگیختہ کرنا - اَمَارَ السِنَانَ فِی المَطْعُوْنِ: بھالے کو زخمی کے بدن میں ہلانا

تَمَوَّرَ - تردد کی حالت میں آنا جانا — الشَعْرُ: بالوں کا ادھر ادھر ہونا - اور کہا جاتا ہے تَمَوَّرَ الوَبَرُ ونَحْوُہُ عَنِ الدَابَّۃِ: جبکہ بال یا اون وغیرہ گر جائیں — الشَیئُ: کسی چیز کا مضطرب ہونا - اور جلدی جلدی حرکت کرنا -

اِنْمَارَ الشَعْرُ: بال اکھڑ جانا -

اِمْتَارَ اِمْتِیَارًا السَیْفَ: تلوار سونتنا -

مَارُ و مَارِی - سریانی کلمہ ہے اسکے معنے سید کے ہیں اور اکثر اس کا استعمال مقدس لوگوں کے لئے ہوتا ہے اور مؤنث کیلئے مُرْت کہا جاتا ہے

المَوْرُ - مص - نرم چیز - چلتا ہوا ہموار راستہ - تیزی -

المُوْرُ - ہوا میں اڑنے والا غبار - مٹی جس کو ہوا اڑائے - ایک قسم کے مینڈھے -

المُوْرَۃ والمُوَارَۃ - گری ہوئی اون - المُوَارُ: چیز جو کسی چیز سے گرے - فالتو چیز کا کچھ باقی حصہ -

المَائِرُ - فا کم سجھ - سَہْمٌ مَائِرٌ: گھس جانے والا ہلکا تیر - مؤنث مَائِرَۃ - ج مَائِرَاتٌ و مَوَائِرُ -

المَوَّارُ - اسم مبالغہ - رِیْحٌ مَوَّارَۃٌ و اَرْیَاحٌ مُوْرٌ: مٹی برانگیختہ کرنے والی ہوا -

المُوْرِجُ - کھیتی کرنے والوں کا آلہ جس کو کھلیان پر گھماتے ہیں اس کو پھلسا کہتے ہیں -

المَوْزُ - کیلہ کا درخت - کیلہ - واحد مَوْزَۃٌ:

المَوَّازُ - کیلہ بیچنے والا -

المَوْزَجُ - موزہ - ج مَوَازِجُ و مَوَازِجَۃ -

مَاسَ یَمُوْسُ مَوْسًا الرَأسَ: سر مونڈنا -

اَلمَاسُ - ہیرا - کہا جاتا ہے رَجُلٌ مَاسٌ جیسے مرد جس پر عتاب و خفگی کا کوئی اثر نہ ہو -

المُوْسٰی - استرا - (مذکر و مؤنث) ج مَوَاسٍ و مُوْسَیَاتٌ -

المُوْسِیْقٰی - گانے کا فن -

المُوْسِیْقِیّ - گانے والا - گویا -

مَاشَ یَمُوْشُ مَوْشًا الکَرْمَ: توڑنے کے بعد باقی ماندہ انگور چننا -

المَاشُ - اُرد - واحد مَاشَۃٌ - گھر کا معمولی سامان -

مَاصَ یَمُوْصُ مَوْصًا و مَوَصًا الثَوْبَ: کپڑا دھونا - مَاصَ الشَیئَ: ہاتھ سے ملنا -

المَوْص - مص - بھوسہ -

المُوَاصَۃ - پانی جس سے برتن یا کپڑے وغیرہ دھوئے گئے ہوں -

مَوْعَۃُ الشَبَابِ: آغاز جوانی -

مَاغَ یَمُوْغُ مَوْغًا و مُوَاغًا السِنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا -

مَاقَ یَمُوْقُ مَوْقًا المَبِیْعُ: ارزاں ہونا الطَعَامُ: غلہ مندا ہونا -

مَاقَ یَمُوْقُ مَوْقًا و مُوْقًا و مُوَاقَۃً و مُؤُوْقًا - الرَجُلُ: بے وقوف ہونا - ہلاک ہونا -

تَمَاوَقَ - حماقت ظاہر کرنا -

اِنْمَاقَ اِنْمِیَاقًا: ہلاک ہونا -

اِسْتَمَاقَ اِسْتِمَاقَۃً - بیوقوف سمجھنا -

المَائِقُ - بے وقوف - ہلاک ہونے والا - کہا جاتا ہے "اَحْمَقُ مَائِقٌ" وہ بڑا سخت بیوقوف ہے - ج مَوْقٰی -

المُوْقُ - مص - بیوقوفی - غباوت - غبار - پروالی چیونٹی - گوشہ چشم - موٹا موزہ جو باریک موزہ پر پہنا جائے - ج اَمْوَاقٌ -

مَالَ یَمُوْلُ و یَمَالُ مَوْلًا و مُؤُوْلًا: مالدار ہونا یا بہت مال والا ہونا - کہا جاتا ہے "مَا اَمْوَلَہٗ" وہ کس قدر مالدار ہے -

مَالَہٗ یَمُوْلُہٗ مَوْلًا و اَمَالَہٗ اِمَالَۃً: مال دینا

مَوَّلَہٗ - مالدار بنانا -

تَمَوَّلَ المَالَ: اپنے لئے جمع کرنا ——— و اِسْتَمَالَ: مال حاصل کرنا - یا بہت مال والا ہونا -

المَالُ ج اَمْوَالٌ: مال و دولت - اہل بادیہ کے نزدیک اس کا اطلاق چوپایوں پر ہوتا ہے - جیسے اونٹ بکری وغیرہ - مذکر و مؤنث ہے - کہا جاتا ہے "ہُوَ المَالُ و ہِیَ المَالُ" اور کہا جاتا ہے خَرَجَ اِلٰی مَالِہٖ یعنی اپنی جائداد یا اپنے اونٹوں کی طرف گیا - ج مَالَۃٌ و مَالُوْنَ: بہت مال والا - کہا جاتا ہے رَجُلٌ مَالٌ بہت مالدار مرد - مؤنث مَالَۃٌ ج مَالَۃٌ و مَالَاتٌ -

المُوْلُ - مکڑی - واحد مُوْلَۃٌ -

المَالِیَّۃ - مالیت - دولت - مال کے متعلق مولدین اس کا اطلاق مال پر بھی کرتے ہیں -

المَوَّلُ والمَیِّلُ - بہت مال والا -

المُوَیْلُ - مال کی تصغیر - رجب کا مہینہ -

مِیْمَ مُوْمًا الرَجُلُ: برسام کی بیماری لاحق ہونا یا سخت چیچک ہونا جس میں سارا جسم ایک زخم بن جائے - صفت مفعولی مَمُوْمٌ -

مَوَّمَ مِیْمًا - حرف میم لکھنا -

المُوْمُ - موم - جلاہوں کا نال - موچوں کا ایک آلہ -

المَوْمَاءُ والمَوْمَاۃُ - وسیع بیابان - یا بے پانی کا بیابان - ج المَوَامِی -

المُوْمِیَاءُ - ایک قسم کی دوا - قدماء مصر کے طریقہ پر حنوط لگائے ہوئے اجسام -

مَانَہٗ یَمُوْنُہٗ مَوْنًا و مَؤُوْنَۃً و مَؤُوْنَۃً: نان نفقہ برداشت کرنا - صفت مَائِنٌ - مَانَ الاَرْضَ: زراعت کے لئے زمین جوتنا -

تَمَوَّنَ۔ نان نفقہ جمع کرنا۔ بال بچوں پر زیادہ خرچ کرنا۔

اَلْمُؤْنَۃُ۔ گزارے کا ذخیرہ۔ ج مُوَن۔

بَیْتُ الْمُؤْنَۃِ: گزارہ جمع کرنے کی کوٹھری۔

اَلْمَوَّانُ۔ ذخیرہ جمع کرنے والا۔ ذخیرہ مہیا کرنے والا۔

مَاهَتْ تَمُوْهُ وَتَمَاهُ مَوْهًا وَمَاهَةً وَمُؤُوْهًا۔ اَلْبِئْرُ: کنوئیں کا بہت پانی والا ہونا ——— وَالسَّفِیْنَۃُ: کشتی میں پانی داخل ہونا۔

مَاهَ یَمُوْهُ مَوْهًا الرَّجُلَ: پانی پلانا ——— اَلشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: ملانا۔

اَمَاهَ اِمَاهَةً وَاَمْوَهَ اِمْوَاهًا الشَّیْءَ: ملانا ——— اَلشَّیْءُ: ملنا ——— اَلرَّجُلَ: پانی پلانا ——— اَلْحَوْضَ: حوض میں پانی جمع کرنا ——— اَلدَّوَاةَ: دوات میں پانی ڈالنا ——— اَلْبِئْرَ: کنواں کھود کر پانی نکالنا ——— اَلسِّکِّیْنَ: چھری پر پانی چڑھانا۔ اَمَاهَتِ السَّمَاءُ: بہت پانی برسانا ——— اَلْاَرْضُ: بہت پانی والی ہونا۔

مَوَّهَ الْمَکَانُ: پانی والی ہونا ——— اَلْقِدْرَ: ہانڈی میں پانی بڑھانا ——— اَلشَّیْءَ بِمَاءِ الذَّهَبِ اَوِ الْفِضَّةِ وَنَحْوِهِمَا: سونے یا چاندی کا پانی چڑھانا ——— عَلَیْهِ الْاَمْرَ وَالْخَبَرَ: جھوٹی بات خلافِ واقعہ سنانا۔

تَمَوَّهَ۔ سونے چاندی وغیرہ کا پانی چڑھنا۔ اَلْعِنَبُ: انگور کا رس دار ہونا اور پکنے کے قریب ہونا ——— اَلْمَکَانُ بِالْبَقْلِ: سبزہ زار ہونا

اَلْمَاءُ۔ پانی (اصل مَوَهٌ ہے) تصغیر مُوَیْہٌ اور نسبت کے لئے مَائِیٌّ وَمَاوِیٌّ وَمَاهِیٌّ ج مِیَاهٌ وَاَمْوَاهٌ۔ وَمَاءُ الْوَرْدِ وَمَاءُ الزَّهْرِ وَنَحْوُهُمَا: گلاب وغیرہ کا پانی جو عرق کھینچنے سے نکلے۔ مَاءُ الْوَجْهِ اَوْ مَاءُ الشَّبَابِ: چہرہ یا جوانی کی رونق و تر و تازگی مَاءُ السَّیْفِ: تلوار کی چمک دمک بَنَاتُ الْمَاءِ: پانی کے آس پاس رہنے والے پرندے۔ مفرد اِبْنُ الْمَاءِ۔ اَلْمَاءُ الْاَزْرَقُ: موتیا بند۔

اَلْمَاهُ۔ پانی اور نسبت کیلئے مَاهِیٌّ۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ مَاهُ الْفُؤَادِ وَمَاهِیُّ الْفُؤَادِ یعنی بزدل۔ بلید الطبع۔

اَلْمَاءَةُ۔ پانی۔ تصغیر مُوَیْهَةٌ۔

اَلْمُوْهَةُ وَالْمُوَاهَةُ مِنَ الْوَجْهِ: رونق و حسن

اَلْمَاهَةُ۔ مص چیچک۔ بِئْرٌ مَاهَةٌ: بہت پانی والا کنواں۔

اَلْمَاهِیَّةُ۔ مؤنث الماهی۔ مَاهِیَّةُ الشَّیْءِ: حقیقت شے "مَا هُوَ" سے نکلا ہوا۔ ج مَاهِیَّاتٌ

اَلْمَائِیَّةُ وَالْمَاوِیَّةُ۔ مِنَ الشَّجَرِ: وہ سائل چیز جس سے درخت کو غذا حاصل ہو۔ اَلْمَاوِیَّةُ: آئینہ۔ ج مَاوِیٌّ۔

رَکِیَّةٌ مَیِّهَةٌ۔ بہت پانی والا کنواں۔

اَلْاَمْوَهُ۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "اَلْبِئْرُ هٰذِهِ السَّنَةَ اَمْوَهُ مِمَّا کَانَتْ" یعنی کنواں امسال بہ نسبت پہلے کے زیادہ پانی والا ہے۔

اَلْمُمَوَّهَةُ۔ مفع۔ ناخنہ والی آنکھ۔

مَاتَ یَمِیْتُ مَیْتًا۔ مرنا۔

مَاثَ یَمِیْثُ مَیْثًا وَمَیَّثَ الشَّیْءَ فِی الْمَاءِ: پگھلانا۔ حل کرنا۔ مَیَّثَ الرَّجُلَ: ذلیل کرنا۔

تَمَیَّثَ الشَّیْءُ فِی الْمَاءِ: پگھلنا۔ حل ہونا ——— اَلرَّجُلُ: ذلیل ہونا۔ تَمَیَّثَتِ الْاَرْضُ: بارش سے نرم ہونا ——— اَلْحَرَارَةُ: ٹھنڈی ہونا۔

اِنْمَاثَ اِنْمِیَاثًا الشَّیْءُ فِی الْمَاءِ: پانی میں حل ہونا۔

اِمْتَاثَ الرَّجُلُ: زندگی کی راحت پانا ——— اَلْاَقِطَ: پنیر کو پانی میں بھگو کر کھانا ——— اَلشَّیْءَ فِی الْمَاءِ: پگھلانا۔ حل کرنا۔

اَلْمَیْثُ۔ نرم۔

اَرْضٌ مَیْثَاءُ۔ بغیر ریت والی نرم زمین۔

اَلْمُسْتَمِیْثُ۔ انڈے کی سفیدی کا باریک چھلکا

مَاجَ یَمِیْجُ مَیْجًا الشَّیْءُ: مختلط ہونا۔

مَاحَ یَمِیْحُ مَیْحًا وَمَیْحُوْحَةً۔ چلو سے پانی لینا ——— اَصْحَابَهُ: لوگوں کے لئے چلو چلو پانی لانا ——— اَلرَّجُلَ: نفع دینا ——— هٗ عِنْدَ الْاَمِیْرِ: سفارش کرنا کہا جاتا ہے "مِحْنِیْ عِنْدَ الْاَمِیْرِ" یعنی سفارش امیر سے کرو۔

مَاحَتِ الرِّیْحُ الشَّجَرَةَ: جھکانا۔ مَاحَ الرَّجُلُ: ناز و انداز سے چلنا۔ مَاحَهٗ یَمِیْحُهٗ مَیْحًا وَمِیَاحَةً: دینا۔

مَیَّحَ تَمْیِیْحًا الْغُصْنُ: جھکنا، ہلنا ——— اَلسَّکْرَانُ: چلنے میں ڈگمگانا۔

مَایَحَهٗ مُمَایَحَةً۔ ملانا۔

اِمْتَاحَ الْمَاءَ: چلو لینا ——— اَلرَّجُلُ: طلب فضل کیلئے کسی کے پاس آنا۔ اِمْتَاحَهُ الْحَرُّ اَوِ الْعَمَلُ: پسینہ میں شرابور کرنا۔

تَمَیَّحَ۔ ناز و انداز سے چلنا۔ دائیں بائیں جھکنا

تَمَایَحَ۔ ڈگمگانا۔

اِسْتَمَاحَ اِسْتِمَاحَةً۔ عطیہ مانگنا۔ سفارش کرنے کی درخواست کرنا۔

اَلْمَائِحُ ج مَاحَةٌ وَالْمَیَّاحُ۔ چلو سے پانی پلانے کی درخواست کرنے والا۔

مَاخَ یَمِیْخُ مَیْخًا وَتَمَیَّخَ الرَّجُلُ: ناز و انداز سے چلنا۔

مَادَ یَمِیْدُ مَیْدًا وَمَیَدَانًا۔ ہلنا جھکنا کہا جاتا ہے "مَادَتْ بِهِ الْاَرْضُ" زمین اس کے ساتھ گھوم گئی ——— اَلْغُصْنُ: ٹہنی کا جھکنا۔ ہلنا ——— اَلرَّجُلُ: ناز و انداز سے چلنا۔ سر چکرانا۔ وَمَادَ الرَّجُلَ: زیارت کرنا۔ بہتر سلوک کرنا۔

تَمَایَدَ۔ نشاط سے جھومنا۔

تَمَیَّدَتِ الْمَرْاَةُ: عورت کا ناز سے چلنا۔

اِمْتَادَ اِمْتِیَادًا۔ علیٰ جمع کرنا۔ عطیہ طلب کرنا کہا جاتا ہے "اِمْتَادُوْهُ فَمَادَهُمْ" یعنی لوگوں نے اس سے عطیہ طلب کیا اور اس نے دیا۔

اَلْمَائِدُ۔ جھکنے والا۔ سر میں چکر والا۔ ج مَیَدٰی غُصْنٌ مَائِدٌ: جھکنے والی ٹہنی۔ غُصُوْنٌ مُیَّدٌ: جھکنے والی ٹہنیاں۔

اَلْمَائِدَةُ: المائد کا مؤنث۔ دسترخوان جس پر کھانا ہو۔ کھانا۔ زمین کا دائرہ ج مَوَائِدُ وَمَائِدَاتٌ

مَیْدُ۔ بید میں ایک لغت نادرہ۔

اَلْمَیْدَةُ۔ مَادَ کا اسم مرۃ۔ کھانا۔ دسترخوان جس پر کھانا چنا ہوا ہو۔

مَیْدَیْ بمعنی مِنْ اَجْلِ۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ

مَیْدَیٰ ذٰلِکَ اس نے اس کو اس کی وجہ سے کیا وبمعنی حِذَاء کہا جاتا ہے "دَارِی بِمَیْدَیٰ دَارِہٖ" میرا مکان اس کے مکان کے مقابل ہے۔
مَیْدَاءُ الشَّیْءِ: قیاس واندازہ - انتہا - اور کہا جاتا ہے "ہٰذَا مَیْدَاءُ ذٰلِکَ وَبِمَیْدَائِہٖ" یعنی یہ اس کے مقابل ہے۔
اَلْمَیْدَانُ وَالْمِیْدَانُ گھوڑدوڑ یا کھیل کود کے لئے کشادہ جگہ۔ ج مَیَادِیْن۔
اَلْمَیَّادُ - بہت جھومنے والا - مؤنث مَیَّادَۃ
اَلْمَیُوْدُ - بہت ہلنے والا۔
اَلْمُمْتَادُ - عطیہ مانگنے والا - جس سے عطیہ مانگا جائے۔
مَارَ یَمِیْرُ مَیْرًا وَاَمَارَ - عِیَالَہٗ: اہل عیال کیلئے نان ونفقہ لانا — اَلدَّوَاءَ وَنَحْوَہٗ: پگھلانا مَارَ الصُّوْفَ: اون دھنکنا - اَمَارَ اَوْدَاجَہٗ: رگیں کاٹنا۔
مَایَرَہٗ مُمَایَرَۃً - خوراک لانا - مقابلہ کرنا نقل اتارنا۔
تَمَایَرَ تَمَایُرًا مَابَیْنَ الْقَوْمِ: فساد واقع ہونا۔
اِمْتَارَ لِعِیَالِہٖ اَوْ لِنَفْسِہٖ: خوراک جمع کرنا۔
اَلْمِیْرُ - مص - خوراک - کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَہٗ خَیْرٌ وَلَا مَیْرٌ"۔
اَلْمِیْرَۃُ - خوراک جس کو انسان ذخیرہ کرکے رکھے۔ ج مِیَر۔
اَلْمَائِرُ - خوراک لانے والا ج مُیَّار وَمَیَّارَۃ
اَلْمَیَّارُ - خوراک لانے والا۔
اَلْمُوَارَۃُ - اون کا ردی حصہ جو دھننے کے وقت گرے۔
مَازَ یَمِیْزُ مَیْزًا وَمَیَّزَ وَاَمَازَ الشَّیْءَ: علیحدہ کرنا جدا کرنا — الشَّیْءَ: ترجیح دینا - مَازَ فُلَانٌ: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا۔
تَمَیَّزَ وَانْمَازَ اِنْمِیَازًا وَاِمْتَازَ اِمْتِیَازًا وَاِسْتَمَازَ اِسْتِمَازَۃً - جدا ہونا - وَتَمَیَّزَ فُلَانٌ مِنَ الْغَیْظِ: غصہ سے پھٹ پڑنا - اِمْتَازَ الْقَوْمُ بعض کا بعض سے جدا ہونا - وَاِسْتَمَازَ: جدا ہونا

تَمَایَزَ الْقَوْمُ: متفرق ہونا - گروہ بندی کرنا
اَلْمَیِّزُ وَالْمَیْزُ - مضبوط پٹھوں والا۔
اَلتَّمْیِیْزُ - مَیَّزَ کا مصدر - قوت نفسانی جس سے معانی کا استنباط ہو - علم نحو کی ایک اصطلاح - سِنُّ التَّمْیِیْزِ: نفع ضرر پہچاننے کی عمر۔
اَلْاِمْتِیَازُ - مص - کسی چیز کے بیچنے یا کسی کام کے کرنے کی اجازت کا خاص پروانہ - لائسنس ج اِمْتِیَازَات (مولدۃ)
اَلْمِیْزَابُ - پرنالہ۔
مَاسَ یَمِیْسُ مَیْسًا وَمَیَسَانًا وَتَمَیَّسَ الرَّجُلُ: نازو انداز سے چلنا - صفت مَائِسٌ وَمَیَّاسٌ وَمَیْسَانٌ وَمَیُوْسٌ۔
مَیَّسَ الثَّوْبَ: دامن بنانا۔
اَلْمَیْسُ - مص - ایک بڑا درخت جس کی لکڑی سے کجاوہ بنایا کرتے تھے اور اس کے دانے کالے اور میٹھے ہوتے ہیں - واحد مَیْسَۃٌ - اَلْمَیْسُ ایک قسم کی کشمکش - دو بیلوں کے درمیان لمبی لکڑی - کجاوہ۔
اَلْمَیَّاسُ - اکڑ کے چلنے والا شیر - بھیڑیا۔
اَلْمَیْسَانُ - بہت تیز چمکنے والا ستارہ ج مَیَاسِیْن۔
مَاشَ یَمِیْشُ مَیْشًا الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: ملانا - النَّاقَۃَ: تھن سے آدھا دودھ دوہنا — الْخَبَرَ: کچھ بتلانا کچھ چھپانا - کہا جاتا ہے "مَا شُوْا الْاَرْضَ مَیْشَۃً" وہ زمین پر گذرے۔
مَاطَ یَمِیْطُ مَیْطًا وَمَیَطَانًا وَاَمَاطَ اِمَاطَۃً عَنْ کَذَا: جدا ہونا - دور ہونا - کہا جاتا ہے "مِطْ عَنَّا یَا فُلَانُ" یعنی اے فلاں ہم سے دور ہو۔
مَاطَہٗ وَاَمَاطَہٗ وَمَاطَ بِہٖ: جدا کرنا - دور کرنا - لیجانا - مَاطَ الرَّجُلُ: ظلم کرنا - کہا جاتا ہے "مَاطَ عَلَیَّ فِیْ حُکْمِہٖ" اس نے اپنے فیصلہ میں میرے اوپر ظلم کیا فُلَانًا: ڈانٹنا ہٹانا — الشَّیْءُ: جانا۔
مَیَّطَ تَمْیِیْطًا بَیْنَہُمَا: مائل کرادینا۔
تَمَایَطَ الْقَوْمُ: فساد واقع ہونا - ایک دوسرے سے بعید ہونا۔

مَایَطَ بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ: ترجیح دینا۔
اَلْمَیْطُ - مص - کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَہٗ مَیْطٌ" اسکے پاس کچھ نہیں "وَامْتَلَأَ حَتّٰی لَا یَجِدُ مَیْطًا" بھرگیا۔ یہاں تک کہ اب مزید گنجائش نہیں "وَاَمْرٌ ذُوْ مَیْطٍ" سخت معاملہ۔
اَلْمِیَاطُ - دفع - ڈانٹ - جھکاؤ - ادبار و تباعد (جس طرح ہیاط کے معنی اقبال اور قربت کے ہیں) اور اسی سے ہے "اَصْبَحُوْا فِیْ ہِیَاطٍ وَمِیَاطٍ" وہ لوگ اقبال و ادبار میں ہیں۔
اَلْمَیَّاطُ - بیہودہ کھیل کود میں رہنے والا۔
مَاعَ یَمِیْعُ مَیْعًا الشَّیْءُ: زمین پر پھیل کر بہنا - کہا جاتا ہے "السَّرَابُ یَمِیْعُ" سراب زمین پر پھیل کر جاری ہے — نَاصِیَۃُ الْفَرَسِ: گھوڑے کی پیشانی کے بال طویل ہونا اور لٹکنا — الْفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنا — وَانْمَاعَ اِنْمِیَاعًا وَتَمَیَّعَ تَمَیُّعًا السَّمْنُ: گھی کا پگھل کر بہنا - صفت مَائِعٌ مؤنث مَائِعَۃٌ کہا جاتا ہے - "اَلْفِضَّۃُ تَتَمَیَّعُ فِی الْبُوْطَۃِ": چاندی کٹھالی میں پگھل کر بہہ رہی ہے۔
اَمَاعَ اِمَاعًا وَاِمَاعَۃً الشَّیْءَ: بہانا۔
مَیْعَۃُ الشَّیْءِ: اول شئے - اصل شئے - کہا جاتا ہے "مَیْعَۃُ الشَّبَابِ" آغاز جوانی "وَمَیْعَۃُ السُّکْرِ" ابتدائی نشہ "وَمَیْعَۃُ الْفَرَسِ": گھوڑے کی دوڑ کا آغاز - کہا جاتا ہے "اَلْفَرَسُ فِیْ مَیْعَۃِ جَرْیِہٖ" گھوڑا اپنی دوڑ کی آغاز میں ہے - اَلْمَیْعَۃُ: زمین پر بہتی ہوئی چیز کا سیلان - ایک درخت کا خوشبودار گوند۔
اَلْمَائِعُ - بہنے والی چیز - بے وقوف۔
اَلْمَائِعَۃُ - اَلْمَائِعُ کا مؤنث گھوڑے کی پیشانی کے بال جبکہ طویل ہوں - ایک درخت کا خوشبودار گوند - ج مَوَائِع۔
مَالَ یَمِیْلُ مَیْلًا وَتَمْیَالًا وَمَیَلَانًا وَمَیْلُوْلَۃً وَمَمَالًا وَمَمِیْلًا اِلَی الْمَکَانِ: لوٹنا — اِلَی الشَّیْءِ اَوِ الشَّخْصِ: رغبت کرنا - محبت کرنا — عَنِ الطَّرِیْقِ: تجاوز کرنا - چھوڑ دینا — الْحَائِطُ: دیوار کا جھکنا — الْحَاکِمُ فِیْ حُکْمِہٖ: ظلم کرنا — عَلَیْہِمُ الدَّہْرُ: زمانہ کا مصائب ڈالنا - مَالَ بِفُلَانٍ:

غالب ہونا۔ مَالَ الشَّیْءَ: جھکانا، کہا جاتا ہے۔ "فُلَانٌ لَا تَمِیْلُ عَلَیْہِ الْمُرْبِعَۃُ" یعنی فلاں بہت قوی ہے۔

مَالَتْ تَمِیْلُ مُیُوْلًا۔ الشَّمْسُ: آفتاب کا ڈھلنا یا غروب کے قریب ہونا۔ مَالَ النَّہَارُ اوالليل: دن یا رات کا ختم ہونے کے قریب ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "مَالَ بِنَا الطَّرِیْقُ" یعنی دور ہوا۔

مَیِلَ (س) مَیَلًا۔ خلقۃً جھکا ہوا ہونا۔ صفت اَمْیَلُ۔ کبھی اس کا استعمال عمارات کے متعلق ہوتا ہے۔

مَیَّلَ تَمْیِیْلًا الشَّیْءَ: جھکانا ــــ فِی الْاَمْرِ: شک کرنا ــــ بَیْنَ الْاَمْرَیْنِ: تردد اور ترجیح دینا۔ جیسے "قَرَّبَ لَہٗ طَعَامًا فَمَیَّلَ فِیْہِ لِقِلَّتِہٖ" اس نے کھانا پیش کیا اور کم ہونے کی وجہ سے متردد رہا کہ کھاوے یا چھوڑ دے۔

اَمَالَ اِمَالَۃً الشَّیْءَ: جھکانا ــــ یَدَہٗ بِالْفَرَسِ: لگام ڈھیلی کرنا۔ اَمَالَتِ الْمَرْاَۃُ: نقاب اتارنا۔ اَمَالَ الْقَارِیُ: پڑھنے میں امالہ کرنا۔

مَایَلَہٗ مُمَایَلَۃً۔ موافقت کرنا۔ مدد دینا۔ لوٹ ڈالنا۔ مائل ہونا۔ محبت کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "مَایَلَنَا الْمَلِکُ فَمَایَلْنَاہُ" بادشاہ نے ہم پر حملہ کیا ہم نے اس پر حملہ کر دیا۔ مَایَلَ بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ: ترجیح دینا۔

تَمَیَّلَ وَتَمَایَلَ تَمَایُلًا فِیْ مَشْیِہٖ: ناز و انداز سے چلنا۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَ الْقَوْمِ تَمَایُلٌ" یعنی قوم کے درمیان جنگ و جدال اور فتنے ہیں۔

تَمَایَلَ الْحِمْلُ عَنِ الْفَرَسِ: جھکنا۔

اِسْتَمَالَ اِسْتِمَالَۃً۔ مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَیَّلَہٗ فَاسْتَمَالَ" اس نے اسے جھکایا وہ جھک گیا ــــ فُلَانًا وَبِقَلْبِہٖ: جھکانا۔ مائل کرنا۔ مہربان بنانا ــــ مَا فِی الْوِعَاءِ: لینا۔ اِسْتَمَالَ الطَّعَامَ وَنَحْوَہٗ: دونوں کف یا ذراع سے ناپنا۔

الْمِیْلُ۔ سرمہ کی سلائی (مولدۃ) زخم ناپنے کا آلہ۔ الْمِیْلُ: نشانِ راہ جو مسافر کیلئے بنا دیا جائے تاکہ وہ مسافت معلوم کر سکے۔ مسافت جس کی کوئی حد مقرر نہیں۔ لوگوں نے کہا ہے کہ نگاہ پہنچنے تک کی مسافت ــــ عِنْدَ الْمُحَدِّثِیْنَ چار ہزار ہاتھ کی مسافت۔ وَالْمِیْلُ الْہَاشِمِیُّ: ایک ہزار باع (اور باع دونوں ہاتھ کے پھیلاؤ کی لمبائی) ج اَمْیَالٌ وَاَمْیُلٌ وَمُیُوْلٌ۔

الْمِیْلَۃُ۔ وقت۔ ج مِیَلٌ اور کہا جاتا ہے "اَلدَّہْرُ مِیَلٌ" زمانہ گردشوں والا ہے۔

الْاِمَالَۃُ۔ مص ــــ فِی الْقِرَاءَۃِ: فتحہ کو کسرہ کی جانب اور الف کو یا کی جانب جھکانا۔

الْاَمْیَلُ۔ اسم تفضیل۔ جھکی ہوئی عمارت وغیرہ۔ زین پر ایک جانب جھکا ہوا۔ بزدل۔ مؤنث مَیْلَاءُ۔

الْمَیْلَاءُ۔ الْاَمْیَلُ کا مؤنث۔ ریت کا ٹیلہ شَجَرَۃٌ مَیْلَاءُ: بہت ٹہنیوں والا درخت۔

الْمَائِلُ۔ فا۔ ج مُیَّلٌ وَمَالَۃٌ مؤنث مَائِلَۃٌ ج مَائِلَاتٌ وَمَوَائِلُ۔

الْمَیَّالُ۔ بہت جھکنے والا۔ مؤنث مَیَّالَۃٌ۔

نَزَّلَہٗ۔ اتارنا۔ نَزَّلَ الشَّیءَ: مرتب کرنا — الشَّیءَ مَکانَ الشَّیءِ: قائم مقام کرنا — اللّٰہُ کلامَہٗ عَلَی اَنبِیائِہٖ: تدریجًا وحی نازل کرنا — القَومَ: منازل میں اتارنا — الحاسِبُ الرَّقمَ: رقم لکھنا۔

اَنزَلَ اِنزالًا ومُنزَلًا الشَّیءَ: اتارنا۔ اَنزَلَ الضَّیفَ: مہمان اتارنا — اللّٰہُ الکلامَ: یکبارگی وحی نازل کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "اَنزَلَ حاجَتَہٗ عَلَی کَرِیمٍ" اس نے اپنی حاجت کریم کے سامنے پیش کی۔ یعنی پوری کرنے کی درخواست کی۔

نَازَلَہٗ نِزالًا ومُنازَلَۃً فِی الحَربِ: مقابلہ میں اترنا اور جنگ کرنا اور کہا جاتا ہے۔ "حارَبُوا بِالنِّزالِ" دونوں فریق نے اونٹوں سے اتر کر گھوڑوں پر سوار ہوکر جنگ کی۔

تَنَازَلَ القَومُ: اونٹوں سے اتر کر گھوڑوں پر سوار ہوکر جنگ کرنا۔ میدان جنگ میں اُتر کر جنگ کرنا — القَومُ فِی السَّفَرِ: کبھی اس کے پاس کبھی اُس کے پاس کھانا۔ اور مولدین کے استعمال میں تَنازَلَ الرجُلُ کے معنی درجے سے اترنے کے ہیں۔

تَنَزَّلَ۔ آہستہ آہستہ اُترنا — عَنِ الحَقِّ: حق چھوڑ دینا۔ تَنَزَّلَ فُلانًا: اتارنا۔

اِستَنزَلَہٗ۔ اتارنا۔ اِستَنزَلَہٗ عَن رَأیِہٖ او حَقِّہٖ: رائے سے یا حق سے نیچے اترنے کے لئے کہنا اُستُنزِلَ فُلانٌ: مرتبہ سے اُتارا جانا۔

النَّزل والنُّزُل۔ کھانا جو مہمان کے سامنے پیش کیا جائے۔ ج اَنزال۔ النُّزُل: بابرکت کھانا۔ المُنزِل: اترنے والے لوگ۔

النُّزل والنُّزُل والنَّزال کھیتی کی بالیدگی اور ستھرائی۔ داد ودہش وفضل۔ النَّزَل: بارش رَجُلٌ ذُو نُزُلٍ: بہت داد دہش والا۔ بابرکت۔

ج اَنزال - اَنزالُ القَومِ : قوم کی روزیاں -
النِزل - جمع شدہ - ج نُزُول -
النَزِل - جگہ جہاں بہت اتریں - سخت جگہ جہاں سیلاب جلدی آئے - کہا جاتا ہے مَکَانٌ نَزِلٌ -
النَزلَۃ - نَزَلَ کا اسم مرۃ - اور کہا جاتا ہے "لَقَد رَآہُ نَزلَۃً اُخریٰ" اس نے اس کو یقیناً دوسری مرتبہ دیکھا - زکام نزلہ - اَرضٌ نَزِلَۃٌ : عمدہ کھیتی والی زمین - اور کہا جاتا ہے "تَرَکتُہُم عَلیٰ نَزَلَاتِہِم وَنَزِلَاتِہِم" میں نے ان کو درست حالت میں چھوڑا -
النَزَالَۃ - سخت زمین ہونے کی وجہ سے تھوڑی سی بارش میں بہہ پڑنا -
النِزَالَۃ - سفر - مہمانی - کہا جاتا ہے "کُنَّا فِی نِزَالَۃِ فُلَانٍ" ہم فلاں کی مہمانی میں تھے "وَفُلَانٌ مِن نِزَالَۃِ سُوءٍ" فلاں لئیم باپ سے ہے -
النَازِلَۃ - النَازِل کا مؤنث - سخت مصیبت ج نَازِلَات ونَوَازِل -
النَزَّال - بہت اترنے والا - بہت مقابلہ کرنے والا -
النَزِیل - مہمان - بابرکت - کھانا - کہا جاتا ہے "ثَوبٌ نَزِیلٌ" کامل کپڑا "وَفُلَانٌ نَزِیلِی" فلاں میرے ساتھ گھر میں اترنے والا ہے - ج نُزَلَاء -
التَنزِیل - مص - ترتیب - اوپر سے نیچے اترنا
المَنزِل - اترنے کی جگہ - مکان - چشمہ - ج مَنَازِل -
المَنزِلَۃ - اترنے کی جگہ - گھر - مرتبہ - کہا جاتا ہے "لَہٗ مَنزِلَۃٌ عِندَ الاَمِیرِ" اس کو امیر کے پاس مرتبہ حاصل ہے "وَہُوَ رَفِیعُ المَنزِلَۃِ" وہ بلند مرتبہ والا ہے
نَزنَزَ الرَجُلُ : سر ہلانا ــــ الاُمُّ صَبِیَّہَا : ماں کا بچے کو کودانا - نچانا -
نَزَہَ (ن) نَزَہَا الاِبِلَ : اونٹ کو پانی سے دور رکھنا -
نَزِہَ (س) ونَزُہَ (ک) نَزَاہَۃً ونَزَاہِیَۃً برائی سے دور ہونا - پاک دامن ہونا ــــ المَکَانُ : صحت افزا ہونا -

نَزَّہَہٗ - بری بات سے دور کرنا - "نَزَّہَ نَفسَہٗ عَنِ القَبِیحِ" : اپنے آپ کو گناہ سے پاک رکھنا - نَزَّہَ اللّٰہَ عَنِ السُّوءِ : اللہ تعالیٰ کی تقدیس بیان کرنا -
تَنَزَّہَ عَن کَذَا : دور ہونا - محفوظ ہونا - کہا جاتا ہے "یَتَنَزَّہُ عَنِ المَطَامِعِ وَعَن مَلَائِمِ الاَخلَاقِ" وہ لالچ اور برے اخلاق سے برتر ہے ــــ فُلَانٌ : سیر کو نکلنا -
اِستَنزَہَ عَن کَذَا : دور ہونا ــــ فُلَانٌ : سیر و تفریح کو جانا -
النَزہُ والنَزِہ والنَزِیہ - پاک دامن - برائیوں سے دور - ج نُزَہَاءُ وانزَاہ ونِزَاہ - مکان نَزہٌ ونَزِہٌ ونَزِیہٌ : لوگوں سے دور جگہ - صحت افزا مقام -
النُزہَۃ - اسم ہے تَنَزَّہَ سے بمعنی سیر و تفریح ج نُزَہٌ - اور کہا جاتا ہے "ہُوَ بِنُزہَۃٍ مِنَ المَاءِ او عَنِ المَاءِ" وہ پانی سے دور ہے -
النَزہُ والنَزَاہَۃ - برائی سے دور -
النَازِہ - فا - کہا جاتا ہے "ہُوَ نَازِہُ النَفسِ" وہ پاک دامن ہے -
المُتَنَزَّہ - سیر و تفریح کی جگہ -
نَزَا یَنزُو نَزوًا ونُزُوًّا ونَزَوَانًا - کودنا - ــــ عَلَیہِ : کسی پر گرنا اور روندنا ــــ الذَکَرُ عَلَی الاُنثٰی : جفتی کرنا - اور اسم النِزَاءُ والنُزَاءُ اور اسکا استعمال چوپایوں کے لئے ہے - نَزَا بِہٖ قَلبُہٗ اِلیٰ کَذَا : شیفتہ و فریفتہ ہونا - نَزَتِ الحُمُرُ : گدھوں کا اچھلنا کودنا - نَزَا الطَعَامُ : غلہ کا گراں ہونا (نَزَوَانًا) بچ کر نکل بھاگنا -
نُزِیَ نَزوًا الرَجُلُ : سارا خون نکل جانا - کہا جاتا ہے "اَصَابَہٗ جُرحٌ فَنُزِیَ مِنہُ فَمَاتَ" اس کو زخم لگا جس کی وجہ سے سارا خون نکل گیا اور وہ مر گیا -
نَزَّاہُ تَنزِیَۃً وتَنزِیًا واَنزَاہُ اِنزَاءً کودانا - جفتی کرانا -
تَنَزّٰی تَنَزِّیًا اِلَی الشَرِّ : برائی کی طرف جلدی کرنا -

اِنتَزیٰ اِنتِزَاءً - برائی کی طرف جلدی کرنا - کہا جاتا ہے "اِنتَزیٰ عَلیٰ اَرضِ کَذَا فَاَخَذَہَا" اس نے فلاں زمین کی طرف سبقت کی اور اسے لے لیا
النَزوَۃ - کودائی - ہر چھوٹی چیز -
النَازِیَۃ - النَازِی کا مؤنث - تیزی تیز روی کم گہرا پیالہ - اَکَمَۃٌ نَازِیَۃٌ - اردگرد سے بلند ٹیلہ -
النَزِیُّ والنَزَّاءُ والمُنتَزِی - بہت اچھل کود والا -
النَزِیَّۃ - النَزِیُّ کا مؤنث - بادل - کم گہرا پیالہ النَزِیَّۃ : اچانک شوق - اچانک مصیبت - کلہاڑی کی دھار -
النَزَوَان - تیزی و جوش -
نَسَّ (ض ن) نَسًّا ونَسِیسًا النَاقَۃَ : ہانکنا ... انسا - کہا جاتا ہے "کَانَ یَنُسُّ اَصحَابَہُم" یعنی اپنے ساتھیوں کے پیچھے چل رہا تھا ــــ نَسًّا و تَنسَاسًا) القَومُ : پانی پر پہنچنا ــــ نَسِیسًا ونُسُوسًا) الخُبزُ اوِ اللَحمُ : روٹی یا گوشت کا خشک ہونا ــــ فُلَانٌ : جلدی سے ہر کام پر گذرنے والا ہونا -
نَسَّ (ض) نُسُوسًا الحَطَبُ : لکڑی سے جلنے میں دوسری جانب پانی نکلنا ــــ لِفُلَانٍ : حقیقت حال سے واقف ہونا -
نَسنَسَ المَاشِیَۃَ : جانور کو چلانا ــــ الصَبِیَّ : بچے کو پیشاب یا پاخانہ کرانے کے لئے اِس اِس کہنا -
اَنَسَّ الدَابَّۃَ : چوپایہ کو پیاسا کرنا -
تَنَسَّسَ مِنَ الاَخبَارَ : سن گن لینا - خبردار ہونے کی کوشش کرنا -
النَاسّ - فا - خُبزٌ نَاسٌّ : خشک روٹی -
النَسِیس - مص - ہانکا ہوا - سخت بھوک - پوری کوشش - لکڑی کے جھاگ جو جلنے کی حالت میں دوسرے سرے پر نکلے - ج نُسُس (ــ و النَسِیسَۃُ) طبیعت - النَسِیس : جسم میں بقیہ روح کہا جاتا ہے "بَلَغَ مِنہُ نَسِیسُہٗ ونَسِیسَتُہٗ" یعنی مرنے لگا النَسِیسَۃُ : چغل خوری - تری جو جلتی لکڑی کے پچھلے سرے پر ظاہر ہو - ج نَسَائِس -

النُّسُس - ردی جڑیں۔
النَّسْنَاس - مم - تیز چال۔
المِنَسَّة والمِنْسَاس - لاٹھی۔
نَسَأَ (ف) نَسْأً الدَّابَّةَ: چوپایہ کو ڈانٹنا اور ہانکنا - حوض سے ہٹانا ـــ اللَّبَنَ بالمَاءِ: دودھ میں پانی ملانا ـــ ہ: لسی پلانا - نَسَأَتِ الماشِيَةُ: موٹاپی ظاہر ہونا ـــ نَسْأً و مَنْسَأَةً الشَّيْءَ: مؤخر کرنا - کہا جاتا ہے "نَسَأَ اللّٰهُ اَجَلَهُ وفِي اَجَلِهِ" مہلت دینا - عمر دراز کرنا ـــ فُلَانًا: نگہبانی کرنا حفاظت کرنا ـــ ہ البَيْعَ وفِي البَيْعِ: بیچنا اور ادائگی قیمت کی مہلت دینا (ـــ نَسَاءً) عَنْ فُلَانٍ دَيْنَهُ: ادائگی قرض کے لئے مہلت دینا۔
اَنْسَأَ اِنْسَاءً الشَّيْءَ: موخر کرنا - کہا جاتا ہے "اَنْسَأَ اللّٰهُ اَجَلَهُ وفِي اَجَلِهِ" عمر دراز کرنا ـــ ہ البَيْعَ وفِي البَيْعِ: بیچنا اور ادائگی قیمت کی مہلت دینا ـــ عَنْهُ: پیچھے ہونا - دور ہونا۔
نَسَّأَ تَنْسِيئَةً - ڈانٹ کر ہانکنا۔
اِنْتَسَأَ عَنْهُ: پیچھے ہونا - اِنْتَسَأَتِ الاِبِلُ فِي المَرْعىٰ: اونٹوں کا چراگاہ میں دور ہونا۔
اِسْتَنْسَأَ غَرِيمَهُ: قرض خواہ سے ادائگی قرض کی مہلت مانگنا۔
النَّاسِي - فا - موٹا (حیوان یا انسان) ج نَسَأَة۔
النَّسَأُ - درازی عمر۔
النَّسْءُ - مم - لسی - بہت پانی والا دودھ عقل زائل کرنے والی شراب - موٹاپا یا موٹاپے کی ابتدا۔
النِّسْءُ - گھل مل کر رہنے والا آدمی۔
النُّسْأَة والنَّسِيئَة - تاخیر - کہا جاتا ہے بَاعَهُ بِنَسِيئَةٍ اس نے ادھار بیچا۔
النَّسِيءُ - تاخیر - بہت پانی ملا ہوا دودھ۔
المِنْسَأَة والمَنْسَأَة والمِنْسَاة والمَنْسَاة چرواہے کا ڈنڈا - کہا جاتا ہے اِنَّ لِي عَنْكَ لَمُنْتَسَأً "میرے لئے تمہاری طرف سے گنجائش ہے۔
نَسَبَ (ن ض) نَسَبًا و نِسْبَةً الرَّجُلَ: نسب بیان کرنا - نسب دریافت کرنا - نَسَبَهُ اِلیٰ فُلَانٍ: نسبت کرنا ـــ نَسَبًا و نَسِيبًا و نِسْبَةً الشَّاعِرُ بِالمَرْأَةِ: تشبیب کہنا - غزل میں عورتوں کے اوصاف بیان کرنا۔
نَاسَبَهُ مُنَاسَبَةً - مشابہ ہونا - مناسب ہونا - نسب میں شریک ہونا۔
تَنَسَّبَ الرَّجُلُ اِلَيْكَ: ہم نسب ہونیکا دعوی کرنا - اور اسی سے مثل ہے "القَرِيبُ مَنْ تَقَرَّبَ لَا مَنْ تَنَسَّبَ" قریب وہ ہے جو دوستی سے قربت کرے نہ وہ جو محض دعوی ہم نسبی کرے۔
تَنَاسَبَا - باہم مشابہ ہونا - تَنَاسَبَ القَوْمُ اِلیٰ اَحْسَابِهِمْ: منسوب ہونا۔
اِنْتَسَبَ الرَّجُلُ: نسب ظاہر کرنا نسب ذکر کرنا ـــ اِلیٰ اَبِيهِ: منسوب ہونا۔
اِسْتَنْسَبَ - نسب بیان کرنا ـــ الرَّجُلَ: نسب بیان کرنے کو کہنا۔
النَّسَب - مم - قرابت - رشتہ داری - ج اَنْسَاب۔
النِّسْبَة والنُّسْبَة - قرابت - دو چیزوں کے درمیان ربط و تعلق - اعداد کے درمیان نسبت مثلاً کہا جائے کہ چار کو آٹھ کے ساتھ وہی نسبت ہے جو پانچ کو دس کے ساتھ - اور کہا جاتا ہے "بِالنِّسْبَةِ اِلیٰ كَذَا" یعنی فلاں چیز کے لحاظ کر
النَّسِيب - مم - مناسب - رشتہ دار - صاحب نسب - لطیف شعر عورتوں کے متعلق اور مبالغہ کے لئے "نَسِيبٌ نَاسِبٌ" کہا جاتا ہے - جیسا "شِعْرٌ شَاعِرٌ" (اور فاعل اس موقعہ پر مفعول کے معنی میں ہے) ج اَنْسِبَاء و نُسَبَاء (جیسے شریف و شرفاء)
النَّسَابَة - رشتہ داری۔
النَّسَّاب - ج نَسَّابُونَ والنَّسَّابَة ج نَسَّابَات - نسب کا علم رکھنے والا۔
الاَنْسَب - اسم تفضیل - اور کہا جاتا ہے "هٰذَا الشِّعْرُ اَنْسَبُ مِنْ ذَاكَ" یہ شعر اس سے زیادہ لطیف ہے۔
المُنَاسِب - فا - رشتہ دار - مشابہ۔
المَنْسُوب - مفع - شعر منسوب: عشقیہ شعر خَطٌّ مَنْسُوبٌ: مطابق قاعدہ - ج مَنَاسِيب۔
نَيْسَبَ بَيْنَهُمَا: چغلخوری کیلئے دوڑ دھوپ کرنا۔
النَّيْسَب - چیونٹیوں کی قطار چیونٹیوں کا یا سانپ کا راستہ (ـــ والنَّيْسَبَان) سیدھا واضح راستہ۔
النَّاسُوت - طبیعت انسانی - ناس میں واو تا کی زیادتی ہوئی ہے جیسے ملکوت میں۔
نَسَجَ (ن ض) الثَّوْبَ: کپڑا بننا ـــ الكَلَامَ: خلاصہ کرنا - آراستہ کرنا ـــ الشَّاعِرُ الشِّعْرَ: نظم کرنا - الغَيْثُ النَّبَاتَ: بارش کا نباتات کو بڑھا کر گنجان کرنا - نَسَجَتِ الرِّيحُ التُّرَابَ او المَاءَ: لہریں پیدا کرنا - نَسَجَتِ النَّاقَةُ فِي سَيْرِهَا: اونٹنی کا جلدی جلدی قدم اٹھانا۔
اِنْتَسَجَ - بنا جانا۔
النَّسْج - مم - کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ نَسْجُ اليَمَنِ" کپڑا یمن کا بنا ہوا۔
النِّسَاجَة - بننے کا پیشہ۔
النَّسَّاج - بننے والا - کلام کو آراستہ کرنیوالا جھوٹا۔
النَّسِيج - بنا ہوا - ج نُسُج - کہا جاتا ہے "هُوَ نَسِيجُ وَحْدِهِ" وہ صفات محمودہ میں بے نظیر ولاثانی ہے - النُّسُج: جائے نمازیں۔
النَّسِيجَة - نسیج کا مؤنث - ج نَسَائِج۔
المِنْسَج والمَنْسِج - بننے کا کرگہ - المِنْسَج والمَنْسِج مِنَ الدَّابَّةِ: چوپایہ کی گردن کی جڑ سے مونڈھوں تک اٹھی ہوئی جگہ۔
المِنْسَج والمِنْسَاج - کرگہ۔
نَسِحَ (س) نَسَحًا - لالچ کرنا۔
نَسَحَ (ف) نَسْحًا التُّرَابَ: مٹی کا بکھرنا۔
النُّسْح والنُّسَاح - کھجوروں کا کوڑا کرکٹ۔
المِنْسَاح - غبار اڑانے کا آلہ۔
نَسَخَ (ف) نَسْخًا الشَّيْءَ: زائل کرنا - باطل کرنا

مٹانا — اَلکِتَابَ: نقل کرنا۔
نَاسَخَہٗ مُنَاسَخَۃً۔ ایک دوسرے کو محو کرنا۔
تَنَاسَخَا۔ ایک دوسرے کو محو کرنا۔ تَنَاسَخُوا الشَّیْءَ
ہاتھوں ہاتھ لینا۔ ایک دوسرے کے پیچھے آنا۔
تَنَاسَخَتِ الْاَزْمِنَۃُ: پے در پے آنا۔ تَنَاسُخُ الْوَرَثَۃِ:
تقسیم میراث سے پہلے بعض وارثوں کا مر جانا۔
اِنْتَسَخَ الشَّیْءَ: زائل کرنا — اَلکِتَابَ:
نقل کرنا — الشَّیْءُ الشَّیْءَ: کسی چیز کا کسی چیز کے
قائم مقام ہونا۔
اِسْتَنْسَخَ الشَّیْءَ: بمعنی نسخہ۔ لکھنے کو کہنا۔
بَلْدَۃٌ نَسِیْخَۃٌ ونَسَخِیَّۃٌ۔ دُور کا شہر
اَلنُّسْخَۃُ۔ کتاب نقل کی ہوئی۔ کتاب جس
سے نقل کی جائے۔ ج نُسَخ۔ کہا جاتا ہے کَتَبَ
القَاضِیُ نُسْخَتَیْنِ بِحُکْمِہٖ قاضی نے اپنے فیصلے کی دو
کاپیاں کیں۔
اَلنَّاسِخُ۔ فا۔ کتابوں کا نقل کرنے والا۔
اَلتَّنَاسُخُ۔ مص۔ آواگون۔ روح کا ایک
بدن سے دوسرے بدن میں منتقل ہونا اور اس کو
تقمّص بھی کہا جاتا ہے۔ اور جو لوگ اس کا اعتقاد
رکھتے ہیں وہ تَنَاسُخِیَّۃ کہلاتے ہیں۔ تَنَاسُخُ
الْاَزْمِنَۃِ وَالْقُرُوْنِ: زمانہ کا یکے بعد دیگرے آنا۔
نَسَرَہٗ۔(ن) نَسْرًا۔ عَنْہُ: اتارنا۔ ادھیڑنا۔
اَلْجُرْحُ اللَّحْمَ: شگاف کر دینا — اَلرَّجُلَ: تہمت
لگانا۔ بدگوئی کرنا۔
نَسَرَہٗ (ض ن) نَسْرًا۔ اَلْبَازِیُ: باز کا چونچ
سے نوچنا۔
نَسَّرَ الْحَبْلَ: رسی کا بل کھول دینا۔ توڑ دینا۔
تَنَسَّرَ۔ گدھوں کا شکار کرنا — اَلْحَبْلُ: رسی
کا ٹوٹنا — اَلْجُرْحُ: زخم کا ٹوٹ جانا اور پیپ وغیرہ
بہ جانا — اَلثَّوْبُ ونَحْوُہٗ: کپڑے کا گھس گھس کے
پھٹنا۔ تَنَسَّرَتِ النِّعْمَۃُ عَنْ فُلَانٍ: متفرق ہونا۔
اِنْتَسَرَ طَرَفُ الْحَبْلِ: رسی کے کنارے کا ٹکڑے
ٹکڑے ہونا۔
اِسْتَنْسَرَ الطَّائِرُ: قوت میں گدھ جیسا ہونا
اور اسی سے مثل ہے اِنَّ الْبُغَاثَ بِاَرْضِنَا یَسْتَنْسِرُ

بغاث (ایک چھوٹے سے پرندہ کا نام) ہماری
زمین میں گدھ ہو جاتا ہے۔ یعنی کمزور قوی ہو جاتا ہے
اَلنَّسْرُ۔ بتثلیث النون والفتح اشہر وافصح
گدھ۔ اس کی کنیت اَبُو الْاَبْرَدِ واَبُو الْاَصْبَغِ واَبُو
مَالِکٍ واَبُو الْمِنْہَالِ واَبُو یَحْیٰی ہے۔ اور مادہ گدھ
کی کنیت اُمُّ قَشْعَمٍ ج نُسُوْر واَنْسُر ونِسَار۔
اَلنَّسْرُ۔ گھوڑے کے سم کے اندرونی حصہ
میں غدود ج نُسُوْر۔ اَلنَّسْرَانِ: دو ستارے
جن میں سے ایک کو نسر طائر اور دوسرے کو نسر
واقع کہتے ہیں۔
اَلنَّاسُوْرُ۔ ناسور۔ زخم جس سے ہمیشہ مواد
بہتا رہے۔ ج نَوَاسِیْرُ۔
اَلنُّسَارِیَّۃُ۔ عقاب۔
اَلْمِنْسَرُ والْمَنْسِرُ۔ شکاری پرندہ کی چونچ
اَلْمِنْسَرُ والْمَنْسِرُ: لشکر کا ایک حصہ جو بڑے لشکر
کے آگے آگے چلے۔ تیس سے چالیس تک یا
چالیس سے پچاس یا ساٹھ تک یا سو سے دو سو
تک گھوڑوں کا گلہ۔ ج مَنَاسِر۔
اَلنِّسْرِیْنُ۔ گل سیوتی۔ واحد نِسْرِیْنَۃ۔
نَسَطَ (ن) نَسْطًا الثَّوْبَ: کپڑے کو تر کر کے
نچوڑنا۔
اَلنَّسْطُ۔ وہ لوگ جو پیدائش کے دشوار
ہونے کے وقت بچے کو باہر نکال لیں۔
نَسَعَتْ (ف) نَسْعًا ونُسُوْعًا ونَسَعَتِ
الْاَسْنَانُ: ڈھیلے مسوڑھوں والا ہونا۔ نَسَعَ فُلَانٌ
فِی الْاَرْضِ: جانا — (نُسُوْعًا) الشَّیْءُ: لمبا ہونا۔
اَنْسَعَ الرَّجُلُ: پڑوسیوں کیلئے ایذا رساں
ہونا۔ بادِ شمالی میں داخل ہونا۔
اِنْتَسَعَتِ الْاِبِلُ: اونٹوں کا چراگاہ میں
متفرق ہونا۔
اَلنَّاسِعُ۔ فا۔ لمبی گردن۔
اَلنِّسْعُ۔ ہاتھ کا جوڑ۔ کجاوہ کسنے کی چوڑی
رسی یا تسمہ۔ اس کے ایک ٹکڑے کو النِّسْعَۃ کہتے
ہیں۔ ج نُسُعٌ ونِسَعٌ ونُسُوْعٌ واَنْسَاعٌ۔ و
اَنْسَاعُ الطَّرِیْقِ: راستے کے وہ گڑھے جو چوپایوں

کی ٹانگوں سے پڑ جائیں۔
اَلنِّسْعُ والرِّیْحُ النِّسْعِیَّۃُ والْمِنْسَعُ۔
بادِ شمالی۔
اَلنُّسُوْعُ۔ مص۔ لمبائی۔
اَلْمِنْسَعَۃُ۔ زمین جس کی پیداوار لمبی ہو۔
نَسَغَ (ف) نَسْغًا اللَّبَنَ بِالْمَاءِ: دودھ میں
پانی ملانا۔ نَسَغَہٗ بِالسَّوْطِ: چابک مارنا۔
ہٗ بِکَذَا: تہمت لگانا — ہٗ بِکَلِمَۃٍ: طعن تشنیع کرنا۔
— اَلْخُبْزَۃَ: روٹی پر لوہے سے یا کسی اور چیز سے
گودنا۔ نَسَغَتِ الْوَاشِمَۃُ بِالْاِبْرَۃِ: گودنے والی عورت
کا سوئی چبھونا — فِی الْاَرْضِ: جانا۔ نَسَغَتْ
ونَسَّغَتِ الْاَسْنَانُ: دانتوں کا ہلنا۔ دانتوں کی
جڑوں کا ڈھیلا ہو جانا۔ نَسَغَتِ الشَّجَرَۃُ: درخت کا
کاٹنے کے بعد پھر اگنا۔ ونَسَّغَہٗ: نیزہ مارنا۔
اَنْسَغَتِ الشَّجَرَۃُ: درخت کا کاٹنے کے بعد
پھر اگنا — الْفَسِیْلَۃَ: درخت کے پودے کا
نرم حصہ کو نکالنا — ہٗ: نیزہ مارنا — ہٗ بِالسَّوْطِ:
چابک مارنا۔
اِنْتَسَغَتِ الْاِبِلُ: اونٹوں کا چراگاہ میں
متفرق ہونا — الرَّجُلُ: سوچ بچار کرنا۔
اَلنَّاسِغُ۔ فا۔ رَجُلٌ نَاسِغٌ: نیزہ بازی میں ماہر
ج نُسَّغٌ۔
اَلنُّسُغُ۔ درخت کٹنے کے بعد جو کنی نکلے۔
اَلنَّسِیْغُ۔ پسینہ۔
اَلْمِنْسَغَۃُ۔ سوئیوں کا مجموعہ جس سے گودنے
والی عورت گودتی ہے۔ یا پرندہ کے پروں کا
یا لوہے کی تیلیوں کا مجموعہ جس سے نانبائی روٹی
پر نشان کرتا ہے۔
نَسَفَ (ض) نَسْفًا الْبِنَاءَ: عمارت کو بنیاد
سے ڈھانا — الْجِبَالَ: پہاڑوں کو گرا دینا —
الشَّیْءَ: چھاننا — الْحَبَّ بِالْمِنْسَفِ: غلہ کو چھاج
سے پھٹکنا (— واَنْسَفَتِ) الرِّیْحُ التُّرَابَ: ہوا کا
مٹی کو اکھیڑنا اور اڑانا۔
نَسَفَہٗ (ن) نَسْفًا ونُسُوْفًا۔ دانت سے
کاٹنا۔ نَسَفَ الْاِنَاءُ: بھر کر بر پڑنا۔

اِنْتَسَفَ البِنَاءَ: عمارت کو بنیاد سے ڈھانا
ـــ الشَّیْءَ: اکھیڑنا۔ اِنْتَسَفُوا الکَلَامَ بَیْنَهُمْ: کم
کرنا اور پوشیدہ کرنا ـــ الکَلَامَ: خوف کی
وجہ سے ناتمام کہنا اور چپکے چپکے کہنا ـــ
الرِّیحُ الشَّیْءَ: ہوا کا کسی چیز کو اکھیڑنا اور اُڑانا۔
اُنْتُسِفَ لَوْنُہٗ: رنگ متغیر ہونا۔ ـــ
تَنَسَّفَ فِی الصِّرَاعِ: کُشتی میں پچھاڑ دینا۔
تَنَاسَفَا الکَلَامَ: باہم باتیں چپکے چپکے کہنا۔
النُّسْفَۃُ بتثلیث النون والنَّسَفَۃُ:
پاؤں رگڑنے کا جھانواں۔ ج نِسَف ونُسَف
ونُسُف ونِسَاف۔
النَّسِیفَۃُ۔ پاؤں رگڑنے کا جھانواں۔
النُّسَافَۃُ۔ غلہ کا پھوٹرن۔ دودھ کے
جھاگ۔ زمین سے جو غبار اُٹھے۔
النَّسِیفُ۔ بھید۔ گدھے کے دانت کاٹنے
کا نشان۔ کَلَامٌ نَسِیفٌ: پوشیدہ گفتگو۔ شَیْءٌ
نَسِیفٌ: چھانی ہوئی چیز۔
النَّسُوفُ۔ اونٹ جو گھاس کو جڑ سے اکھیڑلے
ج مَنَاسِیفُ: عَقَبَۃٌ نَسُوفٌ: لمبی دشوار گذار
گھاٹی۔
النُّسَّافُ والنَّسَّافُ۔ ایک پرندہ ہے
جس کی چونچ لمبی ہوتی ہے اور اس کے اوپر سینگ
کے مانند اٹھا ہوا ہوتا ہے۔ ج نساسیف۔
النَّسْفَانُ مِنَ الآنِیَۃِ: لبالب چھلکتا ہوا برتن۔
المِنْسَفُ والمُنْسِفُ۔ گدھے کی تھوتھنی۔
ج مَنَاسِفُ۔ المُنْسَفُ: چھاج۔ سوپ۔
المِنْسَفَۃُ۔ چھلنی۔ عمارت کے ڈھانے کا
ایک آلہ۔
نَسَقَ (ن) نَسْقًا الدُّرَّ وَنَحْوَہٗ: موتی پرونا
ـــ الکَلَامَ: کلام کو ترتیب دینا۔
نَسَّقَ الشَّیْءَ: ترتیب وار رکھنا۔
نَاسَقَ بَیْنَهُمَا: دونوں کو ترتیب سے کرنا۔
اَنْسَقَ الرَّجُلُ: سجع کہنا۔
اِنْتَسَقَتْ وتَنَاسَقَتْ وتَنَسَّقَتْ
الاَشْیَاءُ: منظم ہونا۔ باترتیب ہونا۔ کہا جاتا ہے
تَنَاسَقَ کَلَامُہٗ اس کا کلام بالترتیب ہے صفت
مُتَنَاسِقٌ۔
النَّسَقُ۔ باترتیب۔ کہا جاتا ہے جَاءَ القَوْمُ
وَجَاءَتِ الخَیْلُ نَسَقًا لوگ بالترتیب آئے گھوڑے
ترتیب کے ساتھ آئے۔ وَغَرَسْتُ النَّخْلَ نَسَقًا
میں نے کھجور کے درختوں کو ہموار ایک قطار میں
لگایا۔ وہٰذَا دُرٌّ نَسَقٌ وکَلَامٌ نَسَقٌ وثَغْرٌ نَسَقٌ حروف
النَّسْقِ والنَّسَقِ: حروف عطف۔ کہا جاتا ہے
ہٰذَا نَسَقٌ عَلٰی ہٰذَا۔ یعنی یہ اس کے اوپر معطوف ہے۔
النَّسِیقُ۔ بالترتیب۔ مُنَظَّم۔
نَسَكَ (ن) نَسْکًا ونِسْکًا ونُسْکًا ونُسُوکًا
ونَسْکَۃً ومَنْسَکًا الرَّجُلُ: زاہد و عابد ہونا ـــ
لِلّٰہِ: نفلی عبادت کرنا۔ خدا کے نام پر ذبح کرنا ـــ
(ـــ نَسْکًا) الثَّوْبَ: کپڑے کو دھو کر پاک کرنا۔
البَیْتَ: گھر میں آنا ـــ اِلٰی طَرِیقَۃٍ جَمِیلَۃٍ
مداومت کرنا۔
نَسُكَ (ک) نَسَاکَۃً۔ زاہد و عابد ہونا۔
تَنَسَّكَ۔ زاہد و عابد بننا۔
النُّسْكُ بتثلیث النون والنُّسُكُ
عبادت۔ اللہ تعالیٰ کا ہر ایک حق۔ النُّسْکُ:
مانوس جگہ۔
النُّسُكُ والنُّسْكُ۔ نذر جو اللہ کیلئے
پیش کی جائے۔ ذبیحہ۔ والنُّسْکُ: چاندی سونے
کا ٹکڑا۔ جرمانے کا ذبیحہ۔ کہا جاتا ہے مَنْ فَعَلَ
کَذَا وکَذَا فَعَلَیْہِ نُسْکٌ" جس شخص نے ایسا اور
ایسا کیا اس پر ایک ذبیحہ ہے۔
النَّسِیكُ۔ سونا۔ چاندی۔
النَّسِیکَۃُ۔ ذبیحہ۔ چاندی سونے وغیرہ کا
ٹکڑا۔ ج نَسَائِکُ۔
النَّاسِكُ۔ فا۔ عابد زاہد۔ ج نُسَّاکٌ۔
عُشْبٌ نَاسِکٌ: بہت سبز گھاس۔ اَرْضٌ نَاسِکَۃٌ:
تازہ بارش والی سرسبز زمین۔
المَنْسَكُ۔ مانوس جگہ (ـــ والمَنْسِکُ)
قربانی کی رسم۔ قربانی کی جگہ۔ قربانی ج مَنَاسِک
ومَنَاسِکُ الحَجِّ: افعال وارکانِ حج۔
المَنْسُوكُ۔ مفع۔ ثَوْبٌ مَنْسُوکٌ: پانی سے
دھو کر پاک کیا ہوا کپڑا۔ فَرَسٌ مَنْسُوکَۃٌ: چھوٹے
چھوٹے نرم بالوں والا گھوڑا۔ اَرْضٌ مَنْسُوکَۃٌ: کھاد
ڈالی ہوئی زمین۔
نَسَلَ (ن) نَسْلًا الصُّوفَ والرِّیشَ:
جھاڑنا اور گرانا ـــ الوَلَدَ وبِالوَلَدِ: جننا ـــ
الرَّجُلُ: بہت اولاد والا ہونا۔
نَسَلَ (ن) نُسُولًا الرِّیشُ اور الصُّوفُ:
پر یا اُون کا جھڑنا اور گرنا۔
نَسَلَ (ض ن) نَسْلًا ونَسَلًا ونَسَلَانًا
فِی مَشْیِہٖ: تیز چلنا۔
اَنْسَلَ الصُّوفَ والرِّیشَ: اُون یا پر گرانا۔
الصُّوفُ: اون گرنا ـــ الوَالِدُ الوَلَدَ:
پیدا کرنا ـــ فِی عَدْوِہٖ: تیز دوڑنا ـــ القَوْمَ:
آگے بڑھ جانا ـــ الدَّابَّۃُ: جانور کے بال گرنا
زمانہ قریب ہونا۔
تَنَاسَلَ القَوْمُ: بعض کا بعض سے پیدا ہونا
ـــ بَنُو فُلَانٍ: بہت اولاد والے ہونا۔
النَّسْلُ۔ مص۔ خلق۔ اولاد۔ ذریت۔ ج
اَنْسَال۔
النَّسَلُ۔ مص۔ دودھ جو تھن سے خود نکلے۔
سبز انجیر کا دودھ۔
النُّسَالُ۔ گرے ہوئے پر یا بال یا اون۔
واحد نُسَالَۃٌ۔
النَّسِیلُ۔ گرے ہوئے پر یا بال یا اُون
موم سے جدا شدہ شہد۔
النَّسِیلَۃُ۔ نسیل کا واحد۔ اولاد۔ بتی۔
موم سے جدا شدہ شہد۔
النَّسُولَۃُ مِنَ المَوَاشِی: مویشی جو نسل بڑھانے
کے لئے محفوظ کیا جائے۔ بہت نسل والا۔
النَّاسِلُ۔ فا۔ تیز رفتار۔ ج نُسَّل۔
النَّسُولُ والنَّسَّالُ۔ تیز دوڑنے والا۔
نَسَمَ (ض) نَسْمًا البَعِیرُ الاَرْضَ بِخُفِّہٖ: اونٹ
کا ٹھوکر مار کر زمین میں نشان ڈالنا۔
نَسَمَتْ (ض) نَسْمًا ونَسِیمًا ونَسَمَانًا الرِّیحُ:

ہوا کا آہستہ چلنا (— نَسَمًا و نَسِمَ (س) نَسَمًا) الشَّیُٔ متغیر ہونا۔ نَسِمَ البَعِیرُ: سوراخ دار کھُر والا ہونا۔
نَسُمَ (ک) نَسَامَۃً المَکَانُ: پانی کا رِسنا
نَسَّمَ فِی الاَمْرِ: شروع کرنا — النَّسَمَۃَ: زندہ کرنا آزاد کرنا — الاَسِیرَ: قیدی کو رہا کرنا۔
نَاسَمَہٗ مُنَاسَمَۃً و نِسَامًا۔ چپکے چپکے بات کہنا۔
تَنَسَّمَ الرَّجُلُ: سانس لینا۔ تَنَسَّمَتِ الرِّیحُ: ہوا کا آہستہ چلنا — الجَمْرُ: چنگاری کا بھڑکنا۔
تَنَسَّمَ المَکَانُ بِالطِّیبِ: خوشبو سے مہک اٹھنا۔
فُلَانٌ الخَبَرَ اَوِ العِلْمَ: آہستہ آہستہ دریافت کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَسَّمْتُ مِنْہُ عِلْمًا" میں نے اس سے علم حاصل کیا — الرِّیحَ: بو سونگھنا: بو محسوس کرنا — الوَلَدُ: جنین کے جسم کا تیار ہونا اور روح پڑجانا۔
النَّاسِم۔ فا۔ قریب الموت مریض۔
النَّسَم۔ مص۔ زندگی کا سانس۔ آہستہ چلنے والی ہوا۔ جمع اَنْسَام۔ النَّسَم: ناک۔ نسمہ بمعنے روح کی جمع۔ مٹا ہوا راستہ۔ دودھ یا چکنائی کی بو۔
النَّسْمَۃ۔ حمام وغیرہ کے راستے۔
النَّسَمَۃ۔ زندگی کا سانس۔ ہر جاندار انسان ہو یا حیوان۔ لونڈی۔ غلام۔ جمع نَسَم و نَسَمَات
النَّسَمَۃُ: سانس کا چڑھنا۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَہٗ نَسَمَۃٌ" یعنی اس کا سانس چڑھ گیا۔
النَّسِیم۔ مص۔ روح۔ پسینہ۔ نرم ہوا۔ جمع نِسَام اور بھاری بھر کم آدمی کے لئے کہا جاتا ہے "ہُوَ ثَقِیلُ الظِّلِّ بَارِدُ النَّسِیمِ"
النَّیْسَم۔ نرم ہوا۔ مٹا ہوا راستہ۔
الاَنَاسِم۔ لوگ (یہ نَسَم کی جمع الجمع ہے) کہا جاتا ہے "مَا فِی الاَنَاسِمِ مِثْلُہٗ" یعنی لوگوں میں اس کے مانند کوئی نہیں۔
المَنْسِم۔ لِلاِبِلِ: اونٹ کے کھر کا کنارہ۔ جمع مَنَاسِم۔ المَنْسِم: علامت۔ راستہ۔ مذہب طریقہ۔ کہا جاتا ہے "اِلٰی اَیْنَ مَنْسِمُکَ" تمہاری توجہ کس طرف ہے۔
نَسْنَسَ الطَّائِرُ: پرندہ کا تیز اڑنا۔ نَسْنَسَتِ الرِّیحُ: ہوا کا چلنا۔ نَسْنَسَ البَعِیرَ: اونٹ کو ڈانٹنا اور ہانکنا — الرَّجُلُ: کمزور ہونا۔
النَّسْنَاس۔ شکلِ انسانی پر ایک خیالی جانور — عند العامۃ: بندروں کی ایک قسم۔ لنگور۔ نَسْنَاسُ الاِنْسَانِ وَغَیْرِہٖ: مشقت اور صبر
النِّسْنَاس۔ سخت بھوک۔
نَسَا یَنْسُو نَسْوَۃً الرَّجُلُ: کام چھوڑ دینا۔
اَنْسَاہٗ اِنْسَاءً الشَّیَٔ: چھوڑنے کا حکم دینا
النَّسَا۔ ایک رگ جو سرین سے ٹخنے تک ہوتی ہے۔ تثنیہ نَسَوَان و نَسَیَان جمع اَنْسَاء۔
النَّسْوَۃ۔ مص۔ دودھ کا ایک گھونٹ۔
النِّسْوَۃ و النُّسْوَۃ و النِّسَاء و النِّسْوَان والنُّسْوَن و النِّسْنِیْن۔ عورتیں (یہ سب الفاظ مَرْاَۃ کی جمع ہیں) اور نِسْوَۃ اور نُسْوَۃ کی طرف نسبت کے لئے نِسْوِیّ و نُسْوِیّ اور تصغیر نُسَیَّۃ اور نُسَیَّات بھی کہا جاتا ہے۔
المَنْسُوّ۔ عرق النساء کی بیماری میں مبتلا۔
نَسِیَ یَنْسٰی نَسًی۔ مبتلائے عرق النساء ہونا صفت مذکر نَسٍ و اَنْسٰی۔ صفت مؤنث نَسِیَّۃٌ و نَسْیَاء۔
نَسٰی یَنْسِی نَسْیًا الرَّجُلَ: نسا نامی رگ پر مارنا۔
نَسِیَ یَنْسٰی نَسْیًا و نِسْیَانًا و نِسَایَۃً و نَسْوَۃً الشَّیَٔ: بھولنا۔
نَسّٰی و اَنْسٰی الرَّجُلَ الشَّیَٔ: فراموش کرانا۔
تَنَاسٰی۔ اپنے آپ کو بھولا ہوا ظاہر کرنا۔
النَّسْیُ و النِّسْیُ۔ بھولی ہوئی چیز۔ معمولی چیزیں جن کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے والے چھوڑ جائیں۔
النَّسْیَان و النَّسَّاء بہت بھولنے والا۔
النَّسِیّ۔ بہت بھولنے والا۔ اپنی قوم میں شمار نہ ہونے والا۔
الاَنْسٰی۔ پنڈلی کے نچلے حصہ کی ایک رگ۔
المَنْسِیّ بمعنی بھولی ہوئی چیز۔ مبتلاء عرق النساء
المِنْسَاۃ۔ لاٹھی (اس کی اصل مِنْسَاَۃ ہمزہ کے ساتھ ہے)
نَشَّ (ن) نَشًّا الدَّابَّۃَ: چوپایہ کو ہانکنا — المِسْکَ وَنَحْوَہٗ: مشک باریک کرنا۔ کوٹنا — الشَّیَٔ: ملانا۔
نَشَّ (ض) نَشًّا و نَشِیشًا المَاءُ فِی الکُوْزِ الجَدِیدِ: سکورے میں پانی کا آواز کرنا — اللَّحْمُ: ہانڈی میں یا سیخ پر آواز نکلنا — الغَدِیرُ: تالاب کا پانی اترنے لگنا — النَّبِیذُ: جوش مارنا — الرُّطَبُ: خشک ہونا۔ نَشَّتِ اللَّحْمَۃُ: گوشت کے ٹکڑے سے پانی ٹپکنا۔
النَّشّ۔ مص۔ ہر چیز کا نصف۔
النَّشَّاش۔ اسم مبالغہ۔ وَاَرْضٌ نَشَّاشَۃٌ: نمناک زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔
النَّشِیش۔ مص۔ پانی کے جوش کی آواز۔ اَرْضٌ نَشِیشَۃٌ: شور زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔
المِنَشَّۃ۔ مورچھل۔ چوری۔
نَشَاَ (ف) و نَشُؤَ (ک) نَشْاً و نُشُوْءًا و نَشْاَۃً و نَشَاءً و نَشَاءَۃً الشَّیُٔ: نو پید ہونا۔ زندہ ہونا — الطِّفْلُ: جوانی کو پہنچنا۔ کہا جاتا ہے نَشَاْتُ فِی بَنِی فُلَانٍ: میری پرورش بنی فلاں میں ہوئی اور میں جوانی کو پہنچا۔ اور اسم النَّشْءُ۔ نَشَاَتِ السَّحَابَۃُ: گھٹا اٹھنا۔
اَنْشَاَہٗ اِنْشَاءً۔ پرورش کرنا۔ اَنْشَاَ اللّٰہُ السَّحَابَۃَ: گھٹا اٹھانا — الشَّیَٔ: نو پید کرنا — اللّٰہُ الشَّیَٔ: پیدا کرنا — اللّٰہُ الخَلْقَ: شروع کرنا اَنْشَاَ الحَدِیثَ اَوِ الکَلَامَ: وضع کرنا۔ ابتدا کرنا۔ اور اسی سے ہے "عِلْمُ الاِنْشَاءِ" — زَیْدٌ: عمدہ شعر بنانا یا بہترین خطبہ دینا — فُلَانٌ دَارًا: تعمیر شروع کرنا۔ اَنْشَاَ فُلَانٌ یَضْرِبُ: مارنے لگنا (اس صورت میں یہ افعال مقاربہ میں سے ہے) مِنَ المَکَانِ: نکلنا۔ کہا جاتا ہے "مِنْ اَیْنَ اَنْشَاْتَ" یعنی تم کہاں سے نکلے۔
نَشَّاَہٗ تَنْشِئَۃً۔ پرورش کرنا۔ نَشَّاَ اللّٰہُ

السحابۃ: گھٹا چڑھانا۔
تَنَشَّأَ تَنَشُّؤًا۔ اِلٰی حَاجَتِہٖ: اپنی حاجت کے لئے جانا۔
اِسْتَنْشَأَ اِسْتِنْشَاءً۔ الْاَخْبَارَ: خبروں کی حقیقت دریافت کرنا۔ ــــ العَلَمَ فِی المَفَازَۃِ بلند کرنا ــــ فُلَانًا قَصِیدَۃً اَوْ خُطْبَۃً: قصیدہ یا خطبہ کی فرمائش کرنا۔
النَّشْءُ۔ مص۔ نسل۔ کہاجاتا ہے "ہُوَ مِنْ نَشْءِ سُوْءٍ اَوْ مِنْ نَشْءِ سُوْءٍ" وہ بری نسل سے ہے۔ چھوٹے چھوٹے اونٹ۔ نَاشِیٌٔ اسم فاعل کی جمع۔ چڑھا ہوا بادل۔ یا بادل کا وہ حصہ جو پہلے ظاہر ہو۔ ج اَنْشَاءٌ۔
النَّشِیْءُ۔ بادل کا وہ حصہ جو پہلے ظاہر ہو۔
النَّشْأَۃُ وَالنَّشِیْئَۃُ۔ نباتات کی نازک کونپلیں۔ النَّشِیْئَۃُ: بمعنے النَّاشِئَۃ۔
النَّاشِیٌٔ۔ فا۔ جوانی کے قریب پہنچا ہوا لڑکا یا لڑکی۔ ج نَشْءٌ ونَشَأٌ ونَاشِئَۃٌ (خلاف قیاس) ہر وہ چیز جو رات کو ظاہر ہو۔ ج نَوَاشِیٌٔ۔
النَّاشِئَۃُ۔ ناشی کا مؤنث۔ دن کا ابتدائی حصہ۔ رات کے ابتدائی اوقات۔ سونے کے بعد اٹھنا۔ نوجوان لڑکی۔ ج نَوَاشِیٌٔ۔
المَنْشَأُ۔ پیدا ہونے کی جگہ۔ کہاجاتا ہے "مَوْلِدِیْ وَمَنْشَأَیْ فِیْ بَنِیْ فُلَانٍ"
المُنْشَأُ والمُسْتَنْشَأُ۔ بلند جھنڈا۔ بلند نشانِ راہ۔
نَشِبَ (س) نَشَبًا ونُشُوْبًا ونُشْبَۃً الشَّیْءُ فِی الشَّیْءِ: چمٹنا ــــ العَظْمُ فِیْ حَلْقِہٖ: حلق میں ہڈی چبھنا۔ کہاجاتا ہے "نَشِبَ فُلَانٌ مَنْشَبَ سُوْءٍ" فلاں ایسی چیز میں پھنس گیا جس سے رہائی ممکن نہیں۔ "وَمَا نَشِبْتُ اَفْعَلُ کَذَا": یعنی میں ہمیشہ ایسا کرتا رہا "وَلَمْ یَنْشَبْ اَنْ مَاتَ" یعنی وہ فوراً ہی مرگیا (ــــ نُشُوْبًا) الحَرْبُ بَیْنَ القَوْمِ: گھمسان کی جنگ ہونا ــــ الاَمْرُ فُلَانًا: لازم ہونا ــــ رفیہ: خریدنا۔
نَشَّبَہٗ وَاَنْشَبَہٗ فِیْ کَذَا: چمٹانا چسپاں کرنا۔ کہاجاتا ہے "اَنْشَبَ البَازِیْ مَخَالِبَہٗ فِی الاَخِیْذَۃِ" باز نے چنگل شکار میں گھسا دیا۔ اَنْشَبَ الصَّائِدُ: شکاری نے شکار کو جال میں پھنسا لیا ــــ الرِّیْحُ: ہوا کا تیز ہونا اور کنکری وغیرہ اڑانا۔
نَاشَبَہٗ مُنَاشَبَۃً الحَرْبَ: کھلم کھلا جنگ کرنا۔
تَنَشَّبَ۔ رفیہ: چمٹنا۔ کہاجاتا ہے "تَنَشَّبَ فِیْ قَلْبِہٖ حُبُّ فُلَانٍ" اس کے دل میں فلاں کی محبت پیوست ہوگئی۔
اِنْتَشَبَ۔ رفیہ: چمٹنا ــــ الحَطَبَ: لکڑی جمع کرنا۔
تَنَاشَبُوْا۔ بعض کا بعض کیساتھ چمٹنا۔ کہاجاتا ہے "تَنَاشَبُوْا حَوْلَ الرَّسُوْلِ" لوگوں نے رسول کے اردگرد بھیڑ لگائی۔
النَّشَبُ۔ مص (ــــ والنَّشَبَۃُ) جائداد غیر منقولہ۔ مال ومویشی۔ النَّشَبُ: ایک درخت کا نام جس سے کمانیں بنائی جاتی ہیں۔
النُّشْبَۃُ۔ مص (ــــ والنُّشْبَۃُ) کام میں پھنس کر رہائی نہ پانے والا مرد۔
نُشْبَۃُ۔ بھیڑیا کا علم جنس۔
النُّشَّابُ۔ تیر۔ واحد۔ نُشَّابَۃٌ۔ ج نَشَاشِیْبُ
النَّاشِبُ۔ فا۔ تیروں والا۔ تیر انداز
النَّاشِبَۃُ۔ ناشب کا مؤنث۔ تیر انداز لوگ۔
النَّشِبُ۔ چمٹنے والا۔
النَّشَّابُ۔ بہت چمٹنے والا۔ تیر ساز و تیر انداز۔ کہاجاتا ہے "رَجُلٌ نَشَّابٌ" تیر انداز مرد۔ قوم نشابۃ: تیر انداز لوگ۔
المَنْشَبُ۔ چمٹنے کی جگہ۔
المُنَشَّبَۃُ۔ مال مویشی۔ کہاجاتا ہے بُرْدٌ مُنَشَّبٌ۔ تیر کی مانند نقش ونگار والی چادر۔
نَشَجَ (ض) نَشْجًا ونَشِیْجًا البَاکِیْ: روتے روتے ہچکی لگنا۔ نَشَجَتِ القِدْرُ: ہانڈی کا کھدکھدانا نَشَجَ الضِّفْدَعُ: مینڈک کا ٹراتے وقت آواز دہرانا ــــ المُطْرِبُ: گویئے کا دو طرز کے سُروں کے درمیان فصل کرنا اور کھینچنا۔
النَّشَجُ۔ پانی بہنے کی جگہ۔ ج اَنْشَاجٌ۔
النَّشِیْجُ۔ مص۔ آواز۔
عَبْرَۃٌ نَشُوْجٌ۔ آنسو کہ جس کیساتھ آواز بھی ہو۔
نَشَحَ (ف) نَشْحًا ونُشُوْحًا الرَّجُلُ: سیرابی سے کم پینا۔ سیر ہو کر پینا۔
النُّشُوْحُ۔ تھوڑا پانی۔
النُّشُحُ۔ مست لوگ۔ واحد نَشُوْحٌ۔
النَّشَّاحُ مِنَ الآنِیَۃِ: بھر کر چھلکنے والا برتن۔
نَشَدَ (ن ض) نَشْدًا ونِشْدَانًا ونِشْدَۃً الضَّالَّۃَ: گم شدہ کو ڈھونڈھنا۔ تلاش کرنا۔ گم شدہ کی تشہیر کرنا ــــ فُلَانًا: پہچاننا ــــ ہٗ اللّٰہَ وباللّٰہِ: قسم دینا ــــ (نَشْدًا) الرَّجُلَ: کسی سے اَنْشُدُکَ اللّٰہَ کہنا۔ اور کہاجاتا ہے "نَشَدْتُکَ اللّٰہَ اِلَّا فَعَلْتَ" اس سے مقصد یہ ہے کہ میں نے تم سے کوئی چیز طلب نہیں کی سوائے اس کے کہ تم یہ کرو "وَنَشَدَہٗ عَہْدَہٗ اَوْ وَعْدَہٗ" اس نے اس کو وعدہ یاد دلایا۔
اَنْشَدَ الضَّالَّۃَ: گم شدہ کے متعلق پوچھ پاچھ کرنا۔ گم شدہ کی تشہیر کرنا۔ اَنْشَدَ الشِّعْرَ: شعر پڑھنا۔ اَنْشَدَ بِالقَوْمِ: ہجو کرنا ــــ زَیْدًا وَلِزَیْدٍ: جواب دینا۔ کہاجاتا ہے "نَشَدْتُہٗ فَاَنْشَدَنِیْ اَوْ اَنْشَدَ لِیْ" میں نے اس سے پوچھا اس نے جواب دیا۔
نَاشَدَہٗ مُنَاشَدَۃً ونِشَادًا۔ قسم کھلانا۔ نَاشَدَہٗ الاَمْرَ وفِی الاَمْرِ: متوجہ کرنا۔
تَنَشَّدَ۔ الاَخْبَارَ: اطلاع دینا۔
تَنَاشَدُوْا۔ الاَشْعَارَ: ایک دوسرے کے سامنے شعر پڑھنا۔
اِسْتَنْشَدَہٗ۔ الشِّعْرَ: شعر پڑھنے کو کہنا۔ کہاجاتا ہے۔ نَشْدَکَ ونِشْدَکَ اللّٰہَ اَلَّا فَعَلْتَ یعنی میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں۔ اور اللہ کی قسم دیکر تم سے کہتا ہوں کہ تم یہ کرو۔
النَّاشِدُ۔ فا۔ طلب کرنے والا۔ تشہیر کرنے والا۔ النَّاشِدُوْنَ: گم شدہ کو تلاش کرکے مالک تک پہنچانے والے۔

النِّشْدَة - مص - آواز -
النَّشِيْد - آواز کی بلندی (ــــ والنَّشِيْدَة)
ج نَشَائِد والأُنْشُوْدَة - ج أَنَاشِيْد : شعر جس کو
ایک دوسرے کے سامنے پڑھیں - نَشِيْدُ الأَنْشَادِ
بائبل کی ایک کتاب -
النَّشَّاد - گم شدہ کو تلاش کرنے والا -
النُّشَادِر والنُّوْشَادِر - نوسادر (دخیل)
نَشَرَ (ن ض) نَشْرًا الثَّوْبَ : پھیلانا ــــ
الخَبَرَ : افشا کرنا ــــ الشَّيْئَ : بکھیرنا ــــ الخَشَبَ :
چیرنا ــــ عَنِ المَجْنُوْنِ او المَرِيْضِ : منتر پھونکنا -
نَشَرَتِ الرِّيْحُ : بادل والے دن میں ہوا کا چلنا -
نَشَرَ (ن) نُشُوْرًا - الشَّجَرُ : پتے نکالنا -
نَشَرَتْ أَوْرَاقُ الشَّجَرَةِ : پتوں کا بڑھنا اور پھیلنا
ــــ الأَرْضُ : ابر بہاری کے بعد سر سبز ہونا -
نَشَرَ (ن) نَشْرًا و نُشُوْرًا اللّٰهُ المَوْتٰى :
زندہ کرنا - نَشَرَ و نَشَرًا المَوْتٰى : زندہ ہونا صفت
نَاشِرُوْن -
نَشِرَتْ (س) نَشَرًا المَوَاشِي : رات میں
چرنے کیلئے پھیلنا - خارش والے ہونا -
نَشَّرَ الثَّوْبَ وَنَحْوَهُ : کپڑا پھیلانا ــــ عَنِ
المَرِيْضِ او المَجْنُوْنِ : بیمار یا دیوانہ پر منتر پھونکنا -
أَنْشَرَ اللّٰهُ المَيِّتَ : مردہ کو زندہ کرنا ــــ
الأَرْضَ : زمین کو پانی ڈال کر قابل زراعت بنانا
ــــ الرَّجُلُ : مذی نکالنا -
تَنَشَّرَ الشَّيْئُ : پھیلنا -
إِنْتَشَرَ الشَّيْئُ : پھیلنا ــــ النَّهَارُ : دن
چڑھنا ــــ الخَبَرُ : خبر کا فاش ہونا ــــ الإِبِلُ :
اونٹوں کا متفرق ہونا ــــ الرَّجُلُ : سفر شروع کرنا
تَنَاشَرُوْا - الثِّيَابَ : کپڑوں کو باہم مل کے
پھیلانا -
إِسْتَنْشَرَ الخَبَرَ : خبر پھیلانے کو کہنا -
النَّشْرُ - مص - عمدہ خوشبو یا بو - کہا جاتا ہے "لَهُ
نَشْرٌ طَيِّبٌ" اس کی اچھی خوشبو ہے - اُگنے کی
ابتدا - خارش -
النَّشَرُ والنَّشْرُ - بغیر سردار کے منتشر لوگ
کہا جاتا ہے "جَاءُوْا نَشَرًا او نَشْرًا" لوگ متفرق ہو کر
آئے - النَّشَرُ : پھیلا ہوا - کہا جاتا ہے "اَللّٰهُمَّ اضْمُمْ
نَشَرِيْ" اے اللہ میرے متفرق امور کو جمع کر دے
النَّشْرُ والنُّشُوْرُ - مص - يَوْمُ النَّشْرِ و يَوْمُ النُّشُوْرِ
قیامت کا دن -
النَّشْرَة - نشر کا اسم مرۃ - بادِ نسیم - اشتہار -
(مولدۃ) ج نَشَرَات -
النُّشْرَة - افسون - منتر -
النُّشَارَة - لکڑی کا برادہ جو آرہ کرتے
وقت گرے -
النَّاشِرَة - النَّاشِر کا مؤنث - نَوَاشِر کا واحد
نَوَاشِر ہاتھ کے رگ پٹھے کو کہتے ہیں -
النُّشُوْرُ مِنَ الرِّيَاحِ : بادل اٹھانے والی
ہوائیں - ج نُشُرٌ -
النَّشِيْرُ - ازار - تہ بند - کاٹ کر جمع
کی ہوئی کھیتی -
التَّنَاشِيْرُ : بچوں کے سر مشق (جمع ہے
اس کا واحد نہیں)
المِنْشَار - آرہ ج مَنَاشِيْر - المِنْشَار : پنجہ دار
لکڑی جس سے گیہوں وغیرہ کو بھوسے سے علیحدہ
کرتے ہیں - ایک سمندری مچھلی جسکو اَبُوْ مِنْشَار بھی
کہتے ہیں -
المَنْشُوْر - مفعو - کھلا ہوا شاہی فرمان -
المُنْتَشَر - مصدر میمی - کپڑا وغیرہ پھیلانے
کی جگہ -
المَنْشُوْرَة - المنشور کا مؤنث - سخی و شریف
عورت -
المِنْشَوَار - جانوروں کا اصطبل -
نَشَزَ (ن ض) نَشْزًا و نُشُوْزًا فِي او عَنْ مَكَانِهِ : بلند
ہونا ــــ الرَّجُلُ : بیٹھے ہوئے سے اٹھنا - اونچی
جگہ میں جھانکنا ــــ القَوْمُ فِي مَجْلِسِهِمْ : ساتھیوں
کے لئے سمٹنا - اٹھ کھڑا ہونا - نَشَزَتْ نَفْسُهُ :
گھبراہٹ سے دل دھڑکنا -
نَشَزَتْ (ن ض) نُشُوْزًا المَرْأَةُ بِزَوْجِهَا و
مِنْهُ وعَلَيْهِ : بیوی کا نافرمان ہونا - نفرت کرنا -
بغض رکھنا - صفت نَاشِز و نَاشِزَة ج نَوَاشِز
نَشَزَ بَعْلُهَا عَلَيْهَا و مِنْهَا : شوہر کا ظلم کرنا - سختی کرنا -
تکلیف دینا ــــ بالقَوْمِ فِي الخُصُوْمَةِ : قوم کے
ساتھ جھگڑا کرنے کیلئے اٹھ کھڑا ہونا -
نَشَزَ (ض) نَشْزًا بِقَرْنِهِ : سینگ سے
اٹھا کر پھینک دینا -
أَنْشَزَ الشَّيْئَ : جگہ سے نمایاں کر دینا - بلند کرنا
اللّٰهُ عِظَامَ المَيِّتِ : مردہ کی ہڈیوں کو اٹھا کر
ایک دوسرے کے ساتھ جوڑنا -
النَّشْزُ - مص - ج نُشُوْز والنَّشَزُ ج نِشَاز
و أَنْشَاز : بلند جگہ ــــ مِنَ الرِّجَالِ : قوی مضبوط
بڑے ڈیل ڈول کا موٹا -
النَّشَاز - بلند جگہ -
النَّاشِز - فا - جگہ سے ابھرا ہوا - نمایاں -
عِرْقٌ نَاشِزٌ : مرض وغیرہ کی وجہ سے ابھری ہوئی
اور دھڑکنے والی رگ -
النَّشِيْزَة والنَّشْزَة مِنَ الدَّوَابِّ :
سواری جس کی پیٹھ پر زین یا سوار ٹھیر نہ سکے -
نَشَصَ (ن ض) نُشُوْصًا السَّحَابُ :
بادل کا بلند ہونا ــــ النَّفْسُ : دھڑکنا ــــ
الصُّوْفُ او الشَّعْرُ : اون یا بال کا نکلنا اور کھال سے
چمٹا ہوا ہونا - نَشَصَتِ السِّنُّ : لمبا ہونا - نَشَصَ
الشَّيْئَ : نکالنا ــــ فُلَانًا : نیزہ مارنا ــــ عَنْ بَلَدِهِ :
شہر و مسکن سے علیحدہ ہونا - نَشَصَتِ المَرْأَةُ عَنْ
زَوْجِهَا : عورت کا نافرمان ہونا - بغض رکھنا -
صفت نَاشِص -
أَنْشَصَهُ عَنْ بَلَدِهِ او بَيْتِهِ : شہر سے یا
گھر سے نکال دینا -
نَشَّصَهُ - بلند کرنا -
تَنَشَّصَ لِكَذَا : اٹھنا اور تیاری کرنا -
إِنْتَشَصَ الشَّجَرَةَ : درخت کو جڑ سے اکھیڑنا -
إِسْتَنْشَصَتِ الرِّيْحُ السَّحَابَ : ہوا کا
بادل کو اٹھانا -
النِّشَاصُ والنَّشَاصُ - بلند تہ بتہ بادل
لشکر - ج نُشُص و نَشَائِص -

النُّشُوص والنَّشِيص - کھڑا کیا ہوا نیزہ
بلند کوہان والی اونٹنی -
نَشِطَ (س) نَشَاطًا ہشاش بشاش ہونا
— فِي عَمَلِهِ او اِلَى عَمَلِهِ : پھرتیلا و چست ہونا -
صفت نَاشِطٌ و نَشِيطٌ - تَنَشَّطَتِ الدَّابَّةُ : موٹا
ہونا -
نَشَطَ (ن) نَشْطًا مِنَ الْمَكَانِ : نکلنا -
مِنْ بَلَدٍ اِلَى بَلَدٍ : عبور کرنا - کہا جاتا ہے "نَشَطَ بِهِمُ
الطَّرِيقُ" راستہ ان لوگوں کو دائیں بائیں لے گیا -
نَشَطَ (ن) نَشْطًا الْحَبْلَ : رسی میں گرہ دینا
— الْعُقْدَةَ : گرہ کو مضبوط کرنا — الدَّلْوَ مِنَ
الْبِئْرِ : بغیر چرخی کے ڈول نکالنا — زَيْدًا : نیزہ
مارنا - نَشَطَتْهُ الْحَيَّةُ : سانپ کا ڈسنا -
نَشَّطَ الْحَبْلَ : رسی میں گرہ دینا — هُ اِلَى
او فِي الْعَمَلِ : چست بنانا - جرأت دلانا -
اَنْشَطَهُ : چست بنانا - اَنْشَطَ الرَّجُلُ :
چست لوگوں یا جانوروں والا ہونا - اَنْشَطَتِ الْحَيَّةُ
سانپ کا ڈسنا - اَنْشَطَ الْحَبْلَ : رسی میں گرہ دینا
— الْعُقْدَةَ او الْعِقَالَ : گرہ کھولنا — الْبَعِيرَ
مِنْ عِقَالِهِ : اونٹ کو رہا کرنا - چھوڑنا ——
الْكَلَأُ الدَّابَّةَ : موٹا کرنا -
تَنَشَّطَ - ہشاش بشاش ہونا — لِلْعَمَلِ :
تیار ہونا اور چست ہو کر متوجہ ہونا - تَنَشَّطَتِ
النَّاقَةُ فِي سَيْرِهَا : تیز دوڑنا - تَنَشَّطَ الْمَفَازَةَ :
بیابان کو عبور کرنا -
اِنْتَشَطَ الْحَبْلَ : رسی کو کھلنے کیلئے کھینچنا
— الْحَبْلُ : رسی کا کھلنا — النَّشِيطَةَ : بلا قصد
ارادہ کے ہاتھ لگے ہوئے اونٹوں کو ہانکنا ——
السَّمَكَةَ : مچھلی کے سِفنے اتارنا — الشَّيْءَ : چھیننا
مضبوط کرنا — فُلَانًا اِلَى كَذَا : کھینچنا یا بلند کرنا
اِنْتَشَطَتِ الْحَيَّةُ فُلَانًا : سانپ کا ڈسنا -
اِسْتَنْشَطَ الْجِلْدُ : کھال کا سکڑنا -
جھری دار ہونا -
الْكُنْشُطُ - مم - جلدی اور تیزی کے ساتھ
نک مارنا -

النَّاشِطُ فا - چست - پھرتیلا جنگلی بیل جو
ایک جگہ سے دوسری جگہ پھرے - طَرِيقٌ نَاشِطٌ
بڑی سڑک سے دائیں بائیں نکلا ہوا راستہ -
النَّاشِطَةُ - النَّاشِطُ کا مؤنث جہ نَاشِطَاتٌ
و نَوَاشِطُ - والنَّوَاشِطُ مِنَ الْمَسَائِلِ : بڑے مسئلے
سے نکلے ہوئے مسائل واحد اس کا نَاشِطٌ ہے -
النَّشِيطُ - چست پھرتیلا چست اہل و عیال
والا یا چست جانوروں والا - جہ نِشَاطٌ و نَشَاطَى
النَّشُوطُ ایک قسم کی مچھلی - بِئْرٌ نَشُوطٌ :
گہرا کنواں -
بِئْرٌ اَنْشَاطٌ و اِنْشَاطٌ - کم گہرا کنواں جس
سے ڈول ایک ہی دفعہ کے کھینچنے میں نکل آئے -
النَّشِيطَةُ - النَّشِيطُ کا مؤنث - مال غنیمت
جو غازیوں کو راستہ میں ہاتھ لگ جائے - اونٹ
جو بلا قصد و ارادہ کے ہاتھ لگ جائیں اور ہانکے
جائیں -
الاُنْشُوطَةُ - گرہ جس کا کھولنا آسان ہو -
کہا جاتا ہے "مَا عِقَالُكَ بِاُنْشُوطَةٍ" یعنی تمہاری
دوستی کمزور نہیں ہے - جہ اَنَاشِيطُ
الْمِنْشَطُ - بہت چست -
الْمَنْشَطُ - خوش دلی - کہا جاتا ہے "اِفْعَلُوا
ذٰلِكَ عَلَى الْمَنْشَطِ وَالْمَكْرَهِ" اس کو خوش دلی
اور ناراضی کے باوجود کرو -
نَشَظَ (ن) نُشُوظًا النَّبَاتُ : نباتات
کا نمودار ہونا -
نَشَعَ (ف) نَشْعًا الرَّجُلُ : سسکی لینا -
الشَّيْءَ : سختی سے کھینچنا — الطِّيبَ : خوشبو
سونگھنا — فُلَانًا الدَّوَاءَ : دوا منہ میں ٹپکانا
— هُ الْكَلَامَ : تلقین کرنا - سوجھانا -
نَشَعَ (ف) نُشُوعًا قریب الموت ہو کر
صحت پانا -
نُشِعَ نَشْعًا بِكَذَا : مشتاق ہونا - فریفتہ ہونا
صفت مَنْشُوعٌ بِهِ -
اَنْشَعَ الدَّوَاءَ : منہ میں دوا ٹپکانا —
هُ الْكَلَامَ : تلقین کرنا - سوجھانا -

اِنْتَشَعَ ناک میں دوا ٹپکانا — الشَّيْءَ :
سختی سے کھینچنا -
النَّشُوعُ - ناک میں ڈالنے کی دوا - دوا جو
مریض کے منہ میں ٹپکائی جائے - ہر وہ چیز جو سانس
کو پھلا دے -
النَّاشِعُ - ابھرا ہوا -
النَّشْعُ - خراب مزے کا پانی -
النُّشَاعَةُ - ہاتھ سے نکال کر پھینکی ہوئی
چیز -
الْمِنْشَعُ والْمِنْشَعَةُ - منہ یا ناک میں ٹپکانے
کی دوا کا برتن -
نَشَغَ (ف) نَشْغًا الْمَاءُ : پانی بہنا ——
هُ بِالرُّمْحِ : نیزہ مارنا — هُ الْكَلَامَ : تلقین کرنا -
سکھانا — الصَّبِيَّ : بچے کے منہ میں دوا ٹپکانا
— الْمَاءَ : اوک سے پانی پینا — الرَّجُلُ :
سسکی لینا یہاں تک کہ بیہوشی طاری ہو جائے -
نُشِغَ الصَّبِيُّ : بچے کے منہ میں دوا ٹپکایا جانا
— بِالشَّيْءِ : مشتاق ہونا - فریفتہ ہونا - صفت
مَنْشُوغٌ بِهِ -
اَنْشَغَ عَنْهُ : علیحدہ ہونا — هُ الْكَلَامَ :
تلقین کرنا - سمجھانا -
تَنَشَّغَ - سسکی لینا یہاں تک کہ بے ہوشی
طاری ہو جائے (— و نَاشَغَ و اَنْتَشَغَ) الْكَلَامَ :
سیکھنا اور حاصل کرنا -
النَّاشِغُ - فا - جہ نُشَّغٌ مؤنث نَاشِغَةٌ - جہ
نَوَاشِغُ و نَاشِغَاتٌ - النَّوَاشِغُ : وادی میں بہنے
کی نالیاں -
النَّشْغَةُ - لمبی لمبی سانسوں میں سے ایک
سانس - موت کے وقت کی بہت ہلکی ہچکی - جہ
نَشَغَاتٌ -
النَّشُوغُ - ناک میں ڈالنے کی دوا - بچہ یا
مریض کے منہ میں ٹپکانے کی دوا -
الْمِنْشَغُ والْمِنْشَغَةُ - منہ یا ناک میں
دوا ٹپکانے کا برتن -
نَشِفَ (س) و نَشَفَ (ن) نَشْفًا الثَّوْبُ

العرق او الحوضُ الماءَ: کپڑے کا پسینہ کو یا حوض کا پانی کو جذب کرلینا — الماءُ فی الارضِ: جذب ہونا۔ نَشَفَتِ البئرُ: کنوئیں کا پانی ختم ہونا۔

نَشَفَ (ض) نَشْفاً الماءَ: پانی کو چیتھڑے وغیرہ سے خشک کردینا۔

نَشَّفَ الماءَ: پانی کو چیتھڑے وغیرہ سے خشک کردینا۔ نَشَّفَتِ النَّاقۃُ: زمانہ ولادت کے قرب کی وجہ سے کبھی تھن کا بھرا ہونا اور کبھی خشک ہونا۔ صفت مُنَشِّف۔ جھاگ والے دودھ والی ہونا۔

اَنْشَفَ۔ جھاگ والا دودھ پلانا۔

تَنَشَّفَ الثوبُ العرقَ: کپڑے کا پسینہ کو جذب کرنا — الرجلُ: چیتھڑے وغیرہ سے جسم پونچھنا۔

اِنْتَشَفَ۔ جھاگ والا دودھ پینا — الوسخَ ونحوَہٗ: میل وغیرہ صاف کرنا۔

النَّشْف۔ پانی کا جذب ہونا۔

النِّشْفَۃ والنُّشْفَۃ۔ تھوڑی چیز جو برتن میں باقی رہ جائے۔ النُّشْفَۃ۔ وہ چیز جو گرم گرم ہانڈی سے نکالی جائے اور کھائی جائے۔

النَّشْفَۃ بتثلیث النون والنَّشَفَۃ جھانواں۔ ج نُشَفٌ ونِشَفٌ ونَشْفٌ ونُشُفٌ ونِشَافٌ۔

النَّشْفَۃ والنَّشَّافَۃ۔ پانی پونچھنے کا کپڑا۔ جھاڑن۔

النُّشْفَۃ والنُّشَافَۃ۔ دودھ دوہتے وقت کے جھاگ۔ النُّشَافَۃ: جذب شدہ پانی۔ وہ چیز جو گرم گرم ہانڈی سے نکالی جائے۔

اَرْضٌ نَشِفَۃ۔ پانی جذب کرنے والی زمین

المِنْشَفَۃ۔ رومال۔ تولیہ (مولدۃ) ج مَنَاشِف۔

النَّشَّاف۔ وہ شخص جو روٹی کو دیگ کے سرے پر سے تر کرکے تنہا کھائے۔

نَشِقَ (س) نَشَقاً ونَشْقاً الریحَ: بو سونگھنا — فی الحبالۃِ: پھندے میں پھنسنا۔

اَنْشَقَہُ المسکَ ونحوَہٗ: مشک وغیرہ سونگھانا — الظبیَ فی الحبالۃِ: ہرن کو جال میں پھنسانا۔ اور کہا جاتا ہے "اَنْشَقَتْہُ الحبالۃُ: اسو جال نے پھنسا لیا — ہٗ النَّشُوقَ: نسوار سونگھانا

تَنَشَّقَ وانْتَشَقَ واسْتَنْشَقَ الماءَ فی انفِہٖ: ناک میں پانی ڈالنا۔ تَنَشَّقَ واسْتَنْشَقَ الریحَ او النَّشُوقَ: بو یا نسوار سونگھنا۔

النُّشْقَۃ۔ بکری وغیرہ کی گردن کا پٹہ۔ ج نُشَق۔

النَّشِق۔ وہ شخص جو کسی کام میں پھنس جائے اور رہائی نہ پاسکے۔

النَّشْق والنَّشَق۔ سونگھنا۔ کہا جاتا ہے "رائحۃٌ کریھۃُ النَّشَق"

النَّشُوق۔ نسوار۔ ناک میں ڈالنے کی دوا ہر دوا جو سونگھی جائے۔

المَنْشَق۔ ناک۔ ج مَنَاشِق۔

المَنْشَقَۃ۔ وہ ڈبیہ وغیرہ جس میں نسوار رکھیں۔

نَشَلَ (ن) نُشُولاً الرجلُ: دبلا ہونا۔ نَشَلَتِ الفخذُ: کم گوشت والی ہونا۔ صفت نَاشِلَۃٌ۔

نَشَلَ (ض ن) نَشْلاً الشیءَ: جلدی سے اچک لینا۔ چھین لینا — الخاتمَ: انگوٹھی اتارنا نَشَلَتِ الحیۃُ الرجلَ: سانپ کا ڈسنا — اللحمَ: گوشت بغیر مسالہ کے پکانا۔ بغیر چمچہ کے ہاتھ سے نکالنا۔

اَنْشَلَ وانْتَشَلَ اللحمَ من القدرِ: گوشت کو ہانڈی سے نکالنا — ما علی العظمِ بفیہٖ: دانت سے چھڑا کر کھانا۔

النَّشِیل۔ مع بغیر مسالہ کے پکا ہوا گوشت۔

النَّشَّال۔ اکثر بغیر مسالہ کے گوشت پکانے والا۔ روٹی کو دیگ کے سرے سے تر کرکے تنہا کھانے والا۔ گرہ کٹ۔ جیب کترا۔

النَّشِیل۔ کنوئیں کا پہلا پانی۔ تازہ دودھ پتلی تلوار۔ بغیر چمچہ کے ہاتھ سے نکالا ہوا گوشت بغیر مسالہ کے پکا ہوا گوشت۔

المِنْشَلَۃ۔ انگلی کا وہ حصہ جو انگوٹھی کے نیچے رہے۔

المِنْشَل والمِنْشَال۔ کُنڈی دار سیخ جس سے گوشت نکالیں۔ ج مَنَاشِل۔

نَشِمَ (س) نَشَماً الثورُ: بیل کا سیاہ و سفید داغوں والا ہونا۔ صفت نَشِمٌ۔

نَشِمَ اللحمُ: گوشت کا بگڑ جانا۔ بودار ہوجانا — الارضُ: زمین سے پانی کا رسنا — فی فلانٍ: بدگوئی کرنا — فی الشرِّ: برائی میں مشغول ہونا — اللّٰہُ ذکرَ فلانٍ: بلند کرنا۔ شہرت دینا — وتَنَشَّمَ فی الامرِ: شروع کرنا۔ تَنَشَّمَ منہ علماً: حاصل کرنا۔ استفادہ کرنا۔

النَّشَم۔ مع۔ ایک درخت کا نام جس سے کمان بناتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "یدی نَشِمَۃٌ من الجُبْنِ ونحوِہٖ: یعنی میرا ہاتھ بودار ہے۔

المَنْشَم والمَنْشِم۔ ایک قسم کی خوشبو جس کا کوٹنا دشوار ہے۔ مَنْشِم: ایک عطر فروش عورت کا نام کہ جب اس سے عطر لے کر لگاتے تھے تو لڑائی بہت زیادہ تیز ہوجایا کرتی تھی۔ اسی وجہ سے یہ مثل مشہور ہے "اَشْأمُ من عطرِ مَنْشِمٍ": المَنْشِم: حَبّ بلسان۔

نَشْنَشَ نَشْنَشَۃً الجلدَ: کھال اتارنا الشیءَ: زور سے ہٹانا — الثورَ: بیل ہانکنا دھتکارنا — الثوبَ: کپڑے اتارنا — الوعاءَ: برتن کو جھاڑنا۔ بکھیرنا — السلبَ: لینا۔ نَشْنَشَتِ القدرُ: ہانڈی کے ابال میں آواز نکلنا۔ نَشْنَشَ الرجلُ: کام میں جلدی کرنا — اللحمَ: گوشت کو جلدی کھانا — الجاریۃَ: جماع کرنا۔

تَنَشْنَشَ مطاوع نَشْنَشَ — الشجرُ: درخت سے چھال اتارنا۔

النَّشْنَشَۃ۔ مص۔ زرہ۔ کاغذ۔ نئے کپڑے وغیرہ کی کھڑکھڑاہٹ۔

النَّشْنَاش والنَّشْنَش والنَّشْنَشِیّ عمل یا حرکات میں ہلکا پھلکا۔ اَرْضٌ نَشْنَاشَۃٌ: زمین شور۔

نَشِيَ يَنْشَى نَشْوَةً و نِشْوَةً و نُشْوَةً و
تَنَشَّى وانْتَشَى واسْتَنْشَى الرِّيحَ: سونگھنا
نَشِيَ بالشَّيءِ: بار بار کرنا۔
نَشَى يَنْشِي نَشْوًا و نَشْوَةً و نِشْوَةً و نُشْوَةً و
نَشِيَ و تَنَشَّى و اِنْتَشَى۔ مست ہونا، نشہ والا ہونا۔ کہا
جاتا ہے نَشِيَ مِنَ الشَّرَابِ: وہ شراب سے مست ہوا۔
نَشِيَ واسْتَنْشَى الخَبَرَ: خبر دریافت کرنا۔
النَشا۔ عمدہ خوشبو۔ بو۔ ج اَنْشاء۔ والنَشاء نشاستہ
النَشاة۔ خشک درخت۔ ج نَشا۔
النَشْوَة۔ اسم مرۃ۔ مستی یا ابتدائے مستی۔ بو
النِشْوَة۔ تازہ خبر۔
النَشِيَّة۔ بو۔ ج نَشايا۔
النَشْوان۔ مست۔ مؤنث نَشْوَى۔ ج
نَشاوَى۔
النَشْيان۔ پہلے پہل خبر کو معلوم کرنے والا۔
کہا جاتا ہے فُلانٌ نَشْيانٌ لِلْاَخْبارِ و بِالْاَخْبارِ
نَصَّ (ن) نَصًّا الشَّيءَ: بلند کرنا۔ نمایاں
کرنا۔ حرکت دینا — الحَدِيثَ: حدیث کی سند
بیان کرنا — الرَّجُلَ: پوری طرح سے دریافت
کرنا — النّاقَةَ: اونٹنی کو تیز دوڑانا — المَتاعَ:
سامان تہ بتہ رکھنا — العَرُوسَ: دلہن کو حجلۂ عروسی
میں بٹھانا — فُلانٌ عُنُقَهُ: گردن اٹھانا —
الشَّيءُ: ظاہر ہونا۔
نَصَّ (ض) نَصِيصًا الشِّواءُ عَلَى النّارِ:
بھوننے کے وقت آواز نکلنا۔ نَصَّتِ القِدْرُ:
ہانڈی کا جوش مارنا۔
نَصَّصَ و ناصَّ مُناصَّةً غَرِيمَهُ:
قرض دار سے جھگڑا کرنا اور اصرار سے طلب کرنا۔
نَصَّصَ المَتاعَ: سامان تہ بتہ رکھنا۔ نَصَّصَ فُلانٌ
تصریح کرنے میں مبالغہ کرنا۔
اِنْتَصَّ الشَّيءُ: بلند ہونا۔ سیدھا ہونا۔
اِنْتَصَّ الرَّجُلُ: کھڑا ہونا۔ سکڑنا۔ اِنْتَصَّتِ
العَرُوسُ: دلہن کا حجلۂ عروسی میں بیٹھنا۔
تَناصَّ القَوْمُ: ہجوم کرنا۔
النَصُّ۔ مص۔ مصرح کلام۔ ج نُصُوص۔
والنَصُّ مِن كُلِّ شَيءٍ: انجام۔ انتہا۔ النَصُّ مِنَ
الكَلامِ: ایسا کلام جس میں تاویل کی گنجائش نہ ہو
النَصَّة۔ اسم مرۃ۔ مادہ چڑیا۔
النُصَّة۔ ماتھے پر لٹکے ہوئے بال۔ ج
نُصَص و نِصاص۔
النَصِيص۔ مص۔ نَصِيصُ القَوْمِ: لوگوں
کی تعداد۔
المَنَصَّة۔ حجلہ عروسی۔ دلہن کیلئے آراستہ
کیا ہوا کمرہ۔
المِنَصَّة۔ دلہن کے بٹھانے کی کرسی۔ پیوند
لگے ہوئے کپڑے۔ پاؤں سے روندے ہوئے
فرش۔ ج مَناصّ اور کہا جاتا ہے "وُضِعَ فُلانٌ
عَلَى المِنَصَّةِ" یعنی فلاں کی بے عزتی کی گئی۔
النَصّاص۔ ناک کو حرکت دینے والا۔
کہا جاتا ہے۔ "ہُوَ نَصّاصُ الاَنْفِ"
المَنْصُوص۔ مفع۔ تصریح شدہ۔ معین
نَصَأَ (ف) نَصْأً۔ پیشانی کے بال پکڑنا
الرَّجُلَ: ڈانٹنا۔ دفع کرنا۔
نَصَبَهُ (ض ن) نَصْبًا المَرَضُ او الهَمُّ:
تھکانا۔ تکلیف دینا۔ نَصَبَ الشَّيءَ: بلند کرنا۔
کھڑا کرنا۔ گاڑنا — الشَّجَرَةَ: پودہ لگانا — لَهُ
الحَرْبَ: کسی سے لڑائی کی بنیاد رکھنا — لَهُ الشَّرَّ
برائی ظاہر کرنا — لَهُ رَأْيًا: رائے دینا — لِفُلانٍ
دشمنی کرنا — الكَلِمَةَ: کلمہ کو زبر دینا یا زبر کے
ساتھ پڑھنا — الاَمِيرُ فُلانًا: کسی کو عہدہ پر مقرر کرنا۔
نَصِبَ (س) نَصَبًا تھکنا — فِي الاَمْرِ:
کوشش کرنا۔
نَصَّبَ الشَّيءَ: رکھنا۔ بلند کرنا۔ کہا جاتا ہے
"نَصَّبَتِ الخَيْلُ آذانَها" گھوڑوں نے اپنے کان
کھڑے کئے — الاَمِيرُ فُلانًا: کسی کو عہدہ پر مقرر
کرنا۔
اَنْصَبَهُ۔ تھکانا۔ حصہ مقرر کرنا — ہ
المَرَضُ: تکلیف دینا۔ اَنْصَبَ الحَدِيثَ: سند
بیان کرنا — السِّكِّينَ: چھری کا دستہ لگانا۔
ناصَبَهُ مُناصَبَةً۔ دشمنی کرنا۔ مقابلہ
کرنا — ہ الحَرْبَ او العَداوَةَ: لڑائی کا اعلان کرنا
دشمنی ظاہر کرنا۔
اِنْتَصَبَ۔ کھڑا ہونا۔ بلند ہونا — الحَرْفُ
حرف پر زبر ہونا — الطّابِخُ: پکانے والے کا
ہانڈی چڑھانا۔
تَنَصَّبَ۔ کھڑا ہونا — الغُبارُ و نَحْوُهُ:
بلند ہونا۔
تَناصَبُوا الشَّيءَ: باہم تقسیم کرنا۔
النَصْب۔ مص۔ کھڑا کیا ہوا جھنڈا۔ بلا۔
مرض۔ نتیجہ — عِنْدَ النُحاةِ: ایک حرکت اعرابی کا
نام اور اسی کے مقابلہ میں بنائی حرکت کو فتحہ کہتے
ہیں۔ نَصْبُ العَرَبِ: ایک قسم کا راگ جو حدی کے
مشابہ ہے۔
النِصْب۔ حصہ (نصیب میں ایک لغت)
النُصْب و النُصُب۔ کھڑی کی ہوئی چیز۔
کہا جاتا ہے "ہذا نُصْبُ عَيْنِي" یعنی یہ میری نگاہ کے
سامنے ہے۔ بت۔ ج اَنْصاب۔ مرض۔ بلا و مصیبت
النُصُب: حصہ۔ ہر وہ چیز جو علامت مقرر کی جائے
نِصاب کی جمع۔
الاَنْصاب۔ پتھر جو کعبہ کے اردگرد کھڑے
کئے گئے تھے اور وہاں جانور غیر اللہ کے نام کا
ذبح کرتے تھے۔
النَصَب۔ مص۔ کھڑی کی ہوئی علامت۔
ج اَنْصاب۔
النَصِب۔ بیمار۔ مبتلا درد۔
النَصْبَة۔ نَصَبَ کا اسم مرۃ۔ نصب کی
علامت گاڑنے کے لئے پودہ۔
النِصْبَة۔ گاڑنے کی نوعیت۔
النُصْبَة۔ ستون وغیرہ جو راستہ بتانے
کے لئے کھڑا کیا جائے۔ ج نُصَب۔
النِصاب۔ اصل۔ مرجع۔ سورج غروب
ہونے کی جگہ۔ ہر چیز کی ابتدا۔ چھری کا دستہ۔ مال
کی وہ مقدار جس پر زکوٰۃ واجب ہو۔ ج نُصُب۔
النَصِيب۔ حصہ۔ حوض۔ نصب کیا ہوا
پھندا۔ ج اَنْصِبَة و اَنْصِباء و نُصُب۔

النَّصِیبَۃ۔ حوض کے اردگرد کا پتھر۔ ج نَصَائِب۔

النَّاصِب۔ فا۔ تیز رفتار۔ ہَمٌّ نَاصِبٌ: تھکا دینے والا غم — عِنْدَ النُّحَاۃِ: نصب دینے والا عامل ج نَوَاصِب۔

النَّصَّاب۔ ہر کام میں خود گھسنے والا۔

الأَنَاصِیبُ و التَّنَاصِیب۔ راستہ پر کھڑے کئے ہوئے نشانات۔

الأَنْصَب۔ سیدھے سینگوں والا مؤنث نَصْبَاء۔ وَنَاقَۃٌ نَصْبَاءُ: اُبھرے ہوئے سینہ والی اونٹنی۔

المَنْصِب۔ اصل۔ مرجع۔ حسب و شرافت اور اسی سے ہے مَنْصِب بمعنے عہدۂ حکومت ج مَنَاصِب۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ مَنْصِبٌ" یعنی فلاں کیلئے علو مرتبہ ہے۔

المِنْصَب۔ دیگدان آہنی۔ ج مَنَاصِب

المَنْصَبَۃ۔ رنج و کلفت۔ کہا جاتا ہے "عَیْشٌ ذُو مَنْصَبَۃٍ" رنج و کلفت والی زندگی۔

المُنَصَّب۔ مفع۔ اَسْنَانٌ مُنَصَّبَۃٌ: خوبصورت ترتیب وار دانت۔

المَنْصُوب۔ مفع۔ وہ کلمات جن پر نصب ہو

المَنْصُوبَۃ۔ المنصوب کا مؤنث۔ حیلہ کہا جاتا ہے "سَوَّی لَہٗ مَنْصُوبَۃً" اس نے اس کے لئے حیلہ سوچا۔

نَصَتَ (ض) نَصْتًا وَأَنْصَتَ و اِنْتَصَتَ لَہٗ: بات سننے کے لئے خاموش رہنا أَنْصَتَہٗ: خاموش کرنا۔

تَنَصَّتَ۔ خاموش رہنے اور سننے کی کوشش کرنا۔

اِسْتَنْصَتَ۔ خاموش کھڑا ہونا — ہٗ خاموش رہنے کی درخواست کرنا۔

النُّصْتَۃ۔ خاموشی۔

نَصَحَ (ف) نُصْحًا و نُصُوحًا و نَصَاحَۃً و نِصَاحَۃً و نَصَاحِیَۃً۔ فُلَانًا و لِفُلَانٍ: نصیحت کرنا۔ مخلص ہونا۔ صفت نَاصِحٌ ج نُصَّاحٌ و نُصَّحٌ۔ کہا جاتا ہے لَا أُرِیدُ مِنْکَ نُصْحًا وَلَا انْتِصَاحًا یعنی میں نہیں چاہتا کہ تم مجھ کو نصیحت کرو اور تم مجھے ناصح سمجھو۔

نَصَحَ (ف) نُصْحًا و نُصُوحًا الشَّیْءُ: خالص ہونا۔ صاف ہونا — تَوْبَۃً: پختہ توبہ کرنا — العَمَلَ: خالص طریقہ سے کرنا — العَسَلَ: شہد صاف کرنا — الثَّوْبَ: کپڑا سینا — الغَیْثُ البَلَدَ: اچھی طرح سے سیراب کر کے سبزہ زار کر دینا۔

نَاصَحَ، مُنَاصَحَۃً۔ ایک دوسرے کو نصیحت کرنا — نَفْسَہٗ بِالتَّوْبَۃِ: خالص توبہ کرنا۔

أَنْصَحَ الرَّاعِی الإِبِلَ: سیراب کرنا۔

تَنَصَّحَ۔ بہت نصیحت کرنا۔ نصیحت کرنے والوں کے مشابہ ہونا — الثَّوْبَ: کپڑا سینا۔

اِنْتَصَحَ۔ نصیحت قبول کرنا — فُلَانًا خیرخواہ سمجھنا۔

اِسْتَنْصَحَہٗ۔ خیرخواہ سمجھنا۔

النِّصَاح۔ دھاگہ۔ سلک۔ ج نُصُحٌ و نِصَاحَۃٌ۔

النِّصَاحَات۔ چمڑے اسلئے کہ بعض کو بعض سے ملا کر سیتے ہیں۔ پھندے۔ واحد نِصَاحَۃ

النَّاصِح۔ خالص شہد وغیرہ۔ اور کہا جاتا ہے رَجُلٌ نَاصِحُ الجَیْبِ یعنی صاف دل مرد۔

النَّاصِحُ و النَّصَّاحُ و النَّاصِحِیُّ۔ درزی

النَّصِیح۔ خیرخواہ۔ نصیحت کرنیوالا ج نُصَحَاء

النَّصُوح۔ نصیحت کرنے والا (مذکر و مؤنث) تَوْبَۃٌ نَصُوحٌ: خالص توبہ۔

النَّصِیحَۃ۔ اسم مصدر۔ اخلاص۔ خیر و صلاح کی طرف بلانا اور شر و فساد سے روکنا۔ ج نَصَائِحُ۔

غُیُوثٌ نَوَاصِحُ۔ لگاتار بارشیں۔

المِنْصَحُ و المِنْصَحَۃ۔ سوئی۔

المُتَنَصَّح۔ مفع۔ ثَوْبٌ مُتَنَصَّحٌ۔ پیوند لگا ہوا یا سلا ہوا کپڑا۔ اور کہا جاتا ہے اِنَّ فِی ثَوْبِہٖ مُتَنَصَّحًا اس کے کپڑے میں سینے کی جگہ ہے۔

نَصَرَہٗ (ن) نَصْرًا۔ مدد کرنا — ہٗ مِنْ و عَلَی عَدُوِّہٖ: دشمن سے نجات دلانا۔ کسی کے برخلاف مدد دینا۔ نَصَرَ الغَیْثُ الأَرْضَ: عالمگیر بارش ہونا — فُلَانًا: دینا۔

نُصِرَتِ الأَرْضُ: بارش ہونا۔

نَصَّرَہٗ۔ نصرانی بنانا۔

نَاصَرَہٗ مُنَاصَرَۃً۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

تَنَصَّرَ۔ نصرانی ہونا۔ تَنَصَّرَ لَہٗ: مدد کی کوشش کرنا۔

تَنَاصَرَ القَوْمُ: باہم مدد کرنا۔ کہا جاتا ہے تَنَاصَرَتِ الأَخْبَارُ یعنی خبروں نے ایک دوسرے کی تصدیق کی۔

اِنْتَصَرَ۔ مدد کرنے میں غالب ہونا۔ کامیاب ہونا۔ ظالم سے بچنا — مِنْ عَدُوِّہٖ: دشمن سے بدلہ لینا — عَلَی خَصْمِہٖ: غالب ہونا۔

اِسْتَنْصَرَہٗ۔ مدد طلب کرنا۔ اِسْتَنْصَرَ بِہٖ فریاد کرنا — فُلَانًا عَلَی فُلَانٍ: کسی کے برخلاف مدد کرنے کی درخواست کرنا۔

النَّصْر مص۔ مددگار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَصْرٌ و قَوْمٌ نَصْرٌ" بمعنے رَجُلٌ نَاصِرٌ وَ قَوْمٌ نَاصِرُونَ: جمع نَاصِرٌ کی جیسے رَکْبٌ جمع رَاکِبٌ کی۔ النَّصْر: بارش۔

النَّصْرَۃ۔ نصر کا اسم مرۃ۔ کامل بارش۔

النُّصْرَۃ۔ مدد اور بہترین اعانت۔ کامل بارش۔

النَّصْرَانِیّ۔ شہر ناصرہ کی طرف منسوب۔ وہ لوگ جو حضرت عیسیٰ علی نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام کے متبع ہیں۔ ج نَصَارٰی مؤنث نَصْرَانِیَّۃٌ۔

النَّصْرَانِیَّۃ۔ نصاریٰ کا دین۔

النَّصْرَان۔ نصرانی۔ مؤنث نَصْرَانَۃٌ۔

النَّاصِر۔ فا۔ ج نَاصِرُونَ و نُصَّارٌ و نُصَرَاءُ و أَنْصَارٌ والأَنْصَارُ عَلَی الإِطْلَاقِ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مددگار جو باشندگان مدینہ طیبہ تھے۔ اور نسبت کے لئے اَنْصَارِیٌّ کہا جاتا ہے۔ النَّاصِر: وادی کی طرف بہنے کی نالی۔ ج نَوَاصِر۔ کہا جاتا ہے "مَدَّتِ الوَادِیَ النَّوَاصِرُ" وادی کو نالیوں نے بڑھا دیا۔

النَّاصِرَۃ۔ النَّاصِر کا مؤنث۔ (وناصرہ ایک شہر کا نام جو حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی جائے پیدائش تھی اور نسبت کیلئے ناصِرِیّ۔

النَّصُوْر والنَّصْر۔ مددگار۔

النَّصِیْر۔ مددگار۔ ج نُصَرَاء وَاَنْصَار۔

النَّصِیْرَۃ۔ النَّصِیْر کا مؤنث۔ عطیہ۔ ج نَصَائِر۔

النُّصَیْرِیَّۃ۔ غالی شیعوں کا ایک فرقہ جو شام کے شمال میں رہتے ہیں اور اپنے اعتقادات کو لوگوں سے چھپاتے ہیں۔ واحد نُصَیْرِیّ۔

النَّاصُوْر۔ ناسور۔ ج نَوَاصِیْر۔

النَّصَّار۔ بہت مدد کرنے والا۔

الاَنْصَر۔ غیر مختون۔

المَنْصُوْر۔ مفع۔ اَرْضٌ مَنْصُوْرَۃٌ: بارش شدہ زمین۔

نَصَعَ (ف) نُصُوْعًا ونَصَاعَۃً الشَّیْءُ: خالص ہونا (— نُصُوْعًا) الاَمْرُ: واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَصَعَ الحَقُّ" یعنی حق ظاہر ہو گیا۔ — اللَّوْنُ: بہت سفید ہونا — الشَّارِبُ پیاسے کا پیاس بجھانا — الاُمُّ بِہٖ: جننا کہا جاتا ہے "قَبَّحَ اللّٰہُ اُمًّا نَصَعَتْ بِہٖ" اللہ اس ماں کا برا کرے جس نے اس کو جنا ہے (— و اَنْصَعَ) بِالحَقِّ: حق کا اقرار کر کے ادا کرنا۔ اَنْصَعَ لِلشَّرِّ: برائی کے درپے ہونا۔

النَّصْع والنِّصْع والنُّصْع۔ بہت سفید چمڑا یا کپڑا۔

النِّصَع۔ چمڑے کا فرش جس پر مجرم کو قتل کیا جاتا تھا۔

النَّاصِع والنَّصِیْع۔ خالص۔ صاف۔ کہا جاتا ہے اَصْفَرُ نَاصِعٌ اَبْیَضُ نَاصِعٌ حَقٌّ نَاصِعٌ: خالص حق۔ حَسَبٌ نَاصِعٌ: خالص حسب۔ کہا جاتا ہے اَحْمَرُ نَصَّاع یعنی خالص سرخ — حُمْرَۃٌ نَصَّاعَۃٌ: خالص سرخی۔

المَنَاصِع۔ قضاء حاجت کے مقامات۔ واحد مَنْصَع۔

اَلْمَنْقُوْشُ مفع۔ دینار۔ کچی کھجور جس کو پکنے کے لئے کانٹا ماریں۔
ــــ الشَّجَّۃُ المُنَقِّشَۃُ والمَنْقُوْشَۃُ۔ زخم جس سے ہڈیاں نکالی جائیں۔
نَقَصَ (ن) نَقْصًا و تَنْقَاصًا و نُقْصَانًا الشَّیْءُ: کم ہونا۔ گھٹنا۔ نَقَصْتُ الشَّیْءَ: گھٹانا۔ نَقَصْتُ زَیْدًا حَقَّہٗ: حق کم کردینا گھٹا دینا۔
نَقُصَ (ک) نَقَاصَۃً المَاءُ: پانی میٹھا و خوشگوار ہونا۔
نَقَّصَ الشَّیْءَ و اَنْقَصَہٗ: گھٹانا۔
اِنْتَقَصَ الشَّیْءُ: گھٹنا ــــ الشَّیْءَ: گھٹانا الرَّجُلَ: عیب جوئی کرنا۔ اِنْتَقَصَہٗ حَقَّہٗ: حق کم کرنا
تَنَقَّصَ فُلَانًا: مذمت کرنا۔ نقص کی نسبت کرنا ــــ الشَّیْءَ: تھوڑا تھوڑا لینا۔
تَنَاقَصَ الشَّیْءُ: آہستہ آہستہ گھٹنا۔
اِسْتَنْقَصَ الثَّمَنَ: قیمت گھٹانے کیلئے کہنا تھوڑا پانا ــــ الرَّجُلَ: نقصان کی نسبت کرنا۔
اَلنَّاقِصُ۔ فا۔ درہم ناقص: کم وزن کا درہم ج نُقَّصٌ۔
اَلنَّقْصُ۔ مص۔ یہ نقصان کے مانند ہے مگر فرق یہ ہے کہ نقصان کا استعمال دین اور عقل میں نہیں ہوتا۔ کہا جاتا ہے۔ "دَخَلَ عَلَیْہِ نَقْصٌ فِی دِیْنِہٖ وعَقْلِہٖ اور دَخَلَ عَلَیْہِ نُقْصَانٌ فِی دِیْنِہٖ و عَقْلِہٖ" نہیں کہا جاتا۔
اَلنُّقْصَانُ۔ مص گھٹی۔ کمی۔ کہا جاتا ہے۔ "نُقْصَانُہٗ کَذَا وکَذَا" اس کا نقصان اتنا اور اتنا ہے
اَلنَّقِیْصُ۔ خوشگوار میٹھا پانی۔ ہر عمدہ و خوشبودار چیز۔
اَلنَّقِیْصَۃُ۔ عیب گیری۔ بری خصلت ج نَقَائِصُ۔
اَلْمَنْقَصَۃُ۔ کمی۔ نقصان۔ ج مَنَاقِصُ
نَقَضَ (ن) نَقْضًا البِنَاءَ: عمارت ڈھانا۔ ــــ العَظْمَ: ہڈی توڑنا ــــ الحَبْلَ: رسی کھولنا۔ ــــ العَہْدَ اوالاَمْرَ: مضبوطی کے بعد خراب کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَقَضَ فُلَانٌ وِتْرَہٗ" یعنی فلاں نے اپنا بدلہ لے لیا۔
نَقَضَ (ن ض) نَقْضًا المَفْصَلُ والاَدِیْمُ ونَحْوُہُمَا: جوڑ یا چمڑے کا تڑتڑ کرنا۔
نَاقَضَ مُنَاقَضَۃً و نِقَاضًا قَوْلُہُ الثَّانِی قَوْلَہُ الاَوَّلَ: مخالف ہونا۔
اَنْقَضَتِ العُقَابُ: عقاب کا آواز نکالنا
اَنْقَضَ اَصَابِعَہٗ: انگلیاں چٹخانا ــــ الکَمْأَۃُ وعَنِ الکَمْأَۃِ: سانپ کی چھتری کو زمین سے نکالنا بِالْمَعْزِ: بکری کو بلانا ــــ الحِمْلُ الظَّہْرَ: بوجھل کرنا (ــــ و نَقَّضَ الکَمْءُ: سانپ کی چھتری کا زمین کو پھاڑنا۔ و نَقَّضَ الاَرْضَ: مٹی علیحدہ کردینا۔
تَنَقَّضَ الدَّمُ: خون ٹپکنا ــــ الجُرْحُ: زخم سے خون بہنا ــــ الحَبْلُ: رسی کا کھل جانا ــــ البَیْتُ: تڑکنا۔ تَنَقَّضَتْ عِظَامُہٗ: ہڈیوں سے آواز نکلنا ــــ الاَرْضُ عَنِ الکَمْأَۃِ:

زمین کا پھٹنا۔
تناقض البناءُ او الحبلُ: عمارت کا تڑکنا یا رسّی کا کھلنا — القولان: ایک دوسرے کے مخالف ہونا۔ تناقضا البیعَ: بیع کو باہم توڑنا۔
انتقض البناءُ: عمارت کا تڑکنا — الحبلَ: رسّی کھلنا — الجرحُ بعدَ برءِہٖ: زخم کا خراب ہونا — الامرُ بعدَ التئامِہٖ: فاسد ہونا بگڑنا۔ انتقضت الطہارۃُ۔ طہارت کا زائل ہونا کہا جاتا ہے "انتقض علیہِ البلدُ" یعنی شہر والوں نے بغاوت کی۔
النُقاضۃ۔ ٹٹی ہوئی رسّی کا جو حصہ کھولدیا جائے
النَقض۔ مم۔ مفاعلتن کا ساتواں حرف حذف کرنا اور پانچویں کو ساکن کرنا۔
النِقض۔ عمارت۔ ملبہ۔ کثرتِ سفر سے لاغر شدہ۔ خیمہ یا کمبل جو ادھیڑ کر دوبارہ کاتا جائے زمین کی باریک تہ جو سانپ کی چھتری سے پھٹ جائے۔ ج انقاض ونقوض۔
النُقض عمارت کا جو حصہ ٹوٹ جائے۔ ج انقاض ونقوض۔
النُقض۔ کشتی کا ایک پیچ۔
النَقَض۔ خیمہ یا کمبل جو ادھیڑ کر دوبارہ کاتا جائے۔
النَقضۃ۔ نقض کا اسم مرۃ۔
النِقضۃ۔ نقض کا اسم نوع۔ کثرتِ سفر سے لاغر شدہ۔ کہا جاتا ہے ناقۃٌ نِقضۃٌ: ج انقاض۔
النَقیض۔ مخالف۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ ہو نقیضُکَ" فلاں تمہارا مخالف ہے۔ مؤنث نقیضۃٌ۔ النقیضُ من الادمِ والرحلِ والوترِ والاصابعِ والاضلاعِ والمفاصلِ ونحوِہا: آواز النقیض: چوزے۔ بچھو۔ مینڈک۔ عقاب۔ شتر مرغ کی آواز۔ نقیضُ السقفِ: چھت کی چرچراہٹ۔ نقیضُ کلِّ شیءٍ: ہر چیز کا رفع۔ مثلاً جب ہم کہیں کہ کلُّ انسانٍ حیوانٌ بالضرورۃ تو اس کی نقیض انہٗ لیس کذلک ہوگی۔
النقیضان۔ دو چیزیں جن کا اجتماع ایک ہی جہت سے ممتنع ہو جیسے ایجاب و سلب۔
النَقیضۃ۔ پہاڑی راستہ۔ اسم ہے مناقضۃ کا والنقیضۃُ فی الشعرِ: نظم جو کسی نظم کے جواب میں ہو۔ کہا جاتا ہے "ہٰذہٖ القصیدۃُ نقیضۃُ قصیدۃِ فلانٍ" یہ قصیدہ فلاں کے قصیدہ کے جواب میں ہے اور اسی سے ہے نقائض جریر و فرزدق۔
التناقض۔ مم۔ باہم مخالف ہونا۔ کہا جاتا ہے "فی کلامہٖ تناقضٌ" یعنی اس کے کلام میں تخالف ہے۔ بعض کا بعض سے ابطال ہو جاتا ہے۔
نَقَطَ (ن) نَقطًا الحرفَ: حرف پر نقطے لگانا۔ صفت فاعلی نقّاط اور صفت مفعولی منقوطٌ (— ونَقَطَ) بہٖ الزمانُ: زمانہ کا موافق ہونا۔ ونقّطَ الحرفَ: حرف پر نقطے لگانا۔ نقّطَ ثوبَہٗ بالمدادِ او الزعفرانِ: کپڑے کو روشنائی یا زعفران سے بوٹی دار بنانا۔
تنقّطَ المکانُ: گھاس کے متفرق قطعے ہونا — فلانٌ الخبرَ: آہستہ آہستہ لینا۔ تنقّطتُ الخبزَ: آہستہ آہستہ میں نے روٹی کھائی
الناقِط۔ فا۔ غلام کا غلام۔
النَقطۃ۔ نقط کا اسم مرۃ۔
النُقطۃ۔ نقطہ۔ فل اسٹاپ۔ ج نِقاط ونُقَط۔ کہا جاتا ہے نِقاطٌ او نُقَطٌ من الکلأ۔ گھاس کے متفرق ٹکڑے۔ "وما اختلفوا فی نُقطۃٍ" یعنی انھوں نے پوری طرح موافقت کی۔
نقطۃُ الدائرۃِ: دائرہ کا مرکز۔
النَقیط۔ غلام کا غلام۔
المنقوط۔ مفع۔ المنقوطُ من الشعرِ: شعر جس کے تمام حروف نقطے والے ہوں۔
کتابٌ منقوطٌ: کتاب جس میں اعراب لگے ہوئے ہوں
نَقَعَ (ن) نقعًا۔ آواز بلند کرنا — الجیبَ: گریبان پھاڑنا — فلانًا: قتل کرنا۔
— ریقَہٗ: تھوک منہ میں جمع کرنا — الموتُ: زیادہ ہونا — فلانًا بالشتمِ: بہت بری گالی دینا — بالشرابِ: شفا پانا — الدواءَ وغیرَہٗ فی الماءِ: بھگونا — الرجلُ: مہمانوں کیلئے جانور ذبح کرنا۔
نقعَ (ف) نُقوعًا الصوتُ: آواز بلند ہونا — الصارخُ بصوتِہٖ: لگاتار چلانا — لہٗ الشرَّ: ہمیشہ کرنا — من الماءِ وبہٖ: سیراب ہونا — السمُّ فی انیابِ الحیّۃِ: زہر کا سانپ کے دانتوں میں جمع ہونا۔ کہا جاتا ہے "ما نقعتُ بخبرِہٖ" یعنی میں نے اس کی تصدیق نہیں کی۔
نقعَ (ف) نقعًا ونقوعًا الماءُ فی بطنِ الوادی: پانی کا وادی میں جمع ہونا اور دیر تک ٹھہرنا — الماءُ العطشَ: پانی کا پیاس کو بجھانا
انقعَ الدواءَ وغیرَہٗ فی الماءِ: بھگونا — الصارخُ بصوتِہٖ: لگاتار چلانا — الماءُ فلانًا: سیراب کرنا — الماءُ: زرد ہونا اور رنگ بدل جانا — الرجلُ: مہمانی کیلئے جانور ذبح کرنا۔ — الحیّۃُ السمَّ فی انیابِہا: سانپ کا زہر کو اپنے دانتوں میں جمع کرنا — لفلانٍ شرًّا: دل میں چھپانا — المیّتَ: میت کو دفن کرنا — العطشُ: پیاس کا بجھنا۔
انتقعَ النقیعۃَ: مہمانی کے لئے جانور ذبح کرنا — القومُ نقیعۃً: تقسیم سے پہلے مالِ غنیمت کے کسی جانور کو ذبح کرنا۔
انتُقِعَ لونُہٗ: غم یا گھبراہٹ کی وجہ سے چہرہ کا رنگ بدل جانا۔
استنقعَ الصوتُ: آواز بلند ہونا — الماءُ: پانی کا زرد اور متغیر ہونا — فلانٌ فی النہرِ: نہر میں داخل ہونا اور ٹھنڈک حاصل کرنے کیلئے دیر تک ٹھہرنا — الماءُ فی الغدیرِ: پانی کا تالاب میں جمع ہونا۔
استُنقِعَ لونُہٗ: رنگ بدل جانا — الشیءُ فی الماءِ: بھگویا جانا۔
الناقِع۔ فا۔ سمٌّ ناقعٌ: زہر قاتل۔ دواءٌ ناقعٌ: مفید دوا۔ دمٌ ناقعٌ: تازہ خون۔
النَقع۔ مم۔ جمع شدہ پانی۔ ج انقُع۔ النقع

غبار۔ ج نِقاع و نُقُوع۔ والنَّقِیعُ: مکہ معظمہ کے
قریب ایک جگہ کا نام۔ سنگستانی زمین جس میں
پانی جمع ہو۔ نرم و ہموار زمین۔ پانی رکنے کی جگہ
ج نِقاع و اَنقُع۔ نَقعُ البِئرِ: پانی جو کنوئیں میں
جمع ہو۔ کنوئیں کے پانی کی زیادتی۔
النَّقّاع۔ خشک انگور وغیرہ بھگونے کا برتن
النُّقاعۃ۔ پانی وغیرہ جس میں کوئی چیز
بھگوئی جائے۔
النَّقعاء۔ نرم و ہموار زمین سنگستانی زمین
جس میں پانی جمع ہو۔ غبار۔ آواز۔ ج نِقاع۔
النَّقّاع۔ اسم مبالغہ۔ ایسے فضائل کا دعویٰ
کرنے والا جو اس کے اندر نہ ہوں۔
النَّقُوع۔ رنگ کہ جس میں خوشبو پڑی ہوئی
ہو۔ میٹھا ٹھنڈا پانی۔ وہ چیز جو پانی میں بھگوئی
جائے۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ نَقُوعُ اُذُنٍ" فلاں
ہر چیز تسلیم کر لیتا ہے۔
النَّقِیع۔ خشک انگور کی شراب جو پانی
میں بھگو کر بنائی جائے۔ ہر وہ چیز جس میں خشک
کھجور بھگوئی جائے۔ ٹھنڈا میٹھا پانی۔ بہت
پانی والا کنواں۔ ج اَنقِعۃ۔ چیخ۔ مرد جس کی
ماں غیر قوم کی ہو۔ دَواءٌ نقیع: مفید دوا۔
النَّقِیعۃ۔ کھانا جو سفر سے واپس آنے
والے کیلئے تیار کیا جائے۔ جانور جو مہمانی کے
لئے ذبح کیا جائے۔ ج نَقائِع۔ اور اسی سے
ہے۔ "النّاسُ نَقائِعُ المَوتِ" یعنی موت نے
لوگوں کو ذبح کر دیا۔
الاَنقَع۔ اسم تفضیل۔ زیادہ پیاس
بجھانے والا۔ اور اسی سے مثال ہے "الرَّشفُ
اَنقَعُ" یعنی تھوڑا تھوڑا کر کے پینا پیاس کیلئے
زیادہ بجھانے والا ہوتا ہے۔ جلد بازی کے
ترک کی مثال دی جاتی ہے۔
الاُنقُوعۃ۔ ہر ایسی جگہ جہاں پانی بہکر
آئے "اُنقُوعۃُ المِیزابِ": پرنالے میں پانی بہنے
کی جگہ۔
المُستَنقَع۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ تالاب
کی وہ جگہ جہاں پانی میں گھس کر آدمی غسل کرے
المَنقَع۔ سمندر۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔
پانی سے سیرابی۔ ج مَناقِع۔
المِنقَع۔ برتن جس میں کوئی چیز بھگوئی جائے
المُنقَع۔ مٹکا۔ پتھر کا چھوٹا برتن۔ ہر وہ چیز
جو بھگوئی جائے۔ خالص دودھ کہ جس کو ٹھنڈا
کریں اور پیویں۔ سَمٌّ مُنقَعٌ: زہر جس میں اور زہر
ملا کر قوت بڑھا دی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ
مُنقَعٌ" فلاں کی رائے سے تسلی ہوتی ہے۔
المُنقُع۔ چھوٹی ہانڈی جس میں دودھ،
کھجور ڈالتے ہیں اور بچہ کو کھلاتے ہیں۔
المِنقَعۃ۔ خشک انگور وغیرہ بھگونے کا
برتن (۔۔۔ والمَنقَعۃ) بمعنے مَنقَع۔
نَقَفَ (ن) نَقفًا ہامۃَ الرَّجُلِ: کھوپری
توڑ دینا ۔۔۔ فُلانًا: ہلکی ضرب مارنا ۔۔۔
الفَرخُ البَیضۃَ: پرندہ کے بچے کا انڈے میں
سوراخ کر کے نکلنا ۔۔۔ الرُّمّانۃَ: انار چھیل کر
دانے نکالنا ۔۔۔ الحَنظَلَ دَحوۃً: اندرائن توڑ کر
دانہ نکالنا۔ صفت فاعلی ناقِف اور صفت مفعولی
نَقِیف و مَنقُوف ۔۔۔ الشَّرابَ: صاف کرنا اور
بقول بعض ملانا ۔۔۔ عَنِ الشَّیءِ: کھود کرید کرنا۔
نَقَفَہ بِظُفرِہِ: ناخن سے مارنا۔
ناقَفَہ مُناقَفۃً و نِقافًا سر پر تلوار مارنا
اَنقَفَ الجَرادُ الوادِیَ: انڈوں سے بھر دینا
۔۔۔ فُلانًا العَظمَ: ہڈی سے مغز نکالنے کیلئے
دینا ۔۔۔ وَتَنَقَّفَ الحَنظَلَ: دانہ نکالنے کیلئے
اندرائن توڑنا۔
اِنتَقَفَ الشَّیءَ: نکالنا ۔۔۔ الحَنظَلَ: دانہ
نکالنے کے لئے اندرائن توڑنا۔
رَجُلٌ نِقافٌ۔ دور اندیش مرد۔ کہا جاتا ہے
جاءَا فی نِقافٍ واحِدٍ "وہ دونوں برابر برابر آئے
کوئی آگے پیچھے نہیں تھا۔ اور نقاف اصل میں
ان دو بچوں کو کہتے ہیں جو ایک ہی انڈے سے
نکلیں۔ اور کہا جاتا ہے "اَلیَومَ قِحافٌ وغَدًا نِقافٌ"
آج شراب نوشی کا دن ہے اور کل معاملہ ہے۔
النِّقف والنَّقَف۔ بچہ جس وقت کہ
انڈے سے نکلے۔
النَّقَفۃ۔ پہاڑ کی چوٹی یا ٹیلہ پر چھوٹا سا
گڑھا۔
النَّقّاف۔ اصرار کے ساتھ سوال کرنے والا
سوال کرنے میں حریص۔ لکڑی کا بہت چھیلنے والا
رَجُلٌ نَقّافٌ: مرد دور اندیش۔
النَّقّافۃ۔ سوال کرنے میں حریص۔
النَّقِیف۔ تنہ جس کو دیمک نے کھا لیا ہو
ج نُقُف۔
المِنقاف۔ پرندے کی چونچ۔ ایک قسم کی
کوڑی۔
المَنقُوف۔ بمعنے۔ زرد رو۔ دبلا پتلا۔ کمزور
جِذعٌ مَنقُوفٌ: دیمک خوردہ تنہ۔ عَینانِ
مَنقُوفَتانِ: سرخ آنکھیں۔
نَقَلَ (ن) نَقلاً الشَّیءَ: ایک جگہ سے
دوسری جگہ منتقل کرنا ۔۔۔ خُفَّ البَعیرِ او الثَّوبَ
او النَّعلَ: پیوند لگانا اور درست کرنا ۔۔۔
الکَلامَ عَن قائِلِہِ: روایت کرنا ۔۔۔ الکِتابَ:
نقل کرنا ۔۔۔ الکِتابَ اِلیٰ لُغۃِ کَذا: ترجمہ کرنا۔
نَقَّلَ۔ الشَّیءَ: زیادہ منتقل کرنا ۔۔۔
الخُفَّ والثَّوبَ: پیوند لگانا اور درست کرنا۔
تشدید مبالغہ کیلئے ہے۔ نَقَّلَتِ الشَّجّۃُ العَظمَ:
زخم کا ہڈی کو توڑنا ۔۔۔ فُلانٌ الضَّیفَ: مہمان
کو نقل کھلانا (دیکھئے نقل)
ناقَلَ الفَرَسُ: جلدی جلدی ٹانگیں اٹھانا
دوڑنے میں پتھروں سے بچنا۔ ناقَلتُہُ الحَدِیثَ:
میں نے اس سے اور اس نے مجھ سے روایت
کی۔ ناقَلَہُ الاَقداحَ: ایک دوسرے سے لینا دینا
ناقَلتُ فُلانًا: پینے میں کسی کے ساتھ جھگڑا کرنا۔
ناقَلَ الشّاعِرُ الشّاعِرَ: ایک شاعر کا دوسرے
شاعر سے مقابلہ کرنا۔
اَنقَلَ الخُفَّ او النَّعلَ: درست کرنا۔
تَنَقَّلَ مِن مَکانٍ اِلیٰ آخَرَ: منتقل ہونا۔
زیادہ منتقل ہونا ۔۔۔ الرَّجُلُ: نقل کھانا۔

(دیکھئے نقل)

تَنَاقَلُوا۔ الحَدِیثَ فِیمَا بَینَھُم۔ بعض کا بعض سے نقل کرنا۔

اِنْتَقَلَ مِن مَکَانٍ اِلیٰ آخَر: منتقل ہونا۔ فُلَانٌ اِلیٰ رَحمَۃِ اللّٰہِ اَو اِلیٰ رِضوَانِہٖ: مرنا۔ اِنْتَقَلَ الفَرَسُ: چلنے میں پچھلے پاؤں کو اگلے پاؤں کی جگہ میں رکھنا۔

النَّاقِلُ۔ فا۔ ج نَاقِلُونَ و نَقَلَۃٌ۔

النَّاقِلَۃُ۔ النَّاقِلُ کا مؤنث ج نَوَاقِلُ۔ ونَوَاقِلُ الدَّھرِ: حوادثِ زمانہ۔ جو ایک حال سے دوسرے حال کی طرف بدلیں۔ النَّاقِلَۃُ مِنَ النَّاسِ: وہ لوگ جن کی عادت ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے کی ہو۔ نَوَاقِلُ العَرَبِ: وہ لوگ جو ایک قبیلہ سے دوسرے قبیلہ کی طرف منتقل ہوں اور اسی کی طرف اپنی نسبت کریں۔

النِّقَالُ۔ مصدر نَاقَلَ۔ چوڑے چھوٹے نیزے کے پھل واحد نَقَلَۃٌ۔ النِّقَالُ: اونٹ کا بغیر کسی کے خود پینا۔ کہا جاتا ہے "شَرِبَتِ الاِبِلُ نِقَالاً" اونٹ نے خود بخود پانی پیا۔

النَّقَّالُ۔ اسم مبالغہ۔ وہ شخص جو چیزوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرے۔ فَرَسٌ نَقَّالٌ: تیز رفتار گھوڑا۔

النَّقَلُ۔ مف۔ پرانا جوتا یا موزہ۔ کہا جاتا ہے "نَعلٌ نَقَلٌ و خُفٌّ نَقَلٌ" النَّقلُ والنُّقلُ وہ چیز جو شراب کے ساتھ استعمال کی جائے جیسے پستہ سیب وغیرہ۔ ج نُقُولٌ و نُقُولَاتٌ مختصر راستہ۔

النَّقلُ عِندَ اَھلِ العَرَبِیَّۃِ: ایک لفظ کو ایک معنی کے لئے وضع کر لینے کے بعد دوسرے معنی کے لئے وضع کرنا۔

النِّقلُ۔ پرانا جوتا یا چرمی موزہ۔

النَّقَلُ۔ پرانا جوتا یا چرمی موزہ۔ ج اَنقَالٌ و نِقَالٌ۔ النَّقَلُ: شور و شغب کے ساتھ جواب۔ تیر کا پر جو ایک تیر سے نکال کر دوسرے میں لگایا جائے۔ کہا جاتا ہے "لَا تَرِشْ سَھمِی بِنَقَلٍ" تباہ شدہ مکان کا ملبہ۔ چھوٹے چھوٹے پتھر۔ مختصر راستہ۔

مَکَانٌ نَقِلٌ۔ چھوٹے چھوٹے پتھر والی جگہ۔ رَجُلٌ نَقِلٌ۔ حاضر جواب۔ سخت جھگڑالو۔

النَّقْلَۃُ۔ نقل کا اسم مرۃ۔ نِقَال کا واحد

النُّقلَۃُ۔ اسم ہے بمعنے انتقال۔ چغلی۔ ج نُقَلٌ۔

النِّقلَۃُ۔ نَقَلَ کا اسم نوع۔ عورت جس کو کبر سنی کی وجہ سے پیغام نہ دیا جائے۔ ج نِقَلٌ

النَّقِیلُ۔ مسافر (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَقِیلٌ و اِمرَأَۃٌ نَقِیلٌ" سیلاب جو بارش شدہ زمین سے خشک زمین میں آئے۔ کہا جاتا ہے۔ "ھٰذَا فَرَسٌ ذُو نَقِیلٍ" یہ گھوڑا تیز رفتار ہے۔ النَّقِیلُ: مختصر راستہ۔ جوتے۔

النَّقِیلَۃُ۔ مسافر عورت۔ جوتہ یا چرمی موزہ کا پیوند۔ ج نَقَائِلُ و نُقُلٌ۔

فَرَسٌ مُنَاقِلٌ و نَقَّالٌ و مِنقَلٌ تیز رفتار گھوڑا۔

المَنقَلُ۔ پہاڑی راستہ۔ مختصر راستہ۔ پرانا جوتا یا پرانا چرمی موزہ۔

المَنقَلَۃُ۔ سفر کے منازل میں سے ایک منزل۔ ٹکڑا جو اونٹ کے کھر میں لگایا جائے۔ اَرضٌ مَنقَلَۃٌ: چھوٹے چھوٹے پتھروں والی زمین

المِنقَلَۃُ۔ نقل مکانی کا آلہ۔ ج مَنَاقِلُ والمِنقَلَۃُ عند المولدین: ایک قسم کا کھیل ہے جو ایک لمبی لکڑی سے بناتے ہیں اور اس میں چودہ گڑھے دو صف میں بناتے ہیں اور ہر گڑھے میں سات سات کنکریاں ڈالتے ہیں اور پھر اس کو گھماتے ہیں۔

نَقَمَ (ض) و نَقِمَ (س) نَقمًا و تَنقَامًا مِن فُلَانٍ: سزا دینا — الاَمرَ عَلیٰ فُلَانٍ او مِن فُلَانٍ: عیب لگانا۔ بہت مکروہ جاننا کہا جاتا ہے "نَقَمَ فُلَانٌ وِترَہٗ" یعنی بدلہ لیا۔ وَمَا تَنقِمُ مِنَّا نہیں طعن و تشنیع کرتے ہو تم (— نَقمًا) الشَّیءَ: جلدی کھانا۔

نَقَّمَ تَنقِیمًا۔ بہت زیادہ مکروہ جاننا۔

اِنْتَقَمَ مِنہُ: سزا دینا۔

النَّقَمُ۔ مع۔ راستہ کا وسط۔

النَّقمَۃُ والنِّقمَۃُ والنَّقِمَۃُ۔ اسم ہے انتقام کا۔ سزا۔ بدلہ۔ ج نِقَمٌ و نَقِمٌ و نَقِمَاتٌ۔

النَّقِیمَۃُ۔ بدل ہے نَقِیبَۃٌ سے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَیمُونُ النَّقِیمَۃِ" فلاں پاک نفس ہے۔

نَقنَقَ الضِّفدَعُ: مینڈک کا ٹر ٹر کرنا۔ نَقنَقَتِ العَینُ: آنکھ کا دھنس جانا۔

النِّقنِقُ۔ نر شتر مرغ۔ ج نَقَانِقُ۔

نَقِہَ (ف) نُقُوھًا و نَقِہَ (س) نَقَھًا۔ فُلَانٌ مِن مَرَضِہٖ: صحتیاب ہونا۔ اور ضعف باقی رہنا۔ صفت نَاقِہٌ۔ ج نُقَّہٌ (— نَقھًا و نُقُوھًا و نَقَھَانًا) الحَدِیثَ: سمجھنا۔ صفت نَقِہٌ و نَاقِہٌ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یَفقَہُ وَلَا یَنقَہُ" فلاں نہیں سمجھتا ہے۔

اَنقَھَہُ اللّٰہُ مِن مَرَضِہٖ: مرض سے عافیت دینا — فُلَانًا الحَدِیثَ: سمجھانا۔ اور کہا جاتا ہے "اَنقِہ لِی سَمعَکَ" یعنی میری طرف کان لگا۔

اِنْتَقَہَ مِنَ الحَدِیثِ: تسلی پانا — مِن مَرَضِہٖ: مرض سے صحتیاب ہونا اور ضعف باقی رہنا

اِستَنقَہَ۔ پوچھنا — الحَدِیثَ: سمجھنا

النَّقھَۃُ۔ نَقِہَ کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "لَہٗ فِی کُلِّ عَامٍ مَرضَۃٌ و نُقھَۃٌ" اس کیلئے ہر سال میں ایک دفعہ مرض ایک دفعہ صحت ہے۔

نَقَا یَنقُو نَقوًا۔ العَظمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔

نَقِیَ یَنقیٰ نَقَاوَۃً و نَقَاءً و نَقَاءَۃً و نُقَاوَۃً و نَقَایَۃً۔ صاف ستھرا ہونا۔ خوبصورت ہونا۔ خالص ہونا۔ صفت نَقِیٌّ۔

نَقَّاہُ تَنقِیَۃً و اَنقَاہُ اِنقَاءً۔ صاف ستھرا کرنا۔ چننا۔ نَقَّیٰ و اَنقیٰ الطَّعَامَ: غلہ کا کوڑا کرکٹ نکالنا۔ اَنقَی البُرُّ: موٹا دانہ ہونا۔ اَنقَتِ الاِبِلُ وغَیرُھَا: موٹا ہونا۔ گودے دار ہونا۔ صفت مُنقِیَۃٌ ج مُنقِیَاتٌ۔ واَنقَی العُودُ: لکڑی کا تر ہونا۔

اِنتقاہُ انتقاءً ا - چنا - اِنتقی العظمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔
تنقّاہُ تنقیًا - چنا - تنقّی العظمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔
نَقاوۃُ الشیءِ ونُقاوتُہُ ونُقایتُہُ و نُقاتُہُ: عمدہ حصہ - خلاصہ - نُقاوۃ کی جمع نُقاویٰ ونُقاءٌ اور نُقایۃ کی جمع نَقایا ونُقاءٌ۔
نُقاۃُ الطعامِ ونُقاتُہُ ونَقایتُہُ ونُقایتُہُ: غلہ کا کوڑا کرکٹ - النَقاۃ: ریت کا ٹیلہ جس پر کچھ نہ اُگے۔
النُقاوۃ - ایک قسم کی نباتات جس سے کپڑے دھوئے جاتے ہیں - ج نَقاویٰ۔
النَقا - ریت کا محدب ٹیلہ - تثنیہ نَقَوان ونَقَیان ج أنقاء ونُقِیّ ونِقیان - بنات النقا ایک قسم کا کیڑا جو ریت میں رہتا ہے اور اس کو شحمۃ النقا بھی کہا جاتا ہے۔
النَقا والنِقو والنِقو - گودے دار ہڈی ج أنقاء۔
النِقوۃ - چیز کا عمدہ حصہ۔
النِقۃ - ثقہ کا تابع ہے - کہا جاتا ہے ثِقۃٌ نِقۃٌ اور اس کی اصل نِقوٌ ہے لام کلمہ کو حذف کر دیا گیا ہے اور اس کے عوض میں تا لایا گیا ہے۔
النَقِیّ - صاف ستھرا - ج نِقاء وأنقیاء ونُقواء۔
الأنقی - اسم تفضیل - مؤنث نُقویٰ۔
رجلٌ أنقی: باریک لمبی ہڈیوں والا مرد - مؤنث نَقواء و فخذٌ نقواء: باریک ہڈی کم گوشت والی ران۔
نَقِیَ یَنقیٰ نَقیًا العظمَ: ہڈی سے گودا نکالنا
نَقِیَہُ یَنقاہُ نِقاءً ا - ملاقات کرنا۔
النِقی - ہڈی کا مغز - موٹاپے کی وجہ سے آنکھ کی چربی - ج أنقاء۔
النَقیّۃُ - کلمہ - کہا جاتا ہے سمعتُ نقیّۃَ حقٍّ میں نے کلمۂ حق سنا۔

النَقِیّ - صاف ستھرا - ج نِقاء وأنقیاء ونُقواء
النَقِیّۃ - النقی کا مؤنث - کلمہ - ج نَقایا -
المُنقی والمُنقّی - راستہ -
نَکَّ (ن) نَکًّا - علی الغریمِ: قرض دار پر سختی برتنا ـــ العملَ: درست کرنا۔
نَکأَ (ف) نَکْأً القرحۃَ: زخم کو اچھا ہونے سے پہلے چھیل ڈالنا ـــ العدوَّ وفی العدوِّ: قتل و خونریزی کرنا ـــ فلانًا حقَّہ: کسی کا حق پورا کرنا
اِنتکأ انتکاءً حقَّہ من فلانٍ: حق وصول کرنا - قبضہ کرنا - کہا جاتا ہے - ہُوَ نُکَأۃٌ نُکاۃٌ - وہ ما وجب کو جلدی ادا کرتا ہے ٹالتا نہیں۔
نَکَبَ (ن) نَکْبًا ونُکوبًا عنہ: تجاوز کرنا ہٹ جانا (ـــ نَکْبًا) الشیءَ وبہ: ڈال دینا الإناءَ: برتن سے سب کچھ بہا دینا ـــ الکنانۃَ: ترکش سے سب کچھ بکھیر دینا - نَکَبَتِ الحجارۃُ رِجلَہ: پتھر کا پیر کو زخمی کرنا (ـــ نَکْبًا ونَکَبًا) الدھرُ فلانًا: مصیبت پہنچانا - نکبتْ نُکوبًا الریحُ ہوا کا بے رُخ چلنا۔
نَکَبَ (ن) نِکابۃً ونُکوبًا فلانٌ عن قومِہ: مددگار قابل بھروسہ ہونا۔
نَکِبَ (س) نَکَبًا عن الطریقِ: راستہ سے ہٹ جانا ـــ البعیرُ: نکب بیماری والا ہونا ـــ الرجلُ: بیمار کندھے والا ہونا۔
نُکِبَ - مصیبت زدہ ہونا۔
نَکَّبَ - عن الطریقِ: راستہ سے ہٹ جانا الگ ہونا ـــ الشیءَ: الگ کرنا - اور کہا جاتا ہے نَکَّبَہُ الطریقَ ونکّب بہ الطریقَ ونکّب بہ عن الطریقِ یعنی اس نے اسے راستہ سے ہٹا دیا۔
ناکَبَہُ - مونڈھے کے مقابل ہونا۔
تَنکَّبَ عنہُ: الگ ہونا - بچنا - گوشہ گیر ہونا کندھا پھیر کر دوسرے کی جانب متوجہ ہونا ـــ علی الشیءِ: ٹیک لگانا ـــ کنانتَہُ او قوسَہُ: ترکش یا کمان کو کندھے پر ڈالنا اور کہا جاتا ہے تنکّبْ عن وجھی میری سامنے سے ہٹ جاؤ۔

اِنتکبَ الرجلُ کنانتَہُ او قوسَہُ: ترکش یا کمان کو کندھے پر ڈالنا۔
النَکْب - مص - مصیبت - ج نُکوب۔
النَکِب - وہ شخص جس کا پاؤں پتھر لگنے سے زخمی ہو۔
النَکَب - مص - کسی چیز میں تھوڑی سی کجی - ایک بیماری جو اونٹوں کے مونڈھے میں ہوتی ہے جس سے وہ لنگڑا ہو جاتا ہے اور کچھ ٹیڑھا چلنے لگتا ہے۔
الأنکَب - جس کے پاس کمان نہو - نکب کی بیماری والا اونٹ - جس کا ایک مونڈھا دوسرے سے بلند ہو - مرد ستمگار - جفاکار - کہا جاتا ہے رجلٌ أنکبُ عن الحقِّ وناکبٌ عنہ حق سے اعراض کرنے والا مرد۔
النَکباء - الأنکب کا مؤنث - ریحٌ نَکباء: خلاف رخ چلنے والی یا دو ہواؤں کے درمیان چلنے والی ہوا - ج نُکْب ونَکباوات - نُکب ریاح چار ہیں - الأزیَب - صبا اور جنوب کے درمیان الصابیۃ - صبا اور شمال کے درمیان - اور اسکو نُکَیباء بھی کہتے ہیں اور یہ تصغیر تعظیم کیلئے ہے اس لئے کہ عرب اس کو بہت ٹھنڈی سمجھتے تھے الجربیاء شمال اور دبور کے درمیان - و الھَیف جنوب اور دبور کے درمیان۔
النَکبۃ - نکب کا اسم مرۃ - مصیبت - ج نَکَبات۔
النُکبۃ - غلہ کی غیر معین مقدار - ج نُکَب
النَکیب - کُھر کا گرداگرد۔
المِنکاب - مرد ستمگار و جفاکار - کہا جاتا ہے رجلٌ منکابٌ عن الحقِّ حق سے رُوگردانی کرنے والا مرد۔
المَنکِب - مونڈھا - ج مَناکِب - کہا جاتا ہے تشابھتْ منھم المناکبُ والرؤوسُ وہ سب مساوی ہیں کوئی ان میں بڑھا ہوا نہیں اور کہا جاتا ہے ھُزَّ مَنکِبُہ لکذا وہ فلاں چیز سے خوش ہوا - وفلانٌ منّی علی حدِّ منکبٍ فلاں مجھ کو

کنارہ کش ہے۔ المَنکِبُ: پہلو۔ گوشہ۔ کہا جاتا ہے "سِرۡنَا فِی مَنۡکِبٍ مِنَ الاَرۡضِ اَوِ الجَبَلِ" ہم زمین یا پہاڑ کے پہلو میں چلے۔ المَنۡکِبُ مِنَ القَوۡمِ: چودھری مددگار — مِنَ الاَرۡضِ: راستہ بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے "اِمۡشُوۡا فِی مَنَاکِبِہَا" اس کی بلند جگہوں میں چلو۔ مَنۡکِبُ الجَوۡزَا وَمَنۡکِبُ ذِی العَنَانِ وَمَنۡکِبُ الفَرَسِ: ستاروں کے نام

المَنَاکِب۔ مَنۡکِب کی جمع — فِی رِیۡشِ الطَّائِرِ: پرندہ کے بڑے پروں کے بعد چار پر (جمع ہے اس کا واحد نہیں)

المَنۡکُوۡب۔ مفع۔ مصیبت زدہ (— و النَّکِیۡب) جس کا پاؤں پتھر لگنے سے زخمی ہو۔

نَکَتَ (ن) نَکۡتًا الاَرۡضَ بِقَضِیۡبٍ اَوۡ بِاِصۡبَعِہٖ: سوچ کی حالت میں چھڑی یا انگلی سے زمین کو کریدنا — النَّاسَ بِالحَصٰی: زمین پر کنکری پھینکنا — الفَرَسُ: گھوڑے کا اچھلنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ الفَرَسُ یَنۡکُتُ" گھوڑا اچھلتا ہوا گذرا — العَظۡمَ: ہڈی سے گودا نکالنا — فُلَانًا: سر کے بل گرانا۔ اور اسی سے ہے "لَاَنۡکُتَنَّ بِکَ الاَرۡضَ" میں تجھ کو زمین پر سر کے بل گرادونگا — کِنَانَتَہٗ: ترکش سے بکھیر دینا۔

نَکَتَ الرُّطَبُ: پکنا شروع ہونا — فِی قَوۡلِہٖ: نکتہ چینی کرنا۔

اِنۡتَکَتَ۔ سر کے بل گرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "نَکَتَہٗ فَانۡتَکَتَ" اس نے اسے سر کے بل گرایا وہ گرگیا۔

النُّکۡتَۃُ۔ داغ۔ زمین میں کریدنے کا اثر۔ ج نُکَتٌ وَنِکَاتٌ۔ النُّکۡتَۃُ: آئینہ یا تلوار میں دھبہ مشکل مسئلہ جو دقت نظر سے حاصل ہو۔ لطیفہ

النَّکَّات۔ بڑا نکتہ چیں۔ بڑا اَہو گیر۔ وہ شخص جو اپنے کلام میں لطائف بیان کرے۔

النَّکِیۡت مطعون۔ وہ شخص جسے طعن تشنیع کیا گیا ہو۔

المَنۡکُوۡت۔ مفع۔ سر کے بل گرا ہوا۔

نَکَثَ (ن ض) نَکۡثًا العَہۡدَ اَوِ البَیۡعَ: عہد کو توڑنا۔ بیع کو فسخ کرنا — الحَبۡلَ اَوِ الکِسَاءَ: رسّی یا کمبل ادھیڑنا — المِسۡوَاکَ: مسواک کی کوچی بنانا۔

تَنَاکَثُوۡا۔ عُہُوۡدَہُمۡ: آپس میں معاہدہ توڑدینا

اِنۡتَکَثَ۔ الحَبۡلُ وَغَیۡرُہٗ: رسی وغیرہ کو ادھڑا جانا — السِّوَاکُ: کوچی بننا — فُلَانٌ مِنۡ حَاجَۃٍ اِلٰی اُخۡرٰی: ایک کام سے ہٹ کر دوسرے میں لگنا۔

النُّکَاث۔ پھنسیاں جو اونٹ کے منھ میں نکلتی ہیں۔

النُّکَاثَۃ۔ رسّی کا ادھڑا ہوا کنارہ۔

النِّکۡث۔ دوبارہ کاتنے کیلئے ادھیڑا ہوا کمبل یا خیمہ۔ ج اَنۡکَاث۔ کہا جاتا ہے۔ "حَبۡلٌ نِکۡثٌ وَاَنۡکَاثٌ" ادھیڑی ہوئی رسّی۔

النَّکِیۡث۔ ادھیڑا ہوا۔ مؤنث نَکِیۡثَۃٌ۔

النَّکِیۡثَۃ۔ نفس۔ طبیعت۔ قوت۔ پوری طاقت۔ مشکل کام جس میں لوگ اپنے عہد کو توڑدیں۔ اور کہا جاتا ہے "قَالَ قَوۡلًا لَا نَکِیۡثَۃَ فِیۡہِ" اس نے ایسی بات کہی جس میں خلاف عہدگی نہیں "وَصَرَفَ فِیۡہِ نَکِیۡثَتَہٗ" اس نے اس میں پوری طاقت صرف کی۔ "وَقَعُوۡا فِی النَّکِیۡثَۃِ" وہ مشکل کام میں پڑگئے۔ "وَہُوَ ذُوۡ نَکِیۡثَۃٍ حَسَنَۃٍ" وہ اچھی طبیعت والا ہے۔ ج نَکَائِث۔

النَّکَّاث۔ بنے ہوئے کو پرانا ہونیکے بعد ادھیڑنے والا۔ کہا جاتا ہے۔ بَعِیۡرٌ مُنۡتَکِثٌ لاغر و دبلا اونٹ۔

نَکَحَ (ف ض) نِکَاحًا وَنِکۡحًا المَرۡاَۃَ: عورت سے شادی کرنا۔ نَکَحَتِ المَرۡاَۃُ: عورت کا شادی کرنا۔ صفت نَاکِحٌ وَنَاکِحَۃٌ۔ نَکَحَ المَطَرُ الاَرۡضَ: بارش کا زمین میں جذب ہونا — الدَّوَاءُ فُلَانًا: دوا کا کسی کے اندر اثر کرنا — النُّعَاسُ عَیۡنَہٗ: آنکھوں میں نیند کا غالب ہونا

اَنۡکَحَ۔ المَرۡاَۃَ: شادی کرانا۔

تَنَاکَحُوۡا۔ ایک دوسرے سے شادی کرنا۔ تَنَاکَحَتِ الاَشۡجَارُ: درختوں کا آپس میں گتھ جانا۔

اِسۡتَنۡکَحَ الرَّجُلُ المَرۡاَۃَ: شادی کرنا۔ فِی بَنِی فُلَانٍ: نکاح کرنا — النَّوۡمُ عُیُوۡنَہُمۡ: نیند کا غالب آنا۔

المَنَاکِحُ۔ عورتیں۔

نَکَخَ (ف) نَکۡخًا فُلَانًا فِی حَلۡقِہٖ: حلق میں مکّا مارنا۔ نیزہ مارنا۔

نَکَدَ (ن) نَکۡدًا فُلَانًا حَاجَتَہٗ: محروم کر دینا تھوڑا سا دینا۔ نَکَدَ الغُرَابُ: کوّے کا بہت کاؤں کاؤں کرنا — القَوۡمُ الرَّجُلَ: کثرتِ سوال سے تنگدست بنا دینا۔ نُکِدَ الرَّجُلُ: بہت سوال والا اور کم داد و دہش والا ہونا۔

نَکِدَ (س) نَکَدًا العَیۡشُ: تنگ ہونا — الرَّجُلُ: تنگ گذران والا ہونا۔ نَکِدَتِ البِئۡرُ: کنوئیں میں کم پانی ہونا۔

نَکَّدَ۔ عَیۡشَہٗ: زندگی کو تنگ بنادینا — فُلَانًا: مکدر زندگی والا کر دینا۔

نَاکَدَہٗ۔ سختی برتنا۔

اَنۡکَدَہٗ۔ کم داد دہش والا پانا۔

تَنَکَّدَ۔ عَیۡشُہٗ: مکدر ہونا۔

تَنَاکَدَا۔ باہم سختی برتنا۔

النَّاکِد فا۔ نَاقَۃٌ نَاکِدٌ: کم دودھ والی اونٹنی وہ اونٹنی جس کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں۔ ج نُکُدٌ — رَجُلٌ نَکِدٌ وَنَکۡدٌ وَنَکَدٌ دشوار خو۔ کم داد دہش والا۔ ج اَنۡکَادٌ وَمَنَاکِیۡد۔

اَرۡضٌ نِکَادٌ۔ کم نباتات والی زمین۔

النُّکۡد۔ بے دودھ والی اونٹنیاں۔ بہت دودھ والی اونٹنیاں (ضد) واحد نَکۡدَاءُ۔

النَّکۡدُ وَالنُّکۡدُ۔ کم داد دہش۔ مَاءٌ نَکۡدٌ: کم پانی۔

الاَنۡکَد۔ مرد دشوار خو۔ کم داد دہش والا مؤنث نَکۡدَاءُ ج نُکۡدٌ۔ کہا جاتا ہے: جَاءَ مُنۡکِدًا: وہ آیا اس حال میں کہ اس کا آنا اچھا نہیں اور یا یہ کہ خالی خولی آیا۔

عَطَاءٌ مُنۡکَدٌ وَمَنۡکُوۡدٌ۔ تھوڑا عطیہ۔ رَجُلٌ مَنۡکُوۡدٌ: وہ مرد جس سے سوال میں اصرار کیا جائے

نَکِرَ (س) نَکَرًا و نُکُرًا و نُکُورًا و نَکِیرًا الأمرَ: ناواقف ہونا — الرَّجُلَ: نہ پہچاننا۔
نَکُرَ (ک) نَکَارَۃً الأمرُ: دشوار ہونا۔
نَکَّرَہٗ۔ دگرگوں کردینا۔ نَکَّرَ الإسمَ: نکرہ بنانا
ناکَرَہٗ مُناکَرَۃً۔ مقابلہ کرنا۔ لڑائی کرنا۔ دھوکا دینا۔
أَنْکَرَہٗ۔ جاہل ہونا۔ أَنْکَرَ حَقَّہٗ: حق کا انکار کرنا۔ أَنْکَرَ عَلَیْہِ فِعْلَہٗ: عیب لگانا اور منع کرنا۔
تَنَکَّرَ الرَّجُلُ: اچھی حالت سے بدحال ہونا دگرگوں ہونا — فُلَانٌ: بدخلق ہونا — لِفُلَانٍ: اجنبی ہونا۔
تَناکَرَ۔ دانستہ ناواقف بننا — الأمرَ: ناواقف ہونا — القَوْمَ: آپس میں دشمنی کرنا اور ایک دوسرے کا انکار کرنا۔
إِسْتَنْکَرَ الأمرَ: ناواقف ہونا — أمرًا بجَہْلِہٖ: غیر معلوم چیز کو پوچھنا۔
النَّکَارَۃُ۔ مص۔ چالاکی۔ تیز فہمی۔ جہالت۔
النُّکْرُ۔ مص۔ چالاکی و تیز فہمی۔
النُّکُرُ۔ مص۔ چالاکی و تیز فہمی۔ بُرا کام۔ بہت بُرا کام۔
رَجُلٌ نَکِرٌ و نَکُرٌ و نُکُرٌ۔ چالاک تیز فہم۔ ج أَنْکارٌ۔ إِمْرَأَۃٌ نَکِرَۃٌ: چالاک و سمجھدار عورت۔
النُّکُرُ۔ ناشناختہ۔ سخت کام۔
النَّکْرَاءُ۔ چالاکی و تیز فہمی۔ ناشناختہ مصیبت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ذُوْ نَکْرَاءَ" فلاں چالاک و عقلمند ہے "أَصَابَتْہُم مِنَ الدَّہْرِ نَکْرَاءُ" زمانے کی سختی ان پر واقع ہوئی۔
نَکْرَاءُ الدَّہْرِ: زمانے کی سختی۔
النَّکِرَۃُ۔ انکار۔ ضدِ معرفہ۔ خون یا پیپ کا پھوڑا۔ ج نَکِرَاتٌ۔
النَّکِیرَۃُ۔ اسم ہے انکار کا جیسے نَفَقَۃٌ اِنْفاق کا
النَّکِیرُ۔ دگرگونی۔ أَمْرٌ نَکِیرٌ: سخت کام۔ حِصْنٌ نَکِیرٌ: مضبوط قلعہ۔
المُنْکَرُ۔ مفع۔ خلافِ مرضیِ خدا قول ہو یا فعل اور اس کا ضد معروف ہے۔ ج مُنْکَراتٌ و مَناکِرُ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُنْکَرٌ" چالاک تیز فہم مرد۔ ج مُنْکَرُوْنَ و مَناکِیرُ۔
المَنْکُورُ۔ مفع۔ مجہول۔ ج مَنَاکِیرُ۔ المَناکِیرُ: خلاف مرضی خدا امور۔ کہا جاتا ہے "ہُمْ یَرْکَبُوْنَ المَنَاکِیرَ و المُنْکَرَاتِ" یعنی وہ لوگ امورِ غیر پسندیدہ میں مبتلا ہیں۔
المُنْکَرُ عِنْدَ النُّحَاۃِ: اسم نکرہ۔ ضد معرفہ۔
نَکَزَتْ (ن) نَکْزًا۔ الحَیَّۃُ فُلَانًا: سانپ کا ڈسنا — فُلَانًا: مار کر ہٹانا — الشَّیْءَ: چبھونا۔ — الدَّابَّۃَ بِعَقِبِہٖ: ایڑ لگا کر ہانکنا (— نَکْزًا و نُکُوزًا) المَاءُ: پانی کا نیچے اتر جانا — البَحْرُ: خشک ہونا — البِئْرُ: کنوئیں میں پانی کم ہونا یا ختم ہونا۔
نَکِزَتْ (س) نَکَزًا البِئْرُ: کنوئیں میں پانی کم ہونا یا ختم ہونا۔ نَکِزَ البَحْرُ: گھٹنا۔
أَنْکَزَ البِئْرَ: کنوئیں کا پانی ختم کردینا۔
النَّاکِزُ۔ فا۔ بِئْرٌ نَاکِزٌ: کنواں جس کا پانی ختم ہوگیا ہو۔ ج نَوَاکِزُ۔
النِّکْزُ۔ رذیل لوگ۔ ہڈی میں باقی ماندہ مغز (— و المُنْکَزُ) خالی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ نِکْزًا و مُنْکَزًا" یعنی وہ خالی خولی آیا۔
بِئْرٌ نَکِزٌ۔ کم پانی والا کنواں۔
النَّکَّازُ۔ اسم مبالغہ۔ ایک بہت ہی خبیث قسم کا سانپ جو منھ سے نہیں کاٹتا بلکہ ناک سے پھنکار مار کر ہلاک کرتا ہے اور اتنا باریک ہوتا ہے کہ اس کے سر اور دُم میں تمیز نہیں ہوتی ج نَکَاکِیزُ و نَکَّازَاتٌ۔
البِئْرُ النَّکُوزُ۔ کنواں جس کا پانی ختم ہوگیا ہو ج نُکُزٌ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بِمَنْکَزَۃٍ مِنَ العَیْشِ": فلاں تنگ زندگی میں ہے۔
نَکَسَہٗ (ن) نَکْسًا۔ اوندھا کردینا۔ نَکَسَ رَأْسَہٗ: ذلت سے سر جھکانا — الطَّعَامُ وَغَیْرُہٗ دَاءَ المَرِیضِ: کھانے وغیرہ کا مریض کے مرض کو لوٹا دینا — الخِضَابَ: بار بار لگانا۔ کہا جاتا ہے "نَکَسْتُ فُلَانًا فِی ذٰلِکَ الأمْرِ" میں نے فلاں کو اس معاملہ میں پھر پھنسا دیا۔
نُکِسَ المَرِیضُ: دوبارہ بیمار ہونا — الرَّجُلُ: ضعیف و عاجز ہونا — الرَّجُلُ عَنْ نُظَرَائِہٖ: اپنے ہمجولیوں سے کوتاہی کرنا۔
نَکَّسَہٗ تَنْکِیسًا اوندھا کرنا۔ نَکَّسَ الفَرَسُ: گھوڑوں سے نہ مل سکنا۔ صفت۔ مُنَکِّسٌ۔
تَنَکَّسَ۔ اوندھا ہونا۔
إِنْتَکَسَ۔ سر کے بل گرانا — المَرِیضُ۔ صحتیابی کے بعد دوبارہ بیمار ہونا۔
النَّاکِسُ۔ فا۔ سر جھکانیوالا مرد ج نَوَاکِسُ (شاذ)
الإِنْکَاسُ۔ صحتیابی کے بعد مرض کا عود کرنا۔
النُّکْسُ۔ صحتیابی کے بعد مرض کا عود کرنا۔ گرنے کے بعد ابھی سیدھا نہیں ہوا تھا کہ پہلی دفعہ کے گرنے سے زیادہ زور سے گرنا۔ اور کہا جاتا ہے "تَعْسًا لِفُلَانٍ وَنُکْسًا أَوْ وَنَکْسًا" کلمات بد دعا ہیں یعنی فلاں کے لئے ہلاکت و سرنگونی ہو۔
النِّکْسُ۔ تیر کہ جس کا سرا ٹوٹ گیا ہو اور اس کے اوپر کے حصے کو نیچے کردیا گیا ہو۔ کمان کہ جس میں شاخ کے سرے کو نچلا حصہ بنائیں۔ (اور یہ کمان میں عیب ہے) کمزور و ہیچ و بے برکت مرد۔ پستہ قد۔ کرم و سخاوت میں کوتاہی کرنے والا۔ ج أَنْکَاسٌ۔
النُّکُسُ۔ بہت بوڑھے لوگ۔ واحد نَاکِسٌ۔
المُنَکِّسُ۔ فا۔ آہستہ چلنے والا گھوڑا جو اپنے سر کو نہ اٹھائے، وہ گھوڑا جو گھوڑوں سے نہ مل سکے
المَنْکُوسُ۔ مفع۔ دوبارہ بیمار ہونے والا — مِنَ الأَوْلَادِ: پیدائش میں جس کے پیر پہلے نکلیں قَوْسٌ مَنْکُوسَۃٌ: کمان کہ جس میں ٹہنی کے سرے کو نچلا حصہ بنائیں۔
نَکَشَ (ن ض) نَکْشًا البِئْرَ: کنوئیں کی کیچڑ تک نکال دینا — الشَّیْءَ: فنا کردینا — الشَّیْءَ وَمِنَ الشَّیْءِ: فارغ ہوجانا۔
إِنْتَکَشَ البِئْرَ: کنوئیں کو کیچڑ تک صاف کردینا
المِنْکَشُ۔ معاملات میں خوب غور کرنے والا۔
المِنْکَاشُ۔ کنواں صاف کرنیکا آلہ۔ ج

تناکُش ۔

المَنکُوش ۔ مفعو ۔ سَفَطٌ مَنکُوشٌ: ٹوکرا جس میں سب کچھ نکال لیا گیا ہو ۔

نَکَصَ (ن ض) نَکصًا و نُکُوصًا و مَنکَصًا عَنِ الاَمرِ: رُک جانا ۔ صفت نَاکِصٌ

نَکَصَ عَلیٰ عَقِبَیہِ: پہلے کام سے ہٹ جانا (اسکا استعمال عمومًا خیر سے رجوع کے موقع پر ہوتا ہے اور شر سے نادر طور پر)

نَکَّصَہٗ ۔ ہٹا دینا ۔

اِنتَکَصَ الرَّجُلُ: پچھلے پاؤں لوٹنا ۔

المَنکَص ۔ مہ ۔ ہٹنے کی جگہ ۔

نَکَظَ (ن) نَکظًا ۔ بہت بھوکا ہونا ۔۔۔ فُلَانًا عَن حَاجَتِہٖ: جلدی کرانا ۔

نَکِظَ (س) نَکَظًا ۔ اپنی ضرورت میں جلدی کرنا ۔۔۔ لِلخُرُوجِ: نکلنے کے لئے جلدی کرنا ۔

الرَّجُلُ: قریب ہونا ۔

نَکَّظَہٗ عَن حَاجَتِہٖ: جلدی کرانا ۔ نَکَّظَ حَاجَتَہٗ: دشوار کرنا ۔

اَنکَظَہٗ ۔ عَن حَاجَتِہٖ: جلدی کرانا ۔

تَنَکَّظَ الرَّجُلُ: سفر میں بدحال ہونا ۔۔۔ عَلیٰ فُلَانٍ: بخل کرنا ۔۔۔ الاَمرُ عَلَیہِ: پیچیدہ ہونا

النُّکظُ و النَّکَظُ و النُّکظَۃ و النَّکَظَۃ و المَنکَظَۃ ۔ کوشش ۔ سفر کی سختی ۔ جلدی ۔

نَکَعَہٗ (ف) نَکعًا عَنِ الاَمرِ: جلدی کرانا ۔ یا روکرنا ۔۔۔ فُلَانًا: پاؤں کی پشت سے مارنا ۔۔۔ فُلَانًا حَقَّہٗ: حق روک دینا (۔۔۔ نَکعًا و نُکَاعًا) المَاشِیَۃَ: مویشی کے تھن پر مار کر دودھ نکالنا ۔۔۔ فُلَانٌ عَنِ الحَاجَۃِ: سستی کرنا ۔ اور مَا نَکَعَ بمعنے مَازَالَ افعالِ ناقصہ میں سے ہے "مَا اَدرِی اَینَ نَکَعَ" میں نہیں جانتا کہاں گیا ۔

نَکِعَ (س) نَکَعًا ۔ چھلی ہوئی ناک والا ہونا

نَکَّعَہٗ عَن حَاجَتِہٖ: ہٹا دینا ۔ جلد بازی سے زندگی کو مکدر کر دینا ۔

اَنکَعَہٗ ۔ روکرنا ۔ دفع کرنا ۔ تھکانا عَنِ الاَمرِ: جلدی کرنا ۔ ہٹانا ۔ اَنکَعتُ فُلَانًا بُغیَتَہٗ: کسی کا مطلوب باوجود طلب کے فوت ہونا ۔ کہا جاتا ہے "تَکَلَّمَ فَاَنکَعَہٗ" اس نے گفتگو کر کے اسے خاموش کر دیا "وَشَرِبَ فَاَنکَعَہٗ" اس نے پیا یہاں تک کہ اس کی طبیعت مکدر ہو گئی ۔

الاَنکَع ۔ مرد سُرخ فام ۔ چھلی ہوئی ناک والا کہا جاتا ہے "اَحمَرُ نَکِعٌ" یعنی بہت سرخی والا ۔

النُّکَع ۔ سُرخ رنگ ۔ مرد سیاہ ۔ سُرخی مائل

نَکَعَۃُ الاَنفِ: ناک کا کنارہ ۔

النَّکَعَۃ ۔ مرد سُرخ فام جس کی ناک چھل گئی ہو ۔ بے وقوف کہ جب کہیں بیٹھ جائے تو ٹلے نہیں ۔

النُّکَعَۃ ۔ ناک کا کنارہ ۔ ایک سُرخ رنگ کے درخت کا پھل ۔ درخت قتاد کا گوند ۔ مرد کی سرخی ملی ہوئی سیاہی ۔

الاَنکَعُ ۔ مرد سُرخ فام جسکی ناک چھل گئی ہو

المُنکَعُ ۔ پیچھے کو لوٹنے والا ۔ اَنفٌ مُنکَعٌ: چپٹی ناک ۔

نَکَفَ (ن) نَکفًا عَن کَذَا: ناک بھوں چڑھانا ۔ باز رہنا ۔ الگ ہونا ۔ صفت نَاکِفٌ

فُلَانٌ الغَیثَ: بارش منقطع ہونا ۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا غَیثٌ لَایَنکُفُہٗ اَحَدٌ" یہ ایسی بارش ہے جس کے متعلق کوئی نہیں جانتا کہ اس کی انتہا کہاں ہے "وَغَیثٌ لَایُنکَفُ" منقطع نہ ہونے والی بارش "وَہٰذَا جَیشٌ اَو بَحرٌ لَایُنکَفُ" یہ لشکر غیر محدود ہے یا یہ سمندر اتھاہ ہے ۔ نَکَفَ الدَّمعَ: رخساروں پر سے انگلیوں سے پونچھنا ۔

نَکِفَ (س) نَکَفًا مِنہُ اَو عَنہُ: ناک بھوں چڑھانا ۔ باز رہنا ۔ بیزار ہونا ۔ نُکِفَت الیَدُ: درد رسیدہ ہونا ۔۔۔ الرَّجُلُ: حلق کے درد کی وجہ سے جبڑے کے غدود کا گر جانا ۔

نَاکَفَہٗ الکَلَامَ مُنَاکَفَۃً ۔ ترکی بہ ترکی جواب دینا ۔

اَنکَفَہٗ ۔ ننگ و عار سے پاک کرنا ۔ اَنکَفَ اللّٰہَ: تنزیہ و تقدیس کرنا ۔

نُکِفَتِ الاِبِلُ: اونٹ کی ٹھڈی کے نیچے غدود ظاہر ہونا ۔

تَنَاکَفُوا ۔ الکَلَامَ: باہم باری باری گفتگو کرنا

اِنتَکَفَ الغَیثَ: منقطع کرنا ۔۔۔ القَومُ: ایک ملک سے دوسرے ملک میں جانا ۔۔۔ اِلَیہِ: مائل ہونا ۔ کہا جاتا ہے "اِنتَکَفتُ لَہٗ فَضَرَبتُہٗ" میں اس کے اوپر جھک پڑا اور میں نے اس کو مارا ۔

۔۔۔ الحَبلَ: رسی کا ادھیڑنا ۔۔۔ الرَّجُلُ: بیزار ہونا ۔۔۔ العَرَقَ عَن جَبِینِہٖ: پیشانی سے پسینہ پونچھنا ۔

اِستَنکَفَ الرَّجُلُ: تکبر کرنا ۔۔۔ مِن کَذَا: ننگ و عار یا غرور کی وجہ سے باز رہنا ۔۔۔

النُّکَاف ۔ اونٹوں کے حلق کا مرض جس سے فوراً موت واقع ہو جاتی ہے ۔

النَّکَف ۔ مہ ۔ کان کی لو کے قریب ٹھوڑی کی جڑ میں چھوٹے چھوٹے غدود ۔ واحد نَکَفَۃ ۔

رَجُلٌ نَکُفٌ ۔ مرد جس سے ناک بھوں چڑھائی جائے ۔

النُّکفَتَان و النَّکَفَتَان ۔ داڑھی ۔ بچہ کے دائیں بائیں کے جبڑے ۔ ج نَکَفَات ۔

النَّکفَۃ ۔ کان کا درد ۔

المَنکُوف ۔ مفعو ۔ نکاف زدہ اونٹ (دیکھئے نُکَاف)

نَکَلَ (ض ن) نُکُولًا و نَکِلَ (س) نَکَلًا عَن کَذَا او مِن کَذَا: پیچھے ہٹنا اور بزدلی کرنا ۔ کہا جاتا ہے "نَکَلَ عَنِ العَدُوِّ وَعَنِ الیَمِینِ وَعَنِ الجَوَابِ" وہ دشمن سے پیچھے ہٹ گیا اور قسم و جواب سے باز رہا

نَکَلَ (ن) نَکلَۃً بِفُلَانٍ: عبرتناک سزا دینا

نَکِلَ (س) نَکَلًا ۔ سزا قبول کرنا ۔

نَکَّلَ بِہٖ: مصیبت ڈالنا ۔ عبرتناک سزا دینا

نَکَّلَہٗ عَنِ الشَّیئِ: باز رکھنا ۔ پھیر کرنا ۔

اَنکَلَہٗ ۔ عَنہُ: ہٹانا ۔ دفع کرنا ۔

النَّاکِل ۔ فا ۔ بزدل کمزور ۔

النَّکَال ۔ عقوبت ۔ سزا ۔ عبرتناک سزا ۔

النِّکل ۔ مضبوط بیڑی ۔ ج اَنکَال و نُکُول ۔ لگام کا لوہا ۔ مہار "فُلَانٌ نِکلُ شَرٍّ" فلاں برائی کے لئے قید ہے ۔ یعنی دشمنوں کیلئے تازیانہ ہے ۔

النَّکَل - قوی مرد - ہمسر پر غالب آنے والا مضبوط سدھا ہوا گھوڑا - کہا جاتا ہے فُلَانٌ نَکَلُ شَرٍّ فلاں دشمنوں کے لئے تازیانہ ہے -
النُّکْلَۃ - عبرتناک سزا - کہا جاتا ہے رَمَاہُ بِنُکْلَۃٍ اس نے اس کو عبرتناک سزا دی -
المَنْکَل - عبرتناک سزا -
المِنْکَل - سزا دینے کا سامان -
النَّکِیْمَۃُ - سخت مصیبت -
نَکْنَکَ نَکْنَکَۃً - الاَمْرَ: درست کرنا — عَلٰی غَرِیْمِہٖ: سختی کرنا -
نَکَہَ (ن ض) نَکْھًا لِفُلَانٍ وعَلَیْہِ: کسی کی ناک پر سانس لینا - نَکَہَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا سخت گرم ہونا -
نَکِہَ ونَکَہَ (س ف) نَکْھًا - کسی کا منہ سونگھنا -
نُکِہَ الرَّجُلُ: بدہضمی کی وجہ سے منہ کی بُو کا بدل جانا -
اِسْتَنْکَہَ - کسی کے مُنہ کی بُو سونگھنا - کسی کے منہ کی بو سونگھنے کا حکم دینا - کہا جاتا ہے اِسْتَنْکَہْتُ الرَّجُلَ فَنَکَہَ فِیْ وَجْھِیْ "میں نے مرد کے منہ کی بُو کو سونگھنا چاہا اس نے میرے منہ کے سامنے سانس لیا -
النَّکْھَۃ - نَکَہَ کا اسم مرۃ - مُنہ کی بُو -
نَکَی یَنْکِیْ نِکَایَۃً العَدُوَّ وفِی العَدُوِّ: قتل کرکے یا زخمی کرکے غالب آنا - صفت فاعل نَاکٍ اور صفت مفعول مَنْکِیٌّ — القَرْحَۃَ: زخم کو اچھے ہونے سے پہلے چھیل ڈالنا -
نَکِیَ یَنْکٰی نَکًی - شکست کھانا - مغلوب ہونا مقہور ہونا -
النُّلْنُل - کمزور بڈھا -
نَمَّ (ن ض) نَمًّا الحَدِیْثَ: چغلخوری کرنا — الحَدِیْثُ: ظاہر ہونا — بَیْنَ النَّاسِ: بھڑکانا — الکَلَامَ: جھوٹ سے آراستہ کرنا — الشَّیْءُ: خوشبو پھیلنا - نَمَّتِ الرِّیْحُ: ہوا کا بُو کو لانا -
النَّامّ - فا - ج نُمَّام -

النَّامَّۃ - النَّامّ کا مؤنث حس - حرکت - زندگی - کہا جاتا ہے اَسْکَتَ اللّٰہُ نَامَّتَہٗ یعنی اللہ اسے موت دے -
النَّمّ - مع چغلخور - ج نَمُّوْن واَنِمَّاء ونُمّ -
النَّمَّام - چغلخور - ایک خوشبو دار قسم کی نباتات واحد نَمَّامَۃ -
النَّمَّۃ - نَمّ کا اسم مرۃ - نَمّ کا مؤنث - سیاہی میں سفید یا سفیدی میں سیاہ داغ - اور کہا جاتا ہے سَمِعْتُ نَمَّتَہٗ "میں نے اس کی حرکت سُنی -
النِّمَّۃ - نَمّ کا اسم نوع - جوں -
النَّمِیّ - خیانت - عیب - دشمنی - طبیعت - انسان کا جوہر یا اصل - نَمِیُّ الرَّجُلِ: مرد کی طبیعت کہا جاتا ہے مَا فِی الدَّارِ نَمِیٌّ گھر میں کوئی نہیں -
النُّمِیَّۃ - نَمِیّ کا واحد - فاختہ - طبیعت -
النَّمُوْم - چغلخور -
النَّمِیْم والنَّمِیْمَۃ - چغلخوری - حرکت - لکھنے کی آواز - کھائی - گفتگو کی نرم آواز - ج نَمَائِمُ -
النِّمَّۃ - چغلخوری -
المِنَمّ - چغلخور -
النِّمُّ والنِّمَّۃُ - چھوٹی چھوٹی جوئیں -
نَمَرَ (ن) نَمْرًا فِی الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا -
نَمِرَ (س) نَمَرًا الرَّجُلُ: غضبناک و بدخلق ہونا — السَّحَابُ: بادل کا چیتے کے رنگ کا ہونا
نَمَّرَ وتَنَمَّرَ - غضبناک ہونا - بدخلق ہونا -
نَمَّرَ وَجْھَہٗ تَنْمِیْرًا - ترش رو کر دینا -
اَنْمَرَ - صاف پانی پانا -
تَنَمَّرَ - عادت یا رنگ میں چیتے کے مشابہ ہونا — لِفُلَانٍ: بگڑنا - خفا ہونا - دھمکی دینا دھمکی دینے میں آواز بلند کرنا -
النَّامِرَۃ والنَّامُوْرَۃ - بھیڑیا وغیرہ شکار کرنے کیلئے ایک حلقہ دار لوہا جس میں گوشت لگا کر شکار کرتے ہیں -
النَّامُوْر - خون -
النِّمِر والنِّمْر والنَّمْر - چیتا - اور اس کی

کنیت - اَبُو الاَبْرَد اور اَبُو الاَسْوَد ہے اور ان کے علاوہ اور بھی کنیتیں ہیں - ج اَنْمُر واَنْمَار ونُمُر و نِمَار ونُمُور ونِمَارَۃ ونُمُوْر ونُمُوْرَۃ ونُمْر - کہا جاتا ہے لبس فُلَانٌ لِفُلَانٍ جِلْدَ النَّمِرِ فلاں فلاں سے بگڑ گیا اور خفا ہوا -
النَّمِر - صاف پانی - خالص حسب - بہت — مِنَ المَاءِ: زود ہضم پانی شیریں ہو یا نہ ہو - ج اَنْمَار -
النُّمْرَۃ - داغ - کہا جاتا ہے بِہٖ نُمْرَۃٌ مِنْ غَیْرِ لَوْنِہٖ ج نُمَر -
النَّمِرَۃ - اَلنَّمِر کا مؤنث - مادہ چیتا - بادل کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جو قریب قریب ہوں -
النَّمِرَۃ - بھیڑیئے کو شکار کرنے کیلئے حلقہ دار لوہا جس میں گوشت لگا کر شکار کرتے ہیں - چتکبرا رنگ - دھاری دار چادر - اُون کی چادر جس میں سیاہ و سفید دھاریاں ہوں - ج نِمَار -
النَّمِیْر - صاف پانی - خالص حسب - کہا جاتا ہے مَاءٌ نَمِیْرٌ وحَسَبٌ نَمِیْرٌ: بہت — مِنَ المَاءِ: پانی جو گوارا ہو چاہے میٹھا ہو یا نہ ہو -
الاَنْمَر - سیاہ و سفید داغ والا — مِنَ الخَیْلِ والنَّعَم: داغدار - اور ان بادلوں کو بھی کہتے ہیں جو مختلف رنگ کے ہوں - مؤنث نَمْرَاءُ - ج نُمْر اور کہا جاتا ہے اَسَدٌ اَنْمَرُ وہ شیر جس میں مٹیالا پن اور سیاہی ہو -
طَیْرٌ مُنَمَّرٌ - کالے کالے نقطے والا پرند -
النُّمْرُق والنُّمْرُقَۃ والنَّمْرَق والنَّمْرَقَۃ والنِّمْرِق والنِّمْرِقَۃ - چھوٹا تکیہ - زین کے نیچے ڈالنے کا گدیلا - النُّمْرُقَۃ: پھٹے پھٹے بادل -
نَمَسَ (ض) نَمْسًا السِّرَّ: بھید چھپانا — الرَّجُلَ: چپکے چپکے بات کرنا — بَیْنَ القَوْمِ: فساد ڈالنا - بھڑکانا -
نَمِسَ (س) نَمَسًا السَّمْنُ وکُلُّ طِیْبٍ ودُھْنٍ: گھی خوشبو اور تیل کا خراب ہونا - بگڑنا - صفت نَمِسٌ -
نَمَّسَ عَلَیْہِ الاَمْرَ: ملتبس کرنا - غلط ملط کرنا - — الشَّعْرُ: بالوں کا تیل لگنے سے میلا کچیلا ہونا -

—— السَّمنُ او الجُبنُ: گھی یا پنیر کا بدبودار ہونا۔ صفت مُنمِّسٌ۔

نَامَسَ مُنَامَسَۃً الصَّائِدُ: شکاری کا گھات میں بیٹھنا —— فُلَانًا: چپکے چپکے بات کرنا۔

اَنمَسَ بَینَ القَومِ: فساد ڈالنا۔ بھڑکانا۔

تَنَمَّسَ الاَمرُ: ملتبس ہونا۔ خلط ملط ہونا۔ —— الصَّائِدُ: شکاری کا گھات میں بیٹھنے کی جگہ بنانا

اِنمَسَ اِنمَاسًا الرَّجُلُ: چھپنا —— فِی الشَّیٔ: داخل ہونا۔

النَّامُوسُ۔ رازدار۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَامُوسُ الاَمِیرِ" فلاں امیر کا رازدار ہے۔ وحی۔ حاذق۔ جھوٹا۔ چغلخور۔ شکاری کے گھات کی جگہ راہب کی کوٹھری۔ جال۔ مکروفریب۔ حیلہ نہانی چیونٹی کی شکل کا ایک مٹیالا جانور۔ شیر کی جھاڑی ج نَوَامِیسُ۔ النَّامُوسُ الاَکبَرُ: حضرت جبرئیل علیہ السلام کا لقب (دخیل)

النَّامُوسَۃُ۔ شیر کی جھاڑی۔ مچھر۔

النَّامُوسِیَۃُ۔ مچھردانی (دخیل)

النِّمسُ۔ چھوٹی چھوٹی ٹانگوں اور لمبی دُم کا بلی کے برابر ایک جانور جو سانپ اور چوہے وغیرہ کا شکار کرتا ہے اور اس کی بہت قسمیں ہیں۔ ج نُمُوسٌ

النَّمَسُ۔ گھی و خوشبو کی خرابی۔ دودھ یا چکنائی کی بو۔

النَّمَسَۃُ۔ بدبو۔

النَّمَّاسُ۔ چغلخور۔

الاَنمَسُ۔ مٹیالا۔ مؤنث نَمسَاءُ۔ ج نُمسٌ

المُنَامِسُ۔ چپکے چپکے بات کرنے والا۔ گھات کی جگہ میں داخل ہونے والا۔

نَمسَا۔ ملک آسٹریا۔ (دخیل)

نَمسَاوِیٌ۔ آسٹریا کا باشندہ (دخیل)

نَمَشَ (ن) نَمشًا۔ چغل خوری کرنا۔ جھوٹ بولنا —— الکَلَامَ: جھوٹی بات بنانا —— الجَرَادُ الاَرضَ: کھا کے سب صاف کرنا —— مِنَ الاَرضِ بیہودہ لوگوں کی طرح کچھ اٹھانا۔

نَمَشَہٗ (ض) نَمشًا۔ منقش کرنا۔

نَمِشَ (س) نَمَشًا۔ داغدار ہونا۔ دھاری دار ہونا۔ صفت اَنمَشُ و نَمِشٌ۔

نَمَّشَ فِی اُذُنِہٖ: کان میں چپکے چپکے بات کہنا۔

اَنمَشَ الرَّجُلُ: چغلخوری کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "اَنمَشَ بَینَہُم" یعنی اس نے ان کے درمیان فساد ڈالا۔

النَّمشُ مص۔ چکنی چپڑی گفتگو۔

النَّمَشُ مص۔ داغ۔ دھاری۔ نقش و نگار کے خطوط۔

النَّمِشُ۔ داغدار۔ دھاریدار "سَیفٌ نَمِشٌ"۔ دھاری دار تلوار۔ "وَجہٌ نَمِشٌ": داغدار چہرہ۔

الاَنمَشُ۔ داغدار۔ مؤنث نَمشَاءُ۔ ج نُمشٌ۔ عَنزٌ نَمشَاءُ: داغدار بکری۔

رَجُلٌ مُنمِشٌ۔ فساد آمیز مرد۔

نَمَصَ (ن) نَمصًا۔ الشَّعرَ او النَّبتَ: بال یا نباتات اکھیڑنا۔

نَمَّصَ تَنمِیصًا و تَنَمَّصَ تَنَمُّصًا الشَّعرَ: بال اکھیڑنا۔

اَنمَصَ النَّبتُ: جانور کے چرنے کے بعد دوبارہ اُگنا۔

تَنَمَّصَتِ المَاشِیَۃُ: مویشی کا ابتدائی روئیدگی کو چرنا —— المَرأَۃُ: اکھیڑنے کیلئے پیشانی کے بال کو پکڑنا۔

النِّمَاصُ۔ سوئی کا دھاگا۔

النُّمَاصُ۔ مہینہ۔ ج نُمُصٌ و اَنمِصَۃٌ۔

النَّمَصُ۔ روئیں کی طرح نرم و ملائم بال چھوٹے چھوٹے پر۔ ابتدائی نباتات۔ ایک قسم کی نرم گھاس جس سے سرپوش وغیرہ بناتے ہیں۔

النَّمِیصُ۔ اکھڑا ہوا —— مِنَ النَّبتِ وہ گھاس جس کو جانور چر سکیں۔ یا وہ گھاس جو چرنے کے بعد پھر نکل آئے۔

المِنمَصُ والمِنمَاصُ۔ موچنا۔

نَمَّطَ تَنمِیطًا بِفُلَانٍ الشَّیٔ و عَلَی الشَّیٔ: —— رہنمائی کرنا۔

اَنمَطَ لَہُ العَطَاءَ: کم دینا۔

النَّمَطُ۔ ایک قسم کی چادر۔ ٹوکرے کے مانند ایک برتن۔ طریقہ۔ روش۔ نوع۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا مِن نَمَطِ ہٰذَا" یہ اس کی قسم سے ہے "وَمَا عِندَہٗ نَمَطٌ مِنَ العِلمِ" اسے کسی قسم کا علم نہیں۔

النَّمَطُ۔ ایک قسم کا اُونی کپڑا جو ہودج پر ڈالا جاتا ہے۔ ج اَنمَاط و نِمَاط۔ اور نسبت کے لئے اَنمَاطِیٌّ و نَمَطِیٌّ۔ النَّمَطُ: لوگوں کی جماعت کہ انکا معاملہ ایک ہو۔

الاَنمَطُ۔ طریقہ۔

النَّمَغَۃُ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ مال کی کثرت۔ قوم کا بہترین حصہ۔ نومولود بچہ کے سر کا وہ حصہ جو حرکت کرتا رہتا ہے۔

النَّامَغَۃُ۔ سر کا بالائی حصہ۔ نومولود بچے کے سر کا وہ حصہ جو سخت ہونے سے پہلے حرکت کرتا رہتا ہے۔

نَمَقَ (ن) نَمقًا عَینَ فُلَانٍ: آنکھ پر طمانچہ مارنا —— الکِتَابَ: لکھنا

نَمَّقَ الکِتَابَ: کتاب کو خوبصورت لکھنا —— الجِلدَ: کھال کو منقش کرنا۔

اَنمَقَتِ النَّخلَۃُ: درخت خرا میں بے گٹھلی کے کھجور ہونا۔

النَّمقُ۔ کتاب۔ نَمقُ الطَّرِیقِ: راستہ کا وسط

النَّمَقَۃُ۔ بدبو۔

ثَوبٌ نَمِیقٌ و مُنَمَّقٌ۔ منقوش کپڑا۔ وَعدٌ او قَولٌ مُنَمَّقٌ: بناوٹی وعدہ یا گفتگو۔

نَمَلَ (ن) نَملًا و نَمِلَ (س) نَمَلًا و اَنمَلَ چغلخوری کرنا۔ نَمَلَ و نَمِلَ فِی الشَّجَرِ: درخت پر چڑھنا۔

نَمِلَت (س) نَمَلًا یَدُہٗ: ہاتھ کا سُن ہونا۔

تَنَمَّلَ القَومُ: حرکت کرنا اور بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

النَّامِلُ۔ فا۔ چغلخور۔

النَّامِلَۃُ۔ النَّامِلُ کا مؤنث عام راستہ۔

النَّملُ والنَّمُلُ۔ چیونٹی۔ واحد۔ نَملَۃٌ و نَمُلَۃٌ (مذکر و مؤنث) ج نِمَال۔ النَّملُ: پہلو کی پھنسیاں

النِمَل ۔ چغلخور ۔ بہت چیونٹیوں والی جگہ ۔ کہا جاتا ہے "مَکَانٌ نَمِلٌ وَاَرْضٌ نَمِلَةٌ" اور کہا جاتا ہے "فَرَسٌ نَمِلٌ اور نَمِلُ القَوَائِمِ" ۔ گھوڑا جو کلیلیں کرنے کی وجہ سے ایک جگہ قائم نہ رہے و "رَجُلٌ نَمِلٌ اور نَمِلُ الاَصَابِعِ" ہر کام میں پھرتیلا مرد ۔

النَمْلَة ۔ جھوٹ ۔ جانور کے کھر کی پھٹن ۔ پہلو کی پھنسیاں ۔ ایک قسم کی پھنسی جس میں سوزش ہوتی ہے اور جو جگہ بدلتی رہتی ہے ۔

النُمْلَة ۔ حوض کا بقیہ پانی ۔ کہا جاتا ہے ۔ "فَرَسٌ ذُو نُمْلَةٍ" بہت حرکت کرنے والا گھوڑا ۔

النَمْلَة ۔ بتثلیث النون : چغلخوری ۔

النَمَلَانُ ۔ کسی چیز پر اوپر سے جھانکنا ۔

النَمَّال ۔ چغلخور ۔

النَمِيلَة ۔ چغلخوری ۔

الاُنْمُلَة ۔ تسع لغات بتثلیث الہمزة والمیم : سرانگشت ۔ اور بقول بعض انگلی کا اوپر کا پورا ۔ ج اَنَامِل واَنْمُلَات (بتثلیث الحرفین)

النَمْلیٰ والمُنَمَّلَة مِنَ النِسَاءِ : ایک جگہ پر قرار نہ لینے والی عورت ۔

المِنْمَل والمُنْمِل ۔ چغلخور ۔

المُنْمَل والمُنَمَّل ۔ لکھا ہوا ۔ گنجان لکھا ہوا ۔

المَنْمُول ۔ زبان ۔ طَعَامٌ مَنْمُولٌ : کھانا جس میں چیونٹیاں پڑگئی ہوں ۔

نَأْمَلَ نَأْمَلَةً ۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا ۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ یُنَأْمِلُ فِیْ قَیْدِہٖ"

نَمْنَمَةً ۔ آراستہ کرنا ۔ مزین کرنا ۔ منقش کرنا نَمْنَمَتِ الرِیْحُ الرَمْلَ اوالمَاءَ : دھاری ڈالنا ۔ لہر ڈالنا ۔ نَمْنَمَ کِتَابَہٗ : گنجان ڈالنا ۔

النِمْنِم والنِمْنِیم ۔ ریت پر کی دھاری ۔

النِمْنِم والنُمْنُم ۔ جوانوں کے ناخن پر کی سپیدی ۔ واحد نِمْنِمَة و نُمْنُمَة ۔

المُنَمْنَم ۔ مفع ۔ ثَوْبٌ مُنَمْنَمٌ : منقش کپڑا ۔ نَبْتٌ مُنَمْنَمٌ : گنجان نباتات ۔ کِتَابٌ مُنَمْنَمٌ : منقش کتاب نَاقَةٌ مُنَمْنَمَةٌ : موٹی اونٹنی ۔

نَمِهَ (س) نَمَهًا ۔ حیرانی جیسی لاحق ہونا ۔ صفت نَامِہٌ و نَمِہٌ ۔

نَمَا یَنْمُو نُمُوًّا ۔ زیادہ ہونا ۔ بڑھنا ۔ بلند ہونا ـــ الخِضَابُ : سرخی یا سیاہی زائد ہونا ـــ الحَدِیْثَ اِلٰی فُلَانٍ : نسبت کرنا ۔

النُمُوّ ۔ بڑھاؤ ۔ زیادتی ۔

النَمْوَة ۔ زیادتی ۔

النَمُوذَج والاُنْمُوذَج : نمونہ ۔ ج نَمُوذَجَاتٌ و اُنْمُوذَجَات ۔

نَمیٰ یَنْمِی نَمْیًا ونُمِیًّا ونَمَاءً ونَمِیَّةً المَالُ وغَیْرُہٗ : زیادہ ہونا ۔ بہت ہونا ـــ السِعْرُ : بھاؤ گراں ہونا ـــ الحِبْرُ فی الکِتَابِ : روشنائی کا لکھنے کے بعد چمک اٹھنا ـــ الخِضَابُ فِی الیَدِ اوالشَعْرِ : سیاہی زیادہ ہونا ـــ الشَّیْءَ عَلَی الشَّیْءِ : کسی چیز سے بلند کرنا ـــ النَارَ : آگ کو خوب بھڑکانا ـــ الرَجُلُ : موٹا ہونا ـــ المَاءُ : پانی کا چڑھنا ـــ الحَدِیْثُ اِلٰی فُلَانٍ : کسی کی جانب نسبت کرنا ـــ الرَجُلَ اِلٰی اَبِیْہِ : نسبت کرنا ۔ نَمَتِ الاِبِلُ : موٹا ہونا ۔ گرمی میں گھاس کی تلاش میں دور تک جانا ـــ الصَیْدُ : شکار کا زخم لگ جانے کے بعد نگاہ سے اوجھل ہونا اور مرجانا ۔

نَمّیٰ تَنْمِیَةً الشَّیْءَ : بڑھانا ـــ النَارَ : آگ کو خوب بھڑکانا ـــ الحَدِیْثَ اِلٰی فُلَانٍ : نسبت کرنا ۔ فساد انگیزی کے لحاظ سے پہنچانا ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یُنَمِّیْ اَحَادِیْثَ النَاسِ" فلاں لوگوں کی باتوں کو فساد انگیزی کے لئے پہنچاتا ہے

اَنْمیٰ اِنْمَاءً الشَّیْءَ : زیادہ کرنا ۔ بڑھانا اَنْمیٰ : بڑھنا ـــ الحَدِیْثَ : چغل خوری کے لحاظ سے پھیلانا ـــ الصَیْدَ : شکار کا زخم لگ جانے کے بعد نگاہ سے اوجھل ہو کے مرجانا ۔ اور اسکے مقابل میں "اَصْمیٰ" ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ تیر لگنے کے بعد فوراً مرجائے ۔ اور اسی سے عرب کا قول ہے "کُلْ مَا اَصْمَیْتَ وَدَعْ مَا اَنْمَیْتَ" ـــ اَنْمیٰ الرَاعِی الاِبِلَ : چرواہے کا اونٹوں کو دور تک لیجانا ۔ اَنْمَاہَا الکَلَأُ : گھاس کا اونٹوں کو موٹا کرنا ۔ اَنْمیٰ الکَرْمُ : انگور کی بیل میں گچھے دار شاخ ہونا ۔ اَنْمَیْتُ لِفُلَانٍ : کسی کی معمولی غلطی کو چھوڑ دینا تاکہ بڑی غلطی میں مبتلا ہوجائے اور پھر اس کیلئے کوئی عذر باقی نہ رہے ۔

تَنَمّیٰ تَنَمِّیًا الشَّیْءُ : ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا اور بلند ہونا ۔

اِنْتَمیٰ اِنْتِمَاءً فُلَانٌ اِلٰی اَبِیْہِ : منسوب ہونا ـــ البَازِیْ : ایک جگہ سے دوسری جگہ بلند ہونا ۔ واِنْتَمیٰ فُلَانٌ فَوْقَ الوِسَادَةِ : بلند ہونا ۔

النَامِی ۔ فا ۔ نجات پانے والا ۔

النَامِیَة ۔ النامی کا مؤنث ۔ بڑھنے کی طاقت مخلوق ـــ مِنَ الاِبِلِ : موٹے اونٹ ۔ نَامِیَةُ الکَرْمِ : گچھے دار شاخ ۔ ج النَوَامِی ۔

النِمَاة ۔ چھوٹی جوں ۔ ج نُمیٰ ۔

نَهَأَ یَنْهَأُ نَهْأً الاِنَاءُ : بھرنا ۔ اور کہا جاتا ہے "شَرِبَ فُلَانٌ حَتّیٰ نَهَأَ" ۔ فلاں نے پیا یہاں تک کہ سیر ہوگیا ۔

نَهِئَ یَنْهَأُ نَهْأً و نُهُوْءًا و نَهْأً و نَهَاءَةً و نُهُوءًا و نَهَاوَةً اللَحْمُ : گوشت کا کچا رہنا ۔ صفت نَهِیٌّ ۔

اَنْهَأَ اِنْهَاءً اللَحْمَ : گوشت کچا رکھنا ـــ الاَمْرَ : مضبوط نہ کرنا ۔

النَاهِی ۔ شکم سیر ۔ سیراب ۔

النُهُوءَة ۔ پختگی ۔

نَهَبَ (ف ن) و نَهِبَ (س) نَهْبًا الغَنِیْمَةَ مالِ غنیمت لوٹنا ـــ القَوْمُ فُلَانًا : سخت سست کہنا ۔ نَهَبَہُ الکَلْبُ : کُتے کا ایڑی پر کاٹ لینا ۔

نَاهَبَہٗ مُنَاهَبَةً ۔ دوڑنے میں مقابلہ کرنا نَاهَبَ القَوْمُ فُلَانًا : سخت سست کہنا ـــ الغَنِیْمَةَ : مالِ غنیمت لوٹنا ۔

اَنْهَبَ الرَجُلُ مَالَہٗ : لوٹنے کا موقع دینا ۔ اَنْهَبَہُ المَالَ : لٹا دینا ۔

تَنَاهَبَتِ الاِبِلُ الاَرْضَ : ٹانگوں کے نیچے کرنا ۔ تَنَاهَبَ الفَرَسَانِ : باہم لوٹنا اور دوڑنے میں مسابقت کرنا ۔

اِنْتَہَبَ الفَرَسُ الشَّوطَ: غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے ہُوَ اَوَّلُ یُنْتَہَبُ الغَایَۃَ۔ گھوڑا جو غایت تک مسابق ہوتا ہے وَانْتَہَبَ النَّہبَ: مالِ غنیمت کو لینا۔

اَلنَّہْبُ مص۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا زَمَانُ النَّہبِ" یہ لوٹ کا وقت ہے۔ غنیمت۔ ہر وہ چیز جو لوٹی جائے۔ ج نِہاب۔ النَّہْبُ: ایک قسم کی دوڑ۔

اَلنُّہْبَۃُ والنُّہْبٰی والنُّہَیْبٰی والنُّہَیْبٰی لُوٹ: لُوٹی ہوئی چیز۔

اَلنَّہَّابُ۔ بہت لُوٹنے والا۔

اَلمِنْہَبُ۔ دوڑ میں فوقیت لیجانے والا گھوڑا۔

اَلمُنْتَہَبُ۔ مصدر میمی بمعنے انتہاب۔ لُوٹ کی جگہ۔

اَلمَنْہُوبُ۔ مفع۔ فوری مطلوب۔

اَلنَّہَابِرُ والنَّہَابِیرُ۔ ہلاکتیں۔ زمین یا ریت کی بلند جگہیں۔ اور بقول بعض ٹیلوں کے درمیان گڑھے۔ واحد نُہْبُرَۃٌ و نُہْبُورٌ و نُہْبُورَۃٌ۔ النَّہَابِرُ: جہنم اور کہا جاتا ہے "غَشِیَ بِہِ النَّہَابِیرَ" اس نے اس کو سخت کام پر برانگیختہ کیا۔

اَلنَّہْبَرَۃُ لمبی لاغر عورت یا قریب بہ ہلاکت

اَلنُّہْبُوغُ۔ ایک قسم کا پرندہ۔ ایک قسم کی لمبی تیز رفتار کشتی جس کو دونیج بھی کہتے ہیں۔ جو معرب ہے دونی کا۔

ہَنْبَلَ۔ الرَّجُلُ: عمر رسیدہ ہونا۔ لنگڑا ہونا اور لنگڑے بجو کی طرح چلنا۔

اَلنَّہْبَلُ۔ عمر رسیدہ۔ کہا جاتا ہے "شَیْخٌ نَہْبَلٌ وعَجُوزٌ نَہْبَلَۃٌ" عمر رسیدہ بڈھا۔ عمر رسیدہ بڑھیا۔

اَلنَّہْبَلَۃُ۔ گرانباری کی چال۔ موٹی اونٹنی

نَہَتَ (ض) نَہْتًا ونَہِیتًا الاَسَدُ والحِمَارُ والرَّجُلُ: شیر کا گونجنا۔ گدھے کا رینکنا۔ مرد کا آواز کرنا۔ نالہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَأَیْتُہٗ یَنْہِتُ کَمَا یَنْہِتُ القِرْدُ" میں نے اس کو دیکھا کہ وہ اس طرح آواز نکال رہا تھا جیسے بندر نکالتا ہے۔

اَلنَّاہِتُ۔ فا۔ حلق۔

اَلنَّہَّاتُ۔ رینکنے والا (۔۔۔ والمِنْہَتُ) شیر۔

نَہْتَرَ فُلَانٌ عَلَیْنَا: جھوٹ باندھنا۔

نَہَجَ (ض) ونَہِجَ (س) نَہَجًا الرَّجُلُ: ہانپنا۔ دمہ والا ہونا۔

نَہَجَ (ف ن) نَہْجًا الثَّوبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ صفت نَہِجٌ۔

نَہَجَ (ف) نَہْجًا الثَّوبَ: کپڑے کو پرانا کرنا بوسیدہ کرنا ۔۔۔ الاَمْرَ: واضح کرنا۔ ظاہر کرنا۔ الطَّرِیقَ: راستہ میں چلنا۔

نَہَجَ (ف) نَہْجًا ونُہُوجًا الطَّرِیقُ اوالاَمْرُ: راستہ کا یا معاملہ کا واضح ہونا۔

اَنْہَجَ الطَّرِیقُ اوالاَمْرُ: راستہ یا معاملہ کا واضح ہونا ظاہر ہونا ۔۔۔ الطَّرِیقَ اوالاَمْرَ: راستہ یا معاملہ کو واضح کرنا۔ ظاہر کرنا ۔۔۔ الدَّابَّۃَ: چوپایہ پر سوار ہو کر سانس چڑھانا ۔۔۔ فُلَانًا: سانس چڑھانا ۔۔۔ الثَّوبَ: کپڑے کو پرانا کرنا بوسیدہ کرنا ۔۔۔ الثَّوبُ: کپڑا پرانا ہونا۔ یا کہنگی شروع ہونا۔

اِنْتَہَجَ الرَّجُلُ: چلنا۔ اور بقول بعض واضح راستہ تلاش کرنا ۔۔۔ الطَّرِیقَ: راستہ کو ظاہر کرنا۔

اِسْتَنْہَجَ۔ الطَّرِیقُ: راستہ کا واضح ہونا۔ فُلَانٌ سَبِیلَ فُلَانٍ: پیروی کرنا۔

طَرِیقٌ نَاہِجَۃٌ۔ واضح راستہ۔

اَلنَّہْجُ مص۔ واضح راستہ۔ کہا جاتا ہے طَرِیقٌ نَہْجٌ وطُرُقٌ نَہْجَۃٌ۔ ونَہَجَاتٌ ونَہْجٌ ونُہُوجٌ۔

نَہْجُ البَلَاغَۃِ۔ بلاغت کے واضح طریقے ایک کتاب کا نام جس میں سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کے خطبات، اقوال، مکاتیب نصائح جمع کیے گئے ہیں۔

اَلنَّہَجُ والنَّہِیجُ۔ ہانپنا۔

اَلمَنْہَجُ والمِنْہَجُ والمِنْہَاجُ: کشادہ راستہ ج مَنَاہِجُ۔

اَلمُنْہِجُ۔ جلدی بوسیدہ ہونے والا کپڑا۔

نَہَدَ (ف ن) نُہُودًا الثَّدْیُ: پستان کا ابھرنا

نَہَدَتِ المَرْأَۃُ: اُبھرے ہوئے پستان والی ہونا۔ صفت نَاہِدٌ ونَاہِدَۃٌ ۔۔۔ القِرْبَۃُ: مشک کا بھرنے کے قریب ہونا (۔۔۔ نَہْدًا ونَہَدًا) لِلعَدُوِّ والیٰ العَدُوِّ: دشمن پر جلدی حملہ کرنا ۔۔۔ الہَدِیَّۃَ: ہدیہ کو بڑا سمجھنا یا بڑا کرنا۔

نَہَدَ (ف) نَہْدًا۔ اُٹھنا ۔۔۔ الیہِ: کھڑا ہونا۔ جیسے "دَخَلَ المَسْجِدَ فَنَہَدَ النَّاسُ یَسْأَلُونَہٗ" یعنی وہ مسجد میں داخل ہوا تو لوگ کھڑے ہو کر اس سے پوچھنے لگے۔

نَہُدَ (ک) نُہُودَۃً الفَرَسُ: گھوڑے کا عمدہ اور مضبوط ہونا۔

نَہَّدَتِ المَرْأَۃُ: اُبھرے ہوئے پستان والی ہونا۔ صفت مُنَہِّدٌ۔

نَاہَدَہٗ مُنَاہَدَۃً۔ لڑائی میں کسی کا مقابلہ کرنا۔

اَنْہَدَ العَطِیَّۃَ: عطیہ کو بڑھانا ۔۔۔ الحَوضَ اوالاِنَاءَ: حوض یا برتن کو بھرنا یہاں تک کہ چھلکنے لگے۔ اَنْہَدَتِ المَرْأَۃُ: اُبھرے ہوئے پستان والی ہونا ۔۔۔ فُلَانًا: اُٹھانا۔

تَنَہَّدَ الرَّجُلُ: ٹھنڈی سانس لینا۔

تَنَاہَدَ القَومُ: برابر برابر نفقہ نکالنا تاکہ اس سے مشترک طور پر غلہ خریدیں جو نفقہ نکالا جائے اس کو النِّہد کہتے ہیں۔ تَنَاہَدَ القَومُ الشَّیئَ: آپس میں لین دین کرنا۔ تَنَاہَدُوا فِی الحَرْبِ: لڑائی میں ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔

اِسْتَنْہَدَہٗ لڑائی میں اُٹھنے کیلئے بلانا۔

اَلنَّاہِدُ۔ فا۔ ج نُہَّدٌ ونُہُودٌ۔ اُبھرے ہوئے پستان والی عورت۔ ج نَوَاہِدُ۔ النَّاہِدُ۔ شیر۔ غُلَامٌ نَاہِدٌ: قریب البلوغ لڑکا۔

اَلنِّہَادُ۔ مقدار۔ اندازہ۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا نِہَادُ مِائَۃٍ" یہ مقدار سو کے ہے۔

اَلنَّہْدُ۔ مص۔ بلند چیز۔ شیر۔ کریم۔ عمدہ مضبوط گھوڑا۔ مذکر۔ پستان۔ ج نُہُود۔

اَلنِّہْدُ۔ نفقہ جو شرکاء سفر برابر برابر نکالیں۔

مَطْلُوبَهٗ اس نے اپنے دشمن سے اپنا مطلوب
حاصل کر لیا۔ اور کبھی دو مفعول کی طرف تعدیہ
ہوتا ہے جیسے نَالَهٗ مَطْلُوبَهٗ اس نے اس کا
مطلوب حاصل کرا دیا۔ کہا جاتا ہے نَالَنِي
مِنْ فُلَانٍ مَعْرُوفٌ فلاں سے مجھے بھلائی
پہنچی۔ و نَالَ مِنْ عِرْضِ فُلَانٍ یعنی اس نے
اس کی بے عزتی کی۔ و نَالَ الرَّحِيلُ: کوچ کا
وقت قریب ہونا و أَمَا نَالَ لَهُمْ أَنْ يَفْقَهُوا
کیا ان کے لئے سمجھ کا وقت نہیں آیا۔

أَنَالَ إِنَالَةً فُلَانًا الشَّيْءَ ولِفُلَانٍ الشَّيْءَ:
حاصل کرانا۔

النَّائِلُ۔ فا۔ جو حاصل کیا جائے۔ کہا جاتا
ہے أَصَبْتُ مِنْهُ نَائِلًا۔

النَّيْلُ۔ مص۔ جو حاصل کیا جائے۔ کہا جاتا
ہے أَصَبْتُ مِنْهُ نَيْلًا۔

النِّيلُ۔ مصر کے ایک دریا کا نام۔ ایک
قسم کی گھاس جس سے نیلا رنگتے ہیں۔ ایک دوسری
قسم کی گھاس جس کے پتے چھوٹے اور تنہ
سخت ہوتا ہے۔ النَّيِّلُ: بادل۔

النَّالَةُ۔ مص۔ گھر کا صحن۔

النُّولَةُ والنَّيْلَةُ۔ جو حاصل کیا جائے۔

النِّيلَجُ والنِّيلَنْجُ۔ چربی کا کاجل جس کو
گوندنے میں استعمال کیا جائے۔ اور یہ معرب ہے
اور عربی اس کی نَؤُورٌ ہے۔

النِّيلَجُ۔ نیل کا رنگ۔

النِّيلُوفَرُ والنِّينُوفَرُ والنَّيْلُوفَرُ۔ گل نیلوفر
(جدید)

النِّيمْبِرِشْتُ۔ ادھ بھنا۔ کہا جاتا ہے بَيْضٌ
نِيمْبِرِشْتٌ اور عوام کہتے ہیں بَيْضٌ بِرِشْتٌ۔

نَاهَ يَنُوهُ نَيْهًا الشَّيْءُ: بلند ہونا۔ پسند آنا۔

النَّائِهُ۔ بلند۔ نمایاں۔ کہا جاتا ہے:
نَفْسٌ نَائِهَةٌ: رکنے والا النفس۔

النِّيمُ۔ ن و م میں ذکر کیا گیا۔

النَّائِي۔ بانسری۔ ج نَايَاتٌ (فارسی)

و

الواو - چند معانی کے لئے مستعمل ہے۔
(۱) حرف عطف اور اس کے معنی مطلقاً جمع کے ہیں۔ جیسے جَاءَ زَیْدٌ وَعَمْرٌو۔
(۲) واو حالیہ - جملہ اسمیہ پر جیسے "جَاءَ زَیْدٌ وَالشَّمْسُ طَالِعَۃٌ" جملہ فعلیہ پر جیسے جَاءَ زَیْدٌ وَقَدْ طَلَعَتِ الشَّمْسُ"
(۳) واو استئناف جیسے "لَا تَأْکُلِ السَّمَکَ وَتَشْرَبُ اللَّبَنَ"۔
(۴) واو معیۃ جیسے "سِرْتُ وَالْجَبَلَ"۔
(۵) واو جو اس مضارع منصوب کے اوپر داخل ہو جو نہی کے جواب میں واقع ہو جیسے لَا تَنْہَ عَنْ خُلُقٍ وَتَأْتِیَ مِثْلَہٗ"۔
(۶) واو قسم جیسے وَاللّٰہِ الْعَظِیْمِ۔
(۷) واو رُبَّ جیسے وَلَیْلٍ کَمَوْجِ الْبَحْرِ اَرْخٰی سُدُوْلَہٗ
(۸) واو ضمیر جمع مذکر جیسے قَامُوْا۔
(۹) واو علامت جمع مذکر جیسے یَلُوْمُوْنَنِیْ قَوْمِیْ۔
(۱۰) واو فصل جیسے عَمْرٌو کا واو حالت رفعی و جری میں تاکہ عُمَرَ سے فرق ہو جائے۔
(۱۱) واو زائدہ بعد الا جیسے مَا مِنْ اَحَدٍ اِلَّا وَلَہٗ طَمَعٌ اَوْ حَسَدٌ۔
وا - ندبہ کیلئے مخصوص ہے جیسے "وَا زَیْدَاہ" یا "وَا ظَہْرَاہ" اور کبھی نداء حقیقی میں مستعمل ہوتا ہے
الوَاحُ والوَاحَۃ - ریگستانی علاقہ میں سبزہ زار زمین - ج وَاحَات۔
وَأَبَ یَئِبُ وَأْبًا وإِبَۃً مِنْ فُلَانٍ: شرم کرنا۔ شرم کی وجہ سے جھجکنا۔ وَأَبَ یَأْبُ وُأُبَۃً: کھر کے کناروں کا سمٹنا۔
وَئِبَ یَوْأَبُ وَأْبًا - غضبناک ہونا۔
اَوْأَبَہٗ وَاتَّأَبَہٗ - غضبناک کرنا۔ کسی کے ساتھ قابل شرم فعل کرنا۔ ذلت کیساتھ حاجت سے پھیر دینا۔
اِتَّأَبَ اِتِّئَابًا مِنْہُ: شرم کرنا۔

الإِبَۃُ والتُّؤَبَۃُ والمُؤْبَۃُ والمُوْئِبَۃُ: رسوائی - عار - شرم۔
الوَأْبُ مِنَ القِدَاحِ: بڑا پیالہ ـــ مِنَ الحَوَافِرِ: باہم ملے ہوئے کناروں والا مضبوط کھر چوڑا - بڑا اونٹ - ج اَوْآب۔
الوَأْبَۃُ - پتھر کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے (ـــ والوَئِبَۃُ) بہت گہرا کنواں - قِدْرٌ وَأْبَۃٌ کشادہ ہانڈی۔
المُوْئِبَاتُ - رسوا کرنے والی باتیں۔
الوَأْجُ - سخت بھوک۔
وَأَدَ یَئِدُ وَأْدًا - البِنْتَ: لڑکی کو زندہ درگور کرنا۔ صفت مفعولی وَئِیْدٌ و وَئِیْدَۃٌ و مَوْؤُوْدَۃٌ ـــ فُلَانًا: بوجھل کرنا۔
تَوَأَّدَ اِتَّأَدَ فِی الاَمْرِ: مہلت اور آہستگی سے کرنا۔ وتَوَأَّدَتْ عَلَیْہِ الاَرْضُ: زمین کا کسی کو چھپا لینا اور غائب کر دینا ـــ المَرْأَۃُ فِیْ قِیَامِہَا بوجھل ہونے کی وجہ سے لچکنا۔
الوَأْدُ - مص سخت آواز - دھماکہ - اونٹ کی بلبلاہٹ۔
الوَئِیْدُ - سخت - اونٹ کی بلبلاہٹ - پیروں کی چاپ جو دور سے سنائی دے - اور کہا جاتا ہے مَشٰی مَشْیًا وَئِیْدًا وہ متانت و سنجیدگی سے چلا ـــ والتُّؤَدَۃُ والتَّوْآدُ) سنجیدگی - متانت۔
المَوَائِدُ - مصیبتیں (اس کی اصل المَآوِدُ ہے)
وَأَرَ یَئِرُ وَأْرًا وإِرَۃً الرَّجُلَ: گھبراہٹ میں ڈالنا ـــ النَّارَ ولِلنَّارِ: آگ روشن کرنے کے لئے گڑھا بنانا ـــ ووَأَّرَ تَوْئِیْرًا) فُلَانًا: مصیبت میں ڈالنا۔
اَوْأَرَہٗ اِیْئَارًا - نفرت دلانا - خبردار کرنا۔
اِسْتَوْأَرَتِ الاِبِلُ: اونٹوں کا رک کر پہاڑ پر چڑھ جانا۔

الوَائِرُ - فا - خوفزدہ۔
الإِرَۃُ - ج إِرَاتٌ وإِرُوْنَ والوُؤْرَۃُ - ج وُأَرٌ واُوَرٌ: آگ سلگانے کی جگہ - الإِرَۃُ: آگ او جھ میں پکا ہوا گوشت - دھوپ میں سکھایا ہوا گوشت - دشمنی - آگ کی بھڑک - کوہان کی چربی
الوِئَارُ - پسینے کی مٹی نکالنے کے گڑھے۔
اَرْضٌ وَئِرَۃٌ - بہت گرمی والی زمین۔
وَأَصَ یَئِصُ وَأْصًا بِہِ الاَرْضَ: زمین پر پٹکنا۔
تَوَاءَصَ القَوْمُ: اکٹھا ہونا - پانی پر بھیڑ کرنا۔
الوَئِیْصَۃُ - جماعت، مخلوق، کہا جاتا ہے مَا اَدْرِیْ اَیُّ الوَئِیْصَۃِ ہُوَ میں نہیں جانتا کہ وہ کون ہے۔
وَأَطَ یَئِطُ وَأَطَأَ القَوْمَ: زیارت کرنا الشَّیْءُ: جوش میں آنا۔
الوَأْطَۃُ - مِنَ الاَرْضِ: بلند زمین ـــ مِنَ المَاءِ: پانی کی بڑی جگہ۔
وَأَلَ یَئِلُ وَأْلًا ووَئِیْلًا ووُؤُوْلًا ووَائِلًا ومُوَاءَلَۃً مِنْ کَذَا: نجات ڈھونڈھنا - اِلَیْہِ: پناہ لینا ـــ اِلَی المَکَانِ: سبقت کرنا۔ وَأَلَ فُلَانًا: جائے پناہ بنانا ـــ اِلَی اللّٰہِ: رجوع کرنا - توبہ کرنا (ـــ واَوْأَلَ) المَکَانُ: تہ بتہ جمی ہوئی مینگنیوں والی ہونا - واَوْأَلَ المَکَانَ: تہ بتہ جمی ہوئی مینگنیوں والی بنانا - اَوْأَلَتِ المَاشِیَۃُ فِی المَکَانِ او الکَلَاَ: گوبر مینگنی سے خراب کرنا۔
الوَأْلُ والمَوْئِلُ والمَوْأَلَۃُ - جائے پناہ
اِسْتَوْأَلَتْ اِسْتِیْئَالًا الاِبِلُ: اونٹوں کا اکٹھا ہونا۔
الوَأْلَۃُ - اونٹ یا بکریوں کی تہ بتہ مینگنیاں
وَأَمَہٗ یَئِمُہٗ وَئِیْمًا - بدشکل کر دینا۔
وَاءَمَہٗ وِئَامًا ومُوَاءَمَۃً - موافقت کرنا
تَوَاءَمَ - موافق ہونا - مناسب ہونا۔
اِتَّأَمَتْ اِتِّئَامًا المَرْأَۃُ: جوڑواں جننا صفت

تُخَم۔ اس میں واؤ کی تبدیلی تا سے ہوئی ہے۔
الوَأْم۔ گرم کمرہ۔
الوَأْمَة۔ دوسرے کی صنعت کا نقال۔
المُوْأَم۔ بدشکل۔ بڑے سر والا۔
المُتَوَائِم۔ فا۔ غِنَاءٌ مُتَوَائِمٌ: متناسب۔
وَأْوَأَ وَأْوَأَةً الكَلْبُ: بھونکنا۔ کہا جاتا ہے
مَا سَمِعْتُ إِلَّا وَعْوَعَةَ الذِّئَابِ وَوَأْوَأَةَ الكِلَابِ
میں نے بھیڑیوں کے چیخنے اور کتوں کے بھونکنے کے علاوہ کچھ نہیں سنا۔
وَأَى يَئِي وَأْيًا وعدہ کرنا — الشَّيءَ: — ذمہ دار ہونا۔
تَوَاءَى تَوَائِيًا القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔
اِتَّأَى اِتِّئَاءً۔ وعدہ قبول کرنا۔
اِسْتَوْأَى اِسْتِيئَاءً الرَّجُلَ: وعدہ لینا۔
الوَأْي مم۔ وعدہ۔ وہم وگمان۔ لوگوں کی تعداد۔
الوَأْي مِنَ الدَّوَابِّ: تیز رفتار۔ مؤنث وَأَاةٌ (جیسے کہ نَوَاةٌ)
الوَئِيَّة۔ بڑے بورے۔ بڑے پیٹ والی اونٹنی (— والوَأْيَة) بڑا پیالہ۔ بڑی ہانڈی
الوَئِيَّةُ: موتی۔ اپنے گھر کی محافظ عورت۔
وَبَّ يَوُبُّ وَبًّا۔ لڑائی میں حملہ کے لئے تیار ہونا۔
وَبَأَ يَوْبَأُ وَبْأً وَوَبَّأَ المَتَاعَ: ترتیب سے رکھنا۔
وَبَأَ وَأَوْبَأَ إِلَيْهِ: اشارہ کرنا۔
وَبِئَ يَوْبَأُ وَبِيئًا وَبَاءً وَبُؤَ يَوْبُؤُ وَبَاءً وَوَبَاءَةً وَإِبَاءَةً وَوُبِئَ يُوبَأُ وَبْأً وَأَوْبَأَ المَكَانُ: بہت وبا زدہ ہونا۔ اسم الصفۃ عِدَۃ کی مانند۔
تَوَبَّأَ البَلَدَ: شہر کی آب وہوا کو ناموافق پانا۔
اِسْتَوْبَأَ اِسْتِيبَاءً المَدِينَةَ: وبازدہ پانا
الوَبَأُ ج أَوْبَاءٌ والوَبَاءُ ج أَوْبِئَةٌ۔ عام بیماری۔
الوَبِئُ والوَبِيُّ والمَوْبُوءُ۔ بہت وبازدہ جگہ

اور ہر ایک کی مؤنث تا کے ساتھ۔
المَوْبَئُ فا۔ تھوڑا پانی۔
وَبَتَ يَبِتُ وَبْتًا بِالمَكَانِ: اقامت کرنا
وَبَّخَهُ۔ جھڑکنا۔ ملامت کرنا۔ عار دلانا۔ دھمکانا۔
التَّوْبِيخَة۔ سرزنش۔ تکلیف دہ ملامت۔
وَبِدَ يَوْبَدُ وَبَدًا۔ بدحال اور کم مال والا ہونا۔ صفت وَبِدٌ — الثَّوْبُ: کپڑا بوسیدہ ہونا — النَّهَارُ: دن سخت گرم ہونا —— عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔
أَوْبَدَهُ إِيبَادًا۔ جدا کرنا۔
تَوَبَّدَ أَمْوَالَهُمْ: نظر لگانے کیلئے معین کرنا۔
الوَبَد۔ پہاڑ کا گڑھا۔
الوَبَد مم۔ بدحالی وتنگی زندگانی۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ فِي وَبَدٍ فلاں بدحالی میں ہے۔ اور کبھی اس مصدر کو بطور وصف کے بھی استعمال کرتے ہیں۔ اور کہتے ہیں رَجُلٌ وَبَدٌ یعنی بدحال مرد۔ واحد اور جمع دونوں کے لئے اور کبھی أَوْبَادٌ جمع لاتے ہیں۔ الوَبَد: گرمی۔ عیب۔ پہاڑ کا گڑھا
الوَبِد۔ بھوکا (— والمُتَوَبِّد) سخت نظر لگانے والا۔
قَوْمٌ أَوْبَادٌ۔ مفلس لوگ۔
المُسْتَوْبِد۔ قلتِ مال اور کثرتِ عیال سے بدحال مرد۔
وَبِرَ يَوْبَرُ وَبَرًا وَأَوْبَرَ إِيبَارًا۔ بہت پشم والا ہونا۔ صفت وَبِرٌ وأَوْبَرُ۔ مؤنث وَبِرَةٌ و وَبْرَاءُ۔
وَبَرَ يَبِرُ وَبْرًا بِالمَكَانِ: اقامت کرنا۔
وَبَّرَ۔ چھوٹے چھوٹے بال نکلنا —— الثَّعْلَبُ: لومڑی کا نشان چھپانے کیلئے سخت زمین پر چلنا —— الرَّجُلُ بِالمَكَانِ: اقامت کرنا —— فُلَانٌ: بھاگنا اور وحشت زدہ ہونا یا تنہا زندگی بسر کرنا —— عَلَيْهِ الأَمْرَ: پوشیدہ رکھنا۔
وُبِّرَتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما میں گابھا دینا۔
الوَبْر۔ سخت سردی کے سات دنوں میں

سے ایک دن۔ بلی سے چھوٹا ایک جانور جس کی دم اور کان چھوٹے چھوٹے ہوتے ہیں۔ ج وُبُورٌ و وِبَارٌ و وِبَارَةٌ۔ مؤنث الوَبْرَة۔
الوَبَر مم۔ اونٹ اور خرگوش وغیرہ کے بال ج أَوْبَار۔ أَهْلُ الوَبَرِ: دیہاتی لوگ۔ کہا جاتا ہے أَخَذَ الشَّيْءَ بِوَبَرِهِ: یعنی اس نے سارا لے لیا۔
الوَبَرَة۔ وَبَر کا واحد۔
الوَابِر۔ فا۔ کہا جاتا ہے مَا بِالدَّارِ وَابِرٌ گھر میں کوئی نہیں۔
بَنَاتُ الأَوْبَرِ وَبَنَاتُ أَوْبَرَ: چھوٹی اور ردی قسم کی سانپ کی چھتری۔ اور کہا جاتا ہے لَقِيتُ مِنْهُ بَنَاتِ أَوْبَرَ مجھے اس سے مصیبت حاصل ہوئی۔
وَبِشَ يَوْبَشُ وَبَشًا الظُّفْرُ: ناخن پر سفید داغ ہونا — جِلْدُ البَعِيرِ: خارش کی وجہ سے اونٹ کی کھال پر سیاہ سفید داغ ہونا۔ صفت وَبِشٌ۔
وَبَشَ تَوْبِيشًا الجَمْرُ: چنگاری کا ہوا چلنے سے سلگنا —— القَوْمُ فِي أَمْرٍ: کسی کام میں ہر جگہ سے مشغول ہونا —— الحَرْبُ: مختلف قبائل سے جنگ کیلئے اکٹھا ہونا۔ وَبَّشَتِ الأَظْفَارُ: ناخنوں میں سفید داغ ہونا۔
أَوْبَشَ۔ تیز چلنا۔ أَوْبَشَتِ الأَرْضُ: مخلوط پودوں والی ہونا۔
الوَبْش والوَبَش۔ کھجلی کے داغ۔ ناخن کے سفید داغ۔ أَوْبَاش کا واحد بمعنی سفلہ و کمینے لوگ وَبَشُ الكَلَامِ: ردی کلام اور کہا جاتا ہے مَا بِهَذِهِ الأَرْضِ إِلَّا أَوْبَاشٌ مِنْ شَجَرٍ أَوْ نَبَاتٍ یعنی اس زمین میں صرف تھوڑے سے بکھرے ہوئے درخت یا نباتات ہیں۔
وَبَصَ يَبِصُ وَبْصًا وَوَبِيصًا وَبِصَةً چمکنا۔ بجلی کوندنا۔ صفت وَابِصٌ — الجِرْوُ: پلے کا آنکھیں کھولنا۔ وَبَصَتِ الأَرْضُ: بہت نباتات والی ہونا۔
وَبِصَ يَوْبَصُ وَبَصًا چست ہونا۔ صفت

وَبِصٌ۔
وَبَصَ الجِروُ: پلے کا آنکھیں کھولنا — لَہٗ بِیَسِیرٍ: تھوڑا دینا۔
اَوْبَصَتِ النَّارُ: روشن ہونا۔ شعلہ اٹھنا۔
اَوْبَصَتِ الاَرضُ: نباتات ظاہر ہونا۔ یا بہت نباتات والی ہونا۔
اَبْیَصُ وَابِصٌ۔ چمکدار سفید۔
الوَابِصَۃ والوَبِیصَۃ۔ آگ۔ الوَابِصَۃ۔ دہشت۔ خوف۔ کہا جاتا ہے "مَا فِی النَّارِ وَابِصَۃٌ" آگ میں چنگاری نہیں "اِنَّہٗ لَوَابِصَۃُ سَمْعٍ" یعنی ہر سنی ہوئی چیز پر بھروسہ کرتا ہے۔
الوَبَّاص۔ چاند۔ چمکیلا۔ عَارِضٌ وَبَّاصٌ: بہت چمکنے والا بادل۔
وَبْصَان ووُبْصَان۔ زمانہ جاہلیت میں ماہ ربیع الآخر کا نام۔
وَبَطَ یَبِطُ وَبْطًا الجُرحَ: زخم کھولنا۔ الرَّجُلَ: مرتبہ گھٹانا۔ ذلیل کرنا — فُلَانًا عَنْ حَاجَتِہٖ: روک دینا۔ باز رکھنا — وَوَبِطَ یَوْبَطُ وَوَبُطَ یَوْبُطُ وَبْطًا وَوُبُوطًا وَوَبَاطَۃً) کمزور ہونا خسیس یا بزدل ہونا۔
اَوْبَطَہٗ۔ اچھی طرح خون بہانا۔ اچھی طرح قتل غارت کرنا۔
الوَابِط۔ خسیس۔ کمزور۔ بزدل۔
الوَبَاط۔ کمزوری۔
وَبَقَ یَبِقُ وَوَبِقَ یَبِقُ وَبْقًا وَوَبِقَ یَوْبَقُ وَبَقًا وُبُوْقًا وَمَوْبِقًا وَاسْتَوْبَقَ۔ ہلاک ہونا صفت وَبِقٌ۔
اَوْبَقَہٗ اِیْبَاقًا۔ ہلاک کرنا۔ ذلیل کرنا۔ قید کرنا۔
المَوْبِق۔ ہلاکت کی جگہ۔ وعدہ کی جگہ۔ قید خانہ۔ ہر وہ چیز جو دو چیزوں کے درمیان حائل ہو۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَرْکَبُ المُوْبِقَاتِ" فلاں خطرات میں پڑتا ہے "وَیَفْعَلُ المُوْبِقَاتِ" فلاں معاصی کا ارتکاب کرتا ہے۔
وَبَلَ یَبِلُ وَبْلًا فُلَانًا بِالعَصَا: لگاتار لاٹھی سے مارنا — الصَّیْدَ: شکار کو تیز ہانکنا۔
وَبَلَتِ السَّمَاءُ: بڑی بڑی بوندوں کی بارش برسانا
وَبُلَ یَوْبُلُ وَبْلًا وَوَبَالًا وَوُبُولًا وَوَبَالَۃً المَکَانُ: بدہضمی والی جگہ ہونا — الشَّیئُ: سخت ہونا۔
وَابَلَہٗ مُوَابَلَۃً۔ ہمیشگی کرنا۔
اِسْتَوْبَلَ اِسْتِیْبَالًا المَکَانَ: بدہضمی والی جگہ پانا۔ اِسْتَوْبَلَتِ الاِبِلُ: چراگاہ کے مضر صحت ہونے سے بیمار ہونا۔
الوَبْل والوَابِل۔ تیز بارش۔ بڑی بوندوں کی بارش۔
الوَابِلَۃ۔ وابل کا مؤنث۔ بازو یا ران کے سرے کا کنارہ۔
الوَبَال۔ مع۔ سختی۔ بدہضمی۔ برا انجام۔
الوَبِیلَۃ والاَبَلَۃ۔ گرانی۔ سختی۔ بدہضمی۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَتْہٗ وَبَلَۃُ الطَّعَامِ اور اَبَلَۃُ الطَّعَامِ" اس کو کھانے سے بدہضمی ہو گئی۔
الوَبِیل۔ سخت۔ مَرْعًی وَبِیْلٌ: مضر صحت چراگاہ۔ طَعَامٌ وَبِیْلٌ: مضر صحت کھانا۔ الوبیل ناقوس بجانے کی لکڑی۔ نرم شاخ۔ دھوبی کی موگری۔ اور کہا جاتا ہے "اَبِیْلٌ عَلٰی وَبِیْلٍ" یعنی لاٹھی پر سہارا لینے والا بڈھا — والوَبِیْلَۃ والمَوْبِل والمِیْبَل) موٹا ڈنڈا۔ لکڑی کا گٹھا۔
المِیْبَل والمِیْبَلَۃ۔ کوڑا۔ اونٹوں کے ہانکنے کے لئے لکڑی میں بندھا ہوا تسمہ ج مَوَابِل
وَبْنٌ۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ وَابِنٌ" گھر میں کوئی نہیں۔
الوَبْنَتَا۔ تکلیف۔ بھوک۔
وَبَہَ وَوَبِہَ یَوْبَہُ وَبْھًا وَوَبَھًا وَوُبُوْھًا و اَوْبَہَ اِیْبَاھًا لِفُلَانٍ وَبِہٖ: جاننا۔ سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یُوْبَہُ بِہٖ اَوْلَہٗ" فلاں کی پروا نہیں کی جاتی۔
وَتَأَ یَتَأُ وَتَأً فِی مِشْیَتِہٖ: سست رفتار چلنا
وَاتَاہٗ مُوَاتَاۃً وَوِتَاءً عَلَی الاَمْرِ: موافقت کرنا۔
الوَتُّ والوَتَّۃ۔ قمری کی آواز۔
وَتُحَ یَوْتُحُ وَتَاحَۃً وَوَتُحَۃً وَوُتُوحَۃً العَطَاءُ: داد و دہش کم ہونا۔
وَتَحَ یَتِحُ وَتْحًا وَتِحَۃً العَطَاءَ: داد و دہش کم کرنا۔
اَوْتَحَ اِیْتَاحًا وَوَتَّحَ تَوْتِیْحًا العَطَاءَ: کم کرنا۔ اَوْتَحَ الرَّجُلُ: آفت لاحق ہونے سے کم مال والا ہونا — فُلَانًا: رنج و مشقت میں ڈالنا — لَہُ الشَّیئَ: کم کرنا۔
تَوَتَّحَ تَوَتُّحًا مِنَ الشَّرَابِ: کم پینا۔
الوَتْح والوَتَح والوَتِیح۔ تھوڑا۔ ناچیز۔ رَجُلٌ وَتِحٌ: خسیس مرد۔ طَعَامٌ وَتِحٌ: بے برکت کھانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَغْنٰی عَنْہُ وَتْحَۃً" اس نے اسکو کچھ فائدہ نہیں دیا۔
وَتَحَ یَتِحُ وَتْحًا الرَّجُلَ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔
اَوْتَحَ اِیْتَاحًا مِنْ فُلَانٍ: انتہائی مشقت کو پہنچنا۔
الوَتْحَۃ۔ کیچڑ۔ کہا جاتا ہے "مَا اَغْنٰی عَنْہُ وَتْحَۃً" اس نے اس کو کچھ فائدہ نہیں دیا۔
المِیْتَحَۃ۔ چھڑی۔
وَتَدَ یَتِدُ وَتْدًا وَتِدَۃً وَوَتَّدَ الوَتِدَ: میخ گڑ جانا — الوَتِدَ: میخ گاڑنا۔ وَتَدَ فِی بَیْتِہٖ اقامت کرنا۔ وَتَّدَ الزَّرْعُ: نباتات کا ظاہر ہونا اور قوی ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "وَتَّدَ رِجْلَہٗ فِی الاَرْضِ" اس نے اپنے پیر کو زمین میں دھنسا دیا۔
اَوْتَدَ اِیْتَادًا الوَتِدَ: میخ گاڑنا۔
الوَتِدُ الوَتِدُ والوَتْدُ۔ میخ کھونٹی۔ کان کے سامنے کا مسّہ کے مانند ابھرا ہوا حصہ۔ ج اَوْتَاد۔ اَوْتَادُ الاَرْضِ: پہاڑ۔ اَوْتَادُ البِلَادِ: ملک کے بڑے بڑے آدمی۔ اَوْتَادُ الفَمِ: دانت والوَتِدُ عِنْدَ اَہْلِ العَرُوْضِ: تین حروف جن میں کہ دوسرا یا تیسرا ساکن ہو۔ اگر دوسرا ساکن ہو تو وَتِد مفروق کہلاتا ہے۔ جیسے قَوْلُ۔ اور تیسرا ساکن ہو تو وَتِد مجموع جیسے عَلٰی۔

المِیتَد والمِیتَدَۃ - میخ گاڑنے کی لکڑی یا لوہے کی موگری۔

الوَاتِد - فا - ثابت - قَرنٌ وَاتِدٌ: کھڑا سینگ وَتِدٌ وَاتِدٌ مبالغہ کیلئے ہے جیسے شُغلٌ شَاغِلٌ۔

وَتَرَ یَتِرُ وَترًا و تِرَۃً فُلَانًا: گھیرا دینا۔ ستانا تکلیف پہنچانا ــــ فُلَانًا مَالَہُ او حَقَّہُ: گھٹا دینا۔ القَومَ: جفت کو طاق کر دینا ــــ القَوسَ: تانت لگانا۔

اَوتَرَ اِیتَارًا القَوسَ: کمان کے لئے تانت بنانا یا کمان میں تانت لگانا ــــ الشَّیئَ: طاق بنانا ــــ بَینَ الاَشیَاءِ: وقفہ دے دے کر لگاتار کرنا۔

وَاتَرَ وِتَارًا و مُوَاتَرَۃً الاَشیَاءَ: وقفہ دیکر لگاتار کرنا ــــ الکُتُبَ: لگاتار بھیجنا ــــ الصَّومَ: ایک یا دو روز کا ناغہ دیکر روزہ رکھنا۔

وَتَّرَ القَوسَ: کمان میں تانت لگانا۔

تَوَتَّرَ العَصَبُ وَنَحوُہُ: پٹھے وغیرہ کا تانت کی مانند سخت ہونا۔

تَوَاتَرَتِ الاَشیَاءُ: وقفہ کے ساتھ لگاتار ہونا۔

الوَتر والوِتر - بے جوڑ - طاق - بدلہ - یا بدلہ لینے میں ظلم - ج اَوتَار۔

الوَتَر - وَتَرَۃٌ کی جمع ہے بمعنے تانت - ج اَوتَار و وِتَارٌ۔

الوَتَرَۃ - دو انگلیوں کے درمیان کی کھال کان کے اوپر کے حصہ کی نرم ہڈی - نتھنے کا کنارہ یا ناک کے بانسہ اور مونچھ کے درمیان کا حصہ - کمان سے تیر نکلنے کی جگہ - زبان کے نیچے کا پٹھا مکان کا وہ حصہ جہاں ستونوں سے طاق کے مانند بنایا جائے - ہر چیز کا گھیرا - ہر چیز کا خالص حصہ ج وَتَرٌ و وَتَرَاتٌ۔

الوَتِیرَۃ - طریقہ - وقفہ - سستی - نیزہ بازی سیکھنے کا دائرہ - قبر - گھوڑے کی پیشانی کا گول سفید داغ - بدر یا بدلہ لینے میں ظلم - قید - تاخیر نتھنوں کے درمیان کا پردہ - کان کے اوپر کے حصہ کی نرم ہڈی - دو انگلیوں کے درمیان کی کھال - ہونٹ کا حلقہ - مکان کا وہ حصہ جہاں ستونوں سے طاق کے مانند بنایا جائے - سفید زمین - گلاب کا شگوفہ - پہلی دہائی کا نام - یعنی جب دس کا عدد پورا ہوتا ہے تو اُسے وَتِیرَۃ کہتے ہیں۔

تَترَی - اس کی اصل وَترَی ہے اور اسکے معنے ایک کے بعد ایک کا آنا جیسے اَرسَلنَا رُسُلَنَا تَترَی۔

المَوتُور - مفع - وہ شخص جو اپنے مقتول کے خون کا بدلہ نہ لے سکے۔

الوَتش - ہر چیز کا قلیل - کمینے۔

وَتِغَ یَوتَغُ وَتَغًا - گنہگار ہونا - دین یا دنیا کے بارے میں ہلاک ہونا - درد مند ہونا - بدخلق ہونا - ملامت زدہ ہونا - گفتگو میں ناسمجھ ہونا - برا قول کہنا اور حد درجہ جاہل ہونا ــــ فِی حُجَّتِہِ غلطی کرنا۔

اَوتَغَ اِیتَاغًا - ہلاک کرنا - قید کرنا - اور بقول بعض مصیبت میں ڈالنا - دردناک کرنا۔

اَوتَغَہُ عِندَ السُّلطَانِ: مضربات کی تلقین کرنا۔ کہا جاتا ہے اَوتَغَ دِینَہُ بِالاِثمِ اس نے اپنے دین کو گناہ سے خراب کیا۔

الوَتِیغَۃ - دلیل میں غلطی۔

المَوتَغَۃ - ہلاکت۔

وَتَنَ یَتِنُ وُتُونًا و تِنَۃً المَاءُ: پانی کا ہمیشہ رہنا اور ختم نہ ہونا ــــ بِالمَکَانِ: ٹھیرنا اور اقامت کرنا (ــــ وَتنًا و وَتِینًا) الرَّجُلَ: شہ رگ پر مارنا۔

وُتِنَ - شہ رگ پر مارنا۔

وَاتَنَہُ مُوَاتَنَۃً - چمٹنا - دوسرے کے مانند کام کرنا - وَاتَنَ المَکَانَ: دیر تک ٹھیرنا۔

اِستَوتَنَ المَالُ: مال (یعنی جانوروں) کا موٹا ہونا۔

الوَاتِن - فا - کسی جگہ میں ہمیشہ رہنے والا - ج وُتَّن - ہمیشہ بہنے والا پانی جو کبھی ختم نہ ہو۔

الوَتَنَۃ - مقروض کا پیچھا - مخالفت۔

الوَتِین - مع - شہ رگ - دل کی رگ جس سے تمام رگوں میں خون جاتا ہے - ج وُتُنٌ و اَوتِنَۃ

وَثَأَ یَثَأُ وَثأً اللَّحمَ: مردار کرنا ــــ الوَتِدَ: کھونٹی کے سرے کو پاش پاش کر دینا ــــ و اَوثَأَ یَدَہُ: موچ ڈالنا۔

وَثِئَت تَوثَأُ وَثأً و وَثَأً و وُثُوءًا و وُثِئَت یَدُہُ: ہاتھ میں موچ ہونا - صفت وَثِئَۃٌ و مَوثُوءَۃٌ و وَثِیئَۃٌ۔

وَثُؤَ یَوثُؤُ وَثَاءَۃً - موچ لاحق ہونا۔

الوَثَاءَۃ والوَثءُ - موچ۔

الوَثِئُ - ٹوٹے ہوئے ہاتھ والا۔

المِیثَأَۃ - میخ گاڑنے کا آلہ۔

وَثَبَ یَثِبُ وَثبًا و وُثُوبًا و وَثَبَانًا و وِثَابًا و وَثِیبًا و ثِبَۃً - اچھلنا - کودنا - عرب کا قول ہے وَثَبَ اِلَی الشَّرَفِ وَثبًا وہ عزت پر دفعۃً پہنچ گیا۔

وَثَّبَہُ تَوثِیبًا - گدی پر بٹھانا ــــ ہُ الوِسَادَۃَ بیٹھنے کیلئے بچھانا - وَثَبَہُ وِثَابًا: کسی کیلئے فرش بچھانا

اَوثَبَہُ اِیثَابًا - کودانا - اَوثَبَہُ المَوضِعَ: کسی مقام سے کودانا۔

وَاثَبَہُ مُوَاثَبَۃً - سبقت کرنا - ٹوٹ پڑنا

تَوَثَّبَ عَلَیہِ فِی اَرضِہِ: ظلماً قبضہ کر لینا

تَوَاثَبَ القَومُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔

الوِثَاب - تخت - بچھونا - بیٹھنے کی جگہ۔

الوَثَبَی - بہت کودنے والا - کہا جاتا ہے "فَرَسٌ او نَاقَۃٌ وَثَبَی" بہت اچھلنے کودنے والا گھوڑا یا اونٹنی۔

الوَثَّاب - بہت کودنے والا - فَرَسٌ وَثَّابَۃٌ تیز رفتار گھوڑا۔

المِیثَب - کودنے والا - بیٹھنے والا - بلند زمین - نرم زمین - چھوٹا چشمہ۔

المُوثَبَان - غزوہ نہ کرنے والا بادشاہ۔

وَثُجَ یَوثُجُ وَثَاجَۃً - گاڑھا ہونا - الفَرَسُ گھوڑے کا موٹا ہونا ــــ المَکَانُ: بہت گھاس والی ہونا - صفت وَثِیجٌ۔

اَوْثَجَہٗ اِیْثَاجًا۔ زیادہ کرنا۔

اِسْتَوْثَجَ المَالُ: زیادہ ہونا ـــ مِنَ المَالِ: زیادہ لینا ـــ الفَرَسُ: گھوڑے کا موٹا اور گٹھا ہونا ـــ النَبْتُ: نباتات کا بہت ہونا اور گنجان ہونا۔

الوَثِیْجُ۔ گاڑھا۔ گٹھا۔ ثَوْبٌ وَثِیْجٌ۔ گف بُنا ہوا کپڑا۔

الوَثِیْجَۃُ۔ بہت درختوں والی زمین۔ گنجان درختوں والی زمین۔

اَرْضٌ مُوْتَثِجَۃٌ وَمُتَّثِجَۃٌ۔ بہت گھاس والی زمین۔

المُوَثَّجُ مِنَ الثِیَابِ۔ نرم بُنا ہوا کپڑا۔

الوَثْخَۃُ۔ پانی کی تری۔

الوَثِیْخَۃُ۔ گاڑھا دودھ۔ چربی ملی ہوئی نرم ہڈی۔ تر و تازہ اُلجھی ہوئی گھاس۔ کیچڑ والی زمین رَجُلٌ مُوَثَّخُ الخَلْقِ وَمُوَثَّخُہٗ۔ کمزور جسم کا مرد۔

وَثُرَ یَوْثُرُ وَثَارَۃً الفِرَاشُ: بچھونے کا نرم و ملائم ہونا۔ صفت وَثِیْرٌ ـــ لَحْمُہٗ: بہت گوشت والا ہونا ـــ الرَّجُلُ: موٹا ہونا۔

وَثَرَ یَثِرُ وَثْرًا وَوَثَّرَ الفِرَاشَ: بچھونے کو روندنا۔ نرم کرنا۔

اِسْتَوْثَرَ الفِرَاشَ: بچھونے کو نرم پانا۔ مِنَ المَالِ: بہت لینا۔

الوَاثِرُ۔ فا۔ ثابت قدم۔

الوَثْرُ۔ مص۔ چمڑے کا ٹکڑا جس کو تسمہ کے طور پر لمبا کاٹا جائے۔ صدری کے مانند ایک کپڑا۔

الوِثْرُ۔ ایک قسم کا کپڑا جو سارے کپڑوں سے اوپر رہتا ہے۔ نرم (ـــ والمِیْثَرَۃُ) زین پر رکھنے کا گدیلا۔ ج مَوَاثِرُ ومَیَاثِرُ۔

الوَثْرُ والوَثِیْرُ۔ نرم و ملائم۔ الوَثِیْرُ: بمعانی وِثْرٌ۔

الوَثِیْرَۃُ۔ وَثِیْر کا مؤنث۔ بہت گوشت والی۔ ج وَثَائِرُ وَوِثَارٌ۔

الوِثَارُ۔ نرم بچھونا۔

الوَثَارَۃُ والوِثَارَۃُ۔ بچھونے کی نرمی۔

المَوَاثِرُ والمَیَاثِرُ۔ درندوں کی کھالیں۔ ریشم و دیبا کی بنی ہوئی۔

وَثَغَ یَثِغُ وَثْغًا رَاسَہٗ: توڑنا۔ کچلنا۔

الوَثْغَۃُ مِنَ المَطَرِ: تھوڑی بارش۔

الوَثِیْغَۃُ۔ موسمِ بہار کی اُلجھی ہوئی گھاس۔ الوثیغۃ مِنَ المَطَرِ: تھوڑی بارش۔

وَثَفَ یَثِفُ وَثْفًا وَوَثَّفَ وَاَوْثَفَ القِدْرَ: ہانڈی کے لئے پایہ بنانا۔

وَثِقَ یَثِقُ ثِقَۃً وَوُثُوْقًا وَمَوْثِقًا بِفُلَانٍ: بھروسہ کرنا۔ صفت فاعلی وَاثِقٌ اور صفت مفعولی مَوْثُوْقٌ بِہٖ۔

وَثُقَ یَوْثُقُ وَثَاقَۃً الشَّیْءُ: قوی و مضبوط ہونا۔ وَثَّقَ الرَّجُلُ: مضبوط و استوار کرنا۔

وَثَّقَ الاَمْرَ: مضبوط کرنا ـــ الرَّجُلَ: کسی شخص کو معتبر کہنا۔

اَوْثَقَہٗ اِیْثَاقًا۔ رسّی سے باندھنا۔

وَاثَقَہٗ وِثَاقًا وَمُوَاثَقَۃً۔ معاہدہ کرنا۔

تَوَثَّقَ۔ مضبوط و قوی ہونا ـــ فِی الاَمْرِ: وثیقہ لینا۔

تَوَاثَقَ القَوْمُ: باہم عہد و پیمان ہونا۔

اِسْتَوْثَقَ مِنْہُ: وثیقہ لینا ـــ مِنَ الاَمْوَالِ حفاظت میں مبالغہ کرنا۔

الثِّقَۃُ۔ مص۔ قابلِ بھروسہ۔ لفظِ واحد مذکر مؤنث واحد جمع سب کے لئے مستعمل ہے اور کبھی ثقات کے وزن پر مذکر و مؤنث دونوں کے لئے جمع لاتے ہیں۔ اور کہا جاتا ہے فُلَانٌ اَخُوْ ثِقَۃٍ یعنی فلاں بہادر ہے اور اس کی بہادری پر بھروسہ کیا جاتا ہے۔

الوَثَاقُ والوِثَاقُ۔ باندھنے کی چیز جیسے رسّی وغیرہ ج وُثُقٌ۔

الوَثِیْقُ۔ مضبوط۔ ج وِثَاقٌ۔

الوَثِیْقَۃُ۔ وَثِیْق کا مؤنث۔ قابلِ اعتماد۔ کام کی مضبوطی۔ اَرْضٌ وَثِیْقَۃٌ: بہت گھاس والی زمین ج وَثَائِقُ۔

الاَوْثَقُ۔ اسم تفضیل۔ مؤنث وُثْقٰی۔ اور اسی سے ہے "اِسْتَمْسَکَ بِالعُرْوَۃِ الوُثْقٰی" اس نے مضبوط حلقہ پکڑ لیا۔ اور کہا جاتا ہے "خُذِ الاَمْرَ بِالاَوْثَقِ" معاملہ کو مضبوطی کے ساتھ اختیار کرو۔

المَوْثِقُ والمِیْثَاقُ۔ عہد۔ ج مَوَاثِقُ و مَیَاثِقُ و مَوَاثِیْقُ و مَیَاثِیْقُ۔

وَثَلَ المَالَ: مال جمع کرنا ـــ الشَّیْءَ: مضبوط و استوار کرنا۔

الوُثْلُ۔ درختِ خرما کے چھال کی رسّی۔ چمڑے کا میل کچیل۔

الوَثِیْلُ۔ درختِ خرما کی چھال۔ درختِ خرما کی چھال کی رسی۔ یا جوٹ کی رسّی۔

وَثَمَ یَثِمُ وَثْمًا الشَّیْءَ: توڑنا۔ کوٹنا۔ وَثَمَ المَطَرُ الاَرْضَ: زور سے بارش ہونا ـــ الفَرَسُ الاَرْضَ: گھوڑے کا زمین پر پاؤں مارنا۔

وَثَمَتْ وَثْمًا وَوِثَامًا الحِجَارَۃُ رِجْلَہٗ: پتھروں کا پیر کو خون آلود کر دینا۔

وَثُمَ یَوْثُمُ وَثْمًا المَکَانُ: کم گھاس والی ہونا وَثُمَ یَوْثُمُ وَثَامَۃً۔ بہت گوشت والا اور گٹھا ہونا۔ صفت وَثِیْمٌ۔

وَاثَمَ مُوَاثَمَۃً فِی العَدْوِ: دشمنوں میں گھستے ہوئے چلا جانا۔

الوَثِیْمَۃُ۔ پتھر۔ چقماق کا پتھر۔ گھاس یا نباتات کا ڈھیر۔

الوَثَمُ۔ کمی۔

خُفٌّ مِیْثَمٌ۔ بہت پامال کرنے والا کھر۔

وَثَنَ یَثِنُ وُثُوْنًا۔ عہد پر قائم رہنا۔

اَوْثَنَہٗ اِیْثَانًا۔ بہت عطیہ دینا ـــ مِنَ المَالِ: بہت لینا۔

اِسْتَوْثَنَ اِسْتِیْثَانًا الشَّیْءُ: باقی رہنا مضبوط ہونا ـــ المَالُ: مال یعنی مویشی کا موٹا ہونا ـــ مِنَ المَالِ: بہت لینا۔ اِسْتَوْثَنَتِ الاِبِلُ اولاد کا بڑھنا۔

الوَاثِنُ۔ فا۔ ایک جگہ پر قائم رہنے والا۔ ج وُثُنٌ۔

الوَثَنُ - بت - ج اَوْثَانٌ وَوُثْنٌ وُوُثُنٌ واُثْنٌ

الوَثَنِيُّ - بت پرست -

وُثِيَت قُوِيَ وَثْيًا يَدُهُ: ہاتھ میں موچ ہونا صفت مَوْثِيَّةٌ -

اَوْثَى اِيْثَاءً الرَّجُلُ: زخمی یا شکستہ سواری والا ہونا -

الوَثْيُ - موچ -

الوُثِيُّ - تکلیفیں -

المِيثَاءَةُ - موگری - ہتوڑا -

وَجَّ يَوُجُّ وَجًّا - تیز چلنا - دوڑنا -

الوَجُّ - معیتزی - شترمرغ - قطا - ہل کی لکڑی - ایک دوا کا نام -

وَجَأَ وَجْأً وَوِجَاءً وَتَوَجَّأَ فُلَانًا بالسِّكِّينِ او بِيَدِهِ: کسی کو چھری یا ہاتھ سے مارنا صفت مفعول مَوْجُوءٌ وَوَجِيءٌ اور اسم الوِجَاءُ ---- التَّمْرَ: کھجور کو کوٹنا -

وَجَأَ وَجِيئًا البِئرُ: ختم شدہ پانی والا پانا -

اَوْجَأَتِ البِئرُ: کنوئیں کا پانی ختم ہونا - اَوْجَأَ الرَّجُلُ: ناکام ہونا ---- فُلَانًا عَنْهُ: دور کرنا - ہٹانا

اِتَّجَأَ التَّمْرُ: کھجور کا گودے دار ہونا -

الوَجْءُ والوَجَاءُ والوِجَاءُ - بے برکت چیز جیسے بے پانی کا کنواں -

الوَجِيئَةُ - گائے - کھجور یا ٹڈیوں کو کوٹ کر گھی یا زیتون کے تیل میں لت پت کر کے تیار کیا ہوا کھانا -

وَجَبَ يَجِبُ وُجُوبًا وَجِبَةً الشَّيءُ: ثابت ہونا - لازم ہونا - کہا جاتا ہے وَجَبَ البَيْعُ وَوَجَبَ لِي عَلَى فُلَانٍ كَذَا یعنی بیع لازم ہو گئی اور میری فلاں پر اتنی چیز ثابت ہو گئی (---- وَجْبَةً الحَائِطُ وَنَحْوُهُ: دیوار کا زمین پر گرنا ---- الرَّجُلُ: دن میں ایک دفعہ کھانا (---- وَجْبًا وَوُجُوبًا) الرَّجُلُ: مرتے ہوئے گرنا - کہا جاتا ہے "ضَرَبَهُ فَوَجَبَ" اس نے اسے مارا پس وہ مر کر گر گیا فُلَانًا عَنْهُ: باز رکھنا - ہٹا دینا - وَجَبَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونا ---- العَيْنُ: آنکھ کا دھنس جانا - وَجَبَ وَجْبًا وَجِيبًا وَوَجَبَانًا القَلْبُ: دل کا تڑپنا - دھڑکنا -

وَجُبَ يَوْجُبُ وُجُوبَةً - بزدل ہونا

وَجَّبَ - دن میں ایک ہی مرتبہ کھانا

هُ: دن میں ایک ہی مرتبہ کھانے کا عادی بنانا اور ایسا ہی وَجَّبَ نَفْسَهُ ولِنَفْسِهِ: اپنے کو ایک ہی مرتبہ کھانے کا عادی کرنا ---- النَّاقَةَ: اونٹنی کو دن رات میں صرف ایک مرتبہ دوہنا ---- الأَمْرَ عَلَيْهِ: لازم کرنا ---- بِهِ الأَرْضَ: زمین پر پٹک دینا - وَجَّبَتِ الإِبِلُ: اونٹ کا تھکنا - وَجَّبَ اللِّبَأُ فِي ضَرْعِ النَّاقَةِ: پیوسی کا تھن میں جم جانا ---- البَعِيرُ: اونٹ کا بیٹھنا -

اَوْجَبَ اِيجَابًا لِفُلَانٍ حَقَّهُ: رعایت کرنا کہا جاتا ہے قَدْ فَعَلْتُ ذٰلِكَ اِيجَابًا لِحَقِّهِ میں نے اس کے حق کی رعایت کی وجہ سے یہ کیا ---- الشَّيْءَ: واجب کرنا یا سمجھنا - اَوْجَبَ البَيْعَ: لازم کرنا ---- الرَّجُلُ: دن میں ایک مرتبہ کھانا - جنت یا جہنم کے لائق کام کرنا ---- اللهُ قَلْبَهُ: دل کو تڑپانا - دھڑکانا -

وَاجَبَهُ وِجَابًا ومُوَاجَبَةً لازم کرنا -

تَوَجَّبَ - دن میں ایک مرتبہ کھانا -

تَوَاجَبُوا - باہم شرط لگانا (گویا کہ بعض نے بعض پر کچھ واجب کیا)

اِسْتَوْجَبَ اِسْتِيجَابًا الشَّيْءَ: مستحق ہونا - واجب و لازم جاننا -

الوَجْبُ مع - بڑی مشک - ج وِجَابٌ (---- والوَجَّابُ والوَجَّابَةُ) بزدل - قَلْبٌ وَجَّابٌ: بہت دھڑکنے والا دل -

الوَجْبُ - گھوڑدوڑ یا تیر اندازی کی شرط

الوَجْبَةُ: مع - دھماکے کے ساتھ گرنا - یا گرنے والے کی آواز - دن میں ایک مرتبہ کی خوراک - ج وَجَبَاتٌ -

الوُجُوبُ - مع - ثبوت - ذات کا اپنی عین کا اقتضاء کرنا اور خارج میں متحقق ہونا -

الوَجِيبَةُ - وظیفہ - بیع کو واجب کرنا - پھر پہلے پہل لینا اور جب لیکر فارغ ہو چکو تو کہا جاتا ہے " قَدِ اسْتَوْفَيْتَ وَجِيبَتَكَ -

الوَاجِبُ - فا - لازم - اور جائز ممکن ممتنع کے مقابل پر بھی بولا جاتا ہے - الوَاجِبُ: مقتول

وَاجِبُ الوُجُودِ: جس کا وجود بذاتہ ہو اور وہ کسی کا محتاج نہ ہو - اور ہمیشہ سے ہو اور ہمیشہ رہے -

المُوجِبُ - فا - سبب - باعث -

المُوجَبُ مفع ---- مِنَ الكَلَامِ: جس میں نفی نہی استفہام ہو -

المُوجِبَةُ - بڑی نیکی یا بڑا گناہ جو باعث جنت یا جہنم ہو -

المَوْجِبُ - موت - ج مَوَاجِبُ - کہا جاتا ہے "خَرَجَ القَوْمُ إِلَى مَوَاجِبِهِمْ" قوم اپنی موت کی جگہوں میں گئی -

وَجَحَ الشَّيءُ: ظاہر ہونا -

اَوْجَحَ - ظاہر ہونا ---- الحَافِرُ: کھودنے میں چٹان تک پہنچنا ---- البَيْتَ: گھر پر پردہ لٹکانا ---- هُ إِلَى كَذَا: مجبور کرنا - اَوْجَحَتِ النَّارُ: آگ کا چمکنا ---- غُرَّةُ الفَرَسِ: گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی کا واضح ہونا - اَوْجَحَ البَوْلُ فُلَانًا: ---- پیشاب کا کسی کو تکلیف پہنچانا -

الوَجَاحُ - چکنا پتھر (---- الوُجَاحُ والوِجَاحُ) پردہ -

الوَجْحُ - غار کے مانند -

المَوْجَحُ - مفع - جائے پناہ - چکنا چمڑا (---- والوَجِيحُ) مضبوط و گف بنا ہوا کپڑا -

المَوْجُوحُ مِنَ الأَبْوَابِ: بند کیا ہوا دروازہ

وَجَدَ وَوَجِدَ يَجِدُ وَجْدًا وَجِدًا وَوُجْدًا وَجِدَةً وَوُجُودًا وَوِجْدَانًا وَإِجْدَانًا المَطْلُوبَ: پانا - ضائع ہونے کے بعد کامیاب ہونا - کہا جاتا ہے "وَجَدْتُ الضَّالَّةَ" میں نے گمشدہ کو پایا وَجَدَ افعال قلوب میں سے بھی ہے اس صورت میں دو مفعول کو نصب دیتا ہے جیسے وَجَدْتُ كَلَامَكَ صَادِقًا اور اس کا مصدر وُجُودٌ ہے -

وَجَدَ يَجِدُ وَجْدًا وَوِجْدًا وَوُجْدًا

وَجَدَ المَالَ وَنَحْوَهٗ: مستغنی ہونا۔
وَجَدَ يَجِدُ يَجُدُ وَجْدًا وَجِدَةً و
مَوْجِدَةً و وُجْدَانًا عَلَيْهِ: غضبناک ہونا
(— وَجْدًا) بِفُلَانٍ: بہت محبت کرنا — لَہٗ:
غمگین ہونا۔
وَجِدَ يَوْجَدُ وَجْدًا بِہٖ: بہت محبت
کرنا — لَہٗ: غمگین ہونا۔
وُجِدَ وُجُوْدًا الشَّیْءُ عَنْ عَدَمٍ: نیست
سے ہست ہونا۔ صفت مَوْجُوْدٌ۔
اَوْجَدَ اِيْجَادًا اللّٰہُ الشَّیْءَ: موجود کرنا —
فُلَانًا: غنی کرنا۔ قوی کرنا — ہٗ مَطْلُوْبَہٗ: کامیاب
کرانا۔ فتحمند کرانا۔ حاصل کرانا۔ اَوْجَدَہٗ عَلَی الْاَمْرِ
مجبور کرنا۔ اَوْجَدَہٗ اِلَیْہِ: مضطر کرنا۔
تَوَجَّدَ بِہٖ: محبت کرنا — لَہٗ: غمگین ہونا
— السَّہَرَ وَنَحْوَہٗ: بے خوابی وغیرہ کی شکایت
کرنا۔
تَوَاجَدَ۔ محبت یا خوشی یا غم یا تکلیف ظاہر کرنا
الوَجْدُ مص۔ پانی جمع ہونے کی جگہ ج وِجَادٌ
(— والوُجْد والوِجْد) محبت۔ خوشی۔ توانگری
قدرت۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا مِنْ وُجْدِیْ" یہ میری
قدرت میں ہے۔
الجِدَۃُ۔ مص۔ توانگری۔ قدرت۔
الوِجْدَان۔ مص۔ اور بعضوں کے نزدیک
بمعنے نفس اور اس کی باطنی قوتیں۔
الوِجْدَانِیُّ۔ ہر وہ چیز جسکو انسان اپنے
نفس سے محسوس کرے۔ جو چیزیں باطنی قوتوں
سے محسوس ہوں۔ ج وِجْدَانِیَّات۔
الوَاجِدُ۔ فا۔ توانگر۔ محب اور کہا جاتا ہے
اَنَا وَاجِدٌ لِلشَّیْءِ: میں اس پر قادر ہوں۔
الوَجَّاد۔ بہت غضبناک۔
الوَجِيْد۔ ہموار زمین۔ ج وُجْدَان۔
الوُجُوْد۔ مص۔ ہست۔ عدم کا خلاف۔
الوُجُوْدِیُّ۔ عدمی کا خلاف۔
اَوْجَدَہٗ اِلٰی کَذَا: مضطر کرنا —
عَلَیْہِ: مجبور کرنا۔

الوَجْذ۔ پہاڑ کا گڑھا جس میں پانی جمع
ہو جائے اور بقول بعض حوض ج وِجَاذ و وِجْذَان
مَكَانٌ وَجِذٌ۔ بہت گڑھوں والی۔ یا
بہت حوض والی جگہ۔
وَجِرَ يَوْجَرُ وَجَرًا مِنْ كَذَا: خوف کرنا صفت
مذکر وَجِرٌ و اَوْجَرُ۔ صفت مؤنث وَجِرَۃٌ و وَجْرَاءُ۔
وَجَرَہٗ يَجِرُہٗ وَجْرًا۔ منہ میں دوا ڈالنا۔
وَجَرَ فُلَانًا: ناپسندیدہ باتیں سنانا۔
اَوْجَرَہٗ اِيْجَارًا۔ الوَجُوْرَ: منہ میں دوا ڈالنا
— ہٗ الرُّمْحَ: منہ میں نیزہ مارنا۔
تَوَجَّرَ المَاءَ: ناپسندیدگی سے پینا —
الدَّوَاءَ: دوا کو تھوڑا تھوڑا نگلنا۔
اِيتَجَرَ۔ وَجُوْر سے علاج کرنا (اس کی اصل
اِوْتَجَرَ ہے) دیکھئے وَجُوْر۔
الوَجْر۔ مص۔ پہاڑ میں غار کے مانند ج
اَوْجَار۔
الوُجْرَۃُ والوَجْرَۃُ۔ وحشی جانوروں کو شکار
کرنے کا گڑھا۔ ج اَوْجَار۔
الوِجَار و الوَجَار۔ بجو وغیرہ کا بھٹ۔
وادی کا وہ حصہ جسکو سیلاب نے کھود دیا ہو۔ ج
اَوْجِرَۃ و وُجُر۔
الوُجُوْر والوَجُوْر۔ منہ میں ٹپکانے کی دوا
المِيْجَر والمِيْجَرَۃ۔ منہ میں دوا ٹپکانے کا آلہ۔
المِيْجَار۔ چوگان کے مانند ایک لکڑی
جس سے گیند کو مارتے ہیں۔
وَجَزَ يَجِزُ وَجْزًا الكَلَامَ: کلام مختصر کرنا
(وَوَجَزَ يَوْجَزُ وَجْزًا و وَجَازَۃً و وُجُوْزًا) الرَّجُلُ فِیْ
مَنْطِقِہٖ: مختصر گو ہونا۔
وَجُزَ يَوْجُزُ وَجَازَۃً الكَلَامُ: کلام مختصر
و بلیغ ہونا۔
اَوْجَزَ اِيْجَازًا الكَلَامَ: مختصر ہونا —
الكَلَامَ و فِی الكَلَامِ: مختصر کرنا — العَطِيَّۃَ:
جلدی دینا۔
تَوَجَّزَ الشَّیْءَ: حاجت پوری کرنے کو کہنا۔
اِسْتَوْجَزَ اِسْتِيْجَازًا الكَلَامَ: زوائد کو

حذف کردینا۔
الوَجْز۔ رَجُلٌ وَجْزٌ: جلدی دینے والا یا پھرتیلا
(— والوَجِيْز والوَاجِز) ہلکا اور مختصر —
مِنَ الكَلَامِ: جلدی سے سمجھ میں آنیوالا مختصر کلام۔
المِيْجَاز۔ مختصر کلام بولنے کا عادی۔
وَجَسَ يَجِسُ وَجْسًا۔ پوشیدہ ہونا۔
وَجَسَتِ الْاُذُنُ: کان کا آہٹ محسوس کرنا —
وَجْسًا و وَجَسَانًا) سُنی ہوئی چیز سے گھبرانا۔
اَوْجَسَ اِيْجَاسًا الرَّجُلُ: محسوس کرنا اور
دل میں چھپانا۔ کہا جاتا ہے اَوْجَسَ القَلْبُ فَزَعًا
یعنی دل نے گھبراہٹ محسوس کی۔ اَوْجَسَتِ
الْاُذُنُ: کان کا آہٹ سننا۔
تَوَجَّسَ۔ آہٹ پر کان لگانا — الطَّعَامَ
اوالشَّرَابَ: تھوڑا تھوڑا چکھنا — فَزَعًا:
گھبراہٹ محسوس کرنا — الصَّوْتَ: خوف زدہ
ہو کر سننا۔ تَوَجَّسَتِ الْاُذُنُ: آواز سننا۔
الوَجْس۔ مص۔ آہستہ آواز۔ دل کی گھبراہٹ
الوَاجِس فا۔ دل میں آنے والا خیال۔
الاَوْجَس۔ تھوڑی خورونوش۔ زمانہ
کہا جاتا ہے لَا اَفْعَلُہٗ سَجِيْسَ الاَوْجَسِ میں اس کو
کبھی نہیں کروں گا۔
وَجِعَ يَوْجَعُ وَجَعًا مریض اور درد مند ہونا
اس کے مضارع میں يَجَعُ اور يَاجَعُ واو کو یا یا
الف سے بدل کر بھی بولتے ہیں "وَجِعَ فُلَانٌ رَاْسَہٗ
و وَجِعَ فُلَانٌ رَاْسُہٗ" فلاں کے سر میں درد ہے۔
اَوْجَعَہٗ اِيْجَاعًا۔ دردمند کرنا۔ تکلیف
پہنچانا۔ اَوْجَعَ فِی العَدُوِّ: دشمن کی بہت خونریزی
کرنا۔
تَوَجَّعَ۔ شکایت کرنا۔ غم ظاہر کرنا — لَہٗ:
نرم دل ہونا۔
الوَجَع۔ مرض و تکلیف۔ ج وِجَاعٌ و اَوْجَاعٌ
الوَجِع۔ درد والا۔ ج وَجِعُوْن و وَجْعٰی و وَجَاعٰی
و وِجَاع و اَوْجَاع مؤنث وَجِعَۃ ج وَجَاعٰی و وَجِعَات
الجِعَۃ۔ جو کی نبیذ۔
الاَوْجَع۔ بہت تکلیف پہنچانے والا۔

(یہ اسم تفضیل کا صیغہ ہے اور شاذ ہے اس لئے کہ اَوْجَعَ ثلاثی مزید سے بنایا گیا ہے)

اَلوَجْعَاءُ - دُبُر - ج وجعاوات -

اَلوَجِیعُ - درد پہنچانیوالا - کہا جاتا ہے - ضَرْبٌ وَجِیعٌ دردناک مار - جیسے کہا جاتا ہے عَذَابٌ اَلِیمٌ -

وَجَفَ یَجِفُ وَجْفًا وَوَجِیفًا وَوُجُوفًا الشَّیْءُ: مضطرب ہونا (- وَجِیفًا) القَلْبُ: دل کا دھڑکنا - صفت وَجَّافٌ وَوَاجِفٌ (- وَجْفًا وَوَجِیفًا) الفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا - صفت وَاجِفٌ -

اَوْجَفَ الفَرَسَ: گھوڑے کو تیز دوڑانا الشَّیْءَ: حرکت دینا - مضطرب کرنا - البَابَ: دروازہ بند کرنا -

اِسْتَوْجَفَ الحُبُّ فُؤَادَهُ: محبت کا دل کو شیفتہ کرنا -

نَاقَةٌ **مِیجَافٌ** - تیز دوڑنے والی اونٹنی -

اَلوَجِیفُ - مص - خوف سے گرنا -

اَلوُجَاقُ وَالاُوجَاقُ - آتش دان - انگیٹھی: فوج کی ترتیب ج وُجَاقَاتٌ (دخیل)

وَجِلَ یَوْجَلُ وَجَلًا وَمَوْجَلًا - ڈرنا یا خوف محسوس کرنا - اور اس کا مضارع یَیْجَلُ اور یَاجَلُ واؤ کو یا یا الف سے بدلکر اور یِیْجَلُ علامت مضارع کے کسرہ کے ساتھ بھی بولا جاتا ہے -

وَجَلَ یَوْجَلُ وَجْلًا - خوف میں بڑھ جانا -

وَجُلَ یَوْجُلُ وَجَالَةً - بوڑھا ہونا -

وَاجَلَ مُوَاجَلَةً فَوَجَلَهُ - خوف میں مقابلہ کرنا -

اَوْجَلَ - ڈرانا -

اَلوَجَلُ - خوف - ج اَوْجَالٌ -

اَلوَجِلُ - خوف کرنیوالا - ج وَجِلُونَ و وِجَالٌ - مؤنث وَجِلَةٌ -

اَلاَوْجَلُ - خوف کرنیوالا (مؤنث کیلئے وَجْلَاءُ نہیں بلکہ وَجِلَةٌ بولا جاتا ہے) اور کہا جاتا ہے "ہُوَ اَوْجَلُ مِنْکَ" وہ تم سے زیادہ خائف ہے -

اَلوَجِیلُ وَالمَوْجِلُ - گڑھا جس میں پانی جمع ہو - المَوْجَلُ: خوف کی جگہ -

اَلوُجُولُ - بڈھے -

وَجَمَ یَجِمُ وَجْمًا - مکا مارنا (- وُجَامًا و وُجُومًا) شدتِ غیظ یا خوف سے گفتگو سے عاجز رہنا - کہا جاتا ہے "لَمْ اَجِمْ عَنْہُ" میں اس سے گھبرا کر خاموش نہیں ہوا - شدتِ غم کی وجہ سے ترش رو ہو کر سر جھکانا - صفت وَجِمٌ وَوَاجِمٌ - وَجَمَ مِنَ الاَمْرِ ناپسند کر کے رک جانا - الشَّیْءَ: ناپسند کرنا - وَجَمَ لِفُلَانٍ مِنْ کَذَا: نرم دل اور غمگین ہونا -

اَلوَجْمُ - مص - رَجُلٌ وَجْمٌ: ناکارہ مرد - کہا جاتا ہے "ہُوَ وَجْمُ سُوءٍ" وہ برا آدمی ہے -

اَلوَجَمُ - بخیل - لئیم - ہلکا پھلکا -

اَلوَجْمُ وَالوَجَمُ - قبروں یا ٹیلوں پر پتھروں کا ڈھیر - یا جنگلوں میں راستہ کے نشانات ج وُجُومٌ و اَوْجَامٌ - بَیْتٌ وَجْمٌ وَوَجِمٌ: برا گھر -

اَلاَوْجَمُ - اسم تفضیل - اَوْجَمُ الرَّمْلِ: ریت کا بڑا قطعہ -

اَلوَجْمَةُ - ایک مرتبہ کی خوراک -

اَلوُجْمَةُ - ننگ و عار -

اَلوَجِیمُ مِنَ الاَیَّامِ: سخت گرم دن -

اَلوَجِیمَةُ - گیہوں یا چارہ - آفت رسیدہ

اَلمِیجَمَةُ - دھوبی کی موگری -

وَجَنَ یَجِنُ وَجْنًا بِالشَّیْءِ: پھینکنا - الوَتَدَ: کھونٹی ٹھونکنا - بِہِ الاَرْضَ: زمین پر پٹکنا - القَصَّارُ الثَّوْبَ: دھوبی کا کپڑے کو کچھوڑنا - وَجَّنَ الجِلْدَ: کھال کو نرم ہونے کیلئے کوٹنا

تَوَجَّنَ - ذلیل ہونا - فروتنی کرنا -

اَلوَجْنَةُ وَالوِجْنَةُ وَالوُجْنَةُ وَالوَجَنَةُ وَالوَجِنَةُ وَالاَجْنَةُ وَالاِجْنَةُ وَالاُجْنَةُ رخسارہ میں ابھری ہوئی جگہ ج وَجَنَاتٌ -

اَلوَجْنُ وَالوَجَنُ وَالوَاجِنُ - پتھریلی سخت زمین -

اَلوَجِینُ - وادی کا کنارہ - سامنے کی قدرے اونچی اور پتھریلی زمین ج وُجُنٌ -

اَلاَوْجَنُ - سخت پہاڑ - بڑے رخساروں والا - مؤنث وَجْنَاءُ - نَاقَةٌ وَجْنَاءُ: سخت اونٹنی

اَلمُوَجَّنُ - بڑے رخساروں والا - بہت گوشت والا موٹا -

اَلمِیجَنَةُ - موگری - ج مَیَاجِنُ وَمَوَاجِنُ

اَلمَوْجُونُ - مفع - شرمندہ -

اَلمَوْجُونَةُ - دلہن کا آراستہ کمرہ -

وَجَہَ یَجِہُ وَجْہًا فُلَانًا: منہ پر مارنا اور رد کرنا - لوگوں کے نزدیک جاہت میں بڑھ جانا

وَجُہَ یَوْجُہُ وَجَاہَةً - وجیہ ہونا - صاحب وجاہت ہونا -

وَجَّہَ اِلَی فُلَانٍ: کسی کے پاس جانا - ہٗ اِلَی فُلَانٍ: کسی کے پاس بھیجنا - ہٗ الاَمِیرُ: باعزت بنانا - وَجَّہَ الشَّیْءَ: کسی طرف پھیر دینا القَوْمُ الطَّرِیقَ: راستہ پر چلنا اور نشان واضح کرنا لِعَبْدِہٖ: غلام سے اپنے مرنے کے بعد آزادی کیلئے کہنا - المَطَرُ الاَرْضَ: ایک روش کی بارش ہونا - سطح زمین کو صاف کر دینا اور نشان ڈال دینا - الرِّیحُ الحَصَی: ہوا کا کنکریوں کو اڑانا - المَیِّتَ: میت کو قبلہ رو کرنا -

اَوْجَہَ اِیجَاہًا الرَّجُلَ: وجیہ بنانا - وجیہ پانا - رد کرنا -

وَاجَہَہٗ وِجَاہًا وَمُوَاجَہَةً رُو در رُو مقابلہ کرنا - کہا جاتا ہے "لَقِیَہٗ مُوَاجَہَةً وَوِجَاہًا" اس نے اس سے رُو در رُو ملاقات کی -

تَوَجَّہَ اِلَیْہِ: متوجہ ہونا اور قصد کرنا - الجَیْشُ: شکست کھانا - الشَّیْخُ: بڈھا ہونا

تَوَاجَہَ الرَّجُلَانِ اَوِ المَنْزِلَانِ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا -

اِتَّجَہَ اِلَیْہِ: متوجہ ہونا - لَہٗ رَاْیٌ: خیال سوجھنا -

اَلوَجْہُ - چہرہ - ج اَوْجُہٌ وَوُجُوہٌ وَاُجُوہٌ - وَجْہُ الثَّوْبِ وَنَحْوِہٖ: کپڑے وغیرہ کا سامنے کا پہلو - وَجْہُ الدَّہْرِ: زمانہ کا اول - کہا جاتا ہے - "کَانَ ذٰلِکَ عَلَی وَجْہِ الدَّہْرِ" یہ زمانے کے شروع میں تھا -

اَلوَجہ - مص - جانب - قصد و نیت جس عمل وغیرہ کی طرف انسان متوجہ ہو - عزت و مرتبہ وجہُ الکلام: مقصودِ کلام - رضامندی - کہا جاتا ہے "فَعَلَ ذٰلِکَ لِوَجہِ اللّٰہِ" اس نے اس فعل کو اللہ کی رضامندی کیلئے کیا - "وضَرَبَ وَجہَ الاَمرِ وَعَینَہٗ" اس نے کام کی اچھی تدبیر کی - "وَمَضٰی عَلٰی وَجہِہٖ" وہ لاپرواہی سے گذر گیا اور "اِبیَضَّ وَجہُہٗ وَبَیَّضَ اللّٰہُ وَجہَہٗ" اس وقت کہا جاتا ہے جبکہ کوئی فعل محمود کرے اور اسی طرح "اِسوَدَّ وَجہُہٗ وَسَوَّدَ اللّٰہُ وَجہَہٗ" اس وقت بولا جاتا ہے جبکہ فعل مذموم کرے — ج وُجُوہٌ: سردارِ قوم اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ وَجہٌ" یعنی صاحبِ عزت و مرتبہ مرد - الوجہ: نوع و قسم جیسے "الکَلَامُ فِیہِ عَلٰی وُجُوہٍ اَو عَلٰی اَربَعَۃِ وُجُوہٍ - وَلَیسَ لِکَلَامِکَ وَجہٌ" یعنی تمہارے کلام کیلئے صحت کی کوئی صورت نہیں "وَالوَجہُ اَن یَکُونَ کَذَا" یعنی ظاہری قصد ہے کہ ایسا ہو "وَلِہٰذَا القَولِ وَجہٌ" یعنی اس قول کیلئے ماخذ ہے "وَفُلَانٌ اَحسَنُ القَومِ وَجہًا" فلاں قوم کے لحاظ سے بہتر حال میں ہے اس لئے کہ عموماً حُسنِ ظاہر حسنِ باطن پر دلالت کرتا ہے "وَصَرَفَ الشَّیءَ عَن وَجہِہٖ" اس نے چیز کو اس کے طریقے سے پھیر دیا "وَرَجُلٌ ذُو وَجہَینِ" جبکہ ضمیر کیخلاف ظاہر کرے -

اَلوَجہ و اَلوُجہ - تھوڑا پانی -

اَلوِجہ و اَلوُجہ - جانب - گوشہ -

اَلوَجِہ و اَلوَجُہ - صاحبِ عزت و مرتبہ -

اَلجِہَۃ و اَلجُہَۃ ج جِہَات و جُہَات **و اَلوُجہَۃ و اَلوِجہَۃ** - جانب گوشہ جس کی طرف تم توجہ کرو - اور کہا جاتا ہے "ضَلَّ وِجہَۃَ اَمرِہٖ" وہ اپنے مقصد سے نکل گیا -

اَلوَجَاہَۃ - مص - مرتبہ - عزت - حرمت کہا جاتا ہے "لَہٗ وَجَاہَۃٌ عِندَ النَّاسِ" اس کی لوگوں کے نزدیک عزت و حرمت ہے -

اَلتَّوجِیہ - مص — فی علم العروض: روی مقید کے قبل کے حرف کی حرکت کا اختلاف - وہی مطلق اور تاسیس کا درمیان - کہا جاتا ہے "ہُم وِجَاہُ اَلفٍ" وہ ایک ہزار کے قریب ہیں - کہا جاتا ہے وَجَاہَہٗ و وِجَاہَہٗ و وُجَاہَہٗ و تِجَاہَہٗ و تُجَاہَہٗ و تَجَاہَہٗ - سامنے - مقابل اور کہا جاتا ہے "قَعَدُوا تُجَاہَہٗ و وُجَاہَہٗ" وہ لوگ اس کے سامنے بیٹھے -

اَلوَجِیہ - سردارِ قوم - آبرو والا - مرتبہ والا ج وُجَہَاءُ - مؤنث وَجِیہَۃٌ ج وَجِیہَاتٌ و وَجَائِہُ "الوَجِیہُ مِنَ الاَکسِیَۃِ": دورخی چادر - الوجیہ: پاؤں کے بل پیدا ہونے والا بچہ -

اَلوَجِیہَۃ - وَجِیہ کا مؤنث - ایک قسم کا دورخہ مہرہ جس میں صورت نظر آتی ہے اور بسا اوقات اس کو نظرِ بد سے بچنے یا حصولِ عزت کے لئے گردن میں لٹکاتے ہیں -

اَلاَوجَہ - اسم تفضیل - کہا جاتا ہے "ہُوَ اَوجَہُ قَومِہٖ" وہ اپنی قوم میں زیادہ مرتبہ والا ہے - کہا جاتا ہے "نَظَرُوا اِلَیَّ بِاَوجُہِ سُوءٍ" یعنی انھوں نے مجھ کو بری نظر سے دیکھا - اُوَیجِہ - اَوجُہ جمع وَجہ کی تصغیر ہے -

اَلمُوَجَّہ - مرتبہ والا — مِنَ الکِسَاءِ: دورخی چادر - "شَیءٌ مُوَجَّہٌ": ایک رُوش پر بنی ہوئی چیز -

اَلمُوَاجَہَۃ - مص - کسی کا کلام یا چہرے سے استقبال کرنا -

وَجِیَ یَوجَی وَجًی الرَّجُلُ: ناکارہ و نکما پانا

وَجِیَ یَوجَی وَجًی و تَوَجَّی المَاشِی: ننگے پاؤں ہونا یا قدم گھسنا - صفت وَجٍ و وَجِیٌّ - مؤنث وَجِیَۃٌ و وَجیَاءُ -

اَوجَی اِیجَاءً - الرَّجُلَ: پاؤں گھسانا - دینا — عَلَیہِ: بخل کرنا — عَن کَذَا: اعراض کرنا — الشَّیءَ: دور کرنا — فُلَانًا: حاجت سے ہٹا دینا - کہا جاتا ہے "اَوجَاہُ عَنہُ" اس نے اس کو اس سے ہٹا دیا "وَاَوجَیتُ عَنکُم ظُلمَ فُلَانٍ" میں نے تم سے فلاں کے ظلم کو دور کر دیا - اَوجَی الرَّجُلُ: حاجت کیلئے آنا اور ناکام واپس ہونا اور کہا جاتا ہے "سَاَلَ حَاجَۃً فَاَوجَی" اس نے حاجت کا سوال کیا اور محروم رہا -

اَلوِجَاءُ - چھوٹی بوری - ج اَوجِیَۃٌ -

اَلوَجِیُّ - نکما ناکارہ -

اَلوُحَاب - اونٹ کی ایک بیماری کا نام -

وَجَحَ یَوجَحُ وَجحًا بِہٖ: پناہ لینا -

اَوجَحَہٗ: پناہ دینا -

اَلوَجَح - جائے پناہ -

وَحَدَ یَحِدُ وَحدًا و وُحدَۃً و حِدَۃً و وُحُودًا و وَحُدَ یَحِدُ وَحَادَۃً و وُحُودَۃً اکیلا ہونا - صفت وَحِیدٌ -

وَحَّدَہٗ تَوحِیدًا و اَحَّدَہٗ - ایک بنانا "وَحَّدَ اللّٰہَ تَعَالٰی": ایک خدا تعالیٰ پر ایمان لانا - یکتا کہنا یا "لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ" کہنا -

اَوحَدَہٗ اِیحَادًا - اکیلا چھوڑ دینا - یکتا جاننا "اَوحَدَہٗ لِلاَعدَاءِ": چھوڑ دینا - "اَوحَدَتِ الشَّاۃُ" بکری کا ایک بچہ جننا - صفت مُوحِد -

تَوَحَّدَ - تنہا باقی رہنا — بِرَاْیِہٖ: اپنی رائے میں اکیلا رہنا - "تَوَحَّدَہٗ بِالفَضلِ": کسی پر مہربانی کرنا اور دوسرے کی طرف سپرد نہ کرنا -

اِتَّحَدَ الشَّیئَانِ: ایک ہونا — الشَّیءُ بِالشَّیءِ: ایک چیز کا دوسری چیز سے گھل مل جانا — القَومُ: متفق ہونا -

اَلوَحد - مص - کہا جاتا ہے "رَاَیتُہٗ وَحدَہٗ او جَاءَ وَحدَہٗ" میں نے اس کو اکیلا دیکھا یا وہ اکیلا آیا - مصدر ہونے کی وجہ سے اس کا تثنیہ جمع نہیں آتا - اور یہ حالیت کی وجہ سے بتقدیر منفردا منصوب ہے اور بعضوں کے نزدیک اسم متمکن ہو کر کہا جاتا ہے "جَلَسَ وَحدَہٗ وَعَلٰی وَحدِہٖ وَعَلٰی وَحدِہِمَا و وَحدَہُمَا و وَحدَہُم" اور بعضوں کے نزدیک اس کی اضافت صرف "فُلَانٌ نَسِیجُ وَحدِہٖ" بصورتِ مدح اور "عُیَیرُ وَحدِہٖ یا جُحَیشُ وَحدِہٖ" بصورتِ ذم میں ہوتی ہو کر اور کبھی "رُجَیلُ وَحدِہٖ" بھی کہتے ہیں - "رَجُلٌ وَحدٌ": تنہا مرد - "اَجِیرُ الوَحدِ": اجیر خاص -

اَلوَحدَانِیّ - اکیلا -

اَلوَحدَانِیَّۃ - اکیلا ہونے کی حالت -

اَلحِدَۃ - مص - کہا جاتا ہے "بَقِیَ عَلٰی حِدَتِہٖ" وہ تنہا باقی رہا - "وَفَعَلَہٗ عَلٰی ذَاتِ حِدَتِہٖ وَمِن ذَاتِ حِدَتِہٖ وَمِن ذِی حِدَتِہٖ" اس نے اس کو خود بخود بغیر

کسی کے مدد و رائے کے کیا۔

الوَحدَۃ - مص - تنہائی۔

الوَحد والوَحِد - اکیلا - مؤنث وَحدَۃٌ و وَحِدَۃٌ۔

الاَحَد - اکیلا - کہا جاتا ہے رَجُلٌ اَحَدٌ: اکیلا مرد - اس کی اصل وَحَدٌ ہے واؤ کو ہمزہ سے بدل دیا گیا ہے۔ الاَحَد: لاثانی - بے نظیر - اور لفظ احد دو موقعوں پر واحد کا مرادف ہے - ایک باری تعالیٰ کی صفت میں کہا جاتا ہے ہُوَالوَاحِدُ ہُوَالاَحَد اور اس معنی کے لحاظ سے باری تعالیٰ کے علاوہ کسی دوسرے کی صفت واقع نہیں ہوتا۔

دوسرے اسماء عدد میں جیسے اَحَدٌ وعِشرُونَ و وَاحِدٌ وعِشرُونَ - اور لفظ اَحَد مذکر کیلئے آتا ہے کبھی مؤنث کیلئے بھی اطلاق ہوتا ہے جیسے لَستُنَّ کَاَحَدٍ مِنَ النِّسَاءِ" اس وقت شیٔ کے معنے میں ہے - اور احد کی تانیث احدیٰ ہے - اور اس کا استعمال دوسرے کے ساتھ مل کر ہوتا ہے جیسے اِحدیٰ و عِشرُونَ و اِحدیٰ عَشرَۃَ و اِحدَی بَنَاتِ طَبَقٍ: مصیبت - سانپ اور کہا جاتا ہے "ہُوَ ابنُ اِحداہَا" وہ شریف ماں باپ والا ہے (آدمی ہو یا اونٹ) ضمیر امہات کی طرف راجع ہے - یَومُ الاَحَدِ اتوار کا دن - ج آحاد۔

الوَاحِد - ایک - مؤنث وَاحِدَۃٌ - تثنیہ وَاحِدَانِ ج وَاحِدُونَ - لاثانی - کہا جاتا ہے "ہُوَ وَاحِدُ قَومِہٖ" وہ اپنی قوم میں لاثانی ہے یعنی علم و فضیلت وغیرہ میں بڑھا ہوا ہے ج وُحدَان و اُحدَان اور وَاحِد کا استعمال اَحَد کے معنی میں ہے یعنی یکتا و لاثانی ہے - اسماء حسنیٰ میں اسی معنیٰ کے لحاظ سے ہے اور کبھی عدد کی صفت میں آتا ہے جیسے اَلفٌ وَاحِدٌ وعَشرَۃٌ وَاحِدَۃٌ۔

الوَحِید - اکیلا۔

الاَوحَد - واحد سے صفت کا صیغہ ہے اور اسی سے ہے اَللّٰہُ الاَوحَد یعنی اللہ وحدانیت والا ہے اور کہا جاتا ہے "ہُوَ اَوحَدُ اَہلِ زَمَانِہٖ" وہ اپنے زمانے والوں میں بے نظیر ہے ج اُحدَان - وَلَستُ فِی ہٰذَا الاَمرِ بِاَوحَدَ" میں اس کام میں اکیلا نہیں ہوں اور مؤنث کیلئے وَحدَاءُ کا صیغہ نہیں آتا۔

وُحَادَ و اُحَادَ و مَوحَد - ایک ایک واحد واحد سے معدول ہے - تم کہتے ہو جَاءُوا وُحَادَ وَاُحَادَ وَمَوحَدَ" لوگ ایک ایک کرکے آئے" اور ایسا ہی مؤنث کیلئے بھی - اور یہ عدل اور صفت کی وجہ سے غیر منصرف ہیں۔

التَّوحِید - مص - باری تعالیٰ کی وحدانیت کا اعتقاد۔

المُوَحِّد - فا - اللہ کی وحدانیت کا معتقد

المُوَحَّد مِنَ الحُرُوفِ: ایک نقطہ والا حرف جیسے ب۔

المِیحَاد - اکیلا ٹیلہ - ج مَوَاحِید۔

وَحِرَ یَحِرُ و یَوحَرُ و یَیحَرُ وَحَرًا عَلَیہِ: سخت غضبناک ہونا اور کینہ رکھنا - صفت وَحِرٌ۔

وَحِرَ یَوحَرُ وَحَرًا و وَحِرَۃً: چھپکلی کے مانند ایک زہریلا جانور - زہر آلود چیز کو کھانا یا پینا اور زہر کا اثر کرنا --- الطَّعَامُ: وحرہ سے زہر آلود ہونا - صفت وَحِرٌ۔

اَوحَرَہٗ - غیظ و غضب میں ڈالنے والی باتیں سنانا - اَوحَرَتِ الوَحَرَۃُ الطَّعَامَ: زہر آلود کر دینا کہ جس کے کھانے سے کھانے والے کو قے آنے لگے یا پیٹ چلنے لگے۔

الوَحر - کینہ - سخت غضب - خیانت۔

الوَحَر - مص - غصہ - کینہ - سینہ کی سوزشیں

الوَحَرَۃ - چھپکلی کے مانند ایک چھوٹا سا جانور جس کے متعلق مشہور ہے کہ جس چیز پر چلتا ہے وہ زہر آلود ہو جاتی ہے - پستہ قد عورت یا اونٹ ج وَحَرٌ - اِمرَاَۃٌ وَحَرَۃٌ: سیاہ رنگ کی بدصورت عورت یا سرخ رنگ کی پستہ قد عورت۔

وَحَشَ یَحِشُ وَحشًا بِثَوبِہٖ اَو سِلَاحِہٖ: کپڑا یا ہتیار بھاگنے میں خوف کی وجہ سے پھینک دینا

اَوحَشَ اِیحَاشًا المَکَانُ: ویران ہونا - المکانَ: خالی پانا --- الرَّجُلُ: بھوکا ہونا - بے توشہ ہونا --- الرَّجُلَ: وحشت محسوس کرنا

تَوَحَّشَ - وحشی کے مانند ہونا - بھوک کی وجہ سے پیٹ خالی ہونا - کپڑے پھینکنا --- المَکَانُ ویران ہونا۔

اِستَوحَشَ - وحشت محسوس کرنا --- مِنہُ: مانوس نہ ہونا --- المَکَانُ: ویران ہونا۔

الوَحش - مص - جنگلی جانور - ج وُحُوش و وُحشَان واحد وَحشِیٌّ - حِمَارُ وَحشٍ و حِمَارٌ وَحشِیٌّ: جنگلی گدھا - وبَقَرُ الوَحشِ: نیل گائے - کہا جاتا ہے "مَکَانٌ وَحشٌ" ویران و خالی جگہ "وَمَشَی فِی الاَرضِ وَحشًا" وہ تنہا گیا "وَبَاتَ وَحشًا" اس نے بھوکے رات گذاری - اور جمع کی صورت میں تم کہو گے "ہُم اَوحَاشٌ" اور کہا جاتا ہے "ہُوَ مِن وَحشِ النَّاسِ" وہ سفلہ لوگوں میں سے ہے۔

الوَحشَۃ - تنہائی - تنہائی کی وجہ سے خوف یا طبیعت کا منقبض ہونا - غم - بے تعلقی - دوستی محبت سے قلب کی دوری - ویران زمین۔

الوَحشِیّ - وَحش کا واحد - لوگوں سے بدکنے والا - ہر چیز کا دایاں پہلو --- مِنَ القَوسِ کمان کی پشت --- الوَحشِیُّ مِنَ التِّینِ وَنَحوِہٖ: جنگلی انجیر۔

الوَحشِیَّۃ - وَحشِیّ کا مونث - تیز ہوا جو کپڑوں میں داخل ہو جائے۔

الوَحِیش - جنگلی جانور - الجَانِبُ الوَحِیشُ دایاں پہلو۔

الوَحشَان - غمگین - ج وَحَاشیٰ۔

اَرضٌ مُوحِشَۃٌ - جنگلی جانوروں والی زمین

وَحَفَ یَحِفُ وَحفًا البَعِیرُ اَوالرَّجُلُ: زمین پر گر پڑنا - بیٹھنا --- مِنہُ: قریب ہونا --- اِلَیہِ: توجہ کرنا --- اِلیٰ کَذَا: تیز چلنا۔

وَحُفَ یَوحُفُ وَحفًا و وُحُف - یَوحُف وَحَافَۃً و وُحُوفَۃً الشَّعرُ اَوالنَّبَاتُ: گنجان ہونا۔

اَوحَفَ - تیز چلنا - زمین پر گر پڑنا --- فُلَانًا: ڈنڈے سے مارنا۔

اَوحَفَ اِیحَافًا - تیز چلنا - جلدی جانا۔

الوَحْف ۔مع۔خوبصورت گنجان کالے بال
تازہ گھاس (ـــ والواحف) مِنَ الاَجْنِحَۃِ :
بہت پروں والا بازو۔
الوَحَف ۔مع۔خوب صورت گنجان بال۔
الوَحْفَۃ ۔وحف کا اسم مرۃ۔کالا پتھر۔گول
بلند کالی زمین۔آواز۔ ج وِحَاف۔
الوَحْفَاءُ مِنَ الاَرَاضِی : وہ زمین جو سنگستان ہو
اور اس میں کالے کالے پتھر ہوں۔سُرخ زمین۔
ج وَحَافیٰ۔
المَوْحِف ۔ اونٹوں کے بیٹھنے کی جگہ ج مَوَاحِف
المِیحَاف مِنَ النُّوقِ : ہمیشہ اپنے تھان پر
رہنے والی اونٹنی۔ ج مَوَاحِیف۔
بَعِیرٌ مُوَحَّفٌ ۔دُبلا اونٹ۔
وَحِلَ یَوْحَلُ وَحَلاً و مَوْحَلاً ۔کیچڑ
میں پڑنا۔
اَوْحَلَہٗ ۔کیچڑ میں ڈالنا ـــ ہٗ شَرًّا : برائی
میں پھنسا دینا۔
وَاحَلَہٗ مُوَاحَلَۃً ۔کیچڑ میں گھسنے میں مقابلہ
کرنا۔کہا جاتا ہے "وَاحَلَہٗ فَوَحَلَہٗ" اس نے کیچڑ میں
گھسنے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔
اِتَّحَلَ اِتِّحَالاً فِی یَمِیْنِہٖ : قسم کھانے میں
استثناء کرنا۔
تَوَحَّلَ ۔کیچڑ سے لت پت ہونا ـــ
واسْتَوْحَلَ) المَکَانُ : کیچڑ والی ہونا۔
الوَحْل ۔بالتسکین : وَحَل میں ایک ردی لغت
الوَحَل ۔کیچڑ ج اَوْحَال و وُحُول۔
الوَحِل ۔کیچڑ میں لت پت۔
المَوْحِل ۔کیچڑ کی جگہ۔کیچڑ میں گرنا۔یہ وَحِلَ
سے اسم ہے۔
وَحِمَتِ المَرْأَۃُ تَحِمُ و تَوْحَمُ وَحَمًا و تَوَحَّمَتْ
حاملہ ہونے کی وجہ سے بعض چیزوں کے کھانے کا
خواہشمند ہونا۔کھانے کی خواہش بدل جانا یا کم
ہو جانا۔صفت وَحْمیٰ ج وِحَام و وَحَامیٰ۔اور اسی
سے مثال ہے "وَحْمیٰ وَلاَ حَبَلَ" اس لالچی کے متعلق
بولتے ہیں جو بغیر ضرورت کے بہت سوال کرے۔

وَحِمَ الشَّیْئَ : خواہش کرنا۔
وَحَمْتُ وَحْمَہٗ ۔ ارادہ کرنا۔
وَحَّمَ الحُبْلیٰ : حاملہ کو خواہش کے مطابق
کھلانا ـــ لَہَا : حاملہ کی خواہش کے مطابق ذبح
کرنا یا پیش کرنا۔
الوَحَم ۔مع۔حاملہ کی خواہش۔پرندہ کی پھڑ پھڑاہٹ
اور کہا جاتا ہے "لَیْلَۃٌ ذَاتُ وَحَمٍ" بہت گرم رات۔
الوِحَام والوَحَام ۔ حاملہ کی خواہش۔
الوَحِیْم ۔بہت گرم دن۔
وَحَنَ یَحِنُ وَ وَحِنَ یَوْحَنُ وَحَنًا و
وِحْنَۃً ۔عَنْ فُلاَنٍ : کینہ رکھنا۔
تَوَحَّنَ ۔ ذلیل ہونا۔ہلاک ہونا۔بڑے
پیٹ والا ہونا۔
الوَحْنَۃ ۔اسم مرۃ۔پھسلانے والی کیچڑ۔
وَحْوَحَ ۔آواز گلوگرفتہ نکالنا۔سخت سردی
کی وجہ سے ہاتھوں میں پھونکنا اور "اُحْ اُحْ" یا "حُوْحُوْ"
کہنا۔
تَوَحْوَحَ ۔الظَّلِیمُ فَوْقَ البَیْضِ : شتر مرغ کا
انڈوں پر شیفتگی ظاہر کرنا۔
الوَحْوَح والوَحْوَاح ۔ قوی ۔کتا۔آواز
نکالنے والا۔الوَحْوَح : جلد باز تیز آدمی۔ہلکا پھلکا
آدمی۔ج وَحَاوِح۔الوَحْوَاح : سردار اور رئیس
ج وَحَاوِیح۔
وَحیٰ یَحِی وَحْیًا اِلیٰ فُلاَنٍ : اشارہ کرنا۔
پیغام بر بھیجنا ـــ اِلَیْہِ او وَحیٰ اِلَیْہِ کَلاَمًا : چپکے سے
گفتگو کرنا یا دوسروں سے پوشیدہ بات کہنا
اللہُ فِی قَلْبِہٖ کَذَا : دل میں ڈالنا ـــ الکِتَابَ :
لکھنا ـــ الذَّبِیْحَۃَ : جلدی سے ذبح کرنا ـــ
وَحْیًا و وَحیٰ و وَحَاءً و تَوَحّیٰ) جلدی کرنا۔
اَوْحیٰ اِیْحَاءً اِلیٰ فُلاَنٍ : اشارہ کرنا۔
دوسروں سے چھپا کر بات کہنا۔برانگیختہ کرنا ـــ
اللہُ اِلَیْہِ بِکَذَا : وحی بھیجنا ـــ الکِتَابَ : لکھنا ـــ
نَفْسُہٗ : خوفزدہ ہونا ـــ الرَّجُلُ : محتاجی کے بعد
بادشاہ ہونا ـــ القَوْمَ : چلانا ـــ العَمَلَ :
جلدی کرنا ـــ الدَّوَاءُ المَوْتَ : جلدی موت واقع کرنا

وَحیٰ تَوْحِیَۃً ۔ذَبِیْحَتَہٗ : جلدی ذبح کرنا۔
وَحَّاہُ : جلدی کرنا۔کہا جاتا ہے "وَحَّی الدَّوَاءُ المَوْتَ"
دوا نے فوراً موت واقع کی۔
تَوَاحیٰ تَوَاحِیًا القَوْمُ : بعض کا بعض کے
ساتھ جلدی کرنا۔
اِسْتَوْحَاہُ ۔ پکارنا۔جلدی کرانا ـــ
ہُ الشَّیْئَ : دریافت کرنا۔
الوَحْیُ ۔مع۔لکھا ہوا۔پیغام۔ہر وہ چیز جو دوسرے
کو معلوم ہونے کیلئے تم پیش کرو۔پھر غالب طور
پر انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے پاس اللہ تعالیٰ
کی طرف سے جو القاء ہو اس پر استعمال ہونے لگا
جس کی وحی ہو (ـــ والوَحَاۃ) آواز۔
الوَحیٰ مع۔آواز۔جلدی۔بڑا سردار۔بادشاہ
آگ ج وُحِیٌّ اور جلدی کرانے کے لئے بولا جاتا ہے
"الوَحیٰ الوَحیٰ" و "الوَحَاکَ الوَحَاکَ" یعنی سبقت
کرو سبقت کرو۔
الوَاحِی ۔فا۔ ج وَاحُوْن و وُحَاۃ۔
الوَحِیُّ ۔ بہت جلدی۔کہا جاتا ہے "مَوْتٌ وَحِیٌّ"
جلدی کی موت۔"ذَکَاۃٌ وَحِیَّۃٌ" جلدی کا ذبح۔
الاَوْحیٰ ۔زیادہ تیز۔کہا جاتا ہے "القَتْلُ بِالسَّیْفِ
اَوْحیٰ" تلوار سے قتل جلدی واقع ہوتا ہے۔
وَخَدَ یَخِدُ وَخْدًا و وَخَدَانًا و وَخِیْدًا و وَخَدَانًا
البَعِیْرُ : اونٹ کا تیز دوڑنا اور ٹانگوں کو شتر مرغ کی
طرح ڈالنا۔صفت وَاخِدٌ ج وُخُدٌ و وَخَّادٌ۔
الوَخْد ۔ وَخَدَ کا اسم ج وُخُوْد۔
وَخَزَہٗ یَخِزُہٗ وَخْزًا ۔چبھونا ـــ ہٗ
الشَّیْبُ : سر کے بالوں کا کھچڑی ہونا ـــ فُلاَنٌ :
شہد کا ثرید بنانا۔
الوَخْزُ ۔مع۔ہر چیز کا تھوڑا۔اور کہا جاتا ہے
جَاؤُوْا وَخْزًا وَخْزًا چار چار آئے۔
الوَخِیْز ۔شہد کا ثرید۔
وَخُشَ یَوْخُشُ وُخُوْشَۃً و وَخَاشَۃً
و وُخُوْشًا الشَّیْئُ : نکما اور ردی ہونا ـــ رَأْسُ
الکَبْشِ : خشک ہونا اور سکڑنا۔
وَخَّشَ الشَّیْئَ : نکما اور ردی کرنا ـــ العَطِیَّۃَ :

کم دینا۔
اَوْخَشَ لَہٗ بِالْعَطِیَّۃِ: کم دینا —— فِی عِرْضِہٖ بے عزتی کرنا —— الشَّیْئَ: خلط ملط کرنا۔
اَلْوَخْشُ۔ ہر چیز کا ردی۔ کمینے لوگ۔ لفظ واحد ہی جمع مذکر مؤنث سب کیلئے مستعمل ہے اور کبھی وِخَاشٌ و اَوْخَاشٌ جمع آتی ہے۔
وَخَصَ یَخِصُ وُخُوْصًا۔ حرکت کرنا۔
اَوْخَصَ اِیْخَاصًا فُلَانٌ لِیْ بِعَطِیَّۃٍ: کم دینا۔
الوَهْز۔ مص۔ پستہ قد مضبوط بدن والا۔

الوَهَّازَۃ۔ شرمیلی عورت کی چال۔

الاَوْهَز۔ اچھی چال والا۔

المُوَهِّز والمُوَهَّز۔ سخت روندنے والا

وَهَسَ يَهِسُ وَهْسًا الشَّيْءَ: توڑنا۔ سخت روندنا —— الرَّجُلُ: تیز چلنا —— فِي الاَمْرِ: حیلہ کرنا —— عَلَى قَوْمِہٖ: ظلم کرنا۔ دست درازی کرنا۔

وَاهَسَ مُوَاهَسَۃً۔ تیز چلنا —— ہٗ: جھگڑا کرنا۔

تَوَهَّسَ وتَوَاهَسَ۔ بوجھل چال چلنا۔ تیز چلنا۔ تَوَہَّسَتِ الاِبِلُ: اونٹوں کا اچھی چال چلنا اور کہا جاتا ہے تَوَہَّسَ الاَرْضَ فِي مِشْيَتِہٖ اس نے اپنی چال میں زمین کو بہت دبایا۔

الوَهْس۔ مص۔ برائی۔ چغل خوری۔

الوَهْسَۃ۔ عام راستہ۔

الوَهَّاس۔ اسم مبالغہ۔ شیر۔

وَهَصَ يَهِصُ وَهْصًا الشَّيْءَ الرِّخْوَ: نرم چیز کو توڑنا۔ سخت روندنا۔ سختی سے پھینکنا۔ زمین پر پٹکنا —— الرَّاسَ: سر کچل دینا الحَيَوَانَ: جانور کو خصی کرنا۔

الوَهْصَۃ۔ وَہَصَ کا اسم مرۃ۔ پست زمین

الوَهّاص - بڑادینے والا۔
المَوْهِص - پست زمین - روندنے یا توڑنے کی جگہ ج مَوَاهِص۔
المَوْهُوص والمُوَهَّصُ الخَلْقِ: گٹھے بدن والا
الوَهْصَة - پست زمین -
وَهَطَهُ يَهِطُهُ وَهْطًا - توڑنا - روندنا نیزہ مارنا - مارنا ـــ الرَّجُلُ: کمزور ہونا۔
أَوْهَطَهُ - کمزور کرنا - مار کر سست کرنا۔ پچھاڑنا - مصیبت میں ڈالنا - أَوْهَطَ جَنَاحَ الطَّائِرِ: پرندہ کا بازو توڑ دینا۔
تَوَهَّطَ - ٹوٹنا - روندا جانا ـــ الفِرَاشَ بچھانا ـــ فِي الطِّينِ: نرم مٹی میں غائب ہونا۔
الوَهْط - مص - لاغری - جماعت ج أَوْهَاط کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ أَوْهَاطٌ" ان کے درمیان جھگڑا اور شور وغل ہے۔
الوَهْطَة - پست زمین ج وَهْطٌ و وِهَاطٌ
وَهَفَ يَهِفُ وَهْفًا و وَهِيفًا إِلَى كَذَا قریب ہونا ـــ النَّبَاتُ: سبز اور پتے والا ہونا ـــ لَهُ شَيْءٌ مِنَ الدُّنْيَا: سامنے آنا۔ ظاہر ہونا (ـــ وَهْفًا و وِهَافَةً) النَّصْرَانِيُّ: گرجا کی خدمت کے لئے مستعد ہونا۔
أَوْهَفَ إِيهَافًا الشَّيْءُ إِلَى كَذَا: قریب آنا أَوْهَفَ لَهُ الشَّيْءُ: سامنے آنا - ظاہر ہونا۔
الوَاهِف - فا - گرجا کا خادم یا منتظم۔
الوِهَافَة والوُهَيْفِيَّة - گرجا کی خدمت۔
وَهَقَ يَهِقُ وَهْقًا الدَّابَّةَ: جانور کی گردن میں رسی ڈالنا ـــ هُ عَنْ كَذَا: روکنا - باز رکھنا کہا جاتا ہے "وَالقَلْبُ عِنْدَكُمْ مَوْهُوقٌ" دل تم لوگوں کے پاس اٹکا ہوا ہے۔
وَاهَقَ مُوَاهَقَةً البَعِيرُ البَعِيرَ: چلنے میں گردن لمبی کر کے ایک دوسرے کے ساتھ مقابلہ کرنا۔
أَوْهَقَ الدَّابَّةَ: جانور کی گردن میں رسی ڈالنا۔

تَوَهَّقَ الحَصَى: کنکریوں کا دھوپ سے گرم ہونا ـــ فُلَانًا فِي الكَلَامِ: گفتگو میں ایسی چیز کی طرف مجبور کرنا جس سے حیرانی ہو۔
تَوَاهَقَ القَوْمُ فِي الأَمْرِ: برابر ہونا یا مقابلہ کرنا - تَوَاهَقَتِ الإِبِلُ: چلنے میں گردن لمبی کر کے مقابلہ کرنا ـــ السَّاقِيَتَانِ: مقابلہ کرنا۔
الوَهْقُ والوَهَقُ - رسی کہ جس کے ایک طرف پھندا ہوتا ہے اور جس کو جانور کی گردن میں ڈالتے ہیں ج أَوْهَاق -
وَهَلَ يَهِلُ و يَوْهَلُ وَهْلًا إِلَى الشَّيْءِ: ایسی چیز کی طرف وہم جانا جس کا ارادہ نہ ہو۔
وَهِلَ يَوْهَلُ وَهَلًا - کمزور ہونا - گھبرانا صفت وَهِلٌ - وَهِلَ إِلَيْهِ: فریاد طلب کرنا - پناہ لینا ـــ فِي الأَمْرِ وعَنْهُ: غلطی کرنا - بھولنا۔
وَهَّلَهُ - خوف دلانا - گھبرا دینا -
تَوَهَّلَهُ - غلطی میں ڈالنا -
الوَهَلُ والوَهْلَةُ - گھبراہٹ - خوف ڈر - کہا جاتا ہے لَقِيتُهُ أَوَّلَ وَهْلَةٍ او وَهَلَةٍ او وَاهِلَةٍ میں نے اس سے سب سے پہلے ملاقات کی۔
وَهَمَ يَهِمُ وَهْمًا فِي الشَّيْءِ: ایسی چیز کی طرف وہم جانا جس کا ارادہ نہ ہو ـــ الشَّيْءَ: خیال کرنا - تصور کرنا۔
وَهِمَ يَوْهَمُ وَهَمًا فِي الحِسَابِ: غلطی کرنا - بھولنا۔
وَهَّمَهُ - وہم میں ڈالنا۔
أَوْهَمَ إِيهَامًا - وہم میں پڑنا ـــ هُ: وہم میں ڈالنا ـــ فُلَانًا بِكَذَا: تہمت لگانا - بدگمانی کرنا ـــ كَذَا مِنَ الحِسَابِ: غلطی کرنا ـــ الشَّيْءَ: کل چھوڑ دینا۔
أَتْهَمَ - تہامہ میں داخل ہونا - أَتْهَمَهُ بِكَذَا: تہمت لگانا - بدگمانی کرنا (یہ عوام کی بول چال میں ہے فصیح اِتَّهَمَهُ ہے)
اِتَّهَمَهُ بِكَذَا: تہمت لگانا - بدگمانی کرنا ـــ هُ فِي قَوْلِهِ: سچائی میں شک کرنا - اِتَّهَمَ

الرَّجُلُ: بدنام ہونا - متہم ہونا۔
تَوَهَّمَ الأَمْرَ: خیال کرنا - گمان کرنا - تَوَهَّمَ فِيهِ الخَيْرَ: کسی کے اندر خیر کا اندازہ کرنا۔
الوَهْمُ - مص - دل میں جو خطرہ گذرے - ج أَوْهَام - قوت وہمیہ پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ قوت وہمیہ اس حس باطنی کو کہتے ہیں جس کا کام معانی جزئیہ کا ادراک کرنا ہے جن کا تعلق محسوسات سے ہے جیسے زید کی شجاعت - سخاوت - بکری کی بزدلی - ماں کی محبت وغیرہ ـــ کشادہ راستہ بڑا مرد - مضبوط موٹا سدھا ہوا اونٹ ـــ ج أَوْهَام و وُهُوم و وُهُوم - کہا جاتا ہے "لَا وَهْمَ مِنْ كَذَا" اس سے کوئی چارہ نہیں۔
الوَهْمَة - موٹی اونٹنی۔
الوَاهِمَة - قوت وہمیہ۔
الوَهْمِيُّ - وہم والا۔
التُّهَمَة والتُّهْمَة - اِتِّهَام کا اسم۔ تہمت - شک ج تُهَم و تُهَمَات۔
التَّهِيم - جس پر تہمت لگائی جائے۔
المَوْهُوم مِنَ الأَشْيَاءِ: وہم کیا ہوا - تصور کیا ہوا - خیال کیا ہوا۔
وَهَنَهُ يَهِنُهُ وَهْنًا و أَوْهَنَهُ: کمزور کرنا۔
وَهَنَ و أَوْهَنَ الرَّجُلُ: آدھی رات میں داخل ہونا۔
وَهَّنَهُ - کمزور کرنا۔
وَهَنَ و وَهِنَ يَهِنُ و وَهُنَ يَوْهُنُ وَهْنًا و وَهَنًا و وَهِنَ يَوْهَنُ وَهَنًا - کام میں سست ہونا - کمزور ہونا۔
تَوَهَّنَ البَعِيرُ: لیٹنا ـــ الطَّائِرُ: پرندہ کا زیادہ کھانے سے اڑ نہ سکنا۔
الوَهْن - مص ـــ مِنَ الرِّجَالِ او الإِبِلِ: موٹا پستہ قد ـــ مِنَ اللَّيْلِ: آدھی رات یا اسکے کچھ بعد (ـــ والوَهَن) کام میں سستی - بدن میں کمزوری۔
الوَهُون - کمزور۔
الوَاهِن - فا - کمزور - کندھے کی ایک رگ کا نام۔

اَلْوَاھِنَۃُ - واہن کا مؤنث - کمزوری - بازو۔گردن کا مہرہ - ریاح جو بڑھاپے کے وقت کندھوں میں یا بازو میں یا ان دو رگوں میں جن کا نام اَخْدَعَان ہے پیدا ہو جاتی ہے - سب سے نیچے کی پسلی - کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ لَشَدِیْدُ الْوَاہِنَتَیْنِ" وہ مضبوط سینہ والا ہے -

اَلْوَھْنَانَۃُ مِنَ النِّسَاءِ: ناز و نعمت کی وجہ سے کام میں سستی کرنے والی عورت -

اَلْمَوْھِنُ مِنَ اللَّیْلِ: آدھی رات یا اس کے کچھ بعد -

اَلْمَوْھُوْنُ - کمزور - مؤنث مَوْھُوْنَۃٌ -

وَھْوَہَ وَھْوَھَۃً فِیْ صَوْتِہٖ: غم یا گھبراہٹ کی وجہ سے بڑبڑانا ـــ الاَسَدُ فِیْ زَئِیْرِہٖ: شیر کا دھاڑنا - صفت وَہْوَاہٌ -

اَلْوَھْوَاہُ وَالْوَھْوَہُ مِنَ الْخَیْلِ: تیز و چست رَجُلٌ وَہْوَاہٌ: بزدل مرد -

وَھٰی وَھْیًا وَھِیَ یَھِیْ وَھْیًا الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا ـــ الشَّیْءُ: بندش ڈھیلی ہونا - بوسیدہ ہونا - کمزور ہونا ـــ الحَائِطُ: دیوار گرنے کے قریب ہونا - گرنا ـــ الرَّجُلُ: بیوقوف ہونا - ـــ السَّحَابُ: بادل کا موسلا دھار برسنا -

اَوْھٰی اِیْھَاءً فُلَانًا: کمزور کرنا - سست کر دینا - کہا جاتا ہے "ضَرَبَہٗ فَاَوْھٰی یَدَہٗ" اس نے اسے مارا اور اس کے ہاتھ کو توڑ دیا -

اَلْوَھْیُ - مص - شگاف - پھٹن ج وُھِیٌّ و اَوْھِیَۃٌ -

اَلْوَھْیَۃُ - اسم مرۃ - شگاف -

اَلْوَاھِیْ - اسم فاعل ج وَاھُوْنَ و وُھَاۃٌ مؤنث وَاھِیَۃٌ -

اَلْوَھِیَّۃُ - موتی - ذبح کرنے کے لئے موٹا اونٹ -

اَلْاُوْھِیَّۃُ - پہاڑ کی چوٹی سے وادی تک کا فاصلہ -

وَاہِ وَوَاہَ وَوَاھًا وَوَاھًا لَہٗ وبہٖ: چیز کی خوبی کے لئے کلمۂ تعجب گویا تم کہتے ہو "اَعْجِبْ بِہٖ مَا اَطْیَبَہٗ" اور اظہار افسوس کے لئے بھی آتا ہے جیسے "وَاھًا عَلٰی مَا فَاتَ" -

وَیْ - کلمہ تعجب جیسے وَیْ لِزَیْدٍ یعنی زید سے مجھے تعجب ہے اور ڈانٹ ڈپٹ کیلئے بھی آتا ہے اور وَیْل سے کنایہ ہوتا ہے تم کہتے ہو وَیْکَ اِسْتَمِعْ قَوْلِیْ" تیرا برا ہو میری بات پر کان لگا - اور دھمکی کے لئے بھی مستعمل ہے جیسے وَیْ بِکَ یَا فُلَانُ -

وَیْبٌ بمعنے ویل - کہا جاتا ہے " وَیْبَکَ وَوَیْبٌ لَکَ وَوَیْبٌ لِزَیْدٍ وَوَیْبًا لَہٗ وَوَیْبٌ لَہٗ وَوَیْبَہٗ وَوَیْبَ غَیْرِہٖ کسرہ اور ضمیر و اسم ظاہر کی طرف اضافت کے ساتھ - وَوَیْبَ زَیْدٍ فتحہ اور اضافت کے ساتھ - وَوَیْبِ فُلَانٍ کسرہ اور رفع کے ساتھ - اور معنی ہر صورت میں ویل کے ہیں - یعنی اللہ اس کے لئے ویل لازم کرے اور ویب کا استعمال مقام تعجب میں بھی ہوتا ہے کہا جاتا ہے "وَیْبًا لِھٰذَا" یعنی اس کیلئے تعجب ہے

اَلْوَیْبَۃُ - بائیس یا چوبیس مد کا ایک پیمانہ ج وَیْبَات (مولدۃ) اَلْوَیْبَۃُ: مصیبت بلا - رسوائی -

وَیْحٌ - کلمہ ترحم و توجع - اور کبھی مدح اور تعجب کے موقع پر آتا ہے اور کہا گیا ہے کہ ویل کے معنی میں ہے تم کہتے ہو "وَیْحٌ لِزَیْدٍ وَوَیْحًا لِزَیْدٍ وَوَیْحَہٗ" رفع ابتدا کی وجہ سے ہے اور نصب اضمار فعل کی بنا پر - گویا کہ تم کہتے ہو اَلْزَمَہُ اللّٰہُ وَیْحًا -

اَلْوَاحُ وَالْوَاحَۃُ - ریگستان میں سرسبز زمین ج اَلْوَاحَات -

وَیْخٌ بمعنے وَیْحٌ -

وَیْسٌ بمعنی وَیْحٌ اور اس کے احکام بھی وَیْحٌ کے احکام جیسے ہیں -

اَلْوَیْسُ - محتاجی - ارادہ کی ہوئی چیز - نہ چاہی ہوئی چیز -

وَیْلَکَ کلمہ ہے جو وی اور کاف خطاب سے مرکب ہے -

وَیَّلَ تَوْیِیْلًا فُلَانًا وَلِفُلَانٍ: کسی کے لئے بہت ویل کہنا -

تَوَیَّلَ - ویل کو پکارنا - یا وَیْلِیْ کہنا -

تَوَایَلَ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے کے لئے ویل ویل کہنا - کہا جاتا ہے "ھُمَا یَتَوَایَلَانِ" -

اَلْوَیْلُ - شر و برائی کا نزول، ہلاکت جہنم کی ایک وادی کا نام کہا جاتا ہے "وَیْلَہٗ وَوَیْلَکَ وَوَیْلِیْ وَوَیْلٌ لِزَیْدٍ وَوَیْلًا لَہٗ" نصب اضمار فعل کی بنا پر اور رفع ابتدا کی وجہ سے جبکہ اضافت نہ ہو اور اضافت کی صورت میں صرف نصب ہی ہوگا - اس وجہ سے کہ اگر رفع دیں گے تو بلا خبر کے رہ جائیگا - کہا جاتا ہے "وَیْلٌ وَائِلٌ وَوَیْلٌ وَیِّلٌ" یعنی بہت زیادہ ویل -

اَلْوَیْلَۃُ - بلا رسوائی - ج وَیْلَات -

وَیْلُمِّہٖ - یہ مرکب کلمہ ہے اسکی اصل "وَیْلٌ لِاُمِّہٖ" ہے بمعنے بددعا کے مگر بعد میں تعجب اور استحسان کے موقع پر استعمال ہونے لگا مانند "قَاتَلَہُ اللّٰہُ" اور "لَا اَبَ لَکَ" کے - کہا جاتا ہے - رَجُلٌ وَیْلُمِّہٖ وَوَیْلِمِّہٖ ضمہ لام و کسرہ لام کے ساتھ بمعنے چالاک و تیز فہم مرد -

اَلْوَیْمَۃُ - تہمت اور بقول بعض چغلخوری -

اَلْوَیْنُ - کالا انگور - عیب -

اَلْوَیْنَۃُ - کالا خشک انگور -

وَیْہَ وَوَیْہِ وَوَیْھًا - کلمہ تحریض و اغراء ہے مفرد جمع مذکر مؤنث سب کیلئے یہی آتا ہے -

ه

ہ - تین صورتوں میں مستعمل ہے -
(۱) ضمیر غائب ہے - منصوباً و مجروراً - جیسے قَالَ لَہٗ صَاحِبُہٗ وَہُوَ یُحَاوِرُہٗ اور یہ کسرہ یا یاء ساکنہ کے بعد ہو تو مکسور ہوتی ہے بشرطیکہ اس کے بعد الف نہ ہو اور اس کے علاوہ مضموم ہوتی ہے -
(۲) حرف غیبت جیسے اِیَّاہٗ کی ہا -
(۳) ہاءِ سکتہ - اور یہ حرکت یا حرف کے ظاہر کرنے کے لئے لاحق ہوتی ہے جیسے مَاہِیَہْ وَہَاہُنَاہْ - وَوَا زَیْدَاہْ -
هَا - اس کی بھی تین صورتیں ہیں -
(۱) اسم فعل بمعنے خُذْ - جیسے "ہَا الْکِتَابَ" کتاب لو - اس کے الف کو ممدودہ کرنا بھی جائز ہے اور یہ ممدودہ و مقصورہ کاف خطاب اور بغیر خطاب کے دونوں طرح مستعمل ہیں - اور ممدودہ ہونے کی صورت میں کاف کو حذف کرنا بھی جائز ہے اس طرح پر کہ ہمزہ کی گردان کاف کی گردان کی طرح کریں - اور کہیں ہَاءَ مذکر کے لئے - ہَاءِ مؤنث کے لئے وہَاؤُم جمع مذکر کے لئے - ہَاؤُمَا تثنیہ مذکر و مؤنث کے لئے ہَاؤُنَّ جمع مؤنث کے لئے
(۲) مؤنث کی ضمیر منصوب جیسے ضَرَبَہَا اور مجرور جیسے کِتَابُہَا - ہٗ ضمیر ہے اور الف علامت تانیث -
(۳) تنبیہ کیلئے اور اس کی چار صورتیں ہیں -
(الف) اشارہ سے پہلے جیسے ہٰذَا و ہٰذَاکَ -
(ب) ضمیر مرفوع جیسے ہَا اَنْتُمْ ہٰؤُلَاءِ -
(ج) اَیٌّ کی صفت ندا کی صورتیں جیسے یَا اَیُّہَا الرَّجُلُ -
(د) قسم کی صورت میں لفظ اللہ سے پہلے حرف قسم کو حذف کے وقت جیسے "ہَا اللہِ"
هِیْ هِیْ - اسم صوت ہے جس سے اونٹ کو چارہ کھلانے کیلئے بلاتے ہیں -
هَاهَا - اونٹوں کو ڈانٹنے کی آواز -
هَاهَا هِیْهَاءً وَهَاهَاءً - ٹھٹھا مار کر ہنسنا - صفت ہَاہَاءٌ وَہَاہَاءٌ —— بِالْاِبِلِ : اونٹ کو چارہ کے لئے بلانا اور ہِیْ ہِیْ کہنا یا ڈانٹنا اور ہَاہَا کہنا اور اسم اَلہِیْءُ ہے -
جَارِیَۃٌ هَاهَاءَۃٌ - بہت ٹھٹھا مار کر ہنسنے والی لڑکی -
هٰؤُلَاءِ - ہا کلمہ تنبیہ اور اُولَا اسم اشارہ
هَبْ - وَہَبَ سے امر کا صیغہ - اور کہا جاتا ہے ہَبْنِیْ فَعَلْتُ "فرض کر کہ میں نے کیا اور یہ کلمہ امر کا ہے جو دو مفعولوں کو نصب دیتا ہے -
هَبَّتِ (ن) **هُبُوْبًا وَهَبِیْبًا وَهَبًّا** الرِّیْحُ : ہوا کا چلنا - ہَبَّ الرَّجُلُ مِنَ النَّوْمِ : نیند سے بیدار ہونا —— النَّجْمُ : ستارہ کا طلوع ہونا -
هَبَّ (ض) **هَبًّا وَهُبُوْبًا وَهَبِیْبًا وَهِبَابًا** - چست و تیز رفتار ہونا - ہَبَّ یَفْعَلُ کَذَا : وہ ایسا کرنے لگا - اور کہا جاتا ہے "مِنْ اَیْنَ ہَبَبْتَ" تم کہاں سے آئے —— ہَبًّا وَہُبُوْبًا) السَّیْفُ : تلوار کا ہلنا —— فِی الْحَرْبِ : شکست کھانا (—— ہَبًّا وَہَبَّۃً وَہِبَّۃً) السَّیْفُ الشَّیْءَ : تلوار کا کسی چیز کو کاٹنا -
هَبَّ (س) **هِبَابًا** - مدت تک غائب رہنا - کہا جاتا ہے "ہَبَّ فُلَانٌ حِیْنًا ثُمَّ قَدِمَ" فلاں ایک مدت تک غائب رہا پھر آگیا - و اَیْنَ ہَبَبْتَ عَنَّا تم ہم سے کہاں غائب رہے ؟
هَبَّ هَبِیْبًا الثَّوْبُ : کپڑا پھاڑنا -
اَهَبَّہٗ مِنْ نَوْمِہٖ : نیند سے بیدار کرنا -
اَہَبَّ السَّیْفَ : تلوار کو ہلانا —— الرِّیْحَ : ہوا کا چلانا -
هَبَّبَ الثَّوْبُ : کپڑے کا بوسیدہ ہونا -
اِهْتَبَّ الشَّیْءَ : کاٹنا -
اِسْتَهَبَّ الرِّیْحَ : ہوا کا چلانا -
اَلْهَبَاب - ذرات جو دھوپ پڑنے پر روشندان وغیرہ میں معلوم ہوتے ہیں - کہا جاتا ہے ثَوْبٌ ہَبَائِبُ وَہِبَبٌ وَاَہْبَاب پارہ پارہ شدہ کپڑا -
اَلْهَبَّۃ - ہَبَّ کا اسم مرۃ - صبح کی باقی ماندہ ایک ساعت - زمانہ کی ایک مدت - کہا جاتا ہے رَاَیْتُہٗ ہَبَّۃً "میں نے اس کو ایک مرتبہ دیکھا" وَاحْذَرْ ہَبَّۃَ السَّیْفِ "تلوار کے چلنے سے بچو -
اَلْهِبَّۃ - ہب کا اسم نوع - حال - کپڑے کا ایک ٹکڑا - تلوار کی کاٹ اور اس کا ہلنا - صبح کی باقی ماندہ ساعت - زمانہ کی ایک مدت
اَلْهَبُوْبُ وَالْهَبُوْبَۃُ وَالْهَبِیْبُ - مِنَ الرِّیَاحِ : گرد و غبار اڑانے والی ہوا -
اَلْهَبَّاب - بہت گرد و غبار اڑانے والی ہوا -
اَلْمَهَبّ - ہوا چلنے کی جگہ - ج مَہَابّ -
اَلْمُهِبّ - کمزور - ج مُہِبُّوْن - بیدار کرنے والا -
هَبَتَہٗ (ض) **هَبْتًا** - مارنا - کسی کا سر جھکا دینا - مرتبہ سے گھٹا دینا - ذلیل کرنا - ہَبَتَہٗ بِالسَّیْفِ : تلوار سے مارنا -
هُبِتَ الرَّجُلُ : بزدل و ہوش باختہ ہونا - صفت ہَبِیْت و مَہْبُوْت -
اَلْهَبْتَۃُ - ہَبَتَ کا اسم مرۃ - کمزوری کہا جاتا ہے "فِیْ عَقْلِہٖ ہَبْتَۃٌ" اس کی عقل کمزور ہے -
اَلْهَبْتَرُ - پستہ قد -
هَبَجَہٗ (ن) **هَبْجًا** بِالْعَصَا : لگاتار لاٹھی سے مارنا -

هَبِجَ (س) هَبَجًا وَجهُ الرَّجُلِ: چہرے کا سوجنا۔ صفت هَبِجٌ۔
هَبَّجَهُ۔ متورم کرنا۔
تَهَبَّجَ۔ سوجنا۔
المُهَبَّجُ۔ سُست۔ بھدی طبیعت کا
هَبَدَ (ض) هَبْدًا وهَبَّدَ و اِهْتَبَدَ الهَبِيدَ: اندرائن کا پھل توڑنا اور پکانا اور چننا۔ هَبَّدَ فلانًا: اندرائن کا پھل کھلانا۔
الهَبْدُ والهَبِيدُ۔ اندرائن یا اس کا دانہ۔ واحد هَبِيدَة۔
الهَوَابِدُ۔ اندرائن کے دانے چننے والیاں
هَبَذَ (ض) هَبْذًا و هَابَذَ و اَهْبَذَ و اِهْتَبَذَ الفَرَسُ او الطَّائِرُ: گھوڑے کا تیز چلنا یا پرندہ کا تیز اُڑنا۔
الهَابِذَةُ۔ تیز رفتار اونٹنی ج هَوَابِذ
هَبَرَ (ن) هَبْرًا اللَّحْمَ: گوشت کے بڑے بڑے ٹکڑے کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "هَبَرَ لَهُ مِنَ اللَّحْمِ هَبْرَةً" اس نے اس کے لئے گوشت کے ٹکڑے کاٹے "وهَبَرْنَاهُمْ بِالسُّيُوفِ" ہم نے ان کو تلواروں سے کاٹ دیا۔
هَبِرَ (س) هَبَرًا البَعِيرُ: اونٹ کا زیادہ گوشت والا ہونا۔
اَهْبَرَ الرَّجُلُ: خوشنما موٹا ہونا۔
اِهْتَبَرَ البَعِيرُ: اونٹ کا دُبلا پتلا ہونا۔ فُلَانًا بالسَّيفِ: تلوار سے کاٹنا۔
الهَبْرُ۔ مم۔ بغیر ہڈی کا گوشت۔ واحد هَبْرَةٌ
الهَبْرُ: پست زمین یا ریت کا قطعہ ج هُبُور وهُبُر۔ والهَبْرُ فی القِرَاءَةِ: آیت پر وقف کرنا۔
الهُبْرُ۔ انگور کا بیج۔ کتان سے جو گرے۔
الهَبِرُ۔ مِنَ الجِمَالِ: بہت گوشت والا اونٹ کہا جاتا ہے "بَعِيرٌ هَبِرٌ وَبِرٌ" بہت گوشت اور اون والا اونٹ۔ مؤنث هَبِرَة۔
الهَبِيرُ۔ کٹا ہوا۔
الهُبَرِيَةُ۔ روئی کے اُڑنے والے روئیں سر کی بھوسی۔ بانس اور نرکل سے جو بھرے اور پھر جمع ہو کر جم جائے۔
الهُبُورُ۔ مکڑی۔
الهَبِيرُ۔ پست زمین کہ اس کے اردگرد بلندی ہو ج هُبُرٌ و اَهْبِرَةٌ۔ اندامِ نہانی۔ کہا جاتا ہے۔ ضَرْبٌ هَبْرٌ و هَبِيرٌ گوشت کو ٹکڑے ٹکڑے کرنے والی ضرب۔
الهُبَيرَةُ۔ بجو۔ اَبُو هُبَيرَة: مینڈک۔ اُمُّ هُبَيرَة: مینڈکی۔
الاَهْبَرُ۔ بہت گوشت والا۔ مؤنث هَبْرَاءُ ج هُبْرٌ۔
الهُبَارِيَةُ۔ اُڑنے والے پر۔ سر کی بھوسی رِيحٌ هُبَارِيَةٌ۔ غبار والی ہوا۔
الهَبَّارُ۔ بہت بالوں والا بندر۔ سَيفٌ هَبَّارٌ: کاٹنے والی تلوار۔
الهَبْتُورُ۔ چھوٹی چیونٹی۔ کھیتی کے گرے ہوئے خوشے۔
هَبْرَجَ الرَّجُلُ: ڈگمگاتے ہوئے چلنا۔ الثَّوبَ: منقش کرنا۔
الهَبْرَجُ۔ تیز و سبک چال۔ مرد متکبر۔ ڈگمگا کر چلنے والا۔ منقش کپڑا۔ موٹا و پُر گوشت بیل۔ بوڑھا ہرن۔
الهِبْرِجُ۔ موٹا و پُر گوشت۔
الهُبْرُجُ مِنَ الاَوْتَارِ: خراب شدہ تانت۔
الهِبْرِزِيُّ۔ فارسیوں کا کنگن۔ نیا دینار ہر خوبصورت و خوشنما چیز۔ عمدہ موزہ۔ خالص سونا۔ واُمُّ الهِبْرِزِيِّ: بخار۔
تَهَبْرَسَ۔ ناز و انداز سے چلنا۔
الهَبْرَقِيُّ والهِبْرِقِيُّ۔ لوہار۔ سنار جنگلی بیل۔
الهَبْرَكَةُ۔ نازک بدن لڑکی۔ شَبَابٌ هَبْرَكٌ: کامل جوانی۔ شَابٌّ هَبْرَكٌ: کامل جوان
الهُبْرُكَعُ۔ پستہ قد۔
الهَبْرُكَلُ۔ اچھے بدن کا جوان۔
هَبْرَمَ هَبْرَمَةً۔ بہت کھانا۔ بہت بولنا۔
هَبَزَ (ض) هَبْزًا وهُبُوزًا وهَبَزَانًا۔ مرنا۔ یا اچانک مرنا۔
الهَبَسُ۔ گل خیرو۔
هَبَشَ (ن) وهَبِشَ (س) هَبْشًا الرَّجُلُ: پورے ہاتھوں سے دوہنا ——— الشَّيءَ: جمع کرنا۔ پہنچنا ——— لِعِيَالِهِ: کمائی کرنا۔ ——— فُلَانًا: تکلیف دہ مار مارنا۔
هَبَّشَ تَهْبِيشًا المَالَ: جمع کرنا۔
تَهَبَّشَ القَومُ: اکٹھا ہونا ——— الشَّيءَ: جمع کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ يَتَهَبَّشُ لِعِيَالِهِ" وہ اپنے اہل و عیال کے لئے کمائی کرنے کے لئے نکلا۔
اِهْتَبَشَ المَالَ: اکٹھا ہونا ——— الشَّيءَ: جمع کرنا ——— مِنْهُ عَطَاءً: حاصل کرنا۔
الهَابِشَةُ۔ جماعت۔ الهَابِشَةُ والهُبَاشَةُ مختلف قبیلوں کی جماعت۔ ج هَوَابِش و هُبَاشَات۔ الهُبَاشَات: کمائیاں۔
الهَبَّاشُ۔ بہت کمائی کرنیوالا۔ بہت جمع کرنے والا۔
هَبِصَ (س) وهَبَصَ (ح) هَبْصًا وهَبَصًا۔ پھرتیلا و جلد باز ہونا ——— الكَلْبُ کتے کا شکار کا حریص ہونا ——— عَلَى الشَّيءِ: مشتاق ہو کر بے قرار ہونا۔ صفت هَبِصٌ۔
اِهْتَبَصَ فِي العَمَلِ: جلدی کرنا ——— فِي المَشْيِ: تیز چلنا ——— واِنْهَبَصَ لِلضَّحِكِ: بہت زور سے ہنسنا۔
الهَبَصَى۔ تیز چال۔ کہا جاتا ہے۔ "مَشَى الهَبَصَى" وہ تیز چال چلا۔
هَبَطَ (ن) هَبْطًا مِنَ الجَبَلِ: پہاڑ سے اتارنا ——— المَرَضُ لَحْمَهُ: بیماری کا گوشت کو لاغر کرنا ——— فُلَانًا: مارنا ——— بَلَدَ كَذَا: شہر میں داخل ہونا ——— السُّوقَ: بازار میں پہنچنا ——— الوَادِيَ: وادی میں اترنا۔ صفت هَبَّاط ——— فُلَانًا البَلَدَ: شہر میں داخل کرنا ——— ثَمَنَ السِّلْعَةِ ومِنْ ثَمَنِهَا: قیمت گھٹانا۔
هَبَطَ (ض ن) هُبُوطًا الثَّمَنُ: قیمت

گھٹنا کم ہونا۔ فُلانٌ: خاکساری کرنا ـــــ
فُلانٌ مِنَ الجَبَلِ: پہاڑ سے اترنا ـــ مِنْ مَوضِعٍ
اِلیٰ آخرَ: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا
کہا جاتا ہے "ہَبَطَ مِنَ الخَشْیَۃِ" اس نے خوف
کی وجہ سے خاکساری کی۔ "وَہَبَطَہُ الزَّمانُ"
اس کو زمانہ نے مفلوک الحال بنا دیا۔
ھَبَّطَ العِدْلَ: بوری کو اونٹ پر
درست کر کے رکھنا۔
اَھْبَطَہُ۔ اتارنا۔ اَھْبَطَ الثَّمَنَ: قیمت
گھٹانا۔
ھَبَّطَ مِنْ کَذا: نیچے اترنا ـــ الشَّیئُ:
بجھنا۔
اِھْبَطَ الرَّجُلُ: نیچے اترنا۔
الھابِط۔ فا۔ لاغر۔
الھَبَط۔ مم۔ نقصان۔ برائی میں پڑنا۔
ذلت۔ کہا جاتا ہے "اَللّٰھُمَّ غَبْطاً لا ھَبْطاً" یعنی
اے اللہ ہم تجھ سے اس کا سوال کرتے ہیں کہ
لوگ ہم پر غبطہ کریں اور اس سے پناہ مانگتے ہیں
کہ اپنی حالت سے پستی میں آجائیں۔
الھَبْطَۃ۔ ہبط کا اسم مرۃ۔ پست وہموار
زمین۔ کہا جاتا ہے "ہُم فِی ہَبْطَۃٍ مِنَ الاَرضِ"
وہ لوگ پست زمین میں ہیں۔
الھَبُوط۔ ڈھلوان۔ نشیب کی زمین
الھَبِیط۔ دبلا پتلا لاغر۔
المَھْبِط۔ اترنے کی جگہ۔
المَھْبُوط۔ دبلا پتلا۔ رَجُلٌ مَہْبُوطٌ:
محتاج ومفلس مرد۔
ھَبَعَ (ف) ھَبْعاً وھُبُوعاً الحِمارُ: گدھے
کا سست رفتاری سے چلنا۔ اور جس کی ایسی
حالت ہو اس کو ہبع کہتے ہیں ـــ البعیرُ: اونٹ
کا گردن پھیلا کر چلنا۔ ہَبَعَ بِعُنُقِہٖ: جلدی کرنا اور
گردن کا سہارا لینا۔ صفت ہَابِعٌ وہَبُوعٌ۔
اِسْتَھْبَعَ البَعِیرَ: اونٹ کو گردن پھیلا کے
چلوانا۔
الھُبَع۔ گدھا۔ اونٹ کا بچہ جو گرمی میں
پیدا ہوا ہو۔ ج ھُبَعات وہِباع۔ مونث
ھُبَعَۃ ج ھُبَعات۔
المُھْبِع۔ اونٹ کے بچوں کا مالک۔
اِبِلٌ ھُبَّعٌ۔ گردن پھیلا کے چلنے والے
اونٹ۔
ھَبَغَ (ف) ھُبُوغاً وھَبْغاً الرَّجُلُ:
سونا۔
الھُبْغَۃ۔ نیند۔
الھَبِیغ۔ بہت سونے والا۔
اِھْبَنْقَعَ۔ رانوں کو پیٹ سے ملا کر
سرین پر بیٹھنا۔
الھَبَنْقَع والھُبَاقِع۔ گٹھے بدن کا پستہ قد۔
الھَبَنْقَع۔ متکبر۔ بیوقوف۔ عورتوں سے
گفتگو کو پسند کرنے والا۔ ہاتھ میں لاٹھی
لے کر مانگنے والا۔ وہ شخص جو اگر کہیں بیٹھ جائے
تو ٹلے نہیں۔
الھَبَنْقَعَۃ۔ چوڑے منھ اور لٹکے ہوئے
ہونٹ والا اونٹ۔ رانوں کو پیٹ سے
ملا کر سرین پر بیٹھنے کی نشست۔
اِھْبَکَّتْ بِہِ الاَرضُ: دھنسانا۔
الھُبَکَۃ۔ احمق۔ بیوقوف۔ زمین جس
میں پاؤں دھنس جائیں۔ ج ہُبَکات وہُبَک
ھَبِلَتْ (س) ھَبَلاً فُلاناً اُمُّہٗ: گم کرنا
بے فرزند ہونا۔ صفت ہَابِلٌ۔ بددعا کے
موقع پر کہا جاتا ہے "ہَبِلَتْہُ اُمُّہٗ" یعنی اس کی
ماں اس کو گم کرے اور بسا اوقات مقام
مدح واستحسان میں بولا جاتا ہے۔ مراد یہ
ہے کہ وہ کتنا بڑا عالم اور صائب الرائے ہے۔
ھَبَلَ الرَّجُلُ لِعِیالِہٖ: اہل وعیال کیلئے
کمائی کرنا ـــ فُلاناً: کسی سے ہَبِلَتْکَ
اُمُّکَ کہنا ـــ اللَّحْمُ فُلاناً: گوشت تہ بتہ چڑھنا۔
اَھْبَلَ الرَّجُلُ: بے اولاد کرنا۔ عقل و
تمیز کھونا ـــ اللَّحْمُ: گوشت تہ بتہ چڑھنا۔
ھَبَّلَ لِعِیالِہٖ: اہل وعیال کیلئے کمائی کرنا۔
اِھْتَبَلَ فُلانٌ: بہت جھوٹ بولنا اور
حیلہ کرنا ـــ الصَّیدَ: شکار کو فریب دینا
ـــ لِعِیالِہٖ: اہل وعیال کے لئے کمائی کرنا۔
ـــ الشَّیئَ: غنیمت جاننا۔ کہا جاتا ہے اِھْتَبِلْ
کَلِمَۃَ حِکْمَۃٍ حکمت کے کلمہ کو غنیمت جان۔
ـــ عَلیٰ وَلَدِہٖ: بے اولاد کرنا۔ کہا جاتا ہے۔
"اِھْتَبِلْ ہَبَلَکَ" اپنی حالت کی درستی کو لازم جانو
الھابِل۔ کمائی کرنیوالا۔ حیلہ گر۔ بہت
گوشت وچربی والا۔
الھَبَال۔ ایک درخت ہے جس سے تیر
بنائے جاتے ہیں۔ واحد ہَبَالَۃٌ۔
الھَبَالَۃ۔ عقل وتمیز کھونا۔ جستجو۔ کہا جاتا
ہے "نَاقَۃٌ ہَبَالَۃٌ"۔
الھُبَالَۃ۔ غنیمت۔
الھَبَّال۔ کمائی کرنے والا۔ حیلہ ساز
فریب دینے والا شکاری۔
الھَبَل۔ مم۔ حالت۔
الھَبِل۔ بھیڑیا۔ فریب دینے والا۔
الھُبْلَۃ۔ بوسہ۔
ھُبَل۔ زمانہ جاہلیت کے ایک بت کا
نام۔
الاَھْبَل۔ عقل وتمیز کھونیوالا۔ ج ہُبْل۔
الھِبِلُّ والھِبَلُّ۔ بڑا لمبا مرد۔ حیلہ جو۔
الھِبِلیٰ: ایک درخت کا نام۔
اِلھِبِلّیٰ۔ نازکی رفتار۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ یَمْشِی
الہِبِلّیٰ" وہ خرام ناز سے چلتا ہے۔
الھَبُول۔ بچہ گم کرنے والی عورت۔
المُھَبَّل۔ جس کو بد دعا دی جائے کہ تیری
ماں تجھے گم کرے۔ سوجے ہوئے چہرے والا
پرگوشت۔ پاگل۔
الھِبَل۔ ہلکا۔
المُھْتَبِل۔ جھوٹا۔
المَھْبُول۔ مفم۔ وہ جسکو اس کی ماں نے
گم کر دیا ہو۔
ھِبْلِس وھِبْلِیس۔ کوئی۔
الھَبْلَع والھِبْلاع والھِبْلَع۔ بہت

کھانے والا۔ بڑے بڑے لقمے لینے والا۔
کشادہ گلو والا۔
الهَبَلَّق۔ پستہ قد۔
الهَبَنَّق۔ بے وقوف۔ پستہ قد۔
الهَبَنَّك۔ بیوقوف کمزور۔ چغلخور۔
الهَبَنَّكة۔ ہَبَنَّک کا مونث۔
سست کاہل۔
الهَبُّون۔ مکڑی۔
هَبْهَبَ الرجلُ: تیز چلنا۔ نیند سے بیدار ہونا ـــ السَّرابُ: سراب چمکنا۔ ہَبْهَبَہ: ڈانٹنا۔ ہَبْهَبَ الکبشَ: مینڈھے کو ذبح کرنا۔
هَبْهَبَ الشیءُ: ہلنا۔ حرکت کرنا۔
الهَبْهَب۔ تیز رفتار۔ ہلکا پھلکا بھیڑیا۔
الهَبْهَاب۔ تیز رفتار۔ چلانیوالا۔ سراب۔
الهَبْهَبِیُّ۔ اچھی حدی گانیوالا۔ اچھی خدمت کرنے والا۔ پکانے والا۔ بکریوں کا چرواہا۔ گوشت بھوننے والا۔ قصائی۔ عمدہ طریقے سے محنت ومشقت کرنے والا۔ تیز رفتار ہلکا پھلکا اونٹ مونث ہَبْهَبِیَّة۔
هَبَا یَهْبُو هُبُوًّا: سست چلنا ـــ الغُبارُ غبار کا بلند ہونا ـــ الفرسُ: گھوڑے کا بھاگنا ـــ فلانٌ: مرنا ـــ الرَّمادُ: راکھ کا مٹی سے ملنا۔
اَهْبَی اِهْبَاءً الفرسُ: گھوڑے کا غبار اُڑانا۔
هَبَّی تَهْبِیًا۔ دونوں ہاتھ جھاڑنا۔
الهَابِی۔ فا۔ ج هُبِیّ۔ کہا جاتا ہے "نُجُومٌ هُبِیٌّ": غبار سے چھپے ہوئے ستارے۔
الهَابِی۔ قبر کی مٹی۔ کہا جاتا ہے "ہٰذا مَوضعٌ هابی التراب" یہ غبار والی مٹی کی جگہ ہے و تُرابٌ اور مادُہاب" فضا میں اڑنیوالی مٹی یا راکھ۔
الهَبَاء۔ غبار۔ باریک مٹی کے ذرات جو زمین پر بلند اور پھیلے ہوئے ہوں۔ کم عقل لوگ۔ ج اَهْبَاء۔
الهَبَاءَة۔ غبار کا قطعہ۔

هُبَابَة الشجرِ: درخت کی چھال۔
الهَبْوَة۔ گرد و غبار۔ ج هَبَوات و اَهْبَاء (خلافِ قیاس) اَهْباءُ الزَّوبعة: بگولا۔
الهَبِیُّ۔ چھوٹا بچہ۔ مونث هَبِیَّة۔
المُتَهَبِّی۔ کمزور نظر والا۔
هَتَّ (ن) هَتًّا۔ الکلامَ: پیہم نقل کرنا۔ خوش سلیقگی سے بیان کرنا ـــ الثوبَ: کپڑے پھاڑنا ـــ العِرضَ: آبرو ریزی کرنا ـــ الماءَ: پانی گرانا ـــ فلانًا: مرتبہ گھٹانا۔ ـــ المرأةُ غزلَها: عورت کا لگاتار کاتنا ـــ فلانٌ فی کلامه: جلدی جلدی بولنا ـــ ورقَ الشجرةِ: درخت کے پتے جھاڑنا ـــ الشیءَ: توڑنا اور چورہ کرنا (ـــ هَتِیتًا) البکرُ: جوان اونٹ کا آواز کرنا۔
الهَتُّ مص۔ کہا جاتا ہے "ترکہم هَتًّا بَتًّا" اس نے ان کو ٹکڑے ٹکڑے کرکے چھوڑا۔
الهَتَّات۔ ہلکا پھلکا۔ بہت بک بک کرنے والا۔
الهِتُّ۔ بمعنے هَتَّات۔
هَتَأَ یَهْتَأُ هَتْأً بالعصا ونحوہا: لاٹھی وغیرہ سے مارنا ـــ الطعامَ: کھانا۔
هَتِئَ یَهْتَأُ هَتَأً الرجلُ: ٹیڑھا ہونا۔
تَهَتَّأَ تَهَتُّؤًا الثوبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا
الهَتْءُ والهِتْءُ والهَتِیءُ والهِتَاءُ و الهِیتِیءُ والهِیتَاءُ والهَتَأَة۔ وقت کہا جاتا ہے "مضی من اللیل هتءٌ" رات کا کچھ حصہ گذر گیا۔
الهَتْءُ والهُتُوءُ۔ شگاف۔ پھٹن۔
الاَهْتَاء۔ کبڑا۔
هَتَرَ (ض) هَتْرًا عرضَ فلانٍ: آبروریزی کرنا ـــ الکِبَرُ فلانًا: بڑھاپے کا عقل کو زائل کرنا۔
هَتَّرَ عرضَ فلانٍ: بہت زیادہ آبروریزی کرنا۔
هَاتَرَہ مُهاتَرَة۔ بری گالی دینا۔

اَهْتَرَ الرجلُ: بڑھاپے یا مرض یا غم کی وجہ سے عقل زائل ہونا۔ صفت مُهْتَر بفتح التاء اور یہ شاذ ہے۔ واُهْتِرَ فلانٌ: کسی چیز کے بارے میں کہنے کے لئے فریفتہ ہونا۔ اُهْتِرَ فی ذکرِ اللّٰہِ: اللہ کی یاد کرتے ہوئے بوڑھا ہونا۔
تَهَاتَرَ الرجلانِ: ایک دوسرے پر جھوٹا دعوی کرنا اور کہا جاتا ہے تہاترتِ الشہاداتُ: شہادتیں ایک دوسرے کے برخلاف ہوئیں
اِستَهْتَرَ فلانٌ: لاپروائی کے ساتھ خواہشات کا اتباع کرنا۔ بڑھاپے کی وجہ سے نہ سمجھنا۔
اُستُهْتِرَ الرجلُ بکذا: بہت فریفتہ ہونا ـــ الرجلُ: لغو ولاطائل افعال کا مرتکب ہونا۔
الهَاتِر فا۔ ج هَاتِرُون و هَتَرَة۔
الهِتْر۔ جھوٹ۔ مصیبت۔ امر عجیب۔ بیہودہ گفتگو۔ رات کا نصف اول۔ ج اَهْتَار کہا جاتا ہے "فلانٌ هِترُ اَهْتَارٍ" فلاں بڑا چالاک ہے
الهُتْر۔ بڑھاپے یا مرض یا غم کی وجہ سے عقل کی خرابی۔
التَّهَاتُر۔ ایک دوسرے کیخلاف شہادتیں۔
التَّهْتَار والتَّهْتَر۔ حماقت وجہالت۔
المُهْتَر۔ کسی چیز کے متعلق کچھ کہتے رہنے پر فریفتہ۔ بڑھاپے یا مرض یا غم کی وجہ سے خراب عقل والا۔ رجلٌ مُهْتَر: گفتگو میں خطا کار۔
المُسْتَهْتَر بالشیءِ: سخت فریفتہ۔ بہت باطل کار آدمی۔
الهِتْرِك۔ شیر۔ سخت و مشکل زمانہ
هَتَشَ (ض) هَتْشًا الکلبَ: کتے کو برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔ کہا جاتا ہے "هُتِشَ الکلبُ فَاهْتَتَشَ" کتے کو بھڑکایا گیا وہ بھڑک گیا۔ (اور یہ کتے اور درندوں ہی کے لئے خاص ہے)
هَتَعَ (ن) هَتْعًا اِلی قومه: جلدی متوجہ ہونا۔
هَتَفَ (ض) هَتْفًا وهُتَافًا الحمامةُ

کبوتری کا کوکو کرنا (— ہُتَافاً) فُلَانٌ بِفُلَانٍ چلاکر بلانا — فُلَاناً وبِفُلَانٍ: تعریف کرنا۔

هَتَفَتْ هَتِيْفاً الْحَمَامَةُ: کبوتری کا نوحہ کرنا۔

الهَاتِف۔ فا۔ جس کی آواز سنائی دے اور دکھلائی نہ دے تم کہتے ہو سَمِعْتُ هَاتِفاً يَهْتِفُ جبکہ تم آواز سنو اور کوئی دکھلائی نہ دے — کہا جاتا ہے۔ قَوْسٌ هَتَّافَةٌ وَهَتُوْفٌ و هَتْفَى۔ آواز دینے والی کمان۔ حَمَامَةٌ هَتُوْفٌ بہت کوکو کرنے والی کبوتری۔ رِيْحٌ هَتُوْفٌ سائیں سائیں کرنے والی ہوا۔ سَحَابَةٌ هَتُوْفٌ گرجنے والا بادل۔ اور اسم الهَتْفَى ہے۔

الهَتْف والهُتَاف۔ مص۔ سخت و بلند آواز

هَتَكَ (ض) هَتْكاً السِّتْرَ ونَحْوَهُ: پردہ پھاڑنا۔ کاٹ کر علیحدہ کرنا۔ یا کچھ تھوڑا سا سوراخ کرنا تاکہ پردہ کے پیچھے کی چیز ظاہر ہوجائے — الثَّوْبَ: کپڑے کو لمبا پھاڑنا۔ کہا جاتا ہے "هَتَكَ اللّٰهُ سِتْرَ الفَاجِرِ" یعنی اللہ تعالیٰ فاجر کو رسوا کریں۔ "وهُتِكَ عَرْشُهُ" جبکہ عزت جاتی رہے۔

هَتَّكَ السِّتْرَ: بمعنے ہَتَکَ۔ تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔

تَهَتَّكَ وانْهَتَكَ السِّتْرُ ونَحْوُهُ: پردہ کا پھٹنا۔ تَهَتَّكَ فُلَانٌ: رسوا ہونا — فِي البَطَالَةِ: بہادری میں چھوڑنا۔

هَاتَكَ مُهَاتَكَةً۔ باہم رات کی تاریکی میں چلنا۔ کہا جاتا ہے "هَاتَكْنَا اللَّيْلَ: یعنی رات کی تاریکی میں ہم نے سفر کیا۔

الهُتْكُ۔ آدھی رات۔

ثَوْبٌ هَتِكٌ۔ پارہ پارہ شدہ کپڑا۔

الهُتْكَةُ۔ پردہ دری۔ رات کی ایک ساعت۔

الهَتِيْكَةُ۔ رسوائی۔ بے عزتی۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُنْهَتِكٌ ومُتَهَتِّكٌ ومُسْتَهْتِكٌ" بے عزتی سے لاپروا۔ رسوا۔ بدنام۔

الهَتِكُ۔ پارہ پارہ شدہ۔

هَتَلَتْ (ض) هَتْلاً وهُتُوْلاً وهَتَلَاناً وهَتَلَاناً السَّمَاءُ: آسمان کا لگاتار برسنا۔

سَحَائِبُ هُتَّلٌ۔ لگاتار برسنے والے بادل۔

الهَتْلَان۔ ہلکی لگاتار بارش۔

هَتْلَمَ هَتْلَمَةً الرَّجُلَانِ: دوسروں سے چھپاکر چپکے چپکے باتیں کرنا۔

الهَتْلَمَةُ مص پوشیدہ بات۔

هَتَمَ (ض) هَتْماً فَاهُ: اگلے دانتوں کو توڑنا — الثَّنِيَّةَ: جڑ سے توڑنا۔

هَتِمَ (س) هَتَماً۔ سامنے کے جڑ سے ٹوٹے ہوئے دانتوں والا ہونا۔ صفت أَهْتَم مؤنث هَتْمَاء ج هُتْم۔

هَتَّمَ بِالضَّرْبِ: مار مار کر ضعیف و کمزور کر دینا۔

أَهْتَمَ۔ دانتوں کو توڑنا۔

تَهَتَّمَ الشَّيْءُ: ٹوٹنا۔ کہا جاتا ہے "تَهَتَّمَتْ أَسْنَانُهُ" اس کے دانت ٹوٹ گئے۔

تَهَاتَمَا۔ ایک دوسرے پر جھوٹا دعوی کرنا۔

الهُتَامَةُ۔ ٹوٹا ہوا ٹکڑا۔

هَتْمَرَ الرَّجُلُ: بہت بولنا۔

هَتْمَلَ الرَّجُلُ: آہستہ بولنا — الرَّجُلَانِ: دوسرے سے چھپاکر چپکے چپکے باتیں کرنا۔

الهَتْمَلَةُ۔ پوشیدہ بات۔

هَتَنَتْ (ض) هَتْناً وهُتُوْناً وهَتَنَاناً وتَهْتَاناً وتَهَاتَنَتِ السَّمَاءُ: آسمان سے لگاتار بارش ہونا — الدَّمْعُ: آنسو کا ٹپکنا۔

الهَتْن۔ لگاتار بارش۔

— سَحَابٌ هَاتِنٌ وهَتُوْنٌ لگاتار بارش والا بادل ج هُتُنٌ وهُتْنٌ۔ عَيْنٌ هَتُوْنُ الدَّمْعِ لگاتار آنسو ٹپکانے والی آنکھ۔

التَّهْتَان۔ لگاتار برسنے والی بارش۔

هَتْهَتَ الشَّيْءَ: توڑنا — فِي الكَلَامِ: جلدی جلدی بولنا — البَعِيْرَ: اونٹ کو "هِتْ هِتْ" کہہ کے پینے کے وقت ڈانٹنا۔

الهَتْهَات۔ ہلکا پھلکا۔ جلدی بولنے والا

هَتَأَهُ يَهْتَؤُهُ هَتْأً۔ پیروں سے روند کر توڑنا۔

هَاتَاهُ مُهَاتَاةً۔ دینا (اس فعل کی گردان عَاطَی کی گردان کی مانند ہے) کہا جاتا ہے۔ "هَاتِ يَا رَجُلُ" اے مرد دے "وهَاتِي يَا امْرَأَةُ" اے عورت دے "ومَا أُهَاتِيْكَ" میں تم کو نہیں دوں گا۔

هَثَّ (ن ض) هَثّاً۔ جھوٹ بولنا۔ صفت هَثَّاث یعنی جھوٹا۔

هَثْرَمَ هَثْرَمَةً۔ بہت بولنا۔

هَثَمَهُ (ض) هَثْماً۔ کوٹ کر باریک کرنا۔

هَثَمَ لَهُ مِنْ مَالِهِ: یکبارگی عمدہ مال دینا۔

الهَيْثَم۔ ایک کھٹے مزے کا درخت۔ شکرا۔ اور بقول بعض گدھ یا عقاب کا بچہ۔ سرخ رنگ کا ریت کا ٹیلہ۔

هَثْهَثَ هَثْهَثَةً الشَّيْءُ: مختلط ہونا۔ — الوَالِي النَّاسَ: ظلم کرنا — السَّحَابَةُ بِقَطْرِهَا: بہت زور سے برسانا — الشَّيْءَ: سخت روندنا۔

الهَثْهَاث۔ جلدی کرنے والا۔ شَيْءٌ هَثْهَاثٌ: ملی ہوئی بے ترتیب چیز۔ رَجُلٌ هُثْهَاثٌ: جھوٹا مرد۔

الهَثْهَثَةُ۔ مص۔ لڑائی میں مختلط آوازیں

هَثَى يَهْثِي هَثَيَاناً التُّرَابَ: مٹی ڈالنا

هَاثَاهُ مُهَاثَاةً۔ مذاق اڑانا۔

هَجَّ (ن) هَجّاً وهَجِيْجاً البَيْتَ: گھر ڈھانا (— هَجِيْجاً) العَيْنُ: آنکھ کا دھنس جانا۔ — النَّارُ: آگ کا زور سے بھڑکنا۔

هَجَّجَ النَّارَ: آگ زور سے بھڑکانا۔ وهَجَّجَتْ عَيْنُهُ: آنکھ دھنس جانا۔

اهْتَجَّ فِي الأَمْرِ: دیر لگانا اور کسی سے مشورہ نہ کرنا۔

اسْتَهْجَّ فُلَانٌ: خودرائے ہونا۔ السَّيَّارَةَ

اوالقَافِلَۃَ : تیز چلانا۔
عَیْنٌ ھَاجِنَۃٌ۔ دھنسی ہوئی آنکھ۔
الھَجَاج۔ تیز چال۔ کہا جاتا ہے "رَکِبَ ہَجَاجِ" مبنی علی الکسر یعنی وہ خود سر ہوا (اور کبھی ہجاج کے آخر کو فتحہ بھی دیا جاتا ہے) اور اگر کوئی شخص لوگوں کو کسی چیز سے روکنا چاہتا ہے تو کہتا ہے "ہَجَاجَیْکَ وَہَذَاذَیْکَ" یعنی دور رہو۔
الھَجَاجَۃ۔ گرد و غبار جو ہر چیز کو ڈھانپ لے بیوقوف۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ہَجَاجَۃٌ"
الھُبَج۔ بیل کی گردن کا جوا۔
الھُجُج۔ پوکھرے۔
الھَجِیْج۔ مم گہری وادی۔ لمبی زمین جو چلنے والوں کو جلدی لائے۔ کہانت کی لکیریں جو زمین پر کھینچی جائیں۔ ج ہُجَّان۔
الاِھجِیْج۔ گہری وادی۔
عَیْنٌ مُھَجْجَۃ۔ دھنسی ہوئی آنکھ۔
المُھَجِّج۔ فا۔ دھنسی ہوئی آنکھ والا۔
المُسْتَہجُ۔ ہر حق ناحق میں بولنے والا۔
ھَجَأَ ھَجأً ھُجُوْءً جُوعُہٗ : بھوک بند ہونا (۔ ہَجْأً) الطَّعَامَ : کھانا — بَطْنَہٗ : پیٹ بھرنا — ہٗ الطَّعَامُ : آسودہ کر دینا۔
ھَجِیَٔ ھَجَأً ھَجَأً۔ بہت بھوکا ہونا۔
اَھْجَأَ اِھْجَاءً جُوعَہٗ : بھوک زائل کرنا۔ فُلَاناً حَقَّہٗ : حق ادا کرنا — فُلَاناً الشَّیْءَ : کسی کو کچھ کھلانا۔
ھَجَّأَ الحَرْفَ : ہجے کرنا۔
الھَجَأ۔ ہر وہ چیز جو تمہارے اندر رہو اور ختم ہو جائے۔
الھُجَأَۃ۔ بے وقوف مرد یا عورت۔
ھَجَبَ (ن) ھَجْباً۔ ہانکنا۔ دوڑنا۔ لاٹھی سے مارنا۔
الھَیْجَبُوْس۔ اکھڑ بے وقوف مرد۔
ھَجَدَ (ن) ھُجُوْداً۔ رات میں سونا۔ بیدار رہنا (ضد) اور بقول بعض ہُجُود۔ دن میں سونے اور ہُجُوع رات میں سونے کے لئے ہے۔
ھَجَّدَ تَھْجِیْداً الرَّجُلُ : بیدار ہونا۔ رات میں سونا۔ رات میں نماز پڑھنا — فُلَاناً : جگانا۔ سلانا (ضد)
اَھْجَدَ الرَّجُلُ : سونا — فُلَاناً : سلانا سوتا ہوا پانا۔
تَھَجَّدَ الرَّجُلُ : رات میں سونا۔ بیدار رہنا۔
الھَاجِد۔ سونے والا۔ رات میں نماز پڑھنے والا ج ہُجُود و ہُجَّد۔
الھَجُوْد۔ رات میں نماز پڑھنے والا۔ ج ہُجُود و ہُجَّد۔
التَّھَجُّد۔ مم۔ رات کی نماز۔
المُتَھَجِّد۔ فا۔ رات کی نماز کیلئے نیند سے بیدار ہونے والا۔ ازہری کا قول ہے کہ کلام عرب میں ھَاجِد کا اطلاق رات میں سونیوالے پر اور متہجد کا رات میں نماز کے لئے بیدار ہونے والے پر ہے۔
ھَجَرَہٗ (ن) ھَجْراً و ھِجْرَاناً۔ قطع تعلق کرنا چھوڑنا۔ ہَجَرَ الشَّیْءَ : ترک کرنا۔ اعراض کرنا — زَوْجَۃٗ : بغیر طلاق دیئے ہوئے الگ ہونا۔ (۔ ہَجْراً و ہِجِّیْرَی و اِہْجِیْرَی) فِی نَوْمِہٖ او مَرَضِہٖ نیند یا مرض میں بکواس کرنا (۔ ہُجْراً) بہٖ فِی النَّوْمِ : خواب دیکھنا — ہَجَرَ (ہَجْراً و ہُجُوْراً) البَعِیْرَ پاؤں باندھنے کی رسی سے باندھنا۔
ھَجَّرَ القَوْمُ : دوپہر میں چلنا — النَّہَارُ سخت گرم ہونا — اِلَی الشَّیْءِ : سویرے جانا اور سبقت کرنا۔
ھَاجَرَ مُھَاجَرَۃً مِنَ البَلَدِ وعَنْہٗ : ہجرت کرنا۔
اَھْجَرَہٗ اِھْجَاراً۔ چھوڑنا۔ اَہْجَرَ القَوْمُ : دوپہر میں چلنا۔ اَہْجَرَ فِی مَنْطِقِہٖ : بکواس کرنا — بِفُلَانٍ : ٹھٹھا کرنا اور بری بات کہنا۔
تَھَجَّرَ القَوْمُ : دوپہر میں چلنا — فُلَانٌ مہاجرین کے مشابہ ہونا۔
تَھَاجَرُوْا و اِھْتَجَرُوْا باہم قطع تعلق کرنا
تہاجروا الماءَ : لینا۔
اِھْتَجَرَہٗ۔ چھوڑنا۔
الھَاجِر۔ اسم فاعل۔ شَیْءٌ ہَاجِرٌ : نہایت عمدہ چیز۔
الھَاجِرَۃ۔ الہاجر کا مؤنث۔ گرمی کا دوپہر یا زوال آفتاب سے عصر تک کا وقت سخت گرمی۔ ج ہَاجِرَات و ہَوَاجِر۔ اور کبھی ہَاجِرَۃ۔ ان مصادر میں سے ہوتا ہے جو فَاعِلَۃ کے وزن پر آتے ہیں جیسے عَاقِبَۃ و عَافِیَۃ وغیرہ۔ نَاقَۃٌ ہَاجِرٌ : عمدہ اونٹنی۔ اور کہا جاتا ہے "رَمَاہٗ بِہَاجِرَاتٍ" اس نے اس کو افعال فاحشہ سے متہم کیا۔
الھَاجِرِیُّ۔ بہت عمدہ۔ اعلیٰ و فائق۔ معمار۔ شہری۔
ھَاجَرَۃ۔ حضرت اسمٰعیل علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی والدہ ماجدہ کا اسم گرامی۔
الھَجْر۔ مم۔ حفاظت کے قابل چیز کا چھوڑنا بہت عمدہ۔ مہار۔ دوپہر۔ سخت گرمی۔ کہا جاتا ہے "لَقِیْتُہٗ عَنْ ہَجْرٍ" میں اس سے ایک سال کے بعد یا چھ روز یا اس سے زائد یا غیبوبت کے بعد ملا۔ "ذَہَبَتِ الشَّجَرَۃُ ہَجْراً" یعنی درخت لمبا اور بڑا ہوا۔
الھِجْر۔ عمدہ اونٹ یا اونٹنی۔
الھُجْر۔ قبیح گفتگو۔ فحش گوئی۔ اِہجار کا اسم
الھِجْر۔ نہایت عمدہ۔ آہستہ چلنے والا۔
الاَھْجَر۔ اسم تفضیل اور کہا جاتا ہے۔ "ہٰذَا اَہْجَرُ مِنْ ذَاکَ" یعنی یہ اس سے لمبا موٹا، بڑا ہے۔
الھُجْرَاءُ۔ قبیح گفتگو۔ کفایت۔ کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَہٗ غَنَاءُ ذٰلِکَ وَلَا ہَجْرَاؤُہٗ" اس کے نزدیک نہ تو اس کے لئے غناء ہے اور نہ کفایت
الھَجْرَۃ۔ ہجر کا اسم مرۃ : موٹی عورت
الھِجْرَۃ۔ ہجر کا اسم نوع۔ تہاجر کا اسم۔
الھِجْرَۃ والھُجْرَۃ۔ ترک وطن۔ ایک ملک سے دوسرے ملک کو جانا۔

اَلْهَجْرُ - دیہات میں منتقل ہونا۔

اَلْهَجِیْرُ - دوپہر - سخت گرمی - بڑا اور کشادہ حوض - بڑا پیالہ - جما ہوا دودھ - موٹا گورخر - پاؤں باندھنے کی رسّی سے بندھا ہوا اونٹ ج ہُجُرٌ - الْهَجِیْرُ: کوفہ اور بصرہ کے درمیان کا علاقہ

اَلْهَجِیْرَةُ - دوپہر - سخت گرمی -

اَلْهِجَارُ - تانت - طوق - تاج - اونٹ کے پاؤں باندھنے کی رسّی -

اَلْهِجِّیْرُ وَالْهِجِّیْرَةُ - عادت -

اَلْهِجِّیْرٰی - هَجَرَ فِیْ نَوْمِهٖ اَوْ مَرَضِهٖ کا مصدر عادت - کہا جاتا ہے "هٰذَا هِجِّیْرَاهُ" یہ اس کی عادت ہے -

اَلْهِجْرِیَّاءُ - عادت -

اَلْهَجُوْرِیُّ - دوپہر کے وقت کا کھانا -

اَلْاُهْجُوْرَةُ وَالْاِهْجِیْرٰی وَالْاِهْجِیْرَاءُ عادت -

اَلْمُهْجِرُ - شریف - خوبصورت - ہر چیز سے عمدہ - دوسروں سے بڑھا چڑھا - عَدَدٌ مُهْجِرٌ: بہت عدد - کہا جاتا ہے رَمَاهُ بِمُهْجِرَاتٍ اس نے اس کو افعال قبیحہ سے متہم کیا -

اَلْمَهَاجِرُ - ہجرت کے مقامات - کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ بِالْمَهَاجِرِ" اس نے فحش گفتگو کی -

اَلْمَهْجُوْرُ - مفع - بیمار یا سوئے ہوئے کی بکواس وہ لفظ جس کا استعمال چھوڑ دیا گیا ہو

اَلْهِجْرِسُ - لنگور - لومڑی اور بقول بعض لومڑی کا بچہ - ریچھ - نالائق آدمی ج هَجَارِسُ الْهَجَارِسُ: زمانہ کی سختیاں -

اَلْهُجْرُعُ وَالْهِجْرَعُ - بیوقوف پاگل - لمبے قد کا لنگڑا - ایک بہترین قسم کا شکاری کتا -

هَاجَزَهٗ مُهَاجَزَةً چپکے چپکے بات کہنا

هَجَسَ (ن ض) هَجْسًا الشَّیْءُ فِیْ صَدْرِهٖ: وسوسہ گذرنا —— فُلَانًا: کام سے روکنا -

هَاجَسَهٗ - چپکے چپکے بات کہنا -

اِهْجَسَ عَنِ الْاَمْرِ: باز رہنا -

اَلْهَاجِسُ - فا - اندیشہ، وسوسہ ج هَوَاجِسُ -

اَلْهَجْسُ - مص - پست آواز جو سنائی دے اور سمجھ میں نہ آئے - اندیشہ - وسوسہ -

اَلْهَجَّاسُ - آواز کو سننے والا شیر -

اَلْهُجَیْسَةُ - مشکیزہ میں بگڑا ہوا دودھ -

خُبْزٌ مُتَهَجِّسٌ - فطیری روٹی بے خمیر کی روٹی

اَلْمَهْجُوْسُ - مفع - کہا جاتا ہے "وَقَعُوْا فِیْ مَهْجُوْسٍ مِنَ الْاَمْرِ": وہ گڑبڑی میں پڑ گئے -

هَجَشَ (ن) هَجْشًا - اکسانا —— الدَّابَّةَ چوپایہ کو نرمی سے ہانکنا —— بَیْنَ الْقَوْمِ: فساد ڈالنا - هَجَشَتْ لَهٗ نَفْسِیْ: بہت خواہشمند ہونا -

اَلْهَاجِشَةُ - لوگوں کی جماعت - ج هَوَاجِشُ - کہا جاتا ہے جَاءَتْ هَاجِشَةٌ مِنَ النَّاسِ: لوگوں کی جماعت آئی -

اَلْهَجْشَةُ - اسم مرۃ - اٹھنا -

هَجَعَ (ف) هُجُوْعًا وَهَجَاعًا - رات میں سونا - سونا - اور کہا جاتا ہے هَجَعَ جُوْعَهٗ هَجْعًا فَهَجَعَ جُوْعُهٗ هُجُوْعًا: اس نے اس کی بھوک کو تسکین دی پس اس کی بھوک تسکین پا گئی (لازم و متعدی) وَهَجَعْتُ اِلَیْهِ فَخَدَعَنِیْ میں اس سے مانوس ہوا - اور اس کے سامنے جھک گیا اور اس نے مجھے دھوکا دیا -

هَجَّعَ تَهْجِیْعًا الْقَوْمُ: سونا -

اَهْجَعَ جُوْعَهٗ: بھوک کو تسکین دینا۔

اَلْهَاجِعُ - فا - ج هُجُوْعٌ وَهُجَّعٌ -

اَلْهَاجِعَةُ - رات میں سونیوالی ج هُجَّعٌ و هُجُوْعٌ وَهَوَاجِعُ وجج هَوَاجِعَاتٌ -

اَلْهُجَعُ وَالْهُجَعُ وَالْهِجَعُ وَالْهُجَعَةُ - غافل بیوقوف - الْهُجَعَةُ: بہت سونے والا -

اَلْهَجْعَةُ - هَجَعَ کا اسم مرۃ - کہا جاتا ہے - "اَتَیْتُ فُلَانًا بَعْدَ هَجْعَةٍ" میں فلاں کے پاس ابتدائی رات میں تھوڑی سی نیند کے بعد آیا -

اَلْهِجْعَةُ - هَجَعَ کا اسم نوع - رَجُلٌ هِجْعَةٌ: غافل بے وقوف مرد -

اَلْهَجِیْعُ مِنَ اللَّیْلِ: رات کا ایک حصہ - کہا جاتا ہے "مَضٰی هَجِیْعٌ مِنَ اللَّیْلِ" رات کا ایک حصہ گذر گیا -

اَلتَّهْجَاعُ - ہلکی نیند -

اَلْمِهْجَعُ - غافل، بے وقوف - ہر ایک کا مطیع و فرمانبردار -

هَجِفَ (س) هَجَفًا - بھوکا اور ڈھیلے پیٹ والا ہونا - کوکھ کا پہلوؤں سے لگا ہوا ہونا

اِهْجَفَّ - لاغری کی وجہ سے نکلی ہوئی ہڈیوں والا ہونا -

اَلْهَجْفَانُ - پیاسا -

اَلْهِجَفُّ - سخت بدن سست (شتر مرغ یا آدمی) موٹا اور لمبا آدمی - بڑے پیٹ والا -

اَلْاَهْجَفُ - دبلا - مؤنث هَجْفَاءُ -

هَجَلَ (ن) هَجْلًا بِالْقَصَبَةِ وَغَیْرِهَا: پھینکنا - هَجَلَتِ الْمَرْاَةُ بِعَیْنِهَا: آنکھ مارنا -

هَجَّلَ عِرْضَهٗ: بے عزتی کرنا —— بِفُلَانٍ: فحش سنانا اور گالی دینا -

هَاجَلَ مُهَاجَلَةً - پست اور ہموار زمین میں چلنا —— فُلَانًا: مقابلہ کرنا -

اَهْجَلَ الْاِبِلَ: اونٹوں کو بیکار چھوڑ دینا —— الشَّیْءَ: کشادہ کرنا —— الْمَالَ: مال ضائع کرنا —— الْقَوْمُ: قوم کا پست اور ہموار زمین میں آنا -

اِهْتَجَلَ الشَّیْءَ: ایجاد کرنا -

اَلْهَاجِلُ - فا - سونے والا - بہت سفر کرنے والا -

اَلْهَجْلُ - مص - پست و ہموار زمین - ج اَهْجَالٌ وَهِجَالٌ وَهُجُوْلٌ -

اَلْهَجْلَةُ - هَجَلَ کا اسم مرۃ - پست و ہموار زمین - ج هَجَلَاتٌ -

اَلْهَجُوْلُ - بدکار عورت -

اَلْهَجِیْلُ - پست و ہموار زمین - حوض جو اچھی طرح سے نہ بنا ہو -

دُمُوعٌ هُجُولٌ۔ بہنے والے آنسو۔ مفرد ہَاجِل۔

هَجَمَ (ن) هُجُومًا عَلَيْهِ: غفلت کی حالت میں اچانک آنا۔ یا بغیر اجازت کے آنا —— البَيْتُ: مکان کا گرنا —— البَرْدُ اوالشِّتَاءُ سردی یا جاڑے کا جلدی شروع ہونا (—— هَجْمًا) فُلَانًا: دھتکارنا۔ دفع کرنا —— فُلَانًا عَلَى القَوْمِ اچانک لانا —— الدَّابَّةَ: چوپایہ کو زور سے ہانکنا —— البَيْتَ: گھر کو ڈھا دینا —— الهَوَاجِرُ فُلَانًا: پسینہ بہانا —— مَا فِي الضَّرْعِ: تھن سے سارا دودھ لینا (—— هَجْمًا وهُجُومًا) الشَّيْءُ: قرار و سکون پانا —— المَرَضُ: بیماری کا زائل ہونا اور سست پڑنا —— فُلَانٌ: چپ رہنا اور سر جھکانا۔ هَجَمَتْ عَيْنُهُ: آنکھ کا دھنس جانا

هَجَّمَهُ۔ اچانک لانا۔

هَاجَمَهُ مُهَاجَمَةً۔ ایک دوسرے پر اچانک آنا۔

أَهْجَمَهُ عَلَيْهِمْ: اچانک لانا۔ أَهْجَمَ مَا فِي الضَّرْعِ: تھن سے سارا دودھ لینا —— الإِبِلَ: اونٹوں کو باڑہ کی طرف واپس لانا —— اللّٰهُ المَرَضَ: بیماری کو زائل کرنا۔

تَهَاجَمَا۔ ایک دوسرے پر اچانک آنا۔

تَهَجَّمَ عَلَى الشَّيْءِ: کسی چیز پر اچانک آنا۔

اِنْهَجَمَ البَيْتُ: مکان کا شکستہ و ویران ہونا —— الدَّمْعُ او العَرَقُ: آنسو یا پسینہ بہنا اِنْهَجَمَتِ العَيْنُ: آنکھ کا آنسو بہانا۔

اِهْتَجَمَ مَا فِي الضَّرْعِ: تھن سے سارا دودھ لینا۔

أُهْتُجِمَ الرَّجُلُ: کمزور ہونا۔

الهَجَمُ۔ بڑا پیالہ۔ پسینہ ج اَهْجَام۔

الهَجْمُ۔ بڑا پیالہ۔

الهَجْمَةُ۔ ہَجَم کا اسم مرۃ —— مِنَ الشِّتَاءِ سخت سردی —— مِنَ الصَّيْفِ: سخت گرمی —— مِنَ الإِبِلِ: چالیس یا ستر اونٹوں سے لیکے سو تک کا گلہ۔ الهَجْمَةُ: بوڑھی بھیڑ۔

رات کی ابتدائی تاریکی۔ کہا جاتا ہے "جِئْتُهُ بَعْدَ هَجْمَةٍ مِنَ اللَّيْلِ" میں اس کے پاس رات کی ابتدائی تاریکی کے بعد آیا۔

الهَجَّامُ۔ قوم پر بہت ہجوم کرنیوالا۔ بہادر۔ شیر۔

الهَجُومُ۔ جلد ہجوم کرنے والا —— مِنَ الرِّيَاحِ تیز ہوا۔ پسینہ آور۔ کہا جاتا ہے "تَحَمَّمْ فَإِنَّ الحَمَّامَ هَجُومٌ" حمام میں داخل ہو جاؤ اس لئے کہ حمام پسینہ آور ہے۔

الهَجِيمَةُ۔ گاڑھا دودھ۔

الإِهْتِجَامُ۔ رات کا آخری حصہ۔

المَهْجُومُ۔ مفع۔ بَيْتٌ مَهْجُومٌ: گرا ہوا گھر۔ خیمہ جس کی طنابیں کھول دی جائیں۔

الهُجْمَانَةُ۔ موتی۔ زمرکردی۔

هَجَنَ (ن ض) هُجُونًا۔ ہاجن ہونا (دیکھئے لفظ ہَاجِن۔

هَجُنَ (ک) هُجْنَةً وهَجَانَةً وهُجُونَةً کمینہ ہونا۔ فرومایہ ہونا۔ دوغلا ہونا —— الكَلَامُ: غلط ہونا۔

هَجَّنَهُ تَهْجِينًا۔ ہجین بنانا (دیکھئے لفظ ہَجِين) ہَجَّنَ الأَمْرَ: حقیر کرنا۔ عیب دار بنانا۔

أَهْجَنَ الرَّجُلُ: شریف النسل اونٹوں کا مالک ہونا —— الجَارِيَةَ: بلوغ سے پہلے شادی کر دینا۔

أُهْتُجِنَتِ الشَّاةُ: حمل ظاہر ہونا۔

اِسْتَهْجَنَ فِعْلَهُ: قبیح سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِمَّا يُسْتَهْجَنُ ذِكْرُهُ" یہ ان چیزوں میں سے ہے جن کا ذکر کرنا قبیح سمجھا جاتا ہے۔

الهَاجِنُ۔ فا۔ چقماق جس سے ایک دفعہ کے مارنے میں آگ نہ نکلے۔ بچی جس کی شادی بلوغ سے پہلے ہو جائے۔ کھجور کا درخت جو چھوٹے ہونے پر ہی پھل دے۔ ج ہَوَاجِن

الهِجَانُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: عمدہ و خالص مِنَ الإِبِلِ: سفید نسل کا شریف اونٹ۔ (اس میں مذکر مؤنث جمع سب برابر ہیں) کہا جاتا ہے "بَعِيرٌ هِجَانٌ وَنَاقَةٌ هِجَانٌ وإِبِلٌ هِجَانٌ" اور کبھی اوقات ہَجَائِن بھی بولتے ہیں رَجُلٌ هِجَانٌ: شریف النسل مرد وعلٰی هٰذا القِيَاس اِمْرَأَةٌ هِجَانٌ ونِسْوَةٌ هَجَائِن۔ أَرْضٌ هِجَانٌ: سفید نرم مٹی والی زمین۔

الهِجَانَةُ۔ شرافت۔ سفیدی۔

الهُجْنَةُ مص —— مِنَ الكَلَامِ: عیب و قباحت —— فِي العِلْمِ: علم کی بربادی ج هُجَن۔

الهَجِينُ۔ کمینہ۔ وہ جس کی ماں باندی اور باپ عربی ہو۔ ج هُجُن وهُجَنَاء وهُجْنَان ومَهَاجِين ومَهَاجِنَة مؤنث هَجِينَةٌ ج هُجُنٌ وهِجَانٌ وهَجَائِن کہا جاتا ہے "فَرَسٌ وبِرْذَوْنَةٌ هَجِينٌ" خراب نسل کا گھوڑا یا ترکی گھوڑا او الهَجِينُ مِنَ الخَيْلِ: ترکی گھوڑی اور عربی گھوڑے سے پیدا شدہ گھوڑا ج هُجُن وهَوَاجِن۔ لَبَنٌ هَجِينٌ: دودھ جو نہ پتلا ہو نہ گاڑھا۔

غِلْمَةٌ أُهَيْجِنَةٌ۔ بلوغ سے پہلے شادی شدہ لڑکے۔

المَهْجَنَةُ والمَهْجَنَى والمَهَجْنَى والمَهْجُنَاء۔ ناکارہ لوگ۔

المُهْجَنَةُ مِنَ النُّوقِ: ہجان کی جانب منسوب اونٹنی جو اچھی نسل سے ہونے کی وجہ سے خراب نسل کے اونٹوں سے باز رکھی جائے۔ کھجور کا درخت جس پر پہلی مرتبہ نر کھجور کا پھول ڈالا جائے۔ اونٹنی جو پہلی مرتبہ حاملہ ہو۔

المُهْتَجَنَةُ۔ کھجور کا درخت جس پر پہلی بار نر کھجور کا پھول ڈالا جائے۔ کھجور جو چھوٹے ہونے کے باوجود پھل دے۔ بچی۔

الهَجَنْسُ۔ بھاری۔

الهَجَنَّعُ۔ موٹا لمبا مرد۔ گنجا بڈھا۔ مؤنث الهَجَنَّعَةُ: اونٹ کا بچہ جو گرمی کے زمانہ میں پیدا ہوا ہو۔

الهَجَنَّفُ۔ لمبا چوڑا۔ ج هَجَانِيف۔

هَجْهَجَ الفَحْلُ فِي هَدِيرِهِ: زور سے آواز نکالنا۔

—— الرجلَ: کسی چیز سے باز رکھنا ——
الجمَلَ او بالجمَلِ: ہیج ہیج کہہ کر روکنے کیلئے ڈانٹنا
الہجَاہِجُ: بے وقوف - بڑا شریر - کم عقل
والا - بہت بڑبڑانے والا اونٹ - لمبا مرد یا
اونٹ - مصیبت - بوڑھا - عمر رسیدہ - یَومٌ
ہَجَاہِجٌ: تیز ہوا کا دن -
الہجَاہِجَة - بمعنے ہَجَاہِج - بنجر زمین -
ج ہَجَاہِج، مَاءٌ ہُجَاہِجٌ - پانی جو نہ کھاری ہو نہ میٹھا
ہَجَاہُ - ہَجواً و ہِجَاءً و تَہجَاءً -
معائب شمار کرنا - عیب گیری کرنا - گالی دینا -
مذمت کرنا - صفت فاعلی ہاجٍ اور صفت مفعولی
مَہجُوٌّ —— ہَجواً و ہِجَاءً الحُرُوفَ: حروف کی
ہجے کرنا -
ہَجَا یَہجُو ہِجَاءً - پڑھنا -
ہَجُوَ (ک) ہَجَاوَةً - الیَومُ: دن کا سخت
گرم ہونا -
ہَجَّی تَہجِیَةً الحُرُوفَ: حروف کی ہجے
کرنا —— اللَّفظَ: لفظ کے حروف کا جوڑ ملانا
—— الصَّبِیَّ الکِتَابَ: بچے کو کتاب پڑھانا -
ہَاجَیتُہٗ مُہَاجَاةً - ایک دوسرے
کی ہجو کرنا -
اَہجَی اِہجَاءً القَولَ: ہجو والا پانا -
تَہجَّی تَہَجِّیاً الحُرُوفَ: حروف کی
ہجے کرنا -
تَہَاجَیَا تَہَاجِیاً و اہتَجَیَا اِہتِجَاءً
ایک دوسرے کی ہجو کرنا -
الہِجَاءُ - حروف کا جوڑ - حُرُوفُ الہِجَاءِ:
الف سے لیکر یا تک اور ان کا نام حروف
التہجی والتہجیۃ بھی ہے اور کہا جاتا ہے "ہٰذا
عَلٰی ہِجَاءِ ہٰذا" یہ اس کی شکل پر ہے - وَہُوَ عَلٰی
ہِجَاءِ فُلَانٍ" وہ لمبائی اور شکل میں فلاں کے
اندازہ پر ہے -
الہَجَاةُ - مینڈک -
الہُجَّاءُ - بہت ہجو کرنیوالا - کہا جاتا ہے
رَجُلٌ ہُجَّاءٌ بہت ہجو کرنے والا مرد -

الاُہجُوَّةُ والاُہجِیَّةُ - ہجو جو قطعہ یا
قصیدہ سے کی جائے - کہا جاتا ہے "بَینَہُم اُہجُوَّةٌ
او اُہجِیَّةٌ" یَتَہَاجُونَ بِہَا ج اَہَاجِیُّ -
ہِجِے: ناک سنکنے والے کی آواز کی نقل -
ہَدَّ (ن) ہَدّاً و ہُدُوداً البِنَاءَ:
عمارت کو دھماکے سے گرانا - کہا جاتا ہے
ہَدَّتہُ المُصِیبَةُ "مصیبت نے اس کے اعضاء کو
ضعیف بنا دیا - وَہَدَّنِی ہٰذا الاَمرُ و ہَدَّ رُکنِی یعنی
اس معاملہ نے میری کمر توڑ دی -
ہَدَّ (س ض) ہَدّاً الرَّجُلُ: بوڑھا ہونا
ہَدَّ (ض) ہَدّاً البَعِیرُ: اونٹ کا بڑبڑانا
(—— ہَدِیداً) الحَائِطُ و نَحوُہٗ: دیوار وغیرہ کا دھماکے
سے گرنا - اور کہا جاتا ہے "ہٰذا رَجُلٌ ہَدَّکَ مِن رَجُلٍ"
یہ مرد تمہارے لئے فلاں مرد سے کافی ہے - بعض
لوگ اس قول میں لفظ ہَدّ کو مصدر قرار دیتے ہیں
اس وجہ سے وہ تثنیہ جمع مؤنث وغیرہ نہیں
لاتے اور یہ اکثر کا قول ہے - اور بعض فعل قرار
دیتے ہیں اس وجہ سے وہ تثنیہ جمع مؤنث وغیرہ
سب لاتے ہیں - کہتے ہیں مَرَرتُ بِرَجُلٍ ہَدَّکَ
مِن رَجُلٍ و بِامرَأَةٍ ہَدَّتکَ مِنَ امرَأَةٍ و بِرَجُلَینِ
ہَدَّاکَ و بِرِجَالٍ ہَدُّوکَ بِامرَأَتَینِ ہَدَّتَاکَ و
بِنِسَاءٍ ہَدَدنَکَ الخ اور کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ لَہَدُّ
الرَّجُلِ" یعنی وہ اچھا آدمی ہے اور یہ اس وقت
بولا جاتا ہے جبکہ قوت اور طاقت کی تعریف
کی جائے - اور مطلقاً تعجب کے موقع پر بھی
بولا جاتا ہے اور فُلَانٌ یُہَدُّ اس وقت بولا جاتا
ہے جبکہ بہادری اور قوت کی تعریف کی جائے
ہَدَّدَہٗ و ہَدَّدَہٗ - دھمکانا - خوف
دلانا -
تَہَادُّوا تَہَادّاً - ایک دوسرے کے
پیچھے آنا -
اِنہَدَّ الجَبَلُ او البَیتُ: پہاڑ یا مکان
کا ٹوٹ پڑنا - گرنا -
اِستَہَدَّ - کمزور سمجھنا -
الہَادُّ - فا - سمندر کا شور -

الہَادَّةُ الہَادُّ کا مؤنث - گرج - کہا جاتا ہے
مَا سَمِعنَا العَامَ ہَادَّةً "ہم نے امسال گرج
نہیں سنی -
الہَدُّ - مص - فیاض - سخت آواز —— و
الہِدُّ) کمزور مرد - ج ہُدُودٌ و ہِدَدٌ -
الہَدَد - سخت آواز -
الہَدَّة - ہَدّ کا اسم مرۃ - دھماکا -
الہَدَاد - مہربانی - نرمی - مہلت - اور
اسی سے ہے "ہَدَادَیکَ" اور یہ "حَنَانَیکَ" کے
قبیل سے ہے - گویا کہ کہنے والا کہتا ہے "مَہلاً
بَعدَ مَہلٍ" یعنی چھوڑ دو - دور رہو - علیحدہ ہو جاؤ
قَومٌ ہَدَادٌ: بزدل لوگ -
الہِدَادَةُ - بزدل - کہا جاتا ہے "رَجُلٌ
ہَدَادَةٌ" بزدل مرد -
الہَدُود - نرم زمین - دشوار گذار گھاٹی
اَکَمَةٌ ہَدُودٌ: ٹیلہ جس سے اترنا دشوار ہو -
الہِدِید - مص - لمبا مرد - دھماکا - آواز
کی گنگناہٹ -
الہِدَّان - اکھڑ - بے وقوف مرد -
الاَہَدّ - بزدل -
التَّہدَاد - ڈرانا - دھمکانا - کہا جاتا ہے
جَاءُوا مُتَہَادِّینَ و مُتَسَایِرِینَ" وہ سب ایک
دوسرے کے پیچھے آئے گویا کہ بعض بعض
کو توڑ رہے تھے -
ہَدَأَ یَہدَأُ ہَدءاً و ہُدُوءاً: بسکون
ہونا (حرکت و آواز وغیرہ میں) ہَدَأَ بِالمَکَانِ:
اقامت کرنا - کہا جاتا ہے "تَسَاقَطُوا اِلٰی بَلَدِ
کَذَا فَہَدَأُوا فِیہِ" لوگ فلاں شہر میں پہنچے اور
وہاں اقامت کی —— فُلَانٌ: مرنا - اور
کہا جاتا ہے "اَتَانَا فُلَانٌ وَ قَد ہَدَأَتِ العُیُونُ
والرِّجلُ" یعنی فلاں ہمارے پاس اس وقت
آیا جبکہ سارے لوگ سو چکے تھے (اور کبھی
ہمزہ الف سے بدل کر بھی بولتے ہیں) ہَدَأَ الصَّبِیَّ:
بچے کو سلانے کے لئے تھپکی دینا -
ہَدِئَ یَہدَأُ ہَدَأً - کبڑا ہونا ——

——البعیرُ: کثرتِ بوجھ کی وجہ سے چھوٹے
کوہان والا ہونا۔
هَدَأَهُ هَدِئَةً: تسکین دینا، چپ کرانا
اَهْدَأَهُ اِهْدَاءً تسکین دینا۔ چپ
کرانا، اَهْدَأَ الصَّبِیَّ: بچے کو سلانے کے لئے تھپکی
دینا——الثوبَ: بوسیدہ کرنا——الکبرُ او
العزبُ فلاناً: کبڑا کر دینا۔ جھکا دینا——
اللہُ منکبَہٗ: مونڈھے کو پست کر دینا۔ عرب
کہتے ہیں لَا اَهْدَأَهُ اللہُ یعنی اللہ اس کے رنج
وغم کو دور نہ کرے۔
الهُدْءُ والهَدْءُ۔ رات کا ابتدائی حصہ
کہا جاتا ہے اَتَانَا بَعْدَ هُدْءٍ مِنَ اللَّیْلِ وہ ہمارے
پاس ایک حصہ رات گذرنے کے بعد یا لوگوں کے
سونے کے بعد آیا، الهدْءُ: سیرت و خصلت۔
(لغت ہے هُدْیٌ بالیاء میں)
الهَدْأَةُ۔ هدأ کا اسم مرة——مِنَ اللَّیْلِ
رات کا ابتدائی حصہ۔
الهِدْأَةُ۔ هدأ کا اسم نوع۔ کہا جاتا ہے
مَا لَہٗ هِدْأَةُ لَیْلَۃٍ اس کے پاس رات کا گذارہ نہیں
الهُدَأَةُ۔ ایک قسم کی دوڑ۔
الهُدَّاءَةُ۔ دبلا گھوڑا۔ (نر ہی کے لئے
خاص ہے)
الهُدُوْءُ مص——مِنَ اللَّیْلِ: رات کا ابتدائی
حصہ، کہا جاتا ہے اَتَانَا فُلَانٌ هُدُوْءًا فلاں
ہمارے پاس سونے کے بعد آیا۔
الهَدِیْءُ مِنَ اللَّیْلِ: رات کا ابتدائی حصہ
الاَهْدَأُ۔ کبڑا، کہا جاتا ہے مَنْکِبٌ اَهْدَأُ
جھکا ہوا کندھا، رَجُلٌ اَهْدَأُ و امْرَأَةٌ هَدْآءُ کبڑا
مرد، کبڑی عورت، وَهُوَ اَهْدَأُ مِمَّا کَانَ زیادہ
مطمئن۔
المَهْدَأُ مِنَ اللَّیْلِ: رات کا ابتدائی حصہ۔
المُهَیْدَأَةُ۔ حالت، کہا جاتا ہے تَرَکْتُہٗ عَلٰی
مُهَیْدَئَتِهٖ میں نے اس کو سابق حالت پر چھوڑ دیا
اور یہ مَهْدَأَةٌ کی تصغیر ہے۔
هَدَبَ (ض)، هَدْبًا الشَّیْءَ: کاٹنا۔
النَّاقَةَ: اونٹنی کو دوہنا——الثَّمَرَةَ:
پھل توڑنا۔
هَدِبَتْ (س) هَدَبًا العَیْنُ: آنکھ کا
لمبی پلکوں والی ہونا——الشَّجَرَةُ: درخت کا
لمبی شاخوں والا ہونا۔
هَدَّبَ الثَّوْبَ: کپڑے میں چھور بنانا
هَدَّبَ اِهْتَدَبَ الثَّمَرَةَ: میوہ توڑنا۔
اَهْدَبَتِ الشَّجَرَةُ: درخت کا لمبی شاخوں
والا ہونا۔
هَدَّبَتِ الاَغْصَانُ: ٹہنیوں کا لٹکنا
تَهَدَّبَ السَّحَابُ: لٹکے ہوئے بادل والا ہونا۔
الهُدْبُ والهُدُبُ۔ پلک، واحد هُدْبَۃٌ
وهُدُبَۃٌ۔ کپڑے کا چھور ج اَهْدَاب۔ واحد هُدْبَۃ۔
الهَدَبُ۔ ارطی اور اس کے مانند درختوں
کی ٹہنیاں، درخت کے پتے جو ہمیشہ رہیں
جیسے سرو——مِنَ النَّبَاتِ: گھاس جس کے
پتے نہوں اور وہ خود پتوں کے قائم مقام ہو
اور بقول بعض ہر پتے جن میں چوڑائی نہ ہو،
هَدَبُ الشَّجَرَةِ: ٹہنیوں کی لمبائی اور انکا لٹکنا۔
ج اَهْدَاب۔
الهَدِبُ۔ شیر——مِنَ العُیُوْنِ والاَشْجَارِ
لمبی پلکوں والی آنکھ، لمبی شاخوں والا درخت
الهُدُبُ۔ کند خاطر و عاجز۔
الهُدَّابُ۔ کند خاطر و عاجز۔ پتے جو
چوڑے نہ ہوں، واحد هُدَّابَةٌ، کہا جاتا ہے
یَقْطَعُ هَدَبَ الشَّجَرَةِ وهُدَّابَهَا اس نے درخت کی
لمبی شاخیں کاٹیں، هُدَّابُ النَّخْلِ: درختِ خرما کی
شاخیں، هُدَّابُ الثَّوْبِ: کپڑے کے چھور۔
الهَیْدَبُ مِنَ السَّحَابِ: زمین کے
قریب لٹکا ہوا بادل۔ الهَیْدَبُ مِنَ الرِّجَالِ:
کند خاطر و عاجز۔ بہت بالوں والا، الهَیْدَب
پستان۔
الهَیْدَبٰی۔ گھوڑوں کی ایک چال۔
الاَهْدَبُ۔ لمبی اور گھنی پلکوں والا۔
مؤنث هَدْبَاءُ ج هُدْبٌ۔ شجرٌ اَهْدَبُ: لٹکی ہوئی
شاخوں والا درخت۔ نَسْرٌ اَهْدَبُ: لمبے پروں
والا گدھ، عَیْنٌ هَدْبَاءُ: لمبی پلکوں والی آنکھ۔
شَجَرَةٌ هَدْبَاءُ: لمبی اور لٹکی ہوئی شاخوں والا درخت
اُذُنٌ هَدْبَاءُ: لٹکے ہوئے کان۔ لِحْیَۃٌ هَدْبَاءُ:
لٹکی ہوئی داڑھی۔
الهُدَابِدُ۔ جما ہوا دودھ، آنکھ کی کمزوری
رتوندی، وکذلک الهُدَابِد۔
الهَدَبَسُ۔ نرِ شیر بر یا اس کا بچہ۔
الهِدَبْلُ۔ بہت بالوں والا اور الجھے
ہوئے بالوں والا جو کنگھی نہ کرتا ہو، بوجل۔
هَدَجَ (ض) هَدْجًا و هَدَجَانًا و
هُدَاجًا۔ بوڑھوں کی چال چلنا——الظَّلِیْمُ
شتر مرغ کا کانپتے ہوئے چلنا۔
هَدَجَتْ هَدْجًا و هَدَجَةً
النَّاقَةُ: اونٹنی کا اپنے بچے پر شفیق ہونا——
القِدْرُ: ہانڈی کا زور سے ابلنا——الرِّیْحُ:
ہوا کا سائیں سائیں کرنا۔
هَدَّجَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بڑے اور
بلند کوہان والی ہونا۔
